یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرون ِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پا کستان

عبد الهادي
السيد محمد تقي الحكيم

جدید فقہی مسائل

ترجمہ: الفقه للمغتربين

فتاوى
سماحة آية الله العظمى السيد علي الحسيني السيستاني
دام ظله الوارف

مترجم
محمد شفا نجفی

مؤسسة الامام علي (ع)
پوسٹ بکس نمبر 2405 - اسلام آباد - پاکستان

جدید فقہی مسائل

توثیق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی خیر خلقہ محمد وآلہ الطیبین الطاہرین وبعد: یجوز العمل برسالۃ (الفقہ للمغتربین) والعامل بہا مأجور ان شاء اللہ تعالی.

۵ رمضان المبارک
۱۴۱۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للّٰہ رب العالمین ۔ والصلوٰۃ
والاالسلام علیٰ خیر خلقہ محمد و آلہ
الطیبین الطاھرین ۔

امابعد: رسالہ " الفقہ للمغتربین "(جس کا ترجمہ زیر نظر ہے) پر عمل کرنا جائز ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ اس پر عمل کرنے والے مؤمنین عند اللہ ماجور ہوں گے۔

دستخط و مہر آیۃ العظمی السیستانی دام ظلہ

عبد الهادی
السید محمد تقی الحکیم

جدید فقہی مسائل

ترجمہ : الفقه للمغتربین

فتاوی

سماحۃ آیۃ اللہ العظمیٰ السید علی الحسینی السیستانی

دام ظلہ الوارف

مترجم

محمد شفا نجفی

مؤسسۃ الامام علی (ع)

پوسٹ بکس نمبر 2405 ۔ اسلام آباد ۔ پاکستان

نام کتاب : جدید فقہی مسائل
ترتیب : عبدالہادی السید محمد تقی الحکیم
مترجم : محمد شفا نجفی
کمپوزر : حسن علی بلتستانی
تاریخ طباعت : شوال ۱۴۲۰ھ / جنوری ۲۰۰۰ء
طبع دوم : جمادی الاولیٰ ۱۴۲۱ھ / اگست ۲۰۰۰ء
مطبع : اسد محمود پرنٹنگ پریس۔ گوالمنڈی۔ راولپنڈی ۔ پاکستان
قیمت : ۱۰۰
ناشر : مؤسسة امام علی (ع) ۔ پاکستان

نوٹ : اس کتاب میں قرآن کریم کا ترجمہ مولانا فرمان علیؒ اور نہج البلاغہ کے اقتباسات کا ترجمہ مفتی جعفر حسینؒ کے تراجم سے نقل کیا گیا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۴۱۶ھ کے ماہ رجب کی صبح کو اور موسم سرما کی دھوپ میں ہمارا جہاز برطانیہ کے دارالحکومت لندن کی طرف روانہ ہوا۔

جہاز نے زمین کے مشرق سے اس کے مغرب کی طرف پرواز کی اور بادلوں سے خالی سرزمین سے بادلوں اور کہر کی سرزمین کارخ کیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے ہمارا جہاز فضا کی بلندیوں کو چھونے لگا اور اس طرح انتہائی آرام دہ اور پرسکون انداز میں اڑان شروع کی جیسے وہ زمین کے کسی مرکز پر کھڑا ہو۔ میں نے سوچا کہ اس فرصت کو غنیمت سمجھوں اور اس چھوٹے سائز کے قرآن مجید سے چند سوروں کی تلاوت کا شرف حاصل کروں جس کی میں نے بچپن سے عادت بنا رکھی تھی۔ اس لئے کہ میں نے نجف اشرف میں اپنے جد کے گھر میں آنکھ کھولی تھی جو ہر روز صبح، ظہر کے بعد، شام کو اور سفر میں اور دیگر اوقات میں کلام مجید کی تلاوت کرتے تھے۔ میں نے اپنے والد گرامی کو بھی ہمیشہ گھر میں اور سفر میں بھی اپنی جیب میں ایک قرآن رکھتے ہوئے دیکھا تھا۔ میں نے قرآن مجید کو کھولا اور دھیمی آواز میں آیات قرآنی کی تلاوت شروع کر دی تاکہ اس طرح اپنی روح اور باطن کی تطہیر کر سکوں اور اپنے ذہن کو مادہ اور اس کی آلودگیوں سے پاک کر کے معطر کر سکوں اور اللہ تعالی سے یہ دعا کروں کہ وہ آسمان اور زمین کے درمیان معلق اس لوہے کے ڈھانچے کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔

دن ڈھلنے لگا اور نماز ظہر کا وقت قریب ہوا۔ میں اپنی سیٹ سے اٹھا اور باتھ روم کی

طرف بڑھا اور تجدید وضو کی اور وضو کے بعد اپنی جیب سے کنگھی نکال کر اپنے بال سنوارے۔ اس کے بعد اپنی جیب سے عطر کی وہ چھوٹی شیشی نکالی جسے میں عادت کے مطابق خوشبو کے لئے ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتا تھا۔ چونکہ میں نے یہ پڑھا تھا کہ خوشبو لگانا مستحب ہے اور یہ کہ پیغمبر اکرم (ص) اسے پسند فرماتے تھے اور عطر لگانے کے بعد پڑھی گئی نماز کا ثواب ستر نمازوں کے ثواب کے برابر ہوتا ہے۔

وضو، کنگھی کرنے اور خوشبو لگانے سے فارغ ہونے کے بعد میں باتھ روم سے نکلا اور واپس اپنی سیٹ پر آگیا۔ سیٹ پر بیٹھتے ہی میں نے ان آیات کی تلاوت شروع کی جنہیں میں نے بچپن سے یاد کر رکھا تھا اور پھر سوچنے لگا کہ اب نماز کہاں پڑھوں؟ قبلہ کی سمت کیسے معلوم کروں؟ میرا فرض کھڑے ہو کر نماز پڑھنا ہے یا بیٹھ کر؟

اس فکر کے دامن گیر ہوتے ہی میں نے اپنا ذہن اپنی سابقہ شرعی معلومات کے مطابق دوڑانا شروع کر دیا۔ جس کے بعد مجھے فقہاء کا یہ قول یاد آیا کہ جب تک مجھ میں قدرت و طاقت موجود ہے کھڑے ہو کر نماز پڑھنا واجب ہے اور اگر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے سے عاجز ہوں تو بیٹھ کر پڑھنا ہو گی اور یوں قیام کی کیفیت نماز گزار کی قدرت و طاقت کے مطابق اعلیٰ سے ادنیٰ کی طرف منتقل ہوتی رہتی ہے۔ کیونکہ نماز کسی صورت میں بھی مکمل طور پر ساقط نہیں ہوتی۔

جب میں سوچ بچار کے بعد اس نتیجے پر پہنچا تو میں نے جہاز کے اندر ایسی جگہ کی تلاش میں نظریں دوڑانا شروع کر دیں جہاں میں کھڑے ہو کر نماز پڑھ سکوں۔ میری نظر جہاز کے ایک کونے میں ایسی چھوٹی جگہ پر پڑی جو نماز کی ادائیگی کے لئے کافی تھی۔ میں نے اپنے آپ سے کہا: نماز کی جگہ تو بن گئی۔ اب جبکہ جہاز اس طرح قرار سے محو سفر ہے جیسے وہ ساکن ہے اور یہ جاننا باقی ہے کہ قبلہ کس سمت میں ہے؟ میں نے یہی فیصلہ کیا کہ اس سلسلے میں مجھے جہاز کے پائلٹ سے مدد لینی چاہئے تاکہ اس سے قبلہ کی سمت معلوم کر سکوں۔ فضائی میزبان سیٹ کے سامنے کھلی ہوئی چھوٹی میز پر سے چائے کے برتن اٹھائے ہوئے

میرے پاس سے گزرا۔ میں نے فرصت سے فائدہ اٹھایا اور ٹوٹی پھوٹی انگلش میں اس سے پوچھا:

میں آپ سے کچھ معلومات لے سکتا ہوں؟

جی فرمایئے۔

سمت قبلہ کے سلسلے میں آپ میری مدد کر سکتے ہیں؟

مجھے افسوس ہے میں آپ کا مقصد نہیں سمجھا۔

قبلہ یعنی مکہ مکرمہ کی سمت جاننا چاہتا ہوں

آپ مسلمان ہیں؟

جی ہاں، میں ظہر کی نماز پڑھنا چاہتا ہوں۔

آپ اجازت دیں تو ابھی ابھی کاک پٹ میں جاکر پوچھ کر آتا ہوں۔

فضائی میزبان سمت قبلہ دریافت کرنے کاک پٹ کی طرف چلا گیا۔ مجھے یکایک خیال آیا کہ مجھے جہاز کے فرش پر نماز پڑھنے کے لئے بھی کسی چیز (مصلی وغیرہ) کے بارے میں پوچھنا چاہئے تھا۔

جب فضائی میزبان سمت قبلہ کے بارے میں میرے سوال کا جواب لے کر آیا تو میں نے اس سے درخواست کی کہ وہ مجھے نماز کے لئے کوئی کپڑا وغیرہ لا کر دے۔ چنانچہ اس نے ایک بڑا رومال لا کر دیا جس پر میں نے رخ بہ قبلہ دو رکعت ظہر کی نماز اور اس کے بعد عصر کی نماز دو رکعت اس کے بعد ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر اور ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ پر مشتمل تسبیح حضرت زہراء (س) پڑھی۔ تسبیح حضرت زہراء (س) کے بعد میں نے اللہ تعالی کا شکر ادا کیا اور واپس جا کر اپنی نشست پر بیٹھ گیا۔ اس وقت مجھے عجیب سکون اور اطمینان محسوس ہو رہا تھا۔ پہلے میں یہ سمجھتا تھا کہ لوگوں کے سامنے جہاز میں نماز پڑھنا ایک پریشان کن اور تکلیف دہ عمل ہو گا لیکن (معلوم ہوا) میرا یہ خیال درست نہیں تھا ۔ میں نے یہ اندازہ لگایا کہ نماز کی وجہ سے مجھے خاص احترام کی نگاہ سے دیکھا جانے لگا ہے اور

جہاز میں سوار غیر مسلموں سمیت تمام مسافروں پر میری ایک خاص قسم کی محبت آمیز ہیبت اور رعب طاری ہوا ہے، جو پائلٹ اور دیگر مسافروں کی نگاہوں میں محسوس ہو رہا تھا۔

اس دوران جب میں اپنی افکار میں ڈوبا ہوا تھا تو یکایک کھانا پیش کئے جانے کے اعلان نے میری افکار کا تسلسل توڑ دیا اور اس کے ساتھ ہی ایک ائیر ہوسٹس اپنے ہاتھوں میں کھانوں کی فہرست لئے ہوئے آئی اور مسافروں کی فرمائش معلوم کی اور مجھ سے پوچھا آپ مرغ پسند کریں گے یا مچھلی ؟

جب مجھے پتہ چلا کہ مچھلی چھلکے والی ہے تو میں نے اس کو ترجیح دی۔ یہ بھی اس لئے نہیں کہ مجھے مرغ سے مچھلی زیادہ پسند تھی بلکہ صرف اس لئے مچھلی کو ترجیح دی کہ میرے پاس مرغ کھانے کا جواز نہ تھا کیونکہ یہ مرغ مجھے غیر مسلموں کے ہاتھ سے مل رہا تھا اور مجھے یقین نہیں تھا کہ اسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے اور یہ ایسی مشکل تھی جو اکثر وبیشتر مغربی ممالک میں پیش آسکتی ہے۔

میری پیدائش ایک اسلامی مملکت میں ہوئی ہے اور اسی میں میری نشو نما اور پرورش ہوئی ہے۔ جب مجھے مسلمانوں کے شہر اور ان کے بازار میں کبھی شک ہوتا ہے کہ گائے، بکری یا مرغی وغیرہ صحیح طریقے سے ذبح ہوئی ہے یا نہیں یا وہ مچھلی حلال ہوگی جسے میں مسلمانوں کے بازار سے خرید کر لایا ہوں تو بغیر کسی تأمل اور جھجک کے فارغ البال ہو کر ان کا گوشت کھالیتا ہوں۔ لیکن مغربی ممالک کی صورت حال اور اُن کا حکم ان سے مختلف ہے۔ کیونکہ کسی بھی غیر مسلم سے گوشت خرید کر کھانا اس وقت تک جائز نہیں ہوتا جب تک یہ یقین نہ ہو کہ اسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے اور یہ بذات خود کوئی معمولی مشکل نہیں۔

اسی دوران ائیر ہوسٹس نے دوپہر کا کھانا لا کر میرے سامنے رکھ دیا۔ جس میں ایک پلیٹ مچھلی جو سورج مکھی (Sun flower) کے تیل میں تلی گئی تھی اور سرخ ٹماٹروں سے ڈھکی ہوئی تھی۔ اس کے ساتھ تھوڑے سے چاول، سلاد، سبزی، زیتون کے دو ہرے دانے، انگور کے چند دانے، ایک عدد سیاہ انجیر، چند عدد مٹھائی، سر بمہر گلاس میں

پانی، نمک اور کالی مرچ کی چھوٹی چھوٹی تھیلیاں، روٹی کے دو ٹکڑے ایک عدد کانٹا، دو چمچے، ایک عدد چھری اور ایک ٹشو پیپر رکھے گئے تھے۔

مجھے سخت بھوک لگی ہوئی تھی۔ میں نے سب سے پہلے اللہ تعالی کا شکر ادا کیا۔ اس کے بعد کانٹے کو مچھلی کے ٹکڑے میں گاڑ دیا تاکہ اسے روک سکوں۔ اس کے بعد اس کے درمیانہ سائز کے ٹکڑے بنا دیئے جو آسانی سے کھائے جا سکیں۔ جب میں مچھلی کو کاٹ چکا تو اچانک مجھے یہ خیال آیا کہ اگر مچھلی چھلکے والی ہے اور اسے زندہ نکالا گیا ہے یا شکار کے بعد جال میں مری ہے تو میں اسے کھا سکتا ہوں، چاہے اس کا شکار کرنے والا مسلمان ہو یا کافر۔ چاہے شکار کرنے والے نے اللہ کا نام لیا ہو یا نہ لیا ہو۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ لیکن اس تیل کی مشکل باقی رہ جاتی ہے جس میں اسے تلا گیا ہے۔

کیا یہ تیل پاک تھا؟

کیا اس کا تلنے والا مسلمان تھا؟

میرے ذہن میں یہ سوال ابھرے جنہوں نے مجھے اس لذیذ اور گرم گرم مچھلی کے ٹکڑوں کو کھانے سے روک دیا جبکہ مجھے بھوک بھی لگی ہوئی تھی۔

میں نے اس کانٹے کو پلیٹ کے کونے میں رکھ دیا جس سے مچھلی کا ٹکڑا اٹھایا تھا اور ان معلومات کی طرف رجوع کرنے کی کوشش کی جو میں سفر کے لئے تیاری کے دوران اس مسئلے کے بارے میں مرجع کے رسالہ عملیہ (توضیح المسائل) میں پڑھ کر آیا تھا۔ میں نے اپنے آپ سے پوچھا: کیا سن فلاور کا تیل پاک ہے؟

جواب ملا: جی ہاں پاک ہے۔ کیونکہ اولاً حکم شرعی یہ ہے:

کل شی طاہر حتی تعلم انه نجس

"ہر چیز اس وقت تک پاک ہو گی جب تک اس کے نجس ہونے کا یقین نہ ہو"

چونکہ مجھے اس تیل کے نجس ہونے کا یقین نہیں اس لئے وہ پاک شمار ہو گا۔

ثانیاً: چونکہ تیل پاک تھا اور اس میں پاک مچھلی کو تلا گیا ہے۔ اس طرح ساری کی ساری تلی ہوئی مچھلی پاک ہو گی اور مجھے کھانے کا حق حاصل ہو گا۔

باقی رہی یہ بات کہ جس نے پاک مچھلی کو پاک تیل میں پکایا ہے وہ مسلمان ہے یا اہل کتاب ہے تاکہ وہ مچھلی پاک شمار ہو یا مسلمان بھی نہیں اور اہل کتاب بھی نہیں ؟

اس سوال کی کوئی اہمیت نہیں، جب تک مجھے اس بات کا یقین نہ ہو کہ اس نے مچھلی کو ہاتھ لگایا ہے۔

گزشتہ حکم شرعی (ہر چیز اس وقت تک پاک شمار ہو گی جب تک اس کی نجاست کا یقین نہ ہو) سے واضح طور پر یہ نتیجہ نکلا کہ میرے سامنے موجود مچھلی پاک ہے اور اسے کھا سکتا ہوں اور جیسے ہی میں اس نتیجے تک پہنچا میں نے اطمینان کا سانس لیا اور مجھے سکون مل گیا اور کانٹے میں اٹھائی گئی مچھلی کو کھانا شروع کر دیا۔ اس کے بعد میں نے اس ٹماٹر کی طرف ہاتھ بڑھایا جو تیل میں تلا گیا تھا جس کی نجاست کا مجھے علم نہیں تھا۔ لہذا اسے بھی پاک سمجھا اور کھا لیا۔ یہی حکم میں نے پھل، روٹی، سلاد اور مٹھائیوں میں بھی جاری کیا اور سب کو کھایا چونکہ یہ سب چیزیں پاک تھیں۔ اس کے بعد میں نے پانی اور چائے کا پیالہ بھی پی لیا کیونکہ یہ دونوں بھی پاک تھے اور حکم شرعی کا یہی تقاضا تھا۔ اس کے بعد میں نے اللہ کی حمد و ثنا کی اور اس کی نعمتوں کا شکر ادا کیا۔

دوپہر کے کھانے اور چائے کے بعد میں نے (چند منٹ) آرام کرنے کے لئے اپنی آنکھیں بند کیں۔ اس کے بعد میں نے آنکھیں کھول کر جہاز کی کھڑکی کی طرف دیکھا۔ اوپر کی طرف نگاہ کی جہاں صاف و شفاف اور نیلا آسمان نظر آیا۔ زمین کی طرف دیکھا جہاں لامتناہی اور نیلا سمندر نظر آیا۔ گویا میں ہر طرف سے نیلے رنگوں میں گھرا ہوا تھا۔ ہمیں درپیش سفر میں ہمارے اور ہیتھرو (Heathrow) لندن کے بین الاقوامی ہوائی اڈے کے درمیان ڈھائی گھنٹے کا فاصلہ رہ گیا تھا اور اس وقت ہم تیس ہزار فٹ کی بلندی پر تھے۔

میں نے جہاز کے اندر اپنی نظریں گھما کر دیکھا۔ جہاز کے بعض مسافر صبح کے

اخبارات پڑھ رہے تھے جو ان کے سامنے ائیر ہوسٹسوں نے لا کر رکھ دیئے تھے تاکہ یوں ان کا باقی ماندہ سفر گزر سکے اور بعض مسافر بڑی گہری نیند سو رہے تھے۔ میں نے بھی ہاتھ اٹھا کر صبح کا اخبار اٹھایا اور سرسری نگاہ سے اخبار کی شہ سرخیوں کو دیکھا جو قارئین کی توجہ کے لئے سرخ اور سیاہ رنگ میں دی گئی تھیں۔

اسی دوران میرا ذہن اس سوال کی طرف گھوم گیا جو کچھ دنوں سے ہمہ وقت دل و دماغ پر سوار رہتا تھا:

دیار غیر میں، میں کس طرح اپنی دینی ثقافت اور اس کی حقیقت کو باقی اور قائم رکھ سکوں گا؟

میں نے جب سے یورپ کے سفر کا ارادہ کیا تھا تب سے رہ رہ کر یہ سوال مجھے کھٹکتا رہتا تھا اور یہ فکر بڑھتی گئی اور جس دن میں نے سفر یورپ کا ارادہ کیا تھا اس دن تو اس فکر نے میرے دل میں گھر ہی کر لیا تھا اور مجھے مشغول کر رکھا تھا۔ کبھی تو میں خود اس فکر کو دعوت دیتا اور کبھی خود بخود مجھے دامن گیر ہوتی۔ سوتے وقت، تکیے پر اونگھتے بھی، صبح اٹھتے وقت بھی یہ فکر میرے ساتھ رہتی۔

اسی دباؤ میں، میں نے ایک دوست کی طرف رجوع کیا تھا جو ایک دفعہ لندن سے ہو کر آیا تھا، جس نے چند قیمتی مشورے اور تجاویز دی تھیں۔ اس کے علاوہ ایک لائبریری کی بھی راہنمائی کی تھی جس میں ایسی کتاب نظر سے گزری جو اس عام ماحول میں میرے شرعی فریضے کی تعیین میں مدد کر سکتی تھی۔

میرے دوست اور اس کتاب دونوں کی تاکید یہی تھی کہ اس غیر معمولی مسئلے کو ہر وقت ذہن میں رکھوں۔ اسلامی ممالک سے ہجرت کر کے مغرب اور یورپی ممالک میں جانے کے نقصانات میں صرف یہی نہیں ہے کہ شرعی احکام اور واجبات کے ترک ہونے اور دین سے ناآشنا رہنے کا امکان ہوتا ہے بلکہ اس سفر کا نتیجہ اس سے بھی بدتر ہو سکتا ہے کہ اس ہجرت کے دوران ایک مسلمان کی تربیت، عادات و خصائل اور فکری، اخلاقی اور اجتماعی طرز

زندگی پر خطرناک اثرات اور نتائج مرتب ہو سکتے ہیں۔

(دلیل المسلم فی البلاد الغربیة ص ۲۷)

سابق الذکر کتاب کے مؤلف نے مزید لکھا ہے کہ جو مسلمان ان غیر مسلم ممالک کی طرف ہجرت پر مجبور ہوتا ہے اس کا فرض ہے کہ وہ اپنے گردو پیش ایسا دینی ماحول پیدا کرے جو ان ممالک میں نہیں ہوتا۔ یہ ٹھیک ہے کہ ایک آدمی کسی ملک کا پورا اور عمومی ماحول تبدیل نہیں کر سکتا۔ لیکن ایک خاص اور محدود ماحول ضرور پیدا کر سکتا ہے جس میں وہ زندگی گزار سکے۔ اسلامی تشخصات پر مشتمل ماحول فراہم کرنا ایک ایسی بیماری کی روک تھام کے لئے حفاظتی ٹیکوں کی مانند ہے جس سے کوئی راہ فرار نہیں اور اس بیماری کے خلاف کوئی مؤثر اقدام کر کے اپنا تحفظ کیا جائے۔

ہم یہ دعوی نہیں کرتے کہ یہ کوئی آسان کام ہے۔ لیکن ایک مؤمن کے لئے دینی احکام کی پابندی، جو اس کی شخصیت کی اساس ہے، اس میں کوتاہی کرنا کوئی معمولی امر نہیں۔ اس لئے مؤمنین کو چاہئے کہ وہ ان احکام کی پاسداری کریں۔ اگرچہ اس کی خاطر زندگی میں کسی نہ کسی پہلو سے نقصان ہی اٹھانا پڑے۔

ہم جہاں اس ہجرت کے اثرات اور نتائج کو شدید خطرہ تصور کرتے ہیں وہاں ان اثرات سے مؤمنین کو بچانے اور ان سے انہیں نکالنے کی اہمیت کو بھی کم نہیں سمجھتے۔ جو مؤمنین علمی یا اقتصادی حوالے سے اپنے دنیوی مستقبل کی ضروریات کو پورا کرنے کی غرض سے ان ممالک کی طرف ہجرت پر مجبور ہوئے ہیں۔ ان کے لئے کسی صورت میں بھی یہ جائز نہیں کہ وہ دنیا کی خاطر اپنے اخروی مستقبل کو نقصان پہنچائیں۔ ورنہ یہ کام ایسا ہی ہوگا جیسے کوئی تاجر مٹھی بھر یا وافر مال ودولت کی خاطر اپنی عزت و شرف اور زندگی کو داؤ پر لگائے۔ ظاہر ہے عزت وحیات کے مقابلے میں مال دنیا کی کوئی حیثیت نہیں اور یہی حال اس بیمار کا ہے جو ایک جان لیوا بیماری سے بچنے کی خاطر دوائی کی تلخی اور داغنے کی حرارت کو برداشت کرے۔ اس طرح جو مؤمنین بھی اس وبائی ماحول میں زندگی گزار رہے ہیں ان کا فرض ہے کہ وہ اپنے آپ

کو ان در پیش خطرات سے بچائے رکھیں اور ایسا دینی ماحول بنائیں جو ان کے لئے سازگار ہو اور اس ماحول کا نعم البدل ثابت ہو جو انہیں، ان کے بال بچوں کو بلکہ ان کے برادران دینی کو اپنے ملک میں میسر تھا اور آج وہ اس سے دور ہیں۔ اس طرح اللہ تعالی کے اس فرمان پر عمل ہو سکے :

یا ایها الذین آمنوا قوا انفسکم و اهلیکم نارا وقودها الناس و الحجارة علیها ملائکة غلاظ شداد لا یعصون ما امرهم و یفعلون ما یؤمرون۔

(تحریم: ۶)

"اے ایمان والو اپنے آپ کو اور اپنے اہل خانہ کو اس آتش جہنم سے بچاؤ جس کے ایندھن آدمی اور پتھر ہوں گے اور ان پر وہ تند خو سخت مزاج فرشتے (مقرر) ہیں کہ خدا جس بات کا حکم دیتا ہے اس کی نافرمانی نہیں کرتے اور جو حکم انہیں ملتا ہے اسے بجالاتے ہیں"

نیز اللہ تعالی کے اس فرمان کی بھی پابندی ہو سکے :

المؤمنون والمؤمنات بعضهم اولیاء بعض یأمرون بالمعروف و ینهون عن المنکر۔

(توبہ: ۷۱)

"ایماندار مرد اور ایماندار عورتیں ان میں سے بعض بعض کے رفیق ہیں لوگوں کو اچھے کام کا حکم دیتے ہیں اور برے کاموں سے روکتے ہیں"

اور رسول اسلام (ص) کے اس فرمان کی بھی تعمیل ہو جائے :

کلکم راع و کلکم مسئول عن رعیته۔

(مستدرک الوسائل للنوری ج ۱۴ ص ۲۴۸)

"تم میں سے ہر ایک ذمہ دار اور نگران ہے اور اس سے اس کے زیر اثر افراد کے بارے میں سوال کیا جائے گا"

اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے احکامات کی بھی تطبیق ہو جائے۔

یہ تحفظات درج ذیل امور کے ذریعے ممکن ہیں :

ا۔ ہر روز جتنا ممکن ہو قرآن مجید کے چند سوروں اور آیتوں کی پابندی سے تلاوت کریں یا کسی قاری کی تلاوت کو خشوع و خضوع اور غور و فکر کے ساتھ سنیں کیونکہ اسی تلاوت اور اسی سماعت کے بارے میں اللہ تعالی نے فرمایا ہے :

بصائرمن ربکم و هدی و رحمة لقوم یؤمنون و اذا قری القرآن فاستمعوا له و انصتوا لعلکم ترحمون۔

(الاعراف :۲۰۳۔۲۰۴)

"یہ (قرآن) تمہارے پروردگار کی طرف سے (حقیقت کی) دلیلیں ہیں اور ایماندار لوگوں کے واسطے ہدایت اور رحمت ہے اور جب قرآن پڑھا جائے تو کان لگا کر سنو اور چپ چاپ رہو تاکہ (اسی بہانے) تم پر رحم کیا جائے"

اور اس کی وجہ یہ ہے :

ماجالس هذا القرآن أحد إلاقام عنه بزيادة أو نقصان: زيادة فی هدی أو نقصان من عمی، واعلموا أنه ليس على أحد بعد القرآن من فاقة، ولا لأحد بعد القرآن من غنى، فا ستشفوه من ادوائكم ، واستعينوا به على لأوائكم فإن فيه

شفاء من أكبر الداء، وهو الكفر و النفاق والغي و الضلال فا سألوا الله به و توجهوا اليه بحبه ولا تسألوا به خلقه إنه ما توجه العباد الى الله بمثله، و اعلموا أنه شافع مشفع وقائل مصدق وأنه من شفع له القرآن يوم القيامه شفع فيه۔

(نہج البلاغہ صبحی صالح :۲۵۲)

"جو بھی اس قرآن کا ہم نشین ہوا وہ ہدایت کو بڑھا کر اور گمراہی و ضلالت کو گھٹا کر اس سے الگ ہوا اور جان لو کہ کسی کو قرآن (کی تعلیمات) کے بعد کسی اور لائحہ عمل کی احتیاج نہیں رہتی اور نہ کوئی قرآن سے (کچھ سیکھنے سے) پہلے اس سے بے نیاز ہو سکتا ہے۔ اس سے اپنی بیماریوں کی شفاء چاہو اور اپنی مصیبتوں میں اس سے مدد مانگو۔ اس میں کفر و نفاق اور ہلاکت و گمراہی جیسے بڑے بڑے امراض کی شفا پائی جاتی ہے۔ اس کے وسیلے سے اللہ سے مدد مانگو اور اس کی دوستی کو لئے ہوئے اللہ کا رخ کرو اور اسے لوگوں سے مانگنے کا ذریعہ نہ بناؤ۔ یقیناً بندوں کے لئے اللہ کی طرف متوجہ ہونے کا اس جیسا کوئی ذریعہ نہیں۔ تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ قرآن ایسا شفاعت کرنے والا ہے جس کی شفاعت مقبول اور ایسا کلام کرنے والا ہے جس کی ہر بات تصدیق شدہ ہے۔ قیامت کے دن جس کی یہ شفاعت کرے گا وہ اس کے حق میں مانی جائے گی۔"

اور یہ کہ

من قرأ القرآن وهو شاب مؤمن اختلط القرآن بلحمه و دمه و جعله الله عزو حل مع السفرة الكرام البررة وكان القرآن حجيزا عنه يوم القيامة۔

(اصول کافی ج ۲ص ۶۰۳)

"جو جوان مؤمن قرآن مجید کی تلاوت کرے قرآن اس کے گوشت اور خون میں شامل ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ اسے سفراء کرام (انبیاء) کے ساتھ محشور فرمائے گا اور روز قیامت قران اس کا دفاع کرے گا"

بحمد اللہ کتب خانوں میں ایسے قرآنی نسخے موجود ہیں جو مختصر تفسیر پر بھی مشتمل ہیں۔ جن کو سفر میں اپنے ساتھ رکھنا آسان اور دوران سفر (پردیس میں) بہت فائدہ مند ہیں۔

۲۔ واجب نمازوں کو ان کے مقررہ اوقات میں بجا لانے کی پابندی کرنا بلکہ جہاں تک ہو سکے غیر واجب (مستحب) نمازوں کو بھی اپنے مقررہ اوقات میں بجالانا چاہئے۔ چنانچہ رسول اسلام (ص) سے مروی ہے کہ آپ (ص) نے عبداللہ بن رواحہ سے جب وہ جنگ موتہ میں جا رہے تھے، وصیت کرتے ہوئے فرمایا:

انك قادم بلدا السجود فيه قليل فأكثروا السجود

"تم ایسے شہر میں جا رہے ہو جہاں اللہ تعالیٰ کو کم سجدہ کیا جاتا ہے (مگر) تم کثرت سے اللہ تعالیٰ کو سجدہ کیا کرو"

زید شحام نے امام جعفر صادق (ع) سے روایت کی ہے کہ آپ (ع) نے فرمایا:

احب الاعمال الى الله عزوجل الصلوة وهى آخر وصايا الأنبياء۔

(تفصیل وسائل الشیعہ للحر العاملی ج ۴ ص ۳۸)

"اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے پسندیدہ عمل نماز ہے اور نماز انبیاء کرام (ع) کی آخری وصیت رہی ہے"

امیر المؤمنین (ع) نے یوں وصیت فرمائی ہے :

تعاهدوا امر الصلاة وحافظوا عليها و استكثروا منها و تقربوا بها فانها " كانت على المؤمنين كتاباً موقوتا " ألا تسمعون إلى جواب اهل النار حين سئلوا "ما سلككم فى سقر قالوا لم نك من المصلين" و انها لتحت الذنوب حت الورق و تطلقها اطلاق الربق، و شبهها رسول الله (صلى الله عليه وآله وسلم) بالحمة تكون على باب الرجل فهو يغتسل منها فى اليوم والليلة خمس مرات فما عسى أن يبقى عليه من الدرن۔

(نہج البلاغۃ صبحی صالح ص ۳۱۱)

" نماز کی پابندی اور اس کی نگہداشت کرو اور اسے زیادہ سے زیادہ بجالاؤ اور اس کے ذریعے اللہ کا قرب چاہو، کیونکہ نماز وقت کی پابندی کے ساتھ مسلمانوں پر واجب کی گئی ہے۔ کیا قرآن میں دوزخیوں کے جواب کو تم نے نہیں سنا کہ جب ان سے پوچھا جائے گا، کونسی چیز تمہیں دوزخ کی طرف کھینچ لائی ہے؟ وہ کہیں گے : ہم نمازی نہیں تھے۔ بلاشبہ نماز گناہوں کو جھاڑ کر اس طرح الگ کر دیتی ہے جیسے درخت سے پتے جھڑتے ہیں اور انہیں اس طرح الگ کر دیتی ہے

جیسے چوپایوں کی گردنوں سے پھندے کھول کر انہیں رہا
کیاجاتاہے۔رسول خدا(ص) نے نماز کواس گرم چشمے سے
تشبیہ دی ہے جو کسی شخص کے گھر کے دروازے پر ہو اور
اس میں دن رات پانچ مرتبہ غسل کرے تو کیاامید کی جاسکتی
ہے کہ اس کے جسم پر کوئی میل رہ جائے گا؟"

۳۔جتنا ممکن ہو دعائیں، مناجات پڑھی جائیں اور ذکر بجالایا جائے اس لئے کہ ان سے انسان کو اپنے کئے ہوئے گناہ یاد آجاتے ہیں۔ توبہ، گناہوں سے بچنے اور نیکیاں بجا لانے کی تشویق اور ترغیب ہوتی ہے۔ جیسے امام زین العابدین(ع) کا صحیفہ سجادیہ، دعائے کمیل، ماہ رمضان کی دعائیں، دعائے ابو حمزہ ثمالی، سحر کی دعائیں ایام ہفتہ کی دعائیں وغیرہ۔

اس قسم کے تزکیہ کی ہر مسلمان کو ضرورت ہے۔ خصوصاً جب وہ کسی غیر مسلم ملک میں رہ رہا ہو۔

۴۔ماہ رمضان، محرم الحرام، صفر المظفر اور دوسرے مہینوں اور ایام میں اسلامی مراکز میں منعقد ہونے والے جشن کی تقریبوں، مجالس عزا، وعظ موعظہ کی محافل اور دیگر دینی مناسبتوں میں پابندی اور کثرت سے شرکت کرتے رہیں۔ اس کے علاوہ ان ممالک کے اندر جہاں دینی مراکز اور بامقصد فاونڈیشنز کی ضرورت ہے، اپنے گھروں کے اندر بھی اس قسم کی مناسبتوں کو زندہ رکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔

۵۔اسلامی کانفرنسوں، سیمیناروں میں پابندی سے شرکت کی جائے جو ان ممالک میں منعقد کی جاتی ہوں۔

۶۔دینی کتابوں، رسالوں اور مجلوں کا مطالعہ کر کے ان سے بھرپور استفادہ کیا جائے۔اس سے اور دیگر فوائد کے علاوہ نفس کو سکون بھی ملے گا۔

۷۔ایسی اسلامی تقریروں اور لکچروں پر مشتمل کیسٹیں سنی جائیں جو مفید ہوں جن کی تیاری میں بڑے بڑے خطباء اور فاضل اور باصلاحیت اساتذہ کرام کو راتیں بیدار

گزارنی پڑی ہیں۔ کیونکہ ان کیسٹوں میں وعظ ونصیحت اور مسائل واحکام کی یاد آوری ہے۔

۸۔ لہو ولعب اور فحاشی کے مقامات پر جانے سے اجتناب کریں۔ جن میں ٹیلیویژن کے برے اور گمراہ کن پروگرام اور ایسے چینل شامل ہیں جو ہمارے عقیدے، دین، اسلامی اقدار، رسومات، روایات اور اسلامی فکری و تہذیبی میراث سے سازگار نہیں۔

۹۔ نیک اور فی سبیل اللہ دوستوں کا انتخاب کریں جن کی آپ راہنمائی کریں اور وہ آپ کی راہنمائی کریں۔ آپ ان کی اصلاح کریں اور وہ آپ کی اصلاح کریں۔ آپ فارغ وقت ان کے ساتھ مفید باتوں اور گفتگو میں گزاریں اور ان کی بدولت برے دوستوں کی صحبت اور گوشہ نشینی اور اس کے نقصانات سے بچے رہیں۔

امام جعفر صادق (ع) اپنے آباء واجداد علیہم السلام سے روایت کرتے ہیں :

قال رسول الله (صلى الله عليه و آله وسلم) فى حديث ما استفاد امرؤ مسلم فائدة بعد الاسلام مثل اخ يستفيده فى الله۔

(وسائل الشيعه للحر العاملى ج۱۲ص۲۳۳)

"رسول اکرم (ص) نے فرمایا : ایک مسلمان کے لئے اسلام کے بعد اس دوست سے زیادہ مفید اور کوئی چیز نہیں ہو سکتی جس سے فی سبیل اللہ استفادہ کیا جائے۔"

میسرہ کہتے ہیں امام محمد باقر (ع) نے مجھ سے فرمایا :

أتخلون و تتحدثون و تقولون ما شئتم ؟ فقلت : اى والله انا لنخلو و نتحدث، و نقول ما شئنا فقال :أما والله لوددت أنى معكم فى بعض تلك المواطن اما والله انى لأحب ريحكم و أرواحكم و

أنكم على دين الله و دين ملائكته فأعينوا بورع
واجتهاد۔ (۱)
"(یہ بتاؤ) تم خلوت میں رہ کر باہم تبادلہ خیال اور جس
موضوع پر چاہو گفتگو کرتے رہتے ہو؟ میں نے عرض کیا:
جی مولا۔ خدا ہم خلوت میں ایک دوسرے سے تبادلہ خیال
اور گفتگو کرتے رہتے ہیں۔ آپ (ع) نے فرمایا: خدا کی قسم
میری بھی یہی آرزو ہے کہ ان محفلوں اور نشستوں میں
تمہارے ساتھ رہوں، خدا کی قسم مجھے تمہاری خوشبو سے
بھی محبت ہے اور تمہاری ارواح سے بھی محبت ہے۔ تم دین
خدا پر قائم ہو اور اس دین پر قائم ہو جس پر اس کے فرشتے
قائم ہیں۔ اپنے تقوی و پرہیزگاری اور جدوجہد کے ذریعے
(ہماری) مدد کرو۔"

۱۰۔ انسان کو چاہیئے کہ وہ ہر روز یا ہر ہفتے اپنے نفس کا محاسبہ کرے کہ کیا کرتا رہا ہے۔ اگر کار خیر کرتا رہا ہے تو خدا کا شکر ادا کرے اور مزید کار خیر کی توفیق کی دعا کرے اور اگر برے اعمال کا مرتکب رہا ہو تو اللہ سے مغفرت طلب کرے اور توبہ کرے اور آئندہ اور بار بار گناہ نہ کرنے کا عزم بالجزم کرلے۔

رسول خدا (ص) نے بھی حضرت ابوذرؓ کو اس بات کی وصیت فرمائی ہے:

يا أباذر حاسب نفسك قبل ان تحاسب فإنه
اهون لحسابك غداً وزن نفسك قبل ان توزن

---

(۱) اصول کافی للکلینی ج ۲ ص ۱۸۷ اور ملاحظہ فرمائیں باب زیارۃ الأخوان ج ۲ ص ۱۷۵ اور باب تذاکر الأخوان ج ۲ ص ۱۸۶

وتجهز للعرض الاکبر یوم تعرض لا تخفی علی الله خافیه۔ یا أباذر لایکون الرجل من المتقین حتی یحاسب نفسه اشد من محاسبة الشریك شریکه فیعلم من این مشربه و ملبسه أمن حلال او من حرام۔

(امالی الشیخ الطوسی :ج۲باب۱۹)

"اے ابوذر! تو اپنے نفس کا محاسبہ اور مواخذہ کر قبل اس کے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے۔ اس لئے کہ اس سے تمہارے کل (روز قیامت) کا محاسبہ آسان ہو جائے گا اور نفس کا موازنہ کر قبل اس کے کہ تمہارا موازنہ کیا جائے۔ بارگاہ الٰہی میں پیشی کے لئے تیار اور آمادہ رہو۔ خدا سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں رہ سکتی۔ اے ابوذر کوئی بھی شخص اس وقت تک متقین میں شامل نہیں ہو سکتا جب تک اپنے نفس کا اس سے سخت محاسبہ نہ کرے جتنا محاسبہ ایک شریک دوسرے شریک کا کرتا ہے۔ انسان کو معلوم ہونا چاہئے کہ میرے کھانے پینے کی اشیاء اور میرا لباس کہاں سے آیا ہے؟ حلال کی کمائی سے یا حرام کی کمائی سے؟

امام موسیٰ الکاظم (ع) نے فرمایا:

لیس منا من لم یحاسب نفسه فی کل یوم، فان عمل حسنة استزاد الله تعالی و ان عمل سیئة استغفر الله منها وتاب الیه۔

(جامع السعادات للنراقی : ج۲ص۹۴)

"وہ شخص ہم میں سے نہیں جو روزانہ اپنا محاسبہ نہ کرے۔
اگر نیکی انجام دیتا رہا ہو تو اللہ تعالیٰ سے مزید توفیق کی دعا
کرے اور اگر برائیوں کا مرتکب رہا ہو تو توبہ کرے اور اللہ
تعالیٰ سے طلب مغفرت کرے"

۱۱۔ عربی زبان، جو قرآن اور دوسرے بہت سارے احکام اور آداب شریعت اسلام کی زبان ہے، کو زیادہ سے زیادہ اہمیت دے اس لئے کہ اس کے علاوہ یہ ان مسلمانوں کے آبا و اجداد کی بھی زبان ہے جن کی مادری زبان عربی ہے۔

جہاں ان ممالک میں زیر تعلیم طالب علم دنیا کی متعدد (مادری زبان کے علاوہ) دوسری زبانوں کو سیکھتے ہیں وہاں اس زبان کا (جو قرآن کی زبان ہے) زیادہ حق بنتا ہے کہ اسے سیکھا جائے تاکہ اس کے ذریعے اپنے دین، اپنی اسلامی میراث، اسلامی اقدار، اسلامی تاریخ اور اسلامی تہذیب سے وابستہ رہ سکیں۔

۱۲۔ نئی نسل کو غیر معمولی اہمیت دے اور اپنے بچوں اور بچیوں کی اس بنیاد پر تربیت کرے کہ وہ کتاب خدا اور اس کی تلاوت سے محبت رکھیں اور ان کے لئے دلچسپ قسم کے مقابلے (کوئیز پروگرام) منعقد کئے جائیں۔ بچوں کو عبادات بجالانے، سچ بولنے، شجاعت اور بہادری کا مظاہرہ کرنے، وعدہ وفا کرنے، دوسروں سے محبت کرنے اور اس قسم کے دیگر مکارم اخلاق کا عادی بنائیں۔ اس کے علاوہ بچوں کو اسلامی مراکز اور اداروں میں اپنے ساتھ لے جائیں تاکہ ان انہیں مقامات میں آمد و رفت کی عادت پڑ جائے۔

ان بچوں کو دشمنان اسلام سے بھی متعارف کرائیں اور ان میں اسلامی اخوت اور بھائی چارے کی روح پھونکی جائے۔ اسلامی اعیاد (خوشی کے مواقع) میں شرکت کے لئے اپنے ساتھ لے کر جائیں۔ انہیں کام اور محنت سے محبت کے جذبے سے سرشار کیا جائے۔ یہ وہ امور ہیں جو اس زندگی میں اسلامی اقدار اور اس کے بنیادی اصولوں کے مطابق اسلام کو سمجھنے اور اس پر عمل پیرا ہونے میں ممد و معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔

اس نکتے تک پہنچنے کے بعد میں نے اپنے تفکرات کی روانی روک دی اور آسمان کی طرف دیکھنے لگا۔ جہاں دھنی ہوئی روئی کی مانند بادلوں کے غول کے غول ایک دوسرے سے گلے مل رہے تھے، انہیں دیکھ کر میں دہشت زدہ ہو گیا اور اسی دوران ایک مرتبہ پھر سابق الذکر خیالات نے مجھے گھیر لیا۔ میں نے اپنے آپ سے پوچھا:

مجھے دیار غیر میں کس قسم کا طرز زندگی اپنانا چاہئے، جس سے میں اپنی ذاتی (فطری) خصوصیات کا تحفظ کر سکوں اور دوسروں کی ثقافت اور تہذیب میں غرق نہ ہو جاؤں یا گھل مل نہ جاؤں اور ایسا بھی نہ ہو کہ لوگوں سے مکمل طور پر کٹ جاؤں اور گوشہ نشینی اختیار کر لوں؟

پھر میں نے اپنے آپ سے پوچھا: جن لوگوں میں زندگی گزاروں گا وہ میرے بارے میں کیا رائے قائم کریں گے؟

میرے شہر نے جو سال بھر زائرین اور سیاحوں سے بھرا رہتا ہے، مجھے یہی سکھایا ہے کہ میں کسی بھی قوم کے افراد اور ان کے طرز عمل کو دیکھ کر پوری قوم کے بارے میں اور کسی بھی دین کے پیروکاروں کو دیکھ کر پورے دین کے بارے میں کوئی رائے قائم کروں۔ کسی ملک کا زائر یا سیاح، حسن سلوک کا مظاہرہ کرے تو یہی کہتا ہوں کہ اس ملک کے باشندے بہت اچھے لوگ ہیں اور اگر اس سیاح کا طرز عمل اچھا نہ ہو تو میں کہہ دیتا ہوں کہ اس ملک کے باشندے اچھے نہیں ہوتے۔

قدرتی بات ہے کہ جس دیار غیر میں میں رہوں گا اس کے باشندے میرے طرز عمل اور کردار کو دیکھ کر ہی اسلام کے بارے میں کوئی فیصلہ کریں گے اور تمام مسلمانوں کے بارے میں بھی یہی رائے قائم کریں گے۔

اگر میں اپنے قول و فعل میں سچا ہوں گا، وعدہ وفا کروں گا، امانت میں خیانت نہ کروں گا، حسن خلق کا مظاہرہ کروں گا، نظام اسلام کے قوانین پر عمل کروں گا، محتاجوں اور ناداروں کی مدد کروں گا، اپنے پڑوس سے اچھا برتاؤ رکھوں گا، رسول اسلام (ص) کے نقش

قدم پر چلوں گا اور ان کی تعلیمات پر پورا پورا عمل پیرا ہوں گا، جس کا فرمان ہے: "الدین المعاملة" "دین معاملہ اور باہمی برتاؤ کا نام ہے" جن غیر مسلموں کے ساتھ میرا اٹھنا بیٹھنا ہے وہ میرے اس طرز عمل کو دیکھ کر بے ساختہ بول اٹھیں گے کہ اسلام مکارم اخلاق کا دین ہے۔

اگر میں جھوٹ بولوں، وعدہ خلافی کروں، میرے اخلاق سے میرے گردو پیش کے لوگ تنگ ہوں، نظام اسلام میں خلل ڈال دوں، ہمسایوں سے برا سلوک کروں، لین دین میں ملاوٹ سے کام لوں اور امانت میں خیانت کروں تو میرے ساتھ لین دین رکھنے والے یہی کہیں گے کہ دین اسلام نے اپنے پیروکاروں کو مکارم اخلاق کی تعلیم نہیں دی۔

اسی دوران جہاز کے کپتان نے میرے افکار کے تسلسل کو توڑا اور مائک پر یہ اعلان کیا: ہم اس وقت لندن کی سمت جرمنی کی سرزمین پر سے گزر رہے ہیں۔ میں نے اپنا ہاتھ اپنے بیگ کی طرف بڑھایا اور اس میں سے وہ کتاب نکالی جسے میں دوران سفر استفادہ کے لئے اپنے ساتھ لایا تھا۔ اس میں مذکور امام جعفر صادق (ع) کی پانچ عدد روایات کو پڑھ کر چونک گیا۔

پہلی روایت میں امام علیہ السلام اپنے شیعوں اور پیروکاروں سے خطاب کر کے فرماتے ہیں:

کونوا لنا زیناً ولا تکونوا علینا شینا. حببونا الی الناس ولا تبغضونا الیھم۔

"ہمارے لئے باعث زینت بنو باعث ننگ و عار نہ بنو۔ ہمیں لوگوں کا ہر دلعزیز بناؤ لوگوں کو ہم سے متنفر نہ کرو"۔

دوسری روایت میں امام علیہ السلام اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں:

کونوا من سابقین باالخیرات وکونوا ورقا لا شوك فیه، فإن من کان قبلکم کانوا ورقا لا

شوك فيه و قد خفت أن تكونوا شوكا لا ورق فيه، و كونوا دعاة الى ربكم و ادخلوا الناس فى الاسلام ولا تخرجوهم منه وكذلك من كان قبلكم يدخلونهم فى الاسلام ولا يخرجونهم منه۔

"(اے ہمارے شیعو!) کار خیر میں سب سے پیش پیش رہو اور ایسے پتے بن جاؤ جن میں کانٹے نہ ہوں، تحقیق تم سے پہلے کے لوگ ایسے پتے تھے جن میں کانٹے نہ تھے۔ مجھے یہ ڈر ہے کہ تم کہیں ایسے کانٹے نہ ہو جن میں پتے نہ ہوں۔ لوگوں کو اپنے رب کی طرف دعوت دو، لوگوں کو اسلام میں داخل کرو اور انہیں اسلام سے خارج نہ کرو۔ چنانچہ تم سے پہلے کے لوگ اسی طرح تھے کہ لوگوں کو اسلام میں داخل کرتے اور انہیں اسلام سے خارج نہیں کرتے تھے۔"

تیسری روایت میں اپنے نقش قدم پر چلنے والے شیعوں کو سلام کے بعد فرماتے ہیں:

اوصيكم بتقوى الله عزوجل، و الورع فى دينكم، والاجتهاد لله، و صدق الحديث، و أداء الأمانة و طول السجود، و حسن الجوار فبهذا جاء محمد (صلى الله عليه و آله وسلم) أدوا الأمانة الى من ائتمنكم عليها برا او فاجرا فان رسول الله (صلى الله عليه وآله وسلم) كان يأمرو بأداء الخيط والمخيط ، صلوا عشائركم، و اشهدوا جنائزكم وعودوا مرضاكم و ادوا حقوقهم فإن الرجل منكم إذا ورع فى دينه، و صدق فى

الحديث و أدى الامانة و حسن خلقه مع الناس، قيل هذا جعفرى فيسرنى ذلك و يدخل على منه السرور، وقيل هذا أدب جعفر، و اذا كان على غير ذلك دخل على بلاؤه و عاره و قيل هذا أدب جعفر، و الله لقد حدثنى ابى عليه السلام، ان الرجل كان يكون فى القبيلة من شيعة على(ع) فيكون زينها :أداهم للامانة، اقضاء هم للحقوق، و اصدقهم للحديث، اليه وصاياهم، و ودائعهم تسأل العشيره عنه، فتقول من مثل فلان انه أدانا للامانة و أصدقنا للحديث۔

"میں تمہیں تقوی الہی، اپنے دین میں پرہیزگاری، اللہ کے لئے جدوجہد، سچ بولنے، امانت کی ادائیگی، سجدے کو طول دینے اور پڑوسیوں سے حسن سلوک کرنے کی وصیت کرتا ہوں۔ رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہی حکم لے کر آئے ہیں، جو شخص تمہیں کوئی امانت سونپے چاہے وہ کوئی نیک آدمی ہو یا فاسق و فاجر، اس کی امانت اس کے سپرد کرو۔ اس لئے کہ رسول خدا (ص) اس سوئی اور دھاگے کو بھی اس کے مالک کے سپرد کرنے کا حکم دیتے تھے۔ جسے کسی نے امانتاً رکھا ہو۔ اپنے خاندانوں سے وابستہ رہو، اپنے جنازوں (کی تشیع) میں ضرور شریک ہو، بیماروں کی عیادت کرو، لوگوں کے حقوق ادا کرو۔ اس لئے کہ تم میں سے جو شخص اپنے دینی معاملات میں پرہیزگار ہوگا، سچ بولتا ہوگا، لوگوں

کی امانتیں ادا کرے گا اور لوگوں سے اخلاق سے پیش آئے گا تو لوگ بول اٹھیں گے : یہ جعفری ہے۔ اس سے میں خوشحال ہو جاتا ہوں۔ اس سے میرے اندر خوشی کی لہر دوڑنے لگتی ہے اور کہا جائے گا : یہ ہیں جعفر (ع) کے آداب اور اگر اس شخص کا کردار ایسا نہیں ہو گا تو میں اس کی آزمائش سے دوچار ہوں گا اور اس کا ننگ و عار میری طرف منسوب ہو گا اور یہ کہا جائے گا : یہ ہیں جعفر (ع) کے آداب۔ بخدا میرے والد گرامی نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی کہ کسی بھی قبیلہ میں علی (ع) کا شیعہ اس قبیلے کے لئے باعث زینت ہوا کرتا تھا۔ لوگوں میں سب سے زیادہ امانتوں اور حقوق کو ادا کرنے والا، سب سے زیادہ سچ بولنے والا ہوا کرتا تھا، لوگ اسی کو اپنی وصیتیں کرتے اور امانتیں سونپتے تھے۔ اگر آپ اہل قبیلہ سے اس (شیعہ) کے بارے میں پوچھیں تو وہ جواب دیں گے : اس جیسا کون ہو سکتا ہے (یہ تو وہ ہے) جو ہم میں سے سب سے زیادہ امانتوں کو ادا کرنے والا اور سب سے زیادہ سچ بولنے والا ہے۔،،

چوتھی روایت میں امام جعفر صادق (ع) فرماتے ہیں :

علیکم بالصلاة فی المساجد و حسن الجوار للناس، و إقامة الشهادة ، وحضور الجنائز، و إنه لا بدلکم من الناس، إن احدا لا یستغنی عن الناس حیاته و الناس لا بد لبعضهم من بعض۔

" تمہارے اوپر لازم ہے کہ اپنی نمازوں کو مساجد میں ادا کرو،

☆ غیر مسلم ممالک کی طرف ہجرت اور ان میں داخل ہونا۔

☆ تقلید۔

☆ طہارت اور نجاست۔

☆ نماز۔

☆ روزہ۔

☆ حج۔

☆ میت سے متعلق امور۔

ہر فصل میں اس فصل سے متعلق ایک مقدمہ، اس فصل کے بارے میں بعض احکام، جن سے اکثر و بیشتر دیارِ غیر میں واسطہ پڑتا ہے اور اس فصل سے مخصوص استفتاءات کو شامل کیا گیا ہے۔

باب دوم: فقہ معاملات گیارہ فصلوں پر مشتمل ہے جو درج ذیل ہیں:

☆ ماکولات اور مشروبات (کھانے پینے کی چیزیں)۔

☆ لباس۔

☆ جس ملک کی طرف ہجرت کی گئی ہو، اس کے قوانین سے تعاون۔

☆ عمل اور رأس المال کی حرکت۔

☆ اجتماعی تعلقات۔

☆ طبی معاملات۔

☆ عورتوں کے معاملات۔

☆ جوانوں کے مسائل۔

☆ موسیقی کے مسائل۔

☆ غنا اور رقص۔

☆ متفرق مسائل۔

ہر فصل ایک مقدمہ، فصل سے مخصوص احکام اور استفتاءات پر مشتمل ہے نیز اس کتاب میں تین ضمیمہ جات بھی ہیں۔ پہلے ضمیمہ میں ایک جدول دیا گیا ہے جس میں کھانے پینے کی اشیاء میں موجود ایسے اجزاء کا ذکر ہے جو آج کل کھانے کے بند پیکٹوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ دوسرا ضمیمہ ایسے غذائی اجزاء اور خصوصی مواد کی وضاحت پر مشتمل ہے جو غذائی مصنوعات میں شامل کئے جاتے ہیں اور تیسرے ضمیمے میں بعض چھلکے والی مچھلیوں کی تصاویر دی گئی ہیں جن کا کھانا مسلمانوں کے لئے حلال ہے۔

☆☆☆☆☆

باب اول

عبادات

پہلی فصل
☆ غیر مسلم ملک کی طرف ہجرت
☆ ہجرت کے بعض احکام
☆ اس سے مخصوص استفتاءات

دوسری فصل
☆ تقلید
☆ ان کے بعض احکام
☆ اس سے مخصوص استفتاءات

تیسری فصل
☆ طہارت ونجاست
☆ اس کے بعض احکام
☆ اس سے مخصوص استفتاءات

چوتھی فصل
☆ نماز
☆ اس کے بعض احکام
☆ اس سے مخصوص استفتاءات

پانچویں فصل
☆ روزہ
☆ اس کے بعض احکام
☆ اس سے مخصوص استفتاءات

چھٹی فصل
☆ حج
☆ اس کے بعض احکام
☆ اس سے مخصوص استفتاءات

ساتویں فصل
☆ میت کے معاملات
☆ اس کے بعض احکام
☆ اس سے مخصوص استفتاءات

پہلی فصل

غیر مسلم ممالک کی طرف ہجرت
اور
ان میں داخل ہونا

☆ مقدمہ
☆ مسلم معاشرے سے غیر مسلم معاشرے میں جانے کے بارے میں اسلام کا موقف
☆ اس سے متعلق بعض احکام
☆ اس سے مخصوص استفتاءات

عام طور پر مسلمان اپنے وطن اور اسلامی مملکت میں جنم لیتا ہے اور وہیں نشوونما پاتا ہے اور شعوری اور غیر شعوری طور پر اسلامی احکام، اسلامی اقدار اور اسلامی تعلیمات سے آشنا ہو جاتا ہے اور اسلامی آداب سے آراستہ ہو کر جوانی کے سن میں قدم رکھتا، اسلامی راہ وروش کو اپناتا اور اسلامی ہدایت پاتا ہے۔

اور اگر بالفرض مسلمان کی پیدائش کسی غیر مسلم مملکت میں ہو اور وہیں اس کی نشوونما ہو تو لامحالہ وہاں کا ماحول اس کے افکار، نظریات، طرز و آداب زندگی اور اقدار پر اثر انداز ہوتا ہے، ماسوائے ان افراد کے جنہیں اللہ تعالی نے آلودگیوں سے محفوظ رکھا ہو۔ غیر اسلامی ماحول کا اثر دوسری نسل (اولاد) میں نمایاں طور پر ظاہر ہونے لگتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بلاد کفر سے ہجرت کے بعد پلٹ کر اسی جگہ جانے کے سلسلے میں اسلام کا اپنا خاص موقف ہے۔ متعدد روایات میں اسے گناہان کبیرہ میں شمار کیا گیا ہے اور بعض نے تو اسے ان آٹھ گناہان کبائر میں سے قرار دیا ہے جو عام کبیرہ سے زیادہ کبیرہ شمار ہوتے ہیں۔

ابوبصیر کہتے ہیں: میں نے امام جعفر صادق (ع) کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

> الکبائر سبعة: منها قتل النفس متعمدا والشرك بالله العظيم، وقذف المحصنة، و اكل الربا بعد البينة، والفرار من الزحف ، والتعرب بعد الهجرة، و عقوق الوالدين، و اكل مال اليتيم ظلماً، قال: و التعرب و الشرك واحد.

(اصول کافی محمد بن یعقوب کلینی ج۲ ص۲۸۱)

"گناہان کبیرہ سات ہیں۔ ان میں کسی کو (ناحق) جان بوجھ کر قتل کرنا، کسی کو خدا کا شریک قرار دینا، پاکدامن خاتون پر زنا کی تہمت لگانا، گواہی (ثبوت) کے بعد (باوجود) سود کھانا، میدان جہاد سے فرار ہونا، اسلامی تہذیب کو اپنانے کے بعد غیر مہذب معاشرے میں جانا، والدین کا عاق ہونا، ناجائز طریقے سے یتیم کا مال کھانا۔ اس کے بعد آپ (ع) نے فرمایا: غیر مہذب معاشرے میں جانا اور شرک کرنا ایک چیز ہے۔"

ابن محبوب روایت کرتے ہیں: بعض اصحاب نے میرے ہمراہ ایک مکتوب امام حسن (ع) کو بھیجا۔ جس میں گناہان کبیرہ کے بارے میں سوال کیا گیا تھا کہ وہ کتنے اور کون سے ہیں۔ آپ (ع) نے تحریر فرمایا:

الكبائر: من اجتنب ما وعد الله عليه النار كفر عن سيئاته اذا كان مؤمنا، و السبع الموجبات: قتل النفس الحرام ، و عقوق الوالدين ، و أكل الربا، و التعرب بعد الهجرة، وقذف المحصنات، وأكل مال اليتيم، و الفرار من الزحف۔

(اصول کافی: ج۲ ص ۲۷۷)

"جو شخص مومن ہو اور وہ ان گناہوں سے احتراز کرے جن کی سزا خدا نے جہنم قرار دی ہے تو اس کے دوسرے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اور آتش جہنم کا باعث گناہ سات ہیں: نفس محترمہ کا قتل، عاقِ والدین ہونا، سود خوری، اسلامی تہذیب کو اپنانے کے بعد غیر مہذب معاشرے میں جانا،

پاکدامن عورت پر تہمت باندھنا، یتیم کا مال کھانا اور
میدان جہاد سے فرار کرنا۔"

محمد بن مسلم نے امام جعفر صادق (ع) سے نقل کیا ہے:

الکبائرسبع: قتل المؤمن متعمدا، قذف
المحصنة، والفرار من الزحف، والتعرب بعد
الهجرة، و اکل مال الیتیم ظلما و أکل الرباء بعد
البینة، وکل ما أوجب الله علیه النار۔

(اصول کافی: ج۲ص۲۷۷)

"گناہان کبیرہ سات ہیں۔ جان بوجھ کر مؤمن کو قتل کرنا،
پاک دامن خاتون پر تہمت لگانا، میدان جنگ سے فرار کرنا،
اسلامی تہذیب کو اپنانے کے بعد غیر مہذب معاشرے میں
جانا، ناجائز طریقے سے یتیم کا مال کھانا، ثبوت کے بعد
سود خوری اور ہر وہ گناہ جس کی سزا جہنم ہو۔"

عبید بن زرارہ کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق (ع) سے پوچھا گناہان کبیرہ
کون کون سے ہیں؟ آپ (ع) نے فرمایا:

هن فی کتاب علی سبع: الکفر با الله ، وقتل
النفس، وعقوق الوالدین ، وأکل الرباء بعد
البینة واکل مال الیتیم ظلماء والفرار من
الزحف، والتعرب بعد الهجرة قال فقلت فهذا
اکبر المعاصی؟ قال نعم ۔

(حوالہ سابق ص۲۷۸)

کتاب علی علیہ السلام میں گناہان کبیرہ سات ہیں: اللہ کا انکار

کرنا، نفس محترمہ کا قتل، عاقِ والدین ہونا، ثبوت کے سود خوری، ناجائز طریقے سے یتیم کا مال کھانا، میدان جہاد سے فرار کرنا، اسلامی تہذیب کو اپنانے کے بعد غیر مہذب معاشرے میں جانا۔ عرض کی یہ سب سے بڑی معصیت ہے؟ آپ (ع) نے فرمایا: ہاں۔

امام رضا (ع) نے اس گناہ کے سب سے بڑی معصیت ہونے کی وجہ بیان کی ہے:

لانه لا يؤمن أن يقع منه (المهاجر) ترك العلم والدخول مع أهل الجهل والتمادى فى ذالك۔

(وسائل الشيعه للحر العاملی ج۱۵ص۱۷۰)

"یہ شخص ترک علم اور جاہلوں کی ہم نشینی اور اسے جاری رکھنے سے محفوظ نہیں رہ سکتا ہے۔"

ان روایات کا مطلب یہ نہیں کہ غیر مسلم ممالک میں داخل ہونا ہمیشہ حرام ہو۔ بعض روایات نے تو ان ممالک میں داخل ہونے کو کارِ ثواب قرار دیا ہے جس کا ہر مسلمان آرزومند ہوتا ہے۔ چنانچہ حماد سندی کہتے ہیں:

قلت لأبى عبدالله جعفر بن محمد(ع) انى أدخل بلاد الشرك، و أن من عندنا ليقولون إن مت ثم (هناك) حشرت معهم، قال لى يا حماد اذا كنت ثم تذكر امرنا و تدعو اليه؟ قال: قلت: نعم، قال: فإذا كنت فى هذه المدن مدن الإسلام تذكر أمرنا و تدعوا أليه ؟ قلت لا. فقال (عليه السلام) لى : انك ان مت ثم (هناك) تحشر أمة وحدك و يسعى نورك بين يديك۔

(حوالہ سابق ج ۱۶ ص ۱۸۸)

"میں نے امام جعفر صادق (ع) کی خدمت میں عرض کیا: میں (کبھی) مشرکین کے ملک میں داخل ہوتا ہوں اور ہمارے یہاں کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اگر تو اس شہر میں مر گیا تو انہیں کے ساتھ محشور ہوں گا۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا یہ اس صورت کی بات کرتے ہیں جب تم اس غیر مسلم ملک میں جا کر ہمارے مکتب کی بات کرو اور اس کی طرف لوگوں کو دعوت دو؟ میں نے کہا جی ہاں! امام (ع) نے فرمایا: کیا تم اسلامی مملکت میں رہ کر بھی ہمارے مکتب کی بات کرو گے اور اس کی طرف دعوت دو گے۔ میں نے عرض کیا: نہیں! آپ نے فرمایا: پھر تو ایسی صورت میں اگر تم اس غیر مسلم ملک میں مر دو گے تو تم اکیلے ایک پوری امت کی شکل میں محشور ہو گے اور تیرا نور تیرے آگے آگے چل رہا ہو گا۔"

یہ روایت، اس قسم کی دوسری روایات اور دیگر شرعی دلائل کی روشنی میں ہمارے فقہاء کرام نے درج ذیل فتاوی دیئے ہیں:

م۔۱ دین اور احکام دین کی تبلیغ اور نشر و اشاعت کی غرض سے غیر مسلم ممالک کی طرف سفر کرنا ایک مستحسن امر ہے۔ بشرطیکہ سفر پر جانے والے شخص اور اس کے چھوٹے بچوں کے دین کو کسی قسم کا خطرہ لاحق نہ ہو۔ رسول اسلام (ص) نے امیر المؤمنین (ع) کو مخاطب کر کے فرمایا:

لئن یھدی اللہ بك عبدا من عبادہ خیر لك مما طلعت علیہ الشمس من مشارقھا الی مغاربھا۔

(حوالہ سابق)

"اے علی(ع) ! خدا تیرے ذریعے اپنے بندوں میں سے ایک بندے کی بھی ہدایت فرمائے تو یہ تیرے لئے دنیاومافیھا سے بہتر ہے۔

نیز ایک شخص نے رسول اسلام(ص) سے درخواست کی : یارسول اللہ! مجھے کچھ وصیت فرمایئے۔ آپ(ص) نے فرمایا :

اوصيك أن لا تشرك با الله شيئا وادع الناس الى الاسلام و اعلم ان لك بكل من أجابك عتق رقبة من ولد يعقوب۔

"میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ کسی کو خدا کا شریک نہ ٹھہراو، لوگوں کو اسلام کی طرف دعوت دو۔ تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ تجھے ہر اس شخص کے بدلے جو تیری دعوت پر لبیک کہے، اولاد یعقوب(ع) میں سے ایک غلام آزاد کرنے کا اجر و ثواب ملے گا"

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۲ : مؤمن کے لئے غیر مسلم ممالک کی طرف سفر کرنا جائز ہے بشرطیکہ اس سفر کا، اس کے اور اس سے متعلق دیگر افراد خانہ کے دین پر منفی اثر نہ پڑنے کا یقین ہو۔

م۔۳ : مسلمان کے لئے غیر مسلم ممالک میں قیام کرنا جائز ہے بشرطیکہ فی الحال اور مستقبل میں اس کے اور اس کے اہل خانہ کے شرعی فرائض کی انجام دہی میں کوئی رکاوٹ نہ بنے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

م۔۴ : اگر غیر مسلم ممالک کی طرف سفر سے مسلمان کے دین کو نقصان پہنچتا ہو تو

یہ سفر حرام ہو گا، چاہے یہ سفر مشرق کا ہو یا مغرب کا۔ سفر کا مقصد سیاحت ہو، تجارت ہو یا حصول علم نیز ان ممالک میں قیام عارضی ہو یا دائمی (سب کا ایک ہی حکم ہے)۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

م۔۵: اگر بیوی کو یقین ہو کہ شوہر کے ساتھ سفر پر جانے سے اس کے دین کو نقصان پہنچے گا تو اس کے لئے شوہر کے ساتھ سفر کرنا حرام ہے۔

م۔٦: اگر بالغ اولاد (چاہے لڑکے ہوں یا لڑکیاں) کو اس بات کا یقین ہو کہ باپ، ماں یا دیگر دوستوں کے ساتھ سفر کرنے سے انہیں دینی لحاظ سے نقصان پہنچے گا تو ان کے ساتھ سفر کرنا حرام ہے۔

م۔۷: دینی لحاظ سے نقصان سے فقہاء کی مراد یہ ہے کہ انسان فعل حرام، گناہ صغیرہ و کبیرہ کا مرتکب ہو جیسے شراب خوری، زنا، مردار کا گوشت کھانا، نجس مشروب پینا یا اس قسم کے دیگر حرام کام یا واجب ترک ہو جائے جیسے نماز، روزہ، حج یا دیگر واجبات ہیں۔

م۔۸: اگر کسی مسلمان کے لئے غیر مسلم ممالک کی طرف سفر ناگزیر ہو جائے، مثال کے طور پر یقینی موت سے بچنے کے لئے بیرون ملک سفر کرنا پڑے اور اسے یہ بھی یقین ہو کہ اس سفر سے مجھے کوئی دینی نقصان پہنچے گا ایسی صورت میں اتنا سفر جائز ہے جس سے ضرورت پوری ہو مثلاً علاج مکمل ہو جائے۔

م۔۹: جس مسلمان نے اپنے وطن کو ترک کر کے غیر مسلم ممالک میں رہائش یا شہریت اختیار کی ہے، اگر اسے یقین ہو کہ اس ملک میں مزید قیام سے اس کا یا اس کے بچوں کا دینی نقصان ہو گا تو اس کے لئے واجب ہے کہ وہ اپنے وطن واپس آجائے بشرطیکہ اس سے موت کا خطرہ نہ ہو یا اتنی مشقت نہ اٹھانی پڑے جس سے مکلف نہ رہے۔ جیسے وہ اضطراری حالت ہے جس میں جان کے خوف سے مردار کا

گوشت کھانا پڑے۔ دینی نقصان تب متحقق ہوگا جب بیرون ملک قیام سے واجب ترک یا حرام کا ارتکاب ہو جائے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

م۔۱۰: جب مسلمان پر (کسی وجہ سے) سفر حرام ہو جائے تو اس کا یہ سفر، سفر معصیت شمار ہوگا اور دوران سفر چار رکعتی نماز پوری پڑھنی پڑے گی اور روزہ رکھنا پڑے گا اور جب تک سفر، سفر معصیت ہوگا نماز کو قصر پڑھنے اور روزہ افطار کرنے کا حق نہیں رکھتا۔

م۔۱۱: اگر والدین اپنے بیٹے کو سفر سے منع کریں اور اس کی وجہ بیٹے سے شفقت اور ہمدردی ہو یا بیٹے کے سفر اور اس کے فراق اور دوری سے والدین کو اذیت ہوتی ہو اور اس سفر کو ترک کرنے سے بیٹے کو کوئی نقصان بھی نہ پہنچتا ہو تو اس صورت میں بیٹے کا سفر جائز نہیں ہوگا۔

غیر مسلم ممالک کی طرف ہجرت سے متعلق استفتاءات اور آیۃ اللہ سیستانی (مدظلہ) کے جوابات:

م۔۱۲: تعرب بعد الهجرة جو من جملہ گناہان کبیرہ میں سے ہے، سے کیا مراد ہے؟

جواب: بعض فقہاء فرماتے ہیں کہ آج کل کے دور میں ان ممالک میں قیام تعرب بعد الهجرة کہلائے گا جہاں دینی نقصان ہوتا ہو۔ غرض یہ کہ انسان ایسے ملک کو ترک کرے جہاں ان دینی معلومات اور شرعی احکام کو حاصل کر سکتا ہو جن کا حصول ضروری ہو اور شریعت مقدسہ کے واجبات کو انجام دے سکتا ہو، حرام کاموں کو ترک کر سکتا ہو اور اس ملک میں چلا جائے جہاں یہ سارے یا بعض فرائض انجام نہ دیئے جا سکیں۔

م۔۱۳: یورپ، امریکہ اور اس قسم کے دیگر غیر اسلامی ممالک میں رہائش پذیر مسلمان یہ

محسوس کرتا ہے کہ وہ (رفتہ رفتہ) اس دینی ماحول سے بیگانہ اور دور ہوتا جارہا ہے جس میں اس کی تربیت اور نشوونما ہوئی ہے۔ مثال کے طور پر نہ اذان اور قرآن کی آواز سنتا ہے اور نہ مقامات مقدسہ کی زیارت اور اس کی روح پرور فضا اسے نصیب ہوتی ہے۔ کیا اس دینی ماحول کو ترک کر کے اس سے دور زندگی بسر کرنا دینی نقصان شمار ہوگا؟

جواب: یہ وہ دینی نقصان نہیں جس سے ان ممالک میں قیام حرام ہو جاتا ہو۔ البتہ (زیادہ دیر تک) دینی ماحول سے دور رہنے کے نتیجے میں وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انسان کا ایمانی پہلو (جذبہ دینی) کمزور ہو جاتا ہے اور اس کی نظر میں بعض واجبات کا ترک کرنا یا بعض حرام کاموں کا ارتکاب معمولی بات لگتی ہے۔ اگر انسان کو خدشہ ہو کہ ان غیر اسلامی ممالک میں طویل قیام سے اس قسم کا دینی نقصان پہنچے گا تو اس صورت میں ان ممالک میں (مزید) قیام جائز نہ ہوگا۔

م۔۱۴: بعض اوقات یورپ امریکہ اور اس قسم کے دیگر غیر اسلامی ممالک میں مقیم (مسلمان) سے ایسے ایسے حرام کام سرزد ہوتے ہیں کہ اگر یہ شخص اپنی اسلامی مملکت میں ہوتا تو یہ حرام کام اس سے صادر نہ ہوتے۔ ان ممالک کی معمول کی زندگی ایسے ایسے مناظر پیش کرتی ہے جو ہیجان آور ہوتے ہیں اور انسان حرام کی طرف راغب نہ بھی ہو پھر بھی معمول کے مطابق حرام سرزد ہو ہی جاتا ہے۔ کیا یہ دینی نقصان شمار ہوگا، جس کی وجہ سے ان ممالک میں قیام حرام ہو جاتا ہے؟

جواب: جی ہاں! یہ دینی نقصان ہے۔ البتہ اگر یہ فعل حرام گناہ صغیرہ ہو اور بار بار صادر نہ ہوتا ہو تو دینی نقصان شمار نہ ہوگا۔

م۔۱۵: تعرب بعد الهجره کی یہ تعریف کی گئی ہے کہ اپنے وطن سے ایسے ملک منتقل ہو جہاں مکلف کی دینی معلومات میں کمی آتی ہو اور دین کے حوالے سے جہالت میں اضافہ ہوتا ہو۔ کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ اس قسم کے ممالک میں مکلف

پر فرض ہے کہ وہ معمول سے زیادہ اپنے نفس کی نگرانی کرتا رہے تاکہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس کی جہالت میں اضافہ نہ ہو۔

جواب : اس صورت میں نگرانی ضروری ہو گی جب اس کو ترک کرنے سے مذکورہ بالا معنی میں دینی نقصان کا خطرہ ہو۔

م۔۱۶: اگر دین سے دور رکھنے والے ماحول اور معاشرے کی خصوصیات کی وجہ سے کسی مبلغ اسلام کے فعل حرام میں پڑنے کے مواقع بڑھ جائیں تو کیا ایسے عالم اور مبلغ اسلام کے لئے ان ممالک میں (مزید) قیام کرنا حرام اور تبلیغ کو ترک کر کے واپس وطن لوٹ آنا واجب ہو گا؟

جواب : اگر اتفاقی طور پر بعض گناہان صغیرہ میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہو اور وثوق ہو کہ معاملہ اس سے آگے نہیں بڑھے گا تو عالم دین کا مزید قیام حرام نہ ہو گا۔

م۔۱۷: اگر بلاد کفر کے مہاجر کو اپنی اولاد کے دینی نقصان کا خدشہ ہو تو کیا ان شہروں میں قیام حرام ہو گا؟

جواب : جی ہاں۔ یہی حکم خود اس مہاجر کے لئے بھی ہو گا۔

م۔۱۸: کیا یورپ اور امریکہ میں رہنے والے ذمہ دار افراد پر واجب ہے کہ وہ اپنی اولاد کو عربی سکھانے کی طرف توجہ دیں۔ کیونکہ عربی زبان قرآن اور شریعت کی زبان ہے اور اس زبان سے جہالت کے نتیجے میں مستقبل میں شریعت کے بنیادی مدارک سے بھی جاہل رہے گا جو عربی زبان میں لکھی گئی ہیں اس طرح اس کی دینی معلومات کم ہوں گی اور اس کا دینی نقصان ہو گا۔

جواب : اپنے بچوں کو اس حد تک عربی زبان سکھانا لازم ہے جس کے بغیر ان واجبات کی ادائیگی نہ ہو سکے جن کا عربی زبان میں بجا لانا ضروری ہے۔ جیسے سورہ فاتحہ اور دوسرے سورے کی تلاوت اور نماز کے واجب ذکر ہیں۔ اس سے زیادہ عربی سیکھنا واجب نہیں بشرطیکہ کسی دوسری زبان میں دینی معلومات اور شرعی احکام کا

حصول ممکن ہو۔ البتہ قرآن مجید بلکہ مکمل طریقے سے عربی زبان سکھانا مستحب ہے تاکہ احکام اسلام کو عربی زبان میں ان کے بنیادی سرچشموں سے حاصل کیا جا سکے۔ جن میں سر فہرست قرآن مجید کے بعد سنت نبوی اور کلام اہل بیت اطہار علیہم السلام ہیں۔

م۔۱۹: اگر کسی مکلّف کو ایسا اسلامی ملک میسر آئے جہاں یعنی یورپی ممالک کی موجودہ حالت کے مقابلے میں بعض اقتصادی مشکلات کے ساتھ گزراوقات کر سکتا ہے تو کیا ایسی صورت میں مغربی ملک کو ترک کر کے اس اسلامی ملک کی طرف ہجرت کرنا واجب ہے؟

جواب: مذکورہ صورت میں مغربی ملک کو ترک کرنا واجب نہیں، مگر یہ کہ اس ملک میں مزید قیام سے گزشتہ معنی میں دینی نقصان کا خطرہ ہو۔

م۔۲۰: اگر کوئی مکلّف غیر اسلامی ممالک میں غیر مسلموں کو اسلام کی طرف دعوت دے سکتا ہو یا مسلمانوں کو دینی تقویت پہنچا سکتا ہو اور اس سلسلے میں کسی دینی نقصان کا بھی خدشہ نہ ہو تو کیا ایسی صورت میں غیر اسلامی ملک میں جا کر تبلیغ کرنا واجب ہوگا؟

جواب: جی ہاں! تبلیغ ہر اس مسلمان پر واجب کفائی (۱) ہے جو تبلیغ کی استطاعت رکھتا ہو۔

م۔۲۱: کیا کسی ایسے غیر اسلامی ملک میں قیام جائز ہے جہاں سڑکوں، اسکولوں، ٹیلیویژن اور دیگر مراکز میں مختلف منکرات اور برائیوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ جبکہ اس ملک سے دوسرے اسلامی ملک کی طرف منتقل ہونا بھی ممکن ہے۔ لیکن اس ملک کو ترک کرنے کے نتیجے میں رہائشی مشکلات کے علاوہ اقتصادی نقصان اٹھانا پڑتا ہے اور جائز نہ ہونے کی صورت میں کیا اسی ملک میں مسلمانوں میں تبلیغ دین اور

---

(۱) واجب کفائی وہ ہے جو ابتدائی طور پر تمام مسلمانوں پر واجب ہوتا ہے اور اگر چند مسلمان اس واجب کو انجام دے دیں تو باقی مسلمانوں پر واجب نہیں رہتا جیسے دفن میت ہے۔ مترجم

انہیں واجبات اور محرمات کی طرف متوجہ کرنا اس امر کا باعث بنے گا کہ وہاں اس کا قیام جائز ہو جائے؟

جواب: اگر کسی غیر اسلامی ملک میں قیام فی الحال یا مستقبل میں مسلمان اور اس کے اہل خانہ کے شرعی واجبات کی ادائیگی میں رکاوٹ نہ بنے تو وہ حرام نہ ہوگا اور اگر رکاوٹ بنے تو جائز نہیں۔ اگرچہ بعض تبلیغی فرائض کو انجام دے سکتا ہو۔

واللہ العالم۔

☆☆☆☆☆

دوسری فصل

تقلید

☆ مقدمہ

☆ تقلید سے متعلق بعض شرعی احکام

☆ اس فصل سے مخصوص استفتاءات

تقلید : مجتہد جامع الشرائط کے فتوی کے مطابق عمل کا نام ہے، اگرچہ عین عمل کے موقع پر فتوی کا حوالہ نہ دیا جائے۔ اس طرح مجتہد کی رائے کے مطابق جس کام کو انجام دینا جائز ہو اس کو انجام دو اور جس کو ترک ہونا چاہیے اسے ترک کرو بغیر اس کے کہ اس مسئلے میں مزید کوئی جستجو اور تحقیق کرو۔ گویا آپ نے اپنے عمل کو ہار کی طرح مجتہد کے گردن میں ڈال دیا ہے اور خدا کے نزدیک اس مجتہد کو اپنے نامہ عمل کا ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔

جس مجتہد کی تقلید کی جائے اس میں شرط ہے کہ وہ اپنے دور کے تمام علماء سے زیادہ علم رکھتا ہو اور شرعی احکام کو ان کے مقررہ مدارک و مأخذ سے حاصل کرنے کی زیادہ قدرت و صلاحیت رکھتا ہو۔ یہاں پر بہتر معلوم ہوتا ہے کہ ہم درج ذیل شرعی احکام کی وضاحت کریں۔

م۔ ۲۲: جو مکلّف شرعی احکام کا ان کے مدارک سے استنباط کرنے کی استطاعت و قدرت نہ رکھتا ہو، اس پر واجب ہے کہ وہ ایسے اعلم مجتہد کی تقلید کرے جو استنباط کی قدرت رکھتا ہو۔ اس قسم کے مکلّف کا عمل جو تقلید کے مطابق ہو اور نہ احتیاط کے مطابق ہو باطل ہے۔

م۔ ۲۳: مجتہد اعلم وہ ہے جو تفصیلی دلائل کی روشنی میں احکام شرعیہ کے استنباط کی دوسروں سے زیادہ قدرت رکھتا ہو۔

م۔ ۲۴: مجتہد اعلم کی تعیین کے سلسلے میں اہل خبرہ (ماہرین فن) کی طرف رجوع کرنا واجب ہے۔ مجتہد کی تعیین کے سلسلے میں اہل خبرہ کے علاوہ کسی اور کی طرف

رجوع کرنا جائز نہیں ہے۔

م۔۲۵: مکلف تین طریقوں سے اپنے مرجع تقلید کا فتوی حاصل کر سکتا ہے۔

س الف : خود مجتہد سے درپیش مسئلے کا حکم سن لے۔

ب : دو عادل گواہ یا قابل وثوق آدمی جن کی بات پر اطمینان آتا ہو، مجتہد کا فتویٰ نقل کریں۔

ج : مکلف خود اپنے مرجع تقلید کے رسالہ عملیہ (مسائل کا مجموعہ کتاب) کی طرف یا استفتاء وغیرہ کی طرف رجوع کرے، جس کے صحیح ہونے کا اسے اطمینان ہو۔

م۔۲۶: اگر کسی درپیش مسئلے میں مرجع تقلید کا کوئی فتوی نہ ہو یا مقلد بوقت ضرورت فتوی حاصل نہ کر سکے تو اس مجتہد کی طرف رجوع کرنا (اس کے فتوی پر عمل کرنا) جائز ہو گا جو باقی مجتہدوں میں سب سے زیادہ علم رکھتا ہو۔

تقلید سے مخصوص بعض استفتاءات اور آیۃ اللہ سیستانی (مدظلہ) کے جوابات :

م۔۲۷: ہم فقہاء کرام کا یہ فرمان پڑھتے ہیں کہ تم پر مجتہد اعلم کی تقلید واجب ہے اور جب ہم اپنے قرب وجوار کے علماء دین سے یہ پوچھتے ہیں کہ مجتہد اعلم کون ہے ؟ تو ہم کو کوئی واضح اور دوٹوک جواب نہیں ملتا تاکہ کسی مجتہد کی تقلید کریں اور سکون حاصل کریں اور ان سے اس کی وجہ دریافت کرتے ہیں (یعنی دوٹوک جواب کیوں نہیں دیتے) تو وہ فرماتے ہیں کہ ہم اہل خبرہ میں سے نہیں۔ مزید فرماتے ہیں کہ ہم نے بعض اہل خبرہ سے پوچھا، جس کا انہوں نے یہ جواب دیا کہ مجتہد اعلم کی تعیین کے لئے فقہاء و مجتہدین کی کتابوں کا درس و بحث ضروری ہے تاکہ ان میں سے مجتہد اعلم کی تعیین اور تشخیص ہو سکے اور یہ طولانی، پیچیدہ اور مشکل کام ہے

(بہتر ہے) کسی اور سے دریافت کرو۔

اگر دینی مراکز میں بھی مجتہد اعلم کی تعیین ایک مشکل کام ہے تو مغرب، امریکہ اور اس قسم کے دیگر شہروں اور ممالک میں یہ کام کتنا مشکل ہوگا جو ان دینی مراکز سے دور واقع ہیں۔

جب ہم بڑی مشکل اور محنت سے نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کو واجبات پابندی سے بجالانے اور حرام کاموں کو ترک کرنے کا قائل کر لیتے ہیں اور انہیں اس سوال تک لے آنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں کہ اب ہم کس کی تقلید کریں؟ وہ پوچھتے ہیں اور انہیں خاطر خواہ جواب نہیں ملتا۔ کیا اس مشکل کا کوئی حل موجود ہے؟

جواب: اگر کسی وجہ سے بعض ماہرین جو مجتہد اعلم سے باخبر ہیں اعلم کی تعیین سے انکار کرتے ہیں تو بعض اہل خبرہ اور ماہرین ایسے بھی ہیں جو اس سے انکار نہیں کرتے اور ان ماہرین کی پہچان، اہل علم اور دوسرے قابل وثوق افراد کے ذریعے ہو سکتی ہے جن کا حوزہ علمیہ اور دوسرے ممالک میں پھیلے ہوئے علماء سے رابطہ ہے۔ پس معلوم ہوا اگرچہ مجتہد اعلم کی تشخیص اور تعیین بعض مشکلات سے خالی نہیں مگر اسے ایک پیچیدہ اور مشکل کام شمار نہیں ہونا چاہیے۔

م۔۴۸: ہم اہل خبرہ کو کیسے پہچانیں؟ تاکہ ان سے مجتہد اعلم کے بارے میں سوال کر سکیں۔ ہماری ان تک رسائی کیسے ہو سکتی ہے تاکہ ان سے پوچھ سکیں، جب کہ ہم حوزہ ہائے علمیہ بلکہ پورے مشرق سے دور رہتے ہیں۔ کیا کوئی ایسا حل ہے جو ہماری مشکل کو آسان کرے اور جس کے ذریعے ہم اپنے مرجع تقلید کی تعیین کر سکیں۔

جواب: مجتہد اعلم کی خبر وہ علماء رکھ سکتے ہیں جو علمی لحاظ سے مجتہد یا قریب الاجتہاد ہوں اور جن محدود افراد میں مجتہد اعلم منحصر ہے۔ اجتہاد کے ضروری علوم میں ان کی

صلاحیت سے آگاہی رکھتے ہوں اور وہ ضروری علوم تین ہیں۔

اول: وہ علم جس سے یہ ثابت ہو جائے کہ فلاں روایت معصوم سے صادر ہوئی ہے۔ اس علم میں، علم رجال، علم حدیث اور اس کے متعلق دیگر امور، جیسے کتابوں کی شناخت، من گھڑت اور جعلی روایات کی پہچان اور جعل سازی کے محرکات سے آگاہی، مختلف نسخوں کی معرفت، صحیح روایت کی معرفت اور متن حدیث اور مصنف کی عبارت میں التباس اور اس قسم کے دیگر امور دخالت رکھتے ہیں۔

دوم: محاورہ کے عمومی قوانین کی شناخت کے ذریعے روایت کے مطلب کو سمجھنا خصوصاً بیانِ احکام کے سلسلے میں ائمہ طاہرین کی خاص روش کو جاننا، اس علم میں، علم اصول، علم ادبیات (صرف ونحو وغیرہ) اور ائمہ طاہرین(ع) کے ہمعصر اہل سنت علماء کے اقوال سے آگاہی کو خاص اور مکمل دخل حاصل ہے۔

سوم: فروعی احکام کو، فقہی اور اصولی قواعد اور کلیات پر منطبق کرنے میں صائب النظر ہو اور اس سے آگاہی کا ذریعہ یہ ہے کہ ان فقہا سے بحث اور تبادلہ خیال کیا جائے یا ان کی تالیفات اور اصول و فقہ کے دروس کا مجموعہ کتابوں کا مطالعہ کیا جائے۔ مجتہد اعلم کا متلاشی مکلف اگر خود اہل خبرہ سے آگاہ نہ ہو سکے تو عام طور پر ایسے علماء دین اور دیگر باوثوق افراد کے ذریعے بھی اہل خبرہ کی شناخت کی جا سکتی ہے جو اہل خبرہ کو سمجھتے ہیں۔ آج کے آسان اور تیز رفتار ذرائع مواصلات کے دور میں مکان کے فاصلے اہل خبرہ سے رابطہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتے۔

م۔۲۹: اگر مجتہد اعلم کی تشخیص میں اہل خبرہ میں اختلاف پایا جائے، لیکن نفس اور ذہن کو کسی ایک مجتہد کی اعلمیت کا اطمینان حاصل ہو تو کیا تقلید کے لئے اتنا اطمینان کافی ہے؟

جواب : اگر اعلم کی تشخیص میں اہل خبرہ کا اختلاف ہو جائے تو اہل خبرہ میں سے اس عالم کے قول پر عمل کیا جائے جس کا علم و آگاہی زیادہ ہو اور یہی حکم اور کلیہ دیگر مواقع پر بھی جاری ہوتا ہے جہاں اہل خبرہ میں اختلاف پایا جائے۔

م۔۳۰ : اگر اہل خبرہ مجتہد اعلم کی تشخیص میں اختلاف کریں یا متعدد مجتہدین کی تقلید کو کافی اور جائز قرار دیں تو کیا ایسی صورت میں مکلّف (بالغ و عاقل انسان) کو یہ حق پہنچتا ہے کہ جب تک مجتہد اعلم واضح اور ثابت نہ ہو وہ ایک مسئلے میں کسی مجتہد کی تقلید کرے اور اس کے فتوی پر عمل کرے اور دوسرے مسئلے میں کسی دوسرے مجتہد کی تقلید کرے ؟

جواب : اس سوال کے تین فرض ہو سکتے ہیں :

فرض اول : بعض اہل خبرہ (نام کی تعیین کیے بغیر) کسی ایک یا مجتہدین کی ایک جماعت کی تقلید کو کافی قرار دیں۔ اس پر کسی قسم کا اثر شرعی مرتب نہ ہوگا۔

فرض دوم : اہل خبرہ، مجتہدین میں سے دو یا دو سے زیادہ کا علم اور تقوی میں مساوی ہونے کا اعلان کریں۔ یعنی احکام شرعی کے استنباط میں ان کی پختگی کا اعلان کریں ۔ ایسی صورت میں مکلّف کو اختیار ہے کہ وہ اپنے اعمال کو ان مجتہدین میں سے کسی ایک کے فتوی کے مطابق انجام دے۔ لیکن بعض مسائل میں احتیاط واجب یہ ہے کہ امکانی صورت میں بیک وقت دونوں یا زیادہ مجتہدین کے فتوی پر عمل کرے۔ مثال کے طور پر اگر کسی مسافر کے بارے میں ایک مجتہد پوری اور دوسرا قصر نماز پڑھنے کا فتوی دے تو مکلّف (نماز گزار) چار رکعتی نماز کو ایک دفعہ قصر (دو رکعت) پڑھے اور دوسری دفعہ پوری (چار رکعت) پڑھے۔

فرض سوم : بعض اہل خبرہ ایک مجتہد کی اعلمیت کا اور بعض اہل خبرہ دوسرے مجتہد کی اعلمیت کا اعلان کریں۔ اس فرض کی پھر دو صورتیں ہو سکتی ہیں : پہلی حالت یہ ہے کہ مکلّف کو اجمالاً یہ معلوم ہو کہ دو مجتہدین میں ایک ضرور اعلم ہے

لیکن اس ایک کا تعین نہ ہو۔ یہ ایک شاذ و نادر صورت ہے اس صورت کا تفصیلی حکم کتاب "منہاج الصالحین" کے مسئلہ نمبر ۹ میں بیان کیا گیا ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ مکلّف کو کسی ایک کی اعلمیت کا علم نہ ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ علم میں دونوں کے مساوی ہونے کا احتمال دے۔ اس صورت میں سابق الذکر دوسرے فرض کا حکم جاری ہوگا۔

م۔۳۱: اگر مکلّف کو ایک نیا مسئلہ پیش آئے جس کے بارے میں اپنے مرجع تقلید کی رائے معلوم نہ ہو (ایسی صورت میں) کیا مکلّف پر واجب ہے کہ وہ تحقیق کرے اور وکلاء سے پوچھ کر اپنے مرجع تقلید کی رائے معلوم کرے جس کے لئے ٹیلیفونی رابطے کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے جو خاصا مہنگا پڑتا ہے یا جب تک اپنے مرجع تقلید کا فتویٰ حاصل نہ کر سکے، کسی دوسرے مجتہد کی رائے پر عمل کر سکتا ہے جس کا فتویٰ آسانی سے معلوم کیا جا سکتا ہے؟ اور ان گزشتہ اعمال کا کیا حکم ہوگا جو مرجع تقلید کے فتویٰ کے خلاف انجام دیئے گئے ہوں؟

جواب: ہر مکلّف پر واجب ہے کہ وہ اپنے مرجع تقلید کا فتویٰ معلوم کرے اگرچہ اس کے لئے اسے ٹیلیفون پر رابطہ کرنا پڑے۔ بشرطیکہ یہ ذریعہ اس کے لئے نقصان دہ اور مضر نہ ہو اور اگر مرجع تقلید کا فتویٰ معلوم کرنا ممکن نہ ہو تو درپیش مسئلے کے لئے مرجع تقلید کے علاوہ کسی اور مجتہد کی طرف رجوع کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس بات کا خیال رکھے کہ جس کی طرف رجوع کرنا چاہتا ہے وہ مرجع تقلید کے بعد دوسروں سے اعلم ہو اور اگر اس کا فتویٰ بھی نہ مل سکے تو جو تیسرے درجے کا مجتہد ہوگا اس کے فتویٰ پہ عمل کرے اور اس ترتیب کا خیال رکھے اور دوسرے مجتہد کی رائے کے مطابق انجام دیا گیا عمل صحیح ہوگا اگرچہ درواقع اس کا فتویٰ مرجع تقلید کے فتویٰ کے خلاف ہو۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

تیسری فصل

طہارت اور نجاست

☆ مقدمہ

☆ طہارت و نجاست کے بعض احکام

☆ طہارت و نجاست سے مخصوص استفتاءات

ہر مسلمان کی یہ خواہش اور آرزو ہوتی ہے کہ اس کا بدن، لباس اور روزہ مرہ کی ضرورت کی چیزیں نجاسات سے پاک ہوں، جن سے بدن وغیرہ نجس ہوتا ہے اور ان نجاسات کے ازالے کے بغیر بدن اور لباس پاک نہیں ہو سکتے۔ لیکن غیر اسلامی ممالک میں مسلمانوں کی زندگی مشکلات سے دوچار ہوتی ہے۔ اس لئے کہ اس ماحول میں نجاسات سے پرہیز بہت مشکل کام ہے کیونکہ ہوٹلوں اور ریسٹورانوں میں، نائی کی دوکان پر، کپڑے دھونے کے مقامات، گیلے راستوں، غسل خانوں اور عمومی گزرگاہوں میں غیر مسلم رہائشگاہوں سے واسطہ پڑتا ہے (جن سے بچنا نہایت مشکل ہے) اس لئے بہتر معلوم ہوتا ہے کہ ذیل میں قارئین کرام کی خدمت میں طہارت و نجاست سے مخصوص بعض شرعی احکام بیان کئے جائیں۔

م۔ ۳۲ : سابق الذکر شرعی حکم "کل شیء طاهر حتی تعلم انه نجس،،" ہر چیز اس وقت تک پاک سمجھی جائے گی جب تک اس کی نجاست کا یقین نہ ہو" اس بات کی تصریح کرتا ہے کہ سب چیزیں اس وقت تک پاک سمجھی جائیں گی جب تک آپ کو یقین حاصل نہ ہو کہ وہ اب نجس ہو گئی ہیں اور جب تک آپ کو یقین حاصل نہ ہو کہ کوئی بھی چیز اب نجس ہو گئی ہے اسے پاک قرار دیں اور بغیر کسی تردد اور تامل کے اس پر طہارت کے تمام آثار مرتب کر سکتے ہیں۔

م۔ ۳۳ : اہل کتاب یعنی یہود و نصاریٰ اور مجوس پاک ہیں جب تک کسی عارضی نجاست کی وجہ سے ان کے نجس ہو جانے کا یقین حاصل نہ ہو۔ اہل کتاب کے ساتھ اٹھتے

بیٹھتے وقت اور ان سے مس ہوتے وقت بھی اس کلیہ پر عمل کر سکتے ہیں۔

م۔۳۴: ایک چیز کی نجاست دوسری چیز کی طرف اس صورت میں منتقل ہوتی ہے جب دونوں میں سے ایک تر ہو اور نجاست، نجس چیز سے پاک چیز تک سرایت کر جائے اور اگر دونوں چیزیں خشک ہوں اور نجاست سرایت نہ کرے، تو نجاست منتقل نہیں ہوگی۔ بنا برایں اگر آپ اپنا خشک ہاتھ کسی خشک نجس چیز پر رکھیں تو آپ کا ہاتھ نجس نہ ہوگا۔

م۔۳۵: آپ ہر اس شخص پر طہارت کے احکام جاری کر کے اس سے ملاقات اور مصافحہ کر سکتے ہیں جب تک اس کے عقائد اور دین سے آگاہی نہ ہو اور اس کے مسلمان یا اہل کتاب ہونے کا احتمال ہو، اگرچہ ہاتھ پر تری موجود ہو۔ یہ بھی واجب نہیں کہ آپ ملنے والے شخص سے دریافت کر کے اس کے عقائد اور دین معلوم کریں۔ اگرچہ اس سوال سے آپ اور آپ سے ملنے والے کو کوئی مشکل بھی پیش نہ آتی ہو۔
(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۳۶: جب تک نجاست کا یقین نہ ہو جسم اور لباس پر گرنے والے پانی اور دیگر مائعات کے قطرے پاک سمجھے جائیں گے۔

م۔۳۷: الکحل کی تمام انواع، چاہے انہیں لکڑی سے بنایا گیا ہو یا کسی اور چیز سے، پاک ہیں۔ بنابرایں وہ تمام دوائیاں، عطر اور مأکولات جن میں الکحل شامل ہے، پاک ہیں اور اور ان کی نجاست کے حوالے سے کسی تأمل کے بغیر آپ ان کو استعمال کر سکتے ہیں اور اگر ان میں الکحل کی مقدار بہت کم مثلاً ۲ فیصد ہو تو انہیں کھایا بھی جا سکتا ہے۔

م۔۳۸: گھر کا ضروری اور استعمال شدہ سامان چاہے وہ جیسے بھی استعمال ہوا ہو، جب تک اس کی نجاست کا یقین نہ ہو پاک ہے اور اسے پاک کئے بغیر دوبارہ استعمال کر سکتے ہیں۔
(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۳۹: گھر کا فرش اور کارپٹ وغیرہ اگر نجاست کے گرنے سے نجس ہو جائے اور نجاست کا کوئی مادہ فرش وغیرہ پر باقی نہ رہے تو اسے پاک کیا جاسکتا ہے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ کسی لوٹے یا پیالہ وغیرہ کے ذریعے اس پر آب قلیل ڈالا جائے جب پاک پانی پوری نجس جگہ کو گھیر نے تو اس سے پانی کو نکالا جائے۔ جس کے لئے کپڑے کو نچوڑا جائے یا دبایا جائے یا برقی مشین کے ذریعے نکالا جائے یا اسے رگڑا جائے یا کپڑے کے کسی ٹکڑے کے ذریعے نکالا جائے۔ اس سے فرش اور کارپٹ وغیرہ پاک ہو جائیں گے اور احتیاط واجب کے مطابق اس نجس فرش سے نکلا ہوا پانی (دھوون) نجس شمار ہوگا۔ اگر پیشاب کے علاوہ کسی اور نجاست کے ذریعے کپڑا نجس ہو جائے تو اس کو بھی پاک کرنے کا یہی طریقہ ہے لیکن اگر پیشاب کی وجہ سے نجس ہوگا تو اس کا حکم بعد میں بیان کیا جائے گا۔ جس طرح شیر خوار بچہ اور بچی کا حکم بھی مخصوص ہے۔ اس کا ذکر بھی بعد میں ہوگا۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۴۰: اگر گزشتہ نجس چیزوں کو نلکے کے پانی سے پاک کرنا چاہیں جو کُر پانی سے ملا ہوا ہو تو نچوڑنے، دبانے یا برقی مشین کے ذریعے پانی کو خارج کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ جیسے ہی کر کا پانی نجس فرش تک پہنچے وہ پاک ہو جائے گا۔

م۔۴۱: اگر کپڑا، فرش اور کارپٹ وغیرہ ایسی نجاست کی وجہ سے نجس ہو جائیں جو ٹھوس مادہ رکھتی ہو اور کپڑے وغیرہ پر اس کا اثر باقی رہ جائے جس طرح خون اور منی ہے تو اسے بھی (مسئلہ نمبر ۳۷ ۔ ۳۸ میں) بیان شدہ طریقے سے پاک کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ نجاست کا مادہ اور اثر زائل ہو جائے۔ یہ اثر دھونے سے زائل ہو جائے یا کسی اور چیز کے ذریعے سے برطرف کیا جائے۔

البتہ اس مسئلہ اور گذشتہ مسئلہ میں (جہاں عین نجاست کا اثر باقی نہ تھا) یہ فرق ضرور ہے کہ اس مسئلے میں جس پانی کے ذریعے عین نجاست برطرف کی جائے وہ

احتیاط واجب کے طور پر نہیں بلکہ اس کی نجاست کا فتویٰ دیا جاتا ہے۔

م۔۴۲ : اگر فرش لباس اور کارپٹ وغیرہ اس شیر خوار بچی اور بچے کے پیشاب کی وجہ سے نجس ہو جائیں جو دودھ کے علاوہ شاذ و نادر ہی کوئی دوسری غذا کھاتا ہو تو اس کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس پر ایک ہی دفعہ اتنا آب قلیل ڈالا جائے (آب کثیر ڈالا جائے تو بطریق اولی پاک ہو گا) جو پیشاب والی جگہ کو گھیر لے اس کی طہارت کے بعد، طہارت میں استعمال شدہ پانی نچوڑنے اور دبانے کے ذریعے نکالنا ضروری نہیں۔

م۔۴۳ : پیشاب کی وجہ سے نجس کپڑا پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ لوٹے یا پیالے کے ذریعہ قلیل پانی نجس کپڑے پر ڈالا جائے اور جب پانی نجس جگہ کو گھیر لے تو کپڑے کو نچوڑ کر اس کا پانی نکالا جائے اور پھر دوسری دفعہ بھی اسی عمل کو دہرایا جائے اس سے کپڑا پاک ہو جائے گا۔ بشرطیکہ کپڑے پر عین پیشاب موجود نہ ہو ۔کپڑے کو دھوتے وقت دونوں دفعہ جو پانی نکالا جائے گا وہ احتیاط واجب کے طور پر نجس شمار ہو گا اور اگر عین پیشاب موجود ہو تو پہلی دفعہ نکلنے والے پانی کی نجاست کا فتویٰ دیا جاتا ہے۔

م۔۴۴ : اگر کر سے متصل، نلکے کے پانی سے پیشاب کی وجہ سے نجس کپڑے کو پاک کرنا چاہیں تو اسے بھی دو ہی مرتبہ دھونا پڑے گا لیکن کپڑے کو نچوڑ کر استعمال شدہ پانی کو نکالنا ضروری نہیں۔ اسی طرح اگر بدن بھی پیشاب کی وجہ سے نجس ہو جائے تو اسے بھی دو ہی دفعہ دھونا پڑے گا اگرچہ کر سے متصل پانی کے ذریعے دھویا جائے۔

م۔۴۵ : شراب کی وجہ سے نجس ہاتھ اور کپڑے، ایک دفعہ پانی سے دھونے سے پاک ہو جاتے ہیں۔ البتہ اگر کپڑے کو آب قلیل سے دھویا جائے تو اسے نچوڑنے کی ضرورت ہو گی۔

م۔۴۶ : شراب وغیرہ کی وجہ سے نجس برتن اور پیالے آب قلیل سے تین مرتبہ دھونے سے پاک ہو جائیں گے اور اگر کر سے متصل نلکے کے پانی سے دھویا جائے تو پھر احتیاط واجب کے طور پر تین ہی دفعہ دھویا جائے گا۔

م۔۴۷ : کتے کے چاٹنے یا منہ لگانے سے نجس ہاتھ اور کپڑے ایک دفعہ پانی سے دھونے سے پاک ہو جائیں گے اور اگر اسی کپڑے کو آب قلیل سے دھو جائے تو اسے نچوڑنے کی ضرورت ہو گی۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۴۸ : اگر کتے کے چاٹنے اور اس کے پانی پینے سے برتن نجس ہو جائے تو برتن تین دفعہ دھونے سے پاک ہو جائے گا البتہ پہلی دفعہ مٹی سے مانجھا جائے گا اور باقی دفعہ پانی سے دھویا جائے گا۔

طہارت و نجاست سے مخصوص استفتاءات اور آیۃ اللہ سیستانی (مدظلہ) کے جوابات :

م۔۴۹ : زمین جو مطہرات میں سے ہے کیا جوتے کی طرح گاڑی کے گھومنے والے پہیوں کو بھی پاک کر سکتی ہے ؟

جواب : زمین گاڑی کے پہیوں کو پاک نہیں کر سکتی۔

م۔۵۰ : متنجس (جسے نجاست لگ جائے) اگر کوئی بہنے والی چیز نہ ہو تو اس کا سلسلہ کہاں جا کر رکتا ہے ؟

جواب : متنجس کو جو چیز لگے گی وہ بھی متنجس ہو جائے گی۔ اسی طرح دوسری متنجس چیز کو بھی جو چیز لگے گی وہ بھی متنجس ہو جائے گی۔ لیکن تیسرے متنجس چاہے وہ کوئی بہنے والی چیز ہو یا کوئی اور، کو جو چیز لگے گی وہ نجس نہ ہو گی۔

م۔۵۱ : اگر کتا میرا جسم یا کپڑا چاٹے یا منہ لگائے تو اسے کیسے پاک کروں ؟

جواب : ایسے بدن اور لباس کی طہارت کے لئے ایک دفعہ پانی سے دھونا کافی ہے۔ البتہ اگر قلیل پانی سے اس نجس چیز کو دھونا چاہیں تو اس میں سے پانی نکالنا ضروری ہے اس لیے کپڑا وغیرہ کو دھوتے وقت نچوڑنا واجب ہے۔

م۔۵۲ : کیا یہود و نصاریٰ کی طرح سکھ بھی گزشتہ آسمانی ادیان کے پیروکار شمار ہوتے ہیں؟

جواب : سکھ اہل کتاب میں شامل نہیں ہوتے۔

م۔۵۳ : کیا بدھ مت بھی اہل کتاب میں شمار ہوتے ہیں؟

جواب : بدھ مت اہل کتاب میں شمار نہیں ہوتے۔

م۔۵۴ : مغربی ممالک میں مسلمان، فرش اور دیگر سامان سمیت مکان کرایہ پر لیتے ہیں تو کیا جب تک نجاست کے آثار نظر نہ آئیں گھر کی ہر چیز پاک سمجھی جائے گی؟ اگرچہ اس گھر میں پہلے رہنے والے اہل کتاب مسیحی یا یہودی ہوں۔ نیز اگر اس گھر میں پہلے سے رہنے والے بدھ مت یا منکر خدا و رسول ہوں تو کیا حکم ہوگا؟

جواب : جب تک گھر میں موجود چیزوں کی نجاست کا یقین یا اطمینان نہ ہو وہ پاک سمجھی جائیں گی اور صرف نجاست کے گمان کی کوئی حیثیت نہیں۔

م۔۵۵ : مغربی ممالک میں کرایہ پر دیئے جانے والے گھروں میں پہلے سے کارپٹ یا دری وغیرہ بچھے ہوئے ہوتے ہیں، جو زمین سے چپکا دئے جاتے ہیں اور انہیں اٹھا کر ان کے نیچے برتن رکھنا مشکل ہوتا ہے اگر ایسے کارپٹ پیشاب یا خون کی وجہ سے نجس ہو جائیں اور ان کی طہارت میں قلیل پانی استعمال ہو تو انہیں پاک کرنے کے لئے کونسا طریقہ اپنایا جائے؟

جواب : اگر کسی کپڑے یا دوسرے اوزار کی مدد سے بھی طہارت میں استعمال شدہ پانی نکالنا ممکن ہو تو آب قلیل سے دھونا ممکن ہوگا جس میں دھوون کو نکالنا ضروری ہوتا ہے اور اگر ممکن نہ ہو تو آب کثیر سے ہی دھونا متعین ہوگا۔

م۔۵۶ : مغربی ممالک میں ایسی واشنگ مشینیں عام ہیں جن میں مسلمان اور غیر مسلم اپنے

پاک اور نجس کپڑے دھلاتے ہیں۔ کیا ہم ان کپڑوں میں نماز پڑھ سکتے ہیں جو ان مشینوں میں دھوئے گئے ہوں، جبکہ ہمیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ طہارت کے بعض مراحل میں کرتے متصل استعمال ہونے والا پانی صفائی کے دوران کپڑوں کو پاک کرتا ہے کہ نہیں۔

جواب: جو کپڑے اس پانی میں دھوئے جانے سے پہلے پاک تھے جب تک ان کی نجاست کا یقین نہ ہو ان میں نماز پڑھی جا سکتی ہے۔ اسی طرح ان نجس کپڑوں میں بھی نماز پڑھی جا سکتی ہے جن سے عین نجاست (اگر تھی) کے زائل ہونے اور پیشاب کی وجہ سے نجس ہونے کی صورت میں تمام نجس جگہوں تک احتیاط واجب کے طور پر دو دفعہ پاک پانی کے پہنچنے کا اطمینان ہو، اگرچہ کر پانی سے دھویا جائے اور اگر پیشاب کے علاوہ کسی نجس کی وجہ سے نجس ہو جائیں اور آب قلیل کے ذریعے دھوئے جائیں تو ایک دفعہ نجاست تک پاک پانی کے پہنچنے اور پھر کپڑے سے جدا ہونے کا اطمینان حاصل ہو۔ لیکن اگر شرعی طور پر لازی طہارت کا حصول مشکوک ہو تو ان کپڑوں پر نجس کا حکم جاری ہو گا اور ان میں نماز صحیح نہ ہو گی۔

م۔۵۷ : کیا وہ کپڑے پاک سمجھے جائیں گے جو ایسی جگہ کپڑے صاف کرنے والے مائعات کے ذریعے دھوئے جائیں جن کے مالک غیر مسلم ہوں اور وہاں مسلمان اور غیر مسلمان دونوں اپنے کپڑے دھوتے ہیں؟

جواب: اگر نجاست سے مل جانے کی وجہ سے لباس کے نجس ہو جانے کا یقین نہ ہو تو اس پر طہارت کا حکم جاری ہو گا۔

م۔۵۸ : صابن کی بعض اقسام پر یہ لکھا ہوا ہوتا ہے کہ یہ خنزیر یا ایسے حیوانات کے گوشت سے لی گئی چربی پر مشتمل ہے جس کا شرعی طریقے سے ذبح نہیں ہوا اور ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ آیا اس چربی کی حقیقت کسی اور چیز کی حقیت میں تبدیل ہوئی ہے جسے فقہ میں "استحالہ،، کہتے ہیں جو منجملہ مطہرات میں سے ہے۔ ایسی

صورت میں یہ صابن پاک سمجھا جائے گا؟

جواب: اگر یہ ثابت ہو جائے کہ یہ صابن اس چربی سے بنا ہوا ہے تو ایسے صابن کی تمام اقسام نجس ہیں مگر یہ کہ اس چربی کا استحالہ محقق اور ثابت ہو۔ لیکن صابن بناتے وقت چربی کا استحالہ ثابت نہیں ہے۔

م۔۵۹: ☆☆☆☆

م۔۶۰: اگر انڈے کی زردی اور سفیدی میں خون ہو تو اس سے انڈا نجس ہو جائے گا اور اس کا کھانا حرام ہوگا یا اس کا کوئی حل موجود ہے؟

جواب: انڈے میں بنا ہوا خون پاک ہے۔ لیکن (اس کا کھانا) حرام ہے۔ اگر یہ خون زیادہ ہو جو پورے انڈے میں گھل مل نہ گیا ہو تو اسے نکال کر باقی انڈا کھایا جا سکتا ہے اور اگر کم ہو اور گھل مل گیا ہو تو نکالنا واجب نہیں ہے۔

م۔۶۱: کیا شراب اور بیئر (جو کی شراب) پاک ہیں؟

جواب: شراب کے نجس ہونے میں کوئی شک نہیں البتہ جو کی شراب احتیاط کے طور پر نجس ہے اگر چہ اس کا پینا بلا اشکال حرام ہے۔

م۔۶۲: یورپ جہاں مختلف ادیان کے پیروکار اور مختلف رنگ و نسل کے افراد ساتھ رہتے ہیں اور ہر قسم کی اجناس پائی جاتی ہیں اگر ہم کسی ایک دوکان دار سے کوئی چیز خریدیں جو تر کھانے پکتا ہے اور انہیں ہاتھ بھی لگاتا ہے اور ہمیں نہیں معلوم کہ یہ کس دین کا پیروکار ہے کیا ہم اس کھانے کو پاک سمجھیں؟

جواب: اگر اس بات کا یقین نہ ہو کہ ہاتھ لگانے والے کا ہاتھ نجس ہے تو اس کھانے پر طہارت کا حکم جاری ہوگا یعنی پاک سمجھا جائے گا۔

م۔۶۳: بعض یورپی ممالک میں چمڑا بنایا جاتا ہے جس کے بارے میں یہ معلوم نہیں کہ اسے کہاں سے درآمد کیا گیا ہے اور کہا یہ جاتا ہے کہ بعض یورپی ممالک اسلامی ممالک سے سستا چمڑا درآمد کر کے اس سے چیزیں بناتے ہیں۔ کیا ہم ان چمڑوں

کو پاک قرار دے سکتے ہیں اور ان پر نماز پڑھی جا سکتی ہے اور اس قسم کے ضعیف احتمال کی کوئی اہمیت ہے ؟

جواب : اگر زیادہ احتمال یہ ہو کہ ان چمڑوں کا ذبح شرعی نہیں ہوا صرف ہلکا سا احتمال مثلاً ۲ فیصد دیا جائے کہ ان کا ذبح شرعی ہوا ہے تو اس پر نجاست کے احکام جاری ہوں گے اور ان میں نماز صحیح نہیں ہوگی اور اگر اس بات کا احتمال قوی ہو کہ ان کا ذبح شرعی ہوا ہوگا تو انہیں پاک سمجھا جائے گا اور ان میں نماز بھی پڑھی جا سکے گی۔

☆☆☆☆☆

چوتھی فصل

نماز

☆ مقدمہ
☆ نماز سے متعلق بعض احکام
☆ نماز سے مخصوص استفتاءات

حدیث میں ہے :

الصلاۃ عمود الدین۔

(وسائل الشیعہ للحر العاملی ج۴ ص۳۵)

"نماز دین کے ستون کی حیثیت رکھتی ہے۔،،

ابن ملجم لعنۃ اللہ علیہ کی ضربت کے بعد امیر المؤمنین (ع) نے امام حسن اور امام حسین (علیہما السلام) کو اپنی وصیت میں فرمایا:

اللہ اللہ فی الصلاۃ فإنھا عمود دینکم، واللہ اللہ فی بیت ربکم لا تخلوہ مابقیتم۔

(نھج البلاغۃ صبحی الصالح ص۴۲۲)

"نماز کے بارے میں اللہ سے ڈرنا کیونکہ وہ تمہارے دین کا ستون ہے۔ اپنے پروردگار کے گھر کے بارے میں ڈرنا اسے جیتے جی خالی نہ چھوڑنا۔"

سکونی نے امام جعفر صادق (ع) سے روایت کی ہے:

قال رسول اللہ (ص) لا یزال الشیطان ذعراً من المؤمن ما حافَظَ علی الصلات الخمس لوقتھن، فاذا ضیعھن تجرأ علیہ فأدخلہ فی العظائم۔

(وسائل الشیعة للحر العاملی ج ۴ ص ۲۸)

" رسول اللہ (ص) نے فرمایا: جب تک مؤمن پانچ وقت کی نمازوں کو پابندی وقت کے ساتھ پڑھتا ہے، شیطان اس سے خوفزدہ رہتا ہے اور اگر وہ نمازوں کو ضائع کرے یعنی انہیں بروقت نہ پڑھے تو اس کی جرأت بڑھتی ہے اور اسے بڑے بڑے گناہوں میں دھکیل دیتا ہے،،

یزید بن خلیفہ کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق (علیہ السلام) کو فرماتے ہوئے سنا:

اذا قام المصلی الی الصلاة نزلت علیه الرحمة من أعنان السماء الی الارض و حفت به الملائکة وناداه ملك، لو یعلم هذا المصلی ما فی الصلاة ما انفتل۔

(وسائل الشیعة للحر العاملی ج ۴ ص ۳۲)

"جب نماز گزار نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو اس پر آسمان سے رحمت نازل ہوتی ہے اور فرشتے اسے گھیر لیتے ہیں اور ایک فرشتہ اسے پکار کر کہتا ہے: اگر اس نماز گزار کو نماز کی فضیلت معلوم ہوتی تو کبھی بھی اس سے جدا نہ ہوتا،،

ان روایات سے اسلام میں نماز کی واضح اور غیر معمولی اہمیت سامنے آتی ہے۔ چونکہ نماز بارگاہ الٰہی میں حضوریابی ہے اور حدیث کی رو سے نماز گزار اپنے رب کے حضور کھڑا ہوتا ہے اس لئے نماز گزار کو چاہئے کہ دوران نماز ہمہ تن اور دل و جان سے خدا کی طرف متوجہ رہے اور دنیا اور اس کے فانی امور نماز گزار کو اپنی طرف متوجہ نہ کرنے پائیں۔

اللہ تعالی اپنے کلام پاک میں فرماتا ہے:

قد افلح المؤمنون الذين هم فی صلاتهم
خاشعون۔

(مؤمنون :۱)

"روز قیامت وہی مؤمنین فلاح پائیں گے جو اپنی نمازوں میں خشوع و خضوع کا مظاہرہ کریں،،

امام زین العابدین (ع) جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے :

کانہ ساق شجرۃ لایتحرک منہ شیء الا ماحرکتہ الریح منہ۔

(منہاج الصالحین السید سیستانی)

"گویا درخت کا تنا ہے جس کا وہی حصہ ہلتا ہے جسے ہوا حرکت دے"

امام محمد باقر اور امام جعفر صادق (علیہما السلام) جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو ان کا رنگ متغیر ہو جاتا تھا۔ کبھی آپ کا رنگ سرخ ہوتا اور کبھی زرد۔ گویا آپ کسی ذات سے محو گفتگو ہیں جسے آپ دیکھ رہے ہیں۔

نماز کے متعدد احکام ہیں جن میں سے بعض کو درج ذیل مسائل میں بیان کرتے ہیں۔

م۔۶۴: فقہاء فرماتے ہیں کہ نماز کسی حالت میں بھی ساقط نہیں ہوتی اس کا مطلب یہ ہے کہ نہ سفر میں ساقط ہوتی ہے اور نہ غیر سفر میں اگر نماز کا وقت تنگ ہو (اور منزل مقصود تک پہنچنے سے پہلے قضا ہونے کا خدشہ ہو) تو مسافر پر واجب ہے کہ وہ چاہے جہاز میں ہو، کشتی میں ہو، ریل گاڑی میں ہو، رکا ہوا ہو یا حالت حرکت میں ہو، انتظار گاہ میں ہو یا عام باغیچہ میں، راستے میں یا اپنے کام اور ڈیوٹی کی جگہ، غرض جہاں بھی ہو واجب ہے نماز کو بروقت بجالائے۔

م۔ ۶۵ : اگر مسافر ہوائی جہاز، کار یا ریل گاڑی میں کھڑے ہو کر نماز نہ پڑھ سکے تو بیٹھ کر نماز پڑھے۔ اگر قبلہ رخ ہونا ممکن نہ ہو تو جس طرف سمت قبلہ ہونے کا گمان ہو اس طرف رخ کر کے نماز پڑھے اور اگر کسی ایک سمت کو ترجیح نہ دے سکے تو جس طرف چاہے رخ کر کے نماز پڑھے اور اگر صرف تکبیرۃ الاحرام کے دوران رخ بقبلہ ہونا ممکن ہو تو اسی پر اکتفا کرے۔

(اس فصل کے استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۶۶ : سمت قبلہ کی تعیین کے لئے فضائی میزبان سے پوچھا جا سکتا ہے جو پائلٹ سے پوچھ کر مسافر کو بتائے اور اگر اس کے بتانے پر اطمینان حاصل ہو تو اس پر اعتبار کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ بتانے والا کافر ہی کیوں نہ ہو۔ نیز سمت قبلہ کے تعین کے لئے آلات واوزار پر بھی اعتماد کیا جا سکتا ہے جیسے قبلہ نما ہے، بشرطیکہ مسلمان کو ان کے صحیح ہونے کا اطمینان ہو۔

م۔ ۶۷ : اگر مسلمان نماز کے لئے (کسی وجہ سے) وضو نہ کر سکے تو وضو کے بدلے تیمم کر لے۔

م۔ ۶۸ : بعض شہروں کے دن اور رات بعض دوسرے شہروں کے شب وروز سے طولانی ہوتے ہیں اگر سورج کے طلوع وغروب کے ذریعے شب وروز واضح ہوں تو ہر مسلمان اپنی نماز روزہ اور دیگر عبادات کے اوقات کی حد بندی کے لئے ان شب و روز پر اعتماد کر سکتا ہے اگرچہ دنوں کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے نمازیں ایک دوسرے کے قریب ہوں یا راتوں کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے افطار کا دورانیہ کم ہو۔

م۔ ۶۹ : بعض مخصوص شہروں کے مخصوص موسموں میں کئی کئی دن یا کئی کئی مہینے سورج غروب نہیں ہوتا۔ ایسی صورت میں بطور احتیاط مسلمان کو چاہیے کہ اپنے شہر کے اس نزدیک ترین شہر پر اعتماد کرے جہاں چوبیس گھنٹوں میں دن اور رات

ہیں۔ یعنی اس شہر کے شب و روز کو اپنے شہر کے شب و روز سمجھے اور اپنے پانچ وقت کی نمازوں کو ہمسایہ شہر کے اوقات کے مطابق قربت مطلقہ کی نیت سے پڑھے۔

م۔۷۰ : اگر مسلمان خود اپنی نماز روزے کے لئے فجر، زوال (ظہر) اور مغرب کی تعیین نہ کر سکے اور رصدگاہ کی تعیین پر اس کا اعتماد ہو تو وہ اپنے روزوں اور نمازوں کے لئے رصدگاہ کے معین کردہ اوقاتِ نماز پر بھروسہ کر سکتا ہے، اگرچہ رصدگاہ میں کام کرنے والے مسلمان نہ ہوں بشرطیکہ رصدگاہ کی تعیینِ اوقات پر وثوق ہو۔

م۔۷۱ : اگر کوئی مسافر اپنی رہائش گاہ سے ۴۴ کلومیٹر یا اس سے زیادہ سفر کرے تو اس کی نماز ظہر، عصر اور عشاء قصر (دو رکعت) پڑھی جائے گی۔ مسافت کا آغاز اکثر اوقات شہر کے آخری گھروں سے کیا جائے گا۔

دوران سفر نماز کے قصر اور پوری پڑھے جانے کے مخصوص اور مفصل احکام ہیں جو رسالہ عملیہ (توضیح المسائل وغیرہ) میں بیان کئے گئے ہیں۔ جن کے ذکر کی یہاں گنجائش نہیں۔ ان میں سے بعض اس فصل سے متعلق استفتاءات میں پڑھے جا سکتے ہیں۔

م۔۷۲ : اگر نماز جمعہ میں ضروری شرائط پوری ہوں تو وہ نماز ظہر سے افضل ہے اور ظہر کی جگہ لے سکتی ہے۔ اگر کوئی مکلّف نماز جمعہ پڑھ لے تو ظہر کے بدلے اسی پر اکتفا کر سکتا ہے۔

م۔۷۳ : باجماعت نماز فرادیٰ (اکیلے نماز پڑھنے) سے افضل ہے۔ نمازِ صبح، نمازِ مغرب اور نمازِ عشاء کو باجماعت پڑھنے کا استحباب زیادہ مؤکد ہے۔ حدیث میں ہے:

الصلاة خلف العالم بألف ركعة و خلف القرشي

---

(۱) البتہ بڑے شہروں کا حکم اس سے مختلف ہے جہاں ایک محلے سے دوسرے محلے کی طرف منتقل ہونا سفر شمار ہوتا ہے۔

بمأئة۔

"عالم کی اقتداء میں نماز ہزار رکعت کے برابر اور (غیر عالم) سید کی اقتداء میں سو رکعت کے برابر ہے۔ نمازیوں کی تعداد جتنی بڑھے گی جماعت کا ثواب بھی بڑھتا جائے گا۔"

نماز سے متعلق بعض استفتاءات اور ان کے جوابات :

م۔ ۴۷ : بعض افراد ایک عرصے تک غلط وضو اور غسل کرتے ہیں اور کئی سال اس طرح نماز، روزے اور حج بجا لانے کے بعد جب انکشاف ہوتا ہے کہ وضو اور غسل باطل تھے اور جب ان عبادات کی شرعی حیثیت پوچھی جاتی ہے تو جواب دیا جاتا ہے کہ نماز اور حج دوبارہ بجا لائے جائیں۔ اتنی نمازوں اور حجوں کی قضا ایک مشکل اور گراں کام ہے۔ کیا اس شخص کے ساتھ کوئی رعایت برتی جا سکتی ہے جو اپنے وضو اور غسل کو صحیح سمجھتا تھا اور کیا ایسا حل موجود ہے جس سے اس کی نمازیں اور حج صحیح قرار پائیں اور دوبارہ نہ پڑھنی پڑیں جس سے عبادات شرعیہ کی بجا آوری میں مزید سستی آسکتی ہے۔ خصوصاً اس شخص کے بارے میں جس کی واجبات کے بارے میں بغاوت کا بھی خطرہ موجود ہو اور ایسے ملک میں رہتا ہے جہاں اس قسم کی سرکشی اور بغاوت پر برابر اکسایا بھی جاتا ہے۔

جواب : اگر نماز گزار جاہل قاصر (۱) ہو اور دوران غسل یا وضو ایسا خلل پڑ جائے جس سے جاہل قاصر کا وضو یا غسل باطل نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پر غسل میں سر و گردن سے پہلے بدن کے حصوں کو دھولے، یا وضو میں (آب وضو کے علاوہ) نئے پانی سے مسح کرلے تو ایسے نماز گزار کا وضو اور غسل صحیح سمجھے جائیں گے اور لامحالہ

---

(۱) جاہل قاصر اس ناآشنا کو کہتے ہیں جس کی جہالت کا عذر قابل قبول ہو۔ مثال کے طور پر کسی با اعتماد عالم سے وہ مسئلہ دریافت کرے اور بعد میں معلوم ہو کہ اس نے غلط بتایا تھا اور جاہل مقصر وہ ہے جس کی جہالت کا عذر قابل قبول نہ ہو۔

اس کی نمازیں اور حج صحیح قرار پائیں گے۔

اور اگر وہ احکام سیکھنے میں جاہل مقصر رہا ہو یا وضو اور غسل میں ایسا خلل پڑ جائے جس سے ہر حالت میں وضو یا غسل متأثر ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر وضو اور غسل کے دوران جن اعضاء کا دھونا واجب تھا انہیں نہ دھوئے تو ایسے شخص کی نماز اور حج کو صحیح قرار دینے کی کوئی راہ نہیں۔ لیکن اگر ایسے شخص کی بغاوت اور سرکشی کا خطرہ ہو تو ایسے شخص کو عبادات کی قضا بجالانے کا حکم دینا کوئی مستحسن عمل نہ ہو گا۔ شاید اللہ تعالی مستقبل میں راہ حل پیدا فرمائے۔

م۔ ۷۵ : کچھ لوگ کئی کئی برس نمازیں پڑھتے اور حج بجالاتے ہیں اور اس دوران وہ خمس ادا نہیں کرتے کیا ایسے افراد پر یہ واجب ہے کہ وہ اپنی نماز اور حج کی قضا بجالائیں

جواب : اگر نماز، طواف اور نماز طواف کے دوران اس کے بدن کا لباس (جس سے واجب حصوں کو چھپایا جاتا ہے) ایسا تھا جس میں خمس واجب تھا تو ایسی صورت میں بطور احتیاط واجب نماز اور حج کی قضا بجالائے۔ لیکن اگر صرف نماز طواف میں پہنا ہوا لباس ایسا ہو جس میں خمس واجب تھا اور یہ شخص جاہل حکم (۱) یا جاہل موضوع (۲) تھا اگرچہ جاہل مقصر ہو ایسی صورت میں اس کا حج تو صحیح ہے لیکن اگر اس کی جہالت کا عذر قابل قبول نہ ہو تو نماز طواف کو دوبارہ بجالائے اور اگر زیادہ تکلیف اور مشقت نہ اٹھانی پڑے تو احتیاط واجب کے طور پر نماز مکہ جا کر پڑھے بصورت دیگر جس شہر میں بھی ہو وہیں نماز پڑھ لے۔ اسی طرح اگر قربانی کے جانور میں خمس واجب ہو مثلاً قربانی کا جانور عین اس رقم سے خریدا جائے جس میں خمس واجب تھا

---

(۱) جاہل حکم کا مطلب یہ ہے کہ انسان کو کسی موضوع اور عمل کا حکم شرعی معلوم نہ ہو مثلاً یہ معلوم نہ ہو کہ میت کو دفن کرنا واجب ہے

(۲) جاہل موضوع کا مطلب یہ ہے کہ انسان کو کسی خاص عمل کے بارے میں یہ علم نہ ہو کہ یہ حکم شرعی موضوع کا مصداق ہے۔ مثال کے طور پر انسان کو غنا کا مطلب معلوم نہ ہو یا کسی مائع اور مشروب کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ یہ شراب ہے۔

توحج کو دوبارہ بجالانا چاہئے۔ لیکن اگر ایسی رقم سے جانور خریدا جائے جس میں وہ رقم بھی تھی جس میں خمس واجب تھا۔ چنانچہ اکثر اوقات ایسا ہی ہوتا ہے تو اس حج میں کوئی اشکال نہیں۔ اگرچہ نتیجے کے طور پر جانور ایسی رقم سے خرید اگیا ہو جس میں خمس واجب تھا۔ یہ تمام احکام اس صورت کے ہیں جب یہ شخص وجوب خمس کا علم رکھتا ہو اور یہ بھی جانتا ہو کہ جس کا خمس ادا نہ کیا گیا ہو اس میں تصرف حرام ہے۔ یا جاہل تھا مگر جاہل مقصر۔ لیکن اگر یہ شخص جاہل قاصر تھا تو اس کی نماز اور حج دونوں صحیح ہوں گے۔

م۔۷۶ : اگر کوئی شخص اذان ظہر کے بعد فوراً نماز پڑھے بغیر اپنے گھر سے سفر پر نکلے اور مغرب کے بعد اپنی منزل مقصود پر پہنچے تو کیا یہ شخص گنہگار ہوگا؟ اور کیا اس شخص پر نماز کی قضا واجب ہوگی؟

جواب : جی ہاں یہ شخص گنہگار ہوگا اس لئے کہ اس نے فرض نماز کو بروقت ترک کیا ہے اور اس پر اس کی قضا بھی واجب ہے۔

م۔۷۷ : کیا (ہاتھ کو لگی ہوئی) خشک سیاہی وضو اور غسل میں رکاوٹ ہے (اور پانی کو جلد تک نہیں پہنچنے دیتی) یا اس سیاہی کے اوپر وضو کر سکتے ہیں؟

جواب : اگر سیاہی ایسے جرم اور مادے پر مشتمل نہ ہو جو جلد اور پانی کے درمیان حائل ہو تو اس کے اوپر وضو اور غسل صحیح ہوں گے اور اگر حائل ہونا مشکوک ہو تو اس کو صاف اور برطرف کرنا ضروری ہوگا۔

م۔۷۸ : بعض حضرات ٹی وی پر تفریحی فلمیں دیکھتے رہتے ہیں اور وقت نماز کے بعد بھی اسے جاری رکھتے ہیں اور فلم کے اختتام پر نماز کا مقررہ وقت ختم ہونے سے کچھ دیر پہلے نماز پڑھنے جاتے ہیں۔ کیا مسلمان کا یہ عمل جائز ہے؟

جواب : مسلمان کے لئے یہ مناسب نہیں کہ وہ بغیر کسی عذر اور مجبوری کے نماز کو فضیلت کے وقت سے مؤخر کرے اور تفریحی فلموں کا نظارہ کرنا عذر اور مجبوری

شمار نہیں ہوتا۔

م۔۷۹ : کیا کریم پانی کو جلد تک پہنچنے سے روکتی ہے اور وضو اور غسل کے لئے اس کو صاف اور برطرف کرنا ضروری ہے ؟

جواب : ظاہر ہاتھ پر کریم کو ملنے اور رگڑنے کے بعد جو اثر باقی رہ جاتا ہے وہ صرف چکناہٹ ہوتی ہے جو (اگر معمولی ہو تو) پانی کو جلد تک پہنچنے سے نہیں روکتی۔

م۔۸۰ : بعض خواتین زیبائش کی خاطر اپنے ناخنوں پر معمول سے زیادہ نیل پالش لگا لیتی ہیں جس کی وجہ سے ان کے ناخن ٹوٹ جاتے ہیں اور ڈاکٹر علاج کی غرض سے ناخن پر لگانے کے لئے دوائی دیتے ہیں جو یقیناً پانی اور جلد کے درمیان حائل ہوتی ہے اور بسااوقات ایک دن سے زیادہ مدت تک اس کو ناخن پر لگا کر رکھا جاتا ہے۔ کیا اس علاج کی غرض سے اس دوائی کا استعمال جائز ہوگا ؟ اس کی موجودگی میں وضو اور غسل کیسے کئے جائیں گے ؟

جواب : اگر یہ مادہ پانی کو جلد تک پہنچنے سے روکے تو وضو اور غسل صحیح نہیں ہوں گے اور وضو و غسل کی خاطر اسے دور اور صاف کرنا ضروری ہے اور سابق الذکر مقصد اسے باقی رکھنے کا کوئی جواز نہیں بن سکتا۔

م۔۸۱ : ہم پوری نماز اور قصر نماز کب پڑھیں ؟ کیا کسی شخص کا عرف کے نزدیک ایک شہر میں مقیم کہلانا اس بات کے لئے کافی ہے کہ وہ اپنی نماز پوری پڑھے ؟

جواب : رسالہ عملیہ (توضیح المسائل) میں قصر کی شرائط بیان کی گئی ہیں۔

جب انسان کسی شہر کو ایک طولانی مدت کے لئے اپنی سکونت اور رہائش کی جگہ قرار دے جس میں اسے مسافر نہ کہا جائے۔ مثلاً کسی جگہ ڈیڑھ سال قیام کا ارادہ کرے تو ایک ماہ اس نیت کے ساتھ قیام کے بعد یہ شہر اس کا وطن کہلائے گا۔ لیکن اگر مدت کم ہو اور اس شخص کو مسافر کہا جائے تو اس کی نماز قصر ہوگی۔

م۔۸۲ : آدھی رات کس طرح معلوم ہوگی۔ کیا رات کے بارہ بجنا آدھی رات کی علامت

ہے؟ جیسا کہ آج کل لوگوں میں یہی مشہور ہے۔

جواب: آدھی رات، غروب آفتاب سے طلوع فجر تک کی مدت کے نصف کو کہا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر شام کو سات بجے سورج ڈوب جائے اور صبح کے چار بجے طلوع فجر ہو تو اس کے رات ساڑھے گیارہ بجے آدھی رات ہوگی بنا برایں آدھی رات کے تعین کے لئے غروب آفتاب اور طلوع فجر کو دیکھا جاتا ہے، جو مختلف اوقات اور مقامات پر آگے پیچھے ہوتا رہتا ہے۔

م۔ ۸۳: جس شخص کو اس بات کا یقین ہو کہ اگر میں سو گیا تو نماز صبح کے لیے بیدار نہیں ہو سکوں گا، تو کیا ایسے شخص کو نماز صبح کی خاطر صبح تک جاگتے رہنا واجب ہوگا؟ اور اگر وہ سو جائے اور نماز صبح تک نہ جاگ سکے تو گنہگار ہوگا؟

جواب: ایسا شخص کسی کے ذمے لگا سکتا ہے کہ وہ نماز کے لیے جگائے یا ٹائم پیس سے استفادہ کر سکتا ہے جو اسے جگائے اور اگر یہ دونوں ممکن نہ ہوں تو سونے سے گنہگار نہ ہوگا مگر یہ کہ عرف کے نزدیک اس کو نماز کے سلسلے میں سستی اور تغافل سمجھا جائے۔

م۔ ۸۴: ہوائی جہاز جس میں سمت قبلہ کا علم نہ ہو اور کسی جہت کا اطمینان بھی نہ ہو اس میں نماز کس طرح پڑھی جائے؟

جواب: جہاز کے پائلٹ اور فضائی میزبان کے ذریعے قبلہ کا تعین کیا جا سکتا ہے اور عام حالات میں پائلٹ اور فضائی میزبان کے جواب اور راہنمائی سے اطمینان(۱) یا ظن حاصل ہو جاتا ہے اور جہاں تک دوران نماز استقرار (حرکت نہ ہونے) کا تعلق ہے، اگر اس کی پابندی ممکن نہ ہو تو یہ شرط ساقط ہو جاتی ہے (اور حرکت کے دوران نماز صحیح ہے) البتہ جہاں تک ہو سکے باقی شرائط کا خیال رکھا جانا چاہئے اور

---

(۱) اطمینان: کسی بات کا وہ احتمال قوی ہے جس کے خلاف کا احتمال اتنا ضعیف ہو جسے عقلا کوئی اہمیت نہ دیں مگر ظن میں قابل اہمیت، احتمالِ خلاف ہوتا ہے۔

کسی بھی حالت میں اپنے مقررہ وقت سے نماز کی تاخیر جائز نہیں۔

م۔۸۵ : ہوائی جہازوں اور گاڑیوں میں نماز کس طرح پڑھی جائے کیا کسی چیز پر سجدہ کرنا واجب ہے یا صرف جھکنا کافی ہے ؟

جواب : جہاں تک ممکن ہو ایسی نماز پڑھنا واجب ہے جو نماز اختیاری حالت میں پڑھی جاتی ہے۔ بنا برایں اگر ممکن ہو تو نماز کے تمام حالات میں قبلے کا خیال رکھنا واجب ہے اور اگر تمام حالات میں قبلے کا خیال رکھنا ممکن نہ ہو اور صرف تکبیرۃ الاحرام کے دوران رخ بہ قبلہ کھڑا ہونا ممکن ہو تو اس کا خیال رکھے اور اگر اس حالت میں بھی رخ بہ قبلہ کھڑا ہونا ممکن نہ ہو تو قبلہ کی شرط ساقط ہو جائے گی (اور قبلہ کے بغیر نماز صحیح ہو گی۔) نیز در صورت امکان سجدہ اور رکوع کو بھی اسی طرح بجا لانا واجب ہے جس طرح اختیاری حالت میں بجالانا متعین ہے۔ مثال کے طور پر ہوائی جہاز اور بس کی سیٹوں کے درمیانی راستے میں نماز پڑھی جا سکے اور اگر معمول کے مطابق سجدہ اور رکوع ممکن نہ ہو اور اتنا جھکنا ممکن ہو جسے رکوع اور سجود کہا جائے تو یہی کچھ واجب اور متعین ہو گا۔ (اس کے علاوہ) دوران سجدہ پیشانی کو سجدہ گاہ پر رکھنا ضروری ہے اگرچہ اس کے لئے سجدہ گاہ کو اوپر اٹھانا پڑے اور اگر مذکورہ مقدار میں جھکنا ممکن نہ ہو تو رکوع اور سجدے کے بدلے اشارہ ہی کافی ہو گا۔

م۔۸۶ : بعض اوقات نماز کا وقت اس دوران شروع ہوتا ہے جب طالب علم اپنی یونیورسٹی کے راستے میں ہوتا ہے اور یونیورسٹی پہنچتے پہنچتے نماز کا وقت نکل جاتا ہے۔ کیا یہ شخص گاڑی کے اندر ہی نماز پڑھ سکتا ہے ؟ جبکہ (گاڑی سے اتر کر) کسی دوسری جگہ نماز پڑھی جا سکتی ہے، لیکن اس صورت سے کلاسوں کے ٹائم کالج نہیں پہنچ سکتا۔

جواب : جب تک گاڑی سے اتر کر تمام شرائط پر مشتمل مکمل نماز پڑھی جاسکتی ہو صرف

کلاسوں میں تاخیر کی بنا پر گاڑی کے اندر ایسی نماز پڑھنا جائز نہیں جس میں بعض شرائط مفقود ہوں۔ البتہ اگر اس حد تک کلاس میں تاخیر سے قابل ذکر نقصان اٹھانا پڑتا ہو اور عام حالات میں نا قابل برداشت مشکل سے دوچار ہوتا ہو تو ایسی صورت میں گاڑی کے اندر ایسی نماز پڑھنا جائز ہے جس کی بعض شرائط مفقود ہوں۔

م۔۸۷: اگر نماز کا وقت اس دوران داخل ہو جب مسلمان ملازم (اپنے دفتر وغیرہ میں) ڈیوٹی دے رہا ہوتا ہے اور یہ اس کی پسندیدہ ملازمت ہوتی ہے اور نماز کی خاطر ڈیوٹی کو چھوڑنا خاصا مشکل ہوتا ہے بلکہ بسااوقات نماز کی خاطر اس ملازمت سے برطرف بھی کیا جاسکتا ہے۔ کیا ایسی صورت میں نماز، قضا پڑھی جاسکتی ہے یا یہ کہ اگر اس ملازمت کو چھوڑنا بھی پڑے جس کا وہ محتاج ہے، نماز کو بروقت اور ادا بجا لانا واجب ہے؟

جواب: اگر اس ملازمت کو جاری رکھنا اس مسلمان کی مجبوری ہے تو جیسے بھی ممکن ہو بروقت اور ادا نماز بجالائے اگرچہ رکوع اور سجود کے لئے اشارہ کرنا پڑے۔ لیکن یہ صرف ایک فرضی صورت ہے جو عام حالات میں پیش نہیں آتی۔ مسلمان کو چاہئے کہ وہ خدا سے ڈرے اور ایسی ملازمت اختیار نہ کرے جس کی خاطر شریعت کا وہ اہم فرض ترک کرنا پڑے جو دین کا ستون شمار ہوتا ہے اور اللہ کے اس فرمان مبارک کو ہمہ وقت اپنے پیش نظر رکھے:

ومن يتق الله يجعل له مخرجا و يرزقه من حيث لايحتسب۔

(طلاق:۲)

"اور جو خدا سے ڈرے گا اس کے لئے نجات کی صورت نکال دے گا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دے گا جہاں سے وہم

بھی نہ ہو۔،،

م۔۸۸: یورپی ممالک کی کمپنیوں اور فاؤنڈیشنوں میں لوگ ملازمت کرتے اور ان کے دفاتر میں کام کرتے ہیں اور ان مکانات اور عمارتوں کی ملکیت کے بارے میں کچھ نہیں جانتے (کہ غصبی ہیں یا مباح) ایسے مکانات میں نماز پڑھنے اور ان کے پانی سے وضو کرنے کا کیا حکم ہے ؟اگر ان مکانات میں نماز کسی وجہ سے نہ پڑھی جا سکے تو گزشتہ پڑھی گئی نمازوں کا کیا حکم ہو گا ؟

جواب: جب تک اس بات کا یقین نہ ہو کہ یہ کسی ایسے شخص سے غصب شدہ ہیں جس کا مال محترم ہے ان مکانات میں نماز پڑھنے اور ان کے پانی سے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ اگر نماز کے بعد معلوم ہو کہ مکان غصبی تھا تو اس میں پڑھی گئی نماز صحیح شمار ہو گی۔

م۔۸۹: اگر ہم مردار کے چمڑے کے بنے ہوئے بیلٹ بٹوے کے ساتھ نماز پڑھیں اور نماز کے دوران یا نماز کے بعد اور قضا ہونے سے پہلے یا قضا ہونے کے بعد یاد آجائے تو ایسی صورت میں ہمارا شرعی فریضہ کیا ہو گا ؟

جواب: اگر بیلٹ یا بٹوے کا، مُذَکّٰی (شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا جانور) کے چمڑے کے بنائے جانے کا احتمال 'ضعیف (اور ناقابل ذکر) نہ ہو جس کی عقلاء کوئی پرواہ نہیں کرتے تو ان کے ساتھ پڑھی گئی نماز صحیح ہو گی لیکن اگر یہ احتمال ضعیف ہو اور نماز گزار اس چیز کا جاہل تھا اور دوران نماز متوجہ ہو تو اسے فوراً اتار دے اور اس کی نماز صحیح ہو گی اور یہی حکم اس صورت کا بھی ہو گا جس میں نماز گزار صورت حال بھول گیا ہو اور نماز کے دوران یاد آجائے، بشرطیکہ یہ شخص لاپرواہی اور تغافل کی وجہ سے نہ بھولا ہو ورنہ (اگر لاپرواہی کی وجہ سے بھولا ہو) تو احتیاط واجب کے طور پر اگر نماز کا وقت باقی ہو تو ادا کی نیت سے ورنہ قضا کی نیت سے دوبارہ بجالائے۔

م۔۹۰: آج کل جو پتلونیں عام ہیں۔ ان میں غیر اسلامی ممالک میں بنے ہوئے جینز کی

پتلون ہے۔ جس پر چمڑے کا ایک ٹکڑا لگا ہوتا ہے۔ اس پر کمپنی کا نام درج ہوتا ہے اور یہ معلوم نہیں کہ چمڑے کا یہ ٹکڑا مذکی حیوان کا ہے یا غیر مذکی کا، کیا اس پتلون میں نماز پڑھنا جائز ہے؟

جواب: اس پتلون میں نماز پڑھنا جائز ہے۔

م۔۹۱: کیا کلون لگا کر نماز پڑھنا جائز ہے اور کیا کلون پاک ہے؟

جواب: جی ہاں! کلون پاک ہے۔

م۔۹۲: کیا کنکریٹ کے بنے ہوئے بلاک اور ٹائل پر سجدہ کرنا جائز ہے؟

جواب: جی ہاں! صحیح ہے۔

م۔۹۳: جائے نمازوں کی بعض قسمیں پیٹرولیم کی بنی ہوتی ہیں کیا ان پر سجدہ جائز ہے؟

جواب: اس پر سجدہ جائز نہیں ہے۔

م۔۹۴: کیا خالی کاغذ اور ٹشو پیپر پر سجدہ جائز ہے جبکہ ہمیں معلوم نہیں کہ یہ کس چیز سے بنتے ہیں اور یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ ان کے بنیادی اجزاء پر سجدہ جائز ہے کہ نہیں؟

جواب: ٹشو پیپر پر سجدہ اس وقت تک جائز نہیں جب تک اس بات کا یقین حاصل نہ ہو کہ اس کے بنیادی اجزاء پر سجدہ جائز ہے۔ البتہ کاغذ اگر کپاس، پٹ سن یا ایسی چیز سے بنا ہوا ہو جس پر سجدہ جائز ہے تو اس (کاغذ) پر سجدہ جائز ہوگا۔

م۔۹۵: بعض اوقات کیسٹ کے ذریعے قاری سے سجدہ والی آیت سنی جاتی ہے۔ کیا اس صورت میں سجدہ قرآن واجب ہوگا؟

جواب: اس صورت میں سجدہ واجب نہیں ہوگا۔

☆☆☆☆☆

پانچویں فصل

روزہ

☆ مقدمہ

☆ استقبال رمضان کا خطبہ رسول (ص)

☆ روزے کے بارے میں ائمہ طاہرین (ع) کی روایات

☆ روزے کے مخصوص احکام

☆ اس فصل سے متعلق استفتاءات

رسول اکرم (ص) نے استقبال رمضان کی مناسبت سے ایک مؤثر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا:

ایهاالناس انه قد اقبل علیکم شهر الله بالبرکة و الرحمة والمغفرة، شهر هو عند الله أفضل الشهور وأیامه افضل الایام ولیالیه افضل اللیالی و ساعاته أفضل الساعات هو شهر دعیتم فیه الی ضیافة الله وجعلتم فیه من أهل کرامة الله، انفاسکم فیه تسبیح، ونومکم فیه عبادة وعملکم فیه مقبول، ودعاؤکم فیه مستجاب فاسألوا الله ربکم بنیات صادقة وقلوب طاهرة ان یوفقکم صیامه و تلاوة کتابه، فان الشقی من حرم غفران الله فی هذا الشهر العظیم۔

ایها الناس ان ابواب الجنان فی هذا الشهر مفتحة فسلوا ربکم أن لا یغلقها علیکم و ابواب النیران مغلقه فاسئلوا الله ربکم ان لا یفتحها علیکم والشیاطین مغلولة فسئلوا ربکم ان لا یسلطها علیکم۔

یا ایها الناس من حسن منکم فی هذا الشهر خلقه

كان له جواز على الصراط يوم تزل فيه الاقدام ومن خفف من هذا الشهر عما ملكت يمينه، خفف الله عليه حسابه، ومن كف فيه شره، كف الله عنه غضبه يوم يلقاه ومن اكرم فيه يتيما، اكرمه الله يوم يلقاه و من وصل فيه رحمه وصله الله برحمته يوم يلقاه و من قطع فيه رحمه قطع الله عنه رحمته يوم يلقاه و من تلا فيه آية من القرآن كان له مثل اجر من ختم القرآن فى غيره من الشهور۔

"اے لوگو! اللہ تعالیٰ کا یہ ماہ مبارک (رمضان) برکت، رحمت اور مغفرت لئے تمہاری طرف آرہا ہے یہ وہ مہینہ ہے جو خدا کے نزدیک سب مہینوں سے افضل ہے۔ اس کے دن سب دنوں سے بہتر، اس کی راتیں سب راتوں سے افضل اور اس کی گھڑیاں اور لحات تمام گھڑیوں سے افضل ہیں۔ تمہیں اس مہینے میں اللہ تعالیٰ کی ضیافت کی طرف بلایا گیا ہے۔ اس مہینے میں تمہیں اللہ کی تکریم سے نوازا گیا ہے۔ اس مہینے میں تمہاری سانس تسبیح الٰہی، تمہاری نیندیں عبادت، تمہارا عمل قبول اور تمہاری دعائیں مستجاب ہیں۔ پس اپنے رب سے خالص نیات اور پاک دلوں کے ساتھ سوال کرو کہ وہ تمہیں اس مہینے کے روزوں اور تلاوت قرآن مجید کی توفیق عنایت فرمائے۔ اس لئے کہ شقی اور بدبخت وہ شخص ہوگا جو اس باعظمت مہینے میں اللہ کی مغفرت

سے محروم رہے۔"

"اے لوگو! اس مہینے میں جنت کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں۔ اپنے رب سے دعا کرو کہ وہ دروازے تمہارے آگے بند نہ کئے جائیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے گئے ہیں۔ اپنے رب سے سوال کرو کہ یہ دروازے تمہارے آگے نہ کھولے جائیں۔ اس مہینے میں شیطانوں کو طوق ڈال دیئے جاتے ہیں۔ تم اپنے رب سے یہ سوال کرو کہ شیاطین تم پر (دوبارہ) مسلط نہ ہوں"

"اے لوگو! جو شخص اس مہینے میں اپنے اخلاق کو حسن بنائے اسے اس دن کے لئے پل صراط کا پروانہ دیا جائے گا جب لوگوں کے قدم ڈگمگائیں اور لغزش کھائیں گے، جو شخص اس مہینے میں اپنے غلام سے نرمی سے پیش آئے گا اللہ تعالی اس سے بہت ہلکا حساب لے گا۔ جس کے شر سے لوگ محفوظ رہیں گے روز قیامت اللہ تعالی اس پر غضبناک نہ ہو گا۔ جو شخص اس مہینے میں کسی یتیم کی تکریم کرے گا خدا اس روز اس کی تکریم کرے گا، جس دن وہ خدا کی بارگاہ میں پیش ہو گا۔

جو شخص اس مہینے میں صلہ رحم کرے گا روز قیامت خدا کی رحمت اس کے شامل حال ہو گی اور جو شخص اس مہینے میں قطع رحم کرے گا وہ روز قیامت اللہ کی رحمت سے دور رہے گا اور جو شخص اس مہینے میں ایک قرآنی آیت کی تلاوت کرے گا اسے دوسرے مہینوں میں پورا قرآن ختم کرنے کا

اجر وثواب دیا جائے گا۔

امیر المؤمنین علیہ السلام فرماتے ہیں :

کم من صائم لیس له من صیامه إلا الظمأ وکم من قائم لیس له من قیامه إلا العناء۔

"کتنے ہی ایسے روزے دار ہیں جنہیں پیاس کے علاوہ اور کچھ حاصل نہ ہوگا اور کتنے ہی ایسے نماز گزار ہیں جنہیں مشقت و تکلیف کے علاوہ اور کچھ حاصل نہ ہوگا۔

امام جعفر صادق (ع) نے فرمایا :

اذا اصبحت صائما فلیصم سمعك وبصرك و شعرك و جلدك و جمیع جوارحك

"جس دن تم روزہ رکھو اس دن تمہارے کان، آنکھیں، بال، جلد غرض تمام اعضاء بدن کو روزے سے ہونا چاہئے،،

نیز فرمایا :

ان الصیام لیس عن الطعام والشراب وحدهما فاذا صمتم فاحفظوا السنتکم عن الکذب، وغضوا أبصارکم عما حرم الله، ولا تنازعوا ولا تحاسدوا ولا تغتابوا ولا تشاتموا، ولا تظلموا و اجتنبوا قول الزور والکذب والخصومة وظن السوء والغیبة، والنمیمة وکونوا مشرفین علی الآخرة منتظرین لأیامکم، منتظرین لما وعدکم الله متزودین للقاء الله و علیکم السکینة، و الوقار والخضوع، والخنوع، وذل العبید الخیف

من مولاها خائفین راجین۔

(یہ اور اس قسم کی دیگر روایات کے لئے کتب احادیث اور مفاتیح الجنان ص ۳۳۳ اور ۳۳۷ کی طرف رجوع فرمائیں)

"روزہ صرف کھانے پینے سے پرہیز کا نام نہیں۔ اس لئے جب تم روزہ رکھو تو اپنی زبانوں کو جھوٹ سے بچائے رکھو۔ اپنی نگاہوں کو ان چیزوں سے بند رکھو جنہیں اللہ تعالی نے حرام قرار دیا ہے۔ ایک دوسرے سے جھگڑا نہ کرو، ایک دوسرے سے حسد نہ کرو۔ ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو، ایک دوسرے کو گالی نہ دو، دوسروں پر ظلم نہ کرو جھوٹ، لڑائی جھگڑا، بدگمانی، غیبت، چغل خوری سے اجتناب کرو۔ آخرت تمہارے سامنے ہونا چاہئے۔ اپنے آنے والے دنوں کے منتظر رہو ان (نعمتوں) کے منتظر رہو جن کا خدا نے تم سے وعدہ فرمایا ہے۔ لقاء الٰہی سے توسل حاصل کرو۔ تم عزت و وقار اور خشوع و خضوع کو اپنا شعار بناؤ اور ان غلاموں کی مانند انکسار کو اپناؤ جو اپنے آقا سے خوفزدہ بھی ہوں اور امیدوار بھی۔،،

یہاں یہ بہتر معلوم ہوتا ہے کہ روزے کے بعض احکام بیان کئے جائیں اور اس کے بعد اس اہم اسلامی شعار سے متعلق چند استفتاء اور ان کے جوابات قارئین کی خدمت میں پیش کریں۔

م۔۹۶ : منجملہ روزے کو توڑنے والی چیزوں میں جان بوجھ کر کھانا اور پینا ہے۔ بنابر این اگر روزہ دار بھولے سے نہ کہ جان بوجھ کر کوئی چیز کھالے یا پی لے تو اس کا روزہ صحیح ہوگا اور اس کے ذمے کوئی کفارہ وغیرہ نہیں۔

م۔ ۹۷ : روزے کو توڑنے والی چیزوں میں سے ایک، جنابت کی حالت میں، جان بوجھ کر طلوع فجر تک باقی رہنا ہے۔ پس اگر کوئی شخص، جس کے ذمے غسل جنابت ہے، جان بوجھ کر طلوع فجر تک غسل نہ کرے تو اس پر واجب ہے کہ پورا دن کھانے اور پینے سے گریز کرے۔ احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ روزہ یا رمضان کے احترام میں کھانے اور پینے سے پرہیز میں سے کسی ایک کے طور پر مافی الذمہ کی نیت کرے۔ اس کے علاوہ ایک اور روزہ بھی رکھے۔ جس میں بطور احتیاط قضا اور مجازات (سزا) میں سے جو بھی درواقع اس کے ذمے ہے، اس کی نیت کرے۔
اگر کوئی شخص بیمار ہو اور غسل نہ کر سکے تو وہ غسل کے بدلے تیمم کرے اور طلوع فجر تک باطہارت رہے اور صبح کو روزہ رکھے۔

م۔ ۹۸ : منجملہ روزہ کو توڑنے والی چیزوں میں، خاتون کا حیض اور نفاس سے پاک ہونے کے بعد، غسل کی قدرت کے باوجود طلوع فجر تک حدث کی حالت میں رہنا ہے۔ پس اگر کوئی خاتون طلوع فجر تک بغیر غسل کے باقی رہے تو اس کا حکم بھی وہی ہو گا جو جنابت والے شخص کا تھا اور اگر غسل کی قدرت نہ ہو تو غسل کے بدلے تیمم کرنا ہو گا۔

م۔ ۹۹ : روزہ دار کے لئے بہتر یہ ہے کہ اگر بلغم فضائے دہن تک پہنچا ہو تو اسے نہ نگلے اگرچہ اس کا نگلنا جائز ہے۔ اسی طرح منہ میں جمع شدہ لعاب دہن کا نگلنا بھی جائز ہے اگرچہ زیادہ مقدار میں ہو۔

م۔ ۱۰۰ : دن کے وقت احتلام سے روزہ باطل نہیں ہوتا جسے احتلام ہو اس کا فرض ہے کہ وہ نماز کے لئے غسل کرے۔ روزے سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

م۔ ۱۰۱ : برش اور ٹوتھ پیسٹ کے ذریعے دانت صاف کرنا روزے کو باطل نہیں کرتا۔ جب تک دانتوں کی صفائی کے دوران لعاب دہن کے ساتھ ملی ہوئی کسی چیز (ٹوتھ پیسٹ وغیرہ) کو روزہ دار نگل نہ لے۔ البتہ لعاب دہن کے ساتھ گھل مل جانے

والی چیز سے روزہ باطل نہیں ہوتا۔

م۔۱۰۲: بالفرض اگر کوئی مسلمان ایسے ملک میں رہ رہا ہو جہاں چھ ماہ دن اور چھ ماہ رات ہو تو اس پر ایسے ملک منتقل ہونا واجب ہے جہاں وہ روزہ رکھ سکے یا رمضان کے بعد منتقل ہو اور روزے کی قضا بجالائے۔ اگر دوسرے ملک منتقل نہ ہو سکے تو اسے چاہئے کہ وہ فی روزہ ایک مد یعنی ۷۵۰ گرام کھانا (کھجور گندم وغیرہ) فقیر کو دے دے۔

م۔۱۰۳: بالفرض اگر کوئی مسلمان ایسے ملک میں رہ رہا ہو جہاں دن تیئس گھنٹے اور رات ایک گھنٹے کی ہو یا اس کے برعکس ہو تو اس شخص پر واجب ہے کہ اگر قدرت رکھتا ہو تو رمضان کے روزے رکھے اور اگر قدرت نہ رکھتا ہو تو رمضان کا روزہ ساقط ہے اور اگر بعد میں قضا بجالانا ممکن ہو اگرچہ اس کے لئے دوسرے ملک جانا پڑے تو لازمی طور پر قضا بجالائے اور اگر قضا بجالانا ممکن نہ ہو تو فی روزہ فدیہ (مد) ادا کرے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

صوم سے مخصوص استفتاءات اور آیۃ اللہ العظمی آقای سیستانی (مدظلہ) کے جوابات:

م۔۱۰۴: بعض افراد اپنے شہر سے اعراض یعنی کنارہ کشی تو نہیں کرتے لیکن کسی خاص مقصد کے تحت کسی شہر میں کئی سال سکونت کا ارادہ کرتے ہیں اور جب ان کا مقصد پورا ہو جائے تو اس شہر سے نکل جاتے ہیں تاکہ جس شہر کو چاہیں اپنا وطن قرار دیں۔ ایسے افراد (اس دوسرے شہر میں) نماز کیسے پڑھیں گے؟ (قصر یا تمام) اور کیا روزہ رکھیں گے؟

جواب: ایسے افراد اپنے قیام کے ایک ماہ بعد اپنے اصلی وطن کی طرح نماز تمام پڑھیں گے

اور روزہ بھی رکھیں گے۔

م۔۱۰۵: کیا یورپی ممالک میں رہنے والے مسلمان پورے سال کے دوران جس میں ماہ رمضان بھی شامل ہے طلوع فجر، طلوع آفتاب، ظہر اور مغرب کے یقین کے لئے ان ممالک کی رصد گاہوں پر اعتماد کر سکتے ہیں جبکہ ہمیں اس بات کا یقین ہے کہ یہ بڑے علمی اور دقیق مراکز ہیں جہاں سیکنڈ کے اجزاء بھی بڑی باریک بینی سے متعین ہوتے ہیں؟

جواب: اگر ان رصد گاہوں کی تعیین اوقات کے صحیح ہونے کا اطمینان ہو تو اس پر عمل کر سکتے ہیں۔ یہ نکتہ بھی پوشیدہ نہ رہے کہ طلوع فجر کی تعیین کے بارے میں ان ممالک میں اختلاف بھی پایا جاتا ہے۔ خصوصاً بعض یورپی ممالک میں۔ اس لئے آپ کو یقین حاصل ہونا چاہئے کہ یہ تعیین اوقات کسی صحیح رائے کی بنیاد پر کی گئی ہے۔

م۔۱۰۶: بعض ممالک میں کئی کئی دن تک سورج نہیں نکلتا یا کئی کئی دن تک سورج ڈوبتا نہیں۔ ایسے ممالک میں ہم روزہ اور نماز کس طرح بجالائیں؟

جواب: جہاں تک نماز کا تعلق ہے احتیاط واجب کے طور پر اس شہر کے نزدیک ترین دوسرے شہر کا لحاظ رکھیں جہاں چوبیس گھنٹے میں دن اور رات ہوتے ہیں اور پانچ وقت کی نمازوں کو قربت مطلقہ کی نیت سے اس شہر کے اوقات کے مطابق بجا لائیں اور جہاں تک روزے کا تعلق ہے تو آپ حضرات کا فرض ہے کہ وہاں سے کسی دوسرے شہر منتقل ہوں، جہاں آپ اس بافضیلت مہینے کا روزہ رکھ سکیں یا ماہ رمضان کے بعد دوسرے شہر منتقل ہوں اور وہاں روزے کی قضا بجالائیں۔

م۔۱۰۷: کیا کسی غیر اسلامی ملک میں رہنے والا روزہ دار غیر مسلموں کو کھانا کھلا سکتا ہے؟

جواب: بذات خود اس کام میں کوئی حرج نہیں۔

م۔۱۰۸: کیا وہ آلہ (INHALER) روزے کو باطل کرتا ہے (جسے دمے کا مریض

استعمال کرتا ہے)اور سانس لینے میں مدد دیتا ہے ؟

جواب : اگر سپرے (Inhaler) سے نکلنے والا مواد (گیس)خوراک کی نالی میں داخل نہ ہوتا ہو بلکہ سانس کی نالی میں داخل ہوتا ہو تو روزہ باطل نہ ہو گا۔

م۔۱۰۹: مریض کو مجبوری یا بغیر مجبوری کے ، رگ کے ذریعے دی جانے والی غذا سے روزہ باطل ہوتا ہے یا نہیں ؟

جواب : اس سے دونوں صورتوں میں روزہ باطل نہیں ہوتا۔

م۔۱۱۰: کیا ماہ رمضان میں دن کے وقت مشت زنی سے چاہے اس سے منی خارج ہو یا نہ ہو روزہ باطل ہو جاتا ہے ؟ نیز اس عمل کا کیا کفارہ ہے اور اگر عورت اس عمل کو انجام دے ، تو اس کا کیا حکم ہو گا ؟

جواب : اگر کوئی شخص منی خارج کرنے کے ارادے سے یہ عمل انجام دے اور منی خارج ہو جائے تو اس کا روزہ باطل ہو گا اور اس کے ذمے روزہ کی قضا اور کفارہ ، جو کہ دو مہینے مسلسل روزے رکھنا یا ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانا ہے ، واجب ہو گا اور اگر انزال کی نیت سے یہ عمل انجام دے مگر منی خارج نہ ہو تو اسے چاہئے کہ قربت مطلقہ کی نیت سے اس دن کے روزے کو مکمل کرے اور بعد میں قضا بھی بجالائے اور اگر کوئی شخص یہ عمل انجام دے لیکن اس کا قصد انزال کرنا نہ ہو اور نہ اس کی یہ عادت تھی کہ فورا منی خارج ہو لیکن صرف انزال کا احتمال دیتا تھا اور انزال ہو جائے تو اس شخص پر اس دن کے روزے کی قضا واجب ہو گی کفارہ واجب نہ ہو گا اور اگر اسے مکمل وثوق تھا کہ منی خارج نہیں ہو گی لیکن اتفاقا منی خارج ہو جائے تو اس صورت میں روزے کی قضا بھی واجب نہیں۔ اس مسئلے میں مرد اور عورت دونوں کا ایک ہی حکم ہے۔

م۔۱۱۱: اگر ایک مومن روزہ رکھے لیکن اسے یہ معلوم نہ ہو کہ جان بوجھ کر جنابت کا ارتکاب کرنے سے روزہ باطل ہو جاتا ہے تو اس پر کیا کچھ واجب ہو گا ؟

جواب : اگراس شخص کو وثوق تھا کہ جنابت سے روزہ باطل نہیں ہوتا یا سرے سے اس کی طرف متوجہ نہیں تھا تو ایسی صورت میں قضا تو واجب ہو گی ۔ کفارہ واجب نہیں ہو گا۔

م۔ ۱۱۲: بعض علمائے کرام کے نزدیک حرام چیز سے افطار کرنے سے تین کفارے (۱۔ دو مہینے روزے رکھنا ۲۔ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ۳۔ ایک غلام آزاد کرنا) واجب ہو جاتے ہیں۔ آج کے دور میں جبکہ غلام آزاد کرنا ممکن نہیں ،اس حکم پر کس طرح عمل کیا جائے گا ؟

جواب : اگر ممکن نہ ہو تو غلام آزاد کرنے کا فرض ساقط ہو جاتا ہے۔ پوشیدہ نہ رہے ہمارے نزدیک حرام چیز سے افطار کرنے کی وجہ سے تین کفارے واجب نہیں ہوتے۔ واللہ العالم۔

م۔ ۱۱۳: اگر مشرق میں چاند نظر آجائے تو کیا ہمارے لئے بھی جو مغرب میں رہتے ہیں چاند ثابت ہو گا۔ اور اگر امریکہ میں چاند ثابت ہو جائے تو یورپ میں بھی چاند ثابت ہو جاتا ہے ؟

جواب : جب مشرق میں چاند نظر آجائے تو اس سے مغرب میں بھی چاند ثابت ہو جاتا ہے بشرطیکہ دونوں کے عرض بلد ایک دوسرے سے زیادہ دور نہ ہوں۔ لیکن اگر مغرب میں چاند ثابت ہو جائے تو اس کا لازمہ یہ نہیں کہ مشرق میں بھی چاند ثابت ہو جائے مگر یہ کہ مغرب کا چاند (غروب آفتاب کے بعد) اس فاصلے سے زیادہ دیر تک افق پر باقی رہے جو فاصلہ مشرق و مغرب کے طلوع و غروب میں ہے۔

منہاج الصالحین کی عبارت کے مطابق چاند اس صورت میں ثابت ہوتا ہے جب انسان اپنی آنکھوں سے دیکھے یا تواتر یا کسی اور ذریعے سے یقین ہو یا شیاع (کافی سارے افراد کی شہادت) کے ذریعے اطمینان حاصل ہو اور مسئلہ نمبر ۱۰۴۴ میں

ہے کہ ایک شہر میں چاند ثابت ہو جائے تو دوسرے شہر جو اس شہر کے ساتھ افق میں متحد ہیں ان کے لئے بھی چاند ثابت ہو گا اور افق میں اتحاد کا مطلب یہ ہے کہ اگر بادل پہاڑ یا اس قسم کی اور کوئی رکاوٹ نہ ہو تو پہلے شہر میں نظر آنے کے بعد دوسرے شہر میں بھی لازمی طور پر نظر آئے۔ یہاں چند سوال پیدا ہوتے ہیں۔ آپ سے استدعا ہے کہ ان کے جوابات مرحمت فرمائیں۔

م۔ ۱۱۴: کیا ایران، احساء، قطیف اور دیگر خلیجی ممالک عراق، سوریا اور لبنان جیسے مشرقی ممالک میں چاند کے نظر آنے کا لازمہ یہ ہے کہ اگر بادل اور دھند جیسی خارجی رکاوٹیں نہ ہوں تو برطانیہ، فرانس اور جرمنی جیسے مغربی ممالک میں بھی چاند نظر آجائے؟

جواب: جی ہاں! اگر ایک شہر میں چاند نظر آجائے تو اس کا لازمہ یہ ہے کہ اگر کوئی رکاوٹ نہ ہو تو ان شہروں میں بھی چاند نظر آجائے جو پہلے شہر کے مغرب میں واقع ہیں۔ بشرطیکہ ان کے عرض بلد میں زیادہ اختلاف نہ ہو۔

م۔ ۱۱۵: بالفرض اگر یہ ملازمہ ثابت ہو جائے تو کیا مشرقی ممالک کے بعض علماء کے نزدیک چاند کا ثابت ہو جانا مغربی ممالک میں رہنے والے مسلمانوں کے لئے حجت ہو گا جہاں موسم صاف نہ ہونے کی وجہ سے چاند نظر نہ آئے؟

جواب: اس صورت میں مغرب میں رہنے والے اور دیگر مسلمانوں پر حجت نہیں ہو گا۔ البتہ اگر مغرب میں رہنے والے مسلمان کو اطمینان حاصل ہو جائے یا گواہی کے ذریعے، جس کے خلاف کوئی شواہد نہ ہوں، مطمئن ہو جائے تو یہ اپنے اطمینان پر عمل کر سکتا ہے۔

م۔ ۱۱۶: بعض مہینوں میں یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ بعض مشرقی ممالک کے علماء کے نزدیک بعض مومنین کی شہادت کی بنا پر چاند ثابت ہو گیا ہے۔ لیکن اس صورت میں درج ذیل چیزیں بھی موجود ہوتی ہیں۔

الف۔ گواہان جن کی تعداد تیس ہے۔وہ مختلف شہروں میں رہتے ہیں۔ مثال کے طور پر اصفہان میں دو رہتے ہیں، قم میں تین، یزد میں دو کویت میں چار، بحرین میں پانچ، احساء میں چھ گواہ شہادت دیتے ہیں۔

ب۔ مغربی ممالک کا موسم مکمل طور پر صاف ہوتا ہے اور کسی رکاوٹ کے بغیر مومنین چاند دیکھنے کی کوشش بھی کرتے ہیں۔

ج۔ برطانیہ کی فلکیاتی رصد گاہ یہ اعلان کرتی ہے کہ جب تک ٹیلیسکوپ سے استفادہ نہ کیا جائے آج کی شب چاند کا نظر آنا ممکن نہیں اور صرف آنکھ سے آئندہ شب ہی چاند دیکھا جاسکے گا۔ اس صورت میں مومنین کا شرعی فریضہ کیا ہوگا؟ اس سلسلے میں ہمیں اپنے فتوی سے نوازیں۔ عند اللہ ماجور ہوں گے۔

جواب : چاند ثابت ہونے کا دارومدار انسان کے ذاتی اطمینان پر ہے۔ چاہے یہ اطمینان اپنی آنکھوں سے چاند دیکھنے سے حاصل ہو یا گواہی کے ذریعے جس کے خلاف کوئی اور شاہد نہ ہو۔ سابق الذکر اور اس قسم کی دیگر صورتوں میں عام طور پر اس بات کا اطمینان حاصل نہیں ہوتا کہ چاند اس انداز میں افق پر ظاہر ہو گیا ہو جو صرف آنکھ سے دیکھا جا سکے۔ بلکہ بعض اوقات چاند کے ثابت نہ ہونے کا اطمینان حاصل ہوتا ہے اور جو شہادتیں پیش کی گئی ہیں وہ وہم اور حس کی غلطی پر مبنی ہوتی ہیں۔ واللہ العالم

☆☆☆☆☆

چھٹی فصل

حج

☆ مقدمہ
☆ حج کے بعض احکام
☆ اس فصل سے متعلق استفتاءات

حج شریعت اسلامی کے مشہور اور معروف واجبات میں سے ہے اور قرآن وسنت نے اس کے واجب ہونے کی تصریح کی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

ولله على الناس حج البيت من استطاع اليه سبيلا ومن كفر فان الله غنى عن العالمين۔

(آل عمران: ۹۷)

"لوگوں پر واجب ہے کہ محض خدا کے لئے خانہ خدا کا حج کریں، جنہیں وہاں تک پہنچنے کی استطاعت (قدرت) ہو اور جس نے باوجود قدرت کے حج سے انکار کیا تو (یاد رکھیں) خدا سارے جہاں سے بے نیاز ہے،،

حج کی اہمیت اور اس کی تاکید کے پیش نظر اللہ تعالیٰ نے ترک حج کو کفر کے ساتھ اور اسے کے سیاق میں ذکر کیا ہے۔ حج منجملہ ان پانچ ارکان میں سے ہے جن پر اسلام کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ چنانچہ امام محمد باقر (ع) کی حدیث میں وارد ہے:

بنى الاسلام على خمسة اشياء على الصلاة والزكاة والحج و الصوم والولاية۔

(وسائل الشيعة للحر العاملی ج۱ص۲۰)

"اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے جو کہ نماز، زکوۃ، حج، روزہ اور ولایت ائمہ اطہار (ع) ہیں۔

امیر المؤمنین علیہ السلام نے حج کے بارے میں وصیت کرتے ہوئے فرمایا:

لا تترکوا حج بیت ربکم فتهلکوا۔

(وسائل الشیعة للحر العاملی ج۱۱ص۲۰)

"حج بیت اللہ کو ترک نہ کرو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے،،

امام جعفر صادق (علیہ السلام) نے فرمایا:

اما أن الناس لو ترکواحج هذا البیت لنزل بهم العذاب و ما نوظروا۔

(وسائل الشیعة للحر العاملی ج۱۱ص۲۲)

"اگر لوگ حج بیت اللہ کو ترک کریں تو ان پر عذاب نازل ہو گا اور انہیں مہلت بھی نہیں دی جائے گی۔،،

یہ سب اس لئے کہ وجوب حج کی شرائط اگر مکمل ہوں تو صرف سستی اور تغافل کی وجہ سے حج کو ترک کرنا گناہ کبیرہ ہے۔ چنانچہ حدیث میں وارد ہے:

اذا قدرالرجل علی الحج فلم یحج فقد ترك شریعة من شرائع الاسلام۔

(وسائل الشیعة للحرا لعاملی ج۱۱ص۲۸)

"جو شخص قدرت کے باوجود فریضہ حج بجا نہ لائے تو اس نے اسلام کی شریعتوں میں سے ایک شریعت کو ترک کر دیا ہے،،

ایک اور حدیث میں وارد ہے:

من سوّف الحج حتی یموت بعثه الله یوم القیامة یهودیا اور نصرانیا

(من لا یحضره الفقیه محمد بن علی بن الحسین بن بابویه القمی ج۲ص۲۶۶)

"جو شخص حج کو مؤخر کرتا جائے، یہاں تک کہ وہ مر

جائے، اللہ تعالیٰ اسے روز قیامت یہودی اور نصرانی کی شکل

میں محشور فرمائے گا۔،،

مستحسن معلوم ہوتا ہے کہ ہم حج کے درج ذیل احکام کی وضاحت پیش کریں

م۔۱۱۷: جب مسلمان حج کی استطاعت اور قدرت حاصل کر لے تو حج واجب ہو جاتا ہے۔

استطاعت سے درج ذیل چیزیں مراد لی جاتی ہے۔

الف : اتنا وقت میسر آئے کہ انسان مقامات مقدسہ پر جا کر وہاں کے واجب

اعمال کو بجالا سکے۔

ب : اتنی جسمانی صحت اور طاقت رکھتا ہو کہ مقامات مقدسہ جا سکے اور اعمال کی

تکمیل تک وہاں قیام کر سکے۔

ج : اعمال حج بجالانے کا راستہ کھلا اور محفوظ ہو، بایں معنی کہ حاجی کی جان، مال اور

اس کی ناموس کو کوئی خطرہ لاحق نہ ہو۔

د : سفر خرچ یعنی مسلمان کے پاس کھانے پینے، لباس اور دیگر سفر کی ضروریات

موجود ہوں اسی طرح حاجی کی مالی حیثیت کے مطابق نقل و انتقال کے ذرائع

(ہوائی جہاز ٹرین وغیرہ) بھی میسر ہوں۔

ہ : مکلف کی مالی حالت ایسی ہو کہ سفر حج اور حج سے متعلق دیگر اخراجات کے

بعد مکلف اور اس کے بال بچوں کو فقر و ناداری سے دوچار ہونے کا خطرہ نہ ہو۔

م۔۱۱۸: حج تمتع ہم جیسے مکہ مکرمہ سے دور رہنے والوں پر واجب ہوتا ہے۔ حج تمتع دو

عبادتوں سے مرکب ہے۔ پہلی عبادت کو عمرہ اور دوسری کو حج کہا جاتا ہے۔

م۔۱۱۹: عمرہ تمتع میں پانچ اعمال واجب ہیں :

الف : کسی ایک میقات سے احرام باندھنا اور میقات ان مقامات کو کہا جاتا ہے

جنہیں شریعت نے احرام باندھنے کے لئے مخصوص کیا ہے (مختلف

ممالک کے میقات مختلف ہیں)۔

ب : خانہ کعبہ کے گرد سات چکر کی صورت میں طواف۔

ج : نماز طواف۔

د : صفا و مروہ کے درمیان سات چکر کی صورت میں سعی۔

ھ : تقصیر۔

م۔۱۲۰: حج میں واجب اعمال تیرہ ہیں جو ذیل میں ذکر کیے جاتے ہیں :

الف : مکہ مکرمہ سے احرام باندھنا۔

ب : ذی الحجہ کی ۹ تاریخ کو عرفات میں وقوف (ٹھہرنا)۔

ج : مقام مزدلفہ میں شب عید کا کچھ حصہ طلوع آفتاب تک وقوف اختیار کرنا۔

د : عید کے دن مقام منی میں رمی جمرہ عقبہ۔

ھ : مقام منی میں عید کے دن یا ایام تشریق (۱۱، ۱۲، ۱۳ ذی الحج) میں اونٹ یا کسی اور جانور کا ذبح کرنا۔

و : مقام منی میں سر منڈوانا یا کچھ بال کاٹنا، اس عمل کے بعد عورت، خوشبو لگانے اور احتیاط واجب کے طور پر شکار کے علاوہ باقی تمام کام حلال ہو جائیں گے جو احرام کی وجہ سے حرام قرار دیئے گئے تھے۔

ز : واپس مکہ مکرمہ جا کر طواف زیارت کرنا۔

ح : نماز طواف۔

ط : صفا اور مروہ کے درمیان سعی، اس عمل کے بعد خوشبو لگانا بھی حلال ہو جاتا ہے

ی : طواف النساء۔

ک : نماز طواف النساء۔ اس عمل کے بعد عورت بھی حلال ہو جائے گی۔

ل : ذی الحجہ کی ۱۱، ۱۲ اور ۱۳ تاریخ میں رات منی میں گزارنا۔

م : ۱۱، ۱۲ بلکہ بعض اوقات ۱۳ ذی الحجہ تین شیطانوں کو سنگ ریزے مارنا۔

حج سے متعلق چند استفتاءات اور حضرات آیۃ اللہ سیستانی (مدظلہ) کے جوابات :

م۔۱۲۱۔ کیا جدہ شہر سے احرام باندھا جاسکتا ہے اگر جائز نہیں تو مسلمان اپنے فرض پر کیسے عمل کرے گا۔ جبکہ ہوائی جہاز جدہ میں اترتے ہیں؟

جواب : جدہ میقاتوں (جہاں سے احرام باندھا جاتا ہے) میں شمار نہیں ہوتا اور نہ کسی میقات کے روبرو قرار پاتا ہے۔ بنا بریں جدہ سے عمرہ یا حج کے لئے احرام باندھنا صحیح نہیں ہے۔ اگر مکلّف کو اس بات کا یقین ہو کہ جدہ اور حرم کے درمیان ایسی جگہ سے گزر ہوتا ہے جو کسی ایک میقات کے روبرو قرار پاتی ہے۔ تو ایسی صورت میں نذر کر کے جدہ سے احرام باندھا جاسکتا ہے۔ چنانچہ بعید نہیں کہ جدہ مکہ کے درمیان کوئی ایسی جگہ ہو جو جحفہ کے روبرو ہو۔

م۔۱۲۲ : اگر مقام منی میں حلق (سر منڈھانے) کے دوران حاجی کے سر میں زخم آجائے اور اس سے خون نکل آئے تو حاجی کیا کرے اور اس کے ذمے کیا کچھ آئے گا۔

جواب : اگر یہ خون جان بوجھ کر نہیں نکالا گیا تو اس کے ذمے کچھ واجب نہیں۔

م۔۱۲۴ : (اس میں کوئی شک نہیں کہ) ہر سال بیت اللہ کا حج بجا لانا مستحب ہے لیکن متعدد اسلامی ممالک میں کثرت سے ایسے مؤمنین موجود ہیں جو فقیر و نادار اور قوت لایموت اور لباس کے محتاج ہیں اگر دوبارہ حج میں خرچ کرنے یا معصومین (ع) کی زیارت کرنے اور ان نادار مؤمنین پر خرچ کرنے میں سے کسی ایک کو ترجیح دینا پڑے تو کسے مقدم سمجھیں؟

جواب : محتاج اور نادار مؤمنین کی مدد کرنا بذات خود مستحب حج اور عتبات مقدسہ کی

زیارت سے افضل ہے۔ لیکن بعض اوقات حج اور زیارت ایسے امور پر مشتمل ہوتے ہیں جن کی وجہ سے حج، فضیلت میں مومنین کی مدد کرنے کے برابر یا اس سے افضل ہو جاتا ہے۔(۱)

م۔۱۲۳: مقامات عرفات اور منی میں حاجیوں کے قیام کی جگہیں سعودی عرب کی حکومت متعین کرتی ہے اور ہمیں معلوم نہیں کہ یہ جگہیں ان حدود کے اندر ہیں جہاں شرعاً ٹھہرنا واجب ہے یا اس سے باہر۔ کیا ایسی صورت میں تحقیق اور لوگوں سے سوال کرنا ضروری ہے؟

جواب: اگر یہ جگہیں حکومت کی طرف سے اعلان کردہ حدود اور مشاعر مقدسہ کی راہنمائی کے لئے نصب شدہ علامات کے اندر ہیں جو عرصہ دراز سے چلے آرہے ہیں تو ان کے بارے میں جستجو اور تحقیق ضروری نہیں۔

م۔۱۲۴: کہا یہ جاتا ہے کہ منی میں قربانی کی بعض جگہیں یا تمام جگہیں منی کی حدود سے باہر ہیں۔ کیا ہم پر واجب ہے کہ قربانی سے پہلے اس کی تحقیق کریں۔ جب کہ یہ بات عیاں ہے کہ اس دن تحقیق کرنا اور پھر دوسری قربان گاہ کی طرف رخ کرنا اور پھر تحقیق کرنا عید کے دن ایک گراں اور مشقت والا کام ہے اور وقت بھی بہت تنگ ہوتا ہے جیسا کہ آپ بہتر جانتے ہیں۔ کیا آپ اس کا کوئی حل پیش فرمائیں گے؟

جواب: منیٰ کی حدود کے اندر ذبح کو یقینی بنانا لازمی ہے اور اگر یہ کام اس لئے ممکن نہ ہو کہ منیٰ میں تمام حجاج کی کھپت کی گنجائش نہیں ایسی صورت میں وادی محسر میں قربانی ذبح کرنا جائز ہے اور ناگفتہ نہ رہے کہ ذبح کا وقت عید کے دن سے مخصوص نہیں بلکہ ایام تشریق کے آخر تک قربانی کی گنجائش ہوتی ہے۔

م۔۱۲۵: حجاج کرام ایک مشکل اور الجھن سے دوچار ہیں اور یہ نفسیاتی احساس انہیں دامنگیر

---

(۱) مثلاً حج و زیارت کے دوران کسی ایسے سیمینار وغیرہ میں شرکت ہو جس سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے مفادات وابستہ ہوں۔ مترجم

ہے کہ یہ ساری قربانیاں ذبح کے بعد رائیگاں جاتی ہیں جبکہ ہمارے اسلامی ممالک میں کثرت سے ایسے فقیر فقراء پھیلے ہوئے ہیں جنہیں کئی کئی دن تک بھی گوشت نصیب نہیں ہوتا ایسے حالات میں کیا ہمیں یہ حق پہنچتا ہے کہ ہم اپنے ہی ملک میں قربانی دیں یا آپ کوئی شرعی حل تجویز کرتے ہیں جو مکلف کے لئے قابل عمل ہو؟

جواب: مقام منی میں قربانی کو ذبح کرنا حاجی کا شرعی فریضہ ہے جو ضروری ہے۔ قربانیوں کے ضائع کرنے کا اگر کوئی گناہ ہو تو اس کی ذمہ دار وہاں کی انتظامیہ ہے۔

م۔۱۲۶: اگر طالبعلم کی امتحانی تاریخ اور حج کی تاریخ میں تعارض اور ٹکراؤ ہو تو کیا طالبعلم امتحان کی خاطر حج کو آئندہ سال تک مؤخر کر سکتا ہے، خصوصاً جب یہ امتحان طالبعلم کے لئے غیر معمولی اہمیت کا حامل ہو؟

جواب: اگر طالبعلم کو اپنے طور پر وثوق ہو کہ وہ آئندہ سال حج بجالا سکے گا تو اسے مؤخر کر سکتا ہے بصورت دیگر نہیں۔ البتہ اگر امتحان کو مؤخر کرنا شدید اور ناقابل تحمل مشکلات کا باعث ہو تو اس صورت میں اسی سال حج بجا لانا ضروری نہیں۔

م۔۱۲۷: ایک شخص گزشتہ سال حج کی استطاعت رکھتا تھا مگر بجا نہیں لایا۔ کیا یہ شخص رجب میں عمرہ کے اعمال بجالا سکتا ہے اور اگر رمضان میں عمرہ کی استطاعت آجائے تو عمرہ بجالائے گا؟

جواب: اس شخص کا عمرہ مفردہ صحیح ہے لیکن اگر سفر عمرہ کے نتیجے میں آئندہ سال حج کی استطاعت ختم ہوتی ہو تو پھر عمرہ مفردہ جائز نہیں رہتا۔

م۔۱۲۸: اگر ایسے غیر شادی شدہ نوجوان کو حج کی استطاعت حاصل ہو جسے شادی کی فکر لاحق ہے۔ اگر یہ نوجوان سفر حج کے لئے جائے تو ایک عرصے تک شادی کی سنت مؤخر ہو جاتی ہے۔ ایسی صورت میں حج اور شادی میں سے کسے مقدم سمجھے؟

جواب: یہ نوجوان (پہلی فرصت میں) حج بجالائے اور شادی کو مؤخر کرے۔ مگر یہ کہ صبر

کی صورت نا قابل برداشت اور شدید مشکلات کا باعث بنے (اس صورت میں شادی مقدم ہوگی) واللہ العالم۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ساتویں فصل

میت کے معاملات

☆ مقدمہ

☆ بعض احکام میت

☆ اس فصل سے متعلق استفتاءات

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

كل نفس ذائقة الموت و انما توفون أجوركم يوم القيامة فمن زحزح عن النار و ادخل الجنة فقد فاز و ما الحياة الدنيا الا متاع الغرور

(آل عمران: ۱۸۵)

"ہر جان (ایک نہ ایک دن) موت کا مزہ چکھے گی اور تم لوگ قیامت کے دن (اپنے کئے کا) پورا پورا بدلہ بھر پاؤ گے۔ پس جو شخص جہنم سے ہٹایا گیا اور بہشت میں پہنچایا گیا پس وہی کامیاب ہوا اور دنیا کی (چند روزہ) زندگی دھوکے کی ٹٹی کے سوا کچھ نہیں۔

و ما تدری نفس ما ذا تكسب غدا وما تدری نفس بای ارض تموت ان الله عليم خبير

(لقمان: ۳۴)

"اور کوئی شخص (اتنا بھی تو) نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کرے گا اور کوئی شخص یہ بھی نہیں جانتا کہ وہ کس سرزمین پر مرے گا بیشک خدا سب باتوں سے آگاہ اور باخبر ہے۔"

ذیل میں بطور اختصار جان کنی، غسل میت، حنوط، کفن دفن کے بعض

احکام بیان کرتے ہیں۔

م۔۱۲۹ : احتیاط واجب کے طور پر میت کو جان کنی کے وقت رخ بقبلہ کر دینا چاہئے بایں معنی کہ اسے پشت کے بل لٹا دیا جائے اور اس کے پاؤں قبلہ کی طرف دراز کیے جائیں اس طرح سے کہ اگر اسے اٹھا کر بٹھایا جائے تو اس کا منہ رخ بقبلہ ہو۔ اس کے علاوہ مستحب ہے کہ مرنے والے کو کلمہ شہادتین پڑھائے جائیں اور پیغمبر اکرم (ص) کی رسالت اور ائمہ طاہرین (ع) کی امامت کا اقرار لیا جائے۔

م۔۱۳۰ : مستحب ہے کہ اس کی آنکھیں اور منہ بند کیے جائیں، اس کے دونوں ہاتھوں کو پہلو کے ساتھ دراز کیا جائے۔ اس کی دونوں پنڈلیوں کو بھی دراز کیا جائے۔ اس پر کوئی بڑا کپڑا ڈال دیا جائے، اس کے پاس قرآن پڑھا جائے۔ جس گھر میں وہ رہتا تھا اس میں چراغ جلایا جائے اور میت کو تنہا چھوڑنا مکروہ ہے۔

م۔۱۳۱ : میت کے بدن پر لگی ہوئی منی، خون وغیرہ جیسی دوسری نجاسات کے دور کرنے کے بعد اسے تین غسل دیئے جائیں گے۔

پہلا غسل بیری کے پانی کے ساتھ اور وہ اس طرح کہ تھوڑے سے بیری کے پتے پانی میں ڈال دیئے جائیں۔ دوسرا غسل کافور کے پانی کے ساتھ اور وہ بھی اسی طرح کہ تھوڑا سا کافور پانی میں ملا دیا جائے۔ تیسرا غسل خالص پانی سے۔ اگر بیری میسر نہ آئے تو احتیاط واجب کے طور پر اس کی جگہ خالص پانی سے غسل دیا جائے۔ اسی طرح اگر کافور نہ مل سکے تو اس کی جگہ بھی خالص پانی کے ساتھ غسل دیا جائے۔ اس کے بعد خالص پانی کے ساتھ غسل دیا جائے۔ اس صورت میں ان غسلوں کے علاوہ ایک تیمم کا بھی اضافہ کیا جائے۔

م۔۱۳۲ : غسل میت لازمی طور پر ترتیبی ہونا چاہئے۔ بایں معنی کہ پہلے سر و گردن کو دھویا جائے پھر دائیں جانب کو اور پھر بائیں جانب کو دھویا جائے۔

م۔۱۳۳ : میت کو غسل دینے والے کو تذکیر و تانیث کے لحاظ سے میت کا ہم جنس ہونا

واجب ہے۔ مرد، مرد کو اور عورت، عورت کو غسل دے۔ البتہ شوہر اور بیوی ایک دوسرے کو غسل دے سکتے ہیں اور بہتر یہ ہے کہ غسل کپڑوں سمیت دیا جائے۔ اسی طرح احتیاط واجب کے طور پر ہم جنس موجود نہ ہونے کی صورت میں وہ مرد اور عورت بھی ایک دوسرے کو غسل دے سکتے ہیں جن کا نسب، دودھ پینے یا رشتے کی وجہ سے ہمیشہ کے لئے ایک دوسرے سے نکاح حرام ہو۔ جیسے (داماد، بہو اور) بہن بھائی ہیں۔ یہاں بھی بہتر یہ ہے کہ کپڑوں سمیت غسل دیا جائے۔

مرد یا عورت غیر ممیز بچے (جو اچھے اور برے کی تمیز نہ کر سکتا ہو) اور بچی کو غسل دے سکتے ہیں۔

م۔ ۱۳۴: احتیاط واجب کے طور پر غسل دینے والے کو مؤمن ہونا چاہئے۔ پس اگر مرنے والے کا ہم جنس اثنا عشری مسلمان موجود نہ ہو اور جنس مخالف محرم نہ ہو تو غیر اثنا عشری مسلمان غسل دے سکتا ہے اور اگر غیر اثنا عشری مسلمان نہ ہو تو ہم جنس اہل کتاب (یہودی اور نصاری) مسلمان کو غسل دے سکتے ہیں بشرطیکہ پہلے اہل کتاب خود غسل کرے اس کے بعد مسلمان کی میت کو غسل دے اور اگر مسلمان کا ہم جنس اہل کتاب بھی موجود نہ ہو تو میت کو بغیر غسل کے دفنا دیا جائے گا۔

م۔ ۱۳۵: غسل کے بعد میت کو حنوط کرنا واجب ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے سجدے کے سات اعضاء، پیشانی، دونوں ہتھیلیوں، دونوں گھٹنوں اور پاؤں کے دونوں انگوٹھوں پر ایسا پسا ہوا کافور مل دیا جائے جس کی بو موجود ہو۔ بہتر ہے کہ میت کی پیشانی سے حنوط کا آغاز اور دونوں ہتھیلیوں پر اس کا اختتام ہو۔

م۔ ۱۳۶: حنوط کے بعد میت کو تین کپڑوں میں کفن دیا جائے گا جو درج ذیل ہیں:

الف۔ لنگ: احتیاط واجب کے طور پر لنگ ایسی ہو جو ناف سے گھٹنوں تک بدن

کے اطراف کو ڈھانپ لے۔

ب۔ قمیص: احتیاط واجب کے طور پر قمیص ایسی ہو کہ کندھوں سے آدھی پنڈلیوں تک تمام بدن کو ڈھانپ لے۔

ج۔ چادر: واجب ہے کہ چادر پورے بدن کو ڈھانپ سکے اور احتیاط واجب کے طور پر چادر کی لمبائی اتنی ہونی چاہئے کہ میت کے پاؤں اور سر کی طرف سے گرہ دے سکیں اور اس کی چوڑائی اتنی ہونی چاہئے کہ اس کا ایک کنارہ دوسرے کنارے پر آسکے۔

م۔۱۳۷: اگر میت کی عمر چھ سال یا اس سے زیادہ ہو تو اس پر نماز پڑھنا واجب ہے۔ احتیاط واجب یہ ہے کہ جو بچہ نماز کو سمجھ سکتا ہو اس پر نماز پڑھی جائے۔ اگرچہ اس کی عمر چھ سال سے کم ہو۔

م۔۱۳۸: نماز میت کا طریقہ: نماز گزار میت پر پانچ تکبیریں کہے اور بہتر یہ ہے کہ سب سے پہلے نماز گزار پہلی تکبیر کہے اس کے بعد شہادتین پڑھے۔ پھر دوسری تکبیر کہے اور محمد و آل محمد (ع) پر درود بھیجے۔ اس کے بعد تیسری تکبیر کہے اور مؤمنین و مؤمنات کے لئے دعا کرے پھر چوتھی تکبیر کہے اور میت کے لئے دعا کرے۔ پھر پانچویں تکبیر کہے اور نماز کو ختم کرے۔

م۔۱۳۹: مسلمان کی میت پر نماز پڑھنے کے بعد اسے دفن کرنا واجب ہے۔ یعنی اسے زیر زمین قبر میں اس طرح دفن کیا جائے کہ وہ درندہ حیوانات سے محفوظ رہے اور اس کی بو نہ پھیلنے پائے اور لوگوں کو اس سے اذیت نہ ہو اور اس کو قبر میں اس طرح رکھا جائے کہ اسے دائیں پہلو کے بل رخ بہ قبلہ لٹایا جائے۔

م۔۱۴۰: کافروں کے قبرستان میں مسلمان میت کو دفن کرنا جائز نہیں ہے مگر یہ کہ قبرستان کا ایک حصہ مسلمانوں کے لئے مخصوص ہو۔ اسی طرح مسلمانوں کے قبرستان میں کافر کو دفن کرنا بھی جائز نہیں۔

م۔۱۴۱: اگر مسلمانوں کے قبرستان میں مسلمان میت کے دفن کے لئے جگہ نہ مل سکے اور اسے کسی مسلمان ملک منتقل کرنا بھی ممکن نہ ہو جہاں اسے دفنایا جائے تو ایسی صورت میں مسلمان میت کو کافروں کے قبرستان میں دفن کیا جاسکتا ہے۔

م۔۱۴۲: پیغمبر اسلام (ص) سے مروی ہے:

لایاتی علی المیت اشد من اول لیلة، فارحموا موتاکم بالصدقة فإن لم تجدوا، فلیصل أحدکم رکعتین له یقرأ فی الأولی بعد الحمد آیة الکرسی وفی الثانیة بعد الحمد سورة القدر عشر مرات، فیقول بعد السلام: الهم صل علی محمد و آل محمد وا بعث ثوابها الی قبر فلان و یسمی المیت.

(المسائل المنتخبه للسید سیستانی ص ۶۳)

"میت پر قبر کی پہلی رات سے زیادہ سخت اور دشوار گزار وقت نہیں گزر سکتا۔ اپنے مرحومین پر رحم کرو اور ان کے نام پر صدقہ دیا کرو۔ اگر ایسا نہ کر سکو تو (میت کے ایصال ثواب کے لئے) دو رکعت نماز پڑھو جس کی پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ انا انزلناہ پڑھیں اور سلام پھیرنے کے بعد یہ دعا پڑھیں: الهم صل علی محمد وآل محمد وابعث ثوابها الی قبر فلان اور فلان کی جگہ میت کا نام لے۔"

میت سے متعلق مخصوص استفتاءات اور ان کے جوابات:

م۔۱۴۳: بعض غیر اسلامی ممالک میں میت کو لکڑی کے بکس میں رکھ کر اسے زیر زمین دفنا

دیا جاتا ہے ایسی صورت میں ہمارا کیا فرض ہے ؟

جواب : میت کو زیر زمین دفن کرتے وقت لکڑی کے بکس میں رکھنے میں کوئی حرج نہیں۔ البتہ اس دوران دفن کی شرائط کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ ان شرائط میں سے ایک یہ ہے کہ اسے دائیں پہلو کے بل قبلہ رخ رکھا جائے۔

م۔۱۴۴ : اگر کسی غیر اسلامی ملک میں مسلمان کا انتقال ہو جائے جس میں مسلمانوں کا کوئی قبرستان نہ ہو اور اسے کسی اسلامی ملک لے جا کر دفنانا ممکن ہو لیکن خرچ بہت آتا ہو تو کیا ایسی صورت میں مسلمان میت کو کافروں کے قبرستان میں دفن کرنا جائز ہو گا؟

جواب : اس صورت میں مسلمان کو کافروں کے قبرستان میں دفن نہیں کیا جاسکتا۔

م۔۱۴۵ : اگر کسی مسلمان مکلف کا ایسے غیر اسلامی ملک میں انتقال ہو جائے جہاں مسلمانوں سے مخصوص کوئی قبرستان نہیں اور مرنے والے کے پسماندگان ناداری اور تنگدستی کی وجہ سے اسے کسی اسلامی ملک میں منتقل بھی نہ کر سکیں، کیا ایسی صورت میں مسلمانوں کو درپیش معاملات اور مسائل کے حل کے ذمہ دار اسلامی مراکز اور سنٹرز پر یہ واجب ہے کہ وہ مسلمان میت کے نقل و انتقال کے اخراجات برداشت کریں؟ اور اس شہر کے مسلمانوں پر واجب ہے کہ اسے اسلامی ملک میں منتقل کریں؟

جواب : اگر مسلمان میت کو کافروں کے قبرستان کے علاوہ کسی اور شایان شان جگہ دفن کرنے کے لئے مالی اخراجات درکار ہوں اور مرنے والے کا ترکہ اتنا نہ ہو جس سے یہ ضرورت پوری ہو سکے اور اس کا ولی ادائیگی کی استطاعت نہ رکھتا ہو تو بطور واجب کفائی مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ ان اخراجات کو برداشت کریں اور مال امام، زکوۃ اور دیگر وجوہ شرعیہ بھی اس مد میں خرچ ہو سکتے ہیں۔

م۔۱۴۶ : اگر دیار غیر میں مرنے والے مسلمان کا کوئی وارث نہ ہو تو اس کی تجہیز و تکفین کے فرائض کو کون انجام دے گا؟

جواب: اگر ولی سے رابطہ کر کے اس سے اجازت لینا ممکن نہ ہو تو اس سے اجازت لینا واجب نہیں ہے اور وہاں پر موجود مکلفین پر واجب کفائی ہے کہ کفن دفن کے فرائض ادا کریں۔

م ۱۴۷: اگر اس شہر میں مسلمانوں کا قبرستان نہ ہو جس میں مسلمان کا انتقال ہوا ہے تو اسے مسلمان ملک منتقل کر کے دفنانے کے اخراجات کون برداشت کرے گا؟ کیا ترکہ کو وارثوں میں تقسیم کرنے سے پہلے اس میں سے تجہیز و تکفین کے اخراجات منہا کئے جائیں گے یا ترکہ کے تیسرے حصے سے نکالے جائیں گے اگر تیسرا حصہ موجود ہو یا کیا کسی اور مد سے اخراجات پورے کئے جائیں گے؟

جواب: جب تک مرنے والا یہ وصیت نہ کرے کہ تجہیز و تکفین کے اخراجات ترکہ کے تیسرے حصے سے نکالے جائیں، انہیں اصل ترکہ میں سے نکالا جائے گا (باقی ماندہ کو وارثوں میں تقسیم کیا جائے گا) اور اگر وصیت کی ہو تو تیسرے حصے میں سے نکالے جائیں گے۔

م۔۱۴۸: (آج کل) غیر مسلم ممالک میں مسلمانوں کی آبادی اور ان کی نسل روز بروز بڑھتی جا رہی ہے۔ ان حالات کے پیش نظر اگر ہمیں یہ یقین ہو کہ ایک نہ ایک دن کوئی نہ کوئی مسلمان کافروں کے قبرستان میں دفن ہو گا۔ کیونکہ سب مسلمان تو اپنے مرحومین کی میتوں کو دفنانے کے لئے اپنے ملک بھیجنے کی استطاعت نہیں رکھتے اور کچھ لوگ ویسے بھی تسامح اور تساہل سے کام لیتے ہیں۔ ان حالات میں کیا صاحب حیثیت مسلمانوں پر واجب ہے کہ مسلمانوں کے لئے قبرستان کی جگہ خرید کر دیں؟

جواب: مسلمان میت کو کافروں کے قبرستان کے علاوہ اس کی حیثیت کے مطابق کسی جگہ دفنانا اور اسی طرح کے دیگر مراسم ولی پر واجب ہوتے ہیں۔ اگر مرنے والے کا کوئی وارث نہ ہو یا وہ اس فریضے کو انجام دینے سے انکار کرے یا اسے بجالانے

سے عاجز ہو تو تمام مسلمانوں پر یہ عمل واجب کفائی ہو گا اور اگر پہلے سے زمین کا کوئی ٹکڑا خریدے بغیر اس واجب کفائی پر عمل کرنا ممکن نہ ہو تو اس زمین کے حصول کی کوشش کرنا واجب ہے۔

م۔۱۴۹: مسلمان کی میت کو غیر اسلامی ملک (جہاں وہ فوت ہوا ہے) کے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا بہتر ہے یا اس کو کسی اسلامی ملک منتقل کرنا بہتر ہے؟ جس کے لئے کافی اخراجات برداشت کرنا پڑتے ہیں۔

جواب: بہتر یہ ہے کہ اگر وارث ہوں یا اگر کوئی اور شخص رضاکارانہ طور بھیجے یا ترکہ کا تیسرا حصہ جسے کار خیر میں خرچ کرنے کی وصیت کی ہو اور وہ کافی ہو تو مسلمان کی میت کو عتبات مقدسہ (جہاں کوئی امامِ معصوم دفن ہو) یا دیگر مستحب مقامات پر لے جا کر دفن کرے، واللہ العالم۔

م۔۱۵۰: اگر مسلمان کی میت کو اسلامی ملک منتقل کرنے کا خرچ زیادہ آتا ہو تو کیا مسلمانوں کے علاوہ دیگر آسمانی ادیان کے پیروکاروں کے قبرستان میں دفن کرنا جائز ہے؟

جواب: مسلمان کی میت کو کافروں کے قبرستان میں دفن کرنا جائز نہیں مگر یہ کہ مسلمان میت کا دفن کرنا غیر مسلم کے قبرستان میں منحصر ہو اور مسلمانوں کی مجبوری کی وجہ سے ان پر فرض نہ رہے۔

☆☆☆☆☆

باب دوم

معاملات کی فقہ

فقہی معاملات سے مخصوص باب گیارہ ابواب پر مشتمل ہے

پہلی فصل : کھانے اور پینے کی اشیاء اور اس کے بعض احکام اور اس سے مخصوص استفتاءات

دوسری فصل : لباس، اس کے بعض احکام اور اس سے مخصوص استفتاءات

تیسری فصل : مہاجرین جن ممالک میں رہ رہے ہیں ان کے قوانین کی پاسداری

چوتھی فصل : کام اور راس المال کی گردش اور اس سے مخصوص بعض احکام اور استفتاءات

پانچویں فصل : اجتماعی تعلقات، اس کے بعض احکام اور اس سے مخصوص استفتاءات

چھٹی فصل : طبی معاملات، اس کے بعض احکام اور اس سے مخصوص استفتاءات

ساتویں فصل : شادی، اس کے بعض احکام اور اس سے مخصوص استفتاءات

آٹھویں فصل : عورتوں کے مسائل ، اس کے بعض احکام اور اس سے مخصوص استفتاءات

نویں فصل : جوانوں کے معاملات اور اس سے مخصوص استفتاءات

دسویں فصل : موسیقی کے احکام، گانا گانا اور رقص کرنا اور اس سے مخصوص استفتاءات

گیارھویں فصل : یہ باب ایسے احکام اور استفتاءات پر مشتمل ہے جو کسی خاص باب سے مخصوص نہیں

پہلی فصل

کھانے پینے کی اشیاء

- ☆ مقدمہ
- ☆ کھانے پینے کی اشیاء سے مخصوص استفتاءات
- ☆ اس فصل سے مخصوص استفتاءات

عام طور پر مسلمانوں کی نشو ونما اپنے ملک، اپنی بستی، اپنے گھر اور اپنے خاندان کے اندر ہوتی ہے۔ مأکولات اور مشروبات کی ایسی قسمیں استعال کرتے ہیں جن سے وہ مانوس ہوتے ہیں اور وہ ان کو پسند کرتے ہیں اور وہ چیزیں انہیں راس بھی آتی ہیں (ان کے لئے نقصان دہ نہیں ہوتیں) اس کے علاوہ مسلمانوں کو یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ کھانے پینے کی اشیاء کن چیزوں سے بنی ہیں انہیں یقین ہوتا ہے کہ ان مأکولات میں ایسی چیزیں شامل نہیں جن کو استعمال کرنے کی دین اور عقیدہ اجازت نہیں دیتے اور اسلامی اقدار اور ان کی روایات ان چیزوں سے دور ہیں۔ لیکن جب مغربی ممالک کی طرف ہجرت ان کا مقدر بن جاتی ہے اور انہیں غیر اسلامی معاشرے میں زندگی گزارنا پڑتی ہے تو کھانے پینے کے معاملات میں مشکلات سے دوچار ہوتے ہیں۔ انہیں ایسا کھانا میسر نہیں ہوتا جن سے وہ مانوس ہوتے ہیں وہ انہیں پسند کرتے ہوں اور اسے حلال بھی جانتے ہوں، اس کے اجزائے ترکیبی وہ نہیں ہوتے جس کا انہیں علم ہو، ان کی طبیعت سے سازگار ہوں اور وہ اس کے عادی ہوں۔ کیونکہ یہ جدید معاشرہ غیر اسلامی معاشرہ ہوتا ہے جس کے مخصوص اقدار و نظریات ہوتے ہیں اور وہ اپنے کھانے پینے میں شریعت اسلام کی حدود اور احکام کے پابند نہیں ہوتے اور جب کوئی مسلمان کسی ہوٹل سے کچھ کھانا چاہے تو اس کھانے کے حلال و حرام، جائز اور ناجائز ہونے اور نجس یا پاک ہونے اور اس قسم کے دیگر مسائل اور استفسار پیش آتے ہیں۔ ہم ذیل میں کھانے پینے سے متعلق چند احکام بیان کرتے ہیں جن سے مسلمان کا آگاہ ہونا ضروری ہے اور ان احکام کے بعد ان سے مخصوص استفتاءات بیان کئے جائیں گے۔

م۔ ۱۵۲: چونکہ یہود و نصاری اور مجوس جیسے آسمانی کتابوں اور ادیان کے پیرو کار پاک ہیں

اس لئے ان کے اندر رہتے ہوئے کھانے پینے سے متعلق بہت سی مشکلات کا حل آسان نظر آتا ہے۔ اس لئے کہ مسلمان کی حیثیت سے ہم ان کا کھانا کھا سکتے ہیں چاہے انہوں نے کھانے کو تر ہاتھ لگایا ہو یا نہ لگایا ہو بشر طیکہ ہمیں اس بات کا یقین اور اطمینان ہو کہ اس کھانے میں شراب اور اس جیسی دیگر چیزیں شامل نہیں جن کا کھانا حرام ہے۔ البتہ گوشت چربی اور ان سے بنی ہوئی چیزوں کے مخصوص احکام ہیں جو بعد میں بیان کئے جائیں گے۔

م۔۱۵۱: مسلمان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ اہل کتاب کے علاوہ دوسرے کافروں کے ہاتھ سے بنا ہوا کھانا کھالے بشر طیکہ مسلمان کو اس بات کا یقین اور اطمینان نہ ہو کہ کافر نے اسے تر ہاتھ لگایا ہے اور اس بات کا بھی یقین اور اطمینان نہ ہو کہ اس کھانے میں ایسے اجزاء شامل ہیں جن کا کھانا حرام ہے جیسے شراب وغیرہ۔ البتہ گوشت چربی اور ان سے بنی ہوئی چیزوں کے مخصوص احکام ہیں جو بعد میں بیان کئے جائیں گے۔

م۔۱۵۲: مسلمان ہر وہ کھانا کھا سکتا ہے جسے تیار کرنے والے نے کھانے کے لئے بنایا ہو اگرچہ مسلمان اس کھانا بنانے والے کے عقیدے دین اور نظریہ کے بارے میں کچھ نہ جانتا ہو۔ چاہے اس بنانے والے نے کھانے کو تر ہاتھ لگایا ہو یا نہ لگایا ہو۔ بشر طیکہ مسلمان کو اس بات کا یقین اور اطمینان نہ ہو کہ اس میں ایسی چیزیں شامل ہیں جن کا کھانا حرام ہے۔ جیسے شراب وغیرہ۔ البتہ گوشت، چربی اور ان سے بنی ہوئی چیزوں کے مخصوص احکام ہیں جو بعد میں بیان کئے جائیں گے۔

م۔۱۵۳ مسلمان پر یہ واجب نہیں کہ وہ کھانا بنانے والے سے اس کے ایمان اور کفر کے بارے میں دریافت کرے اور یہ کہ اس نے کھانے کو اپنا تر ہاتھ لگایا ہے یا نہیں لگایا ہے اگرچہ یہ سوال آسان اور کھانا بنانے والے کے لئے معمول کی بات ہو۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ مسلمان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ گوشت، چربی اور ان سے بنی

ہوئی چیزوں کے علاوہ باقی تمام چیزوں کو کھالے۔ اگر چہ مسلمان کو اس بات کا گمان ہو کہ اس کے اجزاء ترکیبی میں ایسی چیزیں شامل ہیں جن کا کھانا حرام ہے یا اس بات کا گمان ہو کہ اس کے بنانے والے نے خواہ وہ کوئی بھی ہو اس کو ترہاتھ لگایا ہوگا۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

م۔۱۵۴: اسی طرح مسلمان پر واجب نہیں ہے کہ ان کھانے کی چیزوں کے اجزائے ترکیبی کے بارے میں تحقیق کرے تا کہ اس بات کا یقین حاصل کر لے کہ یہ حرام اجزاء سے خالی ہیں نیز کھانا بنانے والے سے یہ پوچھنا بھی واجب نہیں کہ اس نے کھانا تیار کرتے وقت یا اس کے بعد اسے ترہاتھ لگایا ہے۔

م۔۱۵۵: مسلمان حضرات کے لئے گوشت، چربی اور ان سے بنی ہوئی چیزوں کے علاوہ بند ڈبوں میں محفوظ تمام قسم کے کھانوں کا استعمال کرنا جائز ہے اگر چہ انہیں ان کھانوں کے اجزاء میں ایسی چیزوں کے شامل ہونے کا گمان ہو جنہیں کھانا جائز نہیں ہے یا اس بات کا گمان ہے کہ ان کے بنانے والے نے چاہے وہ کوئی بھی ہو ترہاتھ لگایا ہوگا اور اس کے اجزاء کے بارے میں تحقیق کر کے یہ یقین حاصل کرنا بھی واجب نہیں کہ ان کا کھانا جائز ہے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

م۔۱۵۶: مسلمان ہر اس شخص سے حلال گوشت کی تمام قسمیں خرید سکتا ہے جو مسلمان ہو اور مسلمانوں کے ہاتھ فروخت کر رہا ہو پس اس گوشت کے حلال ہونے کا حکم لگایا جائے گا اگر چہ اس (گوشت بیچنے والے) کے مذہب میں ذبح کی شرائط ہماری شرائط سے مختلف ہوں۔ بشرطیکہ یہ احتمال موجود ہو کہ حیوان کو ہمارے مذہب کے مطابق ذبح کیا گیا ہوگا۔ یہ قبلہ رخ ہونے کے علاوہ دیگر شرائط کا حکم ہے اور جہاں تک قبلہ رخ ہونے کا تعلق ہے، اگر ذبح کرنے والے کے نزدیک قبلہ

رخ ہونا ضروری نہ ہو تو قبلہ رخ کا خیال نہ رکھنے میں کوئی حرج نہیں (ذبیحہ کھایا جاسکتا ہے۔)

م۔۱۵۷: اگر مسلمان کو اس بات کا یقین ہو کہ یہ گوشت کسی حلال گوشت مثلاً گائے، بھیڑ، بکری یا اس جیسے حیوان کا ہے لیکن اسے اسلامی شریعت کے قوانین کے مطابق ذبح نہیں کیا گیا ہے تو یہ مردار شمار ہوگا اور مسلمانوں کے لئے اس کا کھانا جائز نہیں اگرچہ اس کا بیچنے والا مسلمان ہو نیز یہ گوشت نجس ہوگا اور جو چیز رطوبت کے ساتھ اس کو لگے وہ بھی نجس ہو جائے گی۔

م۔۱۵۸: جو گوشت مسلمان کسی کافر سے خریدے یا (ویسے ہی) کسی کافر کے ہاتھ سے وصول کرے یا ایسے مسلمان کے ہاتھ سے وصول کرے جس نے کسی کافر کے ہاتھ سے لیا ہو اور اس کے ذبح کے بارے میں تحقیق نہ کی ہو تو وہ بھی حرام ہے۔ لیکن اگر مسلمان کو اس کے شرعی طریقے سے ذبح نہ ہونے کا یقین نہ ہو تو اس پر نجاست کا حکم نہیں لگایا جائے گا، اگرچہ اس کا کھانا حرام ہے۔

م۔۱۵۹: مچھلی کی تمام اقسام کا کھانا اس صورت میں جائز ہے جب ان میں دو شرائط موجود ہوں۔ پہلی شرط یہ ہے کہ مچھلی کا چھلکا ہو۔ دوسری شرط یہ ہے کہ مسلمانوں کو اس بات کا یقین یا اطمینان ہو کہ مچھلی پانی سے زندہ نکالی گئی ہے یا جال کے اندر ہی مر گئی ہے۔ البتہ اس میں یہ شرط نہیں ہے کہ مچھلی کا شکار کرنے والا مسلمان ہو اور یہ بھی شرط نہیں کہ اس کو نکالتے وقت بسم اللہ پڑھی گئی ہو یا اللہ کا نام لیا گیا ہو۔

بنابر ایں اگر کافر مچھلی کا شکار کرے اور اسے پانی سے زندہ نکال لے یا شکار کے جال یا اس کے گڑھے میں مر جائے اور اس کا چھلکا ہو تو حلال ہے۔ اگر مچھلی مسلمان کے سامنے موجود ہو تو اس کا مشاہدہ کر کے پہلی شرط کے بارے میں تسلی حاصل ہو سکتی ہے یا جب اس پر نام کی مہر لگی ہوئی ہو اور اس تحریر کے صحیح اور اصلی ہونے

کا اطمینان ہو۔

(اس کتاب کے آخر میں چھلکے والی مچھلیوں کے ناموں پر مشتمل خاص ضمیمہ ملاحظہ فرمائیں جس میں چھلکے والی مچھلیوں کے عربی، انگریزی اور فرانسیسی زبان میں نام دیئے گئے ہیں اور لاطینی زبان میں اس کا سائنسی نام بھی دیا گیا ہے ۔)

دوسری شرط بھی تمام ممالک میں محقق ہے جیسا کہ نقل کیا جاتا ہے کیونکہ بین الاقوامی طور پر مچھلی کے شکار کا قابل اعتبار طریقہ یہی ہے کہ مچھلی پانی سے زندہ ہی نکلتی ہے یا جال میں مرتی ہے۔

بنابر ایں جس طرح مچھلی کو مسلمان سے لے کر کھانا جائز ہے اسی طرح مچھلی کافر سے لے کر بھی کھانا جائز ہے چاہے یہ مچھلی پیکٹوں میں بند اور محفوظ Tin کی صورت میں ہو یا دوسری صورت میں، بشرطیکہ مچھلی چھلکے والی ہو۔

(اس فصل سے متعلق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

م۔۱۶۰: جھینگا اگر پانی سے زندہ نکالا جائے تو اس کا کھانا حلال ہے۔ البتہ مینڈک، کیکڑا، کچھوا اور اس قسم کے دیگر حیوانات جو خشکی اور پانی میں رہتے ہیں نیز وھیل مچھلی اور گھونگا کا کھانا جائز نہیں ہے۔

(اس فصل سے متعلق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

م۔۱۶۱: مچھلی کے انڈے خود مچھلی کے تابع ہوں گے یعنی حلال مچھلی کے انڈے حلال اور حرام مچھلی کے انڈے حرام ہوں گے۔

م۔۱۶۲: شراب بیئر (Beer) اور ہر وہ چیز جو مکمل یا جزوی طور پر نشہ آور ہو، ٹھوس ہو یا مائع یہ سب حرام ہیں۔ اللہ تعالی اپنے کلام میں فرماتا ہے :

يا ايها الذين آمنوا انما الخمر و الميسر و الانصاب والازلام رجس من عمل الشيطان فاجتنبوه لعلكم تفلحون انما يريد الشيطن ان

يوقع بينكم العداوة والبغضاء فى الخمر والميسر ويصدكم عن ذكر الله وعن الصلوة فهل انتم منتهون۔

(المائدۃ: ۹۱_۹۰)

"اے ایمان لانے والو شراب اور جوا اور بت اور پانسے تو بس ناپاک (برے) شیطانی کام ہیں تو تم لوگ اس سے بچے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ شیطان کی تو بس یہی تمنا ہے کہ شراب اور جوے کی بدولت تم میں باہم عداوت اور دشمنی ڈلوا دے اور تمہیں خدا کی یاد اور نماز سے باز رکھے تو کیا تم باز آنے والے ہو۔"

پیغمبر اکرم (ص) نے فرمایا:

من شرب الخمر بعد ما حرمها الله على لسانى فليس باهل ان يزوج اذا خطب، و لا يشفع اذا شفع، ولا يصدق اذا حدث، ولايؤتمن على امانة۔

(فروع کافی ج۶ ص۳۹۶)

"جو شخص خدا کی طرف سے میری زبانی شراب کو حرام قرار دینے کے بعد اسے پی لے وہ اس قابل نہیں کہ اگر وہ خواستگاری کرے تو اسے رشتہ دیا جائے۔ اگر کسی کے لئے واسطہ بنے تو اس کی سفارش قبول کی جائے اور اگر وہ بات کرے تو اس کی تصدیق کی جائے اور نہ اس قابل ہے کہ اسے کوئی امانت سونپی جائے۔"

ایک روایت میں ہے:

لعن الله الخمر وغارسها وعاصرها و شاربها و
ساقيها و بايعها ومشتريها و أكل ثمنها وحاملها
والمحمولة اليه.
(من لا يحضره الفقيه محمد بن على بن الحسين بن
بابويه القمی ج۴ ص ۴)
" شراب اور اس کے لئے انگور کا پودا لگانے والے، انگور
کا پانی نکالنے والے، پلانے والے، اس کے بیچنے والے، اس
کے خریدار، اس کی قیمت کھانے والے، اس کو اٹھانے
والے اور جس کی طرف اٹھا کر لے جائی جارہی ہو، خدا ان
سب پر لعنت کرے۔،،

اس طرح کی اور بھی بہت ساری احادیث ہیں جو حدیث اور فقہ کی کتابوں میں
مذکور ہیں۔

(ملاحظہ فرمائیں فروع الکافی محمد بن یعقوب کلینی ج۶ ص ۳۹۶)

م۔ ۱۶۳: جس دستر خوان پر شراب، کوئی اور نشہ آور چیز پی جارہی ہو اس پر کھانا (پینا) حرام
ہے اور احتیاط واجب کے طور پر اس دستر خوان پر بیٹھنا بھی حرام ہے۔
(اس فصل سے متعلق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

م۔ ۱۶۴: مسلمان کو (شرعی طور پر) ان مقامات پر جانے کا حق پہنچتا ہے جہاں کھانے کے
ساتھ شراب پیش کی جاتی ہے بشر طیکہ وہاں جانے سے ان ہوٹلوں کے اس عمل
(شراب فروشی) کی ترویج نہ ہوتی ہو۔ لیکن (اس بات کا خیال رکھے کہ) اس
دستر خوان پر کھانا نہ کھائے جس پر شراب پی جاتی ہے اور احتیاط واجب کے طور
پر اس دستر خوان پر بیٹھنے سے بھی گریز کرے۔ البتہ اس دستر خوان پر بیٹھنے میں
کوئی حرج نہیں جس کے ساتھ والے دستر خوان پر شراب پی جارہی ہو۔

م۔۱۶۵: طہارت اور نجاست سے مخصوص فصل میں بتایا گیا ہے کہ الکحل کی تمام قسمیں چاہے ان کو لکڑی سے بنایا گیا ہو یا کسی اور چیز سے، پاک ہیں اور نتیجے کے طور پر وہ کھانا بھی حلال ہوگا جس کے اجزا میں الکحل شامل ہو اور مائعات بھی پاک ہیں جن میں الکحل حل کیا گیا ہو۔

(اس فصل سے متعلق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

م۔۱۶۶: بعض ماہی پروری کے ماہرین کا کہنا ہے کہ اکثر چھلکے سے خالی مچھلیوں کی خوراک سمندر کی فاضل چیزیں ہیں۔ گویا مچھلیاں سمندر کو میل کچیل، گندگی اور آلودگی سے صاف کرتی ہیں۔

م۔۱۶۷: بعض محققین اور ماہرین کا کہنا ہے کہ ذبح کے ذریعے حیوان کے بدن سے خون نکلنے کے نتیجے میں ذبیحہ کا گوشت اس حیوان کے گوشت کے مقابلے میں زیادہ صحت افزا ہوتا ہے جس کو شرعی طریقہ سے ذبح نہ کیا گیا ہو۔ ان تحقیقات کے بعد اس بات پر تعجب نہیں رہتا کہ بعض غیر مسلم حفظانِ صحت کی خاطر ایسی جگہوں سے گوشت خریدتے ہیں جہاں شرعی طریقے سے حلال گوشت جانور ذبح ہوتے ہیں۔

م۔۱۶۸: ہر اس چیز کا استعمال حرام ہے جو انسان کے لئے غیر معمولی ضرر کا باعث ہو جیسے زہر قاتل ہے۔ اسی طرح حاملہ خاتون کے لئے اس چیز کو پینا حرام ہے جو سقط حمل کا باعث بنے۔ اس کے علاوہ ہر اس چیز کا استعمال حرام ہے جس سے ضرر کا یقین، ظن یا احتمال ہو بشرطیکہ یہ احتمال عقلاء کے نزدیک کسی شمار میں آتا ہو اور یہ ضرر اتنا غیر معمولی ہو جو موت یا کسی عضو کے ناقص ہونے کا باعث ہو۔

م۔۱۶۹: دستر خواں کے بہت سے آداب ہیں۔ ان میں کھانا شروع کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا، دائیں ہاتھ سے کھانا کھانا، چھوٹے نوالے لینا، دستر خوان پر دیر تک بیٹھنا، اچھی طرح چبانا، کھانے کے بعد اللہ کی حمد و ثنا بیان کرنا، پھل کو کھانے سے پہلے دھونا، سیر ہونے کے بعد نہ کھانا، پیٹ بھر کر نہ کھانا، کھاتے وقت

لوگوں کے چہروں کی طرف نہ دیکھنا، اگر اجتماعی طور پر کھایا جارہا ہو تو دوسروں کے سامنے سے کھانا نہ اٹھانا، نمک سے کھانے کی ابتداء کرنا اور اسی پر اختتام کرنا۔

مأکولات اور مشروبات سے مخصوص استفتاءات اور ان کے جوابات:

م۔۱۷۰: بعض غیر مسلم کمپنیوں کی طرف سے مسلم ممالک میں در آمد کئے جانے والے گوشت پر لکھا ہوا ہوتا ہے: "اسلامی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے،، کیا ہم یہ گوشت کھا سکتے ہیں؟
اس طرح اگر یہ گوشت کسی غیر اسلامی مملکت کی اسلامی کمپنی بر آمد کرے تو اس کا کیا حکم ہوگا؟ یا کسی نامعلوم ملک کی نامعلوم کمپنی بر آمد کرے تو اس کا کیا حکم ہوگا؟

جواب: گوشت کے اوپر موجود تحریر کی کوئی شرعی حیثیت نہیں۔ بنابرایں اگر گوشت کسی مسلمان کی طرف سے بر آمد ہو یا ایسے شہر سے بر آمد ہو جس میں مسلمانوں کی اکثریت ہے اور اس بات کا یقین نہ ہو کہ اس گوشت کو بر آمد کرنے والا غیر مسلم ہے تو اس کا کھانا جائز ہے۔ لیکن اگر بر آمد کرنے والا غیر مسلم ہو یا ایسے شہر سے بر آمد ہوتا ہو جس میں مسلمانوں کی اکثریت نہیں اور یہ یقین نہ ہو کہ اس کا بر آمد کرنے والا مسلمان ہے تو اس کا کھانا جائز نہیں۔

م۔۱۷۱: ہم یورپ کے بعض بڑے بڑے بازاروں میں داخل ہوتے ہیں جہاں پیکٹوں میں بند گوشت موجود ہوتا ہے۔ جسے یورپی کمپنیاں بر آمد کرتی ہیں اور ان پیکٹوں پر لکھا ہوا ہوتا ہے "حلال ہے،، یا "شرعی طریقہ سے ذبح کیا گیا ہے،،۔ کیا ایسے گوشت کا خریدنا اور کھانا جائز ہے؟

جواب: جب تک اطمینان نہ ہو اس قسم کی تحریروں کا کوئی فائدہ نہیں۔

م۔۱۷۲: بعض کمپنیاں وافر مقدار میں مرغیوں کو مشین کے ذریعے ایک ہی دفعہ ذبح کرتی ہیں۔ اگر اس مشین کا آپریٹر مسلمان ہو اور ذبح کرتے وقت سب کے لئے ایک

ہی تکبیر اور بسم اللہ پڑھتا ہو کیا ان مرغیوں کا کھانا جائز ہے ؟ اور اگر ہمیں ان کے حلال ہونے کا شک ہو تو انہیں پاک سمجھ کر کھا سکتے ہیں ؟

جواب : اگر آپریٹر جب تک ذبح کر رہا ہے بسم اللہ کو دھراتا جائے تو یہی کافی اور ان کا کھانا جائز ہو گا اور اگر بسم اللہ کا پڑھا جانا مشکوک ہونے کی وجہ سے ان کے حلال ہونے میں شک ہو تو ان کو پاک سمجھا جائے گا اور ان کو کھانا جائز ہو گا۔

م۔ ۱۷۳ : کیا سپر مارکیٹ کے مالک مسلمان شراب فروش سے اس بنا پر گوشت خریدنا جائز ہو گا کہ اسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہو گا ؟

جواب : جی ہاں ! اس گوشت کا خریدنا جائز اور اس کا کھانا حلال ہے۔ اگرچہ یہ گوشت مسلمان سے پہلے غیر مسلم کے قبضے میں ہو بشرطیکہ یہ احتمال موجود ہو کہ گوشت بیچنے والے کے نزدیک یہ بات ثابت ہے کہ اسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے بصورت دیگر جائز نہیں ہو گا۔

م۔ ۱۷۴ : غیر اسلامی ممالک میں تیار کی ہوئی بعض پنیر، بچھڑے یا کسی اور حیوان کے رنین (Renin) پر مشتمل ہوتی ہے اور ہمیں نہیں معلوم کہ اس رنین کو کسی ایسے حیوان سے لیا گیا ہے جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے یا نہیں اور یہ کہ اس کا کسی اور چیز میں استحالہ ہوا ہے کہ نہیں کیا اس پنیر کا کھانا جائز ہے ؟

جواب : اس لحاظ سے اس پنیر میں کوئی اشکال نہیں۔ اس کا کھانا جائز ہے۔ واللہ العالم۔

م۔ ۱۷۵ : مغربی ممالک میں Gelatine کو بنایا جاتا ہے اور اسے بعض ماکولات اور مشروبات میں شامل کیا جاتا ہے کیا ہم ان ماکولات اور مشروبات کو استعمال کر سکتے ہیں ؟ جبکہ ہمیں معلوم نہیں کہ ان Gelatine کو نباتات سے بنایا گیا ہے یا حیوانات سے اور اگر حیوان سے بنایا گیا ہے تو اس کی ہڈیوں سے بنایا گیا ہے یا ہڈیوں کے ساتھ ملی ہوئی جھلی سے بنایا گیا ہے اور یہ بھی نہیں معلوم کہ یہ حیوان حلال گوشت تھا یا حرام گوشت ؟

جواب : حیوان یا نباتات سے بنائے جانے میں شک ہو تو اس کا کھانا جائز ہے۔ لیکن اگر حیوان سے بنائے جانے کا یقین ہو تو اس وقت تک اس کا کھانا جائز نہیں جب تک یہ ثابت نہ ہو کہ اسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے۔ یہاں تک کہ اگر یہ چیز اس کی ہڈیوں سے بھی بنی ہوئی ہو تو اس کا بھی حکم احتیاط کے طور پر یہی ہے۔ ہاں اگر اس بات کا یقین ہو کہ اسے کیمیائی عمل سے گزارتے وقت اس کے بنیادی اجزاء کا استحالہ (۱) ہو گیا ہے تو اس کے کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے چاہے اسے جس چیز سے بھی بنایا گیا ہو۔

م۔۱۷۶ بڑی بڑی شکاری کشتیاں اپنے جال سمندر میں ڈال دیتی ہیں اور کئی ٹن مچھلی سمندر سے نکال کر بازاروں میں رکھی جاتی ہیں اور یہ بات مشہور ہے کہ ماہی گیری کے جدید طریقے کے مطابق مچھلی کو پانی سے زندہ نکالا جاتا ہے بلکہ بسا اوقات کمپنی آلودگی کے خوف سے اس مچھلی کو پھینک دیتی ہے جو پانی میں مر گئی ہو۔ ایسی صورت میں کیا ہم ان مارکیٹوں سے مچھلی خرید سکتے ہیں جہاں غیر مسلم اس قسم کی مچھلیاں بیچ رہے ہوں اور کیا ان مارکیٹوں سے مچھلی خرید سکتے ہیں جن میں ایسے مسلمان مچھلی کا کاروبار کرتے ہیں جنہیں اس مچھلی کا حکم شرعی معلوم نہیں ہوتا اور یہ نکتہ بھی عیاں ہے کہ یہ ثابت کرنا کہ میرے سامنے موجود مچھلی پانی سے زندہ نکالی گئی ہے یا ایسے باوثوق اور آگاہ گواہ کو تلاش کرنا جو اس بات کی خبر دے، ایک مشکل کام ہے بلکہ یہ کام قابل عمل نہیں ہے اور نہ اس کی کوئی واقعیت ہے۔ ایسی صورت میں کیا ان راسخ العقیدہ مسلمانوں کی مشکلات کا کوئی حل موجود ہے جو مرغی، گائے اور بھیڑ بکری کے شرعی ذبح کو ثابت کرنے میں مشکلات سے دوچار ہوتے ہیں اور سارے مچھلی پر ٹوٹ پڑتے ہیں؟

---

(۱) استحالہ، ایک چیز کی حقیقت کا دوسری چیز کی حقیقت میں تبدیل ہونے کو کہتے ہیں جو منجملہ مطہرات (پاک کرنے والی چیزوں) میں سے ہے جیسے نجس لکڑی خاکستر یا دھویں میں تبدیل ہو جائے۔ مترجم۔

جواب: اس قسم کی مچھلیوں کے مسلمان اور غیر مسلمان دوکانداروں سے خریدنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ جیسا کہ اگر ثابت ہو جائے کہ مچھلیاں چھلکے والی ہیں اور اس کا بھی وثوق ہو کہ انہیں سابق الذکر طریقے سے شکار کیا گیا ہے تو اس کے کھانے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔

م۔۱۷۷: بعض اوقات مچھلی کے بند پیکٹ پر مچھلی کا نام اور اس کی تصویر بنی ہوئی ہوتی ہے جس سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ اس پیکٹ میں موجود مچھلی چھلکے والی ہے۔ کیا مچھلی کی نوعیت کی تعیین میں ہم اس نام اور تصویر پر بھروسہ کر سکتے ہیں؟ جبکہ ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ اس قسم کے معاملات میں جھوٹ اور غلط بیانی کمپنی کو بڑے خسارے سے دوچار کر سکتی ہے بلکہ اسے خسارے سے بڑھ کر کوئی خطرہ بھی لاحق ہو سکتا ہے۔

جواب: اگر اس تحریر اور تصویر کے صحیح ہونے کا اطمینان ہو تو اس کے مطابق عمل کیا جا سکتا ہے۔

م۔۱۷۸: کیا جھینگے کی طرح کیکڑے کی مختلف قسموں کو کھانا جائز ہے؟

جواب: کیکڑے کو کھانا جائز نہیں ہے۔

م۔۱۷۹: کیا ہم اہل سنت سے مچھلی خرید سکتے ہیں جبکہ ہمیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ یہ چھلکے والی ہے کہ نہیں؟

جواب: اس کا خریدنا تو جائز ہے۔ لیکن اس وقت تک کھانا جائز نہیں ہے جب تک یہ ثابت نہ ہو جائے کہ یہ چھلکے والی ہے۔

م۔۱۸۰: کیا اس حلال کھانے کو کھانا جائز ہے جسے ایسے گوشت کے بخار اور بھاپ میں پکایا گیا ہو جسے شرعی طریقے سے ذبح نہ کیا گیا ہو۔

جواب: ایسے ماکولات کو کھانا جائز نہیں ہے اور اس کھانے پر نجاست کا حکم لگایا جائے گا کیونکہ فرض یہی ہے کہ اس کھانے میں نجس گوشت کے بخارات سے بنے

ہوئے آبی اجزاء شامل ہو گئے ہیں۔

م۔۱۸۱: (فتوی کے مطابق) اگر مسلمان کا شمار بیٹھنے والوں میں ہو تو اس دستر خوان پر بیٹھنا حرام ہے جس پر شراب موجود ہو۔ یہاں پر دستر خوان سے کیا مراد ہے؟ کیا اس سے مراد ایک محفل ہے؟ اگر چہ دستر خوان متعدد ہوں یا اس سے مراد ایک ہی دستر خوان ہے بہ ایں معنیٰ کہ اگر ان دو دستر خوانوں کے درمیان کسی چیز کا فاصلہ ہو جائے تو دوسرے دستر خوان (جس پر شراب نہیں) پر بیٹھنا جائز ہو۔

جواب: دستر خوان سے مراد ایک دستر خوان ہے (نہ کہ ایک محفل) اور یہ بھی معلوم ہونا چاہئے کہ جس دستر خوان پر شراب یا دیگر نشہ آور چیزیں پی جاتی ہوں اس پر بیٹھنا بطور احتیاط حرام ہے۔ البتہ اس دستر خوان سے کھانا پینا قول قوی کے طور پر حرام ہے۔

م۔۱۸۲: اگر کوئی مسلمان کسی قہوہ خانے میں داخل ہو اور چائے پینے بیٹھ جائے اور اسی دوران اسی دستر خوان پر شراب نوشی کی غرض سے کوئی اجنبی آجائے تو کیا مسلمان پر واجب ہے کہ وہ اپنی چائے چھوڑ کر قہوہ خانے سے نکل جائے۔

جواب: جی ہاں! اس دستر خوان کو خیرباد کہنا واجب ہے۔ جیسا کہ گزشتہ مسائل میں بیان کیا گیا ہے۔

م۔۱۸۳: کیا اس بئیر (Beer) کو پینا حلال ہے جس پر لکھا ہوا ہوتا ہے ''الکوحل سے خالی ہے''۔

جواب: اگر بئیر سے مراد جو کی شراب ہے جو جزوی طور پر نشہ آور ہے تو اس کا پینا جائز نہیں ہے اور اگر اس سے مراد وہ آب جو ہے جو بالکل نشہ آور نہیں ہوتا تو اس کے پینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

م۔۱۸۴: الکوحل کو بہت ساری جڑی بوٹیوں اور دواؤں میں شامل کیا جاتا ہے۔ کیا ان دواؤں کا پینا جائز اور پاک ہے؟

جواب: یہ دوائیں پاک ہیں اور چونکہ اس میں استعمال شدہ الکوحل دواؤں میں گھل مل گیا ہے اس لئے ان کا پینا بھی جائز ہے۔

م۔۱۸۵: شراب سے بنا ہوا سرکہ یعنی وہ مائع جو پہلے شراب تھا اور پھر اسے کارخانے میں سرکہ بنا لیا گیا چنانچہ یہی وجہ ہے کہ اس سرکے کی شیشی پر کھجور یا انگور کی شراب کا سرکہ لکھا ہوا ہوتا ہے تاکہ اس سرکے میں اور جو وغیرہ کے سرکے میں فرق معلوم ہو سکے۔ اس سرکے کی علامت یہ ہے کہ اس کی شیشیوں کو سرکے کے مخصوص خانوں میں رکھا جاتا ہے اور کبھی یہ اتفاق نہیں ہوا کہ انہیں شراب کے خانوں میں رکھا گیا ہو، جس کا کئی مرتبہ تجربہ کیا گیا ہے اور اس سرکے اور عرق سے بننے والے کھجور کے سرکے میں کوئی فرق نہیں سمجھا جاتا۔ کیا قاعدہ انقلاب کے تحت اس شراب سے بنے ہوئے سرکہ کو بھی سرکہ کہا جائے گا؟

جواب: اگر عرف عام میں اسے سرکہ کہا جائے، چنانچہ سوال میں یہی فرض کیا گیا ہے تو اس پر سرکے والے احکام جاری ہوں گے۔

م۔۱۸۶: کھلی غذائیں تیار کرنے والے، پیکٹوں میں بند کھانے (Canned Food) تیار کرنے والے اور مٹھائیاں بنانے والے اس بات کے پابند ہوتے ہیں کہ وہ ان مواد کے اجزائے ترکیبی کے بارے میں اپنے صارفین کو بتائیں، چونکہ ان غذاؤں کے خراب ہونے کے خدشے کے پیش نظر ان میں بعض مواد شامل کرتے ہیں اور بعض اوقات اس مواد کو حیوانات سے بنایا جاتا ہے اور اس کے لئے حرف E کا رمز بعض اعداد مثلاً E450 اور E472 کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ درج ذیل حالات میں ان غذاؤں کے احکام بیان فرمائیں۔

الف: مکلف (بالغ عاقل انسان) کو ان بنائی گئی چیزوں کی حقیقت کے بارے میں کچھ علم نہ ہو۔

ب: مکلف یہ دیکھتا ہے کہ جو لوگ استحالہ کے بارے میں کچھ نہیں

جانتے انہوں نے ایک جدول شائع کی ہے جس کے مطابق ان غذاؤں کے چند فیصد اجزاء حرام ہیں کیونکہ اصل میں یہ حیوانی اجزاء ہیں۔

ج : بعض اجزاء کے بارے میں یہ تحقیق اور یقین ہے کہ وہ اپنی حالت پر باقی ہیں ہیں بلکہ ان کی (اصلی) صورت نوعیہ بدل گئی ہے اور دوسرے مادے میں تبدیل ہو گئے ہیں۔

جواب : الف : ایسے اجزاء میں شامل کھانے کی اشیاء کا استعمال جائز ہے۔

ب : بنانے والے دعوی کرتے رہیں لیکن جب تک اس بات کا یقین نہ ہو کہ یہ اجزاء کسی حیوان کے ہیں ان غذاؤں کا کھانا جائز ہے۔ نیز اس صورت میں بھی ان کا کھانا جائز ہے جب حیوانی اجزاء کے شامل ہونے کا بھی یقین ہے لیکن نجس مردار کے اجزاء ہونے کا یقین نہ ہو اور ان کو خراب ہونے سے بچانے کے لئے جن اجزاء کا اضافہ کیا گیا ہے وہ عرف کے نزدیک گھل مل گئے ہوں (اور نہ ہونے کے مترادف ہوں)

ج :اگر عرف کے نزدیک سابق حقیقت کے بنیادی اجزاء باقی نہیں رہے اور استحالہ کی وجہ سے اس کی صورت بدل گئی ہو تو اس کے پاک اور حلال ہونے میں کوئی شک نہیں۔

م۔۱۸۷ :امید ہے درج ذیل ضمنی سوالوں کا جواب بھی مرحمت فرمائیں گے۔

الف :کیا **Gelatine** پر طہارت کا حکم جاری ہوگا اور وہ پاک سمجھا جائے گا؟

ب :اگر مفہوم استحالہ کی وسعت وضیق میں شک کی وجہ سے یہ شک ہو کہ استحالہ ہوا ہے کہ نہیں (جسے شبہ مفہومیہ کہتے ہیں) تو کیا ایسی صورت میں نجاست سابقہ کا استصحاب کیا جائے گا یا نہیں ؟(سابقہ حالت کو برقرار رکھا جاسکتا ہے ؟

جواب : الف :حیوانی اجزا سے بنی ہوئی جیلی، اگر اس کے بنیادی اجزا کی

نجاست ثابت نہ ہو، مثال کے طور پر یہ احتمال ہو کہ اسے ایسے حیوان کے اجزا سے بنایا گیا ہے جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے تو اس پر طہارت کا حکم جاری ہوگا یعنی پاک سمجھا جائے گا۔ لیکن جب تک یہ ثابت نہ ہو جائے کہ اسے کسی حلال گوشت حیوان سے بنایا گیا ہے جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے یا یہ ثابت نہ ہو کہ اس کا استحالہ ہو گیا ہے تو اس کی اتنی مقدار کھانوں میں ملائی جائے کہ وہ کھانے میں متلاشی ہو اور گھل مل جائے، البتہ فرق نہیں پڑتا کہ ان حیوانی اجزاء میں زندگی حلول کرتی ہو جیسے نرم ہڈی ہے یا نہ کرتی ہو، جیسے عام اور ٹھوس ہڈی ہے۔ البتہ ہڈی میں احتیاط کی جائے۔

لیکن اگر بنیادی اجزاء کا نجس ہونا ثابت ہو۔ مثال کے طور پر یہ یقین ہو کہ یہ (جیلی) نجس العین (کتا خنزیر) یا ایسے حیوان کی نرم یا سخت ہڈی سے اسے پاک کرنے سے پہلے بنائی گئی ہے جسے شرعی طریقہ سے ذبح نہیں کیا گیا چونکہ یہ چیزیں رطوبت کے ساتھ مردار کو چھونے کی وجہ سے نجس ہوتی ہیں اگر جیلی ان نجس چیزوں سے بنی ہوئی ہو تو یہ اسی صورت میں پاک سمجھی جائے گی، اور کھانوں میں اس کا استعمال جائز ہوگا، جب اس کا استحالہ ہو جانا ثابت ہو جس کے لئے عرف کی طرف رجوع کیا جائے گا اور اس کا ضابطہ اور کلیہ گزشتہ مسائل میں بیان کیا جا چکا ہے۔

ب: ان موارد میں استصحاب جاری کرنے (حالت سابقہ کو برقرار رکھنے) میں کوئی حرج نہیں۔ واللہ العالم۔

م-۱۸۸: ہم مغربی ممالک کی دکانوں اور مارکیٹوں میں داخل ہوتے ہیں جہاں خورد و نوش کی اشیاء فروخت ہوتی ہیں اور ہم ان کے اجزائے ترکیبی کے بارے میں کچھ نہیں جانتے خورد و نوش کی یہ اشیاء حرام چیزوں سے خالی بھی ہو سکتی ہیں اور حرام چیزوں پر مشتمل بھی ہو سکتی ہیں۔ کیا ان اشیاء کے اجزاء کے بارے میں تحقیق اور

ان کے بارے میں پوچھ گچھ کے بغیر ہم ان کو کھا سکتے ہیں یا نہیں کھا سکتے ؟

جواب : جب تک یہ یقین نہ ہو کہ یہ اشیاء گوشت، چربی اور ان سے بنی ہوئی چیزوں پر مشتمل ہیں انہیں کھا سکتے ہیں۔

م۔۱۸۹ : کیا کھانے وغیرہ میں ویل مچھلی اور دوسری حرام گوشت مچھلیوں اور گھونگا (سیپدار مچھلی) کا استعمال جائز ہے ؟

جواب : کھانے میں اس چیز کا استعمال جائز نہیں۔ البتہ کھانے کے علاوہ ضروریات میں اس کا استعمال جائز ہے ؟

م۔۱۹۰ : کیا مسلمانوں کے لئے ایسی محافل میں جانا جائز ہے، جن میں شراب پیش ہوتی ہے ؟

جواب : ان محافل میں بیٹھ کر کھانا پینا حرام ہے۔ البتہ جہاں تک صرف وہاں حاضر رہنے کا تعلق ہے، بطور احتیاط واجب، حرام ہے۔ ہاں ! نہی عن المنکر ممکن ہو تو اس کی غرض سے وہاں جانے میں کوئی حرج نہیں۔

م۔۱۹۱ : کیا سمندری کیکڑے اور سمندری گھونگھے کا کھانا حلال ہے ؟

جواب : سمندری حیوانات میں چھلکے والی مچھلی (جن میں جھینگا بھی شامل ہے) کے علاوہ تمام حیوانات حرام ہیں۔ مچھلی کے علاوہ دوسرے جانور یا بغیر چھلکے کے مچھلی کا کھانا جائز نہیں ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

دوسری فصل

لباس

☆ مقدمہ
☆ لباس سے مخصوص احکام شرعیہ
☆ اس فصل سے متعلق استفتاءات

قدرتی (اصلی) چمڑے کا استعمال اور اس کا پہننا واقعی ایک مشکل مسئلہ ہے جس سے غیر اسلامی ممالک میں رہنے والے مسلمان دوچار ہیں۔ مسلمانوں کی یہ عادت ہے کہ وہ اپنے اسلامی ممالک میں چمڑے سے بنے ہوئے لوازمات زندگی کو بڑی بے فکری اور اطمینان سے خریدتے ہیں اس لئے کہ انہیں یقین ہوتا ہے کہ ان چیزوں کو ایسے حیوانات کی جلد سے بنایا گیا ہے جنہیں شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے۔ چنانچہ مسلمان چمڑے کے بنے ہوئے لباس کو پہنتے ہیں اور انہیں میں نماز پڑھتے ہیں اور بغیر کسی خوف اور تامل کے ان کو اپنا ترہاتھ بھی لگادیتے ہیں لیکن غیر اسلامی ممالک کی صورت حال ان سے بالکل مختلف ہے اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں درج ذیل احکام کی وضاحت پیش کی جائے۔

م۔۱۹۲: جب اس بات کا یقین ہو کہ لباس ایسے حیوان کے چمڑے سے بنایا گیا ہے جسے شرعی طور پر ذبح نہیں کیا گیا تو یہ لباس نجس ہے اس میں نماز پڑھنا جائز نہیں اور اگر اس بات کا احتمال ہو کہ وہ لباس ایسے حلال گوشت حیوان کی جلد سے بنا ہوا ہے جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہو تو وہ پاک شمار ہوگا اور اس میں نماز پڑھنا جائز ہے۔

م۔۱۹۳: جلد کے بنے ہوئے ایسے لباس میں نماز پڑھنا جائز نہیں جسے شیر، چیتا، تیندوا لومڑی اور گیدڑ اور اس قسم کے درندہ حیوانات کی جلد سے بنایا گیا ہو۔ چنانچہ احتیاط واجب کی بنا پر ان حیوانات کی جلد میں نماز پڑھنا بھی جائز نہیں جو درندہ تو نہیں لیکن حرام گوشت ہیں۔ جیسے بندر اور ہاتھی ہیں۔ اگرچہ ان کے ذبح شرعی ہونے کی صورت میں یا احتمال کی صورت میں ان کی جلد پاک ہو گی۔ البتہ ان کا بنا ہوا کمر بند (بیلٹ) یا اور چیزیں جن سے ستر عورتین (شرمگاہ کا پردہ) نہیں ہو

سکتا، استعمال کرنا جائز ہے۔ لیکن اگر ذبح شرعی کا احتمال نہ ہو بلکہ ہمیں یقین ہو کہ اسے ایسے حیوان کی جلد سے بنایا گیا ہے جس کا ذبح شرعی نہیں ہوا تو وہ نجس ہے اور اس میں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے حتی کہ احتیاط بطور احتیاط بیلٹ وغیرہ میں بھی نماز نہ پڑھی جائے جنہیں پہنا تو جاتا ہے مگر نماز میں اس سے شرمگاہ کو نہیں چھپایا جاسکتا۔ نیز اگر اس کے ذبح شرعی کا ضعیف سا مثلاً ۲% احتمال ہو جسے عقلاء خاطر میں نہیں لاتے پھر بھی اس میں نماز پڑھنا جائز نہیں۔

م۔۱۹۴: غیر اسلامی ممالک میں سانپ اور مگرمچھ کی جلد کا بنا ہوا لباس جو غیر مسلموں کی دوکان میں بکتا ہو پاک ہے اور اس کی خرید و فروخت اور ایسے کاموں میں استعمال کرنا جہاں طہارت (پاکی) شرط ہے، جائز ہے۔(۱)

م۔۱۹۵: اسلامی ممالک میں بنی ہوئی غیر اسلامی ممالک میں بکنے والی چمڑے کی اشیاء پاک ہیں اور ان میں نماز پڑھی جا سکتی ہے؟

م۔۱۹۶: غیر اسلامی ممالک میں بنا ہوا جلد کا لباس جس کے بارے میں شک ہو کہ قدرتی چمڑا ہے یا مصنوعی، پاک ہے اور اس میں نماز پڑھنا جائز ہے؟

م۔۱۹۷: اس حیوان کی جلد سے بنے ہوئے جوتے سے، جسے شرعی طریقے سے ذبح نہیں کیا گیا ہے، وہ پاؤں نجس نہیں ہوتا جس میں وہ جوتا ہو مگر یہ کہ پاؤں یا جوتا تر ہو جس سے نجاست سرایت کر جائے۔ پس اگر پاؤں کو پسینہ آجائے اور جراب پسینہ کو جذب کر لے اور جوتے کی نجس جلد تک رطوبت نہ پہنچے تو پاؤں بھی نجس نہیں اور جراب بھی نجس نہیں ہو گی۔

م۔۱۹۸: غیر اسلامی ممالک میں بنے ہوئے چمڑے کی جیکٹ، ٹوپی اور بیلٹ میں نماز پڑھنا جائز ہے بشرطیکہ احتمال ہو کہ انہیں ایسے حلال گوشت جانور کی جلد سے بنایا گیا

---

(۱) اس لئے کہ ہر وہ جانور پاک ہے جس کی رگ کاٹنے سے خون دھار مار کر نہ نکلے۔ (مترجم)

ہوگا جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہو۔ جیسا کہ گزشتہ مسائل میں بیان کیا جا چکا ہے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۱۹۹: مرد کے لئے سونے کا استعمال جائز نہیں ہے چاہے وہ انگوٹھی کی صورت میں ہو، شادی کے کڑے، دستی گھڑی یا کسی اور چیز کی صورت میں ہو، نماز کی حالت میں ہو یا عام حالت میں ہو (ان تمام صورتوں میں جائز نہیں) البتہ ان چیزوں کا پہننا جائز ہے جن پر سونے کا پانی چڑھایا گیا ہو اور یہ صرف سنہرا رنگ شمار ہوتا ہو۔

م۔۲۰۰: مرد کے لئے پلاٹینیم (Platinum) کی بنی ہوئی چیزوں کا پہنا جائز ہے۔

م۔۲۰۱: عورت کے لئے نماز تک میں بھی سونے کا استعمال جائز ہے۔

م۔۲۰۲: مرد کے لئے خالص اور قدرتی ابریشم پہننا جائز نہیں۔ نہ نماز کی حالت میں اور نہ عام حالت میں، ماسوائے مخصوص جگہوں کے جن کا ذکر فقہی کتابوں میں کیا گیا ہے۔

م۲۰۳: عورت کے لئے نماز تک میں بھی ابریشم کا پہننا جائز ہے۔

م۔۲۰۴: مرد کے لئے ان مشکوک ریشمی لباس کا پہننا اور ان میں نماز پڑھنا جائز ہے جن کے بارے میں یقین نہ ہو کہ یہ لباس خالص یا قدرتی ابریشم سے بنایا گیا ہے یا مصنوعی ابریشم سے نیز ایسے کپڑوں میں نماز پڑھنا بھی جائز ہوگا جس کے ساتھ کپاس، اون اور نائلون کے اجزاء ملے ہوئے ہوں بشرطیکہ اس میں شامل ابریشم کی مقدار اتنی نہ ہو جسے خالص ابریشم کہا جائے اور مرد کے لئے اس لباس میں نماز پڑھنا جائز ہوگا۔

(اس سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۲۰۵: احتیاط واجب کے طور پر مرد کے لئے عورت کا لباس پہننا جائز نہیں۔ اسی طرح

احتیاط واجب کے طور پر عورت کے لیے بھی مرد کا لباس پہننا جائز نہیں۔

م۔۲۰۶: احتیاط واجب کے طور پر مسلمان مردوں کے لئے وہ لباس پہننا جائز نہیں ہے جو کافروں سے مخصوص ہے۔

لباس سے مخصوص استفتاءات اور ان کے جوابات:

م۔۲۰۷: ہم یورپ میں رہنے والے مسلمان ایسے چمڑوں سے بنے ہوئے جوتے، بیلٹ اور دیگر ملبوسات خریدتے ہیں جن کے بارے میں یہ احتمال ہوتا ہے کہ یہ ان حیوانات کا چمڑہ ہوگا جن کو شرعی طریقے سے ذبح نہیں کیا گیا اور بعض اوقات یہ چیزیں اسلامی ممالک سے درآمد کی جاتی ہے یا یہیں پر یورپ ہی کے بعض ذبح خانوں سے لی جاتی ہیں۔ برطانیہ میں موجود بعض ذبح خانے بطور مثال قابل ذکر ہیں۔ بالفرض اگر یہ احتمال دیا جائے کہ ان چیزوں کو اسلامی ممالک سے درآمد کیا گیا ہوگا یا کسی ایسے ذبح خانے سے لیا گیا ہوگا جہاں اسلامی طریقے سے ذبح ہوتا ہے۔ اگرچہ یہ احتمال ضعیف ہو، کیا ایسی صورت میں ان چمڑوں پر طہارت کا حکم لگایا جائے گا؟

جواب: اگر یہ احتمال اتنا ضعیف ہے کہ اس کے خلاف دوسرے احتمال کا اطمینان ہو۔ مثلاً ۲٪ ہو تو اس کو کوئی اہمیت نہیں دی جائے گی۔ بصورت دیگر ان چیزوں کو پاک سمجھے جانے میں کوئی حرج نہیں۔ واللہ العالم۔

م۔۲۰۸: فقہاء کے مطابق مرد کے لئے قدرتی اور خالص ابریشم کا پہننا جائز نہیں ہے۔ کیا مرد وہ ٹائی پہن سکتا ہے جس کے اجزاء میں ابریشم اور غیر ابریشم دونوں شامل ہیں؟ نیز کیا مرد کے لئے خالص اور قدرتی ریشم کی بنی ہوئی ٹائی کا پہننا جائز ہے؟

جواب: ٹائی کا پہننا حرام نہیں ہے اگرچہ وہ خالص ابریشم کی بنی ہوئی ہو۔ کیونکہ اس سے ستر عورتین (شرمگاہ کا پردہ) نہیں کیا جاسکتا۔ جہاں تک مخلوط (مکس)

ابریشم کا تعلق ہے، جواب خالص ابریشم نہیں کہلاتا اس کو پہننا جائز ہے اگرچہ اس سے ستر عورتین بھی ہو سکے۔

م۔۲۰۹ : بعض کمپنیاں اپنی مصنوعات پر لکھ دیتی ہیں کہ یہ خالص ابریشم کی بنی ہوئی ہیں۔ لیکن وہ اتنی سستی ہوتی ہیں کہ ہمیں خالص ابریشم ہونے میں شک ہوتا ہے۔ کیا ایسے لباس کا پہننا اور اس میں نماز پڑھنا جائز ہے؟

جواب : شک کی صورت میں ان کو پہننا اور ان میں نماز پڑھنا جائز ہے۔

م۔۲۱۰ : کیا ایسے لباس کا پہننا اور اس کی تجارت کرنا جائز ہے جس پر شراب نوشی کی تشہیر کے لئے شراب (کے برتن) کی تصویر بنی ہوئی ہو۔

جواب : ایسے لباس کا پہننا بھی حرام اور اس کی تجارت کرنا بھی حرام ہے۔

م۔۲۱۱ : کیا مرد ایسی گھڑی پہن سکتا ہے جس کے اندر (مشینری میں) بعض سونے کے اوزار ہوں یا اس کا چین سونے کا ہو اور کیا اس کو پہن کر نماز پڑھی جا سکتی ہے؟

جواب : پہلی صورت میں گھڑی کو پہننا بھی جائز ہے اور اس کے ساتھ نماز پڑھنا بھی جائز ہے۔ دوسری صورت میں نہیں۔

☆☆☆☆☆

تیسری فصل

دیار غیر میں نافذ قوانین کی پابندی

- ☆ مقدمہ
- ☆ اس فصل سے مخصوص بعض شرعی احکام
- ☆ دیار غیر میں نافذ قوانین سے مخصوص استفتاءات

دنیا کے مختلف ممالک امور زندگی کے لئے بعض قوانین بناتے ہیں (جن کے مطابق) بعض اوقات ایک کام کا حکم دیتے ہیں اور کچھ کاموں سے روکا جاتا ہے اور بعض دوسرے کاموں کو محدود اور مشروط کر دیا جاتا ہے۔ انہی قوانین میں عام منافع کے مقامات یا محکموں کے وہ قوانین ہیں جن کا تعلق کسی خاص جغرافیائی حدود کے اندر لوگوں کی روزمرہ زندگی سے ہوا کرتا ہے جن کے خلاف ورزی کرنے سے معاشرہ انتشار اور افراتفری کا شکار ہو جاتا ہے لہذا مناسب ہے کہ ہم درج ذیل مسائل کی وضاحت کریں۔

م۔ ۲۱۲ : مکلف (بالغ عاقل انسان) کے لئے جائز نہیں کہ وہ اسلامی یا غیر اسلامی ممالک میں شارع عام میں کوئی ایسی چیز رکھے جو پیدل یا سوار کے لئے رکاوٹ اور مضر ہو۔

م۔ ۲۱۳ : کسی مسلمان کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ جب تک مالکان کی رضامندی کا یقین نہ ہو ان کی ذاتی املاک کی دیواروں کے باہر اشتہارات چسپاں کرے یا تحریر لکھے۔

م۔ ۲۱۴ : مسلمان کو جو مال یا عمل (مثلاً ڈیوٹی) بطور امانت سونپا گیا ہے اس میں خیانت کرنا حرام ہے اگرچہ امانت سونپنے والا کافر ہی کیوں نہ ہو اور مسلمان پر واجب ہے کہ وہ امانت کی حفاظت کرے اور اسے مکمل طور پر ادا کرے۔ بنابر ایں جو شخص کسی دوکان میں کام کرتا ہو یا حسابدار ہو اس کے لئے جائز نہیں کہ مالک سے کسی قسم کی خیانت کرے اور اپنے زیر قبضہ اموال میں سے کوئی چیز اٹھائے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۲۱۵ : غیر مسلموں کے ذاتی یا عام اموال کی چوری اس صورت میں بھی جائز نہیں جب بالفرض اسلام اور مسلمانوں کی شہرت تو متاثر نہ بھی ہوتی ہو (البتہ یہ صرف فرض ہے ورنہ اس سے اسلام اور مسلمانوں کی شہرت کو یقیناً نقصان پہنچتا ہے) لیکن

غیر مسلموں کے ساتھ اس معاہدے سے غداری و عہد شکنی سمجھی جاتی ہو جو اس ملک میں داخل ہونے یا وہاں رہائش کی درخواست کے موقع پر ضمنی طور پر طے پاتا ہے۔ اس لئے کہ غداری اور نقض امن کسی سے بھی ہو جائز نہیں۔ اس کا دین، جنسیت اور عقیدہ کچھ بھی ہو۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۲۱۶ : اسلامی ممالک میں داخل ہونے والے غیر مسلموں کا مال چوری کرنا جائز نہیں۔

م۔۲۱۷ : مسلمان کے لئے غیر قانونی طریقے سے تنخواہ اور دیگر امداد وصول کرنا جائز نہیں۔ مثال کے طور (تنخواہ وغیرہ کی خاطر) مسئولین اور سرکاری اہل کاروں کو غلط معلومات فراہم کرے۔

م۔۲۱۸ : مسلمان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ مختلف انشورنس کمپنیوں سے اپنی زندگی، مال غرق ہونے اور چوری کا بیمہ کرالے۔ یہ ایک لازم (اور نا قابل فسخ) معاملہ ہے جو طرفین (بیمہ دار اور بیمہ کار) کی رضامندی کے بغیر منسوخ نہیں ہوتا۔

م۔۲۱۹ : کسی مسلمان کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ انشورنس کمپنی کو غلط معلومات فراہم کرے تاکہ اس کے ذریعہ مال (اور معاوضہ) وصول کر سکے جو فی الحال اس کا حق نہیں بنتا۔ مثال کے طور پر جان بوجھ کر کوئی جعلی حادثہ ایجاد کرے (اپنا مال جلا ڈالے) اور اس کا معاوضہ حاصل کرے۔ اس طریقے سے حاصل شدہ مال بھی حلال نہ ہوگا۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۲۲۰ : بعض اوقات غیر اسلامی ممالک میں رہنے والے مسلمانوں کے عظیم تر مفادات اس بات کے متقاضی ہوتے ہیں کہ وہ کسی نہ کسی پارٹی سے وابستہ ہوں، وزارتوں میں جائیں، یا ایوانوں کے ممبر بنیں۔ ان حالات میں مسلمانوں کی مصلحت کے تقاضوں کے مطابق سابق الذکر کام جائز ہو جاتے ہیں۔ البتہ ان حالات میں مصلحت کی تشخیص کے لئے ماہر اور باوثوق افراد کی طرف رجوع کرنا ضروری

ہے۔

م۔ ۲۲۱: مدارس کے امتحانات میں دھوکہ دہی جائز نہیں ہے چاہے یہ دھوکہ دہی طلبا کے باہمی تعاون (نقل) کی صورت میں ہو یا مخفی طریقے سے پیپروں کے استعمال کی صورت میں ہو، یا نگران کو فریب دینے کی صورت میں ہو یا دوسرے غیر شرعی اور نظام کے منافی طریقے سے ہو۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۲۲۲: جب مسلمان کی جان، اس کے ناموس یا اس کے مال پر حملہ اور تجاوز ہو جائے اور اس قسم کے اہم اور حیاتی معاملات میں رائج قانونی اداروں اور عدالتوں کی طرف رجوع کئے بغیر حق وانصاف کا حصول ناممکن ہو تو ان کی طرف رجوع کرنا جائز ہے۔

اس فصل سے مخصوص استفتاءات اور ان کے جوابات :

م۔ ۲۲۳: اگر کوئی مسلمان بینک کے کمپیوٹر سے اپنا کوئی مال نکالنا چاہے اور کمپیوٹر سے اس کی مطلوبہ مقدار سے زیادہ مال نکل آئے تو کیا اس زیادہ مال کو وصول کرنا جائز ہے جس کا غیر اسلامی بینک کو علم نہیں ؟

جواب : جائز نہیں۔

م۔ ۲۲۴: اگر کوئی مسلمان کسی غیر اسلامی ملک کی کمپنی سے کوئی مال خریدے اور سیلز مین اسے اس کی طلب سے زیادہ مقدار میں مال دے تو کیا مسلمان اس زیادہ مقدار کو لے سکتا ہے اور اس سیلز مین کو اس کی غلطی سے آگاہ کرنا واجب ہے ؟

جواب : مسلمان اس مقدار کو لینے کا حق نہیں رکھتا اور اگر لے لے تو اسے لوٹانا واجب ہے۔

م۔ ۲۲۵: کیا غیر مسلم کمپنی کا مسلمان ملازم، کمپنی کو بتائے بغیر کمپنی کا کوئی سامان اٹھا سکتا ہے اور کیا یہ عمل اس کے لئے جائز ہو گا؟

جواب :   جائز نہیں۔

م۔۲۲۶ : کیا غیر اسلامی ممالک میں پانی، بجلی اور گیس کے میٹروں کو چلنے سے روکنا اور انہیں چھیڑنا جائز ہے ؟

جواب :   یہ بھی جائز نہیں ہے۔

م۔۲۲۷ : ایک مسلمان مغرب میں رہتا ہے اور یہ دعوی کرتا ہے کہ اپنے ملک میں سالوں سے گاڑی چلاتا ہے اور اپنے اس دعوی کے ثبوت کے طور پر کسی نہ کسی طرف سے سرٹیفیکیٹ بھی پیش کر دیتا ہے تاکہ انشورنس فیس کم دینی پڑے اور زیادہ سے زیادہ استفادہ کر سکے۔ کیا مسلمان توریہ کے طور پر بھی یہ خلافِ واقع کام انجام دے سکتا ہے اور اس سلسلے میں اس کی مدد کرنا جائز ہے ؟

جواب :   سابق الذکر مقصد کے لئے جھوٹ بولنا جائز نہیں اور اس طریقے سے مال حاصل کرنا بھی جائز نہیں اور اس سلسلے میں کسی کی مدد کرنا گناہ میں مدد کرنے کے زمرے میں آئے گا۔

م۔۲۲۸ : کیا غیر اسلامی ملک کی بیمہ کمپنیوں کو دھوکہ دینا جائز ہے جب کہ اس بات کا یقین ہو کہ اس سے اسلام اور مسلمانوں کی شہرت کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا ؟

جواب :   یہ بھی جائز نہیں۔

م۔۲۲۹ : بعض اوقات مسلمان خود ہی (جان بوجھ کر) اپنے بیمہ شدہ مکان کو نذر آتش کر دیتا ہے تاکہ غیر مسلم بیمہ کمپنیوں سے معاوضہ وصول کر سکے۔ کیا مسلمان کا یہ عمل جائز ہے اور جو معاوضہ اسے دیا جائے گا وہ اس کا مالک بن سکے گا ؟

جواب :   مسلمان کے لئے اپنے مال کو تلف اور ضائع کرنا جائز نہیں اور نہ معاوضہ کی وصولی کی غرض سے کمپنی کو جھوٹی خبر دینا جائز ہے اور اس طریقے سے حاصل شدہ مال حلال نہ ہوگا۔

م۔۲۳۰ : یورپ کے سرکاری مدارس میں دھوکہ دہی جائز ہے ؟ اور کیا پرائیویٹ اسلامی یا

غیر اسلامی سکولوں میں دھوکہ دہی جائز ہے ؟

جواب : ان میں سے کسی کو بھی دھوکہ دینا جائز نہیں۔

م۔۲۳۱ : بعض گاڑیوں میں تحریر ہوتا ہے کہ سگریٹ نوشی منع ہے۔ کیا اس تحریر کی مخالفت جائز ہے ؟

جواب : اگر مسافر گاڑی میں سگریٹ نوشی نہ کرنے کی ضمنی شرط پر گاڑی میں سوار ہوا ہے یا یہ گورنمنٹ کا قانون ہے اور اس مسافر نے اپنے آپ کو قوانین پر عمل کرنے کا پابند بنایا ہے تو مقررہ شرط اور پابندی پر عمل کرنا ہو گا۔

م۔۲۳۲ : کیا وہ مکلّف جو ملازمت کے لئے کسی دوسرے ملک میں جارہا ہے اس کے لئے غیر اسلامی ممالک کے قوانین کی پابندی کرنا ضروری ہے جن میں ٹریفک کے اشارات اور مزدوری کے قوانین شامل ہیں۔

جواب : اگر اس مکلّف نے کسی اور (معاہدہ کے) ضمن میں سہی، متعلقہ ملک کے قوانین کی پابندی کا معاہدہ کیا ہو تو اس پر عمل کرنا ضروری ہے۔ بشرطیکہ یہ پابندی شریعت مقدسہ کے منافی نہ ہو۔ ٹریفک کے اشارات کی پابندی ہر حالت میں لازمی ہے۔ البتہ یہ اس صورت میں ہے جب ان کی مخالفت سے ایسے شخص کو نقصان پہنچتا ہو جسے نقصان پہنچانا حرام ہے۔ یعنی وہ اشخاص جن کا مال بھی محترم ہو اور جان بھی محترم۔

م۔۲۳۳ : بعض ممالک اس شرط پر مہاجرین کی مدد کرتے ہیں کہ وہ کوئی (اور) کاروبار یا مزدوری نہ کریں۔ کیا ان مہاجرین کے لئے کاروبار اور مزدوری جائز ہے۔ کیا ایسے مہاجرین اجرت وصول کر سکتے ہیں ؟ اور وہ اس اجرت کو اپنی ملکیت میں لے سکتے ہیں ؟

جواب : ایسی صورت میں مہاجرین کے لئے مزدوری کرنا جائز ہے اور اس کی اجرت کے بھی مالک بن جائیں گے۔ لیکن جب تک اس ملک کے متعلقہ اداروں کو اپنی

مزدوری کی اطلاع نہیں دیں گے ان سے امداد لینا جائز نہیں۔

م۔۲۳۴: کیا مسلمان یورپ، امریکہ اور اس قسم کے دوسرے غیر اسلامی ملکوں میں کافروں کا مال چوری کر سکتا ہے؟ اور کیا اسے یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ ان سے مال ہتھیانے کی خاطر انہی حیلوں اور طریقوں کو اپنائے جو وہاں رائج ہیں؟

جواب: کافروں کے ذاتی اور عام مال کی چوری جائز نہیں اور اگر اس سے اسلام اور عام مسلمانوں کی غلط شہرت ہوتی ہو تو ان کے اموال کو تلف اور ضائع کرنا بھی جائز نہیں۔ ایک صورت ایسی بھی ہے جس میں اسلام اور مسلمانوں کی شہرت کو نقصان نہ بھی پہنچتا ہو پھر بھی کافروں کا مال تلف کرنا جائز نہیں اور وہ یہ کہ یہ ضائع کرنا اس ملک سے غداری اور اس معاہدے کی خلاف ورزی سمجھی جائے جو اس ملک سے ویزے اور اقامت کی درخواست کے موقع پر ضمناً ان سے کیا جاتا ہے۔ کیونکہ کسی بھی شخص کے ساتھ غداری اور نقض امن حرام ہے۔

م۔۲۳۵: کیا مسلمان یورپی ممالک میں قانونی طور پر مالی یا معنوی مراعات کے حصول کی خاطر ان کے دفاتر کو غلط معلومات فراہم کر سکتا ہے؟

جواب: یہ کام جائز نہیں۔ اس لئے کہ یہ جھوٹ ہے اور سابق الذکر وجوہات جھوٹ کے لئے جواز نہیں بن سکتیں۔

م۔۲۳۶: کیا کسی مکلّف کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ حکومتی قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کسی دوسرے کا پاسپورٹ خریدے یا پاسپورٹ پر لگی ہوئی تصویر کو تبدیل کرے تاکہ کسی اور ملک میں داخل ہو سکے اور اس ملک کو صورتِ حال سے آگاہ کرے۔

جواب: ہم اس کام کی اجازت نہیں دیتے۔

☆☆☆☆☆

چوتھی فصل

کام اور رأس المال کی گردش

☆ مقدمہ

☆ کام اور رأس المال کی گردش سے متعلق چند احکام

☆ کام اور رأس المال کی گردش سے مخصوص استفتاءات

بنیادی طور پر مسلمان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ زندگی کی مختلف سرگرمیوں میں حصہ لے اور کسی بھی ایسے کام کا انتخاب کرے جس کا عام فائدہ غیر مسلموں کو پہنچ رہا ہو جن کے لئے یہ کام کرتا ہے۔ اس طرح یہ اپنے آپ کو بھی فائدہ پہنچائے اور دوسرے بنی نوع انسان کو بھی۔ بشرطیکہ یہ عمل شریعت اسلام میں حرام نہ ہو، اس کے نتیجے میں مسلمان بھائیوں کے مفادات کو نقصان نہ پہنچتا ہو اور اسلام اور مسلمان دشمنوں کے مفادات اور منصوبوں کی خدمت اور تائید نہ ہوتی ہو۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اپنے قارئین محترم کی یاد آوری کے لئے درج ذیل شرعی احکام کو بیان کیا جائے۔

م۔۲۳۷: مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ کسی بھی انسان کے سامنے اپنی تذلیل کرے، چاہے یہ انسان مسلمان ہو یا کافر، اس بنا پر اگر مسلمان کے کام سے غیر مسلموں کے سامنے اس کی اپنی تذلیل ہوتی ہو تو اس ذلت آمیز کام کو جاری رکھنا جائز نہیں۔

م۔۲۳۸: ایسے حیوان کا گوشت جسے شرعی طریقے سے ذبح نہیں کیا گیا، مسلمان ایسے لوگوں کے سامنے پیش کر سکتا ہے جو اسے پاک سمجھتے ہیں جس طرح یہودی اور مسیحی وغیرہ ہیں نیز ایسی جگہ بھی کام کرنا جائز ہے جہاں اس قسم کا گوشت ان کے لئے پکایا اور تیار کیا جاتا ہے اور ان غیر مسلموں سے ملنے والی مالی منفعت کی ملکیت کو صحیح قرار دینے کا طریقہ یہ ہے کہ اسے اس گوشت سے دستبردار ہونے کا عوض

قرار دیا جائے جس کا مسلمان مالک تو نہیں بن سکتا لیکن اس کے ساتھ مخصوص ہو گیا تھا۔

م۔۲۳۹: مسلمانوں کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ مسیحیوں وغیرہ کے ہاتھ خنزیر کا گوشت بیچے جو اسے حلال سمجھتے ہیں اور احتیاط واجب یہ ہے کہ ان کے لئے خنزیر کا گوشت پیش بھی نہ کرے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۲۴۰: مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ کسی کے لئے بھی شراب پیش کرے۔ اگرچہ پینے والا اسے حلال سمجھتا ہو اور اسی طرح شراب کے برتن دھونا اور ان کی سپلائی کرنا بھی جائز نہیں۔ بشرطیکہ یہ دونوں کام شراب خوری کا مقدمہ اور ذریعہ بنتے ہوں۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۲۴۱: مسلمانوں کے لئے جائز نہیں کہ وہ شراب فروشی، شراب پیش کرنے اور شراب نوشی کے لئے برتن دھونے کی مزدوری اختیار کرے۔ نیز اس قسم کے دوسرے کاموں کی اجرت لینا بھی جائز نہیں، اس لئے کہ یہ حرام ہیں۔ بعض حضرات اپنی شدید احتیاج اور مجبوری کو ان کاموں کے لئے جواز کے طور پر پیش کرتے ہیں جو کہ (کسی صورت میں) قابل قبول نہیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا و یرزقہ من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ۔

(الطلاق: ۲۔۳)

"جو شخص تقویٰ الٰہی اختیار کرے خدا اس کے لئے (سختی سے نکلنے کی) راہیں نکال لیتا ہے۔ اور اسے ایسے ذرائع سے رزق و روزی دیتا ہے جو اس کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوں اور جو

شخص خدا کی ذات پر توکل اور بھروسہ کرے خدا اس کے لئے کافی ہے،،

نیز فرمایا:

ان الذین توفاھم الملائکة ظالمی انفسھم قالوا فیم کنتم قالوا کنا مستضعفین فی الارض قالوا ألم تکن ارض الله واسعة فتھا جروا فیھا فأولئك مأواھم جھنم وساء ت مصیرا الا المستضعفین من الرجال والنساء والوالدان لا یستطیعون حیلة ولا یھتدون سبیلا۔

(نساء: ۹۷۔۹۸)

"بے شک جب لوگوں کی روح فرشتوں نے اس وقت قبض کی ہے کہ (دار الحرب میں پڑے) اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے تو فرشتے قبض روح کے بعد میت سے کہتے ہیں تم کسی حالت غفلت میں تو نہ تھے تو وہ (معذرت کے لہجے میں) کہتے ہیں ہم تو روئے زمین پر بیکس تھے تو فرشتے کہتے ہیں کہ خدا کی (ایسی لمبی چوڑی) زمین میں اتنی بھی گنجائش نہ تھی کہ کہ تم (کہیں) ہجرت کر کے چلے جاتے۔ پس ایسے لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے مگر جو مرد اور عورتیں اور بچے اس قدر بے بس ہیں کہ نہ تو (دار الحرب سے نکلنے کی) کوئی تدبیر کر سکتے ہیں نہ ان کی اپنی رہائی کی راہ دکھائی دیتی ہے تو امید ہے کہ خدا ایسے لوگوں سے در گزر کرے اور خدا تو بڑا معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔

رسول اکرم (ص) سے مروی ہے کہ آپ (ص) نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا:

ألا ان الروح الامين نفث فى روعى انه لا تموت نفس حتى تستكمل رزقها فا تقوالله و أجملوا فى الطلب ولايحملنكم استبطاء شىء من الرزق أن تطلبوه بمعصية ألله فأن الله تبارك و تعالى قسم الارزاق بين خلقه حلالاً، و لم يقسمها حراما فمن اتقى الله وصبر اتاه الله برزقه من حله ومن هتك حجاب الستر و عجل فاخذه من غير حله، قص به من رزقه الحلال و حوسب عليه يو م القيامة۔

(وسائل الشیعه للحر العاملی ج ۱۷ص ۴۴)

"آگاہ ہو! مجھے جبرئیل امین کے ذریعے الہام ہوا ہے کہ کوئی بھی شخص اس وقت تک نہیں مرتا جب تک اس کی رزق و روزی مکمل نہ ہو پس تقوی الٰہی اختیار کرو اور اچھے (جائز) طریقے سے طلب معاش کرو۔ رزق رسانی میں تاخیر، تمہیں ناجائز طریقے سے رزق کی تلاش پر آمادہ نہ کرنے پائے۔ اللہ تعالی نے اپنے بندوں میں حلال رزق کو تقسیم کر رکھا ہے حرام رزق کو تقسیم نہیں کیا جو شخص تقوی الٰہی اختیار کرے اور صبر کا مظاہرہ کرے خدا اسے حلال طریقے سے رزق دیتا ہے اور جو شخص ستر کے حجاب کو چاک کرے اور جلدبازی کر کے ناجائز طریقے سے کمانے لگے اسکے رزق حلال میں سے

کم کر دیا جاتا ہے اور روز قیامت اس کا حساب لیا جائے گا۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیے)

م۔ ۲۴۲: لہوولعب کے مراکز اور مہلک گناہوں کے مقامات پر کام کرنے سے حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہو تو یہ (کام کرنا) جائز نہیں ہوگا۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۲۴۳: مسلمانوں کے لیے مسیحیوں کے ساتھ مل کر ایسی تجارت کرنا جائز ہے جو شریعت اسلامیں حلال ہو۔ جیسے خرید و فروخت کرنا، در آمد و بر آمد اور ٹھیکے وغیرہ ہیں۔

م۔ ۲۴۴: غیر اسلامی بینک چاہے وہ پرائیویٹ ہو یا سرکاری، ان میں امانت رکھنا (اکاؤنٹ کھولنا) جائز ہے۔ اگرچہ ان کے ساتھ منافع ادا کرنے کی شرط بھی لگائی جائے کیونکہ غیر مسلموں سے سود لینا جائز ہے۔

م۔ ۲۴۵: اگر مسلمان غیر مسلم بینکوں سے قرض لینا چاہے تو ضروری ہے کہ سود کی شرط پر قرض لینے کا قصد نہ کرے اگرچہ اسے یہ معلوم ہو کہ بینک اس سے قرض کی اصل رقم اور سود دونوں وصول کرے گا۔ کیونکہ سود دینا جائز نہیں ہے۔

م۔ ۲۴۶: مسلمان دوسروں کو بینکوں اور کمپنیوں کے شیئرز خریدنے کی غرض سے اپنا نام و حیثیت استعمال کرنے کی اجازت دے سکتا ہے اور اس اجازت کے عوض طرفین میں طے پانے والا معاوضہ بھی وصول کر سکتا ہے۔

م۔ ۲۴۷: مسلمانوں کے لئے ایسے ممالک میں بنائی گئی چیزیں خریدنا جائز نہیں، جو اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ حالت جنگ میں ہیں، جیسے اسرائیل ہے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۲۴۸: مسلمان کو مارکیٹ ریٹ، اس سے کم یا اس سے زیادہ میں کرنسی تبدیل کرنے کا حق پہنچتا ہے فرق نہیں پڑتا کہ یہ تبدیلی نقد و دستی ہو یا مؤجل۔

م۔ ۲۴۹: جعلی یا منسوخ کرنسی کے ذریعے سودا کرنا جس سے لوگوں کو دھوکا ہو حرام ہے۔

البتہ یہ اس صورت میں حرام ہے جب کرنسی وصول کرنے والے کو اس کا علم نہ ہو۔

م۔ ۲۵۰ :اگر اس قصد اور امید سے ریفل ٹکٹ خرید ا جائے کہ اس سے انعام نکل آئے گا تو یہ جائز نہیں ہوگا (اور لاٹری کا شمار بھی اسی میں ہوتا ہے) اور اگر اسلام کے پسندیدہ رفاہی منصوبے میں شرکت کی خاطر ریفل ٹکٹ خریدا جائے نہ کہ حصول انعام کی خاطر، جیسے ہسپتالوں اور یتیم خانوں کی تعمیر وغیرہ، تو اس کی خریداری جائز ہوگی اگرچہ غیر اسلامی ممالک میں ایسا فرض کرنا مشکل ہے۔ ان ممالک میں شریعت اسلام کے بہت سے حرام کاموں کو رفاہی منصوبہ سمجھا جاتا ہے۔ بہر حال ریفل ٹکٹ جس مقصد کے لئے بھی خریدا ہو، اگر خریدار کے نام انعام نکل آئے تو غیر مسلم سے اسے وصول کیا جاسکتا ہے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۲۵۱ : چیتا، بچھو، لومڑی، ہاتھی، شیر، ریچھ اور بلی جیسے چیرنے پھاڑنے والے حیوانات کا بیچنا جائز ہے۔ اسی طرح وھیل مچھلی اگر اس کا کوئی حلال اور جائز فائدہ ہو جس کی وجہ سے اس کی مارکیٹ میں قیمت لگتی ہو تو اسے بھی بیچنا جائز ہے۔ اگرچہ اس کا یہ فائدہ محدود اور مخصوص افراد کے نزدیک ہو۔ البتہ کتا، اگر شکاری نہ ہو، اور خنزیر اس حکم سے مستثنیٰ ہوں گے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۲۵۲ : آرائش کی غرض سے سونا اور چاندی کے برتنوں کی خرید و فروخت جائز ہے اور کھانے پینے میں ان کا استعمال جائز نہیں ہے۔

م۔ ۲۵۳ :اسلامی ممالک کی حکومتوں کی طرف سے کسی بھی ملازم کے اکاؤنٹ میں جمع ہونے والی اس کی تنخواہ جو ابھی اس کے ہاتھ میں نہیں آئی، اس میں خمس واجب نہیں ہوگا اگرچہ یہ تنخواہ اس کے سال کے اخراجات سے زیادہ ہو۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

اس فصل سے مخصوص استفتاءات اور آیۃ اللہ مد ظلہ کے جوابات :

م۔ ۲۵۴ : مغربی ممالک میں انسان مختلف قسم کے بینک اکاؤنٹ کھول سکتا ہے جن میں زیادہ منافع کے اکاؤنٹ بھی ہوتے ہیں، کم منافع کے بھی، جن میں کسی قسم کی مشکل درپیش نہیں ہوتی۔ کیا ان بینکوں میں ایسا اکاؤنٹ کھولا جاسکتا ہے جس کا منافع زیادہ ہو، لیکن اگر بینک اس منافع کو روک لے تو اس کا مطالبہ نہ کرے ؟اور اگر یہ جائز نہیں تو کیا ایسا حل موجود ہے جس سے اس اکاؤنٹ کا کھولنا جائز ہو ؟ جبکہ یہ بھی معلوم ہے کہ انسان ذاتی طور پر منافع کے پیچھے دوڑتا ہے۔

جواب : مسلمان ان بینکوں میں اکاؤنٹ کھولنے کا حق رکھتا اور منافع کی شرط پر ان میں رقم جمع کرا سکتا ہے بشرطیکہ ان بینکوں کا سرمایہ حکومت کا ہو یا غیر مسلموں کا ذاتی سرمایہ ہو۔

م۔ ۲۵۵ : مغربی ممالک کے بینک بہت زیادہ منافع اور مکان گروی رکھنے (Mort-gage) کی شرط پر ایسے افراد کو قسطوں پر قرض فراہم کرتے ہیں جن کے پاس مکان خریدنے کے لئے رقم نہیں ہوتی۔ کیا مسلمان اس قسم کے منصوبہ سے فائدہ اٹھا سکتا ہے اور اگر جائز نہیں تو کیا آپ کی نظر میں اس شخص کے لئے کوئی حل موجود ہے جس کا یہ دعوی ہے کہ وہ رہائشی مکان کے لئے مکان گروی رکھنے (Mortgage) کی شرط پر قرض کا محتاج ہے اور اس کے پاس اتنا مال نہیں جو مکان خریدنے کے لئے کافی ہو۔

جواب : اس بینک سے مال لیا جاسکتا ہے جس کا سرمایہ حکومت کا یا غیر مسلموں کا ذاتی مال ہو۔ قرض کی نیت سے رقم وصول کرنا جائز نہیں ہے اور رقم وصول کرنے والے کا یہ جاننا کہ بینک ہر حالت میں اسے رقم اور اس کا منافع ادا کرنے پر مجبور کرے گا، اس سے مسئلے کا حکم تبدیل نہیں ہوگا۔

م۔۲۵۶: بعض حکومتیں متعلقہ ملک میں مقیم ضرورت مند افراد کو خاص شرائط پر رہائشی مکان فراہم کرنے کی پابند ہوتی ہیں۔ کیا مسلمان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ اپنا ذاتی گھر خریدے اور اس میں مختصر مدت سکونت اختیار کرے تاکہ اس کا خمس نہ دینا پڑے اور پھر اسے کرایہ پر دے دے اور خود اس گھر میں رہنے لگے جس کا کرایہ حکومت ادا کرتی ہے۔

جواب: جب تک مکان کی واقعی ضرورت نہ ہو اس میں مختصر مدت سکونت اختیار کرنے سے خمس ساقط نہیں ہوتا بلکہ اس کی ادائیگی واجب ہوگی۔ چنانچہ سوال میں یہی فرض کیا گیا ہے کہ مکان اس کی ضرورت نہیں۔

م۔۲۵۷: بعض تجارتی یا صنعتی کمپنیاں پرائیویٹ یا اسلامی اور سرکاری بینکوں سے سودی قرضے لیتی ہیں اور ان بینکوں میں سرمایہ کاری کے نتیجے میں منافع حاصل کرتی ہیں۔ کیا ان کمپنیوں سے حصص خریدنا اور ان کے منصوبوں میں شریک ہونا جائز ہے؟

جواب: اگر یہ ان کے سودی کاروبار میں شرکت شمار ہو تو جائز نہ ہوگا۔ البتہ اگر کمپنی مسلمانوں کی ہو اور وہ غیر مسلم بینکوں سے منافع حاصل کرتی ہو، ان سے حصص خریدنے میں کوئی حرج نہیں۔

م۔۲۵۸: بعض حکومتیں، اسی طرح بعض غیر اسلامی اور اسلامی ممالک میں کمپنیاں، اپنے ملازمین کی تنخواہیں براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کر دیتی ہیں اور ملازمین کی تنخواہ نقد ان کے ہاتھ میں نہیں آتی۔ لیکن جب چاہیں وہ بینک سے نکلوا سکتے ہیں۔ اگر اس طرح ملازمین کا بینک بیلنس بڑھ جائے اور اس کے سال کے اخراجات سے زیادہ ہو جائے اس میں خمس واجب ہوگا؟

جواب: اس رقم میں سے جو کچھ اس کے سال کے اخراجات سے زیادہ ہوگا اس کا خمس ادا کرنا ہوگا مگر یہ کہ یہ شخص کسی اسلامی ملک میں سرکاری ملازم ہو اور اس کی تنخواہ

سرکاری یا نیم سرکاری بینک میں جمع ہوتی ہو۔ اس صورت میں جب تک حاکم شرع کی اجازت سے اپنے قبضے اور ملکیت میں نہ لے اس میں خمس واجب نہ ہوگا کیونکہ حاکم شرع کی اجازت سے ملکیت میں لینے کے بعد ہی اس سال کے منافع میں شامل ہوگا جس کو اس نے حاصل کیا ہے اور اس رقم میں سے جو اس کے سال کے اخراجات سے زیادہ ہوگا اس کا خمس دینا ہوگا۔

م۔ ۲۵۹ : اگر ایک مسلمان دوسرے مسلمان سے کوئی رقم قرض لے لے۔ جس کے کچھ عرصے بعد اس کرنسی کا مارکیٹ ریٹ گر جائے ایسی صورت میں مقروض قرض خواہ کو اتنی ہی رقم ادا کرے گا جتنی اس نے اس سے قرض لی تھی یا ادائیگی کے وقت اس رقم کی مارکیٹ میں قیمت کے برابر ادا کرے گا؟ نیز اگر قرض دینے والا کافر ہو تو کیا اس مسئلے کا حکم مختلف ہوگا؟

جواب : رقم کی وہی مقدار واپس کی جائے گی جو قرض لی گئی تھی اور فرق نہیں پڑتا کہ قرض خواہ مسلمان ہو یا کافر۔

م۔ ۲۶۰ : کیا ایسی کمپنیوں میں سرمایہ لگانا جائز ہے جو شراب بناتی ہوں جبکہ ایک مال دوسرے مال سے الگ بھی نہیں کیا جاسکتا؟

جواب : شراب بنانے میں کسی کے ساتھ شریک ہونا اور ان سے تعاون کرنا جائز نہیں۔

م۔ ۲۶۱ : اگر کسی غیر اسلامی ملک میں مسلمان معمار (مستری) یا ٹھیکیدار کو غیر اسلامی عبادت گاہ تعمیر کرنے کی پیشکش کی جائے تو کیا اسے قبول کرنا جائز ہوگا؟

جواب : اسے قبول کرنا جائز نہیں۔ اس لئے کہ یہ باطل ادیان کی تبلیغ وترویج شمار ہوتی ہے۔

م۔ ۲۶۲ اگر کسی مسلمان خطاط کو شراب خوری، رقص کی محفل یا ایسے ہوٹل کا چارٹ بنانے کی پیشکش کی جائے جہاں خنزیر کا گوشت استعمال ہوتا ہے۔ کیا اسے قبول کرنا جائز ہوگا؟

جواب : اسے قبول کرنا جائز نہیں کیونکہ یہ فحاشی کا پرچار اور بدکاری کی ترویج ہے۔

م۔ ۲۶۳ : کیاایسے مراکزاور مارکیٹوں سے خرید و فروخت جائز ہے جہاں کا کچھ منافع اسرائیل کے لئے مخصوص کیا جاتا ہے ؟

جواب : ہم اسے جائز نہیں سمجھتے۔

م۔ ۲۶۴ : اگر کوئی مسلمان ایک عمارت خریدے اور اسے یہ معلوم نہ ہو کہ یہ شراب خوری کا اڈہ ہے جہاں سے کرایہ دار کا نکالنا بھی مشکل ہے لیکن بعد میں صورتِ حال معلوم ہو جائے۔

الف : ایسی صورت میں کیا مالک مکان کرایہ دار سے مرکزِ شراب خوری کا کرایہ لے سکتا ہے ؟

ب : بالفرض اگر جائز نہ ہو تو کیا حاکم شرع کی اجازت سے لے سکتا ہے اور کس عنوان سے لے سکتا ہے ؟

ج : بالفرض اگر خریدار کو پہلے سے معلوم ہو کہ اس مکان میں شراب خوری ہوتی ہے تو اس صورت میں عمارت کو خریدنا جائز ہے ؟ جبکہ اس کرایہ دار کو نکالنا بھی ممکن نہیں۔

جواب : الف : شراب خوری کی صورت میں استفادہ کے مقابلے میں کرایہ وصول کرنا جائز نہیں۔

ب : چونکہ مالک مکان اس قسم کے مکان سے حلال استفادہ کے عوض کرایہ کا حقدار ہے اس لئے اس کے لئے جائز ہے کہ شراب خوری کی جگہ کے کرایے کے طور پر اسے جو کچھ دیا جائے اس میں سے اپنا حق وصول کرنے کی نیت سے کرایہ وصول کرے یا اگر کرایہ دار غیر مسلم ہو تو مفت اپنی ملکیت میں لینے کی نیت سے کرایہ وصول کرے۔

ج : اس عمارت کو خریدنا جائز ہے اگرچہ خریدار کو معلوم ہو کہ اس میں سابق الذکر کرایہ دار رہتا ہے جس کو نکالنا ممکن نہیں ہوگا۔

م۔۲۶۵ : کیا کسی کارخانہ وغیرہ کے مالک کے لئے جائز ہے کہ بے روزگار مسلمان کی موجودگی میں کسی غیر مسلم کو اس کارخانہ میں ملازم رکھ لے ؟

جواب : یہ عمل بذات خود تو جائز ہے لیکن اسلامی اخوت اور مسلمان پر مسلمان کے حق کا تقاضا یہی ہے کہ اگر کوئی رکاوٹ نہ ہو تو مسلمان کو غیر مسلموں پر ترجیح دے۔

م۔۲۶۶ : کیا ایسی دوکان میں کام کرنا جائز ہے جہاں ننگی تصویروں پر مشتمل مجلّات اور رسالے بکتے ہوں اور کیا ایسے رسالوں کی تجارت اور طباعت جائز ہے ؟

جواب : یہ تمام کام جائز نہیں۔ کیونکہ یہ فعل حرام کی ترویج اور فحاشی کا پرچار ہے۔

م۔۲۶۷ : کیا ایسے کتوں کو خریدنا جائز ہے جن سے حفاظت اور نگہبانی کا کام لیا جاتا ہے اور خواتین سڑکوں پر گھومتے اور ٹہلتے وقت رکھوالی کے طور پر انہیں اپنے ساتھ رکھتی ہیں ؟ کیا ایسے کتوں کی تجارت اور ایسے کتوں کو کرایہ پر دینا جائز ہے ؟

جواب : ایسے کتوں کی خرید و فروخت جائز نہیں البتہ جس کے پاس اس قسم کے کتے ہوں اسے ایک حق اختصاص حاصل ہو جاتا ہے جس سے دستبردار ہونے کے عوض اسے کچھ نہ کچھ ادائیگی کی جاسکتی ہے جس کے بعد اس کتے پر اس شخص کا تسلط ہوگا جس نے ادائیگی کی ہو۔ (مالک نہیں بنے گا) البتہ حلال منافع کی غرض سے کرایہ پر دیئے جاسکتے ہیں۔

م۔۲۶۸ : مغربی ممالک میں ایسے کتے ہوتے ہیں جو چلتے وقت نابیناؤں کی راہنمائی کرتے ہیں۔ کیا ایسے کتوں کو خریدنا اور ان کی تجارت کرنا جائز ہے ؟

جواب : ان کتوں کا حکم بھی وہی ہے جو گزشتہ سوال میں مذکور کتوں کا تھا۔

م۔۲۶۹ : جو مسلمان غیر مسلم ممالک کے کسی پرائیویٹ دفتر یا سرکاری ادارے میں ملازم ہے یا گھنٹوں کے حساب سے مقررہ تنخواہ پر کام کرتا ہے۔ ایسا مسلمان کام چوری کر سکتا ہے ؟ یا جان بوجھ کر فرائض کی انجام دہی میں سستی یا تاخیر کرنا جائز ہے اور ان کوتاہیوں کے باوجود پوری اجرت اور مزدوری کا حقدار ہوگا ؟

جواب : یہ کام جائز نہیں۔ اگر کوئی شخص یہ کام کرے تو پوری اجرت اور تنخواہ کا حقدار نہیں ہو گا۔

م۔۲۷۰ : بعض مسلمان ، اسلامی ممالک سے قرآن مجید کے قلمی نسخے مغربی ممالک میں منگواتے ہیں اور ان کی تجارت کرتے ہیں۔ کیا ان کا یہ عمل جائز ہے ؟ اگر اس معاملے میں رکاوٹ یہ ہو کہ کافر کے ہاتھ قرآن کو بیچنا جائز نہیں تو کیا اس کو حلال اور جائز قرار دینے کی کوئی صورت ہے ؟ اگر ہے تو وہ کیا ہے ؟

جواب : ہم اس کی اجازت نہیں دیتے۔ کیونکہ یہ مسلمان کی میراث اور اس کے (اسلامی) ذخیروں کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے۔

م۔۲۷۱ : کیا اسلامی ممالک سے کتابوں کے نسخے ، تحفے تحائف اور اسلامی آثار لے کر انہیں یورپی ممالک میں مہنگے داموں بیچنا جائز ہے ؟ یا یہ کہ یہ عمل اسلامی ثروت کا ضیاع اور ناجائز شمار ہو گا ؟

جواب : ہم اس کی اجازت نہیں دیتے۔ جس کی وجہ گزشتہ مسئلے میں بیان کی گی ہے۔

م۔۲۷۲ : بعض اوقات رات کے وقت شراب خوری کی دوکانیں کافروں سے کھچا کھچ بھر جاتی ہیں اور شراب سے دھت مدہوشی کی حالت میں کھانے کے ہوٹلوں کی تلاش میں نکل جاتے ہیں۔ کیا مسلمان ایسی حالت کو غنیمت سمجھتے ہوئے ہوٹل کھول کر نشے میں آنے والے افراد وغیرہ کے لئے حلال کھانے پیش کر سکتا ہے ؟ اور مسلمانوں کا یہ کھانا اثر شراب کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہو تو آیا یہ عمل گناہ ہو گا ؟

جواب : بذات خود اس عمل میں کوئی حرج نہیں۔

م۔۲۷۳ : کیا مسلمان ان لوگوں کے ہاتھ خنزیر کا گوشت بیچ سکتا ہے جو اسے حلال سمجھتے ہیں ؟ جیسے اہل کتاب ہیں۔

جواب : خنزیر کے گوشت کا کاروبار کسی صورت میں بھی جائز نہیں۔

م۔۲۷۴ جس شخص کو یقین ہو کہ کسی نہ کسی دن ٹیلی ویژن یا ویڈیو فلم کے ذریعے کوئی نہ کوئی حرام پروگرام ضرور دیکھے گا۔ کیا اس کے لئے ٹیلیویژن خریدنا جائز ہے؟

جواب: عقلی طور پر لازم ہے کہ ایسی چیز اپنے پاس نہ رکھی جائے۔

م۔۲۷۵: کیا کسی دوکان میں خنزیر کا گوشت بیچنے کا کام کرنا جائز ہے؟ بایں معنی کہ مسلمان جو خنزیر کے گوشت کو حلال نہیں سمجھتا اپنے کسی ملازم کو خنزیر کا گوشت پیش کرنے کا حکم دے۔

جواب: خنزیر کا گوشت ان لوگوں کے ہاتھ بھی بیچنا جائز نہیں ہے جو اسے حلال سمجھتے ہیں فرق نہیں پڑتا دوکان میں انسان اپنے ہاتھ سے خنزیر کا گوشت بیچے یا اس عمل کا سبب بنے۔ جہاں تک ان لوگوں کے لئے خنزیر کا گوشت پیش کرنے کا تعلق ہے جو اسے حلال سمجھتے ہیں یہ خالی از اشکال نہیں۔ احتیاط واجب یہی ہے کہ اسے ترک کیا جائے۔

م۔۲۷۶: آپ نے فرمایا کہ اگر منافع (انعام) کی نیت نہ ہو تو کسی رفاہی منصوبے کیلئے عطیے کے طور پر ریفل (لاٹری) ٹکٹ خریدا جا سکتا ہے۔ اگر اس ٹکٹ کی آدھی قیمت انعام کی امید سے اور آدی قیمت بطور عطیہ ادا کی جائے تو اس صورت میں ریفل ٹکٹ خریدنا جائز ہو گا؟

جواب: جائز نہیں۔

م۔۲۷۷: کیا کسی بالغ مسلمان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ کسی نابالغ بچے کو اس بات پر آمادہ کرے کہ وہ (بچہ) ریفل ٹکٹ خرید کر اس (بڑے) کے لئے ہدیہ کرے؟ یا کسی اہل کتاب (یہودی اور مسیحی) سے اس امید سے خریدوائے کہ اس کا انعام نکل آئے۔

جواب: اس قسم کے حیلوں سے ناجائز، جائز نہیں ہو جاتا۔ کیونکہ خریداری کے لئے وکیل بنانے اور خریداری کا باعث بننے کا وہی حکم ہے جو اپنے ہاتھ سے خریدنے کا

حکم ہوتا ہے۔

م۔۲۷۸: کیا اس شہد (کی شیشی) کو خریدنا جائز ہے جس کے اوپر انعامی کوپن چسپاں ہو اور خریدتے وقت انعام نکل آنے کی امید ہو۔

جواب: اگر قیمت کی ادائیگی اس احتمالی اور متوقع منافع کے بدلے نہ ہو بلکہ مکمل طور پر شہد کے مقابلے میں ہو تو جائز ہوگا۔

م۔۲۷۹: اگر کسی مسلمان کے نام لاٹری کے ذریعے انعام نکل آئے اور وہ یہ فیصلہ کرلے کہ اس انعام کا کچھ حصہ وصولی کے بعد مسلمانوں کے مفاد میں خرچ کرے گا کیا مسلمان اس کار خیر کی خاطر یہ انعام وصول کر کے اسے اس کار خیر میں خرچ کر سکتا ہے؟ نیز انعام نکلنے سے پہلے کی ایسی نیت اور بعد کی نیت کا ایک ہی حکم ہوگا یا مختلف؟

جواب: اگر یہ مال ایسے لوگوں کا ہے جن کا مال محترم نہیں تو اس میں تصرف جائز ہے۔

م۔۲۸۰: اگر لاٹری کے ذریعے انعام یافتہ شخص اس لاٹری کے مال سے حج بیت اللہ بجالائے تو کیا یہ حج صحیح شمار ہوگا؟

جواب: اس کا حکم بھی گزشتہ مسئلے کے جواب سے معلوم ہوگا۔

م۔۲۸۱: اگر کوئی ظالم اور غاصب ادارہ کسی مسلمان کو حج کے اخراجات فراہم کرے تو اس حج کا کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر اس عین مال کے غصبی ہونے کا یقین نہ ہو تو حج کے اخراجات فراہم کرنے والے ادارے کے غاصب ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

م۔۲۸۲: بعض یورپی ممالک کی دوکانوں پر گھریلو سامان بکتا ہے اور اس کے خریدار کو یہ حق اور اختیار دیا جاتا ہے کہ تاریخِ خرید سے دو ہفتے کے اندر اندر خریدا ہوا سامان واپس کر دے۔ کیا ان دوکانوں سے اس غرض سے سامان خریدنا جائز ہے کہ ان دو ہفتوں کے دوران اس سے استفادہ کر کے واپس کر دیا جائے۔ غرض اس خریدار کا مقصد

دو ہفتہ تک اس مال سے استفادہ کرتا ہے، حقیقی خریداری نہیں۔ کیا یہ عمل جائز ہے ؟اس صورت میں اگر دکان کا مالک مسلمان ہو تو کیا اس کا حکم مختلف ہو گا؟ اگر یہ معاملہ جائز ہے تو کس مقصد کے تحت جائز ہو گا؟

جواب : اگر دوکان کا مالک مسلمان ہو تو یہ کام جائز نہیں، بصورت دیگر جائز ہو گا۔ بشرطیکہ سامان کو خریدنے کی نیت نہ کریں بلکہ کافر کا مال ہتھیانے کی نیت کریں اور کسی نقصان کا بھی خطرہ نہ ہو۔

م۔ ۲۸۳ : کیا اس ہوٹل میں کام کرنا جائز ہے جس میں شراب پیش کی جاتی ہو جبکہ کام کرنے والا خود شراب پیش نہیں کرتا بلکہ برتن صاف کرنے کے عمل میں شریک ہے؟

جواب : اگر شراب کے برتن دھونا، شراب خوری اور شراب پیش کرنے کا مقدمہ اور ذریعہ شمار ہو تو یہ عمل شرعاً حرام ہے۔

م۔ ۲۸۴ : ایک مسلمان جس کی دلی خواہش دین کی نشر و اشاعت ہے اور مغربی ممالک کے دفاتر میں ملازمت اختیار کرنے کے لئے بعض حرام کام کرنے پر مجبور ہے اور اسے امید ہے کہ مستقبل قریب میں دفتر کے اندر اثر و رسوخ پیدا کر کے اپنے دین کی خدمت کر سکے گا جس کی اہمیت مذکورہ حرام کام (کی قباحت) سے زیادہ ہے۔ کیا اس مقصد کے لئے فعل حرام جائز ہو جائے گا؟

جواب : صرف مستقبل کی امید کی بنیاد پر فعل حرام کا مرتکب ہونا جائز نہیں۔

م۔ ۲۸۵ : کیا مسلمان قانون دان کسی غیر اسلامی ملک میں وکالت کر سکتا جہاں اس ملک کے قوانین کے مطابق کیس ملتے ہیں اور یہ وکیل غیر مسلموں کے کیس لینے کا پابند ہوتا ہے اور اس کی کوشش ہوتی ہے کہ کوئی نہ کوئی کیس مل جائے۔

جواب : اگر اس کام سے کسی کا حق ضائع نہ ہوتا ہو یا جھوٹ بولنا یا کوئی حرام کام نہ کرنا پڑے تو جائز ہو گا۔

م۔۲۸۶: کیا قانون دان غیر اسلامی ممالک میں جج اور قاضی کے فرائض انجام دے سکتا ہے جہاں ان ممالک کے قوانین کے مطابق فیصلے کئے جاتے ہیں۔

جواب: جو شخص قضاوت کا اہل نہیں وہ قضاوت کرنے کا حق نہیں رکھتا اور نہ اسلامی قوانین کے خلاف کوئی فیصلہ کرنا جائز ہے۔

م۔۲۸۷: بعض یورپی ممالک میں کسی الیکٹرک انجینئر کو بجلی کا کام کرنے یا لاوڈ سپیکر ٹھیک کرنے کے لئے بلایا جاتا ہے۔ کبھی اس کام کے لئے اسے لہوولعب کے مراکز میں بھی جانا پڑتا ہے۔ کیا یہ شخص اس جگہ کا کام کر سکتا ہے یا بجلی کی نئی مشینری لگا سکتا ہے؟ جبکہ ہمیں یقین ہے کہ اگر یہ شخص ایک دو دفعہ ایسی جگہوں پر کام کرنے سے انکار کر دے تو اس کا کام مکمل طور پر رک جاتا ہے اور لوگ مکمل طور پر اس کی طرف رجوع کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔

جواب: جائز ہے۔

م۔۲۸۸: ایک شخص جو ایک ہوٹل میں کام کرتا ہے اور کبھی حرام گوشت اور کبھی خنزیر کا گوشت غیر مسلموں کے لئے پیش کرتا ہے۔ سوال کے پہلے حصے کا جواب تو اس سے قبل عنایت فرما چکے ہیں (یعنی حرام گوشت ان لوگوں کو پیش کیا جا سکتا ہے جو اسے حلال سمجھتے ہیں) دوسرے حصے کے بارے میں فرمائیں کہ غیر مسلموں کے لئے دوسرے حرام گوشت کے علاوہ خنزیر کا گوشت پیش کیا جا سکتا ہے؟ پوشیدہ نہ رہے کہ اگر ہوٹل کا مسلمان ملازم اس کام سے انکار کر دے تو اسے ملازمت سے برطرف کر دیا جاتا ہے یا وہاں سے نکال دیا جاتا ہے۔

جواب: ایسے لوگوں کے لئے بھی خنزیر کا گوشت پیش کرنا محل اشکال ہے جو اسے حلال سمجھتے ہیں۔ احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ یہ کام نہ کیا جائے۔

م۔۲۸۹: کیا مسلمان سبزی کی ایسی دکان پر کام کر سکتا ہے جس کے ایک گوشے میں شراب بیچی جاتی ہو جبکہ اس مسلمان کا کام صرف پیسے وصول کرنا ہے؟

جواب : مسلمان کے لئے شراب کے علاوہ دوسری چیزوں کی قیمت وصول کرنا جائز ہے۔ بلکہ اگر بیچنے اور خریدنے والا غیر مسلم ہو تو شراب کی قیمت وصول کرنا جائز ہے۔

م۔۲۹۰ : مغربی ممالک میں پریس کا مالک کسی ہوٹل والے کے لئے کھانے کی چیزوں کی فہرست چھاپ کر دیتا ہے جس میں خنزیر کا گوشت بھی شامل ہے۔ کیا یہ عمل جائز ہے؟ نیز شراب فروشی اور دیگر حرام کاموں کی دکانوں کے اشتہارات چھاپنا جائز ہے؟ جبکہ اس پریس کے مالک کا دعوی ہے کہ اگر اس قسم کی چیزیں نہ چھاپیں تو اس کا کاروبار متأثر ہو گا۔

جواب : اگرچہ اس سے اس کا کاروبار متأثر ہو پھر بھی یہ کام جائز نہیں ہو گا۔

☆☆☆☆☆

پانچویں فصل

اجتماعی تعلقات

☆ مقدمہ

☆ اجتماعی تعلقات سے متعلق چند احکام

☆ اجتماعی تعلقات کے بارے میں بعض قرآنی آیات اور احادیث

☆ اجتماعی تعلقات سے مخصوص استفتاءات

ہر معاشرے کے کچھ اجتماعی حالات ہوتے ہیں جو اسی معاشرے سے مخصوص ہوتے ہیں اور ہر معاشرے میں اپنے اسلاف کی تقلید، اس کی اپنی شناخت، اپنے اپنے اقدار اور عادات واطوار ہوا کرتے ہیں۔ قدرتی بات ہے کہ یورپی اور مغربی ممالک اور اس معاشرے کے حالات، ان کی اقدار اور عادات واطوار بھی ان اسلامی ممالک کے عادات واطوار اور اقدار وغیرہ سے مختلف ہوں گے، جہاں کے مسلمان ہجرت کر کے ان یورپی ممالک میں آباد ہونے پر مجبور ہیں۔ جس کی وجہ سے وہاں پر رہنے والے مسلمان کی زبان پر ہمیشہ یہ سوال رہتا ہے کہ کون سا فعل جائز ہے اور کون سا فعل ناجائز ہے۔ اس طرح یہ مسلمان ایسے جدید معاشرے میں زندگی گزارتا ہے جس کی اقدار اس معاشرے کی اقدار سے یکسر مختلف ہیں، جس میں اس مسلمان نے جنم لیا ہے اور ایک عرصہ گزارا ہے۔ اس کے علاوہ اسلامی معاشرے کے فرزند جو عجیب وغریب اور انوکھی اقدار پر مشتمل معاشرے میں زندگی گزارنا چاہتے ہیں ان کا فرض بنتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو اپنے افراد خانہ اور بیوی بچوں کو اس معاشرے میں گھل مل جانے سے بچائیں جس کے لئے انہیں غیر معمولی محنت کرنا پڑتی ہے تاکہ اپنی فیملی اور بچوں کو معاشرے کے تباہ کن اثرات سے محفوظ رکھ سکیں۔

م۔۲۹۱: مسلمان پر صلہ رحم واجب ہے اور قطع رحم گناہان کبیرہ میں سے ہے اگر (عام حالات میں) صلہ رحم واجب اور قطع رحم ان گناہان کبیرہ میں سے ہے جس کی سزا آتش جہنم بتائی گئی ہے تو دیار غیر اور عالم غربت میں جہاں انسان اپنی برادری اور رشتہ داروں سے دور ہوتا ہے، خاندان خاندان سے بچھڑ جاتے ہیں، دینی تعلقات ختم ہو جاتے ہیں اور مادی اقدار کو غلبہ ہوتا ہے، ایسے مقامات پر صلہ رحم کی اہمیت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے۔

اللہ تعالی نے قطع رحم سے منع فرمایا ہے اور اپنے کلام میں ارشاد فرماتا ہے :

فهل عسيتم ان توليتم أن تفسدوا فى الارض وتقطعوا أرحامكم اولئك الذين لعنهم الله فاصمهم و اعمى أبصارهم.

(محمد : ۲۲_۲۳)

"کیا تم سے کچھ دور ہے اگر تم حاکم بنو تو روئے زمین میں فساد پھیلانے اور اپنے رشتے ناطوں کو توڑنے لگو۔ یہ وہی لوگ ہیں جن پر خدا نے لعنت کی ہے اور (گویا خود اس نے) ان کے کانوں کو بہرہ اور ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا ہے"۔

اور حضرت علی (ع) نے فرمایا :

ان اهل البيت ليجتمعون و يتواسون وهم فجرة فيرزقهم الله ، وإن أهل البيت ليتفرقون و يقطع بعضهم بعضا فيحرمهم الله وهم أتقياء.

(اصول کافی ج ۲ ص ۳۴۸)

"ایک گھرانے والے جو آپس میں اتفاق اور اتحاد سے رہتے ہیں ایک دوسرے سے ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ وہ فاسق و فاجر بھی ہوں تو خدا انہیں رزق و روزی سے نوازتا ہے اور ایک گھرانے والے جو باہمی افتراق اور انتشار کا شکار ہوتے ہیں اور ایک دوسرے سے قطع تعلق کرتے ہیں وہ متقی و پرہیزگار بھی ہوں تو خدا انہیں رزق و روزی سے محروم کر دیتا ہے"

اور امام محمد باقر (ع) سے روایت ہے کہ آپ (ع) نے فرمایا :

فی کتاب علی : ثلاث خصال لایموت صاحبهن ابدا حتی یری و بالهن البغی و قطیعة الرحم، والیمین الکاذبة یبارز الله بها، وإن أعجل الطاعة ثوابا لصلة الرحم، إن القوم لیکونون فجارا فیتواصلون فتنمی اموالهم و یثرون وإن الیمین الکاذبة وقطیعة الرحم لتذران الدیار بلاقع من اهلها۔

"کتاب علی میں ہے : تین خصلتیں ایسی ہیں جن کا مرتکب اس وقت تک ہرگز نہیں مرتا جب تک اس کی سزا نہ بھگتے۔ ظلم، قطع رحم اور جھوٹی قسم، جو خدا سے نبرد آزما ہونے کے مترادف ہے۔ خدا کی اطاعتوں میں سے جس کا ثواب سب سے جلدی ملتا ہے وہ صلہ رحم ہے۔ فاسق اور فاجر قومیں بھی جب صلہ رحم کرتی ہیں تو ان کا مال بڑھ جاتا ہے اور ثروت مند بن جاتے ہیں اور جھوٹی قسم اور قطع رحم تو آباد گھروں کو اس کے رہنے والوں سے خالی اور اجاڑ کر رکھ دیتے ہیں"

م۔۲۹۲ : قطع رحم کرنا حرام ہے اگرچہ وہ رحم (قریبی رشتہ دار) تارک الصلوۃ اور شراب خور ہو اور بعض دینی احکام کو اہمیت نہ دیتا ہو۔ مثال کے طور پر خاتون ہے تو وہ بے پردہ رہتی ہے اور اس کے سامنے کسی قسم کا وعظ و نصیحت اور تنبیہ کارگر ثابت نہیں ہوتی۔ (ایسے افراد سے بھی صلہ رحم واجب ہے) بشرطیکہ ان سے صلہ رحم کے نتیجے میں فعل حرام کی تائید نہ ہوتی ہو۔

ہمارے نبی کریم (ص) نے فرمایا:

أفضل الفضائل : أن تصل من قطعك، تعطی من

حرمك ، وتعفو عمن ظلمك

(جامع السعادات للنراقی ج۲ص۲۶۰)

فضائل میں سب سے افضل یہ ہے کہ جو تم سے قطع رحم کرے تم اس سے صلہ رحم کرو جو تمہیں محروم کرے تم اسے عطا کرو اور جو تم پر ظلم کرے اسے معاف کرو

نیز حضور (ص) نے فرمایا :

لاتقطع رحمك و إن قطعك

(اصول کافی ج۲ ص۳۴۷،من لا یحضرہ الفقیه ج ۴ ص۳۴۷)

"قطع رحم نہ کرو اگرچہ وہ تم سے قطع رحم کریں"

م۔ ۲۹۳ :شاید سب سے معمولی عمل جس کے ذریعے ایک مسلمان صلہ رحم کر سکتا ہے وہ یہ ہے کہ انسان اپنے قریبی رشتہ داروں کی زیارت کرے اور ان سے ملاقات کرے اور ان کی احوال پرسی کرے اگرچہ دور ہی سے سہی۔

نبی کریم (ص) نے فرمایا :

إن أعجل الخير ثوابا صلة الرحم۔

(اصول کافی ج۲ص۱۵۲)

"نیک کاموں میں سب سے جلدی جس کا ثواب ملتا ہے وہ صلہ رحم ہے"

امیر المؤمنین (ع) نے فرمایا

صلوا ارحامكم ولو بالتسليم، يقول الله سبحانه تعالى: واتقو الله الذى تساء لون به و الارحام ان الله كان عليكم رقيبا۔

(اصول کافی ج۲ص ۱۵۵)

"صلہ رحم کرتے رہو اگرچہ سلام کے ذریعے ہی سہی۔ اللہ تعالی کا فرمان ہے: اور خدا سے ڈرو جس کے وسیلہ سے آپس میں ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور قطع رحم سے ڈرو بے شک خدا تمہاری دیکھ بھال میں ہے"

امام جعفر صادق (ع) نے فرمایا:

إن صلة الرحم والبر ليهونان الحساب ويعصمان من الذنوب، فصلوا أرحامكم وبروا باخوانكم، ولو بحسن السلام ورد الجواب.

(اصول کافی ج۲ص ۱۵۷)

"بے شک صلہ رحم اور نیکی (روز قیامت) حساب کو آسان بنا دیتے ہیں اور گناہوں سے محفوظ کرتے ہیں پس صلہ رحم کرتے رہو اور اپنے بھائیوں سے نیکی کرو اگرچہ سلام اور جواب سلام کے ذریعے ہی سہی"

م۔ ۲۹۴: بدترین قطع رحم عاق والدین ہوتا ہے جن سے خدا نے احسان اور نیکی کا حکم دیا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے:

وقضى ربك الا تعبدوا الا اياه و بالوالدين احسانا إما يبلغن عندك الكبر أحد هما أوكلاهما فلا تقل لهما أف ولا تنهر هما وقل لهما قولا كريما. (الاسراء: ۲۳)

"اور تمہارے پروردگار ہی نے تو حکم دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا اور ماں باپ سے نیکی کرنا اگر ان میں سے

ایک یا دونوں تیرے سامنے بڑھاپے کو پہنچیں (اور کسی بات پر خفا ہوں) تو خبردار ان کے جواب میں اف تک نہ کہنا اور نہ جھڑکنا اور (جو کہنا سننا ہو تو) بہت ادب سے کہنا"۔

امام (ع) نے فرمایا:

أدنى العقوق أف، و لو علم الله عز و جل شيئا أهون منه لنهى عنه.

(اصول کافی ج۲ ص۳۴۸)

"عاق والدین ہونے کا ادنی مصداق یہ ہے کہ اولاد والدین سے اف کر دے اگر خدا کے علم میں جسارت کا اس سے بھی ہلکا انداز ہوتا تو اس سے نہی فرماتا"

امام جعفر صادق (ع) نے فرمایا:

ان ابی(ع) نظر الی رجل ومعه ابنه یمشی والابن متکی علی ذراع الأب فما کلمه أبی مقتا حتی فارق الدنیا

(اصول کافی ج۲ ص۳۴۹)

"میرے والد گرامی (ع) نے ایک شخص کو دیکھا جس کے ساتھ اس کا بیٹا چل رہا تھا اور بیٹے نے باپ کے بازو کا سہارا لیا ہوا تھا۔ اس سے میرے والد گرامی اس قدر خفا اور غضبناک ہوئے کہ اپنی رحلت تک اس شخص (بیٹے) سے بات نہیں کی"

نیز امام جعفر صادق (ع) نے فرمایا:

من نظر الی ابویه نظر ما قت وهما ظالمان له لم

يقبل الله له صلوة۔

(اصول کافی ج ۲ص ۳۴۹)

"جو شخص اپنے والدین کو ایسی حالت میں غضب سے گھورے جب وہ اس پر ظلم کر رہے ہوں تو خدا اس کی نماز قبول نہیں فرماتا"

ان کے علاوہ بھی اس موضوع سے متعلق بہت ساری احادیث موجود ہیں۔

(ملاحظہ فرمائیں "جامع السعادات" ج ۲ ص ۲۶۲ - اس کے بعد و الذنوب الکبیرۃ للسید دستغیب ج ۱ ص ۱۳۸)

م۔ ۲۹۵ : "عاق والدین" کے مقابلے میں والدین سے "نیکی" ہے یہ عمل ان تمام اعمال سے افضل ہے جن کے ذریعے اللہ تعالی کا قرب حاصل کیا جاسکتا ہے۔

اللہ تعالی نے فرمایا :

واخفض لهما جناح الذل من الرحمة وقل رب ارحمهما كما ربياني صغيرا

(اسراء : ۲۴)

"اور ان کے سامنے نیاز سے خاکساری کا پہلو جھکائے رکھو اور ان کے حق میں دعا کرو : اے میرے پالنے والے جس طرح ان دونوں نے بچپنے میں میری پرورش کی ہے اس طرح تو بھی ان پر رحم فرما"

ابراہیم بن شعیب روایت کرتا ہے :

قلت لابی عبدا لله (ع) ان ابی قد كبر جدا و ضعف فنحن نحمله إذا أراد الحاجة، فقال: إن استطعت أن تلي ذلك منه فافعل ولقمه بيدك

فانه جنة لك غدا۔

(اصول کافی ج۲ ص۱۶۲)

"میں نے امام (ع) سے عرض کیا: میرے والد بہت زیادہ بوڑھے اور ضعیف ہو گئے ہیں۔ اگر انہیں کوئی حاجت ہو تو ہم انہیں ہاتھوں پر اٹھالیتے ہیں۔ آپ (ع) نے فرمایا: اگر تم سے ہو سکے تو اس برتاؤ کو تسلسل سے جاری رکھو۔ اپنے ہاتھ سے اس کے منہ میں کھانے کے لقمے رکھا کرو اس لئے کہ کل (روز قیامت) یہ تمہارے لئے آتش جہنم کے مقابلے میں سپر اور ڈھال ثابت ہو گا"

احادیث میں باپ سے صلہ رحم سے پہلے ماں سے صلہ رحم کی تاکید کی گئی ہے۔

امام جعفر (ع) نے فرمایا:

جاء رجل الى النبى محمد (ص) فقال يا رسول الله من أبر ؟ قال : أمك، قال : ثم من؟ قال امك، قال: ثم من؟ قال : امك، قال : ثم من؟ قال: اباك.

(اصول کافی ج۲ ص۱۶۰)

"ایک شخص رسول اسلام (ص) کی خدمت میں آیا اور عرض کیا: یارسول اللہ میں کس سے نیکی کروں؟ آپ نے فرمایا: اپنی والدہ سے، پھر پوچھا: اس کے بعد کس سے نیکی کروں؟ آپ نے فرمایا: اپنی والدہ سے، پھر پوچھا کس سے نیکی کروں؟ آپ نے فرمایا: اپنی والدہ سے، پھر پوچھا اس

کے بعد کس سے نیکی کروں ؟ آپ نے فرمایا : اپنے والد سے "۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۲۹۶: بعض روایات میں بڑے بھائی کا چھوٹے بھائیوں پر حق کا بھی تذکرہ آیا ہے۔ اس کا لحاظ اور تحفظ ہونا چاہئے تاکہ خاندان کے اندر باہمی محبت اور پشت پناہی کا جذبہ مضبوط سے مضبوط تر ہو جائے اور غیر متوقع در پیش حالات میں ایک دوسرے کا سہارا ثابت ہو سکیں۔

چنانچہ رسول اسلام (ص) کا فرمان ہے :

حق کبیر الاخوة علی صغیرهم کحق الوالد علی ولده.

(جامع السعادات ج۲ص ۲٦۷)

"چھوٹے بھائی پر بڑے بھائی کا حق ایسا ہے جیسے باپ کا بیٹے پر"

م۔۲۹۷: بچے کے ولی (باپ اور دادا) یا ان کی طرف سے اجازت یافتہ شخص کے علاوہ کسی اور کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ بچے کے فعل حرام انجام دینے یا اوروں کے لئے باعث اذیت بننے کی صورت میں ادب سکھانے کی غرض سے اسے مارے پیٹے۔ البتہ ولی اور وہ آدمی جسے ولی نے اجازت دی ہے انہیں یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ بچے کو ادب سکھانے کی غرض سے اتنا مارے کہ بچے کے لئے تکلیف دہ نہ ہو اور نہ ہی ضرب سے بچے کی جلد سرخ ہو اور یہ ضرب بھی تین دفعہ سے زیادہ نہ ہو اور اس حد تک بھی اس صورت میں جائز ہوگا جب تادیب اس کے بغیر ناممکن ہو۔ بنابریں جوان بھائی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپنے بھائی کو جو ابھی چھوٹا بچہ ہے مارے پیٹے مگر یہ کہ وہ اس بچے کا ولی ہو یا ولی کی طرف سے مارنے کی اجازت ہو (اسی طرح)

اسکول کے اساتذہ کو بھی کسی صورت میں بھی یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ ولی یا اس کی طرف سے اجازت یافتہ شخص کی اجازت کے بغیر شاگرد کو مارے پیٹے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۲۹۸: احتیاط کے طور پر برائی سے روکنے کی غرض سے بالغ لڑکے کو مارنا جائز نہیں مگر یہ کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے اصولوں کے مطابق اور حاکم شرع کی اجازت سے مارا جائے۔

بزرگوں کی تعظیم

م۔۲۹۹: رسول اسلام (ص) نے ہمیں بزرگوں کی تکریم و تعظیم کی ترغیب فرمائی ہے۔ چنانچہ آپ (ص) فرمایا:

من عرف فضل شيخ كبير فوقره لسنه آمنه الله من فزع يوم القيامه۔

(ثواب الاعمال وعقاب الاعمال للصدوق ص ۲۲۵)

"جو شخص کسی سن رسیدہ بزرگ کی قدر و منزلت کو سمجھے اور اس کے سن و سال کی خاطر اس کی تعظیم کرے، اللہ تعالی اسے قیامت کی ہولناکیوں سے اپنے حفظ و امان میں رکھے گا"۔

نیز آپ (ص) نے فرمایا:

من تعظيم الله عز و جل اجلال ذى الشيبة المؤمن۔

(ثواب الاعمال وعقاب الاعمال للصدوق ص ۲۲۵)

"سفید ریش مومن کی تکریم و تعظیم اللہ کی تکریم و تعظیم ہے"۔

م۔۳۰۰: پیغمبر اکرم (ص) اور ائمہ معصومین (ع) کی متعدد روایات میں مومنین کو ایک

دوسرے کی زیارت ایک دوسرے سے محبت کرنے، مومنین کو خوشحال کرنے، مومنین کی حاجت روائی، مومن مریضوں کی عیادت اور ان کی تشییع جنازہ اور آزمائش و آسائش دونوں حالتوں میں ان سے ہمدردی، کی بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے۔

امام جعفر صادق (ع) نے فرمایا:

من زار أخاه فی اللہ قال اللہ عزوجل ایای زرت، و ثوابك علی، ولست ارضی لك ثوابا دون الجنه۔

(اصول کافی ج۲ ص۱۷۶)

"جو شخص کسی اخ فی اللہ (برادر ایمانی) کی زیارت کرے۔ اللہ تعالی اس سے فرماتا ہے کہ تونے میری زیارت کی ہے اور تیرا اجر و ثواب میرے ذمے ہے اور تیرے لئے جنت سے کم کسی اجر و ثواب پر راضی نہیں ہوں گا"۔

امام جعفر صادق نے خثیمہ سے فرمایا:

أبلغ موالینا السلام، و اوصهم بتقوی اللہ العظیم، وان یعود غنیهم علی فقیرهم وقویهم علی ضعیفهم، وان یشهد حیهم جنازة میتهم وان یتلاقوا فی بیوتهم۔(۱)

"ہمارے محبوں کو ہمارا سلام پہنچا دو اور انہیں وصیت کرو کہ وہ تقوی الہی اختیار کریں امیر غریبوں کی اور طاقت ور

---

(۱) اصول کافی ج۲ ص۱۷۶۔ مزید معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں: "باب قضاء حوائج المؤمن" ج۲ ص۱۹۲۔ "السعی فی حاجۃ المؤمن" ج۲ ص۱۹۶۔ اصول کافی "تفریج کرب المؤمن" ج۲ ص۱۹۹

کمزوروں کی مدد کریں زندہ، مرنے والوں کی تشیع جنازہ میں
شرکت کریں اور گھروں میں جا کر ایک دوسرے سے
ملاقات کریں"۔

م۔۳۰۱: ہمسایہ کا حق، رحم (نسبی رشتہ دار) کے حق کے قریب قریب ہوتا ہے اور اس
حق میں مسلمان ہمسایہ اور غیر مسلم ہمسایہ یکساں ہے۔

رسول اسلام(ص) نے غیر مسلم کے لئے اس حق کو ثابت فرمایا ہے چنانچہ آپ
(ص) ارشاد فرماتے ہیں:

الجیران ثلاثة : فمنهم من له ثلاث حقوق: حق
الاسلام وحق الجوار وحق القرابة و منهم له
حقان: حق الاسلام و حق الجوار ومنهم من له
واحد "الكافر له حق الجوار"۔

(مستدرك الوسائل "كتاب الحج"باب ۷۲)

"ہمسایے تین قسم کے ہوا کرتے ہیں: بعض ہمسایے وہ ہیں
جن کے (دوسرے کے ذمے) تین حق ہوتے ہیں: حق
الاسلام، پڑوسی کا حق اور قرابتداری (رشتہ داری) کا حق۔
بعض وہ ہیں جن کے دو حق ہوتے ہیں حق الاسلام و حق الجوار
(پڑوس) اور بعض وہ ہیں جن کا ایک ہی حق ہوتا ہے اور وہ
کافر ہے جنہیں ہمسایے کا حق (جوار) حاصل ہے"۔

رسول اسلامؐ نے فرمایا:

احسن مجاورة من جاورك تكن مؤمنا۔ (۱)

---

(۱) جامع السعادات ج ۲ ص ۲۶۷ نیز ملاحظہ فرمائیں اصول کافی باب حق الجوار ج ۲ ص ۲۶۶

"اپنے ہمسایے سے اچھا سلوک رکھو (صحیح) مومن ہوگے"

امیر المؤمنین (ع) نے ملعون ابن ملجم کی ضربت لگنے کے بعد امام حسن اور امام حسین (علیہما السلام) کو ہمسایے کے بارے میں وصیت کرتے ہوئے فرمایا:

اللہ اللہ فی جیرانکم فانھم وصیۃ نبیکم ما زال یوصی بھم حتی ظننا انہ سیو رثھم ۔

(نہج البلاغۃ صبحی الصالح ص ۴۲۲)

"اپنے ہمسایوں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا کیونکہ ان کے بارے میں تمہارے نبی (ص) نے برابر ہدایت کی ہے اور آپ (ص) اس حد تک ان کے بارے میں سفارش کرتے رہے کہ ہم لوگوں کو یہ گمان ہونے لگا کہ آپ انہیں بھی ارث دلائیں گے"۔

امام جعفر صادق (ع) نے فرمایا:

ملعون ملعون من آذیٰ جارہ ۔

(مستدرک الوسائل باب ۷۲)

"جو شخص اپنے ہمسایے کو اذیت دے، وہ ملعون ہے، ملعون"

نیز آپ (ع) نے فرمایا:

لیس منا من لم یحسن مجاورۃ من جاورہ۔

(جامع السعادات ج ۲ ص ۲۶۸)

"وہ شخص ہم میں سے نہیں جو ہمسائے کے ساتھ حسن سلوک نہ رکھے"۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

حسن خلق

م۔ ۳۰۲: مؤمنین اور صالحین کی نشانی یہ ہے کہ رسول اسلام (ص) کے نقش قدم پر چلتے

ہوئے مکارم اخلاق سے آراستہ ہوں جن کے بارے میں خود خداوند تعالی نے فرمایا:

وانك لعلى خلق عظيم۔

(القلم: ۴)

رسول خدا (ص) نے فرمایا:

ما یوضع فی میزان یوم القیامة افضل من حسن الخلق۔

(جامع السعادات ج ۱ ص ۴۴۳)

"روز قیامت حسن خلق سے بہتر کوئی عمل، میزان عمل میں نہیں ہوگا"۔

روایت میں ہے کہ آپ (ص) سے پوچھا گیا:

ای المؤ منین افضل ایمانا قال: احسنکم خلقا (۱)

مؤمنین میں سب سے افضل ایمان کس کا ہے۔ آپ (ص) نے فرمایا: اس کا ایمان افضل ہے جس کا اخلاق سب سے بہتر ہے۔

ایفائے عہد

م۔ ۳۰۳: مؤمنین اور صالحین کی صفات میں سے ایک یہ ہے کہ وہ قول و فعل میں سچے ہوں اور وعدہ وفا کریں۔ اللہ تعالی نے اپنے نبی حضرت اسماعیل (ع) کی ان

---

(۱) جامع السعادات ج ۲ ص ۳۳۱۔ اصول کافی ج ۲ ص ۹۹۔ وسائل الشیعہ ج ۱۵ ص ۱۹۸

الفاظ میں تعریف کی ہے :

انه كان صادق الوعد وكان رسولا نبيا۔

(مریم :۵۴)

"وہ وعدے کے سچے تھے اور خدا کے رسول اور نبی ہیں"

رسول اکرم (ص) نے فرمایا :

من كان يؤمن بالله وباليوم الآخر فليف اذا وعد(۱)

"جو شخص خدا اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہئے کہ جب کسی سے وعدہ کرے تو اسے پورا کرے"۔

سچ بولنے اور وعدہ کی وفا کرنے کی اہمیت یہیں سے ظاہر ہوتی ہے کہ بہت سارے غیر مسلم اسلام کے بارے میں اپنا فیصلہ یا رائے کا اظہار مسلمانوں کی روش اور ان کے کردار کو دیکھ کر کرتے ہیں۔ چنانچہ ایسے مسلمان بہت ہیں جنھوں نے اپنے پسندیدہ کردار کے ذریعے اسلام کو غیر مسلموں کے سامنے بہترین انداز میں پیش کیا اور ان افراد کی بھی کوئی کمی نہیں جو اپنے مذموم کردار کے ذریعے اسلام کو داغدار کرتے ہیں۔

شوہر داری

م۔ ۳۰۴ :نیک خاتون کی علامت یہ ہے کہ وہ اپنے شوہر کو اذیت نہ دے ، اس سے برا سلوک نہ کرے اور اسے تنگ نہ کرے اور نیک شوہر کی علامت یہ ہے کہ وہ اپنی زوجہ کو اذیت نہ دے ، اس سے برا سلوک نہ کرے اور اسے تنگ نہ کرے۔

رسول خدا (ص) نے فرمایا :

من كانت له امرأة تؤذيه لم يقبل الله صلاتها ولا حسنة من اعمالها حتى تعينه وترضيه و ان

---

(۱) (حوالہ سابق اور اصول کافی ج۲ ص ۳۶۳)

صامت الدهر و قامت، و أعتقت الرقاب و أنفقت الاموال فی سبیل الله وکانت اول من ترد النار۔

"جو خاتون اپنے خاوند کو اذیت دے جب تک وہ اپنے شوہر کی مدد نہ کرے اور اسے راضی نہ کرے، خدا اس کی نماز کو قبول فرماتا ہے اور نہ اس کی کسی اور نیکی کو قبول فرماتا ہے اگرچہ وہ زندگی بھر روزے رکھتی اور نمازیں پڑھتی رہے، راہ خدا میں غلام آزاد کرے، (راہ خدا میں) خرچ کرے، اور وہ سب سے پہلے جہنم میں داخل ہو گی"

اس کے بعد آپ (ص) نے فرمایا:

وعلی الرجل مثل ذالك الوزر والعذاب اذا كان مؤذيا ظالما۔ (۱)

"اگر کوئی مرد (شوہر) اپنی بیوی پر ظلم کرے اور اسے اذیت دے تو اس کا گناہ اور سزا بھی اتنی ہی ہو گی۔"

م۔ ۳۰۵: مسلمان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ غیر مسلموں سے معلومات لے اور انہیں اپنا دوست بنائے ان کے ساتھ خلوص سے پیش آئے اور وہ بھی خلوص سے پیش آئیں۔ دنیوی مسائل اور مشکلات کے سلسلے میں مسلمان، غیر مسلموں سے مدد طلب کرے اور غیر مسلم بھی مسلمان سے مدد طلب کریں۔

چنانچہ اللہ تعالی کا فرمان ہے:

لا ينهاكم الله عن الذين لم يقاتلوكم فی الدين

---

(۱) تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: وسائل الشیعہ ج ۲۰ ص ۱۲۸ اور عبدالحسین دستغیب کی کتاب "الذنوب الکبیرہ ج ۲ ص ۲۹۶-۲۹۷)

ولم يخرجوكم من دياركم ان تبروهم و تقسطوا
اليهم ان الله يحب المقسطين۔

(الممتحنة :۸)

"جو لوگ تم سے تمہارے دین کے بارے میں نہیں لڑے
اور نہ تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا ان لوگوں کے
ساتھ احسان کرنے اور ان کے ساتھ انصاف سے پیش آنے
سے خدا تمہیں منع نہیں کرتا، بیشک خدا انصاف کرنے
والوں کو دوست رکھتا ہے"

اس قسم کی دوستیوں اور تعلقات سے اگر بھرپور طریقے سے استفادہ کیا جائے تو یہ چیزیں ایک غیر مسلم دوست، غیر مسلم ہمسایہ، غیر مسلم ساتھی اور شریک کو اسلامی اقدار سے آگاہ اور روشناس کرانے کے لئے کافی ہیں اور یہی طرز عمل غیر مسلموں کو پہلے سے زیادہ اس دین مبین کے قریب لا سکتا ہے۔ چنانچہ رسول گرامی (ص) نے امیر المؤمنین (ع) کو مخاطب کر کے فرمایا:

لئن يهدى الله بك عبداً من عباده خيرلك مما
طلعت عليه الشمس من مشارقها الى مغاربها

(مستدرک الوسائل ج۱۲ص۲۴۱)

"اے علی اس میں شک نہیں کہ اگر خدا تمہارے ذریعے
ایک آدمی کو بھی ہدایت دے تو یہ تمہارے لئے از مغرب تا
مشرق پوری روئے زمین سے بہتر ہے"۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۳۰۶: یہودیوں اور مسیحیوں اور دیگر اہل کتاب کو اسی طرح اہل کتاب کے علاوہ دوسرے کافروں کو ان مناسبتوں پر مبارک باد دینا جائز ہے جن کا وہ جشن مناتے ہیں جیسے

میلادی سال کے آغاز کی عید، کرسمس اور ایسٹر کا تہوار ہے۔

امر بالمعروف و نہی عن المنکر

م۔۳۰۷: امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ایسی عبادتیں ہیں جو شرائط کی موجودگی میں مسلمان مرد اور عورت پر واجب ہیں۔

ارشاد خداوندی ہے:

ولتكن منكم أمة يدعون الى الخير و يأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر و اولئك هم المفلحون۔

(عمران: ۱۰۴)

"اور تم میں سے ایک گروہ (ایسے لوگوں کا بھی) ہونا چاہئے جو (لوگوں کو) نیکی کی طرف بلائے اور اچھے کام کا حکم دے اور برے کاموں سے روکے اور ایسے لوگ ہی (آخرت میں) دلی مرادیں پائیں گے"

اللہ تعالی فرماتا ہے:

والمؤمنون والمؤمنات بعضهم اولياء بعض يأمرون بالمعروف و ينهون عن المنكر۔

(توبہ: ۷۱ نیز ملاحظہ فرمائیں آل عمران: ۱۱۰)

"اور ایمان دار مرد اور ایماندار عورتیں ان میں سے بعض، بعض کے رفیق ہیں لوگوں کو اچھے کام کا حکم دیتے ہیں اور برے کاموں سے روکتے ہیں"

پیغمبر اسلام (ص) نے فرمایا:

لا تزال امتى بخيرما امروا بالمعروف ونهوا عن

المنکر و تعاونوا علی البر، فاذا لم یفعلوا ذالك
نزعت عنهم البرکات، و سلط بعضهم علی بعض
ولم یکن لهم ناصر فی الارض و لا فی السماء ۔
(وسائل الشیعہ ج۱۶ص۳۹۶)

"جب تک میری امت کے لوگ امر بالمعروف و نہی عن المنکر اور نیکی میں ایک دوسرے سے تعاون کرتے رہیں گے وہ خیر وعافیت سے رہیں گے اور جب ان کو ترک کریں گے تو یہ برکتیں ان سے چھن جائیں گی اور بعض، بعض پر مسلط کر دیئے جائیں گے اور ان کا زمین پر کوئی ناصر ومددگار ہوگا اور نہ آسمان میں"

امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے جد امجد رسول خدا(ص) سے روایت کی ہے کہ آپ(ص) نے فرمایا:

کیف بکم اذا فسدت نساؤکم و فسق شبابکم ولم تأمروا بالمعروف ولم تنهو عن المنکر ؟ فقیل له: و یکون ذالك یا رسول الله ؟ فقال : نعم و شر من ذالك، کیف بکم اذا امرتم بالمنکر ونهیتم عن المعروف؟ فقیل له یا رسول الله ویکون ذالك؟ قال: نعم و شر من ذالك، کیف بکم اذا رأیتم المعروف منکرا والمنکر معروفا۔
(وسائل الشیعہ ج۱۶ص۱۲۲)

"اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب تمہاری عورتیں بگڑ جائیں گی اور تمہارے جوان فاسق ہو جائیں گے ، تم

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نہیں کرو گے۔ آپ (ص) سے پوچھا گیا: یا رسول اللہ کیا ایسا بھی ہو گا؟ آپ (ص) نے فرمایا: یہ کیا، اس سے بھی بدتر ہو گا۔ اس وقت تمہاری کیا حالت ہو گی جب تم برائی کا حکم دو گے اور نیکی سے روکو گے۔ آپ (ص) سے پوچھا گیا یا رسول اللہ کیا ایسا بھی ہو سکتا ہے؟ آپ (ص) نے فرمایا: ہاں! بلکہ اس سے بھی بدتر ہو گا اس وقت تمہاری کیا حالت ہو گی جب تم نیکی کو برائی کی نگاہ سے اور برائی کو نیکی کی نگاہ سے دیکھو گے"

ان دونوں اہم فریضوں کی اہمیت اور تاکید اس وقت بڑھ جاتی ہے جب نیکی کو ترک کرنے والا اور برائی کا مرتکب فرد آپ کے اہل خانہ میں سے ہو۔ بسا اوقات آپ کے سامنے آپ کے بعض اہل خانہ بعض واجبات کو نظر انداز کرتے ہیں۔ بعض کو دیکھیں گے کہ وہ صحیح وضو نہیں کرتے، تیمم صحیح طریقے سے نہیں کرتے، غسل جنابت صحیح نہیں کرتے، اپنے بدن اور لباس کو صحیح طرح سے پاک نہیں کرتے، نماز میں حمد و سورہ اور دیگر واجب اذکار کو صحیح نہیں پڑھتے، اپنے مال کا خمس اور زکوۃ ادا نہیں کرتے اور بعض اہل خانہ کو دیکھیں گے کہ وہ بعض حرام کام کے مرتکب ہوتے ہیں۔ غیر اخلاقی حرکتیں کرتے ہیں، جوا کھیلتے ہیں، گانا سنتے ہیں، شراب پیتے ہیں، مردار کا گوشت کھاتے ہیں، ناحق لوگوں کا مال کھاتے ہیں، لوگوں کو دھوکا دیتے ہیں (ملاوٹ کرتے ہیں) چوری کرتے ہیں، گھر کی کچھ خواتین شرعی پردہ نہیں کرتیں، سر کے بال نہیں چھپاتیں، اور بعض خواتین وضو اور غسل کے موقع پر اپنے ناخن سے نیل پالش (کھرچ کر) صاف نہیں کرتیں بعض کو دیکھیں گے کہ وہ شوہر کے علاوہ دوسروں کے لئے خوشبو لگاتی ہیں اور بعض عورتیں اپنے چچازاد، پھوپھی زاد، ماموں زاد، خالہ زاد، دیور و جیٹھ، شوہر

يا معشر من اسلم بلسانه ولم يخلص الايمان الى قلبه لا تذموا المسلمين ولا تتبعوا عوراتهم فان من تتبع عوراتهم تتبع الله عورته، ومن تتبع الله عورته يفضحه ولو فی بيته۔

(وسائل الشیعہ ج۱۲ص۲۷۵)

"اے مسلمان کے وہ گروہ! جو زبان سے تو ایمان لے آیا لیکن ایمانِ خالص اس کے دل میں داخل نہیں ہوا۔ مسلمانوں کی مذمت نہ کرو اور ان کے ستر کی جستجو میں نہ رہو اس لئے کہ جو شخص لوگوں کے ستر کی کھوج میں رہے گا خدا اس کے ستر کی کھوج میں رہے گا اور خدا جس کے ستر کی کھوج میں رہے، اس کو رسوا کر دے گا اگرچہ خود اس کے گھر میں سہی۔"

غیبت

م۔ ۳۱۲: غیبت کا مطلب یہ ہے کہ کسی مؤمن کی عدم موجودگی میں اس کا کوئی عیب بیان کیا جائے، چاہے یہ عیب جوئی تنقیص کی نیت سے ہو یا نہ ہو۔ چاہے یہ عیب جسمانی، نسبی، اخلاقی، قول سے متعلق، فعل سے متعلق، دین سے متعلق، دنیا سے متعلق ہو یا ان کے علاوہ کوئی اور ہو، جو لوگوں سے پوشیدہ ہو نیز فرق نہیں پڑتا کہ زبان سے عیب بیان کرے یا کوئی ایسا کام کیا جائے جو کسی کے عیب کو ظاہر کرے۔

(منہاج الصالحین آقای سیستانی ج۱ص۱۷)

اللہ تعالی نے اپنے کلام میں اس کی مذمت کی ہے اور اس کی ایسی تصویر پیش کی ہے جس سے انسان کی روح اور بدن کانپ جاتے ہیں۔ ارشاد باری تعالی

والمغیب ۔ (حوالہ سابق)

"ہر مؤمن کا دوسرے مؤمن پر فرض ہے کہ وہ سامنے بھی اور عدم موجودگی میں بھی اسے نصیحت کرے"۔

نیز آپ (ع) نے فرمایا:

عليك بالنصح لله فى خلقه فلن تلقاه بعمل أفضل منه.

(اصول کافی ج۲ص ۱۶۴)

"تمہارا فرض ہے کہ تم اللہ اس کی مخلوق میں بہتر اعمال کی نصیحت کرو کیونکہ بارگاہ الٰہی میں پیش کرنے کے لئے اس سے بہتر کوئی عمل نہیں۔"

م۔۳۱۱: شریعت اسلام میں تجسس کرنا، مسلمانوں کے پوشیدہ معاملات کو جاننے کی کوشش کرنا اور ان کے ان معاملات کو فاش کرنا جنہیں انہوں نے چھپا رکھا ہو، حرام شمار ہوتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

يا ايهاالذين آمنوا اجتنبوا كثيراً من الظن ان بعض الظن اثم ولا تجسسوا

(الحجرات: ۱۲)

"اے ایماندارو بہت سے گمان بد سے بچے رہو کیونکہ بعض بدگمانی گناہ ہے اور آپس میں ایک دوسرے کے حال کی ٹوہ میں نہ رہا کرو۔"

امام جعفر صادق (ع) کے صحابی اسحاق بن عمار کہتے ہیں: میں نے امام (ع) کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

سنا ہے کہ آپس کی کشیدگیوں کو مٹانا عام نماز روزے سے
افضل ہے"

م۔ ۳۱۰ :دوسروں کو نصیحت کرنااور برادران مؤمن کو دی گئی نعمتوں کی بقاء کاارادہ (اور تمنا) کرنا انہیں شر یاکسی قسم کا آسیب پہنچنے سے کراہت اور ناپسند کرنااور انہیں ایسے کاموں کی راہنمائی کرنا جن میں ان کی سعادت، خیر اور مصلحت ہو خدا کے پسندیدہ اعمال میں سے ہے۔ نصیحت اور اس پر آمادہ کرنے والی روایات حدو حصر سے زیادہ ہیں۔ انہی روایات میں رسول اسلام (ص) کی وہ روایت ہے جس میں آپ نے فرمایا:

إن اعظم الناس منزلة عند الله يوم القيامة امشاهم فى ارضه بالنصيحة لخلقه۔

(اصول کافی ج۲ص ۲۰۸)

"روز قیامت خدا کے نزدیک سب سے عظیم منزلت اس شخص کی ہو گی جو روئے زمین پر لوگوں کو سب سے زیادہ نصیحت کرتا رہا ہے۔"

امام محمد باقر (ع) سے روایت ہے کہ رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

لينصح الرجل منكم اخاه كنصيحته لنفسه (۱)

"ہر شخص کو چاہئے کہ وہ اپنے برادر مؤمن کو اسی طرح نصیحت (خیر خواہی) کرے جس طرح اپنے آپ کو نصیحت کرتا ہے"۔

امام جعفر صادق (ع) نے فرمایا:

يجب للمؤمن على المؤمن النصيحة له فى المشهد

---

(۱) حوالہ سابقہ نیز ملاحظہ فرمائیں جامع السعادات ج۲ص ۲۱۳

جائیں)"۔

امام جعفر صادق (ع) فرماتے ہیں:

وإن جالسك يهودي فاحسن مجالسته

(وسائل الشیعہ ج ۱۲ ص ۲۰۱)

"اگر تمہارا ہم نشین یہودی ہو تو اس سے بھی حسن سلوک کرو"

م۔۳۰۹: لوگوں میں صلح کرانے، انہیں ایک دوسرے کے نزدیک لانے اور اختلاف کی خلیج کو کم کرنے کا بہت زیادہ ثواب ہے۔ اگر عام حالات میں اس عمل کا اجر و ثواب زیادہ ہو تو دیار غیر میں مصالحت کرانے کا ثواب کتنا زیادہ ہو گا۔ جہاں انسان اپنے گھر بار، اہل خانہ، یار دوست اور دینی معلومات سے دور رہتا ہے۔

امیر المؤمنین (ع) نے ابن ملجم کی ضربت لگنے کے بعد اور شہادت سے کچھ دیر پہلے امام حسن اور امام حسین (علیہما السلام) کو بہت سی وصیتیں فرمائیں جن میں تقوی الہی باہمی نظم و نسق اور مصالحت شامل ہیں۔ آپ(ع) فرماتے ہیں:

او صيكما و جميع ولدي و اهلي و من بلغه كتابي بتقوى الله ونظم أمركم و صلاح ذات بينكم فاني سمعت جدكما (ص) يقول: صلاح ذات البين افضل من عامة الصلوة و الصيام.

(نہج البلاغة صبحی صالح ص ۴۲۱)

"میں تم کو، اپنی تمام اولاد کو، اپنے کنبہ کو اور جن جن تک میرا یہ توشہ پہنچے سب کو وصیت کرتا ہوں کہ اللہ سے ڈرتے رہنا، اپنے معاملات درست اور آپس کے تعلقات سلجھائے رکھنا کیونکہ میں نے تمہارے نانا رسول اللہ (ص) کو فرماتے

معبود بر حق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ علی (ع) نے فرمایا: اب جب تم اسلام لے آئے ہو تو یہ زرہ تمہاری ہے۔ (میں تمہیں بخش دیتا ہوں۔) اس کے بعد آپ (ع) نے اس نصرانی کو صحیح النسل گھوڑے پر سوار کیا۔ شعبی کہتا ہے کہ میں نے (اپنی آنکھوں سے) اس نصرانی کو مشرکین سے لڑتے ہوئے دیکھا۔ یہ ابی ذکریا کی حدیث کے عین الفاظ ہیں۔

اس طرح کی امیر المؤمنین (ع) کی اور بھی ایسی داستانیں موجود ہیں جو مغربی ممالک میں آج کے رائج اجتماعی امن و امان اور ضمانت سے متعلق قوانین پر (اسلام کی) تاریخی سبقت کا واضح ثبوت شمار ہوتی ہیں۔ کیونکہ آپ (ع) نے اسلامی حکومت میں مسلمان اور غیر مسلم میں فرق کو روا نہیں رکھا۔ راوی کہتا ہے:

مرشیخ مکفوف کبیر یسئل فقال امیر المؤمنین (ع) ما هذا فقالوا: یا امیرالمؤمنین: نصرانی فقال: امیر المؤمنین (ع) تستعملوه حتی اذا کبر و عجز منعتموه، أنفقوا علیه من بیت المال.

(التہذیب ج۶ ص۲۹۳)

"ایک مرتبہ ایک بوڑھا نابینا لوگوں سے مانگتے ہوئے گزرا تو امیر المؤمنین (ع) نے فرمایا: یہ میں کیا دیکھ رہا ہوں؟ لوگوں نے کہا: امیر المؤمنین یہ ایک نصرانی ہے۔ آپ (ع) نے فرمایا: تم ان سے (برابر) کام لیتے ہو اور جب وہ بوڑھے ہو جاتے ہیں اور کام کرنے سے عاجز آجاتے ہیں تو انہیں (ہر چیز سے) محروم کرتے ہو۔ بیت المال میں سے اس پر انفاق کرو (اس کے اخراجات بیت المال سے ادا کئے

(وسائل الشیعہ ج ۱۲ ص ۱۲۵)

"مکمل ہمراہی یہ ہے کہ جس ہمراہ سے آپ کا راستہ الگ ہو جائے کچھ دیر کے لئے اس کے ساتھ چلتے رہیں اور یہ ہمارے نبی کا حکم ہے"۔

یہ شخص اسلام کی ان تعلیمات کو دیکھ کر متاثر ہوا اور مسلمان ہو گیا۔ عدل علی (ع) کا ایک اعلیٰ نمونہ وہ ہے جسے شعبی نے ایک غیر مسلم کے ساتھ روا رکھنے کا ذکر کیا ہے۔

شعبی کہتے ہیں: ایک مرتبہ امیر المؤمنین (ع) بازار تشریف لے گئے جہاں آپ نے ایک نصرانی کو دیکھا جو ایک زرہ بیچ رہا تھا۔ شعبی کہتا ہے علی علیہ السلام نے اپنی زرہ کو پہچانا اور فرمایا: یہ زرہ میری ہے اور ہمارے درمیان فیصلہ مسلمانوں کا قاضی کرے گا۔ شعبی کہتا ہے اس وقت مسلمانوں کا قاضی شریح تھا۔ حضرت علی (ع) نے شریح کو اپنا قاضی تسلیم کیا اور فیصلے کا مطالبہ کیا۔

شریح نے کہا یا امیر المؤمنین! آپ کیا فرماتے ہیں؟ آپ (ع) نے فرمایا: یہ زرہ میری ہے جو ایک عرصہ پہلے مجھ سے کھو گئی تھی۔ شریح نے نصرانی سے کہا: تم کیا کہتے ہو؟ نصرانی نے کہا: میں امیر المؤمنین (ع) کو تو نہیں جھٹلاؤں گا البتہ یہ زرہ میری ہے۔ شریح نے کہا: میں نہیں سمجھتا کہ یہ زرہ نصرانی کے ہاتھ سے نکل سکے۔ کیا امیر المؤمنین کے پاس کوئی گواہ ہے؟ امیر المؤمنین نے فرمایا: شریح سچ کہتا ہے۔ شعبی کہتا ہے کہ نصرانی کہنے لگا: میں گواہی دیتا ہوں کہ یہ احکام انبیاء کے ہیں کہ امیر المؤمنین قاضی کے پاس آ کر پیش ہوتے ہیں اور قاضی ان کے خلاف فیصلہ دے دیتا ہے۔ یا امیر المؤمنین! خدا کی قسم یہ زرہ آپ ہی کی ہے۔ میں نے لشکر سے نکل کر آپ کا پیچھا کیا اور اسی دوران آپ کے اونٹ سے گر گئی تھی جسے میں نے اٹھا لیا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے علاوہ کوئی

"میرے رب نے مجھے تمام لوگوں سے ویسے ہی رواداری برتنے کا حکم دیا ہے جیسے واجبات کو بجالانے کا حکم دیا ہے۔"

نیز فرمایا:

ثلاث من لم یکن فیه لم یتم له عمل ورع یحجزه عن معاصی الله وخلق یداری به الناس و حلم یردبه جهل الجاهل۔

(وسائل الشیعه ج ۱۲ ص ۲۰۰)

"تین خصلتیں ایسی ہیں کہ جس شخص میں یہ نہ ہوں اس کا کوئی عمل مکمل نہیں۔ ایک خوف خدا، جو اسے اللہ کی معصیت سے بچائے رکھے، ایسا اخلاق جس سے وہ لوگوں سے رواداری سے پیش آئے، ایسا حلم جس کے ذریعہ وہ جاہل کی جہالت کا جواب دے۔"

رواداری صرف مسلمانوں سے ہی نہیں کی جاتی۔ چنانچہ امیر المؤمنین (ع) سے روایت ہے کہ ایک دفعہ آپ (ع) کوفہ کے راستے میں ایک غیر مسلم شخص کے ہم سفر ہوئے۔ جب یہ غیر مسلم شخص اس مقام پر پہنچا جہاں اس کا راستہ امیر المؤمنین (ع) کے راستے سے الگ ہو جاتا تھا تو کچھ دیر کے لئے امیر المؤمنین (ع) اس (غیر مسلم) کے ساتھ چلتے رہے تاکہ اس سے جدا ہونے سے قبل اس کی (اس طرح) مشایعت ہو جائے۔ جب اس غیر مسلم نے امیر المؤمنین (ع) سے اپنا راستہ چھوڑ کر اس غیر مسلم کے ہمراہ چلنے کی وجہ دریافت کی تو آپ (ع) نے فرمایا:

هذا من تمام الصحبة، أن یشیع الرجل صاحبه هنیئة اذا فارقه و کذالك امرنا نبینا۔

کے دوستوں سے پردہ نہیں کرتیں (اپنے بال اور بدن نہیں چھپاتیں) اور یہ جواز اور دلیل پیش کرتی ہیں کہ یہ افراد ایک ہی گھر میں ساتھ رہتے ہیں۔ یہ میرے بھائی کی طرح ہیں یا اس قسم کے دوسرے بے بنیاد عذر پیش کرتی ہیں اور بعض اہل خانہ کو دیکھیں گے کہ وہ جھوٹ بولتے ہیں، لوگوں کی غیبت کرتے ہیں دوسروں سے زیادتی کرتے ہیں، فضول خرچی کرتے ہیں، ظالموں کی ان کے ظلم میں مدد کرتے ہیں، اپنے ہمسائے کو اذیت دیتے ہیں۔

جب بھی اس قسم کے خلاف شرع کام دیکھنے میں آئیں تو نیکی کا حکم دیں اور برائی سے روکیں۔ اس اہم فریضے کی ادائیگی میں اس کے پہلے دو مرحلوں سے آغاز کریں (پہلے مرحلے میں برائی سے دلی نفرت کریں اور دوسرے مرحلے میں زبان سے نفرت اور کراہت کا اظہار کریں) اگر ان دونوں مرحلوں سے کوئی فائدہ نہ ہو تو حاکم شرع کی اجازت سے تیسرے مرحلے میں داخل ہوں اور برائی کی روک تھام کے لئے عملی اقدام کریں اور اس میں بھی ہلکے قدم سے آغاز کریں اور ضرورت پڑنے پر سخت قدم بھی اٹھائیں۔

(الفتاوی المیسرة آقای سیستانی)

اگر اہل خانہ میں سے کوئی شرعی احکام اور مسائل سے جاہل ہو تو اسے احکام کی تعلیم دیں اور اس کی پابندی پر ان کو آمادہ کریں۔

رواداری

م۔۳۰۸: تمام لوگوں سے رواداری برتنا، شریعت کے مستحبات میں سے ہے جس کی دین اسلام نے بہت زیادہ تشویق اور ترغیب دلائی ہے۔

چنانچہ رسول اکرم (ص) فرماتے ہیں:

امرنی ربی بمداراة الناس کما امرنی باداء الفرائض۔

داخل ہونے دیں؟

جواب: بطور احتیاط ان کا مسجد میں داخل ہونا جائز نہیں۔ البتہ دیگر عبادت گاہوں میں داخل ہونے میں کوئی حرج نہیں اور اگر بے حجاب عورتوں کے داخلے سے عبادت گاہ کی ہتک حرمت ہوتی ہو تو ان کو پردہ کرانا لازمی ہے۔

م۔۳۲۱: کیا یہودی، عیسائی یا بالکل بے دین ہمسایہ کو تنگ کرنا جائز ہے؟

جواب: بغیر کسی جواز کے ان کو ستانا اور تنگ کرنا جائز نہیں۔

م۔۳۲۲: کیا کافر فقیر فقراء کو، چاہے وہ کتابی ہوں یا غیر کتابی، صدقہ دینا جائز ہے اور صدقہ دینے والا ثواب کا مستحق ہوگا؟

جواب: جو شخص حق اور اہل حق سے دشمنی نہ رکھتا ہو اس کو صدقہ دینے میں کوئی حرج نہیں ہے اور صدقہ دینے والے کو اجر و ثواب بھی ملے گا۔

م۔۳۲۳: جو شخص موالی اہل بیت نہیں یا اہل کتاب میں سے ہے اور اثر کا احتمال ہو اور ضرر کا خطرہ بھی نہ ہو تو کیا اس کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا واجب ہے؟

جواب: اگر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی باقی شرائط وجوب موجود ہوں تو سوال میں مذکورہ افراد کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا واجب ہے۔ انہی شرائط میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ معروف کا تارک اور منکر کا مرتکب شرعی طور پہ مجبور اور معذور نہ ہو اور جاہل مقصر معذور اور مجبور شمار نہیں ہوتا۔ لہذا پہلے اس کو حکم شرعی سے آگاہ کیا جائے جس کی اگر وہ مخالفت کرے تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیا جائے گا۔ اگر منکر اور برائی کی نوعیت ایسی ہو کہ شارع کسی بھی صورت میں اس منکر کے وقوع پذیر ہونے پر راضی نہ ہو، جیسے زمین میں فساد پھیلانا، نفس محترمہ کو قتل کرنا وغیرہ، ایسی صورت میں اس کی مخالفت کرنے

---

(۱) الممتحنہ :۸، ترجمہ مسئلہ نمبر ۳۰۵ کے ذیل میں ص ۱۹۷ میں گزر چکا ہے

(حوالہ سابق)

جس شخص کی صبح اس حالت میں ہو کہ وہ مسلمانوں کے
معاملات اور مشکلات کو اہمیت نہ دیتا ہو وہ ان میں سے
نہیں ہے۔"

اس مناسبت کی اور بھی بہت سی احادیث ہیں جن کے ذکر کی یہاں گنجائش نہیں۔

اس فصل سے مخصوص استفتاءات اور ان کے جوابات :

م۔۳۱۸ : کیا غیر مسلم ہمسائے کی تشیع جنازہ میں شرکت کرنا جائز ہے ؟

جواب : اگر مرنے والا اور جنازہ کے شرکاء اسلام اور مسلمانوں کی دشمنی میں مشہور نہ ہوں تو اس کی تشییع جنازہ میں شرکت کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ جنازے کے پیچھے چلے آگے آگے نہ چلے۔ (مسلمان کی تشییع جنازہ کا بھی یہی حکم ہے۔ یہ حکم صرف غیر مسلم سے مخصوص نہیں۔ مترجم)

م۔۳۱۹ : اگر کوئی غیر مسلم ہمسایہ ہو یا کسی کاروبار میں شریک ہو تو اس سے محبت اور ہمدردی رکھنا جائز ہے ؟

جواب : اگر وہ شخص (غیر مسلم) اپنے قول و فعل کے ذریعے اسلام اور مسلمانوں کی دشمنی کو ظاہر نہ کرتا ہو تو ایسے اقدام میں کوئی حرج نہیں جو محبت اور ہمدردی کا تقاضا ہو جیسے اس سے نیکی اور احسان کرنا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے :

لا ينهاكم الله عن الذين لم يقاتلوكم فی الدين
ولم يخرجوكم من دياركم أن تبروهم وتقسطوا
اليهم ان الله يحب المقسطين۔(۱)

م۔۳۲۰ : کیا گزشتہ ادیان کے پیروکار (اہل کتاب) اور دوسرے کافروں کا مساجد اور مسلمانوں کے دیگر عبادت خانوں میں داخل ہونا جائز ہے اور جائز ہونے کی صورت میں کیا ہم پر واجب ہے کہ ان کی بے پردہ عورتوں کو چادر پہنائیں اور پھر

سکتا۔

(مزید معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں "الانفاق فی سبیل الله" للسید عزالدین بحر العلوم)

م۔۳۱۷: رسول اسلام (ص) نے صاحب حیثیت افراد کو اپنے اہل و عیال کے لئے ہدیہ لے کر جانے اور انہیں خوشحال کرنے کی طرف دعوت دی ہے (اور انہیں اس عمل پر برانگیختہ فرمایا ہے) ابن عباس کی روایت ہے کہ رسول خدا (ص) نے فرمایا:

من دخل السوق، فاشترى تحفة، فحملها الى عياله، كان كحامل صدقة الى قوم محاويج۔

(ثواب الاعمال و عقاب الاعمال ص۱۷۲)

"جو شخص بازار جائے اور وہاں سے کوئی تحفہ خریدے اور اپنے اہل و عیال کو لاکر دے یہ ایسا ہے جیسا ایک محتاج اور ضرورت مند قوم کو کوئی ہدیہ لاکر دیا ہو۔"

جن امور کی طرف شریعت اسلام نے دعوت دی ہے اور مسلمانوں کو اس پر برانگیختہ کیا ہے، ان میں سے ایک مسلمانوں کے معاملات (ان کے مشکلات) کو اہمیت دینا ہے۔

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

من اصبح ولم يهتم بامور المسلمين فليس بمسلم۔

(جامع السعادات ج۲ ص۲۲۹)

"جس شخص کی صبح اس حالت میں ہو کہ وہ مسلمانوں کے معاملات اور مشکلات کو اہمیت نہ دے وہ مسلمان ہی نہیں۔"

نیز آپ (ص) نے فرمایا:

من اصبح لا يهتم بأمور المسلمين فليس منهم۔

(وسائل الشیعہ ج۲ص ۲۵۵)

"صدقہ قرض کوادا کر دیتا ہے اور برکت چھوڑ جاتا ہے۔"

انفاق کے فوائد میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ اولاد اچھی خلف ثابت ہوتی ہے۔

چنانچہ امام جعفر صادق (ع) فرماتے ہیں:

ما أحسن عبد الصدقة فی الدنیا إلا أحسن الله الخلافة علی ولده من بعده۔

(حوالہ سابق ج۱۹ص ۱۱۸)

"جو شخص اس دنیا میں احسن طریقے سے صدقہ دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے بعد اس کی اولاد کو اچھا خلف ثابت کرتا ہے"

اور امام محمد باقر (ع) نے فرمایا:

ولأن أعول اهل بیت من المسلمن وأشبع جوعتهم واکسو عریهم وأکف وجوههم عن الناس احب الی من أن احج حجة و حجة وحجة، حتی انتهی الی عشرة مثلها، و مثلها حتی انتهی الی سبعین۔

(ثواب الاعمال وعقاب الاعمال للصدوق ص۱۷۲)

"ایک مسلمان گھرانے کی سرپرستی (اور غریب نوازی) بھوکے انسان کو سیر کرنا، بے لباس کو لباس پہنانا اور مسلمانوں کی آبرو بچانا، مجھے ستر (۷۰) حجوں سے زیادہ پسند ہیں۔"

راہ خدا میں انفاق کرنا ایک وسیع باب ہے جس کا اتنی جلدی میں احاطہ نہیں کیا جا

اسی دنیا میں جو حاصل ہوتا ہے اس میں ایک، رزق وروزی ہے۔

چنانچہ رسول اکرم (ص) فرماتے ہیں:

استنزلوا الرزق بالصدقة.

(البحار ج ۱۹ ص ۱۱۸)

"صدقہ کے ذریعے رزق طلب کرو،،

راہ خدا میں انفاق کا ایک فائدہ بیماری کا علاج ہے۔ چنانچہ رسول اسلام (ص) سے مروی ہے:

داو وا مرضاكم بالصدقة.

"صدقہ کے ذریعے اپنے مریضوں کا علاج کیا کرو۔"

(قرب الاسناد للحمیری ص ۷۴)

"صدقہ اور انفاق کا ایک اہم فائدہ درازی عمر اور بری اموات کو ٹالنا ہے۔"

امام باقر (ع) سے روایت ہے:

ان البر و الصدقة ينفيان الفقر و يزيدان العمر ويدفعان عن صاحبهما سبعين ميتة من السوء.

(الخصال للصدوق ج ۱ ص ۲۵)

"نیکی اور صدقہ، فقر اور غربت کو دور کرتے ہیں، عمر کو بڑھا دیتے ہیں اور نیکی کرنے والے اور صدقہ دینے والے سے ستر بری اموات کو دور کرتے ہیں"۔

راہ خدا میں انفاق کے فوائد میں سے ایک برکت اور قرض کی ادائیگی ہے۔ چنانچہ امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں:

إن الصدقة تقضى الدين وتخلف البركة.

لاطمع له فی القرص ولا عهد له بالشبع أوأبیت
مبطاناً وحولی بطون غرثی و اکباد حری او
اکون کما قال القائل:

و حسبك داء أن تبیت ببطنة
وحولك اكباد تحن الی القد

(نہج البلاغۃ صبحی صالح ص ۴۱۷-۴۱۸)

"اگر میں چاہتا تو صاف ستھرے شھد، عمدہ گیہوں اور ریشم کے بنے ہوئے کپڑوں کے لئے ذرائع مہیا کر سکتا تھا لیکن ایسا کہاں ہو سکتا ہے کہ خواہش مجھے مغلوب بنا لے اور حرص مجھے اچھے کھانوں کے چن لینے کی دعوت دے جبکہ حجاز ویمامہ میں شاید ایسے لوگ ہوں جنہیں ایک روٹی کے ملنے کی بھی امید نہ ہو۔ انہیں پیٹ بھر کر کھانا کبھی نصیب نہ ہوا ہو۔ کیا شکم سیر ہو کر پڑا رہا کروں درآنحالیکہ میرے گرد و پیش بھوکے پیٹ اور پیاسے جگر تڑپتے ہوں یا میں ویسا ہو جاؤں جیسا کہنے والے نے کہا ہے:
تمہاری بیماری کیا یہی کم ہے کہ تم پیٹ بھر کر لمبی تان لو اور تمہارے گرد کچھ ایسے جگر ہوں جو سوکھے چمڑے کو ترس رہے ہوں"۔

رسول اکرم (ص) اور آئمہ طاہرین (ع) کی احادیث میں ان اثرات اور فوائد کی تصریح کی گئی ہے جو (روز قیامت کے) متوقع اجر عظیم سے پہلے اسی دنیا میں راہ خدا میں انفاق پر مترتب ہوتے ہیں۔ "یوم لا ینفع مال و لابنون" "روز آخرت کوئی مال فائدہ دے گا اور نہ اولاد۔" راہ خدا میں انفاق کرنے والے کو

سبیل اللہ فبشرھم بعذاب الیم، یوم یحمی علیھا فی نار جھنم فتکوی بھا جباھھم و جنوبھم وظھورھم ھذا ما کنزتم لانفسکم فذوقوا ما کنتم تکنزون۔

(التوبہ: ۳۴-۳۵)

"اور وہ لوگ جو سونا اور چاندی جمع کرتے جاتے ہیں اور اس کو خدا کی راہ میں خرچ نہیں کرتے تو (اے رسول) ان کو دردناک عذاب کی خوش خبری سنا دو جس دن وہ (سونا اور چاندی) جہنم کی آگ میں گرم (اور لال) کیا جائے گا پھر اس سے ان کی پیشانیوں اور ان کے پہلو اور ان کی پیٹھیں داغی جائیں گی اور ان سے کہا جائے گا یہ وہ ہے جسے تم نے اپنے لئے (دنیا میں) جمع کر رکھا تھا تو (اب) اپنے جمع کئے کا مزہ چکھو"

امیر المؤمنین علیہ السلام نے اسلام کے عظیم اصولوں کو مجسم کر کے پیش کیا اور اس دنیائے فانی سے کنارہ کشی اور اس کی چمک دمک سے پہلو تہی کرتے ہوئے اس وقت اپنے ہاتھ میں موجود ہر چیز کو راہ خدا میں خرچ کر ڈالا جب مسلمانوں کا بیت المال آپ کے اختیار میں تھا۔ آپ (ع) نے اپنی حالت اور سوچ کو ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے:

ولو شئت لاھتدیت الطریق الی مصفّی ھذا العسل، ولباب ھذا القمح، و نسائج ھذا القز، ولکن ھیھات ان یغلبنی ھوای ویقودنی جشعی، الی تخیر الاطعمة ولعل بالحجازاو الیمامة من

کے آگے آگے اور دائیں طرف چل رہا ہو گا تو ان سے کہا
جائے گا تم کو بشارت ہو کہ آج تمہارے لئے وہ باغ ہیں جن
کے نیچے نہریں جاری ہیں ان میں ہمیشہ رہو گے یہی تو بڑی
کامیابی ہے"۔

ایک اور تیسری آیت میں اللہ تعالی نے وقت کے ہاتھ سے نکلنے سے پہلے انفاق کی تاکید فرمائی ہے۔ ارشاد باری ہے:

وأنفقوا مما رزقنكم من قبل أن ياتى أحدكم
الموت فيقول رب لو لا اخرتنى الى اجل قريب
فأصّدق وأكن من الصالحين ولن يؤخر الله
نفساً اذا جاء أجلها والله خبير بما تعملون۔

(المنافقون: ۱۰۔۱۱)

"اور ہم نے جو کچھ تمہیں دیا ہے اس میں سے (خدا کی راہ
میں) خرچ کر ڈالو قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کی موت
آجائے تو (اس کی نوبت نہ آئے کہ) کہنے لگے کہ پروردگار تو
نے مجھے تھوڑی سی مہلت اور کیوں نہ دی تاکہ خیرات کرتا
اور نیکوکاروں میں سے ہو جاتا اور جب کسی کی موت آجاتی
ہے تو خدا اس کو ہرگز مہلت نہیں دیتا اور جو کچھ تم کرتے ہو
خدا اس سے خبردار ہے۔"

اس کے بعد اللہ تعالی نے فرمایا ہے کہ جو مال پر مال جمع کرتے جاتے، اس کی ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں اور راہ خدا میں خرچ نہیں کرتے۔ ایسے افراد کا اللہ تعالی نے نہایت خوفناک انداز میں تذکرہ فرمایا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

والذين يكنزون الذهب و الفضة ولا ينفقونها فى

لن تبور لیوفیهم أجورهم ویزیدهم من فضله انه غفور شکور۔

(فاطر :۲۹۔۳۰)

"بیشک جولوگ خدا کی کتاب پڑھا کرتے ہیں اور پابندی سے نماز پڑھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے چھپا کے اور دکھلا کے خدا کی راہ میں دیتے ہیں وہ ایسے بیوپاری کا آسرا رکھتے ہیں جس کا کبھی ٹاٹ نہ الٹے گا تاکہ خدا انہیں ان کی مزدوریاں بھر پور ادا کرے بلکہ اپنے فضل و کرم سے اور بڑھا دے گا۔ بیشک وہ بڑا بخشنے والا اور بڑا قدردان ہے"۔

دوسرے سورے میں فرمایا:

من ذالذی یقرض الله قرضا حسناً فیضا عفه له وله اجر کریم، یوم تر ی المؤمنین والمؤمنات یسعی نورهم بین أیدیهم و بأیمانهم بشراکم الیوم جنات تجری من تحتها الانهار خالدین فیها ذلك هو الفوز العظیم۔

(الحدید :۱۱۔۱۲)

"کون ایسا ہے جو خدا کو خالص نیت کے ساتھ قرض حسنہ دے تو خدا اس کے لئے (اجر کو) دوگنا کردے اور اس کے لئے معزز صلہ (جنت) ہی ہے۔ جس دن تم مومن مرد اور مؤمنہ عورتوں کو دیکھو گے کہ ان (کے ایمان) کا نور ان

المتواضعين، وانت عنده من المتكبرين، وتطمع،
و انت متمرغ في النعيم تمنعه الضعيف والارملة،
ان يوجب لك ثواب المتصدقين؟ وانما المرء
مجزى بما اسلف و قادم على ما قدم۔

(نہج البلاغۃ صبحی صالح ص ۳۷۷)

"میانہ روی اختیار کرتے ہوئے فضول خرچی سے باز آؤ۔ آج
کے دن کل کو بھول نہ جاؤ صرف ضرورت بھر کے لئے مال
روک کر محتاجی کے دن کے لئے آگے بڑھاؤ۔ کیا تم یہ آس
لگائے بیٹھے ہو کہ تمہیں عجز و انکساری کرنے والوں کا اجر دے
گا حالانکہ تم اس کے نزدیک متکبروں میں سے ہو اور یہ طمع
رکھتے ہو کہ وہ خیرات کرنے والوں کا ثواب تمہارے لئے
قرار دے گا حالانکہ تم عشرت سامانیوں میں لوٹ رہے ہو اور
بیکسوں اور بیواؤں کو محروم کر رکھا ہے۔ انسان اپنے ہی کئے
کی جزا پاتا ہے اور جو آگے بھیج چکا ہے وہی آگے بڑھ کر پائے
گا۔"

راہ خدا میں انفاق

م۔۳۱۶ : اللہ تعالی نے اپنے کلام پاک میں راہ خدا میں انفاق کی دعوت دی ہے اور اسے ایسی
تجارت قرار دیا ہے جس کا ثاث کبھی نہ الٹے گا ارشاد خداوندی ہے :

ان الذين يتلون كتا ب الله و اقامو ا الصلوة و
انفقوا مما رزقنهم سرا و علانية يرجون تجارة

دے)۔ اپنے برادر مؤمن کے منہ سے نکلے ہوئے لفظ سے
کسی برائی کا گمان نہ کرنا جب تک اس کو کسی اچھے اور صحیح
مطلب پر محمول کرنا ممکن ہو"۔

فضول خرچی

م۔ ۳۱۵: اسراف اور فضول خرچی، یہ دونوں ایسے طرز عمل ہیں جن کی اللہ تعالی نے مذمت کی ہے۔

ارشاد خداوندی ہے:

وکلو واشربوا ولا تسرفوا انه لایحب المسرفین
(الاعراف: ۳۱)

"اور کھاؤ اور پیو اور فضول خرچی نہ کرو کیونکہ خدا فضول
خرچ کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا"

دوسری آیت میں فضول خرچی کی مذمت میں فرمایا:

ان المبذرین کانوا إخوان الشیاطین و کان
الشیطان لربه کفورا۔

(الاسراء: ۲۷)

"فضول خرچ کرنے والے لوگ یقیناً شیطانوں کے بھائی ہیں
اور شیطان اپنے پالنے والے کا بڑا ناشکری کرنے والا ہے"

امیر المؤمنین (ع) نے اسراف (فضول خرچی) کی مذمت میں زیاد کے نام ایک مکتوب بھیجا جس میں آپ (ع) نے فرمایا۔

فدع الاسراف مقتصداً واذكر فی الیوم غداء
وامسك عن المال بقدر ضرورتك وقدم الفضل
لیوم حاجتك، أترجو ان یعطیك الله اجر

(ثواب الاعمال وعقاب الأعمال للصدوق ص ۲۶۲)

"اللہ خونریزی کرنے والے شراب بنانے والے اور چغل خوری کرنے والے کو جنت میں داخل نہیں فرمائے گا"

بد گمانی

م۔ ۳۱۴: اللہ تعالی نے بد گمانی سے منع فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد خداوندی ہے:

یاأیهاالذین آمنوا اجتنبوا کثیراً من الظن إن بعض الظن اثم

(الحجرات: ۱۲)

"اے ایماندارو! بہت سے گمان بد سے بچے رہو کیونکہ بعض بد گمانی گناہ ہے۔"

اس آیت کریمہ کی رو سے کسی مؤمن کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ بغیر کسی واضح دلیل کے اپنے برادر مؤمن کے بارے میں بد گمانی کرے۔ دل کی باتوں کو خدا کے علاوہ اور کوئی نہیں جانتا۔ جب تک برادر مومن کے عمل کو کسی صحیح پہلو پر محمول کرنا ممکن ہو اسے صحت پر محمول کرنا چاہئے مگر یہ کہ اس کے خلاف ثابت ہو جائے۔

امیر المؤمنین (ع) فرماتے ہیں:

ضع أمر اخیك علی أحسنه حتی یأتیك ما یغلبك منه، ولا تظنن بکلمة خرجت من اخیك سوء، و انت تجد لها فی الخیر محملا۔

(وسائل الشیعہ ج ۸ باب ۱۶۱)

"اپنے برادر مؤمن کے عمل کو (ہمیشہ) اچھے پہلو پر محمول کرو مگر یہ کہ کوئی تمہیں اس سے منصرف کر دے (پھیر

کرنے والے کا ہے۔

(منہاج الصالحین آقای سیستانی ج ۱ ص ۱۷)

م۔ ۳۱۳: جب بھی غیبت کا ذکر ہو عام طور مؤمن کے ذہن میں ایک اور اصطلاح آتی ہے جسے اسلام نے حرام قرار دیا ہے اور اس کے مرتکب کی سخت مذمت کی ہے تاکہ معاشرے کو افتراق وانتشار سے بچایا جا سکے اور وہ اصطلاح چغل خوری ہے۔ مثلاً کسی شخص سے یہ کہا جائے کہ فلاں آدمی نے تمہارے خلاف یہ بات کہی ہے اور دونوں کے تعلقات مکدر کرے یا کدورت کو اور زیادہ بڑھا دے۔ چنانچہ پیغمبر اکرم (ص) سے روایت ہے:

ألا أنبئكم بشراركم؟ قالوا بلى يا رسول الله، قال: المشاؤون بالنميمة، المفرقون بين الأحبة۔

(جامع السعادات ج ۲ ص ۲۷۶)

"تمہیں بتاؤں تم میں سے بدترین شخص کون ہے؟ لوگوں نے کہا: یا رسول اللہ فرمائیے۔ آپ نے فرمایا: جو لوگوں میں چغل خوری کرتا پھرتا ہے اور دوستوں میں جدائی ڈال دیتا ہے۔

امام باقر (ع) نے فرمایا:

الجنة محرمة على المغتابين المشائين بالنميمة

(اصول کافی ج ۲ ص ۳۶۹)

"غیبت کرنے والے اور چغل خوری کرنے والوں پر جنت حرام ہے"

امام صادق (ع) نے فرمایا:

لا يدخل الجنة سفاك للدماء، ولا مدمن للخمر ولا مشاء بنميم۔

ہے:

لا يغتب بعضكم بعضا أيحب احدكم أن يأكل لحم اخيه ميتاً فكرهتموه.

(الحجرات :۱۲)

"اور نہ تم میں سے ایک دوسرے کی غیبت کرے کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا کہ وہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے تم اس سے (ضرور) نفرت کرو گے۔"

رسول خدا (ص) نے فرمایا:

إياكم و الغيبة فان الغيبة أشد من الزنا فان الرجل قديزنى فيتوب الى الله فيتوب الله عليه وصاحب الغيبة لا يغفرله حتى يغفر له صاحبه

(جامع السعادات ج۲ ص۳۰۲)

"غیبت سے بچے رہو کیونکہ غیبت زنا سے بھی سخت گناہ ہے اس لئے کہ انسان اگر زنا کرلے اور اس کے بعد توبہ کرلے تو خدا اس کی توبہ کو قبول فرماتا ہے، لیکن جو شخص غیبت کرتا ہے خدا اسے اس وقت تک نہیں بخشتا جب تک وہ آدمی نہ بخشے جس کی غیبت کی گئی ہو"۔

مومن کو زیب نہیں دیتا کہ وہ اپنے برادر مومن کی غیبت کو سنتا رہے۔ بلکہ نبی اکرم (ص) اور آئمہ طاہرین (ع) کی بعض روایات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جو شخص کسی کی غیبت سنے اس کا فرض ہے کہ غیبت کئے جانے والے شخص کی مدد کرے اور غیبت کرنے سے روکے اور ٹوکے اور اگر وہ نہ روکے تو خدا اسے دنیا و آخرت دونوں میں رسوا کر دیتا ہے اور غیبت سننے والے کا گناہ اتنا ہی ہے جتنا غیبت

دے بھی دے پھر بھی اہل کتاب سے نکاح عارضی (متعہ) تک سے گریز کرے اور اس مسئلے میں فرق نہیں پڑتا کہ اس مسلمان مرد کے پاس اس کی بیوی موجود ہو یا نہ ہو (کسی اور جگہ ہو)۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۳۹۷ :شرعی نکاح کے بغیر یہودی اور نصرانی جیسی اہل کتاب عورتوں سے جنسی عمل انجام دینا جائز نہیں اگرچہ اس ملک کی حکومت مسلمان کے ساتھ حالت جنگ میں ہو۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۳۹۸ :احتیاط واجب یہ ہے کہ جو عورت زنا میں مشہور ہے جب تک وہ توبہ نہ کرے اس سے نکاح نہ کیا جائے۔ چنانچہ یہ بھی احتیاط واجب ہے کہ انسان اس عورت سے بھی، اس کے توبہ کرنے سے پہلے، نکاح نہ کرے جس کے ساتھ اس نے زنا کیا ہو۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۳۹۹ :اگر غیر مسلم مرد اور عورت کا خود ان کے اپنے مذہب کے مطابق باشرائط اور صحیح نکاح واقع ہوا ہو تو اس پر بھی ہمارے نزدیک صحیح عقد نکاح کے آثار و احکام مترتب ہوں گے۔ چاہے شوہر بیوی اہل کتاب ہوں۔ مثلاً دونوں یہودی یا مسیحی ہوں یا اہل کتاب نہ ہوں جیسے دوسرے کفار ہیں یا ایک اہل کتاب ہو اور دوسرا اہل کتاب نہ ہو۔ حتی کہ یہ دونوں شوہر بیوی بیک وقت مسلمان ہو جائیں تو اپنے سابق رشتہ ازدواج پر بر قرار رہیں گے اور ہمارے دین و مذہب کے مطابق کسی نئے عقد نکاح کی ضرورت نہیں ہوگی۔

م۔۴۰۰ :اگر کوئی باپ اپنی بیٹی سے جو ۱۸ سال کی ہو گئی ہو اپنی ولایت (سرپرستی) اٹھا لے اور اس کو مستقل حیثیت دے دے جیسا کہ امریکہ اور بعض یورپی ممالک

رضامندی شرط نہیں۔

م۔۳۹۰ : سمجھ دار، بالغ اور کنواری لڑکی کے نکاح میں باپ یا دادا کی رضامندی اس صورت میں شرط نہیں جب باپ یا دادا اسے اس کے شرعی اور عرفی کفو سے نکاح کرنے سے منع کریں یا اس کے نکاح میں کسی قسم کی دلچسپی لینے سے گریز کریں یا ان کی عدم موجودگی کی وجہ سے ان سے اجازت لینا ممکن نہ ہو۔ ان صورتوں میں اگر شادی اس کی اشد ضرورت ہو تو (باپ کی اجازت کے بغیر) شادی کر سکتی ہے۔

م۔۳۹۱ : جو لڑکی کنواری نہ ہو اس کے نکاح میں باپ یا دادا کی رضامندی ضروری نہیں اور کنواری نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس کا پہلے سے صحیح نکاح ہوا ہو اور شوہر نے اس سے ہمبستری کی ہو لیکن اگر کسی لڑکی کی بکارت زنا یا کسی اور وجہ (جیسے کھیل کود) سے زائل ہوئی ہو تو وہ کنواری سمجھی جائے گی اور باپ دادا کی اجازت لازمی ہوگی۔

م۔۳۹۲ : جو شخص شادی نہ کرنے کی وجہ سے اپنے آپ کو فعل حرام سے نہ بچا سکے اس پر شادی کرنا واجب ہے۔

م۔۳۹۳ : ☆☆☆☆

م۔۳۹۴ : ☆☆☆☆

م۔۳۹۵ : جن ممالک میں ملحدوں، منکرین خدا اور اہل کتاب کی اکثریت ہو وہاں مسلمان پر واجب ہے کہ وہ جس لڑکی سے نکاح کرنا چاہے اس سے اس کے دین کے بارے میں دریافت کرے تاکہ اسے یقین ہو جائے کہ وہ ملحد نہیں تاکہ نکاح صحیح ہو سکے اور اس سلسلے میں لڑکی کا قول قابل قبول ہوگا۔

م۔۳۹۶ : جس مسلمان نے کسی مسلمان خاتون سے شادی کر رکھی ہو اس کے لئے جائز ہیں کہ وہ اپنی مسلمان بیوی کی اجازت کے بغیر یہودی اور مسیحی جیسی اہل کتاب عورت سے نکاح کرے (بلکہ) احتیاط واجب یہ ہے کہ اگر مسلمان بیوی اجازت

م۔۳۸۶ : شریعت اسلام میں نکاح کی دو قسمیں ہیں : دائمی نکاح اور عارضی نکاح۔ دائمی نکاح اس عقد کو کہتے ہیں جس میں ازدواج کی مدت معین نہیں کی جاتی۔ اس ازدواج میں زوجہ، زوجہ دائمہ کہلاتی ہے۔

عارضی نکاح اسے کہتے ہیں جس میں نکاح کی مدت ایک سال اس سے زیادہ یا اس سے کم معین کی جاتی ہے اس ازدواج میں زوجہ، زوجہ موقتہ (عارضی) کہلاتی ہے۔

م۔۳۸۷ : دائمی نکاح کا صیغہ : پہلے عورت مرد کو خطاب کر کے کہے : زَوَّجْتُكَ نَفْسِي بِمَهْرٍ قَدْرُه ...... خالی جگہ پر مہر کی تعداد کا ذکر کرے۔ اس کے فوراً بعد مرد کہے : قَبِلْتُ التَّزْوِيْجَ۔

عارضی نکاح (متعہ) کا صیغہ : پہلے عورت مرد سے کہے : زَوَّجْتُ نَفْسِي بِمَهْرٍ قَدْرُه .... لِمُدَّةِ .... پہلی خالی جگہ پر مہر کی رقم اور دوسری خالی جگہ نکاح کی مدت کا ذکر کرے۔

م۔۳۸۸ : مسلمان مرد، یہودی اور مسیحی عورت سے عارضی نکاح (متعہ) کر سکتا ہے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ غیر مسلم عورت (اہل کتاب) سے دائمی نکاح نہ کیا جائے۔ لیکن اہل کتاب کے علاوہ دوسری کافر عورتوں سے کسی قسم کا نکاح جائز نہیں اور احتیاط واجب کے طور پر مجوسی عورت سے عارضی نکاح تک نہیں ہو سکتا۔ لیکن مسلمان عورت کے لئے جائز نہیں کہ وہ کسی بھی کافر سے نکاح کرے (اگرچہ اہل کتاب ہو)۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۳۸۹ : کنواری لڑکی، چاہے وہ مسلمان ہو یا اہل کتاب اگر وہ زندگی کے مسائل میں مستقل اور خود کفیل نہ ہو تو اس کے نکاح میں، باپ یا دادا کی رضامندی شرط ہے بلکہ احتیاط واجب یہ ہے کہ اگر وہ مستقل اور خود کفیل ہو پھر بھی باپ یا دادا کی رضامندی حاصل کی جائے۔ البتہ بھائی، بہن اور دیگر رشتہ داروں کی

مراد بدکردار گھرانے کی خوبرو عورت ہے۔"

م۔۳۸۲ : عورت اور اس کے ولی وارثوں کو بھی چاہئے کہ انہیں ان صفات وخصائل کی اہمیت کا احساس دلائیں جن کا شوہر میں ہونا ضروری ہے۔ عورت کو چاہئے کہ وہ ایسے مرد کو اپنے رفیق حیات کے طور پر منتخب کرے جو دیندار، پاکدامن اور بااخلاق ہو۔ شراب خور نہ ہو اور برائیوں اور مہلک گناہوں کا ارتکاب نہ کرتا ہو۔

م۔۳۸۳ : یہ امر مستحسن ہوگا کہ کوئی دیندار، بااخلاق مرد خواستگاری کرے تو اس سے انکار نہ کیا جائے۔

چنانچہ رسول اسلام (ص) فرمایا:

اذا جاء کم من ترضون خلقه و دينه فزوجوه إنكم إن لا تفعلوا ذالك تكن فتنة في الارض وفساد كبير.

(تہذیب الاحکام ج ۷ ص ۳۹۵)

"جب کوئی ایسا لڑکا بیٹی کی خواستگاری کے لئے تمہارے پاس آئے جس کا اخلاق اور دین پسندیدہ ہو تو اسے رشتہ دے دو ورنہ زمین پر فتنہ اور بڑا بگاڑ پیدا ہوگا۔"

م۔۳۸۴ : ازدواج کے سلسلے میں خواہشمند لوگوں کے لئے کوشش کرنا ان کے لئے وسیلہ بننا اور طرفین کو رشتے پر آمادہ کرنا مستحب ہے۔

م۔۳۸۵ : مرد خواستگاری سے پہلے اس عورت کے مقامات حسن کو دیکھ سکتا ہے یا اس سے ہمکلام ہو سکتا ہے جس کا رشتہ لینا چاہتا ہے اس بنا پر ایسی خاتون کا چہرہ، اس کے بال، گردن، ہتھیلیاں، پنڈلیاں، کلائیاں اور اس قسم کے مقامات حسن کو دیکھنا جائز ہے بشر طیکہ اس نظر کا مقصد جنسی لذت حاصل کرنا نہ ہو۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

سما استفاد امرؤ مسلم فائدة بعد الاسلام افضل من زوجة مسلمة تسره اذا نظر اليها وتطيعه اذا أمرها، و تحفظه اذا غاب عنها۔

(منهاج الصالحين آقای سیستانی المعاملات القسم الثانی ص ۷)

"ایک مسلمان کے لئے اسلام کے بعد ایسی مسلمان بیوی سے افضل اور کوئی چیز نہیں جس کی طرف دیکھے تو اس کا دل خوش ہو جائے، شوہر حکم کرے تو وہ اس کی اطاعت کرے، شوہر کی عدم موجودگی میں اس کا تحفظ کرے۔"

م۔۳۸۱: مرد کو چاہئے کہ وہ جس خاتون سے شادی کرنا چاہتا ہے اس میں ان صفات اور خصوصیات کو پیش نظر رکھے جو ایک مثالی خاتون میں ہونی چاہئیں جو پاک دامن، شریف الاصل اور نیک ہو اور دنیوی اور اخروی معاملات میں شوہر کی مددگار ثابت ہو۔ مرد کے لئے یہ مناسب نہیں کہ وہ بیوی کے انتخاب میں اس کا مطمح نظر، صرف اس کا ظاہری حسن و جمال اور مال و دولت ہو۔ پیغمبر اسلام (ص) سے مروی ہے:

ایها الناس ایاکم و خضراء الدمن قیل یا رسول الله وما خضراء الدمن ؟ قال المرأة الحسناء فی منبت السوء۔

(وسائل الشیعة ج ۲۰ ص ۳۵)

"اے لوگو! کوڑا کرکٹ پر اگنے والے سبزے سے احتراز کرو۔ آپ (ص) سے پوچھا گیا: یا رسول اللہ (ص) اس سبزے سے کیا مراد ہے؟ آپ (ص) نے فرمایا: اس سے

شریعت اسلامیہ میں جنسی تعلقات سے متعلق بعض مخصوص احکام بیان کئے جاتے ہیں جو زندگی کے مختلف پہلوؤں پر مشتمل ہیں اور ایسی شدید انسانی ضرورت کی حیثیت سے ان کی خصوصیات کو بیان کیا گیا ہے جن پر ایسے ایسے معاملات مترتب ہوتے ہیں جن کا معاشرہ اور اس کے افراد سے گہرا ربط ہوتا ہے۔ عورت اور مرد کے تعلقات کے مختلف احکام ہیں۔ ان میں سے ہم صرف ان احکام کو بیان کر رہے ہیں جن کا تعلق غیر مسلم ممالک میں رہنے والے مسلمانوں سے ہے، جو اپنی عملی زندگی میں ان احکام کی معرفت سے بے نیاز نہیں رہ سکتے۔

م۔۳۸۰ :ازدواج (شادی) ان مستحبات میں سے ہے جن کی اسلام میں بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے۔ چنانچہ رسول خدا (ص) کا فرمان ہے :

من تزوج احرز نصف دينه .

(وسائل الشیعۃ ج۲۰ص۱۷) .

"جو شخص شادی کرلیتا ہے وہ اپنا آدھا دین بچا لیتا ہے"

نیز آپ (ص) نے فرمایا :

من أحب ان يتبع سنتى فان من سنتى التزويج .

(حوالہ سابق)

"جو شخص میری سنت کی پیروی کرنا چاہتا ہے (اسے معلوم ہونا چاہئے) میری سنت میں سے ایک شادی ہے"

نیز آنحضرت (ص) کا ارشاد ہے :

ساتویں فصل

ازدواجی زندگی

☆ مقدمہ

☆ ازدواج سے متعلق بعض احکام

☆ جنسی تعلقات سے مخصوص استفتاءات

م۔۳۷۸: کیا ڈاکٹر کے لئے جائز ہے یا کیا اس پر واجب ہے کہ وہ شوہر اور بیوی جیسے مریض کے قریبی لواحقین اور متعلقین کو ایڈز کی بیماری سے آگاہ کرے ؟

جواب: اگر مریض یا اس کا ولی اس کی اجازت دے تو لواحقین کو آگاہ کرنا جائز ہو گا اور طویل عرصے تک سہی، مریض کی زندگی بچانا انہیں آگاہ کرنے پر موقوف ہو تو اس صورت میں واجب ہو گا۔ نیز اس صورت میں بھی لواحقین کو صحیح صورت حال سے آگاہ کرنا واجب ہو گا جبکہ لاعلمی کی وجہ سے ضروری احتیاط نہ ہو سکے اور اس طرح دوسروں تک بیماری کے منتقل ہونے کا خطرہ ہو۔ واللہ العالم۔

م۔۳۷۹: کیا وہ مسلمان اپنی بیوی سے ہمبستری کر سکتا ہے جس کو معلوم ہو کہ میں ایڈز کی متعدی بیماری میں مبتلا ہوں اور کیا ایسے شوہر پر واجب ہے کہ وہ اپنی بیوی کو اپنی بیماری سے آگاہ کرے ؟

جواب: اگر شوہر کو اس بات کا یقین ہو کہ ہمبستری سے یہ بیماری پھیل جائے گی تو کسی صورت میں بھی ہمبستری جائز نہیں ہو گی۔ اسی طرح اس صورت میں بھی ہمبستری جائز نہیں ہو گی جب بیماری کے پھیلنے کا قابل ذکر و اہمیت احتمال ہو مگر یہ کہ عورت کو صورت حال کا پتہ ہو اور اپنی رضامندی سے ہمبستری کا موقع دے اس صورت میں مرد کے لئے ہمبستری جائز ہو گی۔

☆☆☆☆☆

رکھے تو وہ اپنا معاملہ لے کر حاکم شرع کی طرف رجوع کر سکتی ہے تاکہ شوہر کو میل جول کو بحال کرنے یا طلاق دینے میں سے کسی ایک پر مجبور کیا جا سکے ؟

م۔۳۷۴ :اگر شوہر ایڈز کا مریض ہو تو بیوی طلاق لے سکتی ہے، اس کا کیا حکم ہوگا؟

جواب: بیوی کے مطالبہ پر شوہر کو طلاق پر مجبور نہیں کیا سکتا اور حاکم کی طرف سے بھی اسے طلاق نہیں دی جا سکتی۔ البتہ عورت کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ ہمبستری اور کسی بھی ایسے میل جول سے انکار کر دے جس سے اس بیماری میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہو اور اس کے باوجود شوہر پر بیوی کا نان و نفقہ واجب ہے۔

م۔۳۷۵ :کیا ایڈز کی مریضہ حاملہ خاتون اسقاط حمل کر سکتی ہے ؟

جواب: اسقاط حمل جائز نہیں۔ خصوصاً جب جنین میں روح داخل ہو چکی ہو۔ ہاں اگر حمل کو باقی رکھنا ماں کے لئے نقصان دہ ہو تو روح کے داخل ہونے سے پہلے اسقاط حمل جائز ہے۔ روح کے داخل ہونے کے بعد جائز نہیں۔

م۔۳۷۶ :کیا ایڈز کی بیماری میں مبتلا ماں اپنے اس بچے کی پرورش کر سکتی ہے جو اس بیماری سے محفوظ ہے اسے پیوسی کھیس (پہلا دودھ) پلانے کا حکم کیا ہوگا؟

جواب: اس صورت میں بچے کی پرورش کا حق ساقط نہیں ہوتا البتہ ایسی احتیاطی تدابیر ضرور اپنائی جائیں جن سے بیماری کے نہ پھیلنے کا یقین حاصل ہو اور اگر اس بات کا قابل ذکر و اہمیت احتمال ہو کہ شیر خواری کے دوران پستان کے ذریعے یہ بیماری منتقل ہو گی تو اس صورت میں دودھ پلانے سے اجتناب ضروری ہے۔

م۔۳۷۷ :کیا ایڈز کے مرض کو مرض الموت کہا جا سکتا ہے ؟

جواب: چونکہ یہ بیماری عرصہ دراز تک مریض کے ساتھ رہتی ہے۔ اس لئے اس بیماری کے اس مرحلے کو مرض الموت کہا جائے گا جو اس کی وفات کے نزدیک ہو۔ جب مریض پر ہیجانی کیفیت طاری ہوتی ہے، اس کی دفاعی قوتیں ختم ہو جاتی ہیں اور مہلک قسم کی اعصابی علامتیں نمودار ہوتی ہیں۔

شوہر اس بیماری سے محفوظ ہے جبکہ بیوی اس مرض میں مبتلا ہے۔ یعنی اس صورت میں اگر بیماری کے منتقل ہونے کا احتمال ہو جس کو عقلاء کوئی اہمیت دیتے ہوں تو شوہر بیوی سے ہمبستری نہیں کر سکتا (جائز نہیں) اور ہر چار مہینے میں ہمبستری کا جو حق بیوی کو حاصل ہے وہ بھی ساقط ہو جائے گا۔ مگر یہ کہ کوئی ایسا طریقہ اپنانا ممکن ہو جس سے بیماری نہ پھیلتی ہو اور ایسی صورت میں ہمبستری کرنا جائز ہو گا۔

م۔ ۴۷۳: میاں بیوی میں سے جو ایڈز کی بیماری سے محفوظ ہے کیا وہ علیحدگی کا مطالبہ کر سکتا ہے (اگر دوسرا بیماری میں مبتلا ہو)

جواب: اگر عقد نکاح اور اس موقع کی گفت وشنید کے وقت دھوکے سے کام لیا گیا ہو یعنی شوہر یا بیوی کو جو اس بیماری میں مبتلا ہو، عقد نکاح اور اس سلسلے کی گفتگو میں بیماری سے محفوظ ظاہر کیا گیا ہو اور اس اظہار کی بنیاد پر عقد پڑھا جائے (اور بعد میں اس کے خلاف ظاہر ہو) ایسی صورت میں جس سے دھوکا کیا گیا ہے اسے نکاح کو ختم کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ البتہ اس صورت کو دھوکا نہیں کہا جائے گا جب شوہر کے خیال میں بیوی اس بیماری سے محفوظ ہو اور بیوی یا اس کے ولی سکوت اختیار کریں۔

لیکن اگر میاں بیوی میں سے کسی نے دھوکے سے کام نہ لیا ہو یا بیماری نکاح کے بعد لاحق ہوئی ہو تو ایسی صورت میں بیماری سے محفوظ شوہر ایڈز کی مریضہ بیوی کو طلاق دینے کا حق رکھتا ہے یعنی اس صورت میں طلاق شرعاً ناپسندیدہ عمل نہیں ہو گا۔ ورنہ اگر بیوی بیماری سے محفوظ اور شوہر ایڈز کا مریض ہو تو آیا صرف اس وجہ سے کہ بیوی ہمبستری سے محروم ہے، شوہر سے طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے یا نہیں؟ اس میں دو احتمال ہیں۔ بہتر یہ ہے کہ احتیاط کے تقاضوں کو ترک نہ کیا جائے۔ البتہ اگر شوہر اپنی بیوی سے بالکل الگ تھلگ رہے اور بیوی کو لٹکائے

اور کفارہ واجب ہو گا۔

م۔۳۷۰: کیا ایڈز کے مریض کے لئے جائز ہے کہ وہ اس بیماری سے محفوظ انسان سے شادی کرے؟

جواب: جی ہاں جائز ہے۔ البتہ ایڈز سے محفوظ شخص کو دھوکا دینا جائز نہیں ہے۔ بایں معنی کہ یہ جانتے ہوئے کہ میں ایڈز کا مریض ہوں عقد نکاح کے موقع پر اپنے آپ کو ایڈز سے محفوظ ظاہر کرے۔ چنانچہ ایڈز کے مریض کے لئے وہ ہمبستری بھی جائز نہیں جو بیماری کے منتقل ہونے کا باعث بنے۔ لیکن اگر بیماری کے منتقل ہونے کا صرف احتمال ہو اور یقین نہ ہو تو ہمبستری سے اجتناب کرنا واجب نہیں۔

م۔۳۷۱: کیا ایسے افراد ایک دوسرے سے شادی کر سکتے ہیں جن میں ایڈز کے وائرس (Vi-rus) موجود ہوں؟

جواب: اس میں کوئی حرج نہیں۔ البتہ اگر جنسی تعلقات سے یہ بیماری خطرناک حد تک بڑھ جاتی ہے تو اس صورت میں اس سے اجتناب ضروری ہے۔

م۔۳۷۲: کیا ایڈز کا مریض دوسروں سے جنسی تعلقات استوار کر سکتا ہے؟ اور کیا ایڈز کی بیماری سے محفوظ انسان جنسی تعلقات سے انکار کر سکتا ہے۔ کیونکہ جنسی اتصال اس بیماری کے پھیلنے کے بنیادی اسباب میں سے ہے؟

جواب: ایڈز کی بیماری سے محفوظ بیوی کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ ایڈز کی بیماری میں مبتلا اپنے شوہر کو ہمبستری کا موقع نہ دے اگرچہ بیماری کے پھیلنے کا صرف احتمال ہو بلکہ ایسی صورت میں بیوی پر واجب ہے کہ وہ ہمبستری سے انکار کر دے اور اگر انزال باہر کر کے بیوی تک بیماری کے منتقل ہونے کا احتمال اتنا کم کیا جا سکے جس کی کوئی اہمیت نہ ہو، مثال کے طور پر ۲ فیصد احتمال باقی رہے، تو ایسی بیوی شوہر کو ہمبستری کا موقع دے سکتی ہے بلکہ اس صورت میں بطور احتیاط اس کے لئے انکار کرنا جائز نہیں۔ اس مسئلے سے اس فرض کا حکم بھی معلوم ہو جاتا ہے جس میں

ولادت کے دوران یہ بیماری منتقل ہو سکتی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق اس وقت دنیا کے تمام ممالک اس بیماری کی زد میں ہیں اور کوئی قوم اس بیماری سے محفوظ نہیں اور اس کے متاثرین کی تعداد روز بروز بڑھتی جا رہی ہے جن میں اکثریت مردوں کی ہے۔ اس بیماری کے ضمنی آثار میں ایک اثر یہ بھی ہے کہ بہت ساری بیماریاں جن سے دنیا مکمل طور پر نجات حاصل کرنے والی تھی دوبارہ پھیلنا شروع ہو گئی ہیں۔ جیسے پھیپھڑوں کی ٹی بی ہے۔

اس مقدمے اور تمہید کے بعد درج ذیل استفتاءات حضرتعالی کی خدمت میں پیش کیے جاتے ہیں۔

م۔ ۳۶۸: ایڈز کے مریض کو الگ تھلگ رکھنے کا کیا حکم ہے۔ کیا ایڈز کے مریض پر واجب ہے کہ وہ اپنے آپ کو دوسروں سے الگ تھلگ رکھے؟ کیا اس کے اہل خانہ پر واجب ہے کہ ایڈز کے مریض کو الگ تھلگ رکھیں؟

جواب: ایڈز کے مریض پر واجب ہے کہ وہ اپنے آپ کو الگ تھلگ رکھے اور نہ اس کے اہل خانہ پر واجب ہے کہ اس کو الگ تھلگ رکھیں بلکہ مسجد اور اس قسم کے عمومی مقامات پر آنے سے اسے روکنا جائز نہیں ہے جب تک اس بیماری کے پھیلنے کا خطرہ نہ ہو۔ البتہ جن ذرائع سے یہ بیماری قطعی یا احتمالی طور پر پھیلتی ہے ان سے مریض کو بھی اور دوسروں کو بھی ہوشیار رہنا چاہئے۔

م۔ ۳۶۹: اس بیماری کو جان بوجھ کر دوسروں تک منتقل کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: یہ عمل جائز نہیں اور اگر یہ عمل ایک عرصے کے بعد سہی، اس شخص کی موت کا باعث بنے جسے یہ بیماری منتقل کی گئی ہے تو مرنے والے کے ولی کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ منتقل کرنے والے سے قصاص لے بشرطیکہ بیماری کو منتقل کرتے وقت اس بات کی طرف متوجہ ہو کہ یہ بیماری عام طور پر جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔ لیکن اگر اسے اس بات کا علم نہ ہو یا عین موقع پر متوجہ نہ ہو تو اس پر صرف دیت

م۔ ۳۶۷ : کیاانسانی بدن اور چہرے پر پلاسٹک سرجری کرنا جائز ہے ؟

جواب : یہ عمل جائز ہے بشرطیکہ ایسے حصے کو چھونے اور دیکھنے سے اجتناب کیا جائے جسے دیکھنااور چھونا حرام ہے

ایڈز یا قوت مدافعت میں کمی ان خطرناک بیماریوں میں سے ایک ہے جس سے آج کا انسان دوچار ہے۔ صرف ۱۹۹۶ء کے اعداد و شمار کے مطابق پورے کرہ ارض پر آٹھ ملین افراد اس موذی مرض میں مبتلا ہیں اور تقریباً بائیس ملین افراد میں اس بیماری کے وائرس (Virus) موجود ہیں اور آخری اعداد و شمار کے مطابق صرف ۱۹۹۶ء کے دوران ایڈز کی وجہ سے ڈیڑھ ملین افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں۔ اس طرح آج تک اس بیماری سے مرنے والوں کی تعداد چھ ملین تک جا پہنچی ہے جس کا اعلان عالمی صحت کی تنظیم نے یکم دسمبر ۹۶ء کو ایڈز کے عالمی دن کے موقع پر کیا تھا۔ ڈاکٹر صاحبان اس بیماری کے پھیلنے کے درج ذیل بنیادی اسباب بیان کرتے ہیں :

الف۔ جنسی اتصال (ملاپ)، چاہے یہ اتصال ہم جنس سے ہو یا مخالف جنس سے۔ بیماری پھیلنے کے اسباب میں یہ سبب سب سے زیادہ خطرناک اور عام ہے اور ۸۰ فیصد افراد تک اسی ذریعے سے یہ بیماری سرایت کرتی ہے۔

ب۔ خون کے ذریعے بھی یہ بیماری پھیلتی ہے مثلاً ایڈز کا مریض کسی کو خون دے یا ایڈز کے مریض کی استعمال کردہ سرنج استعمال کی جائے۔ خصوصاً جب یہ مریض منشیات کا بھی عادی ہو۔ اسی طرح کھلے زخم اور اعضاء کی پیوندکاری کے نتیجے میں بھی یہ بیماری دوسروں تک سرایت کرتی ہے۔ حتی کہ اگر سرجری کے اوزار مکمل طور پر جراثیم سے پاک نہ ہوں (Sterilizationنہ کیا گیا ہو) تو آپریشن کے ذریعے بھی اس کے جراثیم دوسرے تک منتقل ہو سکتے ہیں۔

ج۔ ایڈز کی مریضہ ماں کے ذریعے اس کے پیٹ میں موجود جنین تک بھی حمل یا

م۔ ۳۶۲ : انسولین (Insulin) کا مادہ جو شوگر کی بیماری کے علاج میں استعمال ہوتا ہے، بعض اوقات خنزیر کے لبلبے (Panereas) سے بنایا جاتا ہے۔ کیا اس کا استعمال جائز ہے؟

جواب: گوشت، رگ یا جلد کے نیچے کا ٹیکہ لگانے میں کوئی حرج نہیں۔

م۔ ۳۶۳ : ☆☆☆

م۔ ۳۶۴ : کیا ٹیسٹ ٹیوب کے ذریعے عورت کے تخم اور مرد کے نطفے میں ملاپ کے بعد اسے دوبارہ رحم میں رکھنا جائز ہے؟

جواب: یہ عمل بذات خود جائز ہے (اگر اس دوران کوئی اور فعل حرام نہ کرنا پڑے)

م۔ ۳۶۵ : بعض موروثی بیماریاں ہوتی ہیں جو ماں باپ سے اولاد میں منتقل ہوتی ہیں اور مستقبل میں بڑے خطرے سے دوچار کرتی ہیں اور جدید علوم نے ان بیماریوں سے نجات کا ایک طریقہ ایجاد کر لیا ہے جس کے تحت خاتون کے تخم (Ovum) کو ٹیسٹ ٹیوب میں رکھ دیا جاتا ہے اور جنینوں کے معائنے کے بعد صحتمند جنین کا انتخاب کر کے اسے ماں کے رحم میں رکھ دیا جاتا ہے اور ڈاکٹر باقی جنینوں کو ضائع کر دیتا ہے۔

جواب: یہ عمل بذات خود جائز ہے۔

م۔ ۳۶۶ : بعض اوقات ٹیسٹ ٹیوب میں مصنوعی حمل کے نتیجے میں بیک وقت متعدد جنین وجود میں آتے ہیں اور ان سب کا عورت کے رحم میں رکھنا اس کی زندگی کے لئے خطرہ یا موت کا باعث بنتا ہے۔ کیا ان متعدد جنینوں میں سے ایک کا انتخاب کر کے باقی جنینوں کو ضائع کرنا جائز ہے؟

جواب: ٹیسٹ ٹیوب میں بنے ہوئے تمام کے تمام قابل حیات جنینوں کو رحم میں رکھنا واجب نہیں ہے۔ بنابر ایں سابق الذکر سوال میں ایک جنین کا انتخاب کر کے باقی جنینوں کو ضائع کرنا جائز ہے۔

کے پوسٹ مارٹم کی اجازت دے اور درصورت امکان پوسٹ مارٹم کی مزاحمت کرنا ضروری ہے۔ ہاں اگر کوئی اہم اور غیر معمولی مصلحت جو پوسٹ مارٹم کے مفسدے کے برابر یا اس سے زیادہ ہو، پوسٹ مارٹم پر منحصر ہو تو پھر جائز ہوگا۔

م۔۳۶۰: کیا مسلمان کافر کو یا کافر مسلمان کو اپنا زندہ عضو، جیسے گردہ ہے یا مردہ عضو کو بذریعہ وصیت کسی زندہ کو عطیہ دے سکتا ہے؟ نیز اس مسئلے میں بعض اعضاء کا حکم بعض اعضاء سے مختلف ہے؟

جواب: زندہ انسان اپنے بعض اعضاء بدن دوسرے کو بطور عطیہ دے سکتا ہے بشرطیکہ اس سے اس زندہ انسان کو کوئی بڑا نقصان نہ پہنچتا ہو۔ مثال کے طور کوئی شخص اپنے ایک گردے کا عطیہ کسی دوسرے کو دے اور اس کا دوسرا گردہ صحیح سالم ہو اور جہاں تک کسی شخص کی وصیت کے مطابق اس کے کسی اعضاء کو کاٹ کر دوسرے کو لگانے کا تعلق ہے یہ اس صورت میں جائز ہے جب مرنے والا مسلمان بھی نہ ہو اور ایسا شخص بھی نہ ہو جس پر مسلمان کے احکام جاری ہوتے ہوں یا کسی اور مسلمان کی زندگی بچانا اس وصیت پر عمل کرنے پر موقوف ہو۔ ان دو صورتوں کے علاوہ وصیت پر عمل کرنا اور میت کے کسی عضو کا کاٹنا اشکال سے خالی نہیں۔ لیکن وصیت کی صورت میں، عضو کو کاٹنے والے شخص پر دیت کسی صورت میں بھی ثابت نہیں ہوگی۔

م۔۳۶۱: اگر کسی ملحد اور منکر خدا کا عضو بدن کسی مسلمان کو لگا دیا جائے اور آپریشن کے بعد وہ عضو مسلمان کے بدن کا حصہ شمار ہو جائے تو وہ پاک سمجھا جائے گا؟

جواب: زندہ انسان سے جدا شدہ بدن کا حصہ نجس ہے چاہے کسی مسلمان کا ہو یا کافر کا۔ لیکن اگر پیوند کاری کے بعد اس عضو میں زندگی آجائے اور مسلمان یا محکوم باسلام (جیسے نابالغ بچہ اور دیوانہ) کا جزو بدن شمار ہو تو اس پر طہارت کا حکم جاری ہوگا۔ (پاک سمجھا جائے گا)

م۔۳۵۷: علم توالد و تناسل (genetic Ingenioring) کے بعض ماہرین کا دعویٰ ہے کہ وہ انسانی جین پر اثر انداز ہو سکتے ہیں اور اسے خوبصورت بنا سکتے ہیں جس کے دوران:

ا: بد صورتی کو دور کر سکتے ہیں۔

ب: خوبصورت خصوصیات کو شامل کر سکتے ہیں۔

ج: مذکورہ دونوں امور انجام دیتے ہیں کیا دانشمند حضرات یہ کام کر سکتے ہیں اور کیا کسی مسلمان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ ڈاکٹر کو اپنے موروثی جینز کو خوبصورت بنانے کا موقع دے۔

جواب: اگر اس عمل سے شکل کی تبدیلی کے علاوہ کوئی اور ضمنی آثار مرتب نہ ہوں تو بذات خود اس میں کوئی حرج نہیں۔

م۔۳۵۸: مغربی ممالک میں دواساز کمپنیاں دواؤں کو مارکیٹ میں لانے سے پہلے ان کا تجربہ کرتی ہیں۔ کیا ان دواؤں کو تجربے کے مراحل سے گزارنے سے پہلے اور مریض کو بتائے بغیر ڈاکٹر کسی مریض پر تجربہ کر سکتا ہے، جب کہ ڈاکٹر یہ اطمینان رکھتا ہو کہ یہ دوا مریض کے لئے مفید ثابت ہوگی؟

جواب: مریض کو صورت حال سے آگاہ کرنا اور اس پر دوائی کے تجربے کی اجازت لینا ضروری ہے۔ مگر یہ کہ دوائی کے ضمنی اثر (Reaction) نہ ہونے کا یقین ہو اور فائدہ مشکوک ہو۔ ایسی صورت میں اسے بتائے اور اجازت لئے بغیر بھی تجربہ کرنا جائز ہے۔

م۔۳۵۹: بعض ادارے، موت کا سبب معلوم کرنے کی غرض سے میت کے پوسٹ مارٹم کا مطالبہ کرتے ہیں۔ کس صورت میں (لواحقین کے لئے) پوسٹ مارٹم کی اجازت دینا جائز اور کس صورت میں ناجائز ہے؟

جواب: مسلمان میت کے ولی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ سابق الذکر مقصد کی خاطر میت

عرف کے نزدیک ایسے انسان پر میت صادق نہیں آتا۔

م۔۳۵۵ : طبی پیشے کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ ڈاکٹر اپنی زنانہ مریضوں کا دقت اور غور سے معائنہ کریں۔ بعض یورپی ممالک میں یہ رواج ہے کہ معائنے کے دوران مریض کا بیرونی لباس اتار لیا جاتا ہے۔ کیا اس طرح سے طبی پیشہ کو جاری رکھنا جائز ہے؟

جواب : اگر اس نگاہ اور مس سے اجتناب کیا جائے جو حرام ہے اور اس حد تک محدود رہے جو مرض کی تشخیص کے لئے ناگزیر ہے تو جائز ہوگا۔

م۔۳۵۶ : بعض اوقات ڈاکٹر کی رائے کے مطابق (معائنے کے دوران) اجنبی عورت کو اعضاء بدن کو ظاہر کرنا پڑتا ہے جن میں شرم گاہ کے علاوہ بدن کے دیگر نازک اور حساس مقامات شامل ہوتے ہیں۔ کیا درج ذیل صورتوں میں عورت معائنے کی خاطر اپنا بدن ظاہر کر سکتی ہے؟

الف : خاتون ڈاکٹر سے رجوع کرنا ممکن ہے مگر اس کا خرچ نسبتاً زیادہ ہے۔

ب : بیماری اتنی خطرناک نہیں مگر بہر حال بیماری ہے۔

ج : جہاں شرمگاہ کو ظاہر کرنا پڑے، حکم شرعی کیا ہو گا؟

جواب :۔ الف : جب تک خاتون ڈاکٹر سے رجوع کرنا ممکن ہے مرد کو دکھانا جائز نہیں۔ مگر یہ کہ خاتون ڈاکٹر کا خرچ اتنا زیادہ ہو کہ مریضہ کی مالی حالت متاثر ہوتی ہو۔

ب : اگر علاج نہ کرنے سے نقصان کا خطرہ ہو یا ناقابل برداشت مشقت اور تکلیف ہوتی ہو تو جائز ہے۔

ج : اس کا حکم بھی یہی ہے جو بیان کیا گیا ہے اور دونوں حالتوں میں اتنا حصہ ظاہر کیا جائے جس کی ضرورت ہے۔ اگر اس جگہ کو دیکھے بغیر علاج ممکن ہو جسے دیکھنا حرام ہے۔ مثال کے طور پر ٹیلی ویژن کی سکرین یا آئینہ میں دیکھنا ممکن ہو تو احتیاط یہی ہے کہ اس طرح سے معائنہ اور علاج کیا جائے۔

صورت میں درج ذیل افراد کی سگریٹ نوشی کا کیا حکم ہو گا؟

ا۔ مبتدی (جو سگریٹ نوشی شروع کرنا چاہتا ہے)

۲۔ سگریٹ نوشی کا عادی۔

۳۔ سگریٹ پینے والوں کے پاس بیٹھنے والا شخص۔ چونکہ ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ سگریٹ نوشی کرنے والوں کے پاس بیٹھنے والے کو بھی نقصان پہنچتا ہے۔ خصوصاً جب پاس بیٹھنے والے کو ڈاکٹروں کے بقول قابل ذکر نقصان کا احتمال بھی ہو۔

جواب: ا۔ سگریٹ نوشی اس صورت میں حرام ہو گی جب اس سے مستقبل میں سہی، کوئی بڑا نقصان پہنچتا ہو۔ فرق نہیں پڑتا کہ اس نقصان کا یقین ہو، ظن ہو یا ایسا احتمال ہو جس سے عقلاء خوف محسوس کریں۔ لیکن اگر کسی بڑے نقصان کا خطرہ نہ ہو ،اگرچہ کثرت سے استعمال نہ کرنے کی وجہ سے ہو، تو سگریٹ نوشی میں کوئی حرج نہیں۔

۲۔ اگر باقاعدگی سے سگریٹ نوشی سے کوئی بڑا نقصان پہنچتا ہو تو اسے ترک کرنا ضروری ہے۔ مگر یہ کہ سگریٹ نوشی ترک کرنے سے بھی اتنا ہی بڑا نقصان پہنچتا ہو یا اس سے بڑا نقصان پہنچتا ہو یا سگریٹ نوشی ترک کرنے سے اس قدر تنگ آجائے جو عام حالات میں ناقابل برداشت ہو۔

۳۔ اس شخص پر بھی وہ تفصیل جاری ہو گی جو مبتدی پر جاری کی گئی ہے۔

م۔ ۳۵۴: بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ دماغ کی موت سے انسان کی موت واقع ہو جاتی ہے اگرچہ فی الحال نبض کی حرکت بند نہ ہوئی ہو جو بعد میں یقیناً بند ہو جائے گی۔ جیساکہ ڈاکٹروں کا کہنا ہے۔ کیا حرکت نبض کے باوجود دماغ کی موت سے انسان مردہ کہلائے گا۔

جواب: عنوان میت صادق آنے کا دارومدار جس پر بہت سے شرعی احکام کا انحصار ہے، عرف کی رائے پر ہے یعنی عرف کہے کہ یہ میت ہے اور سابق الذکر فرض میں

کے بغیر باقی نہیں رہ سکتی۔ ڈاکٹر کا یہ کام اسلام میں نفس محترمہ کی اہمیت کے پیش نظر جائز نہیں ہے اور اگر مریض یا اس کے لواحقین مریض کی جان بچانے سے انکار کریں تو ڈاکٹر کو چاہئے کہ وہ اس انکار پر توجہ نہ دے اور اگر ڈاکٹر اس مشین کو نکال دے اور مریض کی موت واقع ہو جائے تو ڈاکٹر قاتل شمار ہوگا۔

م۔ ۳۵۰ : میڈیکل کے طالبعلموں کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ تعلیم کے دوران کسی کی شرمگاہ کو دیکھے مگر یہ کہ مستقبل میں کسی مسلمان کو بہت بڑے نقصان سے بچانا شرمگاہ کو دیکھنے پر موقوف ہو۔

م۔ ۳۵۱ : کسی بھی مسلمان پر دوائی کو استعمال سے پہلے تحقیق کر کے اس بات کا یقین حاصل کر لینا واجب نہیں کہ اس میں کوئی حرام مواد شامل نہیں، اگرچہ اس تحقیق اور یقین کا حصول بہت آسان ہو۔

اس فصل سے مخصوص بعض استفتاءات اور اس کے جوابات

م۔ ۳۵۲ : آج کل منشیات کے نقصانات، چاہے انہیں استعمال کرنے والا ان سے دوچار ہو یا عام معاشرہ، کسی سے پوشیدہ نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ڈاکٹر حضرات اور حفظان صحت کے ذمہ داروں نے اس کے خلاف قیام کر رکھا ہے اور اجتماعی امور سے متعلق تنظیموں نے بھی اس کے خلاف اعلان جنگ کر رکھا ہے۔ ان (منشیات) کے بارے میں شریعت مقدسہ کی کیا رائے ہے؟

جواب : منشیات کے مسلسل استعمال یا کسی اور جہت سے اگر زیادہ نقصان ہو تو اس کا استعمال حرام ہے۔ بلکہ احتیاط واجب کے طور پر ہر حالت میں (نقصان ہو یا نہ ہو) ان کے استعمال سے اجتناب کرنا چاہئے، مگر یہ کہ طبی نقطہ نظر سے اس کا استعمال ناگزیر ہو۔ ایسی صورت میں بقدر ضرورت استعمال کیا جائے گا۔ واللہ العالم۔

م۔ ۳۵۳ : طبی رپورٹوں کے مطابق سگریٹ نوشی، دل کے امراض اور سرطان (کینسر) کا بنیادی سبب بتایا جاتا ہے اور بعض اوقات تو کوتاہی عمر کا باعث بنتی ہے۔ ایسی

مغربی ممالک اور امریکہ میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی (حیرت انگیز) ترقی کے باعث مسلمان بڑی کثرت سے علاج کی خاطر ان ممالک کارخ کرتے ہیں۔ چنانچہ ان ممالک میں مقیم مسلمانوں کو بھی وقتاً فوقتاً علاج معالجے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس مناسبت سے درج ذیل احکام شرعیہ کی وضاحت کی جائے۔

م۔ ۳۴۷ : تعلیم اور دیگر اغراض کی خاطر مسلمان کی میت کی چیر پھاڑ (پوسٹ مارٹم) جائز نہیں، لیکن اگر مستقبل میں سہی، کسی مسلمان کی زندگی اس پوسٹ مارٹم پر منحصر ہو تو جائز ہو گا۔

م۔ ۳۴۸ :انسانی جسم میں حیوان کے اجزا میں سے کسی عضو کی پیوند کاری جائز ہے، اگرچہ یہ حیوان کتا اور خنزیر ہی کیوں نہ ہو اور انسانی بدن کو لگے ہوئے حیوانی عضو پر وہی احکام لاگو ہوں گے جو انسانی بدن پر لاگو ہوتے ہیں۔ اس بنا پر اس عضو کے ساتھ نماز پڑھنا جائز ہو گا۔ اس لئے کہ انسانی جسم کا جزو بننے اور اس میں زندگی کے داخل ہونے کے بعد وہ پاک سمجھا جائے گا۔

م۔ ۳۴۹ :ڈاکٹر کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپنے مریض کے بدن سے اس مشین کو الگ کر دے جو دماغ کی موت کے باوجود مریض کے دل میں حرکت پیدا کرتی ہے اور اس مریض کی زندگی پودے کی زندگی کے مانند ہو جاتی ہے جو اس مشین کے عمل

چھٹی فصل

طبّی مسائل

☆ مقدمہ
☆ طبّی امور سے متعلق چند احکام
☆ طبّی امور سے مخصوص استفتاءات

م۔۳۴۶ :بیوی اگر شوہر کے باپ ماں اور اس کے بہن بھائیوں کی خدمت کرے تو یہ نیکی شمار ہو گی نیز اگر پردیس میں شوہر بیوی کے ماں باپ اور اس کے بہن بھائیوں کا خیال رکھے تو یہ بھی نیکی شمار ہو گی ؟

جواب : اس میں شک نہیں کہ یہ خدمت بالترتیب شوہر اور بیوی سے احسان اور نیکی شمار ہو گی۔ لیکن یہ واجب نہیں۔

☆☆☆☆☆

سے بحث اور مباحثہ کر سکتا ہے لیکن بیٹے کا یہ ضروری فرض بنتا ہے کہ والدین سے بحث و مباحثہ کے دوران ادب اور تہذیب کا خیال رکھے اور ان کی طرف گھور کر دیکھنے سے بھی گریز کرے۔ اپنی آواز کو والدین کی آواز سے زیادہ بلند نہ کرے۔ چہ جائیکہ تندو تیز الفاظ استعمال کرے جو بطریق اولی جائز نہیں۔

م۔ ۳۴۳: اگر ساس بہو کے اختلافات کی وجہ سے ماں اپنے بیٹے کو بیوی کو طلاق دینے کا حکم دے تو ماں کی اطاعت واجب ہے ؟ اور اگر ماں بیٹے سے کہے اگر تم نے بیوی کو طلاق نہ دی تو تم میری طرف سے عاق ہو گے، تو اس کا کیا حکم ہو گا؟

جواب: اس کام میں ماں کی اطاعت واجب نہیں اور نہ عاق کرنے سے متعلق اس کی دھمکی کا کوئی اثر ہو گا۔ البتہ بیٹے کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے قول و فعل کے ذریعے ماں سے بے ادبی سے اجتناب کرے۔

م۔ ۳۴۴: اگر باپ اپنے بیٹے کو اتنا شدید مارے کہ جس کی وجہ سے اس کی جلد سیاہ یا سرخ ہو جائے تو کیا والد پر اس کی دیت واجب ہو گی؟ اور اگر مارنے والا باپ کے علاوہ کوئی اور ہو تو کیا اس کا حکم مختلف ہو گا؟

جواب: مذکورہ صورت میں دیت واجب ہو گی چاہے مارنے والا باپ ہو یا کوئی اور ہو۔

م۔ ۳۴۵: اگر کسی مسلمان کو اس بات کا اطمینان ہو کہ میرے والد میرے بیرونی ملک سفر کرنے پر راضی نہیں اگر چہ وہ زبان سے نہیں روکتے۔ اس صورت میں بیٹے کے لئے ملک سے باہر سفر کرنا جائز ہو گا؟ جبکہ بیٹے کی مصلحت اس میں ہے کہ وہ بیرون ملک سفر کرے؟

جواب: اگر مسئلہ ۳۴۳ میں مذکور معنی میں والدین سے احسان اس امر کا متقاضی ہو کہ بیٹا باپ کے قریب رہے یا شفقت کی بنا پر بیٹے کے بیرونی ملک سفر سے باپ کو اذیت ہوتی ہو تو اسے چاہئے کہ وہ لازمی طور پر سفر ترک کرے بشرطیکہ اس سے بیٹے کا نقصان نہ ہوتا ہو ورنہ سفر ترک کرنا واجب نہیں۔

۱۔ بیٹے کے کسی کام کی وجہ سے والدین کو اس لئے اذیت ہوتی ہو کہ وہ بچے سے شفقت اور دلسوزی رکھتے ہیں۔ ایسی صورت میں بچے کا ہر وہ کام حرام ہو گا جس سے والدین کو اذیت ہوتی ہو چاہے والدین اسے منع کریں یا نہ کریں۔

۲۔ والدین میں سے کسی ایک کو اس لئے اذیت ہوتی ہو کہ خود اس۔ والد یا والدہ۔ میں ایک بری خصلت اور عادت پائی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر ماں یا باپ بیٹے کی دنیوی یا اخروی بھلائی نہیں چاہتے (جس کی وجہ سے بیٹا جب بھی کوئی نیک کام کرے ماں یا باپ کو اذیت ہوتی ہے) اگر والدین کی اذیت اس نوعیت کی ہو اس کا کوئی اثر نہیں پڑے گا اور والدین کی خواہش پوری کرنا واجب نہیں ہو گا۔

یہاں سے معلوم ہوا کہ بذات خود والدین کی ذات سے متعلق امر و نہی کی اطاعت واجب نہیں۔ واللہ العالم

م۔۳۴۱: بعض والدین اولاد کے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے خوفزدہ رہتے ہیں یعنی اگر اولاد نے اس فرض کی ادائیگی میں حصہ لیا تو اسے خطرہ ہو سکتا ہے۔ کیا ایسی صورت میں والدین کی اطاعت (کر کے اس فرض کو ترک کرنا) واجب ہے؟ جبکہ ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ درواقع بیٹے کے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی تاثیر کا احتمال بھی ہے اور کسی ضرر کا خدشہ بھی نہیں۔

جواب: اگر شرائط کے مطابق امر بالعروف اور نہی عن المنکر بیٹے پر واجب ہوئے ہوں تو کسی مخلوق کی اطاعت کر کے اللہ تعالی کی معصیت نہیں کی جاسکتی۔

م۔۳۴۲: اگر روزمرہ کی زندگی کے کسی اہم اور حیاتی مسئلے میں باپ بیٹے یا ماں بیٹی میں تند و تیز بحث چھڑے اور وہ آپس میں الجھ پڑیں جس سے والدین تنگ دل اور بیقرار ہوں۔ کیا ایسی بحث جائز ہو گی یا کس حد تک بیٹے پر واجب نہیں کہ وہ اپنے والد کو غلطی پر ٹوکے؟

جواب: بیٹے کے عقیدے کے مطابق والدین کی جو رائے اور موقف صحیح نہیں اس میں ان

جواب : کسی سے گفتگو کرنے والے پر واجب نہیں کہ وہ گفتگو کرنے والے سے اس کی گفتگو ٹیپ کرنے کی اجازت لے۔ لیکن اگر مؤمن کی توہین یا اس کا راز فاش ہوتا ہو تو اس آواز کو مزید آگے نشر کرنا اور دوسروں کو سنانا جائز نہیں ، بشرطیکہ ایسے ہی یا اس سے زیادہ اہمیت کے حامل واجب سے ٹکراؤ نہ ہو۔

م۔ ۳۳۹ :کیا شادی کی ایسی تقریب کی فلم بنانا جائز ہے جس میں شراب پی جاتی ہو ؟

جواب : شراب خوری اور اس قسم کے دیگر حرام کاموں کی فلم بنانا جائز نہیں۔

م۔ ۳۴۰ :والدین کی اطاعت کی حدود کیا ہیں ؟

جواب : بیٹے پر والدین کے دو فرض عائد ہوتے ہیں :

اول :والدین سے نیکی کرے یعنی اگر وہ ضرورت مند ہوں تو ان کے لئے انفاق کرے اور ان کی زندگی کی ضروریات کو پورا کرے اور انسانی فطرت اور مزاج کے تقاضوں کے مطابق ان کی زندگی سے متعلق معمول کی فرمائشات کو بھی پورا کرے ایسی فرمائشات جن کو ٹھکرانا ان کے احسانات کے مقابلے میں ناپسندیدہ سمجھا جاتا ہے۔ البتہ یہ فرمائشات والدین کی قوت و ضعف کے مطابق مختلف ہو سکتی ہیں۔

دوم :والدین کے ساتھ حسن سلوک ہے۔ یعنی ان سے اپنے قول و فعل کے ذریعے برا سلوک نہ کرے۔ اگرچہ وہ اس پر ظلم کر رہے ہوں !روایت میں ہے :

وان ضرباك فلا تنهر هما وقل: غفر الله لكما۔

"اگر والدین تمہیں ماریں تو تم انہیں نہ جھڑکو اور کہو خدا آپ کو بخش دے۔"

یہ وہ احکام ہیں جن کا تعلق والدین سے سلوک سے تھا جہاں تک اولاد کی ذات کی حد تک معاملات یا طرز عمل کا تعلق ہے جس کی وجہ سے والدین کو اذیت ہوتی ہو اس کی دو قسمیں ہیں :

نہ ہو تو کیا اسے اپنی ملکیت میں لینے کا حق رکھتا ہوں ؟

جواب : اگر اس مال میں ایسی علامت اور نشانی نہ ہو جس کے ذریعے مالک تک رسائی حاصل ہو سکے حتی کہ اس کی مقدار کے ذریعے مالک کی تلاش نہ ہو سکے تو اسے ملکیت میں لیا جا سکتا ہے ، ماسوائے اس صورت کے جس کا گزشتہ مسئلہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ (یعنی معاہدہ کی صورت میں اس پر عمل کرنا ہوگا)

م۔۳۳۶ : مغربی ممالک میں بعض اوقات ایسی قیمتی اشیاء سستے دام فروخت کے لئے رکھی جاتی ہیں جس سے خریدار کو اطمینان ہو جاتا ہے کہ یہ چوری کا مال ہوگا۔ اگر یقین یا ظن غالب حاصل ہو جائے کہ یہ کسی مسلمان یا کافر سے چرایا گیا ہے ، چاہے بیچنے والا مسلمان ہو یا کافر ، کیا ایسے مال کا خریدنا جائز ہے ؟

جواب : اگر مسلمان کو یقین یا اطمینان حاصل ہو کہ یہ ایسے آدمی سے چرایا گیا ہے جس کا مال محترم ہے چاہے وہ مسلمان ہو یا کافر۔ تو اس کو خریدنا اور ملکیت میں لینا جائز نہیں ہے۔

م۔۳۳۷ : مغربی ممالک میں سگریٹ کی قیمت روز بروز بڑھتی جاتی ہے کیا اسراف اور فضول خرچی کی بنا پر ان کا خریدنا حرام ہوگا ؟ (خصوصاً) جب خریدار کو یقین ہو کہ یہ فائدہ مند نہیں ہے بلکہ نقصان دہ ہے۔

جواب : اس کا خریدنا جائز ہے اور صرف مذکورہ وجوہات کی وجہ سے اس کا استعمال حرام نہیں ہوتا۔ ہاں اگر سگریٹ نوشی سگریٹ پینے والے کو بہت زیادہ نقصان پہنچائے اور اس کو ترک کرنے میں کوئی نقصان نہ ہو یا معمولی نقصان ہو تو اس سے اجتناب ضروری ہے۔

م۔۳۳۸ : ایسے آلات موجود ہیں جن کے ذریعے لوگوں کی ٹیلی فون کی گفتگو ٹیپ کی جاتی ہے ، جس کی گفتگو کرنے والے کو خبر نہیں ہوتی۔ کیا کسی کو بتائے بغیر اس کی گفتگو ٹیپ کی جا سکتی ہے تا کہ بوقت ضرورت اس کے خلاف استعمال ہو سکے ؟

رخ بہ قبلہ ہیں تو کیاان کو استعمال کر سکتے ہیں ؟ اور اگر جائز نہ ہو تو ہمارا شرعی فریضہ کیا ہو گا؟

جواب : پہلی صورت میں بطور احتیاط استعمال جائز نہیں مگر یہ کہ سمت قبلہ کی تعیین سے مکمل مایوس ہو اور مزید انتظار ناممکن ہو یا انتظار باعث ضرر اور حرج ہو۔ دوسری صورت میں بطور احتیاط لازمی ہے کہ بیت الخلاء کے استعمال کے دوران رخ بہ قبلہ اور پشت بہ قبلہ بیٹھنے سے اجتناب کرے اور اگر مجبوری ہو تو پشت بہ قبلہ بیٹھے رخ بہ قبلہ نہ بیٹھے۔

م۔۳۳۴ :اگر کسی مسلمان کو یورپی ممالک یا امریکہ یا اس قسم کے دیگر ممالک میں کپڑوں کا ایسا تھیلا مل جائے جس پر مالک کی کوئی نشانی ہو یا ایسا تھیلا مل جائے جس پر کوئی نشانی نہ ہو تو ایسے مال کا کیا کیا جائے ؟

جواب : عام طور پر کپڑے کے تھیلوں پر کوئی نہ کوئی ایسی علامت ہوتی ہے جس کے ذریعے مالک تک رسائی حاصل ہو سکے اس بنا پر اگر یہ معلوم ہو جائے کہ یہ مال کسی مسلمان کا ہے اور یا ایسے شخص کا ہے جس کا مال محترم ہے (جیسے کافر ذمی) یا اس بات کا قابل اہمیت اور قابل ذکر احتمال ہو تو ایک سال تک اس کا اعلان کروایا جائے اور مالک تک رسائی سے مایوسی کی صورت میں بطور احتیاط واجب (مالک کی طرف سے) صدقہ دے۔ لیکن اگر یہ معلوم ہو جائے کہ یہ مال کسی غیر مسلم کا ہے یا اس کا ہے جو غیر مسلم کے حکم میں ہے تو اس کو اپنی ملکیت میں لیا جا سکتا ہے بشر طیکہ اس شخص نے شرعی طور پر قابل عمل کسی شرط پر یہ عہد و پیان نہ باندھا ہو کہ اس ملک میں جو چیز ملے گی وہ کسی خاص ادارہ یا دفتر کے حوالہ کر دے گا۔ ایسی صورت میں وہ دریافت شدہ چیز کو اپنی ملکیت میں نہیں لے سکتا عہد و پیان کے مطابق عمل کرنا ہو گا۔

م۔۳۳۵ :اگر مجھے کسی یورپی ملک میں کچھ مقدار میں مال مل جائے اور اس پر کوئی نشانی بھی

مدارس میں بھیجنے سے بچوں کے عقائد کو نقصان پہنچتا ہو یا پابند دین نہیں رہتیں، چنانچہ عام طور پر ایسا ہی ہوتا ہے تو بطریق اولی جائز نہیں ہوگا۔

م۔۳۲۸: مسلمان لڑکوں کے ساتھ یونیورسٹیوں میں پڑھنے والی لڑکیوں کے لئے سیر و سیاحت کے سفروں میں لڑکوں کے ساتھ جانا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں! مگر یہ کہ کسی حرام میں پڑنے کا خطرہ نہ ہو۔

م۔۳۲۹: کیا (مغربی ممالک کی) سڑکوں پر پیش آنے والے عشقیہ مناظر کو دیکھنا جائز ہے؟

جواب: شہوت اور مشکوک نگاہ سے دیکھنا جائز نہیں بلکہ بطور احتیاط ہر حالت میں ترک کرنا چاہئے۔

م۔۳۳۰: کیا مخلوط سینما اور غیر شرعی لہو ولعب کے مقامات پر جانا جائز ہے جبکہ فعل حرام میں مبتلا ہونے کا اطمینان نہ ہو؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

م۔۳۳۱: کیا پیراکی کے مخلوط تالابوں میں لذت و شہوت کے بغیر جاکر پیراکی کرنا جائز ہے؟

جواب: بطور احتیاط ایسے مقامات پر کسی صورت میں بھی نہیں جانا چاہے جہاں اخلاقی بگاڑ کا خطرہ ہے۔

م۔۳۳۲: کیا دھوپ کے دنوں میں ساحل سمندر پر عام باغات میں جانا جائز ہے جبکہ ان مقامات پر عام آداب و اخلاق کے منافی مناظر بھی دیکھنے میں آتے ہیں؟

جواب: اگر فعل حرام میں مبتلا ہونے سے محفوظ نہ ہو تو جائز نہیں۔

م۔۳۳۳: یورپی ممالک میں طبی مراکز، مخصوص مقاصد اور نقشوں کے تحت بنائے جاتے ہیں۔ جن میں یقینی طور پر قبلہ کا خیال نہیں رکھا جاتا۔ چنانچہ اسلامی ممالک میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے کیا ہم ان عمارتوں کے بیت الخلاء استعمال کر سکتے ہیں جبکہ ہمیں سمت قبلہ کا کچھ علم نہیں ہوتا اور اگر ہمیں معلوم ہو کہ ان کے بیت الخلاء

والے کو ہر حالت میں منکر سے روکنا ضروری ہے اگر چہ وہ جاہل قاصر ہو۔

م۔ ۳۲۴: یورپ میں ایک اسکول ہے جس کے سٹاف میں ایسے اساتذہ ہیں جو کسی دین پر ایمان نہیں رکھتے اور شاگردوں کے سامنے اللہ تعالی کا انکار کرتے ہیں۔ کیا ایسے اسکول میں بچوں اور طالبعلموں کو رکھنا جائز ہے؟ جبکہ ان بچوں کو اساتذہ (کے باطل نظریات) سے متاثر ہونے کا شدید خطرہ ہو۔

جواب: ایسے سکولوں میں بچوں کو رکھنا جائز نہیں اور بچوں کے سرپرست اس کام کے ذمہ دار ہیں۔

م۔ ۳۲۵: اگر مڈل اور ہائی سکولوں میں لڑکوں اور لڑکیوں کے مل بیٹھنے سے اس بات کا یقین ہو کہ کسی نہ کسی دن کوئی طالبعلم یا طالبہ نگاہ کی صورت میں سہی فعل حرام کی مرتکب ہوگی تو کیا ایسی مخلوط تعلیم جائز ہوگی؟

جواب: سابق الذکر صورت میں مخلوط تعلیم جائز نہیں۔

م۔ ۳۲۶: کیا مسلمان مرد، ایسی پیراکی کے مقامات (سوئمنگ پول) پر جاسکتا ہے جہاں مرد اور عورتیں مل کر نہاتے ہیں۔ خصوصاً جب ان عورتوں نے عفت و پاک دامنی کی ردا اتار پھینکی ہوتی ہے اور انہیں کسی کام سے روکا جاتا ہے تو رکتی نہیں؟

جواب: اگر چہ شہوت کے بغیر اور غیر مشکوک نگاہ سے ان بے پردہ عورتوں کو دیکھنا جائز ہے جو بے حجابی سے روکنے پر رکتی نہیں، لیکن بطور احتیاط ایسے بے ہنود دبار مقامات پر جانا کسی صورت میں جائز نہیں۔

م۔ ۳۲۷: کیا مغرب میں رہنے والے مسلمان اپنی باحجاب بیٹیوں کو ایسے سکولوں میں بھیج سکتے ہیں جہاں مخلوط تعلیم ہوتی ہے۔ خواہ حصول تعلیم لازمی ہو یا نہ ہو جبکہ ایسے سکول موجود ہیں جہاں تعلیم مخلوط نہیں لیکن ان کی فیس زیادہ ہے یا سکول دور ہے یا ان کا معیار تعلیم گرا ہوا ہے؟

جواب: اگر ان مدارس میں بھیجنے سے بچیوں کے اخلاقی بگاڑ کا خطرہ ہو تو جائز نہیں اور اگر ان

میں ایسا کیا جاتا ہے تو بیٹی سے باپ کی ولایت ساقط ہو جائے گی اور باپ کی اجازت اور رضامندی کے بغیر وہ اپنی پسند کا رشتہ کر سکتی ہے۔

م۔۴۰۱ : شوہر اور بیوی ایک دوسرے کے بدن کے ظاہری اور باطنی حصوں حتی کہ شرمگاہ کو بھی دیکھ سکتے ہیں اس طرح یہ دونوں اپنے بدن کے کسی بھی حصے کو دوسرے کے بدن کے کسی بھی حصے سے مس کر سکتے ہیں چاہے لذت سے ہو یا بغیر لذت کے۔

م۔ ۴۰۲ : شوہر پر اپنی اس بیوی کا نان و نفقہ واجب ہے جس کا نکاح دائمی ہوا ہو اور جن باتوں میں شوہر کی اطاعت واجب ہے ان میں وہ اس کی اطاعت گزار ہو۔ بنا برایں شوہر پر واجب ہے کہ وہ بیوی کے لئے کھانا، لباس، ایسا مکان فراہم کرے جس میں ضروری وسائل موجود ہوں۔ جیسے ہیٹر، کولر، گھر کا فرش اور دیگر سامان ہے، جو شوہر کی حیثیت کے مطابق بیوی کے شایان شان ہو۔ البتہ یہ لوازمات زندگی زمان و مکان اور حالات و سطح زندگی کے لحاظ سے مختلف بھی ہو سکتے ہیں۔

م۔ ۴۰۳ : بیوی کے اخراجات شوہر پر واجب ہیں چاہے بیوی مسلمان ہو یا یہودی اور عیسائی کی طرح اہل کتاب ہو۔

م۔ ۴۰۴ : بیوی کا نان و نفقہ صرف اسی صورت میں شوہر پر واجب نہیں کہ جب بیوی فقیر اور محتاج ہو بلکہ اس صورت میں بھی واجب ہے جب وہ امیر اور بے نیاز ہو۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۴۰۵ : اگر دوران سفر بیوی شوہر کے ساتھ ہو تو اس کا کرایہ اور دوسرے اخراجات شوہر کے ذمے واجب ہوں گے اگر چہ سفر کے اخراجات گھر اور وطن کے اخراجات سے زیادہ ہوں نیز اس صورت میں بھی کرایہ اور سفر کے اخراجات شوہر پر واجب ہوں گے جب بیوی اکیلی امور زندگی سے متعلق کسی سفر پر جا رہی ہو۔ مثال کے

طور پر وہ بیمار ہو اور اس کا علاج ڈاکٹر کی طرف سفر پر موقوف ہو۔ اس صورت میں بیوی کا نان و نفقہ سفر کا کرایہ اور علاج کے اخراجات شوہر پر واجب ہوں گے۔

م۔۴۰۶ : جوان بیوی سے چار ماہ سے زیادہ مدت تک ہمبستری کو ترک کرنا جائز نہیں ہے مگر یہ کہ کوئی عذر در پیش ہو۔ مثلاً ہمبستری سے شوہر کو ناقابل برداشت تکلیف ہوتی ہو یا ہمبستری اس کے لئے مضر ہو یا بیوی اس بات پر راضی ہو یا شوہر نے عقد نکاح کے موقع پر بیوی سے چار ماہ سے زیادہ عرصے تک ہمبستری کو ترک کرنے کی شرط لگائی ہو اور بطور احتیاط یہ حکم صرف دائمی بیوی سے مخصوص نہیں ہے بلکہ اس بیوی کو بھی شامل ہے جس سے متعہ کیا گیا ہو۔ چنانچہ احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ یہ حکم حاضر اور مقیم شخص سے مخصوص نہیں بلکہ مسافر بھی اس میں شامل ہے۔ اس بنا پر بغیر کسی شرعی عذر اور مجبوری کے سفر کو اتنا طول دینا جائز نہیں جس سے بیوی کا حق ضائع ہو جائے۔ خصوصاً جب یہ سفر عرف کے نزدیک بھی ضروری نہ ہو۔ مثال کے طور پر صرف سیر و سیاحت اور تفریح کے لئے سفر کیا جائے۔

(منہاج الصالحین معاملات القسم الثانی ص۱۰۔۱۱)

م۔۴۰۷ : مسلمان عورت کافر مرد سے عقد دائمی بھی نہیں کر سکتی اور عقد انقطاعی (متعہ) بھی۔

(حوالہ سابق)

م۔۴۰۸ : اگر شوہر اپنی بیوی کو اذیت دے اور بغیر کسی شرعی جواز کے اس پر تشدد کرے تو بیوی اپنا معاملہ لے کر حاکم شرع کی طرف رجوع کر سکتی ہے تاکہ حاکم شرع اس کے شوہر کو حسن سلوک کرنے کا حکم دے اور اگر اس کا کوئی فائدہ نہ ہو تو اپنی صوابدید کے مطابق اسے سرزنش کرے اور اگر اس سے بھی کوئی فائدہ نہ ہو تو

بیوی طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے۔ اگر شوہر طلاق دینے سے انکار کر دے اور اسے طلاق پر مجبور نہ کیا جا سکے تو حاکم شرع (اپنے اختیارات استعمال کر کے) اس کا صیغہ طلاق جاری کر سکتا ہے۔

(حوالہ سابق)

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۴۰۹ : مصنوعی طریقے سے شوہر کی منی زوجہ کے رحم میں پہنچانا جائز ہے بشرطیکہ اس عمل کے دوران کوئی اور فعل حرام انجام نہ دیا جائے۔ مثلاً بدن کے ایسے حصے کو نہ دیکھنا پڑے جسے دیکھنا جائز نہیں یا اس قسم کے دیگر حرام کام۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۴۱۰ : عورت کے لئے ایسی دواؤں کا استعمال جائز ہے جو مانع حمل ہوں بشرطیکہ اس سے عورت کو کوئی بڑا نقصان نہ ہوتا ہو۔ فرق نہیں پڑتا کہ اس سے مرد راضی ہو یا نہ ہو۔

م۔۴۱۱ : عورت حمل کو روکنے کے لئے کوائل اور دوسرے ذرائع استعمال کر سکتی ہے بشرطیکہ اس سے عورت کو کوئی بڑا نقصان نہ پہنچتا ہو اور مانع حمل کے استعمال کے دوران کوئی فعل حرام انجام نہ دینا پڑے۔ مثلاً مرد (ڈاکٹر) کو کوائل رکھتے وقت عورت کے بدن کو مس کرنا یا دیکھنا نہ پڑے۔ اسی طرح اگر کوئی عورت اس کوائل کو رکھنے والی ہو تو اسے بھی دستانے کے بغیر عورت کی شرمگاہ کو مس کرنا یا دیکھنا نہ پڑے۔ نیز یہ بھی شرط ہے کہ اس کوائل کی وجہ سے ٹھہرا ہو نطفہ ضائع نہ ہو۔

م۔۴۱۲ : عورت کے لئے جائز نہیں کہ وہ حمل میں روح داخل ہونے کے بعد کسی بھی وجہ سے اسے ضائع کرے۔ اگر حمل کو باقی رکھنے سے ماں کو ناقابل برداشت نقصان پہنچتا ہے یا تکلیف ہوتی ہے تو اس میں روح داخل ہونے سے پہلے اسے گرا سکتی ہے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۴۱۳: اگر ماں خود سے رحم میں بچے کو ضائع کردے تو اس پر دیت واجب ہوگی اسی طرح اگر باپ یا کوئی اور شخص مثلاً ڈاکٹر ضائع کرے تو اس پر دیت واجب ہوگی۔

م۔ ۴۱۴: اگر کسی خاتون کا ناجائز طریقے سے حمل ٹھہر جائے پھر بھی حمل کو ضائع کرنا جائز نہیں مگر یہ کہ اس حمل کو باقی رکھنے سے خاتون کی جان کو خطرہ ہو۔ اس صورت میں روح داخل ہونے سے پہلے اسقاط حمل جائز ہے لیکن روح داخل ہونے کے بعد کسی صورت میں بھی جائز نہیں۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

اس مسئلے کی مزید تفصیلات ہیں جو رسالۂ عملیہ اور دیگر فقہ اسلامی کی کتابوں میں درج ہیں۔(۱)

اس فصل سے مخصوص استفتاءات اور حضرت آیۃاللہ کے جوابات :

م۔ ۴۱۵: کیا یہ ممکن ہے کہ مغرب میں کسی مؤمن کی شادی میں مدد کے لئے مال امام خرچ کیا جائے جبکہ اسی بھاری کرنسی سے بہت سارے اسلامی ممالک میں ایک سے زیادہ مؤمنین کی شادی کرائی جاسکتی ہے۔ کیا یہ مناسب نہیں کہ اس حق امام سے جتنا ممکن ہو زیادہ سے زیادہ مستحقین کو فائدہ پہنچایا جائے۔

جواب: اگرچہ مال امام کو ضرورتمند مؤمنین کی ازدواج میں خرچ کیا جاسکتا ہے۔ لیکن اس میں اور دیگر ضروریات میں مرجع تقلید یا اس کے وکیل کی اجازت کے بغیر خرچ کرنا جائز نہیں اور اس حق کو زیادہ سے زیادہ مستحقین میں خرچ کرنا واجب نہیں۔ بلکہ ضروریات کی اہمیت کو مد نظر رکھنا چاہئے اور یہ اہمیت مختلف موارد اور

---

(۱) (آقای سیستانی کی کتب "منہاج الصالحین المعاملات القسم الثانی ص ۳۶ اور المسائل المنتخبہ ص ۳۸۵_۳۱۹)

مقامات میں مختلف ہو سکتی ہے۔

م۔۴۱۵ : کیا عقد نکاح میں اس غیر عرب کا عربی صیغوں کا تلفظ کافی ہوگا جو الفاظ کے معانی کو نہیں سمجھتا جبکہ اس کا ارادہ یہی ہوتا ہے کہ حقیقی عقد نکاح پڑھا جائے اور کیا کافی ہونے کی صورت میں یہ ضروری ہے کہ عربی زبان میں ہی پڑھا جائے اور دوسری زبان میں کافی نہیں ؟

جواب : اگر اجمالی اور سربستہ طور پر بھی صیغے کے معانی کی طرف متوجہ ہو تو کافی ہوگا۔ البتہ احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ کسی اور زبان میں صیغہ نکاح کافی نہ ہو۔

م۔۴۱۶ : کیا ٹیلی فون کے ذریعے عقد نکاح پڑھنا صحیح ہے ؟

جواب : صحیح ہے۔

م۔۴۱۷ : کیا ٹیلی فون، فیکس اور خط و کتاب کے ذریعے گواہی دی جاسکتی ہے ؟

جواب : جن احکام کے اثبات میں قاضی کے سامنے گواہ کی حاضری ضروری ہو ان میں سابق الذکر ذرائع سے شہادت نہیں دی جاسکتی لیکن جن احکام کے اثبات کے لئے کسی بھی ذریعہ سے خبر دینا کافی ہو ان میں سابق الذکر ذرائع سے شہادت دینا کافی ہے، بشرطیکہ جھوٹ اور غلطی سے محفوظ ہو۔

م۔۴۱۸ : کیا جس خاتون سے شادی کا ارادہ ہو اس کی شرمگاہ کے علاوہ دیگر اعضاء بدن کو لذت کی نیت سے یا بغیر لذت کے بغور دیکھنا جائز ہے ؟

جواب : لذت کی نیت کے بغیر اس کے چہرے، بال اور ہتھیلی جیسے مقامات حسن کو دیکھنا جائز ہے۔ اگرچہ غیر اختیاری طور پر لذت حاصل ہو جائے۔ اگر پہلی نگاہ کے نتیجے میں مطلوبہ آگاہی حاصل ہو جائے تو باربار دیکھنا جائز نہیں۔

م۔۴۱۹ : بعض مغربی ممالک میں سولہ سال کے بعد لڑکی کو یہ حق دیتے ہیں کہ مادی اور مالی اعتبار سے اور رہائش کے حوالے سے والدین سے الگ تھلگ ہو جائے۔ اس کے بعد وہ تمام معاملات میں مستقل اور خود کفیل ہوتی ہے اور کبھی کبھی محض والدین

کی رائے سے تائید حاصل کرنے یا اخلاقی تقاضوں کو پورا کرنے کی غرض سے والدین سے مشورہ کرلیتی ہے۔ کیا اس قسم کی کنواری لڑکی باپ کی اجازت کے بغیر دائمی یا انقطاعی نکاح کر سکتی ہے ؟

جواب : اگر اس علیحدگی کا یہ مطلب لیا جائے کہ باپ نے بیٹی کو جس سے چاہے شادی کرنے کی اجازت دے دی ہے یا اس کے ازدواجی معاملات میں مداخلت سے کنارہ کش ہو گیا ہے تو باپ کی اجازت کے بغیر شادی کر سکتی ہے، بصورت دیگر بطور احتیاط جائز نہیں۔

م۔ ۴۲۰ : اگر کسی کنواری لڑکی کی عمر تیس سال سے تجاوز کر جائے تو بھی ازدواج کے لئے باپ سے اجازت لینا واجب ہے۔

جواب : اگر یہ خاتون زندگی کے معاملات میں مستقل نہ ہو تو باپ سے اجازت لینا واجب ہے بلکہ احتیاط واجب یہ ہے کہ مستقل ہونے کی صورت میں بھی باپ کی اجازت ضروری ہے۔

م۔ ۴۲۱ : کیا کنواری لڑکی کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ عورتوں سے مخصوص محفل میں ازدواج کی خاطر حسن میں اضافے اور اہل محفل کو اپنی طرف متوجہ کرنے کی غرض سے بناؤ سنگھار (میک اپ) کا سامان استعمال کرے ؟ کیا یہ عمل جسمانی عیب چھپانے کے زمرے میں آئے گا؟

جواب : خاتون کا یہ عمل جائز ہے اور یہ عیب چھپانے کے زمرے میں نہیں آتا اور اگر اس زمرے میں آئے بھی تو فعل حرام نہیں ہوگا مگر یہ کہ یہ عمل اس شخص سے دھوکا شمار ہو جو اس خاتون سے شادی کرنا چاہتا ہے۔

م۔ ۴۲۲ : زوجہ، حاکم شرع سے طلاق کا مطالبہ کب کر سکتی ہے۔ کیا وہ زوجہ طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے جس سے اس کا شوہر مسلسل ناروا سلوک کرتا ہو یا جس کا شوہر اس کی جنسی خواہش کو پورا نہیں کرتا اور اسے فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خدشہ ہو ؟

جواب: اگر شوہر بیوی کے ازدواجی حقوق کی ادائیگی سے انکار کرے اور طلاق دینے پر بھی آمادہ نہ ہو اور حاکم شرع کی طرف سے ان دونوں میں سے کسی ایک کا پابند بنانے کے باوجود شوہر اس پر عمل نہ کرے تو زوجہ حاکم شرع سے طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے جو اس کا صیغہ طلاق جاری کرے۔ اس کے علاوہ درج ذیل حالات میں بھی سابق الذکر حکم نافذ ہوگا۔

الف: جب شوہر بیوی کا نان و نفقہ دینے سے انکار کرے اور اسے طلاق دینے سے بھی انکار کرے اور اس صورت کا حکم بھی یہی ہوگا جب بیوی کا نان و نفقہ دینے کی استطاعت نہ رکھتا ہو اور طلاق دینے پر آمادہ نہ ہو۔

ب: جب شوہر بیوی کو اذیت دے، اس پر ظلم کرے اور اس سے اچھا سلوک نہ کرے۔ چنانچہ (قرآن میں) خدا نے یہی حکم دیا ہے۔

ج: جب شوہر بیوی سے کنارہ کش ہو جائے اس طرح کہ نہ وہ شوہر دار رہے نہ مکمل آزاد۔ لیکن جہاں شوہر بیوی کی جنسی خواہش کو مکمل طور پر پورا نہ کرتا ہو جس سے اس کے گناہ کا مرتکب ہونے کا خطرہ ہو، اس صورت میں اگرچہ احتیاط واجب یہی ہے کہ شوہر بیوی کی خواہش پوری کرے یا اس کے طلاق کے مطالبے کو پورا کرے۔ لیکن اگر شوہر ایسا نہ کرے تو بیوی کو صبر اور انتظار کرنا چاہئے۔

م۔ ۴۲۳: ایک مسلمان خاتون جو کافی عرصے سے شوہر سے جدا ہے اور اسے مستقبل قریب میں بھی شوہر کے ساتھ یکجا ہونے کی توقع نہیں اور اس خاتون کا دعوی ہے کہ مغرب کے ناخوشگوار حالات کے تحت ایک خاتون شوہر کے بغیر تنہا نہیں رہ سکتی، چونکہ اسے گھر پر چوری یا ڈاکے کی واردات کا بھی خطرہ ہے، کیا ایسی صورت میں بیوی حاکم شرع سے طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے تاکہ طلاق کے بعد کسی اور سے اپنی مرضی سے شادی کر سکے؟

جواب: اگر شوہر نے ہی بیوی سے مفارقت اختیار کی ہو اور اس سے کنارہ کش ہوا ہو تو بیوی اپنا معاملہ لے کر حاکم شرع کے پاس جاسکتی ہے جو شوہر کو دو باتوں میں سے ایک کا پابند کرے۔ یا بیوی کو گھر لا کر بسائے یا اسے خوش اسلوبی سے طلاق دے دے تاکہ وہ کسی اور سے شادی کر سکے۔ اگر شوہر ان دونوں سے انکار کر دے اور اسے ان دونوں میں سے کسی ایک پر مجبور نہ کیا جاسکے تو حاکم شرع بیوی کے مطالبے پر اس کا صیغہ طلاق جاری کر سکتا ہے۔

اور اگر اس سے جدائی کا سبب بیوی بنی ہو جس کا کوئی شرعی جواز نہ ہو تو اسے حاکم شرع کی طرف سے طلاق دئے جانے کی کوئی سبیل نہیں۔

م۔ ۴۲۴: اگر حالات، مسلمان زوج وزوجہ کو عرصہ دراز تک ایک دوسرے سے دور رہنے پر مجبور کریں تو کیا شوہر کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ بیوی کو بتائے بغیر کسی اہل کتاب خاتون سے نکاح دائمی یا نکاح انقطاعی (متعہ) کر لے اور اگر شوہر بیوی سے دوسری شادی کی اجازت مانگے اور وہ اجازت بھی دے دے تو کیا اسے دوسری شادی کا حق پہنچتا ہے؟

جواب: مسلمان مرد کا اہل کتاب خاتون سے نکاح دائمی کرنا ہر حالت میں (اس کی مسلمان زوجہ ہو یا نہ ہو) احتیاط واجب کے خلاف ہے اور اگر شوہر کے یہاں کوئی مسلمان زوجہ نہ ہو تو وہ اہل کتاب سے نکاح انقطاعی (متعہ) کر سکتا ہے لیکن اگر اس کے پاس مسلمان زوجہ موجود ہو تو اس بیوی کی اجازت کے بغیر نکاح انقطاعی بھی نہیں کر سکتا۔ بلکہ احتیاط واجب کے طور پر بیوی کی اجازت کے باوجود بھی اہل کتاب سے نکاح انقطاعی (متعہ) جائز نہیں۔

م۔ ۴۲۵: اگر کسی مسلمان خاتون کا مسلمان شوہر کئی سال تک اپنے شہر سے دور رہے اور حالات اسے اس بات پر مجبور کریں کہ وہ اپنی مسلمان زوجہ کو طلاق دے اور کسی اہل کتاب خاتون سے نکاح انقطاعی (متعہ) انجام دے تو کیا شوہر، بیوی کی عدت

کے دن گزرنے سے پہلے یہ کام کر سکتا ہے ؟

جواب : گزشتہ صورت میں نکاح انقطاعی (متعہ) باطل ہو گا کیونکہ جس خاتون کو طلاق رجعی دی گئی ہو وہ زوجہ کے حکم میں ہوتی ہے اور گزشتہ مسئلے میں یہ بیان کیا جا چکا کہ مسلمان بیوی کی موجودگی میں اہل کتاب عورت سے نکاح انقطاعی جائز نہیں۔

م۔۴۲۶ : جو شخص کسی گزشتہ آسمانی دین کی پابند یا مسلمان عورت سے شادی کرنا چاہتا ہے، کیا اس مرد کو یہ بتانا ضروری ہے کہ اس عورت نے سابق شوہر سے جدائی کے بعد عدت نہیں رکھی یا عدت کی حالت میں ہے۔

جواب : اسے یہ بتانا ضروری نہیں۔

م۔۴۲۷ : کیا کسی مسلمان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ کسی کافر کی کافر زوجہ سے نکاح کرے ؟ اور اگر کافر زوجہ اپنے شوہر سے جدا ہو جائے (اس کو طلاق ہو جائے) تو اس کے لئے عدت رکھنا ضروری ہے ؟ اور عدت کی مدت کتنی ہے ؟ کیا دوران عدت اس سے وطی کرنا جائز ہے ؟ اور اگر وہ عورت اسلام لے آئے اور اس پر عدت واجب ہو تو کتنی مدت عدت میں رہے تاکہ کسی مسلمان سے شادی کر سکے ؟

جواب : اگر کافر کے عقیدے کے مطابق صحیح نکاح ہوا ہو تو جب تک یہ عورت کافر کی زوجہ ہے اس سے نکاح کرنا صحیح نہیں ہے، اس لئے کہ یہ شوہر دار شمار ہو گی۔ البتہ طلاق کے بعد اور عدت کی مدت کے گزرنے کے بعد اس سے نکاح انقطاعی جائز ہے۔ کافر عورت (اہل کتاب) کی عدت کی مدت بھی اتنی ہی ہوتی ہے جتنی کسی مسلمان عورت کی ہوتی ہے اور اس مدت کے پورا ہونے سے پہلے اس سے نکاح کرنا جائز نہیں۔ اگر شوہر کی ہمبستری کے بعد اس کی زوجہ اسلام لے آئے اور زوج مسلمان نہ ہو تو احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ عدت کی مدت گزرنے سے پہلے مسلمان اس سے شادی نہ کرے اور اگر شوہر کی ہمبستری سے پہلے اس کی زوجہ مسلمان ہو جائے تو فوری طور پر ان کا نکاح ٹوٹ جائے گا اور اس کے ذمے کسی قسم کی عدت

بھی نہیں۔

م۔۴۲۸ :اس عدالت سے کیا مراد ہے جس کو بیویوں میں لازمی طور پر روا رکھنے کی تاکید کی گئی ہے؟

جواب: بیویوں کے ساتھ جس عدالت کے لازمی طور پر روا رکھنے کا حکم دیا گیا ہے اس سے مراد راتوں کی تقسیم میں عدالت ہے۔ باین معنی کہ اگر ایک شب ایک بیوی کے پاس سویا ہو تو چار راتوں میں سے ایک رات کسی دوسری بیوی کے پاس بھی سوئے۔ جو عدالت، شرعی نقطہ نگاہ سے مستحب ہے اس سے مراد نان و نفقہ اور ان کی طرف توجہ دینے، چہرے کو ہشاش بشاش رکھنے اور جنسی خواہش پوری کرنے میں برابری ہے۔

م۔۴۲۹ :اگر کوئی مسلمان عورت زنا کرے تو اس کے شوہر کے لئے اس کو قتل کرنا جائز ہے؟

جواب: احتیاط واجب کے طور پر ایسی بیوی کو قتل کرنا جائز نہیں اگرچہ اسے زنا کرتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھ لے۔

م۔۴۳۰ :بعض اوقات رسالہ عملیہ (توضیح المسائل، منہاج وغیرہ) میں "زناکار عورت جو زنا میں مشہور" کی عبارت ہوتی ہے اس سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس کا مطلب یہ ہے کہ لوگوں میں زنا سے سروکار رکھنے میں مشہور ہے۔

م۔۴۳۱ :اگر کسی جوان مرد کو شادی کی اشد ضرورت ہو اور زنا میں مشہور عورت کے علاوہ کوئی خاتون نہ مل سکے تو اس (زانی عورت) سے عقد انقطاعی (متعہ) کرنا جائز ہے؟

جواب: احتیاط واجب کے طور پر جب تک وہ خاتون توبہ نہ کرے اس سے متعہ کرنا جائز نہیں۔

م۔۴۳۲ :فقہا کا قول "لاعدة على الزانية من زناها" "زنا کی وجہ سے زانیہ پر عدت واجب نہیں" کا کیا مطلب ہے؟

جواب: اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی غیر شادی شدہ خاتون زنا کرلے تو فوری

طور پر عدت کے بغیر اس سے شادی کرنا جائز ہے اور اگر وہ شادی شدہ ہو اور زنا کرلے تو اس کا شوہر عدت کے بغیر ہی اس سے ہمبستری کر سکتا ہے، مگر یہ کہ کوئی اجنبی شخص شوہر دار عورت کو غلطی سے اپنی بیوی سمجھ کر اس سے وطی (ہمبستری) کرے تو اس صورت میں عدت ضروری ہے۔

م۔ ۴۳۳ : کوئی مرد شادی کی نیت سے کسی عورت سے جنسی تعلقات استوار کرے اور اسی دوران ان کے یہاں بچہ بھی ہو جائے، اس کے بعد شرعی طریقے سے عقد نکاح پڑھا جائے تو کیا شرعی نکاح سے پہلے کے ازدواجی دورانیہ کی کوئی شرعی حیثیت ہو گی ؟ اور کیا بعد کا عقد شرعی سابق تعلقات کو جائز بنانے میں موثر بنے گا؟ اور ان احتمالات کی روشنی میں عقد سے پہلے پیدا ہونے والی اولاد کی شرعی حیثیت کیا ہو گی ؟

جواب : نکاح میں شرط ہے کہ الفاظ کے ذریعے ایجاب و قبول کی صورت میں ازدواجی وابستگی (گرہ) کو ایجاد کیا جائے اور کوئی بھی عملی اقدام جو ایجاب و قبول پر دلالت کرے الفاظ کا قائم مقام نہیں بن سکتا، جس کا نتیجہ یہی ہے کہ سابق الذکر صورت میں جب تک شرعی طریقے سے عقد نکاح نہیں کیا جائے گا نکاح صحیح نہیں ہو گا اور بعد والے نکاح کی وجہ سے سابقہ تعلقات کا جواز حاصل نہیں ہوتا۔ البتہ اگر والدین نے جہالت کی وجہ سے یہ عمل انجام دیا ہے تو پیدا ہونے والی اولاد حلال زادہ شمار ہو گی کیونکہ اس صورت میں یہ وطی، وطی بالشبہ کہلائے گی اور اگر مسئلے کو جانتے ہوئے یہ کام کیا ہے تو یہ زنا ہو گا اور پیدا ہونے والی اولاد ولد الزنا شمار ہو گی اور اگر عورت اور مرد میں سے ایک مسئلہ کو جانتا ہو اور دوسرا نہ جانتا ہو تو جاہل کے لئے حلال زادہ ہو گی اور مسئلہ کو جاننے والے کے لئے ولد الزنا۔

م۔ ۴۳۴ : بعض مخصوص حالات اس بات کے متقاضی ہوتے ہیں کہ مرد ڈاکٹر یا لیڈی ڈاکٹر کے ذریعے مرد کی منی مصنوعی طریقے سے زوجہ کے رحم میں رکھی جائے تاکہ حمل کا زیادہ سے زیادہ امکان پیدا ہو اور یہ عمل خود بے پردگی کا متقاضی ہوتا ہے۔

کیا یہ جائز ہے ؟

جواب : سابق الذکر مقصد کی خاطر شرمگاہ کو ظاہر کرنا جائز نہیں ۔ البتہ اگر اولاد کی شدید ضرورت ہو اور شرمگاہ کو ظاہر کئے بغیر یہ عمل ممکن نہ ہو تو جائز ہو گا۔ اولاد کی ضرورت کی ایک صورت یہ ہے کہ شوہر بیوی کا لاولد رہنا ان کے لئے ناقابل برداشت زحمت و مشقت کا باعث ہو۔

م۔ ۴۳۵ : اگر کوئی خاتون اولاد کی خواہش مند نہ ہو اور ڈاکٹر سے اپنے تخم دان کو باندھنے اور اسے بند کرنے کا مطالبہ کرے تو کیا اس کا یہ عمل جائز ہو گا؟ چاہے بعد میں اس کا کھولنا ممکن ہو یا نہ ہو۔ چاہے شوہر اس کام پر راضی ہو یا نہ ہو؟

جواب : اگر اس کام کے لئے حرام مقامات کو چھونا اور دیکھنا پڑتا ہو تو جائز نہیں ہے چاہے بعد میں اس کی نالیوں کا کھولنا ممکن ہو یا نہ ہو اور اس کام کے لئے محض اس لئے شوہر کی اجازت شرط نہیں کہ اس سے اولاد نہیں ہو سکے گی۔ البتہ دوسرے پہلوؤں سے شوہر کی اجازت شرط ہو سکتی ہے۔ مثال کے طور پر گھر سے باہر نکلنے کے لئے شوہر کی اجازت لازمی ہے۔

م۔ ۴۳۶ : مغرب میں مصنوعی تولید کا ایسا عمل انجام دیا جاتا ہے جس کے تحت خاتون کے تخم اور مرد کے نطفے کو ٹیسٹ ٹیوب میں رکھا جاتا ہے۔ اس کے بعد اس جنین اور ٹھہرے ہوئے نطفے کو خاتون کی ماں کے رحم میں رکھ دیا جاتا ہے اور اسی میں نشوونما اور تکمیل کے بعد بچہ جنم لیتا ہے۔ ایسی صورت میں شرعی نقطہ نگاہ سے بچے کی ماں کون ہو گی؟

جواب : اس عمل کے لئے جس حرام نگاہ اور مس کی ضرورت ہوتی ہے، اس سے قطع نظر بھی یہ کام اشکال سے خالی نہیں اور اگر یہ عمل انجام دیا جائے اور بچہ جنم لے لے تو شرعی حیثیت سے تخم کی مالک بچے کی ماں بنے گی یا رحم کی مالک۔ دو احتمال ہیں (بہتر یہ ہے کہ) دونوں خواتین احتیاط کے تقاضوں کو ترک نہ کریں (دونوں

اپنے آپ کو ماں سمجھیں)۔

م۔۴۳۷ :بعض اوقات مرد کی منی کو بینک میں محفوظ کر لیا جاتا ہے۔ کیا ایک طلاق یافتہ خاتون شرعی عقد کے بغیر کسی اجنبی مرد کی اجازت سے یا اس کی اجازت کے بغیر اس کی منی استعمال کر سکتی ہے؟ نیز اگر یہی منی طلاق یافتہ خاتون کے شوہر کی ہو تو عدت پوری ہونے سے پہلے یا اس کے بعد اس کے استعمال کا کیا حکم ہو گا؟

جواب: مصنوعی تولید کے لئے عورت اجنبی مرد کی منی استعمال نہیں کر سکتی۔ البتہ اپنے شوہر کی منی استعمال کر سکتی ہے اگرچہ عدت کے دوران ہو۔ عدت کی مدت گزرنے کے بعد جائز نہیں۔

م۔۴۳۸ :اگر کسی شخص کا معاملہ اپنے اہل خانہ اور بیوی میں سے ایک کو راضی کرنے میں منحصر ہو۔ (بیوی کو راضی کرے تو اہل خانہ ناراض ہوتے ہیں۔ اہل خانہ کو راضی کرے تو بیوی ناراض ہوتی ہے۔) ایسا آدمی اہل خانہ کی رضامندی کی خاطر بیوی کو طلاق دے یا بیوی کی رضامندی کی خاطر اہل خانہ کو ناراض کرے؟

جواب: ایسا شخص وہ فیصلہ کرے جس میں اس کے دین ودنیا کا مفاد ہو اور عدل وانصاف کی راہ اختیار کرے اور ظلم اور دوسروں کے حق تلفی سے گریز کرے۔

م۔۴۳۹ :زوج پر زوجہ کے واجب نفقہ سے کیا مراد ہے؟ زوجہ کا نان ونفقہ، معاشرے میں زوج کے مقام وحیثیت کے مطابق ہونا چاہئے یا زوجہ کے باپ کے گھر کی حیثیت کے مطابق ہونا چاہئے یا کسی تیسری حیثیت کے مطابق واجب ہو گا؟

جواب: شوہر کی حیثیت کے مطابق بیوی کے شایان شان نفقہ شوہر پر واجب ہے۔

م۔۴۴۰ :اگر زوج، زوجہ کے واجب حقوق کو ادا نہ کرے تو کیا زوجہ کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ مرد کے جنسی حقوق کو روک لے (ہمبستری سے انکار کرے)

جواب: عورت کو یہ حق نہیں پہنچتا۔ البتہ اگر وعظ ونصیحت اور ڈرانے دھمکانے کا کوئی فائدہ نہ ہو تو وہ اپنا معاملہ لے کر حاکم شرع کے پاس چلی جائے جو اس کے حقوق

کے لئے مناسب اقدام کرے۔

م۔۴۴۱ : کیا مرد کے لئے جائز ہے کہ لوگوں کے سامنے استقبال اور خدا حافظی کے موقع پر اپنی بیوی کو گلے لگائے یا اس کا بوسہ لے۔

جواب : اگر اسلامی حجاب کا خیال رکھا جائے اور یہ عمل (اوروں کے لئے) شہوت انگیز نہ ہو تو حرام نہ ہو گا۔ تاہم بہتر یہی ہے کہ اس قسم کی حرکات سے احتراز کیا جائے۔

م۔۴۴۲ :اگر مغربی قوانین کے مطابق میاں بیوی کی قانونی طلاق واقع ہو گئی ہو لیکن شوہر بیوی کے شرعی حقوق ادا کرنے کے لئے تیار ہے اور نہ بیوی کا نان ونفقہ دیتا ہے اور تمام بروئے کار لائے جانے والے شرعی ذرائع کو ٹھکرا دیتا ہے اور ایسے حالات میں مسلسل صبر کئے رہنا خاتون کے لئے یقیناً باعث زحمت ومشقت ہے۔ ایسی صورت میں عورت کا کیا موقف ہونا چاہئے ؟

جواب : ایسی صورت میں خاتون اپنا معاملہ لے کر حاکم شرع یا اس کے وکیل کے پاس جائے جو شوہر کو نوٹس دے کر اسے دو باتوں میں سے ایک کو اختیار کرنے کا پابند بنائے۔ بیوی کو خرچہ دے یا شرعی طلاق جاری کرے۔ اگرچہ کسی اور کو وکیل بنانا پڑے اور اگر شوہر ان دونوں باتوں سے انکار کر دے اور اس کے مال میں سے بیوی کو خرچہ دینا بھی ممکن نہ ہو تو حاکم شرع یا اس کا وکیل اس کا صیغہ طلاق جاری کر دے۔

م۔۴۴۳ : کیا کافر عورت، جو اہل کتاب ہو یا بالکل بے دین، سے عقد شرعی کے بغیر مجامعت کرنا جائز ہے جبکہ ہم یہ جانتے ہیں کہ اس عورت کا ملک بالواسطہ یا بلاواسطہ مسلمانوں کے ساتھ حالت جنگ میں ہے ؟

جواب : جائز نہیں۔

م۔۴۴۴ :ایک عورت جو اپنے خاوند کی اطاعت گزار نہیں اور اس کے ازدواجی حقوق کو بھی ادا نہیں کرتی اور شوہر کی اجازت کے بغیر جا کر اپنے والدین کے پاس سات مہینے

تک رہ جاتی ہے اور طلاق کے علاوہ ۔ طلاق کے ساتھ ساتھ ۔ اولاد اور نان و نفقہ کے حصول کی خاطر شرعی احکام کی طرف رجوع کرنے کی بجائے غیر اسلامی عدالت کا سہارا لیتی ہے، کیا ایسی خاتون اپنے شوہر سے کسی چیز کی حقدار بن سکتی ہے اور کیا ان حالات میں جبکہ یہ عورت طلاق و حقوق (نان و نفقہ و اولاد) کے حصول کے لئے غیر اسلامی عدالت کی طرف رجوع کرتی ہے جو غیر اسلامی قوانین نافذ کرتی ہے، کیا یہ خاتون مکمل ازدواجی حقوق کی حقدار بنتی ہے ؟

جواب : سابق الذکر خاتون نفقہ شرعی کی حقدار نہیں ۔ البتہ (اس کی نافرمانی کی وجہ سے) اس کا حق مہر اور دو سال تک اپنے بچے کی پرورش کا حق ساقط نہیں ہو جاتا

م۔۴۴۵ : ایک جوان لڑکی جو آپریشن کے ذریعے اپنی بچہ دانی نکلوا چکی ہے اور پندرہ سال سے زیادہ عرصے سے اس کی ماہواری بھی بند ہو گئی ہے۔ اس کے بعد ایک محدود مدت کے لئے عقد انقطاعی کرتی ہے جو ختم ہو گئی ہے۔ کیا اس عورت پر عدت واجب ہے اور واجب ہونے کی صورت میں اس کی مدت کتنی ہے ؟

جواب : اگر یہ خاتون اس سن و سال میں ہے جس میں ماہواری آسکتی ہو تو عقد انقطاعی کے بعد اس کی عدت پینتالیس دن ہو گی۔

م۔۴۴۶ : بعض اوقات غیر مسلم عورت شادی کی خاطر شہادتین کا اقرار کرلیتی ہے، لیکن اس بات کا قابل ذکر احتمال نہیں ہوتا کہ وہ درواقع اسلام لے آئی ہو کیا ان شہادتین کو سننے والا شخص اس عورت پر آثار واحکام اسلام نافذ کر سکتا ہے ؟

جواب : جب تک اس خاتون سے اسلام کے منافی کوئی قول و فعل سرزد نہ ہو اس پر اسلام کے احکام نافذ ہوں گے۔

م۔۴۴۷ : کیا ایک عورت کا تخم دوسری عورت کی طرف منتقل کرنا جائز ہے ؟ اگر اس سے حمل ٹھہر جائے تو یہ بچہ کس خاتون کا شمار ہو گا۔

جواب : اگر اس عمل کے لئے ایسی جگہ کو چھونا یا دیکھنا نہ پڑے جو حرام ہو تو کوئی حرج

نہیں اور جہاں تک اس مسئلے کا تعلق ہے کہ آیا بچہ اس خاتون کا شمار ہو گا جس کا تخم تھا یا اس خاتون کا شمار ہو گا جس کا رحم تھا تو اس میں دو احتمال ہیں۔ بہتر یہی ہے کہ اس سلسلے میں احتیاط برتی جائے اور دونوں خواتین اپنے آپ کو بچے کی ماں تصور کریں۔

م۔۴۴۸ : رحم مادر میں بچہ ایک مائع میں تیر رہا ہوتا ہے اور یہ مائع پیدائش کے وقت یا اس سے پہلے کبھی خون کے ہمراہ اور کبھی بغیر خون کے باہر آجاتا ہے، کیا یہ مائع اگر خون کے بغیر نکل آئے تو پاک ہے؟

جواب : اس صورت میں مائع پاک ہو گا۔

م۔۴۴۹ : اسقاط حمل کس صورت میں جائز ہے؟ کیا اس میں حمل کی عمر کو کوئی دخل ہے؟

جواب : نطفے کے ٹھہرنے کے بعد اسے گرانا جائز نہیں مگر یہ کہ حمل کو باقی رکھنے کی صورت میں اس کی ماں کو کوئی نقصان پہنچتا ہو یا اتنی تکلیف ہوتی ہو جو عام حالات میں قابل برداشت نہ ہو اور اسقاط حمل کے علاوہ کوئی اور چارہ کار نہ ہو۔ ایسی صورت میں جنین میں روح داخل ہونے سے پہلے اسقاط حمل جائز ہے۔ لیکن روح کے داخل ہونے کی بعد کسی صورت میں بھی اسقاط حمل جائز نہیں۔

م۔۴۵۰ : بعض اوقات ڈاکٹر کسی جنین (پیٹ کا بچہ) کے بارے میں اس نتیجے تک پہنچتے ہیں کہ یہ کسی خطرناک بیماری میں مبتلا ہے اور اس کے ضائع کرنے کو ترجیح دیتے ہیں اس لئے کہ اگر یہ بچہ جنم بھی لے لے تو فوراً مر جائے گا یا بدشکل یا بدنما زندہ رہے گا، کیا ایسی صورت میں ڈاکٹر حمل کو ضائع کر سکتا ہے؟ اور کیا ماں کو یہ حق پہنچتا ہے کہ اسقاط حمل کی غرض سے ڈاکٹر کے سامنے پیش ہو؟ اور یہ کہ دیت ان دونوں میں سے کس کے ذمے ہو گی؟

جواب : صرف اس بنیاد پر اسقاط حمل جائز نہیں ہو جاتا ہے کہ ولادت کے بعد بچہ مر جائے گا یا بدشکل زندہ رہے گا۔ اس لئے ماں کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ ڈاکٹر کو اسقاط

حمل کی اجازت دے اور نہ ڈاکٹر کے لئے اسقاط حمل جائز ہوگا اور جس کے ہاتھ سے حمل گرایا جائے گا دیت بھی اسی کے ذمے ہوگی۔

م۔۴۵۱: اگر کوئی خاتون اولاد کی خواہش مند نہ ہو اور اس کے پیٹ کے جنین میں ابھی روح داخل نہ ہوئی ہو تو کیا اس کو ضائع کر سکتی ہے جبکہ بچے کی ولادت سے اس کی زندگی کو کوئی خطرہ لاحق نہ ہو؟

جواب: اس صورت میں اسقاط حمل جائز نہیں۔ مگر یہ کہ اس کو باقی رکھنے میں خاتون کا نقصان یا تکلیف ناقابل برداشت ہو۔

☆☆☆☆☆

آٹھویں فصل

جوانوں کے مسائل

☆ مقدمہ
☆ جوانی سے متعلق چند شرعی احکام
☆ جوانی سے متعلق مخصوص استفتاءات

اکثر اوقات مؤمن نوجوانوں کو تعلیم، عارضی یا دائمی رہائش کی غرض سے غیر اسلامی ممالک میں خصوصا یورپی ممالک اور امریکا جانا پڑتا ہے۔ چونکہ مسلمان نوجوان اسلام کے پابند ہوتے ہیں جس کی وجہ سے بہت ساری پریشانیوں، مشکلات اور سوالات سے دوچار ہوتے ہیں۔ لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان نوجوانوں کی خدمت میں درج ذیل شرعی احکام بیان کر دیئے جائیں جو ان مشکلات سے نکلنے میں ممدومعاون ثابت ہوں۔

م۔ ۴۵۲: فقہاء کرام اس بات کی تصریح کرتے ہیں کہ شک اور لذت کی نیت سے عورتوں کو دیکھنا حرام ہے اور لذت کی نگاہ کا مطلب یہ ہے کہ ان کی طرف شہوت کی نظر سے دیکھا جائے اور شک کی نگاہ کا مطلب یہ ہے کہ فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خوف ہو۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

م۔ ۴۵۳: جو عورتیں بے حجابی سے روکے جانے پر نہیں رکتیں ان کے چہرے، ہتھیلیوں اور ان اعضاء کو دیکھنا جائز ہے جو عام طور پر نہیں چھپائے جاتے۔ بشرطیکہ جنسی لذت کی نگاہ سے نہ دیکھا جائے اور دیکھنے والے کا فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ بھی نہ ہو۔ لیکن ان اعضاء کو دیکھنا جائز نہیں جنہیں معمول کے خلاف صرف کچھ عورتیں ظاہر کرتی ہیں۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ ہوں)

م۔ ۴۵۴: مرد، مرد کو شہوت کی نگاہ سے نہیں دیکھ سکتا اسی طرح عورت بھی عورت

کو شہوت کی نظر سے نہیں دیکھ سکتی (جائز نہیں)۔

م۔۴۵۵: "لواط"، یعنی مرد کا مرد سے غیر فطری عمل انجام دینا جائز نہیں، اسی طرح "سحاق"، یعنی عورت کی شرمگاہ کا عورت کی شرمگاہ سے ملنا بھی جائز نہیں۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۴۵۶: استمناء (مشت زنی) کسی بھی ذریعے سے ہو حرام ہے۔

م۔۴۵۷: احتیاط واجب کے طور فحش فلموں اور تصویروں کو دیکھنا حرام ہے۔ اگرچہ شک اور لذت کے بغیر دیکھا جائے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۴۵۸: فحاشی کے مراکز میں ایسے آلات بنائے گئے ہیں جو مرد اور عورت کی شرمگاہ کی خصوصیات پر مشتمل ہوتے ہیں، احتیاط واجب کے طور پر ان کے استعمال کو ترک کر دینا چاہئے۔ اگرچہ اس کے استعمال کا مقصد انزال نہ ہو۔ فرق نہیں پڑتا کہ استعمال کرنے والا شخص شادی شدہ ہو یا غیر شادی شدہ۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۴۵۹: مرد کے لئے جائز ہے کہ وہ فیملی پلاننگ کے لئے "ساتھی" اور اس قسم کے دوسرے کور (Cover) استعمال کرے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ استعمال سے پہلے اپنی بیوی سے اجازت لے لے۔

م۔۴۶۰: اگر پیراکی کے مخلوط مقامات (Swimming Pools) اور فحاشی کے دوسرے مراکز میں فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہو تو مرد کے لئے ایسے مقامات پر جانا جائز نہیں۔ بلکہ احتیاط واجب یہ ہے کہ اگر فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ نہ بھی ہو تو وہاں جانے سے احتراز کرے۔

م۔۴۶۱: کسی مسلمان کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ دستانے یا اس قسم کے کسی حائل کے بغیر (نامحرم) عورت سے مصافحہ کرے مگر یہ کہ مصافحہ نہ کرنے سے کوئی قابل ذکر

نقصان یا ناقابل برداشت مشقت اٹھانی پڑے۔ ایسی صورت میں صرف اتنا مصافحہ جائز ہو گا جس سے ضرورت پوری ہو۔ یعنی نقصان اور مشقت سے بچ سکے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م ۴۶۲ :جوان مرد کے لئے جائز ہے کہ وہ محبت اور پیار کے طور پر اپنی جوان بہن، خالہ، پھوپھی یاان کی چھوٹی بیٹیوں کو بوسہ دے اور اگر یہی بوسہ شہوت کا باعث بنے تو جائز نہیں ہو گا۔

م۔ ۴۶۳ :شطرنج کھیلنا حرام ہے۔ کمپیوٹر پر بھی دو افراد کا مل کر شطرنج کھیلنا حرام ہے اور احتیاط واجب کی بنا پر ایک آدمی بھی کمپیوٹر کے ساتھ مل کر شطرنج کھیلے تو بھی حرام ہے۔ چاہے کسی مال کی شرط پر کھیلا جائے یا اس کے بغیر کھیلا جائے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۴۶۴ :جوئے کے تمام آلات کے ذریعے جیسے کارڈ ہیں، کھیلنا حرام ہے بشرطیکہ کسی مال کی شرط پر کھیلا جائے، بلکہ احتیاط واجب یہ ہے مال کی شرط کے بغیر بھی جوا بازی کو ترک کیا جائے۔

م۔ ۴۶۵ :ورزش کی غرض سے فٹ بال، باسکٹ بال، والی بال اور ٹیبل ٹینس کھیلنا جائز ہے۔ نیز گراؤنڈ اور سٹیڈیم وغیرہ یا ٹیلی ویژن پر کھیل دیکھنا بھی جائز ہے چاہے اس کے لئے ٹکٹ خریدنا پڑے یا بغیر ٹکٹ کے دیکھے، بشرطیکہ اس کی وجہ سے کوئی فعل حرام نہ کرنا پڑے۔ مثلاً شہوت کی نظر سے نہ دیکھنا پڑے یا نماز یا کسی اور واجب کو ترک نہ کرنا پڑے۔

م۔ ۴۶۶ :شرط کے بغیر کشتی لڑنا اور باکسنگ کھیلنا جائز ہے بشرطیکہ اس سے کوئی بڑا جسمانی نقصان نہ اٹھانا پڑے۔

م۔ ۴۶۷ :احتیاط واجب کے طور پر مرد کے لئے داڑھی منڈوانا جائز نہیں۔ نیز احتیاط واجب

کے طور پر مرد کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ صرف ٹھوڑی کے بال رکھے اور باقی منڈوائے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۴۶۸ :اگر کسی مسلمان کو داڑھی منڈوانے پر مجبور کیا جائے یا کسی علاج وغیرہ کی وجہ سے منڈوانے پر مجبور ہو یا داڑھی نہ منڈوانے سے کسی نقصان کا خوف ہو یا داڑھی نہ منڈوانے سے مسلمان مشقت میں پڑ جاتا ہو، مثال کے طور پر داڑھی رکھنے سے ناقابل برداشت تمسخر اور سخت توہین کی جاتی ہو تو ان صورتوں میں داڑھی منڈوانا جائز ہو جائے گا۔

اس فصل سے متعلق بعض سوالات اور حضرت آیۃ العظمی سیستانی (مدظلہ) کے جوابات :

م۔۴۶۹ : ایک باپ اپنے بیٹے کے دوست سے یہ کہتا ہے کہ میرے بیٹے کا چال چلن نوٹ کرتے رہو اور وقتاً فوقتاً پوچھتا رہتا ہے تاکہ بیٹے کی خصوصیات ظاہر کر کے بیان کی جائیں جن میں ایسی خصوصیات بھی شامل ہیں جنہیں ظاہر کرنے پر بیٹا کسی صورت میں بھی راضی نہیں۔

جواب : جائز نہیں۔ مگر یہ کہ یہ چال چلن ایسی برائی ہو جس سے روکنا واجب ہو اور اذیت ناک اور توہین آمیز انداز میں ظاہر کئے بغیر اسے نہ روکا جا سکے۔

م۔۴۷۰ :روایات میں منقول جملہ "النظرة الاولی لك والثانية عليك،، "پہلی نگاہ تمہارے فائدے میں اور دوسری نظر نقصان میں" کا کیا مطلب ہے ؟ اور کیا کسی خاتون کی طرف پہلی نگاہ کو طول دینا اور اس بنیاد پر اس کو گھورنا جائز ہے کہ یہ پہلی نگاہ ہے جیسا کہ بعض کا یہ دعوی ہے ؟

جواب : علی الظاہر روایت کے اس حصے کا مطلب یہ ہے کہ دونوں نگاہوں میں اس حوالے

سے فرق پایا جاتا ہے کہ پہلی نگاہ اتفاقی اور سرسری اور لذت وشہوت سے خالی ہوتی ہے (اس لئے قابل مواخذہ نہیں ہوتی) برخلاف دوسری نگاہ کے جو قصد اور ارادے سے ہوتی ہے، جس میں لذت بھی شامل ہوتی ہے اس لئے دیکھنے والے کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض روایات میں امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں:

النظر ة بعد النظرة تزرع فی القلب الشهوة و کفی بها لصاحبها فتنة.

"ایک کے بعد دوسری نگاہ (دیکھنے والے کے) دل میں شہوت کا بیج بو دیتی ہے اور یہ دیکھنے والے کی آزمائش کے لئے کافی ہے"

بہر کیف یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ روایت مذکورہ کا جملہ، انسانی نگاہ کو تعداد کی بنیاد پر جائز قرار نہیں دیتا۔ بایں معنی کہ پہلی نگاہ ہر حالت میں جائز ہو اگرچہ قصد وارادہ سے کی جائے اور ابتدائی طور پر پاک نہ ہو (بلکہ غلط نگاہ ہو) یا یہ نگاہ مسلسل جمی رہنے کی وجہ سے غلط نگاہ میں تبدیل ہو گئی ہو۔ کیونکہ دیکھنے والے کا نفس امارہ اس کا اطاعت گزار نہیں ہو تا کہ وہ فوراً آنکھیں بند کرلے اور نہ روایت کا یہ جملہ یہ کہنا چاہتا ہے کہ دوسری ہر حالت میں حرام ہے اگرچہ ایک لحہ کے لئے ہو اور لذت سے بالکل خالی ہو۔

م۔۱۷۴: اجنبی عورت کی طرف نگاہ کی حرمت (حرام ہونا) میں ایسی عبارتیں دی جاتی ہیں جن کی حد اور تعریف اکثر لوگوں کے لئے واضح نہیں ہوتی۔ مثلاً ریبة، تلذذ اور شہوة امید وار ہیں کہ مکلفین کے لئے ان عبارتوں کی وضاحت فرمادیں اور کیا تمام الفاظ کا ایک ہی مطلب ہے؟

جواب: "تلذذ" اور "شہوت" سے مراد جنسی شہوت کی لذت ہے، ہر قسم کی لذت

مراد نہیں جو ہر اس فطری لذت کو بھی شامل ہو جو انسان کو خوبصورت مناظر کو دیکھ کر حاصل ہوتی ہے اور ریبۃ سے مراد فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خوف ہے۔

م۔ ۴۷۲: حرام لذت کی حد کیا ہے؟

جواب: اگر حد سے مراد مرتبہ ہو تو اس کی سب سے ادنی حد جنسی احساس کا پہلا درجہ ہے۔

م۔ ۴۷۳: برطانیہ اور مغربی ممالک کے سرکاری اسکولوں میں طلباء و طالبات کو ایسا مضمون پڑھایا جاتا ہے جس میں جنسی تربیت کو بہت زیادہ اہمیت دی جاتی ہے اور اس دوران مجسم اور غیر مجسم تصویروں کے ذریعہ آلات تناسل کی تشریح کی جاتی ہے۔ کیا جوان طالب علم کے لئے اس قسم کی کلاسوں میں شرکت کرنا جائز ہے؟ اور اگر طالبعلم اس خیال سے کہ یہ بحثیں مستقبل میں مفید ثابت ہوں گی ان کلاسوں میں شرکت کا خواہش مند ہو تو والدین پر فرض ہے کہ وہ اسے شرکت سے روکیں؟

جواب: اگر ان کلاسوں میں شرکت سے کوئی اور حرام کام نہ کرنا پڑے مثلاً لذت اور شہوت سے نہ دیکھنا پڑتا ہو اور اس مضمون کو پڑھنے کے دوران طالب علم اخلاقی انحراف سے دور رہتا ہو تو کوئی حرج نہیں۔

م۔ ۴۷۴: کیا عورتوں کے سامنے غزلی اشعار کہنا جائز ہے؟ جبکہ یہ غزل ان عورتوں کے بارے میں نہ ہو یا ایسی عورتیں مراد ہوں اور وہ غیر شادی شدہ ہوں اور یہ شعر گوئی ان پر اثر بھی کرتی ہو؟

جواب: جائز نہیں۔

م۔ ۴۷۵: کیا لذت، دعوت حرام اور غلط نیت کے بغیر عورتوں سے غزلی (عشقیہ) گفتگو کرنا جائز ہے؟

جواب: بطور احتیاط جائز نہیں ہے۔

م۔ ۴۷۶ : کیا نا معلوم خاتون یا عام عورتوں کے بارے میں نظم اور نثر کی صورت میں عشقیہ گفتگو کرنا جائز ہے ؟

جواب : اگر یہ گفتگو حرام کی تمنا سے خالی ہو اور اس پر کوئی اور مفسدہ بھی مترتب نہ ہوتا ہو تو جائز ہے۔

م۔ ۴۷۷ : کیا اس نیت سے عورتوں سے گفتگو کرنا جائز ہے کہ ان میں سے کسی کو پسند کیا جائے اور پھر اس سے عقد انقطاعی (متعہ) کا مطالبہ کیا جائے ؟

جواب : اگر ایسی گفتگو نہ ہو جو ایک اجنبی عورت سے نہیں کی جانی چاہئے تو کوئی حرج نہیں۔

م۔ ۴۷۸ : یورپ میں ایسے فیشن کا رواج عام ہو رہا ہے جس میں مرد، ایک یا دونوں کانوں میں زنانہ بالیاں پہنتے ہیں۔ کیا یہ جائز ہے ؟

جواب : اگر یہ بالیاں سونے کی ہوں تو جائز نہیں بلکہ بطور احتیاط ہر صورت میں (جس چیز سے بھی بنائی گئی ہوں) جائز نہیں۔

م۔ ۴۷۹ : اگر کوئی شخص فعل حرام کا مرتکب ہو اور پہلے دن بلیڈ سے اپنی داڑھی منڈوا لے تو کیا دوسرے، تیسرے اور چوتھے دن اس طرح بلیڈ پھیرنا جائز ہے ؟

جواب : احتیاط واجب یہ ہے کہ اسے ترک کر دیا جائے۔

م۔ ۴۸۰ : بعض اوقات یورپ کی بڑی بڑی کمپنیاں اپنے (ملازمت کے) امیدواروں میں باریش اور بے ریش افراد میں امتیازی سلوک کرتی ہیں۔ اگر یہ بات صحیح ہو تو کیا ملازمت کی خاطر داڑھی منڈوانا جائز ہے ؟

جواب : اگر داڑھی منڈوانا حرام ہو چنانچہ احتیاط یہی ہے، تو کسی کمپنی میں ملازمت کی خاطر اس کا منڈوانا حلال نہیں ہو جاتا۔

م۔ ۴۸۱ : کیا ٹھوڑی کے اوپر داڑھی رکھ کر رخسار پر سے منڈوانا جائز ہے ؟

جواب : جس داڑھی کا بطور احتیاط منڈوانا حرام ہے وہ دونوں جبڑوں پر اگے ہوئے بالوں کو

شامل ہے۔ رخسار پر ابھری ہوئی جگہ کے بالوں کو صاف کرنا حرام نہیں۔

م۔۴۸۲ : کیا شرط کے بغیر کمپیوٹر پر جوئے کے مختلف کھیل کھیلنا جائز ہے ؟اور کیا شرط کے ساتھ کھیلنا جائز ہے ؟

جواب : جوا کھیلنا جائز نہیں ہے اور کمپیوٹر پر جوا کھیلنے کا یہی حکم ہے جو عام آلات کے ذریعے کھیلنے کا حکم ہے۔

م۔۴۸۳ : بعض جائز کھیل جن میں ڈائس شامل ہے کیا کمپیوٹر کے ذریعے ان کا کھیلنا جائز ہے ؟

جواب : اگر ڈائس ان آلات میں سے نہ ہو جو جوئے سے مخصوص ہیں تو اس کے ذریعے جوئے کے علاوہ دوسرے کھیل کھیلنا جائز ہے۔

م۔۴۸۴ : کیا بدن کے ان حصوں کو دیکھنا جائز ہے جنہیں عام طور پر غیر مسلم عورتیں گرمیوں میں ظاہر کرتی ہیں ؟

جواب : اگر ایسی نگاہ کے ساتھ جنسی لذت اور فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ نہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔

م۔۴۸۵ : کیا کسی جانی پہچانی باپردہ خاتون کی بے پردہ تصویر کو دیکھنا جائز ہے ؟

جواب : احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ چہرہ اور ہاتھوں کے علاوہ دیگر اعضاء کو نہ دیکھے۔ جہاں تک چہرہ اور ہاتھوں کا تعلق ہے، اگر جنسی شہوت اور فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ نہ ہو تو ان کو دیکھنا جائز ہے۔

م۔۴۸۶ : الف۔ کیا ٹیلی ویژن وغیرہ پر عریاں یا نیم عریاں غیر مسلم عورتوں کو دیکھنا جائز ہے جس کا مقصد معلومات حاصل کرنا اور تفریح ہو اور جنسی لذت حاصل ہونے کا اطمینان نہ ہو ؟

ب۔ اور اگر سابق الذکر ارادے سے نہ دیکھے بلکہ اپنی ازدواجی شہوت کو ابھارنے کے لئے دیکھے تو اس کا کیا حکم ہو گا ؟

جواب : فحش مناظر چاہے وہ براہ راست ہوں یا ٹیلی ویژن پر ہوں، شہوت کی نگاہ سے ان کو دیکھنا جائز نہیں بلکہ احتیاط واجب کے طور پر کسی طرح سے بھی (اگرچہ بغیر شہوت کے ہو) دیکھنے کو ترک کرنا چاہئے۔

م۔۴۸۷ : کیا شہوت انگیز مناظر کو دیکھنا جائز ہے جبکہ دیکھنے والے کو اطمینان ہو کہ ان مناظر کا اس پر کوئی اثر نہ ہوگا؟

جواب : بطور احتیاط شہوت انگیز مناظر نہ دیکھے جائیں۔

م۔۴۸۸ : کیا لذت کے بغیر جنسی فلموں کو دیکھنا جائز ہے۔

جواب : بطور احتیاط کسی صورت میں بھی نہ دیکھا جائے۔

م۔۴۸۹ : بعض ٹیلی ویژن اسٹیشن ایسے پروگراموں کی ماہوار فیس لیتے ہیں جو فحاشی سے مخصوص نہیں ہوتے، لیکن آدھی رات کے بعد فحش فلموں کو نشر کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ کیا ایسے پروگرام کا ممبر بن کر فیس دینا جائز ہے؟

جواب : جائز نہیں۔ مگر یہ کہ انسان کو اپنے نفس وغیرہ پر مکمل اعتماد ہو کہ وہ فحش پروگرام نہیں دیکھے گا۔

م۔۴۹۰ : بعض ممالک میں کسی محفل میں آنے والا عورتوں سمیت تمام حاضرین سے کسی جنسی لذت کے بغیر ہاتھ ملاتا ہے اور اگر وہ عورتوں سے مصافحہ نہ کرے تو اس کی یہ روش عجیب سمجھی جاتی ہے بلکہ اکثر اوقات اسے عورت کی توہین اور تحقیر سمجھا جاتا ہے جس کی وجہ سے آنے والے کو منفی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ کیا ایسی صورتوں میں عورتوں سے مصافحہ کرنا جائز ہے؟

جواب : عورتوں سے ہاتھ ملانا جائز نہیں۔ اس لئے ایسے آنے والے افراد کو چاہیئے کہ یا تو وہ کسی سے بھی ہاتھ نہ ملائیں یا دستانے پہن کر ہاتھ ملائیں اور اگر یہ ممکن نہ ہو اور مصافحہ سے انکار پر ناقابل برداشت تکلیف اور تنگی لازم آتی ہو تو ایسی صورت میں جائز ہوگا۔ یہ سب اس صورت کے احکام ہیں جب ایسی محافل میں شرکت

کرنا ضروری اور ناگزیر ہو۔ بصورت دیگر اگر مصافحہ سے اجتناب ممکن نہ ہو تو ایسی محافل میں شرکت ہی جائز نہیں۔

م۔۴۹۱: مغربی ممالک میں مصافحہ سلام کا ذریعہ اور طریقہ سمجھا جاتا ہے جس کو ترک کرنے سے بعض اوقات انسان تعلیمی اور کاروباری مواقع سے محروم ہو جاتا ہے۔ کیا مجبوری کی صورت میں مسلمان مرد (نامحرم) عورت سے مصافحہ کر سکتا ہے یا مسلمان عورت (نامحرم) مرد سے مصافحہ کر سکتی ہے؟

جواب: اگر دستانے وغیرہ کے ذریعے اجنبی کو ہاتھ لگانے سے بچنا ممکن نہ ہو تو صرف اس صورت میں نامحرم سے ہاتھ ملانا جائز ہو گا جب اس کو ترک کرنے سے قابل ذکر نقصان اور ناقابل برداشت تکلیف لازم آتی ہو۔

م۔۴۹۲: جو مسلمان مغربی ممالک میں رہ رہا ہو اور اسے مسلمان عورت میسر نہ آئے تو کیا اس کے لئے غیر مسلم عورتوں سے شادی کرنا جائز ہے؟ جبکہ غیر مسلم عورتوں سے شادی کرنا اولاد کے لئے خطرے سے خالی نہیں۔ کیونکہ ان غیر مسلموں کی زبان، ان کا دین، تربیت کے طریقے اور اجتماعی اقدار اور عادات مسلمانوں سے یکسر مختلف ہیں جو اولاد کے لئے بہت سی نفسانی مشکلات کا سبب بن سکتے ہیں۔

جواب: بطور احتیاط اہل کتاب (یہودی اور عیسائی) عورتوں سے دائمی نکاح جائز نہیں اگرچہ انقطاعی نکاح (متعہ) جائز ہے۔ لیکن ہم ایسے مسلمانوں کو نصیحت کریں گے کہ وہ غیر مسلم عورتوں سے اولاد پیدا نہ کریں۔ یہ اس صورت کا حکم ہے جب اس مسلمان مرد کی اگرچہ غائب سہی، مسلمان بیوی نہ ہو اور اگر مسلمان مرد کی مسلمان بیوی موجود ہو تو اس کی اجازت کے بغیر نکاح انقطاعی بھی جائز نہیں، بلکہ احتیاط واجب کے طور پر مسلمان بیوی کی اجازت سے بھی عقد انقطاعی جائز نہیں۔

م۔۴۹۳: بعض کمپنیاں ایسے آلات بناتی ہیں جو عورت کی شرمگاہ کے مشابہ ہوتے ہیں جن

کو مرد لذت کی غرض سے سوتے وقت اپنے آلہ تناسل پر رکھ دیتے ہیں کیا یہ عمل استمناء اور حرام شمار ہوگا؟

جواب: اگر اس سے منی خارج کرنا مقصود ہے یا اس کی عادت ایسی ہو کہ اس قسم کے اعمال سے منی خارج ہوتی ہو اور منی خارج نہ بھی ہو تو یہ عمل حرام ہوگا۔ بلکہ احتیاط واجب کے طور پر اگر منی کے خارج نہ ہونے کا اطمینان بھی ہو پھر بھی جائز نہیں۔

م۔ ۴۹۴: مرد شہوت کی نیت سے کسی دوسرے مرد کو گلے لگا سکتا ہے یا جنسی لذت کی نیت سے ایک دوسرے کا بوسہ لے سکتے ہیں اور اگر معاملہ اس سے بھی آگے بڑھ جائے اور غیر فطری عمل کی نوبت آئے تو اس کا کیا حکم ہوگا؟

جواب: یہ سب کام حرام ہیں، اگرچہ حرام کے درجے مختلف ہیں۔

☆☆☆☆☆

نویں فصل

عورتوں کے معاملات

☆ مقدمہ
☆ عورتوں سے متعلق بعض شرعی احکام
☆ عورتوں سے مخصوص استفتاءات

محظوظ ہونا جائز ہے ؟

جواب : اگر تلاوت میں استعمال ہونے والی طرز، گانے والی نہ ہو تو اس کو سننے میں کوئی حرج نہیں۔

م۔ ۵۵۳ : بعض قاری حضرات، کلام کہنے والے اور گانا گانے والے فاسقوں کی طرز کو لے لیتے ہیں اور اس طرز میں معصومین (ع) کی شان میں قصیدے پڑھتے ہیں، گویا کلام کا مضمون تو فاسقوں اور فاجروں کے مضمون کلام سے مختلف ہوتا ہے لیکن طرز انہی کی ہوتی ہے کیا اس طرح کا کلام سنانا اور اس کا سننا حرام ہے ؟

جواب : جی ہاں، بطور احتیاط حرام ہے۔

م۔ ۵۵۴ : کیا شب زفاف کسی بھی لحن اور طرز میں اگر چہ فاسقوں کی طرز سے ہم آہنگ ہو، عورتوں کے لئے گانا جائز ہے ؟ اور کیا اس شب میں آلات موسیقی کو استعمال کرنا بھی عورت کے لئے جائز ہے ؟ نیز کیا عقد کی محفل میں، مہندی کی رات یا شب ہفتم کو بھی اسی طرح گانا جائز ہے یا صرف شب زفاف یہ گانا جائز ہے ؟

جواب : احتیاط واجب کے طور پر شب زفاف کو بھی گانا کو ترک کرنا چاہے چہ جائیکہ دیگر شبوں میں جائز ہو۔ موسیقی کا حکم گزشتہ مسائل میں بیان کیا جا چکا ہے۔

م۔ ۵۵۵ : کیا پیانو، سارنگی، ڈھول، بانسری الیکٹرانک پیانو پر مشتمل انقلابی ترانے سننا جائز ہے ؟

جواب : اگر ان چیزوں سے نکلنے والی موسیقی کی آواز لہو و لعب کی محافل سے مناسبت رکھتی ہو تو اس کو سننا جائز نہیں۔

م۔ ۵۵۶ : "اہل فسق کے نزدیک متعارف،، کی اصطلاح کا کیا مطلب ہے ؟

جواب : یہ تعبیر ہمارے فتاوی میں استعمال نہیں ہوئی۔ ہم نے غنا کی تعریف یہ کی تھی : "اہل لہو و لعب کے نزدیک متعارف لحن اور طرز" اور اس کا مطلب کسی سے پوشیدہ نہیں۔

اور ہم آہنگی نہ رکھتی ہو، اگر چہ اعصاب کو سکون نہ بخشے۔ جیسے عسکری اور جنازوں میں بجائی جانے والی موسیقی ہے۔

م۔۵۵۰: جس طرح حلال موسیقی اور حرام موسیقی کے بارے میں کثرت سے پوچھا جاتا ہے، اس طرح حلال گانوں اور حرام گانوں کے بارے میں زیادہ سوال کیا جاتا ہے۔ کیا ہم ان سوالات کا یہ جواب دے سکتے ہیں کہ حرام گانے وہ ہیں جو جنسی اور شہوانی میلان کو ابھاریں اور گھٹیاپن اور مستی پر برانگیختہ کریں اور جو گانے یا گیت ان پست میلانات کو نہ ابھاریں بلکہ انسانی نفس اور اس کے افکار کو ایک بلند معیار تک پہنچائیں، جیسے وہ گیت ہیں جو سیرت نبی (ص) اور مدح اہل بیت (ع) کے بارے میں گائے جاتے ہیں یا وہ گیت اور ترانے جو جرأت و شجاعت انگیز ہوتے ہیں، وہ حلال ہیں؟

جواب: غنا (گانے) تمام کے تمام حرام ہیں اور ہماری رائے کے مطابق غنا اس لہو و لعب اور بے ہودہ کلام کا نام ہے جو اہل لہو و لعب کے لحن میں پیش کیا جائے اور اسی طرح اس (گانے والے) لحن اور طرز میں قرآن کی تلاوت کرنا، دعائیں پڑھنا اور اہل بیت (ع) کی شان میں قصیدے پڑھنا بھی حرام ہے۔ اس لہو و لعب اور بے ہودہ کلام کے علاوہ کچھ اور گانے کی طرز پر کلام جیسے گانے کی طرز پر شجاعت و بہادری کے ترانے ہیں تو یہ احتیاط واجب کے طور پر حرام ہیں۔ جس لحن اور طرز پر گانے کی گزشتہ تعریف صادق نہ آتی ہو وہ حرام نہیں۔

م۔۵۵۱: کیا موسیقی پر مشتمل اہل بیتؑ کی تعریف میں گیت سننا جائز ہے؟

جواب: غنا (گانے) ہر صورت میں حرام ہیں باقی رہے وہ قصیدے جو کسی خوبصورت طرز میں پڑھے جائیں لیکن ان میں غنا کی کیفیت نہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ جو موسیقی محافل لہو و لعب سے مناسبت نہ رکھتی ہو وہ حلال ہے۔

م۔۵۵۲: جو قاری تلاوت کے دوران اپنی آواز کو حلق میں گھماتا ہو، اس کی تلاوت کو سن کر

نیز آپ (ص) نے فرمایا:

الغناء والموسیقی رقیة الزنا

"غنا گانا اور موسیقی زنا کا ایک ذریعہ ہے،،

م۔۵۴۷ : عورت اپنے شوہر کو خوشحال کرنے اور اس کے جذبات کو ابھارنے کی غرض سے اس کے سامنے رقص کر سکتی ہے۔ لیکن دوسرے مردوں کے سامنے رقص نہیں کر سکتی اور احتیاط واجب کے طور پر عورتوں کے سامنے بھی رقص نہیں کرنا چاہئے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۵۴۸ : شادیوں، دینی تقریبات، سیمیناروں اور جشنوں میں مرد اور عورت دونوں کے لئے یکساں طور پر تالیاں بجانا جائز ہے۔

اس فصل سے ملحق استفتاءات اور ان کے جوابات :

م۔۵۴۹ : اکثر اوقات حلال موسیقی اور حرام موسیقی کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے۔ کیا ہم جواب میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ جو موسیقی جنسی اور شہوانی طبیعت کو برانگیختہ کرے اور مستی، گھٹیا پن اور چھچھورے پن کو ابھارے وہ حرام موسیقی ہے اور جو موسیقی اعصاب کو سکون پہنچائے، نفس کو راحت اور آرام پہنچائے یا وہ موسیقی جو فلمی واقعات کے ساتھ سنائی جاتی ہے تاکہ فلم کا منظر زیادہ سے زیادہ ذہنوں پر مؤثر ثابت ہو سکے یا وہ موسیقی جو ورزش کے کھیلوں میں ورزشی مشق کے دوران بجائی جاتی ہے یا وہ موسیقی جو مخصوص ساز کے ذریعے کسی خاص منظر کا نقشہ پیش کرتی ہے یا وہ موسیقی جو انسان میں جرأت و شجاعت پیدا کرتی ہے، یہ ساری موسیقی حلال ہیں؟

جواب : حرام موسیقی وہ ہے جو لہو ولعب کی محافل سے مناسبت رکھتی ہو۔ اگرچہ جنسی غریزے کو نہ ابھارے اور حلال موسیقی وہ ہے جو لہو ولعب کی محافل سے مناسبت

غناکا مصداق ہے۔

م۔ ۵۴۵: اہل لہو ولعب میں رائج لحن میں قرآن مجید کی تلاوت کرنا اور دعاؤں اور دیگر اذکار کو پڑھنا جائز نہیں ہے۔ بلکہ احتیاط واجب کے طور پر اس شعر یا نثر پر مشتمل کلام کو بھی گانے کے لحن اور طرز میں پیش کرنا جائز نہیں جو بے ہودہ مفہوم پر مشتمل نہ ہو۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۵۴۶: سنت (روایات) میں وارد ہے کہ غنا (گانا) اور حرام موسیقی کو سننا حرام ہے۔چنانچہ جناب رسول خدا (ص) نے ایک حدیث میں فرمایا:

ویحشر صاحب الغنا من قبره أعمى و أخرس وأبكم و يحشرالزانى مثل ذلك، و يحشر صاحب المزمار مثل ذلك و صاحب الدف مثل ذلك.

(المسائل الشرعية للسيد الخوئى ج۲ص۲۲)

"گانے والے کو اپنی قبر سے اندھا، گونگا اور بہرہ اٹھایا جائے گا، زناکار کو بھی ایسے ہی اٹھایا جائے گا، بانسری بجانے والے کو بھی اسی حالت میں اور اٹھایا جائے گا اور ڈھول بجانے والے کو بھی اسی طرح اٹھایا جائے گا۔،،

نیز آنحضرت (ص) نے فرمایا:

من استمع الى اللهو(الغناء و الموسيقى) يذاب فى أذنه الآنك (الرصاص المذاب) يوم القيامة.

"جو شخص (قصدو ارادے سے) لہو کی باتوں (گانے اور موسیقی) کو سنے تو روز قیامت اس کے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ ڈال دیا جائے گا۔،،

ہوتا ہے یا اس لحن سے شباہت رکھتا ہے جو لہو ولعب میں استعمال ہوتا ہے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔ ۵۴۱ :ان مقامات پر آمدورفت جائز ہے جہاں حلال موسیقی بجائی جاتی ہو اور جب تک یہ موسیقی حلال ہو جان بوجھ کر اسے سننا بھی جائز ہے۔

م۔ ۵۴۲ :ان عمومی جگہوں پر آنا جانا جائز ہے جہاں موسیقی بجائی جاتی ہو بشر طیکہ یہ موسیقی عمداً نہ سنی جائے۔ جیسے استقبالیہ کے ہال (لاؤنج)، مہمان خانے، عام باغات اور ہوٹل اور قہوہ خانے وغیرہ ہیں۔ اگرچہ ان مقامات پر بجائی جانے والی موسیقی لہوولعب کی محافل سے مناسبت رکھتی ہو۔ اس لئے کہ اس امر میں شرعاً کوئی مانع اور رکاوٹ نہیں کہ کانوں کو کوئی حرام لحن سنائی دے لیکن آپ اس لحن کو سننے کا قصد اور ارادہ نہ رکھتے ہوں۔

م۔ ۵۴۳ : چھوٹوں اور بڑوں کے لئے یکساں طور پر موسیقی کی تعلیم کے لئے بنائے گئے مراکز یا دیگر مقامات پر جاکر حلال موسیقی سیکھنا جائز ہے۔ بشر طیکہ ان جگہوں پر آمدورفت سے دینی تربیت اور پرورش پر منفی اثر نہ پڑے۔

م۔ ۵۴۴ :گانے گانا، سننا اور اس کا کاروبار کرنا (یہ سب) حرام ہیں اور غنا (گانے) سے مراد وہ بے ہودہ کلام ہے جو اہل لہوولعب میں معروف لحن میں پیش کیا جائے۔

(الف) حرام غنا میں سے شادیوں میں عورتوں کے گانے کو مستثنیٰ قرار دیا جاتا ہے۔ (یعنی اسے جائز قرار دیا جاتا ہے) بشر طیکہ اس میں کوئی اور فعل حرام شامل نہ کیا جائے۔ جیسے ڈھول بجانا، باطل گفتگو کرنا، مردوں کا عورتوں کے مجمع میں جانا اور اس طرح سے مردوں کا عورتوں کی ہیجان خیز آواز کا سننا۔ لیکن اسے مستثنیٰ قرار دینا اشکار سے خالی نہیں۔

(ب) مشہور و معروف حودی خوانی غنا شمار نہیں ہوتی لہذا اس میں کوئی حرج نہیں۔ اسی طرح اس آواز کو بھی سننا جائز ہے جس کے بارے میں شک ہو کہ یہ

غیر مسلم ممالک میں رہنے والے بلکہ بعض اسلامی ممالک کے رہنے والے بھی آلات موسیقی کی آواز سننے، گویوں کی خوش الحانی اور سڑک، اسکول اور ہمسائے کے گھر سے رقص کی دھنیں سننے کے عادی ہیں۔ سڑکوں سے گزرنے والی گاڑیوں سے آلات موسیقی کی آواز راہ گیروں کو ہلا کر رکھ دیتی ہے اور انہیں بے قرار کر دیتی ہے اور انسان خود سے پوچھتا ہے، کیا میں ان آلات کی آواز اور گانے کو سن سکتا ہوں اور کیا میرے لئے رقص کرنا جائز ہے؟

درج ذیل مسائل میں، ہم گزشتہ دونوں سوالات اور اس قسم کے دیگر سوالوں کے جوابات تحریر کریں گے۔

م۔۵۳۸: موسیقی انسانی فنون میں سے ایک فن ہے جو آج کل بڑی کثرت سے پھیل گیا ہے۔ اس فن کی بعض قسمیں حلال اور بعض قسمیں حرام ہیں۔ حلال موسیقی کو سننا جائز ہے اور حرام موسیقی کو سننا جائز نہیں ہے۔

م۔۵۳۹: حلال موسیقی وہ ہے جو لہو ولعب کی محفلوں سے مناسبت اور ہم آہنگی نہ رکھتی ہو اور حرام موسیقی وہ ہے جو لہو ولعب کی محفلوں سے مناسبت رکھتی ہو۔

م۔۵۴۰: موسیقی یا غنا کے لہو ولعب کی محفلوں سے مناسبت رکھنے کا مطلب یہ نہیں کہ موسیقی یا غنا کا لحن نفس کو راحت اور سکون پہنچائے اور اس کی کیفیت کو تبدیل کرے۔ اس لئے کہ یہ چیزیں تو درست ہیں بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ موسیقی کی آواز اور غنا کے لحن کو سننے والا، خصوصاً اگر وہ شخص جو ان چیزوں کی خصوصیات سے باخبر ہو، اس بات کو تشخیص دے کہ یہ لحن لہو ولعب کی محافل میں استعمال

دسویں فصل

موسیقی، غنا (گانے) اور رقص کے احکام

☆ مقدمہ
☆ موسیقی گانے اور رقص سے متعلق بعض شرعی احکام
☆ غنا، موسیقی اور رقص سے مخصوص استفتاءات

نہیں۔

م۔۵۳۴ :اگر حمل خاتون کے لئے شدید مشقت اور خاندان کی بدنامی کا باعث بنے تو اسقاط حمل جائز ہے ؟

جواب : اگر یہ مشقت عام حالات میں ناقابل برداشت ہو اور اسقاط حمل کے علاوہ اور کوئی چارہ کار نہ ہو تو جنین (بچے) میں روح داخل ہونے سے پہلے اسقاط حمل جائز ہے۔

م۔۵۳۵ :کیا خاتون کے لئے پینٹ شرٹ پہن کر بازاروں اور سڑکوں پر نکلنا جائز ہے ؟

جواب : اگر اس کے بدن کے حساس حصے مجسم ہو کر ظاہر ہوتے ہوں یا ناظرین کے جنسی احساسات برانگیختہ ہوتے ہوں تو جائز نہیں۔

م۔۵۳۶ :کیا عورتوں سے مخصوص محفلوں میں دوسروں کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور حسن و جمال میں اضافے کی خاطر مصنوعی بال (Wig) پہننا جائز ہے اور یہ عیب پوشی کے زمرے میں آئے گا ؟

جواب : اگر Wig کو پہننے کا مقصد کسی کو دھوکا دینا یا اپنی شادی کے موقع پر عیب پوشی نہ ہو بلکہ زینت کی خاطر ہو تو کوئی حرج نہیں۔

م۔۵۳۷ :کیا حیض والی عورت سجدہ والی آیات کے علاوہ سات آیتوں سے زیادہ کی تلاوت کر سکتی ہے اور کیا جائز ہونے کی صورت میں یہ کوئی مکروہ عمل ہوگا اور کیا اس کے مکروہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ تلاوت کا ثواب تو ملے گا مگر کم ؟

جواب : حیض والی عورت سجدہ والی آیات کے علاوہ دیگر آیات کی تلاوت کر سکتی ہے۔ سات سے زیادہ آیات کی تلاوت کو اگر مکروہ قرار دیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ اس کا ثواب کم ہے۔

☆☆☆☆☆

میں کوئی حرج نہیں، ورنہ جائز نہیں۔

م۔۵۳۰ :بعض مغربی ممالک کے عام میدانوں میں مصور بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں جو لوگوں کو اپنے سامنے بٹھا کر اور ان کے چہروں کی طرف دیکھ دیکھ کر کھڑے کھڑے ان کی تصویر بنا دیتے ہیں۔ کیا ایک باحجاب خاتون اس طرح سے اپنی تصویر بنوا سکتی ہے؟

جواب : خاتون کو چاہئے کہ وہ اس طرح سے اپنی تصویر نہ بنوائے۔

م۔۵۳۱ :کیا خواتین کے لئے مختلف طریقوں سے کشتی لڑنا جائز ہے؟ اور کیا بغیر لذت کے براہ راست یا ٹیلی ویژن کے ذریعے کشتی لڑنے والوں کے برہنہ بدن کو دیکھنا جائز ہے؟

جواب : اس حد تک کشتی لڑنا جائز نہیں جو کشتی لڑنے والے یا دوسروں کے لئے حرام کی حد تک نقصان دہ ہو اور احتیاط واجب یہ ہے کہ عورت لذت کے بغیر اور ٹیلی ویژن پر بھی مرد کے بدن کو نہ دیکھے ماسوائے سر، دونوں ہاتھوں، دونوں پاؤں اور دیگر ایسے اعضاء کے جن کو مسلمانوں کی عام سیرت کے مطابق چھپانے کی پابندی نہیں کی جاتی۔

م۔۵۳۲ :کیا خواتین ان مردوں کا بدن دیکھ سکتی ہیں جو عزاداری کے دوران اپنا لباس اتار دیتے ہیں؟

جواب : احتیاط واجب کے طور پر اسے ترک کرنا چاہئے۔

م۔۵۳۳ :اگر کوئی شخص رضاکارانہ طور پر کسی بچی کی تربیت کرے (اسے اپنی بیٹی بنا لے) اور اس کے پاس بڑی ہو اور سن بلوغ تک پہنچ جائے۔ کیا اس بچی پر واجب ہے کہ اپنے اس مربی سے پردہ کرے اور مربی پر واجب ہے کہ اس کے بالوں کو نہ دیکھے اور اس کے جسم کو ہاتھ نہ لگائے؟

جواب : جی ہاں۔ یہ سب ضروری ہیں اور اس مربی اور دیگر نامحرم مردوں میں کوئی فرق

م۔۵۲۵ : عورت کے لئے زینت والی انگوٹھی اور چوڑیاں اور ہار پہننا حلال ہے یا حرام ؟

جواب : حلال ہے۔ البتہ انگوٹھی اور چوڑیوں کے علاوہ دوسرے اسباب زینت کو چھپانا واجب ہے اور انگوٹھی اور چوڑیاں اس صورت میں ظاہر کر سکتی ہے جب اس سے کسی کے فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ نہ ہو اور اس نیت سے نہ پہنی جائیں کہ اس کی طرف حرام نگاہ سے دیکھا جائے۔

م۔۵۲۶ : آج کل مغرب نے آنکھ کی سیاہی کے اوپر مختلف رنگ کے (مصنوعی) عدسے (Lens) لگانے میں کامیابی حاصل کر لی ہے۔ کیا عورت آرائش اور نامحرم مردوں کے سامنے نمائش کی غرض سے یہ کام کر سکتی ہے ؟

جواب : اگر یہ چیز اس کی زینت شمار ہو تو جائز نہیں۔

م۔۵۲۷ : کیا عورت کے تخم (Ovum) کی خرید و فروخت جائز ہے ؟

جواب : جائز ہے۔

م۔۵۲۸ : بعض مخصوص حالات میں بعض خواتین کے بال گرتے ہیں۔ علاج کی نیت سے مرد ڈاکٹر کو بال دکھانا جائز ہے ؟ چاہے بالوں کا گرنا اس کے لئے باعث زحمت و تکلیف ہو یا نہ ہو بلکہ صرف آرائش کا یہ تقاضا ہو ؟

جواب : اگر بال گرنے سے عام حالات میں ناقابل برداشت زحمت و تکلیف ہو تو جائز ہے ورنہ نہیں۔

م۔۵۲۹ : کیا مسلمان عورت مغربی ممالک کے ان کالجوں میں داخلہ لے سکتی ہے جن میں مخلوط تعلیم ہوتی ہے۔ جن میں بعض طلباء اور طالبات کی روش آزادانہ ہے اور وہ اخلاقی اقدار کے پابند نہیں۔

جواب : ایسے حالات میں اگر خاتون کو یقین ہے کہ اس کا دین محفوظ رہے گا۔ حجاب سمیت دیگر شرعی فرائض کی پابند رہ سکے گی۔ حرام نگاہ اور مس کرنے سے اجتناب کر سکے گی اور اس آزاد اور بگڑے ہوئے ماحول سے متاثر نہیں ہو گی تو داخلہ لینے

زینت اور ستر کی نیت سے ظاہر کرنا جائز ہے ؟

جواب : عورت کے لئے مصنوعی بال لگوانا جائز ہے۔ لیکن یہ زینت ہے جسے نامحرم مردوں سے چھپانا واجب ہے۔

م۔ ۵۲۱ : کیا جوان خواتین وہ جراب استعمال کر سکتی ہیں جو جلد کی ہم رنگ ہوتی ہے اور پنڈلی کی خوبصورتی کا باعث بنتی ہے ؟

جواب : اس قسم کی جراب پہننا جائز ہے۔ لیکن اگر یہ لباس میں زینت شمار ہو تو اسے نامحرم مردوں سے چھپانا ضروری ہے۔

م۔ ۵۲۲ : کیا عورت وہ جراب پہن سکتی ہے جس سے پردہ تو ہوتا ہے مگر عضو کو نمایاں کر دیتی ہے ؟

جواب : اس کو پہننے میں کوئی حرج نہیں۔

م۔ ۵۲۳ : جو مسلمان نرس کسی کلینک میں کام کرتی ہے اور ظاہر ہے کہ اس میں مسلمان اور غیر مسلم مردوں کو ہاتھ لگایا جاتا ہے۔ کیا یہ کام جائز ہے ؟ جبکہ یہ بھی عیاں ہے کہ اس ملازمت کو ترک کرنا بھی ایک مشکل کام ہے کیونکہ ملازمت کے مواقع بہت کم ملتے ہیں۔ نیز یہ بھی فرمائیں کہ مسلمان مرد کے بدن کو چھونے اور غیر مسلم مرد کے بدن کو چھونے میں کوئی فرق ہے ؟

جواب : عورت کے لئے نامحرم مرد کے بدن کو ہاتھ لگانا جائز نہیں، چاہے وہ مرد مسلمان ہو یا غیر مسلم۔ مگر یہ کہ یہ ملازمت اس قدر ناگزیر ہے کہ جس کی وجہ سے حرام، حرام نہ رہے۔

م۔ ۵۲۴ : کیا خاتون ایڑی والے جوتے پہن سکتی ہے جن کے زمین پر لگنے اور ٹک ٹک کی آواز سے دوسروں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے ؟

جواب : اگر ایسے جوتے نامحرم مردوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کی غرض سے پہنے جائیں یا وہ عام طور پر فعل حرام میں مبتلا کرنے کا باعث بنیں تو جائز نہیں ہوگا۔

جبکہ سیکھنے کے دوران مرد استاد اور خاتون کے علاوہ کوئی تیسرا آدمی نہیں ہوتا اور فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ بھی نہیں ہوتا؟

جواب : اگر گمراہی اور اخلاقی بگاڑ سے محفوظ ہو تو کوئی حرج نہیں۔

م۔۵۱۷ :زنانہ آرائش کی دوکانوں پر خاتون کارکن کی ضرورت ہوتی ہے۔ کیا مؤمنہ خاتون کے لئے ایسی بے پردہ عورتوں کا بناؤ سنگھار جائز ہے جو آرائش کے بعد نا محرم مردوں کے سامنے جاتی ہیں۔ یہ عورتیں مسلمان ہوں یا غیر مسلم۔

جواب : اگر یہ عمل منکر اور برائی کی ترویج اور اس کو عام کرنے میں شریک شمار ہو تو جائز نہیں ہوگا۔ مگر اس عنوان (منکر کی ترویج میں شریک) کا صادق آنا بہت بعید ہے۔

م۔۵۱۸ :جو عورت اپنے چہرے کا پردہ نہیں کرتی کیا وہ اپنے چہرے کے بالوں کی صفائی اور ابروؤں کے کچھ بال صاف کر کے ان کو سیدھا کر سکتی ہے؟ اور کیا چہرے پر ہلکا پاؤڈر لگا سکتی ہے؟

جواب : چہرے کے بال صاف کرنے اور ابروؤں کو سیدھا کرنے سے، چہرے کو ظاہر کرنا ممنوع نہیں ہو جاتا بشرطیکہ فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ نہ ہو اور چہرے کو ظاہر کرنے کا مقصد بھی یہ نہ ہو کہ اس پر نامحرم مرد کی نظر پڑے۔ لیکن بناؤ سنگھار کی غرض سے سرخی پاؤڈر لگانے کے بعد چہرے کو چھپانا ضروری ہے۔

م۔۵۱۹ :کیا شادی کی زنانہ محافل میں اپنی طرف متوجہ کرنے کی غرض سے سب یا بعض بالوں کی رنگائی جائز ہے؟

جواب : اگر رنگائی کا مقصد صرف زینت ہو، کسی کو دھوکا دینا نہ ہو، مثال کے طور پر عیب یا سن و سال کی زیادتی کو چھپانا، تو کوئی حرج نہیں۔

م۔۵۲۰ :اگر کوئی خاتون اپنے اصل بال چھپانے کے لئے اپنے سر پر مصنوعی بال لگائے جن سے اس کے اصلی بال چھپ جائیں۔ کیا اپنے اصلی حلیہ کے برعکس اس حلیہ کو

م۔ ۵۱۳ :بہت ساری باحجاب مسلمان خواتین کی یہ عادت ہے کہ وہ گردن کا تو پردہ کر لیتی ہیں لیکن ٹھوڑی اور اس کے نیچے کا کچھ حصہ ظاہر رکھتی ہیں۔ کیا ان کا یہ عمل جائز ہے ؟ اور چرہ جس کو ظاہر رکھنا جائز ہے، کی حد کیا ہے ؟ کیا کان چہرے کا حصہ ہیں ؟

جواب : چرہ کانوں کو شامل نہیں، اس لئے انہیں چھپانا ضروری ہے۔ باقی رہا ٹھوڑی اور اس کے نیچے کا حصہ، جو عام طور پر چہرے پر مقنعہ پہنے ہوئے بھی دکھائی دیتا ہے، چہرے کا حصہ ہے اور اسے چھپانا ضروری نہیں۔

م۔ ۵۱۴ :کیا ان نامحرم عمر رسیدہ خواتین سے ہاتھ ملانا جائز ہے جو کسی نکاح کی خواہش نہیں رکھتیں ؟اور کس عمر کی خواتین پر یہ حکم صادق آتا ہے۔

جواب : بغیر ضرورت اور مجبوری کے کسی بھی (عمر کی) نامحرم عورت کو ہاتھ لگانا جائز نہیں اور عمر رسیدہ خواتین (جنہیں قرآن نے "قواعد،، کہا ہے اور انہیں پردے سے مستثنیٰ قرار دیا ہے) کی سن و سال کے لحاظ سے کوئی حد بندی نہیں، بلکہ اس سلسلے میں بعض عورتیں بعض سے مختلف ہوتی ہیں اور اس کا دارومدار وہی ہے جسے قرآن نے بیان کیا ہے یعنی زیادہ عمر کی وجہ سے ان میں نکاح کی خواہش اور رجحان نہ رہے۔

م۔ ۵۱۵ :اگر کسی ملک میں نقاب پہننا حیرت و تعجب کا باعث ہو اور اکثر اوقات لوگ سوالیہ نظروں سے دیکھیں (انگشت نمائی کرتے رہیں) تو کیا ایسی صورت میں نقاب پہننا بدنامی شمار ہو گا اور اس کا اتارنا واجب ہو گا ؟

جواب : نقاب اتارنا واجب نہیں۔ ہاں اگر نقاب پہننا عام لوگوں کے نزدیک باعث توہین اور تحقیر سمجھا جائے اور اس ملک کے تمام لوگوں کے نزدیک ایک برا عمل سمجھا جائے تو بدنام لباس شمار ہو گا اور اس کا پہننا جائز نہیں ہو گا۔

م۔ ۵۱۶ : کیا باحجاب خاتون کے لئے جائز ہے کہ وہ مرد استاد سے گاڑی کی ڈرائیونگ سیکھے

صاف صاف جواب دے سکتا ہے ؟

جواب : شرعی احکام کی تعلیم کی غرض سے خواتین اپنے سوالات کو صاف صاف بیان کر سکتی ہیں اور طالب علم بھی ان سوالات کے جوابات صاف صاف دے سکتا ہے، لیکن ان دونوں کے لئے لازمی ہے کہ وہ صدق نیت، پاکدامنی اور شرم و حیا کا خیال رکھیں اور ایسی چیزوں کے ناموں کی تصریح کرنے سے احتراز کریں جن کی تصریح قبیح اور ناپسند سمجھی جاتی ہے۔

م۔۵۱۱ : عورت سے ملاعبت اور چھیڑ چھاڑ کے دوران اس کی اندام نہانی سے ایک لیسدار مادہ خارج ہوتا ہے اور جب عورت سے ملاعبت اور چھیڑ چھاڑ مزید جاری رکھی جائے تو عورت کا جنسی ہیجان اور تناؤ اپنے عروج کو پہنچتا ہے اور اسے انزال ہو جاتا ہے اور مزید مواد خارج ہوتا ہے۔ کیا اس ہیجان کے آغاز ہی سے غسل واجب ہو جاتا ہے یا اس وقت غسل واجب ہوگا جب انزال ہو اور کیا غسل عورت کو وضو سے بے نیاز کر سکتا ہے ؟

جواب : غسل اس وقت تک واجب نہیں ہوتا جب تک اس کا جنسی ہیجان اپنے عروج تک نہ پہنچے۔ جب اس کا ہیجان اپنے عروج تک پہنچ جائے اور اس سے بہنے والا مواد خارج ہو جائے تو ہر اس کام کے لئے غسل واجب ہوگا جس میں حدث جنابت کا ازالہ اور طہارت لازمی ہے اور یہی غسل اسے وضو سے بھی بے نیاز کر دے گا۔

م۔۵۱۲ : بعض خواتین ایام حج میں ماہواری کو مؤخر کرنے کی غرض سے دوائیاں استعمال کرتی ہیں اور جب ماہواری کے دن آجاتے ہیں تو خاتون کا خون رک رک کر آتا ہے۔ کیا ایسی خاتون پر حیض والے احکام لاگو ہوں گے ؟

جواب : اگر خاتون کا خون رک رک کر آئے اور تین دن مسلسل نہ آئے، حتی کہ کچھ خون کے خارج ہونے کے بعد شرمگاہ کے اندرونی حصے میں بھی تین دن مسلسل نہ رہے تو ایسے خون پر حیض والے احکام لاگو نہیں ہوں گے۔

م۔۵۰۷ :عالمی شہرت یافتہ فلم ساز بیتشکوک کا کہنا ہے کہ مشرقی عورت کی جاذبیت بذات خود بہت زیادہ ہے اور یہ جاذبیت اور کشش اسے بہت زیادہ قوت وطاقت سے نوازتی ہے۔ لیکن ان کوششوں کے نتیجے میں، جو اس نے اپنے آپ کو مغربی عورت کے برابر لانے کی خاطر کیں، آہستہ آہستہ اس کا حجاب اتر گیا اور حجاب کے خاتمے کے ساتھ ساتھ اس کی جنسی کشش رفتہ رفتہ کم ہوتی چلی گئی۔

(حوالہ سابق)

م۔۵۰۸ :مشہور محقق اور دانشمند ویل ڈیورانٹ "عورت کے نزدیک جنسی روش کے اصول" سے متعلق لکھتے ہیں :

"آج عورت اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ بے راہروی ضعف وناتوانی اور ذلت کا باعث بنتی ہے اور اس نے اپنی بیٹیوں کو بھی یہی تعلیم دی ہے۔

(حوالہ سابق)

پس عورت عفت وپاکدامنی، حیا اور جسم پوشی کے قدرتی رجحان کی بدولت اپنی ارزش اور قیمت کو دوبالا کر دیتی ہے اور مردوں کے نزدیک اپنی عزت اور حیثیت کو استحکام بخش دیتی ہے۔

خواتین سے متعلق بعض استفتاءات اور آیۃ اللہ کے جوابات

م۔۵۰۹ :شہوت کی نیت سے عورت کا عورت کو گلے لگانا، اس کا بوسہ لینا اور اس سے چھیڑ چھاڑ کرنے کا کیا حکم ہے اور اگر معاملہ اس سے بھی آگے بڑھ جائے تو اس کا کیا حکم ہوگا؟

جواب : یہ سارے اعمال حرام ہیں اگرچہ ان کے درجات مختلف ہیں۔

م۔۵۱۰ :اکثر اوقات خواتین اپنے مخصوص مسائل کے جوابات کے لئے دینی طالبعلموں کی محتاج ہوتی ہیں۔ کیا یہ خواتین اپنے مخصوص مسائل طالب علموں کے سامنے کھول کر صاف صاف بیان کر سکتی ہیں اور کیا طالب علم بھی ان کے سوالات کے

دو سال سے پہلے بچے کا دودھ چھڑا دیں تو بہتر ہے۔

(منهاج الصالحين السيد سيستاني ج۲ص۱۲۰)

م۔۵۰۳: عورت کے لئے مستحب ہے کہ وہ شوہر کی جنسی ضرورت کو پورا کرنے کے علاوہ بھی اس کی گھریلو خدمت کرتی رہے۔ مثال کے طور پر گھر کا کھانا پکائے، کپڑے سی دے، گھر کی صفائی کرے اور کپڑے وغیرہ دھو کر دے۔ البتہ (جنسی ضرورت پوری کرنے کے علاوہ) یہ سارے کام عورت پر واجب نہیں۔

م۔۵۰۴: اجنبی عورت کی آواز سننا جائز ہے بشر طیکہ لذت و شہوت کی نیت سے نہ ہو اور فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ بھی نہ ہو۔ اسی طرح عورت کے لئے بھی جائز ہے کہ وہ اپنی آواز اجنبی مردوں کو سنائے مگر یہ کہ فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہو (اس صورت میں جائز نہ ہوگا)۔ البتہ عورت کے لئے اپنی آواز کو اس طرح دلکش اور خوبصورت بنانا جائز نہیں کہ سننے والے کے لئے عام طور پر ہیجان آور ہو اگرچہ سننے والا عورت کا محرم ہو۔

(حوالہ سابق ص ۱۵)

م۔۵۰۵: اگر عورت کسی بیماری کا علاج کرانے پر مجبور ہو اور مرد ڈاکٹر اس کا زیادہ ہمدرد ہو تو وہ عورت کے بدن کو دیکھ اور چھو سکتا ہے، بشر طیکہ اسے دیکھے اور ہاتھ لگائے بغیر علاج ممکن نہ ہو اور اگر صرف دیکھنے سے علاج ممکن ہو تو ہاتھ لگانا جائز نہیں اور اگر صرف ہاتھ لگانے سے علاج ممکن ہو تو دیکھنا جائز نہیں۔

(حوالہ سابق ص ۱۳)

م۔۵۰۶: بعض علماء کا خیال ہے کہ اسلام نے تمام تر جنسی لذتوں کو فیملی ازدواجی زندگی تک محدود کرنے کی خاطر، جو مرد عورت اور فیملی سبھی کی خدمت ہے، عورت پر اجنبی مردوں سے ملاقات کے موقع پر حجاب کو فرض قرار دیا۔

(مسئلہ حجاب الشیخ شہید مرتضی مطہریؒ)

سے محفوظ رہے ورنہ محرموں سے بھی پردہ کرنا واجب ہوگا۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۴۹۸ : عورت اپنے گھر سے، ضروری کاموں کے لئے، عطر لگا کر نکل سکتی ہے اگرچہ نامحرم مرد تک اس کی خوشبو پہنچ جائے بشرطیکہ اس کی وجہ سے اجنبی مرد کے جذبات برانگیختہ نہ ہوتے ہوں اور اس کے عطر لگانے کا مقصد بھی یہ نہ ہو۔

م۔۴۹۹ : عورت کسی اجنبی ڈرائیور کے ساتھ اکیلی گاڑی میں سفر کر سکتی ہے بشرطیکہ کسی فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ نہ ہو۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۵۰۰ : عورت کے لئے اپنی شرمگاہ کو اتنا چھیڑنا جائز نہیں کہ اس کی لذت اوج تک پہنچ جائے اور اسے انزال ہو جائے اور اگر اس سے اس کی لذّت اوج تک پہنچ جائے اور اس کا بہنے والا مواد خارج ہو جائے تو اس پر غسل واجب ہوگا اور وضو کی جگہ اسی غسل پر اکتفا کر سکتی ہے۔

(اس فصل سے ملحق استفتاءات ملاحظہ فرمائیں)

م۔۵۰۱ : وہ عورت جو بانجھ پن کی بیماری میں مبتلا ہے علاج کی غرض سے اپنی شرمگاہ کو ظاہر کر سکتی ہے بشرطیکہ اولاد اس کی ضرورت ہو اور اولاد نہ ہونے سے اتنی مشقت و تکلیف ہوتی ہو جس سے انسان مکلف نہ رہتا ہو۔

م۔۵۰۲ : بچے کو اپنی ماں کا دودھ پلانا چاہئے چنانچہ حدیث میں ہے :

ما من لبن رضع به الصبی اعظم برکة علیه من لبن امه۔

"اور بچے کے لئے اپنی ماں کے دودھ سے زیادہ با برکت کوئی اور دودھ نہیں۔"

بچے کو اکیس ماہ دودھ پلانا چاہئے اور اس سے کم نہیں پلانا چاہئے۔ اسی طرح دو سال سے زیادہ عرصہ بھی نہیں پلانا چاہئے اور اگر والدین باہمی رضامندی سے

شریعت میں عورتوں کے خاص خاص احکام ہیں جو اسلامی فقہ کی کتابوں میں درج ہیں اور ان کے بارے میں فقہ کے مختلف ابواب میں تفصیلی بحث کی گئی ہے۔

امریکا اور یورپی ممالک کے غیر اسلامی ممالک میں رہنے کی وجہ سے مسلمان خواتین نئے حالات سے دوچار ہو جاتی ہیں جس کی وجہ سے ان کے سامنے نئے نئے مسائل اور استفسارات وسوالات ابھرتے رہتے ہیں۔ اس وقت ان بعض سوالات کو ذیل میں پیش کر رہا ہوں جن کے ساتھ بعض دوسرے اور مشہور احکام بھی ذکر کروں گا۔ مجھے امید ہے کہ ہماری قارئات کے لئے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔

م۔۴۹۵ : عورت نامحرم مرد کے سامنے اپنا چہرہ اور ہتھیلی ظاہر کر سکتی ہے بشرطیکہ اس سے فعلِ حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ نہ ہو اس کا مقصد مردوں کو حرام نگاہ میں مبتلا کرنا نہ ہو اور عام طور پر فعل حرام میں مبتلا ہونے کا موجب نہ بنے، ورنہ (اگر فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہو تو) محرم مردوں سے بھی پردہ کرنا واجب ہوگا۔

م۔۴۹۶ : عورت کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے قدموں کی پشت نامحرم مردوں کے سامنے ظاہر کرے، البتہ اگر نامحرم نہ دیکھ رہا ہو تو نماز کی حالت میں پاؤں کے اوپر اور نیچے کے حصے کو ظاہر کرنا جائز ہے۔

م۔۴۹۷ : عورتوں کے لئے آنکھوں میں سرمہ لگانا اور انگوٹھی پہننا جائز ہے، بشرطیکہ اس کا مقصد مردوں کی شہوت وجذبات کو ابھارنا نہ ہو اور فعل حرام میں مبتلا ہونے

ذیل میں بعض ایسے مواد اور اجزاء درج کئے جاتے ہیں جو عام طور پر کھانے پینے کی چیزوں میں شامل ہوتے ہیں۔ یہ مواد اور اجزاء نباتات یا حیوانات یا کیمیائی طریقے سے بنائے جاتے ہیں چونکہ اکثر غذائی اشیاء پر چسپاں معلومات، ان تمام اجزاء پر مشتمل نہیں ہوتیں جو ان غذائی اشیاء میں شامل ہوتے ہیں اس لئے ان اشیاء میں شامل اجزاء کے حلال یا حرام ہونے کا حتمی حکم اسی صورت میں ممکن ہے جب ان اشیاء کو بنانے والی کمپنیوں کی طرف رجوع کیا جائے۔

جو اجزاء اور مواد ہم نے بیان کئے ہیں ان کے بارے میں ہم نے یہ کوشش کی ہے کہ اپنی معلومات کی روشنی میں اس کے حلال استعمال کی صلاحیت کو بیان کریں اس کے ساتھ ان نکتے کی طرف بھی اشارہ کیا گیا ہے کہ استعمال کرنے والے پر واجب نہیں کہ وہ ان غذائی اشیاء کے اجزاء کے بارے میں پوچھ گچھ اور تحقیق کرے تاکہ اس بات کا یقین حاصل کر لیا جائے کہ وہ ایسے اجزا سے خالی ہیں جن کا کھانا جائز نہیں۔

(مأکولات اور مشروبات سے مخصوص فصل کی طرف رجوع فرمائیں)

1۔ Acetic Acid: (سرکہ میں ۵ سے ۱۰ فیصد تک ہوتا ہے، باقی پانی ہوتا ہے) یہ چیز سبزیوں کے جوس اور رس سے بنائی جاتی ہے چنانچہ کیمیائی طریقے سے اور حیوانات کے پٹھوں سے بھی بنائی جاتی ہے۔ ظاہر ہے کہ اگر اسے سبزیوں کے رس یا کیمیائی مواد سے بنایا جائے تو اس کو مأکولات میں استعمال کیا جا سکتا ہے لیکن اگر اسے ایسے حیوان کے پٹھوں سے

بنایا جائے جسے شرعی طریقے سے ذبح نہیں کیا گیا تو اسے ایک حلال مواد کی طرح ماکولات میں استعمال کرنا ممکن نہ ہوگا مگر یہ کہ اس میں استحالہ کے شرائط پائی جائیں۔

2۔ Adipic Acid : اس کی اصل نباتات سے ہے البتہ اسے کیمیائی طریقے سے بھی تیار کیا جاسکتا ہے اس وجہ سے اسے کھانے پینے میں استعمال کرنا جائز ہوگا۔

3۔ Agar : اسے عام طور پر سمندری نباتات سے بنایا جاتا ہے Gelatan کے متبادل کے طور پر استعمال ہوتا ہے چونکہ یہ اصل میں نباتات سے بنایا جاتا ہے اس لئے اس کا کھانا حلال ہے۔

4۔ C 30 Apocartenal E160e Beta-apa-8-Carotenal

اسے نباتات سے بنایا جاتا ہے اور یہ مالٹے رنگ کا ہوتا ہے۔ مگر کبھی کبھی جلاٹن یا خنزیر کی انتڑیوں سے بنائے گئے روغنی مواد کو پانی میں پگھلانے میں استعمال ہوتا ہے اگر جلاٹن کی اصل مچھلی کے علاوہ کوئی اور حیوانی مواد ہو تو ماکولات میں اس کا استعمال جائز نہیں ہوگا اور اس کا کھانا جائز نہیں۔

5۔ Carmine/Cochineal E-120 : یہ ایک رنگین مواد ہے جسے Cachineal Caeti نامی کیڑے سے نکالا جاتا ہے اور کھانوں میں اس کا استعمال جائز ہے۔

6۔ Casein : یہ ایک پروٹین ہے جس کی اصل دودھ ہے اور پنیر بنانے میں استعمال ہوتا ہے جو حیوانی یا نباتاتی انزائیم یا کھٹی چیزوں کو ملانے کے بعد مکمل ہوتا ہے لہذا اگر اس میں شامل انزائیم کی اصل حیوانی اجزاء نہ ہوں تو کھانے میں استعمال جائز ہوگا لیکن اگر اس میں شامل انزائیم حیوانی ہوں اور ایسے حیوان کے اجزاء سے بنایا گیا ہو جسے شرعی طریقے سے ذبح نہ کیا گیا ہو اور اس کا استحالہ بھی نہ ہوا ہو تو اس کو حلال شمار کرنے کی کوئی گنجائش نہ ہوگی۔

7۔ Chocolate Liquor : یہ ایک مائع ہے جس کا ذائقہ میٹھا ہے اور چاکلیٹ میں

شامل ہے جسے خوشبو کی خاطر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ کوئی مشروب نہیں ہے اور نہ اس میں الکحل شامل ہے جیسے لفظ Liquor سے یہ خیال کیا جاتا ہے۔ صرف مائع ہونے کی وجہ سے اس کا یہ نام پڑ گیا ہے۔ بہر حال کھانوں میں اس کا استعمال جائز ہے جو کہ بالکل واضح ہے۔

8۔ Dextrose (Cornrsyrup) : یہ ایک شکر ہے۔ چونکہ اس کی اصل نباتات ہے اس لئے کھانوں میں اس کا استعمال جائز ہے۔

9۔ E153-Carbon Black یہ ایک رنگ ہے جسے ہڈیوں 'گوشت' لکڑی یا سیاہ رنگ نباتات سے نکالا جاتا ہے۔ اگر اس بات کا امکان ہو کہ اس کی اصل حیوانی اجزاء نہ ہوں تو اکثر اوقات ماکولات میں اس کا استعمال جائز ہو گا ہمیشہ نہیں۔ پس اگر یہ چیز لکڑی یا سیاہ رنگ کے نباتات سے بنی ہوئی ہو گی تو حلال ہو گی۔ نیز اس صورت میں بھی حلال ہو گی جب شک ہو کہ یہ نباتیاتی ہے یا حیوانی۔ لیکن اگر اس بات کا علم اور یقین ہو کہ اس کی اصل حیوانی اجزاء ہیں تو یہ صرف اسی صورت میں حلال ہو گا جب اس حیوان کے شرعی طریقے سے ذبح ہونے کا یقین ہو یا اس کا استحالہ ہوا ہو اور اگر اس کا استحالہ نہ ہوا ہو اور یہ بھی ثابت ہو کہ اسے حیوان کے اجزاء سے بنایا گیا ہے جسے شرعی طریقے سے ذبح نہیں کیا گیا تو وہ نجس ہو گا۔

10۔ E 322-Lecithino : یہ ایک کیمیائی مادہ ہے جسے انڈے کی زردی سے بنایا جاتا ہے لیکن تجارتی سطح پر سویابین کے تیل سے بنایا جاتا ہے۔ اس کا استعمال حلال ہے۔

11۔ E422-Glycerine/Glycerol : یہ ایک صاف وشفاف مائع ہے جسے حیوانات 'نباتات اور کیمیکلز سے بنایا جاتا ہے اگر اس کی اصل نباتات اور کیمیکلز ہوں تو یہ حلال ہو گا اور اگر اس کی اصل حیوانی اجزاء ہوں اور اسے ایسے حیوان سے نکالا گیا ہو جسے شرعی طریقے سے ذبح نہ کیا گیا ہو اور اس کا استحالہ بھی نہ ہوا ہو تو یہ حلال نہ ہو گا

12۔ E471-Mono and Di-glycerides of fatty Acid : اسے نباتات اور حیوانات دونوں سے بنایا جاتا ہے اور نباتات سے بنایا گیا ہو تو کھانے میں اس کا

استعمال حلال ہوگا اور اگر ایسے حیوان سے بنایا گیا ہو جسے شرعی طریقے سے ذبح نہیں کیا گیا مگر استحالہ ہو گیا ہو تو حلال ہوگا ورنہ حرام ہوگا۔

13۔ E 472 (a-f) Acid ester of Mono and Di-glycerides of fatty Acids اسے نباتات اور حیوانات دونوں سے بنایا جاتا ہے اگر نباتات سے بنایا گیا ہو یا ایسے حیوان سے بنایا گیا ہو جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہو یا اسے شرعی طریقے سے ذبح تو نہیں کیا گیا مگر اس کا استحالہ ہو گیا ہو یعنی کسی اور مواد میں تبدیل ہو گیا ہو تو وہ حلال ہوگا۔

14۔ E476 - Polyglycerol Esters of Polycondensed fatty acid of castor Oil: اگر اسے حیوانی اجزاء سے بنایا گیا ہو تو وہ حرام ہوگا مگر یہ کہ اس کا استحالہ ہوا ہو۔

15۔ E621-Monosodium Glutamate : اسے جاپان کے ساحل سمندر پر اگنے والے سبزے اور گنے سے بنایا جاتا ہے اور چینی کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔ چونکہ اس کی اصل نباتات سے ہے اس لئے یہ حلال ہے۔

16۔ Gelatine : یہ ایک مواد ہے جسے نباتات یا حیوانی اجزاء سے بنایا جاتا ہے۔ اگر نباتات سے بنا ہوا ہو تو اس کے استعمال میں کوئی اشکال نہیں اور اگر ایسے حیوان سے بنایا گیا ہو جسے شرعی طریقے سے ذبح نہیں کیا گیا تو آیۃ اللہ العظمی خوئی (قدس) کے فتوی کے مطابق حلال ہے اس لئے کہ اس پر استحالہ کے احکام لاگو ہوں گے۔ لیکن آقای سیستانی (دام ظلہ) کے فتوی کے مطابق یہ حرام ہے اس لئے کہ آقای سیستانی اس شرط پر استحالہ کو مطہرات میں شامل کرتے ہیں کہ پہلی چیز کے بنیادی اجزاء باقی نہ رہے ہوں۔

17۔ Guar Gum : (گوارے کی گوند) اسے نباتات سے بنایا جاتا ہے اس لئے اسے ماکولات میں استعمال کرنا جائز ہے۔

18۔ Lactic Acid : اسے باجرہ، سویابین اور گنے سے بنایا جاسکتا ہے نیز کیمیکلز سے بھی بنایا جاسکتا ہے۔

19۔ Pectin : یہ ایک مواد ہے جسے پھلوں سے نکالا جاتا ہے اور تجارتی سطح پر سیب سے بنایا جاتا ہے اور مربوں اور جیلی بنانے میں استعمال ہوتا ہے اور مأکولات میں اس کا استعمال جائز ہے۔

20۔ Pepsin : یہ انزائیم کی ایک قسم ہے جو حیوانات کے معدہ میں موجود ہوتا ہے اور تجارتی سطح پر خنزیر کے معدے سے لیا جاتا ہے اور اس کا کھانا حرام ہے جو ایک واضح حقیقت ہے مگر یہ کہ اس کا استحالہ ہو جائے۔ جس کی طرف گزشتہ مسائل میں اشارہ کیا جاچکا ہے۔

21۔ Renin (Rennet) : یہ پنیر مایہ کا انگلش نام ہے۔ یہ ایک مواد ہے جو پنیر بنانے میں استعمال ہوتا ہے جسے بچھڑا یا نباتات اور جراثیموں سے بنایا جاتا ہے۔

22۔ Whey (Whey Powder) Whey Solids, Whey Liquid

یہ ایک مائع ہے جس کی اصل دودھ ہے۔ دہی یا خراب ہو جانے والے دودھ میں سے جو مائع الگ ہوتا ہے اسے کہتے ہیں

ضمیمہ سوم

چھلکے والی بعض ان مچھلیوں کے نام

اور

تصاویر جن کا کھانا حلال ہے۔

الاسم العلمي (باللاتينية)	الاسم بالانجليزية	الاسم بالفرنسية	الاسم بالعربية
Alosa Sardina Clupea Sardina	Sardine	Sardines - Sarda	سردين
	Pilchard	Pilchard - célan	البلشار (نوع يشبه السردين
	Coal Fish	Colin - Lieu noir	نازلي
Cyprinus - Carpio	Carp	Carpe	شبّوط
Mugil	Mugil - Grey Mulet	Muge - Mulet Mullet	بوري / بيّاح (أكثر من مئة نوع
Thynnus	Tunny - Tuna	Thon	تن / تون / طون
Thynnus Alalonga	White Tunny-Fish	Thon Blanc-Germon	تور أبيض / طون بيض / كنعد / كعند
Salmo Salar	Salmon	Saumon	سمك سنبماں /
Trutta	Trout	Truite	تروتة / أطروط
Solea	Sole	Sole	سمك موسى
Clupea	Herring	Hareng	رنكة
Perca fluviatilis	Perch	Perche	سمك الفرخ
Gadus	cod-codfish	Morue-Gade	غادُس / غُدس / غَيدس / مورة
	Cod	Cabillaud	غادُس أسمر

Platycephalus	Flathead	Platycéphale	راقود
Morone Labrax	Sea Bass	Bar-Loup-Louvine Loubine	قاروس/قَروس
Cobitis-Fossilis	Pond Loach	Loche D'étang	لُخ/ كُبيت
Lucioperca Lucioperca	Pike-Perch	Sandre	صَنْدر
Osmerus Eperlanus	Smelt	Eperlan	سمك البنفسج
Thymallus Thymallus	Grayling	Ombre	عَتوم
Alosa	Allice Shad	Alose	شابل
Priacanthus	Catalufa Bigeye	Priacanthe	خُشَرْم/ خُمرور / أبو عين
Tinca Tinca	Tench	Tanche	كمهة
Barbus Barbus	Barbel-Barbus	Barbeau Commun Barbot	بُنّي/ بربيس
Scardinius Erythrophtalmus	Rudd	Rotengle	برعان أحمر
Rhodeus Amarus Bloch	Bitterling	Bouviére	قنومة
Leucaspius delineatus	Rain-Bleak	Able de Stymphale	سمكة بيضاء

Alburnoides Bipunctatus	Stream-Bleak	Ablette De Riviére spirlin	سمكة بيضاء (نوع ثان)
Alburnus Alburnus	Bleak	Ablette	سمكة بيضاء (نوع آخر)
Rutilus Pigus	Danube Roach	Gardon Galant	برعان (دانوبي)
Pelecus Cultratus	Sabre Carp	Rasoir	
Abramis-Ballerus	Zope	Zope	
Chrysophrys	Gilt-Head	Daurade Daurat	ربّاك
Platichthys-Flesus	Flounder	Flet	سمك التُرس
	Brill	Barbue	سمك البريل
Aspius-Aspius		Aspe	مُطوَقة/ أم حَسَرْد
Acerina Cernua	Ruffe-Pope	Grémille	فرخ غجومي
Chondrostoma Nanus	Common Nose	Nase Commun	
Micropterus Salmoides	Black-Bass	Black-Bass	فرخ أسود
Squaalius-Leuciscus	Dace	Vandoise	فاندوازة
Pagrus	Porgy	Pagre	قُجاج
Rutilus-rutilus	Roach	Gardon Commun	برعان
Abramis Vimba	Zaerthe	Zahrte	

Leuciscus Idus Idus Idus	Ide	Ide (Mélanote)	سمك الارجوان
Phoxinus Phoxinus	Minnow	Vairon	فيرون
Squalius Cephalus Leuciscuc Cephalus	Chub	Chevine Chevenne	سمك الطحان
Scomber Scombrus	Maquerel Mackerel	Maquereau	إسقُمري/ طراخور
Abramis-Brama	Abramis-Bream	Braine-Breme	ابراميس/ براميس
Pagellus	Braise-Braize Red Porgy	Pagel-Pageau Pageul	فريدي
Sargus	Sargo-Sargue	Sargue	سرغوس

أسماك ذوات فلس ذُكرت في الملحق

Alose
شابل
Sandre
صندر
Loche d'étang
لخ / كبيت
Perche
سمك الفرخ

Bouvière
قنومة
Barbeau Commun
بني / بربيس
Rotengle
برعان أحمر
Tanche
كمهة

Flet
سمك الترس
Zope
Rasoir
Spirlin
سمكة بيضاء (نوع ثانٍ)

Gardon Commun
برعان
Black-bass
فرخ أسود
فاندوازة
Vandoise
Aspe
مُطوّقة / أم خشْرَد

سمكة بيضاء (نوع آخر)
Eblette
سمك الطحّان
Chevenne
فيرون
Vairon
Zahrte

Braine / Brème
أبراميس / براميس
ide mélanote
سمك الأرجوان
Grémille
فرخ غجومي
Nase Commun

م۔۵۵۷: ایک مسلمان جو پہلے آزاد خیال اور لا پرواہ تھا اور اب دیندار اور پرہیز گار بن گیا ہے۔ کیا یہ شخص باخود یا دوستوں کے سامنے ان پرانے گانوں کو گا سکتا ہے جو اسے یاد ہیں؟

جواب: اگر اس پر غنا اور گانا صادق آتا ہو تو جائز نہیں۔

م۔۵۵۸: بعض اجنبی زبانوں (مثلاً انگلش) کے گانے ہوتے ہیں جو ان زبانوں کے اساتذہ کی طرف سے پڑھائے جاتے ہیں تا کہ ان زبانوں کو سیکھنے میں آسانی ہو۔ کیا اس مقصد کے لئے ان کو سننا جائز ہے؟

جواب: اگر ان پر گزشتہ معنی میں غنا صادق آئے تو جائز نہیں۔

م۔۵۵۹: موسیقی کے آلات کی کئی قسمیں ہیں جو کبھی غنا کی محفلوں میں استعمال ہوتے ہیں اور کبھی نفس کو راحت اور سکون پہنچانے کی غرض سے استعمال ہوتے ہیں۔ کیا ایسے آلات کو خریدنا، ان کو بنانا، ان کی تجارت کرنا، نفس کو سکون پہنچانے کی خاطر ان کو بجانا اور ان پر بجنے والے ساز کو سننا جائز ہے؟

جواب: حرام لہو ولعب کے آلات کی تجارت، خرید و فروخت کی صورت میں ہو یا کسی اور صورت میں، جائز نہیں۔ چنانچہ ان کو بنانا اور اس کی اجرت (مزدوری) لینا بھی جائز نہیں۔ حرام لہو ولعب کے آلات کا مطلب یہ ہے کہ اس کی موجودہ ساخت، شکل و صورت، جس پر اس کی مالیت وارزش کا انحصار ہو اور جس کی خاطر اکثر اوقات اسے پاس رکھا جاتا ہے، حرام لہو سے ہی مناسبت رکھتی ہو۔

م۔۵۶۰: کیا ان موسیقی کے آلات کو بنانا اور ان کی خرید و فروخت کرنا جائز ہے جن کے ذریعے بچوں کو بہلایا جاتا ہے اور کیا بڑوں کے لئے ان کا استعمال جائز ہے؟

جواب: اگر ان آلات سے موسیقی کی ایسی آواز نکلتی ہو جو لہو ولعب سے مناسبت رکھتی ہو تو اس کا کاروبار کرنا جائز نہیں ہے اور مکلفوں (بالغوں) کے لئے ان کا استعمال بھی جائز نہیں۔

م۔۵۶۱ :برطانیہ وغیرہ کے سرکاری اسکولوں میں ایک مضمون پڑھایا جاتا ہے جس میں موسیقی کی خاص دھنوں میں رقص سکھایا جاتا ہے جس کے ذریعے دوران رقص طالب علموں کی حرکات کی راہنمائی کی جاتی ہے۔

الف۔ کیا اس قسم کی کلاسوں میں شرکت کرنا جائز ہے ؟

ب۔ اور کیا والدین پر واجب ہے کہ اگر ان کے جوان بیٹے یا بیٹیاں اس کلاس میں شرکت کرنا چاہیں تو انہیں منع کریں ؟

جواب : الف۔ اگر اس سے بچوں کی دینی تربیت پر برا اثر پڑتا ہو، چنانچہ غالباً ایسا ہی ہوتا ہے تو جائز نہیں۔ بلکہ احتیاط کے طور پر ہر حالت میں (برا اثر نہ بھی پڑتا ہو) جائز نہیں۔

ب۔ جی ہاں۔ والدین پر واجب ہے کہ اپنے بچوں کو منع کریں۔

م۔۵۶۲ : کیا رقص کے فن کو سیکھنا جائز ہے ؟

جواب : بطور احتیاط کسی صورت میں جائز نہیں۔

م۔۵۶۳ : کیا رقص کی ایسی محفلیں منعقد کرنا جائز ہے جن میں صرف میاں بیوی ہلکی موسیقی کی دھن میں اور مناسب لباس میں جو مبتذل نہ ہو، رقص کرتے ہوں ؟

جواب : جائز نہیں۔

م۔۵۶۴ : کیا عورتیں عورتوں کے سامنے اور مرد مرد کے سامنے موسیقی کے ساتھ یا بغیر موسیقی کے غیر مخلوط محفل میں رقص کر سکتے ہیں ؟

جواب : عورتوں کے سامنے عورتوں کا رقص اور مردوں کے سامنے مردوں کا رقص اشکال سے خالی نہیں۔ احتیاطاً اس کو ترک کرنا چاہئے۔ موسیقی کا حکم گزشتہ مسائل میں بیان کیا جا چکا ہے۔

م۔۵۶۵ : کیا بیوی شوہر کے سامنے موسیقی کے ساتھ یا بغیر موسیقی کے رقص کر سکتی ہے ؟

جواب : اگر حرام موسیقی کے ساتھ نہیں ہے تو جائز ہے۔

م۔٥٦٦ :بعض مغربی ممالک میں طلباء وطالبات کو رقص کا فن سیکھنے پر مجبور کیا جاتا ہے اس رقص کے ساتھ عام غنا نہیں ہوتا اور نہ کسی قسم کے لہو ولعب کی خاطر کیا جاتا ہے۔بلکہ درسی مضامین میں شامل ہے۔کیاوالدین کے لئے حرام ہے کہ وہ اپنے بچوں کو ان کلاسوں میں شرکت کی اجازت دیں ؟

جواب : جی ہاں ! اگر یہ چیز ان کی دینی تربیت کے منافی ہو تو حرام ہے۔ بلکہ اگر طالب علم بالغ ہو تو بطور احتیاط ہر حالت میں (منافی ہو یا نہ ہو) حرام ہے۔ مگر یہ کہ ان طلباء کے پاس کلاسوں میں شرکت کے جائز ہونے کی کوئی شرعی حجت اور دلیل موجود ہو۔ مثال کے طور پر ان کا مرجع تقلید اس کو جائز سمجھتا ہو، ایسی صورت میں ان کو اجازت دینے میں کوئی حرج نہیں۔

☆☆☆☆☆

گیارہویں فصل

متفرق مسائل

☆ مقدمہ

☆ بعض متفرق اور مفید احکام

☆ مختلف امور سے متعلق استفتاءات

اس فصل میں قارئین کرام کی خدمت میں امور زندگی سے متعلق ایسے شرعی احکام اور استفتاءات پیش کئے جائیں گے جو گزشتہ فصلوں میں سے کسی فصل میں بہت کم ذکر کیے گئے ہوں گے۔ اس لئے میں نے مناسب سمجھا کہ ان کو متفرقات کے نام سے ایک مستقل فصل میں درج کروں۔

یہ متفرقات درج ذیل احکام پر مشتمل ہیں:

م۔ ۵٦٧ :اللہ تعالی کی عبودیت کے مفہوم پر مشتمل اسماء کے مطابق نام رکھنا مستحب ہے ۔چنانچہ پیغمبر اکرم (ص) باقی انبیائے کرام، حضرت علی (ع)، امام حسن (ع)، امام حسین (ع)، جناب جعفر طیارؓ، طالب، حمزہؓ اور حضرت فاطمۃ الزہرا (س) کے اسماء کے مطابق نام رکھنا مستحب ہے اور اسلام اور اہل بیت (ع) کے دشمنوں کے نام کے مطابق نام رکھنا مکروہ ہے۔

م۔ ۵٦٨ : ہجری دو سال تک اولاد کی پرورش چاہے لڑکا ہو یا لڑکی والدین کا یکساں حق ہے اور باپ کے لئے جائز نہیں کہ وہ ان دو سالوں کے دوران بچے کو اس کی ماں سے الگ کر دے اور ہجری دو سال کے مکمل ہونے کے بعد یہ حق باپ کے ساتھ مخصوص ہو جاتا ہے۔ تاہم مستحب ہے کہ باپ سات سال تک بچے کو اس کی ماں سے جدا نہ کرے۔

م۔ ۵٦٩ :اگر فسخ یا طلاق کی وجہ سے بچے (لڑکا ہو یا لڑکی) کے دو سال پورے ہونے سے پہلے اس کے والدین میں جدائی آجائے تو اس وقت تک ماں کا حق پرورش ساقط اور ختم نہیں ہو جاتا جب تک وہ کسی اور مرد سے شادی نہ کرلے۔ اس لئے والدین کے

لئے ضروری ہے کہ وہ پرورش کے اس مشترک حق کو باری باری یا کسی اور انداز میں (جس پر ان کا اتفاق ہو) استعمال کرتے رہیں۔

(الف) اگر بچے کے باپ سے جدائی کے بعد اس کی ماں کسی اور مرد سے شادی کر لے تو ماں کا پرورش کا حق ساقط (ختم) ہو جاتا ہے اور باپ کے ساتھ مخصوص ہو جاتا ہے۔

م۔۵۷۰: بچے کے بالغ اور سمجھدار ہو جانے کے بعد سب کا حق پرورش ختم ہو جاتا ہے۔ اس بناء پر بچہ بالغ اور سمجھدار ہو جائے تو اس کی پرورش کا حق کسی کے پاس نہیں رہتا یہاں تک کہ والدین کا حق بھی ختم ہو جاتا ہے۔ چہ جائیکہ کسی اور کو یہ حق حاصل ہو۔ بلکہ بچہ چاہے وہ لڑکا ہو یا لڑکی اپنے معاملات کا خود ہی مالک بن جاتا ہے اور اسے یہ اختیار حاصل ہو جاتا ہے کہ والدین یا کسی اور میں سے جس کے ساتھ چاہے جا ملے۔ البتہ اگر والدین سے جدائی ان کی شفقت کی وجہ سے ان کے لئے باعث اذیت ہو تو ان کی مخالفت جائز نہیں ہو گی اور اگر بچے کو ساتھ رکھنے میں ماں باپ میں اختلاف ہو جائے تو ماں' باپ پر مقدم ہو گی۔

م۔۵۷۱: اگر بچے کا باپ مر جائے تو اس کی ماں دوسروں کی نسبت بچے کے بالغ ہونے تک اس کی پرورش کی زیادہ حقدار ہے۔

م۔۵۷۲: اگر بچے کی پرورش کے دوران اس کی ماں کا انتقال ہو جائے تو بچے کی پرورش اس کے باپ کے ساتھ مخصوص ہو جائے گی۔

م۔۵۷۳: جس طرح بچے کی پرورش والدین کا حق ہے اسی طرح بچے کا بھی اپنے والدین پر یہ حق بنتا ہے کہ وہ اس کی پرورش کریں۔ پس اگر بچے کے والدین اس کی پرورش سے انکار کر دیں تو انہیں اس پر مجبور کیا جائے گا۔

م۔۵۷۴: اگر بچے کے والدین موجود نہ ہوں تو پرورش کا حق دادا کو حاصل ہو گا۔

م۔۵۷۵: والدین میں سے جس کو بھی بچے کی پرورش کا حق حاصل ہو اسے یہ حق بھی پہنچتا

ہے کہ اپنے بچے کی تربیت کی ذمہ داری کسی اور شخص کو سونپ دے۔ بشرطیکہ انہیں اطمینان ہو کہ وہ شخص اپنی شرعی ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھائے گا۔

م۔۵۷۶: والدین اور ان کے علاوہ جسے بھی بچے کی پرورش کا حق حاصل ہو اس میں یہ شرط ہے کہ وہ عاقل ہو اس کی طرف سے بچے کی سلامتی اور نگہداشت یقینی ہو اور مسلمان ہو۔ پس اگر بچے کا باپ کافر ہو اور بچہ محکوم بہ اسلام ہو (اس پر مسلمان والے احکام لاگو ہوتے ہوں) اور اس کی ماں مسلمان ہو تو بچے کی پرورش ماں کے ساتھ مخصوص ہو جائے گی اور اگر باپ مسلمان ہو اور ماں کافر ہو تو بچے کی پرورش کا حق صرف باپ کو حاصل ہو گا۔

م۔۵۷۷: بیٹے پر فقیر اور نادار والدین کا نان ونفقہ واجب ہے۔

م۔۵۷۸: باپ پر فقیر و نادار اولاد کا نان ونفقہ چاہے وہ لڑکا ہو یا لڑکی واجب ہے۔

م۔۵۷۹: قریبی رشتہ دار جیسے ماں باپ اور دادا کا نان و نفقہ واجب ہونے کی شرط یہ ہے کہ وہ فقیر ہوں یعنی ان کے پاس فی الحال ضروریات زندگی مثلاً کھانے پینے کی چیزیں لباس' فرش رہائشی مکان وغیرہ نہ ہوں۔

م۔۵۸۰: قریبی رشتہ دار کے نان و نفقہ کی شرعی طور پر کوئی حد بندی نہیں ہے' بلکہ اس مقدار میں روٹی' سالن اور رہائشی مکان کا بندوبست کرنا ضروری ہے جو علاقہ' زمانہ اور ان کی شان کے مطابق زندگی گزارنے کے لئے ضروری ہے۔

(الف) کسی شخص پر قریبی رشتہ دار کا نان و نفقہ اس صورت میں واجب ہو گا جب خرچہ دینے والا اپنے اور اپنی دائمی زوجہ کے اخراجات کے بعد دیگر قریبی رشتہ دار کے نان و نفقہ کی استطاعت رکھتا ہو۔

م۔۵۸۱: جس شخص کے ذمے کسی کا نان ونفقہ واجب ہو۔ اگر وہ نان ونفقہ دینے سے انکار کر دے تو نفقہ کے حقدار کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ اسے نان ونفقہ دینے پر مجبور کرے' اگرچہ اس کے لئے کسی حکمران کی طرف رجوع کرنا پڑے اور وہ کوئی ظالم

حکمران ہو اور اگر اسے نان و نفقہ دینے پر مجبور نہ کیا جا سکے اور اس کا کوئی مال ہو (جو نان و نفقہ کے حقدار کے اختیار میں ہو) تو اس میں سے حاکم شرع کی اجازت سے اپنے نفقہ کے برابر وصول کر سکتا ہے اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو حاکم شرع کی اجازت سے اس شخص کی ذمہ داری پر کسی سے قرض لے جس کے ذمے نان و نفقہ واجب ہے جس کے نتیجے میں اس قرض کی ادائیگی اس پر واجب ہو جائے گی اور اگر اس سلسلے میں حاکم شرع کی طرف رجوع کرنا ممکن نہ ہو تو عادل مؤمنین کی طرف رجوع کرے اور ان کی اجازت سے قرض حاصل کرے جس کی ادائیگی اس شخص کے ذمے ہو گی جس پر نان و نفقہ واجب ہے۔

م۔ ۵۸۲ :اگر دین اسلام اور اس کے مقدس احکام مسلمانوں کی اقدار اور ان کے شہروں کی حفاظت ایک یا کئی افراد کے ذاتی مال میں سے انفاق پر منحصر ہو تو اس شخص یا اشخاص پر واجب ہے کہ وہ فی سبیل اللہ انفاق کر کے دین اور اس کے احکام وغیرہ کی حفاظت کرے اور اس انفاق کرنے والے کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ کسی سے اس کا معاوضہ وصول کرنے کا قصد اور ارادہ کرے اور نہ اس کار خیر میں خرچ کی گئی رقم کا کسی سے مطالبہ کر سکتا ہے۔

م۔ ۵۸۳ : کسی بھی حیوان کو چاہے اس کا کوئی مالک ہو یا نہ ہو اس طرح سے کسی جگہ بند کر دینا کہ اسے کوئی کھانے پینے کی کوئی چیز نہ دی جائے کہ وہ مر جائے جائز نہیں ہے۔

(منہاج الصالحین ۱۲۰ اور ۱۳۹)

اس فصل سے مخصوص استفتاءات اور آیۃ اللہ سیستانی کے جوابات :

م۔ ۵۸۴ : کیا ایسی فلم بنانا اور ڈرامہ کرنا جائز ہے جس میں پیغمبر اکرم (ص) یا کسی نبی یا معصومین (ع) میں سے کسی امام کی شبیہ دکھائی جاتی ہے یا کسی مقدس تاریخ کے رموز کو سینما یا ٹی۔ وی کی سکرین پر یا سٹیج شو میں ظاہر کیا جائے؟

جواب : اگر ان فلموں اور ڈراموں میں ان مقدس ہستیوں کی تعظیم و تکریم کے تقاضوں کا

خیال رکھا جائے اور سامعین و ناظرین کے دلوں میں ان مقدس ہستیوں کی جو تصوراتی تصویر موجود ہوتی ہے اسے برا تأثر نہ ملے تو کوئی حرج نہیں۔

م۔۵۸۵: کیا کافروں کو قرآن مجید' حافظ' رزق و روٹی اور سلامتی کی دعائیں بطور ہدیہ دینا جائز ہے؟

جواب: اگر ان کی ہتک اور توہین کا خطرہ نہ ہو اور احترام کے تقاضوں کو پورا کیا جائے تو کوئی حرج نہیں۔

م۔۵۸۶: بعض کاغذات جن پر اللہ تعالی اور معصومین (ع) کے اسماء گرامی اور قرآنی آیات درج ہوتی ہیں جنہیں نہ سمندر میں گرانا ممکن ہوتا ہے نہ کسی نہر میں۔ ان کاغذات کو ہم کیا کریں؟ جبکہ کوڑا کرکٹ کے تھیلوں کے بارے میں ہمیں کچھ معلوم نہیں کہ ان کا کیا کیا جاتا ہے انہیں کہاں پھینکا جاتا ہے۔؟

جواب: ان کاغذات کو کوڑے کے تھیلوں میں ڈالنا جائز نہیں۔ اس لئے کہ اس طرح ان کاغذات کی توہین ہوتی ہے۔ لیکن کسی کیمیائی مواد کے ذریعے سی' ان تحریروں کو مٹانے' کسی پاک جگہ دفن کرنے یا انہیں پھاڑ پھاڑ کر مٹی کے مانند ریزہ ریزہ کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

م۔۵۸۷: کیا آج کل ہمارے ہاں رائج طریقے سے استخارہ کرنا شرعی طور پر پسندیدہ عمل ہے اور روایت میں وارد ہے؟ اور کیا استخارہ دیکھنے والے کی خواہش کے مطابق استخارہ نکالنے کی غرض سے صدقہ دے کر بار بار استخارہ کرنے میں کوئی حرج ہے؟

جواب: حیرت اور پریشانی کے موقع پر اور غور و خوض اور مشورہ کے بعد مختلف احتمالات میں سے کسی ایک کو ترجیح نہ دے سکنے کی صورت میں (راہنمائی کی) امید سے استخارہ کیا جائے اور بار بار استخارہ کرنا صحیح نہیں ہے مگر یہ کہ موضوع بدل جائے جس کی ایک صورت یہ ہے کہ کچھ مال صدقہ دیا جائے۔

م۔۵۸۸ : آپ کے وکلاء حضرات جو شرعی حقوق (خمس، زکوۃ اور رد مظالم وغیرہ) وصول کرتے ہیں ان میں سے انہیں اپنی ذات پر کتنی مقدار میں خرچ کرنے کی اجازت فرماتے ہیں؟

جواب : ہمارے اجازت ناموں میں یہ ذکر کیا جاتا ہے کہ فلاں مجاز (عالم دین) جو شرعی حقوق وصول کرتا ہے ان میں سے ایک تہائی یا نصف کو مثلاً شرعی طور پر مقررہ موارد میں خرچ کرے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ مذکورہ مقررہ مقدار، اس مجاز شخص کی ذات کے لئے مخصوص نہیں۔ بعض اوقات تو ایسا بھی ہوتا ہے کہ ان وصول شدہ حقوق میں سے اپنی ذات پر کچھ بھی خرچ نہیں کر سکتا۔ مثال کے طور پر وصول کرنے والا وکیل سید ہو اور وصول شدہ حق یا رقم غیر سید کی زکوۃ ہو یا اس کی ہو جو غیر سید کے حکم میں ہو۔ اس بات کی روشنی میں اگر ہمارا مجاز وکیل رسالہ عملیہ میں مذکور قواعد، ضوابط کی رو سے بینہ و بین اللہ حقوق شرعی کا مستحق ہو مثال کے طور پر یہ شخص شرعی معنوں میں فقیر ہو اور اس پر زکوۃ، مال سادات اور رد مظالم، فقیروں کے حقوق خرچ ہوں تو وہ اس میں سے اپنی ضرورت اور شان کے مطابق خرچ کر سکتا ہے، زیادہ نہیں۔

اسی طرح اگر یہی وکیل کوئی شرعی خدمت سرانجام دے رہا ہو اور دین کی سربلندی کے لئے کام کر رہا ہو تو وہ مال امام میں سے اپنے عمل اور دینی خدمت کے مطابق خرچ کر سکتا ہے، لیکن اگر یہ شخص اس حق کا مستحق نہ ہو جسے اس نے وصول کیا ہے تو اسے چاہئے کہ اس نے جو کچھ وصول کیا ہے اسے صرف شرعی طور پر مقررہ موارد میں خرچ کرے۔

م۔۵۸۹ : اگر مرجع تقلید کے وکیل کی طرف شرعی حقوق (خمس زکوۃ وغیرہ) میں بے جا تصرفات کی نسبت کی وجہ سے مکلف کا اس پر اعتماد متزلزل ہو جائے تو کیا:

الف۔ لوگوں میں ان بے جا تصرفات کا تذکرہ کرنا جائز ہے اگرچہ اس وکیل کی

طرف سے منسوب باتوں کا یقین نہ ہو ؟ اور اگر ان باتوں کا یقین ہو تو کیا کرنا چاہئے ؟

ب۔ کیا مکلف کے لئے جائز ہے کہ جب تک وکیل کی بے قاعدگیوں کا یقین نہ ہو اسے شرعی حقوق دیتا رہے ؟

جواب : الف۔ وکیل کی طرف منسوب باتوں کا یقین ہو یا نہ ہو لوگوں میں ان کا تذکرہ کرنا جائز نہیں۔ لیکن دوسری صورت میں جہاں ان باتوں کے صحیح ہونے کا یقین ہو مکمل رازداری سے مرجع تقلید کو صورت حال سے آگاہ کیا جا سکتا ہے تاکہ وہ خود مناسب اقدام کر سکے۔

ب۔ شرعی حقوق، سابق الذکر وکیل کو نہ دیئے جائیں بلکہ ایسے وکیل کو دیئے جائیں جو پاکباز ہو اور اپنے اجازت نامے کی پابندی کرتا ہو یعنی حقوق شرعیہ کا کچھ حصہ سابق الذکر بیان کے مطابق مقررہ مقامات اور موارد میں خرچ کرے اور باقی ماندہ مرجع تقلید کی طرف بھیج دے۔

م۔ ۵۹۰ : بالفرض اگر کسی انسان کو اطمینان ہو کہ فلاں کام کے لئے مال امام کو خرچ کریں تو امام علیہ السلام راضی ہوں گے تو مرجع تقلید کی اجازت کے بغیر ایسے کاموں کے لئے مال امام خرچ کیا جا سکتا ہے ؟

جواب : یہ کام جائز نہیں اور مرجع اعلم کی اجازت کے بغیر خمس میں سے مال امام کو کسی جگہ خرچ کر کے امام علیہ السلام کی رضامندی حاصل کرنا ممکن نہیں۔ جبکہ یہ احتمال بھی موجود ہے کہ مرجع اعلم کی اجازت کو آپ (ع) کی رضامندی میں دخل حاصل ہو۔

م۔ ۵۹۱ : (گردونواح میں) ہزاروں ایسے مؤمنین کی موجودگی میں جو روٹی کے ایک ایک ٹکڑے اور اپنی پردہ پوشی کے لئے لباس کے محتاج ہیں۔ کیا سہم امام علیہ السلام کو دوسرے رفاہی اور خیراتی منصوبوں پر خرچ کرنا جائز ہے ؟

جواب : جن جن موارد میں مال امام (ع) خرچ کیا جاتا ہے' ان میں سے جو سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہو اس کا خیال رکھنا چاہئے اور اس کی تشخیص بطور احتیاط فقیہ اعلم کی ذمہ داری ہے جو سہم امام (ع) کی تمام جہات سے آگاہی رکھتا ہے۔

م۔ ۵۹۲ : برتنوں کی صفائی کے دوران بعض اوقات چاول کے دانے گندے پانی میں گر جاتے ہیں۔ کیا یہ کام جائز ہے ؟ کیا ان دانوں کو چاہے وہ زیادہ ہوں یا کم گندے پانی میں گرانے سے احتراز کرنا واجب ہے۔ جبکہ یہ بھی عیاں ہے کہ یہ ایک مشکل کام ہے۔

جواب : اگر ان چاولوں کی مقدار اتنی ہو جو حیوانات کی خوراک کے طور پر سہی' استفادہ کے قابل ہو تو انہیں گندے پانی میں گرانا جائز نہیں اور اگر ان کی مقدار کم ہو یا وہ گندے ہوں تو انہیں اس طرح کوڑا میں ڈالا جا سکتا ہے کہ عرف کے نزدیک اللہ تعالی کی نعمتوں کی توہین شمار نہ ہو۔

م۔ ۵۹۳ : کیا کسی شاعر کے لئے یہ جائز ہے کہ کسی شبانہ محفل مشاعرہ کا اہتمام کر کے لوگوں کو مدعو کرے جبکہ اسے معلوم ہو کہ اس محفل میں بے پردہ اور آراستہ عورتیں بھی شرکت کے لئے آئیں گی ؟

جواب : بذات خود اس دعوت میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن اس شاعر کا فرض ہے کہ اگر شرائط موجود ہوں تو اپنے دینی فریضے پر جو کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے' عمل پیرا ہو۔

م۔ ۵۹۴ : اسکولوں میں طلباء کو یہ حکم دیا جاتا ہے کہ وہ کسی انسان یا حیوان کی تصویر بنائیں اور طالب علم کے لئے اس حکم کی مخالفت مشکل ہوتی ہے۔ کیا طالب علم کے لئے انسان یا حیوان کی (ہاتھ سے) تصویر بنانا جائز ہے ؟ نیز اگر طالب علم کو کسی چیز کو تراش کر شکل و صورت بنانے کا حکم دیا جائے تو اس کا کیا حکم ہو گا ؟

جواب : غیر مجسم تصویر بنانا، چاہے جاندار کی ہو یا کسی اور کی' جائز ہے۔ لیکن احتیاط واجب

کے طور پر جانداروں کی مجسم تصویر بنانے کو ترک کیا جائے اور اس عمل کا اسکول کے لازمی نصاب یا کام میں شامل ہونے سے 'احتیاط واجب کی مخالفت جائز نہیں ہو جاتی مگر یہ کہ ایسی تصویر بنانا ضرورت کا تقاضا ہو۔ مثال کے طور حکم عدولی سے اسے اسکول سے نکال دیا جاتا ہے جو اس کے لئے نا قابل برداشت مشقت اور تکلیف کا باعث ہو۔

م۔ ۵۹۵ : کیا کسی مرد یا عورت کے مکمل برہنہ تراشیدہ مجسمے کو خریدنا جائز ہے ؟ اور حیوانات کے تراشیدہ مجسموں کو خرید کر انہیں زینت کی غرض سے (گھروں میں) آویزاں کرنا جائز ہے ؟

جواب : دوسرا عمل (حیوانات کے مجسمے خرید کر آویزاں کرنا) جائز ہے۔ لیکن اگر پہلے عمل سے فحاشی کی ترویج و تشہیر ہوتی ہو تو جائز نہیں۔

م۔ ۵۹۶ : دست شناس ہاتھوں کی لکیروں کو پڑھ کر یا دوسرے لوگ جو پیالی کے اندر دیکھ کر دوسروں کے حال یا مستقبل کے بارے میں پیشگوئی کرتے ہیں کیا ان کا یہ کام جائز ہے ؟ خصوصاً جب پیالے کا مالک اس پیشگوئی کے مطابق آثار مرتب کرتا ہو۔

جواب : چونکہ اس کی پیشگوئی پر کوئی اعتبار نہیں اس لئے اس کے لئے جائز نہیں کہ کسی بات کی حتمی طور پر پیشگوئی کرے یا خبر دے اور دوسروں کے لئے بھی اس کی پیشگوئیوں پر کوئی ایسا اثر مرتب کرنا جائز نہیں ہے جس کے لئے کسی شرعی یا عقلی حجت اور دلیل کی ضرورت ہو۔

م۔ ۵۹۷ : کیا ہپناٹائزم کرنا (مصنوعی نیند سلانا) جائز ہے ؟ اور کیا ارواح کو حاضر کرنا جائز ہے ؟

جواب : ان میں سے ہر وہ عمل حرام ہے جس سے ایسے شخص کو کوئی ضرر اور نقصان پہنچتا ہو جسے نقصان پہنچانا حرام ہے۔

م۔ ۵۹۸ : کیا مؤمنین کی مشکلات کو حل کرنے کی غرض سے جنات کو مسخر کرنا جائز ہے ؟

جواب : اس مسئلے کا بھی وہی حکم ہے جو گزشتہ مسئلے میں بیان کیا گیا ہے۔

م۔ ۵۹۹ : کیا مالکان کی اجازت اور اتفاق سے مرغوں اور بیلوں کو لڑانا جائز ہے ؟

جواب : اگر مال کے ضیاع کا موجب نہ ہو تو کراہت کے ساتھ جائز ہے۔

م۔ ۶۰۰ : اس حرج اور مشقت کی کیا حد بندی ہے جس سے حرمت برطرف ہو جاتی ہے ؟ اور کیا کسی چیز کی قیمت کا زیادہ ہونا جس کی انسان مشکل سے یا قرض لے کر قوت خرید رکھتا ہو "حرج" پر مشتمل ہو جاتا ہے جس سے کوئی حرام کام شرعاً جائز ہو جائے ؟

جواب : اس میں لوگوں کے حالات مختلف ہوا کرتے ہیں حرج کا دارومدار یہ ہے کہ جس کام سے عام طور پر ناقابل برداشت مشقت ہو۔

م۔ ۶۰۱ : آج کل کے رائج سونے کے وزن ' مثقال اور گرام میں ایک چنا سونا کتنا ہوا کرتا ہے ؟

جواب : ایک چنے کا دانہ مثقال صیرفی کا ۱/۲۴ ہوا کرتا ہے اور مثقال صیرفی ۴ء۶۴ گرام ہوتا ہے۔ اس طرح چنے کا وزن ۰ء۱۹۳ گرام ہو گا۔

م۔ ۶۰۲ : کیا ان چاکلیٹوں کا غیر مسلموں کو پیش کرنا جائز ہے جن میں شراب شامل ہو اور اگر جائز نہ ہو تو کیا ان کو ضائع کرنا فضول خرچی شمار ہو گا ؟

جواب : اگر ان میں شراب کے اجزاء متلاشی ہو جائیں تو انہیں پیش کرنا جائز ہو گا اور اگر اس طرح شامل کی جائے کہ شراب اس میں متلاشی نہ ہو جائز ہو۔ (جہاں تک آخری سوال کا تعلق ہے اسے ضائع کرنا فضول خرچی شمار نہ ہو گا۔

☆☆☆☆☆

ضمیمہ اول

حرام مواد کا جدول

شریعت اسلام نے متعدد ماکولات اور مشروبات (کے استعمال) کو مسلمانوں پر حرام قرار دیا ہے اور چونکہ بہت ساری غیر مسلم غذائی کمپنیاں اور فاؤنڈیشنز اپنی مصنوعات میں حرام مواد کو شامل کرنے سے اجتناب نہیں کرتیں اس لئے مسلمانوں کو چاہئے کہ غیر مسلموں کی بنائی ہوئی غذاؤں اور بند پیکٹوں کو استعمال کرتے وقت شرعی حدود کے اندر رہتے ہوئے ان چیزوں سے بچیں اور پرہیز کریں۔

ہم ذیل میں وہ معلومات پیش کر رہے ہیں جو ان غذاؤں میں استعمال ہونے والے حرام مواد کے بارے میں حاصل ہو سکی ہیں اور جہاں تک ممکن تھا ہم نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ اس سلسلے میں زیادہ تفصیل میں نہ جائیں تاکہ ان مسلمانوں کو الجھایا نہ جائے جو بلاد کفر میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ شریعت میں موجود دقت (باریک بینی) اور سختی کے باوجود آسانی اور نرمی بھی ہے اس لئے شروع میں دو اہم نکات کا تذکرہ کرنا مفید رہے گا۔

اولاً : کھانے پینے کی اشیاء میں شامل بعض ابتدائی اور بنیادی اجزاء ایسے ہوتے ہیں کہ مخصوص کیمیائی تبدیلیوں کے نتیجے میں ان کی ابتدائی اور بنیادی خصوصیات تبدیل ہو جاتی ہیں۔ بایں معنی کہ وہ اجزاء عرف (عام لوگوں) کے نزدیک ایک نئے مواد کی صورت میں تبدیل ہو جاتے ہیں جو کہ پہلے سے مختلف ہوتا ہے۔ اگر یہی اجزاء اصل میں حرام ہوں تو اس تبدیلی کے نتیجے میں ان کی حرمت برطرف ہو جاتی ہے۔ اس تبدیلی کو فقہ کے رسالہ عملیہ "توضیح المسائل" میں "استحالہ" کہتے ہیں جو شریعت میں منجملہ مطہرات (پاک کرنے

والی چیزوں) میں سے ہے۔ مثال کے طور پر کوئی ایسا مواد جو اصل میں کسی حیوان کا جزء ہو اور اس کو کھانا حرام ہو۔ جب یہی مواد کسی دوسرے مواد میں تبدیل ہو جائے تو دوسرا مواد پاک ہو گا۔

ثانیاً : بعض ایسے اجزاء ترکیبی ہوتے ہیں جنہیں غذاؤں میں شامل کیا جاتا ہے، جن کے بارے میں یہ احتمال دیا جاتا ہے کہ ان میں سے بعض حلال اور بعض حرام ہیں۔ ایسی صورت میں جب تک ان غذاؤں کی اصل کے بارے میں یقین نہ ہو از خود تحقیق اور جستجو کرنا واجب نہیں ہے۔ (البتہ یہ پہلو پوشیدہ نہ رہے کہ یہ کلیہ اس گوشت کو شامل نہیں ہے جس کے بارے میں شک ہو کہ اسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے کہ نہیں) مثلاً کسی غذا کے بند پیکٹ پر "Monoet diglycerides" درج ہو ممکن ہے اسے کسی دیسی گھی سے بنایا گیا ہو اور ممکن ہے بناسپتی گھی سے بنایا گیا ہو۔ جب تک اس کے حیوانی اجزاء کے بارے میں یقین نہ ہو اس کے بارے میں بحث اور جستجو واجب نہیں اور اسے حلال سمجھا جائے گا۔

اب ہم بعض حرام مواد سے متعلق چند معلومات پیش کرتے ہیں اور ان کا انگلش اور بعض اوقات فرانسیسی مفہوم بیان کرتے ہیں۔

الف : گھی اور تیل

انگلش میں **Shortening** اور **Fat** اور فرانسیسی میں **Matieres Grasses** کا مطلب گھی اور چربی ہے۔ تجارتی اعتبار سے اس کا مطلب یہ ہے کہ اس غذا میں حیوان کا گھی اور چربی ملی ہوئی ہے اور اس کے علاوہ اس غذا میں بناسپتی گھی یا تیل بھی ملا ہوا ہے۔ اور خنزیر کی چربی کے لئے جو لفظ واضح طور پر استعمال کیا جاتا ہے وہ انگلش میں **Lard** اور فرانسیسی میں **Saindoux** ہے۔

بعض امریکی مصنوعات پر **Vegetable Shortening** کے الفاظ درج ہوتے ہیں جس کا مطلب بناسپتی گھی یا تیل ہے۔ لیکن ان الفاظ پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا کیونکہ قانون کے مطابق اگر گھی کے **90/80%** اجزاء بناسپتی گھی پر مشتمل ہوں اور باقی دیسی پر

مشتمل ہوں تو قانوناً اس کو بناسپتی کہا جاسکتا ہے۔ جن الفاظ پر اعتبار کیا جاسکتا ہے وہ یہ ہیں
Pure Vegetable Shortening یا Pure Vegetable Ghee
جس کا مطلب خالص بناسپتی گھی ہے اور خالص بناسپتی گھی کے الفاظ یہ لکھے جاتے ہیں :
Pure Vegetable Oil اور یہ نکتہ بھی فائدہ سے خالی نہیں کہ بناسپتی کو اصل میں نباتات کے تیل سے بنایا جاتا ہے لیکن اس میں ہائیڈروجن گیس کو بھی شامل کیا جاتا ہے جس سے تیل منجمد ہو کر بناسپتی گھی کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔

مکھن اور دودھ سے بنائے گئے گھی کے لئے انگلش میں Butter اور فرانسیسی میں Beurre کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ عام بازار میں فروخت ہونے والا مکھن دودھ سے بنایا جاتا ہے اور اس کی کوئی دوسری قسم نہیں اس طرح اس میں کوئی اشکال اور پیچیدگی نہیں۔

جہاں تک پنیر کا تعلق ہے اس کے اجزاء ترکیبی میں خنزیر کی چربی شامل نہیں ہوتی جیسے بعض لوگوں کا خیال ہے۔ لیکن پنیر بناتے وقت ممکن ہے پنیر مایہ استعمال کیا جائے جو گائے بچھڑے اور خنزیر کے معدے میں ہوتا ہے جہاں سے اسے نکالا جاتا ہے اور اسے انگلش میں Rennet, Rnein, Pepsin اور فرانسیسی میں Presure کہا جاتا ہے اور خنزیر کا پنیر مایہ حرام ہے۔

مردار یا گائے یا بچھڑا جنہیں شرعی طریقے سے ذبح نہیں کیا گیا' ان کا پنیر مایہ بذات خود پاک ہے اور اس کا استعمال ممکن ہے' لیکن اوجھڑی جس میں پنیر مایہ ہوتا ہے' نجس حیوان کے دیگر اعضاء کی رطوبت لگنے کی وجہ سے نجس ہو جائے گا۔ اگر مکلف کو اس بات کا یقین نہ ہو کہ یہ پنیر مایہ جس چیز میں موجود تھا وہ پنیر میں استعمال ہوئی ہے تو اس پنیر کے کھانے میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن اس نکتے کی طرف توجہ بھی ضروری ہے کہ اس پنیر مایہ کے علاوہ بھی کچھ چیزیں ہیں جو عام طور پر پنیر میں استعمال ہوتی ہیں۔ کچھ چیزیں وہ ہیں جن کے اصلی اجزاء نباتاتی ہوتے ہیں بعض چیزیں کیمیائی (جراثیمی انزائم) ہوتی ہیں۔ ان دونوں قسموں کے پاک اور حلال ہونے میں کوئی شک نہیں اور اگر پنیر کی اس قسم کے بارے میں

شک ہو کہ اس میں قدرتی اور حرام یا نجس مائع شامل ہے یا پاک اور حلال مائع شامل ہے تو اس کو حلال کہا جائے گا۔ جہاں تک Gello کا تعلق ہے اسے عموماً Gelatine بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے یہ ایک لیس دار مادہ ہوتا ہے جو حیوانات سے لیا جاتا ہے۔

گیس پر مشتمل مشروبات جن میں الکحل شامل نہیں ہوتی، جیسے کوکا کولا، پیپسی، سیون اپ اور کینیڈا ڈرائی ہے، ان میں کوئی حیوانی یا الکحلی مادہ نہیں ہوتا (اور حلال ہیں)۔

نوٹ: ہم نے اس جدول کی تیاری میں شیکاگو امریکا کے "جامعۃ المشرق والمغرب" کے صدر ڈاکٹر احمد حسین صقر کی رپورٹ سے مدد لی اور اسی پر اعتماد کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ضمیمہ دوم

کھانے پینے کی اشیاء میں شامل مواد
اور اجزاء سے مخصوص وضاحت

المصادر والمراجع

- القرآن الكريم
- الأصول من الكافي للشيخ محمد بن يعقوب الكليني - دار الأضواء - بيروت - لبنان ١٩٨٥م
- أمالي الطوسي للشيخ محمد بن الحسن الطوسي - موسسة الوفاء - بيروت - لبنان ١٩٨١م .
- الإنفاق في سبيل الله للسيد عز الدين بحر العلوم - دار الزهراء - بيروت - لبنان ١٩٨٩م .
- بحار الأنوار للشيخ محمد باقر المجلسي - مؤسسة الوفاء - بيروت - لبنان ١٩٨٣م .
- تفصيل وسائل الشيعة للشيخ محمد بن الحسن الحر العاملي - مؤسسة آل البيت (ع) لإحياء التراث - قم - إيران ١٤٠٩هـ .
- تهذيب الأحكام للشيخ محمد بن الحسن الطوسي - دار الأضواء - بيروت - لبنان ١٩٨٥م .
- ثواب الأعمال وعقاب الأعمال للشيخ محمد بن علي بن الحسين بن بابويه القمي - مؤسسة الأعلمي - بيروت - لبنان ١٩٨٣م .
- جامع السعادات للشيخ محمد مهدي النراقي - مؤسسة الأعلمي

للمطبوعات ـ بيروت ـ لبنان ١٩٨٨م .

ـ الخصال للشيخ محمد بن علي بن الحسين بن بابويه القمي ـ مكتبة الصدوق ـ طهران ـ إيران ١٣٨٩هـ

ـ دليل المسلم في بلاد الغربة للسيد نجيب يوسف والشيخ محسن عطوي ـ دار التعارف للمطبوعات ـ بيروت ـ لبنان ١٩٩٠م .

ـ الذنوب الكبيرة للسيد عبد الحسين دستغيب ـ الدار الإسلامية ـ بيروت ـ لبنان ١٩٨٨م .

ـ الزواج في القرآن والسنة للسيد عز الدين بحر العلوم ـ دار الزهراء ـ بيروت ـ لبنان ١٩٨٤م .

ـ الزواج المؤقت ودوره في حلّ مشكلات الجنس للسيد محمد تقي الحكيم ـ دار الأندلس ـ بيروت ـ لبنان ١٩٦٣م .

ـ الفتاوى الميسرة ـ للمؤلف ـ دار المؤرخ العربي ـ بيروت ـ لبنان ١٩٩٦م .

ـ قادتنا كيف نعرفهم للسيد محمد هادي الحسيني الميلاني ـ مؤسسة الوفاء ـ بيروت ـ لبنان ١٤٠٧هـ .

ـ قرب الإسناد للشيخ عبد الله الحميري ـ مؤسسة آل البيت (ع) لإحياء التراث ـ بيروت ـ لبنان ١٩٨٧م .

ـ الكوثر ـ العدد التجريبي ـ المجمع العالمي لأهل البيت ـ قم ـ إيران ١٩٩٤م .

ـ المسائل الشرعية للسيد أبو القاسم الموسوي الخوئي ـ مؤسسة محمد

رفيع معرفي ـ الكويت ١٩٩٦م .
ـ المسائل المنتخبة للسيد علي الحسيني السيستاني ـ دار المؤرخ العربي ـ بيروت ـ لبنان ١٩٩٤م .
ـ مستدرك الوسائل للحاج ميرزا حسين النوري ـ مؤسسة آل البيت (ع) لإحياء التراث ـ بيروت ـ لبنان ١٩٨٧م .
ـ مفاتيح الجنان للشيخ عباس القمي ـ مؤسسة الأعلمي للمطبوعات ـ بيروت ـ لبنان ١٩٩٢م .
ـ مكارم الأخلاق للشيخ الحسن بن الفضل الطبرسي ـ دار الشريف الرضي ـ قم ـ إيران ١٣٧١هـ .
ـ مناسك الحج للسيد علي الحسيني السيستاني ـ دار المؤرخ العربي ـ بيروت ـ لبنان ١٩٩٤م .
ـ من لا يحضره الفقيه للشيخ محمد بن علي بن الحسين بن بابويه القمي ـ دار الأضواء ـ بيروت ـ لبنان ١٩٨٥م .
ـ منهاج الصالحين للسيد علي الحسيني السيستاني ـ مؤسسة محمد رفيع معرفي ـ الكويت ١٩٩٦م .
ـ نهج البلاغة للإمام علي بن أبي طالب (ع) ، باعتناء صبحي الصالح ـ دار الكتاب اللبناني ومكتبة المدرسة ـ بيروت ـ لبنان ١٩٨٢م .

OOOOO

مفصل فہرست

باب اول : فقہ عبادات

باب اول کی فصلیں

تیسری فصل: طہارت و نجاست

چوتھی فصل : نماز

پانچویں فصل : روزہ..۸۷

باب دوم : معاملات کی فقہ

باب دوم کی فصلیں

دوسری فصل : لباس

ساتویں فصل : ازدواج

ضمیمہ جات

التماس سورہ فاتحہ برائے تمام مرحومین

۱) شیخ صدوق
۲) علامہ مجلسی
۳) علامہ اطہر حسین
۴) علامہ سید علی نقی
۵) بیگم و سید عابد علی رضوی
۶) بیگم و سید احمد علی رضوی
۷) بیگم و سید رضا امجد
۸) بیگم و سید علی حیدر رضوی
۹) بیگم و سید سبط حسن
۱۰) بیگم و سید مردان حسین جعفری
۱۱) بیگم و سید جار حسین
۱۲) بیگم و مرزا توحید علی
۱۳) سید حسین عباس فرحت
۱۴) بیگم و سید جعفر علی رضوی
۱۵) سید نظام حسین زیدی
۱۶) سیدہ ممتاز زہرہ
۱۷) سیدہ رضویہ خاتون
۱۸) سید نجم الحسن
۱۹) سید مبارک رضا
۲۰) سید جنیت حیدر نقوی
۲۱) بیگم و مرزا محمد ہاشم
۲۲) سید باقر علی رضوی
۲۳) بیگم و سید باسط حسین
۲۴) سید عرفان حیدر رضوی
۲۵) بیگم و اخلاق حسین
۲۶) سید ممتاز حسین
۲۷) بیگم و سید اختر عباس
۲۸) سید محمد علی
۲۹) سیدہ رضیہ سلطان
۳۰) سید مظفر حسنین
۳۱) سید باسط حسین نقوی
۳۲) اقلام محی الدین
۳۳) سید ناصر علی زیدی
۳۴) سید وزیر حیدر زیدی
۳۵) ریاض الحق
۳۶) خورشید بیگم

یه کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم هیں

مو منین بهی اس سے استفاده حاصل کرسکتے هیں.

منجانب.

سبیلِ سکینه

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پا کستان

استفتاآت
کے
جوابات

حصہ اول

عبادات

ولی امر مسلمین و مرجع تقلید
حضرت
آیت اللہ العظمیٰ سید علی خامنہ ای
دام ظلہ الوارف

استفتاآت کے جوابات

حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید علی الحسینی خامنہ ای دام ظلہ العالی

ناشر: ــــــــــــ سازمان فرہنگ و ارتباطات اسلامی

ادارۂ ترجمہ و نشر و اشاعت

نیا ایڈیشن: ــــــــــــ رجب المرجب ۱۴۱۷ھ

ISBN 964-6177-99-9

فہرست

مقدمہ

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذي شرّع الحلال والحرام فأحلّ الطيبات وحرّم الخبائث
والصلاة والسلام على البشير النذير الرسول الأمين محمد
وعلى أهل بيته الطيبين الطاهرين
وأصحابه المنتجبين المتقين

گزشتہ چند برسوں میں قائد امت اسلامیہ حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید علی الحسینی خامنہ ای دام ظلہ الوارف کے دفتر میں دنیا کے گوشے گوشے سے مسائل شرعیہ کے سوالات کی اتنی بہتات ہوگئی جیسے سیلاب آگیا ہو، یہاں تک کہ بڑھتے بڑھتے ان کی تعداد دس ہزار سے بھی زیادہ ہوگئی جن میں سے کچھ کے جواب معظم لہ نے اپنی رائے اور نظریہ کے مطابق مرحمت فرمائے اور بعض مسائل کے جوابات فقیہ عہد نادر روزگار، مؤسس جمہوری اسلامی، امام امت روح اللہ الموسوی خمینی قدس سرہ کے فتاویٰ کے مطابق دیئے اور ان کی تائید فرمائی۔

زیر نظر رسالہ میں ان سوالات کو رکھا گیا ہے جو جملہ ابواب فقہ و مسائل شرعیہ پر محیط ہیں، علی الخصوص یہ ایسے استفتاآت کا بیش قیمت و نفیس مجموعہ ہے جن کا سامنا عوام کو روز ہی ہوتا ہے، ساتھ ہی اس میں عصر حاضر میں پیدا

ہونے والے نت نئے مسائل کا اضافہ بھی ملے گا جس کی وقتاً فوقتاً مومنین کو ضرورت پڑتی رہتی ہے۔ چنانچہ عالم اسلام کے عمومی نفع کی خاطر جلیل القدر علماء و فضلاء کی ایک جماعت اس کی طباعت و اشاعت کے لئے بے چین تھی مگر معظم لہ دام ظلہ نے اسے منظور نہیں کیا اور منع کرتے رہے۔ البتہ جب دنیا بھر کے مومنین کی جانب سے آپ کے رسالۂ عملیہ کی طباعت و اشاعت کا اصرار بہت بڑھ گیا نیز اہل خبرہ و علمائے کرام نے آپ کو مرجعیت جیسے عظیم منصب کی ذمہ داری سونپ دی تو اس وقت ان سوالوں کے جوابات کو عام کرنا آپ کا اہم شرعی فرض بن گیا لہٰذا موصوف نے اس کی اشاعت کی اجازت عطا فرمائی۔

اتنا ہی نہیں بلکہ جب استفتاآت کا یہ مجموعہ اپنی تہذیب و ترتیب، عربی ترجمہ اور ابواب کی تقسیم وغیرہ کے مراحل سے گزر چکا تو کثرت کار و افکار کے باوجود معظم لہ، نے پوری باریک بینی کے ساتھ اس پر نظر ثانی فرمائی، اس کے بعد ہی اسے شائع کرنے پر رضامندی ظاہر کی۔

آخر میں ہم ان تمام افاضل برادران کے شکر گزار ہیں جنھوں نے اس کام میں زحمت و مشقت اٹھائی اور مومنین کے سفر معنوی کا توشہ مہیا کرنے اور تشنگان روحانیت کو چشمۂ آب زلال تک پہنچانے میں پورا پورا حصہ لیا۔

شعبۂ استفتاآت شرعیہ

دفتر حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید علی خامنہ ای دام ظلہ الوارف

کتابِ تقلید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

العمل بهذه الرسالة (اجوبة الاستفتاءات)

مجزئ ومبرئ للذمة ان شاء اللہ تعالی

علی السیستانی

احتیاط، اجتہاد اور تقلید

س ۱ تقلید کا واجب ہونا خود تقلیدی مسئلہ ہے یا اجتہادی؟

ج : اجتہادی اور عقلی مسئلہ ہے۔

س ۲ آپ کے نزدیک احتیاط پر عمل کرنا بہتر ہے یا تقلید پر؟

ج : چونکہ احتیاط پر اس وقت عمل ہو سکتا ہے جب اس کے موارد و مواقع کو جانتا ہو اور احتیاط کے طریقوں سے واقف ہو اور ان دونوں کو بہت ہی کم لوگ جانتے ہیں اس کے علاوہ احتیاط پر عمل کرنے میں عام طور پر بہت زیادہ وقت صرف ہوتا ہے،

اس بنا پر جامع الشرائط مجتہد کی تقلید بہتر ہے۔

س ۳: احکام میں احتیاط کا دائرہ اور اس کے حدود فقہا کے فتووں میں کیا ہیں؟ اور کیا سابق علماء کے فتووں کو بھی اس میں شامل کرنا واجب ہے؟

ج: وجوبی موارد میں احتیاط سے مراد ان تمام فقہی احتمالات کی رعایت کرنا ہے جن کے واجب ہونے کا احتمال پایا جاتا ہو۔

س ۴: چند ہفتوں کے بعد میری بیٹی بالغ ہونے والی ہے اور اس وقت اس پر مرجع تقلید کا انتخاب واجب ہو جائے گا اور چونکہ یہ امر اس کے لئے مشکل ہے لہٰذا اس سلسلہ میں ہماری ذمہ داری کیا ہے؟

ج: اگر وہ اس سلسلے میں اپنے شرعی فریضہ کو خود سمجھ سکتی ہو تو اس کی ذمہ داری آپ پر عائد ہوتی ہے کہ اس کی راہنمائی کریں۔

س ۵: مشہور ہے کہ موضوع کی تشخیص مکلف کا کام ہے اور حکم کی تشخیص مجتہد کے ذمہ ہے۔ پس جن موضوعات کی تشخیص مرجع خود کرتا ہے۔ ان کے بارے میں آپ کا کیا نظریہ ہے؟ کیا اس تشخیص کے مطابق عمل کرنا واجب ہے کیونکہ ہم مرجع تقلید کو ایسے بہت سے موارد میں بھی دخیل پاتے ہیں؟

ج: جی ہاں! موضوع[۱] کو مشخص کرنا مکلف کا کام ہے لہٰذا اپنے مجتہد کی تشخیص کا اتباع مکلف پر واجب نہیں ہے، مگر یہ کہ وہ اس تشخیص سے مطمئن ہو یا موضوع کا تعلق استنباطی[۲] موضوعات سے ہو۔

---

[۱] موضوعات کی دو قسمیں ہیں اول موضوعات محض جیسے کسی سیّال کے بارے میں یہ تشخیص دینا کہ یہ شراب ہے؟

س ۶ : روزمرہ کے شرعی مسائل جن سے مکلف کا سابقہ پڑتا رہتا ہے، کیا ان کا علم حاصل نہ کرنیوالا گناہگار ہے؟

ج : اگر شرعی مسائل کا علم حاصل نہ کرنا کسی واجب کے چھوٹ جانے یا فعل حرام کے ارتکاب کا سبب بنے تو گناہگار ہے۔

س ۷ : جب ہم بعض کم علم لوگوں سے پوچھتے ہیں کہ تمہارا مرجع تقلید کون ہے؟ تو وہ کہتے ہیں ہم نہیں جانتے یا کہتے ہیں کہ ہم فلاں مرجع کی تقلید کرتے ہیں جبکہ وہ خود کو اس بات کا پابند نہیں سمجھتے کہ اس کی توضیح المسائل کو دیکھیں اور اس کے مطابق عمل کریں۔ ایسے لوگوں کے اعمال کا کیا حکم ہے؟

ج : اگر ان کے اعمال احتیاط یا واقع یا اس مجتہد کے فتوے کے مطابق ہیں جس کی تقلید ان پر واجب تھی تو ان کو صحیح مانا جائے گا۔

س ۸ : جن مسائل میں مجتہد اعلم احتیاط واجب کا قائل ہے، کیا ہم ان میں اس کے بعد کے اعلم کی طرف رجوع کر سکتے ہیں؟ اور دوسرا سوال یہ ہے کہ اگر اس کے بعد والا اعلم بھی اس مسئلہ میں احتیاط واجب کا قائل ہو تو کیا ہم اس مسئلے میں ان دونوں کے بعد والے اعلم کی طرف رجوع کر سکتے ہیں؟ اور اگر تیسرا بھی اسی بات کا قائل ہو تو کیا ہم ان کے بعد والے اعلم کی طرف رجوع کریں گے؟... الخ۔ اس مسئلہ کی وضاحت فرما دیجئے۔

ج : اس مجتہد کی طرف رجوع کرنے میں جو اس مسئلہ میں احتیاط کا قائل نہیں بلکہ اس میں اس کا صریح فتویٰ موجود ہے، کوئی حرج نہیں ہے۔ ہاں اعلم فالاعلم کی رعایت کرنا ہوگی۔

ے یہ مکلف کا کام ہے۔ ے (ص۔ کا حاشیہ) وہ موضوعات جن کا تعلق استنباط سے ہے ان کی تشخیص ←

تقلید کے شرائط

س۹: کیا ایسے مجتہد کی تقلید جائز ہے جس نے اپنی مرجعیت کے منصب کو نہ سنبھالا ہو اور نہ اس کا رسالۂ عملیہ موجود ہو؟

ج: جو مکلف تقلید کرنا چاہتا ہے، اگر اس پر ثابت ہو جائے کہ وہ جامع الشرائط مجتہد ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س۱۰: کیا مکلف اس مجتہد کی تقلید کر سکتا ہے جس نے فقہ کے کسی ایک باب مثلاً نماز و روزہ میں اجتہاد کیا ہے، پس کیا وہ اس باب میں اس مجتہد کی تقلید کر سکتا ہے جس میں اس نے

مجتہد کی صلاحیت سے مختص ہے جیسے اس بات کی تشخیص کرنا کہ غنا مطرب آواز ہے نہ کہ ہر وہ آواز جس میں گٹکری تو شامل ہے لیکن وہ مطرب نہیں ہے۔ جن موضوعات میں استنباط کیا جاتا ہے ان کی دو قسمیں ہیں ۱: ثابت، یعنی جو زمان و مکان کے بدل جانے سے نہیں بدلتے جیسے غنا ۲: متغیر: جو حالات اور ماحول سے متاثر ہوتے ہیں اور چونکہ احکام موضوعات کے بدلنے سے بدلتے ہیں اور ان کا دارومدار موضوعات پر ہے اسی وجہ سے متغیر استنباطی موضوعات کی تشخیص میں اجتہاد کو دخل ہے۔ پس ان ہی متغیر استنباطی موضوعات کی تشخیص میں اجتہاد کو دخل ہوتا ہے۔

اجتہاد کیا ہے ؟

ج : مجتہد متجزی کا فتویٰ خود اس کے لئے حجت ہے لیکن دوسروں کا اس کی تقلید کرنا محل اشکال ہے اگرچہ اس کا جائز ہونا بعید نہیں ہے ۔

س ۱۱ : کیا دوسرے ملکوں کے علماء کی تقلید جائز ہے ، خواہ ان تک رسائی بھی ممکن نہ ہو ؟

ج : شرعی مسائل میں جامع الشرائط مجتہد کی تقلید میں یہ شرط نہیں ہے کہ مجتہد مکلّف کا ہم وطن ہو یا اس کے شہر کا رہنے والا ہو ۔

س ۱۲ : مجتہد اور مرجع تقلید میں جو عدالت معتبر ہے کیا وہ کمی یا زیادتی کے اعتبار سے اس عدالت سے مختلف ہے جو امام جماعت کے لئے ضروری ہے ؟

ج : منصب مرجعیّت کی اہمیت اور حساسیت کے پیش نظر مرجع تقلید میں احتیاط واجب کی بنا پر عدالت کے علاوہ یہ بھی شرط ہے کہ وہ اپنے سرکش نفس پر مسلّط ہو اور دنیا کا حریص نہ ہو ۔

س ۱۳ : کیا زمان و مکان کے حالات سے واقف ہونا اجتہاد کی شرطوں میں سے ایک شرط ہے ؟

ج : ممکن ہے بعض مسائل میں اس کا دخل ہو ۔

س ۱۴ : امام خمینیؒ کے نزدیک مرجع تقلید کے لئے واجب ہے کہ وہ عبادات و معاملات کے علم پر مسلط ہونے کے علاوہ سیاسی ، اقتصادی ، فوجی ، سماجی اور قیادت و رہبری کے امور کا بھی عالم ہو ۔ پہلے ہم امام خمینیؒ کے مقلد تھے اور اب بعض افاضل علماء کی رہنمائی اور خود اپنی رائے کی بناء پر آپ کی تقلید کو واجب سمجھتے ہیں ۔ اس طرح ہم نے قیادت و مرجعیت کو ایک جگہ جمع پایا ہے ۔ اس سلسلہ میں آپ کا کیا نظریہ ہے ؟

ج: مرجع تقلید کی صلاحیت کی شرطیں (ان امور میں جن میں ایک غیر مجتہد و محتاط پر اس کی تقلید ضروری ہے جس میں مقررہ شرطیں پائی جاتی ہوں)، تحریر الوسیلہ اور دوسری کتابوں میں تفصیل کے ساتھ مرقوم ہیں۔

لیکن شرائط کے اثبات کا مسئلہ اور فقہا میں سے تقلید کے لئے صالح شخص کی تشخیص خود مکلف کے نظریہ پر منحصر ہے۔

س ۱۵: تقلید میں مرجع کا اعلم ہونا شرط ہے یا نہیں؟ اور اعلمیت کے معیار اور اس کے اسباب کیا ہیں؟

ج: جن مسائل میں اعلم کے فتوے دوسروں سے مختلف ہیں ان میں اعلم کی تقلید احتیاطاً واجب ہے۔ اعلمیت کا معیار یہ ہے کہ وہ دوسرے مجتہدین سے احکام خدا کے سمجھنے اور الٰہی فرائض کا ان کی دلیلوں سے استنباط کرنے میں زیادہ مہارت رکھتا ہو۔ نیز اپنے زمانہ کے حالات کو اس حد تک جانتا ہو جتنا احکام شرعی کے موضوعات کی تشخیص اور شرعی فرائض بیان کرنے کے لئے فقہی رائے کا اظہار کرنے میں ضروری ہے۔ کیونکہ زمانے کے حالات سے آگاہی کو اجتہاد میں بھی دخل ہے۔

س ۱۶: اگر اعلم میں تقلید کے لئے معتبر شرائط موجود نہ ہونے کا احتمال ہو، ایسے میں اگر کوئی شخص غیر اعلم کی تقلید کرلے تو کیا اس کی تقلید کو باطل قرار دیا جاسکتا ہے؟

ج: صرف اس احتمال کی وجہ سے کہ اعلم میں ضروری شرائط موجود نہیں ہیں، اختلافی مسئلہ میں بنا بر احتیاط واجب غیر اعلم کی تقلید جائز نہیں ہے۔

س ۱۷ : اگر چند مسائل میں چند علماء کا اعلم ہونا ثابت ہو جائے (اس حیثیت سے کہ ان میں سے ہر ایک کسی خاص مسئلہ میں اعلم ہے) تو ان کی طرف رجوع کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

ج : تبعیض یعنی متعدد مراجع کی تقلید کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ بلکہ اگر ہر مجتہد اُس مسئلے میں اعلم ہو جسمیں مکلف اس کی تقلید کر رہا ہے تو بنا بر احتیاط جس مسئلہ میں ان کے فتوے مختلف ہوں ۔ ان میں بھی تبعیض واجب ہے۔

س ۱۸ : کیا اعلم کی موجودگی میں غیر اعلم کی تقلید کی جا سکتی ہے ؟

ج : ان مسائل میں غیر اعلم کی طرف رجوع کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جن میں اس کا فتویٰ اعلم کے فتوے کے خلاف نہ ہو۔

س ۱۹ : مرجع تقلید کی اعلمیت کے سلسلہ میں آپ کا کیا نظریہ ہے ؟ اور اس پر آپ کی کیا دلیل ہے ؟

ج : جب متعدد جامع الشرائط فقہا موجود ہوں اور اپنے اپنے فتووں میں اختلاف رکھتے ہوں تو احتیاط واجب یہ ہے کہ غیر مجتہد مکلّف ، مجتہد اعلم کی تقلید کرے ، مگر یہ کہ اس کا فتویٰ احتیاط کے خلاف ہو ، اور غیر اعلم کا فتویٰ احتیاط کے موافق ہو۔ اس کی دلیل سیرتِ عقلاء ہے ، بلکہ اگر امر تعیین و تخییر میں دائر ہو جائے تو عقل بھی تعیین کا حکم دیتی ہے۔

س ۲۰ : ہمارے لئے کس کی تقلید کرنا واجب ہے ؟

ج : جامع الشرائط مجتہد اور مرجع کی تقلید واجب ہے بلکہ احوط یہ ہے کہ وہ مجتہد اعلم ہو۔

س ۲۱ : کیا ابتداء سے میت کی تقلید کی جاسکتی ہے ؟

ج : احتیاط واجب یہ ہے کہ ابتداء میں زندہ اور اعلم مجتہد کی ہی تقلید کی جائے ۔

س ۲۲ : ابتداء میں میت کی تقلید زندہ مجتہد کی تقلید پر موقوف ہوتی ہے یا نہیں ؟

ج : ابتداء میں میت کی تقلید کرنے یا میت کی تقلید پر باقی رہنے کا جواز زندہ مجتہد اعلم کی اجازت پر موقوف ہوتا ہے ۔

اجتہاد اور اعلمیت کے اثبات
نیز فتوے حاصل کرنے کے طریقے

س ۲۳ : دو عادل گواہوں کی گواہی سے ایک مجتہد کی صلاحیت ثابت ہو جانے کے بعد کیا اب میرے اوپر اس سلسلہ میں کسی اور سے بھی سوال کرنا واجب ہے ؟

ج : کسی معین جامع الشرائط مجتہد کی صلاحیت کے اثبات کے لئے اہل خبرہ (اہل علم) حضرات میں سے دو عادل گواہوں کی گواہی پر اعتماد کافی ہے اور اس سلسلہ میں مزید افراد سے سوال کرنا ضروری نہیں ہے۔

س ۲۴ : مرجع تقلید کے انتخاب اور اس کا فتویٰ حاصل کرنے کے کیا طریقے ہیں ؟

ج : مرجع تقلید کے اجتہاد اور اس کی اعلمیت کے اثبات کے لئے ضروری ہے کہ یا انسان خود عالم ہو اور تحقیق کرے یا اسے علم حاصل ہو جائے چاہے ایسی شہرت کے ذریعہ ہی، جس سے یقین ہو جائے یا اطمینان حاصل ہو جائے یا اہل خبرہ میں سے دو عادل گواہی دیں۔

مرجع تقلید سے فتویٰ حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ خود اس سے

سنے یا دو عادل نقل کریں بلکہ ایک ہی عادل کا نقل کرنا کافی ہے یا پھر ایسے معتبر انسان کا نقل کرنا بھی کافی ہے جس کی بات پر اطمینان ہو یا اس کی توضیح المسائل میں دیکھے جو غلطیوں سے محفوظ ہو۔

س ۲۵: کیا مرجع کے انتخاب کے لئے وکیل بنانا صحیح ہے؟ جیسے بیٹا اپنے باپ کو اور شاگرد اپنے استاد کو اپنا وکیل بنائے؟

ج: اگر وکالت سے مراد جامع الشرائط مجتہد کی تحقیق کو باپ، استاد یا مربّی وغیرہ کے سپرد کرنا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ ہاں اگر اس سلسلہ میں ان کا قول یقین اور اطمینان کے قابل ہو یا اس میں دلیل و شہادت کے شرائط موجود ہوں تو ان کا قول شرعاً معتبر اور حجّت ہے۔

س ۲۶: میں نے چند مجتہدین سے پوچھا کہ اعلم کون ہے۔ انہوں نے جواب دیا فلاں شخص کی طرف رجوع کرنے سے انسان بری الذمہ ہے تو کیا میں ان کی بات پر اعتماد کر سکتا ہوں جبکہ مجھے معلوم نہیں کہ موصوف اعلم ہیں یا نہیں یا مجھے ان کے اعلم ہونے کے بارے میں احتمال ہے یا اطمینان ہے کہ وہ شخص اعلم نہیں ہے اس لئے کہ دوسرے فقہا کے بارے میں بھی مثلاً ایسی ہی شہادت اور گواہی موجود ہے؟

ج: جب کسی جامع الشرائط مجتہد کے اعلم ہونے پر شرعی دلیل قائم ہو جائے تو جب تک اس دلیل کے خلاف کسی اور دلیل کا علم نہ ہو وہ حجت ہے اور اس پر اعتماد کیا جا سکتا ہے، یقین یا اطمینان حاصل کرنا اس کے لئے شرط نہیں ہے اور نہ اس کے خلاف گواہیوں کے بارے میں تحقیق کی ضرورت ہے۔

س ۲۷: کیا وہ شخص شرعی احکام کے جوابات دے سکتا ہے جس کے پاس اجازہ نہیں ہے اور وہ بعض

مقامات پر اشتباہ سے بھی دوچار ہوتا اور احکام کو غلط بیان کر دیتا ہے اور اس حالت میں کیا کیا جائے جبکہ اس نے توضیح المسائل سے پڑھ کے مسئلہ بیان کیا ہو؟

ج: مجتہد کا فتویٰ نقل کرنے اور شرعی احکام بیان کرنے کے لئے اجازہ شرط نہیں ہے لیکن اگر اس سے غلطی یا اشتباہ ہوتا ہے تو اس کے لئے بیان اور نقل کرنا جائز نہیں ہے۔ اور اگر کسی ایک مسئلہ بیان کرنے میں اس سے غلطی ہو جائے اور بعد میں اس کی طرف متوجہ ہو تو اس پر واجب ہے کہ سننے والے کو اس غلطی سے آگاہ کر دے۔ بہرحال سننے والے کو بیان کرنے والے کی بات پر اس وقت تک عمل کرنا جائز نہیں ہے جب تک اس کے قول اور اس کی بیان کردہ بات کے صحیح ہونے پر اسے اطمینان نہ ہو جائے۔

تقلید بدلنا

س ۲۸ : ہم نے مجتہد میت کی تقلید پر باقی رہنے کے لئے غیر اعلم سے اجازت لی تھی، پس اگر اس مسئلہ میں اعلم کی اجازت شرط ہے تو کیا اس صورت میں اعلم کی طرف رجوع کرنا اور مجتہد میت کی تقلید پر باقی رہنے کے لئے اس سے اجازت لینا واجب ہے ؟

ج : اگر اس مسئلہ میں غیر اعلم کا فتویٰ اعلم کے فتوے کے موافق ہو تو اس کے قول کے مطابق عمل کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور اس صورت میں اعلم کی طرف رجوع کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔

س ۲۹ : کیا ان جدید مسائل میں مجتہد اعلم سے عدول جائز ہے جن میں اس کے لئے یہ ممکن نہیں کہ تفصیلی دلیلوں کے ذریعہ صحیح احکام کا استنباط کر سکے ؟

ج : اگر مکلف اس مسئلہ میں احتیاط نہیں کرنا چاہتا یا نہیں کر سکتا ہے اور اسے کوئی ایسا مجتہد مل جائے جو اعلم ہے اور مذکورہ مسئلہ میں فتویٰ رکھتا ہو تو اس کی طرف رجوع کرنا اور اس مسئلہ میں اس کی تقلید کرنا واجب ہے۔

س ۳۰ : کیا امام خمینیؒ کے کسی فتوے سے عدول کر کے اس مجتہد کے فتوے کی طرف رجوع کرنا واجب

جس سے میں نے میّت کی تقلید پر باقی رہنے کی اجازت لی تھی یا دوسرے مجتہدین کی طرف بھی رجوع کیا جا سکتا ہے ؟

ج : عدول کے لئے اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ پس ہر اس جامع الشرائط مجتہد کی طرف عدول کیا جا سکتا ہے جس کی تقلید صحیح ہو۔

س ۳۱ : کیا اعلم کی تقلید چھوڑ کر غیر اعلم کی طرف رجوع کرنا جائز ہے ؟

ج : اس صورت میں عدول احتیاط کے خلاف ہے بلکہ احتیاط واجب کی بناء پر اس مسئلہ میں عدول جائز نہیں جس میں اعلم کا فتویٰ غیر اعلم کے فتوے کے خلاف ہو۔

س ۳۲ : میں ایک مجتہد کے فتوے کے مطابق امام خمینیؒ کی تقلید پر باقی تھا لیکن جب استفتاآت میں آپ کے جوابات اور امام خمینیؒ کی تقلید پر باقی رہنے کے سلسلے میں آپ کا نظریہ معلوم ہوا تو میں نے پہلے مجتہد سے عدول کر لیا اور امام خمینیؒ کے فتوؤں نیز آپ کے فتاوی کے مطابق عمل شروع کر دیا کیا میرے اس عدول میں کوئی اشکال ہے ؟

ج : ایک زندہ مجتہد کی تقلید سے عدول کر کے دوسرے زندہ مجتہد کی تقلید کی جا سکتی ہے اور اگر دوسرا مجتہد مکلف کی نظر میں پہلے مجتہد کی بہ نسبت اعلم ہو تو بنابر احتیاط اس مسئلہ میں عدول واجب ہے جس میں دوسرے مجتہد کا فتویٰ پہلے مجتہد کے فتوے کے خلاف ہو۔

س ۳۳ : جو شخص امام خمینیؒ کا مقلد تھا اور ان ہی کی تقلید پر باقی رہا وہ کسی خاص مسئلہ مثلاً تہران کو بلاد کبیرہ شمار نہ کرنے کے سلسلے میں مراجع تقلید میں سے کسی ایک کی طرف رجوع کر سکتا

ہے یا نہیں؟

ج: اس کے لیۓ رجوع کرنا جائز ہے اگرچہ ان مسائل میں امام خمینیؒ کی تقلید پر باقی رہنا ہی احتیاط کے مطابق ہے، جن میں انھیں زندہ مجتہد سے اعلم سمجھتا ہے۔

س ۲۴: میں شرعی اعمال کا پابند ایک جوان ہوں، بالغ ہونے سے پہلے ہی میں امام خمینی رح کا مقلد تھا لیکن کسی شرعی دلیل کے بغیر، بس اس بنیاد پر تقلید کرتا تھا کہ امام کی تقلید مجھے بری الذمہ کرنے کے لئے کافی ہے۔ کچھ مدت کے بعد میں نے دوسرے مجتہد کی تقلید اختیار کر لی لیکن میرا عدول صحیح نہیں تھا جب اس مرجع کا انتقال ہوا تو میں نے آپ کی طرف رجوع کیا، پس میں نے جو اس مجتہد کی تقلید کی تھی اس کا کیا حکم ہے؟ اس زمانہ کے میرے اعمال کا کیا حکم ہے؟ اور اس وقت میرا کیا فریضہ ہے؟

ج: تمہارے گزشتہ وہ اعمال جو امام خمینیؒ کی زندگی میں یا ان کی وفات کے بعد ان کی تقلید پر باقی رہتے ہوۓ انجام پاۓ ہیں صحیح ہیں۔ لیکن وہ اعمال جو دوسرے مجتہد کی تقلید میں انجام دیۓ ہیں اگر وہ اس مجتہد کے فتوؤں کے مطابق ہیں جسکی تقلید تمہارے اوپر واجب تھی یا اس مجتہد کے فتوؤں کے مطابق ہیں جس کی تقلید اس وقت تم پر واجب ہے تو وہ صحیح ہیں ورنہ ان کا تدارک واجب ہے اور اس وقت تمہیں اختیار ہے چاہے متوفی مرجع کی تقلید پر باقی رہو یا اسکی طرف رجوع کرو جسے تم آئین شرع کے مطابق تقلید کا اہل پاتے ہو۔

میّت کی تقلید پر باقی رہنا

س ۳۵ : ایک شخص نے امام خمینیؒ کی وفات کے بعد ایک معین مجتہد کی تقلید کی اور اب وہ دوبارہ امام خمینیؒ کی تقلید کرنا چاہتا ہے، کیا یہ اس کے لئے جائز ہے؟

ج : زندہ جامع الشرائط مجتہد کی تقلید سے مجتہد میّت کی تقلید کی طرف رجوع کرنا بنابر احتیاط واجب جائز نہیں ہے، ہاں اگر زندہ مجتہد جامع الشرائط نہیں تھا تو اس کی طرف عدول کرنا ہی باطل تھا اور وہ مجتہد میت کی تقلید پر باقی رہا ہے اب اسے اختیار ہے کہ مردہ مجتہد کی تقلید پر باقی رہے یا ایسے زندہ مجتہد کی طرف عدول کرے جس کی تقلید جائز ہے۔

س ۳۶ : میں امام خمینیؒ کی حیات ہی میں بالغ ہو گیا تھا اور بعض احکام میں ان کی تقلید بھی کرتا تھا لیکن مسئلۂ تقلید میرے لئے واضح نہیں تھا، اب میرا کیا فریضہ ہے؟

ج : اگر آپ امام خمینیؒ کی زندگی میں اپنے عبادی و غیر عبادی اعمال ان کے فتووں کے مطابق بجالاتے رہے چاہے بعض احکام میں ہی ان کے مقلد رہے ہوں تو آپ کے لئے تمام مسائل میں ان کی تقلید پر باقی رہنا جائز ہے۔

س ۳۷ : اگر میت اعلم ہو تو اس کی تقلید پر باقی رہنے کا کیا حکم ہے ؟

ج : میت کی تقلید پر باقی رہنا ہر حال میں جائز ہے ، واجب نہیں ہے لیکن میت کے اعلم ہونے کی صورت میں احتیاط یہی ہے کہ اس کی تقلید پر باقی رہا جائے ۔

س ۳۸ : کیا میت کی تقلید پر باقی رہنے کے لئے اعلم سے اجازت لینا ضروری ہے یا کسی بھی مجتہد سے اجازت لی جا سکتی ہے ؟

ج : میت کی تقلید پر باقی رہنے کے جواز کے مسئلہ میں اعلم کی تقلید کرنا واجب نہیں ہے اور یہ اس صورت میں ہے جبکہ بقا بر تقلید میت کے جواز پر فقہا کا اتفاق ہو ۔

س ۳۹ : ایک شخص نے امام خمینیؒ کی تقلید کی اور ان کے انتقال کے بعد اس نے بعض مسائل میں دوسرے مجتہد کی تقلید کی اب اس مجتہد کے انتقال کے بعد اس کا کیا فریضہ ہے ؟

ج : وہ پہلے کی طرح مرجع اوّل کی تقلید پر باقی رہ سکتا ہے ۔ اسی طرح اسے اختیار بھی ہے کہ جن مسائل میں اس نے دوسرے مجتہد کی طرف عدول کیا تھا ، ان میں اسی کی تقلید پر باقی رہے یا زندہ مجتہد کی طرف رجوع کرے ۔

س ۴۰ : امام خمینیؒ کے انتقال کے بعد میں نے یہ گمان کیا کہ مرحوم کے فتوے کے مطابق میت کی تقلید پر باقی رہنا جائز نہیں ہے لہٰذا زندہ مجتہد کی تقلید کر لی ۔ کیا اب میں دوبارہ امام خمینیؒ کی تقلید کر سکتا ہوں ؟

ج : زندہ مجتہد کی طرف تمام فقہی مسائل میں عدول کرنے کے بعد امام خمینیؒ کی طرف رجوع کرنا جائز نہیں ہے مگر یہ کہ زندہ مجتہد کا فتویٰ یہ ہو کہ متوفی اعلم کی تقلید پر باقی رہنا واجب ہے اور آپ کو یقین ہو کہ امام خمینیؒ زندہ مجتہد کی بہ نسبت اعلم ہیں تو ایسی صورت میں ان کی تقلید پر باقی رہنا واجب ہے ۔

س ۴۱: کیا میں کسی ایک مسئلہ میں کبھی مجتہد میت کی اور کبھی زندہ اعلم کی طرف رجوع کر سکتا ہوں باوجودیکہ اس میں دونوں کا فتویٰ مختلف ہو؟

ج: میت کی تقلید پر باقی رہنا جائز ہے لیکن زندہ مجتہد کی طرف عدول کرنے کے بعد دوبارہ میت کی طرف رجوع کرنا جائز نہیں ہے۔

س ۴۲: کیا امام خمینیؒ کے مقلدین اور ان لوگوں کے لئے جو آن کی تقلید پر باقی رہنا چاہتے ہیں زندہ مراجع میں سے کسی ایک سے اجازت لینا ضروری ہے یا اس مسئلے میں اکثر مراجع عظام و علمائے اعلام کے تقلید میت پر باقی رہنے کے جواز پر اتفاق کافی ہے؟

ج: میت کی تقلید پر باقی رہنے کے جواز پر جو اتفاق ہے اس کی بنا پر امام خمینیؒ کی تقلید پر باقی رہنا جائز ہے۔ اس سلسلہ میں کسی معین مجتہد کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

س ۴۳: جس مسئلہ پر مکلف نے مجتہد میت کی حیات میں عمل کیا تھا یا نہیں کیا تھا اس میں میت کی تقلید پر باقی رہنے کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟

ج: تمام مسائل میں میت کی تقلید پر باقی رہنا جائز اور کافی ہے خواہ ان پر عمل کیا ہو یا نہ کیا ہو۔

س ۴۴: میت کی تقلید پر باقی رہنے کے جواز کی صورت میں کیا اس حکم میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو اس مجتہد کی حیات میں مکلف نہیں ہوئے تھے، مگر اس کے فتوؤں پر عمل کرتے تھے؟

ج: اگر وہ لوگ مجتہد کی حیات میں اس کی تقلید کر چکے ہوں چاہے تقلید بالغ ہونے سے پہلے ہی کی تھی تو اس کی موت کے بعد بھی اس کی تقلید پر باقی رہنے میں کوئی

حرج نہیں ہے۔

س ۴۵: ہم امام خمینیؒ کے مقلد تھے اور ان کی وفات کے بعد بھی ان کی تقلید پر باقی ہیں لیکن بعض اوقات ہمیں بعض نئے مسائل پیش آتے ہیں خصوصاً جبکہ ہم عالمی استکبار و طاغوت سے مقابلہ کے زمانہ میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ایسے میں ہم تمام شرعی مسائل میں آپ کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں لہٰذا ہم آپ کی طرف رجوع کا ارادہ رکھتے ہیں اور آپ کی تقلید کرنا چاہتے ہیں۔ کیا ہم ایسا کر سکتے ہیں؟

ج: آپ کے لئے امام خمینی طاب ثراہ کی تقلید پر باقی رہنا جائز ہے فی الحال ان کی تقلید سے عدول کرنے کا کوئی سبب نہیں ہے اگر رونما ہونے والے حوادث میں کسی حکم شرعی کے معلوم کرنے کی ضرورت پیش آئے تو اس سلسلہ میں ہمارے دفتر سے خط و کتابت کر سکتے ہیں وفقکم اللہ تعالیٰ لمراضیہ۔

س ۴۶: اس مقلد کا کیا فریضہ ہے جو ایک مجتہد کی تقلید میں ہو جبکہ اس کے لئے دوسرے مرجع کی اعلمیت ثابت ہو جائے؟

ج: احتیاط واجب یہ ہے کہ ان مسائل میں اپنے مرجع تقلید سے اس مرجع کی طرف جس کی اعلمیت ثابت ہو چکی ہے، رجوع کرے جن میں موجودہ مجتہد کا فتویٰ اعلم کے فتویٰ سے مختلف ہو۔

س ۴۷: کس صورت میں مقلد کے لئے اپنے مجتہد سے عدول کرنا جائز ہے؟

ج: اس صورت میں جبکہ دوسرا مجتہد موجودہ مجتہد سے اعلم ہو یا اس کے مساوی ہو۔

س ۴۸ : اگر اعلم کے فتوے زمانہ کے مطابق نہ ہوں یا ان پر عمل دشوار ہو تو کیا غیر اعلم کی طرف رجوع کیا جا سکتا ہے ؟

ج : صرف اس گمان پر کہ اعلم کا فتویٰ ماحول اور حالات کے مطابق نہیں یا اس کے فتاویٰ پر عمل کرنا دشوار ہے ، اعلم سے دوسرے مجتہد کی طرف عدول کرنا جائز نہیں ہے

متفرّقات

س ۴۹ : جاہل مقصّر کسے کہتے ہیں ؟

ج : جاہل مقصّر وہ ہے جو اپنی جہالت سے بھی واقف ہو اور اس کو دور کرنے کے ممکنہ طریقے بھی جانتا ہو لیکن ان پر عمل نہ کرتا ہو۔

س ۵۰ : جاہل قاصر کون ہے ؟

ج : جاہل قاصر وہ ہے جو اپنی جہالت سے بالکل آگاہ نہ ہو یا اپنے جہل کو دور کرنے کے طریقے نہ جانتا ہو۔

س ۵۱ : احتیاط واجب کے کیا معنی ہیں ؟

ج : یعنی کسی عمل کو انجام دینا یا ترک کرنا احتیاط کی بنا پر واجب ہو۔

س ۵۲ : کیا فتوؤں میں مذکورہ عبارت "فیہ اشکال" (اس میں حرج ہے) حرمت پر دلالت کرتی ہے ؟

ج : موقع و محل کے اختلاف سے اس کے معنی بھی مختلف ہوتے ہیں اگر جواز میں اشکال ہو تو مقام عمل میں اس کا نتیجہ حرمت پر مبنی ہوگا۔

س۵٣: ان عبارتوں "فیہ اشکال" (اس میں حرج ہے)، "مشکل" (مشکل ہے) "لا یخلو من اشکال" (حرج سے خالی نہیں)، "لا اشکال فیہ" (اس میں کوئی حرج نہیں) سے فتویٰ مراد ہے یا احتیاط؟

ج: "لا اشکال فیہ" کے علاوہ کہ وہ فتویٰ ہے، باقی سب احتیاط ہیں۔

س۵۴: عدم جواز اور حرام میں کیا فرق ہے؟

ج: مقام عمل میں دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔

قیادت و مرجعیت

س ۵۵ : اگر اجتماعی، سیاسی اور ثقافتی مسائل میں ولی امر مسلمین اور دوسرے مرجع تقلید کے فتوے میں تعارض و اختلاف ہو تو ایسے میں مسلمانوں کا شرعی فریضہ کیا ہے، کیا کوئی ایسی حد فاصل ہے جو ولی امر مسلمین اور مرجع کے صادر کردہ احکام میں امتیاز پیدا کر سکے؟ مثلاً اگر موسیقی کے سلسلہ میں مرجع تقلید اور ولی امر مسلمین کی آراء میں اختلاف ہو تو یہاں کس کا اتباع واجب اور کافی ہے اور عام طور پر وہ کون سے حکومتی احکام ہیں جن میں ولی امر مسلمین کا حکم مرجع تقلید کے فتوے پر ترجیح رکھتا ہے؟

ج: اسلامی ملک کے نظم و نسق اور مسلمانوں کے عمومی مسائل میں ولی امر مسلمین کے حکم کا اتباع کیا جائے گا اور انفرادی مسائل میں مکلف اپنے مرجع تقلید کا اتباع کر سکتا ہے۔

س ۵۶ : جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ اصول فقہ میں "اجتہاد متجزی" کے عنوان سے بحث کی جاتی ہے کیا امام خمینیؒ کا مرجعیت کو قیادت سے جدا کرنا تجزّی کے تحقق کی جانب ایک قدم نہیں ہے؟

ج: ولی فقیہ کی قیادت اور مرجعیت تقلید کے الگ الگ ہو جانے کا اجتہاد میں تجزّی والے مسئلہ سے کوئی ربط نہیں ہے۔

س ۵۷ : اگر میں کسی مرجع کا مقلد ہوں اور ولی امر مسلمین ظالم کافروں سے جنگ یا جہاد کا اعلان

کرے اور میرا مرجع تقلید مجھے جنگ میں شریک ہونے کی اجازت نہ دے تو میں اس کی رائے پر عمل کروں یا نہ کروں؟

ج: امور عامہ میں ولی امر مسلمین کے حکم کی اطاعت واجب ہے، اُن ہی امور میں اسلام اور مسلمانوں کا دفاع اور حملہ آور کافروں اور طاغوتوں سے جنگ بھی شامل ہے۔

س ۵۸: ولی فقیہ کا حکم یا اس کا فتویٰ کس حد تک قابل عمل ہے اور اگر ولی فقیہ کا حکم یا فتویٰ مرجع اعلم کی رائے کے خلاف ہو تو ان دونوں میں سے کس پر عمل کیا جائے گا اور کسے ترجیح دی جائے گی؟

ج: ولی امر مسلمین کے حکم کا اتباع تمام لوگوں پر واجب ہے اور یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ اختلاف کی صورت میں مرجع تقلید کے فتوے کو ولی فقیہ کے حکم کے مقابلے میں لایا جائے۔

ولایتِ فقیہ اور حکمِ حاکم

س ۵۹: مفہوم و مصداق کے اعتبار سے "اصل" ولایت فقیہ کا اعتقاد عقلی ہے یا شرعی؟

ج: بے شک ولایت فقیہ ــــ جس کے معنیٰ دین سے آگاہ عادل فقیہ کی حکومت ہے ــــ شریعت کا تعبّدی حکم ہے جس کی تائید عقل بھی کرتی ہے اور اس کے مصداق کی تعیین کے لئے عقلی طریقہ بھی ہے جس کو اسلامی جمہوریہ کے دستور میں بیان کیا گیا ہے۔

س ۶۰: کیا ولی فقیہ اسلام اور مسلمانوں کی مصلحت عامہ کے پیش نظر شریعت کے کسی حکم کو بدل سکتا ہے یا اس پر عمل کرنے سے روک سکتا ہے؟

ج: مختلف حالات میں اس کا حکم مختلف ہے۔

س ۶۱: کیا ذرائع ابلاغ کو اسلامی حکومت کے سایہ میں ولی فقیہ کے زیر نظر ہونا واجب ہے یا انھیں مراکز علوم دینیہ کی نگرانی میں ہونا چاہئے یا کسی اور ادارہ کے زیر نظر؟

ج: واجب ہے کہ ذرائع ابلاغ ولی امر مسلمین کے زیر فرمان اور ان کے زیر نظر ہوں اور انھیں اسلام و مسلمانوں کی خدمت، الٰہی معارف کی نشر و اشاعت،

اسلامی معاشرہ کی عام مشکلوں کے حل اور فکری اعتبار سے اس سے مسلمانوں کی ترقی اور ان کی صفوں میں اتحاد پیدا کرنے اور ان کے درمیان اخوت و برادری کی روح کو فروغ دینے اور اسی طرح کے دوسرے امور انجام دینے کے لئے استعمال کیا جائے۔

س ۶۲: کیا اس شخص کو حقیقی مسلمان سمجھا جائے گا جو فقیہ کی ولایت مطلقہ کا معتقد نہ ہو؟

ج: غیبت امام زمانہؑ کے عہد میں اجتہاد یا تقلید کی بناء پر فقیہ کی ولایت مطلقہ پر اعتقاد نہ رکھنا ارتداد اور دائرہ اسلام سے خارج ہونے کا باعث نہیں ہے۔

س ۶۳: کیا ولی فقیہ کو ولایت تکوینی حاصل ہے جس کی بنیاد پر اس کے لئے کسی وجہ سے جیسے مصلحت عامہ کی بناء پر دینی احکام کا منسوخ کرنا ممکن ہو؟

ج: رسول اعظم صلوات اللہ علیہ وآلہ کی وفات کے بعد شریعت اسلامیہ کے احکام منسوخ نہیں کئے جا سکتے البتہ موضوع کا بدلنا، کسی ضرورت یا مجبوری کا پیش آنا، یا حکم کے نفاذ میں کسی وقتی رکاوٹ کا وجود نسخ نہیں ہے اور ولایت تکوینی اس کی نظر میں جو اس کا قائل ہے معصومینؑ سے مخصوص ہے۔

س ۶۴: ان لوگوں سے متعلق ہمارا کیا فریضہ ہے جو فقیہ عادل کی ولایت کو صرف امور حسبیہ میں محدود سمجھتے ہیں، یہ جانتے ہوئے کہ ان کے بعض نمائندے اس نظریہ کی اشاعت بھی کرتے ہیں؟

ج: ہر زمانہ میں معاشرہ کی قیادت اور اجتماعی امور کی ہدایت کے لئے ولایت فقیہ مذہب حقہ اثنا عشری کا ایک رکن رہی ہے اور اس کا تعلق اصل امامت سے ہے اور اگر کوئی شخص دلیل کے ذریعہ ولایت فقیہ کا قائل نہ ہو تو وہ معذور ہے

لیکن اس کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ تفرقہ اور اختلاف پھیلائے۔

س ٦٥: کیا ولی فقیہ کے اوامر پر عمل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے یا صرف اس کے مقلدین کا فریضہ ہے؟ نیز جو مرجع تقلید ولایت مطلقہ کا معتقد نہ ہو اس کے مقلد پر ولی فقیہ کی اطاعت واجب ہے یا نہیں؟

ج: شیعہ فقہ کے اعتبار سے ولی امر مسلمین کے صادر کردہ ولائی شرعی اوامر کی اطاعت کرنا اور اس کے امر و نہی کے سامنے سر تسلیم خم کرنا تمام مسلمانوں، یہاں تک کہ تمام فقہائے عظام پر بھی واجب ہے چہ جائیکہ ان کے مقلدین پر۔ اور ہم ولایت فقیہ کی پابندی کو اسلام کی پابندی اور ائمہ کی ولایت سے جدا نہیں سمجھتے۔

س ٦٦: لفظ "ولایت مطلقہ" رسولؐ کے زمانہ میں اس معنی میں استعمال ہوتا تھا کہ اگر رسولؐ کسی شخص کو کسی چیز کا حکم دیں تو اس کا بجالانا واجب ہوتا تھا خواہ وہ کتنا ہی دشوار کام ہو جیسے نبیؐ کسی شخص کو یہ حکم دیں کہ تم خود کو قتل کر ڈالو! تو اس پر خود کو قتل کر دینا واجب تھا۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا آج بھی ولایت مطلقہ کے وہی معنی ہیں؟ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ نبیؐ معصوم تھے اور اس زمانہ میں کوئی ولیِ معصوم نہیں ہے؟

ج: جامع الشرائط فقیہ کی ولایت مطلقہ سے مراد یہ ہے کہ دین اسلام تمام آسمانی ادیان کے آخر میں آنے والا اور قیامت تک باقی رہنے والا دین ہے۔ یہ دینِ حکومت ہے اور معاشرے کے امور کی دیکھ بھال کرنے والا دین ہے، پس اسلامی معاشرہ کے تمام طبقات کے لئے ایک ولی امر، حاکم شرع اور قائد کا ہونا ضروری ہے جو امت کو اسلام و مسلمانوں کے دشمنوں سے بچائے،

ان کے نظام کا محافظ ہو، ان کے درمیان عدل قائم کرے، طاقتور کو کمزور پر ظلم کرنے سے باز رکھے، معاشرہ کی ثقافتی، سیاسی اور اجتماعی امور کی ترقی کے وسائل فراہم کرے۔

اس امر کا عملی میدان میں نفاذ بعض اشخاص کی خواہشات، منافع اور آزادی سے ٹکراؤ رکھتا ہے۔ لہٰذا حاکم مسلمین پر واجب ہے کہ وہ اس کے نفاذ کے وقت فقہ اسلامی کی روشنی میں ضرورت کے تحت لازمی اقدامات کرے

اس بنا پر ضروری ہے کہ اسلام اور مسلمانوں کے مصالح عامہ کے پیش نظر ولی امر کا ارادہ اور اس کے اختیارات تعارض اور ٹکراؤ کی صورت میں عوام کے ارادہ اور ان کے اختیارات پر حاکم ہوں اور یہ ولایت مطلقہ کا ایک معمولی سا پہلو ہے۔

س ۶۷: جس طرح مجتہد میت کی تقلید پر باقی رہنے کے سلسلہ میں فقہا کا فتویٰ ہے کہ اس کے لئے زندہ مجتہد کی اجازت کی ضرورت ہے، کیا اسی طرح مرحوم قائد کی طرف سے صادر ہونے والے حکومتی احکام و اوامر پر عمل کے سلسلے میں بھی زندہ قائد کی اجازت درکار ہے یا وہ اپنی جگہ ویسے ہی باقی ہیں؟

ج: ولی امر مسلمین کی طرف سے صادر ہونے والے حکومتی احکام اور اشخاص کی تقرریاں اگر وقتی نہ ہوں تو اپنی جگہ پر باقی رہیں گے ورنہ اگر موجودہ ولی امر مسلمین انھیں منسوخ کر دینے میں مصلحت سمجھتا ہوگا تو منسوخ کر دے گا۔

س ۶۸: کیا اسلامی جمہوریہ ایران میں زندگی گزارنے والے اس فقیہ پر، جو ولی فقیہ کی ولایت مطلقہ

کا قائل نہیں ہے، ولی فقیہ کے احکام کی اطاعت کرنا واجب ہے؟ اگر وہ ولی فقیہ کے حکم کی مخالفت کرے تو کیا اسے فاسق سمجھا جائے گا؟ اور اگر کوئی فقیہ ولایت مطلقہ کا تو اعتقاد رکھتا ہے، لیکن اس منصب کے لئے اپنی ذات کو زیادہ سزاوار سمجھتا ہے، اس صورت میں اگر وہ ولایت کے منصب پر فائز فقیہ کے احکام کی خلاف ورزی کرتا ہے تو کیا اسے فاسق سمجھا جائے گا؟

ج: ہر مکلف پر واجب ہے کہ وہ ولی امر مسلمین کے حکومتی اوامر کی اطاعت کرے چاہے وہ فقیہ ہی کیوں نہ ہو اور کسی کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ خود کو اس منصب کا زیادہ حقدار سمجھ کر ولی امر مسلمین کے احکام کی خلاف ورزی کرے۔ یہ حکم اس صورت میں ہے جب کہ موجودہ ولی فقیہ نے ولایت کے منصب کو اس کے مروجہ قانونی طریقہ کے مطابق حاصل کیا ہو ورنہ دوسری صورت میں مسئلہ کلی طور سے مختلف ہے۔

س ۶۹: کیا جامع الشرائط مجتہد کو زمانۂ غیبت میں حدود جاری کرنے کا اختیار حاصل ہے؟

ج: زمانۂ غیبت میں بھی حدود کا جاری کرنا واجب ہے اور اس کی ولایت اور اختیار صرف ولی امر مسلمین سے مخصوص ہے۔

س ۷۰: ولایت فقیہ کا مسئلہ تقلیدی ہے یا اعتقادی؟ اور اس شخص کا کیا حکم ہے جو اسے تسلیم نہیں کرتا؟

ج: ولایت فقیہ اس امامت و ولایت کے سلسلہ کی کڑی ہے جو اصول مذہب میں سے ہے لیکن اس کے احکام کا استنباط بھی فقہی احکام کی طرح شرعی دلیلوں سے کیا جاتا ہے اور جو شخص استدلال کے ذریعہ ولایت فقیہ کو قبول نہ کرے وہ معذور ہے۔

س ۱ : بعض اوقات ہم بعض عہدہ داروں سے "ولایتِ اداری" کے نام کا عنوان سنتے ہیں بعض اعلیٰ عہدہ داروں کی بے چون وچرا اطاعت کرنا۔ اس سلسلہ میں آپ کا کیا نظریہ ہے؟ اور ہماری شرعی ذمہ داری کیا ہے؟

ج : وہ اداری و انتظامی احکام جو اداری قوانین وضوابط کی بنیاد پر صادر ہوتے ہیں ان کی مخالفت اور خلاف ورزی جائز نہیں ہے۔ لیکن اسلامی مفاہیم میں "ولایتِ اداری" نام کی کوئی چیز نہیں پائی جاتی۔

س ۲ : کیا فوجی عہدہ داروں اور افسروں کے لئے جائز ہے کہ وہ سپاہیوں کو اپنے ذاتی کاموں کی انجام دہی کا اس دلیل کے ساتھ حکم دیں کہ اگر وہ ان امور کو خود انجام دیں تو ان کا وقت ضائع ہوگا؟

ج : افسروں یا کسی دوسرے شخص کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ سپاہیوں سے اپنے ذاتی کام لیں اور اگر وہ ایسا کریں گے تو ان کو اس کام کی اجرت دینا پڑے گی۔

س ۳ : نمائندۂ ولی فقیہ جو احکام اپنے اختیارات کی حدود میں صادر کرتا ہے کیا ان کی اطاعت واجب ہے؟

ج : اگر اس کے احکام ان اختیارات کی حدود میں ہیں جو اس کو ولی فقیہ کی طرف سے تفویض کئے گئے ہیں تو ان کی مخالفت جائز نہیں ہے۔

کتاب طہارت

پانی کے احکام

س۴۷ : بغیر کسی زور کے بلندی سے بہنے والے قلیل پانی کا نچلا حصّہ اگر نجاست سے مل جائے تو اس سے اوپر والا پانی پاک رہے گا یا نہیں ؟

ج : ایسے پانی کا اوپری حصّہ پاک ہے بشرطیکہ اس پر اوپر سے نیچے کی جانب بہنا صادق آئے ۔

س۵۷ : کیا نجس کپڑے کو جاری یا کُر بھر پانی سے دھونے کے بعد پاک ہونے کے لئے اسے پانی سے باہر نکال کر نچوڑنا واجب ہے یا وہ پانی ہی میں نچوڑنے سے پاک ہو جائے گا؟

ج: کپڑے وغیرہ کو جاری یا کُر بھر پانی سے پاک کرنے کے لئے ان کا نچوڑنا شرط نہیں ہے بلکہ کسی بھی صورت سے مثلاً جھٹک دینے سے اگر اس کے اندر کا پانی نکل جائے تو کافی ہے اور وہ پاک ہو جائے گا۔

س ۶: جو پانی بذات خود غلیظ اور گاڑھا ہو اس سے وضو اور غسل کرنے کا کیا حکم ہے؟ جیسے سمندر کا پانی جو نمک کی زیادتی کی وجہ سے گاڑھا ہوتا ہے یا جیسے ادویہ کی جھیل کا پانی یا ہر وہ پانی جو اس سے بھی زیادہ گاڑھا رہتا ہے؟

ج: پانی کا صرف نمکیات کی وجہ سے گاڑھا ہونا، اسے خالص پانی کے دائرے سے خارج نہیں کرتا، خالص پانی پر شرعی احکام کے مرتّب ہونے کا معیار یہ ہے کہ اسے عام بول چال میں خالص پانی کہا جائے۔

س ۷: کیا (پانی پر) کُر کا حکم اس وقت لگے گا جب اس کے کُر بھر ہونے کا علم ہو یا صرف اسے کُر بھر سمجھ لینا ہی کافی ہے (جیسے ٹرین کے ڈبوں میں لگی ٹنکیوں وغیرہ کا پانی)

ج: اگر یہ ثابت ہو جائے کہ پہلے وہ کُر بھر تھا، تو اسی پر بنا رکھنا جائز ہے۔

س ۸: امام خمینیؒ کی توضیح المسائل (کے مسئلہ نمبر ۱۴۷) میں آیا ہے کہ "نجاست و طہارت کے بارے میں ممیز بچے کی بات کا اعتبار اس کے بالغ ہونے سے پہلے ضروری نہیں ہے" اور اس فتوی کی پابندی بڑی مشقت کا باعث ہے۔ مثلاً جب تک بچہ ۱۵ سال کا نہیں ہوتا والدین پر واجب ہے کہ اس کے رفع حاجت کے بعد خود اس کی طہارت کریں۔ ایسے میں شرعی ذمہ داری کیا ہے؟

ج: ایسا بچہ جو سنّ بلوغ کے قریب ہو اس کی بات معتبر ہے۔

س ۹: بعض اوقات پانی میں ایسی دوائیں ملاتے ہیں جن سے پانی کا رنگ دودھ جیسا ہو جاتا ہے،

تو کیا یہ پانی مضاف ہو جائے گا ؟ اور اس سے وضو اور طہارت کرنے کا کیا حکم ہے ؟

ج: اس پر مضاف پانی کا حکم جاری نہیں ہوگا۔

س ۸۰: طہارت کے لئے کُر اور جاری پانی میں کیا فرق ہے ؟

ج: دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔

س ۸۱: اگر نمکین پانی کو کھولایا جائے تو کیا اس کی بھاپ سے بننے والے پانی سے وضو کرنا صحیح ہے ؟

ج: اگر نمکین پانی کی بھاپ سے بننے والے پانی کو خالص پانی کہنا صحیح ہو تو اس پر آبِ مطلق کے احکام جاری ہوں گے۔

س ۸۲: اگر نجس کپڑے کو کثیر پانی سے دھویا جائے تو کیا اس کا نچوڑنا واجب ہے یا نجاست دور کرنے کے بعد اسے نجس جگہ تک پانی میں ڈبو دینا ہی کافی ہے ؟

ج: کپڑے کو پانی میں ڈبو کر اس سے پانی نکال دینا ہی کافی ہے۔ چاہے کثیر پانی کے اندر حرکت دے کر ہی نکال لیں۔ نچوڑنا شرط نہیں ہے۔

س ۸۳: اگر ہم نجس فرش یا جانماز کو (آبِ کثیر والی) ٹنکی سے متصل نل کے پانی سے دھونا چاہیں تو کیا پائپ کا پانی نجس جگہ تک پہونچتے ہی یہ چیزیں پاک ہو جائیں گی یا آبِ غسالہ (دھوون) کو ان سے نکالنا ضروری ہے ؟

ج: آبِ کثیر سے متصل پائپ کے پانی سے پاک کرنے میں غسالہ (دھوون) کا نکالنا شرط نہیں ہے بلکہ عین نجاست کے دور ہونے کے بعد نجس جگہ تک صرف پانی کے پہونچنے اور دھوون کے اپنی جگہ سے منتقل ہونے کے ساتھ ہی

یہ چیزیں پاک ہوجائیں گی۔

س۸۴ : پاؤں کے تلوے پاک کرنے کے لئے ۱۵ قدم چلنا شرط ہے ، پس کیا عین نجاست کے زائل ہونے کے بعد اتنا چلنا ضروری ہے یا عین نجاست کے ہوتے ہوئے بھی پندرہ قدم چلنا کافی ہے ؟ اور اگر ۱۵ قدم چلنے سے عین نجاست زائل ہوجائے تو کیا پاؤں کا تلوا پاک ہوجائے گا ؟

ج : پندرہ قدم چلنا معیار نہیں ہے بلکہ اتنا چلنا کافی ہے جس سے عین نجاست زائل ہوجائے اور بالفرض اگر نجاست چلنے سے پہلے ہی دور ہوجائے تو بھی اتنا چلے جس سے چلنا صادق آئے۔

س۸۵ : کیا تارکول سے بنی ہوئی سڑکیں اور زمین سے تعلق رکھنے والی دوسری چیزیں بھی مطہرات میں شامل ہیں کہ اس پر چلنا پاؤں کے تلوؤں کو پاک کردے گا ؟

ج : وہ زمین جس پر تارکول وغیرہ بچھا گیا ہو نہ تو پاؤں کے تلوؤں کو پاک کرتی ہے اور نہ پاؤں میں پہنی ہوئی چیز مثلاً جوتے کے تلے کو پاک کرتی ہے۔

س۸۶ : کیا سورج پاک کرنے والی چیزوں میں سے ہے ؟ اور اگر یہ پاک کرنے والی چیزوں میں سے ہے تو اس کے شرائط کیا ہیں ؟

ج : سورج زمین کو اور ہر اس چیز کو پاک کرتا ہے جو غیر منقول ہو جیسے مکان اور اس سے متصل چیزیں اور جو چیز اس مکان میں لگائی گئی ہوں جیسے لکڑیاں اور دروازے وغیرہ ، عین نجاست کے دور ہونے کے بعد سورج کی شعاعیں ان پر پڑیں تو پاک ہوجائیں گی بشرطیکہ جب ان پر شعاعیں پڑیں تو وہ گیلی ہوں۔

س۸۷ : ان نجس کپڑوں کو کس طرح پاک کیا جائے گا جن کا رنگ پاک کرنے کے دوران پانی کو

رنگین کر دے ؟

ج: اگر کپڑوں کے رنگ سے پانی مضاف نہ ہوجائے تو ان پر پانی ڈالنے سے ہی وہ پاک ہوجائیں گے۔

س ۸۸: ایک شخص غسل جنابت کرنے کے لئے ایک برتن میں پانی رکھتا ہے اور غسل کے دوران اس کے بدن کا پانی اس برتن میں گرجاتا ہے، تو کیا اس صورت میں وہ پانی پاک رہے گا ؟ اور کیا اس پانی سے غسل مکمل نہیں کیا جاسکتا ؟

ج: اگر پانی بدن کے پاک حصے سے برتن میں گرے تو پاک ہے اور اس سے غسل کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۸۹: کیا نجس پانی کے ذریعہ گندھی ہوئی مٹی سے بنے تنور کا پاک کرنا ممکن ہے ؟

ج: تنور کا ظاہری حصہ دھلنے سے پاک ہوجاتا ہے اور اس کے اسی ظاہری حصے کو پاک کرنا کافی ہے جس پر روٹیاں لگائی جاتی ہیں۔

س ۹۰: کیا حیوان سے حاصل شدہ نجس تیل ایسے کیمیائی عمل کے بعد بھی نجس رہے گا جس کی وجہ سے اس میں نئی خاصیت پیدا ہوجائے ! یا اس پر استحالہ کا حکم جاری ہوگا ؟

ج: نجس چیزوں یا جانوروں سے حاصل شدہ حرام چیزوں کی طہارت اور حلیت کیلئے ان پر صرف ایسا عمل ہی کافی نہیں ہے، جو اس میں نئی خاصیت پیدا کر دے۔

س ۹۱: ہمارے دیہات میں حمام کی چھت مسطح ہے جس سے نہانے والوں پر پانی کے قطرے گرتے ہیں یہ قطرے حمام کے پانی کی بھاپ سے بنتے ہیں، کیا یہ قطرے پاک ہیں ؟ اور کیا ان قطروں کے گرنے کے بعد غسل صحیح ہے ؟

ج: حمام کے پانی سے بننے والی بھاپ پاک ہے، اسی طرح اس سے بننے والے قطرے بھی پاک ہیں اور بدن پر ان قطروں کے گرنے سے نہ غسل کی صحت پر اثر پڑتا ہے اور نہ غسل کرنے والے کا بدن نجس ہوتا ہے۔

س ۹۲: علمی تحقیقات کے نتائج بتاتے ہیں کہ پینے والے پانی میں جراثیم اور آلودہ معدنی مواد کا اختلاط اس کے وزن کو ۱۲ فیصد بڑھا دیتا ہے۔ پانی صاف کرنے والی مشین اس استعمال شدہ پانی سے ان مواد و جراثیم کو فیزیکی، کیمیاوی اور بیالوجیکی عمل کے ذریعہ اس طرح جدا کر دیتی ہے کہ تصفیہ کے بعد وہ فیزیکی اعتبار سے (رنگ، بو اور مزہ) کیمیاوی اعتبار سے مخلوط معدنیات اور طبی اعتبار سے (مضر جراثیم اور گندے پانی میں موجود جراثیم کے انڈوں سے) صاف و شفاف اور بہت سی نہروں اور جھیلوں کے پانی سے بہتر ہو جاتا ہے۔ خاص طور پر اس پانی سے جو پینے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اگر یہ استعمال شدہ پانی نجس ہے تو کیا وہ مذکورہ بالا عمل کے ذریعہ پاک ہو جائے گا اور اس پر استحالہ کا حکم لاگو ہوگا یا تصفیہ سے حاصل ہونے والا پانی نجس ہی رہے گا؟

ج: استعمال شدہ پانی سے آلودہ معدنیات اور جراثیم وغیرہ کو جدا کر دینے سے استحالہ نہیں ہو جاتا، مگر یہ کہ تصفیہ بھاپ بننے سے ہو اور وہ بھاپ دوبارہ پانی میں تبدیل ہو جائے، اور یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ یہ حکم اسی وقت جاری ہوگا جب استعمال شدہ پانی نجس ہو، جبکہ یہ معلوم نہیں کہ مستعمل پانی ہمیشہ نجس ہی ہوتا ہے۔

س ۹۳: ہمارے علاقے میں میت کو تختہ پر غسل دیتے ہیں، بالفرض اگر میت کے بدن پر کوئی ظاہری نجاست بھی لگی ہوئی ہو تو کیا میت کے پاک ہونے کے ساتھ تختہ بھی پاک ہو جائے گا،

جبکہ یہ معلوم ہے کہ لکڑی پہلی مرتبہ گرنے والے پانی کو جذب کر لیتی ہے ؟

ج : میت کے پاک ہونے سے تختہ بھی پاک ہو جائے گا اور اس کو الگ سے پاک کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

بیت الخلاء کے احکام

س ۹۴: خانہ بدوشوں کے پاس، خاص طور سے جب وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں توانا پانی نہیں ہوتا کہ وہ پیشاب کے مقام کو پاک کر سکیں۔ اس صورت میں کیا لکڑی اور کنکریوں سے طہارت کرنا کافی ہے؟

ج: پیشاب کا مقام پانی کے بغیر پاک نہیں ہوتا، لیکن اگر اس کا پانی سے پاک کرنا ممکن نہ ہو تو نماز صحیح ہے۔

س ۹۵: آب قلیل سے پیشاب اور پاخانہ کے مقام کو پاک کرنے کا کیا حکم ہے؟

ج: پیشاب کے مقام کو پاک کرنے کے لئے پانی سے ایک مرتبہ دھونا کافی ہے اور پاخانہ کے مقام کو اتنا دھوئے کہ عین نجاست اور اس کے آثار زائل ہو جائیں۔

س ۹۶: پیشاب کرنے کے بعد حسب عادت نمازی پر استبراء کرنا واجب ہے جبکہ میرا عضو تناسل زخمی ہے اور استبراء کرتے وقت فشار دینے سے اس سے خون نکل آتا ہے اور طہارت کے لئے استعمال کئے جانے والے پانی میں مل کر میرے بدن اور لباس کو نجس کر دیتا ہے اور اگر میں استبراء نہ کروں تو ممکن ہے کہ وہ زخم ٹھیک ہو جائے اور استبراء کرنے اور دبانے سے یقین ہے کہ وہ زخم

باقی رہے گا۔ اور اگر میں اسی طرح استبراء کرتا رہوں تو یہ زخم تین ماہ کے بعد ٹھیک ہوگا۔ لہٰذا آپ بتائیں کہ میں استبراء کروں یا نہیں؟

ج: استبراء واجب نہیں ہے بلکہ اگر وہ ضرر کا موجب ہو تو ناجائز ہے۔ ہاں اگر پیشاب کے بعد استبراء نہ کرے اور مشتبہ رطوبت نکلے تو وہ پیشاب کے حکم میں ہے۔

س ۹۷: میں یونیورسٹی کا ایک طالب علم ہوں، مجھے کئی سال سے ایک بیماری ہوگئی ہے جو سخت پریشانی کا سبب بن گئی ہے اور وہ یہ کہ پیشاب اور استبراء کے بعد پیشاب کے مقام سے کبھی کبھی ایسی رطوبت نکلتی ہے جس کا حجم قطرے کا ½ ہوتا ہے اور کبھی یہ رطوبت ۵ منٹ بعد یا اس سے بھی کچھ دیر میں نکلتی ہے۔ ہاں جب میں پہلے استبراء نہیں کرتا تھا تو اس وقت پیشاب کے بعد کئی قطرے نکلتے تھے اور جب سے استبراء کرنا شروع کیا ہے تب سے قطرے کا ¼ حصہ یا اس سے بھی کم نکلتا ہے اور میں نہیں جانتا کہ نکلنے والی رطوبت پاک ہے اور اس میں نماز صحیح ہے یا نہیں؟

ج: استبراء کے بعد نکلنے والی مشتبہ رطوبت پاک ہے مگر یہ کہ آپ کو یقین ہو جائے کہ وہ پیشاب ہے۔

س ۹۸: پیشاب اور استبراء کے بعد کبھی پیشاب کے مقام سے بلا اختیار ایسی رطوبت نکلتی ہے جو پیشاب سے مشابہ ہوتی ہے، آیا یہ رطوبت نجس ہے یا پاک؟ اگر انسان اس کے نکلنے کے تھوڑی دیر کے بعد اچانک متوجہ ہو تو اس کے پہلے کی پڑھی ہوئی نماز کا کیا حکم ہے؟ اور کیا بے اختیار نکلنے والی اس رطوبت کا آئندہ خیال رکھنا واجب ہے؟

ج: استبراء کے بعد نکلنے والی رطوبت کے بارے میں اگر شک ہو کہ وہ پیشاب

ہے یا نہیں تو وہ پیشاب کے حکم میں نہیں ہے اور پاک ہے، اور اس سلسلے میں تحقیق و تجسس واجب نہیں ہے۔

س ۹۹ : اگر ہو سکے تو برائے مہربانی انسان سے نکلنے والی رطوبتوں کی وضاحت فرما دیجئے؟

ج : جو رطوبت اکثر منی کے بعد نکلتی ہے اس کا نام "وذی" ہے، پیشاب کے بعد نکلنے والی رطوبت "ودی" کہلاتی ہے، زن و شوہر کی باہم خوش فعلی کے وقت نکلنے والی رطوبت "مذی" ہے اور یہ سب کی سب پاک ہیں۔ ان سے طہارت زائل نہیں ہوتی۔

س ۱۰۰ : بیت الخلاء کے قدمچے یا کموڈ جس سمت کو ہم قبلہ سمجھتے تھے، اس سے بالکل مخالف سمت میں نصب کئے گئے اور کچھ عرصہ بعد معلوم ہوا کہ قدمچے کا انحراف قبلہ سے صرف ۲۰ سے ۲۲ ڈگری تک ہی فرق رکھتا ہے۔ اب برائے مہربانی یہ فرمائیں کہ قدمچہ کی سمت کا بدلنا واجب ہے یا نہیں؟

ج : اگر انحراف اس حد تک ہو کہ عرفاً قبلہ سے انحراف صادق آجائے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

س ۱۰۱ : میرے پیشاب کی نلی میں ایک مرض ہے جس کی وجہ سے پیشاب اور استبراء کے بعد بھی پیشاب نہیں رکتا اور میں رطوبت دیکھتا ہوں، اس سلسلے میں، میں نے ڈاکٹر کی طرف بھی رجوع کیا اور جو اس نے کہا اس پر عمل بھی کیا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا، اب میرا فرض کیا ہے؟

ج : استبراء کے بعد پیشاب کے نکلنے کے بارے میں شک کا اعتبار نہیں کیا جائیگا اور اگر آپ کو قطرات کی شکل میں پیشاب کے ٹپکنے کا یقین ہو تو امام خمینیؒ کے رسالہ عملیہ میں مذکور مسلوس (جسے برابر پیشاب ٹپکتا ہے) کے فریضہ پر عمل کریں، اس کے

علاوہ آپ پر کوئی اور چیز واجب نہیں ہے۔

س ۱۰۲ : استنجا سے پہلے استبرا کا کیا طریقہ ہے ؟

ج : استنجا سے پہلے اور استنجا (پاخانہ کے مقام کو پاک کرنے) کے بعد والے استبراء کے طریقے میں کوئی فرق نہیں ہے۔

س ۱۰۳ : بعض کارخانوں اور اداروں میں کام کرنے کے لئے طبّی معائنہ ضروری ہوتا ہے اور اس سلسلے میں کبھی شرمگاہ کو بھی کھولنا پڑتا ہے تو کیا وہاں کام کرنے کی ضرورت کے پیش نظر ایسا کرنا جائز ہے ؟

ج : مکلف کے لئے ناظر محترم یعنی باشعور اور ممیز شخص کے سامنے شرمگاہ کا کھولنا جائز نہیں ہے۔ چاہے کام کے لئے وہاں پر تقرری اسی پر موقوف ہو۔ مگر یہ کہ اس کام کا ترک کرنا حرج کا باعث ہو اور وہ یہ کام کرنے پر مجبور ہو۔

وضو کے احکام

س۱۰۴: میں نے نماز مغرب ادا کرنے کی نیت سے وضو کیا تو کیا میں اسی وضو سے قرآن کریم (کے حروف) کو چھو سکتا ہوں اور نماز عشا پڑھ سکتا ہوں؟

ج: صحیح وضو متحقق ہونے کے بعد جب تک وہ باطل نہیں ہوتا اس سے ہر وہ عمل انجام دیا جا سکتا ہے جس میں طہارت شرط ہے۔

س۱۰۵: ایک شخص اپنے سر پر مصنوعی بال لگاتا ہے اور اگر انہیں ہٹا لے تو مشکل میں پڑ جائے گا تو کیا اس کے لئے مصنوعی بال پر مسح کرنا جائز ہے؟

ج: مصنوعی بالوں پر مسح کرنا جائز نہیں ہے بلکہ مسح کرتے وقت (سر کی) کھال سے ان کا ہٹانا واجب ہے مگر یہ کہ ان کے ہٹانے میں اتنی مشقت پیش آئے جو عادتاً ناقابل برداشت ہو۔

س۱۰۶: زید (نام کے ایک شخص) کا کہنا ہے کہ: چہرے پر صرف دو چلو پانی ڈالنا چاہئے اور تیسرا چلو پانی ڈالنے سے وضو باطل ہو جاتا ہے، آیا یہ صحیح ہے؟

ج: چہرے پر دو چلو یا اس سے بھی زیادہ پانی ڈالنے میں کوئی حرج نہیں ہے،

لیکن چہرے اور ہاتھوں کو دو مرتبہ سے زیادہ دھونا (یعنی ان پر ہاتھ پھیرنا) جائز نہیں ہے۔

س ۱۰۷: جو چکنائی طبیعی طور سے جسم کے بالوں یا کھال سے نکلتی ہے، کیا اسے وضو کے لئے حاجب اور مانع شمار کیا جائے گا؟

ج: حاجب شمار نہیں ہوگی مگر یہ کہ وہ اتنی مقدار میں ہو کہ مکلف خود اسے بال یا کھال تک پانی کے پہونچنے میں حائل سمجھے۔

س ۱۰۸: ایک مدت تک میں نے پاؤں کا مسح، انگلیوں کے سرے سے نہیں کیا بلکہ انگلیوں کے پچھلے حصے سے پاؤں کی ابھری ہوئی جگہ تک مسح کیا ہے، آیا ایسا مسح صحیح ہے؟ اور اگر اس میں اشکال ہے تو کیا میں جن نمازوں کو پڑھ چکا ہوں ان کی قضا واجب ہے؟

ج: اگر مسح پاؤں کی انگلیوں کے سرے سے نہ ہوا ہو تو وضو باطل ہے اور نماز کی قضا واجب ہے اور اگر شک ہو کہ پاؤں کا مسح انگلیوں کے سرے سے ہوا ہے یا نہیں، تو وضو اور نماز صحیح ہیں۔

س ۱۰۹: کعب کیا ہے، جہاں تک پاؤں کا مسح ختم کیا جاتا ہے؟

ج: مشہور یہی ہے کہ پاؤں کی ابھری ہوئی جگہ سے پنڈلی کے جوڑ یعنی ٹخنے تک ہے، جسے پاؤں کے قبہ یا ابھار سے تعبیر کیا گیا ہے۔ لیکن اس احتیاط کو ترک نہیں کرنا چاہئے کہ مسح ٹخنے تک ہے۔

س ۱۱۰: اسلامی ممالک میں حکومت کی طرف سے بنائی گئی مسجدوں، عدالتی مراکز اور سرکاری دفاتر میں وضو کرنے کا کیا حکم ہے؟

ج: کوئی حرج نہیں ہے اور نہ ہی اس میں کوئی شرعی ممانعت ہے۔

س ۱۱۱: (اعضائے وضو میں سے کسی حصہ کو) ایک مرتبہ دھونے کے لئے کیا چند چلّو پانی ڈالنا ممنوع ہے؟ اور اگر چند چلّو پانی کے ذریعہ ایک مرتبہ دھونے کی نیت ہو لیکن ایک سے زیادہ مرتبہ دھل جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

ج: اس کا دار و مدار قصد اور ایک مرتبہ دھونے پر ہے اور کئی مرتبہ یا کئی چلّو پانی ڈالنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

س ۱۱۲: اگر ایک شخص کی زمین میں چشمہ پھوٹے اور ہم پائپ کے ذریعہ پانی کئی کلومیٹر دور لے جانا چاہیں تو اس کا لازمی نتیجہ ہے کہ پائپ کو اس شخص کی زمین اور دوسرے اشخاص کی زمینوں سے گزاریں، پس اگر وہ افراد راضی نہ ہوں تو کیا اس چشمے کے پانی کو وضو غسل اور دوسری چیزوں کی طہارت کیلئے استعمال کرنا جائز ہے؟

ج: اگر چشمہ خود سے پھوٹے اور قبل اس کے کہ زمین پر جاری ہو، اس کا پانی پائپ میں ڈال دیا جائے اور اس زمین، نیز دوسری زمینوں کو اس پائپ لائن کے گذرنے کیلئے استعمال کیا جائے، تو اس پانی سے استفادہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے بشرطیکہ عرف عام میں پانی کے استفادہ کو اس زمین اور دوسری زمینوں میں تصرف نہ سمجھا جائے۔

س ۱۱۳: ہمارے محلہ میں پانی کا دباؤ بہت کم ہے جس کی وجہ سے مکانوں کے اوپر کی منزلوں میں پانی یا تو بہت ہی کم پہنچتا ہے یا پہنچ ہی نہیں پاتا اور نیچے کی منزلوں میں بھی پانی کی رفتار بہت کم رہتی ہے۔ بعض پڑوسیوں نے واٹرپمپ لگا رکھے ہیں جن کے چلنے سے اوپر کی منزلوں میں پانی نہیں پہنچتا اور نیچے کی منزلوں میں اگرچہ پانی منقطع نہیں ہوتا لیکن اس کی رفتار اتنی کم ہو جاتی ہے جس سے استفادہ ممکن نہیں ہوتا اور اکثر وضو و غسل کے وقت

مشکل اتنی بڑھ جاتی ہے کہ نل کے پانی سے استفادہ ہی ممکن نہیں ہو پاتا - اور جب وہ واٹر پمپ کام نہیں کرتے تو سب لوگ نماز اور دوسرے امور کے لئے وضو غسل کر سکتے ہیں - دوسری طرف محکمۂ آب، لوگوں کو واٹر پمپ لگانے سے روکتا ہے اور اگر اسے کسی گھر میں اس کی موجودگی کا علم ہو جائے تو اس کے مالک کو وارننگ دیتا ہے - پھر اگر گھر کا مالک واٹر پمپ خود سے نہ ہٹائے تو محکمۂ آب والے اسے اٹھا لے جاتے ہیں اور جرمانہ بھی کرتے ہیں - مذکورہ توضیح کی روشنی میں دو سوال دریافت طلب ہیں :

۱- کیا ایسے واٹر پمپ لگانا شرعاً جائز ہے ؟ اور کیا ہمارے لئے بھی اس کا لگانا جائز ہے ؟

۲- جائز نہ ہونے کی صورت میں واٹر پمپ چلتے وقت وضوء اور غسل کا کیا حکم ہے ؟

ج : مذکورہ سوال کی روشنی میں واٹر پمپ کا نصب کرنا اور اس سے استفادہ کرنا جائز نہیں ہے اور اس صورت میں وضوء اور غسل میں بھی اشکال ہے.

س ۱۱۴ : نماز کا وقت داخل ہونے سے پہلے وضو کرنے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے ؟ اور آپ نے کسی کے استفتاء (کے جواب) میں فرمایا ہے کہ اگر نماز کے اول وقت سے کچھ دیر پہلے وضو کیا جائے تو اس وضو سے نماز صحیح ہے پس نماز کے اول وقت سے قریبی وقت کی مقدار آپ کے نزدیک کیا ہے ؟

ج : وقت نماز داخل ہونے کے قریبی وقت کی تشخیص معیار عرف ہے، پس اگر اس وقت نماز کے لئے وضو کیا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے .

س ۱۱۵ : کیا وضو کرنے والے کے لئے یہ مستحب ہے کہ وہ پیر کا مسح انگلیوں کے بالکل نچلے حصہ

یعنی اس جگہ سے کرے جو چلتے وقت زمین سے مس ہوتی ہے ؟

ج: مسح کی جگہ پیر کے اوپری حصہ یعنی انگلیوں کے سرے سے ٹخنوں تک ہے اور انگلیوں کے نچلے حصے کے مسح کا مستحب ہونا ثابت نہیں ہے۔

س ۱۱۶: وضو کرنے والا اگر وضو کرنے کے قصد سے ہاتھوں اور چہرے کو دھوتے وقت نل کو کھولے اور بند کرے تو نل کے اس چھونے کا کیا حکم ہے ؟

ج: کوئی حرج نہیں ہے اور اس سے وضو کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑتا، لیکن بایاں ہاتھ دھونے کے بعد اور مسح کرنے سے پہلے اگر پانی کے گیلے نل پر ہاتھ رکھے اور بالفرض اگر اس کی ہتھیلی کا وضوء والا پانی دوسرے پانی سے مخلوط ہو جائے تو وضو کے صحیح ہونے میں اشکال ہے۔

س ۱۱۷: بعض عورتیں یہ دعوی کرتی ہیں کہ ناخن پر پالش کا ہونا وضوء میں رکاوٹ نہیں بنتا، اور یہ کہ باریک موزے پر مسح کرنا جائز ہے، آپ کیا فرماتے ہیں ؟

ج: اگر وہ پالش، ناخن تک پانی کے پہونچنے میں رکاوٹ بنتی ہو تو وضو باطل ہے اور موزے پر مسح کرنا، خواہ وہ کتنا ہی باریک ہو، صحیح نہیں ہے۔

س ۱۱۸: جن جنگی زخمیوں کو قطع نخاع (یعنی ریڑھ کی ہڈی میں حرام مغز کٹ جانے) کی وجہ سے پیشاب ٹپکنے کی شکایت پیدا ہو گئی ہے کیا یہ جائز ہے کہ جمعہ کا خطبہ اور نماز جمعہ و عصر میں وضوء مسلوس کریں؟

ج: ان پر وضوء کے بعد بلا تاخیر نماز کا شروع کر دینا اور نماز عصر کے لئے نیا وضو کرنا واجب ہے۔ لیکن اگر پہلے وضو کے بعد حدث صادر نہ ہوا ہو تو اس صورت میں دونوں نمازوں کے لئے ایک ہی وضو کافی ہوگا، اسی طرح خطبۂ

جمعہ سے پہلے کا وضو نماز جمعہ کے لئے کافی ہوگا اگر وضو کے بعد ان سے کوئی حدث صادر نہ ہوا ہو۔

س ۱۱۹ : کیا ایسے جنگی زخمی کے لئے، جسے ریڑھ کی ہڈی بیکار ہو جانے کی وجہ سے پیشاب ٹپکنے کی شکایت ہوگئی ہو، جائز ہے کہ وہ وضو کے بعد نماز جماعت میں شرکت کے لئے تاخیر کرے ؟

ج : اگر وضو کے بعد اس کا پیشاب قطرہ قطرہ ٹپکتا ہو تو اس پر واجب ہے کہ وضو اور نماز کے درمیان فاصلہ نہ کرے۔

س ۱۲۰ : جو شخص وضو پر قادر نہ ہو وہ کسی دوسرے کو وضو کے لئے نائب بنائے اور خود وضو کی نیت کرے اور اپنے ہاتھ سے مسح کرے اور اگر مسح کرنے پر قادر نہ ہو تو نائب اس کے ہاتھ سے اسے مسح کرائے اور اگر اس سے بھی عاجز ہو تو نائب اس کے ہاتھ کی تری لے کر اسے مسح کرائے گا لیکن اگر نائب بنانے والے کے ہاتھ بھی نہ ہوں تو اس کا کیا حکم ہے ؟

ج : اگر اس کی ہتھیلیاں نہ ہوں تو بقیہ ہاتھ سے تری لے کر مسح کرایا جائے گا اور اگر بقیہ ہاتھ بھی نہ ہو تو چہرے سے تری لے کر اس کے سر اور پیر کا مسح کرایا جائے گا.

س ۱۲۱ : ہم جب وضو کرنا چاہیں تو کیا یہ ضروری ہے کہ برتن ٹونٹی والا ہو جیسے کیتلی وغیرہ ؟ اور اگر اس ظرف میں ٹونٹی نہ ہو تو کیا اس سے وضو باطل ہے ؟

ج : جس ظرف میں وضو کا پانی ہو اس میں ٹونٹی ہونا ضروری نہیں ہے اور برتن سے پانی لے کر وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، خواہ اس سے ہاتھ پر پانی انڈیلا جائے یا اس میں ہاتھ ڈال کر چلو میں پانی لیا جائے۔

س ۱۲۲ : جس جگہ نماز جمعہ ہوتی ہے اس کے قریب وضو کرنے کی جگہ ہے جو جامع مسجد سے متعلق

ہے اور اس کے پانی کی جو قیمت دی جاتی ہے مسجد کے بجٹ سے نہیں دی جاتی ہے تو کیا نماز جمعہ پڑھنے والوں کے لئے اس سے استفادہ کرنا جائز ہے ؟

ج: جب نمازیوں کے وضو کے لئے پانی کا انتظام بغیر کسی قید کے کیا گیا ہو تو اس کو استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۱۲۳: ظہرین کی نماز سے پہلے کیا جانے والا وضو کیا مغرب و عشا کے لئے بھی کافی ہے یا نماز کے لئے الگ الگ وضو کرنا واجب ہے ؟ جبکہ ہم جانتے ہیں کہ اس دوران وضو باطل کرنے والا کوئی فعل صادر نہیں ہوا ہے ؟

ج: ہر نماز کے لئے (جدا) وضو کرنا واجب نہیں ہے بلکہ ایک وضو سے جب تک وہ باطل نہیں ہوتا جتنی نمازیں چاہے پڑھ سکتا ہے۔

س ۱۲۴: وقت نماز سے پہلے کیا واجبی نماز کے لئے وضو کرنا جائز ہے ؟

ج: جب وقت داخل ہونے والا ہو تو نماز کے لئے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۱۲۵: میرے دونوں پیر مفلوج ہو گئے ہیں اور میں طبی جوتے اور بیساکھی کے سہارے چلتا ہوں اور وضو کرتے وقت ان جوتوں کا اتارنا میرے لئے ممکن نہیں ہے، لہٰذا آپ بتائیں کہ پیروں کا مسح کرنے کے سلسلے میں میری شرعی ذمہ داری کیا ہے ؟

ج: اگر پیروں کے مسح کے لئے جوتے اتارنا آپ کے لئے مشقت کا سبب ہو تو ان ہی پر مسح کرنا کافی اور صحیح ہوگا۔

س ۱۲۶: ہم ایک جگہ پہونچے وہاں ہم نے چند فرسخ تک پانی تلاش کیا تو ہمیں گندہ اور خراب

پانی ملا، اس صورت میں کیا تیمم واجب ہے ؟ یا اسی پانی سے وضو کرنا چاہیئے ؟

ج: اگر پانی پاک ہو اور اس کے استعمال کرنے میں کوئی ضرر نہ ہو تو اسی سے وضو کرنا واجب ہے اس کے ہوتے ہوئے تیمم کی نوبت نہیں آئے گی ۔

س ۱۲۷ : وضو کیا بذات خود مستحب ہے اور کیا نماز کا وقت داخل ہونے سے پہلے قربت کی نیت سے وضو کرنا اور پھر اسی وضو سے نماز پڑھنا صحیح ہے ؟

ج: شرعی نقطۂ نظر سے طہارت کے لئے وضو کرنا مستحب ہے اور مستحبی وضو سے نماز پڑھنا جائز ہے ۔

س ۱۲۸ : جو شخص اپنے وضو کے بارے میں ہمیشہ شک کا شکار رہتا ہو وہ کیسے مسجد میں داخل ہو سکتا ہے، نماز پڑھ سکتا ہے، قرآن مجید کی تلاوت کر سکتا ہے اور ائمۂ معصومینؑ کے مراقد کی زیارت کر سکتا ہے ؟

ج: وضو کے بعد طہارت میں شک کا کوئی اعتبار نہیں ہے چنانچہ جب تک اسے وضو کے ٹوٹنے کا یقین نہ ہو اس کے لئے نماز پڑھنا اور قرآن کی تلاوت کرنا جائز ہے ۔

س ۱۲۹ : کیا وضو کے صحیح ہونے میں ہاتھ کے ہر حصے پر پانی کا جاری ہونا شرط ہے یا صرف تر ہاتھ اس پر پھیر لینا کافی ہے ؟

ج: دھونے کا معیار یہ ہے کہ پورے عضو تک پانی پہنچایا جائے ، چاہے پانی ہاتھ کے پھیرنے ہی سے پورے عضو تک پہنچے ۔ لیکن صرف گیلے ہاتھ کا پھیرنا کافی نہیں ہے ۔

س ۱۳۰ : کیا وضو میں بائیں ہاتھ کی تری سے سر کا مسح کرنا اسی طرح جائز ہے جیسا کہ دائیں ہاتھ سے جائز ہے؟ اور کیا سر کا مسح نیچے سے اوپر کی طرف کیا جا سکتا ہے؟

ج : بائیں ہاتھ سے سر کا مسح کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اگرچہ احتیاط یہ ہے کہ دائیں ہاتھ سے مسح کیا جائے، اسی طرح احتیاط یہ ہے کہ سر کا مسح اوپر سے نیچے کی طرف یعنی مانگ سے پیشانی کی طرف کرے اگرچہ اس کے برعکس بھی کر سکتا ہے۔

س ۱۳۱ : کیا سر کے مسح میں ہاتھوں کی تری کا بالوں تک پہونچنا کافی ہے یا اس تری کا سر کی کھال تک پہونچانا واجب ہے؟ اور اگر کوئی شخص مصنوعی بال لگاتا ہے تو وہ اپنے سر پر کیسے مسح کریگا؟

ج : کھال کا مسح واجب نہیں ہے اور اگر مصنوعی بالوں کو جدا کرنا ممکن نہ ہو تو ان ہی پر مسح کرنا کافی ہوگا۔

س ۱۳۲ : اعضاء وضو یا غسل کو وقفہ وقفہ کے ساتھ دھونے کا کیا حکم ہے؟

ج : غسل میں موالات کی پروا نہ کرنے اور فاصلہ پیدا کر دینے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن اگر وضو میں تاخیر کی وجہ سے پہلے دھوئے ہوئے اعضاء خشک ہو جائیں تو وضو باطل ہے۔

س ۱۳۳ : وضو اور نماز میں اس شخص کا کیا فرض ہے جس کی ریاح کم مقدار میں سہی لیکن دائمی طور پر خارج ہوتی رہتی ہے؟

ج : اگر اتنا بھی موقع نہ ملتا ہو کہ وہ نماز تمام ہونے تک وضو برقرار رکھ سکے اور درمیانِ نماز تجدید وضو کرنے میں اسے دشواری ہو تو ایک وضو سے ایک نماز

ادا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، یعنی ہر نماز کے لئے ایک ہی وضو کافی ہے خواہ نماز کے دوران اس کا وضو باطل ہو جائے۔

س ۱۳۴: کچھ لوگ ایک بلڈنگ میں رہتے ہیں اور اپنے فلیٹوں کے مصارف نیز دوسری سہولتوں جیسے ٹھنڈے اور گرم پانی، نگہبانی اور اے. سی (کولر) وغیرہ کا معاوضہ ادا نہیں کرتے اور اسے اپنے پڑوسیوں کی گردن پر ڈال دیتے ہیں جبکہ پڑوسی اس پر راضی نہیں ہیں تو کیا ان لوگوں کی نماز و روزے اور دوسرے عبادی اعمال باطل ہیں؟

ج: ان میں سے ہر ایک شخص ان پیسوں کا شرعاً مدیون ہے، جنہیں ان مشترکہ امکانات و وسائل سے استفادہ کے عوض ادا کرنا واجب ہے۔ اور اگر پانی کا معاوضہ نہ دینے کے ارادے سے اسے وضو اور غسل کے لئے استعمال کیا جائے تو ان دونوں کی صحت میں اشکال ہے بلکہ وضو اور غسل دونوں باطل ہیں۔

س ۱۳۵: ایک شخص نے غسل جنابت کیا اور تین چار گھنٹے کے بعد نماز کا قصد کیا لیکن وہ نہیں جانتا کہ اس کا غسل باطل ہو گیا یا نہیں، پس اگر وہ احتیاطاً وضو کرے تو اس میں کوئی اشکال ہے یا نہیں؟

ج: مذکورہ فرض میں وضو واجب نہیں ہے لیکن احتیاط میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۱۳۶: کیا نابالغ بچہ حدث اصغر صادر ہونے سے محدث ہوتا ہے اور کیا وہ قرآن کے حروف کو چھو سکتا ہے؟

ج: جی ہاں نابالغ بچہ وضو کو توڑ دینے والی چیزوں کے عارض ہونے سے محدث ہوتا ہے لیکن مکلف پر واجب نہیں ہے کہ وہ بچہ کو قرآن کے حروف کو مس کرنے

سے روکے۔

س ۱۳۷ : اگر اعضائے وضو میں سے کوئی عضو دھوئے جانے کے بعد اور وضو مکمل ہونے سے پہلے نجس ہوجائے تو اس کا کیا حکم ہے ؟

ج : اس سے وضو کی صحت پر اثر نہیں پڑے گا ، ہاں نماز کے لئے خبث (نجاست) سے اس عضو کا پاک کرنا واجب ہے۔

س ۱۳۸ : اگر مسح کے وقت پاؤں پر پانی کے چند قطرے موجود ہوں تو کیا اس میں کوئی حرج ہے؟

ج : مسح کرنے کی جگہ سے قطرات کو خشک کرنا واجب ہے تاکہ مسح کرنے والی چیز یعنی ہاتھ ، مسح کی جانے والی چیز یعنی پاؤں پر اثر ڈال سکے ، اس کے برعکس نہ ہو۔

س ۱۳۹ : اگر دایاں ہاتھ شانے سے کٹ گیا ہو تو کیا دائیں پیر کا مسح ساقط ہوجائے گا ؟

ج : مسح ساقط نہیں ہوگا بلکہ اس پر بائیں ہاتھ سے مسح کرنا واجب ہوگا۔

س ۱۴۰ : جو شخص اپنے وضو کے باطل ہونے سے لاعلم تھا اور وضو سے فارغ ہونے کے بعد اسے اس کا علم ہوا تو اس کا کیا حکم ہے ؟

ج : اس پر دوبارہ وضو کرنا واجب ہے اسی طرح ان اعمال کا اعادہ بھی واجب ہے جن میں طہارت شرط ہے جیسے نماز۔

س ۱۴۱ : اگر انسان کے اعضاء وضو میں سے کسی عضو میں ایسا زخم ہو جس سے جبیرہ یعنی پٹی باندھے جانے کے باوجود ہمیشہ خون بہتا رہتا ہو تو وہ کس طرح وضو کرے گا ؟

ج : اس پر واجب ہے کہ زخم پر جبیرہ کے طور پر ایسی چیز باندھے جس سے

خون باہر نکلنے پائے جیسے نائیلون۔

س ۱۴۲ : ارتماسی وضو میں ہاتھ اور چہرہ کا کئی بار پانی میں ڈبونا جائز ہے یا صرف دو مرتبہ جائز ہے؟

ج : چہرہ اور ہاتھ کو صرف دو مرتبہ پانی میں ڈبونا جائز ہے۔ پہلی مرتبہ واجب کی نیت سے اور دوسری مرتبہ مستحب کی نیت سے، ہاں ہاتھوں کے دھونے میں واجب ہے کہ انھیں پانی سے باہر نکالتے وقت دھونے کا قصد کرے تاکہ مسح وضو کے پانی سے کر سکے۔

س ۱۴۳ : کیا وضو کے بعد اس کی تری کا خشک کرنا مکروہ ہے اور اس کے برخلاف کیا خشک نہ کرنا مستحب ہے؟

ج : اگر اس کام کے لئے مخصوص تولیہ یا کپڑا رکھے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۱۴۴ : جس مصنوعی رنگ سے عورتیں اپنے سر اور بھوؤں کے بالوں کو رنگتی ہیں، وہ وضو اور غسل میں مانع ہے یا نہیں؟

ج : اگر اس میں کوئی ایسی چیز نہ ہو جو بالوں تک پانی کے پہونچنے میں رکاوٹ بنے بلکہ صرف رنگ ہو تو وضو اور غسل صحیح ہیں۔

س ۱۴۵ : کیا روشنائی ان موانع میں سے ہے جو اگر ہاتھ پر لگی ہو تو وضو باطل ہے؟

ج : اگر اس کی وجہ سے کھال تک پانی نہ پہونچ سکے تو وضو باطل ہے اور موضوع کی تشخیص خود مکلّف کے ذمہ ہے۔

س ۱۴۶ : اگر سر کا مسح کرتے وقت ہاتھ اور چہرہ کی رطوبت مل جائے تو کیا وضو باطل ہے؟

ج : اس میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن چونکہ احتیاط یہ ہے کہ دونوں پیروں کے

مسح کے لئے آب وضو کی وہی تری رہنی چاہئے جو ہتھیلیوں میں باقی رہ گئی ہو لہٰذا اس احتیاط کی رعایت کے لئے ضروری ہے کہ سر کا مسح کرتے وقت ہاتھ کو پیشانی کے اوپری حصہ سے متصل نہ کرے تاکہ ہاتھ کی وہ تری جس سے پیر کا مسح کرنا ہے، چہرے کی تری سے نہ مل جائے۔

س ۱۴۷: جو شخص وضو میں عام لوگوں سے زیادہ وقت صرف کرتا ہو اسے کیا کرنا چاہئے جس سے اسے اعضاء کے دھوئے جانے کا یقین ہو جائے ؟

ج: وسوسہ سے اجتناب واجب ہے اور شیطان کو مایوس کرنے کے لئے دل کی پروا نہیں کرنا چاہئے اور تمام لوگوں کی طرح صرف اسی قدر بجالانے کی کوشش کرنا چاہئے جتنا وضو شرعاً واجب ہے۔

س ۱۴۸: میرے بدن کے بعض اجزاء پر نقش (وشم[1]) ہیں کہتے ہیں کہ میرا غسل، وضو اور نماز باطل ہیں۔ امید ہے اس سلسلے میں میری راہنمائی فرمائیں گے ؟

ج: اگر یہ نقش صرف رنگ کی حد تک ہے اور کھال کے اوپر کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو کھال تک پانی کو پہونچنے نہ دے تو وضو اور غسل صحیح ہیں اور نماز میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

س ۱۴۹: اگر پیشاب کرنے نیز استبراء اور وضو سے فارغ ہونے کے بعد ایسی رطوبت خارج ہو جس کے منی یا پیشاب ہونے کا شبہ ہو تو اس کا کیا حکم ہے ؟

---

[1] وشم یعنی گودنا ـــ وہ نقش و تصویر جو مخصوص سوئی اور پختہ رنگ سے اعضاء بدن پر بنائی جاتی ہے۔

ج: مفروضہ سوال کی روشنی میں اس پر وضو اور غسل دونوں واجب ہیں تاکہ طہارت کا یقین حاصل ہو جائے۔

س۱۵۰: برائے مہربانی مردوں اور عورتوں کے وضو کا فرق بیان فرمایئے؟

ج: افعال وکیفیت کے اعتبار سے مرد و عورت کے وضو میں کوئی فرق نہیں ہے لیکن مستحب ہے کہ مرد ہاتھوں کو ان کے ظاہر یعنی پشت کی طرف سے دھونے کی ابتدا کرے اور عورت باطن یا اندرونی طرف سے دھوئے۔

اسمائے خدا اور آیات الٰہی کو مس کرنا

س ۱۵۱: ان ضمیروں کے مس کرنے کا کیا حکم ہے جو ذات باری تعالیٰ کے نام کی جگہ استعمال ہوتی ہیں جیسے بسمہ سبحانہ یا بسمہ تعالیٰ کی ضمیر؟

ج: ضمیر کا وہ حکم نہیں ہے جو کلمۂ اللّٰہ کا ہے۔

س ۱۵۲: اسم جلالہ "اللّٰہ" کے بجائے "ا..." کی اصطلاح رائج کی گئی ہے کہ تحریر میں آیۃ ا..." یا "إلــہ" لکھتے ہیں۔ ان دونوں کلموں (الف یا الــہ) کو بغیر وضو کے مس کرنے کا کیا حکم ہے؟

ج: "الف" اور نقطوں کا وہ حکم نہیں ہے جو لفظ جلالہ کا ہے، برخلاف کلمہ "الہ" کے۔

س ۱۵۳: میں ایک جگہ ملازمت کرتا ہوں جہاں خط و کتابت میں لفظ "اللّٰہ" کو "ا..." کی صورت میں لکھتے ہیں۔ پس اسم جلالہ کے بجائے الف اور تین نقطے لکھنا شرعی لحاظ سے صحیح ہے یا نہیں؟

ج: شرعی اعتبار سے کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۱۵۴: کیا صرف اس خیال سے کہ کوئی اسے بے وضو مس کرے لفظ جلالہ "اللّٰہ" کو لکھنے سے پرہیز کرنا یا اس صورت "ا..." میں لکھنا جائز ہے؟

ج: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۱۵۵: نابینا اشخاص پڑھنے اور لکھنے میں "بریل" نامی رسم الخط کی ابھری ہوئی تحریر کو انگلیوں سے مس کرتے ہیں۔ اس بات کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہ یہ رسم الخط چھ نقطوں سے بنایا گیا ہے، اس سوال کا جواب دیجئے کہ کیا نابینا افراد کے لئے "بریل" رسم الخط میں قرآن پڑھنے، سیکھنے یا اسمائے طاہرہ کو چھونے کے لئے باوضو ہونا شرط ہے یا نہیں؟

ج: وہ ابھرے ہوئے نقطے جو اصلی حروف کی علامات ہیں اصلی حروف کے حکم میں نہیں ہیں اور جہاں انھیں قرآن مجید اور اسماء طاہرہ کے حروف کی علامات کے عنوان سے استعمال کیا جاتا ہے، وہاں ان کے چھونے کے لئے طہارت شرط نہیں ہے۔

س ۱۵۶: بے وضو شخص کے لئے عبد اللہ وحبیب اللہ جیسے ناموں کو چھونے کا کیا حکم ہے؟

ج: غیر طاہر شخص کے لئے لفظ جلالہ کو چھونا جائز نہیں ہے۔ خواہ وہ اسم مرکب کا جز ہی کیوں نہ ہو۔

س ۱۵۷: کیا حائض ایسا گلو بند پہن سکتی ہے جس پر نبیؐ کا اسم مبارک نقش ہو؟

ج: گردن میں پہننے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن واجب ہے کہ اس اسم مبارک کو بدن سے مس نہ ہونے دے۔

س ۱۵۸: کیا بغیر طہارت کے قرآن کی صرف اس تحریر کو چھونا حرام ہے جو مصحف شریف میں ہیں یا کسی کتاب، لوح یا تختی اور دیوار وغیرہ پر مرقوم قرآنی تحریر بھی اس حکم میں شامل ہے؟

ج: یہ حرمت صرف مصحف شریف سے مخصوص نہیں ہے بلکہ قرآن کے تمام کلمات

اور آیات کو شامل ہے چاہے وہ کسی کتاب میں ہوں یا کسی رسالہ میں، لوح یا تختی پر ہوں یا دیوار وغیرہ پر نقش کئے گئے ہوں۔

س ۱۵۹: ایک گھرانہ چاول کھانے کے لئے ایسا برتن استعمال کرتا ہے جس پر آیات قرآنی جیسے آیۃ الکرسی وغیرہ مرقوم ہیں، اور اس سے ان کا مقصد خیر و برکت کا حصول ہے کیا اس میں کوئی حرج ہے؟

ج: اس میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن واجب ہے کہ بے وضو شخص کا ہاتھ قرآنی آیات کو نہ چھوسکے۔

س ۱۶۰: کیا آلہ کتابت یعنی قلم وغیرہ کے ذریعہ اسماء جلالہ یا قرآنی آیات اور اسماء معصومینؑ لکھنے والوں کے لئے کتابت کے وقت باوضو رہنا واجب ہے؟

ج: طہارت شرط نہیں ہے لیکن طہارت کے بغیر ان کے لئے تحریر کا مس کرنا جائز نہیں ہے۔

س ۱۶۱: کیا اسلامی جمہوریہ ایران کے مونوگرام کو مس کرنا، جو خطوط اور لبس کے ٹکٹوں وغیرہ پر نقش ہوتا ہے، حرام ہے؟

ج: اگر عرف عام میں اسے اسم جلالہ سمجھا اور پڑھا جاتا ہے تو طہارت کے بغیر چھونا حرام ہے ورنہ نہیں۔

س ۱۶۲: کیا اسلامی جمہوریہ ایران کے مونوگرام کو اسم جلالہ سمجھا جاتا ہے؟ نیز سرکاری اداروں کے کاغذات اور لیٹرپیڈ پر چھپوا کر خط و کتابت میں استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟

ج: لیٹرپیڈ پر نام اللہ یا اسلامی جمہوریہ ایران کا مونوگرام چھپوانے میں

کوئی حرج نہیں ہے۔ اور احتیاط واجب یہ ہے کہ اسلامی جمہوریہ ایران کے مونوگرام میں بھی اسم جلالہ کے احکام کی رعایت کی جائے۔

س ۱۶۳ : دفتروں میں بعض سرکاری کاغذوں کے اوپر اسلامی جمہوریہ ایران کا مونوگرام چھپا ہوتا ہے۔ اسی طرح ہسپتال کے کاغذات پر "ھو الشافی" لکھا ہوتا ہے، استعمال کے بعد انھیں پھینک دینے یا انھیں خون آلود کرنے کا کیا حکم ہے؟

ج: اسم جلالہ یا جو الفاظ اس کے حکم میں ہوں ان کے ذریعہ خط و کتابت کے اوراق کی تزئین کی جا سکتی ہے لیکن ان کی بے حرمتی اور انھیں نجس کرنے سے پرہیز واجب ہے۔

س ۱۶۴ : ڈاک ٹکٹوں، اداروں کے مونوگراموں یا اخبار وجرائد اور روزناموں پر آیات قرآنی یا اللہ تعالیٰ کا نام لکھا ہوتا ہے، ان سے استفادہ کا کیا حکم ہے؟

ج: نشریات پر آیات قرآن یا نام خدا وغیرہ چھاپنے اور انھیں شائع کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن مس کرنے والے پر واجب ہے کہ ان کے شرعی احکام کی رعایت کرے۔ ان کی بے حرمتی اور انھیں نجس نہ کرے اور طہارت کے بغیر مس نہ کرے۔

س ۱۶۵ : بعض اخباروں پر نام خدا یا آیات قرآن مرقوم ہوتی ہے۔ کیا ان میں کھانے کی چیزیں لپیٹنا، ان پر بیٹھنا یا ان پر کھانا رکھ کر کھانا جائز ہے؟ یا انہیں کوڑے کے ساتھ کوڑے دان میں ڈالنا صحیح ہے جبکہ اس کے بغیر گلو خلاصی مشکل ہے؟

ج: ایسے اخبارات سے استفادہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن ایسا

استعمال نہ ہو جو عرف عام میں اسم جلالہ اور آیات قرآنی (جن کی بے حرمتی کرنا حرام ہے) کی بے حرمتی شمار ہو اور نہ انھیں نجس مقام پر پھینکا جا سکے۔

س ۱۶۶ : ان ڈاک ٹکٹوں کو کوڑے دان میں ڈالنے کا کیا حکم ہے جن پر اللہ کا نام لکھا ہوتا ہے؟ اور کیا انھیں بغیر وضو کے چھونا صحیح ہے؟

ج اللہ کا نام طہارت کے بغیر چھونا اور اسے نجس کرنا یا ایسی جگہوں پر ڈالنا جو بے حرمتی کا سبب ہو جائز نہیں ہے۔

س ۱۶۷ : کیا انگوٹھیوں پر کندہ کلمات کو چھونا جائز ہے؟

ج اگر وہ ایسے کلمات ہوں جن کے چھونے میں طہارت شرط ہے تو انھیں بغیر طہارت چھونا جائز نہیں ہے۔

س ۱۶۸ : کیا دکانداروں کیلئے جائز ہے کہ وہ بیچی جانے والی چیزوں کو اخبار یا رسالوں کے کاغذ میں لپیٹ کر دیں، جبکہ ہمیں یقین ہے کہ ان میں اللہ کا نام چھپا ہے؟ اور کیا انھیں وضو کے بغیر چھونا جائز ہے؟

ج : بیچی جانیوالی چیزوں کو لپیٹنے کیلئے اخبارات سے استفادہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ اسے ان اخبارات میں لکھے ہوئے اللہ کے نام، قرآنی آیات اور اسماء معصومین ؑ کی بے حرمتی شمار نہ کیا جاتا ہو، لیکن جان بوجھ کر انھیں بغیر وضو کے چھونا جائز نہیں ہے۔

س ۱۶۹ : ان اخبارات پر اسماء انبیاء اور آیات قرآن کے لکھنے کا کیا حکم ہے جن کے جلانے یا پاؤں کے نیچے آنے کا احتمال ہو؟

ج : اخبار و مجلات کے اندر آیات قرآن اور اسماء معصومین ؑ وغیرہ لکھنے میں شرعاً کوئی مانع نہیں ہے لیکن ان کی بے حرمتی کرنے، نجس کرنے اور بغیر طہارت کے انھیں چھونے سے اجتناب واجب ہے۔

س ۱۷۰: ان چیزوں کے ندیوں اور نالوں میں ڈالنے کا کیا حکم ہے جن پر اللہ کے نام تحریر ہوتے ہیں؟ کیا اسے بے حرمتی کہا جا سکتا ہے؟

ج: اگر عرف عام میں اسے بے حرمتی نہ کہا جاتا ہو تو ندیوں اور نالوں میں اسے ڈالنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۱۷۱: امتحانات کے ان تصحیح شدہ اوراق کو کوڑے دان میں ڈالنے یا ان کے جلانے کیلئے کیا یہ یقین حاصل کرنا شرط ہے کہ ان پر اسماء خدا اور اسماء معصومینؑ نہ ہوں؟ اور جن اوراق پر کچھ لکھا نہیں گیا ہے انھیں پھینکنا، جلانا اسراف ہے یا نہیں؟

ج: جستجو کرنا واجب نہیں ہے اور اگر کسی ورق پر اللہ کا نام لکھے ہونے کا یقین نہ ہو تو اسے کوڑے دان میں ڈالنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن جن اوراق کے بعض حصہ پر کچھ لکھا گیا ہے اور ان کو لکھنے کے کام میں لایا جا سکتا ہے یا انھیں ڈبے بنانے کے کام میں لایا جا سکتا ہے تو انھیں جلانا یا پھینکنا اسراف سے مشابہ ہے اور اشکال سے خالی نہیں ہے۔

س ۱۷۲: وہ اسماء مبارکہ کون کون سے ہیں جن کا احترام واجب اور جنھیں وضو کے بغیر چھونا حرام ہے؟

ج: خداوند عالم کے اسمائے ذات اور ان اسماء صفات کو چھونا، جو اس سے مخصوص ہوں جائز نہیں ہے اور احتیاط واجب ہے کہ مذکورہ حکم میں انبیائے عظام اور ائمہ معصومینؑ کے اسماء کو بھی اللہ کے اسماء ذات میں شامل کیا جائے۔

س ۱۷۳: ائمہ معصومینؑ اور انبیاءؑ کے اسماء و القاب کا کیا حکم ہے؟

ج: احتیاط (واجب) یہ ہے کہ انھیں بغیر وضو کے مس نہ کیا جائے۔

س ۱۷۴: ہمارے پاس قسم قسم کے بہت سے جرائد اور رسالے جمع ہو گئے ہیں، خاص طور سے جب سے سفارت خانہ قائم ہوا ہے۔ ہمارے نام داخلی اداروں کی طرف سے ارسال کردہ بہت سے رسالے جمع ہو گئے ہیں، ان میں زیادہ تر صفحات پر اسمائے خدا یا اسمائے انبیاءؑ وائمہؑ اور قرآنی آیات لکھی ہوئی ہیں۔ برائے کرم بتائیں کہ انھیں محفوظ رکھنے کی مشکل کو کیسے حل کیا جا سکتا ہے؟

ج: انھیں زمین میں دفن کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے یا اگر بے حرمتی نہ ہوتی ہو تو انھیں صحرا میں بھی ڈالا جا سکتا ہے۔

س ۱۷۵: ضرورت کے وقت اسمائے مبارکہ اور آیات قرآن کو محو کرنے کے شرعی طریقے کیا ہیں؟ اور جن اوراق پر آیات قرآن اور اسمائے جلالہ تحریر ہیں، اسرار کو محفوظ رکھنے کے لئے اگر انھیں جلانا پڑے تو اس کا کیا حکم ہے؟

ج: انھیں مٹی میں دفن کرنے یا پانی میں گلا دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ لیکن جلانے میں اشکال ہے اور اگر جلانا بے حرمتی شمار ہو تو جائز نہیں ہے مگر یہ کہ جلانا ضروری ہو جائے اور قرآنی آیات نیز اسمائے مبارکہ کا ان سے جدا کرنا ممکن نہ ہو۔

س ۱۷۶: اسمائے مبارکہ اور قرآن کی آیتوں کو اس طرح سے کاٹ کر الگ کرنے کا کیا حکم ہے کہ ان کے دو حروف متصل نہ رہیں اور پڑھے نہ جا سکیں اور کیا ان کے مٹانے اور ان سے احکام کو ساقط کرنے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ ان کی تحریری صورت کو کچھ حروف کے اضافہ یا حذف کرنے سے بدل دیا جائے؟

ج: اگر اسم جلالہ اور قرآنی آیات کو محو کرنے کا سبب بنے تو ان کا ٹکڑے ٹکڑے

کرنا کافی نہیں ہے ۔ اسی طرح جو حروف اسم جلالہ لکھنے کے قصد سے تحریر کئے گئے ہیں، احکام کو زائل کرنے کیلئے ان کی تحریری صورت کو متغیر کرنا کافی نہیں ہے ۔ ہاں حرف کی صورت کے بدل جانے اور محو ہو جانے سے احکام کا زائل ہو جانا بعید نہیں ہے اگرچہ احتیاط یہ ہے کہ پرہیز کیا جائے ۔

غسلِ جنابت کے احکام

س ۱۷۷ : کیا وقت تنگ ہونے کی صورت میں مجنب کا اپنے بدن ولباس پرنجاست کے باوجود تیمم کرکے نماز پڑھ لینا جائز ہے یا لباس پاک کرے، غسل کرے اور قضا نماز پڑھے ؟

ج : اگر بدن ولباس کی طہارت یا لباس بدلنے کے لئے وقت کافی نہ ہو اور سردی وغیرہ کی وجہ سے برہنہ بھی نماز پڑھنے پر قادر نہ ہو تو غسل جنابت کے بدلے تیمم کرکے نجس لباس اور بدن کے ساتھ ہی نماز پڑھے گا یہ اس کے لئے کافی ہے اور اس پر قضا بھی واجب نہیں ہے ۔

س ۱۷۸ : اگر دخول کے بغیر (کسی اور صورت سے) رحم میں منی پہونچ جائے تو کیا غسل جنابت واجب ہوجاتا ہے ؟

ج : اس سے جنابت صادق نہیں آتی ۔

س ۱۷۹ : کیا عورتوں پر طبی آلات کے ذریعہ داخلی معائنہ کے بعد غسل جنابت واجب ہے ؟

ج : جب تک منی خارج نہ ہو غسل واجب نہیں ہوگا ۔

س ۱۸۰ : اگر حشفہ کی مقدار تک دخول ہو لیکن منی خارج نہ ہو اور عورت کو بھی پوری لذت محسوس نہ ہو تو کیا صرف عورت پر غسل واجب ہے ؟ یا صرف مرد پر واجب ہے یا دونوں

پر واجب ہے ؟

ج: مذکورہ فرض میں دونوں پر غسل واجب ہے۔

س ۱۸۱: عورتوں کے احتلام کے پیش نظر ان پر کس صورت میں غسل واجب ہوتا ہے ؟ اور جو رطوبت مردوں کے ساتھ خوش فعلی کے وقت خارج ہوتی ہے کیا وہ منی کے حکم میں ہے اور کیا اس صورت میں ان پر غسل واجب ہے خواہ انھیں لذت نہ محسوس ہوتی ہو اور نہ ان کے بدن میں سستی پیدا ہوتی ہو ؟ نیز عام طور پر مجامعت کے بغیر عورتوں میں جنابت کیسے متحقق ہوتی ہے ؟

ج: اگر بیدار ہونے کے بعد عورت اپنے لباس پر منی کے آثار دیکھے تو اس پر غسل واجب ہے لیکن خوش فعلی وغیرہ سے جو رطوبت خارج ہوتی ہے وہ منی کے حکم میں نہیں ہے مگر یہ کہ عورت لذت کی پوری حد تک پہونچ جائے اور اس کا بدن سست پڑ جائے۔

س ۱۸۲: کیا جوان لڑکیوں پر اس وقت بھی غسل جنابت واجب ہوتا ہے جب بغیر ارادے کے ان سے کوئی رطوبت خارج ہو ؟ اور کیا وہ منی ہے جس کے لئے غسل واجب ہے یا ان پر اس وقت غسل واجب ہوتا ہے جب وہ شہوت کے ساتھ نکلے ؟

ج: اگر رطوبت کا نکلنا شہوت کی وجہ سے اور شہوت کے ساتھ ہو تو وہ منی کے حکم میں ہے اور غسل جنابت کا موجب ہے خواہ شہوت میں اس کا ارادہ و اختیار شامل نہ بھی ہو۔

س ۱۸۳: جذبات انگیز ناول وغیرہ پڑھنے یا کسی اور وجہ سے اگر لڑکیوں پر شہوت طاری ہوجائے تو کیا اس سے ان پر غسل واجب ہوجاتا ہے اور اگر غسل واجب ہوجاتا ہے تو

کونسا غسل واجب ہوتا ہے ؟

ج: جذبات بھڑکانے والی کتابوں (ناول وغیرہ) کا پڑھنا جائز نہیں ہے اور منی کے خارج ہونے کی صورت میں اس پر بہرحال غسل جنابت واجب ہے۔

س ۱۸۴ : خوش فعلی کے وقت عورت اگر شہوت کے ساتھ رطوبت نکلنے کا احساس کرے تو کیا اس پر غسل جنابت واجب ہے ؟

ج: اگر عورت کو منی کے خارج ہونے کا علم ہوجائے تو اس پر غسل واجب ہے اسی طرح اگر یہ شک کرے کہ جو چیز خارج ہوئی ہے وہ منی ہے یا نہیں اور وہ خاص شہوت کے ساتھ خارج ہوئی ہو تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

س ۱۸۵ : اگر عورت اپنے شوہر سے ہمبستری کے فوراً بعد غسل کرلے اور مرد کی منی اس کے رحم میں رہ جائے اور غسل کے بعد خارج ہو تو کیا اس کا غسل صحیح ہے ؟ اور غسل کے بعد خارج ہونے والی یہ منی پاک ہے یا نجس ؟

ج: خارج ہونے والی منی بہرحال نجس ہے لیکن غسل کے بعد خارج ہونیوالی منی اگر مرد کی ہے تو دوبارہ غسل جنابت کی موجب نہیں ہوگی۔

س ۱۸۶ : میں ایک زمانہ سے غسل جنابت کے سلسلہ میں شک میں مبتلا ہوں اس طرح سے کہ اپنی زوجہ سے مقاربت نہیں کرتا ہوں لیکن غیر ارادی طور پر ایسی حالت طاری ہوتی ہے کہ یہ گمان ہوتا ہے کہ مجھ پر غسل جنابت واجب ہوگیا بلکہ میں دن بھر میں دو تین مرتبہ غسل کرتا ہوں۔ اس شک نے مجھے پریشان کردیا ہے، اب میرا فریضہ کیا ہے ؟

ج: محض شک کی صورت میں جنابت کا حکم مرتب نہیں ہوتا مگر یہ کہ رطوبت

اس طرح خارج ہوئی ہو جس میں منی کے خارج ہونے کی شرعی علامتیں پائی جاتی ہوں یا آپ کو منی خارج ہونے کا یقین ہو جائے۔

س ۱۸۷ : کیا حالت حیض میں غسل جنابت کرنا صحیح ہے اور کیا اس طرح سے مجنب عورت کی شرعی ذمہ داری پوری ہو جائے گی؟

ج: مذکورہ فرض میں غسل کے صحیح ہونے میں اشکال ہے۔

س ۱۸۸ : کیا حیض کی حالت میں مجنب ہونے والی عورت پر طہارت کے بعد غسل جنابت واجب ہے یا واجب نہیں ہے اس لئے کہ وہ پہلے سے طاہر نہیں تھی؟

ج: غسل حیض کے علاوہ غسل جنابت بھی واجب ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ وہ غسل جنابت پر اکتفا کرے لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ دونوں غسلوں کی نیت کرے۔

س ۱۸۹ : انسان سے خارج ہونے والی رطوبت پر کس صورت میں یہ حکم لگایا جا سکتا ہے کہ وہ منی ہے؟

ج: جب شہوت کے ساتھ نکلے، بدن میں سستی آجائے اور اچھل کر نکلے تو اس پر منی کا حکم لگے گا۔

س ۱۹۰ : بعض موقعوں پر غسل کے بعد ہاتھ یا پیر کے ناخن کے اطراف میں صابن لگا ہوا دکھائی دیتا ہے جو غسل کے دوران حمام میں نظر نہیں آتا لیکن حمام سے نکلنے کے بعد صابن کی سفیدی نظر آتی ہے، اس کا حکم کیا ہے؟ جبکہ بعض افراد بے خبری میں یا اس کی پروا کئے بغیر وضو کر لیتے ہیں جبکہ یہ معلوم ہے کہ صابن کی اس سفیدی کے نیچے پانی پہنچنا یقینی نہیں ہے؟

ج: صرف چونے یا صابن کی سفیدی سے جو اعضاء کے خشک ہونے کے بعد دکھائی دے، وضو یا غسل باطل نہیں ہوتا مگر یہ کہ کھال تک پانی پہنچنے میں رکاوٹ بنے۔

س ۱۹۱: اپنی زوجہ کا بوسہ لیتے وقت یا اس سے خوش فعلی کے دوران جو رطوبت خارج ہوتی ہے اس کا کیا حکم ہے؟

ج: اگر اچھل کر نہ نکلے اور اس سے بدن میں سستی نہ آئے تو وہ منی کے حکم میں نہیں ہے۔

س ۱۹۲: ایک صاحب کا کہنا ہے کہ غسل سے پہلے بدن سے نجاست کا پاک کرنا واجب ہے اور غسل کے درمیان تطہیر یعنی منی سے بدن کا پاک کرنا غسل کے باطل ہونے کا موجب ہے پس اگر ان کی بات صحیح ہے تو کیا گذشتہ نمازیں باطل ہیں اور ان کی قضا واجب ہے؟ واضح رہے کہ میں اس مسئلہ سے بے خبر تھا؟

ج: بدن کو پاک کرنے کے لئے دھونا غسل جنابت سے پہلے واجب ہے لیکن غسل شروع کرنے سے پہلے پورے بدن کو دھونا واجب نہیں ہے بلکہ ہر عضو کے دھونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ غسل کے وقت پاک ہو۔ اس بنا پر اگر غسل سے پہلے عضو بدن پاک ہو تو غسل اور اس سے پڑھی گئی نماز دونوں صحیح ہیں اور اگر عضو غسل سے پہلے پاک نہیں ہے تو نماز اور غسل دونوں باطل ہیں اور نماز کی قضا واجب ہے۔

س ۱۹۳: نیند کی حالت میں انسان سے جو طوبت خارج ہوتی ہے کیا وہ منی کے حکم میں ہے؟ جبکہ اس میں تینوں علامتیں (اچھل کر نکلنا، شہوت کے ساتھ نکلنا اور بدن کا

شست ہونا، موجود نہ ہوں اور بیدار ہونے کے بعد متوجہ ہو کر اس کے لباس پر رطوبت ہے؟

ج: جب احتلام کے نتیجہ میں رطوبت خارج ہو یا اسے یقین ہو کہ یہ منی ہے تو وہ منی کے حکم میں ہے اور غسل جنابت کی موجب ہے۔

س ۱۹۴: میں ایک جوان ہوں، ایک مفلس گھرانہ میں زندگی بسر کرتا ہوں۔ مجھے کثرت سے منی خارج ہوتی ہے اور حمام جانے کے لئے والدین سے پیسہ مانگتے ہوئے شرم محسوس ہوتی ہے گھر میں بھی حمام نہیں ہے۔ اس سلسلہ میں میری راہنمائی فرمائیں؟

ج: شرعی امور کی انجام دہی میں شرم نہیں کرنا چاہئے اور واجب کو ترک کرنے کے لئے شرم وحیا، شرعی عذر نہیں بن سکتی۔ بہرحال اگر تمہارے پاس غسل جنابت کے لئے امکانی ذرائع نہیں ہیں تو تمہارا فریضہ ہے کہ نماز و روزہ کے لئے غسل کے بدلے تیمم کرو۔

س ۱۹۵: ایک پسماندہ دیہات میں، جس کا حمام ایک زمانہ سے خراب ہونے کی وجہ سے ایک زمانے سے بند پڑا ہوا تھا اور اہل قریہ صفائی و طہارت کے سلسلے میں پریشانی میں مبتلا تھے۔ لہٰذا جب گاؤں والوں نے ہم پر اس سلسلہ میں بہت زور دیا تو ہم نے ڈسٹرکٹ کمشنر کے دفتر کو ایک خط لکھا جس کا مضمون یہ تھا: "ہمارے گاؤں کا حمام برف باری اور بارش کی وجہ سے منہدم ہو چکا ہے اور مرمت کے قابل نہیں رہ گیا ہے لہٰذا ہمارے لئے ایک نیا حمام تعمیر کرایا جائے۔" ادارہ نے اس مطالبہ کے جواب میں حمام بنانے کے لئے ایک معین رقم، ناگہانی حوادث کے بجٹ سے منظور کی، رقم ادارۂ جہاد سازندگی کے حوالے کی گئی اور حمام بن گیا۔

اب یہاں سوال یہ ہے کہ مذکورہ بالا باتوں کے پیش نظر کہ درخواست کا مضمون خلاف

واقع تھا) اور رقم ناگہانی حوادث کے بجٹ سے دی گئی تھی۔ کیا اس حمام سے غسل وطہارت میں اشکال ہے؟

ج: حقیقت اور واقع کے خلاف یہ اعلان اور اطلاع اگرچہ ناجائز ہے لیکن مذکورہ فرض کی روشنی میں گاؤں والوں کا اس حمام سے استفادہ کرنا بلا اشکال ہے۔

س ۱۹۶: میرے سامنے ایک مشکل ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر میرے بدن پر ایک قطرہ بھی پانی پڑ جائے تو ضرر کا باعث ہے بلکہ مسح بھی نقصان دہ ہے۔ بدن کے کسی حصہ کے دھونے سے ہی میرے دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہے، اس کے علاوہ دوسری تکلیفیں بھی پیدا ہو جاتی ہیں کیا اس صورت میں میرے لئے اپنی بیوی سے مقاربت جائز ہے؟ اور کیا ممکن ہے کہ چند ماہ تک غسل کے عوض تیمم کر کے نماز ادا کروں اور مسجد میں داخل ہو سکوں؟

ج: آپ پر بیوی سے مقاربت ترک کرنا واجب نہیں ہے بلکہ مجنب ہونے کی صورت میں اگر غسل سے معذور ہوں تو ان اعمال کے لئے، جن میں طہارت شرط ہے غسل کے بدلے تیمم کریں۔ یہی آپ کا شرعی فریضہ ہے اور تیمم کے بعد مسجد میں جانے، نماز پڑھنے، قرآن کے حروف چھونے اور ان اعمال کے بجالانے میں کوئی حرج نہیں ہے، جن میں طہارت شرط ہے۔

س ۱۹۷: واجب یا مستحب غسل کے وقت قبلہ رو ہونا واجب ہے یا نہیں؟

ج: غسل کے وقت قبلہ رو ہونا واجب نہیں ہے۔

س ۱۹۸: کیا حدث اکبر کے غسالہ (دھوون) سے غسل صحیح ہے جبکہ یہ معلوم ہو کہ غسل قلیل پانی

سے کیا گیا ہے اور بدن اس سے پہلے پاک تھا ؟ اور کیا میاں بیوی ایک دوسرے کے حدث اکبر کے غسل کے غسالہ سے استفادہ کر سکتے ہیں ؟

ج: اگر حدث اکبر کے غسل کا غسالہ پاک ہے تو اس سے استفادہ میں کوئی حرج نہیں ہے اور میاں بیوی دونوں ایک دوسرے کے غسالہ کا استعمال کر سکتے ہیں اس میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۱۹۹ : اگر غسل جنابت کے درمیان حدث اصغر صادر ہوجائے تو کیا ازسر نو غسل کرنا ہوگا یا غسل مکمل کرنے کے بعد وہ وضو کرے گا ؟

ج: ازسر نو غسل کرنا واجب نہیں ہے اور نہ حدث اصغر کا کوئی اثر ہے بلکہ غسل تمام کرے گا لیکن یہ غسل نماز اور ان تمام اعمال کے لئے وضو سے بے نیاز نہیں کرے گا جس میں حدث اصغر کے بعد طہارت (وضوء) شرط ہے۔

س ۲۰۰ : وہ رطوبت جو منی سے مشابہ ہوتی ہے اور پیشاب کے بعد شہوت و ارادہ کے بغیر خارج ہوتی ہے کیا وہ منی کے حکم میں ہے ؟

ج: منی کے حکم میں نہیں ہے مگر یہ یقین ہوجائے کہ یہ منی ہے یا ان شرعی علامات کے ساتھ خارج ہو جو خروج منی کے لئے بیان کی گئی ہیں۔

س ۲۰۱ : جب متعدد مستحب یا واجب یا دونوں غسل جمع ہوجائیں تو کیا ایک ہی غسل بقیہ کے لئے کافی ہوگا ؟

ج: اگر ان میں غسل جنابت بھی ہو اور اسی کا قصد کیا جائے تو وہ بقیہ غسلوں کیلئے کافی ہوگا۔

س ۲۰۲ : کیا غسل جنابت کے علاوہ کوئی اور غسل بھی ہے جس کے بعد وضو کی ضرورت نہیں ہوتی؟

ج : احتیاط واجب یہ ہے کہ کوئی اور غسل کافی نہیں ہے۔

س ۲۰۳ : کیا آپ کی نظر میں غسل جنابت میں پانی کا بدن پر جاری ہونا شرط ہے؟

ج : معیار یہ ہے کہ غسل کے قصد سے بدن کا دھلنا صادق آجائے پانی کا جاری ہونا شرط نہیں ہے۔

س ۲۰۴ : اگر انسان یہ جانتا ہے کہ اگر وہ اپنی زوجہ سے مقاربت کر کے مجنب ہوجائے گا تو اسے غسل کے لئے پانی نہیں ملے گا یا غسل اور نماز کے لئے وقت نہیں رہے گا تو کیا اس کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنی زوجہ سے مقاربت کرے؟

ج : اگر غسل سے عاجز ہونے کی صورت میں تیمم پر قادر ہے تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۲۰۵ : میں ایک بائیس ۲۲ سالہ جوان ہوں، کچھ عرصہ سے میرے سر کے بال جھڑ رہے ہیں یہ چیز میرے لئے رنج وغم کا باعث ہے اور میں نے سر پر بال اگانے والے ادارے میں اپنے سر پہ بال کشت کرانے کا ارادہ کر لیا ہے۔ دریافت یہ کرنا ہے کہ اگر ان بالوں کی وجہ سے سر کی کھال کے کسی حصہ تک پانی نہ پہونچ سکے تو غسل کا کیا حکم ہے؟

ج : اگر ان مصنوعی بالوں کو جدا نہ کیا جا سکے یا ان کو جدا کرنے میں ضرر یا حرج ہو اور ان کے ہوتے ہوئے کھال تک پانی پہونچانا بھی ممکن نہ ہو تو اسی طرح غسل صحیح مانا جائے گا۔

س ۲۰۶ : کیا غسل جنابت میں اتنی ہی ترتیب کافی ہے کہ پہلے سر دھوئیں اس کے بعد تمام

اعضاء کو یا جسم کے دو نوں اطراف کے درمیان بھی ترتیب ضروری ہے ؟

ج دونوں اطراف کے درمیان بھی ترتیب ضروری ہے اور جسم کا دایاں حصہ بائیں پر مقدم ہوگا۔

س ۲۰۷ : غسل ترتیبی کرتے وقت اگر میں پہلے پیٹھ دھوؤں اور اس کے بعد غسل ترتیبی کی کی نیت کرکے غسل بجا لاؤں تو کیا اس میں کوئی حرج ہے ؟

ج پیٹھ یا اعضاء بدن میں سے کسی عضو کے غسل کی نیت اور غسل سے پہلے دھونے میں کوئی حرج نہیں ہے اور غسل ترتیبی کی کیفیت یہ ہے کہ تمام بدن کو پاک کرنے کے بعد نیت کرے پھر پہلے سر و گردن کو دھوئے اس کے بعد کندھے سے پیر کے "تلوے" تک بدن کا داہنا نصف حصّہ دھوئے پھر اسی طرح بایاں حصّہ دھوئے۔ اس طرح غسل صحیح ہے۔

س ۲۰۸ : کیا عورت پر غسل میں تمام بالوں کا دھونا واجب ہے ؟ اور اگر غسل میں تمام بالوں تک پانی نہ پہونچے تو کیا غسل باطل ہے ؟ جبکہ یہ معلوم ہو کہ سر کی تمام کھال تک پانی پہونچ گیا ہے ؟

ج احتیاط واجب یہ ہے کہ تمام بالوں کو دھوئے۔

غسلِ باطل پر مرتّب ہونے والے امور

س۲۰۹ : اس شخص کا کیا حکم ہے جو بالغ ہو کر بھی غسل کے واجب ہونے اور اس کے طریقے سے بے خبر رہا اور اسی طرح دس سال گزر گئے۔ تب کہیں اسے تقلید کی معرفت اور غسل کے واجب ہونے کا علم ہوا۔ اب نماز اور روزہ کی قضا کی صورت میں اس پر کیا حکم لاگو ہوگا ؟

ج : اس شخص پر ان نمازوں کی قضا واجب ہے جو جنابت کی حالت میں ادا کی ہیں۔ اسی طرح روزوں کی قضا بھی ہے اگر یہ جانتا ہو کہ وہ احتلام یا خروجِ منی یا اسبابِ جنابت میں سے کسی ذریعے سے مجنب ہوا ہے۔ بلکہ اگر وہ تقصیر کی وجہ سے اس سے لاعلم تھا تو اقوئی یہ ہے کہ اس پر کفارہ بھی واجب ہوگا لیکن اگر وہ سرے سے جنابت ہی کو نہیں جانتا تھا اور جس دن اس نے روزہ رکھا تھا وہ طلوعِ فجر تک یہ نہ سمجھ سکا تھا کہ مجنب بھی ہے تو اس پر روزہ کی قضا ہی واجب نہیں ہے چہ جائیکہ کفّارہ۔

س۲۱۰ : ایک جوان ۔۔ کم عقلی کی وجہ سے ۔۔ چودہ سال کی عمر سے پہلے اور اس کے بعد استمناء کرتا تھا اور اس سے منی نکلتی تھی لیکن وہ غسل نہیں کرتا تھا تو اس کا کیا فریضہ ہے ؟ کیا

جس زمانے میں وہ استمناء کرتا تھا، اور اس سے منی خارج ہوتی تھی۔ اس زمانے کا اس پر غسل واجب ہے؟ اور اس وقت سے اب تک اس نے جو نمازیں پڑھیں اور روزے رکھے، کیا وہ باطل ہیں اور ان کی قضا واجب ہے؟ یہ مد نظر رکھتے ہوئے کہ وہ محتلم ہوتا تھا مگر غسل جنابت کی فکر نہیں کرتا تھا نہ ہی وہ یہ جانتا تھا کہ منی نکلنے سے غسل واجب ہو جاتا ہے؟

ج: جتنی مرتبہ وہ مجنب ہوا ہے ان سب کے لئے ایک غسل کافی ہے اور ان نمازوں کی قضا واجب ہے جن کے بارے میں یہ یقین ہے کہ وہ حالت جنابت میں ادا کی گئی ہیں، ہاں گزشتہ روزوں کی قضا واجب نہیں ہے اور انھیں صحیح قرار دیا جائے گا، بشرطیکہ روزہ کی شبوں میں اسے یہ علم نہ رہا ہو کہ مجنب ہے لیکن اگر وہ یہ جانتا تھا کہ منی خارج ہوئی ہے اور وہ مجنب ہو گیا ہے لیکن یہ نہیں جانتا تھا کہ روزہ کے صحیح ہونے کے لئے اس پر غسل واجب ہے تو اس صورت میں اس پر ان تمام روزوں کی قضا واجب ہے جو اس نے حالت جنابت میں رکھے تھے اور اگر اس جہالت و لاعلمی میں اس کی کوتاہی کا بھی قصور تھا تو احتیاطاً ہر دن کے روزہ کا کفارہ بھی دے گا۔

س ۲۱۱: افسوس کہ مجھے بہت عرصہ تک مسئلہ جنابت اور غسل جنابت کے احکام کے بارے میں کوئی اطلاع ہی نہ تھی جبکہ مجھے علم ہے کہ میں اس زمانہ میں نمازیں پڑھتا اور روزے رکھتا تھا اس سلسلہ میں حکم شرعی کیا ہے؟

ج: اگر تم اس زمانہ میں روزوں کے ایام کے دوران اس بات سے بالکل بے خبر تھے کہ جنابت تم پر طاری ہوتی ہے تو تمہارے روزے صحیح ہیں

اب رہیں نمازیں تو یہ یقین ہو جانے کے بعد کہ تم نے انھیں جنابت کی حالت میں ادا کیا ہے، ان کی قضا واجب ہے۔

س ۲۱۲: ایک شخص مجنب ہوتا تھا اور غسل کرتا تھا لیکن اس کا غسل غلط اور باطل ہوتا تھا اس کی ان نمازوں کا کیا حکم ہے جو اس نے اس غسل کے بعد پڑھی ہیں، یہ جانتے ہوئے کہ وہ لاعلمی کی وجہ سے ایسا کرتا تھا۔

ج: غسل باطل کے ساتھ اور حالتِ جنابت میں پڑھی گئی نماز باطل ہے اور اس کا اعادہ یا قضا واجب ہے۔

س ۲۱۳: میں نے ایک واجب غسل کی بجاآوری کے ارادے سے غسل کیا، حمام سے نکلنے کے بعد مجھے یاد آیا کہ میں نے ترتیب کی رعایت نہیں کی۔ میں سوچتا تھا کہ صرف ترتیب کی نیت کافی ہے لہٰذا غسل کا اعادہ نہیں کیا۔ اب میں اپنے امر میں پریشان ہوں پس کیا مجھ پر تمام نمازوں کی قضا واجب ہے؟

ج: آپ جو غسل بجا لائے ہیں اگر اس کے صحیح ہونے کا آپ کو احتمال ہے اور غسل کرتے وقت ان باتوں کی طرف متوجہ تھے جو اس کی صحت کے لئے ضروری ہیں تو آپ پر کوئی قضا واجب نہیں ہے، ہاں اگر آپ کو غسل کے باطل ہونے کا یقین ہو جائے تو آپ پر تمام نمازوں کی قضا واجب ہے۔

س ۲۱۴: میں غسل جنابت اس طریقے سے کیا کرتا تھا کہ پہلے جسم کا داہنا حصہ پھر سر اور اس کے بعد بایاں حصہ دھویا کرتا تھا اور میں نے صحیح طریقہ دریافت کرنے میں کوتاہی کی پس میری نمازوں اور روزوں کا کیا حکم ہے؟

ج: مذکورہ طریقے سے کیا گیا غسل باطل ہے اور رفع حدث کا موجب نہیں ہے اس بنا پر ایسے باطل غسل کے ساتھ پڑھی گئی نمازیں باطل ہیں اور انکی قضا کرنا واجب ہے ہاں اگر آپ مذکورہ طریقہ کو صحیح غسل سمجھتے تھے اور آپ جان بوجھ کر جنابت پر باقی نہیں رہے تو آپ کے روزے صحیح ہیں۔

تیمّم کے احکام

س ۲۱۵ : وہ تمام چیزیں جن پر تیمّم صحیح ہوتا ہے، جیسے مٹی، چونا اور سنگ مرمر وغیرہ یہ سب دیواروں میں لگے ہوں تو کیا ان پر تیمّم صحیح ہے؟ یا ان کا سطح زمین پر ہونا ضروری ہے؟

ج: تیمّم کے صحیح ہونے میں ان کا سطح زمین پر ہونا شرط نہیں ہے۔

س ۲۱۶ : اگر میں مجنب ہو جاؤں اور میرے لئے حمام جانا ممکن نہ ہو اور جنابت کی یہ حالت چند روز تک باقی رہے تو کیا میں غسل کے عوض تیمّم کے ذریعہ پڑھی ہوئی نماز کے بعد ہر نماز کے لئے ہمیشہ کی طرح وضو کروں گا یا تیمّم کروں گا یا وہی پہلا تیمّم کافی ہوگا؟ اور اس فرض کی بنا پر ہر نماز کے لئے وضو واجب ہے یا تیمّم؟

ج: جب مجنب غسل جنابت کے بدلے صحیح تیمّم کرے اور اس تیمّم کے بعد اگر اس سے حدث اصغر صادر ہو جائے تو ان اعمال کے لئے جن میں طہارت شرط ہے اس پر صرف وضو کرنا واجب ہے۔ یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک وہ عذر شرعی برطرف نہ ہو جائے جس سے تیمّم کا جواز پیدا ہوا ہے۔

س ۲۱۷ : غسل کے بدلے کئے جانے والے تیمّم کے بعد کیا وہ سب امور انجام پا سکتے ہیں جو غسل کے

بعد انجام دیے جا سکتے ہیں۔ یعنی کیا تیمم کر کے مسجد میں داخل ہونا جائز ہے؟

ج: غسل کے بعد جتنے شرعی امور انجام دیئے جا سکتے ہیں وہ اس کے عوض کئے جانے والے تیمم کے بعد بھی جائز ہیں لیکن تنگیٔ وقت کی وجہ سے جو تیمم غسل کے بدلے کیا جاتا ہے۔ اس پر یہ آثار مرتب نہیں ہوتے۔

س ۲۱۸: وہ جنگی مجروح جس کا کمر سے نیچے تک کا حصہ گزشتہ جنگ میں مفلوج ہو چکا ہے اور جس کی بنا پر وہ سلسل البول کا مریض ہے، کیا مستحب اعمال بجا لانے کے لئے مثلاً غسل جمعہ و غسل زیارت وغیرہ کے عوض تیمم کر سکتا ہے، کیونکہ اسے حمام جانے میں کچھ مشقت اٹھانا پڑے گی؟

ج: جن موارد میں طہارت شرط نہیں ہے ان میں غسل کے بدلے تیمم کرنا محل اشکال ہے لیکن عسر و حرج کے موقع پر مستحب غسلوں کے بدلے رجاء مطلوبیت کی نیت سے تیمم کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۲۱۹: جس شخص کے پاس پانی نہ ہو یا اس کے لئے پانی کا استعمال مضر ہو تو جب اس نے غسل — غسل جنابت — کے بدلے تیمم کر لیا، کیا وہ اس کے بعد مسجد میں داخل اور نماز جماعت میں شریک ہو سکتا ہے؟ اور اس کے قرآن پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

ج: جب تک تیمم کو جائز کرنے والا عذر برطرف نہ ہو گا اور اس کا تیمم باطل نہ ہو گا اس وقت تک وہ ان تمام اعمال کو انجام دے سکتا ہے جن میں طہارت شرط ہے۔

س ۲۲۰: نیند کی حالت میں انسان سے رطوبت خارج ہوتی ہے اور بیدار ہونے کے بعد کچھ یاد نہیں آتا، بس وہ اپنے لباس پر رطوبت دیکھتا ہے اور سوچنے کا وقت بھی

اس کے پاس نہیں ہے کیونکہ اس کی صبح کی نماز قضا ہو رہی ہے، اس حالت میں وہ کیا کرے گا؟ اور وضو یا غسل کے بدلے تیمم کی کیا نیت کرے گا؟ اور اصل حکم کیا ہے۔؟

ج: اگر وہ جان گیا کہ محتلم ہو گیا ہے تو وہ مجنب ہے اور اس پر غسل واجب ہے اور وقت تنگ ہونے کی صورت میں اپنے بدن کو پاک کرنے کے بعد تیمم کرے پھر نماز کے بعد غسل کرے لیکن اگر احتلام اور جنابت میں شک ہے تو اس پر جنابت کا حکم جاری نہیں ہوگا۔

س ۲۲۱: ایک شخص جو پے در پے کئی شبوں تک مجنب ہوتا رہا، اس کا کیا فریضہ ہے؟ جبکہ حدیث میں آیا ہے کہ ہر روز پے در پے حمام جانے سے انسان ضعیف و کمزور ہو جاتا ہے؟

ج: اس پر غسل واجب ہے اور پانی کا استعمال مضر ہونے کی صورت میں اس کا فریضہ تیمم ہے۔

س ۲۲۲: ایک شخص نماز پڑھنا چاہتا ہے اور ماہ رمضان کا روزہ رکھنا چاہتا ہے لیکن غیر اختیاری طور سے منی خارج ہونے کی بنا پر وہ مجنب ہو جاتا ہے اور بعض اسباب کی بنا پر وہ ہر گھنٹہ اور ہر روز غسل نہیں کر سکتا پس وہ اپنے روزے نماز بجالانے کے لئے کیا کرے؟

ج: اگر غسل جنابت ترک کرنے کے لئے اس کے پاس کوئی قابل قبول شرعی عذر ہے تو غسل کے بدلے اس پر تیمم واجب ہے اور اس تیمم کے ساتھ اسکی نماز و روزے صحیح ہیں۔

س ۲۲۳: میں ایسا مریض ہوں کہ بلا ارادہ کئی کئی مرتبہ مجھ سے منی خارج ہو جاتی ہے اور اس کے نکلنے سے کوئی لذت بھی محسوس نہیں ہوتی، پس نماز کے سلسلہ میں میرا کیا فریضہ ہے؟

ج: اگر ہر نماز کے لئے غسل کرنے میں ضرر یا حرج ہے تو اپنا بدن نجاست سے پاک کرنے کے بعد تیمم سے نماز پڑھیں۔

س ۲۲۴: اس شخص کا کیا حکم ہے جو نماز صبح کے لئے یہ سوچ کر غسل جنابت ترک کر کے تیمم کرتا ہے کہ اگر غسل کرے گا تو بیمار ہو جائے گا؟

ج: اگر وہ سمجھتا ہے کہ اس کے لئے غسل مضر ہے تو تیمم میں کوئی حرج نہیں ہے اور اس تیمم کے ساتھ نماز صحیح ہے۔

س ۲۲۵: میں ایسے جلدی مرض میں مبتلا ہوں کہ جب بھی میں نہاتا ہوں تو میری کھال خشک ہونے لگتی ہے بلکہ اگر صرف چہرہ اور ہاتھوں کو دھوتا ہوں جب بھی ایسا ہوتا ہے، اسی لئے اپنی جلد پر زیتون کا تیل ملنے پر مجبور ہوں، اس سے مجھے وضو کرنے میں بہت زحمت ہوتی ہے خصوصاً صبح کی نماز کے لئے وضو کرنا میرے لئے بہت دشوار ہے تو کیا میں صبح کی نماز کے لئے تیمم کر سکتا ہوں؟

ج: اگر آپ کے لئے پانی کا استعمال مضر ہے تو وضو سے اجتناب کریں اور اس کے بدلے تیمم کریں۔

س ۲۲۶: ایک شخص وقت کم ہونے کی بنا پر تیمم سے نماز پڑھ لیتا ہے اور فارغ ہونے کے بعد اس پر یہ بات آشکار ہوتی ہے کہ وضو کرنے کا وقت تھا، اس کی نماز کا کیا حکم ہے؟

ج: اس پر اس نماز کا اعادہ واجب ہے۔

س ۲۲۷: ہم ایسے پرخطر علاقہ میں زندگی بسر کرتے ہیں جہاں حمام نہیں ہے اور نہ کوئی ایسی جگہ ہے جہاں غسل کر سکیں اور رمضان کے مہینے میں اذان سے پہلے حالت جنابت میں بیدار ہو گئے

واضح رہے کہ جوان لڑکے کا نصف شب لوگوں کی آنکھوں کے سامنے مشک یا ٹنکی کے پانی سے غسل کرنا معیوب ہے، اس کے علاوہ اس وقت پانی بھی ٹھنڈا ہوتا ہے، اس حالت میں اگلے دن کے روزہ کا کیا حکم ہے؟ کیا تیمم جائز ہے اور غسل نہ کرنے کی صورت میں روزہ توڑنے کا کیا حکم ہے؟

ج: صرف مشقت یا لوگوں کی نظروں میں کسی کام کا معیوب ہونا عذر شرعی نہیں بن سکتا بلکہ جب تک مکلّف کے لئے ضرر یا حرج نہ ہو اس وقت تک جس طرح بھی ممکن ہو غسل کرنا واجب ہے اور اگر ان دونوں (یعنی حرج یا ضرر) کی صورت میں فجر سے پہلے تیمم کر لیتا ہے تو اس کا روزہ صحیح ہے اور اگر تیمم ترک کر دے تو اس کا روزہ باطل ہے لیکن واجب ہے کہ تمام دن کچھ نہ کھائے پیئے۔

عورتوں کے احکام

س ۲۲۸ : اگر میری والدہ خاندان نبوت سے تھی تو کیا میں بھی سیدانی ہوں ؟ پس کیا میں اپنی ماہانہ عادت کو ساٹھ سال تک حیض قرار دوں اور ان ایام کے دوران روزہ نماز سے پرہیز کروں ؟

ج : جس عورت کا باپ ہاشمی نہیں ہے ۔ اگرچہ اس کی ماں سیدانی ہے ۔ اگر وہ پچاس سال کے بعد خون دیکھتی ہے تو وہ استحاضہ کے حکم میں ہے ۔

س ۲۲۹ : جس عورت کو معین نذر کے روزہ کی حالت میں حیض آجائے اس کا کیا فریضہ ہے ؟

ج : حیض آنے سے اس کا روزہ باطل ہو جائے گا چاہے دن کے آخری حصہ میں آئے اور طہارت کے بعد اس پر روزہ کی قضا واجب ہے ۔

س ۲۳۰ : اس رنگ یا دھبہ کا کیا حکم ہے جس کو عورت اپنی طہارت کے اطمینان کے بعد دیکھتی ہے جبکہ یہ معلوم ہے کہ نہ اس میں خون کی صفت ہے اور نہ ہی وہ پانی ملا ہوا خون ہے ؟

ج : اگر وہ خون نہیں ہے تو اس پر حیض کا حکم نہیں لگے گا ، اور موضوع کو تشخیص دینا عورت کا کام ہے ۔

س ۲۳۱ : روزے رکھنے کے لئے دوا کے ذریعہ ماہانہ عادت کو بند کرنے کا کیا حکم ہے ؟

ج : کوئی حرج نہیں ہے ۔

س ۲۳۲ : اگر حمل کے دوران عورت کو تھوڑا سا خون آجائے لیکن اس کا حمل ساقط نہ ہو تو اس پر غسل واجب ہے یا نہیں ؟ اور اس پر کون سا عمل واجب ہے ؟

ج : اثناء حمل میں عورت جو خون دیکھتی ہے اگر اس میں حیض کے صفات یا شرائط ہیں تو وہ حیض ہے ورنہ استحاضہ ہے ۔ پس اگر اس کا استحاضہ کثیرہ یا متوسطہ ہے تو اس پر غسل واجب ہے ۔

س ۲۳۳ : ایک عورت کی ماہانہ عادت معین ہے جیسے ایک ہفتہ ۔ اگر اسے مانع حمل چھلا (لوپ) رکھولنے کے سبب ۱۲ روز خون آتا ہے تو یہ سات روز سے زیادہ آنے والا خون حیض ہوگا یا استحاضہ ؟

ج : اگر دس دن تک خون بند نہ ہو تو اس کی عادت کے ایام حیض شمار ہوں گے اور باقی استحاضہ ۔

س ۲۳۴ : کیا حائض یا نفساء عورت ائمہ کی اولاد کے مقبروں میں داخل ہو سکتی ہے ؟

ج : اگر اس سے بے حرمتی صادق نہ آئے تو جائز ہے ۔

س ۲۳۵ : جو عورت مجبوراً حمل ضائع کراتی ہے وہ نفساء ہے یا نہیں ؟

ج : بچہ ساقط ہونے کے بعد، خواہ وہ لوتھڑا ہی ہو، اگر عورت خون دیکھتی ہے تو اس پر نفاس کا حکم ثابت ہے ۔

س ۲۳۶ : اس خون کا کیا حکم ہے جسے عورت یائسہ ہونے کے بعد دیکھتی ہے ؟ اور اس کا شرعی فریضہ کیا ہے ؟

ج : بعید نہیں ہے کہ وہ استحاضہ کے حکم میں ہو ۔

س ۲۳۷ : بچوں کی ولادت سے اجتناب کے لئے مانع حمل طریقوں میں سے ایک طریقہ مانع حمل دواؤں کا استعمال بھی ہے، اور جو عورتیں ان دواؤں کو استعمال کرتی ہیں وہ ماہانہ عادت کے ایام اور ان کے علاوہ دوسرے دنوں میں بھی خون کے دھبے دیکھتی ہیں تو ان دھبوں کا کیا حکم ہے ؟

ج : اگر ان دھبوں میں شریعت میں بیان کردہ حیض کی شرطیں نہیں پائی جاتیں تو وہ حیض نہیں ہے بلکہ اس پر استحاضہ کا حکم لگایا جائے گا۔

میّت کے احکام

س ۲۳۸ : آج کل (قبرستان کے امور کے ذمہ دار یا اجرت پر کام کرنے والے) افراد نے میت کے، خواہ مرد کی ہو یا عورت کی، کفن و دفن کی ذمہ داری لے رکھی ہے، پس یہ جانتے ہوئے کہ کفن و دفن کے امور انجام دینے والے میت کے محرم نہیں ہیں دفن کے مسئلہ میں کوئی اشکال ہے۔ ؟

ج: میت کے غسل دینے میں مماثلت شرط ہے اور اگر میت کو اسی کا مثل (یعنی عورت کو عورت اور مرد کو مرد) غسل دے سکتا ہے غیر مماثل کا غسل دینا صحیح نہیں ہے، بلکہ اس کا غسل دینا باطل ہے لیکن تکفین و تدفین میں مماثلت شرط نہیں ہے۔

س ۲۳۹ : ادھر دیہاتوں میں عام رواج ہو گیا ہے کہ میت کو رہائشی مکانوں میں غسل دیا جاتا ہے اور بعض موقعوں پر میت کا کوئی وصی نہیں ہوتا اور اس کے نیچے چھوٹے ہوتے ہیں ایسی صورت میں آپ کی کیا رائے ہے ؟

ج: میت کی تجہیز یعنی غسل، کفن اور دفن کے سلسلے میں جن تصرفات کی ضرورت ہے وہ کسی ولی کی اجازت پر موقوف نہیں ہیں اور اس سلسلے میں ورثا کے درمیان چھوٹے بچوں کی موجودگی سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

س ۲۴۰ : ایک شخص ایکسیڈنٹ میں یا کسی بلندی سے گر کر مر گیا ، مرنے والے کے بدن سے اگر خون بہہ رہا ہو تو اس کا کیا حکم ہے ؟ کیا خون کا اپنے آپ یا طبی وسائل کے ذریعہ بند ہونے تک انتظار کرنا واجب ہے یا لوگ خون بہنے کے باوجود اسے اسی حالت میں دفن کر دیں ؟

ج : امکان کی صورت میں غسل سے پہلے میت کے بدن کو پاک کرنا واجب ہے اور اگر خون بند ہونے کے لئے انتظار کرنا یا اسے بند کرنا ممکن ہو تو ایسا کرنا واجب ہے

س ۲۴۱ : ایک میت جو ۴۰ یا ۵۰ سال قبل دفن کی گئی تھی اور اس وقت اس کی قبر کا نشان مٹ گیا ہے اور وہ سطح زمین بن گئی ہے اب لوگوں نے اس جگہ پانی کے لئے نالی کھودی تو اس میں سے مردے کی ہڈیاں نکل آئیں ، کیا انھیں دیکھنے کے لئے ان کو چھونے میں کوئی اشکال ہے ؟ اور وہ ہڈیاں نجس ہیں یا نہیں ؟

ج : مسلمان میت کی وہ ہڈی جس کو غسل دیا جا چکا ہو نجس نہیں ہے لیکن اسے مٹی میں دفن کر دینا واجب ہے ۔

س ۲۴۲ : کیا انسان اپنے والد ، والدہ یا اپنے کسی عزیز کو وہ کفن دے سکتا ہے جو اس نے اپنے لئے خریدا تھا ؟

ج : اس میں کوئی حرج نہیں ہے ۔

س ۲۴۳ : ڈاکٹروں کی ایک جماعت طبی معاینہ کے لئے میت کے دل اور اس کی بعض رگوں کو اس کے جسم سے نکال لیتے ہیں اور تجربہ کرنے کے ایک دن بعد انھیں دفن کر دیتے ہیں ۔ اس سلسلے میں درج ذیل سوالات کے جواب مرحمت فرمائیں :

۱ ۔ کیا ہمارے لئے ایسا کام انجام دینا جائز ہے جبکہ ہم جانتے ہیں کہ وہ لاشیں جن کا پوسٹ مارٹم

کیا جارہا ہے مسلمانوں کی ہیں۔

۲- کیا قلب اور بعض رگوں کو میت کے بدن سے جدا دفن کرنا جائز ہے؟

۳- کیا ان اعضاء کو دوسری میت کے ساتھ دفن کرنا جائز ہے؟ جبکہ ہمیں یہ معلوم ہے کہ قلب اور شریانوں کو علیحدہ دفن کرتے ہیں ہمارے لئے کئی مشکلیں ہیں؟

ج: میت کے بدن کا پوسٹ مارٹم کرنا مطلقاً جائز ہے جبکہ کسی کی جان بچانا اسی پر موقوف ہو یا پھر ان طبی علوم کا انکشاف کرنا جن کی معاشرہ کو احتیاج ہو یا اس مرض کا سراغ لگانا جس سے لوگوں کی زندگی کو خطرہ لاحق ہو اگرچہ احتیاط (مستحب) یہ ہے کہ اس کام کے لئے مسلمان میت کے بدن سے استفادہ نہ کیا جائے اور جو اعضاء مسلمان کے بدن سے جدا ہوگئے ہیں انھیں بدن کے ساتھ دفن کرنا چاہئے اور اگر بدن کے ساتھ دفن کرنا ممکن نہ ہو تو علیحدہ دفن کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۲۴۴: اگر انسان اپنے لئے کفن خریدے اور واجب یا مستحب نمازوں یا تلاوت قرآن مجید کے وقت ہمیشہ اس سے فرش و مصلّی کا کام لے اور موت کے بعد اسی کو اپنا کفن قرار دے تو کیا یہ جائز ہے؟ اور اسلامی نقطہ نظر سے کیا یہ جائز ہے کہ انسان اپنے لئے کفن خرید کر اس پر قرآن کی آیتیں لکھے اور اسے صرف کفن کے کام میں لائے؟

ج: مذکورہ باتوں میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۲۴۵: ماضی قریب میں ایک پرانی قبر سے ایک عورت کا جنازہ ملا ہے۔ اس کی تاریخ تقریباً سات سو سال پرانی ہے۔ یہ ایک عظیم الجثہ پیکر ہے جو صحیح و سالم ہے اس کے

سر پر کچھ بال بھی ہیں، آثار قدیمہ کے ماہرین — جنہوں نے اس کا انکشاف کیا ہے — کہتے ہیں کہ یہ ایک مسلمان عورت کا جسد ہے، پس کیا جائز ہے کہ علوم طبیعیہ کے ماہرین کی طرف سے اس مینرد مشخص عظیم الجثہ پیکر کو (قبر کی شکل بدل کر پھر اسی میں رکھ کر) آثار قدیمہ کا مشاہدہ کرنے والوں کی عبرت کے لئے رکھ دیا جائے یا دیکھنے والوں کی عبرت و آگاہی کے لئے اسی مناسبت سے آیات و احادیث لکھ کر وہاں لگا دی جائیں۔

ج: اگر اس عظیم الجثہ پیکر کے بارے میں ثابت ہو جائے کہ یہ مسلمان کی میت ہے تو اس کا فوراً دوبارہ دفن کر دینا واجب ہے۔

س ۲۴۶: ایک دیہات میں ایک قبرستان ہے جو نہ کسی کی خاص ملکیت ہے، نہ وقف ہے، کیا اس گاؤں کے رہنے والوں کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ دوسرے شہر یا دوسرے گاؤں کی میتوں کو یا اس شخص کی میت کو جس نے اس قبرستان میں دفن کرنے کی وصیت کی ہے، دفن نہ ہونے دیں؟

ج: اگر دیہات کا عمومی قبرستان کسی کی خاص ملکیت نہیں ہے اور نہ خاص طور پر اہل قریہ کیلئے وقف ہے تو اہل قریہ دوسروں کی میتوں کو اس میں دفن ہونے سے منع نہیں کر سکتے اور اگر کوئی شخص خود کو اس میں دفن کرنے کی وصیت کرے تو اس کی وصیت پر عمل کرنا واجب ہے۔

س ۲۴۷: کچھ روایات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ قبروں پر پانی چھڑکنا مستحب ہے جیسا کہ کتاب لئالی الاخبار میں ہے۔ کیا دفن کے دن پانی چھڑکنا مستحب ہے یا کبھی بھی چھڑک سکتے ہیں، جیسا کہ صاحب لئالی کا نظریہ ہے؟ آپ کا کیا نظریہ ہے؟

ج: دفن کے دن اور اس کے بعد رجاء مطلوبیت کی نیت سے قبر پر پانی چھڑکنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن اس کا اثبات کہ یہ عمل مستحب ہے، مشکل ہے۔

س ۲۴۸ : میت کو رات میں کیوں دفن نہیں کرتے ؟ کیا شب میں دفن کرنا حرام ہے ؟

ج : میت کو رات میں دفن کرنے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

س ۲۴۹ : ایک شخص موٹر کار کے حادثہ میں مر گیا، لوگوں نے اسے غسل دیا، کفن پہنایا اور قبرستان میں لائے۔ جب اسے دفن کرنے لگے تو دیکھا کہ تابوت اور کفن دونوں اس خون میں آلودہ ہیں جو سر سے بہہ رہا ہے، تو کیا ایسی حالت میں کفن بدلنا واجب ہے ؟

ج : اگر کفن کے اس حصے کو جس پر خون لگا ہوا ہے، دھونا یا کاٹنا یا کفن کو تبدیل کرنا ممکن ہو تو ایسا کرنا واجب ہے ورنہ اسی حالت میں دفن کر دینا جائز ہے۔

س ۲۵۰ : اگر وہ شخص خون آلود کفن میں دفن کر دیا گیا تو اس کا کیا حکم ہے ؟

ج : اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور قبر کھود کر اسے کفن دھونے یا کفن تبدیل کرنے کے لئے نکالنا واجب نہیں بلکہ جائز ہی نہیں ہے۔

س ۲۵۱ : اگر اس میت کے دفن کو — جسے خون آلود کفن میں دفن کر دیا گیا ہے — تین ماہ گزر چکے ہوں تو کیا اس صورت میں قبر کھودا جا سکتا ہے ؟

ج : مفروضہ سوال کی روشنی میں قبر کھودنا جائز نہیں ہے۔

س ۲۵۲ : برائے کرم درج ذیل تین سوالات کے جواب مرحمت فرمائیں :

۱۔ اگر حاملہ عورت وضع حمل کے دوران (بچہ کی پیدائش سے پہلے) مر جائے تو اس کے شکم میں موجود بچہ کا کیا حکم ہے ؟

الف۔ اگر اس میں روح تقریباً پڑ گئی ہو یعنی (تین ماہ یا اس سے زیادہ کا ہو)

اور احتمال بھی قوی ہو کہ اگر ماں کے پیٹ سے نکالا جائے گا تو مر جائے گا۔

ب۔ جب بچہ سات ماہ یا اس سے زیادہ کا ہو۔

ج۔ بچہ ماں کے پیٹ میں مر گیا ہو۔

۲۔ اگر وضع حمل کے درمیان حاملہ کا انتقال ہو جائے تو کیا دوسروں پر بچہ کی موت یا اسکی حیات کا مکمل یقین حاصل کرنا واجب ہے ؟

۳۔ اگر ولادت کے وقت ماں کا انتقال ہو جائے اور شکم میں بچہ زندہ ہو اور ایک شخص لوگوں کو عام طریقے اور رواج کے خلاف ماں کو زندہ بچہ کے ساتھ دفن کرنے کا حکم دے تو اس سلسلہ میں آپ کا کیا نظریہ ہے ؟

ج: اگر حاملہ کے مرنے سے بچہ بھی مر جائے تو اس کا نکالنا واجب نہیں ہے، بلکہ جائز نہیں ہے۔ لیکن اگر مردہ ماں کے شکم میں بچہ زندہ ہو، اس میں روح پڑ چکی ہو اور اسے نکالنے سے بچہ کے زندہ رہنے کا احتمال ہو تو اس کے نکالنے میں جلدی کرنا واجب ہے، اور جب تک مردہ ماں کے شکم میں موجود بچہ کی موت ثابت نہ ہو جائے ماں کے ساتھ بچہ کو دفن کرنا جائز نہیں ہے اور اگر بچہ کو ماں کے ساتھ دفن کر دیا گیا ہو اور بچہ دفن کے بعد بھی زندہ ہو — اور خواہ اس کا احتمال ہی ہو — تب بھی قبر کھودنے اور ماں کے شکم سے بچہ کو نکالنے میں جلدی کرنا واجب ہے، اسی طرح اگر مردہ ماں کے پیٹ میں بچہ کی زندگی کی حفاظت اس کے دفن میں جلدی نہ کرنے پر منحصر ہو تو بظاہر بچہ کی زندگی کی حفاظت کے لئے ماں کے دفن

میں تاخیر واجب ہے ۔ اور اگر کوئی شخص یہ کہے کہ حاملہ عورت کو اس کے زندہ بچے کے ساتھ دفن کرنا جائز ہے اور دوسرے لوگ یہ گمان کرتے ہوئے کہ کہنے والے کی بات صحیح ہے ، دفن کردیں جس سے قبر میں بچہ کی موت واقع ہوجائے ، تو بچہ کی دیت دفن کرنے والے شخص پر واجب ہے ، مگر یہ کہ موت کا باعث اس قائل کے قول کو قرار دیا جائے ، اس صورت میں اس قائل پر دیت واجب ہوگی ۔

س ۲۵۳ : بلدیہ نے زمین سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی غرض سے قبروں کو دو منزلہ بنانا مقرر کیا ہے ۔ برائے مہربانی آپ اس سلسلے میں شرعی حکم بیان فرمائیں ؟

ج : مسلمانوں کی کئی منزلوں والی قبریں بنانا جائز ہے ، اگر یہ عمل قبر کھودنے اور مسلمان میت کی بے حرمتی کا باعث نہ ہو ۔

س ۲۵۴ : ایک بچہ کنویں میں گر کر مرگیا ، اور کنویں میں اتنا پانی ہے کہ اس میں سے میت کو نکالا نہیں جاسکتا ۔ اس کا کیا حکم ہے ؟

ج : میت کو اسی میں چھوڑ دیں گے اور وہ کنواں ہی اس کی قبر ہوگا ، اگر کنواں غیر کی ملکیت نہ ہو یا اس کا مالک بند کرنے پر راضی ہوجائے تو کنویں کو بند کردینا واجب ہے ۔

س ۲۵۵ : ہمارے علاقوں میں رواج یہ ہے کہ ائمہ اطہارؑ اور شہیدوں اور اہم دینی شخصیتوں کی عزاداری میں روایتی انداز میں سینہ زنی اور زنجیر زنی[1] ہوتی ہے ۔ کیا کسی مجاہد فوجی یا نامور اشخاص یا ان لوگوں کی وفات پر بھی سینہ زنی وغیرہ کرنا جائز ہے جیسو منے

---

[1] زنجیر زنی سے مراد یہاں بغیر پھل (چاقو) والی زنجیر ہے جو بالعموم ایران میں رائج ہے ۔

اسلامی حکومت اور اسلامی معاشرہ کی کسی نہ کسی طریقہ سے خدمت کی ہے ؟

ج: مذکورہ فرض میں بذات خود کوئی حرج نہیں ہے، لیکن اس عمل سے اس میت کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا ۔ بہتر یہ ہے کہ مرنے والے کے لئے فاتحہ خوانی اور قرآن خوانی کی مجلسیں منعقد کی جائیں ۔

س ۲۵۶ : اس شخص کا کیا حکم ہے جو شب میں قبرستانوں میں جانے کو اپنی اسلامی تربیت کے لئے مؤثر عامل سمجھے جبکہ یہ معلوم ہے کہ رات میں قبرستانوں میں جانا مکروہ ہے ؟

ج: اس میں کوئی حرج نہیں ہے ۔

س ۲۵۷ : کیا جنازہ کی تشییع اور اسے اٹھانے میں عورتوں کا شریک ہونا جائز ہے ؟

ج: کوئی حرج نہیں ہے ۔

س ۲۵۸ : بعض قبائلیوں میں عام طور پر رسم ہے کہ جب ان میں سے کوئی مرجاتا ہے تو مرنے والے کے مراسم میں شرکت کرنے والوں کو کھانا کھلانے کے لئے حتیٰ قرض لے کر بہت سی بھیڑ بکریاں خریدتے ہیں جو بڑے نقصان کا باعث ہوتا ہے کیا اس قسم کی رسم کو باقی رکھنے کے لئے اتنے بڑے خسارے اور نقصان کا برداشت کرنا جائز ہے ؟ اور مرنے والے کے غم میں مبتلا خاندانوں اور مراسم عزا میں شرکت کرنے والوں کے لئے شرعی حکم کیا ہے ؟

ج: اگر بزرگ (بالغ) وارثوں کے اموال سے اور ان کی مرضی سے کھانا کھلایا جائے تو ہر صورت اور ہر مقدار میں جائز ہے لیکن اگر میت کے اموال سے خرچ کرنا چاہتے ہیں تو اس کا تعلق مرنے والے کی وصیت سے ہے کہ اس نے کیا وصیت کی ہے ۔

س ۲۵۹ : دورِ حاضر (یعنی جنگ کے زمانہ) میں اگر ایک شخص بارودی سرنگ کے پھٹنے سے مرجائے تو کیا اس پر شہید کے احکام مترتب ہوں گے ؟

ج غسل و کفن نہ دینے کا حکم صرف اس شہید سے مخصوص ہے جو معرکۂ جنگ میں قتل ہوا ہو۔

س ۲۶۰ : مہاباد — ارومیہ اسی طرح دوسرے علاقوں میں سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی گشت کرتے ہیں اور دشمنانِ انقلاب کبھی ان پر کمین گاہوں سے حملہ کرتے ہیں جس کے نتیجہ میں کبھی کبھی یہ شہید ہوجاتے ہیں ۔ کیا ایسے شہیدوں کو غسل دینا یا تیمم کرنا واجب ہے یا پھر اس علاقہ کو میدانِ جنگ سمجھا جائے گا ؟

ج اگر اس علاقہ میں فرقۂ حقہ اور باطل پرست باغی گروہ کے درمیان جنگ ہو تو فرقۂ حقہ میں سے قتل ہونے والا شہید کے حکم میں ہے ۔

س ۲۶۱ : کیا ایسا داڑھی منڈا شخص جس کی اولاد بھی یا فراری منافقوں میں سے ہے یا ان میں سے ہے جنھوں نے اپنی توبہ کا اعلان کیا ہے ، مومنین میں سے کسی کی نمازِ جنازہ پڑھا سکتا ہے ؟

ج بعید نہیں کہ جو شرائط بقیہ نمازوں میں نمازِ جماعت اور امامِ جماعت میں ضروری ہیں وہ نمازِ میت اور اس کے امام میں معتبر نہ ہوں اگرچہ احتیاط (مستحب) یہ ہے کہ اس میں بھی ان کی رعایت کی جائے ۔

س ۲۶۲ : اگر کوئی مومن احکامِ اسلام کے نفاذ کی راہ میں (دنیا کے کسی بھی گوشہ میں) قتل کر دیا جائے یا مظاہروں میں قتل کر دیا جائے یا فقہ جعفری کے نفاذ کے محاذ پر قتل کر دیا جائے تو کیا وہ شہید سمجھا جائے گا ؟

ج: اسے شہید کا اجر و ثواب ملے گا لیکن شہید کی میّت کے احکام اس شخص سے مخصوص ہیں جو میدان جنگ میں جنگ کرتے ہوئے شہادت پائے۔

س ٢٦٣: اگر قانون اور عدلیہ کی تائید کے مطابق کسی مسلمان شخص کے خلاف منشیات کا دوبارہ کرنے کے الزام میں سزائے موت کا حکم صادر ہو اور اسے موت کی سزا دی جائے تو:

١۔ کیا اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی؟

٢۔ اس کے مراسم عزاء، قرآن خوانی اور اس کے لئے منعقد ہونے والی مجالس اہل بیتؑ میں شرکت کا کیا حکم ہے؟

ج: جس مسلمان کو سزائے موت دے دی گئی ہو، اس کا حکم وہی ہے جو سارے مسلمانوں کا ہے اور اس کے لئے وہ تمام اسلامی احکام و آداب بجا لائے جائیں گے جو عام مرنے والوں کے لئے بجا لائے جاتے ہیں۔

س ٢٦٤: کیا اس گوشت دار ہڈی کو چھونے سے غسل مس میت واجب ہو جائے گا جو زندہ کے بدن سے جدا ہوئی ہو؟

ج: مذکورہ فرض کی روشنی میں غسل مس میّت واجب ہے۔

س ٢٦٥: دانت نکلواتے وقت اس کے ساتھ مسوڑھے کے کچھ ریشے نکل آتے ہیں کیا مسوڑھے کے جزء کو مس کرنے سے غسل مس میت واجب ہو جاتا ہے؟

ج: اس سے غسل واجب نہیں ہوتا لیکن اگر دانت کے ساتھ مسوڑھے کا کچھ گوشت بھی نکل آئے تو اس کا حکم وہی ہے جو مردار کا ہے۔

س ٢٦٦: جس مسلمان شہید کو اس کے کپڑوں ہی میں دفن کیا گیا ہو کیا اس پر مس میت کے

احکام جاری ہوں گے؟

ج: مذکورہ شہید کو چھونے سے غسل مس میت واجب نہیں ہوتا۔

س ۲۶۷: میں میڈیکل کالج کا طالب علم ہوں۔ بعض اوقات آپریشن کے دوران مجبوراً مردوں کو چھونا پڑتا ہے اور ہم یہ نہیں جانتے کہ یہ لاشیں مسلمانوں کی ہیں یا نہیں۔ لیکن ذمہ داران کہتے ہیں کہ ان لاشوں کو قطعی طور پر غسل دیا جا چکا ہے۔ امید ہے مذکورہ مسئلہ کو ملحوظ رکھتے ہوئے برائے مہربانی ان مردہ جسموں کے مس کرنے کے بعد جاری نماز وغیرہ کا حکم بیان فرمائیے؟ اور کیا مذکورہ صورت میں ہم پر غسل واجب ہے؟

ج: اگر میت کو غسل دیا جانا ثابت نہ ہو اور آپ کو اس سلسلہ میں شک ہو تو جسد یا اس کے اجزاء کو چھونے سے غسل مس میت واجب ہو جائے گا۔ اور اس غسل کے بغیر نماز صحیح نہ ہوگی، لیکن اگر اس کا غسل ثابت ہو جائے تو اس کے بدن یا بعض اجزاء کو چھونے سے غسل مس میت واجب نہیں ہوگا چاہے اس کے غسل کے صحیح ہونے میں شک ہی ہو۔

س ۲۶۸: ایک گمنام شہید چند افراد کے ساتھ ایک ہی قبر میں دفن کر دیا گیا اور ایک ماہ کے بعد قرائن سے یہ بات ثابت ہوئی کہ وہ شہید اس شہر کا نہیں تھا (جس میں دفن کیا گیا ہے) کیا (اس صورت میں) قبر کھولنا جائز ہے؟

ج: اگر اسے شرعی احکام اور قوانین کے مطابق دفن کیا گیا ہے تو قبر کھولنے کا حق نہیں ہے۔

س ۲۶۹: اگر قبر کھودے اور مٹی ہٹائے بغیر قبر کے اندر کے حالات معلوم کرنا یا فلم بردای کے ذریعہ اس کے اندر کی تصویر لینا ممکن ہو تو اس عمل پر قبر کھودنے کا اطلاق ہوگا یا نہیں؟

ج: قبر کھودے یا کھولے بغیر مدفون میت کے بدن کی تصویر لینے اور جنازہ دکھانے پر قبر کھودنے کا عنوان صادق نہیں آتا ہے۔

س ۲۷۰: میونسپلٹی سڑکوں کی توسیع کے لئے قبرستان کے چاروں طرف بنے ہوئے کمروں کو منہدم کرنا چاہتی ہے۔ گذارش ہے کہ درج ذیل مسائل کے جواب مرحمت فرمائیں:

۱۔ قبرستان کے امور کی نگران کمیٹی کی ذمہ داری مومنین کی ان قبروں کے سلسلے میں کیا ہوگی جو ان کمروں میں موجود ہیں؟

۲۔ کیا ان مُردوں کی ہڈیوں کو نکال کر دوسری جگہ دفن کرنا جائز ہے؟

ج: مومنین کی قبروں کو کھولنا اور انھیں منہدم کرنا جائز نہیں ہے۔ اب اگر نبش واقع ہوجائے تو مسلمان میت کا بدن ظاہر ہوجانے یا مسلمان میت کی غیر بوسیدہ ہڈیاں مل جانے کے بعد انہیں نئے سرے سے دفن کرنا واجب ہے۔ لیکن قبرستان کی نگراں کمیٹی کی اس سلسلہ میں کوئی خاص ذمہ داری نہیں ہے۔

س ۲۷۱: اگر ایک شخص شرعی قوانین کی رعایت کئے بغیر مسلمانوں کے قبرستان کو منہدم کرتا ہے تو اس شخص کے مقابلہ میں باقی مسلمانوں کا کیا فریضہ ہے؟

ج: باقی مسلمانوں پر شرائط و مراتب کی رعایت کے ساتھ اسے نہی عن المنکر کرنا واجب ہے۔

س ۲۷۲: میرے والد ۳۶ سال قبل ایک قبرستان میں دفن کئے گئے تھے اور اب میں سوچتا ہوں کہ وقف بورڈ سے اجازت لے کر اس قبر سے اپنے لئے استفادہ کروں، اس بنا پر

کیا مجھے اپنے دوسرے بھائیوں سے بھی اجازت لینا ضروری ہے جبکہ یہ قبرستان وقف شمار کیا جاتا ہے؟

ج: اس قبر کے بارے میں میت کے تمام وارثوں سے اجازت لینا شرط نہیں ہے جو اس زمین میں واقع ہے جس کو مُردوں کے تدفین کے لئے وقف عام شمار کیا جاتا ہے لیکن جب تک میت کی ہڈیاں مٹی نہ بن جائیں اس قبر کو دوسری میت کے دفن کرنے کے لئے کھودنا جائز نہیں ہے۔

س ۲۷۳: میں میڈیکل کالج کا طالب علم ہوں۔ یونیورسٹی میں تحقیق کے لئے طبیعی ہڈیاں کم ہونے کی صورت میں کیا متروکہ اور فرسودہ قبرستانوں کی ہڈیوں سے استفادہ کیا جا سکتا ہے؟ اور کیا مُردوں کی ان ہڈیوں کے مس کرنے سے غسل واجب ہو جاتا ہے جو کہ عجائب گھروں میں موجود ہیں یا قبرستانوں میں پائی جاتی ہیں؟

ج: مسلمانوں کے مقبروں سے ہڈیاں نکالنا اگر یہ کام قبر کھودنے پر موقوف ہو جائز نہیں ہے اور اگر ہڈیاں اس میت کی ہوں جس کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ اسے غسل دیا گیا تھا تو ان کے چھونے سے غسل واجب ہو جائے گا۔

س ۲۷۴: کن حالات میں قبروں کا کھولنا جائز ہے؟ اس زمانہ میں ایک جماعت ان شہیدوں کی لاشوں کی شناخت کے لئے جو جنگ کے دوران شہید ہوئے تھے، تحقیق میں مشغول ہے اس سلسلہ میں کیا حکم ہے؟

ج: اگر شہید عزیز کا جنازہ تمام شرعی آداب کے ساتھ دفن کیا گیا ہے اور کسی قسم کا اثباتِ حق، قبر کے کھودنے پر موقوف نہ ہو تو قبر کھولنا

جائز نہیں ہے یہاں تک کہ جسد کو پہچاننے کے لئے بھی۔

س ۲۷۵ : برائے کرم ایسے شرائط سے، جن میں قبر کھودنا جائز ہے، مطلع فرمائیں اور اگر مسلمانوں کی قبروں کو منہدم کرنے یا اسے کسی اور مرکز میں تبدیل کرنے کی کوئی راہ ہے تو اس کی وضاحت بھی فرمائیں ؟

ج : قبر کھودنے کے استثنائی حالات وشرائط توضیح المسائل میں مذکور ہیں اور مسلمانوں کے ان قبرستانوں میں تغیّر و تبدّل جائز نہیں ہے جو مسلمانوں کی میت دفن کرنے کے لئے وقف ہیں۔

س ۲۷۶ : کیا دینی مرجع سے اجازت لینے کے بعد قبروں کا کھولنا جائز ہے اور کیا اس قبرستان کو جو اموات کے دفن کے لئے وقف ہے، تبدیل کرکے کسی دوسرے کام میں لانا جائز ہے؟

ج : جن حالات میں قبر کھولنا جائز نہیں ہے اور جن میں میّتوں کے دفن کیلئے وقف شدہ قبرستان کو خراب کرنا جائز نہیں ان میں اجازت کا کوئی فائدہ ہی نہیں ہے۔

س ۲۷۷ : تقریبًا بیس سال قبل ایک شخص کا انتقال ہوا تھا اور ابھی چند روز پہلے اسی گاؤں میں ایک عورت کا انتقال ہوا، لوگوں نے غلطی سے اس شخص کی قبر کھود کر عورت کو بھی اسی میں دفن کر دیا، اس کا کیا حکم ہے جبکہ یہ معلوم ہے کہ قبر میں اس شخص کی کوئی علامت نہیں ملی ہے ؟

ج : مفروضہ سوال کے لحاظ سے اب دوسروں پر کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی اور صرف میت کا دوسری میت کی قبر میں دفن کرنا اس کا جواز پیدا

نہیں کرتا کہ قبر کھول کر جسد کو دوسری قبر میں منتقل کیا جائے۔

س ۲۷۸: ایک سڑک کے درمیان چار قبریں بنی ہوئی ہیں جو راستہ بنانے کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہیں اور دوسری طرف قبروں کو کھودنے میں بھی شرعی اشکال ہے، گذارش ہے کہ اس سلسلہ میں ہماری راہنمائی فرمائیں کہ ہمیں کیا کرنا ہے تاکہ میونسپلٹی عملاً شرع کی مخالفت نہ کرے؟

ج: اگر سڑک بنانا قبر کے کھودنے پر موقوف نہ ہو، اور قبروں کے اوپر سے سڑک بنانا ممکن ہو یا سڑک اسی سمت میں بنانا ضروری ہو، جدھر قبریں ہیں تو کوئی اشکال نہیں ہے ورنہ قبروں کے اوپر سڑک بناناجائز نہیں ہے۔

نجاسات اور ان کے احکام

س ۲۷۹ : کیا خون پاک ہے ؟

ج: جن جانداروں کا خون اچھل کر نکلتا ہو خواہ وہ انسان ہو یا غیر انسان، وہ خون نجس ہے۔

س ۲۸۰ : امام حسین علیہ السلام کی عزاداری میں ایک انسان پوری طاقت سے اپنا سر دیوار سے ٹکراتا ہے، اس سے بہنے والے خون کی چھینٹیں مجلس عزا میں شرکت کرنے والوں کے سروں اور چہروں پر پڑتی ہیں وہ خون پاک ہے یا نجس ؟

ج: انسان کا خون ہر حال میں نجس ہے۔

س ۲۸۱ : دھلنے کے بعد کپڑے پر جو خون کا دھبّہ رہ جاتا ہے کیا وہ ہلکے رنگ کا دھبّہ نجس ہے ؟

ج: اگر عین خون زائل ہو جائے اور فقط رنگ باقی رہ جائے اور دھونے سے زائل نہ ہوتا ہو تو پاک ہے۔

س ۲۸۲ : اگر انڈے میں خون کا ایک نقطہ ہو تو اس کا کیا حکم ہے ؟

ج: پاک ہے لیکن اس کا کھانا حرام ہے۔

س ۲۸۳ : فعل حرام کے ذریعہ مجنب ہونے والے کے پسینے اور نجاست خوار حیوان کے پسینے کا کیا حکم ہے ؟

ج : نجاست خوار اونٹ کا پسینہ نجس ہے لیکن نجاست خوار اونٹ کے علاوہ دوسرے نجاست خوار حیوانات اور اسی طرح (فعل) حرام سے مجنب ہونے والے شخص کے پسینہ کے بارے میں اقوی یہ ہے کہ پاک ہے لیکن احتیاط واجب یہ ہے کہ (فعل) حرام سے مجنب ہونے پر جو پسینہ آئے اس میں نماز نہ پڑھی جائے ۔

س ۲۸۴ : میّت کو آب سدر اور آب کافور سے غسل دینے کے بعد اور خالص پانی سے غسل دینے سے پہلے جو قطرے میّت کے بدن سے ٹپکتے ہیں وہ پاک ہیں یا نجس ؟

ج : میت کا بدن اس وقت تک نجس کہلائے گا جب تک تیسرا غسل کامل نہ ہو جائے ۔

س ۲۸۵ : ہاتھوں یا ہونٹوں یا پیروں سے بعض اوقات جو کھال جدا ہوتی ہے وہ پاک ہے یا نجس ؟

ج : ہاتھوں یا ہونٹوں یا پیروں یا بدن کے دیگر اعضاء سے کھال کے جو ٹکڑے یا چھلکے خود بخود جدا ہوتے ہیں وہ پاک ہیں ۔

س ۲۸۶ : جنگی محاذ پر ایک شخص ایسے دور سے گزرا کہ وہ سؤر کو مارنے اور اسے کھانے پر مجبور ہو گیا ، کیا اس کے بدن کا پسینہ اور لعاب دہن نجس ہے ؟

ج : حرام گوشت کھانے والے انسان کے بدن کا پسینہ اور لعاب دہن نجس

نہیں ہے اور نہ اس پر استبراء واجب ہے۔ لیکن رطوبت کے ساتھ جو چیز بھی سور کے گوشت سے مس ہو گی وہ نجس ہو گی۔

س ۲۸۷: تصویریں بنانے اور لکھنے کے کام آنے والے بالوں کے برش (موقلم) جن کی نئی اور بہترین قسم اسلامی ملکوں سے منگوائی جاتی ہیں اور بیشتر اوقات وہ سور کے بالوں سے بنائے جاتے ہیں۔ ایسے برش ہر جگہ خاص طور سے تبلیغاتی اور ثقافتی مراکز میں موجود ہیں اور استعمال کئے جاتے ہیں۔ پس اس قسم کے برشوں کے استعمال کے سلسلے میں شرعی حکم کیا ہے؟ اور دوسرے یہ کہ ان کے ذریعہ قرآنی آیات اور احادیث شریفہ کے لکھنے کا کیا حکم ہے؟

ج: سور کے بال نجس ہیں اور ان سے ان امور میں استفادہ جائز نہیں ہے جن میں شرعاً طہارت شرط ہوتی ہے لیکن ان امور میں ان کا استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں جن میں طہارت شرط نہیں ہے۔ اور اگر ان برشوں کے بارے میں یہ معلوم نہ ہو کہ وہ سور کے بالوں سے بنے ہیں یا نہیں تو ان کا استعمال ان امور میں بھی بلا اشکال ہے جن میں طہارت شرط ہے۔

س ۲۸۸: جرمنی میں ایک محترم عالم دین تشریف لائے، انہوں نے بتایا تھا کہ یہاں تین ہی چیزوں میں شک پر اعتنا کرنا واجب ہے اور وہ موارد یہ ہیں: گوشت، کھال اور روغن (گھی یا تیل) وغیرہ۔ بقیہ چیزوں میں شک کی پروا کرنا ضروری نہیں ہے، کیا یہ رائے صحیح ہے؟ اس وقت یہاں کئی قسم کے نباتی گھی ملتے ہیں۔ ان پر جو عبارت لکھی ہوتی ہے اس کے اعتبار سے ان میں کوئی ایسا مواد نہیں ہے جس میں اشکال ہو، لیکن برادران

کی تحقیق سے یہ ثابت ہوا کہ ان میں سے ایک قسم کے "گھی" میں تھوڑی مقدار میں دیسی گھی کی ملاوٹ کی جاتی ہے لیکن ڈبے پر لکھا نہیں جاتا، اس مسئلہ کا کیا حکم ہے؟

ج: ہر وہ گوشت جس کا حلال ہونا یا حلال اور پاک ہونا ذبح شرعی پر موقوف ہو، وہ غیر اسلامی ممالک میں مردار اور جھٹکے کے حکم میں ہے لیکن دیسی گھی پاک اور حلال ہے، مگر یہ معلوم ہو جائے کہ یہ غیر مذکّٰی حیوان کی چربی سے بنا ہے یا نجس چیز کے مل جانے سے نجس ہو گیا ہے۔

س ۲۸۹: اگر مجنب کا لباس منی سے نجس ہو جائے تو اوّل یہ کہ اگر ہاتھ یا اس کپڑے میں سے کوئی ایک گیلا ہو تو ہاتھ سے اس لباس کو چھونے کا کیا حکم ہے؟ اور دوسرے یہ کہ کیا مجنب کے لئے جائز ہے کہ وہ کسی اور شخص کو وہ لباس پاک کرنے کے لئے دے؟ کیا مجنب کے لئے ضروری ہے کہ وہ دھلنے والے کو یہ بتائے کہ یہ لباس نجس ہے؟

ج: منی نجس ہے اور جب اس سے کوئی سرایت کرنے والی گیلی چیز ملے گی تو وہ بھی نجس ہو جائے گی، اور لباس دھونے والے کو یہ بتانا ضروری نہیں ہے کہ وہ نجس ہے۔

س ۲۹۰: پیشاب کرنے کے بعد استبراء کرتا ہوں لیکن اس کے بعد ایک سیال چیز نکلتی ہے جس سے منی کی بو آتی ہے امید ہے کہ اس سلسلے میں نماز کے لئے میرا حکم بیان فرمائیں گے؟

ج: اگر اس کے منی ہونے کا یقین نہ ہو اور اس کے ساتھ منی نکلنے کے سلسلے میں جو شرعی علامتیں بیان ہوئی ہیں وہ بھی نہ پائی جاتی ہوں تو پاک ہے اور اس پر منی کا حکم نہیں لگے گا۔

س ۲۹۱ : کیا کوّے کا پاخانہ نجس ہے ؟

ج : اقویٰ یہ ہے کہ پاک ہے ۔

س ۲۹۲ : رسالۂ عملیہ میں (مراجع عظام) ذکر کیا ہے کہ ان حیوانات اور پرندوں کا پاخانہ نجس ہے جن کا گوشت نہیں کھایا جاتا ۔ تو جن حیوانات کا گوشت کھایا جاتا ہے مثلاً گائے، بکری یا مرغی ان کا پاخانہ نجس ہے یا نہیں ؟

ج : حلال گوشت جانوروں کا پاخانہ پاک ہے ۔

س ۲۹۳ : اگر بیت الخلاء میں کموڈ کے اطراف یا اس کے اندر نجاست لگی ہو اور اس کو کُر بھر پانی یا قلیل پانی سے دھویا جائے اور عین نجاست باقی رہ جائے تو کیا وہ جگہ جہاں عین نجاست نہیں لگی ہے بلکہ صرف دھونے کے لئے ڈالا جانے والا پانی اس تک پہنچا ہے وہ نجس ہے یا پاک ہے ؟

ج : جو جگہ نجاست کے قریب ہے لیکن اس تک نجاست سے متصل پانی نہیں پہنچا ہے وہ پاک ہے ۔

س ۲۹۴ : اگر مہمان، میزبان کے گھر کی کسی چیز کو نجس کر دے کیا اس سے میزبان کو مطلع کرنا واجب ہے ؟

ج : کھانے پینے والی چیزوں اور کھانے کے برتنوں کے علاوہ دوسری چیزوں کے سلسلے میں مطلع کرنا ضروری نہیں ہے ۔

س ۲۹۵ : نجس چیز سے ملنے والی چیز بھی نجس ہو جاتی ہے یا نہیں ؟ اور اگر نجس ہو جاتی ہے تو کیا یہ حکم تمام واسطوں میں جاری ہوگا یا صرف نزدیک کے واسطوں میں جاری ہوگا ؟

ج : کم سے کم تین واسطوں تک نجاست کا حکم جاری ہوگا، چوتھے اور

اس کے بعد والے واسطہ کے لئے اقرب یہ ہے کہ پاک ہے اگرچہ احتیاط (مستحب) یہ ہے کہ اس سے اجتناب کیا جائے۔

س ۲۹۶: کیا غیر مزکیٰ حیوان کی کھال کے جوتے استعمال کرنے والے کے لئے وضو سے قبل ہمیشہ پیروں کو دھونا واجب ہے؟ بعض لوگ کہتے ہیں: اگر جوتے کے اندر پیروں کو پسینہ آجائے تو دھونا واجب ہے، اور میں نے دیکھا ہے کہ ہر قسم کے جوتوں میں پیروں سے تھوڑا بہت پسینہ ضرور نکلتا ہے، اس مسئلہ میں آپ کی کیا رائے ہے؟

ج: اگر یہ ثابت ہو جائے کہ مذکورہ جوتے میں پیر سے پسینہ نکلتا ہے تو نماز کے لئے پیروں کا دھونا واجب ہے۔

س ۲۹۷: اس بچہ کے گیلے ہاتھ، اس کی ناک کے پانی اور اس کی جھوٹی غذا کا کیا حکم ہے جو خود کو نجس کرتا رہتا ہے اور ان بچوں کا کیا حکم ہے جو اپنے گیلے ہاتھوں سے اپنے پیر چھوتے ہیں؟

ج: جب تک ان کے نجس ہونے کا یقین حاصل نہ ہو جائے اس وقت تک انہیں پاک مانا جائے گا۔

س ۲۹۸: میں مسوڑھوں کے مرض میں مبتلا ہوں اور ڈاکٹر کے مشوروں کے مطابق انہیں ہمیشہ ملتے رہنا ضروری ہے اس سے بعض مسوڑھے سیاہی مائل ہو جاتے ہیں گویا ان کے اندر خون جمع ہو جاتا ہے اور جب ان پر کاغذی رومال (دستمال) رکھتا ہوں تو اس کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے، اس لئے میں اپنا منھ آب کُر سے پاک کرتا ہوں اس کے باوجود وہ جما ہوا خون کافی دیر تک باقی رہتا ہے اور دھونے سے نہیں چھوٹتا۔ پس دھلنے کے بعد جو پانی میرے منھ کے اندر رہے اور ان جگہوں سے گزرا ہے اور پھر میں

کلی کر دیتا ہوں چونکہ اب جو پانی مسوڑھوں کے نیچے جمع خون کے اجزاء سے مل کر گزرا ہے، کیا نجس ہے یا اسے لعاب دہن کا جزو شمار کیا جائے گا اور پاک ہو گا؟

ج: پاک ہے اگرچہ احتیاط (مستحب) یہ ہے کہ اس سے پرہیز کیا جائے۔

س ۲۹۹: اور یہ بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ میں جو کھانا کھاتا ہوں وہ مسوڑھوں میں جمع شدہ خون سے مس ہوتا ہے تو یہ کھانا نجس ہے یا پاک؟ اور اگر نجس ہے تو کیا اس کھانے کو نگلنے کے بعد منھ کی فضا نجس رہتی ہے؟

ج: مذکورہ فرض میں کھانا نجس نہیں ہے اور نہ اس کے نگلنے میں کوئی اشکال ہے اور منھ کے اندر کی فضا پاک ہے۔

س ۳۰۰: مدتوں سے مشہور ہے کہ میک اپ کا سامان نجس ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس وقت اس کی جھلی کو اتار لیتے ہیں اور اسے فریزر میں محفوظ رکھتے ہیں، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جنین کی میت کو بھی محفوظ رکھتے ہیں اور اس سے میک اپ (سنگار) کا سامان —— جیسے لپ اسٹک وغیرہ —— بناتے ہیں۔ ان چیزوں کو کبھی کبھی ہم استعمال کرتے ہیں بلکہ کبھی کبھی لپ اسٹک حلق کے نیچے بھی اتر جاتی ہے تو کیا یہ نجس ہے؟

ج: سنگار کی چیزوں کے نجس ہونے پر پروپیگنڈے کوئی شرعی دلیل نہیں ہیں اور جب تک شریعت کے معتبر طریقوں سے ان کی نجاست ثابت نہیں ہوتی اس وقت تک ان کو استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۳۰۱: ہر لباس یا کپڑے کے ٹکڑے سے بہت ہی باریک روئیں گرتے رہتے

ہیں کپڑوں کو پاک کرتے وقت جب ہم طشت کے پانی کو دیکھتے ہیں تو اس میں یہ باریک روئیں نظر آتے ہیں، اس بنا پر جب طشت پانی سے بھرا ہو اور اس کا اتصال نل کے پانی سے ہو تو اس وقت میں طشت میں لباس کو غوطہ دیتا ہوں اور طشت سے باہر گرنے والے پانی میں ان روؤں کی موجودگی کی وجہ سے میں احتیاطاً ہر جگہ کو پاک کرتا ہوں یا جب میں بچوں کا نجس لباس اتارتا ہوں تو اس جگہ کو بھی پاک کرتا ہوں جہاں لباس اتارا گیا تھا خواہ وہ جگہ خشک ہی ہو اس لئے کہ میں کہتا ہوں وہ روئیں اس جگہ گرے ہیں۔ پس کیا یہ احتیاط ضروری ہے؟

ج: پاک کرتے وقت جس لباس کو ظرف میں رکھ کر اس پر پائپ کا پانی ڈالا جاتا ہے اور پانی اچھی طرح لباس کو گھیر لیتا ہے تو (اس وقت) وہ لباس ظرف اور ظرف کے اندر کا پانی اور لباس سے جدا ہو کر پانی میں تیرنے والے روئیں سب پاک ہو جاتے ہیں اور یہ روئیں یا غبار جو نجس کپڑے سے جدا ہو کر گرتے ہیں پاک ہیں، مگر یہ کہ یقین حاصل ہو جائے کہ یہ روئیں نجس جگہ سے جدا ہوئے ہیں اور صرف اس شک کی بنا پر کہ روئیں گرتے ہیں یا نہیں یا روئیں نجس جگہ سے گرتے ہیں یا پاک جگہ سے احتیاط ضروری نہیں ہے۔

س ۳۰۲: اس رطوبت کی مقدار کیا ہے جو ایک چیز سے دوسری چیز میں سرایت کرنے کا سبب بن جاتی ہے؟

ج: سرایت کرنے والی رطوبت کا معیار یہ ہے کہ کوئی گیلی چیز جب دوسری چیز سے ملے تو اس کی رطوبت محسوس طریقے سے اس میں منتقل ہو جائے۔

س ۳۰۳: ان کپڑوں کا کیا حکم ہے جو پاک کرنے کے لئے دھوبی یا ڈرائی کلیننگ کو دیئے جاتے ہیں؟ اس بات کی وضاحت کر دینا بھی ضروری ہے کہ انھیں جگہوں پر اکثر مثلاً یہودی

اور عیسائی وغیرہ بھی اپنا لباس دیتے ہیں اور یہ بھی معلوم ہے کہ ڈرائی کلیننگ والے کپڑے دھونے میں کیمیاوی مواد کا استعمال کرتے ہیں۔

ج: جو لباس ڈرائی کلیننگ میں دیا جاتا ہے اگر وہ پہلے سے نجس نہ ہو تو پاک ہے اور اہل کتاب اقلیتوں کے ساتھ مل کر دھلے ہوئے کپڑے نجس نہیں ہوتے۔

س ۳۰۴: جو کپڑے گھر کی آٹومیٹک کپڑا دھونے کی مشین سے دھوئے جاتے ہیں، وہ پاک ہیں یا نہیں؟ مذکورہ مشین اس طرح کام کرتی ہے کہ پہلی بار مشین کپڑوں کو کپڑے دھونے والے پاؤڈر سے دھوتی ہے جس کی وجہ سے کچھ پانی اور کپڑوں کا جھاگ مشین کے دروازے کے شیشے اور اس پر لگے ہوئے ربڑ کے خول پر پھیل جاتا ہے اور جب مشین دوسری بار دھونے کے لئے پانی لیتی ہے تو پانی اس کے دروازے اور ربڑ کے خول پر لگے جھاگ کو پوری طرح گھیر لیتا ہے اور اگلے مراحل میں مشین کپڑوں کو تین مرتبہ آب قلیل سے دھوتی ہے پھر اس کے بعد دھوون کو باہر نکالتی ہے۔ برائے مہربانی وضاحت فرمائیں کہ اس طرح کپڑے پاک ہوتے ہیں یا نہیں؟

ج: عین نجاست زائل ہوجانے کے بعد جب پانی پائپ کے ذریعہ براہ راست مشین میں داخل ہوکر کپڑوں اور مشین کے اندر ہر جگہ پہنچ جائے اور پھر اس سے جدا ہو کر نکل جائے تو ان کپڑوں پر طہارت کا حکم لگے گا۔

س ۳۰۵: اگر زمین پر یا حوض یا حمام میں جس میں کپڑے دھوئے جاتے ہیں، پانی بہایا جائے اور اس پانی کے چھینٹے لباس پر پڑ جائیں تو وہ نجس ہو جائے گا یا نہیں؟

ج: اگر پانی پاک جگہ یا پاک زمین پر بہایا جائے تو اس کے چھینٹے پاک ہیں۔

س ۳۰۶ : بلدیہ کی کوڑا ڈھونے والی گاڑیوں سے جو پانی سڑکوں پر بہتا جاتا ہے۔ بعض اوقات تند ہوا کی وجہ سے لوگوں کے اوپر بھی پڑ جاتا ہے، وہ پانی پاک ہے یا نجس ؟

ج : پاک ہے مگر یہ کہ نجاست سے ملنے کی وجہ سے اس پانی کے نجس ہونے کا کسی شخص کو یقین ہو جائے۔

س ۳۰۷ : سڑکوں کے گڑھوں میں جمع ہو جانے والا پانی پاک ہے یا نجس ؟

ج : یہ پاک پانی کے حکم میں ہے۔

س ۳۰۸ : ان لوگوں کے ساتھ گھریلو آمدورفت رکھنے کا کیا حکم ہے جو کھانے، پینے وغیرہ میں طہارت و نجاست کے مسائل کو اہمیت نہیں دیتے ؟

ج : طہارت و نجاست کے موضوع میں ہر وہ چیز جس کے نجس ہونے کا یقین نہ ہو بظاہر شرع میں پاک ہے۔

س ۳۰۹ : برائے مہربانی درج ذیل صورتوں میں قے کی طہارت اور نجاست کے بارے میں حکم شرعی بیان فرمائیں :

الف : شیر خوار بچہ کی قے۔

ب : اس بچہ کی قے جو دودھ پیتا اور کھانا بھی کھاتا ہے۔

ج : بالغ انسان کی قے۔

ج : تمام صورتوں میں پاک ہے۔

س ۳۱۰ : شبہہ محصورہ (یعنی چند ایسی چیزیں جن میں سے ایک نجس ہے ان میں سے کسی) سے ملنے والی چیز کا کیا حکم ہے ؟

ج: اگر ان میں سے بعض چیزوں سے ملے تو اس پر نجس ہونے کا حکم مرتب نہیں ہوگا۔

س ۲۱۱: ایک شخص کھانا بیچتا ہے اور اس میں سرایت کرنے والی تری ہونے کے باوجود اسے اپنے جسم سے مس بھی کرتا ہے لیکن اس کے دین کا پتا نہیں ہے، کیا اس سے اس کے دین کے بارے میں سوال کرنا واجب ہے یا اس پر اصالت طہارت کا حکم جاری ہوگا؟ جبکہ یہ معلوم ہے کہ وہ اسلامی ملک کا باشندہ نہیں ہے بلکہ وہاں کام کرنے آیا ہے؟

ج: اس سے اس کا دین پوچھنا واجب نہیں ہے بلکہ اس کو اور اس سے لی گئی چیز کو بھی جو اس کے جسم سے مس ہو رہی ہے، اصالت طہارت کی بنا پر پاک سمجھیں گے۔

س ۲۱۲: کسی شخص کے گھر میں یا اس کے رشتہ داروں کے گھر میں ایک ایسا آدمی ہے جو ان لوگوں کے گھروں میں آیا جایا کرتا ہے۔ اور یہ آدمی طہارت و نجاست کو اہمیت نہیں دیتا ہے، جس سے گھر اور اس میں موجود چیزیں وسیع پیمانہ پر نجس ہو جاتی ہیں جن کا دھونا اور پاک کرنا ممکن نہیں ہے، پس اس صورت میں ان لوگوں کا فریضہ کیا ہے؟ اور ایسی صورت میں انسان کیسے پاک رہ سکتا ہے خصوصاً نماز میں جس کے صحیح ہونے میں طہارت شرط ہے؟ اور اس سلسلہ میں کیا حکم ہے؟

ج: تمام گھر کو پاک کرنا ضروری نہیں ہے اور نماز صحیح ہونے کے لئے نمازگزار کا لباس اور سجدہ گاہ کا پاک ہونا کافی ہے۔ گھر اور اس کے اثاثہ کی نجاست نماز اور کھانے پینے میں طہارت کا لحاظ رکھنے سے زیادہ انسان پر کوئی مزید ذمہ داری عائد نہیں ہوتی۔

نشہ آور چیزیں

س ۳۱۳: انگور اور کھجور کے اس عرق کا کیا حکم ہے جس کو آگ پر ابالا گیا ہو اور دو تہائی سے کم جلا ہو لیکن نشہ آور نہ ہو؟

ج: اس کا پینا حرام ہے لیکن وہ نجس نہیں ہے۔

س ۳۱۴: کہا جاتا ہے کہ اگر کچے انگور یا پھل کا عرق نکالنے کے لئے اسے ابالا جائے اور اس میں انگور کے کچھ دانے ہوں یا ایک ہی دانہ ہو تو ابال آجانے کے بعد وہ سب حرام ہو جاتا ہے کیا یہ بات صحیح ہے؟

ج: اگر انگور کے دانوں کا پانی بہت ہی کم ہو اور وہ کچے انگور کے عرق میں اس طرح مل گیا ہو کہ اسے انگور کا عرق نہ کہا جاتا ہو تو حلال ہے لیکن اگر خود انگور کے دانوں کو آگ پر ابالا جائے تو حرام ہے۔

س ۳۱۵: دورحاضر میں بہت سی دواؤں میں الکحل — جو درحقیقت نشہ آور ہے — خاص طور سے پینے والی دواؤں اور عطریات (خصوصاً ان خوشبوؤں میں استعمال ہوتا ہے جنھیں

باہر سے منگایا جاتا ہے) تو کیا اس سے واقف یا ناواقف آدمی کے لئے ان چیزوں کا خریدنا، بیچنا، فراہم کرنا استعمال کرنا اور دوسرے تمام فوائد حاصل کرنا جائز ہے؟

ج: جس الکحل کے بارے میں یہ نہ معلوم ہو کہ وہ بذات خود نشہ آور سیال ہے تو وہ پاک ہے اور ان سیال چیزوں کی خرید و فروخت اور ان کے استعمال میں بھی کوئی حرج نہیں ہے جن میں الکحل ملا ہوا ہو۔

س ۲۱۶: کیا سفید الکحل کے ذریعہ ہاتھ اور طبی آلات کو طبی امور میں استعمال کے لئے جراثیم سے پاک کرنے کی غرض سے نیز ڈاکٹر یا طبی بورڈ کے ذریعہ علاج کی غرض سے استعمال کیا جا سکتا ہے؟ سفید الکحل جو طبی الکحل ہے اور پینے کے قابل بھی ہے اور اس کا معادل (HOOH ہے) ہے، پس کیا جس کپڑے پر اس الکحل کا ایک قطرہ یا اس سے زیادہ گر جائے اس کپڑے میں نماز جائز ہے؟

ج: جو الکحل در اصل سیال نہ ہو، پاک ہے اگرچہ نشہ آور ہی ہو اور طبی و غیر طبی امور میں اس کے استعمال میں مضائقہ نہیں ہے۔ اس لباس میں نماز بھی صحیح ہے جس پر ایسا الکحل پڑ جائے۔ اس کے پاک کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

س ۲۱۷: کفیر نام کا ایک مادہ ہے جو غذائیں اور دوائیں بنانے میں استعمال ہوتا ہے اور تخمیر کے دوران اس مادہ میں سے ۵ % یا ۸ % الکحل حاصل ہوتا ہے۔ الکحل کی یہ قلیل مقدار مستہلک ہو جانے کی صورت میں کسی قسم کے نشہ کا سبب نہیں بنتی۔ آیا شریعت کی رو سے اس کے استعمال میں کوئی مانع ہے یا نہیں؟

ج: اس حاصل شدہ مادہ میں موجود الکحل اگر بذات خود نشہ آور ہو تو وہ نجس وحرام ہے اور چاہے وہ قلیل مقدار ہونے اور اس مادہ میں ممزوج ہو جانے کے سبب نشہ آور نہ بھی ہو لیکن اگر اس میں شک و تردّد ہو کہ وہ بذات خود نشہ آور ہے یا شک ہو کہ وہ اصل میں سیّال ہے یا نہیں تو حکم مختلف ہوگا۔

س ۳۱۸: ۱۔ سیّال الکحل نجس ہے یا نہیں؟ (بظاہر یہ الکحل منشیات میں موجود ہوتا ہے اور نشہ آور ہوتا ہے)

۲۔ الکحل کی نجاست کا معیار کیا ہے؟

۳۔ وہ کونسا طریقہ ہے جس سے ہم ثابت کریں کہ فلاں مشروب نشہ آور ہے؟

۴۔ صنعتی الکحل سے کیا مراد ہے؟

ج: ۱۔ الکحل کی وہ تمام قسمیں جو نشہ آور اور دراصل سیّال ہیں نجس ہیں۔

۲۔ نشہ آور ہو اور دراصل سیّال ہو۔

۳۔ اگر خود مکلّف کو یقین نہ ہو تو اس کے لئے موثق اہل علم کی گواہی کافی ہے۔

۴۔ اس سے مراد وہ الکحل ہے جس کو رنگ اور تصویر بنانے کی صنعت، آپریشن کے اوزار کو جراثیم سے پاک کرنے اور انجکشن لگانے نیز ان کے علاوہ دوسرے موارد میں استعمال کیا جاتا ہے۔

س ۳۱۹: بازار میں موجود مشروبات کے پینے اور اسی ضمن میں ملک میں بننے والے مشروبات (کوکا کولا، پیپسی وغیرہ) کا کیا حکم ہے؟ جبکہ یہ کہا جاتا ہے کہ ان کا اساسی مواد باہر سے

لگایا جاتا ہے اور احتمال ہے کہ اس میں مادۂ الکحل پایا جاتا ہو؟

ج: طاہر و حلال ہیں مگر یہ کہ خود مکلّف کو یہ یقین ہو کہ ان میں بالاصالۃ نشہ آور سیّال الکحل ملایا گیا ہے۔

س ۳۲۰: کیا غذائی سامان خریدتے وقت اس بات کی تحقیق ضروری ہے کہ اس کے بیچنے والے یا بنانے والے نے اسے ہاتھ سے چھوا ہے یا اس کے بنانے میں اس نے الکحل استعمال کیا ہے؟

ج: پوچھنا اور تحقیق کرنا ضروری نہیں ہے۔

س ۳۲۱: میں "اٹروپین سلفیٹ اسپرے" بناتا ہوں جو الکحل کے لئے اس کے دوائی توازن کی ترکیب (فارمولیشن) میں بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ یعنی اگر ہم اس میں الکحل کا اضافہ نہ کریں تو اسپرے نہیں بن سکتا ہے۔ اور کارآمد ہونے کے لحاظ سے مذکورہ اسپرے ایسا دفاعی اسلحہ ہے جس سے لشکر اسلام جنگ میں اعصاب پر اثر انداز ہونے والی گیسوں سے محفوظ رہتا ہے۔ کیا آپ کی نظر شریف میں شرعی طور پر الکحل کا استعمال مذکورہ بالا دوا بنانے کے لئے جائز ہے؟

ج: اگر الکحل مسکر اور اصلاً سیّال ہے تو وہ نجس و حرام ہے لیکن اس کو دوا کے طور پر کسی بھی حال میں استعمال کرنے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

وسوسہ اور اس کا علاج

س ۳۲۲ : چند سال سے میں وسواس کی بلا میں مبتلا ہوں، یہ چیز میرے لئے بڑی تکلیف دہ ہے۔ اور یہ وسواس دن بدن بڑھتا ہی جارہا ہے، یہاں تک کہ میں ہر چیز میں شک کرنے لگا ہوں۔ میری پوری زندگی شک پر استوار ہے۔ میرا زیادہ تر شک کھانے میں اور تر چیزوں میں ہوتا ہے۔ لہٰذا میں عام لوگوں کی طرح معمول کے کام نہیں کرسکتا۔ چنانچہ جب میں کسی مکان میں داخل ہوتا ہوں تو فوراً اپنے موزے اتار لیتا ہوں کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ میرے موزے پسینے سے تر ہیں اور وہ کسی چیز کے ساتھ ملنے سے نجس ہوجائیں گے یہاں تک کہ میں جانماز پر بھی نہیں بیٹھ سکتا اور جب بیٹھ جاتا ہوں تو میرا نفس مجھے اٹھنے پر مجبور کرتا ہے کہ جانماز کے روئیں میرے لباس پر نہ لگ جائیں گے اور میں انہیں دھونے پر مجبور ہوجاؤں گا پہلے میری یہ حالت نہیں تھی لیکن اب تو مجھے ان اعمال سے شرم آتی ہے، ہمیشہ یہی دل چاہتا ہے کہ کسی کو خواب میں دیکھوں اور اس سے سوال کردوں، یا کوئی معجزہ ہوجائے جس سے میری زندگی بدل جائے اور میں پہلے جیسا ہوجاؤں، امید ہے کہ میری ہدایت فرمائیں گے؟

ج: طہارت و نجاست کے وہی احکام ہیں جن کو تفصیل کے ساتھ رسالۂ عملیہ میں بیان کیا گیا ہے اور شریعت کی رو سے ہر چیز پاک ہے سوائے اس کے جس کو شارع نے نجس قرار دیا ہو اور انسان کو اس کے نجس ہونے کا یقین حاصل ہو گیا ہو اور اس حالت میں وسواس سے نجات کے لئے خواب یا معجزہ کی ضرورت نہیں ہے بلکہ مکلف پر واجب ہے کہ وہ اپنے ذاتی ذوق کو ایک طرف رکھ دے اور شریعت مقدسہ کی تعلیمات کے سامنے سراپا تسلیم ہو جائے ان پر ایمان لے آئے۔ اور اس چیز کو نجس نہ سمجھے جس کے نجس ہونے کا یقین نہ ہو آپ کو یہ یقین کہاں سے حاصل ہوا کہ دروازہ، دیوار، جانماز اور آپ کے استعمال کی تمام چیزیں نجس ہیں آپ نے کیسے یہ یقین کر لیا کہ جانماز، جس پر آپ چلتے یا بیٹھتے ہیں اس کے روئیں نجس ہیں اور اس کی نجاست آپ کے موزے، لباس اور بدن میں سرایت کر جائے گی ؟! بہرصورت اس حالت میں آپ کے لئے اس وسواس کی طرف اعتناء کرنا جائز نہیں ہے۔ پس نجاست کے وسواس کی پروا نہ کرنا اور عدم اعتناء کا عادی بننا آپ کی شرعی ذمہ داری ہے۔ انشاء اللہ خدا آپ کی مدد کرے گا اور آپ کے نفس کو وسواس کے چنگل سے نجات دے گا۔

س ۳۲۳: میں ایک عورت ہوں میرے چند بچے ہیں۔ میں اعلیٰ تعلیم یافتہ ہوں، میرے لئے مسئلہ طہارت مشکل بنا ہوا ہے اور چونکہ میں نے ایک دیندار گھرانہ میں پرورش پائی ہے اور

میں تمام اسلامی دستورات پر عمل کرنا چاہتی ہوں لیکن چونکہ میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔
لہٰذا ہمیشہ ان کے پیشاب پاخانہ میں مشغول رہتی ہوں اور ان کا پیشاب پاک کراتے وقت سائفن
کے پانی کے چھینٹے اڑ کر میرے ہاتھوں، پیروں یہاں تک سر پر بھی پڑجاتے ہیں اور ہر مرتبہ
ان اعضاء کی طہارت کی مشکل سے دوچار ہوتی ہوں، اس سے میری زندگی میں بہت سی مشکلیں
پیدا ہوگئی ہیں۔ دوسری طرف ان امور کی رعایت کو میں ترک نہیں کرسکتی کیونکہ اس کا
تعلق میرے دین اور عقیدہ سے ہے۔ میں نے کئی بار ماہر نفسیات سے رجوع کیا ہے لیکن
کسی نتیجہ پر نہیں پہنچ سکی۔ اس کے علاوہ دیگر امور بھی میری پریشانی کا سبب ہیں جیسے
نجس چیز کا غبار، بچہ کے نجس ہاتھوں سے محتاط رہنا جن کا پاک کرنا مجھ پر واجب ہے
یا اسے دوسری چیزیں چھونے سے باز رکھنا۔ میرے لئے نجس چیز کا پاک کرنا بہت مشکل
کام ہے لیکن ساتھ ہی ان برتنوں اور کپڑوں کا دھونا میرے لئے آسان ہے جو
میلے یا گندے ہوں۔ اُمید ہے کہ آپ کی راہنمائی سے میری زندگی آسان ہوجائے گی۔

ج: ۱۔ شریعت کی نظر میں باب طہارت ونجاست میں اصل طہارت ہے
یعنی جس جگہ بھی تمہیں نجاست میں معمولی سا شک ہو وہاں تمہارے اوپر
واجب ہے کہ عدم نجاست کا حکم لگاؤ۔

۲۔ نجاست کے سلسلہ میں جو لوگ بہت حساس ہیں (اسلامی فقہ
کی اصطلاح میں جنھیں وسواسی یا شکی کہا جاتا ہے) اگر انھیں بعض جگہوں
پر نجاست کا یقین بھی ہو جائے تب بھی ان پر واجب ہے کہ ان پر نجس
نہ ہونے کا حکم لگائیں سوائے ان موارد کے جنھیں انہوں نے اپنی

آنکھوں سے نجس ہوتے دیکھا ہو۔ اس طرح کہ اگر کوئی بھی دوسرا شخص دیکھے تو نجاست کے سرایت کرنے کا یقین کرے ایسی جگہوں پر واجب ہے کہ وہ بھی نجاست کا حکم لگائیں اور یہ حکم اس وقت تک ان لوگوں پر جاری رہے گا جب تک مذکورہ حساسیت بالکل ختم نہ ہو جائے۔

۳۔ جو چیز یا عضو نجس ہو جائے اس کی طہارت کے لئے، عین نجاست زائل ہونے کے بعد اسے ایک مرتبہ پائپ کے پانی سے دھونا کافی ہے، دوبارہ دھونا یا پانی کے نیچے رکھنا واجب نہیں ہے اور اگر نجس ہونے والی چیز موٹے کپڑے کی جیسی ہو تو اسے بقدر معمول نچوڑیں تاکہ اس سے پانی نکل جائے۔

۴۔ چونکہ آپ نجاست کے سلسلہ میں بے حد حساس ہو چکی ہیں، پس جان لیجئے کہ نجس غبار آپ کے لئے کسی صورت میں بھی نجس نہیں ہے اور بچہ کے پاک یا نجس ہاتھ کے سلسلہ میں محتاط رہنا ضروری نہیں ہے اور نہ ہی اس سلسلہ میں دقت کرنا ضروری ہے کہ بدن سے خون زائل ہوا یا نہیں اور آپ کے لئے یہ حکم اس وقت تک باقی ہے جب تک مکمل طور پر آپ کی حساسیت بالکل ختم نہیں ہو جاتی۔

۵۔ دین اسلام کے احکام سہل و آسان اور فطرت انسان کے موافق ہیں انھیں اپنے لئے مشکل نہ بنائیے اور اس صورت میں اپنے بدن اور روح کو تکلیف و ضرر میں مبتلا نہ کیجئے اور ایسے حالات میں قلق و اضطراب سے زندگی تلخ ہو جاتی ہے۔ بے شک خدائے متعال اس بات سے

خوش نہیں ہے کہ آپ اور آپ کے متعلقین عذاب میں مبتلا ہوں۔ آسان دین کی نعمت پر شکر ادا کیجئے اور اس نعمت پر شکر ادا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ خدا کے دین کے احکام کے مطابق عمل کیا جائے۔

۶- آپ کی موجودہ کیفیت وقتی اور قابل علاج ہے، اس میں مبتلا ہونے کے بعد بہت سے لوگوں نے مذکورہ طریقہ کے مطابق عمل کر کے بہت آرام محسوس کیا ہے، خدا پر بھروسہ کیجئے اور اپنے اندر عزم و ہمت پیدا کیجئے۔

کافر کی نجاست

اہل کتاب کی طہارت اور دوسرے کفار کا حکم

س ۳۲۴: اہل کتاب پاک ہیں یا نجس؟

ج: ان کا ذاتاً پاک ہونا بعید نہیں ہے۔

س ۳۲۵: بعض فقہا اہل کتاب کو نجس اور بعض انہیں پاک قرار دیتے ہیں آپ کی کیا رائے ہے؟

ج: اہل کتاب کی ذاتی نجاست ثابت نہیں ہے، بلکہ ہم انہیں ذاتاً پاک کے حکم میں سمجھتے ہیں۔

س ۳۲۶: وہ اہل کتاب جو فکری لحاظ سے خاتم النبیینؐ کی رسالت کے قائل ہیں لیکن اپنے آباء و اجداد کے عادات اور ان کی روش کے مطابق عمل پیرا ہیں کیا وہ طہارت کے مسئلے میں کافر کے حکم میں ہیں؟

ج: صرف خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کا اعتقاد رکھنا اسلام کے تحت آنے کے لئے کافی نہیں ہے۔ لیکن اگر ان کا شمار اہل کتاب میں ہوتا ہے تو وہ پاک ہیں۔

س ۳۲۷ : میں نے اپنے چند دوستوں کے ساتھ ایک گھر کرایہ پر لیا، ہمیں معلوم ہوا کہ ان میں سے ایک نماز نہیں پڑھتا، اس سلسلے میں پوچھے جانے پر اس نے جواب دیا کہ وہ دل سے تو خدا پر ایمان رکھتا ہے لیکن نماز نہیں پڑھتا۔ اس بات کے پیش نظر کہ ہم اس کے ساتھ کھانا کھاتے ہیں اور اس سے بہت زیادہ گھلے ملے ہیں، آیا وہ نجس ہے یا پاک ؟

ج: صرف نماز روزہ اور دوسرے شرعی واجبات کا ترک کرنا، مسلمان کے مرتد اور نجس ہونے کا موجب نہیں ہوتا۔ بلکہ جب تک اس کے مرتد ہونے کا یقین نہ ہو جائے اس کا حکم سارے مسلمانوں جیسا ہے۔

س ۳۲۸ : وہ کون سے ادیان ہیں جن کے ماننے والے اہل کتاب ہیں ؟ اور وہ معیار کیا ہے جو ان کے ساتھ رہن سہن کے حدود کو معین کرتا ہے ؟

ج: اہل کتاب سے مراد وہ تمام لوگ ہیں جن کا تعلق کسی الٰہی دین سے ہو، وہ اپنے کو انبیاء اللہ میں سے کسی نبیؑ کی امت سے مانتے ہوں اور ان کے پاس انبیاء پر نازل ہونے والی آسمانی کتابوں میں سے کوئی کتاب ہو جیسے یہودی، عیسائی، زرتشتی اور اسی طرح صابئی ہیں جو (ہماری تحقیق کی رو سے) اہل کتاب ہیں۔ پس ان سب کا حکم اہل کتاب کا حکم ہے اور اسلامی قوانین و اخلاق کی رعایت کرتے ہوئے ان کے ساتھ معاشرت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۳۲۹ : ایک فرقہ ہے جو اپنے کو "علی اللّٰہیہ" کہتا ہے۔ وہ لوگ امیرالمومنین علی ابن ابی طالب کو خدا سمجھتے ہیں اور ان کا عقیدہ ہے کہ دعا اور طلب حاجت، نماز اور روزے

سا بدل ہیں ، کیا یہ لوگ نجس ہیں ؟

ج : اگر وہ امیر المومنین علی بن ابی طالب کو اللہ مانتے ہیں ـــ تعالیٰ اللہ عن ذٰلک علواً کبیراً ـــ تو ان کا حکم اہل کتاب کے سوا دوسرے غیر مسلموں جیسا ہے ۔

س ۳۲۰ : ایک فرقہ ہے جس کا نام "علی اللّٰھیہ" ہے اس کے ماننے والے کہتے ہیں کہ علیؑ خدا تو نہیں ہیں لیکن خدا سے کم بھی نہیں ہیں ، ان کا کیا حکم ہے ؟

ج : اگر وہ (حضرت علیؑ کو) خدائے واحد منان کا شریک قرار نہیں دیتے تو وہ مشرک کے حکم میں نہیں ہیں ۔

س ۳۲۱ : کسی شیعہ اثنا عشری نے اگر امام حسینؑ یا اصحاب کسا و (پنجتن پاک) کے لئے نذر کی ہو تو کیا اس نذر کو ان مراکز میں دینا صحیح ہے جہاں فرقہ " علی اللّٰھیہ" کے ماننے والے جمع ہوتے ہیں اور یہ (نذر) کسی نہ کسی شکل میں ان مراکز کی تقویت کا باعث بنتی ہے ؟

ج : مولائے موحدین (حضرت علی علیہ السلام) کو خدا ماننے کا عقیدہ باطل ہے اور ایسا عقیدہ رکھنا اسلام سے خارج ہونے کا موجب ہے ایسے فاسد عقیدہ کی ترویج میں مدد کرنا حرام ہے ، مزید یہ کہ اگر مال کو کسی خاص منذور کے لئے نذر کیا گیا ہو تو اسے دوسری جگہ پر خرچ کرنا جائز نہیں ہے ۔

س ۳۲۲ : ہمارے علاقے اور بعض دوسرے علاقوں میں ایک فرقہ پایا جاتا ہے جو اپنے کو "اسماعیلیہ" کہتا ہے ۔ وہ لوگ چھ اماموں (پہلے امام سے چھٹے امام تک) کا اعتقاد رکھتے ہیں ۔ لیکن وہ

کسی بھی واجبات دینی کو نہیں مانتے اسی طرح وہ ولایت فقیہ کو بھی نہیں مانتے، لہٰذا آپ بتائیں کہ اس فرقے کی پیروی کرنے والے نجس ہیں یا پاک ؟

ج: صرف چھ ائمہ معصومینؑ یا احکام شرعیہ میں سے کسی حکم پر اعتقاد نہ رکھنا اگر وہ اصل شریعت سے انکار نہ ہو اور نہ خاتم الانبیاء علیہ وآلہ الصلاۃ والسلام کی نبوت سے انکار ہو تو کفر و نجاست کا موجب نہیں ہے۔ مگر یہ کہ وہ لوگ کسی امام کو برا بھلا کہیں یا ان کی اہانت کریں۔

س ۳۲۳ : یہاں سب سے بڑی آبادی (بدھ مذہب کے ماننے والے) کافروں کی ہے۔ اگر یونیورسٹی کا کوئی طالب علم کرایہ پر مکان لے تو اس مکان کی طہارت و نجاست کا کیا حکم ہے؟ کیا اس مکان کو دھونا اور اسے پاک کرنا ضروری ہے؟ اس بات کی طرف بھی اشارہ کردوں کہ یہاں اکثر مکان لکڑی کے بنے ہوئے ہیں اور ان کا دھونا ممکن نہیں ہے، نیز ہوٹلوں اور ان میں موجود چیزوں کا کیا حکم ہے ؟

ج: جب تک کافر غیر کتابی کے ہاتھ اور بدن کا سرایت کرنے والی رطوبت کے ساتھ مس ہونے کا یقین نہ ہو، اس پر نجاست کا حکم نہیں لگے گا اور نجاست کا یقین ہونے کی صورت میں ہوٹلوں اور مکانوں کے دروازوں اور دیواروں کا پاک کرنا واجب نہیں ہے، نہ ہی ان چیزوں کا پاک کرنا واجب ہے جو ان میں موجود ہیں۔ بلکہ کھانے پینے میں اور نماز کے لئے استعمال کی جانے والی چیزیں اگر نجس ہوں تو ان کا پاک کرنا واجب ہے۔

س ۳۳۴ : خوزستان (ایران) میں بہت سے لوگ ایسے ہیں جو اپنے کو صابئی کہتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم جناب یحییٰؑ کے ماننے والے ہیں اور ہمارے پاس ان (جناب یحییٰؑ) کی کتاب ہے۔ اور دین شناسوں کے نزدیک ثابت ہوچکا ہے کہ یہ وہی صابئی ہیں جن کا ذکر قرآن مجید میں ہے۔ لہٰذا آپ بتائیں کہ وہ اہل کتاب میں سے ہیں یا نہیں ؟

ج : مذکورہ گروہ اہل کتاب کے حکم میں ہے۔

س ۳۳۵ : یہ جو کہا جاتا ہے کہ کافر کے ہاتھ کا بنا ہوا گھر نجس ہوتا ہے اور اس میں نماز پڑھنا مکروہ ہے کیا یہ صحیح ہے؟

ج : ایسے گھر میں نماز پڑھنا مکروہ نہیں ہے۔

س ۳۳۶ : یہودیوں اور کافروں کے دوسرے فرقوں کے یہاں کام کرنے اور ان سے اجرت لینے کا کیا حکم ہے ؟

ج : اس میں بذات خود کوئی مانع نہیں ہے بشرطیکہ وہ کام حرام اور اسلام و مسلمین کے مفادات کے خلاف نہ ہو۔

س ۳۳۷ : جس جگہ ہم فوج میں کام کرتے ہیں وہاں بعض قبیلے ہیں جن کا تعلق ایسے فرقہ سے ہے جسے مذہب "الحق" کہا جاتا ہے۔ کیا ان کے ہاتھ سے دودھ دہی اور مکھن لے کر کھا سکتے ہیں ؟

ج : اگر وہ اصول اسلام کے معتقد ہوں تو طہارت و نجاست کے مسئلے میں سارے مسلمانوں کے حکم میں ہیں۔

س ۳۳۸ : جس گاؤں میں ہم پڑھاتے ہیں وہاں کے لوگ نماز نہیں پڑھتے کیونکہ وہ فرقۂ "الحق" سے ہیں اور ہم اسی سے روٹی لینے اور ان کے یہاں کھانا کھانے پر مجبور ہیں، کیونکہ ہم

رات دن اسی قریہ میں رہتے ہیں، تو کیا وہاں ہماری نمازوں میں کوئی اشکال ہے ؟

ج: اگر وہ توحید اور نبوت کے منکر نہ ہوں، نہ ضروریات دین میں سے کسی چیز کے منکر ہوں اور نہ رسولِ اسلام کی رسالت کے ناقص ہونے کے معتقد ہوں تو ان پر نہ کفر کا حکم لگے گا اور نہ نجاست کا۔ لیکن اگر ایسا نہ ہو تو ان کا کھانا کھانے اور انھیں چھونے کی صورت میں طہارت و نجاست کا لحاظ رکھنا واجب ہے۔

س ۳۳۹: ہمارے رشتہ داروں میں ایک صاحب کمیونسٹ تھے، انہوں نے بچپن میں ہمیں بہت ساری چیزیں اور مال دیا تھا، پس اگر وہ مال اور چیزیں بنفسہ موجود ہوں تو ان کا کیا حکم ہے ؟

ج: اگر اس کا کفر اور ارتداد ثابت ہو جائے اور اس نے سنِ بلوغ میں اظہارِ اسلام سے پہلے کفر اختیار کیا تو اس کے اموال کا حکم وہی ہے جو دوسرے کافروں کے اموال کا ہے۔

س ۳۴۰: مندرجہ ذیل سوالات کے جواب مرحمت فرمائیں:

۱۔ ابتدائی، متوسط اور اس سے بالاتر کلاسوں کے مسلمان طلاب کا بہائی فرقے کے طلاب کے ساتھ ملنے جلنے، اٹھنے بیٹھنے اور ان سے ہاتھ ملانے کا کیا حکم ہے، خواہ وہ لڑکے ہوں یا لڑکیاں، مکلف یا غیر مکلف، اسکول میں ہوں یا اس سے باہر؟

۲۔ جو طلاب اپنے کو بہائی کہتے ہیں یا جن کے بہائی ہونے کا یقین ہے ان کے ساتھ اساتذہ اور مربیوں کو کس طرح کا رویہ رکھنا واجب ہے ؟

۲- جن چیزوں کو سارے طلاب استعمال کرتے ہیں ان سے استفادہ کرنے کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے جیسے پینے کے پانی یا بیت الخلاء کا نل، لوٹا، صابن اور اسی جیسی دوسری چیزیں جہاں ہاتھ اور بدن کے مرطوب ہونے کا یقین ہو؟

ج: گمراہ فرقۂ بہائیہ کے تمام افراد نجس ہیں، اور ان کے کسی چیز کے چھونے کی صورت میں جن امور میں طہارت شرط ہے ان میں طہارت کا لحاظ رکھنا واجب ہے، لیکن اساتذہ اور مربیوں پر واجب ہے کہ ان کا رویہ بہائی طلاب کے ساتھ قانونی مقررات اور اسلامی اخلاق کے مطابق ہو۔

س ۳۴۱: اسلامی معاشرے میں بہائی فرقہ کے ماننے والوں کی وجہ سے جو کمزوریاں پیدا ہوتی ہیں ان کا مقابلہ کرنے کے لئے مومنین اور مومنات کی کیا ذمہ داری ہے؟

ج: سارے مومنین پر واجب ہے کہ وہ بہائی فرقہ کی فتنہ پردازی اور ان کے مکروہ حیلے کو روکیں اور لوگوں کو اس گمراہ فرقہ کے ذریعہ منحرف ہونے سے بچائیں۔

س ۳۴۲: بعض اوقات بہائی فرقہ کے ماننے والے کھانے کی یا دوسری چیزیں ہمارے پاس لاتے ہیں، تو کیا ان کا استعمال کرنا ہمارے لئے جائز ہے؟

ج: ان کے تحفوں کو واپس کرنا اور ان کو قبول نہ کرنا واجب نہیں ہے اور جن تر چیزوں کے بارے میں شک ہو کہ اس میں ان کا ہاتھ لگا ہے یا نہیں ایسی صورت میں بنیاد طہارت پر رکھی جائیے، لیکن ان کی ہدایت اور انھیں اسلام کی طرف مائل کرنے کی سعی و کوشش آپ پر لازم ہے۔

س ۳۴۳ : ہمارے پڑوس میں بہت سے بہائی رہتے ہیں اور ہمارے ہاں اکثر ان کا آنا جانا ہوتا ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ بہائی نجس ہیں اور کوئی کہتا ہے کہ پاک ہیں، اور یہ بہائی بہت اچھے اخلاق کا اظہار کرتے ہیں، پس وہ نجس ہیں یا پاک ہیں؟

ج: وہ نجس ہیں اور تمہارے دین اور ایمان کے دشمن ہیں۔ پس اے میرے عزیز بیٹے! تم ان کے ساتھ سنجیدگی کے ساتھ پرہیز کرو۔

س ۳۴۴ : بسوں اور ریل گاڑیوں کی ان سیٹوں کا کیا حکم ہے جن پر مسلمان اور کافر دونوں بیٹھتے ہیں اور بعض علاقوں میں کافروں کی تعداد مسلمانوں سے زیادہ ہے، کیا یہ سیٹیں پاک ہیں؟ جبکہ ہم جانتے ہیں کہ گرمی کی وجہ سے پسینہ نکلتا ہے بلکہ وہ پسینہ ان میں سرایت کر جاتا ہے۔

ج: جب تک ان کے نجس ہونے کا علم نہ ہو ان کو پاک سمجھا جائے گا۔

س ۳۴۵ : دوسرے ممالک میں پڑھنے کا لازمہ یہ ہے کہ کافروں کے ساتھ تعلقات رکھے جائیں ایسے موقع پر ان کے ہاتھ کا بنا ہوا کھانا کھانے کا کیا حکم ہے (بشرطیکہ حرام چیزوں کے نہ ہونے کی رعایت کی جائے جیسے غیر حزکی گوشت) اگرچہ اس میں ان کے گیلے ہاتھ کے لگنے کا احتمال ہو؟

ج: صرف کافر کے تر ہاتھ لگنے کا احتمال وجوب اجتناب کے لئے کافی نہیں ہے۔ بلکہ جب تک کافر کے تر ہاتھ سے مس ہونے کا یقین نہ ہو جائے اس وقت تک چیز پاک کہلائے گی اور اگر کافر اہل کتاب ہو تو اس کی نجاست ذاتی نہیں ہے لہٰذا اس کے تر ہاتھ کے مس ہونے سے کوئی چیز نجس نہیں ہوگی۔

س ۳۴۶ : اگر اسلامی حکومت میں زندگی بسر کرنے والے مسلمان کے تمام مصارف واخراجات پورے ہو رہے ہوں اور اس کے باوجود وہ غیر مسلم کی ملازمت کرتا ہو اور اس سے اسکے گہرے تعلقات ہوں تو ایسے مسلمان سے گھریلو تعلقات قائم کرنا اور کبھی کبھار اس کے یہاں کھانا کھانا جائز ہے؟

ج : مسلمانوں کے لئے مذکورہ مسلمان سے تعلقات رکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ لیکن اگر غیر مسلم کی دوستی سے اس مسلمان کے عقیدہ میں انحراف کا خوف ہو تو اس پر اس کام سے کنارہ کش ہونا واجب ہے اور ایسی صورت میں دوسرے مسلمانوں پر واجب ہے کہ اس کو غیر مسلم کی ملازمت سے باز رکھیں۔

س ۳۴۷ : افسوس کہ میرے برادر نسبتی مختلف اسباب کی بنا پر مرتد ہوگئے تھے اور نوبت یہاں تک پہنچ چکی تھی کہ دینی مقدسات کی اہانت کے مرتکب بھی ہوتے تھے۔ کئی سال گزرجانے کے بعد اب ان کے ایک خط سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ دوبارہ اسلام پر ایمان لے آئے ہیں لیکن اس وقت بھی وہ روزے نماز کے پابند نہیں ہیں ایسی صورت میں ان سے ان کے والدین اور رشتہ داروں کے کیسے تعلقات ہونا چاہئیں اور کیا ان کو کافر قرار دیتے ہوئے نجس سمجھنا چاہیئے ؟

ج : اگر سابق میں اس کا مرتد ہونا ثابت ہو جائے تو جب اس سے توبہ کرلے گا تو پاک ہو جائے گا اور اس کے والدین اور رشتہ داروں کیلئے اس سے تعلقات رکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

س ۳۴۸ : اگر کوئی شخص بعض ضروریات دین جیسے روزہ کا منکر ہو جائے تو کیا اس پر کافر کا حکم لگے گا ؟

ج: اگر بعض ضروریات دین کا انکار، رسالت کا انکار یا پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب یا شریعت کی تنقیص کہلاتا ہو تو یہ کفر وارتداد ہے۔

س ۳۴۹: کافر ذمّی اور کافر حربی مرتد کے لئے جو سزائیں معین کی گئی ہیں کیا وہ سیاسی نوعیت کی ہیں اور قائد کے فرائض میں شامل ہیں یا وہ سزائیں قیامت تک کے لئے ثابت ہیں؟

ج: یہ الٰہی اور شرعی حکم ہے۔

کتاب نماز

اہمیت اور شرائط

س ۳۵۰ : عمداً نماز ترک کرنے والے یا اسے سبک سمجھنے والے کا کیا حکم ہے ؟

ج : نماز پنجگانہ شریعت اسلامیہ کے اہم واجبات میں سے ہے ، بلکہ یہ دین کا ستون ہے اور اس کا ترک کرنا یا سبک سمجھنا شرعاً حرام اور عذاب کا موجب ہے ۔

س ۳۵۱ : اگر کسی کو وضو اور غسل کے لئے پانی اور تیمم کے لئے خاک میسّر نہ ہو تو کیا اس پر نماز واجب ہے ؟

ج : ادا کرنا واجب نہیں ہے اگرچہ احتیاط مستحب ہے کہ ادا کرے (لیکن) احتیاطاً قضا پڑھنا واجب ہے ۔

س ۳۵۲ : آپ کی نظر میں ایک واجبی نماز سے کن موقعوں پر عدول کیا جا سکتا ہے ؟

ج : مندرجہ ذیل موارد میں عدول کرنا واجب ہے :

۱- عصر کی نماز سے ظہر کی طرف عدول کرنا اگر نماز کے درمیان متوجّہ

ہو کہ اس نے ظہر کی نماز نہیں پڑھی ہے۔

۲۔ عشا کی نماز سے مغرب کی نماز کی طرف بشرطیکہ اس نے محل عدول سے تجاوز نہ کیا ہو اور متوجہ ہو گیا ہو کہ مغرب کی نماز نہیں پڑھی ہے۔

۳۔ اگر ترتیب وار پڑھی جانے والی دو قضا نمازوں میں بھول سے بعد کی نماز کو پہلے شروع کر دیا ہو۔

اور مندرجہ ذیل موقعوں پر عدول مستحب ہے:

۱۔ ادا نماز سے قضا کی طرف، بشرطیکہ ادا نماز کی فضیلت کا وقت فوت نہ ہو جائے۔

۲۔ جماعت میں شرکت کی غرض سے واجب نماز سے مستحبی کی طرف عدول۔

۳۔ اگر جمعہ کے دن نماز ظہر میں سورۂ جمعہ کے بجائے بھول کر دوسرا سورہ شروع کر دیا ہو اور نصف یا کچھ زائد پڑھ چکا ہو تو وہ واجبی نماز سے مستحبی نماز کی طرف عدول کر سکتا ہے۔ تاکہ نماز فریضہ کو سورۂ جمعہ کے ساتھ ادا کر سکے۔

س ۲۵۳: جمعہ کے دن جو نمازی جمعہ اور ظہر دونوں نمازیں پڑھنا چاہتا ہے۔ آیا وہ دونوں نمازوں میں صرف قربۃً الی اللہ ــــ کا قصد کرے گا ــــ یا ایک میں ــــ قربۃً الی اللہ ــــ اور دوسری میں ــــ واجب قربۃً الی اللہ ــــ یا دونوں میں واجب قربۃً الی اللہ کی نیت کرے؟

ج: دونوں میں قربت کی نیت کرنا کافی ہے اور کسی میں وجوب کی نیت واجب نہیں ہے۔

س ۳۵۴: اگر نماز کے اوّل وقت سے تقریباً آخر وقت تک منہ یا ناک سے خون جاری رہے تو ایسے میں نماز کا کیا حکم ہے؟

ج: اگر بدن کے پاک کرنے پر قادر نہ ہو اور وقت نماز کے ختم ہو جانے کا خوف ہو تو اسی حالت میں نماز پڑھے گا۔

س ۳۵۵: نماز میں مستحبی ذکر کو پڑھتے وقت کیا بدن کو پوری طرح ساکن رکھنا واجب ہے؟

ج: خواہ ذکر واجب ہو یا مستحب اثنائے نماز میں دونوں کی قرائت کے وقت جسم کا مکمل سکون واطمینان کی حالت میں ہونا واجب ہے۔

س ۳۵۶: ہسپتالوں میں مریضوں کو پیشاب کے لئے نلکی لگا دی جاتی ہے جس سے غیر اختیاری طور پر سوتے جاگتے یہاں تک کہ درمیان نماز بھی مریض کا پیشاب نکلتا رہتا ہے پس یہ فرمائیں کہ کیا اس پر دوبارہ نماز پڑھنا واجب ہے یا اس حالت میں پڑھی جانے والی نمازیں کافی ہیں؟

ج: اگر اس نے اپنی نماز اس وقت کے شرعی فریضہ کے مطابق پڑھی ہو تو صحیح ہے اس پر نہ تو اعادہ واجب ہے اور نہ قضا۔

س ۳۵۷: جو نمازیں میں نے مستحبی غسل سے اور وضو کے بغیر پڑھی ہیں وہ صحیح ہیں یا نہیں؟

ج: اگر آپ نے اس مرجع کے فتوے کے مطابق نماز پڑھی ہے جس کی تقلید کو اپنے لئے شرعاً صحیح سمجھا ہے تو وہ نمازیں صحیح ہیں۔

اوقاتِ نماز

س۳۵۸ : شیعہ فرقہ نماز پنجگانہ کے وقت کے بارے میں کس دلیل پر اعتماد کرتا ہے؟ جیسا کہ آپ جانتے ہیں اہل سنت وقت عشاء کے داخل ہونے کو نماز مغرب کے قضا ہونے کی دلیل قرار دیتے ہیں، ظہر وعصر کی نماز کے بارے میں بھی ان کا یہی نظریہ ہے۔ اسی لئے وہ معتقد ہیں کہ جب وقت عشاء داخل ہو اور پیش نماز، نماز عشاء پڑھنے کے لئے کھڑا ہو تو ماموین اس کے ساتھ مغرب کی نماز نہیں پڑھ سکتے، اس لئے کہ (اس طرح) مغرب اور عشا ایک ہی وقت میں پڑھ لی جائے گی؟

ج: دلیل، آیات قرآنیہ اور سنّت نبویہ کا اطلاق ہے، اس کے علاوہ بہت سی روایتیں ہیں جو خاص طور سے دو نمازوں کو ملا کر پڑھنے کے جواز پر دلالت کرتی ہیں اور ظاہر ہے کہ اہل سنّت کے یہاں بھی ایسی روایتیں ہیں جو دو نمازوں کو کسی ایک نماز کے وقت میں ادا کرنے پر دلالت کرتی ہیں۔

س۳۵۹ : اس بات کو پیش نظر رکھتے ہوئے کہ نماز عصر کا آخری وقت مغرب ہے اور نماز ظہر کا آخری وقت مغرب سے اتنا پہلے تک ہے جتنی دیر میں صرف نماز عصر پڑھی جا سکے۔ یہاں

میں یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ مغرب سے کیا مراد ہے؟ کیا غروب آفتاب ہے یا اس شہر کے افق کے اعتبار سے اذان مغرب کا بلند ہونا ہے؟

ج: غروب آفتاب مراد نہیں ہے۔ بلکہ مراد ' وقت اذانِ مغرب ہے یعنی جب مشرق کی سرخی زائل ہوجاتی ہے تو وہ نماز عصر کا آخری وقت ہے جو نماز مغرب کے اول وقت سے متصل ہوجاتا ہے۔

س ۳۶۰: غروب آفتاب اور اذان مغرب میں کتنے منٹ کا فاصلہ ہوتا ہے؟

ج: بظاہر یہ فاصلہ موسموں کے اختلاف کے ساتھ ساتھ گھٹتا بڑھتا رہتا ہے۔

س ۳۶۱: میں تقریباً گیارہ بجے رات ڈیوٹی سے گھر پلٹتا ہوں اور لوگوں کی زیادہ آمد و رفت کی وجہ سے ڈیوٹی کے دوران نماز مغربین نہیں پڑھ سکتا، تو کیا گیارہ بجے رات کے بعد نماز مغربین کا پڑھنا صحیح ہے؟

ج: کوئی حرج نہیں ہے بشرطیکہ نصف شب نہ گذرنے پائے، لیکن کوشش کیجئے کہ گیارہ بجے رات سے زیادہ تاخیر نہ ہو بلکہ نماز کو اول وقت پڑھنے کی کوشش کیجئے۔

س ۳۶۲: کتنی رکعت نماز وقت میں ادا ہونا چاہئے جس کے بعد ادا کا اطلاق صحیح ہو اور اگر شک ہو کہ اتنی مقدار وقت میں پڑھی گئی یا نہیں تو اس کا کیا حکم ہے؟

ج: نماز کی ایک رکعت کا آخر وقت کے اندر انجام پانا ادا کے لئے کافی ہے، اور اگر شک ہو کہ کم از کم ایک رکعت کے لئے وقت ہے یا نہیں، تو پھر مافی الذمہ کی نیت سے نماز پڑھے اور ادا اور قضا کی نیت

نہ کرے۔

س ۳۶۳: غیر مسلم ملکوں میں اسلامی جمہوریہ کے سفارت خانوں اور کونسل خانوں کی طرف سے اداروں اور بڑے بڑے مراکز اور شہروں کے لئے اوقات نماز کے نقشے شائع ہوتے ہیں ان پر کس حد تک اعتبار کیا جاسکتا ہے؟ اور دوسرے یہ کہ ان ملکوں کے دوسرے شہروں میں رہنے والوں کا کیا فریضہ ہے؟

ج: معیار یہ ہے کہ مکلّف کو اطمینان حاصل ہوجائے اور اگر مکلف کو ان نقشوں کے وقت کے مطابق ہونے کا یقین نہ ہو، تو اس پر واجب ہے کہ احتیاط کرے، اور اس وقت تک انتظار کرے کہ اسے وقت شرعی کے داخل ہونے کا یقین حاصل ہوجائے۔

س ۳۶۴: صبح صادق اور صبح کاذب کے مسئلہ میں آپ کی کیا رائے ہے؟ اور اس سلسلہ میں نمازی کی شرعی ذمہ داری کیا ہے؟

ج: نماز اور روزے کے وقت کا شرعی معیار، صبح صادق ہے اور اسکی تعیین و تشخیص مکلّف کی ذمہ داری ہے۔

س ۳۶۵: ایک مدرسہ جس میں پورے دن کلاسیں ہوتی ہیں۔ اس کے ذمہ دار حضرات ظہرین کی جماعت کو تقریباً ۲ بجے ظہر کے بعد اور عصر کی کلاسیں شروع ہونے سے پہلے منعقد کرتے ہیں۔ تاخیر کی وجہ یہ ہے کہ صبح کی کلاسوں کے دروس اذان ظہر سے تقریباً پون گھنٹہ پہلے ختم ہوجاتے ہیں اور ظہر شرعی تک طلاب کا ٹھہرنا مشکل ہے۔ اس بنا پر اوّل وقت نماز ادا کرنے کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے (اس نماز کے بارے میں)

آپ کا کیا حکم ہے ؟

ج: اگر نماز کے اوّل وقت طلاب حاضر نہیں ہو سکتے تو نماز گزاروں کی خاطر تاخیر میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

س ۳۶۶ : کیا اذان ظہر کے بعد نماز ظہر کا پڑھنا اور وقت نمازِ عصر کے شروع ہونے کے بعد نماز عصر کا پڑھنا واجب ہے اور کیا اسی طرح نماز مغرب و عشا کا پڑھنا بھی واجب ہے ؟

ج: وقت کے داخل ہونے کے بعد نمازی کو اختیار ہے کہ وہ دونوں نمازوں کو ملا کر پڑھے یا جدا جدا۔

س ۳۶۷ : کیا چاندنی راتوں میں نماز صبح کے لئے ۱۵ منٹ سے ۲۰ منٹ تک انتظار کرنا واجب ہے ؟ جبکہ ہم جانتے ہیں کہ وقت کافی ہے اور طلوع فجر کا تعین حاصل کیا جا سکتا ہے ؟

ج: طلوع صبح صادق، وقت نماز صبح اور ترک سحر کے وجوب کے سلسلے میں چاندنی راتوں یا اندھیری راتوں میں کوئی فرق نہیں ہے اگرچہ اس مسئلہ میں احتیاط بہتر ہے۔

س ۳۶۸ : صوبوں اور شہروں میں افق کے اختلاف کی وجہ سے اوقات شرعیہ میں جو اختلاف ہوتا ہے کیا دن رات کی واجب تمام نمازوں میں وہی وقت معیار ہے؟ مثال کے طور پر اگر دو شہروں میں ظہر کے شرعی وقت میں ۲۵ منٹ کا اختلاف ہو تو کیا دوسرے اوقات میں بھی اتنا ہی اختلاف ہوگا یا صبح و عشاء میں اس سے مختلف ہے ؟

ج: فجر، ظہر یا غروب آفتاب کے وقت کے فرق کا اندازہ ایک جیسا ہونے کا لازمی نتیجہ یہ نہیں ہے کہ دوسرے اوقات میں بھی اتنا ہی فرق اور فاصلہ ہو بلکہ مختلف شہروں میں اکثر تینوں اوقات کا اختلاف متفاوت ہوتا ہے۔

س ۳۶۹: اہل سنت نماز مغرب کو غروب شرعی سے پہلے پڑھتے ہیں، کیا ہمارے لئے ایام حج یا دوسرے ایام میں ان کی اقتدا میں نماز پڑھنا اور اسی نماز پر اکتفا کر لینا جائز ہے؟

ج: یہ معلوم نہیں ہے کہ ان کی نماز وقت سے پہلے ہوتی ہے، لیکن ان کی جماعت میں شرکت کرنے اور ان کی اقتداء کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور وہ نماز کافی ہے، لیکن وقتِ نماز کا درک کرنا ضروری ہے، مگر یہ کہ وقت کے بارے میں بھی تقیہ کیا جائے۔

س ۳۷۰: ڈنمارک اور ناروے میں صبح کے سات بجے سورج نکلتا ہے اور اس وقت تک آسمان پر چمکتا رہتا ہے۔ جبکہ دوسرے نزدیکی ملکوں میں رات کے بارہ بج چکے ہوتے ہیں۔ ایسی صورت میں میری نماز و روزہ کا کیا حکم ہے؟

ج: نماز پنجگانہ کے لئے اس جگہ کے افق کا خیال رکھنا واجب ہے، اور اگر دن کے طولانی ہونے کی وجہ سے روزہ رکھنا شاق ہو تو اس وقت روزہ ساقط ہے اور بعد میں اس کی قضا واجب ہے۔

س ۳۷۱: سورج کی شعاعیں تقریباً سات منٹ میں زمین تک پہنچ جاتی ہیں، آیا نماز صبح کے وقت کے ختم ہونے کا معیار طلوع آفتاب ہے یا اس کی شعاعوں کا زمین تک پہونچنا ہے؟

ج: معیارِ طلوعِ آفتاب اس کا اس افق میں دیکھا جانا ہے جہاں نماز گزار موجود ہے،

س ۳۷۲ : ذرائع نشر و اشاعت ہر روز آنے والے دن کے شرعی اوقات کا اعلان کرتے ہیں کیا ان پر اعتماد کرنا جائز ہے اور ریڈیو و ٹیلی ویژن کے ذریعہ نشر کی جانے والی اذان کو وقت کے داخل ہو جانے کا معیار بنایا جا سکتا ہے؟

ج : معیار یہ ہے کہ مکلف کو وقت کے داخل ہو جانے کا اطمینان حاصل ہو جائے۔

س ۳۷۳ : کیا اذان کے شروع ہوتے ہی نماز کا وقت شروع ہو جاتا ہے یا اذان کے ختم ہونے کا انتظار کرنا واجب ہے اور اس کے بعد نماز کو شروع کرنا چاہیئے؟ اور اسی طرح کیا اذان کے شروع ہوتے ہی روزہ دار کیلئے افطار کرنا جائز ہے یا یہ کہ یہاں بھی آخر اذان تک انتظار کرنا واجب ہے؟

ج : اگر اس بات کا یقین ہو کہ وقت داخل ہو جانے کے بعد اذان شروع ہوئی ہے تو تو آخر اذان تک انتظار کرنا واجب نہیں ہے۔

س ۳۷۴ : کیا اس شخص کی نماز صحیح ہے جس نے دوسری نماز کو پہلی نماز پر مقدم کر دیا ہو جیسے عشاء کو مغرب پر؟

ج : اگر غلطی یا غفلت کی وجہ سے مقدم کیا ہو اور پوری نماز پڑھ ڈالی ہو تو اس کے صحیح ہونے میں کوئی اشکال نہیں ہے لیکن اگر اس نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے تو وہ نماز باطل ہے۔

قبلہ کے احکام

س ۳۷۵ : درج ذیل سوالوں کے جواب عنایت فرمائیں :

۱- بعض فقہی کتابوں میں ہے کہ خرداد ماہ کی چوتھی اور تیر ماہ کی چھبیسویں مطابق ۲۵ مئی اور ۱۷ جولائی کو خانہ کعبہ پر سورج کی کرنیں عمودی پڑتی ہیں، تو کیا اس صورت میں جس وقت مکہ میں اذان ہوتی ہے اس وقت شاخص نصب کرکے جہت قبلہ کی تشخیص کی جاسکتی ہے ؟ اور اگر جہت قبلہ کے سلسلہ میں شاخص کے سایہ اور مسجدوں کی محراب کی سمت میں اختلاف ہو تو کس کو صحیح سمجھا جائے گا ؟

۲- کیا قطب نما پر اعتماد کرنا صحیح ہے ؟

ج : شاخص اور قطب نما کے ذریعے اگر مکلف کو جہت قبلہ کا یقین حاصل ہو جائے تو اس پر اعتماد کرنا صحیح ہے اور اس کے مطابق عمل کرنا واجب ہے، اور اگر یقین نہ ہو تو جہت قبلہ کے تعین کیلئے مسجدوں کی محراب اور مسلمانوں کی قبروں پر اعتماد کرلینے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

س ۳۷۶ : جب جنگ کی شدت جہت قبلہ کی تعیین میں مانع ہو تو کیا کسی بھی طرف (رخ کرکے) نماز کا پڑھنا صحیح ہے ؟

ج : اگر وقت ہو تو چاروں طرف نماز پڑھی جائے ورنہ جتنا وقت ہو اس میں جتنی

سمتوں میں قبلہ کا احتمال ہو اتنی سمتوں میں نماز پڑھے گا۔

س ۳۷۷ : اگر کرۂ زمین کی دوسری سمت میں خانۂ کعبہ کے مقابل ایک نقطہ دریافت ہو جائے اس طرح کہ اگر ایک خط مستقیم زمین کعبہ کے وسطے سے کرۂ ارض کو چیرتا ہوا مرکز زمین سے گزر کر اس نقطہ کے دوسری طرف نکل جائے تو اس نقطہ پر قبلہ رو کیسے کھڑے ہوں گے ؟

ج : بقدر واجب قبلہ رو ہونے کا معیار یہ ہے کہ کرۂ زمین کی سطح سے خانۂ کعبہ کی طرف رخ کرے اس طرح کہ جو شخص روئے زمین پر ہے وہ اس کعبہ کی طرف رخ کرے جو کہ مکہ مکرمہ میں سطح زمین پر بنا ہوا ہے۔ اور اسی بنا پر اگر وہ زمین کے کسی ایسے مقام پر کھڑا ہو جہاں سے کھینچے جانے والے خطوط مساوی مسافت کے ساتھ کعبہ تک پہنچتے ہیں تو اسے اختیار ہے کہ جس طرف چاہے رخ کر کے نماز پڑھے لیکن عرف عام میں جس سمت قبلہ ہے اگر اس کے مقابلہ میں کسی اور سمت کے خط کی مسافت کم ہو تو نماز گزار پر واجب ہے کہ اسی طرف رخ کر کے نماز پڑھے۔

س ۳۷۸ : جس جگہ ہم جہت قبلہ کو نہ جانتے ہوں اور جہت معلوم کرنے کے لئے ہمارے پاس وسائل بھی نہ ہوں نیز چاروں سمتوں میں قبلہ کا احتمال ہو تو ایسی جگہ پر ہمیں کیا کرنا چاہئے ؟

ج : اگر چاروں سمتوں میں قبلہ کا احتمال مساوی ہو تو چاروں طرف رخ کر کے نماز پڑھنی چاہئے تاکہ یہ یقین ہو جائے کہ اس نے رو بقبلہ نماز ادا کر دی ہے۔

س ۳۷۹ : قطب شمالی اور قطب جنوبی میں قبلہ کی سمت کو کس طرح معین کیا جائے گا ؟ اور کس طرح نماز پڑھی جائے گی ؟

ج : قطب شمالی و جنوبی میں سمت قبلہ معلوم کرنے کا معیار یہ ہے کہ نماز گزار کی جگہ سے کعبہ تک سب سے چھوٹا خط کھینچا جائے گا اور اس خط کے معین ہو جانے کے بعد اسی رخ پر نماز پڑھی جائے گی۔

نمازگزار کے مکان کے احکام

س ۲۸۰ : وہ جگہیں جن کو ظالم حکومتوں نے غصب کر لیا ہے، کیا وہاں بیٹھنا نماز پڑھنا اور چلنا جائز ہے؟

ج : اگر غصبی ہونے کا علم ہو تو اس میں تصرف ناجائز ہونے اور تصرف کی صورت میں ضامن ہونے کے سلسلے میں ان مکانات کا حکم وہی ہے جو غصبی چیزوں کا ہوتا ہے۔

س ۲۸۱ : اس زمین پر نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے جو پہلے وقف تھی اور پھر حکومت نے اس پر تصرف کر کے مدرسہ بنا دیا ہو؟

ج : اگر اس بات کا قوی احتمال ہو کہ اس میں تصرف کرنا شرعی لحاظ سے جائز تھا تو اس جگہ نماز پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

س ۲۸۲ : میں کئی مدرسوں میں نماز جماعت پڑھاتا ہوں، ان مدرسوں کی بعض زمینیں ایسی ہیں جو ان کے مالکوں سے ان کی رضامندی کے بغیر لی گئی ہیں، لہٰذا ان جیسے مدرسوں میں میری اور طلاب کی نمازوں کا کیا حکم ہے؟

ج : اگر ان زمینوں کے شرعی مالک سے غصب ہونے کا یقین نہ ہو تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

س ۲۸۳ : اگر کوئی شخص ایک مدت تک غیر مخمس جانماز یا لباس میں نماز پڑھے تو اس کی نمازوں کا کیا حکم ہے؟

ج : اگر وہ نہ جانتا ہو کہ ان چیزوں میں خمس ہے یا ان پر تصرف کے حکم سے ناواقف رہا ہو تو جو نمازیں اس نے ان میں پڑھی ہیں، صحیح ہیں۔

س ۲۸۴ : کیا یہ بات صحیح ہے کہ نماز میں مردوں کو عورتوں سے آگے ہونا واجب ہے ؟

ج : واجب نہیں ہے ۔ اگرچہ اس مسئلہ میں احتیاط کی رعایت کرنا بہتر ہے ۔

س ۲۸۵ : مسجدوں میں امام خمینیؒ اور شہدائے انقلاب کی تصویروں کے لگانے کا کیا حکم ہے ، جبکہ امام خمینیؒ مساجد میں اپنی تصویروں کو لگانے پر راضی نہ تھے ۔ اسی طرح اور بھی اقوال ہیں جو اس سلسلہ میں کراہت پر دلالت کرتے ہیں ؟

ج : مسجدوں میں ان افراد کی تصویروں کے لگانے میں شرعاً کوئی ممانعت نہیں ہے اور اگر وہ تصویریں قبلہ کی طرف اور نمازی کے سامنے نہ ہوں تو کراہت بھی نہیں ہے ۔

س ۲۸۶ : ایک شخص حکومت کے مکان میں رہتا تھا اب اس میں اس کے رہنے کی مدت ختم ہو گئی اور مکان خالی کرنے کیلئے اس کے پاس نوٹس بھیجا گیا ، پس جس تاریخ میں مکان خالی کرنا تھا اس کے بعد اس میں پڑھی جانے والی نماز اور روزے کا کیا حکم ہے ؟

ج : اگر مقررہ تاریخ کے بعد متعلقہ حکام کی طرف سے اس مکان میں رہنے کی اجازت نہ ہو تو اس میں تصرف کرنا غصب کرنے کے حکم میں ہے ۔

س ۲۸۷ : جس جانماز پر تصویریں اور سجدہ گاہ پر نقش و نگار بنے ہوئے ہیں ، کیا ان پر نماز پڑھنا مکروہ ہے ؟

ج : بذات خود کوئی حرج نہیں ہے لیکن اگر اس سے شیعوں پر تہمت لگانے والوں کے لئے بہانہ فراہم ہوتا ہو تو ایسی چیزیں بنانے اور ان پر نماز پڑھنے سے اجتناب کرنا واجب ہے ۔

س ۲۸۸ : اگر نماز پڑھنے کی جگہ پاک نہ ہو لیکن سجدہ کی جگہ پاک ہو ، تو کیا ہماری نماز صحیح ہے ؟

ج: اگر اس جگہ کی نجاست لباس یا بدن میں سرایت نہ کرے اور سجدہ کی جگہ پاک ہو تو ایسی جگہ نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۳۸۹: میرے دفتر کی موجودہ عمارت پرانے قبرستان پر بنائی گئی ہے۔ تقریباً چالیس سال قبل سے اس میں مُردے دفن کرنا چھوڑ دیا گیا تھا لہٰذا تیس سال پہلے اس عمارت کی بنیاد پڑی اب پوری زمین پر یہ عمارت مکمل ہو چکی ہے اور اس وقت قبرستان کا کوئی نشان باقی نہیں ہے۔ پس ایسے دفتر میں اس کے کارکنوں کی نمازیں شرعی اعتبار سے صحیح ہیں یا نہیں؟

ج: اس وقت تک اس میں کام کرنے اور نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے جب تک شرعی طریقے سے یہ ثابت نہ ہو جائے کہ یہ جگہ میت دفن کرنے کے لئے وقف کی گئی تھی۔

س ۳۹۰: مومن نوجوانوں نے (امر بالمعروف کی خاطر) پارکوں اور تفریح گاہوں میں ہفتے میں ایک یا دو دن اقامۂ نماز کا پروگرام بنایا ہے لیکن بعض مشہور اور سن رسیدہ افراد اعتراض کرتے ہیں کہ پارکوں اور تفریح گاہوں کی ملکیت واضح نہیں ہے۔ لہٰذا ان جگہوں پر نماز کیسے ہو گی؟

ج: موجودہ پارکوں اور تفریح گاہوں کو نماز وغیرہ کے لئے استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور غصب کا احتمال قابل توجہ نہیں ہے۔

س ۳۹۱: اس شہر (ہادی شہر) کے موجودہ مدارس میں سے ایک مدرسہ کی زمین ایک شخص کی ملکیت ہے۔ شہر کے نقشہ کے مطابق اس کو پارک میں تبدیل کرنا مقرر کیا گیا لیکن جب مدرسہ کی شدید ضرورت محسوس ہوئی تو اسے میونسپل بورڈ کی اجازت سے مدرسہ میں تبدیل کر دیا گیا مگر چونکہ مالک زمین (حکومت کی طرف سے) اس ضبطی پر راضی نہیں ہے اور اس نے اعلان کر دیا ہے کہ اس میں نماز وغیرہ صحیح نہیں ہے۔

لہٰذا آپ فرمائیں کہ مذکورہ عمارت میں نماز کا کیا حکم ہے؟

ج: اگر اس زمین کو اس کے حقیقی مالک سے پارلیمنٹ کے پاس کئے ہوئے قانون کے تحت جس کی شورائے نگہبان نے بھی تائید کی ہو، لیا گیا ہے تو اس میں تصرف کرنے اور نماز پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

س ۲۹۲: ہمارے شہر میں دو ملی ہوئی مسجدیں تھیں جن کے درمیان صرف ایک دیوار کا فاصلہ تھا۔ کچھ دنوں پہلے بعض مومنین نے دونوں مسجدوں کو ایک کرنے کے لئے درمیانی دیوار کے بڑے حصے کو گرا دیا یہ اقدام بعض لوگوں کے لئے شک شبہ کا سبب بنا ہوا ہے اور وہ ان مسجدوں میں نماز نہیں پڑھ رہے ہیں۔ آپ فرمائیں کہ اس مسئلہ کا کیا حل ہے؟

ج: دونوں مسجدوں کے درمیان کی دیوار کو گرانے سے ان میں نماز پڑھنے میں کوئی حرج واقع نہیں ہوتا۔

س ۲۹۳: شاہراہوں پر کھانے کے ہوٹلوں میں نماز پڑھنے کی بھی ایک مخصوص جگہ ہوتی ہے، لہٰذا اگر کوئی شخص اس ہوٹل میں کھانا نہ کھائے تو کیا اس کیلئے وہاں نماز پڑھنا جائز ہے یا اجازت لینا واجب ہے؟

ج: اگر اس کا احتمال ہو کہ نماز کی جگہ ہوٹل والے کی ملکیت ہے اور وہاں صرف وہی اشخاص نماز پڑھ سکتے ہیں جو اس ہوٹل میں کھانا کھاتے ہیں، تو اجازت لینا واجب ہے۔

س ۲۹۴: جو شخص غصبی زمین پر لیکن ایسی جانماز یا تختے پر نماز پڑھے جو مباح ہو تو اس کی نماز باطل ہے یا صحیح؟

ج: غصبی زمین پر پڑھی جانے والی نماز باطل ہے خواہ وہ مباح جانماز یا تخت پر ہی کیوں نہ پڑھی جائے۔

س ۳۹۵ : موجودہ حکومت کے زیر تصرف اداروں اور کمپنیوں میں بعض افراد وہ ہیں جو نماز جماعت میں شرکت نہیں کرتے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ عمارتیں ان کے مالکوں سے شرعی عدالت کے فیصلہ پر ضبط کی گئی ہیں۔ برائے مہربانی اس سلسلے میں آپ اپنے فتوے سے مطلع فرمائیں ؟

ج : نماز جماعت میں شرکت کرنا بنیادی طور سے ضروری نہیں ہے، ہر شخص کو کسی عذر کی وجہ سے شریک جماعت نہ ہونے کا حق ہے، اور رہا مکان کا حکم شرعی تو اگر یہ احتمال ہے کہ ضبط کرنے کا حکم ایسے شخص نے دیا تھا جس کو قانونی حیثیت حاصل تھی اور اس نے شرعی اور قانونی تقاضوں کے مطابق ضبط کرنے کا حکم دیا تھا تو شرعاً اس کا عمل صحیح تھا۔ لہٰذا ایسی صورت میں اس مکان پر تصرّف کرنا جائز ہے اور غصب کا حکم نافذ نہیں ہوگا۔

س ۳۹۶ : اگر امام بارگاہ کے پڑوس میں مسجد بھی ہو تو کیا امام بارگاہ میں نماز جماعت قائم کرنا صحیح ہے اور کیا دونوں جگہوں کا ثواب مساوی ہے؟

ج : اس میں کوئی شک نہیں کہ مسجد میں نماز پڑھنے کی فضیلت دوسری جگہوں پر نماز پڑھنے سے زیادہ ہے لیکن امام بارگاہ یا دوسری جگہوں پر نماز جماعت قائم کرنے میں شرعاً کوئی مانع نہیں ہے۔

س ۳۹۷ : جس جگہ حرام موسیقی ہو رہی ہو کیا وہاں نماز پڑھنا صحیح ہے ؟

ج : اگر وہاں نماز پڑھنا حرام موسیقی سننے کا سبب بنے تو اس جگہ ٹھہرنا جائز نہیں ہے لیکن نماز صحیح کہلائے گی۔ اور اگر موسیقی کی آواز نماز سے توجہ ہٹانے کا سبب بنے تو اس جگہ نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

س ۳۹۸ : ان لوگوں کی نماز کا کیا حکم ہے جن کو بحری جہاز کے ذریعہ خاص ڈیوٹی پر بھیجا جاتا ہے اور سفر کے دوران نماز کا وقت ہو جاتا ہے اور اگر اسی وقت وہ نماز نہ پڑھیں تو پھر وہ وقت کے اندر نماز نہیں پڑھ سکیں گے ؟

ج : مذکورہ صورت میں ان پر واجب ہے کہ وہ کشتی میں جس طرح ممکن ہو نماز پڑھیں۔

مسجد کے احکام

س ۳۹۹: اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ اپنے محلہ کی مسجد میں نماز پڑھنا مستحب ہے، کیا اپنے محلہ کی مسجد چھوڑ کر جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کے لئے شہر کی جامع مسجد جانے میں کوئی اشکال ہے؟

ج: اگر اپنے محلہ کی مسجد چھوڑنا دوسری مسجد میں نماز جماعت میں شرکت کے لئے ہو خصوصاً شہر کی جامع مسجد میں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۰۰: اس مسجد میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے جس کے بانیوں میں سے بعض یہ کہتے ہیں کہ یہ مسجد ہم نے اپنے لئے اور اپنے قبیلہ والوں کے لئے بنائی ہے؟

ج: کوئی مسجد جب بن گئی تو کسی قوم، قبیلہ اور اشخاص سے مخصوص نہیں رہتی بلکہ اس سے تمام مسلمانوں کو استفادہ کرنا جائز ہے۔

س ۴۰۱: عورتوں کے لئے مسجد میں نماز پڑھنا افضل ہے یا گھر میں؟

ج: مسجد میں نماز پڑھنے کی فضیلت مردوں ہی کے لئے مخصوص نہیں ہے۔

س ۴۰۲: دور حاضر میں مسجد الحرام اور صفا و مروہ کی جائے سعی کے درمیان تقریباً آدھا میٹر اونچی اور ایک میٹر چوڑی دیوار ہے یہ مسجد اور جائے سعی کے درمیان مشترک دیوار ہے، کیا وہ عورتیں اس دیوار پر بیٹھ سکتی

ہیں جن کے لئے ایام عادت کے دوران مسجد الحرام میں داخل ہونا جائز نہیں ہے ؟

ج: اس میں کوئی حرج نہیں، مگر یہ کہ یہ یقین ہو جائے کہ وہ مسجد کا جزو ہے۔

س ۴۰۳ : کیا محلے کی مسجد میں ورزش کرنا اور سونا جائز ہے ؟ اور اس سلسلہ میں دوسری مساجد کا کیا حکم ہے؟

ج: مسجد ورزش گاہ نہیں ہے اور مسجد میں سونا مکروہ ہے۔

س ۴۰۴ : کیا مسجد کے صحن میں جوانوں کو فکری، ثقافتی، عقائدی اور عسکری درس دیا جاسکتا ہے ؟ اور ان امور کو اس مسجد کے ایوان میں انجام دینے کا شرعی حکم کیا ہے، جس سے استفادہ نہیں کیا جاتا؟ جبکہ اس طرح کی تعلیم کے لئے جگہیں بہت کم ہیں ؟

ج: یہ چیزیں مسجد کے صحن و ایوان کے وقف کی کیفیت سے مربوط ہیں۔ اور اس سلسلہ میں مسجد کے امام جماعت اور انتظامیہ کمیٹی کی رائے حاصل کرنا واجب ہے۔ واضح رہے امام جماعت اور انتظامیہ کمیٹی کی موافقت سے جوانوں کو مساجد میں جمع کرنا اور دینی کلاسیں لگانا مستحسن اور مطلوب فعل ہے۔

س ۴۰۵ : بعض علاقوں، خصوصاً دیہاتوں میں لوگ مساجد میں شادی کا جشن منعقد کرتے ہیں یعنی وہ رقص اور گانا تو گھروں میں کرتے ہیں لیکن صبح یا شام کا کھانا مسجد میں کھلاتے ہیں۔ شریعت کے لحاظ سے یہ جائز ہے یا نہیں؟

ج: مہمانوں کو مسجد میں کھانا کھلانے میں فی نفسہ کوئی اشکال نہیں ہے لیکن مسجد میں جشن شادی منعقد کرنا اسلام میں مسجد کی عظمت کے خلاف ہے اور جائز نہیں ہے اور شرعی طور سے حرام کاموں کو انجام دینا جیسے، گانا اور طرب انگیز لہو یہ موسیقی سننا مطلقاً حرام ہے۔

س ۴۰۶ : قومی کوآپریٹیو کمپنیاں رہائش کے لئے فلیٹ اور کالونیاں بناتی ہیں۔ شروع میں شرکاء کے ساتھ اس بات پر اتفاق ہوتا ہے کہ ان فلیٹوں میں عمومی استفادہ، جیسے مسجد وغیرہ کے لئے جگہیں ہوں گی۔

جب گھر تیار ہوئے اور شرکاء کو دیئے گئے تو اب بعض حصہ داروں کے لئے جائز ہے کہ وہ قرارداد کو توڑ دیں اور یہ کہہ دیں کہ ہم مسجد کی تعمیر کے لئے راضی نہیں ہیں؟

ج: اگر کمپنی تمام شرکاء کی موافقت سے مسجد کی تعمیر کا اقدام کرے اور مسجد تیار ہو جانے کے بعد وقف ہو جائے تو اپنی پہلی رائے سے بعض شرکاء کے پھر جانے سے اس پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ لیکن اگر مسجد کے وقف ہونے سے قبل بعض شرکاء اپنی سابقہ موافقت سے پھر جائیں تو مسجد کی تعمیر کمپنی کے تمام اعضاء کے مشترکہ اموال اور ان کی مشترک زمین میں ان کی رضامندی کے بغیر جائز نہیں ہے مگر یہ کہ کمپنی کے تمام شرکاء سے عقد لازم کے ضمن میں یہ شرط کر لی گئی ہو کہ مشترک زمین کا ایک حصہ مسجد کی تعمیر کے لئے مخصوص کیا جائے گا اور تمام اعضاء نے اس شرط کو قبول کیا ہو۔ اس صورت میں انھیں اپنی رائے سے پھرنے کا کوئی حق نہیں ہے اور نہ ان کے پھرنے کا کوئی اثر پڑ سکتا ہے۔

س ۴۰۷: غیر اسلامی تہذیبی اور ثقافتی یلغار کا مقابلہ کرنے کے لئے ہم نے مسجد میں ابتدائی اور مڈل کلاس کے بیس لڑکوں کو گروہ اناشید کی شکل میں (چند نفر کا ایک ساتھ قرآن یا مدح پڑھنا) جمع کیا، اس گروہ کے افراد کو عمر و استعداد کے مطابق قرآن، احکام اور اسلامی اخلاق کا درس دیا جاتا ہے۔ اس تحریک کو چلانے کا کیا حکم ہے؟ اور اگر یہ لوگ آلہ موسیقی جسے "آرگن" کہا جاتا ہے، استعمال کریں تو اس کا کیا حکم ہے؟ اور شرعی قوانین کی رعایت کرتے ہوئے مسجد میں اس کی مشق کرنے کا کیا حکم ہے؟ کہ یہ چیزیں ریڈیو اور ٹیلی ویژن اور ایران کی وزارت ارشاد اسلامی میں عام ہیں؟

ج: تہذیبی اور ثقافتی یلغار کا مقابلہ اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دینا، موسیقی کے آلات سے استفادہ پر موقوف نہیں ہے خصوصاً مسجد میں

پس مسجد کی عظمت کا لحاظ کرنا واجب ہے، اس میں عبادت کرنا چاہئے اور ایسے دینی معارف کی تبلیغ اور انقلاب کے تابناک افکار کی ترویج کرنا چاہئے۔

س ۴۰۸ : کیا مسجد میں ان لوگوں کو جو قرآن کی تعلیم کے لئے آتے ہیں، ایسی فلمیں دکھانے میں کوئی حرج ہے جن کو ایران کی وزارت ارشاد اسلامی نے فراہم کیا ہو؟

ج: مسجد کو فلم دکھانے کی جگہ میں تبدیل کرنا جائز نہیں ہے لیکن ضرورت کے وقت اور مسجد کے پیش نماز کی موافقت سے دکھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۰۹ : کیا ائمہ معصومینؑ کی عید میلاد کے موقع پر مسجد سے فرح بخش موسیقی کے نشر کرنے میں کوئی شرعی اشکال ہے؟

ج: واضح رہے کہ مسجد ایک خاص شرعی مقام ہے، پس اس میں موسیقی (کا پروگرام) رکھنا اور نشر کرنا اس کی عظمت کے منافی ہے۔ لہٰذا حرام ہے، یہاں تک کہ غیر مطرب موسیقی بھی حرام ہے۔

س ۴۱۰ : مساجد میں موجود لاؤڈ اسپیکر، جس کی آواز مسجد کے باہر سنی جاتی ہے، اس کا استعمال کب اور کس صورت میں جائز ہے؟ اور اذان سے قبل اس پر تلاوتِ قرآن اور انقلابی ترانے سنانے کا کیا حکم ہے؟

ج: جن اوقات میں محلہ والوں اور ہمسایوں کے لئے تکلیف و آزار کا سبب نہ ہو ان میں اذان سے قبل چند منٹ تلاوت قرآن نشر کی جا سکتی ہے۔

س ۴۱۱ : جامع مسجد کی تعریف کیا ہے؟

ج: وہ مسجد جو شہر میں اکثر اہل شہر کے اجتماع کے لئے بنائی جاتی ہے اور کسی قبیلہ یا بازار والوں سے مخصوص نہیں ہوتی ہے۔

س ۴۱۲ : تیس سال سے ایک چھت دار مسجد کا ایک حصہ ویران پڑا تھا اس میں نماز نہیں ہوتی تھی

اور وہ ایک کھنڈر بن چکا تھا، اس کے ایک حصہ کو مخزن بنا لیا گیا ہے۔ ادھر کچھ مدت قبل رضاکاروں (بسیجیوں) کی طرف سے اس میں بعض تبدیلیاں ہوئی ہیں جو اس کے چھت والے حصہ میں پندرہ سال سے مقیم ہیں اور ان تبدیلیوں کی وجہ سے عمارت کی نامناسب حالت تھی، خصوصاً چھت گرنے کے قریب تھی اور چونکہ بسیج والے مسجد کے شرعی احکام سے ناواقف تھے اور جو لوگ جانتے تھے انہوں نے ان کی راہنمائی بھی نہیں کی۔ لہٰذا انہوں نے چھت والے حصے میں چند کمرے تعمیر کرائے، اور ان تعمیرات پر خطیر رقم بھی خرچ ہو چکی ہے۔ اب تعمیر کا کام اختتام پر ہے۔ برائے مہربانی درج ذیل موارد میں حکم شرعی سے مطلع فرمائیں:

۱۔ فرض کیجئے اس کام کے بانی اور اس پر نگران کمیٹی کے اراکین مسئلہ سے ناواقف تھے تو کیا ان لوگوں کو بیت المال سے خرچ کئے جانے والی رقم کا ذمہ دار کہا جائے گا! اور وہ گناہگار ہیں یا نہیں؟

۲۔ اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ یہ رقم بیت المال سے خرچ ہوئی ہے۔ کیا آپ ان کو یہ اجازت دیتے ہیں کہ وہ (جب تک مسجد کو اس حصہ کی ضرورت نہ ہو اور اس میں نماز قائم نہ ہو اس وقت تک) ان کمروں سے مسجد کے شرعی احکام و حدود کی رعایت کرتے ہوئے قرآن و احکام شریعت کی تعلیم کے لئے استفادہ کریں۔ اسی طرح مسجد کے امور کے لئے بھی ان کمروں کا استعمال کیا جائے یا ان کمروں کو فوراً گرا دینا واجب ہے؟

ج: مسجد کے چھت والے حصہ میں بنے ہوئے کمروں کو منہدم کرکے اس کو سابقہ حالت پر لوٹانا واجب ہے اور خرچ شدہ رقم کے بارے میں افراط و تفریط نیز کوتاہی نہ ہوئی ہو یا جان بوجھ کر ایسا نہ کیا گیا ہو تو اس کا کوئی ضامن نہیں ہے۔ اور مسجد کے چھت والے حصہ میں قرائت قرآن، احکام شرعی، اسلامی

معارف کی تعلیم اور دوسرے دینی و مذہبی پروگرام منعقد کرنے میں اگر نماز گزاروں کے لئے زحمت کا باعث نہ ہو اور امام جماعت کی نگرانی میں ہو تو کوئی حرج نہیں ہے اور امام جماعت، رضا کاروں اور مسجد کے دوسرے ذمہ داروں کو ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنا واجب ہے تاکہ مسجد میں رضا کار بھی موجود رہیں اور مسجد کے عبادی فرائض جیسے نماز وغیرہ میں بھی خلل واقع نہ ہو۔

س ۴۱۳ : ایک سڑک کی توسیع کے منصوبے میں متعدد مساجد آتی ہیں۔ منصوبہ کے اعتبار سے بعض مسجدیں پوری منہدم ہوں گی اور بعض کا کچھ حصہ گرایا جائے گا تاکہ ٹریفک کی آمد و رفت میں آسانی ہو۔ برائے مہربانی اپنا نظریہ بیان فرمائیں؟

ج : مسجد یا اس کے کسی حصہ کو منہدم کرنا جائز نہیں ہے مگر اس مصلحت کی بناء پر جس سے چشم پوشی ممکن نہ ہو۔

س ۴۱۴ : کیا مساجد میں لوگوں کے وضو کے لئے مخصوص پانی کو مختصر مقدار میں اپنے ذاتی استعمال میں لانا جائز ہے جیسا کہ دوکاندار اس سے ٹھنڈا پانی پینے یا چائے بنانے یا موٹر گاڑی میں ڈالنے کے لئے لیتے ہیں۔ واضح رہے کہ اس مسجد کا واقف کوئی ایک شخص نہیں ہے جو اس سے منع کرے؟

ج : اگر یہ معلوم نہ ہو کہ یہ پانی خصوصاً نماز گزاروں کے وضو کے لئے وقف ہے اور عرف میں یہ رائج ہو کہ جس محلہ میں مسجد ہے اس کے ہمسایہ اور راہ گیر اس کے پانی سے استفادہ کرتے ہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اگرچہ اس سلسلہ میں احتیاط بہتر ہے۔

س ۴۱۵ : قبرستان کے پاس ایک مسجد ہے اور جب بعض مومنین قبور کی زیارت کے لئے آتے ہیں تو وہ

اپنے کسی عزیز کی قبر پر پانی چھڑکنے کے لئے اس مسجد سے پانی لیتے ہیں اور ہم یہ نہیں جانتے کہ یہ پانی مسجد کے لئے وقف ہے یا سبیل عام ہے اور بالفرض اگر یہ معلوم ہو کہ یہ پانی مسجد کے لئے وقف نہیں ہے لیکن وضوء و طہارت کے لئے مخصوص کیا گیا ہے تو کیا اسے قبر پر چھڑکنا جائز ہے ؟

ج: جب قبر پر چھڑکنے کے لئے مسجد سے باہر پانی لے جانا لوگوں میں رائج ہو اور ناپسندیدہ نہ ہو اور اس بات پر کوئی دلیل نہ ہو کہ پانی صرف وضوء کے لئے یا وضوء اور طہارت کے لئے وقف ہے تو اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں ہے ۔

س ۴۱۶ : اگر مسجد میں ترمیم کی ضرورت ہو تو کیا حاکم شرع یا اس کے وکیل کی اجازت ضروری ہے ؟

ج: اگر مسجد کی ترمیم و تعمیر اپنے یا خیّر افراد کے مال سے کرنا ہو تو اس میں حاکم شرع کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے ۔

س ۴۱۷ : کیا میں اپنے مرنے کے بعد کے لئے وصیت کر سکتا ہوں کہ مجھے محلہ کی اس مسجد میں دفن کیا جائے جس کے امور کی بہتری کے لئے میں نے کوشش کی تھی کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ مجھے اس مسجد میں دفن کیا جائے خواہ مسجد کے اندر یا اس کے صحن میں ؟

ج: اگر صیغۂ وقف جاری کرتے وقت مسجد میں میت دفن کرنے کو مستثنیٰ نہ کیا گیا ہو تو اس میں دفن کرنا جائز نہیں ہے اور اس سلسلہ میں آپ کی وصیت کا کوئی اعتبار نہیں ہے ۔

س ۴۱۸ : ایک مسجد تقریباً بیس سال پہلے بنائی گئی ہے اور اسے امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے نام مبارک سے موسوم کیا گیا ہے اور یہ معلوم نہیں ہے کہ مسجد کا نام صیغۂ وقف میں ذکر کیا گیا ہے

یا نہیں یں مسجد کا نام مسجد صاحب زمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے بجائے بدل کر جامع مسجد رکھنے کا کیا حکم ہے؟

ج: صرف مسجد کا نام بدلنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۱۹: زمانۂ قدیم سے عام رواج ہے کہ محلہ کی مسجد میں نذریں دی جاتی ہیں تاکہ انھیں محرم، صفر، رمضان اور تمام مخصوص ایام میں صرف کیا جائے ادھر اسے بجلی اور ائر کنڈیشنر سے بھی آراستہ کر دیا گیا ہے جب محلہ والوں میں سے کوئی مرجاتا ہے تو اس کے فاتحہ کی مجلس بھی مسجد ہی میں ہوتی ہے اور مجلس میں مسجد کی بجلی اور ائر کنڈیشنر وغیرہ کو استعمال کیا جاتا ہے لیکن مجلس کرنے والے اس کا پیسہ ادا نہیں کرتے شرعی نقطہ نظر سے یہ جائز ہے یا نہیں؟

ج: مسجد کے وسائل اور امکانات سے فاتحہ کی مجلس وغیرہ میں استفادہ کرنا مسجد کے وقف یا مسجد کو نذر کئے گئے وسائل کی کیفیت پر موقوف ہے۔

س ۴۲۰: گاؤں میں ایک جدید التعمیر مسجد ہے (جو پرانی مسجد کی جگہ بنائی گئی ہے) موجودہ مسجد کے ایک کنارے پر جس کی زمین پرانی مسجد کا جزء ہے، مسئلہ سے ناواقفیت کی بنا پر چائے وغیرہ بنانے کے لئے ایک کمرہ بنایا گیا ہے اور اسی طرح اس کی بالکنی پر جو کہ مسجد میں داخل ہے ایک لائبریری بنائی گئی ہے، برائے مہربانی اس سلسلہ میں اپنا نظریہ بیان فرمائیں؟

ج: سابق مسجد کی جگہ پر چائے خانہ بنانا صحیح نہیں ہے اور اس جگہ کو دوبارہ مسجد کی حالت میں بدلنا واجب ہے مسجد کی چھت بھی مسجد کے حکم میں ہے اور اس پر مسجد کے تمام شرعی احکام و آثار مترتب ہوں گے لیکن بالکنی میں کتابوں کے لئے الماریاں رکھنے اور مطالعہ کے لئے وہاں جمع ہونے میں، اگر نمازگزاروں کے لئے مزاحمت نہ ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۲۱ : اس مسئلہ میں آپ کی کیا رائے ہے کہ ایک گاؤں میں ایک مسجد گرنے والی ہے لیکن فی الحال اسے منہدم کرنے کے لئے کوئی شرعی جواز نہیں ہے کیونکہ وہ راستہ میں رکاوٹ نہیں ہے کیا مکمل طور پر اس مسجد کو منہدم کرنا جائز ہے؟ اس مسجد کا کچھ اثاثہ اور پیسہ بھی ہے یہ چیزیں کس کو دی جائیں؟

ج : مسجد کو منہدم وخراب کرنا جائز نہیں ہے اور عمومی طور سے مسجد کا خرابہ بھی مسجدیت سے خارج نہیں ہوگا، اور مسجد کے اثاثہ ومال کی اگر اس مسجد کو ضرورت نہیں ہے تو استفادہ کے لئے انھیں دوسری مسجدوں میں منتقل کیا جاسکتا ہے۔

س ۴۲۲ : کیا مسجد کے صحن کے ایک گوشہ میں مسجد کی عمارت میں کسی تصرف کے بغیر، میوزیم بنانے میں کوئی شرعی حرج ہے جیسا کہ آج کل مسجد کی عمارت کے ایک حصہ میں ہی لائبریری بنادی جاتی ہے؟

ج : صحن مسجد کے گوشہ میں لائبریری یا میوزیم بنانا جائز نہیں ہے اگر وہ صحن مسجد کے وقف کی کیفیت کے مخالف یا عمارت مسجد کی تغییر کا باعث ہو مذکورہ غرض کے لئے بہتر ہے کہ مسجد سے متصل کسی جگہ کا انتظام کیا جائے

س ۴۲۳ : ایک موقوفہ جگہ میں مسجد، دینی مدرسہ اور عام لائبریری بنائی گئی ہے اور سب کام کر رہے ہیں لیکن اس وقت یہ سب بلدیہ کی توسیع کے نقشہ میں آرہے ہیں جن کا انہدام بلدیہ کے لئے ضروری ہے، ان کے انہدام کے لئے بلدیہ سے کیسے تعاون کیا جائے اور کیسے ان کا معاوضہ لیا جائے تاکہ اس کے عوض نئی اور اچھی عمارت بنائی جاسکے؟

ج : اگر میونسپلٹی اس کو منہدم کرنے اور معاوضہ دینے کے لئے تیار ہوجائے تو معاوضہ لینے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن کسی اہم مصلحت کے بغیر موقوفہ مسجد و مدرسہ کو منہدم کرنا جائز نہیں ہے۔

س ۴۲۸ : کیا مسلمانوں کی مسجدوں میں کفار کا داخل ہونا مطلقاً جائز ہے خواہ وہ تاریخی آثار کو دیکھنے کیلئے ہو؟

ج: مسجد حرام و مسجد نبویؐ کے علاوہ دیگر مساجد میں ان کے داخل ہونے میں بذات خود کوئی حرج نہیں ہے، مگر یہ کہ اس سے مسجد کا نجس ہونا لازم آتا ہو، یا اس کی ہتک حرمت ہوتی ہو یا مسجد میں مجنب کے ٹھہرنے کا سبب بنے۔

س ۴۲۹ : کیا اس مسجد میں نماز پڑھنا جائز ہے جو کفار کے ہاتھوں سے بنی ہو ؟

ج: اس میں نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۳۰ : اگر ایک کافر اپنی خوشی سے مسجد بنانے کے لئے پیسہ دے یا کسی اور طریقے سے مدد کرے تو کیا اسے قبول کرنا جائز ہے؟

ج: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۳۱ : اگر ایک شخص رات میں مسجد میں آکر سو جائے اور اسے احتلام ہو جائے لیکن جب بیدار ہو تو مسجد سے نکلنے پر قادر نہ ہو تو اس کی کیا ذمہ داری ہے ؟

ج: اگر وہ مسجد سے نکلنے اور دوسری جگہ جانے پر قادر نہ ہو تو اس پر واجب ہے کہ فوراً تیمم کرے تاکہ اس کے لئے مسجد میں باقی رہنے کا جواز پیدا ہو جائے۔

س ۴۲۴ : جامع مسجد کی توسیع کے لئے اس کے صحن سے چند درختوں کو اکھاڑنا ضروری ہے۔

کیا ان کو اکھاڑنا جائز ہے، جبکہ مسجد کا صحن کافی بڑا ہے اور اس میں اور بھی بہت سے درخت ہیں؟

ج : اگر مسجد کی توسیع کی ضرورت ہو اور مسجد کے صحن کو مسجد میں داخل کرنے اور درخت کاٹنے کو وقف میں تغیر و تبدیلی شمار نہ کیا جاتا ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۲۵ : اس زمین کا کیا حکم ہے جو کہ مسجد کے چھت والے حصہ کا جزء تھی، بعد میں بلدیہ کے توسیعی دائرے میں آنے کے بعد مسجد کے اس حصہ کو مجبوراً منہدم کر دیا گیا اور سڑک میں تبدیل ہو گئی؟

ج : اگر اسے مسجد کی پہلی حالت کی طرف پلٹانے کا احتمال بعید ہو تو اس پر مسجد کے آثار مرتب ہونا نامعلوم ہے۔

س ۴۲۶ : میں عرصہ سے ایک مسجد میں نماز جماعت پڑھاتا ہوں، اور مسجد کے وقف کی کیفیت کی مجھے اطلاع نہیں ہے، دوسری طرف مسجد کے اخراجات کے سلسلے میں بھی مشکلات درپیش ہیں پس کیا مسجد کے سرداب کو مسجد کے شایان شان کسی مقصد کے لئے کرایہ پر دیا جا سکتا ہے؟

ج : اگر سرداب پر مسجد کا عنوان صادق نہیں آتا ہے اور وہ اس کا ایسا جزء بھی نہیں ہے جس کی مسجد کو ضرورت ہو تو کوئی حرج نہیں ہے؟

س ۴۲۷ : مسجد کے پاس کوئی املاک نہیں ہے جس سے اس کے اخراجات پورے کئے جا سکیں اور انتظامیہ کمیٹی مسجد کے چھت والے حصہ کے نیچے مسجد کے اخراجات پورا کرنے کے لئے ایک تہ خانہ کھود کر اس میں کارخانہ یا دوسرے عمومی مراکز بنانا چاہتی ہے، یہ عمل جائز ہے یا نہیں؟

ج : مسجد کے چھت والے حصہ کے نیچے کارخانہ وغیرہ کی تاسیس کے لئے تہ خانہ بنانا جائز نہیں ہے۔

دوسرے دینی مکانات کے احکام

س ۴۳۲: کیا شرعی نقطہ نظر سے امام بارگاہ کو چند معین اشخاص کے نام رجسٹرڈ کرنا جائز ہے؟ اور اگر دوسرے افراد جنہوں نے اس عمل خیر یعنی امام بارگاہ کی تعمیر میں شرکت کی ہے، اس امر سے راضی نہ ہوں تو اس کا کیا حکم ہے؟

ج: دینی مجالس برپا کرنے کے لئے موقوفہ، امام بارگاہ کو معین اشخاص کے نام رجسٹرڈ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ بہر حال بعض معین افراد کے نام کرنے کیلئے لازم ہے کہ ان تمام افراد کی اجازت لی جائے جنہوں نے اس عمارت کے بنانے میں شرکت کی ہے۔

س ۴۳۳: مسائل کی کتابوں میں لکھا ہوا ہے کہ مجنب شخص اور حائضہ عورت دونوں کے لئے ائمہ علیہم السلام کے حرم میں داخل ہونا جائز نہیں ہے۔ برائے مہربانی اس کی وضاحت فرمائیں کہ کیا صرف قبہ کے نیچے کی جگہ حرم ہے یا اس سے ملحق ساری عمارت حرم ہے؟

ج: حرم سے مراد وہ جگہ ہے جو قبۂ مبارکہ کے نیچے ہے اور عرف عام میں جس کو حرم اور زیارت گاہ کہا جاتا ہے۔ لیکن ملحقہ عمارت اور راہداری حرم کے حکم میں نہیں ہیں، ان میں مجنب و حائضہ کے داخل ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے، مگر یہ کہ ان میں سے کسی کو مسجد بنا دیا گیا ہو۔

س ۴۲۴ : قدیم مسجد سے ملحق ایک امام باڑہ بنایا گیا ہے اور آج کل مسجد میں نمازگزاروں کیلئے گنجائش نہیں ہے، کیا مذکورہ امام باڑہ کو مسجد میں شامل کرکے اس سے مسجد کے عنوان سے استفادہ کیا جا سکتا ہے ؟

ج: امام باڑہ میں نماز پڑھنے میں کوئی اشکال نہیں ہے لیکن اگر امام باڑہ شرعاً صحیح طریقے امام باڑہ کے عنوان سے وقف کیا گیا ہے تو اسے مسجد میں تبدیل کرنا اور اسے برابر والی مسجد میں مسجد کے عنوان سے ضم کرنا جائز نہیں ہے۔

س ۴۲۵ : کیا اولاد ائمہ علیہم السلام میں سے کسی کے مرقد کے لئے نذر میں آئے ہوئے اسباب اور فرش کو محلے کی جامع مسجد میں استعمال کیا جا سکتا ہے ؟

ج: اگر یہ چیزیں فرزند امام علیہ السلام کے مرقد اور اس کے زائرین کی ضرورت سے زیادہ ہوں تو کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۲۶ : جو تکیے یا عزاخانے حضرت ابو الفضل العباسؑ اور دیگر شخصیات کے نام پر بنائے جاتے ہیں کیا وہ مسجد کے حکم میں ہیں امید ہے کہ ان کے احکام بیان فرمائیں گے ؟

ج: تکیے اور امام بارگاہیں مسجد کے حکم میں نہیں ہیں۔

نماز گزار کا لباس

س ۴۳۷ : اگر مجھے اپنے لباس کے نجس ہونے میں شک ہو اور میں اس میں نماز پڑھ لوں تو میری نماز باطل ہے یا نہیں ؟

ج : جس لباس کے نجس ہونے میں شک ہو وہ پاک ہے اور اس میں نماز صحیح ہے۔

س ۴۳۸ : میں نے جرمنی میں کھال کی ایک پیٹی (بیلٹ) خریدی کیا اس کو باندھ کر نماز پڑھنے میں کوئی شرعی اشکال ہے۔ اگر مجھے یہ شک ہو کہ یہ اصل کھال کی ہے یا مصنوعی اور یہ کہ یہ تزکیہ شدہ حیوان کی کھال کی ہے یا نہیں تو میری ان نمازوں کا کیا حکم ہے جو میں نے اس میں پڑھی ہیں؟

ج : اگر یہ شک ہو کہ یہ طبیعی کھال کی ہے یا نہیں تو اسے باندھ کر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ لیکن اگر طبیعی کھال ثابت ہونے کے بعد یہ شک ہو کہ وہ تزکیہ شدہ حیوان کی کھال ہے یا نہیں ؟ تو وہ مردار کے حکم میں ہے، مگر گزشتہ نمازیں صحیح ہوں گی۔

س ۴۳۹ : اگر نماز گزار کو یہ یقین ہو کہ اس کے لباس و بدن پر نجاست نہیں ہے اور وہ

نماز بجا لائے اور بعد میں معلوم ہو کہ اس کا بدن یا لباس نجس تھا تو اس کی نماز باطل ہے یا نہیں؟ اور اگر وہ اثنائے نماز میں اس کی طرف متوجہ ہو جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

ج: اگر وہ اپنے بدن یا لباس کے نجس ہونے کو قطعی نہ جانتا ہو اور نماز کے بعد اسے نجاست کا علم ہو تو اس کی نماز صحیح ہے اور اس پر اعادہ یا قضا واجب نہیں ہے لیکن اگر وہ اثناء نماز میں اس کی طرف متوجہ ہو جائے اور وہ نجاست کو بغیر ایسے فعل کے جو نماز کے منافی ہے، دور کر سکتا ہو تو اس پر یہی واجب ہے کہ وہ نجاست دور کرے اور اپنی نماز تمام کرے گا لیکن اگر نماز کی شکل کو باقی رکھتے ہوئے نجاست دور نہیں کر سکتا اور وقت میں بھی گنجائش ہے تو نماز توڑنا اور نجاست دور کرنے کے بعد دوبارہ بجالانا واجب ہے۔

س ۴۴۰: زید مراجع عظام میں سے ایک کا مقلد ہے وہ ایک زمانہ تک ایسے حیوان کی کھال جس کا ذبح ہونا مشکوک ہو اور جس میں نماز صحیح نہیں ہوتی — میں نماز پڑھتا رہا۔ پس اس کے مرجع کی رائے کے مطابق اگر ایسے حیوان کی کھال کے نماز میں استعمال پر — جس کا گوشت نہیں کھایا جاتا۔ احتیاط واجب یہ ہے کہ نماز کا اعادہ کیا جائے تو کیا مشکوک التذکیہ حیوان کا بھی وہی حکم ہے جو غیر ماکول اللحم حیوان کا ہے؟

ج: جس حیوان کا ذبح مشکوک ہو وہ نجاست میں مردار کے حکم میں ہے۔ اس کا کھانا حرام اور اس (کی کھال) میں نماز جائز نہیں ہے۔

س ۴۴۱: ایک عورت نماز کے درمیان اپنے بعض بالوں کو کھلا ہوا محسوس کرتی ہے اور فوراً چھپا لیتی ہے اس پر نماز کا اعادہ واجب ہے یا نہیں؟

ج: اگر بال کا کھونا جان بوجھ کر نہ رہا ہو تو اعادہ واجب نہیں ہے۔

س ۴۴۲: ایک شخص پیشاب کے مقام کو مجبوراً ڈھیلے یا کنکری، لکڑی یا کسی اور چیز سے پاک کرتا ہے اور جب گھر لوٹتا ہے تو اسے پانی سے پاک کر لیتا ہے تو کیا نماز کے لئے داخلی لباس کا بدلنا یا پاک کرنا بھی واجب ہے؟

ج: اگر پیشاب کے مقام کی رطوبت سے لباس نجس نہ ہوا ہو تو اس پر لباس پاک کرنا واجب نہیں ہے۔

س ۴۴۳: بیرون ملک سے جو بعض صنعتی آلات منگائے جاتے ہیں وہ غیر ملکی ماہروں کے ذریعہ فٹ کئے جاتے ہیں جو اسلامی فقہ کے اعتبار سے کافر اور نجس ہیں اور یہ معلوم ہے کہ ان آلات کی فٹنگ تیل اور دوسری چکنائی وغیرہ لگا کر ہاتھ کے ذریعہ انجام پاتی ہے نتیجہ یہ ہے کہ وہ آلات پاک نہیں ہوتے کام کے دوران ان آلات سے کاریگروں کا لباس اور بدن مس ہوتا ہے اور وہ کام کے دوران مکمل طور سے لباس و بدن کو پاک نہیں کر سکتے تو نماز کے سلسلہ میں ان کا فریضہ کیا ہے؟

ج: ممکن ہے کہ آلات کو فٹ کرنے والا کافر اہل کتاب میں سے ہو جو کہ پاک کہلاتے ہیں یا کام کے وقت وہ دستانہ پہنے ہوئے ہو۔ پس صرف کافر کے کام کرنے سے جگہ اور آلات کے نجس ہونے کا یقین حاصل نہیں ہوتا۔ بالفرض اگر کام کے دوران آلات، بدن اور لباس کے نجس ہونے کا یقین حاصل ہو گیا تو نماز کے لئے بدن کا پاک کرنا اور لباس کا پاک کرنا یا بدلنا واجب ہے۔

س ۴۴۴: اگر نماز گزار خون سے نجس رومال یا اس جیسی کوئی نجس چیز اٹھائے یا اسے جیب میں رکھے ہو تو اس کی نماز صحیح ہے یا باطل؟

ج: اگر رومال اتنا چھوٹا ہو جس سے شرمگاہ نہ چھپائی جا سکے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۴۵: کیا اس کپڑے میں نماز صحیح ہے جو آج کل کے ایسے عطر سے معطر کیا گیا ہو جس میں الکحل پایا جاتا ہے ؟

ج: جب تک مذکورہ عطر کی نجاست کا علم نہ ہو اس سے معطر کپڑے میں نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۴۶: حالت نماز میں عورت پر کتنا بدن چھپانا واجب ہے ؟ کیا چھوٹی آستین والے لباس پہننے اور جوراب نہ پہننے میں کوئی حرج ہے ؟

ج: معیار یہ ہے کہ چہرے کی اتنی مقدار جس کا وضو میں دھونا واجب ہے اور گٹوں تک دونوں ہاتھوں اور دونوں پیروں کو چھوڑ کر پورے بدن کو چھپائے چاہے وہ پردہ ایرانی چادر ہی جیسا ہو۔

س ۴۴۷: حالت نماز میں عورتوں پر قدموں کو چھپانا بھی واجب ہے یا نہیں ؟

ج: پنڈلیوں (کی ابتداء) تک دونوں قدموں کا چھپانا واجب نہیں ہے۔

س ۴۴۸: کیا حجاب پہنتے وقت اور نماز میں ٹھوڑی کو مکمل طور پر چھپانا واجب ہے یا نچلے حصہ ہی کو چھپانا کافی ہے ؟ ٹھوڑی کا اس لئے چھپانا واجب ہے کہ وہ چہرہ کی اس مقدار کا مقدمہ ہے جس کا چھپانا شرعاً واجب ہے ؟

ج: ٹھوڑی کا نچلا حصہ چھپانا واجب ہے نہ کہ ٹھوڑی کا چھپانا کیونکہ وہ چہرے کا جزء ہے۔

س ۴۴۹: ایسی نجس چیز (مثلاً رومال یا ٹوپی وغیرہ) جس میں نماز نہیں ہوتی، اس کے ساتھ نماز کے صحیح ہونے کا حکم صرف اس حالت سے مخصوص ہے جب انسان بھول سے اس میں نماز پڑھ لے یا اس کے حکم یا موضوع کو نہ جانتے ہوئے نماز پڑھ لے یا پھر یہ حالت شبہہ موضوعیہ

یا شبہ حکمیہ دونوں میں عام ہے؟

ج: یہ حکم نسیان یا جہالت حکمی یا موضوعی دونوں سے مخصوص نہیں ہے بلکہ نجس شدہ غیر ساتر لباس میں جس میں نماز نہیں ہوتی، حتیٰ علم یا توجہ ہو جانے کی صورت میں بھی نماز پڑھنا جائز ہے۔

س ۴۵۰: کیا نماز گزار کے لباس پر بلی کے بال یا اس کے لعاب دہن کا وجود نماز کے باطل ہونے کا سبب ہے؟

ج: ہاں نماز کے باطل ہونے کا سبب ہے۔

سونے، چاندی کا استعمال

س ۴۵۱ : مردوں کا سونے کی انگوٹھی پہننے کا (خصوصاً نماز میں) کیا حکم ہے ؟

ج : مرد کیلئے سونے کی انگوٹھی پہننا جائز نہیں ہے اور اس میں نماز باطل ہے۔

س ۴۵۲ : مردوں کے لئے سفید سونے کی انگوٹھی پہننے کا کیا حکم ہے ؟

ج : جسے سفید سونا کہا جاتا ہے اگر وہ زرد سونے کے علاوہ کسی دوسرے مادہ سے مرکب ہو تو اس کی انگوٹھی پہننا حرام نہیں ہے۔

س ۴۵۳ : کیا اس وقت بھی سونا پہننے میں کوئی شرعی اشکال ہے جب وہ زینت کے لئے نہ ہو اور دوسروں کی نظر میں نہ آئے ؟

ج : مردوں کے لئے سونا پہننا مطلق طور پر حرام ہے چاہے وہ زینت کے قصد سے نہ پہنا جائے یا دوسروں کی نظروں سے پوشیدہ رکھا جائے۔

س ۴۵۴ : مردوں کے لئے سونا پہننے کا کیا حکم ہے ؟ کیونکہ ہم بعض لوگوں کو یہ ادعا کرتے ہوئے دیکھتے ہیں کہ کم مدت کے لئے — جیسے عقد کے وقت — سونا پہننے میں کوئی حرج نہیں ہے ؟

ج : مردوں کے لئے سونا پہننا حرام ہے چاہے تھوڑے وقت کے لئے ہو یا زیادہ

وقت کے لئے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

س ۴۵۵ : نماز گزار کے لباس کے احکام کو ملحوظ رکھتے ہوئے اور اس حکم کو پیش نظر رکھتے ہوئے کہ مردوں کا خود کو سونے سے مزین کرنا حرام ہے، درج ذیل دو سوالوں کے جواب مرحمت فرمائیں:

۱۔ کیا سونے سے زینت کرنے کا مطلب یہ ہے کہ مردوں کے لئے مطلق طور پر سونے کا استعمال حرام ہے خواہ ہڈی کے زخم اور دانت بنوانے ہی کے لئے ہو؟

۲۔ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ ہمارے شہر میں رواج ہے کہ نئے شادی شدہ جوڑے منگنی میں زرد سونے کی انگوٹھی پہنتے ہیں اور عام لوگوں کی نظر میں یہ چیز کسی طرح بھی زینت میں شمار نہیں ہوتی بلکہ یہ اس شخص کے لئے ازدواجی زندگی کی شروعات کی علامت ہے، اس سلسلہ میں آپ کا کیا نظریہ ہے؟

ج ۱۔ **مردوں کے سونا پہننے کے حرام ہونے کا معیار زینت کا صادق آنا نہیں ہے، بلکہ کسی بھی طرح اور کسی بھی قصد سے سونا پہننا حرام ہے چاہے وہ سونے کی انگوٹھی ہو یا گلوبند و زنجیر وغیرہ ہو لیکن زخم میں بھرنے اور دانت بنوانے میں مردوں کے لئے سونے کے استعمال میں کوئی حرج نہیں ہے۔**

۲۔ منگنی کی زرد سونے کی انگوٹھی پہننا مردوں کے لئے ہر حال میں حرام ہے۔

س ۴۵۶ : سونے کے ان زیورات کو بیچنے اور انھیں بنانے کا کیا حکم ہے جو مردوں سے مخصوص ہیں اور جنھیں عورتیں نہیں پہنتیں؟

ج **سونے کے زیورات بنانا اگر وہ صرف مردوں کے استعمال کے لئے ہوں حرام ہے اور اسی طرح انھیں مردوں کے لئے خریدنا اور بیچنا بھی جائز نہیں ہے۔**

س ۴۵۷ : ہم بعض دعوتوں میں دیکھتے ہیں کہ شیرینی چاندی کے ظروف میں پیش کی جاتی ہے کیا اس عمل

کو چاندی کے ظروف میں کھانے سے تعبیر کیا جائے گا ؟ اور اس کا کیا حکم ہے ؟

ج: کھانے کے قصد سے چاندی کے برتن میں سے کھانے وغیرہ کی چیز لینا حرام ہے۔

س ۴۵۸: کیا مردوں کے لئے جائز ہے کہ وہ دانتوں پر سونے کا رنگ چڑھوائیں یا سونے کا دانت لگوائیں ؟

ج: اس میں کوئی حرج نہیں ہے، سامنے کے چار دانتوں کے سوا۔ پس اگر زینت کے قصد سے ایسا کیا جائے تو اس میں اشکال ہے۔

س ۴۵۹: کیا دانت پر سونے کا خول چڑھوانے میں کوئی اشکال ہے ؟ اور دانت پر پلاٹینیم کا خول چڑھوانے کا کیا حکم ہے ؟

ج: دانت پر سونے یا پلاٹینیم کا خول چڑھوانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ لیکن اگر زینت کی غرض سے خصوصاً سامنے کے چار دانتوں پر سونے کا خول چڑھوائے تو اشکال سے خالی نہیں ہے۔

اذان واقامت

س ۴۶۰: رمضان المبارک میں ہمارے گاؤں میں مؤذن ہمیشہ صبح کی اذان وقت سے چند منٹ پہلے ہی دیتا ہے تاکہ لوگ درمیان اذان یا اذان ختم ہونے تک کھانے پینے سے فارغ ہو لیں۔ کیا یہ عمل صحیح ہے؟

ج: اگر اذان کی آواز لوگوں کو شبہہ میں مبتلا نہ کرے اور وہ طلوع فجر کے اعلان کے عنوان سے نہ ہو تو اس میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

س ۴۶۱: بعض اشخاص امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضہ کی انجام دہی کے لئے وہ اجتماعی صورت میں عام راستوں میں اذان دیتے ہیں اور خدا کا شکر ہے کہ اس اقدام سے علاقے میں کھلم کھلا فسق و فساد روکنے میں بڑا اثر ہوا ہے اور عام لوگ خصوصاً جوان اوّل وقت نماز پڑھنے لگے ہیں؟

لیکن ایک صاحب کہتے ہیں کہ: یہ عمل شریعت اسلامی میں وارد نہیں ہوا ہے، یہ بدعت ہے، اس بات سے شبہہ پیدا ہو گیا ہے، آپ کا کیا نظریہ ہے؟

ج: روزانہ کی واجب نمازوں کے اوّل اوقات میں نماز کے لئے اذان دینا اور سامعین کی طرف سے اسے بلند آواز سے دہرانا مستحبات میں سے ہے جن کی شریعت نے تاکید کی ہے اور سڑکوں کے کناروں پر اجتماعی صورت

میں اذان دینے میں اگر یہ عمل بے حرمتی یا راستہ روکنے اور دوسروں کی اذیت کا سبب نہ ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۶۲: چونکہ اذان دینا عبادی، سیاسی عمل ہے اور اس میں عظیم ثواب ہے لہٰذا مومنین نے یہ طے کیا ہے کہ وہ لاؤڈ اسپیکر کے بغیر واجب نماز کے وقت خصوصاً نماز صبح کے لئے اپنے اپنے گھروں کی چھت سے اذان دیں گے (لیکن) سوال یہ ہے کہ اگر اس عمل پر بعض ہمسایہ اعتراض کریں تو اس کا کیا حکم ہے؟

ج: عام طور پر جس طرح اذان دی جاتی ہے اس طرح مکان کی چھت سے اذان دینے میں کوئی اشکال نہیں ہے بشرطیکہ اس سے دوسروں کو تکلیف نہ پہنچے اور نہ ہمسایوں کے گھروں کی طرف نگاہ اٹھائی جائے۔

س ۴۶۳: رمضان المبارک میں اذان صبح کو چھوڑ کر، مسجد کے لاؤڈ اسپیکر سے سحری کے مخصوص پروگرام نشر کرنے کا کیا حکم ہے تاکہ سب لوگ سن لیں؟

ج: رمضان المبارک کی راتوں میں جہاں اکثر لوگ تلاوت قرآن مجید، دعائیں پڑھنے اور دینی و مذہبی مراسم میں شرکت کے لئے بیدار رہتے ہیں وہاں اس میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن اگر یہ مسجد کے ہمسایوں کی تکلیف کا موجب ہو تو جائز نہیں ہے۔

س ۴۶۴: کیا اذان صبح سے قبل مساجد اور مراکز سے بہت بلند آواز میں جس کی آواز کئی کلومیٹر تک پہنچے قرآنی آیات اور دعاؤں کا نشر کرنا صحیح ہے؟ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ یہ سلسلہ آدھے گھنٹے سے زیادہ دیر تک جاری رہتا ہے؟

ج: رائج طریقہ کے مطابق نماز صبح کے وقت کے داخل ہو جانے کے اعلان کیلئے لاؤڈ اسپیکر سے اذان دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ لیکن لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ مسجد سے آیات قرآنی اور دعاؤں وغیرہ کا کسی بھی وقت نشر کرنا اگر

ہمسایوں کے لئے تکلیف کا باعث ہے تو اس کے لئے شرعاً کوئی جواز نہیں ہے بلکہ اس میں اشکال ہے اور بنیادی طور پر آیات قرآنی کی تلاوت اور دعاؤں کو نشر کرکے دوسروں کو زحمت میں مبتلا کرنا صحیح نہیں ہے۔

س ۲۶۵ : کیا اپنی نماز کے لئے مرد عورت کی اذان پر اکتفا کر سکتا ہے ؟

ج : عورت کی اذان پر اکتفا کرنا بعید نہیں ہے اگر اس کے تمام کلمات سنے گئے ہوں۔

س ۲۶۶ : واجب نماز کی اذان واقامت میں شہادت ثالثہ یعنی سید الاوصیاء (حضرت علیؑ) علیہ السلام کو امیر وولی کہنے کے سلسلہ میں آپ کا کیا نظریہ ہے ؟

ج : شرع کے لحاظ سے اذان واقامت کا جزء نہیں ہے لیکن اگر اذان واقامت کے جزء اور اس میں شامل ہونے کے قصد سے نہ ہو تو اسے کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے بلکہ اگر خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ اوصیائہ المعصومینؑ کہنا اپنے عقیدہ کے اعتراف واذعان کے اظہار کے لئے ہو تو راجح وبہتر ہے۔

قرائت اور اس کے احکام

س ۴۶۷ : ہماری اس نماز کا کیا حکم ہے جس میں قرائت جہری یعنی آواز سے نہ ہو ؟

ج : مردوں پر واجب ہے کہ وہ صبح، مغرب اور عشاء کی نماز میں حمد و سورہ کو بلند آواز سے پڑھیں

س ۴۶۸ : اگر ہم صبح کی قضا نماز پڑھنا چاہیں تو اسے بلند آواز سے پڑھیں گے یا آہستہ ؟

ج : صبح، مغرب اور عشاء کی نمازوں میں چاہے وہ ادا ہوں یا قضا، حمد و سورہ کو بہر حال آواز سے پڑھنا واجب ہے چاہے ان کی قضا دن میں پڑھی جائے۔

س ۴۶۹ : ہم جانتے ہیں کہ نماز کی ایک رکعت نیت، تکبیرۃ الاحرام، حمد و سورہ اور رکوع و سجود پر مشتمل ہے دوسری طرف ظہر و عصر اور مغرب کی تیسری رکعت اور عشاء کی آخری دو (تیسری و چوتھی) رکعتوں کو آہستہ پڑھنا بھی واجب ہے۔ لیکن ٹیلی ویژن سے تیسری رکعت کے رکوع و سجود کو بلند آواز سے نشر کیا جاتا ہے جبکہ معلوم ہے کہ رکوع و سجود دونوں ہی اس رکعت کے جزو ہیں جس کو آہستہ پڑھنا واجب ہے۔ اس مسئلہ میں آپ کا کیا حکم ہے ؟

ج : مغرب، عشا اور صبح کی نماز میں آواز سے پڑھنا واجب ہے اور ظہر و عصر کی نماز میں آہستہ پڑھنا واجب ہے۔ لیکن یہ صرف حمد و سورہ میں ہے۔ جیسا کہ مغرب، عشا کی پہلی دو رکعتوں کے علاوہ باقی رکعتوں میں اخفات یعنی آہستہ پڑھنا

واجب ہے اور یہ (اخفات)، صرف سورہ حمد یا تسبیحات (اربعہ) سے مخصوص ہے لیکن رکوع وسجود کے ذکر نیز تشہد وسلام اور اسی طرح نماز پنجگانہ کے تمام واجب اذکار میں مکلف کو اختیار ہے کہ وہ انھیں آواز سے ادا کرے یا آہستہ پڑھے۔

س ۴۷۰: اگر کوئی شخص، روزانہ کی سترہ رکعت نمازوں کے علاوہ احتیاطاً سترہ رکعت قضا نماز پڑھنا چاہتا ہے تو اس پر صبح اور مغرب وعشا کی پہلی دو رکعتوں میں حمد و سورہ آواز سے پڑھنا واجب ہے یا آہستہ پڑھنا؟

ج: نماز پنجگانہ کے اخفات وجہر کے وجوب میں ادا و قضا نماز کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں ہے، چاہے وہ احتیاطی ہی کیوں نہ ہو۔

س ۴۷۱: ہم جانتے ہیں کہ لفظ صلوٰۃ کے آخر میں "ۃ" ہے لیکن اذان میں حی علی الصلاۃ (ھا کے ساتھ) کہتے ہیں کیا یہ صحیح ہے؟

ج: لفظ صلوٰۃ کے اختتام پر "ہا" پر وقف کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے بلکہ یہی معین ہے۔

س ۴۷۲: تفسیر سورۂ حمد میں امام خمینیؒ کے نظریہ کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہ آپ نے سورۂ حمد کی تفسیر میں لفظ مَلِكِ کو مَالِكِ پر ترجیح دی ہے تو کیا واجب وغیر واجب نمازوں میں اس سورۂ مبارکہ کی قرائت میں دونوں طریقوں سے پڑھنا صحیح ہے؟

ج: اس مورد میں احتیاط کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے

س ۴۷۳: کیا نماز گزار کے لئے صحیح ہے کہ وہ "غیر المغضوب علیھم..." پڑھنے کے

بعد عطف فوری کے بغیر وقف کرے پھر "ولا الضّآلّین" پڑھے اور کیا تشہد میں لفظ "محمدؐ" پر ٹھہرنا صحیح ہے جیسا کہ ہم (صلواۃ پڑھتے وقت) کہتے ہیں اللّٰھم صلّ علی محمّد پھر تھوڑے وقفہ کے بعد "آل محمّد" کہتے ہیں؟

ج: اس حد تک کوئی حرج نہیں ہے جب تک کہ وحدتِ جملہ میں خلل نہ پیدا ہو۔

س ۴۷۴: امام خمینیؒ سے درج ذیل طریقہ سے استفتاء کیا گیا:

تجوید میں حرف "ضاد" کے تلفظ کے سلسلہ میں متعدد اقوال ہیں آپ کس قول پر عمل کرتے ہیں؟ اس کے جواب میں امام خمینیؒ نے لکھا کہ علمائے تجوید کے مطابق حروف کے مخارج کی معرفت واجب نہیں ہے بلکہ ہر حرف کا تلفظ اس طرح ہونا واجب ہے کہ عرب کے عرف کے نزدیک صادق آجائے کہ وہ حرف ادا ہوگیا،

اب سوال یہ ہے:

اوّل یہ کہ اس عبارت کے معنی کیا ہیں کہ "عرب کے عرف میں یہ صادق آجائے کہ اس نے وہ حرف ادا کیا ہے

دوسرے: کیا علم تجوید کے قواعد عرف و لغتِ عرب سے نہیں بنائے گئے ہیں۔ جیسا کہ ان ہی سے صرف و نحو کے قواعد بنائے گئے ہیں؟ پس لغت و عرف میں جدائی کیسے ممکن ہے؟

تیسرے: اگر کسی کو کسی معتبر طریقہ سے یہ علم حاصل ہوگیا کہ وہ قرائت کے دوران حروف کو صحیح مخارج سے ادا نہیں کرتا ہے یا وہ عام طور پر حروف و کلمات کو صحیح شکل میں ادا نہیں کرتا اور اس کے سیکھنے کے لئے اسے ہر قسم کے مواقع فراہم ہیں، گویا سیکھنے کے لئے اس کی استعداد بھی اچھی ہے یا اس کا علم حاصل کرنے کے لئے اس کے پاس وقت بھی ہے تو کیا ـــ اپنی صلاحیت کی حدود میں ـــ اس پر صحیح قرائت سیکھنے یا صحیح سے نزدیک قرائت کے سیکھنے کی کوشش کرنا

واجب ہے یا نہیں ؟

ج: قرائت کے صحیح ہونے میں معیار یہ ہے کہ وہ اہل زبان، جنہوں نے تجوید کے قواعد وضوابط بنائے ہیں، انکی قرائت کے موافق ہو۔ اس بنا پر کسی حرف کے تلفظ کی کیفیت میں جو علمائے تجوید کے اقوال میں اختلاف ہے، اگر یہ اختلاف اہل زبان کے تلفظ کی کیفیت کو سمجھنے میں ہے تو اس کی اصل اور مرجع خود عرفِ اہل لغت ہے لیکن اگر اقوال کے اختلاف کا سبب تلفظ کی کیفیت میں خود اہل زبان کا اختلاف ہے تو مکلف کو اختیار ہے کہ جس قول کو چاہے اختیار کرے۔

س ۴۷۵: جس شخص کی ابتداء سے نیت یا عادت ہو کہ وہ حمد کے بعد سورۂ اخلاص پڑھتا ہے اور اور اگر کبھی اس نے سورہ مشخص کئے بغیر بسم اللہ پڑھ لی تو کیا اس پر واجب ہے کہ پہلے سورہ معین کرے اس کے بعد دوبارہ بسم اللہ پڑھے؟

ج: اس پر بسم اللہ کا اعادہ کرنا واجب نہیں ہے بلکہ وہ اسی پر اکتفا کرسکتا ہے اور پھر حمد کے بعد جو سورہ چاہے پڑھ سکتا ہے۔

س ۴۷۶: کیا واجب نمازوں میں عربی الفاظ کو کامل طور پر ادا کرنا واجب ہے؟ اور کیا اس صورت میں بھی نماز کو صحیح کہا جائے گا جب کلمات کا تلفظ مکمل طور پر صحیح عربی میں نہ کیا جائے؟

ج: نماز کے تمام اذکار جیسے حمد و سورہ کی قرائت اور دیگر ذکر و تسبیحات کا صحیح طریقے سے ادا کرنا واجب ہے۔ اور اگر نماز گزار عربی الفاظ کی اس کیفیت کو نہیں جانتا جس کے مطابق ان کا پڑھنا واجب ہے تو اس پر سیکھنا واجب ہے

اور اگر سیکھنے سے عاجز ہو تو معذور ہے۔

س ۴۷۷: نماز میں قلبی قرائت، یعنی کلمات کو تلفظ کے بدلے دل میں دہرانے پر قرائت صادق آتی ہے یا نہیں؟

ج: اس پر قرائت کا عنوان صادق نہیں آتا اور نماز میں ایسے تلفظ کا ہونا ضروری ہے جس پر قرائت صادق آئے۔

س ۴۷۸: بعض مفسرین کی رائے کے مطابق قرآن مجید کے چند سورے مثلاً سورۂ فیل و قریش، انشراح و ضحیٰ کامل سورے نہیں ہیں، وہ کہتے ہیں کہ جو شخص ان سوروں میں سے ایک سورہ مثلاً سورۂ فیل پڑھے اس پر اس کے بعد سورۂ قریش پڑھنا واجب ہے اسی طرح سورۂ انشراح و ضحیٰ کو بھی ایک ساتھ پڑھنا واجب ہے۔ پس اگر کوئی شخص نماز میں سورۂ فیل یا تنہا سورۂ ضحیٰ پڑھتا ہے اور اس مسئلہ سے واقف نہیں ہے تو اس کا کیا فریضہ ہے؟

ج: وہ گزشتہ نمازیں، جن میں اس نے سورۂ فیل و ایلاف یا سورۂ ضحیٰ و الم نشرح میں سے ایک سورہ پر اکتفا کی ہے، صحیح ہیں اگر وہ اس مسئلہ سے بے خبر رہا ہو۔

س ۴۷۹: اگر اثناء نماز میں ایک شخص غافل ہو جائے اور ظہر کی تیسری رکعت میں حمد و سورہ پڑھے اور نماز تمام ہونے کے بعد اسے یاد آئے تو کیا اس پر اعادہ واجب ہے؟ اور اگر یاد نہ آئے تو اس کی نماز صحیح ہے یا نہیں؟

ج: پہلی دو رکعتوں کے علاوہ دیگر رکعات میں بھی سورہ حمد پڑھنا کافی ہے خواہ غفلت و نسیان ہی سے پڑھے۔ اور غفلت یا جہالت

کی وجہ سے زیادہ سورہ پڑھنے سے بھی اس پر کوئی چیز واجب نہیں ہوتی۔

س ۴۸۰: امام خمینیؒ کا نظریہ ہے کہ نماز ظہر و عصر میں اخفات کا معیار عدم جہر ہے اور یہ بات ہمیں معلوم ہے کہ دس حروف کے علاوہ بقیہ حروف جہری صورت میں پڑھے جاتے ہیں۔ اس بنا پر اگر ہم نماز ظہر و عصر کو آہستہ پڑھیں تو اٹھارہ جہری حروف کا حق کیسے ادا ہوگا۔ امید ہے کہ اس مسئلہ کی وضاحت فرمائیں گے؟

ج: اخفات کا معیار بالکل بے صدا پڑھنا نہیں ہے۔ بلکہ اس سے مراد آواز کا اچھی طرح اظہار نہ کرنا ہے اور یہ جہر کے مقابل ہے جس سے مراد آواز کا اظہار ہے

س ۴۸۱: غیر عرب افراد خواہ مرد ہوں یا عورتیں اسلام قبول کر لیتے ہیں لیکن عربی سے واقف نہیں ہوتے وہ اپنے دینی واجبات یعنی نماز وغیرہ کو کس طرح ادا کر سکتے ہیں؟ اور بنیادی طور سے ان کے لئے عربی سیکھنا ضروری ہے یا نہیں؟

ج: نماز میں تکبیر، حمد و سورہ، تشہد اور سلام کا سیکھنا واجب ہے اور اسی طرح جس چیز میں بھی عربی کا تلفظ شرط ہے، اسے سیکھنا واجب ہے۔

س ۴۸۲: کیا اس بات پر کوئی دلیل ہے کہ شب کے نوافل یا جہری نمازوں کے نوافل کو آواز سے پڑھا جائے۔ اسی طرح اخفاتی نمازوں کے نوافل کو آہستہ پڑھا جائے۔ اگر جواب مثبت ہے تو کیا اگر جہری نماز کے نوافل آہستہ اور اخفاتی نماز کے نوافل بلند آواز سے پڑھے جائیں تو کافی ہونگے؟ اس سلسلے میں اپنے فتوے سے نوازیئے؟

ج: واجب جہری نمازوں کے نوافل کو بھی آواز سے پڑھنا مستحب اور (یوں ہی) آہستہ پڑھی جانے والی نمازوں کے نوافل کو آہستہ

پڑھنا مستحب ہے اگر اس کے خلاف اور برعکس عمل کرے تو بھی جائز ہے۔

س ۴۸۳ : کیا نماز میں سورۂ حمد کے بعد ایک کامل سورہ کی تلاوت کرنا واجب ہے یا قرآن کی چند آیتیں پڑھنا کافی ہے؟ اور کیا پہلی صورت میں یعنی حمد و سورہ پڑھنے کے بعد قرآن کی چند آیتیں پڑھنا جائز ہے؟

ج : روزمرہ کی واجب نمازوں میں ایک کامل سورہ کے بجائے قرآن کی چند آیات پڑھنا کافی نہیں ہے۔ لیکن مکمل سورہ پڑھنے کے بعد قرآن کے عنوان سے بعض آیات کے پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۴۸۴ : اگر سستی کی وجہ سے یا اس لہجہ کے سبب جس میں انسان گفتگو کرتا ہے حمد و سورہ کے پڑھنے یا نماز کے کلمات وحرکات کے اعراب کی ادائیگی میں غلطی ہو جائے اور کلمہ "یُوْلَدْ" کے بجائے "یُوْلِدْ" بالکسرہ پڑھے تو اس نماز کا کیا حکم ہے؟

ج : اگر یہ جان بوجھ کر ہے یا وہ جاہل مقصر جو سیکھنے پر قدرت رکھتا ہے، اس باوجود ایسا کرتا ہے تو اس کی نماز باطل ہے ورنہ صحیح ہے۔

س ۴۸۵ : ایک شخص کی عمر ۳۵ یا ۴۰ سال ہے، بچپنے میں اس کے والدین نے اسے نماز نہیں سکھائی تھی، اس اَن پڑھ آدمی نے صحیح طریقہ سے نماز سیکھنے کی کوشش کی لیکن نماز کے اذکار و کلمات کو صحیح صورت میں ادا کرنا اس کے امکان میں نہیں ہے بلکہ بعض کلمات کو تو وہ ادا ہی نہیں کر پاتا ہے کیا اس کی نماز صحیح ہے؟

ج : اس کی نماز صحیح ہے بشرطیکہ جتنے کلمات کا ادا کرنا اس کے بس میں ہے انہیں ادا کرے۔

س ۴۸۶ : میں نماز کے کلمات کا ویسے ہی تلفظ کرتا تھا جیسا کہ میں نے انہیں اپنے والدین سے سیکھا تھا اور جیسا کہ ہمیں مڈل اسکول میں سکھایا گیا تھا، بعد میں مجھے یہ معلوم ہوا کہ میں ان کلمات کو غلط

طریقے سے پڑھتا تھا، کیا مجھ پر ــــ امام خمینی طاب ثراہ کے فتوے کے مطابق ــــ ان نمازوں کا اعادہ کرنا واجب ہے ؟ یا وہ تمام نمازیں جو میں نے اس طریقے سے پڑھی ہیں صحیح ہیں ؟

ج : سوال کی مفروضہ صورت میں گزشتہ تمام نمازیں صحیح ہیں نہ ان کا اعادہ کرنا ہے اور نہ قضا ۔

س ۴۸۷ : کیا اس شخص کی نماز اشارے سے صحیح ہے جس کو گونگے پن کا مرض لاحق ہو گیا ہے اور وہ بولنے پر قادر نہیں ہے لیکن اس کے حواس سالم ہیں ؟

ج : مذکورہ فرض کے مطابق اس کی نماز صحیح اور کافی ہے ۔

ذکر

س ۴۸۸ : کیا جان بوجھ کر رکوع و سجود کے اذکار کو ایک دوسرے کی جگہ ادا کرنے میں کوئی حرج ہے ؟

ج : اگر انھیں محض اللہ عزاسمہ کے ذکر کے عنوان سے بجا لائیں تو کوئی حرج نہیں ہے رکوع و سجود اور پوری نماز صحیح ہے ۔

س ۴۸۹ : اگر ایک شخص بھولے سے سجود میں رکوع کا ذکر پڑھتا ہے یا اس کے برعکس رکوع میں سجود کا ذکر پڑھتا ہے اور اسی وقت اس کو یاد آگیا اور وہ اس کی اصلاح کرلے تو کیا اس کی نماز باطل ہے؟

ج : اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور اس کی نماز صحیح ہے ۔

س ۴۹۰ : اگر نماز گزار کو نماز سے فارغ ہونے کے بعد یا اثنا رنماز میں یاد آجائے کہ ذکر غلط تھا تو اس مسئلہ میں کیا حکم ہے ؟

ج : اگر ذکر کے محل سے آگے بڑھ چکا ہے یعنی رکوع و سجود کو ختم کر چکا ہے تو اس کے ذمہ کچھ نہیں ہے ۔

س ۴۹۱ : کیا نماز کی تیسری اور چوتھی رکعت میں ایک مرتبہ تسبیحات اربعہ پڑھنا کافی ہے ؟

ج : کافی ہے ، اگرچہ تین مرتبہ پڑھنا احتیاط مستحب ہے ۔

س ۴۹۲ : نماز میں تین مرتبہ تسبیحات اربعہ پڑھنا چاہئے مگر ایک شخص بھولے سے چار مرتبہ پڑھتا ہے تو

کیا خدا کے نزدیک اس کی نماز قبول ہے ؟

ج: اس میں کوئی حرج نہیں ہے ۔

س ۴۹۳: اس شخص کا کیا حکم ہے جو یہ نہیں جانتا کہ اس نے نماز کی تیسری اور چوتھی رکعت میں تسبیحات اربعہ تین مرتبہ پڑھی ہے یا اس سے زیادہ یا کم پڑھی ہے ؟

ج: ایک مرتبہ پڑھنا بھی کافی ہے اور وہ بری الذمہ ہے اور جب تک رکوع میں نہیں جاتا اس وقت تک وہ تسبیحات میں کم پر بنا رکھتے ہوئے اس کی تکرار کرے گا، یہاں تک کہ اسے یقین ہو جائے کہ تسبیحات اربعہ تین مرتبہ پڑھی ہیں

س ۴۹۴: کیا نماز میں بدن کی حرکت کے وقت "بحول الله" کہنا جائز ہے کیا یہ اسی طرح صحیح ہے جس طرح قیام کی حالت میں صحیح ہے ؟

ج: اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور مذکورہ ذکر کی اصل صورت یہ ہے کہ اسے نماز کی اگلی رکعت کے قیام کی حالت میں انجام پانا چاہیئے۔

س ۴۹۵: ذکر سے کیا مراد ہے ؟ کیا اس میں نبی اکرمؐ اور آپؐ کی آلؑ پر صلوات بھی شامل ہے ؟

ج: جو عبادت بھی اللہ عز اسمہ کے ذکر پر مشتمل ہے وہ ذکر ہے اور محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات بھیجنا بہترین ذکر ہے۔

س ۴۹۶: نماز وتر، جو کہ ایک ہی رکعت ہے، جب ہم اس میں قنوت کے لئے ہاتھ بلند کرتے ہیں اور خدا سے اپنی حاجتیں طلب کرتے ہیں تو کیا اس میں کوئی اشکال ہے کہ ہم اپنی حاجتیں فارسی میں بیان کریں ؟

ج: قنوت میں فارسی میں دعا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے بلکہ قنوت میں مطلق دعا کسی بھی زبان میں کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے ۔

سجدہ کے احکام

س ۴۹۷ : سیمنٹ اور موزائیک (ٹائلز) پر سجدہ اور تیمم کرنے کا کیا حکم ہے؟

ج : ان دونوں پر سجدہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن تیمم محل اشکال ہے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ نہ کیا جائے۔

س ۴۹۸ : کیا حالت نماز میں اس موزائیک (ٹائل) پر ہاتھ رکھنے میں کوئی اشکال ہے جس میں چھوٹے چھوٹے سوراخ ہوں؟

ج : مذکورہ فرض میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

س ۴۹۹ : کیا مٹی کی اس سجدہ گاہ پر سجدہ کرنے میں کوئی اشکال ہے جو میل سے کالی ہوگئی ہو اس طرح کہ اصل خاک اس میل کی پرت سے چھپ گئی ہو اور پیشانی اور خاک کے درمیان حائل ہو؟

ج : اگر سجدہ گاہ پر اتنا زیادہ میل ہو جو پیشانی اور سجدہ گاہ کی خاک کے درمیان حاجب بن جائے تو اس پر سجدہ باطل ہے اور اسی طرح نماز بھی (باطل ہے)

س ۵۰۰ : ایک عورت سجدہ گاہ پر سجدہ کرتی ہے اور اس کی پیشانی خاص کر سجدہ کی جگہ حجاب سے چھپی ہوئی ہے، تو کیا اس پر ان نمازوں کا اعادہ واجب ہے؟

ج : اگر وہ سجدہ کے وقت اس حائل کی طرف متوجہ نہ تھی تو اس پر نمازوں کا اعادہ واجب نہیں ہے۔

س ۵۰۱ : ایک عورت سجدہ گاہ پر اپنا سر رکھتی ہے اور یہ محسوس کرتی ہے کہ اس کی پیشانی مکمل طور پر خاک سے مس نہیں ہوئی ہے اگویا چادر یا رومال حائل ہے جو مکمل طور پر سجدہ گاہ سے مس نہیں ہونے دے رہا ہے۔ لہٰذا وہ اپنا سر اٹھاتی ہے اور حائل چیز کو ہٹا کر دوبارہ خاک پر اپنا سر رکھتی ہے اس مسئلہ میں کیا حکم ہے؟ اگر اس کے بعد والے عمل کو مستقل سجدہ فرض کیا جائے تو اس کے ساتھ پڑھی جانے والی نمازوں کا کیا حکم ہے؟

ج : اس پر واجب ہے کہ زمین سے اٹھائے بغیر پیشانی کو اتنی حرکت دے کہ وہ خاک تک پہنچ جائے اور اگر سجدہ گاہ پر سجدہ کرنے کے لئے زمین سے پیشانی اٹھانا لاعلمی اور فراموشی کی وجہ سے ہو اور یہ کام وہ ایک ہی رکعت کے دو سجدوں میں سے ایک میں انجام دیتی ہو تو اس کی نماز صحیح ہے اور اعادہ واجب نہیں ہے لیکن اگر وہ سجدہ گاہ پر سجدہ کرنے کے لئے جان بوجھ کر سر اٹھاتی ہے یا ہر رکعت کے دونوں سجدوں میں ایسا کرتی ہے تو اس کی نماز باطل ہے اور اس پر نماز کا اعادہ واجب ہے۔

س ۵۰۲ : حالت سجدہ میں ساتوں اعضائے سجدہ کو زمین پر رکھنا واجب ہے لیکن ہمارے لئے یہ مقدور نہیں ہے کیونکہ ہم جنگی زخمیوں میں سے ہیں جو متحرک کرسی سے استفادہ کرتے ہیں۔ نماز کے لئے ہم یا سجدہ گاہ کو پیشانی تک لاتے ہیں یا سجدہ گاہ کو کرسی کے بازو پر رکھ کر اس پر سجدہ کرتے ہیں کیا ہمارا اس طرح سجدہ کرنا صحیح ہے؟

ج : اگر آپ کرسی کے دستہ پر سجدہ گاہ رکھ کر اس پر سجدہ کر سکتے ہیں تو ایسا ہی کریں اور آپ کی نماز صحیح ہے ورنہ جو طریقہ بھی آپ کے لئے ممکن ہو مثلاً اشارہ یا ایماء ہی سے رکوع و سجود کریں اس میں کوئی اشکال نہیں ہے۔ اللہ

آپ لوگوں کو مزید توفیق عطا کرے۔

س ۵۰۳ : مقامات مقدسہ کی زمین پر بچھائے گئے سنگ مرمر پر سجدہ کرنے کا کیا حکم ہے ؟

ج : سنگ مرمر پر سجدہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۵۰۴ : سجدہ کی حالت میں انگوٹھے کے علاوہ پیر کی بعض دیگر انگلیوں کے زمین پر رکھنے کا کیا حکم ہے؟

ج : اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۵۰۵ : کچھ دنوں پہلے نماز کے لئے ایک سجدہ گاہ بنائی گئی ہے جسے "مہرامین" کہتے ہیں۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ وہ نماز گزار کی رکعتوں اور سجدوں کو شمار کرتی ہے اور ایک حد تک شک کو رفع کرتی ہے۔ یہ معلوم ہے کہ جس کمپنی نے اس سجدہ گاہ کو بنایا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ مراجع تقلید نے اس پر سجدہ کی اجازت دی ہے۔ آپ (بھی) اپنے نظریہ سے آگاہ فرمائیں۔ واضح رہے کہ جب اس پر پیشانی رکھی جاتی ہے۔ اس وقت وہ نیچے کی طرف حرکت کرتی ہے اس لئے کہ اس کے نیچے لوہے کی ایک اسپرنگ ہے۔ کیا ایسی صورت میں اس پر سجدہ صحیح ہے ؟

ج : اگر یہ ان چیزوں میں سے ہے جن پر سجدہ کرنا صحیح ہے اور پیشانی رکھنے اور اس پر دباؤ پڑنے کے بعد وہ ثابت ہو جاتی ہے اور ٹھہر جاتی ہے تو اس پر سجدہ کرنے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

س ۵۰۶ : سجدوں کے بعد بیٹھتے وقت ہم کس پیر کو دوسرے پیر کے اوپر رکھیں ؟

ج : داہنے پیر کو بائیں پیر کے باطنی حصہ پر رکھنا مستحب ہے۔

س ۵۰۷ : رکوع و سجود میں واجب ذکر کے بعد کون سا ذکر بہتر و افضل ہے ؟

ج : واجب ذکر ہی کی اتنی تکرار کرے کہ وہ طاق پر تمام ہو جائے (مثلاً ۳، ۵ ،

۷، ۹) اس کے علاوہ سجود میں دنیوی و اخروی حاجات طلب کرنا بھی مستحب ہے۔

س ۵۰۸ : اگر قاری سامنے نہ ہو بلکہ دیگر ذرائع (مثلاً ریڈیو اور ٹیپ ریکارڈر) کے ذریعہ وہ آیات نشر ہو رہی ہوں جن میں سجدہ واجب ہے تو ان کو سننے کے بعد شرعی فریضہ کیا ہے؟

ج : ٹیپ ریکارڈر وغیرہ کے ذریعہ آیاتِ سجدہ کے سننے سے سجدہ واجب نہیں ہوتا ہے۔ لیکن اگر ریڈیو اور لاؤڈ اسپیکر سے براہ راست زندہ تلاوت نشر ہو رہی ہو، تو بنا بر احتیاط سجدہ واجب ہے۔

نماز میں سلام کے احکام

س ۵۰۹ : کیا بچوں اور بچیوں کے سلام کا جواب دینا واجب ہے ؟

ج : لڑکے لڑکیوں میں سے ممیز بچوں کے سلام کا جواب دینا یوں ہی واجب ہے جیسے مردوں اور عورتوں کے سلام کا جواب دینا واجب ہے ۔

س ۵۱۰ : اگر کسی شخص نے سلام سنا اور غفلت یا کسی دوسری وجہ سے اس کا جواب نہ دیا یہاں تک کہ تھوڑا فاصلہ ہو گیا تو کیا اس کے بعد جواب سلام دینا واجب ہے ؟

ج : اگر اتنی تاخیر ہو جائے کہ اس کو سلام کا جواب نہ کہا جائے تو جواب دینا واجب نہیں ہے ۔

س ۵۱۱ : اگر ایک شخص ایک جماعت پر اس طرح سلام کرے " السلام علیکم جمیعاً " اور ان میں سے ایک نماز پڑھ رہا ہو تو کیا نماز پڑھنے والے پر سلام کا جواب دینا واجب ہے جبکہ حاضرین بھی سلام کا جواب دیں ؟

ج : احتیاط واجب یہ ہے کہ اگر دوسرے جواب دینے والے موجود ہوں تو نمازی جواب دینے میں عجلت نہ کرے ۔

س ۵۱۲ : جو تحیت (مثلاً آداب و بندگی) سلام کے صیغہ کی صورت میں نہ ہو تو اس کا جواب

دینے کے سلسلہ میں آپ کا کیا نظریہ ہے ؟

ج: اگر تحیت قول کی صورت میں ہو اور عرف عام میں اسے تحیت شمار کیا جاتا ہو اور اگر انسان نماز میں ہے تو اس کا جواب دینا جائز نہیں ہے لیکن اگر حالت نماز میں نہ ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ جواب دے۔

س۵۱۳: اگر ایک شخص ایک ہی وقت کئی بار سلام کرے یا متعدد اشخاص سلام کریں تو کیا سب کا ایک ہی مرتبہ جواب دینا کافی ہے ؟

ج: پہلی صورت میں ایک ہی مرتبہ جواب دینا کافی ہے اور دوسری صورت میں ایک صیغہ کے ذریعہ جو سب کو شامل ہو سب کے سلام کا جواب دینا کافی ہے

س۵۱۴: ایک شخص "سلام علیکم" کے بجائے صرف "سلام" کہتا ہے۔ کیا اس کے سلام کا جواب دینا واجب ہے ؟ اور اگر کوئی نابالغ "سلام علیکم" کہے تو کیا اس کا جواب دینا واجب ہے ؟

ج: اگر عرف میں اسے سلام و تحیت کہا جاتا ہے تو اس کا جواب دینا واجب ہے اور اگر سلام کرنے والا بچہ ممیز ہو تو اس کے سلام کا جواب دینا بھی واجب ہے۔

مبطلاتِ نماز

س ۵۱۵ : کیا تشہد میں اَشْہَدُ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیًّا وَلِیُّ اللّٰہ کہنے سے نماز باطل ہوجاتی ہے ؟

ج : ان امور کو، جو واجب نمازوں کے تشہد میں وارد نہیں ہوئے ہیں، اس قصد سے بجالانا کہ وہ شرع میں وارد ہوئے ہیں، یعنی تشہد کا جزء ہیں نماز کو باطل کر دیتا ہے، چاہے وہ امور بذات خود حق اور صحیح ہوں۔

س ۵۱۶ : ایک شخص جو اپنی عبادتوں میں ریاکاری کرتا رہا اور اب وہ اپنے نفس سے جہاد کررہا ہے تو کیا اسے بھی ریاکاری سے تعبیر کیا جائے گا ؟ وہ ریا سے کس طرح اجتناب کرے ؟

ج : قربۃً الی اللہ کے قصد سے عبادات کا بجالانا واجب ہے اور ریا سے نجات حاصل کرنے کے لئے اسے عظمت و شان خدا اور اپنی ضعف و ناتوانی اور اپنے اور تمام انسانوں کے خدا کا محتاج ہونے کے بارے میں غور کرنا چاہئے

س ۵۱۷ : عورتوں پر، حالت نماز میں ہاتھوں کو ایک دوسرے کے اوپر رکھنا واجب ہے یا نہیں؟

ج: واجب نہیں ہے اور اگر ہاتھ باندھنے کی صورت میں ہو تو ناجائز ہے۔

س ۵۱۸: برادران اہل سنت والجماعت کی نماز جماعت میں شرکت کے وقت، امام جماعت کے سورۂ حمد پڑھنے کے بعد بلند آواز سے "آمین" کہی جاتی ہے۔ اس کے بارے میں ہمارے لئے کیا حکم ہے؟

ج: اگر مذکورہ فرض میں تبعیت "آمین" کہنے کا اقتضا کرے تو کوئی حرج نہیں ہے ورنہ جائز نہیں ہے۔

س ۵۱۹: ہم کبھی اثنائے نماز میں بچہ کو کوئی خطرناک کام کرتے ہوئے دیکھتے ہیں تو کیا سورۂ حمد یا دوسرے سورہ یا بعض ذکر کے کچھ کلمات کو بلند آواز سے پڑھ سکتے ہیں تاکہ بچہ متنبہ ہو جائے یا ہم گھر میں موجود کسی شخص کو ملتفت کریں اور اسے خطرہ سے خبردار کردیں تاکہ خطرہ دفع ہو جائے؟ نیز اثنائے نماز میں ہاتھ کو حرکت دینے یا بھوؤں کے ذریعہ کسی شخص کو سمجھانے یا اس کے کسی سوال کا جواب دینے کا کیا حکم ہے؟

ج: اگر آیات و اذکار پڑھتے وقت آواز بلند کرکے دوسروں کو خبردار کرنے سے نماز کی ہیئت (حالت) سے خارج نہ ہو تو اس میں کوئی اشکال نہیں ہے بشرطیکہ قرائت اور ذکر کو، قرائت و ذکر ہی کی نیت سے انجام دیا جائے۔ ہاں حالت نماز میں بولنا یا ایسی حرکت کرنا جو سکون و طمانیت یا نماز کی شکل کے منافی ہو اس سے نماز باطل ہو جاتی ہے۔

س ۵۲۰: اگر اثنائے نماز میں کوئی شخص کسی مضحکہ خیز بات کو یاد کرکے یا کسی مضحکہ خیز امر کی وجہ سے ہنس پڑے تو اس کی نماز باطل ہے یا نہیں؟

ج: اگر ہنسی آواز کے ساتھ ــــ یعنی قہقہہ ــــ ہو تو نماز باطل ہے۔

س۵۲۱: کیا قنوت کے بعد ہاتھوں کو چہرے پر ملنے سے نماز باطل ہوجاتی ہے؟ اگر یہ بطلان کا سبب ہے تو کیا اسے معصیت وگناہ بھی شمار کیا جائے گا؟

ج: اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور نہ یہ نماز کے باطل ہونے کا سبب ہے۔

س۵۲۲: کیا حالتِ نماز میں دونوں آنکھوں کا بند کرنا جائز ہے کیونکہ آنکھیں کھلی رکھنا انسان کی فکر کو نماز سے بہکا دیتا ہے؟

ج: حالتِ نماز میں دونوں آنکھوں کو بند کرنے میں شرع کے لحاظ سے کوئی حرج نہیں ہے۔

س۵۲۳: میں اکثر اثنائے نماز میں ان ایمانی لحظات اور معنوی حالات کو یاد کرتا ہوں جن کے سائے میں میں نے بعثی کافر نظام میں زندگی گزاری تھی، اس سے میرے خشوع میں اضافہ ہوتا ہے، کیا اس سے نماز باطل ہوتی ہے؟

ج: اس سے نماز کی صحت کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

س۵۲۴: اگر دو اشخاص میں تین دن تک دشمنی اور جدائی باقی رہے تو کیا اس سے ان کا نماز روزہ باطل ہوجاتا ہے؟

ج: دو اشخاص کے درمیان دشمنی اور جدائی پیدا ہونے سے نماز روزہ باطل نہیں ہوتا۔

شکیات اور ان کے احکام

س ۵۲۵ : جو شخص نماز کی تیسری رکعت میں ہو اور اسے یہ شک ہو جائے کہ قنوت پڑھا ہے یا نہیں تو اس کا کیا حکم ہے ؟ کیا وہ اپنی نماز کو تمام کرے یا شک پیدا ہوتے ہی توڑ دے ؟

ج : مذکورہ شک کی پروا نہیں کی جائے گی، نماز صحیح ہے اور مکلف کے ذمہ کوئی چیز نہیں ہے۔

س ۵۲۶ : کیا نافلہ نمازوں میں رکعات کے علاوہ کسی اور چیز میں شک کی اعتنا کی جائے گی ؟ مثلاً یہ شک کرے کہ ایک سجدہ یا دونوں سجدے بجالایا ہے یا نہیں ؟

ج : نافلہ کے اقوال و افعال میں شک کی پروا کرنے کا وہی حکم ہے جو واجب نمازوں کے اقوال و افعال میں شک کا ہے، بشرطیکہ انسان محل شک سے نہ گزرا ہو۔ محل شک کے گزر جانے کے بعد شک کی پروا نہیں کرنا چاہئے۔

س ۵۲۷ : کثیر الشک کا حکم یہ ہے کہ وہ اپنے شک کی پروا نہ کرے لیکن اگر اسے نماز میں شک ہو جائے تو اس کا کیا فریضہ ہے ؟

ج : اس کا فریضہ ہے کہ جس چیز کے بارے میں شک ہوا اسے انجام شدہ قرار دے اور اگر اسے انجام شدہ سمجھنے سے خرابی لازم آئے تو اس کے عدم پر بنا رکھے

اس سلسلہ میں رکعات، افعال اور اقوال کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔

س ۵۲۸ : اگر کوئی شخص چند سال کے بعد اس بات کی طرف متوجہ ہو کہ اس کی عبادتیں باطل تھیں یا وہ ان میں شک کرے تو اس کا کیا فریضہ ہے ؟

ج: عمل کے بعد شک کی پروا نہیں کی جاتی اور باطل ہونے کے علم کی صورت میں ان ہی کی قضاء واجب ہے جنھیں بجا لا سکتا ہو۔

س ۵۲۹ : اگر سہواً نماز کے بعض اجزاء کو دوسرے اجزاء کی جگہ بجالائے یا اثنائے نماز میں اس کی نظر کسی چیز پر پڑ جائے یا بھولے سے کچھ کہدے تو اس کی نماز باطل ہے یا نہیں ؟ اور اس پر کیا واجب ہے ؟

ج: نماز میں بھولے سے جو اعمال سرزد ہو جاتے ہیں وہ بطلان کا سبب نہیں ہیں، ہاں بعض موقعوں پر سجدہ سہو کا موجب ہوتے ہیں لیکن کسی رکن میں کمی یا زیادتی ہو جائے تو اس سے نماز باطل ہو جاتی ہے۔

س ۵۳۰ : اگر کوئی اپنی نماز کی ایک رکعت بھول جائے اور پھر آخری رکعت میں اسے یاد آجائے مثلاً پہلی رکعت کو دوسری رکعت خیال کرے اور اس کے بعد تیسری اور چوتھی رکعت بجا لائے لیکن آخری رکعت میں اس بات کی طرف متوجہ ہو کہ یہ تیسری رکعت ہے تو اس کا شرعی فریضہ کیا ہے!

ج: سلام سے قبل اس پر اپنی نماز کی چھوٹی ہوئی رکعت کو بجالانا واجب ہے ، اس کے بعد سلام پھیرے اس حالت میں اگر بھولے سے کچھ زیادہ انجام دیا ہو یا بعض ایسے واجبات چھوٹ جائیں جو رکن نہیں ہیں تو اس پر دو سجدۂ سہو بجالانا واجب ہے اور واجب تشہد کو اس کے مقام پر ترک

کردے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اس کی قضا بھی بجا لائے ۔

س ۵۳۱ : نماز احتیاط کی رکعات کی تعداد کا جاننا کیسے ممکن ہے کہ یہ ایک رکعت ہے یا دو ؟

ج : نماز احتیاط کی رکعتوں کی مقدار اتنی ہی ہوگی جتنی احتمالی طور پر نماز میں چھوٹ گئی ہے ۔پس اگر دو اور چار کے درمیان شک ہو تو دو رکعت نماز احتیاط واجب ہے اور اگر تین اور چار کے درمیان شک ہو تو ایک رکعت نماز احتیاط واجب ہے ۔

س ۵۳۲ : اگر کوئی بھولے سے یا غلطی سے ذکر، آیات قرآن یا دعائے قنوت میں سے کوئی کلمہ (زیادہ) پڑھ لے تو اس پر سجدۂ سہو واجب ہے ؟

ج : واجب نہیں ہے ۔

قضا نماز

س ۵۲۳: میں سترہ سال کی عمر تک احتلام اور غسل وغیرہ کے بارے میں نہیں جانتا تھا اور ان امور کے متعلق کسی سے کوئی بات نہیں سنی تھی، خود بھی جنابت اور غسل واجب ہونے کے معنی نہیں سمجھتا تھا لہٰذا اس عمر تک میرے روزے اور نمازوں میں اشکال ہے، امید ہے کہ مجھے اس فریضہ سے مطلع فرمائیں گے جس کا انجام دینا میرے اوپر واجب ہے؟

ج: ان تمام نمازوں کی قضا واجب ہے جو آپ نے جنابت کی حالت میں پڑھی لیکن اصل جنابت کا علم نہ ہونے کی صورت میں جو روزے جنابت کی حالت میں رکھے ہیں وہ صحیح اور کافی ہیں ان کی قضا واجب نہیں ہے۔

س ۵۲۴: افسوس کہ میں جہالت اور ضعیف الارادہ ہونے کی وجہ سے استمنا، (مشت زنی) کیا کرتا تھا جس کے باعث بعض اوقات نماز نہیں پڑھتا تھا۔ لیکن مجھے یہ معلوم نہیں ہے کہ میں نے کتنے دنوں تک نماز ترک کی ہے اور پھر میں نے مستقل طور سے نماز نہیں چھوڑی تھی بلکہ ان ہی اوقات میں نماز نہیں پڑھتا تھا جن میں مجنب ہوتا تھا اور غسل نہیں کر پاتا تھا میرے خیال میں چھ ماہ کی نماز چھوٹی ہو گی اور میں نے اس مدت کی قضا نمازوں کو ادا کرنے

کا ارادہ کرلیا ہے، آیا ان نمازوں کی قضا واجب ہے یا نہیں؟

ج: جتنی پنجگانہ نمازوں کے بارے میں آپ کو یقین ہے کہ ادا نہیں کی ہیں یا حالت حدث میں پڑھی ہیں، آپ پر ان کی قضا واجب ہے۔

س ۵۳۵: جس شخص کو یہ معلوم نہ ہو کہ اس کے ذمہ قضا نمازیں ہیں یا نہیں اور اگر بالفرض اس کے ذمہ قضا نمازیں ہوں تو کیا اس کی مستحب و نافلہ پڑھی ہوئی نمازیں، قضا نمازیں شمار ہو جائیں گی؟

ج: نوافل و مستحب نمازیں قضا نمازیں شمار نہیں ہوں گی۔ اگر اس کے ذمہ قضا نمازیں ہیں تو ان کو قضا کی نیت سے پڑھنا واجب ہے۔

س ۵۳۶: میں تقریباً سات ماہ قبل بالغ ہوا ہوں اور بالغ ہونے سے چند ہفتے پہلے میں یہ سمجھتا تھا کہ بلوغ کی علامت صرف قمری حساب سے پندرہ سال کامل ہونا ہے۔ مگر میں نے اس وقت ایک کتاب کا مطالعہ کیا جس میں لڑکوں کے بلوغ کی علامات بیان ہوئی ہیں، تو اس میں کچھ اور بھی علامتیں میں نے دیکھیں جو مجھ میں پائی جاتی تھیں لیکن میں یہ نہیں جانتا کہ یہ علامتیں کب سے وجود میں آئی ہیں، کیا اب میرے ذمہ نماز و روزہ کی قضا ہے؟ واضح رہے کہ میں کبھی کبھی نماز پڑھتا تھا اور گذشتہ سال ماہ رمضان کے سارے روزے رکھے ہیں پس اس مسئلہ کا کیا حکم ہے؟

ج: ان تمام روزوں اور نمازوں کی قضا واجب ہے جن کے بالغ ہونے کے بعد چھوٹ جانے کا یقین ہے۔

س ۵۳۷: اگر ایک شخص نے ماہ رمضان میں تین غسل جنابت انجام دیئے مثلاً ایک بیسویں تاریخ ایک چھبیسویں تاریخ اور ایک ستائیسویں تاریخ کو بعد میں اسے یہ یقین

ہوگیا کہ ان میں سے ایک غسل باطل تھا۔ پس اس شخص کے نماز، روزے کا کیا حکم ہے ؟

ج: روزے صحیح ہیں لیکن نماز کی قضا احتیاطاً واجب ہے۔

س ۵۳۸: ایک شخص نے ایک عرصہ تک ناواقفیت کی بنا پر غسل جنابت میں ترتیب کی رعایت نہیں کی تو اس کے روزہ نماز کا کیا حکم ہے ؟

ج: اگر ترتیب کی رعایت نہ کرنا غسل کے باطل ہونے کا سبب ہے جیسے سر وگردن دھونے سے پہلے جسم کا دایاں حصہ دھوئے یا داہنے حصہ سے پہلے بایاں حصہ دھوئے تو جو نمازیں اس نے حدث اکبر کی حالت میں پڑھی ہیں ان کی قضا واجب ہے لیکن اگر وہ اس وقت اپنے غسل کو صحیح سمجھتا تھا تو اس کے روزے صحیح ہیں۔

س ۵۳۹: جو شخص ایک سال کی قضا نمازیں پڑھنا چاہتا ہے، اسے کس طرح پڑھنا چاہئے ؟

ج: اسے کسی ایک نماز سے شروع کرنا چاہئے اور نماز پنجگانہ کی طرح پڑھنا چاہئے۔

س ۵۴۰: اگر ایک شخص پر کئی نمازیں واجب ہیں تو کیا وہ درج ذیل ترتیب کے مطابق ان کی قضا کر سکتا ہے :

۱۔ صبح کی بیس نمازیں پڑھے۔

۲۔ ظہر و عصر کی بیس بیس نمازیں پڑھے۔

۳۔ مغرب و عشاء کی بیس بیس نمازیں پڑھے اور سال بھر اسی طریقہ پر عمل پیرا رہے۔

ج: مذکورہ طریقہ سے قضا نمازیں پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۵۴۱: ایک شخص کا سر زخمی ہو گیا جس کا اثر اس کے دماغ تک پہنچا، اس

کے نتیجے میں اس کا ہاتھ، بایاں پیر اور زبان شل ہو گئی (اس سانحہ کے نتیجے میں وہ) نماز کا طریقہ بھول گیا اور اسے دوبارہ سیکھ بھی نہیں سکتا۔ لیکن کتاب میں پڑھ کر یا کیسٹ سے سن کر نماز کے بعض اجزاء کو سمجھ سکتا ہے، اس وقت نماز کے سلسلہ میں اس کے سامنے دو مشکلیں ہیں:

۱۔ وہ پیشاب کے بعد طہارت نہیں کر سکتا اور نہ وضو کر سکتا ہے۔

۲۔ نماز میں اسے قرائت کی مشکل ہے، اس کا کیا حکم ہے؟ اسی طرح چھ ماہ سے اس کی جو نمازیں چھوٹ گئی ہیں، ان کا کیا حکم ہے؟

ج: اگر وہ دوسروں کی مدد سے ہی وضو یا تیمم کر سکتا ہے تو واجب ہے کہ وہ جس طرح ہو سکے نماز پڑھے چاہے کیسٹ سن کر یا کتاب دیکھ کر یا وہ جس ذریعہ سے پڑھ سکتا ہو۔ اور گزشتہ فوت ہو جانے والی نمازوں کی قضا واجب ہے مگر جس نماز کے پورے وقت وہ بے ہوش رہا ہے اس کی قضا واجب نہیں ہے۔

س ۵۴۲: جوانی کے زمانہ میں مغرب و عشا اور صبح کی نماز سے زیادہ میں نے ظہر و عصر کی نمازیں قضا کی ہیں لیکن نہ میں ان کے تسلسل کو جانتا ہوں نہ ترتیب کو اور نہ ان کی تعداد کو، کیا اس موقع پر اسے نماز دور پڑھنا ہوگی؟ اور نماز دور کیا ہے؟ امید ہے کہ اس کی وضاحت فرمائیں گے۔

ج: ترتیب کی رعایت واجب نہیں ہے، اور جتنی نمازوں کے فوت ہونے کا آپکو یقین ہے۔ ان ہی کی قضا بجالانا کافی ہے اور ترتیب کے حصول کے لئے آپ پر دور کی نماز اور تکرار واجب نہیں ہے۔

س۵۴۳: ایک کافر (بالغ ہونے کے ایک) عرصہ کے بعد اسلام لاتا ہے تو اس پر ان نمازوں اور روزوں کی قضا واجب ہے یا نہیں جو اس نے ادا نہیں کی ہیں؟

ج: واجب نہیں ہے۔

س۵۴۴: شادی کے بعد کبھی کبھی میرے عضوِ مخصوص سے ایک قسم کا سیّال مادہ نکل آتا تھا جسے میں سمجھتا تھا کہ نجس ہے۔ اس لئے غسلِ جنابت کی نیت سے غسل کرتا اور پھر وضو کے بغیر نماز پڑھتا تھا، توضیح المسائل میں اس سیّال مادہ کو "مذی" کا نام دیا گیا ہے، اب یہ فیصلہ نہیں کر پا رہا ہوں کہ جو نمازیں میں نے مجنب ہوئے بغیر غسلِ جنابت کر کے بلا وضو کے پڑھی ہیں ان کا کیا حکم ہے؟

ج: وہ تمام نمازیں جو آپ نے سیّال مادّہ نکلنے کے بعد غسلِ جنابت کر کے وضو کئے بغیر ادا کی ہیں ان کی قضا واجب ہے۔

س۵۴۵: بعض اشخاص نے گمراہ کن پروپیگنڈہ کے زیر اثر کئی سال تک نماز اور دیگر واجبات ترک کر دیئے تھے لیکن امام خمینیؒ کا رسالۂ عملیہ آنے کے بعد انہوں نے خدا سے توبہ کر لی اور اب وہ چھوٹ جانے والے واجبات کی قضا نہیں کر سکتے، ان کا کیا حکم ہے؟

ج: جتنی مقدار میں بھی ممکن ہو ان پر قضا ہو جانے والے واجبات کا ادا کرنا واجب ہے۔

س۵۴۶: ایک شخص مر گیا اور اس کے ذمہ رمضان المبارک کے روزے اور قضا نمازیں تھیں، اس نے کچھ مال چھوڑا ہے اگر اسے صرف کیا جائے تو فقط ماہ مبارک رمضان کے روزوں کی قضا ہو سکتی ہے اور نماز باقی رہے گی یا نماز پڑھوائی جا سکتی ہے اور روزے باقی رہ جاتے ہیں اس صورت میں کس کو مقدم کیا جائے؟

ج: نماز اور روزہ میں (ایک کو دوسرے پر) ترجیح نہیں ہے جب تک انسان زندہ ہے اس پر خود قضا نماز و روزہ ادا کرنا واجب ہے اور جب خود ادا نہ کر سکے تو اس پر واجب ہے کہ آخر عمر میں یہ وصیت کرے کہ میرے ایک تہائی ترکہ سے قضا نمازوں کو اجرت پر ادا کرائیں۔

س ۵۴۷: میں زیادہ تر نمازیں پڑھتا رہا ہوں اور جو چھوٹ گئی ہیں ان کی قضا کی ہے یہ چھوٹ جانے والی نمازیں وہ ہیں جن کے اوقات میں، میں سوتا رہا ہوں یا اس وقت میرا بدن و لباس نجس رہا ہے جن کا پاک کرنا دشوار تھا پس میں یہ کیسے سمجھوں کہ نماز پنجگانہ، نماز قصر اور نماز آیات میں سے میرے ذمہ کتنی نمازیں باقی ہیں؟

ج: جتنی نمازوں کے چھوٹ جانے کا یقین ہے ان ہی کی قضا پڑھنا کافی ہے اور ان میں سے جتنی کے بارے میں آپ کو یہ یقین ہو کہ وہ قصر ہیں یا نماز آیات، انھیں اپنے یقین کے مطابق بجالائیے اور باقی کو نماز پنجگانہ سمجھ کر پوری پڑھئے اس سے زیادہ آپ کے ذمہ کوئی چیز نہیں ہے۔

بڑے بیٹے پر باپ کی قضا نمازیں

س ۵۴۸: میرے والد دماغی فالج کا شکار ہوئے اور اس کے بعد دو سال تک مریض رہے مرض کی بنا پر وہ اچھے برے میں تمیز نہیں کر پاتے تھے یعنی ان سے سوچنے سمجھنے کی قوت ہی سلب ہو گئی تھی، چنانچہ دو برسوں کے دوران انہوں نے نہ روزہ رکھا اور نہ نماز ادا کی۔ میں ان کا بڑا بیٹا ہوں پس کیا مجھ پر ان کے روزہ اور نماز کی قضا واجب ہے؟ جبکہ میں جانتا ہوں کہ اگر وہ مذکورہ مرض میں مبتلا نہ ہوتے تو ان کی قضا مجھ پر واجب تھی۔ امید ہے کہ اس مسئلہ میں میری راہنمائی فرمائیں گے؟

ج: اگر ان کی قوتِ عقلیہ اتنی زیادہ کمزور نہیں ہوئی تھی جس پر جنون کا عنوان صادق آسکے اور نماز کے پورے اوقات میں وہ بے ہوش رہتے تھے تو ان کی فوت ہو جانے والی نمازوں کی قضا واجب ہے۔

س ۵۴۹: اگر ایک شخص مر جائے تو اس کے روزہ کا کفارہ دینا کس پر واجب ہے؟ کیا اس کے بیٹوں اور بیٹیوں پر یہ کفارہ دینا واجب ہے؟ یا کوئی اور شخص بھی دے سکتا ہے؟

ج: جو کفّارہ باپ پر واجب ہے اگر وہ کفّارہ مخیّرہ تھا یعنی وہ روزہ رکھنے

اور کھانا کھلانے پر قدرت رکھتا تھا تو اگر ترکہ میں سے کفّارہ کا دینا ممکن ہے تو اس میں سے نکال کر ادا کیا جائے ورنہ احتیاط واجب ہے کہ بڑا بیٹا روزے رکھے۔

س ۵۵۰: ایک سن رسیدہ آدمی بعض اسباب کی بنا پر اپنے گھر والوں کو چھوڑ کر چلا گیا اور ان سے رابطہ رکھنے سے معذور ہو گیا وہ اپنے باپ کا سب سے بڑا بیٹا ہے۔ اسی زمانے میں اس کے والد کا انتقال ہو گیا۔ وہ باپ کی قضا نماز وغیرہ کی مقدار نہیں جانتا ہے اور استطاعت بھی نہیں رکھتا کہ باپ کی نماز اجارہ پڑھوائے۔ نیز بڑھاپے کی وجہ سے خود بھی باپ کی قضا بجا نہیں لا سکتا پھر وہ کیا کرے؟

ج: باپ کی صرف ان ہی نمازوں کی قضا واجب ہے جن کے فوت ہونے کا علم ہو اور جس طریقے سے بھی ممکن ہو بڑے بیٹے پر باپ کی نمازوں کی قضا واجب ہے۔ ہاں اگر وہ اسے ادا ہی نہ کر سکتا ہو تو معذور ہے۔

س ۵۵۱: اگر کسی شخص کی بڑی اولاد بیٹی ہو اور دوسری اولاد بیٹا ہو تو کیا ماں باپ کی قضا نماز اور روزہ اس بیٹے پر بھی واجب ہے؟

ج: معیار یہ ہے کہ بیٹوں میں سب سے بڑا بیٹا ہو لہٰذا مذکورہ سوال میں باپ کے روزے اور نماز کی قضا اسی بیٹے پر واجب ہے جو باپ کی دوسری اولاد ہے اور ماں کے فوت ہو جانے والے روزے اور نماز کی قضا کا واجب ہونا ثابت نہیں ہے اگرچہ احتیاط مستحب ہے کہ اس کی قضا نماز و روزے بھی ادا کئے جائیں۔

س ۵۵۲: اگر بڑے بیٹے کا باپ سے پہلے انتقال ہو جائے — خواہ بالغ ہو یا

نابالغ ـــــ تو باقی اولاد سے باپ کی قضا ساقط ہو جائے گی یا نہیں ؟

ج : باپ کے روزہ نماز کی قضا اس بڑے بیٹے پر واجب ہے، جو باپ کی وفات کے وقت زندہ ہے خواہ وہ باپ کی پہلی اولاد یا پہلا بیٹا نہ ہو۔

س ۵۵۳ : میں اپنے باپ کی اولاد میں بڑا بیٹا ہوں کیا مجھ پر واجب ہے کہ باپ کے قضا فرائض کی ادائیگی کی غرض سے ان کی زندگی ہی میں ان سے تحقیق کر لوں یا ان پر واجب ہے کہ وہ مجھے ان کی مقدار سے باخبر کریں پس اگر وہ باخبر نہ کریں تو میرا کیا فریضہ ہے ؟

ج : آپ پر تحقیق اور سوال کرنا واجب نہیں ہے لیکن اس سلسلہ میں باپ پر وصیت کرنا واجب ہے۔ بہر حال بڑا بیٹا مکلف ہے کہ اپنے باپ کے انتقال کے بعد اس کے یقینی طور پر چھوٹ جانے والے روزے اور نمازیں ادا کرے۔

س ۵۵۴ : ایک شخص کا انتقال ہوا اور اس کا کل اثاثہ وہ گھر ہے جس میں اس کی اولاد رہتی ہے، اور اس کے ذمہ روزے اور نمازیں باقی رہ گئے ہیں اور بڑا بیٹا اپنی مشغولیتوں کی بنا پر انہیں ادا نہیں کر سکتا، پس کیا اولاد پر واجب ہے کہ وہ اس گھر کو فروخت کر کے باپ کے روزے اور نمازیں ادا کرائیں ؟

ج : جن روزوں اور نمازوں کی قضا باپ پر واجب تھی بہر حال ان کی قضا بڑے بیٹے پر ہے لیکن اگر مرنے والا یہ وصیت کر دے کہ میرے ترکہ کے ایک تہائی حصہ سے اجرت پر نماز، روزہ کی قضا ادا کرائیں اور ترکہ بھی اس امر کے لئے کافی ہو تو ترکہ میں سے ایک تہائی مال اس میں صرف کرنا واجب ہے۔

س ۵۵۵: اگر بڑا بیٹا جس پر باپ کی قضا نماز واجب تھی، مرچکا ہو تو کیا اس قضا کو اس کے وارث ادا کریں گے یا یہ قضا دادا کی اولاد میں سے دوسرے بیٹے پر واجب ہو گی؟

ج: باپ کی جو نمازیں اور روزے بڑے بیٹے پر واجب تھے۔ ان کی قضا اس کے بیٹے پر واجب نہیں ہے اور نہ ہی اس کے بھائی پر واجب ہے۔

س ۵۵۶: جب باپ قطعی طور سے نماز نہ پڑھتا ہو تو کیا اس کی ساری نمازیں قضا ہیں اور بڑے بیٹے پر واجب ہیں؟

ج: احتیاط واجب یہ ہے کہ اس صورت میں بھی اس کی نمازیں پڑھی جائیں۔

س ۵۵۷: جس باپ نے جان بوجھ کر اپنے تمام عبادی اعمال کو ترک کیا ہے کیا بڑے بیٹے پر اس کی تمام نمازوں اور روزوں کا ادا کرنا واجب ہے جن کی مقدار پچاس سال تک پہنچتی ہے؟

ج: بعید نہیں ہے کہ عمداً ترک کرنے کی صورت میں ان کی قضا بڑے بیٹے پر واجب نہ ہو لیکن اس صورت میں بھی اس کی قضا ادا کرنے کی احتیاط کو ترک نہیں کرنا چاہئے۔

س ۵۵۸: جب بڑے بیٹے پر خود اس کی نماز اور روزے کی قضا بھی ہو اور باپ کے روزے اور نمازوں کی قضا بھی ہو تو اس وقت دونوں میں سے کس کو مقدم کرے گا؟

ج: اس صورت میں اسے اختیار ہے جس کو بھی پہلے شروع کرے گا صحیح ہے۔

س ۵۵۹: میرے والد کے ذمہ کچھ قضا نمازیں ہیں لیکن انھیں ادا کرنے کی ان میں استطاعت نہیں ہے اور میں ان کا بڑا بیٹا ہوں، کیا یہ جائز ہے کہ ـــ جبکہ وہ ابھی زندہ ہیں ـــ میں ان کی فوت ہو جانے والی نمازیں بجا لاؤں یا کسی شخص سے اجارہ پر پڑھواؤں؟

ج: زندہ شخص کی قضا نمازوں اور روزوں کی نیابت صحیح نہیں۔

نمازِ جماعت

س۵۶۰ : امام جماعت نماز میں کیا نیت کرے ؟ جماعت کی نیت کرے یا فرادیٰ کی ؟

ج : اگر جماعت کی فضیلت حاصل کرنا چاہتا ہے تو واجب ہے کہ امامت و جماعت کا قصد کرے ۔ اگر امامت کے قصد کے بغیر نماز شروع کرے تو اس کی نماز اور دوسروں کے لئے اس کی اقتداء میں کوئی اشکال نہیں۔

س۵۶۱ : فوجی مراکز میں نماز جماعت کے وقت ـــ جو کہ دفتری کام کے وقت میں قائم ہوتی ہے ـــ بعض کارکن کام کی وجہ سے نماز جماعت میں شریک نہیں ہو پاتے ۔ اگرچہ وہ اس کام کو دفتری اوقات کے بعد یا دوسرے دن بھی انجام دے سکتے ہیں۔ کیا اس عمل کو نماز کو سبک سمجھنے سے تعبیر کیا جائے گا ؟

ج : فی نفسہ نماز جماعت میں شرکت واجب نہیں ہے لیکن اوّل وقت اور جماعت کی فضیلت حاصل کرنے کے لئے بہتر یہ ہے کہ دفتری امور کو اس طرح منظم کریں جس سے وہ اس الٰہی فریضہ کو کم سے کم وقت میں جماعت کے ساتھ انجام دے سکیں۔

س۵۶۲ : ان مستحب اعمال، جیسے مستحب نماز یا دعائے توسل اور دوسری دعاؤں کے بارے میں

آپ کا کیا نظریہ ہے جو سرکاری اداروں میں نماز سے پہلے یا بعد میں یا اثنائے نماز میں پڑھی جاتی ہیں جن میں نماز جماعت سے بھی زیادہ وقت صرف ہوتا ہے۔

ج: جو مستحب اعمال اور دعائیں، الٰہی فریضہ اور اسلامی شعائر یعنی نماز جماعت کے ساتھ انجام پاتے ہیں اگر دفتری وقت کے ضائع ہونے اور دفتری کاموں کی تاخیر کے موجب ہوتے ہوں تو ان میں اشکال ہے۔

س ۵۶۳: کیا اس جگہ دوسری نماز جماعت قائم کرنا صحیح ہے جہاں سے بچاس یا سو میٹر کی دوری پر بے پناہ نماز گزاروں کے ساتھ ایک جماعت برپا ہوتی ہے اور اذان اور اقامت کی آواز بھی سنی جاتی ہے؟

ج: ایسی دوسری جماعت قائم کرنے میں کوئی اشکال نہیں ہے لیکن مومنین کے شایان شان ہے کہ وہ ایک ہی جگہ جمع ہوں اور ایک جماعت میں شریک ہوں تاکہ نماز جماعت کی عظمت میں چار چاند لگ جائیں۔

س ۵۶۴: جب مسجد میں نماز جماعت قائم ہوتی ہے اس وقت ایک شخص یا چند اشخاص اس قصد سے اپنی فرادی نماز شروع کرتے ہیں کہ امام جماعت کی نااہلی یا بے عدالتی ثابت ہو جائے، اس عمل کا کیا حکم ہے؟

ج: اس میں اشکال ہے کیونکہ نماز جماعت کی تضعیف کرنا جائز نہیں ہے لیکن ہے اسی طرح اس امام جماعت کی اہانت اور بے عزتی کرنا بھی جائز نہیں ہے جس کو لوگ عادل سمجھتے ہوں۔

س ۵۶۵: ایک محلہ میں متعدد مساجد ہیں اور سب میں نماز جماعت ہوتی ہے اور ایک مکان

دومسجدوں کے درمیان واقع ہے اس طرح کہ ایک مسجد اس سے دس گھروں کے فاصلہ پر واقع ہے اور دوسری دو ہی گھروں کے بعد ہے اور اس گھر میں نماز جماعت برپا ہوتی ہے، اس کا کیا حکم ہے ؟

ج: ضروری ہے کہ نماز جماعت کو اتحاد و الفت کے لئے قائم کیا جائے نہ کہ اختلاف و افتراق کا ذریعہ بنایا جائے۔ مسجد سے متصل گھر میں نماز جماعت قائم کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اگر اختلاف و پراگندگی کا سبب نہ ہو۔

س ۵۶۶: کیا کسی شخص کے لئے جائز ہے کہ وہ مسجد کے امام راتب — جس کی مساجد کے مرکز نے تائید کی ہے — کی اجازت کے بغیر اس مسجد میں نماز جماعت قائم کرے ؟

ج: نماز جماعت قائم کرنا امام راتب کی اجازت پر موقوف نہیں ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ جب نماز جماعت قائم کرنے کے لئے امام راتب مسجد میں موجود ہو تو اس سے مزاحمت نہ کی جائے بلکہ اکثر یہ مزاحمت حرام ہوتی ہے جبکہ فتنہ و شر کے بھڑک اٹھنے کا سبب ہو۔

س ۵۶۷: اگر امام جماعت کبھی غیر شائستہ بات کہے یا ذوق سے ہٹ کر ایسا مذاق کرے جو کہ عالم دین کے شایان شان نہ ہو تو کیا اس سے عدالت ساقط ہو جاتی ہے ؟

ج: اس چیز کو نماز گزار طے کریں گے اور اگر ایسا مذاق اور کلام شریعت کے خلاف اور مروّت کے منافی نہ ہو تو اس سے عدالت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

س ۵۶۸: کیا امام جماعت کی کماحقّہ معرفت نہ ہونے کے باوجود اقتدا کی جا سکتی ہے ؟

ج: اگر ماموم کے نزدیک کسی بھی طریقہ سے امام کی عدالت ثابت ہو جائے

تو اس کی اقتداء جائز ہے اور جماعت صحیح ہے۔

س ۵۶۹ : اگر ایک شخص کسی دوسرے شخص کو عادل و متقی سمجھتا ہے اور اسی لمحہ اس بات کا بھی معتقد ہے کہ اس نے بعض موقعوں پر ظلم کیا ہے تو کیا وہ اسے عمومی حیثیت سے عادل سمجھ سکتا ہے؟

ج : جب تک اس شخص کے بارے میں ــــ جس کو اس نے ظالم سمجھا ہے ــــ یہ ثابت نہ ہو جائے کہ اس نے وہ کام علم و ارادہ اور اختیار سے یا کسی شرعی جواز کے بغیر انجام دیا ہے اس وقت تک وہ اس کے فاسق ہونے کا حکم نہیں لگا سکتا۔

س ۵۷۰ : کیا ایسے امام حاضر کی اقتداء کی نیت کرنا جائز ہے جس کا نہ نام جانتا ہو اور نہ اس کا چہرہ دیکھا ہو؟

ج : جب کسی بھی طریقہ سے یہ اطمینان ہو جائے کہ امام حاضر عادل ہے تو اس کی اقتداء صحیح ہے۔

س ۵۷۱ : کیا ایسے امام جماعت کی اقتداء کرنا جائز ہے جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے کی قدرت رکھتا ہے لیکن نہیں کرتا؟

ج : صرف امر بالمعروف نہ کرنا جو ممکن ہے مکلّف کی نظر میں کسی قابل قبول عذر کی بنا پر ہو عدالت میں خدشہ پیدا کرنے کا سبب نہیں ہوتا اور نہ اس کی اقتداء کی راہ میں رکاوٹ ہے۔

س ۵۷۲ : آپ کے نزدیک عدالت کے کیا معنی ہیں؟

ج : یہ ایک نفسانی حالت ہے جو ایسا تقویٰ اختیار کرنے کا باعث ہوتی ہے جو انسان کو شرعی محرّمات کے ارتکاب سے روکتا ہے۔ اس کے اثبات

کے لئے اس شخص کے ظاہر کا اچھا ہونا کافی ہے جو عام طور پر عدالت کا گمان پیدا کرتا ہے۔

س ۵۷۳ : ہم چند جوان ہیں مجلسوں اور امام بارگاہوں میں ایک جگہ بیٹھتے ہیں جب نماز کا وقت ہوتا ہے تو اپنے درمیان میں سے کسی ایک عادل شخص کو نماز جماعت کے لئے آگے بڑھا دیتے ہیں لیکن بعض برادران اس نماز پر اعتراض کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ امام خمینیؒ نے غیر عالم دین کے پیچھے نماز پڑھنے کو حرام قرار دیا ہے پس ہمارا کیا فریضہ ہے ؟

ج : یہ برادران عزیز اگر آسانی سے ایسے عالم دین کے پیچھے نماز پڑھ سکتے ہیں جس کو وہ اقتداء کا اہل بھی سمجھتے ہوں، چاہے انھیں محلہ کی مسجد میں جانا پڑے تو اس صورت میں غیر عالم دین کی اقتدا نہیں کرنا چاہیئے بلکہ غیر عالم دین کی اقتدار بعض حالات میں اشکال سے خالی نہیں ہے۔

س ۵۷۴ : کیا دو اشخاص سے نماز جماعت قائم ہو سکتی ہے ؟

ج : اگر ایک امام اور ایک ماموم سے تشکیل جماعت مراد ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۵۷۵ : جب ماموم ظہر و عصر کی نماز با جماعت پڑھتے ہوئے حمد و سورہ خود پڑھے، اس فرض کے ساتھ کہ حمد و سورہ پڑھنا اس سے ساقط ہے لیکن اگر اس نے اپنے ذہن کو اِدھر اُدھر بھٹکنے سے بچانے کے لئے ایسا کر لیا تو اس کی نماز کا کیا حکم ہے ؟

ج : اخفاتی نماز جیسے ظہر و عصر کی نمازوں میں، جب امام حمد و سورہ پڑھ رہا ہو اس وقت ماموم پر خاموش رہنا واجب ہے، قرائت اس کے لئے جائز نہیں ہے اپنے ذہن کو متمرکز کرنے کی غرض ہی سے ہو۔

س ۵۷۶ : اگر کوئی امام جماعت ٹریفک کے تمام قوانین کی رعایت کرتے ہوئے موٹر سائیکل سے نماز جماعت پڑھانے جاتا ہو تو اس کا کیا حکم ہے ؟

ج : اس سے عدالت اور امامت کی صحت پر کوئی حرف نہیں آتا مگر یہ کہ وہاں کے لوگوں کی نظر میں یہ چیز شان و مروت کے منافی اور معیوب ہو ۔

س ۵۷۷ : جب ہمیں نماز جماعت نہیں مل پاتی اور ختم کے قریب ہوتی ہے تو ہم ثواب جماعت حاصل کرنے کی غرض سے تکبیرۃ الاحرام کہہ کر دو زانو بیٹھ جاتے ہیں اور امام کے ساتھ تشہد پڑھتے ہیں اور امام کے سلام پھیرنے کے بعد کھڑے ہو جاتے ہیں اور پہلی رکعت پڑھتے ہیں تو سوال یہ ہے کہ کیا چار رکعتی نماز کی دوسری رکعت کے تشہد میں بھی ہم ایسا کر سکتے ہیں ؟

ج : مذکورہ طریقہ امام جماعت کی نماز کے آخری تشہد سے مخصوص ہے تاکہ جماعت کا ثواب حاصل کیا جا سکے ۔

س ۵۷۸ : کیا امام جماعت کے لئے نماز کی اجرت لینا جائز ہے ؟

ج : جائز نہیں ہے ۔

س ۵۷۹ : کیا امام جماعت کو عید یا کوئی بھی دو نمازوں کی ایک وقت میں امامت کرنا جائز ہے؟

ج : نماز پنجگانہ میں امام کا دوسرے ماموین کیلئے نماز جماعت کا ایک بار اعادہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، بلکہ مستحب ہے لیکن نماز عید کا اعادہ کرنے میں اشکال ہے ۔

س ۵۸۰ : جب امام عشا کی نماز کی تیسری یا چوتھی رکعت میں اور ماموم دوسری میں ہو تو کیا ماموم حمد و سورہ کو بلند آواز سے پڑھ سکتا ہے ؟

ج : واجب ہے کہ دونوں کو آہستہ پڑھے ۔

س ۵۸۱: نماز جماعت کے سلام کے بعد نبی اکرمؐ پر صلواۃ کی آیت پڑھی جاتی ہے۔ اس کے بعد نمازگزار محمدؐ وآل محمدؐ پر تین مرتبہ درود بھیجتے ہیں اور اس کے بعد تین مرتبہ تکبیر کہتے ہیں اس کے بعد سیاسی (یعنی دعا اور برائت کے جملے کہے جاتے ہیں جنھیں مومنین بلند آواز سے دہراتے ہیں) کیا اس میں کوئی حرج ہے؟

ج: آیۂ صلوات پڑھنے اور محمدؐ وآل محمدؐ پر درود بھیجنے میں نہ صرف کوئی حرج نہیں بلکہ یہ مستحسن اور راجح ہے اور اس میں ثواب ہے اور اسی طرح اسلامی اور اسلامی انقلاب کے نعرے "تکبیر اور اس کے ملحقات" جو کہ اسلامی انقلاب کے پیغام و مقاصد کی یاد تازہ کرتے ہیں وہ بھی مطلوب ہیں۔

س ۵۸۲: اگر ایک شخص نماز جماعت میں شرکت کی غرض سے مسجد میں دوسری رکعت میں پہنچے اور مسئلہ سے ناواقفیت کی وجہ سے بعد والی رکعت میں تشہد و قنوت، جن کا بجالانا واجب تھا نہ بجالائے تو کیا اس کی نماز صحیح ہے؟

ج: نماز صحیح ہے لیکن تشہد کی قضا اور دو سجدۂ سہو بجالانا واجب ہے۔

س ۵۸۳: نماز میں جس کی اقتدا کی جارہی ہے کیا اس کی رضامندی شرط ہے؟ اور کیا ماموم کی اقتدا کرنا صحیح ہے؟

ج: اقتداء کے صحیح ہونے میں امام جماعت کی رضامندی شرط نہیں ہے اور اس شخص کی اقتداء جو نماز میں ماموم ہوتا ہے، صحیح نہیں ہے۔

س ۵۸۴: دو اشخاص ایک امام اور دوسرا ماموم جماعت قائم کرتے ہیں، تیسرا شخص آتا ہے وہ دوسرے (یعنی ماموم) کو امام سمجھتا ہے اور اس کی اقتداء کرتا ہے اور نماز سے فراغت کے بعد اسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ امام نہیں بلکہ ماموم تھا پس اس تیسرے شخص کی نماز کا کیا حکم ہے؟

ج: ماموم کی اقتداء صحیح نہیں ہے لیکن جب نہ جانتا ہو اور اقتداء کر لے اور رکوع و سجود میں اس نے اپنے انفرادی فریضہ پر عمل کیا ہو یعنی عمداً و سہواً کسی رکن کی کمی زیادتی نہ کی ہو تو اس کی نماز صحیح ہے۔

س ۵۸۵: جو شخص نماز عشا پڑھنا چاہتا ہے کیا اس کے لئے جائز ہے کہ اس جماعت میں شریک ہو جو مغرب کی نماز پڑھ رہی ہے؟

ج: اس میں کوئی حرج نہیں۔

س ۵۸۶: مکان کی بلندی اور پستی میں اگر ماموم امام کی رعایت نہ کرے تو کیا یہ ان کی نماز کے باطل ہونے کا سبب بن سکتا ہے؟

ج: اگر امام کے کھڑے ہونے کی جگہ ماموین کے کھڑے ہونے کی جگہ سے اتنی بلند ہو جس کی اجازت نہیں ہے تو وہ ان کی جماعت کے باطل ہونے کا سبب ہو گی۔

س ۵۸۷: اگر نماز جماعت کی ایک صف ان لوگوں سے تشکیل پائی ہے جن کی نماز قصر ہے اور اس کے بعد والی صف ان لوگوں کی ہے جن کی نماز پوری ہے اس صورت میں اگر اگلی صف والے دو رکعت نماز تمام کرنے کے فوراً بعد اگلی دو رکعت کی اقتداء کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں تو ان کے بعد کی صف والوں کی آخری دو رکعت کی جماعت صحیح ہے یا نہیں۔؟

ج: بالفرض اگلی صف میں تمام افراد کی نماز قصر ہو تو بعد والی صفوں کی جماعت کا صحیح ہونا محل اشکال ہے اور احتیاط واجب ہے کہ جب پہلی صف والے سلام کی نیت سے بیٹھ جائیں تو بعد والی صف والے فرادی کی نیت کر لیں۔

س ۵۸۸: جب ماموم نماز کے لئے پہلی صف کے آخری سرے پر کھڑا ہو تو کیا وہ ان ماموین سے

کی نیّت کر لینا اور حمد و سورہ پڑھنا واجب ہے۔

س ۵۹۵ : جب نماز جماعت کی تیسری یا چوتھی صف میں مدرسوں کے نابالغ بچے نماز کیلئے کھڑے ہوں اور ان کے بعد چند بالغ اشخاص کھڑے ہوں تو اس حالت میں نماز کا کیا حکم ہے ؟

ج مذکورہ فرض میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

س ۵۹۶ : امام جماعت نے اگر غسل کے بدلے معذور ہونے کے سبب تیمم کیا ہو تو یہ نماز جماعت پڑھانے کے لئے کافی ہے یا نہیں ؟

ج اگر وہ شرعی اعتبار سے معذور ہے تو غسل جنابت کے بدلے تیمم کر کے امامت کر سکتا ہے اور اس کی اقتدا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

امام جماعت کی غلط قرائت کا حکم

س ۵۹۷: کیا قرائت صحیح ہونے کے مسئلہ میں فرادی نماز نیز ماموم یا امام کی نماز کے درمیان کوئی فرق ہے؟ یا قرائت کی صحت کا مسئلہ ہر حال میں ایک ہی ہے؟

ج: اگر مکلّف کی قرائت صحیح نہ ہو اور وہ سیکھنے پر بھی قدرت نہ رکھتا ہو تو اسکی نماز صحیح ہے لیکن دوسروں کا اس کی اقتدا کرنا صحیح نہیں ہے۔

س ۵۹۸: حروف کے مخارج کے اعتبار سے بعض ائمہ جماعت کی قرائت صحیح نہیں ہے پس کیا ان کی اقتداء ایسے لوگوں کے لئے صحیح ہے جو حروف کو صحیح طریقہ سے ان کے مخارج سے ادا کرتے ہوں۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ تم پر جماعت سے نماز پڑھنا واجب ہے اور اس کے بعد نماز کا اعادہ کرنا بھی واجب ہے، لیکن میرے پاس اعادہ کرنے کا وقت نہیں ہے پس میرا کیا فریضہ ہے؟ اور کیا میں جماعت میں شریک ہونے کے بعد اخفاتی طریقے حمد و سورہ پڑھ سکتا ہوں؟

ج: جب ماموم کی نظر میں امام کی قرائت صحیح نہ ہو تو اس کی اقتداء اور جماعت باطل ہے اور اگر اعادہ کرنے پر قادر نہ ہو تو اقتدا نہ کرنے میں کوئی مانع نہیں ہے

لیکن جہری نماز میں آہستہ سے حمد و سورہ پڑھنا، جس سے امام جماعت کی اقتدار کا اظہار ثابت ہو، صحیح نہیں ہے اور نہ مجزی ہے ۔

س۵۹۹ : بعض لوگوں کا خیال ہے کہ چند ائمہ جمعہ کی قرائت صحیح نہیں ہے یا تو وہ حرف کو اس طرح ادا نہیں کر پاتے کہ جس سے وہ حرف شمار کیا جائے یا حرکت کو اس طرح بدل دیتے ہیں جس سے وہ حرکت شمار نہیں ہوتی، کیا ان کے پیچھے پڑھی جانے والی نماز و ںکے اعادہ کے بغیر ان کی اقتداء صحیح ہے ؟

ج : قرائت کے صحیح ہونے کا معیار عربی زبان کے علماء کے مقرر کردہ قانون کے مطابق یہ ہے کہ حروف کو ان کے مخارج سے اس طرح ادا کیا جائے کہ اہل زبان یہ کہیں کہ وہی حرف ادا ہوا ہے نہ کہ دوسرا ۔ ساتھ ہی ان حروف کی بنیادی حرکات اور کلمہ کی ہیئت میں دخیل تلفظ کی رعایت کی جائے ۔ پس اگر ماموم امام کی قرائت کو قواعد کے مطابق نہ پائے اور اس کی قرائت صحیح نہ ہو تو اس کی اقتدار کرنا صحیح نہیں ہے اور اگر اس صورت میں اس کی اقتدار کرے تو اس کی نماز صحیح نہ ہوگی اور دوبارہ پڑھنا واجب ہوگا ۔

س۶۰۰ : اگر امام جماعت کو اثنائے نماز میں کسی کلمہ کے محل سے گزر جانے کے بعد اس کے تلفظ کی کیفیت میں شک ہو جائے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد متوجہ ہو کہ اس نے کلمہ کے تلفظ میں غلطی کی ہے تو اس کی اور ماموین کی نماز کا کیا حکم ہے ؟

ج : نماز صحیح ہے ۔

س ۶۰۱ : قرآن کے مدرّس اور اس شخص کی نماز کا شرعی حکم کیا ہے جو تجوید کے اعتبار سے امام جماعت کی نماز کو غلط سمجھتا ہے ایسی حالت میں اگر وہ جماعت میں شرکت نہ کرے تو لوگ اس پر مختلف قسم کی ناروا تہمتیں لگاتے ہیں؟

ج : اگر ماموم کی نظر میں امام کی قرائت صحیح نہیں ہوگی تو اس کے معنی یہ ہیں کہ ماموم کی نظر میں اس کی نماز بھی صحیح نہیں ہے ، ایسی صورت میں وہ اس کی اقتداء نہیں کر سکتا لیکن عقلائی مقصد کے لئے اپنی شرکت ظاہر کرنے میں کوئی مانع نہیں ہے ۔

معلول وناقص کی امامت

س ۶۰۲: درج ذیل صورتوں میں معلول امام کی اقتداء کا کیا حکم ہے ؟

۱۔ وہ معلول و معذور جن کے بدن کا کوئی عضو کٹا تو نہیں ہے لیکن پیر کے شل ہو جانے کی وجہ سے وہ عصا یا دیوار کا سہارا لے کر کھڑے ہوتے ہیں۔

۲۔ وہ معلول افراد جن کے ہاتھ یا پیر کی انگلی کی ایک پور یا پوری انگلی کٹی ہوئی ہو۔

۳۔ وہ معلول افراد جن کے ہاتھ یا ایک پیر کا کچھ حصہ یا دونوں کا کچھ حصہ کٹا ہو۔

۴۔ وہ معلول افراد جن کے ہاتھ یا پیر کی تمام انگلیاں یا دونوں کی تمام انگلیاں کٹی ہوں۔

۵۔ وہ معلول افراد جن کے بدن کا کوئی ایک عضو نہ ہو اور ہاتھوں سے معذور ہونے کے سبب وضو کرتے وقت کسی سے مدد لیتے ہوں۔

ج: تمام صورتوں میں اگر قیام میں استقرار ہو اور وہ نماز کے افعال و اذکار کی حالت میں استقرار اور اطمینان کو برقرار رکھ سکتا ہو اور ساتوں اعضاء پر کامل رکوع و سجود کر سکتا ہے اور صحیح وضو کرنے پر بھی قادر ہو، اور اس میں امامت کے تمام شرائط بھی پائے جاتے ہوں تو دوسروں کیلئے

نماز میں اس کی اقتداء کرنے میں کوئی اشکال نہیں ہے اور اگر یہ باتیں نہ ہوں تو صحیح و کافی نہیں ہے۔

س ۶۰۳: میں ایک دینی طالب علم ہوں، آپریشن کی وجہ سے میرا دایاں ہاتھ کٹ چکا ہے۔ کچھ عرصہ پہلے مجھے یہ معلوم ہوا کہ امام خمینیؒ کامل کے لیے ناقص کی امامت کو صحیح نہیں سمجھتے ہیں لہٰذا آپ سے گزارش ہے کہ ان ماموین کی نماز کا حکم بیان فرمائیں جنہوں نے ابھی تک میری امامت میں نماز پڑھی ہے؟

ج: ماموین کی گزشتہ نمازیں اور ان لوگوں کی نمازیں جنہوں نے حکم شرعی سے ناواقفیت کی بناپر آپ کی اقتداء کی ہے، صحیح ہیں۔ نہ ان پر قضا واجب ہے نہ اعادہ۔

س ۶۰۴: میں دینی طالبعلم ہوں اور اسلامی جمہوریہ ایران پر مسلط جنگ میں میرے پاؤں کی انگلیاں زخمی ہوگئیں البتہ انگوٹھا مکمل طور پر سالم ہے اور اس وقت میں ایک امام بارگاہ میں امام جماعت ہوں۔ اس میں کوئی شرعی اشکال ہے یا نہیں؟ امید ہے کہ بیان فرمائیں گے؟

ج: اگر پیر کا انگوٹھا صحیح و سالم ہے اور اثنائے سجود میں اسے زمین پر رکھا جاسکتا ہے تو ایسی حالت میں آپ کے امام جماعت ہونے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

نماز جماعت میں عورتوں کی شرکت

س ۶۰۵ : کیا شارع مقدس نے عورتوں کو بھی مسجدوں میں نماز جماعت یا نماز جمعہ اداکرنے کی اسی طرح ترغیب دلائی ہے جس طرح مردوں کو، یا عورتوں کا گھر میں نماز پڑھنا افضل ہے؟

ج : اگر عورتیں جماعت میں شرکت کرنا چاہتی ہیں تو ان کی شرکت میں کوئی اشکال نہیں ہے اور ان کو جماعت کا ثواب ملے گا۔

س ۶۰۶ : عورت کب امام جماعت بن سکتی ہے۔

ج : عورت کا عورتوں کی نماز جماعت کے لئے امام بننا جائز ہے۔

س ۶۰۷ : جب عورتیں (مردوں کی طرح) نماز جماعت میں شریک ہوتی ہوں تو استحباب وکراہت کے لحاظ سے اس کا کیا حکم ہے؟

ج : الف : جب وہ مردوں کے پیچھے کھڑی ہوں تو اس وقت ان کا کیا حکم ہے؟

ب : کیا مردوں کے پیچھے ان کی نماز جماعت کے لئے کسی حائل یا پردے کی ضرورت ہے؟ اور اگر نماز میں وہ مردوں کے برابر کھڑی ہوں تو پردہ کے لحاظ سے کیا حکم ہے؟

اس پہلو کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ جماعت اور خطبہ کے دوران اور دوسرے مراسم میں عورتوں کا پردہ کے پیچھے کھڑے ہونا ان کی اہانت اور کسر شان ہے ؟

ج: عورتوں کے نماز جماعت میں شریک ہونے میں کوئی اشکال نہیں ہے اور جب وہ مردوں کے پیچھے کھڑی ہوں تو پردے اور حائل کی ضرورت نہیں ہے لیکن جب مردوں کے ایک جانب کھڑی ہوں تو نماز میں عورتوں کے مرد کے محاذی کھڑے ہونے کی کراہت کو رفع کرنے کے لئے حائل کی ضرورت ہے۔ اور یہ توہم کہ حالت نماز میں مرد و عورت کے درمیان حائل کا وجود عورت کی شان گھٹانے اور اس کی عظمت کو گرانے کا موجب ہے۔ فقط ایک خیال ہے جس کی کوئی اساس نہیں ہے مزید یہ کہ فقہ میں اپنی ذاتی رائے کا داخل کرنا جائز نہیں ہے۔

س ۶۰۸: حالت نماز میں مردوں اور عورتوں کی صفوں کے درمیان پردے اور حائل کے بغیر اتصال اور عدم اتصال کی کیا کیفیت ہے ؟

ج: عورتیں فاصلہ کے بغیر مردوں کے پیچھے کھڑی ہوں۔

اہل سنت کی اقتداء

س۶۰۹: کیا اہل سنت کی اقتدا میں نماز جائز ہے؟

ج: وحدت اسلامی کی خاطر ان کے پیچھے نماز جماعت پڑھنا جائز ہے۔

س۶۱۰: میں کردنشین علاقہ میں ملازمت کرتا ہوں وہاں ائمہ جمعہ و جماعات کی اکثریت اہل سنت کی ہے۔ ان کی اقتداء کے سلسلے میں کیا حکم ہے؟ اور کیا ان کی غیبت جائز ہے؟

ج: ان کے ساتھ ان کی جماعت اور نماز جمعہ میں شرکت کرنے میں کوئی اشکال نہیں ہے اور غیبت سے پرہیز کرنا لازم ہے۔

س۶۱۱: اہل سنت کے ساتھ معاشرت اور ان کے ساتھ میل جول کی بنا پر نماز پنجگانہ میں شرکت کے دوران بعض موقعوں پر ہم بھی ان ہی کی طرح عمل کرتے ہیں مثلاً ہاتھ باندھ کر نماز پڑھنا اور اپنے وقت کی رعایت و پابندی نہ کرنا اور جا نماز پر سجدہ کرنا، تو کیا ایسی نماز کا اعادہ کرنا ضروری ہے؟

ج: اگر اسلامی اتحاد ان تمام چیزوں کا تقاضا کرے تو ان کے ساتھ نماز پڑھنا صحیح اور کافی ہے یہاں تک کہ مصلّے پر سجدہ وغیرہ میں بھی کوئی

مضائقہ نہیں ہے لیکن ان کے ساتھ ہاتھ باندھنا جائز نہیں۔ مگر یہ کہ حالات اور ضرورت اس کا بھی تقاضا کریں۔

س ۶۱۲: مکہ اور مدینہ میں ہم اہل سنت کے ساتھ نماز جماعت پڑھتے ہیں اور ایسا اس لئے کرتے ہیں کہ امام خمینیؒ کا فتویٰ ہے۔ اور بعض اوقات مسجدوں میں نماز کی فضیلت حاصل کرنے کی غرض سے ظہر و مغرب کی نماز کے بعد، عصر و عشاء کی نمازیں ہم اہل سنت کی مساجد میں سجدہ گاہ کے بغیر فرادیٰ پڑھتے ہیں، ان نمازوں کا کیا حکم ہے؟

ج: مذکورہ فرض میں نماز صحیح ہے۔

س ۶۱۳: ہم شیعہ دوسرے شہروں میں اہل سنت کی نماز میں کیسے شرکت کریں جبکہ وہ ہاتھ باندھ کر نماز پڑھتے ہیں؟ اور کیا ان کی طرح ہاتھ باندھنا ہمارے اوپر واجب ہے یا ہم ہاتھ باندھے بغیر نماز پڑھیں؟

ج: اگر اسلامی اتحاد کی رعایت مقصود ہو تو اہل سنت کی اقتداء جائز ہے اور ان کے ساتھ نماز پڑھنا صحیح و کافی ہے، لیکن نماز میں ہاتھ باندھنا واجب نہیں ہے بلکہ جائز بھی نہیں ہے مگر یہ کہ وہاں حالات اسی کے متقاضی ہوں۔

س ۶۱۴: اہل سنت کی نماز جماعت میں شرکت کے وقت قیام کی حالت میں دونوں طرف کھڑے ہوئے اشخاص کے پیروں کی چھوٹی انگلی سے انگلی ملانے کا کیا حکم ہے جبکہ وہ اس کو لازم سمجھتے ہیں؟

ج: یہ واجب نہیں ہے، لیکن اگر ایسا کرے تو اس سے نماز کی صحت متأثر

نہیں ہوتی۔

س ۶۱۵: اہل سنت وقت اذان مغرب سے قبل ہی مغرب کی نماز پڑھتے ہیں کیا جج کے زمانہ میں یا اس کے علاوہ ہمارے لئے ان کی اقتدا کرنا اور اس نماز پر اکتفا کرنا صحیح ہے!

ج: یہ معلوم نہیں ہے کہ وہ وقت سے پہلے نماز پڑھتے ہیں لیکن اگر مکلّف کے لئے وقت ثابت نہ ہوا ہو تو اس کا نماز میں شامل ہونا صحیح نہیں ہے ہاں اگر اسلامی اتحاد مقصود ہو تو اس وقت ان کے ساتھ نماز پڑھے اور اس پر اکتفا کرنے میں کوئی مانع نہیں ہے۔

نماز جمعہ

س ٦١٦ : نماز جمعہ میں شریک ہونے کے بارے میں آپ کا کیا نظریہ ہے ؟ جبکہ ہم حضرت امام زمانہ علیہ السلام کی غیبت کے زمانہ میں زندگی گزار رہے ہیں، اور اگر بعض اشخاص امام جمعہ کو عادل نہ مانتے ہوں تو نماز جمعہ میں شرکت کی تکلیف ان سے ساقط ہے یا نہیں ؟

ج : نماز جمعہ اگرچہ دور حاضر میں واجب تخییری ہے اور اس میں حاضر ہونا واجب نہیں ہے لیکن نماز جمعہ میں شرکت کے فوائد و اہمیت کے پیش نظر صرف امام جمعہ کی عدالت میں شک یا بیہودہ عذر کی بنا پر مومنین خود کو ایسی نماز کی برکتوں سے محروم نہ کریں۔

س ٦١٧ : مسئلہ، نماز جمعہ میں واجب تخییری کے کیا معنی ہیں ؟

ج : اس کے معنی یہ ہیں کہ جمعہ کے دن مکلف کو اختیار ہے کہ خواہ وہ نماز جمعہ پڑھے یا نماز ظہر۔

س ٦١٨ : نماز جمعہ کو اہمیت نہ دیتے ہوئے نماز جمعہ میں شرکت نہ کرنے کے سلسلہ میں آپ کا کیا نظریہ ہے ؟

ج: عبادی و سیاسی پہلو رکھنے والی اس نماز جمعہ کو اہمیت نہ دیتے ہوئے شرکت نہ کرنا شرعی لحاظ سے مذموم ہے۔

س ۶۱۹: کچھ لوگ بیہودہ اور بے کار عذر کی بنا پر نماز جمعہ میں شریک نہیں ہوتے اور بعض اوقات نظریاتی اختلاف کے باعث شرکت نہیں کرتے اس سلسلہ میں آپ کا کیا نظریہ ہے؟

ج: نماز جمعہ اگرچہ واجب تخییری ہے لیکن اس پر کوئی شرعی دلیل نہیں ہے کہ اس میں مستقل طور پر شرکت نہ کی جائے۔

س ۶۲۰: نماز ظہر کا عین اس وقت جماعت سے منعقد کرنا، جب نماز جمعہ تھوڑے فاصلہ پر برپا ہو رہی ہو جائز ہے یا نہیں؟

ج: بذات خود اس میں کوئی مانع نہیں ہے اور اس سے مکلف جمعہ کے دن کے فریضہ سے بری الذمہ ہو جائے گا کیونکہ دور حاضر میں نماز جمعہ واجب تخییری ہے لیکن جمعہ کے دن نماز جمعہ سے نزدیک ہی باجماعت نماز ظہر قائم کرنے کا لازمی نتیجہ مومنین کی تفریق و تقسیم ہے اور اکثر اوقات عوام کی نظر میں امام جمعہ کی اہانت و ہتک شمار کیا جاتا ہے اور اس سے نماز جمعہ کی پروا نہ کرنے کا اظہار ہوتا ہے اس لئے باجماعت نماز ظہر قائم کرنا مومنین کے لئے سزاوار نہیں ہے بلکہ اگر اس سے مفاسد اور حرام نتائج برآمد ہوتے ہوں تو اس سے اجتناب واجب ہے۔

س ۶۲۱: کیا نماز جمعہ و عصر کے درمیانی وقفہ میں امام جمعہ نماز ظہر پڑھ سکتا ہے؟ اور اگر امام جمعہ کے علاوہ کوئی اور شخص نماز عصر پڑھائے تو کیا عصر کی نماز میں اس کی اقتدا ہو سکتی ہے؟

ج: نماز جمعہ نماز ظہر سے بے نیاز کر دیتی ہے لیکن نماز جمعہ کے بعد احتیاطاً نماز ظہر پڑھنے میں کوئی اشکال نہیں ہے اور اگر نماز عصر کو جماعت سے پڑھنا چاہتا ہے تو کامل احتیاط یہ ہے کہ نماز عصر اس شخص کی اقتداء میں ادا کرے جس نے نماز جمعہ کے بعد احتیاطاً نماز ظہر پڑھ لی ہو۔

س ۶۲۲: اگر نماز جمعہ کے بعد امام جماعت نماز ظہر نہ پڑھے تو ماموم احتیاطاً نماز ظہر پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

ج: اس کے لئے نماز ظہر پڑھنا جائز ہے۔

س ۶۲۳: کیا امام جمعہ کیلئے واجب ہے کہ وہ حاکم شرعی سے اجازت حاصل کرے؟ اور حاکم شرعی کس کو کہتے ہیں؟ اور کیا یہی حکم دوسرے ملکوں پر بھی جاری ہے؟

ج: نماز جمعہ کی امامت کا اصل جواز اجازت پر موقوف نہیں ہے لیکن منصب امامت جمعہ کے احکام کا مرتب ہونا ولی امر مسلمین کی طرف سے منصوب ہونے پر موقوف ہے۔ اور یہ حکم ہر شہر اور ملک کے لئے عمومیت رکھتا ہے جس میں ولی امر مسلمین حاکم ہو اور لوگ اس کے فرمانبردار ہوں۔

س ۶۲۴: کیا منصوب شدہ امام جمعہ کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ اس جگہ نماز جمعہ قائم کرے جہاں اسے منصوب نہ کیا گیا ہو جبکہ وہاں اس کے لئے کوئی مانع و معارض بھی نہیں ہے؟

ج: بذات خود نماز جمعہ قائم کرنا اس کے لئے جائز ہے لیکن اس پر امامت جمعہ کے احکام مرتب نہیں ہوں گے۔

س ۶۲۵: کیا موقت و عارضی ائمہ جمعہ کے انتخاب کے لئے واجب ہے کہ انھیں ولی فقیہ منتخب کرے یا ائمہ جمعہ کو اتنا اختیار ہے کہ امام موقت کے عنوان سے افراد منتخب کریں؟

ج: منصوب شدہ امام جمعہ کسی کو بھی اپنا وقتی اور عارضی نائب بنا سکتا ہے۔ لیکن نائب کی امامت پر ولی فقیہ کی طرف سے نصب کئے جانے کے احکام مرتب نہیں ہوں گے۔

س ۶۲۶: اگر مکلف منصوب شدہ امام جمعہ کو عادل نہ سمجھتا ہو یا اس کی عدالت میں شک کرتا ہو تو کیا مسلمین کی وحدت کے تحفظ کی خاطر اس کی اقتداء جائز ہے؟ اور جو شخص خود نماز جمعہ میں نہیں آتا اس کے لئے جائز ہے دوسروں کو جمعہ میں شرکت نہ کرنے کی ترغیب دے؟

ج: اس کی اقتداء کرنا صحیح نہیں ہے جس کو عادل نہ سمجھتا ہو یا جس کی عدالت میں شک کرتا ہو اور نہ اس کی جماعت میں اس کی نماز صحیح ہے لیکن وحدت کے تحفظ کی خاطر جماعت میں شریک ہونے میں کوئی مانع نہیں ہے۔ بہرحال اسے دوسروں کو نماز جمعہ میں شرکت سے روکنے کا حق نہیں ہے اور نہ دوسروں کو اس کے خلاف بھڑکانے کا حق ہے۔

س ۶۲۷: اس نماز جمعہ میں شریک نہ ہونے کا کیا حکم ہے جس کے امام جمعہ کا جھوٹا ہونا مکلف پر ثابت ہو گیا ہو؟

ج: امام جمعہ کے قول کے خلاف انکشاف ہونا اس کے کذب کی دلیل نہیں ہے ممکن ہے کہ اس نے اشتباہ، غلطی یا توریہ کے طور پر کوئی بات کہی ہو۔ لہٰذا صرف اس توہم سے کہ امام جمعہ کی عدالت ساقط ہو گئی ہے خود کو نماز جمعہ کی برکتوں سے محروم نہیں کرنا چاہئے۔

س ۶۲۸: جو امام جمعہ امام خمینیؒ یا عادل ولی فقیہ کی طرف سے منصوب ہو، کیا ماموم پر اس کی عدالت کا اثبات و تحقیق ضروری ہے یا امامت جمعہ کیلئے اس کا منصوب ہونا اس کی عدالت کے ثبوت کیلئے کافی ہے؟

ج: امام جمعہ کے عنوان سے منصوب ہونا اگر ماموم کی نظر میں امام کی عدالت کیلئے باعث وثوق واطمینان ہو تو صحت اقتدار کے لئے کافی ہے۔

س ۶۲۹: کیا مساجد کے لئے ائمہ جماعت کا ثقہ علماء کی طرف سے معین کیا جانا یا ولی فقیہ کی جانب سے ائمہ جمعہ کا معین کیا جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ عادل ہیں یا ان کی عدالت کی تحقیق واجب ہے؟

ج: اگر ماموم کو ان کے امام جمعہ یا جماعت منصوب کئے جانے سے ان کی عدالت پر اطمینان و وثوق پیدا ہو جاتا ہے تو اقتدار کرنے کیلئے اس پر اعتماد کرنا جائز ہے۔

س ۶۳۰: اگر امام جمعہ کی عدالت میں شک ہو یا (خدا نخواستہ) اس کے عادل نہ ہونے کا یقین ہو اور ہم نے اس کی اقتدار میں نماز پڑھ لی تو کیا اس کا اعادہ واجب ہے؟

ج: اگر عدالت میں شک ہو یا نماز کے بعد یہ معلوم ہو کہ وہ عادل نہیں ہے تو جو نماز آپ نے پڑھ لی ہے وہ صحیح ہے اور اس کا اعادہ واجب نہیں ہے۔

س ۶۳۱: اس نماز جمعہ میں شرکت کا کیا حکم ہے جو یورپ اور دوسرے ممالک میں وہاں کے یونیورسٹیوں میں پڑھنے والے اسلامی ممالک کے طلاب قائم کرتے ہیں اور ان میں شرکت کرنے والے اکثر افراد بشمول امام جمعہ اہل سنت ہوتے ہیں؟ کیا اس صورت میں نماز جمعہ کے بعد نماز ظہر پڑھنا ضروری ہے؟

ج: مسلمانوں کے درمیان وحدت و اتحاد کی خاطر اس میں شرکت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۶۳۲: پاکستان کے ایک شہر میں چالیس سال سے ایک جگہ نماز جمعہ ادا کی جارہی ہے اور اب ایک شخص نے دو جمعوں کے درمیان شرعی مسافت کی رعایت کئے بغیر دوسری نماز جمعہ قائم

کردی ہے جس سے نماز گزاروں کے درمیان اختلاف پیدا ہوگیا ہے۔ شرعاً اس عمل کا کیا حکم ہے؟

ج: کسی ایسے عمل کے اسباب فراہم کرنا جائز نہیں ہے، جس سے مسلمانوں کی صفوں میں اختلاف و تفرقہ پیدا ہوجائے بالخصوص نماز جمعہ جیسے شعائر اسلامی میں جو مسلمانوں کے اتحاد کا مظہر ہے۔

س ۶۳۳: راولپنڈی کی جامع مسجد جعفریہ کے خطیب نے اعلان کیا کہ تعمیری کام کی بنا پر مذکورہ مسجد میں نماز جمعہ نہیں ہوگی۔ اب مسجد کی تعمیر کا کام ختم ہوگیا تو ہمارے سامنے یہ مشکل کھڑی ہوگئی کہ چار کلو میٹر کے فاصلہ پر دوسری مسجد میں نماز جمعہ قائم ہونے لگی، مذکورہ مسافت کو مدنظر رکھتے ہوئے مذکورہ مسجد میں نماز جمعہ قائم کرنا صحیح ہے یا نہیں؟

ج: جب دو نماز جمعہ کے درمیان ایک شرعی فرسخ کا فاصلہ نہ ہو تو بعد میں اور ایک ہی وقت میں قائم ہونے والی نماز جمعہ باطل ہے۔

س ۶۳۴: کیا نماز جمعہ، جو جماعت کے ساتھ قائم کی جاتی ہے، اسے فرادیٰ پڑھنا صحیح ہے؟ مثلاً کوئی شخص ان لوگوں کے پہلو میں فرادیٰ نماز جمعہ پڑھے جو اسے جماعت سے پڑھ رہے ہیں؟

ج: نماز جمعہ کے صحیح ہونے کے شرائط میں سے ایک یہ ہے کہ اسے جماعت سے پڑھا جائے، فرادیٰ صورت میں جمعہ صحیح نہیں ہے۔

س ۶۳۵: جب نماز گزار قصر کے حکم میں ہو اور وہ اس امام جماعت کے پیچھے نماز پڑھتا جاتا ہو جو نماز جمعہ پڑھ رہا ہے تو کیا اس کی نماز صحیح ہے؟

ج: ماموم مسافر کی نماز جمعہ صحیح ہے اور اسے ظہر پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

س ۶۳۶: کیا دوسرے خطبہ میں حضرت زہرا سلام اللہ علیہا کا اسم گرامی مسلمانوں کے ایک امام

کے عنوان سے لینا واجب ہے یا استحباب کی نیت سے آپؑ کا نام لینا واجب ہے؟

ج: ائمۂ مسلمین کا عنوان حضرت زہرا سلام اللہ علیہا کو شامل نہیں ہے اور خطبۂ جمعہ میں آپؑ کا اسم گرامی لینا واجب نہیں ہے لیکن برکت کے طور پر آپؑ کے نام مبارک کا ذکر کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

س ۶۲۷: کیا ماموم امام جمعہ کی اقتدا کرتے ہوئے جبکہ وہ نماز جمعہ پڑھ رہا ہو کوئی دوسری واجب نماز پڑھ سکتا ہے؟

ج: اس کا صحیح ہونا محل اشکال ہے۔

س ۶۲۸: کیا ظہر کے شرعی وقت سے پہلے نماز جمعہ کے دونوں خطبے پڑھنا صحیح ہے؟

ج: زوال سے پہلے اس طرح پڑھنا جائز ہے کہ زوال آفتاب کے وقت ان سے فارغ ہو جائے۔

س ۶۲۹: جب ماموم دونوں خطبوں میں سے کچھ بھی نہ سن سکے بلکہ اثنائے نماز جمعہ میں پہنچے اور امام کی اقتداء کرے تو کیا اس کی نماز صحیح اور کافی ہے؟

ج: اس کی نماز صحیح اور کافی ہے چاہے اس نے امام کے ساتھ ایک ہی رکعت پڑھ لی ہو، اس طرح کہ نماز جمعہ کی آخری رکعت کے رکوع میں ہی اس کی شرکت ہو گئی ہو۔

س ۶۳۰: ہمارے شہر میں اذان ظہر کے ڈیڑھ گھنٹہ بعد نماز جمعہ قائم ہوتی ہے تو کیا یہ نماز ظہر کا بدل بن سکتی ہے یا نماز ظہر کا اعادہ ضروری ہے؟

ج: زوال آفتاب کے ساتھ نماز جمعہ کا وقت ہو جاتا ہے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ عرف عام میں ابتدائے زوال کے وقت سے تاخیر نہ کرے اور یہ بعید نہیں ہے کہ نماز جمعہ کا وقت ظہر کے بعد رونما ہونے والے سایہ کے

قامتِ انسان کے ۶/۷ برابر ہونے تک باقی رہے ۔ اگر اس وقت میں نماز جمعہ نہیں پڑھی ہے تو پھر احتیاط واجب یہ ہے کہ اس کے بدلے نماز ظہر پڑھے۔

س ۶۴۱ : ایک شخص میں نماز جمعہ میں پہنچنے کی طاقت نہیں ہے تو کیا وہ اوائل وقت نماز ظہر وعصر پڑھ سکتا ہے ؟ یا نماز جمعہ ختم ہونے کا انتظار کرے اور اس کے بعد نماز ظہر وعصر پڑھے ؟

ج : اس پر انتظار واجب نہیں ہے بلکہ اوّل وقت میں نماز ظہرین پڑھنا جائز ہے۔

س ۶۴۲ : جب منصوب شدہ امام جمعہ صحیح وسالم ہو اور حاضر ہو تو کیا وہ موقت امام جمعہ کو نماز جمعہ پڑھانے کے لئے معین کر سکتا ہے ؟ اور کیا وہ موقّت امام جمعہ کی اقتدا کر سکتا ہے ؟

ج : منصوب امام جمعہ کی موجودگی میں نائب کیلئے جمعہ پڑھانے میں کوئی حرج نہیں ہے اور نہ ہی منصوب امام کا اپنے نائب کی اقتداء کرنے میں کوئی مانع ہے ۔

نمازِ عیدین

س ۶۴۳ : آپ کی رائے میں نماز عیدین اور جمعہ واجبات کی کس قسم میں سے ہیں ؟

ج : عصر حاضر میں نماز عیدین واجب نہیں ہے بلکہ مستحب ہے لیکن نماز جمعہ واجب تخییری ہے ۔

س ۶۴۴ : کیا نماز عیدین کے قنوت میں کمی زیادتی اس کے باطل ہونے کا سبب ہوتی ہے ؟

ج : اس سے نماز باطل نہیں ہوتی ہے ۔

س ۶۴۵ : ماضی میں رواج تھا کہ امام جماعت ہی مسجد میں عید الفطر کی نماز پڑھایا کرتا تھا ۔ کیا اب بھی جائز ہے کہ ائمہ جماعت ہی نماز عیدین پڑھائیں یا نہیں ؟

ج : ولی فقیہ کے وہ نمائندے پڑھا سکتے ہیں جن کو ولی فقیہ کی طرف سے نماز عید قائم کرنے کی اجازت ہو اسی طرح وہ ائمہ جمعہ بھی دور حاضر میں نماز عید جماعت سے پڑھا سکتے ہیں جن کو ولی فقیہ کی طرف سے منصوب کیا گیا ہو ، لیکن ان کے علاوہ افراد کے لئے احتیاط یہ ہے کہ فرادیٰ پڑھیں اگرچہ رجاءً جماعت سے پڑھنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے لیکن ورود کے

قصد سے نہیں۔ ہاں اگر مصلحت کا تقاضا یہ ہو کہ شہر میں ایک ہی نماز عید قائم کی جائے تو اولیٰ یہ ہے کہ اسے ولی فقیہ کے منصوب کردہ امام کے علاوہ کوئی اور نہ پڑھائے۔

س ۶۴۶: کیا نماز عید فطر کی قضا کی جا سکتی ہے؟

ج: اس کی قضا نہیں ہے۔

س ۶۴۷: کیا نماز عید فطر میں اقامت ہے؟

ج: اس میں اقامت نہیں ہے۔

س ۶۴۸: اگر نماز عید فطر میں امام اقامت کہے تو اس کی اور دیگر نماز گزاروں کی نماز کا کیا حکم ہے؟

ج: اس سے امام جماعت اور دیگر ماموین کی نماز کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑیگا۔

نمازِ مسافر

س ۶۴۹ : مسافر کے لئے ہر نماز کو قصر پڑھنا واجب ہے یا بعض نمازوں کو ؟

ج : قصر کا وجوب پنجگانہ نمازوں کی صرف چار رکعتی یعنی "ظہر و عصر اور عشاء" کی نمازوں سے مخصوص ہے۔ صبح اور مغرب کی نماز قصر نہیں ہے۔

س ۶۵۰ : مسافر پر چار رکعتی نمازوں میں وجوب قصر کے شرائط کیا ہیں ؟

ج : یہ آٹھ شرطیں ہیں :

۱۔ سفر کی مسافت آٹھ فرسخ کے برابر ہو یعنی ایک طرف کا فاصلہ یا دونوں طرف کا مجموعی فاصلہ آٹھ فرسخ شرعی ہو، شرط یہ ہے کہ صرف جانے کی مسافت چار فرسخ سے کم نہ ہو۔

۲۔ سفر پر نکلتے وقت آٹھ فرسخ کا قصد رکھتا ہو۔ پس اگر مسافت کا قصد نہ کرے یا اس سے کم کا قصد کرے اور پھر اس منزل پر پہنچ کر دوسری جگہ کا قصد کرلے اور اس جگہ اور پچھلی منزل کے درمیان کا فاصلہ شرعی مسافت کے برابر نہ ہو لیکن جہاں سے پہلے چلا تھا وہاں سے اتنی مسافت ہے تو قصر نہیں ہے۔

۳۔ مسافت تمام ہونے تک عزم سفر باقی رہے۔ پس اگر چار فرسخ تک پہنچنے سے پہلے ارادہ بدل دے یا اس سفر کو جاری رکھنے میں متردد ہو جائے تو اس پر سفر کا حکم جاری نہیں ہو گا چاہے ارادہ بدلنے سے قبل اس نے نماز قصر ہی پڑھی ہو۔

۴۔ سفر کے درمیان اپنے وطن سے گزرنے یا کسی جگہ دس روز یا اس سے زیادہ قیام کرنے کی نیت سے سفر ختم کرنے کا ارادہ نہ رکھتا ہو۔

۵۔ شرعی اعتبار سے اس کا سفر جائز ہو، پس اگر معصیت یا حرام کام کے لئے سفر ہو خواہ وہ سفر خود ہی معصیت و حرام ہو جیسے لشکر اسلام سے فرار کرنا یا غرضِ سفر حرام ہو جیسے راہ زنی کے لئے سفر کرنا تو اس پر سفر کا حکم جاری نہیں ہو گا۔

۶۔ مسافر، خانہ بدوشوں میں سے نہ ہو جیسے بادیہ نشین جن کا کوئی معیّن وطن نہیں ہوتا ہے بلکہ وہ صحراؤں میں گھومتے ہیں اور جہاں انھیں پانی اور چارہ مل جاتا ہے وہیں اتر پڑتے ہیں۔

۷۔ یہ کہ سفر اس کا پیشہ نہ ہو جیسے چوکیدار، شتربان اور ملّاح وغیرہ اور یہ حکم ان لوگوں کا بھی ہے جن کا مشغلہ سفر ہوتا ہے۔

۸۔ اس کا حدِ ترخّص تک پہنچنا۔ حدِ ترخّص وہ جگہ ہے جہاں سے شہر کی اذان نہ سنی جا سکے یا وہاں سے شہر کی دیواریں نظر نہ آئیں۔

جس شخص کا پیشہ یا پیشہ کا مقدمہ سفر ہو

س ۱۶۵ : جس شخص کا سفر اس کے پیشہ کا مقدمہ ہو، کیا وہ سفر میں پوری نماز پڑھے گا۔ یا یہ (پوری نماز پڑھنا) اس سے مخصوص ہے جس کا پیشہ ہی سفر ہو اور مرجع دینی، جیسے امام خمینیؒ کے اس قول کے کیا معنی ہیں "جس کا پیشہ سفر ہو" کیا کوئی شخص ایسا بھی پایا جاتا ہے کہ جس کا پیشہ سفر ہو؟ اس لئے کہ چرواہوں، شتربان اور ملاح وغیرہ کا عمل بھی چرانا، ہنکانا اور کشتی چلانا ہے اور مختصر یہ کہ ایسا کوئی شخص نہیں پایا جاتا کہ جس کا مقصد سفر کو پیشہ بنانا ہو؟

ج: جس کا سفر اس کے شغل کا مقدمہ ہو اگر وہ ہر دس دن میں کم از کم ایک مرتبہ کام کرنے کے لئے اس جگہ جاتا ہے جہاں کام کرتا ہے تو وہاں پوری نماز پڑھے گا اور اس کا روزہ بھی صحیح ہے اور فقہا رضوان اللہ علیہم کے کلام میں جو یہ جملہ آتا ہے کہ "جس کا شغل سفر ہو" اس سے مراد وہ شخص ہوتا ہے جس کے کام کا دارومدار سفر پر ہو جیسے وہ مشاغل جو سوال میں مذکور ہیں۔

س ۶۵۲ : اس شخص کے روزہ نماز کا کیا حکم ہے جس کا شغل سفر ہو جیسے کرایہ پر سفر کرنے والا ڈرائیور اور ملاح وغیرہ ؟

ج : سفر میں پوری نماز پڑھے گا اور اس کا روزہ صحیح ہے۔

س ۶۵۳ : اس شخص کے روزہ نماز کا کیا حکم ہے جس کا کام سفر ہو جیسے وہ ملازم جو اپنی جائے ملازمت کی طرف سفر کرتا ہے یا وہ کاریگر جو اپنے کارخانہ کی طرف سفر کرتا ہے ؟

ج : جب وہ ہر دس دن میں کم از کم ایک مرتبہ اپنے محل شغل یا کام کرنے کی جگہ کی طرف سفر کرتا ہو تو روزہ کے صحیح ہونے اور پوری نماز کے واجب ہونے میں اس کا حکم وہی ہے جو اس شخص کا ہے جس کا شغل سفر ہو۔

س ۶۵۴ : ان لوگوں کے روزے، نماز کے بارے میں آپ کا کیا نظریہ ہے جو جس شہر میں کام کرتے ہیں ایک سال سے زیادہ ٹھہرتے ہیں یا وہ فوجی جو کسی شہر میں فوجی خدمت انجام دینے کے لئے ایک یا دو سال قیام کرتے ہیں، کیا ان پر ہر سفر کے بعد دس روز کے قیام کی نیت کرنا واجب ہے تاکہ روزہ رکھ سکیں اور پوری نماز پڑھ سکیں اور اگر دس روز سے کم قیام کی نیت ہو تو ان کے روزہ نماز کا کیا حکم ہے ؟

ج : مفروضہ سوال میں ان کا حکم وہی ہے جو نماز قصر سے متعلق تمام مسافروں کا ہے، جب تک وہ دس دن کے قیام کی نیت نہ کریں۔

س ۶۵۵ : جنگی طیاروں کے پائیلٹ، جو اکثر اوقات فوجی اڈوں سے پرواز کرتے ہیں اور شرعی مسافت سے کہیں زیادہ فاصلہ طے کرنے کے بعد واپس آتے ہیں، ان کی نماز اور روزے کا کیا حکم ہے ؟

ج : اس سلسلہ میں ان کا حکم وہی ہے جو سفر میں نماز کے تمام ہونے اور

روزہ کے صحیح ہونے میں موٹر کار کے ڈرائیوروں کشتی رانوں اور جہاز کے پائیلٹوں کا ہے۔

س ۶۵۶ : وہ قبائل جو اپنی قیام گاہ سے ایک یا دو مہینہ کے لئے اِدھر اُدھر منتقل ہوتے رہتے ہیں لیکن سال کا باقی حصہ گرم یا سرد علاقہ میں گذارتے ہیں تو کیا دونوں جگہیں (گرم و سرد علاقے) ان کے لئے وطن شمار ہوں گی؟ اور (نماز کے قصر یا تمام کے اعتبار سے) ان کے اس سفر کا کیا حکم ہے جو ان دو جگہوں میں قیام کے دوران کرتے ہیں؟

ج اگر وہ ہمیشہ گرم سے سرد علاقہ اور سرد سے گرم علاقہ کی طرف منتقل ہوتے رہتے ہیں تاکہ اپنے سال کے بعض ایام ایک جگہ گزاریں اور بعض ایام کو دوسری جگہ گذاریں اور انہوں نے دونوں جگہوں کو اپنی دائمی زندگی کے لئے اختیار کر رکھا ہو تو دونوں جگہیں ان کے لئے وطن شمار ہوں گی اور دونوں پر وطن کا حکم عائد ہوگا۔ اور اگر دونوں وطنوں کے درمیان کی مسافت، شرعی مسافت کے برابر ہے تو ان کے لئے ایک وطن سے دوسرے وطن کی طرف سفر کا حکم وہی ہے جو تمام مسافروں کا ہے۔

س ۶۵۷ : میں ایک شہر میں سرکاری ملازم ہوں اور میری ملازمت کی جگہ اور گھر کے درمیان تقریباً ۲۵ کلومیٹر کا فاصلہ ہے اور روزانہ اس مسافت کو اپنی ملازمت کی جگہ پہنچنے کے لئے طے کرتا ہوں۔ پس اگر کسی کام سے میں اس شہر میں چند راتیں ٹھہرنے کا ارادہ کر لوں تو مجھ پر پوری نماز پڑھنا واجب ہے یا نہیں؟

اور مثال کے طور پر اگر میں جمعہ کو اپنے رشتہ داروں سے ملاقات کے لئے شہر سمنان

جاؤں تو مجھے پوری نماز پڑھنا ہوگی یا نہیں ؟

ج: اگر آپ کا سفر آپ کی اس ملازمت کیلئے نہیں ہے جس کے لئے آپ روزانہ جاتے ہیں تو اس پر شغل کے سفر کا حکم عائد نہیں ہوگا۔ لیکن اگر سفر خود اسی ملازمت کیلئے ہو اور آپ اپنی ملازمت کی جگہ پر قیام کے دوران خاص کاموں، جیسے رشتہ داروں اور دوستوں سے ملاقات کے لئے جائیں اور اتفاق سے وہاں پر ایک رات یا چند راتیں گذارنا پڑیں تو کام کے لئے سفر کا جو حکم ہے وہ ان اسباب کی وجہ سے نہیں بدلے گا بلکہ آپ کو پوری نماز پڑھنا ہوگی اور روزہ رکھنا ہوگا۔

س ۶۵۸ : اگر ملازمت کی جگہ پر، جس کے لئے میں نے سفر کیا ہے، دفتری اوقات کے بعد ذاتی کام انجام دوں، مثلاً صبح سات بجے سے دو بجے تک دفتری کام انجام دیتا رہوں اور دو بجے کے بعد ذاتی کام انجام دوں تو میری نماز اور روزہ کا کیا حکم ہے ؟

ج: دفتری کام کو انجام دینے کے بعد کسی خاص کام کا انجام دینا، دفتری کام (شغل) کے سفر کے حکم کو تبدیل نہیں کرتا۔

س ۶۵۹ : ان سپاہیوں کے روزہ و نماز کا کیا حکم ہے جو یہ جانتے ہیں کہ وہ دس دن سے زیادہ ایک جگہ قیام کریں گے لیکن اس کا اختیار خود ان کے ہاتھ میں نہیں ہے؟ امید ہے امام خمینیؒ کا فتویٰ بھی بیان فرمائیں گے ؟

ج: مذکورہ سوال میں اگر انھیں دس دن یا اس سے زیادہ ایک جگہ رہنے کا اطمینان ہو تو ان پر پوری نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا واجب ہے اور یہی فتویٰ امام خمینیؒ کا بھی ہے۔

س ۶۶۰ : ان لوگوں کے روزے نماز کا کیا حکم ہے جو فوج یا پاسداران انقلاب میں شامل ہیں اور جو دس دن سے زیادہ چھاؤنیوں میں یا سرحدی علاقوں میں رہتے ہیں؟ برائے مہربانی امام خمینیؒ کا فتویٰ بھی بیان فرمائیں؟

ج وہاں ان پر پوری نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا واجب ہے نیز امام خمینیؒ کا بھی یہی فتویٰ ہے، بشرطیکہ دس دن یا اس سے زیادہ ایک جگہ قیام کا ارادہ ہو یا وہ جانتے ہوں کہ دس دن یا اس سے زیادہ وہاں رہنا ہوگا۔

س ۶۶۱ : میں رمضان المبارک میں ایک ایسی جگہ قیام پذیر تھا کہ میری قیام گاہ اور ان تمام مقامات کے درمیان جن کے بارے میں اطلاع فراہم کرنا میرا فریضہ تھا، حد ترخص کی مقدار کے برابر فاصلہ تھا، اس صورت میں کیا مجھے نماز پوری پڑھنی ہوگی اور روزہ رکھنا واجب ہوگا؟

ج جب آپ اپنے کام کیلئے ان تمام مقامات کا چکر لگاتے ہیں جن کی اطلاع فراہم کرنا آپ پر واجب ہے یا ان مقامات تک جاتے ہیں جو آپ کی قیام گاہ سے شرعی مسافت کے بقدر دور نہیں ہیں، جبکہ آپ پر اپنی قیام گاہ پر پوری نماز پڑھنے کا حکم نافذ ہو چکا ہو خواہ وہاں ایک ہی چار رکعتی نماز ادا کی ہو یا دس دن کے اندر ان مقامات تک کا سفر کل ملا کے ایک تہائی دن یا رات یا اس سے کم کا ہو تو اس صورت میں آپ اپنی قیام گاہ اور ان مقامات پر پوری نماز پڑھیں گے اور روزہ رکھیں گے ورنہ دوسری صورت میں نماز قصر ہوگی اور روزہ رکھنا صحیح نہ ہوگا۔

س ۶۶۲ : امام خمینی رہ کی توضیح المسائل کے صلاۃ المسافر کے باب میں مسئلہ ۱۳۰۶ میں

ساتویں شرط یہ ہے:

ڈرائیور پر واجب ہے کہ پہلے سفر کے بعد پوری نماز پڑھے لیکن پہلے سفر میں اس کی نماز قصر ہے خواہ سفر طویل ہی کیوں نہ ہو پس کیا پہلے سفر سے مراد وطن سے چلنا اور لوٹ کر وطن واپس آنا ہے خواہ وہ سفر ایک ماہ یا اس سے زیادہ مدت تک جاری رہے چاہے وہ اس مدت میں اپنے اصلی وطن کے علاوہ ایک شہر سے دوسرے شہر دسیوں بار اسباب منتقل کرتا رہا ہو؟

ج: اس کا پہلا سفر اس منزل و مقصد تک پہنچنے کے بعد پورا ہوتا ہے جس کا اس نے اپنے وطن یا قیام گاہ سے نکلتے وقت قصد کیا تھا تاکہ سواریوں کو وہاں منتقل کرے یا اسباب پہنچائے اور واپس وطن تک لوٹنا اس کا جزء نہیں ہے مگر یہ کہ اس کا سفر منزل و مقصد کی طرف سواریوں کو منتقل کرنے کے لئے یا اس جگہ سے سامان وہاں لے جانے کے لئے ہو جہاں سے اس نے سفر شروع کیا تھا۔

س ۶۶۳: وہ شخص جس کا دائمی پیشہ ڈرائیوری نہ ہو بلکہ مختصر مدت کے لئے ڈرائیوری اس کا فریضہ بن گیا ہے، جیسے چھاؤنیوں میں یا نگہبانی کے فرائض انجام دینے والوں پر موٹر گاڑی چلانے کی ذمہ داری عائد کر دی جاتی ہے کیا ایسا شخص مسافر کے حکم میں ہے یا اس پر پوری نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا واجب ہے؟

ج: جب عرف عام میں اس کو اس وقتی مدت میں ڈرائیور کہا جائے تو اس مدت میں اس کا وہی حکم ہے جو تمام ڈرائیوروں کا ہے۔

س ۶۶۴: اجب ڈرائیور کی گاڑی میں کوئی نقص پیدا ہو جائے اور وہ اس کے پرزے اور اسباب لینے کیلئے دوسرے شہر جائے تو کیا اس سفر میں وہ پوری نماز پڑھے گا یا قصر جبکہ اس سفر میں اس کی گاڑی اس کے ساتھ نہیں ہے؟

ج: جب اس سفر میں اس کا شغل ڈرائیوری نہ ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو تمام مسافروں کا ہے۔

طلبہ کا حکم

س۶۶۵ : یونیورسٹیوں کے ان طلبہ کا کیا حکم ہے جو ہفتہ میں کم از کم دو دن تحصیل علم کیلئے سفر کرتے ہیں یا ان ملازمین کا کیا حکم ہے جو ہر ہفتہ اپنے کام کے لئے سفر کرتے ہیں؟ واضح رہے کہ وہ ہر ہفتہ سفر کرتے ہیں لیکن کبھی یونیورسٹی میں چھٹی ہو جائے یا دفتر و کارخانہ میں چھٹی ہو جائے تو ایک ماہ اپنے اصل وطن میں رہتے ہیں اور اس ایک ماہ کی مدت میں سفر نہیں کرتے تو جب وہ ایک ماہ کے بعد پھر سے سفر کا آغاز کریں گے تو کیا اس پہلے سفر میں انکی نماز قاعدہ کے مطابق قصر ہوگی اور اس کے بعد وہ پوری نماز پڑھیں گے ؟

ج: تحصیل علم کیلئے جانے والوں کی نماز قصر ہے اور روزہ رکھنا صحیح نہیں ہے خواہ ان کا سفر ہفتہ وار ہو یا روزانہ ہو لیکن جو شخص کام کے لئے سفر کرتا ہے خواہ اس کا کام آزاد ہو یا دفتری لہذا اگر وہ دس دن میں کم از کم ایک مرتبہ اپنے کام کرنے کی جگہ سے اپنے وطن یا محل سکونت کی طرف جاتا ہے تو کام کے لئے کیے جانے والے دوسرے سفر میں وہ پوری نماز پڑھے گا اور اس کا روزہ رکھنا بھی صحیح ہوگا اور جب وہ کام والے سفر کے دوران

اپنے وطن میں یا غیر وطن میں دس دن قیام کرے تو اس کام کے لئے کئے جانے والے پہلے سفر میں نماز قصر پڑھے گا اور روزہ نہیں رکھے گا۔

س ٦٦٦ : دینی طالب علم یہ نیت کرلے کہ تبلیغ کو اپنا مشغلہ بنائے گا تو مذکورہ فرض کے مطابق وہ سفر میں پوری نماز پڑھ سکتا ہے اور روزہ رکھ سکتا ہے یا نہیں ؟ اور جب اس کا سفر تبلیغ، دعوت ہدایت اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے لئے نہ ہو بلکہ کسی اور کام کے لئے سفر کرے تو اس کے روزے نماز کا کیا حکم ہے ؟

ج: اگر تبلیغ و ہدایت اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو عرف عام میں اس کا شغل و عمل کہا جاتا ہے تو ان چیزوں کے لئے اس کے سفر کا حکم وہی ہے جو شغل کے لئے تمام سفر کرنے والوں کا ہے اور اگر کبھی ان کے علاوہ کسی اور غرض کے لئے سفر کرے تو قصر نماز پڑھنے اور روزہ نہ رکھنے میں اس کا وہی حکم ہے جو تمام مسافروں کا ہے۔

س ٦٦٧ : حوزۂ علمیہ کے طالب علم یا حکومت کے ملازمین وغیرہ جو کسی شہر میں غیر معین مدت کے لئے مامور کئے جاتے ہیں ان کے روزوں اور نمازوں کا کیا حکم ہے ؟

ج: تعلیم و تحقیق اور ملازمت کی جگہ پر جب تک وہ دس دن کے قیام کا قصد نہ کریں اس وقت تک نماز قصر پڑھیں گے اور روزہ نہیں ہوگا اور ان کی حالت بقیہ مسافروں کی سی ہے۔

س ٦٦٨ : ایک طالب علم دوسرے شہر میں تعلیم حاصل کرتا ہے اور ہر ہفتہ اپنے گھر آتا ہے، اس کے گھر اور درس گاہ کے درمیان شرعی مسافت ہے تو درس گاہ میں اسکی

نماز قصر ہے یا نہیں ؟

ج: تعلیم و تدریس کے سفر پر پیشہ کے سفر کا حکم جاری نہیں ہوگا بلکہ تعلیم کے لئے سفر میں طالب علم تمام مسافروں کے حکم میں ہے۔

س ۶۶۹ : اگر دینی طالب علم اس شہر میں رہتا ہے جو اس کا وطن نہیں ہے اور وہاں دس روز قیام کی نیت کرنے سے قبل وہ جانتا ہے یا یہ قصد رکھتا ہے کہ شہر کے کنارے پر واقع مسجد میں ہر ہفتے جائے گا۔ آیا وہ دس دن کے قیام کی نیت کر سکتا ہے یا نہیں ؟

ج: قصد اقامت کے دوران ایک گھنٹہ یا اس سے زیادہ یہاں تک قیام گاہ سے ایک تہائی (۱/۳) دن یا رات کے برابر شرعی مسافت سے کم باہر جانے کا ارادہ قصد اقامت کو ختم نہیں کرتا ہے اور جس جگہ جانے کا ارادہ ہے وہ محل اقامت میں داخل ہے یا نہیں ؟ اس کی تشخیص عرف عام پر منحصر ہے۔

قصدِ مسافت اور دس دن کی نیت

س ۶۷۰ : میں جس جگہ ملازمت کرتا ہوں وہ قریبی شہر سے شرعی مسافت سے کم فاصلہ پر واقع ہے اور چونکہ دونوں جگہ میرا وطن نہیں ہے لہٰذا میں اپنی ملازمت کی جگہ دس روز ٹھہرنے کا قصد کرتا ہوں تاکہ پوری نماز پڑھ سکوں اور روزہ رکھ سکوں اور جب میں اپنے کام کی جگہ دس روز قیام کرنے کا قصد کرتا ہوں تو دس روز یا اس کے بعد قریبی شہر میں جانے کا قصد نہیں کرتا پس درج ذیل حالات میں شرعی حکم کیا ہے ؟ :

۱۔ جب میں اچانک کسی کام سے دس دن کامل ہونے سے پہلے ہی اس شہر کو جاؤں اور تقریباً دو گھنٹے وہاں ٹھہرنے کے بعد کام کی جگہ واپس آجاؤں ۔

۲۔ جب میں دس روز کامل ہونے کے بعد اس شہر کے معین محلّہ میں جاؤں اور یہ فاصلہ شرعی مسافت سے زیادہ نہ ہو اور ایک رات وہاں قیام کرکے اپنی ملازمت کی جگہ واپس آجاؤں ۔

۳۔ جب میں دس روز قیام کے بعد اس شہر کے کسی معین محلہ کے قصد سے نکلوں لیکن وہاں پہنچنے کے بعد میرا ارادہ بدل جائے اور میں شہر کے اس محلہ میں جانے کی نیت کرلوں

جو میری قیام گاہ سے شرعی مسافت سے زیادہ دور ہے ؟

ج ١-٢ قیام گاہ پر پوری نماز پڑھ لینے کے بعد خواہ ایک چار رکعتی نماز ہی پڑھی ہو شرعی مسافت سے کم فاصلہ تک جانے میں کوئی حرج نہیں ہے خواہ سفر گھنٹہ دو گھنٹے کا ہو اور ایک دن میں ہو یا کئی دنوں میں اور اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اپنی قیام گاہ سے دس دن کامل ہونے کے بعد نکلے یا دس دن کامل ہونے سے قبل بلکہ نئے سفر سے پہلے تک پوری نماز پڑھے گا اور روزہ رکھے گا ۔

٣- جب نیت بدلنے کی جگہ سے شرعی مسافت تک کے سفر کا قصد کرے اور پھر اس مسافت کو طے کر کے اپنی قیام گاہ تک لوٹ آئے تو اس سے سابقہ قیام کا حکم ختم ہو جائے گا اور قیام گاہ پر لوٹنے کے بعد از سر نو دس دن کے قیام کی نیت کرنا ضروری ہے ۔

س ٦٧١ : مسافر اپنے وطن سے نکلنے کے بعد اگر اس راستے سے گزرے جہاں سے اس کی اصلی وطن کی آوازِ اذان سنائی دیتی ہے یا اس کے وطن کے گھروں کی دیوار یں دکھائی پڑتی ہیں تو کیا اس سے قطع مسافت پر کوئی اثر پڑتا ہے ؟

ج اگر اپنے وطن سے نہ گزرے تو اس سے قطع مسافت پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور نہ اس سے سفر کا سلسلہ منقطع ہوتا ہے لیکن جب تک اس جگہ ہے اس وقت تک اس پر سفر کا حکم جاری نہیں ہو گا ۔

س ٦٧٢ : جہاں میں ملازم ہوں اور آج کل سکونت پذیر ہوں وہ میرا اصل وطن نہیں ہے

اور اس جگہ کے اور میرے اصلی وطن کے درمیان شرعی مسافت سے زیادہ فاصلہ ہے۔ ملازمت کی جگہ کو میں نے اپنا اصلی وطن نہیں بنایا ہے۔ اور یہ ممکن ہے کہ وہاں میں چند سال رہوں بعض اوقات وہاں سے دفتری امور کے لئے مہینے بھر میں ایک دو دن کے سفر پر بھی جاتا ہوں پس جب میں اس شہر سے نکل کر جس میں، میں سکونت پذیر ہوں حد شرعی سے زیادہ دور جاؤں اور پھر وہیں لوٹ آؤں تو کیا مجھ پر واجب ہے کہ دس دن کے قیام کی پھر سے نیت کروں یا اس کی ضرورت نہیں ہے ؟

اور اگر دس دن کے قیام کی نیت واجب ہے تو شہر کے اطراف میں کتنی مسافت تک میں جا سکتا ہوں ؟

ج: آپ جس شہر میں سکونت پذیر ہیں اگر وہاں سے شرعی مسافت تک جاتے ہیں تو سفر سے لوٹ کر اس شہر میں آنے پر ازسرنو دس دن کے قیام کی نیت ضروری ہے اور جب صحیح طریقہ سے آپ کا دس دن کے قیام کا قصد متحقق ہوجائے اور پوری نماز پڑھنے کا حکم آپ کا فریضہ بن جائے، اور چاہے ایک ہی چار رکعتی نماز پڑھی ہو، تو اس کے بعد محل سکونت سے نکل کر شرعی مسافت سے کم فاصلہ تک سفر کرنے سے دس دن کے قیام کی نیت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا جیسا کہ دس دن کے دوران شہر کے باغوں اور کھیتوں پر جانے سے اقامت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

س ۶۷۳: اگر ایک شخص ـــــ چند سال سے ـــــ اپنے وطن سے چار کلومیٹر دور

رہتا ہے اور ہفتہ میں ایک مرتبہ گھر جاتا ہے پس اگر یہ شخص سفر کرے اور اس کے اور اس کے وطن کے درمیان ۲۵ کلومیٹر کا فاصلہ طے ہو جائے لیکن جس جگہ وہ تعلیم حاصل کرتا ہے وہاں سے یہ فاصلہ ۲۲ کلومیٹر ہو تو اس کی نماز کا کیا حکم ہے؟

ج: جب وہ تعلیم و تحقیق کے مرکز سے کسی دوسری جگہ کا قصد کرے جس کا فاصلہ شرعی مسافت سے کم ہو تو اس پر سفر کا حکم جاری نہیں ہوگا لیکن اگر وطن سے اس مقصد کا ارادہ کرے تو اس پر سفر کا حکم مترتب ہوگا۔

س ۶۲۴: ایک مسافر نے تین فرسخ تک جانے کا قصد کیا لیکن ابتداء ہی سے اس کا ارادہ تھا کہ وہ ایک کام کی انجام دہی کیلئے ایک فرعی راستہ سے ایک فرسخ تک جائے گا پھر اصلی راستہ پر آجائے گا اور اپنے سفر کو جاری رکھے گا تو اس سفر میں اس کے روزہ نماز کا کیا حکم ہے؟

ج: اس پر مسافر کا حکم جاری نہیں ہوگا اور مسافت کو پورا کرنے کیلئے راستے سے ہٹنا اور دوبارہ اس پر لوٹ آنا کافی نہیں ہے۔

س ۶۲۵: امام خمینیؒ کے (اس) فتوے کے پیش نظر کہ جب آٹھ فرسخ کا سفر ہو تو روزہ رکھنا جائز نہیں اور نماز قصر ہے پس اگر جانے کا راستہ چار فرسخ سے کم ہو لیکن واپسی پر سواری نہ ملنے پر یا راستے کی مشکلات کے پیش نظر اس شخص پر لازم ہو کہ ایسا راستہ اختیار کرے جو چھ فرسخ سے زیادہ ہے۔ اس صورت میں نماز روزہ کا کیا حکم ہے؟

ج: جب جانا چار فرسخ سے کم ہو اور واپسی کا راستہ بھی شرعی مسافت کے برابر نہ ہو تو نماز پوری پڑھے گا اور روزہ رکھے گا۔

س ۶۲۶: جو شخص اپنے محل سکونت سے ایسی جگہ جائے جس کا فاصلہ شرعی مسافت سے کم ہو، ہفتہ بھر میں اس جگہ سے متعدد بار دوسری جگہوں کا سفر کرے اس طرح کہ کل مسافت آٹھ فرسخ سے زیادہ ہو جائے تو اس کا کیا فریضہ ہے؟

ج: اگر وہ گھر سے نکلتے وقت مسافت کا قصد نہیں رکھتا تھا اور نہ اس کی پہلی منزل اور ان جگہوں کے درمیان کا فاصلہ شرعی مسافت کے برابر تھا تو اس پر سفر کا حکم جاری نہیں ہوگا۔

س ۶۶۷ : اگر ایک شخص اپنے شہر سے کسی خاص جگہ کے قصد سے نکلے اور پھر اس جگہ سے اِدھر اُدھر جائے تو کیا اس کا یہ اِدھر اُدھر جانا مسافت میں شمار ہوگا جو اس نے اپنے گھر سے طے کی ہے ؟

ج اس جگہ سے ادھر اُدھر جانا مسافت میں شمار نہیں ہوگا ۔

س ۶۶۸ : کیا دس دن قیام کی نیّت کے وقت یہ نیّت رکھنا جائز ہے کہ روزانہ محلِ اقامت سے محلِ شغل تک جاتا رہوں گا جبکہ ان دو جگہوں کا فاصلہ چار فرسخ سے کم ہو۔ ؟

ج دس دن قیام کی نیت کے ساتھ شرعی مسافت سے کم فاصلہ تک جانے کی نیت رکھنا قصدِ اقامت کے لئے اسی وقت نقصان دہ ہے جب عرفِ عام کہا جائے کہ یہ شخص محلِ اقامت میں " دس دن نہیں ٹھہرا ہے " جیسے کوئی شخص پورا دن باہر رہے ۔ لیکن اگر وہ شخص دن رات میں چند گھنٹے کے لئے باہر جائے اور دن یا رات کے ایک تہائی حصہ تک باہر رہے یا دن یا رات میں ایک دفعہ باہر جائے یا چند بار باہر جائے لیکن مجموعی طور پر دن یا رات کے ایک تہائی حصہ سے زیادہ نہ ہو تو ایسی نیت قصد امامت کی صحت کے لئے مضر نہیں ہے ۔

س ۶۶۹ : اس بات کے پیش نظر کہ ایک شخص اپنے محلِ سکونت سے اپنی جائے ملازمت تک جاتا ہے اور دونوں (محلِ سکونت و محلِ ملازمت) کے درمیان ۲۴ کلو میٹر سے زیادہ فاصلہ ہے جو پوری نماز پڑھنے کا موجب ہے ، پس اگر میں ان شہروں کے حدود سے باہر نکلوں جہاں ملازمت کرتا ہوں یا کسی دوسرے شہر کی طرف جاؤں جس کا فاصلہ میرے کام کرنے کی

جگہ سے شرعی مسافت سے کم ہے اور ظہر سے قبل یا بعد واپس ہو جاؤں تو کیا میری نماز پھر بھی پوری ہے؟

ج: صرف محل ملازمت سے شرعی مسافت سے کم نکلنے پر آپ کے روزہ نماز کا حکم نہیں بدلے گا چاہے روزانہ کے عمل سے اس کا کوئی واسطہ نہ ہو اور اس میں کوئی فرق نہیں ہے کہ آپ وہاں ظہر سے قبل واپس آئیں یا بعد میں۔

س ٦٨٠: میں اطراف اصفہان کا رہنے والا ہوں اور ایک عرصہ سے شاہین شہر کی یونیورسٹی میں ملازمت کرتا ہوں جو اصفہان کے تابع ہے اور اصفہان کے حد ترخص سے شاہین شہر تک تقریباً بیس کلومیٹر کا فاصلہ ہے۔ لیکن یونیورسٹی تک، جو اطراف شہر میں واقع ہے، تقریباً ٢٥ کلومیٹر سے زیادہ مسافت ہے لہٰذا جبکہ یونیورسٹی شاہین شہر میں واقع ہے اور میرا راستہ شہر کے درمیان سے گزرتا ہے مگر میرا اصلی مقصد یونیورسٹی ہے پس مجھے مسافر شمار کیا جائے گا یا نہیں؟

ج: اگر دونوں شہروں کے درمیان چار شرعی فرسخ سے کم فاصلہ ہے تو اس پر سفر کا حکم مرتب نہیں ہوگا۔

س ٦٨١: میں ہر ہفتہ سیدۂ معصومہ "علیہا السلام" کے مرقد کی زیارت اور مسجد جمکران کے اعمال بجالانے کی غرض سے قم جاتا ہوں۔ اس سفر میں، مجھے پوری نماز پڑھنا چاہیے یا قصر؟

ج: اس سفر میں وجوب قصر کے سلسلہ میں آپ کا حکم وہی ہے جو تمام مسافروں کا ہے۔

س ٦٨٢: شہر "کاشمر" میری جائے ولادت ہے اور ١٣٤٥ھ ش سے ١٣٦٩ھ ش تک

میں تہران میں مقیم رہا اب تین سال سے اپنے خاندان کے ساتھ ادارہ کی طرف سے بندر عباس میں تعینات ہوں اور ایک سال کے اندر پھر تہران لوٹ آؤں گا، اس کے پیش نظر کہ جب میں بندر عباس میں مقیم تھا وہاں سے میں کسی بھی وقت ادارہ کے ضروری کام سے چھوٹے چھوٹے شہروں میں جایا کرتا تھا اور کچھ مدت وہاں ٹھہرتا تھا لیکن ادارے کے جو کام میرے ذمہ ہوتے تھے۔ اس سے میں وقت کا اندازہ نہیں لگا سکتا تھا۔ برائے مہربانی پہلے میرے روزہ نماز کا حکم بیان فرمائیں گے؟

دوسرا: اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ میں اکثر اوقات یا سال کے چند مہینوں میں کام کے سلسلے میں سفر میں رہتا ہوں، میرے اوپر کثیر السفر کا عنوان صادق آتا ہے یا نہیں؟

اور تیسرے: میری زوجہ کی نماز و روزہ کا حکم ہے، وہ میری شریک حیات ہے، اس کی جائے پیدائش تہران ہے اور میری وجہ سے بندر عباس میں رہتی ہے؟

ج: اس وقت جہاں آپ ڈیوٹی پر ہیں اور جو آپ کا وطن نہیں ہے، وہاں آپ کے روزہ اور نماز کا وہی حکم ہے جو مسافر کے روزہ و نماز کا حکم ہے یعنی نماز قصر ہے اور روزہ صحیح نہیں ہے۔ مگر یہ کہ آپ وہاں دس دن قیام کرنے کی نیت کرلیں یا دس دن میں کم از کم ایک مرتبہ مربوطہ ذمّہ داری کی انجام دہی کے لئے شرعی مسافت تک جائیں لیکن آپ کی زوجہ جو آپ کے ساتھ ہے اگر وہاں دس روز ٹھہرنے کی نیت کرلیتی ہے تو اس کی نماز تمام اور روزہ صحیح ہے ورنہ نماز قصر اور روزہ رکھنا صحیح نہیں ہے۔

س ٦٨٣ : ایک شخص نے ایک جگہ دس دن ٹھہرنے کا قصد کیا، اس طرح کہ وہ جانتا تھا کہ وہاں دس روز تک ٹھہرے گا یا اس نے اس امر کا ارادہ کر لیا پھر اس نے ایک چار رکعتی نماز پوری پڑھ لی جس سے اس کا قیام متحقق ہو گیا۔ اب اسے ایک غیر ضروری سفر درپیش ہو گیا، کیا اس کے لئے یہ سفر جائز ہے؟

ج : اس کے سفر میں کوئی مانع نہیں ہے خواہ سفر غیر ضروری ہو۔

س ٦٨٤ : اگر کوئی شخص امام رضا علیہ السلام کی زیارت کے لئے سفر کرے اور یہ جانتا ہو کہ وہاں دس روز سے کم قیام رہے گا لیکن نماز پوری پڑھنے کی غرض سے دس روز ٹھہرنے کی نیت کر لے تو اس کا کیا حکم ہے؟

ج : اگر وہ جانتا ہو کہ وہاں دس روز قیام نہیں کرے گا تو اس کا اقامت عشرہ کی نیت کرنا بے معنیٰ ہے اور اس کی اس نیت کا کوئی اثر نہیں ہے اور وہ وہاں قصر نماز پڑھے گا۔

س ٦٨٥ : شہر سے باہر کے ملازمت پیشہ لوگ جو اس شہر میں دس روز قیام نہیں کرتے اور ان کا سفر بھی شرعی مسافت سے کم ہوتا ہے تو نماز کے سلسلہ میں ان کا کیا حکم ہے قصر پڑھیں یا پوری؟

ج : جب وطن اور محل ملازمت کے درمیان یا آمد و رفت دونوں ملا کر شرعی مسافت کے برابر فاصلہ نہ ہو، تو ان پر مسافر کے احکام جاری نہیں ہوں گے اور جس شخص کے وطن اور جائے ملازمت کے درمیان شرعی مسافت کے برابر فاصلہ ہو اور دس روز کے اندر وہ کم از کم ایک مرتبہ دونوں

کے درمیان سفر کرے اس پر پوری نماز پڑھنا واجب ہے ورنہ دس دن کے قیام کے بعد سفرِ اوّل میں اس کا وہی حکم ہے جو تمام مسافروں کا ہے۔

س ۶۸۶: اگر کوئی شخص کسی جگہ سفر کرے اور اسے یہ معلوم نہ ہو کہ وہاں کتنے دن قیام کرنا ہے، دس روز یا اس سے کم تو اسے کس طرح نماز پڑھنی چاہئے؟

ج: قصر نماز پڑھے گا۔

س ۶۸۷: جو شخص دو مقامات پر تبلیغ کرتا ہے اور اس علاقہ میں دس روز قیام کا قصد رکھتا ہے اس کے روزہ نماز کا کیا حکم ہے؟

ج: اگر عرفِ عام میں یہ دو علاقے ہیں تو مذکورہ صورت میں وہ نہ دونوں میں قصد اقامت کر سکتا۔ اور نہ ایک مقام پر جبکہ دوسرے مقام تک جانے کا قصد بھی رکھتا ہو۔

حدّ ترخّص

س ۶۸۸ : جرمنی اور یورپ کے بعض شہروں کا درمیانی فاصلہ ایک سو میٹر سے زیادہ نہیں ہوتا اور دونوں شہروں کے مکانات اور راستے ایک دوسرے سے متصل ہوتے ہیں، ایسے موارد میں حد ترخص کہاں سے شروع ہوتی ہے ؟

ج: جہاں دو شہر ایک دوسرے سے اس طرح متصل ہوں جیسا کہ سوال میں ہے تو ایسے دو شہر ایک شہر کے دو محلوں کے حکم میں ہیں یعنی ایک سے خارج ہونے اور دوسرے شہر میں داخل ہونے کو سفر شمار نہیں کیا جائے گا کہ اس کے لئے حد ترخص معین کی جائے ۔

س ۶۸۹ : حد ترخّص کا معیار شہر کی اذان سننا اور شہر کی دیواروں کا دیکھنا ہے ، کیا (حد ترخص میں) ان دونوں کا ایک ساتھ ہونا ضروری ہے یا دونوں میں سے ایک کافی ہے؟

ج: احتیاط یہ ہے کہ دونوں علامتوں کی رعایت کی جائے اگرچہ حد ترخّص کی تعیین کے لئے اذان کا نہ سنائی دینا ہی کافی ہے ۔

س ۶۹۰ : کیا حد ترخّص میں شہر کے ابتدائی گھروں — جہاں سے مسافر شہر میں داخل

ہوتا ہے ۔۔۔ کہ اذان کا سنائی دینا معیار ہے یا شہر کے درمیانی آبادی کی آواز اذان کا سنائی دینا ؟

ج: شہر کے اس آخری حصے کی اذان سننا معیار ہے جہاں سے مسافر شہر سے نکلتا ہے یا اس میں داخل ہوتا ہے ۔

س ۶۹۱ : ایک علاقہ کے لوگوں کے درمیان شرعی مسافت کے بارے میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں : شہر کے گھروں کی وہ آخری دیواریں معیار ہیں جو ایک دوسرے سے متصل ہیں بعض کہتے ہیں کہ گھروں کے حدود سے باہر جو کارخانے اور کمپنیاں ہوتی ہیں ، ان کی دیواریں معیار ہیں ۔ ہمارا سوال یہ ہے کہ شہر کے آخر سے مراد کیا ہے ؟

ج: شہر کی آخری حدود کی تعیین عرف عام پر موقوف ہے ۔

س ۶۹۲ : ہم یونیورسٹی کے طلبہ ہیں اور ہماری کلاسیں شہر طبس کے ایک گاؤں میں لگتی ہیں اور یہ قریہ ہمارے وطن سے سو کلو میٹر کے فاصلے پر ہے جبکہ شہر طبس کا فاصلہ ۵ کلو میٹر ہے لیکن طبس اور اس گاؤں کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہونے کی وجہ سے اس گاؤں کی دیواریں تو شہر طبس سے دکھائی دیتی ہیں مگر اذان سنائی نہیں دیتی ہے ایسی صورت میں اگر ہم اس گاؤں میں دس روز کے قیام کی نیت کریں اور پھر دو گھنٹے سے زیادہ کے لئے طبس چلے جائیں تو اس سے ہماری نیت برقرار رہے گی یا نہیں ؟

ج: دیواروں کے اوجھل ہونے سے مراد خود دیواروں اور ان کی شکلوں کا اوجھل ہونا ہے ۔ لہذا ان کا دھندلا سا دکھائی دینا کافی نہیں ہے ، اس فرض پر کہ گاؤں کی دیواریں شہر طبس سے اوجھل ہوتی

ہوں تو یہاں اگر وہ گاؤں طبس کا جزو شمار ہوتا ہے یا شہر کے باغات یا مزارع میں شامل ہے تو اس صورت میں گاؤں میں قصد اقامت کی نیت کے دوران طبس آنے جانے سے اقامت عشرہ کی نیت متأثر نہ ہوگی لیکن اس کی تشخیص خود مکلف پر موقوف و منحصر ہے۔

سفرِ معصیت

س ۶۹۳ : جب انسان یہ جانتا ہو کہ وہ جس سفر پر جا رہا ہے اس میں گناہ و حرام میں مبتلا ہوگا تو اس کی نماز قصر ہے یا نہیں ؟

ج : جب تک اس کا سفر ترک واجب یا فعل حرام کی غرض سے نہ ہو تو نماز کے قصر ہونے میں اس کا وہی حکم ہے جو تمام مسافروں کا ہے۔

س ۶۹۴ : جس شخص نے گناہ کی غرض سے سفر نہیں کیا لیکن درمیان راہ اس نے معصیت کی غرض سے اپنے سفر کو تمام کرنے کی نیت کی تو یہ شخص پوری نماز پڑھے گا یا قصر ! اور اثنائے سفر میں جو قصر نمازیں پڑھی ہیں وہ صحیح ہیں یا نہیں ؟

ج : جس وقت سے اس نے اپنے سفر کو گناہ و معصیت کی غرض سے جاری رکھنے کی نیت کی ہے اسی وقت سے اس پر پوری نماز پڑھنا واجب ہے اور معصیت کی نیت کے بعد جو نمازیں اس نے قصر پڑھی ہیں ان کا دوبارہ پوری پڑھنا واجب ہے۔

س ۶۹۵ : اس سفر کا کیا حکم ہے جو تفریح یا ضروریات زندگی کے خریدنے کے لئے کیا جائے اور اس سفر میں ادائیگی نماز کے لئے جگہ اور اس کے مقدمات ممکن و میسر نہ ہوں ؟

ج : اگر وہ جانتا ہے کہ اس سفر میں اس سے بعض وہ چیزیں چھوٹ جائیں گی جو نماز میں واجب ہیں تو ایسے سفر کو ترک کرنا احتیاط واجب ہے مگر یہ کہ سفر ترک کرنے میں ضرر و حرج ہو۔

احکامِ وطن

س ۶۹۶ : میری جائے پیدائش تہران ہے جبکہ میرے والدین کا وطن مہدی شہر ہے۔ لہٰذا وہ سال میں متعدد بار "مہدی شہر" جاتے ہیں ان کے ساتھ میں بھی سفر کرتا ہوں پس میرے روزہ و نماز کا کیا حکم ہے؟ واضح رہے کہ میں اپنے والدین کے وطن کو اپنا وطن نہیں بنانا چاہتا بلکہ میرا ارادہ تہران ہی میں رہنے کا ہے؟

ج: مذکورہ فرض میں تمہارے والدین کے وطن میں تمہارے روزہ نماز کا حکم وہی ہے، جو مسافر کے روزہ نماز کا ہے۔

س ۶۹۷ : میں ایک سال میں چھ ماہ ایک شہر میں اور چھ ماہ دوسرے شہر میں رہتا ہوں جو کہ میری جائے پیدائش ہے اور یہی شہر میرا اور میرے خاندان والوں کا مسکن بھی ہے لیکن پہلے شہر میں مستقل قیام نہیں رہتا بلکہ وقفہ وقفہ سے رہتا ہے۔ مثلاً: دو ہفتے، دس روز یا اس سے کم وہاں رہا پھر اس کے بعد اپنی جائے پیدائش اور اپنے خاندان والوں کے وطن لوٹ آتا ہوں۔ میرا سوال یہ ہے کہ اگر میں پہلے شہر میں دس روز سے کم ٹھہرنے کی نیت کرتا ہوں تو میرا حکم مسافر کا ہے یا نہیں؟

ج: اگر وہ شہر آپ کا وطن نہیں ہے اور اسے وطن بنانے کا ارادہ بھی نہیں ہے تو جس زمانہ میں آپ وہاں دس روز سے کم رہتے ہیں اس میں آپ کا حکم وہی ہے جو مسافر کا ہے۔

س ۶۹۸ : تقریباً بارہ سال سے وطن کا قصد کئے بغیر ایک شہر میں رہتا ہوں، کیا یہ شہر میرا وطن ہو جائے گا اور اس شہر کو میرا وطن ہو جانے میں کتنی مدت درکار ہے؟ اور یہ امر کیسے ثابت ہو گا کہ عرف میں لوگ اس شہر کو میرا وطن سمجھنے لگے ہیں؟

ج : وطن نہیں بن سکتا مگر یہ کہ دائمی طور پر اقامت گزینی کی نیت کرے اور ایک مدت تک اس قصد کے ساتھ اس شہر میں رہے یا مستقل رہائش کے قصد کے بغیر اتنی طویل مدت تک اس شہر میں رہے کہ وہاں کے باشندے اسے اس شہر کا باشندہ کہنے لگیں۔

س ۶۹۹ : ایک شخص کا وطن تہران ہے اور اب وہ تہران کے قریب دوسرے شہر کو وطن بنانا چاہتا ہے جبکہ اس کا روزانہ کا کسب کار تہران میں ہے لہٰذا وہ دس روز بھی اس شہر میں نہیں رہ سکتا چہ جائیکہ چھ ماہ تک رہے جس سے وہ اس کا وطن ہو جائے، وہ روزانہ اپنی محل ملازمت پر جاتا ہے اور رات کو اس شہر میں لوٹ آتا ہے۔ اس کے نماز روزہ کا کیا حکم ہے؟

ج : اگر شہر جدید میں وطن بنانے کا ارادہ کر کے اس میں سکونت اختیار کر لے تو پھر عنوان وطن کے اثبات کے لئے یہ شرط نہیں ہے کہ چھ ماہ تک مسلسل اسی جگہ رہے بلکہ اس کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنے اہل و عیال کو وہاں ساکن کر دے اور اپنے روزمرہ کے کام سے فارغ ہونے کے بعد ان کے پاس لوٹ آئے اور رات ان کے پاس گزارے یہاں تک کہ اہل محلہ اسے اسی محلہ کا شمار کرنے لگیں۔

س ۷۰۰ : میری اور میری زوجہ کی جائے پیدائش کاشمر ہے لیکن جب سے سرکاری ملازمت پر میرا تقرر ہوا ہے اس وقت سے میں نیشاپور منتقل ہو گیا ہوں اگرچہ ماں باپ کاشمر میں ہی رہتے ہیں نیشاپور کی طرف ہجرت کے ابتدائی زمانہ میں ہم نے اصلی وطن (کاشمر) سے اعراض کر لیا تھا مگر ۱۵ سال گزر جانے کے بعد میں اس قصد سے منصرف ہو گیا ہوں۔ امید ہے کہ درج ذیل سوالات کے جواب مرحمت فرمائیں گے:

۱۔ جب ہم اپنے والدین کے گھر جاتے ہیں اور چند روز ان کے پاس قیام کرتے ہیں تو میری اور میری زوجہ کی نماز کا حکم کیا ہے؟

۲۔ اور ہمارے والدین کے وطن (کاشمر) کے سفر میں اور وہاں چند روز قیام کے دوران ہمارے ہمارے ان بچوں کا کیا فریضہ ہے جو ہماری موجودہ رہائش گاہ نیشاپور میں پیدا ہوئے اور اب بالغ ہو چکے ہیں؟

ج جب آپ نے اپنے اصلی وطن (کاشمر) سے اعراض کر لیا تو اب وہاں آپ دونوں پر وطن کا حکم جاری نہیں ہوگا، مگر یہ کہ آپ زندگی گزارنے کیلئے دوبارہ وہاں لوٹ جائیں اور کچھ مدت تک وہاں اس نیت سے رہیں، اسی طرح یہ شہر آپ کی اولاد کا وطن نہیں ہے بلکہ اس شہر میں آپ سب مسافر کے حکم میں ہیں۔

س ۷۰۱ : ایک شخص کے دو وطن ہیں (دونوں میں پوری نماز پڑھتا ہے اور روزہ رکھتا ہے) پس برائے مہربانی یہ فرمائیں کہ اس کے بیوی بچوں پر جن کی وہ کفالت کرتا ہے، اس مسئلہ میں اپنے ولی و سرپرست کا اتباع واجب ہے؟ یا اس سلسلہ میں وہ مستقل نظریہ قائم کر سکتے ہیں؟

ج زوجہ کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنے شوہر کے وطن کو اپنا وطن نہ بنائے۔ لیکن جب تک اولاد کم سن ہے اور اپنی زندگی و ارادہ میں خود کفیل اور مستقل نہیں ہیں یا اس مسئلہ میں باپ کے ارادہ کے تابع ہیں تو باپ کا وطن ان کے لئے وطن شمار ہوگا۔

س ۷۰۲ : اگر ولادت کا ہسپتال باپ کے وطن سے دور ہو یعنی دفع حمل کی خاطر ماں کے لئے چند روز اس ہسپتال میں داخل ہونا ضروری ہو اور بچہ کی ولادت کے بعد وہ پھر اپنے گھر لوٹ آئے تو اس پیدا ہونے والے بچہ کے وطن کا کیا حکم ہے؟

ج: اگر ہسپتال والدین کے اس وطن میں ہے جس میں وہ زندگی گزارتے ہیں تو وہی شہر بچہ کا بھی وطن ہے ورنہ کسی شہر میں پیدا ہونے سے وہ شہر اس بچہ کا وطن نہیں بنتا بلکہ اس کا وطن وہی ہے جو اس کے والدین کا ہے جہاں بچہ ولادت کے بعد منتقل ہوتا ہے اور جس میں ماں باپ کے ساتھ زندگی بسر کرتا ہے۔

س ۷۰۳: ایک شخص چند سال سے شہر اہواز میں رہتا ہے لیکن اسے وطن ثانی نہیں بنایا ہے۔ اگر وہ شہر سے کہیں شرعی مسافت سے کم یا زیادہ فاصلہ پر جاتا اور دوبارہ واپس آتا ہے تو اس کے نماز روزے کا کیا حکم ہے؟

ج: جب اہواز میں اس نے قصد اقامت کر لیا اور کم از کم ایک چار رکعتی نماز پڑھنے سے اس کے لئے پوری نماز پڑھنے کا حکم جاری ہو گیا تو جب تک وہ شرعی مسافت طے نہیں کرتا ہے اس وقت تک وہاں پوری نماز پڑھے گا اور روزہ رکھے گا اور اگر وہاں سے شرعی مسافت یا اس سے زیادہ دور جائے گا تو اس شہر میں اس کا حکم وہی ہے جو تمام مسافروں کا ہے۔

س ۷۰۴: میں عراقی ہوں اور اپنے وطن عراق سے اعراض کرنا چاہتا ہوں کیا میں پورے ایران کو اپنا وطن بنا سکتا ہوں؟ یا صرف اسی جگہ کو اپنا وطن قرار دے سکتا ہوں جہاں میں ساکن ہوں؟ یا وطن بنانے کے لئے اس شہر میں گھر خریدنا ضروری ہے؟

ج: جدید وطن کے لئے شرط ہے کہ کسی مخصوص اور معیّن شہر کو وطن بنانے کا قصد کیا جائے اور ایک مدت تک اس میں اس طرح زندگی بسر کی جائے کہ عرف عام میں یہ کہا جانے لگے کہ یہ شخص اسی شہر کا باشندہ ہے لیکن اس

شہر میں گھر وغیرہ کا مالک ہونا شرط نہیں ہے۔

س ۷۰۵: جس شخص نے بلوغ سے قبل اپنی جائے پیدائش سے ہجرت کی تھی اور وہ ترک وطن والے مسئلہ کو نہیں جانتا تھا اور اب وہ بالغ ہوا ہے تو وہاں اس کے روزہ نماز کا کیا حکم ہے؟

ج: اگر باپ کی متابعت میں اس نے اپنی جائے پیدائش سے ہجرت کی تھی اور اس شہر میں دوبارہ اس کے باپ کا زندگی بسر کرنے کا ارادہ نہیں تھا تو اس جگہ اس پر وطن کا حکم جاری نہیں ہوگا۔

س ۷۰۶: اگر ایک جگہ انسان کا وطن ہے اور وہ فی الحال وہاں نہیں رہتا لیکن کبھی کبھی اپنی زوجہ کے ہمراہ وہاں جاتا ہے کیا شوہر کی طرح زوجہ بھی وہاں پوری نماز پڑھے گی یا نہیں؟ اور جب تنہا اس جگہ جائے گی تو اس کی نماز کا کیا حکم ہے؟

ج: شوہر کے وطن کا زوجہ کے لئے وطن ہونا کافی نہیں ہے کہ اس پر وطن کے احکام جاری ہوں۔

س ۷۰۷: کیا جائے ملازمت وطن کے حکم میں ہے؟

ج: کسی جگہ ملازمت کرنے سے وہ جگہ اس کا وطن نہیں بنتی ہے لیکن اگر وہ دس روز کی مدت میں کم از کم ایک مرتبہ اپنے مسکن سے اپنے کام کرنے کی جگہ جو کہ اس کے رہائشی مکان سے شرعی مسافت کے فاصلہ پر ہے، جاتا ہو تو وہ جگہ اس کے وطن کے حکم میں ہے اور وہاں پوری نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا صحیح ہے۔

س ۷۰۸: کسی شخص کے اپنے وطن سے اعراض و روگردانی کرنے کے کیا معنی ہیں؟ اور کیا عورت کے شادی کر لینے اور شوہر کے ساتھ چلے جانے پر وطن سے اعراض ثابت ہو جاتا ہے یا نہیں؟

ج: اعراض سے مراد یہ ہے کہ انسان اپنے وطن سے اس قصد سے نکلے کہ اب دوبارہ اس میں زندگی نہیں گزارے گا، اور صرف عورت کے دوسرے شہر میں شوہر کے گھر جانے کا لازمہ یہ نہیں ہے کہ اس نے اپنے اصل وطن سے اعراض کرلیا ہے۔

س ۷۰۹: گزارش ہے کہ وطن اصلی اور وطن ثانی کے متعلق اپنا نظریہ بیان فرمائیں؟

ج: وطن اصلی: اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں انسان پیدا ہوتا ہے اور ایک مدت وہاں رہتا ہے اور وہیں نشو و نما پاتا ہے۔

وطنِ ثانی: اس جگہ کو کہتے ہیں جسے مکلّف اپنی دائمی سکونت کیلئے منتخب کرے چاہے سال میں چند ماہ ہی اس میں رہے۔

س ۷۱۰: میرے والدین شہر "سادہ" کے باشندے ہیں دونوں بچپنے میں تہران آگئے تھے اور وہیں سکونت اختیار کرلی تھی۔ شادی کے بعد شہر جالوس منتقل ہوگئے اور وہاں اس لئے سکونت اختیار کرلی کہ وہ وہاں ملازمت کرتے تھے، پس اس وقت میں تہران و سادہ میں کس طرح نماز پڑھوں، واضح رہے میری پیدائش تہران میں ہوئی ہے لیکن وہاں کبھی نہیں رہا ہوں۔؟

ج: اگر آپ نے تہران میں پیدا ہونے کے بعد وہاں نشو و نما نہیں پائی ہے تو تہران آپ کا اصلی وطن نہیں ہے اور اگر آپ نے تہران و سادہ میں کسی کو اپنا اصلی وطن قرار نہیں دیا ہے تو ان دونوں میں آپ کیلئے وطن کا حکم جاری نہیں ہوگا۔

س ۷۱۱: اس شخص کے بارے میں آپ کا کیا نظریہ ہے جس نے اپنے وطن سے اعراض نہیں

کی ہے اور وہ اب چھ سال سے دوسرے شہر میں مقیم ہے پس جب وہ اپنے وطن جاتا ہے تو وہاں اس کو پوری نماز پڑھنا چاہیے یا قصر؟ واضح رہے وہ امام خمینیؒ کی تقلید پر باقی ہے۔

ج: اگر اس نے سابق وطن سے اعراض نہیں کیا ہے تو وطن کا حکم اپنی جگہ پر باقی ہے اور وہاں پوری نماز پڑھے گا اور روزہ رکھے گا۔

س ۱۲۷: ایک طالب علم نے شہر تبریز کی یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے تبریز میں چار سال کے لئے کرایہ پر گھر لیا، اب اس کا ارادہ ہے کہ اگر ممکن ہوا تو دائمی طور پر تبریز ہی میں رہے گا آج کل وہ رمضان مبارک میں کبھی اپنے اصلی وطن جاتا ہے کیا دونوں جگہوں کو اس کا وطن شمار کیا جائے گا یا نہیں؟

ج: اگر محل تعلیم کو وطن بنانے کا پختہ ارادہ نہیں کیا ہے تو وہ جگہ اس کے وطن کے حکم میں نہیں ہے لیکن اس کا اصلی وطن حکم وطن پر باقی ہے جب تک وہ اس سے اعراض نہ کرے۔

س ۱۳۷: میں شہر "کرمانشاہ" میں پیدا ہوا ہوں اور چھ سال سے تہران میں مقیم ہوں لیکن نہ اپنے اصلی وطن سے اعراض کیا ہے اور نہ تہران کو وطن بنانے کا قصد ہے لہٰذا جب ہم ایک سال یا دو سال کے بعد تہران کے ایک محلہ سے دوسرے محلہ میں منتقل ہوتے ہیں تو اس میں میرے روزہ نماز کا کیا حکم ہے؟ اور چونکہ ہم چھ ماہ سے تہران کے نئے علاقہ میں رہتے ہیں تو ہم پر یہاں وطن کا حکم جاری ہوگا یا نہیں؟ اور ہمارے روزہ نماز کا کیا حکم ہے جبکہ ہم دن بھر تہران کے مختلف علاقوں کا گشت کرتے رہتے ہیں؟

ج: اگر آپ نے موجودہ تہران یا اس کے کسی محلہ کو وطن بنانے کا قصد کیا ہے۔

تو پورا تہران آپ کا وطن ہے اور موجودہ تہران کا ہر علاقہ آپ کا وطن ہے وہاں پوری نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا صحیح ہے اور تہران کے اندر اِدھر اُدھر جانے سے سفر کا حکم نہیں لگے گا۔

س ۱۴۷: ایک شخص دیہات کا رہنے والا ہے اور آج کل ملازمت کی وجہ سے تہران میں رہتا ہے اور اس کے والدین دیہات میں رہتے ہیں اور ان کے پاس زمین وجائداد بھی ہے، وہ شخص ان کی احوال پرسی اور مدد کے لئے وہاں جاتا ہے لیکن وطن کے قصد سے وہاں واپسی کا قصد نہیں رکھتا، واضح رہے کہ وہ اس شخص کی زادگاہ بھی ہے۔ لہٰذا وہاں اس کے روزہ نماز کا کیا حکم ہے؟

ج اگر اس نے اس گاؤں میں زندگی بسر کرنے اور اس کو وطن بنانے کی نیت نہیں کی ہے تو وہاں اس پر وطن کے احکام جاری نہیں ہوں گے۔

س ۱۵۷: کیا جائے ولادت کو وطن سمجھا جائے گا خواہ پیدا ہونے والا وہاں نہ رہتا ہو؟

ج اگر ایک زمانہ تک وہاں زندگی گزارے اور وہیں نشو ونما پائے تو جب تک وہ اس جگہ سے اعراض نہیں کرے گا اس وقت تک وہاں اس پر وطن کا حکم جاری ہوگا ورنہ نہیں۔

س ۱۶۷: اس شخص کی نماز، روزہ کا کیا حکم ہے جو اس شہر میں طویل مدت (۹ سال) سے مقیم ہے اور فی الحال وہ اپنے وطن میں ممنوع الورود ہے لیکن اسے یہ یقین ہے کہ ایک دن وطن واپسی ہوگی؟

ج جس شہر میں وہ اس وقت مقیم ہے وہاں اس کے روزہ اور نماز کا وہی حکم ہے جو تمام مسافروں کا ہے۔

س ۱۷۷: میں نے اپنی عمر کے چھ سال گاؤں میں اور آٹھ سال شہر میں گزارے ہیں۔

حال ہی میں بغرض تعلیم مشہد آیا ہوں پس ان تمام مقامات پر میرے روزہ نماز کا کیا حکم ہے ؟

ج جو قریہ آپ کی جائے پیدائش ہے وہی وطن ہے اور وہاں آپ کا روزہ اور نماز پوری ہے بشرطیکہ اس سے اعراض نہ کیا ہو۔ لیکن مشہد کو آپ جب تک وطن بنانے کا قصد نہ کریں وہاں آپ مسافر کے حکم میں ہیں اور جس شہر میں آپ نے آٹھ سال گزارے ہیں اگر اسے وطن بنایا تھا تو وہ بھی اس وقت تک آپ کے وطن کے حکم میں رہے گا جب تک وہاں سے اعراض نہ کریں ورنہ اس میں بھی مسافر کے حکم میں رہیں گے۔

زوجہ کی تابعیّت

س ۱۸۷ : کیا وطن اور اقامت کے بارے میں زوجہ شوہر کی تابع ہے ؟

ج صرف زوجیت قہری طور پر شوہر کے تابع ہونے کی موجب نہیں ہے . بلکہ زوجہ کو یہ حق حاصل ہے کہ قصد اقامت اور وطن اختیار کرنے میں شوہر کا اتباع نہ کرے ہاں اگر زوجہ اپنے ارادہ اور زندگی بسر کرنے میں مستقل نہ ہو بلکہ وطن اختیار کرنے یا اس سے اعراض کرنے میں وہ شوہر کے ارادہ کی پابند ہو تو اس سلسلہ میں اس کے شوہر کا قصد ہی اس کے لئے کافی ہے پس اس کا شوہر جس شہر میں دائمی زندگی بسر کرنے کے لئے منتقل ہوتا ہے وہ اس کا بھی وطن ہے ۔
اسی طرح اگر شوہر اس وطن کو چھوڑ دے جس میں وہ دونوں رہتے ہیں اور کسی دوسری جگہ کو وطن بنائے تو یہ اپنے وطن سے زوجہ کا اعراض بھی شمار ہوگا ، اور سفر میں دس دن کے قیام کے سلسلہ میں اس کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ شوہر کے قصد اقامت سے آگاہ ہو جبکہ وہ اپنے شوہر کے ارادہ کے تابع ہو بلکہ اس وقت بھی یہی حکم ہے جب وہ اقامت کے دوران

اپنے شوہر کے ساتھ وہاں رہنے پر مجبور ہو۔

س۱۹: کیا منگنی کے زمانہ میں بھی زوجہ، مسافر کی نماز کے مسائل میں اپنے شوہر کے تابع ہے؟

ج: زوجیت کے رشتہ کا اقتضا یہ نہیں ہے کہ قصد سفر و اقامت یا اختیار وطن و ترک وطن میں زوجہ شوہر کے تابع ہو بلکہ اس سلسلہ میں وہ خود مختار ہے۔

س۲۰: ایک جوان نے دوسرے شہر کی لڑکی سے شادی کی ہے پس جس وقت لڑکی اپنے والدین کے گھر جائے تو کیا پوری نماز پڑھے گی یا قصر؟

ج: جب تک وہ اپنے اصلی وطن سے اعراض نہ کرے گی اس وقت تک وہاں پوری نماز پڑھے گی۔

س۲۱: کیا بیوی بچے امام خمینیؒ کی توضیح المسائل کے مسئلہ "۱۲۸۴" کے زمرے میں آتے ہیں؟ (یعنی سفر کے تحقق میں بیوی بچوں کے لئے بھی سفر کی نیت شرط نہیں ہے) اور کیا باپ کے وطن میں اس کے تابع افراد پوری نماز پڑھیں گے؟

ج: اگر سفر میں قہری طور پر ہی سہی وہ باپ کے تابع ہیں تو سفر کے لئے باپ کا قصد کافی ہے بشرطیکہ انھیں اس کی اطلاع ہو، لیکن وطن اختیار کرنے یا اس سے اعراض کرنے میں اگر وہ اپنے ارادہ اور زندگی گزارنے میں خود مختار نہ ہوں، بلکہ باپ کے تابع ہوں تو قہری طور پر وطن سے اعراض کرنے اور نیا وطن اختیار کرنے کے سلسلہ میں جہاں ان کا باپ دائمی طور پر ان کے ساتھ زندگی گزارنے کے لئے منتقل ہوا ہے وہ ان کا وطن بھی ہوگا۔

بڑے شہروں کے احکام

س ۷۲۲ : بڑے شہروں میں قصد توطن اور قصد اقامت کے شرائط کے بارے میں آپ کا کیا نظریہ ہے؟

ج بڑے اور مشہور شہروں میں، احکام مسافر، قصد توطن اور دس روز قیام کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں ہے بلکہ بڑے شہر میں کسی مخصوص محلہ کی تعیین کے بغیر قصد توطن کرنے اور کچھ مدت اس شہر میں زندگی گزارنے سے اس پر وطن کا حکم جاری ہو جائے گا جیسا کہ اگر کوئی شخص محلہ کی تعیین کے بغیر ایسے شہر میں دس روز قیام کی نیت کرے تو وہ تمام شہر میں پوری نماز پڑھ سکے گا اور روزہ رکھ سکے گا۔

س ۷۲۳ : ایک شخص کو اس فتوے کی اطلاع نہیں تھی کہ امام خمینیؒ نے تہران کو بڑا شہر قرار دیا ہے انقلاب کے بعد اسے امام خمینیؒ کے فتوے کا علم ہوا لہٰذا اس کے ان روزوں اور نمازوں کا کیا حکم ہے جو کہ عادی طریقہ سے اس نے انجام دیئے ہیں؟

ج اگر ابھی تک وہ اس مسئلہ میں امام خمینیؒ کی تقلید پر باقی ہے تو اس پر ان گزشتہ اعمال کا اعادہ واجب ہے جو امام خمینیؒ کے فتوے کے

مطابق نہ ہوں، چنانچہ جو نمازیں اس نے قصر کی جگہ پوری پڑھی تھیں ان کو قصر کی صورت میں بجالائے اور ان روزوں کی قضا کرے جو اس نے مسافرت کی حالت میں رکھے ہیں۔

نماز اجارہ

س ۲۲۴ : مجھ میں نماز پڑھنے کی طاقت نہیں ہے۔ کیا میں دوسرے شخص سے اپنی نیابت میں نماز پڑھوا سکتا ہوں اور کیا اجرت اور بغیر اجرت کے نائب بنانے میں کوئی فرق ہے؟

ج شرع کے اعتبار سے ہر مکلف پر واجب ہے کہ جب تک وہ زندہ ہے اپنی واجب نماز خود ادا کرے، نائب کا نماز ادا کرنا کافی نہیں ہے اور اس میں کوئی فرق نہیں ہے کہ اجرت پر نائب بنایا ہو یا اجرت کے بغیر۔

س ۲۲۵ : جو شخص اجارہ کی نماز پڑھتا ہے:

اول : کیا اس پر، اذان و اقامت کہنا، تین سلام پھیرنا اور مکمل طور پر تسبیحات اربعہ پڑھنا واجب ہے؟

دوسرے : اگر ایک دن مثلاً ظہر و عصر کی نماز بجالائے اور دوسرے دن مکمل طور پر نماز پنجگانہ پڑھے، کیا اس میں ترتیب ضروری ہے؟

تیسرے : نماز اجارہ میں میت کے خصوصیات بیان کرنا ضروری ہیں یا نہیں؟

ج میت کے خصوصیات بیان کرنا ضروری نہیں ہے۔ صرف نماز ظہر و عصر

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

تقلید اور اجتہاد
حضرت آیۃ اللہ
علامہ سید ابن حسن نجفی

کتاب کا نام	: تقلید اور اجتہاد
مؤلف	: حضرت آیۃ اللہ علامہ سید ابن حسن نجفی
ناشر	: انتشارات دانشگاہ، قم، ایران
کمپوزنگ	: مولانا سجاد حسین قائی
اشاعت سوم	: دسمبر ۲۰۰۳ء

فہرستِ مطالب

عنوان	صفحہ نمبر
مکتب اجتہاد	
تفسیر حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام	۱۶۷
اجتہاد کی سرگذشت	۱۷۹
"الرسالۃ" پر ایک نظر	۱۹۳
مگر حقیقت یہ ہے	۲۰۷
غیبت صغریٰ کا دور	۲۲۵
آخری بات	۲۳۵
ہمارے مراجع تقلید	۲۴۱
کتاب نامہ	۲۵۱
	۳۱۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض

حال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسلام ہماری معاشرتی زندگی کا محض ایک حصہ نہیں ، بلکہ پوری زندگی کا مکمل نظام ہے ۔

اس دین کی بتائی ہوئی راہ و روش کے آفاق گیر دامن میں حیاتِ انسانی کے سکون و ارتقاء کا ہر سامان موجود ہے ۔

سیاسی ، سماجی ، تعلیمی ، ثقافتی ، اخلاقی ،معاشی ، دفاعی اور فلاحی اداروں میں سے کوئی ایسا ادارہ نہیں کہ دین خدا نے جس کی مضبوط بنیادیں نہ ڈال ہوں ۔

اسلام رہتی دنیا تک باقی رہنے والا آئین ہے ، اور ملت اسلامیہ بھی قیامت تک زندہ سلامت رہے گی ۔ پھر جب حقیقت یہ ہو تو حیاتِ اجتماعی کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے دوام پذیر اور متحرک قواعد و ضوابط کا ہونا ضروری ہے ، کیونکہ ہمیشہ رہنے والے قوانین ہی کے حوالے سے ہم ہر لحہ بدلتی ہوئی دنیا میں قدم جما سکتے ہیں ۔

اور اس کے لیے انتہائی جامع اور بڑا مستحکم فلسفۂ قانون درکار ہوتا ہے جو ہمارے اپنے زمانے اور ہر عہد کے ذہنی تقاضوں ، انفرادی ضرورتوں اور اجتماعی احتیاجات کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو ۔ شکرِ خدا کہ ہمارے فقہی ادارے اس استعداد کی

پرورش گاہ ؛ اور ہمارے فقہائے کرام قانون شناسی کی حیرت انگیز قابلیت سے آراستہ ہیں !

نیز یہی وہ نظریاتی قوت ہے جو قاعدے کے مطابق ، اصل مقصد کے لیے حرکت میں لائی جائے تو اسے ''اجتہاد'' کا نام دیا جاتا ہے ۔

اجتہاد کے ذریعے جو احکام دریافت ہوتے ہیں پھر اس کے بعد لوگ اپنے دور اور پسند کے مجتہد کے ان احکام کو قبول کر کے ان پر عمل کرتے ہیں تو اس کے لیے **''تقلید''** کا لفظ استعمال ہوتا ہے ۔

یہ پیش کش ، ان ہی دو اہم عنوانوں کی توضیح و تفہیم کی ایک کامیاب کوشش ہے ۔

خوش قسمتی سے اس علمی کاوش کو بھی حضرت آیۃ اللہ

علامہ سید ابن حسن نجفی کا دل کھینچ لینے والا قلم دستیاب ہو گیا .... ! پروردگارِ عالم انہیں زندہ سلامت رکھے ! ان کی خوش نگاری برقرار رہے ، نیز ہماری کوششوں کو تسلسل و دوام ملے اور قدر دانوں کی نگاہ میں شرف قبول حاصل ہو ۔

ادارۂ تمدن اسلام

کراچی ، پاکستان۔

حرفِ اول

آدمی کو جو بات نہیں آتی ، وہ اسے جاننا چاہتا ہے ۔ بچے اپنے بڑوں سے پوچھتے ہیں اور بڑے اپنے سے زیادہ قابلیت رکھنے والوں کا سہارا لیتے ہیں ! یہی زمانے کا چلن ہے !

مگر ، خاص طور پر مذہبی مسائل کے بارے میں لوگ زیادہ حساس ، اور ان کی اکثریت صحیح باتوں سے بے خبر ہوتی ہے ۔ لہذا یہ سب کے سب ، دین کا علم رکھنے والے معتبر بزرگوں سے اپنی مشکلیں حل کرواتے

رہتے ہیں ۔ یہی انسان کی فطرت ہے ، آئینِ اسلام کا فیصلہ ہے ! نیز اسی طریقِ کار کو شریعت کی زبان میں '' تقلید'' کہا جاتا ہے ۔

تقلید سے متعلق لوگوں کی مختلف آراء :

تقلید سے متعلق مختلف لوگوں سے مختلف آراء سننے میں آتی ہیں جن کا خلاصہ درج ذیل ہے ۔

☆ بعض حضرات اسے بدعت سمجھتے ہیں ۔

☆ کچھ لوگ اسے '' پیری مریدی'' کا نام دیتے ہیں ۔

☆ ایک طبقہ '' تقلید'' کو علمائے دین کا جبر قرار دیتا ہے ۔

☆ اس عنوان سے تبصرہ کرنے والے بھی پائے جاتے ہیں کہ یہ عمل ایک طرح کی ذہنی غلامی ہے ۔ وہ فرماتے ہیں کہ "اسلام نے اس طریقِ کار کی مذمت کی ہے ! ان کے خیال میں قرآن حکیم نہایت سہل اور بڑی سہج سی کتاب ہے ، لہذا ہم اسی سے اپنے سوالوں کا جواب کیوں نہ لیں ..... !؟

☆ اس کے علاوہ اللہ کے کلام اور چہاردہ معصومین علیہم السلام کی تعلیمات میں بھی "تقلید" کے لیے کوئی معتبر دلیل نہیں ملتی ! نیز شیعوں کی تاریخ دیکھیے تو خاصی لمبی مدت تک ، نہ کہیں تقلید کا چرچا سنائی دے گا اور

نہ کسی جگہ "اجتہاد" کے آثار نظر آئیں گے !

☆☆☆☆☆

لیکن ! حقیقت یہ ہے کہ تقلید اور اجتہاد کے بارے میں یہ ساری باتیں مطالعے کی کمی اور تحقیق و جستجو سے لگاؤ نہ رکھنے کا اشتہار ہیں ۔

کیونکہ حقیقت یہ ہے کہ

☆ تقلید نہ کسی طرح کی بدعت ہے نہ کوئی نئی ایجاد ، اسے تو ہر جہت سے علم و آئین کی بات کہنا چاہیے ۔

☆ اسی طرح ، یہ نہ تو کسی مرشد کی بیعت ہے ، اور نہ کسی پیر کی تابعداری !

یہ خالص علمی ، فکری اور زندگی کا ایک جیتا جاگتا باوقار رویہ ہے ۔

☆ نیز اس قاعدے میں نہ کسی قسم کی زبردستی ہے اور نہ کوئی جبر شامل ہے ! بات صرف یہ ہے کہ جسے اپنے دین کی سلامتی ، اور اپنے اعمال کی صحت عزیز ہو تو اسے چاہیے کہ شریعت کے مسائل و معاملات میں اپنے وقت کی سب سے زیادہ باخبر ہستی سے رجوع کرے ۔ اسی سے اپنے سوال کا جواب لے ۔ اس معیاری شخصیت کو مجتہد یا مرجعِ تقلید کہتے ہیں ۔

مرجعِ تقلید پر اعتماد کی وجہ ، ان کی اعلمیت ہے ۔ یعنی ! اپنے زمانے کے تمام دانشوروں پر انہیں

برتری حاصل ہوتی ہے ۔

☆ اچھا ! جو حضرات تقلید کو فکر کی آزادی کے خلاف جانتے ہیں ، ان کی خدمت میں گزارش ہے کہ اس دنیا میں کوئی کام بے سمجھے بوجھے انجام کو نہیں پہنچتا ۔ پھر جو چیز ہمارے علم میں نہ ہو ، اسے معلوم کرنا تو ذہن کی تہذیب ، حریتِ فکر اور وسعتِ خیال کی دلیل ہے !

☆☆☆☆☆

رہا ، قرآن کے آسان ہونے کا مسئلہ ، تو آئین و قوانین کا یہ مجموعہ اتنا سہل بھی نہیں کہ جس کا جی چاہے اپنے آپ اس کے مطلب تک پہنچ جائے ۔ مثلاً قرآن میں ہے کہ :

''نماز پڑھو اور زکوۃ دو''۔

اب اس سے نماز کی ہیئت ، اس کے ارکان اور پھر درست و نا درست کی تفصیل ، اسی طرح ، فریضہ زکوۃ کے شرائط اور اس سے وابستہ امور کی توضیح و تشریح کیسے ممکن ہوگی ؟

اس کے علاوہ اصل مقصد تک پہنچنے کی پہلی منزل پر سب سے بڑی مشکل ، زبان ہے ! کلام مجید عربی میں اترا ہے ، اور اس زبان کے پھیلاؤ ، باریکیوں اور گہرائی تک پہنچنے میں ، خود اہلِ زبان کی ہمت بھی جواب دے جاتی ہے !

عربی کا ایک ایک لفظ ہی نہیں ، حرف حرف ، اپنے دامن میں طرح طرح کی کیفیتیں لیے ہوئے ہے۔

مثال کے طور پر، جس لفظ کے اخیر میں "ح" لگی ہوئی ہو تو اس سے زور شور، جوش و خروش، نیز تیزی اور غلبے کا اظہار ہوگا۔ جیسے: صَا حَ۔ اب صَا حَ سے بولنے کا نہیں، چیخنے چلانے کا مفہوم نکلتا ہے۔ یا فَا حَ، اس لفظ سے مراد ہے کسی "سیّال" بہنے والی چیز کا اُبل پڑنا، چھلک جانا، اور وہ خوشبو جو ہوا کے جھونکے کے ساتھ آکر ساری فضا کو مہکا دے۔

اسی عنوان سے سَا حَ کو لے لیجیے۔ یہ گھومنے پھرنے والے جہاں گشت سیلانی یا پھر پانی کے رواں دواں ہونے کی حالت کو ظاہر کرتا ہے۔

نیز نَا حَ بلبلا کر، بے اختیار نوحہ گری یا تڑپ تڑپ کر بین کرنے کے موقع پر استعمال ہوگا!

اب ملاحظہ کیجیے ! کہ "ح" لگے ہوئے ان تمام الفاظ میں معنوی اعتبار سے کتنی قریبی رشتہ داری ہے ! جس لفظ پر غور کیجیے ، معلوم ہوگا وہ ایک طرح کی سرگرمی ، ولولے اور کثرت کا پتہ دے رہا ہے ۔

اسی عنوان سے اگر کسی لفظ کا آغاز " غ " سے ہوا ہے تو یہ چھپنے ، آنکھوں سے اوجھل ہونے یا ڈوب جانے کے معنی دے گا ۔

جیسے : **غابَ** ، **غَرَق** اور **غَرَبَ** وغیرہ ۔

اور جو کلمات " ن اور ف " سے شروع ہوتے ہیں وہ عموماً ایسے موقعوں پر برتے جاتے ہیں جب باہر نکلنے ، نکالنے ، پھونکنے ، پھلانے ، ختم ہونے ، جاری کرنے ، سوجنے ، ٹھنڈی ہوا چلنے اور خوشبو سے

پورے ماحول کے معطر ہونے کی بات ہو ۔

مثال کے طور پر :

نَفَحَ ، نَفَغَ ، نَفَدَ اور **نَفَذَ** وغیرہ ۔

ان سب لفظوں میں کچھ چیزوں کے اثر ڈالنے اور کچھ کے اس کی تاثیر قبول کرنے کا مفہوم پوشیدہ ہے ۔

بہرکیف ! ہمارا یہ مقصد نہیں کہ ان اوراق میں تازی زبان و ادب کے مزاج اور اس کے تقاضوں کی وضاحت کریں ۔

یہ تو چند عام سی باتیں تھیں جو اس وقت یاد آگئیں ، ورنہ عربی بول چال کے رنگ ڈھنگ سمجھنے کیلئے اعلیٰ تعلیم کی بیسیوں درسی کتابیں دنیا بھر میں پھیلی ہوئی ہیں ۔ اس کے سوا **مُغنی اللَّبِیب** ، اور **ابن الجنّی** کے

''الخصائص'' نیز ابن سیدہ اندلسی کے ''المخصص'' جیسے ضخیم کلاسیکی مجموعوں سے بھی اکثر دانشور آگاہ ہیں ۔

پھر جزوی طور پر بھی اگر کوئی آدمی خدا کے کلام کو سمجھنے کی کوشش کرے تو اسے زبان و بیان کے تمام قاعدوں پر حاوی ہونے کے علاوہ قرآن مجید کا مزاج جاننے والی قیادت سے ہمیں جو بیش بہا نکات اور رہنما اشارات ملے ہیں انہیں بھی قبلۂ نگاہ بنانے کی ضرورت ہے ۔ اس موقع پر ہم سرورِ دو جہاں حضور نبی اکرم ؐ کی ایک تفصیلی حدیث کے چند حصوں کو آنکھوں کی زینت بنانے کی سعی کرتے ہیں ۔

آنحضرت ؐ ارشاد فرماتے ہیں :

"لَهٗ ظَهْرٌ وَ بَطْنٌ، فَظَاهِرُهٗ حُكْمٌ وَ بَاطِنُهٗ عِلْمٌ، ظَاهِرُهٗ اَنِيْقٌ وَ بَاطِنُهٗ عَمِيْقٌ، لَهٗ نُجُوْمٌ وَعَلٰى نُجُوْمِهٖ نُجُوْمٌ۔"

"قرآن کریم کے دو رخ ہیں۔
ایک نظروں کے سامنے ہے اور دوسرا حصہ آنکھوں سے اوجھل ہے۔ اب جو بالکل عیاں ہے وہ احکام و قوانین سے بھرپور ہے۔

اور وہ پہلو جو پوشیدہ رکھا گیا ہے اسے علم و حکمت اور عرفان و آگہی کا سرچشمہ جانیے۔ اس کے ظاہر کو

دیکھیے تو حدِ نگاہ تک حُسن ہی حُسن

اور مسرت ہی مسرت دکھائی دے گی

اور باطن پر نظر ڈالیے تو اتھاہ گہرائی

ملے گی ۔ اس کے اوراق ستاروں سے

سجے ہوئے ہیں ،

(یعنی ! روشن دلیلیں جگر جگر کر رہی ہیں)

اور ان دلیلوں پر مزید دلائل ضیاء بار

ہیں ۔'' [۱]

نیز قرآنی فلسفے اور اس کے تمام اسرار و رموز کے سب سے بڑے عارف امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ نے اپنی ایک تقریر میں نہایت جامع طریقے سے

---

[۱] اصول کافی ، ج: ۲ ، ص : ۴۳۸ ۔ طبع مکتبہ اسلامیہ تہران

ان ''امور'' کا تذکرہ فرمایا ہے اور ان اہم مقامات کو پہچنوایا ہے جن کی تفصیل جانے بغیر خدا کی کتاب سے استفادہ محال بن جاتا ہے ۔

حضرتؑ ارشاد فرماتے ہیں :

''کِتَابَ رَبِّکُمْ فِیْکُمْ مُبَیِّناً

حَلَالَہٗ وَحَرَامَہٗ،

وَفَرَآئِضَہٗ وَفَضَائِلَہٗ،

وَنَاسِخَہٗ وَمَنْسُوْخَہٗ،

وَرُخَصَہٗ وَعَزَآئِمَہٗ،

وَخَاصَّہٗ وَعَامَّہٗ،

وَعِبَرَہٗ وَاَمْثَالَہٗ

وَمُرْسَلَہٗ وَمَحْدُوْدَہٗ،

وَ مُحْکَمَہ‘ وَ مُتَشَابِھَہ‘،

” جناب رسالت مآبؐ تمہارے
پالنے والے کی کتاب تم میں چھوڑ کر
گئے ہیں اور حضورؐ نے یہ بھی کھل کر
بتا دیا ہے کہ اس میں حلال کن کن
چیزوں کو کہا گیا ہے اور حرام کسے
قرار دیا گیا ہے ۔ واجب کا کیا مطلب
ہے ،مستحب سے کیا مراد لینا چاہیے ۔
سرکارؐ نے ناسخ آیتوں کا بھی حال
بتایا ہے ، منسوخ کا بھی تذکرہ فرمایا
ہے ۔ مجبوری میں اپنے اختیار کو کام میں
لانے اور جہاں قطعی طور پر پابندی

ضروری ہے ان احکام پر بھی روشنی
ڈالی ہے ۔ خاص اور عام کی بھی
نشان دہی فرمائی ہے ۔ سبق آموز
باتوں اور فکر انگیز واقعات سے بھی
واقف کروایا ہے ۔ جن امور میں
از خود کچھ کرنے کی اجازت ہے نیز
جنہیں بجا لانے کے متاہی ہے ان کی
وضاحت بھی فرمادی ہے ۔ ان کے علاوہ
جو صاف صاف آسانی سے سمجھ میں آنے
والے حقائق تھے اور وہ مسائل جو
ایک عام آدمی کی فہم و فراست کیلئے
دشوار تھے ، رحمتِ دو عالمؐ نے ان

پر بھی گفتگو فرمائی ہے"۔ [1]

سرکار ختمی مرتبت ؐ کے حوالے سے حضرت امیرؑ لوگوں کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ قرآن سب کا ہے، سب کے واسطے ہے ۔ نیز اس کے فیض اور فائدے کو عام کرنے کے لیے زبانِ رسالتؐ نے اس کے قدرے مشکل مقامات کی توضیح و تشریح بھی فرما دی ۔

مگر یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کے باوجود کیا کوئی سنجیدہ آدمی ایمان داری کے ساتھ کہہ سکتا ہے کہ "صاحب منبرِ سلونی" نے جن خاص نکات کی جانب اشارہ فرمایا ہے، وہ اتنے آسان ہیں کہ ہر شخص اپنے آپ ان کے صحیح مطلب و مقصد تک

---

[1] نہج البلاغہ، پہلا خطبہ، ص:۴۴، ترتیب و تشریح ڈاکٹر صبحی صالح، طبع بیروت ۱۳۸۷ھ

پہنچ جائے گا ، عمل کے سلسلے میں خود ہی ان کی تفصیل معلوم کرلے گا ؟

مثلاً : فرائض ، فضائل ، ناسخ ، منسوخ ، رخص ، عزائم ، خاص ، عام ، عبر ، امثال ، مرسل ، محدود ، محکم ، متشابہ ، مجمل اور غوامض وغیرہ۔

ہاں ! ضمیر میں اگر ذرا بھی جان باقی ہے تو ہر انسان ہانکے پکارے کہے گا کہ نہیں ! ہرگز نہیں ! جب تک کوئی ٹھیک سے بتانے والا بتائے گا نہیں ، اس وقت تک کام کی کوئی بات پلّے نہیں پڑے گی !

لہذا لگاتار اس پہلو پر اصرار کہ قرآن بہت سہل کتاب ہے۔ بنا بریں ہمیں صرف اور صرف قرآن ہی سے رجوع کرنا چاہیے اس میں ہمیں ہر سوال کا جواب مل

جائے گا۔ نیز ہمارا دماغ جیسا بھی ہے وہ لُغت کے سہارے کلامِ خداوندی کے ہر اشارے کو جا لے گا اور ہر کنائے کو پالے گا !

این خیال است و محال است و جنوں !

ایک اور بات !

اور یہاں یہ یاد دہانی بھی بے جا نہ ہوگی کہ اس مقدس کتاب پر کئی ایسے کڑے وقت آئے ہیں جب اس کو اس کے مزاج کے خلاف استعمال کرنے کی نیت باندھی گئی! پہلا قیامت خیز موقع تو وہ تھا جب سرورِ کائنات ؐ نے وصیت لکھنے کے لیے قلم اور کاغذ طلب فرمایا، لیکن جواب یہ ملا کہ اب لکھنے لکھانے کی کیا ضرورت؟

" ہمارے لیے اللہ کی کتاب کافی ہے ۔ "[1]

اس طرح قرآنِ حکیم سے اس کے واقعی مفسر ، طبیعت شناس اور بھروسے کے ساتھی یعنی ! اہلبیت اطہارؑ کو الگ کرنے کی بنیاد ڈالی گئی !

پھر دوسرا افسوس ناک واقعہ اس وقت پیش آیا جب صفین کی جنگ ٹھنڈی پڑی تو فوج کے ایک دستہ نے حضرت امیرؑ کے آگے سرِ تسلیم خم کرنے کی بجائے " لاحکم الا اللہ " (کسی کا حکم نہیں چلے گا ، خدا کا

---

[1] صحیح بخاری ، شرح کرمانی ۔ جلد : ۲ ، کتاب العلم ، حدیث : ۱۱۳ ، ص : ۱۲۶
طبع : احیاء التراث العربی ، بیروت ۔ دوسرا ایڈیشن ۔
خیال رہے کہ بخاری نے اپنی صحیح میں چھ مقامات پر یہ حدیث نقل کی ہے ۔
نیز مسلم ابن حجاج نے بھی اپنی صحیح میں تین تین مرتبہ اس حدیث کو درج کیا ہے ۔
ملاحظہ ہو : ج : ۲ کتاب الوصیۃ ، ح : ۲۱ ، ج : ۳ ، ص:۱۲۵۷ تا ۱۲۵۹ ، طبع بیروت ۔
اس کے علاوہ اس وقت کوئی بیس بڑے بڑے محدثوں اور مؤرخوں کے علمی مجموعے ہمارے سامنے ہیں جن میں یہ بات لکھی ہوئی ہے ۔

حکم زندہ باد) کے نعرے لگانا شروع کردیے ... !

تاریخ بتاتی ہے کہ کافی عرصہ تک اس سرکش جتھے نے ، جی بھر کے خونِ ناحق سے اپنے ہاتھ رنگے ۔ [1]

پھر صدیوں بعد ۱۰۲۵ھ کے لگ بھگ شیعہ مذہب سے تعلق رکھنے والے خاصے معروف دانشور " ملا امین استرابادی " نے مکہ معظمہ میں اپنے استاد " میرزا محمد استرابادی " کے کہنے پر " الفوائد المدنیۃ " نام کی ایک کتاب لکھی جس کے مضامین سے مکتبِ تشیع میں بڑی بے چینی پیدا ہوئی ۔

---

[1] جن لوگوں نے یہ بانگ لگائی تھی وہ زرعہ ابن البرج الطائی اور حرقوص ابن زہیر السعدی کہلاتے تھے ۔ تاریخ طبری ، ج:۵ ، ص:۷۲ ، طبع بیروت ، کامل ابن اثیر ، ج:۳ ، ص:۳۳۴، طبع بیروت

"الفوائد المدنیہ" کے باعث ایک نئے مسلک کا آغاز ہوا جسے اخباریت کہا جاتا ہے! اخباری حضرات نے بھی قرآن کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔ [1]

اس کے بعد موجودہ صدی کے آغاز میں ایک اور صاحب کھڑے ہوئے۔ لاہور کی مسجد وزیر خاں سے انہوں نے اپنی آواز بلند کی۔ کہتے تھے کہ ہمارے ہر دکھ درد کی دوا قرآن میں ہے، اور ہم کو اپنی تمام ضروریات پورا کرنے کے لیے صرف اور صرف

---

[1] اخبار، "خبر" کی جمع ہے اور علمائے اسلام کی زبان میں رسول و آلِ رسول کے ارشاد کو خبر کے لفظ سے یاد کیا جاتا ہے۔ نیز جس طبقے کو اخباری کہتے ہیں تو اس کا باعث یہ ہے کہ اس مسلک کے لوگ حدیثِ معصوم (اخبار) ہی کو شرعی احکام کا سرچشمہ مانتے ہیں اور قرآن کے بارے میں ان کا خیال یہ ہے کہ اس کے مطالب تک ہمارے ذہن کی رسائی نہیں۔ لہذا ضرورت کے وقت ہمیں صرف اخبار (حدیث) کا سہارا لینا چاہیے۔ انشاء اللہ اجتہاد کے سلسلے میں جب گفتگو ہوگی اس وقت اس موضوع پر تفصیل سے بحث کی جائے گی۔

اللہ کی کتاب سے رجوع کرنا چاہیے ۔

انجام کار ، بہت سوں نے جس طرح چاہا خدا کے کلام کو ازخود سمجھا اور سمجھانا شروع کردیا ۔ پڑھے لکھے اور باحیثیت اشخاص میں ، جناب اسلم جیراج پوری ، خاصے نمایاں ہوئے ، اور اب ان ہی کے جانشین اور ادارۂ طلوعِ اسلام کے سربراہ جناب پرویز صاحب ، اس فکر کو آگے بڑھانے میں مصروف ہیں ۔ مگر تاثیر بہت ہی سست ہے !

البتہ ، ایران کے اسلامی انقلاب کی کامیابی کے ساتھ اکثر جگہوں پر ایک نئی لہر آگئی ! جس کے پیچھے مذہبی جذبہ کم اور سیاسی شعور کی لپ جھپ زیادہ دکھائی دیتی ہے ، اور جو اس کی زد میں آئے ہیں

ان میں بیشتر افاضل ، مغربی طرز کی درس گاہوں کے پڑھے ہوئے یا ان سے متاثر افراد ہیں !

بس ! یہ لوگ ایکا ایکی مرجعیت اور اجتہاد کے خلاف صف آرا ہو کر تقلید کے نظام کو درہم برہم کرنے کے درپے ہوگئے ، اور اس مہم کو سر کرنے کے لیے قرآن کو بیچ میں لے آئے !

آج کل ہمیں عربی زبان میں شائع ہونے والے کوئی بیس ۲۰ معیاری رسالے دیکھنے کا موقع مل رہا ہے ؛ ان میں سے اسی ۸۰ فیصد مشرقی ملکوں میں چھپتے ہیں ! لیکن مزے کی بات یہ ہے کہ ان رسالوں کے اشاعتی ادارے یا تو عیسائیوں کی ملکیت ہیں ، یا اُن کے ہاتھ میں جو اجتہاد کے نام سے بھناتے ہیں ۔

مگر لے سب کی ایک ہے !

ہاں ! حیرت کی بات یہ ہے کہ ذیلی برّاعظم ہندوستان میں اس تحریک سے اثر لینے والوں کی رفتار بہت تیز ہے ۔ خاص طور سے لکھنؤ اور حیدرآباد دکن وغیرہ میں بڑی گرما گرمی پائی جاتی ہے ! کوشش ، کراچی اور لاہور میں بھی جاری ہے ، لیکن یہاں پکڑ ذرا ڈھیلی ہے !

اور غالبًا اسی لیے منبر کو بڑی فراخدلی سے استعمال کیا جارہا ہے ، نیز خطیب بھی اکثر باہر سے بلائے جاتے ہیں !

کہا جاتا ہے کہ ایران کو نیچا دکھانے کے لیے "حرف و حکایت" کا یہ سامان کرائے پر لیا جاتا ہے ،

اور ادائیگی ، سمندر پار کے سرمایہ کاروں کے ذریعے ہوتی ہے ۔

دیکھیے پہنچے کہاں تک شورشِ دل کا اثر
صرصرِ وحشت کا یہ شعلہ ہے بھڑکایا ہوا

بہرحال ، اگر جواب یہ ہو کہ :

ان باتوں کو قرآن نہیں ، تو حدیث و سنت کے مجموعوں سے ڈھونڈ نکالیں گے ! سیرتِ طیبہ سے معلوم کرلیں گے !

لیکن یہاں مشکل یہ پیش آئے گی کہ اس سے کچھ تلاش کرکے نکالنے کے لیے بھی عربی زبان و ادب کی گہرائی اور گیرائی سے مکمل آگہی ، فقہی بصیرت

کی موجودگی ، نیز روایت و درایت کے قاعدوں کو جاننا اور علمِ رجال سے باخبر ہونا ضروری ہے ۔ اس کے بغیر یہ مہم سر ہونے والی نہیں !

چنانچہ عقل و شرع کا فیصلہ یہ ہے کہ جو آدمی ''فقہی'' احکام سے واقف نہ ہو وہ دینی علوم پر گرفت رکھنے والے کسی دانش مند سے معلوم کر کے ان پر عمل پیرا ہو ... ! یہی خدا کا حکم ، رسولؐ کی تعلیم ، ائمہؑ کی تلقین نیز علماء کا ارشاد ہے اور ہماری تاریخ بھی لگا تار یہی کہتی چلی آرہی ہے ۔

آیئے ! اب آگے بڑھتے ہیں اور علمی طریقوں سے تقلید و اجتہاد کا جائزہ لے کر قلب و ضمیر کے لیے اطمینان و سکون حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔

تقلید

کا

مطلب!

عربی زبان کے لفظوں کی اصل نسل جاننے اور ان کے معنی اور مقصد کو پہچاننے کے لیے جو کتابیں لکھی گئی ہیں انہیں کھول کر دیکھے تو معلوم ہوگا کہ تقلید کا لفظ اپنے دامن میں کئی مطلب سمیٹے ہوئے ہے !

گلے میں ہار ڈال لیں ، گلوبند باندھ لیں یا مالا پہن کر گردن سجالیں ، یہ سب کام تقلید کہلائیں گے ،

کیونکہ تقلید کی ساخت قلادۃٌ سے ہوئی ہے ۔ جس کا مفہوم یہ بتایا گیا ہے :

القلادة : ما جعل فی العنق

'' جو چیز گلے میں ڈال لیں یا پہنا دی جائے اسے قلادہ کہتے ہیں ۔''

علاوہ اس کے اگر کسی آدمی کو کوئی ذمے داری سونپ دی جائے تو اسے بھی تقلید کا نام دیا جائے گا۔ اس کے سوا کسی کے نقشِ قدم پر چلنے ، کسی کی رِیت اپنانے یا کسی کی نقالی کرنے کے لیے بھی ، اسی لفظ کا استعمال ہوتا ہے ... !

ہاں ! تلوار کا پرتلا حمائل کرنے کے واسطے بھی یہی لفظ کام میں آتا ہے اور نشانی کے طور پر قربانی کے

اونٹوں کی گردن میں جو پٹہ یا رسّی ڈال دیتے ہیں اسے بھی تقلید کہتے ہیں ۔ [۱]

اچھا ! یہ تو ہوا اس لفظ کے بارے میں "اہلِ زبان کا معاملہ !" اب آیئے ، اس خصوص میں ذرا "قانون اور فلسفۂ قانون" کے ماہروں سے بھی پوچھتے ہیں کہ وہ تقلید کا کیا مطلب لیتے ہیں ؟ کیونکہ یہ ان ہی کی اصطلاح اور ان ہی کے موضوع کا حصہ ہے ۔ تو اس سلسلے میں جواب یہ ملتا ہے :

"دینی معارف سے ناواقف شخص اگر

---

[۱] ملاحظہ ہو : لسان العرب ، ابن منظور ، ج:۳ ، ص:۳۶۶، طبع بیروت ۔
تاج العروس ، محمد مرتضیٰ زبیدی ، ج:۲ ، ص:۴۷۵ ، طبع بیروت ۔
مصباح المنیر ، احمد بن محمد فیومی ، ج:۲ ، ص:۵۱۳ ، طبع قم ۔ العین ، ص:۶۸۳ ۔
مفردات ، راغب اصفہانی ، ص:۴۱۱ ، طبع بیروت ۔ المنجد ، ص:۹۴۹ ، طبع بیروت ۔

اسلامی علوم میں مہارت رکھنے والے
عالم کی بات کو یا ان کے تلاش
کیے ہوئے حکم کو بجا لانے کے لیے
بے حیل و حجت قبول کر لے یا پھر
دوسرے لفظوں میں یوں کہہ لیجیے کہ
جو آدمی خود فقیہ نہ ہو وہ کسی مانے
ہوئے مجتہد سے دلیل مانگے بغیر،
چپ چاپ ان کے فتوے پر عمل درآمد
کی نیت سے یا اسے برتنے کے ارادے
سے مان لے تو بس! یہی تقلید ہے۔" [1]

---

[1] کفایۃ الاصول، آخوند محمد کاظم خراسانی، ص:۴۷۲، طبع بیروت۔
العروۃ الوثقیٰ، علامہ محمد کاظم طباطبائی، ج:۱، ص:۳، طبع کویت۔

یہاں اس اہم نکتے پر توجہ دینا بہت ضروری ہے :

جو حضرات تقلید کے فلسفے کو نہیں سمجھ پائے ہیں ۔ انہوں نے یہ افواہ اڑا رکھی ہے کہ تقلید ، کسی خاص ہستی کی اطاعت گزاری اور فرماں برداری کو کہتے ہیں ۔ جبکہ تمام مراجع ، جملہ فقہاء اور سارے مجتہد اس کا یہ مطلب بیان کرتے ہیں کہ سعی بلیغ کے بعد ، مسلمہ قواعد کے مطابق اگر کوئی مجتہد شریعت کے کسی حکم کی کھوج لگائے تو ایک عام آدمی کو اسے قبول کرلینا چاہیے ۔ یہ رویہ کسی شخص کی مریدانہ پیروی نہیں ، بلکہ ایک قابل ہستی کے ذریعے نظامِ شریعت اور مذہبی قوانین پر عمل درآمد کا معتبر طریقہ ہے !

جناب امیرؑ نے بھی جنگِ صفین کے موقع پر

ثالثی کے ضمن میں فرمایا تھا : خاموش حکم نامے (قرآن) کو ترجمان کی ضرورت ہے اور یہ ترجمان کوئی شخصیت ہی ہوسکتی ہے ۔ [۱]

[۱] نہج البلاغہ ، خطبہ:۱۲۵ ، ص:۱۸۲ ، تنظیم و ترتیب : ڈاکٹر صبحی صالح ، طبع بیروت ۔

فطرت

کیا

کہتی ہے ؟

تقلید کی بات باہر سے لوگوں پر نہیں تھوپی گئی ہے ،
بلکہ یہ آدمی کی گھٹی میں پڑی ہوئی ہے ۔ اس کی
فطرت میں جڑی ہوئی ہے !

اور یاد رہے ! جو باتیں انسان کی سرشت میں
گندھی ہوئی ہوتی ہیں ، وہ کسی کے سکھانے پڑھانے سے
نہیں آتیں ، بلکہ اندر ہی اندر پھپکتی ہیں ۔ پھر دنیا بھر
میں ہر جگہ ،آدمیوں کے ہر طبقے اور ہر صنف میں

اپنے آپ نمود کرتی ہیں اور نتیجۂ فرزندانِ آدم خودبخود ان کے تقاضوں کی گرفت میں چلے جاتے ہیں ! پھر نہ کوئی ان مطالبوں کو رد کرسکتا ہے اور نہ بے اثر بنا سکتا ہے !

مثال کے طور پر :

حقیقت کو پہچاننے کی خواہش حسن و زیبائی کو آنکھوں سے لگائے رکھنے کی آرزو ، کمال کو پہنچنے کی چونپ ، معلومات بڑھانے کی للک ، تعظیم و تکریم سے رغبت ، ایثار و قربانی کا احساس ، اور خیر و خوبی کو اپنانے کا شوق !

ان میں سے ہر کیفیت دل کی گہرائیوں سے اُبھرتی ہے ، اور اگر یہ رُخ ظہور میں نہ آتے تو

نہ کوئی شخص کسی کو آئیڈیل (Ideal) بناتا اور نہ کوئی قوم کسی کو ہیرو (Hero) مانتی !

اسی عنوان سے تقلید بھی فطرت کی ایک سچی خواہش ہے ۔ دیکھیے ! نکتہ آفرینی کرنے والوں کی خوشہ چینی زندگی کا سب سے بڑا اور بے ساختہ اظہار ہے ! اگر اقوامِ عالم تقلید چھوڑ دیں ۔ یعنی ! کمالات سے منہ موڑ لیں ۔ ہنر مندی سے بے تعلق ہوجائیں ۔ مہارتوں کو خاطر میں نہ لائیں تو کیا پھر یہ امید باندھی جاسکتی ہے کہ ان کے ہاں شہریت کو فروغ ملے گا ۔ سماجی زندگی میں نکھار آئے گا ۔ ایجادیں پنپ سکیں گی ۔ صنعتیں ترقی کریں گی ۔ تجارت کا بازار گرم ہوگا ؟

بالکل نہیں !

کیونکہ ہم جس چہل پہل ، دھوم دھام اور ٹھاٹ باٹ سے مانوس ہیں اس کے پیچھے تقلید ہی کا ہاتھ ہے ! تقلید کا اثر نہ ہو تو سب کام رُک جائیں اور ہر حرکت پر جمود طاری ہوجائے ۔

نیز اس بات سے سب اتفاق کریں گے کہ ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو چھوٹے قد کا نہیں بلکہ بلند قامت ظاہر کرے ، لہذا اس کی تو بس یہی ایک ترکیب ہے کہ جس میں جس قسم کی کمی ہو وہ اس کمی کو پورا کرنے کے واسطے کسی ایسی ہستی سے استفادہ کرے جس نے اس خصوص میں کسبِ کمال کیا ہو ۔

اور یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں کہ ہمارے معاشرے

میں دین کا معاملہ سب سے بڑا ، اور بے حد اہم ہے !
کیونکہ آخرت کے مسائل بھی اسی سے وابستہ ہیں ۔

لہذا شریعت کے قاعدے قوانین سے آگہی اور
ان پر عمل پیرا ہونے کے سلسلے میں ان فقہائے کرام
کے ارشادات سے اپنے اپنے ذہنوں کو روشن کرنا
ضروری ہے ۔ جنہوں نے دین کو سمجھانے کے لیے
اپنی عمریں وقف کردیں ۔

ہاں ! علماء کی اس جدوجہد کو اجتہاد اور عوام
کے اس سے مستفید ہونے کے طور طریقے کو تقلید
کہتے ہیں !

اس ضمن میں استاذ العلماء آخوند ملاّ محمد کاظم خراسانی
(متوفی ۱۳۲۹ھ) نے بڑی پیاری بات تحریر کی ہے ۔

لکھتے ہیں :

ثُمَّ اِنَّهٗ لَا يَذْهَبُ عَلَيْكَ اَنَّ جَوَازَ التَّقْلِيْدِ وَ رُجُوْعُ الْجَاهِلِ اِلَى الْعَالِمِ فِى الْجُمْلَةِ يَكُوْنُ بَدِيْهِيًا جِبِلِّيًا فِطْرِيًا لَا يَحْتَاجُ اِلٰى دَلِيْلٍ -

”یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ تقلید کی تسلیم شدہ حیثیت اور مسائل سے ناواقف شخص کا کسی دانشور سے کچھ معلوم کرنا بالکل سامنے کی بات ہے ، نیز اسے ایک قدرتی قاعدہ اور فطری تقاضا سمجھنا چاہیے ۔ جس کیلئے

کوئی دلیل درکار نہیں ہوتی !" [۱]

خلاصہ یہ کہ تقلید اصل میں انسان کی تکمیل کا ایک باوقار ذریعہ ہے ۔ آدمی اگر ان علمی بلندیوں کو نہیں چھو سکا جن کے ذریعے وہ خود اپنے سارے مسائل حل کرسکتا تو وہ دوسروں کے تجربوں سے فائدہ اٹھائے۔

حضرت امام جعفر صادقؑ ارشاد فرماتے ہیں :

"لَا یَقْبَلُ اللّٰہُ عَمَلاً اِلَّا بِمَعْرِفَۃٍ"

"بے سمجھے بوجھے بغیر جانے ہوئے اگر
کوئی عمل انجام دیا جائے گا تو خدا
اسے قبول نہیں فرمائے گا ۔" [۲]

---

۱ کفایۃ الاصول ، ص:۴۷۲ ، طبع بیروت
۲ اصول کافی ، ج:۱ ، ص:۳۵ ، طبع مکتبہ اسلامیہ ، تہران

بس ! اسی لیے مجتہد کی بات مانی جاتی ہے کہ وہ بصیرت رکھتا ہے ۔ صاحبِ نظر ہے اور ہمارے درد کا درماں اسی کے پاس ہے ۔

تھوڑی سی وضاحت :

اچھا ! دورِ حاضر میں بعض جذباتی سوچ رکھنے والے حضرات نے علمِ اصول اور فقہی ذخیرے کو موضوعی طریقے اور اکادمی کے باقاعدہ مسلّمہ انداز سے سمجھے بغیر ان کے بعض عناوین پر خامہ فرسائی شروع کردی اور ان کے قلم نے بڑی خلش انگیز باتیں لکھ ڈالیں !

مثال کے طور پر تقلید ہی کے مسئلے کو لے لیجیے ! انہوں نے لغت ناموں میں تقلید کا لفظ دیکھ کر یہ طے کر لیا کہ تقلید گلے میں پٹا ڈالنے کو کہتے ہیں ۔

اللہ اللہ خیر صلآ ! مگر یہ کس علم کی اصطلاح ہے ؟ اور اس پر دسترس رکھنے والوں نے اس کا کیا مطلب بتایا ہے ؟ ان سب حقائق کو نظر انداز کر کے قوم کے ان درد مندوں نے معاشرے کو یہ اُلٹی پٹی پڑھانے کی کوشش فرمائی کہ تقلید وہ جوا ہے جو شرع کے مقدس حوالے سے عوام کے کندھوں پر رکھ دیا جاتا ہے اور وہ بیچارے اس بوجھ کو اٹھائے کولہو کے بیل کی طرح گھومتے رہتے ہیں !

جبکہ تقلید کا مفہوم ، قطعی طور پر اس کے برعکس ہے ! ؎

خرد کا نام جنوں رکھ دیا ، جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حُسنِ کرشمہ ساز کرے

دراصل تقلید کا مطلب یہ ہے کہ پوچھنے والا یا "مقلد" فتوے کے درست یا نا درست ہونے کا بار مرجعِ تقلید کے دوش پر رکھ دیتا ہے تاکہ صحتِ عمل کے سلسلے میں وہ خود جواب دہی سے بچ جائے اور مجتہد کو اس کی ذمے داری اٹھانا پڑے ۔ فلسفہ قانون کی کتابوں میں یہ قاعدہ درج ہے :

"اَلْعَامِیُ یَجْعَلُ قَلَادَۃَ اَعْمَالِہٖ عَلٰی عِتُقِ مَنْ یُقَلِّدُہٗ۔"

"عام آدمی اپنا اعمال نامہ مرجعِ تقلید کے گلے میں حمائل کردیتا ہے ۔"

اس سلسلے میں ہمارے سب سے بڑے محدث محمد ابن یعقوب کلینی لکھتے ہیں :

" ایک دفعہ سرکارِ صادقِ آلِ محمد ،

ربیعۃ الرای[1] کی محفل میں تشریف

فرما تھے کہ ایک اعرابی نے

ربیعہ سے آکر کوئی مسئلہ پوچھا ۔

ربیعہ نے اس کا جواب دے دیا ۔

اس صحرا نشین عرب نے جھٹ سے

ایک سوال اور کر ڈالا :

اچھا ! یہ بتایئے کہ آپ نے

جو کہا ہے ، اس کی ذمے داری

---

[1] ربیعۃ الرائی کے والد کا نام عبد الرحمٰن فروخ تھا ۔ رجال شیخ طوسی کے مطابق یہ حضرت امام زین العابدینؑ کے شاگرد رشید تھے ، نیز انہوں نے امام محمد باقرؑ سے بھی کسب فیض کیا تھا ۔ مدینے کے نامور فقیہوں میں شمار کیے جاتے تھے (رجال ، ص:۱۷۷) ۔

قبول کرتے ہیں ؟ یہ سُن کر
ربیعہ چُپ ہوگئے ۔ اعرابی نے
دوبارہ دریافت کیا ۔ ربیعہ نے پھر
خاموشی اختیار کرلی ! اس موقع پر
حضرت امام جعفر صادقؑ نے متعلقہ
ضابطے کی توضیح و تشریح کرتے ہوئے
ارشاد فرمایا :

"هُوَ فِیْ عُنُقِهٖ۔"

" ہاں! یہ بوجھ
انہیں کی گردن پر ہے ۔"
پھر حضورؑ نے یہ کہہ کر
مزید روشنی بخشی :

”وَكُلُّ مُفْتٍ ضَامِنٌ۔“

”ہر فتویٰ دینے والا اپنے فتوے کا ضامن ہوتا ہے۔“ [۱]

[۱] فروع کافی، ج:۷، باب ”ان المفتی ضامن“، صفحہ:۴۰۹، طبع دار الکتب الاسلامیہ، تہران۔

عقل
کی
رہبری

ہماری عقل بھی اس حقیقت کی تائید کرتی ہے کہ
تقلید ضروری ہے ! وجہ یہ ہے کہ آدمی ایسی مخلوق نہیں
جسے گھڑ کر رکھ دیا گیا ہو یا کیل کر چھوڑ دیا گیا ہو !
بلکہ یہ ایک ایسا متحرک وجود ہے جو ہمیشہ سعی و جستجو ،
تگ و تاز اور دوڑ دھوپ میں لگا رہتا ہے ۔

زندگی کی ہر جنبش کے ساتھ اسے اپنی راہ کے
جاننے اور منزل کو پہچاننے کی دھن رہتی ہے ! اب یہ

اور بات ہے کہ اس جدوجہد میں کامیابی کی بنیادی شرط یہ ہے کہ ہر چلنے والے کو یقین کے ساتھ معلوم ہونا چاہیے کہ جہاں کا ارادہ ہے وہاں پہنچنے کے واسطے کدھر سے جائے اور کہاں سے نکلے !

اور اگر خود نہیں جانتا تو پھر کسی جاننے والے سے وہاں کی سمت و جہت دریافت کر لے ۔

اسی لیے بڑے شہروں میں آمد و رفت کی آسانی کیلئے جگہ جگہ کتبے ہوتے ہیں ، بورڈ آویزاں کر دیے جاتے ہیں ۔ جن پر مختلف مقامات کے نام لکھے ہوتے ہیں ۔ علامتیں بنی ہوتی ہیں ۔نشان لگے ہوتے ہیں ، جن سے پتہ چلتا ہے کہ کس رُخ سے چلیں ، کدھر مڑیں اور کس رفتار سے آگے بڑھیں !

علاوہ ازیں آمد و رفت کے نظام پر عبورِ کامل رکھنے والوں نے طرح طرح کی لکیریں بنا کر سڑکوں کو بھی زبان دے دی ہے ! یہ نقش و نگار ، وہ بین الاقوامی ذریعۂ اظہار ہیں جو ، ہر جادہ پیما ، ہر رستہ چلنے والے کی رہنمائی کرتے رہتے ہیں !

اب فرض کیجیے ! اگر ٹریفک کے یہ قاعدے نہ ہوتے اور ان کی پابندی نہ کی جاتی تو اس نئے دور میں تیز رفتار سواریوں کے ذریعے سفر محفوظ رہتا ؟ ہرگز نہیں ! ہر آدمی کو قدم قدم ، خوف اور نَفَس نَفَس ، خطرہ محسوس ہوتا ۔

پھر ، جب انسان کی عقل دنیا کے معمولی کاموں میں تقلید ، یعنی ! دوسرے کی رائے کو دلیلِ راہ بنانے

پر زور دیتی ہے تو دین و آئین کے بارے میں ہر شخص کو ، کب یہ آزادی مل سکتی ہے کہ شرع کے جس حکم کو جس عنوان سے چاہے اور جس فرض کو جب اور جیسے چاہے بجا لائے !

آخر اسلام ایک نظام رکھتا ہے جس کے کچھ قاعدے ہیں ، کچھ ضابطے ہیں ، جن کی پابندی لازمی ہے ، مگر جب تک متعلقہ احکام و قوانین اچھی طرح معلوم نہیں ہوں گے تو انہیں ٹھیک سے برتنے کی توفیق کیوں کر حاصل ہوگی ؟

بھئی ! یا تو آدمی بذاتِ خود اجتہاد کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہو اور چھان بین کر کے فقہی مسائل کو اپنے آپ سمجھ لے ۔ ورنہ پھر شرعی احکام جاننے کیلئے

تقلید کے علاوہ اور کوئی راہ نہیں !

اچھا ! ایک اور توجہ طلب نکتہ ! دنیا کے تمام سمجھ دار لوگ کہتے ہیں کہ :

"ضررِ محتمل کا دفاع ناگزیر ہے ۔"

یعنی ! جہاں نقصان کا خطرہ ہو وہاں اپنے بچاؤ کی تدبیر بہرحال نہایت ضروری ہے ۔

دیکھیے ! یہ بات گرہ میں باندھنے والی ہے کہ : اگر شریعت کے مسئلوں سے ناواقفیت بڑھتی رہی تو اس کے نتیجے میں ہمارے تمام اعمال یا یوں کہیے کہ جملہ کاروبارِ حیات چوپٹ ہوکر رہ جائیں گے ۔

لہذا لازمی طور پر ہمیں اصلاحِ احوال کی جانب متوجہ ہونا چاہیے ، پھر کیا یہ مقتضائے فراست نہیں کہ

مذہب نے جن فرائض کا پابند کیا ہے انہیں لوگ ٹھیک سے جان لیں ، صحیح طریقے سے سمجھ لیں ، تاکہ کسی حکم کی بجا آوری میں کوئی کوتاہی نہ ہو ، کہیں کسر نہ رہ جائے ۔ بنا بریں ، مکرر عرض ہے کہ اس سلسلے میں صرف اور صرف دو قاعدے ہیں ، جنہیں اپنا کر متوقع خطروں کا مقابلہ ممکن ہے ۔

ایک تحقیق ، جس کا مطلب یہ کہ آدمی خود اجتہاد کی منزلیں طے کرلے ۔

دوسرے تقلید ، اور اس کا مقصد یہ ہے کہ ہر شخص ، کسی مجتہد کے فتوے پر چلے ۔

اب پہلا طریقہ ، یعنی ! تحقیق ، تو ہر ایک کے بس کی بات نہیں ! البتہ دوسری ترکیب آسان ہے ،

اور وہ ہے تقلید ! اسی لیے تقلید کو واجب قرار دیا گیا

ہے ۔

اور قرآن،
یوں رہنمائی
کرتا ہے!

ویسے تو اللہ کی کتاب میں کئی ایسی آیتیں ہیں جن سے تقلید کے مسئلہ پر روشنی پڑتی ہے، مگر اختصار کو دیکھتے ہوئے اس وقت صرف دو آیتوں کی جانب توجہ دلائی جارہی ہے۔

ایک تو یہ آیت ہے:

فَاسْئَلُوْآ اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۔"

'' تم نہیں جانتے ہو تو '' اہلِ ذکر''

یعنی ، جاننے والوں اور واقف کاروں

سے دریافت کرو ۔'' [۱]

اس آیۂ وافی ہدایہ میں ایک بنیادی قاعدہ بتایا گیا ہے اور وہ یہ کہ '' بے خبر'' کو چاہیے کہ کسی '' باخبر'' سے استفادہ کرے ۔ جو شخص کسی حقیقت سے آگاہ نہیں ہے اس کا فرض ہے کہ وہ آگہی رکھنے والے سے پوچھ لے ۔

یہاں یہ امر بالکل واضح ہے کہ اس آیت نے شریعت کے مسائل جاننے کے لیے سوال کرنا ضروری قرار دیا ہے ، یا عدمِ علم کی بناء پر ، اَجان یا بے سواد

---

[۱] سورۂ مبارکہ نحل : ۴۳

ہونے کے ناتے ، ضرورت کی بات کسی مستند عالم سے
پوچھنا واجب ہے ۔

اَب اس موقع پر عقل یہ کہتی ہے کہ سوال کرنے
کا باعث تفریح طبع ہے ۔ اپنی ذہانت کا اظہار ، یا
جس سے دریافت کیا جا رہا ہے اس کی دانش و آگہی
کا امتحان ہے .... ؟

ظاہر ہے آیت اس طرح کی باتوں کے لیے
جن میں کوئی افادیت نہ ہو ، معلوم کرنے کا حکم نہیں
دیتی ، بلکہ پوچھنے کی غرض و غایت یہ ہوتی ہے کہ جو
پوچھیں اس سے علم کی کمی پوری ہوجائے ۔ نادان ،
دانا بن جائے ، اور جو معلوم ہوا ہے ، اسے بجا
لانے میں کوئی دشواری نہ رہے .... ! اور یہی مسئلہ

تقلید کی ضرورت اور اس کے لزوم کا منطقی ثبوت بھی ہے۔

ممکن ہے کچھ حضرات یہ کہیں کہ جناب ! اہل الذکر سے مراد تو اہل بیت اطہارؑ ہیں ۔ جی ہاں ! ہم بھی اس پر یقین رکھتے ہیں ۔ یہ ہمارا ایمان ہے کہ ہمارے معصومؑ رہنما ہی پہلے درجے میں اہل الذکر ہونے کا مصداق ہیں ۔

لیکن ! ان کے بعد ، ان ہی کے ارشاد کے مطابق فقہائے ملت اور علمائے اُمت کو علمی قیادت کا منصب حاصل ہوتا ہے ، اور اگر اس کھلی حقیقت اور اس مانی ہوئی سچائی کو نہ مانا گیا تو پھر تہ در تہ جہالت کو قوم کا مقدر بننے سے کوئی نہیں روک سکتا !

کیونکہ سماج کے سب لوگ علمی بحث و جستجو کے قابل نہیں ہوتے ، نیز جب تک پردۂ غیبت پڑا ہوا ہے ، امامِ ہمامؑ کی خدمت اقدس میں کسی کی رسائی بھی ممکن نہیں ۔ اب اس کا ، بس یہی حل ہے کہ جب حقیقی عالم ، یعنی جنہیں قدرت نے براہِ راست عرفان و آگہی سے سجایا ہو ، کی خدمت میں حاضری نہ دے سکیں تو جو بالواسطہ صاحبِ علم ہوں ان کی باتوں کو جانتے اور مانتے رہیں ۔

قرآنِ حکیم کا دوسرا فرمان مندرجہ ذیل آیت کے ذریعے صادر ہوا ہے ۔ آیۂ مبارکہ کے الفاظ یہ ہیں :

"وَ مَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ

لِّيَتَفَقَّهُوْا فِى الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ۔

" ضروری نہیں کہ تمام مومنین نکل کھڑے ہوں ، مگر یہ تو ہونا چاہیے کہ قوم اور معاشرے کے ہر طبقے سے کچھ لوگ معارفِ دینی حاصل کرنے کے لیے کوچ کریں ، اور کسبِ کمال کے بعد اپنے اپنے علاقے میں واپس آ کر ملت کے افراد کو خبردار کریں تاکہ وہ معصیت کاری سے ڈریں اور انحراف کی راہ اپنانے سے اجتناب برتیں ۔" [1]

---

[1] سورۂ مبارکہ توبہ : ۱۲۲

اس آیۂ واقی ہدایہ میں پہلا ارشاد یہ ہے کہ سب کو نہیں ، کچھ لوگوں کو دینی علوم میں مہارت پیدا کرنے کے لیے آگے بڑھنا چاہیے ، گویا ضرورت اس امر کی ہے کہ بعض اشخاص ، دین کی ثقافت سے آراستہ ہوں ، اور باقی ان کی علمی قیادت کو تسلیم کریں اور ان کی ہدایات پر عمل پیرا ہوں ۔

دیکھئے ! اس آیت میں تین کلیدی لفظ ہیں جو ہر سمجھ دار آدمی کو دعوتِ فکر و نظر دے رہے ہیں :

☆ تفقہ

☆ نذر

☆ حذر

پہلا لفظ فقہ سے نکلا ہے ، جس کے معنی ہیں

'' جاننا '' مگر سادگی کے ساتھ نہیں ، بلکہ کسی قسم کا مسئلہ ہو ، اس کے بارے میں گہری سوچ اور کوئی معاملہ ہو اس کی تہہ تک پہنچنے کو فقہ کہا جاتا ہے ۔

راغب اصفہانی کا قرآنی الفاظ کی شرح و توضیح کرنے والوں میں بڑا نام ہے ۔ یہ اپنی شہرۂ آفاق کتاب '' المفردات '' میں لکھتے ہیں :

'' **الفقه هو التوصل الىٰ علمٍ غائبٍ بعلمٍ شاهدٍ ۔''**

'' یعنی ، معلوم سے مجہول ، عیاں سے نہاں ، اور سامنے کی بات سے چھپی ہوئی حقیقت کی دریافت کو فقہ کہتے ہیں ۔''

اور تفقہ کے سلسلے میں ان کا یہ بیان ہے :

"تفقّہ اذا طَلَبَہٗ فتخصّص بِہٖ۔"

مقصد یہ کہ جس چیز کی طلب ہو، جب وہ مل جائے تو اس میں تخصص پیدا کرنے یا کمالِ مہارت کے حصول کو تفقہ سے موسوم کیا جاتا ہے۔

دوسرا لفظ تذر یا انذار (**لینذروا**) ہے۔ اس سے جو مفہوم برآمد ہوتا ہے، وہ ہے، پیش آنے والے خطرے کی اطلاع۔

سب سے بڑے زبان داں محمد ابن مکرم اپنی لغت "لسان العرب" میں لکھتے ہیں:

"أنذرتُ القومَ فنُذِرُوا ای أعلَمهم ذلک فعلموا وتحزروا۔"

"قوم کو خوفناک صورتِ حال سے آگاہ کیا،

اس نے جو ہوسکتا ہے ہے اسے بھانپ کر اپنی
حفاظت کا پورا بندوبست کرلیا۔"

تیسرا لفظ حَذَر (**لعلهم يحذرون**) ہے۔
اس کے معنی ہیں : احتیاط برتنا۔

ابن مکرم اس ضمن میں تحریر فرماتے ہیں :

"رَجُلٌ حَذِرٌ۔ مُتَيَقِّظٌ۔ مُتَحَرِّزٌ۔
متأهبٌ۔ مُعِدٌ۔ يحذر ان يُفاجَأ۔"

بیدار آدمی دفاعی ہتھیاروں سے لیس، ہر آفت
کے مقابلے کو تیار، تمام مشکلوں سے نمٹنے کے لیے
اس طرح آمادہ جیسے فوری طور پر وہ ہنگامی حالت
سے دوچار ہونے والا ہو!

اب ان لفظوں سے جو مجموعی تاثر پیدا ہوتا ہے

اس کے ساتھ جب ہم آیت کے مفاد پر نظر ڈالتے ہیں ، تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ معاشرے کے جو فعال ، حرکت پذیر اور باصلاحیت عناصر ہیں انہیں تو معارفِ اسلامی کی تلاش و جستجو کے بعد اپنا فرض ادا کرنا چاہیے اور باقی لوگ ان سے استفادہ کریں ۔

گویا جو استعداد رکھتے ہیں ، وہ اپنی قابلیت سے روشنی حاصل کریں اور جو خود سے اپنا ذہن اُجالنے کی سکت نہیں رکھتے ، وہ دوسروں سے مدد لیں ۔

بہرکیف ! جذب و قبول ، اخذ و عطا ، یا لین دین کے اس سلسلے کو قائم رہنا چاہیے ! مکرر عرض ہے کہ اسی کو اجتہاد و تقلید کا نام دیا جاتا ہے ۔

حدیث

کا

فیصلہ

دیکھئے ! ہمارے مجامع حدیث میں ، تقلید کے وجوب و جواز سے متعلق ، کوئی سو (۱۰۰) حدیثوں کا ذخیرہ موجود ہے ۔ ان میں کچھ تو وہ ہیں جن سے تقلید کے فرض ہونے کا حکم ملتا ہے ، جیسے : صحیحہ اسحاق بن یعقوب ۔ [۱] یہ مستند حدیث

---

[۱] حدیثیں طرح طرح کی تھیں ، بنا بریں اس علم کے ماہروں نے سب کی چھان بین کے بعد سند کے اعتبار سے ان کی درجہ بندی کردی اور احادیث کی ہر صنف کا ایک معیار قرار دے کر انھیں ایک اصطلاحی نام بھی دیا ہے ۔ مثلاً : صحیح ، مقبول ، متواتر ، موثق ، حسن ، معتبر ، اور ضعیف وغیرہ ۔ چنانچہ صحیحہ ، اس روایت کی پہچان ہے جس کے تمام راوی مکتب تشیع سے وابستہ اور ہر لحاظ سے قابلِ اعتبار قرار پاتے ہوں ۔

امام زمانہ سرکار حجت ابن الحسن عجل اللہ فرجہ الشریف کی بارگاہِ اقدس سے ان لفظوں میں ہم تک پہنچی ہے :

اَمَّا الْحَوَادِثُ الْوَاقِعَةُ فَارْجِعُوْا فِيْهَا اِلیٰ رُوَاةِ حَدِيْثِنَا ، فَاِنَّهُمْ حُجَّتِيْ عَلَيْكُمْ وَ اَنَا حُجَّةُ اللّٰهِ ۔"

" اپنی زندگی میں جب تم نوظہور ، تازہ ایجاد مسائل سے دوچار ہو تو ان پر عمل درآمد کے قاعدوں سے واقف ہوتے کے لیے ہماری حدیثیں بیان کرنے والوں (فقہاء) سے رجوع کرو ، کیونکہ یہ تم پر میری حجت اور میں خدا کی حجت ہیں ۔" [1]

---

[1] وسائل الشیعہ ، باب : ۱۱ ، صفات القاضی ، ح : ۹ ، ج : ۲۷ ، ص : ۱۴۰ ، منشورات آل البیتؑ قم ۔

ہاں ! امام عالی مقامؑ کے اس ارشاد گرامی کے اصل مقصد تک پہنچنے میں بعض دانشوروں کو کچھ مشکل پیش آئی ہے ۔ بنابریں ! انہوں نے گھبرا کر یہ کہنا شروع کردیا کہ : '' سرکار امام زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف کے اس فرمانِ مبارک میں فقہاء کی بجائے '' رواۃ '' کا لفظ ہے !

جبکہ تقلید یا رجوع کے حوالے سے اس کا تعلق '' فقیہ '' سے ہونا چاہیے !

وضاحت کے طور پر گزارش ہے کہ جس دور کی یہ بات ہے ، اس زمانے میں زیرِ نظر مفہوم کے واسطے روایت ، راوی ، حدیث اور محدث کے الفاظ ہی عوام کی زبان پر چڑھے ہوئے تھے ، اس لیے یہی لفظ

استعمال ہوتے تھے ، اور جب علوم کا دامن پھیلا ، دینی ادب کا زور بندھا ، تو نفسِ مضمون کے لیے فقہ ، آگاہانہ اطاعت کے واسطے تقلید ، اور سوچ سمجھ کر جن کی علمی فرمانبرداری کی جائے ، ان کی پہچان کے لیے '' مجتہد اور مرجع '' کی اصطلاح زبان زدِ عام ہوگئی ۔

یہ فلسفۂ ارتقاء کا مزاج ہے جو ایوانِ ہستی کے گوشے گوشے پر اثر انداز ہوتا رہتا ہے۔ جب دانش و آگہی باڑھ پر آتی ہے ، تو بہت سے مطالب کو نئے نئے لفظ مل جاتے ہیں اور انہیں معاشرے میں قبول بھی حاصل ہو جاتا ہے ۔

اس موقع پر علمی تکبر کی زد میں آئے ہوئے بعض حضرات یہ بھی کہتے ہیں کہ مذکورہ حدیث میں

سرکارِ حجت عجل اللہ فرجہ الشریف کی جانب سے صرف حادثوں کے پیش آنے پر فقہاء سے رجوع کرنے کی تلقین ہے!

گویا کبھی کبھار کوئی افتاد پڑ جائے، اچانک کوئی مشکل سر اٹھائے تو آدمی کو چاہیے کہ فقہی دنیا کی کسی لائقِ اعتبار ہستی سے اس کا حل پوچھ لے۔

حالانکہ یہ فرمان قیامت تک کے ہر اس معاملے سے تعلق رکھتا ہے جو انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی پر اثرانداز ہوتا ہے!

نیز، اس بات پر بھی توجہ دینا ضروری ہے کہ الحوادث، حادثہ کی جمع ضرور ہے، مگر اس کا منشاء عربی ادب، محدثوں کی زبان اور فقہاء کی تحریر و تقریر میں وہ نہیں جو انگریزی زبان کے لفظ ایکسیڈنٹ

(Accident) یا انسیڈنٹ (Incident) کے معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

یہاں " الحوادث الواقعہ " سے مراد وہ نئی نئی باتیں ہیں جن سے آئے دن ہر ایک کو سابقہ رہتا ہے۔ [۱]

اور یہ بھی دیکھئے کہ سرکار امام زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف نے اس ارشاد گرامی میں فکری اطمینان حاصل کرنے کے لیے نئے مسئلے مسائل کے سلسلے میں جہاں عوام کو اپنے دور کے فقیہوں سے رجوع کرنے کی ہدایت فرمائی ہے ، وہاں ان فقہاء کو اپنی حجت یعنی " اتھارٹی " قرار دیا ہے ۔ اس لحاظ سے ان کے کہے کو ماننا اسی

---

[۱] ملاحظہ ہو ۔ حوادث کا مفہوم : المنجد ۔ الاب معلوف ۔ صفحہ ۱۲۱ ۔
المفردات ۔ راغب اصفہانی ۔ صفحہ ۱۱۰ ۔ العین ۔ ابن مکرم ۔ صفحہ ۱۶۷ ۔
مجمع البیان ۔ الحدیث ۔ سمیع عاطف الزین ۔ صفحہ ۲۲۲

طرح واجب ہے جس طرح امام عجل اللہ فرجہ الشریف کے حکم کی تعمیل فرضِ عین ہے ۔ پھر اس ہدایت نامے کے دامن میں یہ نکتہ بھی موجود ہے کہ جس طریقے سے امامِ معصومؑ کے قول کی خلاف ورزی مؤاخذے کے قابل ہے ، بالکل اسی عنوان سے فقہاء کے ارشاد سے روگردانی پر بھی بازپرس ہوگی ۔

اچھا ، بعض افاضل کو اس حدیث کے مستند ہونے میں بھی کچھ شک ہے ! کہتے ہیں کہ اس روایت کے بیان کرنے والے ، اسحاق بن یعقوب ہیں ، اور یہ کوئی جانی پہچانی شخصیت نہیں رکھتے !

مگر حقیقت حال کچھ یوں ہے کہ اسحاق بن یعقوب علمی دنیا میں نامعلوم اور غیر معروف نہیں، یہ ثقۃ الاسلام

محمد بن یعقوب کلینی کے بھائی بھی ہیں اور استاد بھی ! حدیث کی دنیا کے بڑے لوگوں میں سے کسی نے بھی انہیں کمزور نہیں کہا ۔ نیز ، صاحبِ ''قاموس الرجال'' نے بھی موصوف کی توثیق کی ہے ۔

اس کے علاوہ مذکورہ فرمان کو شیخ صدوق ، متوفی ۳۸۱ھ نے ، محمد بن یعقوب کلینی ہی کے واسطے سے ''کمال الدین و اتمام النعمۃ'' میں ، شیخ طوسی علامہ طبرسی اور شیخ حر عاملی نے اپنی اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے ۔ [1]

---

[1] کمال الدین و اتمام النعمۃ، شیخ صدوق، ج:۲ ، ص:۴۸۴ ، ناشر: موسسۃ النشر الاسلامی قم ۔
کتاب ''الغیبۃ'' ، شیخ طوسی ، ص:۱۷۷
کتاب ''احتجاج'' ، علامہ طبرسی ، ج:۲ ، ص:۲۸۳ ۔
وسائل الشیعہ ، شیخ حر عاملی، باب صفات القاضی، ج:۲۷ ، ص:۱۴۰ ، طبع موسسۃ آل البیت

اب اتنے عظیم ''خاصانِ حدیث'' جب اس ارشاد کو معتبر سمجھتے ہوں ، تو کسی اور کے شک و شبہ کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے ؟

اس سلسلے کی ایک اور روایت ، امام جعفر صادقؑ سے بھی نقل کی گئی ہے کہ آپؑ نے فرمایا :

''لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ عَمَلاً اِلَّا بِمَعْرِفَةٍ ۔''

''علم و آگہی کے بغیر ، جو عمل انجام دیا جائے گا ، اللہ کی بارگاہ میں وہ قبول نہیں ہوگا ۔'' [۱]

اسی لیے سرکار صادق آلِ محمدؑ ، حُمران بن اعین سے کہتے ہیں :

---

[۱] اصول کافی ج : ۱ ، ح : ۲ ، ص : ۳۵ ، طبع مکتبہ اسلامیہ ، تہران ۔

"اِنَّمَا یَهْلِکُ النَّاسُ لِاَنَّهُمْ
لَا یَسْئَلُوْنَ۔"

"ہلاکت ان لوگوں کا مقدر بن جاتی ہے جو
مسائل پوچھنے سے کتراتے ہیں۔" [1]

اور شہیدوں کے سرور و سردار حضرت امام حسینؑ
یوں رہنمائی فرماتے ہیں :

"مَجَارِی الْاُمُوْرِ وَالْاَحْکَامِ
بِیَدِ الْعُلَمَاءِ الْاَدِلَّاءِ عَلَی اللّٰہِ
وَالْاُمَنَآءِ عَلٰی حَلَالِہٖ وَ حَرَامِہٖ۔"

"معاشرے کے سارے معاملات اور
شریعت کے تمام احکام پر عمل درآمد

---

[1] اصول کافی ج:۱، ح:۱، ص:۳۱، طبع مکتبۂ اسلامیہ، تہران۔

کروانے کا اختیار ان علماء کے ہاتھ

میں ہے جو خدا کو پہچنواتے ہیں،

اور حلال و حرام کے مسئلوں میں

اس کے امین ہیں۔" [۱]

اور اس سلسلہ میں ایک اور حدیث جو مقبولہ

عمر بن حنظلہ کہلاتی ہے۔ [۲]

یہ بھی حضرت صادق آلِ محمدؑ سے مروی ہے:

"مَنْ كَانَ مِنكُمْ مِمَّنْ قَدْ رَوىٰ حَدِيثَنَا

وَنَظَرَ فِيْ حَلَالِنَا وَحَرَامِنَا وَعَرَفَ

---

[۱] تحف العقول، ص: ۱۶۹، ابن شعبۃ الحرانی، طبع تہران

[۲] علوم الحدیث کے مصنف ڈاکٹر صبحی صالح لکھتے ہیں کہ مقبول حدیث "صحیح" کہلاتی ہے اور مسترد روایت کو "ضعیف" کا نام دیا جاتا ہے، نیز شیعہ دانشور فرماتے ہیں کہ جس حدیث کا متن و مفہوم، عمل کے لیے شہرت رکھتا ہو، اسے مقبولہ کہتے ہیں۔

اَحُكَامَنَا فَلْيَرْضُوا بِهٖ حَكَماً ۔
فَاِنِّیْ قَدْ جَعَلْتُهٗ عَلَيْكُمْ حَاكِماً ،
فَاِذَا حَكَمَ بِحُكْمِنَا ، فَلَمْ يَقْبَلْهُ مِنْهُ ،
فَاِنَّمَا اسْتَخَفَّ بِحُكْمِ اللّٰهِ وَعَلَيْنَا
رَدَّ ، وَالرَّادُّ عَلَيْنَا كَالرَّادِّ عَلَى اللّٰهِ ،
وَ هُوَ عَلٰى حَدِّ الشِّرْكِ بِاللّٰهِ ۔"

امام جعفر صادقؑ ارشاد فرماتے ہیں :
" تم میں سے جو شخص ہماری حدیثیں
بیان کرے ، ہمارے بتائے ہوئے
حلال و حرام کے مسائل پر نظر رکھے ،
ہمارے احکام سے واقف ہو تو تم
اس کے فیصلوں کو دل سے مان لو اور

سمجھو کہ اسے میں نے تمہارا حاکم
بنایا ہے ، نیز اگر اس کے فیصلے
ہماری تعلیمات کے مطابق ہیں اور
پھر بھی انہیں کوئی آدمی نہیں مانتا ،
تو سمجھا جائے گا کہ وہ خدا کے حکم کی
توہین کر رہا ہے ، اور ہماری تکذیب
کر رہا ہے اور ہماری تکذیب کرنے
والا پاک پروردگار پر دروغ گوئی کی
تہمت لگانے کا مجرم اور شرک کی سرحد
پر سمجھا جائے گا ۔'' [1]

---

[1] اصول کافی ، ج : ۱ ، کتاب فضل العلم ، ص : ۵۴ ، ح : ۱۰ ، طبع مکتبہ اسلامیہ ، تہران ۔

اور اب ائمہ اطہارؑ کی چند وہ حدیثیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ ہمارے معصوم رہبروں نے اپنے اپنے دور میں شرعی احکام حاصل کرنے اور فقہی مشکلیں حل کروانے کے لیے مختلف دانشمندوں کا خود تعارف کروایا ہے۔ ملاحظہ کیجیے:

"شعیب عقرقوفی، حضرت امام جعفر صادقؑ
سے پوچھتے ہیں کہ: ضرورت پڑنے پر
ہم کس سے مسائل دریافت کریں؟
حضرتؑ نے ارشاد فرمایا:
"عَلَیْکَ بِالْاَسَدِیِّ۔"
"تم ابوبصیر اسدی سے پوچھ لیا کرو۔" [1]

---

[1] رجال کشی، شمارہ ۲۹۱، طبع مصطفوی، ایران۔ وسائل الشیعہ، ج: ۲۷، ص: ۱۴۲، منشورات مؤسسہ آل البیتؑ، قم۔

اسی طرح سرکار صادق آل محمدؑ کی اس روایت سے بھی ہماری رہنمائی ہوتی ہے :

عبداللہ بن یعفور چھٹے امامؑ سے عرض کرتے ہیں :

" مولا ! میں نہ تو ہر وقت حاضر خدمت ہوسکتا ہوں اور نہ اس قابل ہوں کہ کسی وقت بھی اگر کوئی شرعی مسئلہ پوچھنے آجائے تو میں خاطر خواہ اس کا جواب دے پاؤں ۔

یہ سن کر حضرتؑ نے ارشاد فرمایا :

" فَمَا یَمْنَعُکَ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمِ الثَّقَفِیْ ، فَاِنَّهٗ قَدْ سَمِعَ اَبِیْ

وَ كَانَ عِنْدَهُ مَرْضِيّاً وَجِيْهاً ."

" اچھا ! تو پھر محمد بن مسلم ثقفی سے کیوں نے رجوع کرتے ؟ انہوں نے میرے والدِ ماجد کو سنا ہے ، نیز انہیں ان کی خوشنودی بھی حاصل تھی اور معتبر لوگوں میں شمار تھے ۔" [1]

جناب امام جعفر صادقؑ کا ایک اور فرمان :

یونس بن یعقوب کا بیان ہے :

" ہم سرکار صادق آلِ محمدؑ کی خدمت اقدس میں حاضر تھے ۔ دوران گفتگو امامؑ نے ارشاد فرمایا :

---

[1] وسائل الشیعہ ، شیخ حر عاملی ، ج : ۲۷ ، ص : ۱۴۴ ، منشورات مؤسسہ آل البیت ، قم ۔

"أَمَا لَكُمْ مِنْ مَفْزَعٍ؟
أَمَا لَكُمْ مِنْ مُسْتَرَاحٍ تَسْتَرِيحُونَ إِلَيْهِ؟
مَا يَمْنَعُكُمْ مِنَ الْحَارِثِ بْنِ الْمُغِيرَةِ
الْبَصَرِي؟"

"تمہارے ہاں اطمینان پانے کی کوئی
جگہ یا اپنی مشکلیں آسان کرواتے کا کوئی
ٹھکانہ نہیں تو حارث بن مغیرہ بصری
کے پاس جانے میں کیا دقت ہے؟" [1]

اور ثامن الائمہ حضرت امام رضاؑ سے
"عبد العزیز بن المہتدی" اور "علی ابن یقطین"
روایت کرتے ہیں کہ :

---

[1] وسائل الشیعہ، حر عاملی، ج : ۲۷، ص : ۱۴۵، منشورات مؤسسہ آل البیت، قم ۔

ہم نے حضورؑ کی خدمت میں عرض کی :

" آقا ! ہم جہاں رہتے ہیں وہ علاقہ یہاں سے خاصا دور ہے ، بنا بریں ہر وقت ہم آپؑ کی بارگاہ میں حاضری نہیں دے سکتے ۔ اب فرمایئے کہ ہم مذہبی معلومات کس سے حاصل کریں ؟ کیا یونس ابن عبد الرحمٰن پر اس سلسلہ میں بھروسہ کیا جائے ؟

آپؑ نے ارشاد فرمایا :

" قَالَ : خُذْ عَنْ يُوْنُسِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ۔ "

" ہاں ! یونس بن عبد الرحمٰن سے استفادہ کرو ۔ "

۱؎ وسائل الشیعہ شیخ حرعاملی ، ج : ۲۷ ، ص : ۱۴۸ ، منشورات : مؤسسہ آل البیت ، قم ۔

اسی قسم کی بات علی ابن مسیّب ہمدانی نے بھی کی تھی تو امام عالی مقامؑ نے فرمایا تھا:

''مِنْ زَکَرِیَّا بْنِ آدَمَ الْقُمِّیِّ، اَلْمَامُوْنُ عَلَی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا۔''

''تم لوگ اپنے مسائل و معاملات کے بارے میں زکریا بن آدم قمی سے فتویٰ لیا کرو، اس لیے کہ وہ دین و دنیا کے تمام امور میں امانت دار ہیں۔'' [۱]

نیز موقع کی مناسبت سے حضرت امام رضاؑ کا ایک اور ارشاد: عبد الواحد ابن محمد ابن عبدوس ناقل ہیں کہ: امام عالی مقامؑ نے فرمایا:

---

[۱] وسائل الشیعہ، شیخ حر عاملی، ج: ۲۷، ص: ۱۴۶، منشورات: مؤسسہ آل البیتؑ، قم۔

" رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا اَحْيٰى اَمْرَنَا۔ "

" خداوند عالم اس بندے کو اپنی رحمت سے
نوازے جو ہمارے نظام کو زندہ رکھے ۔"

راوی کہتا ہے کہ یہ سن کر میں نے عرض کی :

" آقا ! آپؑ کے نظام کو کیوں کر زندہ
رکھا جا سکتا ہے ؟ "

جواب عنایت ہوا :

" يَتَعَلَّمُ عُلُوْمَنَا وَ يُعَلِّمُهَا النَّاسَ۔ "

" ہمارے علوم سے بہرہ مند ہو کر
دوسروں کو ان کی تعلیم دیا کرے ۔" [1]

اور اب ، کچھ ان عظیم ہستیوں کے نام جنہیں

---

[1] معانی الاخبار ، ص : ۱۸۰ ، وسائل الشیعہ ، ج : ۲۷ ، ص : ۱۴۰

ذہنی رہنمائی اور فکری قیادت کا فریضہ خود ائمہ معصومینؑ نے ودیعت فرمایا تھا ۔

☆ قثم ابن عباس :

بابِ مدینۂ علم ، علی ابن ابی طالبؑ نے انہیں مکہ معظّمہ کا سربراہ مقرر فرمایا تھا ۔ حضرت امیرؑ اپنے ایک مکتوب گرامی میں انہیں یوں ہدایت دیتے ہیں :

" فَافْتِ الْمُسْتَفْتِیْ ، وَ عَلِّمِ الْجَاهِلَ وَذَاكِرِ الْعَالِمَ ۔ " [۱]

قثم ! جو تم سے فتویٰ لینے کے خواہش مند ہوں انہیں فتویٰ دینا ، بے سواد لوگوں کو علم و آگہی سے آراستہ کرنا اور جو باخبر افراد

---

[۱] نہج البلاغہ ، ص : ۴۵۷ ، ترتیب و تشریح : ڈاکٹر صبحی صالح ، طبع بیروت ۔

ہیں ، انہیں یاد دہانی کرواتے رہنا ۔"

حضرت امام محمد باقرؑ نے ابان بن تغلب بن ریاح سے فرمایا :

" اِجْلِسْ فِیْ مَسْجِدِ الْمَدِیْنَةِ وَافْتِ النَّاسَ ، فَاِنِّیْ اُحِبُّ اَنْ یُرٰی فِیْ شِیْعَتِیْ مِثْلُکَ ۔ "

تم مدینہ کی مسجد میں بیٹھا کرو اور جو لوگ فتوے کے لیے آئیں تو انکو فتوے دیا کرو ، مجھے اپنے شیعوں میں تم جیسے اشخاص بہت پسند ہیں ۔" [1]

معاذ ابن مسلم نحوی ، حضرت امام جعفر صادقؑ

---

[1] رجال النجاشی ، ابو العباس احمد بن علی النجاشی، ج : ۱ ، ص : ۷۳ ، طبع دارالاضوا ، بیروت۔

کے حوالے سے بتاتے ہیں کہ امام ہمام نے فرمایا:

"سنا ہے تم مسجد میں بیٹھ کر فتوے
دیتے ہو؟" میں نے عرض کی:
جی ہاں! اور اس وقت جانے سے
پہلے اس بارے میں حضورؑ سے کچھ
دریافت کرنا چاہتا تھا۔
مولا! جب میں مسجد میں ہوتا ہوں، تو
طرح طرح کے لوگ مسئلے پوچھنے آتے ہیں،
کوئی ذرا ٹیڑھا لگتا ہے تو اسے اسی
کی سوچ کے مطابق جواب دیتا ہوں۔
کوئی محبِّ اہل بیتؑ ہوتا ہے تو اسے
آپ کی روش کی باتیں بتانے کا فرض

پورا کرتا ہوں ، مگر بعض اوقات کوئی
ایسا آدمی بھی آجاتا ہے ، جس کے
متعلق یہ نہیں معلوم ہوتا کہ وہ کیا ہے
اور کون ہے ؟ تو اس سے پھر میں کہتا
ہوں کہ ، دیکھو ! فلاں کا قول یہ ہے
اور فلاں کا یہ مسلک ہے، اور اس انداز
سے آپؑ کے ارشاد بھی اپنے بیان میں
شامل کردیتا ہوں ۔

یہ سن کو امامؑ نے فرمایا :

" ٹھیک کرتے ہو ، ایسے موقعوں پر میرا
بھی یہی طریق کار ہے ۔" [1]

---

[1] رجال کشی ۴۷۰ ، طبع مصطفوی ، ایران ۔

اور

یوں بھی ذرا

غور فرمائیں!

قرآن چاہتا ہے کہ ہر کلمہ گو، علم و دانش کی روشنیوں میں اپنی زندگی گزارے ۔ رسول مقبولؐ اور ائمہ معصومینؑ کی بھی یہی خواہش ہے ۔

مگر ساتھ میں یہ اصرار بھی ہے کہ علم و فرہنگ کے جتنے بھی شعبے ہیں ان میں "تفقہ فی الدین" کو اولیت ملے ۔ مذہب سے ٹھیک ٹھاک واقفیت کو ترجیح حاصل ہو، کیونکہ روزمرہ معاملات میں شریعت سے

آگہی کو اساسی حیثیت قرار دینا ضروری ہے۔

اور یہاں اس غلط فہمی کو بھی دور ہو جانا چاہیے کہ تفقہ سے مراد صرف نجاست و طہارت اور نماز، روزے کے چند گنے چنے مسئلے ہیں! بلکہ حیات و کائنات کے حوالے سے ان تمام انفرادی امور کی حقیقتوں کو جاننے اور پرکھنے کی صلاحیت ہے جو معاشرے کی صورت گری میں جزوِ لازم کا درجہ رکھتی ہے!

دیکھئے! دین اس نظام کو کہتے ہیں جو اسے قبول کرنے والوں کی ہر حرکت و سکوں کا فرماں روا ہو ....! اور دین میں تفقہ کا منشاء یہ ہے کہ آدمی اپنی اور دوسروں کی جملہ ضروریات اور اس سے تعلق

رکھنے والے احکام کا صحیح اور پورا ادراک رکھتا ہو ۔

اس سے پہلے مختصراً عرض کیا جاچکا ہے کہ تفقہ صرف آدابِ عبادت کو نہیں کہتے ! بلکہ ، فقہِ اخلاق ، فقہِ معاشرت ، فقہِ سیاست ، فقہِ حکومت ، فقہِ اقتصاد ، فقہِ تجارت ، فقہِ زراعت ، فقہِ دفاع ، بین الاقوامی تعلقات اور صنعت و حرفت وغیرہ کے تمام فقہی پہلو اس میں شامل ہیں ۔

اس باخبری اور دیدہ وری کے بارے میں حکیم اسلام امیر المومنینؓ نے ایک مرتبہ عرشۂ منبر سے ارشاد فرمایا تھا :

"وَاِنَّ مِنَ الْحَقِّ اَنْ تَفَقَّهُوْا۔"

یہ بھی حقیقت پسندی کا عنوان ہے کہ

تم فقیہ بنو ۔ [۱]

اب ممکن ہے کہ بعض وہ حضرات جو محدودیت کو اپنائے ہوئے ہوں اور اپنی سوچ کے تنگ دائرے سے نکلنے میں قدرے زحمت محسوس کرتے ہوں ، ان کا یہ تاثر ہو کہ مراجعِ تقلید کے وہ فقہی رسالے جنہیں عُرفِ عام میں عملیہ کہا جاتا ہے ، ان میں تو یہ سب باتیں ناپید ہیں !

ہاں ! بظاہر یہی دکھائی دیتا ہے ، لیکن ! اگر اس پہلو سے غور کیا جائے کہ عملیہ رسالے عوام کو روز مرہ زندگی میں پیش آنے والے مسئلوں سے آگاہ کرنے کا ایک تحریری وسیلہ ہیں ۔ ان میں وہی کچھ

---

[۱] اصول کافی ، ج : ۱ ، ص : ۳۶ ، طبع مکتبہ اسلامیہ ، تہران ۔

لکھا جاتا ہے جو آئے دن لوگوں کو چاہیے ہوتا ہے !

البتہ جہاں تک فقہ کے بڑے اور کلاسیکی مجموعوں کا تعلق ہے ، ان میں نجی زندگی اور سماجی زندگی کی ہر مشکل کا مناسب حل موجود ہے ۔ عمرانی علوم کی ہر شاخ پر انتہائی مفصل اور مدلل طریقوں سے بحث کی گئی ہے ۔ مگر ! یہ ذخیرہ جدوجہد کرنے والے کارشناس علماء کے کام آتا ہے ، عام لوگوں کے لیے بے مصرف ہے !

اور اختصار کی ایک خاص وجہ ، بلکہ ، اصل وجہ یہ ہے کہ سرکار ختمی مرتبتؐ کی رحلت کے بعد جو ایک سوچا سمجھا انقلاب لایا گیا اور اس کی بناء پر سیاست و ریاست نے جو شکل و صورت اختیار کی ،

اس میں ہمارے لیے کوئی جگہ نہیں رکھی گئی ! اور آج تک جب کبھی بھی آئین کے بڑے بڑے ماہر اپنی قانونی فہم و فراست دکھانے کے لیے کہیں اکٹھا ہوئے تو میدانِ عمل میں انہیں صرف چار مکاتب فقہ نظر آئے ۔ شریعت کا پانچواں مدرسہ ایک آدھ کے سوا کسی چارہ گر کو نہیں دکھائی دیا !

بہرکیف ، دنیا والوں کے اس طرزِ تغافل نے بھی خاصی دقتیں پیدا کیں ، اور شیعہ عوام کے فقہی مزاج کو پنپنے کا خاطر خواہ موقع نہیں نصیب ہو سکا !

نیز ، تاریخ کہتی ہے کہ مختلف ادوار اور دنیا کے کئی علاقوں میں خود شیعوں کو بھی اقتدار حاصل ہوا ؟ یہ ٹھیک ہے ، لیکن ، انہوں نے جس زمین پر

بھی غلبہ پایا ، وہاں یہ حاکم کی شکل میں تو اُبھرے ، پر شیعی فقہ کی بنیاد پر حکومت کہیں نہیں قائم کرسکے ۔ دوسرے لفظوں میں ،

ایک ایسی مؤثر اور شرعی قواعد و ضوابط نافذ کرنے والی ہر اعتبار سے نظریاتی ریاست وجود میں نہیں آسکی !

مثال کے طور پر :

مراکش میں ادریسی مملکت ، بحیرۂ قزوین کے آس پاس علویوں کی حکمرانی ، عراق اور فارس میں آلِ بویہ کی فرماں روائی ۔ شام میں بنو حمدان کی عملداری ، مصر میں فاطمی اقتدار ، ایران میں صفوی ، قاچاری اور پہلوی شہنشاہیت ، جنوبی ہندوستان میں

عادل شاہی اور قطب شاہی حکومت ، نیز شمالی ہند میں اودھ کی سلطنت وغیرہ وغیرہ ۔

صحیح ، درست ، بجا ! مگر یہ سب شیعوں کی سرگذشت کے بعض حصوں کا تذکرہ ہے ۔

دیکھیے ! اہل بیت اطہارؑ سے اپنی وابستگی ظاہر کرنے والی طاقت ور نمایاں شخصیتوں نے اس دنیا میں جہاں کہیں بھی اختیارات کی باگ ڈور ہاتھ میں لی ہے ، وہاں ایک لہکتی مہکتی تہذیب اور حد درجہ دل آویز ثقافت ضرور وجود میں آئی ۔ سنبھلے ہوئے ذوق کو کمال ملا ، تخلیقی مزاج نے ہر طرف دھوم مچا دی ، اور ایسی ایسی قدریں ابھریں جن سے بہت سے معاشرے ابھی تک محروم ہیں !

لیکن ، ان سب حقیقتوں کے ہوتے ہوئے بھی وہاں تشیع کے آئین و قوانین کی گرفت ڈھیلی ڈھیلی سی رہی ، یعنی ! شیعہ عوام کو ہر جگہ " فقہی ذہن " نہیں میسر ہوا ۔ اسی باعث " جان و جہاں " سے تعلق رکھنے والے قواعد و ضوابط ٹھٹھر کر رہ گئے ۔ نہ نافذ ہوئے اور نہ تفصیل سے عوام تک پہنچ سکے !

اب اس کے بھی مختلف عوامل ، کئی سبب اور خاص حالات ہیں جنہیں اس وقت ہم کھل کر بیان کرنے کے موقف میں نہیں ہیں ۔

خیر ! چلئے ، پھر اپنے موضوع کی طرف آتے ہیں ۔ لیجئے ! کچھ حضرات فرماتے ہیں کہ :

" قرآن مجید اور ہماری آسمانی قیادت کے

ہدایت ناموں میں تو تقلید ، اتباع اور پیروی کی سخت مذمت کی گئی ہے ۔ مثلاً درج ذیل آیۂ مبارکہ ملاحظہ ہو :

”وَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً ، قَالُوْا: وَجَدْنَا عَلَيْهَا اٰبَاءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ۔ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَامُرُ بِالْفَحْشَآءِ، اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۔“

” یہ لوگ جب کوئی ایسا کام کرتے جس سے شرم آئے ! تو کہتے ہیں کہ : ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی راہ پر چلتے دیکھا ہے اور اللہ ہی نے ہمیں یہ کرنے کا حکم دیا ہے ، ان سے کہو

اللہ کبھی کسی بری حرکت کا حکم نہیں
دیتا ۔ کیا تم خدا کا نام لے کر وہ
باتیں کہتے ہو جن کے بارے میں
تم کچھ نہیں جانتے ! [۱]

پھر صرف یہی ایک آیت نہیں ، بلکہ اس مضمون
کی کئی آیتیں ہیں ، جیسے :

”وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ: تَعَالَوْا اِلٰی
مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ وَ اِلَی الرَّسُوْلِ ،
قَالُوْا: حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَیْہِ
اٰبَآءَنَا ، اَوَلَوْ کَانَ اٰبَآءُ ھُمْ

[۱] سورۂ مبارکہ اعراف : ۲۸ ۔ عہد جاہلیت میں عرب خواتین برہنہ ہوکر خانۂ کعبہ کا طواف کرتی تھیں ، اس آیت میں اسی روداد کا بیان ہے ۔

لَا یَعْلَمُوْنَ شَیْئاً وَّلَا یَھْتَدُوْنَ۔"

"اور جب انہیں یہ بتایا جاتا ہے کہ:

اللہ نے تمہارے لیے جو قانون

اُتارا ہے، اس کی طرف آؤ،

اور رسولؐ کی بتائی ہوئی باتوں پر

عمل کرو، تو وہ کہتے ہیں کہ:

ہمارے لیے تو بس، وہی کافی ہے

جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو

چلتے دیکھا ہے۔ کیا یہ اپنے بڑھوں

کی راہ پر ہی لگے رہیں گے، خواہ

وہ ذرا بھی علم نہ رکھتے ہوں اور

صحیح راستے سے بالکل بے خبر ہی

کیوں نہ ہوں ۔'' ؎

نیز ، اب یہ چند آیات بھی ملاحظہ ہوں ، جن میں حضرت ابراہیمؑ نے اپنی قوم سے گفتگو فرمائی تھی ، یہ اس کا خلاصہ ہے :

'' قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَاماً فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ۔ قَالَ : هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ۔ اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ۔ قَالُوْا : بَلْ وَجَدْنَا اٰبَاءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ۔''

(ابراہیم خلیلؑ نے جب کالڈیا کے صنم کدے کے مہاپجاری اور اپنی قوم سے یہ سوال کیا کہ :

؎ سورۂ مبارکہ مائدہ : ۱۰۴

تم سب کس کی پرستش کرتے ہو ؟

تو انہوں نے کہا :

یہ کچھ بُت ہیں ، جن کی ہم
پوجا پاٹھ کرتے ہیں اور ان ہی
کی خدمت میں لگے رہتے ہیں ،
ابراہیمؑ نے پھر پوچھا : جب تم
انہیں پکارتے ہو ، تو یہ تمہاری سُنتے
ہیں ؟ یا تمہیں کوئی نفع نقصان
پہنچاتے ہیں ؟ اس پر انہوں نے
بتایا : ’’ نہیں ! ‘‘ ہم نے تو بس
اپنے باپ دادا کو یہ کرتے دیکھا ہے ۔ ۱

---

۱ سورۂ مبارکہ شعراء : ۷۰ تا ۷۴

اور آیئے ! اس کے بعد چند مزید آیتوں سے بھی فیض حاصل کرتے چلیں :

"وَ قَالُوْا : لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ، مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ، اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۔ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰباً مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ۔ بَلْ قَالُوْا : اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّ اِنَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ۔"

"اب (مشرکوں) کا کہنا یہ ہے کہ : مہربان خدا اگر نہ چاہتا ، تو ہم جن کی عبادت بجا لا رہے ہیں ، ان کی

عبادت نہ کرتے ۔ یہ مسئلے کی اصلیت
سے واقف نہیں ہیں ، اور بے بنیاد ،
اٹکل پچو باتیں کرتے ہیں ۔
کیا ان کے پاس ہماری بھیجی ہوئی
کوئی دستاویز ہے جس کے برتے پر
یہ اپنی (ملائکہ پرستی) کا جواز پیش
کر سکیں ؟
ان کا استدلال تو یہ ہے کہ :
ہم نے اپنے اسلاف کو ایک ڈگر پر
چلتے دیکھا ، بس ! ہم بھی ان کے
قدم بقدم چل پڑے ۔" [1]

---

[1] سورۂ مبارکہ زُخرف : ۲۰ تا ۲۲

اب اس مرحلے پر ہم اپنے عالی قدر اور گرامی فکر پڑھنے والوں سے گزارش کریں گے کہ تقلید کے بارے میں جو حضرات نامناسب سا رویہ رکھتے ہیں ، وہ دو جتھوں میں بٹے ہوئے ہیں ۔

ایک تو وہ جو بھاری بھر کم بزرگ ہیں ، اور جن کا تعلق پرانے زمانے سے ہے ، وہ درحقیقت بڑے پڑھے لکھے نہایت قدآور اشخاص ہیں ، نیز ان دانشوروں کے علمی مجموعے کلاسیکی نوعیت کے دلائل سے آراستہ ہیں ۔

دوسرا گروہ عصرِ حاضر کے ان باسواد ، جذباتی ، اصلاح پسندوں پر مشتمل ہے جو اپنے گرد و پیش کے روح فرسا ماحول اور اسے برقرار رکھنے والے کرداروں

سے بیزار ہو چکے ہیں ۔ پھر خدا جانے ، کب سے یہ بے چارے دُکھ درد میں پھنسے ہوئے ہیں ۔ جب انہیں اپنے اطمینان کی کوئی صورت نہیں دکھائی دیتی ، تو پھٹ پڑتے ہیں !

اور .... یہ تازہ واردانِ بساطِ ہنروری اس درجہ حسّاس ہو جاتے ہیں کہ اپنی پرچھائیں سے بھی اُلجھنے لگتے ہیں ! انہوں نے سوزِ جگر اور دل کی تپش سے بے قابو ہو کر نظامِ زندگی کے پُرزے اُڑانے کی جو ٹھانی ہے ، وہ عجیب و غریب بات ہے !

سمجھدار لوگ تو درد کا درماں کرتے ہیں ۔ خودکشی نہیں کرتے ۔ آگ لگتی ہے تو بجھانے دوڑتے ہیں ۔ شعلوں پر تیل نہیں چھڑکتے ۔ بہیا آتی ہے تو

سازوسامان کو بچانے کی کوشش میں لگ جاتے ہیں ۔ اسے موجوں کے اُتار چڑھاؤ پر نہیں چھوڑ دیتے ۔ اصلاح کا جذبہ ہے ، تو حوصلہ بھی پیدا کرنا چاہیئے ۔

بہرحال ! اب ہم ان اُبھرتے ہوئے دانشوروں سے آگے چل کر ملیں گے ۔ سرِدست ، کمال احترام کے ساتھ ایوانِ علم کی ان قدیم گراں پایہ ہستیوں کی خدمت میں عرض ہے :

بزرگانِ ملت !

خدا کو حاضر و ناظر جان کر فرمایئے کہ : ہم نے جن آیاتِ مبارکہ کا حوالہ دیا ہے ، ان میں اسی تقلید کو برا کہا گیا ہے جو فقہ جعفری کا ایک واجب التعمیل حکم ہے ، اور ان آیتوں کے ذریعے ان ہی تقلید شعاروں

کی ہجو کی گئی ہے جو اصول پسند شیعیانِ اہل بیتؑ ہیں ؟

کیا ان آیتوں کا خطاب کُفر آشنا اور شرک پسند جماعتوں سے نہیں ؟ نیز ان میں جن افکار و اعمال کا بیان ہے ، ان کی ذرا سی جھلک بھی کسی شیعہ مقلد میں نظر آتی ہے ؟

یہ آیتیں تو ایک ایسی قوم کے مزاج ، رفتار ، گفتار ، کردار ، جذبات ، احساسات ، نفسیات ، عقائد اور روایات کی عکاسی کرتی ہیں ، جو تمدن سے دور ، فرہنگ ناشناس ، کوتاہ بین ، بلا کے ضدی ، ہٹی ، کٹر ، اور اڑیل واقع ہوئی ہو !

یا پھر ان آیاتِ قرآنی کے مطلب سے آدمیوں

کے ایک ایسے گروہ کی تصویر سامنے آتی ہے، جس کی عقل ٹھٹھری ہوئی ہو! جس کا دماغ پتھرا چکا ہو! اور وقت کی آمریت نے اُسے اس ڈگر پر ڈال دیا ہو جہاں ادراک ختم اور فہم و فراست دم توڑ دیتی ہے!

اچھا! اس قسم کی اور بھی متعدد آیات ہیں، مگر نفسِ مقصد کو واضح کرنے کے لیے یہ کافی ہیں۔ پھر بھی مزید ایک دو آیتیں درج کرنے کو جی چاہتا ہے، تلاوت کیجیے:

”وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ
اَنْزَلَ اللّٰهُ، قَالُوْا: بَلْ نَتَّبِعُ
مَآ اَلْفَیْنَا عَلَیْهِ اٰبَآءَنَا، اَوَلَوْ
اٰبَآؤُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ شَیْئًا وَّ

لَا یَهْتَدُوْنَ ۔ وَمَثَلُ الَّذِیْنَ
كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِیْ یَنْعِقُ بِمَا
لَا یَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّ نِدَآءً ،
صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ۔“

” (مشرکوں سے) جب کہا جاتا ہے کہ
اللہ نے تمہارے لیے جو احکام نازل
کیے ہیں ، ان کی پیروی کرو ، تو وہ
جواب دیتے ہیں کہ : ہم تو اپنے
آبائی مسلک پر گامزن ہیں ! اب اگر
ان کے باپ دادا نے عقل سے کوئی
کام نہ لیا ہو اور راہِ راست نہ پائی ہو ،
تو پھر بھی ان ہی کی چال چلتے رہیں گے ؟

یہ لوگ جو خدا کے بنائے ہوئے

راستے کو اختیار کرنے سے انکار

کرتے ہیں ان کی حالت بالکل

ویسی ہے جیسے چرواہا جانوروں کو

پکارتا ہے ، اور وہ ہانک پکار کی

آوازوں کے سوا کچھ نہیں سُنتے ۔

یہ سب بہرے ہیں ، گونگے ہیں ،

اندھے ہیں ۔ اس لیے کوئی بات

ان کی سمجھ میں نہیں آتی ! ''

یہاں پھر ایک دفعہ عرض کریں گے کہ :

صاحبو ! ذرا انصاف کرنا ، ان آیتوں میں جس

سورۂ مبارکہ بقرہ : ۱۷۰ - ۱۷۱

طور طریق اور حال احوال کا نقشہ کھینچا گیا ہے وہ کسی طرح بھی زیرِ بحث ادارۂ تقلید و اجتہاد سے کوئی مناسبت رکھتا ہے ؟ لہذا انسانی رہبری کے اس بندوبست پر تہمت لگانا ، الزام تراشی کرنا ، کس طرح معقول کام قرار دیا جا سکتا ہے ؟

جن لوگوں نے اقوامِ عالم کی زندگی اور ان کے طرزِ تفکر کا مطالعہ کیا ہے ، وہ جانتے ہیں کہ قوموں میں جب ماضی کا تقدّس گھر کر لیتا ہے تو پچھلے دور کی چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی بہت بڑی اور قابلِ پرستش بن جاتی ہے ۔

رہی یہ بات کہ پورے قرآن میں اور حدیث کے سارے ذخیرے میں ، تقلید کا لفظ ڈھونڈے سے

نہیں ملتا ۔ بنا بریں ، ہم قدیم و جدید اخباریت کے حامی اسے نہیں مانتے !

ٹھیک ہے ! اس اصرار کو دیکھتے ہوئے گزارش ہے کہ : مقصد و مراد ، غرض و غایت ، لفظ ہے یا مفہوم ؟ ظاہر ہے ، ہر پڑھا لکھا آدمی مفہوم ، مطلب اور مدعا کو مرکزِ فکر و نگاہ بنائے گا ۔

اب دیکھیے ! رجوع ، اخذ ، انذار ، سؤال ، تعلیم ، تذکر ، نیز ہدایت اور ان لفظوں سے بنے ہوئے الفاظ سے وہی منشاء پورا ہوتا ہے ، جس کی تکمیل ، تقلید کی اصطلاح سے ہوتی ہے ، یا نہیں ؟ یہ سب الفاظ قرآن کریم میں استعمال ہوئے ہیں ۔

آخر میں ایک اور پرلطف بات! توجہ سے ملاحظہ

کیجیے ۔ ان تمام آیتوں کو تقلید نہ کرنے کے ثبوت میں پیش کیا جاتا ہے ، جب کہ یہ تمام آیاتِ مبارکہ ، تقلید کے علم اور انداز کی تعلیم دے رہی ہیں کہ کس کی روش پر چلیں ؟ اور کن امور میں سرِ تسلیم جھکائیں ؟ نا فہم لوگوں کی راہ و رسم اپنانے سے اندھیری چھائے گی ، روشنی نصیب نہیں ہوگی !

اور علم و آگہی رکھنے والوں کی بات ماننے سے چودہ طبق روشن ہوجائیں گے !

اچھا ،

اب تھوڑی

سی زحمت اور !

دیکھیئے ! اندھیرے میں کھوئے ہوئے باپ دادا ،
اور جہالت میں ڈوبی ہوئی سماج کی راہ پر چلنے کو تقلید
نہیں کہتے ! فقہ کی زبان میں ، جاگتے دماغ اور کھلی ہوئی
آنکھوں کے ساتھ اپنے فرائض سے واقف ہونے کے
عمل کو تقلید کا نام دیا جاتا ہے ۔

پھر تقلید کا رشتہ ، اصول و مسلّمات سے نہیں ،
بلکہ روزمرّہ پیش آنے والے مسائل و معاملات سے ہے ۔

لیکن ! جو لوگ اس بات پر اڑے ہوئے ہیں کہ :

وہ نہ تو تقلید کو مانیں گے اور نہ اجتہاد کو قبول کریں گے ۔ اور دلیل یہ دیتے ہیں کہ :

ان نظریات کا نہ تو اللہ کی کتاب میں کوئی تذکرہ ہے اور نہ حدیثِ معصومؑ میں کہیں نشان دکھائی دیتا ہے ۔

ان کی خدمت میں عرض ہے کہ :

حضور والا ! جہاں تک قرآنِ حکیم کا تعلق ہے ، اس بارے میں ہم بہت کچھ لکھ چکے ہیں ۔ اب رہا یہ کہ معصومؑ ہستیوں نے اس سلسلے میں کیا فرمایا ہے ، تو اس پر بھی خاصی گفتگو ہو چکی ہے ۔

مگر ، مزید وضاحت کے لیے حضرت امام حسن عسکریؑ کے ایک فرمان کو ہم قدرے تفصیل سے لکھ کر آنکھوں کی زینت بنانے کی سعادت حاصل کرتے ہیں ، اور

اس معروضے کے ساتھ کہ :

جو محترم حضرات ، چیخ چیخ کر اعلان کر رہے ہیں کہ رسول کریمؐ اور ائمہ اطہارؑ کے زمانے میں تقلید کا لفظ عنقاء تھا ، ان کی خدمتِ عالی میں گزارش ہے کہ : اس دور میں یہ لفظ عام نیز اصطلاح کے طور پر بھی وقت کے رائج سکے کی طرح مقبول ، ہر شخص کی نوکِ زبان پر تھا ۔ عورتیں بھی بے جھجک اس لفظ کو استعمال کرتی تھیں ! سند کے طور پر ملاحظہ فرمایئے :

"عَنْ اَبِیْ بَصِیْرٍ، قَالَ :
دَخَلَتْ اُمُّ خَالِدِ الْعَبْدِیَّةِ عَلٰی
اَبِیْ عَبْدِاللّٰہِ علیہ السلام ، وَ

اَنَا عِنْدَهُ، فَقَالَتْ : جُعِلْتُ فِدَاکَ، اِنَّهُ یَعْتَرِیْنِیْ قَرَاقِرُ فِیْ بَطْنِیْ، وَقَدْ وَصَفَ لِیْ اَطِبَّاءُ الْعِرَاقِ، النَّبِیْذَ بِالسَّوِیْقِ، وَ قَدْ وَقَفْتُ وَ عَرَفْتُ کِرَاهَتَکَ لَهُ، فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَسْئَلَکَ عَنْ ذٰلِکَ، فَقَالَ لَهَا: وَ مَا یَمْنَعُکِ عَنْ شُرْبِهِ؟ قَالَتْ : قَدْ قَلَّدْتُکَ دِیْنِیْ، فَاَلْقَی اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ حِیْنَ اَلْقَاهُ فَاُخْبِرَهُ اَنَّ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ علیه السلام اَمَرَنِیْ وَ نَهَانِیْ، فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ! لَا آذَنُ لَکِ فِیْ قَطْرَةٍ مِنْهُ وَلَا تَذُوْقِیْ مِنْهُ قَطْرَةً

فَإِنَّمَا تَنْدَمِيْنَ إِذَا بَلَغَتْ نَفْسُکِ

هٰهُنَا، وَ أَوْمَىٰ بِيَدِهٖ إِلىٰ حَنْجَرَتِهٖ،

يَقُوْلُهَا ثَلَاثاً: أَفَهِمْتِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ!

روایت ابو بصیرؒ کی ہے، جن کی اس خصوصیت پر تمام علمائے امامیہ کا اجماع و اتفاق ہے کہ: ان کی بات میں کوئی کھوٹ نہیں ہوتی، اور وہ ہر لحاظ سے لائق اعتبار ہیں۔

اور سرچشمۂ حدیث، حضرت صادق آل محمدؑ ہیں نیز یہ ارشاد ہمارے اصول و فروع کے سب سے پرانے مجموعے الکافی میں درج ہے جو مکتبِ تشیع کے سب سے بڑے محدث محمد ابن یعقوب کلینیؒ (متوفی ۳۲۸ھ) کے مساعی جمیلہ کا شاہکار ہے۔

متنِ حدیث کا مطلب کچھ یوں ہے :

" ابو بصیر کہتے ہیں کہ : میں سرکار امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں حاضر تھا کہ ام خالد العبدیہ نام کی ایک خاتون بارگاہِ امامت میں آئیں اور عرض کرنے لگیں : صدقے جاؤں ، میرے پیٹ میں اکثر گڑگڑاہٹ ہوتی رہتی ہے ، عراق کے معالج کہتے ہیں : شراب میں ستو گھول کر پیا کرو ۔ مگر میں جانتی ہوں کہ آپؑ اسے پسند نہیں فرماتے ۔ اس لیے حضورؑ سے پوچھنے آگئی ہوں ۔

یہ سُن کر امام عالی مقام نے فرمایا :

تو پھر! اس کے استعمال میں کیا دشواری
محسوس کر رہی ہو؟ خاتون نے عرض کی:
میں آپؑ کی تقلید میں ہوں ۔ اب جب
خدا کی بارگاہ میں پہنچوں گی تو کہوں گی
کہ حضرت جعفر ابن محمد علیہما السلام نے مجھے
اس کی اجازت دی تھی یا ممانعت کی تھی!
امامؑ نے یہ سنتے ہی فرمایا:
تمہاری جان نکلنے لگے تب بھی اس کی ایک
بوند نہ چکھنا ۔ نہیں مانو گی تو جب جان
یہاں تک پہنچ جائے گی تو بہت پچھتاؤ گی ،

اور یہ فرما کر آپؑ نے اپنے ہاتھ سے اپنے
گلے کی طرف اشارہ کیا پھر یہ بات تین دفعہ
تکرار کی اس کے بعد پوچھا : آیا سمجھ میں ؟
ام خالد نے کہا : جی ہاں ! [۱]

اس سلسلہ میں اور بھی بہت سے حوالے ہمارے سامنے ہیں ، مگر طول دینے سے کیا حاصل ؟ البتہ یہ کہنے کو جی چاہتا ہے کہ جو تقلید کے لفظ کو ائمہ کے دور میں تلاش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ، انہیں اب اس حدیث پر گفتگو کے لیے لفظوں کا ذخیرہ

---

[۱] فروع کافی ، شیخ کلینی ، ج : ۶ ، ص : ۴۱۳ ، ح : ۱ ، طبع دارالکتب اسلامیہ ، تہران ۔
الحدائق الناضرہ ، محقق بحرانی ، ج : ۱ ، ص : ۲۸۸ ، طبع بیروت
وسائل الشیعہ ، شیخ حر عاملی ، ج : ۲۵ ، ص : ۳۴۴ ، انتشارات مؤسسۃ آل البیتؑ ، قم ۔
جواہر الکلام ، شیخ محمد حسن نجفی ، ج : ۳۶ ، ص : ۳۳۵ ۔

ڈھونڈ لینا چاہیے !

آمدم بر سرِ مطلب !

اب ہم گیارہویں رہبر حضرت امام حسن عسکریؑ کے اس فرمانِ مبارک کے لفظوں کو جن کے ذریعے آپ نے تقلید کا حکم دیا ہے ، انہیں لکھ کر اپنے دل کو چین اور آنکھوں کو رونق دینے کی سعادت حاصل کرتے ہیں ۔

اس میں پہلی بات تو یہ ہے کہ بعض قلم کاروں نے منصفانہ طور طریقے سے علمی انداز میں مکمل جائزہ لینے کے بجائے بڑی جلدی میں اس حدیث کے کمزور ہونے کا اعلان کر دیا ! حالانکہ روایات کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لیے درایت اور رجال کے

قاعدوں سے واقفیت ضروری ہے ۔

اس ضمن میں ہمیں بتایا گیا ہے کہ صحت و اعتبار کے لیے نفسِ مضمون کو پرکھنا چاہیے ۔ یہ دیکھنا لازم ہے کہ اس کا ہر حصہ اساسی احکام اور بنیادی شرائط کے مطابق ہے یا نہیں ؟ عبارت میں معنوی قوت اور مطلوبہ معیاری متانت بھی پائی جاتی ہے یا ان خوبیوں سے خالی ہے ۔

علاوہ ازیں اس کی بھی اچھی طرح جانچ پڑتال کرلی جائے کہ روایت جن واسطوں سے ملی ہے وہ کس حیثیت کے ہیں ، کیا درجہ رکھتے ہیں ؟

پھر جن دانشوروں نے اسے قبول کر کے اپنی علمی کاوشوں کا حصہ بنایا ہے ان کی تحقیقات کس

پائے کی ہیں اور علمی دنیا میں ان کا اپنا کیا مقام ہے ؟

مگر جتنے قاعدے کسوٹی کا کام دیتے ہیں ، انہیں چھوڑ کر بعض عُجلت پسند لکھنے والوں نے زیرِ نظر حدیث کے معاملے میں کچھ شکوک و شبہات کا اظہار کیا ہے ۔ مثلاً سلسلۂ سند کے بارے میں مطمئن نظر نہیں آتے ، کیونکہ اس کے راویوں میں :

☆ محمد احمد ابن عباس

☆ محمد ابن قاسم

☆ یوسف ابن محمد ابن زیاد

☆ اور علی ابن محمد ابن یسار ، ہیں ۔

مگر ، کاش ! نکتہ چین پہلے اس میدان کے

بڑے بڑے مردم شناس بزرگوں ، یعنی ، علمِ رجال کے علماء کی رائے معلوم کر لیتے کہ اس ضمن میں وہ کیا کہتے ہیں ؟

اطمینان کے لیے ملاحظہ ہو :

☆ بہجۃ الآمال ، علامہ علی الطیاری جلد : ۶ ، صفحہ : ۵۶ ، طبع بنیاد فرہنگ اسلامی ، ایران ۔

☆ تنقیح المقال ، آیۃ اللہ مامقانی ، جلد : ۱ ، صفحہ : ۲۸۰ ، انتشارات جہان ، تہران ۔

☆ معجم رجال الحدیث، آیۃاللہ خوئی، جلد : ۱۵ ، صفحہ : ۹ ، انتشارات آثار شیعہ ، ایران ۔

دانش و آگہی کے ان تمام مجموعوں میں ان راویوں کو جن کا ابھی ذکر ہوا ہے ، بڑا ثقہ ، اعتبار

کے قابل اور اعتماد کا اہل قرار دیا گیا ہے ، اور جن عظیم ہستیوں نے اپنی بیش قیمت کاوشوں میں اس حقیقت کا اظہار کیا ہے ، وہ سب کے سب ہمارے فکری قائد اور تحفۂ روزگار ہیں ۔

اب ہم پہلے اس حدیث کی عبارت جو معتبرۂ طوسی کے عنوان سے شہرت رکھتی ہے ، ترقیم کرنے کا شرف حاصل کرتے ہیں ۔ ہمارے گیارہویں امامؑ ارشاد فرماتے ہیں :

"فَاَمَّا مَنْ کَانَ مِنَ الْفُقَهَاءِ
صَائِناً لِنَفْسِهٖ ، حَافِظًا لِدِیْنِهٖ ،
مُخَالِفاً لِهَوَاهُ ، مُطِیْعاً لِاَمْرِ مَوْلَاهُ
فَلِلْعَوَامِ اَنْ یُّقَلِّدُوْهُ ۔"

" جو فقیہ خود کو سنبھالے ہوئے ہوں ،

اپنے دین کی رکھوالی کرتے ہوں ،

خواہشاتِ نفسانی کا ساتھ نہ دیتے ہوں ،

اور خداوندِ عالم کے فرماں بردار ہوں ،

تو عوام کو چاہیے کہ ان کی تقلید کریں ۔"

ہاں ! جو لوگ کہتے ہیں کہ یہ روایت تو بس ،

ایک غیر معتبر سی تفسیر میں لکھی ہوئی ہے ۔ [1]

تو ایسے کتب نا آشنا حضرات کے لیے حوالے کے طور

پر سرِ دست اٹھارہ ایسی کتابوں کے نام درج ہیں ،

جن میں یہ حدیث دوپہر کے سورج کی طرح روشن ہے !

---

[1] قرآن شریف کی وہ تفسیر جو امام حسن عسکریؑ سے منسوب ہے اور جس میں تقلید کے بارے میں یہ حدیث مذکور ہے ۔ اس تفسیر کو بعض لوگ غیر معتبر بتاتے ہیں ۔ ہم اس بحث کے آخر میں انشاء اللہ اس پر سیر حاصل گفتگو کریں گے ۔

ملاحظہ کیجیے :

﴿ ۱ ﴾ وسائل الشیعہ ، شیخ حُر عاملی، جلد : ۲۷ ، صفحہ : ۱۳۱ ، انتشارات موٴسسۃ آلِ البیتؑ ، قم ۔

﴿ ۲ ﴾ الاحتجاج، شیخ احمد ابن علی طبرسی، ج:۲، صفحہ : ۲۶۳ ، طبع موٴسسۃ الاعلمی ، بیروت ۔

﴿ ۳ ﴾ تفسیر امام حسن عسکریؑ ، صفحہ : ۳۰۰

﴿ ۴ ﴾ مستند الشیعہ، محقق نراقی، جلد: ۲، صفحہ : ۵۱۹

﴿ ۵ ﴾ بحار الانوار ، علامہ مجلسی ، ج : ۲ ، ص : ۸۸ ، طبع موٴسسۃ الوفا بیروت ۔

﴿ ۶ ﴾ کنز الدقائق، میرزا محمد مشہدی، ج : ۱ ، ص : ۳۸۱ ۔

﴿ ۷ ﴾ فرائد الاصول ، شیخ مرتضٰی انصاری ،

ج : ۱ ، ص : ۱۴۱ ۔

﴿ ۸ ﴾ عوائد الایام ، محقق نراقی ، ص : ۱۹۹ ، منشورات مکتبۂ بصیرتی ، قم ۔

﴿ ۹ ﴾ نہایۃ الافکار ، شیخ ضیاء الدین عراقی ، ج : ۴ ، ص : ۲۴۴ ۔

﴿ ۱۰ ﴾ حصر الاجتہاد ، آقا بزرگ تہرانی ، ص : ۳۴۱

﴿ ۱۱ ﴾ کتاب القضاء ، شیخ انصاری ، ص : ۳۴۱

﴿ ۱۲ ﴾ العروۃ الوثقی ، سید محمد کاظم یزدی ، ج : ۱ ، ص : ۱۰ ، طبع مؤسسۃ الاعلمی ، بیروت ۔

﴿ ۱۳ ﴾ مستمسک عروۃ الوثقی ، سید محسن حکیم ، ج : ۱ ، ص : ۴۱ ، طبع بیروت ۔

﴿ ۱۴ ﴾ الفقہ الاستدلالی ، سید ابوالقاسم خوئی ، ج : ۱

صفحات: ۸۱ ، ۱۰۵ ، ۲۲۱ ، ۲۳۰ ، ۲۳۱ ، ۲۳۶

﴿ ۱۵ ﴾ الاجتہاد والتقلید ، شیخ احمد آذری قمی ،
ج: ۱ ، ص: ۳۲ ، انتشارات مؤسسہ دار العلم، قم۔

﴿ ۱۶ ﴾ مسائل من الاجتہاد والتقلید، شیخ حسین نوری،
ص : ۱۰۱ ، مرکز النشر الاسلامی ، قم ۔

﴿ ۱۷ ﴾ الاجتہاد والتقلید ، شیخ محمد مہدی الآصفی
ص : ۱۰۵ ، ناشر مرکز الغدیر، چاپ سوم ، قم ۔

﴿ ۱۸ ﴾ عوالم العلوم، شیخ عبداللہ بحرانی، جزو: ۳ ،
ص : ۴۲۰ ، طبع قم ۔

اور اب اس گفتگو کے خاتمے پر حجتِ خدا سرکار امام زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف کا ایک حکم محکم بھی ذہن نشین کر لینا چاہیے ۔ ہمارے لیے یہ کسی روایت کے جاننے اور

ماننے کا انتہائی بصیرت افروز قاعدہ ہے ۔

مکتب تشیع کے سب سے بڑے محدث اور فقیہ شیخ محمد ابن حسن حُر عاملی لکھتے ہیں :

ناحیہ مقدسہ سے صادر ہونے والے اس فرمان کو محمد ابن عبد العزیز کشی نے اپنی کتاب " الرجال " کے ذریعے ، علی ابن محمد ابن قتیبہ اور انہوں نے محمد ابن ابراہیم مراغی کے حوالے سے ہمارے سپرد کیا ہے ۔

ہدایت نامے کے الفاظ یہ ہیں :

" فَاِنَّهٗ لَا عُذْرَ لِاَحَدٍ مِّنْ مُّوَالِيْنَا فِی التَّشْکِيْکِ فِيْمَا يُؤَدِّيْهِ عَنَّا ثِقَاتُنَا ۔ "

" ہماری جانب سے جب ہمارے بھروسے

کے لوگ کوئی پیغام پہنچائیں تو ہمارے
دوستوں کو اسے قبول کرنے میں کسی
بہانے بھی کوئی شک نہیں کرنا چاہیے۔" [1]

اور ایوانِ علم کی زینت حضرت امام جعفر صادقؑ نے صحتِ حدیث کے بارے میں اپنے ہونہار شاگرد عمر ابن حنظلہ کے توسط سے ایک اور کلیدی ضابطہ عطا فرمایا۔

ارشاد ہوتا ہے:

"اِنَّ الْمُجْمَعَ عَلَيْهِ لَا رَيْبَ فِيْهِ۔"

"جس حدیث پر دانشمندانِ ملت کا ایکا ہو

---

[1] وسائل الشیعہ، ج: ۱، باب: ۳، ح: ۶۱، ص: ۳۸، تیسرا ایڈیشن، انتشارات مؤسسۂ آلِ البیتؑ، قم۔

تو اسے تسلیم کرنے میں پس و پیش کرنے
کی ضرورت نہیں ۔" [1]

"وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ ۔"

[1] وسائل الشیعہ ، ج : ٢٧ ، باب : ٩ ، ح : ١ ، ص : ١٠٦ ، تیسرا ایڈیشن ، انتشارات مؤسسۃ آل البیت ، قم ۔

مکتبِ
اجتہاد

اسلام ہر شخص کو اس امر کا پابند کرتا ہے کہ وہ
زندگی کے تمام کاموں کو ان قواعد و ضوابط کے مطابق
انجام دے جن کے مجموعے کو شریعت کہا جاتا ہے ۔

مگر کسی عمل کو اس سے لگاؤ رکھنے والے حکم کے
سانچے میں ڈھالنے کے لیے متعلقہ آئین و قوانین کی
تفصیلات سے واقفیت ضروری ہوتی ہے ۔

اسی لیے اصولِ دین اور فروعِ دین کے بارے

میں تفصیلی معلومات حاصل کرنا ہر ایک کا فرض ہے ۔

عقلی اعتبار سے بھی یہ بات درست ہے نیز "کتاب و سنت" سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے ۔

لیکن ! اطمینان بخش طریقے پر مسائل کو سمجھنے اور سمجھانے کے لیے ہر زمانے کے کچھ خاص تقاضے ہوتے ہیں اور ہر دور کو طرح طرح کی تشریحی طریقوں کی طلب ہوتی ہے !

حضور پیغمبر اکرمؐ کے عہدِ مبارک سے لے کر غیبتِ کبریٰ کے زمانے تک جب بھی لوگوں کو ، کوئی مشکل پیش آتی تھی ، ہمارے عظیم رہنماؤں کی نگاہِ التفات سے حل ہوجاتی تھی ۔

مگر جب یہ آسانی نہ رہی ، اوپر سے جدید تمدّن

کے نقش صحرا صحرا ابھرنے لگے ۔ نئی ثقافت تیزی سے خیاباں خیاباں رنگ جمانے لگی ۔ آمد و رفت میں آسانیاں پیدا ہوئیں ۔ آبادی بڑھی ، دنیا سکڑنے لگی ، نو واردوں کی کثرت ، دیس دیس کے باسیوں کا میل جول ، کاروبار میں برق رفتاری ، صنعتوں کی ریل پیل ، ایجادوں کا زور شور ، رہنے سہنے کا قرینہ ، پہننے اوڑھنے کا انداز ، کھانے پینے کا ڈھنگ ، آنے جانے کی روش ، لکھنے پڑھنے کا عنوان ، علاج معالجے کا طریقہ !

غرضیکہ ، زندگی کے اکثر تقاضوں میں تبدیلی پیدا ہوئی اور معیشت و معاشرت کے بہت سے پہلوؤں کو انقلاب راس آگیا !

نتیجۃً ، ایک نئی دُنیا نے فروغ پایا !

اب ان نوظہور حالات میں بے شمار ایسی چیزیں ہیں ، جنہیں برتنے کے لیے درست و نا درست اور جائز و ناجائز ہونے کی کوئی دلیل درکار ہوتی ہے ۔ مگر " کتاب و سنت " میں آسانی سے یہ ہمیں نہیں ملتی .... !

البتہ ، اس کا یہ مطلب نہیں لینا چاہیے کہ " قرآن و سنت " کے مقدّس ذخیرے میں ہمارے معاملات کا حل موجود نہیں ۔ حل ہے !

مگر حقیقت یہ ہے کہ کچھ مسائل تو تھوڑی سی سعی و آگہی سے معلوم ہوجاتے ہیں ، البتہ بعض امور کی دریافت کے لیے نہایت گہری نظر اور فنی قابلیت

درکار ہوتی ہے ۔ بس ! یہی علمی کد و کاوش اور ماہرانہ تحقیق و جستجو ، فقہ و اصول کی زبان میں :

"استنباط و اجتہاد" کہلاتی ہے ۔

ایک بات اور !

دیکھیے ، انسانی تاریخ کے ہر دور میں قانون قاعدوں کا وجود ضروری سمجھا گیا ہے ۔ خواہ وہ رسم و رواج کے روپ میں ہوں یا کسی آمر اور کج کلاہ کے فرمانوں کی صورت میں ، کوئی دستورساز ادارہ اور انسانوں کی بنائی ہوئی مقننہ اس کی تخلیق کار ہو ، اور یا کسی دین کے احکام و ہدایات کا مجموعہ ہو ۔

بہرحال ، یہ سب اپنی اصل و شکل کے حوالے سے قانون ہی کے نام سے پہچانے جاتے ہیں ۔

تہذیبوں کی پرانی سرگزشتوں نے " آشوری ثقافت "
کے بڑے گُن گائے ہیں ، اور اس کی ایک بڑی وجہ
یہ ہے کہ " حمورابی " کا آئین اسی دور سے تعلق رکھتا
ہے ۔ [1]

یہ کہانی اٹھارہویں صدی قبل مسیح کی ہے ۔ دوآبۂ
دجلہ و فرات کے شاداب علاقے سے تعلق رکھنے والے
آفتاب پرست حکمران "حمورابی" نے ۲۸۵ ر دفعات
پر مشتمل ایک آئین عراق والوں کو دیا تھا ۔ یہ دستور
جو میخی خط میں پتھر کی سلوں پر کھدا ہوا تھا، اور ۱۹۰۲ء
سے پیرس کے عجائب گھر میں محفوظ ہے ۔

---

[1] حمورابی وہی نمرود ہے جو خدا کے خلیل حضرت ابراہیمؑ کو شعلوں کے حوالے کرکے ،
اپنے انتقام کی آگ ٹھنڈی کرنا چاہتا تھا ۔

جس " سماجی بندوبست نامے " کی بات چل رہی ہے ، ہوسکتا ہے اپنے وقتوں میں فائدے سے بھرپور ہو ، مگر اب تو " حیات و حرکت " نہ ہونے کے باعث " حریرِ سنگ " پر کندہ کاری کا ایک پرانا نمونہ ہے !

بہرکیف ، جب کبھی " ضوابط و مقررات " میں اپنا کردار ادا کرنے کی طاقت نہیں رہتی اور ان میں وقت کے ساتھ چلنے کی توانائی ختم ہوجاتی ہے تو قانون قاعدے خواہ چٹانوں پر اُبھرے ہوئے ہوں یا کلیجوں میں اُترے ہوئے ہوں ، ہر صورت میں جینے جاگنے کے کام نہیں آتے !

اسی لیے معارفِ اسلامی پر جنہیں دسترس حاصل

ہے وہ کہتے ہیں کہ ہمارا ذخیرۂ فقہ و اصولِ فقہ ، ان مثالی ، معیاری اور حیات بداماں احکام و قواعد کا خزانۂ عامرہ ہے ، جو کسی آدمی کے دنیا میں آنکھیں کھولنے کے لمحے سے لے کر پُتلیاں پھرنے کے وقت تک ، دنیا اور آخرت سے وابستہ اس کی ہر ضرورت کی تکمیل کرتے ہیں اور اسی عنوان سے ہر دور کے انسانی معاشرے کے جملہ احتیاجات کی وسعتوں کو پورا کرنے کے لیے معجزانہ صلاحیت رکھتے ہیں ۔

اس کی ایک بڑی وجہ تو ہمارے مجموعۂ قوانین کی کرامت اور ان کا کمال ہے ۔ دوسرا سبب ، ان رہنما قاعدوں کی پختگی ہے جن کی مدد سے احکام کی

تہ تک ذہن پہنچ جاتا ہے ، اور پھر تلاش کے بعد جو حکم درکار ہو ، اسے حاصل کرنے کا عمل بھی انتہائی اثر انگیز ہوتا ہے ۔ ابھی ہم نے جس حقیقت کی جانب اشارہ کیا ، یعنی "اصولِ فقہ" جس کا وجود ایک عظیم نعمت ہے ۔

اس ضمن میں علمی دنیا کے جانے پہچانے دانشور ڈاکٹر محمد حمید اللہ فرماتے ہیں :

"مسلمانوں کا سب سے بڑا کارنامہ غالباً "اصولِ فقہ" ہے ۔ مسلمانوں سے پہلے بھی دنیا میں قانون تھا لیکن اصولِ فقہ جیسی چیز ، دنیا میں کہیں نہیں ملتی ، اور آج ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ ایک امتیازی

اضافہ ہے جس کی بدولت علمِ قانون کی

ایک بڑی کمی پوری ہوگئی ۔

مسلمان اس بات پر فخر کرسکتے ہیں ، اس

معنی میں کہ قوانین تو دُنیا کے ہر ملک میں

موجود تھے ، لیکن علم القانون اپنے مجرد تصور

میں کسی قوم نے پیش نہیں کیا تھا ۔ یہ

'' اصولِ فقہ '' وہ علم ہے جس کا اطلاق

صرف اسلامی قانون پر ہی نہیں بلکہ دنیا

کے کسی بھی قانون پر ہم کرسکتے ہیں ۔ ''

---

[۱] خطبات بہاولپور از ڈاکٹر محمد حمید اللہ ، صفحہ ۱۱۹ و ۱۲۰ ، منشورات ادارہ تحقیقات اسلامی ، اسلام آباد ۔

تفسیر
حضرت امام
حسن عسکریؑ

تفسیروں کا ذخیرہ ہو یا حدیث کے مجموعے، پہلے دانشوروں نے ترتیب دیا ہو یا بعد کے قلم کاروں نے انہیں جمع کیا ہو، ہر صورت میں ان کاوشوں کو بالکل ٹھیک ٹھاک اور صد در صد صاف شفاف نہیں قرار دیا جا سکتا۔

چنانچہ معارفِ اسلامی کی وہ مشہور و معروف کتابیں جن پر تمام مسلمان پورا بھروسہ کرتے ہیں، صاحبانِ نظر

ان میں کوئی نہ کوئی کمزوری ڈھونڈ نکالتے ہیں ۔

مثلاً کہا جاتا ہے کہ :

" یہ بات اسرائیلی کہانیوں سے میل کھاتی ہے ۔"

" اس حدیث کے راوی غیر معیاری ہیں ۔"

"وہ روایت سند کے لحاظ سے درست نہیں ۔"

" اس میں جھول ہے ۔"

" اس میں شک کی گنجائش پائی جاتی ہے ۔"

وغیرہ وغیرہ ۔

مگر ان نقائص کے باوجود کوئی پیشکش پوری کی پوری کبھی مسترد نہیں ہوئی ۔ اس لیے کہ جزوی کوتاہیوں کے باعث اگر کتابوں سے قطع تعلق ہونے لگے تو پھر کتاب نام کی تو کوئی چیز باقی نہ رہے !

اسی لیے ارباب فہم و فراست جب کسی علمی کام
میں کوئی کمی پاتے ہیں تو اس کی وضاحت کر دیتے ہیں ،
ساری محنت پر خط نسخ نہیں پھیرتے !

لیکن ، یہ کتنی حیرت انگیز بات ہے کہ وہ تفسیر
جو حضرت امام حسن عسکریؑ سے منسوب ہے اس سے
بعض حضرات اس قدر بیزاری کا اظہار کرتے ہیں
جیسے اس میں جو کچھ تحریر ہے اس کے دیکھنے سے ان
کا اسلام چھن جائیگا یا ایمان مٹ کر رہ جائے گا !

حالانکہ اس قسم کے مطالب جو اس میں مذکور
ہیں ، وہ دوسرے مجموعوں میں بھی پائے جاتے ہیں ۔

اب اس کی ایک ہی وجہ ہوسکتی ہے ، اور وہ
یہ کہ ہمارے ہاں ایک خاص طبقے کے لوگ مدتوں

سے یہ کہتے چلے آ رہے ہیں کہ شیعوں کے عقائدی ادب میں تقلید کا کہیں ذکر ہی نہیں ! مگر جس تفسیر پر گفتگو ہو رہی ہے اس میں تقلید اور اجتہاد کے مسئلے کو امامِ معصومؑ کی زبانِ اقدس سے بیان کیا گیا ہے اور وہ بھی بڑے شد و مد کے ساتھ ، صاف شفاف انداز میں !

اب یہ سب کچھ دیکھتے ہوئے یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ زیرِ بحث تفسیر کے ساتھ غیر مقلد حلقوں کی جانب سے شعوری یا غیر شعوری طور پر انصاف نہیں کیا گیا ۔

اس وقت ہمارے پاس اس کتاب کے بارے میں جو تنقیدی وثائق موجود ہیں ، ان کی تعداد بیالیس ہے ۔

ان میں سے بارہ (۱۲) میں تو مخالفانہ رائے ملتی ہے ، اور تیس (۳۰) میں موافقت ہی موافقت نظر آتی ہے ۔

منفی افکار والی تصانیف یہ ہیں :

﴿ ۱ ﴾ کتاب الضعفاء ، ابن الغضائری ۔

﴿ ۲ ﴾ خلاصۃ الاقوال ، علامہ حلی ۔

﴿ ۳ ﴾ نقد الرجال ، التفرشی ۔

﴿ ۴ ﴾ شارع النجاۃ ، محقق داماد ۔

﴿ ۵ ﴾ منہج المقال ، خطیب استرابادی ۔

﴿ ۶ ﴾ جامع الرواۃ ، اردبیلی ۔

﴿ ۷ ﴾ مجمع الرجال ، قہبانی ۔

﴿ ۸ ﴾ آلاء الرحمٰن ، محمد جواد بلاغی ۔

﴿ ۹ ﴾ کتاب الاخبار ، محقق تستری ۔

﴿ ۱۰ ﴾ حاشیہ مجمع البیان ، میرزا ابوالحسن شعرانی ۔

﴿ ۱۱ ﴾ معجم رجال الحدیث ، آیۃ اللہ خوئی ۔

﴿ ۱۲ ﴾ فقہ الرضا ، سید محمد ہاشم خوانساری ۔

اور اب ان علمی مساعی کا تذکرہ جو مثبت رویے سے آراستہ ہیں :

﴿ ۱ ﴾ من لا یحضرہ الفقیہ ، شیخ صدوق ۔

﴿ ۲ ﴾ التوحید ، شیخ صدوق ۔

﴿ ۳ ﴾ العیون ، شیخ صدوق ۔

﴿ ۴ ﴾ الاکمال ، شیخ صدوق ۔

﴿ ۵ ﴾ الامالی ، شیخ صدوق ۔

﴿ ۶ ﴾ علل الشرائع ، شیخ صدوق ۔

﴿۷﴾ معانی الاخبار ، شیخ صدوق ۔

﴿۸﴾ الاحتجاج ، ابو منصور طبرسی ۔

﴿۹﴾ الخرائج ، قطب راوندی ۔

﴿۱۰﴾ معالم العلماء ، ابن شہر آشوب ۔

﴿۱۱﴾ مُنیۃ المُرید ، شہید ثانی ۔

﴿۱۲﴾ روضۃ المتقین ، مجلسی اول ...... محمد تقی

﴿۱۳﴾ بحار الانوار ، ج : ۱ ، مجلسی دوم

...... محمد باقر ۔

﴿۱۴﴾ وسائل الشیعہ ، شیخ حُر عاملی ۔

﴿۱۵﴾ اثبات الھداۃ ، شیخ حر عاملی ۔

﴿۱۶﴾ تفسیر صافی ، ملا محسن فیض کاشانی ۔

﴿۱۷﴾ تفسیر برہان ، سید ہاشم بحرانی ۔

﴿ ۱۸ ﴾ تفسیر نور الثقلین ، شیخ عبد علی حویزی۔

﴿ ۱۹ ﴾ اکلیل الرجال ، محمد جعفر خراسانی ۔

﴿ ۲۰ ﴾ الفوائد النجفیہ ، شیخ سلیمان بحرانی ۔

﴿ ۲۱ ﴾ منتہی المقال ، ابو علی ۔

﴿ ۲۲ ﴾ التعلیق علی منہج المقال ، وحید بہبہانی ۔

﴿ ۲۳ ﴾ تفسیر مرآۃ الانوار، شیخ ابوالحسن الشریف ۔

﴿ ۲۴ ﴾ اتقان المقال ، شیخ محمد طٰہٰ ۔

﴿ ۲۵ ﴾ تسلیۃ الفؤاد ، سید عبد اللہ شبر ۔

﴿ ۲۶ ﴾ نخبۃ المقال ، سید حسین بروجردی ۔

﴿ ۲۷ ﴾ صحیفۃ الابرار ، حجۃ الاسلام تبریزی ۔

﴿ ۲۸ ﴾ عوالم العلوم ، شیخ عبد اللہ بحرانی ۔

﴿ ۲۹ ﴾ فرائد الاصول ، شیخ انصاری ۔

﴿ ٣٠ ﴾ تنقیح المقال ، شیخ عبداللہ مامقانی ۔

﴿ ٣١ ﴾ جامع احادیث الشیعہ ، آیۃ اللہ بروجردی۔

﴿ ٣٢ ﴾ الذریعہ ، ج : ۴ ، ص : ٢٨٣ ، علامہ تہرانی ۔

اس فہرست میں جن کتابوں کے نام ہیں ، ان نامور مصنفوں نے اس تفسیر کے متعلق کہ جس کا تذکرہ ہو رہا ہے ، بہت کچھ لکھا ہے ۔ ہر رُخ کا جائزہ لیا ہے ، اور جی بھر کر تعریف و توصیف کی ہے ۔

مجلسی اول محمد تقیؒ نے روضۃ المتقین اور " فقیہ " کی فارسی شرح میں تحریر فرمایا ہے :

" وحق آنست کہ این تفسیر گنجی است
از گنج ھای حق سبحانہ و تعالیٰ ۔ "

”سچی بات تو یہ ہے کہ یہ تفسیر
حق تعالیٰ کے خزانوں میں سے
ایک خزانہ ہے۔“ [۱]

اور مجلسی دوم، محمد باقر، بحار کی پہلی جلد کے صفحہ: ۲۸ پر رقم طراز ہیں:

”کتاب تفسیر الامام من الکتب المعروفة واعتمد الصدوق علیه۔“

”امام حسن عسکریؑ سے منسوب تفسیر
مشہور کتاب ہے، اور جناب صدوق
جیسی شخصیت نے اس پر اعتماد فرمایا ہے۔“

---

[۱] شرح فقیہ، ج: ۵، ص: ۱۳۲ - ۳۱۳

نیز صاحب وسائل الشیعہ ، شیخ حر عاملی نے اسے

اپنے فقہی دائرۃ المعارف "وسائل" کا ماخذ قرار دیا ہے ۔

اسی طرح مانے ہوئے محقق سید عبداللہ شبر نے بھی

اس تفسیر کو اپنے علمی کارناموں کی اساس بتایا ہے ۔

اور آیۃ اللہ بروجردی فرماتے ہیں کہ :

" میں بھی تفسیر عسکری کے خوشہ چینوں

میں سے ہوں ۔"

اجتہاد
کی
سرگزشت

چاہیے، یہ جاننا ضروری ہے کہ اجتہاد ہے کیا چیز؟
تاکہ اس کے تمام پہلوؤں کے سمجھنے میں آسانی ہو ۔

یہ لفظ جُہد یا جَہد سے بنا ہے ، اور تمام جانے
پہچانے لغت شناس کہتے ہیں کہ اگر جُہد پیش کے ساتھ
پڑھا جائے تو یہ طاقت اور قوت کے معنی دیتا ہے ،
اور زبر لگا دیا جائے تو پھر اس لفظ میں محنت و مشقت
کا مفہوم پیدا ہوجائے گا ۔

قرآن مجید میں بھی یہ کئی شکلوں میں مختلف موقعوں پر استعمال ہوا ہے ۔ نیز راغب اصفہانی ، فراء اور زبیدی جیسے عربی زبان کے مزاج داں بھی یہی بتاتے ہیں کہ یہ لفظ یا تو ذہنی توانائی صرف کرنے کے موقع پر استعمال ہوتا ہے اور یا پھر جانفشانی کا حال بیان کرنے کی غرض سے کام میں لایا جاتا ہے ۔

اب رہی اجتہاد کی بات ، تو اس معاملہ میں پہلی وضاحت تو یہ ہے کہ اجتہاد کا تعلق اصولِ فقہ کے علم سے ہے ۔ اور اصول فقہ ان قواعد و ضوابط کا نام ہے جن کی مدد سے ایک فقیہ شریعت کے مطلوبہ فیصلے تک پہنچ پاتا ہے ۔

یعنی ، زندگی کے فرائض و اعمال کے سلسلے میں

مانی ہوئی علمی روش اور پختہ دلیلوں کے ذریعے بھرپور کوشش سے کسی مسئلے کا حل دریافت کرنے کو اجتہاد اور یا پھر اس طرح کی تلاش اور مطلب تک پہنچنے کے لیے استنباط کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے۔ [۱]

اچھا! اب اس مرحلے پر اجتہاد کے بارے میں ذرا کھل کر گفتگو ہوجائے۔ دیکھیے! عرض کیا جا چکا ہے کہ حیات و کائنات کے حوالے سے نئی باتوں یا تازہ واقعات کے بارے میں فقہی ذہن رکھنے والی

---

[۱] شہر قم کے حوزۂ علمیہ کو پروان چڑھانے والے فقیہ شیخ عبد الکریم حائری (متوفی ۱۳۵۵ھ) نے اصول فقہ کو یوں سمجھایا ہے: "فاعلم ان علم الاصول هو العلم بالقواعد الممهدة لكشف حال الاحكام الواقعية بافعال المكلفين ......"

"معلوم ہونا چاہیے کہ علم اصول دانش و آگہی کے ان کارساز قاعدوں کو کہتے ہیں جن کے سہارے تلاش کرنے والوں کو علمی مسائل کا نپا تُلا جواب حاصل ہو جائے۔"

درر الفوائد: جز: ۱، ص: ۳۱، طبع موسسۃ النشر الاسلامی، قم۔

ہستیاں موضوع سے تعلق رکھنے والے ثبوت اکٹھا کرکے ، پیش نظر معاملے کے لیے شرعی حکم ڈھونڈھ نکالنے کی سعی کرتی رہتی ہیں ۔

کیونکہ معصومینؑ کے برکتوں والے زمانے میں تو ہر سائل براہِ راست دامنِ مراد بھر لیتا تھا ، لیکن وقت بدلا اور رہنمائی کے مرکز ہدایت تک سب کی رسائی ممکن نہ رہی !

پھر وہ بزرگ جو امامؑ اور عوام کے درمیان رابطے اور واسطے کا کام دیتے تھے ، نیز جن بزرگوں پر پورا بھروسہ کیا جاتا تھا ، رفتہ رفتہ وہ بھی رخصت ہوگئے ! اس کے علاوہ احکام کے بیان میں ذریعے بڑھتے گئے ۔ نتیجۃً ہر حکم کی چھان بین ضروری ہوگئی ،

کیونکہ کبھی تو حدیث کا مضمون شک کی زد میں آگیا ، گاہے زبان معیاری نہیں دکھائی دی اور کسی موقع پر راوی کی حیثیت میں شبہات پیدا ہوگئے اور کہیں سند کی بحث چھڑ گئی !

غرض کہ ہر جہت سے مسئلوں کی صحیح پہچان کم از کم عوام کے لیے آفت جان اور بلائے ایمان بننے لگی ! بنا بریں ، دیدہ ور علماء اور بصیرت رکھنے والے فقہاء نے ہمت باندھی اور اللہ کا نام لے کر اپنے معصوم رہنماؤں کے بتائے ہوئے طریقوں سے کام لینا شروع کردیا ۔

بالآخر اس اقدام نے بہت جلد ایک علمی اور عقلی تحریک کی شکل اختیار کرلی ، اور اس معبودِ برحق کے فضل و کرم سے اجتہاد کا مدرسہ کھل گیا !

یہ مہم اگر سر نہ ہوتی تو پھر شریعت نہ جانے کہاں سے کہاں پہنچ جاتی ؟! اجتہاد کے باعث فقہی ثقافت کو تحفظ ملا ۔ اس کی قدروں کو زندگی اور زندگی کو حرکت و حرارت نصیب ہوئی ۔

مگر مکتبِ اجتہاد کے سب سے بڑے اور لہجے کے نہایت کڑے نقاد ملا محمد امین استر آبادی ہانکے پکارے کہتے تھے کہ اجتہاد کا نظریہ سوادِ اعظم سے لیا گیا ہے ۔ [1]

---

[1] ایران کے جغرافیائی نقشے کے لحاظ سے دریائے اترک اور گرگان ندی کے آس پاس وہستان اور ورکان کے زرخیز علاقے میں بہت ہری بھری پہاڑیاں ہیں ۔ ان ہی میں سے جو سب سے بڑی آبادی ہے ، اس کو استرآباد کہتے ہیں ......

ملا محمد امین نے اسی شہر میں آنکھ کھولی ، یہیں پلے بڑھے اور ابتدائی تعلیم پوری کی ۔ پھر جب اعلیٰ تعلیم کے قابل ہوئے تو دانش و آگہی کے سب سے بڑے مرکز ، نجفِ اشرف کا رخ کیا ، اور یہاں سے جتنا اور جو کچھ لے سکتے تھے ، لے کر حجاز

چلے گئے ۔ ان وقتوں مکہ معظمہ میں روایتی انداز کے اور استرآباد ہی کے رہنے والے ایک دانشور ، میرزا محمد بھی وہیں ٹھہرے ہوئے تھے ۔ ملا امین موصوف سے ملے اور ملتے ہی ان کے گرویدہ اور پھر جناب کے حلقۂ درس میں شریک ہوگئے ۔ یہ بزرگ سوادِ اعظم کے ایک فقہی مسلک ظاہریہ سے کافی متاثر بلکہ اس کے دلدادہ تھے ۔

ظاہریہ طریقے کے بانی اصفہان کے ایک فقیہ ، داؤد بن علی تھے ۔ اس مکتب فکر کی یہ خصوصیت بہت نمایاں رہی کہ اس سے تعلق رکھنے والے امام ابوحنیفہ کے اجتہادی نظریوں کے پکے دشمن اور تقلید کے سخت مخالف تھے ۔ یہ مذہب شام و عراق کے ساتھ مکے اور مدینے میں بھی خاصا مقبول تھا تیز میرزا محمد چاہتے تھے کہ یہ مکتب خیال شیعہ حلقوں میں بھی اچھی طرح پھولے پھلے اور دور دور تک پھیلے ۔ اس غرض سے میرزا صاحب موصوف نے اپنے شاگرد میرزا امین استرآبادی سے " الفوائد المدنیہ " نام کی ایک کتاب لکھوائی ۔ اس مجموعے میں علمی خوبیاں کم اور پھکڑ پن زیادہ تھا ۔

بنا بریں جب یہ تصنیف علمائے کرام تک پہنچی تو ایک ہنگامہ کھڑا ہوگیا ، اور پھر کوئی دو سو سال تک اصولی اور اخباری حلقوں میں کڑوی کسیلی باتیں ہوتی رہیں !

خدا کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے دانشوروں کے سردار آقا محمد باقر وحید بہبہانی کو ، جنھوں نے اپنے درس ، مباحث ، تصانیف اور سراپا کمال شاگردوں کے ذریعے اخباریت کے چڑھے ہوئے دریا کو پایاب کر دیا !

آقائے بہبہانی ۱۲۰۵ھ میں شوال مکرم کی انتیس (۲۹) تاریخ ، نوے یا اکانوے برس کی عمر میں ایک بہت بڑی علمی جنگ جیت کر کربلائے معلی کے پاک دامن اور سرکار سید الشہداءؑ کے رواق اطہر میں حضورؑ کے قدموں کی طرف چین کی نیند سو گئے ۔!

حیرت کی بات تو یہ ہے کہ موصوف کا نام اپنے وقتوں میں بھاری بھرکم دانشوروں کے ساتھ لیا جاتا تھا ، مگر پھر بھی وہ حد درجہ بے باکی سے اس پر زور دینے لگے کہ اجتہاد ، اہلِ سنت کی خصوصیات سے ہے ۔ انہوں نے ہی اس موضوع کی تخلیق میں پہل کی اور اپنا مدعا پایا ۔

دیکھیے ! سوادِ اعظم کا پورا مکتب اس بات پر مصر ہے اور فخر الدین رازی جیسے عالم بھی یہ فرماتے ہیں :

جس طرح منطق کی ایجاد ارسطو نے کی ،
اسی عنوان سے اصول فقہ کی بنیاد محمد ابن
ادریس شافعی (متوفی ۲۰۴ھ) نے ڈالی ۔ [1]

---

[1] مناقب الشافعی ، ص : ۵۷

جبکہ حقیقت یہ ہے کہ نہ تو ارسطو ، عقلی دستور کے موجد تھے ؛ اور نہ شافعی ، فقہی قواعد و ضوابط کے آفریدگار ! البتہ اس موقع پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ارسطو نے منطق کے دھندلائے ہوئے منتشر قوانین کو اجال کر انہیں ایک لڑی میں پرو دیا ۔

بس ! اسی طریقے سے شافعی نے اپنی کاوش "الرسالہ" میں بھی علمِ فقہ کے بعض قاعدوں کو چمکا کر رواں کر دیا ! اس بات کی توضیح و تشریح اگلے صفحوں پر ملاحظہ فرمایئے ۔

بہرحال ! یہ تو ماننا پڑے گا کہ جن قاعدوں پر گفتگو ہو رہی ہے وہ تمام کے تمام عصرِ آئمہ ؒ کے بعد نہیں وجود میں آئے ،

کیونکہ ،

حکم ما لانص فیہ ...... تعارضِ ادلہ ......

ناسخ و منسوخ ...... محکم و متشابہ ......

عام و خاص ...... استصحاب ......

جواز و عدمِ جواز ...... اور افتاء و تقلید وغیرہ جیسی اصولِ فقہ میں استعمال ہونے والی اصطلاحیں ہمارے ذخیرۂ حدیث میں کثرت سے دکھائی دیتی ہیں ، اور اس سے صاف ظاہر ہے کہ آئمہ معصومینؑ کے دور میں بھی بقدرِ ضرورت '' اصولِ فقہ '' کے کچھ حصے معارفِ اسلامی میں شامل تھے ۔

پھر فرض کیجیے ! اگر یہ مان بھی لیں کہ اصولِ فقہ کے بعض دفعات ہمارے اماموں کے بعد والے زمانے

میں سامنے آئے ہیں ، تو اس سے نفسِ مقصد پر کیا اثر پڑے گا !

یعنی ، اگر مطلب کو سمجھنے کے لیے اس زمانے کے لوگ آسانیوں کے باعث موجودہ ضابطوں کو استعمال میں نہیں لاتے تھے تو ضرورت کے باوجود ہم بھی اپنے آپ کو وقت پر ہر کام دینے والی سودمند راہ و روش سے بے نیاز سمجھیں !

”الرسالہ“
پر
ایک نظر!

اب جبکہ معروف فقیہ محمد ابن ادریس شافعی کی گرانقدر کاوش '' الرسالہ '' کا تذکرہ آہی گیا ہے تو بہتر یہ ہے کہ بے لاگ طریقے سے اس کا ذرا تفصیلی جائزہ لے لیا جائے ۔

سوادِ اعظم کے بہت سے قدیم و جدید علماء کا اصرار ہے کہ علم اصول کے تمام نظریات شافعی صاحب کی تخلیقات میں سے ہیں اور الرسالہ ان کی سوچ کا نتیجہ ہے !

لیکن اسی مکتبِ فکر کے بہت سے سربرآوردہ دانشوروں کو اس بات سے شدید اختلاف ہے ۔

کچھ افاضل، اولیت کا سہرا ابوحنیفہ (متوفی ۱۵۰ھ) کے سر باندھتے ہیں ، بعض کہتے ہیں کہ محمد ابن حسن شیبانی (متوفی ۱۸۹ھ) نے پہل کی ، اور چند بڑے دیدہ ور ، نہایت اطمینان کے ساتھ ابو یوسف یعقوب ابن ابراہیم (متوفی ۱۸۲ھ) کا نام لیتے ہیں ۔ [۱]

دوسری بات یہ کہ ہم اگر فرض کرلیں کہ '' اصولِ فقہ '' کا علم شافعی کی ایجاد ہے تو کیا اس

---

[۱] اوپر جو بیان ہوا ہے ، اس کے بارے میں ابن ندیم کی '' الفہرست '' ، ابن خلکان کی '' وفیات الاعیان '' ، زرکلی کی '' الاعلام '' ، اور ڈاکٹر محمود شہابی کی '' فوائد الاصول '' کا مطالعہ باعث اطمینان ہوگا ۔

سے مختلف مکاتب فقہ کے سربراہوں ، نیز بہت سے برجستہ فقہاء کے حق میں زیادتی نہیں ہوگی ؟

مثال کے طور پر ابوحنیفہ نعمان بن ثابت اور ان کے شہرت یافتہ شاگرد ابو یوسف ، محمد ابن حسن شیبانی ، حسن ابن زیاد لولوی (متوفی ۲۰۴ھ) اور زفر ابن ہذیل (متوفی ۱۵۸ھ) یہ سب شافعی سے پہلے مسند آرائے ایوانِ فقہ ہوئے !

اب بتایئے کہ ان سب مشاہیر کو قانون کے فلسفے یا فقہی احکام جاننے کے قواعد و ضوابط سے بے بہرہ قرار دیا جائے گا ؟ انہیں یہ نہیں معلوم تھا کہ امر ، وجوب کی علامت اور نہی کو حرمت کی دلیل مانا جاتا ہے ۔ کیا یہ عام و خاص اور مطلق و مقید کے

فرق سے بھی ناواقف تھے ؟ جواب اگر یہ ہو کہ :

ہاں ! انہیں ان امور کا علم نہیں تھا ، تو پھر فقیہ کیسے کہلائے ؟ اور اگر یہ کہا جائے کہ :

ہاں ! یہ ان سب مسائل سے آگاہ تھے ، تو پھر ماننا پڑے گا کہ یہ سب صاحب اجتہاد تھے اور جنہیں اس ہنر کا موجد بتایا جاتا ہے وہ بہت بعد کی پیداوار ہیں ۔

اچھا ! اب زیر بحث پیش کش " الرسالہ " کو ہم ذرا اصول کی ایک کتاب سمجھ کر بھی دیکھتے چلیں ۔ یہ چھ سو ستر (۶۷۰) صفحات کا بہت نفیس مجموعہ ہے ۔ یوں تو وقت کے کئی علماء نے اس کی شرحیں لکھی ہیں اور اس پر حاشیے چڑھائے ہیں ، مگر دسمبر ۱۹۳۵ء میں

ایک صاحبِ فکر و نظر قلم کار ، احمد محمد شاکر نے ، شافعی کی اس سعی جمیل پر تنقیدی نگاہ ڈالنے اور سو (۱۰۰) صفحات کا سیر حاصل مقدمہ تحریر کر کے مثالی کارنامہ انجام دیا ہے ۔

شافعی نے " الرسالہ " کا کام دو دفعہ کیا ہے ۔ ایک مرتبہ جب وہ بغداد میں تھے ، اور دوبارہ دیارِ مصر پہنچ کر نئے سرے سے اس مہم کو تکمیل تک پہنچایا ہے ۔ بغداد والے نسخے کی کہانی ، کچھ یوں ہے کہ اپنے زمانے کے ایک فضل و کمال رکھنے والے شخص عبد الرحمٰن ابن مہدی نے شافعی کو ترقیم کیا کہ :

" وہ ان کے لیے ایک ایسی کتاب مرتب کردیں جس کی مدد سے وہ قرآن کے

مطالب سمجھ سکیں ۔ قابلِ قبول روایتیں
آنکھوں کے سامنے آجائیں ۔ اجماع کی
دلیل مل جائے ، اور کتاب و سنت میں
ناسخ و منسوخ کی بات صاف سمجھ
میں آنے لگے ۔"

اب ہم اگر یہیں رُک کر اس حقیقت پر تھوڑا سا غور کریں کہ جس مجموعے پر گفتگو ہورہی ہے ، اس کے معرضِ وجود میں آنے کا بنیادی سبب ، اصول فقہ کے مباحث کی تفہیم نہیں ، بلکہ ایک سائل کیلئے تفسیر و حدیث کے چند مسئلوں اور گنتی کی بعض عام اصولی اصطلاحوں کی ، تشریح و توضیح تھی ۔ اور اس کاوش میں اسی مانگ کو پورا کیا گیا ہے ۔ اللہ اللہ ، خیر صلاح !

ایک اور بات ، جو بزرگ اس پر مصر ہیں کہ الرسالہ ، اصول فقہ پر شافعی کی قلم کاری کا ظہورہ ہے اور اپنے عنوان کے حوالے سے ، یہ پہلا کام ہے ، اس لیے اسے اولین تصنیف قرار دیا جاتا ہے ۔

ان کی خدمت میں ہماری گزارش یہ ہے کہ اول تو زیرِ بحث ذخیرے میں کتاب کی سی شان نہیں ...... یعنی ، لکھنے والے نے یکسوئی کے ساتھ نفسِ مقصد پر ٹھیک سے توجہ نہیں دی ، یا پھر جس مضمون پر وہ طبع آزمائی کر رہے تھے ، اس پر وہ پوری گرفت نہیں رکھتے تھے ۔ مگر شافعی جیسے دانش مآب کے حق میں یہ طرزِ فکر بھی نامناسب ہے ۔

الغرض ! اس وقت ہمارے سامنے جو نقشہ ہے

اسے کتاب کے بجائے اگر طومار یا ایک لمبا چوڑا خط

کہا جائے تو زیادہ اچھا ہے ۔ احمد محمد شاکر نے بھی

حافظ ابن عبدالبر کے حوالے سے یہی تحریر کیا ہے ۔

عبارت کچھ یوں ہے :

علی ابن مدینی کا بیان ہے :

میں نے ابن ادریس شافعی سے کہا کہ

آپ عبدالرحمٰن ابن مہدی کو ان کے خط

کا جواب دے دیجیے ۔ وہ جواب کیلئے

سراپا اشتیاق ہیں !

" فَاَجَابَهُ الشَّافِعِیُّ وَ هُوَ

کِتَابُ الرِّسَالَةِ ۔"

" شافعی نے اس کا جواب دیا اور وہ یہی

کتاب الرسالہ ہے ۔"

الرسالہ، ص : ۱۱ ۔

عربی میں رسالہ خط کو کہتے ہیں اور بقول

احمد محمد شاکر :

سَمَّيْتُ "الرِّسَالَةَ فِيْ عَصْرِهِ،

بِسَبَبِ اِرْسَالِهِ اِيَّاهَا

لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِیْ۔"

" چنانچہ شافعی نے اس کا جواب دے دیا،

اور وہ یہی لمبا چوڑا خط ہے ۔"

الرسالہ، ص : ۱۱ ۔

اس کے علاوہ یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی

جاسکتی کہ جس تحریر کو کتاب کا نام دیا جارہا ہے وہ

شافعی کی خود نوشت نہیں ، بلکہ یہ ان کے لکھوائے ہوئے اوراق کا مجموعہ ہے !

احمد محمد شاکر ترقیم کرتے ہیں :

"وَالرَّاجِحُ أَنَّهُ امْلیٰ کِتَابَ الرِّسَالَة عَلَی الرَّبِیْعِ اِمْلَاء، کَمَا یَدُلُّ عَلیٰ ذٰلِکَ قَوْلُهُ فِیْ (۳۳۷)."

" اس بات میں ہمیں زیادہ وزن محسوس ہوتا ہے کہ شافعی بولتے گئے ہوں گے ، اور ربیع ابن سلیمان لکھتے گئے ہوں گے ۔ چنانچہ اس دفتر کے فقرہ (۳۳۷) کی عبارت سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے ، جس میں املاء نویس ربیع ابن سلیمان کا بیان ہے کہ :

جب وہ قرآن مجید کی کوئی آیت لکھواتے تو اختصار کے پیشِ نظر کچھ حصہ پڑھ کر باقی چھوڑ دیتے تھے ۔

الرسالہ ، ص : ۱۲ ..

پھر جگہ جگہ " قال الشافعی " یعنی ......

" شافعی نے فرمایا " کا جملہ بھی آنکھوں کے سامنے آتا ہے ۔ اس سے اس بات کو تقویت ملتی ہے کہ ایک دانشور کو اپنے موضوع کے سلسلے میں جس قرینے ، شایانِ شان سنجیدگی ، توجہ ، یکسوئی ، دیدہ ریزی اور تخلیقی صلاحیت ظاہر کرنے پر جتنا زور دینا چاہیے ، زیرِ بحث پیش کش میں اس کی خاصی کمی نظر آتی ہے ۔ اس سے یوں لگتا ہے جیسے بڑی رواداری میں کام ہوا ہے ۔

پھر تفسِ مقصد کے لحاظ سے دیکھیے تو یہ نہیں معلوم ہوتا کہ دیدہ ور مفکر ، کوئی اچھوتا کارنامہ انجام دے رہے ہیں ۔

وہ اپنی سوچ بچار کے اردگرد نہ تو کہیں حدیں کھینچتے ہیں اور نہ غرض و غایت کی تفہیم کے لیے کوئی برجستہ اسلوب اختیار کرتے ہیں ۔

نتیجۃً ہر مرحلے پر یوں محسوس ہوتا ہے ، جیسے تفسیر کی کوئی گتھی سلجھا رہے ہیں ، یا کسی حدیث کی تہہ سے کوئی باریک سا نکتہ نکالنے کی کوشش فرما رہے ہیں ۔

لیکن ، فکر و خیال کے اس جلوۂ صد رنگ میں اصول فقہ کے حوالے سے نہ تو اس فن کی کہیں واضح شکل دکھائی دیتی ہے اور نہ مضمون سے انصاف کی جھلک نظر

آتی ہے !

اور جب ہم کتاب نویسی کے قرینے سے جائزہ لیتے ہیں تو یوں معلوم ہوتا ہے جیسے اس مجموعے میں طرح طرح کی بہت سی خوبیاں تو ہیں ، لیکن ! روزمرہ کے مسئلوں کا حل ڈھونڈھ نکالنے کے طریقے نہ ہونے کے برابر ہیں ۔

نیز موضوع اور مواد کے لحاظ سے بھی کوئی تسلی بخش صورت نہیں دکھائی دیتی ! یوں لگتا ہے جیسے ایک مستقل اور منظم کوشش نہیں ہے ۔ کیونکہ نہ تو اس میں مسائل کا حل دریافت کرنے کے حوالے سے کچھ ہاتھ آتا ہے ، اور نا ہی کسی طرح کی تازگی اور توانائی پائی جاتی ہے !

پھر طُرفہ ماجرا یہ کہ چھ سو ستر (٦٧٠) صفحوں کے

اس ضخیم مرقع ہنرمندی میں صرف چار پانچ جگہ یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ شاید اصل بحث اب شروع ہونے والی ہے ۔ مثلاً :

بابِ خبر الواحد ، باب الاجماع ، باب القیاس ، باب الاجتہاد ، باب الاستحسان ، باب الاختلاف ۔

مگر پڑھنے والے کی خوش فہمی یہاں آکر دم توڑ دیتی ہے جہاں " الرسالہ " پر تحقیقی نگاہ ڈالنے والے دانشور محمد احمد شاکر یہ ترقیم کرتے ہیں کہ :

" اصل تحریر میں سرخی نہیں تھی ......

اس باب کو یہ سرنامہ میں نے دیا ہے ......

یہ عنوان کسی اور نے لال روشنائی سے

حاشیہ پر لکھ دیا ہے ، وغیرہ وغیرہ ۔

چلئے ! یہ بھی قبول ! مگر ، اسے کیا کہیے کہ یہ حصے بھی اتنے سکڑے سمٹے ہیں کہ مشکل ہی سے کچھ پلے پڑتا ہے ۔

اب ان احوال واقعی کے بعد بتایئے کہ الرسالہ سے کم از کم علم اصول فقہ کے سلسلے میں اخذ و استفادے ، خوشہ چینی اور کچھ حاصل کرنے کا کیا سوال پیدا ہوتا ہے ؟ پھر اس کاوش کی انفرادیت ، اولویت ، اچھوتی سوچ اور انوکھے خیال کا کون آسانی سے اعتراف کرے گا ؟

اس کے آگے کیا کہوں ، بس ! والسلام

مگر،

حقیقت

یہ ہے!

یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں رہی کہ ملت اسلامیہ
کے کچھ دانشوروں نے اصول فقہ کی دریافت کا سہرا
امام شافعی کے سر باندھنے کی کوشش کی ہے ۔

خیر ! اس پر ہم خاصی گفتگو کر چکے ہیں ۔ اور
بعض افاضل اپنے خیال کے سہارے اس سے بھی پہلے
کے دور ، یعنی ! آنحضرتؐ کے زمانے تک گئے ہیں
اور انہوں نے اس طرزِ آگہی کو رسولِ اکرمؐ کے صحابی
جناب معاذ بن جبلؓ سے منسوب کیا ہے ، جبکہ

صاحب عون المعبود ، محمد اشرف ابن علی جیسے دیدہ ور "جوزقانی" کے حوالے سے اس نسبت کو جعلی حدیثوں کے زمرے میں شمار کرتے ہیں ۔ [۱]

نیز قاضی عبد الجبار نے بھی اپنی کتاب "المغنی" کی ساتویں جلد کے صفحہ ۲۰۰ پر یہی بات کہی ہے ۔ اس بحث کی مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو :

☆ ابن حزم اندلسی کی "الاحکام" ص : ۹۷۶

☆ ذہبی کی "میزان الاعتدال" ص : ۴۳۹ ؛

☆ ابن حجر عسقلانی کی "تقریب التہذیب" ج : ۱ ، ص : ۱۴۲ ۔

☆ اور سید محمد بحر العلوم کی نہایت نفیس کتاب

---

[۱] عون المعبود ۔ صفحہ : ۲۲

"الاجتہاد و اصولہ و احکامہ" کے صفحات ۳۹

تا ۴۲ کا مطالعہ بے حد مفید ہوگا ۔

بہرحال ! مختلف لوگ طرح طرح کی باتیں کرتے

ہیں ۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ اجتہاد کے نظریے سے

متعارف کروانے کا قابلِ تحسین کارنامہ ہمارے آئمہ اطہارؑ

کے دریائے علم و عرفان سے سیراب ہونے والوں نے

انجام دیا ۔

نامور محقق علامہ سید حسن صدر اپنی بیش بہا کتاب

"تاسیس الشیعہ لعلوم الاسلام" کے صفحہ ۳۱۰ پر رقمطراز

ہیں :

"ہمارے پانچویں اور چھٹے امامؑ کے فکر انگیز

حلقۂ درس میں شریک ہونے والوں نے

اپنے سراپا کمال آموز گاروں سے اصول فقہ کی راہ و روش سیکھی ۔ آئمہ اطہارؑ کے ان سعادتمند شاگردوں نے اس موضوع کے بارے میں جن تصانیف سے اصولی ادب کی جوت جگائی ، اس سے چودہ طبق روشن ہوگئے ۔ ہشام ابن الحکم (متوفی ۱۷۹ھ) کی وقیع پیش کش "الالفاظ و مباحثھا" اس کی جیتی جاگتی دلیل ہے ۔ ان بزرگ نے سرکار صادقِ آلِ محمدؐ سے فیض حاصل کیا تھا ، دوسری ہستی ہیں تمام خوبیوں کا پیکر جناب یونس ابن عبدالرحمٰن (متوفی ۲۰۸ھ) ۔ ان کی کتاب کا نام ہے "اختلاف الحدیث و مسائلہ" ۔ [۱]

[۱] ان دونوں تصنیفوں اور صاحب تصانیف کا تذکرہ ابن ندیم (متوفی ۳۸۰ھ) کی "الفہرست" میں بھی موجود ہے ۔ ملاحظہ ہو : ص : ۲۲۳ اور ۲۷۶ ، طبع تہران : اور "رجال نجاشی" ، ج : ۲ ، ص : ۲۳۰ ۔

ان سے پہلے کسی بھی صاحبِ علم و فکر نے
اصول کے مسائل پر اس طرح قلم نہیں اٹھایا تھا ۔
بنا بریں ، ان کاوشوں کو اولیت حاصل ہوئی ، اور ان
مساعیِ جمیلہ نے نمونے کا کام بھی دیا ۔

بہرحال ! طرح پڑ چکی تھی ، کام آگے بڑھتا
گیا ، اور پھر دنیا نے دیکھا کہ :

" صریرِ خامہ نوائے سروش بن گئی ! "

اس ضمن میں معروف کتاب شناس اور شخصیتوں
کے بارے میں گہری نظر رکھنے والے دانشور " ابن ندیم "
لکھتے ہیں :

" ہشام ابن الحکم اور یونس ابن عبدالرحمٰن
کی کمال آفرینیوں کے کچھ ہی عرصہ بعد

خاندان نو بخت کے چشم و چراغ اور مدرسۂ اہل بیتؑ کے ایک برجستہ مفکر ابوسہل اسمٰعیل ابن علی (متوفی ۳۱۱ھ) نے اپنی کاوش ''الخصوص والعموم'' اور ''ابطال القیاس'' کے ذریعے اصول فقہ کے ذخیرہ میں نمایاں اضافہ کیا، اور پھر ان کے لائق و فائق بھانجے، ابو محمد حسن ابن موسیٰ نوبختی نے جب تبلیغ و تلقین کی مسند سنبھالی تو بہت سی تصنیفات کے ساتھ اصول فقہ کے موضوع پر کتاب ''الخصوص والعموم'' اور ...... ''الخبر الواحد'' سے اصول فقہ کے

ذخیرہ کتب کو ایک عمدہ بڑھاوا دیا۔

غیبتِ
صُغریٰ
کا دور

ابن ندیم اپنی معلومات آفریں پیشکش ''الفہرست''
میں لکھتے ہیں :

''کچھ ہی عرصہ بعد خاندانِ نوبخت کے
چشم و چراغ اور مدرسۂ اہل بیتؑ کے
ایک برجستہ مفکر ابوسہل نے اپنی کاوش
'' الخصوص والعموم'' اور ''ابطال القیاس''
سے اصول فقہ کے ذخیرہ میں نمایاں

اضافہ کیا ۔اور پھر ان کے لائق و فائق
بھانجے ابو محمد حسن ابن موسیٰ نوبختی نے
جب تبلیغ و تلقین کی مسند سنبھالی تو اور
بہت سی تحریروں کے ساتھ "الخبر الواحد
والعمل بہ" جیسی بیش بہا کتاب بھی قلمبند
کی ۔ یاد رہے کہ حسن ابن موسیٰ نے ،
حضرت امام حسن عسکریؑ کی خدمت اقدس
میں بھی حاضری کا شرف حاصل کیا تھا ۔"

اب سرکار امام منتظر عجل اللہ فرجہ الشریف کی غیبتِ صُغریٰ کا
زمانہ ختم ہونے کے قریب ہے ۔ اسے وہ دور کہنا چاہیے
جس میں علماء کو یہ فرصت ملی کہ وہ حدیث و تفسیر اور
سیرت و اخلاق پر کام کریں ۔ فقہاء کو یہ موقع ہاتھ

آیا کہ پوری آزادی اور کامل اعتماد کے ساتھ نئے نئے مسئلوں کا جواب دریافت کرنے کے طور طریقوں پر توجہ دیں اور دوسرے اربابِ فکر و نظر بزرگوں کو یہ مہلت حاصل ہوئی کہ وہ اپنی فہم و فراست سے مناسب طور پر دین کی بقاء ، تحفظ اور استحکام کا کارنامہ انجام دیں ۔ اہلبیتؑ سے وابستگی رکھنے والوں کو اس دور نے یہ بھی سکھا دیا کہ وہ غیبت کے زمانے میں انتظار کی گھڑیاں کس رنگ اور کس ڈھنگ سے گزاریں ؟

آخری بات!

غیبتِ کبریٰ کا دور شروع ہوا ۔ عراق ، علم و عرفان پھیلانے کی پہلی منزل قرار پایا ۔ لوگوں کو اس نظریے پر پورا وثوق ہے کہ ایمان والے جس وقت کے منتظر تھے ، اب وہ اس سے دوچار ہیں اور وہ ہدایات دلوں پر نقش ہیں کہ امام عجل اللہ فرجہ الشریف کے پردۂ غیبت میں چلے جانے کے بعد لوگوں کو نائبِ امام سے فیض حاصل کرنا چاہیے ۔

ممکن ہے کہ کوئی یہ معلوم کرنا چاہے کہ کیسے ظاہر ہو کہ کون شخص حضور عجل اللہ فرجہ الشریف کا نائب ہے ۔ سو اس کے دو مانے ہوئے قاعدے ہمارے پاس ہیں :

ان میں سے ایک کو تعیینی کہتے ہیں اور دوسرے کے لیے توصیفی کی اصطلاح استعمال ہوئی ہے ۔

تعیینی کا مطلب یہ ہے امام عجل اللہ فرجہ الشریف نے نام و نشان کے ساتھ منصب نیابت کے لیے کسی کا تعارف کروایا ہو ۔

اور دوسرے قاعدے سے مراد یہ ہے کہ اس عہدے پر فائز ہونے والے کو ان مقررہ اوصاف اور امتیازات سے آراستہ ہونا چاہیے جن کی نشاندہی کروائی

گئی ہو۔

پہلے قاعدے کے مطابق :

☆ جناب ابو عمرو ابن سعید ،

☆ محمد ابن عثمان عمری ،

☆ ابوالقاسم حسین بن روح اور

☆ ابوالحسن علی ابن محمد سمری

جیسے بڑے دانشمندوں ، عارفوں اور عظیم انسانوں کے اسمائے گرامی دکھائی دیتے ہیں ۔

سرکارِ امام زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف نے اپنے ان خاص نائبوں کا خود ہی تقرر فرمایا تھا اور پھر حضور ہی نے ۱۵ ر شعبان ۳۲۸ ھ کو ابوالحسن علی ابن محمد سمری کی رحلت پر نیابتِ خاصہ کے سلسلے کو ختم کر دیا ۔

اب توصیفی طریقے سے نائب قرار پانے والوں کا دور شروع ہوا ۔ اس ضابطے پر سرکار نبی اکرمؐ سے لے کر دوسرے تمام معصومینؑ نے روشنی ڈالی ہے ۔ خصوصیت سے حضرت امام حسن عسکریؑ کا یہ ارشاد بہت بڑی دلیل ہے :

"جو فقیہ خود کو سنبھالے ہوئے ہوں ،
اپنے دین کی رکھوالی کرتے ہوں ،
خواہشاتِ نفسانی کا ساتھ نہ دیتے ہوں ،
اور خداوند عالم کے فرماں بردار ہوں ،
تو عوام کو چاہیے کہ ان کی تقلید کریں ۔"

گزشتہ صفحات پر ہم اس حدیث کے اٹھارہ مستند حوالے لکھ چکے ہیں ۔

اور خود حضرت امام زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف کا ارشاد ہے :

'' اپنی زندگی میں جب تم نو ظہور
تازہ ایجاد شدہ مسائل سے دوچار ہو تو
ان پر عمل درآمد کے قاعدوں سے واقف
ہونے کے لیے ہماری حدیثیں بیان کرنے
والوں (فقہاء) سے رجوع کرو ، کیونکہ
یہ تم پر میری حجت ہیں اور میں خدا کی
حجت ہوں ۔'' [۱]

اچھا ! ان ارشادات عالیہ کے نتیجے میں ہمارے علمی اداروں کی پیش رفت بڑھی۔ قافلہ بندی شروع ہوئی ۔

---

[۱] حوالہ کے لیے ملاحظہ ہو اس کتاب کا وہ حصہ جس کا عنوان ہے : '' حدیث کا فیصلہ ''۔

کاروان چلے اور جہاں اچھی زمین نظر آئی ، بصیرت رکھنے والوں نے وہیں پڑاؤ ڈال دیا ، مرکز بنایا ، شہرت دی اور پھر اسے ایک مثالی درسگاہ بنا کر آگے بڑھنے کا سامان فراہم کیا ۔ اس طرح عراق میں بغداد ، نجفِ اشرف ، حِلّہ ، کربلائے معلیٰ اور سامرہ میں آفاقی اہمیت رکھنے والے دانش کدے قائم ہوئے ۔

ایران کے علاقے میں قم ، ری اور اصفہان میں دانش و آگہی کے کوثر چھلکنے لگے ۔ پھر مشرقِ وسطیٰ کے وہ شہر جو بازنطینی تہذیب کا گہوارہ تھے ، جیسے شام ، حلب اور جبلِ عامل وغیرہ ، یہ سب علوم آلِ محمدؐ کی آماجگاہ بن گئے ۔

شیعیانِ علی ابن ابی طالبؑ ، اس روح پرور ماحول

میں پھول رہے تھے ، پھل رہے تھے اور پھیل رہے تھے ۔ وہ بھی اس یقین کے ساتھ کہ ان میں سے کوئی بھی کہیں کی مٹی کا سودائی نہیں ۔ ہر ایک علم کا شیدائی ہے ۔ کیونکہ علم حُسن ہے ،

اور

حسن جس رنگ میں ہوتا ہے ، جہاں ہوتا ہے
اہل دل کے لیے سرمایۂ جاں ہوتا ہے

ہمارے
مراجعِ تقلید

غیبتِ کبریٰ سے
انقلابِ اسلامی ایران تک

غیبتِ کبریٰ کا آغاز ،

چوتھی صدی ہجری میں ہوا ،

جب کہ انقلابِ اسلامی ایران کو

چودھویں صدی ہجری کے آخر میں کامیابی حاصل ہوئی

چوتھی صدی ہجری

﴿ ۱ ﴾ اسمِ گرامی : حسن بن علی

شہرت	: ابن ابی عقیل
کنیت	: ابو محمد
جائے سکونت	: عراق
سالِ وفات	: ۳۴۰ ہجری

﴿ ۲ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن حسن بن احمد

شہرت	: ابن ولید
کنیت	: ابو جعفر
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۳۴۳ ہجری

﴿ ۳ ﴾ اسمِ گرامی : احمد بن حسن بن احمد

شہرت	: شیبانی - زراری
کنیت	: ابو غالب
جائے سکونت	: کوفہ
سالِ وفات	: ۳۶۸ ہجری

﴿ ۴ ﴾ اسمِ گرامی : جعفر بن محمد

شہرت	: ابن قولویہ
کنیت	: ابوالقاسم
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۳۶۹ ہجری

﴿ ۵ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن احمد

شہرت	: ابن داؤد
کنیت	: ابوالحسن
جائے سکونت	: قم ، بغداد
سالِ وفات	: ۳۷۸ ہجری

﴿ ۶ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن علی بن حسین

شہرت	: شیخ صدوق
کنیت	: ابو جعفر ثانی
جائے سکونت	: رَے ، بغداد
سالِ وفات	: ۳۸۱ ہجری

﴿ ۷ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن احمد

شہرت	: ابن جنید
کنیت	: ابو علی
جائے سکونت	: رَے
سالِ وفات	: ۳۸۱ ہجری

پانچویں صدی ہجری

﴿۸﴾ اسمِ گرامی : محمد بن محمد بن نعمان

شہرت	: شیخ مفید
کنیت	: ابوعبداللہ
جائے سکونت	: بغداد
سالِ وفات	: ۴۱۳ ہجری

﴿۹﴾ اسمِ گرامی : علی بن حسین

شہرت	: سید مرتضیٰ ، علم الہدیٰ
کنیت	: ابو القاسم
جائے سکونت	: بغداد
سالِ وفات	: ۴۳۶ ہجری

﴿ ۱۰ ﴾ اسمِ گرامی : تقی بن نجم

شہرت	: حلبی
کنیت	: ابو صلاح
جائے سکونت	: حلب
سالِ وفات	: ۴۴۷ ہجری

﴿ ۱۱ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن حسن

شہرت	: شیخ طوسی
کنیت	: ابو جعفر ثالث
جائے سکونت	: بغداد ، نجف
سالِ وفات	: ۴۶۰ ہجری

﴿ ۱۲ ﴾ اسمِ گرامی : حمزۃ بن عبدالعزیز

شہرت	: سلار
کنیت	: ابو یعلی
جائے سکونت	: حلب
سالِ وفات	: ۴۶۳ ہجری

﴿ ۱۳ ﴾ اسمِ گرامی : عبد العزیز بن نحر

شہرت	: قاضی ابن براج
کنیت	: ابو القاسم
جائے سکونت	: طرابلس
سالِ وفات	: ۴۸۱ ہجری

چھٹی صدی ہجری

﴿ ۱۴ ﴾ اسمِ گرامی : حسن بن محمد

شہرت	: مفید ثانی
کنیت	: ابو علی
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۵۱۵ ہجری

﴿ ۱۵ ﴾ اسمِ گرامی : عبد الجلیل بن مسعود

شہرت	: متکلم رازی
کنیت	: ابو سعید
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۵۶۰ ہجری

۱۶ اسمِ گرامی : فضل اللہ بن علی

شہرت	: حسنی راوندی
کنیت	: ابو رضا
جائے سکونت	: کاشان
سالِ وفات	: ۵۷۰ ہجری

۱۷ اسمِ گرامی : سعید بن عبداللہ

شہرت	: راوندی
کنیت	: قطب الدین
جائے سکونت	: کاشان
سالِ وفات	: ۵۷۳ ہجری

۱۸ اسمِ گرامی : حمزہ بن علی

شہرت	: ابن زہرہ
کنیت	: ابو المکارم
جائے سکونت	: حِلّہ
سالِ وفات	: ۵۸۵ ہجری

﴿ ۱۹ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن علی حمزہ

شہرت	: طوسی مشہدی
کنیت	: ابو جعفر رابع
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۵۸۵ ہجری

﴿ ۲۰ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن احمد

شہرت	: ابن ادریس
کنیت	: ابو عبداللہ
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۵۹۸ ہجری

ساتویں صدی ھجری

﴿ ۲۱ ﴾ اسمِ گرامی : فخار بن مُعَدّ

شہرت	: موسوی
کنیت	: شمس الدین
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۶۳۰ ہجری

﴿ ۲۲ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن جعفر

شہرت	: ابن نما
کنیت	: ابو ابراہیم
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۶۴۵ ہجری

۲۳ ﴾ اسمِ گرامی : علی بن موسیٰ

شہرت	: ابن طاووس
کنیت	: رضی الدین
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۶۶۴ ہجری

۲۴ ﴾ اسمِ گرامی : احمد بن موسیٰ

شہرت	: ابن طاووس
کنیت	: جمال الدین
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۶۷۳ ہجری

۲۵ ﴾ اسمِ گرامی : یحییٰ بن سعید بن احمد

شہرت	: ابن سعید حلی
کنیت	: ابو زکریا
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۶۹۰ ہجری

﴿ ۲۶ ﴾ اسمِ گرامی : عبدالکریم بن احمد

شہرت	: ابن طاووس
کنیت	: غیاث الدین
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۶۹۳ ہجری

آٹھویں صدی ہجری

﴿۲۷﴾ اسمِ گرامی : حسن بن یوسف

شہرت	: علامہ حلی
کنیت	: جمال الدین
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۷۲۶ ہجری

﴿۲۸﴾ اسمِ گرامی : عبدالمطلب بن محمد

شہرت	: عمیدی
کنیت	: عمید الدین
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۷۵۴ ہجری

﴿ ۲۹ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن محمد

شہرت	: قطب الدین رازی
کنیت	: ابو جعفر
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۷۶۶ ہجری

﴿ ۳۰ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن حسن

شہرت	: فخر المحققین
کنیت	: ابوطالب
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۷۷۱ ہجری

﴿ ۳۱ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن مکی

شہرت	: شہید اول
کنیت	: ابو عبداللہ
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۷۸۶ ہجری

نویں صدی ہجری

﴿ ۳۲ ﴾ اسمِ گرامی : علی بن خازن

شہرت	: حائری
کنیت	: زین الدین
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ....

﴿ ۳۳ ﴾ اسمِ گرامی : علی بن محمد بن مکی

شہرت	: فرزند شہید اول
کنیت	: ابو القاسم
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۸۱۰ ہجری

﴿ ۳۴ ﴾ اسمِ گرامی : مقداد بن عبداللہ

شہرت	: فاضلِ مقداد
کنیت	: ابو عبداللہ
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۸۲۶ ہجری

﴿ ۳۵ ﴾ اسمِ گرامی : احمد بن محمد بن فہد

شہرت	: ابن فہد حلی
کنیت	: ابو العباس
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۸۴۱ ہجری

دسویں صدی ہجری

﴿۳۶﴾ اسمِ گرامی : علی بن ہلال

شہرت	: جزائری ، شیخ الاسلام
کنیت	: ابو الحسن
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۹۱۶ ہجری

﴿۳۷﴾ اسمِ گرامی : حسن بن جعفر

شہرت	: اعرج حسینی
کنیت	: بدرالدین
جائے سکونت	: جبل عامل
سالِ وفات	: ۹۳۳ ہجری

﴿ ۳۸ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن مکی

شہرت	: عاملی شامی
کنیت	: شمس الدین
جائے سکونت	: جبل عامل
سالِ وفات	: ۹۳۸ ہجری

﴿ ۳۹ ﴾ اسمِ گرامی : علی بن عبد العالی

شہرت	: عاملی میسی
کنیت	: ابو القاسم
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۹۳۸ ہجری

﴿ ۴۰ ﴾ اسمِ گرامی : علی بن حسین بن عبد العالی

شہرت	: محقق کرکی
کنیت	: ابو الحسن
جائے سکونت	: حلب ، اصفہان
سالِ وفات	: ۹۴۰ ہجری

﴿ ۴۱ ﴾ اسمِ گرامی : زین الدین بن علی

شہرت	: شہید ثانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: جبع شام
سالِ وفات	: ۹۶۶ ہجری

﴿ ۴۲ ﴾ اسمِ گرامی : علی بن حسین

شہرت	: صائغ حسینی
کنیت	: نور الدین
جائے سکونت	: حلہ
سالِ وفات	: ۹۸۰ ہجری

﴿ ۴۳ ﴾ اسمِ گرامی : عبداللہ بن حسین

شہرت	: یزدی
کنیت	: نجم الدین
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۹۸۱ ہجری

﴿۴۴﴾ اسمِ گرامی : علی بن ہلال

شہرت	: عامل کرکی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۹۸۴ ہجری

﴿۴۵﴾ اسمِ گرامی : حسین بن عبدالصمد

شہرت	: حارثی ، پدر شیخ بہائی
کنیت	: عزالدین
جائے سکونت	: جبلِ عامل
سالِ وفات	: ۹۸۴ ہجری

﴿۴۶﴾ اسمِ گرامی : احمد بن محمد

شہرت	: مقدس اردبیلی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۹۹۳ ہجری

﴿۴۷﴾ اسمِ گرامی : عبدالعالی بن علی

شہرت	: عامل کرکی
کنیت	: ابو محمد
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۹۹۳ ہجری

گیارھویں صدی ھجری

﴿۴۸﴾ اسمِ گرامی : محمد بن علی

شہرت	: موسوی ، صاحبِ مدارك
کنیت	: ......
جائے سکونت	: جبع شام
سالِ وفات	: ۱۰۰۹ ہجری

﴿۴۹﴾ اسمِ گرامی : حسن بن زین الدین

شہرت	: صاحبِ معالم
کنیت	: جمال الدین
جائے سکونت	: جبع شام
سالِ وفات	: ۱۰۱۱ ہجری

﴿۵۰﴾ اسمِ گرامی : عبداللہ بن حسین

شہرت	: تُستری
کنیت	: عزالدین
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۰۲۱ ہجری

﴿۵۱﴾ اسمِ گرامی : محمد بن حسین

شہرت	: شیخ بہائی
کنیت	: بہاء الدین
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۰۳۰ ہجری

﴿۵۲﴾ اسمِ گرامی : علی بن محمد

شہرت	: طباطبائی
کنیت	: ابوالمعالی
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۰۳۱ ہجری

﴿ ۵۳ ﴾ اسمِ گرامی : ابراہیم بن علی

شہرت	: ابن مفلح
کنیت	: ابو اسحٰق
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۰۳۲ ہجری

﴿ ۵۴ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن حسن

شہرت	: فرزند صاحبِ معالم
کنیت	: ....
جائے سکونت	: حلب
سالِ وفات	: ۱۰۴۰ ہجری

﴿ ۵۵ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن محمد باقر

شہرت	: حسینی نائینی
کنیت	: بہاء الدین
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۰۴۰ ہجری

﴿ ۵۶ ﴾ اسمِ گرامی : محمد باقر بن شمس الدین

شہرت : داماد
کنیت : ....
جائے سکونت : اصفہان
سالِ وفات : ۱۰۴۱ ہجری

﴿ ۵۷ ﴾ اسمِ گرامی : علی بن حجۃ اللہ

شہرت : طباطبائی
کنیت : شرف الدین
جائے سکونت : نجف
سالِ وفات : ۱۰۶۰ ہجری

﴿ ۵۸ ﴾ اسمِ گرامی : حسین بن محمد

شہرت : سلطان العلماء
کنیت : ....
جائے سکونت : اصفہان
سالِ وفات : ۱۰۶۶ ہجری

﴿ ۵۹ ﴾ اسمِ گرامی : علی بن علی

شہرت	: موسوی عاملی
کنیت	: نور الدین
جائے سکونت	: جبل عامل
سالِ وفات	: ۱۰۶۸ ہجری

﴿ ۶۰ ﴾ اسمِ گرامی : محمد تقی بن مقصود

شہرت	: مجلسی اول
کنیت	: ......
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۰۷۰ ہجری

﴿ ۶۱ ﴾ اسمِ گرامی : حسین بن حیدر

شہرت	: حسینی کرکی
کنیت	: ابو عبداللہ
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۰۷۷ ہجری

﴿۶۲﴾ اسمِ گرامی : محمد بن حیدر

شہرت	: حسنی طباطبائی
کنیت	: رفیع الدین
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۰۸۰ ہجری

﴿۶۳﴾ اسمِ گرامی : محمد بن محمد

شہرت	: قاضی سعید قمی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۰۸۰ ہجری

﴿۶۴﴾ اسمِ گرامی : محمد صالح بن احمد

شہرت	: مقدس صالح ، مازندرانی
کنیت	: ......
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۰۸۰ ہجری

﴿ ۶۵ ﴾ اسمِ گرامی : شیخ فخر الدین

شہرت	: طُریحی
کنیت	: ......
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۰۸۵ ہجری

﴿ ۶۶ ﴾ اسمِ گرامی : محمد باقر بن محمد

شہرت	: محقق سبزواری
کنیت	: ......
جائے سکونت	: سبزوار
سالِ وفات	: ۱۰۹۰ ہجری

﴿ ۶۷ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن مرتضیٰ

شہرت	: ملا محسن فیض کاشانی
کنیت	: ......
جائے سکونت	: کاشان
سالِ وفات	: ۱۰۹۱ ہجری

﴿ ۶۸ ﴾ اسمِ گرامی : علی رضا بن حبیب اللہ

شہرت	: موسوی عاملی
کنیت	: ......
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۰۹۱ ہجری

﴿ ۶۹ ﴾ اسمِ گرامی : حسین بن محمد

شہرت	: محقق خوانساری
کنیت	: ......
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۰۹۸ ہجری

﴿ ۷۰ ﴾ اسمِ گرامی : محمد طاہر بن محمد حسین

شہرت	: قمی
کنیت	: ......
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۰۹۸ ہجری

بارھویں صدی ہجری

﴿ ۷۱ ﴾ اسمِ گرامی : علی بن محمد بن حسن

شہرت	: عامل جبعی
کنیت	: ......
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۱۰۳ ہجری

﴿ ۷۲ ﴾ اسمِ گرامی : محمد باقر بن محمد تقی

شہرت	: علامہ مجلسی (دوم)
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۱۱۱ ہجری

﴿ ۷۳ ﴾ اسمِ گرامی : جعفر بن عبداللہ

شہرت	: حویزی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۱۱۵ ہجری

﴿ ۷۴ ﴾ اسمِ گرامی : جمال الدین بن حسین

شہرت	: آقا خوانساری
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۱۲۵ ہجری

﴿ ۷۵ ﴾ اسمِ گرامی : حسین بن حسن

شہرت	: دیلماتی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۱۲۹ ہجری

﴿ ۷۶ ﴾ اسمِ گرامی : زین الدین بن محمد

شہرت	: عاملی جبعی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۱۳۰ ہجری

﴿ ۷۷ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن حسن

شہرت	: فاضلِ ہندی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۱۳۷ ہجری

﴿ ۷۸ ﴾ اسمِ گرامی : احمد بن اسماعیل

شہرت	: جزائری
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۱۵۰ ہجری

﴿۷۹﴾ اسمِ گرامی : محمد بن باقر

شہرت	: رضوی قمی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان ، نجف
سالِ وفات	: ۱۱۷۰ ہجری

﴿۸۰﴾ اسمِ گرامی : اسماعیل بن محمد

شہرت	: مازندرانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان ، نجف
سالِ وفات	: ۱۱۷۳ ہجری

﴿۸۱﴾ اسمِ گرامی : یوسف بن احمد

شہرت	: بحرانی ، صاحبِ حدائق
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۱۸۶ ہجری

﴿ ۸۲ ﴾ اسمِ گرامی : ابوالحسن بن عبداللہ

شہرت	: موسوی جزائری
کنیت	: ......
جائے سکونت	: شوشتر
سالِ وفات	: ۱۱۹۳ ہجری

﴿ ۸۳ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن محمد

شہرت	: بیدآبادی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۱۹۷ ہجری

تیرھویں صدی ھجری

﴿ ۸۴ ﴾ اسمِ گرامی : محمد باقر بن محمد اکمل

شہرت : وحید بہبہانی، معلم الفقہاء
کنیت : ....
جائے سکونت : نجف
سالِ وفات : ۱۲۰۸ ہجری

﴿ ۸۵ ﴾ اسمِ گرامی : مہدی بن ابی ذر

شہرت : نراقی
کنیت : ....
جائے سکونت : کاشان
سالِ وفات : ۱۲۰۹ ہجری

﴿ ٨٦ ﴾ اسمِ گرامی : محمد مہدی بن مرتضیٰ

شہرت	: طباطبائی
کنیت	: ......
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ١٢١٢ ہجری

﴿ ٨٧ ﴾ اسمِ گرامی : اسد اللہ بن اسماعیل

شہرت	: شوشتری ، کاظمی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: کاظمین
سالِ وفات	: ١٢٢٠ ہجری

﴿ ٨٨ ﴾ اسمِ گرامی : جعفر بن خضر

شہرت	: کاشف الخطاء
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ١٢٢٨ ہجری

﴿ ۸۹ ﴾ اسمِ گرامی : ابو القاسم بن محمد حسن

شہرت	: میرزای قمی، صاحب قوانین
کنیت	: ....
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۲۳۱ ہجری

﴿ ۹۰ ﴾ اسمِ گرامی : علی اکبر بن محمد باقر

شہرت	: ایجی اصفہانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۲۳۱ ہجری

﴿ ۹۱ ﴾ اسمِ گرامی : محسن بن حسن

شہرت	: کاظمینی، محقق اعرجی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۲۴۰ ہجری

﴿ ۹۲ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن علی

شہرت	: طباطبائی، سید مجاہد
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف ، اصفہان
سالِ وفات	: ۱۲۴۲ ہجری

﴿ ۹۳ ﴾ اسمِ گرامی : احمد بن مہدی

شہرت	: نراقی ، مولیٰ احمد
کنیت	: ....
جائے سکونت	: کاشان
سالِ وفات	: ۱۲۴۴ ہجری

﴿ ۹۴ ﴾ اسمِ گرامی : محمد شریف بن حسن علی

شہرت	: شریف العلماء
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۲۴۵ ہجری

﴿ ۹۵ ﴾ اسمِ گرامی : ابراہیم بن محمد

شہرت : موسوی قزوینی
کنیت : ....
جائے سکونت : نجف
سالِ وفات : ۱۲۴۶ ہجری

﴿ ۹۶ ﴾ اسمِ گرامی : موسیٰ بن جعفر

شہرت : کاشف الغطاء
کنیت : ....
جائے سکونت : نجف
سالِ وفات : ۱۲۵۶ ہجری

﴿ ۹۷ ﴾ اسمِ گرامی : محمد باقر بن محمد تقی

شہرت : شفتی ، حجة الاسلام
کنیت : ....
جائے سکونت : اصفہان
سالِ وفات : ۱۲۶۰ ہجری

﴿ ۹۸ ﴾ اسمِ گرامی : محمد ابراہیم بن محمد

شہرت : کلباسی
کنیت : ....
جائے سکونت : اصفہان
سالِ وفات : ۱۲۶۲ ہجری

﴿ ۹۹ ﴾ اسمِ گرامی : حسن بن جعفر

شہرت : نجفی ، صاحب انوار الفقاھۃ
کنیت : ....
جائے سکونت : نجف
سالِ وفات : ۱۲۶۲ ہجری

﴿ ۱۰۰ ﴾ اسمِ گرامی : سید محمد بن صالح

شہرت : سید صدر الدین عاملی
کنیت : ....
جائے سکونت : نجف
سالِ وفات : ۱۲۶۳ ہجری

﴿۱۰۱﴾ اسمِ گرامی : جعفر بن سیف الدین

شہرت	: استرآبادی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: تہران
سالِ وفات	: ۱۲۶۳ ہجری

﴿۱۰۲﴾ اسمِ گرامی : محمد حسن بن باقر

شہرت	: نجفی ، صاحبِ جواہر
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۲۶۶ ہجری

﴿۱۰۳﴾ اسمِ گرامی : حسن بن علی

شہرت	: واعظ اصفہانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۲۷۳ ہجری

﴿ ۱۰۴ ﴾ اسمِ گرامی : مرتضیٰ بن محمد

شہرت	: شیخ انصاری
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۲۸۱ ہجری

﴿ ۱۰۵ ﴾ اسمِ گرامی : عبدالحسین بن علی

شہرت	: شیخ العراقین
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۲۸۶ ہجری

﴿ ۱۰۶ ﴾ اسمِ گرامی : سید محمد بن عبدالصمد

شہرت	: شہشہانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۲۸۹ ہجری

﴿۱۰۷﴾ اسمِ گرامی : حسین بن محمد

شہرت	: کوہ کمرہ ای
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۲۹۹ ہجری

چودھویں صدی ہجری

﴿ ۱۰۸ ﴾ اسمِ گرامی : حسین بن محمد اسماعیل

شہرت : اردکانی
کنیت : ....
جائے سکونت : کربلا
سالِ وفات : ۱۳۰۲ ہجری

﴿ ۱۰۹ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن محمد باقر

شہرت : فاضلِ ایروانی
کنیت : ....
جائے سکونت : نجف
سالِ وفات : ۱۳۰۶ ہجری

﴿۱۱۰﴾ اسمِ گرامی : سید ابوالقاسم بن حسن

شہرت	:	طباطبائی
کنیت	:	....
جائے سکونت	:	کربلا
سالِ وفات	:	۱۳۰۹ ہجری

﴿۱۱۱﴾ اسمِ گرامی : محمد حسن بن محمود

شہرت	:	میرزای شیرازی
کنیت	:	....
جائے سکونت	:	سامرہ
سالِ وفات	:	۱۳۱۲ ہجری

﴿۱۱۲﴾ اسمِ گرامی : ابوالمعالی بن محمد ابراہیم

شہرت	:	کرباسی
کنیت	:	....
جائے سکونت	:	اصفہان
سالِ وفات	:	۱۳۱۵ ہجری

﴿ ۱۱۳ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن فضل

شہرت	: فاضلِ شربیانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۲۲ ہجری

﴿ ۱۱۴ ﴾ اسمِ گرامی : محمد حسن بن عبداللہ

شہرت	: مامقانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۲۳ ہجری

﴿ ۱۱۵ ﴾ اسمِ گرامی : سید ابوالقاسم بن معصوم

شہرت	: اشکوری
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۲۵ ہجری

۱۱۶ اسمِ گرامی : محمد کاظم بن حسین

شہرت	: آخوند خُراسانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۲۹ ہجری

۱۱۷ اسمِ گرامی : محمد تقی بن محمد باقر

شہرت	: آقا نجفی اصفہانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۳۲ ہجری

۱۱۸ اسمِ گرامی : محمد کاظم بن عبدالعظیم

شہرت	: طباطبائی یزدی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۳۷ ہجری

﴿ ۱۱۹ ﴾ اسمِ گرامی : محمد تقی بن محب علی

شہرت	: مرزا دوم شیرازی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۳۸ ہجری

﴿ ۱۲۰ ﴾ اسمِ گرامی : فتح اللہ بن محمد جواد

شہرت	: نمازی شیرازی، شریعتمدار
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۳۹ ہجری

﴿ ۱۲۱ ﴾ اسمِ گرامی : احمد بن علی

شہرت	: نجفی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۴۰ ہجری

﴿ ۱۲۲ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن محمد تقی

شہرت	: ارباب
کنیت	: ....
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۳۴۱ ہجری

﴿ ۱۲۳ ﴾ اسمِ گرامی : محمد صادق بن حسین

شہرت	: اصفہانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۳۴۸ ہجری

﴿ ۱۲۴ ﴾ اسمِ گرامی : ابوالقاسم بن محمد تقی

شہرت	: کبیر
کنیت	: ....
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۳۵۳ ہجری

﴿ ۱۲۵ ﴾ اسمِ گرامی : ابوالقاسم

شہرت	: دھکردی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ۱۳۵۳ ہجری

﴿ ۱۲۶ ﴾ اسمِ گرامی : محمد حسین

شہرت	: نائینی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۵۵ ہجری

﴿ ۱۲۷ ﴾ اسمِ گرامی : عبدالکریم بن محمد جعفر

شہرت	: حائری ، مؤسسِ حوزۂ علمیۂ قم
کنیت	: ....
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۳۵۵ ہجری

﴿ ۱۲۸ ﴾ اسمِ گرامی : ابوالحسن

شہرت	: انگجی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: آذربائیجان
سالِ وفات	: ۱۳۵۷ ہجری

﴿ ۱۲۹ ﴾ اسمِ گرامی : ضیاء الدین

شہرت	: عراقی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۵۹ ہجری

﴿ ۱۳۰ ﴾ اسمِ گرامی : محمد حسین بن محمد حسن

شہرت	: کمپانی، غروی اصفہانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۶۱ ہجری

﴿ ١٣١ ﴾ اسمِ گرامی : رضا بن محمد حسین

شہرت	: مسجد شاہی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ١٣٦٢ ہجری

﴿ ١٣٢ ﴾ اسمِ گرامی : سید ابوالحسن بن محمد

شہرت	: مسجد شاہی، اصفہانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: اصفہان
سالِ وفات	: ١٣٦٥ ہجری

﴿ ١٣٣ ﴾ اسمِ گرامی : سید حسین

شہرت	: طباطبائی ، قمی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ١٣٦٦ ہجری

﴿ ۱۳۴ ﴾ اسمِ گرامی : محمد تقی بن اسداللہ

شہرت	: خوانساری
کنیت	: ....
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۳۷۱ ہجری

﴿ ۱۳۵ ﴾ اسمِ گرامی : محمد بن علی

شہرت	: کوہ کمرہ ای، حجت
کنیت	: ....
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۳۷۲ ہجری

﴿ ۱۳۶ ﴾ اسمِ گرامی : صدرالدین بن اسماعیل

شہرت	: صدر
کنیت	: ....
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۳۷۲ ہجری

۱۳۷ اسمِ گرامی : سید حسین بن علی

شہرت	: حمامی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۷۹ ہجری

۱۳۸ اسمِ گرامی : سید جمال الدین بن حسین

شہرت	: موسوی گلپائیگانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۷۹ ہجری

۱۳۹ اسمِ گرامی : سید محمد حسین بن علی

شہرت	: طباطبائی ، بروجردی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۳۸۱ ہجری

﴿۱۴۰﴾ اسمِ گرامی : محمد حسین

شہرت	: آلِ کاشف الغطاء
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۸۲ ہجری

﴿۱۴۱﴾ اسمِ گرامی : سید محسن بن مہدی

شہرت	: طباطبائی حکیم
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۳۹۰ ہجری

پندرھویں صدی ھجری

﴿ ۱۴۲ ﴾ اسمِ گرامی : سید روح اللہ بن مصطفیٰ

شہرت	: موسوی خمینی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف ، قم
سالِ وفات	: ۱۴۰۹ ہجری

﴿ ۱۴۳ ﴾ اسمِ گرامی : سید ابوالقاسم بن علی

شہرت	: موسوی خوئی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: نجف
سالِ وفات	: ۱۴۱۳ ہجری

﴿۱۴۴﴾ اسمِ گرامی : سید محمد رضا بن محمد باقر

شہرت	: موسوی گلپائیگانی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۴۱۴ ہجری

﴿۱۴۵﴾ اسمِ گرامی : محمد علی

شہرت	: اراکی
کنیت	: ....
جائے سکونت	: قم
سالِ وفات	: ۱۴۱۵ ہجری

کتاب

نامه

۱۔ القرآن الکریم

لغت :

﴿ ۱ ﴾ تاج العروس فی شرح القاموس ، السید محمد مرتضیٰ الزبیدی ، طبع : الخیریۃ ، مصر ۱۳۰۲

﴿ ۲ ﴾ مصباح المنیر ، احمد بن محمد الفیومی، ط : ایران

﴿ ۳ ﴾ مفردات ، راغب الاصفہانی ، ط : بیروت

﴿ ۴ ﴾ المنجد ، للاب لویس الیسوعی ، ط : بیروت

﴿ ۵ ﴾ الصحاح ، اسماعیل بن حماد الجوہری ، ط : مصر ، دار الکتاب العربی ، ۱۳۷۲

﴿ ۶ ﴾ القاموس المحیط ، مجد الدین الفیروز آبادی
ط : البابی ، مصر
﴿ ۷ ﴾ لسان العرب ، محمد بن جلال الدین ابن منظور
متوفی : ۷۱۱ ہجری

۲۔ فقہ و حدیث

﴿ ۸ ﴾ ادوار الفقہ ، محمود شہابی ، ط : تہران ۱۳۳۶
﴿ ۹ ﴾ اصول الکافی ، ابو جعفر الکلینی الرازی ،
ط : حیدری ، تہران ۱۳۷۹
﴿ ۱۰ ﴾ الانتصار ، السید مرتضی علم الھدیٰ ، ط : ایران
﴿ ۱۱ ﴾ بدایۃ المجتہد ، محمد بن احمد بن محمد بن رشد القرطبی،
ط : الاستقامۃ ، مصر
﴿ ۱۲ ﴾ تحفۃ الفقہاء ، السمرقندی الحنفی ، ط : دار الفکر
دمشق ۱۹۶۴ء

﴿ ۱۳ ﴾ الحدائق الناضرة ، الشیخ یوسف البحرانی ،
ط : لنجف
﴿ ۱۴ ﴾ الروضۃ البہیۃ فی شرح اللمعۃ الدمشقیۃ ،
للشہید زین الدین العاملی ، ط : دار الکتب ،
مصر ۱۳۷۸
﴿ ۱۵ ﴾ شرائع الاسلام ، المحقق الحلی ، ط : ایران
﴿ ۱۶ ﴾ صحیح بخاری ، محمد بن اسماعیل البخاری ،
ط : المیمنیۃ مصر
﴿ ۱۷ ﴾ صحیح مسلم ، مسلم بن الحجاج ، ط : صبیح ، مصر
﴿ ۱۸ ﴾ العروۃ الوثقیٰ ، السید محمد کاظم الطباطبائی الیزدی
ط : الحیدری ، تہران ۱۳۷۷
﴿ ۱۹ ﴾ عون المعبود فی شرح سنن ابن ابی داؤد ،
محمد اشرف بن امیر بن علی ۔

﴿ ۲۰ ﴾ الفقہ الاسلامی ، الدکتور محمد یوسف موسیٰ ،
ط : دار الکتاب ، مصر ۔
﴿ ۲۱ ﴾ المبسوط ، شمس الدین السرخسی ، محمد بن ابی سہل
ط : السعادۃ ، القاہرۃ ۱۳۲۴ ۔
﴿ ۲۲ ﴾ المحلی ، ابن حزم الاندلسی ، فقہ زیدی ،
ط : النہضۃ ، مصر ۱۳۴۷ ۔
﴿ ۲۳ ﴾ مستمسک العروۃ الوثقیٰ ، السید محسن الحکیم ،
ط : النجف ۱۳۷۶ ۔
﴿ ۲۴ ﴾ مسالک الافہام، الشہید الثانی ، ط : ایران ۱۲۶۸
﴿ ۲۵ ﴾ مستند الشیعہ ، احمد بن محمد النراقی ، ط : ایران
﴿ ۲۶ ﴾ موطأ مالک ، مالک بن انس ، ط : البابی ،
القاہرۃ ۱۳۶۰ ۔
﴿ ۲۷ ﴾ منیۃ المرید فی آداب المفید و المستفید ،
الشہید الثانی ، ط : بمبئی

﴿ ۲۸ ﴾ نہج الفقاهة، السید محسن الحکیم ، ط : العلمیہ ، النجف ۱۳۷۱ ـ

﴿ ۲۹ ﴾ نیل الاوطار، محمد بن علی الشوکانی ، ط : البابی و اولاده ، مصر ـ

﴿ ۳۰ ﴾ وسائل الشیعہ ، الشیخ محمد بن الحسن الحر العاملی ط : دار مصر ۱۹۵۷ء ـ

۳۔ اصول فقه

﴿ ۳۱ ﴾ الاجتہاد فی الاسلام ، محمد مصطفیٰ المراغی ، ط : دارالاجتہاد ، القاهرة ۱۳۷۹

﴿ ۳۲ ﴾ الاجتہاد فی الشریعة بین السنة و الشیعة ، الشیخ محمد حسین کاشف الغطاء ، ط : مجلة رسالة الاسلام القاهرة ـ

﴿ ۳۳ ﴾ الاجتہاد والتقلید، المرحوم الشیخ محمد حسین الاصفہانی
ط : النجف ۱۳۷۶ ۔
﴿ ۳۴ ﴾ الاجماع فی التشریع الاسلامی، السید محمد صادق
الصدر ، ط : عویدات ، بیروت ۱۳۸۸
﴿ ۳۵ ﴾ الاحکام فی اصول الاحکام، ابی محمد علی بن حزم
الاندلسی الظاہری ، ط : الامام ، مصر ۔
﴿ ۳۶ ﴾ الاحکام فی اصول الاحکام ، علی بن ابی علی
بن محمد الامدی، ط: الحلبی، القاہرۃ ۱۹۶۷ء
﴿ ۳۷ ﴾ ارشاد الفحول الی تحقیق الحق من علم الاصول ،
محمد بن علی بن محمد الشوکانی الزبیدی ،
المتوفی : ۱۲۵۵ ، ط : البابی ، مصر ۱۳۵۶
﴿ ۳۸ ﴾ اصول السرخسی ۴۹۰ ، ط : دار الکتاب العربی
مصر ۱۳۷۳ ۔

﴿ ۳۹ ﴾ الاصول العامة للفقه المقارن، السید محمد تقی الحکیم
ط : دار الاندلس ، بیروت ۱۹۶۳ء ۔
﴿ ۴۰ ﴾ اصول الفقه ، بدران ابوالعینین بدران ،
ط : دار المعارف ، مصر ۱۹۵۶ء
﴿ ۴۱ ﴾ اصول الفقه، عباس متولی حماده ، ط : دار التالیف
مصر ۱۳۸۵ ۔
﴿ ۴۲ ﴾ اصول الفقه ، الشیخ محمد ابو زہرة ،
ط : دار الثقافة العربیة للطباعة ، مصر ۱۳۷۷
﴿ ۴۳ ﴾ اصول الفقه، الشیخ محمد الخضری ، ط : السعادة
مصر ۱۳۸۳ ۔
﴿ ۴۴ ﴾ اصول الفقه ، الشیخ محمد رضا مظفر ، ط : النجف
﴿ ۴۵ ﴾ اصول الفقه الجعفری ، الشیخ محمد ابو زہرة ،
ط : مخیمر ، القاہرة ۱۹۵۵ء ۔

﴿ ۴۶ ﴾ بحر الفوائد فی شرح الفرائد ، میرزا محمد حسن الاشتیانی ، ط : تہران ۔

﴿ ۴۷ ﴾ بدایع الافکار ، تقریر الشیخ ضیاء الدین العراقی ، تالیف : میرزا ہاشم الآملی ، ط : العلمیۃ ، النجف ۔

﴿ ۴۸ ﴾ تذکرۃ فی اصول الفقہ ، الشیخ المفید ، ط : ضمن کنز الفوائد للکراجکی ، ایران ۱۳۲۲

﴿ ۴۹ ﴾ تہذیب الاصول، تقریرات السید روح اللہ الخمینی بقلم الشیخ جعفر السبحانی التبریزی ، ط : العلمیۃ ۱۳۸۲ ۔

﴿ ۵۰ ﴾ تہذیب الوصول الی علم الاصول ، العلامۃ الحلی ط : تہران ۱۳۰۸ ۔

﴿ ۵۱ ﴾ زبدۃ الاصول ، الشیخ بہاء الدین العاملی ، المتوفی ۱۰۳۱ ، ط : ایران ۱۲۶۷ ۔

﴿ ۵۲ ﴾ شرح کفایۃ الاصول ، الشیخ عبدالحسین الرشتی

ط : الحیدریہ ، النجف ۱۳۷۰ ۔

﴿ ۵۳ ﴾ شرح الکوکب المنیر فی اصول الحنابلۃ ،

محمد بن احمد الفتوحی الحنبلی (اصولِ حنبلی)

ط : السنۃ المحمدیہ ، القاہرۃ ۱۹۵۳ء ۔

﴿ ۵۴ ﴾ شرح المنار، عبداللطیف بن عبد العزیز بن الملک

ط : العثمانیہ ، استنبول ۱۳۱۵ ہجری ۔

﴿ ۵۵ ﴾ العدۃ فی الاصول، الشیخ ابی جعفر محمد بن الحسن

الطوسی ، ط : ایران ۔

﴿ ۵۶ ﴾ علم اصول الفقہ ، عبد الوھاب خلاف ،

ط : النصر ، مصر ۱۹۵۶ء

﴿ ۵۷ ﴾ فرائدالاصول (الرسائل)، الشیخ المرتضی الانصاری

ط : ایران ۔

﴿ ۵۸ ﴾ الفروق ، احمد بن ادریس الصنہاجی المعروف بالقرافی ، ط : دار احیاء الکتب ، مصر ۱۳۴۴

﴿ ۵۹ ﴾ فوائد الاصول، الشیخ محمد علی الکاظمی،ط : العلمیۃ النجف ۱۳٦۸ ۔

﴿ ٦۰ ﴾ القوانین المحکمۃ ، میرزا ابوالقاسم القمی ، ط : ایران ۱۳۰۲ ہجری ۔

﴿ ٦۱ ﴾ کفایۃ الاصول ، الشیخ محمد کاظم الخراسانی ، ط : بغداد ۱۳۲۸ ۔

﴿ ٦۲ ﴾ مبانی الاستنباط ، تقریرات السید الخوئی ، السید ابوالقاسم التبریزی ، ط : النجف ۱۳۷۷

﴿ ٦۳ ﴾ المعالم الجدیدۃ فی الاصول،السید محمد باقر الصدر ط : النعمان ، النجف ۱۳۸۵ ۔

﴿ ٦۴ ﴾ ملخص ابطال القیاس والرأی والاستحسان ، ابن حزم الاندلسی ۴۵٦ ہجری ، ط : جامعۃ دمشق ۱۹٦۰ تحقیق : سعید الافغانی ۔

﴿ ۶۵ ﴾ مقالات الاصول ، الشیخ آقا ضیاء العراقی ،
ط : العلمیة ، النجف ۱۳۵۸ ۔
﴿ ۶۶ ﴾ رسالة الامام الشافعی ، محمد بن ادریس الشافعی
ط : البابی ، القاہرة ۱۳۵۸ ۔
﴿ ۶۷ ﴾ المستصفیٰ من علم الاصول ، ابوحامد محمد بن محمد
الغزالی الشافعی ، ط : مصطفیٰ محمد ، مصر ۱۳۵۶
﴿ ۶۸ ﴾ معالم الاصول ، الشیخ حسن بن الشہید الثانی
ط : تہران ۱۳۸۷ ۔
﴿ ۶۹ ﴾ فلسفة التشریع فی الاسلام، صبحی المحمصانی المحامی
ط : دار العلم للملایین ، بیروت ۱۹۶۱ء ۔
﴿ ۷۰ ﴾ فی میدان الاجتہاد ، عبد المتعال الصعیدی ،
ط : القاہرة ۔

٤۔ رجال و تاریخ

﴿ ۷۱ ﴾ الاعلام ، خیر الدین الزرکلی ، ط : بیروت ۔
﴿ ۷۲ ﴾ الامام زید، محمد ابو زہرہ ، ط : دار الثقافۃ ، مصر ۔
﴿ ۷۳ ﴾ الامام الصادق (ع) ، الشیخ اسد حیدر ، ط : النجف
﴿ ۷۴ ﴾ الامام الصادق ، محمد ابو زہرۃ ، ط : دار الثقافۃ ، مصر
﴿ ۷۵ ﴾ اعیان الشیعہ ، السید محسن الامین العاملی ، ط : بیروت
﴿ ۷٦ ﴾ امل الامل ، محمد بن الحسن الحر العاملی ، ط : الآداب ، النجف ۱۳۸۰
﴿ ۷۷ ﴾ تقریب التہذیب ، ابن حجر عسقلانی ، ط : دار الکتب العربی ، مصر ۱۳۸۰

﴿ ۷۸ ﴾ تہذیب التہذیب ، ابن حجر عسقلانی ،
ط : دار صادر ، بیروت
﴿ ۷۹ ﴾ حلیۃ الاولیاء ،الحافظ احمد بن عبداللہ الاصفہانی
ط : دار الکتاب العربی ، بیروت ۱۹۶۷ء
﴿ ۸۰ ﴾ رجال النجاشی، احمد بن علی بن العباس النجاشی
المتوفی ۴۰۵ ، ط : مصطفوی ، ایران ۔
﴿ ۸۱ ﴾ روضات الجنات ، الخوانساری المیرزا احمد باقر
ط : ایران ۱۳۴۷
﴿ ۸۲ ﴾ سلافۃ العصر ، السید علی صدر الدین المدنی ،
ط : مطابع علی بن علی ، قطر ۱۳۸۲
﴿ ۸۳ ﴾ شذرات الذہب ، ابن عماد الحنبلی ، القدسی
مصر ۱۳۵۰
﴿ ۸۴ ﴾ طبقات الشافعیۃ ، تاج الدین ابی نصر السبکی
متوفی ۷۷۱ ، ط : مصر ۱۹۶۳ء

﴿ ۸۵ ﴾ طبقات الفقہاء ، ابو اسحٰق الشیرازی ،
ط : بغداد ۱۳۵٦

﴿ ۸٦ ﴾ حصول المأکول من علم الاصول ، محمد صدیق
حسن خان ، ط : مصطفیٰ محمد ، القاہرۃ ۱۳۵۷

﴿ ۸۷ ﴾ الحق المبین فی تصویب المجتہدین و
2771. If the heirs of deceased are one or several maternal uncles, or one or several maternal aunts, or maternal uncle together with maternal aunt with one or several paternal uncles, or one or several paternal aunts, or paternal uncle together with paternal aunt, then the estate will be divided into 3 parts from which one part will be taken by the maternal uncle, or maternal aunt, or both of them, and the remaining part will go to the paternal uncle, or paternal aunt, or both of them.

2772. * If the heirs of the deceased are one maternal uncle, or one maternal aunt together with paternal uncle and paternal aunt, and if they are full paternal uncle and the paternal aunt or related from the father's side, the estate will be divided into 3 parts. One part will be taken by the maternal uncle or the maternal aunt, and from the balance two parts of it, 3 will be given to the paternal uncle and one part will be given to the paternal aunt. Based on this calculation, the estate will be divided into 9 parts, from which 3 parts will be given to maternal uncle or maternal aunt, 4 parts are given to the paternal uncle and 2 parts are given to the paternal aunt.

2773. * If the heirs of the deceased are one maternal uncle, or one maternal aunt together with one paternal uncle, or one half paternal aunt related from the mother's side together with full or half paternal uncles and aunts, the estate will be divided into 3 parts. One part will be given to the maternal uncle or the maternal aunt, and the remaining 2 parts will be equally divided between the paternal uncles and aunts, with uncles taking twice the share of the aunts, though precaution is recommended.

2774. * If the heirs of deceased are several maternal uncles and several maternal aunts, all of whom are either full or related from father's or mother's side, and also a paternal uncle and a paternal aunt, the estate will be divided into 3 parts. 2 parts will be divided between the paternal uncle and the paternal aunt as mentioned above, and one part will be divided equally between the maternal uncles and the maternal aunts as explained in rule no. 2770.

2775. * If the heirs of deceased is maternal uncle only, or if there are half maternal aunts related from the mother's side together with several maternal uncles and several maternal aunts who are either full or half related from father's side, and also paternal uncle and paternal aunt, the estate will be divided into 3 parts. Two of these parts will be divided between the paternal uncle and the paternal aunt, in the manner already mentioned, and quite likely, the remaining heirs will share the third part equally.

2776. If the deceased is not survived by paternal uncle, and paternal aunt and maternal uncle and maternal aunt, the share to which the paternal uncle and the paternal aunt are entitled will go to their descendants, and the share to which the maternal uncle and maternal aunt are entitled will go to their descendants.

2777. * If the heirs of the deceased are paternal and maternal uncles and aunts of his father, and paternal and maternal uncles and aunts of his mother, the estate will be divided into 3 parts. One part will be given to the paternal and maternal uncles and aunts of his mother, to be divided among them equally, though a precaution by way of compromise should not be ignored. The remaining 2 parts, the same will be again divided into 3 parts. One part will be divided as above between the father's maternal uncle and aunt, and the remaining 2 parts will be divided as above between the father's paternal uncle and aunt.

Inheritance By The Husband and the Wife

2778. If a woman dies without any children, 1/2 of her property is inherited by her husband, and the remaining 1/2 is given to her other heirs. If, she has children from that or another husband, her husband will get 1/4 of the estate, and the remaining part will be inherited by her other heirs.

2779. If a man dies childless, 1/4 of his estate will go to his wife, and the remaining part will be given to his other heirs. And if the man has children from that or another wife, the wife gets 1/8th of the estate, and the remaining part will be inherited by his other heirs. A wife does not inherit anything from the land of a house or a garden or a farm, or from any other land, nor does she inherit from the proceeds of such lands. She does not also inherit from that which stands on that land, like the house and the trees, but she inherits from their proceeds. The same rule applies to the trees and crops and buildings standing on the land of a garden, and on agricultural land, or on any other lands.

2780. If the wife wishes to have any right of discretion over things from which she does not inherit (for example, the land of a residential house) she should obtain the permission of other heirs to do so. Also, it is not permissible for other heirs to have any right of disposal, without the permission of the wife,over those things from the proceeds of which she inherits (for example, the value of the buildings and trees).

2781. * If one wishes to evaluate the buildings and the trees and other similar things, it should be calculated as assessors usually do, that is, by estimating its value as they stand, and not as objects uprooted or extirpated from the land. Or, they should be valued as unrented property remaining on the land, till they are destroyed or till they perish.

2782. The canals for the flow of water fall under the category of land, and the bricks etc, used for its construction fall under the category of building.

2783. If a deceased has more than one wives, and if he is childless, 1/4 of the estate will be divided equally among the wives, in the manner explained above, and if he has children, 1/8 of the estate will be divided equally among them. And the rule applies even if the husband may not have had sexual intercourse with some or all of them.

However, if he married a woman during a terminal illness, and did not have sexual intercourse with her, that woman will not inherit from him nor will she be entitled to Mahr.

2784. If a woman marries a man during her illness, and dies in that illness, her husband inherits from her even if he did not have sexual intercourse with her.

2785. If a woman is given revocable divorce, in the manner explained in the orders relating to 'divorce', and she dies during the waiting period of divorce (Iddah), her husband inherits from her. Also, if the husband dies during the period of that Iddah, the wife inherits from him. But, if one of them dies after the expiry of that period (Iddah) or during the period (Iddah) of irrevocable divorce, the other does not inherit from him/her.

2786. * If a husband divorces his wife during his illness, and dies before the expiry of twelve lunar months, the wife inherits from him on the fulfilment of three conditions:
(i) If she has not married another man during that period. And if she has married another man during that period, she will not inherit, though, as a precaution, a compromise should be reached (between the heirs and the wife).
(ii) If she had not sought divorce herself, of her own accord, irrespective of whether she paid her husband some consideration to obtain divorce or not. If she had herself asked for divorce, she does not inherit.
(iii) If the husband died during the illness in which he divorced her, as a result of that illness, or some other reason. If the husband recovers from that illness, and dies later owing to some other cause, the divorced wife will not inherit from him.

2787. The dress which a husband gives to his wife to wear, is to be treated as a part of his estate after his death, even if the wife may have worn it.

Miscellaneous Rules of Inheritance

2788. * The Holy Qur'an, a ring, and a sword of the deceased, and the clothes worn by him, belong to the eldest son. And if of the first three things, the deceased has left more than one - for example, if he has left two copies of the Qur'an, or two rings, the obligatory precaution is that his eldest son should make a compromise with the other heirs in respect of those things. The travel baggage, the gun, the dagger and other such weapons may also be included in the above list, but, as an obligatory precaution, the eldest son may compromise with other heirs in that regard.

2789. * If the deceased has two eldest sons, for example, if his two sons are born of two wives at one and the same time - they should divide his clothes, Qur'an, ring and sword equally between themselves.

2790. * If the deceased is indebted, and if his debt is equal to his estate or more, the four things which belong to the eldest son, as mentioned in the preceding rule, should be given by him for the settlement of the debt, or he should pay equal value from his own wealth. And if the debt is less than the estate, and if the debt cannot be set off by what remains of the estate after setting apart the four things for the eldest son, the eldest son should give those four things, or from his own wealth to set off the debt of the deceased.

And if the balance is adequate to clear the debt fully, even then the eldest son should participate, as an obligatory precaution, to clear the debt as explained above. For example, if the entire estate of the deceased is US $60, and the articles given to the eldest son are worth $20, and the deceased has a debt worth $30, the eldest son will proportionally pay $10 from the four things he received from the deceased.

2791. A muslim inherits from a non-Muslim, but a non-Muslim does not inherit from a deceased Muslim, even if he be his father or son.

2792. * If a person kills one of his relatives intentionally and unjustly, he does not inherit from him. But, if it was due to some error, for example, if he threw a stone in the air and by chance, it hit one of his relatives and killed him, he inherits from him. Nevertheless, it is a matter of Ishkal for him to inherit from the diyah (blood money) for the killing.

2793. * Whenever it is proposed to divide the inheritance, as a precaution, the share equal to that of one son, should be set aside for a child who is in its mother's womb, expected to be a son, and would inherit if he is born alive (when it is expected that only one child will be born) and the remaining parts should be divided among the others heirs. In fact, even if the children in the womb are expected to be more than one, for example, if the woman is expected to give birth to twins or triplets, as a precaution, their shares should be set aside for them. And if, contrary to expectation, one boy or one girl was born, then other heirs should divide the surplus among themselves.

التماس سورہ فاتحہ برائے تمام مرحومین

۱] شیخ صدوقؒ
۲] علامہ مجلسیؒ
۳] علامہ اظہر حسین
۴] علامہ سید علی نقی
۵] بیگم و سید عابد علی رضوی
۶) بیگم و سید احمد علی رضوی
۷) بیگم و سید رضا امجد
۸) بیگم و سید علی حیدر رضوی
۹) بیگم و سید سبط حسن
۱۰) بیگم و سید مردان حسین جعفری
۱۱) بیگم و سید جار حسین
۱۲) بیگم و مرزا توحید علی
۱۳) سید حسین عباس فرحت
۱۴) بیگم و سید جعفر علی رضوی
۱۵) سید نظام حسین زیدی
۱۶) سیدہ ہما زہرہ
۱۷) سیدہ رضویہ خاتون
۱۸) سید نجم الحسن
۱۹) سید مبارک رضا
۲۰) سید جنیت حیدر نقوی
۲۱) بیگم و مرزا محمد ہاشم
۲۲) سید باقر علی رضوی
۲۳) بیگم و سید باسط حسین
۲۴) سید عرفان حیدر رضوی
۲۵) بیگم و اخلاق حسین
۲۶) سید ممتاز حسین
۲۷) بیگم و سید اختر عباس
۲۸) سید محمد علی
۲۹) سیدہ رضیہ سلطان
۳۰) سید مظفر حسنین
۳۱) سید باسط حسین نقوی
۳۲) اکرام محی الدین
۳۳) سید ناصر علی زیدی
۳۴) سید وزیر حیدر زیدی
۳۵) ریاض الحق
۳۶) خورشید بیگم

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پا کستان

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

بمطابق فتاویٰ

زعیم و مجدد حوزہ علمیہ نجف اشرف مرجع تقلید شیعان جہاں

آیۃ اللہ العظمیٰ آقای حافظ بشیر حسین نجفی مدظلہ

منجانب

مرکزی دفتر: آیۃ اللہ العظمیٰ آقای حافظ بشیر حسین نجفی مدظلہ
مسجد و امام بارگاہ حسینیہ اکرم روڈ، پاک نگر، عقب ریلوے اسٹیشن لاہور
ڈاکخانہ چاہ میراں پاکستان
فون: 6278672، 7225309 فیکس: 7611727

توضیح المسائل

بمطابق فتاویٰ

زعیم و مجاہد حوزہ علمیہ نجف اشرف مرجع تقلید شیعیان جہاں

آیۃ اللہ العظمیٰ آقای حافظ بشیر حسین نجفی مدظلہ

منجانب

مرکزی دفتر آیۃ اللہ العظمیٰ آقای حافظ بشیر حسین نجفی مدظلہ
مسجد و امام بارگاہ حسینیہ اکرم روڈ پاک نگر، عقب ریلوے اسٹیشن لاہور
ڈاکخانہ چاہ میراں پاکستان

فون: 6278672، 7225309 فیکس: 7611727

بسم الله الرحمن الرحيم

أحمد الله تعالى على نعمائه واستعينه على شكر آلائه واصلي على نبيه محمد وعلى آله البررة الكرام واللعنة على اعدائهم اجمعين اللئام وبعد :

فقد اقتضت الضرورة الدينية والمصلحة العامة حينما كثر الإلحاح من المؤمنين والصلحاء ان أقدم لهم ما يكشف لهم عن الفتاوى والأحكام التي يحتاج إليها عامة المكلفين ضمن مؤلف مستقل يسهل تناوله ويكون لهم مشعلاً يستنيرون به لتأدية فرائضهم الدينية فعمدت إلى (توضيح المسائل) الذي سمحت به يراعة الاستاذ الاعظم آية الله العظمى السيد أبو القاسم ـ أعلى الله مقامه ـ حيث إنه يحتوي على معظم ما يفتقر إليه المكلفون من المسائل الشرعية فعدلت وغيرت وأصلحت وأوضحت حسبما اقتضت الضرورة فأصبح الكتاب بعونه تعالى موافقاً لفتوانا فيجوز للمسلمين في أرجاء المعمورة العمل على طبق هذه الرسالة الميمونة ويكون ذلك مبرئاً للذمة ومجزئاً ومقتضياً للأجر والثواب انشاء الله تعالى وأرجوه تعالى ان يمن علي بالعفو عن العثرات وان يجعله ذخراً ليوم فاقتي وهو أرحم الراحمين .

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ☆

الحمد للہ تعالیٰ علی نعمائه واستعنیه علی شکر الائه واصلی علی نبیه محمد و علی آله البررة الکرام واللعنة علی اعدائهم الفجرة السلام وبعد ☆

دینی ضرورت اور مصلحت عامہ نے اس بات کا تقاضا کیا جب کہ مومنین کرام خصوصاً علماء کی طرف سے اصرار زیادہ ہوا کہ میں اس امر کا اقدام کروں جو ان احکام اور فتاویٰ کو واضح کریں جن کی طرف عام مکلفین محتاج ہیں اور یہ اقدام ایسی کتاب کی صورت میں ہو کہ جس کا حاصل کرنا (ہر شخص کے لئے) آسان اور سہل ہو اور وہ کتاب ان کے لئے فرائض دینیہ کے ادا کرنے کے لئے ایسی شمع ہو جس سے وہ نور حاصل کریں۔ (اس غرض کے پیش نظر) میں نے استاذ اعظم السید ابوالقاسم الخوئی اعلیٰ اللہ مقامہ کی اس "توضیح المسائل" کی طرف رجوع کیا جسے انہوں نے خود تالیف فرمایا تھا۔ اس لئے کہ وہ کتاب "توضیح المسائل" ایسے تمام مسائل شرعیہ پر مشتمل ہے جن کی طرف مکلفین احتیاج رکھتے ہیں۔ میں نے حسب ضرورت اس "توضیح المسائل" کے بعض احکامات میں تبدیلی کی ہے اس طرح ان کی توضیح اللہ تعالیٰ کی مدد سے ہمارے فتویٰ کے مطابق ہو گئی تو اس رسالہ عملیہ پر اہل اسلام کے لئے عمل کرنا جائز ہے اور اس کے مطابق عمل مکلف کو احکام شرعیہ سے بری الذمہ کر دے گا اور اس پر مکلف کا عمل کرنا مجزی ہو گا اور اجر و ثواب کا مقتضی ہو گا۔ میں اللہ تعالیٰ سے امید رکھتا ہوں کہ وہ لغزشات سے معافی کے ساتھ احسان فرمائے گا اور اس چیز کو میرے لئے احتیاج کے دن کے لئے ذخیرہ قرار دے گا۔

وهو ارحم الراحمين ☆

فہرست مضامین

امام زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف کی ولادت باسعادت کے موقع پر
آیت اللہ العظمیٰ حافظ بشیر حسین مدظلہ العالی
کا علماء کرام و ذاکرین عظام کے نام پیغام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ الحمد للہ رب العالمین ۝ وصلی اللہ علی محمد وآلہ الطاہرین ولعنۃ اللہ الدائمۃ علی شانئھم من الاولین والآخرین ☆

میرے خطیب اور معزز و محترم بھائیو ! میں ولی اللہ الاعظم حضرت امام زمانہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت باسعادت کے عظیم موقعہ پر سب سے پہلے سید الانبیاء رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ اطہار علیہم السلام کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں اور اس کے بعد آپ حضرات کو مبارک باد پیش کرتا ہوں اور اللہ جل سبحانہ سے امید کرتا ہوں کہ وہ تمہیں ہمیشہ اپنی توفیق خیر سے نوازے اور تمہاری پشت پناہی فرمائے۔ معزز علماء کرام آپ کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ ایک مبلغ کی ذمہ داری ایک فقیہ سے اہمیت کے اعتبار سے کم نہیں ہے بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ خطباء دین کے جسم کی ریڑھ کی ہڈی اور مرکزی ستون ہیں تو اس میں کوئی مبالغہ نہیں ہو گا کیونکہ خطباء ہی فقہاء اور مجتہدین کی زبان ہیں بلکہ شریعت اسلامیہ کی زبان ہیں کیونکہ تبلیغ اسلام کی سب سے پہلی ذمہ داری کا بوجھ جس نے اٹھایا تھا وہ رسول اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے۔ ان کے یکے بعد دیگر آئمہ علیہم السلام نے اس ذمہ داری کو نبھایا اور آج تم لوگ ہو جو ولی اللہ الاعظم کی نگاہوں کا محور و مرکز ہو کیونکہ تمہارا فریضہ تبلیغ کو ادا کرنا درحقیقت امام زمانہ علیہ السلام کی بہت بڑی مدد ہے۔ تم ہی اسلام کے مبلغ ہو کیونکہ تعلیمات کے نشر کی وجہ سے ہی لوگوں کے دلوں میں اسلام کی محبت پیدا ہوتی ہے اور ان کے دلوں میں عقائد اسلام راسخ ہوتے ہیں۔

میرے محترم خطباء کرام ! آپ کو علم ہونا چاہیئے کہ قوم کی، دین و دنیا کی بھلائی آج

تمہارے ہاتھوں میں ہے۔ آج کی معمولی سی کوتاہی اور اس وظیفہ کی ادائیگی میں سستی ایک ایسی خیانت ہے جس سے بڑھ کر کوئی دوسری خیانت نہیں ہو سکتی۔ میں وادی نجف اشرف میں تمہاری زحمتوں، کاوشوں اور عظیم خدمات سے باخبر ہوں اور اللہ تعالیٰ آپ کی کوششوں کو قبول فرمائے اور دین اسلام اور شریعت سید المرسلین کے دفاع کا فریضہ ادا کرنے پر تمہیں اجر جزیل عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ تمہیں مزید توفیق عطا فرمائے کہ تم وعظ و نصیحت اور محبت اہل بیتؑ کی نشر و اشاعت کے لئے اپنی طاقت اور کوشش کو بروئے کار لاسکوں کیونکہ لوگوں کے دل جو ہیں وہ اسی چیز کے پیاسے ہیں۔ میں اللہ تعالیٰ سے امید کرتا ہوں کہ ولی اللہ الاعظم کی ولادت کے موقع پر ہمیں اپنی رحمت سے نوازے اور ہمیں اپنے نفسوں کا خود محاسبہ کرنا چاہئے اور اپنے ارادوں کو مزید مستحکم کرنا چاہئے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو تمام امور میں توفیق عطا فرمائے کیونکہ وہی توفیق کا مالک ہے۔

مرجع تقلید آیت اللہ العظمیٰ

آقای حافظ بشیر حسین نجفی مدظلہ العالی کا قوم کے نام پیغام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ☆ الحمد للہ رب العلمین ٥ وصلی اللہ علی سید الرسل محمد و علی آلہ البررۃ الکرام و لعنۃ اللہ علی اعدائھم اجمعین ☆

میں اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ توفیق کے ساتھ علماء اعلام و طلباء عظام و جملہ مومنین بالخصوص اور تمام مسلمین بالعموم جو کہ میرے وطن عزیز پاکستان میں موجود ہیں سے مخاطب ہوں :

علماء کے نام : میں ارض عزی نجف اشرف جو کہ علم دین کا مرکز ہے سے مخاطب ہوں تاکہ اپنے ہم وطنوں کی خدمت میں چند باتیں پہنچا سکوں جن میں میرا شوق و محبت شامل ہے اور میری کوشش یہ ہے کہ مندرجہ ذیل سطور میں چند واجبات، جو کہ میرے

ذرائع میں سے ہیں بیش خدمت کر سکوں۔

اے علماء کرام و اساتذہ فاضل! کہ جنہوں نے اپنی زندگی طلباء کی ذہنی تربیت کے لئے وقف کر رکھی ہے' آپ کی جدوجہد بندہ کی نظروں کے سامنے موجود ہے۔ اگرچہ میں بظاہر آپ سے دور ہوں مگر آپ کے مشاغل عظیم' محنت شاقہ اور پدرانہ عاطفت ایسے طلباء پر جو کہ امید امت ہیں یعنی جن کے ہاتھوں میں مستقبل کی باگ ڈور ہے۔ یہ جو آپ مسلسل جدوجہد کر رہے ہیں آپ کے اس جہاد طویل کی نشانی ہے جو کہ آپ نے ابتداء جوانی سے شروع کیا۔ میں اللہ جل مجدہ سے امید کرتا ہوں کہ وہ خالق موجودات جو آپ کی سعی کا قدردان ہے اپنے ولی عظیم امام زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف ارواحنا کے سایہ عاطفت میں محفوظ و مامون رکھے۔

طلباء کے نام : اے میری اولاد! میرے جگر کے ٹکڑے طلباء! جن پر ہم امید رکھے ہوئے ہیں۔ علم و ثقافت کی نشو و نما اور اسلامی کردار کی اشاعت پاکستان میں آپ پر موقوف ہے۔ میں آپ سے امید لگائے ہوئے ہوں کہ آپ کے اذہان سے یہ بات نہ نکل جائے کہ آپ کو مرتبہ و بلندی جو اللہ تعالیٰ نے مرحمت فرمائی ہے وہ یہ ہے کہ جیسا معصومؑ سے روایت ہے کہ :

"ملائکہ طالب علم کے پاؤں کے نیچے پر بچھاتے ہیں"

اے میرے عزیزو! یہ بات ازبس ضروری ہے کہ آپ کو معلوم ہو کہ علم ہر قسم کی قربانی مانگتا ہے تاکہ آپ اس سے کچھ حاصل کر سکیں اور آپ کو یہ بھی معلوم ہو کہ حقوق شرعیہ مثلاً خمس وغیرہ اس طالب علم کے لئے جائز نہیں ہے جو اپنی پوری توجہ علم دین کے حصول کے لئے صرف نہ کرے' اور یہ حق ہے کہ علم فقط قواعد و ضوابط کے حفظ کرنے کا نام نہیں ہے بلکہ یہ اللہ کا نور ہے جس کے دل میں چاہتا ہے ڈال دیتا ہے۔ یہ ایک مقدس ملکہ ہے جسے اللہ تعالیٰ ان نفوس کو عطا کرتا ہے جو متقی' خدا سے ڈرنے والے اور اندھیری راتوں میں خوف خدا سے آنسو بہانے والے ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اس دن سے محروم نہ رکھے کہ جس دن میں سنوں کہ تم علماء فقہاء بن کر دشمنوں سے دین حق کا

دفاع کر رہے ہوں۔

اے جملہ اہل اسلام ! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہر قوم کا استحکام اس بات پر ہے کہ اس کے وہ جملہ امور صحیح راستہ پر گامزن ہوں جو علماء اور مدارس دینیہ کے مرہون منت ہیں اور یہ اس وقت تک ممکن نہیں کہ جب تک مومنین عظام علماء اعلام کے گرد و پیش اس طرح جمع نہ ہوں جس طرح زرہ مجاہد فی سبیل اللہ کے جسم پر محیط ہوتی ہے۔

اے مومنین کرام ! علماء اور مدارس دینیہ کے دفاع میں کسی قسم کی کوتاہی اور حقوق واجبہ کی ادائیگی میں کاہلی علم و علماء کا ضائع کرنا ہے اور یہ بات ولی اللہ الاعظم امام زمانہ ارواحنا لمقدمہ الفداء کی حمایت سے تمہاری محرومی کا سبب ہے۔

ایک ضروری بات جس کی تاکید میں اس ملاقات میں کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ کلمہ واحد کی بین المسلمین حفاظت کریں اور ان لوگوں سے دور رہیں جو وحدت اسلامی کو فرقہ واریت کے ساتھ برباد کر رہے ہیں۔ یہ ایک واحد طریقہ ہے جس سے وطن عزیز پاکستان کی وحدت اور سالمیت محفوظ رہے گی اور ہر وہ شخص جو فرقہ واریت کا بیج بوتا ہے اور مسلمانوں میں فتنہ و فساد پھیلانا چاہتا ہے وہ پاکستانی کے روپ میں پاکستان کی سالمیت کا دشمن ہے۔ تو آپ پر واجب ہے کہ اس دشمن کی حقیقت اور مقاصد کو واضح کریں اور ان کو ان کے ذلیل مقاصد سے ہر طور روکیں۔

میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ میری عظیم قوم کو پاکستان میں حوادثات زمانہ سے پناہ دے اور ان کی وحدت کلمۃ اللہ پر محفوظ رہے اور وہ ثابت قدم رہیں اور ترقی کی راہ پر گامزن رہیں۔

انہ ولی الصالحین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ

اصول دین

عقل و زبان

انسان اشرف المخلوقات ہے۔ یہ فضیلت اسے عقل کی بدولت عقل کے ذریعے حاصل ہے۔ وہ غور و فکر کرتا ہے اور اپنے مختلف مسائل کو حل کرنے کی کوشش کرتے ہوئے ترقی کی راہیں تلاش کرتا ہے۔ زبان کے ذریعے وہ اپنے معتقدات' مشاہدات اور تجربات نسل در نسل منتقل کرتا رہتا ہے۔ دوسرے جاندار ان صلاحیتوں سے محروم ہیں اور اپنی زندگی اس جبلت کے مطابق گزارتے ہیں جو فطرت نے انھیں ودیعت کی ہے۔

روح و بدن

انسان دو چیزوں یعنی بدن اور روح سے مرکب ہے۔ جب تک ان دونوں کا باہمی تعلق برقرار رہتا ہے انسان زندہ کہلاتا ہے اور سوچ بچار اور نقل و حرکت کے قابل ہوتا ہے' لیکن اس رشتے کے منقطع ہو جانے پر جسد انسانی بے حس و حرکت ہو جاتا ہے اور اس کی مختلف قوتیں ظاہری طور پر زائل ہو جاتی ہیں۔

خوشگوار زندگی

انسان کو دنیا میں خوشگوار زندگی گزارنے اور راہِ کمال پر گامزن ہونے کیلئے بدن اور روح دونوں کی ترقی اور نگہداشت کی ضرورت ہے۔ اگر اس کا بدن یا روح صحیح راستے سے بھٹک جائیں تو ناکامی اور نامرادی اس کا مقدر بن جاتی ہے۔ چونکہ انسان فطری طور پر اپنا فائدہ اور بھلائی چاہتا ہے لہذا وہ اپنے

لیئے صحیح راستہ تلاش کرنے کا متمنی رہتا ہے اور اس مقصد کے حصول کی خاطر عقل کا سہارا لیتا ہے۔

عقل کی نارسائی

اس کے باوجود جہاں تک عقل انسان کا تعلق ہے اس کا دائرۂ عمل محدود ہے اور وہ ان تمام جسمانی اور روحانی مسائل کو حل کرنے پر قادر نہیں جو انسان کو وقتاً" فوقتاً" پیش آتے ہیں۔ مثلاً انسانی کمزوریوں اور مجبوریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اتنا تو سمجھ سکتی ہے کہ اس کائنات اور خود انسان کا کوئی خالق و مالک ہے۔ لیکن وہ کون ہے اس کا صحیح ادراک اس کے بس کی بات نہیں۔ بالخصوص اس لیئے بھی کہ وہ پیکر محسوس کی خوگر ہے اور خالق حقیقی دیکھی جانے والی چیز نہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ عقل جسے صحیح رہنمائی حاصل نہ ہو ہر اس چیز سے مرعوب ہو جاتی ہے جو اسے طاقتور اور مہیب نظر آتی ہے۔ چنانچہ ازمنہ قدیم سے کہیں سورج کی پرستش ہوتی رہی ہے اور کہیں چاند اور ستاروں کو پوجا جاتا رہا ہے۔ کہیں آگ کو معبود مانا گیا ہے' تو کہیں ناگ کے آگے سر جھکایا گیا ہے۔ انسان نے اپنے سے زیادہ طاقتور اور جابر انسان کو اپنا رب تسلیم کیا ہے۔ اپنے ہاتھوں سے پتھر کی مورتیاں تراشی ہیں اور پھر ان کے آگے سربسجود ہوا ہے۔ یہ سب اس کی محدود اور ناقص عقل کی کارستانیاں ہیں۔

نبی اور سعادت انسانی

عقل کی ان تمام کوتاہیوں کے باوجود مہذب انسان چونکہ فطری طور پر سعادت کا آرزومند ہے اور فضائل' عمدہ اخلاق اور عدل وانصاف کو طبعاً" پسند کرتا ہے لہٰذا اسے ایک ایسے پیشوا اور مصلح کی ضرورت محسوس ہوتی ہے جو اسے اچھے اور برے' صحیح اور غلط میں تمیز کرنا سکھائے اور اس کی رہنمائی اس خالق حقیقی کی طرف کرے جس کی انسان کو ہمیشہ سے تلاش ہے۔ یہ بھی لازم ہے کہ وہ پیشوا اور مصلح علم و فضل میں یکتا اور ہر عیب سے پاک ہو کیونکہ بصورت دیگر وہ خود اصلاح کا محتاج ہو گا اور لوگوں کی رہنمائی کا فریضہ ادا کرنے کا اہل نہیں رہے گا۔

نبی اور علم

یہ بھی ضروری ہے کہ وہ مصلح ایک ایسی ہستی کی جانب سے مامور ہو جو دانا و بینا' ہر حاجت سے بے نیاز اور قادر و قدیر ہو۔ جو خود علیم و خبیر ہو اور اپنی فرستادہ مصلح کو ان تمام علوم و رموز سے باخبر

کرے جن سے انسانی بہبود اور اصلاح اور عدل و انصاف کی راہ ہموار ہوتی ہو۔ عقل شہادت دینے پر مجبور ہے کہ ایسی دانا اور توانا ہستی سوائے اس ذات پاک کے کوئی نہیں ہو سکتی جسے ہم اللہ تعالیٰ کہہ کر پکارتے ہیں۔

علم و عمل

وہی رب جلیل ہے جس نے کائنات کو پیدا کیا اور اپنی تمام مخلوق میں سے انسان کو افضل ٹھہرایا۔ اس نے انسان کو قوت عمل دی اور اس کے لیئے گوناگوں نعمتیں تخلیق فرمائیں تاکہ ان سے استفادہ کرتے ہوئے وہ اپنی سعادت اور ترقی کی راہ ہموار کرے۔ اس نے یہ احسان بھی فرمایا کہ انسانی عقل کو راہ راست دکھانے کے لیئے خود قوانین عدل وضع فرمائے اور وہ قوانین انبیاء اور مرسلین کے ذریعے لوگوں تک پہنچائے تاکہ وہ ان کے مطابق عمل کر کے دنیا اور آخرت کی فلاح و بہبود حاصل کر سکیں۔ انہی قوانین کو مجمل طور پر دین کہا جاتا ہے۔

شکر نعمت

انسانی موجب عقل کا تقاضا ہے کہ وہ اس بزرگ و برتر ہستی کے وجود کا صدق دل سے اقرار کرے۔ اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرے اور اس کے احکام بجالائے یعنی اس دین حق کو اختیار کرے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں کی معرفت دنیا میں بھیجا ہے۔ عقل سلیم اس بات کو بھی تسلیم کرتی ہے کہ ایک ایسے محسن کا شکرگزار نہ ہونا اور اس کے احکام سے روگردانی کرنا جو ہر کم و مہ کا خالق اور قادر مطلق ہے اس کے غیظ و غضب کو دعوت دینا ہے جس کا منطقی نتیجہ عذاب جہنم ہے۔ چونکہ عقل عذاب سے بچنا چاہتی ہے اور امن و سکون کا تقاضا کرتی ہے اس لیئے اللہ تعالیٰ کا شکرگزار ہونا انسان کی سعادت کے لیئے لازم ولابد ہے۔

معرفت خالق

یہ امر بھی عقل کی رو سے واضح ہے کہ نعمتوں کا شکر ادا کرنا اسی صورت میں ممکن ہے جب منعم کی معرفت حاصل ہو۔ جیسا کہ اوپر بیان ہوا انسان ہمیشہ سے اپنے خالق و مالک کو پہچاننے کا متمنی رہا ہے اور انبیائے کرام نے جس دین کی تعلیم دی ہے اس کا بنیادی نکتہ یہی معرفت الٰہی ہے چنانچہ جیسا کہ

حضرت امام علی علیہ السلام نے فرمایا ہے دین کی بنیاد اللہ تعالیٰ کی معرفت ہے اور کمال معرفت اس کی تصدیق ہے اور کمال تصدیق اس کو وحدہ لاشریک ماننا ہے۔ آپ کے اس قول سے واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت ہی اساس توحید ہے۔

خالق کائنات کے وجود پر اعتقاد فطرت انسانی کا اولین تقاضا ہے جس کی بنیاد اس ناقابل تردید حقیقت پر ہے کہ نقاش کے بغیر نقش اور عامل کی بغیر عمل رونما ہو ہی نہیں سکتا۔ یہ اعتقاد ادنیٰ توجہ سے حاصل ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سورۂ شوریٰ آیت ۵۳ میں فرماتا ہے :

سنریھم ایتنا فی الافاق وفی انفسھم ○

"ہم ان کو آفاق اور ان کے اپنے نفسوں میں اپنی نشانیاں دکھائیں گے۔"

چنانچہ جو شخص بھی کائنات کے تغیرات اور اس کی روشن نشانیوں مثلاً آسمان، روشنی، تاریکی، پہاڑ اور بادل اور ان چیزوں کی بناوٹ اور حسن کا مشاہدہ کرے اور پھر خود اپنی ذات اور اس کی حیرت انگیز خلقت پر غور کرے تو اسے یقین کلی حاصل ہو گا کہ یہ سب کچھ ایک بااختیار ہستی نے بنایا ہے اور وہی اس کا انتظام چلاتی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ سورۂ ابراہیم آیت ۱۰ میں فرماتا ہے :

افی اللہ شک فاطر السمٰوات والارض ○

"کیا اس اللہ میں شک ہے جو آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والا ہے۔"

یہاں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کی جانب متوجہ کرنے کا مقصد عام لوگوں کی تعلیم اور اصلاح ہے۔ جہاں تک اس کے خاص اور برگزیدہ بندوں کا تعلق ہے ان کا اس ذات اقدس سے ایک مقدس رابطہ قائم ہوتا ہے اور وہ اس کی معرفت کے بارے میں کسی دلیل کی مدد یا کسی نشانی سے استدلال کے محتاج نہیں ہوتے۔

دین حق

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ دنیا میں رائج مختلف ادیان میں سے کونسا دین انسان کو اختیار کرنا چاہئے۔ اس سلسلے میں عقل سلیم گواہی دیتی ہے کہ فقط اس دین کی پیروی کرنی چاہئے جو ہر لحاظ سے مکمل اور انسان کی دنیوی اور اخروی بہبود اور نجات کا موجب ہو اور ایسا مکمل دین فقط اسلام ہے جس کی افضلیت اور تکمیل کی گواہی خود اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔ یہی وہ دین ہے جس کی آمد پر سب سابقہ

ادیان منسوخ قرار پائے اور جس کا سکہ یوم قیامت تک جاری و ساری رہے گا۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کی وحدت، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت اور یوم قیامت کا اقرار کر لے وہ اس مقدس دین میں داخل ہو جاتا ہے۔

دین کی تعلیم

دین اسلام مساوات، محبت اور عدل و انصاف کا دین ہے۔ یہ ایسے قوانین پر مشتمل ہے جو انسانی حقوق کے تحفظ کی ضمانت دیتے ہیں۔ اجتماعی ارکان اور معاشرتی روابط کو مضبوط کرتے ہیں اور اس سلسلے میں فرد اور جماعت کے حقوق کا لحاظ رکھتے ہیں۔

اسلام مختلف معاملات میں مناسب حد بندیاں کرتا ہے اور عدل و انصاف کی دعوت دیتا ہے۔ یہ دین ہر اچھی بات کا حکم دیتا ہے اور ہر بری بات سے روکتا ہے۔ والدین سے حسن سلوک، قرابت داروں سے صلہ رحم، عامۃ الناس سے ایفائے عہد اور باہمی تعلقات میں مہربانی، ہمدردی اور رحم کی تلقین کرتا ہے۔ لوگوں کو امانت داری کا پابند کرتا ہے۔ اچھے اخلاق اور حلم، تواضع، صبر، استقامت اور احترام نفس جیسی انسانی خوبیوں کو اجاگر کرتا ہے اور بری خصلتوں مثلاً تکبر، حسد، خیانت، ظلم، جھوٹ، شراب نوشی، سودخوری اور استحصال سے بچنے کا حکم دیتا ہے۔

اسلام وہ کامل دین ہے جو تمام قانونی مرحلوں میں عدالت کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتا ہے اور قوانین کی پابندی کرنے والوں کو خوشگوار زندگی کی ضمانت مہیا کرتا ہے۔ اس آفاقی دین کے احکام ہر دور میں رونما ہونے والے گوناگوں مسائل کو تسلی بخش طور پر حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

اسلام کی عظمت

قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب دین اسلام ہر عیب سے مبرا اور ہر خامی اور نقص سے پاک ہے تو اس کے پیرو یعنی عامۃ المسلمین خواری اور زبونی میں کیوں مبتلا ہیں۔ اس کی وجہ صاف ظاہر ہے اور وہ یہ کہ مسلمانوں نے اسلامی قوانین اور تعلیمات کو عملی طور پر خیرباد کہہ رکھا ہے۔ وہ دین اور دنیا میں توازن قائم رکھنے کی بجائے مادہ پرستی میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ ان کے اس روش کو اپنانے میں ان اسلام دشمن قوتوں کے پروپیگنڈے کا بھی بڑا عمل دخل ہے جو اسلام اور اس کے عادلانہ نظام کو دنیا

میں نافذ ہوتے نہیں دیکھنا چاہتیں۔ اس اسلام دشمنی میں بالعموم مغربی طاقتیں پیش پیش ہیں جو مسلمانوں پر اپنی تہذیب اور اپنا استحصالی نظام مسلط کرنا چاہتی ہیں۔ تاہم قانون قدرت یہ ہے کہ فتح بالآخر حق کی ہوتی ہے۔ چنانچہ یہ امر اب کسی سے مخفی نہیں کہ اہل مغرب اپنی خودساختہ تہذیب کے بوجھ تلے کراہ رہے ہیں۔ سرمایہ داری' بے راہروی اور نسلی تعصب کے بت پاش پاش ہو رہے ہیں اور ساری دنیا کی نگاہیں اسلام کی جانب اٹھ رہی ہیں۔ خود مسلمان بھی رفتہ رفتہ خواب غفلت سے بیدار ہو رہے ہیں اور خالی خولی زبانی دعوؤں کو چھوڑ کر عملی طور پر دین حق کو اپنانے کی کوشش میں مصروف ہیں۔

اصول و فروع

دینی احکام کو اعتقاد اور عمل کے لحاظ سے دو حصوں یعنی اصول دین اور فروع دین میں تقسیم کیا گیا ہے۔ جہاں تک اصول دین کا تعلق ہے ہر مسلمان کے لیئے ان کا ایسی دلیل سے جاننا لازم ہے جس سے علم و یقین حاصل ہو۔ محض گمان یا تقلید کی بنا پر ان اصول کا ماننا کافی نہیں۔ البتہ فروع دین کی معرفت اگر علم یا معتبر دلیل سے نہ بھی ہو تو ایک زندہ مومن عاقل بالغ اور عادل مجتہد کی تقلید کافی ہے۔ مزید براں اگر کوئی شخص مجملاً" بھی فروع دین کا پابند نہ ہو (یا وہ احکام جن کو سب اہل اسلام دین کا رکن سمجھتے ہوں ان کا) منکر ہو اور اس کا یہ انکار دین اسلام کو جھٹلانے کے مترادف ہو تو وہ مسلمان نہیں رہتا۔

اصول دین پر اعتقاد واجب ہے اور وہ تعداد میں پانچ ہیں۔ یعنی

۱... توحید	۲... عدل
۳... نبوت	۴... امامت
۵... قیامت	☆

ان میں سے تین اصول یعنی توحید' نبوت اور قیامت اصول دین یا اصول اسلام کہلاتے ہیں اور ان میں سے کسی ایک کا انکار کرنا کفر کا موجب ہے۔ عدل اور امامت کو اصول مذہب یا اصول ایمان کہا جاتا ہے اور اثنا عشری شیعہ ہونے کے لیئے ان پر اعتقاد لازمی ہے۔

توحید

توحید سے مراد خالق کائنات کے وجود اور اس کے وحدہ لاشریک ہونے کا اعتقاد ہے۔

جیسا کہ اوپر بیان ہوا فطرت انسانی خالق کائنات کے وجود پر اعتقاد کی متقاضی ہے۔ جب انسان کائنات اور اس میں موجود مختلف النوع مخلوقات کو دیکھتا ہے اور اس کی بوقلمونی اور نظم و ضبط کا مشاہدہ کرتا ہے تو وہ اس بات کو تسلیم کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ یہ بے نظیر اور وسیع و عریض کارخانہ قدرت اپنے آپ ہی وجود میں نہیں آیا بلکہ اس کی صانع اور منتظم ایک ایسی دانا و بینا ہستی ہے جو ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے عقل انسانی کے اسی فطری فیصلے کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے۔

ان فی خلق السموٰت والارض واختلاف الیل والنّھار لاٰیت لاولی الالباب ○

یعنی آسمان اور زمین کی خلقت اور دن اور رات کے تغیر و تبدل میں عقلمند لوگوں کے لیئے بہت سی نشانیاں ہیں۔ (سورۃ آل عمران ۱۹۰)

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس امر کی کیا دلیل ہے کہ خالق و مالک کائنات کی ہستی واحد و یکتا ہے اور کوئی دوسرا اس کا شریک کار نہیں ؟ اثبات توحید کے بارے میں بہت سی دلیلیں دی گئی ہیں مثلاً

۱۔ دلیل تمانع و تناقض

اثبات توحید کے سلسلے میں علم کلام کے ماہرین نے جن دلائل پر بھروسہ کیا ہے ان میں سے ایک دلیل یہ ہے کہ خدا اگر کئی ایک ہوں تو ان میں سے ہر ایک کا مکمل طور پر قادر ہونا ضروری ہے کیونکہ یہ ناممکن ہے کہ کوئی ہستی بیک وقت پوری قوت اور طاقت بھی رکھتی ہو اور کمزور بھی ہو یعنی کامل

ہوتے ہوئے ناقص بھی ہو۔ قادر ہونے کے معنی ہی یہی ہیں کہ وہ ہستی اپنی قدرت کے تقاضوں کے بموجب ممکنات و مخلوقات میں ہر طرح کا تصرف کرنے کی اہل ہو اور کسی دوسرے کو یہ اختیار نہ ہو کہ اس کی مرضی کے خلاف عمل کر سکے۔ دوسرے لفظوں میں وہ ذات کامل نظام کائنات اور عالم موجودات کے ہر مرحلے میں خود مختار ہو اور دوسرے اس کے سامنے ناقص' مجبور اور بے بس ہوں۔ وہ بے نیاز ہو اور دوسرے اس کے محتاج ہوں۔ چنانچہ اگر خدا دو ہوں اور ان میں کسی امر میں اختلاف ہو جائے اور دونوں میں سے کسی کی خواہش بھی پوری نہ ہو تو دونوں کا عجز لازم آئے گا جبکہ خالق اور واجب الوجود کے بارے میں قادر مطلق ہونے کے ساتھ ساتھ عاجز ہونے کا تصور تناقض ہے۔ اس کے برعکس اگر ان میں سے ایک کی خواہش پوری ہو جائے اور دوسرے کی نہ ہو تو ان میں سے ایک کا عاجز ہونا ثابت ہو جاتا ہے اور یہ بھی تناقض ہے کیونکہ پہلے دونوں کو قادر مطلق تسلیم کیا جاچکا ہے۔

تیسری صورت یہ ہے کہ دونوں کے ارادے مکمل ہوں اور خلقت دونوں کے ارادے کے مطابق وجود میں آئی ہو۔ یہ امر بجائے خود محال ہے کیونکہ دو نقیضوں کا ایک ہو جانا ممکن ہی نہیں۔ بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک ہی شے کے کئی وجود ہوں؟ ایک وقت میں ایک فاعل و خالق کے ارادے سے ایک ممکن کے وجود کا امکان تو ہے لیکن یہ بات محال اور بے معنی ہے کہ ایک ہی چیز کی خالق دو قادر مطلق ہستیاں ہوں اور دونوں اس کی تخلیق کا ارادہ بیک وقت کریں اور ان کے ارادے میں سرمو تفاوت نہ ہو اور اگر کسی ممکن کی تخلیق صرف ایک ارادے سے ہو اور تخلیق کے وقت دوسرے کے ارادے کو اس عمل میں کوئی دخل نہ ہو تو دوسرا اس کا فاعل و خالق کیسے ہوگا؟

حقیقت یہ ہے کہ جب دو قادر مطلق اور واجب الوجود ہستیاں کار فرما ہوں تو ان کے ارادوں میں لازمی طور پر اختلاف ہو گا جس کا نتیجہ بالادستی کے لیئے تصادم اور فساد کی صورت میں نکلے گا۔ دونوں میں سے ہر ایک اپنے ارادے کو نافذالعمل کرنا اور دوسرے کے ارادے کو بے اثر بنانا چاہے گا اور چونکہ واجب الوجود کے ارادے کے بغیر کوئی چیز وجود پذیر ہو ہی نہیں سکتی' اس لیئے ان دونوں کی باہمی کشاکش کی بنا پر موجودات کا مفہوم ہی باطل ہو کر رہ جائے گا۔ چنانچہ قرآن مجید کی متعدد آیتوں میں اس نکتے کی جانب اشارہ ہے کہ اگر زمین اور آسمان میں کئی خدا ہوتے تو دونوں تباہ ہو جاتے جیسے **لوکان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا** اس کے برعکس ہم دیکھتے ہیں کہ کائنات میں نظم و ضبط اور استحکام بدرجہ اتم موجود ہے اور یہ اس امر کی دلیل ہے کہ خداوند عالم وحدہ لاشریک ہے۔

۲۔ نفی ترکیب

ذہنی مفاہیم کی وجود خارجی کے اعتبار سے تین قسمیں ہیں۔

۱... واجب الوجود یعنی وہ ذات جو غیر سے بے نیاز اور کمال مطلق ہو اور یہ ذات خداوند عالم عزوجل شانہ کی ہے۔

۲... ممکن الوجود یعنی وہ ذات جس کا وجود دوسرے کا مرہون منت ہو۔

۳... ممتنع الوجود یعنی وہ ذات جس کا وجود خارج میں محال ہو۔

بالفرض اگر کئی خدا مان لیئے جائیں تو واجب الوجود متعدد ہوں گے۔ پھر ان میں امتیاز پیدا کرنے اور ان کی باہمی حیثیت متعین کرنے کے لیئے کسی کی ضرورت ہو گی اور ایک ایسی صفت کا تسلیم کرنا بھی لازم آئے گا جو انہیں ایک دوسرے سے ممیّز کرے کیونکہ بصورت دیگر "کئی" ہونے کا مطلب ہی کچھ نہ رہے گا۔ ان کئی خداؤں کو امتیاز دینے اور الگ کرنے والا اگر ان کے اصل وجود سے ماوراء اور جدا ہو گا تو "واجب الوجود" مرکب ہو جائے گا۔ جہاں تک مرکب کا سوال ہے وہ اپنے اجزاء کا محتاج ہے اور محتاج ہونا ممکن کی صفت ہے کیونکہ ممکن الوجود فی نفسہ مرکب ہوتا ہے اور کوئی چیز خود اپنے لیئے علت بن جائے یہ محال ہے۔ مزید براں احتیاج نقص اور عیب ہے اور نقص اور عیب واجب الوجود کی نہیں بلکہ ممکن کی صفت ہے۔ واجب الوجود تو غیر سے بے نیاز اور کمال مطلق کا مالک ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی صفات

جس طرح اللہ تعالیٰ ذات میں واحد ہے اسی طرح صفات میں بھی یکتا ہے۔ اس کی کسی صفت میں کوئی اس کے برابر نہیں جو صفت یا صفات وجود کے بعد اور وجود کے تابع ہوں وہ ممکن کے لیئے مختص ہیں جہاں تک واجب الوجود کا تعلق ہے اس کی صفات عین وجود ہوتی ہیں اور اس کا وجود اور اس کی توحید ایک ہی شئے ہے۔ امام علی علیہ السلام نے اسی نکتے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ :

"اس کی توحید کا کمال یہ ہے کہ اس سے صفات کی نفی کی جائے۔"

یہاں صفات کی نفی سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات سے زائد صفات کی نفی ہے۔ انسان کی صفات

اس کی ذات سے زائد ہوتی ہیں اور اللہ تعالٰی کی صفات اور وجود ذاتی اور عین ذات ہیں' خارج و زائد نہیں ہیں۔ اسی معنی میں وارد ہوا ہے کہ خداوند عالم کی ذات کل کی کل وجوب' کل کی کل قدرت' کل کی کل علم اور کل کی کل حیات ہے۔

اللہ تعالٰی کی صفات کی دو اقسام ہیں یعنی صفات ثبوتیہ اور صفات سلبیہ۔

صفات ثبوتیہ

صفات ثبوتیہ کی دو قسمیں ہیں۔

۱۔ **صفات ذاتیہ :** یہ تین ہیں یعنی حیات' قدرت اور علم اور علم کے متعلقات جیسے سمع' بصر وغیرہ۔

۲۔ **صفات فعلیہ :** یہ بہت سی صفتیں ہیں جیسے ارادہ' تکلم' صدق' رحمت اور غفران۔ انہیں صفات فعلیہ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ صفات عین فعل ہیں جو خارج از ذات ہیں۔ اس بنا پر خداوند عالم کی ذات اس سے محفوظ اور بلند ہے۔

صفات سلبیہ

یہ صفات آٹھ ہیں۔

۱... خداوند عالم کا کوئی شریک نہیں۔

۲... وہ مرکب نہیں۔

۳... وہ مجسم نہیں۔

۴... وہ مکین نہیں۔

۵... وہ مرئی نہیں۔ (یعنی دنیا اور آخرت میں آنکھوں سے دکھائی نہیں دے سکتا)

۶... وہ محتاج نہیں۔

۷... وہ محل حوادث نہیں یعنی اس پر تغیر' نوبہ نو صفات اور جسمانی عوارض جیسے (لذت' الم یا روز بروز پیدا ہونے والے عوارض) طاری نہیں ہوتے۔

۸... خداوند عالم میں صفات زائد نہیں یعنی حقائق و حالات و صفات اس میں قائم نہیں۔ مثلاً

وہ قادر، عالم اور حی ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ قدرت، علم اور حیات اس میں قائم ہیں۔ وہ زائد صفات سے بے نیاز ہے کیونکہ واجب الوجود کی شان یہ ہے کہ وہ بالذات ہر شے سے بے نیاز ہو۔ عوارض و حوادث کا محتاج واجب الوجود نہیں بلکہ ممکن الوجود ہوتا ہے۔

دراصل صفات سلبیہ وہ صفات ہیں جو نقائص ہیں اور اللہ تعالیٰ نقائص سے منزہ اور تمام کمالات کا مالک ہے۔

عدل

خداوند عالم عادل ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے کہ :

ومار بک بظلام للعبید ○

"تمہارا رب کسی پر ظلم نہیں کرتا۔" (سورۂ یونس)

یرید اللہ بکم الیسر و لا یرید بکم العسر ○

"اللہ تم کو آسانی دینا چاہتا ہے، سختی میں مبتلا نہیں کرنا چاہتا۔" (سورہ البقرہ آیت - ۱۸۵)

جب ہم کہتے ہیں کہ ذات باری تعالیٰ عادل ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہر طرح کے نقص و قبح سے پاک ہے۔ ظلم و جور اس کے لیئے ناروا ہے۔ جو اس کے لائق نہ ہو اس کا حکم نہیں دیتا اور جس کا کرنا ضروری ہو اسے ترک نہیں کرتا۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ وہ ہر چیز کے حسن و قبح اور بھلائی و برائی کا عالم ہے۔ وہ غنی بالذات ہے لہٰذا جیسا کہ صفات سلبیہ میں بیان ہو چکا ہے اس کا حاجت مند ہونا محال ہے اور چونکہ وہ واجب الوجود اور حکیم ہے اس لیئے اشیاء کی حقیقت جانتا ہے اور مخلوقات کو کامل ترین نفاست اور استحکام سے پیدا کرتا ہے۔ جو ذات قبح کو جانے بلکہ اسے متعین کرنے والی ہو اس سے فعل قبیح کا صدور محال ہے۔ جو ذات کسی برائی سے باخبر ہو وہ اس کا ارتکاب یا تو اپنی حاجت اور ضرورت کی بنا پر کرتی ہے اور یا تشفی خاطر کے لیئے کرتی ہے اور یہ دونوں باتیں خدائے بزرگ و برتر کی ذات کے لیئے محال ہیں۔

اس سلسلے میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا حسن و قبح اشیاء عقلی چیز ہے یعنی کیا عقل انسانی کسی چیز کی اچھائی یا برائی کا فیصلہ کرنے پر قادر ہے؟ اس کا جواب بدیہی طور پر اثبات میں ہے کیونکہ ہم اکثر و بیشتر ہر بات کے حسن و قبح کو دریافت کرتے اور سمجھتے ہیں اور اس فیصلے پر پہنچنے کے لیئے شرع اور قانون

کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔ اس بنا پر وہ لوگ بھی جو شریعت کو نہیں جانتے یا اس پر اعتقاد نہیں رکھتے اشیاء کے حسن و قبح کے قائل ہیں اور فطری طور پر ظلم کو ناپسند اور عدل و احسان کو پسند کرتے ہیں حتیٰ کہ کمسن بچے بھی اس کا شعور رکھتے ہیں۔

بندوں کے افعال

بندوں کے افعال کبھی اختیاری ہوتے ہیں اور کبھی غیراختیاری ۔ مثلاً رعشہ کے مریض کے بدن کا تھرتھرانا ایک غیراختیاری فعل ہے۔ بعض افعال بلا ارادہ سرزد ہوتے ہیں جیسے ایسے شخص کی حرکت جو غافل ہو یا سو رہا ہو البتہ بعض افعال ایسے بھی ہیں جو انسان کے ارادہ اور اختیار سے انجام پاتے ہیں جیسے عام حالات میں عام آدمی کے افعال مثلاً کھانا پینا' سونا' نماز پڑھنا وغیرہ۔

انسان کے تمام اختیاری افعال خواہ وہ شائستہ ہوں یا غیر شائستہ' حقیقی طور پر اسی کی طرف منسوب ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ان سے براہ راست کوئی تعلق نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ انسان کو ان افعال کے انجام دینے پر مجبور کرتا ہے حالانکہ وہ کوئی رکاوٹ پیدا کر کے بندے کو روک سکتا ہے۔ البتہ تمام افعال اور اعمال کے اسباب اللہ تعالیٰ ہی کے قبضہ قدرت میں ہیں۔ وہی بندے میں قدرت پیدا کرتا ہے اور اسے اختیار دیتا ہے۔ پھر اسے ہدایت کا راستہ بتا کر اس پر چلنے کا حکم دیتا ہے اور گمراہی کے راستے کی نشاندہی کر کے اس سے بچنے کا طریقہ بتاتا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوا ہے کہ :

انا ھدیناہ النجدین ○

" اور ہم نے اسے دونوں راستوں سے باخبر کر دیا ہے۔" (سورۂ بلد آیت ۱۰)

انا ھدیناہ السبیل اما شاکراً واما کفوراً ○

" اور ہم نے راستہ دکھا دیا ہے' اب چاہے انسان (نیک عمل کر کے) شکرگزار بنے یا (گناہ کا مرتکب ہو کر) ناشکرگزار۔" (سورہ دھر آیت ۳)

اب یہ بندے کے لیئے ہے کہ وہ اچھے کام کرے یا برائی کا راستہ اپنائے۔ اگر وہ اچھے کام کرے گا تو یہ اس کا حسن انتخاب ہو گا اور اللہ تعالیٰ کی ہدایت اور توفیق اس کا ساتھ دے گی اور اگر وہ برائی میں مبتلا ہو گا تو یہ اس کا غلط انتخاب ہو گا۔ اس کے مقابلے میں خداوندعالم نے اس پر حجت قائم کر دی ہے یعنی اسے عقوبت اور عذاب سے باخبر کر دیا ہے۔

انسان کی تعریف اور مذمت

ثواب اور عذاب کا تعلق فقط اس کے ان افعال سے ہے جو وہ اپنے ارادے اور اختیار سے کرتا ہے۔ مثلاً کھانا پینا' چلنا پھرنا' نماز پڑھنا وغیرہ ایسے افعال ہیں جنہیں عقل بلاضرورت دلیل انسانی فعل کہتی ہے اور اس طرح کے کام کرنے والوں کی تعریف یا مذمت کرتی ہے۔ کسی عمل کے بلااختیار صادر ہونے پر متعلقہ شخص کسی تعریف یا مذمت کا حقدار نہیں ٹھہرتا لہٰذا اگر بندوں کے تمام افعال بلااختیار ہوتے تو مدح و قدح کا کوئی جواز باقی نہ رہتا حالانکہ عقلمند لوگوں کا تعریف یا مذمت کرنا واضح ہے۔

اللہ تعالیٰ کا بندوں سے جزا و سزا کا وعدہ بھی اس امر کی محکم دلیل ہے کہ وہ اپنے بعض افعال میں خودمختار ہیں اور مجبور نہیں ہیں۔ انہی انسانی افعال کے پیش نظر خدائے بزرگ و برتر نے رسول بھیجے۔ کتابیں نازل کیں اور بندوں کو اچھے کاموں کا حکم دیا اور برے کاموں سے بچنے کی ہدایت فرمائی۔ اب اگر انسان کو قطعی طور پر مجبور اور بے اختیار تصور کر لیا جائے تو انبیاء کا بھیجنا اور کتابوں کا نازل کرنا عبث قرار پائے گا اور بندوں پر خداوندعالم کا عتاب قبیح ہو گا۔ عقل کا فیصلہ ہے کہ جو بات کسی کے اختیار سے باہر ہو' اس پر اسے سزا دینا قبیح ہے۔ ایسی سزا ظلم کی بدترین قسم ہے اور ظلم و قبح سے خداوند عالم کی ذات بہت بلند ہے۔

قوانین شرع کے اوصاف اور ان کی ضرورت

جیسا کہ اوپر ذکر آچکا ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی ہدایت کی خاطر رسول بھیجے۔ کتابیں نازل فرمائیں اور انہیں ان کے اعمال کی جزا و سزا سے خبردار کیا ہے۔ بالفاظ دیگر ان کے امکان اور طاقت کے مطابق انہیں ایسے امور کا پابند کیا ہے جن میں ان کی بہتری ہو اور ایسے کاموں سے روکا ہے جن میں خود ان کا نقصان ہو۔ ان پابندیوں کو شرعی اصطلاح میں "تکلیف" کہا جاتا ہے اور جس شخص پر ان پابندیوں کا اطلاق ہو وہ مکلف کہلاتا ہے "تکلیف" واجب ہے اور اس کی بنیاد صلاح' فلاح اور مصلحت پر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کے بغیر دینی اور دنیاوی فوائد کا حصول ممکن نہیں۔

خدائے عزوجل نے انسان کو اشرف المخلوقات کا رتبہ بخشا ہے۔ اس کی تخلیق کا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ وہ نفسانی خواہشات اور لطف اندوزی کی خاطر تمام اخلاقی پابندیوں سے آزاد منشاء قدرت سے بے نیاز ہو جائے اور خورد و نوش اور لہو و لعب میں زندگی گزار دے۔ دراصل خداوند عالم نے اسے کمالات

کی جستجو اور زندگی کی انتہائی بلندیوں تک پرواز کے لیئے پیدا کیا ہے۔ اس مقصد کی تکمیل اسی وقت ممکن ہے جب وہ جہالت اور نادانی کی پستی سے ابھر کر علم کی بلند سطح پر آجائے۔ بھلائی اور برائی میں تمیز کرنا سیکھے اور نیک اعمال کے ذریعے خود اپنے اور معاشرے کے لیئے خوشگوار ماحول پیدا کر کے سعادت دارین حاصل کرے۔

بھلائی اور برائی میں تمیز کرنے کے لیئے اللہ تعالی نے انسان کو عقل عطا فرمائی ہے۔ تاہم عقل انسانی کا دائرۂ عمل محدود ہے اور وہ صلاح، فلاح اور سعادت کے مفہوم کا کماحقہ' ادراک نہیں کر سکتی۔ لہذا خداوندعالم نے خود ایسے شرعی قوانین واضع فرمائے ہیں جن کی پابندی کرنے اور جن کے مطابق عمل کرنے سے انسان معیاری زندگی گزار سکتا ہے۔ انہی قوانیں کی پابندی حصول ثواب کا موجب ہے اور آخرت میں کرامت کی منزل تک پہنچنے کا استحقاق پیدا کرتی ہے اور یہی وہ منزل ہے جس تک رسائی تخلیق انسان کا اصل مقصد ہے۔

" تکلیف " (شرعی پابندیاں) خدائے بزرگ و برتر کی طرف سے اس کا لطف ہے۔ اصل حکمت الہی کا تقاضا ہی یہ ہے کہ تکلیف واجب ہو۔ نعوذباللہ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ غیرخدا نے یہ بات خداوندعالم پر لازم کی ہے بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ انسان چونکہ طبعا" نفسانی خواہشات، سرکشی، ظلم، زیادتی، بدی اور گناہوں کی جانب میلان رکھتا ہے اور اطاعت پسند نہیں اس لیئے اس کے برائی سے اجتناب برتنے کے لیئے صرف اتنا ہی جان لینا کافی نہیں کہ ایک اچھا عمل قابل مدح ہے اور قبیح عمل قابل قدح ہے بلکہ اسے افعال بد سے باز رکھنے کے لیئے خوف اور سزا کا عنصر بھی لازمی ہے۔

ہمارا یہ روزمرہ کا مشاہدہ ہے کہ اگر انسان اپنی باگ ڈور ڈھیلی کر دے اور خواہشات نفسانی اور لہو و لعب میں مبتلا ہو جائے تو پھر وہ اپنی کسی عادت کو محض اسکی برائی کی وجہ سے ترک کرنے پر آمادہ نہیں ہوتا لیکن اگر اس پر کوئی ایسا شخص مسلط کر دیا جائے جو اسکے اعمال پر کڑی نظر رکھتا ہو اور جسکی جانب سے اسے سزا کا خوف بھی ہو تو پھر وہ برے کاموں سے باز رہنے کی کوشش کرتا ہے۔ جزا و سزا کا احساس انسان کو اچھائیوں کی طرف مائل کرتا ہے اور برائیوں سے روکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انسان کیلئے حدود و قوانین بنانا ضروری ہے اور ذات حکیم کے لطف و حکمت کے تقاضہ کے عین مطابق ہے چنانچہ خداوند عالم پر لازم ہے کہ وہ بندوں کے لیئے فرائض و احکام وضع کرے اور یہی اسکا دستور ہے۔

نبوت

نبی یا رسول وہ انسان ہے جسے خداوندعالم اس مقصد سے منتخب کرتا ہے کہ وہ اس کے بندوں کو ان امور کی خبردے جن کا اسے حکم دیا گیا ہو۔ ان امور کا حکم نبی کو کسی بشر کے واسطے سے نہیں بلکہ جبرائیلؑ کے واسطے سے ملتا یا پہنچتا ہے۔

جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں بندوں کو مکلف قرار دینا اور ان کے لیئے ایسی شریعت کی بنیاد قائم کرنا ضروری ہے جس پر عمل کرنے سے وہ سعادت حاصل کریں اور جس کے ذریعے ان کے معاشرے کی اصلاح ہو۔ اس مقصد کے حصول کے لیئے کسی نہ کسی رسول کا بھیجنا لازمی ہے تاکہ وہ انسانوں میں احکام شریعت کی تبلیغ کرے اور انہیں ان امور کی پہچان کرائے جو ان کی اصلاح و بہبود اور دنیا و آخرت کی سعادت اور ان کے نفوس کی تکمیل کا سبب ہیں۔ وہ ان میں عدل کو رواج دے، اطاعت پر جنت کی بشارت دے اور نافرمانی پر عذاب جہنم سے ڈرائے۔ اگر انبیاء و مرسلین نہ بھیجے جاتے تو بندوں کو مکلف قرار دینے اور شریعت کی بنیاد رکھنے کی غرض و غایت پوری نہ ہوتی۔ چونکہ عقل انسانی ان تمام چیزوں کو درک نہیں کر سکتی جن میں اچھائی اور سعادت مندی مضمر ہے جبکہ شریعت ان تمام امور کا احاطہ کرتی ہے لہذا حکمت و عدالت کا تقاضا ہے کہ کسی ایسے شخص کو بھیجا جائے جو لوگوں کو شریعت کے ضوابط و رموز سے آگاہ کر سکے۔ چنانچہ انبیاء کرام کا مبعوث کرنا بھی اللہ تعالیٰ کے لطف و حکمت کے عین مطابق ہے۔

نبی کے لیئے ضروری ہے کہ وہ تمام فضائل اور صفات و کمالات میں جامع اور اپنے اہل زمانہ سے افضل ہو اور عصمت کے وصف سے متصف ہو۔ عصمت ایک نفسانی چیز ہے جو معصوم کو لطف و توفیق الٰہی سے حاصل ہوتی ہے۔ اس کے ذریعے معصوم اپنے اختیار اور ارادہ سے ہر گناہ اور ہر فعل قبیح کے

ارتکاب سے پاک رہتا ہے۔ چنانچہ نبی کے لیئے تمام چھوٹے بڑے گناہوں سے عمداً و سہواً۔ قبل بعثت و بعد بعثت۔ حالت تبلیغ میں بھی اور اس کے علاوہ حالات میں بھی معصوم ہونا ضروری ہے۔ اسی طرح اس کا سہو و نسیان سے پاک اور تمام نقائص و عیوب (مثلاً پست قسم کا پیشہ کا اپنانا' کینہ و حسد رکھنا' بخیل و بزدل ہونا' برص و جذام کے مرض میں مبتلا ہونا' بدکاری سے پیدا ہونا' اس کی بیوی کا بدکار ہونا وغیرہ وغیرہ) سے بھی مبرا و منزہ ہونا ضروری ہے۔

نبی کے لیئے عصمت کی شرط کا لزوم عقلی اعتبار سے ثابت اور واضح ہے جیسا کہ اوپر بیان ہوا نبی کے بھیجنے کی غرض و غایت ہی یہ ہے کہ وہ احکام شریعت نوع بشر تک پہنچائے۔ واجب اور حرام کے متعلق شرعی احکام سے انہیں آگاہ کرے اور آداب و کمالات انسانی کے حصول کی تعلیم دے۔ لہذا اگر نبی تمام حالات میں معصوم نہ ہو تو اس بات کا اطمینان نہیں ہو گا کہ وہ شریعت میں کوئی تغیر و تبدل نہیں کرے گا۔ اس عدم اطمینان کی بناء پر اس کے اقوال اور کردار پر لوگوں کو بھروسہ نہیں رہے گا اور چونکہ انہیں اس امر کی تشفی نہیں ہو گی کہ اس کے بیان کردہ احکام خدا کی جانب سے ہیں اس لیئے کوئی بھی انہیں اطمینان قلب کے ساتھ قبول نہیں کرے گا۔

مزید برآں اگر وہ تبلیغ کے علاوہ دیگر حالات میں بھی مختلف الانوع گناہوں اور نقائص و عیوب سے مبرا نہ ہو اور احکام شریعت اور دیگر موضوعات میں خطا و سہو سے پاک نہ ہو تب بھی تبلیغ کے وقت اس کی عصمت کے بارے میں شک و ریب فطری ہو گا۔

مثال کے طور پر جیسا کہ ہم وجدانی طور پر جانتے ہیں۔ اگر ایک عالم دین اپنے اکثر اقوال و افعال میں سچا ہو لیکن اس سے کچھ لغزشیں اور ایسے ناشائستہ افعال سرزد ہو جائیں جو کمال نفسانی اور اس کی روحانی حیثیت کے منافی ہوں تو لوگوں کی نظروں میں اس کی قدر و منزلت باقی نہیں رہتی اور اس سے وثوق و اطمینان سلب ہو جاتا ہے۔ جب ایک غیر نبی کے بارے میں یہ صورت ہو تو یہی صورت ایک نبی کے بارے میں کیوں نہ ہو گی جو نوع بشر کا رہبر اور اصلاح و بہبود کے امور میں ان کا معلم ہے اور اپنے اقوال و افعال کے ذریعے ان چیزوں کا مصلح بن کر آیا ہے جن کے حسن و قبح کو عام انسان نہیں سمجھ پاتے اور وہ باتیں بیان کرنے آیا ہے جن کے ادراک سے عقل عاجز اور قاصر ہے۔

اگر نبی بھی گناہ' خطا اور سہو و نسیان میں اسی طرح مبتلا ہو جس طرح دوسرے لوگ مبتلا ہوتے ہیں تو وہ بھی انہی جیسا ہو گا۔ اس صورت میں یہ کہنا" صحیح نہیں کہ وہ نوع بشر کے لیئے خدا کی حجت

بن سکے۔ کیونکہ جب نبی میں اور ان لوگوں میں جن کی ہدایت کے لیئے اسے بھیجا گیا ہے یہ عیوب و نقائص مشترک ہوں گے تو کوئی ترجیح باقی نہیں رہے گی جس کی بنا پر یہ نبی دوسرے لوگوں پر حجت ہو' لہٰذا اسے نبی قرار دینا نقض غرض اور حکمت الٰہی کے خلاف ہوگا۔ بنابریں یہ ضروری ہے کہ نبی اپنی تمام تر زندگی میں اپنے تمام حالات اور اطوار میں معصوم ہو اور تمام فضائل و کمالات سے مزین ہو تاکہ اس کی بعثت کا مقصد حاصل ہو سکے۔ اسے ایک ایسی پاک و پاکیزہ ہستی ہونا چاہیئے جس کے سامنے نوع بشر سر تسلیم خم کرے اور اس کے قول و فعل سے تمام احکام و کمالات اخذ کرے۔ مزاج نبی اس سے انکار کرتا ہے کہ وہ آن واحد کے لیئے کسی حالت میں بھی غیر معصوم ہو اور ان تمام عیوب سے منزہ و مبرا نہ ہو جن سے لوگ نفرت کرتے ہیں کیونکہ لوگوں کی نفرت اور عدم اطاعت اس کے رسول بنا کر بھیجے جانے اور لوگوں پر حجت خدا ہونے کے مقصد کے منافی ہے۔

نبی کا اپنے زمانے کے لوگوں سے فضائل و کمالات میں افضل و برتر ہونا بھی لازم ہے کیونکہ خدائے دانا و حکیم کے لیئے یہ قبیح ہے کہ وہ مفضول کو فاضل کا سردار اور رئیس قرار دے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے۔

افمن یهدی الی الحق احق ان یتبع امن لایهدی الا ان یهدی فمالکم کیف تحکمون

"کیا وہ شخص جو حق کی طرف ہدایت کرتا ہے زیادہ حقدار ہے کہ اس کی اتباع کی جائے یا وہ جو اس وقت تک ہدایت نہیں کر سکتا جب تک اسے ہدایت نہ کی جائے۔ پس تمہیں کیا ہو گیا ہے۔ تم کیسا حکم لگاتے ہو؟" (سورۂ یونس آیت ۳۵)

یوں تو اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کی ہدایت کے لیئے بہت سے انبیاء کرام کو مبعوث فرمایا لیکن قرآن مجید نے چھبیس انبیاء کا تذکرہ ان کے نام کے ساتھ کیا ہے جن میں حضرت آدم علیہ السلام' حضرت نوح' حضرت ہود' حضرت صالح' حضرت ابراہیم' حضرت لوط' حضرت اسمٰعیل' حضرت اسحٰق' حضرت یعقوب' حضرت یوسف' حضرت ایوب' حضرت شعیب' حضرت موسیٰ' حضرت ذوالکفل' حضرت داؤد' حضرت سلیمان' حضرت الیاس' حضرت الیسع' حضرت یونس' حضرت زکریا' حضرت یحییٰ' حضرت عیسیٰ علیہم السلام اور ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شامل ہیں۔ تمام انبیاء کرام میں سے اولوالعزم پانچ ہیں جن کے اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔

حضرت نوحؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت عیسیٰؑ اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان پانچ نبیوں میں سے بھی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے افضل اور خاتم النبیین ہیں۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پہلے انبیاء کرام مختلف ممالک اور اقوام کی ہدایت کے لیے مبعوث ہوتے رہے لیکن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے لیے ساری دنیا کے لیے اپنا رسول بنا کر بھیجا۔ آپ کی ذات اقدس پر منصب نبوت کا خاتمہ ہو گیا اور اب کبھی بھی کوئی اور نبی دنیا میں نہیں آئے گا۔ آپ کی نبوت کا اقرار کرنا اور آپ کی اتباع کرنا ہم سب پر واجب ہے۔

آپ کے والد بزرگوار کا نام حضرت عبداللہؑ اور والدۂ گرامی کا اسم شریف حضرت آمنہؑ بنت وہب ہے۔ آپ کی کنیت ابوالقاسم ہے۔

آپ عام الفیل (بمطابق ۵۷۰ میلادی) میں ۱۷ ربیع الاول کو مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ ایک اور قول کے مطابق آپ کی ولادت باسعادت ۱۲ ربیع الاول کو ہوئی۔ لیکن پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

بعثت کے وقت آپ کی عمر چالیس سال تھی۔ آپ ۲۷ رجب کو مبعوث بہ رسالت ہوئے اور بعثت کے بعد ۲۳ سال زندہ رہے جن میں سے تیرہ سال آپ نے مکہ میں گزارے اور پھر مدینہ منورہ کی طرف ہجرت فرمائی۔ وہاں آپ دس سال رہے اور پھر ۲۸ صفر کو رفیق اعلیٰ کی طرف رحلت فرمائی۔ وفات کے وقت آپ کی عمر مبارک تریسٹھ سال تھی۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تعلق قریش کے عالی مرتبت خاندان بنوہاشم سے تھا۔ آپ کے آباؤاجداد اور مادران گرامی کے متعلق ہمارا اعتقاد ہے کہ جناب عبداللہؑ سے لے کر حضرت آدمؑ تک اور جناب حضرت آمنہؑ سے لے کر جناب حضرت حواؑ تک کوئی بھی بدکار اور کافر نہیں تھا۔

معجزہ بطور دلیل نبوت

انبیاء علیہم السلام کی نبوت کے دلائل میں ان کے معجزات بھی ہوتے ہیں۔ معجزہ اس خارق اور خلاف عادت فعل کو کہتے ہیں جس کا ظہور قوت بشری سے خارج ہو اور جسے خداوند عالم اپنے نبی کی تائید

کے لیئے ایجاد کرے۔ نیز معجزہ کے لیئے ضروری ہے کہ اس کا ظہور دعویٰ نبوت کے ساتھ ساتھ ہو اور وہ نوع بشر کو چیلنج دے کر نبوت کے دعویٰ کے وقت صادر ہو۔ پس معلوم ہوا کہ معجزہ کا نبی کی دعویٰ نبوت کے ساتھ ساتھ ظہور پذیر ہونا نبی کے نبوت میں صادق ہونے کے براہین قاطعہ اور دلائل یقینیہ میں سے ہے اور اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ خداوند عالم نے اسے اپنے نبی کی تائید ہی کے لیئے ظاہر فرمایا ہے۔

خداوندعالم کے لیئے محال ہے کہ وہ جھوٹے شخص کی تائید کرے اور اس کے ہاتھ میں معجزہ قرار دے کیونکہ یہ امر عقلاً قبیح ہے اور خداوندعالم سے فعل قبیح کا صادر ہونا محال ہے۔

ہم نے معجزہ میں یہ شرط قرار دی ہے کہ وہ دعویٰ نبوت کے ساتھ ساتھ ہو تاکہ کرامت کا مفہوم اس سے خارج ہو جائے کیونکہ کرامت مدعیٔ نبوت کے علاوہ اولیاء اور صالح مومنین کے ہاتھوں پر بھی ظاہر ہوتی ہے۔

معجزہ کا دعویٰ نبوت کے مطابق ہونا بھی ضروری ہے تاکہ نبوت کا جھوٹا دعویٰ اس سے خارج ہو جائے۔ مثلاً مسیلمہ کذاب کے متعلق منقول ہے کہ جب اس نے نبوت کا دعویٰ کیا تو اس سے کہا گیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک بھینگے شخص کے لیئے دعا کی تھی تو اللہ تعالیٰ نے اس کی آنکھ درست کر دی تھی۔ چنانچہ مسیلمہ نے بھی ایک بھینگے شخص کے لیئے دعا کی جس کے نتیجے میں اس کی صحیح آنکھ بھی جاتی رہی۔

یہ بھی لازمی ہے کہ معجزہ کے معارضہ کی طاقت نوع بشر میں نہ ہو تاکہ جادو اور شعبدہ بازی کی انواع و اعمال اس سے خارج ہو جائیں کیونکہ ان کا مقابلہ یا معارضہ انسان کے لیئے ممکن ہے لیکن معجزے یعنی اس فعل کا جواب جس سے نبوت ثابت ہوتی ہے انسان کے بس کی بات نہیں۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کی دلیل آپ سے ان معجزات کثیرہ کا ظہور ہے جو معجزے کی مذکورہ بالا کسوٹی پر پورے اترتے ہیں کیونکہ اس میں شک نہیں کہ آپ نے دعویٰ فرمایا اور آپ کا دعویٰ معجزہ کے ساتھ تھا اور معجزہ دعوے کے مطابق تھا۔ ان معجزات میں قرآن مجید اور آئینِ شریعت اسلامی سرفہرست ہیں۔

۱- قرآن مجید

قرآن مجید اس وقت نازل ہوا جب عرب فصاحت و بلاغت کی کان تھے۔ تاہم اپنی تمام تر کوششوں کے باوجود وہ اس کے مقابلے سے عاجز رہے۔ پورے قرآن مجید کا مقابلہ اور معارضہ تو وہ کیا کرتے وہ اس کی ایک آیت کا جواب بھی نہ لاسکے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے اس ارشاد کے ساتھ چیلنج کیا کہ اگر جن اور انسان جمع ہو جائیں تب بھی وہ اس قرآن کی مثل نہیں لاسکتے۔

قل لان اجتمعت الانس والجن علی ان یاتوا بمثل ھذا القرآن لا یاتون بمثلہ ولوکان بعضھم لبعض ظھیرا ○

یعنی "اے رسولؐ! کہہ دو کہ اگر جن اور انسان اس قرآن کی مثل لانے کے لیئے جمع ہو جائیں تو وہ اس کی مثل و نظیر نہیں لاسکتے۔ اگرچہ وہ ایک دوسرے کے پشت پناہ اور مددگار ہی کیوں نہ بن جائیں۔" تفصیل کے لیئے تفسیر البیان کا مطالعہ فرمائیں۔

نیز یہ بھی ارشاد فرمایا کہ وہ اس جیسی دس سورتیں یا پھر ایک ہی سورۃ تیار کر کے لے آئیں لیکن وہ ایسا بھی نہ کر سکے۔ چنانچہ جب انہیں قرآن مجید کے مقابلہ و معارضہ میں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جنگ و جدال پر تل گئے۔ آخرکار خداوندعالم نے آپ کو فتح و نصرت اور ظفر و کامیابی سے ہمکنار کیا اور دشمنوں کو مغلوب و مقہور کیا۔ آپ کا امر نبوت ظاہر ہوا اور مستحکم ہو گیا۔ لہذا قرآن مجید خدائے علیم و خبیر کی جانب سے نازل شدہ ایک ایسی برہان دائمی اور زندہ جاوید معجزہ ہے جس کا مقابلہ باطل کے بس کی بات نہیں۔

۲- شریعت اسلامی

شریعت اسلامی ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ یہ قوانین کا ایک ایسا بے نظیر مجموعہ ہے جو انسان کی زندگی کے تمام دینی اور دنیاوی پہلوؤں کا احاطہ کیئے ہوئے ہے۔ چنانچہ اس میں وہ تمام احکام اور ہدایات موجود ہیں جن کی ضرورت انسان کو سعادت اور خوش بختی کے حصول کے لیئے قدم قدم پر پڑتی ہے۔ اس شریعت کی بنیاد سراسر عدالت اور حکمت پر ہے۔

نوع بشر شریعت اسلامی جیسے قوانین وضع کرنے سے قاصر ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ محدود عقل

انسانی لامحدود مسائل کا ادراک نہیں کر سکتی اور نہ ہی ان کا مداوا تلاش کر سکتی ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ مختلف ممالک کی اسمبلیوں اور پارلیمنٹوں میں محض ایک مسودہ قانون پر مہینوں بحث و تمحیص اور جانچ پڑتال کے بعد قانون کو آخری شکل دی جاتی ہے تو اس میں کوئی نہ کوئی سقم رہ ہی جاتا ہے۔

شریعت اسلامی کے نفاذ کا زمانہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدنی زندگی کا دس سال کا زمانہ ہے۔ بعثت کے بعد مکی زندگی کے تیرہ سالوں میں آپ کو حکومت، ریاست حاصل نہیں تھی چنانچہ قوانین اور شریعت کے نفاذ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ دس سال کی مختصر مدت میں نبی امی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایسے، جامع اور ہمہ گیر قوانین عادلہ وضع کرنا اور ان پر عملدرآمد کرانا اس امر کی قطعی اور یقینی دلیل ہے کہ شریعت کی تاسیس و تعمیر تعلیم الٰہی کی رہین منت ہے چنانچہ یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ قرن ہا قرن گزر جانے کے بعد بھی دنیا کے وہ قانون دان جنہیں اپنی تہذیب و تمدن اور علمیت پر ناز ہے شریعت اسلامی کی خوشہ چینی پر مجبور ہیں اور اس کے باوجود ایسے جامع قوانین وضع کرنے سے قاصر ہیں جو انسانی معاشرے کی اصلاح اور سعادت کے ضامن ہوں۔

قرآن مجید اور شریعت اسلامی کے علاوہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت سے معجزات صادر ہوئے جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

۱۔ آپؐ کے فرق اقدس پر ابر کا سایہ کرنا

جب بعثت سے پہلے آپ نے حضرت خدیجہؓ کا مال تجارت لے کر ملک شام کا سفر کیا تو ان کا غلام میسرہ بھی آپ کے ساتھ تھا۔ ان دنوں صحراؤں میں شدید گرمی تھی۔ چنانچہ میسرہ نے دیکھا کہ ایک ابر آپ کے سر پر سایہ کیئے رہتا تھا۔ جب آپ چلتے تو وہ بھی چلتا اور جب آپ رک جاتے تو وہ بھی رک جاتا۔ اس ابر کی وجہ سے حرارت آفتاب آپ تک نہیں پہنچتی تھی۔

۲۔ آپؐ کی انگلیوں سے پانی جاری ہونا

ایک دفعہ آپ ایک غزوہ کے سلسلے میں تشریف لے جارہے تھے اور ڈیڑھ ہزار کا لشکر آپ کے ہمراہ تھا۔ راستے میں پانی ختم ہو گیا۔ لوگ پیاس کی شدت سے بے چین تھے۔ آپ نے ایک برتن منگوایا جس میں تھوڑا سا پانی تھا۔ آپ نے اپنا دست مبارک اس برتن میں ڈال دیا۔ معاً آپ کی معجزنما

انگلیوں سے پانی جاری ہو گیا۔ اس وقت آپ نے اپنے ایک صحابی جابرؓ کو مخاطب کر کے فرمایا "اے جابر! اگر ہم ایک لاکھ ہوتے تب بھی یہ پانی کافی ہوتا۔"

۳۔ آپؐ کا قلیل کھانے سے خلق کثیر کو سیر کرنا

اس معجزے کا ظہور آپ سے متعدد مرتبہ ہوا۔ ایک موقع وہ تھا جب آپ نے دعوت ذوالعشیرہ دی تھی۔ تفصیل اس واقعہ کی یوں ہے کہ آپ نے بنی ہاشم کے چالیس افراد کو کھانے کی دعوت دی اور جناب امیر علیہ السلام کو کھانے کی تیاری کا حکم دیا۔ جناب امیرؑ بکرے کی ایک ران اور دودھ کا ایک پیالہ لائے۔ یہ کھانا سبھی نے کھایا لیکن اس میں کوئی کمی واقع نہ ہوئی بلکہ صرف کھانے والوں کی انگلیوں کے نشان نظر آئے۔

۴۔ آپؐ کے ہاتھ پر سنگریزوں کا تسبیح خدا کرنا

جناب ابوذر غفاریؓ بیان کرتے ہیں کہ مکور عامری نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا کہ آپ کوئی دلیل دیجئے جس سے پہچانا جائے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ پس آپؐ نے زمین سے سات کنکریاں اٹھائیں اور انہیں آپ کے ہاتھ پر تسبیح خدا پڑھتے سنا گیا۔

ان کے علاوہ آپ کے اور بھی بہت سے معجزات ہیں جو متعلقہ کتابوں میں مذکور ہیں ان میں آپ کی دعاؤں کا مقبول ہونا۔ وقت ہجرت غار ثور میں آپ کے نقش پا کا مخفی رہنا اور اسی غار کے دہانے پر مکڑی کا جالا بن دینا اور آپ کا غیب کی خبریں دینا شامل ہیں جن میں سے چند یہ ہیں۔

- ... آپؐ نے عمار یاسرؓ سے فرمایا کہ "اے عمار! تمہیں ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔"
- ... آپؐ نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ "اے علی! تمہیں ناقہ صالح کی کونچیں کاٹنے والے شخص سے مشابہ ایک ملعون شخص شہید کرے گا۔"
- ... آپؐ نے جناب فاطمہ زہراؑ سے فرمایا کہ "میرے اہل بیت میں سے سب سے پہلے تم مجھ سے آملو گی۔"
- ... آپؐ نے اپنی ازواج سے فرمایا کہ "افسوس اس پر جو تم میں سے اونٹ پر سوار ہو گی اور خروج کرے گی۔ مقام حواب کے کتے اس پر بھونکیں گے اور اس کے دائیں بائیں بہت

سے لوگ مارے جائیں گے۔"

○ ... آپؐ نے بنی امیہ کی سلطنت کی خبر دی۔

○ ... آپؐ نے امام حسین علیہ السلام کی شہادت کی خبر دی۔

○ ... حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کی ولادت کے وقت آپ نے انہیں " اے بادشاہوں کے باپ" کہہ کر بنی عباس کی حکومت کی خبر دی۔

○ ... آپؐ نے یہ خبر دی کہ عنقریب میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی۔

○ ... آپؐ نے یہ خبر دی کہ ایران کی حکومت جلد ختم ہو جائے گی اور اس کے برعکس روم کی حکومت طویل عرصہ تک باقی رہے گی۔

○ ... آپؐ نے اپنے چچا حضرت عباس بن عبدالمطلب کو غزوہ بدر کے موقع پر اس مال کی خبر دی جو وہ اپنی بیوی ام الفضل کے پاس رکھ آئے تھے۔

تفصیل اس واقعہ کی یوں ہے کہ جب حضرت عباس غزوہ بدر میں قید ہو گئے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آپ اپنا اور اپنے بھتیجوں عقیل، نوفل اور قثم کا فدیہ ادا کریں۔ حضرت عباس نے جواب دیا کہ میں تو پہلے سے ہی مسلمان ہوں۔ اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ خداوند عالم آپ کے اسلام کو بہتر جانتا ہے لیکن بظاہر تو آپ ہم سے مقابلہ کرنے آئے تھے۔ یہ سن کر حضرت عباس کہنے لگے کہ میرے پاس تو مال ہی نہیں ہے۔ اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ وہ مال کس کا ہے جو آپ ام الفضل کے پاس رکھ آئے ہیں اور اسے ہدایت کی ہے کہ اگر میں مارا جاؤں تو یہ مال فضل، عبداللہ اور قثم کو دے دینا۔ یہ سن کر حضرت عباس کہنے لگے۔ "قسم ہے اس ذات پاک کی جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ مبعوث برسالت کیا ہے یہ بات میرے اور ام الفضل کے علاوہ کسی کو معلوم نہ تھی۔" اس کے بعد انہوں نے اپنا اپنے دونوں بھتیجوں اور قثم کا فدیہ ادا کیا۔

قرآن مجید اور تاسیس شریعت کے سوا جن معجزات کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے صدور کا علم تواتر نسبا کے ذریعے حاصل ہوا ہے لہذا یہ معجزات آپ کی نبوت پر دلالت کرتے ہیں۔

تواتر سے مراد کسی چیز یا امر کے متعلق کسی ایسے گروہ کثیر کا خبر دینا ہے جس میں شامل افراد کا عقل اور عادت کی رو سے جھوٹ پر اتفاق کر لینا محال ہو۔ تواتر کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) تواتر لفظی (۲)

تواتر معنوی

جب خبر دینے والے اپنی خبر میں متفق اللفظ ہوں تو اسے تواتر لفظی کہتے ہیں۔ مثلاً اگر تمام خبر دینے والے متفقہ طور پر شہر مکہ کے وجود کی خبر دیں تو اس شہر کے وجود کا جو علم حاصل ہو گا وہ تواتر لفظی کی زمرے میں آئے گا۔ جب خبر دینے والے اپنی خبر میں متفق اللفظ نہ ہوں بلکہ معنی کے لحاظ سے ایک ہی بات کہیں تو اسے تواتر معنوی کہتے ہیں مثلاً خبر دینے والے کچھ لوگ یہ کہیں کہ طلبا زید سے سوالات کر رہے تھے اور کچھ لوگ یہ کہیں کہ چند اشخاص زید کے پاس تعلیم حاصل کرنے جاتے ہیں اور کچھ کہیں کہ زید نے ایک کتاب لکھی ہے تو یہ سب خبریں زید کے دانشمند ہونے پر دلالت کرتی ہیں۔

امامت

امامت دین اور دنیا کی اس عمومی رہبری کو کہتے ہیں جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیابت میں ایک شخص کو حاصل ہوتی ہے تاکہ وہ شریعت کی حفاظت کرے۔ حضور خاتم النبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ان کے قائم مقام کا منصوب ہونا واجب ہے اور اس امر پر سوائے چند فرقوں کے تمام فرق اسلامی متفق ہیں۔ بعض اہلسنت یہ کہتے ہیں کہ نصب امام کا وجوب عقلی ہے۔

ہم پیشتر یہ کہہ چکے ہیں کہ بشر کو "دین اور تکلیف" کی طرف دعوت دینا لطف ہے اور خداوندعالم پر واجب ہے لہٰذا جس طرح لوگوں کی صلاح و فلاح کا اہتمام کرنے اور فساد کا قلع قمع کرنے کے لیئے ایک نبی کا مبعوث ہونا ضروری ہے بالکل اسی طرح نبی کے احکام لوگوں تک پہنچانے۔ اسلامی حدود قائم کرنے۔ دین اسلام کی حفاظت کرنے۔ لوگوں میں عدل برقرار رکھنے۔ ان کے درمیان حق و انصاف کے مطابق فیصلے کرنے اور انہیں عبادات' معاملات اور سیاسیات کے احکام بتانے کے لیئے ایک امام کا ہونا بھی ضروری ہے۔ اس سے ظاہر ہوا کہ امام بھی ایک لطف ہے اور لطف صاحب الطاف پر واجب ہے۔ لہٰذا جس طرح نبی کو مبعوث کرنا خداوندعالم پر واجب ہے بالکل اسی طرح امام کو منصوب کرنا بھی اس پر واجب ہے۔ بنابریں امامت کسی بشری حکومت کا نام نہیں ہے بلکہ ایک الٰہی منصب ہے جو حکمت الٰہیہ کی اساس پر قائم ہے۔

حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانشینی ایک بہت ہی عالی منصب ہے اور اس منصب کی ذمہ داریوں سے کماحقہ عہدہ برآں ہونے کے لیئے امام کا بعض مخصوص اوصاف سے متصف ہونا ضروری ہے۔ چنانچہ جس طرح نبوت کے لیئے عصمت شرط ہے اسی طرح امامت کے لیئے بھی عصمت شرط ہے اور اس کے لیئے دلیل بعینہ وہی ہے جو نبی کے معصوم ہونے کے بارے میں بیان کی

گئی ہے کیونکہ اگر امام معصوم اور ہمہ صفت موصوف نہ ہو تو اس پر وثوق اور بھروسہ نہیں رہے گا اور لوگ اس کی اطاعت نہیں کریں گے۔ نتیجتاً اس کے نصب کرنے کی غرض یعنی حفاظت شریعت بھی حاصل نہیں ہو گی۔ امام کا معصوم اور نقائص و عیوب سے منزہ ہونا اس لیئے بھی ضروری ہے کہ لوگ اس سے متنفر نہ ہوں' ورنہ وہ اس کے اوامر و نواہی کو قبول نہیں کریں گے۔ اس کا اپنے زمانے کے تمام لوگوں سے افضل ہونا بھی ضروری ہے کیونکہ مفضول کو افضل پر مقدم کرنا عقلاً" قبیح ہے اور خدائے بزرگ و برتر کی ذات سے فعل قبیح کا صدور محال ہے۔

جیسا کہ اوپر بیان ہوا امام کا منصب ایک الٰہی منصب ہے اور وہ لوگوں کا بنایا ہوا یا منتخب کیا ہوا نہیں ہوتا بلکہ منصوص من اللہ ہوتا ہے۔ تاہم مسلمان غیبت امام کے دوران میں اسلامی حکومت قائم کرنے کے مجاز ہیں لیکن یہ بحث ہمارے موجودہ موضوع سے خارج ہے اور اس سلسلے میں دوسری متعلقہ کتابوں سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

ہمارا ایمان ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارہ جانشین ہیں جو سب امام برحق ہیں۔ ان میں سب سے پہلے امام جناب امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام ہیں۔ آپ کی امامت پر بے شمار دلائل ہیں جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

۱۔ حدیث دار

جب یہ آیت نازل ہوئی۔ **وانذر عشیرتک الاقربین ○**

" اور اپنے رشتہ دار کو ڈراؤ۔ " (سورہ شعراء۔ آیت ۲۱۴)

تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام علی علیہ السلام کو حکم دیا کہ بنی ہاشم کے لیئے ضیافت کا اہتمام کریں اس موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ کے متعلق ارشاد فرمایا۔

ھذا اخی و وصیی و خلیفتی بعلی و وارثی فاسمعوا لہ واطیعوا ○

یعنی " یہ میرا بھائی ہے۔ یہ میرا وصی ہے۔ میرے بعد میرا خلیفہ ہے اور میرا وارث ہے۔ تم لوگ اس کی باتیں سنو اور اس کی اطاعت کرو۔ "

۲۔ حدیث غدیر

تمام مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ حجتہ الوداع سے واپسی پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیر خم کے مقام پر مسلمانوں کے اجتماع سے مخاطب ہو کر فرمایا

الست اولیٰ من انفسکم

یعنی "کیا میں تمہاری جانوں سے بھی بہتر اور اولیٰ نہیں ہوں؟

اس پر لوگوں نے جواب دیا "بلی" یعنی بے شک آپ ہماری جانوں سے بھی بہتر اور اولیٰ ہیں۔

تب آپ نے فرمایا۔

من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ

یعنی "جس کا میں مولیٰ ہوں اس کا یہ علی بھی مولیٰ ہے۔"

اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے لوگوں سے اقرار لیا کہ آپ ان کی جانوں سے بہتر اور اولیٰ ہیں اور پھر حضرت علی علیہ السلام کو مولائیت میں اپنے برابر قرار دیا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حدیث میں لفظ مولا سے مراد اولیٰ ہی ہے لہٰذا حضرت علیؑ مومنوں کی جانوں اور نفسوں سے اولیٰ ہیں اور یہی منصب امامت ہے۔

۳۔ حدیث طائر

اس حدیث میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ "اے اللہ! اپنے محبوب ترین بندے کو میری طرف بھیج تاکہ وہ میرے ساتھ مل کر یہ پرندہ کھائے۔" اس وقت حضرت علیؑ وہاں پہنچے اور حضور رسالتماب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اس پرندے کا گوشت کھانے میں شریک ہوئے۔ یہ حدیث حضرت علیؑ کی افضلیت پر دلالت کرتی ہے کیونکہ خداوند عالم بلااستحقاق ان سے محبت نہیں کرتا اور جب وہ افضل ہیں تو مفضول کو افضل پر فوقیت نہیں دی جاسکتی۔

۴۔ حدیث منزلت

اس حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ نے ارشاد فرمایا :

انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی

یعنی "اے علی! تم میرے نزدیک ایسے ہی ہو جیسے ہارونؑ موسیٰؑ کے نزدیک تھے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔"

یہ روایت تمام روایتوں میں واضح الثبوت اور صحیح السند ہے۔ چنانچہ شیعہ سنی اکابر علمائے حدیث نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت علیؑ کو مدینہ منورہ میں خلیفہ مقرر فرما کر گئے اس وقت یہ حدیث ارشاد فرمائی۔ آپ نے اس حدیث کا اعادہ کئی دیگر مواقع پر بھی فرمایا۔

قرآن مجید اور کتب تواریخ سے یہ بات ثابت ہے کہ حضرت ہارونؑ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی۔ شریک نبوت اور تبلیغ و رسالت میں ان کے وزیر تھے۔ خداوندعالم نے حضرت ہارونؑ کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیئے قوت بازو بنایا تھا اور اگر وہ حضرت موسیٰؑ کے بعد زندہ رہتے تو ان کے خلیفہ اور امام واجب الاطاعت ہوتے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہاں حضرت علیؑ کے لیئے وہ تمام منزلیں ثابت کر دی ہیں جن پر حضرت ہارونؑ فائز تھے اور سوائے نبوت کے کسی سے مستثنیٰ نہیں کیا۔ لہٰذا منصب امامت آپ کے لیئے بدیہی طور پر ثابت ہے۔

۵- آیت ولایت

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ **انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین آمنوا الذین یقیمون الصلوٰۃ ویؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون ○** (سورۂ مائدہ آیت ۵۵)

یہ آیت مبارکہ اس وقت نازل ہوئی جب حضرت علیؑ نے رکوع کی حالت میں ایک سائل کو انگشتری عطا فرمائی چنانچہ سیوطی نے اور علی بن احمد الواحد نیشاپوری نے اسباب النزول میں اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ خداوند عالم نے ولایت کو اپنی ذات اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور رکوع میں زکوٰۃ دینے والے میں حصر کیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولایت کے معنی اولیٰ کے ہیں اور چونکہ حضرت علیؑ کی ولایت بھی اللہ اور رسولؐ کی ولایت کی ردیف میں مذکور ہے لہٰذا اس کا مطلب بھی اولیٰ ہی ہے۔

حضرت علی علیہ السلام کے فضائل کے بارے میں دلائل کی ایک طویل فہرست ہے۔ آپ علم و

علم، شجاعت و سخاوت، عبادت و عدالت، فصاحت و بلاغت، زہد و تقویٰ، سیاست، جہاد اور اسلام میں سبقت وغیرہ کے اعتبار سے تمام صحابہ کرام میں افضل ہیں اور چونکہ افضل پر غیرافضل کو مقدم کرنا عقلاً" قبیح ہے لہٰذا آپ سب پر مقدم ہیں۔

حضرت علیؑ کے علم و دانش کے بارے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ **اقضاکم علی** یعنی "تم لوگوں میں سب سے بہتر فیصلہ کرنے والے علی ہیں۔" اور

انا مدینة العلم و علیؑ بابها فمن اراد المدینة فلیات الباب

یعنی " میں شہر علم ہوں اور علی اس کا دروازہ ہیں پس جو شہر میں داخل ہونا چاہے وہ دروازے سے آئے۔"

صحابہ کرام اکثر و بیشتر حضرت علیؑ کی طرف رجوع کرتے تھے لیکن حضرت علی نے کبھی کسی صحابی کی طرف رجوع نہیں کیا۔ حدیث ثقلین بھی حضرت علیؑ اور آپ کی اولاد کے سب سے زیادہ عالم ہونے کی بین دلیل ہے۔ آپ قوت حدس اور ذکاوت میں بھی تمام صحابہ کرام میں ممتاز ترین حیثیت رکھتے تھے۔ آپ نے کئی ایک غیبی خبروں کی پیش گوئی بھی فرمائی۔ مثلاً آپ نے خود اپنی اور حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کی پیش گوئی فرمائی اور نہروان میں ہونے والے واقعات کی پیشگی خبر دی۔ آپ ہمیشہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کی آغوش مبارک میں پرورش پائی۔ آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وہ علوم حاصل کیے جو کسی دوسرے کے حصے میں نہیں آئے۔

حضرت علیؑ میدان کار زار کے عظیم ترین شہسوار ہیں اور آپ کی بہادری اور شجاعت ضرب المثل ہے۔ غزوات بدر۔ احد۔ احزاب اور حنین کے واقعات آپ کی جاں نثاری اور افضلیت کے شاہد ہیں۔ آپ نے کبھی بھی میدان جنگ میں پیٹھ نہیں دکھائی اور کوئی بڑے سے بڑا آزمودہ کار جنگجو بھی آپ کے مقابلے میں نہیں ٹھہر سکا۔ آپ کا اسم مبارک دلاوری اور فداکاری اور فتح و نصرت کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

اگر خواہی کہ روز رزم بر دشمن شوی غالب
بکن بر تیغ خود نام علی ابن ابی طالبؑ

جناب امیر علیہ السلام کی سخاوت میں برتری پر آیت **یوفون بالنذر** شاہد ہے۔ آپ نے اپنے نفس پر سائل کو ترجیح دی' چنانچہ خود بھوکے رہے اور کھانا سائل کو دے دیا۔ آپ نے اپنے ہاتھ کی کمائی سے حاصل کردہ ایک ہزار غلام آزاد کیئے اور کبھی کسی سائل کو اپنے دروازے سے مایوس نہیں لوٹایا اسی لیئے معاویہ تک نے آپ کے بارے میں کہا کہ :

" اگر علیؑ کے پاس ایک کمرے میں بھوسہ اور دوسرے میں سونا ہوتا تو وہ سونے کو بھوسے سے پہلے راہ خدا میں دے دیتے۔"

آیت نجویٰ پر سوائے آپ کے کسی نے عمل نہیں کیا۔ حضرت علیؑ کا زہد و عبادت آپ کی سیرت سے واضح ہے۔ آپ نے دنیا کو طلاق بائن دیدی تھی اور فرماتے تھے۔ "اے زرد اور سفید دنیا میرے سوا کسی اور کو دھوکا دے۔"

آپ شب و روز نماز میں مشغول رہتے تھے یہاں تک کہ آپ کی پیشانی پر زخم پڑ گیا تھا۔ نماز اس قدر خشوع و خضوع سے پڑھتے تھے کہ ایک دفعہ جسم اطہر میں لگا ہوا ایک تیر نماز کے دوران نکال لیا گیا لیکن آپ کو خبر نہ ہوئی۔ جو دعائیں آپ سے نقل ہوئی ہیں وہ آپ کی عبادت کی کثرت کی شاہد ہیں حتی کہ امام علی ابن الحسین علیہ السلام جنہیں کثرت عبادت کی بنا پر زین العابدین اور سید الساجدین کے القاب ملے اپنے جد بزرگوار کی عبادت کے مقابلے میں اپنی عبادت کو ہیچ سمجھتے تھے۔ لوگوں نے نماز شب اور نوافل بجالانا آپ ہی سے سیکھا۔

آپ کی غذا بے حد سادہ اور قلیل ہوتی تھی۔ آپ جو کی روٹی تناول فرماتے تھے جس کے ساتھ نمک یا سرکہ ہوتا تھا۔

تری ذات میں ہے اگر شرر تو خیال فقر و غنا نہ کر
کہ جہاں میں نان شعیر پر ہے مدار قوت حیدری

آپ کا لباس بھی بے حد سادہ ہوتا تھا چنانچہ خود ارشاد فرماتے تھے کہ میں نے اپنی قمیض میں اس قدر پیوند لگائے کہ مجھے پیوند لگانے سے شرم محسوس ہونے لگی۔ حالانکہ آپ کے پاس شام کے علاوہ تمام علاقوں سے بے شمار مال آتا تھا لیکن آپ یہ مال لوگوں میں تقسیم فرمادیتے تھے۔ خود آپ کا کفش اور نیام تلوار لیف خرما کا ہوتا تھا اور جب آپ نے جام شہادت نوش فرمایا تو ورثے میں کوئی مال نہیں

چھوڑا۔

حضرت علیؓ صحابہ کرام میں سب سے زیادہ حلیم تھے اور ہمیشہ عفو و درگزر سے کام لیتے حتیٰ کہ اپنے بدترین دشمنوں کو بھی معاف فرما دیتے تھے۔ آپ نے جنگ جمل میں مروان اور ابن زبیر کو معاف کر دیا۔ اسی طرح آپ نے جنگ صفین میں عمرو بن عاص اور بسر بن ارطاۃ سے اس وقت درگزر فرمایا جبکہ آپ کو ان پر مکمل تسلط حاصل ہو چکا تھا۔ جنگ صفین میں ہی جب دریا کا گھاٹ معاویہ بن ابوسفیان کے قبضے میں آیا تو اس نے آپ کے لشکر پر پانی بند کر دیا لیکن جب بعد میں گھاٹ پر آپ کا قبضہ ہو گیا تو آپ نے معاویہ کی لشکر پر پانی بند نہیں کیا۔

آپ اپنے زمانے کے بہترین قاضی تھے اور عدل و انصاف آپ کی فطرت میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ آپ جو مال آتا اسے لوگوں میں برابر تقسیم فرماتے اور خود اس میں سے ایک فرد کے برابر کا حصہ لیتے۔ جب آپ کے بھائی جناب عقیل نے کچھ زیادہ طلب کیا تو آپ نے جواب میں جو کچھ ارشاد فرمایا وہ مشہور ہے۔

جناب امیر علیہ السلام کی فصاحت اور بلاغت تو اظہر من الشمس ہے۔ آپ فصحاء کے امام اور بلغاء کے سردار ہیں۔ لوگوں نے کتابت اور خطابت آپ سے سیکھی۔ قریش میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد فصاحت و بلاغت کے طریقے آپ ہی نے بتلائے۔ نہج البلاغہ جو آپ کے خطبات اور مکتوبات کا مجموعہ ہے آپ کے افصح الناس ہونے کا بین ثبوت ہے۔ حضرت کے حسن خلق کے بارے میں ابن ابی الحدید فرماتے ہیں۔

"حضرت علیؓ کا حسن اخلاق، بشاشت روئی اور تبسم مزاجی ضرب المثل تھا اگرچہ آپ کے دشمن اس بات کو عیب گردانتے تھے۔"

آپ کی قوت رائے و تدبیر بھی بے مثال تھی۔ یہی وجہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگوں اور دیگر مہمات کی سیادت آپ کے سپرد فرماتے تھے۔ آپ ہی نے حضرت عمرؓ کو مشورہ دیا تھا کہ وہ جنگ روم و فارس میں خود شریک نہ ہوں کیونکہ اگر خلیفہ پر کوئی زد پڑی تو شوکت اسلام میں فرق آئے گا۔ اسلامی سن کو ہجرت سے شروع کرنے کی رائے بھی آپ ہی نے دی۔ آپ نے حضرت عثمانؓ کو بھی نہایت مفید مشورے دیئے اور اگر وہ ان پر عمل کرتے تو وہ واقعات پیش نہ آتے جو اوراق

تواریخ میں محفوظ ہیں اور جن کی تصریح ابن ابی الحدید نے کی ہے۔

حضرت علیؑ کا حسن سیاست بھی روز روشن کی طرح واضح ہے۔ آپ نے لوگوں میں عدل و مساوات کو قائم کیا۔ انہیں نیکی سے قریب اور بدی سے دور کیا۔ آپ نے طامع لوگوں کی امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ آپ نے اطاعت خالق پر اطاعت مخلوق کو کسی حال میں مقدم نہیں کیا اور دوسرے کئی ایک حکمرانوں کے برعکس اپنی حکومت مضبوط کرنے کے لیئے کبھی حیلہ بازی سے کام نہیں لیا۔ آپ نے فرمایا ہے کہ اگر دین اور تقویٰ مائل نہ ہوتا تو میں عرب کا سب سے چالاک سیاست دان ہوتا۔

جہاں تک حضرت علیؑ کے سب سے پہلے ایمان لانے کے مسئلے کا تعلق ہے۔ تمام روایات اس بات پر متفق ہیں کہ آپ مردوں میں مسلم اول ہیں۔ آپ نے خود فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو شنبہ کو مبعوث برسالت ہوئے اور میں نے سہ شنبہ کو اسلام قبول کیا۔ آپ نے کبھی کسی بت کو سجدہ نہیں کیا۔ آپ کے بے شمار اوصاف جو آپ کی افضلیت پر دلیل ہیں مختلف کتابوں میں مفصلاً درج ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام کی طرح باقی گیارہ ائمہ بھی برحق اور منصوص من اللہ ہیں۔ حضرت علیؑ نے حضرت امام حسن علیہ السلام کی امامت پر اور حضرت امام حسن نے حضرت امام حسین علیہ السلام کی امامت پر نص قائم فرمائی۔ اس کے بعد ہر امام نے دوسرے امام کی امامت پر نص قائم کی اور یہ بات شیعہ مذہب میں بالتواتر ثابت ہے۔

اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ وجوب نصب امام مسلمانوں کے مابین مسلم ہے اور جیسا کہ آیت مبارکہ لاینال عهدی الظالمین (سورۃ البقرۃ ۱۲۴) سے ثابت ہوتا ہے، امامت کے لیئے عصمت شرط ہے یہ امر بھی بدیہی ہے کہ حضرت علیؑ اور ان کی اولاد کے سوا کسی نے عصمت کا دعویٰ نہیں کیا لہٰذا ان کی عصمت ثابت ہے اور جن کی عصمت ثابت ہے ان کی امامت بھی ثابت ہے۔ نیز چونکہ ائمہ اثنا عشر کے علاوہ کوئی معصوم نہیں لہٰذا ان کے سوا کوئی امام بھی نہیں ہو سکتا۔

ائمہ اثناء عشر کا منصوص من اللہ ہونا کئی ایک احادیث نبویؐ سے بھی ثابت ہے مثلاً رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ و عترتی اھل بیتی وانھما لن یفترقا حتی

یردا علی الحوض' فلا تقد موهما فتهلکوا' ولا تقصروا عنها فتهلکوا' ولا تعلموهم فانهم اعلم منکم۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام حسین علیہ السلام کے متعلق فرمایا۔ "میرا یہ بیٹا امام ہے۔ امام کا فرزند' امام کا بھائی اور نو اماموں کا باپ ہے۔"

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ "میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے اور وہ سب کے سب قبیلہ قریش سے ہوں گے۔" یہ حدیث صحاح ستہ میں موجود ہے۔

فرمان نبویؐ ہے۔ " **من مات ولم یعرف امام زمانہ مات میتة جاهلیة۔**

یعنی " جو شخص اس حالت میں مرجائے کہ اپنے زمانے کے امام کو نہ پہچانتا ہو وہ جاہلیت کی موت مرتا ہے۔"

یہ حدیث اس امر پر دلیل ہے کہ ہر زمانے میں ایک امام کا ہونا ضروری ہے اور چونکہ سابقہ حدیث کی رو سے ائمہ کی تعداد بارہ ہے اور اس تعداد کا اطلاق دوسرے قریشی خلفاء پر نہیں ہوتا لہذا ائمہ اثناعشر کی امامت ثابت ہے۔

سیرت ائمہ کا مطالعہ کرنے والوں سے یہ بات پوشیدہ نہیں کہ تمام ائمہ علیہم السلام اپنے اپنے زمانے میں صفات کمالیہ و نفسیہ کے اعتبار سے یکتائے روزگار تھے۔ وہ علم' عبادت' سخاوت' زہد' تقویٰ قوت رائے اور بصیرت وغیرہ میں سب سے افضل تھے۔ انہوں نے کئی علوم ایجاد فرمائے اور ان کے اصحاب نے ان سے اخذ کردہ روایات کی مدد سے چھ ہزار سے زائد کتابیں تصنیف کیں۔ ان میں سے چار سو کتابیں مشہور ہوئیں جنہیں اصول اربعماۃ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ صرف ابان بن تغلب نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے تیس ہزار احادیث نقل کی ہیں۔ حسن بن وشا جو حضرت امام علی رضا علیہ السلام کے اصحاب میں سے تھے کہتے ہیں کہ میں نے مسجد کوفہ میں نو سو شیوخ سے ملاقات کی جن میں سے ہر ایک یہ کہتا تھا کہ مجھ سے یہ حدیث حضرت جعفر بن محمدؑ نے بیان فرمائی ہے۔

اس سے واضح طور پر ثابت ہوتا ہے کہ ائمہ اثناعشر علیہم السلام کے افضل اور امام برحق ہونے میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔

معاد

اجسام کے فنا ہو جانے کے بعد انہی اجسام کے دوبارہ وجود میں آنے کو معاد کہتے ہیں۔ قیامت میں خداوند عالم اجسام کو دوبارہ زندہ کرے گا تاکہ نیکوکاروں کو ان کی نیکی کی جزا اور بدکاروں کو ان کی بدی کی سزا دی جائے۔

خداوند عالم نے بندوں پر شرعی تکالیف واجب کی ہیں اور انہیں اوامر و نواہی کا پابند کیا ہے اس نے اطاعت پر ثواب اور معصیت پر عذاب کا وعدہ فرمایا ہے دنیا میں بے شمار مظالم ہوتے ہیں جن کا انصاف نہیں ہو پاتا اور انسان بہت سے ایسے گناہ کرتا ہے جن کی سزا اسے اس زندگی میں نہیں ملتی۔ اسی طرح اطاعت کا ثواب اور نیکی کی جزا بھی اس دنیا میں حاصل نہیں ہوتی لہذا اگر سزا جزا کا کوئی اہتمام نہ ہو تو تکلیف عبث قرار پاتی ہے اور ظلم کی شکل اختیار کر لیتی ہے کیونکہ بلا معاوضہ تکلیف دینا ظلم ہے علاوہ ازیں اس صورت میں خداوند عالم کی وعدہ خلافی لازم آتی ہے حالانکہ اس ذات اقدس سے نہ ہی ظلم اور وعدہ خلافی ممکن ہے اور نہ اس کا کوئی فعل عبث ہو سکتا ہے۔ لہذا حکمت الٰہی کا تقاضا ہی یہ ہے کہ ایک دن ایسا بھی ہو جب لوگوں کو محشور کیا جائے تاکہ ظالم سے مظلوم کا حق لیا جائے اور نیکوکاروں کو ان کے اچھے اعمال کی جزا اور بدکاروں کو ان کے افعال شنیعہ کی سزا دی جائے اسی دن کو یوم حشر' یوم جزا' یوم الدین' معاد اور قیامت کے ناموں سے یاد کیا جاتا ہے۔ یہ دن کب آئے گا اس کا علم صرف اللہ تعالیٰ کو ہے۔

قیامت کے برحق ہونے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ خداوند عالم نے انسان میں عاقبت اندیشی کی خاصیت ودیعت فرمائی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ عاقبت واقعی ایک حقیقی چیز ہے اگر عاقبت کا کوئی وجود نہ ہوتا تو انسانی ذہن میں اس کا احساس پیدا کرنے کی ضرورت ہی نہ تھی۔ اس صورت میں انسان فکر و اندوہ سے بے نیاز بہائم کی طرح کھا پی کر پلتا بڑھتا اور بالآخر مر جاتا لیکن اس کی ایسی بے مقصد زندگی عبث قرار پائی اور **لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم** ○ ایک لاحاصل فعل ٹھہرتا اور

چونکہ خدائے دانا و توانا عبث اور بے مقصد افعال سے پاک و پاکیزہ ہے لہذا ثابت ہوتا ہے کہ قیامت کا برپا ہونا تخلیق انسان کے مقصد کی تکمیل کے لیئے لازمی ہے۔

اب یہ سوال باقی رہ جاتا ہے کہ کیا گل سڑ کر خاک اور نیست و نابود شدہ انسان اجسام کا اپنی اصل شکل و صورت میں دوبارہ وجود پذیر ہونا ممکن ہے ؟ اس کا جواب بالکل واضح ہے کہ چونکہ خداوند عالم ہر چیز پر قادر ہے لہذا اس کا انسان کو وجود ثانی بخشنا عین ممکن ہے چنانچہ قرآن مجید میں ارشاد ہوا ہے کہ :

وضرب لنا مثلاً ونسی خلقه قال من یحی العظام وھی رمیم قل یحییھا الذی انشاھا اول مرة وھو بکل خلق علیم (سورۃ یٰسین : ۷۸ - ۷۹)۔

" یعنی ہماری نسبت باتیں بنانے لگا اور اپنی خلقت کی حالت کو بھول گیا اور کہنے لگا کہ جب یہ ہڈیاں گل سڑ کر خاک ہو جائیں گی تو پھر بھلا کون دوبارہ زندہ کر سکتا ہے۔ اے رسولؐ کہہ دو کہ وہی خداوند زندہ کریگا جس نے جب تم کچھ نہ تھے تمہیں پہلی مرتبہ زندہ کر دکھایا۔ وہ ہر طرح کی پیدائش سے واقف ہے۔"

قیامت پر ایمان رکھنا ہر مسلمان کے لیئے ضروری ہے اور دنیا و آخرت کی سعادت کا باعث بھی ہے کیونکہ یہ عقیدہ رکھنے والا گناہوں سے باز رہنے کی کوشش کرتا ہے اور اطاعت کی طرف راغب ہوتا ہے وہ عدل و انصاف کی راہ پر چلتا ہے دوسروں کے حقوق کی رعایت کرتا ہے۔ اخلاق حمیدہ سے متصف ہوتا ہے علم کے ذریعے کمال کے حصول کی کوشش کرتا ہے اور حتی الامکان نفس کو رذائل سے پاک رکھتا ہے۔

یہ بات قرآن مجید کی متعدد آیات' بے شمار احادیث اور پیشوایان دین کے اقوال سے واضح اور دین محمدیؐ کی ضروریات میں سے ہے کہ جس طرح قیامت پر ایمان رکھنا ضروری ہے اسی طرح ان تمام باتوں کا ماننا بھی لازم ہے جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حیات بعد از ممات اور قیامت کے سلسلے میں بیان فرمائی ہیں مثلاً حساب قبر' اعمال ناموں کا ہاتھ میں آنا۔ اعضائے انسانی کا باتیں کرنا حساب محشر' صراط میزان ' شفاعت' جنت ' حوض ' جہنم وغیرہ ان سب منازل کی تفصیل متعلقہ دینی کتابوں میں درج ہے۔

علم دین کی اہمیت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ والعصر ○ ان الانسان لفی خسر ○ الا الذین امنوا وعملوا الصالحات وتواصوا بالحق وتواصوا بالصبر (سورۃ العصر)۔

"قسم ہے عصر کی کہ انسان گھاٹے میں ہے مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور اچھے کام کرتے رہے اور ایک دوسرے کو حق اور صبر کی وصیت کرتے رہے۔"

ہمارے نزدیک حق یہ ہے کہ خداوند عالم نے ان حکیمانہ افعال کو کسی غرض و غایت کے پیش نظر انجام دیا ہے اور انسان چونکہ عالم سفلی کی اشرف المخلوقات میں سے ہے اس لیئے اس کی خلقت کی بھی کوئی غرض ضرور ہے اور وہ غرض انسان کے لیئے کوئی مضر چیز بھی نہیں ہو سکتی کیونکہ مضر کام جاہل یا محتاج ہی سے صادر ہو سکتا ہے اور خداوند عالم ان چیزوں سے بالاتر ہے لہٰذا وہ غرض کوئی مفید چیز ہونی چاہیئے نیز یہ غرض خداوند عالم کی طرف عائد نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ ذات اقدس تمام اغراض سے مستغنی ہے۔ لہٰذا لامحالہ تخلیق مخلوقات کی یہ غرض بندوں کی طرف عائد ہو گی اور چونکہ چند معمولی چیزوں کے سوا دنیوی حقیقی اغراض نہیں ہو سکتیں اس لیئے تخلیق مخلوقات کی غرض دنیوی بھی نہیں ہو سکتی اور چونکہ یہ غرض تمام مقاصد سے عظیم تر اور تمام نعمتوں سے نفیس تر ہے لہٰذا اس کا حصول ہر ایک کی دسترس میں نہیں ہے بلکہ وہی اسے حاصل کر سکتے ہیں جو اس کے مستحق ہوں اور کوئی شخص بغیر عمل کے کسی چیز کا مستحق نہیں ہو سکتا اور عمل کے لیئے ضروری ہے کہ وہ علم فقہ جانتا ہو لہٰذا علم فقہ کی ہمیں سب سے زیادہ ضرورت ہے (معالم الاصول)۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا "علم دین حاصل کرنے، مصیبت پر صبر کرنے اور معاش میں میانہ روی اختیار کرنے میں کمال تام ہے"۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے جابر سے فرمایا "اے جابر! کیا صرف یہ کہنا کہ ہم اہل بیت سے محبت رکھتے ہیں دعویٰ شیعیت کے لیئے کافی ہے؟ خدا کی قسم جب تک کوئی شخص اللہ سے نہ ڈرے اور اس کی اطاعت نہ کرے ہمارا شیعہ نہیں ہو سکتا اور اے جابر یہ تواضع و خشوع' ادائے امانت' کثرت ذکر خدا' روزہ' نماز' والدین سے نیکی ہمسایوں' فقیروں' مسکینوں' مقروضوں اور یتیموں سے حسن سلوک' قول میں صداقت' قرآن کی تلاوت' لوگوں کے بارے میں نیکی کے سوا کچھ نہ کہنے اور اپنے قبائل کی اشیاء میں امین ہونے کے بغیر نہیں ہو سکتا۔

جابر نے کہا" یابن رسول اللہ! اس زمانے میں ایسا آدمی تو کوئی نظر نہیں آتا"۔ آپ نے فرمایا "اے جابر! مذاہب باطلہ تم کو مذہب حق سے نہ ہٹادیں۔ کیا ایک شخص کے لیئے یہ کہنا کافی ہے کہ میں علیؑ کو دوست رکھتا ہوں اور رسولؐ علیؑ سے بہتر ہیں؟ اگر اس کے بعد رسولؐ کی سیرت کی پیروی نہ کرے اور ان کی سنت پر عمل نہ ہو تو حضرت کی محبت اسے کچھ فائدہ نہ دے گی۔ اللہ سے ڈرو اور صحیح عمل کرو جو پیش خدا مقبول ہو۔ کسی شخص اور خدا کے درمیان قرابت نہیں ہے خدا کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب و مکرم وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیز گار ہے اور عملاً اس کی زیادہ اطاعت کرنے والا ہے۔

اے جابر! اطاعت کے بغیر کوئی خدا کا مقرب نہیں بن سکتا۔ اس کے بغیر اس کا ہمارے ساتھ ہونا بھی ہمیں برداشت نہیں اور نہ خدا پر کوئی حجت ہے۔ جو اللہ کا مطیع ہے وہ ہمارا دوست ہے جو اللہ کا گنہگار ہے وہ ہمارا دشمن ہے عمل اور پرہیزگاری کے بغیر ہماری ولایت کو کوئی نہیں پا سکتا" (اصول کافی جلد نمبر ۲ صفحہ ۷۴ حدیث ۳)

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا" جب خدا کسی بندے سے نیکی کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے علم دین عطا کرتا ہے۔" (اصول کافی جلد نمبر ۲ صفحہ ۷۴ حدیث ۳)

حضرت امام جعفرصادقؑ نے فرمایا" میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ میرے اصحاب کے سروں پر کوڑے مارے جائیں تاکہ وہ علم دین حاصل کریں۔" (اصول کافی جلد نمبر ۱ صفحہ ۳۱ حدیث ۸)

حضرت امام جعفرصادقؑ نے فرمایا" حلال و حرام کے بارے میں ایک سچے شخص سے ایک حدیث سن لینا دنیا کے تمام سونے چاندی سے بہتر ہے۔" (المحاسن)۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے کسی نے عرض کیا کہ میرا ایک لڑکا ہے اور میں خواہش رکھتا ہوں کہ وہ آپ سے حلال و حرام کے بارے میں پوچھے اور جس چیز کی ضرورت نہ ہو وہ نہ پوچھے آپ نے فرمایا۔ "کیا لوگوں سے حرام اور حلال سے بہتر بھی کسی چیز کے بارے سوال کیا جاتا ہے؟" (المحاسن)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا " تمہارے اوپر علم دین حاصل کرنا لازم ہے اور تم بدو عرب نہ بنو کیونکہ وہ علم دین حاصل نہیں کرتے۔ تم ان میں سے نہ ہو ورنہ اللہ روز قیامت نظر رحمت نہ کرے گا اور کوئی عمل اس کے نزدیک پاکیزہ نہ ہو گا۔"

راوی کہتا ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ مجھے ان فرائض کے بارے میں بتا دیجئے جو بندوں پر واجب ہیں آپ نے فرمایا۔ " لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ کی گواہی نماز پنج گانہ کا قیام۔ زکوٰۃ کی ادائیگی۔ حج ' رمضان کے روزے اور ولایت پس جو شخص ان فرائض پر عمل کرتا ہے' برائیوں سے باز رہتا ہے نیکیوں کو اختیار کرتا ہے اور ہر نشہ آور چیز سے پرہیز کرتا ہے وہ داخل جنت ہو گا۔" (الفقہ والمحاسن)

ابی اسامہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا۔ "تقویٰ' پرہیزگاری اور دین میں کوشش سچ بات کہنا امانت ادا کرنا' حسن خلق' پڑوسی سے نیکی اور نہ صرف زبان سے بلکہ اپنے عمل سے لوگوں کو دین کی طرف دعوت دینا اپنے اوپر لازم کرو۔ اپنے آئمہ کے لیئے زینت بنو اور ان کے لیئے باعث ننگ نہ بنو۔ اپنے رکوع اور سجود کو طول دو۔ جب تم انہیں طول دیتے ہو تو شیطان تمہارے پیچھے سے کہتا ہے "ہائے اس نے اطاعت کی اور میں نے نافرمانی کی اس نے سجدہ کیا اور میں نے سجدہ سے انکار کیا۔" (اصول کافی جلد نمبر۲ صفحہ ۷۷ حدیث ۹)

جو شخص نیکی کو پسند اور بدی کو ناپسند کرتا ہے وہ مومن ہے اور اگر کوئی شخص بدی کا مرتکب ہوتا ہے اور بعد میں اسے ندامت ہوتی ہے تو یہ توبہ ہے اور توبہ کرنے والا شفاعت اور مغفرت کا مستحق ہے اور جو شخص بدی کو ناپسند نہیں کرتا وہ مومن نہیں ہے اور جب وہ مومن نہیں ہے تو پھر وہ مستحق شفاعت بھی نہیں ہے۔

ابی بصیر کہتا ہے کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی شہادت پر ام حمیدہ کے پاس تعزیت

کے لیئے گیا تو وہ روئیں ان کے رونے پر میں بھی رویا۔ پھر انہوں کہا "اے ابو محمدؐ! اگر تو نے ابو عبداللہ کی شہادت کے موقع پر انہیں دیکھا ہوتا تو تو ایک عجیب چیز دیکھتا امام نے اپنی آنکھیں کھولیں اور فرمایا میرے تمام اقارب کو جمع کرو۔ چنانچہ ہم نے سب کو جمع کیا تو ان کی طرف نگاہ کر کے فرمایا "ہماری شفاعت نماز میں کاہلی کرنے والے کو نہیں پہنچے گی۔" (وسائل الشیعہ جلد ۳ صفحہ ۱۷)۔

تقلید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ الحمد للہ رب العالمین' والصلوٰۃ والسلام علٰی اشرف الانبیاء والمرسلین ○ محمد وآلہ الطیبین الطاهرین ○ واللعنۃ الدائمۃ علٰی اعدائهم اجمعین من الآن الٰی قیام یوم الدین ○

حضرت امام حسنؑ عسکری کا ارشاد ہے :

" عوام کے لیئے ضروری ہے کہ فقہا یعنی احکام شریعت کو تفصیل و تحقیق کے ساتھ جاننے والوں میں سے جو شخص اپنے دین کی حفاظت کرنے والا ہو' اپنی نفسانی خواہشات کا تابع نہ ہو اور اپنے خدا اور رسولؐ کا فرمانبردار ہو اس کی تقلید کریں۔"

امام زمانہ حضرت حجت علیہ السلام کا فرمان ہے :

" زمانہ غیبت کبریٰ میں پیش آنے والے حالات کے سلسلے میں ہماری حدیثوں کو بیان کرنے والے علماء کی طرف رجوع کرو کیونکہ وہ میری طرف سے تم پر حجت ہیں اور میں اللہ کی جانب سے آپ پر حجت ہوں۔"

مندرجہ بالا احادیث مبارکہ کے پیش نظران تمام لوگوں پر جو درجہ اجتہاد پر فائز نہیں ہیں جامع الشرائط مجتہد کی تقلید کرنا واجب ہے' اس کے بغیر ان کی عبادات اور ایسے تمام اعمال جن میں تقلید ضروری ہے باطل ہوں گے۔

شریعت کے فروعی احکام قاعدوں کو تفصیلی دلیلوں سے جاننے کا نام اجتہاد ہے اور مجتہد کے بتائے ہوئے احکام کو بغیر دلیل کے جاننا اور بغرض عمل معلوم کرنا تقلید ہے۔ جو شخص رتبہ اجتہاد حاصل کرچکا ہو اس کیلئے تقلید جائز نہیں اور جو خود مجتہد نہ ہو اس پر تقلید واجب ہے۔ اجتہاد اور تقلید کے علاوہ

ایک تیسری صورت بھی ممکن ہے یعنی احتیاط پر عمل کیا جائے لیکن یہ ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔ احتیاط پر وہی شخص عمل کر سکتا ہے جو اختلافی مسائل میں تمام مجتہدین کے احکام سے پوری طرح باخبر ہو اور ایسا طریقہ عمل اختیار کر سکے جس میں کامل جامعیت پائی جاتی ہو۔ ظاہر ہے کہ یہ کام بھی تقریباً اجتہاد ہی کی طرح دشوار اور مشکل ہے پس دو ہی صورتیں باقی رہ جاتی ہیں یعنی ایک اجتہاد اور دوسری تقلید۔

احکام تقلید

ہر مسلمان کے لیئے لازم ہے کہ وہ اصول دین پر بربنائے دلیل اعتقاد رکھتا ہو۔ اصول دین میں تقلید نہیں کر سکتا یعنی دلیل دریافت کیئے بغیر کسی کی کہی ہوئی بات کو قبول کرنا جائز نہیں۔ تاہم جہاں تک احکام دین کا تعلق ہے ضروری اور قطعی امور کے علاوہ جو مسائل پیدا ہو سکتے ہیں کسی شخص کے لیئے ان سے عہدہ برآ ہونے کی تین صورتیں ہیں۔

مسئلہ ۱ : اگر مجتہد ہو تو بربنائے دلیل طے کرے کہ زیر نظر مسئلے کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟

مسئلہ ۲ : مجتہد کی تقلید کرے یعنی دلیل طلب کیئے بغیر اس کے فتوے پر عمل کرے۔

مسئلہ ۳ : ازراہ احتیاط اپنا فریضہ یوں ادا کرے کہ اسے یقین ہو جائے کہ اس نے اپنی ذمہ داری پوری کر دی ہے مثلاً اگر چند مجتہد کسی عمل کو حرام قرار دیں اور چند دوسروں کا کہنا ہو کہ حرام نہیں ہے تو اس عمل سے باز رہے اور اگر کسی عمل کو بعض مجتہد واجب اور بعض مستحب گردانیں تو اسے بجا لائے۔ لہٰذا جو اشخاص نہ تو مجتہد ہوں اور نہ ہی احتیاط پر عمل پیرا ہو سکیں ان کے لیئے واجب ہے کہ مجتہد کی تقلید کریں۔

مسئلہ ۴ : احکام دین کے بارے میں تقلید کا مطلب یہ ہے کہ کسی مجتہد کے فتویٰ پر عمل کیا جائے۔ ضروری ہے کہ جس مجتہد کی تقلید کی جائے وہ مرد، بالغ، عاقل، شیعہ اثناعشری، حلال زادہ، زندہ اور عادل ہو۔ عادل وہ شخص ہے جو ان تمام اعمال کو بجا لائے جو اس پر واجب ہیں اور ان باتوں کو ترک

کرے جو اس پر حرام ہیں۔ اور اس کے دل میں ایمان باخدا اور رسول وخوف خدا اس طرح راسخ ہو جو کہ اس کو نیکیوں پر اکسائے اور برائیوں سے دور رکھے۔ عادل ہونے کی نشانی یہ ہے کہ وہ بظاہر ایک اچھا شخص ہو اور اگر اس کے اہل محلہ یا ہمسایوں یا ان لوگوں سے اس کے بارے میں دریافت کیا جائے جو اس سے میل جول رکھتے ہوں تو وہ اس کی اچھائی کی تصدیق کریں۔

اگر درپیش مسائل کے بارے میں مجملاً معلوم ہو کہ مجتہدین کے فتوے ان کے متعلق ایک دوسرے سے مختلف ہیں تو ضروری ہے کہ اس مجتہد کی تقلید کی جائے جو اعلم ہو یعنی اپنے زمانے کے دوسرے مجتہدوں کے مقابلے میں احکام الٰہی کو سمجھنے کی بہتر صلاحیت رکھتا ہو۔

مسئلہ ۵ : مجتہد اور اعلم کی پہچان تین طریقوں سے ہو سکتی ہے۔ اول یہ کہ ایک شخص خود صاحب علم ہو اور مجتہد اور اعلم کو پہچاننے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ دوم یہ کہ دو اشخاص جو عالم اور عادل ہوں اور مجتہد اور اعلم کو پہچاننے کا ملکہ رکھتے ہوں کسی کے مجتہد یا اعلم ہونے کی تصدیق کریں بشرطیکہ دو اور عالم اور عادل اشخاص ان کی تردید نہ کریں اور بظاہر کسی کا مجتہد یا اعلم ہونا ایک قابل اعتماد شخص کے قول سے بھی ثابت ہو جاتا ہے۔ سوم یہ کہ کچھ اہل علم جو مجتہد اور اعلم کو پہچاننے کی صلاحیت رکھتے ہوں کسی کے مجتہد یا اعلم ہونے کی تصدیق کریں اور ان کی تصدیق سے انسان مطمئن ہو جائے۔

مسئلہ ۶ : اگر مجتہدوں کے فتوے مختلف ہونے کا مجملاً علم ہو اور اعلم کا شناخت کرنا بھی مشکل ہو تو احتیاط کے مطابق عمل کرنا ضروری ہے اور اگر احتیاط ممکن نہ ہو تو اس شخص کی تقلید لازم ہے جس کے بارے میں اعلم ہونے کا گمان ہو بلکہ اگر ضعیف سا احتمال بھی اس امر کا ہو کہ ایک شخص اعلم ہے اور دوسرا اس کے مقابلے میں اعلم نہیں ہے تو اس کی تقلید کرنی چاہئے۔

مسئلہ ۷ : کسی مجتہد کا فتویٰ حاصل کرنے کے چار طریقے ہیں۔ اول خود مجتہد سے (اس کا فتویٰ) سننا' دوم ایسے دو عادل اشخاص سے سننا جو مجتہد کا فتویٰ بیان کریں۔ سوم (مجتہد کا فتویٰ کسی ایسے شخص سے سننا جس کے قول پر اطمینان ہو اور چہارم اس فتویٰ کا مجتہد کی مسائل کے بارے میں تحریر کردہ کتاب میں پڑھنا بشرطیکہ اس کتاب کے درست ہونے کے بارے میں اطمینان ہو۔

مسئلہ ۸ : جب تک انسان کو یہ یقین نہ ہو جائے کہ مجتہد کا فتویٰ تبدیل ہو چکا ہے وہ کتاب میں لکھے ہوئے فتویٰ پر عمل کر سکتا ہے اور اگر فتویٰ کے بدلے جانے کا احتمال ہو تو چھان بین ضروری

نہیں۔

مسئلہ ۹ : اگر مجتہد اعلم کوئی فتویٰ دے تو اس کا مقلد اس مسئلے کے بارے میں کسی دوسرے مجتہد کے فتویٰ پر عمل نہیں کر سکتا۔ تاہم اگر وہ (یعنی مجتہد اعلم) فتویٰ نہ دے بلکہ یہ فرمائے کہ احتیاط اس میں ہے کہ یوں عمل کیا جائے مثلاً یہ فرمائے کہ احتیاط اس میں ہے کہ نماز کی پہلی اور دوسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد ایک اور پوری سورۃ پڑھے تو مقلد کو چاہئے کہ یا تو اس احتیاط پر (جسے احتیاط واجب کہتے ہیں) عمل کرے۔ یا کسی ایسے دوسرے مجتہد کے فتویٰ پر عمل کرے جس کی تقلید جائز ہو۔ پس اگر وہ (یعنی دوسرا مجتہد) فقط سورہ حمد کو کافی سمجھتا ہو تو دوسرا سورہ ترک کیا جا سکتا ہے۔ اگر مجتہد اعلم کسی مسئلے کے بارے میں یہ فرمائے کہ محل تامل یا محل اشکال ہے تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۱۰ : اگر مجتہد اعلم کسی مسئلے کے بارے میں فتویٰ دینے کے بعد یا اس سے پہلے احتیاط کرے مثلاً یہ فرمائے کہ نجس برتن ایسے پانی میں جس کی مقدار ایک کر کے برابر ہو ایک مرتبہ دھونے سے پاک ہو جاتا ہے اگرچہ احتیاط اس میں ہے کہ تین مرتبہ دھوئے تو مقلد اس امر کا مجاز ہے کہ احتیاط کو ترک کر دے۔ اس قسم کی احتیاط کو احتیاط مستحب کہتے ہیں۔

مسئلہ ۱۱ : اگر مرجع تقلید فوت ہو جائے تو اس کے مقلد پر واجب ہے کہ فوراً زندہ مجتہد اعلم کی تقلید کرے خواہ وہ مجتہد مردہ مجتہد کے علم میں برابر ہو یا کم ہو یا زیادہ ہو۔

مسئلہ ۱۲ : جن مسائل سے انسان کو عموماً سابقہ پڑتا ہے ان کا یاد کر لینا واجب ہے۔

مسئلہ ۱۳ : اگر کسی شخص کو کوئی ایسا مسئلہ پیش آئے جس کا حکم اسے معلوم نہ ہو تو لازم ہے کہ احتیاط کرے یا ان شرائط کے مطابق تقلید کرے جن کا ذکر اوپر آ چکا ہے لیکن اگر اسے اعلم اور غیر اعلم کی آراء کے مختلف ہونے کا مجملاً علم ہو اور معاملے کو ملتوی کرنا اور احتیاط پر عمل کرنا بھی ممکن نہ ہو اور اعلم تک رسائی بھی نہ ہو سکے تو غیر اعلم کی تقلید جائز ہے۔

مسئلہ ۱۴ : اگر کوئی شخص کسی مجتہد کا فتویٰ کسی دوسرے شخص کو بتائے لیکن مجتہد نے اپنا سابقہ فتویٰ بدل دیا ہو تو اس کے لیئے دوسرے شخص کو فتویٰ کی تبدیلی کی اطلاع دینا ضروری نہیں۔ لیکن اگر فتویٰ بتانے کے بعد یہ محسوس ہو کہ (فتویٰ بتانے میں) غلطی ہو گئی ہے تو جہاں تک ممکن ہو اس غلطی کا

ازالہ ضروری ہے۔

مسئلہ ۱۵ : اگر کوئی مکلف ایک مدت تک بغیر کسی کی تقلید کیئے اعمال بجالاتا رہے لیکن بعد میں کسی مجتہد کی تقلید کرلے تو اس صورت میں اگر مجتہد اس کے گزشتہ اعمال کے بارے میں حکم لگائے کہ وہ صحیح ہیں تو وہ صحیح تصور ہوں گے ورنہ باطل شمار ہوں گے۔

احکام طہارت

۱۔ مطلق اور مضاف پانی

مسئلہ ۱۶ : پانی یا مطلق ہوتا ہے یا مضاف' مضاف پانی وہ ہوتا ہے جسے کسی چیز سے حاصل کیا جائے مثلاً تربوز کا پانی یا گلاب کا عرق' اس پانی کو بھی مضاف کہتے ہیں جو کسی دوسری چیز سے ملا ہوا ہو مثلاً وہ پانی جو اس حد تک مٹی وغیرہ سے ملا ہوا ہو کہ پھر اسے پانی نہ کہا جاسکے جیسے کیچڑ وغیرہ ان کے علاوہ جو پانی ہو اسے آب مطلق کہتے ہیں اور اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ اول آب کر یعنی وہ پانی جس کی مقدار ایک کر کے برابر ہو۔ دوم آب قلیل (یعنی تھوڑا پانی)' سوم جاری پانی' چہارم بارش کا پانی اور پنجم کنویں کا پانی۔

۲۔ کر جتنا پانی

مسئلہ ۱۷ : جو پانی ایک ایسے برتن کو بھر دے جس کی لمبائی' چوڑائی اور گہرائی ساڑھے تین بالشت ہو اس کی مقدار ایک کر کے برابر سمجھی جاتی ہے۔ اتنے پانی کا وزن تقریباً ۳۹۰.۱۲۰ کیلو گرام ہوتا ہے۔

مسئلہ ۱۸ : اگر کوئی چیز عین نجس ہو مثلاً پیشاب یا خون یا وہ چیز جو نجس ہو گئی ہو جیسے کہ نجس لباس ایسے پانی میں گر جائے جس کی مقدار ایک کر کے برابر ہو اور اس کے نتیجے میں نجاست کی بو' رنگ یا ذائقہ پانی میں سرایت کر جائے تو پانی نجس ہو جائے گا لیکن اگر ایسی کوئی تبدیلی واقع نہ ہو تو نجس نہیں ہو گا۔

مسئلہ ۱۹ : اگر ایسے پانی کی بو' رنگ یا ذائقہ جس کی مقدار ایک کر کے برابر ہو نجاست کے علاوہ

کسی اور چیز سے تبدیل ہو جائے تو وہ پانی نجس نہیں ہو گا۔

مسئلہ ۲۰ : اگر کوئی چیز جو عین نجس ہو مثلاً خون ایسے پانی میں گرے جس کی مقدار ایک کر سے زیادہ ہو اور اس کی بو' رنگ یا ذائقہ تبدیل کر دے تو اس صورت میں اگر پانی کے اس حصے کی مقدار جس میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی ایک کر سے کم ہو تو سارا پانی نجس ہو جائے گا لیکن اگر اس کی مقدار ایک کر یا اس سے زیادہ ہو تو صرف وہ حصہ نجس متصور ہو گا جس کی بو' رنگ یا ذائقہ تبدیل ہوا ہے۔

مسئلہ ۲۱ : اگر فوارے کا پانی (یعنی وہ پانی جو جوش مار کر فوارے کی شکل میں اچھلے) ایسے دوسرے پانی سے متصل ہو جس کی مقدار ایک کر کے برابر ہو تو فوارے کا پانی نجس پانی کو پاک کر دیتا ہے لیکن اگر نجس پانی پر فوارے کے پانی کا ایک ایک قطرہ گرے تو اسے پاک نہیں کرتا البتہ اگر فوارے کے سامنے کوئی چیز رکھ دی جائے جس کے نتیجے میں اس کا پانی قطرہ قطرہ ہونے سے پہلے نجس پانی سے متصل ہو جائے تو نجس پانی کو پاک کر دیتا ہے اور بہتر یہ ہے کہ فوارے کا پانی نجس پانی سے مخلوط ہو جائے۔

مسئلہ ۲۲ : اگر کسی نجس چیز کو ایک ایسے نل کے نیچے دھوئیں جو ایسے (پاک) پانی سے ملا ہوا ہو جس کی مقدار ایک کر کے برابر ہو اور اس چیز کی دھوون اس پانی سے متصل ہو جائے جس کی مقدار کر کے برابر ہو تو وہ دھوون پاک ہو گی بشرطیکہ اس میں نجاست کی بو' رنگ یا ذائقہ پیدا نہ ہو اور نہ ہی اس میں عین نجاست کی آمیزش ہو۔

مسئلہ ۲۳ : اگر آب کر (یعنی وہ پانی جس کی کم از کم مقدار کر ہو) کا کچھ حصہ جم کر برف بن جائے اور جو حصہ پانی کی شکل میں باقی رہے اس کی مقدار ایک کر سے کم ہو تو جونہی کوئی نجاست اس پانی کو چھوئے گی وہ نجس ہو جائے گا۔ اور برف پگھلنے پر جو پانی بنے گا وہ بھی نجس ہو گا۔

مسئلہ ۲۴ : اگر پانی کی مقدار ایک کر کے برابر ہو اور بعد میں شک ہو کہ آیا اب بھی کر کے برابر ہے یا نہیں تو اس کی حیثیت ایک کر پانی ہی کی ہو گی یعنی وہ نجاست کو بھی پاک کرے گا اور نجاست کے اتصال سے نجس بھی نہیں ہوگا۔ اس کے برعکس جو پانی ایک کر سے کم تھا اگر اس کے متعلق شک ہو کہ اب اس کی مقدار ایک کر کے برابر ہو گئی ہے یا نہیں تو اسے ایک کر سے کم ہی سمجھا

جائے گا۔

مسئلہ ۲۵ : پانی کا ایک کر کے برابر ہونا دو طریقوں سے ثابت ہو سکتا ہے۔ اول یہ کہ انسان کو خود اس بارے میں یقین ہو اور دوم یہ کہ دو عادل مرد اس بارے میں خبردیں کہ پانی کی مقدار ایک کر کے برابر ہے بلکہ ایک مرد عادل یا کسی قابل اعتماد شخص کا کہنا بھی کافی ہے۔

۳۔ قلیل پانی

مسئلہ ۲۶ : آب قلیل یعنی تھوڑا پانی' وہ پانی ہے جو زمین سے نہ ابلے اور جس کی مقدار ایک کر سے کم ہو۔

مسئلہ ۲۷ : جب آب قلیل کسی نجس چیز پر گرے یا کوئی نجس چیز اس پر آن گرے تو پانی نجس ہو جائے گا۔ البتہ اگر پانی نجس چیز پر زور سے گرے تو اس کا جتنا حصہ اس نجس چیز سے مل جائے گا نجس ہو جائے گا لیکن باقی پاک ہو گا۔

مسئلہ ۲۸ : جو آب قلیل کسی چیز پر عین نجاست دور کرنے کے لیئے ڈالا جائے وہ نجاست سے جدا ہونے کے بعد نجس ہو جاتا ہے لیکن وہ آب قلیل جو عین نجاست کے الگ ہو جانے کے بعد نجس چیز کو پاک کرنے کے لیئے اس پر ڈالا جائے اس سے جدا ہو جانے کے بعد وہ بھی نجس ہو گا۔

مسئلہ ۲۹ : جس پانی سے پیشاب یا پاخانہ کے خارج ہونے کے مقامات دھوئے جائیں وہ گرنے والا پانی نجس ہے لیکن عادتاً" جسم پر رہ جانے والے قطرات اور رطوبت پاک ہے۔

۴۔ جاری پانی

جاری پانی وہ ہے جو زمین سے ابلے اور بہتا ہو بشرطیکہ اس کے پیچھے کم از کم ایک کر کی مقدار پانی ہمیشہ ذخیرہ رہے۔ مثلاً چشمے کا پانی یا کاریز کا پانی۔

مسئلہ ۳۰ : اگر نجاست جاری پانی سے آملے تو اس کی اتنی مقدار جس کی بو' رنگ یا ذائقہ نجاست کی وجہ سے بدل جائے نجس ہے۔ البتہ اس پانی کا وہ حصہ جو چشمے سے متصل ہو پاک ہے خواہ اس کی مقدار کر سے کم ہی کیوں نہ ہو ندی کی دوسری طرف کا پانی اگر ایک کر جتنا ہو یا اس پانی کے

ذریعے جس میں کوئی تبدیلی (بو، رنگ یا ذائقے کی) واقع نہیں ہوئی چشمے کی طرف کے پانی سے ملا ہوا ہو تو پاک ہے ورنہ نجس ہے۔

مسئلہ ۳۱ : اگر کسی چشمے کا پانی جاری نہ ہو لیکن صورت یہ ہو کہ اگر اس میں سے پانی نکال لیں تو دوبارہ اس کا پانی ابل پڑتا ہو تو وہ بھی جاری پانی کے حکم میں آتا ہے یعنی اگر نجاست اس سے آملے تو جب تک اس نجاست کی وجہ سے اس کی بو، رنگ یا ذائقہ بدل نہ جائے پاک ہے۔

مسئلہ ۳۲ : ندی یا نہر کے کنارے کا پانی جو ساکن ہو اور جاری پانی سے متصل ہو اس وقت تک نجس نہیں ہوتا جب تک کسی نجاست کے آملنے کی وجہ سے اس کی بو، رنگ یا ذائقہ تبدیل نہ ہو جائے۔

مسئلہ ۳۳ : اگر ایک ایسا چشمہ ہو مثال کے طور پر سردی میں ابل پڑتا ہو لیکن سردی اور گرمی (یہ دونوں لفظی محسوس ہوتی ہے) میں اس کا جوش ختم ہو جاتا ہو تو وہ اسی وقت جاری پانی کے حکم میں آئے گا جب اس کا پانی ابل پڑتا ہو۔

مسئلہ ۳۴ : اگر کسی حمام کے چوبچے کا پانی ایک کر سے کم ہو لیکن وہ پانی کے ایک ایسے ذخیرے سے متصل ہو جس کا پانی حوض کے پانی سے مل کر ایک کر بن جاتا ہو تو جب تک نجاست کے مل جانے سے اس کی بو، رنگ اور ذائقہ تبدیل نہ ہو جائے وہ نجس نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۳۵ : حمام اور عمارات کے نلکوں کا پانی جو ٹونٹیوں اور شاور کے ذریعے بہتا ہے اگر اس حوض کے پانی سے مل کر جو ان نلکوں سے متصل ہو ایک کر کے برابر ہو جائے تو نلکوں کا پانی بھی کر کے برابر پانی کے حکم میں شامل ہو گا۔

مسئلہ ۳۶ : جو پانی زمین پر بہہ رہا ہو لیکن زمین سے نہ ابلتا ہو اگر وہ ایک کر سے کم ہو اور اس میں نجاست مل جائے تو وہ نجس ہو جائے گا لیکن اگر وہ پانی تیزی سے بہہ رہا ہو اور مثال کے طور پر اگر نجاست اس کے نچلے حصے کو لگے تو اس کا اوپر والا حصہ نجس نہیں ہو گا۔

۵- بارش کا پانی

مسئلہ ۳۷ : جو چیز نجس ہو اور عین نجاست اس میں نہ ہو اس پر جہاں جہاں بارش ہو جائے

پاک ہو جاتی ہے اور فرش اور لباس وغیرہ کا نچوڑنا بھی ضروری نہیں ہے۔ لیکن بارش کے دو تین قطرے کافی نہیں بلکہ اتنی بارش لازمی ہے کہ لوگ کہیں کہ بارش ہو رہی ہے۔

مسئلہ ۳۸ : اگر بارش کا پانی عین نجس پر برسے اور پھر دوسرے جگہ چھینٹے پڑیں لیکن عین نجاست اس میں شامل نہ ہو اور نجاست کی بو، رنگ یا ذائقہ بھی اس میں پیدا نہ ہوا ہو تو وہ پانی پاک ہے۔ پس اگر بارش کا پانی خون پر برسنے سے چھینٹے پڑیں اور ان میں خون کے ذرات شامل ہوں یا خون کی بو، رنگ یا ذائقہ پیدا ہو گیا ہو تو وہ پانی نجس ہو گا۔

مسئلہ ۳۹ : اگر مکان کی نچلی یا بالائی چھت پر عین نجاست موجود ہو تو بارش کے دوران جو پانی نجاست کو چھو کر نچلی چھت سے ٹپکے یا پرنالے سے گرے پاک ہے۔ لیکن جب بارش ختم جائے اور یہ بات علم میں آئے کہ اب جو پانی گر رہا ہے وہ کسی نجس چیز کو چھو کر آ رہا ہے تو وہ پانی نجس ہو گا۔

مسئلہ ۴۰ : جس نجس زمین پر بارش برس جائے پاک ہو جاتی ہے اور اگر بارش کا پانی زمین پر بہنے لگے اور نچلی چھت کے اس مقام پر جا پہنچے جو نجس ہے تو وہ جگہ بھی پاک ہو جائے گی بشرطیکہ ابھی بارش ہو رہی ہو۔

مسئلہ ۴۱ : جو نجس مٹی بارش کے ذریعے کیچڑ کی شکل اختیار کر لے وہ پاک ہو جاتی ہے۔ بشرطیکہ اس میں عین نجاست موجود نہ ہو۔

مسئلہ ۴۲ : اگر بارش کا پانی ایک جگہ جمع ہو جائے خواہ اس کی مقدار ایک کر سے کم ہی کیوں نہ ہو اور بارش برستے میں کوئی نجس چیز اس میں دھوئی جائے اور پانی نجاست کی بو رنگ یا ذائقہ قبول نہ کرے تو وہ نجس چیز پاک ہو جائیگی۔

مسئلہ ۴۳ : اگر نجس زمین پر بچھے ہوئے پاک فرش پر بارش برسے اور اس کا پانی نجس زمین پر بہنے لگے تو فرش بھی نجس نہیں ہو گا اور زمین بھی پاک ہو جائے گی۔

۶۔ کنویں کا پانی

مسئلہ ۴۴ : ایک ایسے کنویں کا پانی جو زمین سے ابلتا ہو اگرچہ مقدار میں ایک کر سے کم ہو

نجاست پڑنے سے اس وقت تک نجس نہیں ہو گا جب تک اس نجاست سے اس کی بو' رنگ یا ذائقہ تبدیل نہ ہو جائے لیکن مستحب یہ ہے کہ بعض نجاستوں کے گرنے پر کنویں سے اتنی مقدار میں پانی نکال دیں جو مفصل کتابوں میں درج ہے۔

مسئلہ ۴۵ : اگر کوئی نجاست کنویں میں گر جائے اور اس کے پانی کی بو' رنگ یا ذائقے کو تبدیل کر دے تو جب کنویں کے پانی میں پیدا شدہ یہ تبدیلی ختم ہو جائے گی پانی پاک ہو جائے گا اور ضروری ہے کہ یہ پانی کنویں کے سوتے سے ابلنے والے پانی میں مخلوط ہو جائے۔

مسئلہ ۴۶ : اگر بارش کا پانی ایک گڑھے میں جمع ہو جائے اور اس کی مقدار ایک کر سے کم ہو تو بارش تھمنے کے بعد نجاست کی آمیزش سے نجس ہو جائے گا۔

پانی کے احکام

مسئلہ ۴۷ : مضاف پانی کسی نجس چیز کو پاک نہیں کرتا اور نہ ہی ایسے پانی سے وضو اور غسل کرنا صحیح ہے۔

مسئلہ ۴۸ : مضاف پانی کی مقدار خواہ کتنی ہی زیادہ کیوں نہ ہو اگر اس میں نجاست کا ایک ذرہ بھی پڑ جائے تو نجس ہو جاتا ہے۔ البتہ اگر ایسا پانی کسی نجس چیز پر دھار کی صورت میں گرے تو اس کا جتنا پانی نجس چیز سے متصل ہو گا نجس ہو جائے گا اور جو متصل نہیں ہو گا وہ پاک ہو گا مثلاً اگر عرق گلاب کو گلاب دان سے نجس ہاتھ پر چھڑکا جائے تو اس کا جتنا حصہ ہاتھ کو لگے گا نجس ہو گا اور جو نہیں لگے گا وہ پاک ہو گا۔

مسئلہ ۴۹ : اگر وہ مضاف پانی جو نجس ہو ایک کر کے برابر پانی یا جاری پانی سے یوں مل جائے کہ پھر اسے مضاف پانی نہ کہا جا سکے تو وہ پاک ہو جائے گا۔

مسئلہ ۵۰ : اگر ایک پانی مطلق تھا اور بعد میں اس کے بارے میں یہ معلوم نہ ہو کہ مضاف ہو جانے کی حد تک پہنچا ہے یا نہیں تو وہ مطلق پانی تصور ہو گا یعنی نجس چیز کو پاک کرے گا اور اس سے وضو اور غسل کرنا بھی صحیح ہو گا اور اگر پانی مضاف تھا اور یہ معلوم نہ ہو کہ وہ مطلق ہوا یا نہیں تو وہ

مضاف متصور ہو گا یعنی کسی نجس چیز کو پاک نہیں کرے گا اور اس سے وضو اور غسل کرنا بھی صحیح نہیں۔

مسئلہ ۵۱ : ایسا پانی جس کے بارے میں یہ معلوم نہ ہو کہ مطلق ہے یا مضاف نجاست کو پاک نہیں کرتا اور اس سے وضو اور غسل کرنا بھی صحیح نہیں جونہی کوئی نجاست ایسے پانی سے آملتی ہے وہ نجس ہو جاتا ہے خواہ اس کی مقدار ایک کر یا اس سے زیادہ ہی کیوں نہ ہو۔

مسئلہ ۵۲ : ایسا پانی جس میں خون یا پیشاب جیسی عین نجاست آپڑے اور اس کی بو، رنگ یا ذائقہ تبدیل کر دے نجس ہو جاتا ہے خواہ وہ مقدار کر یا جاری پانی ہی کیوں نہ ہو۔ تاہم اگر اس پانی کی بو، رنگ یا ذائقہ کسی ایسی نجاست سے تبدیل ہو جو اس سے باہر ہے مثلاً قریب پڑے ہوئے مردار کی وجہ سے اس کی بو بدل جائے تو پھر وہ پانی نجس نہیں ہو گا۔

مسئلہ ۵۳ : وہ پانی جس میں عین نجاست مثلاً خون یا پیشاب گر جائے اور اس کی بو، رنگ یا ذائقہ تبدیل کر دے۔ اگر مقدار کر یا جاری پانی سے متصل ہو جائے یا بارش کا پانی اس پر برس جائے یا ہوا بارش کا پانی اس پر گرائے یا بارش کا پانی اس دوران میں جب کہ مینہ پڑ رہا ہو پرنالے سے اس پر گرے اور ان تمام صورتوں میں اس میں واقع شدہ تبدیلی زائل ہو جائے تو ایسا پانی پاک ہو جاتا ہے لیکن احتیاط مستحب کی بنا پر چاہئے کہ بارش کا پانی، مقدار کر پانی یا جاری پانی اس میں مخلوط ہو جائے۔

مسئلہ ۵۴ : اگر کسی نجس چیز کو مقدار کر پانی یا جاری پانی میں پاک کیا جائے تو وہ پانی جو باہر نکالنے کے بعد اس سے ٹپکے پاک ہو گا۔

مسئلہ ۵۵ : جو پانی پہلے پاک ہو اور یہ علم نہ ہو کہ بعد میں نجس ہوا یا نہیں وہ پاک ہے اور جو پانی پہلے نجس ہو اور معلوم نہ ہو کہ بعد میں پاک ہوا یا نہیں وہ نجس ہے۔

مسئلہ ۲۰۳ : اگر انگور کا ایک دانہ کسی ایسی چیز میں گر جائے جو آگ پر جوش کھا رہی ہو اور وہ بھی جوش کھانے لگے لیکن اس چیز میں حل نہ ہو تو فقط اس دانے کا کھانا حرام ہے۔

مسئلہ ۲۰۴ : اگر چند دیگوں میں شیرہ پکایا جائے تو جو چمچہ جوش میں آئی ہوئی دیگ میں ڈالا جا چکا ہو اگر اس کو ایسی دیگ میں ڈالا جائے جس میں جوش نہ آیا ہو تو وہ دیگ نجس ہو جائے گی۔

مسئلہ ۲۰۵ : جس چیز کے بارے میں یہ معلوم نہ ہو کہ وہ (غورہ ہے یا انگور یعنی) کچے انگوروں کا رس ہے یا پکے انگوروں کا شیرہ اس میں اگر جوش بھی آ جائے تو حلال ہے۔

۶۔ انتقال

مسئلہ ۲۰۶ : اگر انسان کا خون یا رگوں میں خون رکھنے والے حیوان کا خون (یعنی ایسے حیوان کا خون جس کا خون رگ کاٹنے سے نکلتا ہے) کسی ایسے حیوان کے بدن میں چلا جائے جو رگوں میں خون نہیں رکھتا اور اسی حیوان کا خون شمار ہونے لگے تو پاک ہو جاتا ہے اور اسے انتقال کہتے ہیں دوسری نجاستوں کے بارے میں بھی یہی حکم ہے لیکن انسان کا جو خون جونک چوستی ہے چونکہ وہ جونک کا نہیں بلکہ انسان کا خون کہلاتا ہے اس لئے نجس ہے۔

مسئلہ ۲۰۷ : اگر کوئی شخص اپنے بدن پر بیٹھے ہوئے مچھر کو مار دے اور اسے یہ علم نہ ہو کہ جو خون مچھر کے بدن سے نکلا ہے وہ وہی خون ہے جو مچھر نے اس کے بدن سے چوسا یا خود مچھر کا خون ہے تو وہ خون پاک ہے اور اگر اسے معلوم ہو کہ یہ خون وہی ہے جو مچھر نے اس کے بدن سے چوسا ہے لیکن اب مچھر کا خون شمار ہوتا ہے تب بھی صورت وہی ہے (یعنی وہ خون پاک ہے) لیکن اگر مچھر کے خون چوسنے اور مارے جانے کے درمیان وقفہ اتنا کم ہو کہ لوگ اس خون کو انسان کا خون ہی کہیں یا یہ معلوم نہ ہو کہ لوگ اسے مچھر کا خون کہیں گے یا انسان کا تو وہ خون نجس ہے۔

۷۔ اسلام

مسئلہ ۲۰۸ : اگر کوئی کافر "شہادتین" پڑھ لے یعنی کسی بھی زبان میں اللہ کی وحدانیت اور خاتم الانبیاء ﷺ کی نبوت کی گواہی دے دے مسلمان ہو جاتا ہے اور مسلمان ہونے کے بعد اس کا بدن، تھوک، ناک کا پانی اور پسینہ پاک ہو جاتا ہے لیکن مسلمان ہونے کے وقت اگر اس کے بدن پر کوئی عین نجاست ہو تو اسے دور کرنا چاہئے اور اس مقام کو پانی سے دھونا چاہیے بلکہ اگر مسلمان ہونے سے پہلے ہی عین نجاست دور ہو چکی ہو تب بھی احتیاط واجب یہ ہے کہ اس مقام کو پانی سے دھو ڈالے۔

مسئلہ ۲۰۹ : ایک کافر کے مسلمان ہونے سے پہلے اگر اس کا لباس تری کے ساتھ اس کے بدن سے چھو گیا ہو اور اس کے مسلمان ہونے کے وقت اس کے بدن پر نہ ہو تو وہ لباس نجس ہے بلکہ اگر مسلمان ہونے کے وقت وہ لباس اس کے بدن پر ہو تب بھی احتیاط واجب کی بنا پر اس سے اجتناب کرنا چاہئے۔

مسئلہ ۲۱۰ : اگر کافر شہادتین پڑھ لے اور یہ معلوم نہ ہو کہ وہ دل سے مسلمان ہوا ہے یا نہیں تو وہ پاک متصور ہو گا۔ اور اگر یہ علم ہو کہ وہ دل سے مسلمان نہیں ہوا لیکن ایسی کوئی بات اس سے ظاہر نہ ہوئی ہو جو توحید و رسالت کی شہادت کے منافی ہو تو صورت وہی ہے۔ (یعنی وہ پاک متصور ہو گا)

۸۔ تبعیت

مسئلہ ۲۱۱ : تبعیت کا مطلب یہ ہے کہ کوئی نجس چیز کسی دوسری چیز کے پاک ہونے کی وجہ سے پاک ہو جائے۔

مسئلہ ۲۱۲ : اگر شراب سرکہ ہو جائے تو اس کا برتن بھی اس جگہ تک پاک ہو جاتا ہے جہاں تک شراب جوش کھا کر پہنچی ہو اور اگر کوئی کپڑا یا کوئی دوسری چیز جو عموماً اس پر یعنی شراب پر رکھی جاتی ہو اور اس سے نجس ہو گئی ہو تو وہ بھی پاک ہو جاتی ہے لیکن اگر برتن کی پشت اس شراب سے آلودہ ہو جائے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ شراب کے سرکہ ہو جانے کے بعد اس پشت سے پرہیز کیا جائے۔

مسئلہ ۲۱۳ : کافر کا بچہ بذریعہ تبعیت دو صورتوں میں پاک ہو جاتا ہے۔

اس کے بدن سے معمول کے مطابق خون خارج ہو جائے تو جو خون اس کے بدن کے اندر باقی رہ جائے وہ پاک ہے۔

مسئلہ ۲۲۸ : مذکورہ حکم اس جانور سے مخصوص ہے جس کا گوشت حلال ہو۔ جس جانور کا گوشت حرام ہو اس پر یہ حکم جاری نہیں ہو سکتا بلکہ احتیاط مستحب کی بنا پر اس کا اطلاق حلال گوشت والے جانور کے ان اعضاء پر بھی نہیں ہو سکتا جو حرام ہیں۔

برتنوں کے متعلق احکام

مسئلہ ۲۲۹ : جو برتن کتے، سور یا مردار کے چمڑے سے بنایا جائے اس میں کسی چیز کا کھانا پینا، جب کہ تری اس کی نجاست کا موجب بنی ہو، حرام ہے اور اس برتن کو وضو اور غسل اور ایسے دوسرے کاموں میں استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ جنہیں پاک چیز سے انجام دینا ضروری ہو اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ کتے، سور اور مردار کے چمڑے کو خواہ وہ برتن کی شکل میں نہ بھی ہو استعمال نہ کیا جائے۔

مسئلہ ۲۳۰ : سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا حرام ہے بلکہ احتیاط واجب کی بنا پر ان کا کسی طرح استعمال کرنا بھی حرام ہے لیکن ان سے کمرہ وغیرہ سجانے یا انہیں اپنے قبضے میں رکھنے میں کوئی حرج نہیں گو ان کا ترک کر دینا احوط ہے۔ سونے اور چاندی کے برتن بنانے اور سجاوٹ یا قبضے میں رکھنے کے لیئے ان کی خرید و فروخت کرنے کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۳۱ : اگر چائے کے لیئے استعمال ہونے والے گلاس کے اس کلپ کو جو سونے یا چاندی سے بنایا جاتا ہے۔ گلاس سے علیحدہ کر لینے کے بعد بھی برتن ہی کہا جائے تو اس کا استعمال خواہ تنہا ہو یا چائے کے گلاس کے ساتھ ہو حرام ہے اور اگر اسے (کپ کو) برتن نہ کہا جائے تو اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۳۲ : ایسے برتنوں کے استعمال میں کوئی حرج نہیں جن پر چاندی یا سونے کا پانی چڑھایا گیا ہو۔

مسئلہ ۲۳۳ : اگر جست کو چاندی یا سونے میں مخلوط کر کے برتن بنائے جائیں اور جست اتنی

دوم : یہ کہ اسے علم ہو کہ اس کا بدن یا لباس نجس چیز سے لگ گیا ہے۔

سوم : یہ کہ کوئی شخص اسے اس چیز کو ایسے کام میں استعمال کرتے ہوئے دیکھے جس میں اس کا پاک ہونا ضروری ہو مثلاً اسے اس لباس کے ساتھ نماز پڑھتے ہوئے دیکھے۔

چہارم : یہ کہ اس بات کا احتمال ہو کہ وہ مسلمان جو کام اس چیز کے ساتھ کر رہا ہے اس کے بارے میں اسے علم ہو کہ اس چیز کا پاک ہونا ضروری ہے لہٰذا مثال کے طور پر وہ مسلمان یہ نہیں جانتا کہ نماز پڑھنے والے کا لباس پاک ہونا چاہئے اور نجس شدہ لباس کے ساتھ ہی نماز پڑھ رہا ہے تو اس کے لباس کو پاک نہیں سمجھا جا سکتا۔

پنجم : یہ کہ اس بات کا احتمال ہو کہ اس مسلمان نے اس نجس شدہ چیز کو دھویا ہو گا لہٰذا اگر یہ یقین ہو کہ اس نے اس چیز کو نہیں دھویا تو اس چیز کو پاک نہیں سمجھا جا سکتا۔ علاوہ ازیں اس مسلمان کی نظر میں نجس اور پاک چیزیں برابر ہوں اور ان میں کوئی فرق ہی نہ ہو تو اس چیز کو پاک نہیں سمجھا جائے۔

ششم : یہ کہ وہ مسلمان بالغ ہو یا طہارت اور نجاست میں تمیز کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

مسئلہ ۲۲۴ : اگر کسی شخص کو یقین ہو کہ جو چیز پہلے نجس تھی اب پاک ہو گئی ہے یا دو عادل اشخاص اس کے پاک ہونے کے خبر دیں تو وہ چیز پاک ہے اگر کوئی ایسا شخص جس کے قبضے میں کوئی نجس چیز ہو یہ کہے کہ وہ چیز پاک ہو گئی ہے یا ایک مسلمان نے ایک نجس چیز کو دھویا ہو گو معلوم نہ ہو کہ اس نے اسے ٹھیک طرح دھویا یا نہیں تو اس کی بھی وہی صورت ہے یعنی وہ چیزیں پاک متصور ہوں گی) اور بعید نہیں کہ ایک عادل یا معتبر شخص کی گواہی بھی اس چیز کے پاک ہونے کے بارے میں کافی ہو۔

مسئلہ ۲۲۵ : اگر کسی نے ایک شخص کا لباس دھونے کی ذمہ داری لی ہو اور کہے کہ میں نے اسے دھو دیا ہے اور اس شخص کو اس کے یہ کہنے سے تسلی ہو جائے تو وہ لباس پاک ہے۔

مسئلہ ۲۲۶ : اگر کسی شخص کی یہ حالت ہو جائے کہ اسے کسی نجس چیز کے دھوئے جانے کا یقین ہی نہ آئے تو اسے چاہئے کہ گمان پر اکتفا کرے۔

۱۲۔ معمول کے مطابق (ذبیحہ کے) خون کا بہہ جانا

مسئلہ ۲۲۷ : جیسا کہ بتایا گیا ہے کہ کسی جانور کے شرعی طریقے کے مطابق ذبح ہونے کے بعد

بصورت دیگر وہ نجس ہو جائیں گے۔

مسئلہ ۲۲۰ : ہونٹوں اور آنکھ کی پلکوں کے وہ حصے جو بند کرتے وقت ایک دوسرے سے جڑ جاتے ہیں اور بدن کے وہ مقامات جن کے بارے میں علم نہ ہو کہ آیا انہیں اندرونی حصے سمجھا جائے یا بیرونی اگر نجس ہو جائیں تو انہیں پانی سے دھو لینا چاہئے۔

مسئلہ ۲۲۱ : اگر نجس گرد یا خاک کپڑے اور فرش یا ایسی ہی کسی اور چیز پر جم جائیں اور کپڑے وغیرہ کو یوں جھاڑا جائے کہ نجس گرد اور خاک اس سے الگ ہو جائیں تو اس کے بعد اگر کوئی تر چیز کپڑے وغیرہ سے مس کرے گی تو وہ نجس نہیں ہو گی۔

۱۰۔ نجاست کھانے والے حیوان کا استبراء

مسئلہ ۲۲۲ : جس حیوان کو انسانی پاخانہ کھانے کی عادت پڑ گئی ہو اس کا پیشاب اور پاخانہ نجس ہے اور اگر اسے پاک کرنا مقصود ہو تو اس کا استبراء کرنا چاہئے یعنی ایک عرصے تک اسے نجاست نہ کھانے دیں اور پاک غذا دیں حتیٰ کہ اتنی مدت گزر جائے کہ پھر اسے نجاست کھانے والا نہ کہا جا سکے اور احتیاط واجب کی بنا پر نجاست کھانے والے اونٹ کو چالیس دن تک، گائے کو تیس دن تک، بھیڑ کو دس دن تک مرغابی کو سات یا پانچ دن تک اور پالتو مرغی کو تین دن تک نجاست کھانے سے باز رکھا جائے اور اگر اتنی مدت گزرنے کے بعد بھی لوگ انہیں نجاست کھانے والے کہیں تو اس وقت تک انہیں نجاست کھانے سے باز رکھنا چاہئے جب تک لوگ یہ نہ کہیں کہ اب یہ نجاست کھانے والے نہیں ہیں۔

۱۱۔ مسلمان کا غائب ہو جانا

مسئلہ ۲۲۳ : اگر کسی مسلمان کا بدن یا لباس یا برتن اور فرش جیسی دوسری چیز جو اس کے قبضے میں ہو نجس ہو جائے اور پھر وہ مسلمان غائب ہو جائے تو یہ چیزیں چھ شرائط کے بعد پاک متصور ہوں گی۔

اول : یہ کہ جس چیز نے اس مسلمان کے لباس کو نجس کیا ہے اسے وہ نجس سمجھتا ہو۔ لہذا اگر مثال کے طور پر اس کا لباس تر ہو اور کافر کی بدن سے چھو گیا ہو اور وہ اسے نجس نہ سمجھتا ہو تو اس کے غائب ہونے کے بعد اس لباس کو پاک نہیں سمجھا جا سکتا ہے۔

۱... جو کافر مسلمان ہو جائے اس کا بچہ پاکی اور طہارت میں اس کے تابع ہے اور بچے کے دادا، ماں یا دادی مسلمان ہو جائیں تب بھی یہی صورت ہے۔

۲... ایک کافر بچے کو کسی مسلمان نے اسیر کر لیا ہو اور اس بچے کا باپ یا اجداد (دادا یا نانا وغیرہ) میں سے کوئی ایک اس کے ہمراہ نہ ہو۔ اس صورت میں بچے کے تابعیت کی بنا پر پاک ہونے کی شرط یہ ہے کہ جب وہ باشعور ہو جائے تو کفر کا اظہار نہ کرے۔

مسئلہ ۲۱۴ : وہ تختہ یا پتھر جس پر میت کو غسل دیا جائے اور وہ کپڑا جس سے میت کی شرمگاہ ڈھانپی جائے نیز اس شخص کے ہاتھ جو میت کو غسل دے۔ یہ تمام چیزیں جو میت کے ساتھ دھوئی جاتی ہیں غسل مکمل ہونے کے بعد پاک ہو جاتی ہیں۔

مسئلہ ۲۱۵ : اگر کوئی شخص کسی چیز کو پانی سے دھوئے تو اس چیز کے پاک ہونے پر اس شخص کا وہ ہاتھ بھی پاک ہو جاتا ہے جس سے وہ اس چیز کو دھوتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۶ : اگر لباس یا اسی جیسی کسی چیز کو آب قلیل سے دھویا جائے اور اتنا نچوڑ دیا جائے جتنا عام طور پر نچوڑا جاتا ہو تاکہ جو پانی اس پر ڈالا ہے نکل جائے تو جو پانی اس میں رہ جائے وہ پاک ہے۔

مسئلہ ۲۱۷ : جب نجس برتن کو آب قلیل سے دھویا جائے تو جو پانی اس کے پاک کرنے کے لیے اس پر ڈالا جائے اسے گرا دینے کے بعد جو معمولی پانی اس میں باقی رہ جائے وہ پاک ہے۔

۹۔ عین نجاست کا دور ہونا

مسئلہ ۲۱۸ : اگر کسی حیوان کا بدن عین نجاست (مثلاً خون) یا نجس ہوئی جو چیز (مثلاً نجس پانی) سے آلودہ ہو جائے تو جب وہ نجاست دور ہو جائے حیوان کا بدن پاک ہو جاتا ہے اور یہی صورت انسانی بدن کے اندرونی حصوں مثال کے طور پر منہ یا ناک کے اندر والے حصوں کی ہے مثلاً اگر دانتوں کی ریخوں سے خون نکلے اور تھوک میں مل کر ختم ہو جائے تو منہ کا اندرونی حصہ پانی سے دھونا ضروری نہیں لیکن اگر منہ میں مصنوعی دانت ہوں اور وہ نجس ہو جائیں تو انہیں احتیاطاً دھو لینا چاہیے۔

مسئلہ ۲۱۹ : اگر دانتوں کی ریخوں میں غذا کے ریزے رہ جائیں اور پھر منہ کے اندر خون نکل آئے اور یہ معلوم نہ ہو کہ خون غذا کے ریزوں تک پہنچ گیا ہے تو وہ غذا کے ریزے پاک ہوں گے

زیادہ مقدار میں ہو کہ اس برتن کو سونے یا چاندی کا برتن نہ کہیں تو اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۳۴ : اگر کوئی غذا سونے یا چاندی کے برتن میں رکھی ہو اور کوئی شخص اس ارادے سے کہ چونکہ سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا حرام ہے اسے دوسرے برتن میں انڈیل لے اور اس پر سونے چاندی کے برتن استعمال کرنے کا اطلاق نہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۳۵ : حقے کا بادگیر (چلم کا سوراخوں والا ڈھکنا) تلوار یا چھری چاقو کا میان اور قرآن مجید رکھنے کا ڈبہ اگر سونے چاندی سے بنے ہوں تو کوئی حرج نہیں تاہم احتیاط مستحب اس میں ہے کہ سونے چاندی کی بنی ہوئی عطردانی' سرمہ دانی اور نسوار دانی استعمال نہ کی جائیں۔

مسئلہ ۲۳۶ : مجبوری کی حالت میں سونے چاندی کے برتنوں میں اتنا کھانے پینے میں کوئی حرج نہیں جس سے ضرورت رفع ہو جائے لیکن اس مقدار سے زیادہ کھانا پینا جائز نہیں۔

مسئلہ ۲۳۷ : ایسا برتن استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں جس کے بارے میں یہ معلوم نہ ہو کہ یہ سونے یا چاندی کا ہے یا کسی اور چیز کا بنا ہوا ہے۔ شراب کی تیاری میں استعمال ہونے اور پینے کے کام آنے والے مخصوص برتنوں سے بھی بطور احتیاط وجوبی اجتناب کیا جائے۔

وضو

مسئلہ ۲۳۸ : وضو میں واجب ہے کہ چہرہ اور دونوں ہاتھ دھوئے جائیں اور سر کے اگلے حصے اور دونوں پاؤں کے سامنے والے حصے کا مسح کیا جائے۔

مسئلہ ۲۳۹ : چہرے کو لمبائی میں پیشانی کے اوپر اس جگہ سے لے کر جہاں سر کے بال اگتے ہیں ٹھوڑی کے آخر کنارے تک دھونا چاہئے اور چوڑائی میں بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کے پھیلاؤ میں جتنی جگہ آجائے اسے دھونا چاہئے۔ اگر اس مقدار کا ذرا سا حصہ بھی چھوٹ جائے تو وضو باطل ہو گا لہٰذا یہ یقین کرنے کے لیے کہ اتنا ضروری حصہ پورا دھل گیا ہے تھوڑا تھوڑا ادھر ادھر سے بھی دھو لینا چاہئے۔

مسئلہ ۲۴۰ : اگر کسی شخص کے ہاتھ یا چہرہ عام لوگوں کی بہ نسبت بڑے یا چھوٹے ہوں تو اسے

دیکھنا چاہئے کہ عام لوگ کہاں تک اپنا چہرہ دھوتے ہیں اور پھر وہ بھی اتنا ہی دھو ڈالے۔ علاوہ ازیں اگر اس کی پیشانی پر بال اگے ہوئے ہوں یا سر کے اگلے حصے پر بال نہ ہوں تو اسے چاہئے کہ عام اندازے کے مطابق پیشانی دھو ڈالے۔

مسئلہ ۲۴۱ : اگر اس بات کا احتمال ہو کہ کسی شخص کی بھوؤں، آنکھ کے گوشوں اور ہونٹوں پر میل یا کوئی دوسری چیز ہے جو پانی کے ان تک پہنچنے میں مانع ہے اور اس کا یہ احتمال لوگوں کی نظروں میں درست ہو تو اسے وضو سے پہلے تحقیق کرلینی چاہئے اور اگر کوئی ایسی چیز ہو تو اسے دور کرنا چاہئے۔

مسئلہ ۲۴۲ : اگر چہرے کی جلد بالوں کے نیچے سے نظر آتی ہو تو پانی جلد تک پہنچانا چاہئے اور اگر نظر نہ آتی ہو تو بالوں کا دھونا کافی ہے اور ان کے نیچے تک پانی پہنچانا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۴۳ : اگر کسی شخص کو شک ہو کہ آیا اس کے چہرے کی جلد بالوں کے نیچے سے نظر آتی ہے یا نہیں تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ بالوں کو دھوئے اور پانی جلد تک بھی پہنچائے۔

مسئلہ ۲۴۴ : ناک کے اندرونی حصے اور ہونٹوں اور آنکھوں کے ان حصوں کا جو ان کے بند کرنے پر نظر نہیں آتے دھونا واجب نہیں ہے لیکن یہ یقین کرنے کے لیے کہ جن جگہوں کا دھونا ضروری ہے ان میں سے کوئی باقی نہیں رہ گئی واجب ہے کہ ان اعضاء کی کچھ مقدار بھی دھولی جائے۔ اور جس شخص کو یہ علم نہ ہو کہ اتنی مقدار کا دھونا ضروری ہے اگر وہ نہ جانتا ہو کہ جو وضو وہ کر چکا ہے اس میں یہ حصے دھوئے ہیں یا نہیں تو اس نے اس وضو سے جو نماز پڑھی ہے اگر اس کا وقت ابھی باقی ہو تو اسے چاہئے کہ ایک بار پھر وضو کرے اور وہ نماز دوبارہ پڑھے البتہ جن نمازوں کا وقت گزر چکا ہو ان کی قضا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۴۵ : چہرے اور ہاتھوں کو اوپر سے نیچے کی طرف دھونا چاہئے۔ اگر نیچے سے اوپر کی طرف دھوئے جائیں تو وضو باطل ہو گا۔

مسئلہ ۲۴۶ : اگر ہاتھ پانی سے تر کر کے چہرے اور ہاتھوں پر پھیرا جائے اور ہاتھ میں اتنی تری ہو کہ اسے پھیرنے سے چہرے اور ہاتھوں پر پانی کی کچھ مقدار حرکت کرنے لگے تو کافی ہے۔

مسئلہ ۲۴۷ : چہرہ دھونے کے بعد پہلے دایاں بازو اور پھر بایاں بازو کہنی سے انگلیوں کے سروں

تک دھونا چاہئے۔

مسئلہ ۲۴۸ : اس بات کا یقین کرنے کے لیئے کہ کہنی پوری کی پوری دھل گئی ہے اس سے اوپر والا حصہ بھی دھونا چاہئے۔

مسئلہ ۲۴۹ : جس شخص نے چہرہ دھونے سے پہلے اپنے بازوؤں کی کلائی کے جوڑ تک دھویا ہو اسے چاہئے کہ وضو کرتے وقت انگلیوں کے سروں تک دھوئے۔ اگر وہ صرف کلائی کے جوڑ تک دھوئے گا تو اس کا وضو باطل ہوگا۔

مسئلہ ۲۵۰ : وضو میں چہرے اور بازوؤں کا پہلی دفعہ دھونا واجب۔ دوسری دفعہ دھونا مستحب اور تیسری دفعہ یا اس سے زیادہ بار دھونا حرام ہے۔ جہاں تک اس امر کا سوال ہے کہ کونسا دھونا پہلا' دوسرا' تیسرا سمجھا جائے اس کا دار و مدار وضو کرنے والے کی نیت پر ہے۔ لہذا اگر مثال کے طور پر پہلی دفعہ دھونے کی نیت سے کوئی شخص دس بار پانی چہرے پر ڈالے تو کوئی حرج نہیں اور وہ اس کا پہلی دفعہ دھونا ہی متصور ہوگا۔ لیکن اگر تین دفعہ دھونے کی نیت سے تین بار پانی ڈالے تو تیسری بار پانی ڈالنا حرام ہوگا اور وضو باطل ہوگا۔

مسئلہ ۲۵۱ : دونوں بازو دھونے کے بعد سر کے اگلے حصے کا مسح وضو کے اس پانی کی تری سے کرنا چاہئے جو ہاتھوں کو لگی رہ گئی ہو۔ احتیاط واجب یہ ہے کہ مسح دائیں ہاتھ سے کیا جائے اور مسح اوپر سے نیچے کی طرف ہو

مسئلہ ۲۵۲ : سر کے چار حصوں میں سے پیشانی سے ملا ہوا ایک حصہ وہ مقام ہے جہاں مسح کرنا چاہئے اس حصے میں جہاں بھی اور جس اندازے سے بھی مسح کریں کافی ہے۔ لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ طول میں ایک انگلی کی لمبائی کے لگ بھگ اور عرض میں تین ملی ہوئی انگلیوں کے لگ بھگ جگہ پر مسح کیا جائے۔

مسئلہ ۲۵۳ : یہ ضروری نہیں کہ سر کا مسح جلد پر کیا جائے بلکہ سر کے اگلے حصے کے بالوں پر کرنا بھی درست ہے لیکن اگر کسی شخص کے سر کے آگے کے بال اتنے لمبے ہوں کہ مثلاً اگر کنگھا کرے تو اس کے چہرے پر آگریں یا سر کے کسی دوسرے حصے تک جاپہنچیں تو اسے چاہئے کہ بالوں کی

جڑوں پر مسح کرے یا مانگ نکال کر سر کی جلد پر مسح کرے اور اگر چہرے پر آگرنے والے یا سر کے دوسرے حصوں تک پہنچنے والے بالوں کو آگے کی طرف جمع کر کے ان پر مسح کرے گا یا سر کے دوسرے حصوں کے بالوں پر جو آگے کو بڑھ آئے ہوں مسح کرے گا تو وہ مسح باطل ہو گا۔

مسئلہ ۲۵۴ : سر کے مسح کے بعد وضو کے پانی کی اس تری سے جو ہاتھوں میں باقی ہو پاؤں کی کسی ایک انگلی سے لے کر پاؤں کے اوپر والے حصے کے ابھار تک مسح کرنا چاہئے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ پاؤں کے جوڑ تک مسح کیا جائے۔ اسی طرح احتیاط واجب یہ ہے کہ دائیں پیر کا دائیں ہاتھ سے اور بائیں پیر کا بائیں ہاتھ سے مسح کیا جائے۔

مسئلہ ۲۵۵ : پاؤں پر مسح کا عرض جتنا بھی ہو کافی ہے لیکن بہتر ہے کہ تین جڑی ہوئی انگلیوں کی چوڑائی کے برابر ہو اور اس سے بھی بہتر یہ ہے کہ پاؤں کے پورے اوپر والے حصے کا مسح پوری ہتھیلی سے کیا جائے۔

مسئلہ ۲۵۶ : احتیاط واجب یہ ہے کہ پاؤں کا مسح کرتے وقت ہاتھ انگلیوں کے سروں پر رکھے اور پھر پاؤں کے ابھار کی جانب کھینچے یا ہاتھ پاؤں کے جوڑ پر رکھ کر انگلیوں کے سروں کی طرف کھینچے۔ یہ درست نہیں کہ پورا ہاتھ پاؤں پر رکھے اور تھوڑا سا کھینچے۔

مسئلہ ۲۵۷ : ایک شخص کو چاہئے کہ سر اور پاؤں کا مسح کرتے وقت ہاتھ ان پر کھینچے یعنی ہاتھ کو حرکت دے اور اگر ہاتھ کو ساکن رکھے اور سر یا پاؤں کو اس پر چلائے تو وضو باطل ہو جاتا ہے لیکن ہاتھ کھینچنے کے وقت سر اور پاؤں معمولی حرکت کریں تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۵۸ : جس جگہ کا مسح کرنا ہو وہ خشک ہونی چاہئے۔ اگر وہ اس قدر تر ہو کہ ہتھیلی کی تری اس پر اثر نہ کرے تو مسح باطل ہو گا۔ لیکن اگر اس پر تری اتنی کم ہو کہ جو تری مسح کے بعد نظر آئے اس کے متعلق یہ کہا جا سکے کہ وہ فقط ہتھیلی کی تری ہے تو پھر کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۵۹ : اگر مسح کرنے کے لیئے ہتھیلی پر تری باقی نہ رہی ہو تو اسے دوسرے پانی سے تر نہیں کیا جا سکتا بلکہ ایسی صورت میں اپنی داڑھی کی تری لے کر اس سے مسح کرنا چاہئے اور داڑھی کے علاوہ اور کسی جگہ سے تری لے کر مسح کرنا محل اشکال ہے۔

مسئلہ ۲۶۰ : اگر ہتھیلی کی تری صرف سر کے مسح کے لیئے کافی ہو تو سر کا مسح اس تری سے کرنا چاہیئے اور پاؤں کے مسح کے لیئے اپنی داڑھی سے تری حاصل کرنی چاہیئے۔

مسئلہ ۲۶۱ : موزے اور جوتے پر مسح کرنا جائز نہیں ہاں اگر سخت سردی کی وجہ سے یا چور یا درندے وغیرہ کے خوف سے جوتے یا موزے نہ اتارے جا سکیں تو تیمم کرنا چاہیئے اور تقیہ کی صورت میں موزے اور جوتے پر مسح کرنے کے علاوہ تیمم بھی کرنا چاہیئے۔

مسئلہ ۲۶۲ : اگر پاؤں کا اوپر والا حصہ نجس ہو اور مسح کرنے کے لیئے اسے دھویا بھی نہ جا سکتا ہو تو تیمم کرنا چاہیئے۔

ارتماسی وضو

مسئلہ ۲۶۳ : ارتماسی وضو یہ ہے کہ انسان چہرے اور بازوؤں کو وضو کی نیت سے پانی میں ڈبو دے۔

مسئلہ ۲۶۴ : ارتماسی وضو میں بھی چہرہ اور بازو اوپر سے نیچے کی جانب دھونے چاہئیں۔ لہٰذا جب کوئی شخص وضو کی نیت سے چہرہ اور بازو پانی میں ڈبوئے تو اسے چاہیئے کہ چہرہ پیشانی کی طرف سے اور بازو کہنیوں کی طرف سے ڈبوئے۔ لیکن وضو کی نیت چہرے اور ہاتھوں کو پانی میں ڈبونے کے بعد باہر کھینچتے وقت کرے۔

مسئلہ ۲۶۵ : اگر کوئی شخص بعض اعضاء کا وضو ارتماسی طریقے سے اور بعض کا غیر ارتماسی (یعنی ترتیبی) طریقے سے کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

دعائیں جن کا وضو کرتے وقت پڑھنا مستحب ہے

مسئلہ ۲۶۶ : جو شخص وضو کرنے لگے اس کے لیئے مستحب ہے کہ جب اس کی نظر پانی پر پڑے تو یہ دعا پڑھے بسم اللہ و باللہ والحمد للہ الذی جعل الماء طھورا ولم یجعلہ نجسا۔

جب وضو سے پہلے اپنے ہاتھ دھوئے تو یہ دعا پڑھے **اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطھرین**

مضمضہ یعنی کلی کرتے وقت یہ دعا پڑھے **اللھم لقنی حجتی یوم القاک واطلق لسانی بذکرک**

استنشاق یعنی ناک میں پانی ڈالتے وقت یہ دعا پڑھے **اللھم لاتحرم علی ریح الجنۃ واجعلنی ممن یشم ریحھا و روحھا وطیبھا۔**

چہرہ دھوتے وقت یہ دعا پڑھے **اللھم بیض وجھی یوم تسود الوجوہ ولا تسود وجھی یوم تبیض الوجوہ**

دایاں ہاتھ دھوتے وقت یہ دعا پڑھے **اللھم اعطنی کتابی بیمینی والخلد فی الجنان بیساری وحاسبنی حسابا یسیرا۔**

بایاں ہاتھ دھوتے وقت یہ دعا پڑھے **اللھم لاتعطنی کتابی بشمالی ولا من وراء ظھری ولا تجعلھا مغلولۃ الی عنقی واعوذبک من مقطعات النیران**

سر کا مسح کرتے وقت یہ دعا پڑھے **اللھم غشنی برحمتک و برکاتک و عفوک**

پاؤں کا مسح کرتے وقت یہ دعا پڑھے **اللھم ثبتنی علی الصراط یوم تزل فیہ الاقدام واجعل سعی فی مایرضیک عنی یا ذالجلال وللاکرام**

وضو کی شرائط

وضو کے صحیح ہونے کی چند شرائط ہیں۔

○ ... پہلی شرط یہ ہے کہ وضو کا پانی پاک ہو۔

○ ... دوسری یہ ہے کہ وہ پانی مطلق ہو۔

مسئلہ ۲۶۷ : نجس یا مضاف پانی سے وضو کرنا درست نہیں خواہ وضو کرنے والا شخص اس کے نجس یا مضاف ہونے کے بارے میں علم نہ رکھتا ہو یا بھول گیا ہو کہ یہ نجس یا مضاف ہے لہٰذا اگر وہ ایسے پانی سے وضو کرکے نماز پڑھ چکا ہے تو چاہئے کہ صحیح وضو کرکے دوبارہ نماز پڑھے۔

مسئلہ ۲۶۸ : اگر ایک شخص کے پاس مٹی ملے ہوئے مضاف پانی کے علاوہ اور کوئی پانی وضو کے لیئے نہ ہو تو اسے چاہئے کہ اگر نماز کا وقت تنگ ہو تو تیمم کر لے (اور نماز پڑھے) لیکن اگر وقت تنگ نہ ہو تو پانی کے صاف ہونے کا انتظار کرے اور جب صاف ہو جائے تو اس سے وضو کر لے۔

○... تیسری شرط یہ ہے کہ وضو کا پانی مباح ہو۔

مسئلہ ۲۶۹ : ایسے پانی سے وضو کرنا حرام اور باطل ہے جو غصب کیا گیا ہو یا جس کے بارے میں یہ علم نہ ہو کہ اس کا مالک اس کے استعمال پر رضامند ہے یا نہیں۔

مسئلہ ۲۷۰ : کسی مدرسے کے ایسے حوض سے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں جس کے بارے میں یہ علم نہ ہو کہ آیا وہ تمام لوگوں کے لیئے وقف کیا گیا ہے یا صرف مدرسے کے طلباء کے لیئے وقف ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ عامۃ الناس عموماً اس حوض سے وضو کرتے ہوں۔

مسئلہ ۲۷۱ : اگر کوئی شخص ایک مسجد میں نماز پڑھنا نہ چاہتا ہو اور یہ بھی نہ جانتا ہو کہ آیا اس مسجد کا حوض سبھی لوگوں کے لیئے وقف ہے یا صرف ان لوگوں کے لیئے جو اس مسجد میں نماز پڑھتے ہیں تو اس کے لیئے اس حوض سے وضو کرنا درست نہیں لیکن اگر عموماً وہ لوگ بھی اس حوض سے وضو کرتے ہوں جو اس مسجد میں نماز نہ پڑھنا چاہتے ہوں تو وہ شخص بھی اس حوض سے وضو کر سکتا ہے۔ ان لوگوں کے لیئے جو کسی سرائے یا مسافر خانہ وغیرہ میں مقیم نہ ہوں اس سرائے یا مسافر خانہ کے حوض سے وضو کرنا اسی صورت میں درست ہے جب عموماً ایسے لوگ بھی جو وہاں مقیم نہ ہوں اس حوض سے وضو کرتے ہوں۔

مسئلہ ۲۷۲ : ایک شخص کے لیئے بڑی نہروں سے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں اگرچہ وہ یہ نہ جانتا ہو کہ ان کا مالک رضا مند ہے یا نہیں۔ لیکن اگر ان نہروں کا مالک وضو کرنے سے منع کرے یا معلوم ہو کہ وہ ان سے وضو کرنے پر رضا مند نہیں یا وہ نابالغ یا پاگل ہو یا وہ نہریں کسی غاصب کے قبضے میں ہوں تو ان تمام صورتوں میں ان نہروں کے پانی سے وضو کرنا ناجائز ہے البتہ دیہات یا دیہات جیسے علاقوں کی نہروں سے اگر لوگ عام طور پر استفادہ کرتے ہوں تو ان سے وضو کرنے یا کسی اور طرح کا استفادہ کرنے میں کوئی حرج نہیں خواہ ان کا مالک نابالغ یا پاگل ہی کیوں نہ ہو۔ نیز ایسی نہروں کے مالک کو

حق نہیں پہنچتا کہ وہ لوگوں کو ان سے استفادہ کرنے سے منع کرے۔

مسئلہ ۲۷۳ : اگر کوئی شخص بھول جائے کہ پانی غصب کیا ہوا ہے اور اس سے وضو کرے تو اس کا وضو صحیح ہے لیکن اگر کسی شخص نے خود پانی غصب کیا ہوا ہو اور بعد میں بھول جائے کہ اس نے یہ پانی غصب کیا ہوا ہے اور اس سے وضو کر لے تو اس کا وضو باطل ہو گا۔

○... چوتھی شرط یہ ہے کہ وضو کا برتن مباح ہو۔

○... پانچویں شرط یہ ہے کہ جس برتن سے وضو کے لیئے پانی استعمال کیا جائے وہ احتیاط واجب کی بنا پر سونے یا چاندی کا بنا ہوا نہ ہو۔

مسئلہ ۲۷۴ : اگر کسی شخص کے پاس وضو کے لیئے وہ پانی ہو جو غصب کیئے ہوئے (یا سونے چاندی سے بنے ہوئے) برتن میں ہو اور اس کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی پانی نہ ہو تو اگر وہ اس پانی کو شرعی طریقے سے دوسرے برتن میں انڈیل سکتا ہو تو اس کے لیئے ضروری ہے کہ اسے کسی دوسرے برتن میں انڈیل لے اور پھر اس سے وضو کرے اور اگر ایسا کرنا آسان نہ ہو تو تیمم کرے اور اگر اس کے پاس اس کے علاوہ دوسرا پانی موجود ہو تو ضروری ہے کہ اس سے وضو کرے اور اگر دونوں صورتوں میں گناہ کا مرتکب ہوتے ہوئے ہاتھ یا اس کے مانند کسی چیز سے پانی وضو کے اعضاء پر ڈالے تو اس کا وضو صحیح ہو گا اور اسی کیفیت کے ساتھ اگر سونے چاندی کے بنے ہوئے برتن سے وضو کرے تو اس کا وضو صحیح ہے۔ خواہ اس کے پاس اس پانی کے علاوہ کوئی پانی موجود ہو یا نہ ہو اور اگر غصب کیئے ہوئے برتن سے ارتماسی وضو کرے تو وہ وضو باطل ہو گا۔ قطع نظر اس سے کہ اس کے پاس پانی کے علاوہ کوئی پانی موجود ہو یا نہ ہو اور اگر سونے چاندی سے بنے ہوئے برتن سے ارتماسی وضو کرے تو وضو کے صحیح ہونے میں اشکال ہے۔

مسئلہ ۲۷۵ : اگر کسی حوض میں مثال کے طور غصب کی ہوئی ایک اینٹ یا ایک پتھر لگا ہو اور عرف عام میں اس حوض میں سے پانی نکالنا اس اینٹ یا پتھر پر تصرف نہ سمجھا جائے تو (پانی لینے میں) کوئی حرج نہیں لیکن اگر تصرف سمجھا جائے تو پانی کا نکالنا حرام لیکن اس سے وضو کرنا صحیح ہو گا۔

مسئلہ ۲۷۶ : اگر ائمہ طاہرینؑ یا ان کی اولاد کے صحن میں جو پہلے قبرستان تھا کوئی حوض یا نہر کھودی جائے اور یہ علم نہ ہو کہ صحن کی زمین قبرستان کے لیئے وقف ہو چکی ہے تو اس حوض یا نہر کے

پانی سے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

○ ... چھٹی شرط یہ ہے کہ وضو کے اعضاء دھوتے وقت اور مسح کرتے وقت پاک ہوں۔

مسئلہ ۲۷۷ : اگر وضو مکمل ہونے سے پہلے وہ مقام نجس ہو جائے جسے دھویا جاچکا ہے یا جس کا مسح کیا جاچکا ہے تو وضو صحیح ہو گا۔

مسئلہ ۲۷۸ : اگر اعضائے وضو کے علاوہ بدن کا کوئی حصہ نجس ہو تو وضو صحیح ہے لیکن اگر پاخانے یا پیشاب کے مقام کو پاک نہ کیا ہو تو پھر احتیاط مستحب ہے کہ پہلے انہیں پاک کرے اور پھر وضو کرے۔

مسئلہ ۲۷۹ : اگر وضو کے اعضاء میں سے کوئی عضو نجس ہو اور وضو کر چکنے کے بعد متعلقہ شخص کو شک گزرے کہ آیا وضو کرنے سے پہلے اس عضو کو دھویا تھا یا نہیں تو اس کی صورت یہ ہے کہ اگر وضو کے وقت اس نے پاک یا نجس ہونے کی جانب توجہ نہیں دی۔ تو وضو باطل ہے اور اگر اسے علم ہو کہ توجہ دی تھی یا شک ہو کہ توجہ دی تھی یا نہیں تو وضو صحیح ہے لیکن ہر صورت میں اسے نجس مقام کو دھولینا چاہئے۔

مسئلہ ۲۸۰ : اگر کسی شخص کے چہرے یا ہاتھوں پر کوئی ایسی خراش یا زخم ہو جس سے خون نہ تھمے اور پانی اس کے لیئے مضر نہ ہو تو اسے چاہئے کہ اس عضو کے جن حصوں پر زخم وغیرہ ہیں انہیں ترتیب وار دھونے کے بعد زخم یا خراش والے حصے کو کر برابر پانی یا جاری پانی میں ڈبو دے اور اسے اس قدر دبائے کہ خون بند ہو جائے اور پانی کے اندر ہی اپنی انگلی زخم یا خراش پر رکھ کر اوپر سے نیچے کی طرف کھینچے تاکہ اس پر (یعنی) خراش یا زخم پر پانی جاری ہو جائے اور اس کا وضو صحیح ہے۔

○ ... ساتویں شرط یہ ہے کہ وضو کرنے اور نماز پڑھنے کے لیئے وقت کافی ہو۔

مسئلہ ۲۸۱ : اگر وقت اتنا تنگ ہو کہ متعلقہ شخص وضو کرے تو ساری کی ساری نماز یا اس کا کچھ حصہ وقت کے بعد پڑھنا پڑے تو اسے چاہئے کہ تیمم کرلے لیکن اگر تیمم اور وضو کے لیئے تقریباً یکساں وقت درکار ہو تو پھر وضو کرے۔

مسئلہ ۲۸۲ : جس شخص کو نماز کے لیئے وقت تنگ ہونے کے باعث تیمم کرنا پڑے اگر وہ بقصد

قربت یا کسی مستحب کام مثلاً قرآن مجید پڑھنے کے لیئے وضو کرے، تو اس کا وضو صحیح ہے لیکن اگر مسئلہ جانتے ہوئے جان بوجھ کر اسی نماز کے لیئے وضو کرے تو اس کا وضو باطل ہے۔

○ ... آٹھویں شرط یہ ہے کہ وضو بقصد قربت یعنی اللہ تعالیٰ کا حکم سرانجام دینے کے لیئے کیا جائے۔ اگر اپنے آپ کو ٹھنڈک پہنچانے یا کسی اور نیت سے کیا جائے تو باطل ہوگا۔

مسئلہ ۲۸۳ : وضو کی نیت زبان سے یا دل میں کرنا ضروری نہیں بلکہ اگر ایک شخص وضو کے تمام افعال اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کرنے کی نیت سے بجالائے تو کافی ہے۔

○ ... نویں شرط یہ ہے کہ وضو اس ترتیب سے کیا جائے جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے یعنی پہلے چہرہ اور اس کے بعد دایاں اور پھر بایاں بازو دھویا جائے۔ اس کے بعد سر کا اور پھر پاؤں کا مسح کیا جائے۔ بر بنائے احتیاط واجب بائیں پاؤں کا مسح دائیں پاؤں کے بعد کیا جائے۔ اگر وضو اس ترتیب سے نہ کیا جائے تو باطل ہوگا۔

○ ... دسویں شرط یہ ہے کہ وضو کے اعمال سرانجام دینے میں فاصلہ نہ ہو۔

مسئلہ ۲۸۴ : اگر وضو کے افعال سرانجام دینے میں اتنا فاصلہ ہو جائے کہ جب وضو کرنے والا شخص کسی عضو کو دھونا چاہے یا اس کا مسح کرنا چاہے تو اس اثناء میں ان مقامات کی تری جنہیں وہ پیشتر دھو چکا ہو یا جن کا مسح کر چکا ہو خشک ہو جائے تو وضو باطل ہوگا۔ لیکن اگر جس عضو کو دھونا ہے یا مسح کرنا ہے صرف اس سے پہلے دھوئے ہوئے یا مسح کیئے ہوئے عضو کی تری خشک ہو گئی ہو مثلاً جب بایاں بازو دھوتے وقت دائیں بازو کی تری خشک ہو چکی ہو لیکن چہرہ تر ہو تو وضو صحیح ہوگا۔

مسئلہ ۲۸۵ : اگر کوئی شخص وضو کے افعال بلا فاصلہ انجام دے لیکن ہوا کی گرمی یا بدن کی حرارت کی زیادتی یا کسی اور ایسی ہی وجہ سے پہلی جگہوں کی تری (یعنی ان جگہوں کی تری جنہیں وہ پہلے دھو چکا ہو یا جن کا مسح کر چکا ہو) خشک ہو جائے تو وضو صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۸۶ : وضو کے دوران چلنے پھرنے میں کوئی حرج نہیں لہذا اگر کوئی شخص چہرہ اور بازو دھونے کے بعد چند قدم چلے اور پھر سر اور پاؤں کا مسح کرے تو اس کا وضو صحیح ہوگا۔

○ ... گیارھویں شرط یہ ہے کہ انسان اپنا چہرہ اور بازو دھوئے اور سر اور پاؤں کا مسح خود ہی کرے۔ اگر کوئی دوسرا اسے وضو کرائے یا اس کے چہرے یا بازوؤں پر پانی ڈالنے یا سر اور

پاؤں کا مسح کرنے میں اس کی مدد کرے تو اس کا وضو باطل ہو گا۔

مسئلہ ۲۸۷ : اگر کوئی شخص خود وضو نہ کر سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ کسی دوسرے کو اپنا نائب بنائے جو اسے وضو کرا دے۔ اور اگر وہ شخص اجرت مانگے تو چاہئے کہ اسے ادا کرے بشرطیکہ اس کی ادائیگی پر قادر ہو اور ایسا کرنا اس کے حالات کی روشنی میں اس کے لیئے نقصان دہ نہ ہو لیکن پھر بھی اسے چاہئے کہ وضو کی نیت خود کرے اور مسح بھی خود اپنے ہاتھوں سے کرے اور اگر خود اپنے ہاتھوں سے مسح نہ کر سکتا ہو تو اس کا نائب اس کا ہاتھ پکڑے اور اس کے مسح کے مقامات پر کھینچے اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو نائب اس کے بازو سے تری حاصل کرے اور اس تری کے ساتھ اس کے سر اور پاؤں کا مسح کرے۔

مسئلہ ۲۸۸ : وضو کے جو افعال بھی انسان بذات خود انجام دے سکتا ہو ان کے بارے میں اسے دوسروں کی مدد نہیں لینی چاہئے۔

○ ... بارھویں شرط یہ ہے کہ وضو کرنے والے کے لیئے پانی کے استعمال میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔

مسئلہ ۲۸۹ : جس شخص کو خوف ہو کہ وضو کرنے سے بیمار ہو جائے گا یا یہ کہ اگر پانی وضو کے لیئے استعمال کر لے گا تو پیاسا رہ جائے گا اسے چاہئے کہ وضو نہ کرے۔ لیکن اگر اسے اس بات کا علم نہ ہو کہ پانی اس کے لیئے مضر ہے اور وضو کر لے تو خواہ اسے بعد میں علم بھی ہو جائے کہ پانی اس کے لیئے مضر تھا اس کا وضو درست ہو گا بشرطیکہ اتنا ضرر نہ پہنچا ہو جتنا شرعاً حرام ہے۔

مسئلہ ۲۹۰ : اگر چہرے اور بازوؤں کو کم از کم اتنے پانی سے دھونا جس سے وضو صحیح ہو جاتا ہو ضرر رساں نہ ہو تو اتنی مقدار سے ہی وضو کرنا چاہئے۔

○ ... تیرھویں شرط یہ ہے کہ وضو کے اعضاء تک پانی پہنچنے میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔

مسئلہ ۲۹۱ : اگر کسی شخص کو معلوم ہو کہ اس کے وضو کے اعضاء سے کوئی چیز لگی ہوئی ہے لیکن اس بارے میں اسے شک ہو کہ آیا وہ چیز پانی کے ان اعضاء تک پہنچنے میں مانع ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ یا تو اس چیز کو ہٹا دے یا پانی اس کے نیچے تک پہنچائے۔

مسئلہ ۲۹۲ : اگر ناخن کے نیچے میل ہو تو وضو درست ہے لیکن اگر ناخن کاٹا جائے تو وضو کے لیئے میل کا دور کرنا بھی ضروری ہے علاوہ ازیں اگر ناخن معمول سے زیادہ بڑھ جائیں تو جتنا حصہ معمول سے زیادہ بڑھا ہوا ہو اس کے نیچے سے میل نکال دینی چاہئے۔

مسئلہ ۲۹۳ : اگر کسی شخص کے چہرے' بازوؤں' سر کے اگلے حصے یا پاؤں کے اوپر والے حصے پر جل جانے سے یا کسی اور وجہ سے ورم ہو جائے تو اسے دھولینا اور اس پر مسح کر لینا کافی ہے اور اگر اس میں سوراخ ہو جائے تو پانی جلد کے نیچے پہنچانا ضروری نہیں بلکہ اگر جلد کا ایک حصہ اکھڑ جائے تب بھی یہ ضروری نہیں کہ جو حصہ نہیں اکھڑا اس کے نیچے تک پانی پہنچایا جائے لیکن جب اکھڑی ہوئی جلد کبھی بدن سے چپک جاتی ہو اور کبھی اوپر اٹھ جاتی ہو تو یا تو اسے کاٹ دینا چاہئے یا اس کے نیچے پانی پہنچانا چاہئے۔

مسئلہ ۲۹۴ : اگر کسی شخص کو شک ہو کہ آیا اس کے وضو کے اعضاء سے کوئی چیز چپکی ہوئی ہے یا نہیں اور اس کا یہ احتمال لوگوں کی نظر میں بھی درست ہو مثلاً گارے سے کوئی کام کرنے کے بعد شک ہو کہ گارا اس کے ہاتھ سے لگا رہ گیا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ تحقیق کر لے یا ہاتھ کو اتنا ملے کہ اطمینان ہو جائے کہ اگر اس پر گارا لگا رہ گیا تھا تو دور ہو گیا ہے یا پانی اس کے نیچے پہنچ گیا ہے۔

مسئلہ ۲۹۵ : جس جگہ کو دھونا ہو یا اس کا مسح کرنا ہو اگر اس پر میل ہو لیکن وہ میل پانی کے جلد تک پہنچنے میں رکاوٹ نہ ڈالے تو اس کا کوئی حرج نہیں۔ اسی طرح اگر پلستر وغیرہ کا کام کرنے کے بعد سفیدی ہاتھ پر لگی رہ جائے جو پانی کو جلد تک پہنچنے سے نہ روکے تو اس کا بھی کوئی حرج نہیں لیکن اگر شک ہو کہ ان چیزوں کی موجودگی پانی کے بدن تک پہنچنے میں مانع ہے یا نہیں تو انہیں دور کرنا چاہئے۔

مسئلہ ۲۹۶ : اگر کوئی شخص وضو کرنے سے پہلے جانتا ہو کہ وضو کے بعض اعضاء پر ایسی چیز موجود ہے جو ان تک پانی پہنچنے میں مانع ہے اور وضو کے بعد شک کرے کہ آیا وضو کرتے وقت پانی ان اعضاء تک پہنچا ہے یا نہیں اور احتمال اس بات کا ہو کہ وضو کرتے وقت وہ اس امر کی جانب متوجہ تھا تو اس کا وضو صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۹۷ : اگر وضو کے بعض اعضاء میں کوئی رکاوٹ ہو جس کے نیچے پانی کبھی تو خود بخود چلا جاتا ہو اور کبھی نہ پہنچتا ہو اور انسان وضو کے بعد شک کرے کہ آیا پانی اس کے نیچے پہنچا ہے یا نہیں جبکہ وہ جانتا ہو کہ وضو کے وقت وہ اس رکاوٹ کے نیچے پانی پہنچنے کی جانب متوجہ نہ تھا تو احتیاط واجب یہ ہے کہ دوبارہ وضو کرے۔

مسئلہ ۲۹۸ : اگر کوئی شخص وضو کرنے کے بعد وضو کے اعضاء پر کوئی ایسی چیز دیکھے جو پانی کے بدن تک پہنچنے سے مانع ہو اور اسے یہ معلوم نہ ہو کہ وضو کے وقت یہ چیز موجود تھی یا بعد میں پیدا ہوئی تو اس کا وضو صحیح ہے لیکن اگر وہ جانتا ہو کہ وضو کرتے وقت وہ اس رکاوٹ کی جانب متوجہ نہ تھا تو احتیاط واجب یہ ہے کہ دوبارہ وضو کرے۔

مسئلہ ۲۹۹ : اگر کسی شخص کو وضو کے بعد شک ہو کہ جو چیز پانی پہنچنے سے مانع ہو سکتی ہے وضو کے اعضاء پر تھی یا نہیں اور امکان اس بات کا ہو کہ وضو کرتے وقت وہ اس امر کی جانب متوجہ تھا تو اس کا وضو صحیح ہے۔

وضو کے احکام

مسئلہ ۳۰۰ : اگر کوئی شخص وضو کے افعال اور شرائط مثلاً پانی کے پاک ہونے اور مباح ہونے کے بارے میں بہت زیادہ شک کرے' اس کا شک وسوسہ کی حد تک پہنچ جائے تو اسے چاہئے کہ وہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

مسئلہ ۳۰۱ : اگر کسی شخص کو شک ہو کہ اس کا وضو باطل ہوا ہے یا نہیں تو اسے یہ سمجھنا چاہئے کہ اس کا وضو باقی ہے لیکن اگر اس نے پیشاب کرنے کے بعد استبراء نہ کیا ہو اور وضو کر لیا ہو اور وضو کے بعد اس کے بدن سے رطوبت خارج ہو جس کے بارے میں وہ یہ نہ جانتا ہو کہ پیشاب ہے یا کوئی اور چیز تو اس کا وضو باطل ہو گا۔

مسئلہ ۳۰۲ : اگر کسی شخص کو شک ہو کہ اس نے وضو کیا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ وضو کر

لے۔

مسئلہ ۳۰۳ : جس شخص کو معلوم ہو کہ اس نے وضو کیا ہے اور اس سے حدث بھی واقع ہو گیا ہے مثلاً اس نے پیشاب کیا ہے لیکن اسے یہ معلوم نہ ہو کہ کونسی بات پہلے واقع ہوئی ہے اور یہ صورت نماز سے پہلے پیش آئے تو اسے چاہئے کہ وضو کرے اور اگر نماز کے دوران پیش آئے تو نماز توڑ دے اور وضو کرے اور اگر نماز کے بعد پیش آئے تو جو نماز وہ پڑھ چکا ہے وہ صحیح ہے۔ البتہ دوسری نمازوں کے لیئے اسے نئے سرے سے وضو کرنا چاہئے۔

مسئلہ ۳۰۴ : اگر کسی شخص کو وضو کے بعد یا اس کے دوران میں یقین ہو جائے کہ اس نے بعض جگہیں نہیں دھوئیں یا ان کا مسح نہیں کیا اور جن اعضاء کو پہلے دھویا ہو یا ان کا مسح کیا ہو ان کی تری زیادہ وقت گزر جانے کی وجہ سے خشک ہو چکی ہو تو اسے چاہئے کہ دوبارہ وضو کرے لیکن اگر وہ تری خشک نہ ہوئی ہو یا ہوا کی گرمی یا کسی اور ایسی وجہ سے خشک ہو گئی ہو تو اسے چاہئے کہ جن جگہوں کے بارے میں بھول گیا ہو انہیں اور ان کے بعد آنے والی جگہوں کو دھوئے یا ان کا مسح کرے۔ اور اگر وضو کے دوران میں کسی عضو کے دھونے یا مسح کرنے کے بارے میں شک کرے تو چاہئے کہ اسی حکم پر عمل کرے۔

مسئلہ ۳۰۵ : اگر کسی شخص کو نماز پڑھ چکنے کے بعد شک ہو کہ اس نے وضو کیا تھا یا نہیں اور احتمال اس بات کا ہو کہ نماز شروع کرتے وقت وہ اپنی حالت کی جانب متوجہ تھا تو اس کی نماز صحیح ہے لیکن اسے چاہئے کہ آئندہ نمازوں کے لیئے وضو کرے۔

مسئلہ ۳۰۶ : اگر کسی شخص کو نماز کے دوران شک ہو کہ آیا اس نے وضو کیا تھا یا نہیں تو اس کی نماز باطل ہے۔ اسے چاہئے کہ وضو کرے اور نماز دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۳۰۷ : اگر کسی شخص کو نماز کے بعد شک ہو کہ آیا اس کا وضو نماز سے پہلے باطل ہوا تھا یا بعد میں تو جو نماز پڑھ چکا ہے وہ صحیح ہے۔

مسئلہ ۳۰۸ : اگر کوئی شخص ایسے مرض میں مبتلا ہو کہ اسے پیشاب قطرہ قطرہ ہو کر آتا ہو یا پاخانہ روکنے پر قادر نہ ہو تو اگر اسے یقین ہو کہ نماز کے اول وقت سے لے کر آخر وقت تک اسے اتنا

وقفہ مل جائے گا کہ استنجاء اور وضو کر کے نماز پڑھ سکے تو اسے چاہئے کہ اس وقفے کے دوران میں نماز پڑھے اور اگر اسے صرف اتنی مہلت ملے جو نماز کے واجبات ادا کرنے کے لیئے کافی ہو تو اسے چاہئے کہ اس دوران میں صرف نماز کے واجبات بجا لائے اور مستحب افعال مثلاً اذان' اقامت اور قنوت کو ترک کر دے۔

مسئلہ ۳۰۹ : اگر کسی شخص کو (بیماری کی وجہ سے) وضو اور نماز کی مہلت نہ ملتی ہو اور نماز کے دوران میں کئی دفعہ اس کا پیشاب اور پاخانہ خارج ہوتا ہو اور اگر ہر دفعہ (پیشاب یا پاخانہ آنے کے بعد) وضو کرنا اس کے لیئے دشوار نہ ہو تو احتیاط اس میں ہے کہ پانی کا برتن قریب رکھے اور جب بھی پیشاب یا پاخانہ خارج ہو فوراً وضو کرے اور باقی ماندہ نماز پڑھے اگرچہ اظہر یہ ہے کہ اگر وہ نماز ایک وضو سے پڑھ لے تو بھی کافی ہے۔

مسئلہ ۳۱۰ : اگر کسی شخص کا پیشاب یا پاخانہ پے در پے یوں خارج ہوتا ہو کہ ہر دفعہ کے بعد وضو کرنا اس کے لیئے دشوار ہو تو اس کی ہر نماز کے لیئے بلا اشکال ایک وضو کافی ہے بلکہ اظہر یہ ہے کہ ایک وضو چند نمازوں کے لیئے بھی کافی ہے ماسوا اس کے کہ کسی دوسرے حدث میں مبتلا ہو جائے۔ اور بہتر یہ ہے کہ ہر نماز کے لیئے ایک بار وضو کرے لیکن قضا شدہ سجدے اور تشہد اور نماز احتیاط کے لیئے دوسرا وضو ضروری نہیں ہے۔

مسئلہ ۳۱۱ : اگر کسی شخص کا پیشاب یا پاخانہ پے در پے خارج ہوتا ہو تو اس کے لیئے ضروری نہیں کہ وضو کے بعد فوراً نماز پڑھے اگرچہ بہتر ہے کہ نماز پڑھنے میں جلدی کرے۔

مسئلہ ۳۱۲ : اگر کسی شخص کا پیشاب یا پاخانہ پے در پے خارج ہوتا ہو تو وضو کرنے کے بعد اگر وہ نماز کی حالت میں نہ ہو تب بھی اس کے لیئے قرآن مجید کے الفاظ کو چھونا جائز ہے۔

مسئلہ ۳۱۳ : اگر کسی شخص کو قطرہ قطرہ پیشاب آتا رہتا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز کے لیئے اپنے آپ کو ایک ایسی تھیلی کے ذریعے محفوظ کر لے جس میں روئی یا کوئی اور چیز رکھی ہو جو پیشاب کو دوسری جگہوں تک پہنچنے سے روکے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ ہر نماز سے پہلے پیشاب خارج ہونے کے نجس شدہ مقام کو دھولے۔ علاوہ ازیں جو شخص پاخانہ روکنے پر قادر نہ ہو اسے چاہئے کہ جہاں تک

ممکن ہو نماز پڑھنے تک پاخانے کو دوسری جگہوں تک پھیلنے سے روکے اور احتیاط واجب یہ ہے اگر باعث زحمت نہ ہو تو ہر نماز کے لیئے پاخانہ خارج ہونے کے مقام کو دھوئے۔

مسئلہ ۳۱۴ : جو شخص پیشاب اور پاخانے کو روکنے پر قدرت نہ رکھتا ہو تو جہاں تک ممکن ہو نماز میں پیشاب اور پاخانے کو روکے چاہے اس پر کچھ خرچ کرنا پڑے بلکہ اس کا مرض اگر آسانی سے دور ہو سکتا ہو تو اپنا علاج کرائے۔

مسئلہ ۳۱۵ : جو شخص اپنا پیشاب اور پاخانہ روکنے پر قادر نہ ہو اس کے لیئے صحت یاب ہونے کے بعد یہ ضروری نہیں کہ جو نمازیں اس نے مرض کے دوران میں اپنے وظیفہ کے مطابق پڑھی تھیں ان کی قضا کرے لیکن اگر اس کا مرض نماز پڑھتے ہوئے دور ہو جائے تو چاہئے کہ جو نماز اس وقت پڑھی ہو اسے دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۳۱۶ : اگر کسی شخص کو یہ عارضہ ہو کہ ریاح روکنے پر قادر نہ ہو اسے چاہئے کہ ان لوگوں کے وظیفہ کے مطابق عمل کرے جو پیشاب اور پاخانہ روکنے پر قدرت نہ رکھتے ہوں۔

وہ چیزیں جن کیلئے وضو کرنا چاہئے

مسئلہ چھ چیزوں کے لیئے وضو کرنا واجب ہے۔

اول : واجب نمازوں کیلئے سوائے نماز میت اور مستحب نمازوں میں وضو شرط صحت ہے۔

دوم : اس سجدے اور تشہد کے لیئے جو ایک شخص بھول گیا ہو جبکہ ان کے اور نماز کے درمیان کوئی حدث اس سے سرزد ہوا ہو مثلاً اس نے پیشاب کیا ہو لیکن سجدہ سہو کے لیئے وضو کرنا واجب نہیں۔

سوم : خانہ کعبہ کے واجب طواف کے لئے۔

چہارم : وضو کرنے کی نذر مانی ہو یا عہد کیا ہو یا قسم کھائی ہو۔

پنجم : کسی نے نذر مانی ہو کہ اپنے بدن کا کوئی حصہ قرآن کی تحریر سے مس کرے گا۔

ششم : نجس شدہ قرآن مجید کو دھونے کے لیئے یا بیت الخلاء وغیرہ سے نکالنے کے لیئے جب

کہ متعلقہ شخص مجبور ہو کر اس مقصد کے لیئے اپنا ہاتھ یا بدن کا کوئی اور حصہ قرآن مجید کے الفاظ سے مس کرے۔ لیکن جو وقت وضو کرنے میں لگتا ہو اگر قرآن مجید کو دھونے یا اسے بیت الخلاء سے نکالنے میں اتنی تاخیر سے کلام اللہ کی اہانت ہوتی ہے تو اس شخص کو چاہیئے کہ وضو کیئے بغیر قرآن مجید کو بیت الخلاء وغیرہ سے باہر نکال لے یا اگر نجس ہو گیا ہو تو اسے دھو ڈالے۔

مسئلہ ۳۱۸ : جس شخص نے وضو نہ کر رکھا ہو اس کے لیئے قرآن مجید کے الفاظ کو مس کرنا یعنی اپنے بدن کا کوئی حصہ قرآن مجید کے الفاظ سے لگانا حرام ہے لیکن اگر قرآن مجید کا کسی اور زبان میں ترجمہ کیا گیا ہو تو اسے چھونا حرام نہیں۔

مسئلہ ۳۱۹ : بچے اور پاگل شخص کو قرآن مجید کے الفاظ کو مس کرنے سے روکنا واجب نہیں لیکن اگر ان کے مس کرنے سے قرآن مجید کی توہین ہوتی ہو تو انہیں روکنا چاہیئے اور اسی طرح کسی بچے یا پاگل کو بغیر وضو قرآن مجید کے الفاظ کو مس کرنے کے لیئے مجبور کرنا جائز نہیں ہے۔

مسئلہ ۳۲۰ : جو شخص باوضو نہ ہو اس کے لیئے اللہ تعالیٰ کے ذاتی نام اور ان صفاتی ناموں کو چھونا جو صرف اس کے لیئے مخصوص ہیں خواہ وہ کسی زبان میں لکھے ہوئے ہوں حرام ہے بہتر یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ طاہرین اور حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کے اسمائے مبارکہ کو بھی نہ چھوئے لیکن اگر بے حرمتی لازم آئے تو حرام ہے۔

مسئلہ ۳۲۱ : اگر کوئی شخص نماز کے وقت سے پہلے باطہارت ہونے کے ارادے سے وضو یا غسل کرے تو صحیح ہے اور نماز کے وقت بھی اگر نماز کے لیئے تیار ہونے کی نیت سے وضو کرے تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۳۲۲ : اگر کسی شخص کو یقین ہو کہ (نماز کا) وقت داخل ہو چکا ہے اور واجب وضو کی نیت کرے لیکن وضو کر چکنے کے بعد اسے پتہ چلے کہ ابھی وقت داخل نہیں ہوا تھا تو اس کا وضو صحیح ہے۔

مسئلہ ۳۲۳ : میت کی نماز کے لیئے اہل قبور کی زیارت کے لیئے مسجد یا آئمہ علیہم السلام کے حرم میں جانے کے لیئے قرآن مجید ساتھ رکھنے، اسے پڑھنے، لکھنے اور اس کا حاشیہ مس کرنے کے لیئے

اور سونے کے لیئے وضو کرنا مستحب ہے اور اگر کسی شخص کا وضو ہو تو دوبارہ وضو کرنا مستحب ہے اور مذکورہ بالا کاموں میں سے کسی ایک کے لیئے وضو کرے تو ہر کام جو باوضو ہو کرنا چاہے کر سکتا ہے۔ مثلاً اس وضو کے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے۔

مبطلات وضو

مسئلہ ۳۲۴ : سات چیزیں وضو کو باطل کر دیتی ہیں۔

۱... پیشاب۔

۲... پاخانہ۔

۳... معدے اور آنتوں کی ہوا جو پاخانے کے مخرج سے خارج ہوتی ہے۔

۴... نیند جس کی وجہ سے نہ آنکھ دیکھ سکے اور نہ کان سن سکیں لیکن اگر آنکھ نہ دیکھتی ہو اور کان سن رہے ہوں تو وضو باطل نہیں ہوتا۔

۵... ایسی چیزیں جن سے عقل زائل ہو جاتی ہو مثلاً دیوانگی، مستی یا بے ہوشی۔

۶... عورتوں کا استحاضہ جس کا ذکر بعد میں آئے گا۔

۷... جنابت بلکہ بنا بر احتیاط مستحب ہر وہ کام جس کے لیئے غسل کرنا چاہیے۔

جبیرہ کے احکام

وہ چیز جس سے زخم یا ٹوٹی ہوئی ہڈی باندھی جاتی ہے اور وہ دوائی جو زخم یا ایسی ہی کسی چیز پر لگائی جاتی ہے جبیرہ کہلاتی ہے۔

مسئلہ ۳۲۵ : اگر وضو کے اعضاء میں سے کسی پر زخم یا پھوڑا ہو یا ہڈی ٹوٹی ہوئی ہو اور اس کا منہ کھلا ہو اور پانی اس کے لیئے مضر نہ ہو تو ایسے ہی وضو کرنا چاہئے جیسے عام طور پر کیا جاتا ہے۔

مسئلہ ۳۲۶ : اگر کسی شخص کے چہرے اور بازوؤں پر زخم یا پھوڑا ہو یا ان کی ہڈی ٹوٹی ہوئی ہو اور اس کا منہ کھلا ہو اور اس پر پانی ڈالنا نقصان دہ ہو تو ایسے زخم یا پھوڑے کے آس پاس کا حصہ اس

طرح اوپر سے نیچے کو دھونا چاہئے جیسا کہ وضو کے بارے میں بتایا گیا ہے اور بہتر یہ ہے کہ اگر اس پر تر ہاتھ کھینچنا نقصان دہ نہ ہو تو تر ہاتھ اس پر کھینچے اور اس کے بعد پاک کپڑا اس پر ڈال دے اور گیلا ہاتھ اس کپڑے پر کھینچے۔ البتہ اگر ہڈی ٹوٹی ہوئی ہو تو تیمم کرنا لازم ہے۔

مسئلہ ۳۲۷ : اگر زخم یا پھوڑا یا ٹوٹی ہوئی ہڈی کسی شخص کے سر کے اگلے حصے یا پاؤں پر ہو اور اس کا منہ کھلا ہو اور وہ اس پر مسح نہ کر سکتا ہو یا زخم مسح کی پوری جگہ پر پھیلا ہوا ہو یا مسح کی جگہ کا جو حصہ صحیح و سالم ہو اس پر مسح کرنا بھی اس کی قدرت سے باہر ہو تو اس صورت میں ضروری ہے کہ تیمم کرے اور احتیاط کی بنا پر وضو بھی کرے اور پاک کپڑا زخم وغیرہ پر رکھے اور وضو کے پانی کی تری سے جو ہاتھوں پر لگی ہو کپڑے پر مس کرے۔

مسئلہ ۳۲۸ : اگر پھوڑے یا زخم یا ٹوٹی ہوئی ہڈی کا منہ کسی چیز سے بند ہو اور اس کا کھولنا ممکن ہو اور پانی بھی اس کے لئے مضر نہ ہو تو اسے کھول کر وضو کرنا چاہئے خواہ زخم وغیرہ چہرے اور بازوؤں پر ہو اور خواہ سر کے اگلے حصے اور پاؤں کے اوپر والے حصہ پر ہو۔

مسئلہ ۳۲۹ : اگر کسی شخص کا زخم یا پھوڑا یا ٹوٹی ہوئی ہڈی جو کسی چیز سے بندھی ہوئی ہو اس کے چہرے یا بازوؤں پر ہو اور اس کا کھولنا اور اس پر پانی ڈالنا مضر ہو تو اسے چاہئے کہ آس پاس کے جتنے حصے کو دھونا ممکن ہو اسے دھوئے اور جبیرہ پر مسح کرے۔

مسئلہ ۳۳۰ : اگر زخم کا منہ نہ کھل سکتا ہو لیکن خود زخم اور جو چیز اس پر لگائی گئی ہو پاک ہو اور زخم تک پانی پہنچانا ممکن ہو اور مضر بھی نہ ہو تو متعلقہ شخص کو چاہیئے کہ پانی کو زخم کے منہ پر اوپر سے نیچے کی طرف پہنچائے اور اگر زخم یا اس کے اوپر لگائی گئی چیز نجس ہو اور اس کا دھونا اور زخم کے منہ تک پانی پہنچانا ممکن ہو تو اسے چاہئے کہ اسے دھوئے اور وضو کرتے وقت پانی زخم تک پہنچائے۔ اور اگر پانی زخم کے لیئے مضر نہ ہو۔ لیکن زخم کے منہ تک پانی پہنچانا ممکن نہ ہو یا زخم نجس ہو اور اسے دھویا نہ جا سکتا ہو تو چاہئے کہ تیمم کرے۔

مسئلہ ۳۳۱ : اگر جبیرہ پورے چہرے یا ایک پورے بازو یا پورے دونوں بازوؤں پر پھیلا ہوا ہو تو متعلقہ شخص کو چاہئے کہ بنا بر احتیاط تیمم کرے اور وضوئے جبیرہ بھی کرے اور اگر جبیرہ

پورے سر یا پورے دونوں پیروں پر پھیلا ہوا ہو تو صرف تیمم کرنا ضروری ہے۔

مسئلہ ۳۳۲ : یہ ضروری نہیں کہ جبیرہ ان چیزوں میں سے ہو جن کے ساتھ نماز پڑھنا درست ہے بلکہ اگر وہ ریشم یا ان حیوانات کے اجزاء سے بھی ہو جن کا گوشت کھانا جائز نہیں تو ان پر مسح کرنا جائز ہے۔ بشرطیکہ وہ نجس نہ ہو نجس ہونے کی صورت میں پاک کپڑا رکھ کر اس پر مسح کرے۔

مسئلہ ۳۳۳ : جس شخص کی ہتھیلی اور انگلیوں پر جبیرہ ہو اور وضو کرتے وقت اس نے تر ہاتھ اس پر کھینچا ہو اسے چاہئے کہ سر اور پاؤں کا مسح اسی تری سے کرے۔

مسئلہ ۳۳۴ : اگر کسی شخص کے پاؤں کے اوپر والے پورے حصے پر جبیرہ ہو لیکن کچھ حصہ انگلیوں کی طرف سے اور کچھ حصہ پاؤں کی اوپر والی طرف سے کھلا ہو تو اسے چاہئے کہ جو جگہیں کھلی ہیں وہاں پاؤں کے اوپر والے حصے پر اور جن جگہوں پر جبیرہ ہے وہاں جبیرہ پر مسح کرے۔

مسئلہ ۳۳۵ : اگر چہرے یا بازوؤں پر کئی ایک جبیرے ہوں تو ان کا درمیانی حصہ دھونا چاہئے اور اگر سر یا پاؤں کے اوپر والے حصے پر جبیرے ہوں تو ان کے درمیانی حصے کا مسح کرنا چاہئے اور جہاں جبیرے ہوں وہاں جبیرے کے بارے میں احکام پر عمل کرنا چاہیے۔

مسئلہ ۳۳۶ : اگر جبیرہ زخم کے آس پاس کے حصوں کو معمول سے زیادہ گھیرے ہوئے ہو اور اس کو ہٹانا بھی ممکن نہ ہو تو متعلقہ شخص کو چاہئے کہ تیمم کرے بجز اس کے کہ جبیرہ تیمم کی جگہوں پر ہو کیونکہ اس صورت میں ضروری ہے کہ وضو بھی کرے اور تیمم بھی کرے اور دونوں صورتوں میں اگر جبیرہ کا ہٹانا ممکن ہو تو اسے ہٹا دے۔ پس اگر زخم چہرے یا بازوؤں پر ہو تو اس کے آس پاس کی جگہوں کو دھوئے اور اگر سر یا پاؤں کے اوپر والے حصے پر ہو تو اس کے آس پاس کی جگہوں کا مسح کرے اور زخم کی جگہ کے لئے جبیرہ سے متعلق احکام کے مطابق عمل کرے۔

مسئلہ ۳۳۷ : اگر وضو کے اعضا پر زخم یا جراحت نہ ہو یا ان کی ہڈی نہ ٹوٹی ہوئی ہو تو لیکن کسی دوسری وجہ سے پانی ان کے لیے مضر ہو تو تیمم کرنا چاہیے۔

مسئلہ ۳۳۸ : اگر وضو کے اعضا کی کسی رگ سے خون نکل آیا ہو اور اسے دھونا ممکن نہ ہو یا

پانی اس کے لیئے مضر ہو تو تیمم کرنا لازم ہے۔

مسئلہ ۳۳۹ : اگر وضو یا غسل کی جگہ پر کوئی ایسی چیز چپک گئی ہو جس کا اتارنا ممکن نہ ہو یا ناقابل برداشت تکلیف اٹھا کر ہٹائی جا سکتی ہو تو متعلقہ شخص کو چاہئے کہ تیمم کرے۔ ہاں جو چیز چپکی ہوئی ہے اگر وہ کوئی دوائی ہو تو جبیرہ کے حکم میں آتی ہے۔

مسئلہ ۳۴۰ : غسل میت کے علاوہ تمام قسم کے غسلوں میں غسل جبیرہ وضوئے جبیرہ کی مانند ہے لیکن متعلقہ شخص کو چاہئے کہ غسل ترتیبی کرے (ارتماسی نہ کرے) اور زیادہ واضح یہ ہے کہ اگر بدن پر زخم یا پھوڑا ہو اور اس پر جبیرہ ہو تو غسل واجب ہے اور احتیاطاً وہ جبیرہ پر مسح بھی کرے اور اگر زخم یا پھوڑا کا منہ کھلا ہو تو اختیار ہے چاہے غسل کرے یا تیمم کرے۔ اگر وہ غسل کو اختیار کرتا ہے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ زخم یا پھوڑے پر پاک کپڑا رکھے۔ اور اس کپڑے کے اوپر مسح کرے اور اگر بدن کا کوئی عضو ٹوٹا ہوا ہو تو چاہئے کہ غسل کرے اور احتیاطاً جبیرہ کے اوپر بھی مسح کرے اور اگر جبیرہ پر مسح کرنا ممکن نہ ہو یا جو جگہ ٹوٹی ہوئی ہے وہ کھلی ہو تو لازم ہے کہ تیمم کرے۔

مسئلہ ۳۴۱ : اگر کسی ایسے شخص کی جس کا وظیفہ تیمم ہو تیمم کی بعض جگہوں پر زخم یا پھوڑا ہو یا ہڈی ٹوٹی ہوئی ہو تو اسے چاہئے کہ وضوئے جبیرہ کے احکام کے مطابق تیمم جبیرہ کرے۔

مسئلہ ۳۴۲ : جس شخص کو وضوئے جبیرہ یا غسل جبیرہ کر کے نماز پڑھنی ہو اگر اسے علم ہو کہ نماز کے آخر وقت تک اس کا عذر دور نہیں ہوگا تو وہ اول وقت میں نماز پڑھ سکتا ہے لیکن اگر اسے امید ہو کہ آخر وقت تک اس کا عذر دور ہو جائے گا تو اس کے لیئے بہتر یہ ہے کہ انتظار کرے اور اگر اس کا عذر دور نہ ہو تو آخر وقت میں وضوئے جبیرہ یا غسل جبیرہ کے ساتھ نماز ادا کرے لیکن اگر اول وقت میں نماز پڑھ لے اور آخر وقت تک اس کا عذر دور ہو جائے تو اس کے لیئے لازم ہے کہ وضو یا غسل کرے اور نئے سرے سے نماز پڑھے۔

مسئلہ ۳۴۳ : اگر کوئی شخص آنکھ کی بیماری کی وجہ سے پلکیں موند کر رکھتا ہو تو اسے چاہئے کہ تیمم کرے۔

مسئلہ ۳۴۴ : اگر کسی شخص کو یہ علم نہ ہو کہ آیا اس کا وظیفہ تیمم ہے یا وضوئے جبیرہ تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے تیمم اور وضوئے جبیرہ دونوں بجالانے چاہئیں۔

مسئلہ ۳۴۵ : اگر آخر وقت تک کسی شخص کا عذر باقی رہے تو جو نمازیں اس نے وضوئے جبیرہ سے پڑھی ہوں وہ صحیح ہیں اور وہ اسی وضو کے ساتھ آئندہ کی نمازیں بھی پڑھ سکتا ہے۔

واجب غسل

واجب غسل سات ہیں : پہلا غسل جنابت' دوسرا غسل حیض' تیسرا غسل نفاس' چوتھا غسل استحاضہ' پانچواں غسل مس میت' چھٹا غسل میت' اور ساتواں وہ غسل جو نذر یا قسم وغیرہ کی وجہ سے واجب ہو جائے۔

جنابت کے احکام

مسئلہ ۳۴۶ : دو چیزوں سے انسان جنب ہو جاتا ہے۔

۱... جماع سے۔

۲... منی خارج کے ہونے سے خواہ وہ نیند کی حالت میں ہو یا بیداری کی حالت میں ہو کم ہو یا زیادہ' شہوت کے ساتھ نکلے یا بغیر شہوت کے اور اس کا نکلنا متعلقہ شخص کے اختیار میں ہو یا نہ ہو۔

مسئلہ ۳۴۷ : اگر کسی شخص کے بدن سے کوئی رطوبت خارج ہو اور وہ یہ نہ جانتا ہو کہ منی ہے یا پیشاب یا کوئی اور چیز اور اگر وہ رطوبت شہوت کے ساتھ اور اچھل کر نکلی ہو اور اس کے نکلنے کے بعد بدن سست ہو گیا ہو تو وہ رطوبت منی کا حکم رکھتی ہے۔ لیکن اگر ان تین علامات میں سے ساری کی ساری یا کچھ موجود نہ ہوں تو وہ رطوبت منی کے حکم میں نہیں آئے گی تاہم اگر متعلقہ شخص بیمار ہو تو پھر ضروری نہیں کہ وہ رطوبت اچھل کر نکلی ہو بلکہ اگر شہوت کے ساتھ نکلے اور اس کے نکلنے کے وقت بدن سست ہو جائے وہ منی کے حکم میں ہوگی۔

مسئلہ ۳۴۸ : اگر کسی ایسے شخص کے بدن سے جو بیمار نہ ہو کوئی ایسا پانی خارج ہو جس میں ان تین علامات میں سے جن کا ذکر اوپر والے مسئلہ میں کیا گیا ہے ایک علامت موجود ہو اور اسے یہ علم نہ ہو کہ باقی علامات بھی اس میں موجود ہیں یا نہیں تو اگر اس پانی کے خارج ہونے سے پہلے اس نے وضو کیا ہوا ہو تو چاہئے کہ اسی وضو کو کافی سمجھے اور اگر وضو نہیں کر رکھا تھا تو صرف وضو کرنا کافی ہے۔ اس کے لیئے غسل ضروری نہیں۔

مسئلہ ۳۴۹ : منی خارج ہونے کے بعد انسان کے لیئے پیشاب کرنا مستحب ہے اور اگر پیشاب نہ کرے اور غسل کے بعد اس کے بدن سے رطوبت خارج ہو جس کے بارے میں وہ نہ جانتا ہو کہ منی ہے یا کوئی اور رطوبت ہے تو وہ رطوبت منی کا حکم رکھتی ہے۔

مسئلہ ۳۵۰ : اگر کوئی شخص عورت سے جماع کرے اور عضو تناسل ختنے کی مقدار تک یا اس سے زیادہ عورت کے بدن میں داخل ہو جائے تو خواہ یہ دخول اگلی جانب سے ہو یا پچھلی جانب سے اور خواہ وہ بالغ ہوں یا نابالغ اور خواہ منی خارج نہ ہوئی ہو پھر بھی دونوں جنب ہو جاتے ہیں۔

مسئلہ ۳۵۱ : اگر کسی کو شک ہو کہ عضو تناسل ختنے کی مقدار تک داخل ہوا ہے یا نہیں تو اس پر غسل واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۳۵۲ : نعوذ باللہ اگر کوئی شخص کسی حیوان کے ساتھ وطی یعنی خلاف وضع فطری فعل کرے اور منی اس کے بدن سے خارج ہو تو صرف غسل کرے اور اگر منی خارج نہ ہو اور اس نے وطی کرنے سے پہلے وضو کیا ہوا ہو تب بھی صرف غسل کافی ہے اور اگر وضو نہ کر رکھا ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ غسل کرے اور وضو بھی کرے اور مرد یا لڑکے سے وطی کرنے کی صورت میں غسل جنابت واجب ہوگا۔

مسئلہ ۳۵۳ : اگر منی اپنی جگہ سے حرکت کرے لیکن بدن سے خارج نہ ہو یا انسان کو شک ہو کہ منی اس کے بدن سے خارج ہوئی ہے یا نہیں تو اس پر غسل واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۳۵۴ : جو شخص غسل نہ کر سکے لیکن تیمم کر سکتا ہو وہ نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد اپنی بیوی سے جماع کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۳۵۵ : اگر کوئی شخص اپنے لباس میں منی دیکھے اور جانتا ہو کہ اس کی اپنی منی ہے اور اس نے اس منی کے لیئے غسل نہ کیا ہو تو اسے چاہئے کہ غسل کرے اور جن نمازوں کے بارے میں اسے یقین ہو کہ وہ اس نے منی خارج ہونے کے بعد پڑھی تھیں ان کی قضا کرے۔ لیکن ان نمازوں کی قضا ضروری نہیں جن کے بارے میں احتمال ہو کہ وہ اس نے منی خارج ہونے سے پہلے پڑھی تھیں یا بعد میں۔

وہ چیزیں جو مجنب پر حرام ہیں

مسئلہ ۳۵۶ : پانچ چیزیں مجنب پر حرام ہیں۔

اول : جیسا کہ وضو کے بیان میں ذکر ہو چکا ہے اپنے بدن کا کوئی حصہ قرآن مجید کے الفاظ یا اللہ تعالیٰ کے نام سے خواہ وہ کسی بھی زبان میں ہو مس کرنا اور بہتر یہ ہے کہ پیغمبروں' اماموں اور حضرت زہرا علیہم السلام کے ناموں سے بھی اپنابدن مس نہ کرے۔ مس کرنے کی صورت میں اہانت لازم آئے تو حرام ہے۔

دوم : مسجد الحرام اور مسجد نبوی میں جانا خواہ ایک دروازے سے داخل ہو کر دوسرے دروازے سے نکل آئے۔

سوم : دوسری (یعنی مسجد الحرام اور مسجد نبوی کے علاوہ) مسجدوں میں ٹھہرنا اور احتیاط واجب کی بنا پر آئمہ کے حرم میں ٹھہرنا' لیکن اگر ان مسجدوں میں سے کسی مسجد کے ایک دروازے سے داخل ہو کر دوسرے دروازے سے باہر نکل جائے تو کوئی حرج نہیں۔

چہارم : کسی مسجد میں کوئی چیز رکھنے یا کوئی چیز اٹھانے کے لیئے اس میں داخل ہونا۔

پنجم : ان آیات میں سے کسی آیت کا پڑھنا جن کے پڑھنے سے سجدہ واجب ہو جاتا ہے اور وہ آیتیں چار سورتوں میں ہیں۔ ۱ قرآن مجید کی ۳۲ ویں سورۃ (الم تنزیل) ۲ - ۴۱ ویں سورۃ (حم سجدہ) ۳- ۵۳ ویں سورۃ (النجم) ۴ - ۹۶ ویں سورۃ (علق)۔

وہ چیزیں جو مجنب کے لیئے مکروہ ہیں

مسئلہ ۳۵۷ : نو چیزیں مجنب ہونے والے شخص کے لیئے مکروہ ہیں۔

اول اور دوم : کھانا اور پینا لیکن اگر وضو کر لے یا ہاتھ دھو لے تو مکروہ نہیں ہے۔
سوم : قرآن مجید کی سات سے زیادہ ایسی آیات پڑھنا جن میں سجدہ واجب نہ ہو۔
چہارم : اپنے بدن کا کوئی حصہ قرآن مجید کی جلد۔ حاشیہ یا الفاظ کی درمیانی جگہ سے مس کرنا۔
پنجم : قرآن مجید اپنے ساتھ رکھنا۔
ششم : سونا البتہ اگر وضو کر لے یا پانی نہ ہونے کی وجہ سے غسل کے بدلے تیمم کر لے تو پھر سونا مکروہ نہیں ہے۔
ہفتم : مہندی یا اس سے ملتی جلتی چیز سے خضاب کرنا۔
ہشتم : بدن پر تیل ملنا۔
نہم : احتلام کے بعد یعنی سوتے میں منی خارج ہونے کے بعد جماع کرنا۔

غسل جنابت

مسئلہ ۳۵۸ : غسل جنابت بجائے خود مستحب ہے اور نماز واجب اور ایسی دوسری عبادات کے لیئے واجب ہو جاتا ہے لیکن نماز میت اور سجدہ شکر اور قرآن مجید کے واجب سجدوں کے لیئے غسل جنابت ضروری نہیں ہے۔

مسئلہ ۳۵۹ : کسی شخص کے لیئے یہ ضروری نہیں کہ غسل کے وقت نیت کرے کہ واجب یا مستحب غسل کر رہا ہوں بلکہ فقط قربتہ" الی اللہ یعنی اللہ تعالیٰ کا حکم بجالانے کے ارادے سے غسل کرے تو کافی ہے۔

مسئلہ ۳۶۰ : نماز کے وقت کے داخل ہونے سے پہلے یا بعد میں واجب کی نیت سے غسل کرنا صحیح ہے۔

مسئلہ ۳۶۱ : غسل خواہ واجب ہو خواہ مستحب دو طریقوں سے انجام دیا جا سکتا ہے۔ ترتیبی اور ارتماسی۔

ترتیبی غسل

مسئلہ ۳۶۲ : ایک شخص کو چاہئے کہ غسل ترتیبی میں پہلے سر اور گردن اور بعد میں بدن دھوئے اور بہتر یہ ہے کہ بدن کو پہلے دائیں طرف سے اور بعد میں بائیں طرف سے دھوئے اور اگر وہ شخص جان بوجھ کر یا بھول کر یا مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے بدن کو سر سے پہلے دھوئے تو اس کا غسل باطل ہے۔

مسئلہ ۳۶۳ : اگر کوئی شخص اس بات کا یقین کرنا چاہے کہ اس نے سر اور گردن اور جسم کا دایاں بایاں حصہ مکمل طور پر دھولیا ہے تو اسے چاہئے کہ جس حصے کو دھوئے اس کے ساتھ کچھ مقدار دوسرے حصے کی بھی دھولے۔

مسئلہ ۸۳۱ : شرط ششم ... نماز پڑھنے والے مرد کا لباس حتی کہ بنا بر احتیاط عرقچین (ایک قسم کی ٹوپی) اور ازار بند بھی خالص ریشم کا نہیں ہونا چاہئے اور نماز کے علاوہ بھی خالص ریشم کا پہننا مردوں کے لیئے حرام ہے۔

مسئلہ ۸۳۲ : اگر لباس کا تمام استر یا اس کا کچھ حصہ خالص ریشم کا ہو تو مرد کے لیئے اس کا پہننا حرام اور اس کے ساتھ نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۸۳۳ : اگر کسی کو ایک لباس کے بارے میں یہ علم نہ ہو کہ خالص ریشم کا ہے یا کسی اور چیز کا بنا ہوا ہے تو اس کا پہننا جائز ہے اور اس کے ساتھ نماز پڑھنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۸۳۴ : اگر ریشمی رومال یا اسی جیسی کوئی چیز مرد کی جیب میں ہو تو کوئی حرج نہیں اور وہ نماز کو باطل نہیں کرتی۔

مسئلہ ۸۳۵ : عورت کے لیئے نماز میں یا اس کے علاوہ وہ ریشمی لباس پہننے میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۸۳۶ : مجبوری کی حالت میں غصبی اور خالص ریشمی اور زردوزی لباس پہننے میں کوئی حرج نہیں۔ علاوہ ازیں جو شخص یہ لباس پہننے پر مجبور ہو اور ان لباسوں کے علاوہ کوئی اور لباس نہ رکھتا ہو تو وہ ان لباسوں کے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے۔

مسئلہ ۸۳۷ : اگر کسی شخص کے پاس غصبی لباس اور مردار سے تیار کیے گئے لباس کے علاوہ کوئی لباس نہ ہو اور وہ لباس پہننے پر مجبور نہ ہو تو اسے چاہئے کہ ان احکام کے مطابق نماز پڑھے جو برہنہ لوگوں کے لیئے بتائے گئے ہیں۔

مسئلہ ۸۳۸ : اگر کسی شخص کے پاس حرام گوشت جانور کے اجزاء سے تیار کیئے ہوئے لباس کے علاوہ اور کوئی لباس نہ ہو اور وہ لباس پہننے پر مجبور ہو تو اسی لباس کے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے اور اگر لباس پہننے پر مجبور نہ ہو تو اسے چاہئے کہ ان احکام کے مطابق نماز پڑھے جو برہنہ لوگوں کے لیئے بتائے گئے ہیں۔

مسئلہ ۸۳۹ : اگر کسی مرد کے پاس خالص ریشم یا زردوزی کے لباس کے علاوہ کوئی اور لباس نہ ہو اور وہ لباس پہننے پر مجبور نہ ہو تو اسے چاہئے کہ ان احکام کے مطابق نماز پڑھے جو برہنہ لوگوں کے لیئے بتائے گئے ہیں۔

مسئلہ ۸۴۰ : اگر کسی شخص کے پاس ایسی کوئی چیز نہ ہو جس سے اپنے بدن کی مقررہ مقدار کو نماز کے دوران ڈھانپ سکے تو اس پر واجب ہے کہ اگر ایسی چیز کرایہ پر یا خرید کر ملتی ہو تو اسے حاصل کرے لیکن اگر اس کی حصول کے لیئے اتنی رقم درکار ہو جو اس کی استطاعت سے باہر ہو یا صورت ایسی ہو کہ اگر رقم لباس پر خرچ کر دے تو اس کی حالت کے لیئے مضر ہو تو اسے چاہئے کہ ان احکام کے مطابق نماز پڑھے جو برہنہ لوگوں کے لیئے بتائے گئے ہیں۔

مسئلہ ۸۴۱ : جس شخص کے پاس لباس نہ ہو اگر کوئی دوسرا شخص اسے لباس بخش دے یا ادھار دے دے تو اگر اس لباس کا قبول کرنا اس کے لیئے مشقت اور سختی کا موجب نہ ہو تو اسے چاہئے کہ اسے قبول کر لے بلکہ ادھار لینا یا بخشش کے طور پر طلب کرنا اس کے لیئے تکلیف کا باعث نہ ہو تو

اسے چاہئے کہ جس کے پاس لباس ہو اس سے ادھار مانگ لے یا بخشش کے طور پر طلب کرے۔

مسئلہ ۸۴۲ : اگر کوئی شخص ایسا لباس پہننا چاہے کہ جس کا پہننا اس لباس کے کپڑے یا رنگ یا سلائی کے لحاظ سے اس کے معمول کے مطابق نہ ہو مثلاً یہ کہ کوئی اہل علم فوج یا پولیس کی وردی پہن لے تو اگر اس لباس کا پہننا ذلت کا باعث ہو تو اس کا پہننا حرام ہے اور اگر وہ اس لباس کے ساتھ نماز پڑھے اور اس کی شرمگاہ کو ڈھانپنے والا لباس صرف وہی ہو تو کچھ بعید نہیں کہ اس کی نماز باطل ہو۔

مسئلہ ۸۴۳ : اگر مرد زنانہ لباس پہنے اور عورت مردانہ لباس پہنے اور اسے اپنی زینت قرار دے تو احتیاط کی بنا پر اس کا پہننا حرام ہے اور اس لباس کے ساتھ نماز پڑھنے کے لیئے وہی حکم ہے جس کا ذکر سابقہ مسئلہ میں کیا گیا ہے۔

مسئلہ ۸۴۴ : جس شخص کو لیٹ کر نماز پڑھنی چاہئے اگر اس کا لحاف حرام گوشت جانور کے اجزاء سے بنا ہو تو اگر وہ (لحاف اتارنے سے) ننگا نہ ہو تو اس میں نماز پڑھنا جائز نہیں اور اگر وہ لحاف نجس یا ریشمی ہو اور اسے "پہناوا" کہا جاسکے تو بھی اس میں نماز جائز نہیں ہے ہاں اگر اسے محض اپنے اوپر ڈال لیا جائے تو کوئی حرج نہیں اور اس سے نماز باطل نہیں ہوگی۔ البتہ جہاں تک توشک کا سوال ہے اس کے استعمال میں کسی حالت میں بھی کوئی قباحت نہیں ماسوا اس کے کہ اس کا کچھ حصہ انسان اپنے اوپر لپیٹ لے اور اسے عرف عام میں پہناوا کہا جائے۔ اس صورت میں اس کے لیئے وہی حکم ہے جو لحاف کے لیئے ہے۔

جن صورتوں میں نماز پڑھنے والے کا بدن اور لباس پاک ہونا ضروری نہیں

مسئلہ ۸۴۵ : تین صورتوں میں جن کی تفصیل نیچے بیان کی جارہی ہے اگر نماز پڑھنے والے کا بدن یا لباس نجس بھی ہو تو اس کی نماز صحیح ہے۔

اول : یہ کہ اس کے بدن کے زخم، جراحت یا پھوڑے کی وجہ سے اس کے لباس یا بدن پر خون لگ جائے۔

دوم : یہ کہ اس کے بدن یا لباس پر درہم (جس کی مقدار تقریباً شہادت والی انگلی کی اوپر والی گرہ کے برابر) کی مقدار سے کم خون لگ جائے۔

سوم : یہ کہ وہ نجس بدن یا لباس کے ساتھ نماز پڑھنے پر مجبور ہو۔

چہارم : علاوہ ازیں ایک صورت میں اگر نماز پڑھنے والے کا لباس نجس بھی ہو تو اس کی نماز صحیح اور وہ صورت یہ ہے کہ اس کا چھوٹا لباس مثلاً موزہ اور ٹوپی نجس ہو۔ (ان چاروں صورتوں کے مفصل احکام آئندہ مسئلوں میں بیان کیئے جائیں گے۔)

مسئلہ ۸۴۶ : اگر نماز پڑھنے والے کے بدن یا لباس پر زخم یا جراحت یا پھوڑے کا خون ہو اور صورت ایسی ہو جس میں عموماً لوگوں کے لیئے بدن یا لباس کا دھونا یا لباس بدلنا مشکل ہوتا ہے تو وہ اس خون کے ساتھ اس وقت تک نماز پڑھ سکتا ہے جب تک کہ زخم یا جراحت یا پھوڑا ٹھیک نہ ہو جائے اور اگر اس کے بدن یا لباس پر ایسی پیپ ہو جو خون کے ساتھ نکلی ہو یا ایسی دوائی ہو جو زخم پر لگائی گئی ہو اور نجس ہو گئی ہو تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۸۴۷ : اگر نماز پڑھنے والے کے بدن یا لباس پر ایسی خراش یا زخم کا خون لگا ہو جو جلدی ٹھیک ہو جاتا ہو اور جس کا دھونا آسان ہو تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۸۴۸ : اگر بدن یا لباس کی ایسی جگہ جو زخم سے فاصلے پر ہو زخم کی رطوبت سے نجس ہو جائے تو اس کے ساتھ نماز پڑھنا جائز نہیں لیکن اگر لباس یا بدن کی وہ جگہ عموماً زخم کی رطوبت سے آلودہ ہو جاتی ہے اس زخم کی رطوبت سے نجس ہو جائے تو اس کے ساتھ نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۸۴۹ : اگر کسی شخص کے بدن یا لباس کو اس بواسیر سے جس کے مسے باہر نہ ہوں یا اس زخم سے جو منہ اور ناک وغیرہ کے اندر ہو خون لگ جائے تو ظاہر یہ ہے کہ وہ اس کے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے البتہ اس بواسیر کے خون کے ساتھ نماز پڑھنا بلا اشکال جائز ہے جس کے مسے مخرج کے باہر ہوں۔

مسئلہ ۸۵۰ : اگر کوئی ایسا شخص جس کے بدن پر زخم ہو اپنے بدن یا لباس پر ایسا خون دیکھے جو درہم سے زیادہ ہو اور یہ نہ جانتا ہو کہ یہ خون زخم کا ہے یا کوئی اور خون ہے تو اس کے لیئے اس خون کے ساتھ نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔

مسئلہ ۸۵۱ : اگر کسی شخص کے بدن پر چند زخم ہوں اور وہ ایک دوسرے کے اس قدر نزدیک ہوں کہ ایک زخم شمار ہوتے ہوں تو جب تک وہ تمام زخم ٹھیک نہ ہو جائیں ان کے خون کے ساتھ نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں لیکن اگر وہ ایک دوسرے سے اتنے دور ہوں کہ ان میں سے ہر زخم ایک علیحدہ زخم شمار ہو تو اسے چاہئے کہ جو زخم ٹھیک ہو جائے نماز کے لیئے بدن اور لباس کو اس کے خون سے دھو کر پاک کرے۔

مسئلہ ۸۵۲ : اگر نماز پڑھنے والے بدن یا لباس پر سوئی کی نوک کے برابر بھی کتے' سور' کافر' مردار یا حرام گوشت جانور کا خون لگا ہو تو اس کی نماز باطل ہے اور احتیاط مستحب کی بنا پر حیض' نفاس اور استحاضہ کے خون کی بھی یہی صورت ہے لیکن کوئی دوسرا خون مثلاً انسان کے بدن کا خون یا حلال گوشت جانور کا خون کو بدن کے کئی حصوں پر لگا ہوا ہو لیکن اس کی مجموعی مقدار ایک درہم سے کم ہو تو اس کے ساتھ نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۸۵۳ : جو خون بغیر استر کے کپڑے پر گرے اور دوسری طرف تک پہنچ جائے وہ ایک خون شمار ہوتا ہے لیکن اگر کپڑے کی دوسری طرف الگ سے خون آلودہ ہو جائے اور وہ دونوں خون ایک دوسرے سے مخلوط نہ ہو جائیں تو ان میں سے ہر ایک کو علیحدہ خون شمار کرنا چاہئے پس اگر وہ خون جو کپڑے کے سامنے کے رخ اور پچھلی طرف ہے مجموعی طور پر ایک درہم سے کم ہو تو اس کے ساتھ نماز صحیح ہے اور اگر اس سے زیادہ ہو تو اس کے ساتھ نماز باطل ہے اور اگر دونوں خون ایک دوسرے کے ساتھ مل جائیں تو احتیاط کی بنا پر ان کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۸۵۴ : اگر استر والے کپڑے پر خون گرے اور اس کے استر تک پہنچ جائے یا استر پر گرے اور کپڑے تک پہنچ جائے تو ہر ایک خون کو الگ شمار کرنا چاہئے لہٰذا اگر کپڑے کا خون اور استر کا خون ملا کر ایک درہم سے کم ہو تو اس کے ساتھ نماز صحیح ہے اور اگر زیادہ ہو تو اس کے ساتھ نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۸۵۵ : اگر بدن یا لباس پر ایک درہم سے کم خون ہو اور کوئی رطوبت اس خون سے مل جائے اور اس کی اطراف کو آلودہ کر دے تو اس کے ساتھ نماز باطل ہے خواہ خون اور جو رطوبت اس

سے ملی ہے ایک درہم کے برابر نہ ہوں لیکن اگر رطوبت صرف خون سے ملے اور اس کی اطراف کو آلودہ نہ کرے تو ظاہر یہ ہے کہ اس کے ساتھ نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۸۵۶ : اگر بدن اور لباس پر خون نہ ہو لیکن رطوبت سے اتصال کی وجہ سے خون سے نجس ہو جائیں تو اگرچہ جو مقدار نجس ہوئی ہے وہ ایک درہم سے کم ہو لیکن اس کے ساتھ نماز نہیں پڑھی جا سکتی۔

مسئلہ ۸۵۷ : بدن یا لباس پر جو خون ہو اگر وہ ایک درہم سے کم ہو اور کوئی دوسری نجاست اس سے آلگے مثلاً پیشاب کا ایک قطرہ اس پر گر جائے اور وہ بدن یا لباس سے لگ جائے تو اس کے ساتھ نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔

مسئلہ ۸۵۸ : اگر نماز پڑھنے والے کا چھوٹا لباس مثلاً ٹوپی اور موزہ جس کے ساتھ شرمگاہ کو نہ ڈھانپا جا سکتا ہو نجس ہو جائے اور وہ مردار یا حرام گوشت جانور کے اجزاء سے تیار نہ ہوا ہو تو اس کے ساتھ نماز صحیح ہے اور اسی طرح اگر نجس انگوٹھی کے ساتھ نماز پڑھی جائے تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۸۵۹ : نجس چیز مثلاً نجس رومال' چابی اور چاقو کا نماز پڑھنے والے کے پاس ہونا جائز ہے اور بعید نہیں ہے کہ مطلق نجس لباس (جو پہنا ہوا نہ ہو) اور ڈھانپنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو اس کے پاس ہو تو نماز کوئی ضرر نہ پہنچائے اور اگر مقررہ مقدار کو ڈھانپنے کی صلاحیت ہو تو نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۸۶۰ : اگر کوئی شخص جانتا ہو کہ جو خون اس کے لباس یا بدن پر ہے وہ ایک درہم سے کم ہے لیکن اس امر کا احتمال ہو کہ یہ ان خونوں میں سے ہے جو معاف نہیں ہیں تو اس کے لیئے جائز ہے کہ اس خون کے ساتھ نماز پڑھے اور اس کا دھونا ضروری نہیں ہے۔

مسئلہ ۸۶۱ : اگر وہ خون جو ایک شخص کے لباس یا بدن پر ہو ایک درہم سے کم ہو اور اسے یہ علم نہ ہو کہ یہ ان خونوں میں سے ہے جو معاف نہیں ہیں اور وہ نماز پڑھ لے اور پھر اسے پتہ چلے کہ یہ ان خونوں میں سے تھا جو معاف نہیں ہیں تو اس کے لیئے دوبارہ نماز پڑھنا ضروری نہیں ہیں اگرچہ احتیاط مستحب ہے کہ نماز کا اعادہ کرے اور اس وقت بھی یہی حکم ہے جب وہ یہ سمجھتا ہو کہ خون ایک درہم سے کم ہے اور نماز پڑھ لے اور بعد میں پتہ چلے کہ اس کی مقدار ایک درہم یا اس سے زیادہ

تھی۔ اس صورت میں بھی دوبارہ نماز پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

وہ چیزیں جو نماز پڑھنے والے کے لباس میں مستحب ہیں

مسئلہ ۸۶۲ : کئی ایک چیزیں نماز پڑھنے والے کے لباس میں ہونا مستحب ہیں اور ان میں سے کچھ یہ ہیں۔

"عمامہ بمع تحت الحنک' عبا اور سفید لباس اور ایسے لباس کا پہننا جو سب لباس سے پاکیزہ ہو اور خوشبو کا استعمال اور عقیق کی انگوٹھی پہننا۔"

وہ چیزیں جو نماز پڑھنے والے کے لباس میں مکروہ ہیں

مسئلہ ۸۶۳ : کئی ایک چیزیں نماز پڑھنے والے کے لباس میں ہونا مکروہ ہیں اور ان میں سے کچھ یہ ہیں۔

"سیاہ' میلا اور تنگ لباس اور شرابی کا لباس پہننا یا اس شخص کا لباس پہننا جو نجاست سے پرہیز نہ کرتا ہو اور ایسا لباس پہننا جس پر کسی جاندار کی تصویر ہو۔" اس کے علاوہ لباس کے بٹن کھلے ہونے اور ایسی انگوٹھی پہننا جس پر کسی جاندار کی تصویر ہو مکروہ ہے۔

نماز پڑھنے والے کی جگہ (یعنی نماز پڑھنے کی جگہ)

نماز پڑھنے والے کی جگہ کی سات شرطیں ہیں پہلی شرط یہ ہے کہ بنابر احتیاط وہ مباح ہو۔

مسئلہ ۸۶۴ : اگر کوئی شخص غصب کی ہوئی زمین پر نماز پڑھے گو وہ فرش اور تخت اور ایسی ہی کسی چیز پر کیوں نہ ہو اگر اس کے اعضائے سجدہ کے مقامات غصبی ہوں تو علی الاحوط اس کی نماز باطل ہو گی اور آئندہ مسائل میں بھی یہی صورت ہے البتہ غصبی چھت اور غصبی خیمے کے نیچے نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۸۶۵ : کسی ایسی جائیداد پر جس کی منفعت کسی دوسرے شخص کا مال ہو اس شخص کی اجازت کے بغیر نماز پڑھنا جو اس جائیداد کی منفعت کا مالک ہو باطل ہے مثلاً اگر مکان کا مالک یا کوئی اور شخص کرائے کے مکان میں اس شخص کی اجازت کے بغیر نماز پڑھے جس نے مکان کرائے پر لے رکھا ہو

تو علی الاحوط اس کی نماز باطل ہے اور اگر کسی مرنے والے نے وصیت کی ہو کہ اس کے مال کا تیسرا حصہ فلاں کام پر خرچ کیا جائے اور اس کی وصیت پر عمل نہ ہوا ہو تو اس کی جائیداد میں بنابر احتیاط نماز نہیں پڑھی جا سکتی۔

مسئلہ ۸۶۶ : اگر کوئی شخص مسجد میں بیٹھا ہو اور کوئی دوسرا اس کی جگہ غصب کر لے اور وہاں نماز پڑھے تو بنابر احتیاط اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۸۶۷ : اگر کوئی شخص کسی ایسی جگہ نماز پڑھے جس کے غصبی ہونے کے متعلق وہ بھول گیا ہو اور وہ نماز کے بعد اسے یاد آئے تو اس کی نماز صحیح ہے لیکن اگر کوئی ایسا شخص جس نے خود جگہ غصب کر رکھی ہو بھول جائے اور وہاں نماز پڑھے تو بنابر احتیاط اس کی نماز باطل ہے اور اگر کوئی شخص ایسی جگہ نماز پڑھے جس کے متعلق اسے علم نہ ہو کہ غصبی ہے اور نماز کے بعد اسے پتہ چلے کہ اس کے سجدے کا مقام غصبی تھا تو بعید نہیں ہے کہ اس کی نماز باطل ہو۔

مسئلہ ۸۶۸ : اگر کوئی شخص ایک جگہ کے متعلق جانتا ہو کہ غصبی ہے لیکن اسے یہ علم نہ ہو کہ غصبی جگہ پر نماز پڑھنا باطل ہے اور اس جگہ نماز پڑھے تو بنابر احتیاط اس کی نماز باطل ہوگی۔

مسئلہ ۸۶۹ : اگر کوئی شخص نماز واجب سواری کی حالت میں پڑھنے پر مجبور ہو اور سواری کا جانور یا اس کی زین یا نعل غصبی ہو تو بنابر احتیاط اس کی نماز باطل ہے اور اگر وہ شخص اس جانور پر سوار ہوتے ہوئے مستحبی نماز پڑھنا چاہے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۸۷۰ : اگر کوئی شخص کسی جائیداد میں دوسرے کے ساتھ شریک ہو اور اس کا حصہ جدا نہ ہو تو اپنے شراکت دار کی اجازت کے بغیر وہ اس جائیداد پر تصرف نہیں کر سکتا اور بنابر احتیاط اس پر نماز نہیں پڑھ سکتا۔

مسئلہ ۸۷۱ : اگر کوئی شخص ایک ایسی مخصوص رقم سے کوئی جائیداد خریدے جس کی زکوۃ اور خمس اس نے ادا نہ کیا ہو تو اس جائیداد پر اس کا تصرف حرام ہے اور اس پر ادا کی گئی نماز بنابر احتیاط باطل ہے۔

مسئلہ ۸۷۲ : اگر کسی زمین کا مالک زبان سے نماز پڑھنے کی اجازت دے دے لیکن انسان کو علم

ہو کہ وہ دل سے راضی نہیں ہے تو بنابر احتیاط اس زمین پر نماز پڑھنا باطل ہے اور اگر وہ اجازت نہ دے لیکن انسان کو یقین ہو کہ وہ دل سے راضی ہے تو نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۸۷۳ : جس میت نے خمس یا زکوٰۃ ادا نہ کی ہو اس کی جائیداد میں تصرف حرام اور اس پر نماز پڑھنا بنابر احتیاط باطل ہے لیکن اگر کوئی شخص وہ رقم جو میت کے ذمے ہو ادا کر دے یا ضمانت دے کہ ادا کر دے گا تو اس جائیداد میں تصرف کرنے اور اس پر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۸۷۴ : اگر مرنے والا شخص لوگوں کا مقروض ہو اور اس کے وارث بوجہ غفلت کے قرضہ ادا کرنے پر تیار نہ ہوں تو اس جائیداد پر تصرف حرام اور اس میں نماز بنابر احتیاط کے پڑھنا باطل ہے۔

مسئلہ ۸۷۵ : اگر میت کے ذمہ قرض نہ ہو لیکن اس کے بعض وارث کم سن یا مجنون یا غائب ہوں تو اس کے ولی کی اجازت کے بغیر اس کی جائیداد میں تصرف حرام اور اس میں نماز بنابر احتیاط باطل ہے۔

مسئلہ ۸۷۶ : مسافر خانہ یا حمام یا ایسی جگہوں میں جو آنے جانے والوں کے لیئے تیار کی گئی ہوں نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن اس قسم کی جگہوں کے علاوہ کسی جگہ اسی وقت نماز پڑھی جا سکتی ہے جب اس جگہ کا مالک اجازت دے یا کوئی ایسی بات کہے جس سے معلوم ہو کہ اس نے نماز پڑھنے کی اجازت دے دی ہے مثلاً اگر کسی شخص کو اجازت دے کہ اس کی املاک میں بیٹھے اور سوئے کیونکہ اس سے سمجھا جا سکتا ہے کہ اس نے نماز پڑھنے کی اجازت بھی دے دی ہے۔

مسئلہ ۸۷۷ : کسی بہت وسیع زمین میں جہاں سے نماز کے وقت دوسری جگہ جانا زیادہ تر لوگوں کے لیئے مشکل ہو مالک کی اجازت کے بغیر نماز پڑھی جا سکتی ہے۔

مسئلہ ۸۷۸ : شرط دوم... نماز پڑھنے والے کے لیئے ضروری ہے کہ جس جگہ وہ نماز پڑھے وہ ہلتی جلتی نہ ہو اور اگر وقت کی تنگی یا کسی اور وجہ سے مجبور ہو تو جو جگہ ہلتی جلتی ہو (مثلاً موٹر کار کشتی یا ریل گاڑی) اس میں نماز پڑھے اور جہاں تک ممکن ہو اسے چاہئے کہ سکون اور قبلہ کی رعایت کرے اور اگر یہ چیزیں (یعنی موٹر کار کشتی یا گاڑی وغیرہ) قبلہ سے کسی دوسری طرف حرکت کریں تو اپنا منہ قبلہ کی جانب موڑ دے۔

مسئلہ ۸۷۹ : جب موٹر کار اور کشتی اور ریلوے ٹرین اور انہی جیسی اور چیزیں کھڑی ہوئی ہوں تو اس میں نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۸۸۰ : گندم اور جو اور انہی جیسی دوسری چیزوں کے ڈھیر پر جو حرکت کیئے بغیر نہیں رہ سکتے نماز باطل ہے۔

شرط سوم ... انسان کو چاہیے کہ ایسی جگہ نماز پڑھے جہاں نماز پوری پڑھ لینے کا احتمال ہو۔ ایسی جگہ نماز پڑھنا صحیح نہیں ہے جس کے متعلق اسے یقین ہو کہ ہوا اور بارش یا بھیڑ بھاڑ کی وجہ سے وہاں پوری نماز نہ پڑھ سکے گا گو اتفاق سے پوری پڑھ لے۔

مسئلہ ۸۸۱ : اگر کوئی شخص ایسی جگہ نماز پڑھے جہاں ٹھہرنا حرام ہے۔ مثلاً کسی ایسی چھت کے نیچے جو عنقریب گرنے والی ہو تو وہ گناہ کا مرتکب ہو گا لیکن اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۸۸۲ : بنابر احتیاط کسی ایسی چیز پر نماز پڑھنا صحیح نہیں ہے جس پر کھڑا ہونا یا بیٹھنا حرام ہو مثلاً فرش کے ایسے حصے پر جہاں اللہ تعالیٰ کا نام لکھا ہو۔

شرط چہارم ... یہ کہ جس جگہ انسان نماز پڑھے اس کی چھت اتنی نیچی نہ ہو کہ سیدھا کھڑا بھی نہ ہو سکے اور نہ وہ جگہ اتنی مختصر ہو کہ رکوع اور سجدے کی گنجائش بھی نہ ہو۔

مسئلہ ۸۸۳ : اگر کوئی شخص ایسی جگہ نماز پڑھنے پر مجبور ہو جہاں بالکل سیدھا کھڑا ہونا ممکن نہ ہو تو اس کے لیئے ضروری ہے کہ بیٹھ کر نماز پڑھے اور اگر رکوع اور سجود ادا کرنے کا امکان نہ ہو تو ان کے لیئے سر سے اشارہ کرے۔

مسئلہ ۸۸۴ : انسان کو چاہئے کہ پیغمبر اور آئمہ علیہم السلام کی قبروں سے آگے ہو کر نماز نہ پڑھے۔

شرط پنجم ... یہ کہ اگر نماز پڑھنے کی جگہ نجس ہو تو اتنی تر نہ ہو کہ اس کی رطوبت نماز پڑھنے والے کے بدن یا لباس تک پہنچے لیکن اگر سجدہ میں پیشانی رکھنے کی جگہ نجس ہو تو خواہ وہ خشک بھی ہو نماز باطل ہے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز پڑھنے کی جگہ قطعاً نجس نہ ہو۔

شرط ششم... نماز کی حالت میں مرد اور عورت کے درمیان کم از کم دس ہاتھ سے کم فاصلہ نہ ہو۔

مسئلہ ۸۸۵ : اگر عورت اور مرد کے برابر ایک بالشت سے کم فاصلے پر اس سے آگے کھڑی ہو اور دونوں بیک وقت نماز پڑھنے لگے تو انہیں چاہئے کہ نماز دوبارہ پڑھیں لیکن اگر ان میں سے ایک دوسرے سے پہلے نماز کے لیئے کھڑا ہو جائے (یعنی پہلے نماز شروع کرے) تو فقط وہ شخص جو بعد میں نماز میں مشغول ہوا ہے چاہئے کہ نماز دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۸۸۶ : اگر مرد اور عورت ایک دوسرے کے برابر کھڑے ہوں یا عورت آگے کھڑی ہو اور دونوں نماز پڑھ رہے ہوں لیکن دونوں کے درمیان دیوار یا پردہ یا کوئی ایسی چیز حائل ہو کہ ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکیں تو دونوں کی نماز صحیح ہے خواہ ان کے درمیان ایک بالشت سے کم فاصلہ کیوں نہ ہو۔

شرط ہفتم... یہ کہ پیشانی رکھنے کی جگہ پاؤں کی انگلیاں رکھنے کی جگہ سے چار ملی ہوئی انگلیوں کی مقدار سے زیادہ پست یا زیادہ بلند نہ ہو۔ اس مسئلے کی تفصیل سجدہ کے احکام میں آئے گی۔

مسئلہ ۸۸۷ : نامحرم مرد اور عورت کا ایک ایسی جگہ ہونا جہاں کوئی اور نہ ہو اور نہ کوئی وہاں آسکتا ہو ایسی صورت میں ان کے گناہ میں ملوث ہو جانے کا احتمال ہو حرام ہے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ وہ وہاں نماز نہ پڑھیں۔

مسئلہ ۸۸۸ : جس جگہ ستار اور اسی جیسی چیزیں استعمال کی جاتی ہوں وہاں نماز پڑھنا باطل نہیں ہے گو ان کا سننا اور استعمال کرنا گناہ ہے۔

مسئلہ ۸۸۹ : احتیاط واجب یہ ہے کہ اختیار کی حالت میں خانہ کعبہ کی چھت پر نماز واجب نہ پڑھی جائے لیکن مجبوری کی حالت میں کوئی حرج نہیں ہے اور ظاہر یہ ہے کہ خانہ کعبہ میں نماز پڑھنا اختیار کی حالت میں بھی جائز ہے۔

مسئلہ ۸۹۰ : نماز مستحب کے خانہ کعبہ میں اور اس کی چھت پر پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے بلکہ مستحب ہے کہ خانہ کعبہ کے اندر ہر رکن کے مقابل دو رکعت نماز پڑھی جائے۔

وہ مقامات جہاں نماز پڑھنا مستحب ہے

مسئلہ ۸۹۱ : اسلام کی مقدس شریعت میں بہت تاکید کی گئی ہے نماز مسجد میں پڑھی جائے اور سب مسجدوں سے بہتر، مسجد الحرام ہے اور اس کے بعد مسجد نبویؐ اور اس کے بعد مسجد کوفہ اور اس کے بعد مسجد بیت المقدس اور اس کے بعد ہر شہر کی مسجد جامع اور اس کے بعد محلّہ کی مسجد اور اس کے بعد بازار کی مسجد ہے۔

مسئلہ ۸۹۲ : عورتوں کے لیئے گھر میں بلکہ بند کوٹھری میں اور گھر کے پچھلے کمرے میں نماز پڑھنا بہتر ہے۔

مسئلہ ۸۹۳ : آئمہ علیہم السلام کے حرموں میں نماز پڑھنا مستحب ہے بلکہ مسجد میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور روایت ہے کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کے حرم مطہر میں نماز پڑھنا دو لاکھ نمازوں کے برابر ہے۔

مسئلہ ۸۹۴ : مسجد میں زیادہ جانا اور اس مسجد میں جانا جہاں نماز پڑھنے والے نہ ہوں (یعنی جہاں لوگ بہت کم نماز پڑھنے آتے ہوں) مستحب ہے اور اگر کوئی شخص مسجد کے پڑوس میں رہتا ہو اور کوئی عذر بھی نہ رکھتا ہو تو اس کے لیئے مسجد کے علاوہ کسی جگہ نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

مسئلہ ۸۹۵ : مستحب ہے کہ جو شخص مسجد میں حاضر نہ ہوتا ہو تو انسان اس کے ساتھ مل کر کھانا نہ کھائے اور کاموں کے بارے میں اس سے مشورہ نہ کرے اور اس کے پڑوس میں نہ رہے اور نہ اس سے عورت کا رشتہ لے اور نہ اسے رشتہ دے۔

وہ مقامات جہاں نماز پڑھنا مکروہ ہے

مسئلہ ۸۹۶ : کئی ایک مقامات پر نماز پڑھنا مکروہ ہے جن میں کچھ یہ ہیں۔

۱... حمام۔

۲... شور زمین۔

۳... کسی انسان کے مقابل۔

۴ ... اس دروازے کے مقابل جو کھلا ہو۔

۵ ... سڑک، گلی اور کوچے میں بشرطیکہ گزرنے والوں کے لیئے باعث زحمت نہ ہو اور اگر انہیں زحمت ہو تو ان کے راستے میں رکاوٹ ڈالنا حرام ہے۔

۶ ... آگ اور چراغ کے مقابل۔

۷ ... باورچی خانے میں اور ہر اس جگہ جہاں آگ بھی ہو۔

۸ ... کنویں کے اور ایسے گڑھے کے مقابل جس میں پیشاب کیا جاتا ہو۔

۹ ... کسی جاندار چیز کے عکس یا مجسمے کے سامنے ماسوا اس کے کہ اس پر پردہ ڈال دیا جائے۔

۱۰ ... ایسے کمرے میں جس میں جنب شخص موجود ہو۔

۱۱ ... جس جگہ فوٹو ہو خواہ وہ نماز پڑھنے والے کے سامنے نہ ہو۔

۱۲ ... قبر کے مقابل۔

۱۳ ... قبر کے اوپر۔

۱۴ ... دو قبروں کے درمیان

۱۵ ... قبرستان میں۔

مسئلہ ۸۹۷ : اگر کوئی شخص لوگوں کی گزر گاہ کے مقام پر نماز پڑھ رہا ہو یا کوئی اور شخص اس کے سامنے ہو تو نماز پڑھنے والے کے لیئے مستحب ہے کہ اپنے سامنے کوئی چیز رکھ لے اور اگر وہ چیز لکڑی یا رسی بھی ہو تو کافی ہے۔

مسجد کے احکام

مسئلہ ۸۹۸ : مسجد کی زمین چھت، کوٹھے اور اندرونی دیوار کو نجس کرنا حرام ہے اور جس شخص کو پتہ چلے کہ ان میں سے کوئی مقام نجس ہو گیا ہے اسے چاہئے کہ فوراً اس کی نجاست کو ہٹا دے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ مسجد کی دیوار کے بیرونی حصے کو بھی نجس نہ کیا جائے لیکن اگر وہ نجس ہو جائے تو نجاست کا ہٹانا بطور احتیاط لازم ہے۔

مسئلہ ۸۹۹ : اگر کوئی شخص مسجد کو پاک کرنے پر قادر نہ ہو یا اسے مدد کی ضرورت ہو جو دستیاب

نہ ہو تو مسجد کا پاک کرنا اس پر واجب نہیں ہے لیکن احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ جو شخص اسے پاک کر سکتا ہو اسے اطلاع دے دے۔

مسئلہ ۹۰۰ : اگر مسجد کی کوئی جگہ نجس ہو گئی ہو جسے کھودے یا توڑے پھوڑے بغیر پاک کرنا ممکن نہ ہو تو لوگوں کو چاہئے کہ اگر ایسا کرنا وقف کی مکمل بربادی اور نقصان کا موجب نہ ہو تو اس جگہ کو کھودیں یا توڑیں پھوڑیں اور جو جگہ کھودی گئی ہو اسے پر کرنا اور جو جگہ توڑی گئی ہو اسے تعمیر کرنا واجب نہیں ہے لیکن اگر مسجد کی اینٹ جیسی کوئی چیز نجس ہو گئی ہو تو ممکنہ صورت میں چاہئے کہ اسے پانی سے پاک کر کے اس کی اصلی جگہ پر لگا دیا جائے۔

مسئلہ ۹۰۱ : اگر کوئی شخص مسجد کو غصب کرے اور اس کی جگہ گھر یا ایسی ہی کوئی چیز تعمیر کرلے یا مسجد اس قدر ٹوٹ پھوٹ جائے کہ اس میں نماز پڑھنا ممکن نہ ہو تو تب بھی احتیاط کی بنا پر اسے نجس کرنا حرام ہے اور اگر نجس ہو جائے تو بنابر احتیاط پاک کرنا ضروری ہے۔

مسئلہ ۹۰۲ : آئمہ علیہم السلام میں سے کسی امام کا حرم نجس کرنا حرام ہے اور اگر ان میں سے کوئی حرم نجس ہو جائے اور اس کا نجس رہنا اس کی بے حرمتی کا سبب ہو تو اس کا پاک کرنا واجب ہے بلکہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ خواہ بے حرمتی نہ بھی ہو تب بھی پاک کیا جائے۔

مسئلہ ۹۰۳ : اگر مسجد کی چٹائی نجس ہو جائے تو بنابر احتیاط اسے دھو کر پاک کرنا چاہئے اور اگر چٹائی کا نجس ہونا مسجد کی بے حرمتی میں شمار ہوتی ہو اور وہ دھونے سے خراب ہوتی ہو اور نجس حصے کا کاٹ دینا بہتر ہو تو اسے کاٹ دینا چاہیے۔

مسئلہ ۹۰۴ : اگر عین نجاست اور نجس شدہ چیز کو مسجد میں لے جانے سے مسجد کی بے حرمتی ہو تو اسے مسجد میں لے جانا حرام ہے بلکہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ اگر بے حرمتی نہ بھی ہوتی ہو تو تب بھی عین نجس کو مسجد میں نہ لے جایا جائے۔

مسئلہ ۹۰۵ : اگر مسجد میں مجلس عزا کے لیئے خیمہ تانا جائے اور فرش کیا جائے اور سیاہ پردے لٹکائے جائیں اور چائے کا سامان ان کے اندر لے جایا جائے تو اگر یہ چیزیں مسجد کو ضرر نہ پہنچائیں اور نماز پڑھنے میں بھی مانع نہ ہوں تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۹۰۶ : احتیاط مستحب یہ ہے کہ مسجد کو سونے سے اور ان چیزوں کی تصویروں سے نہ سجایا جائے جو انسان اور حیوان کی طرح روح رکھتی ہیں۔

مسئلہ ۹۰۷ : اگر مسجد ٹوٹ پھوٹ بھی جائے تب بھی نہ تو اسے بیچا جا سکتا ہے اور نہ ملکیت اور سڑک میں شامل کیا جا سکتا ہے۔

مسئلہ ۹۰۸ : مسجد کے دروازوں کھڑکیوں اور دوسری چیزوں کا بیچنا حرام ہے اور اگر مسجد ٹوٹ پھوٹ جائے تب بھی ان چیزوں کو اسی مسجد کی مرمت کے لیئے استعمال کرنا چاہئے اور اگر اس مسجد کے کام کی نہ رہی ہوں تو کسی دوسری مسجد کے کام میں لانا چاہئے اور اگر دوسری مسجدوں کے کام کی بھی نہ رہی ہوں تو انہیں بیچا جا سکتا ہے اور جو رقم حاصل ہو وہ بصورت امکان اسی مسجد کی مرمت پر ورنہ کسی دوسری مسجد کی مرمت پر خرچ کرنی چاہیے۔

مسئلہ ۹۰۹ : مسجد کا تعمیر کرنا اور ایسی مسجد کی مرمت کرنا جو ٹوٹنے پھوٹنے والی ہو مستحب ہے اور اگر مسجد اس قدر ٹوٹ پھوٹ جائے کہ اس کی مرمت ممکن نہ ہو تو اسے گرا کر دوبارہ بنایا جا سکتا ہے بلکہ اگر مسجد ٹوٹی پھوٹی نہ ہو تب بھی اسے لوگوں کی ضرورت کی خاطر گرا کر وسیع کیا جا سکتا ہے۔

مسئلہ ۹۱۰ : مسجد کو صاف ستھرا رکھنا اور اس میں چراغ جلانا مستحب ہے اور اگر کوئی شخص مسجد میں جانا چاہے تو مستحب ہے کہ خوشبو لگائے اور پاکیزہ اور قیمتی لباس پہنے اور اپنے جوتے کے تلوے کے بارے میں تحقیق کرے کہ اسے نجاست تو نہیں لگی ہوئی اور مسجد میں داخل ہونے پر پہلے دایاں پاؤں اور باہر نکلنے پر پہلے بایاں پاؤں رکھے اور اسی طرح مستحب ہے کہ سب لوگوں سے پہلے مسجد میں آئے اور سب سے بعد نکلے۔

مسئلہ ۹۱۱ : جب کوئی شخص مسجد میں داخل ہو تو مستحب ہے کہ دو رکعت نماز مسجد کی تحیت (سلام) اور احترام کی نیت سے پڑھے اور اگر واجب نماز یا کوئی اور مستحب نماز پڑھے تب بھی کافی ہے۔

مسئلہ ۹۱۲ : بغیر مجبوری کے مسجد میں سونا اور دنیاوی کاموں کے بارے میں گفتگو کرنا اور کسی صنعت میں مشغول ہونا اور ایسے شعر پڑھنا جن میں نصیحت وغیرہ نہ ہو مکروہ ہے نیز مسجد میں تھوکنا اور ناک صاف کر کے کثافت گرانا اور بلغم تھوکنا اور گمشدہ کو طلب کرنا اور اپنی آواز بلند کرنا بھی مکروہ ہے

لیکن اذان کے لیئے آواز بلند کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے ان تمام کاموں میں سے کسی کام سے مسجد کی بے حرمتی لازم آئے تو حرام ہے۔

مسئلہ ۹۱۳ : بچے اور دیوانے کو مسجد میں داخل ہونے دینا مکروہ ہے اور اس شخص کا مسجد میں جانا بھی مکروہ ہے جس نے پیاز اور لہسن وغیرہ کھایا ہو جس کی بو لوگوں کو تکلیف دیتی ہے۔

اذان اور اقامت

مسئلہ ۹۱۴ : ہر مرد اور عورت کے لیئے مستحب ہے کہ روزانہ کہ واجب نمازوں سے پہلے اذان اور اقامت کہے اور ایسا کرنا دوسری واجب یا مستحب نمازوں کے لیئے مشروع نہیں ہے۔ لیکن ایسی واجب نمازیں (مثلاً نماز آیات) جو روزانہ نہیں پڑھی جاتیں اگر باجماعت پڑھی جائیں تو تین دفعہ صلوٰۃ کہنا مستحب ہے۔

مسئلہ ۹۱۵ : مستحب ہے کے بچے کی پیدائش کے پہلے دن یا ناف اکھڑنے سے پہلے اس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہی جائے۔

مسئلہ ۹۱۶ : اذان اٹھارہ جملوں پر مشتمل ہے۔

اللہ اکبر ' اللہ اکبر ' اللہ اکبر ' اللہ اکبر

اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ ' اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ

اشھدان محمداً رسول اللّٰہ ' اشھدان محمداً رسول اللّٰہ

حیی علی الصلاۃ ' حیی علی الصلاۃ

حیی علی الفلاح ' حیی علی الفلاح

حیی علی خیرالعمل ' حیی علی خیرالعمل

اللہ اکبر ' اللہ اکبر

لاالٰہ الا اللّٰہ ' لاالٰہ الا اللّٰہ

اور اقامت کے سترہ جملے ہیں یعنی اذان کی ابتداء سے دو مرتبہ **اللّٰہ اکبر** اور آخر سے ایک مرتبہ **لاالٰہ الا اللّٰہ** کم ہو جاتا ہے اور **حیی علی خیرالعمل** کہنے کے بعد دو دفعہ قد قامت

الصلاۃ کا اضافہ کر دینا چاہیے۔

مسئلہ ۹۱۷ : اشھد ان علیاً ولی اللہ اذان اور اقامت کا جزو نہیں ہے لیکن اگر اشھد ان محمداً رسول اللہ کے بعد قربت کی نیت سے کہا جائے تو اچھا ہے۔

اذان اور اقامت کا ترجمہ

اللہ اکبر : یعنی خدائے تعالیٰ اس سے بزرگ تر ہے کہ اس کی تعریف کی جائے۔

اشھد ان لاالٰہ الااللّٰہ : یعنی میں شہادت دیتا ہوں کہ یکتا اور بے مثل اللہ کے علاوہ کوئی اور خدا پرستش کے قابل نہیں۔

اشھد ان محمداً رسول اللّٰہ : یعنی میں شہادت دیتا ہوں کہ حضرت محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے پیغمبر اور اس کی طرف سے بھیجے ہوئے ہیں۔

اشھد ان علیاً امیرالمؤمنین ولی اللّٰہ : یعنی میں شہادت دیتا ہوں کہ حضرت علی علیہ السلام مومنوں کے امیر اور تمام مخلوق پر اللہ کے ولی ہیں۔

حیی علی الصلاۃ : یعنی نماز کی طرف جلدی کرو۔

حیی علی الفلاح : یعنی رستگاری کے لیئے جلدی کرو۔

حیی علی خیرالعمل : یعنی بہترین کام کے لیئے جلدی کرو۔

قدقامت الصلاۃ : یعنی بالتحقیق نماز قائم ہو گئی۔

لاالٰہ الااللّٰہ : یعنی یکتا اور بے مثل اللہ کے علاوہ کوئی اور خدا پرستش کے قابل نہیں۔

مسئلہ ۹۱۸ : اذان اور اقامت کے جملوں کے درمیان زیادہ فاصلہ نہیں ہونا چاہیئے اگر ان کے درمیان معمول سے زیادہ فاصلہ ڈالا جائے تو اس (یعنی اذان یا اقامت کو) دوبارہ شروع سے کہنا چاہیۓ۔

مسئلہ ۹۱۹ : اگر اذان یا اقامت میں آواز کو گلے میں اس طرح پھیرے کہ غنا ہو جائے یعنی اذان اور اقامت اس طرح کہے جیسا لہو و لعب اور کھیل کود کے محفلوں میں آواز نکالنے کا دستور ہے تو وہ حرام ہے اور اگر غنا ہو تو مکروہ ہے۔

مسئلہ ۹۲۰ : دو نمازوں میں اذان مشروع نہیں ہے اول عرفہ کے دن عصر کی نماز کے لیئے جو کہ

نویں ذی الحجہ کا دن ہے اور دوم عید قربان کی رات کی نماز عشاء کی اذان اس شخص کے لیئے جو مشعرالحرام میں ہو اور ان دو نمازوں میں اذان اس صورت میں ساقط ہوتی ہے جب اس نماز اور اس سے پہلی نماز کے درمیان یا تو بالکل کوئی فاصلہ نہ ہو یا بہت کم فاصلہ ہو۔

مسئلہ ۹۲۱ : اگر نماز جماعت کے لیئے اذان اور اقامت کہی جا چکی ہو تو جو شخص اس جماعت کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہو اسے اپنی نماز کے لیئے اذان اور اقامت نہیں کہنی چاہیے۔

مسئلہ ۹۲۲ : اگر کوئی شخص نماز جماعت کے لیئے مسجد میں جائے اور دیکھے کہ نماز جماعت ختم ہو چکی ہے تو جب تک صفیں ٹوٹ نہ جائیں اور لوگ منتشر نہ ہوجائیں اس کے لیئے جائز ہے کہ اپنی نماز کے لیئے اذان اور اقامت نہ کہے۔

مسئلہ ۹۲۳ : جہاں کچھ لوگ نماز جماعت پڑھ رہے ہوں یا ان کی نماز ابھی ابھی تمام ہوئی ہو اور صفیں ٹوٹی ہوں اگر کوئی شخص وہاں تنہا یا دوسری جماعت کے ساتھ جو قائم ہو رہی ہو نماز پڑھنا چاہے تو چھ شرطوں کے ساتھ اذان اقامت اس پر سے ساقط ہو جاتی ہے۔

۱ ... یہ کہ نماز جماعت مسجد میں ہو اور اگر مسجد میں نہ ہو تو اذان اور اقامت کا ساقط ہونا معلوم نہیں ہے۔

۲ ... یہ کہ اس نماز کے لیئے اذان اور اقامت کہی جا چکی ہو۔

۳ ... یہ کہ نماز جماعت باطل نہ ہو۔

۴ ... یہ کہ اس شخص کی نماز اور نماز جماعت ایک ہی جگہ پر ہو۔ لہذا اگر نماز جماعت مسجد کے اندر پڑھی جائے اور وہ شخص مسجد کی چھت پر نماز پڑھنا چاہے تو مستحب ہے کہ اذان اور اقامت کہے۔

۵ ... یہ کہ اس شخص کی نماز اور نماز جماعت دونوں ادا ہوں۔

۶ ... یہ کہ اس شخص کی نماز اور نماز جماعت کا وقت مشترک ہو مثلاً دونوں نماز ظہر یا عصر پڑھی جائیں یا جو نماز باجماعت پڑھی جائے وہ نماز ظہر ہو اور وہ شخص نماز عصر پڑھے یا وہ شخص نماز ظہر پڑھے اور نماز جماعت عصر کی نماز ہو۔

مسئلہ ۹۲۴ : جو شرائط سابقہ مسئلہ میں بیان کی گئی ہیں اگر کوئی شخص ان میں سے تیسری شرط

کے بارے میں شک کرے یعنی اسے شک ہو کہ آیا نماز جماعت صحیح تھی یا نہیں اس پر سے اذان اور اقامت ساقط ہے لیکن اگر وہ دوسری پانچ شرائط میں سے کسی ایک کے بارے میں شک کرے تو مستحب ہے کہ اذان اور اقامت کہے۔

مسئلہ ۹۲۵ : اگر کوئی شخص کسی دوسرے کی کہی ہوئی اذان اور اقامت سنے تو مستحب ہے کہ اس کا جو حصہ سنے خود بھی اسے آہستہ آہستہ کہے۔

مسئلہ ۹۲۶ : اگر کسی شخص نے کسی دوسرے کی اذان اور اقامت سنی ہو خواہ اس نے ان جملوں کو دہرایا ہو یا نہ دہرایا ہو تو اگر اس اذان اور اقامت اور اس نماز کے درمیان جو وہ پڑھنا چاہتا ہو زیادہ فاصلہ نہ ہوا ہو تو اس کے لیئے جائز ہے کہ اپنی نماز کے لیئے اذان اور اقامت نہ کہے۔

مسئلہ ۹۲۷ : اگر کوئی مرد عورت اذان کو لطف اٹھانے کے ارادے سے سنے تو خود اس کی اذان ساقط نہ ہوگی بلکہ اگر اس کا ارادہ لطف اٹھانے کا نہ ہو تب بھی ساقط نہ ہوگی۔

مسئلہ ۹۲۸ : ضروری ہے کہ نماز جماعت کے لیئے اذان اور اقامت مرد کہے لیکن عورتوں کی نماز جماعت میں اگر عورت اذان اور اقامت کہہ دے تو کافی ہے۔

مسئلہ ۹۲۹ : اقامت اذان کے بعد کہنی چاہئے علاوہ ازیں اقامت میں معتبر ہے کہ کھڑے ہو کر اور وضو یا غسل یا تیمم کے ذریعے حدث سے طہارت کی حالت میں کہی جائے۔

مسئلہ ۹۳۰ : اگر کوئی شخص اذان اور اقامت کے جملے بغیر ترتیب کے کہے مثلاً **حیی علی الفلاح** کا جملہ **حیی علی الصلاۃ** سے پہلے کہے تو اسے چاہئے کہ جہاں سے ترتیب درہم برہم ہوئی ہے وہاں سے دوبارہ کہے۔

مسئلہ ۹۳۱ : اذان اور اقامت کے درمیان فاصلہ نہیں ہونا چاہئے اور اگر ان کے درمیان اتنا فاصلہ ہو جائے کہ جو اذان کہی جا چکی ہے اسے اس اقامت کی اذان شمار نہ کیا جا سکے تو مستحب ہے کہ دوبارہ اذان کہی جائے علاوہ ازیں اگر اذان اور اقامت کے اور نماز کے درمیان اتنا فاصلہ ہو جائے کہ اذان اور اقامت اس نماز کی اذان اور اقامت شمار نہ ہو تو مستحب ہے کہ اس نماز کے لیئے دوبارہ اذان اور اقامت کہی جائے۔

مسئلہ ۹۳۲ : اذان اور اقامت صحیح عربی میں کہنی چاہئے پس اگر کوئی شخص انہیں غلط عربی میں کہے یا ایک حرف کی جگہ کوئی دوسرا حرف کہے یا مثلاً ان کا ترجمہ اردو زبان میں کہے تو یہ صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۹۳۳ : اذان اور اقامت نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد کہنی چاہئیں اور اگر کوئی شخص جان بوجھ کر یا بھول کر وقت سے پہلے کہے تو باطل ہے۔

مسئلہ ۹۳۴ : اگر کوئی شخص اقامت کہنے سے پہلے شک کرے کہ اذان کہی ہے یا نہیں اسے چاہئے کہ اذان کہے اور اگر اقامت کہنے میں مشغول ہو جائے اور شک کرے کہ آیا اذان کہی ہے یا نہیں تو اذان کہنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۹۳۵ : اگر اذان اور اقامت کہنے کے دوران میں کوئی جملہ کہنے سے پہلے شخص شک کرے کہ آیا اس نے اس سے پیشتر والا جملہ کہا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ جس جملے کے کہنے کے بارے میں اسے شک ہوا ہے اسے کہے لیکن اگر اسے اذان یا اقامت کا کوئی جملہ ادا کرتے ہوئے شک ہو کہ آیا اس نے اس سے پیشتر والا جملہ کہا ہے یا نہیں تو اس جملے کا کہنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۹۳۶ : مستحب ہے کہ اذان کہتے وقت انسان قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو اور وضو یا غسل کی حالت میں ہو اور ہاتھوں کو کانوں پر رکھے اور آواز کو بلند کرے اور کھینچے اور اذان کے جملوں کے درمیان قدرے فاصلہ دے اور جملوں کے درمیان باتیں نہ کرے۔

مسئلہ ۹۳۷ : مستحب ہے کہ اقامت کہتے وقت انسان کا بدن ساکن ہو اور اذان کے مقابلے میں اقامت آہستہ کہے اور اس کے جملوں کو ایک دوسرے سے جوڑ نہ دے لیکن اقامت کے جملوں کے درمیان اتنا فاصلہ نہ دے جتنا اذان کے جملوں کے درمیان دیتا ہے۔

مسئلہ ۹۳۸ : متعلقہ شخص کے لیئے مستحب ہے کہ اذان اور اقامت کے درمیان ایک قدم آگے بڑھے یا تھوڑی دیر کے لیئے بیٹھ جائے یا سجدہ کرے یا اللہ کا ذکر کرے یا دعا پڑھے یا تھوڑی دیر کے لیئے ساکت ہو جائے یا کوئی بات کرے یا دو رکعت نماز پڑھے لیکن صبح کی اذان اور اقامت کے درمیان کلام کرنا اور نماز مغرب کی اذان اور اقامت کے درمیان نماز پڑھنا (یعنی دو رکعت نماز پڑھنا) مستحب

نہیں ہے۔

مسئلہ ۹۳۹ : مستحب ہے کہ جس شخص کو اذان کہنے پر مقرر کیا جائے وہ عادل اور وقت کو پہچاننے والا ہو اور اس کی آواز بلند ہو اور وہ بلند جگہ پر اذان دے۔

نماز کے واجبات

واجبات نماز گیارہ ہیں :

۱۔ نیت	۲۔ قیام	۳۔ تکبیرۃ الاحرام	۴۔ رکوع
۵۔ سجود	۶۔ قرات	۷۔ ذکر	۸۔ تشہد
۹۔ سلام	۱۰۔ ترتیب	۱۱۔ موالات یعنی اجزائے نماز کا پے در پے بجالانا	

مسئلہ ۹۴۰ : نماز کے واجبات میں سے بعض اس کے رکن ہیں یعنی اگر انسان انہیں بجا نہ لائے تو خواہ ایسا کرنا جان بوجھ کر ہو یا غلطی سے ہو نماز باطل ہو جاتی ہے اور بعض واجبات رکن نہیں ہیں یعنی اگر وہ غلطی سے چھوٹ جائیں تو نماز باطل نہیں ہوتی۔

نماز کے ارکان پانچ ہیں :

۱... نیت

۲... تکبیرۃ الاحرام

۳... رکوع سے متصل قیام (یعنی رکوع میں جانے سے پہلے کھڑا ہونا اور حالت قیام سے رکوع میں جانا)۔

۴... رکوع

۵... ہر رکعت میں دو سجدے اور جہاں تک زیادتی کا تعلق ہے اگر زیادتی عمداً ہو تو بغیر کسی شرط کے نماز باطل ہے اور اگر غلطی سے ہوئی ہو تو رکوع یا ایک ہی رکعت کے دو سجدوں میں زیادتی سے نماز باطل ہو جاتی ہے ورنہ باطل نہیں ہوتی۔

نیت

مسئلہ ۹۴۱ : انسان کو چاہئے کہ نماز قربت کی نیت سے پڑھے یعنی خداوند عالم کے حکم کی بجا آوری کے لیئے پڑھے اور یہ احتیاط ضروری ہے کہ نیت کا تلفظ نہ کرے بلکہ صرف ذہنی طور پر نماز اس کی رکعتوں اور وقت کا تعین اور تصور کرے۔

مسئلہ ۹۴۲ : اگر کوئی شخص ظہر کی نماز میں یا عصر کی نماز میں نیت کرے کہ چار رکعت نماز پڑھتا ہوں لیکن اس امر کا تعین نہ کرے کہ نماز ظہر کی ہے یا عصر کی تو اس کی نماز باطل ہے۔ نیز مثال کے طور پر اگر کسی شخص پر نماز ظہر کی قضا واجب ہو اور وہ اس قضا نماز یا نماز ظہر کو نماز ظہر کے وقت میں پڑھنا چاہئے تو اسے چاہئے کہ جو نماز وہ پڑھے نیت میں اس کا تعین کرے۔

مسئلہ ۹۴۳ : انسان کو چاہئے کہ شروع سے آخر تک اپنی نیت پر قائم رہے اگر وہ نماز میں اس طرح غافل ہو جائے کہ اگر کوئی پوچھے کہ تو کیا رہا ہے تو اس کی سمجھ میں نہ آئے کہ کیا جواب دے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۹۴۴ : انسان کو چاہئے کہ فقط خداوند عالم کے حکم کی بجا آوری کے لیئے نماز پڑھے پس جو شخص ریا کرے یعنی لوگوں کو دکھانے کے لیئے نماز پڑھے اس کی نماز باطل ہے خواہ یہ نماز پڑھنا فقط لوگوں کو دکھانے کے لیئے ہو یا خدا اور لوگ دونوں اس کی نظر میں ہوں۔

مسئلہ ۹۴۵ : اگر کوئی شخص نماز کا کچھ حصہ بھی اللہ کے علاوہ کسی اور کے لیئے بجا لائے تو اس کی نماز باطل ہے بلکہ اگر نماز تو خدا کے لیئے پڑھے لیکن لوگوں کو دکھانے کے لیئے کسی خاص جگہ مثلاً مسجد میں پڑھے یا خاص وقت مثلاً اول وقت میں پڑھے یا کسی خاص طرز سے مثلاً باجماعت پڑھے تو اس کی نماز باطل ہے اور احتیاط کی بنا پر اگر نماز کا کوئی مستحب حصہ مثلاً قنوت بھی اللہ کے علاوہ کسی اور کے لیئے پڑھے تو اس کی نماز باطل ہے۔

تکبیرۃ الاحرام

مسئلہ ۹۴۶ : ہر نماز کے شروع میں اللہ اکبر کہنا واجب اور رکن ہے اور انسان کو چاہئے کہ اللہ

کے حروف اور اکبر کے حروف اور دو کلمے اللہ اور اکبر پے در پے کہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ یہ دو کلمے صحیح عربی میں کہے جائیں اور اگر کوئی شخص غلط عربی میں کہے یا مثلاً ان کا اردو ترجمہ کر کے کہے تو صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۹۴۷ : احتیاط واجب یہ ہے کہ انسان نماز کی تکبیرۃ الاحرام کو اس چیز سے نہ ملائے جو وہ اس سے پہلے پڑھ رہا ہو (مثلاً اقامت یا دعا ہے جو وہ تکبیر سے پہلے پڑھ رہا ہو)۔

مسئلہ ۹۴۸ : اگر کوئی شخص چاہے کہ اللہ اکبر کو اس چیز کے ساتھ جو بعد میں پڑھی ہو مثلاً بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے ملا دے، تو اسے چاہئے کہ اکبر کے حرف "راء" پر پیش دے لیکن احتیاط واجب یہ ہے کہ واجب نماز میں اسے کسی دوسری چیز سے نہ ملائے۔

مسئلہ ۹۴۹ : تکبیرۃ الاحرام کہتے وقت ضروری ہے کہ انسان کا بدن ساکن ہو اور اگر کوئی شخص جان بوجھ کر اس حالت میں تکبیرۃ الاحرام کہے کہ اس کا بدن حرکت میں ہو تو اس کا تکبیرۃ الاحرام کہنا باطل ہے اور نماز بھی باطل ہو گی۔

مسئلہ ۹۵۰ : انسان کو چاہئے کہ تکبیر اور حمد و سورہ اور ذکر اور دعائیں پڑھے کہ خود سن سکے اور اگر اونچا سننے یا بہرہ ہونے کی وجہ سے یا شور و غل کی وجہ سے نہ سن سکے تو اس طرح کہے کہ اگر کوئی امر مانع نہ ہو تو سن لے۔

مسئلہ ۹۵۱ : اگر کوئی شخص گونگا ہو یا اس کی زبان میں کوئی نقص ہو جس کی وجہ سے وہ اللہ اکبر نہ کہہ سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ جس طرح بھی کہہ سکے کہے اور اگر بالکل ہی نہ کہہ سکتا ہو تو بنا بر احتیاط اسے چاہئے کہ دل میں کہے اور تکبیر کے لیئے اشارہ کرے اور اگر ممکن ہو تو اپنی زبان کو بھی حرکت دے۔

مسئلہ ۹۵۲ : انسان کے لیئے مستحب ہے تکبیرۃ الاحرام کے بعد کہے۔

یا محسن قد اتاک المسئی وقد امرت المحسن ان یتجاوز عن المسئی انت المحسن وانا المسئی بحق محمد وال محمد صلی علی محمد وال محمد و تجاوز عن قبیح ما تعلم منی (یعنی) اے بندوں پر احسان کرنے والے خدا یہ گنہگار بندہ تیری بارگاہ میں آیا ہے اور تو نے حکم دیا ہے کہ نیک لوگ گنہگاروں سے در گزر کریں۔ تو احسان کرنے والا ہے اور میں گنہگار ہوں

محمد و آل محمد پر اپنی رحمتیں نازل فرما اور محمد و آل محمد کے طفیل میری برائیوں سے جنہیں تو جانتا ہے درگزر فرما۔

مسئلہ ۹۵۳ : انسان کے لیئے مستحب ہے کہ نماز کی پہلی تکبیر اور نماز کی درمیانی تکبیریں کہتے وقت ہاتھوں کو کانوں کے برابر تک لے جائے۔

مسئلہ ۹۵۴ : اگر کوئی شخص شک کرے کہ تکبیرۃ الاحرام کہی ہے یا نہیں اور قرات میں مشغول ہو چکا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے شک کی پرواہ نہ کرے اور اگر ابھی کچھ نہ پڑھا ہو تو چاہئے کہ تکبیر کہے۔

مسئلہ ۹۵۵ : اگر کوئی شخص تکبیرۃ الاحرام کہنے کے بعد شک کرے کہ اسے صحیح طریقے سے کہا ہے یا نہیں تو خواہ اس نے کوئی چیز پڑھی ہو یا نہ پڑھی ہو اپنے شک کی پرواہ نہ کرے۔ تکبیرۃ الاحرام کے بعد اور قرآت سے پہلے اعوذباللہ پڑھنا بطور احتیاط ضروری ہے۔

قیام یعنی کھڑا ہونا

مسئلہ ۹۵۶ : تکبیرۃ الاحرام کہنے کے موقع پر قیام اور رکوع سے پہلے قیام جسے قیام متصل بہ رکوع کہا جاتا ہے رکن ہے لیکن حمد اور سورۃ پڑھنے کے موقع پر قیام اور رکوع کے بعد قیام رکن نہیں ہے اور اگر کوئی شخص اسے بھول چوک کی وجہ سے ترک کر دے۔ تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۹۵۷ : تکبیرۃ الاحرام کہنے سے پہلے اور اس کے بعد میں تھوڑی دیر کے لیئے کھڑا ہونا واجب ہے تاکہ یقین ہو جائے کہ تکبیر قیام کی حالت میں کہی گئی ہے۔

مسئلہ ۹۵۸ : اگر کوئی شخص رکوع کرنا بھول جائے اور حمد اور سورہ کے بعد بیٹھ جائے اور پھر اسے یاد آئے کہ رکوع نہیں کیا تو اسے چاہئے کہ کھڑا ہو جائے اور رکوع میں جائے لیکن اگر سیدھا کھڑا ہوئے بغیر جھکے ہونے کی حالت میں رکوع کرے تو چونکہ وہ قیام متصل بہ رکوع نہیں بجالایا اس لیئے اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۹۵۹ : جس وقت ایک شخص تکبیرۃ الاحرام یا قرات کے لیئے کھڑا ہو اسے چاہئے کہ بدن کو حرکت نہ دے اور کسی طرف نہ جھکے اور احتیاط کی بنا پر کسی جگہ ٹیک نہ لگائے لیکن اگر ایسا کرنا بہ امر

مجبوری ہو تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۹۶۰ : اگر قیام کی حالت میں کوئی شخص بھولے سے بدن کو حرکت دے یا کسی طرف جھک جائے یا کسی جگہ ٹیک لگا لے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۹۶۱ : احتیاط مستحب یہ ہے کہ قیام کے وقت انسان کے دونوں پاؤں زمین پر ہوں لیکن یہ ضروری نہیں کہ بدن کا بوجھ دونوں پاؤں پر ہو چنانچہ اگر ایک پاؤں پر بھی ہو تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۹۶۲ : جو شخص ٹھیک طور کھڑا ہو سکتا ہو اگر وہ اپنے پاؤں ایک دوسرے سے اتنے جدا رکھے کہ اس پر "کھڑا ہونا" کہنا صادق نہ آتا ہو تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۹۶۳ : جب انسان نماز میں واجب اذکار میں سے کوئی چیز پڑھنے میں مشغول ہو تو ضروری ہے کہ اس کا بدن ساکن ہو اور جس وقت وہ قدرے آگے یا پیچھے ہونا چاہئے یا بدن کو دائیں یا بائیں جانب تھوڑی سی حرکت دینا چاہے اسے چاہئے کہ اس وقت کوئی چیز نہ پڑھے۔

مسئلہ ۹۶۴ : اگر بدن کی حرکت کی حالت میں کوئی شخص مستحبی ذکر پڑھے مثلاً رکوع میں جانے یا سجدہ میں جانے کے وقت تکبیر کہے تو اس کی نماز صحیح ہے اور انسان کو چاہئے کہ **بحول اللہ وقوتہ اقوم واقعد** اس وقت کہے جب کھڑا ہو رہا ہو۔

مسئلہ ۹۶۵ : ہاتھوں اور انگلیوں کو حمد پڑھتے وقت حرکت دینے میں کوئی حرج نہیں اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ انہیں بھی حرکت نہ دی جائے۔

مسئلہ ۹۶۶ : اگر کوئی شخص حمد اور سورہ پڑھتے وقت یا تسبیحات پڑھتے وقت بے اختیار اتنی حرکت کرے کہ بدن کے ساکن ہونے کی حالت سے خارج ہو جائے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ بدن کے دوبارہ سکون حاصل کرنے پر جو کچھ اس نے حرکت کی حالت میں پڑھا تھا دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۹۶۷ : اگر نماز کے دوران میں کوئی شخص قیام سے عاجز ہو جائے تو اسے چاہئے کہ بیٹھ جائے اور بیٹھ بھی نہ سکتا ہو تو لیٹ جائے لیکن جب تک اس کے بدن کو سکون حاصل نہ ہو کوئی واجب ذکر نہ کرے۔

مسئلہ ۹۶۸ : جب تک انسان کھڑا ہو کر نماز پڑھ سکتا ہے بیٹھنا نہیں چاہئے مثلاً اگر کھڑا ہونے کی حالت میں کسی کا بدن حرکت کرتا ہو یا وہ کسی چیز پر ٹیک لگانے پر یا بدن کو تھوڑا سا ٹیڑھا کرنے پر مجبور ہو تب بھی اسے چاہئے کہ جیسے بھی ہو سکے کھڑا ہو کر نماز پڑھے لیکن اگر وہ کسی طرح بھی کھڑا نہ ہو سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ سیدھا بیٹھ کر نماز پڑھے۔

مسئلہ ۹۶۹ : جب تک انسان بیٹھ سکے اسے لیٹ کر نماز نہیں پڑھنی چاہئے اور اگر وہ سیدھا ہو کر نہ بیٹھ سکے تو چاہئے کہ جیسے بھی ممکن ہو بیٹھے اور اگر بالکل نہ بیٹھ سکے تو اسے چاہئے کہ جیسا کہ قبلہ کے احکام میں کہا گیا ہے دائیں پہلو لیٹے اور اگر دائیں پہلو نہ لیٹ سکے تو بائیں پہلو لیٹے اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو پشت کے بل اس طرح لیٹے کہ اس کے پاؤں قبلہ کی طرف ہوں۔

مسئلہ ۹۷۰ : جو شخص بیٹھ کر نماز پڑھ رہا ہو اگر وہ حمد اور سورہ پڑھنے کے بعد کھڑا ہو سکے اور رکوع کھڑا ہو کر بجالائے تو چاہئے کہ کھڑا ہو جائے اور قیام کی حالت سے رکوع میں جائے اور اگر ایسا نہ کر سکے تو چاہئے کہ رکوع بھی بیٹھ کر بجالائے۔

مسئلہ ۹۷۱ : جو شخص لیٹ کر نماز پڑھ رہا ہو اگر وہ نماز کے دوران میں اس قابل ہو جائے کہ بیٹھ سکے تو اسے چاہئے کہ نماز کی جتنی مقدار ممکن ہو بیٹھ کر پڑھے اور اگر کھڑا ہو سکے تو چاہئے کہ جتنی مقدار ممکن ہو کھڑا ہو کر پڑھے لیکن جب تک اس کے بدن کو سکون حاصل نہ ہو جائے اسے چاہئے کہ واجب اذکار میں سے کچھ نہ پڑھے۔

مسئلہ ۹۷۲ : جو شخص بیٹھ کر نماز پڑھ رہا ہو اگر نماز کے دوران میں اس قابل ہو جائے کہ کھڑا ہو سکے تو چاہئے کہ نماز کی جتنی مقدار ممکن ہو کھڑا ہو کر پڑھے لیکن جب تک اس کے بدن کو سکون حاصل نہ ہو جائے اسے چاہئے کہ واجب اذکار میں سے کچھ نہ پڑھے۔

مسئلہ ۹۷۳ : اگر کسی ایسے شخص کو جو کھڑا ہو سکتا ہو یہ خوف ہو کہ کھڑا ہونے سے بیمار ہو جائے گا یا اسے کوئی ضرر پہنچے گا تو وہ بیٹھ کر نماز پڑھ سکتا ہے اور اگر بیٹھنے سے بھی ڈرتا ہو تو لیٹ کر نماز پڑھ سکتا ہے۔

مسئلہ ۹۷۴ : اگر کسی انسان کو یہ احتمال ہو کہ آخر وقت تک کھڑا ہو کر نماز پڑھ سکے گا تو بہتر ہے

کہ نماز پڑھنے میں تاخیر کرے لیکن اگر آخر وقت تک کھڑا نہ ہو سکے تو آخر وقت میں اپنے وظیفہ کے مطابق نماز پڑھے اور اس صورت میں کہ اس نے اول وقت میں نماز پڑھی ہو اور آخر وقت میں کھڑا ہونے پر قادر ہو گیا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۹۷۵ : انسان کے لیئے مستحب ہے کہ قیام کی حالت میں جسم سیدھا رکھے اور کندھوں کو نیچے کی طرف ڈھیلا چھوڑ دے اور ہاتھوں کو رانوں پر رکھے اور انگلیوں کو آپس میں متصل رکھے اور نگاہ سجدہ کی جگہ پر رکھے اور بدن کا بوجھ دونوں پاؤں پر یکساں ڈالے اور خشوع اور خضوع کے ساتھ کھڑا ہو اور پاؤں آگے پیچھے نہ رکھے اور اگر مرد ہو تو پاؤں کے درمیان تین پھیلی ہوئی انگلیوں سے لے کر ایک بالشت تک کا فاصلہ رکھے اور اگر عورت ہو تو دونوں پاؤں ملا رکھے۔

قرأت

مسئلہ ۹۷۶ : انسان کو چاہئے کہ روزانہ واجب نمازوں کی پہلی اور دوسری رکعت میں پہلے حمد اور اس کے بعد بنا بر احتیاط ایک پورے سورہ کی تلاوت کرے اور والضحی اور الم نشرح کی سورتیں اور اسی طرح فیل اور لایلاف کی سورتیں نماز میں ایک سورہ شمار ہوتی ہیں۔

مسئلہ ۹۷۷ : اگر نماز کا وقت تنگ ہو یا انسان کسی مجبوری کی وجہ سے سورہ نہ پڑھ سکتا ہو مثلاً اسے خوف ہو کہ اگر سورہ پڑھے گا تو چور یا درندہ یا کوئی اور چیز اسے نقصان پہنچائے گی تو اس کے لیئے سورہ پڑھنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۹۷۸ : اگر کوئی شخص جان بوجھ کر حمد سے پہلے سورہ پڑھے تو اس کی نماز باطل ہو گی لیکن اگر غلطی سے حمد سے پہلے سورہ پڑھے اور پڑھنے کے دوران میں یاد آئے تو اسے چاہئے کہ سورہ کو چھوڑ دے اور حمد پڑھنے کے بعد سورہ شروع سے پڑھے۔

مسئلہ ۹۷۹ : اگر کوئی شخص حمد اور سورہ یا ان میں سے کسی ایک کا پڑھنا بھول جائے اور رکوع میں جانے کے بعد اسے یاد آئے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۹۸۰ : اگر رکوع کے لیئے جھکنے سے پہلے کسی شخص کو یاد آئے کہ اس نے حمد اور سورہ نہیں پڑھا تو اسے چاہئے کہ پڑھے اور اگر یہ یاد آئے کہ سورہ نہیں پڑھا تو اسے چاہئے کہ فقط سورہ

پڑھے لیکن اگر اسے یاد آئے کہ فقط حمد نہیں پڑھا تو اسے چاہئے کہ پہلے حمد اور اس کے بعد دوبارہ سورہ پڑھے اور اگر جھک بھی جائے لیکن رکوع کی حد تک پہنچنے سے پہلے یاد آئے کہ حمد اور سورہ یا فقط حمد نہیں پڑھی اور اسے چاہئے کہ کھڑا ہو اور رکوع کر کے نماز تمام کرے اور بنا بر احتیاط نماز کا اعادہ کرے۔

مسئلہ ۹۸۱ : اگر کوئی شخص جان بوجھ کر نماز میں ان چار سورتوں میں سے کوئی ایک سورہ پڑھے جن میں آیہ سجدہ پائی جاتی ہے تو احتیاط کی بنا پر اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۹۸۲ : اگر کوئی شخص بھول کر ایسا سورہ پڑھنا شروع کر دے جس میں سجدہ واجب ہو لیکن آیہ سجدہ تک پہنچنے سے پہلے اسے خیال آ جائے تو اسے چاہئے کہ اس سورہ کو چھوڑ دے اور کوئی دوسرا سورہ پڑھے اور اگر آیہ سجدہ پڑھنے کے بعد یاد آئے تو احتیاطاً سجدے کا اشارہ کرے اور سورہ مکمل کرے اور نماز کے بعد چاہئے کہ اس کا سجدہ بجالائے۔

مسئلہ ۹۸۳ : اگر کوئی شخص نماز کے دوران میں کسی دوسرے کو آیہ سجدہ پڑھتے ہوئے سنے تو اس کی (یعنی نماز پڑھنے والے کی) نماز صحیح ہے لیکن بنابر احتیاط سجدے کا اشارہ کرے اور نماز ختم کرنے کے بعد اس کا سجدہ بجالائے۔

مسئلہ ۹۸۴ : مستحبی نماز میں سورہ پڑھنا ضروری نہیں ہے خواہ وہ نماز نذر کرنے کی وجہ سے واجب ہی کیوں نہ ہو گئی ہو لیکن اگر کوئی شخص بعض ایسی مستحبی نمازیں ان کے احکام کے مطابق پڑھنا چاہے (مثلاً نماز وحشت) جن میں مخصوص سورتیں پڑھنی ہوتی ہیں تو اسے چاہئے کہ وہی سورتیں پڑھے۔

مسئلہ ۹۸۵ : جمعہ کی نماز میں اور جمعہ کے دن ظہر کی نماز میں پہلی رکعت میں حمد کے بعد سورہ جمعہ اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد سورہ منافقون پڑھنا مستحب ہے اور اگر کوئی شخص ان میں سے کوئی ایک سورہ پڑھنا شروع کر دے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چھوڑ کر کوئی دوسرا سورہ نہیں پڑھ سکتا۔

مسئلہ ۹۸۶ : اگر کوئی شخص حمد کے بعد سورہ **قل ھو اللہ احد** یا سورہ **قل یاایھا لکافرون** پڑھنے لگے تو وہ اسے چھوڑ کر کوئی دوسرا سورہ نہیں پڑھ سکتا البتہ اگر نماز جمعہ یا جمعہ کے دن نماز ظہر

میں بھول کر سورہ جمعہ اور منافقون کی بجائے ان دو سورتوں میں سے کوئی سورہ پڑھے تو انہیں چھوڑ سکتا ہے اور سورہ جمعہ اور منافقون پڑھ سکتا ہے اور احتیاط یہ ہے کہ اگر نصف سے زیادہ پڑھ چکا ہو تو پھر ان سورتوں کو نہ چھوڑے۔

مسئلہ ۹۸۷ : اگر کوئی شخص جمعہ کی نماز میں یا جمعہ کے دن ظہر کی نماز میں جان بوجھ کر سورہ قل ھو اللہ احد یا سورہ قل یاایھا لکافرون پڑھے تو خواہ وہ نصف تک نہ پہنچا ہو احتیاط واجب کی بنا پر انہیں چھوڑ کر سورہ جمعہ اور منافقون نہیں پڑھ سکتا۔

مسئلہ ۹۸۸ : اگر کوئی شخص نماز میں سورہ قل ھو اللہ احد اور قل یاایھا الکافرون کے علاوہ کوئی دوسرا سورہ پڑھے تو جب تک نصف تک نہ پہنچا ہو اسے چھوڑ سکتا ہے اور دوسرا سورہ پڑھ سکتا ہے اور احتیاط کی بنا پر اسے چاہئے کہ نصف اور دو تہائی کے درمیان اس سورہ کو نہ چھوڑے اور جب دو تہائی تک پہنچ جائے تو اس سورہ کو چھوڑ کر کسی دوسرے سورہ کی جانب پھر جانا جائز نہیں ہے۔

مسئلہ ۹۸۹ : اگر کوئی شخص کسی سورہ کا کچھ حصہ بھول جائے یا بہ امر مجبوری مثلاً وقت کی تنگی یا کسی اور وجہ سے اسے مکمل نہ کر سکے تو وہ اس سورہ کو چھوڑ کر کوئی دوسری سورہ پڑھ سکتا ہے خواہ اس نے پہلی سورہ دو تہائی سے زیادہ ہی کیوں نہ پڑھ لی ہو اور خواہ وہ سورہ قل ھو اللہ احد یا قل یاایھاالکافرون ہی کیوں نہ ہو۔

مسئلہ ۹۹۰ : مرد پر واجب ہے کہ صبح اور مغرب و عشا کی نمازوں میں حمد اور سورہ بلند آواز سے پڑھے اور مرد اور عورت دونوں پر واجب ہے کہ نماز ظہر و عصر میں حمد اور سورہ آہستہ پڑھیں۔

مسئلہ ۹۹۱ : مرد کو چاہئے کہ صبح کی نماز اور مغرب وعشا کی نماز میں خیال رکھے کہ حمد اور سورہ کے تمام کلمات حتیٰ کہ ان کے آخری حرف تک بلند آواز سے پڑھے جائیں۔

مسئلہ ۹۹۲ : صبح کی نماز اور مغرب وعشا کی نماز میں عورت حمد اور سورہ بلند آواز سے یا آہستہ جیسے چاہئے پڑھ سکتی ہے لیکن اگر نامحرم اس کی آواز سن سکتا ہو تو احتیاط کی بنا پر آہستہ پڑھے۔

مسئلہ ۹۹۳ : اگر کوئی شخص جب نماز بلند آواز سے پڑھنی چاہئے عمداً آہستہ پڑھے یا جب آہستہ پڑھنی چاہئے عمداً بلند آواز سے پڑھے تو اس کی نماز باطل ہے لیکن اگر بھول جانے کی وجہ سے یا مسئلہ

نہ جاننے کی وجہ سے ایسا کرے تو اس کی نماز صحیح ہے اور اگر حمد اور سورہ پڑھنے کے دوران میں بھی اسے پتہ چل جائے کہ اس سے غلطی ہوئی ہے تو ضروری نہیں کہ نماز کا جو حصہ پڑھ چکا ہو اسے دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۹۹۴ : اگر کوئی شخص حمد اور سورہ پڑھنے کے دوران میں اپنی آواز معمول سے زیادہ بلند کرے مثلاً ان سورتوں کو ایسے پڑھے جیسے کہ فریاد کر رہا ہو تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۹۹۵ : انسان کو چاہئے کہ نماز صحیح طور پر سیکھ لے تاکہ غلط نہ پڑھے اور جو شخص اسے کسی طرح بھی صحیح طور پر سیکھنے پر قادر نہ ہو اسے چاہئے کہ جس طرح بھی پڑھ سکے پڑھ لے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھے۔

مسئلہ ۹۹۶ : اگر کوئی شخص حمد اور سورہ اور نماز کے دوسرے حصے بخوبی نہ جانتا ہو لیکن انہیں سیکھنے پر قادر ہو تو اسے چاہئے کہ اگر نماز کا وقت وسیع ہو تو سیکھ لے اور اگر وقت تنگ ہو تو اسے چاہئے کہ حتی الامکان نماز جماعت کیساتھ پڑھے۔

مسئلہ ۹۹۷ : واجبات نماز سکھانے کی اجرت نہ لینا بہتر ہے اور مستحبات نماز سکھانے کی اجرت لینا بغیر اشکال کے جائز ہے۔

مسئلہ ۹۹۸ : اگر کوئی شخص حمد اور سورہ کا کوئی کلمہ نہ جانتا ہو یا جان بوجھ کر اسے نہ پڑھے یا ایک حرف کی بجائے دوسرا حرف کہے مثلاً ض کی بجائے ظ کہے یا جہاں زیر اور زبر کے بغیر پڑھنا چاہئے وہاں زیر اور زبر لگائے یا تشدید حذف کر دے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۹۹۹ : اگر انسان نے کوئی کلمہ جس طرح یاد کیا ہوا ہو اسے صحیح سمجھتا ہو اور نماز میں اسی طرح پڑھے اور بعد میں اسے پتہ چلے کہ اس نے غلط پڑھا ہے تو اس کے لئے نماز کا دوبارہ پڑھنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۰۰۰ : اگر کوئی شخص کسی کلمے کی زیر اور زبر سے واقف نہ ہو یا اگر وہ یہ نہ جانتا ہو کہ ایک کلمہ س سے ادا کرنا چاہئے یا ص سے تو اگر وہ کسی کلمے کو دو یا زیادہ طریقوں سے ادا کرے مثلاً **اهدنا الصراط المستقيم** میں کلمہ مستقیم ایک دفعہ میں س اور ایک دفعہ ص سے پڑھے تو اس کی

نماز باطل ہے لیکن اگر جو کلمہ دو طریقوں سے پڑھے وہ اذکار میں سے ہو اور اس کا غلط پڑھنا اسے ذکر ہونے سے خارج نہ کرے یعنی غلط پڑھنے کے باوجود اسے ذکر ہی سمجھا جائے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۰۰۱ : اگر کسی کلمے میں واؤ ہو اور اس کلمے کے واؤ سے پہلے حرف پر پیش ہو اور اس کلمے میں واؤ کے بعد کا کلمہ ہمزہ ہو مثلاً کلمہ سوء تو پڑھنے والے کو چاہئے کہ اس واؤ کو مد دے یعنی کھینچ کر پڑھے اور اسی طرح اگر کسی کلمے میں الف ہو اور اس کلمے میں الف سے پہلے حرف پر زبر ہو اور اس کلمے میں الف کے بعد کا حرف ہمزہ ہو مثلاً جاء تو چاہئے کہ اس کلمے کے الف کو کھینچ کر پڑھے اور اسی طرح اگر کسی کلمے میں یا ہو اور اس کلمے میں ی سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہو اور اس کلمے میں یا کے بعد کا حرف ہمزہ ہو مثلاً جییٓ ہو تو چاہئے کہ ی کو مد کے ساتھ پڑھے اور اگر ان حروف یعنی واؤ اور الف اور یا کے بعد ہمزہ کی بجائے کوئی ایسا حرف ہو جو ساکن ہو یعنی زیر اور زبر اور پیش نہ رکھتا ہو تب بھی ان تین حروف کو مد کے ساتھ پڑھنا چاہئے مثلاً **والاالضالین** میں جس میں الف کے بعد حرف لام ساکن ہے پڑھنے والے کو چاہئے کہ اس کے الف کو مد کے ساتھ پڑھے اور اگر جو قاعدہ بنایا گیا ہے کے مطابق عمل نہ کرے تو اس کے لیئے احتیاط واجب یہ ہے کہ اس نماز کو ختم کرے۔ اور پھر دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۰۲ : احتیاط واجب یہ ہے کہ انسان نماز میں وقف بہ حرکت اور وصل بہ سکون نہ کرے اور وقف بحرکت کے معنی یہ ہیں کہ کسی کلمے کے آخر میں زیر زبر یا پیش پڑھے اور اس کلمے اور اس کے بعد کے کلمے کے درمیان فاصلہ دے مثلاً کہے **الرحمٰن الرحیم** اور الرحیم کے میم کو زیر دے اور اس کے بعد قدرے فاصلہ دے اور کہے **مالک یوم الدین** اور وصل بسکون کے معنی یہ ہیں کہ کسی کلمے کی زیر زبر یا پیش نہ پڑھے اور اس کلمے کو بعد کے کلمے سے جوڑ دے مثلاً یہ کہے **الرحمٰن الرحیم** اور **الرحیم** کے میم کو زیر نہ دے اور فوراً **مالک یوم الدین** کہے۔

مسئلہ ۱۰۰۳ : نماز کی تیسری اور چوتھی رکعت میں فقط ایک حمد پڑھی جاسکتی ہے یا ایک دفعہ تسبیحات اربعہ کہی جاسکتی ہیں یعنی نماز پڑھنے والا ایک دفعہ کہے۔ **سبحان اللہ والحمدللہ و لاالٰہ الا اللہ واللہ اکبر** اور بہتر یہ ہے کہ تین دفعہ کہے اور وہ ایک رکعت میں حمد اور دوسری رکعت میں تسبیحات بھی پڑھ سکتا ہے لیکن نماز فرادیٰ یعنی تنہا پڑھی جانے والی نماز میں بہتر ہے کہ دونوں رکعتوں میں تسبیحات پڑھے اور جہری یعنی بلند آواز سے پڑھی جانے والی نمازوں میں ماموم

کے لیئے احتیاط لازم یہ ہے کہ تسبیحات اختیار کرے۔

مسئلہ ۱۰۰۴ : وقت تنگ ہو تو تسبیحات اربعہ ایک دفعہ پڑھنی چاہئیں۔

مسئلہ ۱۰۰۵ : مرد اور عورت دونوں پر واجب ہے کہ نماز کی تیسری اور چوتھی رکعت میں حمد یا تسبیحات آہستہ پڑھیں۔

مسئلہ ۱۰۰۶ : اگر کوئی شخص تیسری اور چوتھی رکعت میں حمد پڑھے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہیے کہ اس کی بسم اللہ بھی آہستہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۰۷ : جو شخص تسبیحات یاد نہ کر سکتا ہو یا انہیں ٹھیک پڑھ نہ سکتا ہو اسے چاہیے کہ تیسری اور چوتھی رکعت میں حمد پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۰۸ : اگر کوئی شخص نماز کی دو پہلی رکعتوں میں یہ خیال کرتے ہوئے کہ یہ آخری رکعتیں ہیں تسبیحات پڑھے لیکن رکوع سے پہلے اسے صحیح صورت کا پتہ چل جائے تو اسے چاہیے کہ حمد اور سورہ پڑھے اور اگر اسے رکوع کے دوران میں یا رکوع کے بعد پتہ چلے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۰۰۹ : اگر کوئی شخص نماز کی آخری دو رکعتوں میں یہ خیال کرتے ہوئے کہ یہ پہلی دو رکعتیں ہیں حمد پڑھے یا نماز کی پہلی دو رکعتوں میں یہ گمان کرتے ہوئے کہ آخری دو رکعتوں میں ہے حمد پڑھے تو اسے صحیح صورت کا خواہ رکوع سے پہلے پتہ چلے یا بعد میں اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۰۱۰ : اگر کوئی شخص تیسری یا چوتھی رکعت میں حمد پڑھنا چاہتا ہو لیکن تسبیحات اس کی زبان پر آجائیں یا تسبیحات پڑھنا چاہتا ہو لیکن حمد اس کی زبان پر آجائے تو اسے چاہیے کہ جو پڑھ رہا ہے اسے چھوڑ کر اپنی مرضی کے مطابق دوبارہ حمد یا تسبیحات پڑھے لیکن اگر اس کی عادت وہی چیز پڑھنے کی ہو جو اس کی زبان پر آئی ہے تو وہ اسی کو تمام کر سکتا ہے اور اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۰۱۱ : جس شخص کی عادت تیسری اور چوتھی رکعت میں تسبیحات پڑھنے کی ہو اگر وہ اپنی عادت سے غفلت برتے اور اپنے وظیفہ کی ادائیگی کی نیت سے حمد پڑھنے لگے تو وہی کافی ہے اور اس

کے لیئے حمد یا تسبیحات دوبارہ پڑھنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۰۱۲ : نماز پڑھنے والے کے لیئے تیسری اور چوتھی رکعت میں تسبیحات کے بعد استغفار کرنا مستحب ہے مثلاً کہے **استغفر اللہ ربی واتوب الیہ** یا کہے **اللھم اغفرلی** اور اگر وہ رکوع کے لیئے جھکنے سے پہلے استغفار پڑھ رہا ہو اس سے فارغ ہو چکا ہو اور اسے شک ہو جائے کہ آیا اس نے حمد یا تسبیحات پڑھی ہیں یا نہیں تو اسے چاہئے کہ حمد یا تسبیحات پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۱۳ : اگر نماز پڑھنے والا تیسری یا چوتھی رکعت کے رکوع میں شک کرے کہ آیا اس نے حمد یا تسبیحات پڑھی ہیں یا نہیں تو اسے چاہئے کہ اپنے شک کی پرواہ نہ کرے اور اگر رکوع کی حد تک پہنچنے سے پہلے شک کرے تو ضروری ہے کہ پلٹ کر حمد یا تسبیحات پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۱۴ : اگر نماز پڑھنے والا شک کرے کہ آیا اس نے کوئی آیت یا کلمہ درست پڑھا ہے یا نہیں مثلاً شک کرے کہ **قل ھو اللہ احد** درست پڑھا ہے یا نہیں تو اس کے لیئے جائز ہے کہ اپنے شک کی پرواہ نہ کرے لیکن اگر احتیاطاً وہی آیت یا کلمہ دوبارہ صحیح طریقے سے پڑھ دے تو کوئی حرج نہیں اور اگر کئی بار بھی شک کرے تو کئی بار پڑھ سکتا ہے ہاں اگر وسواس کی حد تک پہنچ جائے اور پھر بھی دوبارہ پڑھے تو احتیاط مستحب کی بنا پر پوری نماز دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۱۵ : نماز پڑھنے والے کو چاہئے کہ ظہر اور عصر کی پہلی اور دوسری رکعتوں میں بسم اللہ بلند آواز سے کہے اور حمد اور سورہ کو ممیّز کر کے پڑھے اور ہر آیت کے آخر پر وقف کرے یعنی اسے بعد والی آیت کے ساتھ نہ ملائے اور حمد اور سورہ پڑھتے وقت آیات کے معنوں کی طرف توجہ رکھے اگر فرادیٰ نماز پڑھ رہا ہو تو سورہ حمد کے اختتام پر اور اگر نماز جماعت کے ساتھ پڑھ رہا ہو تو امام جماعت کے سورہ حمد ختم کرنے کے بعد کہے۔ **الحمدللہ رب العالمین** کہے اور سورہ پڑھنے کے بعد تھوڑی دیر رکے اور اس کے بعد رکوع سے پہلے تکبیر کہے یا قنوت پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۱۶ : نماز پڑھنے والے کیلئے مستحب ہے کہ سب نمازوں میں پہلی رکعت میں سورہ **انا انزلنا** اور دوسری رکعت میں سورہ **قل ھو اللہ احد** پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۱۷ : پنج گانہ نمازوں میں سے کسی ایک نماز میں بھی انسان کا سورہ **قل ھو اللہ احد** کا

نہ پڑھنا مکروہ ہے۔

مسئلہ ۱۰۱۸ : ایک ہی سانس میں سورہ قل ھو اللہ احد کا پڑھنا مکروہ ہے۔

مسئلہ ۱۰۱۹ : جو سورہ انسان پہلی رکعت میں پڑھے اس کا دوسری رکعت میں پڑھنا مکروہ ہے لیکن اگر سورہ قل ھو اللہ احد دونوں رکعتوں میں پڑھے تو مکروہ نہیں ہے۔

رکوع

مسئلہ ۱۰۲۰ : نماز پڑھنے والے کو چاہئے کہ ہر رکعت میں قرات کے بعد اس قدر جھکے کہ ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھ سکے اور اس عمل کو رکوع کہتے ہیں۔

مسئلہ ۱۰۲۱ : اگر نماز پڑھنے والا رکوع کی مقدار بھر جھک جائے لیکن اپنے ہاتھ گھٹنوں پر نہ رکھے تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۱۰۲۲ : اگر کوئی شخص رکوع عام طریقے کے مطابق نہ بجا لائے مثلاً بائیں یا دائیں جانب جھک جائے تو خواہ اس کے ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ بھی جائیں اس کا رکوع صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۰۲۳ : نماز پڑھنے والے کا جھکنا رکوع کی نیت سے ہونا چاہئے لہٰذا اگر کسی اور کام کے لیئے مثلاً کسی جانور کو مارنے کے لیئے جھکے تو اسے رکوع نہیں کہا جا سکتا بلکہ اسے چاہئے کہ کھڑا ہو جائے اور دوبارہ رکوع کے لیئے جھکے اور اس عمل کی وجہ سے رکن میں اضافہ نہیں ہوتا اور نماز باطل نہیں ہوتی۔

مسئلہ ۱۰۲۴ : جس شخص کے ہاتھ یا گھٹنے دوسرے لوگوں کے ہاتھوں اور گھٹنوں سے مختلف ہوں مثلاً اس کے ہاتھ اتنے لمبے ہوں کہ اگر معمولی سا بھی جھکے تو گھٹنوں تک پہنچ جائیں یا اس کے گھٹنے دوسرے لوگوں کے گھٹنوں کے مقابلے میں نیچے ہوں اور اسے ہاتھ گھٹنوں تک پہنچانے کے لیئے بہت زیادہ جھکنا پڑتا ہو تو اسے چاہئے کہ اتنا جھکے جتنا عموماً لوگ جھکتے ہیں۔

مسئلہ ۱۰۲۵ : جو شخص بیٹھ کر رکوع کر رہا ہو اسے اس قدر جھکنا چاہئے کہ اس کا چہرہ اس کے گھٹنوں کے بالمقابل جا پہنچے اور بہتر ہے کہ اتنا جھکے کہ اس کا چہرہ سجدے کی جگہ کے قریب جا پہنچے۔

مسئلہ ۱۰۲۶ : نماز پڑھنے والے کے لیئے بہتر یہ ہے کہ اختیار کی حالت میں رکوع میں تین دفعہ سبحان اللہ یا ایک دفعہ سبحان ربی العظیم وبحمدہ کہے اور ظاہر یہ ہے کہ جو ذکر بھی اتنی مقدار میں کیا جائے کافی ہے لیکن وقت کی تنگی اور مجبوری کی حالت میں ایک دفعہ سبحان اللہ کہنا ہی کافی ہے۔

مسئلہ ۱۰۲۷ : ذکر رکوع مسلسل اور صحیح عربی میں پڑھنا چاہئے اور مستحب ہے کہ اسے تین یا پانچ یا سات دفعہ بلکہ اس سے بھی زیادہ پڑھا جائے۔

مسئلہ ۱۰۲۸ : رکوع میں واجب ذکر پڑھنے کی مقدار بھر بدن ساکن ہونا چاہئے اور مستحب ذکر میں بدن کا ساکن ہونا اس صورت میں جب کہ خصوصیت کا قصد کرے احوط ہے۔

مسئلہ ۱۰۲۹ : اگر نماز پڑھنے والا اس وقت جبکہ رکوع کا ذکر واجب ادا کر رہا ہو بے اختیار اتنی حرکت کرے کہ بدن سکون کی حالت میں ہونے سے خارج ہو جائے تو بہتر یہ ہے کہ بدن کے سکون حاصل کرنے کے بعد دوبارہ ذکر کو بجالائے لیکن اگر اتنی مدت کے لیئے حرکت کرے کہ بدن کے سکون میں ہونے کی حالت سے خارج نہ ہو یا انگلیوں کو حرکت دے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۰۳۰ : اگر نماز پڑھنے والا اس سے پیشتر کہ رکوع کی مقدار کے مطابق جھکے اور اس کا بدن سکون حاصل کرے جان بوجھ کر ذکر رکوع پڑھنا شروع کر دے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۰۳۱ : اگر ایک شخص ذکر واجب کے ختم ہونے سے پہلے جان بوجھ کر سر رکوع سے اٹھا لے تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر سہواً سر اٹھا لے اور اس سے پیشتر کہ رکوع کی حالت سے خارج ہو جائے اسے یاد آئے کہ اس نے ذکر رکوع ختم نہیں کیا تو اسے چاہئے کہ بدن کے سکون کی حالت میں ذکر پڑھے اور اگر اسے رکوع کی حالت سے خارج ہونے کے بعد یاد آئے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۰۳۲ : اگر ایک شخص ذکر کی مقدار کے مطابق رکوع کی حالت میں نہ رہ سکتا ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اس کا بقیہ حصہ رکوع سے اٹھتے ہوئے پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۳۳ : اگر کوئی شخص مرض وغیرہ کی وجہ سے رکوع میں اپنا بدن ساکن نہ رکھ سکے تو اس

کی نماز صحیح ہے لیکن اسے چاہئے کہ رکوع کی حالت سے خارج ہونے سے پہلے ذکر واجب اس طریقے سے ادا کرے جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے۔

مسئلہ ۱۰۳۴ : جب ایک شخص رکوع کی مقدار کے مطابق نہ جھک سکے تو اسے چاہئے کہ کسی چیز کا سہارا لے اور رکوع بجا لائے اور اگر سہارا لے کر بھی معمول کے مطابق رکوع ادا نہ کر سکے تو احتیاط کی بنا پر اسے چاہئے کہ جتنا بھی جھک سکے جھکے اور رکوع کے لیئے اشارہ بھی کرے اور اگر بالکل ہی نہ جھک سکے تو اسے چاہئے کہ سر سے رکوع کے لیئے اشارہ کرے۔

مسئلہ ۱۰۳۵ : جس شخص کو رکوع کے لیئے سر سے اشارہ کرنا چاہئے اگر وہ اشارہ کرنے پر قدرت نہ رکھتا ہو تو اسے چاہئے کہ رکوع کی نیت کے ساتھ آنکھوں کو بند کرے اور ذکر رکوع پڑھے اور رکوع سے اٹھنے کی نیت سے آنکھوں کو کھول دے اور اگر اس سے بھی عاجز ہو تو احتیاط کی بنا پر دل میں رکوع کی نیت کرے اور ذکر رکوع پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۳۶ : جو شخص کھڑا ہو کر رکوع نہ کر سکے لیکن بیٹھا ہوا ہو تو رکوع کے لیئے جھک سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ کھڑا ہو کر نماز پڑھے اور رکوع کے لیئے سر سے اشارہ کرے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ ایک دفعہ پھر نماز پڑھے اور اس کے رکوع کے وقت بیٹھ جائے اور رکوع کے لیئے جھک جائے۔

مسئلہ ۱۰۳۷ : اگر کوئی شخص رکوع کی حد تک پہنچنے اور بدن کے سکون حاصل کرنے کے بعد سر کو اٹھا لے اور دوبارہ بقصد رکوع' رکوع کے انداز تک جھک جائے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۰۳۸ : نماز پڑھنے والے کو چاہئے کہ ذکر رکوع ختم ہونے کے بعد سیدھا کھڑا ہو جائے اور جب اس کا بدن سکون حاصل کرے تو اس کے بعد سجدے میں چلا جائے اگر جان بوجھ کر کھڑا ہونے سے پہلے یا بدن کے سکون حاصل کرنے سے پہلے سجدے میں چلا جائے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۰۳۹ : اگر کوئی شخص رکوع ادا کرنا بھول جائے اور اس سے پیشتر کہ سجدے کی حالت میں پہنچ جائے اسے یاد آجائے کہ رکوع کرنا بھول گیا ہے تو اسے چاہئے کہ کھڑا ہو جائے اور پھر رکوع میں چلا جائے اور اگر جھکے ہوئے ہونے کی حالت میں رکوع کی جانب لوٹ جائے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۰۴۰ : اگر کسی شخص کی پیشانی زمین سے لگ جانے کے بعد یاد آئے کہ اس نے رکوع

نہیں کیا تو اس کے لیئے ضروری ہے کہ لوٹ جائے اور رکوع کھڑا ہونے کے بعد بجالائے اور اگر اسے دوسرے سجدے میں یاد آئے کہ رکوع نہیں کیا تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۰۴۱ : مستحب ہے کہ انسان رکوع میں جانے سے پہلے سیدھا کھڑا ہو کر تکبیر کہے اور رکوع میں گھٹنوں کو پیچھے کی طرف دھکیلے اور پیٹھ کو ہموار رکھے اور گردن کو کھینچ اور پیٹھ کے برابر رکھے اور دونوں پاؤں کے درمیان دیکھے اور ذکر سے پہلے یا بعد میں صلوات پڑھے اور جب رکوع کے بعد اٹھے اور سیدھا کھڑا ہو تو بدن کے سکون کی حالت میں ہوتے ہوئے **سمع اللہ لمن حمدہ** کہے۔

مسئلہ ۱۰۴۲ : عورتوں کے لیئے مستحب ہے کہ رکوع میں ہاتھوں کو گھٹنوں سے اوپر رکھیں اور گھٹنوں کو پیچھے کی طرف نہ دھکیلیں۔

سجود

مسئلہ ۱۰۴۳ : نماز پڑھنے والے کو چاہیئے کہ واجب اور مستحب نمازوں کی ہر رکعت میں رکوع کے بعد دو سجدے کرے اور سجدہ یہ ہے کہ پیشانی کو خضوع (عاجزی) کی نیت سے زمین پر رکھے اور نماز میں سجدے کی حالت میں واجب ہے کہ دونوں ہتھیلیاں دونوں گھٹنے اور دونوں پاؤں کے انگوٹھے زمین پر رکھے جائیں۔

مسئلہ ۱۰۴۴ : دو سجدے مل کر ایک رکن ہیں اور اگر کوئی شخص واجب نماز میں جان بوجھ کر یا بھولے سے ایک رکعت میں دونوں سجدے ترک کر دے یا ان پر دو سجدوں کا اضافہ کر دے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۰۴۵ : اگر کوئی شخص جان بوجھ کر ایک سجدہ کم یا زیادہ کردے تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر سہواً ایک سجدہ کم یا زیادہ کرے تو اس کا حکم بعد میں بیان کیا جائے گا۔

مسئلہ ۱۰۴۶ : اگر کوئی شخص جان بوجھ کر یا سہواً پیشانی زمین پر نہ رکھے تو خواہ بدن کے دوسرے حصے زمین سے لگ بھی گئے ہوں اس نے سجدہ نہیں کیا لیکن اگر وہ پیشانی زمین پر رکھ دے اور سہواً بدن کے دوسرے حصے زمین تک نہ پہنچائے یا سہواً ذکر نہ پڑھے تو اس کا سجدہ صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۰۴۷ : انسان کے لیئے بہتر یہ ہے کہ اختیار کی حالت میں سجدے میں تین دفعہ **سبحان**

اللہ یا ایک دفعہ **سبحان ربی الاعلی وبحمدہ** پڑھے اور ضروری ہے کہ یہ کلمات مسلسل اور صحیح عربی میں کہے جائیں اور ظاہر یہ ہے کہ اس مقدار میں ہر ذکر کا پڑھنا کافی ہے اور مستحب ہے کہ **سبحان ربی الاعلی وبحمدہ** تین یا پانچ یا سات دفعہ یا اس سے بھی زیادہ بار پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۴۸ : سجدوں میں ضروری ہے کہ واجب ذکر کی مقدار بھر انسان کا بدن سکون کی حالت میں ہو اور ذکر مستحب پڑھنے کے وقت بھی بدن کا سکون کی حالت میں ہونا خصوصیت کے قصد کے ساتھ احوط ہے۔

مسئلہ ۱۰۴۹ : اگر اس سے پیشتر کہ پیشانی زمین سے لگے اور بدن سکون حاصل کرلے کوئی شخص جان بوجھ کر ذکر سجدہ پڑھے یا ذکر ختم ہونے سے پہلے جان بوجھ کر سر سجدے سے اٹھا لے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۰۵۰ : اگر اس سے پیشتر کہ پیشانی زمین پر لگے کوئی شخص سہواً ذکر سجدہ پڑھے اور اس سے پیشتر کہ سر سجدے سے اٹھائے اسے پتہ چل جائے کہ اس نے غلطی کی ہے تو اسے چاہئے کہ دوبارہ بدن کے سکون کی حالت میں ذکر پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۵۱ : اگر کسی شخص کو سر سجدے سے اٹھا لینے کے بعد پتہ چلے کہ اس نے ذکر سجدہ ختم ہونے سے پہلے سر اٹھا لیا ہے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۰۵۲ : جس وقت کوئی شخص ذکر سجدہ پڑھ رہا ہو اگر وہ جان بوجھ کر سات اعضاء میں سے کسی ایک کو زمین پر سے اٹھا لے تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی لیکن جس وقت ذکر پڑھنے میں مشغول نہ ہو اگر پیشانی کے علاوہ کوئی عضو زمین پر سے اٹھا لے اور دوبارہ رکھ دے تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۱۰۵۳ : اگر ذکر سجدہ ختم ہونے سے پہلے کوئی شخص سہواً پیشانی زمین پر سے اٹھا لے تو اسے دوبارہ زمین پر نہیں رکھ سکتا اور اسے چاہئے کہ اسے ایک سجدہ شمار کرے لیکن اگر دوسرے اعضاء کو سہواً" زمین پر سے اٹھا لے تو اسے چاہئے کہ انہیں دوبارہ زمین پر رکھے اور ذکر پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۵۴ : پہلے سجدے کا ذکر ختم ہونے کے بعد انسان کو چاہئے کہ بیٹھ جائے حتیٰ کہ اس کا بدن سکون حاصل کرلے اور پھر دوبارہ سجدے میں جائے۔

مسئلہ ۱۰۵۵ : نماز پڑھنے والے کی پیشانی رکھنے کی جگہ پاؤں کی انگلیوں کے سروں کی جگہ سے چار ملی ہوئی انگلیوں سے زیادہ بلند نہیں ہونی چاہئے بلکہ واجب ہے کہ اس کی پیشانی کی جگہ اس کے پاؤں کی انگلیوں کے سروں کی جگہ سے چار ملی ہوئی انگلیوں سے زیادہ نیچی بھی نہ ہو۔

مسئلہ ۱۰۵۶ : اگر کسی ایسی ڈھلوان جگہ میں جس کا جھکاؤ صحیح طور پر معلوم نہ ہو نماز پڑھنے والے کی پیشانی کی جگہ اس کے پاؤں کی انگلیوں کے سروں کی جگہ سے چار ملی ہوئی انگلیوں سے زیادہ بلند ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۰۵۷ : اگر نماز پڑھنے والا اپنی پیشانی کو غلطی سے ایک ایسی چیز پر رکھ دے جو اس کے پاؤں کی انگلیوں کے سروں کی جگہ سے چار ملی ہوئی انگلیوں سے زیادہ بلند ہو تو اسے چاہئے کہ سر کو اٹھائے اور اس چیز پر رکھے جو بلند نہ ہو یا جس کی بلندی چار ملی ہوئی انگلیوں کی مقدار کے برابر یا اس سے کم ہو اور بنابر احتیاط اسے چاہئے کہ نماز ختم کرنے کے بعد اسے دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۵۸ : ضروری ہے کہ نماز پڑھنے والے کی پیشانی اور اس چیز کے درمیان جس پر وہ سجدہ کر رہا ہے کوئی چیز نہ ہو پس اگر سجدہ گاہ اتنی میلی ہو کہ پیشانی خود سجدہ گاہ تک نہ پہنچ سکے تو اس کا سجدہ باطل ہے لیکن اگر مثال کی طور پر سجدہ گاہ کا رنگ تبدیل ہوگیا ہو تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۱۰۵۹ : نماز پڑھنے والے کو چاہئے کہ سجدے میں دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں زمین پر رکھے لیکن مجبوری کی حالت میں ہاتھوں کی پشت بھی زمین پر رکھے تو کوئی حرج نہیں اور اگر ہاتھوں کی پشت بھی زمین پر رکھنا ممکن نہ ہو تو احتیاط کی بنا پر اسے چاہئے کہ ہاتھوں کی کلائیاں زمین پر رکھے اور اگر انہیں بھی نہ رکھ سکے تو پھر کہنی تک جو حصہ بھی ممکن ہو زمین پر رکھے اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو پھر بازو کا رکھنا بھی کافی ہے۔

مسئلہ ۱۰۶۰ : نماز پڑھنے والے کو چاہئے کہ سجدہ میں پاؤں کے دونوں انگوٹھے زمین پر رکھے اور اگر پاؤں کی دوسری انگلیاں یا پاؤں کا اوپر والا حصہ زمین پر رکھے یا ناخن لمبے ہونے کی وجہ سے انگوٹھوں کے سرے زمین پر نہ لگیں تو نماز باطل ہے اور جس شخص نے کوتاہی اور مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے اپنی نمازیں اس طرح پڑھی ہوں اسے چاہئے کہ انہیں دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۶۱ : جس شخص کے پاؤں کے انگوٹھوں کے سروں سے کچھ حصہ کٹا ہوا ہو اسے چاہئے کہ جتنا باقی ہو وہ زمین پر رکھے اور اگر انگوٹھوں کا کچھ حصہ بھی نہ بچا ہو اور اگر بچا بھی ہو تو بہت چھوٹا ہو تو احتیاط کی بنا پر اسے چاہئے کہ باقی انگلیوں کو زمین پر رکھے اور اگر اس کی کوئی انگلی بھی نہ ہو تو پاؤں کا جتنا حصہ بھی باقی بچا ہوا اسے زمین پر رکھے۔

مسئلہ ۱۰۶۲ : اگر کوئی شخص معمول کے خلاف سجدہ کرے مثلاً سینے اور پیٹ کو زمین پر ٹکائے یا پاؤں کو لمبا کرے تو خواہ ساتوں اعضاء جن کا ذکر ہو چکا ہے زمین پر لگ جائیں احتیاط مستحب کی بنا پر اسے چاہئے کہ نماز دوبارہ پڑھے لیکن اگر اپنے آپ کو اتنا لمبا کرے کہ اس پر سجدہ کا لفظ صادق نہ آتا ہو تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۰۶۳ : سجدہ گاہ یا دوسری چیز جس پر نماز پڑھنے والا سجدہ کرے پاک ہونی چاہئے لیکن اگر مثال کے طور پر سجدہ گاہ کو نجس فرش پر رکھ دے یا سجدہ گاہ کی ایک طرف نجس ہو اور وہ پیشانی پاک طرف پر رکھے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۰۶۴ : اگر نماز پڑھنے والے کی پیشانی پر پھوڑا وغیرہ ہو تو اسے چاہئے کہ اگر ممکن ہو تو جو حصہ پیشانی کا صحت مند ہو اس سے سجدہ کرے اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو چاہئے کہ زمین کو کھودے اور پھوڑے کو گڑھے میں اور صحت مند حصے کی اتنی مقدار کو جو سجدے کے لیئے کافی ہو زمین پر رکھے۔

مسئلہ ۱۰۶۵ : اگر پھوڑا یا زخم تمام پیشانی پر پھیلا ہوا ہو تو نماز پڑھنے والے کو احتیاط کی بنا پر چاہئے کہ خواہ وہ دو دفعہ نماز پڑھنی پڑھے پیشانی کی دونوں طرفوں میں سے کسی ایک سے اور ٹھوڑی سے سجدہ کرے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو صرف ٹھوڑی سے سجدہ کرے اور ٹھوڑی سے بھی ممکن نہ ہو تو سجدے کا اشارہ کرے۔

مسئلہ ۱۰۶۶ : جو شخص پیشانی زمین پر نہ رکھ سکتا ہو اسے چاہئے کہ جس قدر بھی جھک سکے جھکے اور سجدہ گاہ یا کسی دوسری چیز کو جس پر سجدہ صحیح ہو کسی بلند چیز پر رکھے اور اپنی پیشانی اس پر اس طرح رکھے کہ لوگ کہیں کہ اس نے سجدہ کیا ہے لیکن اسے چاہئے کہ ہاتھوں کی ہتھیلیوں اور گھٹنوں اور

پاؤں کے انگوٹھوں کو معمول کے مطابق زمین پر رکھے۔

مسئلہ ۱۰۶۷ : اگر کوئی ایسی بلند چیز نہ ہو جس پر نماز پڑھنے والا سجدہ گاہ یا کوئی دوسری چیز جس پر سجدہ صحیح ہو رکھ سکے تو اس کے لیئے لازم ہے کہ سجدہ گاہ یا دوسری چیز کو ہاتھ سے بلند کرے اور اس پر سجدہ کرے۔

مسئلہ ۱۰۶۸ : اگر کوئی شخص بالکل ہی سجدہ نہ کر سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ سجدے کے لیئے سر سے اشارہ کرے اور اگر ایسا نہ کر سکے تو اسے چاہئے کہ آنکھوں سے اشارہ کرے اور اگر آنکھوں سے بھی اشارہ نہ کر سکتا ہو تو احتیاط مستحب کی بنا پر ہاتھ وغیرہ سے سجدے کا اشارہ کرے اور دل میں بھی سجدہ کی نیت کرے۔

مسئلہ ۱۰۶۹ : اگر کسی شخص کی پیشانی بے اختیار سجدے کی جگہ سے اٹھ جائے تو اسے چاہئے کہ حتی الامکان اسے دوبارہ سجدے کی جگہ پر نہ جانے دے اور قطع نظر اس کے کہ اس نے ذکر سجدہ پڑھا ہو یا نہ پڑھا ہو یہ ایک سجدہ شمار ہو گا اور اگر سر کو نہ روک سکے اور وہ بے اختیار دوبارہ سجدے کی جگہ پہنچ جائے تو دونوں ملا کر ایک سجدہ شمار ہوں گے اور اگر پہلے ذکر نہ پڑھا ہو تو بنابر احتیاط اسے چاہئے کہ اب پڑھے۔

مسئلہ ۱۰۷۰ : جہاں انسان کے لیئے تقیہ کرنا ضروری ہو وہ فرش یا اس جیسی کسی چیز پر سجدہ کر سکتا ہے اور یہ لازم نہیں کہ نماز کے لیئے کسی دوسری جگہ جائے لیکن اگر وہ چٹائی یا کسی دوسری چیز پر جس پر سجدہ کرنا صحیح ہو اس طرح سجدہ کر سکے کہ زحمت سے دو چار نہ ہو تو پھر اسے فرش یا اس سے ملتی جلتی چیز پر سجدہ نہیں کرنا چاہئے۔

مسئلہ ۱۰۷۱ : اگر کوئی شخص پروں سے بھرے گئے گدے یا اسی قسم کی کسی دوسری چیز پر سجدہ کرے جس پر جسم سکون کی حالت میں نہ رہے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۰۷۲ : اگر انسان کیچڑ والی زمین پر نماز پڑھنے پر مجبور ہو اور بدن اور لباس کا آلودہ ہو جانا اس کے لیئے مشقت کا موجب نہ ہو تو اسے چاہئے کہ سجدہ اور تشہد معمول کے مطابق بجا لائے اور اگر ایسا کرنا مشقت کا موجب ہو تو قیام کی حالت میں سجدے کے لیئے سر سے اشارہ کرے اور تشہد کھڑا ہو

کر پڑھے تو اس کی نماز صحیح ہوگی۔

مسئلہ ۱۰۷۳ : پہلی رکعت میں اور تیسری رکعت میں (مثلاً نماز ظہر' نماز عصر اور نماز عشاء کی تیسری رکعت) جس میں تشہد نہ ہو واجب ہے کہ انسان دوسرے سجدے کے بعد تھوڑی دیر کے لیئے سکون سے بیٹھے اور پھر اٹھے۔

وہ چیزیں جن پر سجدہ کرنا صحیح ہے

مسئلہ ۱۰۷۴ : سجدہ زمین پر اور ان چیزوں پر کرنا چاہئے جو کھائی اور پہنی نہ جاتی ہوں اور زمین سے اگتی ہوں مثال کے طور پر لکڑی اور درختوں کے پتے کھانے اور پینے کی چیزوں مثلاً گندم' جو اور کپاس پر اور ان چیزوں پر جو زمین کے اجزء شمار نہیں ہوتیں مثلاً سونے' چاندی' تارکول اور اسفالٹ وغیرہ پر سجدہ کرنا صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۰۷۵ : احتیاط واجب یہ ہے کہ انگور کے پتوں کے خشک ہونے سے پہلے ان پر سجدہ نہ کیا جائے۔

مسئلہ ۱۰۷۶ : ان چیزوں پر سجدہ کرنا صحیح ہے جو زمین سے اگتی ہیں اور حیوانات کی خوراک ہیں (مثلاً گھاس وغیرہ)

مسئلہ ۱۰۷۷ : جن پھولوں کو کھایا نہیں جاتا ان پر سجدہ صحیح ہے بلکہ ان کھانے کی دواؤں پر بھی سجدہ صحیح ہے جو زمین سے اگتی ہیں مثلاً گل بنفشہ اور گل گاؤ زبان۔

مسئلہ ۱۰۷۸ : ایسی گھاس پر جو بعض شہروں میں کھائی جاتی ہوں اور بعض شہروں میں نہ کھائی جاتی ہو اور کچے میووں پر سجدہ کرنا صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۰۸۹ : چونے کے پتھر اور سنگ گچ (جپسم) پر سجدہ صحیح ہے۔ اور پختہ گچ اور چونے اور اینٹ اور مٹی کے پکے ہوئے برتنوں اور ان سے ملتی جلتی چیزوں پر سجدہ نہ کیا جائے۔

مسئلہ ۱۰۸۰ : کاغذ پر سجدہ صحیح ہے خواہ وہ کپاس یا اسی جیسی کسی چیز سے بنا ہو۔

مسئلہ ۱۰۸۱ : سجدے کے لیئے خاک شفا سب چیزوں سے بہتر ہے اس کے بعد مٹی' مٹی کے بعد

پتھر اور پتھر کے بعد گھاس ہے۔

مسئلہ ۱۰۸۲ : جو شخص کوئی ایسی چیز نہ رکھتا ہو جس پر سجدہ صحیح ہے یا اگر رکھتا ہو بھی تو سردی یا زیادہ گرمی وغیرہ کی وجہ سے اس پر سجدہ نہ کر سکتا ہو اسے چاہئے کہ اپنے لباس پر سجدہ کرے اور اگر لباس بھی میسر نہ ہو تو چاہئے کہ ہاتھ کی پشت پر یا کسی ایسی دوسری چیز پر سجدہ کرے جس پر اختیار کی حالت میں سجدہ کرنا جائز نہ ہو لیکن جب تک ہاتھ کی پشت پر سجدہ کرنا ممکن ہو اس دوسری چیز پر سجدہ نہ کرے۔

مسئلہ ۱۰۸۳ : کیچڑ پر اور ایسی نرم مٹی پر جس پر پیشانی سکون سے نہ ٹک سکے سجدہ کرنا باطل ہے۔

مسئلہ ۱۰۸۴ : اگر پہلے سجدے میں سجدہ گاہ پیشانی سے چپک جائے تو دوسرے سجدے کے لیئے چھڑا لینا چاہئے۔

مسئلہ ۱۰۸۵ : جس چیز پر سجدہ کرنا ہو اگر نماز پڑھنے کے دوران میں وہ گم ہو جائے اور نماز پڑھنے والے کے پاس کوئی ایسی چیز نہ ہو جس پر سجدہ صحیح ہو اور وقت وسیع ہو تو اسے چاہئے کہ نماز توڑ دے اور اگر وقت تنگ ہو تو اسے چاہئے کہ اس ترتیب کے مطابق عمل کرے جو گزر چکی ہے۔

مسئلہ ۱۰۸۶ : جب کسی شخص کو سجدے کی حالت میں پتہ چلے کہ اس نے اپنی پیشانی کسی ایسی چیز پر رکھی ہے جس پر سجدہ کرنا باطل ہے تو اسے چاہئے کہ پیشانی کو اس چیز پر سے اٹھا لے اور اس چیز پر سجدہ کرے جس پر سجدہ کرنا صحیح ہے اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو اور نماز کا وقت وسیع ہو تو اسے چاہئے کہ نماز توڑ دے اور اگر وقت تنگ ہو تو اسے چاہئے کہ اس ترتیب کے مطابق عمل کرے جو بتائی گئی ہے۔

مسئلہ ۱۰۸۷ : اگر کسی شخص کو سجدے کے بعد پتہ چلے کہ اس نے پیشانی ایک ایسی چیز پر رکھی ہے جس پر سجدہ کرنا باطل ہے تو اسے چاہئے کہ ایسی چیز پر سجدہ کرے جس پر سجدہ کرنا صحیح ہو اور احتیاط مستحب کی بنا پر نماز نئے سرے سے پڑھے اور اگر یہ صورت ایک ہی رکعت کے دو سجدوں میں پیش آئی ہو تو ایک سجدے کا تدارک کرے (یعنی ایک سجدہ ایسی چیز پر کرے جس پر سجدہ درست ہے) اور

احتیاط واجب یہ ہے کہ دوبارہ نماز ادا کرے۔

مسئلہ ۱۰۸۸ : اللہ تعالی کے علاوہ کسی دوسرے کو سجدہ کرنا حرام ہے اور عوام میں سے بعض لوگ جو آئمہ علیہم السلام کے مزارات مقدسہ کے سامنے پیشانی زمین پر رکھتے ہیں اگر وہ اللہ تعالی کا شکر ادا کرنے کی نیت سے ہو تو کوئی حرج نہیں ورنہ ایسا کرنا حرام ہے۔

سجدہ کے مستحبات اور مکروہات

مسئلہ ۱۰۸۹ : کئی ایک چیزیں سجدے میں مستحب ہیں۔

۱ ... جو شخص کھڑا ہو کر نماز پڑھ رہا ہو وہ رکوع سے سر اٹھانے کے بعد مکمل طور پر کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر نماز پڑھنے والا رکوع کے بعد پوری طرح بیٹھ کر سجدہ میں جانے کے لیئے تکبیر کہے۔

۲ ... سجدے میں جاتے وقت مرد پہلے اپنی ہتھیلیوں اور عورت اپنی گھٹنوں کو زمین پر رکھے۔

۳ ... نماز پڑھنے والا ناک کو سجدہ گاہ یا کسی ایسی چیز پر رکھے جس پر سجدہ کرنا درست ہو۔

۴ ... نمازی سجدے کی حالت میں ہاتھ کی انگلیوں کو ملا کر کانوں کے پاس اس طرح رکھے کہ ان کے سرے رو بقبلہ ہوں۔

۵ ... سجدے میں دعا کرے اور اللہ تعالی سے حاجت طلب کرے اور یہ دعا پڑھے۔

یاخیر المسؤلین ویاخیر المعطین' ارزقنی ورزق عیالی من فضلک فانک ذوالفضل العظیم یعنی اے ان سب میں بہتر جن سے کہ مانگا جاتا ہے اور اے ان سب سے برتر جو کہ عطا کرتے ہیں مجھے اور میرے اہل وعیال کو اپنے فضل وکرم سے رزق عطا فرما کیونکہ تو ہی فضل عظیم کا مالک ہے۔

۶ ... سجدے کے بعد بائیں ران پر بیٹھ جائے اور دائیں پاؤں کا اوپر والا حصہ (یعنی پشت) بائیں پاؤں کے تلوے پر رکھے۔

۷ ... ہر سجدے کے بعد جب بیٹھ جائے اور بدن کو سکون حاصل ہو جائے تو تکبیر کہے۔

۸ ... پہلے سجدے کے بعد جب بدن کو سکون حاصل ہو جائے تو۔ **استغفراللہ ربی واتوب الیہ** کہے۔

۹... سجدہ طولانی کرے اور بیٹھنے کے وقت ہاتھوں کو رانوں پر رکھے۔

۱۰... دوسرے سجدے میں جانے کے لیئے بدن کے سکون کی حالت میں اللہ اکبر کہے۔

۱۱... سجدوں میں صلوٰۃ پڑھے۔

۱۲... سجدے سے قیام کے لیئے اٹھتے وقت پہلے گھٹنوں کو اور ان کے بعد ہاتھوں کو زمین سے اٹھائے۔

۱۳... مرد کہنیوں اور پیٹ کو زمین سے نہ لگائیں اور بازوؤں کو پہلو سے جدا رکھیں اور عورتیں کہنیاں اور پیٹ زمین پر رکھیں اور بدن کے اعضاء کو ایک دوسرے سے ملائیں۔ (سجدے کے دوسرے مستحبات مفصل کتابوں میں مذکور ہیں۔)

مسئلہ ۱۰۹۰ : سجدے میں قرآن مجید پڑھنا مکروہ ہے اور سجدے کی جگہ کا گرد غبار جھاڑنے کے لیئے پھونک مارنا اس وقت جبکہ اس کے پہلو میں کوئی نمازی موجود ہو اور اس گرد غبار سے متاثر ہو مکروہ ہے بلکہ پھونک مارنے کی وجہ سے کوئی حرف منہ سے عمداً نکل جائے تو نماز باطل ہے اور ان کے علاوہ اور مکروہات کا ذکر بھی مفصل کتابوں میں آیا ہے۔

قرآن مجید کے واجب سجدے

مسئلہ ۱۰۹۱ : قرآن مجید کی چار سورتوں یعنی **والنجم' اقراء' الم تنزیل'** اور **حٰم سجدہ** میں سے ہر ایک میں ایک آیت سجدہ ہے جسے انسان پڑھے یا سنے تو اسے چاہئے کہ آیت ختم ہونے کے بعد فوراً سجدہ کرے اور اگر سجدہ کرنا بھول جائے تو جس وقت بھی اسے یاد آئے سجدہ کرے اور ظاہر یہ ہے کہ آیت سجدہ بغیر اختیار سننے میں سجدہ واجب نہیں ہے اگرچہ بہتر یہ ہے کہ سجدہ کیا جائے۔

مسئلہ ۱۰۹۲ : اگر انسان آیت سجدہ سننے کے وقت خود بھی وہ آیت پڑھے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ دو سجدے کرے۔

مسئلہ ۱۰۹۳ : اگر نماز کے علاوہ سجدے کی حالت میں کوئی شخص آیت سجدہ پڑھے یا سنے تو اسے چاہئے کہ سجدے سے سر اٹھائے اور دوبارہ سجدہ کرے۔

مسئلہ ۱۰۹۴ : اگر کوئی شخص گراموفون یا ٹیپ ریکارڈ پر یا نادان بچے سے جو اچھے برے کی تمیز نہ

رکھتاہو یا کسی ایسے شخص سے جو قرآن شریف پڑھنے کا ارادہ نہ رکھتا ہو آیت سجدہ سنے یا اس پر کان دھرے تو سجدہ واجب نہیں ہے اور آیت سجدہ اگر ریڈیو پر ریکارڈ اور ٹیپ کی شکل میں نشر کی جائے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے لیکن اگر کوئی شخص ریڈیو اسٹیشن پر آیت سجدہ تلاوت قرآن مجید کے قصد سے پڑھے اور دوسرا اسے ریڈیو کے ذریعے سنے تو سجدہ واجب ہے۔

مسئلہ ۱۰۹۵ : قرآن مجید کا واجب سجدہ کرنے کے لیئے انسان کی جگہ غصبی نہیں ہونی چاہئے اور پیشانی رکھنے کی جگہ اس کے پاؤں کی انگلیوں کے سروں کی جگہ سے چار ملی ہوئی انگلیوں سے زیادہ اونچی نہ ہونی چاہئے لیکن یہ ضروری نہیں کہ اس نے وضو یا غسل کیا ہوا ہو اور روبقبلہ ہو اور وہ اپنی شرمگاہ کو چھپائے اور اس کا بدن اور پیشانی رکھنے کی جگہ پاک ہو علاوہ ازیں جن شرائط کا اطلاق نماز پڑھنے والے کے لباس پر ہوتا ہے وہ شرائط قرآن مجید کا واجب سجدہ ادا کرنے والے کے لباس کے لیئے نہیں ہیں۔

مسئلہ ۱۰۹۶ : احتیاط واجب یہ ہے کہ قرآن مجید کے واجب سجدے میں انسان اپنی پیشانی سجدہ گاہ یا کسی ایسی دوسری چیز پر رکھے جس پر سجدہ صحیح ہو اور بدن کے دوسرے اعضاء زمین پر اس طرح رکھے جیسے سجدہ نماز کے سلسلے میں بتایا گیا ہے۔

مسئلہ ۱۰۹۷ : جب انسان قرآن مجید کے سجدہ واجب کے ارادے سے پیشانی زمین پر رکھ دے تو خواہ وہ کوئی ذکر نہ بھی پڑھے تب بھی کافی ہے اور ذکر کا پڑھنا مستحب ہے اور بہتر ہے کہ پڑھے۔

لاالہ الااللّٰہ حقاً حقاً' لاالہ الااللّٰہ ایماناً وتصدیقاً لاالہ الااللّٰہ عبودیۃ و رقّاً سجدت لک یارب تعبداً ورقّاً مستنکفاً ولا مستکبراً بل انا عبد ذلیل ضعیف خائف مستجیر۔

تشہد

مسئلہ ۱۰۹۸ : سب واجب اور مستحب نمازوں کی دوسری رکعت میں اور نماز مغرب کی تیسری رکعت میں اور ظہر عصر اور عشاء کی نمازوں کی چوتھی رکعت میں انسان کو چاہئے کہ دوسرے سجدے کے بعد بیٹھے اور بدن کے سکون کی حالت میں تشہد پڑھے یعنی کہے۔

اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھد ان محمداً عبدہ ورسولہ۔ اللھم صلی علی محمد وال محمد اور احتیاط واجب یہ ہے کہ اس ترتیب کے علاوہ کسی اور ترتیب سے نہ پڑھے اور نماز وتر میں بھی تشہد پڑھنا ضروری ہے۔

مسئلہ ۱۰۹۹ : ضروری ہے کہ تشہد کے کلمات صحیح عربی میں اور معمول کے مطابق مسلسل کہے جائیں۔

مسئلہ ۱۱۰۰ : اگر کوئی شخص تشہد پڑھنا بھول جائے اور کھڑا ہو جائے اور رکوع سے پہلے اسے یاد آئے کہ اس نے تشہد نہیں پڑھا تو اسے چاہئے کہ بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے اور پھر دوبارہ کھڑا ہو اور اس رکعت میں جو کچھ پڑھنا چاہئے پڑھے اور نماز ختم کرے اور احتیاط واجب کی بنا پر نماز کے بعد بے جا قیام کے لیئے سجدہ سہو بجالائے اور اگر اسے رکوع میں یا اس کے بعد یاد آئے تو چاہئے کہ نماز پوری کرے اور نماز کے سلام کے بعد احتیاط واجب کی بنا پر تشہد کی قضا کرے اور بھولے ہوئے تشہد کے لیئے احتیاطاً دو سجدے سہو بجالائے۔

مسئلہ ۱۱۰۱ : مستحب ہے کہ تشہد کی حالت میں انسان بائیں ران پر بیٹھے اور دائیں پاؤں کی پشت کو بائیں پاؤں کے تلوے پر رکھے اور تشہد سے پہلے کہے الحمدللہ یا کہے بسم اللہ وباللہ والحمدللہ وخیر الاسماء للہ اور یہ بھی مستحب ہے کہ ہاتھ رانوں پر رکھے اور انگلیاں ایک دوسری کے ساتھ ملائے اور اپنے گود پر نگاہ ڈالے اور تشہد میں صلوات کے بعد کہے۔ وتقبل شفاعتہ وارفع درجتہ

مسئلہ ۱۱۰۲ : مستحب ہے کہ عورتیں تشہد پڑھتے وقت اپنی رانیں ملا کر رکھیں۔

نماز کا سلام

مسئلہ ۱۱۰۳ : نماز کی آخری رکعت کے تشہد کے بعد نماز پڑھنے والا بیٹھا ہو اور اس کا بدن سکون کی حالت میں ہو تو مستحب ہے کہ وہ کہے السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اور اس کے بعد واجب ہے کہ کہے السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین اور مستحب ہے کہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۱۰۴ : اگر کوئی شخص نماز کا سلام کہنا بھول جائے اور اسے ایسے وقت یاد آئے جب ابھی نماز کی شکل ختم نہ ہوئی ہو یا اس نے کوئی ایسا کام بھی نہ کیا ہو جسے عمداً اور سہواً کرنے سے نماز باطل ہو جاتی ہو مثلاً (قبلہ کی طرف پیٹھ کرنا) تو اسے چاہئے کہ سلام کہے اور نماز اس کی صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۱۰۵ : اگر کوئی شخص نماز کا سلام کہنا بھول جائے اور اسے ایسے وقت یاد آئے جب نماز کی شکل ختم ہو گئی ہو اور اس نے کوئی ایسا کام کیا ہو جسے عمداً اور سہواً کرنے سے نماز باطل ہوتی ہے مثلاً قبلہ کی طرف پیٹھ کرنا تو اس کی نماز صحیح ہے۔

ترتیب

مسئلہ ۱۱۰۶ : اگر کوئی شخص جان بوجھ کر نماز کی ترتیب الٹ دے مثلاً حمد سے پہلے سورہ پڑھ لے یا رکوع سے پہلے سجدے بجالائے تو اس کی نماز باطل ہو جاتی ہے۔

مسئلہ ۱۱۰۷ : اگر کوئی شخص نماز کا کوئی رکن بھول جائے اور اس کے بعد کا رکن بجالائے مثلاً رکوع کرنے سے پہلے دو سجدے کرے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۱۰۸ : اگر کوئی شخص نماز کا کوئی رکن بھول جائے اور ایسی چیز بجالائے جو اس کے بعد ہو اور رکن نہ ہو مثلاً اس سے پہلے کہ دو سجدے کرے تشہد پڑھ لے تو اسے چاہئے کہ رکن بجالائے اور جو کچھ بھول کی وجہ سے اس سے پہلے پڑھا ہو اسے دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۱۰۹ : اگر کوئی شخص ایک ایسی چیز بھول جائے جو رکن نہ ہو اس کے بعد رکن بجالائے مثلاً حمد بھول جائے اور رکوع میں چلا جائے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۱۱۰ : اگر کوئی شخص ایک ایسی چیز بھول جائے جو رکن نہ ہو اور اس چیز کو بجالائے جو اس کے بعد ہو اور وہ بھی رکن نہ ہو مثلاً حمد بھول جائے اور سورہ پڑھ لے تو اسے چاہئے کہ جو چیز بھول گیا ہو وہ بجالائے اور اس کے بعد وہ چیز جو بھول کی وجہ سے پیشتر پڑھ لی ہو دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۱۱۱ : اگر کوئی شخص پہلا سجدہ اس خیال سے بجالائے کہ دوسرا سجدہ ہے یا دوسرا سجدہ اس خیال سے بجالائے کہ پہلا سجدہ ہے تو اس کی نماز صحیح ہے اور اس کا پہلا سجدہ پہلا اور دوسرا سجدہ دوسرا

سجدہ شمار ہو گا۔

موالات (تسلسل قائم رکھنا)

مسئلہ ۱۱۱۲ : انسان کو چاہئے کہ نماز موالات کے ساتھ پڑھے یعنی نماز کے افعال مثلاً رکوع سجود اور تشہد پے در پے اور تسلسل سے بجالائے اور جو چیزیں بھی نماز میں پڑھے معمول کے مطابق پے در پے پڑھے اور اگر ان کے درمیان اتنا فاصلہ ڈالے کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ نماز پڑھ رہا ہے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۱۱۳ : اگر کوئی شخص نماز میں سہواً حروف اور کلمات کے درمیان فاصلہ رکھے اور فاصلہ اتنا ہو کہ نماز کی صورت برقرار نہ رہے تو اگر وہ ابھی بعد والے رکن میں مشغول نہ ہوا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ حروف اور کلمات معمول کے مطابق پڑھے اور اگر بعد کی کوئی چیز پڑھی جا چکی ہو تو ضروری ہے کہ اسے دہرائے اور اگر بعد کے رکن میں مشغول ہو گیا ہو تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۱۱۴ : رکوع اور سجود کو طول دینا اور بڑی (یعنی لمبی) سورتیں پڑھنا موالات کو نہیں توڑتا۔

قنوت

مسئلہ ۱۱۱۵ : تمام واجب اور مستحب نمازوں میں دوسری رکعت کے رکوع سے پہلے قنوت پڑھنا مستحب ہے اور نماز وتر میں بھی باوجودیکہ وہ ایک رکعت کی ہوتی ہے رکوع سے پہلے قنوت پڑھنا مستحب ہے اور نماز جمعہ کی ہر رکعت میں ایک قنوت نماز آیات میں پانچ قنوت نماز عید فطر و قربان کی پہلی رکعت میں پانچ اور دوسری رکعت میں چار قنوت ہیں۔

مسئلہ ۱۱۱۶ : انسان کے لیے مستحب ہے کہ قنوت پڑھتے وقت ہاتھ چہرے کے سامنے اور ہتھیلیاں ایک دوسری کے ساتھ ملا کر آسمان کی طرف رکھے اور انگوٹھوں کے علاوہ باقی انگلیوں کو آپس میں ملائے اور نگاہ ہتھیلیوں پر رکھے۔

مسئلہ ۱۱۱۷ : قنوت میں انسان جو ذکر بھی پڑھے خواہ ایک دفعہ سبحان اللہ ہی کہے کافی ہے اور بہتر ہے کہ یہ دعا پڑھے لاالہ الااللہ الحلیم الکریم' لاالہ الااللہ العلی العظیم' سبحان

اللہ رب السمٰوٰت السبع و رب الارضین السبع وما فیھن وما بینھن ورب العرش العظیم والحمدللہ رب العالمین ☆

مسئلہ ۱۱۱۸ : مستحب ہے کہ انسان قنوت بلند آواز سے پڑھے لیکن اگر ایک شخص جماعت کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہو اور امام اس کی آواز سن سکتا ہو تو اس کا بلند آواز سے قنوت پڑھنا مستحب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۱۱۹ : اگر کوئی شخص عمداً قنوت نہ پڑھے تو اس کی قضا نہیں ہے اور اگر بھول جائے اور اس سے پیشتر کہ رکوع کی حد تک جھکے اسے یاد آ جائے تو مستحب یہ ہے کہ کھڑا ہو جائے اور قنوت پڑھے اور اگر رکوع میں یاد آجائے تو مستحب ہے کہ رکوع کے بعد قضا کرے اور اگر سجدے میں یاد آئے تو مستحب ہے کہ سلام کے بعد اس کی قضا کرے۔

نماز کا ترجمہ

۱۔ سورۂ حمد کا ترجمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم : "بسم اللہ" یعنی میں ابتدا کرتا ہوں خدا کے نام سے اس ذات کے نام سے جس میں تمام کمالات یکجا ہیں اور جو ہر قسم کے نقص سے منزہ ہے۔ "الرحمٰن" اس کی رحمت وسیع اور بے انتہا ہے۔ "الرحیم" اس کی رحمت ذاتی اور ازلی و ابدی ہے "الحمدللہ رب العالمین" یعنی ثنا اس خداوند کی ذات سے مخصوص ہے، جو تمام موجودات کا پالنے والا ہے "الرحمٰن الرحیم" اس کے معنی بتائے جا چکے ہیں "مالک یوم الدین" یعنی وہ توانا ذات کہ جزا کے دن کی حکمرانی اس کے ہاتھ میں ہے۔ "ایاک نعبد و ایاک نستعین" یعنی ہم فقط تیری عبادت کرتے ہیں اور فقط تجھ سے مدد طلب کرتے ہیں "اھدنا الصراط المستقیم" یعنی ہمیں راہ راست کی جانب ہدایت فرما جو کہ دین اسلام ہے۔ "صراط الذین انعمت علیھم" یعنی ان لوگوں کے راستے کی جانب جنہیں تو نے نعمتیں عطا کی ہیں جو کہ پیغمبر اور پیغمبروں کے جانشین ہیں "غیر المغضوب علیھم ولا الضالین" یعنی نہ ان لوگوں کے راستے کی جانب جن پر تو نے غضب کیا اور ان کے راستے

کی جانب جو گمراہ ہیں۔

۲۔ سورۂ اخلاص کا ترجمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اس کے معنی بتائے جا چکے ہیں۔ "قل ھو اللہ احد" یعنی اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ کہہ دیں کہ خداوند وہی ہے جو یکتا خدا ہے۔ "اللہ الصمد" یعنی وہ خدا جو تمام موجودات سے بے نیاز ہے۔ "لم یلد ولم یولد" یعنی نہ اس کا کوئی فرزند ہے اور نہ وہ کسی کا فرزند ہے۔ "ولم یکن لہ کفواً احد" اور مخلوقات میں سے کوئی بھی اس کی مثل نہیں ہے۔

۳۔ رکوع سجود اور ان کے بعد کے مستحب اذکار کا ترجمہ

"سبحان ربی العظیم وبحمدہ" یعنی میرا پروردگار بزرگ ہر عیب اور ہر نقص سے پاک اور منزہ ہے۔ میں اس کی ستائش میں مشغول ہوں۔ "سبحان ربی الاعلیٰ وبحمدہ" یعنی میرا پروردگار جو سب سے بالاتر ہے اور ہر عیب اور نقص سے پاک اور منزہ ہے میں اس کی ستائش میں مشغول ہوں "سمع اللہ لمن حمدہ" یعنی جو کوئی خدا کی ستائش کرتا ہے خدا اسے سنتا اور قبول کرتا ہے۔ "استغفر اللہ ربی واتوب الیہ" یعنی میں مغفرت طلب کرتا ہوں اس خداوند سے جو میرا پالنے والا ہے اور میں اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ "بحول اللہ وقوتہ اقوم واقعد" یعنی میں خدا تعالیٰ کی مدد سے اٹھتا اور بیٹھتا ہوں۔

۴۔ قنوت کا ترجمہ

"لا الہ الا اللہ الحلیم الکریم" یعنی کوئی خدا پرستش کے لائق نہیں سوائے اس یکتا اور بے مثل خدا کے جو صاحب حلم و کرم ہے۔ "لا الہ الا اللہ العلی العظیم" یعنی کوئی خدا پرستش کے لائق نہیں سوائے اس یکتا اور بے مثل خدا کے جو بلند مرتبہ اور بزرگ ہے۔ "سبحان اللہ رب السمٰوات السبع و رب الارضین السبع" یعنی پاک اور منزہ ہے وہ خداوند جو سات آسمانوں اور سات زمینوں کا پروردگار ہے۔ "وما فیھن وما بینھن و رب العرش العظیم" یعنی وہ ہر اس چیز کا پروردگار ہے جو آسمانوں اور زمینوں میں اور ان کے درمیان ہے اور عرش بزرگ کا پروردگار ہے۔

" **والحمدللہ رب العالمین** " اور حمد و ثنا اس خداوند کے لیئے مخصوص ہے جو تمام موجودات کا پالنے والا ہے۔

۵۔ تسبیحات اربعہ کا ترجمہ

" **سبحان اللہ والحمدللہ ولاالہ الااللہ واللہ اکبر** " یعنی خدا تعالیٰ پاک اور منزہ ہے اور ثنا اس کے لیئے مخصوص ہے اور اس بے مثل خدا کے علاوہ کوئی خدا پرستش کے لائق نہیں اور وہ اس سے بزرگ تر ہے کہ اس کی توصیف کی جائے۔

۶۔ تشہد اور سلام کامل کا ترجمہ

" **الحمدللہ اشھد ان لاالہ الااللہ وحدہ لاشریک لہ** " یعنی ستائش پروردگا کے لیئے مخصوص ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ سوائے اس خدا کے جو یکتا ہے اور جس کا کوئی شریک نہیں اور کوئی خدا پرستش کے لائق نہیں ہے۔ "**واشھد ان محمدا عبدہ و رسولہ**" اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ "**اللھم صل علی محمد وآل محمد**" یعنی اے خدا رحمت بھیج محمد اور آل محمد پر "**وتقبل شفاعتہ وارفع درجتہ**" یعنی پیغمبرؐ کی شفاعت قبول کر اور آنحضرت کا درجہ اپنے نزدیک بلند کر "**السلام علیک ایھا النبی و رحمۃ اللہ وبرکاتہ**" یعنی اے پیغمبر آپ پر سلام ہو اور آپ پر اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں۔ "**السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین**" یعنی ہم نماز پڑھنے والوں پر اور تمام صالح بندوں پر اللہ کی طرف سے سلامتی ہو۔ "**السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ**" یعنی تم مومنین پر خدا کی طرف سے سلامتی اور رحمت اور برکتیں ہوں۔

۷۔ تعقیب نماز

مسئلہ ۱۱۳۰ : مستحب ہے کہ نماز پڑھنے کے بعد انسان کچھ دیر کے لئے تعقیب یعنی ذکر اور دعا اور قرآن مجید پڑھنے میں مشغول رہے اور بہتر ہے کہ اس سے پیشتر کہ وہ اپنی جگہ سے حرکت کرے اور اس کا وضو، غسل یا تیمم باطل ہو جائے۔ رو بہ قبلہ ہو کر تعقیب پڑھے اور یہ ضروری نہیں کہ تعقیب عربی میں ہو لیکن بہتر ہے کہ انسان وہ چیزیں پڑھے جو دعاؤں کی کتابوں میں بتائی گئی ہیں اور

تسبیح حضرت زہرا علیہا السلام تعقیبات میں سے ہے جن کی بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے۔ یہ تسبیح اس ترتیب سے پڑھنی چاہئے۔

۳۴ دفعہ **اللہ اکبر** اس کے بعد ۳۳ دفعہ **الحمدللہ** اور اس کے بعد ۳۳ دفعہ **سبحان اللہ** اور **سبحان اللہ الحمدللہ** سے پہلے بھی پڑھا جاسکتا ہے لیکن بہتر ہے کہ **الحمدللہ** کے بعد پڑھا جائے۔

مسئلہ ۱۱۲۱ : انسان کے لیئے مستحب ہے کہ نماز کے بعد سجدہ شکر بجالائے اور اتنا کافی ہے کہ شکر کی نیت سے پیشانی زمین پر رکھے لیکن بہتر ہے کہ سو بار یا تین بار یا ایک بار **شکراللہ** یا **عفواً** کہے اور یہ بھی مستحب ہے کہ جب بھی انسان کو کوئی نعمت حاصل ہو یا کوئی مصیبت اس سے دور ہو تو سجدہ شکر بجالائے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات

مسئلہ ۱۱۲۲ : جب بھی انسان حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک مثلاً محمدؐ اور احمدؐ یا آنجناب کا لقب اور کنیت مثلاً مصطفیٰ اور ابوالقاسم زبان سے ادا کرے یا سنے تو خواہ وہ نماز میں ہی کیوں نہ ہو مستحب ہے کہ صلوات بھیجے۔

مسئلہ ۱۱۲۳ : حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک لکھتے وقت مستحب ہے کہ انسان صلوات بھی لکھے اور بہتر ہے کہ جب بھی آنحضرتؐ کو یاد کرے تو صلوات بھیجے۔

مبطلات نماز

مسئلہ ۱۱۲۴ : بارہ چیزیں نماز کو باطل کرتی ہیں اور انہیں مبطلات کہا جاتا ہے۔

اول : یہ کہ نماز کے دوران میں نماز کی شرطوں میں سے کوئی شرط مفقود ہو جائے مثلاً نماز پڑھتے ہوئے متعلقہ شخص کو پتہ چلے کہ جس لباس سے اس نے ستر پوشی کی ہوئی ہے وہ غصبی ہے۔

دوم : یہ کہ نماز کے دوران میں عمداً یا سہواً یا مجبوری کی وجہ سے انسان کسی ایسی چیز سے دوچار ہو جو وضو یا غسل کو باطل کر دے مثلاً اس کا پیشاب نکل جائے تاہم جو شخص پیشاب یا

پاخانہ نہ روک سکتا ہو اگر نماز کے دوران میں اس کا پیشاب یا پاخانہ نکل جائے اور وہ اس طریقے پر عمل کرے جو احکام وضو کے سلسلے میں بتایا گیا ہے تو اس کی نماز باطل نہیں ہو گی اور اسی طرح اگر نماز کے دوران میں مستحاضہ عورت کا خون خارج ہو تو اگر وہ استحاضہ سے متعلق احکام کے مطابق عمل کرے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۱۲۵ : جس شخص کو بے اختیار نیند آجائے اگر اسے یہ پتہ نہ چلے کہ وہ نماز کے دوران میں سو گیا تھا یا اس کے بعد سویا تو اسے چاہئے کہ نماز دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۱۲۶ : اگر کسی شخص کو علم ہو کہ وہ اپنی مرضی سے سویا تھا لیکن شک کرے کہ نماز کے بعد سویا تھا یا نماز کے دوران میں یہ بھول گیا کہ نماز پڑھ رہا ہے اور سو گیا تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۱۲۷ : اگر کوئی شخص نیند سے سجدے کی حالت میں بیدار ہو جائے اور شک کرے کہ آیا نماز کے آخری سجدے میں ہے یا سجدہ شکر میں ہے تو اگر اسے علم ہو کہ بے اختیار سو گیا تھا تو اسے چاہئے کہ نماز دوبارہ پڑھے اور اگر جانتا ہو کہ اپنی مرضی سے سویا تھا اور اس بات کا احتمال ہو کہ غفلت کی وجہ سے نماز کے سجدے میں سو گیا تھا تو اس کی نماز صحیح ہے۔

سوم : یہ چیز مبطلات نماز میں سے ہے کہ انسان اپنے ہاتھوں کو باندھے۔

مسئلہ ۱۱۲۸ : اگر کوئی شخص بھول کر یا مجبوراً یا تقیہ کی وجہ سے یا کسی اور کام مثلاً ہاتھ کھجانے وغیرہ کے لئے ہاتھ پر ہاتھ رکھ لے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

چہارم : مبطلات نماز میں سے چوتھی چیز یہ ہے کہ حمد پڑھنے کے بعد انسان آمین کہے لیکن اگر غلطی سے یا تقیہ کے طور پر "آمین" کہے تو نماز باطل نہیں ہوتی۔

پنجم : مبطلات نماز میں سے پانچویں چیز یہ ہے کہ جان بوجھ کر یا بھول کر انسان پشت قبلہ کی طرف کرے یا قبلہ کی دائیں یا بائیں جانب مڑ جائے بلکہ اگر جان بوجھ کر اتنا مڑ جائے کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ اس کا منہ قبلہ کی طرف ہے تو خواہ وہ دائیں یا بائیں جانب تک نہ بھی پہنچے اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۱۲۹ : اگر کوئی شخص عمداً یا سہواً سر کو اتنا گھمائے کہ قبلہ کی دائیں طرف یا بائیں طرف

کے بالمقابل ہو جائے یا اس سے زیادہ انحراف ہو جائے تو نماز باطل ہے لیکن اگر وہ سر کو اتنا کم گھمائے کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ اس نے اپنا منہ قبلہ سے موڑ لیا ہے تو ایسا کرنا جان بوجھ کر اشتباہ کرتے ہوئے اس کی نماز باطل نہیں ہوتی اور اگر اتنا گھمائے کہ لوگ کہیں کہ اس نے اپنا منہ قبلہ سے موڑ لیا ہے لیکن وہ قبلہ کی دائیں یا بائیں حد تک نہ پہنچا ہو تو اس صورت میں اگر منہ کا موڑنا عمداً ہو تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر سہواً ہو تو نماز صحیح ہے۔

ششم : مبطلات نماز میں سے چھٹی چیز یہ ہے کہ انسان جان بوجھ کر کوئی ایسا کلمہ کہے جو کہ ایک حرف یا اس سے زیادہ پر مشتمل ہو خواہ اس کے کوئی معنی نہ ہوں۔

مسئلہ ۱۱۳۰ : اگر کوئی شخص سہواً ایسا کلمہ کہے جس کے حروف ایک یا اس سے زیادہ ہوں تو خواہ وہ کلمہ معنی بھی رکھتا ہو اس شخص کی نماز باطل نہیں ہوتی لیکن اس کے لیئے ضروری ہے کہ جیسا کہ بعد میں ذکر آئے گا نماز کے بعد سجدہ سہو بجالائے۔

مسئلہ ۱۱۳۱ : نماز کی حالت میں کھانسنے' ڈکار لینے اور آہ بھرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن آخ اور آہ اور انہی جیسے کلمات کا عمداً کہنا نماز کو باطل کر دیتا ہے۔

مسئلہ ۱۱۳۲ : اگر کوئی شخص کوئی کلمہ ذکر کے قصد سے کہے مثلاً ذکر کر کے قصد سے "اللہ اکبر" کہے اور اسے کہتے وقت آواز بلند کرے تاکہ دوسرے شخص کو کسی چیز کی طرف متوجہ کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں بلکہ اگر کوئی چیز دوسرے کے علم میں لانے کے لیئے کوئی کلمہ ذکر کے قصد سے کہے تب بھی کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۱۱۳۳ : سوائے ان چار آیات کے جن کے پڑھنے سے سجدہ واجب ہوتا ہے اور جن کا ذکر جنابت کے احکام کے سلسلے میں ہو چکا ہے نماز میں قرآن مجید کے پڑھنے اور دعا کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ عربی زبان کے علاوہ کسی زبان میں دعا نہ کی جائے۔

مسئلہ ۱۱۳۴ : اگر کوئی شخص بغیر قصد جزیت عمداً" یا احتیاطاً" حمد اور سورۃ کے کسی حصے یا اذکار نماز کی تکرار کرے تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۱۱۳۵ : انسان کو چاہئے کہ نماز کی حالت میں کسی کو سلام نہ کہے اور اگر کوئی دوسرا شخص

اسے سلام کہے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ جیسے اس نے سلام کہا ہے ویسے ہی جواب دے مثلاً اگر اس نے "سلام علیکم" کہا ہے تو جواب میں "سلام علیکم" ہی کہے لیکن "علیکم السلام" کے جواب میں جو صیغہ چاہے کہہ سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۱۳۶ : انسان کو چاہئے کہ خواہ وہ نماز کی حالت میں ہو یا نہ ہو سلام کا جواب فوراً دے اور اگر جان بوجھ کر یا بھولے سے سلام کا جواب دینے میں اتنا توقف کرے کہ اگر جواب دے تو وہ اس سلام کا جواب شمار نہ ہو تو پھر اگر وہ نماز کی حالت میں ہو تو اسے چاہئے کہ جواب نہ دے اور اگر نماز کی حالت میں نہ ہو تو جواب دینا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۱۳۷ : انسان کو چاہئے کہ سلام کا جواب اس طرح دے کہ سلام کرنے والا سن لے لیکن اگر سلام کرنے والا بہرہ ہو یا سلام کہہ کر جلدی سے گزر جائے تو اگر انسان اسے حسب معمول جواب دے تو کافی ہے۔

مسئلہ ۱۱۳۸ : یہ واجب نہیں کہ نماز پڑھنے والا سلام کا جواب دعا کے ارادے سے دے یعنی خداوند عالم سے سلام کرنے والے کے لیئے سلامتی چاہے بلکہ اگر محض تحیت (سلام) کے قصد سے ہو تو بھی کوئی اشکال نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۱۳۹ : اگر عورت یا نامحرم مرد یا ممیز بچہ یعنی وہ بچہ جو اچھے برے میں تمیز کر سکتا ہو نماز پڑھنے والے کو سلام کہے تو نماز پڑھنے والا اس کا جواب دے سکتا ہے لیکن اگر عورت "سلام علیک" کہہ کر سلام کہے تو نماز پڑھنے والے کو چاہے کہ جواب میں "سلام علیک" کہے اور کاف پر زبر اور زیر اور پیش نہ دے۔

مسئلہ ۱۱۴۰ : اگر نماز پڑھنے والا سلام کا جواب نہ دے تو وہ گناہ گار ہے لیکن اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۱۴۱ : اگر کوئی شخص نماز پڑھنے والے کو اس طرح غلط سلام کہے کہ وہ سلام ہی شمار نہ ہو تو اس سلام کا جواب دینا جائز نہیں۔

مسئلہ ۱۱۴۲ : کسی ایسے شخص کے سلام کا جواب جو مزاح اور تمسخر کے طور پر سلام کرے اور

ایسے غیر مسلم مرد اور عورت کے سلام کا جواب جو ذمی نہ ہوں واجب نہیں ہے اور اگر ذمی ہوں تو احتیاط واجب کی بنا پر ان کے جواب میں کلمہ "علیک" کہہ دینا کافی ہے۔

مسئلہ ۱۱۴۳ : اگر کوئی شخص کسی گروہ کو سلام کرے تو ان سب پر سلام کا جواب دینا واجب ہے لیکن اگر ان میں سے ایک شخص جواب دے دے تو کافی ہے۔

مسئلہ ۱۱۴۴ : اگر کوئی شخص کسی گروہ کو سلام کرے اور جواب ایک ایسا شخص دے جسے سلام کہنے کا سلام کرنے والے کا ارادہ نہ ہو تو اس شخص کے جواب دینے کے باوجود سلام کا جواب اس گروہ پر واجب ہے۔

مسئلہ ۱۱۴۵ : اگر کوئی شخص کسی گروہ کو سلام کرے اور اس گروہ میں سے جو شخص نماز میں مشغول ہو وہ شک کرے کہ آیا سلام کرنے والے کا ارادہ اسے بھی سلام کرنے کا تھا یا نہیں تو اسے چاہئے کہ جواب نہ دے اور اگر نماز پڑھنے والے کو یقین ہو کہ اس شخص کا ارادہ اسے بھی سلام کرنے کا تھا لیکن کوئی شخص سلام کا جواب دے دے تو اس صورت میں بھی یہی حکم ہے لیکن نماز پڑھنے والے کو یقین ہو کہ سلام کرنے والے کا ارادہ اسے بھی سلام کرنے کا تھا اور کوئی دوسرا جواب نہ دے تو اسے (یعنی نماز پڑھنے والے کو) چاہئے کہ سلام کا جواب دے۔

مسئلہ ۱۱۴۶ : سلام کرنا مستحب ہے اور اس امر کی بہت تاکید کی گئی ہے کہ سوار پیدل کو اور کھڑا ہوا شخص بیٹھے ہوئے کو اور چھوٹا بڑے کو سلام کرے۔

مسئلہ ۱۱۴۷ : اگر دو شخص آپس میں ایک دوسرے کو سلام کریں تو احتیاط واجب کی بنا پر چاہئے کہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کو اس کے سلام کا جواب دے۔

مسئلہ ۱۱۴۸ : اگر انسان نماز نہ پڑھ رہا ہو تو مستحب ہے کہ سلام کا جواب اس سلام سے بہتر الفاظ میں دے مثلاً اگر کوئی شخص "سلام علیکم" کہے تو جواب میں کہے "سلام علیکم و رحمتہ اللہ"

ہفتم : نماز کے مبطلات میں سے ساتویں چیز آواز کے ساتھ جان بوجھ کر ہنسنا ہے پس اگر کوئی شخص جان بوجھ کر بغیر آواز یا سہواً آواز کے ساتھ ہنسے تو ظاہر ہے کہ اس کی نماز میں کوئی اشکال نہیں۔

مسئلہ ۱۱۴۹ : اگر ہنسی کی آواز روکنے کے لیئے کسی شخص کی حالت بدل جائے مثلاً اس کا رنگ سرخ ہو جائے تو بہتر یہ ہے کہ وہ نماز کو مکمل کرنے کے بعد دوبارہ نماز پڑھے۔

ہشتم : نماز کے مبطلات میں سے آٹھویں چیز یہ ہے کہ انسان دنیاوی کام کے لیئے جان بوجھ کر آواز سے روئے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ دنیاوی کام کے لیئے بغیر آواز کے بھی نہ روئے لیکن اگر خوف خدا سے یا آخرت کے لیئے یا غم حسینؑ کی یاد میں روئے تو خواہ آہستہ روئے یا بلند آواز سے روئے کوئی حرج نہیں بلکہ یہ بہترین اعمال میں سے ہے۔

نہم : نماز باطل کرنے والی چیزوں میں سے نویں چیز کوئی ایسا کام ہے جس سے نماز کی شکل باقی نہ رہے مثلاً تالی بجانا یا اچھلنا کودنا وغیرہ قطع نظر اس سے کہ ایسا کرنا عمداً ہو یا بھول چوک کی وجہ سے ہو۔ لیکن جو کام نماز کی شکل تبدیل نہ کرے (مثلاً ہاتھ سے اشارہ کرنا) اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۱۵۰ : اگر کوئی شخص نماز کے دوران اس قدر ساکت ہو جائے کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ نماز پڑھ رہا ہے تو اس کی نماز باطل ہو جاتی ہے۔

مسئلہ ۱۱۵۱ : اگر کوئی شخص نماز کے دوران میں کوئی کام کرے یا کچھ دیر ساکت رہے اور شک کرے کہ آیا اس کی نماز ٹوٹ گئی ہے یا نہیں تو اس کے لیئے جائز ہے کہ نماز توڑ کر دوبارہ پڑھے اور بہتر یہ ہے کہ نماز ختم کرے اور پھر دوبارہ پڑھے۔

دہم : مبطلات نماز میں سے دسویں چیز کھانا اور پینا ہے پس اگر کوئی شخص نماز کے دوران میں اس طرح کھائے یا پیئے کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ نماز پڑھ رہا ہے تو خواہ اس کا یہ فعل عمداً ہو یا بھول چوک کی وجہ سے ہو اس کی نماز باطل ہو جاتی ہے البتہ جو شخص روزہ رکھنا چاہتا ہو اگر وہ صبح کی اذان سے پہلے مستحبی نماز پڑھ رہا ہو اور پیاسا ہو اور اسے ڈر ہو کہ اگر نماز ختم کرے گا تو صبح ہو جائے گی تو اگر پانی اس کے سامنے دو تین قدم کے فاصلے پر ہو تو وہ نماز کے دوران میں پانی پی سکتا ہے لیکن اسے چاہئے کہ کوئی ایسا کام (مثلاً قبلہ سے منہ پھیرنا) نہ کرے جو نماز کو باطل کرتا ہو۔

مسئلہ ۱۱۵۲ : اگر کسی کے جان بوجھ کر کھانے پینے سے نماز کا تسلسل ٹوٹ جائے یعنی لوگ یہ نہ

کہیں کہ وہ پے در پے نماز پڑھ رہا ہے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہیے کہ نماز دوبارہ پڑھے اور پہلی نماز کو بھی پورا کرے۔

مسئلہ ۱۱۵۳ : اگر کوئی شخص نماز کے دوران میں کوئی ایسی غذا نگل لے جو اس کے منہ یا دانتوں کے ریخوں میں رہ گئی ہو تو اس کی نماز باطل نہیں ہوتی۔ اسی طرح اگر قند یا شکر یا انہیں جیسی کوئی چیز منہ میں رہ گئی ہو اور نماز کی حالت میں آہستہ آہستہ گھل کر پیٹ میں چلی جائے تو کوئی حرج نہیں۔

یازدہم مبطلات نماز میں سے گیارہویں چیز دو رکعتی یا تین رکعتی نمازوں میں یا چار رکعتی نمازوں کی پہلی دو رکعتوں میں شک ہے بشرطیکہ نماز پڑھنے والا شک پر باقی رہے۔

دوازدہم مبطلات نماز میں سے بارہویں چیز یہ ہے کہ کوئی شخص نماز کے رکن جان بوجھ کر یا بھول کر کم یا زیادہ کر دے یا ایک ایسی چیز کو جو رکن نہیں ہے جان بوجھ کر کوئی چیز نماز میں بڑھائے یا کسی رکن مثلاً رکوع اور دو سجدوں کو ایک رکعت میں غلطی سے بڑھا دے۔ البتہ بھولے سے تکبیرۃ الاحرام کی زیادتی نماز کو باطل نہیں کرتی۔ لیکن احتیاطاً نماز کا اعادہ کرے۔

مسئلہ ۱۱۵۴ : اگر کوئی شخص نماز کے بعد شک کرے کہ آیا دوران نماز اس نے کوئی ایسا کام کیا ہے یا نہیں جو نماز کو باطل کرتا ہو تو اس کی نماز صحیح ہے۔

وہ چیزیں جو نماز میں مکروہ ہیں

مسئلہ ۱۱۵۵ : کسی شخص کا نماز میں اپنا چہرہ دائیں یا بائیں جانب اتنا کم موڑنا کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ اس نے اپنا منہ قبلے سے موڑ لیا ہے مکروہ ہے۔ ورنہ (یعنی اگر چہرہ زیادہ موڑے تو) جیسا کہ بیان ہو چکا ہے نماز باطل ہے اور اگر کوئی شخص نماز میں اپنی آنکھیں بند کرے یا دائیں اور بائیں طرف گھمائے اور اپنی داڑھی اور ہاتھوں سے کھیلے اور انگلیاں ایک دوسری میں داخل کرے اور تھوکے اور قرآن مجید یا کسی اور کتاب یا انگوٹھی کی تحریر دیکھے تو وہ بھی مکروہ ہے اور اگر حمد اور سورۃ اور ذکر پڑھتے وقت کسی کی بات سننے کے لیے خاموش ہو جائے تو وہ بھی مکروہ ہے ہر وہ کام جو کہ خضوع و خشوع کو معدوم کر دے مکروہ ہے۔

مسئلہ ۱۱۵۶ : جب انسان کو نیند آ رہی ہو اور اس وقت بھی جب اس نے پیشاب اور پاخانہ روک

رکھا ہو نماز پڑھنا مکروہ ہے اور اسی طرح نماز کی حالت میں ایسا موزہ پہننا بھی مکروہ ہے جو پاؤں کو جکڑ لے اور ان کے علاوہ دوسرے مکروہات بھی مفصل کتابوں میں بیان کیئے گئے ہیں۔

وہ صورتیں جن میں واجب نمازیں توڑی جاسکتی ہیں

مسئلہ ۱۱۵۷ : اختیاری حالت میں واجب نماز کا توڑنا حرام ہے لیکن مال کی حفاظت اور مالی یا بدنی ضرر سے بچنے کے لیئے اس کے توڑنے میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۱۱۵۸ : اگر انسان اپنی جان کی حفاظت یا کسی ایسے شخص کی جان کی حفاظت جس کی جان کی حفاظت واجب ہو یا ایسے مال کی حفاظت جس کی نگہداشت واجب ہو نماز توڑے بغیر ممکن نہ ہو تو انسان کو چاہئے کہ نماز توڑ دے۔

مسئلہ ۱۱۵۹ : اگر کوئی شخص وسیع وقت میں نماز پڑھنے لگے اور قرض خواہ اس سے اپنے قرضے کا مطالبہ کرے اور وہ اس کا قرضہ نماز کے دوران ہی ادا کر سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ اسی حالت میں ادا کر دے اور اگر بغیر نماز توڑے اس کا قرضہ چکانا ممکن نہ ہو تو چاہئے کہ نماز توڑ دے اور اس کا قرضہ ادا کرے اور بعد میں نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۱۶۰ : اگر کسی شخص کو نماز کے دوران میں پتہ چلے کہ مسجد نجس ہے اور وقت تنگ ہو تو اسے چاہئے کہ نماز تمام کرے اور اگر وقت وسیع ہو اور مسجد کو پاک کرنے سے نماز نہ ٹوٹتی ہو تو اسے چاہئے کہ نماز کے دوران میں اسے پاک کرے اور بعد میں باقی نماز پڑھے اور اگر نماز ٹوٹ جاتی ہو اور نماز کے بعد مسجد کا پاک کرنا ممکن ہو تو مسجد کو پاک کرنے کے لیئے اس کا نماز توڑنا جائز ہے اور اگر نماز کے بعد مسجد کا پاک کرنا ممکن نہ ہو تو اس کی لیئے ضروری ہے کہ نماز توڑ دے اور مسجد کو پاک کرے اور بعد میں نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۱۶۱ : جس شخص کے لیئے نماز کا توڑنا ضروری ہو اگر وہ نماز مکمل کرے تو وہ گناہ گار ہو گا لیکن اس کی نماز صحیح ہے اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ دوبارہ نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۱۶۲ : اگر کسی شخص کو رکوع کی حد تک جھکنے سے پہلے یاد آجائے کہ وہ اذان اور اقامت کہنا بھول گیا ہے اور نماز کا وقت وسیع ہو تو مستحب ہے کہ یہ چیزیں کہنے کے لیئے نماز توڑ دے اور اگر

اسے قرات سے پہلے یاد آئے کہ اقامت کہی بھول گیا ہے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

شکیات

نماز کے شکیات کی ۲۳ قسمیں ہیں ان میں سے آٹھ اس قسم کے شک ہیں جو نماز کو باطل کرتے ہیں اور چھ اس قسم کے شک ہیں جن کی پروا نہیں کرنی چاہئے اور باقی نو اس قسم کے شک ہیں جن کا حل ممکن ہے۔

وہ شک جو نماز کو باطل کرتے ہیں

مسئلہ ۱۱۶۳ : جو شک نماز کو باطل کرتے ہیں وہ یہ ہیں۔

۱ ... دو رکعتی واجب نماز (مثلاً صبح اور نماز مسافر) کی رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک البتہ نماز مستحب اور نماز احتیاط کی رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک نماز کو باطل نہیں کرتا۔

۲ ... تین رکعتی نماز میں کوئی شخص شک کرے کہ اس نے ایک رکعت پڑھی ہے یا زیادہ پڑھی ہے۔

۳ ... یہ کہ چار رکعتی نماز میں کوئی شخص شک کرے کہ اس نے ایک رکعت پڑھی ہے یا زیادہ پڑھی ہیں۔

۴ ... یہ کہ چار رکعتی نماز میں دوسرے سجدہ کا ذکر ختم ہونے سے پہلے نمازی شک کرے کہ اس نے دو رکعتیں پڑھی ہیں یا زیادہ پڑھی ہیں۔

۵ ... دو اور پانچ رکعتوں کے درمیان یا دو اور پانچ سے زیادہ رکعتوں کے درمیان شک کرے

۶ ... تین اور چھ رکعتوں کے درمیان یا تین اور چھ سے زیادہ رکعتوں کے درمیان شک کرے

۷ ... نماز کی رکعتوں میں شک یعنی انسان کو یہ علم نہ ہو کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں۔

۸ ... چار اور چھ رکعتوں کے درمیان شک یا چار اور چھ سے زیادہ رکعتوں کے درمیان شک کرے

مسئلہ ۱۱۶۴ : اگر انسان کو نماز باطل کرنے والے شکوک میں سے کوئی شک پیش آئے تو احتیاط یہ

ہے کہ نماز نہ توڑے بلکہ اس قدر غور و فکر کرے کہ نماز کی شکل برقرار نہ رہے یا یقین یا گمان حاصل ہونے سے ناامید ہو جائے۔

وہ شک جن کی پروا نہیں کرنی چاہئے

مسئلہ ۱۱۶۵ : وہ شکوک جن کی پروا نہیں کرنی چاہئے مندرجہ ذیل ہیں

۱... اس چیز کے بارے میں شک جس کے بجا لانے کا موقع گزر گیا ہو مثلاً یہ کہ انسان رکوع میں شک کرے کہ اس نے حمد پڑھی ہے یا نہیں۔

۲... سلام نماز کے بعد شک

۳... نماز کا وقت گزر جانے کے بعد شک

۴... کثیر الشک کا شک یعنی اس شخص کا شک جو زیادہ شک کرتا ہو۔

۵... رکعتوں کی تعداد کے بارے میں امام کا شک جب کہ ماموم ان کی تعداد جانتا ہو اور اسی طرح ماموم کا شک جبکہ امام نماز کی رکعتوں کی تعداد جانتا ہو۔

۶... مستحبی نمازوں اور نماز احتیاط کے بارے میں شک

۱۔ اس فعل میں شک جس کا موقع گزر گیا ہو

مسئلہ ۱۱۶۶ : اگر نماز پڑھنے والا نماز کے دوران میں شک کرے کہ اس نے نماز کا ایک واجب فعل سر انجام دیا ہے یا نہیں مثلاً اسے شک ہو کہ حمد پڑھی ہے یا نہیں اور جو فعل اس کے بعد سر انجام دینا ہو ابھی اس میں مشغول نہ ہوا ہو اسے چاہئے کہ جس فعل کے انجام دینے کے بارے میں شک کیا ہو اسے بجا لائے اور اگر وہ اس فعل میں مشغول ہو گیا ہو جو اسے بعد میں بجا لانا تھا مثلاً سورہ پڑھتے ہوئے شک کرے کہ حمد پڑھی ہے یا نہیں تو پھر اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

مسئلہ ۱۱۶۷ : اگر نماز پڑھنے والا کوئی آیت پڑھتے ہوئے شک کرے کہ اس سے پہلے کی آیت پڑھی ہے یا نہیں یا جس وقت آیت کا آخری حصہ پڑھ رہا ہو شک کرے کہ اس کا پہلا حصہ پڑھا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

مسئلہ ۱۱۶۸ : اگر نماز پڑھنے والا رکوع یا سجود کے بعد شک کرے کہ ان کے واجب افعال (مثلاً ذکر

اور بدن کا سکون کی حالت میں ہونا) اس نے سرانجام دیئے ہیں یا نہیں تو اسے چاہئے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

مسئلہ ۱۱۶۹ : اگر نماز پڑھنے والا اس حالت میں کہ سجدے میں جارہا ہو شک کرے کہ رکوع بجالایا ہے یا نہیں تو اس کے لیئے لازم ہے کہ واپس مڑے اور رکوع بجالائے اور اگر شک کرے کہ رکوع کے بعد کھڑا ہوا تھا یا نہیں تو اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

مسئلہ ۱۱۷۰ : اگر نمازی کھڑا ہوتے وقت شک کرے کہ سجدہ یا تشہد بجالایا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ واپس مڑے اور بجالائے۔

مسئلہ ۱۱۷۱ : جو شخص بیٹھ کر یا لیٹ کر نماز پڑھ رہا ہو اگر حمد یا تسبیحات پڑھتے وقت شک کرے کہ سجدہ یا تشہد بجالایا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے اور اگر اس سے پیشتر کہ حمد یا تسبیحات میں مشغول ہو شک کرے کہ سجدہ یا تشہد بجالایا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ بجالائے۔

مسئلہ ۱۱۷۲ : اگر نمازی شک کرے کہ نماز کا کوئی ایک رکن بجالایا ہے یا نہیں اور اس کے بعد آنے والے فعل میں مشغول نہ ہوا ہو تو اسے بجالائے مثلاً اگر تشہد پڑھنے سے پہلے شک کرے کہ دو سجدے بجالایا ہے یا نہیں تو چاہئے کہ بجالائے اور اگر بعد میں اسے یاد آئے کہ وہ اس رکن کو بجالایا تھا تو ایک رکن بڑھ جانے کی وجہ سے اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۱۷۳ : اگر نمازی شک کرے کہ ایک ایسا عمل جو نماز کا رکن نہیں ہے بجالایا ہے یا نہیں اور اس کے بعد آنے والے فعل میں مشغول نہ ہوا ہو تو اسے چاہئے کہ اسے بجالائے مثلاً اگر سورہ پڑھنے سے پہلے شک کرے کہ حمد پڑھی ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ حمد پڑھے اور اگر اسے انجام دینے کے بعد اسے یاد آئے کہ اس نے پہلے ہی بجالا چکا تھا تو چونکہ رکن زیادہ نہیں ہوا اس لیئے اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۱۷۴ : اگر نمازی شک کرے کہ ایک رکن بجالایا ہے یا نہیں مثلاً جب تشہد پڑھ رہا ہو شک کرے کہ دو سجدے بجالایا ہے یا نہیں اور اپنے شک کی پروا نہ کرے اور بعد میں اسے یاد آئے کہ

اس رکن کو بجا نہیں لایا تو اگر وہ بعد والے رکن میں مشغول نہ ہوا ہو تو چاہئے کہ جو رکن بجا نہ لایا ہو اسے بجا لائے اور اگر بعد والے رکن میں مشغول ہو گیا ہو تو اس کی نماز باطل ہے مثلاً بعد والی رکعت کے رکوع سے پہلے اسے یاد آئے کہ دو سجدے نہیں بجالایا تو اسے چاہئے کہ بجالائے اور اگر رکوع میں یا اس کے بعد اسے یاد آئے کہ دو سجدے نہیں بجالایا) تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۱۷۵ : اگر نمازی شک کرے کہ وہ ایک ایسا عمل جو رکن نہیں ہے بجالایا ہے یا نہیں اور اس کے بعد والے عمل میں مشغول ہو چکا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے مثلاً جس وقت وہ سورۂ پڑھ رہا ہو شک کرے کہ حمد پڑھی ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ شک کی پروا نہ کرے اور اگر اسے بعد میں یاد آئے کہ اس عمل کی بجا نہیں لایا تھا اور بعد میں آنے والے رکن میں مشغول نہ ہوا ہو تو چاہئے کہ اس عمل کو بجالائے اور اگر بعد میں آنے والے رکن میں مشغول ہو گیا ہو تو اس کی نماز صحیح ہے اس بنا پر مثلاً اگر قنوت میں اسے یاد آئے کہ اس نے حمد نہیں پڑھی تو اسے چاہئے کہ پڑھے اور اگر یہ بات اسے رکوع میں یاد آئے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۱۷۶ : اگر نمازی شک کرے کہ اس نے نماز کا سلام پڑھا ہے یا نہیں اور دوسری نماز میں مشغول ہو جائے یا کوئی ایسا کام انجام دینے کی وجہ سے جو نماز کو برقرار نہیں رکھتا وہ نمازی کی حالت سے خارج ہو گیا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے اور اگر ان صورتوں کے پیدا ہونے سے پہلے شک کرے تو چاہئے کہ سلام پڑھے خواہ وہ تعقیب میں ہی کیوں نہ مشغول ہو چکا ہو اور اگر شک کرے کہ سلام درست پڑھا ہے یا نہیں تو خواہ تعقیب میں مشغول نہ بھی ہوا ہو اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

۲۔ سلام کے بعد شک کرنا

مسئلہ ۱۱۷۷ : اگر نمازی سلام کے بعد شک کرے کہ آیا اس نے نماز صحیح طور پر پڑھی ہے یا نہیں۔ مثلاً شک کرے کہ رکوع ادا کیا یا نہیں چار رکعتی نماز کے سلام کے بعد شک کرے کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں یا پانچ تو وہ اپنے شک کی پروا نہ کرے لیکن اگر اسے دونوں طرف سے نماز کے باطل ہونے کا شک ہو مثلاً چار رکعتی نماز کے سلام کے بعد شک کرے کہ تین رکعت پڑھی ہیں یا پانچ رکعت تو اس کی نماز باطل ہے

۳۔ وقت کے بعد شک کرنا

مسئلہ ۱۱۷۸ : اگر کوئی شخص نماز کا وقت گزرنے کے بعد شک کرے کہ اس نے نماز پڑھی ہے یا نہیں گمان کرے کہ نہیں پڑھی تو اس نماز کا پڑھنا لازم نہیں لیکن اگر وقت گزرنے سے پہلے شک کرے کہ نماز پڑھی ہے یا نہیں تو خواہ گمان کرے کہ پڑھی ہے پھر بھی اسے چاہئے کہ وہ نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۱۷۹ : اگر کوئی شخص وقت گزرنے کے بعد شک کرے کہ آیا اس نے نماز درست پڑھی ہے یا نہیں تو اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

مسئلہ ۱۱۸۰ : اگر نماز ظہر و عصر کا وقت گزر جانے کے بعد نمازی جان لے کہ چار رکعت نماز پڑھی ہے لیکن یہ معلوم نہ ہو کہ ظہر کی نیت سے پڑھی ہے یا عصر کی نیت سے تو احتیاط کی بنا پر چار رکعت نماز قضا اس نماز کی نیت سے پڑھے جو اس پر واجب ہے۔

مسئلہ ۱۱۸۱ : اگر مغرب و عشا کی نماز کا وقت گزرنے کے بعد نمازی کو پتہ چلے کہ اس نے ایک نماز پڑھی ہے لیکن یہ علم نہ ہو کہ تین رکعتی نماز پڑھی ہے یا چار رکعتی پڑھی ہے تو اسے چاہئے کہ مغرب و عشا کی نماز کی قضا کرے۔ (یعنی مغرب و عشاء دونوں کی قضا کرے)

۴۔ کثیر الشک (جو شخص زیادہ شک کرتا ہو)

مسئلہ ۱۱۸۲ : کثیر الشک وہ شخص ہے جس کے بارے میں لوگ عموماً کہیں کہ وہ زیادہ شک کرتا ہے یا اس کی کیفیت ایسی ہو کہ ہر تین نمازوں میں کم از کم ایک دفعہ شک کرتا ہو تو ایسا شخص اپنے شک کی پرواہ نہ کرے۔

مسئلہ ۱۱۸۳ : اگر کثیر الشک انسان نماز کے اجزاء میں سے کسی جزو کے بجا لانے کے بارے میں شک کرے تو اسے یوں سمجھنا چاہئے کہ اس جزو کو بجا لایا ہے۔ مثلاً اگر شک کرے کہ رکوع کیا ہے یا نہیں تو اسے سمجھنا چاہئے کہ رکوع کر لیا ہے اور اگر کسی ایسی چیز کے بجا لانے کے بارے میں شک کرے جو نماز کو باطل کرتی ہو مثلاً شک کرے کہ صبح نماز کی دو رکعت پڑھی ہے یا تین رکعت تو یہی سمجھے کہ نماز ٹھیک پڑھی ہے۔

مسئلہ ۱۱۸۴ : جو شخص نماز کے کسی ایک عمل میں زیادہ شک کرتا ہو اگر اس کے علاوہ وہ نماز کے کسی دوسرے عمل میں شک کرے تو اسے چاہئے کہ شک کے احکام پر عمل کرے مثلاً جو شخص اس بارے میں زیادہ شک کرتا ہو کہ سجدہ کیا ہے یا نہیں اگر رکوع کے بجالانے میں شک کرے تو اسے چاہئے شک کے حکم پر عمل کرے یعنی اگر سجدہ نہ کیا ہو تو رکوع بجالائے اور اگر سجدہ کر چکا ہو تو شک کی پرواہ نہ کرے۔

مسئلہ ۱۱۸۵ : جو شخص کسی مخصوص نماز مثلاً ظہر کی نماز میں زیادہ شک کرتا ہو اگر وہ کسی دوسری نماز مثلاً عصر کی نماز میں شک کرے تو اسے چاہئے کہ شک کے احکام پر عمل کرے۔

مسئلہ ۱۱۸۶ : جو شخص کسی مخصوص جگہ نماز پڑھتے وقت زیادہ شک کرتا ہو اگر کسی دوسری جگہ نماز پڑھے اور اسے شک پیدا ہو تو اسے چاہئے کہ شک کے احکام پر عمل کرے۔

مسئلہ ۱۱۸۷ : اگر کسی شخص کو اس بارے میں شک ہو کہ آیا وہ کثیر الشک ہو گیا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ شک کے احکام پر عمل کرے اور کثیر الشک شخص کو جب تک یقین نہ ہو جائے کہ وہ لوگوں کی عام حالت پر لوٹ آیا ہے اپنے شک کی پرواہ نہ کرے۔

مسئلہ ۱۱۸۸ : جو شخص زیادہ شک کرتا ہو اگر وہ شک کرے کہ ایک رکن بجالایا ہے یا نہیں اور وہ اس شک کی پرواہ نہ کرے اور بعد میں اسے یاد آئے کہ وہ رکن بجا نہیں لایا اور اس کے بعد کے رکن میں مشغول نہ ہوا ہو تو اسے چاہئے کہ اس رکن کو بجالائے اور اگر بعد کے رکن میں مشغول ہو گیا ہو تو اس کی نماز باطل ہے مثلاً اگر شک کرے کہ رکوع کیا ہے یا نہیں اور اس شک کی پرواہ نہ کرے اور دوسرے سجدے سے پہلے اسے یاد آئے کہ رکوع نہیں کیا تو چاہئے کہ رکوع کرے اور اگر دوسرے سجدے کے دوران میں اسے یاد آئے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۱۸۹ : جو شخص زیادہ شک کرتا ہو اگر وہ شک کرے کہ کوئی ایسا عمل جو رکن نہ ہو بجالایا ہے یا نہیں اور اس شک کی پرواہ نہ کرے اور بعد میں اسے یاد آئے کہ وہ عمل بجا نہیں لایا تو اگر بجا لانے کے مقام سے ابھی نہ گزرا ہو تو اسے چاہئے کہ اسے بجالائے اور اگر اس کے مقام سے گزر گیا ہو تو اس کی نماز صحیح ہے مثلاً اگر شک کرے کہ حمد پڑھی ہے یا نہیں اور شک کی پرواہ نہ کرے اور قنوت

پڑھتے ہوئے اسے یاد آئے کہ حمد نہیں پڑھی تو چاہئے کہ پڑھے اور اگر رکوع میں یاد آئے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

۵- امام اور ماموم کا شک

مسئلہ ۱۱۹۰ : اگر امام جماعت نماز کی رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک کرے مثلاً شک کرے کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار رکعتیں اور مقتدی کو یقین یا گمان ہو کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں اور وہ یہ بات امام جماعت کے علم میں لے آئے کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں تو امام کو چاہئے کہ نماز کو اختتام تک پہنچائے اور نماز احتیاط کا پڑھنا ضروری نہیں اور اگر امام کو یقین یا گمان ہو کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں اور مقتدی نماز کی رکعتوں کے بارے میں شک کرے تو اسے چاہئے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

٦- مستحبی نماز میں شک

مسئلہ ۱۱۹۱ : اگر کوئی شخص نماز کی رکعتوں میں شک کرے اور شک زیادتی کی طرف ہو جو نماز کو باطل کرتی ہے تو اسے چاہئے کہ یہ سمجھ لے کہ کم رکعتیں پڑھی ہیں مثلاً اگر صبح کے نافلہ میں شک کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین تو یہی سمجھے کہ دو پڑھی ہیں اور اگر زیادتی کی طرف والا شک نماز کو باطل نہ کرے مثلاً اگر نماز میں شک کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا ایک پڑھی ہے تو شک کے جس طرف پر بھی عمل کرے اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۱۹۲ : رکن کا کم ہونا نافلہ نماز کو باطل کر دیتا ہے لیکن رکن کا زیادہ ہونا اسے باطل نہیں کرتا۔ پس اگر نماز نافلہ کے افعال میں سے کوئی فعل بھول جائے اور یہ بات اسے اس وقت یاد آئے جب وہ اس کے بعد والے رکن میں مشغول ہو چکا ہو تو اسے چاہئے کہ اس فعل کو انجام دے اور دوبارہ اس رکن کو بجالائے مثلاً اگر رکوع کے دوران میں اسے یاد آئے کہ سورۂ حمد نہیں پڑھی تو اسے چاہئے کہ واپس لوٹے اور حمد پڑھے اور دوبارہ رکوع میں جائے۔

مسئلہ ۱۱۹۳ : اگر کوئی شخص نافلہ کے افعال کے بارے میں کسی فعل کے متعلق شک کرے خواہ وہ فعل رکن ہو یا غیر رکن ہو اور اس فعل کا موقع نہ گزرا ہو تو چاہئے کہ اسے بجالائے اور اگر موقع گزر گیا ہو تو اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

مسئلہ ۱۱۹۴ : اگر کسی شخص کو دو رکعتی نماز میں تین یا زیادہ رکعتوں کو پڑھ لینے کا گمان ہو تو چاہئے کہ اس گمان کی پروا نہ کرے اور نماز اس کی صحیح ہے۔ لیکن اگر اس کا گمان دو رکعتوں کا یا اس سے کم کا ہو تو چاہئے کہ اسی گمان پر عمل کرے مثلاً اگر اسے گمان ہو کہ ایک رکعت پڑھی ہے تو چاہئے کہ ایک رکعت اور پڑھے۔

مسئلہ ۱۱۹۵ : اگر کوئی شخص نافلہ نماز میں کوئی ایسا فعل کرے جس کے لیئے واجب نماز میں سجدہ سہو واجب ہو جاتا ہو یا ایک سجدہ یا تشہد بھول جائے تو اس کے لیئے ضروری نہیں کہ نماز کے بعد سجدہ سہو یا قضائے سجدہ اور تشہد بجالائے۔

مسئلہ ۱۱۹۶ : اگر کوئی شخص شک کرے کہ مستحبی نماز پڑھی ہے یا نہیں اور اس نماز کا نماز جعفر طیار کی طرح کوئی مقررہ وقت نہ ہو تو اسے سمجھ لینا چاہئے کہ نہیں پڑھی اور اگر وہ مستحبی نماز نافلہ یومیہ کی طرح مقررہ وقت رکھتی ہو اور اس وقت کے گزرنے سے پہلے متعلقہ شخص شک کرے کہ اسے بجالایا ہے یا نہیں تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے لیکن اگر وقت گزرنے کے بعد شک کرے کہ وہ نماز پڑھی ہے یا نہیں تو اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

صحیح شکوک

مسئلہ ۱۱۹۷ : اگر کسی کو نو صورتوں میں چار رکعتی نماز کی رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ فوراً غور و فکر کرے اور اگر یقین یا گمان شک کی کسی ایک طرف ہو جائے تو اسی کو اختیار کرے اور نماز کو تمام کرے ورنہ ان احکام کے مطابق عمل کرے جو ذیل میں بتائے جا رہے ہیں۔

۱ ... یہ کہ دوسرے سجدے کے ذکر کے بعد شک کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین۔ اس صورت میں اسے یوں سمجھ لینا چاہئے کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں اور ایک اور رکعت پڑھے اور نماز کو تمام کرے اور نماز کے بعد ایک رکعت نماز احتیاط کھڑا ہو کر بجالائے۔

۲ ... دوسرے سجدہ کا ذکر ختم ہونے کے بعد اگر انسان شک کرے کہ آیا دو رکعتیں پڑھی ہیں یا چار تو یہ سمجھ لے کہ چار پڑھی ہیں اور نماز کو تمام کرے اور بعد میں دو رکعت نماز

احتیاط کھڑا ہو کر بجا لائے۔

۳ ... اگر کسی کو دوسرے سجدے کا ذکر ختم ہونے کے بعد شک ہو جائے کہ آیا دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین یا چار تو اسے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ چار پڑھی ہیں اور وہ نماز ختم ہونے کے بعد دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر اور بعد میں دو رکعت بیٹھ کر بجا لائے۔

۴ ... اگر کسی شخص کو دوسرے سجدے کا ذکر ختم کرنے کے بعد شک ہو کہ اس نے چار رکعتیں پڑھی ہیں یا پانچ پڑھی ہیں تو اسے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ چار پڑھی ہیں اور اس بنیاد پر نماز تمام کرے اور نماز کے بعد دو سجدہ سہو بجا لائے۔ ہاں اگر ان چار شکوک میں سے کوئی ایک شک پہلے سجدہ کے بعد یا دوسرے سجدہ کا ذکر تمام ہونے سے پہلے لاحق ہو تو اس شخص کی نماز باطل ہے۔

۵ ... نماز کے دوران میں جس وقت بھی کسی کو تین رکعت اور چار رکعت کے درمیان شک ہو اسے چاہئے کہ یہ سمجھ لے کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں اور نماز کو تمام کرے اور بعد میں ایک رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر یا دو رکعت بیٹھ کر بجا لائے۔

۶ ... اگر قیام کے دوران میں کسی کو چار رکعتوں اور پانچ رکعتوں کے بارے میں شک ہو جائے تو اسے چاہئے کہ بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے اور نماز کا سلام پڑھے اور نماز ختم ہونے کے بعد ایک رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر یا دو رکعت بیٹھ کر بجا لائے۔

۷ ... اگر قیام کے دوران میں کسی کو تین اور پانچ رکعتوں کے بارے میں شک ہو جائے تو اسے چاہئے کہ بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے اور نماز کا سلام پڑھے اور نماز ختم ہونے کے بعد دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر بجا لائے۔

۸ ... اگر قیام کے دوران میں کسی کو تین چار اور پانچ رکعتوں کے بارے میں شک ہو جائے تو اسے چاہئے کہ بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے اور سلام نماز کے بعد دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر اور بعد میں دو رکعت بیٹھ کر بجا لائے۔

۹ ... اگر قیام کے دوران میں کسی کو پانچ اور چھ رکعتوں کے بارے میں شک ہو جائے تو اسے چاہئے کہ بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے اور نماز کا سلام پڑھے اور دو سجدہ سہو بجا لائے اور احتیاط واجب کی بنا پر ان چار صورتوں میں بے جا قیام کے لیئے دو سجدہ سہو بھی بجا لائے۔

مسئلہ ۱۱۹۸ : اگر صحیح شکوک میں سے کوئی شک انسان کو لاحق ہو جائے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے نماز نہیں توڑنی چاہئے بلکہ ان احکام کے مطابق عمل کرنا چاہئے جو بتائے گئے ہیں۔

مسئلہ ۱۱۹۹ : اگر نماز کے دوران میں انسان کو شکوک میں سے کوئی شک لاحق ہو جائے جس کے لیئے نماز احتیاط واجب ہے اور وہ نماز کو تمام کرے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ نماز احتیاط پڑھے اور نماز احتیاط پڑھے بغیر از سر نو نماز نہ پڑھے اور اگر وہ کوئی ایسا فعل انجام دینے سے پہلے جو نماز باطل کرتا ہو از سر نو نماز پڑھے تو اس کی دوسری نماز بھی باطل ہو گی لیکن اگر کوئی ایسا فعل انجام دینے کے بعد جو نماز کو باطل کرتا ہو نماز میں مشغول ہو جائے تو اس کی دوسری نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۲۰۰ : جب نماز کو باطل کرنے والے شکوک میں سے کوئی شک انسان کو لاحق ہو جائے اور وہ جانتا ہو کہ بعد کی حالت میں منتقل ہو جانے پر اس کے لیئے یقین یا گمان پیدا ہو جائے گا۔ (یعنی آئندہ فعل نماز میں مشغول ہو جانے پر اس کا شک یقین یا گمان میں بدل جائے گا) تو اس کے لیئے شک کی حالت میں نماز جاری رکھنا جائز نہیں ہے۔ مثلاً اگر قیام کی حالت میں اسے شک ہو کہ ایک رکعت پڑھی ہے یا زیادہ پڑھی ہیں اور وہ جانتا ہو کہ اگر رکوع میں جائے تو کسی ایک طرف یقین یا گمان پیدا کرے گا تو اس حالت میں اس کے لیئے رکوع کرنا جائز نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۲۰۱ : اگر کسی شخص کا گمان پہلے ایک طرف زیادہ ہو اور بعد میں اس کی نظر میں دونوں اطراف برابر ہو جائیں تو اسے چاہئے کہ شک کے احکام پر عمل کرے اور اگر پہلے ہی دونوں اطراف اس کی نظر میں برابر ہوں اور احکام کے مطابق جو کچھ اس کا وظیفہ ہے اس پر عمل کی بنیاد رکھے اور بعد میں اس کا گمان دوسری طرف چلا جائے تو اسے چاہئے کہ اسی طرف کو اختیار کرے اور نماز کو تمام کرے۔

مسئلہ ۱۲۰۲ : جو شخص یہ نہ جانتا ہو کہ اس کا گمان ایک طرف زیادہ ہے یا دونوں اطراف اس کی نظر میں برابر ہیں اسے چاہئے کہ شک کے احکام پر عمل کرے۔

مسئلہ ۱۲۰۳ : اگر کسی شخص کو نماز کے بعد معلوم ہو کہ نماز کے دوران میں وہ شک کی حالت میں تھا مثلاً اسے شک تھا کہ اس نے دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین رکعتیں اور اس نے اپنے افعال کی بنیاد تین رکعتوں پر رکھی ہو لیکن اسے یہ علم نہ ہو کہ آیا اس کے گمان میں یہ تھا کہ اس نے تین

رکعتیں پڑھی ہیں یا دونوں اطراف اس کی نظر میں برابر تھیں تو اسے چاہئے کہ نماز احتیاط پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۰۴ : اگر تشہد پڑھتے وقت یا قیام کی حالت میں آچکنے کے بعد کوئی شخص شک کرے کہ وہ دو سجدے بجالایا تھا یا نہیں اور اسی وقت اسے ایسا شک لاحق ہو جو اگر دو سجدے تمام ہونے کے بعد لاحق ہو جو صحیح ہو مثلاً وہ شک کرے کہ میں نے دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین اور وہ اس شک کے احکام کے مطابق عمل کرے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۲۰۵ : اگر کوئی شخص تشہد میں مشغول ہونے سے پہلے یا قیام سے پہلے شک کرے کہ ایک یا دو سجدے بجالایا ہے یا نہیں اور اسی وقت اسے ان شکوک میں سے کوئی شک لاحق ہو جائے جو دو سجدے تمام ہونے کے بعد صحیح ہو تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۲۰۶ : اگر کوئی شخص قیام کی حالت میں تین اور چار رکعتوں کے بارے میں یا تین اور چار اور پانچ رکعتوں کے بارے میں شک کرے اور اسے یہ بھی یاد آجائے کہ اس نے اس سے پہلے رکعت کا ایک سجدہ یا دونوں سجدے ادا نہیں کیئے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۲۰۷ : اگر کسی شخص کا شک زائل ہو جائے اور کوئی دوسرا شک اسے لاحق ہو جائے مثلاً پہلے شک کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین رکعتیں اور بعد میں شک کرے کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار رکعتیں تو اسے چاہئے کہ دوسرے شک کے مطابق احکام پر عمل کرے۔

مسئلہ ۱۲۰۸ : جو شخص نماز کے بعد شک کرے کہ نماز کی حالت میں مثال کے طور پر اس نے دو اور چار رکعتوں کے بارے میں شک کیا تھا یا تین اور چار رکعتوں کے بارے میں شک کیا تھا اس کے لیئے جائز ہے کہ نماز کو کالعدم قرار دے۔ اور دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۰۹ : اگر کسی شخص کو نماز کے بعد پتہ چلے کہ نماز کی حالت میں اسے کوئی شک لاحق ہو گیا تھا لیکن یہ نہ جانتا ہو کہ وہ شک نماز کو باطل کرنے والے شکوک میں سے تھا یا صحیح شکوک میں سے تھا اور اگر صحیح شکوک میں سے بھی تھا تو اس کا تعلق صحیح شکوک کی کون سی قسم سے تھا تو اس کے لیئے واجب ہے کہ نماز کو کالعدم قرار دے اور دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۱۰ : جو شخص بیٹھ کر نماز پڑھ رہا ہو اگر اسے ایسا شک لاحق ہو جائے جس کے لیئے اسے

ایک رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر یا دو رکعت بیٹھ کر پڑھنی چاہئے تو اسے چاہئے کہ ایک رکعت بیٹھ کر بجالائے۔ اور اگر ایسا شک کرے جس کے لیئے اسے دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر پڑھنی چاہئے تو اسے چاہئے کہ دو رکعت بیٹھ کر بجالائے۔

مسئلہ ۱۲۱۱ : جو شخص کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہو اگر وہ نماز احتیاط پڑھنے کے وقت کھڑا ہونے سے عاجز ہو تو اسے چاہئے کہ نماز احتیاط اس شخص کی طرح بجالائے جو بیٹھ کر نماز پڑھتا ہو اور جس کا حکم سابقہ مسئلے میں بیان ہو چکا ہے۔

مسئلہ ۱۲۱۲ : جو شخص بیٹھ کر نماز پڑھتا ہو اگر نماز احتیاط پڑھتے وقت کھڑا ہو سکے تو اسے چاہئے کہ اس شخص کے وظیفہ کے مطابق عمل کرے جو کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہے۔

نماز احتیاط پڑھنے کا طریقہ

مسئلہ ۱۲۱۳ : جس شخص پر نماز احتیاط واجب ہو اسے چاہئے کہ نماز کے سلام کے فوراً بعد نماز احتیاط کی نیت کرے اور تکبیر کہے اور حمد پڑھے اور رکوع میں جائے اور دو سجدے بجالائے۔ پس اگر اس پر ایک رکعت نماز احتیاط واجب ہو تو وہ دو سجدوں کے بعد تشہد پڑھے اور سلام کہے اور اگر اس پر دو رکعت نماز احتیاط واجب ہو تو دو سجدوں کے بعد ایک اور رکعت پہلی رکعت کی طرح بجالائے اور تشہد کے بعد سلام کہے۔

مسئلہ ۱۲۱۴ : نماز احتیاط میں سورۃ اور قنوت نہیں ہے اور انسان کو چاہئے کہ یہ نماز آہستہ پڑھے اور اس کی نیت زبان پر نہ لائے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس کی بسم اللہ بھی آہستہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۱۵ : اگر کسی شخص کو نماز احتیاط پڑھنے سے پہلے معلوم ہو جائے کہ جو نماز اس نے پڑھی تھی وہ صحیح تھی تو اس کے لیئے نماز احتیاط ساقط ہو جائے گی اور اگر نماز احتیاط کے دوران میں یہ علم ہو جائے تو اس نماز کو تمام کرنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۲۱۶ : اگر نماز احتیاط پڑھنے سے پہلے کسی شخص کو علم ہو جائے کہ اس نے اصلی نماز کی رکعتیں کم پڑھی تھیں اور اصلی نماز پڑھنے کے بعد اس نے کوئی ایسا عمل بھی انجام نہ دیا ہو جو نماز کو باطل کرتا ہو تو اسے چاہئے کہ اس نے نماز کا جو حصہ نہ پڑھا ہو اسے پڑھے اور بے محل سلام کے لیئے

دو سجدہ سہو ادا کرے اور اگر اس نے کوئی ایسا فعل کیا ہو جو نماز کو باطل کرتا ہو مثلاً قبلہ کی جانب پیٹھ کی ہو تو اسے چاہئے کہ نماز دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۱۷ : اگر کسی شخص کو نماز احتیاط کے بعد پتہ چلے کہ اس کی اصلی نماز میں کمی نماز احتیاط کے برابر تھی مثلاً تین رکعتوں اور چار رکعتوں کے درمیان شک کی صورت میں ایک رکعت نماز احتیاط پڑھے اور بعد میں پتہ چلے کہ اس نے نماز کی تین رکعتیں پڑھی تھیں تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۲۱۸ : اگر کسی شخص کو نماز احتیاط پڑھنے کے بعد پتہ چلے کہ اصلی نماز میں جو کمی ہوئی تھی وہ نماز احتیاط سے کم تھی مثلاً دو رکعتوں اور چار رکعتوں کے مابین شک کی صورت میں دو رکعت نماز احتیاط پڑھے اور بعد میں معلوم ہوا کہ اس نے اصلی نماز کی تین رکعتیں پڑھی تھیں تو اسے چاہئے کہ نماز دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۱۹ : اگر کسی شخص کو نماز احتیاط پڑھنے کے بعد پتہ چلے کہ اصلی نماز میں جو کمی ہوئی تھی وہ نماز احتیاط سے زیادہ تھی مثلاً تین رکعتوں اور چار رکعتوں کے مابین شک کی صورت میں ایک رکعت نماز احتیاط پڑھے اور بعد میں معلوم ہو کہ اصلی نماز کی دو رکعتیں پڑھی تھیں اور نماز احتیاط کے بعد کوئی ایسا فعل انجام دیا ہو جو نماز کو باطل کرتا ہو مثلاً قبلہ کی جانب پیٹھ کی ہو تو اسے چاہئے کہ نماز دوبارہ پڑھے اور اگر کوئی ایسا فعل انجام نہ دیا ہو جو نماز کو باطل کرتا ہو تو اس کی نماز احتیاط شمار میں آجائے گی اور ایک رکعت نماز کی کسر (کمی) بجالائے اور اس کی نماز صحیح ہے اور اصلی نماز اور نماز احتیاط کے دونوں زائد سلاموں کے لئے دو سجدہ سہو بجالائے۔

مسئلہ ۱۲۲۰ : اگر کوئی شخص دو اور تین اور چار رکعتوں میں شک کرے اور کھڑے ہو کر دو رکعت نماز احتیاط پڑھنے کے بعد اسے یاد آئے کہ اس نے اصلی نماز کی دو رکعتیں پڑھی تھیں تو اس کے لئے بیٹھ کر دو رکعت نماز احتیاط پڑھنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۲۲۱ : اگر کوئی شخص تین یا چار رکعتوں کے مابین شک کرے اور جس وقت وہ ایک رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر پڑھ رہا ہو اسے یاد آئے کہ اس نے نماز کی تین رکعتیں پڑھی تھیں اسے چاہئے کہ نماز احتیاط کو تمام کرے اور اس کی نماز صحیح ہے اور زائد سلام کے لئے سجدہ سہو بجا

لائے اور اگر یہ بات اسے اس وقت یاد آئے جب وہ دو رکعت نماز احتیاط بیٹھ کر پڑھ رہا ہو تو اگر اسے پہلے رکوع سے پہلے یاد آئے تو وہ کھڑا ہو جائے اور نماز میں جو کمی رہ گئی ہو اس کے مطابق اسے تمام کرے اور اگر اسے رکوع کے بعد یاد آئے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۲۲۲ : اگر کوئی شخص دو اور تین اور چار رکعتوں کے مابین شک کرے اور جس وقت وہ دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر پڑھ رہا ہو اسے دوسرے رکوع سے پہلے یاد آئے کہ اس نے نماز کی تین رکعتیں پڑھی تھیں تو اسے چاہئے کہ بیٹھ جائے اور نماز احتیاط کو ایک رکعت پڑھ کر ہی ختم کر دے اور زائد سلام کے لیئے سجدہ سہو ادا کرے۔

مسئلہ ۱۲۲۳ : اگر کسی شخص کو نماز احتیاط کے دوران میں پتہ چلے کہ اس کی اصلی نماز میں کمی نماز احتیاط سے زیادہ یا کم تھی اور وہ نماز احتیاط اپنی اصلی نماز کے فرق کے مطابق تمام نہ کر سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز احتیاط کو چھوڑ دے اور اس صورت میں اگر ممکن ہو تو نماز کی کمی بجالائے اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو نماز دوبارہ پڑھے مثلاً تین اور چار رکعتوں کے مابین شک کی صورت میں اگر دو رکعت نماز احتیاط بیٹھ کر پڑھتے وقت اسے یاد آئے کہ اس نے اصلی نماز کی دو رکعتیں پڑھی تھیں تو چونکہ وہ بیٹھ کر پڑھی جانے والی دو رکعتوں کو کھڑے ہو کر پڑھی جانے والی دو رکعتیں شمار نہیں کر سکتا اس لیئے اسے چاہئے کہ بیٹھ کر پڑھی جانے والی نماز احتیاط کو چھوڑ دے پس اگر اسے یہ بات نماز احتیاط کے پہلے رکوع سے پہلے یاد آئی ہو تو اسے چاہئے کہ اصلی نماز میں جتنی کمی رہ گئی ہو وہ پڑھے اور اگر اس کے بعد یاد آئی ہو تو دوبارہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۲۴ : اگر کوئی شخص شک کرے کہ جو نماز احتیاط اس پر واجب تھی وہ اسے بجالایا ہے یا نہیں تو نماز کا وقت گزر جانے کی صورت میں اپنے شک کی پروا نہ کرے اور اگر وقت باقی ہو تو اس صورت میں جبکہ شک اور نماز کے درمیان زیادہ وقفہ بھی نہ گزرا ہو اور اس نے کوئی ایسا فعل بھی نہ کیا ہو (مثلاً قبلہ سے منہ موڑنا) جو نماز کو باطل کرتا ہو اسے چاہئے کہ نماز احتیاط پڑھے اور اگر کوئی ایسا فعل کیا ہو جو نماز کو باطل کرتا ہو یا نماز اور اس کے شک کے درمیان زیادہ وقفہ ہو گیا ہو تو شک کی پروا نہ کرے۔

مسئلہ ۱۲۲۵ : اگر ایک شخص نماز احتیاط میں کوئی رکن بڑھا دے یا مثال کے طور پر ایک رکعت

کی بجائے دو رکعت پڑھ لے تو نماز احتیاط باطل ہو جاتی ہے اسے چاہئے کہ دوبارہ اصلی نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۲۶ : اگر کسی شخص کو نماز احتیاط پڑھتے ہوئے اس نماز کے افعال میں سے کسی فعل کے متعلق شک ہو جائے تو اگر اس فعل کا موقع نہ گزرا ہو تو اسے بجالائے اور اگر اس کا موقع گزر گیا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے مثلاً اگر شک کرے کہ حمد پڑھی ہے یا نہیں اور ابھی رکوع میں نہ گیا ہو تو حمد پڑھے اور اگر رکوع میں جا چکا ہو تو اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

مسئلہ ۱۲۲۷ : اگر کوئی شخص نماز احتیاط کی رکعتوں کے بارے میں شک کرے اور زیادتی کی طرف شک نماز کو باطل کرتا ہو تو اسے چاہئے کہ عمل کی بنیاد کم پر رکھے اور اگر زیادہ کی طرف شک نماز کو باطل نہ کرتا ہو تو اسے چاہئے کہ اس کی بنیاد زیادہ پر رکھے مثلاً جب وہ دو رکعت نماز احتیاط پڑھ رہا ہو اگر شک کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین پڑھی ہیں تو چونکہ زیادتی کی طرف شک نماز کو باطل کرتا ہے اس لیئے اسے چاہئے کہ سمجھ لے کہ اس نے دو رکعتیں پڑھی ہیں اور اگر شک کرے کہ ایک رکعت پڑھی ہے یا دو رکعتیں پڑھی ہیں تو چونکہ زیادتی کی طرف شک نماز کو باطل نہیں کرتا اس لیئے اسے سمجھنا چاہئے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں۔

مسئلہ ۱۲۲۸ : اگر نماز احتیاط میں کوئی ایسی چیز جو رکن نہ ہو سہواً کم یا زیادہ ہو جائے تو اس کے لیئے سجدہ سہو نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۲۲۹ : اگر کوئی شخص نماز احتیاط کے سلام کے بعد شک کرے کہ وہ اس نماز کے اجزاء اور شرائط میں سے کوئی ایک جزو یا شرط بجالایا ہے یا نہیں وہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

مسئلہ ۱۲۳۰ : اگر کوئی شخص نماز احتیاط میں تشہد یا ایک سجدہ ادا کرنا بھول جائے اور اس تشہد یا سجدے کا اپنی جگہ پر تدارک بھی ممکن نہ ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ نماز کے سلام کے بعد اس تشہد یا سجدے کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۲۳۱ : اگر کسی شخص پر نماز احتیاط اور ایک سجدے کی قضا یا ایک تشہد کی قضا یا دو سجدہ سہو واجب ہوں تو اسے چاہئے کہ پہلے نماز احتیاط بجالائے۔

مسئلہ ۱۲۳۲ : نماز کی رکعتوں کے بارے میں گمان کا حکم یقین کے حکم کی طرح ہے مثلاً اگر کوئی

شخص یہ نہ جانتا ہو کہ ایک رکعت پڑھی ہے یا دو رکعتیں پڑھی ہیں اور گمان رکھتا ہو کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں تو وہ یہ سمجھے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں اور اگر چار رکعتی نماز میں گمان رکھتا ہو کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں تو اسے نماز احتیاط پڑھنے کی ضرورت نہیں لیکن افعال کے بارے میں گمان شک کا حکم رکھتا ہے پس اگر وہ گمان رکھتا ہو کہ رکوع کیا ہے اور ابھی سجدہ میں داخل نہ ہوا ہو تو اسے چاہئے کہ اسے (یعنی رکوع کو) بجالائے اور اگر گمان رکھتا ہو کہ حمد نہیں پڑھی اور سورۃ میں داخل ہو چکا ہو تو گمان کی پروا نہ کرے اور اس کی نماز صحیح ہو گی۔

مسئلہ ۱۲۳۳ : روزانہ کی واجب نمازوں اور دوسری واجب نمازوں کے بارے میں شک اور سہو اور گمان کے حکم میں کوئی فرق نہیں ہے مثلاً اگر کسی شخص کو نماز آیات کے دوران میں شک ہو کہ ایک رکعت پڑھی ہے یا دو رکعتیں تو چونکہ اس کا شک دو رکعتی نماز میں ہے لہذا اس کی نماز باطل ہے اور اگر وہ گمان رکھتا ہو کہ یہ دوسری رکعت یا پہلی رکعت ہے تو اپنے گمان کے مطابق نماز کو تمام کرے۔

سجدہ سہو

مسئلہ ۱۲۳۴ : انسان کو چاہئے کہ نماز کے سلام کے بعد پانچ چیزوں کے لیئے اس طریقے کے مطابق جس کا آئندہ ذکر ہو گا دو سجدۂ سہو بجالائے۔

۱ ... نماز کی حالت میں سہواً کلام کرنا۔

۲ ... جہاں نماز کا سلام نہ کہنا چاہئے وہاں سلام کہنا مثلاً بھول کر پہلی رکعت میں سلام کہنا۔

۳ ... تشہد کا بھول جانا۔

۴ ... چار رکعتی نماز میں دوسرے سجدے کا ذکر تمام کرنے کے بعد شک کرنا کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں یا پانچ۔

۵ ... ایک سجدہ بھول جانا یا جہاں کھڑا ہونا چاہئے (مثلاً حمد اور سورہ پڑھتے وقت) وہاں غلطی

سے بیٹھ جانا یا جہاں بیٹھنا چاہیے (مثلاً تشہد پڑھتے وقت) وہاں غلطی سے کھڑے ہو جانا۔ ان تین صورتوں میں احتیاط واجب کی بنا پر چاہیے کہ دو سجدے سہو کے بجا لائے جائیں بلکہ ہر اس چیز کے لیے جو نماز میں بھول سے کم یا زیادہ ہو جائے احتیاط مستحب یہ ہے کہ دو سجدے سہو کے کیے جائیں اور ان چند صورتوں کے بارے میں احکام کا آئندہ مسائل میں ذکر کیا جائے گا۔

مسئلہ ۱۲۳۵ : اگر انسان غلطی سے یا اس خیال سے کہ وہ نماز پڑھ چکا ہے کلام کرے تو اسے چاہیے کہ دو سجدۂ سہو بجا لائے۔

مسئلہ ۱۲۳۶ : اس آواز کے لیے جو آہ بھرنے اور کھانسنے سے پیدا ہوتی ہے' اس سے سجدۂ سہو واجب نہیں ہوتا لیکن مثال کے طور پر اگر کوئی شخص غلطی سے آخ یا آہ کہہ دے تو اسے چاہیے کہ سجدۂ سہو بجا لائے۔

مسئلہ ۱۲۳۷ : اگر کوئی شخص ایک ایسی چیز کو جو اس نے غلط پڑھی ہو دوبارہ صحیح طور پر پڑھے تو اس کے دوبارہ پڑھنے پر سجدۂ سہو واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۲۳۸ : اگر کوئی شخص نماز میں غلطی سے کچھ دیر باتیں کرتا رہے اور عموماً اسے ایک دفعہ بات کرنا سمجھا جاتا ہو تو اس کے لیے نماز کے سلام کے بعد دو سجدۂ سہو کافی ہیں۔

مسئلہ ۱۲۳۹ : اگر کوئی شخص غلطی سے تسبیحات اربعہ نہ پڑھے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز کے بعد دو سجدۂ سہو بجا لائے۔

مسئلہ ۱۲۴۰ : جہاں نماز کا سلام نہیں کہنا چاہیے اگر کوئی شخص غلطی سے **السلام علینا و علی عباد اللہ الصالحین** کہہ دے یا **السلام علیکم** کہے تو اگرچہ اس نے **ورحمۃ اللہ وبرکاتہ** نہ کہا ہو تو تب بھی اسے چاہیے کہ دو سجدۂ سہو بجا لائے اگر غلطی سے **السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ و برکاتہ** کہے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ دو سجدۂ سہو بجا لائے۔

مسئلہ ۱۲۴۱ : جہاں سلام نہیں کہنا چاہیے اگر وہاں کوئی شخص تینوں سلام کہہ دے تو اس کے لیے

دو سجدۂ سہو کافی ہیں۔

مسئلہ ۱۲۴۲ : اگر کوئی شخص ایک سجدہ یا تشہد بھول جائے اور بعد کی رکعت کے رکوع سے پہلے اسے یاد آئے تو اسے چاہئے کہ پلٹے اور سجدہ یا تشہد بجالائے اور نماز کے بعد احتیاط واجب کی بنا پر بے محل قیام کے لیئے دو سجدۂ سہو بجالائے۔

مسئلہ ۱۲۴۳ : اگر کسی شخص کو رکوع میں یا اس کے بعد یاد آئے کہ وہ اس سے پہلے رکعت میں ایک سجدہ یا تشہد بھول گیا ہے تو اسے چاہئے کہ نماز کے سلام کے بعد احتیاط کی بنا پر سجدے یا تشہد کی قضا کرے اور اس کے بعد دو سجدۂ سہو بھی بجالائے۔

مسئلہ ۱۲۴۴ : اگر کوئی شخص نماز کے سلام کے بعد جان بوجھ کر سجدۂ سہو نہ بجالائے تو اس نے گناہ کا ارتکاب کیا ہے اور اس کے لیئے واجب ہے کہ جس قدر جلدی ہو سکے بجالائے اور اگر وہ سہواً سجدۂ سہو نہیں بجالایا تو جس وقت بھی اسے یاد آئے احتیاط کی بنا پر اسے چاہئے کہ فوراً بجالائے اور اس کے لیئے نماز کا دوبارہ پڑھنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۲۴۵ : اگر کوئی شخص شک کرے کہ مثلاً اس پر دو سجدۂ سہو واجب ہوئے ہیں یا نہیں تو ان کا بجالانا اس کے لیئے ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۲۴۶ : اگر کوئی شخص شک کرے کہ مثلاً اس پر دو سجدۂ سہو واجب ہوئے ہیں یا چار تو اس کا دو سجدے ادا کرنا کافی ہیں۔

مسئلہ ۱۲۴۷ : اگر کسی شخص کو علم ہو کہ دو سجدۂ سہو میں سے ایک سجدۂ سہو نہیں بجالایا اور تدارک بھی ممکن نہ ہو تو اسے چاہئے کہ دو سجدۂ سہو بجالائے اور اگر اسے علم ہو کہ اس نے سہواً تین سجدے کیئے ہیں تو احتیاط واجب یہ ہے کہ دوبارہ دو سجدۂ سہو بجالائے۔

سجدہ سہو کا طریقہ

مسئلہ ۱۲۴۸ : سجدۂ سہو کا طریقہ یہ ہے کہ نماز کے سلام کے بعد انسان فوراً سجدۂ سہو کی نیت کرے اور پیشانی کسی ایسی چیز پر رکھ دے جس پر سجدہ کرنا صحیح ہو اور احوط یہ ہے کہ کہے۔

مسئلہ ۱۲۴۹ : بسم اللہ و باللہ السلام علیک ایھا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ اس کے بعد اسے چاہئے کہ بیٹھ جائے اور دوبارہ سجدے میں جائے اور مذکورہ بالا ذکر پڑھے اور پھر بیٹھ جائے اور تشہد کے بعد کہے السلام علینا و علی عباد اللہ الصالحین پڑھے اور افضل یہ ہے کہ تینوں سلام پڑھے۔

بھولے ہوئے سجدے اور تشہد کی قضا

مسئلہ ۱۲۵۰ : اگر انسان سجدہ اور تشہد بھول جائے اور نماز کے بعد ان کی قضا بجالائے تو ضروری ہے کہ وہ نماز کی تمام شرائط (مثلاً بدن اور لباس کا پاک ہونا اور رو بہ قبلہ ہونا) اور دوسری شرائط پوری کرتا ہو۔

مسئلہ ۱۲۵۱ : اگر انسان کئی دفعہ سجدہ کرنا بھول جائے مثلاً ایک سجدہ پہلی رکعت میں سے اور ایک سجدہ دوسری رکعت میں سے بھول جائے تو اسے چاہئے کہ نماز کے بعد ان دونوں سجدوں کی قضا بجا لائے اور ساتھ ہی وہ سجدہ ہائے سہو بجالائے جو احتیاطاً ان کے لیئے لازم ہیں۔

مسئلہ ۱۲۵۲ : اگر انسان ایک سجدہ اور ایک تشہد بھول جائے تو وہ ترتیب کا خیال رکھتے ہوئے دونوں کو بجالائے۔

مسئلہ ۱۲۵۳ : اگر انسان دو رکعتوں میں سے دو سجدے بھول جائے تو اس کے لیئے ضروری نہیں کہ قضا کرتے وقت ترتیب سے بجالائے۔

مسئلہ ۱۲۵۴ : اگر انسان نماز کے سلام اور سجدہ یا تشہد کی قضا کے درمیان کوئی ایسا کام کرے جس کے عمداً یا سہواً کرنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے مثلاً پیٹھ قبلہ کی طرف کرے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ سجدہ اور تشہد کی قضا کے بعد دوبارہ نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۵۵ : اگر کسی شخص کو نماز کے سلام کے بعد یاد آئے کہ آخری رکعت کا ایک سجدہ یا تشہد بھول گیا ہے تو اسے چاہئے کہ لوٹ جائے اور نماز کو تمام کرے اور بے محل سلام کے لیئے دو سجدۂ سہو بجالائے۔

مسئلہ ۱۲۵۶ : اگر ایک شخص نماز کے سلام اور سجدہ یا تشہد کی قضا کے درمیان کوئی ایسا کام کرے جس کے لیئے سجدۂ سہو واجب ہو جاتا ہو مثلاً بھولے سے کلام کرے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ سجدہ یا تشہد کی قضا کرے اور اس سجدہ سہو کے علاوہ جو وہ سجدے یا تشہد کی قضا کے لیئے ادا کرے دو اور سجدۂ سہو بجا لائے۔

مسئلہ ۱۲۵۷ : اگر کسی شخص کو یہ علم نہ ہو کہ نماز میں سجدہ بھولا ہے یا تشہد تو اسے چاہئے کہ سجدے کی قضا کرے اور دو سجدۂ سہو بجالائے اور احتیاطاً تشہد کی بھی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۲۵۸ : اگر کسی شخص کو شک ہو کہ سجدہ یا تشہد بھولا ہے یا نہیں تو اس کے لیئے ان کی قضا کرنا یا سجدۂ سہو ادا کرنا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۲۵۹ : اگر کسی شخص کو علم ہو کہ سجدہ یا تشہد بھول گیا ہے اور شک کرے کہ بعد کی رکعت کے رکوع سے پہلے اسے بجالایا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ احتیاط واجب کی بنا پر اس کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۲۶۰ : جس شخص کے لیئے سجدہ یا تشہد کی قضا واجب ہو اگر کسی دوسری چیز کی وجہ سے سجدۂ سہو بھی اس پر واجب ہو جائے تو اسے چاہئے کہ نماز ادا کرنے کے بعد سجدہ یا تشہد کی قضا کرے اور اس کے بعد سجدۂ سہو بجالائے۔

مسئلہ ۱۲۶۱ : اگر کسی شخص کو شک ہو کہ نماز پڑھنے کے بعد بھولے ہوئے سجدے یا تشہد کی قضا بجالایا ہے یا نہیں اور نماز کا وقت نہ گزرا ہو تو اسے چاہئے کہ سجدہ یا تشہد کی قضا کرے اور اگر نماز کا وقت گزر گیا ہو تو اس کی قضا مستحب ہے۔

نماز کے اجزاء اور شرائط کو کم یا زیادہ کرنا

مسئلہ ۱۲۶۲ : جب نماز کے واجبات میں سے کوئی چیز جان بوجھ کر کم یا زیادہ کی جائے تو خواہ وہ ایک حرف ہی کیوں نہ ہو نماز باطل ہو جاتی ہے۔

مسئلہ ۱۲۶۳ : اگر کوئی شخص مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے کوتاہی کرتے ہوئے نماز کے واجبات میں سے کوئی چیز کم یا زیادہ کرے تو اس کی نماز باطل ہے لیکن اگر مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے صبح اور مغرب اور عشاء کی نمازوں میں حمد اور سورۂ آہستہ پڑھے یا ظہر اور عصر کی نمازوں میں حمد اور سورۂ بلند آواز سے پڑھے یا سفر میں ظہر، عصر اور عشا کی نمازوں کی چار چار رکعتیں پڑھے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۲۶۴ : اگر نماز کے دوران میں کسی شخص کی سمجھ میں یہ بات آئے کہ اس کا وضو یا غسل باطل تھا یا وضو یا غسل کیئے بغیر نماز پڑھنے لگ گیا ہے تو اسے چاہئے کہ نماز توڑ دے اور دوبارہ وضو یا غسل کے ساتھ پڑھے اور اگر اس کی سمجھ میں یہ بات نماز کے بعد آئے تو اسے چاہئے کہ وضو یا غسل کے ساتھ دوبارہ نماز پڑھے اور اگر نماز کا وقت گزر گیا ہو تو اس کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۲۶۵ : اگر کسی شخص کو رکوع میں پہنچنے کے بعد یاد آئے کہ پیشتر والی رکعت کے دو سجدے بھول گیا ہے تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر یہ بات اسے رکوع میں پہنچنے سے پہلے یاد آئے تو اسے چاہئے کہ واپس مڑے اور دو سجدے بجا لائے اور پھر کھڑا ہو جائے اور حمد اور سورہ یا تسبیحات پڑھے اور نماز کو تمام کرے اور نماز کے بعد احتیاط واجب کی بنا پر بے محل قیام کے لیئے دو سجدۂ سہو بجا لائے۔

مسئلہ ۱۲۶۶ : اگر کسی شخص کو **السلام علینا** کہنے سے پہلے یاد آئے کہ وہ آخری رکعت کے دو سجدے بجا نہیں لایا تو اسے چاہئے کہ دو سجدے بجا لائے اور دوبارہ تشہد اور سلام پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۶۷ : اگر کسی شخص کو نماز کے سلام واجب سے پہلے یاد آئے کہ اس نے نماز کے آخری حصے کی ایک یا ایک سے زیادہ رکعتیں نہیں پڑھیں ہیں تو اسے چاہئے کہ جتنا حصہ بھول گیا ہو اسے بجا لائے۔

مسئلہ ۱۲۶۸ : اگر کسی شخص کو نماز کے سلام کے بعد یاد آئے کہ اس نے نماز کے آخری حصے کی ایک یا ایک سے زیادہ رکعتیں نہیں پڑھیں اور اس سے ایسا فعل بھی سرزد ہو چکا ہو کہ اگر وہ نماز میں عمداً یا سہواً کیا جائے تو نماز کو باطل کر دیتا ہو (مثلاً اس نے قبلہ کی طرف پیٹھ کی ہو) تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر اس نے کوئی ایسا فعل نہ کیا ہو جس کا عمداً یا سہواً کرنا نماز کو باطل کرتا ہو تو اسے

چاہئے کہ جتنا حصہ پڑھنا بھول گیا ہو اسے فوراً بجا لائے اور زائد سلام کے لیئے دو سجدۂ سہو ادا کرے۔

مسئلہ ۱۲۶۹ : جب کوئی شخص نماز کے سلام کے بعد ایک ایسا فعل انجام دے جو اگر نماز کے دوران میں کیا جائے تو نماز کو باطل کر دیتا ہو (مثلاً پیٹھ قبلہ کی طرف کرے) اور بعد میں اسے یاد آئے کہ وہ دو آخری سجدے بجا نہیں لایا تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر نماز کو باطل کرنے والا کوئی فعل کرنے سے پہلے اسے یہ بات یاد آئے تو اسے چاہئے کہ جو دو سجدے ادا کرنا بھول گیا ہے انہیں بجا لائے اور دوبارہ تشہد اور سلام پڑھے اور جو سلام پہلے پڑھا ہو اس کے لیئے دو سجدۂ سہو بجا لائے۔

مسئلہ ۱۲۷۰ : اگر کسی شخص کو پتہ چلے کہ اس نے نماز وقت سے پہلے پڑھ لی ہے یا قبلہ کی طرف پیٹھ کر کے پڑھی ہے تو اسے چاہئے کہ دوبارہ پڑھے۔ اور اگر وقت گزر گیا ہو تو قضا کرے لیکن اگر اسے یہ پتہ چلے کہ اس نے نماز قبلہ کے دائیں طرف یا بائیں طرف منہ کر کے پڑھی ہے تو اگر یہ علم اسے نماز کا وقت گزرنے سے پہلے ہو تو دوبارہ پڑھے اور اگر وقت گزرنے کے بعد پتہ چلے تو بعید نہیں ہے کہ اس کی نماز قضا نہ ہو بجز اس صورت کے کہ یہ عمل حکم شرعی سے واقف نہ ہونے کی وجہ سے ہو۔

مسافر کی نماز

مسافر کو چاہئے کہ ظہر، عصر اور عشا کی نماز آٹھ شرئیں ہوتے ہوئے قصر بجا لائے یعنی دو رکعت پڑھے۔

پہلی شرط : یہ کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ شرعی سے کم نہ ہو اور فرسخ شرعی ساڑھے پانچ کیلو میٹر سے قدرے کم ہوتا ہے (جہاں تک میلوں کا سوال ہے آٹھ فرسخ شرعی کے تقریباً ۲۸ میل بنتے ہیں) یعنی تینتالیس (۴۳) کلو میٹر اور دو سو میٹر۔

مسئلہ ۱۲۷۱ : جس شخص کے جانے اور واپس آنے کی مسافت ملا کر آٹھ فرسخ ہو اور جانے کی مسافت اور اسی طرح واپسی کی مسافت چار فرسخ سے کم نہ ہو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔ اس بنا پر اگر جانے کی مسافت تین فرسخ اور واپسی کی پانچ فرسخ یا اس کے برعکس ہو تو اسے چاہئے کہ نماز

پوری یعنی چار رکعتی پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۷۲ : اگر سفر پر جانے اور واپس آنے کی مسافت آٹھ فرسخ اور دس دن سے پہلے پہلے واپس پلٹ آئے اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۷۳ : اگر ایک مختصر سفر آٹھ فرسخ سے کم ہو یا انسان کو علم نہ ہو کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ ہے یا نہیں تو اسے نماز قصر کر کے نہیں پڑھنی چاہئے اور اگر شک کرے کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ ہے یا نہیں تو اس کے لئے تحقیق کرنا ضروری نہیں اور چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۷۴ : اگر ایک عادل یا قابل اعتماد شخص بتائے کہ کسی شخص کا سفر آٹھ فرسخ ہے تو اس شخص کو چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۷۵ : اگر ایک ایسا شخص جسے یقین ہو کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ ہے نماز قصر کر کے پڑھے اور بعد میں اسے پتہ چلے کہ آٹھ فرسخ نہ تھا تو اسے چاہئے کہ نماز چار رکعتی بجالائے اور اگر وقت گزر گیا ہو تو اس کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۲۷۶ : جس شخص کو یقین ہو کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ نہیں یا شک ہو کہ آٹھ فرسخ ہے یا نہیں اور راستے میں اسے معلوم ہو جائے کہ آٹھ فرسخ تھا تو تھوڑا سا سفر باقی ہو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے اور اگر پوری نماز پڑھ چکا ہو تو دوبارہ قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۷۷ : اگر دو جگہوں کا درمیانی فاصلہ چار فرسخ سے کم ہو اور کوئی شخص کئی دفعہ ان کے درمیان آئے جائے تو خواہ ان تمام مسافتوں کا فاصلہ ملا کر آٹھ فرسخ بھی ہو جائے اسے نماز پوری پڑھنی چاہئے۔

مسئلہ ۱۲۷۸ : اگر کسی جگہ جانے کے دو راستے ہوں اور ان میں سے ایک راستہ آٹھ فرسخ سے کم اور دوسرا آٹھ فرسخ یا اس سے زیادہ ہو تو اگر انسان وہاں اس راستے سے جائے جو آٹھ فرسخ ہے تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے اور اگر اس راستے سے جائے جو آٹھ فرسخ نہیں ہے تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۷۹ : اگر شہر کے اردگرد دیوار ہو تو انسان کو چاہئے کہ آٹھ فرسخ کی ابتدا کا حساب شہر کی

دیوار سے کرے اور اگر شہر کی دیوار نہ ہو تو چاہئے کہ آٹھ فرسخ کا حساب اس کے آخری گھروں سے کرے۔

دوسری شرط : یہ ہے کہ مسافر اپنے سفر کی ابتدا سے ہی آٹھ فرسخ طے کرنے کا ارادہ رکھتا ہو لہٰذا اگر وہ اس جگہ تک کا سفر کرے جو آٹھ فرسخ سے کم ہو اور وہاں پہنچنے کے بعد کسی ایسی جگہ جانے کا ارادہ کرے جس کا فاصلہ طے کردہ فاصلے سے ملا کر آٹھ فرسخ ہو جاتا ہو تو چونکہ وہ شروع سے آٹھ فرسخ طے کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا تھا اس لیئے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے لیکن اگر وہ وہاں سے آٹھ فرسخ آگے جانے کا ارادہ کرے یا چار فرسخ جانا چاہتا ہو اور پھر چار فرسخ طے کر کے اپنے وطن یا ایسی جگہ واپس آنا چاہتا ہو جہاں اس کا ارادہ دس دن ٹھہرنے کا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۸۰ : جس شخص کو یہ علم نہ ہو کہ اس کا سفر کتنے فرسخ کا ہے (مثلاً کسی گمشدہ شخص یا چیز کو ڈھونڈنے کے لیئے سفر کر رہا ہو اور نہ جانتا ہو کہ اسے پالینے کے لیئے اسے کہاں تک جانا پڑے گا) اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔ لیکن اگر واپسی پر اس کے وطن تک کا یا اس جگہ تک کا فاصلہ جہاں وہ دس دن قیام کرنا چاہتا ہو آٹھ فرسخ یا اس سے زیادہ بنتا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔ مزید براں اگر وہ سفر پر جانے کے دوران میں ارادہ کرے کہ وہ چار فرسخ کی مسافت جاتے ہوئے اور چار فرسخ کی مسافت واپس آتے ہوئے طے کرے گا تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۸۱ : مسافر کو نماز قصر کر کے اس صورت میں پڑھنی چاہئے کہ جب اس کا آٹھ فرسخ طے کرنے کا پختہ ارادہ ہو لہٰذا اگر کوئی شخص شہر سے باہر جا رہا ہو اور مثال کے طور پر اس کا ارادہ یہ ہو کہ اگر کوئی ساتھی مل گیا تو آٹھ فرسخ کے سفر پر چلا جاؤں گا اور اسے اطمینان ہو کہ ساتھی مل جائے گا تو اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے اور اگر اسے اس بارے میں اطمینان نہ ہو تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۸۲ : جو شخص آٹھ فرسخ سفر کرنے کا ارادہ رکھتا ہو وہ اگرچہ ہر روز تھوڑی مقدار میں فاصلہ طے کرے لیکن جب وہ ایسی جگہ پہنچ جائے جہاں اپنے شہر کی اذان نہ سن سکے اور اہل شہر اسے نہ دیکھ سکیں اور اہل شہر کے اسے نہ دیکھنے کی علامت یہ ہے کہ وہ خود اہل شہر کو نہ دیکھے اسے چاہئے کہ وہ نماز قصر پڑھے لیکن اگر وہ ہر روز اتنی تھوڑی مقدار میں راستہ طے کرے کہ عموماً لوگ یہ نہ کہیں کہ

یہ مسافر ہے تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز قصر کر کے بھی پڑھے اور پوری بھی پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۸۳ : جو شخص سفر میں کسی دوسرے کے اختیار میں ہو (مثلاً نوکر جو اپنے آقا کے ساتھ سفر کر رہا ہو) اگر اسے علم ہو کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ کا ہے تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے اور اگر اسے علم نہ ہو تو پوری نماز پڑھے اور اس بارے میں پوچھنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۲۸۴ : جو شخص سفر میں کسی دوسرے کے اختیار میں ہو اگر وہ جانتا ہو یا گمان رکھتا ہو کہ چار فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اس سے جدا ہو جائے گا تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۸۵ : جو شخص سفر میں کسی دوسرے کے اختیار میں ہو اگر اسے شک ہو کہ آیا چار فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اس سے جدا ہو جائے گا یا نہیں تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے لیکن اگر اسے شک اس وجہ سے پیدا ہوا ہو کہ اسے احتمال ہو کہ اس کے سفر میں کوئی رکاوٹ پیدا ہو جائے گی اور اس کا احتمال لوگوں کی نظر میں درست نہ ہو تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

تیسری شرط : یہ ہے کہ راستے میں مسافر اپنے ارادے سے پھر نہ جائے پس اگر وہ چار فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اپنا ارادہ بدل دے یا اس کا ارادہ متزلزل ہو جائے تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۸۶ : اگر کوئی شخص چار فرسخ تک پہنچنے کے بعد سفر ترک کر دے اور واپس جانے کا پختہ ارادہ کر لے تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے اگرچہ وہ اس جگہ دس دن سے کم مدت کے لیئے ہی نہ رہنا چاہتا ہو۔

مسئلہ ۱۲۸۷ : اگر کوئی شخص کسی ایسی جگہ جانے کے لیئے جو آٹھ فرسخ دور ہو سفر شروع کر کے اور کچھ راستہ طے کرنے کے بعد کسی اور جگہ جانا چاہے اور جس پہلی جگہ سے اس نے سفر شروع کیا ہے وہاں سے اس جگہ تک جہاں وہ اب جانا چاہتا ہے آٹھ فرسخ بنتے ہوں تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۸۸ : اگر چار فرسخ جانے کے بعد مسافر کا ارادہ متزلزل ہو جائے کہ آیا آٹھ فرسخ میں سے جو مسافت باقی ہے وہ طے کرے یا کسی جگہ دس دن ٹھہرے بغیر اپنے گھر کو واپس چلا جائے تو جس

وقت وہ تردد کی حالت میں ہو کہ آیا آگے سفر کرے یا نہ کرے اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے خواہ اس کے بعد وہ پختہ ارادہ ہی کیوں نہ کر لے کہ بقیہ سفر کرے گا یا واپس لوٹ جائے گا۔

مسئلہ ۱۲۸۹ : اگر کوئی شخص چار فرسخ طے کرنے کے بعد تذبذب میں پڑ جائے کہ آٹھ فرسخ میں سے باقی ماندہ سفر طے کرے یا اپنے گھر لوٹ جائے لیکن احتمال اس بات کا ہو کہ جس جگہ وہ تذبذب میں مبتلا ہوا ہے وہاں یا کسی اور جگہ دس دن قیام کرے گا اور بعد میں پختہ ارادہ کرے کہ دس دن قیام کیئے بغیر باقی ماندہ راستہ طے کرے گا تو اس صورت میں لازم ہے کہ پوری نماز پڑھے خواہ تردد کی حالت میں سفر کرے یا نہ کرے لیکن اگر اس کا مصمم ارادہ یہ ہو کہ آٹھ فرسخ اور آگے جائے گا یا چار فرسخ تک جائے گا اور چار فرسخ واپسی پر طے کرے گا تو جس وقت وہ روانہ ہوگا اس وقت سے اس کی نماز قصر ہو گی۔

مسئلہ ۱۲۹۰ : اگر چار فرسخ طے کرنے سے پہلے مسافر تذبذب میں پڑ جائے کہ بقیہ سفر طے کرے یا نہیں اور بعد میں مصمم ارادہ کر لے باقی ماندہ راستہ طے کر لے گا اور اس کی باقی ماندہ مسافت آٹھ فرسخ ہو یا یہ چاہے کہ چار فرسخ جائے اور پھر چار فرسخ واپس آئے تو مصمم ارادہ کرنے کے بعد جس وقت سے راستہ طے کرنا شروع کرے نماز قصر کر کے پڑھے اور اس صورت میں اس بات سے بھی کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ تذبذب کی حالت میں سفر کرے یا نہ کرے۔

چوتھی شرط : یہ ہے کہ مسافر آٹھ فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اپنے وطن میں سے گزرنے یا کسی جگہ دس دن یا اس سے زیادہ دن رہنے کا ارادہ نہ رکھتا ہو پس جو شخص یہ چاہتا ہو کہ آٹھ فرسخ تک پہنچ سے پہلے اپنے وطن سے گزرے یا دس دن کسی جگہ پر رہے اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۹۱ : جس شخص کو یہ علم نہ ہو کہ آٹھ فرسخ تک پہنچ سے پہلے اپنے وطن سے گزرے گا یا نہیں یا کسی جگہ دس دن ٹھہرنے کا قصد کرے گا یا نہیں اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۹۲ : جو شخص آٹھ فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اپنے وطن سے گزرنا چاہتا ہو یا کسی جگہ دس دن رہنا چاہتا ہو اور وہ شخص بھی جو وطن سے گزرنے یا کسی جگہ دس دن رہنے کے بارے میں متذبذب ہو اگر وہ دس دن کہیں رہنے یا وطن سے گزرنے کا ارادہ ترک بھی کر دے تب بھی اسے

چاہئے کہ پوری نماز پڑھے لیکن اگر باقی ماندہ راستہ آٹھ فرسخ ہو یا چار فرسخ ہو اور وہ جانا اور واپس آنا چاہتا ہو اور واپسی کا راستہ بھی چار فرسخ ہو تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

پانچویں شرط : یہ ہے کہ مسافر حرام کام کے لیئے سفر نہ کرے اور اگر حرام کام مثلاً چوری کرنے کے لیئے سفر کرے تو اسے چاہئے کہ نماز پوری پڑھے اور اگر خود سفر ہی حرام ہو مثلاً یہ کہ اس سفر میں اس کے لیئے کوئی ایسا ضرر مضمر ہو جس کی جانب پیش قدمی شرعاً حرام ہو یا عورت شوہر کی اجازت کے بغیر (جبکہ اس عورت کو کہا جائے کہ شوہر کی نافرمان ہے۔اور فرزند ماں باپ کے منع کرنے کے باوجود (جب کہا جائے کہ وہ نافرمان ہے) ایسے سفر پر جائیں جو ان پر واجب نہ ہو تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے (یعنی مسافر کو چاہئے کہ پوری نماز پڑھے) لیکن اگر سفر حج کے سفر کی طرح واجب ہو تو نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے۔

مسئلہ ۱۲۹۳ : جو سفر واجب نہ ہو اگر وہ والدین کی اذیت کا موجب ہو تو حرام ہے اور انسان کو چاہئے کہ اس سفر میں پوری نماز پڑھے اور روزہ بھی رکھے (یعنی اگر رمضان المبارک کا مہینہ ہو تو روزے بھی رکھے)

مسئلہ ۱۲۹۴ : جس شخص کا سفر حرام نہ ہو اور وہ کسی حرام کام کے لیئے بھی سفر نہ کر رہا ہو وہ اگرچہ سفر میں گناہ بھی کرے مثلاً غیبت کرے یا شراب پیے تب بھی اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۹۵ : اگر کوئی شخص کسی واجب کام کو ترک کرنے کے لیئے سفر کرے تو خواہ سفر میں اس کی کوئی دوسری غرض ہو یا نہ ہو اسے پوری نماز پڑھنی چاہئے پس جو شخص مقروض ہو اگر وہ اپنا قرضہ ادا کر سکتا ہو اور قرض خواہ مطالبہ بھی کرے تو اگر وہ سفر کرتے ہوئے اپنا قرضہ ادا نہ کر سکے اور قرضہ دینے سے فرار حاصل کرنے کے لیئے سفر اختیار کرے تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے لیکن اگر اس کا سفر کسی اور کام کے لیئے ہو تو اگرچہ وہ سفر میں ترک واجب کا مرتکب بھی ہو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۹۶ : اگر کسی شخص کا سفر حرام نہ ہو لیکن اس کا سواری کا جانور یا سواری کی کوئی اور چیز

جس پر وہ سوار ہو غصبی ہو یا وہ غصبی زمین پر سفر کر رہا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۹۷ : جو شخص کسی ظالم کے ساتھ سفر کر رہا ہو اگر وہ مجبور ہو اور اس کا سفر کرنا ظالم کی مدد کا موجب ہو تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے اور اگر مجبور ہو یا مثال کے طور پر کسی مظلوم کو چھڑانے کے لیئے اس ظالم کے ساتھ سفر کرے تو اس کی نماز قصر ہوگی۔

مسئلہ ۱۲۹۸ : اگر کوئی شخص سیر و تفریح کی خاطر سفر کرے تو اس کا سفر حرام نہیں ہے اور اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۲۹۹ : اگر کوئی شخص کھیل تماشے اور خوش وقت گزارنے کے لیئے شکار کو جائے تو اس کی نماز جاتے وقت پوری ہے اور واپسی پر اگر مسافت کی حد پوری ہو تو قصر ہے اور اگر حصول معاش کی خاطر شکار کو جائے تو اس کی نماز قصر ہے اور اگر کمائی اور افزائش دولت کے لیئے جائے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۱۳۰۰ : اگر کوئی شخص کوئی گناہ کا کام کرنے کے لیئے سفر کرے۔ سفر سے واپسی کے وقت فقط اس کی واپسی کا سفر آٹھ فرسخ ہو تو اسے چاہئے کہ قصر کر کے پڑھے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ اگر اس نے توبہ نہ کی ہو تو نماز قصر کر کے بھی پڑھے اور پوری بھی پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۰۱ : جس شخص کا سفر گناہ کا سفر ہو (یعنی اس کی غایت کوئی ناجائز کام کرنا ہو) اگر وہ سفر کے دوران میں گناہ کا ارادہ ترک کر دے اور اس کی باقی ماندہ مسافت آٹھ فرسخ ہو یا چار فرسخ ہو اور وہ چار فرسخ جا کر بقدر چار فرسخ کا فاصلہ لوٹتے ہوئے طے کرنا چاہتا ہو تو اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے۔

مسئلہ ۱۳۰۲ : جس شخص نے گناہ کی غرض سے سفر نہ کیا ہو اگر وہ راستے میں طے کرے کہ بقیہ راستہ گناہ کے لیئے طے کرے گا تو اسے چاہئے کہ نماز پوری پڑھے البتہ اس نے جو نمازیں قصر کر کے پڑھی ہوں اگر وہ گزشتہ مسافت کی مقدار کے مطابق ہوں (یعنی جہاں اس نے ارادہ بدلا ہے وہاں تک آٹھ فرسخ پورے ہو گئے ہوں) تو صحیح ہیں ورنہ احتیاط واجب یہ ہے کہ ان نمازوں کو دوبارہ پڑھے۔

چھٹی شرط : یہ ہے کہ مسافر ان صحرا نشینوں میں سے نہ ہو جو بیابانوں میں گھومتے رہتے ہیں اور

جہاں انہیں خود اپنے اور اپنے حیوانات کے لیے پانی اور خوراک دیکھتے ہیں وہاں رک جاتے ہیں اور کچھ دنوں کے بعد دوسری جگہ چلے جاتے ہیں صحرانشینوں کو ان مسافرتوں میں پوری نماز پڑھنی چاہیے۔

مسئلہ ۱۳۰۳ : اگر کوئی صحرانشین جائے قیام اور اپنے حیوانات کے لیے چراگاہ تلاش کرنے کے لیے سفر کرے اور اسباب اور سازو سامان اس کے ہمراہ ہو تو وہ پوری نماز پڑھے ورنہ اگر اس کا سفر آٹھ فرسخ ہو تو نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۰۴ : اگر کوئی صحرانشین زیارت یا حج یا تجارت یا ان سے ملتے جلتے کسی مقصد کے تحت سفر کرے تو اسے چاہیے کہ نماز قصر پڑھے۔

ساتویں شرط : یہ ہے کہ اس شخص کا پیشہ سفر نہ ہو لہذا ساربان' گلہ بان' ڈرائیور اور ملاح وغیرہ کو چاہیے کہ خواہ وہ اپنے گھر کا سامان لے جانے کے لیے سفر کر رہا ہو نماز پوری پڑھے اور جس شخص کا پیشہ سفر ہو اس کے ساتھ وہ شخص بھی ملحق ہو جاتا ہے (یعنی اس کے لیے بھی وہی حکم ہے جو اس شخص کے لیے ہے جس کا پیشہ سفر ہو) جو کسی دوسری جگہ پر کام کرتا ہو لیکن دنوں کی قابل شمار مقدار مثلاً ایک مہینے میں دس دن یا زیادہ وہاں تک سفر کر کے لوٹ آتا ہو مثلاً وہ شخص جس کی رہائش ایک جگہ ہو اور کام (تجارت اور معلمی وغیرہ) دوسری جگہ کرتا ہو۔

مسئلہ ۱۳۰۵ : جس شخص کا شغل سفر کرنا ہو اگر وہ کسی دوسرے مقصد مثلاً زیارت، یا حج کے لیے سفر اختیار کرے تو اسے چاہیے کہ نماز قصر کر کے پڑھے لیکن اگر مثال کے طور پر ڈرائیور اپنی موٹر گاڑی زیارت کے لیے کرائے پر چلائے اور اس سلسلے میں خود بھی زیارت کر لے تو اسے چاہیے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۰۶ : باربردار یعنی وہ شخص جو حاجیوں کو مکہ پہنچانے کے لیے سفر کرتا ہو اگر اس کا شغل سفر کرنا ہو تو اسے چاہیے کہ پوری نماز پڑھے اور اگر اس کا شغل سفر کرنا نہ ہو اور صرف حج کے دنوں میں باربرداری کے لیے سفر کرتا ہو تو اس کے لیے احتیاط واجب یہ ہے کہ نماز پوری پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۰۷ : جس شخص کا شغل باربرداری ہو اور وہ دور دراز مقامات سے حاجیوں کو مکہ لے جاتا ہو اگر وہ سال کا کافی حصہ سفر میں رہتا ہو تو اسے پوری نماز پڑھنی چاہیے۔

مسئلہ ۱۳۰۸ : جس شخص کا شغل سال کے کچھ حصے میں سفر کرنا ہو مثلاً ایک ڈرائیور جو صرف گرمیوں یا سردیوں کے دنوں میں اپنی موٹر گاڑی کرائے پر چلاتا ہو اسے چاہئے کہ اس سفر میں نماز پوری پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۰۹ : ڈرائیور اور گھوم پھر کر کام کرنے والا شخص جو شہر کے آس پاس دو تین فرسخ میں آتا جاتا ہو اگر وہ اتفاقاً" آٹھ فرسخ کے سفر پر چلا جائے تو اسے چاہئے کہ نماز قصر پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۱۰ : چاروادار (وہ سوداگر جو چوپائے پر سودا لاد کر بیچتا ہے) جس کا پیشہ ہی مسافرت ہے اگر دس دن یا اس سے زیادہ عرصہ اپنے وطن میں رہ جائے تو خواہ وہ ابتداء سے دس دن رہنے کا ارادہ رکھتا ہو یا بغیر ارادے کے اتنے دن رہے اسے چاہئے کہ دس دن کے بعد جب پہلے سفر پر جائے تو نماز قصر کر کے پڑھے اور اگر اپنے وطن کے علاوہ کسی دوسری جگہ رہنے کا قصد کر کے دس دن وہاں مقیم رہے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۱۳۱۱ : چاروادار کے علاوہ جس شخص کا شغل سفر ہو اگر وہ اپنے وطن کے علاوہ کسی اور جگہ دس دن کے قصد سے رہے یا اپنے وطن میں ہی دس دن رہے خواہ ایسا کرنا بغیر قصد کے ہی کیوں نہ ہو تو دس دن کے بعد جب وہ پہلا سفر کرے تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۱۲ : چاروادار جس کا شغل سفر ہو اگر وہ شک کرے کہ وہ اپنے وطن میں یا کسی دوسری جگہ دس دن رہا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۱۳ : جو شخص شہر بہ شہر سیاحت کرتا ہو اور جس نے اپنے لیئے کوئی وطن معین نہ کیا ہوا ہو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۱۴ : جس شخص کا شغل سفر کرنا نہ ہو اگر مثلاً وہ کسی شہر یا گاؤں میں کوئی سامان رکھتا ہو اور اسے اٹھانے کے لیئے اسے پے در پے سفر کرنا پڑیں تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۱۵ : جو شخص اپنا پہلا وطن چھوڑ کر دوسرا وطن اپنانا چاہتا ہو اگر اس کا شغل سفر نہ ہو تو سفر کی حالت میں اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے۔

آٹھویں شرط : یہ ہے کہ مسافر حد ترخص تک پہنچ جائے اور حد ترخص کے معنی بیان کئے جا چکے ہیں لیکن وطن کے علاوہ حد ترخص معتبر نہیں ہے اور جونہی کوئی شخص اپنی سکونت کے مقام سے نکلے گا اس کی نماز قصر ہوگی۔

مسئلہ ۱۳۱۶ : اگر کوئی شخص سفر میں ہو اور ایسی جگہ پہنچے جہاں اپنے شہر کی اذان نہ سن سکے لیکن اہل شہر کو دیکھے یا اہل شہر کو نہ دیکھے اور اذان کی آواز سن سکے تو اگر وہ اس جگہ نماز پڑھنا چاہے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ قصر اور پوری نماز دونوں پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۱۷ : جو مسافر اپنے وطن کو واپس آرہا ہو وہ جب اپنے اہل وطن کو دیکھے اور وطن کی اذان کی آواز سنے تو اسے چاہئے کہ نماز پوری پڑھے لیکن جو مسافر وطن کے علاوہ کسی اور جگہ دس دن ٹھہرنا چاہتا ہو وہ جب تک اس جگہ نہ پہنچے اس کی نماز قصر ہے۔

مسئلہ ۱۳۱۸ : اگر شہر اتنی بلندی پر واقع ہو کہ وہاں کے رہنے والے لوگ دور سے دکھائی دیں یا اس قدر نشیب میں واقع ہو کہ اگر انسان تھوڑا سا دور بھی جائے تو وہاں کے لوگوں کو نہ دیکھ سکے تو اس شہر کے رہنے والوں میں سے جو شخص سفر میں ہو جب وہ اتنا دور چلا جائے کہ اگر وہ شہر ہموار زمین پر ہوتا تو وہاں کے لوگ اس جگہ سے دیکھے نہ جاسکتے تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے اور اسی طرح اگر راستے کی بلندی یا پستی معمول سے زیادہ ہو تو اسے چاہئے کہ معمول کا لحاظ رکھے۔

مسئلہ ۱۳۱۹ : اگر کوئی شخص ایسی جگہ سے سفر کرے جہاں کوئی نہ رہتا ہو تو جب وہ ایسی جگہ پہنچے کہ اگر کوئی اس مقام (یعنی سفر شروع کرنے کے مقام) پر رہتا ہو تو وہاں سے نظر آتا تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۲۰ : اگر مسافر اتنا دور نکل جائے کہ اسے یہ پتہ نہ چلے کہ جو آواز وہ سن رہا ہے وہ اذان کی آواز ہے یا کوئی اور آواز ہے تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے لیکن اگر یہ پتہ چلے کہ آواز اذان کی ہی ہے لیکن اذان کے کلمات سمجھ میں نہ آئیں تو پوری نماز پڑھنی چاہئے۔

مسئلہ ۱۳۲۱ : اگر مسافر ایسی جگہ پہنچ جائے کہ شہر کی وہ اذان جو عموماً بلند جگہ سے کہی جاتی ہے نہ سن پائے لیکن وہ اذان جو بہت بلند جگہ سے کہی جاتی ہو سن لے تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے

پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۲۲ : اگر مسافر کی قوت باصرہ یا قوت سامعہ یا اذان کی آواز غیر معمولی ہو تو اسے اس مقام پر پہنچ کر نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے جہاں سے متوسط قوت کی آنکھ اہل شہر کو نہ دیکھ سکے اور متوسط قوت کے کان اذان کی آواز نہ سن سکیں۔

مسئلہ ۱۳۲۳ : اگر مسافر کو سفر کے دوران میں کسی مقام پر شک ہو کہ حد ترخص تک پہنچا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے اور اگر اس مسافر کو جو سفر سے لوٹ رہا ہو شک ہو کہ حد ترخص تک پہنچا ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۲۴ : جو مسافر سفر کے دوران اپنے وطن سے گزر رہا ہو وہ جب ایسی جگہ پہنچے جہاں سے وہ اپنے اہل وطن کو دیکھ لے اور وہاں کی اذان کی آواز سن لے تو اس چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۲۵ : جو مسافر اپنی مسافرت کے دوران میں اپنے وطن پہنچ جائے اسے چاہئے کہ جب تک وہاں رہے پوری نماز پڑھے لیکن اگر وہ چاہے کہ وہاں سے آٹھ فرسخ کے فاصلے پر چلا جائے یا چار فرسخ جائے اور پھر چار فرسخ طے کر کے لوٹے تو جس وقت وہ حد ترخص پر پہنچے اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۲۶ : جس جگہ کو انسان نے اپنی سکونت اور زندگی بسر کرنے کے لیئے منتخب کیا ہو وہ اس کا وطن ہے خواہ وہ وہاں پیدا ہوا ہو اور اس کے ماں باپ کا وطن ہو یا اس نے خود اس جگہ کو زندگی بسر کرنے کے لیئے اختیار کیا ہو۔

مسئلہ ۱۳۲۷ : اگر کوئی شخص ارادہ رکھتا ہو کہ کچھ مدت ایک ایسی جگہ رہے جو اس کا وطن نہیں ہے اور بعد میں کسی اور جگہ چلا جائے تو وہ اس کا وطن تصور نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۱۳۲۸ : اگر انسان کسی جگہ کو اپنی زندگی بسر کرنے کا مقام قرار دے اور وہاں اس طرح زندگی بسر کرتا ہو جس طرح کوئی ایسا شخص جس کا وطن ہو (ان اکثر طالب علموں کی مانند جو علمی مراکز میں سکونت رکھتے ہیں اور اگر انہیں کوئی سفر پیش آئے تو دوبارہ وہیں واپس آجاتے ہیں خواہ وہ وہاں ہمیشہ رہنے کا قصد نہ رکھتے ہوں) تو اس جگہ کو اس کے وطن کے حکم میں شمار کیا جائے گا۔

مسئلہ ۱۳۲۹ : جو شخص دو مقامات پر زندگی گزارتا ہو مثلاً چھ مہینے ایک شہر میں اور چھ مہینے دوسرے شہر میں رہتا ہو تو دونوں مقامات اس کا وطن ہیں اور اگر اس نے دو مقامات سے زیادہ مقامات کو زندگی بسر کرنے کے لئے اختیار کر رکھا ہو تو وہ سب اس کا وطن شمار ہوتے ہیں۔

مسئلہ ۱۳۳۰ : جو شخص کسی ایک جگہ سکونتی مکان کا مالک ہو اگر وہ مسلسل چھ مہینے وہاں ارادے کے ساتھ رہے تو جس وقت تک وہ مکان اس کی ملکیت میں ہے جب بھی وہ سفر کے دوران وہاں پہنچے اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۳۱ : اگر ایک شخص کسی ایسے مقام پر پہنچے جو کسی زمانے میں اس کا وطن رہا ہو اور بعد میں اس نے اسے ترک کر دیا ہو تو خواہ اس نے کوئی نیا وطن اپنے لئے منتخب نہ بھی کیا ہو اسے چاہئے کہ وہاں پوری نماز نہ پڑھے اگر وہاں ذاتی ملکیت مکان یا گھر یا زمین ہو تو اس کو پوری نماز پڑھنی چاہئے۔

مسئلہ ۱۳۳۲ : اگر کسی مسافر کا کسی جگہ مسلسل دس دن رہنے کا ارادہ ہو یا وہ علم رکھتا ہو کہ بامر مجبوری دس دن تک ایک جگہ رہنا پڑے گا تو وہاں اسے پوری نماز پڑھنی چاہئے۔

مسئلہ ۱۳۳۳ : اگر کوئی مسافر کسی جگہ دس دن رہنا چاہتا ہو تو ضروری نہیں کہ اس کا ارادہ پہلی رات یا گیارہویں رات وہاں رہنے کا ہو جونہی وہ ارادہ کرے کہ پہلے دن کے طلوع آفتاب سے دسویں دن کے غروب آفتاب تک وہاں رہے گا اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے اور مثال کے طور پر اس کا ارادہ پہلے دن کی ظہر سے گیارہویں دن کی ظہر تک وہاں رہنے کا ہو تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۱۳۳۴ : جو مسافر کسی جگہ دس دن رہنا چاہتا ہو اسے اس صورت میں پوری نماز پڑھنی چاہئے جب وہ سارے کے سارے دن ایک جگہ رہنا چاہتا ہو پس اگر وہ مثال کے طور پر چاہے کہ دس دن نجف اور کوفہ یا تہران اور شمیران میں رہے تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۳۵ : جو مسافر کسی جگہ دس دن رہنا چاہتا ہو اگر وہ شروع سے ہی قصد رکھتا ہو کہ ان دس دنوں کے درمیان اس جگہ کے آس پاس ایسے مقامات پر جائے گا جو حد ترخص کی مقدار بھر یا اس سے زیادہ دور ہوں تو اگر اس کے جانے اور آنے کی مدت مثال کے طور پر تقریباً ایک یا دو گھنٹے ہو تو

عام لوگوں کے نزدیک دس دن کے قیام کے منافی نہ ہو تو پوری نماز پڑھے اور اگر وہ مدت اس سے زیادہ ہو تو احتیاطاً پوری اور قصر دونوں نمازیں پڑھے اور اگر وہ مدت سارا دن یا دن کا بیشتر حصہ ہو تو اس کی نماز قصر ہوگی۔

مسئلہ ۱۳۳۶ : اگر کسی مسافر کا کسی جگہ دس دن رہنے کا مصمم ارادہ نہ ہو مثلاً اس کا ارادہ ہو کہ اگر اس کا ساتھی آگیا یا رہنے کو اچھا مکان مل گیا تو دس دن وہاں رہے گا تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۳۷ : جب کوئی شخص کسی جگہ دس دن رہنے کا مصمم ارادہ رکھتا ہو اگر اسے اس بات کا احتمال ہو کہ اس کے وہاں رہنے میں کوئی رکاوٹ پیدا ہوگی اور اس کا یہ احتمال معقول بھی ہو تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۳۸ : اگر مسافر کو علم ہو کہ مثلاً مہینہ ختم ہونے میں دس یا دس سے زیادہ دن باقی ہیں اور کسی جگہ مہینے کے آخر تک رہنے کا ارادہ کرے تو اسے چاہئے کہ نماز پوری پڑھے بلکہ اگر اسے علم نہ ہو کہ مہینہ ختم ہونے میں کتنے دن باقی ہیں اور مہینے کے آخر تک وہاں رہنے کا ارادہ کرے اور صورت یہ ہو کہ مثال کے طور پر معلوم ہو کہ مہینے کا آخری دن جمعہ ہے لیکن مسافر یہ نہ جانتا ہو کہ اس کے ارادہ کرنے کا پہلا دن جمعرات تھا جس سے اس کے قیام کی مدت نو دن بنے یا بدھ تھا جس سے وہ مدت دس دن بنے تو اس صورت میں اگر بعد میں معلوم بھی ہو کہ اس کے ارادہ کرنے کا پہلا دن بدھ تھا تو پوری نماز پڑھے اور اگر یہ صورت نہ ہو تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے اگرچہ جس وقت اس نے ارادہ کیا تھا اس وقت سے مہینے کے آخری دن تک دس یا اس سے زیادہ دن بنتے ہوں۔

مسئلہ ۱۳۳۹ : اگر مسافر کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کرے اور ایک چار رکعتی نماز پڑھنے سے پہلے وہاں رہنے کا ارادہ ترک کر دے یا مذبذب ہو کہ وہاں رہے یا کہیں اور چلا جائے تو اسے چاہئے کہ نماز قصر کر کے پڑھے لیکن اگر ایک چار رکعتی نماز پڑھنے کے بعد وہاں رہنے کا ارادہ ترک کر دے یا مذبذب ہو جائے تو اسے چاہئے کہ جس وقت تک وہاں رہے نماز پوری پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۴۰ : اگر کوئی مسافر جس نے ایک جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو روزہ رکھ لے اور

ظہر کے بعد وہاں رہنے کا ارادہ ترک کر دے جبکہ اس نے ایک چار رکعتی نماز پڑھ لی ہو تو جب تک وہ وہاں رہے اس کے روزے درست ہیں اور اسے چاہئے کہ اپنی نمازیں پوری پڑھے اور اگر اس نے چار رکعتی نماز نہ پڑھی ہو تو اس کا اس دن کا روزہ صحیح ہے لیکن اسے چاہئے کہ اپنی نمازیں قصر کر کے پڑھے اور بعد کے دنوں میں وہ روزہ بھی نہیں رکھ سکتا۔

مسئلہ ۱۳۴۱ : اگر کوئی مسافر جس نے ایک جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو وہاں رہنے کا ارادہ ترک کر دے اور شک کرے کہ وہاں رہنے کا ارادہ ترک کرنے سے پہلے ایک چار رکعتی نماز پڑھی تھی یا نہیں تو اسے چاہئے کہ اپنی نمازیں قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۴۲ : اگر کوئی مسافر نماز کو قصر کر کے پڑھنے کی نیت سے نماز میں مشغول ہو جائے اور نماز کے دوران میں مصمم ارادہ کر لے کہ دس یا اس سے زیادہ دن وہاں رہے گا تو اسے چاہئے کہ نماز کو چار رکعتیں پڑھ کر ختم کرے۔

مسئلہ ۱۳۴۳ : اگر کوئی مسافر جس نے ایک جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو چار رکعتی نماز کے دوران میں اپنے ارادے سے پھر جائے اور ابھی تیسری رکعت میں مشغول نہ ہوا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز کو دو رکعتی پڑھ کر ختم کرے اور اپنی باقی نمازیں قصر کر کے پڑھے اور اسی طرح اگر تیسری رکعت میں مشغول ہو گیا ہو اور رکوع میں نہ گیا ہو تو اسے چاہئے کہ بیٹھ جائے اور نماز کو قصر کی شکل میں ختم کرے اور اگر رکوع میں چلا گیا ہے تو اس کی نماز باطل ہے اور اسے چاہئے کہ اس نماز کو دوبارہ قصر کر کے پڑھے اور جب تک وہاں رہے نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۴۴ : جس مسافر نے دس دن کسی جگہ رہنے کا ارادہ کیا ہو وہاں دس سے زیادہ دن رہے تو جب تک وہاں سے سفر نہ کرے اسے چاہئے کہ نماز پوری پڑھے اور یہ ضروری نہیں کہ دوبارہ دس دن رہنے کا ارادہ کرے۔

مسئلہ ۱۳۴۵ : جس مسافر نے کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو اسے چاہئے کہ واجب روزے رکھے اور مستحب روزہ بھی بجا لا سکتا ہے اور نماز جمعہ اور نافلہ ظہر و عصر و عشا بھی پڑھ سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۳۴۶ : اگر ایک مسافر جس نے کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو چار رکعتی نماز پڑھنے کے بعد یا وہاں دس دن رہنے کے بعد اگرچہ اس نے ایک بھی پوری نماز نہ پڑھی ہو یہ چاہے کہ ایک ایسی جگہ جائے جو چار فرسخ سے کم فاصلے پر ہو اور پھر لوٹ آئے اور اپنی پہلی جگہ پر دس دن یا اس سے کم مدت کے لیئے رہے تو اسے چاہئے کہ اس وقت سے جب وہ وہاں جائے اس وقت تک جب وہ لوٹے اور لوٹنے کے بعد پوری نماز پڑھے لیکن اگر اس کا اپنی اقامت کے مقام پر واپس آنا فقط اس وجہ سے ہو کہ وہ اس کے سفر کے راستے میں واقع ہو اور اس کا سفر مسافت شرعیہ (یعنی آٹھ فرسخ) ہو تو اس کے لیئے ضروری ہے کہ لوٹنے کے وقت نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۴۷ : اگر ایک مسافر جس نے کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو ایک چار رکعت والی ادا نماز پڑھنے کے بعد چاہے کہ ایک اور جگہ چلا جائے جس کا فاصلہ آٹھ فرسخ سے کم ہو اور دس دن وہاں رہے تو اسے چاہئے کہ جاتے ہوئے اور اس جگہ پر جہاں وہ دس دن رہنے کا ارادہ رکھتا ہو اپنی نمازیں پوری پڑھے لیکن اگر وہ جگہ جہاں وہ جانا چاہتا ہو آٹھ فرسخ یا اس سے زیادہ دور ہو تو اسے چاہئے کہ جانے کے وقت اپنی نمازیں قصر کر کے پڑھے اور اگر وہ وہاں دس دن نہ رہنا چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ جتنے دن وہاں رہے ان دنوں کی نمازیں بھی قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۴۸ : اگر ایک مسافر جس نے کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو ایک چار رکعت والی نماز پڑھنے کے بعد ایک ایسی جگہ جانا چاہے جو چار فرسخ سے کم دور ہو اور مذبذب ہو کہ اپنی پہلی جگہ پر واپس آئے یا نہ یا اس جگہ واپس آنے سے بالکل غافل ہو یا چاہے کہ واپس ہو جائے لیکن مذبذب ہو کہ آیا دس دن اس جگہ ٹھہرے یا نہ یا وہاں دس دن رہنے اور وہاں سے سفر کرنے سے غافل ہو جائے تو اسے چاہئے کہ جانے کے وقت سے واپسی تک اور واپسی کے بعد اپنی پوری نمازیں پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۴۹ : اگر ایک مسافر اس خیال سے کہ اس کے ساتھی کسی جگہ دس دن رہنا چاہتے ہیں اس جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کرے اور ایک چار رکعت والی ادا نماز پڑھنے کے بعد اسے پتہ چلے کہ اس کے ساتھیوں نے ایسا کوئی ارادہ نہیں کیا تو خواہ وہ خود بھی وہاں رہنے کا خیال ترک کر دے اسے چاہئے کہ جب تک وہاں رہے نماز پوری پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۵۰ : اگر ایک مسافر اتفاقاً کسی جگہ تیس دن رہ جائے مثلاً تیس کے تیس دنوں میں

وہاں سے چلے جانے یا وہاں رہنے کے بارے میں مذبذب رہا ہو تو تیس دن گزرنے کے بعد اگرچہ وہ تھوڑی مدت ہی وہاں رہے اسے چاہئے کہ نماز پوری پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۵۱ : جو مسافر نو دن یا اس سے کم مدت کے لیئے ایک جگہ رہنا چاہتا ہو اگر وہ اس جگہ نو دن یا اس سے کم مدت گزارنے کے بعد نو دن یا اس سے کم مدت کے لیئے دوبارہ وہاں رہنے کا ارادہ کرے اور اسی طرح تیس دن گزر جائیں تو اسے چاہئے کہ اکتیسویں (۳۱) دن پوری نماز پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۵۲ : تیس دن گزرنے کے بعد مسافر کو اس صورت میں نماز پوری پڑھنی چاہئے جب وہ تیس دن ایک ہی جگہ رہا ہو پس اگر اس نے مدت کا کچھ حصہ ایک جگہ اور کچھ حصہ دوسری جگہ گزار ہو تو تیس دن کے بعد بھی اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے۔

مختلف مسائل

مسئلہ ۱۳۵۳ : مسافر مسجد الحرام میں اور مسجد نبویؐ اور مسجد کوفہ میں اپنی نماز پوری پڑھ سکتا ہے اور مسافر حضرت سید الشہداء علیہ السلام کے حرم میں بھی پوری نماز پڑھ سکتا ہے بشرطیہ نماز ضریح مقدس کی اطراف کی ملحقہ دیواروں کے اندر پڑھی جائے۔

مسئلہ ۱۳۵۴ : اگر کوئی شخص جو علم رکھتا ہو کہ وہ مسافر ہے اور اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے ان چار جگہوں کے علاوہ جن کا ذکر سابقہ مسئلہ میں کیا گیا ہے کسی اور جگہ جان بوجھ کر پوری نماز پڑھے تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر بھول جائے کہ مسافر کو نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے اور پوری نماز پڑھ لے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے لیکن بھول جانے کی صورت میں اگر اسے نماز کے وقت کے بعد یہ بات یاد آئے تو اس نماز کی قضا کرنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۳۵۵ : جو شخص جانتا ہو کہ وہ مسافر ہے اور اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے اگر وہ بھول کر پوری نماز پڑھ لے اور وقت کے دوران میں اس امر کی جانب ملتفت ہو جائے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۳۵۶ : جو مسافر یہ جانتا ہو کہ اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے اگر وہ پوری نماز پڑھے تو

اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۳۵۷ : جو مسافر جانتا ہو کہ اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے اگر وہ قصر نماز کی بعض خصوصیات سے ناواقف ہو مثلاً یہ نہ جانتا ہو کہ آٹھ فرسخ کے سفر میں نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے تو اگر وہ پوری نماز پڑھ لے اور نماز کے وقت میں اس مسئلے کا پتہ چل جائے تو اسے چاہئے کہ دوبارہ نماز پڑھے اور اگر دوبارہ نہ پڑھے تو اس کی قضا کرے لیکن اگر نماز کا وقت گزرنے کے بعد اسے مسئلے کا پتہ چلے تو اس نماز کی قضا نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۳۵۸ : اگر مسافر جانتا ہو کہ اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے اگر وہ اس گمان میں پوری نماز پڑھ لے کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ سے کم ہے تو جب اسے پتہ چلے کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ کا تھا اسے چاہئے کہ جو نماز پوری پڑھی ہو اسے دوبارہ قصر کر کے پڑھے اور اگر اسے اس امر کا پتہ نماز کا وقت گزر جانے کے بعد چلے تو قضا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۳۵۹ : اگر کوئی شخص بھول جائے کہ وہ مسافر ہے اور پوری نماز پڑھ لے اور اسے نماز کے وقت کے اندر ہی یاد آجائے تو اسے چاہئے کہ قصر کر کے پڑھے اور اگر نماز کے وقت کے بعد یاد آئے تو اس نماز کی قضا اس پر واجب نہیں۔

مسئلہ ۱۳۶۰ : جس شخص کو پوری نماز پڑھنی چاہئے اگر وہ اسے قصر کر کے پڑھے تو اس کی نماز ہر صورت میں باطل ہے ماسوا اس مسافر کے جو کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ رکھتا ہو اور مسئلے کا حکم نہ جاننے کی وجہ سے نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۶۱ : اگر ایک شخص چار رکعتی نماز پڑھ رہا ہو اور نماز کے دوران میں اسے یاد آئے کہ وہ تو مسافر ہے یا اس امر کی طرف متوجہ ہو کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ ہے اور وہ ابھی تیسری رکعت کے رکوع میں نہ گیا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز کو دو رکعتوں پر ہی تمام کر دے (اور اگر تیسری رکعت کے رکوع میں نہ گیا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز کو دو رکعتوں پر ہی تمام کر دے) اور اگر تیسری رکعت کے رکوع میں جا چکا ہو تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر اس کے پاس ایک رکعت پڑھنے کے لیے بھی وقت باقی ہو تو اسے چاہئے کہ نماز کو نئے سرے سے قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۶۲ : اگر کسی مسافر کو بعض خصوصیات کا علم نہ ہو مثلاً وہ یہ نہ جانتا ہو کہ اگر چار فرسخ تک جائے اور واپسی میں چار فرسخ کا فاصلہ طے کرے تو اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے اور چار رکعت والی نماز کی نیت سے نماز میں مشغول ہو جائے اور تیسری رکعت کے رکوع سے پہلے مسئلہ اس کی سمجھ میں آجائے تو اسے چاہئے کہ نماز کو دو رکعتوں پر ہی تمام کر دے اور اگر وہ رکوع میں اس امر کی جانب متوجہ ہو تو اس کی نماز باطل ہے اور اس صورت میں اگر اس کے پاس ایک رکعت پڑھنے کے لیئے بھی وقت باقی ہو تو اسے چاہئے کہ نماز کو نئے سرے سے قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۶۳ : جس مسافر کو پوری نماز پڑھنی چاہئے اگر وہ مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے دو رکعتی نماز کی نیت سے نماز پڑھنے لگے اور نماز کے دوران میں مسئلہ اس کی سمجھ میں آجائے تو اسے چاہئے کہ چار رکعتیں پڑھ کر نماز کو تمام کرے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز ختم ہونے کے بعد دوبارہ اس نماز کو چار رکعتی پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۶۴ : جس مسافر نے ابھی نماز نہ پڑھی ہو اگر وہ نماز کا وقت ختم ہونے سے پہلے اپنے وطن پہنچ جائے یا ایسی جگہ پہنچے جہاں دس دن رہنا چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ پوری نماز پڑھے اور جو شخص مسافر نہ ہو اگر اس نے نماز کے اول وقت میں نماز نہ پڑھی ہو اور سفر اختیار کرے تو اسے چاہئے کہ سفر میں نماز قصر کر کے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۶۵ : جس مسافر کو نماز قصر کر کے پڑھنی واجب ہو اگر اس کی ظہر یا عصر یا عشاء کی نماز قضا ہو جائے تو اگرچہ وہ اس کی قضا اس وقت بجالائے جب وہ سفر میں نہ ہو اسے چاہئے کہ اس کی دو رکعتی قضا کرے اور اگر ان تین نمازوں میں سے کسی ایسے شخص کی کوئی نماز قضا ہو جائے جو مسافر نہ ہو تو اسے چاہئے کہ چار رکعتی قضا کرے اگرچہ یہ قضا وہ اس وقت کرے جب وہ سفر میں ہو وہ ملازمین یا کاروباری حضرات جو ہر روز مسافت شرعی کے حامل شہروں میں جاتے آتے ہیں وہ سفر کے دوران نماز قصر جبکہ رہائش اور کاروباری مقام پر پوری نماز پڑھیں گے اور روزے کی صورت میں زوال سے پہلے کاروباری مقام پر پہنچ جائیں اور زوال کے بعد کاروباری مقام سے رہائشی مقام کو لوٹیں۔

مسئلہ ۱۳۶۶ : مستحب ہے کہ مسافر ہر نماز کے بعد تیس مرتبہ **سبحان اللہ والحمدللہ**

ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر کے اور ظہر اور عصر اور عشاء کی تعقیبات کے متعلق بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے بلکہ بہتر ہے کہ مسافر ان تین نمازوں کی تعقیب میں یہی ذکر ساٹھ مرتبہ پڑھے۔ ذاکرین و واعظین یا دوسرے افراد جو مہینہ میں مسلسل دس دن گھر نہ رہتے ہوں کثیرالسفر ہیں وہ نماز پوری پڑھیں گے اور روزہ بھی رکھیں گے۔

قضا نماز

مسئلہ ۱۳۶۷ : جس شخص نے اپنی واجب نماز اس نماز کے وقت میں نہ پڑھی ہو اسے چاہئے کہ اس کی قضا بجالائے اگرچہ وہ نماز کے تمام وقت کے دوران میں سویا رہا ہو یا اس نے مدہوشی کی وجہ سے نماز نہ پڑھی ہو لیکن جو نمازیں کسی عورت نے حیض یا نفاس کی حالت میں نہ پڑھی ہوں ان کی قضا واجب نہیں خواہ وہ پنج گانہ نمازیں ہوں یا کوئی اور ہوں۔

مسئلہ ۱۳۶۸ : اگر کسی شخص کو نماز کے وقت کے بعد پتہ چلے کہ جو نماز اس نے پڑھی تھی وہ باطل تھی تو اسے چاہئے کہ اس نماز کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۳۶۹ : جس شخص کی نماز قضا ہو جائے اسے چاہئے کہ اس کی قضا کرنے میں کوتاہی نہ کرے البتہ اس کا فوراً پڑھنا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۳۷۰ : جس شخص پر نماز کی قضا واجب ہو وہ نماز مستحب پڑھ سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۳۷۱ : اگر کسی شخص کو احتمال ہو کہ قضا نماز اس کے ذمے ہے یا جو نمازیں وہ پڑھ چکا ہے وہ صحیح نہیں تھیں تو مستحب ہے کہ ان نمازوں کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۳۷۲ : روزانہ نمازوں کی قضا میں ترتیب لازم نہیں ہے سوائے ان نمازوں کے جن کی ادا میں ترتیب ہے مثلاً ایک دن کی نماز ظہر و عصر یا مغرب و عشاء اگرچہ دوسری نمازوں میں بھی ترتیب کا لحاظ رکھنا بہتر ہے۔

مسئلہ ۱۳۷۳ : اگر کوئی شخص چاہے کہ روزانہ نمازوں کے علاوہ چند نمازوں مثلاً نماز آیات کی قضا کرے یا مثال کے طور پر چاہے کہ ایک روزانہ نماز اور چند غیر یومیہ نمازوں کی قضا کرے تو ان کا

ترتیب کے ساتھ قضا کرنا ضروری نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۳۷۴ : اگر کوئی شخص ان نمازوں کی ترتیب بھول جائے جو اس نے نہیں پڑھیں تو بہتر ہے کہ انہیں اس طرح پڑھے کہ اسے یقین ہو جائے کہ اس نے وہ اسی ترتیب سے پڑھی ہیں جس ترتیب سے وہ قضا ہوئی تھیں مثلاً اگر ظہر کی ایک نماز اور مغرب کی ایک نماز کی قضا اس پر واجب ہو اور اسے یہ معلوم نہ ہو کہ کون سی پہلے قضا ہوئی تھی تو پہلے ایک نماز مغرب اور اس کے بعد ایک نماز ظہر اور دوبارہ نماز مغرب پڑھے یا پہلے ایک نماز ظہر اور اس کے بعد ایک نماز مغرب اور پھر دوبارہ ایک نماز ظہر پڑھے تاکہ اسے یقین ہو جائے کہ جو نماز بھی پہلے قضا ہوئی وہ پہلے ہی پڑھی گئی ہے۔

مسئلہ ۱۳۷۵ : اگر کسی شخص سے ایک دن کی نماز ظہر اور ایک دن کی نماز عصر یا دو نماز ظہر یا دو نماز عصر قضا ہوئی ہوں اور اسے یہ علم نہ ہو کہ کونسی پہلے قضا ہوئی ہے تو وہ دو نمازیں چار رکعتی اس نیت سے پڑھے کہ ان میں سے پہلی نماز پہلے دن کی قضا ہے اور دوسری دوسرے دن کی قضا ہے تو ترتیب حاصل ہونے میں یہ کافی ہے۔

مسئلہ ۱۳۷۶ : اگر کسی شخص کی ایک نماز ظہر اور ایک نماز عشاء یا ایک نماز عصر اور ایک نماز عشاء قضا ہو جائے اور اسے یہ علم نہ ہو کہ کون سی پہلے قضا ہوئی ہے تو بہتر یہ ہے کہ انہیں اس طرح پڑھے کہ اسے یقین ہو جائے کہ اس نے انہیں اسی ترتیب سے پڑھا ہے جس ترتیب سے وہ قضا ہوئی تھیں مثلاً اگر اس سے ایک نماز ظہر اور ایک نماز عشاء قضا ہوئی ہو اور اسے یہ علم نہ ہو کہ پہلے کون سی قضا ہوئی تھی تو وہ پہلے ایک نماز ظہر اس کے بعد ایک نماز عشاء اور پھر دوبارہ ایک نماز ظہر پڑھے یا پہلے ایک نماز عشاء اس کے بعد ایک نماز ظہر اور پھر دوبارہ ایک نماز عشاء پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۷۷ : اگر کسی شخص کو علم ہو کہ اس نے ایک چار رکعتی نماز نہیں پڑھی لیکن یہ علم نہ ہو کہ وہ ظہر کی نماز تھی یا عشاء کی تو اگر وہ ایک چار رکعتی نماز اس نماز کی قضا کی نیت سے پڑھے جو اس نے نہیں پڑھی تو کافی ہے اور اسے اختیار ہے کہ وہ نماز بلند آواز سے پڑھے یا آہستہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۷۸ : اگر کسی شخص کی مسلسل پانچ نمازیں قضا ہو جائیں تو اسے یہ علم نہ ہو کہ ان میں سے پہلے کون سی تھی تو اگر وہ نمازیں ترتیب سے پڑھے مثلاً نماز صبح سے شروع کرے اور ظہر و عصر

اور مغرب عشاء پڑھنے کے بعد دوبارہ نماز صبح اور ظہر و عصر اور مغرب پڑھے تو اسے ترتیب کے بارے میں یقین حاصل ہو جائے گا۔

مسئلہ ۱۳۷۹ : جس شخص کو علم ہو کہ اس کی پنج گانہ نمازوں میں سے کوئی نہ کوئی ایک نہ ایک دن قضا ہوئی ہے لیکن ان کی ترتیب نہ جانتا ہو تو بہتر یہ ہے کہ پانچ دن رات کی نمازیں پڑھے اور اگر چھ دنوں میں اس کی چھ نمازیں قضا ہوئی ہوں تو چھ دن رات کی نمازیں پڑھے اسی طرح ہر اس نماز کے لیئے جس سے اس کی قضا نمازوں میں اضافہ ہو ایک مزید دن رات کی نمازیں پڑھے تاکہ اسے یقین ہو جائے کہ اس نے نمازیں اسی ترتیب سے پڑھی ہیں جس ترتیب سے قضا ہوئی تھیں مثلاً سات دن کی سات نمازیں نہ پڑھی ہوں تو سات دن رات کی نمازوں کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۳۸۰ : مثال کے طور پر اگر کسی کی چند صبح کی نمازیں یا چند ظہر کی نمازیں قضا ہو گئی ہوں اور وہ ان کی تعداد نہ جانتا ہو یا بھول گیا ہو مثلاً یہ نہ جانتا ہو کہ وہ تین تھیں یا چار تھیں یا پانچ تھیں تو اگر وہ کمتر مقدار میں پڑھ لے تو کافی ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ اتنی نمازیں پڑھے کہ اسے یقین ہو جائے کہ ساری قضا شدہ نمازیں پڑھ لی ہیں مثلاً اگر وہ بھول گیا ہو کہ اس کی کتنی نمازیں قضا ہوئی تھیں اور اسے یقین ہو کہ ساری زیادہ نہ تھیں تو احتیاطاً صبح کی دس نمازیں پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۸۱ : جس شخص کی گذشتہ دنوں کی فقط ایک نماز قضا ہوئی ہو اس کے لیئے بہتر یہ ہے کہ اگر ممکن ہو تو پہلے قضا پڑھے اور اس کے بعد اس دن کی نماز میں مشغول ہو اور اگر اس کی گذشتہ دنوں کی کوئی نماز قضا نہ ہوئی ہو لیکن اسی دن کی ایک یا ایک سے زیادہ نمازیں قضا ہوئی ہوں ہو تو اگر ممکن ہو تو بہتر یہ ہے کہ اس دن کی قضا نمازیں ادا نماز سے پہلے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۸۲ : اگر کسی شخص کو نماز پڑھتے ہوئے یاد آئے کہ اسی دن کی ایک یا زیادہ نمازیں اس سے قضا ہو گئی ہیں یا گذشتہ دنوں کی صرف ایک قضا نماز اس کے ذمہ ہے تو اگر وقت وسیع ہو اور نیت کو قضا نماز کی طرف پھیرنا ممکن ہو تو بہتر یہ ہے کہ قضا نماز کی نیت کرے۔ مثلاً اگر ظہر کی نماز میں تیسری رکعت کے رکوع سے پہلے اسے یاد آئے کہ اس دن کی صبح کی نماز قضا ہوئی ہے اور اگر ظہر کی نماز کا وقت بھی تنگ نہ ہو تو نیت کو صبح کی نماز کی طرف پھیر دے اور نماز کو دو رکعتی تمام کرے اور اس کے بعد نماز ظہر پڑھے ہاں اگر وقت تنگ ہو یا نیت کو قضا نماز کی طرف نہ پھیر سکتا ہو مثلاً نماز ظہر

کی تیسری رکعت کے رکوع میں اسے یاد آئے کہ اس نے صبح کی نماز نہیں پڑھی چونکہ اگر وہ نماز صبح کی نیت کرنا چاہے تو ایک رکوع جو کہ رکن ہے زیادہ ہو جاتا ہے اس لیئے اسے نیت کو صبح کی قضا کی طرف نہیں پھیرنا چاہیے۔

مسئلہ ۱۳۸۳ : اگر گذشتہ دنوں کی قضا نمازیں ایک شخص کے ذمے ہوں اور دن کی ایک یا ایک سے زیادہ نمازیں بھی اس سے قضا ہو گئی ہوں اور ان سب نمازوں کو قضا کرنے کے لے اس کے پاس وقت نہ ہو یا وہ ان سب کو اسی دن نہ پڑھنا چاہتا ہو تو مستحب ہے کہ اس دن کی قضا نمازوں کو ادا نماز سے پہلے پڑھے اور بہتر یہ ہے کہ سابق نمازیں قضا کرنے کے بعد ان قضا نمازوں کو جو اس دن ادا نماز سے پہلے پڑھی ہوں دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۸۴ : جب تک انسان زندہ ہے خواہ وہ اپنی نمازیں پڑھنے سے عاجز ہی کیوں نہ ہو کوئی دوسرا شخص اس کی قضا نمازیں نہیں پڑھ سکتا۔

مسئلہ ۱۳۸۵ : قضا نماز باجماعت بھی پڑھی جاسکتی ہے خواہ امام جماعت کی نماز ادا یا قضا ہو اور یہ ضروری نہیں کہ دونوں ایک ہی نماز پڑھیں مثلاً کوئی شخص صبح کی قضا نماز کو امام کی نماز ظہر یا نماز عصر کے ساتھ پڑھے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۳۸۶ : مستحب ہے کہ ممیز بچے کو (یعنی اس بچے کو جو برے بھلے کی تمیز رکھتا ہو) نماز پڑھنے اور دوسری عبادات بجالانے کی عادت ڈالی جائے بلکہ مستحب ہے کہ اسے قضا نمازیں پڑھنے پر بھی آمادہ کیا جائے۔

باپ کی قضا نمازیں جو بڑے بیٹے پر واجب ہیں

مسئلہ ۱۳۸۷ : اگر کسی شخص نے اپنی کچھ نمازیں نہ پڑھی ہوں اور انہیں قضا کرنے پر بھی قدرت نہ رکھتا ہو تو گو اس نے امر خداوندی کی نافرمانی کرتے ہوئے اس واجب کو ترک کیا ہو احتیاط کی بنا پر اس کے بڑے بیٹے پر واجب ہے کہ باپ کے مرنے کے بعد اس کی نمازوں کی قضا کرے یا کسی کو اجرت دے کر پڑھوائے اور ماں کی نمازوں کی قضا کرنا اس پر واجب نہیں اگرچہ بہتر ہے کہ ماں کی نمازیں بھی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۳۸۸ : اگر بڑے بیٹے کو شک ہو کہ کوئی قضا نماز اس کے باپ کے ذمے تھی یا نہیں تو پھر اس پر کچھ واجب نہیں۔

مسئلہ ۱۳۸۹ : اگر بڑے بیٹے کو معلوم ہو کہ اس کے باپ کے ذمے قضا نمازیں تھیں اور شک ہو کہ انہیں بجالایا تھا یا نہیں تو احتیاط کی بنا پر اسے چاہئے کہ ان کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۳۹۰ : اگر یہ معلوم نہ ہو کہ بڑا بیٹا کون سا ہے تو باپ کی نمازوں کی قضا کسی بیٹے پر بھی واجب نہیں لیکن احتیاط واجب یہ ہے کہ بیٹے باپ کی قضا نمازیں آپس میں تقسیم کر لیں یا انہیں بجالانے کے لیئے قرعہ اندازی کریں۔

مسئلہ ۱۳۹۱ : اگر کسی مرنے والے نے وصیت کی ہو کہ اس کی قضا نمازوں کے لیئے کسی کو اجیر بنایا جائے (یعنی کسی کو اجرت دے کر اس سے وہ نمازیں پڑھوائی جائیں) تو اگر اجیر اس کی نمازیں صحیح طور پر پڑھ دے تو اس کے بعد بڑے بیٹے پر کچھ کرنا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۳۹۲ : اگر بڑا بیٹا اپنی ماں کی قضا نمازیں پڑھنا چاہے تو اسے چاہئے کہ بلند آواز سے یا آہستہ نماز پڑھنے کے بارے میں اپنے وظیفے کے مطابق عمل کرے لہذا اسے چاہئے کہ اپنی ماں کی صبح کی نماز اور مغرب کی اور عشاء کی نمازوں کی قضا بلند آواز سے پڑھے۔

مسئلہ ۱۳۹۳ : جس شخص کے اپنے ذمے کسی نماز کی قضا ہو اگر وہ باپ اور ماں کی نمازیں بھی قضا کرنا چاہے تو ان میں سے جو بھی پہلے بجالائے صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۳۹۴ : اگر باپ کے مرنے کے وقت بڑا بیٹا نابالغ یا دیوانہ ہو تو اسے چاہئے کہ جب بالغ یا عاقل ہو جائے تو باپ کی نمازوں کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۳۹۵ : اگر بڑا بیٹا باپ کی نمازیں قضا کرنے سے پہلے مر جائے تو دوسرے بیٹے پر کچھ بھی واجب نہیں۔

نماز جماعت

مسئلہ ۱۳۹۶ : واجب نمازیں خصوصاً پنج گانہ نمازیں جماعت کے ساتھ پڑھنا مستحب ہے اور صبح

سے پڑوس میں رہنے والے کو اس شخص کو جو مسجد کی اذان کی آواز سنتا ہو نماز صبح اور مغرب و عشاء جماعت کے ساتھ پڑھنے کی بالخصوص بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے۔

مسئلہ ۱۳۹۷ : معتبر روایات میں وارد ہوا ہے کہ نماز با جماعت نماز فرادی سے پچیس گنا افضل ہے۔

مسئلہ ۱۳۹۸ : بے اعتنائی برتتے ہوئے نماز جماعت میں شریک نہ ہونا جائز نہیں ہے اور انسان کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ بغیر عذر کے نماز جماعت کو ترک کرے۔

مسئلہ ۱۳۹۹ : مستحب ہے کہ انسان صبر کرے تاکہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھے اور نماز جماعت اس نماز سے بہتر ہے جو اول وقت میں فرادیٰ یعنی تنہا پڑھی جائے۔ ہاں فضیلت کے وقت میں تنہا نماز پڑھنا اس نماز جماعت سے افضل ہے جو فضیلت کے وقت میں نہ پڑھی جائے نیز جو نماز جماعت کے ساتھ مختصر پڑھی جائے تو وہ لمبی کر کے پڑھی جانے والی نماز فرادیٰ سے بہتر ہے۔

مسئلہ ۱۴۰۰ : جب جماعت کے ساتھ نماز پڑھی جانے لگے تو مستحب ہے کہ جس شخص نے تنہا نماز پڑھی ہو وہ دوبارہ جماعت کے ساتھ پڑھے اور اگر اسے بعد میں پتہ چلے کہ اس کی پہلی نماز باطل تھی تو دوسری نماز کافی ہے۔

مسئلہ ۱۴۰۱ : امام جماعت کا مقتدیوں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے میں اشکال ہے سوائے ایک صورت کے اور وہ یہ ہے کہ امام جماعت بن کر نماز کا اعادہ کرے بشرطیکہ مقتدیوں میں کوئی ایسا ہو جس نے واجب نماز نہ پڑھی ہو۔

مسئلہ ۱۴۰۲ : جس شخص کو نماز میں اس قدر وسواس ہوتا ہو کہ نماز کے باطل ہونے کا موجب بن جاتا ہو اور وہ صرف جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے اسے وسواس سے نجات ملتی ہو اسے چاہئے کہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھے۔

مسئلہ ۱۴۰۳ : اگر باپ یا ماں اپنے فرزند کو حکم دیں کہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھے تو اگر فرزند کا نماز جماعت ترک کرنا نافرمانی کا موجب بنتا ہو تو اس پر نماز جماعت واجب ہو جاتی ہے اور اس صورت کے علاوہ واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۴۰۴ : مستحب نماز جماعت کے ساتھ نہیں پڑھی جا سکتی سوائے نماز استسقاء کے جو بارش کے نزول کے لیئے پڑھی جاتی ہے اور ایسی نماز کے کہ جو پہلے واجب رہی ہو اور پھر کسی وجہ سے مستحب ہو گئی ہو مثلاً نماز عید فطر و قربان جو امام علیہ السلام کے زمانے میں واجب تھی اور ان کی غیبت کی وجہ سے مستحب ہو گئی ہے۔

مسئلہ ۱۴۰۵ : جس وقت امام جماعت نماز پنج گانہ میں سے کوئی نماز پڑھا رہا ہو پنج گانہ نمازوں میں سے کوئی بھی نماز اس کی اقتداء میں پڑھی جا سکتی ہے۔

مسئلہ ۱۴۰۶ : اگر امام جماعت نماز پنج گانہ میں قضا شدہ اپنی نماز پڑھ رہا ہو یا کسی دوسرے شخص کی ایسی نماز کی قضا پڑھ رہا ہو جس کا قضا ہونا یقینی ہو تو اس کی اقتداء کی جا سکتی ہے لیکن اگر وہ اپنی یا کسی دوسرے کی نماز کی قضا احتیاطاً" کر رہا ہو تو اس کی اقتداء جائز نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۴۰۷ : اگر انسان کو یہ علم ہو کہ جو نماز امام پڑھ رہا ہے وہ واجب پنج گانہ نمازوں میں سے ہے یا مستحب نماز ہے تو اس نماز میں امام کی اقتداء نہیں کی جا سکتی۔

مسئلہ ۱۴۰۸ : جماعت کے صحیح ہونے کے لیئے یہ شرط ہے کہ امام مقتدی کے درمیان اور اسی طرح ایک مقتدی اور دوسرے ایسے مقتدی کے درمیان جو اس مقتدی اور امام کے درمیان واسطہ ہو کوئی چیز حائل نہ ہو اور حائل چیز سے مراد وہ چیز ہے جو دیکھنے میں مانع ہو جیسے کہ پردہ یا دیوار وغیرہ پس اگر نماز کی تمام یا بعض حالتوں میں امام اور مقتدی کے درمیان یا مقتدی اور دوسرے ایسے مقتدی کے درمیان جو اتصال کا ذریعہ ہو کوئی ایسی چیز حائل ہو جائے تو جماعت باطل ہو گی اور جیسا کہ بعد میں ذکر ہو گا عورت اس حکم سے مستثنیٰ ہے۔

مسئلہ ۱۴۰۹ : اگر پہلی صف کے لمبا ہونے کی وجہ سے اس کے دونوں طرف کھڑے ہونے والے لوگ امام جماعت کو نہ دیکھ سکیں تب بھی وہ اقتداء کر سکتے ہیں اور اسی طرح اگر دوسری صفوں میں سے کسی صف کی لمبائی کی وجہ سے اس کے دونوں طرف کھڑے ہونے والے لوگ اپنے سے آگے والی صف کو نہ دیکھ سکیں تب بھی وہ اقتداء کر سکتے ہیں۔

مسئلہ ۱۴۱۰ : اگر جماعت کی صفیں مسجد کے دروازے تک پہنچ جائیں تو جو شخص دروازے کے

سامنے صف کے پیچھے کھڑا ہو اس کی نماز صحیح ہے اور جو اشخاص اس شخص کے پیچھے کھڑے ہو کر امام جماعت کی اقتداء کر رہے ہوں ان کی نماز بھی صحیح ہے بلکہ ان لوگوں کی نماز بھی صحیح ہے جو دونوں طرف کھڑے نماز پڑھ رہے ہوں اور کسی دوسرے مقتدی کے توسط سے جماعت سے متصل ہوں۔

مسئلہ ۱۴۱۲ : امام جماعت کے کھڑے ہونے کی جگہ مقتدی کی جگہ سے بنا بر احتیاط اونچی نہیں ہونی چاہئے اور اگر زمین ڈھلوان ہو اور امام اس طرف کھڑا ہو جو زیادہ تر بلند ہو تو اگر ڈھلوان زیادہ نہ ہو اور اس طرح ہو کہ عموماً اسے زمین کی سطح کہا جائے تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۱۴۱۳ : نماز جماعت میں اگر مقتدی کی جگہ امام کی جگہ سے اونچی ہو تو کوئی حرج نہیں ہے لیکن اگر اس قدر اونچی ہو کہ یہ نہ کہا جاسکے کہ وہ ایک جگہ جمع ہوئے ہیں تو جماعت صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۴۱۴ : اگر ان لوگوں کے درمیان جو ایک صف میں کھڑے ہوں ایک ایسے شخص کا فاصلہ ہو جائے جس کی نماز باطل ہو وہ لوگ اقتداء نہیں کر سکتے۔

مسئلہ ۱۴۱۵ : امام کی تکبیر کے بعد اگر اگلی صف کے لوگ نماز کے لیئے تیار ہوں اور تکبیر کہنے ہی والے ہوں تو جو شخص پچھلی صف میں کھڑا ہو وہ تکبیر کہہ سکتا ہے لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ وہ انتظار کرے تاکہ اگلی صف والے تکبیر کہہ لیں۔

مسئلہ ۱۴۱۶ : اگر کوئی شخص جانتا ہو کہ اگلی صفوں میں سے ایک صف کی نماز باطل ہے تو وہ پچھلی صفوں میں اقتداء نہیں کر سکتا۔ لیکن اگر اسے علم نہ ہو کہ اس صف کے لوگوں کی نماز صحیح ہے یا نہیں تو اقتداء کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۴۱۷ : جب کوئی شخص جانتا ہو کہ امام کی نماز باطل ہے مثلاً اسے علم ہو کہ امام وضو سے نہیں ہے تو خواہ امام خود امر کی جانب متوجہ نہ بھی ہو وہ شخص اس کی اقتداء نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۱۴۱۸ : اگر مقتدی کو نماز کے بعد پتہ چلے کہ امام عادل نہ تھا یا کافر تھا یا کسی وجہ سے مثلاً وضو نہ ہونے کی وجہ سے اس کی نماز باطل تھی تو اگر مقتدی نے کوئی ایسا عمل نہ کیا ہو جس کے سوا کرنے سے فرادیٰ نماز باطل ہو جاتی ہو (مثلاً رکوع کی زیادتی) تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۴۱۹ : اگر کوئی شخص نماز کے دوران میں شک کرے کہ اس نے اقتداء کی ہے یا نہیں اور

اگر وہ نماز یہ سمجھ کر پڑھ رہا تھا کہ جماعت کے ساتھ پڑھ رہا ہے اور احتمال ہو کہ اس نے بھول چوک کی وجہ سے جماعت کی نیت نہیں کی تو اگر وہ (شک کرنے کے وقت) اس حالت میں ہو جو مقتدی کا وظیفہ ہے مثلاً امام کو حمد اور سورہ پڑھتے ہوئے سن رہا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز جماعت کے ساتھ ہی ختم کرے لیکن شک کرنے کے وقت اگر وہ کسی ایسے فعل میں مشغول ہو جو امام اور مقتدی دونوں کا وظیفہ ہو مثلاً رکوع یا سجدے میں ہو تو اسے چاہئے کہ نماز فرادیٰ کی نیت سے ختم کرے۔

مسئلہ ۱۴۲۰ : اگر نماز کے دوران میں مقتدی فرادیٰ کا ارادہ کرنا چاہے تو اگر نماز کی ابتدا سے اس کا یہ ارادہ نہ رہا ہو تو کوئی حرج نہیں لیکن اگر اس کا ارادہ نماز کی ابتدا سے یہی تھا تو پھر اس میں اشکال ہے۔

مسئلہ ۱۴۲۱ : اگر مقتدی امام کے حمد اور سورہ پڑھنے کے بعد فرادیٰ کی نیت کرے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ تمام حمد اور سورہ پڑھے اور اگر حمد اور سورہ ختم ہونے سے پہلے (یعنی امام کے حمد اور سورہ ختم کرنے سے پہلے) فرادیٰ کی نیت کرے تو ضروری ہے کہ حمد اور سورہ کی جتنی مقدار امام نے پڑھی ہے وہ بھی پڑھے۔

مسئلہ ۱۴۲۲ : اگر کوئی شخص نماز جماعت کے دوران میں فرادیٰ کی نیت کرے تو پھر وہ دوبارہ نماز جماعت کی نیت نہیں کر سکتا بلکہ اگر مذبذب ہو کہ فرادیٰ کی نیت کرے یا نہ کرے، بعد میں نماز جماعت کے ساتھ تمام کرنے کا مصمم ارادہ کرے تو اس کی جماعت کے ساتھ پڑھی ہوئی نماز صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۴۲۳ : اگر کوئی شخص شک کرے کی نماز کے دوران میں اس نے فرادیٰ کی نیت کی ہے یا نہیں تو اسے چاہئے کہ یہ سمجھ لے کہ اس نے فرادیٰ کی نیت نہیں کی۔

مسئلہ ۱۴۲۴ : اگر کوئی شخص اس وقت اقتداء کرے جب امام رکوع میں ہو اور امام کے رکوع میں شریک ہو جائے تو اگرچہ امام نے رکوع کا ذکر پڑھ لیا ہو اس شخص کی نماز صحیح ہے اور وہ ایک رکعت شمار ہو گی لیکن اگر وہ شخص بقدر رکوع کے جھکے تاہم امام کے رکوع میں شریک نہ ہو پائے (یعنی امام اس وقت رکوع کے بعد کھڑا ہو چکا ہو) تو اس شخص کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۴۲۵ : اگر کوئی شخص اس وقت اقتداء کرے جب امام رکوع میں ہو اور بقدر رکوع کے

جھکے اور شک کرے کہ امام کے رکوع میں شریک ہوا ہے یا نہیں تو اس شخص کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۴۲۶ : اگر کوئی شخص اس وقت اقتداء کرے جب امام رکوع میں ہو اور اس سے پیشتر کہ وہ بقدر رکوع کے جھک جائے اور امام رکوع سے سر اٹھا لے تو احتیاط واجب کی بنا پر اس شخص کو چاہیے کہ فرادیٰ کی نیت باندھ لے۔

مسئلہ ۱۴۲۷ : اگر کوئی شخص نماز کی ابتدا میں یا حمد اور سورہ کے دوران میں اقتداء کرے، اور اتفاقاً اس سے پیشتر رکوع میں جائے امام اپنا سر رکوع سے اٹھا لے تو اس شخص کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۴۲۸ : اگر کوئی شخص نماز کے لیئے ایسے وقت پہنچے جب امام نماز کا آخری تشہد پڑھ رہا ہو اور وہ شخص چاہتا ہو کہ نماز جماعت کا ثواب حاصل کرے تو اسے چاہیے کہ نیت باندھے اور تکبیرۃ الاحرام کہنے کے بعد بیٹھ جائے اور تشہد امام کے ساتھ پڑھے لیکن سلام نہ کہے اور صبر کرے تاکہ امام نماز کا سلام پڑھ لے اس کے بعد وہ شخص کھڑا ہو جائے اور دوبارہ نیت کرے اور تکبیر کہے بغیر حمد اور سورۃ پڑھے اور اسے اپنی نماز کی پہلی رکعت شمار کرے۔

مسئلہ ۱۴۲۹ : مقتدی کو امام سے آگے نہیں کھڑا ہونا چاہیے احتیاط واجب کی بنا پر اگر مقتدی صرف مرد ہو تو امام کے دائیں طرف قدرے پیچھے کھڑا ہو اور اگر مقتدی کئی ایک ہوں تو امام کی پشت کے پیچھے کھڑے ہوں اور پہلی صورت میں اگر مقتدی کا قد امام سے لمبا ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے یوں کھڑا ہونا چاہیے کہ رکوع اور سجود میں امام سے آگے نہ بڑھ جائے۔

مسئلہ ۱۴۳۰ : اگر امام مرد اور مقتدی عورت ہو تو اگر عورت اور امام کے درمیان یا عورت اور دوسرے مرد مقتدی کے درمیان جو عورت اور امام کے درمیان اتصال کا ذریعہ ہو کوئی پردہ وغیرہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۱۴۳۱ : اگر نماز شروع ہونے کے بعد امام اور مقتدی کے درمیان یا مقتدی اور اس شخص کے درمیان جس کے توسط سے مقتدی امام سے متصل ہو پردہ یا کوئی دوسری چیز حائل ہو جائے تو جماعت باطل ہو جاتی ہے اور لازم ہے کہ مقتدی تنہا نماز پڑھنے والے کے وظیفے کے مطابق عمل کرے۔

مسئلہ ۱۴۳۲ : احتیاط واجب یہ ہے کہ مقتدی کے سجدے کی جگہ اور امام کے کھڑا ہونے کی جگہ

کے درمیان بقدر ایک میٹر کے فاصلہ نہ ہو اور اگر انسان ایک ایسے مقتدی کے توسط سے جو اس کے آگے کھڑا ہو، امام سے متصل ہو تب بھی یہی حکم ہے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ مقتدی کے سجدے کی جگہ اور اس سے آگے والے شخص کے کھڑے ہونے کی جگہ کے درمیان کم فاصلہ نہ ہو۔

مسئلہ ۱۴۳۳ : اگر مقتدی کسی ایسے شخص کے توسط سے امام سے متصل ہو جس نے اس کے دائیں طرف یا بائیں طرف اقتداء کی ہو اور سامنے سے امام سے متصل نہ ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ اس شخص سے جس نے اس کی دائیں طرف یا بائیں طرف اقتداء کی ہو ایک میٹر کا فاصلہ رکھتا ہو۔

مسئلہ ۱۴۳۴ : اگر نماز کے دوران میں مقتدی اور امام یا مقتدی اور اس شخص کے درمیان جس کے توسط سے مقتدی امام سے متصل ہو ایک میٹر کا فاصلہ ہو جائے تو اس مقتدی کو چاہئے کہ فرادیٰ یعنی تنہا نماز پڑھنے کا ارادہ کرے اور اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۴۳۵ : جو اگلی صف میں ہوں اگر ان سب کی نماز ختم ہو جائے اور وہ فوراً بھی دوسری نماز کے لیے امام کی اقتداء کر لیں تو پچھلی صف والوں کی نماز جماعت صحیح ہونے میں اشکال ہے۔

مسئلہ ۱۴۳۶ : اگر کوئی شخص دوسری رکعت میں اقتداء کرے تو اس کے لیے حمد اور سورۃ پڑھنا ضروری نہیں البتہ قنوت اور تشہد امام کے ساتھ پڑھے اور احتیاط یہ ہے کہ تشہد پڑھتے وقت ہاتھوں کی انگلیاں اور پاؤں کا اگلا حصہ زمین پر رکھے اور گھٹنے اٹھالے اور تشہد کے بعد اسے چاہئے کہ امام کے ساتھ کھڑا ہو جائے اور حمد اور سورۃ پڑھے اور اگر سورۃ کے لیے وقت نہ رکھتا ہو تو حمد کو تمام کرے اور رکوع میں امام کے ساتھ مل جائے اور اگر رکوع میں امام کے ساتھ نہ مل سکے تو احتیاط واجب کی بنا پر فرادیٰ یعنی تنہا نماز کا قصد کرے۔

مسئلہ ۱۴۳۷ : اگر کوئی شخص اس وقت اقتداء کرے جب امام چار رکعتی نماز کی دوسری رکعت پڑھا رہا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنی نماز کی دوسری رکعت میں جو امام کی تیسری رکعت ہو گی دو سجدوں کے بعد بیٹھ جائے اور واجب مقدار میں تشہد پڑھے اور پھر اٹھ کھڑا ہو اور اگر تین دفعہ تسبیحات پڑھنے کا وقت نہ رکھتا ہو تو چاہئے کہ ایک دفعہ پڑھے اور رکوع میں اپنے آپ کو امام سے شریک کرے۔

مسئلہ ۱۴۳۸ : اگر امام تیسری یا چوتھی رکعت میں ہو اور مقتدی جانتا ہو کہ اگر اقتداء کرے گا اور حمد پڑھے گا تو امام کے ساتھ رکوع میں شامل نہ ہو سکے گا تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے امام کے رکوع میں جانے تک انتظار کرنا چاہئے اور پھر اقتداء کرنی چاہیے۔

مسئلہ ۱۴۳۹ : اگر کوئی شخص امام کی تیسری یا چوتھی رکعت میں قیام کی حالت میں ہونے کے وقت اقتداء کرے تو اسے چاہئے کہ حمد اور سورۃ کے لیئے وقت نہ رکھتا ہو تو اسے چاہئے کہ حمد تمام کرے اور رکوع میں امام کے ساتھ شریک ہو جائے اور اگر رکوع میں امام کے ساتھ شریک نہ ہو سکے تو احتیاط واجب کی بنا پر فرادیٰ یعنی تنہا نماز پڑھنے کی نیت کرے۔

مسئلہ ۱۴۴۰ : اگر ایک شخص جانتا ہو کہ وہ سورۃ یا قنوت پڑھے تو رکوع میں امام کے ساتھ شریک نہیں ہو سکتا اور عمداً سورۃ یا قنوت پڑھے اور رکوع میں امام کے ساتھ شریک نہ ہو تو اظہر یہ ہے کہ اس کی نماز صحیح ہے اور اسے چاہئے کہ منفرد کے وظیفے کے مطابق عمل کرے۔

مسئلہ ۱۴۴۱ : جو شخص اطمینان رکھتا ہو کہ اگر سورہ شروع کرے یا اسے تمام کرے تو بشرطیکہ سورہ زیادہ لمبا نہ ہو وہ رکوع میں امام کے ساتھ شریک ہو جائے گا تو اس کے لیئے بہتر یہ ہے کہ سورہ شروع کرے یا اگر شروع کیا ہو تو اسے تمام کرے اور اگر سورہ زیادہ طویل ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اسے شروع نہ کرے اور اگر شروع کر چکا ہو تو اسے پورا نہ کرے۔

مسئلہ ۱۴۴۲ : جو شخص یقین رکھتا ہو کہ سورہ پڑھ کر امام کے ساتھ رکوع میں شریک ہو جائے گا اگر وہ سورہ پڑھ کر امام کے ساتھ رکوع میں شریک نہ ہو سکے تو اس کی جماعت صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۴۴۳ : اگر امام قیام کی حالت میں ہو اور مقتدی کو علم نہ ہو کہ وہ کون سی رکعت میں ہے تو وہ اقتداء کر سکتا ہے لیکن اسے چاہئے کہ حمد سورۃ قربت کی نیت سے پڑھے اگرچہ بعد میں اسے پتہ چل جائے کہ امام کی پہلی یا دوسری رکعت تھی۔

مسئلہ ۱۴۴۴ : اگر کوئی شخص اس خیال سے کہ امام پہلی یا دوسری رکعت میں ہے حمد اور سورہ نہ پڑھے اور رکوع کے بعد اسے پتہ چل جائے کہ وہ یعنی امام تیسری یا چوتھی رکعت میں تھا تو اس کی یعنی مقتدی کی نماز صحیح ہے لیکن اگر اسے رکوع سے پہلے پتہ چل جائے تو اسے چاہئے کہ حمد اور سورہ

پڑھے اور اگر وقت نہ رکھتا ہو تو فقط حمد پڑھے اور رکوع میں امام کے ساتھ شریک ہو جائے اور اگر شریک نہ ہو سکے تو احتیاط واجب کی بنا پر فرادیٰ یعنی تنہا نماز کی نیت کرے۔

مسئلہ ۱۴۴۵ : اگر کوئی شخص یہ خیال کرتے ہوئے حمد اور سورہ پڑھے کہ امام تیسری یا چوتھی رکعت میں ہے اور رکوع سے پہلے یا اس کے بعد اسے پتہ چلے کہ امام پہلی یا دوسری رکعت میں تھا تو اس کی یعنی مقتدی کی نماز صحیح ہے اور اگر یہ بات اسے حمد و سورہ پڑھتے ہوئے معلوم ہو تو حمد و سورہ کا تمام کرنا اس کے لیئے ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۴۴۶ : اگر کوئی شخص نماز مستحب پڑھ رہا ہو اور جماعت قائم ہو جائے اور اسے اطمینان نہ ہو کہ اگر نماز مستحب کو تمام کرے گا تو جماعت کے ساتھ شریک ہو سکے گا تو مستحب ہے کہ جو نماز پڑھ رہا ہو اسے چھوڑ دے اور نماز میں شامل ہو جائے بلکہ اگر اسے اطمینان نہ ہو کہ پہلی رکعت میں شریک ہو سکے گا تب بھی مستحب ہے کہ اسی حکم کے مطابق عمل کرے۔

مسئلہ ۱۴۴۷ : اگر کوئی شخص تین رکعتی یا چار رکعتی نماز پڑھ رہا ہو اور جماعت قائم ہو جائے اور وہ ابھی تیسری رکعت کے رکوع میں نہ گیا ہو اور اسے اطمینان نہ ہو کہ اگر نماز کو پورا کرے گا تو جماعت میں شریک ہو سکے گا تو مستحب ہے کہ مستحبی نماز کی نیت کے ساتھ اس نماز کو دو رکعت پر ختم کر دے اور جماعت کے ساتھ شریک ہو جائے۔

مسئلہ ۱۴۴۸ : اگر امام کی نماز ختم ہو جائے اور مقتدی تشہد یا پہلا سلام پڑھنے میں مشغول ہو تو اس کے لیئے فرادیٰ یعنی تنہا نماز کی نیت کرنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۴۴۹ : جو شخص امام سے ایک رکعت پیچھے ہو اس کیلئے بہتر ہے کہ جب امام آخری رکعت کا تشہد پڑھ رہا ہو تو ہاتھوں کی انگلیاں اور پاؤں کا اگلا حصہ زمین پر رکھے اور گھٹنوں کو بلند کرے اور امام کے سلام نماز کہنے کا انتظار کرے اور پھر کھڑا ہو جائے اور اگر اسی وقت فرادیٰ یعنی تنہا نماز کا قصد کرنا چاہے تو کوئی حرج نہیں لیکن اگر شروع سے فرادیٰ کا قصد رکھتا ہو تو نماز کا صحیح ہونا مشکل ہے۔

امام جماعت کی شرائط

مسئلہ ۱۴۵۰ : امام جماعت کے لیئے ضروری ہے کہ بالغ، عاقل، شیعہ اثنا عشری، عادل اور حلال

زادہ ہو اور نماز صحیح پڑھ سکتا ہو اور اگر مقتدی مرد ہو تو اس کا امام بھی مرد ہونا چاہئے اگر ایک ممیز بچہ جو بھلے برے کو سمجھتا ہو کسی دوسرے ممیز بچے کی اقتداء کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں اگرچہ جماعت کے اثرات اس پر مترتب نہیں ہوتے یعنی اسے جماعت نہیں کہا جا سکتا۔

مسئلہ ۱۴۵۱ : جو شخص پہلے ایک امام کو عادل سمجھتا تھا اگر شک کرے کہ وہ اب بھی اپنی عدالت پر قائم ہے یا نہیں تب بھی اس کی اقتداء کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۴۵۲ : جو شخص کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہو وہ کسی ایسے شخص کی اقتداء نہیں کر سکتا جو بیٹھ کر یا لیٹ کر نماز پڑھتا ہو اور جو شخص بیٹھ کر نماز پڑھتا ہو وہ کسی ایسے شخص کی اقتداء نہیں کر سکتا جو لیٹ کر نماز پڑھتا ہو۔

مسئلہ ۱۴۵۳ : جو شخص بیٹھ کر نماز پڑھتا ہو وہ اس شخص کی اقتداء کر سکتا ہے جو بیٹھ کر نماز پڑھتا ہو اور جو شخص لیٹ کر نماز پڑھتا ہو اس کا کسی ایسے شخص کی اقتداء کرنا جو لیٹ کر یا بیٹھ کر نماز پڑھتا ہو محل اشکال ہے (یعنی مشکل ہے کہ صحیح ہو)۔

مسئلہ ۱۴۵۴ : اگر امام جماعت کسی عذر کی وجہ سے نجس لباس یا تیمم یا جبیرے کے وضو سے نماز پڑھے تو اس کی اقتداء کی جا سکتی ہے۔

مسئلہ ۱۴۵۵ : اگر امام کو کوئی ایسی بیماری ہو جس کی وجہ سے وہ پیشاب اور پاخانہ نہ روک سکتا ہو تو اس کی اقتداء کی جا سکتی ہے نیز جو عورت مستحاضہ ہو وہ مستحاضہ عورت کی اقتداء کر سکتی ہے۔

مسئلہ ۱۴۵۶ : بہتر یہ ہے کہ جو شخص جذام یا برص کا مریض ہو وہ امام جماعت نہ بنے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ جس شخص پر حد شرعی جاری ہوئی ہو لوگ اس کی اقتداء نہ کریں اور اسی طرح اہل شہر کسی خانہ بدوش کی اقتداء نہ کریں۔

مسئلہ ۱۴۵۷ : نماز کی نیت کرتے وقت مقتدی کو چاہئے کہ امام کو معین کرلے لیکن امام کا نام جاننا ضروری نہیں اور اگر نیت کرے کہ میں موجودہ امام جماعت کی اقتداء کرتا ہوں تو اس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۴۵۸ : مقتدی کو چاہئے کہ حمد اور سورہ کے علاوہ نماز کی سب چیزیں خود پڑھے لیکن اس

ساتھ سجدہ میں جائے اور دونوں صورتوں میں بہتر یہ ہے کہ نماز جماعت کے ساتھ تمام کرے اور پھر دوبارہ بھی پڑھے۔

مسئلہ ۱۴۷۳ : اگر مقتدی سہوا امام سے پہلے رکوع میں چلا جائے اور صورت یہ ہو کہ اگر دوبارہ قیام کی حالت میں آجائے تو امام کی قرات کا کچھ حصہ سن سکے تو اگر وہ سر اٹھا لے اور دوبارہ امام کے ساتھ رکوع میں جائے تو اس کی جماعت اور نماز صحیح ہے اور اگر وہ جان بوجھ کر دوبارہ قیام کی حالت میں نہ آئے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۴۷۴ : اگر مقتدی سہوا امام سے پہلے رکوع میں چلا جائے اور صورت یہ ہو کہ اگر دوبارہ قیام کی حالت میں آئے تو امام کی قرات کا کوئی حصہ نہ سن سکے تو اگر وہ اس قصد کے ساتھ امام کے ساتھ نماز پڑھے اپنا سر اٹھا لے اور امام کے ساتھ رکوع میں جائے تو اس کی جماعت اور نماز صحیح ہے اور اگر وہ عمدا دوبارہ قیام کی حالت میں نہ آئے تو اس کی نماز صحیح ہے اور وہ منفرد ہو جائے گا یعنی اس کی نماز فرادیٰ شمار ہو گی۔

مسئلہ ۱۴۷۵ : اگر مقتدی غلطی سے امام سے پہلے سجدے میں چلا جائے تو اگر وہ اس مقصد کے ساتھ کہ امام کے ساتھ نماز پڑھے اپنا سر اٹھا لے اور امام کے ساتھ سجدے میں جائے تو اس کی جماعت اور نماز صحیح ہے اور اگر عمدا سجدے سے سر اٹھا لے تو اس کی نماز صحیح ہے اور اگر عمدا سجدے سے سر نہ اٹھے تو اس کی نماز صحیح ہو گی لیکن وہ منفرد ہو جائے گا یعنی اس کی نماز فرادیٰ شمار ہو گی۔

مسئلہ ۱۴۷۶ : اگر امام غلطی سے ایک ایسی رکعت میں قنوت پڑھ دے جس میں قنوت نہ ہو یا ایک ایسی رکعت میں جس میں تشہد نہ ہو غلطی سے تشہد پڑھنے لگ جائے تو مقتدی کو قنوت اور تشہد نہیں پڑھنا چاہئے لیکن وہ امام سے پہلے نہ رکوع میں جا سکتا ہے اور نہ امام کے کھڑا ہونے سے پہلے کھڑا ہو سکتا ہے بلکہ اسے چاہئے کہ امام کے تشہد اور قنوت ختم کرنے تک انتظار کرے اور باقی ماندہ نماز اس کے ساتھ پڑھے۔

نماز جماعت میں امام اور مقتدی کے فرائض

مسئلہ ۱۴۷۷ : احتیاط واجب کی بنا پر اگر مقتدی صرف ایک ہو تو اسے تھوڑا سا امام کے پیچھے

دائیں طرف کھڑا ہونا چاہئے اوراگر ایک یا چند عورتیں ہوں تو انہیں امام کے پیچھے کھڑا ہونا چاہئے اور اگر ایک مرد اور ایک عورت یا ایک مرد اور چند عورتیں ہوں تو مردوں کو تھوڑا سا امام کے پیچھے دائیں طرف اور عورت یا عورتوں کو امام کے پیچھے کھڑا ہونا چاہئے اور اگر چند مرد اور ایک یا چند عورتیں ہوں تو مردوں کو امام کے پیچھے اور عورتوں کو مردوں کے پیچھے کھڑا ہونا چاہیے۔

مسئلہ ۱۴۷۸ : اگر امام اور مقتدی دونوں عورتیں ہوں تو احتیاط کی بنا پر واجب ہے کہ سب ایک دوسری کے برابر برابر کھڑی ہوں اور امام مقتدیوں سے آگے نہ کھڑی ہو۔

مسئلہ ۱۴۷۹ : مستحب ہے کہ امام صف کے درمیان میں کھڑا ہو اور صاحبان علم و کمال اور متقی حضرات پہلی صف میں کھڑے ہوں۔

مسئلہ ۱۴۸۰ : مستحب ہے کہ جماعت کی صفیں منظم ہوں اور جو اشخاص ایک صف میں کھڑے ہوں ان کے درمیان فاصلہ نہ ہو اور ان کے کندھے ایک دوسرے کے کندھوں سے ملے ہوئے ہوں۔

مسئلہ ۱۴۸۱ : مستحب ہے کہ "قدقامت الصلاۃ" کہنے کے بعد مقتدی کھڑے ہو جائیں۔

مسئلہ ۱۴۸۲ : مستحب ہے کہ امام جماعت اس مقتدی کی حالت کا لحاظ کرے جو دوسروں سے کمزور ہو اور قنوت اور رکوع اور سجود کو طول نہ دے بجز اس صورت کے اسے علم ہو کہ تمام اشخاص جنہوں نے اس کی اقتداء کی ہے طول دینے کی جانب مائل ہیں۔

مسئلہ ۱۴۸۳ : مستحب ہے کہ امام جماعت حمد اور سورہ اور بلند آواز میں پڑھے جانے والے اذکار پڑھتے ہوئے اپنی آواز کو بلند کرے کہ دوسرے سن لیں لیکن اسے چاہئے کہ آواز مناسب حد سے زیادہ نہ ہو۔

مسئلہ ۱۴۸۴ : اگر امام کی حالت رکوع میں معلوم ہو جائے کہ کوئی شخص ابھی ابھی آیا ہے اور اقتداء کرنا چاہتا ہے تو مستحب ہے کہ رکوع کو معمول سے دگنا طول دے اور پھر کھڑا ہو جائے خواہ اسے معلوم ہو جائے کہ کوئی دوسرا شخص بھی اقتداء کے لیئے آیا ہے۔

نماز جماعت کے مکروہات

مسئلہ ۱۴۸۵ : اگر جماعت کی صفوں میں جگہ ہو تو انسان کے لیئے تنہا کھڑا ہونا مکروہ ہے۔

مسئلہ ۱۴۸۶ : مقتدی کا نماز کے اذکار کو اس طرح پڑھنا کہ امام سن لے مکروہ ہے۔

مسئلہ ۱۴۸۷ : جو مسافر ظہر و عصر و عشاء کی نمازیں قصر کر کے پڑھتا ہو اس کے لیئے ان نمازوں میں کسی ایسے شخص کا امام بننا مکروہ ہے جو مسافر نہ ہو اور جو شخص مسافر نہ ہو اس کے لیئے مکروہ ہے کہ ان نمازوں میں مسافر کی اقتداء کرے۔

نماز آیات

مسئلہ ۱۴۸۸ : نماز آیات جس کے پڑھنے کا طریقہ بعد میں بیان ہوگا چار چیزوں کی وجہ سے واجب ہوتی ہیں۔

۱ ... سورج گرہن

۲ ... چاند گرہن' اگرچہ اس کے کچھ حصے کو ہی گرہن لگے اور کسی انسان پر اس کی وجہ سے خوف بھی طاری نہ ہوا ہو۔

۳ ... زلزلہ' اگرچہ اس سے کوئی بھی خوف زدہ نہ ہوا ہو۔

۴ ... بادلوں کی گرج اور بجلی کی کڑک اور سیاہ اور سرخ آندھی اور انہی جیسی اور آسمانی نشانیاں جن سے اکثر لوگ خوفزدہ ہو جائیں۔

مسئلہ ۱۴۸۹ : علاوہ ازیں زمین کے حادثات (مثلاً سمندر کے پانی کا اتر جانا اور پہاڑوں کا گرنا جن سے اکثر لوگ خوفزدہ ہو جاتے ہیں) کی صورت میں بھی احتیاط واجب کی بنا پر نماز آیات کو ترک نہیں کرنا چاہیے۔

مسئلہ ۱۴۹۰ : جن چیزوں کے لیئے نماز آیات پڑھنا واجب ہے اگر وہ ایک سے زیادہ وقوع پذیر ہو جائیں تو انسان کو چاہئے کہ ان میں سے ہر ایک کے لیئے نماز آیات پڑھے مثلاً اگر سورج کو بھی گرہن لگ جائے اور زلزلہ بھی آجائے تو دونوں کے لیئے دو الگ نمازیں پڑھنی چاہیں۔

مسئلہ ۱۴۹۱ : اگر کسی شخص پر کئی نماز آیات واجب ہوں خواہ سب اس پر ایک ہی چیز کی وجہ سے واجب ہوئی ہوں (مثلاً سورج کو تین دفعہ گرہن لگا ہو اور اس نے اس کی نمازیں نہ پڑھی ہوں) یا مختلف چیزوں کی وجہ سے (مثلاً سورج گرہن اور چاند گرہن اور زلزلے کی وجہ سے) واجب ہوئی ہوں تو ان کی قضا کرتے وقت یہ ضروری نہیں کہ وہ اس بات کا تعین کرے کہ کون سے قضا کون سی چیز کے لیئے کر رہا ہے۔

مسئلہ ۱۴۹۲ : جن چیزوں کے لیئے نماز آیات پڑھنا واجب ہے وہ جس شہر میں وقوع پذیر ہوں فقط اسی شہر کے لوگوں کے لیئے ضروری ہے کہ نماز آیات پڑھیں اور دوسرے مقامات کے لوگوں کے لیئے اس کا پڑھنا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۴۹۳ : انسان کو چاہیئے کہ جب سورج یا چاند کو گرہن لگنے لگے تو نماز آیات پڑھے اور بہتر یہ ہے کہ اتنی دیر نہ کرے کہ سورج یا چاند گرہن سے نکلنے لگے۔

مسئلہ ۱۴۹۴ : اگر کوئی شخص نماز آیات پڑھنے میں اتنی تاخیر کر دے کہ سورج یا چاند گرہن سے نکلنا شروع ہو جائے تو ادا کی نیت کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن اگر اس کے مکمل طور پر گرہن سے نکل چکنے کے بعد نماز پڑھے تو پھر اسے چاہیئے کہ قضا کی نیت کرے۔

مسئلہ ۱۴۹۵ : اگر سورج یا چاند کے گرہن لگنے کی مدت ایک رکعت نماز پڑھنے کے برابر یا اس سے بھی کم ہو تو اس صورت میں نماز آیات کا واجب ہونا احتیاط پر مبنی ہے اور اگر ان کے گرہن کی مدت اس سے زیادہ ہو لیکن انسان نماز نہ پڑھے یہاں تک کہ گرہن کے ختم ہونے سے ایک رکعت کی مقدار کے برابر وقت باقی ہو اس صورت میں نماز آیات واجب ہے اور ادا کی نیت سے پڑھنی چاہیئے۔

مسئلہ ۱۴۹۶ : جب بھی زلزلہ اور گرج اور برق وقوع پذیر ہوں تو انسان کو چاہیئے کہ فوراً نماز آیات پڑھے یعنی جلدی پڑھے کہ لوگوں کی نظروں میں تاخیر کرنا شمار نہ ہو اور اگر تاخیر کرے تو گنہگار ہے اور بنابر احتیاط پڑھتے وقت ادا اور قضا کی نیت کرے۔

مسئلہ ۱۴۹۷ : اگر کسی شخص کو سورج یا چاند کے گرہن میں آنے کا پتہ چلے اور ان کے گرہن سے نکل آنے کے بعد پتہ چلے کہ پورے سورج یا پورے چاند کو گرہن لگا تھا تو اسے چاہیئے کہ نماز

آیات کی قضا کرے لیکن اگر اسے پتہ چلے کہ کچھ حصے کو گرہن لگا تھا تو نماز آیات کی قضا اس پر واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۴۹۸ : اگر کچھ اشخاص جن کے کہنے پر بھروسہ نہ ہو۔ کہیں کہ سورج یا چاند کو گرہن لگا ہے اور انسان کو ان کے کہنے سے یقین یا شخصی اطمینان حاصل نہ اور ان اشخاص میں کوئی ثقہ شخص نہ ہو اور اس لیئے وہ شخص نماز آیات نہ پڑھے اور بعد میں پتہ چلے کہ انہوں نے ٹھیک کہا تھا تو اس صورت میں جب کہ پورے سورج یا چاند کو گرہن لگا ہو انسان کو چاہئے کہ نماز آیات پڑھے لیکن اگر کچھ حصے کو گرہن لگا ہو تو نماز آیات کا پڑھنا اس پر واجب نہیں ہے اور یہی حکم اس صورت میں ہے کہ جب کہ دو اشخاص جن کے عادل ہونے کے بارے میں علم نہ ہو یہ کہیں کہ سورج یا چاند کو گرہن لگا ہے اور بعد میں معلوم ہو کہ وہ عادل تھے۔

مسئلہ ۱۴۹۹ : اگر انسان کو ان لوگوں کے کہنے پر جو علمی قاعدے کی روح سے سورج اور چاند گرہن کو لگنے کا وقت جانتے ہوں اطمینان حاصل ہو جائے کہ سورج یا چاند گرہن لگا ہے تو احتیاط کی بنا پر اسے چاہئے کہ نماز آیات پڑھے اور اسی طرح اگر وہ کہیں کہ سورج یا چاند کو فلاں وقت گرہن لگے گا اور اتنی دیر تک رہے گا اور انسان کو ان کے کہنے سے اطمینان حاصل ہو جائے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ ان کے کہنے پر عمل کرے۔

مسئلہ ۱۵۰۰ : اگر کسی شخص کو علم ہو جائے کہ جو نماز آیات اس نے پڑھی ہے وہ باطل تھی اسے چاہئے کہ دوبارہ پڑھے اور اگر وقت گذر گیا ہو تو اس کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۵۰۱ : اگر نماز پنج گانہ کے وقت نماز آیات بھی انسان پر واجب ہو جائے اور اس کے پاس دونوں کے لیئے وقت ہو تو جونسی بھی پہلے پڑھ لے کوئی حرج نہیں ہے اور دونوں میں سے کسی ایک کا وقت تنگ ہو تو وہ پہلے پڑھے جس کا وقت تنگ ہو رہا ہے اور اگر دونوں کا وقت تنگ ہو رہا ہے تو اسے چاہئے کہ پہلے نماز پنج گانہ پڑھے۔

مسئلہ ۱۵۰۲ : اگر کسی شخص کو نماز پنج گانہ پڑھتے ہوئے علم ہو جائے کہ نماز آیات کا وقت تنگ ہے اور نماز پنج گانہ کا وقت بھی تنگ ہو تو اسے چاہئے کہ پہلے نماز پنج گانہ کو تمام کرے اور بعد میں نماز

آیات پڑھے اور اگر نماز پنج گانہ کا وقت تنگ نہ ہو تو اسے توڑ دے اور پہلے نماز آیات اور اس کے بعد نماز پنج گانہ بجالائے۔

مسئلہ ۱۵۰۳ : اگر کسی شخص کو نماز آیات پڑھتے ہوئے علم ہو جائے کہ نماز پنج گانہ کا وقت تنگ ہے تو اسے چاہئے کہ نماز آیات کو چھوڑ دے اور نماز پنج گانہ پڑھنے میں مشغول ہو جائے اور نماز پنج گانہ کو تمام کرنے کے بعد اس سے پیشتر کہ کوئی ایسا کام کرے جو نماز کو باطل کرتا ہو باقی ماندہ نماز آیات اسی جگہ سے پڑھے جہاں سے چھوڑی تھی۔

مسئلہ ۱۵۰۴ : اگر عورت کے حیض یا نفاس کی حالت میں ہونے کے وقت سورج یا چاند گرہن لگ جائے یا رعد اور برق اور انہی جیسی کوئی اور چیز وقوع پذیر ہو تو اس پر نماز آیات واجب نہیں ہے اور نہ اس کی قضا واجب ہے۔

نماز آیات پڑھنے کا طریقہ

مسئلہ ۱۵۰۵ : نماز آیات کی دو رکعتیں ہیں اور ہر رکعت میں پانچ رکوع ہیں۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ نیت کرنے کے بعد انسان تکبیر کہے اور ایک دفعہ حمد اور ایک پورا سورہ پڑھے اور رکوع میں جائے اور پھر رکوع سے سر اٹھائے پھر دوبارہ ایک دفعہ حمد اور ایک سورہ پڑھے اور پھر رکوع میں جائے اسی عمل کو پانچ دفعہ انجام دے اور پانچویں رکوع سے قیام کی حالت میں آنے کے بعد دو سجدے بجالائے اور پھر اٹھ کھڑا ہو اور پہلی رکعت کی طرح دوسری رکعت بھی بجالائے اور تشہد اور سلام پڑھے۔

مسئلہ ۱۵۰۶ : نماز آیات میں یہ بھی ممکن ہے کہ انسان نیت کرنے اور تکبیر اور حمد پڑھنے کے بعد ایک سورہ کی آیتوں کے پانچ حصے کرے اور ایک آیت یا اس سے کچھ کم یا اس سے کچھ زیادہ پڑھے اور رکوع میں جائے اور پھر کھڑا ہو جائے اور حمد پڑھے بغیر اسی سورہ کا دوسرا حصہ پڑھے اور پھر رکوع میں جائے اور اسی طرح اس عمل کو دہراتا رہے حتی کہ پانچویں رکوع سے پہلے سورے کو تمام کر دے مثلاً **قل ھو اللہ احد** کے قصد سے **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** پڑھے اور رکوع میں جائے اس کے بعد کھڑا ہو اور پڑھے **قل ھو اللہ احد** اور دوبارہ رکوع میں جائے اور رکوع کے بعد کھڑا ہو اور

پڑھے **اللہ الصمد** پھر رکوع میں جائے اور پھر کھڑا ہو اور پڑھے **لم یلد ولم یولد** اور رکوع میں چلا جائے اور پھر سر اٹھائے اور کھڑا ہو جائے اور پڑھے **ولم یکن لہ کفواً احد** اور اس کے بعد دو سجدے کرے اور دوسری رکعت بھی پہلی رکعت کی طرح بجالائے اور اس کے دوسرے سجدے کے بعد تشہد اور سلام پڑھے اور یہ بھی جائز ہے کہ سورے کو پانچ سے کم حصوں میں تقسیم کرے لیکن جس وقت بھی سورہ تمام کرے لازم ہے کہ بعد والے رکوع سے پہلے حمد پڑھے۔

مسئلہ ۱۵۰۷ : اگر کوئی شخص نماز آیات کی ایک رکعت میں پانچ دفعہ حمد اور سورہ پڑھے اور دوسری رکعت میں ایک دفعہ حمد پڑھے اور سورے کو پانچ حصوں میں تقسیم کر دے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۵۰۸ : جو چیزیں نماز پنج گانہ میں واجب اور مستحب ہیں وہ نماز آیات میں بھی واجب اور مستحب ہیں البتہ اگر نماز آیات جماعت کے ساتھ ہو رہی ہو تو اذان اور اقامت کی جگہ تین دفعہ الصلوٰۃ کہنا مستحب ہے لیکن اگر نماز جماعت کے ساتھ نہ پڑھی جارہی ہو تو کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔

مسئلہ ۱۵۰۹ : نماز آیات پڑھنے والے کے لیئے مستحب ہے کہ رکوع سے پہلے اور اس کے بعد تکبیر کہے اور پانچویں اور دسویں رکوع کے بعد تکبیر سے پہلے **سمع اللہ لمن حمدہ** بھی کہے۔

مسئلہ ۱۵۱۰ : دوسرے، چوتھے، چھٹے، آٹھویں اور دسویں رکوع سے پہلے قنوت مستحب ہے اور اگر قنوت صرف دسویں رکوع سے پہلے پڑھ لیا جائے تب بھی کافی ہے۔

مسئلہ ۱۵۱۱ : اگر کوئی شخص نماز آیات میں شک کرے کہ کتنی پڑھی ہیں اور کسی نتیجے پر نہ پہنچ سکے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ ۱۵۱۲ : اگر کوئی شخص جو نماز آیات پڑھ رہا ہو شک کرے کہ آیا وہ پہلی رکعت کے آخری رکوع میں ہے یا دوسری رکعت کے پہلے رکوع میں اور کسی نتیجے پر نہ پہنچ سکے تو اس کی نماز باطل ہے لیکن اگر مثال کے طور پر شک کرے کہ چار رکوع بجالایا ہے یا پانچ اور اس کا یہ شک سجدے میں جانے سے پہلے ہو تو جس رکوع کے بارے میں اسے شک ہو کہ بجالایا ہے یا نہیں اسے بجالانا چاہئے لیکن اگر

سجدے میں پہنچ گیا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے شک کی پروانہ کرے۔

مسئلہ ۱۵۱۳ : نماز آیات کا ہر رکوع رکن ہے اور اگر ان میں عمداً یا سہواً کمی یا بیشی ہو جائے تو نماز باطل ہے۔

عید فطر و قربان کی نماز

مسئلہ ۱۵۱۴ : امام علیہ السلام کے زمانہ حضور میں عید فطر و قربان کی نمازیں واجب ہیں اور ان کا جماعت کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے لیکن ہمارے زمانے میں جب کہ امام علیہ السلام غائب ہیں یہ نمازیں مستحب ہیں اور جماعت کے ساتھ یا فرادیٰ (تنہا) دونوں طرح پڑھی جاسکتی ہیں۔

مسئلہ ۱۵۱۵ : نماز عید فطر و قربان کا وقت عید کے دن طلوع آفتاب سے ظہر تک ہے۔

مسئلہ ۱۵۱۶ : عید قربان کی نماز سورج چڑھ آنے کے بعد پڑھنا مستحب ہے اور عید فطر میں مستحب ہے کہ سورج چڑھ آنے کے بعد افطار کیا جائے اور زکوٰۃ فطرہ بھی دی جائے اور بعد میں نماز عید پڑھی جائے۔

مسئلہ ۱۵۱۷ : عید فطر و قربان کی نماز دو رکعت ہے جس کی پہلی رکعت میں حمد اور سورہ پڑھنے کے بعد انسان کو چاہئے کہ پانچ تکبیریں کہے اور ہر تکبیر کے بعد ایک قنوت پڑھے اور پانچویں قنوت کے بعد ایک تکبیر کہے اور رکوع میں چلا جائے اور پھر دو سجدے بجالائے اور اٹھ کھڑا ہو اور دوسری رکعت میں چار تکبیریں کہے اور ہر تکبیر کے بعد قنوت پڑھے اور پھر پانچویں تکبیر کہہ کر رکوع میں چلا جائے اور رکوع کے بعد دو سجدے کرے اور تشہد پڑھے اور آخر میں سلام کہہ کر نماز کو تمام کر دے۔

مسئلہ ۱۵۱۸ : عید فطر و قربان کی نماز کے قنوت میں جو دعا اور ذکر بھی پڑھا جائے کافی ہے لیکن بہتر ہے کہ یہ دعا پڑھی جائے۔

اللهم اهل الكبرياء والعظمة واهل الجود و الجبروت واهل العفو والرحمة واهل التقوى والمغفرة اسئلك بحق هذا اليوم الذى جعلته للمسلمين عيداً و لمحمد صلى الله عليه واله ذخراً و شرفاً وكرامة ومزيداً ان تصلى على محمد وآل محمد وان تدخلنى فى كل خير ادخلت فيه محمدا وال محمد وان تخرجنى من كل سوء اخرجت منه محمدا وال محمد صلوتك عليه و عليهم اجمعين اللهم انى اسئلك

خیر ماسئلک بہ عبادک الصالحون و اعوذبک مما استعاذ منہ عبادک المخلصون ☆

مسئلہ ۱۷۰۳ : اگر ایک کافر مسلمان ہو جائے تو اس کے لیئے اپنے زمانہ کفر کے روزوں کی قضا کرنا واجب نہیں لیکن اگر ایک مسلمان کافر ہو جائے اور پھر دوبارہ مسلمان ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ جتنے دن کافر رہا ہو اس زمانے کے روزوں کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۷۰۴ : جو روزے انسان کی مستی کی وجہ سے چھوٹ جائیں اسے چاہیئے کہ ان کی قضا کرے خواہ جس چیز کی وجہ سے وہ مست ہوا ہو وہ اس نے علاج کی غرض سے ہی کھائی ہو۔

مسئلہ ۱۷۰۵ : اگر کوئی شخص کسی عذر کی وجہ سے چند دن روزے نہ رکھے اور بعد میں شک کرے کہ اس کا عذر کس وقت زائل ہوا تھا تو اس کے لیئے واجب نہیں کہ جتنی مدت روزے نہ رکھنے کا زیادہ احتمال ہو اس کے مطابق قضاء کرے مثلاً اگر کوئی شخص رمضان المبارک سے پہلے سفر اختیار کرے اور رمضان المبارک میں واپس آئے اور بعد میں شک کرے کہ آیا ماہ مبارک کی پانچویں تاریخ کو

سفر سے واپس آیا تھا یا چھٹی کو یا یہ کہ مثلاً اس نے ماہ رمضان المبارک کے آخر میں سفر شروع کیا ہو اور اسے یہ پتہ نہ ہو کہ پچیسویں رمضان کو سفر اختیار کیا تھا یا چھبیسویں کو تو دونوں صورتوں میں وہ کمتر مقدار یعنی پانچ روزوں کی قضا پر اکتفا کر سکتا ہے اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ زیادہ مقدار یعنی چھ روزوں کی قضا کرے۔

مسئلہ ۱۷۰۶ : اگر کسی شخص پر کئی سال کے ماہ رمضان المبارک کے روزوں کی قضاء واجب ہو تو جس سال کے روزوں کی قضا پہلے کرنا چاہے کر سکتا ہے لیکن اگر آخری رمضان المبارک کے روزوں کی قضاء کا وقت تنگ ہو مثلاً آخری رمضان المبارک کے پانچ روزوں کی قضاء اس کے ذمے ہو اور آئندہ رمضان المبارک کے شروع ہونے میں بھی پانچ دن باقی ہوں تو پہلے آخری رمضان المبارک کے روزوں کی قضاء کرے۔

مسئلہ ۱۷۰۷ : اگر کسی شخص پر کئی سال کے ماہ رمضان کے روزوں کی قضاء واجب ہو اور وہ روزہ کی نیت کرتے وقت معین نہ کرے کہ کون سے رمضان المبارک کے روزے کی قضاء کر رہا ہے تو اس کا شمار آخری ماہ رمضان کی قضاء میں نہیں ہوگا۔

مسئلہ ۱۷۰۸ : جس شخص نے رمضان المبارک کا قضاء روزہ رکھا ہو وہ اس روزے کو ظہر سے پہلے توڑ سکتا ہے اگر قضاء کا وقت تنگ ہو تو بہتر ہے کہ روزہ نہ توڑے۔

مسئلہ ۱۷۰۹ : اگر کسی نے میت کا روزہ قضاء کیا ہو تو بہتر یہ ہے کہ ظہر کے بعد روزہ نہ توڑے۔

مسئلہ ۱۷۱۰ : اگر کوئی شخص بیماری یا حیض یا نفاس کی وجہ سے رمضان المبارک کے روزے نہ رکھے اور رمضان المبارک کے ختم ہونے سے پہلے مر جائے تو جو روزے اس نے نہ رکھے ہوں اس کی خاطر ان کا قضاء کرنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۱۷۱۱ : اگر کوئی شخص بیماری کی وجہ سے رمضان المبارک کے روزے نہ رکھے اور اس کی بیماری آئندہ رمضان تک طول کھینچ جائے تو جو روزے اس نے نہ رکھے ہوں ان کی قضاء اس پر واجب نہیں ہے اور اسے چاہئے کہ ہر دن کے لیئے ایک مد (تقریباً چودہ چھٹانک) طعام یعنی گندم یا جو یا روٹی وغیرہ فقیر کو دے لیکن اگر کسی اور عذر مثلاً سفر کی وجہ سے روزے نہ رکھے اور اس کا عذر آئندہ

رمضان المبارک تک باقی رہے تو اسے چاہئے کہ جو روزے نہ رکھے ہوں ان کی قضاء کرے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ ہر ایک دن کے لیئے ایک مد طعام بھی فقیر کو دے۔

مسئلہ ۱۷۱۲ : اگر کوئی شخص بیماری کی وجہ سے رمضان المبارک کے روزے نہ رکھے اور رمضان المبارک کے بعد اس کی بیماری دور ہو جائے لیکن کوئی دوسرا عذر لاحق ہو جائے جس کی وجہ سے وہ آئندہ رمضان المبارک تک قضاء شدہ روزے نہ رکھ سکے تو اسے چاہئے کہ جو روزے نہ رکھے ہوں ان کی قضاء کرے نیز اگر رمضان المبارک میں بیماری کے علاوہ کوئی اور عذر رکھتا ہو اور رمضان المبارک کے بعد وہ عذر دور ہو جائے اور آئندہ سال کے رمضان المبارک تک بیماری کی وجہ سے روزے نہ رکھ سکے تو جو روزے نہ رکھے ہوں اسے چاہئے کہ ان کی قضاء کرے اور احتیاط واجب کی بنا پر ہر دن کے لیئے ایک مدطعام بھی فقیر کو دے۔

مسئلہ ۱۷۱۳ : اگر کوئی شخص کسی عذر کی وجہ سے رمضان المبارک میں روزے نہ رکھے اور رمضان المبارک کے بعد اس کا عذر دور ہو جائے اور وہ آئندہ رمضان المبارک تک عمداً روزوں کی قضاء نہ کرے تو اسے چاہئے کہ روزوں کی قضاء کرے اور ہر ایک دن کے لیئے ایک مد طعام بھی فقیر کو دے۔

مسئلہ ۱۷۱۴ : اگر کوئی شخص روزے قضاء کرنے میں کوتاہی کرے حتیٰ کہ وقت تنگ ہو جائے اور وقت کی تنگی میں اسے کوئی عذر لاحق ہو جائے تو اسے چاہئے کہ روزوں کی قضاء کرے اور ہر ایک دن کے لیئے ایک مدطعام فقیر کو دے اور اگر عذر دور ہونے کے بعد مصمم ارادہ رکھتا ہو کہ روزوں کی قضاء کرے گا لیکن قضاء کرنے سے پہلے تنگ وقت میں اسے کوئی عذر لاحق ہو جائے تو احتیاط واجب کی بنا پر اس صورت میں بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۱۷۱۵ : اگر انسان کا مرض چند سال طول کھینچ جائے تو اسے چاہئے کہ تندرست ہونے کے بعد آخری رمضان المبارک کے چھوٹے ہوئے روزوں کی قضاء کرے اور اس سے پہلے سالوں کے ماہ ہائے مبارک کے ہر دن کے لیئے ایک مدطعام فقیر کو دے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ ان کی قضاء بھی کرے۔

مسئلہ ۱۷۱۶ : جس شخص کے لیئے ہر روزہ کے عوض ایک مد غذا فقیر کو دینا واجب ہو وہ چند دنوں

کا کفارہ ایک ہی فقیر کو دے سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۷۱۷ : اگر کوئی شخص ماہ رمضان المبارک کے روزوں کے قضاء کرنے میں کئی سال کی تاخیر کر دے تو اسے چاہئے کہ قضاء کرے اور پہلے سال میں تاخیر کرنے کی بنا پر ہر روزے کے لیئے ایک مدطعام فقیر کو دے لیکن باقی سال کی تاخیر کے لیئے اس پر کچھ بھی واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۷۱۸ : اگر کوئی شخص رمضان المبارک کے روزے جان بوجھ کر نہ رکھے تو اسے چاہئے کہ ان کی قضاء بجالائے اور ہر دن کیلئے دو مہینے روزے رکھے یا ساٹھ فقیروں کو کھانے دے یا ایک غلام آزاد کرے اور اگر آئندہ رمضان المبارک تک قضاء نہ کرے تو ہر دن کیلئے ایک مدطعام کفارہ بھی دے۔

مسئلہ ۱۷۱۹ : اگر کوئی شخص جان بوجھ کر رمضان المبارک کا روزہ نہ رکھے اور دن میں کئی دفعہ جماع یا استمناء کرے تو کفارہ بھی مکرر ہو جائے گا (یعنی جتنی دفعہ جماع یا استمناء کرے اتنی دفعہ ہی کفارہ بھی دینا ہوگا) لیکن اگر کئی دفعہ کوئی اور ایسا کام کرے جو روزے کو باطل کرتا ہو مثلاً کئی دفعہ کھانا کھائے تو ایک کفارہ کافی ہے۔

مسئلہ ۱۷۲۰ : باپ کے مرنے کے بعد بڑے بیٹے کو چاہئے کہ اس کے روزوں کی قضاء اسی طرح بجالائے جیسے کہ نماز کے سلسلے میں اس سے قبل تفصیل سے بتایا گیا ہے۔

مسئلہ ۱۷۲۱ : اگر کسی کے باپ نے ماہ رمضان المبارک کے روزوں کے علاوہ کوئی دوسرے واجب روزے (مثلاً نذر کے روزے) نہ رکھے ہوں تو احتیاط واجب یہ ہے کہ بڑا بیٹا ان روزوں کی قضاء کرے لیکن اگر باپ کسی کے روزوں کے لیئے اجیر بنا ہو اور اس نے وہ روزے نہ رکھے ہوں تو ان روزوں کی قضاء بڑے بیٹے پر واجب نہیں ہے۔

مسافر کے روزوں کے احکام

مسئلہ ۱۷۲۲ : جس مسافر کے لیئے سفر میں چار رکعتی نماز کی بجائے دو رکعت پڑھنا لازم ہو اسے روزہ نہیں رکھنا چاہئے لیکن وہ مسافر جو پوری نماز پڑھتا ہو (مثلاً وہ شخص جس کا شغل ہی سفر ہو یا جس،

کا سفر کسی ناجائز کام کے لیئے ہو) اسے چاہئے کہ سفر میں روزہ رکھے۔

مسئلہ ۱۷۲۳ : ماہ رمضان المبارک میں سفر کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن روزے سے بچنے کے لیئے سفر کرنا مکروہ ہے اور اسی طرح رمضان المبارک کی چوبیسویں تاریخ سے پہلے سفر کرنا بھی مکروہ ہے بجز اس کے کہ یہ سفر حج یا عمرہ یا کسی ضروری کام کے لیئے ہو۔

مسئلہ ۱۷۲۴ : اگر ماہ رمضان المبارک کے روزوں کے علاوہ کسی خاص دن کا روزہ انسان پر واجب ہو مثلاً اس نے کسی خاص دن کے روزے کی نذر کی ہو تو بہتر ہے کہ جب تک مجبور نہ ہو اس دن سفر نہ کرے اور اگر سفر میں ہو اور ایسا کرنا ممکن ہو تو کسی جگہ دس دن رہنے کا قصد کرے اور اس دن کا روزہ رکھے لیکن ظاہر یہ ہے کہ سفر کرنا جائز ہے اور کسی جگہ دس دن ٹھہرنے کا قصد کرنا واجب نہیں ہے اور اگر انسان اس دن کا روزہ نہ رکھے تو لازم ہے کہ اس کی قضاء کرے۔

مسئلہ ۱۷۲۵ : اگر کوئی شخص روزے کی نذر کرے لیکن اس کے لیئے دن معین نہ کرے تو وہ روزہ سفر میں نہیں رکھ سکتا لیکن اگر نذر کرے کہ سفر کے دوران میں ایک مخصوص دن روزہ رکھے گا تو وہ نذر بھی صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۷۲۶ : مسافر طلب حاجت کے لیئے تین دن مدینہ طیبہ میں مستحبی روزہ رکھ سکتا ہے اور احوط یہ ہے کہ وہ تین دن بدھ، جمعرات اور جمعہ ہوں۔

مسئلہ ۱۷۲۷ : اگر کوئی شخص جسے یہ علم نہ ہو کہ مسافر کا روزہ رکھنا صحیح نہیں سفر میں روزہ رکھے اور دن میں اس مسئلے کا پتہ چل جائے تو اس کا روزہ باطل ہے لیکن اگر افطار تک پتہ نہ چلے تو اس کا روزہ صحیح ہے۔

مسئلہ ۱۷۲۸ : اگر کوئی شخص یہ بھول جائے کہ وہ مسافر ہے یا یہ بھول جائے کہ سفر میں روزہ باطل ہوتا ہے اور سفر کے دوران میں روزہ رکھ لے تو اس کا روزہ باطل ہے۔

مسئلہ ۱۷۲۹ : اگر روزہ دار ظہر کے بعد سفر اختیار کرے تو اسے چاہئے کہ اپنے روزے کو تمام کرے اور اگر ظہر سے پہلے سفر اختیار کرے تو جونہی وہ حد ترخص پر پہنچے گا اس کا روزہ باطل ہو جائے گا اور اگر حد ترخص تک پہنچنے سے پہلے روزہ توڑ دے تو اس پر کفارہ واجب ہے۔

مسئلہ ۱۷۳۰ : اگر مسافر ماہ رمضان المبارک میں (خواہ وہ فجر سے پہلے سفر میں ہو یا روزے سے ہو اور سفر کرے) ظہر سے پہلے اپنے وطن پہنچ جائے یا ایسی جگہ پہنچ جائے جہاں وہ دس دن قیام کرنا چاہتا ہو اور اگر اس نے کوئی ایسا کام نہ کیا ہو جو روزے کو باطل کرتا ہو تو اسے چاہئے کہ اس دن کا روزہ رکھے اور اگر کوئی ایسا کام کیا ہو جو روزے کو باطل کرتا ہو تو اس دن کا روزہ اس پر واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۷۳۱ : اگر مسافر ظہر کے بعد اپنے وطن پہنچے یا ایسی جگہ پہنچے جہاں دس دن قیام کرنا چاہتا ہو تو اسے اس دن کا روزہ نہیں رکھنا چاہیے۔

مسئلہ ۱۷۳۲ : مسافر اور وہ شخص جو کسی عذر کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکتا ہو اس کے لیے ماہ رمضان المبارک میں دن کے وقت جماع کرنا اور پیٹ بھر کر کھانا پینا مکروہ ہے۔

وہ اشخاص جن پر روزہ رکھنا واجب نہیں

مسئلہ ۱۷۳۳ : جو شخص بڑھاپے کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکتا ہو یا روزہ رکھنا اس کے لیے تکلیف کا موجب ہو اس پر روزہ واجب نہیں ہے لیکن دوسری صورت میں اسے چاہئے کہ ہر روزے کے عوض ایک مد طعام یعنی گندم یا جو یا روٹی یا ان سے ملتی جلتی کوئی چیز فقیر کو دے۔

مسئلہ ۱۷۳۴ : جو شخص بڑھاپے کی وجہ سے ماہ رمضان المبارک کے روزے نہ رکھے اگر وہ رمضان المبارک کے بعد روزے رکھنے کے قابل ہو تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ جو روزے نہ رکھے ہوں ان کی قضاء بجا لائے۔

مسئلہ ۱۷۳۵ : اگر کسی شخص کو کوئی ایسی بیماری ہو جس کی وجہ سے اسے بہت زیادہ پیاس لگتی ہو اور وہ پیاس برداشت نہ کر سکتا ہو یا پیاس کی وجہ سے اسے تکلیف ہوتی ہو تو اس پر روزہ واجب نہیں ہے لیکن دوسری صورت میں (یعنی تکلیف کی صورت میں) اسے چاہئے کہ ہر روزے کے لیے ایک مد طعام فقیر کو دے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ جتنی مقدار اشد ضروری ہو اس سے زیادہ پانی نہ پئے اور بعد میں جب روزہ رکھنے پر قادر ہو تو جو روزے نہ رکھے ہوں احتیاط کی بنا پر ان کی قضاء کرے۔

مسئلہ ۱۷۳۶ : جس عورت کا وضع حمل کا وقت قریب ہو اور اس کا روزہ رکھنا اس کے حمل یعنی

پیٹ میں جو بچہ ہو اس کے لیئے مضر ہو اس عورت پر روزہ واجب نہیں ہے اور اسے چاہئے کہ ہر دن کے لئے ایک مد طعام فقیر کو دے اور اگر روزہ خود اس عورت کے لیئے مضر ہو تو بھی اس پر روزہ رکھنا واجب نہیں ہے اور احتیاط مستحب کی بنا پر ہر دن کے لیئے ایک مد طعام فقیر کو دے اور اسے چاہئے کہ دونوں صورتوں میں جو روزے نہ رکھے ہوں ان کی قضاء کرے۔

مسئلہ ۱۷۳۷ : جو عورت بچے کو دودھ پلاتی ہو اور اس کا دودھ کم ہو (خواہ وہ بچے کی ماں ہو یا دایہ ہو یا بچے کو مفت دودھ پلارہی ہو) اگر اس کا روزہ رکھنا دودھ پینے والے بچے کے لیئے مضر ہو تو اس عورت پر روزہ رکھنا واجب نہیں اور اسے چاہئے کہ ہر دن کے لیئے ایک مد طعام فقیر کو دے اور اگر روزہ رکھنا خود اس کے لیئے بھی مضر ہو تو روزہ اس پر واجب نہیں لیکن احتیاط مستحب کی بنا پر ہر دن کے لیئے مد طعام فقیر کو دے اور دونوں صورتوں میں جو روزے نہ رکھے ہوں ان کی قضاء کرے لیکن اگر اس دودھ پلانے والی کو کوئی اور ایسی عورت مل جائے جو بلا اجرت بچے کو دودھ پلائے یا بچے کو دودھ پلانے کے لیئے بچے کے باپ سے یا ماں سے یا کسی اور شخص سے جو اسے اجرت دے اجرت لے لے تو دودھ پلانے والی کے لیئے واجب ہے کہ بچہ اس عورت کو دے دے اور خود روزے رکھے۔

مہینے کی پہلی تاریخ ثابت ہونے کا طریقہ

مسئلہ ۱۷۳۸ : مہینے کی پہلی تاریخ مندرجہ ذیل چار چیزوں سے ثابت ہوتی ہے۔

۱... انسان خود چاند دیکھے۔

۲... ایک ایسا گروہ جس کے کہنے پر یقین یا اطمینان پیدا ہو جائے یہ کہے کہ ہم نے چاند دیکھا ہے اور اس طرح ہر وہ چیز جس کی بدولت یقین یا اطمینان پیدا ہو جائے۔

۳... دو عادل مرد یہ کہیں کہ ہم نے رات کو چاند دیکھا ہے لیکن اگر وہ چاند کے الگ الگ اوصاف بیان کریں تو پہلی تاریخ ثابت نہیں ہوگی۔

۴... شعبان کی پہلی تاریخ سے تیس دن گزر جائیں جن کے گزرنے پر ماہ رمضان المبارک کی پہلی تاریخ ثابت ہو جاتی ہے اور رمضان المبارک کی پہلی تاریخ سے تیس دن گزر جائیں جن کے گزرنے پر شوال کی پہلی تاریخ ثابت ہو جاتی ہے۔

مسئلہ ۱۷۳۹ : حاکم شرع کے حکم سے مہینے کی پہلی تاریخ ثابت ہو جاتی ہے۔

مسئلہ ۱۷۴۰ : منجموں کی پیشین گوئی سے مہینے کی پہلی تاریخ ثابت نہیں ہوتی لیکن اگر انسان کو ان کے کہنے سے یقین یا اطمینان ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس پر عمل کرے۔

مسئلہ ۱۷۴۱ : چاند کا آسمان پر بلند ہونا یا اس کا دیر سے غروب ہونا اس بات کی دلیل نہیں کہ سابقہ رات چاند رات تھی اور اسی طرح اگر چاند ظہر سے پہلے دکھائی دے تو وہ دن مہینے کا پہلا دن شمار نہ ہوگا اگر چاند کے گرد حلقہ ہو تو اس سے پتہ چلتا ہے کہ پہلی کا چاند گذشتہ رات نکلا ہے۔

مسئلہ ۱۷۴۲ : اگر کسی شخص پر ماہ رمضان المبارک کی پہلی تاریخ ثابت نہ ہو اور وہ روزہ نہ رکھے لیکن بعد میں ثابت ہو جائے کہ گذشتہ رات ہی چاند رات تھی تو اسے چاہئے کہ اس دن کے روزے کے قضاء کرے۔

مسئلہ ۱۷۴۳ : اگر کسی شہر میں مہینے کی پہلی تاریخ ثابت ہو جائے تو دوسرے شہروں میں بھی ثابت ہو جائے گی خواہ وہ دوسرے شہر اس شہر سے دور ہوں یا نزدیک اور خواہ اس شہر کا اور ان دوسرے شہروں کا افق ایک ہی ہو یا نہ ہو۔

مسئلہ ۱۷۴۴ : مہینے کی پہلی تاریخ تار برقی سے ثابت نہیں ہوتی سوائے اس صورت کے انسان کو علم ہو کہ تار دو عادل مردوں کی شہادت کی رو سے کسی دوسرے ایسے طریقے سے آیا ہے جو شرعاً" معتبر ہے۔

مسئلہ ۱۷۴۵ : جس دن کے متعلق انسان کو علم نہ ہو کہ رمضان المبارک کا آخری دن یا ماہ شوال کا پہلا دن اس دن اسے چاہئے کہ روزہ رکھے لیکن اگر دن میں اسے پتہ چل جائے کہ یکم شوال ہے تو اسے چاہئے کہ روزہ افطار کر دے۔

مسئلہ ۱۷۴۶ : اگر ایک شخص جیل میں ہو اور ماہ رمضان المبارک کے بارے میں یقین نہ کر سکے تو اسے چاہئے کہ گمان پر عمل کرے اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو جس مہینے کا احتمال ہو کہ رمضان المبارک ہے اس میں روزے رکھنا صحیح ہے لیکن اسے چاہئے کہ جس مہینے میں روزے رکھے ہیں اس کے گیارہ مہینے گزرنے کے بعد دوبارہ ایک مہینے کے روزے رکھے۔

حرام اور مکروہ روزے

مسئلہ ۱۷۴۷ : عید فطر اور عید قربان کے دن روزہ رکھنا حرام ہے نیز جس دن کے بارے میں انسان کو علم نہ ہو کہ شعبان کی آخری تاریخ ہے یا رمضان المبارک کی پہلی تو اگر وہ اس دن پہلی رمضان المبارک کی نیت سے روزہ رکھے تو حرام ہے۔

مسئلہ ۱۷۴۸ : اگر عورت کے مستحبی روزہ رکھنے سے شوہر کی حق تلفی ہوتی ہو تو عورت پر روزہ رکھنا حرام ہے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ خواہ شوہر کی حق تلفی نہ بھی ہوتی ہو اس کی اجازت کے بغیر مستحبی روزہ نہ رکھے۔

مسئلہ ۱۷۴۹ : اگر اولاد کا مستحبی روزہ باپ اور ماں یا دادا کے لیئے اذیت کا موجب ہو تو اولاد کے لیئے مستحبی روزہ رکھنا حرام ہے۔

مسئلہ ۱۷۵۰ : اگر کوئی بیٹا باپ کی اجازت کے بغیر مستحبی روزہ رکھ لے اور دن کے دوران میں باپ اسے منع کرے تو اگر بیٹے کا باپ کا کہا نہ ماننا باپ کی اذیت کا موجب ہو تو بیٹے کو چاہئے کہ روزہ توڑ دے۔

مسئلہ ۱۷۵۱ : اگر کوئی شخص جانتا ہو کہ روزہ اس کے لیئے مضر نہیں ہے تو اگرچہ ڈاکٹر کہے کہ مضر ہے اس شخص کو روزہ رکھنا چاہئے اور اگر کوئی شخص یقین یا گمان رکھتا ہو کہ روزہ اس کے لے مضر ہے تو اگرچہ ڈاکٹر یہ کہے کہ مضر نہیں ہے اس شخص کو چاہئے کہ روزہ نہ رکھے اور اگر وہ روزہ رکھے تو اس کا روزہ صحیح نہیں ہوگا۔

مسئلہ ۱۷۵۲ : اگر کسی شخص کو احتمال ہو کہ روزہ اس کے لیئے مضر ہے اور اس احتمال کی بنا پر اس کے دل میں خوف پیدا ہو جائے تو اگر اس کا احتمال لوگوں کی نظر میں قابل قبول ہو تو اسے روزہ نہیں رکھنا چاہئے اور اگر روزہ رکھے تو روزہ صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۷۵۳ : جس شخص کا عقیدہ ہو کہ روزہ اس کے لیئے مضر نہیں اگر وہ روزہ رکھ لے اور مغرب کے بعد اسے پتہ چلے کہ روزہ رکھنا مضر تھا تو اس صورت میں جبکہ ضرر اس درجے کا ہو کہ جان

بوجہ کر اس کا ارتکاب کرنا حرام ہو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ اس روزے کی قضاء کرے۔

مسئلہ ۱۷۵۴ : جن روزوں کا ذکر کیا گیا ہے ان کے علاوہ بھی حرام روزے ہیں جو مفصل کتابوں میں مذکور ہیں۔

مسئلہ ۱۷۵۵ : عاشورے کے دن کا روزہ احتیاط واجب یہ ہے کہ روزہ نہ رکھے لیکن اس دن کا روزہ مکروہ ہے جس کے بارے میں شک ہو کہ عرفہ کا دن ہے یا عید قربان کا ہے۔

مستحب روزے

مسئلہ ۱۷۵۶ : بجز حرام اور مکروہ روزوں کے جن کا ذکر کیا گیا ہے سال کے تمام دنوں کے روزے مستحب ہیں اور بعض دنوں کے روزوں کے لیئے بہت تاکید کی گئی ہے جن میں سے چند یہ ہیں۔

۱... ہر مہینے کی پہلی اور آخری جمعرات اور پہلا بدھ جو مہینے کی دسویں تاریخ کے بعد آئے اگر کوئی شخص یہ روزے نہ رکھے تو مستحب ہے کہ ان کی قضاء کرے اور اگر روزہ بالکل نہ رکھ سکتا ہو تو مستحب ہے کہ ہر دن کے بدلے ایک مد طعام یا ۶ / ۱۲ نخود سکہ دار چاندی فقیر کو دے۔

۲... ہر مہینے کی تیرہویں چودھویں اور پندرہویں تاریخ۔

۳... رجب اور شعبان کے پورے مہینے یا ان دو مہینوں میں جتنے روزے رکھ سکیں خواہ وہ ایک دن ہی کیوں نہ ہو۔

۴... شوال کی چوتھی سے نویں تاریخ تک۔

۵... ذی قعدہ کی پچیسویں اور انتیسویں تاریخ۔

۶... ذی الحجہ کی پہلی تاریخ سے نویں تاریخ (یوم عرفہ) تک لیکن اگر انسان روزہ کی وجہ سے پیدا ہونے والی کمزوری کی بنا پر یوم عرفہ کی دعائیں نہ پڑھ سکے تو اس دن کا روزہ رکھنا مکروہ ہے۔

۷... عید غدیر کا مبارک دن (۱۸ ذی الحجہ)۔

۸... روز مباہلہ (۲۴ ذی الحجہ)۔
۹... محرم کی پہلی تیسری اور ساتویں تاریخ۔
۱۰... رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت کا دن (۱۷ ربیع الاول)۔
۱۱... جمادی الاول کی پندرہ تاریخ۔

نیز رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کے دن یعنی ۲۷ رجب کو بھی روزہ رکھنا مستحب ہے اور جو شخص مستحبی روزہ رکھے اس کے لیئے واجب نہیں ہے کہ اسے اختتام کو پہنچائے بلکہ اگر اس کا کوئی مومن بھائی اسے کھانے کی دعوت دے تو مستحب یہ ہے کہ اس کی دعوت قبول کر لے اور روزہ دن میں ہی توڑ دے خواہ ظہر کے بعد ہی کیوں نہ ہو۔

وہ صورتیں جن میں مبطلات روزہ سے پرہیز مستحب ہے

مسئلہ ۱۷۵۷ : مندرجہ ذیل اشخاص کے لیئے مستحب ہے کہ اگرچہ روزے سے نہ ہوں تاہم ماہ رمضان المبارک میں ان افعال سے پرہیز کریں جو روزے کو باطل کرتے ہوں۔

۱... وہ مسافر جس نے سفر میں کوئی ایسا کام کیا ہو جو روزہ کو باطل کرتا ہو اور وہ ظہر سے پہلے وطن میں یا ایسی جگہ پہنچ جائے جہاں وہ دس دن رہنا چاہتا ہو۔
۲... وہ مسافر جو ظہر کے بعد اپنے وطن یا ایسی جگہ پہنچ جائے جہاں وہ دس دن رہنا چاہتا ہو اور اس صورت میں جب کہ وہ پیشتر سفر میں روزہ توڑ چکا ہو اگر ظہر سے پہلے ان جگہوں پر پہنچ جائے تب بھی یہی حکم ہے۔
۳... وہ مریض جو ظہر کے بعد تندرست ہو جائے اور اگر ظہر سے پہلے تندرست ہو جائے تب بھی یہی حکم ہے اگرچہ اس نے کوئی ایسا فعل انجام دیا ہو جو روزے کو باطل کرتا ہو۔
۴... وہ عورت جو دن میں حیض یا نفاس کے خون سے پاک ہو جائے۔

مسئلہ ۱۷۵۸ : روزہ دار کے لیئے مستحب ہے کہ روزہ افطار کرنے سے پہلے مغرب و عشاء کی نماز پڑھے لیکن اگر کوئی دوسرا شخص اس کا انتظار کر رہا ہو یا اسے یعنی روزہ دار کو غذا کی اتنی زیادہ خواہش ہو کہ حضور قلب کے ساتھ نماز نہ پڑھ سکتا ہو تو بہتر ہے کہ پہلے روزہ افطار کرے اور پھر نماز پڑھے لیکن جہاں تک ممکن ہو نماز فضیلت کے وقت ہی ادا کرے۔

اعتکاف

مسئلہ ۱۷۵۹ : اعتکاف سے مراد یہ ہے کہ ایک صاحب عقل و ایمان انسان تین دن مسجد میں ٹھہرے اور بنابر احتیاط اس کا ایسا کرنا عبادت' نماز اور دعا وغیرہ کے مقصد سے ہو اگرچہ بنابر اقویٰ یہ معتبر نہیں ہے اعتکاف صحیح ہونے کی چند شرائط ہیں جو حسب ذیل ہیں۔

۱۔ نیت

○ ... انسان کو چاہئے کہ باقی عبادات کی طرح اعتکاف کی نیت بھی بہ قصد قربت کرے اور یہ نیت اعتکاف کی ابتدا سے کرتے ہوئے اس پر آخر تک قائم رہے لہٰذا اگر رات کو نیت کر کے اعتکاف کی ابتدا اول فجر سے کی جائے تو یہ امر اشکال سے خالی نہیں۔

○ ... ایک اعتکاف سے دوسرے اعتکاف کی طرف عدول جائز نہیں اور اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ دونوں اعتکاف واجب ہوں یا دونوں مستحب ہوں یا ایک واجب ہو اور دوسرا مستحب ہو۔

○ ... ایک شخص کی طرف سے اعتکاف کرنے کے بعد دوسرے شخص کی نیابت اختیار کرنا جائز نہیں اور یہ بھی جائز نہیں کہ انسان کسی دوسرے کی نیابت سے اپنے اعتکاف کی طرف یا اپنے اعتکاف سے کسی دوسرے کی نیابت کی طرف عدول کرے۔

۲۔ روزہ

۲... اعتکاف اسی وقت صحیح ہے جب روزہ بھی صحیح ہو اور یہ بھی ضروری ہے کہ اعتکاف کرنے والا روزے سے ہو لہٰذا اگر کسی شخص کا روزہ رکھنا سفر وغیرہ کی وجہ سے صحیح نہ ہو تو اس کا اعتکاف بھی صحیح نہیں ہوگا۔

○ ... بہتر یہ ہے کہ اعتکاف ماہ رمضان المبارک میں اور بالخصوص ماہ مبارک کے آخری عشرے میں کیا جائے۔

۳۔ مدت

○ ... کسی شخص کا اعتکاف کی غرض سے مسجد میں تین دن سے کم ٹھہرنا صحیح نہیں ہے البتہ ایک دن یا چند دن یا ایک رات یا چند راتیں زیادہ ٹھہرنے میں کوئی حرج نہیں۔

۲ ... پہلی اور چوتھی راتوں کو برخلاف درمیانی دو راتیں اعتکاف میں داخل ہیں اگرچہ پہلی اور چوتھی راتوں کو بھی نیت میں شامل کرنا جائز ہے۔

○ ... اگر انسان اعتکاف کی نذر کرے تو اس کی مدت کم از کم تین دن ہونی چاہئے لہٰذا اگر وہ تین معین دنوں کی نذر کرے اور تیسرا دن عید ہو تو اعتکاف صحیح نہیں ہو گا۔

○ ... اگر اعتکاف کے لیئے پانچ دن کی نذر اس شرط کے ساتھ کی جائے کہ یہ دن اس سے کم یا زیادہ نہیں ہوں گے تو نذر باطل ہوگی اور اگر یہ شرط کی جائے کہ یہ دن پانچ سے زیادہ نہیں ہوں گے لیکن یہ نہ کہا جائے کہ یہ دن اتنے دنوں سے کم نہیں ہوں گے تو تین دن تک اعتکاف کرنا واجب ہے اور اگر یہ شرط کی جائے کہ یہ دن پانچ سے کم نہیں ہوں گے لیکن یہ نہ کہا جائے کہ یہ دن اتنے دنوں سے زیادہ نہیں ہوں گے تو چھٹے کا اضافہ کرنا بھی واجب ہے اس صورت میں انسان کو اختیار ہے کہ چوتھے اور پانچویں دن کے روزوں کو بھی پہلے تین دنوں کے روزوں سے متصل سمجھے یا ان دو دنوں کو چھٹے دن کے ساتھ ملا کر انہیں تین علیحدہ روزے شمار کرے۔

۴۔ مکان

○ ... انسان کو چاہئے کہ اعتکاف کے لیئے مندرجہ ذیل مساجد میں سے کسی ایک میں ٹھہرے اور بنا بر احتیاط اگر ممکن ہو تو اعتکاف انہی مساجد میں بجالائے۔

○ ... مسجد الحرام، مسجد نبویؐ، مسجد کوفہ، مسجد بصرہ اور شہر کی جامع مسجد۔

○ ... اگر انسان کسی معین مسجد میں اعتکاف کرے اور پھر وہاں اعتکاف جاری رکھنے میں کوئی رکاوٹ پیش آجائے تو اعتکاف باطل ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت میں اس اعتکاف کو کسی دوسری مسجد میں جاری رکھنا صحیح نہیں۔ بلکہ انسان پر واجب ہے کہ اگر اعتکاف واجب ہو تو اس کی قضاء کسی دوسری مسجد میں یا رکاوٹ دور ہو جانے پر اسی مسجد میں بجالائے۔

○ ... مسجد میں اس کی محراب' منبر' چھت' زیر خانہ (مثلاً مسجد کوفہ کا بیت الطشت) اور باقی ملحقات بھی شامل ہیں اور مسجد میں کسی خاص جگہ اعتکاف کرنے کا قصد کرنا لغو ہے۔

۵- اجازت

○ ... انسان کو چاہئے کہ اعتکاف میں مشغول ہونے سے پہلے ان اشخاص سے اجازت حاصل کرے جن سے اجازت حاصل کرنا اس کے لیئے ضروری ہو مثلاً غلام کو چاہئے کہ اپنے آقا سے اور بیوی اپنے شوہر سے (بالخصوص جب اس کے اعتکاف کرنے سے شوہر کی حق تلفی ہوتی ہو)

○ ... اور اولاد والدین سے (بالخصوص اگر انھیں محبت کی بنا پر اولاد کے اعتکاف کرنے سے اذیت پہنچے) اجازت حاصل کرے۔

۶- تسلسل

○ ... انسان کو چاہئے کہ اعتکاف کی مدت ایک مسجد میں گزارے لہذا خواہ وہ جاہل کے حکم میں ہو یا عالم کے اگر وہ بلاوجہ وہاں سے نکلے تو اس کا اعتکاف باطل ہے بلکہ بعید نہیں کہ اگر وہ بھولے سے بھی نکلے تو باطل ہو بجز اس کے اسے زبردستی وہاں سے نکالا جائے یا اس کا نکلنا کسی حاجت (مثلاً پیشاب' پاخانہ' غسل جنابت غسل استحاضہ یا غسل مس میت) کی بنا پر ہو اگرچہ اس کا سبب اس کی اختیار سے ہو۔

○ ... علاوہ ازیں مریض کی عیادت یا جنازہ کی تشیع اور میت کے غسل' نماز اور دفن کے لیئے نکلنا بھی جائز ہے لیکن کسی مومن کو ندا حافظ کہنے یا گواہی دینے کے لیئے نکلنا جائز نہیں۔

○ ... اگر کوئی کام عام طور پر ضروریات میں شمار ہو تو اس کے لیئے نکلنا بھی جائز ہے لیکن احتیاط مستحب کی بنا انسان کو چاہئے کہ سب سے قریب راستہ اختیار کرے اور ضرورت سے زیادہ نہ رکے۔ اگر مسجد میں غسل کرنا ممکن نہ ہو لیکن حدث مسجد میں ٹھہرنے سے مانع بھی نہ ہو (مثلاً میت کا غسل) تو مسجد سے نکلنا جائز نہیں۔

○ ... اعتکاف کے دوران ایسے کاموں میں مشغول ہونا جس سے اعتکاف کی صورت باقی نہ

رہے اعتکاف کو باطل کر دیتا ہے۔ خواہ ایسا کرنا مجبوری اور جبر کی وجہ سے ہی کیوں نہ اور احتیاط واجب کی بنا پر انسان کو چاہئے کہ باہر بیٹھنا چھوڑ دے اور اگر اس پر مجبور ہو تو حتی الامکان سائے سے اجتناب کرے۔

○ ... اعتکاف بجائے خود مستحب ہے لیکن کبھی کبھی (مثلاً نذر اور اس سے مشابہ صورتوں میں) عارضی طور پر واجب بھی ہو جاتا ہے۔ اگر اعتکاف معین واجب ہو تو شروع سے ہی واجب ہے اور احتیاط مستحب کی بنا پر واجب مطلق ہونے کی صورت میں بھی شروع سے واجب ہے لیکن بنابر اقویٰ اگر مطلقاً واجب یا مستحب ہو تو شروع سے واجب نہیں ہے البتہ دو دن گزرنے کے بعد تیسرے دن کا واجب ہونا معین ہے بجز اس کے کہ اگر نیت کرتے وقت کسی وجہ سے تیسرے دن کو چھوڑنے کی شرط کی جائے اور دو دن بعد وہ وجہ پیش آجائے تو اسے تیسرے دن کو چھوڑنے کا اختیار ہے۔ تاہم اگر نیت کرتے وقت شرط نہ کی ہو تو نیت سے پہلے یا بعد میں کی ہوئی شرط معتبر نہیں ہے۔

○ ... اگر کوئی وجہ درپیش نہ ہوتے ہوئے بھی تیسرے دن کو چھوڑنے کی شرط کی جائے احتیاطاً جائز نہیں لیکن اگر کوئی شخص نیت کرتے وقت چھوڑنے کی شرط کرے اور پھر بعد میں اس شرط کو ختم کر دے تو بظاہر اس کا حکم ساقط نہیں ہوتا۔

○ ... اگر کوئی شخص اعتکاف کی نذر کرے اور نذر میں تیسرے دن کو چھوڑنے کی شرط کرے تو اگر اعتکاف شروع کرنے کی نیت کے وقت چھوڑنے کی شرط نہ کرے تو اس کو چھوڑنا جائز نہیں۔

○ ... اگر کوئی شخص اعتکاف کرنے والے کی جگہ غصب کر کے وہاں بیٹھ جائے اور اعتکاف کرنے والا اسے ہٹا کر خود بیٹھ جائے تو اعتکاف کا باطل ہونا غور اور تامل کے قابل ہے اور ظاہراً باطل نہیں ہوگا۔

اعتکاف کے چند اور احکام

اعتکاف کرنے والے کے لیئے چند چیزوں کا چھوڑنا ضروری ہے مثلاً

○ ... عورت سے صحبت کرنا اور بنا بر احتیاط اسے چھونا نیز شہوت کے ساتھ مرد یا عورت کا

بوسہ لینا۔

○ ... اعتکاف کے دوران استمناء کرنا حرام ہے۔

○ ... لذت حاصل کرنے کے لیئے خوشبو سونگھنا تاہم اگر قوت شامہ کام نہ کرے تو کوئی حرج نہیں۔

○ ... بنابر احتیاط واجب خرید و فروخت کرنا بلکہ مطلقاً تجارت کا معاملہ کرنا' تاہم باقی مباح دنیاوی کاموں (مثلاً دستکاری سے کپڑا تیار کرنے یا کپڑے سینے) میں کوئی حرج نہیں اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ ایسے کاموں سے بھی اجتناب کیا جائے اگر ضروریات خورد نوش بہم پہنچانے کے لیئے انسان سودا فروخت کرنے پر مجبور ہو جائے اور سودا فروخت کرنے کے علاوہ یہ ضروریات مہیا کرنے کی کوئی صورت نہ ہو اور سودا فروخت کرنے کے لیئے کسی شخص کو وکیل کرنا بھی ممکن نہ ہو تو وہ سودا فروخت کر سکتا ہے۔

○ ... کسی شخص سے تلخ کلامی کرنا جب اس کا مقصد حق ظاہر کرنا اور دوسرے شخص کو غلط سے بچانا نہ ہو بلکہ دینی یا دنیاوی معاملات میں غلبہ حاصل کرنا اور اپنی فضیلت جتانا مقصود ہو ہاں اگر اس کا مقصد حق ظاہر کرنا ہو تو یہ بہترین عبادت ہے۔

○ ... احتیاط مستحب کی بنا پر اعتکاف کرنے والے کو ہر ایسی چیز سے اجتناب کرنا چاہئے جو حج کے دوران حالت احرام میں حرام ہے اگرچہ بنا بر اقویٰ اس کا خلاف صحیح ہے اور بالخصوص سلے ہوئے کپڑے پہننا' بالوں کو صاف کرنا شکار کا گوشت کھانا اور نکاح اعتکاف کرنے والے کے لیئے جائز ہے۔

○ ... جو چیزیں اعتکاف کرنے والے کے لیئے حرام ہیں خواہ وہ دن میں وقوع پذیر ہوں یا رات کو بظاہر اعتکاف کو فاسد کر دیتی ہیں۔

○ ... اگر مذکورہ بالا چیزوں سے اعتکاف فاسد ہو جائے تو اگر اعتکاف واجب معین ہو تو اس کی قضاء کرنا واجب ہے اور واجب غیر معین ہو تو دوبارہ اعتکاف کرنا چاہئے اسی طرح اگر کسی شخص کا اعتکاف مستحب ہو اور دو دن گزر جانے کے بعد فاسد ہو جائے تو اس کی قضاء واجب ہے لیکن اگر دو دن گزرنے سے پہلے فاسد ہو جائے تو پھر اس شخص پر کچھ واجب نہیں اور اس اعتکاف کی فوراً قضاء کرنا بھی واجب نہیں۔

○ ... اگر کوئی شخص اعتکاف کے دوران کوئی معاملہ کرے تو اگرچہ اعتکاف باطل ہو جاتا ہے لیکن معاملہ باطل نہیں ہوتا۔

○ ... اگر اعتکاف کرنے والا اپنے اعتکاف کو جماع کے ذریعے فاسد کر دے تو خواہ وہ دن میں جماع کرے یا رات کو اس پر کفارہ واجب ہے لیکن بنا پر اقویٰ جماع کرنے کے علاوہ کسی دوسرے فعل سے کفارہ واجب نہیں ہوتا اگرچہ احتیاط کرنا مستحب ہے اور یہ امر بعید نہیں کہ اس کا کفارہ ظہار کے کفارہ کی مانند ہو۔

○ ... اگر کوئی شخص رمضان المبارک میں اعتکاف کرے اور پھر اسے جماع کے ذریعے دن میں فاسد کر دے تو اس پر دو کفارے (یعنی ایک رمضان المبارک کے روزے کا اور دوسرا اعتکاف کا) واجب ہیں اسی طرح اگر کوئی شخص ماہ رمضان کی قضاء کے دوران اعتکاف کرے اور زوال کے بعد اسے فاسد کر دے تو اگر وہ اعتکاف نذر کی وجہ سے واجب ہو تو نذر کی مخالفت کی بنا پر اس پر تین کفارے واجب ہو جاتے ہیں۔

○ ... اگر کوئی شخص اپنی روزے دار بیوی سے ماہ رمضان المبارک میں اس کی مرضی کے خلاف جماع کرے تو بنابر احتیاط اس پر چار کفارے واجب ہو جاتے ہیں۔

خمس

زکوٰۃ کے بعد خمس ایک ایسی چیز ہے جو مستحقین کی امداد کے لیئے ہے۔ اس کے بارے میں سورۃ انفال کی اکتالیسویں آیت میں یوں ارشاد ہوا ہے۔

واعلموا انما غنمتم من شی فان للہ خمسہ وللرسول ○ "اور جان لو جو نفع تم کسی چیز سے حاصل کرو تو اس میں سے پانچواں حصہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور رسول کے قرابتداروں یتیموں' مسکینوں' اور پردیسیوں کا ہے اگر تم اللہ پر اور اس (وحی) پر ایمان رکھتے ہو جو ہم نے اپنے بندے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کی"۔

خمس کا نصف حصہ ان سادات کا حق ہے جو فقیر یا یتیم ہوں یا مسافرت کے دوران تنگ دست ہو گئے ہوں اور نصف حصہ امام وقت علیہ السلام سے متعلق ہے آپ کے زمانہ غیبت میں یہ حصہ آپ

کے ایسے نائب کو دینا چاہئے جو مجتہد امین اور مصارف سے آگاہ ہو اور یا پھر اس سے اس حصے کے خرچ کرنے کے متعلق اجازت حاصل کر لینی چاہیے۔ اور اقویٰ یہ ہے کہ سہم سادات بھی بغیر حاکم شرع کی اجازت کے خرچ کرنا جائز نہیں اس لیئے ہم تمام مجتہدین کو اس کی اجازت دے دی ہے۔

سہم امام علیہ السلام ان مقاصد پر خرچ کرنا چاہئے جن کے متعلق آپ کی رضامندی معلوم ہو (مثلاً محتاج مومنین کو دیا جائے) اور مستحب یہ ہے کہ آپ کے نام سے تصدق کیا جائے۔ سہم امامؑ کے بعض اہم مصارف حسب ذیل ہیں جہاں پر حاکم شرع کی اجازت سے خرچ کیا جاسکتا ہے۔

۱ ... ان واعظین (مبلغین) کو دیا جائے جو علوم دین کی ترویج کریں اور اسلام کی سر بلندی اور اشاعت کے لیئے خدمات انجام دیں۔

۲ ... ان اہل علم کی اعانت کی جائے جو علوم دین کے حصول میں مصروف ہوں اور جاہلوں کو تعلیم دے کر اور گمراہوں کو راہ راست پر لا کر اسلامی معاشرے میں اصلاح کی کوشش کریں۔

۳ ... ایسے دوسرے کاموں پر خرچ کیا جائے جن سے مومنین کے دین کی اصلاح ہو ان کے نفوس کی تکمیل ہو اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان کے درجات بلند ہوں۔ احتیاط واجب یہ ہے کہ اس سلسلے میں مرجع اعلم سے رجوع کیا جائے جو اس کی جہات عامہ سے واقف ہیں۔

خمس کے احکام

مسئلہ ۱۷۶۰ : خمس سات چیزوں پر واجب ہوتا ہے۔

۱ ... کاروبار کا نفع ۔

۲ ... معدن (کانیں)۔

۳ ... گنج (دفینہ)۔

۴ ... حلال مال جو حرام مال سے خلط ملط ہو جائے۔

۵ ... جواہرات جو غواصی یعنی سمندر میں غوطہ لگانے سے دستیاب ہوتے ہیں۔

۶ ... جنگ کا مال غنیمت

۷... وہ زمین جو ذمی کافر کسی مسلمان سے خریدے۔
ذیل میں ان کے بارے میں احکام تفصیل سے بیان کیے جائیں گے۔

۱۔ منفعت کسب (کاروبار کا نفع)

مسئلہ ۱۷۶۱ : جب انسان کو تجارت صنعت یا دوسرے پیشوں سے کچھ مال دستیاب ہو (مثال کے طور پر اگر وہ میت کی نمازیں اور روزے بجا لا کر اس کی اجرت کے طور کچھ دولت حاصل کرے) اور اگر وہ کمائی خود اس کے اور اس کے اہل و عیال کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو تو اسے چاہیے کہ زائد مال کا خمس یعنی پانچواں حصہ اس طریقے کے مطابق ادا کرے جس کی تفصیل بعد میں بیان ہو گی۔

مسئلہ ۱۷۶۲ : اگر کسی کو کمائی کیے بغیر کوئی آمدنی ہو جائے مثلاً اگر کوئی شخص اسے کوئی چیز بطور عطیے کے دے دے اور وہ اس کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو تو اسے چاہیے کہ جو کچھ بچے اس پر خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۶۳ : مہر جو عورت کو ملتا ہے اور جو مال شوہر، بیوی کو طلاق خلع دینے کے عوض حاصل کرتا ہے ان پر خمس واجب نہیں ہے لیکن احتیاط مستحب ہے کہ خمس ادا کرے اور جو میراث انسان کو ملے اس کے لیے بھی یہی حکم ہے لیکن اگر کسی شخص سے رشتہ داری ہو اور اس سے میراث ملنے کا گمان نہ ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اس شخص کو جو میراث ملے اگر وہ انسان کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو تو اس کا خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۶۴ : اگر کسی شخص کو میراث کے طور پر کچھ مال ملے اور اسے معلوم ہو کہ جس شخص سے اسے یہ میراث ملی ہے اس نے اس کا خمس ادا نہیں کیا ہے تو وہ (یعنی وارث) احتیاط واجب کی بنا پر اس کا خمس ادا کرے لیکن اگر خود اس مال پر خمس واجب نہ ہو اور وارث کو علم ہو کہ جس شخص سے اسے وہ مال ورثے میں ملا ہے اس کے ذمے کچھ خمس واجب الادا تھا تو اسے چاہیے کہ اس کے مال سے خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۶۵ : اگر کسی شخص کے پاس کفایت شعاری کی وجہ سے کچھ مال سال بھر کے اخراجات

[او]ر جس پر خمس واجب نہ ہو تو وہ اپنے سال بھر کے اخراجات کا حساب فقط اپنے پیشے سے حاصل
[م]نفعت کو مد نظر رکھتے ہوئے کر سکتا ہے۔

[مسئلہ] ۱۷۸۹ : جو سامان کسی شخص نے سال بھر استعمال کرنے کے لیئے اپنی تجارت کے منافع
[سے خر]یدا ہو اگر سال کے آخر میں اس میں سے کچھ بچ جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا خمس ادا کرے
[خم]س اس کی قیمت کی شکل میں دینا چاہئے اور جب وہ سامان خریدا تھا اس کے مقابلے میں اس کی
[قیمت] بڑھ گئی ہو تو اسے چاہئے کہ اس مال کی قیمت خرید کے حساب سے خمس ادا کرے گا۔

[مسئ]لہ ۱۷۹۰ : اگر کوئی شخص خمس ادا کرنے سے پہلے اپنی تجارت کے منافع سے گھر کے لیئے
[ساما]ن خریدے تو جس وقت بھی اس سامان کی ضرورت ختم ہو جائے احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس پر خمس
[اد]ا کرے اور یہی صورت زنانہ زیورات کی ہے جب کہ عورت کا انہیں بطور زینت استعمال کرنے کا
[ز]مانہ گزر جائے۔

[م]سئلہ ۱۷۹۱ : اگر کسی شخص کو کسی سال میں منافع نہ ہو تو وہ اس سال کے اخراجات کو آئندہ
سال کے منافع سے منہا نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۱۷۹۲ : اگر کسی شخص کو سال کے شروع میں منافع نہ ہو اور سرمائے سے خرچ کرے اور
سال کے ختم ہونے سے پہلے اسے منافع حاصل ہو جائے تو اس نے جو کچھ سرمائے میں خرچ کیا ہے
اسے منافع سے منہا نہیں کر سکتا بلکہ صرف وہی کچھ منہا کر سکتا ہے جو اس نے تجارت کے سلسلے میں
خرچ کیا ہو۔

مسئلہ ۱۷۹۳ : اگر سرمائے کا کچھ حصہ تجارت وغیرہ میں تلف ہو جائے تو جتنی مقدار سرمائے میں
سے کم ہوئی ہو انسان اتنی مقدار اس کے تلف ہونے سے قبل حاصل شدہ منافع میں سے منہا کر سکتا
ہے۔

مسئلہ ۱۷۹۴ : اگر کسی شخص کے مال سے سرمایہ کے علاوہ کوئی اور چیز ضائع ہو جائے تو وہ اس
چیز کو حاصل شدہ منافع سے مہیا نہیں کر سکتا لیکن اگر اسے اسی سال کے دوران میں اس چیز کی ضرورت
پڑ جائے تو وہ اسے اس میں اپنے پیشے سے حاصل شدہ منافع سے مہیا کر سکتا ہے۔

۷... وہ زمین جو ذمی کافر کسی مسلمان سے خریدے۔

ذیل میں ان کے بارے میں احکام تفصیل سے بیان کیے جائیں گے۔

۱۔ منفعت کسب (کاروبار کا نفع)

مسئلہ ۱۷۶۱ : جب انسان کو تجارت صنعت یا دوسرے پیشوں سے کچھ مال دستیاب ہو (مثال کے طور پر اگر وہ میت کی نمازیں اور روزے بجا لا کر اس کی اجرت کے طور کچھ دولت حاصل کرے) اور اگر وہ کمائی خود اس کے اور اس کے اہل و عیال کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو تو اسے چاہیے کہ زائد مال کا خمس یعنی پانچواں حصہ اس طریقے کے مطابق ادا کرے جس کی تفصیل بعد میں بیان ہو گی۔

مسئلہ ۱۷۶۲ : اگر کسی کو کمائی کیے بغیر کوئی آمدنی ہو جائے مثلاً اگر کوئی شخص اسے کوئی چیز بطور عطیے کے دے دے اور وہ اس کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو تو اسے چاہیے کہ جو کچھ بچے اس پر خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۶۳ : مہر جو عورت کو ملتا ہے اور جو مال شوہر، بیوی کو طلاق خلع دینے کے عوض حاصل کرتا ہے ان پر خمس واجب نہیں ہے لیکن احتیاط مستحب ہے کہ خمس ادا کرے اور جو میراث انسان کو ملے اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے لیکن اگر کسی شخص سے رشتہ داری ہو اور اس سے میراث ملنے کا گمان نہ ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اس شخص کو جو میراث ملے اگر وہ انسان کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو تو اس کا خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۶۴ : اگر کسی شخص کو میراث کے طور پر کچھ مال ملے اور اسے معلوم ہو کہ جس شخص سے اسے یہ میراث ملی ہے اس نے اس کا خمس ادا نہیں کیا ہے تو وہ (یعنی وارث) احتیاط واجب کی بنا پر اس کا خمس ادا کرے لیکن اگر خود اس مال پر خمس واجب نہ ہو اور وارث کو علم ہو کہ جس شخص سے اسے وہ مال ورثے میں ملا ہے اس کے ذمے کچھ خمس واجب الادا تھا تو اسے چاہیے کہ اس کے مال سے خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۶۵ : اگر کسی شخص کے پاس کفایت شعاری کی وجہ سے کچھ مال سال بھر کے اخراجات

کے بعد بچ جائے تو اسے چاہئے کہ اس پر خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۶۶ : جس شخص کے اخراجات کوئی دوسرا شخص برداشت کرتا ہو اسے چاہئے کہ جتنا مال اس کے ہاتھ آئے اس پر خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۶۷ : اگر کوئی شخص کوئی جائیداد کچھ خاص افراد مثلاً اپنی اولاد کے لیئے وقف کر دے اور وہ لوگ اس جائیداد میں کھیتی باڑی اور شجرکاری کریں اور اس میں منفعت حاصل کریں اور وہ کمائی ان کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو تو انہیں چاہئے کہ زائد کمائی پر خمس ادا کریں اور اسی طرح وہ کسی طریقے سے اس جائیداد سے نفع حاصل کریں مثلاً اسے ٹھیکے پر دے دیں تو انہیں چاہئے کہ اس نفع کی جو مقدار ان کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو اس پر خمس ادا کریں۔

مسئلہ ۱۷۶۸ : جو مال کسی فقیر نے بطور خمس اور زکوٰۃ اور صدقہ مستحبی کے حاصل کیا ہو اگر وہ اس کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو تو جو مال اسے دیا گیا ہو اس سے اس نے نفع کمایا ہو مثلاً اس نے ایک ایسے درخت سے جو اسے بطور خمس دیا گیا ہو میوہ حاصل کیا ہو اور وہ اس کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو تو اسے چاہئے کہ اس پر خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۶۹ : اگر کوئی شخص ایسی رقم سے جس کا خمس ادا نہ کیا ہو کوئی چیز خریدے یعنی بیچنے والے سے کہے کہ "میں یہ جنس اس رقم سے خرید رہا ہوں" تو ظاہر یہ ہے کہ کل مال کے متعلق معاملہ درست ہے اور خمس کا تعلق جنس سے ہو جاتا ہے جو اس نے اس رقم سے خریدی ہے اور حاکم شرع کی اجازت اور دستخط کی حاجت نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۷۷۰ : اگر کوئی شخص کوئی جنس خریدے اور معاملہ طے کرنے کے بعد اس کی قیمت اس رقم سے ادا کرے جس پر خمس نہ دیا ہو تو جو معاملہ اس نے کیا ہے وہ صحیح ہے اور جو رقم اس نے جنس بیچنے والے کو دی ہے اس کے خمس کے لیئے وہ خمس کے مستحقین کا مقروض ہے۔

مسئلہ ۱۷۷۱ : اگر کوئی شخص کوئی ایسا مال خریدے جس پر خمس نہ دیا گیا ہو تو اس کا خمس بیچنے والے کی ذمہ داری ہے اور خریدار کے ذمے کچھ نہیں۔

مسئلہ ۱۷۷۲ : اگر کوئی شخص کسی کو کوئی ایسی چیز بطور عطیہ دے جس پر خمس ادا نہ کیا گیا ہو تو

اس کے پانچویں حصے (یعنی خمس) کی ادائیگی کی ذمہ داری عطیہ دینے والے پر ہے اور جس شخص کو عطیہ دیا گیا ہو اس کے ذمہ کچھ نہیں۔

مسئلہ ۱۷۷۳ : اگر کسی شخص کو کوئی مال کسی کافر یا ایسے شخص سے ملے جو خمس ادا کرنے پر اعتقاد نہ رکھتا ہو تو اس کے لیئے (یعنی جس شخص کو مال ملے اس کے لیئے) اس مال پر خمس ادا کرنا واجب نہیں۔

مسئلہ ۱۷۷۴ : تاجر پیشہ ور کاریگر اور اسی قسم کے دوسرے لوگوں کو چاہئے کہ وہ جب سے منفعت کما رہے ہوں اس پر جب ایک سال گزر جائے تو جو کچھ ان کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو اس پر خمس ادا کریں اور جس شخص کا شغل کسی پیشے سے کمائی کرنا نہ ہو اگر اسے اتفاقاً کوئی منفعت حاصل ہو جائے تو جب اسے یہ منفعت حاصل ہو اس وقت سے ایک سال گزرنے کے بعد جتنی مقدار اس کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو اسے چاہئے کہ اس پر خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۷۵ : سال کے دوران میں جس وقت بھی کسی شخص کو منفعت حاصل ہو وہ اس پر خمس ادا کر سکتا ہے اور اس کے لیئے یہ بھی جائز ہے کہ سال کے ختم ہونے تک اس کی ادائیگی میں تاخیر کرے اور وہ خمس ادا کرنے کے لیئے قمری سال اختیار کرے۔

مسئلہ ۱۷۷۶ : اگر کوئی تاجر یا پیشہ ور وغیرہ خمس دینے کے لیئے سال کی مدت معین کرے اور اسے منفعت حاصل ہو لیکن سال کے دوران میں مر جائے تو چاہئے کہ اس کی وفات تک کے اخراجات اس منفعت میں منہا کر کے باقی ماندہ پر خمس دیا جائے۔

مسئلہ ۱۷۷۷ : اگر کسی شخص کی بغرض تجارت خریدی ہوئی جنس کی قیمت چڑھ جائے اور وہ اسے نہ بیچے اور سال کے دوران میں اس کی قیمت گر جائے تو جتنی مقدار میں قیمت میں اضافہ ہوا ہو اس پر خمس واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۷۷۸ : اگر کسی شخص کی بغرض تجارت خریدی ہوئی جنس کی قیمت چڑھ جائے اور وہ اس امید پر کہ ابھی اس کی قیمت اور چڑھے گی اس جنس کو سال کے خاتمے کے بعد تک فروخت نہ کرے اور پھر اس کی قیمت گر جائے تو جس مقدار میں قیمت بڑھی ہو اس پر خمس دینا واجب نہیں ہے

بلکہ اصل اور نفع کے مجموعے سے خمس کی جو نسبت ہو اسی نسبت سے موجودہ مال میں جنس یا قیمت کی شکل میں خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۷۹ : اگر کسی شخص کے پاس مال تجارت کے علاوہ کوئی مال ہو جس کا خمس وہ ادا کر چکا ہو یا جس پر خمس واجب ہی نہ ہو مثلاً کوئی ایسی چیز جو اس نے خرچے کے لیئے خریدی ہو تو اگر اس کی قیمت بڑھ جائے اور وہ اسے بیچ دے تو اسے چاہئے کہ جتنی مقدار میں اس چیز کی قیمت میں اضافہ ہوا ہے اس پر خمس ادا کرے اسی طرح مثلاً اگر کوئی درخت خریدے اور اس میں پھل لگیں یا بھیڑ موٹی ہو جائے تو اگر ان چیزوں کی نگہداشت سے اس کا مقصد نفع کمانا تھا تو اسے چاہے کہ ان کی قیمت میں جو زیادتی ہوئی ہے اس پر خمس ادا کرے بلکہ اگر اس کا مقصد نفع کمانا نہ بھی رہا ہو تب بھی اسے چاہئے کہ ان پر خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۸۰ : اگر کوئی شخص اس ارادے سے باغ لگائے کہ جب اس کی قیمت بڑھ جائے گی تو اسے بیچ ڈالے گا تو اسے چاہئے کہ پھلوں اور درختوں کی نشوونما اور باغ کی بڑھی ہوئی قیمت پر خمس ادا کرے لیکن اگر اس کا ارادہ یہ رہا ہو کہ ان درختوں کے پھل بیچے گا ان کی قیمت سے نفع اٹھائے گا تو پھر اسے فقط پھلوں پر اور درختوں کے بڑھنے پر خمس دینا چاہیے۔

مسئلہ ۱۷۸۱ : اگر کوئی شخص بید اور چنار وغیرہ کے درخت لگائے تو اسے چاہئے کہ ہر سال ان کے بڑھنے کا خمس ادا کرے اور اسی طرح اگر مثلاً ان درختوں کی ان شاخوں سے نفع کمائے جو عموماً ہر سال کاٹی جاتی ہیں۔ اور تنہا ان شاخوں کی قیمت سے یا دوسری منفعتوں سے ملا کر اس کی آمدنی اس کے سال بھر کے اخراجات سے بڑھ جائے تو اسے چاہئے کہ ہر سال کے خاتمے پر اس زائد رقم پر خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۸۲ : اگر کسی شخص کی آمدنی کے متعدد ذرائع ہوں مثلاً جائیداد کا کرایہ لیتا ہو اور لین دین بھی کرتا ہو تو اسے چاہئے کہ سال کے خاتمے پر جو کچھ اس کی اخراجات سے زائد ہو اس پر خمس ادا کرے لو اگر ایک ذریعے سے نفع کمائے اور دوسرے ذریعے سے نقصان اٹھائے تو احتیاط مستحب کی بنا پر اسے چاہئے کہ جو نفع کمایا ہو اس پر خمس ادا کرے لیکن اگر اس کے دو مختلف پیشے ہوں مثلاً تجارت اور زراعت کرتا ہو تو اس صورت میں احتیاط واجب کی بنا پر وہ ایک پیشے کے نقصان کا تدارک دوسرے

پیشے کے نفع سے نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۱۷۸۳ : انسان جو اخراجات فائدہ حاصل کرنے کے لیئے کرے (مثلاً دلالی اور باربرداری کی سلسلے میں جو کچھ خرچ کرے) انہیں وہ منفعت میں سے منہا کر سکتا ہے اور اتنی مقدار پر خمس ادا کرنا لازم نہیں۔

مسئلہ ۱۷۸۴ : سوداگری کے منافع سے کوئی شخص سال بھر میں جو کچھ خوراک' لباس گھر کے سامان' مکان' خریداری' بیٹے کی شادی بیٹی کے جہیز اور زیارات وغیرہ پر خرچ کرے اس پر خمس نہیں ہے بشرطیکہ ایسے اخراجات اس کی حیثیت سے زیادہ نہ ہوں اور اس نے فضول خرچی بھی نہ کی ہو۔

مسئلہ ۱۷۸۵ : جو مال انسان نذر اور کفارہ پر خرچ کرے وہ سالانہ اخراجات کا حصہ ہے اسی طرح وہ مال بھی اس کے سالانہ اخراجات کا حصہ ہے جو وہ کسی کو بطور ہدیہ یا انعام کے دے دے بشرطیکہ وہ اس کی حیثیت سے زیادہ نہ ہو۔

مسئلہ ۱۷۸۶ : اگر انسان ایک ایسے شہر میں ہو جہاں کے لوگ عموماً ہر سال کچھ نہ کچھ جہیز لڑکیوں کے لیئے تیار کرتے رہتے ہوں اور وہ سال کے دوران میں اسی سال کی منافع سے جہیز خریدے جو اس کی حیثیت سے بڑھ کر نہ ہو تو اس کو اگر سال کے اندر اندر اپنی لڑکی کی ملکیت قرار دے دے اور لڑکی اس کو استعمال نہ کرے تو لڑکی پر خمس واجب ہے اور اگر لڑکی کی ملکیت میں نہیں دیا تو خود شخص پر خمس دینا واجب ہو گا یہ سب اس صورت میں ہے کہ اس کی حیثیت سے زیادہ نہ ہو اور اگر حیثیت سے زیادہ لڑکی کی ملکیت میں دے گا تو جو مقدار حیثیت سے زیادہ ہو گی اس پر وہ شخص خود خمس ادا کرے باقی مال میں تصرف نہ کرنے کی صورت میں لڑکی خمس ادا کرے کسی کی حیثیت کا تعین عقلاء اور عرف عام کی نظر میں جو ہو وہ معتبر ہے۔

مسئلہ ۱۷۸۷ : جو مال کسی شخص نے حج اور دوسری زیارات کے سفر پر خرچ کیا ہو وہ اس سال کے اخراجات میں شمار ہوتا ہے جس سال میں خرچ کیا جائے اور اگر اس کا سفر سال سے زیادہ ہو تو طول کھنچ جائے تو کچھ وہ دوسرے سال میں خرچ کرے اسے چاہئے کہ اس کا خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۷۸۸ : جو شخص کسی پیشے یا تجارت سے منفعت حاصل کرے اگر اس کے پاس کوئی اور

مال بھی ہو جس پر خمس واجب نہ ہو تو وہ اپنے سال بھر کے اخراجات کا حساب فقط اپنے پیشے سے حاصل کی ہوئی منفعت کو مد نظر رکھتے ہوئے کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۷۸۹ : جو سامان کسی شخص نے سال بھر استعمال کرنے کے لیئے اپنی تجارت کے منافع سے خریدا ہو اگر سال کے آخر میں اس میں سے کچھ بچ جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا خمس ادا کرے اور خمس اس کی قیمت کی شکل میں دینا چاہئے اور جب وہ سامان خریدا تھا اس کے مقابلے میں اس کی قیمت بڑھ گئی ہو تو اسے چاہئے کہ اس مال کی قیمت خرید کے حساب سے خمس ادا کرے گا۔

مسئلہ ۱۷۹۰ : اگر کوئی شخص خمس ادا کرنے سے پہلے اپنی تجارت کے منافع سے گھر کے لیئے سامان خریدے تو جس وقت بھی اس سامان کی ضرورت ختم ہو جائے احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس پر خمس ادا کرے اور یہی صورت زنانہ زیورات کی ہے جب کہ عورت کا انہیں بطور زینت استعمال کرنے کا زمانہ گزر جائے۔

مسئلہ ۱۷۹۱ : اگر کسی شخص کو کسی سال میں منافع نہ ہو تو وہ اس سال کے اخراجات کو آئندہ سال کے منافع سے منہا نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۱۷۹۲ : اگر کسی شخص کو سال کے شروع میں منافع نہ ہو اور سرمائے سے خرچ کرے اور سال کے ختم ہونے سے پہلے اسے منافع حاصل ہو جائے تو اس نے جو کچھ سرمائے میں خرچ کیا ہے اسے منافع سے منہا نہیں کر سکتا بلکہ صرف وہی کچھ منہا کر سکتا ہے جو اس نے تجارت کے سلسلے میں خرچ کیا ہو۔

مسئلہ ۱۷۹۳ : اگر سرمائے کا کچھ حصہ تجارت وغیرہ میں تلف ہو جائے تو جتنی مقدار سرمائے میں سے کم ہوئی ہو انسان اتنی مقدار اس کے تلف ہونے سے قبل حاصل شدہ منافع میں سے منہا کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۷۹۴ : اگر کسی شخص کے مال سے سرمائے کے علاوہ کوئی اور چیز ضائع ہو جائے تو وہ اس چیز کو حاصل شدہ منافع سے مہیا نہیں کر سکتا لیکن اگر اسے اسی سال کے دوران میں اس چیز کی ضرورت پڑ جائے تو وہ اسے اس میں اپنے پیشے سے حاصل شدہ منافع سے مہیا کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۷۹۵ : اگر کسی شخص کو سارا سال کوئی منافع نہ ہو اور اپنے اخراجات قرض لے کر پورے کرے تو وہ آئندہ سالوں کے منافع سے اپنے حاصل کردہ قرضے کو منہا نہیں کر سکتا۔ بلکہ اگر سال کے شروع میں اپنے اخراجات پورے کرنے کے لیئے قرض لے اور سال ختم ہونے سے پہلے منافع حاصل کرے تو ظاہر یہ ہے کہ اپنے قرضے کی مقدار اس منافع میں سے منہا نہیں کر سکتا ماسوا اس کے کہ قرضہ منافع حاصل کرنے کے بعد لیا ہو البتہ دونوں صورتوں میں وہ اس قرض کو اس سال کے منافع سے ادا کر سکتا ہے اور منافع کی اس مقدار سے خمس کا کوئی تعلق نہیں۔

مسئلہ ۱۷۹۶ : اگر کوئی شخص مال بڑھانے کی غرض سے یا ایسی املاک خریدنے کے لیئے جس کی اسے ضرورت نہ ہو قرض اٹھائے تو وہ اپنے پیشے کے منافع سے اس قرض کی مقدار کو منہا نہیں کر سکتا۔ ہاں جو مال بطور قرض لیا ہو یا جو چیز اس قرض سے خریدی ہو اگر وہ تلف ہو جائے تو اس صورت میں وہ اپنا قرض اس سال کے منافع میں سے ادا کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۷۹۷ : انسان ہر چیز کا خمس اسی چیز کی شکل میں دے سکتا ہے اور چاہے تو جتنا خمس اس کے ذمے ہو اس کی قیمت کے برابر رقم بھی دے سکتا ہے لیکن اگر کسی اور جنس کی شکل میں دینا چاہے تو محل اشکال ہے بجز اس کے کہ ایسا کرنا حاکم شرع کی اجازت سے ہو۔

مسئلہ ۱۷۹۸ : جس شخص پر خمس واجب الادا ہو اور سال بھر گزر گیا ہو لیکن اس نے خمس ادا نہ کیا ہو اور خمس دینے کا ارادہ بھی نہ رکھتا ہو وہ اس مال میں تصرف نہیں کر سکتا بلکہ احتیاط واجب یہ ہے کہ اگر وہ خمس دینے کا ارادہ بھی رکھتا ہو تب بھی یہی حکم ہے کہ (یعنی وہ تصرف نہیں کر سکتا)۔

مسئلہ ۱۷۹۹ : جس شخص کو خمس ادا کرنا ہو وہ یہ نہیں کر سکتا کہ اس خمس کو اپنے ذمے لے یعنی اپنے آپ کو خمس کے مستحقین کا مقروض تصور کرے اور سارا مال استعمال کرتا رہے اور اگر استعمال کرے اور وہ مال تلف ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۸۰۰ : جس شخص کو خمس ادا کرنا ہو اگر وہ حاکم شرع سے مشورہ کر لے اور خمس کو اپنے ذمے لے تو سارا مال استعمال کر سکتا ہے اور سمجھوتے کے بعد اس مال سے جو منافع اسے حاصل ہو وہ اس کا اپنا مال ہے۔

مسئلہ ۱۸۰۱ : جو شخص کاروبار میں کسی دوسرے کے ساتھ شریک ہو اگر وہ اپنے منافع پر خمس دے دے اور اس کا شراکت دار نہ دے اور آئندہ سال میں وہ شراکت دار اس مال کو جس کا خمس اس نے نہیں دیا شراکت کے سرمائے کے طور پر پیش کرے تو وہ شخص (جس نے خمس ادا کر دیا ہو) اس مال کو استعمال میں لاسکتا ہے۔

مسئلہ ۱۸۰۲ : اگر نابالغ بچے کے پاس کوئی سرمایہ ہو اور اس سے منافع حاصل ہو تو بالغ ہونے کے بعد اسے اس پر خمس ادا کرنا واجب نہیں۔

مسئلہ ۱۸۰۳ : جس شخص کو کسی دوسرے شخص سے کوئی مال ملے اور اسے شک ہو کہ اس دوسرے شخص نے اس پر خمس ادا کیا ہے یا نہیں تو وہ (یعنی مال حاصل کرنے والا شخص) اس مال میں تصرف کر سکتا ہے بلکہ اگر یقین بھی ہو کہ اس دوسرے شخص نے خمس ادا نہیں کیا تب بھی اس مال میں تصرف کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۸۰۴ : اگر کوئی شخص اپنی تجارت کے منافع سے سال کے دوران میں کوئی ایسی جائیداد خریدے جو اس کی سال بھر کی ضروریات اور اخراجات میں شمار نہ ہو تو اس پر واجب ہے کہ سال کے خاتمے پر اس کا خمس ادا کرے اور اگر خمس ادا نہ کرے اور اس جائیداد کی قیمت بڑھ جائے تو لازم ہے کہ اس کی موجودہ قیمت پر خمس دے اور جائیداد کے علاوہ قرش وغیرہ کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۱۸۰۵ : جس شخص نے شروع سے (یعنی جب سے اس پر خمس کی ادائیگی واجب ہوئی ہو) خمس نہ دیا ہو مثال کے طور پر اگر وہ کوئی جائیداد خریدے اور اس کی قیمت بڑھ جائے تو اگر اس نے یہ جائیداد اس ارادے سے نہ خریدی ہو کہ اس کی قیمت بڑھ جائے گی تو بیچ ڈالے گا مثلاً کھیتی باڑی کے لیئے زمین خریدی ہو اور اس کی قیمت اس رقم سے ادا کی ہو جس پر خمس نہ دیا ہو تو اسے چاہئے کہ قیمت خرید پر خمس دے اور مثلاً اگر بیچنے والے کو وہ رقم دی ہو جس پر خمس نہ دیا ہو اور اسے کہا ہو کہ میں یہ جائیداد اس رقم سے خریدتا ہوں تو اسے چاہئے کہ اس جائیداد کی موجودہ قیمت پر خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۸۰۶ : جس شخص نے شروع سے (یعنی جب سے خمس کی ادائیگی اس پر واجب ہوئی) خمس نہ دیا ہو اگر اس نے اپنے پیشے کے منافع سے کوئی ایسی چیز خریدی ہو جس کی اسے ضرورت نہ ہو

اور اسے منافع کمائے ایک سال گزر گیا ہو تو اسے چاہئے کہ اس پر خمس ادا کرے اور اگر اس نے گھر کا سازوسامان اور دوسری ضرورت کی چیزیں اپنی حیثیت کے مطابق خریدی ہوں اور جانتا ہو کہ اس نے وہ چیزیں اس سال کے دوران میں خریدی ہیں جس سال میں اسے منافع ہوا ہے تو اس پر خمس دینا اس کے لیئے لازم نہیں لیکن اگر اسے یہ معلوم نہ ہو کہ اس سال کے دوران میں خریدی ہیں یا اس سال کے ختم ہو جانے کے بعد خریدی ہیں تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ حاکم شرع کے ساتھ مصالحت کرے۔

۲۔ معدن (کانیں)

مسئلہ ۱۸۰۷ : اگر کوئی شخص سونے، چاندی، سیسے، تانبے، لوہے، پتھر کے کوئلے، فیروزہ، عقیق، پھٹکری یا نمک کی کان سے یا دوسری کانوں سے کوئی چیز حاصل کرے تو اگر وہ چیز نصاب کے مطابق ہو تو اسے چاہئے کہ اس کا خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۸۰۸ : کان سے نکلی ہوئی چیز کا نصاب ۱۵ مثقال معمولی سکہ دار سونا ہے یعنی اگر کان سے نکالی ہوئی کسی چیز کی قیمت ۱۵ مثقال سکہ دار سونے تک پہنچ جائے تو انسان کو چاہئے کہ جو کچھ اس نے اس پر خرچ کیا ہو اسے منہا کر کے جو باقی بچے اس پر خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۸۰۹ : جس شخص نے کان سے منافع حاصل کیا ہو اور اس نے جو چیز کان سے نکالی ہو اگر اس کی قیمت ۱۵ مثقال سکہ دار سونے تک پہنچے تو اس پر خمس تب واجب ہو گا جب صرف یہ منافع یا اس کے دوسرے کاروبار کا منافع اس منافع سے ملا کر اس کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو جائے۔

مسئلہ ۱۸۱۰ : گچ، چونا، ملتانی مٹی اور سرخ مٹی معدنی چیزوں میں سے نہیں ہیں اور جو شخص انہیں زمین سے نکالے اسے اس صورت میں خمس دینا چاہئے فقط وہ چیز یا اس کے دوسرے کاروبار کے منافع سے ملا کر وہ چیز اس کے سال بھر کے اخراجات سے بڑھ جائے۔

مسئلہ ۱۸۱۱ : جو شخص کان سے کوئی چیز حاصل کرے اسے چاہئے کہ اس کا خمس ادا کرے خواہ وہ کان زمین کے اوپر ہو یا نیچے اور خواہ ایسی زمین ہو جو کسی کی ملکیت ہو یا ایسی زمین میں ہو جس کا کوئی

مالک نہ ہو۔

مسئلہ ۱۸۱۲ : اگر کسی شخص کو یہ معلوم نہ ہو کہ جو چیز اس نے کان سے نکالی ہے اس کی قیمت ۱۵ مثقال سکہ دار سونے کے برابر ہے یا نہیں یا اس پر خمس واجب الادا نہیں تو اس کے لیئے ضروری نہیں کہ وزن کر کے یا کسی طریقے سے اس کی قیمت معلوم کرے۔

مسئلہ ۱۸۱۳ : اگر کئی شخص مل کر کان سے کوئی چیز نکالیں اور اس کی قیمت ۱۵ مثقال سکہ دار سونے تک پہنچ جائے تو اگرچہ ان میں سے ہر ایک کا حصہ اس مقدار سے کم ہوا ہو انہیں چاہئے کہ اس پر خمس ادا کریں۔

مسئلہ ۱۸۱۴ : اگر کوئی شخص دوسرے کی جائیداد سے کوئی معدنی چیز نکالے تو جو کچھ اسے دستیاب ہو وہ جائیداد کے مالک کا مال ہے اور چونکہ جائیداد کے مالک نے وہ معدنی چیز نکالنے کے لیئے کچھ خرچ نہیں کیا اس لیئے جب اس کی مقدار نصاب کی حد تک پہنچ جائے اسے (یعنی جائیداد کے مالک کو) چاہئے کہ جو کچھ کان سے نکالا گیا ہو اس تمام تر پر خمس ادا کرے۔

گنج (دفینہ)

مسئلہ ۱۸۱۵ : دفینہ وہ مال ہے جو زمین یا درخت یا پہاڑ یا دیوار میں چھپا ہوا ہو اور کوئی اسے وہاں سے نکالے اور اس کی صورت یہ ہو کہ اسے دفینہ کہا جا سکے۔

مسئلہ ۱۸۱۶ : اگر انسان کو کسی ایسی زمین سے دفینہ ملے جو کسی کی ملکیت نہ ہو تو وہ خود اس کا مال ہے اور اسے چاہئے کہ اس پر خمس دے لیکن اگر وہ دفینہ سونے اور چاندی کے علاوہ کوئی چیز ہو تو اس پر خمس کا واجب ہونا احتیاط کی بنا پر ہے۔

مسئلہ ۱۸۱۷ : دفینہ اگر چاندی ہو تو اس کا نصاب ۱۰۵ مثقال سکہ دار چاندی اور اگر سونا ہو تو اس کا نصاب ۱۵ مثقال سکہ دار سونا ہے اور اگر سونے یا چاندی کے علاوہ کوئی اور چیز ہو تو سونے چاندی میں سے کسی ایک کو اس کے نصاب کا معیار بنالیں۔

مسئلہ ۱۸۱۸ : اگر کسی شخص کو ایسی زمین سے دفینہ ملے جو اس نے کسی سے خریدی ہو اور اسے

معلوم ہو کہ یہ ان لوگوں کا مال نہیں جو اس سے پہلے اس زمین کے مالک تھے تو وہ خود اس کا مال ہو جاتا ہے اور اسے چاہئے کہ اس پر خمس ادا کرے لیکن اگر اس بات کا احتمال ہو کہ یہ ان لوگوں میں سے کسی کا مال ہے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے (یعنی اس شخص کو جسے دفینہ ملے) چاہئے کہ سابقہ مالک کو اطلاع دے اور اگر پتہ چلے کہ اس کا مال نہیں ہے تو اس شخص کو اطلاع دے جو اس سے بھی پہلے اس زمین کا مالک تھا اور اسی ترتیب سے ان تمام لوگوں کو خبر کرے جو خود اس سے پہلے اس زمین کے مالک رہے ہوں اور اگر پتہ چلے کہ وہ ان میں سے کسی کا بھی ملی نہیں ہے تو پھر وہ خود اس کا مال ہو جاتا ہے اور اسے چاہئے کہ اس کا خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۸۱۹ : اگر کسی شخص کو ایسے کئی ایک برتنوں سے مال ملے جو ایک جگہ دفن کیئے ہوئے ہوں اور اس مال کی مجموعی قیمت ۱.۵ مثقال چاندی یا ۱۵ مثقال سونے کے برابر ہو تو اسے چاہئے کہ اس مال کا خمس ادا کرے لیکن اگر مختلف مقامات سے دفینے ملیں تو ان میں سے جس دفینے کی قیمت مذکورہ مقدار تک پہنچے اس پر خمس واجب ہے اور جس دفینے کی قیمت اس مقدار تک نہ پہنچے اس پر خمس نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۸۲۰ : جب دو اشخاص کو ایسا دفینہ ملے جس کی قیمت ۱.۵ مثقال چاندی یا ۱۵ مثقال سونے تک پہنچتی ہو تو خواہ ان میں سے ہر ایک کے حصے کی مقدار اتنی نہ بنتی ہو انہیں چاہئے کہ اس پر خمس ادا کریں۔

مسئلہ ۱۸۲۱ : اگر کوئی شخص مچھلی کی طرح کا کوئی حیوان خریدے اور اس کے پیٹ سے اسے کوئی مال ملے تو اگرچہ اس بات کا احتمال ہو کہ یہ مال بائع کا ہے لیکن خریدار کے لیئے ضروری نہیں کہ بائع کو اس کی اطلاع دے اور اس مال پر پیشے سے منافع کا حکم لاگو ہوتا ہے لیکن اگر وہ جانور چوپایوں کی قسم کا ہو تو خریدار کے لیئے لازم ہے کہ بائع کو اطلاع دے اور اگر وہ مال کی نشانی بتا دے تو مال اس کا ہے ورنہ جسے ملا ہو اس کا ہے اور اس پر پیشے سے منافع کا حکم لاگو ہوتا ہے۔

۴۔ وہ حلال مال جو حرام مال میں مخلوط ہو جائے

مسئلہ ۱۸۲۲ : اگر حلال مال حرام مال کے ساتھ اس طرح خلط ملط ہو جائے کہ انسان کے لیئے

انہیں ایک دوسرے سے الگ کرنا ممکن نہ ہو اور حرام مال کے مالک اور اس مال کی مقدار کا بھی علم نہ ہو اور انسان کو یہ علم بھی نہ ہو کہ حرام مال کی مقدار خمس سے کم ہے یا زیادہ ہے تو اسے چاہئے کہ تمام مال کا خمس دے اور خمس ادا کرنے کے بعد بقیہ مال اس شخص پر حلال ہے۔

مسئلہ ۱۸۲۳ : اگر حلال مال حرام مال سے خلط ملط ہو جائے اور انسان حرام کی مقدار خواہ وہ خمس سے کم ہو یا زیادہ ہو جانتا ہو لیکن اس کے مالک کو نہ جانتا ہو تو اسے چاہئے کہ اتنی مقدار اس مال کے مالک کی طرف سے صدقہ دے دے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ حاکم شرع سے بھی اجازت لے۔

مسئلہ ۱۸۲۴ : اگر حلال مال حرام مال سے خلط ملط ہو جائے اور انسان کو حرام کی مقدار کا علم نہ ہو لیکن اس مال کے مالک کو پہچانتا ہو تو ان دونوں کو چاہئے کہ باہمی رضامندی سے فیصلہ کر لیں لیکن اگر مال کا مالک راضی نہ ہو تو انسان کو چاہئے کہ جتنی مقدار کے بارے میں یقین ہو کہ وہ اس کا مال ہے وہ اسے دے دے اور بہتر یہ ہے کہ جس مقدار کے بارے میں احتمال ہو کہ وہ اس کا مال ہے وہ بھی اسے دے دے۔

مسئلہ ۱۸۲۵ : اگر کوئی شخص حرام سے خلط ملط شدہ حلال مال کا خمس دے دے اور بعد میں اسے پتہ چلے کہ حرام کی مقدار خمس سے زیادہ تھی تو اسے چاہئے کہ جتنی مقدار کے بارے میں علم ہو کہ خمس سے زیادہ تھی اسے اس کے مالک کی طرف سے صدقہ کر دے۔

مسئلہ ۱۸۲۶ : اگر کوئی شخص حرام سے خلط ملط شدہ حلال مال کا خمس ادا کر دے یا ایسا مال جس کے مالک کو نہ پہچانتا ہو اس کی نیت سے (یعنی اس مال کے مالک کی نیت سے) صدقہ کر دے اور بعد میں اس مال کا مالک مل جائے تو ضروری نہیں کہ کوئی چیز اسے دے۔ بشرطیکہ صدقے کے طور پر دینے کے لیئے حاکم شرع سے اجازت لی ہو۔

مسئلہ ۱۸۲۷ : اگر حلال مال حرام سے خلط ملط ہو جائے اور حرام کی مقدار معلوم ہو اور انسان جانتا ہو کہ اس کا مالک چند مخصوص افراد کے علاوہ اور کوئی نہیں لیکن یہ نہ جانتا ہو کہ ان میں سے کون سا مالک ہے تو اسے چاہئے کہ اگر ممکن ہو تو ان سب افراد کو راضی کرے اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو قرعہ ڈالے اور جس کے نام قرعہ نکلے وہ مال اسے دے دے۔

۵- غواصی سے حاصل کیئے ہوئے جواہرات

مسئلہ ۱۸۲۸ : اگر غواصی کے ذریعے یعنی سمندر میں غوطہ لگا کر لولو' مرجان یا دوسرے جواہرات نکالے جائیں تو خواہ وہ ایسی چیزوں میں سے ہوں جو اگتی ہیں یا معدنیات میں سے ہوں ان پر خمس ادا کرنا چاہئے اور بنا بر احتیاط ان کا کوئی نصاب مقرر نہیں ہے لہٰذا جتنی مقدار میں بھی ہوں اور خواہ نکالنے والا ایک شخص ہو یا کئی اشخاص ہوں ان پر خمس ادا کرنا چاہئے۔

مسئلہ ۱۸۲۹ : اگر سمندر میں غوطہ زنی کیئے بغیر دوسرے ذرائع سے جواہرات نکالے جائیں تو بنا بر احتیاط ان پر خمس واجب ہے لیکن اگر کوئی شخص سمندر کے پانی کی سطح یا سمندر کے کنارے سے جواہرات حاصل کرے تو ان کا خمس اسے اس صورت میں دینا چاہئے جب جو کچھ اسے دستیاب ہوا ہو (یعنی جواہرات) وہ تنہا یا اس کی کاروبار کے دوسرے منافع سے مل کر اس کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو۔

مسئلہ ۱۸۳۰ : مچھلیوں اور ان دوسرے حیوانات کا خمس جنہیں انسان سمندر میں غوطہ لگائے بغیر حاصل کرتا ہے اس صورت میں واجب ہوتا ہے جب کہ ان چیزوں سے حاصل کردہ منافع تنہا یا متعلقہ شخص کے کاروبار کے دوسرے منافع سے مل کر اس کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو۔

مسئلہ ۱۸۳۱ : اگر انسان کوئی چیز نکالنے کا ارادہ کیئے بغیر سمندر میں غوطہ لگائے اور اتفاق سے کوئی جواہر اس کے ہاتھ آ جائے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ اس کا خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۸۳۲ : اگر انسان سمندر میں غوطہ لگائے اور اس میں سے کوئی جانور نکال لائے اور اس کے پیٹ میں سے اسے کوئی جواہر ملے تو اگر وہ جانور سیپی کی مانند ہو جس کے پیٹ میں عموماً جواہرات ہوتے ہیں تو انسان کو چاہئے کہ اس پر خمس دے اور اگر وہ کوئی ایسا جانور ہو جس نے اتفاقاً" جواہر نگل لیا ہو تو اس پر خمس اس صورت میں واجب ہے کہ وہ جواہر تنہا یا انسان کے کاروبار کے دوسرے منافع سے مل کر اس کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہو۔

مسئلہ ۱۸۳۳ : اگر کوئی شخص بڑے دریاؤں مثلاً دجلہ اور فرات میں غوطہ لگائے اور جواہر نکال لائے تو اگر اس دریا میں جواہر پیدا ہوتے ہوں تو اس شخص کو چاہئے کہ جو جواہر نکالے ان کا خمس ادا

کرے۔

مسئلہ ۱۸۳۴ : اگر کوئی شخص پانی (یعنی دریا یا سمندر) میں غوطہ لگائے اور کچھ عنبر نکال لائے تو اسے چاہئے کہ اس کا خمس دے بلکہ اگر پانی کی سطح یا سمندر کے کنارے سے بھی حاصل کرے تو احتیاط کی بنا پر اس پر خمس واجب ہے۔

مسئلہ ۱۸۳۵ : جس شخص کا پیشہ غوطہ زنی یا معدنیات نکالنا ہو اگر وہ ان کا خمس ادا کرے اور پھر اس کے سال بھر کے اخراجات سے کچھ بچ رہے تو اس کے لیئے لازم نہیں کہ دوبارہ اس کا خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۸۳۶ : اگر کوئی بچہ کوئی معدنی چیز نکالے یا اسے کوئی دفینہ مل جائے یا سمندر میں غوطہ لگا کر جواہر نکال لائے تو اس پر خمس واجب الادا نہیں لیکن اگر اس کے پاس حرام مال میں ملا ہو حلال مال ہو تو اس کے ولی کو چاہئے کہ اس مال کو پاک کرے۔

۶۔ مال غنیمت

مسئلہ ۱۸۳۷ : اگر مسلمان امام علیہ السلام کے حکم سے کفار سے جنگ کریں اور کچھ چیزیں جنگ میں ان کے ہاتھ لگیں تو انہیں غنیمت کہا جاتا ہے اور اس مال کی حفاظت یا اس کی نقل و حمل وغیرہ کے مصارف منہا کرنے کے بعد اور جو رقم امام علیہ السلام اپنی مصلحت کے مطابق خرچ کریں اور جو مال خاص امام علیہ السلام کا حق ہے اسے علیحدہ کرنے کے بعد باقی ماندہ پر خمس ادا کرنا واجب ہے اور امام علیہ السلام کی غیبت کے زمانے میں کفار کے ساتھ جنگ کرنے میں جو مال ملے احتیاط کی بنا پر وہ بھی غنیمت کا ہی حکم رکھتا ہے۔

۷۔ وہ زمین جو ذمی کافر کسی مسلمان سے خریدے

مسئلہ ۱۸۳۸ : اگر کافر ذمی کسی مسلمان سے زمین خریدے تو اسے چاہئے کہ اس کا خمس خود زمین سے یا اپنے کسی دوسرے مال سے دے اور اگر وہ مکان اور دکان وغیرہ مسلمان سے خریدے تو اسے چاہئے کہ اس کی زمین (یعنی مکان اور دکان کی زمین) کا خمس دے اور یہ خمس دیتے ہوئے قصد قربت ضروری نہیں ہے بلکہ جو حاکم شرع اس سے (یعنی کافر ذمی سے) خمس لے اس کے لیئے بھی

ضروری نہیں کہ قصد قربت کرے۔

مسئلہ ۱۸۳۹ : اگر کافر ذمی ایک مسلمان سے خریدی ہوئے زمین دوسرے مسلمان کے ہاتھ بیچ دے تب بھی اس کافر سے خمس ساقط نہیں ہوتا لیکن مسلمان کے لیے ضروری نہیں کہ اس کا خمس دے اور اگر وہ کافر ذمی مرجائے اور کوئی مسلمان وہ زمین اس کے وارث کے طور پر حاصل کرے تب بھی یہی حکم ہے اور دونوں صورتوں میں اگر بالفرض خود اس کافر نے یا اس سے پہلے کسی دوسرے شخص نے خمس ادا نہ کیا ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر مسلمان اس زمین کا خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۸۴۰ : اگر کافر ذمی زمین خریدتے وقت یہ شرط عائد کرے کہ وہ خمس نہیں دے گا یا یہ شرط لگائے کہ خمس بائع کے ذمے ہو گا تو اس کی شرط درست نہیں ہے اور اسے چاہئے کہ خمس ادا کرے۔ لیکن اگر وہ یہ شرط لگائے کہ بائع اس کی طرف سے خمس کی مقدار خمس کے مستحقین کو دے دے تو بائع کے لیئے ضروری ہے کہ اس شرط کے مطابق عمل کرے۔

مسئلہ ۱۸۴۱ : اگر کوئی مسلمان کافر ذمی کو بغیر خرید وفروخت زمین دے دے اور اس کا عوض لے لے مثلاً اس کے ساتھ سمجھوتہ کرے تو کافر ذمی کو چاہئے کہ اس کا خمس ادا کرے۔

مسئلہ ۱۸۴۲ : اگر کافر ذمی نابالغ ہو اور اس کا ولی اس کے لیئے زمین خریدے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ معاملہ کے سلسلے میں اس سے شرط طے کر لی جائے کہ وہ اس کا خمس دے گا۔

خمس کا مصرف

مسئلہ ۱۸۴۳ : خمس دو حصوں میں تقسیم کرنا چاہئے اس کا ایک حصہ سادات کا حق ہے جو حاکم شرع کی اجازت سے کسی محتاج یا یتیم سید کو یا ایسے سید کو دینا چاہئے جو سفر میں ناچار ہو گیا ہو اور اس معاملہ میں ہم نے تمام مخیر اور جن پر حقوق شرعیہ واجب ہیں حال سادات کو مقررہ مقام پر خرچ کی اجازت عام دے دی ہے۔ اور دوسرا حصہ امام علیہ السلام کا ہے جو موجودہ زمانے میں جامع الشرائط مجتہد کو دینا چاہئے یا ایسے کام پر خرچ کرنا چاہئے جس کی وہ مجتہد اجازت دے لیکن اگر انسان یہ چاہئے کہ امام علیہ السلام کا حصہ کسی ایسے مجتہد کو دے جس کی وہ تقلید نہ کرتا ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ ایسا کرنے کے لیئے اس مجتہد کی اجازت لے جس کی وہ تقلید کرتا ہو اور اسے یہ اجازت اس صورت

میں لینی ہوگی کہ مرجع تقلید میں دو شرطیں پائی جائیں ایک یہ کہ ولایت فقیہ مطلقہ کا قائل ہو اور اپنے آپ کو مسلمان کے لیئے واجب الاطاعت سمجھے اور دوسرے یہ کہ وہ حکم دے کہ سہم امام اس تک پہنچایا جائے۔ اور ان شرطوں میں سے کوئی ایک بھی شرط ختم ہو جائے تو اس کو دوسرے مجتہد کو دینے کے لیئے اپنے مرجع کی اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔

مسئلہ ۱۸۴۴ : جس یتیم سید کو خمس دیا جائے ضروری ہے کہ وہ محتاج بھی ہو لیکن جو سید سفر میں ناچار ہو جائے وہ خواہ اپنے وطن میں محتاج نہ بھی ہو تو اسے خمس دیا جا سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۸۴۵ : جو سید سفر میں ناچار ہو گیا ہو اگر اس کا سفر گناہ کا سفر ہو (یعنی اس کا سفر گناہ کی غرض سے ہو یا اس کا سفر کرنا گناہ کا ارتکاب ہو) احتیاط واجب کی بنا پر اسے خمس نہیں دینا چاہئے۔

مسئلہ ۱۸۴۶ : جو سید عادل نہ ہو اسے خمس دیا جا سکتا ہے لیکن جو سید اثنا عشری نہ ہو اسے خمس نہیں دینا چاہئے۔

مسئلہ ۱۸۴۷ : جو سید معصیت کار ہو اگر اسے خمس دینے سے اس کی معصیت میں مدد ہوتی ہو تو اسے خمس نہ دیا جائے اور احوط یہ ہے کہ اس سید کو بھی خمس نہ دیا جائے جو شراب پیتا ہو یا نماز نہ پڑھتا ہو یا علانیہ گناہ کرتا ہو گو خمس دینے سے اس کی معصیت میں مدد نہ ملتی ہو۔

مسئلہ ۱۸۴۸ : جو شخص کہے کہ میں سید ہوں اسے اس وقت تک خمس نہ دیا جائے جب تک دو عادل اشخاص اس کے سید ہونے کی تصدیق نہ کر دیں یا وہ لوگوں میں اس طرح مشہور نہ ہو کہ انسان کو یقین اور اطمینان ہو جائے کہ وہ سید ہے۔

مسئلہ ۱۸۴۹ : اگر کوئی شخص اپنے شہر میں بہ حیثیت سید کے مشہور ہو تو خواہ انسان کو اس کے سید ہونے کے بارے میں یقین یا اطمینان نہ بھی ہو اسے خمس دیا جا سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۸۵۰ : اگر کسی شخص کی بیوی سیدانی ہو تو شوہر کو اسے اس مقصد کے لیئے خمس نہیں دینا چاہئے کہ وہ اسے اپنے ذاتی استعمال میں لے آئے لیکن اگر دوسرے لوگوں کے اخراجات اس عورت پر واجب ہوں اور وہ ان اخراجات کی ادائیگی سے قاصر ہو تو انسان کے لیئے جائز ہے کہ خمس اس عورت کو دے دے تاکہ وہ ان دوسرے لوگوں پر خرچ کرے اور اسے اس غرض سے خمس دینے کے بارے میں

بھی یہی حکم ہے جبکہ وہ اپنے غیر واجب اخراجات پر صرف کرے (یعنی اس مقصد کے لیئے اسے خمس نہیں دینا چاہئے۔)

مسئلہ ۱۸۵۱ : اگر کسی شخص پر کسی سید کے یا سیدانی کے اخراجات واجب ہوں تو احتیاط واجب کی بنا پر وہ اس سید یا سیدانی کے خوراک اور پوشاک کے اخراجات اور باقی واجب اخراجات اپنے خمس سے ادا نہیں کر سکتا ہاں اگر وہ اس سید یا سیدانی کو خمس کی کچھ مقدار اس مقصد سے دے دے کہ وہ واجب اخراجات کے علاوہ دوسری ضروریات پر خرچ کرے تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۱۸۵۲ : اگر کسی محتاج سید کے اخراجات کسی دوسرے شخص پر واجب ہوں اور وہ شخص اس سید کے اخراجات نہ دے سکتا ہو یا استطاعت رکھتا ہو لیکن نہ دیتا ہو تو اس سید کو خمس دیا جا سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۸۵۳ : احتیاط واجب یہ ہے کہ کسی ایک محتاج سید کو اس کے ایک سال کے اخراجات سے زیادہ مقدار میں خمس نہ دیا جائے۔

مسئلہ ۱۸۵۴ : اگر کسی شخص کے شہر میں کوئی مستحق سید نہ ہو اور اسے یقین یا اطمینان ہو کہ کوئی سید ایسا بعد میں یا مستقبل قریب میں بھی نہیں ملے گا یا یہ کہ جب تک کوئی مستحق سید ملے خمس کی حفاظت کرنا ممکن نہ ہو تو اس شخص کو چاہئے کہ خمس دوسرے شہر لے جائے اور مستحق کو پہنچا دے اور جائز ہے کہ خمس دوسرے شہر لے جانے کے اخراجات خمس میں سے وضع کرے اور اگر خمس تلف ہو جائے اور اگر اس شخص نے اس کی نگہداشت میں کوتاہی برتی ہو تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض دے اور اگر کوتاہی نہ برتی ہو تو اس پر کچھ بھی واجب نہیں۔

مسئلہ ۱۸۵۵ : جب کسی شخص کے اپنے شہر میں خمس کا مستحق موجود نہ ہو تو اگرچہ اسے یقین یا اطمینان ہو کہ بعد میں مل جائے گا اور خمس کے مستحق شخص کے ملنے تک خمس کی نگہداشت بھی ممکن ہو تب بھی وہ خمس دوسرے شہر لے جا سکتا ہے اور اگر وہ خمس کی نگہداشت میں کوتاہی نہ برتے اور وہ تلف ہو جائے تو اس کے لیئے کوئی چیز دینا ضروری نہیں لیکن وہ خمس کے دوسری جگہ لے جانے کے اخراجات خمس سے وضع نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۱۸۵۶ : اگر کسی شخص کے اپنے شہر میں خمس کا مستحق مل جائے تب بھی وہ خمس دوسرے شہر لے جاکر مستحق کو پہنچا سکتا ہے لیکن اسے چاہئے کہ اس کو لے جانے کے اخراجات خود ادا کرے اور خمس ضائع ہو جائے تو اگرچہ اس نے اس کی نگہداشت میں کوتاہی نہ برتی ہو تو وہ اس کا ذمہ دار ہے۔ (یعنی اسے چاہئے کہ خمس کا عوض دے۔)

مسئلہ ۱۸۵۷ : اگر کوئی شخص حاکم شرع کے حکم سے خمس دوسرے شہر لے جائے اور وہ تلف ہو تو اس کے لیئے دوبارہ خمس دینا لازم نہیں اور اگر وہ خمس ایسے شخص کو دے دے جو حاکم شرع کی جانب سے خمس کے حصول کے لیئے وکیل مقرر کیا گیا ہو اور وہ وکیل خمس کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جائے اور اس نقل وحمل میں خمس تلف ہو جائے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے (یعنی کہ خمس دینے والے کے لیئے دوبارہ خمس دینا لازم نہیں۔)

مسئلہ ۱۸۵۸ : یہ جائز نہیں کہ کسی چیز کی قیمت اس کی واقعی قیمت سے زیادہ لگا کر اسے بطور خمس دیا جائے اور جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے کسی دوسرے جنس کی شکل میں خمس ادا کرنا (ماسوا سونے اور چاندی کے سکوں اور انہی جیسی دوسرے چیزوں کے) ہر صورت میں محل اشکال ہے۔

مسئلہ ۱۸۵۹ : جس شخص کو خمس کے مستحق شخص سے کچھ لینا ہو اور چاہتا ہو کہ اپنا قرضہ خمس کی رقم سے منہا کر لے اسے احتیاط واجب کی بنا پر چاہئے کہ خمس اس مستحق شخص کو دے دے اور بعد میں مستحق شخص اسے وہ مال قرضے کی ادائیگی کی طور پر لوٹا دے اور وہ یہ بھی کر سکتا ہے کہ خمس کے مستحق شخص کی اجازت سے اس کا وکیل بن کر خود اس کی طرف سے خمس لے لے اور اس سے اپنا قرضہ چکا لے۔

مسئلہ ۱۸۶۰ : مستحق شخص یہ نہیں کر سکتا کہ خمس لے کر اس کے مالک کو بخش دے۔ ہاں جس شخص کے ذمے خمس کی زیادہ مقدار واجب الادا ہو اور وہ محتاج ہو گیا ہو اور چاہتا ہو کہ خمس کے مستحق لوگوں کا مقروض نہ رہے تو اگر خمس کا مستحق شخص راضی ہو جائے کہ اس سے خمس لے کر پھر اسے بخش دے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

زکوۃ

زکوۃ دین اسلام کا ایک اہم رکن اور نمازاور روزے کی طرح مسلمانوں پر فرض ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ نماز اور روزہ' جسمانی عبادات ہیں اور زکوۃ مالی عبادت ہے اس کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ قرآن مجید میں اس کی ادائیگی کی تاکید تقریبا ۸۲ مقامات پر کی گئی ہے' اور ۳۲ جگہ تو اس کا ذکر نماز جیسی افضل ترین عبادت کے ساتھ کیا گیا ہے۔

کسی شخص کا صاحب نصاب ہونے کے باجود زکوۃ ادا نہ کرنا سخت گناہ ہے قرآن مجید میں سورہ توبہ کی چونتیسویں آیت میں ارشاد ہوا کہ اے رسولؐ جو لوگ سونا چاندی جمع کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے انہیں ایک دردناک عذاب کی خبر دے دیجئے اور انہیں بتا دیجئے کہ ان کا جمع کیا ہو سونا چاندی قیامت کے دن دوزخ کی آگ میں تپایا جائے گا اور پھر ان کی پیشانیاں' پہلو اور پیٹھیں داغی جائیں گی اور ان سے کہا جائے گا کہ یہ وہی سونا چاندی ہے جو تم نے جمع کیا تھا۔ اب اپنے جمع کئے ہوئے کا مزہ چکھو۔

سورہ توبہ کی ساٹھویں آیت میں ارشاد ربانی کے مطابق زکوۃ مندرجہ ذیل آٹھ قسم کے لوگوں کو دی جاتی ہے۔

۱... فقراء

۲... مساکین

۳... عاملین زکوۃ یعنی وہ کارندے جو زکوۃ جمع کرتے ہیں۔

۴... مولفۃ القلوب یعنی جنکی تالیف قلب مقصود ہو۔

۵... رقاب یعنی وہ جن کی گردنوں میں غلامی کا پھندا ہو۔

۶... غارمین یعنی وہ مقروض جو قرضہ ادا نہیں کر سکتے۔

۷... فی سبیل اللہ

زکوٰۃ کے احکام

مسئلہ ۱۸۶۱ : زکوٰۃ نو چیزوں پر واجب ہے۔

۱۔ گندم ۲۔ جو ۳۔ کھجور
۴۔ کشمش ۵۔ سونا ۶۔ چاندی
۷۔ اونٹ ۸۔ گائے ۹۔ بھیڑ بکری (گوسفند)

اگر کوئی شخص ان نو چیزوں میں سے کس ایک کا مالک ہو تو ان شرائط کے تحت جن کا ذکر بعد میں کیا جائے گا اسے چاہئے کہ جو مقدار مقرر کی گئی ہے اسے ان مصرف میں سے کسی ایک مصرف میں خرچ کرے جن کا حکم دیا گیا ہے۔

مسئلہ ۱۸۶۲ : احتیاط واجب کی بنا پر چاہئے کہ سلت پر جو گندم کی طرح ایک نرم اناج ہے اور جو کی خاصیت رکھتا ہے اور علس پر جو گندم جیسا ہوتا ہے اور صنعا کے لوگوں کی غذا ہے زکوٰۃ دی جائے۔

زکوٰۃ واجب ہونے کی شرائط

۱۸۶۳ : زکوٰۃ اس صورت میں واجب ہوتی ہے جب مال اس نصاب کی مقدار تک پہنچ جائے جس کا ذکر بعد میں کیا جائے گا اور اس مال کا مالک بالغ عاقل اور آزاد ہو اور اس میں تصرف کر سکتا ہو۔

مسئلہ ۱۸۶۴ : اگر انسان گیارہ مہینے گائے، گوسفند اور اونٹ سونے یا چاندی کا مالک رہے تو اگرچہ بارہویں مہینے کی پہلی تاریخ کو زکوٰۃ اس پر واجب ہو جائے گی لیکن اسے چاہئے کہ اگلے سال کی ابتداء کا حساب بارہویں مہینے کے خاتمے کے بعد سے کرے۔

مسئلہ ۱۸۶۵ : اگر گائے اونٹ گوسفند سونے اور چاندی کا مالک سال کے دوران میں بالغ ہو جائے مثلاً اگر کوئی بچہ پہلی محرم کو چالیس بھیڑوں کا مالک ہو اور دو مہینے کے بعد بالغ ہو جائے تو اگرچہ پہلی محرم سے گیارہ مہینے گزر جائیں لیکن اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہو گی بلکہ اس کے بالغ ہونے کے گیارہ

مہینے گزرنے کے بعد واجب ہو گی۔

مسئلہ ۱۸۶۶ : گندم اور جو پر زکوٰۃ اس وقت واجب ہوتی ہے جب انہیں گندم اور جو کہا جائے اور کشمش پر زکوٰۃ اس وقت واجب ہوتی ہے جب وہ انگور ہوں اور کھجور پر اس وقت واجب ہوتی ہے جب عرب اسے تمر کہیں لیکن گندم اور جو کی زکوٰۃ دینے کا وقت کھلیان کاٹنے اور بھوسہ الگ کرنے کا ہے اور کھجور اور کشمش کی زکوٰۃ دینے کا وقت وہ ہے جب وہ خشک ہو جائیں۔

مسئلہ ۱۸۶۷ : گندم' جو' کشمش اور کھجور پر زکوٰۃ واجب ہونے کے وقت جو کہ سابقہ مسئلہ میں بتایا گیا ہے کہ اگر ان کا مالک بالغ عاقل اور آزاد ہو اور ان میں تصرف کرنے پر قادر ہو تو اسے چاہئے کہ ان کی زکوٰۃ دے اور اگر بالغ یا عاقل نہ ہو تو اس پر زکوٰۃ دینا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۸۶۸ : اگر گائے' گوسفند' اونٹ' سونے اور چاندی کا مالک پورا سال یا سال کا کچھ حصہ دیوانہ رہے تو زکوٰۃ اس پر واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۸۶۹ : اگر گائے' گوسفند' اونٹ' سونے اور چاندی کا مالک سال کا کچھ حصہ مست یا بے ہوش رہے تو زکوٰۃ اس پر سے ساقط نہیں ہوتی اور گندم' جو اور کھجور اور کشمش کا مالک زکوٰۃ واجب ہونے کے موقع پر مست یا بے ہوش ہو جائے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۱۸۷۰ : اگر کوئی مال انسان سے غصب کر لیا گیا ہو اور وہ اس میں تصرف نہ کر سکے تو اس مال پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۸۷۱ : اگر کوئی شخص سونا اور چاندی یا کوئی اور چیز جس پر زکوٰۃ دینا واجب ہو کسی سے قرض لے اور وہ ایک سال تک اس کے پاس رہے تو اسے چاہئے کہ اس کی زکوٰۃ دے اور جس نے قرض دیا ہو اس پر کچھ واجب نہیں۔

گندم' جو' کھجور اور کشمش کی زکوٰۃ

مسئلہ ۱۸۷۲ : گندم' جو' کھجور اور کشمش پر زکوٰۃ اس وقت واجب ہوتی ہے جب وہ نصاب کی

مقدار تک پہنچ جائیں اور ان کا نصاب تقریباً" ۸۴۷ کیلو گرام ہوتا ہے۔

مسئلہ ۱۸۷۳ : جس انگور' کھجور اور جو اور گندم پر زکوۃ واجب ہو چکی ہو اگر کوئی شخص خود یا اس کے اہل وعیال اسے کھالیں یا مثلاً وہ یہ اجناس کسی محتاج کو زکوۃ کے قصد کے بغیر دے دے تو اسے چاہئے کہ جتنی مقدار صرف کی ہو اس پر زکوۃ دے۔

مسئلہ ۱۸۷۴ : اگر گندم' جو' کھجور اور کشمش پر زکوۃ واجب ہونے کے بعد ان چیزوں کا مالک مر جائے تو جتنی زکوۃ بنتی ہو وہ اس کے مال سے دینی چاہئے لیکن اگر وہ شخص زکوۃ واجب ہونے سے پہلے مرجائے تو ہر اس وارث کو جس کا حصہ نصاب تک پہنچ جائے اپنے حصے پر زکوۃ ادا کرے۔

مسئلہ ۱۸۷۵ : جو شخص حاکم شرع کی طرف سے زکوۃ جمع کرنے پر متعین کیا گیا ہو وہ گندم اور جو کے کھلیان بنانے اور بھوسہ الگ کرنے کے وقت اور کھجور اور انگور کے خشک ہو جانے کی بعد زکوۃ کا مطالبہ کر سکتا ہے اور اگر ان چیزوں کا مالک زکوۃ نہ دے اور جس چیز پر زکوۃ واجب ہو گئی ہو وہ تلف ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض دے۔

مسئلہ ۱۸۷۶ : اگر کسی شخص کے کھجور اور انگور کے درختوں یا گندم اور جو کی زراعت کا مالک بننے کے بعد ان چیزوں پر زکوۃ واجب ہو جائے تو اسے چاہئے کہ ان پر زکوۃ دے۔

مسئلہ ۱۸۷۷ : اگر گندم' جو' کھجور اور کشمش پر زکوۃ واجب ہونے کے بعد کوئی شخص زراعت اور درختوں کو بیچ دے تو بیچنے والے پر ان اجناس کی زکوۃ دینا واجب ہے اور جب وہ زکوۃ ادا کر دے تو خریدنے والے پر کچھ واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۸۷۸ : اگر کوئی شخص گندم' جو' کھجور اور انگور خریدے اور اسے علم ہو کہ بیچنے والے نے ان کی زکوۃ دے دی ہے یا شک کرے کہ اس نے زکوۃ دے دی ہے یا نہیں تو اس پر ان کی زکوۃ واجب نہیں ہے اور اگر اسے معلوم ہو کہ بیچنے والے نے ان پر زکوۃ نہیں دی اور حاکم شرع جنس کی اتنی مقدار کے سودے کی اجازت نہ دے جو بطور زکوۃ دینی ضروری ہو تو اتنی مقدار کا سودا باطل ہے اور حاکم شرع زکوۃ کی مقدار خریدار سے لے سکتا ہے اور اگر وہ زکوۃ کی مقدار کے برابر جنس کے سودے

کی اجازت دے دے تو سودا صحیح ہے اور خریدار کو چاہئے کہ اتنی مقدار کی قیمت حاکم شرع کو دے دے اور اگر اتنی مقدار کی قیمت اس نے بیچنے والے کو دے دی ہو تو وہ اس سے واپس لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۸۷۹ : اگر گندم' جو' کھجور اور انگور کا وزن تر ہونے کے وقت تقریباً ۸۴۷ کیلو گرام ہو اور ان اجناس کے خشک ہونے کے بعد اس مقدار سے کم ہو جائے تو زکوٰۃ اس پر واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۸۸۰ : اگر کوئی شخص گندم' جو اور کھجور کو خشک ہونے سے پہلے خرچ کرلے تو وہ خشک ہو کر نصاب پر پوری اتریں تو اسے چاہئے کہ ان کی زکوٰۃ دے۔

مسئلہ ۱۸۸۱ : کھجور کی تین قسمیں ہیں۔

۱... وہ جسے خشک کیا جاتا ہے اور اس کی زکوٰۃ کا حکم بیان ہو چکا ہے۔

۲... وہ جو رطب ہونے کی حالت میں کھائی جاتی ہے۔

۳... وہ جو کچی ہی کھائی جاتی ہے۔

دوسری قسم کی مقدار اگر خشک ہونے کی صورت میں تقریباً ۸۴۷ کیلو گرام ہو تو اس پر زکوٰۃ واجب ہے اور جہاں تک تیسری قسم کا تعلق ہے ظاہر یہ ہے کہ اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔ اگرچہ احتیاط مستحب زکوٰۃ دینے میں ہے۔

مسئلہ ۱۸۸۲ : جس گندم' جو' کھجور اور کشمش کی زکوٰۃ کسی شخص نے ادا کر دی ہو اگر وہ چند سال اس کے پاس بھی پڑی رہیں تو ان پر دوبارہ زکوٰۃ واجب نہیں ہو گی۔

مسئلہ ۱۸۸۳ : اگر گندم' جو' کھجور اور انگور بارش یا نہر کے پانی سے سیراب ہوں یا مصری زراعت کی طرح انہیں زمین کی نمی سے فائدہ پہنچے تو ان پر زکوٰۃ کا دسواں حصہ ہے اور اگر ان کی سینچائی ڈول وغیرہ سے کی جائے تو ان پر زکوٰۃ کا بیسواں حصہ ہے۔

مسئلہ ۱۸۸۴ : اگر گندم جو کھجور اور انگور بارش کے پانی سے بھی سیراب ہو اور انہیں ڈول وغیرہ کے پانی سے بھی فائدہ پہنچے تو اگر یہ سینچائی ایسی ہو کہ عام طور پر کہا جاسکے کہ ان کی سینچائی ڈول وغیرہ سے کی گئی ہے تو اس پر زکوٰۃ کا بیسواں حصہ ہے اور اگر یہ کہا جائے کہ یہ نہر اور بارش کے پانی سے

سیراب ہوئے ہیں تو ان پر زکوۃ کا دسواں حصہ ہے اور سینچائی کی صورت یہ ہو کہ عام طور پر کہا جائے کہ دونوں ذرائع سے سیراب ہوئے ہیں تو اس پر زکوۃ ساڑھے سات فی صد ہے۔

مسئلہ ۱۸۸۵ : اگر کوئی شخص شک کرے کہ عام طور پر کون سی بات صحیح سمجھی جائے گی اور اسے علم نہ ہو کہ سینچائی کی صورت ایسی ہے کہ لوگ عام طور پر کہیں کہ دونوں ذرائع سے سینچائی ہوئی یا یہ کہیں کہ مثلاً بارش کے پانی سے ہوئی ہے تو اگر وہ ساڑھے سات فیصد بطور زکوۃ ادا کرے تو کافی ہے۔

مسئلہ ۱۸۸۶ : اگر کوئی شک کرے اور اسے علم نہ ہو کہ عموماً لوگ کہتے ہیں کہ دونوں ذرائع سے سینچائی ہوئی ہے یا یہ کہتے ہیں کہ ڈول وغیرہ سے ہوئی ہے تو اس صورت میں بیسواں حصہ زکوۃ دینا کافی ہے اور اگر اس بات کا احتمال بھی ہو کہ عموماً لوگ کہیں کہ بارش کے پانی سے سیراب ہوئی ہے تب بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۱۸۸۷ : اگر گندم جو اور کھجور اور انگور بارش اور نہر کے پانی سے سیراب ہوں اور انہیں ڈول وغیرہ کے پانی کی حاجت نہ ہو ان کی سینچائی ڈول کے پانی سے بھی ہوئی ہو اور ڈول کے پانی سے آمدنی میں اضافے میں کوئی مدد نہ ملی ہو تو ان پر زکوۃ کا دسواں حصہ ہے اور اگر ڈول وغیرہ کے پانی سے سینچائی ہوئی ہو اور نہر اور بارش کے پانی کی حاجت نہ ہو لیکن نہر اور بارش کے پانی سے بھی سیراب ہوں اور اس سے آمدنی میں اضافے میں کوئی مدد نہ ملی ہو تو ان پر زکوۃ کا بیسواں حصہ ہے۔

مسئلہ ۱۸۸۸ : اگر کسی زراعت کی سینچائی ڈول وغیرہ سے کی جائے اور اس سے ملحقہ زمین میں زراعت کی جائے اور وہ ملحقہ زمین اس زمین سے فائدہ اٹھائے اور اسے سینچائی کی ضرورت نہ رہے تو جس زمین کی سینچائی ڈول وغیرہ سے کی گئی ہے اس کی زکوۃ کا بیسواں حصہ اور اس کی ملحق زراعت کی زکوۃ کا دسواں حصہ ہے۔

مسئلہ ۱۸۸۹ : جو اخراجات کسی شخص نے گندم جو کھجور اور انگور پر کیئے ہوں انہیں وہ فصل کی آمدنی سے منہا کر کے نصاب کا حساب نہیں لگا سکتا لہٰذا اگر ان میں سے کسی ایک کا وزن اخراجات کا حساب لگانے سے پہلے تقریباً ۸۴۷ کیلو گرام ہو تو اسے چاہئے کہ اس پر زکوۃ دے۔ اور حساب لگانے کے بعد اس کے مخارج منہا کر کے زکوۃ دے۔

مسئلہ ۱۸۹۰ : جس شخص نے زراعت میں بیج استعمال کیا ہو خواہ وہ اس کے پاس موجود ہو یا اس نے خریدا ہو وہ نصاب کا حساب اس بیج کو فصل کی آمدنی سے منہا کر کے نہیں کر سکتا ہے بلکہ اسے چاہئے کہ نصاب کا حساب پوری فصل کو مد نظر رکھتے ہوئے لگائے۔

مسئلہ ۱۸۹۱ : جو کچھ حکومت اصلی مال سے (جس پر زکوٰۃ واجب ہو) لے لے اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے مثلاً اگر زراعت کی پیداوار ۸۵۰ کیلو گرام ہو اور حکومت اس میں سے ۵۰ کیلو گرام بطور لگان کے لے تو زکوٰۃ فقط ۸۰۰ کیلو گرام پر واجب ہے۔

مسئلہ ۱۸۹۲ : کسی شخص کے لیئے یہ واجب نہیں کہ وہ انتظار کرے تاکہ جو اور گندم کھلیان کی حد تک پہنچ جائیں اور انگور اور کھجور خشک ہو جائیں اور پھر زکوٰۃ دے بلکہ جونہی زکوٰۃ واجب ہو وہ زکوٰۃ کی مقدار کی قیمت لگا کر وہ قیمت بطور زکوٰۃ دے سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۸۹۳ : زکوٰۃ واجب ہونے کے بعد متعلقہ شخص یہ کر سکتا ہے کہ کھڑی فصل کاٹنے یا کھجور اور انگور کو چننے سے پہلے زکوٰۃ اس کے مستحق شخص یا حاکم شرع یا ان کے وکیل کو مشترکہ طور پر پیش کر دے اور اس کے بعد وہ اخراجات میں شریک ہوں گے۔

مسئلہ ۱۸۹۴ : جب کوئی شخص زراعت یا کھجور اور انگور کی زکوٰۃ عین مال کی شکل میں حاکم یا مستحق یا ان کے وکیل کو دے دے تو اس کے لیئے ضروری نہیں کہ بلامعاوضہ مشترکہ طور پر ان چیزوں کی حفاظت کرے بلکہ وہ زراعت کی کٹائی یا کھجور اور انگور کے خشک ہونے تک مال زکوٰۃ اپنی زمین میں رہنے کے بدلے اجرت کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۸۹۵ : اگر انسان کئی ایک شہروں میں گندم، جو، کھجور اور انگور کا مالک ہو اور ان شہروں میں فصل پکنے کا وقت ایک دوسرے سے مختلف ہو اور ان سب شہروں سے زراعت اور میوے ایک ہی وقت میں دستیاب نہ ہوتے ہوں اور ان سب کی پیداوار ایک ہی پیداوار شمار ہوتی ہو تو اگر ان میں سے جو چیز پہلے پک جائے وہ نصاب کے مطابق یعنی تقریباً ۸۴۷ کیلو گرام ہو تو اسے چاہئے کہ اس پر اس کے پکنے کے وقت زکوٰۃ دے اور باقی ماندہ اجناس پر اس وقت ادا کرے جب وہ دستیاب ہوں اور اگر پہلے پکنے والی چیز نصاب کے برابر نہ ہوں تو ان پر انتظار کرے تاکہ باقی ماندہ اجناس پک جائیں پھر اگر سب ملا

کر نصاب کے برابر ہو جائیں تو ان پر زکوٰۃ واجب ہے اور اگر نصاب کے برابر نہ ہوں تو ان پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۸۹۶ : اگر کھجور اور انگور کے درخت سال میں دو دفعہ پھل دیں اور دونوں مرتبہ کی پیداوار جمع کرنے پر نصاب کے برابر ہوجائے تو احتیاط کی بنا پر اس پیداوار پر زکوٰۃ واجب ہے۔

مسئلہ ۱۸۹۷ : اگر کسی شخص کے پاس غیر خشک شدہ کھجوریں ہوں یا انگور ہوں جو خشک ہونے کی صورت میں نصاب کے اندازے کے مطابق ہوں تو اگر ان کے تازہ ہونے کی حالت میں وہ زکوٰۃ کی نیت سے ان کی اتنی مقدار زکوٰۃ کے مصرف میں لے آئے جتنی ان کی خشک ہونے پر زکوٰۃ کی اس مقدار کے برابر ہو جو اس پر واجب ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۸۹۸ : اگر کسی شخص پر خشک کھجور یا کشمش کی زکوٰۃ واجب ہو تو وہ ان کی زکوٰۃ تازہ کھجور یا انگور کی شکل میں نہیں دے سکتا بلکہ اگر وہ خشک کھجور یا کشمش کی زکوٰۃ کی قیمت لگائے اور انگور یا تازہ کھجوریں یا منقیٰ یا کوئی اور خشک کھجوریں اس قیمت کے طور پر دے تو اس میں بھی اشکال ہے اور اگر کسی پر تازہ کھجور یا انگور کی زکوٰۃ واجب ہو تو وہ خشک کھجور یا کشمش دے کر وہ زکوٰۃ ادا نہیں کر سکتا بلکہ اگر وہ قیمت لگا کر کوئی دوسری کھجور یا انگور بطور زکوٰۃ دے تو اگرچہ وہ تازہ ہی ہو اس میں اشکال ہے لیکن حاکم شرع کی اجازت سے کوئی اشکال نہیں۔

مسئلہ ۱۸۹۹ : اگر کوئی ایسا شخص مرجائے جو مقروض ہو اور اس کے پاس ایسا مال بھی ہو جس پر زکوٰۃ واجب ہو چکی ہو تو چاہئے کہ جس مال پر زکوٰۃ واجب ہو چکی ہو پہلے اس میں سے تمام زکوٰۃ دی جائے اور اس کے بعد اس کا قرضہ ادا کیا جائے۔

مسئلہ ۱۹۰۰ : اگر کوئی ایسا شخص مر جائے جو مقروض ہو اور اس کے پاس گندم جو کھجور اور انگور بھی ہو اور اس سے پیشتر کہ ان اجناس پر زکوٰۃ واجب ہو اور اس کے ورثاء اس کا قرضہ کسی دوسرے مال سے بیباق کر دیں تو جس وارث کا حصہ تقریباً ۸۴۷ کیلو گرام تک پہنچتا ہو اسے چاہئے کہ زکوٰۃ دے اور اگر اس سے پہلے کہ زکوٰۃ ان اجناس پر واجب ہو میت کا قرضہ ادا نہ ہو اور اگر اس کا مال فقط اس قرضے جتنا ہو تو روثاء کے لیئے یہ واجب نہیں کہ ان اجناس پر زکوٰۃ دیں اور اگر میت کا مال اس قرضے

سے زیادہ ہو تو چاہئے کہ جس جنس پر زکوٰۃ واجب ہے اسے کل مال کی نسبت سے دیکھا جائے اور اسی نسبت سے اس زکوٰۃ والی جنس میں سے زکوٰۃ کم کر دی جائے۔ اس کے بعد جس جس وارث کا حصہ نصاب کی حد تک پہنچے اس پر زکوٰۃ واجب ہے۔

مسئلہ ۱۹۰۱ : جس شخص کے پاس اچھی اور گھٹیا دونوں قسم کی گندم جو کھجور اور انگور ہوں جن پر زکوٰۃ واجب ہو گئی ہو اس کے لیئے احتیاط واجب یہ ہے کہ اچھی اور گھٹیا دونوں قسم کی اقسام میں سے الگ الگ زکوٰۃ نکالے۔

سونے کا نصاب

مسئلہ ۱۹۰۲ : سونے کے نصاب دو ہیں۔

۱ ... اس کا پہلا نصاب بیس مثقال شرعی ہے جب کہ ہر مثقال شرعی ۱۸ نخود کا ہوتا ہے پس جس وقت سونے کی مقدار بیس مثقال شرعی تک (جو رائج پندرہ مثقال کے برابر ہوتے ہیں) پہنچ جائے اور وہ دوسری شرائط بھی پوری کرتا ہو جو بیان کی جا چکی ہیں تو انسان کو چاہئے کہ اس کا چالیسواں حصہ جو ۹ نخود کے برابر ہوتا ہے زکوٰۃ کے طور پر دے اور اگر سونا اس مقدار تک نہ پہنچے تو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔

۲ ... اس کا دوسرا نصاب چار مثقال شرعی ہے جو رائج تین مثقال کے برابر ہوتا ہے یعنی اگر پندرہ مثقال پر تین مثقال کا اضافہ ہو تو اسے چاہئے کہ تمام تر ۱۸ مثقال پر ڈھائی فیصد کے حساب سے زکوٰۃ دے اور اگر تین مثقال سے کم اضافہ ہو تو اسے چاہئے کہ صرف ۱۵ مثقال پر زکوٰۃ دے اور اس صورت میں اضافے پر زکوٰۃ واجب نہ ہو گی اور جوں جوں اضافہ ہو اس کے لیئے یہی حکم ہے یعنی کہ اگر تین مثقال اضافہ ہو تو تمام تر پر زکوٰۃ دینی چاہئے اور اگر صرف تین مثقال سے کم ہو تو جو مقدار بڑھی ہو اس پر کوئی زکوٰۃ نہیں ہے۔

چاندی کا نصاب

مسئلہ ۱۹۰۳ : چاندی کے نصاب دو ہیں۔

۱ ... اس کا پہلا نصاب ۱۰۵ مثقال رائج ہے لہذا جب چاندی کی مقدار ۱۰۵ مثقال تک پہنچ

جائے اور وہ دوسری شرائط بھی پوری کرتی ہو جو بیان کی جاچکی ہیں تو انسان کو چاہئے کہ اس کا ڈھائی فیصد جو دو مثقال اور ۱۵ نخود بنتا ہے بطور زکوٰۃ دے اور اگر وہ اس مقدار تک نہ پہنچے تو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔

۲ ... اس کا دوسرا نصاب ۲۱ مثقال ہے یعنی اگر ۱۰۵ مثقال پر ۲۱ مثقال کااضافہ ہو جائے تو انسان کو چاہئے کہ جیسا کہ بتایا جا چکا ہے پورے ۱۲۶ مثقال پر زکوٰۃ دے اور اگر ۲۱ مثقال سے کم اضافہ ہو تو اسے چاہئے کہ صرف ۱۰۵ مثقال پر زکوٰۃ دے اور جو اضافہ ہوا ہے اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے اور جتنا بھی اضافہ ہوتا جائے یہی حکم ہے یعنی اگر ۲۱ مثقال کا اضافہ ہو تو تمام تر مقدار پر زکوٰۃ دے اور اگر اس سے کم اضافہ ہو تو وہ مقدار جس کا اضافہ ہوا ہے اور جو ۲۱ مثقال سے کم ہے اس پر زکوٰۃ نہیں ہے اس بنا پر انسان کے پاس جتنا سونا یا چاندی ہو اگر وہ اس کا چالیسواں حصہ بطور زکوٰۃ دے دے تو وہ ایسی زکوٰۃ ادا کرے گا جو اس پر واجب تھی اور اگر وہ کسی وقت واجب مقدار سے کچھ زیادہ دے دے مثلاً اگر کسی کے پاس ۱۱۰ مثقال چاندی ہو اور وہ اس کا چالیسواں حصہ دے دے تو ۱۰۵ مثقال کی زکوٰۃ تو وہ ہوگی جو اس پر واجب تھی اور ۵ مثقال پر وہ ایسی زکوٰۃ دے گا جو اس پر واجب نہ تھی۔

مسئلہ ۱۹۰۴ : جس شخص کے پاس نصاب کے مطابق سونا یا چاندی ہو اگرچہ وہ اس پر زکوٰۃ دے دے لیکن جب تک اس کے پاس سونا یا چاندی ان چیزوں کے پہلے نصاب سے کم نہ ہو جائے اسے چاہئے کہ ہر سال ان پر زکوٰۃ دے۔

مسئلہ ۱۹۰۵ : سونے اور چاندی پر زکوٰۃ اس صورت میں واجب ہوتی ہے جب وہ سکوں میں ڈھلے ہوئے ہوں اور ان کی ذریعے لین دین کا رواج ہو اور اگر ان کی مہر مٹ بھی چکی ہو تب بھی ان پر زکوٰۃ واجب ہے۔

مسئلہ ۱۹۰۶ : وہ سکہ دار سونا اور چاندی جنہیں عورتیں بطور زیور پہنتی ہوں جب تک وہ رائج ہوں یعنی سونے اور چاندی کے سکوں کے طور پر ان کی ذریعے لین دین ہوتا ہو ان کی زکوٰۃ دینا واجب ہے لیکن اگر لین دین کے لیئے ان کا رواج باقی نہ ہو تو زکوٰۃ ان پر واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۹۰۷ : جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے سونے اور چاندی پر زکوٰۃ اس صورت میں واجب ہوتی ہے

جبکہ وہ گیارہ مہینے نصاب کی مقدار کے مطابق کسی شخص کی ملکیت میں رہیں اگر گیارہ مہینوں میں کسی وقت سونا اور چاندی پہلے نصاب سے کم ہو جائیں تو اس شخص پر زکوٰۃ واجب نہیں۔

مسئلہ ۱۹۰۸ : جس شخص کے پاس سونا اور چاندی دونوں ہوں اگر ان میں سے کوئی بھی پہلے نصاب کے برابر نہ ہو مثلاً اس کے پاس ۱۰۳ مثقال چاندی اور ۱۴ مثقال سونا ہو تو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۹۰۹ : اگر کوئی شخص جو سونا اور چاندی رکھتا ہو گیارہ مہینے کے دوران میں انہیں دوسرے سونے اور چاندی یا کسی دوسری چیز میں بدل لے یا انہیں پگھلائے تو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے لیکن اگر وہ زکوٰۃ سے بچنے کے لیئے ایسا کرے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ زکوٰۃ دے۔

مسئلہ ۱۹۱۰ : اگر کوئی شخص بارھویں مہینے میں سونا اور چاندی پگھلائے تو اسے چاہئے کہ زکوٰۃ دے اور اگر پگھلانے کی وجہ سے ان کا وزن یا قیمت کم ہو جائے تو اسے چاہئے کہ ان چیزوں کو پگھلانے سے پہلے جو زکوٰۃ اس پر واجب تھی وہ دے۔

مسئلہ ۱۹۱۱ : اگر کسی شخص کے پاس جو سونا اور چاندی ہو اس میں سے کچھ بڑھیا قسم کا اور کچھ گھٹیا قسم ہو تو وہ بڑھیا کی زکوٰۃ بڑھیا اور گھٹیا کی زکوٰۃ گھٹیا میں سے دے سکتا ہے۔ بلکہ اگر سونے اور چاندی کے نصاب میں کچھ حصہ گھٹیا ہو تو وہ گھٹیا حصے میں سے زکوٰۃ دے سکتا ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ ساری زکوٰۃ بڑھیا سونے اور چاندی سے دے۔

مسئلہ ۱۹۱۲ : سونے اور چاندی کے سکے جن میں معمول سے زیادہ دوسرے دھات کی آمیزش ہو اگر انہیں چاندی اور سونے کے سکے کہا جاتا ہو تو اس صورت میں جب وہ نصاب کی حد تک پہنچ جائیں ان پر زکوٰۃ واجب ہے گو ان کا خالص حصہ نصاب کی حد تک نہ پہنچے لیکن اگر انہیں سونے اور چاندی کے سکے نہ کہا جاتا ہو تو خواہ ان کا خالص حصہ نصاب کے حد تک پہنچ بھی جائے ان پر زکوٰۃ کا واجب ہونا مشکل ہے۔

مسئلہ ۱۹۱۳ : کوئی شخص سونے اور چاندی کے جو سکے رکھتا ہو اگر ان میں دوسرے دھات کی آمیزش معمول کے مطابق ہو تو اگر وہ شخص ان کی زکوٰۃ سونے اور چاندی کے ایسے سکوں میں دے جن

میں دوسری دھات کی آمیزش معمول سے زیادہ ہو یا ایسے سکوں میں دے جو سونے اور چاندی کے بنے ہوئے نہ ہوں لیکن یہ سکے اتنی مقدار میں ہوں کہ ان کی نسبت اس زکوٰۃ کی قیمت کے برابر ہو جو اس پر واجب ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اونٹ، گائے اور گوسفند کی زکوٰۃ

مسئلہ ۱۹۱۴ : اونٹ، گائے اور گوسفند کی زکوٰۃ کے لیئے ان شرائط کے علاوہ جن کا ذکر آچکا ہے دو شرطیں اور بھی ہیں۔

پہلی شرط : یہ ہے کہ حیوان سارا سال بے کار رہا ہو اگر سارے سال میں اس نے ایک یا دو دن بھی کام کیا ہو تو بنابر احتیاط اس کی زکوٰۃ واجب ہے۔

دوسری شرط : یہ ہے کہ وہ حیوان سارا سال جنگل کی گھاس چرے لہٰذا اگر سارا سال یا اس کا کچھ حصہ کاٹی ہوئی گھاس کھائے یا ایسی زراعت میں چرے جو خود شخص کی (یعنی حیوان کے مالک کی) یا کسی دوسرے شخص کی ملکیت ہو تو اس حیوان پر زکوٰۃ نہیں ہے لیکن اگر وہ حیوان سال بھر میں ایک یا دو دن مالک کی مملوکہ گھاس (یا چارا) کھائے تو احتیاط کی بنا پر اس کی زکوٰۃ واجب ہے۔

مسئلہ ۱۹۱۵ : اگر کوئی شخص اپنے اونٹ، گائے اور گوسفند کے لیئے ایک ایسی چراگاہ خریدے جس میں کسی نے کاشت نہ کی ہو یا اسے پٹے پر حاصل کرے تو اس صورت میں زکوٰۃ کا واجب ہونا مشکل ہے اگرچہ زکوٰۃ کا دینا احوط ہے لیکن اگر وہاں جانور چرانے کا ٹیکس ادا کرے تو چاہئے کہ زکوٰۃ دے۔

اونٹ کے نصاب

مسئلہ ۱۹۱۶ : اونٹ کے نصاب بارہ ہیں۔

۱... پانچ اونٹ - اور ان کی زکوٰۃ ایک بھیڑ ہے اور جب تک اونٹوں کی تعداد اس مقدار تک نہ پہنچ جائے زکوٰۃ دینی واجب نہیں۔

۲... دس اونٹ - اور ان کی زکوٰۃ دو بھیڑیں ہیں۔

۳... پندرہ اونٹ - اور ان کی زکوٰۃ تین بھیڑیں ہیں۔

۴... بیس اونٹ - اور ان کی زکوٰۃ چار بھیڑیں ہیں۔

۵ ... پچیس اونٹ ۔ اور ان کی زکوۃ پانچ بھیڑیں ہیں۔

۶ ... چھبیس اونٹ ۔ اور ان کی زکوۃ ایک ایسا اونٹ ہے جو دوسرے سال میں داخل ہو چکا ہو۔

۷ ... چھتیس اونٹ ۔ اور ان کی زکوۃ ایک ایسا اونٹ ہے جو تیسرے سال میں داخل ہو چکا ہو۔

۸ ... چھیالیس اونٹ ۔ اور ان کی زکوۃ ایک ایسا اونٹ ہے جو چوتھے سال میں داخل ہو چکا ہو۔

۹ ... اکسٹھ اونٹ ۔ اور ان کی زکوۃ ایک ایسا اونٹ ہے جو پانچویں سال میں داخل ہو چکا ہو۔

۱۰ ... چھتر اونٹ ۔ اور ان کی زکوۃ دو ایسے اونٹ ہیں جو تیسرے سال میں داخل ہو چکے ہوں۔

۱۱ ... اکیانوے اونٹ ۔ اور ان کی زکوۃ دو ایسے اونٹ ہیں جو چوتھے سال میں داخل ہو چکے ہوں۔

۱۲ ... ایک سو اکیس اونٹ ۔ اور اس سے اوپر جتنے ہوتے جائیں ان کے لئے زکوۃ دینے والے کو چاہئے کہ ان کا چالیس سے چالیس تک حساب کرے اور ہر چالیس اونٹوں کے لیئے ایک ایسا اونٹ دے جو تیسرے سال میں داخل ہو چکا ہو اور یا پچاس سے پچاس تک کا حساب کرے اور ہر پچاس اونٹوں کے لیئے ایک ایسا اونٹ دے جو چوتھے سال میں داخل ہو چکا ہو یا چالیس اور پچاس دونوں سے حساب کرے لیکن ہر صورت میں اس طرح حساب کرنا چاہئے کہ کچھ باقی نہ بچے یا اگر بچے تو نو سے زیادہ نہ ہو مثلاً اگر اس کے پاس ۱۴۰ اونٹ ہوں تو اسے چاہئے کہ سو کے لیئے دو ایسے اونٹ دے جو چوتھے سال میں داخل ہو چکے ہوں اور چالیس کے لیئے ایک ایسا اونٹ دے جو تیسرے سال میں داخل ہو چکا ہو اور جو اونٹ زکوۃ میں دیا جائے اس کا مادہ ہونا ضروری ہے۔

مسئلہ ۱۹۱۷ : دو نصابوں کے درمیان زکوۃ واجب نہیں ہے لہٰذا اگر ایک شخص جو اونٹ رکھتا ہو ان کی تعداد پہلے نصاب سے جو پانچ ہے بڑھ جائے تو جب تک وہ دوسرے نصاب تک جو دس ہے نہ

پہنچے اسے چاہئے کہ فقط پانچ پر زکوٰۃ دے اور باقی نصابوں کی صورت بھی ایسی ہی ہے۔

گائے کے نصاب

مسئلہ ۱۹۱۸ : گائے کے دو نصاب ہیں۔

۱... اس کا پہلا نصاب تیس ہے جب کسی شخص کی گائیوں کی تعداد تیس تک پہنچ جائے اور وہ شرائط بھی پوری ہوتی ہوں جن کا ذکر کیا جا چکا ہے تو اسے چاہئے کہ ایک ایسا بچھڑا جو دوسرے سال میں داخل ہو چکا ہو زکوٰۃ کے طور پر دے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ بچھڑا نر ہو۔

۲... اس کا دوسرا نصاب چالیس ہے اور اس کی زکوٰۃ ایک بچھیا ہے جو تیسرے سال میں داخل ہو چکی ہو اور تیس اور چالیس کے درمیان زکوٰۃ واجب نہیں ہے مثلاً جس شخص کے پاس انتالیس گائیں ہوں اسے چاہئے کہ صرف تیس کی زکوٰۃ دے اور اگر اس کی پاس چالیس سے زیادہ گائیں ہوں تو جب تک ان کی تعداد ساٹھ تک نہ پہنچ جائے اسے چاہئے کہ صرف چالیس پر زکوٰۃ دے اور جب ان کی تعداد ساٹھ تک پہنچ جائے تو چونکہ یہ تعداد پہلے نصاب سے دوگنی ہے تو اس کے لیئے اسے چاہئے کہ دو ایسے بچھڑے بطور زکوٰۃ دے جو دوسرے سال میں داخل ہو چکے ہوں اور اسی طرح جوں جوں گائیوں کی تعداد بڑھتی جائے اسے چاہئے کہ یا تو تیس سے تیس تک حساب کرے یا چالیس سے چالیس تک یا تیس اور چالیس دونوں کا حساب کرے اور ان پر اس دستور کے مطابق زکوٰۃ دے جو بتایا گیا ہے لیکن اسے چاہئے کہ اس طرح حساب کرے کہ کچھ باقی نہ بچے اور اگر کچھ بچے تو نو سے زیادہ نہ ہو مثلاً اگر اس کے پاس ستر گائیں ہوں تو اسے چاہئے کہ تیس یا چالیس کے مطابق حساب کرے اور تیس کے لیئے تیس کی اور چالیس کے لیئے چالیس کی زکوٰۃ دے کیونکہ اگر وہ تیس کے لحاظ سے حساب کرے گا تو دس بغیر زکوٰۃ دیئے رہ جائیں گی۔

بھیڑ کا نصاب

مسئلہ ۱۹۱۹ : گوسفند یعنی بھیڑ کے پانچ نصاب ہیں۔

۱... پہلا نصاب : چالیس عدد ہے اور اس کی زکوٰۃ ایک بھیڑ ہے اور جب تک بھیڑوں کی تعداد چالیس تک نہ پہنچے ان پر زکوٰۃ نہیں ہے۔

۲... دوسرا نصاب : ایک سو اکیس ہے اس کی زکوٰۃ دو بھیڑیں ہیں۔

۳... تیسرا نصاب : دو سو ایک ہے اور اس کی زکوٰۃ تین بھیڑیں ہیں۔

۴... چوتھا نصاب : تین سو ایک ہے اور اس کی زکوٰۃ چار بھیڑیں ہیں۔

۵... پانچواں نصاب : چار سو اور اس کے اوپر ہے اور ان کا حساب سو سے سو تک کرنا چاہئے اور ہر سو بھیڑوں پر ایک بھیڑ دی جائے اور یہ ضروری نہیں کہ زکوٰۃ انہی بھیڑوں میں سے دی جائے بلکہ اگر کوئی اور بھیڑیں دے دی جائیں یا بھیڑوں کی قیمت کے مطابق نقدی دے دی جائے تو کافی ہے۔

مسئلہ ۱۹۲۰ : دو نصابوں کے درمیان زکوٰۃ واجب نہیں ہے لہذا کسی کی بھیڑوں کی تعداد پہلے نصاب سے جو کہ چالیس ہے زیادہ ہو لیکن دوسرے نصاب تک جو ۱۲۱ ہے نہ پہنچی ہو تو اسے چاہئے کہ صرف چالیس پر زکوٰۃ دے اور جو تعداد اس سے زیادہ ہو اس پر زکوٰۃ نہیں ہے اور اس کی بعد کے نصابوں کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۱۹۲۱ : اونٹ، گائیں اور بھیڑیں جب نصاب کی مقدار تک پہنچ جائیں تو خواہ وہ سب نر ہوں یا مادہ یا کچھ نر ہوں یا کچھ مادہ ان پر زکوٰۃ واجب ہے۔

مسئلہ ۱۹۲۲ : زکوٰۃ کے سلسلے میں گائے اور بھینس ایک جنس شمار ہوتی ہیں اور عربی میں غیر عربی اونٹ ایک جنس اور اس طرح زکوٰۃ کے ضمن میں بکری اور بھیڑ اور شیشک ایک سال کا بکری کا بچہ) میں کوئی فرق نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۹۲۳ : اگر کوئی شخص زکوٰۃ کے طور پر بھیڑ دے تو احتیاط واجب کی بنا پر چاہئے کہ وہ کم از کم دوسرے سال میں داخل ہو چکی ہو اور بکری دے تو احتیاطاً چاہے کہ تیسرے سال میں داخل ہو چکی ہو۔

مسئلہ ۱۹۲۴ : جو بھیڑ کوئی شخص زکوٰۃ کے طور پر دے اگر اس کی قیمت اس کی بھیڑوں سے

معمولی سی کم بھی ہو تو کوئی حرج نہیں لیکن بہتر ہے کہ ایسی بھیڑ دے جس کی قیمت اس کی ہر بھیڑ سے زیادہ ہو اور گائے اور اونٹ کے بارے میں یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۱۹۲۵ : اگر کئی افراد باہم شریک ہوں تو جس جس کا حصہ پہلے نصاب تک پہنچ جائے تو اس کو چاہئے کہ زکوٰۃ دے اور جس کا حصہ پہلے نصاب سے کم ہو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں۔

مسئلہ ۱۹۲۶ : اگر ایک شخص کئی جگہ گائیں یا اونٹ یا بھیڑیں رکھتا ہو اور وہ سب ملا کر نصاب کے برابر ہوں تو اسے چاہیئے کہ ان کی زکوٰۃ دے۔

مسئلہ ۱۹۲۷ : اگر کسی شخص کی گائیں اور بھیڑیں اور اونٹ بیمار اور عیب دار بھی ہوں تو اسے چاہئے کہ ان کی زکوٰۃ دے۔

مسئلہ ۱۹۲۸ : اگر کسی شخص کی ساری گائیں اور بھیڑیں اور اونٹ بیمار یا عیب دار یا بوڑھے ہوں تو وہ خود انہی میں سے زکوٰۃ دے سکتا ہے لیکن اگر وہ سب تندرست اور بے عیب ہوں اور جوان ہوں تو ان کی زکوٰۃ میں بیمار یا عیب دار یا بوڑھے جانور نہیں دے سکتا ہے بلکہ اگر ان میں سے بعض تندرست اور بعض بیمار یا کئی ایک عیب دار اور کئی ایک بے عیب دار اور کچھ بوڑھے اور کچھ جوان ہوں تو احتیاط واجب یہ ہے کہ ان کی زکوٰۃ میں تندرست اور بے عیب اور جوان جانور دے۔

مسئلہ ۱۹۲۹ : اگر کوئی شخص گیارہ مہینے ختم ہونے سے پہلے اپنی گائیں اور بھیڑیں اور اونٹ کسی دوسری چیز سے بدل لے یا جو نصاب وہ رکھتا ہو اسے اس جنس کے اتنے ہی نصاب سے بدل لے مثلاً چالیس بھیڑیں دے کر چالیس اور بھیڑیں لے لے تو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۹۳۰ : جس شخص پر گائے اور بھیڑ اور اونٹ کی زکوٰۃ واجب ہو اگر وہ ان کی زکوٰۃ اپنے کسی دوسرے مال سے دے دے تو جب تک ان جانوروں کی تعداد نصاب سے کم نہ ہو اسے چاہئے کہ ہر سال زکوٰۃ دے اور اگر وہ زکوٰۃ انہی جانوروں میں سے دے اور وہ پہلے نصاب سے کم ہو جائیں تو زکوٰۃ اس پر واجب نہیں ہے مثلاً جو شخص چالیس بھیڑیں رکھتا ہو اگر وہ ان پر زکوٰۃ اپنے دوسرے مال سے دے دے تو جب تک اس کی بھیڑیں چالیس سے کم نہ ہوں اسے چاہئے کہ ہر سال ایک بھیڑ دے اور اگر خود ان بھیڑوں میں سے زکوٰۃ دے تو جب تک ان کی تعداد چالیس تک نہ پہنچ جائے اس پر

زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔

زکوٰۃ کا مصرف

مسئلہ ۱۹۳۱ : انسان زکوٰۃ کو آٹھ کاموں پر خرچ کر سکتا ہے۔

۱ ... فقیر و مسکین۔ فقیر وہ شخص ہے جس کے پاس اپنے اور اپنے اہل و عیال کے لیئے سال بھر کے اخراجات نہ ہوں لیکن جس شخص کے پاس کوئی ہنر یا جائیداد یا سرمایہ ہو جس سے وہ اپنے سال بھر کے اخراجات پورے کر سکتا ہو وہ فقیر نہیں ہے۔

۲ ... وہ شخص جو امام علیہ السلام یا نائب امام کی جانب سے اس کام پر مامور ہو کہ زکوٰۃ جمع کرے' اس کی نگہداشت کرے حساب کی جانچ پڑتال کرے اور جمع کیا ہوا مال امامؑ یا نائب امام یا فقراء کو پہنچائے۔

۳ ... وہ کفار جنہیں زکوٰۃ دی جائے تو وہ دین اسلام کی جانب مائل ہوں یا جنگ میں مسلمانوں کی مدد کریں۔

۴ ... ان غلاموں کو خریدنا جو مشکلات سے دو چار ہوں اور انہیں آزاد کرنا۔

۵ ... وہ مقروض جو اپنا قرضہ ادا نہ کر سکتا ہو۔

۶ ... فی سبیل اللہ (اللہ کے راستے میں) یعنی وہ کام جن میں قصد قربت کیا جاسکے مثلاً مسجد اور ایسا مدرسہ تعمیر کرنا جہاں دینی علوم کی تعلیم دی جاتی ہو اور شہر کی صفائی کرنا اور سڑکوں کو پختہ بنانا اور انہیں چوڑا کرنا وغیرہ۔

۷ ... ابن السبیل یعنی وہ مسافر جو ناچار ہو گیا ہو اور ان کے بارے میں احکام آئندہ مسائل میں بیان کیئے جائیں گے۔

مسئلہ ۱۹۳۲ : احتیاط واجب یہ ہے کہ فقیر اور مسکین اپنے اور اپنے اہل و عیال کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ زکوٰۃ نہ لے اور اگر کچھ رقم اور جنس رکھتا ہو تو فقط اتنی زکوٰۃ لے جتنی رقم یا جنس اس کے سال بھر کے اخراجات کے لیئے کم پڑتی ہو۔

مسئلہ ۱۹۳۳ : جس شخص کے پاس اپنا پورے سال کا خرچ ہو اگر وہ اس کا کچھ حصہ خرچ کردے اور بعد میں شک کرے کہ جو کچھ باقی بچا ہے وہ اس کے سال بھر کے اخراجات کے لیئے کافی

ہے یا نہیں تو وہ زکوٰۃ نہیں لے سکتا۔

مسئلہ ۱۹۳۴ : جس ہنر مند یا صاحب جائیداد یا تاجر کی آمدنی اس کے سال بھر کے اخراجات سے کم ہو وہ اپنے اخراجات کی کمی پوری کرنے کے لیئے زکوٰۃ لے سکتا ہے اور اس کے لیئے یہ ضروری نہیں کہ اپنے کام کے اوزار یا جائیداد یا سرمایہ اپنے اخراجات کے مصرف میں لے آئے۔

مسئلہ ۱۹۳۵ : جس فقیر کے پاس اہل و عیال کے لیئے سال بھر کا خرچ نہ ہو لیکن ایک گھر کا مالک ہو جس میں وہ رہتا ہو یا سواری کی چیز رکھتا ہو اور ان کے بغیر گزر بسر نہ کر سکتا ہو خواہ یہ صورت عزت و آبرو کی حفاظت کے لیئے ہی ہو وہ زکوٰۃ لے سکتا ہے اور گھر کے سامان اور برتنوں اور گرمیوں اور سردیوں کے لباس اور جن چیزوں کی اسے ضرورت ہو ان کے لیئے بھی یہی حکم ہے (یعنی ان کے ہوتے ہوئے بھی زکوٰۃ لے سکتا ہے) اور جو فقیر یہ چیزیں نہ رکھتا ہو اگر اسے ان کی ضرورت ہو تو زکوٰۃ میں سے خرید سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۳۶ : جس فقیر کے لیئے ہنر سیکھنا مشکل نہ ہو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہیئے کہ سیکھ لے اور زکوٰۃ پر زندگی بسر نہ کرے۔ لیکن جب تک ہنر سیکھنے میں مشغول ہو زکوٰۃ لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۳۷ : جو شخص پہلے فقیر رہا ہو یا یہ معلوم نہ ہو کہ وہ فقیر رہا ہے یا نہیں اور وہ کہتا ہو کہ میں فقیر ہوں تو اگرچہ اس کے کہنے پر انسان کو اطمینان نہ ہو پھر بھی اسے زکوٰۃ دے سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۳۸ : جو شخص کہے کہ میں فقیر ہوں اور پہلے فقیر نہ رہا ہو اگر اس کے کہنے سے اطمینان پیدا نہ ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اسے زکوٰۃ نہ دی جائے۔

مسئلہ ۱۹۳۹ : جس شخص پر زکوٰۃ واجب ہو اگر کوئی فقیر اس کا مقروض ہو تو وہ شخص اس فقیر کو زکوٰۃ دیتے ہوئے اپنے قرضے کی مقدار اس سے کم کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۴۰ : اگر فقیر مر جائے اور اس کا مال اتنا نہ ہو جتنا اس نے قرضہ دینا ہو تو قرض خواہ قرضے کو زکوٰۃ میں شمار کر سکتا ہے بلکہ اگر میت کا مال اس پر واجب الادا قرضے کے برابر ہو اور اس کے ورثاء اس کا قرضہ ادا نہ کریں یا کسی اور وجہ سے قرض خواہ اپنا قرضہ واپس نہ لے سکتا ہو تب بھی وہ اپنا قرضہ زکوٰۃ میں شمار کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۴۱ : یہ ضروری نہیں کہ کوئی شخص جو چیز فقیر کو بطور زکوٰۃ دے اس کے بارے میں اسے کہے کہ یہ زکوٰۃ ہے بلکہ اگر فقیر زکوٰۃ لینے میں شرمندگی محسوس کرتا ہو تو مستحب یہ ہے کہ اسے مال تو زکوٰۃ کی نیت سے دیا جائے لیکن اس کا زکوٰۃ ہونا اس پر ظاہر نہ کیا جائے۔

مسئلہ ۱۹۴۲ : اگر کوئی شخص یہ خیال کرتے ہوئے کسی کو زکوٰۃ دے کہ وہ فقیر ہے اور بعد میں اسے پتہ چلے کہ وہ فقیر نہ تھا یا مسئلہ سے ناواقف ہونے کی بنا پر کسی ایسے شخص کو زکوٰۃ دے دے جس کے متعلق اسے علم ہو کہ وہ فقیر نہیں ہے تو یہ کافی نہیں ہے (یعنی زکوٰۃ کی صحیح ادائیگی نہیں ہوئی) لہٰذا اس نے جو چیز اس شخص کو بطور زکوٰۃ دی تھی اگر وہ باقی ہو تو وہ اس شخص سے واپس لے کر مستحق کو دے سکتا ہے اور اگر کالعدم ہو گئی ہو تو اگر لینے والے کو علم تھا کہ وہ مال زکوٰۃ ہے تو انسان کو چاہئے کہ اس کا عوض اس سے لے لے اور مستحق کو دے دے اور اگر لینے والے کو یہ علم نہ تھا کہ وہ مال زکوٰۃ ہے تو اس سے کچھ نہیں لیا جا سکتا اور انسان کو چاہئے کہ اپنے مال سے زکوٰۃ مستحق کو دے۔

مسئلہ ۱۹۴۳ : جو شخص مقروض ہو اور قرض ادا نہ کر سکتا ہو اگر اس کے پاس اپنا سال بھر کا خرچ بھی ہو تب بھی اپنا قرضہ ادا کرنے کے لیئے زکوٰۃ لے سکتا ہے لیکن ضروری ہے کہ اس نے جو مال بطور قرض لیا ہو اسے کسی گناہ کے کام میں خرچ نہ کیا ہو۔

مسئلہ ۱۹۴۴ : اگر انسان ایک ایسے شخص کو زکوٰۃ دے جو مقروض ہو اور اپنا قرضہ ادا نہ کر سکتا ہو اور بعد میں اسے پتہ چلے کہ اس شخص نے جو قرضہ لیا تھا وہ گناہ کے کام پر خرچ کیا تھا تو اگر وہ مقروض فقیر ہو تو انسان نے جو کچھ اسے دیا ہو اسے زکوٰۃ میں شمار کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۴۵ : جو شخص مقروض ہو اور اپنا قرضہ ادا نہ کر سکتا ہو اگرچہ وہ فقیر نہ ہو تب بھی قرض خواہ اس قرضے کو جو اس نے اس سے وصول کرنا ہو زکوٰۃ میں شمار کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۴۶ : جس مسافر کا سفر خرچ ختم ہو جائے یا اس کی سواری قابل استعمال نہ رہے اگر اس کا سفر گناہ کی غرض سے نہ ہو اور وہ قرض لے کر یا اپنی کوئی چیز فروخت کر کے منزل مقصود تک نہ پہنچ سکتا ہو تو اگرچہ وہ اپنے وطن میں فقیر نہ بھی ہو وہ زکوٰۃ لے سکتا ہے لیکن اگر وہ کسی دوسری جگہ سے قرض لے کر یا اپنی کوئی چیز بیچ کر سفر کے اخراجات حاصل کر سکتا ہو تو وہ فقط اتنی مقدار میں زکوٰۃ لے

سکتا ہے جس کے ذریعے وہ اس جگہ تک پہنچ جائے۔

مسئلہ ۱۹۴۷ : جو مسافر سفر میں ناچار ہو جائے اور زکوٰۃ لے اگر اس کے وطن پہنچ جانے کے بعد زکوٰۃ میں سے کچھ بچ جائے تو اسے چاہئے کہ وہ زائد مال حاکم شرع کو دے دے اور اسے بتا دے کہ یہ مال زکوٰۃ ہے۔

مستحقین زکوٰۃ کی شرائط

مسئلہ ۱۹۴۸ : جو شخص زکوٰۃ لے اسے شیعہ اثناعشری ہونا چاہئے اور اگر انسان کسی کو شیعہ سمجھتے ہوئے زکوٰۃ دے دے اور بعد میں پتہ چلے کہ وہ شیعہ نہ تھا تو دوبارہ زکوٰۃ دینی چاہئے۔

مسئلہ ۱۹۴۹ : اگر کوئی شیعہ بچہ یا دیوانہ شخص فقیر ہو تو انسان اس کے ولی کو اس نیت سے زکوٰۃ دے سکتا ہے کہ وہ جو کچھ دے رہا ہے وہ بچے یا دیوانے کی ملکیت ہوگی۔

مسئلہ ۱۹۵۰ : اگر انسان بچے یا دیوانے کے ولی تک نہ پہنچ سکے تو وہ خود یا کسی امانت دار شخص کے ذریعے مال زکوٰۃ ان پر خرچ کر سکتا ہے اور جب زکوٰۃ ان لوگوں پر خرچ کی جا رہی ہو تو زکوٰۃ دینے والے کو چاہئے کہ زکوٰۃ کی نیت کرے۔

مسئلہ ۱۹۵۱ : جو فقیر بھیک مانگتا ہو اسے زکوٰۃ دی جا سکتی ہے لیکن جو شخص مال زکوٰۃ گناہ کے کام پر خرچ کرتا ہو اسے زکوٰۃ نہیں دینی چاہئے۔

مسئلہ ۱۹۵۲ : جو شخص شراب پیتا ہو اسے زکوٰۃ نہیں دی جا سکتی بلکہ اگر کوئی شخص کھلم کھلا گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوتا ہو یا نماز نہ پڑھتا ہو (خواہ اس کا تارک نماز ہونا علانیہ نہ بھی ہو) تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اسے زکوٰۃ نہ دی جائے۔

مسئلہ ۱۹۵۳ : جو شخص مقروض ہو اور اپنا قرضہ ادا نہ کر سکتا ہو اس کا قرضہ زکوٰۃ سے دیا جا سکتا ہے خواہ اس شخص کے اخراجات زکوٰۃ دینے والے پر ہی واجب کیوں نہ ہوں۔ بشرطیکہ قرض نان نفقہ اور اخراجات جو اس زکوٰۃ دھندہ پر واجب ہوں ان میں خرچ نہ ہوا ہو۔

مسئلہ ۱۹۵۴ : انسان ان لوگوں کے اخراجات جن کا خرچہ اس پر واجب ہو مثلاً اولاد کے

اخراجات زکوٰۃ سے ادا نہیں کر سکتا لیکن اگر وہ خود ان کا خرچہ نہ دے تو دوسرے لوگ انہیں زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔

مسئلہ ۱۹۵۵ : اگر انسان اپنے بیٹے کو زکوٰۃ اس لیئے دے تاکہ وہ اسے اپنی بیوی اور نوکر اور نوکرانی پر خرچ کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۹۵۶ : اگر بیٹے کو علمی دینی کتابوں کی ضرورت ہو تو باپ وہ کتابیں زکوٰۃ سے خرید کر انہیں بیٹے کے استعمال میں دے سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۵۷ : جو باپ بیٹے کی شادی کی استطاعت نہ رکھتا ہو وہ بیٹے کے لیئے بیوی مہیا کرنے کی خاطر زکوٰۃ میں سے خرچ کر سکتا ہے اور بیٹا بھی باپ کے لیئے ایسا ہی کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۵۸ : کسی ایسی عورت کو زکوٰۃ نہیں دی جا سکتی جس کا شوہر اسے خرچہ دیتا ہو یا جسے شوہر خرچہ نہ دیتا ہو لیکن ممکن ہو کہ لوگ اسے خرچہ دینے پر مجبور کریں۔

مسئلہ ۱۹۵۹ : جس عورت نے کسی شخص سے متعہ کیا ہو اگر وہ عورت فقیر ہو تو اس کا شوہر اور دوسرے لوگ اسے زکوٰۃ دے سکتے ہیں ہاں اگر عقد کے سلسلے میں شوہر نے عہد کیا ہو کہ اس کا خرچہ دے گا یا کسی وجہ سے اس کا خرچہ دینا شوہر پر واجب ہو تو اگر شوہر اس عورت کے اخراجات دیتا ہو تو اس عورت کو زکوٰۃ نہیں دی جا سکتی۔

مسئلہ ۱۹۶۰ : عورت اپنے فقیر شوہر کو زکوٰۃ دے سکتی ہے خواہ شوہر وہ زکوٰۃ اس عورت پر ہی کیوں نہ خرچ کر دے۔

مسئلہ ۱۹۶۱ : سید غیر سید سے زکوٰۃ نہیں لے سکتا لیکن اگر خمس اور دوسرے ذرائع آمدنی اس کے اخراجات کے لیئے کافی نہ ہوں اور وہ زکوٰۃ لینے پر مجبور ہو تو غیر سید سے زکوٰۃ لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۶۲ : جس شخص کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ سید ہے یا غیر سید ہے اسے زکوٰۃ دی جا سکتی ہے۔

زکوٰۃ کی نیت

مسئلہ ۱۹۶۳ : انسان کو چاہیے کہ زکوٰۃ بہ قصد قربت یعنی اللہ تعالیٰ کے فرمان کی بجاآوری کی نیت سے دے اور اپنی نیت میں معین کرے کہ جو کچھ دے رہا ہے وہ مال کی زکوٰۃ فطرہ ہے لیکن مثال کے طور پر اگر گندم اور جو کی زکوٰۃ اس پر واجب ہو تو اس کے لیئے یہ ضروری نہیں کہ وہ معین کرے کہ گندم کی زکوٰۃ دے رہا ہے یا جو کی۔

مسئلہ ۱۹۶۴ : اگر کسی شخص پر کئی چیزوں کی زکوٰۃ واجب ہو اور وہ کچھ زکوٰۃ دے اور ان چیزوں میں سے کسی کی نیت بھی نہ کرے اور جو چیز اس نے دی ہو اس کی جنس وہی ہو جو ان چیزوں میں سے کسی ایک کی ہو جن پر زکوٰۃ واجب ہو تو وہ اسی جنس کی زکوٰۃ شمار ہو گی لیکن اگر نقدی دی ہو جو ان چیزوں میں سے کسی کی ہم جنس نہ ہو تو زکوٰۃ ان سب چیزوں پر تقسیم کی جائے گی مثلاً اگر کسی پر چالیس بھیڑوں اور پندرہ مثقال سونے کی زکوٰۃ واجب ہو اور مثال کے طور پر وہ ایک بھیڑ زکوٰۃ کے طور پر دے دے اور ان چیزوں میں سے (جن پر زکوٰۃ واجب ہے) کسی کی نیت نہ کرے تو وہ بھیڑوں کی زکوٰۃ شمار ہو گی لیکن اگر کچھ چاندی کے سکے اور نوٹ دے تو بھیڑوں اور سونے کے سلسلے میں جو زکوٰۃ اس کی ذمے ہے اس میں تقسیم ہو جائے گی۔

مسئلہ ۱۹۶۵ : اگر کوئی شخص اپنے مال کی زکوٰۃ دینے کے لیئے کسی کو وکیل بنائے تو جب وہ مال زکوٰۃ وکیل کے سپرد کر رہا ہو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہیے کی نیت کرے کہ جو کچھ اس کا وکیل بعد میں فقیر کو دے گا وہ زکوٰۃ ہے اور احوط یہ ہے کہ زکوٰۃ فقیر تک پہنچنے کے وقت تک وہ اس نیت پر قائم رہے۔

مسئلہ ۱۹۶۶ : اگر کوئی شخص قصد قربت کیئے بغیر زکوٰۃ فقیر کو دے دے اور اس سے بیشتر کہ وہ مال کالعدم ہو جائے زکوٰۃ کی نیت کرے تو وہ مال زکوٰۃ سمجھا جائے گا۔

زکوٰۃ کے متفرق مسائل

مسئلہ ۱۹۶۷ : احتیاط کی بنا پر انسان کو چاہیے کہ گندم اور جو کو بھوسے سے الگ کرنے کے موقع پر اور کھجور اور انگور کے خشک ہونے کے وقت زکوٰۃ فقیر کو دے دے یا اپنے مال سے علیحدہ کر دے اور

سونے، چاندی، گائے، بھیڑ اور اونٹ کی زکوٰۃ گیارہ مہینے ختم ہونے کے بعد فقیر کو دے دینی چاہئے۔ یا اپنے مال سے علیحدہ کر دینی چاہئے لیکن اگر وہ شخص کسی خاص فقیر کا منتظر ہو یا کسی ایسے فقیر کو زکوٰۃ دینا چاہتا ہو جو کسی لحاظ سے برتر ہو وہ یہ کر سکتا ہے کہ زکوٰۃ علیحدہ نہ کرے۔

مسئلہ ۱۹۶۸ : زکوٰۃ کو علیحدہ کرنے کے بعد ایک شخص کے لیئے ضروری نہیں کہ اسے فوراً مستحق شخص کو دے دے۔ لیکن اگر اس کی دسترس کسی ایسے شخص تک ہو جسے زکوٰۃ دی جا سکتی ہو تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ زکوٰۃ دینے میں تاخیر نہ کرے۔

مسئلہ ۱۹۶۹ : جو شخص زکوٰۃ مستحق شخص کو پہنچا سکتا ہو اگر وہ اسے زکوٰۃ نہ پہنچائے اور اس کے کوتاہی برتنے کی وجہ سے مال زکوٰۃ تلف ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض دے۔

مسئلہ ۱۹۷۰ : جو شخص زکوٰۃ مستحق تک پہنچا سکتا ہو اگر وہ اسے زکوٰۃ پہنچائے اور اس کے مال زکوٰۃ کی نگہداشت میں کوتاہی نہ کرنے کے باوجود وہ مال تلف ہو جائے تو اگر اس نے زکوٰۃ دینے میں اتنی تاخیر کی ہو کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ اس نے فوراً دے دی ہے تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض دے اور اگر اتنی تاخیر نہ کی ہو مثلاً دو تین گھنٹے تاخیر کی ہو اور انہی دو تین گھنٹوں میں مال زکوٰۃ تلف ہو گیا ہو تو اس صورت میں اگر مستحق موجود نہ تھا تو زکوٰۃ دینے والے پر کسی چیز کی ادئیگی واجب نہیں ہے اور اگر مستحق موجود تھا تو واجب ہے کہ اس مال کی زکوٰۃ کا عوض دے۔

مسئلہ ۱۹۷۱ : اگر کوئی شخص زکوٰۃ اس مال سے علیحدہ کر دے جس پر زکوٰۃ واجب ہو تو وہ باقی ماندہ مال پر تصرف کر سکتا ہے اگر وہ زکوٰۃ اپنے دوسرے مال سے علیحدہ کرے تو اس سارے مال پر تصرف کر سکتا ہے جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔

مسئلہ ۱۹۷۲ : انسان نے جو مال زکوٰۃ علیحدہ کیا ہو اسے اپنے لیئے اٹھا کر وہ کوئی دوسری چیز اس کی جگہ نہیں رکھ سکتا۔

مسئلہ ۱۹۷۳ : اگر اس مال زکوٰۃ سے جو کسی شخص نے علیحدہ کر دیا ہو کوئی منفعت حاصل ہو مثلاً جو بھیڑ بطور زکوٰۃ علیحدہ کی ہو وہ بچہ دے دے تو منفعت فقیر کا مال ہے۔

مسئلہ ۱۹۷۴ : جب کوئی شخص مال زکوٰۃ علیحدہ کر رہا ہو اگر اس وقت کوئی مستحق موجود ہو تو بہتر

ہے کہ زکوٰۃ اسے دے دے بجز اس صورت کہ کوئی ایسا شخص اس کی نظر میں ہو جسے زکوٰۃ دینا کسی وجہ سے بہتر ہو۔

مسئلہ ۱۹۷۵ : اگر کوئی شخص حاکم شرع کی اجازت کے بغیر اس مال کے ساتھ تجارت کرے جو اس نے زکوٰۃ کے لیئے علیحدہ کر دیا ہو اور اس میں خسارہ ہو جائے تو اسے زکوٰۃ میں کوئی کمی نہیں کرنی چاہئے لیکن اگر منافع ہو تو اسے چاہئے کہ مستحق کو دے دے۔

مسئلہ ۱۹۷۶ : اگر کوئی شخص اس سے پیشتر کہ زکوٰۃ اس پر واجب ہو کوئی چیز بطور زکوٰۃ فقیر کو دے دے تو وہ زکوٰۃ متصور نہیں ہوگی اور اگر اس پر زکوٰۃ واجب ہونے کے بعد وہ چیز جو اس نے فقیر کو دی تھی تلف نہ ہو چکی ہو اور فقیر ابھی تک اپنے فقر پر باقی ہو (یعنی غنی نہ ہوا ہو) تو زکوٰۃ دینے والا اس چیز کو جو اس نے فقیر کو دی تھی زکوٰۃ میں شمار کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۷۷ : اگر فقیر یہ جانتے ہوئے کہ زکوٰۃ ایک شخص پر واجب نہیں ہوئی اس سے کوئی چیز بطور زکوٰۃ کے لے لے اور وہ چیز فقیر کے پاس ہوتے ہوئے تلف ہو جائے تو فقیر اس کا ذمہ دار ہے اور جب زکوٰۃ اس شخص پر واجب ہو جائے اور فقیر اس وقت تک تنگ دست ہو تو جو چیز اس شخص نے فقیر کو دی تھی اس کا عوض زکوٰۃ میں شمار کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۷۸ : اگر کوئی فقیر یہ نہ جانتے ہوئے کہ زکوٰۃ ایک شخص پر واجب نہیں ہوئی اس سے کوئی چیز بطور زکوٰۃ لے لے اور وہ چیز فقیر کے پاس ہوتے ہوئے تلف ہو جائے تو فقیر ذمہ دار نہیں ہے اور دینے والا شخص اس چیز کا عوض زکوٰۃ میں شمار نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۱۹۷۹ : انسان کے لیئے مستحب ہے کہ گائے، بھیڑ اور اونٹ کی زکوٰۃ آبرو مند محتاجوں کو دی جائے اور زکوٰۃ دینے میں اپنے رشتہ داروں کو دوسروں پر اور اہل علم و کمال کو ان لوگوں پر جو اہل علم و کمال نہ ہوں او جو لوگ سوال کرنے کے عادی نہ ہوں انہیں سوال کرنے والوں پر ترجیح دی جائے۔ ہاں اگر فقیر کو کسی اور وجہ سے زکوٰۃ دینا بہتر ہو تو پھر مستحب ہے کہ زکوٰۃ اس کو دی جائے۔

مسئلہ ۱۹۸۰ : بہتر ہے کہ زکوٰۃ کھلم کھلا دی جائے اور مستحب صدقہ خفیہ طور پر دیا جائے۔

مسئلہ ۱۹۸۱ : جو شخص زکوٰۃ دینا چاہتا ہو اگر اس کے شہر میں کوئی مستحق نہ ہو اور وہ زکوٰۃ کو اس

کے لیئے معین شدہ کسی دوسرے مصرف میں بھی نہ لا سکتا ہو تو اگر اسے امید ہو کہ بعد میں کوئی مستحق اپنے شہر میں جلدی مل جائے گا تو اسے چاہئے کہ زکوٰۃ دوسرے شہر لے جائے اور زکوٰۃ کے لیئے معین مصرف میں لے آئے اور اس کے لیئے جائز ہے کہ اس شہر میں لے جانے کے اخراجات مال زکوٰۃ سے وضع کر لے اور اگر مال زکوٰۃ تلف ہو جائے تو وہ ذمہ دار نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۹۸۲ : اگر زکوٰۃ دینے والے کے اپنے شہر میں کوئی مستحق شخص مل جائے تب بھی وہ مال زکوٰۃ دوسرے شہر لے جا سکتا ہے لیکن اسے چاہئے کہ اس شہر میں لے جانے کے اخراجات خود برداشت کرے اور اگر مال زکوٰۃ تلف ہو جائے تو وہ ذمہ دار ہے بجز اس صورت کہ مال زکوٰۃ دوسرے شہر میں حاکم شرع کے حکم سے لے گیا ہو۔

مسئلہ ۱۹۸۳ : جو شخص گندم، جو کشمش اور کھجور بطور زکوٰۃ دے رہا ہو ان اجناس کے تولنے اور ناپنے کی اجرت اس کی اپنی ذمہ داری ہے۔

مسئلہ ۱۹۸۴ : جس شخص کو زکوٰۃ میں ۲ مثقال اور ۱۵ نخود یا اس سے زیادہ چاندی دینی ہو وہ احتیاط مستحب کی بنا پر ۲ مثقال اور ۱۵ نخود سے کم چاندی کسی فقیر کو نہ دے اور اگر چاندی کے علاوہ کوئی دوسری چیز مثلاً گندم اور جو دینے ہوں اور ان کی قیمت ۲ مثقال اور ۱۵ نخود چاندی تک پہنچ جائے تو احتیاط مستحب کی بنا پر ایک فقیر کو اس سے کم نہ دے۔

مسئلہ ۱۹۸۵ : انسان کے لیئے مکروہ ہے کہ مستحق سے درخواست کرے کہ جو زکوٰۃ اس نے اس سے لی ہے اسی کے ہاتھ فروخت کر دے لیکن اگر مستحق نے جو چیز بطور زکوٰۃ لی ہے اسے بیچنا چاہے تو جب اس کی قیمت طے ہو جائے تو جس شخص نے مستحق کو زکوٰۃ دی ہو اس چیز کو خریدنے کے لیئے اس کا حق دوسروں پر فائق ہے۔

مسئلہ ۱۹۸۶ : اگر کسی شخص کو شک ہو کہ جو زکوٰۃ اس پر واجب ہوئی تھی وہ اس نے دی ہے یا نہیں اور جس مال میں زکوٰۃ واجب ہوئی تھی وہ بھی موجود ہو تو اسے چاہئے کہ زکوٰۃ دے خواہ اس کا شک گذشتہ سالوں کی زکوٰۃ کے متعلق ہی کیوں نہ ہو اور جس مال میں زکوٰۃ واجب ہوئی تھی اگر وہ ضائع ہو چکا ہو تو اگرچہ اسی سال کی زکوٰۃ کے متعلق شک کیوں نہ ہو زکوٰۃ دینا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۹۸۷ : فقیر کے لیئے یہ جائز نہیں کہ زکوٰۃ کی مقدار سے کم مقدار پر سمجھوتہ کرے یا کسی چیز کو اس کی قیمت سے زیادہ قیمت پر بطور زکوٰۃ قبول کر لے یا زکوٰۃ مالک سے لے کر اسے بخش دے لیکن اگر کسی شخص پر بہت زیادہ زکوٰۃ واجب ہو اور فقیر ہو جانے کی وجہ سے وہ زکوٰۃ ادا نہ کر سکتا ہو تو اگر وہ توبہ کرے تو فقیر اس سے زکوٰۃ لے کر پھر اسی کو بخش سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۸۸ : انسان قرآن مجید یا دینی کتابیں یا دعا کی کتابیں مال زکوٰۃ سے خرید کر وقف کر سکتا ہے خواہ وہ اولاد یا ان لوگوں پر ہی وقف کرے جن کا خرچہ اس پر واجب ہے اور وہ وقف کا متولی خود بھی بن سکتا ہے اور اپنی اولاد کو بھی بنا سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۸۹ : انسان مال زکوٰۃ سے جائیداد خرید کر اپنی اولاد یا ان لوگوں پر وقف نہیں کر سکتا جن کا خرچ اس پر واجب ہو تاکہ وہ اس جائیداد کی منفعت اپنے مصرف میں لے آئیں۔

مسئلہ ۱۹۹۰ : حج اور زیارات وغیرہ پر جانے کے لیئے انسان سبیل اللہ کے حصے سے زکوٰۃ لے سکتا ہے اگرچہ وہ فقیر نہ ہو یا اپنے سال بھر کے اخراجات کے لیئے زکوٰۃ لے چکا ہو۔

مسئلہ ۱۹۹۱ : اگر ایک مالک اپنے مال کی زکوٰۃ دینے کے لیئے کسی فقیر کو وکیل بنائے اور اگر فقیر کو یہ یقین نہ ہو کہ مالک کا ارادہ یہ تھا کہ وہ خود (یعنی فقیر) اس مال سے کچھ نہ لے تو اس صورت میں وہ جتنی مقدار دوسروں کو دے اتنی مقدار خود بھی لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۱۹۹۲ : اگر کوئی فقیر اونٹ، گائیں، بھیڑیں، سونا اور چاندی بطور زکوٰۃ حاصل کرے اور ان میں وہ سب شرائط موجود ہوں جو زکوٰۃ واجب ہونے کے لیئے بیان کی گئی ہیں تو اسے (یعنی فقیر کو) چاہئے کہ ان پر زکوٰۃ دے۔

مسئلہ ۱۹۹۳ : اگر دو اشخاص ایک ایسے مال میں باہم شریک ہوں جس کی زکوٰۃ واجب ہو چکی ہو اور ان میں سے ایک اپنے حصے کی زکوٰۃ دے دے اور بعد میں وہ مال تقسیم کر لیں اور جو شخص زکوٰۃ دے چکا ہے اسے علم ہو کہ اس کے شریک نے اپنے حصے کی زکوٰۃ نہیں دی اور نہ ہی بعد میں دے گا تو اس شخص کا اپنے حصے میں تصرف کرنا بھی اشکال رکھتا ہے بجز اس کے کہ اپنے شریک کی زکوٰۃ اس کی اجازت سے اور اس کے منع کرنے پر حاکم کی اجازت سے وہ خود بامعاوضہ ادا کر دے۔

مسئلہ ۱۹۹۴ : اگر خمس اور زکوٰۃ کسی شخص کے ذمے ہو اور کفارہ اور نذر وغیرہ بھی اس پر واجب ہو اور وہ مقروض بھی ہو اور ان سب کی ادائیگی نہ کر سکتا ہو تو اگر وہ مال جس پر خمس یا زکوٰۃ واجب ہو چکی ہو تلف نہ ہو گیا ہو تو اس شخص کو چاہئے کہ خمس اور زکوٰۃ دے اور اگر وہ مال تلف ہو گیا ہو تو اسے اختیار ہے کہ خمس یا زکوٰۃ پہلے دے یا کفارہ اور نذر اور قرض وغیرہ ادا کرے۔

مسئلہ ۱۹۹۵ : جس شخص کے ذمے خمس یا زکوٰۃ ہو اور حج بھی اس پر واجب ہو اور وہ مقروض بھی ہو اگر وہ مر جائے اور اس کا مال ان تمام چیزوں کے لیئے کافی نہ ہو اور اگر وہ مال جس پر خمس اور زکوٰۃ واجب ہو چکے ہوں تلف نہ ہو گیا ہو تو خمس یا زکوٰۃ ادا کرنی چاہئے اور اس کا باقی مال حج اور قرض پر تقسیم کرنا چاہئے اور اگر وہ مال جس پر خمس اور زکوٰۃ واجب ہو چکی ہو تلف ہو گیا ہو تو اس کا مال حج پر خرچ کرنا چاہئے اور اگر کچھ بچ جائے تو اسے خمس اور زکوٰۃ اور قرض پر تقسیم کر دینا چاہئے۔

مسئلہ ۱۹۹۶ : جو شخص علم حاصل کرنے میں مشغول ہو اور اگر علم حاصل نہ کرے تو اپنی روزی خود کما سکتا ہو تو اگر اس علم کا حاصل کرنا واجب ہو تو اسے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے اور اگر اس علم کا حاصل کرنا مستحب ہو تو فقط سبیل اللہ کے حصے سے اسے زکوٰۃ دینا جائز ہے اور اگر اس علم کا حاصل کرنا واجب نہ ہو اور نہ ہی مستحب ہو تو اس شخص کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں ہے۔

زکوٰۃ فطرہ

مسئلہ ۱۹۹۷ : شب عید الفطر کو غروب کے وقت جو شخص بالغ اور عاقل ہو اور نہ تو فقیر ہو نہ ہی کسی دوسرے کا غلام ہو اسے چاہئے کہ اپنے لیئے اور ان لوگوں کے لیئے جو اس کے ہاں کھانا کھاتے ہوں فی کس ایک صاع (جو تقریباً تین کیلو ہوتا ہے) کے حساب سے گندم یا جو یا کھجور یا کشمش یا چاول یا جوار وغیرہ مستحق شخص کو دے اور اگر ان میں سے کسی ایک کی قیمت نقدی کی شکل میں دے دے تب بھی کافی ہے۔

مسئلہ ۱۹۹۸ : جس شخص کے پاس اپنے اور اپنے اہل و عیال کے لیئے سال بھر کا خرچ نہ ہو اور اس کا کوئی روزگار بھی نہ ہو جس کے ذریعے وہ اپنا اور اپنے اہل و عیال کا سال بھر کا خرچ پورا کر سکے وہ فقیر ہے اور زکوٰۃ فطرہ کا دینا اس پر واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۱۹۹۹ : جو لوگ شب عید الفطر کے غروب کے وقت کسی شخص کے ہاں کھانے والے سمجھے جائیں اسے چاہئے کہ ان کا فطرہ دے قطع نظر اس سے کہ وہ چھوٹے ہوں یا بڑے مسلمان ہوں یا کافر ان کا خرچہ اس شخص پر واجب ہو یا نہ ہو اور وہ اس کے شہر میں ہوں یا کسی دوسرے شہر میں ہوں۔

مسئلہ ۲۰۰۰ : اگر کوئی شخص ایک ایسے شخص کو جو اس کے ہاں کھانا کھانے والا ہو اور دوسرے شہر میں ہو وکیل کرے کہ اس کے (یعنی صاحب خانہ) مال سے اپنا فطرہ دے دے۔ اور اسے اطمینان ہو کہ وہ شخص فطرہ دے دے گا۔ تو خود صاحب خانہ کے لیئے اس کا فطرہ دینا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۰۰۱ : جو مہمان شب عیدالفطر کے غروب سے پہلے صاحب خانہ کی رضامندی سے وارد ہو اور اس کے ہاں کھانا کھانے والوں میں شمار ہو اس کا فطرہ صاحب خانہ پر واجب ہے۔

مسئلہ ۲۰۰۲ : جو مہمان شب عید الفطر کے غروب سے پہلے صاحب خانہ کی رضامندی کے بغیر وارد ہو جائے اور کچھ مدت صاحب خانہ کے ہاں رہے اس کے فطرہ کا صاحب خانہ پر واجب ہونا محل اشکال ہے بلکہ اظہر یہ ہے کہ واجب نہیں ہے اگرچہ بہتر ہے کہ صاحب خانہ اس کا فطرہ بھی دے اور اگر انسان کو کسی شخص کا خرچہ دینے پر مجبور کیا گیا ہو تو اس کے فطرے کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۰۰۳ : جو مہمان شب عیدالفطر کے غروب کے بعد وارد ہو اگر وہ صاحب خانہ کے ہاں کھانا کھانے والا شمار ہو تو اس کا فطرہ صاحب خانہ پر احتیاط کی بنا پر واجب ورنہ واجب نہیں ہے۔ خواہ صاحب خانہ نے اسے غروب سے پہلے دعوت دی ہو اور وہ افطار بھی صاحب خانہ کے گھر پر ہی کرے اور وہ اگر اس گھر میں رات کو قیام بھی کرے تو وجوب لازمی ہے۔

مسئلہ ۲۰۰۴ : اگر کوئی شخص شب عیدالفطر کے غروب کے وقت دیوانہ ہو اور اس کی دیوانگی عیدالفطر کے دن ظہر کے وقت تک باقی رہے تو زکوٰۃ فطرہ اس پر واجب نہیں ہے۔ ورنہ احتیاط واجب کی بنا پر لازم ہے کہ زکوٰۃ فطرہ دے۔

مسئلہ ۲۰۰۵ : غروب سے پہلے یا غروب کے دوران میں اگر کوئی بچہ بالغ ہو جائے یا کوئی دیوانہ عاقل ہو جائے یا کوئی فقیر غنی ہو جائے تو اگر وہ فطرہ واجب ہونے کی شرائط پوری کرتا ہو تو اسے چاہئے کہ زکوٰۃ فطرہ دے۔

مسئلہ ۲۰۰۶ : جس شخص پر شب عیدالفطر کے غروب کے وقت فطرہ واجب نہ ہو اگر عید کے دن ظہر کے وقت سے پہلے تک فطرہ واجب ہونے کی شرائط اس میں موجود ہو جائیں تو احتیاط واجب یہ ہے کہ وہ زکوٰۃ فطرہ دے۔

مسئلہ ۲۰۰۷ : اگر کوئی کافر شب عید الفطر کے غروب کے بعد مسلمان ہو جائے تو اس پر فطرہ واجب نہیں ہے لیکن اگر ایک ایسا مسلمان جو شیعہ نہ ہو عید کا چاند دیکھنے کے بعد شیعہ ہو جائے تو اسے چاہئے کہ زکوٰۃ فطرہ دے۔

مسئلہ ۲۰۰۸ : جس شخص کے پاس صرف اندازاً ایک صاع (تقریباً تین کیلو) گندم وغیرہ ہو اس کے لئے مستحب ہے کہ زکوٰۃ فطرہ دے اور اگر وہ اہل و عیال بھی رکھتا ہو اور ان کا فطرہ بھی دینا چاہتا ہو تو اس کے لئے جائز ہے کہ فطرہ کی نیت سے وہ صاع گندم وغیرہ اپنے اہل و عیال میں سے کسی ایک کو دے دے اور وہ بھی اسی مقصد سے دوسرے کو دے دے اور وہ اسی طرح دیتے رہیں حتیٰ کہ وہ جنس خاندان کے آخری فرد تک پہنچ جائے اور بہتر ہے کہ جو چیز آخری فرد کو ملے وہ کسی ایسے شخص کو دے جو خود ان لوگوں میں سے نہ ہو جنہوں نے فطرہ ایک دوسرے کو دیا ہے اور اگر ان لوگوں میں سے کوئی نابالغ ہو تو اس کا ولی اس کی بجائے فطرہ لے سکتا ہے اور احتیاط اس میں ہے کہ جو چیز نابالغ کے لئے لی جائے وہ کسی دوسرے کو نہ دی جائے۔

مسئلہ ۲۰۰۹ : اگر شب عیدالفطر کے غروب کے بعد کسی کے ہاں بچہ پیدا ہو تو اس کا فطرہ دینا واجب نہیں ہے لیکن احتیاط یہ ہے کہ جو اشخاص غروب کے بعد سے عید کے دن کے وقت ظہر کے وقت سے پہلے تک صاحب خانہ کے ہاں کھانا کھانے والوں میں سمجھے جائیں وہ ان سب کا فطرہ دے۔

مسئلہ ۲۰۱۰ : اگر کوئی شخص کسی کے ہاں کھانا کھاتا ہو اور غروب سے پہلے یا غروب کے دوران میں کسی دوسرے کے ہاں کھانا کھانے والا ہو جائے تو اس کا فطرہ اسی شخص پر واجب ہے جس کے ہاں کھانے والا وہ بن جائے مثلاً اگر لڑکی غروب سے پہلے شوہر کے گھر چلی جائے تو شوہر کو چاہئے کہ اس کا فطرہ ادا کرے۔

مسئلہ ۲۰۱۱ : جس شخص کا فطرہ کسی دوسرے شخص پر واجب ہو اس پر اپنا فطرہ خود دینا واجب

نہیں۔

مسئلہ ۲۰۱۲ : اگر کسی شخص کا فطرہ کسی دوسرے پر واجب ہو اور وہ فطرہ نہ دے تو وہ خود اس شخص پر واجب نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۲۰۱۳ : اگر کسی شخص کا فطرہ کسی دوسرے شخص پر واجب ہو اور وہ اپنا فطرہ خود دے دے تو جس شخص پر اس کا فطرہ واجب ہو اس پر سے اس کی ادائیگی کا وجوب ساقط نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۲۰۱۴ : جس عورت کا شوہر اس کا خرچ نہ دیتا ہو اگر وہ کسی دوسرے کے ہاں کھانا کھاتی ہو تو اس کا فطرہ اس شخص پر واجب ہے جس کے ہاں وہ کھانا کھاتی ہے اور اگر وہ کسی کے ہاں کھانا کھاتی ہو اور فقیر بھی نہ ہو تو اسے چاہئے کہ اپنا فطرہ خود ادا کرے۔

مسئلہ ۲۰۱۵ : جو شخص سید نہ ہو وہ سید کو فطرہ نہیں دے سکتا حتیٰ کہ اگر سید اس کے ہاں کھانا کھانے والوں میں سے بھی ہو تب بھی اس کا فطرہ وہ کسی دوسرے سید کو نہیں دے سکتا۔

مسئلہ ۲۰۱۶ : جو بچہ ماں یا دایہ کا دودھ پیتا ہو اس کا فطرہ اس شخص پر واجب ہے جو ماں یا دایہ کے اخراجات برداشت کرتا ہو اور اگر ماں یا دایہ کا خرچ خود بچے کے مال سے پورا ہو تو بچے کا فطرہ کسی پر واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۰۱۷ : انسان اگرچہ اپنے اہل و عیال کا خرچ حرام مال سے دیتا ہو اسے چاہئے کہ ان کا فطرہ حلال مال سے دے۔

مسئلہ ۲۰۱۸ : اگر انسان کسی شخص کو اجیر مقرر کرے اور اس سے طے کرے کہ اس کا خرچ دے گا تو اسے چاہئے کہ اس کا فطرہ بھی دے لیکن اگر یہ طے کرے کہ اس کے خرچ کی مقدار سے دے گا مثلاً اس کے خرچ کے لیئے نقدی نہ دے گا تو اس کا (یعنی اجیر کا) فطرہ ادا کرنا اس پر واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۰۱۹ : اگر کوئی شخص شب عیدالفطر کے غروب کے بعد فوت ہو جائے تو اس کا اور اس کے اہل و عیال کا فطرہ اس کے مال سے دینا چاہئے لیکن اگر وہ غروب سے پہلے فوت ہو جائے تو اس کا

اور اس کے اہل و عیال کا فطرہ اس کے مال سے دینا واجب نہیں۔

زکوٰۃ فطرہ کا مصرف

مسئلہ ۲۰۲۰ : اگر زکوٰۃ فطرہ کو ان آٹھ مصارف میں سے کسی ایک مصرف میں لایا جائے جن کا ذکر مال کی زکوٰۃ کے سلسلے میں کیا گیا ہے تو کافی ہے لیکن احتیاط واجب یہ ہے کہ فطرہ فقط شیعہ اثناعشری فقراء کو دیا جائے۔

مسئلہ ۲۰۲۱ : اگر کوئی شیعہ بچہ فقیر ہو تو انسان کے لیئے جائز ہے کہ فطرہ اس پر خرچ کرے یا اس کے ولی کو دے کر اسے بچے کی ملکیت قرار دے۔

مسئلہ ۲۰۲۲ : جس فقیر کو فطرہ دیا جائے ضروری نہیں کہ وہ عادل ہو لیکن شرابی کو فطرہ دینا جائز نہیں اور احتیاط واجب یہ ہے کہ بے نماز کو اور اس شخص کو جو کھلم کھلا گناہ کا مرتکب ہوتا ہو فطرہ نہ دیا جائے۔

مسئلہ ۲۰۲۳ : جو شخص فطرہ ناجائز کاموں میں صرف کرتا ہو اسے فطرہ نہیں دینا چاہیئے۔

مسئلہ ۲۰۲۴ : احتیاط واجب یہ ہے کہ ایک فقیر کو ایک صاع (جو تقریباً تین کیلو ہوتا ہے) سے کم فطرہ نہ دیا جائے البتہ اگر اس سے زیادہ دیا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے لیکن اس کی ضرورت سے زیادہ نہ ہو۔

مسئلہ ۲۰۲۵ : جب کسی جنس کی قیمت اسی جنس کی معمولی قسم سے دگنی ہو مثلاً کسی گندم کی قیمت معمولی قسم کی گندم کی قیمت سے دو چند ہو تو اگر کوئی شخص اس بڑھیا جنس کا آدھا صاع (جس کے معنی سابقہ مسئلہ میں بیان کیئے گئے ہیں) بطور فطرہ دے تو یہ کافی نہیں ہے بلکہ اگر وہ آدھا صاع فطرہ کی قیمت کی نیت سے بھی دے تو بھی کافی نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۰۲۶ : انسان آدھا صاع ایک جنس کا مثلاً گندم کا اور آدھا صاع کسی دوسری جنس مثلاً جو کا بطور فطرہ نہیں دے سکتا بلکہ اگر یہ آدھا آدھا صاع فطرہ کی قیمت کی نیت سے بھی دے تو کافی نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۰۲۷ : انسان کے لیئے مستحب ہے کہ زکوۃ دینے میں اپنے فقیر قرابت داروں کو دوسروں پر ترجیح دے اور ان کے بعد ہمسایہ فقراء کو اور ان کے بعد اہل علم فقراء کو دوسروں پر مقدم رکھے لیکن اگر کوئی اور لوگ کسی وجہ سے برتری رکھتے ہوں تو مستحب ہے کہ انہیں مقدم رکھے۔

مسئلہ ۲۰۲۸ : اگر انسان یہ خیال کرتے ہوئے کہ ایک شخص فقیر ہے اسے فطرہ دے اور بعد میں اسے پتہ چلے کہ وہ فقیر نہ تھا تو اگر اس نے جو مال اس کو دیا تھا وہ کالعدم نہ ہوگیا ہو تو اسے چاہئے کہ واپس لے لے اور مستحق کو دے دے اور اگر واپس نہ لے سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ خود اپنے مال سے فطرہ دے اور اگر وہ مال کالعدم ہو گیا ہو لیکن لینے والے کو علم ہو کہ جو کچھ اس نے لیا ہے وہ فطرہ ہے تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض دے اور اگر اسے یہ علم نہ ہو تو عوض دینا اس پر واجب نہیں ہے اور انسان کو چاہئے کہ فطرہ دوبارہ دے۔

مسئلہ ۲۰۲۹ : اگر کوئی شخص کہے کہ میں فقیر ہوں تو اسے فطرہ دیا جا سکتا ہے لیکن اگر انسان کو علم ہو کہ یہ شخص پہلے غنی (یعنی مال دار تھا تو اسے محض اس کے کہنے پر فطرہ نہ دیا جائے بجز اس صورت کے کہ انسان کو اس کے کہنے سے اطمینان ہو جائے۔

زکوۃ فطرہ کے متفرق مسائل

مسئلہ ۲۰۳۰ : انسان کو چاہئے کہ زکوۃ فطرہ قربت کے قصد سے یعنی اللہ تعالی کے فرمان کی بجا آوری کے لیئے دے اور اس کے دیتے وقت فطرہ کی نیت کرے۔

مسئلہ ۲۰۳۱ : اگر کوئی شخص رمضان المبارک کے مہینے سے پہلے فطرہ دے دے تو یہ صحیح نہیں ہے اور بہتر یہ ہے کہ ماہ رمضان المبارک میں بھی فطرہ نہ دے البتہ اگر ماہ رمضان المبارک سے پہلے کسی فقیر کو قرضہ دے اور جب فطرہ واجب ہو جائے قرضے کو فطرے میں شمار کر لے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۰۳۲ : گندم یا کوئی دوسری چیز جو فطرہ کے طور پر دی جائے اس میں کوئی اور جنس یا مٹی نہیں ملی ہونی چاہئے اگر اس میں کوئی ایسی چیز ملی ہوئی ہو اور خالص مال ایک صاع تک (جو تقریباً تین کیلو کے برابر ہوتا ہے) پہنچ جائے یا جو چیز ملی ہوئی ہو وہ اتنی کم ہو کہ قابل توجہ نہ ہو تو کوئی حرج

نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۰۳۳ : اگر کوئی شخص کوئی عیب دار چیز فطرہ کے طور پر دے تو احتیاط واجب کی بنا پر کافی نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۰۳۴ : جس شخص کو کئی اشخاص کا فطرہ دینا ہو اس کے لیئے ضروری ہے کہ سارا فطرہ ایک ہی جنس سے دے مثلاً اگر بعض افراد کا فطرہ گندم سے اور بعض دوسروں کا جو سے دے تو کافی ہے۔

مسئلہ ۲۰۳۵ : عید کی نماز پڑھنے والے شخص کو احتیاط واجب کی بنا پر چاہئے کہ فطرہ عید کی نماز سے پہلے دے۔ لیکن اگر کوئی شخص نماز عید نہ پڑھے تو فطرہ کی ادائیگی میں ظہر کے وقت تک تاخیر کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۰۳۶ : اگر کوئی شخص فطرہ کی نیت سے اپنے مال کی کچھ مقدار علیحدہ کر دے اور عید کے دن ظہر کے وقت تک مستحق کو نہ دے تو جب بھی وہ مال مستحق کو دے فطرہ کی نیت کرے۔

مسئلہ ۲۰۳۷ : اگر کوئی شخص زکوۃ فطرہ کے واجب ہونے کے وقت فطرہ نہ دے اور الگ بھی نہ کرے تو اس کے بعد ادا اور قضا کی نیت کیئے بغیر فطرہ دے۔

مسئلہ ۲۰۳۸ : اگر کوئی شخص زکوۃ فطرہ الگ کر دے تو وہ اسے اپنے مصرف میں لا کر دوسرا مال اس کی جگہ بطور فطرہ نہیں رکھ سکتا۔

مسئلہ ۲۰۳۹ : اگر کسی شخص کے پاس ایسا مال ہو جس کی قیمت فطرہ سے زیادہ ہو تو اگر وہ شخص فطرہ نہ دے اور نیت کرے کہ اس مال کی کچھ مقدار فطرہ کے لیئے ہو گی تو ایسا کرنے میں اشکال ہے۔

مسئلہ ۲۰۴۰ : کسی شخص نے جو مال فطرہ کے لیئے الگ کیا ہو اگر وہ تلف ہو جائے تو اگر وہ شخص فقیر تک پہنچ سکتا تھا اور اس نے فطرہ دینے میں تاخیر کی ہو تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض دے اور اگر فقیر تک نہیں پہنچ سکتا تھا تو پھر ذمہ دار نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۰۴۱ : اگر فطرہ دینے والے کے اپنے علاقہ میں مستحق مل جائے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ

قطرہ دوسری جگہ نہ لے جائے اور اگر دوسری جگہ لے جائے اور وہ تلف ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض دے۔

حج

مسئلہ ۲۰۴۲ : حج بھی دین اسلام کا ایک رکن اعظم ہے۔ اس سے مراد مکہ مکرمہ میں واقع بیت اللہ یعنی خانہ کعبہ کی زیارت کرنا اور ان دوسرے اعمال کا بجالانا ہے جن کا حکم دیا گیا ہے۔ اللہ تعالٰی نے سورۂ حج میں حج کے بارے میں مفصل احکام دے ہیں۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے۔

مسئلہ ۲۰۴۳ : "اور (اے رسولؐ! وہ وقت یاد کیجئے) جب ہم نے ابراہیمؑ کے لیئے خانہ کعبہ کی جگہ ظاہر کر دی اور اس سے کہا کہ کسی چیز کو میرا شریک نہ بنانا اور میرے گھر کو طواف اور قیام اور سجود کرنے والوں کے لیئے صاف ستھرا رکھنا اور لوگوں کو حج کی خبر کر دو تاکہ وہ تمہارے پاس (جوق در جوق) پیادہ اور ہر طرح کی (دبلی) سواریوں پر جو دور درراز راستے طے کر کے آئی ہوں (سوار ہو کر) آپہنچیں تاکہ وہ (دنیا و آخرت) کی فائدوں پر فائز ہوں اور اللہ تعالٰی نے جو چوپائے انھیں عنایت فرمائے ہیں ان پر ذبح کرتے وقت) چند متعین دنوں میں اللہ تعالٰی کا نام لیں تو تم لوگ (قربانی کا گوشت) خود بھی کھاؤ اور بھوکے محتاجوں کو بھی کھلاؤ۔ پھر لوگوں کو چاہئے کہ اپنی اپنی (بدن کی) کثافت دور کریں اور اپنی نذریں پوری کریں اور قدیم (عبادت) خانہ خانہ کعبہ کا طواف کریں۔ یہی حکم ہے۔"

حج کے احکام

مسئلہ ۲۰۴۴ : حج خانہ خدا کی زیارت کرنا اور ان اعمال کو سرانجام دینا ہے جن کے وہاں بجا لانے کا حکم دیا گیا ہے اور اس کی ادائگی ہر اس شخص کے لیئے جو مندرجہ ذیل شرائط پوری کرتا ہو تمام عمر میں ایک دفعہ واجب ہے۔

اول : یہ کہ انسان بالغ ہو۔

دوم : یہ کہ عاقل اور آزاد (یعنی دیوانہ بھی نہ ہو اور کسی کا غلام بھی نہ ہو۔)

سوم : یہ کہ حج پر جانے کی وجہ سے کسی ایسے ناجائز کام کرنے پر مجبور نہ ہو جائے جس کا ترک کرنا حج کرنے سے زیادہ اہم ہو یا کسی ایسے واجب کام کو ترک نہ کر دے جو حج سے زیادہ اہم ہو۔

چہارم : یہ کہ مستطیع ہو یعنی استطاعت رکھتا ہو اور مستطیع ہونا کئی ایک چیزوں پر منحصر ہے۔

۱ ... یہ کہ انسان راستے کا خرچ اور سواری رکھتا ہو یا اتنا مال رکھتا ہو جس سے ان چیزوں کو مہیا کر سکے۔

۲ ... اتنی صحت اور طاقت رکھتا ہو کہ مکہ مکرمہ جا کر حج بجالا سکتا ہو۔

۳ ... مکہ مکرمہ جانے کے لیئے راستے میں کوئی رکاوٹ نہ ہو اور اگر راستہ بند ہو یا انسان کو ڈر ہو کہ راستے میں اس کی جان یا آبرو ضائع ہو جائے گی یا اس کا مال چھین لیا جائے گا تو اس پر حج واجب نہیں ہے لیکن اگر وہ دوسرے راستے جا سکتا ہو تو اگرچہ وہ راستہ زیادہ طویل ہو اسے چاہئے کہ اس راستے سے چلا جائے۔

۴ ... اس کے پاس اتنا وقت ہو کہ مکہ مکرمہ پہنچ کر حج کے اعمال بجالا سکے۔

۵ ... جن لوگوں کے اخراجات اس پر واجب ہوں (مثلاً بیوی اور بچے) اور جن لوگوں کے اخراجات برداشت کرنا لوگ اس کے لیئے ضروری سمجھتے ہوں ان کے اخراجات اس کے پاس موجود ہوں۔

۶ ... حج سے واپسی کے بعد وہ ایسا ہنر یا زراعت یا جائیداد کی آمدنی یا معاش کا دوسرا ذریعہ رکھتا ہو کہ مجبور نہ ہو جائے اور سختی سے زندگی نہ گزارے۔

مسئلہ ۲۰۴۵ : جس شخص کی حاجت اپنے ذاتی مکان کے بغیر رفع نہ ہو سکے اس پر حج اس وقت واجب ہے جب مکان کے لیئے بھی رقم رکھتا ہو۔

مسئلہ ۲۰۴۶ : جو عورت مکے جا سکتی ہو اگر واپسی کے بعد اس کے پاس اس کا اپنا کوئی مال نہ ہو اور مثال کے طور پر اس کا شوہر بھی فقیر ہو اور اسے خرچ نہ دیتا ہو اور عورت مجبور ہو جائے اور سختی سے زندگی بسر کرے تو اس پر حج واجب نہیں۔

مسئلہ ۲۰۴۷ : اگر کسی شخص کے پاس حج کے لیئے زاد راہ اور سواری نہ ہو اور دوسرا اسے کہے

کہ تم حج کو جاؤ میں تمہارا سفر خرچ دوں گا اور تمہارے حج کے لیئے سفر کے دوران میں تمہارے اہل و عیال کو بھی خرچ دیتا رہوں گا تو اگر اسے اطمینان ہو جائے کہ وہ شخص اسے خرچہ دے گا تو حج اس پر واجب ہو جاتا ہے۔

مسئلہ ۲۰۴۸ : اگر کسی شخص کو مکہ جانے اور واپس آنے کا خرچ اور جتنی مدت اسے وہاں جانے اور واپس آنے میں لگے اس کے لیئے اس کے اہل و عیال کے اخراجات دے دیئے جائیں اور اس کے ساتھ یہ شرط طے کی جائے کہ وہ حج کرے گا اور وہ اس شرط کو قبول کر لے تو اگرچہ وہ مقروض ہو اور واپسی پر گزر بسر کرنے کے لیئے مال بھی نہ رکھتا ہو اس پر حج واجب ہو جاتا ہے۔

مسئلہ ۲۰۴۹ : اگر کسی کو مکہ جانے اور واپس آنے کا خرچ اور جتنی مدت اسے وہاں جانے اور واپس آنے میں لگے اس کے لیئے اس کے اہل و عیال کے اخراجات دے دیئے جائیں اور اسے کہا جائے کہ حج کو جاؤ لیکن یہ سب مصارف اس کی ملکیت میں نہ دیئے جائیں تو اس پر حج واجب ہوتا ہے۔

مسئلہ ۲۰۵۰ : اگر کسی شخص کو اتنی مقدار میں مال دیا جائے جو حج کے لیئے کافی ہو اور یہ شرط لگائی جائے کہ جس شخص نے مال دیا ہے مال لینے والا مکہ کے راستے میں اس کی خدمت کرے گا تو جسے مال دیا ہو اس پر حج واجب نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۲۰۵۱ : اگر کسی شخص کو اتنی مقدار میں مال دیا جائے کہ حج اس پر واجب ہو جائے اور وہ حج کرے تو اگرچہ بعد میں وہ خود بھی مال حاصل کر لے دوسرا حج اس پر واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۰۵۲ : اگر کوئی شخص تجارت کی غرض سے مثال کے طور پر جدہ تک جائے اور اتنا مال اس کے ہاتھ آجائے کہ اگر وہاں سے مکہ جانا چاہے تو استطاعت رکھتا ہو تو اسے چاہیئے کہ حج کرے اور اگر وہ حج کر لے تو خواہ وہ بعد میں اتنی دولت پیدا کر لے کہ خود اپنے وطن سے بھی مکہ جا سکتا ہو اس پر دوسرا حج واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۰۵۳ : اگر کوئی شخص اس شرط پر اجیر بنے کہ خود ایک دوسرے شخص کی طرف سے حج کرے گا تو اگر وہ خود حج کو نہ جا سکے اور چاہے کہ کسی دوسرے شخص کو اپنی جگہ بھیج دے تو اسے

چاہئے کہ جس شخص نے سے اجیر بنایا ہے اس سے اجازت لے۔

مسئلہ ۲۰۵۴ : اگر کوئی شخص استطاعت رکھتا ہو اور حج کو نہ جائے اور پھر فقیر ہو جائے تو اسے چاہئے کہ خواہ اسے زحمت ہی کیوں نہ اٹھانی پڑے بعد میں حج کرے اور اگر وہ کسی بھی طرح حج کو نہ جا سکتا ہو اور کوئی اسے حج کرنے کے لیئے اجیر بنائے تو اسے چاہئے کہ مکہ جائے اور جس نے اس اجیر بنایا ہو اس کی طرف سے حج کرے اور پھر دوسرے سال تک مکہ میں رہے اور اپنا حج کرے لیکن اگر ممکن ہو کہ اجیر بنے اور اجرت نقد لے لے اور جس شخص نے اسے اجیر بنایا ہو وہ اس بات پر راضی ہو کہ اس کا حج دوسرے سال بجا لایا جائے تو اجیر کو چاہئے کہ پہلے سال خود اپنا حج اور دوسرے سال اس شخص کے لیئے حج بجا لائے جس نے اسے اجیر بنایا ہو۔

مسئلہ ۲۰۵۵ : انسان جس سال مستطیع ہوا ہو اگر اسی سال مکہ چلا جائے اور مقررہ وقت پر عرفات اور مشعر الحرام میں نہ پہنچ سکے اور بعد میں آنے والے سالوں میں مستطیع نہ ہو تو اس پر حج واجب نہیں ہے لیکن کئی سال پیشتر سے مستطیع رہا ہو اور حج پر نہ گیا ہو تو پھر خواہ زحمت ہی کیوں نہ اٹھانی پڑے اسے حج کرنا چاہئے۔

مسئلہ ۲۰۵۶ : کوئی شخص جس سال میں پہلی دفعہ مستطیع ہوا ہو اگر اس سال حج نہ کرے اور بعد میں بڑھاپے' بیماری یا کمزوری کی وجہ سے حج نہ کر سکے اور اس بات سے ناامید ہو جائے کہ بعد میں خود حج کر سکے گا تو اسے چاہئے کہ کسی دوسرے کو اپنی طرف سے حج کے لیئے بھیج دے بلکہ اگر ناامید نہ بھی ہوا ہو تب بھی احتیاط واجب یہ ہے کہ ایک اجیر مقرر کرے اور اگر بعد میں اس قابل ہو جائے تو خود بھی حج کرے اور اگر اس کے پاس کسی سال پہلی دفعہ اتنا مال ہو جائے کہ جو حج کے لیئے کافی ہو اور بڑھاپے یا بیماری یا کمزوری کی وجہ سے حج نہ کر سکے اور توانائی حاصل کرنے سے ناامید ہو تب بھی یہی حکم ہے اور ان تمام صورتوں میں احتیاط واجب کی بنا پر چاہئے کہ ایسے شخص کو نائب بنائے جس کا حج پر جانے کا یہ پہلا موقع ہو (یعنی اس سے پہلے حج کرنے نہ گیا ہو۔)

مسئلہ ۲۰۵۷ : جو شخص حج کرنے کے لیئے کسی دوسرے کی طرف سے اجیر ہو اسے چاہئے کہ اس کی طرف سے طواف نساء بھی بجا لائے اور اگر نہ بجا لائے تو اجیر پر اپنی عورت حرام ہو جائے گی۔

مسئلہ ۲۰۵۸ : اگر کوئی شخص طواف نساء صحیح طور پر نہ بجا لائے یا اس کی بجا آواری بھول

جائے اور چند دن بعد اسے یاد آئے اور راستے سے واپس ہو جائے اور بجالائے تو یہ صحیح ہے اور اگر واپس ہونا اس کے لیئے مشقت کا موجب ہو تو طواف نساء کی بجا آوری کے لیئے کسی کو نائب بنا سکتا ہے۔

امر بالمعروف و نہی عن المنکر

" امر بالمعروف و نہی عن المنکر " سے مراد یہ ہے کہ لوگوں کو اچھے کام کرنے کی دعوت دی جائے اور برے کاموں سے منع کیا جائے۔ یہ عظیم دینی فریضہ ہے جس کا ترک کرنا گوناگوں معاشرتی خرابیوں کا موجب ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " تم میں سے ایک گروہ ایسا ہو جو خیر کی طرف دعوت دے اور برائیوں سے منع کرے اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔" (سورۂ آل عمران ۔ آیت ۱۰۴)

رسول اکرم ﷺ نے ایک اور موقع پر فرمایا " وہ وقت کیسا ہوگا جب تمہاری عورتیں خراب ہو جائیں گی اور تمہارے جوان فاسق و فاجر ہو جائیں گے اور تم امربالمعروف اور نہی عن المنکر چھوڑ دو گے۔"

لوگوں نے عرض کیا " یا رسول اللہ ﷺ کیا ایسا وقت واقعی آنے والا ہے؟"

آپ ﷺ نے فرمایا ہاں۔

پھر فرمایا " اور وہ وقت بھی آئے گا جب تم منکر بجالانے کا حکم دینے لگو گے اور معروف انجام دینے سے روکنے لگو گے۔"

پھر عرض کیا گیا " کیا ایسا وقت آنے والا ہے ؟ "

آپ ﷺ نے فرمایا " ہاں اس سے بھی بدتر وقت اور وہ وقت ہوگا جب تم معروف کو بری نظر سے دیکھو گے اور بری چیزوں کو فعل خیر سمجھنے لگو گے "

آئمہ علیہم السلام سے روایت ہے کہ " امربالمعروف سے فرائض قائم رہیں گے۔ مذاہب محفوظ ہوں گے۔ حلال کی کمائی حاصل ہو جائے گی۔ ظلم سے روکا جائے گا۔ زمین آباد ہو جائے گی۔ ظالم اور مظلوم کے درمیان عدل و انصاف قائم ہو جائے گا۔ جب تک امربالمعروف ہوتا رہے گا لوگ خیر و برکت

میں ہوں گے اور عمل خیر بجا لانے میں ایک دوسرے کی مدد کرتے رہیں گے اور اگر اسے چھوڑ دیں گے تو ان کے یہاں سے برکت اٹھ جائے گی۔ وہ ایک دوسرے پر مسلط ہو جائیں گے اور زمین پر اور آسمان میں ان کا کوئی مددگار نہ ہو گا۔"

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا وجوب' وجوب کفائی ہے یعنی اگر ایک فرد اسے انجام دے دے تو دوسروں پر سے اس کا وجوب ساقط ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر کوئی بھی انجام نہ دے تو سبھی گناہ گار ہوتے ہیں تاہم یہ کسی خاص طبقے سے مختص نہیں اور اگر وجوب کی شرائط موجود ہوں (جن کا ذکر ذیل میں کیا جائے گا) تو علماء غیر علماء عادل' فاسق' حاکم' رعیت' مالدار اور فقیر سب پر واجب ہے۔

اگر کوئی نیک کام مستحب ہو تو اس کا امر کرنا بھی مستحب ہے یعنی اگر کوئی شخص اس کا امر کرے تو وہ ثواب کا مستحق ہو گا لیکن اگر امر نہ کرے تو اس پر کوئی عتاب نہیں۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے واجب ہونے کی چند شرائط ہیں جو درج ذیل ہیں۔

۱ ... یہ کہ انسان معروف اور منکر (یعنی اچھے اور برے سے) خواہ اجمالی طور پر ہی سہی' واقف ہو۔ جو شخص کسی چیز کی اچھائی اور برائی سے واقف ہی نہ ہو اس پر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر واجب نہیں۔

۲ ... یہ کہ دوسرے شخص کے امر و نہی کے قبول کرنے کا احتمال ہو۔ لہٰذا جس شخص کے بارے میں علم ہو کہ وہ اچھائی اور برائی میں کوئی تمیز نہیں کرتا سے امر و نہی کرنا واجب نہیں۔

۳ ... یہ کہ جس شخص کو اچھا کام کرنے اور برے کام سے باز رہنے کا امر کیا جائے وہ عمل خیر کو چھوڑنے اور برا فعل انجام دینے پر مصر ہو۔ اگر اس شخص میں اچھائی اپنانے اور برائی چھوڑنے کی علامات موجود ہوں تو پھر اسے امر و نہی کرنا واجب نہیں بلکہ اگر اس کا احتمال بھی ہو کہ وہ برائی چھوڑ دے گا اور اچھائی اپنا لے گا تب بھی واجب نہیں۔ مثلاً اگر کوئی شخص کسی واجب کام کو ترک کر دے یا کسی حرام فعل کا مرتکب ہو جائے اور یہ علم نہ ہو کہ آیا وہ اپنی روش پر قائم رہے گا یا اس سے نادم ہو جائے گا تو اسے امر و نہی کرنا واجب نہیں لیکن اگر کوئی شخص خواہ ایک بار ہی فعل خیر چھوڑنے اور فعل بد انجام دینے کا قصد رکھتا ہو تو اسے امر و نہی کرنا واجب ہے۔

۴ ... یہ کہ معروف (یعنی کار خیر) انجام دینا اور منکر یعنی فعل بد سے باز آنا اس شخص کا فعلی فریضہ ہو لہٰذا اگر وہ معذور ہو مثلاً اس کا اعتقاد ہو کہ جو کام وہ کر رہا ہے وہ حرام نہیں بلکہ مباح ہے یا جو کام چھوڑ رہا ہے وہ واجب نہیں تو خواہ اس کا یہ عذر فعل کی تعیین میں اشتباہ کی بنا پر ہو یا اس کے اجتہاد یا تقلید کا اقتضا یہی ہو اسے امر و نہی کرنا واجب نہیں۔

۵ ... یہ کہ امر و نہی سے اس کی نفس' آبرو یا مال وغیرہ کو یا مسلمانوں کے مفاد کو کوئی ضرر نہ پہنچے ورنہ امر و نہی کرنا واجب نہیں اور بظاہر اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اس ضرر کا علم ہو یا ظن یا احتمال قوی ہو کہ اس قسم کے خوف کے قابل اتنا سمجھا جاتا ہو تاہم یہ صورت اس وقت ہے جب امر و نہی کا اثر یقینی نہ ہو اور اگر اثر یقینی ہو تو اس کی اہمیت کو مد نظر رکھنا ضروری ہے چنانچہ بعض مواقع پر ضرر کا علم ہوتے ہوئے بھی امر بالمعروف و نہی عن المنکر واجب ہو جاتا ہے چہ جائیکہ اس کا محض احتمال یا ظن ہو۔

امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے درجات

امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے مندرجہ ذیل مختلف درجات ہیں۔

۱ ... انسان کم از کم دل ہی میں معروف کو دوست رکھتا ہو اور منکر سے نفرت کرتا ہو اور اس کے وجود میں آنے پر راضی نہ ہو۔ نیز یہ کہ منکر بجا لانے والے سے ناخوشی کا اظہار کرے۔ اس سے ملاقات اور کلام ترک کر دے یا کوئی اور ایسا طریقہ اختیار کرے جس سے فعل بد کے مرتکب ہونے والے کو معلوم ہو جائے کہ اس کے فعل پر ناخوشی اور نفرت کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ یہ ایسا ہی معروف ہے لیکن صرف نفرت دل کو یا اس کی رغبت کی امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے مرتب میں شمار کرنا صحیح نہیں کیونکہ صرف محبت اور نفرت کو امر اور نہی نہیں کہا جاتا دونوں یعنی نفرت شر اور خیر کی محبت لوازم ایمان میں سے ہے مومن کی ذاتی صفات میں سے ہے۔

۲ ... فعل بد انجام دینے والے کو زبانی وعظ و نصیحت کرے اور اسے سمجھائے کہ اللہ تعالیٰ نے نیک کام کرنے والوں سے ثواب اور نافرمانوں سے عتاب کا وعدہ کر رکھا ہے۔

۳ ... خلاف ورزی کرنے والے کی مار پیٹ کے ذریعے عملاً تادیب کرے تاکہ وہ اپنی روش سے باز آجائے۔ انسان کو چاہئے کہ حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے حسب موقع نرمی اور سختی اختیار کرے۔ مثلاً اگر دلی نفرت اور ناراضگی کے اظہار سے مقصد حاصل ہو سکے تو اسی پر اکتفا کرے ورنہ زبانی وعظ و نصیحت اور بالآخر عملی تادیب کا طریقہ اختیار کرے (اور بظاہر پہلے دو طریقے ایک ہی درجے کی چیز ہیں جن میں سے جس کے زیادہ موثر ہونے کا احتمال ہو اسے یا اگر ممکن ہو تو دونوں طریقے بیک وقت استعمال کرے۔)

○... تیسرا طریقہ استعمال کرنے کی ضرورت اس وقت پیش آتی ہے جب پہلے دو طریقے موثر ثابت نہ ہوں اور بنا بر احتیاط انسان کو چاہئے کہ اس میں بھی سختی کم کرے لیکن اگر کم سختی کے موثر ہونے کی امید نہ ہو تو ابتداء مناسب سختی کر سکتا ہے۔

۴ ... اگر مذکورہ بالا طریقے موثر ثابت نہ ہوں تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف اس سے بھی زیادہ سختی کی جائے مثلاً کیا اسے زخمی یا قتل کر دیا جائے۔ اس کے متعلق دو قول ہیں اور زیادہ اقویٰ یہ ہے کہ یہ طریقہ اختیار نہ کیا جائے۔ اسی طرح کوئی عضو توڑنا یا کسی عضو کو عیب دار کرنا بھی بنا بر اقویٰ جائز نہیں۔ لہٰذا اگر خطا سے یا عمداً تادیب کرنے کا یہ نتیجہ نکلے تو دونوں صورتوں میں تادیب کرنے والا خسارے کا ضامن ہوگا اور اسے شرع کی مقرر کردہ مقدار کے مطابق دیت ادا کرنی ہوگی۔ تاہم اگر خلاف ورزی کرنے والے کی خلاف ورزی کا مفسدہ اس کے زخمی کرنے یا قتل کرنے سے زیادہ نقصان دہ ہو تو صرف امام یا نائب امام یہ اقدام کر سکتا ہے اور اس کی کوئی دیت نہ ہوگی۔

۵ ... انسان کو اپنے گھر والوں کے متعلق امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے وجوب کے بارے میں زیادہ تاکید کی گئی ہے۔ چنانچہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کے اہل خانہ مثال کے طور پر نماز کے واجبات یا شرائط' ذکر قرات اور وضو وغیرہ صحیح طور پر انجام نہیں دیتے یا طہارت کے بارے میں کوتاہی برتتے ہیں یا مثلاً وہ فعل حرام (مثلاً غیبت' باہمی عداوت وغیرہ) کے مرتکب ہوتے ہیں تو اس کے لیئے لازم ہے کہ امرونہی کے طریقوں کے مطابق اپنے فریضے پر عمل کرے۔

معروف امور (یعنی اچھی چیزیں)

۱... انسان کا اللہ تعالیٰ سے رابطہ ہو۔

○ ... ارشاد ہوا ہے کہ " جو اللہ تعالیٰ سے رابطہ رکھتا ہے اسے صراط مستقیم کی ہدایت مل جاتی ہے۔"

○ ... حضرت ابوعبداللہ امام جعفر الصادق علیہ السلام فرماتے ہیں "اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام پر وحی نازل کی کہ اے داؤد! میرے بندوں میں سے کسی بھی بندے نے مخلوق کو چھوڑ کر مجھ سے رابطہ قائم نہیں کیا جس کی نیت کا مجھے علم نہ ہو چکا ہو اور پھر اگر آسمان اور زمین اس کے خلاف مکر اور تدبیر کرتے ہیں تو میں خود اس کی نجات کے لیئے بچنے کی راہ بنا دوں گا۔"

۲... انسان کو چاہئے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے کیونکہ وہ اپنی مخلوق پر مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔ وہ اپنے بندوں کے مفادات سے باخبر اور ان کی ضروریات پوری کرنے پر قادر ہے۔

○ ... اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے " جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے اللہ اس کے لیئے کافی ہے۔"

○ ... حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں "بے نیازی اور عزت گردش کرتی رہتی ہے اور اگر ایسی جگہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے جہاں توکل پایا جائے تو اسی کو اپنا وطن قرار دیتی ہے۔"

۳... انسان اللہ تعالیٰ کے بارے میں حسن ظن رکھتا ہو۔

○ ... امیر المومنین امام علی علیہ السلام فرماتے ہیں " اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی خدا نہیں کوئی مومن بندہ اللہ کے بارے میں حسن ظن نہیں رکھتا مگر یہ کہ اللہ اپنے اس مومن بندے کے ساتھ ہوتا ہے کیونکہ اللہ کریم ہے۔ تمام خیر اس کے ہاتھ میں ہے۔ اسے شرم آتی ہے کہ اس کا بندہ تو اس کے بارے میں حسن ظن رکھتا ہو اور وہ اس کے حسن ظن کے خلاف اسے ناامید کرے۔ اللہ کے بارے میں حسن ظن رکھو اور اسی کی طرف رغبت کرو۔"

۴... انسان مصیبت کے وقت صبر کرے اور فعل حرام کے محرکات خواہ کتنے ہی کثیر ہوں ان کے مقابلے میں استقامت سے کام لے۔

○... اللہ تعالٰی کا ارشاد ہے "اللہ صبر کرنے والوں کو بلا حساب اجر اور جزا دیتا ہے۔"

○... رسول خدا ﷺ نے فرمایا "ناپسند چیز پر صبر کرو۔ صبر کرنے میں خیر کثیر ہے اور یہ یاد رکھو کہ فتح اور کامیابی صبر کے ساتھ ہے راحت' سختی اور مشقت کے ساتھ ہے۔ بے شک ہر سختی کے بعد آسانی اور آرام ہے۔"

○... امام علی علیہ السلام فرماتے ہیں "صبر فتح اور کامیابی کے بغیر نہیں ہے اگرچہ زمانہ طولانی ہو جائے"

○... صبر کی دو قسمیں ہیں۔ مصیبت آنے پر صبر کرنا جو خوبی اور وقار ہے اور اس سے بہتر وہ صبر ہے کہ جو فعل حرام سے دور رہنے میں استعمال کیا گیا ہو۔"

۵... انسان عفت نفس اختیار کرے۔

○... امام ابو جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں "اللہ کے نزدیک کوئی عبادت عفت شکم و فرج سے بہتر نہیں ہے"

○... امام ابوعبداللہ جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ "جعفری شیعہ وہ ہے جس کا شکم اور فرج عفت دار ہو۔"

○... "اس کی شدید کوشش ہو کہ اپنے خالق کے لیئے کام کرے۔ اس کے ثواب کی امید رکھتا ہو اور اس کے عذاب سے خائف ہو۔"

۶... انسان علم اور حلم کی صفات سے آراستہ ہو۔

○... رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے "اللہ تعالٰی جاہل کو ہرگز ترقی نہیں دیتا اور جو شخص صفت حلم سے آراستہ ہو اسے ذلیل نہیں کرتا۔"

○... امام علیہ السلام فرماتے ہیں "جو شخص حلیم ہو اسے اس صفت کا پہلا فائدہ یہ ہے کہ سب لوگ جاہل کے مقابلے میں اس کے مددگار ہوں گے۔"

○... امام الرضا علیہ السلام کا ارشاد ہے "جب تک انسان حلم سے آراستہ نہ ہوگا وہ عبادت گزار نہ ہو سکے گا۔"

۷ ... انسان متواضع ہو۔ اپنی معیشت میں میانہ روی اختیار کرے اور موت کو زیادہ یاد کرے۔

○ ... رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ کا ارشاد ہے۔ "جو شخص تواضع اور فروتنی سے پیش آئے اللہ اسے بلند کرتا ہے اور جو تکبر کرے اللہ اسے نیچا کرتا ہے اور جو اپنی معیشت میں میانہ روی اختیار کرے اللہ اسے رزق دیتا ہے اور جو فضول خرچی کرے اللہ اسے محروم رکھتا ہے اور جو موت کو زیادہ یاد کرے اللہ اسے دوست رکھتا ہے۔"

۸ ... انسان انصاف کرے اور دینی بھائیوں سے ہمدردی کرے

○ ... رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ کا ارشاد ہے "اپنی طرف سے لوگوں کے ساتھ انصاف سے پیش آنا اور اللہ کے لیئے ہر حال میں دینی بھائی سے ہمدردی کرنا تمام اعمال سے اچھا ہے۔"

۹ ... انسان دوسروں کی عیب جوئی نہ کرے اور اپنی اصلاح کی کوشش کرے۔

○ ... رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ کا ارشاد ہے "بشارت ہو اس شخص کو جو لوگوں کی بجائے خدا کا خوف رکھتا ہو اور مومنین کی عیب جوئی کے بجائے اپنے عیوب کے علاج میں مشغول ہو اور سب سے جلد جس عمل خیر کا ثواب ملتا ہے وہ حسن سلوک ہے اور سب سے پہلے جس برے فعل کی سزا ملتی ہے وہ بدفعلی اور زناکاری ہے انسان کے لیئے یہی عیب کافی ہے کہ دوسروں کے عیوب دیکھے اور اپنے عیوب کی طرف ملتفت نہ ہو اور جسے خود ترک نہیں کر سکتا اسے دوسروں کے لیئے ننگ و عار سمجھے اور اپنے ساتھ بیٹھنے والوں کو معمولی چیز پر اذیت پہنچائے۔"

○ ... امام علیہ السلام فرماتے ہیں۔ "جو شخص اپنے باطن کی اصلاح کرے اللہ اس کے ظاہر کی اصلاح کرتا ہے جو اپنے دین کی خاطر کام کرتا ہے اللہ اس کے دنیاوی کام پورے کرتا ہے، جو اللہ کے ساتھ اچھا رابطہ رکھتا ہے اللہ اس کے اور لوگوں کے روابط کی اصلاح کرتا ہے۔"

۱۰ ... انسان زہد اختیار کرے اور دنیا سے ترک رغبت کو اپنا شعار قرار دے۔

○ ... امام ابوعبد اللہ علیہ السلام فرماتے ہیں "جو شخص دنیا میں زہد کو اپنا شعار قرار دے اللہ تعالٰی اس کے دل کو حکمت سے مضبوط کر دیتا ہے اور اس کی زبان سے حکمت کی باتیں جاری

کرتا ہے اور اس کی آنکھوں کو دنیا کے عیوب اور درد و دوا دیکھنے کی بینائی عطا کرتا ہے اور اسے امن و امان کے ساتھ دارالسلام کی طرف لے جاتا ہے۔"

○ ... ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں کافی عرصے کے بعد بڑی مشکل سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ آپ مجھے کچھ وصیت فرمادیں۔ آپ نے فرمایا۔ "تقویٰ اختیار کرو۔ پرہیزگار اور محنت کش رہو۔ اور جس چیز تک تمہاری رسائی نہ ہو سکے اس کی طمع نہ کرو۔ اللہ تعالیٰ اپنے رسولؐ سے فرماتا ہے کہ لوگوں کے مال و متاع اور عورتوں پر نگاہ نہ رکھو اور لوگوں کے مال اور اولاد کی طرف تمہارا دل مائل نہ ہو جائے۔ رسول اللہ جو کی روٹی پر زندگی گزارتے تھے حلوہ کی جگہ خرما استعمال کرتے تھے۔ آگ کھجور کی ٹہنیوں سے روشن کرتے تھے۔ مصیبت میں رسولؐ کے مصائب کو یاد کرو کیونکہ ان کے برابر کسی پر بھی مصائب نہیں آئے۔"

منکر امور (یعنی بری چیزیں)

غصہ اور غضب

○ ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں "غصہ اور غضب ایمان کو اسی طرح فاسد کرتا ہے جس طرح سرکہ شہد کو فاسد کر دیتا ہے۔"

○ ... امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے "غصہ اور غضب ہر شر کی کنجی ہے۔"

○ ... امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے۔ "جو شخص غصہ اور غضب کرتا ہے اسے کبھی راحت نہیں ملے گی حتیٰ کہ جہنم میں داخل ہو جائے جو شخص اپنی قوم پر غضب کرے اگر وہ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے کیونکہ ایسا کرنے سے شیطان کی پلیدی اس سے دور ہو جائے گی اور جو شخص ذی رحم رشتے داروں سے خفا ہو جائے وہ ان سے قریب ہو کر انہیں مس کرے کیونکہ ذی رحم کو مس کرنے سے سکون آتا ہے۔"

حسد

○ ... رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن اصحاب سے فرمایا "تم میں بھی گزشتہ امتوں کی

طرح ایک بیماری آگئی ہے اور وہ حسد ہے۔ یہ بیماری مال کو ختم نہیں کرتی بلکہ دین کو ختم کر دیتی ہے۔ اس سے نجات حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ انسان اپنے ہاتھ کو روکے اور زبان کو بند رکھے اور اپنے مومن بھائی کو طعنہ نہ دے۔"

○ ... امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے۔ "حسد ایمان کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔"

ظلم

○ ... امام جعفر الصادق علیہ السلام فرماتے ہیں "انسان جو چیز ظلم کے ذریعے حاصل کرے وہ اس کے نفس یا مال یا اولاد سے واپس لے لی جائے گی۔"

○ ... نیز فرماتے ہیں۔ "ظلم سے کامیابی حاصل کرنے والوں کو ہرگز خیر نہیں ہے۔ مظلوم کو جتنا مال جاتا ہے وہ ظالم کے دین سے اس سے زیادہ لیتا ہے۔"

شرانگیزی

○ ... رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے "قیامت کے دن خدا کے نزدیک بدترین انسان وہ ہے جس کی عزت لوگ اس کے شر کی وجہ سے کریں۔"

○ ... امام جعفر الصادق علیہ السلام فرماتے ہیں "جس شخص کی زبان سے لوگوں کو خوف ہو وہ جہنمی ہے۔"

○ ... نیز فرماتے ہیں "خلق خدا میں سب سے زیادہ مبغوض بندہ وہ ہے جس کی زبان سے لوگوں کو خوف ہو۔"

خرید و فروخت کے احکام

مسئلہ ۲۰۵۹ : کاروباری آدمی کیلئے مناسب ہے کہ خرید و فروخت کے سلسلے میں جن مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان کے احکام سیکھ لے۔ چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ "جو شخص خرید و فروخت کرنا چاہتا ہو اسے چاہئے کہ ان کے احکام سیکھ لے اور اگر ان احکام کو سیکھنے سے پہلے خرید و فروخت کرے گا تو باطل یا مشتبہ معاملہ کرنے کی وجہ سے ہلاکت میں پڑے گا۔"

مسئلہ ۲۰۶۰ : اگر انسان مسئلے سے ناواقفیت کی بنا پر یہ نہ جانتا ہو کہ اس نے جو معاملہ کیا ہے وہ صحیح ہے یا باطل ہے تو جو مال اس نے حاصل کیا ہو اس میں تصرف نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۲۰۶۱ : جس شخص کے پاس مال نہ ہو اور کچھ اخراجات (مثلاً بیوی بچوں کا خرچ) اس پر واجب ہوں' اسے چاہئے کہ کاروبار کرے اور مستحب کاموں کے لیئے مثلاً اہل و عیال کے رزق میں کشائش پیدا کرنے اور فقراء کی مدد کرنے کے لیئے کاروبار کرنا مستحب ہے۔

خرید و فروخت کے مستحبات

خرید و فروخت میں چار چیزیں مستحب ہیں۔

۱... یہ کہ جنس کی قیمت میں مسلمان خریداروں کے درمیان فرق نہ کرے۔

۲... یہ کہ جنس کی قیمت میں سخت گیری نہ کرے یعنی زیادہ مہنگی نہ بیچے۔

۳... یہ کہ جو چیز بیچ رہا ہو وہ کچھ زیادہ دے اور جو چیز خرید رہا ہو کچھ کم لے۔

۴... یہ کہ اگر کوئی شخص کچھ خریدنے کے بعد پشیمان ہو کہ اس چیز کو واپس کرنا چاہئے تو واپس لے لے۔

مکروہ معاملات

مسئلہ ۲۰۶۲ : خاص خاص مکروہ معاملات

۱... جائیداد کا بیچنا بجز اس کے کہ اس رقم سے دوسری جائیداد خریدی جائے۔

۲ ... قصاب بننا۔

۳ ... کفن بیچنا۔

۴ ... پست لوگوں سے معاملہ کرنا۔

۵ ... صبح کی اذان سے سورج نکلنے کے وقت تک معاملہ کرنا۔

۶ ... گندم، جو اور انھیں جیسی دوسری چیزوں کی خرید و فروخت کو اپنا پیشہ قرار دینا۔

۷ ... اگر کوئی شخص کوئی جنس خرید رہا ہو تو اس کے معاملہ میں دخل اندازی کر کے خریدار بننے کا اظہار کرنا۔

حرام معاملات

مسئلہ ۲۰۶۳ : چھ قسم کے لین دین حرام ہیں۔

۱ ... عین نجاست مثلاً نشہ آور مشروبات غیر شکاری کتے، مردار اور سور کی خرید و فروخت ان کے علاوہ دوسری نجاسات کی خرید و فروخت اس صورت میں جائز ہے جب ان سے حلال فائدہ حاصل کرنا ہو۔ (مثلاً پاخانے سے کھاد بنانی ہو) اگرچہ احتیاط اس میں ہے کہ ان کی خرید و فروخت سے بھی پرہیز کیا جائے۔

۲ ... غصبی مال کی خرید و فروخت ۔

۳ ... احتیاط کی بنا پر ان چیزوں کی خرید و فروخت حرام ہے جو عموماً مال تجارت متصور نہ ہوتی ہوں مثلاً درندوں کی خرید و فروخت ۔

۴ ... جس لین دین میں سود ہو ۔

۵ ... ایسی چیز کی خرید و فروخت جس سے عام طور پر صرف حرام فعل انجام پاتا ہو مثلاً جوئے کے آلات۔

۶ ... ایسی چیز کا بیچنا جس میں دوسری چیز کی ملاوٹ کی گئی ہو جب کہ ملاوٹ کا پتہ چل سکے اور بیچنے والا بھی خریدار کو نہ بتائے مثلاً ایسے گھی کا بیچنا جس میں چربی ملا دی گئی ہو اور اس عمل کو "غش" کہتے ہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے "جو شخص کسی چیز میں ملاوٹ کر کے مسلمانوں کے ہاتھ بیچتا ہے یا مسلمانوں کو ضرر پہنچاتا ہے یا ان کی ساتھ مکر و حیلہ کرتا

ہے وہ ہماری امت سے نہیں ہے اور جب کوئی شخص اپنے مسلمان بھائی کے ساتھ غش کرتا ہے تو خدا تعالیٰ اس کی روزی سے برکت اٹھا لیتا ہے اور اس کے معاش کے راستوں کو مسدود کر دیتا ہے اور اسے اس کی حالت پر چھوڑ دیتا ہے۔

مسئلہ ۲۰۶۴ : جو پاک چیز نجس ہو گئی ہو اور اسے پانی سے دھو کر پاک کرنا ممکن ہو اسے فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن اگر خریدار اس چیز کو ایسے کام کے لیئے خریدے جس کے لیئے اس کا پاک ہونا ضروری ہو مثلاً وہ ایک قسم کی غذا ہو جسے وہ کھانا چاہتا ہو تو بیچنے والے کو چاہیئے کہ اس کے نجس ہونے کے متعلق اسے بتا دے لیکن اگر نجس چیز لباس ہو تو اس کے نجس ہونے کی متعلق بتانا ضروری نہیں خواہ خریدار اسے پہن کر نماز ہی کیوں نہ پڑھے کیونکہ نماز میں بدن اور لباس کی ظاہری طہارت کافی ہے۔

مسئلہ ۲۰۶۵ : اگر کوئی ایسی پاک چیز مثلاً گھی اور تیل نجس ہو جائے جسے دھو کر پاک کرنا ممکن نہ ہو اور اگر اس چیز کی ایسے کام کے لیئے ضرورت ہو جس کے لیئے پاک ہونا شرط ہو مثلاً گھی کی کھانے کے لیئے ضرورت ہو تو ضروری ہے کہ بیچنے والا اس کی نجاست کے بارے میں خریدنے والے کو اطلاع دے دے اور اگر اس چیز کی ایسے کام کے لیئے ضرورت ہو جس کے لیئے اس کا پاک ہونا شرط نہ ہو مثلاً نجس تیل جلانے کے لیئے چاہیئے ہو لیکن امکان اس بات کا ہو کہ اس سے خریدنے والے کی غذا یا بدن نجس ہو جائے گا تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے اور اس صورت میں بھی بیچنے والے کا خریدار کو بتا دینا ضروری ہے کیونکہ نجاست کھانے کا سبب بننا جائز نہیں اور اسی طرح بدن کی نجاست کا سبب بننا جس سے وضو یا غسل باطل ہوتا ہو جائز نہیں۔

مسئلہ ۲۰۶۶ : اگرچہ نجس خوردنی دواؤں کی خرید و فروخت جائز ہے لیکن ان کی نجاست کے متعلق خریدار کو بتا دینا چاہیئے اور اگر وہ دوائیں کھانے کی نہ ہوں لیکن خریدار کی غذا یا بدن کے نجاست سے آلودہ ہو جانے کا اندیشہ ہو تب بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۰۶۷ : جو تیل غیر اسلامی ممالک سے درآمد کیئے جاتے ہیں اگر ان کے نجس ہونے کے بارے میں علم نہ ہو تو ان کی خرید و فروخت میں کوئی حرج نہیں اور جو چربی کسی حیوان کے مر جانے کے بعد حاصل کی جاتی ہے اگر اس کے بارے میں احتمال ہو کہ ایسے حیوان کی ہے جسے شرعی طریقے

سے ذبح کیا گیا ہے تو اگر اسے کافر سے لیں یا غیر اسلامی ممالک سے حاصل کریں تو گو وہ نجس ہے اور اس کی خرید و فروخت جائز ہے لیکن اس کا کھانا حرام ہے اور بیچنے والے کے لئے ضروری ہے کہ اس کی کیفیت سے خریدار کو مطلع کر دے۔ بایں شرط کہ اس کی منفعت حلال اور عقلائی ہو۔

مسئلہ ۲۰۶۸ : اگر لومڑی یا اس جیسے جانوروں کو شرعی طریقہ کے مطابق ذبح نہ کیا جائے یا وہ خود مر جائیں تو ان کی کھال کی خرید و فروخت حرام اور اس کا معاملہ باطل ہے۔

مسئلہ ۲۰۶۹ : جو چمڑا غیر اسلامی ممالک سے درآمد کیا جائے یا کافر سے لیا جائے اگر اس کے بارے میں احتمال ہو کہ ایک ایسے جانور کا ہے جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے تو اس کی خرید و فروخت جائز ہے لیکن اسے نماز کے سلسلے میں استعمال کرنا جائز نہیں۔

مسئلہ ۲۰۷۰ : جو چربی حیوان کے مرنے کے بعد حاصل کی جائے یا وہ چمڑا جو مسلمان سے لیا جائے اور انسان کو علم ہو کہ اس مسلمان نے یہ چیز کافر سے لی ہے لیکن یہ تحقیق نہیں کی کہ آیا یہ ایسے حیوان کی ہے جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے یا نہیں تو اس کی خرید و فروخت جائز ہے لیکن اس چمڑے کو نماز کے سلسلے میں استعمال کرنا یا اس چربی کا کھانا جائز نہیں۔

مسئلہ ۲۰۷۱ : نشہ آور مشروبات کا لین دین حرام اور باطل ہے۔

مسئلہ ۲۰۷۲ : غصبی مال کا بیچنا باطل ہے اور بیچنے والے کو چاہئے کہ جو رقم خریدار سے لی ہو اسے واپس کر دے۔

مسئلہ ۲۰۷۳ : اگر خریدار سنجیدگی سے سودا کرنے کا ارادہ رکھتا ہو لیکن اس کا ارادہ ہو کہ جو چیز خرید رہا ہے اس کی قیمت نہیں دے گا تو اس کا یہ ارادہ سودے کی صحت کے لئے ضرر رساں نہیں اور ضروری ہے کہ خریدار اس کی قیمت بیچنے والے کو دے۔

مسئلہ ۲۰۷۴ : اگر خریدار یہ چاہے کہ جو جنس اس نے ادھار خریدی ہے اس کی قیمت بعد میں حرام مال سے ادا کرے تب بھی معاملہ صحیح ہے البتہ اسے چاہئے کہ جتنی قیمت اس کے ذمے ہو حلال مال سے دے حتیٰ کہ اس کا ادھار ادا ہو جائے۔

مسئلہ ۲۰۷۵ : لہو و لعب کے آلات (مثلاً ستار اور ساز) کی خرید و فروخت حرام ہے۔ اور

احتیاط کی بنا پر چھوٹے چھوٹے ساز جو بچوں کے کھلونے ہوتے ہیں ان کے لیئے بھی یہی حکم ہے لیکن مشترکہ آلات مثلاً ریڈیو اور ٹیپ ریکارڈر کی خرید و فروخت میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ انھیں حرام امور میں استعمال کرنے کا ارادہ نہ ہو۔

مسئلہ ۲۰۷۶ : اگر کوئی ایسی چیز جس سے جائز فائدہ اٹھایا جا سکتا ہو اس ارادے سے بیچی جائے کہ اسے حرام مصرف میں لایا جائے مثلاً انگور اس مقصد سے بیچا جائے کہ اس سے شراب تیار کی جائے تو اس کا سودا حرام بلکہ احتیاط کی بنا پر باطل ہے لیکن اگر کوئی شخص انگور اس ارادے سے نہ بیچے اور فقط یہ جانتا ہو کہ خریدار انگور سے شراب تیار کرے گا تو ظاہر یہ ہے کہ سودے میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۰۷۷ : جاندار کا مجسمہ بنانا بلکہ اس کی نقاشی کرنا بھی حرام ہے لیکن ان کی خرید و فروخت ممنوع نہیں اگرچہ احتیاط یہ ہے کہ اسے بھی ترک کیا جائے۔

مسئلہ ۲۰۷۸ : کسی ایسی چیز کا خریدنا حرام ہے جو جوئے یا چوری یا باطل سودے سے حاصل کی گئی ہو اور اگر کوئی ایسی چیز خریدے تو اسے چاہئے اس کے اصل مالک کو لوٹا دے۔

مسئلہ ۲۰۷۹ : اگر کوئی شخص ایسا گھی بیچے جس میں چربی کی ملاوٹ ہو اور اسے معین کر دے مثلاً یہ کہے کہ میں یہ ایک من گھی بیچ رہا ہوں تو اس میں جتنی چربی ہے اس کی مقدار تک سودا باطل ہے اور جو رقم بیچنے والے نے چربی کی وصول کی ہے وہ خریدار کا مال ہے اور جتنی چربی ہو وہ بیچنے والے کا مال ہے اور خریدار اس خالص گھی کا معاملہ بھی جو اس کا جزو ہے فسخ کر سکتا ہے لیکن اگر بیچنے والا اسے معین نہ کرے اور ایک من گھی کی ذمہ داری لے کر بیچے اور بعد میں چربی ملا ہوا گھی دے دے تو خریدار وہ گھی واپس کر کے اصلی گھی کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۰۸۰ : جس جنس کو ناپ تول کر بیچا جاتا ہے اگر کوئی بیچنے والا اس جنس کے بدلے میں بڑھا کر بیچے مثلاً ایک من گندم کی قیمت ڈیڑھ من گندم وصول کرے تو یہ سود اور حرام ہے بلکہ اگر دو جنسوں میں سے ایک کھری اور دوسری عیب دار ہو یا ایک جنس بڑھیا اور دوسری گھٹیا ہو یا ان کی قیمتوں میں فرق ہو تو اگر بیچنے والا جو مقدار دے رہا ہو اس سے زیادہ لے تب بھی سود اور حرام ہے۔ لہذا اگر وہ ثابت تانبا دے کر اس سے زیادہ مقدار میں ٹوٹا ہوا تانبا لے یا ثابت قسم کا پیتل دے کر اس سے زیادہ

مقدار میں ٹوٹا ہوا پیتل لے یا گھڑا ہوا سونا دے اور اس سے زیادہ مقدار میں بغیر گھڑا ہوا سونا لے تو یہ بھی سود اور حرام ہے۔

مسئلہ ۲۰۸۱ : بیچنے والا جو چیز زائد لے اگر وہ اس جنس سے مختلف ہو جو وہ بیچ رہا ہے مثلاً ایک من گندم کو ایک من گندم اور کچھ نقد رقم کے عوض بیچے تب بھی یہ سود اور حرام ہے بلکہ اگر وہ کوئی چیز زائد نہ لے لیکن یہ شرط لگائے کہ خریدار اس کے لیئے کوئی کام کرے گا تو یہ سود اور حرام ہو گا۔

مسئلہ ۲۰۸۲ : جو شخص کوئی چیز کم مقدار میں دے رہا ہو اگر وہ اس کے ساتھ کوئی اور چیز شامل کر دے مثلاً ایک من گندم اور ایک رومال کو ڈیڑھ من گندم کے عوض بیچے تو اس میں کوئی حرج نہیں اور اگر دونوں طرف سے کوئی چیز بڑھا دی جائے مثلاً اگر ایک شخص ایک من گندم اور ایک رومال کو ڈیڑھ من گندم اور ایک رومال کے عوض بیچے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۰۸۳ : اگر کوئی شخص ایسی چیز بیچے جو میٹر اور ہاتھ سے (ناپ کر) بیچی جاتی ہے (مثلاً کپڑا) یا ایسی چیز بیچے جو گن کر بیچی جاتی ہے (مثلاً اخروٹ اور انڈے) اور زیادہ لے مثلاً دس انڈے دے اور گیارہ لے تو اس میں کوئی حرج نہیں لیکن اگر مثال کے طور پر دس انڈے گیارہ انڈوں کے عوض بطور ذمہ یعنی بطور ادھار بیچے تو ضروری ہے کہ ان میں فرق ہو مثلاً دس بڑے انڈے گیارہ درمیانی سائز کے انڈوں کے عوض بطور ذمہ بیچے یہ صحیح ہے کیونکہ قیمت اور چیز میں امتیاز موجود ہے اگرچہ وہ امتیاز ایک نقد دوسرا ادھار ہونے کے سبب سے ہے۔ نوٹوں کا کچھ مدت کے لیئے نقد دے کر کچھ زیادہ پر معاملہ کرنا بھی اسی زمرے میں آتا ہے مثلاً کوئی شخص کسی کو سو روپے نقد دے تاکہ چھ مہینے کے بعد ۱۱۰ روپے وصول کرے لیکن اگر ان کے درمیان فرق ہو مثلاً یہ کہ سو روپے کے نوٹ کسی دوسری قسم کے نوٹوں مثلاً دینار یا پونڈ یا ڈالر کے لیئے دے تو کوئی حرج نہیں ہے بلکہ اس صورت میں قیمت میں تفاوت ہوتے ہوئے بھی کوئی اشکال نہیں۔

مسئلہ ۲۰۸۴ : اگر کسی جنس کو بیشتر شہروں میں تول کر یا ناپ کر بیچا جاتا ہو اور بعض شہروں میں اس کا لین دین گن کر ہوتا ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اس جنس کو اگر اسی جنس کی ساتھ بیچا جائے تو بڑھا کر نہ بیچا جائے لیکن اس صورت میں جب شہر مختلف ہوں اور ایسا غلبہ درمیان میں نہ ہو (یعنی یہ نہ کہا جا سکے) کہ بیشتر شہروں میں یہ جنس ناپ تول کر بکتی ہے یا گن کر بکتی ہے) تو ہر شہر میں وہاں کے

رواج کے مطابق حکم لگایا جائے گا۔

مسئلہ ۲۰۸۵ : اگر بیچی جانے والی چیز اور اس کے بدلے میں لی جانے والی چیز ایک جنس سے نہ ہوں تو زیادہ لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ پس اگر کوئی شخص ایک من چاول بیچے اور اس کے بدلے میں دو من گندم لے تو سودا درست ہے۔

مسئلہ ۲۰۸۶ : ایک شخص جو جنس بیچ رہا ہو اور اس کے بدلے میں جو کچھ لے رہا ہو اگر وہ دونوں ایک ہی چیز سے بنی ہوں تو اسے چاہئے کہ اضافہ نہ لے مثلاً اگر وہ ایک من گائے کا گھی بیچے اور اس کے بدلے میں ڈیڑھ من گائے کا پنیر حاصل کرے تو یہ سود ہے اور حرام ہے اور اگر وہ پکے میوں کا سودا کچے میوں سے کرے تب بھی اضافہ نہیں لے سکتا۔

مسئلہ ۲۰۸۷ : سود کے اعتبار سے گندم اور جو ایک جنس شمار ہوتے ہیں لہٰذا مثال کے طور پر اگر ایک شخص ایک من گندم دے اور اس کے بدلے میں ایک من پانچ سیر جو لے تو یہ سود ہے اور حرام ہے۔ اور مثال کے طور پر اگر دس من جو اس شرط پر خریدے کہ گندم کی فصل اٹھانے کے وقت دس من گندم بدلے میں دے گا تو چونکہ جو اس نے نقد لیئے ہیں اور گندم کچھ مدت بعد دے رہا ہے لہٰذا یہ اسی طرح ہے جیسے اضافہ لیا ہو اس لیئے حرام ہے۔

مسئلہ ۲۰۸۸ : سود والا سودا خواہ مسلمان سے ہو یا کافر سے حرام ہے۔ البتہ اگر مسلمان ایک ایسے کافر سے جو اسلام کی پناہ میں نہ ہو یا ایسے کافر سے جو اسلام کی پناہ میں ہو اور سود لینا اس کی شریعت میں جائز ہو سود لے لے تو کوئی حرج نہیں اور احتیاط واجب کی بنا پر باپ بیٹا اور میاں بیوی بھی ایک دوسرے سے سود نہیں لے سکتے۔

بیچنے والے اور خریدار کی شرائط

مسئلہ ۲۰۸۹ : بیچنے والے اور خریدار کے لیئے چھ چیزیں ضروری ہیں۔

۱... یہ کہ بالغ ہوں

۲... یہ کہ عاقل ہوں

۳... یہ کہ سفیہ نہ ہوں یعنی اپنا مال بے ہودہ کاموں میں صرف نہ کرتے ہوں۔

۴... یہ کہ خرید و فروخت کا ارادہ رکھتے ہوں۔ پس اگر کوئی مذاق میں کہے کہ میں نے اپنا مال بیچا تو معاملہ باطل ہو گا۔

۵... یہ کہ کسی نے انہیں خرید و فروخت پر مجبور نہ کیا ہو۔

۶... یہ کہ جو جنس اور اس کے بدلے میں جو چیز ایک دوسرے کو دے رہے ہوں اس کے مالک ہوں اور ان کے بارے میں احکام آئندہ مسائل میں بیان کیئے جائیں گے۔

۲۰۹۰ : کسی نابالغ بچے کے ساتھ سودا کرنا جو آزادانہ طور پر سودا کر رہا ہو باطل ہے لیکن اگر سودا اس کے ولی کے ساتھ ہو اور نابالغ بچہ جو برے بھلے کی تمیز رکھتا ہو فقط لین دین کا صیغہ جاری کرے تو سودا صحیح ہے بلکہ اگر جنس یا رقم کسی دوسرے آدمی کا مال ہو اور بچہ بحیثیت وکیل اس مال کے مالک کی طرف سے وہ مال بیچے یا اس رقم سے کوئی چیز خریدے تو ظاہر یہ ہے کہ سودا صحیح ہے اگرچہ وہ ممیز بچہ آزادانہ طور پر اس مال یا رقم پر تصرف رکھتا ہو اور اسی طرح اگر بچہ اس امر کا وسیلہ ہو کہ رقم بیچنے والے کو دے اور جنس خریدار تک پہنچائے یا جنس خریدار کو دے اور رقم بیچنے والے کو پہنچائے اگرچہ بچہ ممیز نہ ہو یعنی برے بھلے کی تمیز نہ رکھتا ہو تو وہ سودا صحیح ہے کیونکہ دراصل دو بالغ افراد نے آپس میں سودا کیا ہے تاہم بیچنے والے اور خریدار کو یقین اور اطمینان ہونا چاہیے کہ بچہ جنس یا رقم اس کے مالک کو پہنچا دے گا۔

مسئلہ ۲۰۹۱ : اگر کوئی شخص اس صورت میں کہ ایک نابالغ بچے سے سودا کرنا صحیح نہ ہو اس سے کوئی چیز خرید لے یا اس کے ہاتھ کوئی چیز بیچے تو اسے چاہیے کہ جو جنس یا رقم اس بچے سے لے اگر وہ خود بچے کا مال ہو تو اس کے ولی کو اور اگر کسی اور کا مال ہو تو اس کے مالک کو دے دے یا اس کے مالک کی رضامندی حاصل کرے اور اگر سودا کرنے والا شخص اس جنس یا رقم کے مالک کو نہ جانتا ہو اور اس کا پتہ چلانے کا کوئی ذریعہ بھی نہ ہو تو اس شخص کو چاہیے کہ جو چیز اس نے بچے سے لی ہو وہ اس چیز کے مالک کی طرف سے مظالم کی بابت (یعنی ظلم زیادتی یا ناانصافی سے بریت کی خاطر) کسی فقیر کو دے دے۔

مسئلہ ۲۰۹۲ : اگر کوئی شخص ایک ممیز بچے سے اس صورت میں سودا کرے جب کہ اس کے ساتھ سودا کرنا صحیح نہ ہو اور اس نے جو جنس یا رقم بچے کو دی ہو وہ تلف ہو جائے تو ظاہر یہ ہے کہ وہ

شخص بچے سے اس کے بالغ ہونے کے بعد یا اس کے ولی سے مطالبہ کر سکتا ہے اور اگر بچہ ممیّز نہ ہو تو پھر وہ شخص مطالبے کا حق نہیں رکھتا۔

مسئلہ ۲۰۹۳ : اگر خریدار یا بیچنے والے کو سودا کرنے پر مجبور کیا جائے اور سودا ہو چکنے کے بعد وہ راضی ہو جائے اور مثال کے طور پر کہے کہ میں راضی ہوں تو سودا صحیح ہے لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ معاملے کا صیغہ دوبارہ پڑھا جائے۔

مسئلہ ۲۰۹۴ : اگر انسان کسی کا مال اس کی اجازت کے بغیر بیچ دے اور مال کا مالک اس کے بیچنے پر راضی نہ ہو اور اجازت نہ دے تو سودا باطل ہے۔

مسئلہ ۲۰۹۵ : بچے کا باپ اور دادا اور نیز باپ کا وصی اور دادا کا وصی بچے کا مال فروخت کر سکتے ہیں اگر صورت حال کا تقاضا ہو تو مجتہد عادل بھی دیوانہ شخص یا یتیم بچے کا مال یا ایسے شخص کا مال جو غائب ہو فروخت کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۰۹۶ : اگر کوئی شخص کسی کا مال غصب کر لے اور بیچ ڈالے اور مال کے بک جانے کے بعد اس کا مالک سودے کی اجازت دے دے تو سودا صحیح ہے اور جو چیز غصب کرنے والے نے خریدار کو دی ہو اور اس چیز سے جو منافع سودے کے وقت سے حاصل ہو وہ خریدار کی ملکیت ہے اور جو چیز خریدار نے دی ہو اور اس چیز سے جو منافع سودے کے وقت سے حاصل ہو وہ اس شخص کی ملکیت ہے جس کا مال غصب کیا گیا ہو۔

مسئلہ ۲۰۹۷ : اگر کوئی شخص کسی کا مال غصب کر کے بیچ دے اور اس کا ارادہ یہ ہو کہ اس مال کی قیمت خود اس کی ملکیت ہو گی اور اگر مال کا مالک سودے کی اجازت دے دے تو سودا صحیح ہے لیکن مال کی قیمت مالک کی ملکیت ہوگی نہ کہ غاصب کی۔

جنس اور اس کے عوض کی شرائط

مسئلہ ۲۰۹۸ : جو جنس بیچی جائے اور جو چیز اس کے بدلے میں دی جائے اس کی پانچ شرائط ہیں۔

۱... یہ کہ تول یا ناپ یا گنتی وغیرہ کی شکل میں اس کی مقدار معلوم ہو۔

۲ ... یہ کہ طرفین ان چیزوں کو ایک دوسرے کی تحویل میں دینے پر قادر ہوں لہٰذا ایک ایسے گھوڑے کا بیچنا جو بھاگ گیا ہو درست نہیں ہے لیکن جو گھوڑا بھاگ گیا ہو اگر اس کا بیچنے والا اسے کسی ایسی چیز مثلاً ایک فرش کے ساتھ ملا کر بیچے جسے وہ خریدار کے سپرد کر سکتا ہو تو خواہ وہ گھوڑا نہ بھی ملے سودا صحیح ہے۔

۳ ... وہ خصوصیات جو جنس اور عوض میں موجود ہوں اور جن کی وجہ سے سودے میں لوگوں کے میلان میں فرق پڑتا ہو معین کر دی جائیں۔

۴ ... یہ کہ ملکیت غیر مشروط ہو لہٰذا جو مال انسان نے وقف کر دیا ہو اس کا بیچنا جائز نہیں ہے ماسوا چند صورتوں کے جن کا ذکر بعد میں آئے گا۔

۵ ... یہ کہ بیچنے والا خود اس جنس کو بیچے نہ کہ اس کی منفعت کو۔ پس مثال کے طور پر اگر مکان کی ایک سال کی منفعت بیچی جائے تو صحیح نہیں ہے لیکن اگر خریدار نقد کی بجائے اپنی ملکیت کی منفعت دے مثلاً کسی سے فرش خریدے اور اس کے عوض میں اپنے مکان کی ایک سال کی منفعت اسے دے دے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ (ان سب کے احکام آئندہ مسائل میں بیان کیئے جائیں گے۔)

مسئلہ ۲۰۹۹ : جس جنس کا سودا کسی شہر میں تول کر یا ناپ کر کیا جاتا ہو اس شہر میں انسان کو چاہیئے کہ اس جنس کو تول یا ناپ کے ذریعے ہی خریدے لیکن جس شہر میں جنس کا سودا اسے دیکھ کر کیا جاتا ہو اس شہر میں وہ اسے دیکھ کر خرید سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۰۰ : جس چیز کی خرید و فروخت تول کر کی جاتی ہو اس کا سودا ناپ کر بھی کیا جا سکتا ہے وہ اس طرح کہ اگر مثال کے طور پر ایک شخص دس من گندم بیچنا چاہے تو وہ ایک ایسا پیمانہ جس میں ایک من گندم سماتی ہو دس مرتبہ بھر کر دے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۰۱ : جو شرائط بیان کی گئی ہیں اگر کسی سودے میں ان میں سے کوئی ایک شرط نہ پائی جاتی ہو تو سودا باطل ہے۔ ہاں اگر بیچنے والا اور خریدار ایک دوسرے کے مال میں تصرف کرنے پر راضی ہوں تو ان کے تصرف کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۱۰۲ : جو چیز وقف کی جا چکی ہو اس کا سودا باطل ہے لیکن اگر وہ چیز اس قدر خراب ہو

جائے یا خراب ہونے والی ہو کہ جس فائدے کے لیئے وقف کی گئی ہو وہ حاصل نہ کیا جا سکے۔ مثلاً مسجد کی چٹائی اس طرح ٹوٹ پھوٹ جائے کہ اس پر نماز نہ پڑھی جا سکے تو اسے بیچ دینے میں کوئی حرج نہیں ہے اور جہاں تک ممکن ہو اس کی قیمت اسی مسجد میں ایسے کام پر خرچ کی جائے جو وقف کرنے والے کے مقصد سے قریب تر ہو۔

مسئلہ ۲۱۰۳ : جب ان لوگوں کے مابین جن کے لیئے مال وقف کیا گیا ہو ایسا اختلاف پیدا ہو جائے کہ اندیشہ ہو کہ اگر وقف شدہ مال فروخت نہ کیا گیا تو مال یا کسی کی جان تلف ہو جائے گی تو جائز ہے کہ وہ مال بیچ دیا جائے اور رقم کو ایسے کام پر خرچ کیا جائے جو وقف کرنے والے کے مقصد کے قریب تر ہو اور اگر وقف کرنے والا یہ شرط لگائے کہ اگر وقف کے بیچ دینے میں مصلحت ہو تو بیچ دیا جائے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۱۰۴ : جو جائیداد کسی دوسرے کو پٹے پر دی گئی ہو اس کی خرید و فروخت میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن جتنی مدت کے لیئے اسے پٹے پر دیا گیا ہو اتنی مدت کی آمدنی پٹہ دار کا مال ہے اور اگر خریدار کو یہ علم نہ ہو کہ وہ جائیداد پٹے پر دی جا چکی ہے اس گمان کے تحت کہ پٹے کی مدت تھوڑی ہے اس جائیداد کو خرید لیا ہو تو جب اسے حقیقت حال کا علم ہو وہ سودے کو فسخ کر سکتا ہے۔

خرید و فروخت کا صیغہ

مسئلہ ۲۱۰۵ : خرید و فروخت میں یہ ضروری نہیں کہ صیغہ عربی زبان میں جاری کیا جائے مثلاً اگر بیچنے والا اردو میں کہے کہ میں نے یہ مال اتنی رقم کے عوض بیچا اور خریدار کہے کہ میں نے قبول کیا تو سودا صحیح ہے لیکن یہ ضروری ہے کہ خریدار اور بیچنے والا دلی ارادہ رکھتے ہوں یعنی یہ دو جملے کہنے سے ان کی مراد خرید و فروخت ہو۔

مسئلہ ۲۱۰۶ : اگر سودا کرتے وقت صیغہ نہ پڑھا جائے لیکن بیچنے والا اس مال کے مقابلے میں جو وہ خریدار سے لے اپنا مال اس کی ملکیت میں دے دے تو سودا صحیح ہے اور دونوں اشخاص متعلقہ چیزوں کے مالک ہو جاتے ہیں۔

میووں کی خرید و فروخت

مسئلہ ۲۱۰۷ : جس میوے کے پھول گر چکے ہیں اور اس میں دانے پڑ چکے ہوں اس کے توڑنے سے پہلے اس کا بیچنا صحیح ہے اور درخت میں لگے ہوئے کچے انگوروں کے بیچنے میں بھی کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۱۰۸ : جو میوہ درخت پر لگا ہو اس کے دانہ پڑنے اور پھول گرنے سے پہلے بھی اس کا بیچنا جائز ہے اور بیچنے والے کے لیئے بہتر یہ ہے کہ زمین سے اگنے والی کوئی چیز مثلاً سبزیاں اس کے ساتھ ملا کر بیچے یا خریدنے والے سے یہ طے کرے کہ وہ دانہ پڑنے سے پہلے میوہ توڑ لے یا ایک سال سے زیادہ کا میوہ اس کے ہاتھ بیچ دے۔

مسئلہ ۲۱۰۹ : جو کھجوریں زرد یا سرخ ہو چکی ہوں ان کے درخت پر لگے ہوئے بیچ دینے میں کوئی حرج نہیں لیکن ان کا عوض اسی درخت کی کھجوریں قرار نہ دی جائیں البتہ اگر ایک شخص کا کھجور کا درخت کسی دوسرے شخص کے گھر یا باغ میں ہو تو اگر اس درخت کی کھجوروں کا تخمینہ لگا لیا جائے اور درخت کا مالک انہیں گھر یا باغ کے مالک کے پاس بیچ دے اور اس کا عوض اسی درخت کی کھجوروں کو قرار دیا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۱۱۰ : کھیرے اور بینگن اور سبزیاں اور انہی جیسی چیزیں جو سال میں کئی دفعہ اترتی ہوں اگر وہ ظاہر اور نمایاں ہو چکی ہوں اور یہ طے کر لیا جائے کہ خریدار انہیں سال میں کتنی دفعہ توڑے گا تو انہیں بیچنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۱۱۱ : اگر دانہ آنے کے بعد گندم اور جو کے خوشے کو گندم اور جو کے علاوہ کسی ایسی چیز کے بدلے بیچ دیا جائے جو خود اس سے حاصل ہوتی ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

نقد اور ادھار

مسئلہ ۲۱۱۲ : اگر کسی جنس کو نقد بیچا جائے تو سودا طے پا جانے کے بعد خریدار اور بیچنے والا ایک دوسرے سے جنس اور رقم کا مطالبہ کر سکتے ہیں اور اسے اپنے قبضے میں لے سکتے ہیں اور مکان اور زمین وغیرہ کا قبضہ دینے کا طریقہ یہ ہے کہ اسے خریدار کے اختیار میں دے دیا جائے تاکہ وہ اس میں تصرف

کر سکے اور فرش اور لباس وغیرہ کا قبضہ اس طرح دیا جا سکتا ہے کہ اس چیز کو اس طرح خریدار کے اختیار میں دے دیا جائے کہ اگر وہ اسے اس جگہ سے کسی دوسری جگہ لے جانا چاہے تو بیچنے والا کوئی روک ٹوک نہ کرے۔

مسئلہ ۲۱۱۳ : ادھار کے معاملہ میں چاہئے کہ مدت ٹھیک ٹھیک معلوم ہو لہٰذا اگر کوئی شخص کوئی جنس اس دعوے پر بیچے کہ وہ اس کی قیمت فصل اٹھنے پر لے گا تو چونکہ اس کی مدت ٹھیک ٹھیک متعین نہیں ہوتی اس لیئے سودا باطل ہے۔

مسئلہ ۲۱۱۴ : اگر کوئی شخص کوئی جنس ادھار بیچے تو جو مدت طے ہوئی ہو اس کے گزرنے سے پہلے وہ خریدار سے اس کے عوض کا مطالبہ نہیں کر سکتا اگر خریدار مر جائے اور اس کا اپنا کوئی مال ہو تو بیچنے والا طے شدہ مدت گزرنے سے پہلے ہی جو رقم لینی ہو اس کا مطالبہ مرنے والے کے ورثاء سے کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۱۵ : اگر کوئی شخص کوئی جنس ادھار بیچے تو جو مدت آپس میں طے کی گئی ہو اس کے گزرنے کے بعد وہ خریدار سے اس کے عوض کا مطالبہ کر سکتا ہے لیکن اگر خریدار ادائیگی نہ کر سکتا ہو تو بیچنے والے کو چاہئے کہ اسے مہلت دے یا سودا فسخ کر دے اور اگر وہ جنس جو بیچی ہو موجود ہو تو اسے واپس لے لے۔

مسئلہ ۲۱۱۶ : اگر کوئی شخص ایک ایسے فرد کو جو ایک جنس کی قیمت نہ جانتا ہو اس کی کچھ مقدار ادھار دے اور اس کی قیمت اسے نہ بتائے تو سودا باطل ہے۔ لیکن اگر ایسے شخص کو جو جنس کی نقد قیمت جانتا ہو ادھار دے اور زیادہ دام لگائے مثلاً کہے کہ جو جنس میں تمہیں ادھار دے رہا ہوں اس کی اس قیمت سے جس پر میں نقد بیچتا ہوں ایک پیسہ فی روپیہ زیادہ لوں گا اور خریدار اس شرط کو قبول کر لے تو ایسے سودے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۱۱۷ : اگر ایک شخص نے ایک جنس ادھار فروخت کی ہو اور اس کی قیمت کی ادائیگی کے لیئے مدت مقرر کی گئی ہو تو اگر مثال کے طور پر آدھی مدت گزرنے کے بعد واجب الادا رقم کی مقدار کم کر دے اور باقی ماندہ رقم نقد لے لے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

معاملہ سلف کی شرائط

مسئلہ ۲۱۱۸ : معاملہ سلف سے مراد یہ ہے کہ خریدار قیمت دے دے اور ایک مدت کے بعد جنس اپنے قبضے میں لے اور اگر خریدار کہے کہ میں یہ رقم دے رہا ہوں تاکہ مثلاً چھ مہینے کے بعد فلاں جنس لے لوں اور بیچنے والا کہے کہ میں نے قبول کیا یا بیچنے والا رقم لے لے اور کہے کہ میں نے فلاں جنس بیچی تاکہ اس کا قبضہ چھ مہینے کے بعد دوں گا تو سودا صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۱۱۹ : اگر کوئی شخص ایسے سکے جو سونے یا چاندی کی جنس سے ہوں بطور سلف بیچے اور اس کے عوض چاندی یا سونے کے سکے لے تو سودا باطل ہے لیکن اگر کوئی ایسی جنس یا سکے جو سونے یا چاندی کی جنس سے نہ ہوں بیچے اور ان کے عوض کوئی دوسری جنس یا سونے یا چاندی کے سکے لے تو سودا صحیح ہے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ جو جنس بیچے اس کے عوض رقم لے اور کوئی دوسری جنس نہ لے۔

مسئلہ ۲۱۲۰ : معاملہ سلف میں سات شرطیں ہیں۔

۱... ان خصوصیات کو جن کی وجہ سے کسی جنس کی قیمت میں فرق پڑتا ہو معین کر دیا جائے۔ لیکن زیادہ باریک بینی بھی ضروری نہیں بلکہ اس قدر کافی ہے کہ لوگ کہیں کہ اس کی خصوصیات معلوم ہو گئیں ہیں۔

۲... اس سے پیشتر کہ خریدار اور بیچنے والا ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں خریدار پوری قیمت بیچنے والے کو دے دے یا اگر بیچنے والا خریدار کا اتنی ہی رقم کا مقروض ہو اور خریدار کو اس سے جو کچھ لینا ہو اسے جنس کی قیمت میں حساب کر لے اور بیچنے والا اس بات کو قبول کرے اور اگر خریدار اس جنس کی قیمت کی کچھ مقدار بیچنے والے کو دے دے تو اگرچہ اس مقدار کی نسبت سے سودا صحیح ہے لیکن بیچنے والا سودے کو فسخ کر سکتا ہے۔

۳... مدت کو ٹھیک ٹھیک معین کیا جائے اور اگر بیچنے والا کہے کہ جنس کا قبضہ فصل کٹنے پر دوں گا تو چونکہ اس سے مدت کا تعین ٹھیک ٹھیک نہیں ہوتا اس لیئے سودا باطل ہے۔

۴... جنس کا قبضہ دینے کے لیئے ایسا وقت معین کیا جائے جس وقت وہ جنس اتنی کمیاب نہ ہو کہ بیچنے والا اس کا قبضہ نہ دے سکے۔

۵ ... جنس کا قبضہ دینے کی جگہ کا تعین کیا جائے لیکن اگر طرفین کی باتوں سے جگہ کا پتہ چل جائے تو اس کا نام لینا ضروری نہیں۔

۶ ... اس جنس کا تول یا ناپ معین کیا جائے اور جس چیز کو عموماً دیکھ کر اس کا سودا کیا جاتا ہے اگر اسے بطور سلف بیچا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن مثال کے طور پر اخروٹ اور انڈوں کی بعض قسموں میں فرق اس قدر کم ہونا چاہئے کہ لوگ اسے اہمیت نہ دیں۔

۷ ... جس چیز کو بطور سلف بیچا جائے اگر وہ ان اجناس میں سے ہو جو تول کر یا ناپ کر بیچی جاتی ہیں تو اس کا عوض اسی جنس سے نہ ہو مثلاً گندم کو گندم کے بدلے بطور سلف نہیں بیچا جا سکتا۔

معاملہ سلف کے احکام

مسئلہ ۲۱۲۱ : جو جنس انسان نے بطور سلف خریدی ہو اسے وہ مدت ختم ہونے سے پہلے بائع کے علاوہ کسی کے پاس نہیں بیچ سکتا اور مدت ختم ہونے کے بعد اگرچہ خریدار نے اس جنس کو اپنے قبضے میں نہ لیا ہو اسے بیچنے میں کوئی حرج نہیں البتہ جن غلوں مثلاً گندم اور جو اور دوسری اجناس کو تول کر یا ناپ کر فروخت کیا جاتا ہے انہیں اپنے قبضے میں لینے سے پہلے ان کا بیچنا جائز نہیں ہے ماسوا اس کے کہ مشتری نے جس قیمت پر خریدی ہوں اسی قیمت پر بیچ ڈالے۔

مسئلہ ۲۱۲۲ : سلف کے لین دین میں اگر بیچنے والا مدت ختم ہونے پر وہ جنس دے دے جس کا سودا ہوا ہو تو خریدار کو چاہئے کہ اسے قبول کرے۔ نیز اگر بیچنے والا جس چیز کا سودا ہوا ہو اس سے بہتر چیز دے لیکن جنس کے اعتبار سے دونوں ایک ہی جاتی ہوں تو خریدار کو چاہئے کہ اسے قبول کرلے۔

مسئلہ ۲۱۲۳ : اگر بیچنے والا جو جنس دے وہ اس جنس سے گھٹیا ہو جس کا سودا ہوا ہے تو خریدار اسے قبول کرنے سے انکار کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۲۴ : اگر بیچنے والا اس جنس کی بجائے جس کا سودا ہوا ہے کوئی دوسری جنس دے اور خریدار اسے لینے پر راضی ہو جائے تو معاملہ صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۱۲۵ : جو جنس بطور سلف بیچی گئی ہو اگر وہ خریدار کے حوالے کرنے کے لیے طے شدہ

وقت پر نایاب ہو جائے اور بیچنے والا اسے مہیا نہ کر سکے تو خریدار کو اختیار ہے کہ انتظار کرے تاکہ بیچنے والا اسے مہیا کر دے یا سودا فسخ کر دے اور جو چیز بیچنے والے کو دی ہو اسے واپس لے لے۔

مسئلہ ۲۱۲۶ : اگر ایک شخص کوئی جنس بیچے اور معاہدہ کرے کہ کچھ مدت بعد وہ جنس خریدار کے حوالے کر دے گا اور اس کی قیمت بھی کچھ مدت بعد لے گا تو احتیاط واجب کی بنا پر ایسا سودا باطل ہے۔

سونے چاندی کو سونے چاندی کے عوض بیچنا

مسئلہ ۲۱۲۷ : اگر سونے کو سونے سے یا چاندی کو چاندی سے بیچا جائے تو خواہ وہ سکہ دار ہوں یا بے سکہ اگر ان میں سے ایک کا وزن دوسرے سے زیادہ ہو تو ایسا سودا حرام اور باطل ہے۔

مسئلہ ۲۱۲۸ : اگر سونے کو چاندی سے چاندی کو سونے سے بیچا جائے تو سودا صحیح ہے اور ضروری نہیں کہ دونوں کا وزن برابر ہو۔

مسئلہ ۲۱۲۹ : اگر سونے یا چاندی کو سونے یا چاندی کے عوض بیچا جائے تو بیچنے والے اور خریدار کو چاہئے کہ ایک دوسرے سے جدا ہونے سے پہلے جنس اور اس کا عوض ایک دوسرے کے حوالے کر دیں اور اگر جس چیز کے بارے میں معاملہ طے ہوا ہو اس کی کچھ مقدار بھی متعلقہ شخص کے حوالے نہ کی جائے تو معاملہ باطل ہے۔

مسئلہ ۲۱۳۰ : اگر بیچنے والے یا خریدار میں سے کوئی ایک طے شدہ مال پورا پورا دوسرے کے سپرد کر دے لیکن دوسرا کچھ مقدار دوسرے کے سپرد کرے اور پھر وہ ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں تو اگرچہ اتنی مقدار کے متعلق معاملہ صحیح ہے لیکن جس کو پورا مال نہ ملا ہو وہ سودا فسخ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۳۱ : اگر کان کی چاندی کی مٹی کو خالص چاندی سے اور کان کی سونے کی مٹی کو خالص سونے سے بیچا جائے تو سودا باطل ہے لیکن چاندی کی مٹی کو سونے سے اور سونے کی مٹی کو چاندی سے بیچنے میں کوئی حرج نہیں۔

معاملہ فسخ کیئے جانے کی صورتیں

مسئلہ ۲۱۳۲ : معاملہ فسخ کرنے کے حق کو خیار کہتے ہیں اور خریدار اور بیچنے والا گیارہ صورتوں میں معاملہ فسخ کر سکتے ہیں۔

۱ ... یہ کہ جس مجلس میں سودا طے ہوا ہے فریقین وہاں سے جدا نہ ہوئے ہوں اور اس خیار کو "خیار مجلس" کہتے ہیں۔

۲ ... یہ کہ بیع کے معاملے میں خریدار یا بیچنے والا اور دوسرے معاملات میں طرفین میں سے کوئی ایک مغبون ہو جائے اسے "خیار غبن" کہتے ہیں۔ مغبون سے مراد وہ شخص ہے جسے نقصان پہنچا ہو یعنی جس کے ساتھ دھوکا ہوا ہو۔

۳ ... سودا کرتے وقت یہ طے کیا جائے کہ ایک مقررہ مدت تک دونوں کو یا کسی ایک فریق کو سودا فسخ کرنے کا اختیار ہوگا۔ اسے "خیار شرط" کہتے ہیں۔

۴ ... فریقین معاملہ میں سے ایک فریق اپنے مال کو اس کی اصلیت سے بہتر بتا کر پیش کرے جس کی وجہ سے اس مال کی قیمت لوگوں کی نظروں میں بڑھ جائے۔ اسے "خیار تدلیس" کہتے ہیں۔

۵ ... فریقین معاملہ میں سے ایک فریق دوسرے کے ساتھ شرط کرے کہ وہ ایک کام سرانجام دے گا اور اس شرط پر عمل نہ ہو یا یہ شرط کی جائے کہ ایک فریق دوسرے کو ایک مخصوص قسم کا مال دے گا اور جو مال دیا جائے اس میں وہ خصوصیت نہ ہو۔ اس صورت میں شرط کنندہ معاملے کو فسخ کر سکتا ہے۔ اسے "خیار خلف شرط" کہتے ہیں۔

۶ ... دی جانے والی جنس یا اس کے عوض میں کوئی عیب ہو اسے "خیار عیب" کہتے ہیں۔

۷ ... یہ پتہ چلے کہ فریقین نے جس جنس کا معاملہ کیا ہے اس کی کچھ مقدار کسی اور شخص کا مال ہے اس صورت میں اگر اس مقدار کا مالک سودے پر راضی نہ ہو تو خریدنے والا سودا فسخ کر سکتا ہے یا اگر اتنی مقدار کا عوض دے چکا ہو تو اسے واپس لے سکتا ہے۔ اسے "خیار شرکت" کہتے ہیں۔

۸ ... جس معین جنس کو دوسرے فریق نے نہ دیکھا ہو اگر اس جنس کا مالک، اسے اس کی

خصوصیات بتائے اور بعد میں معلوم ہو کہ جو خصوصیات اس نے بتائی تھیں وہ اس جنس میں نہیں ہیں تو دوسرا فریق معاملہ فسخ کر سکتا ہے۔ اسے "خیار رویت" کہتے ہیں۔

۹... اگر خریدار جنس کی قیمت دینے میں تاخیر کی شرط نہ دے اور تین دن تک قیمت نہ دے تو اگر بیچنے والے نے وہ جنس خریدار کے حوالے نہ کی ہو تو وہ سودا فسخ کر سکتا ہے لیکن جو جنس خریدار نے خریدی ہے اگر وہ بعض ایسے میووں کی طرح ہو جو ایک دن باقی رہنے سے ضائع ہو جاتے ہیں اور رات تک اس کی قیمت نہ دے اور یہ شرط بھی نہ کی ہو کہ قیمت دینے میں تاخیر کرے گا تو بیچنے والا سودا فسخ کر سکتا ہے۔ اسے "خیار تاخیر" کہتے ہیں۔

۱۰... جس شخص نے کوئی جانور خریدا ہو وہ تین دن تک سودا فسخ کر سکتا ہے اور جو چیز اس نے بیچی ہو اگر اس کے عوض میں خریدار نے جانور دیا ہو تو جانور بیچنے والا بھی تین دن تک سودا فسخ کر سکتا ہے۔ اسے "خیار حیوان" کہتے ہیں۔

۱۱... بیچنے والے نے جو چیز بیچی ہو اگر اس کا قبضہ نہ دے سکے مثلاً جو گھوڑا اس نے بیچا ہو وہ بھاگ گیا ہو تو اس صورت میں خریدار سودا فسخ کر سکتا ہے۔ اسے "خیار تعذر تسلیم" کہتے ہیں۔ ان تمام اقسام کے بارے میں احکام آئندہ مسائل میں بیان کیئے جائیں گے۔

مسئلہ ۲۱۳۳ : اگر خریدار کو جنس کی قیمت کا علم نہ ہو یا سودا کرتے وقت غفلت برتے اور اس چیز کو عام قیمت سے مہنگا خریدے اور اتنا مہنگا خریدے کہ عام لوگ اسے اہمیت دیتے ہوں (یعنی بہت مہنگا سمجھتے ہوں) تو وہ سودا فسخ کر سکتا ہے۔ نیز اگر بیچنے والا جنس کی قیمت کا علم نہ رکھتا ہو یا سودا کرتے وقت غفلت برتے اور اس جنس کو اس کی قیمت سے سستا بیچے اور لوگ جتنا سستا اس نے بیچا ہے اسے اہمیت دیتے ہوں تو وہ سودا فسخ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۳۴ : "بیع شرط" کے سودے میں جب کہ مثال کے طور پر ہزار روپے کا مکان دو سو روپے میں بیچ دیا جائے اور طے کیا جائے کہ اگر بیچنے والا مقررہ مدت تک رقم واپس کر دے تو سودے کو فسخ کر سکتا ہے تو اگر خریدار اور بیچنے والا خرید و فروخت کی نیت رکھتے ہوں تو سودا [illegible] ہے۔

مسئلہ ۲۱۳۵ : "بیع شرط" کے سودے میں اگر بیچنے والے کو اطمینان ہو کہ خواہ وہ مقررہ مدت میں رقم واپس نہ بھی کرے خریدار املاک اسے واپس کر دے گا تو سودا صحیح ہے۔ لیکن اگر وہ مدت ختم

ہونے تک رقم واپس نہ کرے تو وہ خریدار سے املاک کی واپسی کا مطالبہ کرنے کا حق نہیں رکھتا اور اگر خریدار مرجائے تو اس کے ورثاء سے املاک کی واپسی کا مطالبہ نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۲۱۳۶ : اگر کوئی شخص بڑھیا چائے کو گھٹیا چائے سے ملا کر بڑھیا چائے کے نام سے بیچے تو خریدار سودا فسخ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۳۷ : اگر خریدار کو پتہ چلے کہ جو مال اس نے خریدا ہے وہ عیب دار ہے مثلاً ایک جانور خریدے اور (خریدنے کے بعد) اسے پتہ چلے کہ اس کی ایک آنکھ نہیں ہے اور ایسا عیب مال میں سودے سے پہلے ہو اور اسے علم نہ ہو تو وہ سودا فسخ کر سکتا ہے۔ اور اس مال کو بیچنے والے کو واپس کر سکتا ہے اور اگر واپس کرنا ممکن نہ ہو مثلاً اس مال میں کوئی تبدیلی ہو گئی ہو یا ایسا تصرف کر لیا گیا ہو جو واپسی سے مانع ہو تو اس صورت میں وہ بے عیب اور عیب دار مال کی قیمت کے فرق کا تعین کر کے بے عیب اور عیب دار کی قیمت کے فرق کی نسبت سے رقم بیچنے والے سے واپس لے لے مثلاً اگر اس نے کوئی مال چار روپے میں خریدا ہو اور اسے اس کے عیب دار ہونے کا علم ہو جائے تو اگر اس مال کے بے عیب ہونے کی صورت میں اس کی قیمت آٹھ روپے ہو اور عیب دار ہونے کی صورت میں چھ روپے ہو تو چونکہ بے عیب اور عیب دار کی قیمت کا فرق ایک چوتھائی ہے اس لیئے اس نے جتنی رقم دی ہے اس کا ایک چوتھائی یعنی ایک روپیہ بیچنے والے سے واپس لے لے۔

مسئلہ ۲۱۳۸ : اگر بیچنے والے کو پتہ چلے کہ اس نے جس چیز کے عوض اپنا مال بیچا ہے اس میں عیب ہے اور وہ عیب مال کے عوض میں دی گئی چیز میں سودے سے پہلے موجود ہو اور اسے علم ہو یا نہ ہو تو وہ سودا فسخ کر سکتا ہے اور جو کچھ اسے اس مال کے عوض میں ملا ہے اسے اس کے مالک کو واپس کر سکتا ہے اور اگر تبدیلی یا تصرف کی وجہ سے واپس نہ کر سکے تو بے عیب اور عیب دار کی قیمت کا فرق اس قاعدے کے مطابق حاصل کر سکتا ہے جس کا ذکر سابقہ مسئلے میں کیا گیا ہے۔

مسئلہ ۲۱۳۹ : اگر سودا کرنے کے بعد اور قبضہ دینے سے پہلے مال میں کوئی عیب پیدا ہو جائے تو خریدار سودا فسخ کر سکتا ہے، اور جو چیز مال کے عوض دی جائے اگر اس میں سودا کرنے کے بعد اور قبضہ دینے سے پہلے کوئی عیب پیدا ہو جائے تو بیچنے والا سودے کو فسخ کر سکتا ہے لیکن اگر فریقین قیمت کا فرق لینا چاہیں تو یہ جائز نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۱۴۰ : اگر کسی شخص کو مال کے عیب کا علم سودا کرنے کے بعد ہو تو یہ ضروری نہیں کہ وہ فوراً سودے کو فسخ کر دے بلکہ وہ بعد میں بھی سودا فسخ کرنے کا حق رکھتا ہے۔ اور دوسرے خیارات کے لیئے بھی یہی حکم ہے

○ ... لیکن اس کو اس قدر معاملے کے فسخ میں تاخیر نہیں کرنی چاہیئے کہ دوسری جانب کے لیئے ضرر کا باعث ہو۔

مسئلہ ۲۱۴۱ : اگر کسی شخص کو کوئی جنس خریدنے کے بعد اس کے عیب کا پتہ چلے تو خواہ بیچنے والا اس پر تیار نہ بھی ہو خریدار سودے کو فسخ کر سکتا ہے اور دوسرے خیارات کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۱۴۲ : چار صورتوں میں خریدار مال میں عیب ہونے کی بنا پر سودا فسخ نہیں کر سکتا اور نہ ہی قیمت کا فرق لے سکتا ہے۔

۱... یہ کہ خریدتے وقت مال کے عیب سے واقف ہو۔

۲... مال کے عیب کو قبول کرلے۔

۳... سودا کرتے وقت کہے "اگر مال میں عیب بھی ہو تو میں واپس نہیں کروں گا اور قیمت کا فرق بھی نہیں لوں گا۔"

۴... سودے کے وقت بیچنے والا کہے "میں اس مال کو جو عیب بھی اس میں ہے اس کے ساتھ بیچتا ہوں" لیکن اگر وہ ایک عیب کا تعین کر دے اور کہے کہ میں اس مال کو اس عیب کے ساتھ بیچ رہا ہوں اور بعد میں معلوم ہو کہ مال میں کوئی اور عیب بھی ہے تو جو عیب بیچنے والے نے معین نہ کیا ہو اس کی بنا پر خریدار وہ مال واپس کر سکتا ہے اور اگر واپس نہ کر سکے تو قیمت کا فرق لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۴۳ : اگر خریدار کو معلوم ہو کہ مال میں ایک عیب ہے اور اسے وصول کرنے کے بعد اس میں کوئی اور عیب ظاہر ہو جائے تو وہ سودا فسخ نہیں کر سکتا لیکن بے عیب اور عیب دار کے درمیان قیمت کا جو فرق ہو وہ لے سکتا ہے لیکن اگر وہ عیب دار حیوان خریدے اور خیار کی مدت (جو کہ تین دن ہے) گزرنے سے پہلے اس حیوان میں کوئی اور عیب ظاہر ہو جائے تو گو خریدار نے اسے اپنی تحویل میں

لیا ہو پھر بھی وہ اسے واپس کر سکتا ہے اور اگر فقط خریدار کو کچھ مدت تک معاملہ فسخ کرنے کا حق حاصل ہو اور اس مدت کے دوران میں مال میں کوئی دوسرا عیب ظاہر ہو جائے تو اگرچہ خریدار نے وہ مال اپنی تحویل میں لے لیا ہو وہ سودے کو فسخ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۴۴ : اگر کوئی شخص ایک ایسا مال رکھتا ہو جسے اس نے خود نہ دیکھا ہو اور کسی دوسرے شخص نے مال کی خصوصیات اسے بتائی ہوں اور وہ وہی خصوصیات خریدار کو بتائے اور وہ مال اس کے ہاتھ بیچ دے اور بعد میں اسے (یعنی مالک کو) پتہ چلے کہ وہ مال اس سے بہتر خصوصیات کا حامل ہے تو وہ سودا فسخ کر سکتا ہے۔

متفرق مسائل

مسئلہ ۲۱۴۵ : اگر بیچنے والا خریدار کو کسی جنس کی قیمت خرید بتائے تو اسے چاہئے کہ وہ تمام چیزیں بھی اسے بتائے جن کی وجہ سے مال کی قیمت گھٹتی بڑھتی ہے اگرچہ اسی قیمت پر (جس پر خریدا ہے) یا اس سے بھی کم قیمت پر بیچے۔ مثلاً اسے بتانا چاہئے کہ مال نقد خریدا ہے یا ادھار اور اگر مال کی کچھ خصوصیات نہ بتائے اور خریدار کو بعد میں علم ہو جائے تو وہ سودا فسخ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۴۶ : اگر انسان کوئی جنس کسی کو دے اور اس کی قیمت معین کر دے اور کہے۔ "یہ جنس اس قیمت پر بیچو اور اس سے زیادہ جتنی قیمت وصول کرو گے وہ تمہارے بیچنے کی اجرت ہو گی"۔ تو اس صورت میں وہ شخص اس قیمت سے زیادہ جتنی قیمت بھی وصول کرے وہ جنس کے مالک کا مال ہو گا۔ اور بیچنے والا مالک سے فقط اپنی محنت کی اجرت لے سکتا ہے لیکن اگر معاہدہ بطور جعالہ ہو اور مال کا مالک کہے کہ اگر تو نے یہ جنس اس قیمت سے زیادہ پر بیچی تو زیادتی تیرا مال ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۱۴۷ : اگر قصاب نر جانور کا گوشت کہہ کر مادہ کا گوشت بیچے تو وہ گنہگار ہو گا لہٰذا اگر وہ اس گوشت کو معین کر دے اور کہے کہ میں یہ نر جانور کا گوشت بیچ رہا ہوں تو خریدار سودا فسخ کر سکتا ہے اور اگر قصاب اس گوشت کو معین نہ کرے اور خریدار کو جو گوشت ملا ہو (یعنی مادہ کا گوشت) وہ اس پر راضی نہ ہو تو قصاب کو چاہئے کہ اسے نر جانور کا گوشت دے۔

مسئلہ ۲۱۴۸ : اگر خریدار بزاز سے کہے کہ مجھے ایسا کپڑا چاہئے جس کا رنگ زائل نہ ہو اور بزاز ایک ایسا کپڑا اس کے ہاتھ فروخت کرے جس کا رنگ زائل ہو جائے تو خریدار سودا فسخ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۴۹ : لین دین میں قسم کھانا اگر سچی ہو تو مکروہ ہے اور اگر جھوٹی ہو تو حرام ہے۔

شرکت کے احکام

مسئلہ ۲۱۵۰ : اگر دو شخص آپس میں شرکت کرنا چاہیں اور ان میں سے ہر ایک اپنے مال کی کچھ مقدار دوسرے کے مال سے اس طرح خلط ملط کر دے کہ وہ مال ایک دوسرے سے تمیز نہ کیئے جاسکیں۔ اور وہ اشخاص عربی یا کسی اور زبان میں شرکت کا صیغہ پڑھیں یا کوئی ایسا کام کریں جس سے پتہ چلے کہ وہ ایک دوسرے کے شریک بننا چاہتے ہیں تو ان کی شرکت صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۱۵۱ : اگر چند اشخاص اس مزدوری میں جو وہ اپنی محنت سے حاصل کرتے ہوں ایک دوسرے کے ساتھ شرکت کریں۔ مثلاً چند حجام آپس میں طے کریں کہ جو اجرت حاصل کریں گے اسے آپس میں تقسیم کر لیں گے تو ان کی شرکت صحیح نہیں ہے۔ اور اگر ایسا کیا تو ہر ایک اپنی حاصل شدہ اجرت کا مالک ہوگا اور اگر دونوں کی تحصیل کردہ اجرت کو تمیز کرنا مشکل ہو تو آپس میں مصالحت کریں اور جس طرح دونوں رضا مند ہوں دستیاب مال کو تقسیم کریں۔

مسئلہ ۲۱۵۲ : اگر دو اشخاص آپس میں اس طرح شرکت کریں کہ ان میں سے ہر ایک اپنی ذمہ داری پر جنس خریدے اور اس کی قیمت کی ادائیگی کا بھی خود ذمہ دار ہو لیکن جو جنس انہوں نے خریدی ہو اس کے نفع میں ایک دوسرے کے ساتھ شریک ہوں تو ایسی شرکت درست نہیں۔ البتہ اگر ان میں سے ہر ایک دوسرے کو اپنا وکیل بنائے تاکہ وہ اس کے لیئے ادھار میں جنس خریدے اور بعد میں ہر شریک کار جنس کو اپنے لیئے اور اپنے شریک کار کے لیئے خریدے جس کے لیئے دونوں ذمہ دار ہوں تو ایسی شرکت صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۱۵۳ : جو اشخاص شرکت کے ذریعے ایک دوسرے کے شریک کار بن جائیں ان کے لیئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہوں اور ارادے اور اختیار کے ساتھ شرکت کریں اور یہ بھی ضروری ہے

کہ وہ اپنے مال میں تصرف کر سکتے ہوں لہٰذا چونکہ سفیہ شخص (جو اپنا مال بیہودہ کاموں پر خرچ کرتا ہے) اپنے مال میں تصرف کا حق نہیں رکھتا اگر وہ کسی کے ساتھ شرکت کرے تو وہ شرکت صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۱۵۴ : اگر شرکت کے معاہدے میں یہ شرط لگائی جائے کہ جو شخص کام کرے گا یا اپنے شریک سے زیادہ کام کرے گا اس کو منفعت میں زیادہ حصہ ملے گا تو ضروری ہے کہ جیسا کیا گیا ہو متعلقہ شخص کو اس کے مطابق دیں لیکن اگر یہ شرط لگائی جائے کہ جو شخص کام نہیں کرے گا یا زیادہ کام نہیں کرے گا اسے منفعت کا زیادہ حصہ ملے گا تو اظہر یہ ہے کہ گو ان لوگوں کی شرکت صحیح ہے لیکن یہ شرط باطل ہے اور ان کے مابین منافع ان کے مال کی نسبت سے تقسیم کیا جائے گا۔

مسئلہ ۲۱۵۵ : اگر شرکاء یہ طے کریں کہ ساری منفعت کسی ایک شخص کی ہو گی یا سارا نقصان یا اس کا بیشتر حصہ ان میں سے کسی ایک شخص کو برداشت کرنا ہو گا تو شرکت صحیح ہے لیکن نفع اور نقصان ان کے مابین مال کی نسبت سے تقسیم ہو گا۔

مسئلہ ۲۱۵۶ : اگر شرکاء یہ طے نہ کریں کہ کسی ایک شریک کو زیادہ منفعت ملے گی اور اگر ان میں سے ہر ایک کا سرمایہ ایک جتنا ہو تو نفع اور نقصان بھی ان کے مابین برابر برابر تقسیم ہو گا اور اگر ان کا سرمایہ برابر برابر نہ ہو تو انہیں چاہئے کہ نفع اور نقصان سرمائے کی نسبت سے تقسیم کریں۔ مثلاً اگر دو افراد شرکت کریں اور ایک کا سرمایہ دوسرے کے سرمائے سے دگنا ہو تو نفع اور نقصان میں بھی اس کا حصہ دوسرے سے دگنا ہو گا خواہ دونوں ایک جتنا کام کریں یا ایک تھوڑا کام کرے یا کوئی کام بھی نہ کرے۔

مسئلہ ۲۱۵۷ : اگر شرکت کے معاہدے میں یہ طے کیا جائے کہ دونوں مل کر خرید و فروخت کریں گے یا ہر ایک انفرادی طور پر لین دین کرے گا یا ان میں سے فقط ایک شخص لین دین کرے گا تو انہیں چاہئے کہ اس معاہدے پر عمل کریں۔

مسئلہ ۲۱۵۸ : اگر شرکاء یہ معین نہ کریں کہ ان میں سے کون سرمائے کے ساتھ خرید و فروخت کرے گا تو ان میں سے کوئی بھی دوسرے کی اجازت کے بغیر اس سرمائے سے لین دین نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۲۱۵۹ : جو شریک شرکت کے سرمائے پر اختیار رکھتا ہو اسے چاہئے کہ شرکت کے

معاہدے پر عمل کرے مثلاً اگر اس سے طے کیا گیا ہو کہ ادھار خریدے گا یا نقد بیچے گا یا کسی خاص جگہ سے خریدے گا تو اسے چاہئے کہ جو طے ہوا ہو اس کے مطابق عمل کرے اور اگر اس کے ساتھ کچھ طے نہ ہوا ہو تو اسے چاہئے کہ معمول کے مطابق لین دین کرے تاکہ شرکت کو نقصان نہ ہو۔ نیز سفر میں شرکت کا مال اپنے ہمراہ نہ لے جائے۔

مسئلہ ۲۱۶۰ : جو شریک شرکت کے سرمائے سے سودے کرتا ہو جو کچھ اس کے ساتھ طے کیا گیا ہو اگر وہ اس کے برخلاف خرید و فروخت کرے یا اگر کچھ طے نہ کیا گیا ہو اور معمول کے خلاف سودا کرے تو ان دونوں صورتوں میں جہاں تک دوسرے شریک کے حصے کا تعلق ہے وہ سودا بے کار ہے لہٰذا اگر وہ اس سودے کی اجازت نہ دے تو اپنا عین مال اور عین مال کے تلف ہو جانے کی صورت میں اس کا عوض لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۶۱ : جو شریک شرکت کے سرمائے سے کاروبار کرتا ہو اگر وہ فضول خرچی نہ کرے اور سرمائے کی نگہداشت میں بھی کوتاہی نہ کرے اور پھر اتفاقاً" اس سرمائے کی کچھ مقدار یا سارا سرمایہ تلف ہو جائے تو وہ ذمہ دار نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۱۶۲ : جو شریک شرکت کے سرمائے سے کاروبار کرتا ہو اگر وہ کہے کہ سرمایہ تلف ہو گیا ہے اور حاکم شرع کے سامنے قسم کھالے تو اس کا کہنا مان لینا چاہئے۔ یعنی جو یہ کہتا ہے کہ مال تلف نہیں ہوا۔ یا اس مال کے باقی رہنے پر گواہ نہ ہوں اور یہی حکم ہے کہ وہ شریک کہ جس کے ہاتھ میں مال شراکت ہو اور دوسرے باہم متفق ہوں کہ مال تلف ہو گیا ہے لیکن جس کے ہاتھ میں مال نہیں تھا وہ دوسرے کو مال کی حفاظت میں کوتاہی کا الزام دے اور یہ صرف اس صورت میں ہے کہ جب دوسرے شخص کے سامنے قسم کھالے تو اس کا کہنا مان لینا چاہئے۔

مسئلہ ۲۱۶۳ : اگر تمام شریک اس اجازت سے جو انہوں نے ایک دوسرے کو مال میں تصرف کے لیئے دے رکھی ہو پھر جائیں تو ان میں سے کوئی بھی شرکت کے مال میں تصرف نہیں کر سکتا اور اگر ان میں سے ایک اپنی دی ہوئی اجازت سے پھر جائے تو دوسرے شرکاء کو تصرف کا کوئی حق نہیں لیکن جو شخص اپنی دی ہوئی اجازت سے پھر گیا ہو وہ شرکت کے مال میں تصرف کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۶۴ : جب شرکاء میں سے کوئی ایک تقاضا کرے کہ شرکت کا سرمایہ تقسیم کر دیا جائے تو

اگرچہ شرکت کی معینہ مدت میں سے کچھ باقی ہو' دوسروں کو اس کا کہنا مان لینا چاہئے ماسوا اس صورت کے کہ تقسیم شرکاء کے لیئے قابل ملاحظہ ضرر کا موجب ہو۔

مسئلہ ۲۱۶۵ : اگر شرکاء میں سے کوئی مرجائے یا دیوانہ ہو یا بے ہوش ہو جائے تو دوسرے شرکاء شرکت کے مال میں تصرف نہیں کر سکتے اور اگر ان میں سے کوئی سفیہ ہو جائے یعنی اپنا مال بیہودہ کاموں میں صرف کرے تو اس صورت میں بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۱۶۶ : اگر شریک اپنے لیئے کوئی چیز ادھار خریدے تو نفع اور نقصان اس کا مال ہے لیکن اگر وہ چیز شرکت کے لیئے خریدے اور دوسرا شریک اس کی اجازت دے دے مثلاً کہے کہ میں اس سودے پر راضی ہوں تو پھر نفع اور نقصان میں دونوں شریک ہوں گے۔

مسئلہ ۲۱۶۷ : اگر شرکت کے سرمائے سے کوئی معاملہ کیا جائے اور بعد میں پتہ چلے کہ شرکت باطل تھی تو اگر صورت یہ ہو کہ معاملہ کرنے کی اجازت میں شرکت کے صحیح ہونے کی قید نہ تھی یعنی اگرچہ شرکاء جانتے ہوتے کہ شرکت درست نہیں ہے تب بھی وہ ایک دوسرے کے مال میں تصرف پر راضی ہوتے تو معاملہ صحیح ہے اور جو کچھ اس معاملے سے حاصل ہو وہ ان سب کا مال ہے۔ اور اگر صورت یہ نہ ہو تو جو لوگ دوسروں کے تصرف پر راضی نہ ہوئے ہوں اگر وہ یہ کہہ دیں کہ ہم اس معاملے پر راضی ہیں تو معاملہ صحیح ہے ورنہ باطل ہے دونوں صورتوں میں ان میں سے جس نے بھی شرکت کے لیئے کام کیا ہو اگر اس نے بلامعاوضہ کام کرنے کے ارادے سے نہ کیا ہو تو وہ اپنی محنت کا معاوضہ معمول کے مطابق دوسرے شرکاء سے لے سکتا ہے۔

صلح کے احکام

مسئلہ ۲۱۶۸ : صلح سے مراد یہ ہے کہ انسان کسی دوسرے شخص کے ساتھ اس بات پر اتفاق کرے کہ اپنے مال سے یا اپنے مال کے منافع سے کچھ مقدار دوسرے کو دے دے یا اپنا قرض یا حق چھوڑ دے اور دوسرا بھی اس کے عوض اپنے مال یا منافع کی کچھ مقدار اسے دے دے یا قرض یا حق چھوڑ دے بلکہ اگر کوئی شخص عوض لیئے بغیر اپنا مال یا مال کی منفعت دوسرے کو دے دے یا قرض یا اپنا

حق چھوڑ دے تو بھی صلح صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۱۶۹ : جو شخص اپنا مال بطور صلح دوسرے کو دے اس کے لیئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہو اور صلح کا قصد رکھتا ہو اور کسی نے اسے صلح پر مجبور نہ کیا ہو یہ بھی ضروری ہے کہ وہ سفیہ نہ ہو۔

مسئلہ ۲۱۷۰ : صلح کا صیغہ عربی میں پڑھنا ضروری نہیں بلکہ جن الفاظ سے بھی یہ پتہ چلے کہ فریقین نے آپس میں صلح کی ہے صلح صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۱۷۱ : اگر کوئی شخص اپنی بھیڑیں چرواہے کو دے تاکہ وہ مثلاً ایک سال ان کی نگہداشت کرے اور ان کے دودھ سے استفادہ کرے اور گھی کی کچھ قیمت مالک کو دے تو اگر چرواہے کی محنت اور اس گھی کے مقابلے میں وہ شخص بھیڑوں کے دودھ پر صلح کر لے تو معاملہ صحیح ہے بلکہ اگر بھیڑیں چرواہے کو ایک سال کے لیئے اس شرط پر کرائے پر دے کہ وہ ان کے دودھ سے مستفید ہو اور اس کے عوض کچھ گھی دے دے تو یہ بھی صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۱۷۲ : اگر کوئی شخص اس قرض کے بدلے میں جو اس نے دوسرے سے لینا ہو اگر اپنے حق کے بدلے اس شخص سے صلح کرنا چاہے تو یہ صلح اس صورت میں صحیح ہے جب دوسرا اسے قبول کرے لیکن اگر کوئی شخص اپنے قرض یا حق سے دستبردار ہونا چاہئے تو دوسرے کا قبول کرنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۱۷۳ : اگر مقروض اپنے قرضے کی مقدار جانتا ہو اور قرض خواہ کو علم نہ ہو اور قرض خواہ نے جو کچھ لینا ہو اس سے کم پر صلح کرلے مثلاً اس نے پچاس روپے لینے ہوں اور دس روپے پر صلح کرلے تو باقی ماندہ رقم مقروض پر حلال نہیں ہے سوائے اس صورت کے کہ جو کچھ اس نے دینا ہو اس کے متعلق خود قرض خواہ کو بتائے اور اسے راضی کرلے یا صورت ایسی ہو کہ اگر قرض خواہ کو قرضے کی مقدار کا علم بھی ہوتا تب بھی اسی مقدار یعنی دس روپے پر صلح کرلیتا۔

مسئلہ ۲۱۷۴ : اگر دو اشخاص ایسی چیزوں سے جو ایک ہی جنس سے ہوں اور جن کے وزن معلوم ہوں آپس میں صلح کریں تو احتیاط واجب یہ ہے کہ ایک کا وزن دوسری سے زیادہ نہ ہو۔ اور اگر ان کا

وزن معلوم نہ ہو تو اگرچہ اس بات کا احتمال ہو کہ ایک کا وزن دوسری سے زیادہ ہے اور وہ صلح کر لیں تو صلح صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۱۷۵ : اگر دو اشخاص کو ایک شخص سے کچھ لینا ہو (یعنی قرضہ وغیرہ وصول کرنا ہو) یا دو اشخاص کو دوسرے دو اشخاص سے کچھ لینا ہو اور اپنی اپنی طلب پر ایک دوسرے سے صلح کرنا چاہتے ہوں اور دونوں کی طلب ایک ہی جنس کی اور ایک ہی وزن کی ہو مثلاً دونوں کو ایک دوسرے سے دس من گندم لینی ہو تو ان کی صلح صحیح ہے اور اگر ان کی طلب کی جنس ایک نہ ہو مثلاً ایک نے دس من چاول اور دوسرے نے بارہ من گندم لینی ہو تب بھی صلح صحیح ہے لیکن اگر ان کی طلب ایک ہی جنس کی ہو اور وہ ایسی ہو جس کا سودا عموماً تول کر یا ناپ کر کیا جاتا ہے تو اگر ان کا وزن یا پیمانہ یکساں نہ ہو تو ان کی صلح میں اشکال ہے۔

مسئلہ ۲۱۷۶ : اگر کسی شخص کو کسی دوسرے سے اپنا قرضہ کچھ مدت کے بعد واپس لینا ہو اور وہ مقروض کے ساتھ مقررہ مدت سے پہلے مقدار معین سے کم پر صلح کر لے اور اس کا مقصد یہ ہو کہ اپنے قرضے کا کچھ حصہ چھوڑ دے اور باقیماندہ مقدار نقد لے لے تو اس میں کوئی حرج نہیں اور یہ حکم اس صورت میں ہے کہ قرضہ سونے چاندی کی شکل میں یا کسی ایسی جنس کی شکل میں ہو جو ناپ یا تول کے ذریعے بیچی جاتی ہو اور اگر جنس اس قسم کی نہ ہو تو قرض خواہ کے لیئے جائز ہے کہ اپنے قرضے کی مقروض سے یا کسی اور شخص سے کمتر مقدار پر صلح کر لے یا اس قرضے کو بیچ ڈالے جیسا کہ مسئلہ ۲۲۹۷ میں بیان ہوگا۔

مسئلہ ۲۱۷۷ : اگر دو اشخاص کسی چیز پر آپس میں صلح کر لیں تو ایک دوسرے کی رضامندی سے اس صلح کو توڑ سکتے ہیں نیز اگر سودے کے سلسلے میں دونوں کو یا کسی ایک کو سودا فسخ کرنے کا حق دیا گیا ہو تو جو شخص وہ حق رکھتا ہو وہ صلح فسخ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۷۸ : جب تک خریدار اور بیچنے والا اس مجلس سے جدا نہ ہو گئے ہوں جس میں سودا طے پایا ہے وہ اس سودے کو فسخ کر سکتے ہیں۔ نیز اگر خریدار ایک جانور خریدے تو وہ تین دن تک سودا فسخ کرنے کا حق رکھتا ہے اسی طرح اگر ایک خریدار خریدی ہوئی جنس کی قیمت تین دن تک نہ دے اور جنس کو اپنی تحویل میں نہ لے تو بیچنے والا سودے کو فسخ کر سکتا ہے لیکن جو شخص کسی مال پر صلح کر دے

وہ ان تینوں صورتوں میں صلح فسخ کرنے کا حق نہیں رکھتا۔ لیکن اگر صلح کا دوسرا فریق مصالحت کا مال دینے میں غیر معمولی تاخیر کرے یا یہ شرط رکھی گئی ہو کہ مصالحت کا مال نقد دیا جائے اور دوسرا فریق اس شرط پر عمل نہ کرے تو اس صورت میں صلح فسخ کی جاسکتی ہے اور اسی طرح باقی صورتوں میں بھی جن کا ذکر خرید و فروخت کے احکام میں آیا ہے صلح فسخ کی جاسکتی ہے۔

مسئلہ ۲۱۷۹ : جو چیز بذریعہ صلح ملے اگر وہ عیب دار ہو تو صلح فسخ کی جاسکتی ہے لیکن اگر متعلقہ شخص بے عیب اور عیب دار کے مابین قیمت کا فرق لینا چاہے تو اس میں اشکال ہے۔

مسئلہ ۲۱۸۰ : اگر کوئی شخص اپنے مال کے ذریعے دوسرے سے صلح کرے اور اس کے ساتھ شرط ٹھہرائے کہ جس چیز پر میں نے تجھ سے صلح کی ہے میرے مرنے کے بعد مثلاً تو اسے وقف کر دے گا اور دوسرا شخص بھی اس کو قبول کرلے تو اسے چاہئے کہ اس شرط پر عمل کرے۔

اجارہ (کرایہ) کے احکام

مسئلہ ۲۱۸۱ : کوئی چیز کرایہ پر دینے والے اور کرایہ پر لینے والے کے لئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہوں اور کرایہ لینے یا کرایہ دینے کا کام اپنے اختیار سے سرانجام دیں۔ اور یہ بھی ضروری ہے کہ اپنے مال میں تصرف کا حق رکھتے ہوں لہٰذا چونکہ سفیہ اپنے مال میں تصرف کرنے کا حق نہیں رکھتا اس لئے اگر وہ کوئی چیز کرایہ پر دے یا کرایہ پر لے تو ایسا اجارہ صحیح نہیں ہوگا۔

مسئلہ ۲۱۸۲ : انسان دوسرے کی طرف سے وکیل بن کر اس کا مال کرائے پر دے سکتا ہے یا کوئی مال اس کے لئے کرایہ پر لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۸۳ : اگر بچے کا ولی یا سرپرست اس کا مال کرائے پر دے دے یا خود اسے کسی دوسرے شخص کا اجیر مقرر کر دے تو کوئی حرج نہیں اور اگر بچے کے بالغ ہونے کے بعد کی کچھ مدت کو بھی اجارے کی مدت کا حصہ قرار دیا جائے تو بچہ بالغ ہونے کے بعد باقی ماندہ اجارہ فسخ کر سکتا ہے لیکن اگر صورت یہ ہو کہ اگر بچے کے بالغ ہونے کی مدت کی کچھ مقدار کو اجارہ کی مدت کا حصہ نہ بنایا جاتا تو یہ بچے کے لئے قرین مصلحت نہ ہوتا تو بچہ اپنے مال کے اجارہ کو فسخ نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۲۱۸۴ : جس نابالغ بچے کا ولی نہ ہو اسے مجتہد کی اجازت کے بغیر اجیر نہیں بنایا جاسکتا (یعنی مزدوری پر نہیں لگایا جا سکتا) اور جس شخص کی دسترس مجتہد تک نہ ہو وہ چند ایسے مومن افراد کی اجازت لے کر جو عادل ہوں اس بچے کو اجیر بنا سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۸۵ : اجارہ دینے والے اور اجارہ لینے والے کے لیئے ضروری نہیں کہ صیغہ عربی زبان میں پڑھیں بلکہ اگر کسی چیز کا مالک دوسرے کو کہے کہ میں نے اپنا مال تمہیں اجارہ پر دیا اور دوسرا کہے کہ میں نے قبول کیا تو اجارہ صحیح ہے۔ نیز اگر وہ منہ سے کچھ بھی نہ کہیں اور مالک اپنا مال اجارہ کے قصد سے مستاجر کے سپرد کر دے اور وہ بھی اجارہ پر لینے کے قصد سے لے لے تو اجارہ صحیح ہوگا۔

مسئلہ ۲۱۸۶ : اگر کوئی شخص چاہے کہ اجارہ کا صیغہ پڑھے بغیر کوئی کام کرنے کے لیئے اجیر بن جائے تو جونہی وہ کام کرنے میں مشغول ہو جائے گا اجارہ صحیح ہو جائے گا۔

مسئلہ ۲۱۸۷ : جو شخص بول نہ سکتا ہو اگر وہ اشارے سے سمجھا دے کہ اس نے کوئی املاک اجارے پر دی ہے یا اجارے پر لی ہے تو اجارہ صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۱۸۸ : اگر کوئی شخص مکان یا دکان یا کمرہ اجارے یعنی کرائے پر لے اور اس جائیداد کا مالک یہ شرط لگائے کہ صرف وہ خود اس سے استفادہ کر سکتا ہے تو مستاجر اسے کسی دوسرے کو استعمال کے لیئے اجارہ پر نہیں دے سکتا۔ بجز اس کے کہ وہ نیا اجارہ اس طرح ہو کہ اس کے فوائد بھی خود مستاجر سے مخصوص ہوں۔ مثلاً ایک عورت ایک مکان یا کمرہ کرائے پر لے اور بعد میں شادی کر لے اور کمرہ یا مکان اپنی رہائش کے لیئے کرایہ پر دے دے (یعنی شوہر کو کرایہ پر دے دے کیونکہ بیوی کی رہائش کا انتظام بھی شوہر کی ذمہ داری ہے) اور اگر مالک ایسی کوئی شرط نہ لگائے تو مستاجر اسے دوسرے کو کرائے پر دے سکتا ہے لیکن اگر وہ یہ چاہے کہ جتنے کرائے پر لیا ہے اس سے زیادہ مقدار کے لیئے کرائے پر دے تو ضروری ہے کہ اس نے مرمت اور سفیدی وغیرہ کرائی ہو یا اس جنس کے علاوہ کسی اور جنس کے بدلے کرائے پر دے جس پر اس نے خود اسے کرائے پر لیا ہے۔ مثلاً اگر روپے کے بدلے کرائے پر لیا ہے تو گندم یا کسی اور چیز کے بدلے کرائے پر دے اور بنا بر احتیاط واجب کشتی کے لیئے بھی وہی حکم ہے جو مکان کے لیئے ہے۔

مسئلہ ۲۱۸۹ : اگر اجیر مستاجر سے شرط طے کرے کہ وہ فقط اسی کا کام کرے گا تو بجز اس صورت کے جس کا ذکر سابقہ مسئلے میں کیا گیا ہے اس اجیر کو کسی دوسرے شخص کو بطور اجارہ نہیں دیا جا سکتا اور اگر اجیر ایسی کوئی شرط نہ لگائے اور مستاجر اسے اسی چیز پر اجارہ پر دے جو اس کی اجرت قرار پائی ہے تو اسے (یعنی مستاجر کو) چاہئے کہ اس سے زیادہ نہ لے اور اگر کسی اور چیز کے بدلے اجارہ پر دے تو زیادہ لے سکتا ہے اور اگر کوئی شخص خود کسی کا اجیر بن جائے اور کسی دوسرے شخص کو وہ کام کرنے کے لیئے کم اجرت پر رکھ لے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے (یعنی وہ اسے کم اجرت پر نہیں رکھ سکتا) لیکن اگر اس نے کام کی کچھ مقدار خود سرانجام دی ہو تو پھر دوسرے کو کم اجرت پر بھی رکھ سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۱۹۰ : اگر کوئی شخص مکان، دکان، کمرے اور اجیر کے علاوہ کوئی اور چیز مثلاً زمین کرائے پر لے اور زمین کا مالک اس سے یہ شرط نہ کرے کہ صرف وہ خود ہی اس سے استفادہ کر سکتا ہے تو جس مقدار پر اس نے وہ چیز کرائے پر لی ہو اگر اس سے زیادہ پر کسی اور کو کرائے پر دے دے تب بھی کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۱۹۱ : اگر کوئی شخص مکان یا دکان مثال کے طور پر ایک سال کے لیئے سو روپیہ پر کرائے پر لے اور اس کا آدھا حصہ خود استعمال کرے تو دوسرا حصہ سو روپیہ کرائے پر چڑھا سکتا ہے لیکن اگر وہ چاہے کہ مکان یا دکان کا آدھا حصہ اس سے زیادہ کرائے پر چڑھا دے جس پر اس نے خود وہ دکان یا مکان کرایہ پر لیا ہے مثلاً ۱۲۰ روپے کرایہ پر دے دے تو ضروری ہے کہ اس نے اس میں مرمت وغیرہ کا کام سرانجام دیا ہو۔

کرائے پر دیئے جانے والے مال کی شرائط

مسئلہ ۲۱۹۲ : جو مال اجارے پر دیا جائے اس میں چند شرائط پائی جانی چاہئیں۔

۱ ... وہ مال معلوم ہو۔ لہٰذا اگر کوئی شخص کہے کہ میں نے تجھے اپنے مکانات میں سے ایک کرائے پر دیا تو بھی درست ہے۔

۲ ... مستاجر یعنی کرائے پر لینے والا اس مال کو دیکھ لے یا اجارے پر دینے والا شخص اپنے مال کی خصوصیات اس طرح بیان کرے کہ اس کے بارے میں پوری اطلاع حاصل ہو جائے۔

۳... اجارہ پر دیئے جانے والے مال کو دوسرے فریق کے سپرد کرنا ممکن ہو لہٰذا اس گھوڑے کو اجارے پر دینا جو بھاگ گیا ہو باطل ہے۔

۴... یہ کہ اس مال سے استفادہ کرنا اس کے ختم یا کالعدم ہو جانے پر موقوف نہ ہو لہٰذا روٹی میووں اور دوسری خوردنی اشیاء کو کرائے پر دینا درست نہیں ہے۔

۵... مال سے وہ فائدہ اٹھانا ممکن ہو جس کے حصول کے لیئے اسے کرایہ پر دیا جائے لہٰذا ایسی زمین کا زراعت کے لیئے کرائے پر دینا جس کے لیئے بارش کا پانی کافی نہ ہو اور وہ نہر کے پانی سے سیراب نہ ہوتی ہو صحیح نہیں ہے۔

۶... جو چیز کرائے پر دی جارہی ہو وہ کرائے پر دینے والے کا اپنا مال ہو اور اگر کسی دوسرے کا مال کرائے پر دیا جائے تو معاملہ اس صورت میں صحیح ہے کہ جب اس مال کا مالک رضامند ہو۔

مسئلہ ۲۱۹۳ : جس درخت میں بالفعل میوہ نہ لگا ہوا ہو اس کا اس مقصد سے کرائے پر دینا کہ اس کے پھل سے استفادہ کیا جائے درست ہے اور ایک جانور کو اس کے دودھ کے لیئے کرائے پر دینے کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۱۹۴ : عورت اس مقصد کے لیئے اجیر بن سکتی ہے کہ اس کے دودھ سے فائدہ اٹھایا جائے (یعنی کسی دوسرے کے بچے کو اجرت پر دودھ پلاسکتی ہے) اور ضروری نہیں کہ وہ اس مقصد کے لیئے شوہر سے اجازت لے لیکن اگر اس کے دودھ پلانے سے شوہر کی حق تلفی ہوتی ہو تو پھر اس کی اجازت کے بغیر عورت اجیر نہیں بن سکتی۔ اور اسی طرح اگر عورت کا اجیر بننے کے سبب اس کو گھر سے باہر جانا پڑے گا اس کو شوہر سے اجازت لینی ہو گی۔

اجارہ پر دیئے جانے والے مال سے استفادہ کی شرائط

مسئلہ ۲۱۹۵ : جس استفادہ کے لیئے مال اجارہ پر دیا جاتا ہے اس کی چار شرائط ہیں۔

۱... یہ کہ استفادہ کرنا حلال ہو لہٰذا دکان کا شراب بیچنے ذخیرہ کرنے کے لیئے کرایہ پر دینا اور حیوان کو شراب کی حمل و نقل کے لیئے کرایہ پر دینا باطل ہے۔

۲... یہ کہ وہ عمل شرع کی نظر میں بلا معاوضہ سرانجام دینا واجب نہ ہو لہٰذا فرائض یومیہ یا

مردوں کی تجہیز کے لیئے اجیر بننا (یعنی اجرت لے کر یہ کام سرانجام دینا) جائز نہیں ہے اور احتیاط کی بنا پر معتبر ہے کہ اس استفادہ کے لیئے رقم دینا لوگوں کی نظروں میں فضول نہ ہو۔

۳... جو چیز کرائے پر دی جائے اگر اس سے کئی فائدے اٹھائے جا سکتے ہوں تو جو فائدہ اٹھانے کی مستاجر کو اجازت ہو اسے معین کرنا چاہیے۔ مثلاً ایک ایسا جانور کرائے پر دیا جائے جس پر سواری بھی کی جا سکتی ہو اور مال بھی لادا جا سکتا ہو تو اسے کرایہ پر دیتے وقت اس امر کا یقین کر لینا چاہئے کہ آیا مستاجر اسے فقط سواری کے لیئے یا فقط باربرداری کے لیئے استعمال کر سکتا ہے یا اس سے ہر قسم کا استفادہ کر سکتا ہے۔

۴... استفادہ کرنے کی مدت کا تعین کر لیا جائے اور اگر مدت معلوم نہ ہو لیکن عمل معین کر دیا جائے مثلاً درزی کے ساتھ معاہدہ کر لیا جائے کہ وہ ایک معین لباس ایک مخصوص طرز پر سے گا تو یہ کافی ہے۔

مسئلہ ۲۱۹۶ : اگر اجارہ کی مدت کے شروع ہونے کا تعین نہ کیا جائے تو اس کے شروع ہونے کا وقت اجارہ کا صیغہ پڑھنے کے بعد سے ہوگا۔

مسئلہ ۲۱۹۷ : مثال کے طور پر اگر ایک مکان ایک سال کے لیئے کرائے پر دیا جائے اور معاہدے کی ابتدا کا وقت صیغہ پڑھنے سے ایک مہینہ بعد سے مقرر کیا جائے تو اجارہ صحیح ہے اگرچہ جب صیغہ پڑھا جا رہا ہو وہ مکان کسی دوسرے کے پاس کرائے پر ہو۔

مسئلہ ۲۱۹۸ : اگر اجارے کی مدت کا تعین نہ کیا جائے بلکہ مستاجر سے یہ کہا جائے کہ جب تک تم اس مکان میں رہو گے دس روپے ماہوار کرایہ دو گے تو اجارہ صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۱۹۹ : اگر مکان کا مالک مستاجر سے کہے کہ میں نے تجھے یہ مکان دس روپے ماہوار کرائے پر دیا یا یہ کہے کہ یہ مکان میں نے تجھے ایک مہینہ کے لیئے دس روپے کرایہ پر دیا اور اس کے بعد بھی تم جتنی مدت اس میں رہو گے اس کا کرایہ دس روپے ماہانہ ہوگا تو اس صورت میں جب اجارے کی مدت کی ابتدا کا تعین کر لیا جائے یا اس کی ابتدا کا علم ہو پہلے مہینے کا اجارہ صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۲۰۰ : جس مکان میں مسافر اور زوار قیام کرتے ہوں اور یہ علم نہ ہو کہ وہ کتنی مدت

وہاں رہیں گے اگر وہ مالک مکان سے طے کر لیں کہ مثلاً ایک رات کا ایک روپیہ دیں گے اور مالک مکان اس پر راضی ہو جائے تو اس مکان سے استفادہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن چونکہ اجارہ کی مدت طے نہیں کی گئی لہٰذا پہلی رات کے علاوہ اجارہ صحیح نہیں ہے اور مالک مکان پہلی رات کے بعد جب بھی چاہے انہیں نکال سکتا ہے۔

اجارہ (کرایہ) کے مختلف مسائل

مسئلہ ۲۲۰۱ : جو مال مستاجر اجرت کے طور پر دے رہا ہو وہ مال معلوم ہونا چاہئے۔ لہٰذا اگر ایسی چیزیں ہوں جن کا لین دین تول کر کیا جاتا ہے (مثلاً گندم) تو ان کا وزن معلوم ہونا چاہئے اور اگر ایسی چیزیں ہوں جن کا لین دین گن کر کیا جاتا ہے (مثلاً رائج الوقت سکے) تو ان کی تعداد معین ہونی چاہئے اور اگر وہ چیزیں گھوڑے اور بھیڑ کی طرح ہوں تو ضروری ہے کہ کرایہ پر لینے والا انہیں دیکھ لے یا مستاجر ان کی خصوصیات بتا دے۔

مسئلہ ۲۲۰۲ : اگر زمین زراعت کے لئے اجارہ پر دی جائے اور اس کی اجرت اسی زمین کی یا کسی اور زمین کی پیداوار قرار دی جائے جو اس وقت موجود نہ ہو تو اجارہ صحیح نہیں ہے اور اگر اجرت کا مال اجارہ کرتے وقت موجود ہو تو پھر کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۲۰۳ : جس شخص نے کوئی چیز کرائے پر دی ہو وہ اس چیز کو کرایہ دار کی تحویل میں دینے سے پہلے کرائے کا مطالبہ کرنے کا حق نہیں رکھتا اور اگر کوئی شخص کوئی کام سرانجام دینے کے لئے اجیر بنا ہو تو جب تک وہ کام سرانجام نہ دے دے اجرت کا مطالبہ کرنے کا حق نہیں رکھتا۔

مسئلہ ۲۲۰۴ : اگر کوئی شخص کرائے پر دی گئی چیز کرایہ دار کی تحویل میں دے دے تو اگرچہ کرایہ دار اس چیز پر قبضہ نہ کرے یا قبضہ کر لے لیکن اجارہ ختم ہونے تک اس سے فائدہ نہ اٹھائے پھر بھی اسے چاہئے کہ مالک کو اجرت ادا کرے۔

مسئلہ ۲۲۰۵ : اگر کوئی شخص کوئی کام ایک معینہ دن کو سرانجام دینے کے لئے اجیر بن جائے (یعنی اجرت پر وہ کام کرنا منظور کر لے) اور اس دن وہ کام کرنے کے لئے تیار ہو جائے تو جس شخص

نے اسے اجیر بنایا ہے خواہ وہ اس دن اس سے کام نہ لے اس کے لیئے ضروری ہے کہ اس کی اجرت اسے دے دے۔ مثلاً اگر کسی درزی کو ایک معینہ دن لباس سینے کے لیئے اجیر بنایا جائے اور درزی اس دن کام کرنے پر تیار ہو تو اگرچہ مالک اسے سینے کے لیئے کپڑا نہ دے تب بھی اسے چاہئے کہ فوراً اسے اس کی مزدوری دے دے۔ قطع نظر اس سے کہ درزی بیکار رہا ہو یا اس نے اپنا یا کسی دوسرے کا کام کیا ہو۔

مسئلہ ۲۲۰۶ : اگر اجارہ کی مدت ختم ہو جانے کے بعد معلوم ہو کہ اجارہ باطل تھا تو مستاجر کو چاہئے کہ عام طور پر اس چیز کا جو کرایہ ہوتا ہے مال کے مالک کو دے دے مثلاً اگر وہ ایک مکان سو روپے کرایہ پر ایک سال کے لیئے لے اور بعد میں اسے پتہ چلے کہ اجارہ باطل تھا تو اگر اس مکان کا کرایہ عام طور پر پچاس روپے ہو تو اسے چاہئے کہ پچاس روپے دے اور اگر اس کا کرایہ عام طور پر دو سو روپے ہو تو اگر مکان کرایہ پر دینے والا مالک مکان یا اس کا وکیل ہو تو ضروری نہیں ہے کہ مستاجر سو روپے سے زیادہ دے اور اگر ان کے علاوہ کوئی اور شخص ہو تو مستاجر دو سو روپے دے اور اگر اجارے کی کچھ مدت گزرنے کے بعد معلوم ہو کہ اجارہ باطل تھا تو جو مدت گزر چکی ہو اس پر بھی یہی حکم جاری ہو گا۔

مسئلہ ۲۲۰۷ : جس چیز کو اجارہ پر لیا گیا ہو اگر وہ تلف ہو جائے اور مستاجر نے اس کی نگہداشت میں کوتاہی نہ برتی ہو اور اس سے فائدہ اٹھانے میں بھی افراط سے کام نہ لیا ہو تو پھر وہ اس چیز کے تلف ہونے کا ذمہ دار نہیں ہے۔ اسی طرح مثال کے طور پر اگر درزی کو دیا گیا کپڑا تلف ہو جائے تو اگر درزی نے بے اعتدالی نہ کی ہو اور کپڑے کی نگہداشت میں بھی کوتاہی نہ برتی ہو تو اس کے لیئے کپڑے کا عوض دینا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۲۰۸ : جو چیز کسی کاریگر نے لی ہو اگر وہ اسے ضائع کر دے تو ذمہ دار ہے۔

مسئلہ ۲۲۰۹ : اگر قصاب کسی جانور کا سر کاٹ ڈالے اور اسے حرام کر دے تو خواہ اس نے مزدوری لی ہو یا بلا معاوضہ ذبح کیا ہو اسے چاہئے کہ جانور کی قیمت اس کے مالک کو ادا کرے۔

مسئلہ ۲۲۱۰ : اگر کوئی شخص کوئی جانور کرائے پر لے اور معین کرے کہ کتنا بوجھ اس پر لادے گا

تو اگر وہ اس پر اس مقدار سے زیادہ بوجھ لادے اور اس وجہ سے جانور مرجائے یا عیب دار ہو جائے تو مستاجر ذمہ دار ہے نیز اگر اس نے بوجھ کی مقدار معین نہ کی ہو اور معمول سے زیادہ بوجھ جانور پر لادے اور جانور تلف ہو جائے یا عیب دار ہو جائے تب بھی مستاجر ذمہ دار ہے اور دونوں صورتوں میں مستاجر کے لیئے یہ بھی ضروری ہے کہ معمول سے زیادہ اجرت ادا کرے۔

مسئلہ ۲۲۱۱ : اگر کوئی شخص حیوان کو ایسا سامان لادنے کے لیئے کرائے پر دے جو ٹوٹنے والا ہو اور جانور پھسل جائے یا بھاگ کھڑا ہو اور سامان کو توڑ پھوڑ دے تو جانور کا مالک ذمہ دار نہیں ہے ہاں اگر مالک جانور کو مارے یا ایسا ہی کوئی اور فعل کرے جس کی وجہ سے جانور گر جائے اور لدا ہوا سامان توڑ دے تو مالک ذمہ دار ہے۔

مسئلہ ۲۲۱۲ : اگر کوئی شخص بچے کا ختنہ کرے اور بچہ اس کی وجہ سے مرجائے تو خواہ جو گوشت کاٹا ہو وہ معمول سے زیادہ ہو یا نہ ہو ختنہ کرنے والا ذمہ دار ہے لیکن اگر بچے کو ضرر پہنچے (یعنی بچہ مرے نہیں) تو اگر معمول سے زیادہ گوشت کاٹا ہو تو ذمہ دار ہے لیکن اگر معمول سے زیادہ نہ کاٹا ہو تو پھر اس کے ذمہ دار ہونے میں اشکال ہے اور احوط یہ ہے کہ صلح کی جانب رجوع کیا جائے یعنی مصالحت کر لی جائے۔

مسئلہ ۲۲۱۳ : جب ایک ڈاکٹر اپنے ہاتھ سے کسی مریض کو دوا دے تو اگر وہ علاج میں غلطی کرے اور مریض کو ضرر پہنچے یا وہ مرجائے تو ڈاکٹر ذمہ دار ہے ہاں اگر ڈاکٹر کہے کہ فلاں دوا فلاں مرض کے لیئے مفید ہے اور وہ دوا کھانے کی وجہ سے مریض کو ضرر پہنچے یا وہ مرجائے تو (ڈاکٹر) ذمہ دار نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۲۱۴ : جب ڈاکٹر مریض سے کہہ دے کہ اگر تجھے کوئی ضرر پہنچا تو میں ذمہ دار نہیں ہوں تو اگر ڈاکٹر احتیاط سے کام لے اور پھر بھی مریض کو ضرر پہنچے یا وہ مرجائے تو اگرچہ ڈاکٹر نے اسے اپنے ہاتھ سے دوا دی ہو تاہم وہ (یعنی ڈاکٹر) ذمہ دار نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۲۱۵ : جس شخص نے کوئی چیز اجارے پر دی ہو وہ اور مستاجر ایک دوسرے کی رضامندی سے اجارہ فسخ کر سکتے ہیں اور اگر اجارے میں یہ شرط عائد کریں کہ وہ دونوں یا ان میں سے ایک معاملے

کو فسخ کرنے کا حق رکھتا ہے تو وہ معاہدے کے مطابق اجارہ فسخ کر سکتے ہیں۔

مسئلہ ۲۲۱۶ : اگر مال اجارہ پر دینے والے یا مستاجر کو پتہ چلے کہ وہ گھاٹے میں رہا ہے اگر اجارہ کرنے کے وقت وہ اس امر کی جانب متوجہ نہ تھا کہ وہ گھاٹے میں ہے تو وہ اجارہ فسخ کر سکتا ہے لیکن اگر اجارے کے صیغے میں یہ شرط عائد کی جائے کہ اگر ان میں سے کوئی گھاٹے میں بھی رہے گا تو اسے اجارہ فسخ کرنے کا حق نہیں ہوگا تو پھر وہ اجارہ فسخ نہیں کر سکتے۔

مسئلہ ۲۲۱۷ : اگر کوئی شخص کوئی چیز اجارے پر دے اور اس سے پیشتر کہ اس کا قبضہ مستاجر کو دے کوئی اور شخص اس چیز کو غصب کر لے تو مستاجر اجارہ فسخ کر سکتا ہے اور جو چیز اس نے اجارہ پر دینے والے کو دی ہو اسے واپس لے سکتا ہے یا یہ بھی کر سکتا ہے کہ اجارہ فسخ نہ کرے اور جتنی مدت وہ چیز غاصب کے پاس رہی ہو اس کی عام طور پر جتنی اجرت بنے وہ غاصب سے طلب کر لے۔ لہٰذا اگر مستاجر ایک حیوان کا ایک مہینے کا اجارہ دس روپے کے عوض کرے اور کوئی شخص اس حیوان کو دس دن کے لیئے غصب کر لے اور عام طور پر اس کا دس دن کا اجارہ پندرہ روپے ہو تو مستاجر پندرہ روپے غاصب سے لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۲۱۸ : اگر مستاجر اجارہ کردہ چیز کو اپنی تحویل میں لے چکا ہو اور اس کے بعد کوئی اور شخص اس چیز کو غصب کر لے تو مستاجر اجارہ فسخ نہیں کر سکتا ہے اور صرف یہ حق رکھتا ہے کہ اس چیز کا عام طور پر جتنا کرایہ بنتا ہو وہ غاصب سے حاصل کر لے۔

مسئلہ ۲۲۱۹ : اگر اجارہ کی مدت ختم ہونے سے پہلے مالک اپنا مال مستاجر کی ہاتھ بیچ ڈالے تو اجارہ فسخ نہیں ہوتا اور مستاجر کو چاہیئے کہ اس چیز کا کرایہ مالک کو دے اور اگر مالک وہ مستاجر کی علاوہ کسی اور شخص کے ہاتھ بیچ دے تب بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۲۲۰ : اگر اجارہ کی مدت شروع ہونے سے پہلے اجارہ کا مال اس طرح خراب ہو جائے کہ بالکل استفادہ کرنے کے قابل نہ رہے یا اس طرح استفادہ کرنے کے قابل نہ رہے جیسے کہ طے کیا گیا ہو تو اجارہ باطل ہو جاتا ہے اور مستاجر اجارہ کی رقم مالک سے واپس لے سکتا ہے اور اگر صورت یہ ہو کہ اس مال سے تھوڑا سا استفادہ کیا جا سکتا ہو تو مستاجر اجارہ فسخ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۲۲۱ : اگر کوئی شخص کوئی چیز اجارہ پر لے اور کچھ مدت گزرنے کے بعد اجارہ کمال اس طرح خراب ہو جائے کہ بالکل قابل استفادہ نہ رہے یا جو استفادہ طے کیا گیا ہو اس کے قابل نہ رہے تو باقی ماندہ مدت کے لیئے اجارہ باطل ہو جاتا ہے اور مستاجر گزری ہوئی مدت کا اجارہ "اجرۃ المثل" (یعنی جتنے دن وہ چیز استعمال کی ہو اتنے دنوں کی عام اجرت) دے کر اجارہ فسخ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۲۲۲ : اگر کوئی شخص کوئی ایسا مکان کرائے پر دے جس کے مثلاً دو کمرے ہوں اور ان میں سے ایک کمرہ خراب ہو جائے لیکن وہ فوراً اس کی مرمت کرا دے اور اس سے جو فائدہ اٹھایا جا سکتا ہو اس میں کوئی فرق نہ پڑے تو اجارہ باطل نہیں ہوتا اور مستاجر بھی اسے فسخ نہیں کر سکتا لیکن اگر اس کمرے کی مرمت میں اتنا وقت لگ جائے کہ مستاجر کو اس سے جو استفادہ کرنا ہو اس کی کچھ مقدار ضائع ہو جائے تو اس مقدار کی حد تک اجارہ باطل ہو جائے گا اور مستاجر ساری مدت کے لیئے اجارہ فسخ کر سکتا ہے اور جتنے دن استفادہ کیا ہو اس کی "اجرۃ المثل" دے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۲۲۳ : اگر مال اجارہ پر دینے والا یا مستاجر مرجائے تو اجارہ باطل نہیں ہوتا ہاں اگر اجارہ پر دینے والے کا مکان اپنا نہ ہو مثلاً کسی دوسرے شخص نے وصیت کی ہو کہ جب تک وہ (اجارہ پر دینے والا) زندہ ہے مکان کی آمدنی اس کا مال ہو گا۔ تو اگر وہ مکان کرائے پر دے دے اور اجارہ کی مدت ختم ہونے سے پہلے مرجائے تو اس کے مرنے کے وقت سے اجارہ باطل ہو گا۔ اور اگر موجود مالک اس اجارہ کو نافذ کر دے تو اجارہ صحیح ہے اور اجارہ پر دینے والے کی موت کے بعد اجارہ کی جو مدت باقی ہو گی اس کی اجرت اس شخص کو ملے گی جو موجودہ مالک ہو۔

مسئلہ ۲۲۲۴ : اگر کوئی کام کرانے والا شخص کسی معمار کو اس مقصد سے وکیل بنائے کہ وہ اس کے لیئے کاریگر مہیا کر دے تو اگر معمار نے جو کچھ اس شخص سے لے لیا ہے کاریگروں کو اس سے کم دے تو زائد مال اس پر حرام ہے اور اسے چاہئے کہ وہ رقم مالک کو واپس کر دے لیکن اگر معمار اجیر بن جائے کہ عمارت کو مکمل کر دے گا اور وہ اپنے لیئے یہ اختیار حاصل کر لے کہ خود بنائے گا یا دوسرے سے بنوائے گا تو اس صورت میں کہ کچھ کام خود کرے اور باقی ماندہ دوسروں سے اس اجرت سے کم اجرت پر کرائے جس پر خود اجیر بنا ہے زائد رقم اس کے لیئے حلال ہو گی۔

مسئلہ ۲۲۲۵ : اگر رنگریز اقرار کرے کہ مثلاً کپڑا نیل سے رنگے گا تو اگر وہ نیل کی بجائے اسے

کسی اور چیز سے رنگ دے تو اسے اجرت لینے کا کوئی حق نہیں۔ بلکہ اس دوسرے رنگ سے اگر کپڑے کو کچھ نقصان پہنچا ہو تو اس کا بھی ضامن ہو گا۔

جعالہ کے احکام

مسئلہ ۲۲۲۶ : جعالہ سے مراد یہ ہے کہ انسان وعدہ کرے کہ اگر ایک کام اس کے لیئے انجام دیا جائے گا تو وہ اس کے بدلے ایک معین مال دے گا مثلاً یہ کہے کہ جو اس کی گمشدہ چیز برآمد کر دے گا وہ اسے دس روپے دے گا اور جو شخص اس قسم کا اعلان کرے اسے "جاعل" اور جو شخص وہ کام سر انجام دے اسے عامل کہتے ہیں اور جعالہ اور اجارہ کے مابین یہ فرق ہے کہ اجارہ میں صیغہ پڑھنے کے بعد اجیر کو کام انجام دینا چاہئے اور جس نے اسے اجیر بنایا ہو وہ اجرت کے لیئے اس کا مقروض ہو جاتا ہے لیکن جعالہ میں اگرچہ عامل ایک معین شخص ہو، تاہم ہو سکتا ہے کہ وہ کام میں مشغول نہ ہو اور جب تک وہ کام انجام نہ دے تو جاعل اس کا مقروض نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۲۲۲۷ : جاعل کے لیئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہو اور جعالہ کا اعلان اپنے ارادے اور اختیار سے کرے اور شرعاً اپنے مال میں تصرف کر سکتا ہو۔ اس بنا پر سفیہ شخص (جو شخص اپنا مال بیہودہ کاموں پر صرف کرتا ہو) کا جعالہ صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۲۲۸ : جو کام جاعل لوگوں سے کرانا چاہتا ہو وہ حرام یا بے فائدہ نہیں ہونا چاہئے اور نہ ہی ان واجبات میں سے ہونا چاہئے جن کا بلامعاوضہ بجالانا شرعاً لازم ہو۔ لہذا اگر کوئی کہے کہ جو شخص شراب پیئے گا یا رات کے وقت ایک تاریک جگہ پر جائے گا یا واجب نماز پڑھے گا میں اسے دس روپے دوں گا تو جعالہ صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۲۲۹ : جاعل جو مال دینے کا وعدہ کرے، اگر اسے معین کر دے مثلاً کہے کہ جو کوئی میرا گھوڑا تلاش کر دے گا میں اسے یہ گندم دوں گا تو ضروری نہیں کہ بتائے کہ یہ گندم کہاں کی ہے اور اس کی قیمت کیا ہے لیکن اگر وہ مال کو معین نہ کرے مثلاً کہے کہ جو کوئی میرا گھوڑا برآمد کر دے گا میں اسے دس من گندم دوں گا تو اسے چاہئے کہ اس گندم کی خصوصیات بھی مکمل طور پر متعین کرے۔

مسئلہ ۲۲۳۰ : اگر جاعل کسی کام کی مزدوری معین نہ کرے مثلاً یہ کہے کہ جو میرا بچہ تلاش کر دے گا میں اسے رقم دوں گا لیکن رقم کی مقدار کا تعین نہ کرے تو اگر کوئی شخص اس کام کو سرانجام دے تو جاعل کو چاہئے کہ اسے اتنی اجرت دے جتنی عام لوگوں کی نظروں میں اس عمل کی اجرت قرار پاسکے۔

مسئلہ ۲۲۳۱ : اگر عامل نے جاعل کے اعلان سے پہلے وہ کام کر دیا ہو یا اعلان کے بعد اس نیت سے وہ کام انجام دے کہ اس کے بدلے رقم نہیں لے گا تو پھر وہ اجرت کا حق نہیں رکھتا۔

مسئلہ ۲۲۳۲ : اس سے پیشتر کہ عامل مطلوبہ کام شروع کرے جاعل جعالہ کو منسوخ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۲۳۳ : عامل کام کو ادھورا چھوڑ سکتا ہے لیکن اگر کام ادھورا چھوڑنے میں جاعل کو کوئی نقصان پہنچتا ہو تو عامل کو چاہئے کہ کام کو مکمل کرے مثلاً اگر کوئی شخص کہے کہ جو کوئی میری آنکھ کا علاج کر دے میں اسے اتنی مقدار میں معاوضہ دوں گا اور ڈاکٹر اس کی آنکھ کا آپریشن کر دے اور صورت یہ ہو کہ اگر وہ علاج مکمل نہ کرے تو آنکھ میں عیب پیدا ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اپنا عمل تکمیل تک پہنچائے اور اگر ادھورا چھوڑ دے تو جاعل سے اجرت لینے کا اسے کوئی حق نہیں۔

مسئلہ ۲۲۳۴ : اگر عامل کام ادھورا چھوڑ دے اور وہ کام ایسا ہو جیسے گھوڑا تلاش کرنا کہ جس کے مکمل کیئے بغیر جاعل کو کوئی فائدہ نہ ہو تو عامل جاعل سے کسی چیز کا مطالبہ نہیں کر سکتا اور جاعل اجرت کو کام مکمل کرنے سے مشروط کر دے تب بھی یہی حکم ہے مثلاً جب وہ کہے کہ جو کوئی میرا لباس سیئے گا میں اسے دس روپے دوں گا لیکن اگر اس کی مراد یہ ہو کہ جتنی مقدار میں کام کیا جائے گا اتنی مقدار کیلئے اجرت دے گا تو پھر جاعل کو چاہئے کہ جتنی مقدار میں کام ہوا ہو اتنی مقدار کی اجرت عامل کو دے دے اگرچہ احتیاط یہ ہے کہ دونوں مصالحت کے طور پر ایک دوسرے کو راضی کرلیں۔

مزارعہ (کھیتی کی بٹائی) کے احکام

مسئلہ ۲۲۳۵ : مزارعہ سے مراد یہ ہے کہ زرعی زمین کا مالک کاشتکار سے اس قسم کا معاہدہ کرے


مسئلہ ۲۳۴۷ : اگر مال کا مالک دیوانہ ہو جائے تو جس شخص نے اس سے امانت قبول کی ہو اسے چاہئے کہ فوراً امانت اس کے ولی کو پہنچا دے یا اس کے ولی کو خبر پہنچا دے اور اگر وہ شرعی عذر

کے بغیر مال دیوانے کے ولی کو نہ پہنچائے اور اسے خبر دینے میں بھی کوتاہی برتے اور مال تلف ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض دے۔

مسئلہ ۲۳۴۸ : اگر مال کا مالک مر جائے تو امانت دار کو چاہئے کہ اس کا مال اس کے وارث کو پہنچا دے یا اس کے وارث کو اطلاع دے اور اگر وہ مال میت کے وارث کو نہ دے اور اسے خبر دینے میں بھی کوتاہی برتے اور مال تلف ہو جائے تو وہ ذمہ دار ہے لیکن اگر وہ مال اس وجہ سے وارث کو نہ دے اور اسے خبر دینے میں بھی کوتاہی برتے کہ وہ یہ جاننا چاہتا ہو کہ جو شخص کہتا ہے کہ میں میت کا وارث ہوں وہ ٹھیک بھی کہتا ہے یا نہیں یا یہ جاننا چاہتا ہو کہ میت کا کوئی اور بھی وارث ہے یا نہیں تو پھر اگر مال تلف ہو جائے تو وہ ذمہ دار نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۳۴۹ : اگر مال کا مالک مر جائے اور اس کے کئی وارث ہوں تو جس شخص نے امانت قبول کی ہو اسے چاہئے کہ مال تمام ورثاء کو دے یا اس شخص کو دے جسے مال دینے پر سب ورثاء رضامند ہوں لہٰذا اگر وہ دوسرے ورثاء کی اجازت کے بغیر مال فقط ایک وارث کو دے دے تو وہ دوسروں کے حصوں کے لیئے ذمہ دار ہے۔

مسئلہ ۲۳۵۰ : جس شخص نے امانت قبول کی ہو اگر وہ مر جائے یا دیوانہ ہو جائے تو اس کے وارث یا ولی کو چاہئے کہ جس قدر جلدی ہو سکے مال کے مالک کو اطلاع دے یا امانت اس کو پہنچائے۔

مسئلہ ۲۳۵۱ : اگر امانت دار اپنے آپ میں موت کی نشانیاں دیکھے تو اگر ممکن ہو تو اسے چاہئے کہ امانت کو اس کے مالک یا مالک کے وکیل کے پاس پہنچا دے اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو اسے چاہئے کہ امانت حاکم شرع کے سپرد کر دے اور اگر حاکم شرع تک نہ پہنچ سکتا ہو تو اس صورت میں جب کہ اس کا وارث امین ہو اور امانت کے بارے میں علم رکھتا ہو اس کے لیئے ضروری نہیں کہ وصیت کرے ورنہ اسے چاہئے کہ وصیت کرے اور اس وصیت پر شاہد بھی مقرر کرے اور مال کے مالک کا نام اور مال کی جنس اور خصوصیات اور اس کا محل وقوع وصی اور شاہد کو بتا دے۔

مسئلہ ۲۳۵۲ : اگر امانت دار اپنے آپ میں موت کی نشانیاں دیکھے اور جس وظیفے کا سابقہ مسئلہ میں ذکر کیا گیا ہے اس کے مطابق عمل نہ کرے تو اگر وہ امانت تلف ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا

عوض دے اگرچہ اس نے مال کی نگہداشت میں کوتاہی نہ کی ہو اور اس کا مرض بھی دور ہو چکا ہو یا کچھ مدت کے بعد پشیمان ہو کر اس نے وصیت بھی کر دی ہو۔

عاریہ کے احکام

مسئلہ ۲۳۵۳ : عاریہ سے مراد یہ ہے کہ انسان اپنا مال دوسرے کو دے تاکہ وہ اس مال سے استفادہ کرے اور اس کے عوض میں کوئی چیز اس سے نہ لے۔

مسئلہ ۲۳۵۴ : عاریہ میں صیغہ پڑھنا ضروری نہیں اور اگر مثال کے طور پر کوئی شخص کسی کو لباس عاریہ کے قصد سے دے اور وہ بھی اس قصد سے لے تو عاریہ صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۳۵۵ : غصبی چیز یا اس چیز کا بطور عاریہ دینا جو کہ عاریہ دینے والے کا مال ہو لیکن اس کی آمدنی اس نے کسی دوسرے شخص کے سپرد کر دی ہو اس صورت میں صحیح ہے جب غصبی چیز کا مالک یا وہ شخص جس نے عاریہ دی جانے والی چیز کو بطور اجارہ لے رکھا ہو اس کے بطور عاریہ دینے پر راضی ہو جائے۔

مسئلہ ۲۳۵۶ : جس چیز کی منفعت کسی شخص کا مال ہو مثلاً وہ اس نے اجارہ پر لے رکھی ہو اس چیز کو وہ بطور عاریہ دے سکتا ہے لیکن اگر اجارہ میں یہ شرط عائد کی گئی ہو کہ وہ شخص خود اس مال سے استفادہ کرے گا تو پھر وہ شخص وہ مال کسی دوسرے کو بطور عاریہ نہیں دے سکتا۔

مسئلہ ۲۳۵۷ : اگر دیوانہ بچہ دیوالیہ اور سفیہ اپنا مال عارِیتاً دیں تو صحیح نہیں ہے لیکن اس صورت میں جب کہ ولی اس بات میں مصلحت سمجھتا ہو کہ جس شخص کا وہ ولی ہے اس کا مال عاریہ پر دے دے تو اس میں کوئی حرج نہیں اور اگر بچہ اپنے ولی کی اجازت سے اپنا مال عارِیتاً دے دے تو اس صورت میں بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۳۵۸ : جس شخص نے کوئی چیز عارِیتاً لی ہو اگر وہ اس کی نگہداشت میں کوتاہی نہ کرے اور اس سے معمول سے زیادہ استفادہ بھی نہ کرے اور اتفاقاً وہ چیز تلف ہو جائے تو وہ شخص ذمہ دار نہیں ہے لیکن اگر طرفین آپس میں یہ شرط طے کریں کہ اگر وہ چیز تلف ہو جائے تو عارِیتاً لینے

والا ذمہ دار ہو گا یا جو چیز عاریتاً لی ہو وہ سونا یا چاندی ہو تو عاریتاً لینے والے کو چاہئے کہ اس کا عوض دے۔

مسئلہ ۲۳۵۹ : اگر کوئی شخص سونا یا چاندی عاریتاً لے اور یہ طے ہو کہ اگر وہ سونا یا چاندی تلف ہو گیا تو وہ ذمہ دار نہیں ہو گا تو اگر وہ تلف ہو گیا تو وہ شخص ذمہ دار نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۳۶۰ : اگر کوئی چیز عاریتاً دینے والا مر جائے تو عاریتاً لینے والے کو چاہئے کہ جو چیز عاریتاً لی ہو وہ مرنے والے کے ورثاء کو دے دے۔

مسئلہ ۲۳۶۱ : اگر عاریتاً دینے والے کی کیفیت یہ ہو کہ وہ شرعاً اپنے مال میں تصرف نہ کر سکتا ہو مثلاً دیوانہ ہو جائے تو عاریتاً لینے والے کو چاہئے کہ جو مال عاریتاً لیا ہو وہ عاریتاً دینے والے کے ولی کو دے دے۔

مسئلہ ۲۳۶۲ : جس شخص نے کوئی چیز عاریتاً دی ہو تو وہ جب بھی چاہے اسے واپس لے سکتا ہے اور جس نے کوئی چیز عاریتاً لی ہو وہ بھی جب چاہے واپس کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۳۶۳ : کسی ایسی چیز کا عاریتاً دینا جس سے حلال استفادہ نہ ہو سکتا ہو (مثلاً لہو و لعب اور قمار بازی کے آلات اور استعمال کی غرض سے سونے چاندی کے برتن عاریتاً دینا) باطل ہے ہاں اگر ان چیزوں کو سجاوٹ کے لیئے عاریتاً دیا جائے تو جائز ہے اگرچہ احتیاط اس غرض سے عاریتاً دینے کو بھی ترک کرنے میں ہے۔

مسئلہ ۲۳۶۴ : بھیڑوں کو ان کے دودھ اور پشم سے استفادہ کرنے کے لیئے اور نر حیوان کو مادہ حیوانات کے ساتھ ملانے کے لیئے عاریتاً دینا صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۳۶۵ : اگر کسی چیز کو عاریتاً لینے والا اسے اس کے مالک یا مالک کے وکیل یا ولی کو دے دے اور اس کے بعد وہ چیز تلف ہو جائے تو اس چیز کو عاریتاً لینے والا ذمہ دار نہیں ہے لیکن اگر وہ مال کے مالک یا اس کے وکیل یا ولی کی اجازت کے بغیر مال کو ایسی جگہ لے جائے جہاں مال کا مالک اسے عموماً لے جاتا ہو مثلاً گھوڑے کو اس کے اصطبل میں باندھ دے جو اس کے مالک نے اس کے لیئے تیار کیا ہو اور بعد میں گھوڑا تلف ہو جائے یا کوئی اسے تلف کر دے تو عاریتاً لینے والا ذمہ دار ہے۔

مسئلہ ۲۳۶۶ : اگر کوئی شخص کوئی نجس چیز ایسے کام کے لیئے عاریتاً دے جس میں طہارت شرط ہو مثلاً نجس برتن بطور عاریہ دے تاکہ اس میں کھانا کھایا جائے تو اسے چاہئے کہ جس شخص کو وہ چیز عاریتاً دے رہا ہو اسے اس کے نجس ہونے کے بارے میں بتا دے لیکن اگر نجس لباس نماز پڑھنے کے لیئے عاریتاً دے تو ضروری نہیں کہ لینے والے کو اس کے نجس ہونے کے بارے میں مطلع کرے۔

مسئلہ ۲۳۶۷ : جو چیز کسی شخص نے عاریتاً لی ہو اسے وہ اس کے مالک کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے کو بطور اجارہ یا بطور عاریہ نہیں دے سکتا۔

مسئلہ ۲۳۶۸ : جو چیز کسی شخص نے عاریتاً لی ہو اگر وہ اسے مالک کی اجازت سے کسی اور شخص کو عاریتاً دے دے تو اگر جس شخص نے پہلے وہ چیز عاریتاً لی ہو وہ مر جائے یا دیوانہ ہو جائے تو دوسرا عاریہ باطل نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۲۳۶۹ : اگر کوئی شخص جانتا ہو کہ جو مال اس نے عاریتاً لیا ہے وہ غصبی ہے تو اسے چاہئے کہ وہ مال اس کے مالک کو پہنچا دے اور وہ اسے عاریتاً دینے والے کو نہیں دے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۳۷۰ : اگر کوئی شخص ایسا مال عاریتاً لے جس کے متعلق وہ جانتا ہو کہ وہ غصبی ہے اور اس سے فائدہ اٹھائے اور اس کے پاس ہوتے ہوئے وہ مال تلف ہو جائے تو مالک اس مال کا عوض اور جو فائدہ عاریتاً لینے والے نے اٹھایا ہے اس کا عوض اس سے یا جس نے مال غصب کیا ہو اس سے طلب کر سکتا ہے اور اگر وہ عوض عاریتاً لینے والے سے لے لے تو وہ جو کچھ مالک کو دے اس کا مطالبہ عاریتاً دینے والے سے نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۲۳۷۱ : اگر کسی شخص کو یہ معلوم نہ ہو کہ اس نے جو مال عاریتاً لیا ہے وہ غصبی ہے اور اس کے پاس ہوتے ہوئے وہ مال تلف ہو جائے تو اگر مال کا مالک اس کا عوض اس سے لے لے تو وہ بھی جو کچھ مال کے مالک کو دیا ہو اس کا مطالبہ عاریتاً دینے والے سے کر سکتا ہے لیکن اگر اس نے جو چیز عاریتاً لی ہو سونا یا چاندی ہو یا بطور عاریہ دینے والے نے اس سے شرط طے کی ہو کہ اگر وہ چیز تلف ہو جائے تو وہ اس کا عوض دے گا تو پھر اس نے مال کا جو عوض مال کے مالک کو دیا ہو اس کا مطالبہ وہ عاریتاً دینے والے سے نہیں کر سکتا ہے۔

عقد نکاح یعنی ازدواج

مسئلہ ۲۳۷۲ : عقد ازدواج کے ذریعے عورت مرد پر حلال ہو جاتی ہے اور عقد کی دو قسمیں ہیں یعنی دائمی اور غیر دائمی (مقررہ وقت کے لیئے عقد) عقد دائمی اسے کہتے ہیں جس میں ازدواج کی مدت معین نہ ہو اور وہ ہمیشہ کے لیئے ہو اور جس عورت سے اس قسم کا عقد کیا جائے اسے دائمہ کہتے ہیں۔ اور غیر دائمی عقد وہ ہے جس میں ازدواج کی مدت معین ہو مثلاً عورت کے ساتھ ایک گھنٹے یا ایک دن یا ایک مہینے یا ایک سال کا یا اس سے زیادہ مدت کے لیئے عقد کیا جائے لیکن اس عقد کی مدت عورت اور مرد کی عام عمر سے علاوتاً" زیادہ نہیں ہونی چاہئے کیونکہ اس صورت میں احتیاطاً" عقد دائمی ہو گا اور جس عورت سے اس قسم کا عقد کیا جائے اسے متعہ اور صیغہ کہتے ہیں۔

عقد کے احکام

مسئلہ ۲۳۷۳ : ازدواج خواہ دائمی ہو یا غیر دائمی اس میں صیغہ پڑھنا ضروری ہے۔ عورت اور مرد کا محض رضامند ہونا کافی نہیں ہے عقد کا صیغہ یا تو عورت اور مرد خود پڑھتے ہیں یا کسی کو وکیل مقرر کر لیتے ہیں تاکہ وہ ان کی طرف سے پڑھ دے۔

مسئلہ ۲۳۷۴ : وکیل کا مرد ہونا ضروری نہیں بلکہ عورت بھی عقد کا صیغہ پڑھنے کے لیئے کسی دوسرے کی جانب سے وکیل ہو سکتی ہے۔

مسئلہ ۲۳۷۵ : عورت اور مرد کو جب تک یقین نہ ہو جائے کہ ان کے وکیل نے صیغہ پڑھ دیا ہے اس وقت تک وہ ایک دوسرے کو محرمانہ نظروں سے نہیں دیکھ سکتے اور اس بات کا گمان کہ وکیل نے صیغہ پڑھ دیا ہے کافی نہیں ہے لیکن اگر وکیل کہہ دے کہ میں نے صیغہ پڑھ دیا ہے تو کافی ہے۔

مسئلہ ۲۳۷۶ : اگر عورت کسی کو وکیل مقرر کرے اور اسے کہے کہ تم میرا عقد دس دن کے لیئے فلاں شخص کے ساتھ پڑھ دو اور دس دن کی ابتداء کو معین نہ کرے تو وہ وکیل جن دس دنوں کے

لیے چاہے اسے اس مرد کے عقد میں لا سکتا ہے لیکن اگر وکیل کو معلوم ہو کہ عورت کا مقصد کسی
خاص دن یا گھنٹے کا ہے تو پھر اسے چاہیے کہ عورت کے قصد کے مطابق صیغہ پڑھے۔

مسئلہ ۲۳۷۷ : عقد دائمی یا عقد غیر دائمی کا صیغہ پڑھنے کے لیے ایک شخص دو اشخاص کی
طرف سے وکیل بن سکتا ہے اور انسان یہ بھی کر سکتا ہے کہ عورت کی طرف سے وکیل بن جائے اور
اس سے خود دائمی یا غیر دائمی عقد کر لے لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ عقد دو اشخاص پڑھیں۔

عقد پڑھنے کا طریقہ

مسئلہ ۲۳۷۸ : اگر عورت اور مرد خود اپنے عقد دائمی کا صیغہ پڑھیں تو پہلے عورت کہے
زوجتک نفسی علی الصداق المعلوم یعنی میں نے اس مہر پر جو معین ہو چکا ہے اپنے آپ کو
تمہاری بیوی بنایا اور اس کے بلا بغیر فاصلہ کے مرد کہے **قبلت التزویج** یعنی میں نے ازدواج کو قبول
کیا تو عقد صحیح ہے اور اگر وہ کسی دوسرے کو وکیل مقرر کریں کہ ان کی طرف سے صیغہ عقد پڑھ دے
تو اگر مثال کے طور پر مرد کا نام احمد اور عورت کا نام فاطمہ ہو اور عورت کا وکیل کہے **زوجت**
موکلک احمد موکلتی فاطمة علی الصداق المعلوم اور اس کے بعد فاصلہ کے بغیر مرد کا
وکیل کہے **قبلت التزویج لموکلی احمد علی الصداق المعلوم** تو عقد صحیح ہو گا اور احتیاط
واجب کی بنا پر چاہیے کہ مرد جو لفظ کہے وہ عورت کے کہے جانے والے لفظ کے مطابق ہو مثلاً اگر
عورت **زوجت** کہے تو مرد بھی **قبلت التزویج** کہے۔

مسئلہ ۲۳۷۹ : اگر خود عورت اور مرد چاہیں تو غیر دائمی عقد کا صیغہ عقد کی مدت اور مہر معین
کرنے کے بعد پڑھ سکتے ہیں لہٰذا اگر عورت کہے **زوجتک نفسی فی المدة المعلومة علی**
المهر المعلوم اور اس کے بعد مرد بلا فاصلہ کہے **قبلت** تو عقد صحیح ہے اور اگر وہ کسی اور شخص کو
وکیل بنائیں اور پہلے عورت کا وکیل مرد کے وکیل سے کہے **متعت موکلتی موکلک فی المدة**
المعلومة علی المهر المعلوم اور اس کے بعد مرد کا وکیل بلافاصلہ کہے **قبلت التزویج**
لموکلی هکذا تو عقد صحیح ہو گا۔

عورت سے عقد کیا گیا ہو اس سے استمتاع ہو سکے تو ظاہر طور پر محرم بننے کا مقصد حاصل ہو جائے گا اور اگر بعد میں معلوم ہو کہ عقد کے وقت وہ عورت زندہ نہ تھی تو عقد باطل ہے اور وہ لوگ جو عقد کی وجہ سے بظاہر محرم بن گئے تھے نامحرم ہیں۔

مسئلہ ۲۴۴۰ : جس عورت کے ساتھ متعہ کیا گیا ہو اگر مرد اس کی عقد میں متعین کی ہوئی مدت بخش دے تو اگر اس نے اس کے ساتھ مجامعت کی ہو تو اسے (یعنی مرد کو) چاہئے کہ تمام چیزیں جن کا عہد کیا گیا تھا اسے دے دے اور اگر مجامعت نہ کی ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ آدھا مہر دے دے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ سارا مہر اسے دے دے۔

مسئلہ ۲۴۴۱ : مرد کے لیئے جائز ہے کہ جس عورت کے ساتھ اس نے پہلے متعہ کیا ہو اور ابھی اس کی عدت ختم نہ ہوئی ہو اس سے دائمی عقد کرے یا دوبارہ متعہ کر لے۔

نگاہ ڈالنے کے احکام

مسئلہ ۲۴۴۲ : مرد کے لیئے نامحرم عورتوں کے بدن پر نگاہ ڈالنا اور اسی طرح ان کے بال دیکھنا حرام ہے خواہ ایسا کرنا لذت کے قصد سے ہو یا نہ ہو اور لذت کے قصد سے ان کے چہروں اور ہاتھوں پر نگاہ ڈالنا بھی حرام ہے بلکہ واجب یہ ہے کہ لذت کے قصد کے بغیر بھی نگاہ نہ ڈالی جائے اور عورت کا نامحرم کے چہرے' ہاتھوں' سر' گردن اور پاؤں کے علاوہ باقی بدن پر نگاہ ڈالنا بھی حرام ہے۔

مسئلہ ۲۴۴۳ : اگر کوئی شخص لذت کے قصد کے بغیر کافر عورتوں کے چہروں اور ہاتھوں اور ان کے بدنوں کے ان حصوں پر جنہیں وہ عادتاً" نہیں چھپاتیں نگاہ ڈالے تو اس صورت میں جبکہ اسے حرام میں مبتلا ہونے کا خوف نہ ہو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۴۴۴ : عورت کو چاہئے کہ اپنا بدن اور بال نامحرم مرد سے چھپائے اور بہتر یہ ہے کہ اس لڑکے سے بھی چھپائے جو بالغ تو نہ ہوا ہو لیکن برے بھلے کی تمیز رکھتا ہو۔

مسئلہ ۲۴۴۵ : کسی شخص کی شرمگاہوں پر نگاہ ڈالنا حتیٰ کہ ممیز بچہ جو برے بھلے کی تمیز رکھتا ہو اس کی شرمگاہوں پر نگاہ ڈالنا بھی حرام ہے اگرچہ ایسا کرنا شیشے کے پیچھے سے یا آئینے میں یا صاف پانی

وغیرہ میں ہی کیوں نہ ہو البتہ میاں بیوی اور کنیز اور آقا ایک دوسرے کا پورا بدن دیکھ سکتے ہیں۔

مسئلہ ۲۴۴۶ : جو مرد اور عورت آپس میں محرم ہوں اگر وہ لذت کا قصد نہ رکھتے ہوں تو شرمگاہ کے علاوہ ایک دوسرے کا پورا بدن دیکھ سکتے ہیں اور علی الاحوط ان کی ناف اور گھٹنوں کا درمیانی حصہ شرمگاہ کا حکم رکھتا ہے۔

مسئلہ ۲۴۴۷ : ایک مرد کو دوسرے مرد کا بدن لذت کے قصد سے نہیں دیکھنا چاہئے اور ایک عورت کا بھی دوسری عورت کے بدن پر لذت کے قصد سے نگاہ ڈالنا حرام ہے۔

مسئلہ ۲۴۴۸ : مرد کو چاہئے کہ نامحرم عورت کا فوٹو نہ کھینچے اور اگر کسی نامحرم عورت کو پہچانتا ہو تو احتیاط کی بنا پر اسے چاہئے کہ اس عورت کے فوٹو پر نظر نہ ڈالے۔

مسئلہ ۲۴۴۹ : اگر ایک عورت کسی دوسری عورت یا اپنے شوہر کے علاوہ کسی مرد کا حقنہ کرنا چاہے یا اس کی شرمگاہ کو دھو کر پاک کرنا چاہے تو اسے چاہئے کہ اپنے ہاتھ پر کوئی چیز لپیٹ لے تاکہ اس کا ہاتھ دوسری عورت یا مرد کی شرمگاہ تک نہ پہنچے اور اگر ایک مرد کسی دوسرے مرد یا اپنی بیوی کے علاوہ کسی دوسری عورت کا حقنہ کرنا چاہے یا اس کی شرمگاہ کو دھو کر پاک کرنا چاہے تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۴۵۰ : اگر مرد کسی نامحرم عورت کے علاج کے سلسلے میں اس پر نگاہ ڈالنے یا اس کو ہاتھ لگانے پر مجبور ہو تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن اگر وہ محض دیکھ کر علاج کر سکتا ہو تو اسے اس عورت کے بدن کو ہاتھ نہیں لگانا چاہئے اور اگر صرف ہاتھ لگانے سے علاج کر سکتا ہو تو پھر اسے چاہئے کہ اس عورت پر نگاہ نہ ڈالے۔

مسئلہ ۲۴۵۱ : اگر انسان کسی شخص کا علاج کرنے کے سلسلے میں اس کی شرمگاہ پر نگاہ ڈالنے پر مجبور ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ آئینہ سامنے رکھے اور اس میں دیکھے لیکن اگر شرمگاہ پر نگاہ ڈالنے کے علاوہ کوئی چارہ نہ ہو تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

لیئے چاہئے اسے اس مرد کے عقد میں لا سکتا ہے لیکن اگر وکیل کو معلوم ہو کہ عورت کا مقصد کسی خاص دن یا گھنٹے کا ہے تو بکرا سے چاہئے کہ عورت کے قصد کے مطابق صیغہ پڑھے۔

مسئلہ ۲۳۷۷ : عقد دائمی یا عقد غیردائمی کا صیغہ پڑھنے کے لیئے ایک شخص دو اشخاص کی طرف سے وکیل بن سکتا ہے اور انسان یہ بھی کر سکتا ہے کہ عورت کی طرف سے وکیل بن جائے اور اس سے خود دائمی یا غیردائمی عقد کر لے لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ عقد دو اشخاص پڑھیں۔

عقد پڑھنے کا طریقہ

مسئلہ ۲۳۷۸ : اگر عورت اور مرد خود اپنے عقد دائمی کا صیغہ پڑھیں تو پہلے عورت کہے **زوجتک نفسی علی الصداق المعلوم** یعنی میں نے اس مہر پر جو معین ہو چکا ہے اپنے آپ کو تمہاری بیوی بنایا اور اس کے بعد بغیر فاصلہ کے مرد کہے **قبلت التزویج** یعنی میں نے ازدواج کو قبول کیا تو عقد صحیح ہے اور اگر وہ کسی دوسرے کو وکیل مقرر کریں کہ ان کی طرف سے صیغہ عقد پڑھ دے تو اگر مثال کے طور پر مرد کا نام احمد اور عورت کا نام فاطمہ ہو اور عورت کا وکیل کہے **زوجت موکلک احمد موکلتی فاطمة علی الصداق المعلوم** اور اس کے بعد فاصلہ کے بغیر مرد کا وکیل کہے **قبلت التزویج لموکلی احمد علی الصداق المعلوم** تو عقد صحیح ہو گا اور احتیاط واجب کی بنا پر چاہئے کہ مرد جو لفظ کہے وہ عورت کے کہے جانے والے لفظ کے مطابق ہو مثلاً اگر عورت **زوجت** کہے تو مرد بھی **قبلت التزویج** کہے۔

مسئلہ ۲۳۷۹ : اگر خود عورت اور مرد چاہیں تو غیردائمی عقد کا صیغہ عقد کی مدت اور مہر معین کرنے کے بعد پڑھ سکتے ہیں لہٰذا اگر عورت کہے **زوجتک نفسی فی المدة المعلومة علی المهر المعلوم** اور اس کے بعد مرد بلا فاصلہ کہے **قبلت** تو عقد صحیح ہے اور اگر وہ کسی اور شخص کو وکیل بنائیں اور پہلے عورت کا وکیل مرد کے وکیل سے کہے **متعت موکلتی موکلک فی المدة المعلومة علی المهر المعلوم** اور اس کے بعد مرد کا وکیل بلافاصلہ کہے **قبلت التزویج لموکلی هکذا** تو عقد صحیح ہو گا۔

عقد کی شرائط

مسئلہ ۲۳۸۰ : عقد ازدواج کی چند شرائط ہیں۔

۱ ... یہ کہ بنا بر احتیاط واجب صیغہ عقد صحیح عربی میں پڑھا جائے اور اگر خود مرد اور عورت صیغہ صحیح عربی میں نہ پڑھ سکتے ہوں تو اگر ممکن ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ جو شخص صحیح عربی میں پڑھ سکتا ہو اسے وکیل بنائیں اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو وہ خود عربی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں پڑھ سکتے ہیں البتہ انہیں چاہیئے کہ وہ الفاظ کہیں جو **زوجت** اور **قبلت** کا مفہوم ادا کر سکیں۔

۲ ... مرد اور عورت یا ان کے وکیل جو کہ صیغہ پڑھ رہے ہوں وہ انشاء کا قصد رکھتے ہوں یعنی اگر خود مرد اور عورت صیغہ پڑھ رہے ہوں تو عورت کا **زوجتک نفسی** کہنا اس قصد سے ہو کہ وہ خود کو اس مرد کی بیوی قرار دے اور مرد کا **قبلت التزویج** کہنا اس قصد سے ہو کہ وہ اس کا اپنی بیوی بننا قبول کرے اور اگر مرد اور عورت کے وکیل صیغہ پڑھ رہے ہوں تو **زوجت و قبلت** کہنے سے ان کا قصد یہ ہو کہ وہ مرد اور عورت جنہوں نے انہیں وکیل بنایا ہے ایک دوسرے کے میاں بیوی بن جائیں۔

۳ ... جو شخص صیغہ پڑھ رہا ہو احتیاط کی بنا پر وہ بالغ اور عاقل ہو۔ خواہ وہ اپنے لیئے صیغہ پڑھے یا کسی دوسرے کی طرف سے وکیل بنایا گیا ہو۔

۴ ... اگر عورت اور مرد کے وکیل یا ان کے ولی صیغہ پڑھ رہے ہوں تو وہ عقد کے وقت عورت اور مرد کو معین کر لیں مثلاً ان کے نام لیں یا ان کی طرف اشارہ کریں پس جس شخص کی کئی لڑکیاں ہوں اگر وہ کسی مرد سے کہے **زوجتک احدی بناتی** یعنی میں نے اپنی بیٹیوں میں سے ایک کو تمہاری بیوی بنایا اور وہ مرد کہے **قبلت** یعنی میں نے قبول کیا تو چونکہ عقد کرتے وقت لڑکی کو معین نہیں کیا گیا لہٰذا عقد باطل ہے۔

۵ ... عورت اور مرد ازدواج پر راضی ہوں ہاں اگر عورت ظاہری طور پر ناپسندیدگی سے اجازت دے اور معلوم ہو کہ دل سے راضی ہے تو عقد صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۳۸۱ : اگر عقد میں ایک حرف بھی غلط پڑھا جائے جو اس کے معنی بدل دے تو عقد

باطل ہے۔

مسئلہ ۲۳۸۲ : جو شخص عربی زبان کی صرف و نحو نہ جانتا ہو اگر اس کی قرات صحیح ہو اور وہ عقد کے ہر کلمہ کے معنی فرداً فرداً جانتا ہو اور ہر لفظ سے اس کی مراد اس کے معنی ہوں تو وہ عقد پڑھ سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۳۸۳ : اگر کسی عورت کا عقد اس کی اجازت کے بغیر کسی مرد سے کر دیا اور بعد میں عورت اور مرد اس عقد کی اجازت دے دیں تو عقد صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۳۸۴ : اگر عورت اور مرد دونوں کو یا ان میں سے کسی ایک کو ازدواج پر مجبور کیا جائے اور عقد پڑھے جانے کے بعد وہ اجازت دے دیں تو عقد صحیح ہے اور بہتر یہ ہے کہ دوبارہ عقد پڑھا جائے۔

مسئلہ ۲۳۸۵ : باپ اور دادا اپنے نابالغ فرزند کا (لڑکا ہو یا لڑکی) یا دیوانے فرزند کا جو دیوانگی کی حالت میں بالغ ہوا ہو عقد کر سکتے ہیں اور جب وہ بچہ بالغ ہو جائے یا دیوانہ عاقل ہو جائے تو انہوں نے اس کا جو عقد کیا ہو اگر اس میں کوئی خرابی نہ ہو تو وہ اسے منسوخ نہیں کر سکتا اور اگر اس میں کوئی خرابی ہو تو اسے اس عقد کو برقرار رکھنے یا ختم کرنے کا اختیار ہے لیکن اس صورت میں جبکہ نابالغ لڑکے اور لڑکی کے باپ ان کا عقد کر دیں اگر وہ بالغ ہونے پر اجازت نہ دیں تو طلاق یا عقد جدید کی احتیاط ترک نہیں ہوتی۔

مسئلہ ۲۳۸۶ : جو لڑکی سن بلوغ کو پہنچ چکی ہو اور رشیدہ ہو یعنی اپنی بھلائی برائی جانچ سکتی ہو اگر وہ نکاح کرنا چاہے تو نکاح کر سکتی ہے۔ اور اگر کنواری ہو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہیئے کہ اپنے باپ یا دادا سے اجازت لے اور حقوق زوجیت کی ادائیگی کا دارو مدار باپ دادا کی اجازت سے مشروط ہے اور اگر صرف محرم بنا مقصود ہو تو بغیر اجازت کے عقد دائم وعقد منقطع کرنا جائز ہے۔

مسئلہ ۲۳۸۷ : اگر لڑکی کنواری نہ ہو یا کنواری ہو لیکن باپ یا دادا سے اجازت لینا ان کے غائب ہونے یا کسی اور وجہ سے ممکن نہ ہو تو (غیب سے مراد یعنی کوئی ایسی صورت ممکن نہ ہو کہ باپ یا دادا سے رابطہ کر کے اجازت لی جا سکے۔) اور لڑکی شادی کی ضرورت مند بھی ہو تو باپ یا دادا سے

اجازت لینا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۳۸۸ : اگر باپ یا دادا اپنے نابالغ لڑکے کی شادی کر دیں تو لڑکے کو چاہئے کہ بالغ ہونے کے بعد اس عورت کا خرچ دے۔

مسئلہ ۲۳۸۹ : اگر باپ یا دادا اپنے نابالغ لڑکے کی شادی کر دیں تو اگر لڑکا عقد کے وقت مال رکھتا ہو تو وہ عورت کے مہر کا مقروض ہے اور اگر وہ عقد کے وقت مال نہ رکھتا ہو تو اس کے باپ یا دادا کو چاہئے کہ اس عورت کا مہر دیں۔

وہ عیوب جن کی وجہ سے عقد فسخ کیا جا سکتا ہے

مسئلہ ۲۳۹۰ : اگر مرد کو عقد کے بعد پتہ چلے کہ عورت میں مندرجہ ذیل سات عیبوں میں سے کوئی ایک عیب موجود ہے تو وہ عقد کو فسخ کر سکتا ہے۔

۱... پاگل پن۔

۲... کوڑھ۔

۳... برص۔

۴... اندھا پن۔

۵... اپاہج ہونا اور مفلوج ہونا بھی اپاہج ہونے کے حکم میں ہے، جب کہ عورت کا مفلوج ہونا واضح ہو۔

۶... افضا یعنی پیشاب اور حیض کا مخرج یا حیض اور پاخانے کا مخرج ایک ہو جانا۔

۷... عورت کی شرم گاہ میں گوشت یا ہڈی کا ہونا جو جماع سے مانع ہو۔

مسئلہ ۲۳۹۱ : اگر عورت کو عقد کے بعد پتہ چلے کہ اس کا شوہر عقد سے پہلے دیوانہ رہا ہے یا وہ عقد کے بعد مجامعت کرنے سے پہلے یا مجامعت کرنے کے بعد دیوانہ ہو جائے یا اس کا آلہ تناسل ہی نہ ہو یا اس کا آلہ تناسل عقد کے بعد لیکن مجامعت سے پہلے کٹ جائے یا اسے کوئی ایسی بیماری ہو جس کی وجہ سے وہ مجامعت پر قادر نہ ہو خواہ اسے وہ بیماری عقد کے بعد اور نزدیکی کرنے سے پہلے ہی کیوں نہ لاحق ہوئی ہو۔ ان تمام صورتوں میں عورت طلاق کے بغیر عقد کو ختم کر سکتی ہے لیکن اس صورت میں

جب کہ شوہر مجامعت نہ کر سکتا ہو عورت کے لیئے لازم ہے کہ حاکم شرع یا اس کے وکیل سے رجوع کرے اور وہ اس کے شوہر کو ایک سال کی مہلت دے دے اور اگر پھر بھی وہ اس عورت یا کسی اور عورت سے مجامعت پر قادر نہ ہو تو عورت اس کے بعد عقد ختم کر سکتی ہے اور اگر مرد کا آلہ تناسل مجامعت کرنے کے بعد کٹ جائے اور عورت عقد ازدواج کو فسخ کرے تو اس فسخ کرنے کا کوئی اثر نہیں ہے اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ شوہر اسے طلاق دے دے۔

مسئلہ ۲۳۹۲ : اگر عورت کو عقد کے بعد پتہ چلے کہ اس کے شوہر کے فوطے نکال دیئے گئے ہیں تو اس صورت میں جب کہ اس امر کو عورت سے مخفی رکھا گیا ہو وہ عقد ختم کر سکتی ہے لیکن اگر اس سے مخفی نہ رکھا گیا ہو تو احتیاط ترک نہیں ہوتی۔

مسئلہ ۲۳۹۳ : اگر عورت اس بنا پر عقد ختم کر دے کہ مرد مجامعت پر قادر نہیں تو شوہر کو چاہئے کہ اسے آدھا مہر دے لیکن اگر ان دوسرے نقائص میں سے جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے کسی ایک کی بنا پر مرد یا عورت عقد ختم کر دیں تو اگر مرد نے عورت سے مجامعت نہ کی ہو تو کوئی چیز دینا اس پر واجب نہیں اور اگر مجامعت کی ہو تو اسے چاہئے کہ پورا مہر ادا کرے۔

وہ عورتیں جن سے ازدواج حرام ہے

مسئلہ ۲۳۹۴ : ان عورتوں کے ساتھ جو انسان کی محرم ہوں ازدواج حرام ہے۔ مثلاً ماں، بہن، بیٹی، پھوپھی، خالہ، بھتیجی، بھانجی، ساس۔

مسئلہ ۲۳۹۵ : اگر کوئی شخص کسی عورت سے عقد کرے تو خواہ اس سے مجامعت نہ بھی کرے اس عورت کی ماں، نانی اور دادی اور جتنا سلسلہ اوپر چلا جائے سب عورتیں اس مرد کی محرم ہو جاتی ہیں۔

مسئلہ ۲۳۹۶ : اگر کوئی شخص کسی عورت سے عقد کرے اور اس کے ساتھ مجامعت کرے تو پھر اس عورت کی لڑکی، نواسی، پوتی اور جتنا سلسلہ نیچے چلا جائے سب عورتیں اس مرد کی محرم ہو جاتی ہیں خواہ وہ عقد کے وقت موجود ہوں یا بعد میں پیدا ہوں۔

مسئلہ ۲۳۹۷ : اگر کسی مرد نے ایک عورت سے عقد کیا ہو لیکن مجامعت نہ کی ہو تو جب تک

وہ عورت اس کے عقد میں رہے احتیاط واجب یہ ہے کہ وہ اس وقت تک اس کی لڑکی سے ازدواج نہ کرے۔

مسئلہ ۲۳۹۸ : انسان کی پھوپھی اور خالہ اور اس کے باپ کی پھوپھی اور خالہ اور دادا کی پھوپھی اور خالہ اور ماں کی پھوپھی اور خالہ اور نانی کی پھوپھی اور خالہ اور جس قدر یہ سلسلہ اوپر چلا جائے سب اس کی محرم ہیں۔

مسئلہ ۲۳۹۹ : شوہر کا باپ اور دادا اور جس قدر یہ سلسلہ اوپر چلا جائے اور شوہر کا بیٹا پوتا اور نواسا جس قدر بھی یہ سلسلہ نیچے چلا جائے اور خواہ وہ عقد کے وقت دنیا میں موجود ہوں یا بعد میں پیدا ہوں سب اس کے محرم ہیں۔

مسئلہ ۲۴۰۰ : اگر کوئی شخص کسی عورت سے عقد کرے تو خواہ وہ عقد دائمی ہو یا غیر دائمی جب تک وہ عورت اس کے عقد میں ہے وہ اس کی بہن کے ساتھ عقد نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۲۴۰۱ : اگر کوئی شخص اس ترتیب کے مطابق جس کا ذکر کتاب طلاق میں کیا جائے گا اپنی بیوی کو طلاق رجعی دے دے تو وہ عدت کے دوران میں اس کی بہن سے عقد نہیں کر سکتا ہے لیکن طلاق بائن کی عدت کے دوران میں اس کی بہن سے عقد کر سکتا ہے اور متعہ کی عدت کے دوران میں احتیاط واجب یہ ہے کہ عورت کی بہن سے عقد نہ کرے۔

مسئلہ ۲۴۰۱ : انسان اپنی بیوی کی اجازت کے بغیر اس کی بھانجی یا بھتیجی سے ازدواج نہیں کر سکتا لیکن اگر وہ بیوی کی اجازت کے بغیر ان سے عقد کر لے اور بعد میں بیوی اجازت دے دے تو پھر کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۴۰۲ : اگر بیوی کو پتہ چلے کہ اس کے شوہر نے اس کی بھتیجی یا بھانجی سے عقد کر لیا ہے اور خاموش رہے تو اگر وہ بعد میں رضامند نہ ہو تو ان کا عقد باطل ہے۔

مسئلہ ۲۴۰۳ : اگر انسان خالہ کی لڑکی سے شادی کرنے سے پہلے نعوذباللہ خالہ سے زنا کرے تو پھر وہ اس کی لڑکی سے شادی نہیں کر سکتا اور احتیاط واجب کی بنا پر پھوپھی کی لڑکی کے بارے میں بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۴۰۴ : اگر کوئی شخص اپنی پھوپھی کی لڑکی یا خالہ کی لڑکی سے شادی کرے اور اس سے مجامعت کرنے کے بعد اس کی ماں سے زنا کرے تو یہ بات ان کی جدائی کا موجب نہیں ہوتی اور اگر اس سے مجامعت کرنے سے پہلے اس کی ماں سے زنا کرے تب بھی یہی حکم ہے اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس صورت میں طلاق دے کر اس سے (یعنی پھوپھی کی لڑکی یا خالہ کی لڑکی سے) جدا ہو جائے۔

مسئلہ ۲۴۰۵ : اگر کوئی شخص اپنی پھوپھی یا خالہ کے علاوہ کسی اور عورت سے زنا کرے تو احوط اور اولیٰ یہ ہے کہ اس کی بیٹی کے ساتھ شادی نہ کرے بلکہ اگر کسی عورت سے عقد کرے اور اس کے ساتھ مجامعت کرنے سے پہلے اس کی ماں کے ساتھ زنا کرے تو بہتر یہ ہے کہ اس عورت سے جدا ہو جائے لیکن اگر اس سے مجامعت کر لے اور بعد میں اس کی ماں سے زنا کرے تو بلا شبہ اس کے لیئے لازم نہیں کہ اس عورت سے جدا ہو جائے۔

مسئلہ ۲۴۰۶ : مسلمان عورت کا عقد کافر مرد سے نہیں ہو سکتا۔ مسلمان مرد بھی اہل کتاب کے علاوہ کافرہ عورتوں سے ازدواج نہیں کر سکتا۔ لیکن یہودی اور عیسائی عورتوں کی مانند اہل کتاب عورتوں سے متعہ کرنے میں کوئی حرج نہیں اور احتیاط واجب یہ ہے کہ ان سے عقد دائمی نہ کیا جائے اور بعض فرقے مثلاً خوارج ' غلات اور نواصب جو اپنے آپ کو مسلمان سمجھتے ہیں کفار کے حکم میں ہیں اور مسلمان عورتیں یا مرد ان کے ساتھ دائمی یا غیر دائمی عقد نہیں کر سکتے۔

مسئلہ ۲۴۰۷ : اگر کوئی شخص ایک ایسی عورت سے زنا کرے جو طلاق رجعی کی عدت میں ہو تو بنابر احتیاط وہ عورت اس پر حرام ہو جاتی ہے۔ اور اگر ایسی عورت کے ساتھ زنا کرے جو عدہ متعہ یا طلاق بائن یا عدہ وفات میں ہو تو بعد میں اس کے ساتھ عقد کر سکتا ہے اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس سے ازدواج نہ کرے طلاق رجعی اور طلاق بائن اور عدہ متعہ اور عدت وفات کے معنی طلاق کے احکام میں بتائے جائیں گے۔

مسئلہ ۲۴۰۸ : اگر کوئی شخص کسی ایسی عورت سے زنا کرے جو بے شوہر ہو اور عدت میں نہ ہو تو بعد میں اس عورت سے عقد کر سکتا ہے۔ لیکن احتیاط واجب یہ ہے کہ تاوقتیکہ اس عورت کو حیض کا خون آئے انتظار کرے اور بعد میں اس سے عقد کرے اور اگر کوئی دوسرا شخص اس عورت سے

عقد کرنا چاہے تو پھر یہ احتیاط مستحب ہے۔

مسئلہ ۲۴۰۹ : اگر کوئی شخص کسی ایسی عورت سے عقد کرے جو دوسرے کی عدت میں ہو تو اگر مرد اور عورت دونوں یا ان میں سے کوئی ایک جانتا ہو کہ عورت کی عدت ختم نہیں ہوئی اور یہ بھی جانتے ہوں کہ عدت کے دوران میں عورت سے عقد کرنا حرام ہے تو اگرچہ مرد نے عقد کے بعد عورت سے مجامعت نہ بھی کی ہو وہ عورت ہمیشہ کے لیے اس پر حرام ہو جائے گی۔

مسئلہ ۲۴۱۰ : اگر کوئی شخص کسی ایسی عورت سے عقد کرے جو دوسرے کی عدت میں ہو اور اس سے مجامعت کرے تو خواہ اسے یہ علم نہ ہو کہ وہ عورت عدت میں ہے یا یہ نہ جانتا ہو کہ عدت کے دوران میں عورت سے عقد حرام ہے وہ عورت ہمیشہ کے لیے اس پر حرام ہو جائے گی۔

مسئلہ ۲۴۱۱ : اگر کوئی شخص یہ جانتے ہوئے کہ عورت شوہر دار ہے اور اس سے ازدواج حرام ہے اس سے ازدواج کرے تو اسے چاہئے کہ اس عورت سے جدا ہو جائے اور یہ بھی چاہئے کہ بعد میں بھی اس سے عقد نہ کرے اور اگر اس شخص کو یہ علم نہ ہو کہ عورت شوہر دار ہے لیکن ازدواج کے بعد اس سے مجامعت کی ہو تب بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۴۱۲ : اگر شوہر دار عورت زنا کرے تو بنا بر احتیاط وہ زنا کرنے والے مرد پر ہمیشہ کے لیے حرام ہو جاتی ہے لیکن شوہر پر حرام نہیں ہوتی اور اگر توبہ نہ کرے اور اپنے عمل پر باقی رہے (یعنی زنا کاری ترک نہ کرے) تو بہتر یہ ہے کہ اس کا شوہر اسے طلاق دے دے لیکن شوہر کو چاہئے کہ اس کا پورا مہر بھی دے۔ بشرطیکہ شوہر نے اس سے مجامعت کی ہو ورنہ نصف مہر دینا واجب ہے۔

مسئلہ ۲۴۱۳ : دخول کے بعد جس عورت کو طلاق مل گئی ہو اور جو عورت متعہ میں رہی ہو اور اس کے شوہر نے متعہ کی مدت بخش دی ہو یا وہ مدت ختم ہو گئی ہو اگر وہ کچھ مدت کے بعد دوسرا شوہر کرے اور بعد میں شک کرے کہ آیا دوسرے شوہر سے عقد کرنے کے وقت پہلے شوہر کی عدت ختم ہوئی تھی یا نہیں تو وہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

مسئلہ ۲۴۱۴ : جس شخص نے کسی لڑکے کے ساتھ اغلام کیا ہو اگر وہ (یعنی اغلام کرنے والا) بالغ ہو تو اس لڑکے کی ماں بہن اور بیٹی اغلام کرنے والے پر حرام ہیں لیکن اگر اسے گمان ہو کہ دخول

ہوا تھا یا شک کرے کہ دخول ہوا تھا یا نہیں تو پھر وہ حرام نہیں ہیں۔

مسئلہ ۲۴۱۵ : اگر کوئی شخص کسی لڑکے کی ماں یا بہن سے ازدواج کرے اور ازدواج کے بعد اس لڑکے سے اغلام کرے تو وہ عورتیں اس پر حرام نہیں ہوتیں سوائے اس صورت کے کہ وہ ازدواج طلاق وغیرہ کی وجہ سے ختم ہو جائے اور اغلام کرنے والا دوبارہ ان سے ازدواج کرنا چاہے اور اس صورت میں احتیاط واجب یہ ہے کہ ان سے ازدواج نہ کرے۔

مسئلہ ۲۴۱۶ : اگر کوئی شخص احرام کی حالت میں (جو اعمال حج میں سے ایک عمل ہے) کسی عورت سے ازدواج کرے تو اس کا عقد باطل ہے اور اگر اسے علم تھا کہ کسی عورت سے احرام کی حالت میں عقد کرنا اس پر حرام ہے تو بعد میں وہ اس عورت سے عقد نہیں کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۴۱۷ : جو عورت احرام کی حالت میں ہو اگر وہ ایک ایسے مرد سے ازدواج کرے جو احرام کی حالت میں نہ ہو تو اس کا عقد باطل ہے اور اگر عورت کو معلوم تھا کہ احرام کی حالت میں ازدواج کرنا حرام ہے تو اس کے لیئے واجب ہے کہ بعد میں اس مرد سے ازدواج نہ کرے۔

مسئلہ ۲۴۱۸ : اگر مرد طواف نساء (جو حج کے اعمال میں سے ایک عمل ہے) بجا نہ لائے تو اس کی بیوی بھی اور دوسری عورتیں بھی اس پر حرام ہو جاتی ہیں اور اگر عورت طواف نساء نہ کرے تو اس کا شوہر اور دوسرے مرد اس پر حرام ہو جاتے ہیں لیکن اگر وہ بعد میں طواف نساء بجا لائیں تو مرد پر عورتیں اور عورت پر مرد حلال ہو جاتے ہیں۔

مسئلہ ۲۴۱۹ : جو لڑکی بالغ نہ ہوئی ہو اس سے مجامعت کرنا حرام ہے لیکن اگر کوئی شخص نابالغ لڑکی سے عقد کرے اور اس لڑکی کی عمر نو سال ہونے سے پہلے اس سے مجامعت کرے تو اظہر یہ ہے کہ لڑکی کے بالغ ہونے کے بعد اس سے مجامعت حرام نہیں ہے خواہ اسے افضاء ہی ہو گیا ہو (افضاء کے معنی بتائے جا چکے ہیں) لیکن مرد کے لیئے احوط یہ ہے کہ اسے طلاق دے دے۔

مسئلہ ۲۴۲۰ : جس عورت کو تین مرتبہ طلاق دی جائے وہ شوہر پر حرام ہو جاتی ہے ہاں اگر ان شرائط کے ساتھ جن کا ذکر طلاق کے احکام میں کیا جائے گا وہ عورت دوسرے مرد سے ازدواج کرے تو دوسرے شوہر کی موت یا اس سے طلاق ہو جانے کے بعد اور اس کی عدت گزر جانے کے بعد اس کا

پہلا شوہر دوبارہ اس کے ساتھ عقد کر سکتا ہے۔

دائمی عقد کے احکام

مسئلہ ۲۴۲۱ : جس عورت کا دائمی عقد ہو جائے اس کے لیئے احتیاط اس میں ہے کہ شوہر کی اجازت کے بغیر معمولی کاموں کے لیئے بھی گھر سے باہر نہ نکلے خواہ اس کا نکلنا شوہر کے حق کے منافی نہ بھی ہو اور اسے چاہئے کہ جس لذت کی بھی شوہر خواہش کرے اسے پورا کرے اور شرعی عذر کے بغیر شوہر کو مجامعت سے نہ روکے اور جب تک عورت بغیر عذر کے گھر سے باہر نہ جائے اس کی غذا لباس اور رہائش کا انتظام شوہر پر واجب ہے اور اگر وہ یہ چیزیں مہیا نہ کرے تو خواہ ان کے مہیا کرنے پر قدرت رکھتا ہو یا نہ رکھتا ہو وہ بیوی کا مقروض ہو گا۔

مسئلہ ۲۴۲۲ : اگر عورت ان کاموں میں جن کا ذکر سابقہ مسئلہ میں ہو چکا ہے اپنے شوہر کی اطاعت نہ کرے تو وہ ہم بستری کا حق نہیں رکھتی اور گنہگار ہے اور قول مشہور کی رو سے وہ غذا، لباس اور رہائش کا حق بھی نہیں رکھتی مگر جب تک عورت شوہر کے پاس ہو یہ حکم محل اشکال ہے ۔ البتہ اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ اس کا مہر کالعدم نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۲۴۲۳ : مرد کو یہ حق نہیں کہ بیوی کو خانگی خدمت پر مجبور کرے۔

مسئلہ ۲۴۲۴ : بیوی کے سفر کے اخراجات اگر وطن میں رہنے کے اخراجات سے زیادہ ہوں تو وہ اخراجات شوہر کی ذمہ داری نہیں البتہ اگر شوہر خود اس بات پر مائل ہو کہ بیوی کو سفر پر لے جائے تو اسے چاہئے کہ سفر کے اخراجات اسے دے ۔

مسئلہ ۲۴۲۵ : جس عورت کا خرچ اس کے شوہر کے ذمہ ہو اور شوہر اسے خرچ نہ دے تو وہ اپنا خرچ شوہر کی اجازت کے بغیر اس کے مال سے لے سکتی ہے اور اگر یہ ممکن نہ ہو اور وہ مجبور ہو کہ اپنی معاش کا خود بندوبست کرے تو جس وقت وہ اپنی معاش کا بندوبست کرنے میں مشغول ہو اس وقت شوہر کی اطاعت اس پر واجب نہیں ہے ۔

مسئلہ ۲۴۲۶ : اگر کسی مرد کی دو بیویاں ہوں اور وہ ان میں سے ایک کے پاس ایک رات رہے

تو اس پر واجب ہے کہ چار راتوں میں سے کوئی ایک رات دوسری بیوی کے پاس بھی گزارے اور اس صورت کے علاوہ عورت کے پاس رہنا واجب نہیں ہے ہاں یہ لازم ہے کہ اس کے پاس رہنا بالکل ہی ترک نہ کردے اور اولیٰ اور احوط یہ ہے کہ ہر چار راتوں میں سے ایک رات مرد اپنی دائمی منکوحہ بیوی کے پاس رہے۔

مسئلہ ۲۴۲۷ : مرد کے لیئے جائز نہیں کہ وہ اپنی دائمی جوان بیوی سے چار ماہ سے زیادہ مدت تک مجامعت نہ کرے۔

مسئلہ ۲۴۲۸ : اگر دائمی عقد میں مہر معین نہ کیا جائے تو عقد صحیح ہے اور اگر مرد عورت کے ساتھ مجامعت کرے تو اسے چاہیئے کہ اس کا مہر اسی جیسی عورتوں کے مہر کے مطابق دے البتہ اگر متعہ میں مہر معین نہ کیا جائے تو عقد باطل ہو جاتا ہے۔

مسئلہ ۲۴۲۹ : اگر عقد دائمی پڑھتے وقت مہر دینے کے لیئے مدت معین نہ کی جائے تو عورت مہر لینے سے پہلے شوہر کو مجامعت کرنے سے روک سکتی ہے قطع نظر اس سے کہ مرد وہ مہر دینے پر قادر ہو یا نہ ہو لیکن اگر وہ مہر لینے سے پہلے مجامعت پر راضی ہو اور شوہر اس سے مجامعت کرے تو بعد میں وہ شرعی عذر کے بغیر شوہر کو مجامعت کرنے سے نہیں روک سکتی۔

متعہ (ازدواج موقت)

مسئلہ ۲۴۳۰ : عورت کے ساتھ متعہ کرنا اگرچہ لذت حاصل کرنے کے لیئے نہ بھی ہو تب بھی صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۴۳۱ : احتیاط واجب یہ ہے کہ شوہر نے جس عورت سے متعہ کیا ہو اس کے ساتھ چار مہینے سے زیادہ مجامعت ترک نہ کرے۔

مسئلہ ۲۴۳۲ : جس عورت کے ساتھ متعہ کیا جارہا ہو اگر وہ عقد میں یہ شرط عائد کرے کہ شوہر اس سے مجامعت نہ کرے تو عقد اور اس کی عائد کردہ شرط صحیح ہے اور شوہر اس سے فقط دوسری لذتیں حاصل کرسکتا ہے لیکن اگر وہ بعد میں راضی ہو جائے تو شوہر اس سے مجامعت کرسکتا ہے۔

مسئلہ ۲۴۳۳ : جس عورت کے ساتھ متعہ کیا گیا ہو خواہ وہ حاملہ ہو جائے تب بھی خرچ کا حق

نہیں رکھتی۔

مسئلہ ۲۴۳۴ : جس عورت کے ساتھ متعہ کیا گیا ہو وہ ہم بستری کا حق نہیں رکھتی اور شوہر سے میراث بھی نہیں پاتی اور شوہر بھی اس سے میراث نہیں پاتا۔ ہاں اگر انہوں نے میراث پانے کی شرط عائد کی ہو تو اس صورت میں جس نے ایسی شرط عائد کی ہو وہ میراث پاتا ہے۔

مسئلہ ۲۴۳۵ : جس عورت سے متعہ کیا گیا ہو اگرچہ اسے یہ معلوم نہ ہو کہ وہ خرچ اور ہم بستری کا حق نہیں رکھتی اس کا عقد صحیح ہے اور اس وجہ سے کہ وہ ان امور سے ناواقف تھی اس کا شوہر پر کوئی حق پیدا نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۲۴۳۶ : جس عورت سے متعہ کیا گیا ہو اگر وہ شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر جائے اور اس کے باہر جانے کی وجہ سے شوہر کی حق تلفی ہو تو اس کا باہر جانا حرام ہے اور احتیاط یہ ہے کہ گو اس کے باہر جانے سے شوہر کا حق تلف نہ بھی ہوتا ہو وہ شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر نہ جائے۔

مسئلہ ۲۴۳۷ : اگر کوئی عورت کسی مرد کو وکیل بنائے کہ معین مدت کے لیئے معین رقم کے عوض اس کا خود اپنے ساتھ متعہ پڑھے اور وہ شخص اس کا دائمی عقد اپنے ساتھ پڑھ لے یا مدت مقرر کیئے بغیر یا رقم کا تعین کیئے بغیر عقد متعہ پڑھ دے تو جس وقت عورت کو ان امور کا پتہ چلے اگر وہ اجازت دے دے تو عقد صحیح ہے ورنہ باطل ہے۔

مسئلہ ۲۴۳۸ : محرم بن جانے کے غرض سے کسی نابالغ لڑکی کا باپ یا دادا اسے ایک گھنٹے یا اس سے زیادہ وقت کے لیئے کسی شخص کے عقد میں دے سکتے ہیں تاہم ضروری ہے کہ اس عقد میں لڑکی کے لیئے منفعت ہو لیکن اگر نابالغ لڑکے کا محرم بن جانے کے خاطر اس زمانے میں جب وہ کسی قسم کی لذت حاصل کرنے کی بالکل صلاحیت نہ رکھتا ہو کسی عورت سے عقد کر دیں تو اس عقد میں اشکال ہے۔ اس اشکال کے ازالے کے لیئے مدت اتنی مقرر کر دی جائے کہ لڑکا بالغ ہو جائے۔

مسئلہ ۲۴۳۹ : اگر باپ یا دادا اپنے لڑکے کا جو دوسری جگہ ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ زندہ ہے یا مر گیا ہے محرم بن جانے کی خاطر کسی عورت سے عقد کر دیں اور زوجیت کی مدت اتنی ہو کہ جس

عورت سے عقد کیا گیا ہو اس سے، استمتاع ہو سکے تو ظاہر طور پر محرم بننے کا مقصد حاصل ہو جائے گا اور اگر بعد میں معلوم ہو کہ عقد کے وقت وہ عورت زندہ نہ تھی تو عقد باطل ہے اور وہ لوگ جو عقد کی وجہ سے بظاہر محرم بن گئے تھے نامحرم ہیں۔

مسئلہ ۲۴۴۰ : جس عورت کے ساتھ متعہ کیا گیا ہو اگر مرد اس کی عقد میں متعین کی ہوئی مدت بخش دے تو اگر اس نے اس کے ساتھ مجامعت کی ہو تو اسے (یعنی مرد کو) چاہئے کہ تمام چیزیں جن کا عہد کیا گیا تھا اسے دے دے اور اگر مجامعت نہ کی ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ آدھا مہر دے دے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ سارا مہر اسے دے دے۔

مسئلہ ۲۴۴۱ : مرد کے لئے جائز ہے کہ جس عورت کے ساتھ اس نے پہلے متعہ کیا ہو اور ابھی اس کی عدت ختم نہ ہوئی ہو اس سے دائمی عقد کرے یا دوبارہ متعہ کر لے۔

نگاہ ڈالنے کے احکام

مسئلہ ۲۴۴۲ : مرد کے لئے نامحرم عورتوں کے بدن پر نگاہ ڈالنا اور اسی طرح ان کے بال دیکھنا حرام ہے خواہ ایسا کرنا لذت کے قصد سے ہو یا نہ ہو اور لذت کے قصد سے ان کے چہروں اور ہاتھوں پر نگاہ ڈالنا بھی حرام ہے بلکہ واجب یہ ہے کہ لذت کے قصد کے بغیر بھی نگاہ نہ ڈالی جائے اور عورت کا نامحرم کے چہرے، ہاتھوں، سر، گردن اور پاؤں کے علاوہ باقی بدن پر نگاہ ڈالنا بھی حرام ہے۔

مسئلہ ۲۴۴۳ : اگر کوئی شخص لذت کے قصد کے بغیر کافر عورتوں کے چہروں اور ہاتھوں اور ان کے بدنوں کے ان حصوں پر جنہیں وہ عادتاً نہیں چھپاتیں نگاہ ڈالے تو اس صورت میں جبکہ اسے حرام میں مبتلا ہونے کا خوف نہ ہو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۴۴۴ : عورت کو چاہئے کہ اپنا بدن اور بال نامحرم مرد سے چھپائے اور بہتر یہ ہے کہ اس لڑکے سے بھی چھپائے جو بالغ تو نہ ہوا ہو لیکن برے بھلے کی تمیز رکھتا ہو۔

مسئلہ ۲۴۴۵ : کسی شخص کی شرمگاہوں پر نگاہ ڈالنا حتیٰ کہ ممیز بچہ جو برے بھلے کی تمیز رکھتا ہو اس کی شرمگاہوں پر نگاہ ڈالنا بھی حرام ہے اگرچہ ایسا کرنا شیشے کے پیچھے سے یا آئینے میں یا صاف پانی

وغیرہ میں ہی کیوں نہ ہو البتہ میاں بیوی اور کنیز اور آقا ایک دوسرے کا پورا بدن دیکھ سکتے ہیں۔

مسئلہ ۲۴۴۶ : جو مرد اور عورت آپس میں محرم ہوں اگر وہ لذت کا قصد نہ رکھتے ہوں تو شرمگاہ کے علاوہ ایک دوسرے کا پورا بدن دیکھ سکتے ہیں اور علی الاحوط ان کی ناف اور گھٹنوں کا درمیانی حصہ شرمگاہ کا حکم رکھتا ہے۔

مسئلہ ۲۴۴۷ : ایک مرد کو دوسرے مرد کا بدن لذت کے قصد سے نہیں دیکھنا چاہئے اور ایک عورت کا بھی دوسری عورت کے بدن پر لذت کے قصد سے نگاہ ڈالنا حرام ہے۔

مسئلہ ۲۴۴۸ : مرد کو چاہئے کہ نامحرم عورت کا فوٹو نہ کھینچے اور اگر کسی نامحرم عورت کو پہچانتا ہو تو احتیاط کی بنا پر اسے چاہئے کہ اس عورت کے فوٹو پر نظر نہ ڈالے۔

مسئلہ ۲۴۴۹ : اگر ایک عورت کسی دوسری عورت یا اپنے شوہر کے علاوہ کسی مرد کا حقنہ کرنا چاہے یا اس کی شرمگاہ کو دھو کر پاک کرنا چاہے تو اسے چاہئے کہ اپنے ہاتھ پر کوئی چیز لپیٹ لے تاکہ اس کا ہاتھ دوسری عورت یا مرد کی شرمگاہ تک نہ پہنچے اور اگر ایک مرد کسی دوسرے مرد یا اپنی بیوی کے علاوہ کسی دوسری عورت کا حقنہ کرنا چاہے یا اس کی شرمگاہ کو دھو کر پاک کرنا چاہے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۴۵۰ : اگر مرد کسی نامحرم عورت کے علاج کے سلسلے میں اس پر نگاہ ڈالنے یا اس کو ہاتھ لگانے پر مجبور ہو تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن اگر وہ محض دیکھ کر علاج کر سکتا ہو تو اسے اس عورت کے بدن کو ہاتھ نہیں لگانا چاہئے اور اگر صرف ہاتھ لگانے سے علاج کر سکتا ہو تو پھر اسے چاہئے کہ اس عورت پر نگاہ نہ ڈالے۔

مسئلہ ۲۴۵۱ : اگر انسان کسی شخص کا علاج کرنے کے سلسلے میں اس کی شرمگاہ پر نگاہ ڈالنے پر مجبور ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ آئینہ سامنے رکھے اور اس میں دیکھے لیکن اگر شرمگاہ پر نگاہ ڈالنے کے علاوہ کوئی چارہ نہ ہو تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

ازدواج کے مختلف مسائل

مسئلہ ۲۴۵۲ : جس شخص کو بیوی کے نہ ہونے کی وجہ سے فعل حرام میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہو تو اس پر واجب ہے کہ شادی کرے۔

مسئلہ ۲۴۵۳ : اگر شوہر عقد میں یہ شرط عائد کرے کہ عورت کنواری ہو اور عقد کے بعد معلوم ہو کہ وہ کنواری نہیں اور کسی مرد سے مجامعت کی وجہ سے اس کا پردہ بکارت پھٹ چکا ہے تو بنابر احتیاط شوہر عقد کو فسخ نہیں کر سکتا البتہ کنواری ہونے اور کنواری نہ ہونے کے مابین مقرر کردہ مہر میں جو فرق ہو وہ لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۴۵۴ : نامحرم مرد اور عورت کا ایسے خلوت کے مقام پر ہونا جہاں اور کوئی نہ ہو اور نہ ہی کوئی آ سکتا ہو اس صورت میں جب کہ فساد کا احتمال ہو حرام ہے لیکن اگر کوئی اس جگہ آ سکتا ہو یا کوئی ایسا بچہ جو اچھے برے کی تمیز رکھتا ہو وہاں موجود ہو یا فساد کا احتمال نہ ہو تو پھر اس عورت اور مرد کے وہاں ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۴۵۵ : اگر کوئی مرد عورت کا مہر عقد میں معین کر دے اور اس کا ارادہ یہ ہو کہ وہ مہر نہیں دے گا تو عقد صحیح ہے لیکن اسے چاہئے کہ مہر ادا کرے۔

مسئلہ ۲۴۵۶ : جو مسلمان خدا یا پیغمبرؐ یا قیامت کا منکر ہو یا ان فرقوں سے تعلق رکھتا ہو جن کا ذکر کیا گیا ہے یا دین کے کسی ضروری حکم سے یعنی ایسے حکم سے جسے مسلمان دین اسلام کا جزو سمجھتے ہوں (مثلاً نماز اور روزے کا واجب ہونا) یہ جانتے ہوئے کہ وہ دین کا ضروری حکم ہے انکاری ہو جائے تو وہ شخص مرتد ہے اور اس پر ان احکام کا اطلاق ہوگا جن کا ذکر بعد میں کیا جائے گا۔

مسئلہ ۲۴۵۷ : اگر عورت ازدواج کے بعد اس طرح مرتد ہو جائے جیسے کہ سابقہ مسئلہ میں ذکر کیا گیا ہے تو اس کا عقد باطل ہو جاتا ہے اور اگر اس کے شوہر نے اس کے ساتھ مجامعت نہ کی ہو تو اس کے لئے عدت بھی نہیں ہے اور اگر مجامعت کے بعد مرتد ہو لیکن یائسہ ہو چکی ہو تب بھی یہی حکم ہے لیکن اگر یائسہ نہ ہوئی ہو تو اسے چاہئے کہ اس دستور کے مطابق جس کا ذکر طلاق کے احکام میں کیا

جائے گا عدت رکھے اور مشہور یہ ہے کہ اگر عدت کے دوران میں مسلمان ہو جائے تو اس کا عقد قائم رہتا ہے لیکن اس حکم میں اشکال ہے البتہ احتیاط ترک نہیں ہوتی اور یائسہ کے معنی بیان ہو چکے ہیں۔

مسئلہ ۲۴۵۸ : جو شخص مسلمان کے گھر میں پیدا ہوا ہو اگر وہ مرتد ہو جائے تو اس کی بیوی اس پر حرام ہو جاتی ہے اور اس عورت کو چاہئے کہ وفات کی عدت کے برابر (جس کا بیان طلاق کے احکام میں ہو گا) عدت رکھے۔

مسئلہ ۲۴۵۹ : وہ مرد جو غیر مسلم والدین کے ہاں جنم لے اور بعد میں مسلمان ہو جائے اگر وہ ازدواج کے بعد مرتد ہو جائے تو اس کا عقد باطل ہو جاتا ہے اور اگر اس نے اپنی بیوی کے ساتھ مجامعت نہ کی ہو یا اگر وہ عورت یائسہ ہو تو اس کے لیئے عدت نہیں ہے اور اگر وہ مرد مجامعت کے بعد مرتد ہو اور اس کی بیوی کی عمر ان عورتوں کی ہو جنہیں خون حیض آتا ہے تو اس عورت کو چاہئے کہ طلاق کی عدت کے برابر (جس کا ذکر احکام طلاق میں آئے گا) عدت رکھے اور مشہور یہ ہے کہ اگر اس کی عدت ختم ہونے سے پہلے اس کا شوہر مسلمان ہو جائے تو اس کا عقد قائم رہتا ہے لیکن اس حکم میں بھی اشکال ہے البتہ احتیاط ترک نہیں ہوتی۔

مسئلہ ۲۴۶۰ : اگر عورت عقد میں مرد پر شرط عائد کرے کہ اسے ایک معین شہر سے باہر نہ لے جائے اور مرد بھی اس شرط کو قبول کر لے تو اسے اس عورت کو اس کی رضامندی کے بغیر اس شہر سے باہر نہیں لے جانا چاہیے۔

مسئلہ ۲۴۶۱ : اگر عورت کی پہلے شوہر سے ایک بچی ہو تو بعد میں اس کا دوسرا شوہر اس لڑکی کا عقد اپنے اس لڑکے سے کر سکتا ہے جو اس بیوی سے نہ ہو اور اگر کسی لڑکی کا عقد اپنے بیٹے سے کرے تو بعد میں اس لڑکی کی ماں سے خود عقد کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۴۶۲ : اگر کوئی عورت زنا سے حاملہ ہو جائے تو اس صورت میں جبکہ وہ عورت یا مرد جس نے اس سے زنا کیا ہو وہ دونوں مسلمان ہوں اس عورت کے لیئے جائز نہیں کہ حمل ساقط کرے۔

مسئلہ ۲۴۶۳ : اگر کوئی شخص کسی عورت سے زنا کرے تو اگر اس طریقے سے استبراء کے بعد جو بیان کیا گیا ہے اس عورت سے عقد کرے اور ان کا بچہ پیدا ہو تو اس صورت میں جب کہ انہیں علم

نہ ہو کہ بچہ حلال نطفے سے ہے یا حرام سے ہے وہ بچہ حلال زادہ ہے۔

مسئلہ ۲۴۶۴ : اگر کسی مرد کو یہ معلوم نہ ہو کہ ایک عورت عدت میں ہے اور وہ اس سے ازدواج کر لے تو اگر عورت کو بھی اس بارے میں علم نہ ہو اور ان کا بچہ پیدا ہو تو وہ حلال زادہ ہو گا اور شرعاً" ان دونوں کا فرزند ہو گا لیکن اگر عورت کو علم تھا کہ وہ عدت میں ہے اور عدت کے دوران ازدواج کرنا حرام ہے تو شرعاً" وہ بچہ باپ کا فرزند ہو گا اور دونوں صورتوں میں اس عورت اور مرد کا عقد باطل ہے اور وہ ایک دوسرے پر حرام ہیں۔

مسئلہ ۲۴۶۵ : اگر کوئی عورت کہے کہ میں یائسہ ہوں تو اس کا کہنا قبول نہیں کرنا چاہئے لیکن اگر وہ کہے کہ میں شوہردار نہیں ہوں تو اس کی بات قابل قبول ہے۔

مسئلہ ۲۴۶۶ : اگر ایک شخص ایک ایسی عورت سے ازدواج کرے جس نے کہا ہو کہ میں شوہر دار نہیں ہوں اور بعد میں کوئی کہے کہ اس عورت کا ایک شوہر پہلے سے موجود ہے تو اگر شرعاً" یہ ثابت نہ ہو کہ اس عورت کا کوئی پہلا شوہر ہے تو اس شخص کا قول (جس نے کہا ہو کہ اس عورت کا ایک شوہر پہلے سے موجود ہے) قبول نہیں کرنا چاہیے۔

مسئلہ ۲۴۶۷ : جب تک لڑکا یا لڑکی دو سال کے نہ ہو جائیں ان کا باپ انہیں ان کی ماں سے جدا نہیں کر سکتا اور احوط اور اولیٰ یہ ہے کہ لڑکی کو سات سال تک اس کی ماں سے جدا نہ کرے۔

مسئلہ ۲۴۶۸ : جب لڑکی سن بلوغ کو پہنچ جائے تو اس کے ازدواج میں عجلت کرنا مستحب ہے۔ حضرت امام صادق علیہ السلام سے روایت وارد ہے کہ مرد کی خوش نصیبیوں میں سے ایک یہ ہے کہ اس کی لڑکی اس کے گھر میں ماہواری (خون حیض) نہ دیکھے۔

مسئلہ ۲۴۶۹ : اگر بیوی شوہر کے ساتھ اس شرط پر اپنے مہر کی مصالحت کرے (یعنی اسے مہر سے بری الذمہ قرار دے دے) کہ وہ دوسری شادی نہیں کرے گا تو واجب ہے کہ عورت مہر نہ لے اور مرد بھی دوسری عورت سے شادی نہ کرے۔

مسئلہ ۲۴۷۰ : جو شخص ولدالزنا ہو اگر وہ کسی عورت سے ازدواج کرے اور اس کا بچہ پیدا ہو تو وہ حلال زادہ ہو گا۔

مسئلہ ۲۴۷۱ : اگر کوئی شخص ماہ رمضان المبارک کے روزوں میں یا عورت کے حائض ہونے کی حالت میں اس سے مجامعت کرے تو وہ گناہگار ہے لیکن اگر اس مجامعت کے نتیجے میں ان کا کوئی بچہ پیدا ہو تو وہ حلال زادہ ہوگا۔

مسئلہ ۲۴۷۲ : جس عورت کو یقین ہو کہ اس کا شوہر سفر میں فوت ہو گیا ہے اگر وہ وفات کی عدت (جس کی مقدار احکام طلاق میں بتائی جائے گی) کے بعد ازدواج کرے اور بعدازاں اس کا پہلا شوہر سفر سے واپس آجائے تو اسے چاہئے کہ دوسرے شوہر سے جدا ہو جائے اور پہلے شوہر پر حلال ہو گی لیکن اگر دوسرے شوہر نے اس سے مجامعت کی ہو تو عورت کو چاہئے کہ عدت گزارے اور دوسرے شوہر کو چاہئے کہ اس جیسی عورتوں کے مہر کے مطابق اسے مہر ادا کرے لیکن عدت کے زمانے کا خرچ دوسرے شوہر کے ذمے نہیں ہے۔

دودھ پلانے کے احکام

مسئلہ ۲۴۷۳ : اگر کوئی عورت ایک بچے کو ان شرائط کے ساتھ دودھ پلائے جو آئندہ مسائل میں بیان ہوں گی تو وہ بچہ مندرجہ ذیل لوگوں کا محرم بن جاتا ہے۔

۱ ... خود وہ عورت اور اسے رضائی ماں کہتے ہیں۔

۲ ... عورت کا شوہر جو کہ دودھ کا مالک ہے اور اسے رضائی باپ کہتے ہیں۔ دودھ کے مالک سے مراد وہ مرد ہے جس کی ہم بستری کے باعث عورت "دودھ پلانے والی" کے پستانوں میں دودھ پیدا ہوا ہو۔

۳ ... اس عورت کا باپ اور ماں جہاں تک یہ سلسلہ اوپر جائے اور خواہ وہ اس عورت کے رضائی ماں باپ ہی کیوں نہ ہوں۔

۴ ... اس عورت کے وہ بچے جو پیدا ہو چکے ہوں یا بعد میں پیدا ہوں۔

۵ ... اس عورت کی اولاد کی اولاد خواہ یہ سلسلہ جس قدر بھی نیچے چلا جائے اور اولاد کی اولاد خواہ حقیقی ہو خواہ اس کی اولاد نے ان بچوں کو دودھ پلایا ہو۔

۶ ... اس عورت کی بہنیں اور بھائی خواہ وہ رضاعی ہی ہوں یعنی دودھ پینے کی وجہ سے اس

عورت کے بہن اور بھائی بن گئے ہوں۔

۷... اس عورت کا چچا اور پھوپھی خواہ وہ رضاعی ہی کیوں نہ ہوں۔

۸... اس عورت کا ماموں اور خالہ خواہ وہ رضاعی ہی کیوں نہ ہوں۔

۹... اس عورت کے اس شوہر کی اولاد جو دودھ کا مالک ہو جہاں تک بھی یہ سلسلہ نیچے چلا جائے اور اگرچہ اس کی اولاد رضاعی ہی کیوں نہ ہو۔

۱۰... اس عورت کے اس شوہر کے ماں باپ جو دودھ کا مالک ہو جہاں تک بھی یہ سلسلہ اوپر چلا جائے۔

۱۱... اس عورت کے اس شوہر کے بہن بھائی جو دودھ کا مالک ہے خواہ وہ اس کے رضاعی بہن بھائی ہی کیوں نہ ہوں۔

۱۲... اس عورت کا شوہر جو دودھ کا مالک ہے اس کے چچا اور پھوپھیاں اور ماموں اور خالائیں جہاں تک یہ سلسلہ اوپر چلا جائے اور اگرچہ وہ رضاعی ہی ہوں اور ان کے علاوہ کئی اور لوگ بھی دودھ پلانے کی وجہ سے محرم بن جاتے ہیں جن کا ذکر آئندہ مسائل میں کیا جائے گا۔

مسئلہ ۲۴۷۴ : اگر کوئی عورت کسی بچے کو ان شرائط کے ساتھ دودھ پلائے جن کا ذکر آئندہ مسائل میں کیا جائے گا تو اس بچے کا باپ ان لڑکیوں سے ازدواج نہیں کر سکتا جنہیں وہ عورت جنم دے لیکن اس کا اس عورت کی رضاعی لڑکیوں سے ازدواج کرنا جائز ہے اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ ان کے ساتھ بھی ازدواج نہ کرے اور وہ ان لڑکیوں سے بھی عقد نہیں کر سکتا جو اس عورت کے اس شوہر کی بیٹیاں ہوں جو دودھ کا مالک ہے خواہ وہ اس کی رضاعی بیٹیاں ہی کیوں نہ ہوں اور ان دونوں صورتوں میں اگر اس وقت (یعنی اس عورت کے بچے کو دودھ پلانے کے وقت) ان میں سے کوئی عورت اس کی بیوی ہو تو اس کا عقد باطل ہو جاتا ہے۔

مسئلہ ۲۴۷۵ : اگر کوئی عورت کسی بچے کو ان شرائط کے ساتھ دودھ پلائے جن کا ذکر بعد میں کیا جائے گا تو اس عورت کا وہ شوہر جو کہ دودھ کا مالک ہے اس بچے کی بہنوں کا محرم نہیں بن جاتا لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ وہ ان سے ازدواج نہ کرے نیز شوہر کے رشتہ دار بھی اس بچے کے بھائی بہنوں کے محرم نہیں بن جاتے۔

مسئلہ ۲۴۷۶ : اگر کوئی عورت ایک بچے کو دودھ پلائے تو وہ اس کے بھائیوں کی محرم نہیں بن جاتی اور اس عورت کے رشتہ دار بھی اس بچے کے بھائی بہنوں کے محرم نہیں بن جاتے۔

مسئلہ ۲۴۷۷ : اگر کوئی شخص اس عورت سے جس نے کسی لڑکی کو پورا دودھ پلایا ہو ازدواج کرے اور اس سے مجامعت کرے تو پھر وہ اس لڑکی سے عقد نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۲۴۷۸ : اگر کوئی شخص کسی لڑکی سے ازدواج کرے تو پھر وہ اس عورت سے ازدواج نہیں کر سکتا جس نے اس لڑکی کو پورا دودھ پلایا ہو۔

مسئلہ ۲۴۷۹ : کوئی شخص اس لڑکی سے ازدواج نہیں کر سکتا جسے اس شخص کی ماں یا دادی نے دودھ پلایا ہو۔ نیز اگر کسی شخص کے باپ کی بیوی نے (یعنی اس کی سوتیلی ماں نے) اس شخص کے باپ کا مملوکہ دودھ کسی لڑکی کو پلایا ہو تو وہ شخص اس لڑکی سے ازدواج نہیں کر سکتا اور اگر کوئی شخص کسی شیر خوار بچی سے عقد کرے اور اس کے بعد اس کی ماں یا دادی یا اس کی سوتیلی ماں اس بچی کو دودھ پلا دے تو عقد باطل ہو جاتا ہے۔

مسئلہ ۲۴۸۰ : جس لڑکی کو کسی شخص کی بہن یا بھائی نے پورا دودھ پلایا ہو وہ شخص اس لڑکی سے ازدواج نہیں کر سکتا اور جب کسی شخص کی بھانجی، بھتیجی یا بہن یا بھائی کی پوتی یا نواسی نے اس بچی کو دودھ پلایا ہو تب بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۴۸۱ : اگر کوئی عورت اپنی لڑکی کے بچے کو (یعنی اپنے نواسے یا نواسی کو) دودھ پلائے تو وہ لڑکی اپنے شوہر پر حرام ہو جائے گی اور اگر کوئی عورت اس بچے کو دودھ پلائے جو اس کی لڑکی کے شوہر کی دوسری بیوی سے پیدا ہوا ہو تب بھی یہی حکم ہے لیکن اگر کوئی عورت اپنے بیٹے کے بچے کو (یعنی اپنے پوتے یا پوتی کو) دودھ پلائے تو اس کی بہو (جو کہ اس دودھ پیتے بچے کی ماں ہے) اپنے شوہر پر حرام نہیں ہو گی۔

مسئلہ ۲۴۸۲ : اگر کسی لڑکی کی سوتیلی ماں اس لڑکی کے شوہر کے بچے کو اس لڑکی کے باپ کا مملوکہ دودھ پلا دے، تو وہ لڑکی اپنے شوہر پر حرام ہو جاتی ہے خواہ وہ بچہ اسی لڑکی کے بطن سے ہو یا کسی دوسری عورت کے بطن سے ہو۔

دودھ پلانے کی وہ شرائط جو محرم بننے کا سبب بنتی ہیں

مسئلہ ۲۴۸۳ : بچے کو جو دودھ پلانا محرم بننے کا سبب بنتا ہے اس کی آٹھ شرائط ہیں۔

۱ ... بچہ زندہ عورت کا دودھ پیئے۔ پس اگر وہ مردہ عورت کے پستان سے دودھ پیئے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں۔

۲ ... عورت کا دودھ فعل حرام کا نتیجہ نہ ہو۔ پس اگر ایسے بچے کا دودھ جو ولدالزنا ہو کسی دوسرے بچے کو دیا جائے تو اس دودھ کے توسط سے وہ دوسرا بچہ کسی کا محرم نہیں بنے گا۔

۳ ... بچہ پستان سے دودھ پیئے۔ پس اگر دودھ اس کے گلے میں انڈیلا جائے تو بیکار ہے۔

۴ ... دودھ خالص ہو اور کسی دوسری چیز سے ملا ہوا نہ ہو۔

۵ ... دودھ ایک ہی شوہر کا ہو۔ پس اگر شیر دار عورت کو طلاق ہو جائے اور وہ بعد میں دوسرا شوہر کر لے اور اس سے حاملہ ہو جائے اور بچہ جننے کے وقت تک اس کے پہلے شوہر کا دودھ اس میں باقی ہو مثلاً اگر اس بچے کو خود بچہ جننے سے پیشتر پہلے شوہر کا دودھ آٹھ دفعہ اور وضع حمل کے بعد دوسرے شوہر کا دودھ سات دفعہ پلائے تو وہ بچہ کسی کا بھی محرم نہیں بنے گا۔

۶ ... بچہ کسی بیماری کی وجہ سے دودھ کی قے نہ کر دے اور اگر قے کر دے تو جو لوگ دودھ پینے کی وجہ سے اس بچے کے محرم بنتے ہوں احتیاط واجب کی بنا پر انہیں چاہئے کہ اس سے ازدواج نہ کریں اور اس پر محرمانہ نگاہ بھی نہ ڈالیں۔

۷ ... بچہ پندرہ مرتبہ یا ایک دن رات بس اس طرح جیسے کہ آئندہ مسئلے میں ذکر کیا جائے گا سیر ہو کر دودھ پیئے یا اسے اتنی مقدار میں دودھ دیا جائے کہ لوگ کہیں کہ اس دودھ سے اس کی ہڈیاں مضبوط ہو گئی ہیں اور گوشت اس کے بدن پر نمودار ہو گیا ہے بلکہ اگر بچے کو دس مرتبہ بھی دودھ دیا جائے تو اس صورت میں جب کہ اس دس مرتبہ کے درمیان کوئی فاصلہ حتیٰ کہ طعام دینے کا فاصلہ بھی نہ ہو احتیاط واجب یہ ہے کہ جو لوگ دودھ پینے کی وجہ سے اس بچے کے محرم بنتے ہیں اس سے ازدواج نہ کریں اور محرمانہ نگاہ بھی اس پر نہ ڈالیں۔

۸ ... بچے کی عمر کے دو سال مکمل نہ ہوئے ہوں اور اگر اس کی عمر دو سال ہونے کے بعد اسے دودھ پلایا جائے تو وہ کسی کا محرم نہیں بنتا بلکہ اگر مثال کے طور پر وہ عمر کے دو سال مکمل ہونے تک آٹھ دفعہ اور اس کے بعد سات دفعہ دودھ پیئے تب بھی وہ کسی کا محرم نہیں بنتا لیکن اگر دودھ پلانے والی عورت کو بچہ جنے ہوئے دو سال سے زیادہ مدت گزر چکی ہو اور اس کا دودھ ابھی باقی ہو اور وہ کسی بچے کو دودھ پلائے تو وہ بچہ ان لوگوں کا محرم بن جاتا ہے جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔

مسئلہ ۲۴۸۴ : دودھ پینے کی وجہ سے محرم بننے کی لیئے ضروری ہے کہ ایک دن رات میں بچہ نہ غذا کھائے اور نہ کسی دوسری عورت کا دودھ پیئے لیکن اگر اتنی تھوڑی غذا کھائے کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ اس نے بیچ میں غذا کھائی ہے تو پھر کوئی حرج نہیں۔ نیز یہ بھی ضروری ہے کہ پندرہ مرتبہ ایک ہی عورت کا دودھ پیئے اور اس پندرہ مرتبہ دودھ پینے کے درمیان کسی دوسری عورت کا دودھ نہ پیئے اور ہر بار بلا فاصلہ دودھ پیئے۔ ہاں اگر دودھ پیتے ہوئے سانس لے یا تھوڑا سا صبر کرے گویا کہ جب اس نے پہلی بار پستان منہ میں لیا تھا اس وقت سے لے کر اس کے سیر ہو جانے تک ایک دفعہ دودھ پینا ہی شمار کیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۴۸۵ : اگر کوئی عورت اپنے شوہر کا دودھ کسی بچے کو پلائے بعد ازاں دوسرا شوہر کرے اور دوسرے شوہر کا دودھ کسی اور بچے کو پلائے تو وہ دو بچے آپس میں محرم نہیں بن جاتے اگرچہ بہتر یہ ہے کہ وہ آپس میں ازدواج نہ کریں۔

مسئلہ ۲۴۸۶ : اگر کوئی عورت ایک شوہر کا دودھ کئی بچوں کو پلائے تو وہ سب بچے آپس میں اور اس شوہر اور عورت کے جنہوں نے انہیں دودھ دیا ہو محرم بن جاتے ہیں۔

مسئلہ ۲۴۸۷ : اگر کسی شخص کی کئی بیویاں ہوں اور ان میں سے ہر ایک ان شرائط کی ساتھ جو بیان کی گئی ہیں ایک ایک بچے کو دودھ پلا دے تو وہ سب بچے آپس میں اور اس مرد اور ان تمام عورتوں کے محرم بن جاتے ہیں۔

مسئلہ ۲۴۸۸ : اگر کسی شخص کی دو بیویاں شیردار ہوں اور ان میں سے ایک کسی بچے کو مثال

کے طور پر آٹھ مرتبہ اور دوسری سات مرتبہ دودھ پلا دے تو بچہ کسی کا بھی محرم نہیں بنتا۔

مسئلہ ۲۴۸۹ : اگر کوئی عورت ایک شوہر کا پورا دودھ ایک لڑکے اور ایک لڑکی کو پلائے تو اس لڑکی کے بہن بھائی اس لڑکے کے بہن بھائیوں کے محرم نہیں بن جاتے۔

مسئلہ ۲۴۹۰ : کوئی شخص اپنی بیوی کی اجازت کے بغیر ان عورتوں سے ازدواج نہیں کر سکتا جو دودھ پینے کی وجہ سے اس کی بیوی کی بھانجیاں یا بھتیجیاں بن گئی ہوں اور اگر کوئی شخص کسی لڑکے سے اغلام کرے تو وہ اس لڑکے کی رضاعی بیٹی، بہن، ماں اور دادی سے یعنی ان عورتوں سے جو دودھ پینے کی وجہ سے اس کی بیٹی، بہن، ماں اور دادی بن گئی ہوں عقد نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۲۴۹۱ : جس عورت نے کسی شخص کے بھائی کو دودھ پلایا ہو وہ اس شخص کی محرم نہیں بن جاتی اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس کے ساتھ ازدواج نہ کرے۔

مسئلہ ۲۴۹۲ : انسان دو بہنوں سے ایک ہی وقت میں ازدواج نہیں کر سکتا اگرچہ وہ رضاعی بہنیں ہی ہوں یعنی دودھ پینے کی وجہ سے ایک دوسری کی بہنیں بن گئی ہوں اور اگر وہ دو عورتوں سے عقد کرے اور بعد میں اسے پتہ چلے کہ وہ آپس میں بہنیں ہیں تو اس صورت میں جب کہ ان کا عقد ایک ہی وقت میں ہوا ہو اسے اختیار ہے کہ ان میں سے جسے چاہے رکھے اور اگر عقد ایک ہی وقت نہ ہوا ہو تو پہلا عقد صحیح اور دوسرا باطل ہے۔

مسئلہ ۲۴۹۳ : اگر کوئی عورت اپنے شوہر کا دودھ ان اشخاص کو پلائے جن کا ذکر ذیل میں کیا گیا ہے تو اس عورت کا شوہر اس پر حرام نہیں ہوتا اگرچہ بہتر یہ ہے کہ احتیاط کی جائے۔

۱... اپنے بھائی اور بہن کو

۲... اپنے چچا اور پھوپھی اور ماموں اور خالہ کو

۳... اپنے چچا اور ماموں کی اولاد کو

۴... اپنے بھتیجے کو

۵... شوہر کے بھائی یا شوہر کی بہن کو

۶... اپنے بھانجے یا اپنے شوہر کے بھانجے کو

۷ ... اپنے شوہر کے چچا اور پھوپھی اور ماموں اور خالہ کو

۸ ... اپنے شوہر کی دوسری بیوی کے نواسے اور نواسی کو

مسئلہ ۲۴۹۴ : اگر کوئی عورت کسی شخص کی پھوپھی کی لڑکی یا خالہ کی لڑکی کو دودھ پلائے تو وہ دودھ پلانے والی عورت اس شخص کی محرم نہیں بن جاتی لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ وہ شخص اس عورت سے ازدواج کرنے سے اجتناب کرے۔

مسئلہ ۲۴۹۵ : جس شخص کی دو عورتیں ہوں اگر ان میں سے ایک عورت دوسری کے چچا کے فرزند کو دودھ پلائے تو جس عورت کے چچا کے فرزند کو دودھ پلایا گیا ہے وہ اپنے شوہر پر حرام نہیں ہوگی۔

دودھ پلانے کے آداب

مسئلہ ۲۴۹۶ : بچے کو دودھ پلانے کے لیئے سب عورتوں سے بہتر اس کی اپنی ماں ہے اور بہتر یہ ہے کہ ماں بچے کو دودھ پلانے کے لیئے اپنے شوہر سے اجرت نہ لے اور یہ اچھی بات ہے کہ شوہر اسے اجرت دے اور اگر بچے کی ماں دایہ کے مقابلے میں زیادہ اجرت لینا چاہے تو شوہر بچے کو اس سے لے کر دایہ کے سپرد کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۴۹۷ : مستحب ہے کہ جو دایہ بچے کے لیئے حاصل کی جائے وہ شیعہ اثناعشری، عقلمند، پاک دامن اور خوش شکل ہو۔ اور مکروہ ہے کہ وہ کم عقل غیر شیعہ اثناعشری، بدصورت، بدخلق یا حرام زادی ہو اور یہ بھی مکروہ ہے کہ اس عورت کو دایہ مقرر کیا جائے جس کا دودھ اس بچے سے ہو جو ولدالزنا ہو۔

دودھ پلانے کے مختلف مسائل

مسئلہ ۲۴۹۸ : مستحب ہے کہ عورتوں کو روکا جائے تاکہ وہ ہر بچے کو دودھ نہ پلائیں کیونکہ ممکن ہے کہ یہ یاد نہ رہے کہ انہوں نے کس کس کو دودھ پلایا ہے اور بعد میں دو محرم اشخاص ایک دوسرے سے ازدواج کرلیں۔

مسئلہ ۲۴۹۹ : جو اشخاص دودھ پینے کی وجہ سے ایک دوسرے کے رشتہ دار بن جائیں ان پر

ایک دوسرے کا احترام کرنا مستحب ہے لیکن وہ ایک دوسرے کے وارث نہیں بنتے اور رشتہ داری کے جو حقوق آپس میں حقیقی رشتہ داروں کے ہوتے ہیں ان کا اطلاق رضاعی رشتہ داروں پر نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۲۵۰۰ : اگر ممکن ہو تو مستحب ہے کہ بچے کو پورے دو سال دودھ پلایا جائے۔

مسئلہ ۲۵۰۱ : اگر دودھ پلانے سے شوہر کی حق تلفی نہ ہو تو عورت شوہر کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے کے بچے کو دودھ پلا سکتی ہے لیکن یہ جائز نہیں ہے کہ وہ کسی ایسے بچے کو دودھ پلائے جسے دودھ پلانے کی وجہ سے وہ خود اپنے شوہر پر حرام ہو جائے مثلاً اگر اس کے شوہر نے کسی دودھ پیتی بچی سے عقد کیا ہو تو عورت کو اس بچی کو دودھ نہیں پلانا چاہئے کیونکہ اگر اس بچی کو دودھ پلائے گی تو وہ خود شوہر کی ساس بن جائے گی اور اس پر حرام ہو جائے گی۔

مسئلہ ۲۵۰۲ : اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی بھاوج اس کی محرم بن جائے تو اسے چاہئے کہ کسی شیر خوار بچی سے مثال کے طور پر دو دن کے لیئے متعہ کر لے اور ان دونوں میں ان شرائط کے ساتھ جن کا ذکر کیا گیا ہے اس کی بھاوج اس بچی کو دودھ پلا دے۔

مسئلہ ۲۵۰۳ : اگر کوئی مرد کسی عورت سے عقد کرنے سے پہلے کہے کہ رضاعت کی وجہ سے وہ عورت مجھ پر حرام ہے مثلاً کہے کہ میں نے اس عورت کی ماں کا دودھ پیا ہے تو اگر اس بات کی تصدیق ممکن ہو تو وہ اس عورت سے عقد نہیں کر سکتا اور اگر وہ یہ بات عقد کے بعد کہے اور خود عورت بھی اس بات کو قبول کرے تو عقد باطل ہے۔ پس اگر مرد نے اس عورت سے مجامعت نہ کی ہو یا مجامعت کی ہو لیکن مجامعت کے وقت عورت کو معلوم ہو کہ وہ اس مرد پر حرام ہے تو عورت کا کوئی مہر نہیں اور اگر عورت کو مجامعت کے بعد پتہ چلے کہ وہ اس مرد پر حرام تھی تو شوہر کو چاہئے اس جیسی عورتوں کے مہر کے مطابق مہر دے۔

مسئلہ ۲۵۰۴ : اگر کوئی عورت عقد سے پہلے کہہ دے کہ رضاعت کی وجہ سے میں اس مرد پر حرام ہوں اور اگر اس کی تصدیق ممکن ہو تو وہ اس مرد سے ازدواج نہیں کر سکتی اور اگر وہ یہ بات عقد کے بعد کہے تو اس کا کہنا ایسا ہے جیسے کہ مرد عقد کے بعد کہے کہ وہ عورت اس پر حرام ہے اور اس کے متعلق حکم سابقہ مسئلہ میں بیان ہو چکا ہے۔

مسئلہ ۲۵۰۵ : دودھ پلانا جو محرم بننے کا سبب ہے دو چیزوں سے ثابت ہوتا ہے۔

۱... ایک ایسی جماعت کا خبر دینا جس کے کہنے کا انسان کو یقین آجائے۔

۲... دو عادل مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں یا چار عورتیں جو عادل ہوں اور اس امر کی شہادت دیں لیکن ضروری ہے کہ وہ دودھ پلانے کی شرائط کے بارے میں بھی بتائیں مثلاً کہیں کہ ہم نے فلاں بچے کو چوبیس گھنٹے فلاں عورت کے پستان سے دودھ پیتے ہوئے دیکھا ہے اور اس نے اس دوران میں اور کوئی چیز بھی نہیں کھائی اور اسی طرح ان باقی شرائط کو بھی کھول کر بیان کریں جن کا ذکر کیا گیا ہے۔

مسئلہ ۲۵۰۶ : اگر اس بات میں شک ہو کہ آیا بچے نے اتنی مقدار میں دودھ پیا ہے جو محرم بننے کا سبب ہو یا گمان ہو کہ اس نے اتنی مقدار میں دودھ پیا ہے تو بچہ کسی کا بھی محرم نہیں ہوتا لیکن بہتر یہ ہے کہ احتیاط کی جائے۔

طلاق کے احکام

مسئلہ ۲۵۰۷ : جو مرد اپنی عورت کو طلاق دے اس کے لئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہو اور اپنے اختیار سے طلاق دے اور اگر اسے اپنی عورت کو طلاق دینے پر مجبور کیا جائے تو طلاق باطل ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ وہ شخص طلاق کا قصد رکھتا ہو پس اگر وہ مثال کے طور پر مذاق میں طلاق کا صیغہ کہے تو طلاق صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۵۰۸ : عورت کو طلاق کے وقت حیض اور نفاس کے خون سے پاک ہونا چاہئے اور یہ بھی ضروری ہے کہ اس کے شوہر نے اس کی پاکی کے دوران اس سے مجامعت نہ کی ہو اور ان دو شرطوں کی تفصیل آئندہ مسائل میں بیان کی جائے گی۔

مسئلہ ۲۵۰۹ : عورت کو حیض اور نفاس کی حالت میں تین صورتوں میں طلاق دینا صحیح ہے۔

۱... یہ کہ شوہر نے ازدواج کے بعد اس سے مجامعت نہ کی ہو۔

۲... معلوم ہو کہ وہ حاملہ ہے اور اگر یہ بات معلوم نہ ہو اور شوہر اسے حیض کی حالت میں

طلاق دے دے اور بعد میں پتہ چلے کہ وہ حاملہ تھی تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ اسے دوبارہ طلاق دے۔

۳ ... مرد کو غائب یا محبوس ہونے کی وجہ سے یہ معلوم نہ ہو سکتا ہو کہ عورت حیض اور نفاس کے خون سے پاک ہے یا نہیں۔

مسئلہ ۲۵۱۰ : اگر کوئی شخص عورت کو حیض کے خون سے پاک سمجھے اور اسے طلاق دے دے اور بعد میں پتہ چلے کہ وہ حیض کی حالت میں تھی تو اس کی طلاق باطل ہے اور اگر شوہر اسے حیض کی حالت میں سمجھے اور طلاق دے دے اور بعد میں معلوم ہو کہ پاک تھی تو اس کی طلاق صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۵۱۱ : جس شخص کو علم ہو کہ اس کی عورت حیض یا نفاس کی حالت میں ہے اگر وہ شخص غائب ہو جائے مثلاً سفر اختیار کرے اور اسے طلاق دینا چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ اتنی مدت کے لیئے جس میں عموماً عورتیں حیض یا نفاس سے پاک ہو جاتی ہیں صبر کرے اور بعد میں اسے طلاق دے دے۔

مسئلہ ۲۵۱۲ : جو شخص غائب ہو اگر وہ اپنی عورت کو طلاق دینا چاہے تو اگر وہ اس بارے میں اطلاع حاصل کر سکتا ہو کہ آیا اس کی عورت حیض یا نفاس کی حالت میں ہے یا نہیں تو اگرچہ اس کی اطلاع عورت کی حیض کی عادت یا ان دوسری نشانیوں کی رو سے ہو جو شرع میں معین ہیں اسے چاہئے کہ اتنی مدت تک صبر کرے جتنی مدت میں عموماً عورتیں حیض یا نفاس سے پاک ہو جاتی ہیں۔

مسئلہ ۲۵۱۳ : اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے جو حیض یا نفاس کے خون سے پاک ہو مجامعت کرے اور پھر اسے طلاق دینا چاہے تو اسے چاہئے کہ وہ صبر کرے حتیٰ کہ اسے دوبارہ حیض کا خون آ جائے اور پھر وہ پاک ہو جائے لیکن اگر ایسی عورت کو مجامعت کے بعد طلاق دی جائے جس کے نو سال تمام نہ ہوئے ہوں (یعنی اس کی عمر نو سال سے کم ہو) یا جو حاملہ ہو تو اس میں کوئی اشکال نہیں اور اگر عورت یائسہ ہو تب بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۵۱۴ : اگر کوئی شخص ایسی عورت سے مجامعت کرے جو حیض اور نفاس کے خون سے پاک ہو اور اسی پاکی کی حالت میں اسے طلاق دے دے اور بعد میں معلوم ہو کہ وہ طلاق دینے کے وقت حاملہ تھی تو احتیاط واجب کی بنا پر شوہر کو چاہئے کہ اسے دوبارہ طلاق دے۔

مسئلہ ۲۵۱۵ : اگر کوئی شخص ایسی عورت سے مجامعت کرے جو حیض اور نفاس کے خون سے پاک ہو اور پھر سفر اختیار کرے تو اگر وہ چاہے کہ سفر کے دوران میں اسے طلاق دے تو اسے چاہئے کہ اتنی مدت صبر کرے جتنی مدت میں عورت کو اس پاکی کے بعد معمول کے مطابق ماہواری کا خون آئے اور وہ دوبارہ پاک ہو جائے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ وہ مدت ایک مہینے سے کم نہ ہو۔

مسئلہ ۲۵۱۶ : اگر کوئی مرد ایسی عورت کو طلاق دینا چاہتا ہو جسے پیدائشی طور پر یا کسی بیماری کی وجہ سے حیض کا خون نہ آتا ہو تو اسے چاہئے کہ جب اس نے اس عورت سے مجامعت کی ہو اس وقت سے تین مہینے تک مجامعت سے اجتناب کرے اور بعد میں اسے طلاق دے دے۔

مسئلہ ۲۵۱۷ : ضروری ہے کہ طلاق صحیح عربی صیغہ میں لفظ **طالق** کے ساتھ پڑھی جائے اور دو عادل مرد اسے سنیں اور اگر شوہر خود طلاق کا صیغہ پڑھنا چاہے اور مثال کے طور پر اس کی عورت کا نام فاطمہ ہو تو اسے چاہئے کہ کہے **ذوجتی فاطمۃ طالق** یعنی میری زوجہ فاطمہ آزاد ہے اور اگر وہ کسی دوسرے شخص کو وکیل کرے تو وکیل کو کہنا چاہئے **زوجۃ موکلی فاطمۃ طالق** اور اگر عورت معین ہو تو اس کا نام لینا ضروری نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۵۱۸ : جس عورت سے متعہ کیا گیا ہو مثلاً ایک سال یا ایک مہینے کے لیئے اس سے عقد کیا گیا ہو اسے طلاق دینے کا کوئی سوال نہیں اور اس کا آزاد ہونا اس بات پر منحصر ہے کہ یا تو متعہ کی مدت ختم ہو جائے یا مرد فوت ہو جائے یا مرد اسے مدت بخش دے اور وہ اس طرح کہ اسے کہے "میں نے مدت تجھے بخش دی" اور کسی کو اس پر گواہ قرار دینا اور اس عورت کا حیض کے خون سے پاک ہونا ضروری نہیں ہے۔

طلاق کا عدہ

مسئلہ ۲۵۱۹ : جس لڑکی کی عمر نو سال نہ ہوئی ہو اور جو عورت یائسہ ہو اس کا کوئی عدہ نہیں ہے یعنی خواہ شوہر نے اس سے مجامعت کرنے کے بعد طلاق دی ہو وہ فوراً دوسرا شوہر کر سکتی ہے۔

مسئلہ ۲۵۲۰ : جس عورت کی عمر نو سال ہو چکی ہو اور یائسہ نہ ہو اور اس کا شوہر اس سے مجامعت کرے تو اگر وہ اسے طلاق دے تو اس عورت کو چاہئے کہ طلاق کے بعد عدہ رکھے اور آزاد

عورت کا عدہ یہ ہے کہ جب اس کا شوہر اسے پاکی کی حالت میں طلاق دے تو اس کے بعد وہ اتنی مدت صبر کرے کہ دو دفعہ حیض کا خون آنے کے بعد پاک ہو جائے اور جونہی اسے تیسری دفعہ حیض آئے اس کا عدہ ختم ہو جاتا ہے اور وہ شوہر کر سکتی ہے لیکن اگر شوہر عورت سے مجامعت کرنے سے پہلے اسے طلاق دے دے تو اس کے لیئے کوئی عدہ نہیں یعنی وہ طلاق کے فوراً بعد شوہر کر سکتی ہے۔

مسئلہ ۲۵۲۱ : جس عورت کو حیض کا خون نہ آتا ہو لیکن اس کا سن ان عورتوں جیسا ہو جنہیں حیض آتا ہو اگر اس کا شوہر اس سے مجامعت کرنے کے بعد طلاق دے دے تو اسے چاہئے کہ طلاق کے بعد تین مہینے تک عدہ رکھے۔

مسئلہ ۲۵۲۲ : جس عورت کا عدہ تین مہینے ہو اگر اسے چاند کی پہلی کو طلاق دی جائے تو اسے چاہئے کہ تین قمری مہینے تک یعنی جب چاند دیکھا جائے اس وقت سے تین مہینے تک عدہ رکھے اور اگر اسے کسی مہینے کے دوران میں طلاق دی جائے تو اسے چاہئے کہ اس مہینے کے باقی دن اور اس کے بعد آنے والے دو مہینے اور چوتھے مہینے کے اتنے دن جتنے دن پہلے مہینے سے کم ہوں عدہ رکھے تاکہ تین مہینے مکمل ہو جائیں مثلاً اگر اسے مہینے کی بیسویں تاریخ کو غروب کے وقت طلاق دی جائے اور یہ مہینہ انتیس (۲۹) دن کا ہو تو نو دن اس مہینے کے اور اس کے بعد دو مہینے اور اس کے بعد چوتھے مہینے کے بیس دن عدہ رکھے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ چوتھے مہینے کے اکیس دن عدہ رکھے تاکہ پہلے مہینے کے جتنے دن عدہ رکھا ہے انہیں ملا کر دونوں کی تعداد تیس ہو جائے۔

مسئلہ ۲۵۲۳ : اگر حاملہ عورت کو طلاق دی جائے تو اس کا عدہ بچے کے پیدا ہونے یا حمل ساقط ہونے تک ہے لہذا مثال کے طور پر اگر طلاق کے ایک گھنٹہ بعد بچہ پیدا ہو جائے تو اس عورت کا عدہ ختم جائے گا۔

مسئلہ ۲۵۲۴ : جس عورت نے عمر کے نو سال مکمل کر لیئے ہوں اور یائسہ نہ ہو اگر وہ مثال کے طور پر کسی شخص سے ایک مہینے یا ایک سال کے لیئے متعہ کر لے تو اگر اس کا شوہر اس سے مجامعت کرے اور اس عورت کی مدت تمام ہو جائے یا شوہر اسے مدت بخش دے تو اسے چاہئے کہ عدہ رکھے۔ پس اگر اسے حیض کا خون آئے تو اسے چاہئے کہ دو حیض کی مقدار کے برابر عدہ رکھے اور شوہر نہ کرے اور اگر حیض کا خون نہ آئے تو پینتالیس (۴۵) دن شوہر کرنے سے اجتناب کرے اور حاملہ

ہونے کی صورت میں احتیاط واجب یہ ہے کہ جو مدت وضع حمل یا پینتالیس (۴۵) دن میں سے زیادہ ہو اتنی مدت کے لیئے عدہ رکھے۔

مسئلہ ۲۵۲۵ : طلاق کے عدہ کی ابتداء اس وقت سے ہوتی ہے جب صیغہ طلاق کا پڑھنا ختم ہو جاتا ہے خواہ عورت کو پتہ چلے یا نہ چلے کہ اسے طلاق دے دی گئی ہے پس اگر اسے عدہ ختم ہونے کے بعد پتہ چلے کہ اسے طلاق دے دی گئی ہے تو ضروری نہیں کہ وہ دوبارہ عدہ رکھے۔

اس عورت کا عدہ جس کا شوہر مر جائے

مسئلہ ۲۵۲۶ : اگر کسی عورت کا شوہر مر جائے تو اس صورت میں جب کہ وہ آزاد ہو اگر وہ حاملہ نہ ہو تو خواہ وہ یائسہ ہو یا شوہر نے اس سے متعہ کیا ہو یا شوہر نے اس سے مجامعت نہ کی ہو اسے چاہئے کہ چار مہینے اور دس دن عدہ رکھے یعنی شوہر کرنے سے اجتناب کرے اور اگر حاملہ ہو تو اسے چاہئے کہ وضع حمل تک عدہ رکھے۔ لیکن اگر چار مہینے اور دس دن گزرنے سے پہلے بچہ پیدا ہو جائے تو اسے چاہئے کہ شوہر کی موت کے بعد چار مہینے دس دن گزرنے تک صبر کرے اور اس عدہ کو عدہ وفات کہتے ہیں۔

مسئلہ ۲۵۲۷ : جو عورت عدہ وفات میں ہو اس کے لیئے زینت کے طور پر رنگ برنگا لباس پہننا اور سرمہ لگانا حرام ہے اور اسی طرح دوسرے ایسے کام جو زینت میں شمار ہوتے ہوں اس پر حرام ہیں۔ اسی طرح بغیر کسی سخت ضرورت کے اسے گھر سے بھی نہیں نکلنا چاہئے۔

مسئلہ ۲۵۲۸ : اگر عورت کو یقین ہو جائے کہ اس کا شوہر مر چکا ہے اور عدہ وفات تمام ہونے پر دوسرا شوہر کر لے اور پھر اسے معلوم ہو کہ اس کے شوہر کی موت بعد میں واقع ہوئی ہے تو اسے چاہئے کہ دوسرے شوہر سے جدا ہو جائے اور بنابر احتیاط اس صورت میں جب کہ وہ حاملہ ہو وضع حمل تک دوسرے شوہر کے لیئے عدہ طلاق اور اس کے بعد پہلے شوہر کے لیئے عدہ وفات رکھے اور اگر حاملہ نہ ہو تو پہلے شوہر کے لیئے عدہ وفات اور اس کے بعد دوسرے شوہر کے لیئے عدہ طلاق رکھے۔

مسئلہ ۲۵۲۹ : جس عورت کا شوہر غائب ہو یا غائب ہونے کے حکم میں ہو اس کے عدہ وفات کی ابتداء شوہر کی موت کی اطلاع ملنے کے وقت سے ہوتی ہے۔

مسئلہ ۲۵۳۰ : اگر کوئی عورت کہے کہ میرا عدہ ختم ہو گیا ہے تو اس کا قول دو شرطوں کے ساتھ قبول کیا جاتا ہے۔

۱... یہ کہ بنابر احتیاط وہ مورد تہمت نہ ہو۔

۲... اسے طلاق ملنے یا اس کے شوہر کے مرنے کے بعد اتنی مدت گزر چکی ہو کہ اس مدت میں عدہ کا ختم ہونا ممکن ہو۔

طلاق بائن اور طلاق رجعی

مسئلہ ۲۵۳۱ : طلاق بائن کے معنی یہ ہیں کہ طلاق کے بعد مرد یہ حق نہیں رکھتا کہ اپنی عورت کی طرف رجوع کرے یعنی بغیر عقد کے دوبارہ اسے اپنی بیوی بنا لے اور اس طلاق کی پانچ قسمیں ہیں۔

۱... اس عورت کو دی گئی طلاق جس کی عمر ابھی نو سال نہ ہوئی ہو۔

۲... اس عورت کو دی گئی طلاق جو یائسہ ہو۔

۳... اس عورت کو دی گئی طلاق جسکے شوہر نے عقد کے بعد اس سے مجامعت نہ کی ہو۔

۴... جس عورت کو تین دفعہ طلاق دی گئی ہو اسے دی جانے والی تیسری طلاق۔

۵... خلع اور مبارات کی طلاق جن کے احکام بعد میں بیان کیئے جائیں گے اور ان طلاقوں کے علاوہ جو طلاقیں ہیں وہ رجعی ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ جب تک عورت عدہ میں ہو شوہر اس سے رجوع کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۵۳۲ : جس شخص نے اپنی عورت کو طلاق رجعی دی ہو اس کے لیئے اسے (یعنی عورت کو) اس گھر سے نکال دینا جس میں وہ طلاق دینے کے وقت مقیم تھی حرام ہے البتہ بعض موقعوں پر جن میں بد چلنی یا غیر لوگوں کے ساتھ آنا جانا شامل ہیں اسے گھر سے نکال دینے میں کوئی حرج نہیں۔ نیز یہ بھی حرام ہے کہ عورت غیر ضروری کاموں کے لیئے اس گھر سے باہر جائے۔

رجوع کرنے کے احکام

مسئلہ ۲۵۳۳ : طلاق رجعی میں مرد دو طریقوں سے عورت کی طرف رجوع کر سکتا ہے۔

۱... عورت سے باتیں کرے جن کا مطلب یہ نکلتا ہو کہ اس نے اسے دوبارہ اپنی بیوی قرار دیا ہے۔

۲... کوئی کام کرے اور اس کام سے رجوع کا قصد کرے اور ظاہر یہ ہے کہ مجامعت کرنے سے رجوع ثابت ہو جاتا ہے خواہ اس کا قصد رجوع معلوم نہ بھی ہو۔

مسئلہ ۲۵۳۴ : رجوع کرنے میں مرد کے لیئے ضروری نہیں کہ کسی کو گواہ بنائے یا اپنی بیوی کو رجوع کرنے کے متعلق اطلاع دے بلکہ اگر بغیر اس کے کہ کسی کو پتہ چلے وہ خود ہی رجوع کرے تو اس کا رجوع صحیح ہے لیکن اگر عدہ ختم ہو جانے کے بعد مرد کہے کہ میں نے عدہ کے دوران میں رجوع کر لیا تھا تو ضروری ہے کہ اس بات کو ثابت کرے۔

مسئلہ ۲۵۳۵ : جس مرد نے عورت کو طلاق رجعی دی ہو اگر وہ اس سے کچھ مال لے لے اور اس سے مصالحت کر لے کہ اب تجھ سے رجوع نہ کروں گا تو اگرچہ یہ مصالحت درست ہے اور مرد پر لازم ہے کہ رجوع نہ کرے لیکن اس سے مرد کا حق رجوع زائل نہیں ہوتا اور اگر وہ رجوع کر لے تو جو طلاق دے چکا ہے وہ جدائی کا موجب نہیں بنتی۔

مسئلہ ۲۵۳۶ : اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو دو دفعہ طلاق دے کر اس کی طرف رجوع کر لے یا اسے دو دفعہ طلاق دے اور ہر طلاق کے بعد اس سے عقد کرے یا ایک طلاق کے بعد رجوع کرے اور دوسری طلاق کے بعد عقد کرے تو تیسری طلاق کے بعد وہ عورت اس مرد پر حرام ہو جائے گی ہاں اگر عورت تیسری طلاق کے بعد کسی دوسرے مرد سے ازدواج کرے تو وہ پانچ شرطوں کے پورا ہونے پر پہلے مرد پر حلال ہو گی یعنی وہ اس عورت سے دوبارہ عقد کر سکے گا۔

۱... یہ کہ دوسرے شوہر کا عقد دائمی ہو پس اگر مثال کے طور پر وہ ایک مہینے یا ایک سال کے لیئے اس عورت سے متعہ کر لے تو اس مرد کے اس سے جدا ہونے کے بعد پہلا شوہر اس سے عقد نہیں کر سکتا۔

۲... دوسرا شوہر اس سے مجامعت کرے اور اپنا عضو تناسل اس کی شرمگاہ میں داخل کرے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ مجامعت عورت کی اگلی شرم گاہ (یعنی فرج) میں کرے۔

۳... دوسرا شوہر اسے طلاق دے یا مر جائے۔

۴... دوسرے شوہر کا عدہ طلاق یا عدہ وفات ختم ہو جائے۔

۵... بنابر احتیاط واجب دوسرا شوہر بالغ ہو۔

طلاق خلع

مسئلہ ۲۵۳۷ : اس عورت کی طلاق کو جو اپنے شوہر کی طرف مائل نہ ہو اور اپنا مہر یا کوئی اور مال اسے بخش دے تاکہ وہ اسے طلاق دے دے اسے طلاق خلع کہتے ہیں۔

مسئلہ ۲۵۳۸ : جب شوہر خود طلاق خلع کا صیغہ پڑھنا چاہے تو اگر اس کی بیوی کا نام مثلاً فاطمہ ہو تو عوض لینے کے بعد کہے **زوجتی فاطمة خلعتها علی مابذلت** اور احتیاط مستحب کی بنا پر **ھی طالق** بھی کہے یعنی میں نے اپنی بیوی فاطمہ کو اس مال کے مقابل میں جو اس نے مجھے دیا ہے طلاق خلع دے دی ہے اور وہ آزاد ہے اور اگر عورت معین ہو تو طلاق خلع میں اور نیز طلاق مبارات میں اس کا نام لینا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۵۳۹ : اگر عورت کسی شخص کو وکیل مقرر کرے تاکہ وہ اس کا مہر اس کے شوہر کو بخش دے اور شوہر بھی اسی شخص کو وکیل مقرر کرے تاکہ وہ اس کی بیوی کو طلاق دے دے، تو اگر مثال کے طور پر شوہر کا نام محمد اور بیوی کا نام فاطمہ ہو تو وکیل صیغہ طلاق یوں پڑھے **عن موکلتی فاطمة بذلت مھرھا لموکلی محمد لیخلعھا علیه** اور اس کے بعد بلا فاصلہ کہے **زوجة موکلی خالعتھا علی ما بذلت ھی طالق** اور اگر عورت کسی کو وکیل مقرر کرے کہ اس کے شوہر کو مہر کے علاوہ کوئی اور چیز بخش دے تاکہ وہ (یعنی اس عورت کا شوہر) اسے طلاق دے دے تو وکیل کو چاہئے کہ لفظ **مھرھا** کی بجائے اس چیز کا نام لے مثلاً اگر عورت نے سو روپے دیئے ہوں تو اسے کہنا چاہئے **بذلت مائة روبیه**

طلاق مبارات

مسئلہ ۲۵۴۰ : اگر بیوی اور شوہر دونوں ایک دوسرے کو نہ چاہتے ہوں اور عورت مرد کو کچھ مال دے تاکہ وہ اسے طلاق دے دے تو اسے طلاق مبارات کہتے ہیں۔

مسئلہ ۲۵۴۱ : اگر شوہر مبارات کا صیغہ پڑھنا چاہے تو اگر مثلاً عورت کا نام فاطمہ ہو تو اسے کہنا چاہئے **بارات زوجتی فاطمة علی مابذلت فهی طالق** یعنی میں اور میری بیوی فاطمہ اس عوض کے مقابل میں جو اس نے دیا ہے (یعنی اس مال کے مقابل میں جو اس نے مجھے دیا ہے) ایک دوسرے سے جدا ہو گئے ہیں پس وہ آزاد ہے اور اگر وہ شخص کسی کو وکیل مقرر کرے تو وکیل کو کہنا چاہئے **عن قبل موکلی بارات زوجته' فاطمة علی مابذلت فهی طالق** اور دونوں صورتوں میں کلمہ **علی مابذلت** کی بجائے اگر **بمابذلت** کہا جائے تب بھی کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۵۴۲ : خلع اور مبارات کی طلاق کا صیغہ صحیح عربی میں پڑھا جانا چاہئے لیکن اگر عورت اپنا مال شوہر کو بخشنے کے لیئے مثلاً اردو میں کہے "طلاق کے لیئے میں نے تجھے فلاں مال بخشا" تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۵۴۳ : اگر کوئی عورت طلاق خلع یا طلاق مبارات کے عدہ کے دوران میں اپنی بخشش سے پھر جائے تو شوہر رجوع کر سکتا ہے اور دوبارہ عقد کیئے بغیر اسے اپنی بیوی قرار دے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۵۴۴ : جو مال شوہر طلاق مبارات دینے کے لیئے لے وہ عورت کے مہر سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے لیکن طلاق خلع کے سلسلے میں لیا جانے والا مال اگر مہر سے زیادہ بھی ہو تو کوئی حرج نہیں۔

طلاق کے مختلف احکام

مسئلہ ۲۵۴۵ : اگر کوئی شخص کسی نامحرم عورت سے اس گمان میں مجامعت کرے کہ وہ اس کی بیوی ہے تو خواہ عورت کو علم ہو کہ وہ شخص اس کا شوہر نہیں ہے۔ یا گمان کرے کہ اس کا شوہر ہے اسے چاہئے کہ عدہ رکھے۔

مسئلہ ۲۵۴۶ : اگر کوئی شخص کسی عورت سے یہ جانتے ہوئے زنا کرے، کہ وہ اس کی بیوی نہیں ہے تو خواہ عورت کو علم ہو کہ وہ مرد اس کا شوہر نہیں ہے یا گمان کرے، کہ وہ اس کا شوہر ہے اس کے لیئے عدہ رکھنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۵۴۷ : اگر کوئی مرد کسی عورت کو ورغلائے کہ وہ اپنے شوہر سے طلاق لے لے اور

اس شخص سے عقد کرلے تو طلاق اور عقد صحیح ہیں لیکن دونوں نے بہت بڑا گناہ کیا ہے۔

مسئلہ ۲۵۴۸ : اگر عورت عقد کے سلسلے میں شوہر سے شرط طے کرے کہ اگر اس کا شوہر سفر اختیار کرے یا مثلاً چھ مہینے اسے خرچ نہ دے تو طلاق کا اختیار اسے (یعنی عورت کو) حاصل ہوگا تو یہ شرط باطل ہے۔ لیکن اگر عورت یہ شرط لگائے کہ اگر مرد سفر اختیار کرے یا مثلاً چھ مہینے تک اسے خرچ نہ دے تو وہ اپنی طلاق کے لئے اس کی (یعنی شوہر کی) وکیل ہوگی تو یہ شرط صحیح ہے اور اگر ایسی صورت پیدا ہو جائے اور وہ اپنے آپ کو طلاق دے دے تو طلاق صحیح ہوگی۔

مسئلہ ۲۵۴۹ : جس عورت کا شوہر گم ہو جائے اگر وہ دوسرا شوہر کرنا چاہے تو اسے چاہئے کہ مجتہد عادل کے پاس جائے اور اس کے حکم کے مطابق عمل کرے۔

مسئلہ ۲۵۵۰ : دیوانے شخص کا باپ اور دادا اس کی بیوی کو طلاق دے سکتے ہیں۔

مسئلہ ۲۵۵۱ : اگر باپ یا دادا اپنے نابالغ لڑکے (یعنی بیٹے یا پوتے) کا کسی عورت سے متعہ کر دیں اور متعہ کی مدت میں اس لڑکے کے مکلف ہونے کی کچھ مدت بھی شامل ہو مثلاً اپنے چودہ سالہ لڑکے کا کسی عورت سے دو سال کے لئے متعہ کر دیں تو اگر اس میں لڑکے کی بھلائی ہو تو وہ (یعنی باپ یا دادا) اس عورت کی مدت بخش سکتے ہیں لیکن لڑکے کی دائمی بیوی کو طلاق نہیں دے سکتے۔

مسئلہ ۲۵۵۲ : اگر کوئی مرد دو آدمیوں کو شرع کی مقرر کردہ علامات کی رو سے عادل سمجھے اور اپنی بیوی کو ان کے سامنے طلاق دے دے تو کوئی اور شخص جس کے نزدیک ان دو آدمیوں کی عدالت ثابت نہ ہو اس عورت کا عدہ ختم ہونے کے بعد اس کے ساتھ خود عقد کر سکتا ہے یا اسے کسی دوسرے کے عقد میں دے سکتا ہے اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس کے ساتھ عقد سے اجتناب کرے۔ اور دوسرے کا عقد بھی اس کے ساتھ نہ کرے۔

مسئلہ ۲۵۵۳ : اگر کوئی شخص کسی عورت کو اسے علم ہوئے بغیر طلاق دے دے تو اگر وہ اس کے اخراجات اسی طرح دے جس طرح اس وقت دیتا تھا جب وہ اس کی بیوی تھی اور مثلاً ایک سال کے بعد اسے کہے کہ میں ایک سال ہوا تجھے طلاق دے چکا ہوں اور اس بات کو شرعاً بھی ثابت کر دے تو جو چیزیں اس نے اس مدت میں اس عورت کو مہیا کی ہوں اور وہ انہیں اپنے مصرف میں نہ لائی

ہو انھیں وہ اس سے واپس لے سکتا ہے لیکن جو چیزیں اس نے صرف کر لی ہوں ان کا مطالبہ نہیں کر سکتا۔

غصب کے احکام

مسئلہ ۲۵۵۴ : غصب کے معنی یہ ہیں کہ کوئی شخص کسی کے مال یا حق پر ظلم کر کے قابض ہو جائے اور یہ بہت بڑے گناہوں میں سے ایک گناہ ہے جس کا مرتکب ہونے والا قیامت کے دن سخت عذاب میں گرفتار ہو گا۔ جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ جو شخص کسی دوسرے کی ایک بالشت زمین غصب کرے قیامت کے دن اس زمین کو اس کے سات طبقوں سے لے کر طوق کی طرح اس کی گردن میں ڈال دیا جائے گا۔

مسئلہ ۲۵۵۵ : اگر کوئی شخص مسجد یا مدرسہ یا پل یا دوسری ایسی جگہوں سے جو رفاہ عامہ کے لیئے بنائی گئی ہوں لوگوں کو استفادہ نہ کرنے دے تو اس نے ان کا حق غصب کیا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص مسجد میں اپنے لیئے جگہ مخصوص کرے اور دوسرا اسے اس جگہ سے استفادہ نہ کرنے دے تو وہ بھی غاصب ہے۔

مسئلہ ۲۵۵۶ : انسان جو چیز قرض خواہ کے پاس گروی رکھے وہ اسی کے پاس (یعنی قرض خواہ کے پاس) رہنی چاہئے تاکہ اگر وہ قرضہ ادا نہ کرے تو قرض خواہ اپنا قرضہ اس چیز کے ذریعے وصول کر لے۔ لہذا اگر مقروض قرض ادا کرنے سے پہلے وہ چیز اس سے لے لے تو اس نے اس کا حق غصب کیا ہے۔

مسئلہ ۲۵۵۷ : جو مال کسی کے پاس گروی رکھا گیا ہو اگر کوئی اور شخص اسے غصب کر لے تو مال کا مالک اور قرض خواہ دونوں غصب کرنے والے سے اس مال کا مطالبہ کر سکتے ہیں اور اگر وہ چیز اس سے واپس لے لیں تو وہ گروی ہی رہے گی اور اگر وہ چیز تلف ہو جائے اور وہ اس کا عوض حاصل کریں تو وہ عوض بھی اصلی چیز کی طرح گروی رہے گا۔

مسئلہ ۲۵۵۸ : اگر انسان کوئی چیز غصب کرے تو اسے چاہئے کہ اس کے مالک کو لوٹا دے اور

اگر وہ چیز ضائع ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض مالک کو دے۔

مسئلہ ۲۵۵۹ : جو چیز غصب کی گئی ہو اگر اس سے کوئی منفعت ہاتھ آئے مثلاً غصب کی ہوئی بھیڑ کا بچہ پیدا ہو تو وہ اس کے مالک کا مال ہے نیز مثال کے طور پر اگر کسی نے کوئی مکان غصب کر لیا ہو تو خواہ وہ (یعنی غاصب) اس مکان میں نہ رہے اسے چاہئے کہ اس کا کرایہ مالک کو دے۔

مسئلہ ۲۵۶۰ : اگر کوئی شخص بچے یا دیوانے سے کوئی چیز جو اس کا (یعنی بچے یا دیوانے کا) مال ہو غصب کرے تو اسے چاہئے کہ وہ چیز اس کے ولی کو دے دے اور اگر وہ چیز تلف ہو جائے تو چاہئے کہ اس کا عوض دے۔

مسئلہ ۲۵۶۱ : جب دو اشخاص مل کر کوئی چیز غصب کریں تو خواہ ان میں سے ہر ایک اکیلا بھی اس چیز کو غصب کرنے پر قادر ہو ان میں سے ہر ایک نصف مال کا ذمہ دار ہے۔

مسئلہ ۲۵۶۲ : اگر کوئی شخص غصب کی ہوئی چیز کو کسی دوسری چیز سے ملا دے مثلاً جو گندم غصب کی ہو اسے جو سے ملا دے تو اگر ان کا جدا کرنا ممکن ہو تو خواہ اس میں زحمت ہی کیوں نہ ہو اسے چاہئے کہ انہیں ایک دوسری سے علیحدہ کرے اور غصب کی ہوئی چیز اس کے مالک کو واپس دے۔

مسئلہ ۲۵۶۳ : اگر کوئی شخص مثال کے طور پر کانوں کا آویزہ گوشوارہ بالی زیور جو اس نے غصب کیا ہو توڑ پھوڑ دے تو اسے چاہئے کہ وہ مال اس کے بنانے کی مزدوری کے ساتھ اس کے مالک کو واپس کرے اور اگر مزدوری نہ دے اور کہے کہ اس کی بجائے میں اس مال کو پہلے جیسا ہی بنا دیتا ہوں تو مالک اس میں پیش کش کو قبول کرنے پر مجبور نہیں ہے نیز مالک بھی اس شخص کو مجبور نہیں کر سکتا وہ اس چیز کو پہلے جیسی بنائے۔

مسئلہ ۲۵۶۴ : جس شخص نے کوئی چیز غصب کی ہو اگر وہ اس میں ایسی تبدیلی کرے کہ اس چیز کی حالت پہلے سے بہتر ہو جائے مثلاً جو سونا غصب کیا ہو اس کا گوشوارہ بنا دے تو اگر مال کا مالک اسے کہے کہ مجھے مال اسی حالت میں (یعنی گوشوارے کی شکل میں) دو تو اسے چاہئے کہ اسے دے دے اور جو زحمت اس نے اٹھائی ہو یعنی گوشوارہ بنانے پر جو محنت کی ہو اس کی مزدوری بھی وہ نہیں لے سکتا اور اسی طرح وہ یہ حق نہیں رکھتا کہ مالک کی اجازت کے بغیر اس چیز کو اس کی پہلی حالت میں لے آئے اور

اگر اس کی اجازت کے بغیر اس چیز کو پہلے جیسا کر دے تو اسے چاہئے کہ اس کے بنانے (یعنی گوشوارہ وغیرہ بنانے) کی مزدوری بھی اس کے مالک کو دے۔

مسئلہ ۲۵۶۵ : جس شخص نے کوئی چیز غصب کی ہو اگر وہ اس میں ایسی تبدیلی کرے کہ اس چیز کی حالت پہلے سے بہتر ہو جائے اور صاحب مال اسے اس چیز کی پہلی حالت میں واپس کرنے کو کہے تو اس کے لیئے واجب ہے کہ اسے اس کی پہلی حالت میں لے آئے اور اگر تبدیلی کرنے کی وجہ سے اس چیز کی قیمت پہلی حالت سے کم ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا فرق مالک کو دے پس اگر کوئی شخص غصب کیئے ہوئے سونے کا گوشوارہ بنائے اور اس سونے کا مالک کہے کہ تمہارے لیئے لازم ہے کہ اسے پہلی شکل میں لے آؤ تو اگر پگھلانے کے بعد اس سونے کی قیمت اس سے کم ہو جائے جتنی گوشوارہ بنانے سے پہلے تھی تو غصب کرنے والے کو چاہئے کہ قیمتوں میں جتنا فرق ہو اس کے برابر مال مالک کو دے۔

مسئلہ ۲۵۶۶ : اگر کوئی شخص اس زمین میں جو اس نے غصب کی ہو زراعت کرے یا درخت لگائے تو زراعت' درخت اور ان کا پھل خود اس کا مال ہے اور اگر زمین کا مالک اس بات پر راضی نہ ہو کہ درخت اس زمین میں رہیں تو جس نے وہ زمین غصب کی ہو اسے چاہئے کہ خواہ ایسا کرنا اس کے لیئے نقصان دہ ہی کیوں نہ ہو وہ فوراً اپنی زراعت یا درختوں کو زمین سے اکھیڑ لے نیز اسے چاہئے کہ جتنی مدت زراعت اور درخت اس زمین میں رہے ہوں اتنی مدت کا کرایہ زمین کے مالک کو دے اور جو خرابیاں زمین میں پیدا ہوئی ہوں انہیں درست کرے مثلاً جہاں درختوں کو اکھیڑنے سے زمین میں گڑھے پڑ گئے ہوں اس جگہ کو پر کرے اور اگر ان خرابیوں کی وجہ سے زمین کی قیمت پہلے سے کم ہو جائے تو اسے چاہئے کہ قیمت میں جو فرق پڑے وہ بھی ادا کرے اور وہ زمین کے مالک کو اس بات پر مجبور نہیں کرسکتا کہ وہ زمین اس کے ہاتھ بیچ دے نیز زمین کا مالک بھی اسے مجبور نہیں کر سکتا کہ درخت یا زراعت اس کے ہاتھ بیچ دے۔

مسئلہ ۲۵۶۷ : اگر زمین کا مالک اس بات پر راضی ہو جائے کہ زراعت اور درخت اس کی زمین میں رہیں تو جس شخص نے زمین غصب کی ہو اس کے لیئے یہ ضروری نہیں ہے کہ زراعت اور درختوں کو اکھیڑے لیکن اسے چاہئے کہ جب زمین غصب کی ہو اس وقت سے لے کر مالک کے راضی

ہونے کے وقت تک کی مدت کا زمین کا کرایہ دینا ہے۔

مسئلہ ۲۵۶۸ : جو چیز کسی نے غصب کی ہو اگر وہ تلف ہو جائے تو اگر وہ چیز گائے اور بھیڑ کی طرح ہو جن کی قیمت ان کی ذاتی خصوصیات کی بنا پر عقلاء کی نظر میں فرداً فرداً مختلف ہوتی ہے تو غاصب کو چاہئے کہ اس چیز کی قیمت ادا کرے اور اگر اس کی بازار کی قیمت مختلف ہو گئی ہو تو اسے چاہئے کہ وہ قیمت دے جو ادا کرنے کے وقت تھی اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ غصب کرنے کے وقت سے لے کر تلف ہونے کے وقت تک اس چیز کی جو زیادہ سے زیادہ قیمت رہی ہو وہ دے۔

مسئلہ ۲۵۶۹ : جو چیز کسی نے غصب کی ہو اور وہ تلف ہو جائے اگر وہ گندم اور جو کی مانند ہو جن کی فرداً فرداً قیمت کا ذاتی خصوصیات کی بنا پر باہم فرق نہیں ہوتا تو غصب کرنے والے کو چاہیے کہ جو چیز غصب کی ہو اسی جیسی چیز مالک کو دے لیکن جو چیز دے ضروری ہے کہ اس کی قسم اپنی خصوصیات میں اس غصب کی ہوئی چیز کی قسم کی مانند ہو جو کہ تلف ہو گئی ہے مثلاً اگر بڑھیا قسم کا چاول غصب کیا تھا تو گھٹیا قسم کا نہیں دے سکتا۔

مسئلہ ۲۵۷۰ : اگر کوئی شخص بھیڑ جیسی کوئی چیز غصب کرے اور وہ تلف ہو جائے تو اگر اس کی بازار کی قیمت میں فرق نہ پڑا ہو لیکن جس مدت میں وہ غصب کرنے والے کے پاس رہی ہو اس مدت میں مثلاً فربہ ہو گئی ہو تو فربہ ہونے کے وقت کی قیمت ادا کرے۔

مسئلہ ۲۵۷۱ : جو چیز کسی نے غصب کی ہو اگر کوئی اور شخص وہی چیز اس سے غصب کرے اور پھر وہ تلف ہو جائے تو مال کا مالک ان دونوں میں سے ہر ایک سے اس کا عوض لے سکتا ہے یا ان دونوں میں سے کسی ایک سے اس کے عوض کی کچھ مقدار کا مطالبہ کر سکتا ہے اور اگر مالک اس کا عوض پہلے غاصب سے لے لے تو پہلے غاصب نے جو کچھ دیا ہو وہ دوسرے غاصب سے لے سکتا ہے لیکن اگر مال کا مالک اس کا عوض دوسرے غاصب سے لے لے تو اس نے جو کچھ دیا ہے اس کا مطالبہ وہ (یعنی دوسرا غاصب) پہلے غاصب سے نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۲۵۷۲ : جس چیز کو بیچا جائے اگر اس میں معاملہ کی شرطوں میں سے کوئی ایک موجود نہ ہو مثلاً جس چیز کی خرید و فروخت وزن کر کے کرنی چاہئے اگر اس کا معاملہ بغیر وزن کیئے کیا جائے تو معاملہ

باطل ہے اور اگر بیچنے والا اور خریدار معاملہ سے قطع نظر اس بات پر رضا مند ہوں کہ ایک دوسرے کے مال میں تصرف کریں، تو کوئی حرج نہیں ہے یہاں خرید و فروخت کے احکام کی بجائے ہبہ کے احکام جاری ہوں گے اور اس قسم کے معاملہ کو مصالحت سے بھی طے نہیں کیا جا سکتا۔ ورنہ جو چیز انہوں نے ایک دوسرے سے لی ہو وہ غصبی مال کی مانند ہے اور انہیں چاہئے کہ ایک دوسرے کی چیزیں واپس کر دیں اور اگر ایک کے ہاتھوں دوسرے کا مال تلف ہو جائے تو خواہ اسے معلوم ہو یا نہ ہو کہ معاملہ باطل تھا اسے چاہئے کہ اس کا عوض دے۔

مسئلہ ۲۵۷۳ : جب کوئی شخص کوئی مال کسی بیچنے والے سے اس مقصد سے کہ اسے دیکھے یا کچھ مدت اپنے پاس رکھے تا کہ اگر پسند آئے تو خرید لے تو اگر وہ مال تلف ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض اس کے مالک کو دے۔

اس مال کے احکام جو پڑا ہوا مل جائے

مسئلہ ۲۵۷۴ : اگر کسی شخص کو کسی دوسرے کا گم شدہ ایسا مال ملے جو حیوانات میں سے نہ ہو اور جس کی کوئی ایسی نشانی بھی نہ ہو جس کے ذریعے اس کے مالک کا پتہ چل سکے اور اس کی قیمت ایک درہم (۶ / ۱۲ چنے سکہ دار چاندی) سے کم نہ ہو تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ وہ شخص اس مال کو اس کے مالک کی طرف سے فقیروں کو بطور صدقہ دے دے اور اپنی ملکیت میں نہ لے۔

مسئلہ ۲۵۷۵ : اگر کوئی انسان ایسی گری پڑی چیز پائے جس کی قیمت ایک درہم سے کم ہو تو اگر اس کا مالک معلوم ہو لیکن انسان کو یہ علم نہ ہو کہ وہ اس کے اٹھانے پر راضی ہے یا نہیں تو وہ اس کی اجازت کے بغیر اس مال کو نہیں اٹھا سکتا اور اگر اس کے مالک کا علم نہ ہو تو اس قصد سے اٹھا سکتا ہے کہ وہ خود اس کی ملکیت ہے اور اس پر واجب ہے کہ جب بھی اس مال کا مالک ملے اگر وہ مال تلف نہ ہو گیا ہو تو بعینہ وہی مال اسے واپس کر دے اور اگر تلف ہو گیا ہو تو اسے اس کا عوض دے اور اگر اس مال کو استعمال کیا ہے تو اس کی اجرت بھی دے۔

مسئلہ ۲۵۷۶ : اگر کوئی شخص ایک چیز پائے جس پر کوئی ایسی نشانی ہو جس کے ذریعے اس کے

مالک کا پتہ چلایا جا سکے تو اگرچہ اسے معلوم ہو جائے کہ اس کا مالک سنی ہے یا ایک ایسا کافر ہے جس کا مال محترم ہے تاہم اگر اس چیز کی قیمت ایک درہم کی مقدار تک پہنچ جائے تو اس شخص کو چاہئے کہ جس دن وہ چیز ملی ہو اس سے ایک سال تک لوگوں کے اجتماع کی جگہ پر اس کا اعلان کرے۔

مسئلہ ۲۵۷۷ : اگر انسان خود اعلان نہ کرنا چاہے تو وہ ایسے آدمی کو اپنی طرف سے اعلان کرنے کے لیئے کہہ سکتا ہے جس کے متعلق اسے اطمینان ہو کہ وہ اعلان کر دے گا۔

مسئلہ ۲۵۷۸ : اگر مذکورہ شخص ایک سال تک اعلان کرے اور مال کا مالک نہ ملے تو اس صورت میں جب کہ وہ مال حرم مکہ کے علاوہ کسی جگہ سے ملا ہو وہ اسے خود لے سکتا ہے یا اسے اس کے مالک کے لیئے اپنے پاس رکھ سکتا ہے تاکہ جب بھی وہ ملے اسے دے دے اور یا مال کے مالک کی طرف سے فقیروں کو بطور صدقہ دے سکتا ہے اور اگر وہ مال اسے حرم میں ملا ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اسے بطور صدقہ دے دے اور ان دونوں صورتوں میں احتیاط مستحب ہے کہ حاکم شرع سے اجازت لے یا حاکم شرع کے سپرد کر دے۔

مسئلہ ۲۵۷۹ : اگر کسی شخص کے ایک سال تک اعلان کرنے کے بعد بھی مال کا مالک نہ ملے اور جسے وہ مال ملا ہو وہ اس کے مالک کے لیئے اسے اپنے پاس رکھ چھوڑے (یعنی جب مالک ملے گا اسے دے دوں گا) اور وہ مال تلف ہو جائے تو اگر اس نے مال کی نگہداشت میں کوتاہی نہ برتی ہو اور تعدی یعنی زیادہ روی بھی نہ کی ہو تو پھر وہ ذمہ دار نہیں ہے اور اگر اس نے خود اپنے لیئے اسے قبضے میں کر لیا ہو تو ذمہ دار ہے۔ اور اگر وہ مال اس کے مالک کی طرف سے بطور صدقہ دے چکا ہو تو مال کے مالک کو اختیار ہے کہ اس صدقے پر راضی ہو جائے یا اپنے مال کے عوض کا مطالبہ کرے اور صدقہ کا ثواب صدقہ کرنے والے کو ملے گا (یعنی پہلی صورت میں مال کے مالک کو اور دوسری صورت میں اس شخص کو جسے وہ مال ملا اور اس نے بطور صدقہ دے دیا) صاحب مال کو مطالبے کا حق اس صورت میں ہے کہ اس شخص نے حاکم شرع کی اجازت کے بغیر تصرف کیا ہو۔

مسئلہ ۲۵۸۰ : اگر کوئی شخص جسے گرا پڑا مال مل جائے اس طریقے کے مطابق جو اوپر بیان ہوا ہے اعلان نہ کرے تو علاوہ اس بات کے کہ اس نے گناہ کیا ہے اس پر پھر بھی واجب ہے کہ اعلان کرے بشرطیکہ مالک کے ملنے کا ظاہرا احتمال ہو۔

مسئلہ ۲۵۸۱ : اگر کسی دیوانے شخص یا نابالغ بچے کو کوئی گری پڑی چیز ملے تو اس کا ولی اس چیز کے بارے میں اعلان کر سکتا ہے اور اس کے بعد (یعنی اگر اس چیز کا مالک نہ ملے تو) اسے دیوانے یا نابالغ بچے کی طرف سے ملکیت میں لے سکتا ہے یا اس چیز کے مالک کی طرف سے بطور صدقہ دے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۵۸۲ : اگر انسان اس سال کے دوران میں جس وہ ملنے والے مال کے بارے میں اعلان کر رہا ہو مال کے مالک کے ملنے سے ناامید ہو جائے اور اسے بطور صدقہ دینا چاہے یا اپنی ملکیت میں لینا چاہے تو اس میں اشکال ہے۔

مسئلہ ۲۵۸۳ : اگر اس سال کے دوران میں جس میں انسان ملنے والے مال کے بارے میں اعلان کر رہا ہو وہ مال تلف ہوجائے اور اگر اس شخص نے اس مال کی نگہداشت میں کوتاہی کی ہو یا تعدی یعنی زیادہ روی کی ہو تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض اس کے مالک کو دے اور اگر کوتاہی یا زیادہ روی نہ کی ہو تو پھر اس پر کچھ بھی واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۵۸۴ : اگر کوئی مال جو نشانی رکھتا ہو اور اس کی قیمت ایک درہم تک پہنچتی ہو ایسی جگہ سے ملے جس کے بارے میں معلوم ہو کہ اعلان کے ذریعے اس کا مالک نہیں ملے گا تو جس شخص کو وہ مال ملا ہو وہ پہلے دن ہی اسے اس کے مالک کی طرف سے فقیروں کو بطور صدقہ دے سکتا ہے اور ضروری نہیں کہ ایک سال ختم ہونے تک انتظار کرے۔

مسئلہ ۲۵۸۵ : اگر کسی شخص کو کوئی گری پڑی چیز مل جائے اور اسے اپنا مال سمجھتے ہوئے اٹھا لے اور بعد میں اسے پتہ چلے کہ وہ اس کا اپنا مال نہیں ہے تو اسے چاہئے کہ ایک سال تک اعلان کرے۔

مسئلہ ۲۵۸۶ : جو گری پڑی چیز ملی ہو اس کے بارے میں اعلان کرتے وقت اس کی جنس کا بتانا ضروری نہیں بلکہ اگر کوئی شخص صرف اتنا کہہ دے کہ مجھے ایک چیز ملی ہے تو یہ کافی ہے۔

مسئلہ ۲۵۸۷ : اگر کسی شخص کو گری پڑی چیز مل جائے اور دوسرا شخص کہے کہ میرا مال ہے اور اس کی نشانیاں بھی بتا دے تو جس شخص کو وہ چیز ملی ہو اسے چاہئے کہ وہ چیز اس دوسرے شخص کو

اس وقت دے جب اسے اطمینان ہو جائے کہ اس کا مال ہے اور یہ ضروری نہیں کہ وہ شخص ایسی نشانیاں بتائے جن کی طرف عموماً مال کا مالک بھی توجہ نہیں دیتا۔

مسئلہ ۲۵۸۸ : کسی شخص کو جو گری پڑی چیز ملی ہو اگر اس کی قیمت ایک درہم تک پہنچے تو اگر وہ اعلان نہ کرے اور اس چیز کو مسجد میں یا کسی دوسری جگہ جہاں لوگ جمع ہوتے ہوں رکھ دے اور وہ چیز تلف ہو جائے یا کوئی دوسرا شخص اسے اٹھا لے تو جس شخص کو وہ چیز پڑی ہوئی ملی ہو وہ ذمہ دار ہے۔

مسئلہ ۲۵۸۹ : اگر کسی شخص کو کوئی ایسی چیز پڑی ہوئی ملے جو رکھے رہنے پر خراب ہو جاتی ہو تو اسے چاہئے کہ حاکم شرع یا اس کے وکیل کی اجازت سے اس چیز کی قیمت معین کرے اور اسے بیچ دے اور جو رقم ملے اسے اپنے پاس رکھے اور اگر مالک نہ ملے تو اس کی طرف سے بطور صدقہ دے دے۔

مسئلہ ۲۵۹۰ : جو گری پڑی چیز کسی کو ملی ہو اگر وضو کرتے وقت یا نماز پڑھتے وقت وہ اس کے پاس ہو تو اگر اس کا ارادہ ہو کہ اس کے مالک کو تلاش کر کے اسے دے دوں گا تو بلاشبہ اس میں کوئی حرج نہیں ورنہ وہ مغصوب کے حکم میں آئے گی۔

مسئلہ ۲۵۹۱ : اگر کسی شخص کا جوتا اٹھا لیا جائے اور اس کی جگہ کسی اور کا جوتا رکھ دیا جائے اور اگر وہ شخص جانتا ہو کہ جو جوتا رکھا ہے وہ اس شخص کا مال ہے جو اس کا جوتا لے گیا ہے اور وہ اس بات پر راضی ہو کہ جو جوتا وہ لے گیا ہے اس کے عوض اس کا جوتا رکھ لے تو وہ اپنے جوتے کی بجائے وہ جوتا رکھ سکتا ہے اور اگر وہ جانتا ہو کہ وہ شخص اس کا جوتا ناحق اور ظلم کے طور پر لے گیا ہے تب بھی یہی حکم ہے لیکن اس صورت میں ضروری ہے کہ اس جوتے کی قیمت اس کے اپنے جوتے کی قیمت سے زیادہ نہ ہو ورنہ زیادہ قیمت کے متعلق مجہول المالک کا حکم جاری ہو گا اور ان دو صورتوں کے علاوہ اس جوتے پر مجہول المالک کا حکم جاری ہو گا اور حاکم شرع کے حکم کے مطابق عمل کرے۔

مسئلہ ۲۵۹۲ : جو مال انسان کے پاس ہو اگر وہ مجہول المالک ہو (یعنی اس کے مالک کا علم نہ ہو) اور اس پر لفظ گم شدہ کا اطلاق نہ ہوتا ہو تو انسان کے لیئے ضروری ہے کہ اس کے مالک کو تلاش کرے

اور اس کے مالک کے ملنے سے مایوس ہونے کے بعد اس مال کو بطور صدقہ دے دے اور احوط یہ ہے کہ حاکم شرع کی اجازت سے صدقہ دے اور اگر بعد میں مال کا مالک مل جائے تو بھی اس مال کی ذمہ داری کسی پر نہیں۔

حیوانات کو شکار کرنے اور ذبح کرنے کے احکام

مسئلہ ۲۵۹۳ : جب کسی ایسے حیوان کو جس کا گوشت حلال ہو اس طریقے کے مطابق ذبح کیا جائے جو بعد میں بتایا جائے گا تو خواہ حیوان جنگلی ہو یا پالتو اس کی جان نکل جانے کے بعد اس کا گوشت حلال اور اس کا بدن پاک ہے لیکن وہ حیوان جس کے ساتھ انسان نے وطی (مجامعت) کی ہو اور وہ بھیڑ جس نے سورنی کا دودھ پیا ہو اور اسی طرح وہ حیوان جو نجاست کھانے والا بن گیا ہو اگر اس کا شرع کے معین کردہ دستور کے مطابق استبراء نہ کیا گیا ہو تو اس کو ذبح کرنے کے بعد اس کا گوشت حلال نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۵۹۴ : وہ جنگلی حیوان جن کا گوشت حلال ہو (مثلاً ہرن، چکور اور پہاڑی بکری) اور وہ حیوان جن کا گوشت حلال ہو اور جو پہلے پالتو رہے ہوں اور بعد میں جنگلی بن گئے ہوں (مثلاً پالتو گائے اور اونٹ جو بھاگ گئے ہوں اور جنگلی بن گئے ہوں) اگر انہیں اس دستور کے مطابق شکار کیا جائے جس کا ذکر بعد میں ہوگا تو وہ پاک اور حلال ہیں لیکن حلال گوشت والے پالتو حیوان مثلاً بھیڑ اور گھریلو مرغ اور حلال گوشت والے وہ جنگلی حیوان جو تربیت کی وجہ سے پالتو بن جائیں شکار کرنے سے پاک اور حلال نہیں ہوتے۔

مسئلہ ۲۵۹۵ : حلال گوشت والا جنگلی حیوان شکار کرنے سے اس صورت میں پاک اور حلال ہوتا ہے جب وہ بھاگ سکتا ہو یا اڑ سکتا ہو۔ لہٰذا ہرن کا بچہ جو بھاگ نہ سکے اور چکور کا وہ بچہ جو اڑ نہ سکے شکار کرنے سے پاک اور حلال نہیں ہوتے اور اگر کوئی شخص ہرنی کو اور اس کے ایسے بچے کو جو بھاگ نہ سکتا ہو ایک ہی تیر سے شکار کرے تو ہرنی حلال اور اس کا بچہ حرام ہوگا۔

مسئلہ ۲۵۹۶ : حلال گوشت والا وہ حیوان (مثلاً مچھلی) جو رگوں میں خون نہ رکھتا ہو اگر خود بخود

شکار کیے بغیر مر جائے تو پاک ہے لیکن اس کا گوشت نہیں کھایا جاسکتا۔

مسئلہ ۲۵۹۷ : حرام گوشت والا وہ حیوان (مثلاً سانپ) جو رگوں میں خون نہ رکھتا ہو اس کا مردہ پاک ہے لیکن ذبح کرنے سے وہ حلال نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۲۵۹۸ : کتا اور سور ذبح کرنے اور شکار کرنے سے پاک نہیں ہوتے اور ان کا گوشت کھانا بھی حرام ہے اور وہ حرام گوشت والا حیوان جو بھیڑیے اور چیتے کی طرح چیر پھاڑ کرنے والا اور گوشت کھانے والا ہو اگر اسے اس دستور کے مطابق ذبح کیا جائے جس کا ذکر بعد میں کیا جائے گا یا تیر وغیرہ سے شکار کیا جائے تو وہ پاک ہے لیکن اس کا گوشت حلال نہیں ہوتا اور اگر اس کا شکار شکاری کتے کے ذریعے کیا جائے تو اس کا بدن پاک ہونے میں بھی اشکال ہے۔

مسئلہ ۲۵۹۹ : ہاتھی، ریچھ، بندر، چوہا اور وہ حیوان جو سوسمار کی طرح زیر زمین رہتے ہوں اگر وہ رگوں میں خون رکھتے ہوں اور اپنے آپ مر جائیں تو نجس ہیں لیکن اگر انہیں ذبح کیا جائے یا اسلحہ کے ذریعے شکار کیا جائے تو پاک ہیں۔

مسئلہ ۲۶۰۰ : اگر زندہ حیوان کے پیٹ سے مردہ بچہ نکلے یا نکالا جائے تو اس کا گوشت کھانا حرام ہے۔

حیوانات کو ذبح کرنے کا طریقہ

مسئلہ ۲۶۰۱ : حیوان کے ذبح کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کی گردن کی چار بڑی رگوں کو مکمل طور پر کاٹا جائے اور ان میں صرف شگاف ڈالنا کافی نہیں ہے اور معروف یہ ہے کہ جب تک گلے کی گرہ کے نیچے سے نہ کاٹا جائے ان چار رگوں کا صرف باہر سے کاٹنا کافی نہیں اور وہ چار رگیں، سانس کی نالی اور کھانے کی نالی اور دو موٹی رگیں ہیں جو سانس کی نالی کے دونوں طرف ہوتی ہیں۔

مسئلہ ۲۶۰۲ : اگر کوئی شخص چار رگوں میں سے بعض کو کاٹے اور پھر حیوان کے مرنے تک صبر کرے اور باقی رگیں بعد میں کاٹے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں لیکن اس صورت میں جب کہ چاروں رگیں حیوان کی جان نکلنے سے پہلے کاٹ دی جائیں مگر حسب معمول مسلسل نہ کاٹی جائیں وہ حیوان پاک اور حلال ہوگا اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ مسلسل کاٹی جائیں۔

مسئلہ ۲۶۰۳ : اگر بھیڑیا کسی بھیڑ کی گردن اس طرح پھاڑ دے کہ گردن کی ان چار رگوں میں سے جنہیں ذبح کرتے وقت کاٹنا چاہئے کچھ باقی نہ رہے تو وہ بھیڑ حرام ہو جاتی ہے، لیکن اگر وہ گردن کی کچھ مقدار پھاڑے اور چار رگیں باقی رہیں یا بدن کا کوئی دوسرا حصہ پھاڑے تو اس صورت میں جبکہ بھیڑ ابھی زندہ ہو اور اس طریقے کے مطابق ذبح کی جائے جس کا ذکر بعد میں ہوگا وہ حلال اور پاک ہوگی۔

حیوان کو ذبح کرنے کی شرائط

مسئلہ ۲۶۰۴ : حیوان کو ذبح کرنے کی چند شرائط ہیں۔

۱... جو شخص کسی حیوان کو ذبح کرے خواہ وہ مرد ہو یا عورت اس کے لیئے ضروری ہے کہ مسلمان ہو اور وہ مسلمان بچہ بھی جو ممیز ہو یعنی برے بھلے کی پہچان رکھتا ہو حیوان کو ذبح کر سکتا ہے لیکن کفار اور ان فرقوں کے لوگ جو کفار کے حکم میں ہیں۔ (مثلاً غلات' خوارج اور نواصب یہودی اور عیسائی کسی حیوان کو ذبح نہیں کر سکتے۔)

۲... حیوان کو اس چیز سے ذبح کیا جائے جو لوہے کی بنی ہوئی ہو لیکن اگر لوہے کی چیز دستیاب نہ ہو اور صورت یہ ہو کہ اگر حیوان کو ذبح نہ کیا جائے تو وہ مرنے والا ہو یا کوئی ضرورت اسے ذبح کرنے کی مقتضی ہو تو اسے ایسی تیز چیز مثلاً شیشے اور پتھر سے بھی ذبح کیا جاسکتا ہے جو اس کی چاروں رگیں جدا کر دے۔

۳... ذبح کرتے وقت حیوان کا منہ' ہاتھ' پاؤں اور پیٹ قبلہ کی طرف ہوں اور جو شخص جانتا ہو کہ ذبح کرتے وقت حیوان کو روبقبلہ ہونا چاہئے اگر وہ جان بوجھ کر اس کا منہ قبلہ کی طرف نہ کرے تو حیوان حرام ہو جاتا ہے لیکن اگر ذبح کرنے والا بھول جائے یا مسئلہ نہ جانتا ہو یا قبلہ کے بارے میں اسے اشتباہ ہو یا یہ نہ جانتا ہو کہ قبلہ کس طرف ہے یا حیوان کا منہ قبلہ کی طرف نہ کر سکتا ہو تو پھر کوئی حرج نہیں اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ ذبح کرنے والا بھی رو بقبلہ ہو۔

۴... جب کوئی شخص کسی حیوان کو ذبح کرنا چاہے یا ذبح کرنے کی نیت سے اس کے گلے پر چھری رکھے تو خدا کا نام لے اور اگر صرف بسم اللہ کہہ دے تو کافی ہے اور اگر ذبح کرنے کی نیت کے بغیر خدا کا نام لے تو وہ حیوان پاک نہیں ہوتا اور اس کا گوشت بھی حرام ہے لیکن

اگر بھول جانے کی وجہ سے خدا کا نام نہ لے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

۵ ... ذبح ہونے کے بعد حیوان حرکت کرے اگرچہ مثال کے طور پر صرف آنکھ یا دم کو حرکت دے یا اپنا پاؤں زمین پر مارے اور یہ حکم اس صورت میں ہے جب ذبح کرتے وقت حیوان کا زندہ ہونا مشکوک ہو نیز واجب ہے کہ حیوان کے بدن سے اتنا خون نکلے جتنا معمول کے مطابق نکلتا ہے۔

۶ ... یہ کہ بنابر احتیاط واجب پرندوں کے علاوہ حیوان کی جان نکلنے سے پہلے اس کا سر اس کے بدن سے جدا نہ کیا جائے اور خود یہ کام (یعنی سر جدا کرنا) فی نفسہ پرندوں تک میں بھی محل اشکال ہے لیکن اگر غفلت کی وجہ سے یا چھری تیز ہونے کی وجہ سے سر جدا ہو جائے تو کوئی حرج نہیں اور ذبیحہ حلال ہے اور اسی طرح بنابر احتیاط اس سفید رگ کو جو گردن کے مہروں سے حیوان کی دم تک چلی جاتی ہے اور نخاع کہلاتی ہے عمداً قطع نہ کیا جائے۔

۷ ... یہ کہ حیوان کو مذبح یعنی ذبح کرنے کی جگہ سے ذبح کیا جائے اور احتیاط وجوبی کی بنا پر یہ جائز نہیں ہے کہ چھری کو گردن کی پشت سے اتار کر اگلی طرف لایا جائے اور اس طرح اس کی گردن پشت کی طرف سے کاٹی جائے۔

اونٹ کو نحر کرنے کا طریقہ

مسئلہ ۲۶۰۵ : اگر اونٹ کو نحر کرنا مقصود ہو تاکہ جان نکلنے کے بعد وہ پاک، اور حلال ہو جائے تو ضروری ہے کہ ان شرائط کے ساتھ جو حیوان کو ذبح کرنے کے لیئے بتائی گئی ہیں چھری یا کوئی چیز جو لوہے کی بنی ہوئی ہو اور کاٹنے والی ہو اونٹ کی گردن اور سینے کی درمیانی گہرائی میں گھونپ دیں۔

مسئلہ ۲۶۰۶ : جب چھری اونٹ کی گردن میں گھونپنا مقصود ہو تو بہتر ہے کہ اونٹ کھڑا ہو لیکن جب وہ گھٹنے زمین پر ٹیک دے یا کسی پہلو لیٹ جائے اور اس کے بازو' پاؤں اور سینہ روبقبلہ ہوں تو چھری اس کی گردن کی گہرائی میں گھونپنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۰۷ : اگر اونٹ کی گردن کی گہرائی میں چھری گھونپنے کی بجائے اسے ذبح کیا جائے (یعنی اس کی گردن کی چار رگیں کاٹی جائیں) یا بھیڑ اور گائے اور انہیں جیسے دوسرے حیوانات کی گردن کی گہرائی میں اونٹ کی طرح چھری گھونپی جائے تو ان کا گوشت حرام اور بدن نجس ہو گا لیکن اگر اونٹ کی

چار رگیں کٹ جائیں اور ابھی وہ زندہ ہو تو مذکورہ طریقے کے مطابق اس کی گردن کی گہرائی میں چھری گھونپی جائے تو اس کا گوشت حلال اور بدن پاک ہے اور اسی طرح اگر گائے یا بھیڑ اور انہیں جیسے حیوانات کی گردن کی گہرائی میں چھری گھونپی جائے اور ابھی وہ زندہ ہوں تو انہیں ذبح کر دیا جائے تو وہ پاک اور حلال ہیں۔

مسئلہ ۲۶۰۸ : اگر کوئی حیوان سرکش ہو جائے اور اس طریقے کے مطابق جو شرع نے مقرر کیا ہے ذبح یا نحر کرنا ممکن نہ ہو یا مثلاً کنویں میں گر جائے اور اس بات کا احتمال ہو کہ وہیں مر جائے گا اور اس کا شرعی طریقے کے مطابق ذبح یا نحر کرنا ممکن نہ ہو تو اس کے بدن پر جہاں کہیں بھی زخم لگایا جائے اور اس زخم کے نتیجے میں اس کی جان نکل جائے وہ حیوان حلال ہے اور اس کا روبقبلہ ہونا ضروری نہیں ہے لیکن ضروری ہے کہ دوسری شرائط جو حیوانات کو ذبح کرنے کے بارے میں بتائی گئی ہیں اس میں موجود ہوں۔

حیوانات کو ذبح کرنے کے مستحبات

مسئلہ ۲۶۰۹ : کچھ چیزیں حیوانات کو ذبح کرنے میں مستحب ہیں۔

۱... بھیڑ کو ذبح کرتے وقت اس کے دونوں ہاتھ اور ایک پاؤں باندھ دیئے جائیں اور دوسرا پاؤں کھلا رکھا جائے اور گائے کو ذبح کرتے وقت اس کے چاروں پاؤں باندھ دیئے جائیں اور دم کھلی رکھی جائے اور اونٹ کو نحر کرتے وقت اگر وہ بیٹھا ہو تو اس کے دونوں ہاتھ نیچے سے گھٹنے تک یا بغل کے نیچے ایک دوسرے سے باندھ دیئے جائیں اور اس کے پاؤں کھلے رکھے جائیں اور مستحب ہے کہ پرندے کو ذبح کرنے کے بعد چھوڑ دیا جائے تاکہ وہ اپنے پر اور بال پھڑ پھڑا سکے۔

۲... حیوان کو ذبح یا نحر کرنے سے پہلے اس کے سامنے پانی رکھا جائے۔

۳... ذبح یا نحر یوں کریں کہ حیوان کو کم تکلیف ہو مثلاً چھری خوب تیز کر لیں اور حیوان کو جلدی ذبح کریں۔

حیوانات کو ذبح یا نحر کرنے کے مکروہات

مسئلہ ۲۶۱۰ : چند چیزیں حیوانات کو ذبح یا نحر کرتے وقت مکروہ ہیں۔

۱... حیوان کی جان نکلنے سے پہلے اس کی کھال اتارنا۔

۲... حیوان کو ایسی جگہ ذبح کرنا جہاں دوسرا حیوان اسے دیکھ رہا ہو۔

۳... شب جمعہ کو یا جمعہ کے دن ظہر سے پہلے حیوان کا ذبح کرنا۔ ہاں اگر ایسا کرنا ضرورت کے تحت ہو تو اس میں کوئی عیب نہیں۔

۴... جس چوپائے کو انسان نے پالا ہو اس کا خود اسے ذبح کرنا۔

ہتھیاروں سے شکار کرنے کے احکام

مسئلہ ۲۶۱۱ : اگر حلال گوشت جنگلی حیوان کا شکار ہتھیاروں کے ذریعے کیا جائے تو پانچ شرطوں کے ساتھ وہ حیوان حلال اور اس کا بدن پاک ہوتا ہے۔

۱... یہ کہ شکار کا ہتھیار چھری اور تلوار کی طرح کاٹنے والا ہو یا نیزے اور تیر کی طرح تیز ہو تاکہ تیز ہونے کی وجہ سے حیوان کے بدن کو چاک کر دے اور اگر حیوان کا شکار جال یا لکڑی یا پتھر یا انہی جیسی چیزوں کے ذریعے کیا جائے تو وہ پاک نہیں ہوتا اور اس کا کھانا حرام ہے اور اگر حیوان کا شکار بندوق سے کیا جائے اور اس کی گولی اتنی تیز ہو کہ حیوان کے بدن میں گھس جائے اور اسے چاک کر دے تو وہ حیوان پاک اور حلال ہے اور اگر گولی تیز نہ ہو بلکہ دباؤ کے ساتھ حیوان کے بدن میں داخل ہو اور اسے مار دے یا اپنی گرمی کی وجہ سے اس کا بدن جلا دے اور اس کے جلنے کے اثر سے حیوان مر جائے تو وہ حرام ہے۔

۲... شکاری مسلمان ہونا چاہئے یا ایسا مسلمان بچہ ہو جو برے بھلے کو سمجھتا ہو اور اگر کافر یا وہ شخص جو کافر کے حکم میں ہو (مثلاً غلات، خوارج اور نواصب عیسائی، یہودی) کسی حیوان کا شکار کرے تو وہ شکار حلال نہیں ہے۔

۳... شکاری ہتھیار کو شکار کرنے کے لئے استعمال کرے اور اگر مثلاً کوئی شخص کسی جگہ کو نشانہ بنا رہا ہو اور اتفاقاً ایک حیوان مار دے تو وہ حیوان پاک نہیں ہے اور اس کا کھانا بھی حرام ہے۔

۴ ... ہتھیار چلاتے وقت شکاری اللہ کا نام لے اور اگر جان بوجھ کر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لے تو شکار حلال نہیں ہوتا لیکن اگر بھول جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

۵ ... اگر شکاری حیوان کے پاس اس وقت پہنچے جب وہ مر چکا ہو یا اگر زندہ ہو تو ذبح کرنے کے لیئے وقت نہ ہو یا ذبح کرنے کے لیئے وقت ہوتے ہوئے وہ اسے ذبح نہ کرے حتی کہ وہ مرجائے تو وہ حیوان حرام ہے۔

مسئلہ ۲۶۱۲ : اگر دو اشخاص ایک حیوان کا شکار کریں اور ان میں سے ایک مسلمان اور دوسرا کافر ہو یا ان دونوں میں سے ایک اللہ تعالیٰ کا نام لے اور دوسرا جان بوجھ کر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لے تو وہ حیوان حلال نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۱۳ : اگر تیر لگنے کے بعد مثال کے طور پر حیوان پانی میں گر جائے اور انسان کو علم ہو کہ حیوان تیر لگنے اور پانی میں گرنے سے مرا ہے تو وہ حیوان حلال نہیں ہے بلکہ اگر انسان کو یہ علم نہ ہو کہ وہ فقط تیر لگنے سے مرا ہے تب بھی وہ حیوان حلال نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۱۴ : اگر کوئی شخص غصبی کتے یا غصبی ہتھیار سے کسی حیوان کا شکار کرے تو شکار حلال ہے اور خود شکاری کا مال ہو جاتا ہے لیکن علاوہ اس بات کے کہ اس نے گناہ کیا ہے اور اسے چاہئے کہ ہتھیار یا کتے کی اجرت اس کی مالک کو دے۔

مسئلہ ۲۶۱۵ : اگر تلوار یا کسی دوسری چیز کے ساتھ جس کے ساتھ شکار کرنا صحیح ہو ان شرائط کے ساتھ جن کا ذکر کیا گیا ہے کسی حیوان کے دو ٹکڑے کر دیئے جائیں اور سر اور گردن ایک حصے میں رہیں اور انسان اس وقت شکار کے پاس پہنچے جب اس کی جان نکل چکی ہو تو دونوں حصے حلال ہیں اور اگر حیوان زندہ ہو لیکن اسے ذبح کرنے کے لیئے وقت نہ ہو تب بھی یہی حکم ہے لیکن اگر ذبح کرنے کے لیئے وقت ہو اور ممکن ہو کہ حیوان کچھ دیر زندہ رہے تو وہ حصہ جس میں سر اور گردن ہوں اگر اسے شرع کے معین کردہ طریقے کے مطابق ذبح کیا جائے تو حلال ہے ورنہ وہ بھی حرام ہے۔

مسئلہ ۲۶۱۶ : اگر لکڑی یا پتھر یا کسی دوسری چیز سے جن سے شکار کرنا صحیح نہیں ہے کسی حیوان کے دو ٹکڑے کر دیئے جائیں تو وہ حصہ جس میں سر اور گردن نہ ہوں حرام ہے۔ اور اگر حیوان زندہ ہو

اور ممکن ہو کہ کچھ دیر زندہ رہے، اور اسے شرع کے معین کردہ طریقے سے ذبح کیا جائے تو وہ حصہ جس میں سر اور گردن ہوں حلال ہے ورنہ وہ حصہ بھی حرام ہے۔

مسئلہ ۲۶۱۷ : جب کسی حیوان کا شکار کیا جائے یا اسے ذبح کیا جائے اور اس کے پیٹ سے زندہ بچہ نکلے تو اگر اس بچے کو شرع کے معین کردہ طریقے کے مطابق ذبح کیا جائے تو حلال ہے ورنہ حرام ہے۔

مسئلہ ۲۶۱۸ : اگر کسی حیوان کا شکار کیا جائے یا اسے ذبح کیا جائے اور اس کے پیٹ سے مردہ بچہ نکلے تو اگر اس بچے کی بناوٹ مکمل ہو اور بال یا اون اس کے بدن پر اگے ہوئے ہوں تو وہ بچہ پاک اور حلال ہے۔

شکاری کتے سے شکار کرنا

مسئلہ ۲۶۱۹ : اگر شکاری کتا کسی حلال گوشت والے جنگلی حیوان کا شکار کرے تو اس حیوان کے پاک ہونے اور حلال ہونے کے لیئے چھ شرطیں ہیں۔

۱... کتا اس طرح سدھایا ہوا ہو کہ جب بھی شکار پکڑنے کے لیئے بھیجا جائے چلا جائے اور جب اسے جانے سے روکا جائے تو رک جائے اور یہ بھی ضروری ہے کہ اس کی عادت ایسی ہو کہ جب تک مالک نہ پہنچے شکار کو نہ کھائے لیکن اگر اسے شکار کا خون پینے کی عادت ہو یا اتفاقاً شکار میں سے کھا لے تو کوئی حرج نہیں۔

۲... اس کا مالک اسے شکار کے لیئے بھیجے اور اگر وہ اپنے آپ ہی شکار کے پیچھے جائے اور کسی حیوان کو شکار کرے تو اس حیوان کا کھانا حرام ہے بلکہ اگر کتا اپنے آپ شکار کے پیچھے لگ جائے اور بعد میں اس کا مالک ہانک لگائے تاکہ وہ جلدی شکار تک پہنچے تو اگرچہ وہ مالک کی آواز کی وجہ سے تیز بھاگے پھر بھی احتیاط واجب کی بنا پر اس شکار کو کھانے سے اجتناب کرنا چاہیے۔

۳... جو شخص کتے کو شکار کے پیچھے لگائے اس کے لیئے ضروری ہے کہ مسلمان ہو یا مسلمان کا بچہ ہو جو برے بھلے کی تمیز رکھتا ہو اور اگر کافر یا وہ شخص جو غالی اور خارجی اور ناصبی کی طرح کافر کے حکم میں ہو یعنی ایسا شخص جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت

سے دشمنی کا اظہار کرتا ہو کتے کو شکار کے پیچھے بھیجے تو اس کتے کا شکار حرام ہے۔

۴ ... کتے کو شکار کے پیچھے بھیجتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لے اور اگر جان بوجھ کر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لے تو وہ شکار حرام ہے اور اگر بھول جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

۵ ... شکار کو کتے کے کاٹنے سے جو زخم آئے وہ اس سے مرے پس اگر کتا شکار کا گلا گھونٹ دے یا شکار دوڑنے یا ڈر جانے کی وجہ سے مرجائے تو حلال نہیں ہے۔

۶ ... جس شخص نے کتے کو شکار کے پیچھے بھیجا ہو اگر وہ شکار کیے گئے حیوان کے پاس اس وقت پہنچے جب وہ مرچکا ہو یا اگر زندہ ہو تو اسے ذبح کرنے کے لیئے وقت نہ ہو اور اگر ایسے وقت پہنچے جب اسے ذبح کرنے کے لیئے وقت ہو لیکن وہ حیوان کو ذبح نہ کرے حتیٰ کہ وہ مرجائے تو وہ حیوان حلال نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۲۰ : جس شخص نے کتے کو شکار کے پیچھے بھیجا ہو اگر وہ شکار کے پاس اس وقت پہنچے جب وہ اسے ذبح کر سکتا ہو مثلاً اگر چھری نکالنے کی وجہ سے یا کسی اور ایسے ہی فعل کی وجہ سے وقت گزر جائے اور حیوان مرجائے تو وہ حلال ہے لیکن اگر اس کے پاس ایسی کوئی چیز نہ ہو جس سے حیوان کو ذبح کرے اور وہ مرجائے تو وہ حلال نہیں ہوتا لیکن اس صورت میں کتے کو لگا دے تاکہ وہ اس حیوان کو مار ڈالے تو وہ حیوان حلال ہو جاتا ہے۔

مسئلہ ۲۶۲۱ : اگر کئی کتے شکار کے پیچھے بھیجے جائیں اور وہ سب مل کر کسی حیوان کا شکار کریں تو اگر وہ سب کے سب ان شرائط کو پورا کرتے ہوں جو بیان کی گئی ہیں تو شکار حلال ہے اور اگر ان میں سے ایک کتا بھی ان شرائط کو پورا نہ کرے تو شکار حرام ہے۔

مسئلہ ۲۶۲۲ : اگر کوئی شخص کتے کو کسی حیوان کے شکار کے لیئے بھیجے اور وہ کتا کوئی دوسرا حیوان شکار کرلے تو وہ شکار حلال اور پاک ہے اور اگر جس حیوان کے پیچھے بھیجا گیا ہو اسے بھی اور ایک اور حیوان کو بھی شکار کرلے تو وہ دونوں حلال اور پاک ہیں۔

مسئلہ ۲۶۲۳ : اگر چند اشخاص مل کر ایک کتے کو شکار کے پیچھے بھیجیں اور ان میں سے ایک کافر ہو یا جان بوجھ کر خدا کا نام نہ لے تو وہ شکار حرام ہے نیز جو کتے شکار کے پیچھے بھیجے گئے ہوں اگر ان میں سے ایک کتا اس طرح سدھایا ہوا نہ ہو جیسا کہ مسئلہ میں بتایا گیا ہے تو وہ شکار حرام ہے اور یہ

معلوم نہ ہو کہ وہ شکار کس کتے سے ہوا ہے۔

مسئلہ ۲۶۲۴ : اگر باز یا شکاری کتے کے علاوہ کوئی اور حیوان کسی حیوان کا شکار کرے تو وہ شکار حلال نہیں ہے لیکن اگر کوئی اس وقت اس حیوان کے پاس پہنچ جائے اور وہ ابھی زندہ ہو اور اس طریقے کے مطابق جو شرع میں معین ہے اسے ذبح کر لے تو پھر وہ حلال ہے۔

مچھلی اور ٹڈی کا شکار

مسئلہ ۲۶۲۵ : اگر چھلکوں والی مچھلی کو پانی میں سے زندہ پکڑ لیا جائے اور وہ پانی سے باہر آکر مر جائے تو وہ پاک ہے اور اس کا کھانا حلال ہے اور اگر وہ پانی میں مر جائے تو پاک ہے لیکن اس کا کھانا حرام ہے اور اگر وہ مچھیرے کے جال کے اندر پانی میں مرجائے تو اس کا کھانا حرام ہے اور جس مچھلی کے چھلکے نہ ہو وہ حرام ہے۔

مسئلہ ۲۶۲۶ : اگر مچھلی اچھل کر پانی سے باہر آگرے یا پانی کی لہر اسے باہر پھینک دے یا پانی اتر جائے اور مچھلی خشکی پر رہ جائے تو اگر اس کے مرنے سے پہلے کوئی شخص اسے شکار کی نیت سے ہاتھ سے یا کسی اور ذریعے سے پکڑ لے تو وہ مرنے کے بعد حلال ہے۔

مسئلہ ۲۶۲۷ : جو شخص مچھلی کا شکار کرے اس کے لیئے ضروری نہیں کہ مسلمان ہو یا مچھلی کو پکڑتے وقت خدا کا نام لے لیکن یہ ضروری ہے کہ مسلمان نے اسے پکڑتے دیکھا ہو یا کسی اور طریقے سے اسے (یعنی مسلمان کو) یقین ہو گیا ہو کہ مچھلی پانی سے زندہ پکڑی گئی ہے۔ اور چاہئے کہ مچھلی کا شکار کرنے والا عمداً شکار کے اسلامی احکام کی خلاف ورزی نہ کرتا ہو۔

مسئلہ ۲۶۲۸ : زندہ مچھلی کا کھانا جائز ہے لیکن احتیاط واجب ہے کہ اسے زندہ کھانے سے پرہیز کیا جائے۔

مسئلہ ۲۶۲۹ : اگر زندہ مچھلی کو بھون لیا جائے یا اسے پانی کے باہر مرنے سے پہلے ذبح کر دیا جائے تو اس کا کھانا جائز ہے اور بہتر یہ ہے کہ اسے کھانے سے پرہیز کیا جائے۔

مسئلہ ۲۶۳۰ : اگر پانی سے باہر مچھلی کے دو ٹکڑے کر لیئے جائیں اور ان میں سے ایک ٹکڑا

زندہ ہونے کی حالت میں پانی میں گر جائے تو جو ٹکڑا پانی سے باہر رہ جائے اسے کھانا جائز ہے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ اسے کھانے سے پرہیز کیا جائے۔

مسئلہ ۲۶۳۱ : اگر ٹڈی کو ہاتھ سے یا کسی اور ذریعے سے زندہ پکڑ لیا جائے تو وہ مرجانے کے بعد حلال ہے اور یہ ضروری نہیں کہ اسے پکڑنے والا مسلمان ہو اور اسے پکڑتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لے لیکن اگر مردہ ٹڈی کافر کے ہاتھ میں ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ اس نے اسے زندہ پکڑا تھا یا نہیں تو اگرچہ وہ کہے کہ اس نے اسے زندہ پکڑا تھا وہ حرام ہے۔

مسئلہ ۲۶۳۲ : جس ٹڈی کے پر ابھی تک نہ اگے ہوں اور اڑ نہ سکتی ہو اس کا کھانا حرام ہے۔

کھانے پینے کی چیزوں کے احکام

مسئلہ ۲۶۳۳ : گھریلو مرغ اور کبوتر اور مختلف قسم کی چڑیوں کا گوشت حلال ہے۔ بلبل' سار (مینا) اور چنڈول چڑیوں ہی کی قسمیں ہیں۔ چمگادڑ' مور اور کوے کی مختلف اقسام اور ہر اس پرندے کا گوشت جو شاہین' عقاب اور باز کی طرح پنجے رکھتا ہو اور اڑتے وقت پروں کو مارتا کم اور بے حرکت زیادہ رکھتا ہو حرام ہے۔ اسی طرح ہر اس پرندے کا گوشت جس کا پوٹا' سنگدانہ اور پاؤں کی پشت کا کانٹا نہ ہو حرام ہے ماسوا اس کے جس کے بارے میں معلوم ہو کہ وہ اڑتے وقت پروں کو مارتا زیادہ اور بے حرکت کم رکھتا ہے کیونکہ اس صورت میں وہ حلال ہے اور ابابیل اور ہدہد کا گوشت کھانا مکروہ ہے۔

مسئلہ ۲۶۳۴ : اگر حیوان کے بدن کے اس حصے کو جس میں روح ہو زندہ حیوان سے جدا کر لیا جائے مثلاً زندہ بھیڑ کی چکتی یا گوشت کی کچھ مقدار کاٹ لی جائے تو وہ نجس اور حرام ہے۔

مسئلہ ۲۶۳۵ : حلال گوشت حیوانات کے کچھ اجزاء بلا اشکال حرام ہیں اور کچھ احتیاط واجب کی بنا پر حرام ہیں اور ان تمام اجزاء کی تعداد چودہ ہے۔

۱... خون۔

۲... فضلہ (پاخانہ)

۳... عضو تناسل۔

۴ ... فرج (شرمگاہ)

۵ ... بچہ دانی۔

۶ ... غدود جنہیں (فارسی میں) دشول کہتے ہیں۔

۷ ... خصیتین جنہیں دنبلان کہتے ہیں۔

۸ ... وہ چیز جو بھیجے میں ہوتی ہے اور چنے کے دانے کی شکل کی ہوتی ہے۔

۹ ... حرام مغز جو ریڑھ کی ہڈی میں ہوتا ہے۔

۱۰ ... وہ رگیں جو ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف ہوتی ہیں۔

۱۱ ... پتہ۔

۱۲ ... تلی۔

۱۳ ... مثانہ۔

۱۴ ... آنکھ کا ڈھیلا۔

لیکن ظاہر یہ ہے کہ جن چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے پرندوں میں ان میں سے خون، فضلے، پتے، تلی اور خصیتین کے علاوہ کوئی چیز وجود نہیں رکھتی۔

مسئلہ ۲۶۳۶ : اونٹ کا پیشاب پینا حلال ہے اور باقی حلال گوشت حیوانات کے پیشاب سے اور اسی طرح دوسری تمام چیزوں سے جن سے طبیعت نفرت کرے اجتناب کرنا احوط اور اولی ہے۔

مسئلہ ۲۶۳۷ : مٹی کا کھانا حرام ہے البتہ علاج کی غرض سے گل داغستان اور گل ارمنی کے کھانے میں کوئی حرج نہیں اور حصول شفاء کی غرض سے سید الشہداء امام حسین علیہ السلام کے مزار مبارک کی مٹی یعنی خاک شفاء کی تھوڑی سی مقدار کا کھانا جائز ہے اور بہتر یہ ہے کہ خاک شفا کی کچھ مقدار پانی میں حل کر لی جائے تاکہ وہ اس میں یعنی پانی میں مل کر ختم ہو جائے اور بعد میں اس پانی کو پی لیا جائے۔

مسئلہ ۲۶۳۸ : ناک کا پانی اور سینے کی بلغم وغیرہ جو منہ میں آجائے اس کا نگلنا حرام نہیں ہے نیز غذا کے نگلنے میں جو خلال کرتے وقت دانتوں کے ریخوں سے نکلے کوئی اشکال نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۳۹ : کسی ایسی چیز کا کھانا حرام ہے جو موت کا سبب بنے یا انسان کے لیئے سخت نقصان

وہ ہو۔

مسئلہ ۲۶۴۰ : گھوڑے، خچر اور گدھے کا گوشت کھانا مکروہ ہے اور اگر کوئی شخص ان سے وطی (مجامعت) کرے تو خود وہ حیوان اور اس کی نسل حرام اور ان کا پیشاب اور لید نجس ہو جاتی ہے اور انہیں شہر سے باہر لے جانا چاہئے اور دوسری جگہ بیچ دینا چاہئے اور وطی کرنے والے کے لیئے لازم ہے کہ اس حیوان کی قیمت اس کے مالک کو دے اور اگر کوئی شخص حلال گوشت والے حیوان مثلاً گائے یا بھیڑ سے مجامعت کرے تو ان حیوانوں کا پیشاب اور گوبر نجس ہو جاتا ہے اور ان کا گوشت کھانا اور دودھ پینا حرام ہے اور یہی حکم ان کی نسل کے لیئے ہے اور ایسے حیوان کو فوراً ذبح کر کے جلا دینا چاہئے اور جس نے اس کے ساتھ وطی کی ہو وہ اس کی قیمت اس کے مالک کو دے۔

مسئلہ ۲۶۴۱ : اگر بھیڑ یا بکری کا دودھ پیتا بچہ سورنی کا دودھ اتنی مقدار میں پیئے کہ اس کا گوشت اور ہڈیاں اس سے قوت حاصل کریں تو خود وہ اور ان کی نسلیں حرام ہو جاتی ہیں اور اگر وہ اس سے کم مقدار میں دودھ پیئے تو ضروری ہے کہ ان کا استبراء کیا جائے اور اس کے بعد وہ حلال ہو جاتے ہیں اور ان کا استبراء یہ ہے کہ سات دن بھیڑ یا بکری کے تھنوں سے دودھ پئیں اور اگر انہیں دودھ کی حاجت نہ ہو تو سات دن گھاس کھائیں اور نجاست کھانے والے حیوان کا گوشت کھانا بھی حرام ہے اور اگر اس کا استبراء کیا جائے تو حلال ہو جاتا ہے اور اس کے استبراء کی کیفیت بیان کی جا چکی ہے۔

مسئلہ ۲۶۴۲ : شراب پینا حرام ہے اور بعض احادیث میں اسے گناہ کبیرہ گردانا گیا ہے اور اگر کوئی شخص اسے حلال سمجھے تو کافر ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا شراب بدیوں کی جڑ اور گناہوں کا منبع ہے۔ جو شخص شراب پیئے وہ اپنی عقل کھو بیٹھتا ہے اور اس وقت خدا تعالیٰ کو نہیں پہچانتا کوئی بھی گناہ کرنے سے اجتناب نہیں کرتا، کسی شخص کا احترام نہیں کرتا، اپنے قریبی رشتہ داروں کے حقوق کی رعایت نہیں کرتا، کھلم کھلا برائی کرنے سے بھی منہ نہیں پھیرتا اور ایمان اور خدا شناسی کی روح اس کے بدن سے نکل جاتی ہے اور ناقص خبیث روح جو خدا کی رحمت سے دور ہوتی ہے اس کے بدن میں رہ جاتی ہے۔ خدا فرشتے، انبیاء اور مومنین اس پر لعنت بھیجتے ہیں، چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں ہوتی، قیامت کے دن اس کا چہرہ سیاہ ہو گا اور اس کی زبان منہ سے باہر نکلی ہوئی ہو گی، اس کے منہ کا لعاب اس کے سینے پر گرے گا اور وہ پیاس کی فریاد بلند کرے

گا۔

مسئلہ ۲۶۴۳ : جس دستر خوان پر شراب پی جا رہی ہو اگر اس پر بیٹھنے سے انسان شراب پینے والوں میں سے ایک فرد شمار نہ بھی ہو تو اس دستر خوان پر بیٹھنا حرام ہے اور اس پر چنی ہوئی کوئی چیز کھانا بھی بنابر احتیاط واجب حرام ہے۔ اور شراب کے لیئے استعمال ہونے والے برتنوں کا استعمال بھی حرام ہے۔

مسئلہ ۲۶۴۴ : ہر مسلمان پر واجب ہے کہ اس کے نزدیک (اڑوس پڑوس میں) جب کوئی مسلمان بھوک یا پیاس سے مر رہا ہو تو اسے روٹی اور پانی دے کر موت سے نجات دے۔

کھانا کھانے کے آداب

مسئلہ ۲۶۴۵ : کھانا کھانے کے آداب میں چند چیزیں شامل ہیں۔

۱ ... کھانا کھانے سے پہلے کھانے والا دونوں ہاتھ دھوئے۔

۲ ... کھانا کھا چکنے کے بعد اپنے ہاتھ دھوئے اور رومال سے خشک کرے۔

۳ ... میزبان سب سے پہلے کھانا کھانا شروع کرے اور سب کے بعد کھانے سے ہاتھ کھینچے اور کھانا شروع کرنے سے قبل میزبان سب سے پہلے ہاتھ دھوئے اس کے بعد جو شخص اسکی دائیں طرف بیٹھا ہو وہ دھوئے اور اسی طرح سلسلہ وار ہاتھ دھوتے رہیں حتیٰ کہ نوبت اس شخص تک آ جائے جو اس کے بائیں طرف بیٹھا ہو اور کھانا کھا چکنے کے بعد جو شخص میزبان کی بائیں طرف بیٹھا ہو سب سے پہلے وہ ہاتھ دھوئے اور اسی طرح دھوتے چلے جائیں حتی کہ نوبت میزبان تک پہنچ جائے۔

۴ ... کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھے لیکن اگر ایک دستر خوان پر کئی قسم کی کھانے ہوں تو ان میں سے ہر ایک کھانا کھانے کی ابتداء کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے۔

۵ ... کھانا دائیں ہاتھ سے کھائے۔

۶ ... تین یا زیادہ انگلیوں سے کھانا کھائے اور دو انگلیوں سے نہ کھائے۔

۷ ... اگر چند اشخاص دستر خوان پر بیٹھیں تو ہر ایک اپنے سامنے سے کھانا کھائے۔

۸ ... چھوٹے چھوٹے لقمے بنا کر کھائے۔

۹ ... کھانا اچھی طرح چبا کر کھائے۔

۱۰ ... دستر خوان پر زیادہ دیر بیٹھے اور کھانے کو طول دے۔

۱۱ ... کھانا کھا چکنے کے بعد اللہ تعالی کا شکر بجا لائے۔

۱۲ ... انگلیوں کو چاٹے۔

۱۳ ... کھانا کھانے کے بعد دانتوں میں خلال کرے البتہ ریحان (یعنی خوشبودار گھاس) کے تنکے یا کھجور کے درخت کے پتے سے خلال نہ کرے۔

۱۴ ... جو غذا دستر خوان سے باہر گر جائے اسے جمع کرے اور کھا لے لیکن اگر جنگل میں کھانا کھائے تو مستحب ہے کہ جو کچھ گرے اسے پرندوں اور جانوروں کے لیئے چھوڑ دے۔

۱۵ ... دن اور رات کی ابتداء میں کھانا کھائے اور ان کے درمیان میں اور رات کے درمیان میں نہ کھائے۔

۱۶ ... کھانا کھانے کے بعد پیٹھ کے بل لیٹے اور دایاں پاؤں بائیں پاؤں پر رکھے۔

۱۷ ... کھانا شروع کرتے وقت اور کھا چکنے کے بعد نمک چکھے۔

۱۸ ... پھل کھانے سے پہلے انہیں پانی سے دھولے۔

وہ باتیں جو غذا کھاتے وقت مذموم ہیں

مسئلہ ۲۶۳۶ : کھانا کھاتے وقت چند باتیں مذموم ہیں۔

۱ ... پیٹ بھرے پر کھانا کھانا۔

۲ ... بہت زیادہ کھانا اور روایات میں ہے کہ خداوند عالم کے نزدیک بہت زیادہ کھانا سب سے بری چیز ہے۔

۳ ... کھانا کھاتے وقت دوسرے کی طرف دیکھنا۔

۴ ... گرم کھانا کھانا۔

۵ ... انسان جو چیز کھا یا پی رہا ہو اسے پھونک مارنا۔

۶ ... دسترخوان پر کھانا لگ جانے کے بعد کسی اور چیز کا منتظر ہونا۔

۷ ... روٹی کو چھرے سے کاٹنا۔

۸ ... روٹی کو کھانے کے برتن کے نیچے رکھنا۔

۹ ... ہڈی سے چپکے ہوئے گوشت کو یوں صاف کرنا کہ ہڈی پر کوئی گوشت باقی نہ رہے۔

۱۰ ... پھل کا چھلکا اتارنا۔

۱۱ ... پھل پورا کھانے سے پہلے پھینک دینا۔

پانی پینے کے آداب

مسئلہ ۲۶۴۷ : پینے کے آداب میں چند چیزیں شامل ہیں۔

۱ ... پانی چوسنے کی طرز پر پیئے۔

۲ ... دن میں کھڑے ہو کر پانی پیئے۔

۳ ... پانی پینے سے پہلے بسم اللہ اور پینے کے بعد الحمد للہ پڑھے۔

۴ ... پانی تین سانس میں پیئے۔

۵ ... پانی خواہش کے مطابق پیئے۔

۶ ... پانی پینے کے بعد حضرت ابو عبداللہ (امام حسین) علیہ السلام اور ان کے اہل بیت علیہم السلام کو یاد کرے اور ان کے قاتلوں پر لعنت بھیجے۔

وہ باتیں جو پینے کے وقت مذموم ہیں

مسئلہ ۲۶۴۸ : زیادہ پانی پینا اور مرغن کھانا کھانے کے بعد پینا اور رات کو کھڑے ہو کر پینا مذموم ہے علاوہ ازیں پانی بائیں ہاتھ سے پینا اور اسی طرح کوزے کی ٹوٹی ہوئی جگہ سے اور اس جگہ سے پینا جہاں کوزے کا دستہ ہو مذموم ہے۔

نذر اور عہد کے احکام

مسئلہ ۲۶۴۹ : نذر سے مراد یہ ہے کہ انسان اپنے آپ پر واجب کر لے کہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیئے کوئی اچھا کام کرے گا یا کوئی ایسا کام جس کا نہ کرنا بہتر ہو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی

خاطر ترک کر دے گا۔

مسئلہ ۲۶۵۰ : نذر کا صیغہ پڑھنا چاہئے اور یہ ضروری نہیں کہ عربی میں ہی پڑھا جائے لہٰذا کوئی شخص کہے کہ اگر میرا مریض صحت یاب ہو گیا تو اللہ تعالیٰ کی خاطر مجھ پر لازم ہے کہ میں دس روپے فقیر کو دوں تو اس کی نذر صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۶۵۱ : نذر کرنے والے کے لیئے لازم ہے، کہ بالغ اور عاقل ہو اور اپنے اختیار اور قصد کے ساتھ نذر کرے لہٰذا کسی ایسے شخص کا نذر کرنا صحیح نہیں جسے مجبور کیا جائے یا جو جذباتی ہو کر بے اختیار نذر کر دے۔

مسئلہ ۲۶۵۲ : کوئی مفلس شخص یا سفیہ انسان (جو اپنا مال بیہودہ کاموں پر صرف کرتا ہو) اگر مثلاً نذر کرے کہ کوئی چیز فقیر کو دے گا تو اس کی نذر صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۵۳ : اگر شوہر عورت کو نذر کرنے سے روکے اور عورت کا نذر کو پورا کرنا شوہر کے حق کے منافی ہو تو وہ نذر نہیں کر سکتی بلکہ اس صورت میں تو شوہر کی اجازت کے بغیر اس کی نذر قرار ہی نہ پائے گی۔

مسئلہ ۲۶۵۴ : اگر عورت شوہر کی اجازت سے نذر کرے تو شوہر اس کی نذر ختم نہیں کر سکتا اور نہ ہی اسے نذر پر عمل کرنے سے روک سکتا ہے بجز اس کے کہ نذر پوری کرنا اس پر عمل کے وقت شوہر کے حق کے منافی ہو کیونکہ اس صورت میں اگر وہ نذر کو ختم کر سکے تو کچھ بعید نہیں۔

مسئلہ ۲۶۵۵ : اگر فرزند باپ کی اجازت کے بغیر یا اس کی اجازت سے نذر کرے تو اسے چاہئے کہ اس پر عمل کرے لیکن اگر باپ یا ماں اس کو اس عمل سے جس کی اس نے نذر کی ہو منع کریں تو ظاہر یہ ہے کہ اس کی نذر کالعدم ہو جائے گی۔

مسئلہ ۲۶۵۶ : انسان کسی ایسے کام کی نذر کر سکتا ہے جسے انجام دینا اس کے لیئے ممکن ہو لہٰذا جو شخص مثلاً پیدل چل کر کربلا نہ جا سکتا ہو اگر وہ نذر کرے کہ وہاں پیدل جائے گا تو اس کی نذر صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۵۷ : اگر کوئی شخص نذر کرے کہ کوئی حرام یا مکروہ کام انجام دے گا یا کوئی واجب یا

مستحب کام ترک کر دے گا تو اس کی نذر صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۵۸ : اگر کوئی شخص نذر کرے کہ کسی مباح کام کو انجام دے گا یا ترک کرے گا اور اگر اس کام کا بجالانا اور ترک کرنا ہر لحاظ سے مساوی ہو تو اس کی نذر صحیح نہیں ہے اور اگر اس کام کا انجام دینا کسی لحاظ سے بہتر ہو اور انسان نذر بھی اسی لحاظ سے کرے مثلاً نذر کرے کہ کوئی غذا کھائے گا تاکہ اللہ کی عبادت کے لیئے اسے قوت حاصل ہو تو اس کی نذر صحیح ہے اور اگر اس کام کا ترک کرنا کسی لحاظ سے بہتر ہو اور انسان نذر بھی اسی لحاظ سے کرے کہ اس کام کو ترک کر دے گا مثلاً چونکہ تمباکو نقصان دہ ہے اس لیئے نذر کرے کہ اسے استعمال نہیں کرے گا تو اس کی نذر صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۶۵۹ : اگر کوئی شخص نذر کرے کہ واجب نماز ایسی جگہ پڑھے گا جہاں بجائے خود نماز پڑھنے کا ثواب زیادہ نہیں مثلاً نذر کرے کہ نماز کمرے میں پڑھے گا تو اگر وہاں نماز پڑھنا کسی لحاظ سے بہتر ہو مثلاً چونکہ وہاں خلوت ہے اس لیئے انسان حضور قلب پیدا کر سکتا ہے (یعنی خشوع وخضوع سے نماز ادا کر سکتا ہے) تو اس کی نذر صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۶۶۰ : اگر کوئی شخص کوئی عمل بجالانے کی نذر کرے تو اسے چاہئے کہ وہ عمل اسی طرح بجالائے جس طرح نذر کی ہو پس اگر نذر کرے کہ مہینے کی پہلی تاریخ کو صدقہ دے گا یا روزہ رکھے گا یا مہینے کی پہلی تاریخ کو اول ماہ کی نماز پڑھے گا تو اگر اس دن سے پہلے یا بعد میں اس عمل کو بجالائے تو کافی نہیں ہے اسی طرح اگر کوئی شخص نذر کرے کہ جب اس کا مریض صحت یاب ہو جائے گا تو وہ صدقہ دے گا تو اگر اس مریض کے صحت یاب ہونے سے پہلے صدقہ دے دے کافی نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۶۱ : اگر کوئی شخص روزہ رکھنے کی نذر کرے لیکن روزوں کا وقت اور تعداد معین نہ کرے تو اگر ایک روزہ رکھے تو کافی ہے اور اگر نماز پڑھنے کی نذر کرے اور نمازوں کی مقدار اور خصوصیات معین نہ کرے تو اگر ایک دو رکعتی نماز پڑھ لے تو کافی ہے۔ اور اگر نذر کرے کہ صدقہ دے گا اور صدقے کی جنس اور مقدار معین نہ کرے تو اگر ایسی چیز دے کہ لوگ کہیں کہ اس نے صدقہ دیا ہے تو پھر اس نے اپنی نذر کے مطابق عمل کر دیا ہے اور اگر نذر کرے کہ کوئی کام اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیئے بجالائے گا تو اگر ایک نماز پڑھ لے یا ایک روزہ رکھ لے یا کوئی چیز بطور صدقہ دے دے تو اس نے اپنی نذر کو پورا کر دیا ہے۔

مسئلہ ۲۶۶۲ : اگر کوئی شخص نذر کرے کہ ایک معین دن کو روزہ رکھے گا تو اسے چاہئے کہ اسی دن روزہ رکھے اور اگر جان بوجھ کر روزہ نہ رکھے تو اسے چاہئے کہ اس دن کے روزے کی قضا کے علاوہ کفارہ بھی دے اور اظہر یہ ہے کہ اس کا کفارہ قسم کی مخالفت کرنے کا کفارہ ہے جیسا کہ بعد میں بیان کیا جائے گا ہاں اسی دن وہ اختیاراً یہ کر سکتا ہے کہ مسافرت کرے اور روزہ نہ رکھے اور اگر سفر میں ہو تو ضروری نہیں کہ اقامت کا قصد کر کے روزہ رکھے اور اس صورت میں جب کہ سفر کی وجہ سے یا کسی دوسرے عذر مثلاً بیماری یا حیض کی وجہ سے روزہ نہ رکھے تو ضروری ہے کہ روزے کی قضا کرے۔

مسئلہ ۲۶۶۳ : اگر انسان اختیاری طور پر اپنی نذر پر عمل نہ کرے تو اسے چاہئے کہ کفارہ دے۔

مسئلہ ۲۶۶۴ : اگر کوئی شخص ایک معین وقت تک کوئی عمل ترک کرنے کی نذر کرے تو اسے چاہئے کہ اس وقت کے گزرنے کے بعد اس عمل کو بجا لا سکتا ہے اور اگر اس وقت کے گزرنے سے پہلے بھول کر یا بہ امر مجبوری اس عمل کو انجام دے تو اس پر کچھ واجب نہیں ہے لیکن پھر بھی لازم ہے کہ وہ وقت آنے تک اس عمل کو بجا نہ لائے اور اگر اس وقت کے آنے سے پہلے بغیر عذر کے اس عمل کو دوبارہ انجام دے تو چاہئے کہ کفارہ دے۔

مسئلہ ۲۶۶۵ : جس شخص نے کوئی عمل ترک کرنے کی نذر کی ہو اور اس کے لئے کوئی وقت معین نہ کیا ہو اگر وہ بھول کر یا بہ امر مجبوری یا غفلت کی وجہ سے اس عمل کو انجام دے تو اس پر کفارہ واجب نہیں ہے لیکن اس کے بعد جب بھی بہ حالت اختیار اس عمل کو بجا لائے اسے چاہئے کہ کفارہ دے۔

مسئلہ ۲۶۶۶ : اگر کوئی شخص نذر کرے کہ ہر ہفتے ایک معین دن کا مثلاً جمعے کا روزہ رکھے گا تو اگر ایک جمعے کے دن عید فطر یا عید قربان پڑ جائے یا جمعے کے دن اسے کوئی اور عذر مثلاً سفر یا حیض لاحق ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس دن روزہ نہ رکھے اور اس کی قضا بجا لائے۔

مسئلہ ۲۶۶۷ : اگر کوئی شخص نذر کرے کہ ایک معین مقدار میں صدقہ دے گا تو اگر وہ صدقہ دینے سے پہلے مر جائے تو اس کے مال میں سے اتنی مقدار میں صدقہ دینا ضروری نہیں ہے اور بہتر یہ

ہے کہ اس کے بالغ ورثاء میراث میں سے اپنے حصے سے اتنی مقدار میت کی طرف سے بطور صدقہ دے دیں۔

مسئلہ ۲۶۶۸ : اگر کوئی شخص نذر کرے کہ ایک معین فقیر کو صدقہ دے گا تو وہ کسی دوسرے فقیر کو نہیں دے سکتا اور اگر وہ معین کردہ فقیر مر جائے تو بنابر احتیاط اس شخص کو چاہئے کہ صدقہ اس کے ورثاء کو دے۔

مسئلہ ۲۶۶۹ : اگر کوئی شخص نذر کرے ائمہ علیہم السلام میں سے کسی ایک کی مثلاً حضرت ابی عبداللہ امام حسین علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہو گا تو اگر وہ کسی دوسرے امام کی زیارت کے لیئے جائے تو یہ کافی نہیں ہے اور اگر کسی عذر کی وجہ سے ان امام کی زیارت نہ کرے تو اس پر کچھ بھی واجب نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۷۰ : جس شخص نے زیارت کی نذر کی ہو لیکن غسل زیارت اور اس کی نماز کی نذر نہ کی ہو اس کے لیئے انہیں بجالانا ضروری نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۷۱ : اگر کوئی شخص کسی امام علیہ السلام یا امام زادے کے حرم کے لیئے کسی مال کی نذر کرے تو اسے چاہئے کہ اس مال کو اس حرم کی مرمت اور روشنی اور فرش وغیرہ پر صرف کرے۔

مسئلہ ۲۶۷۲ : اگر کوئی شخص کسی امام علیہ السلام کی ذات کے لیئے کوئی چیز نذر کرے، تو اگر کسی معین مصرف کی نیت کی ہو تو چاہئے کہ اس چیز کو اسی مصرف میں لائے اور اگر کسی معین مصرف کی نیت نہ کی ہو تو بہتر یہ ہے کہ اسے ایسے مصرف میں لے آئے جو امامؑ سے نسبت رکھتا ہو مثلاً زوار فقیر کو دے دے یا اس امام کے حرم کے مصارف مثلاً مرمت وغیرہ پر خرچ کرے، اور اگر کوئی چیز کسی امام زادے کے لیئے نذر کرے تب بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۶۷۳ : جس بھیڑ کو صدقہ کے لیئے یا کسی ایک امام کے لیئے نذر کیا جائے اگر وہ نذر کے مصرف میں لائے جانے سے پہلے دودھ دے یا بچہ جنے تو وہ (یعنی دودھ یا بچہ) اس کا مال ہے جس نے اس بھیڑ کو نذر کیا ہو لیکن بھیڑ کی اون اور جس مقدار میں وہ فربہ ہو جائے نذر کا جزو ہیں۔

مسئلہ ۲۶۷۴ : جب کوئی نذر کرے کہ اگر اس کا مریض تندرست ہو جائے یا اس کا مسافر

واپس آجائے تو وہ فلاں کام کرے گا تو اگر پتہ چلے کہ نذر کرنے سے پہلے مریض تندرست ہو گیا تھا یا مسافر واپس آگیا تھا تو پھر نذر پر عمل کرنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۶۷۵ : اگر باپ یا ماں نذر کریں کہ اپنی بیٹی کی شادی سید سے کریں تو بالغ ہونے کے بعد لڑکی اس بارے میں خود مختار ہے اور والدین کی نذر کی کوئی اہمیت نہیں۔

مسئلہ ۲۶۷۶ : جب کوئی شخص اللہ تعالیٰ سے عہد کرے کہ جب اس کی کوئی معین شرعی حاجت پوری ہو جائے گی تو فلاں اچھا کام انجام دے گا تو جب اس کی حاجت پوری ہو جائے اسے چاہئے کہ وہ کام انجام دے اور اسی طرح اگر وہ کوئی حاجت نہ ہوتے ہوئے عہد کرے کہ فلاں اچھا کام انجام دے گا تو وہ کام کرنا اس پر واجب ہو جاتا ہے۔

مسئلہ ۲۶۷۷ : عہد میں بھی نذر کی طرح صیغہ پڑھنا ضروری ہے اور مشہور یہ ہے کہ کوئی شخص جس کام کے انجام دینے کا عہد کرے اسے یا تو واجب اور مستحب نماز کی طرح عبادت ہونا چاہئے یا ایسا کام ہو جس کا انجام دینا اس کے ترک کرنے سے بہتر ہو لیکن احتیاط واجب کی بنا پر اس صورت میں جب کہ جس کام کا عہد کیا ہو وہ شرعاً" قابل ترجیح نہ ہو اس کام کو انجام دے۔

مسئلہ ۲۶۷۸ : اگر کوئی شخص اپنے عہد پر عمل نہ کرے تو اسے چاہئے کہ کفارہ دے یعنی ساٹھ فقیروں کو کھانا کھلائے یا دو مہینے مسلسل روزے رکھے یا ایک غلام آزاد کرے۔

قسم کھانے کے احکام

مسئلہ ۲۶۷۹ : جب کوئی شخص قسم کھائے کہ فلاں کام انجام دے گا یا ترک کرے گا مثلاً قسم کھائے کہ روزہ رکھے گا یا تمباکو استعمال نہیں کرے گا تو اگر بعد میں جان بوجھ کر اس قسم کے خلاف عمل کرے تو اسے چاہئے کہ کفارہ دے یعنی ایک غلام آزاد کرے یا دس فقیروں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائے یا دس فقیروں کو پوشاک پہنائے اور اگر ان اعمال کو بجا نہ لا سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ تین دن روزے رکھے اور یہ بھی ضروری ہے کہ روزے پے در پے رکھے جائیں۔

مسئلہ ۲۶۸۰ : قسم کی چند شرائط ہیں۔

۱... جو شخص قسم کھائے اس کے لیئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہو اور ارادے کے ساتھ قسم کھائے پس بچے یا دیوانے یا مست یا اس شخص کا قسم کھانا جسے مجبور کر دیا گیا ہو درست نہیں ہے اور اگر کوئی شخص جذباتی ہونے کی حالت میں بلاارادہ قسم کھائے تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

۲... قسم کھانے والا جس کام کے انجام دینے کی قسم کھائے وہ حرام نہیں ہونا چاہئے اور جس کام کے ترک کرنے کی قسم کھائے وہ واجب نہیں ہونا چاہئے۔

۳... قسم کھانے والا اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے کسی ایسے نام کی قسم کھائے جو اس کی مقدس ہستی کے سوا کسی کے لیئے استعمال نہ ہوتا ہو مثلاً خدا اور اللہ اور اگر ایسے نام کی قسم کھائے جو اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کے لیئے بھی استعمال ہوتا ہو لیکن اللہ تعالیٰ کے لیئے اتنی کثرت سے استعمال ہوتا ہو کہ جب بھی کوئی وہ نام لے تو خدائے بزرگ وبرتر کی ذات ہی ذہن میں آتی ہو مثلاً کوئی خالق اور رازق کی قسم کھائے تو قسم صحیح ہے بلکہ احتیاط واجب ہے کہ اگر یہ صورت نہ ہو تب بھی قسم پر عمل کیا جائے۔

۴... قسم کھانے والا قسم کے الفاظ زبان پر لائے لہٰذا اگر قسم کو لکھے یا دل میں اس کا قصد کرے تو قسم صحیح نہیں ہے لیکن اگر گونگا شخص اشارے سے قسم کھائے تو صحیح ہے۔

۵... قسم کھانے والے کے لیئے قسم پر عمل کرنا ممکن ہو اور اگر قسم کھانے کے وقت اس کے لیئے اس پر عمل کرنا ممکن ہو لیکن بعد میں عاجز ہو جائے تو جس وقت سے عاجز ہو گا اس وقت سے اس کی قسم باطل ہو جائے گی اور اگر نذر یا قسم یا عہد پر عمل کرنے سے اتنی مشقت اٹھانی پڑے جو اس کی برداشت سے باہر ہو تو اس صورت میں بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۶۸۱ : اگر باپ فرزند کو یا شوہر بیوی کو قسم کھانے سے روکے تو ان کی قسم صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۸۲ : اگر فرزند باپ کی اجازت کے بغیر اور بیوی شوہر کی اجازت کے بغیر قسم کھائے تو باپ اور شوہر ان کی قسم فسخ کر سکتے ہیں بلکہ ظاہر یہ ہے کہ باپ یا شوہر کی اجازت کے بغیر ان کی قسم منعقد ہی نہیں ہوتی اور آقا کی نسبت سے غلام اور کنیز کے لیئے یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۶۸۳ : اگر انسان بھول کر یا مجبوری کی وجہ سے یا غفلت کی بنا پر قسم پر عمل نہ کرے تو

اس پر کفارہ واجب نہیں ہے اور اگر اسے مجبور کیا جائے کہ قسم پر عمل نہ کرے تب بھی یہی حکم ہے اور اگر وسواسی شخص قسم کھائے مثلاً یہ کہے کہ واللہ میں ابھی نماز میں مشغول ہوتا ہوں اور وسواس کی وجہ سے مشغول نہ ہو تو اگر اس کا وسواس ایسا ہو کہ اس کی وجہ سے مجبور ہو کر قسم پر عمل نہ کرے تو اس پر کفارہ نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۸۴ : اگر کوئی شخص قسم کھائے کہ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں سچ کہہ رہا ہوں تو اگر وہ سچ کہہ رہا ہو تو اس کا قسم کھانا مکروہ ہے اور اگر جھوٹ بول رہا ہو تو حرام ہے اور کبیرہ گناہوں میں سے ہے لیکن اگر وہ اپنے آپ کو یا کسی دوسرے مسلمان کو کسی ظالم کے شر سے نجات دلانے کے لئے جھوٹی قسم کھائے تو اس میں کوئی حرج نہیں بلکہ بعض اوقات ایسی قسم کھانا واجب ہو جاتا ہے تاہم اگر ممکن ہو کہ توریہ کرے یعنی قسم کھاتے وقت اس طرح نیت کرے کہ جھوٹ بھی نہ ہو تو بہتر یہ ہے کہ توریہ کرے مثلاً اگر کوئی ظالم کسی کو اذیت دینا چاہے اور کسی دوسرے شخص سے پوچھے کہ کیا تم نے فلاں شخص کو دیکھا ہے؟ اور اس نے اس شخص کو ایک گھنٹہ پہلے دیکھا ہو تو وہ کہے کہ میں نے اسے نہیں دیکھا اور قصد یہ کرے کہ اس وقت سے پانچ منٹ پیشتر میں نے اسے نہیں دیکھا۔

وقف کے احکام

مسئلہ ۲۶۸۵ : اگر کوئی شخص کسی چیز کو وقف کر دے تو وہ اس کی ملکیت سے خارج ہو جاتی ہے اور وہ خود یا دوسرے لوگ نہ ہی وہ چیز کسی دوسرے کو بخش سکتے ہیں اور نہ ہی اسے بیچ سکتے ہیں اور نہ کوئی شخص اس میں سے کچھ بطور میراث لے سکتا ہے لیکن بعض صورتوں میں جن کا ذکر کیا گیا ہے اسے بیچنے میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۶۸۶ : یہ ضروری نہیں کہ وقف کا صیغہ عربی میں پڑھا جائے بلکہ مثال کے طور پر اگر کوئی شخص کہے کہ میں نے اپنا مکان وقف کر دیا ہے اور وہ شخص جس کے لئے مکان وقف کیا ہو یا اس کا وکیل یا اس کا ولی کہہ دے کہ میں نے قبول کیا تو وقف صحیح ہے بلکہ عمل سے بھی وقف ثابت ہو جاتا ہے مثلاً اگر کوئی شخص وقف کی نیت سے چٹائی مسجد میں ڈال دے یا مسجد بنانے کی نیت سے کوئی جگہ تعمیر کرے اور اسے نمازیوں کے اختیار میں دے تو وقف ثابت ہو جائے گا اور موقوفات عامہ مثلاً

مسجد، مدرسہ یا ایسی چیزیں جو عام لوگوں کے لیئے وقف کی جائیں یا مثلاً فقراء اور سادات کے لیئے وقف کی جائیں ان کے وقف کے صحیح ہونے کے لیئے کسی کا قبول کرنا ضروری نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۸۷ : اگر کوئی شخص اپنی کسی چیز کو وقف کرنے کے لیئے معین کرے اور صیغہ وقف پڑھنے سے پہلے پچھتائے یا مرجائے تو وقف وقوع پذیر نہیں ہوتا۔

مسئلہ ۲۶۸۸ : جو شخص کوئی مال وقف کرے اسے چاہئے کہ صیغہ پڑھنے کے وقت سے اس مال کو ہمیشہ کے لیئے وقف کر دے اور مثال کے طور پر اگر وہ کہے کہ یہ مال میرے مرنے کے بعد وقف ہو گا تو چونکہ وہ مال صیغہ پڑھنے کے وقت سے اس کے مرنے کے وقت تک وقف نہیں رہا اس لیئے وقف صحیح نہیں ہے اور اگر کہے کہ وہ مال دس سال تک وقف رہے گا اور پھر وقف نہیں ہوگا یا یہ کہے کہ یہ مال دس سال کے لیئے وقف ہو گا پھر پانچ سال کے لیئے وقف نہیں ہو گا اور پھر دوبارہ وقف ہو جائے گا تو وہ وقف صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۸۹ : وقف اس صورت میں صحیح ہے جب وقف کرنے والا وقف کا مال اس شخص کے تصرف میں دے دے جس کے لیئے وہ وقف کیا گیا ہو یا اس کے وکیل یا ولی کے تصرف میں دے دے لیکن اگر کوئی شخص کوئی چیز اپنے نابالغ بچوں کے لیئے وقف کرے اور اس نیت سے کہ وقف کردہ چیز ان کی ملکیت ہو جائے ان کی طرف سے اس کی نگہداری کرے تو وقف صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۶۹۰ : ظاہر یہ ہے کہ عام اوقاف مثلاً مدرسوں اور مساجد وغیرہ میں قبضہ شرط نہیں ہے بلکہ صرف وقف کرنے سے ہی ان کا وقف ہونا ثابت ہو جاتا ہے۔

مسئلہ ۲۶۹۱ : ضروری ہے کہ وقف کرنے والا بالغ اور عاقل ہو اور قصد اور اختیار رکھتا ہو اور شرعاً اپنے مال میں تصرف کر سکتا ہو لہٰذا اگر سفیہ (یعنی وہ شخص جو اپنا مال بیہودہ کاموں میں صرف کرتا ہو) کوئی چیز وقف کرے تو چونکہ وہ اپنے مال میں تصرف کرنے کا حق نہیں رکھتا اس لیئے اس کا کیا ہوا وقف صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۶۹۲ : اگر کوئی شخص کسی مال کو ایسے بچے کے لیئے وقف کرے جو ماں کے پیٹ میں ہو اور ابھی پیدا نہ ہوا ہو تو اس وقف کا صحیح ہونا محل اشکال ہے اور لازم ہے کہ احتیاط ملحوظ رکھی جائے

لیکن اگر کوئی مال ایسے لوگوں کے لیئے وقف کیا جائے جو بالفعل موجود ہوں اور ان کے بعد ان لوگوں کے لیئے وقف کیا جائے جو بعد میں پیدا ہوں تو اگرچہ وقف کے محقق ہونے کے وقت وہ ماں کے پیٹ میں بھی نہ ہوں وہ وقف صحیح ہے (مثلاً کوئی شخص کوئی چیز اپنی اولاد کے لیئے وقف کرے اور ان کے بعد اولاد کی اولاد کے لیئے وقف کر دے اور اولاد کے ہر گروہ کے بعد آنے والا گروہ اس وقف سے استفادہ کرے تو وقف صحیح ہے)۔

مسئلہ ۲۶۹۳ : اگر کوئی شخص کسی چیز کو اپنے آپ پر وقف کرے مثلاً کوئی دکان وقف کر دے تاکہ اس کی آمدنی اس کے مرنے کے بعد اس کے مقبرے پر خرچ کی جائے تو یہ وقف صحیح نہیں ہے لیکن مثال کے طور پر وہ کوئی مال فقراء کے لیئے وقف کر دے اور خود بھی فقیر ہو جائے تو وقف کے منافع سے استفادہ کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۶۹۴ : جو چیز کسی شخص نے وقف کی ہو اگر وہ اس کا متولی بھی معین کر دے تو متولی کو چاہئے کہ واقف کی ہدایات کے مطابق عمل کرے اور اگر واقف متولی معین نہ کرے اور مال مخصوص افراد پر مثلاً اپنی اولاد پر وقف کیا ہو تو وہ افراد مختار ہیں اور اگر وہ بالغ نہ ہوں تو پھر ان کا ولی مختار ہے اور وقف سے استفادہ کرنے کے لیئے حاکم شرع کی اجازت ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۶۹۵ : اگر مثال کے طور پر کوئی شخص کسی مال کو فقراء یا سادات پر وقف کرے یا اس مقصد سے وقف کرے کہ اس مال کا منافع بطور خیرات صرف کرے تو اس صورت میں جب کہ اس وقف کے لیئے اس نے متولی معین نہ کیا ہو اس کا اختیار حاکم شرع کو ہے۔

مسئلہ ۲۶۹۶ : اگر کوئی شخص کسی املاک کو مخصوص افراد پر مثلاً اپنی اولاد پر وقف کرے تاکہ ہر ایک طبقے کے بعد دوسرا طبقہ اس سے استفادہ کرے تو اگر وقف کا متولی اس مال کو کرائے پر دے دے اور اس کے بعد مر جائے تو اجارہ باطل نہیں ہوتا لیکن اگر اس املاک کا کوئی متولی نہ ہو اور جن لوگوں پر وہ املاک وقف ہوئی ہے ان میں سے ایک طبقہ اسے کرائے پر دے دے اور اجارہ کی مدت کے دوران میں وہ طبقہ مر جائے اور جو طبقہ اس کے بعد ہو وہ اس اجارے کی تصدیق نہ کرے تو اجارہ باطل ہو جائے گا اور اس صورت میں جب کہ مستاجر نے اجارے کی پوری مدت کا کرایہ ادا کر رکھا ہو مرنے والے طبقے کی موت کے وقت سے اجارہ کی مدت کے خاتمے تک کا کرایہ اس طبقے (یعنی مرنے والے

طبقے) کے مال سے لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۶۹۷ : اگر وقف کردہ املاک خراب بھی ہو جائے تو اس کے وقف کی حیثیت نہیں بدلتی بجز اس صورت کے کہ وقف کرنے والے نے کوئی چیز کسی خاص مقصد کے لیئے وقف کی ہو اور وہ مقصد فوت ہو جائے مثلاً کسی شخص نے کوئی باغ سیر کے لیئے وقف کیا ہو تو اگر وہ باغ خراب ہو جائے تو وقف باطل ہو جائے گا اور وقف کردہ مال واقف کے وارثوں کی ملکیت ہو جائے گا۔

مسئلہ ۲۶۹۸ : اگر کسی املاک کی کچھ مقدار وقف ہو اور کچھ مقدار وقف نہ ہو اور وہ املاک تقسیم نہ کی گئی ہو تو حاکم شرع یا وقف کا متولی باخبر لوگوں کی رائے کے مطابق وقف شدہ حصہ جدا کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۶۹۹ : اگر وقف کا متولی خیانت کرے اور اس کا منافع معین مصارف میں نہ لائے تو حاکم شرع اس کے ساتھ کسی امین شخص کو لگا دے تاکہ وہ متولی کو خیانت سے روکے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو حاکم شرع اس کی جگہ کوئی دیانتدار متولی مقرر کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۰۰ : جو فرش امام باڑہ کے لیئے وقف کیا گیا ہو اسے نماز پڑھنے کے لیئے مسجد میں نہیں لے جایا جا سکتا ہے خواہ وہ مسجد امام باڑے کے قریب ہی کیوں نہ ہو۔

مسئلہ ۲۷۰۱ : اگر کوئی املاک کسی مسجد کے مرمت کے لیئے وقف کی جائے تو اگر اس مسجد کو مرمت کی ضرورت نہ ہو اور اس بات کی توقع بھی نہ ہو کہ کچھ عرصے تک اسے مرمت کی ضرورت ہوگی تو اس املاک کی آمدنی ایسی مسجد پر خرچ کی جا سکتی ہے جسے مرمت کی ضرورت ہو۔

مسئلہ ۲۷۰۲ : اگر کوئی شخص کوئی املاک وقف کرے تاکہ اس کی آمدنی مسجد کی مرمت پر خرچ کی جائے اور امام جماعت کو اور مسجد کے موذن کو دی جائے اور اس صورت میں جب کہ علم ہو یا اطمینان ہو کہ اس شخص نے ہر ایک کے لیئے کتنی مقدار معین کی ہے تو آمدنی اس کی مطابق خرچ کرنی چاہئے اور اگر اس بارے میں یقین یا اطمینان نہ ہو تو پہلے مسجد کی مرمت کرانی چاہئے اور پھر اگر کچھ بچے تو اسے امام جماعت اور موذن کے درمیان برابر برابر تقسیم کر دینا چاہئے اور بہتر یہ ہے کہ یہ دونوں اشخاص تقسیم کے متعلق ایک دوسرے سے مصالحت کر لیں۔

وصیت کے احکام

مسئلہ ۲۷۰۳ : وصیت سے مراد یہ ہے کہ انسان تاکید کرے کہ اس کے مرنے کے بعد اس کے لیئے فلاں فلاں کام سرانجام دیئے جائیں یا یہ کہے کہ اس کے مرنے کے بعد اس کے مال میں سے کوئی چیز فلاں شخص کی ملکیت ہو گی یا یہ کہ اس کے مال میں سے کوئی چیز کسی شخص کی ملکیت میں دے دی جائے یا خیرات کے طور پر اور امور خیر پر صرف کی جائے، یا اپنی اولاد کے لیئے اور جو لوگ اس کی سرپرستی میں ہوں ان کے لیئے کسی کو نگراں اور سرپرست مقرر کرے اور جس شخص کو وصیت کی جائے اسے وصی کہتے ہیں۔

مسئلہ ۲۷۰۴ : جو شخص بول نہ سکتا ہو (یعنی گونگا وغیرہ ہو یا بوجہ نقاہت نہ بول سکتا ہو) اگر وہ اشارے سے اپنا مقصد سمجھا دے تو وہ ہر کام کے لیئے وصیت کر سکتا ہے بلکہ جو شخص بول سکتا ہو اگر وہ بھی اسی طرح اشارے سے وصیت کرے کہ اس کا مقصد سمجھ میں آجائے تو وصیت صحیح ہے۔

مسئلہ ۲۷۰۵ : اگر ایسی تحریر مل جائے جس پر مرنے والے کے دستخط یا مہر ثبت ہو تو اگر اس تحریر سے اس کا مقصد سمجھ میں آجائے اور پتہ چل جائے کہ یہ چیز اس نے وصیت کی غرض سے لکھی ہے تو اس کے مطابق عمل کرنا چاہیئے۔

مسئلہ ۲۷۰۶ : جو شخص وصیت کرے اس کے لیئے ضروری ہے کہ عاقل ہو اور اپنے اختیار سے وصیت کرے اور دس سال کی عمر کے بچے کا اپنے ارحام کے لیئے وصیت کرنا جائز ہے اور وصیت کے نفاذ کے لیئے سفیہ کا اختیار ہونا محل اشکال ہے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ اس کی وصیت پر عمل ترک نہ کیا جائے۔

مسئلہ ۲۷۰۷ : جس شخص نے مثال کے طور عمداً اپنے آپ کو زخمی کر لیا ہو یا زہر کھا لیا ہو جس کی وجہ سے اس کے مرنے کا یقین یا گمان پیدا ہو جائے اگر وہ وصیت کرے کہ اس کے مال کی کچھ مقدار کسی مخصوص مصرف میں لائی جائے تو اس کی وصیت درست نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۷۰۸ : اگر کوئی شخص وصیت کرے کہ اس کی املاک میں سے کوئی چیز کسی دوسرے کا

مال ہو گی تو اس صورت میں جب کہ وہ شخص اس وصیت کو قبول کرلے خواہ اس کا قبول کرنا وصیت کرنے والے کی زندگی میں ہی کیوں نہ ہو وہ چیز موصی کی موت کے بعد اس کی ملکیت ہو گی۔

مسئلہ ۲۷۰۹ : جب انسان اپنے آپ میں موت کی نشانیاں دیکھ لے تو اسے چاہئے کہ لوگوں کی امانتیں فوراً ان کے مالکوں کو واپس کر دے یا انہیں اطلاع دے دے اور اگر وہ لوگوں کا مقروض ہو اور قرضے کی ادائیگی کا وقت آگیا ہو تو قرضہ ادا کر دے اور اگر وہ خود قرضہ ادا کرنے کے قابل نہ ہو یا ابھی قرضے کی ادائیگی کا وقت نہ آیا ہو تو اسے چاہئے کہ وصیت کرے اور وصیت پر گواہ مقرر کرے البتہ اگر اس کے قرضے کے بارے میں معلوم ہو تو وصیت کرنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۷۱۰ : جو شخص اپنے آپ میں موت کی نشانیاں دیکھ رہا ہو اگر خمس، زکوٰۃ اور مظالم اس کے ذمے ہوں تو اسے چاہئے کہ فوراً ادا کرے اور اگر ادا نہ کر سکے لیکن اس کے پاس مال ہو یا اس بات کا احتمال ہو کہ کوئی دوسرا شخص یہ چیزیں ادا کر دے گا تو اسے چاہئے کہ وصیت کرے اور اگر اس پر حج واجب ہو تو اس کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۷۱۱ : جو شخص اپنے آپ میں موت کی نشانیاں دیکھ رہا ہو اگر اس کی نمازیں اور روزے قضا ہوئے ہوں تو اسے چاہئے کہ وصیت کرے کہ اس کے مال سے ان عبادات کی ادائیگی کے لیئے کسی کو اجیر بنایا جائے بلکہ اگر اس کے پاس مال نہ بھی ہو لیکن اس بات کا احتمال ہو کہ کوئی شخص بلامعاوضہ یہ عبادات انجام دے دے گا تو پھر بھی اس پر واجب ہے کہ وصیت کرے اور اگر اس کی نمازوں اور روزوں کی قضا اس کے بڑے بیٹے پر واجب ہو (جیسا کہ نماز قضا کے باب میں بالتفصیل بتایا گیا ہے) تو اسے چاہئے کہ بڑے بیٹے کو اطلاع دے یا وصیت کرے کہ وہ یہ عبادات اس کے لیئے بجا لائے۔

مسئلہ ۲۷۱۲ : جو شخص اپنے آپ میں موت کی نشانیاں دیکھ رہا ہو اگر اس کا مال کسی کے پاس ہو یا ایسی جگہ چھپا ہو جس کا ورثاء کو علم نہ ہو تو اگر لاعلمی کی وجہ سے ان کا (یعنی ورثاء کا) حق تلف ہوتا ہو تو اسے چاہئے کہ انہیں اطلاع دے اور یہ ضروری نہیں کہ وہ اپنے نابالغ بچوں کے لیئے نگران اور سرپرست مقرر کرے، لیکن اس صورت میں جب کہ نگراں کے بغیر ان کا مال تلف ہوتا ہو یا وہ خود ضائع ہوتے ہوں اسے چاہئے کہ ان کے لیئے ایک امین نگران مقرر کرے۔

مسئلہ ۲۷۱۳ : وصی کو عاقل ہونا چاہئے اور احوط یہ ہے کہ بالغ بھی ہو اور ضروری ہے کہ

مسلمان کا وصی بھی مسلمان ہو اور جو امور موصی کے ساتھ تعلق نہ رکھتے ہوں ضروری ہے کہ وصی ان کے لیئے قابل اطمینان ہو۔

مسئلہ ۲۷۱۴ : اگر کوئی شخص اپنے کئی وصی معین کرے تو اگر اس نے اجازت دی ہو کہ ان میں سے ہر ایک تنہا وصیت پر عمل کر سکتا ہے تو ضروری نہیں کہ وہ وصیت انجام دینے میں ایک دوسرے سے اجازت لیں اور اگر وصیت کرنے والے نے ایسی کوئی اجازت نہ دی ہو تو خواہ اس نے کہا ہو کہ دونوں مل کر وصیت پر عمل کریں یا ایسا نہ کہا ہو انہیں چاہئے کہ ایک دوسرے کی رائے کے مطابق وصیت پر عمل کریں اور اگر وہ مل کر وصیت پر عمل کرنے پر تیار نہ ہوں تو حاکم شرع انہیں ایسا کرنے پر مجبور کر سکتا ہے اور اگر وہ حاکم شرع کا حکم نہ مانیں تو وہ ان میں سے ایک کی جگہ کوئی اور وصی مقرر کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۱۵ : اگر کوئی شخص اپنی وصیت سے منحرف ہو جائے مثلاً پہلے وہ یہ کہے کہ اس کے مال کا تیسرا حصہ فلاں شخص کو دیا جائے اور بعد میں کہے کہ اسے نہ دیا جائے تو وصیت باطل ہو جاتی ہے اور اگر کوئی شخص اپنی وصیت میں تبدیلی کر دے مثلاً یہ کہ پہلے ایک شخص کو اپنے بچوں کا نگراں مقرر کرے اور بعد میں اس کی جگہ کسی دوسرے شخص کو نگران مقرر کر دے تو اس کی پہلی وصیت باطل ہو جاتی ہے اور اس کی دوسری وصیت پر عمل کرنا چاہئے۔

مسئلہ ۲۷۱۶ : اگر کوئی شخص کوئی ایسا کام کرے جس سے پتہ چلے کہ وہ اپنی وصیت سے منحرف ہو گیا ہے مثلاً جس مکان کے بارے میں وصیت کی ہو کہ وہ کسی کو دیا جائے اسے بیچ دے یا کسی دوسرے شخص کو اسے بیچنے کے لیئے وکیل مقرر کر دے تو وصیت باطل ہو جاتی ہے۔

مسئلہ ۲۷۱۷ : اگر کوئی شخص وصیت کرے کہ ایک معین چیز کسی شخص کو دی جائے اور بعد میں وصیت کرے کہ اس چیز کا نصف حصہ کسی اور شخص کو دیا جائے تو اس چیز کے دو حصے کرنے چاہئیں اور ان دونوں اشخاص میں سے ہر ایک کو ایک حصہ دینا چاہئے۔

مسئلہ ۲۷۱۸ : اگر کوئی شخص ایسے مرض کی حالت میں جس مرض سے وہ مر جائے اپنے مال کی کچھ مقدار کسی شخص کو بخش دے اور وصیت کرے کہ اس کے (یعنی مریض کے) مرنے کے بعد مال کی

کچھ مقدار کسی اور شخص کو بھی دی جائے تو جو مال اس نے بخشا ہوا ہے اصل ترکہ میں سے خارج کر دینا چاہئے (جیسے کہ بیان ہو چکا ہے) اور جس مال کے بارے میں اس نے وصیت کی ہوا سے تیسرے حصے میں سے نکالنا چاہئے۔

مسئلہ ۲۷۱۹ : اگر کوئی شخص وصیت کرے کہ اس کے مال کا تیسرا حصہ نہ بیچا جائے اور اس کی آمدنی ایک معین کام میں خرچ کی جائے تو اس کے کہنے کے مطابق عمل کرنا ضروری ہے۔

مسئلہ ۲۷۲۰ : اگر کوئی شخص ایسے مرض کی حالت میں جس مرض سے وہ مر جائے یہ کہے کہ وہ اتنی مقدار میں کسی شخص کا مقروض ہے تو اگر اس پر یہ تہمت لگائی جائے کہ اس نے یہ بات ورثاء کو نقصان پہنچانے کے لیئے کی ہے تو جو مقدار قرضے کی اس نے معین کی ہے وہ اس کے مال کے تیسرے حصے سے دی جائے گی اور اگر اس پر یہ تہمت نہ لگائی جائے تو اس کا اقرار نافذ ہے اور قرضہ اس کے اصل مال سے ادا کرنا چاہئے۔

مسئلہ ۲۷۲۱ : جس شخص کے لیئے انسان وصیت کرے کہ کوئی چیز اسے دی جائے اس کے لیئے یہ ضروری نہیں کہ وصیت کرنے کے وقت وجود رکھتا ہو۔ لہٰذا اگر کوئی انسان وصیت کرے کہ جس بچے کا حمل ممکن ہے فلاں عورت کے پیٹ میں ٹھہرے اس بچے کو فلاں چیز دی جائے تو اگر وہ بچہ موصی کی موت کے بعد پیدا ہو تو ضروری ہے کہ وہ چیز اسے دی جائے لیکن اگر وہ موصی کی موت کے بعد موجود نہ ہو یعنی پیدا نہ ہو تو اس مال کو کسی ایسے دوسرے مصرف میں صرف کیا جائے جو موصی کے ارادے کے مطابق وصیت کے مقصد کے زیادہ قریب ہو۔ ہاں اگر موصی وصیت کرے کہ اس کے مال میں سے کوئی چیز کسی شخص کا مال ہو گی تو اگر وہ شخص موصی کی موت کے وقت موجود ہو تو وصیت صحیح ہے ورنہ باطل ہے اور جس چیز کی اس شخص کے لیئے وصیت کی گئی ہو وصیت باطل ہونے کی صورت میں وہ میت کے ورثاء میں بٹ جاتی ہے۔

مسئلہ ۲۷۲۲ : اگر انسان کو پتہ چلے کہ کسی نے اسے وصی بنایا ہے تو اگر وہ وصیت کرنے والے کو اطلاع دے دے کہ وہ اس کی وصیت پر عمل کرنے پر آمادہ نہیں ہے تو ضروری نہیں کہ وہ اس کے مرنے کے بعد اس وصیت پر عمل کرے لیکن اگر وصیت کنندہ کے مرنے سے پہلے انسان کو یہ پتہ چلے کہ اس نے اسے وصی بنایا ہے یا پتہ چل جائے لیکن اسے یہ اطلاع نہ دے کہ وہ (یعنی جسے وصی مقرر

کیا گیا ہے) اس کی (یعنی موصی کی) وصیت پر عمل کرنے پر آمادہ نہیں ہے تو اگر وصیت پر عمل کرنے میں کوئی زحمت نہ ہو تو انسان کو چاہئے کہ اس کی وصیت کو انجام دے نیز اگر موصی کے مرنے سے پہلے وصی کسی وقت اس امر کی جانب متوجہ ہو کہ مرض کی شدت کی وجہ سے یا کسی اور عذر کی بنا پر موصی کسی دوسرے شخص کو وصیت نہیں کر سکتا تو بنابر احتیاط اسے چاہئے کہ وصیت کو قبول کرے ورنہ حاکم شرع کسی کو وصیت نافذ کرنے کے لیے معین کرے گا۔

مسئلہ ۲۷۲۳ : جس شخص نے وصیت کی ہو اگر وہ مر جائے تو وصی یہ نہیں کر سکتا کہ میت کے کام انجام دینے کے لیئے کسی دوسرے شخص کو معین کر دے اور خود ان کاموں سے کنارہ کش ہو جائے لیکن اگر اسے علم ہو کہ مرنے والے کا مقصود یہ نہیں تھا کہ خود وصی ان کاموں کو انجام دے بلکہ اس کا مقصود فقط یہ تھا کہ کام کر دیئے جائیں تو وہ یعنی وصی کسی دوسرے شخص کو ان کاموں کی انجام دہی کے لیئے وکیل مقرر کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۲۴ : اگر کوئی شخص دو افراد کو اکٹھے وصی بنائے تو اگر ان دونوں میں سے ایک مر جائے یا دیوانہ یا کافر ہو جائے تو حاکم شرع اس کی جگہ ایک اور شخص کو وصی مقرر کرے گا اور اگر دونوں مر جائیں یا کافر یا دیوانہ ہو جائیں تو حاکم شرع دو دوسرے اشخاص کو ان کی جگہ معین کرے گا لیکن اگر ایک شخص وصیت پر عمل کر سکتا ہو تو دو اشخاص کا معین کرنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۷۲۵ : اگر وصی تنہا میت کے کام انجام نہ دے سکے تو حاکم شرع اس کی مدد کے لیئے ایک اور شخص مقرر کرے گا۔

مسئلہ ۲۷۲۶ : اگر میت کے مال کی کچھ مقدار وصی کے پاس ہوتے ہوئے تلف ہو جائے تو اگر وصی نے اس کی نگہداشت میں کوتاہی یا تعدی کی ہو مثلاً اگر میت نے اسے وصیت کی ہو کہ مال کی اتنی مقدار فلاں شہر کے فقیروں کو دے دے اور وہ یعنی وصی مال کو دوسرے شہر لے جائے اور وہ راستے میں تلف ہو جائے تو وہ ذمہ دار ہے اور اگر اس نے کوتاہی یا تعدی نہ کی ہو تو ذمہ دار نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۷۲۷ : اگر انسان کسی شخص کو وصی مقرر کرے اور کہے کہ اگر وہ شخص (یعنی وصی) مر جائے تو پھر فلاں شخص وصی ہو گا تو جب پہلا وصی مر جائے تو دوسرے وصی کو چاہئے کہ میت کے کام

انجام دے۔

مسئلہ ۲۷۲۸ : جو حج میت پر واجب ہو اور قرضہ اور حقوق مثلاً خمس، زکوۃ اور مظالم جن کا ادا کرنا واجب ہو انہیں میت کے اصل مال سے ادا کرنا چاہئے خواہ میت نے ان کے لیئے وصیت نہ بھی کی ہو۔

مسئلہ ۲۷۲۹ : اگر میت کا مال قرضے سے اور واجب حج سے اور ان حقوق سے جو اس پر واجب ہو (مثلاً خمس زکوۃ اور مظالم سے) زیادہ ہو تو اگر اس نے وصیت کی ہو کہ اس کے مال کا تیسرا حصہ یا تیسرے حصے کی کچھ مقدار ایک معین مصرف میں لائی جائے تو اس کی وصیت پر عمل کرنا چاہئے اور اگر وصیت نہ کی ہو تو جو کچھ بچے وہ ورثاء کا مال ہے۔

مسئلہ ۲۷۳۰ : جو مصرف میت نے معین کیا ہو اگر وہ اس کے مال کی تیسرے حصے سے زیادہ ہو تو مال کے تیسرے حصے سے زیادہ کے بارے میں اس کی وصیت اس صورت میں صحیح ہے جب ورثاء کوئی ایسی بات کہیں یا ایسا کام کریں جس سے معلوم ہو کہ انھوں نے وصیت کے مطابق عمل کرنے کی اجازت دے دی ہے اور ان کا صرف راضی ہونا کافی نہیں ہے اور اگر وہ موصی کے مرنے کے کچھ عرصہ بعد بھی اجازت دیں تو صحیح ہے اور اگر بعض ورثاء اجازت دے دیں اور بعض وصیت کو رد کر دیں تو جنہوں نے اجازت دی ہو ان کے حصوں کی حد تک وصیت صحیح اور نافذ ہے۔

مسئلہ ۲۷۳۱ : جو مصرف میت نے معین کیا ہو اگر اس پر اس کے مال کے تیسرے حصے سے زیادہ لاگت آتی ہو اور اس کے مرنے سے پہلے ورثاء اس مصرف کی اجازت دے دیں (یعنی یہ اجازت دے دیں کہ ان کے حصے سے وصیت کو مکمل کیا جاسکتا ہے) تو اس کے مرنے کے بعد وہ اپنی دی ہوئی اجازت سے منحرف نہیں ہو سکتے۔

مسئلہ ۲۷۳۲ : اگر مرنے والا وصیت کرے کہ اس کے مال کے تہائی حصے سے خمس اور زکوۃ یا کوئی اور قرضہ جو اس کے ذمے ہو دیا جائے اور اس کی قضا نمازوں اور روزوں کے لیئے اجیر مقرر کیا جائے اور کوئی مستحب کام (مثلاً فقیروں کو کھانا کھلانا) بھی انجام دیا جائے تو پہلے اس کا قرضہ تہائی مال سے دیا جائے اور اگر کچھ بچ جائے تو نمازوں اور روزوں کے لیئے اجیر مقرر کیا جائے اور اگر پھر بھی کچھ بچ

جائے تو جو مستحب کام اس نے معین کیا ہو اس پر صرف کیا جائے اور اگر اس کے مال کا تہائی حصہ صرف اس کے قرضے کے برابر ہو اور ورثاء بھی تہائی مال سے زیادہ خرچ کرنے کی اجازت نہ دیں تو نماز اور روزوں اور مستحب کاموں کے لیئے کی گئی وصیت باطل ہے۔

مسئلہ ۲۷۳۳ : اگر کوئی شخص وصیت کرے کہ اس کا قرضہ ادا کیا جائے اور اس کی نمازوں اور روزوں کے لیئے اجیر مقرر کیا جائے اور کوئی مستحب کام بھی انجام دیا جائے تو اگر اس نے یہ وصیت نہ کی ہو کہ یہ چیزیں مال کی تہائی سے دی جائیں تو اس کا قرضہ اصل مال سے دینا چاہئے اور پھر جو کچھ بچ جائے اس کا تیسرا حصہ نماز اور روزہ اور ان مستحب کاموں کے مصرف میں لایا جائے اور اس صورت میں جب کہ وہ تیسرا حصہ کافی نہ ہو اگر ورثاء اجازت دیں تو اس کی وصیت پر عمل کرنا چاہئے اور اگر وہ اجازت نہ دیں تو نماز اور روزوں کی قضا کی اجرت مال کی تہائی سے دینی چاہئے اور اگر اس میں کچھ بچ جائے تو وصیت کرنے والے نے جو مستحب کام معین کیا ہو اس پر خرچ کرنا چاہئے۔

مسئلہ ۲۷۳۴ : اگر کوئی شخص کہے کہ مرنے والے نے وصیت کی تھی کہ اتنی رقم مجھے دی جائے تو اگر دو عادل مرد اس کے قول کی تصدیق کر دیں یا وہ قسم کھائے اور ایک عادل شخص اس کے قول کی تصدیق بھی کر دے یا ایک عادل مرد اور دو عادلہ عورتیں یا پھر چار عادلہ عورتیں اس کے قول کی گواہی دیں تو جتنی مقدار وہ کہتا ہو وہ اسے دے دینی چاہئے اور اگر ایک عادلہ عورت گواہی دے تو جس چیز کا وہ مطالبہ کر رہا ہو اس کا چوتھا حصہ اسے دیا جائے اور اگر دو عادلہ عورتیں گواہی دیں تو اس کا نصف دیا جائے اور اگر تین عادلہ عورتیں گواہی دیں تو اس کا تین چوتھائی دیا جائے نیز اگر دو کتابی کافر مرد جو اپنے مذہب میں عادل ہوں اس کے قول کی تصدیق کریں تو اس صورت میں جب کہ مرنے والا وصیت کرنے پر مجبور ہو گیا ہو اور عادل مرد اور عورتیں بھی وصیت کے موقع پر موجود نہ رہے ہوں وہ شخص میت کے مال سے جس چیز کا مطالبہ کر رہا ہو وہ اسے دے دینی چاہئے۔

مسئلہ ۲۷۳۵ : اگر کوئی شخص کہے کہ میں میت کا وصی ہوں تاکہ اس کے مال کو فلاں مصرف میں لے آؤں یا یہ کہے کہ میت نے مجھے اپنے بچوں کا نگراں مقرر کیا تھا تو اس کا قول اس صورت میں قبول کرنا چاہئے جب کہ دو عادل مرد اس کے قول کی تصدیق کریں۔

مسئلہ ۲۷۳۶ : اگر مرنے والا وصیت کرے کہ اس کے مال کی اتنی مقدار فلاں شخص کی ہو گی

اور وہ شخص وصیت کو قبول کرنے یا رد کرنے سے پہلے مر جائے تو جب تک اس کے ورثاء وصیت کو رد نہ کر دیں وہ اس چیز کو قبول کر سکتے ہیں لیکن یہ حکم اس صورت میں ہے کہ وصیت کرنے والا اپنی وصیت سے منحرف نہ ہو جائے ورنہ وہ (یعنی وصی یا اس کے ورثاء) اس چیز پر کوئی حق نہیں رکھتے۔

ارث (ترکہ کی تقسیم) کے احکام

مسئلہ ۲۷۳۷ : جو اشخاص میت سے رشتہ داری کی بنا پر ترکہ پاتے ہیں ان کے تین گروہ ہیں۔

۱... پہلا گروہ مرنے والے کا باپ اور ماں اور اولاد اور اولاد کے نہ ہونے کی صورت میں اولاد کی اولاد ہے جہاں تک یہ سلسلہ نیچے چلا جائے۔ ان میں سے جو کوئی میت سے زیادہ قریب تر ہو ترکہ پاتا ہے اور جب تک اس گروہ میں سے ایک شخص بھی موجود ہو دوسرا گروہ ترکہ نہیں پاتا۔

۲... دوسرا گروہ دادا اور دادی اور بہن اور بھائی اور بہن نہ ہونے کی صورت میں ان کی اولاد ہے۔ ان میں سے جو کوئی میت سے زیادہ قریب ہو وہ ترکہ پاتا ہے اور جب تک اس گروہ میں سے ایک شخص بھی موجود ہو تیسرا گروہ ترکہ نہیں پاتا۔

۳... تیسرا گروہ چچا اور پھوپھی اور ماموں اور خالہ اور ان کی اولاد ہے اور جب تک میت کے چچاؤں اور پھوپھیوں اور ماموؤں اور خالاؤں میں سے ایک شخص بھی موجود ہو ان کی اولاد ترکہ نہیں پاتی لیکن اگر مرنے والے کا باپ کی طرف سے چچا (عموی پدری) اور باپ اور ماں کی طرف سے چچا کا لڑکا (پسر عموی پدری و مادری) موجود ہوں تو ترکہ باپ اور ماں کی طرف سے چچا کے لڑکے (پسر عموی پدری و مادری) کو ملے گا اور باپ کی طرف سے چچا (عموی پدری) کو نہیں ملے گا۔

مسئلہ ۲۷۳۸ : اگر خود میت کا چچا اور پھوپھی اور ماموں اور خالہ اور ان کی اولاد نہ ہوں تو اس کے باپ اور ماں کے چچا اور پھوپھی اور ماموں اور خالہ ترکہ پاتے ہیں اور اگر وہ نہ ہوں تو ان کی اولاد ترکہ پاتی ہے اور اگر وہ بھی نہ ہو تو میت کے دادا اور دادی کے چچا اور پھوپھی اور ماموں اور

خالہ ترکہ پاتے ہیں اور اگر وہ بھی نہ ہوں تو ان کی اولاد ترکہ پاتی ہے۔

مسئلہ ۲۷۳۹ : بیوی اور شوہر جیسا کہ بعد میں تفصیل سے بیان کیا جائے گا ایک دوسرے سے ترکہ پاتے ہیں۔

پہلے گروہ کی میراث

مسئلہ ۲۷۴۰ : اگر پہلے گروہ میں سے صرف ایک شخص میت کا وارث ہو مثلاً باپ یا ماں یا ایک بیٹا یا ایک بیٹی ہو تو میت کا تمام مال اسے ملتا ہے اور اگر بیٹے اور بیٹیاں وارث ہوں تو مال کو یوں تقسیم کیا جائے کہ ہر بیٹا بیٹی سے دوگنا حصہ پائے۔

مسئلہ ۲۷۴۱ : اگر میت کے وارث فقط اس کا باپ اور اس کی ماں ہوں تو مال کے تین حصے کیے جاتے ہیں جن میں سے دو حصے باپ اور ایک حصہ ماں لیتی ہے لیکن اگر میت کے دو بھائی یا چار بہنیں یا ایک بھائی اور دو بہنیں ہوں جو سب کے سب مسلمان اور آزاد اور پدری ہوں یعنی ان کا اور میت کا باپ ایک ہی ہو خواہ ان کی اور میت کی ماں ایک ہو یا نہ ہو تو اگرچہ وہ میت کے باپ اور ماں کے ہوتے ہوئے ترکہ نہیں پاتے لیکن ان کے ہونے کی وجہ سے ماں کو مال کا چھٹا حصہ ملتا ہے اور باقی مال باپ کو ملتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۴۲ : جب میت کے وارث فقط اس کا باپ اور ماں اور ایک بیٹی ہوں تو اگر اس کے دو پدری بھائی یا چار پدری بہنیں یا ایک پدری بھائی اور دو پدری بہنیں نہ ہوں تو مال کے پانچ حصے کیے جاتے ہیں۔ باپ اور ماں ان میں سے ایک ایک حصہ لیتے ہیں اور بیٹی تین حصے لیتی ہے اور اگر میت کے دو پدری بھائی چار پدری بہنیں یا ایک پدری بھائی اور دو پدری بہنیں بھی ہوں تو مشہور یہ ہے کہ مال کے چھ حصے کیے جاتے ہیں۔ باپ اور ماں کو ان میں سے ایک ایک حصہ ملتا ہے اور بیٹی کو تین حصے ملتے ہیں اور جو ایک حصہ باقی بچے اس کے پھر چار حصے کیے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ باپ کو اور تین حصے بیٹی کو ملتے ہیں۔ نتیجے کے طور پر میت کے مال کے ۲۴ حصے کیے جاتے ہیں۔ جن میں سے ۱۵ حصے بیٹی کو اور ۴ حصے ماں کو اور ۵ حصے باپ کو ملتے ہیں۔

مسئلہ ۲۷۴۳ : اگر میت کے وارث فقط اس کا باپ اور ماں اور ایک بیٹا ہوں تو مال کے چھ

حصے کیئے جاتے ہیں جن میں سے باپ اور ماں کو ایک ایک حصہ اور بیٹے کو چار حصے ملتے ہیں اور اگر میت کے کئی بیٹے یا کئی بیٹیاں ہوں تو وہ ان چار حصوں کو آپس میں مساوی طور پر تقسیم کر لیتے ہیں اور اگر بیٹے بھی ہوں اور بیٹیاں بھی ہوں تو ان چار حصوں کو اس طرح تقسیم کیا جاتا ہے کہ ہر بیٹے کو ایک بیٹی سے دوگنا حصہ ملتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۴۴ : اگر میت کے وارث فقط باپ یا ماں اور ایک یا کئی بیٹے ہوں تو مال کے چھ حصے کیئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ باپ اور ماں کو اور پانچ حصے بیٹے کو ملتے ہیں اور اگر کئی بیٹے ہوں تو وہ ان پانچ حصوں کو آپس میں مساوی طور پر تقسیم کر لیتے ہیں۔

مسئلہ ۲۷۴۵ : اگر باپ یا ماں میت کے بیٹوں اور بیٹیوں کے ساتھ اس کے وارث ہوں تو مال کے چھ حصے کیئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ باپ یا ماں کو ملتا ہے اور باقی حصوں کو یوں تقسیم کیا جاتا ہے کہ ہر بیٹے کو بیٹی سے دگنا حصہ ملتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۴۶ : اگر میت کے وارث فقط باپ یا ماں اور ایک بیٹی ہوں تو مال کے چار حصے کیئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ باپ یا ماں کو اور باقی تین حصے بیٹی کو ملتے ہیں۔

مسئلہ ۲۷۴۷ : اگر میت کے وارث فقط باپ یا ماں اور چند بیٹیاں ہوں تو مال کے پانچ حصے کیئے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک حصہ باپ یا ماں کو ملتا ہے اور چار حصے بیٹیاں آپس میں مساوی طور پر تقسیم کر لیتی ہیں۔

مسئلہ ۲۷۴۸ : اگر میت کی اولاد نہ ہو تو اس کے بیٹے کی اولاد خواہ بیٹی ہی کیوں نہ ہو میت کے بیٹے کا حصہ پاتی ہے اور بیٹی کی اولاد خواہ وہ بیٹا ہی کیوں نہ ہو میت کی بیٹی کا حصہ پاتا ہے۔ مثلاً اگر میت کا ایک نواسا اور ایک پوتی ہو تو مال کے تین حصے کیئے جائیں گے جن میں سے ایک حصہ نواسے کو اور دو حصے پوتی کو ملیں گے۔

دوسرے گروہ کی میراث

مسئلہ ۲۷۴۹ : جو لوگ رشتہ داری کی بنا پر میراث پاتے ہیں ان کا دوسرا گروہ میت کا دادا، دادی، نانا، نانی، بھائی اور بہنیں ہیں اور اگر اس کے بھائی بہنیں نہ ہوں تو ان کی اولاد میراث پاتی ہے۔

مسئلہ ۲۷۵۰ : اگر میت کا وارث فقط ایک بھائی یا ایک بہن ہو تو سارا مال اس کو ملتا ہے اور اگر کئی سگے (پدری و مادری) بھائی یا کئی سگی (پدری یا مادری) بہنیں ہوں تو مال ان میں برابر تقسیم ہو جاتا ہے اور اگر سگے بھائی بھی ہوں اور بہنیں بھی تو ہر بھائی کو بہن سے دگنا حصہ ملتا ہے مثلاً اگر میت کے دو سگے بھائی اور ایک سگی بہن ہو تو مال کے پانچ حصے کیئے جائیں گے جن میں سے ہر بھائی کو دو حصے ملیں گے اور بہن کو ایک حصہ ملے گا۔

مسئلہ ۲۷۵۱ : اگر میت کے سگے بہن بھائی موجود ہوں تو پدری بھائی اور بہنیں جن کی ماں میت کی سوتیلی ماں ہو میراث نہیں پاتے اور اگر اس کے سگے بہن بھائی نہ ہوں اور فقط ایک پدری بھائی یا ایک پدری بہن ہو تو سارا مال اس کو ملتا ہے اور اگر اس کے کئی پدری بھائی یا کئی پدری بہنیں ہوں تو مال ان کے درمیان مساوی طور پر تقسیم ہو جاتا ہے اور اگر اس کے پدری بھائی بھی ہوں اور پدری بہنیں بھی تو ہر بھائی کو بہن سے دگنا حصہ ملتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۵۲ : اگر وارث میت فقط ایک مادری بہن یا ایک مادری بھائی ہو (جو باپ کی طرف سے میت کی سوتیلی بہن یا سوتیلا بھائی ہو) تو سارا مال اسے ملتا ہے اور اگر چند مادری بھائی ہوں یا چند مادری بہنیں ہوں یا چند مادری بھائی اور بہنیں ہوں تو مال ان کے درمیان مساوی طور پر تقسیم ہو جاتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۵۳ : اگر میت کے سگے (پدری و مادری) بھائی بہنیں اور پدری بھائی بہنیں اور ایک مادری بھائی یا ایک مادری بہن ہو تو پدری بھائی بہنوں کو ترکہ نہیں ملتا اور مال کے چھ حصے کیئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ مادری بھائی یا مادری بہن کو ملتا ہے اور باقی حصے سگے (پدری و مادری) بھائی بہنوں کو ملتے ہیں اور ہر بھائی دو بہنوں کے برابر حصہ پاتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۵۴ : اگر میت کے سگے (پدری و مادری) بھائی بہنیں اور پدری بھائی بہنیں اور چند مادری بھائی بہنیں ہوں تو پدری بھائی بہنوں کو ترکہ نہیں ملتا اور مال کے تین حصے کیئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ مادری بھائی بہنیں آپس میں برابر برابر تقسیم کرتے ہیں اور باقی دو حصے سگے (پدری و مادری) بھائی بہنوں کو اس طرح دیئے جاتے ہیں کہ ہر بھائی کا حصہ بہن سے دگنا ہوتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۵۵ : اگر میت کے وارث صرف پدری بھائی بہنیں اور ایک مادری بھائی یا ایک مادری بہن ہوں تو مال کے چھ حصے کیئے جاتے ہیں ان میں سے ایک حصہ مادری بھائی یا مادری بہن کو ملتا ہے اور باقی حصے پدری بہن بھائیوں میں اس طرح تقسیم کیئے جاتے ہیں کہ بھائی کو بہن سے دگنا حصہ ملتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۵۶ : اگر میت کے وارث فقط پدری بھائی بہنیں اور چند مادری بھائی بہنیں ہوں تو مال کے تین حصے کیئے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک حصہ مادری بھائی بہنیں آپس میں برابر برابر تقسیم کر لیتے ہیں اور باقی دو حصے پدری بہن بھائیوں کو اس طرح ملتے ہیں کہ ہر بھائی کا حصہ بہن سے دگنا ہوتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۵۷ : اگر میت کے وارث فقط اس کے بھائی بہنیں اور بیوی ہوں تو بیوی اپنا ترکہ اس تفصیل کے مطابق لے گی جو بعد میں بیان کی جائے گی اور بھائی بہنیں اپنا ترکہ اس طرح لیں گے جیسے کہ گزشتہ مسائل میں بتایا گیا ہے نیز اگر کوئی عورت مر جائے اور اس کے وارث فقط اس کے بھائی بہنیں اور شوہر ہوں تو نصف مال شوہر کو ملے گا اور بہنیں اور بھائی اس طریقے سے ترکہ پائیں گے جس کا ذکر گزشتہ مسائل میں کیا گیا ہے لیکن بیوی یا شوہر کا ترکہ پانے کی وجہ سے مادری بھائی بہنوں کے حصے میں کوئی کمی نہیں اور کمی سگے پدری و مادری بھائی بہنوں یا پدری بھائی بہنوں کے حصے میں ہو گی مثلاً اگر کسی میت کے وارث اس کا شوہر اور مادری بہن بھائی اور سگے (پدری و مادری) بہن بھائی ہوں تو نصف مال شوہر کو ملے گا اور اصل مال کے تین حصوں میں سے ایک حصہ مادری بہن بھائیوں کو ملے گا اور جو کچھ بچے وہ سگے (پدری و مادری) بہن بھائیوں کا مال ہوگا۔ پس اگر اس کا کل مال چھ روپے ہو تو تین روپے شوہر کو اور دو روپے مادری بہن بھائیوں کو اور ایک روپیہ سگے - (پدری و مادری) بہن بھائیوں کو ملے گا۔

مسئلہ ۲۷۵۸ : اگر میت کے بھائی بہنیں نہ ہوں تو ان کے ترکے کا حصہ ان کی (یعنی بھائی بہنوں کی) اولاد کو ملے گا اور مادری بھائی بہنوں کی اولاد کا حصہ ان کے مابین برابر تقسیم ہوتا ہے اور جو حصہ پدری بھائی بہنوں کی اولاد یا سگے (پدری و مادری) بھائی بہنوں کی اولاد کو ملتا ہے اس کے بارے میں مشہور ہے کہ ہر لڑکا دو لڑکیوں کے برابر حصہ پاتا ہے لیکن کچھ بعید نہیں ہے کہ ان کے مابین بھی ترکہ برابر برابر تقسیم ہو اور احوط یہ ہے کہ وہ مصالحت کی جانب رجوع کریں۔

مسئلہ ۲۷۵۹ : اگر میت کا وارث فقط دادا یا فقط دادی یا فقط نانا یا نانی ہو تو میت کا تمام مال اسے ملے گا اور اگر میت کا دادا یا نانا موجود ہو تو اس کے باپ (یعنی میت کے پردادا یا پرنانا) کو ترکہ نہیں ملتا اور اگر میت کے وارث فقط اس کے دادا اور دادی ہوں تو مال کے تین حصے کیئے جاتے ہیں جن میں سے دو حصے دادا کو اور ایک حصہ دادی کو ملتا ہے اور اگر وہ نانا اور نانی ہوں تو وہ مال کو برابر برابر تقسیم کر لیتے ہیں۔

مسئلہ ۲۷۶۰ : اگر میت کے وارث فقط دادا یا دادی میں سے ایک اور نانا اور نانی میں سے ایک ہوں تو مال کے تین حصے کیئے جائیں گے جن میں سے دو حصے دادا یا دادی کو ملیں گے اور ایک حصہ نانا یا نانی کو ملے گا۔

مسئلہ ۲۷۶۱ : اگر میت کے وارث دادا اور دادی اور نانا اور نانی ہوں تو مال کے تین حصے کیئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ نانا اور نانی آپس میں برابر برابر تقسیم کر لیتے ہیں اور باقی دو حصے دادا اور دادی کو ملتے ہیں جن میں دادا کا حصہ دو تہائی ہوتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۶۲ : اگر میت کے وارث فقط اس کی بیوی اور دادا، دادی اور نانا، نانی ہوں تو بیوی اپنا حصہ اس تفصیل کے مطابق لیتی ہے جو بعد میں بیان ہوگی اور اصل مال کے تین حصوں میں سے ایک حصہ نانا اور نانی کو ملتا ہے جو وہ آپس میں برابر برابر تقسیم کرتے ہیں اور باقی ماندہ یعنی بیوی اور نانا، نانی کے بعد جو کچھ بچے) دادا اور دادی کو ملتا ہے جس میں سے دادا دادی کے مقابلے میں دگنا لیتا ہے اور اگر میت کے وارث اس کا شوہر اور جد (دادا یا نانا) اور جدہ (دادی اور نانی) ہوں تو شوہر کو نصف مال ملتا ہے اور دادا اور نانا اور دادی اور نانی ان احکام کے مطابق ترکہ پاتے ہیں جن کا ذکر گزشتہ مسائل میں ہو چکا ہے۔

مسئلہ ۲۷۶۳ : بھائی، بہن، بھائیوں، بہنوں کے ساتھ دادا، دادی یا نانا، نانی اور دادے، دادیوں یا نانے، نانیوں کے اجتماع کی چند صورتیں

اول : یہ کہ نانا یا نانی اور بھائی یا بہن ماں کی طرف سے ہوں۔ اس صورت میں مال ان کے درمیان مساوی طور پر تقسیم ہو جاتا ہے اگرچہ وہ مذکر اور مونث کی حیثیت سے مختلف ہوں۔

دوم : یہ کہ دادا یا دادی کے ساتھ بھائی یا بہن ماں کی طرف سے ہو۔ اس صورت میں بھی ان کے مابین مال مساوی طور پر تقسیم ہوتا ہے بشرطیکہ وہ سب مرد یا سب عورتیں ہوں اور اگر مختلف ہوں تو پھر ہر مرد ہر عورت کے مقابلے میں دگنا حصہ لیتا ہے۔

سوم : یہ کہ دادا یا دادی کے ساتھ بھائی یا بہن ماں اور باپ کی طرف سے ہوں اس صورت میں بھی وہی حکم ہے جو گزشتہ صورت میں ہے اور یہ جاننا چاہئے کہ اگر میت کے پدری بھائی یا بہن، سگے بھائی یا بہن کے ساتھ جمع ہو جائیں تو تنہا پدری بھائی یا بہن میراث نہیں پاتے (بلکہ سبھی پاتے ہیں)

چہارم : یہ کہ دادے، دادیاں اور نانے، نانیاں ہوں۔ خواہ وہ سب کے سب مرد ہوں یا عورتیں ہوں یا مختلف ہوں اور اسی طرح مادری و پدری بھائی اور بہنیں ہوں۔ اس صورت میں جو مادری رشتے دار ہوں ترکے میں ان کا ایک تہائی حصہ ہے اور ان کے درمیان برابر تقسیم ہو جاتا ہے خواہ وہ مرد اور عورت کی حیثیت سے ایک دوسرے سے مختلف ہوں اور ان میں سے جو پدری رشتہ دار ہوں ان کا حصہ دو تہائی ہے جس میں سے ہر مرد کو ہر عورت کے مقابلے میں دگنا ملتا ہے اور اگر ان میں کوئی فرق نہ ہو اور سب مرد یا سب عورتیں ہوں تو پھر وہ ترکہ ان میں برابر تقسیم ہو جاتا ہے۔

پنجم : یہ کہ دادا یا دادی ماں کی طرف سے بھائی، بہن کے ساتھ جمع ہو جائیں اس صورت میں اگر بہن یا بھائی بالفرض ایک ہو تو اسے مال کا چھٹا حصہ ملتا ہے اور اگر کئی ایک ہوں تو تیسرا حصہ ان کے درمیان برابر برابر تقسیم ہو جاتا ہے اور جو باقی بچے وہ دادے یا دادی کا مال ہے اور اگر دادا اور دادی دونوں ہوں تو دادا کو دادی کے مقابلے میں دگنا حصہ ملتا ہے۔

ششم : یہ کہ نانا یا نانی باپ کی طرف سے بھائی کے ساتھ جمع ہو جائیں۔ اس صورت میں نانا یا نانی کا تیسرا حصہ ہے خواہ ان میں سے ایک ہی ہو اور دو تہائی بھائی کا حصہ ہے خواہ وہ بھی ایک ہی ہو اور اگر اس نانا یا نانی کے ساتھ باپ کی طرف سے بہن ہو اور وہ ایک ہی ہو تو وہ آدھا حصہ لیتی ہے اور اگر کئی بہنیں ہوں تو دو تہائی لیتی ہیں اور ہر صورت میں دادے یا دادی کا حصہ ایک تہائی ہی ہے اور اگر بہن ایک ہی ہو تو سب کے حصے دے کر ترکے کا چھٹا

حصہ بچ جاتا ہے اور اس کے بارے میں احتیاط واجب مصالحت میں ہے۔

ہفتم : یہ کہ دادے یا دادیاں ہوں اور کچھ نانے اور نانیاں ہوں اور ان کے ساتھ پدری بھائی یا بہن ہو خواہ وہ ایک ہی ہو یا کئی ایک ہوں اس صورت میں نانے یا نانی کا حصہ ایک تہائی ہے اور اگر وہ زیادہ ہوں تو یہ ان کے مابین مساوی طور پر تقسیم ہو جاتا ہے خواہ وہ مرد اور عورت کی حیثیت سے مختلف ہی ہوں اور باقی ماندہ دو تہائی دادے یا دادی اور پدری بھائی یا بہن کا ہے اور اگر وہ مرد اور عورت کی حیثیت سے مختلف ہوں تو فرق کے ساتھ اور اگر مختلف نہ ہوں تو برابر ان میں تقسیم ہو جاتا ہے اور اگر ان دادوں' نانوں یا دادیوں نانیوں کی ساتھ مادری بھائی یا بہن ہوں تو نانا یا نانی کا حصہ مادری بھائی یا بہن کے ساتھ ایک تہائی ہے جو ان کے درمیان برابر تقسیم ہو جاتا ہے اگرچہ وہ بہ حیثیت مرد اور عورت ایک دوسرے سے مختلف ہوں اور دادا یا دادی کا حصہ دو تہائی ہے جو ان کے مابین اختلاف کی صورت میں (یعنی بہ حیثیت مرد اور عورت اختلاف کی صورت میں) فرق کے ساتھ ورنہ برابر برابر تقسیم ہو جاتا ہے۔

ہشتم : یہ کہ بھائی اور بہنیں ہوں جن میں سے کچھ پدری اور کچھ مادری ہوں اور ان کے ساتھ دادا یا دادی ہوں۔ اس صورت میں اگر مادری بھائی یا بہن ایک ہو تو ترکے میں اس کا چھٹا حصہ ہے اور اگر ایک سے زیادہ ہوں تو تیسرا حصہ ہے جو کہ ان کے مابین برابر برابر تقسیم ہو جاتا ہے اور باقی ترکہ پدری بھائی یا بہن اور دادا یا دادی کا ہے جو بحیثیت مرد اور عورت مختلف نہ ہونے کی صورت میں ان کے مابین برابر برابر تقسیم ہو جاتا ہے اور مختلف ہونے کی صورت میں فرق سے تقسیم ہوتا ہے اور اگر ان بھائیوں یا بہنوں کے ساتھ نانا یا نانی ہوں تو نانا یا نانی اور مادری بھائیوں اور بہنوں کو ملا کر سب کا حصہ ایک تہائی ہوتا ہے جو ان میں بحیثیت مرد اور عورت اختلاف کی صورت میں فرق سے اور اختلاف نہ ہونے کی صورت میں برابر برابر تقسیم ہو جاتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۶۴ : اگر میت کے بھائی یا بہنیں ہوں تو بھائیوں یا بہنوں کی اولاد کو میراث نہیں ملتی لیکن اگر بھائی کی اولاد اور بہن کی اولاد کا میراث پانا بھائیوں اور بہنوں کی میراث سے مزاحم نہ ہو تو پھر اس حکم کا اطلاق نہیں ہوتا۔ مثلاً اگر میت کا پدری بھائی اور نانا ہو تو پدری بھائی کو میراث کے دو حصے

اور نانا کو ایک حصہ ملے گا اور اس صورت میں اگر میت کے برادر مادری کا بیٹا بھی ہو تو بھائی کا بیٹا نانا کے ساتھ ایک تہائی میں شریک ہوتا ہے۔

تیسرے گروہ کی میراث

مسئلہ ۲۷۶۵ : میراث پانے والوں کے تیسرے گروہ میں چچا' پھوپھی' ماموں اور خالہ اور ان کی اولاد ہیں۔ اور جیسا کہ بیان ہو چکا ہے کہ اگر پہلے اور دوسرے گروہ میں سے کوئی وارث موجود نہ ہو تو پھر یہ لوگ ترکہ پاتے ہیں۔

مسئلہ ۲۷۶۶ : اگر میت کا وارث فقط ایک چچا یا ایک پھوپھی یا ایک ماموں یا ایک خالہ ہو تو خواہ وہ سگا (پدری و مادری) ہو یعنی وہ اور میت کا والد ایک ماں باپ کی اولاد ہوں یا پدری ہو یا مادری ہو سارا مال اسے ملتا ہے اور اگر چند چچا یا چند پھوپھیاں ہوں اور سب سگے (پدری و مادری) یا سب پدری ہوں تو مشہور یہ ہے کہ چچا کو پھوپھی سے دگنا حصہ ملتا ہے مثلاً اگر دو چچا اور ایک پھوپھی میت کے وارث ہوں تو مال پانچ حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جن میں سے ایک حصہ پھوپھی کو ملتا ہے۔ اور باقی ماندہ چار حصوں کو دونوں چچا آپس میں برابر برابر تقسیم کر لیں گے لیکن بعید نہیں کہ ان کے مابین (یعنی چچاؤں اور پھوپھی کے مابین) بھی تقسیم برابر برابر کی بنیاد پر ہو اور احتیاط اس میں ہے کہ سب آپس میں مصالحت کر لیں۔

مسئلہ ۲۷۶۷ : اگر میت کے وارث فقط کچھ مادری چچا یا کچھ مادری پھوپھیاں یا مادری چچا اور مادری پھوپھی دونوں ہوں تو ظاہر یہ ہے کہ میت کا مال ان کے مابین مساوی طور پر تقسیم ہوگا۔

مسئلہ ۲۷۶۸ : اگر میت کے چچا اور پھوپھیاں اس کے وارث ہوں اور ان میں سے کچھ پدری اور کچھ مادری کچھ سگے (پدری و مادری) ہوں تو پدری چچاؤں اور پھوپھیوں کو ترکہ نہیں ملتا اور مشہور یہ ہے کہ اگر میت کا ایک مادری چچا یا ایک مادری پھوپھی ہو تو مال کے چھ حصے کیئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ مادری چچا یا مادری پھوپھی کو دیا جاتا ہے اور باقی حصے سگے (پدری یا مادری) چچاؤں اور پھوپھیوں کو ملتے ہیں اور بالفرض اگر سگے چچا اور پھوپھیاں نہ ہوں تو وہ حصے پدری چچاؤں اور پھوپھیوں کو ملتے ہیں اور اگر میت کے مادری چچا بھی ہوں اور مادری پھوپھیاں بھی ہوں تو مال کے تین

حصے کیئے جاتے ہیں جن میں سے دو حصے سگے (پدری و مادری) چچاؤں اور پھوپھیوں کو ملتے ہیں اور بالفرض اگر وہ نہ ہوں تو وہ حصے پدری چچاؤں اور پھوپھیوں کو ملتے ہیں اور ایک حصہ مادری چچاؤں اور پھوپھیوں کو ملتا ہے لیکن بعید نہیں ہے کہ دونوں صورتوں میں مادری چچا اور پھوپھیاں بھی دوسرے چچاؤں اور پھوپھیوں کی مانند حقدار ہوں اور میت کا مال اس کے تمام چچاؤں اور پھوپھیوں کے درمیان مساوی طور پر تقسیم ہو۔

مسئلہ ۲۷۶۹ : اگر میت کا وارث فقط ایک ماموں یا ایک خالہ ہو تو سارا مال اسے ملتا ہے اور اگر کئی ایک ماموں بھی ہوں اور خالائیں بھی ہوں اور سب سگے (پدری و مادری) یا پدری یا مادری ہوں تو مال ان سب کے مابین مساوی طور پر تقسیم ہو گا۔

مسئلہ ۲۷۷۰ : اگر میت کے وارث فقط ایک یا چند مادری ماموں اور خالائیں اور سگے (پدری و مادری) ماموں اور خالائیں ہوں تو پدری ماموؤں اور خالاؤں کو ترکہ نہیں ملتا اور بعید نہیں ہے کہ باقی ورثاء تقسیم میں مساوی حصہ رکھتے ہوں۔

مسئلہ ۲۷۷۱ : اگر میت کے وارث ایک یا چند ماموں یا ایک یا چند خالائیں یا ماموں اور خالہ اور ایک یا چند چچا یا ایک یا چند پھوپھیاں یا چچا اور پھوپھی ہوں تو مال تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ان میں سے ایک حصہ ماموں یا خالہ یا دونوں کو ملتا ہے اور باقی دو حصے چچا یا پھوپھی یا دونوں کو ملتے ہیں۔

مسئلہ ۲۷۷۲ : اگر میت کے وارث ایک ماموں یا ایک خالہ اور چچا اور پھوپھی ہوں تو اگر چچا اور پھوپھی سگے (پدری و مادری) یا پدری ہوں تو مال کے تین حصے کیئے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک حصہ ماموں یا خالہ کو ملتا ہے اور بنا بر مشہور باقی میں سے دو حصے چچا کو اور ایک حصہ پھوپھی کو ملتا ہے لہٰذا مال کے نو حصے ہوں گے جن میں سے تین حصے ماموں یا خالہ کو اور چار حصے چچا کو اور دو حصے پھوپھی کو ملیں گے لیکن احتیاط چچا اور پھوپھی کے درمیان تقسیم مساوی ہونے میں ہے۔

مسئلہ ۲۷۷۳ : اگر میت کے وارث ایک ماموں یا ایک خالہ اور ایک مادری چچا یا ایک مادری پھوپھی اور سگے پدری و مادری یا پدری چچا اور پھوپھیاں ہوں تو مال کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جن میں سے ایک حصہ ماموں یا خالہ کو دیا جاتا ہے اور باقی ماندہ دو حصے دوسرے ورثاء آپس میں مساوی

طور پر تقسیم کرتے ہیں۔

مسئلہ ۲۷۷۴ : اگر میت کے وارث چند ماموں اور چند خالائیں ہوں جو سب سگے (پدری و مادری) یا پدری یا مادری ہوں اور اس کے چچا اور پھوپھیاں بھی ہوں تو مال کے تین حصے کیئے جاتے ہیں ان میں سے دو حصے اس دستور کے مطابق جو بیان ہو چکا ہے چچاؤں اور پھوپھیوں کی مابین تقسیم ہو جاتے ہیں اور باقی ماندہ ایک حصہ ماموؤں اور خالاؤں کے درمیان مساوی طور پر تقسیم ہو جاتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۷۵ : اگر میت کے وارث مادری ماموں یا خالائیں اور چند سگے پدری یا چند ماموں اور خالائیں (فقط اس صورت میں جب سگے ماموں اور خالائیں نہ ہوں) اور چچا اور پھوپھیاں ہوں تو مال کے تین حصے کیئے جاتے ہیں۔ ان میں سے دو حصے اس دستور کے مطابق جو بیان ہو چکا ہے چچا اور پھوپھی آپس میں بانٹ لیتے ہیں اور بعید نہیں ہے کہ باقی ماندہ تیسرے حصے کی تقسیم میں باقی ورثاء کے حصے برابر ہوں۔

مسئلہ ۲۷۷۶ : اگر میت کے چچا اور پھوپھیاں اور ماموں اور خالائیں نہ ہوں تو مال کی جو مقدار چچاؤں اور پھوپھیوں کو ملنی چاہئے وہ ان کی اولاد کو اور جو مقدار ماموؤں اور خالاؤں کو ملنی چاہئے وہ ان کی اولاد کو دی جاتی ہے۔

مسئلہ ۲۷۷۷ : اگر میت کے وارث اس کے باپ کے چچا اور پھوپھیاں اور ماموں اور خالائیں اور اس کی ماں کے چچا اور پھوپھیاں اور ماموں اور خالائیں ہوں تو مال کے تین حصے کیئے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک حصہ میت کی ماں کے چچاؤں اور پھوپھیوں اور ماموؤں اور خالاؤں کے درمیان برابر برابر تقسیم کیا جاتا ہے اور باقی دو حصوں کے تین حصے کیئے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک حصہ میت کے باپ کے ماموں اور خالائیں آپس میں برابر برابر بانٹ لیتے ہیں اور باقی دو حصے مساوی طور پر میت کے باپ کے چچاؤں اور پھوپھیوں کو ملتے ہیں۔

بیوی اور شوہر کی میراث

مسئلہ ۲۷۷۸ : اگر کوئی عورت مر جائے اور اس کی کوئی اولاد نہ ہو تو اس کے سارے مال کا نصف حصہ اس کے شوہر کو اور باقی ماندہ اس کے دوسرے ورثاء کو ملتا ہے اور اگر اس عورت کی اس

شوہر سے یا کسی اور شوہر سے اولاد ہو تو سارے مال کا چوتھائی حصہ شوہر کو اور باقی ماندہ دوسرے ورثاء کو ملتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۷۹ : اگر کوئی مرد مرجائے اور اس کی اولاد نہ ہو تو اس کے مال کا چوتھائی حصہ اس کی بیوی کو اور باقی دوسرے ورثاء کو ملتا ہے اور اگر اس مرد کی اس بیوی سے یا کسی اور بیوی سے اولاد ہو تو مال کا آٹھواں حصہ بیوی کو اور باقی دوسرے ورثاء کو ملتا ہے اور گھر کی زمین اور باغ اور زراعت اور دوسری زمینوں میں سے عورت نہ خود زمین بطور میراث حاصل کرتی ہے اور نہ ہی اس کی قیمت میں سے کوئی ترکہ پاتی ہے نیز وہ گھر کی فضا میں قائم چیزوں مثلاً عمارت اور درختوں سے ترکہ نہیں پاتی لیکن ان کی قیمت کی صورت میں ترکہ پاتی ہے اور جو درخت اور زراعت اور عمارتیں باغ کی زمین اور مزرعہ زمین اور دوسری زمینوں میں ہوں ان کے لیئے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ ۲۷۸۰ : جن چیزوں میں سے عورت ترکہ نہیں پاتی (مثلاً رہائشی مکان کی زمین) اگر وہ ان میں تصرف کرنا چاہئے تو اسے چاہئے کہ دوسرے ورثاء سے اجازت لے اور ورثاء جب تک عورت کا حصہ نہ دیں ان کے لیئے جائز نہیں ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر ان چیزوں میں (مثلاً عمارتوں اور درختوں میں) تصرف کریں جن کی قیمت سے وہ ترکہ پاتی ہے۔

مسئلہ ۲۷۸۱ : اگر عمارت اور درخت وغیرہ کی قیمت لگانا مقصود ہو تو حساب لگانا چاہئے کہ اگر وہ بغیر کرائے کی زمین میں رہیں حتیٰ کہ تلف ہو جائیں تو ان کی کیا قیمت ہو گی اور عورت کا حصہ اس تشخیص کردہ قیمت میں سے دیا جائے۔

مسئلہ ۲۷۸۲ : نہروں کا پانی بہنے کی جگہ وغیرہ زمین کا حکم رکھتی ہے اور اینٹیں اور دوسری چیزیں جو اس میں لگائی گئی ہوں وہ عمارت کے حکم میں ہیں۔

مسئلہ ۲۷۸۳ : اگر مرنے والے کی ایک سے زیادہ بیویاں ہوں لیکن اولاد کوئی نہ ہو تو مال کا چوتھا حصہ اور اگر اولاد ہو تو مال کا آٹھواں حصہ اس تفصیل کے مطابق جس کا بیان ہو چکا ہے سب بیویوں میں مساوی طور پر تقسیم ہو جاتا ہے خواہ شوہر نے ان سب کے ساتھ یا ان میں سے بعض کے ساتھ مجامعت نہ بھی کی ہو لیکن اگر اس نے ایک ایسے مرض کی حالت میں جس مرض سے اس کی

موت واقع ہو جائے کسی عورت سے عقد کیا ہو اور اس سے مجامعت نہ کی ہو تو وہ عورت اس سے ترکہ نہیں پاتی اور وہ مہر کا حق بھی نہیں رکھتی۔

مسئلہ ۲۷۸۴ : اگر کوئی عورت مرض کی حالت میں کسی مرد سے شادی کرے اور اسی مرض میں مرجائے تو خواہ مرد نے اس سے مجامعت نہ بھی کی ہو وہ اس کے ترکہ میں حصہ دار ہے۔

مسئلہ ۲۷۸۵ : اگر عورت کو اس ترتیب سے طلاق رجعی دی جائے جس کا ذکر طلاق کے احکام میں کیا جا چکا ہے اور وہ عدت کے دوران میں مرجائے تو شوہر اس سے ترکہ پاتا ہے اور اسی طرح اگر شوہر اس عدت کے دوران میں فوت ہو جائے تو بیوی اس سے ترکہ پاتی ہے لیکن عدت گزرنے کے بعد یا طلاق بائن کی عدت کے دوران میں ان میں سے کوئی ایک مرجائے تو دوسرا اس سے ترکہ نہیں پاتا۔

مسئلہ ۲۷۸۶ : اگر شوہر مرض کی حالت میں اپنی بیوی کو طلاق دے دے اور بارہ قمری مہینے گزرنے سے پہلے مرجائے تو عورت تین شرطیں پوری کرنے پر اس کی میراث سے ترکہ پاتی ہے۔

۱... یہ کہ عورت نے اس مدت میں دوسرا شوہر نہ کیا ہو اور اگر دوسرا شوہر کیا ہو تو احتیاط یہ ہے کہ صلح کرلیں (یعنی میت کے ورثاء عورت سے مصالحت کرلیں)

۲... خود عورت نے انس نہ ہونے کی وجہ سے شوہر کو کوئی مال دیا ہو تاکہ وہ طلاق دینے پہ راضی ہو جائے بلکہ اگر کوئی چیز شوہر کو نہ بھی دی ہو لیکن طلاق عورت کے تقاضا کرنے پر ہوئی ہو تب بھی اس کے میراث پانے میں اشکال ہے۔ بہتر ہے کہ اس کے اور باقی ورثاء کی درمیان مصالحت ہو جائے۔

۳... شوہر نے جس مرض میں عورت کو طلاق دی ہو اس مرض کے دوران میں اس مرض کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے مرگیا ہو۔ پس اگر وہ اس مرض سے شفایاب ہو جائے اور کسی اور وجہ سے مرجائے تو عورت اس سے میراث نہیں پاتی۔

مسئلہ ۲۷۸۷ : جو لباس مرد نے اپنی بیوی کو پہننے کے لیے مہیا کیا ہو اگرچہ وہ اس لباس کو پہن چکی ہو پھر بھی شوہر کے مرنے کے بعد وہ شوہر کے مال کا حصہ ہوگا۔ یا اگر اس نے بیوی کی ملکیت قرار دیا تھا تو وہ بیوی کا ہی ملک ہوگا۔

میراث کے مختلف مسائل

مسئلہ ۲۷۸۸ : مرنے والے کا قرآن مجید' انگوٹھی' تلوار اور جو پوشاک وہ پہن چکا ہو وہ بڑے بیٹے کا مال ہے اور اگر پہلی تین چیزوں میں سے میت نے کوئی چیز ایک سے زیادہ چھوڑی ہو مثلاً اس نے قرآن مجید کے دو نسخے یا دو انگوٹھیاں چھوڑی ہوں تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اس کا بڑا بیٹا ان کے بارے میں دوسرے ورثاء سے مصالحت کرلے۔

مسئلہ ۲۷۸۹ : اگر کسی مرنے والے کے بڑے بیٹے ایک سے زیادہ ہوں مثلاً دو بیویوں سے دو بیٹے بیک وقت پیدا ہوں تو انہیں چاہئے کہ میت کا لباس اور قرآن مجید اور انگوٹھی اور تلوار آپس میں مساوی طور پر بانٹ لیں۔

مسئلہ ۲۷۹۰ : اگر مرنے والا مقروض ہو تو اگر اس کا قرض اس کے مال کے برابر یا اس سے زیادہ ہو تو ان چار چیزوں کو بھی جو بڑے بیٹے کا مال ہیں اور جن کا ذکر سابقہ مسئلے میں کیا گیا ہے اس کے قرض کی ادائگی کے لیئے دے دینا چاہئے اور اگر اس کا قرض اس کے مال سے تھوڑا ہو تو ان چار چیزوں سے بھی جو بڑے بیٹے کو ملتی ہیں قرضے کی نسبت سے ادائگی کرنی چاہئے۔ مثلاً اگر میت کا تمام مال ساٹھ روپے کا ہو اور اس میں سے بیس روپے کی وہ چیزیں ہوں جو بڑے بیٹے کا مال ہیں اور اس پر تمیں روپے قرض ہو تو بڑے بیٹے کو چاہئے کہ ان چار چیزوں میں سے دس روپے کی مقدار کے برابر میت کے قرض کے سلسلے میں دے۔

مسئلہ ۲۷۹۱ : مسلمان کافر سے ترکہ پاتا ہے لیکن کافر خواہ وہ مسلمان میت کا باپ یا بیٹا ہی کیوں نہ ہو اس سے ترکہ نہیں پاتا۔

مسئلہ ۲۷۹۲ : اگر کوئی شخص اپنے رشتے داروں میں سے کسی کو جان بوجھ کر اور ناحق قتل کر دے تو وہ اس سے ترکہ نہیں پاتا ہاں اگر وہ شخص غلطی سے مارا جائے مثلاً اگر کوئی شخص ہوا میں پتھر پھینکے اور وہ اتفاقاً" اس کے کسی رشتہ دار کو لگ جائے اور وہ مرجائے تو وہ مرنے والے سے ترکہ پائے گا لیکن اس کا دیت قتل میں سے ترکہ پانا (جس کا ذکر بعد میں آئے گا۔) مشکل ہے۔

مسئلہ ۲۷۹۳ : جب کسی میت کے ورثاء ترکہ تقسیم کرنا چاہیں تو وہ اس بچے کے لیئے جو ابھی

ماں کے پیٹ میں ہو اور اگر زندہ پیدا ہو تو میراث کا حق دار ہوگا۔ اس صورت میں جب کہ ایک سے زیادہ بچوں کے پیدا ہونے کا احتمال نہ ہو) ایک لڑکے کا حصہ علیحدہ کر دیں اور جو مال اس سے زائد ہو وہ آپس میں تقسیم کر لیں لیکن اگر اس بات کا احتمال ہو کہ عورت کے پیٹ میں دو یا تین بچے ہیں اور ورثاء اس بات پر راضی نہ ہوں کہ جن بچوں کے پیدا ہونے کا محض احتمال ہو ان کا حصہ علیحدہ کریں تو جائز ہے کہ ایک سے زائد حمل کے حصے کی حفاظت کرنے کے بارے میں وثوق اور اطمینان حاصل کرنے کے بعد ایک لڑکے کے حصے کی نسبت سے جو مال زائد ہو اسے آپس میں تقسیم کر لیں۔

بعض گناہوں کیلئے معین کی گئی حد (شرعی سزا)

مسئلہ ۲۷۹۴ : اگر کوئی شخص کسی ایسی محرم عورت سے زنا کرے جو اس سے ماں اور بہن کی طرح قرابت رکھتی ہو تو اسے حاکم شرع کے حکم سے قتل کر دینا چاہئے اور اگر کوئی کافر مرد کسی مسلمان عورت سے زنا کرے تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے اور بہت سی روایات میں وارد ہوا ہے کہ ایک حد (شرعی سزا) کا جاری ہونا اس امر کا باعث بنتا ہے کہ لوگ غیر شرعی کام چھوڑ دیں اور شرعی حد لوگوں کی دنیا اور آخرت کی حفاظت کرتی ہے اور اس میں لوگوں کے لئے چالیس دن بارش برسنے کے فائدوں سے بھی زیادہ فائدے ہیں۔

مسئلہ ۲۷۹۵ : اگر ایک آزاد مرد زنا کرے تو اسے سو تازیانے لگائے جائیں اور اگر وہ تین دفعہ زنا کرے اور ہر دفعہ اسے سو تازیانے لگائے جائیں تو چوتھی دفعہ زنا کرنے پر اسے قتل کر دینا چاہئے لیکن اگر کسی شخص کے پاس دائمی زوجہ یا کنیز ہو اور وہ خود عاقل، بالغ اور آزاد ہونے کی حالت میں اس سے مجامعت کر چکا ہو اور جب بھی چاہے اس سے مجامعت کر سکتا ہو تو اگر وہ شخص اس کے باوجود ایک بالغہ اور عاقلہ عورت سے زنا کرے تو اسے سنگسار کر دینا چاہئے۔

مسئلہ ۲۷۹۶ : مشہور ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کو اپنی بیوی سے زنا کرتے ہوئے دیکھے تو اگر اسے اپنے آپ کو کوئی ضرر پہنچنے کا خوف نہ ہو وہ دونوں کو قتل کر سکتا ہے لیکن یہ حکم محل اشکال ہے بہر حال اس کی بیوی اس پر حرام نہیں ہوگی۔

مسئلہ ۲۷۹۷ : اگر کوئی عاقل بالغ مرد کسی دوسرے عاقل و بالغ شخص سے غلام کرے، تو دونوں

کو قتل کر دینا چاہئے۔ اور حاکم شرع اغلام کرنے والے کو تلوار سے قتل کر سکتا ہے یا آگ میں زندہ جلا سکتا ہے یا اس کے ہاتھ پاؤں باندھ کر اسے بلند جگہ سے نیچے گرا سکتا ہے اور ان شرائط کے ساتھ جو مسئلہ ۲۷۹۵ میں بیان کی گئی ہیں اسے سنگسار کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۷۹۸ : اگر کوئی شخص کسی دوسرے کو حکم دے کہ وہ کسی کا ناحق قتل کر دے تو اس صورت میں جب کہ قاتل اور وہ شخص جس نے اسے حکم دیا ہو دونوں بالغ اور عاقل ہوں تو قاتل کو قتل کر دینا چاہئے اور جس نے اسے قتل کرنے کا حکم دیا ہو اسے عمر بھر کے لیئے قید کر دینا چاہئے یہاں تک کہ وہ مر جائے۔

مسئلہ ۲۷۹۹ : اگر فرزند باپ یا ماں کو جان بوجھ کر قتل کر دے تو اسے قتل کر دینا چاہئے لیکن اگر باپ اپنے فرزند کو جان بوجھ کر قتل کر دے تو اسے چاہئے کہ اس دستور کے مطابق جو دیت کے احکام میں بتایا جائے گا دیت دے اور حاکم شرع کو اختیار ہے کہ اسے اتنی جسمانی سزا دے جتنی مناسب سمجھے۔

مسئلہ ۲۸۰۰ : اگر کوئی شخص کسی لڑکے کا شہوت سے بوسہ لے تو حاکم شرع تیس سے ننانوے تازیانوں تک جتنے مناسب سمجھے اسے مار سکتا ہے اور روایت ہے کہ خداوند عالم اس بوسہ لینے والے کے منہ میں آگ کی لگام دے دیتا ہے اور آسمان اور زمین کے فرشتے اور رحمت اور غضب کے فرشتے اس پر لعنت بھیجتے ہیں اور اس کے لیئے جہنم تیار ہو گا البتہ اگر وہ توبہ کر لے تو اس کی توبہ قبول ہے۔

مسئلہ ۲۸۰۱ : اگر کوئی مرد کسی مرد اور عورت کو زنا کے لیئے یا کسی مرد اور لڑکے کو اغلام کے لیئے آپس میں ملائے تو اسے پچھتر تازیانے لگانے چاہئیں اور مشہور یہ ہے کہ پچھتر تازیانے لگانے کے بعد اس کا سر منڈوا کر اسے گلی کوچوں میں پھیرا جائے اور جس جگہ اس نے یہ کام کیا ہو اس جگہ سے اسے نکال دیا جائے لیکن یہ حکم ثابت نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۸۰۲ : جب کوئی شخص کسی عورت سے زنا کرنا چاہتا ہو تو اگر اسے قتل کیئے بغیر اس فعل سے روکنا ممکن نہ ہو تو اس کا قتل کرنا جائز ہے۔

مسئلہ ۲۸۰۳ : اگر کوئی شخص کسی مسلمان مرد یا عورت سے جو کہ بالغ اور عاقل اور آزاد ہو زنا

یا اغلام منسوب کرے یا اسے ولدالزنا کہے تو اسے لباس کے اوپر سے اسی (۸۰) تازیانے لگائے جائیں۔

مسئلہ ۲۸۰۴ : جو شخص عاقل اور بالغ ہو اگر وہ اختیار رکھتے ہوئے شراب کے حرام ہونے کا علم ہونے کے باوجود شراب پئے تو اس کی پہلی اور دوسری دفعہ شراب پینے پر اسے اسی (۸۰) تازیانے لگانے چاہئیں اور اگر تیسری دفعہ پیئے تو اسے قتل کر دینا چاہئے اور اگر وہ شخص مرد ہو تو لازم ہے کہ تازیانے لگاتے وقت اس کی شرم گاہ کے علاوہ اس کا باقی بدن برہنہ کر دیا جائے۔

مسئلہ ۲۸۰۵ : جو شخص بالغ اور عاقل ہو اگر وہ ساڑھے چار نخود سکہ دار سونا یا کوئی اور چیز جس کی قیمت اس کے برابر ہو چرا لے تو اگر وہ شرطیں جو شرع میں معین کی گئی ہیں اس میں پائی جاتی ہوں تو پہلی چوری کرنے پر اس کے دائیں ہاتھ کی چار انگلیاں جڑ سے کاٹ دینی چاہئیں اور ہتھیلی اور انگوٹھے کو چھوڑ دینا چاہئے اور اگر وہ دوسری دفعہ چوری کرے تو اس کا بایاں پاؤں درمیان سے کاٹ دینا چاہئے اور اگر وہ تیسری دفعہ چوری کرے تو اس کو تا حیات قید کر دینا چاہئے اور اس کا خرچ بیت المال سے دیا جائے اور اس صورت میں جب کہ وہ قید خانے میں یا کسی اور جگہ چوتھی بار چوری کرے تو اسے قتل کر دینا چاہئے۔

دیت کے احکام

مسئلہ ۲۸۰۶ : اگر کوئی شخص جو عاقل اور بالغ ہو عمداً اور ناحق کسی مسلمان کو قتل کر دے تو اس صورت میں جب کہ مقتول مرد یا لڑکا ہو اس کے ولی کو اختیار ہے کہ قاتل کو معاف کر دے یا اسے قتل کر دے لیکن اگر مقتول کافر ہو اور اس کا قاتل مسلمان ہو تو اس قاتل کو قتل نہیں کیا جاسکتا اور اگر مقتولہ مسلمان عورت یا لڑکی ہو تو اگرچہ اس کے مسلمان قاتل کو قتل کیا جا سکتا ہے لیکن اگر قاتل مرد ہو تو اس مقتولہ کی آدھی دیت اس کے ولی کو دی جانی چاہئے اور اگر قاتل دیوانہ یا نابالغ ہو تو صرف دیت دینی چاہئے اور اس کی دیت عاقلہ پر ہے جس کے معنی بعد میں بتائے جائیں گے۔ نیز ولی کے لیئے جائز ہے کہ جتنی مقدار پر طرفین راضی ہو جائیں اتنی دیت قاتل سے لے لے اور اس صورت میں جب کہ وہ اس دیت پر رضامند ہوں جو شرع میں معین کی گئی ہے چونکہ شرع میں دیت کی مقداریں مختلف ہیں لہذا اس دیت کے تعین کا اختیار قاتل کو ہے اور وہ دیت کی مختلف مقداروں میں سے جو بھی

دیت مرد کی دیت کے برابر ہو گی اور اس صورت میں جب وہ قتل کی دیت کی ایک تہائی تک پہنچ جائے وہ مرد کے دانتوں کی دیت کا نصف ہو گی۔

۶ ... کوئی شخص کسی کے دونوں ہاتھ جوڑ سے جدا کر دے (تو پوری دیت دینی ہو گی) اور اگر وہ کسی کا ایک ہاتھ جوڑ سے جدا کر دے تو اسے چاہئے کہ اس جیسے شخص کے قتل کی دیت کے نصف کے برابر دیت دے۔

۷ ... کوئی شخص کسی کی دس انگلیاں کاٹ دے (تو پوری دیت دینی ہو گی) اور جس کی انگلیاں کاٹی جائیں اس کے انگوٹھے کی دیت ہاتھ کی دیت کا تیسرا حصہ اور دوسری ہر انگلی کی دیت اس کا چھٹا حصہ ہو گی اور عورت کی دیت اگر قتل کی دیت کے تیسرے حصے تک پہنچ جائے تو مرد کی دیت کا نصف ہو گی۔

۸ ... کوئی شخص کسی عورت کے دونوں پستان کاٹ دے (تو پوری دیت دینی ہو گی) اور اگر ایک پستان کاٹے تو اسے چاہئے کہ اس جیسی عورت کے قتل کی نصف دیت دے۔

۹ ... کوئی شخص کسی کے دونوں پاؤں جوڑوں تک یا اس کے پاؤں کی دس کی دس انگلیاں کاٹ دے (تو پوری دیت دینی ہو گی) اور پاؤں کی ہر انگلی کی دیت اسی جیسی ہاتھ کی انگلی کے برابر ہے۔

۱۰ ... کوئی شخص کسی مرد کے خصیتین نکال دے (تو پوری دیت دینی ہو گی)۔

۱۱ ... اگر کوئی شخص کسی کو ایسی تکلیف پہنچائے کہ اس کی عقل زائل ہو جائے (تو پوری دیت دینی ہو گی) اور اگر وہ کسی کی پیٹھ کو اس طرح توڑے کہ وہ پھر درست نہ ہو سکے تو اسے چاہئے کہ پوری دیت دے اگرچہ احوط یہ ہے کہ اس سے مصالحت کر لے۔

مسئلہ ۲۸۰۹ : اگر کوئی شخص کسی کو اشتباہاً قتل کر دے تو ضروری ہے کہ اس دیت کے علاوہ جس کا ذکر مسئلہ ۲۸۰۶ میں کیا گیا ہے خود قاتل ایک غلام آزاد کرے اور اگر غلام آزاد نہ کر سکے تو دو مہینے مسلسل روزے رکھے اور اگر یہ بھی نہ کر سکے تو ساٹھ فقیروں کو پیٹ بھر کے کھانا کھلائے اور اگر کوئی شخص کسی کو عمداً اور ناحق قتل کرے تو عفو یا دیت لینے کی صورت میں (یعنی اگر مقتول کے ورثاء اس معاف کر دیں یا دیت لے لیں تو) اسے چاہئے کہ دو مہینے روزے رکھے اور ساٹھ فقیروں کو کھانا کھلائے اور ایک غلام کو آزاد کرے۔

مسئلہ ۲۸۱۰ : جو شخص کسی حیوان پر سوار ہو اگر وہ کوئی ایسا کام کرے جس کے نتیجے میں حیوان کسی کو ضرر پہنچائے تو وہ شخص یعنی سوار ذمہ دار ہے۔ اسی طرح اگر کوئی دوسرا شخص ایسا کام کرے جس کی وجہ سے حیوان خود سوار کو یا کسی اور شخص کو ضرر پہنچائے تو جو شخص ایسا کام کرے وہ اس ضرر کا ذمہ دار ہے۔

مسئلہ ۲۸۱۱ : اگر کوئی شخص ایسا کام کرے جس کے نتیجے میں حاملہ عورت کا حمل ساقط ہو جائے اور اگر ساقط ہونے والی چیز آزاد اور اسلام کے حکم میں ہو تو اگر وہ نطفہ ہو تو اس کی دیت بیس مثقال شرعی سکہ دار سونا ہے جس کا ہر مثقال ۱۸ نخود کا ہوتا ہے اور اگر علقہ یعنی خون کا لوتھڑا ہو تو اسکی دیت چالیس مثقال اور اگر مضغہ یعنی گوشت کا ٹکڑا ہو تو اس کی دیت ساٹھ مثقال اور اگر اس کی ہڈیاں بن چکی ہوں تو اس کی دیت اسی مثقال اور اگر ہڈیوں پر گوشت بھی آ گیا ہو لیکن اس میں روح داخل نہ ہوئی ہو تو اس کی دیت سو مثقال اور اگر اس میں روح بھی داخل ہو چکی ہو اور لڑکا ہو تو اس کی دیت ایک ہزار مثقال اور اگر لڑکی ہو تو اس کی دیت پانچ سو مثقال شرعی سکہ دار سونا ہے اور ان تمام صورتوں میں اگر ہر ایک مثقال سونے کے عوض دس درہم چاندی دے دی جائے تو کافی ہے۔

مسئلہ ۲۸۱۲ : اگر کوئی حاملہ عورت کوئی ایسا کام کرے جس کے نتیجے میں اس کا حمل ساقط ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ اس کی دیت بچے کے وارث کو اس تفصیل کے مطابق دے جو سابقہ مسئلہ میں بیان کی گئی ہے اور خود اس عورت کو اس میں سے کچھ نہیں ملتا۔

مسئلہ ۲۸۱۳ : اگر کوئی شخص کسی حاملہ عورت کو قتل کر دے تو اسے چاہئے کہ عورت اور بچے دونوں کی دیت دے۔

مسئلہ ۲۸۱۴ : اگر کوئی شخص کسی کے سر یا چہرے کی کھال میں خراش ڈال دے تو اسے چاہئے کہ انسان کی جو دیت مسئلہ میں بیان کی گئی ہے اس کا ۱۰۰/۱ دے اور اگر ضرب گوشت تک پہنچ جائے اور اسے کسی قدر چیر دے تو ۵۰/۱ دے اور اگر گوشت زیادہ کٹ جائے تو ۱۰۰/۳ دے اور اگر زخم ہڈی کے نازک پردے تک پہنچ جائے تو ۲۵/۱ اور اگر ہڈی نمایاں ہو جائے تو ۲۰/۱ اور اگر ہڈی ٹوٹ جائے تو ۱۰/۱ اور اگر ہڈی کے بعض ریزے اپنی جگہ سے باہر آ جائیں تو ۲۰/۳ اور اگر ضرب مغز کی جھلی تک اثر

انداز ہو تو ۱۰۰/۳۳ دے۔

مسئلہ ۲۸۱۵ : اگر کوئی شخص کسی کے چہرے پر تھپڑ یا کوئی اور چیز اس طرح مارے کہ اس کا چہرہ سرخ ہوجائے تو مارنے والے کو چاہئے کہ ڈیڑھ مثقال شرعی سکہ دار سونا دیت دے جس کا ہر مثقال ۱۸ نخود کا ہوتا ہے اور اگر اس کا چہرہ نیلا ہو جائے تو تین مثقال اور اگر سیاہ ہو جائے تو لازم ہے کہ چھ مثقال شرعی سکہ دار سونا دے لیکن اگر مارنے کی وجہ سے کسی کے بدن کا کوئی حصہ سرخ یا نیلا یا سیاہ ہوجائے تو مارنے والے کا چاہئے کہ جو دیت چہرے کے لیئے بتائی گئی ہے اس کا نصف دے۔

مسئلہ ۲۸۱۶ : اگر کوئی شخص کسی حلال گوشت والے حیوان کو زخمی کردے یا اس کے بدن کا کوئی حصہ کاٹ لے تو اسے چاہئے کہ بے عیب اور عیب دار حیوان کی قیمت میں جو فرق ہو وہ حیوان کے مالک کو ادا کرے۔

مسئلہ ۲۸۱۷ : اگر کوئی شخص کسی شکاری کتے یا گھر کی حفاظت کرنے والے یا بھیڑوں کے گلے کی حفاظت کرنے والے یا زراعت کی پاسبانی کرنے والے کتے کو مار دے تو اسے چاہئے کہ کتے کی قیمت ادا کرے۔اور اگر شکاری کتے کی قیمت چالیس درہم سے کم ہو تو اس کے لیئے لازم ہے کہ چالیس درہم ادا کرے۔

مسئلہ ۲۸۱۸ : اگر کوئی حیوان کسی کی زراعت یا مال تلف کر دے تو اگر حیوان کے مالک نے اسکی نگہداشت میں کوتاہی کی ہو تو اسے چاہئے کہ حیوان نے جتنی مقدار میں مال یا زراعت کو نقصان پہنچایا ہو اس کا ہرجانہ مال یا زراعت کے مالک کو ادا کرے۔

مسئلہ ۲۸۱۹ : اگر کوئی بچہ کسی کبیرہ گناہ کا ارتکاب کرے تو اس کا ولی یا مثلاً اس کا معلم اس کے ولی کی اجازت سے اسے اتنا مار سکتا ہے کہ بچہ مودب ہو جائے لیکن مارنے کی وجہ سے دیت واجب نہ ہو جائے۔

مسئلہ ۲۸۲۰ : اگر کوئی شخص کسی بچے کو اتنا مارے کہ دیت واجب ہو جائے تو دیت بچے کا مال ہے اور اگر بچہ مرجائے تو جس پر دیت واجب ہو وہ اس کے ورثاء کو دے اور اگر مثال کے طور پر باپ اپنے بچے کو اس قدر مارے کہ وہ مرجائے تو دیت بچے کے دوسرے ورثاء لیں گے اور خود باپ کو دیت

سے کچھ نہیں لے گا۔

مختلف مسائل

مسئلہ ۲۸۲۱ : اگر ہمسائے کے درخت کی جڑ کسی شخص کی جائداد میں پہنچ جائیں تو وہ انہیں روک سکتا ہے اور اگر اس درخت کی جڑوں سے اسے کوئی ضرر پہنچے تو وہ درخت کے مالک سے ہرجانہ لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۸۲۲ : باپ بیٹی کو جو جہیز دے اگر مثال کے طور پر سمجھوتے یا بخشش کے ذریعے وہ اس کو بیٹی کی ملکیت میں دے دے تو اس سے واپس نہیں لے سکتا اور اگر اس کی ملکیت میں نہ دیا ہو تو اس کے واپس لینے میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۸۲۳ : اگر کوئی شخص مرجائے تو اس کے بالغ ورثاء اپنے حصے سے میت کی رسم عزا کا خرچ برداشت کرسکتے ہیں لیکن نابالغوں کے حصے میں سے اس مقصد کے لیئے کچھ نہیں لیا جاسکتا۔

مسئلہ ۲۸۲۴ : اگر انسان کسی مسلمان کی غیبت کرے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ اگر فساد پیدا نہ ہو تو اس مسلمان سے کہے کہ وہ اسے معاف کردے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو اسے چاہیئے کہ جس شخص کی غیبت کی ہو اس کے لیئے اللہ تعالیٰ سے بخشش کی دعا کرے اور اگر اس غیبت کی وجہ سے اس مسلمان کی توہین ہوئی ہو تو اس صورت میں جب کہ ممکن ہو اسے چاہیئے کہ اس توہین کو دور کرے۔

مسئلہ ۲۸۲۵ : انسان کے لیئے یہ جائز نہیں کہ حاکم شرع کی اجازت کے بغیر کسی ایسے شخص کے مال جس کے بارے میں اسے علم ہو کہ اس نے خمس نہیں دیا خمس نکال لے اور اسے حاکم شرع کو دے دے۔

مسئلہ ۲۸۲۶ : جو آواز لہو و لعب اور بازی گری کی محفلوں سے مخصوص ہو وہ غنا ہے اور حرام ہے اور اگر امام حسین علیہ السلام کا نوحہ یا مجلس یا قرآن مجید غنا کے لہجے میں پڑھا جائے تو وہ بھی حرام ہے لیکن اگر انہیں ایسی خوش الحانی سے پڑھا جائے جو غنا کے زمرے میں نہ آتی ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۸۲۷ : ان جانوروں کے مار دینے میں کوئی حرج نہیں جو اذیت رساں ہوں اور کسی کی ملکیت بھی نہ ہوں۔

مسئلہ ۲۸۲۸ : جو انعام بینک اپنے بعض کھاتہ داروں کو دیتا ہے چونکہ وہ اپنی مرضی سے لوگوں سے لوگوں کو شوق دلانے کے لیئے دیتا ہے اس لیئے حلال ہے۔

مسئلہ ۲۸۲۹ : اگر کوئی چیز کسی کاریگر کو درست کرنے کے لیئے دی جائے اور اس کا مالک اسے لینے نہ آئے تو اگر کاریگر تلاش کرے اور مالک کے ملنے سے ناامید ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس چیز کو مالک کی نیت سے صدقہ کر دے اور احوط یہ ہے کہ حاکم شرع سے اجازت لے۔

مسئلہ ۲۸۳۰ : کوچہ اور بازار میں سینہ پر ماتم کرنے میں کوئی حرج نہیں خواہ وہاں سے عورتیں کیوں نہ گزرتی ہوں لیکن بنا بر احتیاط ماتم کرنے والوں کو قمیض پہنے ہوئے ہونا چاہئے اور اگر ماتمی دستوں کے آگے آگے علم وغیرہ لے جائے جائیں تو کوئی ممانعت نہیں لیکن لہو و لعب کے آلات استعمال نہیں کرنے چاہئے اور اسی طرح زنجیروں سے ماتم کرنا یا خنجر زنی کرنے میں کوئی حرج نہیں اگر خنجر زنی یا زنجیر زنی سے موت کا یا شدید ضرب کا خوف نہ ہو۔

مسئلہ ۲۸۳۱ : سونے کے دانت لگوانے اور دانتوں پر سونا چڑھانے کی مرد اور عورت کے لیئے کوئی ممانعت نہیں خواہ اس کا شمار زینت میں ہی کیوں نہ ہوتا ہو۔

مسئلہ ۲۸۳۲ : انسان کے لیئے استمنا کرنا (یعنی اپنی بیوی یا کنیز کے علاوہ جن سے جماع کرنا جائز ہے) اپنے ہاتھ یا جماع کے بغیر کسی اور کے ساتھ کوئی ایسا کام کرنا جس سے منی خارج ہو جائے حرام ہے۔

مسئلہ ۲۸۳۳ : ڈاڑھی مونڈنا یا مشین وغیرہ سے اتنی باریک کتروا دینا کہ منڈی ہوئی کی مانند ہو جائے حرام ہے اور ڈاڑھی مونڈنے کی اجرت بھی حرام ہے۔

مسئلہ ۲۸۳۴ : احتیاط واجب یہ ہے کہ بچے کا ولی اس کے بالغ ہونے سے پہلے اس کا ختنہ کرا دے اور اگر وہ اس وقت تک اس کا ختنہ نہ کرائے تو بالغ ہونے کے بعد خود بچے پر اپنا ختنہ کرانا واجب

ہے۔

مسئلہ ۲۸۳۵ : اگر باپ اور ماں فقیر ہوں اور کوئی کام کر کے کما نہ سکتے ہوں تو اگر ان کے فرزند کے لیئے ممکن ہو تو اسے چاہئے کہ ان کا خرچہ دے۔

مسئلہ ۲۸۳۶ : اگر کوئی شخص فقیر ہو اور کام کر کے کما بھی نہ سکتا ہو تو اس کے باپ کو چاہئے کہ اس کا خرچہ اسے دے اور اگر اس کا باپ نہ ہو یا اسے خرچہ نہ دے سکتا ہو اور اگر اس کا کوئی فرزند بھی نہ ہو جو اسے خرچہ دے سکے تو مشہور یہ ہے کہ اس کا دادا اس کا خرچہ دے اور اگر دادا نہ ہو یا اسے خرچہ نہ دے سکتا ہو تو اس کی ماں کو چاہئے کہ اسے خرچہ دے اور اگر ماں بھی نہ ہو یا خرچہ نہ دے سکتی ہو تو چاہئے کہ اس کی دادی اور نانی اور نانا سب مل کر اس کا خرچہ دیں اور اگر ان میں سے بعض نہ ہوں یا خرچہ نہ دے سکتے ہوں تو لازم ہے کہ دوسرے (یعنی جو باقی ہوں) اس کا خرچہ دیں اور یہ قول مشہور احتیاط کے موافق ہے۔

مسئلہ ۲۸۳۷ : اگر ایک دیوار دو آدمیوں کا مال ہو (یعنی اس کی ملکیت میں دونوں شریک ہوں) تو ان میں سے کوئی بھی حق نہیں رکھتا کہ دوسرے شریک کی اجازت کے بغیر اسے بنوائے یا اس دیوار پر اپنی عمارت کا شہتیر یا پایا رکھے یا اس میں کوئی میخ گاڑے لیکن ایسے کام کرنے میں کوئی حرج نہیں جن کے بارے میں معلوم ہو کہ شریک ان پر راضی ہے (مثلاً دیوار سے ٹیک لگانا اور اس پر کپڑے ڈالنا) لیکن اگر دوسرا شریک کہے کہ میں ان کاموں کی اجازت بھی نہیں دیتا تو ان کا کرنا بھی جائز نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۸۳۸ : حیوان یا انسان کے پورے بدن کی نقاشی خواہ وہ مجسمہ نہ بھی ہو حرام ہے لیکن فوٹو گرافی کے ذریعے تصویر بنانے میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ ۲۸۳۹ : جب کسی میوہ دار درخت کی شاخیں باغ کی دیوار سے باہر نکل جائیں تو اگر انسان یہ نہ جانتا ہو کہ درخت کا مالک راضی ہے یا نہیں تو وہ بنابر احتیاط اس کا پھل نہیں توڑ سکتا اور اگر اس درخت کا پھل زمین پر گرا ہو تو اسے بھی نہیں اٹھا سکتا۔

پرونوٹ کے احکام

پرونوٹ اور دکان وغیرہ کی پگڑی کے معاملات لوگوں میں رائج ہیں اور عوام الناس کی ذہنی کش مکش کا موجب بنے ہوئے ہیں اور ان کی شرعی جواز کے متعلق سوال ہوتے رہتے ہیں اس لیئے ہم نے ضروری سمجھا کہ اس موضوع پر کافی وضاحت سے لکھیں اور اس رسالے کے آخر میں اس کے متعلق احکام درج کر کے عام لوگوں تک پہنچا دیں۔

مسئلہ ۲۸۴۰ : علماء مشہور کا ارشاد ہے کہ جو معاملات معاوضہ (لین دین) کی شکل میں ہوتے ہیں ان میں لازم ہے کہ معاوضے کی متقابل چیزیں قیمت رکھتی ہوں کیونکہ اگر دونوں میں سے کسی ایک چیز کی کوئی قیمت نہ ہوگی تو معاملہ سفیہانہ اور باطل ہو گا مثلاً اگر کوئی شخص جو کا ایک دانہ جس کی کوئی قیمت نہیں ہوتی ایک سو روپے کے عوض فروخت کرے تو معاملہ باطل ہوگا۔ بلکہ سفیہ شخص جو معاملہ کرے وہ باطل ہے اور اس کی تفصیل ہم اس کے مقام پر بتا چکے ہیں۔

مسئلہ ۲۸۴۱ : مال کی مالیت کی دو قسمیں ہیں۔

۱... پہلی یہ کہ مال بذات خود ایسی منفعت اور خواص کا حامل ہو کہ لوگ اس کی اس منفعت یا خاصیت کی وجہ سے اس سے رغبت رکھتے ہوں اور اس بنا پر وہ قیمتوالا بن جائے مثلاً کھانے پینے کی چیزیں' فرش برتن اور مختلف قسم کے جواہرات وغیرہ۔

۲... دوسری یہ کہ مال ذاتی طور پر کوئی قیمت اور منفعت نہ رکھتا ہو بلکہ اس کی قیمت اعتباری ہو مثلاً ڈاک کے ٹکٹ اور ایسے ہی مختلف دوسرے اسٹمپ جن کی قیمت حکومت نے معین کر رکھی ہے جو ایک روپیہ یا اس سے کم یا اس سے زیادہ ہوتی ہے انہیں ڈاک خانے میں خطوط کے لیئے کسٹم اور عدالتوں میں عریضوں پر چپکانے کے لیئے رجسٹرار کے دفتر میں معاملات کی رجسٹری وغیرہ کے لیئے قبول کیا جاتا ہے اور اسی وجہ سے وہ قیمت کے حامل ہوتے ہیں اور جب حکومت ان کی قیمت ختم کرنا چاہتی ہے تو ان پر تنسیخ کی مہر لگا دیتی ہے اور انہیں ناقابل قبول بنا دیتی ہے۔

مسئلہ ۲۸۴۲ : جن چیزوں کا لین دین کیا جاتا ہے، یا جو بطور قرض لی یا دی جاتی ہیں ان کی دو

قسمیں ہیں۔
۱۔۔۔ کیلی اور موزون (ناپی جانے والی اور وزن کی جانے والی۔)
۲۔۔۔ غیر کیلی اور غیر موزون۔

پہلی قسم وہ ہے جس کی قیمت ناپ کر یا وزن کر کے معلوم کی جاتی ہے مثلاً چاول' گندم' جو' سونا چاندی وغیرہ دوسری قسم وہ ہے جس کی قیمت شمار کر کے معلوم کی جاتی ہے مثلاً مرغی کے انڈے یا فتنوں اور گزوں وغیرہ کی صورت میں معلوم کی جاتی ہے مثلاً کپڑا اور فرش۔ اب صورت یہ ہے کہ جیسا کہ قرض کے سلسلے میں جو جنس کسی دوسرے شخص کو بطور قرض دی جائے اگر اس سے زیادہ ادائیگی کی شرط ہو تو خواہ وہ ناپنے یا تولنے والی چیز ہو یا نہ ہو وہ سود ہے اور ایسا قرض حرام ہو گا اور لین دین کے سلسلے میں بھی اگر ناپنے یا تولنے کی چیز کو اس کی ہم جنس چیز کے عوض خریدیں اور بیچیں تو زیادہ ادائیگی کی شرط کی صورت میں معاملہ باطل ہو جائے گا' لیکن جو چیز ناپی یا تولی نہ جاتی ہو اگر اس کا معاملہ اس کی ہم جنس چیز سے کریں تو خواہ زیادہ ادائیگی کی شرط لگائیں وہ سود نہیں ہو گا لہٰذا نتیجے میں یہ مسئلہ برآمد ہوتا ہے کہ جب کوئی شخص مرغی کے سو انڈے دوسرے کو مثلاً دو مہینوں کے لیئے ایک سو دس انڈوں کے عوض قرض دے تو سود ہو جاتا ہے لیکن اگر مرغی کے سو انڈے دو مہینوں کے لیئے ایک سو دس انڈوں پر بیچ دے تو اگر ثمن اور مثمن کے درمیان فرق ہو (یعنی بیچے ہوئے اور خریدے ہوئے انڈوں میں فرق ہو) تو سود نہیں ہوتا اور معاملہ صحیح ہے چنانچہ صرف ذات معاملہ میں فرق ہے اور نتیجہ ایک ہی ہے اگر قرض ہے تو سود ہے اور اگر خرید و فروخت ہو تو سود نہیں ہے اور یہاں یہ معلوم ہونا چاہئے کہ قرض کی حقیقت فروخت کی حقیقت سے مختلف ہے اور وہ اس معنی میں کہ قرض اسے کہا جاتا ہے کہ انسان کسی دوسرے کو اس قصد سے مال دے کہ وہ مال لینے والے کے ذمہ ہو جائے اور فروخت کا یہ مطلب ہے کہ ایک مال کے بدلے دوسرا مال کسی کو دیا جائے لہٰذا فروخت میں لازم ہے کہ بیچا ہوا مال اس کے بدلے میں لیئے ہوئے مال سے مختلف ہو اور اس طرح یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص مثال کے طور پر مرغی کے سو انڈے ایک سو دس پر کسی کے ذمہ کر کے بیچے یعنی کسی کے پاس سو انڈے بیچے اور اسے کہے کہ ایک سو دس انڈے تمہارے ذمے ہیں تو ان دونوں اطراف کے انڈوں میں فرق ہونا ضروری ہے مثلاً یہ کہ کوئی شخص مرغی کے سو بڑے انڈے ایک سو دس درمیانہ سائز کے بالمقابل ذمہ میں بیچے کیونکہ اگر ان کے درمیان کسی قسم کا فرق نہ ہو تو ان کی بیع ثابت نہیں ہوتی بلکہ وہ

درحقیقت بیع کی شکل میں قرض ہو گا اور اسی وجہ سے معاملہ حرام ہو جائے گا۔

مسئلہ ۲۸۴۳ : تمام کاغذی نوٹ مثلاً عراقی دینار، انگریزی پونڈ، امریکی ڈالر یا ایرانی ریال وغیرہ قیمت کے حامل ہیں کیونکہ ہر حکومت کی طرف سے کاغذی نوٹوں کی قیمت معین کی گئی ہے جو سارے ملک میں قبول کی جاتی ہے اور رائج ہے اور اسی وجہ سے یہ نوٹ قیمت رکھتے ہیں اور حکومت جب بھی چاہے انہیں منسوخ کر سکتی ہے اور ان کی مالیت کو کالعدم قرار دے سکتی ہے اور یہ بھی معلوم ہے کہ یہ نوٹ ناپے یا تولے نہیں جا سکتے اور اس وجہ سے ان نوٹوں کا معاوضہ ان کے ہم جنسوں کے مقابلے میں زیادہ لیا جائے تو وہ سود نہیں ہے اور اسی طرح اگر ان نوٹوں کی ادائیگی بطور قرض کسی کے ذمے ہو تو اس کا نقد کے عوض معاملہ کرنا خواہ وہ کم ہو یا زیادہ ہو سود نہیں ہے۔ مثلاً اگر ایک شخص کو دوسرے سے دس ہزار روپے لینے ہوں اور وہ ان کا نو ہزار روپے نقد پر سودا کر لے تو وہ سود نہیں ہو گا جیسا مرحوم آیت اللہ یزدی اعلیٰ اللہ مقامہ نے ملحقات عروہ کے مسئلہ ۵۶ میں تصریح فرمائی ہے اور وہ فرماتے ہیں "نوٹ معدود ہیں (یعنی انہیں گنا جاتا ہے تولا اور ناپا نہیں جاتا) اور نقدین (سونا اور چاندی) کی جنس سے نہیں ہیں اور ایک معینہ قیمت رکھتے ہیں اور نقدین کا حکم ان پر جاری نہیں ہوتا۔ لہٰذا ان میں سے بعض دوسروں کے عوض کم اور زیادہ پر بیچنا جائز ہے اور اسی طرح ان پر بیع صرف کا حکم جاری نہیں ہوتا جس کی رو سے مجلس میں قبضہ کرنا واجب ہے"۔

مسئلہ ۲۸۴۴ : روپوں کے جن پرونوٹوں کا معاملہ لوگوں میں ہوتا ہے دراصل وہ پرونوٹ خود مالیت رکھتے ہیں اور معاملہ ان کا (یعنی ان پرونوٹوں کا) ہوتا ہے جن کے ثبوت کی یہ پرونوٹ سند ہوتے ہیں مثلاً زید گندم کا ایک خروار دو ہزار روپے میں بیچ دے اور اس کے لیئے دو مہینے کی مدت کا پرونوٹ لکھوا لے۔ پھر جو رقم اس نے لینی ہے اسے (یعنی اس پرونوٹ کو) وہ ایک سو روپے کم پر یعنی ایک ہزار نو سو روپے نقد کے عوض بیچ دے تو پرونوٹ اس بات کے ثبوت کے لیئے ہے کہ دو ہزار روپے لینے ہیں اور پرونوٹ کے مالیت کا حامل ہونے کی دلیل یہ ہے کہ جب آپ گندم کا ایک خروار دو ہزار روپے میں بیچیں تو اگر خریدار آپ کو اس کی نقد قیمت دے دے، تو وہ بری الذمہ ہے لیکن اگر پرونوٹ لکھ دے تو اس کی ذمہ داری ختم ہو جاتی ہے اور وہ دو ہزار روپے کا مقروض نہیں ہے۔ اور اگر پرونوٹ گم ہو جائے یا جل جائے خریدار کی ذمہ داری برقرار نہیں رہے گی ہاں گندم خریدنے والے کو اختیار ہے کہ اس کی قیمت نوٹوں میں ادا کرے تو اس صورت میں پرونوٹ ختم ہو جائے گا یا گندم بیچنے والا پرونوٹ

دے لے لے۔

مسئلہ ۲۸۴۵ : جو پرونوٹ کسی بینک کے پاس یا بینک کے علاوہ کسی کے پاس بیچا جائے اگر وہ پرونوٹ حقیقت رکھتا ہو یعنی صحیح ہو اور اس میں کوئی جگہ خالی نہ ہو مثلاً کوئی شخص کوئی جنس کسی دوسرے کے ہاتھ بیچے اور جو ایک لاکھ روپے اس کی قیمت کے طور پر لینے ہوں ان کا پرونوٹ لے لے اور وہی ایک لاکھ روپے (یعنی جو پرونوٹ اس نے لیا ہے) بینک کے پاس یا کسی اور کے پاس معاملے اور انتقال تبعہ کے عنوان سے بیچے اور اس کی قیمت میں رقم کی واگذاری کی مدت کی نسبت سے کمی کر دے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۸۴۶ : جس پرونوٹ کی کوئی حقیقت نہ ہو اور محض لحاظ میں لکھا گیا ہو اگر کوئی شخص اس کا معاملہ کسی غیر ملکی بینک سے کرنا چاہتا ہے تو جو کم رقم بینک اسے دے وہ اسے لے سکتا ہے۔ پرونوٹ کی تمام رقم اس کی خواہش پر یا معمول کے مطابق اس کی خواہش پر اس کی واپسی پر پرونوٹ دینے والے سے وصول کرے تو وہ پرونوٹ دینے والے کو تمام رقم ادا کرنے کا ذمہ دار ہو جاتا ہے اور یہ ان دونوں کے لیئے سود کی شکل اختیار کرنے کا موجب نہیں بنے گا اور اگر وہ شخص ملکی بینک سے معاملہ کرنا چاہے تو سود سے بچنے کے طریقے ہیں۔

مسئلہ ۲۸۴۷ : وعدے والے پرونوٹ کو جب بینک یا کسی اور کے پاس بیچا جاتا ہے تو عموماً نقد قیمت کے مقابلے میں بیچا جاتا ہے اور اسے اگر ادھار اور وعدے کے مقابلے میں بیچا جائے تو اس قسم کے معاملے کا صحیح ہونا مشکل نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۸۴۸ : جو پرونوٹ بیچے جاتے ہیں ان کے بارے میں حکومت نے ایک قانون وضع کیا ہے جس کے مطابق اگر پرونوٹ لکھنے والا مقررہ مدت ختم ہونے پر رقم ادا نہ کرے تو بینک یا دوسرے خریدار اس بات کا اختیار رکھتے ہیں کہ بیچنے والے (یعنی جس نے پرونوٹ لکھوا کر کسی کے ہاتھ بیچ دیا ہو) یا پرونوٹ پر دستخط کرنے والوں سے رجوع کریں اور ان سے پرونوٹ کی رقم کا مطالبہ کریں اور پرونوٹ کو اس میں درج شدہ رقم کے عوض (اور اس رقم میں کوئی کمی کیئے بغیر) واپس کر دیں اور بیچنے والا یا دستخط کرنے والے بھی اس بات کے پابند ہیں کہ بینک یا کسی دوسرے خریدار کے مطالبے پر رقم انہیں ادا کریں اور اس پابندی سے تمام یا بیشتر پرونوٹ لکھنے والے یا ان پر دستخط کرنے والے واقف

ہیں۔ اور پرونوٹوں کا لین دین اور ان پر عملدرآمد اسی شرط کے مطابق (جسے شرط ضمنی کہا جاتا ہے) ہوتا ہے لہٰذا جن پرونوٹوں پر اس شرط کے مطابق عمل ہوتا ہے ان کے بارے میں جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے جو اس کے لازمی ہونے سے واقف ہیں یہ شرط منضمر ہے اور اس کی رعایت کرنا ضروری ہے اور یہ شرط جائیداد غیر منقولہ کے لین دین کی رجسٹری کی طرح ہے کیونکہ حکومت جائیداد غیر منقولہ کے ہر اس لین دین کو جس کی رجسٹری کرائی جائے قابل اجراء نہیں سمجھتی اور سب لوگ لین دین میں رجسٹری کرانے کے پابند ہیں اور کوئی شخص رجسٹری کرانے سے انکار نہیں کر سکتا کیونکہ سودے پر عملدرآمد کی بنیاد ہی اسی شرط پر ہے اور جیسا کہ بتایا جا چکا ہے ایسی شرطیں جن کے مطابق معاملے پر عملدرآمد انجام پاتا ہے ضمنی شرطیں کہلاتی ہیں۔

مسئلہ ۲۸۴۹ : بینکوں میں دستور ہے کہ ایک دستخط والا پرونوٹ نہیں خریدتے لیکن بعض اشخاص ہیں جو ایک دستخط والے پرونوٹ کا لین دین بھی کرتے ہیں اور چونکہ عموماً ایسے اشخاص قیمت دے دیتے ہیں اور پرونوٹ خریدتے ہیں اور عموماً ایسا معاملہ بطور قرض نہیں ہوتا بلکہ اس پرونوٹ کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔

دکان وغیرہ کی پگڑی کے احکام

معروف معاملات میں سے ایک معاملہ پگڑی کا ہے جس سے اکثر لوگوں کو سابقہ پڑتا ہے لہٰذا اس کی تشریح ہونی چاہیے۔

پگڑی جو کاروبار میں مستعمل جگہ سے تعلق رکھتی ہے بنیادی طور پر اس کے لینے کی وجہ یہ ہے کہ کاروباری مقام کا کرایہ دن بدن بڑھتا ہے اور کرائے پر دینے والا کسی کرایہ دار کو اس جگہ سے نکال نہیں سکتا اور نہ ہی کرایہ بڑھا سکتا ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک دکان یا کاروبار کی جگہ سالہاسال تک اسی ابتدائی کرائے پر کرایہ دار کے قبضے میں رہتی ہے اور کرائے میں ایک روپے کا اضافہ بھی نہیں ہوتا کیونکہ کرایہ پر دینے والا نہ کرایہ دار کو نکال سکتا ہے اور نہ کرایہ بڑھا سکتا ہے حالانکہ اس جیسی جگہیں کئی گناہ زیادہ کرائے پر اٹھ جاتی ہیں۔

مسئلہ ۲۸۵۰ : اس قسم کے کاروبار کے مقامات کی تین قسمیں ہیں ان میں سے ایک قسم کی جگہ

میں مالک کی اجازت اور مرضی کے بغیر کاروبار کرنا اور اس کی پگڑی لینا حرام ہے اور دوسری دو قسموں کی جگہوں کی پگڑی لینا جائز ہے اور جائز اور ناجائز ہونے کا معیار یہ ہے کہ جب صورت یہ ہو کہ جگہ کرایہ پر دینے والا خالی کرانے اور کرایہ بڑھانے کا حق رکھتا ہو اور کرایہ دار زبردستی کرتے ہوئے نہ تو کرایہ بڑھاتا ہو اور نہ ہی جگہ خالی کرتا ہو تو ایسی صورت میں اس جگہ کی پگڑی لینا اور مالک کی رضامندی کے بغیر وہاں کاروبار کرنا جائز نہیں حرام ہے اور ہر اس صورت میں جب کہ جائداد کا مالک کرایہ بڑھانے یا جگہ خالی کرانے کا حق نہ رکھتا ہو اور کرایہ دار کسی دوسرے کے لیئے وہ جگہ خالی کرنے کا حق رکھتا ہو مالک کی رضامندی کے بغیر پگڑی لینا مطابق شرع اور وہاں کاروبار کرنا جائز ہے اور آئندہ مسائل میں ان تینوں اقسام کی واضح مثالیں دی جائیں گی تاکہ مطلب روشن ہو جائے۔

مسئلہ ۲۸۵۱ : جب کوئی املاک ایسے زمانے میں کرایہ پر دی گئی ہو جب پگڑی کا کوئی سوال نہ تھا اور مالک کو اختیار تھا کہ جب بھی اجارے کی مدت ختم ہو جگہ خالی کرا لے یا کرایہ بڑھا دے اور کرایہ دار کے لیئے بھی ضروری تھا کہ جگہ خالی کر دے یا زیادہ کرایہ دے اور معاہدے میں کرایہ بڑھانے اور اجارے کی مدت میں توسیع کرنے کی کوئی شرط نہ تھی اور بعد میں حکومت نے ایک قانون وضع کیا جس کی رو سے مالک کو کرایہ بڑھانے یا کرایہ دار کو بے دخل کرنے کا حق باقی نہ رہا تو اگر ایسی صورت میں کرایہ دار قانون کا سہارا لے کر جگہ بھی خالی نہ کرے اور کرایہ بھی نہ بڑھائے جب کہ اسی جیسی جگہیں جو قانون نافذ ہونے کے بعد کرائے پر دی گئی ہوں ان کا کرایہ کئی گنا زیادہ ہو اور اسی وجہ سے پگڑی لینے کا موقع پیدا ہوا ہو تو اس صورت میں کرایہ دار کا پگڑی لینا جائز نہیں ہے اور مالک کی رضامندی کے بغیر اس کا اس جگہ میں تصرف بھی حرام ہے۔

مسئلہ ۲۸۵۲ : جو لوگ کوئی دکان بنا رہے ہوں اور اس پر رقوم خرچ کر رہے ہوں اور اس دکان کا کرایہ مثال کے طور پر دس ہزار روپیہ ماہانہ ہوتا ہو لیکن نقدی کی ضرورت کے باعث وہ لوگ اپنے رضا و رغبت سے اس دکان کو ایک سال کے لیئے ایک ہزار روپیہ ماہانہ اور اس کے علاوہ مبلغ پانچ لاکھ روپیہ نقد کرائے پر کسی کو دے دیں اور اس ضمن میں یہ شرط کریں کہ جب تک کرایہ دار اس جگہ رہے گا سال بہ سال اسی ایک ہزار روپیہ ماہانہ کے کرائے کی تجدید ہوتی جائے گی اور مالکان کو کرایہ بڑھانے کا کوئی اختیار نہ ہو گا اور اگر کرایہ دار چاہے گا تو کرایہ پر لی جانے والی جگہ کسی دوسرے شخص کو منتقل کر دے گا اور مالکان اس سے بھی وہی کرایہ لیں گے جو پہلے کرایہ دار سے لیتے ہیں یعنی ایک

ہزار روپیہ ماہانہ سے نہیں بڑھائیں گے اور سال بہ سال اسی پہلے کرائے کے معاہدے کی تجدید ہوتی رہے گی تو اس صورت میں کرایہ دار کو اختیار ہے کہ وہ کسی دوسرے کو منتقل کرے اور وہ جگہ خالی کرنے اور اس میں سکونت ترک کرنے کے بدلے میں جس شخص کو وہ جگہ منتقل کرے اس سے جتنی پگڑی خود دی ہو اتنی ہی یا اس سے کم یا اس سے زیادہ وصول کرے اور جائیداد کے مالکان کو اس پر اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں کیونکہ جو شرطیں طے کی گئی ہیں ان کے مطابق وہ پگڑی لینے اور وہ جگہ دوسرے کو منتقل کرنے کا حق رکھتا ہے اور جو پگڑی اس نے لی ہو وہ شرعاً" جائز ہے۔

مسئلہ ۲۸۵۳ : جب لوگ کوئی دکان بنائیں اور اس پر رقوم خرچ کریں اور اسے عام شرح کے مطابق کرائے پر دیں اور پگڑی بھی نہ لیں لیکن کرایہ نامہ میں شرط لگائیں کہ جب تک کرایہ دار وہاں سکونت پذیر ہے انہیں یعنی مالکان کو دکان خالی کرانے اور کرایہ بڑھانے کا حق نہیں ہے اور سال بہ سال معاہدے میں توسیع کرتے رہیں گے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس جگہ کی حیثیت بڑھ جائے تو کرایہ دار اسے کسی دوسرے شخص کو منتقل کرنے کا حق نہیں رکھتا اور کرائے پر دینے والے کے لیئے ضروری نہیں کہ وہ اسے کسی دوسرے کو منتقل کرنے پر رضامند ہو لیکن اگر کوئی تیسرا شخص وہ جگہ کرائے پر لینا چاہے اور کرایہ دار کو مثلاً یہ لالچ دے کہ اگر تم یہ جگہ خالی کر دو تو میں تمہیں ایک لاکھ روپیہ دوں گا اور پھر مالک کے پاس جا کر اسے اس بات پر راضی کرلے کہ وہ اس سے کچھ رقم لے کر وہ جگہ اسے کرائے پر دے دے اور پھر وہ شخص پہلے کرایہ دار کو ایک لاکھ روپے دے کر اس سے وہ جگہ خالی کرائے اور بعدازاں خود مالک سے جس رقم کا وعدہ کیا ہو وہ لے دے کر وہ جگہ کرائے پر لے تو جو ایک لاکھ روپے پہلے کرایہ دار نے لیئے ہیں وہ اس پر حلال ہیں کیونکہ اس نے مذکورہ جگہ کے انتقال کے عوض کوئی ایسی چیز نہیں لی جس کا اسے حق تک نہ پہنچتا ہو بلکہ اس نے محض وہ جگہ خالی کرنے کے عوض رقم لی ہے جس کے بارے میں وہ حقدار تھا کہ مالک کے نئے کرایہ دار کو سپرد کرنے کے لیئے خالی نہ کرے۔ لہٰذا واضح ہے کہ اس صورت میں پگڑی جگہ خالی کرنے کے لیئے لی گئی ہے اور اس جگہ کو کرائے پر اس کے مالک نے دیا ہے۔

مسئلہ ۲۸۵۴ : اگر کوئی شخص کوئی جگہ کرایہ پر لے اور مالک کے ساتھ یہ شرط طے کرے کہ مالک کو اسے نکالنے اور جگہ خالی کرنے کا حق نہیں ہوگا بلکہ وہ سال بہ سال یا ماہ بماہ فقط عام شرح پر کرایہ دار سے کرایہ وصول کرے گا اور یہ شرط بھی طے کرے کہ کرایہ دار کو یہ حق ہو گا کہ وہ اس جگہ

میں اپنا حق سکونت کسی دوسرے کو منتقل کر دے تو اس صورت میں بھی کرایہ دار پگڑی دوسرے کے ہاتھ بیچ سکتا ہے یعنی کسی سے رقم لے کر اپنا حق اسے منتقل کر سکتا ہے۔

بیمہ کے احکام

مسئلہ ۲۸۵۵ : بیمہ (سیکورٹی) سے یہ مراد ہے کہ کوئی شخص ہر سال کچھ رقم بلامعاوضہ کسی فرد یا کسی کمپنی کو دیتا رہے اور اس ضمن میں یہ شرط طے کرے کہ مثلاً اگر اس کی دکان یا موٹر کار یا مکان کو یا خود اسے کسی قسم کا ضرر پہنچے تو وہ کمپنی یا فرد اس ضرر کی تلافی کرے گا یا اس ضرر کو دور کرے گا یا اس کی بیماری کا علاج کرائے گا اور یہ معاملہ جعالہ میں داخل ہے اور اگر اس شخص کو یا اس کی متعلقہ املاک کو کوئی ضرر پہنچے تو مشروط علیہ پر واجب ہے طے شدہ شرائط کے مطابق اپنی ذمہ داری پوری کرے اور جس شخص نے بیمہ کرا رکھا ہو اس کے لیئے رقم وغیرہ وصول کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

صرافہ اور بینک

سرمائے کے لحاظ سے بینک کی تین صورتیں ہو سکتی ہیں۔

۱... عوامی بینک جس کا سرمایہ ایک شخص یا زیادہ اشخاص کی ملکیت ہو۔

۲... سرکاری بینک

۳... سرکاری اور عوامی مشترکہ بینک

مسئلہ ۲۸۵۶ : ایسے بینک سے سودی قرضہ لینا جائز نہیں ہے اور منافع لینا بھی حرام ہے لیکن اس حرام معاملے سے بچنے کے لیئے مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً قرض لینے والا بینک کے مالک یا اس کے وکیل سے کوئی چیز بازاری بھاؤ سے ۱۰% یا ۲۰% زیادہ قیمت پر خریدے تاکہ بینک اسے کچھ رقم بطور قرض دے دے یا بینک کو کوئی چیز بازاری بھاؤ سے کم قیمت پر بیچے اور اس معاملے کے ضمن میں شرط طے کرے کہ اتنی رقم فلاں وقت تک بینک اسے قرض دے گا تو ایسی صورت میں

قرض لینا جائز ہے اور یہ سودی کاروبار بھی نہیں ہے اسی طرح کوئی چیز بطور بخشش دیکر بھی شرط لگائی جاسکتی ہے کہ بخشش دینے والے کو فلاں وقت تک اتنی رقم بطور قرض دی جائے گی۔ لیکن ایک رقم کو اس سے زیادہ رقم کے بدلے کسی چیز کے ساتھ شامل کر کے بیچنے پر حرمت زائل نہیں ہو سکتی مثلاً ۱۰۰ روپے کو ایک ماچس کے ساتھ ایک ماہ بعد ادا کیئے جانے والے ۱۱۰ روپے کے بدلے فروخت کرنا صحیح نہیں ہے کیونکہ دراصل یہ سودی قرض ہے اگرچہ اس کو بظاہر خرید و فروخت کی صورت دے دی گئی ہے۔

مسئلہ ۲۸۵۷ : سود حاصل کرنے کی غرض سے بینک میں رقم جمع کرنا (سیونگ اکاؤنٹ ہو یا کرنٹ اکاؤنٹ) جائز نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۸۵۸ : اگر سرکاری بینک سے کچھ مال لیا جائے تو اس میں تصرف کرنا جائز ہے۔

مسئلہ ۲۸۵۹ : سرکاری بینک سے سود پر قرض لینا بھی حرام ہے خواہ کوئی مال رہن رکھ کر یا رہن رکھے بغیر لیا جائے جبکہ قرض لینے والا جانتا ہو کہ وہ چاہے یا نہ چاہے' بینک اس سے اضافی رقم وصول کرے گا اور جس وقت بینک اس سے اضافی رقم کا مطالبہ کرے تو اسے یہ اضافی رقم ادا کرنی ہی پڑے گی۔

مسئلہ ۲۸۶۰ : سرکاری بینک میں سود حاصل کرنے کی غرض سے روپیہ رکھنا جائز نہیں' ہاں اگر بینک کا مالک غیر مسلم یا ناصبی شخص ہو یا غیر مسلم حکومت ہو تو روپے کی استفادہ کی غرض سے کوئی روپیہ رکھا جائے تو کوئی حرج نہیں غیر مسلم حکومت سے مراد ہر وہ حکومت ہے کہ جو دین اسلام کو نظام عمل قرار نہ دے۔ اس مسئلے سے اس بینک کا حکم بھی ظاہر ہو جاتا ہے جس کا سرمایہ حکومت اور عوام میں مشترک ہو۔ تو اگر ہر دو مالک حکومت اور اس کا شرکت کنندہ مسلمان نہ ہوں تو مال کے استفادہ میں کوئی حرج نہیں اور اگر دونوں مسلمان ہوں تو اگر بینک سود کھاتا ہو تو حاصل شدہ منافع حاکم شرع یا اس کے وکیل کی اجازت سے جائز ہو جائیں گے اور یہی حکم ہے کہ دونوں میں ایک مسلمان اور دوسرا کافر یا ناصبی ہو۔ یہ تھا حکم اسلامی بینکوں کا لیکن غیر مسلم لوگوں کے بینک سے قرض لینے کا قصد کیئے بغیر اور حاکم شرع کی اجازت کے بغیر بھی مال لیا جاسکتا ہے تاہم ایسے بینک میں روپیہ رکھنے کا حکم وہی ہے جو اسلامی بینک کا ہے۔

ایل سی (لیٹر آف کریڈٹ)

مسئلہ ۲۸۶۱ : برآمد اور درآمد کے لیئے بینک سے ایل سی (L/C) حاصل کرنا اور بینک کا کمیشن پر زرمبادلہ مہیا کرنا صحیح ہے اور کمیشن (Commission) لینا بھی بظاہر جائز ہے (کیونکہ اس قسم کا کمیشن فقہی اعتبار سے یا تو اجرت۔ کیونکہ تاجر ایک خاص کام کے لیئے بینک کو کرائے پر لیتا ہے۔) کہلائے گا یا جعالہ (یعنی کوئی کام انجام دینے پر کچھ مال دینے کا وعدہ کرنا) اور یہ بھی ممکن ہے کہ اسے خرید و فروخت میں شمار کیا جائے کیونکہ بینک دوسرے ملک کی کرنسی (Currency) سے مال کی قیمت ادا کرتا ہے اس لیئے ہو سکتا ہے کہ بینک درآمد کنندہ کے ذمے دوسرے ملک کی کرنسی ایسی قیمت پر فروخت کرے کہ اس میں سے اس کا کمیشن بھی نکل آئے اور چونکہ دو مختلف چیزوں کا سودا ہوا ہے، اس لیئے معاملہ صحیح ہے اس ضمن میں ایک صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ برآمد اور درآمد کرنے والے بینک کے توسط سے معلومات حاصل کریں اور اس کے بعد ایل سی کی بنیاد پر بینک مال کی فراہمی اور قیمت کی ادائیگی کا کام کرتا رہے۔ اس صورت میں بینک کا یہ عمل بھی جائز ہے۔

مسئلہ ۲۸۶۲ : اگر بینک ایل سی حاصل کرنے والے سے کچھ لیئے بغیر اس کے کہنے پر درآمد شدہ مال کی قیمت ادا کرے اور اس کے ذمے قرض شمار نہ کرے اور اس شرط پر درآمد کنندہ سے کچھ فائدہ حاصل کرے کہ ایک مخصوص مدت تک اس سے ادا کردہ قیمت کا مطالبہ نہیں کرے گا تو بظاہر یہ معاملہ جائز ہے کیونکہ درآمد کنندہ پر اس بنا پر ذمے داری عائد ہوتی ہے کہ اس نے بینک سے قیمت ادا کرنے کو کہا تھا لیکن اگر اس نے بینک سے قرض لیا ہو اور بینک قرض پر اس سے سود لے تو اس صورت میں اگر بینک ایل سی حاصل کرنے والے کو قرض دے کر فائدہ لینے کی شرط کرے، اور اس کی طرف سے وکیل بن کر درآمد کا کام انجام دے تو فائدہ لینا جائز نہیں ہے اسی طرح ان تاجروں کا بھی یہی حکم ہے جو یہ کام انجام دیں۔

مسئلہ ۲۸۶۳ : مال کی حفاظت اگر بینک درآمد کنندہ کی ذمے داری پر مال کے اسٹوریج (Storage) اور انوائس (Invaice) وغیرہ کے تبادلے کا کام انجام دے مثلاً تاجروں میں معاملہ طے ہو جانے کے بعد بینک مال کی قیمت ادا کرے اور مال پہنچنے پر خریدار کو کاغذات پہنچا دے اور اگر خریدار

مال وصول کرنے میں دیر کرے تو اس کی خاطر مال اسٹور میں رکھے اور یہ کام خریدار سے اجرت لے کر یا فروخت کرنے والے کی ذمہ داری پر کرے مثلاً دو تاجروں کا آپس میں معاملہ ہونے سے پہلے بینک کو مال بیچنے والا لسٹ (List) وغیرہ بھیجے اور بینک یہ لسٹ تاجروں کو دکھائے اور اگر انہیں مال پسند ہو تو معاملہ ہو جائے اور بینک اپنی خدمات کے عوض مال والے سے اجرت لے تو دونوں صورتوں میں بینک کا یہ کام کرنا جائز ہے اور اس کی اجرت لینا بھی جائز ہے بشرطیکہ عقد کے ضمن میں اس بات پر اتفاق ہو گیا ہو یا عام رواج کی بنا پر اجرت لی جاتی ہو یا مال بیچنے والے یا خریدار کے کہنے پر بینک یہ کام کرے البتہ اگر یہ شرائط پوری نہ ہوں تو بینک کو اجرت لینے کا حق نہیں ہے بعض اوقات خریدار مال وصول نہیں کرتا اور بینک اسے اطلاع دینے کے بعد وہی مال دوسرے کے ہاتھ فروخت کر دیتا ہے اور فروخت شدہ مال کی قیمت سے اپنا حق لے لیتا ہے چونکہ اس صورت میں بینک مال والے کا وکیل شمار ہوتا ہے اور بالعموم دونوں فریق (خریدار اور مال بیچنے والا) رضامند بھی ہوتے ہیں لہٰذا ایسی خرید و فروخت جائز اور صحیح ہے۔

بینک کی کفالت

اگر کوئی شخص کسی سرکاری یا غیر سرکاری ادارے کی خاطر کوئی کام کرنے کا ٹھیکہ لے اور کام حسب شرائط پورا نہ ہونے پر ایک معین رقم بطور ہرجانہ دینے کا وعدہ کرے اور بینک اس ہرجانے کی ادائیگی کی ضمانت دے تو یہ بینک کی کفالت کہلائے گی۔

۱... یہ کفالت اس وقت صحیح ہے جب بینک اس بات کا اظہار لفظوں میں یا کسی فعل کے ذریعے (جو اس بات کو ظاہر کرتا ہو) کرے اور مالک اس بات کو تمام طے شدہ شرائط کے ساتھ قبول کرے اور اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ بینک اس بات کی ذمہ داری لے کہ اس نے جس کی کفالت کی ہے وہ اپنا قرض ادا کریگا یا طے شدہ شرط پوری کرے گا۔

۲... کام کی ذمے داری اٹھانے والے پر واجب ہے کہ کام پورا نہ کرنے کی صورت میں طے شدہ شرط پر عمل کرے بشرطیکہ اس نے یہ شرط کسی عقد کے ضمن میں قبول کی ہو۔ اگرچہ وہ معاملہ وہی ٹھیکہ ہو کہ جس کے پورا کرنے کی کفالت بینک دینا چاہتا ہے۔ اور اس کے

شرط پوری نہ کرنے کی صورت میں مالک کفالت کرنے والے یعنی بینک سے مطالبہ کرنے کا حقدار ہو گا اور چونکہ بینک نے ٹھیکیدار کے کہنے پر اس کی کفالت دی تھی لہٰذا اس ضمن میں بینک کو جو نقصان ہو وہ ٹھیکیدار کو ادا کرنا ہوگا۔

۳... چونکہ کفالت کرنا ایک محترم کام ہے لہٰذا بینک کے لیئے جائز ہے کہ اس نے جس شخص کی کفالت کی ہو اس سے اجرت لے اور فقہی لحاظ سے بظاہر "جعالہ" شمار ہوگا اور یہ بھی ممکن ہے کہ عنوان اجارہ میں شامل ہو لیکن خرید و فروخت یا مصالحت نہیں کہلائے گی۔

حصص کی فروخت

مسئلہ ۲۸۶۴ : اگر بینک کسی کمپنی کے حصے داروں کے حصص فروخت کرنے اور ان کے کاغذات کے تبادلے کا کام کرنے پر اجرت لے تو یہ معاملہ جائز ہے کیونکہ فقہی اعتبار سے یہ معاملہ یا تو اجارہ (چونکہ کمپنی کے حصے دار بینک کو گویا یہ کام انجام دینے کے لیئے کرائے پر لیتے ہیں۔) میں داخل ہے یا جعالہ میں اور اگر باہمی توافق پر بینک اجرت لے تو معاملہ صحیح ہے اور بینک اجرت کا حقدار ہے۔

مسئلہ ۲۸۶۵ : اسی طرح حصص اور کاغذات کے تبادلے اور فروخت کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے البتہ اگر حصے داروں کے معاملات میں سود کا شائبہ ہو تو پھر حصص اور کاغذات کی خرید و فروخت صحیح نہیں ہے۔

داخلی اور خارجی ڈرافٹ

۱... اگر بینک ڈرافٹ کا کام کرے جس کے نتیجے میں وہ شخص جس نے بینک میں پیسہ رکھا ہے کسی دوسری جگہ اپنا پیسہ وصول کرلے تو ممکن ہے کہ یہ کہا جاسکے کہ چونکہ بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ اکاؤنٹ والے کا روپیہ وہیں ادا کرے جہاں اس نے جمع کیا تھا لہٰذا دوسری جگہ ادائیگی کرنے کے لیئے وہ روپیہ جمع کرنے والے سے کچھ اجرت لے سکتا ہے۔

۲... اگر بینک ایسے شخص کو ڈرافٹ دے جس کا بینک میں اکاؤنٹ نہ ہو چونکہ بینک نے اس

شخص کے لیئے وسیلہ متعین کیا ہے تاکہ وہ داخلی یا خارجی وکیل سے قرضہ حاصل کر سکے اور یہ مدد کرنا اس کے لیئے خدمت ہے لہٰذا اس کے بدلے بینک اجرت لے سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر بینک نے خارجی کرنسی دی ہو تو اسے یہ حق بھی حاصل ہے کہ خارجی کرنسی سے ادائیگی پر اصرار کرے لہٰذا اس حق سے دستبردار ہونے یعنی خارجی کرنسی کی بجائے داخلی کرنسی قبول کرنے کے بدلے میں بھی وہ اجرت لے سکتا ہے اور اجرت کا پیسہ ملا کر مقروض سے تمام رقم وصول کر سکتا ہے۔

۳ ... (الف) اگر کوئی شخص کسی بینک کو دستی روپیہ دے کر دوسری جگہ ملک کے اندر یا بیرون ملک میں حوالہ دینے کو کہے اور اس کام کے انجام دینے پر بینک اجرت لے تو یہ کام بجائے خود صحیح ہے اور اگر بیرون ملک کا حوالہ ہو تو ممکن ہے کہ اسے خرید و فروخت شمار کیا جائے جو کہ شرعاً صحیح ہے اور اس رقم کی خرید و فروخت کے لیئے بینک اجرت کے طور پر کچھ وصول کر سکتا ہے۔

(ب) ممکن ہے بینک کچھ رقم بطور قرض لے کر دوسری جگہ یہ قرض ادا کرے اور چونکہ قرض کے معاملے میں سود اس وقت وجود میں آتا ہے جب قرض خواہ مقروض سے اضافہ لے لہٰذا اگر مقروض قرض خواہ سے اضافہ لے تو وہ سود نہیں کہلاتا۔ اور مذکور صورت حال میں خود قرض دینے والا اجرت ادا کر رہا ہے لہٰذا اس میں کوئی حرج نہیں۔

۴ ... اگر کوئی شخص بینک سے کچھ رقم قرض لے کر دوسری جگہ اس کا حوالہ دے اور بینک اس حوالہ پر رضامند ہو کر اجرت لے تب بھی مندرجہ ذیل طریقے اختیار کرنے کی صورت میں اجرت لینا جائز ہے۔

۱ ... خارجی کرنسی کی صورت میں خرید و فروخت کی جائے یعنی بینک کسی شخص سے خارجی کرنسی اور کچھ رقم زیادہ خریدے تاکہ اسے داخلی کرنسی دے دے۔ اس صورت میں اجرت لینے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

۲ ... چونکہ بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ جہاں روپیہ قرض دیا ہے وہیں پر واپس بھی لے لہٰذا اگر وہ دوسری جگہ واپس کرنے پر رضامند ہو تو اس کے مقابلے میں اجرت لینے میں حوالہ کے متعلق مقدم الذکر صورتیں اور احکام بینک کے علاوہ عام لوگوں میں بھی جاری ہو سکتے

ہیں۔ یعنی اگر کوئی شخص کسی کو رقم دے اور اس سے کہے کہ کسی دوسرے شخص کے نام اسی شہر میں یا کسی دوسرے شہر میں اس کا حوالہ دے تو حوالہ قبول کرنے والا شخص اس کام کے بدلے کچھ اجرت بھی لے لے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ اس طرح اگر کوئی شخص کسی سے کچھ رقم لے اور اس کو کسی دوسرے شخص پر حوالہ دے کر اس سے رقم وصول کرے، تو جس شخص پر حوالہ دیا گیا ہے وہ حوالہ دینے والے سے اجرت وصول کر سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۸۶۶ : مذکورہ بالا حکم میں اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ کسی مقروض شخص پر حوالہ دیا جائے یا یہ کہ متعلقہ شخص مقروض نہ ہو لیکن حوالہ ادا کرنے پر رضامند ہو جائے۔

بینک کے انعامات

مسئلہ ۲۸۶۷ : اگر بینک خواہ سرکاری ہو یا عوامی یا دونوں میں مشترک ہو' قرعہ اندازی کے ذریعے گاہکوں کو شوق دلانے یا دوسرے اشخاص کو رغبت دلانے کے لیئے انعام دے تو اس میں کوئی حرج نہیں اور جس شخص کے نام کا انعام نکلا ہے وہ حاکم شرع یا اس کے وکیل کی اجازت سے مجہول المالک مال کے عنوان سے وہ انعام لے سکتا ہے لیکن اگر بینک کسی کا ذاتی (پرائیویٹ) ہو تو حاکم شرع یا اس کے وکیل کی اجازت کے بغیر انعام لینا جائز ہے البتہ اگر بینک میں حساب رکھنے والوں کے ذمے کسی معاملے میں کوئی شرط لگا کر پوری ہونے پر انعام دیا جائے مثلاً قرض کے معاملے میں کوئی شرط لگائی جائے تو انعام دینا اور لینا جائز نہیں ہے۔

ہنڈی کے احکام

مسئلہ ۲۸۶۸ : اگر بینک اپنے گاہک کے لیئے ہنڈی کی رقم وصول کرے اور معینہ مدت سے پہلے ہنڈی پر دستخط کرنیوالے کو اطلاع دے دے یا مثلاً اگر کوئی شخص چیک کے بدلے نقدی وصول نہ کرے اور بینک اس کی طرف سے چیک کیش کروائے تو بینک کا یہ کام کرنا اور اس کے لیئے اجرت لینا جائز ہے لیکن اگر بینک ہنڈی کی رقم کا سود بھی وصول کرے تو جائز نہیں اور پہلی صورت میں فقہی لحاظ سے اس معاملے کو جعالہ شمار کیا جاسکتا ہے۔

مسئلہ ۲۸۶۹ : اگر کسی کا بینک میں کرنٹ اکاؤنٹ ہو اور وہ کسی کو ہنڈی دے کہ فلاں مدت کے بعد بینک اس کے اکاؤنٹ سے ہنڈی کی قیمت ادا کرے یا یہ کہ بینک قرض خواہ کو نقد رقم ادا کرے تو چونکہ یہ حوالہ ہے لہٰذا بینک کے لیئے اس حوالہ کے قبول کرنے پر اجرت لینا جائز نہیں ہے چونکہ بینک ہنڈی دینے والے کا مقروض ہے لہٰذا بینک اگر حوالہ قبول نہ کرے تب بھی حوالہ نافذ ہوگا اور اگر بینک پر حوالہ نہ دیا گیا ہو لیکن ہنڈی لینے والا بینک کو اس کی قیمت ادا کرنے کو کہے یا ہنڈی دینے والے کا بینک میں اکاؤنٹ ہی نہ ہو اور بینک اس کی ہنڈی کی قیمت ادا کر دے تو دونوں صورتوں میں بینک اجرت لے سکتا ہے۔

خارجی کرنسی کی خرید و فروخت

مسئلہ ۲۸۷۰ : بینک خارجی کرنسی کے بازار میں وافر ہونے کے لیئے اور ان کی خرید و فروخت پر نفع کمانے کے لیئے ان کا معاملہ کرتا رہتا ہے۔ اگر بینک اس قسم کے زر مبادلہ کا کام کرتا ہو اور دوسری کرنسی کو خرید شدہ قیمت سے زیادہ قیمت پر فروخت کر کے نفع کمائے تو جائز ہے اور اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ معاملہ قرض کی صورت میں ہو یا نقد ہو۔

کرنٹ اکاؤنٹ

مسئلہ ۲۸۷۱ : بینک سے ہر شخص کو اتنی رقم نکالنے کا حق ہے جتنی رقم اس کی بینک میں موجود ہو لیکن کبھی یہ بھی ہوتا ہے کہ بینک میں کسی شخص کی رقم نہ ہو تب بھی وہ رقم نکلوا سکتا ہے چنانچہ اگر بینک کسی پر اعتماد کرتے ہوئے اس کا بینک میں اکاؤنٹ نہ ہونے کے باوجود اسے رقم دے اور اس پر منافع حاصل کرے تو یہ سود والا قرض ہوگا جو کہ حرام اور ناجائز ہے تاہم بینک کے سابق الذکر مسائل کی رو سے اس معاملے کو جائز شکل بھی دی جاسکتی ہے۔ (دیکھیے مسئلہ نمبر ۲۸۵۹)

ہنڈی کی توضیح

مسئلہ ۲۸۷۲ : کسی چیز کی مالیت صرف اعتباری ہوتی ہے جیسے کرنسی نوٹ قرض اور خرید وفروخت وغیرہ۔ فرق یہ ہے کہ فروخت کی صورت میں کسی مال کو ایک خاص قیمت کے عوض دوسرے کی ملکیت بنایا جاتا ہے اور قرض میں مال کو کسی کی ذمے داری پر اس کی ملکیت بنایا جاتا ہے یعنی قرض دار اس جنس کی اس مقدار کو ادا کرنے کا ذمے دار ہو جاتا ہے یا اگر قیمت پر تبادلہ ہو تو اس کی قیمت ادا کرنے کا ذمے دار ہوتا ہے۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ فروخت کرنے میں فروخت شدہ چیز اور اس کی قیمت کے درمیان فرق پایا جانا ضروری ہے لیکن قرض کی صورت میں ضروری نہیں مثلاً اگر سو انڈے ایک سو دس انڈوں کے عوض فروخت کیئے جائیں تو ان انڈوں میں فرق پایا جانا ضروری ہے (مثلاً چھوٹا بڑا ہونا) ورنہ اگرچہ بظاہر خرید وفروخت کی صورت میں تبادلہ ہوا ہے لیکن واقعاً" یہ قرض ہے اور اس میں سود ہونے کی وجہ سے معاملہ حرام ہے۔ تیسرا فرق یہ ہے کہ قرض میں اگر اضافے کی شرائط عائد کی جائیں تو سود کی بنا پر معاملہ حرام ہو جاتا ہے۔ اور اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ قرض پر دی گئی چیز ان اشیاء میں سے ہو جن کو ناپ کر یا تول کر بیچا جاتا ہے یا ان میں سے نہ ہو لیکن فروخت کرنے میں ایسا نہیں ہے بلکہ اگر ان چیزوں کا معاملہ جو پیمانہ اور وزن سے فروخت کی جاتی ہیں اسی جنس کے بدلے اضافے کے ساتھ کیا جائے تو سود ہے ورنہ سود نہیں ہے مثلاً اگر کوئی شخص سو انڈے ایک سو دس انڈوں کے بدلے قرض دے تو جائز نہیں ہے لیکن اگر ان کو ایک دوسرے کے بدلے بیچے تو معاملہ صحیح ہے۔ چوتھا فرق قرض اور خرید و فروخت میں یہ ہے کہ سود کے ساتھ فروخت کرنا تمام معاملے کو باطل کردیتا ہے لیکن سودی قرض میں صرف اضافی مال کے متعلق معاملہ باطل ہے اور اصل قرض درست ہے۔

مسئلہ ۲۸۷۳ : کرنسی نوٹ چونکہ وزن اور پیمانے سے نہیں فروخت ہوتے اس لیئے قرض دینے والا اپنا قرض نقدی کی صورت میں اصل رقم سے کم قیمت پر فروخت کرسکتا ہے مثلاً دس روپے کے قرض کو نو روپے کی نقدی اور سو روپے کے قرض کو نوے روپے کی نقدی کے عوض بیچ سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۸۷۴ : تاجروں میں رائج ہنڈیوں کی خود کوئی قیمت نہیں ہوتی بلکہ ہنڈی ایک قسم کی

سند کے طور پر استعمال کی جاتی ہے کیونکہ ہنڈی دینے پر مال کی قیمت ادا نہیں ہوتی اور ہنڈی اگر ضائع ہو جائے تب بھی مال خرید دار کا ہے اور وہ قیمت ادا کرنے کا ذمے دار ہے لیکن اگر مال کی قیمت کرنسی نوٹ کی شکل میں دی جائے اور وہ نوٹ بیچنے والے کے پاس سے ضائع ہو جائے تو خریدار دوبارہ قیمت ادا کرنے کا ذمہ دار نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۸۷۵ : ہنڈیوں کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔

(۱) وہ جو واقعی قرض کا ثبوت ہو۔

(۲) وہ جو غیر واقعی قرض کا ثبوت ہو۔

۱... پہلی صورت میں قرض دینے والا عند الطلب قرض کو کم مقدار نقد پر فروخت کر سکتا ہے مثلاً ایک ماہ بعد کے سو (۱۰۰) روپے کو اسی (۸۰) روپے نقد کے عوض فروخت کر سکتا ہے۔ ہاں البتہ یہ جائز نہیں کہ اس ہنڈی کو کچھ مدت پر فروخت کر دیا جائے اور پھر بینک یا دوسرا شخص قرض پر دینے والے سے مطالبہ کرے (کیونکہ قرض پر فروخت کرنا جائز ہے۔)

۲... دوسری صورت میں جبکہ ہنڈی غیر واقعی قرض کا ثبوت ہو قرضہ دینے والا اس کو نقد رقم کے عوض فروخت نہیں کر سکتا کیونکہ اس صورت میں ہنڈی دینے والے کے ذمے فی الواقع کوئی قرض نہیں ہے بلکہ یہ اس حوالے کی مانند ہے جو غیر مقروض شخص پر دیا گیا ہو کیونکہ اس صورت میں ہنڈی دینے والا درحقیقت مقروض نہیں ہے بلکہ اس نے یونہی ہنڈی حاصل کرنے والے کا نام حوالہ بینک کے اوپر دیا ہے تاکہ وہ بینک سے قرض وصول کر سکے چونکہ اس نے خود ہنڈی پر دستخط کیئے ہیں لہذا وقت آنے پر گویا بینک اپنی رقم حوالہ کے طور پر اس سے ہنڈی لینے والے کی طرف سے وصول کر لے گا اگرچہ ہنڈی دینے والا اس کا پہلے سے مقروض نہیں ہے۔ اب اگر بینک اس قسم کی ہنڈی کی قیمت وصول کرنے پر اجرت لے لے تو جائز نہیں ہے کیونکہ یہ سود والا قرض ہو گا لیکن اس سود سے نجات حاصل کرنے کا ایک طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ ہنڈی کی قیمت وصول کرنے کو فروخت کرنا شمار کیا جائے مثلاً ہنڈی دینے والا ہنڈی لینے والے کو وکیل بنائے کہ ہنڈی کم قیمت پر فروخت کرے اور اس بات کا لحاظ رکھا جائے کہ مبادلہ ہونے والی چیزوں میں فرق ہو مثلاً ہنڈی پر جس کرنسی کا ذکر ہے قیمت میں بھی وہی کرنسی نہ ہو لیکن اگر مبادلہ والی چیزوں میں فرق نہ ہو تو پھر یہ طریقہ

بھی مفید نہیں ہے لیکن اگر بینک جو مقدار ہنڈی کی قیمت سے کم کرتا ہے اسے اپنی خدمات کی اجرت شمار کرے اور ہنڈی دینے والا بعد میں ہنڈی لینے والے سے اس کی پوری قیمت وصول کرلے تو جائز ہے۔

بینکنگ کا کاروبار

مسئلہ ۲۸۷۶ : بینکنگ کے کاروبار کی دو قسمیں ہیں۔

۱... ایک قسم تو سود والی ہے جس میں مداخلت کرنا اور شریک ہونا جائز نہیں ہے اور اس میں کام کرنے والے بھی اجرت کے حقدار نہیں ہوتے۔

۲... دوسری قسم وہ ہے جو سودی نہیں ہے اس میں حصہ لینا اجرت پر کام کرنا جائز ہے۔ سود کے معاملے میں اس معاملے سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ بینک مسلمان کا ہو یا غیر مسلم کا دونوں میں فرق صرف یہ ہے کہ مسلم بینک میں سود مجہول المالک مال تصور ہوگا جس میں تصرف کے لیئے حاکم شرع یا اس کے وکیل کی اجازت کی ضرورت ہوگی اور غیر مسلم بینک کے سود میں تصرف کے لیئے اجازت کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ وہاں سے استنقاذ یعنی روپیہ ان کے ہاتھ سے نکالنے کی نیت سے مال لیا جاسکتا ہے۔

بل آف ایکسچینج یا حوالہ

مسئلہ ۲۸۷۷ : مقروض کو حق حاصل ہے کہ اپنے قرض دہندہ کو اس بینک پر حوالہ دے جس میں اس کا اکاؤنٹ ہو یا یہ کہ مقروض بینک کو تحریری طور پر کہے کہ اس کے قرض کا پیسہ قرض دینے والے کو منتقل کیا جائے۔ بینک بھی مجاز ہے کہ اس شخص کو خارج (بیرون ملک) یا داخل (اندرون ملک) میں کسی برانچ پر حوالہ دے کر وہاں سے رقم وصول کرنے کو کہے اور یہ کام انجام دینے پر اجرت لے یہ معاملہ حقیقتاً دو حوالوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ایک مقروض کا حوالہ جو بینک کے نام اور دوسرا بینک کا حوالہ کسی خارجی یا داخلی برانچ پر بہر صورت حوالہ صحیح ہے اس سلسلے میں بینک جو اجرت لیتا ہے اس

کے جائز ہونے کے بارے میں فقہی نقطہ نظر سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ بینک کو یہ حق ہے کہ وہ خارجی یا داخلی برانچ پر حوالہ دینے کی ذمہ داری اپنے سر نہ لے لہٰذا یہ کام انجام دینے پر وہ اجرت لے سکتا ہے۔ ہاں اگر حوالہ دینے والے نے بینک کو دوسری جگہ حوالہ دینے کے لیئے نہ کہا ہو بلکہ یہ کہا ہو کہ بینک میں اس کے موجودہ اکاؤنٹ سے ادا کرے تو پھر بینک اجرت نہیں لے سکتا کیونکہ مقروض کو اپنے شہر میں اپنا قرض ادا کرنے پر کچھ لینا جائز نہیں ہے البتہ اگر بینک میں اس کا اکاؤنٹ نہ ہو اور بینک حوالہ قبول کر کے رقم ادا کر دے اور اس پر اجرت لے لے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۸۷۸ : سابق الذکر مسائل میں اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ بینک عوامی ہو یا حکومت کا ہو یا مشترک ہو۔

انشورنس یا بیمہ

مسئلہ ۲۸۷۹ : اگر حکومت یا کسی بیمہ کمپنی اور پالیسی ہولڈر کے درمیان یہ طے ہو جائے کہ وہ ہر ماہ یا ہر سال ایک خاص رقم دیتا رہے گا تاکہ اسے اگر کوئی نقصان پہنچے تو حکومت یا کمپنی اس کا تدارک کرے تو یہ بیمہ یا انشورنس کہلاتا ہے۔ کبھی بیمہ زندگی کا ہوتا ہے کبھی مال کا، کبھی آگ لگنے کا، کبھی ہوائی جہاز کا، کبھی کشتی وغیرہ کا بیمہ کی دوسری اقسام بھی ہیں جن کا وہی حکم ہے جو اس کی مذکورہ اقسام کا ہے لہٰذا ان کا ذکر کرنا ضروری نہیں۔

مسئلہ ۲۸۸۰ : اس معاملے کے مندرجہ ذیل اجزاء ہیں۔

۱... کمپنی کی پیشکش۔

۲... پالیسی ہولڈر کا قبول کرنا۔

۳... وہ چیز جس کا بیمہ کیا گیا۔ (یعنی زندگی وغیرہ)

۴... اقساط جو پالیسی ہولڈر ہر سال یا ہر ماہ ادا کرتا رہے گا۔

مسئلہ ۲۸۸۱ : یہ ضروری ہے کہ جس چیز کا بیمہ کیا گیا ہو وہ معین ہو اور یہ بھی بیان کیا جانا چاہئے کہ حکومت یا بیمہ کمپنی کس قسم کے نقصان کا تدارک کرنے کی ذمہ داری اٹھائے گی۔ مثلاً غرق

ہونا' آگ لگنا' چوری ہو جانا' مریض ہو جانا' مرجانا' وغیرہ اور یہ بھی معلوم ہونا چاہئے کہ قسط کی کیا مقدار ہوگی۔ ساتھ ابتدا اور انتہا کے لحاظ سے بیمہ کی مدت بھی معین ہونی چاہیے۔

مسئلہ ۲۸۸۲ : بیمہ کی تمام اقسام کو مشروط بخشش قرار دیا جا سکتا ہے یعنی پالیسی ہولڈر بیمہ کمپنی کو اس شرط پر اقساط کی صوررت میں ایک معین رقم بخشش (پریمیم) کے طور پر ادا کرے گا کہ معاملے کے ضمن میں مذکورہ نقصانات اگر پیش آئیں تو کمپنی ان کا تدارک کرے گی۔ اس صورت میں کمپنی پر واجب ہے کہ اس شرط پر عمل کرے۔ پس بیمہ کی تمام اقسام مذکورہ طریقہ پر شرعاً" صحیح ہیں۔ اور اسی طرح اس کو جعالہ بھی قرار دیا جاسکتا ہے جس کے احکام کی توضیح باب جعالہ میں ہو چکی ہے۔

مسئلہ ۲۸۸۳ : اگر حکومت یا بیمہ کمپنی شرط پر عمل نہ کرے تو پالیسی ہولڈر کو حق حاصل ہو گا کہ معاملے کو ختم کر کے اقساط واپس لے لے۔

مسئلہ ۲۸۸۴ : اگر پالیسی ہولڈر اقساط پابندی سے ادا نہ کرے تو بیمہ کمپنی کے لیئے واجب نہیں ہے کہ وہ حادثے کی صورت میں اسے ہرجانہ ادا کرے اور نہ پالیسی ہولڈر اپنی اقساط واپس لے سکتا ہے۔

مسئلہ ۲۸۸۵ : عقد بیمہ کی صحت کے لیئے کوئی خاص مدت معتبر نہیں ہے بلکہ بیمہ کمپنی اور پالیسی ہولڈر جتنی مدت پر متفق ہو جائیں درست ہے۔

مسئلہ ۲۸۸۶ : اگر کمپنی کے حصے دار اس شرط پر کمپنی میں سرمایہ لگائیں کہ اگر ان میں سے کسی کو خاص نقصان پہنچا تو کمپنی اس کا تدارک کرے گی تو کمپنی پر لازم ہے کہ اس شرط پر عمل کرے۔

پگڑی

ان دنوں پگڑی کا معاملہ تاجر اور کاسب لوگوں کے درمیان عام ہے اس کے صحیح ہونے یا نہ ہونے کا قاعدہ یہ ہے اگر مالک کو یہ حق ہو کہ جگہ کا کرایہ بڑھائے یا وقت آنے پر خالی کرائے اور کرایہ دار کرایہ دینے یا جگہ خالی کرنے پر مجبور ہو تو اس صورت میں پگڑی لینا جائز نہیں ہے اور مالک کی اجازت کے بغیر کرایہ پر لی ہوئی جگہ پر تصرف کرنا حرام ہے۔ اگر مالک کو یہ حق نہ ہو کہ کرایہ بڑھائے یا

کرایہ دار کو ہٹائے تو اس صورت میں اس کے لیئے پگڑی لینا جائز ہے چنانچہ آئندہ ذکر ہونے والے مسائل میں صورت حال واضح ہو گی۔

مسئلہ ۲۸۸۷ : اگر حکومت کے اس قانون سے پہلے کہ مالک نہ کرایہ بڑھا سکتا ہے اور نہ کرایہ پر دی ہوئی جگہ کو خالی کرا سکتا ہے کسی نے مکان کرایہ پر دیا ہو اور کرایہ کی زیادتی وغیرہ کے بارے میں شرط بھی نہ کی گئی ہو تو صاحب مکان شرعاً کرایہ بھی بڑھا سکتا ہے اور مکان خالی بھی کرا سکتا ہے لیکن اگر اب کرایہ دار قانون کے تحت نہ کرایہ بڑھائے اور نہ خالی کرنے کو تیار ہو جبکہ ایسے مکانات کا کرایہ کافی بڑھ چکا ہو تب بھی کرایہ دار شرعاً کسی دوسرے سے پگڑی لینے کا حقدار نہیں اور مالک کی اجازت کے بغیر اس کا مکان پر تصرف کرنا غصب اور حرام ہے۔

مسئلہ ۲۸۸۸ : وہ مکانات جو مذکورہ حکومتی قانون کے بعد کرایہ پر دیئے گئے ہوں اور ان کا سالانہ کرایہ ایک ہزار روپے ہو لیکن مالک نے کسی وجہ سے دو سو روپے کرایہ مقرر کر کے دس ہزار روپے کرائے دار سے پگڑی لی ہو اور عقد کے ساتھ یہ بھی طے کرے کہ ہر سال کرایہ کے عقد کی تجدید اسی کرایہ پر ہوگی خواہ پہلا کرایہ دار ہو یا جس کو وہ مکان سپرد کرے تو اگر کرایہ دار دوسرے شخص سے اس طرح کا معاملہ کرے جس طرح مالک نے اس کے ساتھ کیا تھا تو اپنے حق سے دستبردار ہو کر یعنی مکان خالی کرنے پر دوسرے کرایہ دار سے سابقہ پگڑی کے برابر یا اس سے کم یا زیادہ رقم لے کر مکان اس کے سپرد کر سکتا ہے اور مالک بھی طے شدہ شرائط کے مطابق منع نہیں کر سکتا۔

مسئلہ ۲۸۸۹ : بعض اوقات مکانات پگڑی لیئے بغیر کرایہ پر دیئے جاتے ہیں اور کرایہ دار کے ساتھ عقد کے ضمن میں مندرجہ ذیل شرائط طے کی جاتی ہیں۔

۱... مالک مکان' مکان خالی نہیں کرا سکتا اور کرایہ دار مکان میں رہنے کا حقدار ہو گا۔

۲... مالک ہر سال اسی پرانی شرح کے مطابق کرایہ کی تجدید کرے گا۔ اس صورت میں اگر کوئی شخص کرایہ دار کو اس کے حق سے دستبردار ہونے پر کچھ روپیہ دے کر مکان خالی کروائے اور پھر مالک مکان سے کرایہ پر لے تو کرایہ دار مکان سے دستبردار ہونے کے لیئے پگڑی لے سکتا ہے لیکن مکان دوسرے کو دینے اور منتقل کرنے کی خاطر پگڑی نہیں لے سکتا۔

قاعدہ الزام کے بعض فروعات

قاعدہ الزام (حاشیہ) علمائے فقہ کے نزدیک اس اصطلاح کے یہ معنی ہیں کہ کسی فقہ کے ماننے والے کو اس کی اپنی فقہ کے مطابق مسائل پر عمل کرنا واجب ہوتا ہے اور دوسری فقہ کے ماننے والوں پر یہ حکم عائد نہیں ہو سکتا قاعدہ الزام کی چند مثالیں یہ ہیں۔

۱... اہل سنت کے یہاں یہ ضروری ہے کہ عقد نکاح دو گواہوں کی موجودگی میں پڑھا جائے لیکن شیعوں کے یہاں اس کی ضرورت نہیں ہے لہٰذا اگر کوئی سنی بلا گواہوں کے عقد کرے تو اس کا عقد نکاح ان کے عقیدے کے لحاظ سے باطل ہے، لہٰذا ایک شیعہ ایسی عورت کے ساتھ عقد کر سکتا ہے۔

۲... کسی شخص کا اپنی بیوی کی موجودگی میں اس کی بھتیجی یا بھانجی کے ساتھ نکاح کرنا اہل سنت کے نزدیک باطل ہے لیکن شیعوں کے نزدیک اگر عورت اجازت دے تو جائز ہے۔ لہٰذا اگر کوئی سنی کسی عورت کے ساتھ ساتھ اس کی بھتیجی یا بھانجی سے شادی کرے تو عقد باطل ہے اور شیعہ ایسی عورت سے شادی کر سکتا ہے۔

۳... اہل سنت کے یہاں ضروری ہے کہ یائسہ اور نابالغ کے ساتھ اگر دخول ہوا ہے تو عورت طلاق کے بعد عدت رکھے لیکن شیعوں کے یہاں اس کی ضرورت نہیں ہے لہٰذا اگر کسی سنی یائسہ یا نابالغ عورت کو سنی شوہر رجعی طلاق دے اور وہ عورت شیعہ ہو جائے تو وہ اس سنی شوہر سے عدت کے ایام کا نفقہ طلب کر سکتی ہے۔ اسی طرح اگر کسی سنی عورت کا شوہر شیعہ ہو جائے تو اس کی عدت کا لحاظ کیئے بغیر اس کی بہن وغیرہ سے شادی کر سکتا ہے۔

۴... اگر کوئی سنی شخص دو گواہوں کی موجودگی کے بغیر اپنی بیوی کو طلاق دے یا اپنی بیوی کے بدن کے کسی جز مثلاً انگلی وغیرہ پر طلاق دے تو ان کے مذہب میں طلاق صحیح ہے لیکن فقہ جعفریہ میں دونوں صورتوں میں طلاق باطل ہے لہٰذا قانون الزام کی رو سے شیعہ ایسی مطلقہ عورت سے عدت کی مدت گزرنے کے بعد شادی کر سکتا ہے۔

۵... اگر سنی مرد، عورت کی حالت حیض میں یا حیض سے پاک ہونے کی مدت میں (جبکہ وہ

ہم بستری کر چکا ہو) اپنی بیوی کو طلاق دے تو ان کے اعتبار سے طلاق صحیح ہے لہٰذا قانون الزام کی رو سے شیعہ اس عورت سے عدت گزرنے کے بعد شادی کر سکتا ہے۔

۶ ... صرف ابوحنیفہ کے مذہب میں اجباری طلاق صحیح ہے لہٰذا قانون الزام کی رو سے حنفی فقہ کی اجباری طلاق شدہ عورت سے شیعہ نکاح کر سکتا ہے۔

۷ ... اگر سنی یہ قسم کھا لے کہ اگر اس نے فلاں کام انجام دیا تو اس کی بیوی مطلقہ ہوگی تو اس کام کے انجام دینے کی صورت میں ان کی فقہ کے مطابق اس کی بیوی مطلقہ ہو جائے گی اور شیعہ اس سے نکاح کر سکتا ہے اسی طرح ان کی یہاں تحریری طلاق دی جائے تو بھی صحیح ہے اور فقہ جعفریہ میں خط و کتابت کے ذریعے طلاق نہیں ہو سکتی۔ پس جس عورت کو تحریری طور پر طلاق دی گئی ہو شیعہ اس سے عقد کر سکتا ہے۔

۸ ... شافعی مذہب کے مطابق اگر کسی چیز کو اس کے اوصاف بتائے جانے پر خریدا جائے اور بعد میں اسے دیکھنے پر اس میں بتائے ہوئے اوصاف پائے بھی جاتے ہوں تب بھی "خیار رویت" کے قاعدہ کے تحت معاملہ ختم کیا جا سکتا ہے لہٰذا قاعدہ الزام کے مطابق اگر شیعہ کسی شافعی شخص سے کوئی چیز خرید کر دیکھنے کے بعد تمام اوصاف بھی اس میں پائے تب بھی معاملہ ختم کر سکتا ہے۔

۹ ... شافعی مذہب کے مطابق اگر معاملے میں خریدار یا بیچنے والے کو نقصان ہو جائے تو وہ معاملہ ختم کرنے کا حق نہیں رکھتا لیکن ایسی صورت میں فقہ جعفریہ کے مطابق "خیار غبن" کے قانون کی رو سے معاملے کو ختم کیا جا سکتا ہے لہٰذا اگر ایک فریق شافعی مذہب کا ہو' دوسرا جعفری ہو اور شافعی کو معاملے میں نقصان ہو جائے اور جعفری معاملہ ختم کرنے پر تیار نہ ہو تو قاعدہ الزام کے مطابق جعفری کو معاملہ ختم کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔

۱۰ ... بیع مسلم (یعنی بیچی ہوئی چیز کو ایک مدت کے بعد خریدار کے سپرد کرنا) کا عقد صحیح ہونے میں ابوحنیفہ کے قول کے مطابق یہ شرط ہے کہ وہ چیز موجود ہو اور فقہ جعفریہ میں اس کی ضرورت نہیں لہٰذا جعفری اگر کسی حنفی سے مذکورہ طریقے سے کوئی چیز خریدے اور وہ چیز موجود نہ ہو تو حنفی کو معاملہ ختم کرنے پر مجبور کیا جاسکتا ہے اسی طرح اگر دونوں فریق حنفی ہوں لیکن ان میں سے ایک بعد میں جعفری ہو گیا ہو تو وہ حنفی کو اس پر مجبور کر سکتا ہے کہ

معاملہ فسخ کرے۔

۱۱... اگر سنی اپنے بعد ایک لڑکی اور بھائی چھوڑے تو اگر بالفرض بھائی شیعہ ہو جائے یا اس کے مرنے کے بعد شیعہ ہوا ہو تو میراث میں چونکہ لڑکی کا نصف مال ہے باقی اہل سنت کی فقہ کے مطابق قانون تعصیب کی رو سے بھائی کو ملے گا لیکن فقہ جعفریہ میں اگر میت کی اولاد ہو تو اس کے بھائی کو کچھ نہیں ملتا۔ اسی طرح اگر میت کی سگی بہن اور باپ کی طرف سے چچا ہو لیکن چچا جعفری ہو یا اس سنی کے مرنے کے بعد شیعہ ہو گیا ہو تو قانون تعصیب کی رو سے میراث کے بارے میں فائدہ اٹھا سکتا ہے (اگرچہ فقہ جعفریہ میں قانون تعصیب باطل ہے) اور تعصیب کے دوسرے موارد کا بھی یہی حکم ہے۔

۱۲... اہل سنت کے مسلک کے مطابق زوجہ، شوہر کے کل منقول اور غیر منقول ترکے سے حصہ پاتی ہے اور فقہ جعفریہ میں زوجہ نہ تو خود زمین سے اور نہ ہی اس کی قیمت سے حصہ پاتی ہے لیکن عمارت اور درخت کی قیمت سے اسے حصہ دیا جاتا ہے لہٰذا اگر زوجہ شیعہ ہو تو سنی شوہر کے تمام ترکے سے میراث لے سکتی ہے کیونکہ ان کے یہاں مسئلہ ایسا ہی ہے۔

پوسٹ مارٹم کے احکام

مسئلہ ۲۸۹۰ : مسلمان میت کی تشریح (پوسٹ مارٹم) کرنا جائز نہیں ہے اگر اس کی تشریح کی جائے تو دیہ کے احکام کے مطابق تشریح کرنے والے پر دیہ ادا کرنا واجب ہے۔

مسئلہ ۲۸۹۱ : میت کافر کی تشریح جائز ہے اور اگر میت کا مسلمان ہونا مشکوک ہو تو بھی یہی حکم ہے خواہ یہ مسئلہ اسلامی ملک میں پیش آئے یا غیر اسلامی ملک میں، اس مسئلے کے حکم میں کوئی فرق نہیں۔

مسئلہ ۲۸۹۲ : اگر کسی مسلمان کی زندگی مسلمان میت کی تشریح کرنے پر موقوف ہو جائے اور غیر مسلم یا مشکوک الاسلام آدمی کا تشریح کرنا بھی غیر ممکن ہو اور کوئی دوسرا طریقہ بھی اس کی جان بچانے کا نہ ہو تو مسلمان میت کی تشریح کرنا جائز ہے لیکن اس پر دیت واجب ہو گی۔

آپریشن کے احکام

مسئلہ ۲۸۹۳ : مسلمان میت کے کسی عضو مثلاً آنکھ وغیرہ کو اس غرض سے کاٹنا کہ اسے کسی زندہ شخص کے جسم سے ملحق کر دیا جائے، جائز نہیں ہے۔ البتہ اگر کسی مسلمان کی زندگی اس عضو کے کاٹنے پر موقوف ہو تو کاٹنا جائز ہے مگر کاٹنے والے پر دیہ واجب ہوگا۔ اگر کوئی شخص عضو کو جدا کرنے کی بنا پر حرام کا مرتکب ہو تو بنا بر ظاہر اس عضو کا زندہ شخص کے جسم سے الحاق جائز ہے اور چونکہ وہ زندہ شخص کے جسم کا جزو بن گیا ہے اس لیئے الحاق کے بعد اس پر زندہ جسم کے احکام عائد ہوں گے۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر مرنے والا اپنے عضو کے کاٹنے کی وصیت کرے تو کیا صورت ہوگی۔ اس کی دو صورتیں ہیں بنابر ظاہر ایسا کرنا جائز ہے اور کاٹنے والے پر وہ دیت ہوگی جو مردہ مسلمان کی ہوتی ہے۔

مسئلہ ۲۸۹۴ : اگر کوئی شخص راضی ہو کہ اس کا کوئی عضو اس کی زندگی میں کاٹ کر دوسرے کے جسم میں لگا دیا جائے تو اس کے متعلق مندرجہ ذیل تفصیل ہے۔

اگر یہ عضو، اعضائے رئیسہ میں ہو جیسے آنکھ، ہاتھ اور پیر وغیرہ تو جائز ہے اور اگر یہ اعضائے رئیسہ میں سے نہ ہو مثلاً کھال یا گوشت وغیرہ تو جائز ہے بخشش کے طور پر دیئے ہوئے حصے کا عوض لینا بھی جائز ہے۔

مسئلہ ۲۸۹۵ : کسی مریض کو اپنا خون دے کر اس کا عوض لینا بھی اور کسی محتاج مریض کو اپنا خون مفت دینا بھی جائز ہے۔

مسئلہ ۲۸۹۶ : غیر مسلم میت کے اور اس میت کے اعضاء کاٹ کر جس کا مسلمان ہونا مشکوک ہو، مسلمان کے جسم میں آپریشن کے ذریعے لگانا جائز ہے اور یہی حکم نجس حیوان کے اعضاء کے لیئے ہے یعنی اگر کسی شخص کو کسی نجس حیوان کا کوئی عضو کاٹ کر لگا دیا جائے تو وہ لگنے کے بعد اس کا جزو بدن شمار ہوگا اور اس جزو کا ہونا نماز کے لیئے مانع نہیں ہے۔

مصنوعی ذریعہ تولید

مسئلہ ۲۸۹۷ : اجنبی مرد کی منی انجکشن کے ذریعے کسی عورت کے رحم میں پہنچانا جائز نہیں ہے اور یہ کام خود اس کا شوہر انجام دے یا کوئی اجنبی انجام دے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔ اس طرح اگر کوئی بچہ پیدا ہو گا تو وہ صاحب نطفہ اجنبی شخص کی اولاد شمار ہو گا۔ یہ بچہ ارث اور نسب کے تمام احکام میں اس کی باقی اولاد کی مانند ہو گا۔ ارث سے وہ بچہ مستثنیٰ رہتا ہے جو زنا سے پیدا ہو لیکن یہاں مسئلہ اس سے جدا ہے اگرچہ نطفہ منعقد کرنے کا یہ عمل حرام ہے۔ عورت ایسے بچے کی ماں قرار پائے گی اور تمام احکام نسب اس پر عائد ہوں گے۔ اس کے دیگر بچوں میں اور اس بچے میں کوئی فرق نہ ہو گا۔ اسی طرح اگر عورت اپنے شوہر کی منی کسی دوسری عورت کے رحم میں کسی طرح (مثلاً مساحقہ کے ذریعہ) پہنچائے اور وہ عورت حاملہ ہو جائے تو پیدا ہونے والا بچہ اس شخص کا ہو گا جس کی یہ منی ہے۔ ماں اور بچے پر وہ تمام احکام لاگو ہوں گے جو عموماً ماں اور بچے پر ہوتے ہیں۔

مسئلہ ۲۸۹۸ : اگر کسی مرد کی منی مصنوعی طور پر مصنوعی بچہ دانی میں (جسے بے بی ٹیوب کہتے ہیں) بچہ پیدا کرنے کی غرض سے رکھ دی جائے تو یہ کام جائز ہے اور بظاہر بچہ اس کا ہو گا جس کی منی ہو اور ان کے درمیان وہ تمام احکام جاری ہوں گے جو ایک باپ اور بیٹے کے درمیان ہوتے ہیں۔ اس قسم کے بچے اور دوسرے بچوں میں صرف یہ فرق ہے کہ اس کی ماں نہیں ہے لیکن منی کو حلال طریقہ سے حاصل کیا جائے۔

مسئلہ ۲۸۹۹ : شوہر کی منی زوجہ کے رحم میں مصنوعی طریقے سے پہنچانا جائز نہیں ہے اور اس سے پیدا ہونے والا بچہ عام اولاد کی طرح ہے لیکن اگر انجکشن لگانے والا اجنبی ہو اور انجکشن عورت کی شرمگاہ کو دیکھنے یا چھونے کا سبب ہو تو یہ کام جائز نہیں ہے بلکہ انجکشن شرم گاہ میں لگانا حرام ہے۔ اگر لگانے والا شرم گاہ نہ دیکھے اور نہ ہی چھوئے بلکہ اگر خود شوہر ہی کیوں نہ ہو۔

حکومت کی عام سڑکوں کے احکام

مسئلہ ۲۹۰۰ : لوگوں کے ذاتی مکان اور جائداد وغیرہ منہدم کر کے حکومت جو سڑکیں بناتی ہے ان پر چلنا بظاہر جائز ہے کیونکہ اب وہ جگہیں تلف اور ضائع شدہ مال کے حکم میں ہوں گی جیسے ٹوٹا ہوا مٹی کا برتن وغیرہ۔ اگرچہ اب بھی مالک کو اس زمین وغیرہ کی نسبت مقدم شمار کیا جائے گا لیکن اگر دوسرے لوگ تصرف کریں تو بھی جائز ہے اور سڑک بننے کے بعد جو کم و بیش حصے کسی کی زمین کے باقی رہ گئے ہوں اگر ان کو حکومت غصب کر کے بیچ ڈالے تو ان کی خرید و فروخت جائز نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۹۰۱ : اگر کوئی شارع عام بناتے ہوئے کوئی مسجد بھی زد میں آجائے اور اسے توڑ دیا جائے اور سڑک بن جائے تو اس پر احکام مسجد جاری نہیں ہوتے مثلاً جنابت کی حالت میں وہاں جانا یا اس جگہ کو نجس کرنا وغیرہ حرام نہیں ہے اگرچہ احتیاط یہ ہے کہ مسجد کے احکام کا لحاظ کیا جائے۔ چونکہ مسجد وقف تھی لہٰذا اس کی باقی ماندہ چیزوں پر تصرف کرنا اور خرید و فروخت کرنا جائز نہیں ہے مگر یہ کہ حاکم شرع یا اس کے وکیل کی اجازت حاصل کی جائے اور یہ چیزیں اس کے قریب والی مسجد پر صرف کی جائیں۔ مذکورہ حکم سے ان مدارس اور امام باڑوں کا حکم بھی معلوم ہوا جو کسی وقت سڑک بنانے میں شامل کیے جائیں۔

مسئلہ ۲۹۰۲ : جو سڑکیں مسجد یا مدرسہ یا حسینیہ کی زمین سے نکالی گئی ہوں ان پر چلنا جائز ہے۔

مسئلہ ۲۹۰۳ : منہدم کی گئی مسجد سے اگر کچھ حصہ باقی رہ گیا ہو اور نماز و دیگر عبادات کے لیئے اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے تو اس پر مسجد کے احکام جاری ہوں گے لیکن اگر کوئی ظالم شخص اس باقی ماندہ حصے کو اس طرح بدل دے کہ اس سے مسجد کا فائدہ نہ اٹھایا جا سکے مثلاً (اس کو دکان یا تجارت خانہ یا گھر بنائے تو اگر اس پر تصرف اور اس سے فائدہ اٹھانا احکام مسجد کے خلاف نہ ہو مثلاً کھانا پینا اور سونا وغیرہ بلاشبہ اس قسم کا فائدہ اٹھانا جائز ہے چونکہ اس کو مسجد ہونے سے غاصب نے روکا ہے اس لیئے اب وہاں عبادت نہیں ہو سکتی لیکن دوسرے تصرفات کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ مثلاً اس کو کاشت کی کھیتی بنا دیا جائے۔

مسئلہ ۲۹۰۴ : مسلمانوں کے قبرستان سے اگر سڑک بنائی جائے تو اگر وہ زمین کسی کی ملکیت ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو بیان کیا جا چکا ہے اور اگر وقف ہو تو اوقاف کا حکم ہو گا بشرطیکہ وہاں سے گزرنا اور عبور کرنا مسلمان میتوں کی بے حرمتی کا سبب نہ ہو ورنہ وہاں سے گزرنا جائز نہیں ہے۔ اگر قبرستان کی زمین وقف ہو اور کسی کی ملکیت نہ ہو اور وہاں سے گزرنا بے حرمتی کا بھی باعث نہ ہو تو عبور کرنا جائز ہے۔ قبرستان کے اس باقی ماندہ حصے کا وہی حکم ہے جو ذکر کیا چکا ہے۔

نماز اور روزہ کے جدید مسائل

مسئلہ ۲۹۰۵ : اگر کوئی شخص ماہ رمضان میں افطار کے بعد ہوائی جہاز پر مغرب کی سمت سفر کرے اور وہاں پہنچے جہاں ابھی مغرب کا وقت نہ ہوا ہو تو بظاہر اس دن وہاں کے اعتبار سے مغرب تک امساک کرنا واجب نہیں ہے کیونکہ اس کا روزہ اپنے شہر میں پورا ہو چکا ہے جیسا کہ آیت کریمہ **ثم اتموا الصیام الی اللیل** سے ظاہر ہے۔

مسئلہ ۲۹۰۶ : اگر کوئی شخص صبح کی نماز اپنے شہر میں پڑھ کر مغرب کی طرف چلا جائے اور ایسی جگہ پہنچ جائے جہاں ابھی طلوع فجر نہ ہوا ہو اور اسی طرح اگر ظہر یا مغرب کی نماز پڑھ کر سفر کرے اور کسی ایسے مقام پر پہنچے جہاں ابھی ظہر یا مغرب کا وقت نہ ہوا ہو تو ان تمام صورتوں میں دوبارہ نماز ادا کرنے کی ضرورت نہیں اگرچہ بطور احتیاط مستحب دوبارہ بجا لائے۔

مسئلہ ۲۹۰۷ : اگر کوئی شخص سورج نکلنے کے بعد یا سورج غروب ہونے کے بعد اپنے شہر سے نکلے جبکہ نماز صبح یا ظہرین ادا نہ کی ہوں اور ایسے مقام پر پہنچے جہاں طلوع آفتاب نہ ہوا ہو یا سورج نہ ڈوبا ہو تو اس صورت میں نماز دوبارہ ادا کرنا لازم نہیں اور بہتر یہی ہے کہ احتیاط بجالائے۔

مسئلہ ۲۹۰۸ : اگر ہوائی جہاز میں قبلے کی سمت معلوم ہو سکے اور باقی شرائط نماز بھی مہیا ہو سکیں تو نماز پڑھنا جائز ہے ورنہ اگر وقت میں وسعت ہو اور شرائط مہیا نہ ہوں تو جائز نہیں ہے لیکن اگر وقت تنگ ہو اور جہاز سے اترنے کی فرصت نہ ہو تو اگر قبلے کی سمت معلوم کر سکے تو ٹھیک ورنہ جس طرف گمان ہو اسی جانب نماز پڑھے اور اگر قبلے کا علم نہ ہو سکے اور نہ کسی خاص طرف قبلہ ہونے کا

گمان ہو تو پھر جس طرح چاہے نماز پڑھے اگرچہ اس صورت میں احتیاط یہ ہے کہ چاروں سمت نم پڑھے مذکورہ حکم اس وقت کے لیئے ہے جب روبقبلہ ہونا ممکن ہو ورنہ قبلے کا لحاظ ساقط ہے۔

مسئلہ ۲۹۰۹ : اگر کوئی ایسے ہوائی جہاز سے سفر کرے جس کی سرعت زمین کی سرعت کے برابر ہو اور وہ مشرق سے مغرب کی طرف زمین کے گرد کسی مدت تک پرواز کرے تو بنابر احتیاط چوبیں گھنٹوں میں پانچ نمازیں ادا کرے۔

روزہ بظاہر واجب نہیں ہے کیونکہ اگر سفر میں رات ہو تو واضح ہے اور اگر دن میں ہو تو ایسے سفر میں روزہ واجب ہونے کی کوئی دلیل نہیں ملتی لیکن اگر جہاز کی سرعت اتنی ہو کہ بارہ گھنٹوں میں زمین کے گرد چکر لگاتا ہو تو ہر نماز کا وقت آنے پر متعین نماز کے واجب ہونے کو شرعی دلیل سے ثابت کرنا مشکل ہے بلکہ بنا بر احتیاط ہر چوبیں گھنٹوں میں پانچ نمازیں ادا کی جائیں۔

اگر جہاز مغرب سے مشرق کی طرف پرواز کر رہا ہو اور اس کی سرعت زمین کی سرعت کے برابر ہو یا اس سے کم ہو تو ظاہر یہ ہے کہ چوبیں گھنٹوں کی مدت میں پانچ نمازیں واجب ہوں گی لیکن اگر اس کی سرعت رفتار زمین سے زیادہ ہو مثلاً تین گھنٹے یا اس سے کم مدت میں ایک بار زمین کے گرد چکر لگا ہو تو اس کی نمازوں کا حکم گذشتہ مسئلے سے واضح ہو گا۔

مسئلہ ۲۹۱۰ : اگر مسافر ان سفر کرنے والوں میں سے ہو جن پر روزہ واجب ہوتا ہے اور وہ صبح روزہ رکھ کر ہوائی جہاز سے سفر کر کے وہاں پہنچے جہاں ابھی تک صبح نہ ہوئی ہو تو بظاہر اس کے لیئے روزہ سے رہنا واجب نہیں ہے کیونکہ شب میں روزہ رکھنا جائز نہیں ہے۔

مسئلہ ۲۹۱۱ : اگر روزہ دار زوال کے بعد اپنے شہر سے سفر کر کے وہاں پہنچے جہاں ابھی تک سورج نہ ڈوبا ہو (جبکہ اس کے شہر میں سورج ڈوب چکا ہو) تو بنابر ظاہر اس کے لیئے امساک کر کے روزے تمام کرنا واجب ہو گا کیونکہ اس کے لیئے جو اپنے شہر سے بعد از زوال نکلے حکم یہ ہے کہ رات تک روزہ رکھے۔

مسئلہ ۲۹۱۲ : اگر کوئی شخص ایسی جگہ رہتا ہو جہاں کا دن چھ مہینے کا اور رات چھ مہینے کی ہو وہ وہاں سے ایسی جگہ کی طرف ہجرت کر سکتا ہو جہاں نماز اور روزہ ادا کر سکتا ہو تو ہجرت کرنا واجب

ورنہ وہ بنابر احتیاط ہر چوبیس گھنٹوں میں پانچ نمازیں ادا کرے اور تعین وقت کے لیئے اس قریبی جگہ کی طرف رجوع کرے جہاں کے شب و روز عادی ہوں۔

لاٹری (قسمت آزمائی) کے ٹکٹ

بعض اوقات کسی کمپنی کی طرف سے ٹکٹ فروخت کیئے جاتے ہیں اور کمپنی معاہدہ کرتی ہے کہ جو انعام دیا جائے گا اس کے لیئے خریداروں کے درمیان قرعہ اندازی ہوگی اس کے احکام کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

مسئلہ ۲۹۱۳: اگر انعامی ٹکٹ کوئی اس احتمال کی بنا پر خریدے کہ انعام میرے نام پر نکلے گا تو بااشکال ٹکٹ خریدنا حرام ہے۔ بالفرض اگر اس فعل حرام پر انعام نکل آئے تو اگر قسمت آزمانے والی کمپنی حکومت کی طرف سے ہو تو اگر حکومت غیر اسلامی ہو تو اس کا خمس نکالا جائے گا اور یہ خمس سالانہ خمس میں سے حساب نہیں ہوگا لہٰذا اس کا خمس نکالنے کے بعد سال کے آخر میں اس باقی مال میں سے کچھ باقی ہو تو اس کا دوبارہ خمس نکالنا ہوگا اور اگر کمپنی حکومتی نہ ہو تو اگر اس کا مالک مسلمان نہ ہو تو بھی یہی حکم ہے۔ اور اگر حکومت اسلامی بھی ہو یعنی بظاہر سربراہ حکومت یہ دعویٰ رکھتے ہوں کہ ان کی حکومت اسلامی ہے یا کمپنی کسی مسلمان کی ہو تو اگر کمپنی کا مالک خواہ حکومت یا کوئی اور شخص ہو ہر حال میں راضی بھی ہو تو اس جیسے انعام میں تصرف کرنا اشکال سے خالی نہیں۔ اگر ٹکٹ خریدنے والا ٹکٹ کا پیسہ مفت دے مثلاً قصد ہو کہ کسی خیراتی کام میں شرکت ہو اور انعام حاصل کرنا مقصد نہ ہو تو انعام اگر حکومت کی کمپنی کی طرف سے ہو تو اس صورت میں بھی گذشتہ تفصیل مدنظر رکھی جائے اگر ٹکٹ خریدنے والا ٹکٹ کی قیمت قرض کی نیت سے دے اور اسے یہ حق ہو کہ قرعہ اندازی کے بعد دی ہوئی رقم واپس لے لے لیکن اس قرض کے دینے میں یہ شرط ہو کہ کمپنی سے ایک ٹکٹ بھی خریدے جس کے وسیلے سے اگر قرعہ اندازی میں اس کا نام نکلے تو اسے انعام دیا جائے تو معاملہ حرام ہے کیونکہ یہ سود والے قرضے میں شمار ہوتا ہے۔ اور اگر اس کو جعالہ قرار دیا جائے یعنی عرف عام کی نظر میں خود ٹکٹ ایک باقیمت اور مالیت دار سمجھا جائے اور ٹکٹ یا بانڈ جاری کرنے والا یہ کہے جو بھی شخص یہ خریدیں گے تو قرعہ اندازی کے بعد جس کا نام قرعہ میں نکلے گا اسے انعام دیا جائے گا تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

نذورات

مسئلہ ۲۹۱۴ : جو لوگ شرعی صیغے کے بغیر اپنی نذورات کی رقوم منبر یا کسی صندوق میں ڈالیں ان کے لیئے حسب ذیل صورتیں ہیں۔

۱ ... نذر دینے والا خود یہ اعلان کرے کہ یہ رقم کسی بھی نیک کام پر صرف کی جائے یا کسی خاص کام پر صرف کی جائے۔

۲ ... منبر یا صندوق جس شخص کی تحویل میں ہو وہ رقم کی ادائیگی سے پہلے یا اس کے بعد اس بات کا اظہار کرے کہ یہ رقم کسی بھی نیک کام پر خرچ کی جائے گی یا کسی خاص کام پر استعمال ہوگی اور نذر کرنے والا شخص اس پر رضامندی کا اظہار کرے یا خاموش رہے۔

۳ ... یہ کہ نذر کرنے والا کسی ایک امام یا حضرت عباسؑ کے لیئے شرعی صیغہ کے بغیر نذر کرے یا ان کے نام کے صندوق میں بغیر کسی نیت کے رقم ڈالے اور تصرف کرنے والے کو اختیار دے کہ جیسے چاہے صرف کرے یا یہ کہ اس کا تصرف بعد میں طے کرے۔

۴ ... یہ کہ شرعی صیغہ کے بغیر چادر وغیرہ علم پر چڑھائے اور بعد میں تصرف کرنے والے کو اجازت دے کہ وہ اس چیز کو مجلس عزاء وغیرہ میں استعمال کرے۔

مندرجہ بالا صورتوں میں جس جس عمل کا ذکر کیا گیا ہے وہ جائز ہے۔

ضبط تولید اور اسقاط حمل

مسئلہ ۲۹۱۵ : عورت کے لیئے ایسی مانع حمل چیز کا استعمال جائز ہے جو زیادہ نقصان دہ نہ ہو خواہ اس کا شوہر اس چیز کے استعمال پر راضی نہ بھی ہو لیکن اس کے لیئے اسقاط حمل جائز نہیں خواہ وہ نطفے کی حالت میں ہی ہو۔

درآمد کردہ چمڑا اور جوتا

مسئلہ ۲۹۱۶ : جو چمڑا یا جوتا کسی غیر اسلامی ملک سے درآمد کیا گیا ہو یا کسی کافر سے لیا گیا ہو یا ایسے مسلمان سے لیا گیا ہو جس نے وہ کسی کافر سے حاصل کیا ہو اور یہ علم نہ ہو کہ یہ کسی ایسے حیوان کا ہے جسے شرع کے مطابق ذبح کیا گیا ہے یا نہیں تو وہ چمڑا یا جوتا نجس ہے اور اس کی تری لگنے سے جسم یا کپڑا نجس ہو جائے گا اس پر نماز پڑھنا جائز نہیں۔

الکحل یا اسپرٹ

مسئلہ ۲۹۱۷ : جو الکحل یا اسپرٹ لکڑی یا کسی اور چیز سے حاصل کی جائے وہ نجس ہے اسی طرح خوشبویات (پرفیوم) اور پالش میں شامل وہ موم بھی نجس ہیں جن میں الکحل ہو۔

اقساط

مسئلہ ۲۹۱۸ : جب مال کی نقد اور ادھار قیمتیں ایک دوسری سے مختلف ہوں اور مال خریدتے اور بیچتے وقت یہ علم ہو کہ یہ سودا نقد ہو رہا ہے یا ادھار اور کتنی قیمت پر ہو رہا ہے تو ایسا معاملہ صحیح ہے خواہ قرض کی ادائیگی یکمشت کی جائے یا اقساط میں کی جائے۔ لیکن یہ جائز نہیں کہ ادھار کی صورت میں قیمت کا کچھ حصہ مال کے عوض اور کچھ حصہ تاخیر کے عوض ہو۔

سونے کے دانت

مسئلہ ۲۹۱۹ : مرد کے لیئے سونا پہننا (مثلاً ایسی زنجیر، لاکٹ، انگوٹھی، گھڑی کی چین یا عینک کا فریم استعمال کرنا جو سونے سے بنا ہو) جائز نہیں اور حرام ہے لیکن دانت پر سونے کا خول چڑھانے میں کوئی حرج نہیں خواہ وہ زینت کے لیئے ہی ہو۔

داڑھی کا منڈوانا

مسئلہ ۲۹۲۰ : داڑھی منڈوانا حرام ہے اور اسی طرح داڑھی منڈوانے کی اجرت لینا بھی حرام ہے لیکن اگر داڑھی نہ منڈوانے والے کو اس بنا پر مذاق کا نشانہ بنایا جائے اور اسے ایسی سخت ذلت اٹھانی پڑے جو عقلاء کے نزدیک ناقابل برداشت ہو تو اس صورت میں اس کا داڑھی منڈوانا جائز ہے۔

وہ شوہر جو اپنی زوجہ کو نان و نفقہ نہ دے

مسئلہ ۲۹۲۱ : اگر ایک شوہر ظلم، نفرت، بددیانتی یا اقتصادی بدحالی کی بنا پر اپنی زوجہ کو نان و نفقہ نہ دے اور اسے طلاق بھی نہ دے تو حاکم شرع یا اس کا وکیل اسے نان و نفقہ دینے یا طلاق دینے میں سے کسی ایک عمل کا حکم دے سکتا ہے اور اگر وہ اس حکم کی تعمیل سے انکار کرے تو حاکم شرع یا اس کا وکیل طلاق کا صیغہ جاری کر سکتا ہے۔ یہی حکم اس عورت کے بارے میں ہے جو ظلم، جان جانے یا سخت مشقت کے خوف سے شوہر کے گھر نہ جائے اور اس سے نان و نفقہ طلب کرے۔ اگر شوہر اسے نان و نفقہ نہ دے تو حاکم شرع یا اس کا وکیل اسے نان و نفقہ دینے کا حکم دے سکتا ہے اور اگر وہ اس حکم کی تعمیل نہ کرے تو طلاق کا صیغہ جاری کر سکتا ہے۔

التماس سورہ فاتحہ برائے تمام مرحومین

۱) شیخ صدوق
۲) علامہ مجلسی
۳) علامہ اظہر حسنین
۴) علامہ سید علی نقی
۵) بیگم و سید عابد علی رضوی
۶) بیگم و سید احمد علی رضوی
۷) بیگم و سید رضا امجد
۸) بیگم و سید علی حیدر رضوی
۹) بیگم و سید سید حسن
۱۰) بیگم و سید مردان حسین جعفری
۱۱) بیگم و سید جار حسین
۱۲) بیگم و مرزا توحید علی
۱۳) سید حسین عباس فرحت
۱۴) بیگم و سید جعفر علی رضوی
۱۵) سید نظام حسین زیدی
۱۶) سیدہ ممتاز زہرہ
۱۷) سیدہ رضویہ خاتون
۱۸) سید نجم الحسن
۱۹) سید مبارک رضا
۲۰) سید جنیت حیدر نقوی
۲۱) بیگم و مرزا محمد ہاشم
۲۲) سید باقر علی رضوی
۲۳) بیگم و سید باسط حسین
۲۴) سید عرفان حیدر رضوی
۲۵) بیگم و اخلاق حسین
۲۶) سید ممتاز حسین
۲۷) بیگم و سید اختر عباس
۲۸) سید محمد علی
۲۹) سیدہ رضیہ سلطان
۳۰) سید مظفر حسنین
۳۱) سید باسط حسین نقوی
۳۲) اقلام محی الدین
۳۳) سید ناصر علی زیدی
۳۴) سید وزیر حیدر زیدی
۳۵) ریاض الحق
۳۶) خورشید بیگم

رسالۂ عملیہ

توضیح المسائل

مُطابق فتاویٰ

اعلم العُلماء والمجتہدین رئیس الملّۃ والدین
زعیم الحوزۃ العلمیۃ آیۃ اللہ العظمیٰ

آقائے حاج سیّد علی حُسینی سیستانی دام ظلہ الوارف

یکے از مطبوعات

جامعہ تعلیمات اسلامی

پوسٹ بکس نمبر ۵۴۲۵ کراچی۔ پاکستان

کتاب: توضیح المسائل

فتاویٰ: حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید علی حسینی سیستانی (مدظلہ)

ناشر: جامعہ تعلیمات اسلامی پاکستان کراچی

کمپوزنگ: عبیداللہ

طبع اول: شعبان المعظم ۱۴۱۴ھ

سولہویں اشاعت: مئی ۲۰۰۵ء

طابع: رضا حسین رضوانی

مطبع: محراب پریس۔ کراچی

قیمت: -/۱۲۵ روپے

بسمہ تعالیٰ

عمل باین رسالہ شریفہ مجزی و مبری

ذمہ است ان شاء اللہ تعالیٰ

علی الحسینی السیستانی

۱۸/۵/۱۴۱۳ھ

بسمہ تعالیٰ

اس کتاب مستطاب کے مطابق عمل بجالانے سے آپ جوابدہی سے بری الذمہ ہوں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

۱۸/ جمادی الاول ۱۴۱۳ھ

دستخط

(مہر مبارک)

مکلف کے لئے وہ تمام مسائل سیکھنا لازم ہے جن کے بارے میں احتمال ہے کہ نہ سیکھنے کی وجہ سے خدا کی معصیت میں مبتلا ہوسکتا ہے، یعنی کسی واجب کو ترک کرنے یا کسی حرام کو انجام دینے کا مرتکب ہوسکتا ہے۔

(آقائے سیستانی، توضیح المسائل، مسئلہ ۹)

علمِ فقہ: علمِ حلال وحرام

فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوْا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ .

سورۂ مبارکہ توبہ - آیت ۱۲۲

سَأَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ عَنْ أَفْضَلِ الْأَعْمَالِ فَقَالَ: اَلْعِلْمُ بِاللهِ وَالْفِقْهُ فِيْ دِيْنِهِ، وَكَرَّرَهُمَا عَلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! أَسْأَلُكَ عَنِ الْعَمَلِ فَتُخْبِرُنِيْ عَنِ الْعِلْمِ؟!.
فَقَالَ: إِنَّ الْعِلْمَ يَنْفَعُكَ مَعَهُ قَلِيْلُ الْعَمَلِ، وَإِنَّ الْجَهْلَ لَا يَنْفَعُكَ مَعَهُ كَثِيْرُ الْعَمَلِ .

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تنبیہ الخواطر صفحہ ۶۶

○

«مِنْ وَصَايَا أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِابْنِهِ الْحَسَنِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ »: ... أَبْتَدِئُكَ بِتَعْلِيْمِ كِتَابِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ وَتَأْوِيْلِهِ، وَشَرَائِعِ الْإِسْلَامِ وَأَحْكَامِهِ، وَحَلَالِهِ وَحَرَامِهِ، لَا أُجَاوِزُ ذٰلِكَ بِكَ إِلٰى غَيْرِهِ .

امیرالمومنین امام علی علیہ السلام - نہج البلاغہ مکتوب ۳۱

○

تَفَقَّهُوْا فِيْ دِيْنِ اللهِ فَإِنَّ الْفِقْهَ مِفْتَاحُ الْبَصِيْرَةِ، وَتَمَامُ الْعِبَادَةِ وَالسَّبَبُ إِلَى الْمَنَازِلِ الرَّفِيْعَةِ وَالرُّتَبِ الْجَلِيْلَةِ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا، وَفَضْلُ الْفَقِيْهِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِ الشَّمْسِ عَلَى الْكَوَاكِبِ، وَمَنْ لَّمْ يَتَفَقَّهْ فِيْ دِيْنِهِ لَمْ يَرْضَ اللهُ لَهُ عَمَلاً .

امام موسیٰ کاظمؑ - بحارالانوار

بسم اللہ وبہ نستعین

ضروری تذکرہ

تفہیم فقہ کی یہ کتاب شیعوں کے مرجع اعلیٰ حضرت آیت اللہ العظمیٰ آقائے سید علی حسینی سیستانی مدظلہ العالی کے فتوؤں پر مشتمل ہے تاکہ آپ کے مقلدین روزمرہ پیش آنے والے مسائل کا ''شرعی حکم'' معلوم کرسکیں۔

اس ایڈیشن کی فارسی کتاب سے تطبیق اور اصلاح ونظر کے لئے ہم حجۃ الاسلام غلام رضا روحانی صاحب اور جناب مولانا سید ذوالفقار علی زیدی صاحب کے شکر گزار ہیں۔ نیز یہ کہ پروف ریڈنگ کے وقت حتی الامکان احتیاط برتی گئی ہے لیکن امکان خطا کے پیش نظر التماس ہے کہ دوران مطالعہ اگر آپ کوئی خامی محسوس کریں تو مہربانی فرماکر ہمیں ضرور آگاہ کیجئے تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس فروگزاشت کو دور کیا جاسکے۔

دعا ہے کہ خداوند منان ہماری اس خدمت کو اپنی بارگاہ عالی میں قبول فرمائے اور ہمیں شریعت اسلام کی خدمت کا زیادہ سے زیادہ موقع عنایت فرمائے۔ وھو ولی التوفیق۔

(ادارہ)

مجتہد کی تقلید

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کا ارشادِ گرامی ہے:

''لوگوں کو چاہئے کہ فقہاء (یعنی احکام شریعت کو تفصیل و تحقیق کے ساتھ جاننے والے مجتہدین) میں سے جو شخص اپنے آپ کو گناہوں سے بچاتا ہو، اپنے دین کی حفاظت کرتا ہو (یعنی اپنے دین پر سختی سے قائم ہو) اپنی نفسانی خواہشات کا غلام نہ ہو اور احکام الٰہی کی اطاعت کرتا ہو اس کی تقلید کریں۔'' اس کے بعد امام علیہ السلام نے فرمایا: ''یہ اوصاف معدودے چند شیعہ فقہاء میں ہیں، سب میں نہیں۔'' (احتجاج طبرسی، جلد۲، صفحہ۲۶۳)

ولی عصر حضرت امام مہدی عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف فرماتے ہیں:

''غیبت کبریٰ کے زمانے میں پیش آنے والے حالات کے سلسلے میں ہماری حدیثوں کو بیان کرنے والے راویوں کی طرف رجوع کرو کیونکہ وہ ہماری طرف سے تم پر اسی طرح حجت ہیں جس طرح ہم اللہ کی طرف سے حجت ہیں۔'' (کمال الدّین وتمام النعمہ شیخ صدوقؒ)

ائمہ کرامؑ کے مندرجہ بالا فرمودات کے پیشِ نظر ان تمام لوگوں پر جو درجۂ اجتہاد پر فائز نہیں ہیں، اپنے زمانے کے جامع الشرائط مجتہد کی تقلید کرنا واجب ہے کیونکہ اس کے بغیر ان کی عبادات اور ایسے تمام اعمال جن میں تقلید ضروری ہے باطل ہو جاتے ہیں۔

اسلام عزیز کی شریعت غرہ کے فروعی مسائل کا تفصیلی مآخذ (قرآن، حدیث، اجماع، عقل) سے شرعی حکم استنباط کرنے کا نام اجتہاد ہے اور مجتہد کے بتائے ہوئے فتوؤں کو بغیر دلیل کے جاننا اور ان پر عمل کرنا تقلید ہے۔ جو شخص رتبۂ اجتہاد حاصل کر چکا ہو اس کے لئے تقلید کرنا جائز نہیں البتہ جو خود مجتہد نہ ہو اس پر تقلید کرنا واجب ہے۔ اگرچہ اجتہاد اور تقلید کے علاوہ ایک تیسری صورت بھی ممکن ہے یعنی یہ کہ احتیاط پر عمل کیا جائے لیکن یہ ہر ایک کے بس کی بات نہیں ہے۔ احتیاط پر وہی شخص عمل کر سکتا ہے جو مختلف مسائل میں تمام مجتہدین کے اختلافی فتوؤں سے پوری طرح باخبر ہو اور ایسا طریقۂ عمل اختیار کر سکے جس میں جامعیت پائی جاتی ہو۔ ظاہر ہے کہ یہ کام بھی تقریباً اجتہاد ہی کی طرح دشوار اور مشکل ہے۔ پس ہمارے لئے دو ہی صورتیں باقی رہ جاتی ہیں یعنی یا مجتہد بنیں یا پھر مجتہد کی تقلید کریں۔

(ادارہ)

فہرست

عنوانات — صفحہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَشْرَفِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّآلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ، وَاللَّعْنَۃُ الدَّائِمَۃُ عَلٰی اَعْدَائِھِمْ اَجْمَعِیْنَ مِنَ الْاٰنَ اِلٰی قِیَامِ یَوْمِ الدِّیْنِ۔

احکام تقلید

مسئلہ (۱) ہر مسلمان کے لئے اصول دین کو از روئے بصیرت جاننا ضروری ہے۔ اصول دین میں تقلید نہیں کی جا سکتی یعنی یہ نہیں ہو سکتا کہ کوئی شخص اصول دین میں کسی صاحب علم کی بات صرف اس وجہ سے مانے کہ وہ کہہ رہا ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص اسلام کے صحیح عقائد پر یقین رکھتا ہو اور اس کا اظہار کرتا ہو اگرچہ یہ اظہار از روئے بصیرت نہ ہو تب بھی وہ مسلمان اور مومن ہے اور اس پر ایمان اور اسلام کے تمام احکام جاری ہوں گے۔

جہاں تک دینی احکام کا تعلق ہے، ''مسلمہ اور قطعی امور'' کو چھوڑ کر باقی احکامات میں ضروری ہے کہ انسان یا تو خود مجتہد ہو جو احکام کو دلیل کے ذریعے حاصل کر سکے یا کسی مجتہد کی تقلید کرے یا از راہ احتیاط اپنا فریضہ یوں ادا کرے کہ اسے یقین ہو جائے کہ اس نے اپنی شرعی ذمہ داری پوری کر دی ہے۔ مثلاً اگر چند مجتہد کسی عمل کو حرام قرار دیں اور چند دوسرے کہیں کہ حرام نہیں ہے تو اس عمل سے باز رہے اور اگر بعض مجتہد کسی عمل کو واجب اور بعض مستحب گردانیں تو اسے بجالائے۔ لہٰذا جو اشخاص نہ تو مجتہد ہوں اور نہ ہی احتیاط پر عمل پیرا ہو سکیں ان کے لئے واجب ہے کہ مجتہد کی تقلید کریں۔

(۲) دینی احکامات میں تقلید کا مطلب یہ ہے کہ کسی مجتہد کے فتوے پر عمل کیا جائے اور ضروری ہے کہ جس مجتہد کی تقلید کی جائے وہ مرد۔ بالغ۔ عاقل۔ شیعہ اثنا عشری۔ حلال زادہ۔ زندہ اور عادل ہو۔

عادل وہ شخص ہے جو ان تمام کاموں کو بجالائے جو اس پر واجب ہیں اور ان تمام کاموں کو ترک کرے جو اس پر حرام ہیں۔ عادل ہونے کی نشانی یہ ہے کہ وہ بظاہر ایک اچھا شخص ہو اور اس کے اہل محلہ، ہمسایوں یا ہم نشینوں سے اس کے بارے میں دریافت کیا جائے تو وہ اس کی اچھائی کی تصدیق کریں۔

اگر یہ بات اجمالاً معلوم ہو کہ در پیش مسائل میں مجتہدین کے فتوے ایک دوسرے سے مختلف ہیں تو ضروری ہے کہ اس مجتہد کی تقلید کی جائے جو ''اعلم'' ہو یعنی اپنے زمانے کے دیگر مجتہدین کی نسبت احکام الٰہی کو

سمجھنے کی بہتر صلاحیت رکھتا ہو۔

(۳) مجتہد اور اعلم کی پہچان تین طریقوں سے ہو سکتی ہے:

(۱) کسی انسان کو خود یقین آ جائے، مثلاً وہ ایسا شخص ہو جو خود صاحب علم ہو اور مجتہد اور اعلم کو پہچاننے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ (۲) دو ایسے عالم اور عادل اشخاص جو مجتہد اور اعلم کو پہچاننے کا ملکہ رکھتے ہوں، کسی کے مجتہد یا اعلم ہونے کی تصدیق کریں، بشرطیکہ دو اور عالم اور عادل ان کی تردید نہ کریں، بلکہ کسی کا مجتہد یا اعلم ہونا ایک قابل اعتماد اہل خبرہ و اطلاع شخص کے قول سے بھی ثابت ہو جاتا ہے۔ (۳) یہ کہ انسان کسی عقلائی طریقے سے کسی شخص کے مجتہد یا اعلم ہونے کا اطمینان حاصل کرلے۔ مثلاً کچھ ایسے اہل علم (اہل خبرہ) جو مجتہد اور اعلم کو پہچاننے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور ان کی بات سے اطمینان بھی آ جاتا ہے، کسی کے مجتہد یا اعلم ہونے کی تصدیق کریں۔

(۴) کسی مجتہد کا فتویٰ حاصل کرنے کے چار طریقے ہیں:

(۱) خود مجتہد سے سننا۔ (۲) مجتہد کا فتویٰ بیان کرنے والے دو عادل اشخاص سے سننا۔ (۳) کسی ایسے شخص سے سننا جس کی بات پر اطمینان ہو۔ (۴) مجتہد کی کتاب (مثلاً توضیح المسائل) میں پڑھنا بشرطیکہ اس کتاب کی صحت کے بارے میں اطمینان ہو۔

(۵) جب تک انسان کو یہ یقین نہ ہو جائے کہ مجتہد کا فتویٰ بدل چکا ہے وہ کتاب میں لکھے ہوئے فتوے پر عمل کر سکتا ہے اور اگر فتوے کے بدل جانے کا احتمال ہو تو چھان بین کرنا ضروری نہیں۔

(۶) اگر مجتہد اعلم کوئی فتویٰ دے تو اس کا مقلد اس مسئلے میں کسی دوسرے مجتہد کے فتوے پر عمل نہیں کر سکتا۔ تاہم اگر وہ (یعنی مجتہد اعلم) فتویٰ نہ دے بلکہ یہ کہے کہ احتیاط اس میں ہے کہ یوں عمل کیا جائے۔ مثلاً احتیاط اس میں ہے کہ نماز کی پہلی اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد ایک پوری سورت پڑھے تو ضروری ہے کہ مقلد یا تو اس احتیاط پر، جسے احتیاط واجب کہتے ہیں، عمل کرے یا کسی دوسرے مجتہد کے فتوے پر اعلم فالاعلم کا خیال رکھتے ہوئے عمل کرے۔ پس اگر وہ (یعنی دوسرا مجتہد) فقط سورۃ الحمد کو کافی سمجھتا ہو تو دوسری سورت ترک کی جا سکتی ہے۔

جب مجتہد اعلم کسی مسئلے کے بارے میں کہے کہ محل تامل یا محل اشکال ہے تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

(۷) اگر مجتہد اعلم کسی مسئلے کے بارے میں فتویٰ دینے کے بعد یا اس سے پہلے احتیاط کا تذکرہ کرے مثلاً یہ کہے کہ نجس برتن پانی میں ایک مرتبہ دھونے سے پاک ہو جاتا ہے اگرچہ احتیاط اس میں ہے کہ تین مرتبہ دھوئے تو مقلد ایسی احتیاط کو ترک کر سکتا ہے۔ اس قسم کی احتیاط کو احتیاط مستحب کہتے ہیں۔

(۸) اگر وہ مجتہد جس کی ایک شخص تقلید کرتا ہے فوت ہو جائے تو جو حکم اس کی زندگی میں تھا وہی حکم اس کی وفات کے بعد بھی ہے۔ لہذا اگر مرحوم مجتہد، زندہ مجتہد کے مقابلے میں اعلم ہو تو وہ شخص جسے درپیش مسائل میں

دونوں مجتہدین کے مابین اختلاف کا اگرچہ اجمالی طور پر علم ہو اسے مرحوم مجتہد کی تقلید پر باقی رہنا ضروری ہے اور اگر زندہ مجتہد اعلم ہو تو پھر زندہ مجتہد کی طرف رجوع کرنا ضروری ہے۔

اور اگر کسی ایک کے اعلم ہونے کا یقین نہ ہو سکے یا دونوں مساوی ہوں تو اسے اختیار ہے کہ ان دونوں میں سے کسی کے فتاویٰ کے مطابق عمل کرلے۔ البتہ اگر علم اجمالی حاصل ہو جائے یا کسی شرعی تکلیف پر حجت اجمالی قائم ہو جائے تو، مثلاً قصر اور تمام کے درمیان اختلافی مقامات، تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ دونوں کے فتاویٰ کا خیال رکھے۔

اس مسئلے میں تقلید سے مراد معین مجتہد کے فتوے کی پیروی کرنے کو صرف اپنے لئے لازم قرار دینا ہے نہ کہ اس کے حکم کے مطابق عمل کرنا۔

(۹) مکلف کے لئے وہ تمام مسائل سیکھنا لازم ہے جن کے بارے میں احتمال ہے کہ نہ سیکھنے کی وجہ سے خدا کی معصیت میں مبتلا ہو سکتا ہے، یعنی کسی واجب کو ترک کرنے یا کسی حرام کو انجام دینے کا مرتکب ہو سکتا ہے۔

(۱۰) اگر کسی شخص کو کوئی ایسا مسئلہ پیش آئے جس کا حکم اسے معلوم نہ ہو تو لازم ہے کہ احتیاط کرے یا ان شرائط کے مطابق تقلید کرے جن کا ذکر اوپر آ چکا ہے لیکن اگر اس مسئلے میں اسے اعلم کے فتوے تک رسائی حاصل نہ ہو سکے تو اعلم فالاعلم کا خیال رکھتے ہوئے فالاعلم کی تقلید کر سکتا ہے۔

(۱۱) اگر کوئی شخص مجتہد کا فتویٰ کسی دوسرے شخص کو بتائے اور پھر مجتہد اپنا فتویٰ بدل دے تو اس کے لئے دوسرے شخص کو فتوے کی تبدیلی کی اطلاع دینا ضروری نہیں۔ لیکن اگر فتویٰ بتانے کے بعد یہ معلوم ہو کہ فتویٰ بتانے میں غلطی ہوگئی ہے اور اس اطلاع کی وجہ سے وہ شخص اپنے شرعی وظیفے کے خلاف عمل کرے گا تو احتیاط لازم کی بنا پر جہاں تک ہو سکے اس غلطی کا ازالہ کرے۔

(۱۲) اگر کوئی مکلف ایک مدت تک کسی کی تقلید کئے بغیر اعمال بجالاتا رہے، تو اگر اس کے اعمال حکم واقعی کے مطابق ہوں یا اس مجتہد کے فتاویٰ کے مطابق ہوں جس کی تقلید کرنا ابھی اس کی ذمہ داری ہے تو وہ اعمال صحیح تصور کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ بھی اگر وہ جاہل قاصر ہو اور اعمال کا نقص ارکان وغیرہ کے اعتبار سے نہ ہو تو بھی اس کے اعمال صحیح تصور کئے جائیں گے۔

یہی حکم اس صورت میں بھی ہے جب جاہل مقصر ہو اور عمل میں کوئی ایسا نقص ہو جو لاعلمی کی صورت میں معاف ہو، تو جیسے بلند آواز سے قرأت کی جگہ آہستہ آواز سے قرأت یا بالعکس، تو بھی اس کے اعمال صحیح مانے جائیں گے۔

یہی حکم اس صورت میں بھی ہے جب اسے یہ معلوم نہ ہو کہ پچھلے اعمال کیفیت کے اعتبار سے صحیح تھے یا نہیں، تو بھی اس کے اعمال منہاج میں ذکر شدہ بعض موارد کے علاوہ صحیح تصور کئے جائیں گے۔

احکام طہارت

مطلق اور مضاف پانی

(۱۳) پانی یا مطلق ہوتا ہے یا مضاف۔ مضاف وہ پانی ہے جو کسی چیز سے حاصل کیا جائے۔ مثلاً تربوز کا پانی (ناریل کا پانی) گلاب کا عرق (وغیرہ)۔ اس پانی کو بھی مضاف کہتے ہیں جو کسی دوسری چیز سے آلودہ ہو مثلاً گدلا پانی جو اس حد تک میلا ہو کہ پھر اسے پانی نہ کہا جا سکے۔ ان کے علاوہ جو پانی ہو اسے آب مطلق کہتے ہیں اور اس کی پانچ قسمیں ہیں:

(۱) کُر پانی (۲) قلیل پانی (۳) جاری پانی (۴) بارش کا پانی (۵) کنویں کا پانی۔

۱۔ کُر پانی

(۱۴) کُر وہ پانی ہے جس کے برتن کی گنجائش ۳۶ کیوبک بالشت[1] ہو جو تقریباً ۳۸۴ لیٹر ہوتا ہے۔

(۱۵) اگر کوئی چیز عین نجس ہو مثلاً پیشاب یا خون یا وہ چیز جو نجس ہو گئی ہو جیسے کہ نجس لباس ایسے پانی سے ملے جس کی مقدار ایک کُر کے برابر ہو اور اس کے نتیجے میں نجاست کی بو، رنگ یا ذائقہ پانی میں سرایت کر جائے تو پانی نجس ہو جائے گا لیکن اگر ایسی کوئی تبدیلی واقع نہ ہو تو نجس نہیں ہوگا۔

(۱۶) اگر کُر پانی کی بو، رنگ یا ذائقہ نجاست کے علاوہ کسی اور چیز سے تبدیل ہو جائے تو وہ پانی نجس نہیں ہوگا۔

(۱۷) اگر کوئی عین نجاست مثلاً خون ایسے پانی میں جا گرے جس کی مقدار ایک کُر سے زیادہ ہو اور اس کی بو، رنگ یا ذائقہ تبدیل کر دے تو اس صورت میں اگر پانی کے اس حصے کی مقدار جس میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی ایک کُر سے کم ہو تو سارا پانی نجس ہو جائے گا لیکن اگر اس کی مقدار ایک کُر یا اس سے زیادہ ہو تو صرف وہ حصہ نجس متصور ہوگا جس کی بو، رنگ یا ذائقہ تبدیل ہوا ہے۔

(۱۸) اگر فوارے کا پانی ایسے پانی سے متصل ہو جس کی مقدار ایک کُر کے برابر ہو تو فوارے کا پانی نجس پانی کو پاک کر دیتا ہے لیکن اگر نجس پانی پر فوارے کا پانی قطروں کی صورت میں گرے تو اسے پاک نہیں کرتا۔ البتہ اگر فوارے کے سامنے کوئی چیز رکھ دی جائے جس کے نتیجے میں اس کا پانی قطرہ قطرہ ہونے سے پہلے نجس پانی سے متصل ہو جائے تو نجس پانی کو پاک کر دیتا ہے اور ضروری یہ ہے کہ فوارے کا پانی نجس پانی سے مخلوط ہو جائے۔

[1] ایک بالشت کی لمبائی تقریباً ۲۳ سینٹی میٹر ہوتی ہے۔

(۱۹) اگر کسی نجس چیز کو کُر پانی سے متصل نل کے نیچے دھوئیں تو اگر اس چیز سے گرنے والا پانی بھی کُر سے متصل ہو اور اس میں نجاست کی بو، رنگ یا ذائقہ پیدا نہ ہو اور نہ ہی اس میں عین نجاست کی آمیزش ہو تو وہ پانی پاک ہے۔

(۲۰) اگر کُر پانی کا کچھ حصہ جم کر برف بن جائے اور کچھ حصہ پانی کی شکل میں باقی بچے جس کی مقدار ایک کُر سے کم ہو تو جونہی کوئی نجاست اس پانی کو چھوئے گی وہ نجس ہو جائے گا اور برف پگھلنے پر جو پانی بنے گا وہ بھی نجس ہوگا۔

(۲۱) اگر پانی کی مقدار ایک کُر کے برابر ہو اور بعد میں شک ہو کہ آیا اب یہ کُر سے کم ہو چکا ہے یا نہیں تو اس کی حیثیت ایک کُر پانی ہی کی ہوگی یعنی وہ نجاست کو بھی پاک کرے گا اور نجاست کے اتصال سے نجس بھی نہیں ہوگا۔ اس کے برعکس جو پانی ایک کُر سے کم تھا اگر اس کے متعلق شک ہو کہ اب اس کی مقدار ایک کُر کے برابر ہو گئی ہے یا نہیں تو اسے ایک کُر سے کم ہی سمجھا جائے گا۔

(۲۲) پانی کا ایک کُر کے برابر ہونا دو طریقوں سے ثابت ہو سکتا ہے۔ (۱) انسان کو خود اس بارے میں یقین یا اطمینان ہو (۲) دو عادل مرد اس بارے میں خبر دیں۔ البتہ اگر ایک عادل یا قابل اعتماد شخص یا وہ شخص جس کے اختیار میں پانی ہے اگر پانی کے کُر ہونے کی اطلاع دے، جبکہ اس خبر پر اطمینان نہ آ سکے تو اس پر بھروسا کرنا محل اشکال ہے۔

۲۔ قلیل پانی

(۲۳) ایسے پانی کو قلیل پانی کہتے ہیں جو زمین سے نہ ابلے اور جس کی مقدار ایک کُر سے کم ہو۔

(۲۴) جب قلیل پانی کسی نجس چیز پر گرے یا کوئی نجس چیز اس پر گرے تو پانی نجس ہو جائے گا۔

البتہ اگر پانی نجس چیز پر زور سے گرے تو اس کا جتنا حصہ اس نجس چیز سے ملے گا نجس ہو جائے گا لیکن باقی پاک ہوگا۔

(۲۵) جو قلیل پانی کسی چیز پر عین نجاست دور کرنے کے لئے ڈالا جائے تو ان مقامات پر جہاں نجس چیز ایک بار دھونے سے پاک نہیں ہوتی، وہ نجاست سے جدا ہونے کے بعد نجس ہو جاتا ہے اور اسی طرح وہ قلیل پانی جو عین نجاست کے الگ ہو جانے کے بعد نجس چیز کو پاک کرنے کے لئے اس پر ڈالا جائے اس سے جدا ہو جانے کے بعد بنا بر احتیاط لازم نجس ہے۔

(۲۶) جس قلیل پانی سے پیشاب یا پاخانے کے مخارج دھوئے جائیں وہ اگر کسی چیز کو لگ جائے تو پانچ شرائط کے ساتھ اسے نجس نہیں کرے گا:

(۱) پانی میں نجاست کی بو، رنگ یا ذائقہ پیدا نہ ہوا ہو۔ (۲) باہر سے کوئی نجاست اس سے نہ آملی ہو۔ (۳) پیشاب یا پاخانے کے ساتھ کوئی اور نجاست مثلاً خون خارج نہ ہوا ہو۔

(۴) پاخانے کے ذرات پانی میں دکھائی نہ دیں۔ (۵) پیشاب یا پاخانے کے مخارج کے اطراف میں معمول سے زیادہ نجاست نہ لگی ہو۔

۳۔ جاری پانی

(۲) اس کی عادت وقت کی تو تھی ہی، اب چاہے عدد کی عادت تھی یا نہ تھی، لیکن اپنی وقت کی عادت سے اسے اجمالی طور پر وقت یاد ہے۔ مثلاً اسے اتنا یاد ہے کہ فلاں دن اس کی عادت کا دن تھا یا یہ کہ اس کی عادت مہینے کے ابتدائی پندرہ دنوں میں ہوتی تھی، یہ عورت بھی مبتدئہ کا حکم رکھتی ہے لیکن وہ ان ایام کو حیض کے ایام قرار نہیں دے سکتی جو یقیناً اس کی عادت کے ایام کے برخلاف ہیں۔ مثلاً اگر اسے معلوم ہو کہ مہینے کا سترہواں دن اس کی عادت کا دن ہوتا تھا یا یہ معلوم ہو کہ اس کی عادت کے ایام مہینے کے دوسرے پندرہ دنوں میں ہوتے تھے اور وہ عورت مہینے کی پہلی تاریخ سے بیس تاریخ تک خون دیکھے تو چاہے ابتدائی دس دنوں میں حیض کی علامات ہوں اور دوسرے دس دنوں میں استحاضہ کی علامات ہوں، وہ پہلے دس دنوں کو ایام حیض قرار نہیں دے سکتی۔

(۳) اس کی عادت عدد کی عادت تھی اور اب اسے بھول چکی ہے، یہ عورت بھی مبتدئہ کا حکم رکھتی ہے لیکن ضروری ہے کہ جس مقدار کے بارے میں اسے یقین ہے کہ اس کی عادت کے ایام اس سے کم نہیں تھے، اس سے کم دنوں کو اپنے حیض کے ایام قرار نہ دے۔ اسی طرح ان ایام سے زیادہ مقدار کو بھی حیض قرار نہیں دے سکتی جن کے بارے میں اسے یقین ہے کہ اس کی عادت کے ایام اس مقدار سے زیادہ نہیں تھے۔

اسی طرح کا حکم اس عورت کے لئے بھی ہے جو ناقص عدد کی عادت رکھتی ہے یعنی ایسی عورت جو ہر مہینے دو میں سے ایک مقدار میں خون دیکھتی ہے جو بہرحال تین دنوں سے زیادہ اور دس دنوں سے کم ہے۔ مثلاً ایسی عورت ہے جو ہر مہینے یا چھ دن خون دیکھتی ہے یا سات دن، تو وہ حیض کی علامات یا اپنے خاندان کی بعض خواتین کی عادت کے مطابق یا دس دنوں سے زیادہ خون آ جانے کی صورت میں کسی عدد کو اختیار کرتے ہوئے چھ دن سے کم یا سات دنوں سے زیادہ کو حیض قرار نہیں دے سکتی۔

حیض کے متفرق مسائل

(۴۹۰) مبتدئہ، مضطربہ، ناسیہ اور عدد کی عادت رکھنے والی عورتوں کو اگر خون آئے جس میں حیض کی علامات ہوں یا یقین ہو کہ یہ خون تین دن تک آئے گا تو انہیں چاہئے کہ عبادات ترک کر دیں اور اگر بعد میں انہیں پتا چلے کہ یہ حیض نہیں تھا تو انہیں چاہئے کہ جو عبادات بجا نہ لائی ہوں ان کی قضا کریں۔

(۴۹۱) جو عورت حیض کی عادت رکھتی ہو خواہ یہ عادت حیض کے وقت کے اعتبار سے ہو یا حیض کے عدد کے اعتبار سے یا وقت اور عدد دونوں کے اعتبار سے ہو۔ اگر اسے یکے بعد دیگرے دو مہینوں میں اپنی عادت کے برخلاف خون آئے جس کا وقت یا دنوں کی تعداد یا وقت اور دن دونوں کی تعداد یکساں ہو تو اس کی عادت جس طرح ان دو مہینوں میں اسے خون آیا ہے اس میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ مثلاً اگر پہلے اسے مہینے کی پہلی تاریخ سے ساتویں تاریخ تک خون آتا تھا اور پھر بند ہو جاتا تھا مگر دو مہینوں میں اسے دسویں تاریخ سے سترہویں تاریخ تک خون آیا ہو اور پھر بند ہوا ہو تو اس کی عادت دسویں تاریخ سے سترہویں تاریخ تک ہو جائے گی۔

(۴۹۲) عادت وقتیہ کا تعین کرنے کے علاوہ امور میں ایک مہینے سے مراد خون کے شروع ہونے سے تیس دن تک ہے۔ مہینے کی پہلی تاریخ سے مہینے کے آخر تک نہیں ہے جبکہ وقت کی عادت کو معین کرنے کے لئے مراد قمری مہینہ ہے، شمسی نہیں۔

(۴۹۳) اگر کسی عورت کو عموماً مہینے میں ایک مرتبہ خون آتا ہو لیکن کسی ایک مہینے میں دو مرتبہ آ جائے تو اگر ان درمیانی دنوں کی تعداد جن میں اسے خون نہیں آیا دس دن سے کم نہ ہو تو اسے چاہئے کہ دونوں خون کو حیض قرار دے۔ چاہے ان میں سے کسی ایک میں حیض کی علامت موجود نہ ہوں۔

(۴۹۴) جس عورت کی ذمہ داری یہ ہو کہ وہ حیض کی علامات کے ذریعے حیض کا تعین کرے اگر اس عورت کو تین یا اس سے زیادہ دنوں تک ایسا خون آئے جس میں حیض کی علامات ہوں اور اس کے بعد دس یا اس سے زیادہ دنوں تک ایسا خون آئے جس میں استحاضہ کی علامات ہوں اور پھر اس کے بعد دوبارہ تین دن تک حیض کی علامتوں کے ساتھ خون آئے تو اسے چاہئے کہ پہلے اور آخری خون کو جس میں حیض کی علامات ہوں حیض قرار دے۔ لیکن اگر ان دو میں سے ایک خون عادت کے ایام میں آئے اور یہ معلوم نہ ہو کہ درمیان کے دس دن سب کے سب استحاضہ کے ہیں یا کچھ ایام حیض کے بھی ہیں تو عادت کے ایام والا خون حیض اور باقی سب استحاضہ مانا جائے گا۔

(۴۹۵) اگر کسی عورت کا خون دس دن سے پہلے رک جائے اور اسے یقین ہو کہ اس کے باطن میں خون حیض نہیں ہے تو اسے چاہئے کہ اپنی عبادات کے لئے غسل کرے اگرچہ گمان رکھتی ہو کہ دس دن پورے ہونے سے پہلے دوبارہ خون آ جائے گا۔ لیکن اگر اسے یقین ہو کہ دس دن پورے ہونے سے پہلے اسے دوبارہ خون

آ جائے گا تو جیسے بیان ہو چکا اسے چاہئے کہ احتیاطاً غسل کرے اور اپنی عبادات بجالائے اور جو چیزیں حائض پر حرام ہیں انہیں ترک کرے۔

(۴۹۶) اگر کسی عورت کا خون دس دن گزرنے سے پہلے بند ہو جائے اور اس بات کا احتمال ہو کہ اس کے باطن میں خون حیض ہے تو ضروری ہے کہ یا احتیاطاً کرتے ہوئے عبادتوں کو انجام دے یا استبراء کرے اور استبراء کئے بغیر عبادات کو ترک کرنا جائز نہیں ہے۔ استبراء یہ ہے کہ اپنی شرمگاہ میں روئی رکھ کر کچھ دیر انتظار کرے۔ ہاں اگر اس کی عادت ایسی ہے کہ حیض کے دوران بھی اس کا خون کچھ دیر کے لئے رک جاتا ہے، جیسا کہ بعض عورتوں کے بارے میں ایسا کہا جاتا ہے تو ضروری ہے کہ اس مقدار سے زیادہ دیر تک انتظار کرے اس کے بعد نکالے۔ پس اگر خون ختم ہو گیا ہو تو غسل کرے اور عبادات بجالائے اور اگر خون بند نہ ہوا ہو یا تھوڑا سا زرد پانی لگا ہو۔ پس اگر وہ حیض کی معین عادت نہ رکھتی ہو یا اس کی عادت دس دن کی ہو یا ابھی اس کی عادت کے دن تمام نہ ہوئے ہوں تو اسے چاہئے کہ انتظار کرے اور اگر دس دن سے پہلے خون ختم ہو جائے تو غسل کرے اور اگر دسویں دن کے خاتمے پر خون آنا بند ہو یا خون دس دن کے بعد بھی آتا رہے تو دسویں دن کے اختتام پر غسل کرے اور اگر اس کی عادت دس دنوں سے کم ہو اور وہ جانتی ہو کہ دس دن ختم ہونے سے پہلے یا دسویں دن کے خاتمے پر خون بند ہو جائے گا تو وہ غسل نہیں کر سکتی۔

(۴۹۷) اگر کوئی عورت چند دنوں کو حیض قرار دے اور عبادت نہ کرے لیکن بعد میں اسے پتا چلے کہ حیض نہیں تھا تو اسے چاہئے کہ جو نمازیں اور روزے وہ ان دنوں میں بجا نہیں لائی ان کی قضا کرے اور اگر چند دن اس خیال سے عبادات بجالاتی رہی ہو کہ حیض نہیں ہے اور بعد میں اسے پتا چلے کہ حیض تھا تو اگر ان دنوں میں اس نے روزے بھی رکھے ہوں تو ان کی قضا کرنا ضروری ہے۔

نفاس

(۴۹۸) بچے کا پہلا جزو ماں کے پیٹ سے باہر آنے کے وقت سے دس دن تک جو خون عورت کو آئے وہ خون نفاس ہے اور نفاس کی حالت میں عورت کو نفساء کہتے ہیں۔

(۴۹۹) جو خون عورت کو بچے کا پہلا جزو باہر آنے سے پہلے آئے وہ نفاس نہیں ہے۔

(۵۰۰) یہ ضروری نہیں ہے کہ بچے کی خلقت مکمل ہو بلکہ اگر اس کی خلقت نامکمل ہو لیکن علقہ یعنی خون کا لوتھڑا یا مضغہ یعنی گوشت کا ٹکڑا ہونے کی حالت سے گزر چکا ہو اور پھر گر جائے تو بھی جو خون دس دن تک آئے خون نفاس ہے۔

(۵۰۱) یہ ہو سکتا ہے کہ خون نفاس ایک لحظہ سے زیادہ نہ آئے لیکن دس دنوں کے بعد آنے والے خون کو نفاس نہیں کہتے۔

(۵۰۲) اگر کسی عورت کو شک ہو کہ اسقاط ہوا ہے یا نہیں یا جو اسقاط ہوا وہ بچہ تھا یا نہیں تو اس کے لئے تحقیق کرنا ضروری نہیں اور جو خون اسے آئے وہ شرعاً نفاس نہیں ہے۔

(۵۰۳) جو کچھ حائض پر واجب ہے وہ نفساء پر بھی واجب ہے اور احتیاط واجب کی بنا پر مسجد میں ٹھہرنا یا مسجد میں داخل ہونا جبکہ عبور نہ کرنا ہو یا مسجد الحرام اور مسجد نبوی میں داخل ہونا چاہے عبور کرنے کے لئے ہو، قرآن کی واجب سجدے والی آیات کی تلاوت کرنا اور قرآن کے الفاظ یا خدا کے نام سے بدن کا کوئی حصہ مس کرنا نفساء پر حرام ہے۔

(۵۰۴) جو عورت نفاس کی حالت میں ہو اسے طلاق دینا اور اس سے جماع کرنا حرام ہے لیکن اس پر کوئی کفارہ نہیں۔

(۵۰۵) جو عورت عدد کی عادت نہ رکھتی ہو اگر اسے دس دن سے زیادہ خون نہ آئے تو سارا کا سارا نفاس ہے، لہٰذا اگر وہ دس دن سے پہلے پاک ہو جائے تو اسے چاہئے کہ غسل کرے اور اپنی عبادات بجالائے اور اگر بعد میں ایک یا ایک بار سے زیادہ خون آئے تو خون آنے والے دنوں کو پاک رہنے والے دنوں سے ملا کر اگر دس دن یا دس دن سے کم ہو تو سارے کا سارا خون نفاس ہے۔ اور ضروری ہے کہ درمیان میں پاک رہنے کے دنوں میں احتیاط کرتے ہوئے جو کام پاک عورت پر واجب ہیں انجام دے اور جو کام نفساء پر حرام ہیں انہیں ترک کرے لہٰذا اگر ان دنوں میں کوئی روزہ رکھا ہو تو ضروری ہے کہ اس کی قضا کرے۔ اگر بعد میں آنے والا خون دس دن سے تجاوز کر جائے تو خون کی وہ مقدار جو دس دن کے اندر آئی ہے اسے نفاس اور دس دن کے بعد آنے والے خون کو استحاضہ قرار دے۔

(۵۰۶) جو عورت عدد کی عادت رکھتی ہے اگر اسے اپنی عادت سے زیادہ خون آئے تو چاہے یہ خون دس دن سے تجاوز نہ کرے، احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ عادت کا عدد پورا ہو جانے کے بعد نفساء کے محرمات کو ترک کر دے اور مستحاضہ کے واجبات پر عمل پیرا ہو اور اگر ایک سے زیادہ بار خون آئے جبکہ درمیان میں پاک بھی ہو جائے تو عادت کے عدد کے برابر ایام کو نفاس اور درمیان کے پاکی کے ایام اور عادت کے بعد کے خون والے ایام میں احتیاط کرتے ہوئے نفساء پر حرام امور کو ترک کر دے اور مستحاضہ کے واجبات پر عمل کرے۔

(۵۰۷) اگر عورت خون نفاس سے پاک ہو جائے اور احتمال ہو کہ اس کے باطن میں خون نفاس ہے تو ضروری ہے کہ یا احتیاط کرتے ہوئے غسل بجالائے اور عبادات کو انجام دے یا استبراء کرے۔ بغیر استبراء کئے عبادات کو ترک کرنا جائز نہیں ہے۔ استبراء کا طریقہ مسئلہ ۴۹۶ میں بیان ہو چکا ہے اور اگر اپنی عادت بھول چکی ہو تو ضروری ہے کہ سب سے زیادہ جس عدد کا احتمال ہو اسے اپنی عادت فرض کر لے۔

(۵۰۸) اگر عورت کو نفاس کا خون دس دن سے زیادہ آئے اور وہ حیض میں عدد کی عادت رکھتی ہو تو عادت کے برابر دنوں کی مدت نفاس اور باقی استحاضہ ہے۔ اگر عادت نہ رکھتی ہو تو دس دن تک نفاس اور باقی استحاضہ ہے۔ احتیاط مستحب یہ ہے کہ جو عورت عادت رکھتی ہو وہ عادت کے بعد کے دن سے اور جو عورت عادت نہ رکھتی ہو وہ دسویں دن کے بعد سے بچے کی پیدائش کے اٹھارہویں دن تک استحاضہ کے افعال بجالائے اور وہ کام جو

نفساء پر حرام ہیں انہیں ترک کرے۔

(۵۰۹) جو عورت حیض میں عدد کی عادت رکھتی ہو اگر اسے بچہ جننے کے بعد ایک مہینے تک یا ایک مہینے سے زیادہ مدت تک لگاتار خون آتا رہے تو اس کی عادت کے دنوں کی تعداد کے برابر خون نفاس ہے اور جو خون، نفاس کے بعد دس دن تک آئے خواہ وہ وقت کی عادت بھی رکھتی ہو اور وہ خون اس کی ماہانہ عادت کے دنوں میں آیا ہو، استحاضہ ہے۔ مثلاً ایسی عورت جس کے حیض کی عادت ہر مہینے کی بیس تاریخ سے ستائیس تاریخ تک ہو اگر وہ مہینے کی دس تاریخ کو بچہ جنے اور ایک مہینے یا اس سے زیادہ مدت تک اسے متواتر خون آئے تو سترہویں تاریخ تک نفاس اور سترہویں تاریخ سے دس دن تک کا خون حتیٰ کہ وہ خون بھی جو بیس تاریخ سے ستائیس تاریخ تک اس کی عادت کے دنوں میں آیا ہے استحاضہ ہوگا اور دس دن گزرنے کے بعد جو خون اسے آئے اگر وہ وقت کی عادت رکھتی ہو اور خون اس کی عادت کے دنوں میں نہ آیا ہو تو اس کے لئے ضروری ہے کہ اپنی عادت کے دنوں کا انتظار کرے اگرچہ اس کے انتظار کی مدت ایک مہینہ یا ایک مہینے سے زیادہ ہو جائے اور خواہ اس مدت میں جو خون آئے اس میں حیض کی علامات ہوں۔ اگر وہ وقت کی عادت والی عورت نہ ہو اور اس کیلئے ممکن ہو تو ضروری ہے کہ وہ اپنے حیض کو علامات کے ذریعے معین کرے جس کا طریقہ مسئلہ ۴۷۹ میں بیان کیا جا چکا ہے اور اگر ممکن نہ ہو جیسا کہ نفاس کے بعد دس دن جو خون آئے وہ سارا ایک جیسا ہو اور ایک مہینے یا چند مہینے انہی علامات کے ساتھ آتا رہے تو ضروری ہے کہ ہر مہینے میں اپنے کنبے کی بعض عورتوں کے حیض کی جو صورت ہو مسئلہ ۴۷۹ میں بیان شدہ تفصیل کے مطابق وہی اپنے لئے قرار دے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو جو عدد اپنے لئے مناسب سمجھتی ہے اختیار کرے جس کی تفصیل مسئلہ ۴۸۱ میں بیان کی گئی ہے۔

(۵۱۰) جو عورت حیض میں عدد کے لحاظ سے عادت نہ رکھتی ہو اگر اسے بچہ جننے کے بعد ایک مہینے تک یا ایک مہینے سے زیادہ مدت تک خون آئے تو اس کے پہلے دس دن نفاس اور اگلے دس دن استحاضہ کے ہوں گے اور جو خون اسے اس کے بعد آئے ممکن ہے وہ حیض ہو اور ممکن ہے استحاضہ ہو اور حیض قرار دینے کے لئے ضروری ہے کہ اس حکم کے مطابق عمل کرے جس کا ذکر سابقہ مسئلے میں گزر چکا ہے۔

غسل مس میت

(۵۱۱) اگر کوئی شخص کسی ایسے مردہ انسان کے بدن کو مس کرے جو ٹھنڈا ہو چکا ہو اور جسے غسل نہ دیا گیا ہو یعنی اپنے بدن کا کوئی حصہ اس سے لگائے تو ضروری ہے کہ غسل مس میت کرے خواہ اس نے نیند کی حالت میں مردے کا بدن مس کیا ہو یا بیداری کے عالم میں اور خواہ ارادی طور پر مس کیا ہو یا غیر ارادی طور پر، حتیٰ کہ اگر اس کا ناخن یا ہڈی مردے کے ناخن یا ہڈی سے مس ہو جائے تب بھی غسل کرنا ضروری ہے لیکن اگر مردہ حیوان کو مس کرے تو اس پر غسل واجب نہیں ہے۔

(۵۱۲) جس مُردے کا تمام بدن ٹھنڈا نہ ہوا ہو اسے مس کرنے سے غسل واجب نہیں ہوتا خواہ اس کے بدن کا جو حصہ مس کیا ہو وہ ٹھنڈا ہو چکا ہو۔

(۵۱۳) اگر کوئی شخص اپنے بال مُردے کے بدن سے لگائے یا اپنا بدن مُردے کے بالوں سے لگائے یا اپنے بال مُردے کے بالوں سے لگائے تو اس پر غسل واجب نہیں ہے۔

(۵۱۴) اگر بچہ مُردہ پیدا ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اس کی ماں غسل کرے اور اگر ماں مرگئی ہو تو بچے کے لئے ضروری ہے کہ بالغ ہونے سے پہلے احتیاط واجب کی بنا پر غسل کرے۔

(۵۱۵) اگر کوئی شخص ایک ایسی میت کو مس کرے جسے تین غسل مکمل طور پر دیئے جا چکے ہوں تو اس پر غسل واجب نہیں ہوتا لیکن اگر وہ تیسرا غسل مکمل ہونے سے پہلے اس کے بدن کے کسی حصے کو مس کرے تو ضروری ہے کہ غسل مس میت کرے، چاہے اس حصے کا غسل مکمل ہو چکا ہو تو خواہ اس حصے کو تیسرا غسل دیا جا چکا ہو اس شخص کے لئے غسل مس میت کرنا ضروری ہے۔

(۵۱۶) اگر کوئی دیوانہ یا نابالغ بچہ میت کو مس کرے تو دیوانے پر عاقل ہونے اور بچے پر بالغ ہونے کے بعد غسل مس میت کرنا ضروری ہے اور اگر وہ ممیز ہو تو اس کا غسل صحیح ہے۔

(۵۱۷) اگر کسی زندہ شخص کے بدن سے یا کسی ایسے مُردے کے بدن سے جسے غسل نہ دیا گیا ہو ایک حصہ جدا ہو جائے اور اس سے پہلے کہ جدا ہونے والے حصے کو غسل دیا جائے کوئی شخص اسے مس کرلے تو اگر چہ اس حصے میں ہڈی ہو غسل مس میت کرنا ضروری نہیں۔ ہاں اگر میت ٹکڑے ٹکڑے ہو چکی ہو اور کوئی شخص ان تمام یا زیادہ تر حصوں کو مس کرے تو اس پر غسل واجب ہے۔

(۵۱۸) ایک ایسی ہڈی کے مس کرنے سے جسے غسل نہ دیا گیا ہو خواہ وہ مُردے کے بدن سے جدا ہوئی ہو یا زندہ شخص کے بدن سے، غسل واجب نہیں ہے۔ اور دانت خواہ وہ مُردے کے بدن سے جدا ہوئے ہوں یا زندہ شخص کے بدن سے ان کے لئے بھی یہی حکم ہے۔

(۵۱۹) غسل مس میت، غسل جنابت کی طرح ہے اور اس کے بعد وضو کی ضرورت بھی نہیں۔

(۵۲۰) اگر کوئی شخص کئی میتوں کو مس کرے یا ایک میت کو کئی بار مس کرے تو ایک غسل کافی ہے۔

(۵۲۱) جس شخص نے میت کو مس کرنے کے بعد غسل نہ کیا ہو اس کے لئے مسجد میں ٹھہرنا، بیوی سے جماع کرنا اور ان آیات کا پڑھنا جن میں سجدہ واجب ہے، ممنوع نہیں ہے لیکن نماز اور اس جیسی عبادات کے لئے غسل کرنا ضروری ہے۔

محتضر کے احکام

(۵۲۲) جو مسلمان محتضر ہو یعنی جان کنی کی حالت میں ہو خواہ مرد ہو یا عورت، بڑا ہو یا چھوٹا، اسے احتیاط کی بنا پر بصورت امکان پشت کے بل یوں لٹانا چاہئے کہ اس کے پاؤں کے تلوے قبلہ رخ ہوں۔

(۵۲۳) بہتر یہ ہے کہ جب تک میت کا غسل مکمل نہ ہوا ہو اسے بھی مذکورہ طریقے کے مطابق رو بقبلہ لٹائیں لیکن جب اس کا غسل مکمل ہو جائے تو بہتر یہ ہے کہ اسے اس حالت میں لٹائیں جس طرح اسے نماز جنازہ پڑھتے وقت لٹاتے ہیں۔

(۵۲۴) جو شخص جان کنی کی حالت میں ہو اسے رو بقبلہ لٹانا احتیاط کی بنا پر ہر مسلمان پر واجب ہے۔ لہٰذا وہ شخص جو جان کنی کی حالت میں ہے راضی ہو اور قاصر بھی نہ ہو (یعنی بالغ اور عاقل ہو) تو اس کام کے لئے اس کے ولی کی اجازت لینا ضروری نہیں ہے۔ اس کے علاوہ کی صورت میں اس کے ولی سے اجازت لینا احتیاط کی بنا پر ضروری ہے۔

(۵۲۵) مستحب ہے کہ جو شخص جان کنی کی حالت میں ہو اس کے سامنے شہادتین، بارہ اماموں کے نام اور دوسرے دینی عقائد اس طرح دہرائے جائیں کہ وہ سمجھ لے۔ اس کی موت کے وقت تک ان چیزوں کی تکرار کرنا بھی مستحب ہے۔

(۵۲۶) مستحب ہے کہ جو شخص جان کنی کی حالت میں ہو اسے مندرجہ ذیل دعا اس طرح سنائی جائے کہ سمجھ لے:

"اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیَ الْکَثِیْرَ مِنْ مَّعَاصِیْکَ وَاقْبَلْ مِنِّی الْیَسِیْرَ مِنْ طَاعَتِکَ
یَا مَنْ یَّقْبَلُ الْیَسِیْرَ وَیَعْفُوْ عَنِ الْکَثِیْرِ اقْبَلْ مِنِّی الْیَسِیْرَ وَاعْفُ عَنِّی
الْکَثِیْرَ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَفُوُّ الْغَفُوْرُ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ فَاِنَّکَ رَحِیْمٌ۔"

(۵۲۷) جس شخص کی جان سختی سے نکل رہی ہو، اگر اسے تکلیف نہ ہو تو اسے اس جگہ لے جانا جہاں وہ نماز پڑھا کرتا تھا مستحب ہے۔

(۵۲۸) جو شخص جان کنی کے عالم میں ہو اس کی آسانی کے لئے (یعنی اس مقصد سے کہ اس کی جان آسانی سے نکل جائے) اس کے سرہانے سورۂ یٰسٓ، سورۂ صافات، سورۂ احزاب، آیت الکرسی، سورۂ اعراف کی ۵۴ ویں آیت اور سورۂ بقرہ کی آخری تین آیات پڑھنا مستحب ہے بلکہ قرآن مجید جتنا بھی پڑھا جا سکے پڑھا جائے۔

(۵۲۹) جو شخص جان کنی کے عالم میں ہو اسے تنہا چھوڑنا، کوئی بھاری چیز اس کے پیٹ پر رکھنا، جنب اور حائض کا اس کے قریب ہونا، اسی طرح اس کے پاس زیادہ باتیں کرنا، رونا اور صرف عورتوں کو چھوڑنا مکروہ ہے۔

مرنے کے بعد کے احکام

(۵۳۰) مستحب ہے کہ مرنے کے بعد میت کی آنکھیں اور ہونٹ بند کر دیئے جائیں، اس کی ٹھوڑی کو باندھ دیا جائے، نیز اس کے ہاتھ اور پاؤں سیدھے کر دیئے جائیں اور اس کے اوپر کپڑا ڈال دیا جائے۔ اگر موت رات کو واقع ہو تو جہاں موت واقع ہوئی ہو وہاں چراغ جلائیں (روشنی کر دیں) اور جنازے میں شرکت کے لئے مومنین کو اطلاع دیں اور میت کو دفن کرنے میں جلدی کریں لیکن اگر اس شخص کے مرنے کا

یقین نہ ہو تو انتظار کریں تاکہ صورت حال واضح ہو جائے۔ علاوہ ازیں اگر میت حاملہ ہو اور بچہ اس کے پیٹ میں زندہ ہو تو ضروری ہے کہ دفن کرنے میں اتنا توقف کریں کہ اس کا پہلو چاک کر کے بچہ باہر نکال لیں اور پھر اس پہلو کو سی دیں۔

غسل، کفن، نماز میت اور دفن کا وجوب

(۵۳۱) مسلمان کا غسل، حنوط، کفن، نماز میت اور دفن خواہ وہ اثنا عشری شیعہ نہ بھی ہو اس کے ولی پر واجب ہے۔ ضروری ہے کہ ولی خود ان کاموں کو انجام دے یا کسی دوسرے کو ان کاموں کے لئے معین کرے اور اگر کوئی شخص ان کاموں کو ولی کی اجازت سے انجام دے تو ولی پر سے وجوب ساقط ہو جاتا ہے بلکہ اگر دفن اور اس کی مانند دوسرے امور کو کوئی شخص ولی کی اجازت کے بغیر انجام دے تب بھی ولی سے وجوب ساقط ہو جاتا ہے اور ان امور کو دوبارہ انجام دینے کی ضرورت نہیں اور اگر میت کا کوئی ولی نہ ہو یا ولی ان کاموں کو انجام دینے سے منع کرے تب بھی باقی مکلف لوگوں پر واجب کفائی ہے کہ میت کے ان کاموں کو انجام دیں اور اگر بعض مکلف لوگوں نے انجام دیا تو دوسروں پر سے وجوب ساقط ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اگر کوئی بھی انجام نہ دے تو تمام مکلف لوگ گناہگار ہوں گے اور ولی کے منع کرنے کی صورت میں اس سے اجازت لینے کی شرط ختم ہو جاتی ہے۔

(۵۳۲) اگر کوئی شخص تجہیز و تکفین کے کاموں میں مشغول ہو جائے تو دوسروں کے لئے اس بارے میں کوئی اقدام کرنا واجب نہیں لیکن اگر وہ ان کاموں کو ادھورا چھوڑ دے تو ضروری ہے کہ دوسرے انہیں پایۂ تکمیل تک پہنچائیں۔

(۵۳۳) اگر کسی شخص کو اطمینان ہو کہ کوئی دوسرا میت کے کاموں میں مشغول ہے تو اس پر واجب نہیں ہے کہ میت کے کاموں کے بارے میں اقدام کرے لیکن اگر اسے اس بارے میں محض شک یا گمان ہو تو ضروری ہے کہ اقدام کرے۔

(۵۳۴) اگر کسی شخص کو معلوم ہو کہ میت کا غسل یا کفن یا نماز یا دفن غلط طریقے سے ہوا ہے تو ضروری ہے کہ ان کاموں کو دوبارہ انجام دے لیکن اگر اسے باطل ہونے کا گمان ہو یا شک ہو کہ درست تھا یا نہیں تو پھر اس بارے میں کوئی اقدام کرنا ضروری نہیں۔

(۵۳۵) عورت کا ولی اس کا شوہر ہے اور عورت کے علاوہ وہ اشخاص کہ جن کو میت سے میراث ملتی ہے اسی ترتیب سے جس کا ذکر میراث کے مختلف طبقوں میں آئے گا دوسروں پر مقدم ہیں۔ میت کا باپ میت کے بیٹے پر، میت کا دادا اس کے بھائی پر، میت کا پدری و مادری بھائی اس کے صرف پدری بھائی یا مادری بھائی پر، اس کا پدری بھائی اس کے مادری بھائی پر اور اس کے چچا کے اس کے ماموں پر مقدم ہونے میں اشکال ہے۔ چنانچہ اس سلسلے میں احتیاط کے (تمام) تقاضوں کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ ہاں اگر ولی ایک سے زیادہ ہوں تو ان

میں سے کسی ایک کی اجازت کافی ہے۔

(۵۳۶) نابالغ بچہ اور دیوانہ میت کے کاموں کو انجام دینے کے لئے ولی نہیں بن سکتے۔ اسی طرح وہ شخص بھی جو اس طرح غیر حاضر ہو کہ خود یا کسی شخص کو مامور کر کے میت سے متعلق امور کو انجام نہ دے سکتا ہو تو وہ بھی ولی نہیں بن سکتا۔

(۵۳۷) اگر کوئی شخص کہے کہ میں میت کا ولی ہوں یا میت کے ولی نے مجھے اجازت دی ہے کہ میت کے غسل، کفن اور دفن کو انجام دوں یا کہے کہ میں میت کے دفن سے متعلق کاموں میں میت کا وصی ہوں اور اس کے کہنے سے اطمینان حاصل ہو جائے یا میت اس کے تصرف میں ہو یا دو عادل شخص گواہی دیں تو اس کا قول قبول کر لینا ضروری ہے۔

(۵۳۸) اگر مرنے والا اپنے غسل، کفن، دفن اور نماز کے لئے اپنے ولی کے علاوہ کسی اور کو مقرر کرے تو ان امور کی ولایت اسی شخص کے ہاتھ میں ہے اور یہ ضروری نہیں کہ جس شخص کو میت نے وصیت کی ہو، وہ خود ان کاموں کو انجام دینے کا ذمہ دار بنے اور اس وصیت کو قبول کرے لیکن اگر قبول کر لے تو ضروری ہے کہ اس پر عمل کرے۔

غسل میت کی کیفیت

(۵۳۹) میت کو ترتیب سے تین غسل دینے واجب ہیں: پہلا ایسے پانی سے جس میں بیری کے پتے ملے ہوئے ہوں، دوسرا ایسے پانی سے جس میں کافور ملا ہوا ہو اور تیسرا خالص پانی سے۔

(۵۴۰) ضروری ہے کہ بیری اور کافور نہ اس قدر زیادہ ہوں کہ پانی مضاف ہو جائے اور نہ اس قدر کم ہوں کہ یہ کہا جا سکے کہ بیری اور کافور اس پانی میں نہیں ملائے گئے ہیں۔

(۵۴۱) اگر بیری اور کافور اتنی مقدار میں نہ مل سکیں جتنی کہ ضروری ہے تو احتیاط مستحب کی بنا پر جتنی مقدار میسر آئے پانی میں ڈال دی جائے۔

(۵۴۲) اگر کوئی شخص احرام کی حالت میں مر جائے تو اسے کافور کے پانی سے غسل نہیں دینا چاہئے بلکہ اس کے بجائے خالص پانی سے غسل دینا چاہئے لیکن اگر وہ حج تمتع کا احرام ہو اور وہ طواف، نماز طواف اور سعی کو مکمل کر چکا ہو یا حج قران یا افراد کے احرام میں ہو اور سر منڈا چکا ہو تو ان دو صورتوں میں اس کو کافور کے پانی سے غسل دینا ضروری ہے۔

(۵۴۳) اگر بیری اور کافور یا ان میں سے کوئی ایک نہ مل سکے یا اس کا استعمال جائز نہ ہو مثلاً یہ کہ غصبی ہو تو احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ اسے ایک تیمم کرایا جائے اور ان میں سے ہر اس چیز کے بجائے جس کا ملنا ممکن نہ ہو میت کو خالص پانی سے غسل دیا جائے۔

(۵۴۴) جو شخص میت کو غسل دے ضروری ہے کہ وہ عقل مند اور مسلمان ہو اور احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ

وہ اثنا عشری ہو۔ نیز ضروری ہے کہ غسل کے مسائل سے بھی واقف ہو۔ ممیز بچہ اگر غسل کو صحیح طریقے سے انجام دے سکتا ہو تو اس کا غسل دینا بھی کافی ہے۔ چنانچہ اگر غیر اثنا عشری مسلمان کی میت کو اس کا ہم مذہب اپنے مذہب کے مطابق غسل دے تو مومن اثنا عشری سے ذمہ داری ساقط ہو جاتی ہے۔ لیکن اگر وہ اثنا عشری شخص میت کا ولی ہو تو اس صورت میں اس سے ذمہ داری ساقط نہیں ہوتی۔

(۵۴۵) جو شخص غسل دے ضروری ہے کہ وہ قربت کی نیت رکھتا ہو اور یہ کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی بجا آوری کی نیت سے غسل دے۔

(۵۴۶) مسلمان کے بچے کو خواہ وہ ولد الزنا ہی کیوں نہ ہو غسل دینا واجب ہے اور کافر اور اس کی اولاد کا غسل، کفن اور دفن واجب نہیں ہے۔ کافر کا بچہ اگر ممیز ہو اور اسلام کا اظہار کرتا ہو تو وہ مسلمان ہے اور جو شخص بچپن سے دیوانہ ہو اور دیوانگی کی حالت میں ہی بالغ ہو جائے اگر اس کا باپ یا ماں مسلمان ہو تو ضروری ہے کہ اسے غسل دیں۔

(۵۴۷) اگر ایک بچہ چار مہینے یا اس سے زیادہ کا ہو کر ساقط ہو جائے تو اسے غسل دینا ضروری ہے بلکہ اگر چار مہینے سے بھی کم کا ہو لیکن اس کا پورا بدن بن چکا ہو تو احتیاط کی بنا پر اس کو غسل دینا ضروری ہے۔ ان دو صورتوں کی علاوہ احتیاط کی بنا پر اسے کپڑے میں لپیٹ کر بغیر غسل دیئے دفن کر دینا چاہئے۔

(۵۴۸) مرد، نامحرم عورت کو غسل نہیں دے سکتا اسی طرح عورت، نامحرم مرد کو غسل نہیں دے سکتی۔ لیکن بیوی اپنے شوہر کو غسل دے سکتی ہے اور شوہر بھی اپنی بیوی کو غسل دے سکتا ہے۔

(۵۴۹) مرد اتنی چھوٹی لڑکی کو غسل دے سکتا ہے جو ممیز نہ ہو اور عورت بھی اتنے چھوٹے لڑکے کو غسل دے سکتی ہے جو ممیز نہ ہو۔

(۵۵۰) محرم افراد ایک دوسرے کو غسل دے سکتے ہیں، چاہے نسبی محرم ہوں جیسے ماں اور بہن یا رضاعی یعنی دودھ پینے کی وجہ سے ایک دوسرے کے محرم بن گئے ہوں۔ شرمگاہ کے علاوہ باقی بدن میں لباس کے نیچے سے غسل دینا ضروری نہیں ہے اگرچہ بہتر ہے۔ لیکن احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ مرد اپنی محرم عورت کو صرف اسی صورت میں غسل دے جب غسل دینے کے لئے کوئی عورت نہ مل سکے۔ یہی حکم عورت کے لئے محرم مرد کو غسل دینے کے بارے میں ہے۔

(۵۵۱) اگر میت اور غسال دونوں مرد ہوں یا دونوں عورت ہوں تو جائز ہے کہ شرمگاہ کے علاوہ میت کا باقی بدن برہنہ ہو لیکن بہتر یہ ہے کہ لباس کے نیچے سے غسل دیا جائے۔

(۵۵۲) میاں بیوی کے علاوہ میت کی شرمگاہ پر نظر ڈالنا حرام ہے اور جو شخص اسے غسل دے رہا ہو اگر وہ اس پر نظر ڈالے تو گناہگار ہے لیکن اس سے غسل باطل نہیں ہوتا۔

(۵۵۳) اگر میت کے بدن کے کسی حصے پر عین نجاست ہو تو ضروری ہے کہ اس حصے کو غسل دینے سے پہلے عین نجاست دور کرے اور اولیٰ یہ ہے کہ غسل شروع کرنے سے پہلے میت کا تمام بدن پاک کر لیا جائے۔

(۵۵۴) غسل میت غسل جنابت کی طرح ہے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ جب تک میت کو غسل ترتیبی

دینا ممکن ہو غسل ارتماسی نہ دیا جائے اور غسل ترتیبی میں بھی ضروری ہے کہ داہنی طرف کو بائیں طرف سے پہلے دھویا جائے۔

(۵۵۵) جو شخص حیض یا جنابت کی حالت میں مر جائے اسے غسل حیض یا غسل جنابت دینا ضروری نہیں ہے بلکہ صرف غسل میت اس کے لئے کافی ہے۔

(۵۵۶) میت کو غسل دینے کی اجرت لینا احتیاط کی بنا پر حرام ہے اور اگر کوئی شخص اجرت لینے کے لئے میت کو اس طرح غسل دے کہ یہ غسل دینا قصد قربت کے منافی ہو تو غسل باطل ہے لیکن غسل کے ابتدائی کاموں کی اجرت لینا حرام نہیں ہے۔

(۵۵۷) میت کے غسل میں جبیرہ غسل جائز نہیں ہے اور اگر پانی میسر نہ ہو یا اس کے استعمال میں کوئی رکاوٹ ہو تو ضروری ہے کہ غسل کے بدلے میت کو ایک تیمم کرائے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ تین تیمم کرائے جائیں۔

(۵۵۸) جو شخص میت کو تیمم کرا رہا ہو اسے چاہئے کہ اپنے ہاتھ زمین پر مارے اور میت کے چہرے اور ہاتھوں کی پشت پر پھیرے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ اگر ممکن ہو تو میت کو اس کے اپنے ہاتھوں سے بھی تیمم کرائے۔

کفن کے احکام

(۵۵۹) مسلمان میت کو تین کپڑوں کا کفن دینا ضروری ہے جنہیں لنگ، کرتہ اور چادر کہا جاتا ہے۔

(۵۶۰) احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ لنگ ایسی ہو جو ناف سے گھٹنوں تک بدن کی اطراف کو ڈھانپ لے اور بہتر یہ ہے کہ سینے سے پاؤں تک پہنچے اور کرتہ احتیاط واجب کی بنا پر ایسا ہو کہ کندھوں کے سروں سے آدھی پنڈلیوں تک تمام بدن کو ڈھانپے اور بہتر یہ ہے کہ پاؤں تک پہنچے اور چادر کی لمبائی اتنی ہونی چاہئے کہ پورے بدن کو ڈھانپ دے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ چادر کی لمبائی اتنی ہو کہ میت کے پاؤں اور سر کی طرف سے گرہ دے سکیں اور اس کی چوڑائی اتنی ہو کہ اس کا ایک کنارہ دوسرے کنارے کے اوپر آ سکے۔

(۵۶۱) واجب مقدار کی حد تک کفن جس کا ذکر سابقہ مسئلہ میں ہو چکا ہے میت کے اصل مال سے لیا جائے گا بلکہ کفن کی مستحب مقدار کو بھی میت کی شان اور عرف عام کو پیش نظر رکھتے ہوئے میت کے اصل مال سے لیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ واجب مقدار سے زائد کفن ان وارثوں کے حصے سے نہ لیا جائے جو ابھی بالغ نہ ہوئے ہوں۔

(۵۶۲) اگر کسی شخص نے وصیت کی ہو کہ مستحب کفن کی مقدار اس کے ایک تہائی مال سے لی جائے یا یہ وصیت کی ہو کہ اس کا تہائی مال خود اس پر خرچ کیا جائے لیکن اس کے مصرف کا تعین نہ کیا ہو یا صرف اس کے کچھ حصے کے مصرف کا تعین کیا ہو تو مستحب کفن کی مقدار جو چاہے عرف عام سے بڑھ کر ہو اس کے تہائی مال سے لی جا سکتی ہے۔

(۵۶۳) اگر مرنے والے نے یہ وصیت نہ کی ہو کہ کفن اس کے تہائی مال سے لیا جائے اور متعلقہ اشخاص چاہیں کہ اس کے اصل مال سے لیں تو جو بیان مسئلہ ۵۶۱ میں گزر چکا ہے اس سے زیادہ نہ لیں۔ مثلاً وہ مستحب کام جو کہ معمولاً انجام نہ دیئے جاتے ہوں اور جو میت کی شان کے مطابق بھی نہ ہوں تو ان کی ادائیگی کے لئے ہرگز اصل مال سے نہ لیں اور بالکل اسی طرح اگر کفن کی قیمت معمول سے زیادہ ہو تو اضافی رقم کو میت کے اصل مال سے نہیں لیا جاسکتا لیکن جو ورثاء بالغ ہیں تو ان کے حصے سے ان کی اجازت سے لیا جاسکتا ہے۔

(۵۶۴) عورت کے کفن کی ذمہ داری شوہر پر ہے خواہ عورت اپنا مال بھی رکھتی ہو۔ اسی طرح اگر عورت کو اس تفصیل کے مطابق جو طلاق کے احکام میں آئے گی طلاق رجعی دی گئی ہو اور وہ عدت ختم ہونے سے پہلے مر جائے تو شوہر کے لئے ضروری ہے کہ اسے کفن دے۔ اگر شوہر بالغ نہ ہو یا دیوانہ ہو تو شوہر کے ولی کو چاہئے کہ اس کے مال سے عورت کو کفن دے۔

(۵۶۵) میت کو کفن دینا اس کے قرابتداروں پر واجب نہیں، گو اس کی زندگی میں اخراجات کی کفالت ان پر واجب رہی ہو۔

(۵۶۶) اگر میت کے پاس کفن کا انتظام کرنے کے لئے کوئی مال نہ ہو تو اسے برہنہ دفن کرنا جائز نہیں ہے بلکہ بنا بر احتیاط مسلمانوں پر واجب ہے کہ اسے کفن پہنائیں۔ یہ جائز ہے کہ اس کے اخراجات کو زکات کی بابت میں حساب کرلیا جائے۔

(۵۶۷) احتیاط یہ ہے کہ کفن کے تینوں کپڑوں میں سے ہر کپڑا اتنا باریک نہ ہو کہ میت کا بدن اس کے نیچے سے نظر آئے لیکن اگر اس طرح ہو کہ تینوں کپڑوں کو ملا کر میت کا بدن اس کے نیچے سے نظر نہ آئے تو کافی ہے۔

(۵۶۸) غصب کی ہوئی چیز کا کفن دینا خواہ کوئی دوسری چیز میسر نہ ہو تب بھی جائز نہیں ہے۔ پس اگر میت کا کفن غصبی ہو اور اس کا مالک راضی نہ ہو تو وہ کفن اس کے بدن سے اتار لینا چاہئے خواہ اس کو دفن بھی کیا جاچکا ہو لیکن بعض صورتوں میں (اس کے بدن سے کفن اتارنا جائز نہیں) جس کی تفصیل کی گنجائش اس مقام پر نہیں ہے۔

(۵۶۹) میت کو نجس چیز یا خالص ریشمی کپڑے کا کفن دینا اور احتیاط کی بنا پر سونے کے پانی سے کام کئے ہوئے کپڑے کا کفن دینا جائز نہیں لیکن مجبوری کی حالت میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۵۷۰) میت کو نجس مُردار کی کھال کا کفن دینا اختیاری حالت میں جائز نہیں ہے بلکہ پاک مُردار کی کھال کا کفن دینا بھی جائز نہیں ہے اور احتیاط واجب کی بنا پر کسی ایسے کپڑے کا کفن دینا جو حرام گوشت جانور کے اون یا بالوں سے تیار کیا گیا ہو اختیاری حالت میں جائز نہیں ہے لیکن اگر کفن حلال گوشت جانور کے بال یا اون کا ہو تو کوئی حرج نہیں۔ اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ ان دونوں چیزوں کا بھی کفن نہ دیا جائے۔

(۵۷۱) اگر میت کا کفن اس کی اپنی نجاست یا کسی دوسری نجاست سے نجس ہو جائے اور اگر ایسا کرنے سے کفن ضائع نہ ہوتا ہو تو جتنا حصہ نجس ہوا ہے اسے دھونا یا کاٹنا ضروری ہے خواہ میت کو قبر میں ہی کیوں نہ اتارا جاچکا ہو۔ اگر اس کا دھونا یا کاٹنا ممکن نہ ہو لیکن بدل لینا ممکن ہو تو ضروری ہے کہ بدل دیں۔

(۵۷۲) اگر کوئی ایسا شخص مر جائے جس نے حج یا عمرے کا احرام باندھ رکھا ہو تو اسے دوسروں کی طرح کفن پہنانا ضروری ہے اور اس کا سر اور چہرہ ڈھانک دینے میں کوئی حرج نہیں۔

(۵۷۳) انسان کے لئے اپنی زندگی میں کفن، بیری اور کافور کا تیار رکھنا مستحب ہے۔

حنوط کے احکام

(۵۷۴) غسل دینے کے بعد واجب ہے کہ میت کو حنوط کیا جائے یعنی اس کی پیشانی، دونوں ہتھیلیوں، دونوں گھٹنوں اور دونوں پاؤں کے انگوٹھوں پر کافور اس طرح لگائیں کہ کچھ کافور اس پر باقی رہے چاہے اسے ملا یا نہ بھی گیا ہو اور مستحب یہ ہے کہ میت کی ناک پر بھی کافور ملا جائے۔ ضروری ہے کہ کافور پسا ہوا، تازہ، پاک اور مباح (غیر غصبی) ہو اور اگر پرانا ہونے کی وجہ سے اس کی خوشبو زائل ہوگئی ہو تو کافی نہیں۔

(۵۷۵) احتیاط مستحب یہ ہے کہ کافور پہلے میت کی پیشانی پر ملا جائے لیکن دوسرے مقامات پر ملنے میں ترتیب ضروری نہیں ہے۔

(۵۷۶) بہتر یہ ہے کہ میت کو کفن پہنانے سے پہلے حنوط کیا جائے۔ اگرچہ کفن پہنانے کے دوران یا اس کے بعد بھی حنوط کریں تو کوئی حرج نہیں ہے۔

(۵۷۷) اگر کوئی ایسا شخص مر جائے جس نے حج یا عمرے کے لئے احرام باندھ رکھا ہو تو اسے حنوط کرنا جائز نہیں ہے مگر ان دو صورتوں میں جن کا ذکر مسئلہ ۵۴۲ میں گزر چکا ہے۔

(۵۷۸) اعتکاف میں بیٹھے ہوئے شخص اور ایسی عورت جس کا شوہر مر گیا ہو اور ابھی اس کی عدت باقی ہو اگرچہ خوشبو لگانا ان کے لئے حرام ہے لیکن اگر ان میں سے کوئی مر جائے تو اسے حنوط کرنا واجب ہے۔

(۵۷۹) احتیاط مستحب یہ ہے کہ میت کو مشک، عنبر، عود اور دوسری خوشبوئیں نہ لگائیں اور انہیں کافور کے ساتھ بھی نہ ملایا جائے۔

(۵۸۰) مستحب ہے کہ سید الشہداء امام حسین علیہ السلام کی قبر مبارک کی مٹی کی کچھ مقدار کافور میں ملالی جائے لیکن اس کافور کو ایسے مقامات پر نہیں لگانا چاہئے جہاں لگانے سے خاک شفا کی بے حرمتی ہو اور یہ بھی ضروری ہے کہ خاک شفا اتنی زیادہ نہ ہو کہ جب وہ کافور کے ساتھ مل جائے تو اسے کافور نہ کہا جاسکے۔

(۵۸۱) اگر کافور نہ مل سکے یا فقط غسل کے لئے کافی ہو تو حنوط کرنا ضروری نہیں اور اگر غسل کی ضرورت سے زیادہ ہو لیکن تمام سات اعضاء کے لئے کافی نہ ہو تو احتیاط مستحب کی بنا پر چاہئے کہ پہلے پیشانی پر اور اگر بچ جائے تو دوسرے مقامات پر ملا جائے۔

(۵۸۲) مستحب ہے کہ دو تر و تازہ ٹہنیاں میت کے ساتھ قبر میں رکھی جائیں۔

نماز میت کے احکام

(۵۸۳) ہر مسلمان کی میت پر اور ایسے بچے کی میت پر جو اسلام کے حکم میں ہو اور پورے چھ سال کا ہو چکا ہو نماز پڑھنا واجب ہے۔

(۵۸۴) ایک ایسے بچے کی میت پر جو چھ سال کا نہ ہوا ہو لیکن نماز کی سمجھ بوجھ رکھتا ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر نماز پڑھنا ضروری ہے اور اگر نماز کو نہ جانتا ہو تو رجاء کی نیت سے نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں اور وہ بچہ جو مُردہ پیدا ہوا ہو اس کی میت پر نماز پڑھنا مستحب نہیں ہے۔

(۵۸۵) ضروری ہے کہ میت کی نماز اسے غسل دینے، حنوط کرنے اور کفن پہنانے کے بعد پڑھی جائے اور اگر ان امور سے پہلے یا ان کے دوران پڑھی جائے تو ایسا کرنا خواہ بھول چوک یا مسئلے سے لاعلمی کی بنا پر ہی کیوں نہ ہو کافی نہیں ہے۔

(۵۸۶) جو شخص میت کی نماز پڑھنا چاہے اس کے لئے ضروری نہیں کہ اس نے وضو، غسل یا تیمم کیا ہو اور اس کا بدن اور لباس پاک ہوں اور اگر اس کا لباس غصبی ہو تب بھی کوئی حرج نہیں۔ اگرچہ بہتر یہ ہے کہ ان تمام چیزوں کا لحاظ رکھے جو دوسری نمازوں میں لازمی ہیں۔

(۵۸۷) جو شخص نماز میت پڑھ رہا ہو ضروری ہے کہ رو بقبلہ ہو اور یہ بھی واجب ہے کہ میت کو نماز پڑھنے والے کے سامنے پشت کے بل یوں لٹایا جائے کہ میت کا سر نماز پڑھنے والے کے دائیں طرف ہو اور پاؤں بائیں طرف ہوں۔

(۵۸۸) ضروری ہے کہ نماز پڑھنے کی جگہ میت کے مقام سے اونچی یا نیچی نہ ہو لیکن معمولی پستی یا بلندی میں کوئی حرج نہیں اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز میت پڑھنے کی جگہ غصبی نہ ہو۔

(۵۸۹) ضروری ہے کہ نماز پڑھنے والا میت سے دور نہ ہو لیکن جو شخص نماز میت با جماعت پڑھ رہا ہو اگر وہ میت سے دور ہو جبکہ صفیں باہم متصل ہوں تو کوئی حرج نہیں۔

(۵۹۰) ضروری ہے کہ نماز پڑھنے والا میت کے سامنے کھڑا ہو لیکن جماعت کی صورت میں ان لوگوں کی نماز میں جو میت کے سامنے نہ ہوں کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۵۹۱) ضروری ہے کہ میت اور نماز پڑھنے والے کے درمیان پردہ، دیوار یا کوئی اور ایسی چیز حائل نہ ہو لیکن اگر میت تابوت میں یا ایسی ہی کسی اور چیز میں رکھی ہو تو کوئی حرج نہیں۔

(۵۹۲) نماز پڑھتے وقت ضروری ہے کہ میت کی شرمگاہ ڈھکی ہوئی ہو اور اگر اسے کفن پہنانا ممکن نہ ہو تو ضروری ہے کہ اس کی شرمگاہ کو خواہ لکڑی یا اینٹ یا ایسی ہی کسی اور چیز سے ہی ڈھانپ دیں۔

(۵۹۳) ضروری ہے کہ نماز میت کھڑے ہو کر اور قربت کی نیت سے پڑھی جائے اور نیت کرتے وقت میت

کو معین کر لیا جائے مثلاً نیت کر لی جائے کہ میں اس میت پر قُرْبَةً اِلَی اللّٰہ نماز پڑھ رہا ہوں۔ اور احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ یومیہ نمازوں میں حالت قیام میں جو استقرار ضروری ہے اس کا خیال رکھا جائے۔

(۵۹۴) اگر کھڑے ہو کر نماز میت پڑھنے والا کوئی شخص نہ ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھی جا سکتی ہے۔

(۵۹۵) اگر مرنے والے نے وصیت کی ہو کہ کوئی مخصوص شخص اس کی نماز پڑھائے تو اس کے لئے ولی سے اجازت لینا ضروری نہیں ہے، اگرچہ بہتر ہے۔

(۵۹۶) بعض فقہاء کے نزدیک میت پر کئی دفعہ نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ لیکن یہ بات ثابت نہیں ہے اور اگر میت کسی صاحب علم و تقویٰ کی ہو تو بغیر کسی اشکال کے مکروہ نہیں ہے۔

(۵۹۷) اگر میت کو جان بوجھ کر یا بھول چوک کی وجہ سے یا کسی عذر کی بنا پر بغیر نماز پڑھے دفن کر دیا جائے یا دفن کر دینے کے بعد پتا چلے کہ جو نماز اس پر پڑھی جا چکی ہے وہ باطل ہے تو میت پر نماز پڑھنے کے لئے اس کی قبر کو کھولنا جائز نہیں لیکن جب تک اس کا بدن پاش پاش نہ ہو جائے اور جن شرائط کا نماز میت کے سلسلے میں ذکر آ چکا ہے ان کے ساتھ رجاء کی نیت سے اس کی قبر پر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

نماز میت کا طریقہ

(۵۹۸) میت کی نماز میں پانچ تکبیریں ہیں اور اگر نماز پڑھنے والا شخص مندرجہ ذیل ترتیب کے ساتھ پانچ تکبیریں کہے تو کافی ہے۔

نیت کرنے اور پہلی تکبیر کے بعد کہے: اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

دوسری تکبیر کے بعد کہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ.

تیسری تکبیر کے بعد کہے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ.

چوتھی تکبیر کے بعد اگر میت مرد ہو تو کہے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِهٰذَا الْمَيِّتِ.

اور اگر میت عورت ہو تو کہے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِهٰذِهِ الْمَيِّتَةِ اور اس کے بعد پانچویں تکبیر کہے۔

بہتر یہ ہے کہ پہلی تکبیر کے بعد کہے: اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ.

اور دوسری تکبیر کے بعد کہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَاَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَّصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاۤءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالشُّهَدَاۤءِ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَجَمِيْعِ عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ.

اور تیسری تکبیر کے بعد کہے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ تَابِعْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اور اگر میت مرد ہو تو چوتھی تکبیر کے بعد کہے: اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَزَلَ بِكَ وَاَنْتَ خَيْرُ مَنْزُوْلٍ بِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنَّا لَا نَعْلَمُ مِنْهُ اِلَّا خَيْرًا وَّاَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنَّا اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهٖ وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ وَاغْفِرْ لَهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ عِنْدَكَ فِيْ اَعْلٰى عِلِّيِّيْنَ وَاخْلُفْ عَلٰى اَهْلِهٖ فِي الْغَابِرِيْنَ وَارْحَمْهُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اور اس کے بعد پانچویں تکبیر کہے۔ لیکن اگر میت عورت ہو تو چوتھی تکبیر کے بعد کہے: اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهٖ اَمَتُكَ وَابْنَةُ عَبْدِكَ وَابْنَةُ اَمَتِكَ نَزَلَتْ بِكَ وَاَنْتَ خَيْرُ مَنْزُوْلٍ بِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنَّا لَا نَعْلَمُ مِنْهَا اِلَّا خَيْرًا وَّاَنْتَ اَعْلَمُ بِهَا مِنَّا اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَتْ مُحْسِنَةً فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهَا وَاِنْ كَانَتْ مُسِيْئَةً فَتَجَاوَزْ عَنْهَا وَاغْفِرْ لَهَا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا عِنْدَكَ فِيْ اَعْلٰى عِلِّيِّيْنَ وَاخْلُفْ عَلٰى اَهْلِهَا فِي الْغَابِرِيْنَ وَارْحَمْهَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

(۵۹۹) ضروری ہے کہ تکبیریں اور دعائیں تسلسل کے ساتھ یکے بعد دیگرے اس طرح پڑھی جائیں کہ نماز اپنی شکل نہ کھودے۔

(۶۰۰) جو شخص میت کی نماز باجماعت پڑھ رہا ہو خواہ وہ مقتدی ہو ضروری ہے کہ اس کی تکبیریں اور دعائیں بھی پڑھے۔

نماز میت کے مستحبات

(۶۰۱) چند چیزیں نماز میت میں مستحب ہیں:

(۱) نماز میت پڑھنے والے نے وضو، غسل یا تیمم کیا ہوا ہو اور احتیاط اس میں ہے کہ تیمم اس وقت کرے جب وضو اور غسل کرنا ممکن نہ ہو یا اسے خدشہ ہو کہ اگر وضو یا غسل کرے گا تو نماز میت میں شریک نہ ہو سکے گا۔

(۲) اگر میت مرد ہو تو امام یا جو شخص اکیلا میت پر نماز پڑھ رہا ہو میت کے بدن کے درمیانی حصے کے سامنے کھڑا ہو اور اگر میت عورت ہو تو اس کے سینے کے سامنے کھڑا ہو۔

(۳) نماز ننگے پاؤں پڑھی جائے۔

(۴) ہر تکبیر میں ہاتھوں کو بلند کیا جائے۔

(۵) نمازی اور میت کے درمیان اتنا کم فاصلہ ہو کہ اگر ہوا نمازی کے لباس کو حرکت

دے تو وہ جنازے کو جا چھوئے۔

(۶) نماز میت جماعت کے ساتھ پڑھی جائے۔

(۷) امام تکبیریں اور دعائیں بلند آواز سے پڑھے اور مقتدی آہستہ پڑھیں۔

(۸) نماز باجماعت میں مقتدی خواہ ایک شخص ہی کیوں نہ ہو امام کے پیچھے کھڑا ہو۔

(۹) نماز پڑھنے والا میت اور مومنین کے لئے کثرت سے دعا کرے۔

(۱۰) باجماعت نماز سے پہلے تین مرتبہ "الصلوٰة" کہے۔

(۱۱) نماز ایسی جگہ پڑھی جائے جہاں نماز میت کے لئے لوگ زیادہ تر جاتے ہیں۔

(۱۲) اگر حائض نماز میت جماعت کے ساتھ پڑھے تو اکیلی کھڑی ہو اور نمازیوں کی صف میں نہ کھڑی ہو۔

(۶۰۲) نماز میت مسجدوں میں پڑھنا مکروہ ہے لیکن مسجد الحرام میں پڑھنا مکروہ نہیں ہے۔

دفن کے احکام

(۶۰۳) میت کو اس طرح زمین میں دفن کرنا واجب ہے کہ اس کی بو باہر نہ آئے اور درندے بھی اس کا بدن باہر نہ نکال سکیں اور اگر اس بات کا خوف ہو کہ درندے اس کا بدن باہر نکال لیں گے تو ضروری ہے کہ قبر کو اینٹوں وغیرہ سے پختہ کر دیا جائے۔

(۶۰۴) اگر میت کو زمین میں دفن کرنا ممکن نہ ہو تو دفن کرنے کے بجائے اسے کمرے یا تابوت میں رکھا جا سکتا ہے۔

(۶۰۵) میت کو قبر میں دائیں پہلو اس طرح لٹانا ضروری ہے کہ اس کے بدن کا سامنے کا حصہ رو بقبلہ ہو۔

(۶۰۶) اگر کوئی شخص کشتی میں مر جائے اور اس کی میت کے خراب ہونے کا امکان نہ ہو اور اسے کشتی میں رکھنے میں بھی کوئی امر مانع نہ ہو تو ضروری ہے کہ انتظار کریں تاکہ خشکی تک پہنچ جائیں اور اسے زمین میں دفن کر دیں ورنہ اسے کشتی میں ہی غسل دے کر حنوط کریں اور کفن پہنائیں اور نماز میت پڑھنے کے بعد اسے مرتبان میں رکھ کر اس کا منہ بند کر دیں اور سمندر میں ڈال دیں یا کوئی بھاری چیز اس کے پاؤں میں باندھ کر سمندر میں ڈال دیں اور جہاں تک ممکن ہو اسے ایسی جگہ گرائیں جہاں جانور اسے فوراً لقمہ نہ بنا لیں۔

(۶۰۷) اگر اس بات کا خوف ہو کہ دشمن قبر کو کھود کر میت کا جسم باہر نکال لے گا اور اس کے کان یا ناک یا دوسرے اعضاء کاٹ لے گا تو اگر ممکن ہو تو ضروری ہے کہ سابقہ مسئلے میں بیان کئے گئے طریقے کے مطابق اسے سمندر میں ڈال دیا جائے۔

(۶۰۸) اگر میت کو سمندر میں ڈالنا یا اس کی قبر کو پختہ کرنا ضروری ہو تو اس کے اخراجات میت کے اصل مال

میں سے لے سکتے ہیں۔

(۶۰۹) اگر کوئی کافر عورت مرجائے اور اس کے پیٹ میں مُردہ بچہ ہو اور اس بچے کا باپ مسلمان ہو تو اس عورت کو قبر میں بائیں پہلو قبلے کی طرف پیٹھ کر کے لٹانا چاہئے تاکہ بچے کا منہ قبلے کی طرف ہو اور اگر پیٹ میں موجود بچے کے بدن میں ابھی جان نہ پڑی ہو تب بھی احتیاط مستحب کی بنا پر یہی حکم ہے۔

(۶۱۰) مسلمان کو کافروں کے قبرستان میں دفن کرنا اور کافر کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا جائز نہیں ہے۔

(۶۱۱) مسلمان کو ایسی جگہ جہاں اس کی بے حرمتی ہوتی ہو، مثلاً جہاں کوڑا کرکٹ اور گندگی پھینکی جاتی ہو دفن کرنا جائز نہیں ہے۔

(۶۱۲) میت کو غصبی زمین میں یا ایسی زمین میں جو دفن کے علاوہ کسی دوسرے مقصد، مثلاً مسجد کے لئے وقف ہو دفن کرنا اگر وقف کے لئے نقصاندہ ہو یا وقف کے مقصد سے مزاحمت کا باعث ہو تو دفن کرنا جائز نہیں ہے۔ یہی حکم احتیاط واجب کی بنا پر اس وقت بھی ہے جب نقصاندہ یا مزاحم نہ ہو۔

(۶۱۳) کسی میت کی قبر کو اس لئے کھودنا کہ اس میں کسی دوسرے مُردے کو دفنایا جاسکے جائز نہیں ہے۔ لیکن اگر قبر پرانی ہوگئی ہو اور پہلی میت کا نشان باقی نہ رہا ہو تو دفن کر سکتے ہیں۔

(۶۱۴) جو چیز میت سے جدا ہو جائے خواہ وہ اس کے بال، ناخن یا دانت ہی ہوں اسے اس کے ساتھ ہی دفن کر دینا ضروری ہے اور اگر جدا ہونے والی چیزیں اگرچہ وہ دانت، ناخن یا بال ہی کیوں نہ ہوں میت کو دفنانے کے بعد ملیں تو احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ انہیں کسی دوسری جگہ دفن کر دیا جائے۔ جو ناخن اور دانت انسان کی زندگی میں ہی اس سے جدا ہو جائیں انہیں دفن کرنا مستحب ہے۔

(۶۱۵) اگر کوئی شخص کنویں میں مرجائے اور اسے باہر نکالنا ممکن نہ ہو تو ضروری ہے کہ کنویں کا منہ بند کر دیں اور اس کنویں کو ہی اس کی قبر قرار دیں۔

(۶۱۶) اگر کوئی بچہ ماں کے پیٹ میں مرجائے اور اس کا پیٹ میں رہنا ماں کی زندگی کے لئے خطرناک ہو تو ضروری ہے کہ اسے آسان ترین طریقے سے باہر نکالیں۔ چنانچہ اگر اسے ٹکڑے ٹکڑے کرنے پر بھی مجبور ہوں تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن ضروری ہے کہ اگر اس عورت کا شوہر اہل فن ہو تو بچے کو اس کے ذریعے باہر نکالیں اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو کوئی اہل فن عورت اسے باہر نکالے۔ عورت کو یہ اختیار ہے کہ وہ اس سلسلے میں کسی ایسے فرد سے رجوع کرے جو اس کام کو بہتر طریقے سے انجام دے سکے اور اس کی حالت کے اعتبار سے زیادہ مناسب ہو، چاہے نامحرم ہی کیوں نہ ہو۔

(۶۱۷) اگر ماں مرجائے اور بچہ اس کے پیٹ میں زندہ ہو اور چاہے مختصر مدت کے لئے ہی سہی، اس بچے کے زندہ رہنے کی امید ہو تو ضروری ہے کہ جو جگہ بھی بچے کی سلامتی کے لئے بہتر ہے اسے چاک کریں اور بچے کو باہر نکالیں اور پھر اس جگہ کو ٹانکے لگا دیں۔ لیکن اگر یقین یا اطمینان ہو کہ ایسا کرنے سے بچہ مرجائے گا تو پھر جائز نہیں ہے۔

دفن کے مستحبات

(۶۱۸) مستحب ہے کہ قبر کو ایک متوسط انسان کے قد کے لگ بھگ کھودیں اور میت کو نزدیک ترین قبرستان میں دفن کریں ماسوا اس کے کہ جو قبرستان دور ہو وہ کسی وجہ سے بہتر ہو مثلاً وہاں نیک لوگ دفن کئے گئے ہوں یا زیادہ لوگ وہاں فاتحہ پڑھنے جاتے ہوں۔ یہ بھی مستحب ہے کہ جنازہ قبر سے چند گز دور زمین پر رکھ دیں اور تین دفعہ تھوڑا تھوڑا کر کے قبر کے نزدیک لے جائیں اور ہر دفعہ زمین پر رکھیں اور پھر اٹھالیں اور چوتھی دفعہ قبر میں اتار دیں اور اگر میت مرد ہو تو تیسری دفعہ زمین پر اس طرح رکھیں کہ اس کا سر قبر کی نچلی طرف ہو اور چوتھی دفعہ سر کی طرف سے قبر میں داخل کریں اور اگر میت عورت ہو تو تیسری دفعہ اسے قبر کے قبلے کی طرف رکھیں اور پہلو کی طرف سے قبر میں اتار دیں اور قبر میں اتارتے وقت ایک کپڑا قبر کے اوپر تان لیں۔ یہ بھی مستحب ہے کہ جنازہ بڑے آرام کے ساتھ تابوت سے نکالیں اور قبر میں داخل کریں اور وہ دعائیں جنہیں پڑھنے کے لئے کہا گیا ہے دفن کرنے سے پہلے اور دفن کرتے وقت پڑھیں اور میت کو قبر میں رکھنے کے بعد اس کے کفن کی گرہیں کھول دیں اور اس کا رخسار زمین پر رکھ دیں اور اس کے سر کے نیچے مٹی کا تکیہ بنا دیں اور اس کی پیٹھ کے پیچھے کچی اینٹیں یا ڈھیلے رکھ دیں تاکہ میت چت نہ ہو جائے اور اس سے پیشتر کہ قبر بند کریں دایاں ہاتھ میت کے دائیں کندھے پر ماریں اور بایاں ہاتھ زور سے میت کے بائیں کندھے پر رکھیں اور منہ اس کے کان کے قریب لے جائیں اور اسے زور سے حرکت دیں اور تین دفعہ کہیں: اسمع افہم یا فلان ابن فلان۔ اور فلان ابن فلان کی جگہ میت کا اور اس کے باپ کا نام لیں۔ مثلاً اگر اس کا اپنا نام موسیٰ اور اس کے باپ کا نام عمران ہو تو تین دفعہ کہیں: اِسْمَعْ اِفْهَمْ يَا مُوسَى بْنَ عِمْرَانَ۔ اس کے بعد کہیں: هَلْ اَنْتَ عَلَى الْعَهْدِ الَّذِىْ فَارَقْتَنَا عَلَيْهِ مِنْ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَسَيِّدُ النَّبِيِّيْنَ وَخَاتَمُ الْمُرْسَلِيْنَ وَاَنَّ عَلِيًّا اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَسَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ وَاِمَامٌ افْتَرَضَ اللّٰهُ طَاعَتَهٗ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ وَاَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ وَعَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ وَّجَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَّمُوْسَى بْنَ جَعْفَرٍ وَّعَلِيَّ بْنَ مُوْسٰى وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ وَّعَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ وَالْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَّالْقَائِمَ الْحُجَّةَ الْمَهْدِيَّ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَئِمَّةُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَحُجَجُ اللّٰهِ عَلَى الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ وَاَئِمَّتَكَ اَئِمَّةُ هُدًى اَبْرَارٌ يَا فُلَانَ ابْنَ فُلَانٍ۔ اور فُلَانَ ابْنَ فُلَانٍ کی بجائے میت کا اور اس کے باپ کا نام لے اور پھر کہے: اِذَا اَتَاكَ الْمَلَكَانِ الْمُقَرَّبَانِ رَسُوْلَيْنِ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَسَاَلَاكَ عَنْ رَّبِّكَ وَعَنْ نَّبِيِّكَ وَعَنْ دِيْنِكَ وَعَنْ كِتَابِكَ وَعَنْ قِبْلَتِكَ وَعَنْ اَئِمَّتِكَ فَلَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ وَّقُلْ فِىْ جَوَابِهِمَا اَللّٰهُ رَبِّىْ وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ نَبِيِّىْ وَالْاِسْلَامُ دِيْنِىْ وَالْقُرْاٰنُ كِتَابِىْ وَالْكَعْبَةُ قِبْلَتِىْ وَاَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ اِمَامِىْ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُجْتَبٰى اِمَامِىْ وَالْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الشَّهِيْدُ بِكَرْبَلَاءَ اِمَامِىْ وَعَلِيٌّ زَيْنُ

الْعَابِدِيْنَ اِمَامِیْ وَ مُحَمَّدُ بِنْ الْبَاقِرُ اِمَامِیْ وَ جَعْفَرُ بِنْ الصَّادِقُ اِمَامِیْ وَ مُوْسَی الْكَاظِمُ اِمَامِیْ وَعَلِیُّ بِنْ الرِّضَا اِمَامِیْ وَ مُحَمَّدُ بِنْ الْجَوَادُ اِمَامِیْ وَعَلِیُّ بِنْ الْهَادِیْ اِمَامِیْ وَالْحَسَنُ الْعَسْكَرِیُّ اِمَامِیْ وَالْحُجَّةُ الْمُنْتَظَرُ اِمَامِیْ هٰٓؤُلَآءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اَئِمَّتِیْ وَسَادَتِیْ وَ قَادَتِیْ وَ شُفَعَآئِیْ بِهِمْ اَتَوَلّٰی وَمِنْ اَعْدَآئِهِمْ اَتَبَرَّاُ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ثُمَّ اعْلَمْ يَا فُلَانَ ابْنَ فُلَانَ اور فُلَانَ ابْنَ فُلَانَ کی بجائے میت کا اور اس کے باپ کا نام لے اور پھر کہے: اَنَّ اللّٰهَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی نِعْمَ الرَّبُّ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ نِعْمَ الرَّسُوْلُ وَاَنَّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ وَ اَوْلَادَهُ الْمَعْصُوْمِيْنَ الْاَئِمَّةَ الْاِثْنٰی عَشَرَ نِعْمَ الْاَئِمَّةُ وَاَنَّ مَا جَآءَ بِهٖ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ حَقٌّ وَّاَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ وَّسُؤَالَ مُنْكَرٍ وَّ نَكِيْرٍ فِی الْقَبْرِ حَقٌّ وَّ الْبَعْثَ حَقٌّ وَّالنُّشُوْرَ حَقٌّ وَّالصِّرَاطَ حَقٌّ وَّالْمِيْزَانَ حَقٌّ وَّتَطَايُرَ الْكُتُبِ حَقٌّ وَّاَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ وَّالنَّارَ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ. پھر کہے: "اَفَهِمْتَ يَا فُلَانُ" اور فُلَانُ کی بجائے میت کا نام لے اور اس کے بعد کہے: ثَبَّتَکَ اللّٰهُ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ وَ هَدَاکَ اللّٰهُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ عَرَّفَ اللّٰهُ بَيْنَکَ وَبَيْنَ اَوْلِيَآئِکَ فِیْ مُسْتَقَرٍّ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ - اس کے بعد کہے: اَللّٰهُمَّ جَافِ الْاَرْضَ عَنْ جَنْبَيْهِ وَاَصْعِدْ بِرُوْحِهٖ اِلَيْکَ وَلَقِّهٖ مِنْکَ بُرْهَانًا اَللّٰهُمَّ عَفْوَکَ عَفْوَکَ۔

(۶۱۹) مستحب ہے کہ جو شخص میت کو قبر میں اتارے وہ باطہارت، برہنہ سر اور برہنہ پا ہو اور میت کی پائنتی کی طرف سے قبر سے باہر نکلے اور میت کے عزیز واقرباء کے علاوہ جو لوگ موجود ہوں وہ ہاتھ کی پشت سے قبر پر مٹی ڈالیں اور اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھیں۔ اگر میت عورت ہو تو اس کا محرم اسے قبر میں اتارے اور اگر محرم نہ ہو تو اس کے عزیز واقرباء اسے قبر میں اتاریں۔

(۶۲۰) مستحب ہے کہ قبر چار کونوں والی بنائی جائے اور زمین سے تقریباً چار انگل بلند ہو اور اس پر کوئی نشانی لگا دی جائے تاکہ پہچاننے میں غلطی نہ ہو اور قبر پر پانی چھڑکا جائے اور پانی چھڑکنے کے بعد جو لوگ موجود ہوں وہ اپنے ہاتھ قبر پر رکھیں اور اپنی انگلیاں کھول کر قبر کی مٹی میں گاڑ کر سات دفعہ سورۂ قدر پڑھیں اور میت کے لئے مغفرت طلب کریں اور یہ دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ جَافِ الْاَرْضَ عَنْ جَنْبَيْهِ وَاَصْعِدْ اِلَيْکَ رُوْحَهٗ وَلَقِّهٖ مِنْکَ رِضْوَانًا وَّاَسْكِنْ قَبْرَهٗ مِنْ رَّحْمَتِکَ مَا تُغْنِيْهِ بِهٖ عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاکَ۔

(۶۲۱) مستحب ہے کہ جو لوگ جنازے کی مشایعت کے لئے آئے ہوں ان کے چلے جانے کے بعد میت کا ولی یا وہ شخص جسے ولی اجازت دے میت کو ان دعاؤں کی تلقین کرے جو بتائی گئی ہیں۔

(۶۲۲) دفن کے بعد مستحب ہے کہ میت کے پسماندگان کو پرسا دیا جائے لیکن اگر اتنی مدت گزر چکی ہو کہ پرسا دینے سے ان کا دکھ تازہ ہو جائے تو پرسا نہ دینا بہتر ہے۔ یہ بھی مستحب ہے کہ میت کے اہل خانہ کے لئے تین دن تک کھانا بھیجا جائے۔ ان کے پاس بیٹھ کر اور ان کے گھر میں کھانا کھانا مکروہ ہے۔

(۶۲۳) مستحب ہے کہ انسان عزیز واقرباء کی موت پر خصوصاً بیٹے کی موت پر صبر کرے اور جب بھی میت کی یاد آئے انا للّٰہ وانا الیہ راجعون پڑھے اور میت کے لئے قرآن خوانی کرے اور ماں باپ کی قبروں پر جاکر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجتیں طلب کرے اور قبر کو پختہ کروے تاکہ جلدی ٹوٹ پھوٹ نہ جائے۔

(۶۲۴) کسی کی موت پر بھی انسان کے لئے احتیاط کی بنا پر جائز نہیں کہ اپنا چہرہ اور بدن زخمی کرے اور اپنے بال نوچے لیکن سر اور چہرے کا پیٹنا جائز ہے۔

(۶۲۵) احتیاط واجب کی بنا پر باپ اور بھائی کے علاوہ کسی کی موت پر بھی گریبان چاک کرنا جائز نہیں اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ ان کی موت پر بھی گریبان چاک نہ کیا جائے۔

(۶۲۶) اگر عورت میت کے سوگ میں اپنا چہرہ زخمی کر کے خون آلود کر لے یا بال نوچے تو احتیاط مستحب کی بنا پر وہ ایک غلام کو آزاد کرے یا دس فقیروں کو کھانا کھلائے یا انہیں کپڑے پہنائے اور اگر مرد اپنی بیوی یا فرزند کی موت پر اپنا گریبان یا لباس پھاڑے تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔

(۶۲۷) احتیاط مستحب یہ ہے کہ میت پر روتے وقت آواز بہت بلند نہ کی جائے۔

نماز وحشت

(۶۲۸) سزاوار ہے کہ میت کے دفن کی پہلی رات کو اس کے لئے دو رکعت نماز وحشت پڑھی جائے اور اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد ایک دفعہ آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس دفعہ سورۂ قدر پڑھا جائے اور سلام نماز کے بعد کہا جائے: اللّٰھم صل علی محمد وال محمد وابعث ثوابھا الی قبر فلان۔ اور لفظ فلان کی بجائے میت کا نام لیا جائے۔

(۶۲۹) نماز وحشت میت کے دفن کے بعد پہلی رات کو کسی وقت بھی پڑھی جا سکتی ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ اول شب میں نماز عشا کے بعد پڑھی جائے۔

(۶۳۰) اگر میت کو کسی دور کے شہر میں لے جانا مقصود ہو یا کسی اور وجہ سے اس کے دفن میں تاخیر ہو جائے تو نماز وحشت کو اس کے دفن کی پہلی رات تک ملتوی کر دینا چاہئے۔

قبر کشائی

(۶۳۱) کسی مسلمان کی قبر کا کھولنا خواہ وہ بچہ یا دیوانہ ہی کیوں نہ ہو حرام ہے۔ ہاں اگر اس کا بدن مٹی کے ساتھ مل کر مٹی ہو چکا ہو تو پھر کوئی حرج نہیں۔

(۶۳۲) امام زادوں، شہیدوں، عالموں اور صالح لوگوں کی قبروں کو اجاڑنا خواہ انہیں فوت ہوئے سالہا سال گزر چکے ہوں اور ان کے بدن پیوند زمین ہو گئے ہوں، اگر ان کی بے حرمتی ہوتی ہو تو حرام ہے۔

(۶۳۳) چند صورتیں ایسی ہیں جن میں قبر کشائی حرام نہیں ہے:

(۱) جب میت کو غصبی زمین میں دفن کیا گیا ہو اور زمین کا مالک اس کے وہاں رہنے پر راضی

نہ ہو اور قبر کھولنا بھی حرج کا باعث نہ ہو، ورنہ قبر کھولنا کسی کے لئے ضروری نہ ہوگا سوائے غاصب کے۔ اگر قبر کھولنے کے مقابلے میں کوئی اور اہم چیز ٹکرا رہی ہو مثلاً میت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا پڑ رہا ہو تو قبر کھولنا نہ فقط ضروری نہیں بلکہ جائز نہیں ہے اور اگر قبر کھولنا بے حرمتی کا سبب ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر جائز ہی نہیں ہے سوائے اس کے کہ میت نے اس زمین کو غصب کیا ہو۔

(۲) جب کفن یا کوئی اور چیز جو میت کے ساتھ دفن کی گئی ہو غصبی ہو اور اس کا مالک اس بات پر رضامند نہ ہو کہ وہ قبر میں رہے اور اگر خود میت کے مال میں سے کوئی چیز جو اس کے وارثوں کو ملی ہو اس کے ساتھ دفن ہو گئی ہو اور اس کے وارث اس بات پر راضی نہ ہوں کہ وہ چیز قبر میں رہے تو اس کی بھی یہی صورت ہے۔ البتہ اگر مرنے والے نے وصیت کی ہو کہ دعا یا قرآن مجید یا انگوٹھی اس کے ساتھ دفن کی جائے اور اس کی وصیت پر عمل کرنا ضروری ہو تو ان چیزوں کو نکالنے کے لئے قبر کو نہیں کھولا جا سکتا۔ اس مقام پر بھی وہ استثناء جاری ہے، جس کا ذکر پہلے مواد میں کیا گیا ہے۔

(۳) جب قبر کا کھولنا میت کی بے حرمتی کا موجب نہ ہو اور میت کو بغیر غسل دیئے یا بغیر کفن پہنائے دفن کیا گیا ہو یا پتا چلے کہ میت کا غسل باطل تھا یا اسے شرعی احکام کے مطابق کفن نہیں دیا گیا تھا یا قبر میں قبلے کے رخ پر نہیں لٹایا گیا تھا۔

(۴) جب کوئی ایسا حق ثابت کرنے کے لئے جو قبر کشائی سے زیادہ اہم ہو میت کا بدن دیکھنا ضروری ہو۔

(۵) جب میت کو ایسی جگہ دفن کیا گیا ہو جہاں اس کی بے حرمتی ہوتی ہو مثلاً اسے کافروں کے قبرستان میں یا اس جگہ دفن کیا گیا ہو جہاں غلاظت اور کوڑا کرکٹ پھینکا جاتا ہو۔

(۶) جب کسی ایسے شرعی مقصد کے لئے قبر کھولی جائے جس کی اہمیت قبر کھولنے سے زیادہ ہو۔ مثلاً کسی زندہ بچے کو ایسی حاملہ عورت کے پیٹ سے نکالنا مطلوب ہو جسے دفن کر دیا گیا ہو۔

(۷) جب یہ خوف ہو کہ درندہ میت کو چیر پھاڑ ڈالے گا یا سیلاب اسے بہا لے جائے گا یا دشمن اسے نکال لے گا۔

(۸) میت نے وصیت کی ہو کہ اسے دفن کرنے سے پہلے مقدس مقامات کی طرف منتقل کیا جائے اور ان مقامات کی طرف منتقل کرنے میں کوئی رکاوٹ بھی نہ ہو لیکن جان بوجھ کر، لاعلمی یا بھولے سے کسی دوسری جگہ دفنا دیا گیا ہو تو اگر بے حرمتی نہ ہوتی ہو اور کوئی رکاوٹ بھی نہ ہو تو اس صورت میں قبر کھول کر اسے مقدس مقامات کی طرف لے جا سکتے ہیں، بلکہ مذکورہ صورت میں تو قبر کو کھولنا اور میت کو منتقل کرنا واجب ہے۔

مستحب غسل

(۶۳۴) اسلامی شریعت میں بہت سے غسل مستحب ہیں جن میں سے کچھ یہ ہیں:

(۱) غسل جمعہ۔ اس کا وقت صبح کی اذان کے بعد سے سورج غروب ہونے تک ہے اور بہتر یہ ہے کہ ظہر کے قریب بجالایا جائے اور اگر کوئی شخص اسے ظہر تک انجام نہ دے تو بہتر ہے کہ ادا اور قضا کی نیت کئے بغیر غروب آفتاب تک بجالائے اور اگر جمعہ کے دن غسل نہ کرے تو مستحب ہے کہ ہفتے کے دن صبح سے غروب آفتاب تک اس کی قضا بجالائے۔ جو شخص جانتا ہو کہ اسے جمعہ کے دن پانی میسر نہ ہوگا تو وہ رجاء کی نیت سے جمعرات کے دن یا شب جمعہ میں غسل انجام دے سکتا ہے اور مستحب ہے کہ انسان غسل جمعہ کرتے وقت یہ دعا پڑھے: اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِىْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِىْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ۔

(۲ تا ۷) رمضان کی پہلی، سترھویں، انیسویں، اکیسویں، تیئیسویں اور چوبیسویں رات کا غسل

(۸-۹) عیدالفطر اور عید قربان کے دن کا غسل۔ اس کا وقت صبح کی اذان سے سورج غروب ہونے تک ہے اور بہتر یہ ہے کہ عید کی نماز سے پہلے کر لیا جائے

(۱۰-۱۱) ذی الحج کے آٹھویں اور نویں دن کا غسل اور بہتر یہ ہے کہ نویں دن کا غسل ظہر کے نزدیک کیا جائے۔

(۱۲) اس شخص کا غسل جس نے اپنے بدن کا کوئی حصہ ایسی میت کے بدن سے مس کیا ہو جسے غسل دے دیا گیا ہو۔

(۱۳) احرام کا غسل

(۱۴) حرم مکہ میں داخل ہونے کا غسل

(۱۵) مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کا غسل

(۱۶) خانۂ کعبہ کی زیارت کا غسل

(۱۷) کعبہ میں داخل ہونے کا غسل

(۱۸) ذبح اور نحر کے لئے غسل

(۱۹) بال مونڈنے کے لئے غسل

(۲۰) حرم مدینہ میں داخل ہونے کا غسل

(۲۱) مدینہ منورہ میں داخل ہونے کا غسل

(۲۲) مسجد نبویؐ میں داخل ہونے کا غسل
(۲۳) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مطہر سے وداع ہونے کا غسل
(۲۴) دشمن کے ساتھ مباہلہ کرنے کا غسل
(۲۵) نوزائدہ بچے کو غسل دینا
(۲۶) استخارہ کرنے کا غسل
(۲۷) طلب باران کا غسل

(۶۳۵) فقہاء نے مستحب غسلوں کے باب میں بہت سے غسلوں کا ذکر فرمایا ہے جن میں سے چند یہ ہیں:

(۱) رمضان کی تمام طاق راتوں کا غسل اور اس کی آخری دہائی کی تمام راتوں کا غسل اور اس کی تیئیسویں رات کے آخری حصے میں دوسرا غسل۔

(۲) ذی الحج کے چوبیسویں دن کا غسل۔

(۳) عید نوروز کے دن اور پندرہویں شعبان اور نویں اور سترہویں ربیع الاول اور ذی القعدہ کے پچیسویں دن کا غسل۔

(۴) اس عورت کا غسل جس نے اپنے شوہر کے علاوہ کسی اور کے لئے خوشبو استعمال کی ہو۔

(۵) اس شخص کا غسل جو مستی کی حالت میں سوگیا ہو۔

(۶) اس شخص کا غسل جو کسی سولی چڑھے ہوئے انسان کو دیکھنے گیا ہو اور اسے دیکھا بھی ہو لیکن اگر اتفاقاً یا مجبوری کی حالت میں نظر گئی ہو یا مثال کے طور پر اگر شہادت دینے گیا ہو تو غسل مستحب نہیں ہے۔

(۷) دور یا نزدیک سے معصومین علیہم السلام کی زیارت کے لئے غسل۔ ان میں سے کسی غسل کا مستحب ہونا ثابت نہیں اور جو شخص بھی ان میں سے کوئی غسل انجام دینا چاہے ضروری ہے کہ رجاء کی نیت سے انجام دے۔

(۶۳۶) انسان ان تمام غسلوں کے ساتھ جن کا مستحب ہونا شرعاً ثابت ہوگیا ہے، مثلاً وہ غسل جن کا تذکرہ مسئلہ نمبر ۶۳۴ میں کیا گیا ہے، ایسے کام مثلاً نماز انجام دے سکتا ہے جن کے لئے وضو لازم ہے (یعنی وضو کرنا ضروری نہیں ہے)۔ لیکن جو غسل بطور رجاء کئے جائیں مثلاً وہ غسل جن کا تذکرہ مسئلہ نمبر ۶۳۵ میں کیا گیا، وضو کے لئے کفایت نہیں کرتے (یعنی ساتھ ساتھ وضو کرنا بھی ضروری ہے)۔

(۶۳۷) اگر کئی مستحب غسل کسی شخص کے ذمے ہوں اور وہ سب کی نیت کرکے ایک غسل کرلے تو کافی ہے۔ ہاں اگر غسل مکلف کے کسی عمل کی وجہ سے مستحب ہوا ہو، مثلاً ایسے شخص کا غسل جس نے اپنے بدن کا کوئی حصہ کسی ایسی میت سے مس کیا ہو جس کو غسل دیا جاچکا ہو، تو ایسی صورت میں چند مختلف وجوہات کی بنا پر مستحب ہونے والے غسلوں کے لئے ایک غسل پر اکتفا کرنا محل اشکال ہے۔

تیمّم

سات صورتوں میں وضو اور غسل کے بجائے تیمم کرنا ضروری ہے:

تیمّم کی پہلی صورت

پانی نہ ہونا۔

(۶۳۸) اگر انسان آبادی میں ہو تو ضروری ہے کہ وضو اور غسل کے لئے پانی مہیا کرنے کے لئے اتنی جستجو کرے کہ بالآخر اس کے ملنے سے ناامید ہو جائے۔ یہی حکم بیابانوں میں رہنے والے افراد مثلاً خانہ بدوشوں کے لئے ہے۔ اور اگر انسان سفر کے عالم میں ہو اور بیابان میں ہو تو ضروری ہے کہ راستوں میں یا اپنے ٹھہرنے کی جگہ کے آس پاس والی جگہوں میں پانی تلاش کرے اور احتیاط لازم یہ ہے کہ وہاں کی زمین ناہموار ہو یا درختوں کی کثرت کی وجہ سے راہ چلنا دشوار ہو تو چاروں اطراف میں سے ہر طرف پرانے زمانے میں کمان کے چلے پر چڑھا کر پھینکے جانے والے تیر کی پرواز[1] کے فاصلے کے برابر پانی کی تلاش میں جائے۔ جبکہ ہموار زمین میں ہر طرف اندازاً دوبار پھینکے جانے والے تیر کے فاصلے کے برابر جستجو کرے۔

(۶۳۹) اگر چار اطراف میں سے بعض ہموار اور بعض ناہموار ہوں تو جو طرف ہموار ہو اس میں دو تیروں کی پرواز کے برابر اور جو طرف ناہموار ہو اس میں ایک تیر کی پرواز کے برابر پانی تلاش کرے۔

(۶۴۰) جس طرف پانی کے نہ ہونے کا یقین ہو اس طرف تلاش کرنا ضروری نہیں۔

(۶۴۱) اگر کسی شخص کی نماز کا وقت تنگ نہ ہو اور پانی حاصل کرنے کے لئے اس کے پاس وقت ہو اور اسے یقین یا اطمینان ہو کہ جس فاصلے تک اس کے لئے پانی تلاش کرنا ضروری ہے، اس سے دور پانی موجود ہو تو ضروری ہے کہ پانی حاصل کرنے کے لئے وہاں جائے لیکن اگر پانی بہت زیادہ دور ہو کہ لوگ یہ کہیں کہ ان کے پاس پانی نہیں ہے تو وہاں جانا لازم نہیں ہے اور اگر پانی موجود ہونے کا گمان ہو تو پھر بھی وہاں جانا ضروری نہیں ہے۔

(۶۴۲) یہ ضروری نہیں کہ انسان خود پانی کی تلاش میں جائے بلکہ وہ کسی اور ایسے شخص کی بات پر بھی اکتفا کرسکتا ہے، جس نے جستجو کرلی ہو اور جس کی بات پر اسے اطمینان ہو۔

(۶۴۳) اگر اس بات کا احتمال ہو کہ اپنے سفر کے سامان میں یا پڑاؤ ڈالنے کی جگہ پر یا قافلے میں پانی موجود ہے تو ضروری ہے کہ اس قدر جستجو کرے کہ اسے پانی کے نہ ہونے کا اطمینان ہو جائے یا اس کے حصول سے

[1] اس بات میں اختلاف ہے کہ ایک تیر کتنا فاصلہ کرتا ہے۔ سب سے زیادہ جس مقدار کا تذکرہ کیا گیا ہے وہ ۴۸۰ ذراع ہے جو تقریباً ۲۳۰ میٹر بنتا ہے۔ (منہاج الصالحین ۱: مسئلہ ۳۴۳)

ناامید ہو جائے۔ سوائے اس کے کہ پہلے کسی مورد میں پانی نہ تھا اور اب احتمال ہو کہ شاید پانی آچکا ہو کہ اس صورت میں جستجو ضروری نہیں۔

(۶۴۴) اگر ایک شخص نماز کے وقت سے پہلے پانی تلاش کرے اور حاصل نہ کر پائے اور نماز کے وقت تک وہیں رہے تو اگر پانی ملنے کا احتمال ہو تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ دوبارہ پانی کی تلاش میں جائے۔

(۶۴۵) اگر نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد تلاش کرے اور پانی حاصل نہ کر پائے اور بعد والی نماز کے وقت تک اسی جگہ رہے تو اگر پانی ملنے کا احتمال ہو تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ دوبارہ پانی کی تلاش میں جائے۔

(۶۴۶) اگر کسی شخص کی نماز کا وقت تنگ ہو یا اسے چور ڈاکو اور درندے کا خوف ہو یا پانی کی تلاش اتنی کٹھن ہو کہ اس جیسے افراد عام طور پر اتنی تکلیف برداشت نہیں کرتے تو تلاش ضروری نہیں۔

(۶۴۷) اگر کوئی شخص پانی تلاش نہ کرے حتیٰ کہ نماز کا وقت تنگ ہو جائے اور پانی تلاش کرنے کی صورت میں پانی مل سکتا تھا تو وہ گناہ کا مرتکب ہوا لیکن تیمم کے ساتھ اس کی نماز صحیح ہے۔

(۶۴۸) اگر کوئی شخص اس یقین کی بنا پر کہ اسے پانی نہیں مل سکتا پانی کی تلاش میں نہ جائے اور تیمم کر کے نماز پڑھ لے اور بعد میں اسے پتا چلے کہ اگر تلاش کرتا تو پانی مل سکتا تھا تو احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ وضو کر کے نماز دوبارہ پڑھے۔

(۶۴۹) اگر کسی شخص کو تلاش کرنے پر پانی نہ ملے اور ملنے سے مایوس ہو کر تیمم کے ساتھ نماز پڑھ لے اور نماز کے بعد اسے پتا چلے کہ جہاں اس نے تلاش کیا تھا وہاں پانی موجود تھا تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۶۵۰) جس شخص کو یقین ہو کہ نماز کا وقت تنگ ہے اگر وہ پانی تلاش کئے بغیر تیمم کر کے نماز پڑھ لے اور نماز پڑھنے کے بعد اور وقت گزرنے سے پہلے اسے پتا چلے کہ پانی تلاش کرنے کے لئے اس کے پاس وقت تھا تو احتیاط واجب یہ ہے کہ دوبارہ نماز پڑھے۔

(۶۵۱) اگر ایک شخص باوضو ہو اور اسے معلوم ہو کہ اگر اس نے اپنا وضو باطل کر دیا تو دوبارہ وضو کے لئے پانی نہیں ملے گا یا وہ وضو نہیں کر پائے گا تو اس صورت میں اگر وہ اپنا وضو برقرار رکھ سکتا ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ وضو باطل نہ کرے چاہے ابھی نماز کا وقت داخل ہوا ہو یا نہ ہوا ہو، لیکن ایسا شخص یہ جانتے ہوئے بھی کہ غسل نہ کر پائے گا اپنی بیوی سے جماع کر سکتا ہے۔

(۶۵۲) جب کسی کے پاس فقط وضو یا غسل کے لئے پانی ہو اور وہ جانتا ہو کہ اسے گرا دینے کی صورت میں مزید پانی نہیں مل سکے گا تو اگر نماز کا وقت داخل ہو گیا ہو تو اس پانی کا گرانا حرام ہے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ نماز کے وقت سے پہلے بھی نہ گرائے۔

(۶۵۳) اگر کوئی شخص یہ جانتے ہوئے کہ اسے پانی نہ مل سکے گا، اپنا وضو باطل کر دے یا جو پانی اس کے پاس ہو اسے گرا دے تو اگرچہ اس نے (حکم مسئلہ کے) برعکس کام کیا ہے، تیمم کے ساتھ اس کی نماز صحیح ہو گی لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس نماز کی قضا بھی کرے۔

تیمّم کی دوسری صورت

پانی تک رسائی نہ ہونا۔

(۶۵۴) اگر کوئی شخص بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے یا چور ڈاکو اور جانور وغیرہ کے خوف سے یا کنویں سے پانی نکالنے کے وسائل میسر نہ ہونے کی وجہ سے پانی حاصل نہ کر سکے تو ضروری ہے کہ تیمم کرے۔

(۶۵۵) اگر کنویں سے پانی نکالنے کے لئے ڈول اور رسی وغیرہ ضروری ہوں اور انسان مجبور ہو کہ انہیں خریدے یا کرائے پر حاصل کرے تو خواہ ان کی قیمت نام بھاؤ سے کئی گنا زیادہ ہی کیوں نہ ہو ضروری ہے کہ انہیں حاصل کرے۔ اگر پانی اپنی اصلی قیمت سے مہنگا بیچا جا رہا ہو تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ لیکن اگر ان چیزوں کے حصول پر اتنا خرچ اٹھتا ہو جو اس کے مال کے اعتبار سے ضرر کا باعث ہو تو پھر ان چیزوں کا مہیا کرنا واجب نہیں ہے۔

(۶۵۶) اگر کوئی شخص مجبور ہو کہ پانی مہیا کرنے کے لئے قرض لے تو قرض لینا ضروری ہے لیکن جس شخص کو علم ہو یا گمان ہو کہ وہ اپنے قرضے کی ادائیگی نہیں کر سکتا اس کے لئے قرض لینا واجب نہیں ہے۔

(۶۵۷) اگر کنواں کھودنے میں کوئی مشقت نہ ہو تو ضروری ہے کہ پانی مہیا کرنے کے لئے کنواں کھودے۔

(۶۵۸) اگر کوئی شخص بغیر احسان رکھے کچھ پانی دے تو اسے قبول کر لینا ضروری ہے۔

تیمّم کی تیسری صورت

پانی کے استعمال میں خوف ہو۔

(۶۵۹) اگر پانی کا استعمال کسی شخص کے لئے جان لیوا ہو یا اس کے بدن میں کسی عیب یا مرض کے پیدا ہونے یا موجودہ مرض کے طولانی یا شدید ہو جانے یا علاج معالجہ میں دشواری پیدا ہونے کا سبب ہو تو اس کے لئے ضروری ہے کہ تیمم کرے۔ لیکن اگر پانی کے ضرر کو کسی طریقے سے دور کر سکتا ہو مثلاً یہ کہ پانی کو گرم کرنے سے ضرر دور ہو سکتا ہو تو پانی گرم کر کے وضو کرے اور اگر غسل کرنا ضروری ہو تو غسل کرے۔

(۶۶۰) ضروری نہیں کہ کسی شخص کو یقین ہو کہ پانی اس کے لئے مضر ہے بلکہ اگر ضرر کا احتمال ہو اور یہ احتمال عام لوگوں کی نظروں میں معقول ہو تو تیمم کرنا ضروری ہے۔

(۶۶۱) اگر کوئی شخص ضرر کے یقین یا احتمال کی وجہ سے تیمم کرے اور اسے نماز سے پہلے اس بات کا پتا چل جائے کہ پانی اس کے لئے نقصاندہ نہیں تو اس کا تیمم باطل ہے اور اگر اس بات کا پتا نماز کے بعد چلے تو وضو یا غسل کر کے دوبارہ نماز پڑھنا ضروری ہے۔ سوائے اس کے کہ ضرر کے یقین یا احتمال کے باوجود وضو یا غسل کرنا ایسی ذہنی بے چینی کا باعث ہو جسے برداشت کرنا مشکل ہے۔

(۶۶۲) اگر کسی شخص کو یقین ہو کہ پانی اس کے لئے مضر نہیں ہے اور غسل یا وضو کرنے، بعد میں اسے پتا چلے کہ پانی اس کے لئے مضر تھا تو اس کا وضو اور غسل دونوں باطل ہیں۔

تیمم کی چوتھی صورت

حرج اور مشقت۔

(۶۶۳) اگر کسی شخص کے لئے پانی مہیا کرنا یا اسے استعمال کرنا ایسے حرج و مشقت کا باعث ہو جسے عام طور پر برداشت نہیں کیا جاتا تو وہ تیمم کرسکتا ہے لیکن اگر وہ مشقت برداشت کرتے ہوئے وضو یا غسل کرلے تو اس کے وضو و غسل صحیح ہوں گے۔

تیمم کی پانچویں صورت

پانی پیاس بجھانے کے لئے ضروری ہو۔

(۶۶۴) اگر کسی شخص کو پیاس بجھانے کے لئے پانی کی ضرورت ہو تو ضروری ہے کہ تیمم کرے اور اس وجہ سے تیمم کے جائز ہونے کی دو صورتیں ہیں:

(۱) اگر پانی وضو یا غسل کرنے میں صرف کردے تو وہ خود فوری طور پر یا بعد میں ایسی پیاس میں مبتلا ہوگا جو اس کی ہلاکت یا علالت کا موجب ہوگی یا جس کا برداشت کرنا اس کے لئے سخت تکلیف کا باعث ہوگا۔

(۲) اپنے علاوہ خود سے وابستہ دوسرے افراد کی خاطر ڈرتا ہو چاہے وہ دوسرے نفوس محترم بھی نہ رکھتے ہوں جبکہ ان کی زندگی کے امور اس کے لئے اہمیت کے حامل ہوں، چاہے اس لئے کہ وہ ان سے شدید محبت رکھتا ہو یا اس اعتبار سے کہ ان کا تلف ہو جانا اس کے لئے مالی نقصان کا باعث ہے یا اس لئے کہ ان کا خیال کرنا عرفاً اس کے لئے ضروری ہے جیسے دوست اور ہمسائے۔

ان دونوں صورتوں کے علاوہ بھی ممکن ہے کہ پیاس، تیمم کے جواز کا سبب بنے لیکن اس وجہ سے نہیں بلکہ اس لئے کہ جان کی حفاظت واجب ہے یا اس لئے کہ پیاسے کی موت یا بے چینی مطمئناً اس کے لئے حرج کا سبب بنے گی۔

(۶۶۵) اگر کسی شخص کے پاس اس پاک پانی کے علاوہ جو وضو یا غسل کے لئے ہو اتنا نجس پانی بھی ہو جتنا اسے پینے کے لئے درکار ہے تو ضروری ہے کہ پاک پانی پینے کے لئے رکھ لے اور تیمم کرکے نماز پڑھے لیکن اگر پانی اس کے ساتھیوں کے پینے کے لئے درکار ہو تو وہ پاک پانی سے وضو یا غسل کرسکتا ہے خواہ اس کے ساتھی پیاس بجھانے کے لئے نجس پانی پینے پر ہی مجبور کیوں نہ ہوں بلکہ اگر وہ لوگ اس پانی کے نجس ہونے کے بارے میں نہ جانتے ہوں یا یہ کہ نجاست سے پرہیز نہ کرتے ہوں تو لازم ہے کہ پاک پانی کو وضو یا غسل کے لئے صرف کرے اور اسی طرح پانی اپنے کسی جانور یا نابالغ بچے کو پلانا چاہے تب بھی ضروری ہے کہ انہیں وہ نجس پانی پلائے اور پاک پانی سے وضو یا غسل کرے۔

تیمم کی چھٹی صورت

وضو یا غسل کا ٹکراؤ ایسی شرعی تکلیف سے ہو رہا ہو جو اُن سے زیادہ اہم ہو یا مساوی ہو۔

(۶۶۶) اگر کسی شخص کا بدن یا لباس نجس ہو اور اس کے پاس اتنی مقدار میں پانی ہو کہ اس سے وضو یا غسل کرلے تو بدن یا لباس دھونے کے لئے پانی نہ بچتا ہو تو ضروری ہے کہ بدن یا لباس دھوئے اور تیمم کرکے نماز پڑھے۔ لیکن اگر اس کے پاس ایسی کوئی چیز نہ ہو جس پر تیمم کرے تو ضروری ہے کہ پانی وضو یا غسل کے لئے استعمال کرے اور نجس بدن یا لباس کے ساتھ نماز پڑھے۔

(۶۶۷) اگر کسی شخص کے پاس سوائے ایسے پانی یا برتن کے جس کا استعمال کرنا حرام ہے کوئی اور پانی یا برتن نہ ہو مثلاً جو پانی یا برتن اس کے پاس ہو وہ غصبی ہو اور اس کے علاوہ اس کے پاس کوئی پانی یا برتن نہ ہو تو ضروری ہے کہ وضو اور غسل کے بجائے تیمم کرے۔

تیمم کی ساتویں صورت

وقت کا تنگ ہونا۔

(۶۶۸) جب وقت اتنا تنگ ہو کہ اگر ایک شخص وضو یا غسل کرے تو ساری نماز یا اس کا کچھ حصہ وقت کے بعد پڑھا جاسکے تو ضروری ہے کہ تیمم کرے۔

(۶۶۹) اگر کوئی شخص جان بوجھ کر نماز پڑھنے میں اتنی تاخیر کرے کہ وضو یا غسل کا وقت باقی نہ رہے تو وہ گناہ کا مرتکب ہوگا لیکن تیمم کے ساتھ اس کی نماز صحیح ہے۔ اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس نماز کی قضا بھی کرے۔

(۶۷۰) اگر کسی کو شک ہو کہ وہ وضو یا غسل کرے تو نماز کا وقت باقی رہے گا یا نہیں تو ضروری ہے کہ تیمم کرے۔

(۶۷۱) اگر کسی شخص نے وقت کی تنگی کی وجہ سے تیمم کیا ہو اور نماز کے بعد وضو کرسکنے کے باوجود نہ کیا ہو حتیٰ کہ جو پانی اس کے پاس تھا وہ ضائع ہوگیا ہو تو اس صورت میں کہ اس کا فریضہ تیمم ہو ضروری ہے کہ آئندہ نمازوں کے لئے دوبارہ تیمم کرے خواہ وہ تیمم جو اس نے کیا تھا نہ ٹوٹا ہو۔

(۶۷۲) اگر کسی شخص کے پاس پانی ہو لیکن وقت کی تنگی کے باعث تیمم کرکے نماز پڑھنے لگے اور نماز کے دوران جو پانی اس کے پاس تھا وہ ضائع ہو جائے۔ اب اگر اس کا فریضہ تیمم ہو تو بعد کی نمازوں کے لئے دوبارہ تیمم کرنا ضروری نہیں ہے اگرچہ بہتر ہے۔

(۶۷۳) اگر کسی شخص کے پاس اتنا وقت ہو کہ وضو یا غسل کرسکے اور نماز کو اس کے مستحب افعال مثلاً اقامت اور قنوت کے بغیر پڑھ لے تو ضروری ہے کہ غسل یا وضو کرلے اور اس کے مستحب افعال کے بغیر نماز پڑھے بلکہ اگر سورہ پڑھنے جتنا وقت بھی نہ بچتا ہو تو ضروری ہے کہ غسل یا وضو کرے اور بغیر سورہ کے نماز پڑھے۔

وہ چیزیں جن پر تیمّم کرنا صحیح ہے

(۶۷۴) مٹی، ریت، ڈھیلے اور پتھر پر تیمم کرنا صحیح ہے لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ اگر مٹی میسر ہو تو کسی دوسری چیز پر تیمم نہ کیا جائے۔ اگر مٹی نہ ہو تو انتہائی باریک بجری پر جسے مٹی کہا جاسکے، اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو ڈھیلے پر، اگر ڈھیلا بھی نہ ہو تو پھر ریت پر اور اگر ریت اور ڈھیلا بھی نہ ہو تو پھر پتھر پر تیمم کیا جائے۔

(۶۷۵) جپسم اور چونے کے پتھر پر تیمم کرنا صحیح ہے نیز اس گرد و غبار پر جو قالین، کپڑے اور ان جیسی دوسری چیزوں پر جمع ہو جاتا ہے اگر عرف عام میں اسے نرم مٹی شمار کیا جاتا ہو تو اس پر تیمم صحیح ہے۔ اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ اختیار کی حالت میں اس پر تیمم نہ کرے۔ اسی طرح احتیاط مستحب کی بنا پر اختیار کی حالت میں پکے جپسم اور چونے پر اور پکی اینٹ اور دوسرے معدنی پتھر مثلاً عقیق وغیرہ پر تیمم نہ کرے۔

(۶۷۶) اگر کسی شخص کو مٹی، ریت، ڈھیلے یا پتھر نہ مل سکیں تو ضروری ہے کہ تر مٹی پر تیمم کرے اور اگر تر مٹی نہ ملے تو ضروری ہے کہ قالین، دری یا لباس اور ان جیسی دوسری چیزوں کے اندر یا اوپر موجود اس مختصر سے گرد و غبار سے جو عرف میں مٹی شمار نہ ہوتا ہو تیمم کرے اور اگر ان میں سے کوئی چیز بھی دستیاب نہ ہو تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ تیمم کے بغیر نماز پڑھے لیکن واجب ہے کہ بعد میں اس نماز کی قضا پڑھے۔

(۶۷۷) اگر کوئی شخص قالین، دری اور ان جیسی دوسری چیزوں کو جھاڑ کر مٹی مہیا کرسکتا ہے تو اس کا گرد آلود چیز پر تیمم کرنا باطل ہے اور اسی طرح اگر تر مٹی کو خشک کر کے اس سے سوکھی مٹی حاصل کرسکتا ہو تو تر مٹی پر تیمم کرنا باطل ہے۔

(۶۷۸) جس شخص کے پاس پانی نہ ہو لیکن برف ہو اور اسے پگھلا سکتا ہو تو اسے پگھلا کر پانی بنانا اور اس سے وضو یا غسل کرنا ضروری ہے اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو اور اس کے پاس کوئی ایسی چیز بھی نہ ہو جس پر تیمم کرنا صحیح ہو تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وقت گزرنے کے بعد نماز کو قضا کرے اور بہتر یہ ہے کہ برف سے وضو یا غسل کے اعضا کو تر کرے اور وضو میں ہاتھ کی رطوبت سے سر اور پیروں کا مسح کرے اور اگر ایسا کرنا بھی ممکن نہ ہو تو برف پر تیمم کرلے اور وقت پر بھی نماز پڑھے، البتہ دونوں صورتوں میں قضا ضروری ہے۔

(۶۷۹) اگر مٹی اور ریت کے ساتھ سوکھی گھاس کی طرح کی کوئی چیز ملی ہوئی ہو جس پر تیمم کرنا باطل ہو تو اس پر تیمم نہیں کرسکتا۔ لیکن اگر وہ چیز اتنی کم ہو کہ اسے مٹی یا ریت میں نہ ہونے کے برابر سمجھا جاسکے تو اس مٹی اور ریت پر تیمم صحیح ہے۔

(۶۸۰) اگر ایک شخص کے پاس کوئی ایسی چیز نہ ہو جس پر تیمم کیا جاسکے اور اس کا خریدنا یا کسی اور طرح حاصل کرنا ممکن ہو تو ضروری ہے کہ اس طرح مہیا کرلے۔

(۶۸۱) مٹی کی دیوار پر تیمم کرنا صحیح ہے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ خشک زمین یا خشک مٹی کے ہوتے ہوئے

تر زمین یا تر مٹی پر تیمم نہ کیا جائے۔

(۶۸۲) جس چیز پر انسان تیمم کرے اس کا شرعاً پاک ہونا ضروری ہے اور احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ عرفاً بھی پاکیزہ ہو یعنی اس میں کوئی ایسی چیز ملی ہوئی نہ ہو جس سے انسانی طبیعت کو گھن آتی ہو۔ اگر اس کے پاس کوئی ایسی پاک چیز نہ ہو جس پر تیمم کرنا صحیح ہو تو اس پر نماز واجب نہیں لیکن ضروری ہے کہ اس کی قضا بجالائے اور بہتر یہ ہے کہ وقت میں بھی نماز پڑھے۔ ہاں اگر بات گرد آلود قالین وغیرہ تک آ چکی ہو اور وہ نجس ہو، احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اس سے تیمم کر کے نماز پڑھے اور پھر بعد میں اس کی قضا بھی کرے۔

(۶۸۳) اگر کسی شخص کو یقین ہو کہ ایک چیز پر تیمم کرنا صحیح ہے اور اس پر تیمم کرلے بعد ازاں اسے پتا چلے کہ اس چیز پر تیمم کرنا باطل تھا تو ضروری ہے کہ جو نمازیں اس تیمم کے ساتھ پڑھی ہیں وہ دوبارہ پڑھے۔

(۶۸۴) جس چیز پر کوئی شخص تیمم کرے ضروری ہے کہ وہ غصبی نہ ہو پس اگر وہ غصبی مٹی پر تیمم کرے تو اس کا تیمم باطل ہے۔

(۶۸۵) غصب کی ہوئی فضا میں تیمم کرنا باطل نہیں ہے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص اپنی زمین میں اپنے ہاتھ مٹی پر مارے اور پھر بلا اجازت دوسرے کی زمین میں داخل ہو جائے اور ہاتھوں کو پیشانی پر پھیرے تو اس کا تیمم صحیح ہوگا اگرچہ وہ گناہ کا مرتکب ہوا ہے۔

(۶۸۶) اگر کوئی شخص بھولے سے یا غفلت سے غصبی چیز پر تیمم کرلے تو تیمم صحیح ہے لیکن اگر وہ خود کوئی چیز غصب کرے اور پھر بھول جائے کہ غصب کی ہے تو اس چیز پر تیمم کے صحیح ہونے میں اشکال ہے۔

(۶۸۷) اگر کوئی شخص غصبی جگہ میں قید کردیا گیا ہو اور اس جگہ کا پانی اور مٹی دونوں غصبی ہوں تو ضروری ہے کہ تیمم کر کے نماز پڑھے۔

(۶۸۸) جس چیز پر تیمم کیا جائے احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ اس پر کچھ گرد و غبار موجود ہو جو کہ ہاتھوں پر لگ جائے اور اس پر ہاتھ مارنے کے بعد ضروری ہے کہ اتنے زور سے ہاتھوں کو نہ جھاڑے کہ ساری گرد گر جائے۔

(۶۸۹) گڑھے والی زمین، راستے کی مٹی اور ایسی شور زمین پر جس پر نمک کی تہہ نہ جمی ہو تیمم کرنا مکروہ ہے اور اگر اس پر نمک کی تہہ جم گئی ہو تو تیمم باطل ہے۔

وضو یا غسل کے بدلے تیمّم کرنے کا طریقہ

(۶۹۰) وضو یا غسل کے بدلے کئے جانے والے تیمم میں تین چیزیں واجب ہیں:

(۱) دونوں ہتھیلیوں کو ایک ساتھ ایسی چیز پر مارنا یا رکھنا جس پر تیمم کرنا صحیح ہو۔ احتیاط لازم کی بنا پر دونوں ہاتھ ایک ساتھ زمین پر مارنے یا رکھنے چاہئیں۔

(۲) دونوں ہتھیلیوں کو پوری پیشانی پر سر کے بال اگنے کی جگہ سے ابرو اور ناک کے بالائی حصے تک پھیرنا اور اسی طرح احتیاط واجب کی بنا پر پیشانی کے دونوں طرف دونوں ہتھیلیوں کو پھیرنا۔ احتیاط مستحب یہ ہے کہ ہاتھ ابرو کے اوپر بھی پھیرے جائیں۔

(۳) بائیں ہتھیلی کو دائیں ہاتھ کی تمام پشت پر اور اس کے بعد دائیں ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی تمام پشت پر پھیرنا۔

ضروری ہے کہ تیمم، قربۃ الی اللہ کی نیت سے انجام دے جیسا کہ وضو کے مسائل میں بتایا جاچکا ہے۔

(۶۹۱) احتیاط مستحب یہ ہے کہ تیمم خواہ وضو کے بدلے ہو یا غسل کے بدلے اسے ترتیب سے کیا جائے یعنی یہ کہ ایک دفعہ ہاتھ زمین پر مارے جائیں اور پیشانی اور ہاتھوں کی پشت پر پھیرے جائیں اور پھر ایک دفعہ زمین پر مارے جائیں اور ہاتھوں کی پشت کا مسح کیا جائے۔

تیمّم کے احکام

(۶۹۲) اگر ایک شخص پیشانی یا ہاتھوں کی پشت کے ذرا سے حصے کا بھی مسح نہ کرے تو اس کا تیمم باطل ہے قطع نظر اس سے کہ اس نے عمداً مسح نہ کیا ہو یا مسئلہ نہ جانتا ہو یا مسئلہ بھول گیا ہو لیکن زیادہ باریک بینی کا خیال رکھنا بھی ضروری نہیں۔ اگر یہ کہا جاسکے کہ تمام پیشانی اور ہاتھوں کا مسح ہوگیا ہے تو اتنا ہی کافی ہے۔

(۶۹۳) اگر کسی شخص کو یقین نہ ہو کہ ہاتھ کی پشت پر مسح کرلیا ہے تو یقین حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ کلائی سے کچھ اوپر والے حصے کا بھی مسح کرے لیکن انگلیوں کے درمیان مسح کرنا ضروری نہیں ہے۔

(۶۹۴) تیمم کرنے والے کو پیشانی اور ہاتھوں کی پشت کا مسح احتیاط کی بنا پر اوپر سے نیچے کی جانب کرنا ضروری ہے اور یہ افعال ایک دوسرے سے متصل ہونے چاہئیں اور اگر ان افعال کے درمیان اتنا فاصلہ دے کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ تیمم کر رہا ہے تو تیمم باطل ہے۔

(۶۹۵) نیت کرتے وقت لازم نہیں کہ اس بات کا تعین کرے کہ اس کا تیمم غسل کے بدلے ہے یا وضو کے بدلے لیکن جہاں دو تیمم انجام دینا ضروری ہوں تو ضروری ہے کہ ان میں سے ہر ایک کو کسی بھی اعتبار سے معین کرے اور اگر اس پر ایک تیمم واجب ہو اور نیت کرے کہ میں اس وقت اپنا فریضہ انجام دے رہا ہوں تو اگرچہ وہ معین کرنے میں غلطی کرے اس کا تیمم صحیح ہے۔

(۶۹۶) تیمم میں پیشانی، ہاتھوں کی ہتھیلیاں اور ہاتھوں کی پشت ضروری نہیں ہے کہ پاک ہوں، اگرچہ بہتر ہے کہ پاک ہوں۔

(۶۹۷) ضروری ہے کہ ہاتھ پر مسح کرتے وقت انگوٹھی اتار دے اور اگر پیشانی یا ہاتھوں کی پشت یا ہتھیلیوں

پر کوئی رکاوٹ ہو مثلاً ان پر کوئی چیز چپکی ہوئی ہو تو ضروری ہے کہ اسے ہٹادے۔

(۶۹۸) اگر کسی شخص کی پیشانی یا ہاتھوں کی پشت پر زخم ہو اور اس پر کپڑا یا پٹی وغیرہ بندھی ہو جس کو کھولا نہ جاسکتا ہو تو ضروری ہے کہ اس کے اوپر ہاتھ پھیرے۔ اگر ہتھیلی زخمی ہو اور اس پر کپڑا یا پٹی وغیرہ بندھی ہو جسے کھولا نہ جاسکتا ہو تو ضروری ہے کہ کپڑے یا پٹی وغیرہ سمیت ہاتھ اس چیز پر مارے جس پر تیمم کرنا صحیح ہو اور پھر پیشانی اور ہاتھوں کی پشت پر پھیرے، لیکن اگر ہتھیلی کا کچھ حصہ بھی کھلا ہوا ہو تو اسی کو زمین پر مار کر اسی سے مسح کر لینا کافی ہے۔

(۶۹۹) اگر کسی شخص کی پیشانی اور ہاتھوں کی پشت پر معمول کے مطابق بال ہوں تو کوئی حرج نہیں لیکن اگر سر کے بال پیشانی پر آگرے ہوں تو ضروری ہے کہ انہیں پیچھے ہٹادے۔

(۷۰۰) اگر احتمال ہو کہ پیشانی اور ہتھیلیوں یا ہاتھوں کی پشت پر کوئی رکاوٹ ہے اور یہ احتمال لوگوں کی نظروں میں معقول ہو تو ضروری ہے کہ چھان بین کرے تاکہ اسے یقین یا اطمینان ہو جائے کہ رکاوٹ موجود نہیں ہے۔

(۷۰۱) اگر کسی شخص کا فریضہ تیمم ہو اور وہ خود تیمم نہ کرسکتا ہو تو ضروری ہے کہ کسی دوسرے شخص سے مدد لے تاکہ وہ مددگار متعلقہ شخص کے ہاتھوں کو اس چیز پر مارے جس پر تیمم کرنا صحیح ہو اور پھر متعلقہ شخص کے ہاتھوں کو اس کی پیشانی اور دونوں ہاتھوں کی پشت پر رکھ دے تاکہ امکان کی صورت میں وہ خود اپنی دونوں ہتھیلیوں کو پیشانی اور دونوں ہاتھوں کی پشت پر پھیرے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو نائب کے لئے ضروری ہے کہ متعلقہ شخص کو خود اس کے ہاتھوں سے تیمم کرائے اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو نائب کے لئے ضروری ہے کہ اپنے ہاتھوں کو اس چیز پر مارے جس پر تیمم کرنا صحیح ہو اور پھر متعلقہ شخص کی پیشانی اور ہاتھوں کی پشت پر پھیرے۔ ان دونوں صورتوں میں احتیاط لازم کی بنا پر دونوں شخص تیمم کی نیت کریں لیکن پہلی صورت میں خود مکلف کی نیت کافی ہے۔

(۷۰۲) اگر کوئی شخص تیمم کے دوران شک کرے کہ وہ اس کا کوئی حصہ بھول گیا ہے یا نہیں اور اس حصے کا موقع گزر گیا ہو تو وہ اپنے شک کی پروا نہ کرے اور اگر موقع نہ گزرا ہو تو ضروری ہے کہ اس حصے کا تیمم کرے۔

(۷۰۳) اگر کسی شخص کو بائیں ہاتھ کا مسح کرنے کے بعد شک ہو کہ آیا اس نے تیمم درست کیا ہے یا نہیں تو اس کا تیمم صحیح ہے اور اگر اس کا شک بائیں ہاتھ کے مسح کے بارے میں ہو تو اس کے لئے ضروری ہے کہ اس کا مسح کرے سوائے اس کے کہ لوگ یہ کہیں کہ تیمم سے فارغ ہو چکا ہے۔ مثلاً اس شخص نے کوئی ایسا کام کیا ہو جس کے لئے طہارت شرط ہے یا تسلسل ختم ہوگیا ہو۔

(۷۰۴) جس شخص کا فریضہ تیمم ہو اگر وہ نماز کے پورے وقت میں عذر کے ختم ہونے سے مایوس ہو یا اسے اس بات کا احتمال ہو کہ اگر تیمم میں تاخیر کرے گا تو وقت داخل ہونے کے بعد تیمم نہ کرسکے گا تو ایسا شخص وقت داخل ہونے سے پہلے بھی تیمم کرسکتا ہے اور اگر اس نے کسی دوسرے واجب یا مستحب کام کے لئے تیمم کیا ہو اور نماز کے وقت تک اس کا عذر باقی ہو تو اسی تیمم کے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے۔

(۷۰۵) جس شخص کا فریضہ تیمم ہو اگر اسے علم ہو کہ آخر وقت تک اس کا عذر باقی رہے گا یا وہ عذر کے ختم ہونے سے مایوس ہو تو وقت کے وسیع ہوتے ہوئے وہ تیمم کے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے۔ لیکن اگر وہ جانتا ہو کہ آخر

وقت تک اس کا عذر دور ہو جائے گا تو ضروری ہے کہ انتظار کرے اور وضو یا غسل کر کے نماز پڑھے۔ بلکہ اگر وہ آخر وقت تک عذر کے ختم ہونے سے مایوس نہ ہو تو مایوس ہونے سے پہلے تیمم کر کے نماز نہیں پڑھ سکتا۔ سوائے اس کے کہ یہ احتمال ہو کہ اگر تیمم کر کے جلدی نماز نہ پڑھی تو پھر وقت ختم ہونے تک حتیٰ کہ تیمم کر کے بھی نماز نہ پڑھ پائے گا۔

(۷۰۶) اگر کوئی شخص وضو یا غسل نہ کر سکتا ہو اور وہ عذر کے برطرف ہونے سے مایوس ہو تو وہ اپنی قضا نمازیں تیمم کے ساتھ پڑھ سکتا ہے۔ لیکن اگر بعد میں عذر ختم ہو جائے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ وہ نمازیں وضو یا غسل کر کے دوبارہ پڑھے اور اگر اسے عذر دور ہونے سے مایوسی نہ ہو تو احتیاط لازم کی بنا پر قضا نمازوں کے لئے تیمم نہیں کر سکتا۔

(۷۰۷) جو شخص وضو یا غسل نہ کر سکتا ہو اس کے لئے جائز ہے کہ ان مستحب نمازوں کو جن کا وقت معین ہے جیسے دن رات کے نوافل، تیمم کر کے پڑھے لیکن اگر مایوس نہ ہو کہ آخر وقت تک اس کا عذر دور ہو جائے گا تو احتیاط لازم یہ ہے کہ وہ نمازیں ان کے اول وقت میں نہ پڑھے اور جن مستحب نمازوں کا وقت معین نہیں ہے انہیں مطلقاً تیمم کے ساتھ پڑھ سکتا ہے۔

(۷۰۸) جس شخص نے احتیاطاً جبیرہ غسل اور تیمم کیا ہو اگر وہ غسل اور تیمم کے بعد نماز پڑھے اور نماز کے بعد اس سے حدث اصغر صادر ہو مثلاً اگر وہ پیشاب کرے تو بعد کی نمازوں کے لئے ضروری ہے کہ وضو کرے اور اگر حدث نماز سے پہلے صادر ہو تو ضروری ہے کہ اس نماز کے لئے بھی وضو کرے۔

(۷۰۹) اگر کوئی شخص پانی نہ ملنے کی وجہ سے یا کسی اور عذر کی بنا پر تیمم کرے تو عذر کے ختم ہو جانے کے بعد اس کا تیمم باطل ہو جاتا ہے۔

(۷۱۰) جو چیزیں وضو کو باطل کرتی ہیں وہ وضو کے بدلے کئے ہوئے تیمم کو بھی باطل کرتی ہیں اور جو چیزیں غسل کو باطل کرتی ہیں وہ غسل کے بدلے کئے ہوئے تیمم کو بھی باطل کرتی ہیں۔

(۷۱۱) اگر کوئی شخص غسل نہ کر سکتا ہو اور چند غسل اس پر واجب ہوں تو اس کے لئے جائز ہے کہ ان تمام غسلوں کے بدلے ایک تیمم کرے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ ان غسلوں میں سے ہر ایک کے بدلے ایک تیمم کرے۔

(۷۱۲) جو شخص غسل نہ کر سکتا ہو اگر وہ کوئی ایسا کام انجام دینا چاہے جس کے لئے غسل واجب ہو تو ضروری ہے کہ غسل کے بدلے تیمم کرے اور جو شخص وضو نہ کر سکتا ہو اگر وہ کوئی ایسا کام انجام دینا چاہے جس کے لئے وضو واجب ہو تو ضروری ہے کہ وضو کے بدلے تیمم کرے۔

(۷۱۳) اگر کوئی شخص غسل جنابت کے بدلے تیمم کرے تو نماز کے لئے وضو کرنا ضروری نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کسی اور غسل کے بدلے تیمم کرے تو بھی یہی حکم ہے لیکن اس صورت میں احتیاط مستحب یہ ہے کہ وضو بھی کرے اور اگر وہ وضو نہ کر سکے تو وضو کے بدلے ایک اور تیمم کرے۔

(۷۱۴) اگر کوئی شخص غسل کے بدلے تیمم کرے لیکن بعد میں اسے کسی ایسی صورت سے دوچار ہونا پڑے جو

وضو کو باطل کر دیتی ہو اور بعد کی نمازوں کے لئے غسل بھی نہ کر سکتا ہو تو ضروری ہے کہ وضو کرے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ تیمم بھی کرے۔ اگر وضو نہ کر سکتا ہو تو ضروری ہے کہ وضو کے بدلے تیمم کرے۔

(۷۱۵) جس شخص کا فریضہ تیمم ہو اگر وہ کسی کام کے لئے تیمم کرے تو جب تک اس کا تیمم اور عذر باقی ہے وہ ان کاموں کو کر سکتا ہے جو وضو یا غسل کر کے کرنے چاہئیں۔ لیکن اگر اس کا عذر وقت کی تنگی ہو یا اس نے پانی ہوتے ہوئے نماز میت یا سونے کے لئے تیمم کیا ہو تو وہ فقط ان کاموں کو انجام دے سکتا ہے جن کے لئے اس نے تیمم کیا ہو۔

(۷۱۶) چند صورتوں میں بہتر ہے کہ جو نمازیں انسان نے تیمم کے ساتھ پڑھی ہوں ان کی قضا کرے۔

(۱) پانی کے استعمال سے ڈرتا ہو اور اس نے جان بوجھ کر اپنے آپ کو جنب کر لیا ہو اور تیمم کر کے نماز پڑھی ہو۔

(۲) یہ جانتے ہوئے یا گمان کرتے ہوئے کہ اسے پانی نہ مل سکے گا عمداً اپنے آپ کو جنب کر لیا ہو اور تیمم کر کے نماز پڑھی ہو۔

(۳) آخر وقت تک پانی کی تلاش میں نہ جائے اور تیمم کر کے نماز پڑھے اور بعد میں اسے پتا چلے کہ اگر تلاش کرتا تو اسے پانی مل جاتا۔

(۴) جان بوجھ کر نماز پڑھنے میں تاخیر کی ہو اور آخر وقت میں تیمم کر کے نماز پڑھی ہو۔

(۵) یہ جانتے ہوئے یا گمان کرتے ہوئے کہ پانی نہیں ملے گا جو پانی اس کے پاس تھا اسے گرا دیا ہو اور تیمم کر کے نماز پڑھی ہو۔

نماز کے احکام

نماز دینی اعمال میں سے بہترین عمل ہے۔ اگر یہ بارگاہ الٰہی میں قبول ہو گئی تو دوسری عبادات بھی قبول ہو جائیں گی اور اگر یہ قبول نہ ہوئی تو دوسرے اعمال بھی قبول نہ ہوں گے۔ جس طرح انسان اگر دن رات میں پانچ دفعہ نہر میں نہائے دھوئے تو اس کے بدن پر میل کچیل نہیں رہتی اسی طرح پنج وقتہ نماز بھی انسان کو گناہوں سے پاک کر دیتی ہے اور بہتر ہے کہ انسان اول وقت میں نماز پڑھے۔ جو شخص نماز کو معمولی اور غیر اہم سمجھے وہ اس شخص کی مانند ہے جو نماز نہ پڑھتا ہو۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ: "جو شخص نماز کو اہمیت نہ دے اور اسے معمولی چیز سمجھے وہ آخرت میں عذاب کا مستحق ہے۔"

ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے کہ ایک شخص مسجد میں داخل ہوا اور نماز پڑھنے میں مشغول ہو گیا لیکن رکوع اور سجود مکمل طور پر نہ بجا لایا۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"اگر یہ شخص اس حالت میں مرجائے جبکہ اس کے نماز پڑھنے کا یہ طریقہ ہے تو یہ ہمارے دین پر نہیں مرے گا۔"
پس انسان کو خیال رکھنا چاہئے کہ نماز جلدی جلدی نہ پڑھے اور نماز کی حالت میں خدا کی یاد میں رہے اور خشوع و خضوع اور وقار اور یکسوئی سے نماز پڑھے اور یہ خیال رکھے کہ کس ہستی سے کلام کر رہا ہے اور اپنے آپ کو خداوند عالم کی عظمت اور بزرگی کے مقابلے میں حقیر اور ناچیز سمجھے۔ اگر انسان نماز کے دوران پوری طرح ان باتوں کی طرف متوجہ رہے تو وہ اپنے آپ سے بے خبر ہو جاتا ہے جیسا کہ نماز کی حالت میں حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السلام کے پاؤں سے تیر کھینچ لیا گیا اور آپ کو خبر تک نہ ہوئی۔ علاوہ ازیں نماز پڑھنے والے کو چاہئے کہ توبہ و استغفار کرے اور نہ صرف ان گناہوں کو جو نماز قبول ہونے میں مانع ہوتے ہیں — مثلاً حسد، تکبر، غیبت، حرام کھانا، شراب پینا اور خمس و زکوٰۃ کا ادا نہ کرنا — ترک کرے بلکہ تمام گناہ ترک کردے۔ نیز بہتر ہے کہ جو کام نماز کا ثواب گھٹاتے ہیں وہ نہ کرے۔ مثلاً اونگھنے کی حالت میں یا پیشاب روک کر نماز کے لئے کھڑا نہ ہو اور نماز کے موقع پر آسمان کی طرف نہ دیکھے اور وہ کام کرے جو نماز کا ثواب بڑھاتے ہیں مثلاً عقیق کی انگوٹھی اور پاکیزہ لباس پہننا، کنگھی اور مسواک کرنا اور خوشبو لگانا۔

واجب نمازیں

چھ نمازیں واجب ہیں:

(۱) روزانہ کی نمازیں

(۲) نماز آیات

(۳) نماز میت

(۴) خانۂ کعبہ کے واجب طواف کی نماز

(۵) باپ کی قضا نمازیں جو بڑے بیٹے پر احتیاط کی بنا پر واجب ہیں

(۶) جو نمازیں اجارہ، منت، قسم اور عہد سے واجب ہو جاتی ہیں۔

نماز جمعہ روزانہ نمازوں میں سے ہے۔

روزانہ کی واجب نمازیں

روزانہ کی واجب نمازیں پانچ ہیں:

ظہر اور عصر (ہر ایک چار رکعت) مغرب (تین رکعت) عشاء (چار رکعت) اور فجر (دو رکعت)۔

(۷۱۷) انسان سفر میں ہو تو ضروری ہے کہ چار رکعتی نمازیں ان شرائط کے ساتھ جو بعد میں بیان ہوں گی دو رکعت پڑھے۔

ظہر اور عصر کی نماز کا وقت

(۷۱۸) ظہر اور عصر کی نماز کا وقت زوال آفتاب (ظہر شرعی[۱]) کے بعد سے غروب آفتاب تک ہے لیکن اگر کوئی شخص جان بوجھ کر عصر کی نماز کو ظہر کی نماز سے پہلے پڑھے تو اس کی عصر کی نماز باطل ہے سوائے اس کے کہ وقت کے آخر تک ایک نماز سے زیادہ پڑھنے کا وقت باقی نہ ہو کیونکہ ایسی صورت میں اگر اس نے ظہر کی نماز نہیں پڑھی تو اس کی ظہر کی نماز قضا ہو گی اور ضروری ہے کہ عصر کی نماز پڑھے اور اگر کوئی شخص اس وقت سے پہلے غلط فہمی کی بنا پر عصر کی پوری نماز ظہر کی نماز سے پہلے پڑھ لے تو اس کی نماز صحیح ہے اور ضروری ہے کہ پھر ظہر کی نماز پڑھے۔ احتیاط مستحب یہ ہے کہ بعد میں پڑھی جانے والی چار رکعت کو مافی الذمہ کی نیت سے پڑھے۔

(۷۱۹) اگر کوئی شخص ظہر کی نماز پڑھنے سے پہلے غلطی سے عصر کی نماز شروع کردے اور نماز کے دوران اسے پتا چلے کہ اس سے غلطی ہوئی ہے تو اسے چاہئے کہ نیت نماز ظہر کی جانب پھیر دے یعنی نیت کرے کہ جو کچھ میں پڑھ چکا ہوں اور پڑھ رہا ہوں اور پڑھوں گا وہ تمام کی تمام نماز ظہر ہے اور جب نماز ختم کرے تو اس کے بعد عصر کی نماز پڑھے۔

نماز جمعہ اور اس کے احکام

(۷۲۰) جمعہ کی نماز صبح کی نماز کی طرح دو رکعت ہے۔ اس میں اور صبح کی نماز میں فرق یہ ہے کہ اس نماز سے پہلے دو خطبے بھی ہیں۔ جمعہ کی نماز واجب تخییری ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ جمعہ کے دن مکلف کو اختیار ہے کہ اگر نماز جمعہ کی شرائط موجود ہوں تو جمعہ کی نماز پڑھے یا ظہر کی نماز پڑھے لہٰذا اگر انسان جمعہ کی نماز پڑھے تو وہ ظہر کی نماز کی کفایت کرتی ہے (یعنی پھر ظہر کی نماز پڑھنا ضروری نہیں)۔

جمعہ کی نماز واجب ہونے کی چند شرطیں ہیں:

(۱) وقت کا داخل ہونا جو کہ زوال آفتاب ہے اور اس کا وقت اول زوال عرفی ہے۔ پس جب بھی اس سے تاخیر ہو جائے، اس کا وقت ختم ہو جاتا ہے اور پھر ضروری ہے کہ ظہر کی نماز ادا کی جائے۔

(۲) نماز پڑھنے والوں کی تعداد جو کہ بمع امام پانچ افراد ہے اور جب تک پانچ مسلمان اکٹھے نہ ہوں جمعہ کی نماز واجب نہیں ہوتی۔

(۳) امام کا جامع شرائط امامت ہونا مثلاً عدالت وغیرہ جو کہ امام جماعت میں معتبر ہیں اور نماز جماعت کی بحث میں بتایا جائے گا۔ اگر یہ شرط پوری نہ ہو تو جمعہ کی نماز واجب نہیں ہوتی۔

---

[۱] ظہر شرعی کا مطلب ہے آدھا دن گزر جانا۔ مثلاً اگر دن بارہ گھنٹے کا ہو تو سورج نکلنے کے چھ گھنٹے کے بعد ظہر شرعی کا وقت ہو گا اور اگر دن تیرہ گھنٹوں کا ہو تو طلوع آفتاب کے ساڑھے چھ گھنٹے بعد ظہر شرعی کا وقت ہو گا۔ ظہر شرعی جو کہ طلوع آفتاب سے غروب آفتاب کے درمیان نصف وقت گزرنے کا نام ہے، کراچی کے افق کے مطابق کبھی دوپہر ساڑھے بارہ بجے سے کچھ پہلے اور کبھی اس کے کچھ بعد میں ہوتا ہے۔

جمعہ کی نماز کے صحیح ہونے کی چند شرطیں ہیں:

(۱) باجماعت پڑھا جانا۔ پس یہ نماز فرادیٰ ادا کرنا صحیح نہیں اور جب مقتدی نماز کی دوسری رکعت کے رکوع سے پہلے امام کے ساتھ شامل ہو جائے تو اس کی نماز صحیح ہے اور وہ اس کے بعد ایک رکعت فرادیٰ پڑھ لے گا اور اگر وہ دوسری رکعت کے رکوع میں نماز میں شامل ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اس نماز جمعہ پر اکتفا نہیں کر سکتا اور ضروری ہے کہ ظہر کی نماز پڑھے۔

(۲) نماز سے پہلے دو خطبے پڑھنا۔ پہلے خطبے میں خطیب اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کرے نیز نمازیوں کو تقویٰ اور پرہیزگاری کی تلقین کرے اور قرآن مجید کا ایک چھوٹا سورہ پڑھے اور دوسرے خطبے میں ایک بار پھر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بجالائے۔ پھر حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمۂ مسلمین علیہم السلام پر درود بھیجے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ مومنین اور مومنات کے لئے استغفار (بخشش کی دعا) کرے۔ ضروری ہے کہ خطبے نماز سے پہلے پڑھے جائیں۔ پس اگر نماز دو خطبوں سے پہلے شروع کر لی جائے تو صحیح نہیں ہوگی اور زوال آفتاب سے پہلے خطبے پڑھنے میں اشکال ہے اور ضروری ہے کہ جو شخص خطبے پڑھے وہ خطبے پڑھنے کے وقت کھڑا ہو۔ لہٰذا اگر وہ بیٹھ کر خطبے پڑھے گا تو صحیح نہیں ہوگا اور دو خطبوں کے درمیان بیٹھ کر فاصلہ دینا لازم ہے جو کہ ضروری ہے کہ چند لمحوں کے لئے ہو۔ یہ بھی ضروری ہے کہ امام جماعت ہی خطبے پڑھے۔ احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا، اسی طرح پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمۂ مسلمین علیہم السلام پر درود عربی زبان میں ہو اور اس سے زیادہ میں عربی معتبر نہیں ہے بلکہ اگر حاضرین کی اکثریت عربی نہ جانتی ہو تو احتیاط لازم یہ ہے کہ بطور خاص تقویٰ کے بارے میں وعظ و نصیحت کرتے وقت جو زبان حاضرین جانتے ہیں اسی میں تقویٰ کی نصیحت کرے۔

(۳) یہ کہ جمعہ کی دو نمازوں کے درمیان ایک فرسخ سے کم فاصلہ نہ ہو۔ پس جب جمعہ کی دوسری نماز ایک فرسخ سے کم فاصلے پر قائم ہو اور دو نمازیں بیک وقت پڑھی جائیں تو دونوں باطل ہوں گی اور اگر ایک نماز کو دوسری پر سبقت حاصل ہو خواہ وہ تکبیرۃ الاحرام کی حد تک ہی کیوں نہ ہو تو وہ (نماز جسے سبقت حاصل ہو) صحیح ہوگی اور دوسری باطل ہوگی۔ لیکن اگر نماز کے بعد پتا چلے کہ ایک فرسخ سے کم فاصلے پر جمعہ کی ایک اور نماز اس نماز سے پہلے یا اس کے ساتھ ساتھ قائم ہوئی تھی تو ظہر کی نماز بجالانا واجب نہیں ہوگی۔ جمعہ کی نماز کا قائم کرنا مذکورہ فاصلے کے اندر جمعہ کی دوسری نماز قائم کرنے میں اس وقت مانع ہوتا ہے جب وہ نماز خود صحیح اور جامع الشرائط ہو اور اگر ایسا نہ ہو تو پھر یہ جماعت مانع نہیں ہوتی۔

(۷۲۱) جب جمعہ کی ایک ایسی نماز قائم ہو جو شرائط کو پورا کرتی ہو اور نماز قائم کرنے والا امام وقت یا اس کا نائب خاص ہو تو اس صورت میں نماز جمعہ کے لئے حاضر ہونا واجب ہے۔ اس صورت کے علاوہ حاضر ہونا واجب نہیں ہے۔ پہلی صورت میں بھی چند افراد پر نماز میں شرکت واجب نہیں ہے۔

(۱) عورت

(۲) غلام

(۳) مسافر، چاہے وہ مسافر ایسا ہو جس کی ذمہ داری پوری نماز پڑھنا ہو جیسے وہ مسافر جس نے کسی مقام پر دس دن ٹھہرنے کا ارادہ کر لیا ہو۔

(۴) بیمار، نابینا اور بوڑھے افراد

(۵) ایسے افراد جن کا فاصلہ قائم شدہ نماز جمعہ سے دو شرعی فرسخ سے زیادہ ہو۔

(۶) وہ افراد جن کے لئے جمعہ کی نماز میں بارش یا سخت سردی وغیرہ کی وجہ سے حاضر ہونا زحمت یا تکلیف کا باعث ہو۔

نماز جمعہ کے چند احکام

(۷۲۲) نماز جمعہ کے چند احکام یہ ہیں:

(۱) اس بنیاد پر کہ غیبت کے زمانے میں نماز جمعہ واجب عینی نہیں ہے، انسان اول وقت میں بلا تاخیر ظہر کی نماز پڑھ سکتا ہے۔

(۲) امام کے خطبے کے دوران باتیں کرنا مکروہ ہے لیکن اگر باتوں کی وجہ سے خطبہ سننے میں رکاوٹ ہو تو احتیاط کی بنا پر باتیں کرنا جائز نہیں ہے۔

(۳) احتیاط کی بنا پر دونوں خطبوں کا سننا واجب ہے لیکن جو لوگ خطبوں کے معنی نہ سمجھتے ہوں ان کے لئے سننا واجب نہیں ہے۔

(۴) جب امام جمعہ خطبہ پڑھ رہا ہو تو حاضر ہونا واجب نہیں ہے۔

مغرب اور عشاء کی نماز کا وقت

(۷۲۳) اگر شک ہو کہ سورج غروب ہوا یا نہیں اور اس بات کا احتمال ہو کہ سورج پہاڑوں، عمارتوں یا درختوں کے پیچھے چھپ گیا ہے تو ضروری ہے کہ جب تک مشرق کی طرف کی سرخی جو سورج غروب ہونے کے بعد نمودار ہوتی ہے، انسان کے سر کے اوپر سے نہ گزر جائے، مغرب کی نماز نہ پڑھے بلکہ اگر شک نہ ہو تب بھی احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ مذکورہ وقت تک صبر کرے۔

(۷۲۴) مغرب اور عشاء کی نماز کا وقت مختار شخص کے لئے آدھی رات تک رہتا ہے لیکن جن لوگوں کو کوئی عذر ہو مثلاً بھول جانے کی وجہ سے یا نیند یا حیض یا ان جیسے دوسرے امور کی وجہ سے آدھی رات سے پہلے نماز نہ پڑھ سکے ہوں تو ان کے لئے مغرب اور عشاء کی نماز کا وقت فجر طلوع ہونے تک باقی رہتا ہے۔ لیکن ان دونوں

نمازوں کے درمیان متوجہ ہونے کی صورت میں ترتیب معتبر ہے یعنی عشاء کی نماز کو جان بوجھ کر مغرب کی نماز سے پہلے پڑھے تو باطل ہے۔ لیکن اگر عشاء کی نماز ادا کرنے کی مقدار سے زیادہ وقت باقی نہ رہا ہو تو اس صورت میں لازم ہے کہ عشاء کی نماز کو مغرب کی نماز سے پہلے پڑھے۔

(۷۲۵) اگر کوئی شخص غلط فہمی کی بنا پر عشاء کی نماز مغرب کی نماز سے پہلے پڑھ لے اور نماز کے بعد اس امر کی جانب متوجہ ہو تو اس کی نماز صحیح ہے اور ضروری ہے کہ مغرب کی نماز اس کے بعد پڑھے۔

(۷۲۶) اگر کوئی شخص مغرب کی نماز پڑھنے سے پہلے بھول کر عشاء کی نماز پڑھنے میں مشغول ہو جائے اور نماز کے دوران اسے پتا چلے کہ اس نے غلطی کی ہے اور ابھی وہ چوتھی رکعت کے رکوع تک نہ پہنچا ہو تو ضروری ہے کہ مغرب کی نماز کی طرف نیت پھیر لے اور نماز کو تمام کرے اور بعد میں عشاء کی نماز پڑھے اور اگر چوتھی رکعت کے رکوع میں جا چکا ہو تو وہ یہ کر سکتا ہے کہ اسے عشاء کی نماز قرار دے کر ختم کرے اور بعد میں مغرب کی نماز بجالائے۔

(۷۲۷) عشاء کی نماز کا وقت مختار شخص کے لئے آدھی رات تک ہے اور رات کا حساب سورج غروب ہونے کی ابتداء سے طلوع فجر تک ہے۔

(۷۲۸) اگر کوئی شخص اختیاری حالت میں مغرب اور عشاء کی نماز آدھی رات تک نہ پڑھے تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اذان صبح سے پہلے قضا اور ادا کی نیت کئے بغیر ان نمازوں کو پڑھے۔

صبح کی نماز کا وقت

(۷۲۹) صبح کی اذان کے قریب مشرق کی طرف سے ایک سفیدی اوپر اٹھتی ہے جسے فجر اول کہا جاتا ہے۔ جب یہ سفیدی پھیل جائے تو وہ فجر دوم اور صبح کی نماز کا اول وقت ہے اور صبح کی نماز کا آخری وقت سورج نکلنے تک ہے۔

اوقات نماز کے احکام

(۷۳۰) انسان نماز میں اس وقت مشغول ہو سکتا ہے جب اسے یقین ہو جائے کہ وقت داخل ہو گیا ہے یا دو عادل مرد وقت داخل ہونے کی خبر دیں بلکہ کسی ایسے شخص کی اذان یا گواہی پر بھی اکتفا کیا جا سکتا ہے جس کے بارے میں مکلف جانتا ہو کہ یہ وقت کا بڑی شدت سے خیال رکھتا ہے جبکہ اس کی بات پر اطمینان بھی آ جائے۔

(۷۳۱) اگر کوئی شخص کسی فردی رکاوٹ مثلاً بینائی نہ ہونے یا قید خانے میں ہونے کی وجہ سے نماز کا اول وقت داخل ہونے کا یقین نہ کر سکے تو ضروری ہے کہ نماز پڑھنے میں تاخیر کرے حتیٰ کہ اسے یقین یا اطمینان ہو جائے کہ وقت داخل ہو گیا ہے۔ اسی طرح اگر وقت داخل ہونے کا یقین ہونے میں ایسی چیز مانع ہو جو عموی ہو

مثلاً بادل یا غبار وغیرہ ہو تو احتیاط لازم کی بنا پر اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔

(۷۳۲) اگر مذکورہ بالا کسی طریقے سے کسی شخص کو اطمینان ہو جائے کہ نماز کا وقت ہو گیا ہے اور وہ نماز میں مشغول ہو جائے لیکن نماز کے دوران اسے پتا چلے کہ ابھی وقت داخل نہیں ہوا تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر نماز کے بعد پتا چلے کہ اس نے ساری نماز وقت سے پہلے پڑھی ہے تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ لیکن اگر نماز کے دوران اسے پتا چلے کہ وقت داخل ہو گیا ہے یا نماز کے بعد پتا چلے کہ نماز پڑھتے ہوئے وقت داخل ہو گیا تھا تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۷۳۳) اگر کوئی شخص اس امر کی جانب متوجہ نہ ہو کہ وقت کے داخل ہونے کا یقین کر کے نماز میں مشغول ہونا چاہئے لیکن نماز کے بعد اسے معلوم ہو کہ اس نے ساری نماز وقت میں پڑھی ہے تو اس کی نماز صحیح ہے اور اگر اسے یہ پتا چل جائے کہ اس نے وقت سے پہلے نماز پڑھی ہے یا اسے یہ پتا نہ چلے کہ وقت میں پڑھی ہے یا وقت سے پہلے پڑھی ہے تو اس کی نماز باطل ہے بلکہ اگر نماز کے بعد پتا چلے کہ نماز کے دوران وقت داخل ہو گیا تھا تب بھی ضروری ہے کہ اس نماز کو دوبارہ پڑھے۔

(۷۳۴) اگر کسی شخص کو یقین ہو کہ وقت داخل ہو گیا ہے اور نماز پڑھنے لگے لیکن نماز کے دوران شک کرے کہ وقت داخل ہوا ہے یا نہیں تو اس کی نماز باطل ہے۔ لیکن اگر نماز کے دوران اسے یقین ہو کہ وقت داخل ہو گیا ہے اور شک کرے کہ جتنی نماز پڑھی ہے وہ وقت میں پڑھی ہے یا نہیں تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۷۳۵) اگر نماز کا وقت اتنا تنگ ہو کہ نماز کے بعض مستحب افعال ادا کرنے سے نماز کی کچھ مقدار وقت کے بعد پڑھنی پڑتی ہو تو ضروری ہے کہ وہ مستحب امور کو چھوڑ دے۔ مثلاً اگر قنوت پڑھنے کی وجہ سے نماز کا کچھ حصہ وقت کے بعد پڑھنا پڑتا ہو تو ضروری ہے کہ قنوت نہ پڑھے اور اگر پھر بھی قنوت پڑھ لے تو اسی صورت میں نماز صحیح ہوگی جب کم از کم ایک رکعت نماز وقت میں پڑھی گئی ہو۔

(۷۳۶) جس شخص کے پاس نماز کی فقط ایک رکعت ادا کرنے کا وقت ہو اسے چاہئے کہ نماز ادا کی نیت سے پڑھے۔ البتہ اسے جان بوجھ کر نماز میں اتنی تاخیر نہیں کرنی چاہئے۔

(۷۳۷) جو شخص سفر میں نہ ہو اگر اس کے پاس غروب آفتاب تک پانچ رکعت نماز پڑھنے کے اندازے کے مطابق وقت ہو تو اسے چاہئے کہ ظہر اور عصر کی دونوں نمازیں پڑھے لیکن اگر اس کے پاس اس سے کم وقت ہو تو ضروری ہے کہ صرف عصر کی نماز پڑھے اور بعد میں ظہر کی نماز قضا کرے اور اسی طرح اگر آدھی رات تک اس کے پاس پانچ رکعت پڑھنے کے اندازے کے مطابق وقت ہو تو اسے چاہئے کہ مغرب اور عشاء کی نماز پڑھے اور اگر وقت اس سے کم ہو تو ضروری ہے کہ صرف عشاء کی نماز پڑھے اور بعد میں ادا اور قضا کی نیت کئے بغیر نماز مغرب پڑھے۔

(۷۳۸) جو شخص سفر میں ہو اگر غروب آفتاب تک اس کے پاس تین رکعت نماز پڑھنے کے اندازے کے مطابق وقت ہو تو اسے چاہئے کہ ظہر اور عصر کی نماز پڑھے اور اگر اس سے کم وقت ہو تو ضروری ہے کہ صرف عصر پڑھے اور بعد میں نماز ظہر کی قضا کرے اور اگر آدھی رات تک اس کے پاس چار رکعت نماز پڑھنے کے

اندازے کے مطابق وقت ہو تو اسے چاہئے کہ مغرب اور عشاء کی نماز پڑھے اور اگر نماز کے تین رکعت کے برابر وقت باقی ہو تو ضروری ہے کہ عشاء کی نماز پڑھے اور بعد میں مغرب کی نماز بجالائے تاکہ نماز مغرب کی ایک رکعت وقت میں انجام دی جائے اور اگر نماز کی تین رکعت سے کم وقت باقی ہو تو ضروری ہے کہ پہلے عشاء کی نماز پڑھے اور بعد میں مغرب کی نماز ادا اور قضا کی نیت کئے بغیر پڑھے اور اگر عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد معلوم ہو جائے کہ آدھی رات ہونے میں ایک رکعت یا اس سے زیادہ رکعتیں پڑھنے کیلئے وقت باقی ہے تو اسے چاہئے کہ مغرب کی نماز فوراً ادا کی نیت سے بجالائے۔

(۷۳۹) انسان کے لئے مستحب ہے کہ نماز اول وقت میں پڑھے اور اس کے متعلق بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے اور جتنا اول وقت کے قریب ہو بہتر ہے ماسوا اس کے کہ اس میں تاخیر کسی وجہ سے بہتر ہو۔ مثلاً اس لئے تھوڑا سا انتظار کرے کہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھے۔

(۷۴۰) جب انسان کے پاس کوئی ایسا عذر ہو کہ اگر اول وقت میں نماز پڑھنا چاہے تو تیمّم کر کے نماز پڑھنے پر مجبور ہو، تو اس صورت میں اگر وہ آخر وقت تک عذر کے دور ہونے سے مایوس ہو یا اس بات کا احتمال ہو کہ اگر تاخیر کی تو پھر تیمّم بھی نہ کر پائے گا تو وہ اول وقت میں تیمّم کر کے نماز پڑھ سکتا ہے۔ لیکن اگر مایوس نہ ہو تو ضروری ہے کہ اتنا انتظار کرے کہ اس کا عذر دور ہو جائے یا عذر کے دور ہونے سے مایوس ہو جائے اور اگر اس کا عذر دور نہ ہو تو آخر وقت میں نماز پڑھے اور یہ ضروری نہیں کہ اس قدر انتظار کرے کہ نماز کے صرف واجب افعال انجام دے سکے بلکہ اگر اس کے پاس مستحبات نماز مثلاً اذان، اقامت اور قنوت کے لئے بھی وقت ہو تو وہ تیمّم کر کے ان مستحبات کے ساتھ نماز ادا کر سکتا ہے اور تیمّم کے علاوہ دوسری مجبوریوں کی صورت میں اگرچہ عذر دور ہونے سے مایوس نہ ہوا ہو اس کے لئے جائز ہے کہ اول وقت میں نماز پڑھے۔ لیکن اگر وقت کے دوران اس کا عذر دور ہو جائے تو بعض صورتوں میں ضروری ہے کہ دوبارہ نماز پڑھے۔

(۷۴۱) اگر ایک شخص نماز کے مسائل کا علم نہ رکھتا ہو اور ان کو سیکھے بغیر صحیح نماز کی ادائیگی پر قدرت نہ رکھتا ہو یا اسے نماز کے شکیات اور سہویات کا علم نہ ہو اور اسے اس بات کا احتمال ہو کہ اسے نماز کے دوران ان مسائل میں سے کوئی نہ کوئی مسئلہ پیش آئے گا اور اس کے نہ سیکھنے کی وجہ سے کسی واجب کی مخالفت یا کسی حرام کا ارتکاب کرنا پڑے گا تو ضروری ہے کہ انہیں سیکھنے کے لئے نماز کو اول وقت سے موخر کر دے۔ لیکن اگر اس امید پر کہ نماز کو صحیح طریقے سے انجام دے لے گا تو اول وقت میں نماز پڑھنے میں مشغول ہو جائے۔ پس اگر نماز میں کوئی ایسا مسئلہ پیش نہ آئے جس کا حکم نہ جانتا ہو تو اس کی نماز صحیح ہے۔ اگر کوئی ایسا مسئلہ پیش آ جائے جس کا حکم نہ جانتا ہو تو اس کے لئے جائز ہے کہ جن دو باتوں کا احتمال ہو ان میں سے ایک کے مطابق اس امید پر عمل کرے کہ یہی اس کی ذمہ داری ہوگی اور نماز ختم کرے تاہم ضروری ہے کہ نماز کے بعد مسئلہ پوچھے اور اگر اس کی نماز باطل ثابت ہو تو دوبارہ پڑھے اور اگر صحیح ہو تو دوبارہ پڑھنا لازم نہیں ہے۔

(۷۴۲) اگر نماز کا وقت وسیع ہو اور قرض خواہ بھی اپنے قرض کا مطالبہ کر رہا ہو تو اگر ممکن ہو تو ضروری ہے کہ پہلے قرضہ ادا کرے اور بعد میں نماز پڑھے اور اگر کوئی ایسا دوسرا واجب کام پیش آ جائے جسے فوراً بجالانا

ضروری ہو تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ مثلاً اگر دیکھے کہ مسجد نجس ہو گئی ہے تو ضروری ہے کہ پہلے مسجد کو پاک کرے اور بعد میں نماز پڑھے اور اگر مذکورہ بالا دونوں صورتوں میں پہلے نماز پڑھے تو گناہ کا مرتکب ہو گا لیکن اس کی نماز صحیح ہو گی۔

وہ نمازیں جو ترتیب سے پڑھنی ضروری ہیں

(۷۴۳) ضروری ہے کہ انسان نماز عصر، ظہر کے بعد اور نماز عشاء، مغرب کے بعد پڑھے۔ اگر جان بوجھ کر نماز عصر، ظہر سے پہلے اور نماز عشاء، مغرب سے پہلے پڑھے تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۷۴۴) اگر کوئی شخص نماز ظہر کی نیت سے نماز پڑھنا شروع کرے اور نماز کے دوران اسے یاد آئے کہ نماز ظہر پڑھ چکا ہے تو وہ نیت کو نماز عصر کی جانب نہیں موڑ سکتا بلکہ ضروری ہے کہ نماز توڑ کر نماز عصر پڑھے اور مغرب اور عشاء کی نماز میں بھی یہی صورت ہے۔

(۷۴۵) اگر نماز عصر کے دوران کسی شخص کو یقین ہو کہ اس نے نماز ظہر نہیں پڑھی ہے اور وہ نیت کو نماز ظہر کی طرف موڑ دے تو جونہی اسے یاد آئے کہ وہ نماز ظہر پڑھ چکا ہے تو اس صورت میں کہ اس نے نماز کے بعض اجزاء کو ظہر کی نیت سے انجام نہ دیا ہو یا ظہر کی نیت سے انجام دیا ہو لیکن ان اجزاء کو عصر کی نیت سے دوبارہ انجام دے دے تو وہ نیت کو دوبارہ عصر کی طرف موڑ کر نماز کو مکمل کر سکتا ہے۔ ہاں اگر وہ جزو ایک رکعت ہو تو پھر ہر صورت میں نماز باطل ہے۔ اسی طرح اگر وہ جزو ایک رکعت کا رکوع ہو یا دو سجدے ہوں تو احتیاط لازم کی بنا پر نماز باطل ہے۔

(۷۴۶) اگر کسی شخص کو نماز عصر کے دوران شک ہو کہ اس نے نماز ظہر پڑھی ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ عصر کی نیت سے نماز تمام کرے اور بعد میں ظہر کی نماز پڑھے لیکن اگر وقت اتنا کم ہو کہ نماز پڑھنے کے بعد سورج ڈوب جاتا ہو اور ایک رکعت نماز کے لئے بھی وقت باقی نہ بچتا ہو تو لازم نہیں ہے کہ نماز ظہر کی قضا پڑھے۔

(۷۴۷) اگر کسی شخص کو نماز عشاء کے دوران شک ہو جائے کہ اس نے مغرب کی نماز پڑھی ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ عشاء کی نیت سے نماز ختم کرے اور بعد میں مغرب کی نماز پڑھے۔ لیکن اگر وقت اتنا کم ہو کہ نماز ختم ہونے کے بعد آدھی رات ہو جاتی ہو اور ایک رکعت نماز کا وقت بھی نہ بچتا ہو تو نماز مغرب کی قضا اس پر لازم نہیں ہے۔

(۷۴۸) اگر کوئی شخص نماز عشاء کی چوتھی رکعت کے رکوع میں پہنچنے کے بعد شک کرے کہ اس نے نماز مغرب پڑھی ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ نماز مکمل کرے اور اگر بعد میں مغرب کی نماز کے لئے وقت باقی ہو تو مغرب کی نماز بھی پڑھے۔

(۷۴۹) اگر کوئی شخص ایسی نماز جو اس نے پڑھ لی ہو احتیاطاً دوبارہ پڑھے اور نماز کے دوران اسے یاد آئے کہ اس نماز سے پہلے والی نماز نہیں پڑھی تو وہ نیت کو اس نماز کی طرف نہیں موڑ سکتا۔ مثلاً جب وہ نماز عصر

احتیاطاً پڑھ رہا ہو اگر اسے یاد آئے کہ اس نے نماز ظہر نہیں پڑھی تو وہ نیت کو نماز ظہر کی طرف نہیں موڑ سکتا۔

(۷۵۰) نماز قضا کی نیت ادا کی طرف اور نماز مستحب کی نیت نماز واجب کی طرف موڑنا جائز نہیں ہے۔

(۷۵۱) اگر ادا نماز کا وقت وسیع ہو تو انسان نماز کے دوران یہ یاد آنے پر کہ اس کے ذمے کوئی قضا نماز ہے، نیت کو نماز قضا کی طرف موڑ سکتا ہے۔ بشرطیکہ نماز قضا کی طرف نیت موڑنا ممکن ہو۔ مثلاً اگر وہ نماز ظہر میں مشغول ہو تو نیت کو قضائے صبح کی طرف اسی صورت میں موڑ سکتا ہے کہ تیسری رکعت کے رکوع میں داخل نہ ہوا ہو۔

مستحب نمازیں

(۷۵۲) مستحب نمازیں بہت سی ہیں جنہیں نفل نمازیں بھی کہتے ہیں۔ مستحب نمازوں میں سے روزانہ کی نفل نمازوں کی بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے۔ یہ نمازیں روز جمعہ کے علاوہ چونتیس رکعت ہیں جن میں سے آٹھ رکعت ظہر کی، آٹھ رکعت عصر کی، چار رکعت مغرب کی، دو رکعت عشاء کی، گیارہ رکعت نماز شب (یعنی تہجد) کی اور دو رکعت صبح کی ہوتی ہیں اور چونکہ احتیاط واجب کی بنا پر عشاء کی دو رکعت نفل بیٹھ کر پڑھنی ضروری ہیں اس لئے وہ ایک رکعت شمار ہوتی ہے۔ لیکن جمعہ کے دن ظہر اور عصر کی سولہ رکعت نفل پر چار رکعت کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ بہتر ہے کہ یہ پوری بیس رکعتیں زوال سے پہلے پڑھی جائیں۔ سوائے دو رکعت کے جن کا زوال کے وقت پڑھا جانا بہتر ہے۔

(۷۵۳) نماز شب کی گیارہ رکعتوں میں سے آٹھ رکعتیں نافلۂ شب کی نیت سے، دو رکعت نماز شفع کی نیت سے اور ایک رکعت نماز وتر کی نیت سے پڑھنی ضروری ہیں اور نافلۂ شب کا مکمل طریقہ دعا کی کتابوں میں مذکور ہے۔

(۷۵۴) نفل نمازیں حالت اختیار میں بھی بیٹھ کر پڑھی جا سکتی ہیں اور یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ دو رکعتوں کو ایک رکعت سمجھا جائے البتہ بہتر ہے کہ انہیں کھڑے رہ کر پڑھے۔ ضروری ہے کہ نماز عشاء کے نوافل احتیاط واجب کی بنا پر بیٹھ کر پڑھے۔

(۷۵۵) ظہر اور عصر کے نوافل سفر میں نہیں پڑھنی چاہئیں اور اگر عشاء کے نوافل رجاء کی نیت سے پڑھے جائیں تو کوئی حرج نہیں ہے۔

روزانہ کے نوافل کا وقت

(۷۵۶) ظہر کی نفل، ظہر سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔ اس کا وقت اول ظہر سے ہے اور اس وقت تک باقی رہتا ہے جب تک اسے نماز ظہر سے پہلے ادا کرنا ممکن ہو۔ لیکن اگر کوئی شخص ظہر کی نفل اس وقت تک موخر کر دے کہ شاخص کے سائے کی وہ مقدار جو ظہر کے بعد پیدا ہو سات میں سے دو حصوں کے برابر ہو جائے۔

مثلاً شاخص کی لمبائی سات بالشت اور سایہ کی مقدار دو بالشت ہو تو اس صورت میں بہتر یہ ہے کہ انسان ظہر کی نماز نفل سے پہلے پڑھے سوائے اس کے کہ اس وقت تک نفل کی ایک رکعت مکمل کر چکا ہو کہ اس صورت میں نفل کو پہلے مکمل کرنا بہتر ہے۔

(۷۵۷) عصر کی نفل، عصر کی نماز سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔ اور جب تک ممکن ہو اسے عصر کی نماز سے پہلے پڑھا جائے اس کا وقت تب تک باقی رہتا ہے جب تک اسے نماز عصر سے پہلے ادا کرنا ممکن ہو۔ لیکن اگر کوئی شخص عصر کی نفلیں اس وقت تک موخر کر دے کہ شاخص کے سائے کی وہ مقدار جو ظہر کے بعد پیدا ہو سات میں سے چار حصوں تک پہنچ جائے تو اس صورت میں بہتر ہے کہ انسان عصر کی نماز نافلہ سے پہلے پڑھ لے سوائے اس صورت میں کہ جس کا تذکرہ پچھلے مسئلے میں کیا گیا ہے۔

(۷۵۸) مغرب کی نافلہ کا وقت نماز مغرب ختم ہونے کے بعد ہوتا ہے اور جہاں تک ممکن ہو اسے مغرب کی نماز کے بعد وقت کے اندر ہی انجام دے دیا جائے۔ لیکن اگر کوئی شخص اس سرخی کے ختم ہونے تک جو سورج کے غروب ہونے کے بعد آسمان میں دکھائی دیتی ہے مغرب کی نافلہ میں تاخیر کرے تو اس وقت بہتر یہ ہے کہ پہلے عشاء کی نماز پڑھے۔

(۷۵۹) عشاء کی نافلہ کا وقت نماز ختم ہونے کے بعد سے آدھی رات تک ہے اور بہتر ہے کہ نماز عشاء ختم ہونے کے فوراً بعد پڑھی جائے۔

(۷۶۰) صبح کی نفلیں صبح کی نماز سے پہلے پڑھی جاتی ہیں اور اس کا وقت نماز شب کا وقت شروع ہونے کے اتنی دیر بعد شروع ہوتا ہے جس میں نماز شب ادا کی جا سکے اور اس وقت تک باقی رہتا ہے کہ جب تک صبح کی نماز سے پہلے اس کی ادائیگی ممکن ہو لیکن اگر کوئی شخص صبح کی نفلیں مشرق کی سرخی ظاہر ہونے تک نہ پڑھے تو اس صورت میں بہتر یہ ہے کہ پہلے صبح کی نماز پڑھے۔

(۷۶۱) نماز شب کا اول وقت مشہور قول کی بنا پر آدھی رات ہے۔ یہ اگرچہ احوط و بہتر ہے لیکن بعید نہیں ہے کہ اس کا وقت رات کی ابتداء سے شروع ہو اور صبح کی اذان تک باقی رہے اور بہتر یہ ہے کہ صبح کی اذان کے قریب پڑھی جائے۔

(۷۶۲) اگر کوئی شخص اس وقت بیدار ہو جب صبح طلوع ہو رہی ہو تو وہ ادا اور قضا کی نیت کے بغیر نماز شب ادا کر سکتا ہے۔

نماز غفیلہ

(۷۶۳) مستحب نمازوں میں سے ایک نماز غفیلہ ہے جو مغرب اور عشاء کی نماز کے درمیان پڑھی جاتی ہے۔ اس کی پہلی رکعت میں الحمد کے بعد کسی دوسری سورت کے بجائے یہ آیت پڑھنی ضروری ہے: وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ۔ اور دوسری رکعت میں

الحمد کے بعد بجائے کسی اور سورت کے یہ آیت پڑھے: وَعِنْدَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ۔ اور اس کے قنوت میں یہ پڑھے: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِمَفَاتِحِ الْغَيْبِ الَّتِي لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا أَنْتَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تَفْعَلَ بِي كَذَا وَكَذَا اور كَذَا وَ كَذَا کی بجائے اپنی حاجتیں بیان کرے اور اس کے بعد کہے: اَللّٰهُمَّ أَنْتَ وَلِيُّ نِعْمَتِي وَالْقَادِرُ عَلَى طَلِبَتِي تَعْلَمُ حَاجَتِي فَأَسْأَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ لَمَّا قَضَيْتَهَا لِي۔

قبلے کے احکام

(۷۶۴) خانۂ کعبہ کا مقام جو مکہ مکرمہ میں ہے وہ ہمارا قبلہ ہے لہٰذا ضروری ہے کہ اس کے سامنے کھڑے ہو کر نماز پڑھے لیکن جو شخص اس سے دور ہو اگر وہ اس طرح کھڑا ہو کہ لوگ کہیں کہ قبلے کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ رہا ہے تو کافی ہے اور دوسرے کام جو قبلے کی طرف منہ کر کے انجام دینے ضروری ہیں، مثلاً حیوانات کو ذبح کرنا، ان کا بھی یہی حکم ہے۔

(۷۶۵) جو شخص کھڑا ہو کر واجب نماز پڑھ رہا ہو ضروری ہے کہ اس کا سینہ اور پیٹ قبلے کی طرف ہو بلکہ اس کا چہرہ قبلے سے بہت زیادہ پھرا ہوا نہیں ہونا چاہئے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس کے پاؤں کی انگلیاں بھی قبلے کی طرف ہوں۔

(۷۶۶) جس شخص کو بیٹھ کر نماز پڑھنی ہو ضروری ہے کہ اس کا سینہ اور پیٹ نماز کے وقت قبلے کی طرف ہو بلکہ اس کا چہرہ بھی قبلے سے بہت زیادہ پھرا ہوا نہ ہو۔

(۷۶۷) جو شخص بیٹھ کر نماز نہ پڑھ سکے ضروری ہے کہ پہلو کے بل یوں لیٹے کہ اس کے بدن کا اگلا حصہ قبلے کی طرف ہو اور جب تک دائیں پہلو کی بل لیٹ کر نماز پڑھنا ممکن ہو تو احتیاط لازم کی بنا پر بائیں پہلو کے بل لیٹ کر نماز نہ پڑھے۔ اگر یہ دونوں صورتیں ممکن نہ ہوں تو ضروری ہے کہ پشت کے بل یوں لیٹے کہ اس کے پاؤں کے تلوے قبلے کی طرف ہوں۔

(۲) تکبیرۃ الاحرام (یعنی نماز شروع کرتے وقت اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہنا)

(۳) رکوع سے متصل قیام یعنی رکوع میں جانے سے پہلے کھڑا ہونا

(۴) رکوع

(۵) ہر رکعت میں دو سجدے۔ جہاں تک اضافے کا تعلق ہے اگر اضافہ عمداً ہو تو بغیر کسی شرط کے نماز باطل ہے۔ اگر غلطی سے ہو تو رکوع میں یا ایک ہی رکعت کے دو سجدوں میں اضافے سے احتیاط لازم کی بنا پر نماز باطل ہے ورنہ باطل نہیں۔

نیت

(۹۳۰) ضروری ہے کہ انسان نماز قربت کی نیت سے یعنی خداوند عالم کی بارگاہ میں پستی اور خضوع کے اظہار کے لئے پڑھے اور یہ ضروری نہیں کہ نیت کو اپنے دل سے گزارے یا مثلاً زبان سے کہے کہ چار رکعت نماز ظہر پڑھتا ہوں قُرْبَةً اِلَی اللّٰہِ۔

(۹۳۱) اگر کوئی شخص ظہر کی نماز میں یا عصر کی نماز میں نیت کرے کہ چار رکعت نماز پڑھتا ہوں لیکن اس امر کا تعین نہ کرے کہ نماز ظہر کی ہے یا عصر کی تو اس کی نماز باطل ہے۔ البتہ اتنا بھی کافی ہے کہ نماز ظہر کو پہلی نماز اور عصر کی نماز کو دوسری نماز کے طور پر معین کرے۔ اسی طرح اگر کسی شخص پر نماز ظہر کی قضا واجب ہو اور وہ اس قضا نماز یا نماز ظہر کو "ظہر کے وقت" میں پڑھنا چاہے تو ضروری ہے کہ جو نماز وہ پڑھے نیت میں اس کا تعین کرے۔

(۹۳۲) ضروری ہے کہ انسان شروع سے آخر تک اپنی نیت پر قائم رہے۔ اگر وہ نماز میں اس طرح غافل ہو جائے کہ اگر کوئی پوچھے کہ وہ کیا کر رہا ہے تو اس کی سمجھ میں نہ آئے کہ کیا جواب دے تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۹۳۳) ضروری ہے کہ انسان فقط خداوند عالم کی بارگاہ میں اپنی پستی کے اظہار کے لئے نماز پڑھے پس جو شخص ریا کرے یعنی لوگوں کو دکھانے کے لئے نماز پڑھے تو اس کی نماز باطل ہے خواہ یہ نماز پڑھنا فقط لوگوں کو یا خدا اور لوگوں دونوں کو دکھانے کے لئے ہو۔

(۹۳۴) اگر کوئی شخص نماز کا کچھ حصہ بھی اللہ تعالیٰ جل شانہ کے علاوہ کسی اور کے لئے بجالائے خواہ وہ حصہ واجب ہو مثلاً سورۃ الحمد یا مستحب ہو مثلاً قنوت، اگر غیر خدا کا یہ قصد پوری نماز میں سرایت کر جائے مثلاً ریا کا ارادہ اس عمل میں ہو جو اس حصے پر مشتمل ہے یا کیفیت یہ ہو کہ اگر اس حصے کو دوبارہ انجام دیں تو نماز میں ایسا اضافہ ہو جاتا ہو جس سے نماز باطل ہو جاتی ہو، تو نماز باطل ہے۔ اگر نماز تو خدا کے لئے پڑھے لیکن لوگوں کو دکھانے کے لئے کسی خاص جگہ مثلاً مسجد میں پڑھے یا کسی خاص وقت مثلاً اول وقت میں پڑھے یا کسی خاص قاعدے سے مثلاً باجماعت پڑھے تو اس کی نماز بھی باطل ہے۔

تکبیرۃ الاحرام

(۹۳۵) ہر نماز کے شروع میں اللہ اکبر کہنا واجب اور رکن ہے اور ضروری ہے کہ انسان اللہ کے حروف اور اکبر کے حروف اور اللہ اور اکبر کے الفاظ پے درپے کہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ یہ دو لفظ صحیح عربی میں کہے جائیں اور اگر کوئی شخص غلط عربی میں کہے یا مثلاً ان کا اردو میں ترجمہ کر کے کہے تو صحیح نہیں ہے۔

(۹۳۶) احتیاط مستحب یہ ہے کہ انسان نماز کی تکبیرۃ الاحرام کو اس چیز سے مثلاً اقامت یا دعا سے جو وہ تکبیر سے پہلے پڑھ رہا ہو نہ ملائے۔

(۹۳۷) اگر کوئی شخص چاہے کہ اللہ اکبر کو اس جملے کے ساتھ جو بعد میں پڑھنا ہو مثلاً بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے ملائے تو بہتر یہ ہے کہ اکبر کے آخری حرف "را" پر پیش دے۔ لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ واجب نماز میں اسے نہ ملائے۔

(۹۳۸) نماز میں تکبیرۃ الاحرام کہتے وقت ضروری ہے کہ انسان کا بدن ساکن ہو اور اگر کوئی شخص جان بوجھ کر اس حالت میں تکبیرۃ الاحرام کہے کہ اس کا بدن حرکت میں ہو تو (اس کی تکبیر) باطل ہے۔

(۹۳۹) ضروری ہے کہ تکبیر، الحمد، سورہ، ذکر اور دعا اتنی آواز سے پڑھے کہ کم از کم خود سن سکے اور اگر اونچا سننے یا بہرہ ہونے کی وجہ سے یا شور و غل کی وجہ سے نہ سن سکے تو اس طرح کہنا ضروری ہے کہ اگر کوئی رکاوٹ نہ ہو تو سن لے۔

(۹۴۰) جو شخص کسی بیماری کی بنا پر گونگا ہو جائے یا اس کی زبان میں کوئی نقص ہو جس کی وجہ سے اللہ اکبر نہ کہہ سکتا ہو تو ضروری ہے کہ جس طرح بھی ممکن ہو اس طرح کہے اور اگر بالکل ہی نہ کہہ سکتا ہو تو

ضروری ہے کہ دل میں کہے اور اس کے۔ لئے انگلی سے اس طرح اشارہ کرے کہ جو تکبیر سے مناسبت رکھتا ہو اور اگر ہو سکے تو زبان اور ہونٹ کو بھی حرکت دے اور اگر کوئی پیدائشی گونگا ہو تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی زبان اور ہونٹ کو اس طرح حرکت دے کہ جو کسی شخص کے تکبیر کہنے سے مشابہ ہو اور اس کے لئے اپنی انگلی سے بھی اشارہ کرے۔

(۹۴۱) اچھا ہے کہ انسان تکبیرۃ الاحرام سے پہلے رجاء کی نیت سے کہے:

"یَا مُحْسِنُ قَدْ اَتَاکَ الْمُسِیْٓءُ وَقَدْ اَمَرْتَ الْمُحْسِنَ اَنْ یَّتَجَاوَزَ عَنِ الْمُسِیْٓءِ اَنْتَ الْمُحْسِنُ وَاَنَا الْمُسِیْٓءُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّتَجَاوَزْ عَنْ قَبِیْحِ مَا تَعْلَمُ مِنِّیْ"

(یعنی) اے اپنے بندوں پر احسان کرنے والے خدا! یہ گنہگار بندہ تیری بارگاہ میں آیا ہے اور تو نے حکم دیا ہے کہ نیک لوگ گناہگاروں سے درگزر کریں۔ تو احسان کرنے والا ہے اور میں گناہگار ہوں۔ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آل محمد (علیہم السلام) کے طفیل، محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آل محمد (علیہم السلام) پر اپنی رحمتیں نازل فرما اور میری برائیوں سے جنہیں تو جانتا ہے درگزر فرما۔

(۹۴۲) مستحب ہے کہ نماز کی پہلی تکبیر اور نماز کی درمیانی تکبیریں کہتے وقت ہاتھوں کو کانوں کے برابر تک لے جائے۔

(۹۴۳) اگر کوئی شخص شک کرے کہ تکبیرۃ الاحرام کہی ہے یا نہیں جبکہ قرأت میں مشغول ہو چکا ہو تو اپنے شک کی پروا نہ کرے اور اگر ابھی کچھ نہ پڑھا ہو تو ضروری ہے کہ تکبیر کہے۔

(۹۴۴) اگر کوئی شخص تکبیرۃ الاحرام کہنے کے بعد شک کرے کہ صحیح طریقے سے تکبیر کہی ہے یا نہیں تو خواہ اس نے آگے کچھ پڑھا ہو یا نہ پڑھا ہو اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

قیام یعنی کھڑا ہونا

(۹۴۵) تکبیرۃ الاحرام کہنے کے موقع پر قیام اور رکوع سے پہلے والا قیام۔ قیام متصل بر کوع۔ رکن ہے۔ لیکن الحمد و سورہ پڑھنے کے موقع پر قیام اور رکوع کے بعد قیام رکن نہیں ہے جسے اگر کوئی شخص بھول چوک کی وجہ سے ترک کر دے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۹۴۶) تکبیرۃ الاحرام کہنے سے پہلے اور اس کے بعد تھوڑی دیر کے لئے کھڑا ہونا واجب ہے تاکہ یقین ہو جائے کہ تکبیر قیام کی حالت میں کہی گئی ہے۔

(۹۴۷) اگر کوئی شخص رکوع کرنا بھول جائے اور الحمد اور سورہ کے بعد بیٹھ جائے اور پھر اسے یاد آئے کہ رکوع نہیں کیا تو ضروری ہے کہ کھڑا ہو جائے اور رکوع میں جائے۔ لیکن اگر سیدھا کھڑا ہوئے بغیر جھکے ہونے کی حالت میں رکوع کرے تو چونکہ وہ قیام متصل بر کوع بجا نہیں لایا اس لئے اس کا یہ رکوع کفایت نہیں کرتا۔

(۹۴۸) جس وقت ایک شخص تکبیرۃ الاحرام یا قرأت کے لئے کھڑا ہو ضروری ہے کہ چل نہ رہا ہو اور کسی طرف نہ جھکے اور احتیاط لازم کی بنا پر بدن کو حرکت نہ دے۔ اختیار کی حالت میں کسی جگہ ٹیک نہ لگائے لیکن اگر ایسا کرنا بامر مجبوری ہو تو کوئی حرج نہیں۔

(۹۴۹) اگر قیام کی حالت میں کوئی شخص بھولے سے چل پڑے یا کسی طرف جھک جائے یا کسی جگہ ٹیک لگالے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

(۹۵۰) احتیاط واجب یہ ہے کہ قیام کے وقت انسان کے دونوں پاؤں زمین پر ہوں لیکن یہ ضروری نہیں کہ بدن کا بوجھ دونوں پاؤں پر ہو چنانچہ اگر ایک پاؤں پر بھی ہو تو کوئی حرج نہیں۔

(۹۵۱) جو شخص ٹھیک طور پر کھڑا ہو سکتا ہو اگر وہ اپنے پاؤں ایک دوسرے سے اتنے جدا رکھے کہ اسے کھڑا ہونا نہ کہا جاسکے تو اس کی نماز باطل ہے بلکہ اگر کھڑا ہونا کہا جاسکے تب بھی احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ پیروں کو بہت زیادہ کھلا نہ رکھے۔

(۹۵۲) جب انسان نماز میں کوئی واجب ذکر پڑھنے میں مشغول ہو تو ضروری ہے کہ اس کا بدن ساکن ہو اور جب مستحب ذکر میں مشغول ہو تب بھی احتیاط لازم کی بنا پر یہی حکم ہے اور جس وقت وہ قدرے آگے یا پیچھے ہونا چاہے یا بدن کو دائیں یا بائیں جانب تھوڑی سی حرکت دینا چاہے تو ضروری ہے کہ اس وقت کچھ نہ پڑھے۔

(۹۵۳) اگر متحرک بدن کی حالت میں کوئی شخص مستحب ذکر پڑھے مثلاً رکوع، سجدے میں جانے کے وقت تکبیر کہے اور اس ذکر کے قصد سے کہے جس کا نماز میں حکم دیا گیا ہے تو وہ ذکر صحیح نہیں لیکن اس کی نماز صحیح ہے۔ ضروری ہے کہ انسان بِحَوْلِ اللّٰهِ وَ قُوَّتِهٖ اَقُوْمُ وَ اَقْعُدُ اس وقت کہے جب کھڑا ہو رہا ہو۔

(۹۵۴) ہاتھوں اور انگلیوں کو الحمد پڑھتے وقت حرکت دینے میں کوئی حرج نہیں اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ انہیں بھی حرکت نہ دی جائے۔

(۹۵۵) اگر کوئی شخص الحمد اور سورہ پڑھتے وقت یا تسبیحات پڑھتے وقت بے اختیار اتنی حرکت کرے کہ بدن کے ساکن ہونے کی حالت سے خارج ہو جائے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ بدن کے دوبارہ ساکن ہونے پر جو کچھ اس نے حرکت کی حالت میں پڑھا تھا، دوبارہ پڑھے۔

(۹۵۶) نماز کے دوران اگر کوئی شخص کھڑے ہونے کے قابل نہ رہے تو ضروری ہے کہ بیٹھ جائے اور اگر بیٹھ بھی نہ سکتا ہو تو ضروری ہے کہ لیٹ جائے لیکن جب تک اس کے بدن کو سکون حاصل نہ ہو ضروری ہے کہ کوئی واجب ذکر نہ پڑھے۔

(۹۵۷) جب تک انسان کھڑے ہو کر نماز پڑھ سکتا ہو ضروری ہے کہ نہ بیٹھے مثلاً اگر کھڑا ہونے کی حالت میں کسی کا بدن حرکت کرتا ہو یا وہ کسی چیز پر ٹیک لگانے پر یا بدن کو تھوڑا سا ٹیڑھا کرنے پر مجبور ہو تو ضروری ہے کہ جیسے بھی ہو سکے کھڑا ہو کر نماز پڑھے لیکن اگر وہ کسی طرح بھی کھڑا نہ ہو سکتا ہو تو ضروری ہے کہ سیدھا بیٹھ جائے اور بیٹھ کر نماز پڑھے۔

(۹۵۸) جب تک انسان بیٹھ سکے ضروری ہے کہ وہ لیٹ کر نماز نہ پڑھے اور اگر وہ سیدھا ہو کر نہ بیٹھ سکے

تو ضروری ہے کہ پہلو کے بل اس طرح لیٹے کہ اس کے بدن کا اگلا حصہ قبلہ رخ ہو۔ احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ جب تک دائیں پہلو پر لیٹ سکتا ہو بائیں پہلو پر نہ لیٹے اور اگر دونوں طرف لیٹنا ممکن نہ ہو تو پشت کے بل اس طرح لیٹے کہ اس کے تلوے قبلے کی طرف ہوں۔

(۹۵۹) جو شخص بیٹھ کر نماز پڑھ رہا ہو اگر وہ الحمد اور سورہ پڑھنے کے بعد کھڑا ہو سکے اور رکوع کھڑا ہو کر بجالا سکے تو ضروری ہے کہ کھڑا ہو جائے اور قیام کی حالت سے رکوع میں جائے اور اگر ایسا نہ کر سکے تو ضروری ہے کہ رکوع بھی بیٹھ کر بجالائے۔

(۹۶۰) جو شخص لیٹ کر نماز پڑھ رہا ہو اگر وہ نماز کے دوران اس قابل ہو جائے کہ بیٹھ سکے تو ضروری ہے کہ نماز کی جتنی مقدار ممکن ہو بیٹھ کر پڑھے اور اگر کھڑا ہو سکے تو ضروری ہے کہ جتنی مقدار ممکن ہو کھڑا ہو کر پڑھے لیکن جب تک اس کے بدن کو سکون حاصل نہ ہو جائے ضروری ہے کہ کوئی واجب ذکر نہ پڑھے۔

(۹۶۱) جو شخص بیٹھ کر نماز پڑھ رہا ہو اگر نماز کے دوران اس قابل ہو جائے کہ کھڑا ہو سکے تو ضروری ہے کہ نماز کی جتنی مقدار ممکن ہو کھڑا ہو کر پڑھے لیکن جب تک اس کے بدن کو سکون حاصل نہ ہو جائے ضروری ہے کہ کوئی واجب ذکر نہ پڑھے۔

(۹۶۲) اگر کسی ایسے شخص کو جو کھڑا ہو سکتا ہو یہ خوف ہو کہ کھڑا ہونے سے بیمار ہو جائے گا یا اسے کوئی تکلیف ہوگی تو وہ بیٹھ کر نماز پڑھ سکتا ہے اور اگر بیٹھنے سے بھی تکلیف کا ڈر ہو تو لیٹ کر نماز پڑھ سکتا ہے۔ اگر جانتا ہو کہ مختصر وقت کے لئے ہی کھڑا ہو پائے گا تو ضروری ہے کہ قیام متصل برکوع کے لئے کھڑا ہو۔

(۹۶۳) اگر انسان آخر وقت تک کھڑے ہو کر نماز کی ادائیگی سے مایوس نہ ہو اور اول وقت میں نماز پڑھ لے اور آخر وقت میں کھڑا ہونے پر قادر ہو جائے تو ضروری ہے کہ وہ دوبارہ نماز پڑھے لیکن اگر کھڑا ہو کر نماز پڑھنے سے مایوس ہو اور اول وقت میں نماز پڑھ لے بعد ازاں وہ کھڑے ہونے کے قابل ہو جائے تو ضروری نہیں کہ دوبارہ نماز پڑھے۔

(۹۶۴) مستحب ہے کہ قیام کی حالت میں جسم سیدھا رکھے، کندھوں کو نیچے کی طرف ڈھیلا چھوڑ دے، ہاتھوں کو رانوں پر رکھے، انگلیوں کو باہم ملا کر رکھے، نگاہ سجدہ کی جگہ پر مرکوز رکھے، بدن کا بوجھ دونوں پاؤں پر یکساں ڈالے، خشوع وخضوع کے ساتھ کھڑا ہو، پاؤں آگے پیچھے نہ رکھے اور اگر مرد ہو تو پاؤں کے درمیان تین پھیلی ہوئی انگلیوں سے لے کر ایک بالشت تک کا فاصلہ رکھے اور عورت ہو تو دونوں پاؤں ملا کر رکھے۔

قرأت

(۹۶۵) ضروری ہے کہ انسان روزانہ کی واجب نمازوں کی پہلی اور دوسری رکعت میں پہلے الحمد اور پھر کسی ایک سورے کی تلاوت کرے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ ایک مکمل سورے کی تلاوت کرے۔ والضحیٰ اور الم نشرح کی سورتیں اور اسی طرح سورۂ فیل اور سورۂ قریش احتیاط کی بنا پر نماز میں ایک سورت شمار ہوتی ہیں۔

(۹۶۶) اگر نماز کا وقت تنگ ہو یا انسان کسی مجبوری کی وجہ سے سورہ نہ پڑھ سکتا ہو مثلاً اسے خوف ہو کہ اگر سورہ پڑھے گا تو چور یا درندہ یا کوئی اور چیز اسے نقصان پہنچائے گی یا اسے کوئی ضروری کام ہو تو اگر وہ چاہے تو سورہ نہ پڑھے بلکہ وقت تنگ ہونے کی صورت میں اور خوف کی بعض حالتوں میں ضروری ہے کہ وہ سورہ نہ پڑھے۔

(۹۶۷) اگر کوئی شخص جان بوجھ کر الحمد سے پہلے سورہ پڑھے تو اس کی نماز باطل ہوگی لیکن اگر غلطی سے الحمد سے پہلے سورہ پڑھے اور پڑھنے کے دوران یاد آئے تو ضروری ہے کہ سورہ کو چھوڑ دے اور الحمد پڑھنے کے بعد سورہ شروع سے پڑھے۔

(۹۶۸) اگر کوئی شخص الحمد اور سورہ یا ان میں سے کسی ایک کا پڑھنا بھول جائے اور رکوع میں جانے کے بعد اسے یاد آئے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۹۶۹) اگر رکوع کے لئے جھکنے سے پہلے کسی شخص کو یاد آئے کہ اس نے الحمد اور سورہ نہیں پڑھا تو ضروری ہے کہ پڑھے اور اگر یہ یاد آئے کہ سورہ نہیں پڑھا تو ضروری ہے کہ فقط سورہ پڑھے لیکن اگر اسے یاد آئے کہ فقط الحمد نہیں پڑھی تو ضروری ہے کہ پہلے الحمد اور اس کے بعد دوبارہ سورہ پڑھے اور اگر جھک بھی جائے لیکن رکوع کی حد تک پہنچنے سے پہلے یاد آئے کہ الحمد اور سورہ یا فقط سورہ یا فقط الحمد نہیں پڑھی تو ضروری ہے کہ کھڑا ہو جائے اور اسی حکم کے مطابق عمل کرے۔

(۹۷۰) اگر کوئی شخص جان بوجھ کر فرض نماز میں ان چار سوروں میں سے کوئی ایک سورہ پڑھے جن میں آیۂ سجدہ ہو اور جن کا ذکر مسئلہ ۳۵۴ میں کیا گیا ہے تو واجب ہے کہ آیۂ سجدہ پڑھنے کے بعد سجدہ کرے۔ لیکن اگر سجدہ بجالائے تو احتیاط کی بنا پر اس کی نماز باطل ہے اور ضروری ہے کہ اسے دوبارہ پڑھے سوائے اس کے اس نے بھولے سے سجدہ کرلیا ہو اور اگر سجدہ نہ کرے تو اپنی نماز جاری رکھ سکتا ہے اگرچہ سجدہ نہ کر کے اس نے گناہ کیا ہے۔

(۹۷۱) اگر کوئی شخص ایسا سورہ پڑھنا شروع کر دے جس میں سجدہ واجب ہو لیکن آیۂ سجدہ پر پہنچنے سے پہلے اسے خیال آجائے تو اس سورے کو چھوڑ کر کوئی اور سورہ پڑھ سکتا ہے اور آیۂ سجدہ پڑھنے کے بعد خیال آئے تو ضروری ہے کہ جس طرح سابقہ مسئلہ میں کہا گیا ہے عمل کرے۔

(۹۷۲) اگر کوئی شخص نماز کے دوران کسی دوسرے کو آیۂ سجدہ پڑھتے ہوئے سنے تو اس کی نماز صحیح ہے اور اگر واجب نماز پڑھ رہا ہو تو احتیاط کی بنا پر سجدے کا اشارہ کرے اور نماز ختم کرنے کے بعد اس کا سجدہ بجالائے۔

(۹۷۳) مستحب نماز میں سورہ پڑھنا ضروری نہیں ہے خواہ وہ نماز منت ماننے کی وجہ سے واجب ہی کیوں نہ ہو گئی ہو۔ لیکن اگر کوئی شخص بعض ایسی مستحب نمازیں ان کے احکام کے مطابق پڑھنا چاہے مثلاً نماز وحشت کہ جن میں مخصوص سورتیں پڑھنی ہوتی ہیں تو ضروری ہے کہ وہی سورتیں پڑھے۔

(۹۷۴) جمعہ کی نماز میں اور جمعہ کے دن فجر، ظہر اور عصر کی نمازوں اور شب جمعہ کی عشاء کی نماز میں پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ جمعہ اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ منافقون پڑھنا مستحب ہے۔ اگر کوئی شخص جمعہ کے دن کی نمازوں میں ان میں سے کوئی ایک سورہ پڑھنا شروع کردے تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے

چھوڑ کر کوئی دوسرا سورہ نہیں پڑھ سکتا۔

(۹۷۵) اگر کوئی شخص الحمد کے بعد سورۂ اخلاص یا سورۂ کافرون پڑھنے لگے تو وہ اسے چھوڑ کر کوئی دوسرا سورہ نہیں پڑھ سکتا البتہ اگر نماز جمعہ یا جمعہ کے دن کی نمازوں میں بھول کر سورۂ جمعہ اور سورۂ منافقون کی بجائے ان دو سورتوں میں سے کوئی سورہ پڑھے تو انہیں چھوڑ سکتا ہے اور سورۂ جمعہ اور سورۂ منافقون پڑھ سکتا ہے اور احتیاط یہ ہے کہ اگر نصف تک پڑھ چکا ہو تو پھر ان سوروں کو نہ چھوڑے۔

(۹۷۶) اگر کوئی شخص جمعہ کی نماز میں یا جمعہ کے دن کی نمازوں میں جان بوجھ کر سورۂ اخلاص یا سورۂ کافرون پڑھے تو خواہ وہ نصف تک نہ پہنچا ہو احتیاط واجب کی بنا پر انہیں چھوڑ کر سورۂ جمعہ اور سورۂ منافقون نہیں پڑھ سکتا۔

(۹۷۷) اگر کوئی شخص نماز میں سورۂ اخلاص یا سورۂ کافرون کے علاوہ کوئی دوسرا سورہ پڑھے تو جب تک نصف تک نہ پہنچا ہو اسے چھوڑ سکتا ہے اور دوسرا سورہ پڑھ سکتا ہے۔ نصف تک پہنچنے کے بعد بغیر کسی وجہ کے اس سورہ کو چھوڑ کر دوسرا سورہ پڑھنا احتیاط کی بنا پر جائز نہیں۔

(۹۷۸) اگر کوئی شخص کسی سورے کا کچھ حصہ بھول جائے یا بہ امر مجبوری مثلاً وقت کی تنگی یا کسی اور وجہ سے اسے مکمل نہ کر سکے تو وہ اس سورہ کو چھوڑ کر کوئی دوسرا سورہ پڑھ سکتا ہے خواہ نصف تک ہی پہنچ چکا ہو یا وہ سورۂ اخلاص یا سورۂ کافرون ہی ہو اور بھول جانے کی صورت میں جتنی مقدار پڑھ چکا ہے اس پر بھی اکتفا کر سکتا ہے۔

(۹۷۹) مرد پر احتیاط کی بنا پر واجب ہے کہ صبح، مغرب اور عشاء کی نمازوں میں الحمد اور سورہ بلند آواز سے پڑھے اور مرد اور عورت دونوں پر احتیاط کی بنا پر واجب ہے کہ نماز ظہر و عصر میں الحمد اور سورہ آہستہ پڑھیں۔

(۹۸۰) احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ مرد صبح، مغرب اور عشاء کی نماز میں خیال رکھے کہ الحمد اور سورہ کے تمام کلمات حتیٰ کہ ان کے آخری حرف تک بلند آواز سے پڑھے۔

(۹۸۱) صبح، مغرب اور عشاء کی نماز میں عورت الحمد اور سورہ بلند آواز سے یا آہستہ جیسا چاہے پڑھ سکتی ہے۔ لیکن اگر نامحرم اس کی آواز سن رہا ہو اور اس کا سننا حرام ہو تو احتیاط کی بنا پر آہستہ پڑھے۔ اور کیفیت یہ ہو کہ اسے اپنی آواز سنانا حرام ہو تو ضروری ہے کہ آہستہ پڑھے اور اگر جان بوجھ کر بلند آواز سے پڑھے تو احتیاط کی بنا پر اس کی نماز باطل ہے۔

(۹۸۲) اگر کوئی شخص جس نماز کو بلند آواز سے پڑھنا ضروری ہے اسے عمداً آہستہ پڑھے یا جو نماز آہستہ پڑھنی ضروری ہے اسے عمداً بلند آواز سے پڑھے تو احتیاط کی بنا پر اس کی نماز باطل ہے۔ لیکن اگر بھول جانے کی وجہ سے یا مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے ایسا کرے تو صحیح ہے۔ نیز الحمد اور سورہ پڑھنے کے دوران بھی اگر وہ متوجہ ہو جائے کہ اس سے غلطی ہوئی ہے تو ضروری نہیں کہ نماز کا جو حصہ پڑھ چکا ہو اسے دوبارہ پڑھے۔

(۹۸۳) اگر کوئی شخص الحمد اور سورہ پڑھنے کے دوران اپنی آواز معمول سے زیادہ بلند کرے مثلاً ان سورتوں کو ایسے پڑھے جیسے کہ فریاد کر رہا ہو تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۹۸۴) انسان کے لئے ضروری ہے کہ نماز کی قرأت کو صحیح پڑھے اور جو شخص کسی طرح بھی پورے

سورۂ الحمد کو صحیح نہ پڑھ سکتا ہو تو جس طرح بھی پڑھ سکتا ہو پڑھے جبکہ الحمد کی صحیح پڑھی جانے والی مقدار بھی ایک قابل توجہ مقدار ہو۔ لیکن اگر وہ مقدار بہت کم ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر قرآن کے دوسرے سوروں میں سے جس قدر صحیح پڑھ سکتا ہو اس کے ساتھ ملا کر پڑھے اور اگر ایسا نہ کر سکتا ہو تو تسبیح کو اس کے ساتھ ملا کر پڑھے اور اگر کوئی شخص الحمد کے بعد پڑھے جانے والے پورے سورہ کو نہ سیکھ سکتا ہو تو ضروری نہیں کہ اس کے بدلے کچھ پڑھے۔ ہر حال میں احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز کو جماعت کے ساتھ بجالائے۔

(۹۸۵) اگر کسی کو الحمد اچھی طرح یاد نہ ہو تو ضروری ہے کہ اپنی ذمہ داری ادا کرنے کی کوشش کرے چاہے اس طرح سے کہ الحمد سیکھ لے، کوئی اسے پڑھوائے اور وہ پڑھ لے، نماز جماعت میں کسی کی اقتداء کر لے یا شک کی صورت میں نماز کو دہرا لے اور اگر وقت تنگ ہو اور وہ اس طرح پڑھے جیسا کہ گزشتہ مسئلے میں کہا گیا ہے تو اس کی نماز صحیح ہے لیکن اگر الحمد نہ سیکھنے میں اس کا اپنا قصور ہو تو اگر ممکن ہو تو عذاب سے بچنے کے لئے جماعت کے ساتھ نماز پڑھے۔

(۹۸۶) واجبات نماز سکھانے کی اجرت لینا احتیاط کی بنا پر حرام ہے۔ لیکن مستحبات نماز سکھانے کی اجرت لینا جائز ہے۔

(۹۸۷) اگر کوئی شخص الحمد اور سورہ کا کوئی لفظ جان بوجھ کر یا جہل تقصیری کی وجہ سے نہ پڑھے یا ایک حرف کے بجائے دوسرا حرف کہے مثلاً "ض" کی بجائے "ذ" یا "ز" کہے یا زیر و زبر کا اس طرح خیال نہ رکھے کہ غلط ہو جائے یا تشدید نہ پڑھے تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۹۸۸) اگر انسان نے کوئی لفظ جس طرح یاد کیا ہوا سے صحیح سمجھتا ہو اور نماز میں اسی طرح پڑھے اور بعد میں اسے پتا چلے کہ اس نے غلط پڑھا ہے تو اس کے لئے نماز کا دوبارہ پڑھنا ضروری نہیں۔

(۹۸۹) اگر کوئی شخص کسی لفظ کے زبر اور زیر سے واقف نہ ہو یا یہ نہ جانتا ہو کہ وہ لفظ (ہ) سے ادا کرنا چاہئے یا (ح) سے تو ضروری ہے کہ کسی بھی طرح اپنی ذمہ داری پوری کر دے مثلاً سیکھ لے یا نماز کو جماعت سے پڑھ لے یا ایسے لفظ کو دو (یا دو سے زائد) طریقوں سے ادا کرے تاکہ اسے یقین ہو جائے کہ اس نے صحیح طریقے سے بھی پڑھ لیا ہے۔ البتہ اس طریقے میں اس کی نماز اسی صورت میں صحیح ہو سکتی ہے کہ غلط ادا کئے جانے والے جملے کو قرآن یا ذکر کہا جا سکے۔

(۹۹۰) علمائے تجوید کا کہنا ہے کہ اگر کسی لفظ میں واؤ ہو اور اس لفظ سے پہلے والے حرف پر پیش ہو اور اس لفظ میں واؤ کے بعد والا حرف ہمزہ ہو مثلاً "سُوْٓءٍ" تو پڑھنے والے کو چاہئے کہ اس واؤ کو مد کے ساتھ کھینچ کر پڑھے۔ اسی طرح اگر کسی لفظ میں "الف" ہو اور اس لفظ میں الف سے پہلے والے حرف پر زبر ہو اور اس لفظ میں الف کے بعد والا حرف ہمزہ ہو مثلاً "جَآءَ" تو ضروری ہے کہ اس لفظ کے الف کو کھینچ کر پڑھے۔ اگر کسی لفظ میں (ی) ہو اور اس لفظ میں (ی) سے پہلے والے حرف پر زیر ہو اور اس لفظ میں (ی) کے بعد والا حرف ہمزہ ہو مثلاً "جِیْٓءَ" تو ضروری ہے کہ (ی) کو مد کے ساتھ پڑھے اور اگر ان حروف "واؤ، الف اور یا" کے بعد ہمزہ کے بجائے کوئی ساکن حرف ہو یعنی اس پر زبر، زیر یا پیش (میں سے کوئی حرکت) نہ ہو تب بھی ان تینوں حروف

کو مد کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔ لیکن ظاہراً ایسے معاملے میں قرأت کا صحیح ہونا مد پر موقوف نہیں۔ لہذا جو طریقہ بتایا گیا ہے اگر کوئی اس پر عمل نہ کرے تب بھی اس کی نماز صحیح ہے۔ لیکن "وَلَا الضَّآلِّيْنَ" جیسے الفاظ میں جہاں تشدید اور الف کا پورے طور پر ادا ہونا مختصر مد پر موقوف ہے، ضروری ہے کہ الف کو تھوڑا سا کھینچ کر پڑھے۔

(۹۹۱) احتیاط مستحب یہ ہے کہ انسان نماز میں وقف بحرکت اور وصل بسکون نہ کرے اور وقف بحرکت کے معنی یہ ہیں کہ کسی لفظ کے آخر میں زیر، زبر اور پیش پڑھے اور اس لفظ اور اس کے بعد کے لفظ کے درمیان فاصلہ دے۔ مثلاً کہے: اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور اَلرَّحِيْمِ کے میم کو زیر دے اور اس کے بعد قدرے فاصلہ دے اور کہے: مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اور وصل بسکون کے معنی یہ ہیں کہ کسی لفظ کی زیر، زبر یا پیش نہ پڑھے اور اس لفظ کو بعد کے لفظ سے جوڑ دے۔ مثلاً یہ کہے: اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمْ اور اَلرَّحِيْمْ کے میم کو زیر نہ دے اور فوراً مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ کہے۔

(۹۹۲) نماز کی تیسری اور چوتھی رکعت میں فقط ایک دفعہ الحمد یا ایک دفعہ تسبیحات اربعہ پڑھی جا سکتی ہے یعنی نماز پڑھنے والا ایک دفعہ کہے: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اور بہتر یہ ہے کہ تین دفعہ کہے۔ وہ ایک رکعت میں الحمد اور دوسری رکعت میں تسبیحات بھی پڑھ سکتا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ دونوں رکعتوں میں تسبیحات پڑھے۔

(۹۹۳) اگر وقت تنگ ہو تو ضروری ہے کہ تسبیحات اربعہ ایک دفعہ پڑھے اور اگر اس قدر وقت بھی نہ ہو تو ایک دفعہ سبحان اللہ کہنا کافی ہے۔

(۹۹۴) احتیاط کی بنا پر مرد اور عورت دونوں پر واجب ہے کہ نماز کی تیسری اور چوتھی رکعت میں الحمد یا تسبیحات اربعہ آہستہ پڑھیں۔

(۹۹۵) اگر کوئی شخص تیسری اور چوتھی رکعت میں الحمد پڑھے تو واجب نہیں کہ اس کی بِسْمِ اللّٰهِ بھی آہستہ پڑھے لیکن مقتدی کے لئے احتیاط واجب یہ ہے کہ بِسْمِ اللّٰهِ بھی آہستہ پڑھے۔

(۹۹۶) جو شخص تسبیحات یاد نہ کر سکتا ہو یا انہیں ٹھیک نہ پڑھ سکتا ہو تو ضروری ہے کہ وہ تیسری اور چوتھی رکعت میں الحمد پڑھے۔

(۹۹۷) اگر کوئی شخص نماز کی پہلی دو رکعتوں میں یہ خیال کرتے ہوئے کہ یہ آخری دو رکعتیں ہیں تسبیحات پڑھے لیکن رکوع سے پہلے اسے صحیح صورت کا پتا چل جائے تو ضروری ہے کہ الحمد اور سورہ پڑھے اور اگر اسے رکوع کے دوران یا رکوع کے بعد پتا چلے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۹۹۸) اگر کوئی شخص نماز کی آخری دو رکعتوں میں یہ خیال کرتے ہوئے کہ یہ پہلی دو رکعتیں ہیں الحمد پڑھے یا نماز کی پہلی دو رکعتوں میں یہ خیال کرتے ہوئے کہ یہ آخری دو رکعتیں ہیں الحمد پڑھے تو اسے صحیح صورت کا خواہ رکوع سے پہلے پتا چلے یا بعد میں اس کی نماز صحیح ہے۔

(۹۹۹) اگر کوئی شخص تیسری یا چوتھی رکعت میں الحمد پڑھنا چاہتا ہو لیکن تسبیحات اس کی زبان پر آ جائیں یا تسبیحات پڑھنا چاہتا ہو لیکن الحمد اس کی زبان پر آ جائے تو اگر اس کے پڑھنے کا بالکل ارادہ نہ تھا تو ضروری ہے

کہ اسے چھوڑ کر دوبارہ الحمد یا تسبیحات پڑھے لیکن اگر بطور کلی بلا ارادہ نہ ہو جیسے کہ اس کی عادت وہی کچھ پڑھنے کی ہو جو اس کی زبان پر آیا ہے تو وہ اسی کو تمام کر سکتا ہے اور اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۰۰۰) جس شخص کی عادت تیسری اور چوتھی رکعت میں تسبیحات پڑھنے کی ہو اگر وہ اپنی عادت سے غفلت برتے اور اپنے وظیفے کی ادائیگی کی نیت سے الحمد پڑھنے لگے تو وہی کافی ہے اور اس کے لئے الحمد یا تسبیحات دوبارہ پڑھنا ضروری ہے۔

(۱۰۰۱) تیسری اور چوتھی رکعت میں تسبیحات کے بعد استغفار کرنا مستحب ہے مثلاً کہے "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ" یا کہے "اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ" اور اگر نماز پڑھنے والا استغفار پڑھنے اور رکوع کے لئے جھکنے سے پہلے شک کرے کہ اس نے حمد یا تسبیحات کو پڑھا یا نہیں تو ضروری ہے کہ حمد یا تسبیحات پڑھے اور اگر استغفار پڑھ رہا ہو یا اس سے فارغ ہو چکا ہو اور اسے شک ہو جائے کہ اس نے الحمد یا تسبیحات پڑھی ہیں یا نہیں تو بھی احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ الحمد یا تسبیحات پڑھے۔

(۱۰۰۲) اگر تیسری یا چوتھی رکعت کے رکوع میں یا رکوع میں جاتے ہوئے شک کرے کہ اس نے الحمد یا تسبیحات پڑھی ہیں یا نہیں تو اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

(۱۰۰۳) اگر نماز پڑھنے والا شک کرے کہ آیا اس نے کوئی آیت یا لفظ درست پڑھا ہے یا نہیں مثلاً شک کرے کہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ درست پڑھا ہے یا نہیں تو وہ اپنے شک کی پروا نہ کرے لیکن اگر احتیاطاً وہی آیت یا جملہ دوبارہ صحیح طریقے سے پڑھ دے تو کوئی حرج نہیں اور اگر کئی بار بھی شک کرے تو کئی بار پڑھ سکتا ہے۔ ہاں اگر وسوسے کی حد تک پہنچ جائے تو بہتر ہے کہ پھر تکرار نہ کرے۔

(۱۰۰۴) مستحب ہے کہ پہلی رکعت میں الحمد پڑھنے سے پہلے "اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ" کہے اور ظہر اور عصر کی پہلی اور دوسری رکعتوں میں بِسْمِ اللّٰہِ بلند آواز سے کہے اور الحمد اور سورہ کا ہر لفظ واضح طور پر پڑھے اور ہر آیت کے آخر پر وقف کرے یعنی اسے بعد والی آیت کے ساتھ نہ ملائے اور الحمد اور سورہ پڑھتے وقت آیات کے معنوں کی طرف توجہ رکھے۔ اگر جماعت سے نماز پڑھ رہا ہو تو امام جماعت کے سورۂ الحمد ختم کرنے کے بعد اور اگر فرادیٰ نماز پڑھ رہا ہو تو سورۂ الحمد پڑھنے کے بعد کہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ" اور سورۂ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھنے کے بعد ایک یا دو یا تین دفعہ "کَذٰلِکَ اللّٰہُ رَبِّیْ" یا تین دفعہ "کَذٰلِکَ اللّٰہُ رَبُّنَا" کہے اور سورہ پڑھنے کے بعد تھوڑی دیر رکے اور اس کے بعد رکوع سے پہلے کی تکبیر کہے یا قنوت پڑھے۔

(۱۰۰۵) مستحب یہ ہے کہ تمام نمازوں کی پہلی رکعت میں ''سورۂ قدر'' اور دوسری رکعت میں ''سورۂ اخلاص'' پڑھے۔

(۱۰۰۶) پنجگانہ نمازوں میں سے کسی ایک نماز میں بھی انسان کا سورۂ اخلاص کا نہ پڑھنا مکروہ ہے۔

(۱۰۰۷) ایک ہی سانس میں سورۂ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ کا پڑھنا مکروہ ہے۔

(۱۰۰۸) جو سورہ انسان پہلی رکعت میں پڑھے اسی کا دوسری رکعت میں پڑھنا مکروہ ہے۔ لیکن اگر سورۂ اخلاص دونوں رکعتوں میں پڑھے تو مکروہ نہیں ہے۔

رکوع

(۱۰۰۹) ضروری ہے کہ ہر رکعت میں قرأت کے بعد اس قدر جھکے کہ اپنی تمام انگلیوں، من جملہ انگوٹھے کے سرے گھٹنے پر رکھ سکے۔ اس عمل کو رکوع کہتے ہیں۔

(۱۰۱۰) اگر رکوع جتنا جھک جائے لیکن اپنی انگلیوں کے سرے گھٹنوں پر نہ رکھے تو کوئی حرج نہیں۔

(۱۰۱۱) اگر کوئی شخص رکوع عام طریقے کے مطابق نہ بجالائے مثلاً بائیں یا دائیں جانب جھک جائے یا گھٹنے آگے کو بڑھالے تو خواہ اس کے ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ بھی جائیں اس کا رکوع صحیح نہیں ہے۔

(۱۰۱۲) ضروری ہے کہ جھکنا رکوع کی نیت سے ہو۔ لہٰذا اگر کسی اور کام کے لئے مثلاً کسی جانور کو مارنے کے لئے جھکے تو اسے رکوع نہیں سمجھ سکتا بلکہ ضروری ہے کہ کھڑا ہو اور دوبارہ رکوع کے لئے جھکے اور اس عمل کی وجہ سے رکن میں اضافہ نہیں ہوتا اور نماز باطل نہیں ہوتی۔

(۱۰۱۳) جس شخص کے ہاتھ یا گھٹنے دوسرے لوگوں کے ہاتھوں اور گھٹنوں سے مختلف ہوں مثلاً اس کے ہاتھ اتنے لمبے ہوں کہ اگر معمولی سا بھی جھکے تو گھٹنوں تک پہنچ جائیں یا اس کے گھٹنے دوسرے لوگوں کے گھٹنوں کے مقابلے میں نیچے ہوں اور اسے ہاتھ گھٹنوں تک پہنچانے کے لئے بہت زیادہ جھکنا پڑتا ہو تو ضروری ہے کہ اتنا جھکے جتنا عموماً لوگ جھکتے ہیں۔

(۱۰۱۴) جو شخص بیٹھ کر رکوع کر رہا ہو اسے اس قدر جھکنا ضروری ہے کہ اس کا چہرہ اس کے گھٹنوں کے بالمقابل جا پہنچے اور بہتر ہے کہ اتنا جھکے کہ اس کا چہرہ سجدے کی جگہ کے بالمقابل جا پہنچے۔

(۱۰۱۵) بہتر یہ ہے کہ اختیار کی حالت میں رکوع میں تین دفعہ "سُبْحَانَ اللّٰہِ" یا ایک دفعہ "سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ" کہے اگرچہ کوئی بھی ذکر کافی ہے جو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اتنی ہی مقدار میں ہو لیکن وقت کی تنگی اور مجبوری کی حالت میں ایک دفعہ "سُبْحَانَ اللّٰہِ" کہنا ہی کافی ہے۔ جو شخص سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ کو اچھی طرح نہ پڑھ سکتا ہو ضروری ہے کہ کوئی اور ذکر مثلاً تین بار سُبْحَانَ اللّٰہِ کہے۔

(۱۰۱۶) ذکر رکوع مسلسل اور صحیح عربی میں پڑھنا ضروری ہے اور مستحب ہے کہ اسے تین یا پانچ یا سات دفعہ بلکہ اس سے بھی زیادہ پڑھا جائے۔

(۱۰۱۷) رکوع کی حالت میں ضروری ہے کہ نماز پڑھنے والے کا بدن ساکن ہو۔ نیز ضروری ہے کہ وہ اپنے اختیار سے بدن کو اس طرح حرکت نہ دے کہ اس پر ساکن ہونا صادق نہ آئے حتیٰ کہ احتیاط کی بنا پر اگر وہ واجب ذکر میں مشغول نہ ہو تب بھی یہی حکم ہے اور اگر جان بوجھ کر اس ٹھہراؤ کا خیال نہ رکھے تو چاہے سکون کی حالت میں ذکر ادا کر لے احتیاط کی بنا پر اس کی نماز باطل ہے۔

(۱۰۱۸) اگر نماز پڑھنے والا اس وقت جبکہ رکوع کا واجب ذکر ادا کر رہا ہو بھولے سے بے اختیار اتنی حرکت کرے کہ بدن کے سکون کی حالت میں ہونے سے خارج ہو جائے تو بہتر یہ ہے کہ بدن کے سکون حاصل

کرنے کے بعد دوبارہ ذکر کو بجالائے لیکن اگر اتنی کم حرکت کرے کہ بدن کے سکون میں ہونے کی حالت سے خارج نہ ہو یا انگلیوں کو حرکت دے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

(۱۰۱۹) اگر نماز پڑھنے والا اس سے پیشتر کہ رکوع جتنا جھکے اور اس کا بدن سکون حاصل کرے جان بوجھ کر ذکر رکوع پڑھنا شروع کردے تو اس کی نماز باطل ہے۔ سوائے اس کے کہ سکون کے عالم میں دوبارہ ذکر ادا کردے۔ البتہ اگر بھولے سے ہو تو ذکر کو دوبارہ ادا کرنا ضروری نہیں۔

(۱۰۲۰) اگر ایک شخص واجب ذکر کے ختم ہونے سے پہلے جان بوجھ کر سر رکوع سے اٹھالے تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر سہواً سر اٹھالے تو ذکر دہرانا ضروری نہیں۔

(۱۰۲۱) اگر ایک شخص ذکر کی مقدار کے مطابق حتیٰ کہ ایک سُبْحَانَ اللّٰہ کہنے کی حد تک ہی، رکوع کی حالت میں چاہے سکون کے بغیر ہی سہی، نہ رہ سکتا ہو تو ذکر کہنا ضروری نہیں ہے۔ البتہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ ذکر کہے چاہے اس کا باقی ماندہ حصہ رکوع سے اٹھتے ہوئے قربت مطلقہ کی نیت سے کہے یا اس سے پہلے ہی ذکر کہنا شروع کردے۔

(۱۰۲۲) اگر کوئی شخص مرض وغیرہ کی وجہ سے رکوع میں اپنا بدن ساکن نہ رکھ سکے تو اس کی نماز صحیح ہے لیکن ضروری ہے کہ رکوع کی حالت سے خارج ہونے سے پہلے واجب ذکر اس طریقے سے ادا کرے جیسے اوپر بیان کیا گیا ہے۔

(۱۰۲۳) جب کوئی شخص رکوع کے لئے نہ جھک سکتا ہو تو ضروری ہے کہ کسی چیز کا سہارا لے کر رکوع بجالائے اور اگر سہارے کے ذریعے بھی معمول کے مطابق رکوع نہ کرسکے تو ضروری ہے کہ اس قدر جھکے کہ عرفاً اسے رکوع کہا جاسکے اور اگر اس قدر نہ جھک سکے تو ضروری ہے کہ رکوع کے لئے سر سے اشارہ کرے۔

(۱۰۲۴) جس شخص کو رکوع کے لئے سر سے اشارہ کرنا ضروری ہو اگر وہ اشارہ کرنے پر قادر نہ ہو تو ضروری ہے کہ رکوع کی نیت کے ساتھ آنکھوں کو بند کرے اور ذکر رکوع پڑھے اور رکوع سے اٹھنے کی نیت سے آنکھوں کو کھول دے اور اگر اس قابل بھی نہ ہو تو احتیاط کی بنا پر دل میں رکوع کی نیت کرے اور اپنے ہاتھ سے رکوع کے لئے اشارہ کرے اور ذکر رکوع پڑھے اور اس صورت میں اگر ممکن ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اس کیفیت کے ساتھ ساتھ بیٹھ کر رکوع کے لئے اشارہ بھی کرے۔

(۱۰۲۵) جو شخص کھڑے ہو کر رکوع نہ کرسکے لیکن جب بیٹھا ہوا ہو تو رکوع کے لئے جھک سکتا ہو تو ضروری ہے کہ کھڑے ہو کر نماز پڑھے اور رکوع کے لئے سر سے اشارہ کرے۔ احتیاط مستحب یہ ہے کہ ایک دفعہ پھر نماز پڑھے اور اس کے رکوع کے وقت بیٹھ جائے اور رکوع کے لئے جھک جائے۔

(۱۰۲۶) اگر کوئی شخص رکوع کی حد تک پہنچنے کے بعد جان بوجھ کر سر کو اٹھالے اور دوبارہ رکوع کرنے کی حد تک جھکے تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۱۰۲۷) ضروری ہے کہ ذکر رکوع ختم ہونے کے بعد سیدھا کھڑا ہو جائے اور احتیاط واجب کی بنا پر جب اس کا بدن سکون حاصل کرلے تو اس کے بعد سجدے میں جائے اور اگر جان بوجھ کر کھڑا ہونے سے پہلے سجدے

میں چلا جائے تو اس کی نماز باطل ہے۔ اسی طرح اگر بدن کے سکون حاصل کرنے سے پہلے سجدے میں چلا جائے تو بھی احتیاط واجب کی بنا پر یہی حکم ہے۔

(۱۰۲۸) اگر کوئی شخص رکوع ادا کرنا بھول جائے اور اس سے پیشتر کہ سجدے کی حالت میں پہنچے اسے یاد آجائے تو ضروری ہے کہ کھڑا ہو جائے اور پھر رکوع میں جائے۔ جھکے ہوئے ہونے کی حالت میں اگر رکوع کی جانب لوٹ جائے تو کافی نہیں۔

(۱۰۲۹) اگر کسی شخص کو پیشانی زمین پر رکھنے کے بعد یاد آئے کہ اس نے رکوع نہیں کیا تو اس کے لئے ضروری ہے کہ لوٹ جائے اور کھڑا ہونے کے بعد رکوع بجالائے۔ اگر اسے دوسرے سجدے میں یاد آئے تو احتیاط لازم کی بنا پر اس کی نماز باطل ہے۔

(۱۰۳۰) مستحب ہے کہ انسان رکوع میں جانے سے پہلے جب سیدھا کھڑا ہو، تکبیر کہے رکوع میں گھٹنوں کو پیچھے کی طرف دھکیلے، پیٹھ کو ہموار رکھے، گردن کو کھینچ کر پیٹھ کے برابر رکھے، دونوں پاؤں کے درمیان دیکھے، ذکر سے پہلے یا بعد میں درود پڑھے اور جب رکوع کے بعد اٹھے اور سیدھا کھڑا ہو تو بدن کے سکون کی حالت میں ہوتے ہوئے "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ" کہے۔

(۱۰۳۱) عورتوں کے لئے مستحب ہے کہ رکوع میں ہاتھوں کو گھٹنوں سے اوپر رکھیں اور گھٹنوں کو پیچھے کی طرف نہ دھکیلیں۔

سجود

(۱۰۳۲) نماز پڑھنے والے کے لئے ضروری ہے کہ واجب اور مستحب نمازوں کی ہر رکعت میں رکوع کے بعد دو سجدے کرے۔ سجدہ یہ ہے کہ خاص شکل میں پیشانی کو خضوع کی نیت سے زمین پر رکھے اور نماز کے سجدے کی حالت میں واجب ہے کہ دونوں ہتھیلیاں، دونوں گھٹنے اور دونوں پاؤں کے انگوٹھے زمین پر رکھے جائیں۔ احتیاط واجب کی بنا پر پیشانی سے مراد پیشانی کا درمیانی حصہ ہے۔ یہ وہ مستطیل ہے جو پیشانی کے درمیانی حصے میں دو ابروؤں سے لے کر سر کے بال اگنے کے مقام تک، دو فرضی خط کھینچنے پر بنے گا۔

(۱۰۳۳) دو سجدے مل کر ایک رکن ہیں اور اگر کوئی شخص واجب نماز میں بھولے سے یا مسئلے سے لاعلمی کی بنا پر ایک رکعت میں دونوں سجدے ترک کردے تو اس کی نماز باطل ہے۔ اسی طرح اگر بھول کر یا جہل قصوری کی وجہ سے ایک رکعت میں دو سجدوں کا اضافہ کرے تو احتیاط لازم کی بنا پر یہی حکم ہے۔ (جہل قصوری یہ ہوتا ہے کہ انسان کے پاس اپنی لاعلمی کا معقول عذر موجود ہو)۔

(۱۰۳۴) اگر کوئی شخص جان بوجھ کر ایک سجدہ کم یا زیادہ کردے تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر سہواً ایک سجدہ کم یا زیادہ کرے تو اس کی نماز باطل نہیں ہوگی۔ ہاں کم ہونے کی صورت کا حکم، سجدہ سہو کے احکام میں بیان کیا جائے گا۔

(۱۰۳۵) جو شخص پیشانی زمین پر رکھ سکتا ہو اگر جان بوجھ کر یا سہواً پیشانی زمین پر نہ رکھے تو خواہ بدن کے دوسرے حصے زمین سے لگ بھی گئے ہوں تو اس نے سجدہ نہیں کیا لیکن اگر وہ پیشانی زمین پر رکھ دے اور سہواً بدن کے دوسرے حصے زمین پر نہ رکھے یا سہواً ذکر نہ پڑھے تو اس کا سجدہ صحیح ہے۔

(۱۰۳۶) بہتر یہ ہے کہ اختیار کی حالت میں سجدے میں تین دفعہ "سُبْحَانَ اللّٰہ" یا ایک دفعہ "سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ" پڑھے اور ضروری ہے کہ یہ جملے مسلسل اور صحیح عربی میں کہے جائیں اور ظاہر یہ ہے کہ کسی بھی ذکر کا پڑھنا کافی ہے لیکن احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ اتنی ہی مقدار میں ہو اور مستحب ہے کہ "سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ" تین یا پانچ یا سات دفعہ یا اس سے بھی زیادہ مرتبہ پڑھے۔

(۱۰۳۷) سجدے کی حالت میں ضروری ہے کہ نمازی کا بدن ساکن ہو اور حالت اختیار میں اسے اپنے بدن کو اس طرح حرکت نہیں دینا چاہئے کہ سکون کی حالت سے نکل جائے اور جب واجب ذکر میں مشغول نہ ہو تو احتیاط کی بنا پر یہی حکم ہے۔

(۱۰۳۸) اگر اس سے پیشتر کہ پیشانی زمین سے لگے اور بدن سکون حاصل کرلے کوئی شخص جان بوجھ کر ذکر سجدہ پڑھے تو اس کی نماز باطل ہے، سوائے اس کے کہ سکون میں آنے کے بعد دوبارہ ذکر پڑھ لے اور اگر ذکر ختم ہونے سے پہلے جان بوجھ کر سر سجدے سے اٹھالے تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۱۰۳۹) اگر اس سے پیشتر کہ پیشانی زمین پر لگے کوئی شخص سہواً ذکر سجدہ پڑھے اور اس سے پیشتر کہ سر سجدے سے اٹھائے اسے پتا چل جائے کہ اس نے غلطی کی ہے تو ضروری ہے کہ ساکن ہو جائے اور دوبارہ ذکر پڑھے۔ ہاں اگر پیشانی زمین پر لگ چکی ہو اور بدن ساکن ہونے سے پہلے بھولے سے ذکر پڑھا ہو تو دہرانا ضروری نہیں۔

(۱۰۴۰) اگر کسی شخص کو سر سجدے سے اٹھالینے کے بعد پتا چلے کہ اس نے ذکر سجدہ ختم ہونے سے پہلے سر اٹھالیا ہے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۰۴۱) جس وقت کوئی شخص ذکر سجدہ پڑھ رہا ہو اگر وہ جان بوجھ کر سات اعضائے سجدہ میں سے کسی ایک کو زمین پر سے اٹھائے اور اس کا یہ عمل اس آرام و سکون کے برخلاف ہو جس کا سجدے میں ہونا ضروری ہے تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی یہی حکم احتیاط واجب کی بنا پر اس وقت ہے جب ذکر پڑھنے میں مشغول نہ ہو۔

(۱۰۴۲) اگر ذکر سجدہ ختم ہونے سے پہلے کوئی شخص سہواً پیشانی زمین پر سے اٹھالے تو اسے دوبارہ زمین پر نہیں رکھ سکتا اور ضروری ہے کہ اسے ایک سجدہ شمار کرے لیکن اگر دوسرے اعضا سہواً زمین پر سے اٹھالے تو ضروری ہے کہ انہیں دوبارہ زمین پر رکھے اور ذکر پڑھے۔

(۱۰۴۳) پہلے سجدے کا ذکر ختم ہونے کے بعد ضروری ہے کہ بیٹھ جائے حتیٰ کہ اس کا بدن سکون حاصل کرلے اور پھر دوبارہ سجدے میں جائے۔

(۱۰۴۴) نماز پڑھنے والے کی پیشانی رکھنے کی جگہ گھٹنوں اور پاؤں کی انگلیوں کے سروں کی جگہ سے چار ملی ہوئی انگلیوں سے زیادہ بلند یا پست نہیں ہونی چاہئے بلکہ احتیاط واجب یہ ہے کہ اس کی پیشانی کی جگہ اس کے

کھڑے ہونے کی جگہ سے چار ملی ہوئی انگلیوں سے زیادہ نیچی یا اونچی بھی نہ ہو۔

(۱۰۴۵) اگر کسی ایسی ڈھلوان جگہ میں اگرچہ اس کا جھکاؤ صحیح طور پر معلوم نہ ہو نماز پڑھنے والے کی پیشانی کی جگہ اس کے گھٹنوں اور پاؤں کی انگلیوں کے سروں کی جگہ سے چار ملی ہوئی انگلیوں سے زیادہ بلند یا پست ہو تو اس کی نماز محل اشکال ہے۔

(۱۰۴۶) اگر نماز پڑھنے والا اپنی پیشانی کو غلطی سے ایک ایسی چیز پر رکھ دے جو گھٹنوں اور اس کے پاؤں کی انگلیوں کے سروں کی جگہ سے چار ملی ہوئی انگلیوں سے زیادہ بلند ہو اور ان کی بلندی اس قدر ہو کہ یہ نہ کہہ سکیں کہ سجدے کی حالت میں ہے تو ضروری ہے کہ سر کو اٹھائے اور ایسی چیز پر جس کی بلندی چار ملی ہوئی انگلیوں سے زیادہ نہ ہو رکھے اور اگر اس کی بلندی اس قدر ہو کہ کہہ سکیں کہ سجدے کی حالت میں ہے اور واجب ذکر پڑھنے کے بعد متوجہ ہو تو سر سجدے سے اٹھا کر نماز کو تمام کرسکتا ہے۔ اگر واجب ذکر پڑھنے سے پہلے متوجہ ہو تو ضروری ہے کہ پیشانی کو اس چیز سے کھینچ کر اس چیز پر رکھے کہ جس کی بلندی چار ملی ہوئی انگلیوں کے برابر یا اس سے کم ہو اور واجب ذکر پڑھے اور اگر پیشانی کو کھینچنا ممکن نہ ہو تو واجب ذکر کو اسی حالت میں پڑھے اور نماز کو تمام کرے اور ضروری نہیں کہ نماز کو دوبارہ پڑھے۔

(۱۰۴۷) ضروری ہے کہ نماز پڑھنے والے کی پیشانی اور اس چیز کے درمیان جس پر سجدہ کرنا صحیح ہے کوئی دوسری چیز نہ ہو۔ پس اگر سجدہ گاہ اتنی میلی ہو کہ پیشانی سجدہ گاہ کو نہ چھوئے تو اس کا سجدہ باطل ہے۔ لیکن اگر سجدہ گاہ کا رنگ تبدیل ہوگیا ہو تو کوئی حرج نہیں۔

(۱۰۴۸) ضروری ہے کہ سجدے میں دونوں ہتھیلیاں زمین پر رکھے اور احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ ممکنہ صورت میں پوری ہتھیلیوں کو زمین پر رکھے لیکن مجبوری کی حالت میں ہاتھوں کی پشت بھی زمین پر رکھے تو کوئی حرج نہیں اور اگر ہاتھوں کی پشت بھی زمین پر رکھنا ممکن نہ ہو تو احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ ہاتھوں کی کلائیاں زمین پر رکھے اور اگر انہیں بھی نہ رکھ سکے تو پھر کہنی تک جو حصہ بھی ممکن ہو زمین پر رکھے اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو پھر بازو کا رکھنا کافی ہے۔

(۱۰۴۹) سجدے میں ضروری ہے کہ پاؤں کے دونوں انگوٹھے زمین پر رکھے لیکن ضروری نہیں کہ دونوں انگوٹھوں کے سرے زمین پر رکھے بلکہ ان کا ظاہری یا باطنی حصہ بھی رکھے تو کافی ہے۔ اگر پاؤں کی دوسری انگلیاں یا پاؤں کا اوپر والا حصہ زمین پر رکھے یا ناخن لمبے ہونے کی بنا پر انگوٹھے زمین پر نہ لگیں تو نماز باطل ہے اور جس شخص نے کوتاہی اور مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے اپنی نمازیں اس طرح پڑھی ہوں ضروری ہے کہ انہیں دوبارہ پڑھے۔

(۱۰۵۰) جس شخص کے پاؤں کے انگوٹھوں کے سروں سے کچھ حصہ کٹا ہوا ہو تو ضروری ہے کہ جتنا باقی ہو وہ زمین پر رکھے اور اگر انگوٹھوں کا کچھ حصہ بھی نہ بچا ہو یا اتنا کم بچا ہو کہ اسے کسی بھی طرح زمین یا کسی اور چیز پر رکھنا ممکن نہ ہو تو احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ باقی انگلیوں کو زمین پر رکھے اور اگر اس کی کوئی بھی انگلی نہ ہو تو پاؤں کا جتنا حصہ بھی باقی بچا ہوا سے زمین پر رکھے۔

(۱۰۵۱) اگر کوئی شخص معمول کے خلاف سجدہ کرے مثلاً سینے اور پیٹ کو زمین پر ٹکائے یا پاؤں کو کچھ لمبا کردے چنانچہ اگر کہا جائے کہ اس نے سجدہ کیا ہے تو اس کی نماز صحیح ہے۔ لیکن اگر کہا جائے کہ لیٹ گیا ہے اور اس پر سجدہ کرنا صادق نہ آتا ہو تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۱۰۵۲) سجدہ گاہ یا دوسری چیز جس پر نماز پڑھنے والا سجدے کرے ضروری ہے کہ جتنی مقدار پر سجدہ صحیح ہے اتنی مقدار پاک ہو لیکن اگر مثال کے طور پر سجدہ گاہ کو نجس فرش پر رکھ دے یا سجدہ گاہ کی ایک طرف نجس ہو اور وہ پیشانی پاک طرف رکھے یا سجدہ گاہ کے اوپر کی طرف کچھ حصہ پاک اور کچھ حصہ نجس ہو لیکن پیشانی کو نجس نہ کرے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

(۱۰۵۳) اگر نماز پڑھنے والے کی پیشانی پر پھوڑا یا زخم یا اس طرح کی کوئی چیز ہو جس کی بنا پر وہ پیشانی زمین پر بغیر زور لگائے بھی نہ رکھ سکتا ہو مثلاً اگر وہ پھوڑا پوری پیشانی کو نہ گھیرے ہوئے ہو تو ضروری ہے کہ پیشانی کے صحت مند حصے سے سجدہ کرے اور اگر پیشانی کی صحت مند جگہ پر سجدہ کرنا اس بات پر موقوف ہو کہ زمین کو کھودے اور پھوڑے کو گڑھے میں اور صحت مند جگہ کی اتنی مقدار زمین پر رکھے کہ سجدے کے لئے کافی ہو تو ضروری ہے کہ اس کام کو انجام دے۔ (پیشانی کے معنی سجود کے مسائل کی ابتدا میں بیان کئے جا چکے ہیں)۔

(۱۰۵۴) اگر پھوڑا یا زخم تمام پیشانی پر (جس کے معنی بیان کئے جا چکے ہیں) پھیلا ہوا ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ پیشانی کی دونوں اطراف کو، جو پیشانی کے باقی ماندہ حصے، یا کسی ایک جانب کو جس طرح بھی ممکن ہو زمین پر رکھے اور اگر یہ نہ کرسکتا ہو تو ضروری ہے کہ اپنے چہرے کے کچھ حصے سے سجدہ کرے اور احتیاط لازم یہ ہے کہ اگر ٹھوڑی سے سجدہ کرسکتا ہو تو ٹھوڑی سے سجدہ کرے اور اگر نہ کرسکتا ہو تو پیشانی کے دونوں اطراف میں سے ایک طرف سے سجدہ کرے اور اگر چہرے سے سجدہ کرنا کسی طرح بھی ممکن نہ ہو تو ضروری ہے کہ سجدے کے لئے اشارہ کرے۔

(۱۰۵۵) جو شخص بیٹھ سکتا ہو لیکن پیشانی زمین پر نہ رکھ سکتا ہو، اگر اتنا جھک سکتا ہو جسے عرفاً سجدہ کرنا کہا جاسکے تو ضروری ہے کہ اتنا جھکے اور سجدہ گاہ یا کسی دوسری چیز کو جس پر سجدہ صحیح ہو کسی بلند چیز پر رکھے اور اپنی پیشانی اس پر رکھے لیکن ضروری ہے کہ اگر ممکن ہو تو ہتھیلیوں اور گھٹنوں اور پاؤں کے انگوٹھوں کو معمول کے مطابق زمین پر رکھے۔

(۱۰۵۶) مذکورہ فرض میں اگر کوئی ایسی بلند چیز نہ ہو جس پر نماز پڑھنے والا سجدہ گاہ یا کوئی دوسری چیز جس پر سجدہ کرنا صحیح ہو رکھ سکے اور کوئی شخص بھی نہ ہو جو مثلاً سجدہ گاہ کو اٹھائے اور پکڑے تاکہ وہ شخص اس پر سجدہ کرے تو ضروری ہے کہ سجدہ گاہ یا دوسری چیز کو جس پر سجدہ کر رہا ہو ہاتھ سے اٹھائے اور اس پر سجدہ کرے۔

(۱۰۵۷) اگر کوئی شخص بالکل ہی سجدہ نہ کرسکتا ہو اور جتنا جھک سکتا ہو اسے سجدہ نہ کہا جاسکتا ہو تو ضروری ہے کہ سجدے کے لئے سر سے اشارہ کرے اور اگر ایسا نہ کرسکے تو ضروری ہے کہ آنکھوں سے اشارہ کرے اور اگر آنکھوں سے بھی اشارہ نہ کرسکتا ہو تو ضروری ہے کہ دل میں سجدے کی نیت کرے اور احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ ہاتھ وغیرہ سے سجدے کے لئے اشارہ بھی کرے اور واجب ذکر ادا کرے۔

(۱۰۵۸) اگر کسی شخص کی پیشانی بے اختیار سجدے کی جگہ سے اٹھ جائے تو ضروری ہے کہ حتی الامکان اسے دوبارہ سجدے کی جگہ پر نہ جانے دے قطع نظر اس کے کہ اس نے سجدے کا ذکر پڑھا ہو یا نہ پڑھا ہو تو یہ ایک سجدہ شمار ہوگا۔ اگر سر کو نہ روک سکے اور بے اختیار دوبارہ سجدے کی جگہ پہنچ جائے تو وہی ایک سجدہ شمار ہوگا۔ لیکن اگر واجب ذکر ادا نہ کیا ہو تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ ذکر ادا کرے لیکن ضروری ہے کہ اسے قربت مطلقہ کی نیت سے کہے اور اس کے جزوے نماز ہونے کا قصد نہ کرے۔

(۱۰۵۹) جہاں انسان کے لئے تقیہ کرنا ضروری ہے، وہاں وہ قالین یا اس طرح کی چیز پر سجدہ کرسکتا ہے اور یہ ضروری نہیں کہ نماز کے لئے کسی دوسری جگہ جائے یا نماز کو اس لئے مؤخر کرے کہ اسی جگہ پر تقیہ کا سبب ختم ہونے کے بعد نماز ادا کرے۔ لیکن اگر اسی مقام پر چٹائی یا کسی دوسری چیز جس پر سجدہ کرنا صحیح ہو اگر وہ اس طرح سجدہ کرے کہ تقیہ کی مخالفت نہ ہوتی ہو تو ضروری ہے کہ پھر وہ قالین یا اس سے ملتی جلتی چیز پر سجدہ نہ کرے۔

(۱۰۶۰) اگر کوئی شخص (پرندوں کے) پروں سے بھرے گدے یا اسی قسم کی کسی دوسری چیز پر سجدہ کرے جس پر جسم سکون کی حالت میں نہ رہے تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۱۰۶۱) اگر انسان کیچڑ والی زمین پر نماز پڑھنے پر مجبور ہو اور بدن اور لباس کا آلودہ ہو جانا اس کے لئے مشقت کا موجب نہ ہو تو ضروری ہے کہ سجدہ اور تشہد معمول کے مطابق بجالائے۔ اگر ایسا کرنا مشقت کا موجب ہو تو قیام کی حالت میں سجدے کے لئے سر سے اشارہ کرے اور تشہد کھڑے ہو کر پڑھے تو اس کی نماز صحیح ہوگی۔

(۱۰۶۲) پہلی رکعت میں اور مثلاً نماز ظہر، نماز عصر اور نماز عشاء کی تیسری رکعت میں جس میں تشہد نہیں ہے احتیاط واجب یہ ہے کہ انسان دوسرے سجدے کے بعد تھوڑی دیر کے لئے سکون سے بیٹھے اور پھر کھڑا ہو۔

وہ چیزیں جن پر سجدہ کرنا صحیح ہے

(۱۰۶۳) سجدہ زمین پر اور ان چیزوں پر کرنا ضروری ہے کہ جو کھائی اور پہنی نہ جاتی ہوں اور زمین سے اگتی ہوں۔ مثلاً لکڑی اور درختوں کے پتوں پر سجدہ کرے۔ کھانے اور پہننے کی چیزوں مثلاً گندم، جو اور کپاس پر اور ان چیزوں پر جو زمین کے اجزاء شمار نہیں ہوتیں مثلاً سونے، چاندی اور اسی طرح کی دوسری چیزوں پر سجدہ کرنا صحیح نہیں ہے لیکن تارکول اور زفت (جو کہ گھٹیا قسم کا ایک تارکول ہے) کو مجبوری کی حالت میں دوسری چیزوں کے مقابلے میں کہ جن پر سجدہ کرنا صحیح نہیں سجدے کے لئے اولیت دے۔

(۱۰۶۴) انگور کے پتوں پر سجدہ کرنا جبکہ وہ کچے ہوں اور انہیں معمولاً کھایا جاتا ہو جائز نہیں۔ اس صورت کے علاوہ ان پر سجدہ کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

(۱۰۶۵) جو چیزیں زمین سے اگتی ہیں اور حیوانات کی خوراک ہیں، مثلاً گھاس اور بھوسا، ان پر سجدہ کرنا صحیح ہے۔

(۱۰۶۶) جن پھولوں کو کھایا نہیں جاتا ان پر سجدہ صحیح ہے بلکہ ان کھانے کی دواؤں پر بھی سجدہ صحیح ہے جو

زمین سے اگتی ہیں انہیں کوٹ کر یا ابال کر ان کا پانی پیتے ہیں، مثلاً گل بنفشہ اور گل گاؤزبان، پر بھی سجدہ صحیح ہے۔

(۱۰۶۷) ایسی گھاس جو بعض شہروں میں کھائی جاتی ہو اور بعض شہروں میں کھائی تو نہ جاتی ہو لیکن وہاں اسے اشیائے خوردنی میں شمار کیا جاتا ہو اس پر سجدہ صحیح نہیں اور احتیاط کی بنا پر کچے پھلوں پر بھی سجدہ کرنا صحیح نہیں۔

(۱۰۶۸) چونے کے پتھر اور جپسم پر سجدہ کرنا صحیح ہے بلکہ پختہ جپسم اور چونے اور اسی طرح اینٹ اور مٹی کے پکے ہوئے برتنوں پر سجدہ کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

(۱۰۶۹) اگر لکھنے کے کاغذ کو ایسی چیز سے بنایا جائے کہ جس پر سجدہ کرنا صحیح ہے مثلاً لکڑی اور بھوسے سے تو اس پر سجدہ کیا جاسکتا ہے اور اسی طرح اگر روئی یا کتان سے بنایا گیا ہو تو بھی اس پر سجدہ کرنا صحیح ہے لیکن اگر ریشم یا ابریشم اور اسی طرح کی کسی چیز سے بنایا گیا ہو تو اس پر سجدہ صحیح نہیں ہے۔ ٹشو پیپر پر سجدہ صرف اسی صورت میں صحیح ہے جب انسان کو معلوم ہو کہ اسے ایسی چیز سے بنایا گیا ہے جس پر سجدہ صحیح ہے۔

(۱۰۷۰) سجدے کے لئے خاک شفا سب چیزوں سے بہتر ہے اس کے بعد مٹی، مٹی کے بعد پتھر اور پتھر کے بعد گھاس ہے۔

(۱۰۷۱) اگر کسی کے پاس ایسی چیز نہ ہو جس پر سجدہ کرنا صحیح ہے یا اگر ہو لیکن شدید سردی یا گرمی وغیرہ کی وجہ سے اس پر سجدہ نہ کرسکتا ہو تو ایسی صورت میں تارکول اور زفت کو سجدے کے لئے دوسری چیزوں پر اولیت حاصل ہے لیکن اگر ان پر سجدہ کرنا ممکن نہ ہو تو ضروری ہے کہ اپنے لباس یا کسی دوسری چیز پر کہ حالت اختیار میں جس پر سجدہ جائز نہیں سجدہ کرے۔ لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ جب تک اپنے کپڑوں پر سجدہ ممکن ہو کسی دوسری چیز پر سجدہ نہ کرے۔

(۱۰۷۲) کیچڑ پر اور ایسی نرم مٹی پر جس پر پیشانی سکون سے نہ ٹک سکے سجدہ کرنا باطل ہے۔

(۱۰۷۳) اگر پہلے سجدے میں سجدہ گاہ پیشانی سے چپک جائے تو ضروری ہے کہ دوسرے سجدے کے لئے اسے چھڑا لے۔

(۱۰۷۴) جس چیز پر سجدہ کرنا ہو اگر نماز پڑھنے کے دوران وہ گم ہو جائے اور نماز پڑھنے والے کے پاس کوئی ایسی چیز نہ ہو جس پر سجدہ کرنا صحیح ہو تو جو ترتیب مسئلہ ۱۰۷۱ میں بتائی گئی ہے اس پر عمل کرے خواہ وقت تنگ ہو یا ابھی اتنا وقت ہو کہ نماز توڑ کر دوبارہ پڑھی جاسکے۔

(۱۰۷۵) جب کسی شخص کو سجدے کی حالت میں پتا چلے کہ اس نے اپنی پیشانی کسی ایسی چیز پر رکھی ہے جس پر سجدہ کرنا باطل ہے چنانچہ واجب ذکر ادا کرنے کے بعد متوجہ ہو تو سر سجدے سے اٹھائے اور اپنی نماز جاری رکھے اور اگر واجب ذکر ادا کرنے سے پہلے متوجہ ہو تو ضروری ہے کہ اپنی پیشانی کو کھینچ کر اس چیز پر کہ جس پر سجدہ کرنا صحیح ہے لائے اور واجب ذکر پڑھے۔ لیکن اگر پیشانی لانا ممکن نہ ہو تو اسی حال میں واجب ذکر ادا کرسکتا ہے اور اس کی نماز دونوں صورتوں میں صحیح ہے۔

(۱۰۷۶) اگر کسی شخص کو سجدے کے بعد پتا چلے کہ اس نے اپنی پیشانی کسی ایسی چیز پر رکھی ہے جس پر سجدہ کرنا باطل ہے تو کوئی حرج نہیں۔

(۱۰۷۷) اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی دوسرے کو سجدہ کرنا حرام ہے۔ عوام میں سے بعض لوگ جو ائمہ علیہم السلام کے مزارات مقدسہ کے سامنے پیشانی زمین پر رکھتے ہیں اگر وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کی نیت سے ایسا کریں تو کوئی حرج نہیں ورنہ محل اشکال ہے۔

سجدہ کے مستحبات اور مکروہات

(۱۰۷۸) چند چیزیں سجدے میں مستحب ہیں:

(۱) جو شخص کھڑا ہو کر نماز پڑھ رہا ہو وہ رکوع سے سر اٹھانے کے بعد مکمل طور پر کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر نماز پڑھنے والا رکوع کے بعد پوری طرح بیٹھ کر سجدہ میں جانے کے لئے تکبیر کہے۔

(۲) سجدے میں جاتے وقت مرد پہلے اپنی ہتھیلیاں اور عورت اپنے گھٹنے کو زمین پر رکھے۔

(۳) نمازی ناک کو سجدہ گاہ یا کسی ایسی چیز پر رکھے جس پر سجدہ کرنا درست ہو۔

(۴) نمازی سجدے کی حالت میں ہاتھ کی انگلیوں کو ملا کر کانوں کے پاس اس طرح رکھے کہ ان کے سرے رو بقبلہ ہوں۔

(۵) سجدے میں دعا کرے، اللہ تعالیٰ سے حاجت طلب کرے اور یہ دعا پڑھے:

"يَا خَيْرَ الْمَسْؤُولِيْنَ وَ يَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ ، اُرْزُقْنِيْ وَ ارْزُقْ عِيَالِيْ مِنْ فَضْلِكَ فَإِنَّكَ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ."

یعنی اے سب میں سے بہتر جن سے کہ مانگا جاتا ہے اور اے ان سب سے برتر جو عطا کرتے ہیں۔ مجھے اور میرے اہل و عیال کو اپنے فضل و کرم سے رزق عطا فرما کیونکہ تو ہی فضل عظیم کا مالک ہے۔

(۶) سجدے کے بعد بائیں ران پر بیٹھ جائے اور دائیں پاؤں کا اوپر والا حصہ (یعنی پشت) بائیں پاؤں کے تلوے پر رکھے۔

(۷) ہر سجدے کے بعد جب بیٹھ جائے اور بدن کو سکون حاصل ہو جائے تو تکبیر کہے۔

(۸) پہلے سجدے کے بعد جب بدن کو سکون حاصل ہو جائے تو "اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ" کہے۔

(۹) سجدہ زیادہ دیر تک انجام دے اور بیٹھنے کے وقت ہاتھوں کو رانوں پر رکھے۔

(۱۰) دوسرے سجدے میں جانے کیلئے بدن کے سکون کی حالت میں اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہے۔

(۱۱) سجدوں میں درود پڑھے۔

(۱۲) سجدے سے قیام کے لئے اٹھتے وقت پہلے گھٹنوں کو اور ان کے بعد ہاتھوں کو زمین سے اٹھائے۔

(۱۳) مرد کہنیوں اور پیٹ کو زمین سے نہ لگائیں نیز بازوؤں کو پہلو سے جدا رکھیں۔ عورتیں کہنیاں اور پیٹ زمین پر رکھیں اور بدن کے اعضاء کو ایک دوسرے سے ملا لیں۔ ان کے علاوہ دوسرے مستحبات بھی ہیں جن کا ذکر مفصل کتابوں میں موجود ہے۔

(۱۰۷۹) سجدے میں قرآن مجید پڑھنا مکروہ ہے اور سجدے کی جگہ کو گرد و غبار جھاڑنے کے لئے پھونک مارنا بھی مکروہ ہے بلکہ اگر پھونک مارنے کی وجہ سے دو حرف بھی منہ سے عمداً نکل جائیں تو احتیاط کی بنا پر نماز باطل ہے اور ان کے علاوہ اور مکروہات کا ذکر بھی مفصل کتابوں میں آیا ہے۔

قرآن مجید کے واجب سجدے

(۱۰۸۰) قرآن مجید کی چار سورتوں یعنی سُوْرَۃُ سَجْدَۃ آیت ۱۵، سُوْرَۃُ فُصِّلَت آیت ۳۷، سُوْرَۃُ وَالنَّجْم آیت ۶۲ اور سُوْرَۃُ عَلَق آیت ۱۹ میں سجدہ ہے جسے اگر انسان پڑھے یا سنے تو آیت ختم ہونے کے بعد فوراً سجدہ کرنا ضروری ہے اور اگر سجدہ کرنا بھول جائے تو جب بھی اسے یاد آئے سجدہ کرے۔ ہاں اگر آیہ سجدہ غیر اختیاری حالت میں سنے تو سجدہ واجب نہیں ہے اگرچہ بہتر یہ ہے کہ سجدہ کیا جائے۔

(۱۰۸۱) اگر انسان سجدے کی آیت سننے کے وقت خود بھی وہ آیت پڑھے تو ضروری ہے کہ دو سجدے کرے۔

(۱۰۸۲) اگر نماز کے علاوہ سجدے کی حالت میں کوئی شخص آیہ سجدہ پڑھے یا سنے تو ضروری ہے کہ سجدے سے سر اٹھائے اور دوبارہ سجدہ کرے۔

(۱۰۸۳) اگر انسان سوئے ہوئے شخص یا دیوانے یا ایسے بچے سے جو قرآن کی پہچان نہیں رکھتا، سجدے کی آیت سنے یا اس پر کان دھرے تو سجدہ واجب ہے۔ لیکن اگر گراموفون یا ٹیپ ریکارڈر سے سنے تو سجدہ واجب نہیں اور سجدے کی آیت ریڈیو پر ٹیپ ریکارڈر کے ذریعے نشر کی جائے تب بھی یہی حکم ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص ریڈیو اسٹیشن سے براہ راست نشریات میں سجدے کی آیت پڑھے اور انسان اسے ریڈیو پر سنے تو سجدہ واجب ہے۔

(۱۰۸۴) قرآن کا واجب سجدہ کرنے کیلئے احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ انسان کی جگہ غصبی نہ ہو اور احتیاط مستحب کی بنا پر اسکے پیشانی رکھنے کی جگہ اس کے گھٹنوں اور پاؤں کی انگلیوں کے سروں کی جگہ سے چار ملی ہوئی انگلیوں سے زیادہ اونچی یا نیچی نہ ہو لیکن یہ ضروری نہیں کہ اس نے وضو یا غسل کیا ہوا ہو یا قبلہ رخ ہو یا اپنی شرمگاہ کو چھپائے یا اس کا بدن اور پیشانی رکھنے کی جگہ پاک ہو۔ اسکے علاوہ جو شرائط نماز پڑھنے والے کے لباس کے لئے ضروری ہیں وہ شرائط قرآن مجید کا واجب سجدہ ادا کرنے والے کے لباس میں شرط نہیں ہیں۔

(۱۰۸۵) احتیاط واجب یہ ہے کہ قرآن مجید کے واجب سجدے میں انسان اپنی پیشانی سجدہ گاہ یا کسی ایسی چیز پر رکھے جس پر سجدہ کرنا صحیح ہو اور احتیاط مستحب کی بنا پر بدن کے دوسرے اعضاء زمین پر اس طرح رکھے جس طرح نماز کے سلسلے میں بتایا گیا ہے۔

(۱۰۸۶) جب انسان قرآن مجید کا واجب سجدہ کرنے کے ارادے سے پیشانی زمین پر رکھ دے تو خواہ وہ

کوئی ذکر نہ بھی پڑھے تب بھی کافی ہے اور ذکر کا پڑھنا مستحب ہے اور بہتر ہے کہ یہ پڑھے: "لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَقًّا حَقًّا، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِیْمَانًا وَّ تَصْدِیْقًا، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عُبُوْدِیَّةً وَّ رِقًّا، سَجَدْتُ لَکَ یَارَبِّ تَعَبُّدًا وَّ رِقًّا، مُسْتَنْکِفًا وَّ لَا مُسْتَکْبِرًا، بَلْ اَنَا عَبْدٌ ذَلِیْلٌ ضَعِیْفٌ خَآئِفٌ مُّسْتَجِیْرٌ۔"

تشہد

(۱۰۸۷) سب واجب اور مستحب نمازوں کی دوسری رکعت میں، نماز مغرب کی تیسری رکعت میں اور ظہر، عصر اور عشاء کی چوتھی رکعت میں انسان کے لئے ضروری ہے کہ دوسرے سجدے کے بعد بیٹھ جائے اور بدن کے سکون کی حالت میں تشہد پڑھے یعنی کہے: "اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِیْکَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ" اور اگر کہے: "اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ" تو بھی کافی ہے۔ نماز وتر میں بھی تشہد پڑھنا ضروری ہے۔

(۱۰۸۸) ضروری ہے کہ تشہد کے جملے صحیح عربی میں اور معمول کے مطابق مسلسل کہے جائیں۔

(۱۰۸۹) اگر کوئی شخص تشہد پڑھنا بھول جائے اور کھڑا ہو جائے اور رکوع سے پہلے اسے یاد آئے کہ اس نے تشہد نہیں پڑھا تو ضروری ہے کہ بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے اور پھر دوبارہ کھڑا ہو اور اس رکعت میں جو کچھ پڑھنا ضروری ہے پڑھے اور نماز ختم کرے۔ احتیاط مستحب کی بنا پر نماز کے بعد بے جا قیام کے لئے دو سجدۂ سہو بجا لائے اور اگر اسے رکوع میں یا اس کے بعد یاد آئے تو ضروری ہے کہ نماز تمام کرے اور نماز کے سلام کے بعد احتیاط مستحب کی بنا پر تشہد کی قضا کرے۔ ضروری ہے کہ بھولے ہوئے تشہد کے لئے دو سجدۂ سہو بجا لائے۔

(۱۰۹۰) مستحب ہے کہ تشہد کی حالت میں انسان بائیں ران پر بیٹھے اور دائیں پاؤں کی پشت کو بائیں پاؤں کے تلوے پر رکھے اور تشہد سے پہلے کہے: "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" یا کہے: "بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَخَیْرُ الْاَسْمَآءِ لِلّٰهِ" اور یہ بھی مستحب ہے کہ ہاتھ رانوں پر رکھے اور انگلیاں ایک دوسرے کے ساتھ ملائے اور اپنے دامن پر نگاہ ڈالے اور تشہد میں صلوات کے بعد کہے: "وَتَقَبَّلْ شَفَاعَتَهٗ وَارْفَعْ دَرَجَتَهٗ۔"

(۱۰۹۱) مستحب ہے کہ عورتیں تشہد پڑھتے وقت اپنی رانیں ملا کر رکھیں۔

نماز کا سلام

(۱۰۹۲) نماز کی آخری رکعت کے تشہد کے بعد جب نمازی بیٹھا ہو اور اس کا بدن سکون کی حالت میں ہو تو مستحب ہے کہ وہ کہے: "اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ" اور اس کے بعد ضروری ہے کہ کہے: "اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ" اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ "اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ" کے جملے کے ساتھ "وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ" کے جملے کا اضافہ کرے یا یہ کہے: "اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ" لیکن اگر اس

سلام کو پڑھے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اسکے بعد "اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ" بھی کہے۔

(۱۰۹۳) اگر کوئی شخص نماز کا سلام کہنا بھول جائے اور اسے ایسے وقت یاد آئے جب ابھی نماز کی شکل ختم نہ ہوئی ہو اور اس نے کوئی ایسا کام بھی نہ کیا ہو جسے عمداً یا سہواً کرنے سے نماز باطل ہو جاتی ہو مثلاً قبلے کی طرف پیٹھ کرنا تو ضروری ہے کہ سلام کہے اور اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۰۹۴) اگر کوئی شخص نماز کا سلام کہنا بھول جائے اور اسے ایسے وقت یاد آئے جب نماز کی شکل ختم ہو گئی ہو یا اس نے کوئی ایسا کام کیا ہو جسے عمداً یا سہواً کرنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے مثلاً قبلے کی طرف پیٹھ کرنا، تو اس کی نماز صحیح ہے۔

ترتیب

(۱۰۹۵) اگر کوئی شخص جان بوجھ کر نماز کی ترتیب الٹ دے مثلاً الحمد سے پہلے سورہ پڑھ لے یا رکوع سے پہلے سجدے بجالائے تو اس کی نماز باطل ہو جاتی ہے۔

(۱۰۹۶) اگر کوئی شخص نماز کا کوئی رکن بھول جائے اور اس کے بعد کا رکن بجالائے مثلاً رکوع کرنے سے پہلے سجدے بجالائے تو اس کی نماز احتیاط کی بنا پر باطل ہو جاتی ہے۔

(۱۰۹۷) اگر کوئی شخص نماز کا کوئی رکن بھول جائے اور ایسی چیز بجالائے جو اس کے بعد ہو اور رکن نہ ہو مثلاً اس سے پہلے کہ دو سجدے کرے تشہد پڑھ لے تو ضروری ہے کہ رکن بجالائے اور جو کچھ بھول کر اس سے پہلے پڑھا ہو اسے دوبارہ پڑھے۔

(۱۰۹۸) اگر کوئی ایک ایسی چیز بھول جائے جو رکن نہ ہو اور اس کے بعد کا رکن بجالائے مثلاً الحمد بھول جائے اور رکوع میں چلا جائے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۰۹۹) اگر کوئی شخص ایک ایسی چیز بھول جائے جو رکن نہ ہو اور اس چیز کو بجالائے جو اس کے بعد ہو اور وہ بھی رکن نہ ہو مثلاً الحمد بھول جائے اور سورت پڑھ لے تو ضروری ہے کہ جو چیز بھول گیا ہو وہ بجالائے اور اس کے بعد وہ چیز جو بھول کر پہلے پڑھ لی ہو دوبارہ پڑھے۔

(۱۱۰۰) اگر کوئی شخص پہلا سجدہ اس خیال سے بجالائے کہ دوسرا سجدہ ہے یا دوسرا سجدہ اس خیال سے بجالائے کہ پہلا سجدہ ہے تو اس کی نماز صحیح ہے اور اس کا پہلا سجدہ، پہلا سجدہ اور دوسرا سجدہ دوسرا سجدہ شمار ہوگا۔

موالات

(۱۱۰۱) ضروری ہے کہ انسان نماز موالات کے ساتھ پڑھے یعنی نماز کے افعال مثلاً رکوع، سجود اور تشہد تواتر اور تسلسل کے ساتھ بجالائے اور جو چیزیں بھی نماز میں پڑھے معمول کے مطابق پے در پے پڑھے اور اگر ان کے درمیا اتنا فاصلہ ڈالے کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ نماز پڑھ رہا ہے تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۱۱۰۲) اگر کوئی شخص نماز میں سہواً حروف یا جملوں کے درمیان فاصلہ دے اور فاصلہ اتنا نہ ہو کہ نماز کی صورت برقرار نہ رہے تو اگر وہ ابھی بعد والے رکن میں مشغول نہ ہوا ہو تو ضروری ہے کہ وہ حروف یا جملے معمول کے مطابق پڑھے اور اگر بعد کی کوئی چیز پڑھی جا چکی ہو تو ضروری ہے کہ اسے دہرائے اور اگر بعد کے رکن میں مشغول ہو گیا ہو تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۱۰۳) رکوع و سجود کو لمبا کرنے اور نماز میں لمبی لمبی سورتیں پڑھنے سے موالات پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

قنوت

(۱۱۰۴) تمام واجب اور مستحب نمازوں میں دوسری رکعت کے رکوع سے پہلے قنوت پڑھنا مستحب ہے لیکن نماز شفع میں ضروری ہے کہ اسے رجاء کی نیت سے پڑھے اور نماز وتر میں بھی باوجود اس کے کہ ایک رکعت کی ہوتی ہے رکوع سے پہلے قنوت پڑھنا مستحب ہے۔ نماز جمعہ کی ہر رکعت میں ایک قنوت، نماز آیات میں پانچ قنوت، نماز عید الفطر و قرباں کی دونوں رکعتوں میں ملا کر چند قنوت ہیں جس کی تفصیل کا تذکرہ اپنے مقام پر آئے گا۔

(۱۱۰۵) مستحب ہے کہ قنوت پڑھتے وقت ہاتھ چہرے کے سامنے اور ہتھیلیاں ایک دوسری کے ساتھ ملا کر آسمان کی طرف رکھے اور انگوٹھوں کے علاوہ باقی انگلیوں کو آپس میں ملائے اور نگاہ ہتھیلیوں پر رکھے بلکہ احتیاط واجب کی بنا پر ہاتھ اٹھائے بغیر قنوت نہیں ہو سکتا، سوائے اس کے کہ مجبوری ہو۔

(۱۱۰۶) قنوت میں انسان جو ذکر بھی پڑھے خواہ ایک دفعہ "سُبْحَانَ اللّٰہِ" ہی کہے کافی ہے اور بہتر ہے کہ یہ دعا پڑھے: "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ، سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا فِیْھِنَّ وَمَا بَیْنَھُنَّ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ."

(۱۱۰۷) مستحب ہے کہ انسان قنوت بلند آواز سے پڑھے لیکن اگر ایک شخص جماعت کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہو اور امام اس کی آواز سنے تو اس کا بلند آواز سے قنوت پڑھنا مستحب نہیں ہے۔

(۱۱۰۸) اگر کوئی شخص عمداً قنوت نہ پڑھے تو اس کی قضا نہیں ہے اور اگر بھول جائے اور اس سے پہلے کہ رکوع کی حد تک جھکے اسے یاد آ جائے تو مستحب ہے کہ کھڑا ہو جائے اور قنوت پڑھے۔ اگر رکوع میں یاد آ جائے تو مستحب ہے کہ رکوع کے بعد قضا کرے اور اگر سجدے میں یاد آئے تو مستحب ہے کہ سلام کے بعد اس کی قضا کرے۔

نماز کا ترجمہ

(۱) سورۃ الحمد کا ترجمہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ: "بِسْمِ اللّٰہِ" یعنی میں ابتدا کرتا ہوں خدا کے نام سے، اس ذات کے نام سے جس میں تمام کمالات یکجا ہیں اور جو ہر قسم کے نقص سے منزہ ہے۔ "اَلرَّحْمٰنِ" اس کی رحمت وسیع اور بے انتہا ہے۔ "اَلرَّحِیْمِ" اس کی رحمت ذاتی اور ازلی و ابدی ہے۔

"اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ" یعنی ثنا اس خداوند کی ذات سے مخصوص ہے جو تمام موجودات کا پالنے والا ہے۔

"اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" اس کی رحمت وسیع اور بے انتہا ہے، اسکی رحمت ذاتی اور ازلی و ابدی ہے۔

"مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ" یعنی وہ توانا ذات کہ جزا کے دن کی حکمرانی اس کے ہاتھ میں ہے۔

"اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ" یعنی ہم فقط تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور فقط تجھ ہی سے مدد طلب کرتے ہیں۔

"اِہْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ" یعنی ہمیں راہ راست کی جانب ہدایت فرما جو کہ دین اسلام ہے۔

"صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْہِمْ" یعنی ان لوگوں کے راستے کی جانب جنہیں تو نے اپنی نعمتیں عطا کی ہیں جو انبیاءؑ اور انبیاءؑ کے جانشین ہیں۔

"غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْہِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ" یعنی نہ ان لوگوں کے راستے کی جانب جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ ان کے راستے کی جانب جو گمراہ ہیں۔

(۲) سورۃ اخلاص کا ترجمہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ: "بِسْمِ اللّٰہِ" یعنی میں ابتدا کرتا ہوں خدا کے نام سے، اس ذات کے نام سے جس میں تمام کمالات یکجا ہیں اور جو ہر قسم کے نقص سے منزہ ہے۔ "اَلرَّحْمٰنِ" اس کی رحمت وسیع اور بے انتہا ہے۔ "اَلرَّحِیْمِ" اس کی رحمت ذاتی اور ازلی و ابدی ہے۔

"قُلْ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ" (یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ کہہ دیں کہ خدا یکتا ہے۔

"اَللّٰہُ الصَّمَدُ" یعنی وہ خدا جو تمام موجودات سے بے نیاز ہے۔

"لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ" یعنی نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔

"وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ" اور مخلوقات میں سے کوئی بھی اس کے مثل اور ہم پلہ نہیں ہے۔

(۳) رکوع، سجود اور ان کے بعد کے مستحب اذکار کا ترجمہ

"سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ" یعنی میرا عظیم پروردگار ہر عیب اور ہر نقص سے پاک اور منزہ ہے، میں اس کی ستائش میں مشغول ہوں۔

"سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ" یعنی میرا پروردگار جو سب سے بالاتر ہے، ہر عیب اور نقص سے پاک اور منزہ ہے، میں اس کی ستائش میں مشغول ہوں۔

"سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ" یعنی جو کوئی خدا کی ستائش کرتا ہے خدا اسے سنتا ہے اور قبول کرتا ہے۔

"اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ" یعنی میں مغفرت طلب کرتا ہوں اس خداوند سے جو میرا پالنے والا ہے اور میں اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

"بِحَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ" یعنی میں خداتعالیٰ کی مدد سے اٹھتا اور بیٹھتا ہوں۔

(۴) قنوت کا ترجمہ

"لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ" یعنی کوئی خدا پرستش کے لائق نہیں سوائے اس یکتا اور بے مثل خدا کے جو صاحب حلم و کرم ہے۔

"لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ" یعنی کوئی خدا پرستش کے لائق نہیں سوائے اس یکتا اور بے مثل خدا کے جو بلند مرتبہ اور بزرگ ہے۔

"سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ" یعنی پاک اور منزہ ہے وہ خدا جو سات آسمانوں اور سات زمینوں کا پروردگار ہے۔

"وَمَا فِیْہِنَّ وَمَا بَیْنَہُنَّ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ" یعنی وہ ہر اس چیز کا پروردگار ہے جو آسمانوں اور زمینوں میں اور ان کے درمیان ہے اور عرش عظیم کا پروردگار ہے۔

"وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ" اور حمد و ثنا اس خدا کے لئے مخصوص ہے جو تمام موجودات کا پالنے والا ہے۔

(۵) تسبیحات اربعہ کا ترجمہ

"سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ" یعنی خداوند تعالیٰ پاک اور منزہ ہے اور ثنا اسی کے لئے مخصوص ہے اور اس بے مثل خدا کے علاوہ کوئی پرستش کے لائق نہیں اور وہ اس سے بالاتر ہے کہ اس کی توصیف کی جا سکے۔

(۶) تشہد اور سلام کا ترجمہ

"اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ" یعنی ستائش پروردگار کے لئے مخصوص ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ سوائے اس خدا کے جو یکتا ہے اور جس کا کوئی شریک نہیں، کوئی پرستش کے لائق نہیں ہے۔

"وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ" اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ" یعنی اے خدا رحمت بھیج محمدؐ اور آل محمدؐ پر۔

"وَتَقَبَّلْ شَفَاعَتَہٗ وَارْفَعْ دَرَجَتَہٗ" یعنی رسول اللہؐ کی شفاعت قبول کر اور آنحضرتؐ کا درجہ اپنے نزدیک بلند کر۔

"اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ" یعنی اے اللہ کے رسولؐ آپ پر ہمارا سلام ہو اور آپ پر اللہ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔

"اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ" یعنی ہم نماز پڑھنے والوں پر اور تمام صالح بندوں پر اللہ کی طرف سے سلامتی ہو۔ "اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ" یعنی تم مومنین پر خدا کی طرف سے سلامتی اور رحمت و برکت ہو اور بہتر یہ ہے کہ یہ دو سلام کہتے وقت اجمالی طور پر نظر میں رکھے کہ ان دو سلاموں کو نماز کا حصہ بناتے وقت شارع مقدس کا مقصود جو افراد تھے وہی مراد ہیں۔

تعقیبات نماز

(۱۱۰۹) مستحب ہے کہ نماز پڑھنے کے بعد انسان کچھ دیر کے لئے تعقیبات یعنی ذکر، دعا اور قرآن مجید پڑھنے میں مشغول رہے۔ بہتر ہے کہ اس سے پہلے کہ وہ اپنی جگہ سے حرکت کرے اور اس کا وضو، غسل یا تیمم باطل ہو جائے روبقبلہ ہو کر تعقیبات پڑھے۔ یہ ضروری نہیں کہ تعقیبات عربی میں ہوں لیکن بہتر ہے کہ انسان وہ دعائیں پڑھے جو دعاؤں کی کتابوں میں بتائی گئی ہیں اور تسبیح فاطمہؑ ان تعقیبات میں سے ہے جن کی بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے۔ یہ تسبیح اس ترتیب سے پڑھنی چاہئے: ۳۴ دفعہ "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" اس کے بعد ۳۳ دفعہ "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ" اور اس کے بعد ۳۳ دفعہ "سُبْحَانَ اللّٰہِ" اور سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سے پہلے بھی پڑھا جاسکتا ہے لیکن بہتر ہے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کے بعد پڑھے۔

(۱۱۱۰) انسان کے لئے مستحب ہے کہ نماز کے بعد سجدۂ شکر بجالائے اور اتنا کافی ہے کہ شکر کی نیت سے پیشانی زمین پر رکھے لیکن بہتر ہے کہ سو دفعہ یا تین دفعہ یا ایک دفعہ "شُکْرًا لِلّٰہِ" یا "عَفْوًا" کہے اور یہ بھی مستحب ہے کہ جب بھی انسان کو کوئی نعمت ملے یا کوئی مصیبت ٹل جائے سجدۂ شکر بجالائے۔

پیغمبر اکرمؐ پر درود

(۱۱۱۱) جب بھی انسان حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک مثلاً محمدؐ، احمدؐ یا آنحضرتؐ کا لقب اور کنیت مثلاً مصطفیٰؐ اور ابوالقاسمؐ زبان سے ادا کرے یا سنے تو خواہ وہ نماز میں ہی کیوں نہ ہو مستحب ہے کہ درود بھیجے۔

(۱۱۱۲) حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک لکھتے وقت مستحب ہے کہ انسان درود بھی لکھے اور بہتر ہے کہ جب بھی آنحضرتؐ کو یاد کرے تو درود بھیجے۔

مبطلات نماز

(۱۱۱۳) بارہ چیزیں نماز کو باطل کرتی ہیں اور انہیں مبطلات کہا جاتا ہے:

(۱) نماز کے دوران نماز کی شرطوں میں سے کوئی شرط مفقود ہو جائے مثلاً نماز پڑھتے ہوئے پتا چلے کہ جس کپڑے کو پہن کر وہ نماز پڑھ رہا ہے وہ نجس ہے۔

(۲) نماز کے دوران عمداً یا سہواً یا مجبوری کی وجہ سے انسان کسی ایسی چیز سے دوچار ہو جو وضو یا غسل کو باطل کر دے مثلاً اس کا پیشاب خطا ہو جائے اگرچہ احتیاط کی بنا پر اس طرح نماز کے آخری سجدے کے بعد سہواً یا مجبوری کی بنا پر ہو۔ تاہم جو شخص پیشاب یا پاخانہ نہ روک سکتا ہو اگر نماز کے دوران میں اس کا پیشاب یا پاخانہ نکل جائے اور وہ اس طریقے پر عمل کرے جو احکام وضو کے ذیل میں بتایا گیا ہے تو اس کی نماز باطل نہیں ہوگی اور اسی طرح اگر نماز کے دوران مستحاضہ کو خون آجائے تو اگر اس نے استحاضہ سے متعلق احکام کے مطابق عمل کیا ہو تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۱۱۴) جس شخص کو بے اختیار نیند آجائے اگر اسے یہ پتا نہ چلے کہ وہ نماز کے دوران سو گیا تھا یا اس کے بعد سویا تو ضروری نہیں کہ نماز دوبارہ پڑھے بشرطیکہ یہ جانتا ہو کہ جو کچھ نماز میں پڑھا ہے وہ اس قدر تھا کہ اسے عرف میں نماز کہیں۔

(۱۱۱۵) اگر کسی شخص کو علم ہو کہ وہ اپنی مرضی سے سویا تھا لیکن شک کرے کہ نماز کے بعد سویا تھا یا نماز کے دوران یہ بھول کر کہ نماز پڑھ رہا ہے، سو گیا تھا تو اس شرط کے ساتھ جو سابقہ مسئلے میں بیان کی گئی ہے اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۱۱۶) اگر کوئی شخص نیند سے سجدے کی حالت میں بیدار ہو جائے اور شک کرے کہ آیا نماز کے آخری سجدے میں ہے یا سجدۂ شکر میں ہے تو چاہے اسے علم ہو کہ اپنے اختیار سے سو گیا تھا یا بے اختیار سو گیا تھا، اس کی نماز کو صحیح مانا جائے گا اور نماز کو دہرانے کی ضرورت نہیں۔

(۳) یہ چیز مبطلات نماز میں سے ہے کہ انسان اپنے ہاتھوں کو عاجزی اور ادب کی نیت سے باندھے

لیکن اس کام کی وجہ سے نماز کا باطل ہونا احتیاط کی بنا پر ہے اور اگر مشروعیت کی نیت سے انجام دے تو اس کام کے حرام ہونے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۱۱۱۷) اگر کوئی شخص بھولے سے یا مجبوری سے یا تقیہ کی وجہ سے یا کسی اور کام مثلاً ہاتھ کھجانے اور ایسے ہی کسی کام کے لئے ہاتھ پر ہاتھ رکھ لے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

(۴) مبطلات نماز میں سے ایک یہ ہے کہ الحمد پڑھنے کے بعد آمین کہے۔ آمین کہنے سے نماز کا اس طرح باطل ہونا غیر ماموم میں احتیاط کی بنا پر ہے۔ اگرچہ آمین کہنے کو حکم شریعت سمجھتے ہوئے آمین کہے تو اس کے حرام ہونے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔ بہر حال اگر آمین کو غلطی یا تقیہ کی وجہ سے کہے تو اس کی نماز میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۵) مبطلات نماز میں سے ہے کہ بغیر کسی عذر کے قبلے سے رخ پھیرے۔ لیکن اگر کسی عذر مثلاً بھول کر یا بے اختیاری کی بنا پر مثلاً تیز ہوا کے تھپیڑے اسے قبلے سے پھیر دیں، چنانچہ اگر دائیں یا بائیں سمت تک نہ پہنچے تو اس کی نماز صحیح ہے۔ لیکن ضروری ہے کہ جیسے ہی عذر دور ہو فوراً اپنا قبلہ درست کرے۔ اگر دائیں یا بائیں طرف مڑ جائے یا قبلے کی طرف پشت ہو جائے، اگر اس کا عذر بھولنے کی وجہ سے، غفلت کی وجہ سے یا قبلے کی پہچان میں غلطی کی وجہ سے ہو اور اس وقت وہ متوجہ ہو یا اسے یاد آئے کہ اگر نماز کو توڑ دے تو وقت گزرنے سے پہلے اس نماز کو دوبارہ وقت میں ادا کرنا ممکن ہو، چاہے اس نماز کی ایک رکعت ہی وقت میں ادا ہو سکے تو ضروری ہے کہ نماز کو توڑ کر نئے سرے سے ادا کرے ورنہ اسی نماز پر اکتفا کرے اور اس پر قضا لازم نہیں۔ یہی حکم اس وقت ہے جب قبلے سے اس کا پھرنا بے اختیاری کی بنا پر ہو۔ چنانچہ قبلے سے پھرے بغیر اگر نماز کو دوبارہ وقت میں پڑھ سکتا ہو۔ اگرچہ وقت میں ایک رکعت ہی پڑھی جا سکتی ہو تو ضروری ہے کہ نماز کو نئے سرے سے پڑھے ورنہ ضروری ہے کہ اسی نماز کو تمام کرے اعادہ اور قضا اس پر لازم نہیں ہے۔

(۱۱۱۸) اگر فقط اپنے چہرے کو قبلے سے گھمائے لیکن اس کا بدن قبلے کی طرف ہو چنانچہ اس حد تک گردن کو موڑے کہ اپنے سر کے پیچھے کچھ دیکھ سکے تو اس کے لئے بھی وہی حکم ہے جو قبلے سے پھر جانے والے کے لئے ہے جس کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے اور اگر اپنی گردن کو اس حد تک نہ پھیرے لیکن اتنا ہو کہ عرفاً اسے زیادہ گردن پھیرنا کہا جائے تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اس نماز کو دہرائے۔ ہاں اگر اپنی گردن کو بہت کم گھمائے تو اس سے نماز باطل نہیں ہوتی۔ اگرچہ یہ کام مکروہ ہے۔

(۶) مبطلات نماز میں سے ایک یہ ہے کہ عمداً بات کرے۔ چاہے وہ ایسا لفظ ہو کہ جس میں ایک حرف سے زیادہ نہ ہو لیکن وہ حرف بامعنی ہو مثلاً (ق) کہ جس کے عربی زبان میں معنی ''حفاظت کرو'' کے ہیں یا کوئی اور معنی سمجھ میں آتے ہوں مثلاً (ب) اس شخص کے جواب میں کہ جو حروف تہجی کے حرف دوم کے بارے میں سوال کرے۔ ہاں اگر اس لفظ سے کوئی

معنی بھی سمجھ میں نہ آتے ہوں اور وہ دو یا دو سے زیادہ حرفوں سے مرکب ہو تب بھی احتیاط کی بنا پر (وہ لفظ) نماز کو باطل کر دیتا ہے۔

(۱۱۱۹) اگر کوئی شخص بھولے سے ایسا کلمہ کہے جس کے حروف ایک یا اس سے زیادہ ہوں تو خواہ وہ کلمہ معنی بھی رکھتا ہو اس شخص کی نماز باطل نہیں ہوتی لیکن احتیاط کی بنا پر اس کے لئے ضروری ہے کہ جیسا کہ بعد میں ذکر آئے گا نماز کے بعد سجدۂ سہو بجا لائے۔

(۱۱۲۰) نماز کی حالت میں کھانسنے، یا ڈکار لینے میں کوئی حرج نہیں اور احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ نماز میں اختیاراً آہ نہ بھرے اور نہ ہی گریہ کرے۔ ''آخ'' اور ''آہ'' اور ان ہی جیسے الفاظ کا عمداً کہنا نماز کو باطل کر دیتا ہے۔

(۱۱۲۱) اگر کوئی شخص کوئی لفظ ذکر کے قصد سے کہے مثلاً ذکر کے قصد سے اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور اسے کہتے وقت آواز کو بلند کرے تاکہ دوسرے شخص کو کسی چیز کی طرف متوجہ کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ اسی طرح اگر کوئی لفظ ذکر کے قصد سے کہے اگرچہ جانتا ہو کہ اس کام کی وجہ سے کوئی کسی مطلب کی طرف متوجہ ہو جائے گا تو کوئی حرج نہیں لیکن اگر بالکل ذکر کا قصد نہ کرے یا دونوں چیزوں کا اس طرح قصد کرے کہ لفظ کو بیک وقت معنی میں استعمال کر رہا ہو تو اس کی نماز باطل ہے۔ ہاں اگر ذکر کا قصد کرے، جبکہ ذکر کرنے کا سبب یہ ہو کہ وہ کسی کو متوجہ کرنا چاہتا ہو تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۱۲۲) نماز میں قرآن پڑھنے اور دعا کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ عربی کے علاوہ کسی زبان میں دعا نہ کرے۔ (چار آیتوں کا حکم کہ جن میں واجب سجدہ ہے قرأت کے احکام مسئلہ نمبر ۹۷۰ میں بیان ہو چکا ہے)۔

(۱۱۲۳) اگر کوئی شخص عمداً یا احتیاطاً الحمد اور سورہ کے کسی حصے یا اذکار نماز کی تکرار کرے تو کوئی حرج نہیں۔

(۱۱۲۴) ضروری ہے کہ انسان نماز کی حالت میں کسی کو سلام نہ کرے اور اگر کوئی دوسرا شخص اسے سلام کرے تو ضروری ہے کہ جواب دے۔ لیکن جواب سلام کی مانند ہونا چاہئے یعنی ضروری ہے کہ اصل سلام پر اضافہ نہ ہو مثلاً جواب میں یہ نہیں کہنا چاہئے کہ: سَلَامٌ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ بلکہ احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ اگر سلام کرنے والے نے عَلَیْکُمْ یا عَلَیْکَ کو سلام کے لفظ سے پہلے نہ کہا ہو تو جواب میں علیکم یا علیک کے لفظ کو سلام کے لفظ سے پہلے نہ کہے بلکہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ جواب مکمل طور پر اسی طرح دے جس طرح کہ اس نے سلام کیا ہو۔ مثلاً اگر کہا ہو: سَلَامٌ عَلَیْکُمْ تو جواب میں کہے: سَلَامٌ عَلَیْکُمْ اور اگر کہا ہو: اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ تو کہے: اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اور اگر کہا ہو: سَلَامٌ عَلَیْکَ تو کہے: سَلَامٌ عَلَیْکَ لیکن عَلَیْکُمُ السَّلَامُ کے جواب میں عَلَیْکُمُ السَّلَامُ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یا سَلَامٌ عَلَیْکُمْ کہہ سکتا ہے۔

(۱۱۲۵) ضروری ہے کہ انسان چاہے نماز کی حالت میں ہو یا نہ ہو سلام کا جواب فوراً دے اور اگر جان بوجھ کر یا بھولے سے سلام کا جواب دینے میں اتنا توقف کرے کہ اگر جواب دے تو وہ اس سلام کا جواب

شمار نہ ہو تو اگر وہ نماز کی حالت میں ہو تو ضروری ہے کہ جواب نہ دے اور اگر نماز کی حالت میں نہ ہو تو جواب دینا واجب نہیں ہے۔

(۱۱۲۶) سلام کا جواب اس طرح دینا ضروری ہے کہ سلام کرنے والا سن لے لیکن اگر سلام کرنے والا بہرا ہو یا سلام کہہ کر جلدی سے گزر جائے چنانچہ ممکن ہو کہ سلام کا جواب اشارہ سے یا اسی طرح کسی طریقے سے اسے سمجھا سکے تو جواب دینا ضروری ہے۔ اس صورت کے علاوہ جواب دینا نماز کے علاوہ کسی اور جگہ پر ضروری نہیں اور نماز میں جائز نہیں ہے۔

(۱۱۲۷) واجب ہے کہ نمازی سلام کے جواب کو سلام کی نیت سے کہے۔ دعا کا قصد کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں یعنی خداوند عالم سے اس شخص کے لئے سلامتی چاہے جس نے سلام کیا ہو۔

(۱۱۲۸) اگر نامحرم عورت یا مرد یا وہ بچہ جو اچھے برے میں تمیز کر سکتا ہو نماز پڑھنے والے کو سلام کرے تو ضروری ہے کہ نماز پڑھنے والا اس کے سلام کا جواب دے اور اگر عورت سَلَامٌ عَلَيْكَ کہہ کر سلام کرے تو جواب میں کہہ سکتا ہے سَلَامٌ عَلَيْكِ یعنی کاف کو زیر دے۔

(۱۱۲۹) اگر نماز پڑھنے والا سلام کا جواب نہ دے تو وہ گناہگار ہے لیکن اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۱۳۰) اگر کوئی شخص نماز پڑھنے والے کو غلط سلام کرے تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اس کے سلام کا صحیح جواب دے۔

(۱۱۳۱) کسی ایسے شخص کے سلام کا جواب دینا جو مزاح اور تمسخر کے طور پر سلام کرے اور ایسے غیر مسلم مرد اور عورت کے سلام کا جواب دینا جو ذمی نہ ہوں واجب نہیں ہے اور اگر ذمی ہوں تو احتیاط واجب کی بنا پر ان کے جواب میں صرف لفظ علیک کہا جائے۔

(۱۱۳۲) اگر کوئی شخص کسی گروہ کو سلام کرے تو ان سب پر سلام کا جواب دینا واجب ہے لیکن اگر ان میں سے ایک شخص جواب دے دے تو کافی ہے۔

(۱۱۳۳) اگر کوئی شخص کسی گروہ کو سلام کرے اور جواب ایک ایسا شخص دے جسے سلام کرنے کا سلام کرنے والے نے ارادہ نہ ہو تو (اس شخص کے جواب دینے کے باوجود) سلام کا جواب اس گروہ پر واجب ہے۔

(۱۱۳۴) اگر کوئی شخص کسی گروہ کو سلام کرے اور اس گروہ میں سے جو شخص نماز میں مشغول ہو وہ شک کرے کہ سلام کرنے والے کا ارادہ اسے بھی سلام کرنے کا تھا یا نہیں تو ضروری ہے کہ جواب نہ دے اور اگر نماز پڑھنے والے کو یقین ہو کہ اس شخص کا ارادہ اسے بھی سلام کرنے کا تھا لیکن کوئی شخص سلام کا جواب دے دے تو اس صورت میں بھی احتیاط واجب کی بنا پر یہی حکم ہے۔ لیکن اگر نماز پڑھنے والے کو معلوم ہو کہ سلام کرنے والے کا ارادہ اسے بھی سلام کرنے کا تھا اور کوئی دوسرا جواب نہ دے یا شک کرے کہ اس کے سلام کا جواب دے دیا گیا یا نہیں تو ضروری ہے کہ سلام کا جواب دے۔

(۱۱۳۵) سلام کرنا مستحب ہے اور اس امر کی بہت تاکید کی گئی ہے کہ سوار پیدل کو اور کھڑا ہوا شخص بیٹھے ہوئے کو اور چھوٹا بڑے کو سلام کرے۔

(۱۱۳۶) اگر دو شخص آپس میں ایک دوسرے کو سلام کریں تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کو اس کے سلام کا جواب دے۔

(۱۱۳۷) اگر انسان نماز نہ پڑھ رہا ہو تو مستحب ہے کہ سلام کا جواب اس سلام سے بہتر الفاظ میں دے۔ مثلاً اگر کوئی شخص سَلَامٌ عَلَيْكُمْ کہے تو جواب میں کہے: سَلَامٌ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ۔

(۷) نماز کے مبطلات میں سے ایک آواز کے ساتھ اور جان بوجھ کر ہنسنا ہے، اگرچہ بے اختیار ہنسے لیکن جن باتوں کی وجہ سے ہنسے وہ اختیاری ہوں، بلکہ احتیاط کی بنا پر جن باتوں کی وجہ سے ہنسی آئی ہو اگر وہ اختیاری نہ بھی ہوں تب بھی اگر نماز کو دہرانے جتنا وقت باقی ہو تو ضروری ہے کہ نماز کو دہرائے۔ لیکن اگر جان بوجھ کر بغیر آواز یا سہواً آواز کے ساتھ ہنسے تو اس کی نماز میں کوئی حرج نہیں۔

(۱۱۳۸) اگر ہنسی کی آواز روکنے کے لئے کسی شخص کی حالت بدل جائے مثلاً اس کا رنگ سرخ ہو جائے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ وہ نماز دوبارہ پڑھے۔

(۸) احتیاط واجب کی بنا پر یہ نماز کے مبطلات میں سے ہے کہ انسان دنیاوی کام کے لئے جان بوجھ کر آواز سے یا بغیر آواز کے روئے لیکن اگر خوف خدا سے یا اس کے اشتیاق میں آخرت کے لئے روئے تو خواہ آہستہ روئے یا بلند آواز سے روئے کوئی حرج نہیں بلکہ یہ بہترین اعمال میں سے ہے بلکہ اگر خدا سے دنیاوی حاجات کی برآوری کیلئے اسکی بارگاہ میں اپنی پستی کے اظہار کے لئے روئے تو بھی کوئی حرج نہیں۔

(۹) نماز باطل کرنے والی چیزوں میں سے ہے کہ کوئی ایسا کام کرے جس سے نماز کی شکل باقی نہ رہے مثلاً اچھلنا، کودنا اور اسی طرح کا کوئی عمل انجام دینا چاہے۔ ایسا کرنا عمداً ہو یا بھول چوک کی وجہ سے ہو۔ لیکن جس کام سے نماز کی شکل تبدیل نہ ہوتی ہو مثلاً ہاتھ سے اشارہ کرنا اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۱۱۳۹) اگر کوئی شخص نماز کے دوران اس قدر ساکت ہو جائے کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ نماز پڑھ رہا ہے تو اس کی نماز باطل ہو جاتی ہے۔

(۱۱۴۰) اگر کوئی شخص نماز کے دوران کوئی کام کرے یا کچھ دیر ساکت رہے اور شک کرے کہ اس کی نماز ٹوٹ گئی ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ نماز کو دوبارہ پڑھے اور بہتر یہ ہے کہ نماز پوری کرے اور پھر دوبارہ پڑھے۔

(۱۰) مبطلات نماز میں سے ایک کھانا اور پینا ہے۔ پس اگر کوئی شخص نماز کے دوران اس طرح کھائے یا پیئے کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ نماز پڑھ رہا ہے تو خواہ اس کا یہ فعل عمداً ہو یا بھول چوک کی وجہ سے ہو اس کی نماز باطل ہو جاتی ہے۔ البتہ جو شخص روزہ رکھنا چاہتا ہو اگر وہ صبح کی اذان سے پہلے مستحب نماز پڑھ رہا ہو اور پیاسا ہو اور اسے ڈر ہو کہ اگر نماز پوری کرے گا تو صبح ہو جائے گی تو اگر پانی اس کے سامنے دو تین قدم کے فاصلے پر ہو تو وہ نماز کے دوران پانی پی سکتا ہے۔ لیکن

ضروری ہے کہ کوئی ایسا کام مثلاً "قبلے سے منہ پھیرنا" نہ کرے جو نماز کو باطل کرتا ہے۔

(۱۱۴۱) اگر کسی کا جان بوجھ کر کھانا یا پینا نماز کی شکل کو ختم نہ بھی کرے تب بھی احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ نماز کو دوبارہ پڑھے خواہ نماز کا تسلسل ختم ہو یعنی یہ نہ کہا جائے کہ نماز کو مسلسل پڑھ رہا ہے یا نماز کا تسلسل ختم نہ ہو۔

(۱۱۴۲) اگر کوئی شخص نماز کے دوران کوئی ایسی غذا نگل لے جو اس کے منہ یا دانتوں کے ریخوں میں رہ گئی ہو تو اس کی نماز باطل نہیں ہوتی۔ اسی طرح اگر ذرا سی قند یا شکر یا انہیں جیسی کوئی چیز منہ میں رہ گئی ہو اور نماز کی حالت میں آہستہ آہستہ گھل کر پیٹ میں چلی جائے تو کوئی حرج نہیں۔

(۱۱) مبطلات نماز میں سے دو رکعتی یا تین رکعتی نماز کی رکعتوں میں یا چار رکعتی نمازوں کی پہلی دو رکعتوں میں شک کرنا ہے بشرطیکہ نماز پڑھنے والا شک کی حالت پر باقی رہے۔

(۱۲) مبطلات نماز میں سے یہ بھی ہے کہ کوئی شخص نماز کا رکن جان بوجھ کر یا بھول کر کم کردے یا ایک ایسی چیز کو جو رکن نہیں ہے جان بوجھ کر گھٹائے یا جان بوجھ کر کوئی چیز نماز میں بڑھائے۔ اسی طرح اگر کسی رکن مثلاً رکوع یا دو سجدوں کو ایک رکعت میں غلطی سے بڑھا دے تو احتیاط واجب کی بنا پر اس کی نماز باطل ہو جائے گی البتہ بھولے سے تکبیرۃ الاحرام کی زیادتی نماز کو باطل نہیں کرتی۔

(۱۱۴۳) اگر کوئی شخص نماز کے بعد شک کرے کہ دوران نماز اس نے کوئی ایسا کام کیا ہے یا نہیں جو نماز کو باطل کرتا ہو تو اس کی نماز صحیح ہے۔

وہ چیزیں جو نماز میں مکروہ ہیں

(۱۱۴۴) کسی شخص کا نماز میں اپنا چہرہ دائیں یا بائیں جانب اتنا کم موڑنا کہ وہ اپنے پیچھے کی جانب موجود کسی چیز کو نہ دیکھ سکے اور اگر اپنے چہرے کو اتنا گھمائے کہ اسے پیچھے کی چیزیں نظر آسکیں تو جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا اس کی نماز باطل ہے۔ یہ بھی مکروہ ہے کہ کوئی شخص نماز میں اپنی آنکھیں بند کرے یا دائیں اور بائیں طرف گھمائے اور اپنی داڑھی اور ہاتھوں سے کھیلے اور انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کرے اور تھوکے اور قرآن مجید یا کسی اور کتاب یا انگوٹھی کی تحریر کو دیکھے۔ یہ بھی مکروہ ہے کہ الحمد، سورہ اور ذکر پڑھتے وقت کسی کی بات سننے کے لئے خاموش ہو جائے بلکہ ہر وہ کام جو کہ خشوع و خضوع کو ختم کردے مکروہ ہے۔

(۱۱۴۵) جب انسان کو نیند آرہی ہو اور اس وقت بھی جب اس نے پیشاب اور پاخانہ روک رکھا ہو نماز پڑھنا مکروہ ہے اور اسی طرح نماز کی حالت میں ایسا موزہ پہننا بھی مکروہ ہے جو پاؤں کو دبائے اور ان کے علاوہ دوسرے مکروہات بھی مفصل کتابوں میں بیان کئے گئے ہیں۔

وہ صورتیں جن میں واجب نمازیں توڑی جاسکتی ہیں

(۱۱۴۶) اختیاری حالت میں واجب نماز کا توڑنا احتیاط واجب کی بنا پر جائز نہیں ہے لیکن مال کی حفاظت اور مالی یا جسمانی ضرر سے بچنے کے لئے نماز توڑنے میں کوئی حرج نہیں بلکہ وہ تمام دینی اور دنیاوی کام جو نمازی کے لئے اہم ہوں، ان کے لئے نماز توڑنے میں کوئی حرج نہیں۔

(۱۱۴۷) اگر انسان کی اپنی جان کی حفاظت یا کسی ایسے شخص کی جان کی حفاظت جس کی جان کی حفاظت واجب ہو یا ایسے مال کی حفاظت جس کی نگہداشت واجب ہو، نماز توڑے بغیر ممکن نہ ہو تو ضروری ہے کہ نماز توڑ دے۔

(۱۱۴۸) اگر کوئی شخص وسیع وقت میں نماز پڑھنے لگے اور قرض خواہ اس سے اپنے قرضے کا مطالبہ کرے اور وہ اس کا قرضہ نماز کے دوران ادا کرسکتا ہو تو ضروری ہے کہ اسی حالت میں ادا کردے اور اگر بغیر نماز توڑے اس کا قرضہ چکانا ممکن نہ ہو تو ضروری ہے کہ نماز توڑ دے اور اس کا قرضہ ادا کرے اور بعد میں نماز پڑھے۔

(۱۱۴۹) اگر کسی شخص کو نماز کے دوران پتا چلے کہ مسجد نجس ہے اور وقت تنگ ہو تو ضروری ہے کہ نماز تمام کرے اور اگر وقت وسیع ہو اور مسجد کو پاک کرنے سے نماز نہ ٹوٹتی ہو تو ضروری ہے کہ نماز کے دوران اسے پاک کرے اور بعد میں باقی نماز پڑھے اور اگر نماز ٹوٹ جاتی ہو اور نماز کے بعد مسجد کو پاک کرنا ممکن ہو تو مسجد کو پاک کرنے کے لئے اس کا نماز توڑنا جائز ہے اور اگر نماز کے بعد مسجد کا پاک کرنا ممکن نہ ہو تو اس کے لئے ضروری ہے کہ نماز توڑ دے اور مسجد کو پاک کرے اور بعد میں نماز پڑھے۔

(۱۱۵۰) جس شخص کے لئے نماز کا توڑنا ضروری ہو اگر وہ نماز ختم کرے تو وہ گناہگار ہوگا لیکن اس کی نماز صحیح ہے اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ دوبارہ نماز پڑھے۔

(۱۱۵۱) اگر کسی شخص کو قرأت یا رکوع کی حد تک جھکنے سے پہلے یاد آجائے کہ وہ اذان اور اقامت یا فقط اقامت کہنا بھول گیا ہے اور نماز کا وقت وسیع ہو تو مستحب ہے کہ انہیں کہنے کے لئے نماز توڑ دے بلکہ اگر نماز ختم ہونے سے پہلے اسے یاد آئے کہ انہیں بھول گیا تھا تب بھی مستحب ہے کہ انہیں کہنے کے لئے نماز توڑ دے۔

شکیات نماز

نماز کے شکیات کی ۲۲ قسمیں ہیں۔ ان میں سے سات اس قسم کے شک ہیں جو نماز کو باطل کرتے ہیں اور چھ اس قسم کے شک ہیں جن کی پروا نہیں کرنی چاہئے اور باقی نو اس قسم کے شک ہیں جو صحیح ہیں۔

وہ شک جو نماز کو باطل کرتے ہیں

(۱۱۵۲) جو شک نماز کو باطل کرتے ہیں وہ یہ ہیں:

(۱) دو رکعتی واجب نماز مثلاً نماز صبح اور نماز مسافر کی رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک۔ البتہ نماز مستحب اور نماز احتیاط کی رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک نماز کو باطل نہیں کرتا۔

(۲) تین رکعتی نماز کی تعداد کے بارے میں شک۔

(۳) چار رکعتی نماز میں کوئی شک کرے کہ اس نے ایک رکعت پڑھی ہے یا زیادہ پڑھی ہیں۔

(۴) چار رکعتی نماز میں دوسرے سجدے میں داخل ہونے سے پہلے نمازی شک کرے کہ اس نے دو رکعتیں پڑھی ہیں یا زیادہ پڑھی ہیں۔

(۵) دو اور پانچ رکعتوں میں یا دو اور پانچ سے زیادہ رکعتوں میں شک کرے۔

(۶) تین اور چھ رکعتوں میں یا تین اور چھ سے زیادہ رکعتوں میں شک کرے۔

(۷) چار اور چھ رکعتوں کے درمیان شک یا چار اور چھ سے زیادہ رکعتوں کے درمیان شک، جس کی تفصیل آگے آئے گی۔

(۱۱۵۳) اگر انسان کو نماز باطل کرنے والے شکوک میں سے کوئی شک پیش آئے تو بہتر یہ ہے کہ جیسے ہی اس کا شک مستحکم ہو نماز نہ توڑے بلکہ اس قدر غور و فکر کرے کہ نماز کی شکل برقرار نہ رہے یا یقین یا گمان حاصل ہونے سے ناامید ہو جائے۔

وہ شک جن کی پروا نہیں کرنی چاہئے

(۱۱۵۴) وہ شکوک جن کی پروا نہیں کرنی چاہئے مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) اس فعل میں شک جس کے بجالانے کا موقع گزر گیا ہو مثلاً انسان رکوع میں شک کرے کہ اس نے الحمد پڑھی ہے یا نہیں۔

(۲) سلام نماز کے بعد شک۔

(۳) نماز کا وقت گزر جانے کے بعد شک۔

(۴) کثیر الشک کا شک۔ یعنی اس شخص کا شک جو بہت زیادہ شک کرتا ہے۔

(۵) رکعتوں کی تعداد کے بارے میں امام کا شک جبکہ ماموم ان کی تعداد جانتا ہو اور اسی طرح ماموم کا شک جبکہ امام نماز کی رکعتوں کی تعداد جانتا ہو۔

(۶) مستحب نمازوں اور نماز احتیاط میں شک۔

(۱) جس فعل کا موقع گزر گیا ہو اس میں شک کرنا

(۱۱۵۵) اگر نمازی نماز کے دوران شک کرے کہ اس نے نماز کا ایک واجب فعل انجام دیا ہے یا نہیں مثلاً اسے شک ہو کہ الحمد پڑھی ہے یا نہیں جبکہ اس کام کو عمداً ترک کر کے جس کام میں مشغول ہو اس کام میں شرعاً مشغول نہیں ہونا چاہئے تھا مثلاً سورہ پڑھتے وقت شک کرے کہ الحمد پڑھی ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔ اس صورت کے علاوہ ضروری ہے کہ جس چیز کی انجام دہی کے بارے میں شک ہو بجا لائے۔

(۱۱۵۶) اگر نمازی کوئی آیت پڑھتے ہوئے شک کرے کہ اس سے پہلے کی آیت پڑھی ہے یا نہیں یا جس وقت آیت کا آخری حصہ پڑھ رہا ہو شک کرے کہ اس کا پہلا حصہ پڑھا ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

(۱۱۵۷) اگر نمازی رکوع یا سجود کے بعد شک کرے کہ ان کے واجب افعال — مثلاً ذکر اور بدن کا سکون کی حالت میں ہونا — اس نے انجام دیئے ہیں یا نہیں تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

(۱۱۵۸) اگر نمازی سجدے میں جاتے وقت شک کرے کہ رکوع بجا لایا ہے یا نہیں یا شک کرے کہ رکوع کے بعد کھڑا ہوا تھا یا نہیں تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

(۱۱۵۹) اگر نمازی کھڑا ہوتے وقت شک کرے کہ سجدہ یا تشہد بجا لایا ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

(۱۱۶۰) جو شخص بیٹھ کر یا لیٹ کر نماز پڑھ رہا ہو اگر الحمد یا تسبیحات پڑھنے کے وقت شک کرے کہ سجدہ یا تشہد بجا لایا ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے اور اگر الحمد یا تسبیحات میں مشغول ہونے سے پہلے شک کرے کہ سجدہ یا تشہد بجا لایا ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ بجا لائے۔

(۱۱۶۱) اگر نمازی شک کرے کہ نماز کا کوئی ایک رکن بجا لایا ہے یا نہیں اور اس کے بعد آنے والے فعل میں مشغول نہ ہوا ہو تو ضروری ہے کہ اسے بجا لائے مثلاً اگر تشہد پڑھنے سے پہلے شک کرے کہ دو سجدے بجا لایا ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ بجا لائے اور اگر بعد میں اسے یاد آئے کہ وہ اس رکن کو انجام دے چکا تھا تو ایک رکن بڑھ جانے کی وجہ سے احتیاط لازم کی بنا پر اس کی نماز باطل ہے۔

(۱۱۶۲) اگر نمازی شک کرے کہ ایک ایسا عمل جو نماز کا رکن نہیں ہے بجا لایا ہے یا نہیں اور اس کے بعد آنے والے فعل میں مشغول نہ ہوا ہو تو ضروری ہے کہ اسے بجا لائے۔ مثلاً اگر سورہ پڑھنے سے پہلے شک کرے کہ الحمد پڑھی ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ الحمد پڑھے اور اگر اسے انجام دینے کے بعد اسے یاد آئے کہ اسے پہلے ہی بجا لا چکا تھا تو چونکہ رکن زیادہ نہیں ہوا اس لئے اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۱۶۳) اگر نمازی شک کرے کہ ایک رکن بجا لایا ہے یا نہیں مثلاً جب تشہد پڑھ رہا ہو شک کرے کہ دو

سجدے بجالایا ہے یانہیں اور اپنے شک کی پروانہ کرے اور بعد میں اسے یاد آئے کہ اس رکن کو بجانہیں لایا تو اگر وہ بعد والے رکن میں مشغول نہ ہوا ہو تو ضروری ہے کہ اس رکن کو بجالائے اور اگر بعد والے رکن میں مشغول ہوگیا ہو تو اس کی نماز احتیاط لازم کی بنا پر باطل ہے۔ مثلاً اگر بعد والی رکعت کے رکوع سے پہلے اسے یاد آئے کہ دو سجدے نہیں بجالایا تو ضروری ہے کہ بجالائے اور اگر رکوع میں یا اس کے بعد اسے یاد آئے تو جیسا کہ بتایا جاچکا، اس کی نماز باطل ہے۔

(۱۱۶۴) اگر نمازی شک کرے کہ وہ ایک غیر رکنی عمل بجالایا ہے یانہیں اور اس کے بعد والے عمل میں مشغول ہو چکا ہو تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروانہ کرے۔ مثلاً جس وقت سورہ پڑھ رہا ہو شک کرے کہ الحمد پڑھی ہے یانہیں تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروانہ کرے۔ البتہ اگر اسے کچھ دیر میں یاد آجائے کہ اس عمل کو بجانہیں لایا اور ابھی بعد والے رکن میں مشغول نہ ہوا ہو تو ضروری ہے کہ اس عمل کو اور اس کے بعد والے اعمال کو بجالائے اور اگر بعد والے رکن میں مشغول ہوگیا ہو تو اس کی نماز صحیح ہے۔ اس بنا پر مثلاً اگر قنوت میں اسے یاد آجائے کہ اس نے الحمد نہیں پڑھی تھی تو ضروری ہے کہ الحمد و سورہ دونوں پڑھے اور اگر یہ بات اسے رکوع میں یاد آئے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۱۶۵) اگر نمازی شک کرے کہ اس نے نماز کا سلام پڑھا ہے یانہیں اور تعقیبات یا دوسری نماز میں مشغول ہو جائے یا کوئی ایسا کام کرے جو نماز کو برقرار نہیں رکھتا اور وہ حالت نماز سے خارج ہوگیا ہو تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروانہ کرے اور اگر ان صورتوں سے پہلے شک کرے تو ضروری ہے کہ سلام پڑھے اور اگر شک کرے کہ سلام درست پڑھا ہے یانہیں تو جہاں بھی ہو اپنے شک کی پروانہ کرے۔

(۲) سلام کے بعد شک کرنا

(۱۱۶۶) اگر نمازی سلام نماز کے بعد شک کرے کہ اس نے نماز صحیح طور پر پڑھی ہے یانہیں مثلاً شک کرے کہ رکوع ادا کیا ہے یانہیں یا چار رکعتی نماز کے سلام کے بعد شک کرے کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں یا پانچ، تو وہ اپنے شک کی پروانہ کرے لیکن اگر اسے دونوں طرف نماز کے باطل ہونے کا شک ہو مثلاً چار رکعتی نماز کے سلام کے بعد شک کرے کہ تین رکعت پڑھی ہیں یا پانچ رکعت تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۳) وقت کے بعد شک کرنا

(۱۱۶۷) اگر کوئی شخص نماز کا وقت گزرنے کے بعد شک کرے کہ اس نے نماز پڑھی ہے یانہیں یا گمان کرے کہ نہیں پڑھی تو اس نماز کا پڑھنا لازم نہیں لیکن اگر وقت گزرنے سے پہلے شک کرے کہ نماز پڑھی ہے یا نہیں تو خواہ گمان کرے کہ پڑھی ہے پھر بھی ضروری ہے کہ وہ نماز پڑھے۔

(۱۱۶۸) اگر کوئی شخص وقت گزرنے کے بعد شک کرے کہ اس نے نماز درست پڑھی ہے یانہیں تو

اپنے شک کی پروانہ کرے۔

(۱۱۶۹) اگر نماز ظہر اور عصر کا وقت گزر جانے کے بعد نمازی جان لے کہ چار رکعت نماز پڑھی ہے لیکن یہ معلوم نہ ہو کہ ظہر کی نیت سے پڑھی ہے یا عصر کی نیت سے تو ضروری ہے کہ چار رکعت نماز قضا اس نماز کی نیت سے پڑھے جو اس پر واجب ہے۔

(۱۱۷۰) اگر مغرب اور عشاء کی نماز کا وقت گزرنے کے بعد نمازی کو پتا چلے کہ اس نے ایک نماز پڑھی ہے لیکن یہ علم نہ ہو کہ تین رکعتی نماز پڑھی ہے یا چار رکعتی، تو ضروری ہے کہ مغرب اور عشاء دونوں نمازوں کی قضا کرے۔

(۴) کثیر الشک کا شک کرنا

(۱۱۷۱) کثیر الشک وہ شخص ہے جو بہت زیادہ شک کرے یعنی وہ شخص جو توجہات کو بانٹنے والے اسباب کی موجودگی کے اعتبار سے اپنے ہی جیسے لوگوں کے مقابلے میں زیادہ شک کرتا ہے صرف وہی شخص کثیر الشک نہیں ہے کہ شک کرنا جس کی عادت بن چکی ہو بلکہ وہ شخص بھی کثیر الشک مانا جائے گا جو اس عارضے میں مبتلا ہو رہا ہو۔

(۱۱۷۲) اگر کثیر الشک نماز کے اجزاء میں سے کسی جزو کے انجام دینے کے بارے میں شک کرے تو اسے یوں سمجھنا چاہئے کہ اس جزو کو انجام دے دیا ہے۔ مثلاً اگر شک کرے کہ رکوع کیا ہے یانہیں تو اسے سمجھنا چاہئے کہ رکوع کر لیا ہے اور اگر کسی ایسی چیز کے بارے میں شک کرے جو مبطل نماز ہے مثلاً شک کرے کہ صبح کی نماز دو رکعت پڑھی ہے یا تین رکعت تو یہی سمجھے نماز ٹھیک پڑھی ہے۔

(۱۱۷۳) جس شخص کو نماز کے کسی خاص جزو کے بارے میں اتنا زیادہ شک ہوتا ہو، کہ شک کی کثرت اسی جزو سے مخصوص ہو کر رہ جائے، اگر وہ نماز کے کسی دوسرے جزو کے بارے میں شک کرے تو ضروری ہے کہ شک کے احکام پر عمل کرے۔ مثلاً کسی کو زیادہ شک اس بات میں ہوتا ہو کہ سجدہ کیا ہے یانہیں، اگر اسے رکوع کرنے کے بعد شک ہو تو ضروری ہے کہ شک کے حکم پر عمل کرے یعنی اگر ابھی سجدے میں نہ گیا ہو تو رکوع کرے اور اگر سجدے میں چلا گیا ہو تو شک کی پروانہ کرے۔

(۱۱۷۴) جو شخص کسی مخصوص نماز مثلاً ظہر کی نماز میں اس طرح زیادہ شک کرتا ہو کہ کثرت شک اسی ظہر کی نماز سے مخصوص ہو کر رہ جائے، اگر وہ کسی دوسری نماز مثلاً عصر کی نماز میں شک کرے تو ضروری ہے کہ شک کے احکام پر عمل کرے۔

(۱۱۷۵) جو شخص کسی مخصوص جگہ پر نماز پڑھتے وقت اسی کیفیت کے ساتھ زیادہ شک کرتا ہو جس کا تذکرہ پچھلے مسئلے میں ہوا، اگر وہ کسی دوسری جگہ نماز پڑھے اور اسے شک پیدا ہو تو ضروری ہے کہ شک کے احکام پر عمل کرے۔

(۱۱۷۶) اگر کسی شخص کو اس بارے میں شک ہو کہ وہ کثیر الشک ہو گیا ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ شک کے احکام پر عمل کرے اور کثیر الشک شخص کو جب تک یقین نہ ہو جائے کہ وہ لوگوں کی عام حالت پر لوٹ آیا ہے اس کے شک کی بنیاد یہ ہو کہ آیا اس کی حالت تبدیل ہوئی ہے یا نہیں، یہ نہ ہو کہ کثیر الشک کے معنی کیا ہوتے تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروانہ کرے۔

(۱۱۷۷) اگر کثیر الشک شخص، شک کرے کہ ایک رکن بجالایا ہے یا نہیں اور وہ اس شک کی پروا بھی نہ کرے اور پھر اسے یاد آئے کہ وہ رکن بجا نہیں لایا اور اس کے بعد کے رکن میں مشغول نہ ہوا ہو تو ضروری ہے کہ اس رکن کو اور جو کچھ اس کے بعد ہے، بجالائے اور اگر بعد کے رکن میں مشغول ہو گیا ہو تو اس کی نماز احتیاط کی بنا پر باطل ہے۔ مثلاً اگر شک کرے کہ رکوع کیا ہے یا نہیں اور اس شک کی پروانہ کرے اور دوسرے سجدے سے پہلے اسے یاد آئے کہ رکوع نہیں کیا تھا تو ضروری ہے کہ رکوع کرے اور اگر دوسرے سجدے کے دوران اسے یاد آئے تو اس کی نماز احتیاط کی بنا پر باطل ہے۔

(۱۱۷۸) جو شخص زیادہ شک کرتا ہو اگر وہ شک کرے کہ کوئی ایسا عمل جو رکن نہ ہو انجام دیا ہے یا نہیں اور اس شک کی پروانہ کرے اور بعد میں اسے یاد آئے کہ وہ عمل انجام نہیں دیا، تو اگر انجام دینے کے مقام سے ابھی نہ گزرا ہو تو ضروری ہے کہ اسے اور اس کے بعد والے افعال کو انجام دے اور اگر اسکے مقام سے گزر گیا ہو تو اسکی نماز صحیح ہے۔ مثلاً اگر شک کرے کہ الحمد پڑھی ہے یا نہیں اور شک کی پروانہ کرے مگر قنوت پڑھتے ہوئے اسے یاد آئے کہ الحمد نہیں پڑھی تو ضروری ہے کہ الحمد اور سورہ پڑھے اور اگر رکوع میں یاد آئے تو اسکی نماز صحیح ہے۔

(۵) امام اور مقتدی کا شک

(۱۱۷۹) اگر امام جماعت نماز کی رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک کرے، مثلاً یہ شک کرے کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار رکعتیں اور مقتدی کو یقین یا گمان ہو کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں اور وہ یہ بات امام جماعت کے علم میں لے آئے کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں تو امام کو چاہئے کہ نماز کو تمام کرے اور نماز احتیاط کا پڑھنا ضروری نہیں اور اگر امام کو یقین یا گمان ہو کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں اور مقتدی نماز کی رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک کرے تو اسے چاہئے کہ اپنے شک کی پروانہ کرے۔ یہی حکم امام اور مقتدی کے لئے نماز کے افعال کے بارے میں شک مثلاً سجدوں کی تعداد کے شک کے بارے میں ہے۔

(۶) مستحب نماز میں شک

(۱۱۸۰) اگر کوئی شخص مستحب نماز کی رکعتوں میں شک کرے، اگر شک کا زیادہ والا عدد جو نماز کو باطل کرتا ہے تو ضروری ہے کہ یہ سمجھ لے کہ کم رکعتیں پڑھی ہیں مثلاً اگر صبح کی نفلوں میں شک کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین تو یہی سمجھے کہ دو پڑھی ہیں۔ اگر تعداد کی زیادتی والا شک نماز کو باطل نہ کرے مثلاً اگر نمازی شک کرے کہ

دو رکعتیں پڑھی ہیں یا ایک پڑھی ہے تو شک کی جس طرف پر بھی عمل کرے اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۱۸۱) رکن کا کم ہونا نفل نماز کو باطل کر دیتا ہے لیکن رکن کا زیادہ ہونا اسے باطل نہیں کرتا۔ پس اگر نمازی نفل کے افعال میں سے کوئی فعل بھول جائے اور یہ بات اسے اس وقت یاد آئے جب وہ اس کے بعد والے رکن میں مشغول ہو چکا ہو تو ضروری ہے کہ اس فعل کو انجام دے اور دوبارہ اس رکن کو انجام دے مثلاً اگر رکوع کے دوران اسے یاد آئے کہ سورۂ الحمد نہیں پڑھی تو ضروری ہے کہ واپس لوٹے اور الحمد پڑھے اور دوبارہ رکوع میں جائے۔

(۱۱۸۲) اگر کوئی شخص نفل کے افعال میں سے کسی فعل کے متعلق شک کرے خواہ وہ فعل رکنی ہو یا غیر رکنی اور اس کا موقع نہ گزرا ہو تو ضروری ہے کہ اسے انجام دے اور اگر موقع گزر گیا ہو تو اپنے شک کی پروانہ کرے۔

(۱۱۸۳) اگر کسی شخص کو دو رکعتی مستحب نماز میں تین یا زیادہ رکعتوں کے پڑھ لینے کا گمان ہو تو چاہئے کہ اس گمان کی پروانہ کرے اور اس کی نماز صحیح ہے لیکن اگر اس کا گمان دو رکعتوں کا یا اس سے کم کا ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اسی گمان پر عمل کرے مثلاً اگر اسے گمان ہو کہ ایک رکعت پڑھی ہے تو ضروری ہے کہ احتیاط کے طور پر ایک رکعت اور پڑھے۔

(۱۱۸۴) اگر کوئی شخص نفل نماز میں کوئی ایسا کام کرے جس کے لئے واجب نماز میں سجدۂ سہو واجب ہو جاتا ہو یا ایک سجدہ بھول جائے تو اس کے لئے ضروری نہیں ہے کہ نماز کے بعد سجدۂ سہو یا سجدے کی قضا بجالائے۔

(۱۱۸۵) اگر کوئی شخص شک کرے کہ مستحب نماز پڑھی ہے یا نہیں اور اس کا کوئی مقرر وقت نہ ہو جیسے ''نماز جعفر طیارؑ'' تو اسے سمجھ لینا چاہئے کہ نہیں پڑھی۔ اگر اس مستحب نماز کا یومیہ نوافل کی طرح وقت مقرر ہو اور اس وقت کے گزرنے سے پہلے شک کرے کہ اسے انجام دیا ہے یا نہیں تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ لیکن اگر وقت گزرنے کے بعد شک کرے کہ وہ نماز پڑھی ہے یا نہیں تو اپنے شک کی پروانہ کرے۔

صحیح شکوک

(۱۱۸۶) چند صورتوں میں اگر کسی کو چار رکعتی نماز کی رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک ہو تو ضروری ہے کہ فوراً غور و فکر کرے اور اگر یقین یا گمان شک کی کسی ایک طرف ہو جائے تو اسی کو اختیار کرے اور نماز کو تمام کرے ورنہ ان احکام کے مطابق عمل کرے جو ذیل میں بتائے جا رہے ہیں۔

وہ نو صورتیں یہ ہیں:

(۱) دوسرے سجدے کے دوران شک کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین۔ اس صورت میں اسے یوں سمجھ لینا چاہئے کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں اور ایک اور رکعت پڑھے پھر نماز کو تمام

کرے اور احتیاط واجب کی بنا پر نماز کے بعد ایک رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر بجالائے۔ احتیاط واجب کی بنا پر بیٹھ کر دو رکعت نماز احتیاط کافی نہ ہوگی۔

(۲) دوسرے سجدے کے دوران اگر شک کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا چار تو یہ سمجھ لے کہ چار پڑھی ہیں اور نماز کو تمام کرے اور بعد میں دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر بجالائے۔

(۳) اگر کسی کو دوسرے سجدے کے دوران شک ہو جائے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین یا چار تو اسے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ چار پڑھی ہیں اور وہ نماز ختم ہونے کے بعد دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر اور بعد میں دو رکعت بیٹھ کر بجالائے۔

(۴) اگر کسی شخص کو دوسرے سجدے کے دوران شک ہو کہ اس نے چار رکعتیں پڑھی ہیں یا پانچ تو وہ یہ سمجھے کہ چار پڑھی ہیں اور اس بنیاد پر نماز پوری کرے اور نماز کے بعد دو سجدۂ سہو بجالائے۔ یہی حکم ہر اس صورت میں ہے جہاں کم از کم شک چار رکعت پر ہو۔ مثلاً چار اور چھ رکعتوں کے درمیان شک ہو اور ہر اس صورت میں جہاں چار رکعت اور اس سے کم اور اس سے زیادہ رکعتوں میں دوسرے سجدے کے دوران شک کرے تو اسے چار رکعتیں قرار دے کر دونوں شک کے اعمال انجام دے سکتا ہے یعنی اس احتمال کی بنا پر کہ چار رکعت سے کم پڑھی ہیں، نماز احتیاط پڑھے اور اس احتمال کی بنا پر کہ چار رکعت سے زیادہ پڑھی ہیں بعد میں دو سجدۂ سہو بھی کرے۔ تمام صورتوں میں اگر پہلے سجدے کے بعد اور دوسرے سجدے میں داخل ہونے سے پہلے سابقہ چار شک میں سے ایک اسے پیش آئے تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۵) نماز کے دوران جس وقت بھی کسی کو تین رکعت اور چار رکعت کے درمیان شک ہو ضروری ہے کہ یہ سمجھ لے کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں اور نماز کو تمام کرے اور بعد میں ایک رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر یا دو رکعت بیٹھ کر پڑھے۔

(۶) اگر قیام کے دوران کسی کو چار رکعتوں اور پانچ رکعتوں کے بارے میں شک ہو جائے تو ضروری ہے کہ بیٹھ جائے اور تشہد اور نماز کا سلام پڑھے اور ایک رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر یا دو رکعت بیٹھ کر پڑھے۔

(۷) اگر قیام کے دوران کسی کو تین اور پانچ رکعتوں کے بارے میں شک ہو جائے تو ضروری ہے کہ بیٹھ جائے اور تشہد اور نماز کا سلام پڑھے اور دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر پڑھے۔

(۸) اگر قیام کے دوران کسی کو تین چار اور پانچ رکعتوں کے بارے میں شک ہو جائے تو ضروری ہے کہ بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے اور سلام نماز کے بعد دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر اور بعد میں دو رکعت نماز بیٹھ کر پڑھے۔

(۹) اگر قیام کے دوران کسی کو پانچ اور چھ رکعتوں کے بارے میں شک ہو جائے تو ضروری ہے کہ بیٹھ جائے اور تشہد اور نماز کا سلام پڑھے اور دو سجدۂ سہو بجالائے۔

(۱۱۸۷) اگر کسی کو صحیح شکوک میں سے کوئی شک ہو جائے اور نماز کا وقت اتنا تنگ ہو کہ نماز از سر نو نہ پڑھ سکے تو ضروری ہے کہ نماز نہ توڑے اور جو مسئلہ بیان کیا گیا ہے اس کے مطابق عمل کرے۔ لیکن اگر نماز کا وقت وسیع ہو تو نماز توڑ کر نئے سرے سے بھی پڑھ سکتا ہے۔

(۱۱۸۸) اگر نماز کے دوران انسان کو ان شکوک میں سے کوئی شک لاحق ہو جائے جن کے لئے نماز احتیاط، واجب ہے اور وہ نماز کو تمام کرے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز احتیاط پڑھے اور نماز احتیاط پڑھے بغیر از سر نو نماز نہ پڑھے اور اگر وہ کوئی ایسا فعل انجام دینے سے پہلے جو نماز کو باطل کرتا ہو از سر نو نماز پڑھے تو احتیاط واجب کی بنا پر اس کی دوسری نماز بھی باطل ہے لیکن اگر کوئی ایسا فعل انجام دینے کے بعد جو نماز کو باطل کرتا ہو نماز میں مشغول ہو جائے تو اس کی دوسری نماز صحیح ہے۔

(۱۱۸۹) جب نماز کو باطل کرنے والے شکوک میں سے کوئی شک انسان کو لاحق ہو جائے اور وہ جانتا ہو کہ بعد کی حالت میں منتقل ہو جانے پر اس کے لئے یقین یا گمان پیدا ہو جائے گا تو اس صورت میں جبکہ اس کا باطل شک شروع کی دو رکعت میں ہو اس کے لئے شک کی حالت میں نماز جاری رکھنا جائز نہیں ہے۔ مثلاً اگر قیام کی حالت میں اسے شک ہو کہ ایک رکعت پڑھی ہے یا زیادہ پڑھی ہیں اور وہ جانتا ہو کہ اگر رکوع میں جائے تو کسی ایک طرف یقین یا گمان پیدا کرے گا تو اس حالت میں اس کے لئے رکوع کرنا جائز نہیں ہے اور باقی باطل شکوک میں اپنی نماز جاری رکھ سکتا ہے تاکہ اسے یقین یا گمان حاصل ہو جائے۔

(۱۱۹۰) اگر کسی شخص کا گمان پہلے ایک طرف زیادہ ہو اور بعد میں اس کی نظر میں دونوں اطراف برابر ہو جائیں تو ضروری ہے کہ شک کے احکام پر عمل کرے اور اگر پہلے دونوں اطراف اس کی نظر میں برابر ہوں اور احکام کے مطابق جو کچھ اس کا فریضہ ہے اس پر عمل کی بنیاد رکھے اور بعد میں اس کا گمان دوسری طرف چلا جائے تو ضروری ہے کہ اسی طرف کو اختیار کرے اور نماز کو تمام کرے۔

(۱۱۹۱) جو شخص یہ نہ جانتا ہو کہ اس کا گمان ایک طرف زیادہ ہے یا دونوں اطراف اس کی نظر میں برابر ہیں تو ضروری ہے کہ شک کے احکام پر عمل کرے۔

(۱۱۹۲) اگر کسی شخص کو نماز کے بعد معلوم ہو کہ نماز کے دوران وہ تردد کی حالت میں تھا کہ مثلاً اس نے دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین رکعتیں پڑھی ہیں اور اس نے اپنے افعال کی بنیاد تین رکعتوں پر رکھی ہو لیکن اسے یہ علم نہ ہو کہ اس کے گمان میں یہ تھا کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا دونوں اطراف اس کی نظر میں برابر تھیں تو نماز احتیاط پڑھنا ضروری نہیں ہے۔

(۱۱۹۳) اگر قیام کے بعد شک کرے کہ دو سجدے ادا کئے تھے یا نہیں اور اسی وقت اسے ان شکوک میں سے کوئی شک ہو جائے جو دو سجدے تمام ہونے کے بعد لاحق ہوتا تو صحیح ہوتا۔ مثلاً وہ شک کرے کہ میں نے دو رکعت پڑھی ہیں یا تین اور وہ اس شک کے مطابق عمل کرے تو اس کی نماز صحیح ہے۔ لیکن اگر اسے تشہد پڑھتے

وقت ان شکوک میں سے کوئی شک لاحق ہو جائے تو اگر اس کا شک یہ ہو کہ دو پڑھی ہیں یا تین تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر اس کا شک یہ ہو کہ دو پڑھی ہیں یا چار یا یہ ہو کہ دو پڑھی ہیں، تین پڑھی ہیں یا چار تو اس کی نماز صحیح اور ضروری ہے کہ شک کے احکام کے مطابق عمل کرے۔

(۱۱۹۴) اگر کوئی شخص تشہد میں مشغول ہونے سے پہلے یا ان رکعتوں میں جن میں تشہد نہیں ہے قیام سے پہلے شک کرے کہ ایک یا دو سجدے بجالایا ہے یا نہیں اور اسی وقت اسے ان شکوک میں سے کوئی شک لاحق ہو جائے جو دو سجدے تمام ہونے کے بعد صحیح ہو تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۱۱۹۵) اگر کوئی شخص قیام کی حالت میں تین اور چار رکعتوں کے بارے میں یا تین، چار اور پانچ رکعتوں کے بارے میں شک کرے اور اسے یہ بھی یاد آجائے کہ اس نے اس سے پہلی رکعت کا ایک سجدہ یا دونوں سجدے ادا نہیں کئے تو اس کی نماز باطل ہے۔

(۱۱۹۶) اگر کسی کا شک زائل ہو جائے اور کوئی دوسرا شک اسے لاحق ہو جائے مثلاً پہلے شک کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین رکعتیں اور بعد میں شک کرے کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار رکعتیں تو ضروری ہے کہ دوسرے شک کے مطابق احکام پر عمل کرے۔

(۱۱۹۷) جو شخص نماز کے بعد شک کرے کہ نماز کی حالت میں مثال کے طور پر اس نے دو اور چار رکعتوں کے بارے میں شک کیا تھا یا تین اور چار رکعتوں کے بارے میں شک کیا تھا تو دونوں شکوک کے حکم پر عمل کر سکتا ہے اور نماز کو باطل کرنے والے کسی کام کو انجام دے کر وہ نماز دوبارہ بھی پڑھ سکتا ہے۔

(۱۱۹۸) اگر کسی شخص کو نماز کے بعد پتا چلے کہ نماز کی حالت میں اسے کوئی شک لاحق ہو گیا تھا لیکن یہ نہ جانتا ہو کہ وہ شک نماز کو باطل کرنے والے شکوک میں سے تھا یا صحیح شکوک میں سے تھا تو ضروری ہے کہ نماز کو دوبارہ پڑھے اور اگر یہ جانتا ہو کہ وہ شک صحیح شکوک میں سے تھا لیکن یہ نہ جانتا ہو کہ اس کا تعلق صحیح شکوک کی کونسی قسم سے تھا تو اس کے لئے جائز ہے کہ نماز کو دوبارہ پڑھے۔

(۱۱۹۹) جو شخص بیٹھ کر نماز پڑھ رہا ہو اگر اسے ایسا شک لاحق ہو جائے جس کے لئے اسے ایک رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر یا دو رکعت بیٹھ کر پڑھنی چاہئے تو ضروری ہے کہ ایک رکعت بیٹھ کر پڑھے اور اگر وہ ایسا شک کرے جس کے لئے اسے دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر پڑھنی چاہئے تو ضروری ہے کہ دو رکعت بیٹھ کر پڑھے۔

(۱۲۰۰) جو شخص کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہو اگر وہ نماز احتیاط پڑھنے کے وقت کھڑا ہونے سے عاجز ہو جائے تو ضروری ہے کہ نماز احتیاط اس شخص کی طرح پڑھے جو بیٹھ کر نماز پڑھتا ہے اور جس کا حکم سابقہ مسئلے میں بیان ہو چکا ہے۔

(۱۲۰۱) جو شخص بیٹھ کر نماز پڑھتا ہو اگر نماز احتیاط پڑھنے کے وقت کھڑا ہو سکے تو ضروری ہے کہ اس شخص کے وظیفے کے مطابق عمل کرے جو کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہے۔

نماز احتیاط پڑھنے کا طریقہ

(۱۲۰۲) جس شخص پر نماز احتیاط واجب ہو ضروری ہے کہ نماز کے سلام کے فوراً بعد نماز احتیاط کی نیت کرے اور تکبیر کہے، پھر الحمد پڑھے، رکوع اور دو سجدے بجالائے۔ پس اگر اس پر ایک رکعت نماز احتیاط واجب ہو تو دو سجدوں کے بعد تشہد اور سلام پڑھے۔ اگر اس پر دو رکعت نماز احتیاط واجب ہو تو دو سجدوں کے بعد پہلی رکعت کی طرح ایک اور رکعت بجالائے اور تشہد کے بعد سلام پڑھے۔

(۱۲۰۳) نماز احتیاط میں سورہ اور قنوت نہیں ہیں۔ ضروری ہے کہ اس کی نیت زبان پر نہ لائے اور احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ یہ نماز آہستہ پڑھے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس کی بسم اللہ بھی آہستہ پڑھے۔

(۱۲۰۴) اگر کسی شخص کو نماز احتیاط پڑھنے سے پہلے معلوم ہو جائے کہ جو نماز اس نے پڑھی تھی وہ صحیح تھی تو اس کے لئے نماز احتیاط پڑھنا ضروری نہیں اور اگر نماز احتیاط کے دوران بھی یہ علم ہو جائے تو اس نماز کو تمام کرنا ضروری نہیں۔

(۱۲۰۵) اگر نماز احتیاط پڑھنے سے پہلے کسی شخص کو معلوم ہو جائے کہ اس نے نماز کی رکعتیں کم پڑھی تھیں اور نماز پڑھنے کے بعد اس نے کوئی ایسا کام نہ کیا ہو جو نماز کو باطل کرتا ہو تو ضروری ہے کہ اس نے نماز کا جو حصہ نہ پڑھا ہو اسے پڑھے اور بے محل سلام کے لئے احتیاط لازم کی بنا پر دو سجدۂ سہو ادا کرے اور اگر اس سے کوئی ایسا فعل سرزد ہوا ہے جو نماز کو باطل کرتا ہو مثلاً قبلے کی جانب پیٹھ کی ہو تو ضروری ہے کہ نماز دوبارہ پڑھے۔

(۱۲۰۶) اگر کسی شخص کو نماز احتیاط کے بعد پتا چلے کہ اس کی نماز میں کمی نماز احتیاط کے برابر تھی مثلاً تین رکعتوں اور چار رکعتوں کے درمیان شک کی صورت میں ایک رکعت نماز احتیاط پڑھے اور بعد میں پتا چلے کہ اس نے نماز کی تین رکعتیں پڑھی تھیں تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۲۰۷) اگر کسی شخص کو نماز احتیاط پڑھنے کے بعد پتا چلے کہ نماز میں جو کمی ہوئی تھی وہ نماز احتیاط سے کم تھی مثلاً دو رکعتوں اور چار رکعتوں کے مابین شک کی صورت میں دو رکعت نماز احتیاط پڑھے اور بعد میں معلوم ہو کہ اس نے نماز کی تین رکعتیں پڑھی تھیں تو ضروری ہے کہ نماز دوبارہ پڑھے۔

(۱۲۰۸) اگر کسی شخص کو نماز احتیاط پڑھنے کے بعد پتا چلے کہ نماز میں جو کمی ہوئی تھی وہ نماز احتیاط سے زیادہ تھی۔ مثلاً تین رکعتوں اور چار رکعتوں کے مابین شک کی صورت میں ایک رکعت نماز احتیاط پڑھے اور بعد میں معلوم ہو کہ نماز کی دو رکعتیں پڑھی تھیں اور نماز احتیاط کے بعد کوئی ایسا کام کیا ہو جو نماز کو باطل کرتا ہو مثلاً قبلے کی جانب پیٹھ کی ہو تو ضروری ہے کہ نماز دوبارہ پڑھے اور اگر کوئی ایسا کام نہ کیا ہو جو نماز کو باطل کرتا ہو تو اس صورت میں بھی احتیاط لازم یہ ہے کہ نماز دوبارہ پڑھے اور باقی ماندہ ایک رکعت اضافہ کرنے پر اکتفا نہ کرے۔

(۱۲۰۹) اگر کوئی شخص دو، تین اور چار رکعتوں میں شک کرے اور کھڑے ہو کر دو رکعت نماز احتیاط

پڑھنے کے بعد اسے یاد آئے کہ اس نے نماز کی دو رکعتیں پڑھی تھیں تو اس کے لئے بیٹھ کر دو رکعت نماز احتیاط پڑھنا ضروری نہیں۔

(۱۲۱۰) اگر کوئی شخص تین اور چار رکعتوں میں شک کرے اور جس وقت وہ ایک رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر پڑھ رہا ہو اسے یاد آئے کہ اس نے نماز کی تین رکعتیں پڑھی تھیں تو ضروری ہے کہ نماز احتیاط کو چھوڑ دے۔ چنانچہ رکوع میں داخل ہونے سے پہلے اسے یاد آیا ہو تو ایک رکعت ملا کر پڑھے اور اس کی نماز صحیح ہے اور احتیاط لازم کی بنا پر زائد سلام کے لئے دو سجدۂ سہو بجالائے اور اگر رکوع میں داخل ہونے کے بعد یاد آئے تو ضروری ہے کہ نماز کو دوبارہ پڑھے اور احتیاط کی بنا پر باقی ماندہ رکعت کا اضافہ کرنے پر اکتفا نہیں کر سکتا۔

(۱۲۱۱) اگر کوئی شخص دو، تین اور چار رکعتوں میں شک کرے اور جس وقت وہ دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہو کر پڑھ رہا ہو اسے یاد آئے کہ اس نے نماز کی تین رکعتیں پڑھی تھیں تو یہاں بھی بالکل وہی حکم جاری ہوگا جس کا ذکر سابقہ مسئلے میں کیا گیا ہے۔

(۱۲۱۲) اگر کسی شخص کو نماز احتیاط کے دوران پتا چلے کہ اس کی نماز میں کمی نماز احتیاط سے زیادہ یا کم تھی تو یہاں بھی بالکل وہی حکم جاری ہوگا جس کا ذکر مسئلہ ۱۲۱۰ میں کیا گیا ہے۔

(۱۲۱۳) اگر کوئی شخص شک کرے کہ جو نماز احتیاط اس پر واجب تھی وہ اسے بجالایا ہے یا نہیں تو نماز کا وقت گزر جانے کی صورت میں اپنے شک کی پروا نہ کرے اور اگر وقت باقی ہو تو اس صورت میں جبکہ شک اور نماز کے درمیان زیادہ وقفہ بھی نہ گزرا ہو، وہ کسی اور کام میں مشغول بھی نہ ہو گیا ہو اور اس نے کوئی ایسا کام بھی نہ کیا ہو، مثلاً قبلے سے منہ موڑنا جو نماز کو باطل کرتا ہو تو ضروری ہے کہ نماز احتیاط پڑھے اور اگر کوئی ایسا کام کیا ہو جو نماز کو باطل کرتا ہو یا وہ کسی اور کام میں مشغول ہو چکا ہو یا نماز اور اس کے شک کے درمیان زیادہ وقفہ ہو گیا ہو تو احتیاط لازم کی بنا پر نماز دوبارہ پڑھنا ضروری ہے۔

(۱۲۱۴) اگر ایک شخص نماز احتیاط میں ایک رکعت کی بجائے دو رکعت پڑھ لے تو نماز احتیاط باطل ہو جاتی ہے اور ضروری ہے کہ دوبارہ اصل نماز پڑھے اور اگر وہ نماز میں کوئی رکن بڑھا دے تو احتیاط لازم کی بنا پر اس کا بھی یہی حکم ہے۔

(۱۲۱۵) اگر کسی شخص کو نماز احتیاط پڑھتے ہوئے اس نماز کے افعال میں سے کسی کے متعلق شک ہو جائے تو اگر اس کا موقع نہ گزرا ہو تو اسے انجام دینا ضروری ہے اور اگر اس کا موقع گزر گیا ہو تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔ مثلاً اگر شک کرے کہ الحمد پڑھی ہے یا نہیں اور ابھی رکوع میں نہ گیا ہو تو ضروری ہے کہ الحمد پڑھے اور اگر رکوع میں جا چکا ہو تو ضروری ہے کہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

(۱۲۱۶) اگر کوئی شخص نماز احتیاط کی رکعتوں کے بارے میں شک کرے اور زیادہ رکعتوں کی طرف شک کرنا نماز کو باطل کرتا ہو تو ضروری ہے کہ شک کی بنیاد کم پر رکھے اور اگر زیادہ رکعتوں کی طرف شک کرنا نماز کو باطل نہ کرتا ہو تو ضروری ہے کہ اس کی بنیاد زیادہ پر رکھے۔ مثلاً جب وہ دو رکعت نماز احتیاط پڑھ رہا ہو اگر شک کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین تو چونکہ زیادتی کی طرف شک کرنا نماز کو باطل کرتا ہے اس لئے اسے چاہئے

کہ سمجھ لے کہ اس نے دو رکعتیں پڑھی ہیں اور اگر شک کرے کہ ایک رکعت پڑھی ہے یا دو رکعتیں پڑھی ہیں تو چونکہ زیادتی کی طرف شک کرنا نماز کو باطل نہیں کرتا اس لئے اسے سمجھنا چاہئے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں۔

(۱۲۱۷) اگر نماز احتیاط میں کوئی ایسی چیز جو رکن نہ ہو سہواً کم یا زیادہ ہو جائے تو اس کے لئے سجدۂ سہو نہیں ہے۔

(۱۲۱۸) اگر کوئی شخص نماز احتیاط کے سلام کے بعد شک کرے کہ وہ اس نماز کے اجزاء اور شرائط میں سے کوئی ایک جزو یا شرط انجام دے چکا ہے یا نہیں تو وہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

(۱۲۱۹) اگر کوئی شخص نماز احتیاط میں تشہد پڑھنا یا ایک سجدہ کرنا بھول جائے اور اس تشہد یا سجدے کا اپنی جگہ پر تدارک بھی ممکن نہ ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ سلام نماز کے بعد سجدے کی قضا کرے۔ البتہ تشہد کی قضا ضروری نہیں ہے۔

(۱۲۲۰) اگر کسی شخص پر نماز احتیاط اور ایک سجدے کی قضا یا دو سجدۂ سہو واجب ہوں تو ضروری ہے کہ پہلے نماز احتیاط بجالائے۔

(۱۲۲۱) نماز کی رکعتوں کے بارے میں گمان کا حکم یقین کے حکم کی طرح ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص یہ نہ جانتا ہو کہ ایک رکعت پڑھی ہے یا دو رکعتیں پڑھی ہیں اور گمان کرے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں تو وہ سمجھے کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں اور اگر چار رکعتی نماز میں گمان کرے کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں تو اسے نماز احتیاط پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ لیکن افعال کے بارے میں گمان کرنا شک کا حکم رکھتا ہے۔ پس اگر وہ گمان کرے کہ رکوع کیا ہے اور ابھی سجدہ میں داخل نہ ہوا ہو تو ضروری ہے کہ رکوع کو انجام دے اور اگر وہ گمان کرے کہ الحمد نہیں پڑھی اور سورے میں داخل ہو چکا ہو تو گمان کی پروا نہ کرے اور اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۲۲۲) روزانہ کی واجب نمازوں اور دوسری واجب نمازوں کے بارے میں شک، سہو اور گمان کے حکم میں کوئی فرق نہیں ہے۔ مثلاً اگر کسی شخص کو نماز آیات کے دوران شک ہو کہ ایک رکعت پڑھی ہے یا دو رکعتیں تو چونکہ اس کا شک دو رکعتی نماز میں ہے لہٰذا اس کی نماز باطل ہے اور اگر وہ گمان کرے کہ یہ دوسری رکعت ہے یا پہلی رکعت تو اپنے گمان کے مطابق نماز کو تمام کرے۔

سجدۂ سہو

(۱۲۲۳) ضروری ہے کہ انسان سلام نماز کے بعد دو چیزوں کے لئے اس طریقے کے مطابق جس کا آئندہ ذکر ہو گا دو سجدۂ سہو بجالائے۔

(۱) تشہد بھول جانا۔

(۲) چار رکعتی نماز میں دوسرے سجدے کے دوران شک کرنا کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں یا پانچ،

یا شک کرنا کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں یا چھ، بالکل اسی طرح جیسا کہ صحیح شکوک کے نمبر ۲ میں گزر چکا ہے۔

اور تین صورتوں میں احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ دو سجدۂ سہو بجالائے:

(۱) نماز کے بعد اجمالی طور پر معلوم ہو جائے کہ کوئی چیز کم یا زیادہ ہو گئی ہے جبکہ نماز پر صحیح ہونے کا حکم ہو۔

(۲) نماز کی حالت میں بھولے سے کوئی بات کرنا۔

(۳) جہاں سلام نہ پڑھنا ضروری ہو مثلاً پہلی رکعت، وہاں بھولے سے سلام پڑھ لینا۔

احتیاط مستحب یہ ہے کہ اگر ایک سجدہ بھول جائے یا جہاں کھڑا ہونا ضروری ہو، مثلاً الحمد اور سورہ پڑھتے وقت وہاں غلطی سے بیٹھ جائے یا جہاں بیٹھنا ضروری ہو، مثلاً تشہد پڑھتے وقت وہاں غلطی سے کھڑا ہو جائے تو دو سجدۂ سہو ادا کرے بلکہ ہر اس چیز کے لئے جو غلطی سے نماز میں کم یا زیادہ ہو جائے دو سجدۂ سہو کرے۔ ان چند صورتوں کے احکام آئندہ مسائل میں بیان ہوں گے۔

(۱۲۲۴) اگر انسان غلطی سے یا اس خیال سے کہ وہ نماز پڑھ چکا ہے کلام کرے تو احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ دو سجدۂ سہو کرے۔

(۱۲۲۵) اس آواز کے لئے جو کھانسنے سے پیدا ہوتی ہے سجدۂ سہو واجب نہیں لیکن اگر کوئی غلطی سے نالہ و بکا کرے یا آہ بھرے یا آہ کہے تو ضروری ہے کہ احتیاط کی بنا پر سجدۂ سہو کرے۔

(۱۲۲۶) اگر کوئی شخص ایک ایسی چیز کو جو اس نے بھولے سے غلط پڑھی ہو دوبارہ صحیح طور پر پڑھے تو اس کے دوبارہ پڑھنے پر سجدۂ سہو واجب نہیں ہے۔

(۱۲۲۷) اگر کوئی شخص نماز میں غلطی سے کچھ دیر باتیں کرتا رہے اور وہ مکمل گفتگو ایک غلطی کی بنیاد پر ہو تو اس کے لئے نماز کے سلام کے بعد دو سجدۂ سہو کافی ہیں۔

(۱۲۲۸) اگر کوئی شخص غلطی سے تسبیحات اربعہ نہ پڑھے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز کے بعد دو سجدۂ سہو بجالائے۔

(۱۲۲۹) جہاں نماز کا سلام نہیں کہنا چاہئے اگر کوئی شخص غلطی سے اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ کہہ دے یا اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ کہے تو اگرچہ اس نے وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ نہ کہا ہو تب بھی احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ دو سجدۂ سہو کرے۔ لیکن اگر غلطی سے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ کہے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ دو سجدۂ سہو بجالائے۔ لیکن اگر غلطی سے سلام کے دو یا زیادہ حروف زبان سے ادا کرے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ دو سجدۂ سہو ادا کرے۔

(۱۲۳۰) جہاں سلام نہیں پڑھنا چاہئے اگر کوئی شخص وہاں غلطی سے تینوں سلام پڑھ لے تو اس کے لئے دو سجدۂ سہو کافی ہیں۔

(۱۲۳۱) اگر کوئی شخص ایک سجدہ یا تشہد بھول جائے اور بعد کی رکعت کے رکوع سے پہلے اسے یاد آئے تو ضروری ہے کہ پلٹے اور بجالائے اور نماز کے بعد احتیاط مستحب کی بنا پر بے جا قیام کے لئے دو سجدۂ سہو کرے۔

(۱۲۳۲) اگر کسی شخص کو رکوع میں یا اس کے بعد یاد آئے کہ وہ اس سے پہلی رکعت میں ایک سجدہ یا تشہد بھول گیا ہے تو ضروری ہے کہ سلام نماز کے بعد سجدے کی قضا کرے اور تشہد کے لئے دو سجدۂ سہو کرے۔

(۱۲۳۳) اگر کوئی شخص نماز کے سلام کے بعد جان بوجھ کر سجدۂ سہو نہ کرے تو اس نے گناہ کیا ہے اور احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ جس قدر جلدی ہو سکے اسے ادا کرے اور اگر اس نے بھول کر سجدۂ سہو نہیں کیا تو جس وقت بھی اسے یاد آئے ضروری ہے کہ فوراً سجدہ کرے اور اس کے لئے نماز کا دوبارہ پڑھنا ضروری نہیں۔

(۱۲۳۴) اگر کوئی شخص شک کرے کہ مثلاً اس پر دو سجدۂ سہو واجب ہوئے ہیں یا نہیں تو ان کا بجالانا اس کے لئے ضروری نہیں۔

(۱۲۳۵) اگر کوئی شخص شک کرے کہ مثلاً اس پر دو سجدۂ سہو واجب ہوئے ہیں یا چار تو اس کا دو سجدے ادا کرنا کافی ہے۔

(۱۲۳۶) اگر کسی شخص کو علم ہو کہ دو سجدۂ سہو میں سے ایک سجدۂ سہو نہیں بجالایا اور زیادہ فاصلہ ہو جانے کی وجہ سے اس کا تدارک بھی ممکن نہ ہو تو ضروری ہے کہ دو سجدۂ سہو بجالائے اور اگر اسے علم ہو کہ اس نے سہواً تین سجدے کئے ہیں تو ضروری ہے کہ دوبارہ دو سجدۂ سہو بجالائے۔

سجدۂ سہو کا طریقہ

(۱۲۳۷) سجدۂ سہو کا طریقہ یہ ہے کہ سلام نماز کے بعد انسان فوراً سجدۂ سہو کی نیت کرے اور احتیاط لازم کی بنا پر پیشانی کسی ایسی چیز پر رکھ دے جس پر سجدہ کرنا صحیح ہو اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ سجدۂ سہو میں ذکر پڑھے اور بہتر ہے کہ کہے: "بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ." اس کے بعد اسے چاہئے کہ بیٹھ جائے اور دوبارہ سجدے میں جائے اور مذکورہ ذکر پڑھے اور بیٹھ جائے اور تشہد کے بعد کہے "اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ" اور اولیٰ یہ ہے کہ "وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ" کا اضافہ کرے۔

بھولے ہوئے سجدے اور تشہد کی قضا

(۱۲۳۸) اگر انسان سجدہ اور تشہد بھول جائے اور نماز کے بعد ان کی قضا بجالائے تو ضروری ہے کہ وہ نماز کی تمام شرائط مثلاً بدن اور لباس کا پاک ہونا اور رو بقبلہ ہونا اور دیگر شرائط پوری کرتا ہو۔

(۱۲۳۹) اگر انسان کئی دفعہ سجدہ کرنا بھول جائے مثلاً ایک سجدہ پہلی رکعت میں اور ایک سجدہ دوسری رکعت میں بھول جائے تو ضروری ہے کہ نماز کے بعد ان دونوں سجدوں کی قضا بجالائے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ بھولی

ہوئی ہر چیز کے لئے احتیاطاً دو سجدۂ سہو کرے۔

(۱۲۴۰) اگر انسان ایک سجدہ اور ایک تشہد بھول جائے تو احتیاطاً ہر ایک کے لئے دو سجدۂ سہو بجالائے ضروری ہے کہ بھولے ہوئے تشہد کے لئے دو سجدۂ سہو بجالائے لیکن بھولے ہوئے سجدے کے لئے سجدۂ سہو انجام دینا ضروری نہیں۔ ہاں بہتر ہے۔

(۱۲۴۱) اگر انسان دو رکعتوں میں سے دو سجدے بھول جائے تو اس کے لئے ضروری نہیں کہ قضا کرتے وقت ترتیب سے بجالائے۔

(۱۲۴۲) اگر انسان نماز کے سلام اور سجدے کی قضا کے درمیان کوئی ایسا کام کرے جس کے عمداً یا سہواً کرنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے۔ مثلاً پیٹھ قبلے کی طرف کرے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ سجدے کی قضا کے بعد دوبارہ نماز پڑھے۔

(۱۲۴۳) اگر کسی شخص کو نماز کے سلام کے بعد یاد آئے کہ آخری رکعت کا ایک سجدہ بھول گیا ہے اور نماز توڑنے والا کوئی کام مثلاً حدث، اس سے سرزد نہ ہوا ہو تو ضروری ہے کہ سجدہ اور اس کے بعد کی چیزیں یعنی تشہد اور سلام انجام دے اور احتیاط واجب کی بنا پر بے محل سلام کے لئے دو سجدۂ سہو کرے۔

(۱۲۴۴) اگر ایک شخص نماز کے سلام اور سجدے کی قضا کے درمیان کوئی ایسا کام کرے جس کے لئے سجدۂ سہو واجب ہو جاتا ہو مثلاً بھولے سے کلام کرے تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ پہلے سجدے کی قضا کرے اور بعد میں دو سجدۂ سہو کرے۔

(۱۲۴۵) اگر کسی شخص کو یہ علم نہ ہو کہ نماز میں سجدہ بھولا ہے یا تشہد تو ضروری ہے کہ سجدے کی قضا کرے اور دو سجدۂ سہو ادا کرے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ تشہد کی بھی قضا کرے۔

(۱۲۴۶) اگر کسی شخص کو شک ہو کہ سجدہ یا تشہد بھولا ہے یا نہیں تو اس کے لئے ان کی قضا کرنا یا سجدۂ سہو ادا کرنا واجب نہیں ہے۔

(۱۲۴۷) اگر کسی شخص کو علم ہو کہ سجدہ بھول گیا ہے اور شک کرے کہ بعد کی رکعت کے رکوع سے پہلے اسے یاد آیا تھا اور اسے بجالایا تھا یا نہیں تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس کی قضا کرے۔

(۱۲۴۸) جس شخص پر سجدے کی قضا ضروری ہو، اگر کسی دوسرے کام کی وجہ سے اس پر سجدۂ سہو واجب ہو جائے تو ضروری ہے کہ احتیاط کی بنا پر نماز ادا کرنے کے بعد پہلے سجدے کی قضا کرے اور اس کے بعد سجدۂ سہو کرے۔

(۱۲۴۹) اگر کسی شخص کو شک ہو کہ نماز پڑھنے کے بعد بھولے ہوئے سجدے کی قضا بجالایا ہے یا نہیں اور نماز کا وقت نہ گزرا ہو تو ضروری ہے کہ سجدے کی قضا کرے بلکہ اگر نماز کا وقت گزر بھی گیا ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اس کی قضا کرنا ضروری ہے۔

نماز کے اجزا اور شرائط کو کم یا زیادہ کرنا

(۱۲۵۰) جب نماز کے واجبات میں سے کوئی چیز جان بوجھ کر کم یا زیادہ کی جائے تو خواہ وہ ایک حرف ہی کیوں نہ ہو نماز باطل ہے۔

(۱۲۵۱) اگر کوئی شخص مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے نماز کے واجب ارکان میں سے کوئی ایک کم کر دے تو نماز باطل ہے۔ ہاں جاہل قاصر یعنی وہ شخص جس نے کسی قابل اعتماد شخص کی بات یا کسی معتبر رسالے کی تحریر پر بھروسہ کیا ہو اور بعد میں معلوم ہوا ہو کہ اس شخص یا رسالے سے غلطی ہوئی تھی، اگر کسی غیر رکنی واجب کو کم کرے تو نماز باطل نہیں ہوتی۔ چنانچہ اگر مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے اگرچہ کوتاہی کی وجہ سے ہو صبح اور مغرب اور عشاء کی نمازوں میں الحمد اور سورہ آہستہ پڑھے یا ظہر اور عصر کی نمازوں میں الحمد اور سورہ آواز سے پڑھے یا سفر میں ظہر، عصر اور عشاء کی نمازوں کی چار رکعتیں پڑھے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۲۵۲) اگر نماز کے دوران یا اس کے بعد کسی شخص کو معلوم ہو جائے کہ اس کا وضو یا غسل باطل تھا یا وضو یا غسل کئے بغیر نماز پڑھنے لگا ہے تو ضروری ہے کہ نماز توڑ دے اور دوبارہ وضو یا غسل کے ساتھ پڑھے اور اگر نماز کا وقت گزر گیا ہو تو اس کی قضا کرے۔

(۱۲۵۳) اگر کسی شخص کو رکوع میں پہنچنے کے بعد یاد آئے کہ پہلے والی رکعت کے دو سجدے بھول گیا ہے تو اس کی نماز احتیاط کی بنا پر باطل ہے اور اگر یہ بات اسے رکوع میں پہنچنے سے پہلے یاد آئے تو ضروری ہے کہ واپس مڑے اور دو سجدے بجالائے اور پھر کھڑا ہو جائے اور الحمد اور سورہ یا تسبیحات پڑھے اور نماز کو تمام کرے اور نماز کے بعد احتیاط مستحب کی بنا پر بے محل قیام کے لئے دو سجدۂ سہو کرے۔

(۱۲۵۴) اگر کسی شخص کو اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا اور اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ کہنے سے پہلے یاد آئے کہ وہ آخری رکعت کے دو سجدے بجا نہیں لایا تو ضروری ہے کہ دو سجدے بجالائے اور دوبارہ تشہد اور سلام پڑھے۔

(۱۲۵۵) اگر کسی شخص کو نماز کے سلام سے پہلے یاد آئے کہ اس نے نماز کے آخری حصے کی ایک یا ایک سے زیادہ رکعتیں نہیں پڑھیں تو ضروری ہے کہ جتنا حصہ بھول گیا ہو اسے بجالائے۔

(۱۲۵۶) اگر کسی شخص کو نماز کے سلام کے بعد یاد آئے کہ اس نے نماز کے آخری حصے کی ایک یا ایک سے زیادہ رکعتیں نہیں پڑھیں اور اس سے ایسا کام بھی سرزد ہو چکا ہو کہ اگر وہ نماز میں عمداً یا سہواً کیا جائے تو نماز کو باطل کر دیتا ہو، مثلاً اس نے قبلے کی طرف پیٹھ کی ہو تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر اس نے کوئی ایسا کام نہ کیا ہو جس کا عمداً یا سہواً کرنا نماز کو باطل کرتا ہو تو ضروری ہے کہ جتنا حصہ پڑھنا بھول گیا ہو اسے فوراً بجالائے اور زائد سلام کے لئے احتیاط لازم کی بنا پر دو سجدۂ سہو کرے۔

(۱۲۵۷) جب کوئی شخص نماز کے سلام کے بعد ایک ایسا کام انجام دے جو اگر نماز کے دوران عمداً یا سہواً کیا جائے تو نماز کو باطل کر دیتا ہو، مثلاً پیٹھ قبلے کی طرف کرے اور بعد میں اسے یاد آئے کہ وہ دو آخری سجدے بجا

نہیں لایا تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر نماز کو باطل کرنے والا کوئی کام کرنے سے پہلے اسے یہ بات یاد آئے تو ضروری ہے کہ جو دو سجدے ادا کرنا بھول گیا ہے انہیں بجالائے اور دوبارہ تشہد اور سلام پڑھے اور جو سلام پہلے پڑھ چکا ہو اس کے لئے احتیاط واجب کی بنا پر دو سجدۂ سہو کرے۔

(۱۲۵۸) اگر کسی شخص کو پتا چلے کہ اس نے نماز وقت سے پہلے پڑھ لی ہے تو ضروری ہے کہ دوبارہ پڑھے اور اگر وقت گزر گیا ہو تو قضا کرے۔ اگر یہ پتا چلے کہ قبلے کی طرف پیٹھ کرکے پڑھی ہے یا ۹۰ ڈگری یا اس سے زیادہ ہٹ کر پڑھی ہے اور ابھی وقت نہ گزرا ہو تو ضروری ہے کہ دوبارہ پڑھے اور اگر وقت گزر چکا ہو اور تردد کا شکار ہو یا حکم سے لاعلم ہو تو قضا ضروری ہے ورنہ قضا ضروری نہیں۔ اگر پتا چلے کہ ۹۰ ڈگری سے کم ہٹ کر نماز پڑھی ہے اور قبلے کی سمت تبدیل کرنے کا اس کے پاس کوئی معقول عذر نہ ہو، مثلاً قبلے کی سمت تلاش کرنے میں یا مسئلہ معلوم کرنے میں کوتاہی کی ہو تو احتیاط کی بنا پر دوبارہ نماز پڑھنا ضروری ہے۔ چاہے وقت باقی ہو یا گزر چکا ہو۔ ہاں اگر اس کے پاس معقول عذر موجود ہو تو نماز کو دہرانا ضروری نہیں۔

مسافر کی نماز

ضروری ہے کہ مسافر ظہر، عصر اور عشاء کی نماز آٹھ شرطیں ہوتے ہوئے قصر بجالائے یعنی دو رکعت پڑھے۔

(پہلی شرط) اس کا سفر آٹھ شرعی فرسخ (تقریباً ۴۴ کلومیٹر) سے کم نہ ہو۔

(۱۲۵۹) جس شخص کے جانے اور واپس آنے کی مجموعی مسافت ملا کر آٹھ فرسخ ہو اور خواہ اس کے جانے کی یا واپسی کی مسافت چار فرسخ سے کم ہو یا نہ ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر کرکے پڑھے۔ لہٰذا اگر جانے کی مسافت تین فرسخ اور واپسی کی پانچ فرسخ یا اس کے برعکس ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر یعنی دو رکعتی پڑھے۔

(۱۲۶۰) اگر سفر پر جانے اور واپس آنے کی مسافت آٹھ فرسخ ہو تو اگرچہ جس دن وہ گیا ہو اسی دن یا اسی رات کو واپس پلٹ کر نہ آئے، ضروری ہے کہ نماز قصر کرکے پڑھے لیکن اس صورت میں بہتر ہے کہ احتیاطاً پوری نماز بھی پڑھے۔

(۱۲۶۱) اگر ایک مختصر سفر آٹھ فرسخ سے کم ہو یا انسان کو علم نہ ہو کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ ہے یا نہیں تو اسے نماز قصر کرکے نہیں پڑھنی چاہئے اور اگر شک کرے کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ ہے یا نہیں تو اس کے لئے تحقیق کرنا ضروری نہیں اور ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔

(۱۲۶۲) اگر ایک عادل یا قابل اعتماد شخص کسی کو بتائے کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ ہے اور وہ اس کی بات سے مطمئن ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر کرکے پڑھے۔

(۱۲۶۳) ایسا شخص جسے یقین ہو کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ ہے اگر نماز قصر کرکے پڑھے اور بعد میں اسے پتا چلے کہ آٹھ فرسخ نہ تھا تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے اور اگر وقت گزر گیا ہو تو اس کی قضا بجالائے۔

(۱۲۶۴) جس شخص کو یقین ہو کہ جس جگہ وہ جانا چاہتا ہے وہاں کا سفر آٹھ فرسخ نہیں یا شک ہو کہ آٹھ فرسخ ہے یا نہیں اور راستے میں اسے معلوم ہو جائے کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ تھا تو گو تھوڑا سا سفر باقی ہو، ضروری ہے کہ نماز قصر کرکے پڑھے اور اگر پوری نماز پڑھ چکا ہو تو ضروری ہے کہ دوبارہ قصر پڑھے۔ لیکن اگر وقت گزر گیا ہو تو قضا ضروری نہیں ہے۔

(۱۲۶۵) اگر دو جگہوں کا درمیانی فاصلہ چار فرسخ سے کم ہو اور کوئی شخص کئی دفعہ ان کے درمیان جائے اور آئے تو خواہ ان تمام مسافتوں کا فاصلہ ملا کر آٹھ فرسخ بھی ہو جائے تو اسے نماز پوری پڑھنی ضروری ہے۔

(۱۲۶۶) اگر کسی جگہ جانے کے دو راستے ہوں اور ان میں سے ایک راستہ آٹھ فرسخ سے کم اور دوسرا آٹھ فرسخ یا اس سے زیادہ ہو تو اگر انسان وہاں اس راستے سے جائے جو آٹھ فرسخ ہے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کرکے پڑھے اور اگر اس راستے سے جائے جو آٹھ فرسخ سے کم ہے تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔

(۱۲۶۷) آٹھ فرسخ کی ابتدا اس جگہ سے حساب کرنا ضروری ہے جہاں سے گزر جانے کے بعد آدمی مسافر شمار ہوتا ہے اور غالباً وہ جگہ شہر کی انتہا ہوتی ہے لیکن بعض بہت بڑے شہروں میں ممکن ہے وہ شہر کا آخری محلہ ہو جبکہ سفر کی انتہا وہ آخری مقام سمجھا جائے گا جہاں تک انسان کو جانا ہے۔

(دوسری شرط) مسافر اپنے سفر کی ابتدا سے ہی آٹھ فرسخ طے کرنے کا ارادہ رکھتا ہو یعنی یہ جانتا ہو کہ آٹھ فرسخ تک کا فاصلہ طے کرے گا، لہٰذا اگر وہ اس جگہ تک کا سفر کرے جو آٹھ فرسخ سے کم ہو اور وہاں پہنچنے کے بعد کسی ایسی جگہ جانے کا ارادہ کرے جس کا فاصلہ طے کردہ فاصلے سے ملا کر آٹھ فرسخ ہو جاتا ہو تو چونکہ وہ شروع سے آٹھ فرسخ طے کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا تھا اس لئے ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔ لیکن اگر وہ وہاں سے آٹھ فرسخ آگے جانے کا ارادہ کرے یا اتنا فاصلہ طے کرنے کا ارادہ کرے جو واپسی ملا کر آٹھ فرسخ بن جاتا ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر پڑھے۔

(۱۲۶۸) جس شخص کو یہ علم نہ ہو کہ اس کا سفر کتنے فرسخ کا ہے، مثلاً کسی گمشدہ (شخص یا چیز) کو ڈھونڈنے کے لئے سفر کر رہا ہو اور نہ جانتا ہو کہ اسے پالینے کے لئے اسے کہاں تک جانا پڑے گا تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔ لیکن اگر واپسی پر اس کے وطن یا اس جگہ تک کا فاصلہ جہاں وہ دس دن قیام کرنا چاہتا ہو آٹھ فرسخ یا اس سے زیادہ بنتا ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر کرکے پڑھے۔ مزید برآں اگر وہ سفر کے دوران ارادہ کرلے کہ وہ اتنی مسافت طے کرے گا جو واپسی ملا کر آٹھ فرسخ بن جائے گی تو ضروری ہے کہ نماز قصر کرکے پڑھے۔

(۱۲۶۹) مسافر کو نماز قصر کرکے اس صورت میں پڑھنی ضروری ہے کہ جب اس کا آٹھ فرسخ طے کرنے کا پختہ ارادہ ہو، لہٰذا اگر کوئی شخص شہر سے باہر جا رہا ہو اور مثال کے طور پر اس کا ارادہ یہ ہو کہ اگر کوئی ساتھی مل گیا تو آٹھ فرسخ کے سفر پر چلا جاؤں گا اور اسے اطمینان ہو کہ ساتھی مل جائے گا تو اسے نماز قصر کرکے پڑھنی ضروری ہے اور اگر اسے اس بارے میں اطمینان نہ ہو تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔

(۱۲۷۰) جو شخص آٹھ فرسخ سفر کرنے کا ارادہ رکھتا ہو وہ اگرچہ ہر روز تھوڑا سا فاصلہ طے کرے، جب حد ترخص — جس کے معنی مسئلہ ۱۳۰۵ میں آئیں گے — تک پہنچ جائے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کرکے پڑھے

لیکن اگر ہر روز بہت کم فاصلہ طے کرے تو احتیاط لازم یہ ہے کہ اپنی نماز پوری بھی پڑھے اور قصر بھی پڑھے۔

(۱۲۷۱) جو شخص سفر میں کسی دوسرے کے اختیار میں ہو، مثلاً بیوی بچے یا نوکر یا قیدی اگر اسے علم ہو کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ کا ہے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے اور اگر اسے علم نہ ہو تو پوری نماز پڑھے اور اس بارے میں پوچھنا ضروری نہیں، اگرچہ بہتر ہے۔

(۱۲۷۲) جو شخص سفر میں کسی دوسرے کے اختیار میں ہو اگر وہ جانتا ہو یا گمان رکھتا ہو کہ چار فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اس سے جدا ہو جائے گا اور سفر نہیں کرے گا تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔

(۱۲۷۳) جو شخص سفر میں کسی دوسرے کے اختیار میں ہو اگر اسے اطمینان نہ ہو کہ چار فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اس سے جدا ہو جائے گا اور سفر جاری نہیں رکھے گا تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے لیکن اگر اسے اطمینان ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(تیسری شرط) راستے میں مسافر اپنے ارادے سے پھر نہ جائے۔ پس اگر وہ چار فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اپنا ارادہ بدل دے یا اس کا ارادہ متزلزل ہو جائے اور طے شدہ فاصلہ، واپسی کا فاصلہ ملا کر آٹھ فرسخ سے کم ہو تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔

(۱۲۷۴) اگر کوئی شخص کچھ فاصلہ طے کرنے کے بعد جو کہ واپسی کے سفر کو ملا کر آٹھ فرسخ ہو سفر ترک کر دے اور پختہ ارادہ کر لے کہ اسی جگہ رہے گا یا دس دن گزرنے کے بعد واپس جائے گا یا واپس جانے اور ٹھہرنے کے بارے میں کوئی فیصلہ نہ کر پائے تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔

(۱۲۷۵) اگر کوئی شخص کچھ فاصلہ طے کرنے کے بعد جو کہ واپسی کے سفر کو ملا کر آٹھ فرسخ ہو سفر ترک کر دے اور واپس جانے کا پختہ ارادہ کر لے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔ اگرچہ وہ اس جگہ دس دن سے کم مدت کے لئے ہی رہنا چاہتا ہو۔

(۱۲۷۶) اگر کوئی شخص کسی ایسی جگہ جانے کے لئے جو آٹھ فرسخ دور ہو سفر شروع کرے اور کچھ راستہ طے کرنے کے بعد کسی اور جگہ جانا چاہے اور جس جگہ سے اس نے سفر شروع کیا ہے وہاں سے اس جگہ تک جہاں وہ اب جانا چاہتا ہے آٹھ فرسخ بنتے ہوں تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۲۷۷) اگر کوئی شخص آٹھ فرسخ تک فاصلہ طے کرنے سے پہلے متردد ہو جائے کہ باقی راستہ طے کرے یا نہیں اور دوران تردد سفر نہ کرے اور بعد میں باقی راستہ طے کرنے کا پختہ ارادہ کر لے تو ضروری ہے کہ سفر کے خاتمے تک نماز قصر پڑھے۔

(۱۲۷۸) اگر کوئی شخص آٹھ فرسخ کا فاصلہ طے کرنے سے پہلے تردد کا شکار ہو جائے کہ باقی راستہ طے کرے یا نہیں اور حالت تردد میں کچھ فاصلہ طے کر لے اور بعد میں پختہ ارادہ کر لے کہ آٹھ فرسخ مزید سفر کرے گا یا ایسی جگہ جائے کہ جہاں تک اس کا جانا اور آنا آٹھ فرسخ ہو جائے گا تو ضروری ہے کہ سفر کے خاتمے تک نماز قصر پڑھے۔

(۱۲۷۹) اگر کوئی شخص آٹھ فرسخ کا فاصلہ طے کرنے سے پہلے متردد ہو جائے کہ باقی راستہ طے کرے یا نہیں اور حالت تردد میں کچھ فاصلہ طے کر لے اور بعد میں پختہ ارادہ کر لے کہ باقی راستہ بھی طے کرے گا،

چنانچہ تردد کے عالم میں طے شدہ تعداد کو نکال کر باقی آنے اور جانے کا کل فاصلہ آٹھ فرسخ بنتا ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر پڑھے اور اگر آٹھ فرسخ نہ بنتا ہو تو ضروری ہے کہ پوری پڑھے۔

(چوتھی شرط) مسافر آٹھ فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اپنے وطن سے گزرنے اور وہاں توقف کرنے یا کسی جگہ دس دن یا اس سے زیادہ دن رہنے کا ارادہ نہ رکھتا ہو۔ پس جو شخص یہ چاہتا ہو کہ آٹھ فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اپنے وطن سے گزرے اور وہاں توقف کرے یا دس دن کسی جگہ پر رہے تو ضروری ہے کہ نماز پوری پڑھے۔ ہاں اگر اپنے وطن سے توقف کئے بغیر گزرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو ضروری ہے کہ احتیاطاً نماز قصر بھی پڑھے اور پوری بھی پڑھے۔

(۱۲۸۰) جس شخص کو یہ علم نہ ہو کہ آٹھ فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اپنے وطن سے گزرے گا یا نہیں یا کسی جگہ دس دن ٹھہرنے کا قصد کرے گا یا نہیں تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔

(۱۲۸۱) وہ شخص جو آٹھ فرسخ تک پہنچنے سے پہلے اپنے وطن سے گزرنا اور وہاں توقف کرنا چاہتا ہو یا کسی جگہ دس دن رہنا چاہتا ہو اور وہ شخص بھی جو وطن سے گزرنے یا کسی جگہ دس دن رہنے کے بارے میں متردد ہو، اگر وہ دس دن کہیں رہنے یا وطن سے گزرنے کا ارادہ ترک بھی کر دے تب بھی ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔ لیکن اگر باقی ماندہ راستہ چاہے واپسی کا راستہ ملا کر آٹھ فرسخ ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(پانچویں شرط) مسافر حرام کام کے لئے سفر نہ کرے اور اگر حرام کام مثلاً چوری کرنے کے لئے سفر کرے تو ضروری ہے کہ نماز پوری پڑھے۔ اگر خود سفر ہی حرام ہو مثلاً اس سفر میں اس کے لئے کوئی ایسا ضرر مضمر ہو جو خون یا کسی عضو کے ناقص ہونے کا باعث ہو یا عورت شوہر کی اجازت کے بغیر ایسے سفر پر جائے جو اس پر واجب نہ ہو تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ لیکن اگر حج کے سفر کی طرح واجب ہو تو نماز قصر کر کے پڑھنی ضروری ہے۔

(۱۲۸۲) جو سفر واجب نہ ہو اگر ماں باپ کی اولاد سے محبت کی وجہ سے ان کیلئے اذیت کا باعث ہو تو حرام ہے اور ضروری ہے کہ انسان اس سفر میں پوری نماز پڑھے اور (رمضان کا مہینہ ہو تو) روزہ بھی رکھے۔

(۱۲۸۳) جس شخص کا سفر حرام نہ ہو اور وہ کسی حرام کام کے لئے بھی سفر نہ کر رہا ہو، وہ اگرچہ سفر میں گناہ بھی کرے، مثلاً غیبت کرے یا شراب پیئے تب بھی ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۲۸۴) اگر کوئی شخص کسی واجب کام کو ترک کرنے کے لئے سفر کرے تو خواہ سفر میں اس کی کوئی دوسری غرض ہو یا نہ ہو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔ پس جو شخص مقروض ہو اور اپنا قرض چکا سکتا ہو اور قرض خواہ مطالبہ بھی کرے تو اگر وہ سفر کرتے ہوئے اپنا قرض ادا نہ کر سکے اور قرض چکانے سے فرار حاصل کرنے کے لئے سفر کرے تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے لیکن اگر اس کا سفر کسی اور کام کے لئے ہو تو اگرچہ وہ سفر میں ترک واجب کا مرتکب بھی ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۲۸۵) اگر کسی شخص کا سفر میں سواری کا جانور یا سواری کی کوئی اور چیز جس پر وہ سوار ہو غصبی ہو اور مالک سے فرار ہونے کے لئے سفر کر رہا ہو یا وہ غصبی زمین پر سفر کر رہا ہو تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔

(۱۲۸۶) جو شخص کسی ظالم کے ساتھ سفر کر رہا ہو اگر وہ مجبور نہ ہو اور اس کا سفر کرنا ظالم کے ظلم کرنے میں مدد کا موجب ہو تو اسے پوری نماز پڑھنی ضروری ہے اور اگر مجبور ہو یا مثال کے طور پر کسی مظلوم کو چھڑانے کے لئے اس ظالم کے ساتھ سفر کرے تو اس کی نماز قصر ہوگی۔

(۱۲۸۷) اگر کوئی شخص سیر و تفریح کی غرض سے سفر کرے تو اس کا سفر حرام نہیں ہے اور ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۲۸۸) اگر کوئی شخص موج میلے اور سیر و تفریح کے لئے شکار کو جائے تو اگرچہ اس کا جانا حرام نہیں ہے لیکن اس کی نماز جاتے وقت پوری ہے اور واپسی پر اگر مسافت کی حد پوری ہو تو قصر ہے۔ اس صورت میں کہ اس کی حد مسافت پوری ہو اور شکار پر جانے کی مانند نہ ہو لہٰذا اگر حصول معاش کے لئے شکار کو جائے تو اس کی نماز قصر ہے اور اگر کمائی اور افزائش دولت کے لئے جائے تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ اگرچہ اس صورت میں احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز قصر کر کے بھی پڑھے اور پوری بھی پڑھے۔

(۱۲۸۹) اگر کوئی شخص گناہ کا کام کرنے کے لئے سفر کرے اور سفر سے واپسی کے وقت فقط اس کی واپسی کا سفر آٹھ فرسخ ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ اگر اس نے توبہ نہ کی ہو تو نماز قصر کر کے بھی پڑھے اور پوری بھی پڑھے۔

(۱۲۹۰) جس شخص کا سفر گناہ کا سفر ہو اگر وہ سفر کے دوران گناہ کا ارادہ ترک کر دے تو خواہ باقی ماندہ مسافت یا کسی جگہ جانا اور واپس آنا آٹھ فرسخ ہو یا نہ ہو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۲۹۱) جس شخص نے گناہ کرنے کی غرض سے سفر نہ کیا ہو اگر وہ راستے میں طے کرے کہ بقیہ راستہ گناہ کیلئے طے کرے گا تو ضروری ہے کہ نماز پوری پڑھے۔ البتہ اس نے جو نمازیں قصر کر کے پڑھی ہوں وہ صحیح ہیں۔

(چھٹی شرط) ان لوگوں میں سے نہ ہو جن کے قیام کی کوئی (مستقل) جگہ نہیں ہوتی اور ان کے گھر ان کے ساتھ ہوتے ہیں۔ یعنی ان صحرا نشینوں (خانہ بدوشوں) کی مانند جو بیابانوں میں گھومتے رہتے ہیں اور جہاں کہیں اپنے اور اپنے مویشیوں کے لئے دانہ پانی دیکھتے ہیں وہیں ڈیرا ڈال دیتے ہیں اور پھر کچھ دنوں کے بعد دوسری جگہ چلے جاتے ہیں۔ پس ضروری ہے کہ ایسے لوگ ایسے سفر میں پوری نماز پڑھیں۔

(۱۲۹۲) اگر کوئی صحرا نشین مثلاً جائے قیام اور اپنے حیوانات کے لئے چراگاہ تلاش کرنے کے لئے سفر کرے اور مال و اسباب اس طرح اس کے ہمراہ ہو کہ یہ کہا جا سکے کہ اس کا گھر اس کے ہمراہ ہے تو وہ پوری نماز پڑھے، ورنہ اگر اس کا سفر آٹھ فرسخ ہو تو نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۲۹۳) اگر کوئی صحرا نشین مثلاً حج، زیارت، تجارت یا ان سے ملتے جلتے کسی مقصد سے سفر کرے تو اگر نہ کہا جا سکے کہ اس کا گھر اس کے ساتھ نہیں ہے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے اور اگر یہ کہا جا سکے تو ضروری ہے کہ نماز پوری پڑھے۔

(ساتویں شرط) وہ شخص ''کثیر السفر'' نہ ہو۔ پس وہ شخص جس کا پیشہ سفر سے ہی وابستہ

ہے جیسے ڈرائیور، ملاح، گلہ بان اور ڈاکیہ وغیرہ یا وہ شخص جو زیادہ سفر کرتا ہو چاہے اس کا پیشہ سفر سے وابستہ نہ ہو جیسے وہ شخص جو ہفتے میں تین دن سفر میں گزارتا ہو، چاہے اس کا سفر تفریح یا سیاحت کے لئے ہو، ایسے افراد کے لئے ضروری ہے کہ اپنی نمازیں پوری پڑھیں۔

(۱۲۹۴) جس شخص کا پیشہ سفر میں ہو اگر وہ کسی دوسرے مقصد مثلاً حج یا زیارت کے لئے سفر کرے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے لیکن اگر عرف عام میں کثیر السفر کہلاتا ہو مثلاً وہ شخص جو ہمیشہ ہفتے میں تین دن سفر میں رہتا ہو تو قصر نہ کرے، لیکن اگر مثال کے طور پر ڈرائیور اپنی گاڑی زیارت کے لئے کرائے پر چلائے اور ضمناً خود بھی زیارت کرے تو ہر حال میں ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔

(۱۲۹۵) وہ قافلہ سالار جو حاجیوں کو مکہ پہنچانے کے لئے سفر کرتا ہو اگر اس کا پیشہ سفر کرنا ہو تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے اور اگر اس کا پیشہ سفر کرنا نہ ہو اور صرف حج کے دنوں میں قافلہ لے جانے کے لئے سفر کرتا ہو تو اگر اس کے سفر کی مدت کم ہو مثلاً دو تین ہفتے ہو تو نماز قصر پڑھے جبکہ اگر اس کے سفر کی مدت طولانی ہو جیسے تین ماہ تو نماز تمام پڑھے اور اگر شک کرے کہ اسے ''کثیر السفر'' کہا جائے گا یا نہیں تو احتیاط کرتے ہوئے قصر بھی پڑھے اور پوری بھی۔

(۱۲۹۶) ڈرائیور یا اس جیسے کسی اور پیشے کا پیشہ ور کہلانے کے لئے ضروری ہے کہ ڈرائیونگ جاری رکھنے کا ارادہ ہو اور درمیان میں آرام کا وقفہ معمول کے مطابق ڈرائیوروں کے آرام کے وقفے سے زیادہ نہ ہو، لہٰذا اگر کوئی شخص مثلاً ہفتے میں ایک دن سفر پر جائے تو اسے ڈرائیور نہیں کہا جا سکتا۔ البتہ ''کثیر السفر'' ایک ایسے شخص کو کہا جا سکتا ہے جو ہر ہفتے کم از کم تین دن یا ہر مہینے دس دن سفر میں رہتا ہو اور کم از کم ایک سال میں چھ ماہ یا دو یا دو سے زیادہ سالوں میں تین ماہ اسی کیفیت میں رہنے کا ارادہ ہو (البتہ پہلے مہینے میں ضروری ہے کہ احتیاط کرتے ہوئے دونوں ذمہ داریوں کو ادا کرے)۔ ایسا شخص کثیر السفر نہیں ہے جو ہر ہفتے ایک دن سفر میں رہتا ہو۔ البتہ جو شخص ہر ہفتے دو دن سفر میں رہتا ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ قصر بھی پڑھے اور پوری بھی پڑھے۔

(۱۲۹۷) جس شخص کا پیشہ سال کے کچھ حصے میں سفر کرنا ہو مثلاً ایک ڈرائیور جو صرف گرمیوں یا سردیوں کے دنوں میں اپنی گاڑی کرائے پر چلاتا ہو ضروری ہے کہ اس سفر میں نماز پوری پڑھے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ قصر کر کے بھی پڑھے اور پوری بھی پڑھے۔

(۱۲۹۸) ڈرائیور اور پھیری والا جو شہر کے آس پاس دو تین فرسخ میں آتا جاتا ہو اگر وہ اتفاقاً آٹھ فرسخ کے سفر پر چلا جائے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۲۹۹) جس کا پیشہ ہی مسافرت ہے اگر دس دن یا اس سے زیادہ عرصے اپنے وطن میں رہ جائے تو خواہ وہ ابتدا سے دس دن رہنے کا ارادہ رکھتا ہو یا بغیر ارادے کے اتنے دن رہے تو ضروری ہے کہ دس دن کے بعد جب پہلے سفر پر جائے تو نماز پوری پڑھے اور اگر اپنے وطن کے علاوہ کسی دوسری جگہ رہنے کا قصد کر کے یا بغیر قصد کے دس دن وہاں مقیم رہے تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ البتہ ساربان اور ڈرائیور جو اپنی گاڑی کرائے پر چلاتا ہے، ان کے لئے خاص طور پر حکم ہے کہ ایسی صورت میں احتیاط مستحب کی بنا پر جب دس دن قیام کے

بعد پہلے سفر پر نکلیں تو نماز قصر بھی پڑھیں اور پوری بھی۔

(۱۳۰۰) جس شخص کا پیشہ مسافرت ہو اس کے لئے یہ شرط نہیں ہے کہ کم از کم تین بار مسافرت کرے تاکہ اسکی نماز پوری ہو بلکہ جیسے ہی اسے ڈرائیور وغیرہ کہا جاسکے تو چاہے پہلا سفر ہی کیوں نہ ہو اس کی نماز پوری ہے۔

(۱۳۰۱) ڈرائیور اور ساربان کی طرح جن کا پیشہ سفر کرنا ہے اگر معمول سے زیادہ سفر ان کی مشقت اور تھکاوٹ کا سبب ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر پڑھیں۔

(۱۳۰۲) سیاح کہ جو شہر بہ شہر سیاحت کرتا ہو اور جس نے اپنے لئے کوئی وطن معین نہ کیا، ہو وہ پوری نماز پڑھے۔

(۱۳۰۳) جس شخص کا پیشہ سفر کرنا نہ ہو اگر مثلاً کسی شہر یا گاؤں میں اس کا کوئی سامان ہو اور وہ اسے لینے کے لئے سفر پر سفر کرے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔ مگر یہ کہ کثیر السفر بن جائے جس کے معنی مسئلہ نمبر ۱۲۹۶ میں ذکر ہو چکے ہیں۔

(۱۳۰۴) جو شخص ترک وطن کر کے دوسرا وطن اپنانا چاہتا ہو اگر اسے کوئی ایسا نام نہ دیا جاسکے جو اس کی نماز کے پورا ہونے کا سبب ہو جیسے کثیر السفر یا خانہ بدوش تو سفر کی حالت میں اسے نماز قصر کر کے پڑھنی ضروری ہے۔

(آٹھویں شرط) اگر سفر کا آغاز اپنے وطن سے کرے تو حد ترخص تک پہنچ جائے لیکن وطن کے علاوہ حد ترخص معتبر نہیں ہے اور جونہی کوئی شخص اپنی اقامت گاہ سے نکلے اس کی نماز قصر ہے۔

(۱۳۰۵) حد ترخص وہ جگہ ہے جہاں سے اہل شہر حتی کہ وہ افراد جو شہر کے مضافات میں شہر کے باہر رہتے ہیں مسافر کو نہ دیکھ سکیں اور اس کی علامت یہ ہے کہ وہ اہل شہر کو نہ دیکھ سکے۔

(۱۳۰۶) جو مسافر اپنے وطن واپس آ رہا ہو جب تک وہ اپنے وطن واپس نہ پہنچے قصر نماز پڑھنا ضروری ہے۔ ایسے ہی جو مسافر وطن کے علاوہ کسی اور جگہ دس دن ٹھہرنا چاہتا ہو وہ جب تک اس جگہ نہ پہنچے اسکی نماز قصر ہے۔

(۱۳۰۷) اگر شہر اتنی بلندی پر واقع ہو کہ وہاں کے باشندے دور سے دکھائی دیں یا اس قدر نشیب میں واقع ہو کہ اگر انسان تھوڑا سا دور بھی جائے تو وہاں کے باشندوں کو نہ دیکھ سکے تو اس شہر کے رہنے والوں میں سے جو شخص سفر میں ہو جب وہ اتنا دور چلا جائے کہ اگر وہ شہر ہموار زمین پر ہوتا تو وہاں کے باشندے اس جگہ سے دیکھے نہ جاسکتے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے اور اسی طرح اگر راستے کی بلندی یا پستی معمول سے زیادہ ہو تو ضروری ہے کہ معمول کا لحاظ رکھے۔

(۱۳۰۸) کوئی شخص کشتی یا ریل میں بیٹھے اور حد ترخص تک پہنچنے سے پہلے پوری نماز کی نیت سے نماز پڑھنے لگے تو اگر تیسری رکعت کے رکوع سے پہلے حد ترخص تک پہنچ جائے تو قصر نماز پڑھنا ضروری ہے۔

(۱۳۰۹) جو صورت پچھلے مسئلے میں گزر چکی ہے اس کے مطابق اگر تیسری رکعت کے رکوع کے بعد حد ترخص تک پہنچے تو ضروری ہے کہ اسے دوبارہ قصر کر کے پڑھے اور پہلی نماز کو مکمل کرنا ضروری نہیں۔

(۱۳۱۰) اگر کسی شخص کو یہ یقین ہو جائے کہ وہ حد ترخص تک پہنچ چکا ہے اور نماز قصر کر کے پڑھے اور اس کے بعد معلوم ہو کہ نماز کے وقت حد ترخص تک نہیں پہنچا تھا تو نماز دوبارہ پڑھنا ضروری ہے۔ چنانچہ جب تک

حد ترخص تک نہ پہنچا ہو تو نماز پوری پڑھنا ضروری ہے اور اس صورت میں جب کہ حد ترخص سے گزر چکا ہو نماز قصر کر کے پڑھے اور اگر وقت نکل چکا ہو تو نماز کو اس کے فوت ہوتے وقت جو حکم تھا اس کے مطابق ادا کرے۔

(۱۳۱۱) اگر مسافر کی قوت باصرہ غیر معمولی ہو تو اسے اس مقام پر پہنچ کر نماز قصر کر کے پڑھنی ضروری ہے جہاں سے متوسط قوت کی آنکھ اہل شہر کو نہ دیکھ سکے۔

(۱۳۱۲) اگر مسافر کو سفر کے دوران شک ہو کہ حد ترخص تک پہنچا ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے۔

(۱۳۱۳) جو مسافر سفر کے دوران اپنے وطن سے گزر رہا ہو اگر وہاں توقف کرے تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے اور اگر توقف نہ کرے تو احتیاط لازم یہ ہے کہ قصر اور پوری نماز دونوں پڑھے۔

(۱۳۱۴) جو مسافر اپنی مسافرت کے دوران اپنے وطن پہنچ جائے اور وہاں کچھ دیر ٹھہرے تو ضروری ہے کہ جب تک وہاں رہے پوری نماز پڑھے لیکن اگر وہ وہاں سے آٹھ فرسخ کے فاصلے پر جانا چاہے یا مثلاً چار فرسخ جانا اور پھر چار فرسخ واپس آنا چاہے تو جس وقت وہ حد ترخص پر پہنچے ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۳۱۵) جس جگہ کو انسان نے اپنی مستقل سکونت اور بود و باش کے لئے منتخب کیا ہو وہ اس کا وطن ہے خواہ وہ وہاں پیدا ہوا ہو اور وہ اس کا آبائی وطن ہو یا اس نے خود اس جگہ کو زندگی بسر کرنے کے لئے اختیار کیا ہو۔

(۱۳۱۶) اگر کوئی شخص ارادہ رکھتا ہو کہ تھوڑی سی مدت ایک ایسی جگہ رہے جو اس کا وطن نہیں ہے اور بعد میں کسی اور جگہ چلا جائے تو وہ اس کا وطن تصور نہیں ہوتا۔

(۱۳۱۷) اگر انسان کسی جگہ کو زندگی گزارنے کے لئے اختیار کرے اگرچہ وہ ہمیشہ رہنے کا قصد نہ رکھتا ہو تاہم ایسا ہو کہ عرف عام میں اسے وہاں مسافر نہ کہیں اور اگرچہ وقتی طور پر دس دن یا دس دن سے زیادہ دوسری جگہ رہے اس کے باوجود پہلی جگہ ہی کو اس کی زندگی گزارنے کی جگہ کہیں گے اور وہی جگہ اس کے وطن کا حکم رکھتی ہے۔

(۱۳۱۸) جو شخص دو مقامات پر زندگی گزارتا ہو، مثلاً چھ مہینے ایک شہر میں اور چھ مہینے دوسرے شہر میں رہتا ہو تو دونوں مقامات اس کا وطن ہیں۔ نیز اگر اس نے دو مقامات سے زیادہ مقامات کو زندگی بسر کرنے کے لئے اختیار کر رکھا ہو تو وہ سب اس کا وطن شمار ہوتے ہیں۔

(۱۳۱۹) بعض فقہاء نے کہا ہے کہ جو شخص کسی ایک جگہ سکونتی مکان کا مالک ہو اگر وہ مسلسل چھ مہینے وہاں رہنے کے ارادے سے رہے تو جس وقت تک مکان اس کی ملکیت میں ہے یہ جگہ اس کے وطن کا حکم رکھتی ہے۔ پس جب بھی وہ سفر کے دوران وہاں پہنچے ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے لیکن یہ حکم ثابت نہیں ہے۔

(۱۳۲۰) اگر ایک شخص کسی ایسے مقام پر پہنچے جو کسی زمانے میں اس کا وطن رہا ہو اور بعد میں اس نے اسے ترک کر دیا ہو تو خواہ اس نے کوئی نیا وطن اپنے لئے منتخب نہ بھی کیا ہو تو ضروری ہے کہ وہاں پوری نماز نہ پڑھے۔

(۱۳۲۱) اگر کسی مسافر کا کسی جگہ پر مسلسل دس دن رہنے کا ارادہ ہو یا وہ جانتا ہو کہ بہ امر مجبوری دس دن تک ایک جگہ رہنا پڑے گا تو وہاں اسے پوری نماز پڑھنی ضروری ہے۔

(۱۳۲۲) اگر کوئی مسافر کسی جگہ دس دن رہنا چاہتا ہو تو ضروری نہیں کہ اس کا ارادہ پہلی رات یا گیارہویں

رات وہاں رہنے کا ہو، جونہی وہ ارادہ کرے کہ پہلے دن کے طلوع آفتاب سے دسویں دن کے غروب آفتاب تک وہاں رہے گا تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے اور مثال کے طور پر اس کا ارادہ پہلے دن کی ظہر سے گیارہویں دن کی ظہر تک وہاں رہنے کا ہو تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔

(۱۳۲۳) جو مسافر کسی جگہ دس دن رہنا چاہتا ہو اسے اس صورت میں پوری نماز پڑھنی ضروری ہے جب وہ سارے کے سارے دن ایک جگہ رہنا چاہتا ہو۔ پس اگر وہ مثال کے طور پر چاہے کہ دس دن نجف اور کوفہ یا تہران اور شمیران (یا کراچی اور حیدرآباد) میں رہے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۳۲۴) جو مسافر کسی جگہ دس دن رہنا چاہتا ہو اگر وہ شروع سے ہی قصد رکھتا ہو کہ ان دس دنوں کے درمیان اس جگہ۔ کے آس پاس ایسے مقامات پر جائے گا جو عرفاً دوسری جگہ سمجھی جاتی ہے اور جس کا فاصلہ چار فرسخ سے کم ہو تو اگر اس کے جانے اور آنے کی مدت عرف میں دس دن قیام کے منافی نہ ہو تو پوری نماز پڑھے اور اگر منافی ہو تو نماز قصر کر کے پڑھے۔ مثلاً اگر ابتدا ہی سے ارادہ ہو کہ ایک پورے دن یا ایک پوری رات کے لئے وہاں سے نکلے گا تو یہ ٹھہرنے کے قصد کے منافی ہے اور ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے لیکن اگر اس کا قصد یہ ہو کہ مثلاً آدھے دن بعد نکلے گا اور پھر فوراً لوٹے گا اگرچہ اس کی واپسی رات ہونے کے بعد ہو تو ضروری ہے کہ نماز پوری پڑھے۔ مگر اس صورت میں کہ اس کا اس طرح نکلنا اتنا تکرار ہو کہ عرفاً یہ کہا جائے کہ دو یا اس سے زیادہ جگہ قیام پذیر ہے۔

(۱۳۲۵) اگر کسی مسافر کا کسی جگہ دس دن رہنے کا مصمم ارادہ نہ ہو، مثلاً اس کا ارادہ یہ ہو کہ اگر اس کا ساتھی آ گیا یا رہنے کو اچھا مکان مل گیا تو دس دن وہاں رہے گا تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۳۲۶) جب کوئی شخص کسی جگہ دس دن رہنے کا مصمم ارادہ رکھتا ہو اگر اسے اس بات کا احتمال ہو کہ اس کے وہاں رہنے میں کوئی رکاوٹ پیدا ہو گی اور اس کا یہ احتمال عقلاء کے نزدیک معقول ہو تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۳۲۷) اگر مسافر کو علم ہو کہ مہینہ ختم ہونے میں مثلاً دس یا دس سے زیادہ دن باقی ہیں اور کسی جگہ مہینے کے آخر تک رہنے کا ارادہ کرے تو ضروری ہے کہ نماز پوری پڑھے۔ لیکن اگر اسے علم نہ ہو کہ مہینہ ختم ہونے میں کتنے دن باقی ہیں اور مہینے کے آخر تک وہاں رہنے کا ارادہ کرے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔ اگرچہ جس وقت اس نے ارادہ کیا تھا اس وقت سے مہینے کے آخری دن تک دس یا اس سے زیادہ دن بنتے ہوں۔

(۱۳۲۸) اگر مسافر کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کرے اور ایک چار رکعتی نماز پڑھنے سے پہلے وہاں رہنے کا ارادہ ترک کر دے یا مذبذب ہو کہ وہاں رہے یا کہیں اور چلا جائے تو ضروری ہے کہ نماز قصر کر کے پڑھے۔ لیکن اگر ایک چار رکعتی نماز پڑنے کے بعد وہاں رہنے کا ارادہ ترک کر دے یا مذبذب ہو جائے تو ضروری ہے کہ جس وقت تک وہاں رہے نماز پوری پڑھے۔

(۱۳۲۹) اگر کوئی مسافر جس نے ایک جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو روزہ رکھ لے اور ظہر کے بعد وہاں رہنے کا ارادہ ترک کر دے جبکہ اس نے ایک چار رکعتی نماز پڑھ لی ہو تو جب تک وہاں رہے اس کے روزے

درست ہیں اور ضروری ہے کہ اپنی نمازیں پوری پڑھے اور اگر اس نے چار رکعتی نماز نہ پڑھی ہو تو احتیاطاً اس دن کا روزہ پورا کرنا نیز اس کی قضا رکھنا ضروری ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ اپنی نمازیں قصر کر کے پڑھے اور بعد کے دنوں میں وہ روزہ بھی نہیں رکھ سکتا۔

(۱۳۳۰) اگر کوئی مسافر جس نے ایک جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو وہاں رہنے کا ارادہ ترک کر دے اور شک کرے کہ وہاں رہنے کا ارادہ ترک کرنے سے پہلے ایک چار رکعتی نماز پڑھی تھی یا نہیں تو ضروری ہے کہ اپنی نمازیں قصر کر کے پڑھے۔

(۱۳۳۱) اگر کوئی مسافر نماز کو قصر کر کے پڑھنے کی نیت سے نماز میں مشغول ہو جائے اور نماز کے دوران مصمم ارادہ کر لے کہ دس یا اس سے زیادہ دن وہاں رہے گا تو ضروری ہے کہ نماز کو چار رکعتی پڑھ کر ختم کرے۔

(۱۳۳۲) اگر کوئی مسافر جس نے ایک جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو پہلی چار رکعتی نماز کے دوران اپنے ارادے سے باز آ جائے اور ابھی تیسری رکعت میں مشغول نہ ہوا ہو تو ضروری ہے کہ دو رکعتی پڑھ کر ختم کرے اور اپنی باقی نمازیں قصر کر کے پڑھے اور اسی طرح اگر تیسری رکعت میں مشغول ہو گیا ہو اور رکوع میں نہ گیا ہو تو ضروری ہے کہ بیٹھ جائے اور نماز کو بصورت قصر ختم کرے اور اگر رکوع میں چلا گیا ہو تو اپنی نماز توڑ سکتا ہے یا مکمل کر سکتا ہے لیکن ضروری ہے کہ اس نماز کو دوبارہ قصر کر کے پڑھے۔

(۱۳۳۳) جس مسافر نے دس دن کسی جگہ رہنے کا ارادہ کیا ہو اگر وہاں دس سے زیادہ دن رہے تو جب تک وہاں سے سفر نہ کرے ضروری ہے کہ نماز پوری پڑھے اور یہ ضروری نہیں کہ دوبارہ دس دن رہنے کا ارادہ کرے۔

(۱۳۳۴) جس مسافر نے کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو تو ضروری ہے کہ واجب روزے رکھے اور مستحب روزہ بھی رکھ سکتا ہے اور ظہر، عصر اور عشاء کی نفلیں بھی پڑھ سکتا ہے۔

(۱۳۳۵) اگر ایک مسافر جس نے کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو ایک چار رکعتی ادا نماز پڑھنے کے بعد یا وہاں دس دن رہنے کے بعد اگرچہ اس نے ایک بھی پوری نماز نہ پڑھی ہو یہ چاہے کہ ایک ایسی جگہ جائے جو چار فرسخ سے کم فاصلے پر ہو اور پھر لوٹ آئے اور اپنی پہلی جگہ پر دس دن یا اس سے کم مدت کے لئے رہے تو ضروری ہے کہ جانے کے وقت سے واپسی تک اور واپسی کے بعد اپنی نمازیں پوری پڑھے۔ لیکن اگر اس کا اپنی اقامت کے مقام پر واپس آنا فقط اس وجہ سے ہو کہ وہ اس سفر کے راستے میں واقع ہو اور اس کا سفر شرعی مسافت کا ہو تو اس کے لئے ضروری ہے کہ جانے اور آنے کے دوران اور ٹھہرنے کی جگہ میں نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۳۳۶) اگر کوئی مسافر جس نے کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو ایک چار رکعتی نماز ادا پڑھنے کے بعد چاہے کہ کسی اور جگہ چلا جائے جس کا فاصلہ آٹھ فرسخ سے کم ہو اور دس دن وہاں رہے تو ضروری ہے کہ دوران سفر اور اس جگہ جہاں پر وہ دس دن رہنے کا ارادہ رکھتا ہو اپنی نمازیں پوری پڑھے۔ لیکن اگر وہ جگہ جہاں وہ جانا چاہتا ہو آٹھ فرسخ یا اس سے زیادہ دور ہو تو ضروری ہے کہ دوران سفر اپنی نمازیں قصر کر کے پڑھے اور اگر وہ وہاں دس دن نہ رہنا چاہتا ہو تو ضروری ہے کہ جتنے دن وہاں رہے ان دنوں کی نمازیں بھی قصر کر کے پڑھے۔

(۱۳۳۷) اگر کوئی مسافر جس نے کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کیا ہو ایک چار رکعتی ادا نماز پڑھنے کے بعد

کسی ایسی جگہ جانا چاہے جس کا فاصلہ چار فرسخ سے کم ہو اور مذبذب ہو کہ اپنی پہلی جگہ پر واپس آئے یا نہیں یا اس جگہ واپس آنے سے بالکل غافل ہو یا یہ ارادہ ہو کہ واپس جائے گا لیکن مذبذب ہو کہ دس دن اس جگہ ٹھہرے یا نہیں یا وہاں دس دن رہنے اور وہاں سے سفر کرنے سے غافل ہو تو ضروری ہے کہ جانے کے وقت سے واپسی تک اور واپسی کے بعد اپنی نمازیں پوری پڑھے۔

(۱۳۳۸) اگر کوئی مسافر اس خیال سے کہ اس کے ساتھی کسی جگہ دس دن رہنا چاہتے ہیں اس جگہ دس دن رہنے کا ارادہ کرے اور ایک چار رکعتی ادا نماز پڑھنے کے بعد اسے پتا چلے کہ اس کے ساتھیوں نے ایسا کوئی ارادہ نہیں کیا تھا تو اگرچہ وہ خود بھی وہاں رہنے کا خیال ترک کردے تو ضروری ہے کہ جب تک وہاں رہے نماز پوری پڑھے۔

(۱۳۳۹) اگر کوئی مسافر اتفاقاً کسی جگہ تیس دن رہ جائے مثلاً تیس کے تیس دنوں میں وہاں سے چلے جانے یا وہاں رہنے کے بارے میں مذبذب رہا ہو تو تیس دن گزرنے کے بعد اگرچہ وہ تھوڑی مدت ہی وہاں رہے ضروری ہے کہ نماز پوری پڑھے۔

(۱۳۴۰) جو مسافر نو دن یا اس سے کم مدت کے لئے ایک جگہ رہنا چاہتا ہو اگر وہ اس جگہ نو دن یا اس سے کم مدت گزارنے کے بعد نو دن یا اس سے کم مدت کے لئے دوبارہ وہاں رہنے کا ارادہ کرے اور اسی طرح تیس دن گزر جائیں تو ضروری ہے کہ اکتیسویں دن پوری نماز پڑھے۔

(۱۳۴۱) تیس دن گزرنے کے بعد مسافر کو اس صورت میں نماز پوری پڑھنی ضروری ہے جب وہ تیس دن ایک ہی جگہ رہا ہو۔ پس اگر اس نے اس مدت کا کچھ حصہ ایک جگہ اور کچھ حصہ دوسری جگہ گزارا ہو تو تیس دن کے بعد بھی اسے نماز قصر کر کے پڑھنی ضروری ہے۔

متفرق مسائل

(۱۳۴۲) مسافر مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور کوفہ کے پورے شہروں میں اور حضرت سید الشہداء علیہ السلام کے حرم میں بھی قبر مطہر سے تقریباً ساڑھے گیارہ میٹر کے اطراف میں اپنی نماز پوری پڑھ سکتا ہے۔

(۱۳۴۳) اگر کوئی ایسا شخص جسے معلوم ہو کہ وہ مسافر ہے اور اسے نماز قصر کر کے پڑھنی ضروری ہے ان چار جگہوں کے علاوہ جن کا ذکر سابقہ مسئلے میں کیا گیا ہے کسی اور جگہ جان بوجھ کر پوری نماز پڑھے تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر بھول جائے کہ مسافر کو نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے اور پوری نماز پڑھ لے تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ لیکن بھول جانے کی صورت میں اگر اسے نماز کے وقت کے بعد یہ بات یاد آئے تو اس نماز کا قضا کرنا ضروری نہیں۔

(۱۳۴۴) جو شخص جانتا ہو کہ وہ مسافر ہے اور اسے نماز قصر کر کے پڑھنی ضروری ہے، اگر وہ غلطی سے پوری نماز پڑھ لے اور بروقت متوجہ ہو جائے تو نماز دوبارہ پڑھنا ضروری ہے اور اگر وقت گزرنے کے بعد متوجہ ہو تو

احتیاط کی بنا پر قضا کرنا ضروری ہے۔

(۱۳۴۵) جو مسافر یہ نہ جانتا ہو کہ اسے نماز قصر کر کے پڑھنی ضروری ہے، اگر وہ پوری نماز پڑھے تو اس کی نماز صحیح ہے۔

(۱۳۴۶) جو مسافر جانتا ہو کہ اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے، اگر وہ قصر نماز کے بعض خصوصیات سے ناواقف ہو، مثلاً یہ نہ جانتا ہو کہ آٹھ فرسخ کے سفر میں نماز قصر کر کے پڑھنی ضروری ہے تو اگر وہ پوری نماز پڑھ لے اور نماز کے وقت میں اس مسئلے کا پتا چل جائے تو احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ دوبارہ نماز پڑھے اور اگر دوبارہ نہ پڑھے تو اس کی قضا کرے لیکن اگر نماز کا وقت گزرنے کے بعد اسے معلوم ہو تو اس نماز کی قضا نہیں ہے۔

(۱۳۴۷) اگر ایک مسافر جانتا ہو کہ اسے نماز قصر کر کے پڑھنی چاہئے اور وہ اس گمان میں پوری نماز پڑھ لے کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ سے کم ہے تو جب اسے پتا چلے کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ کا تھا تو ضروری ہے کہ جو نماز پوری پڑھی ہو اسے دوبارہ قصر کر کے پڑھے اور اگر اسے اس بات کا پتا نماز کا وقت گزر جانے کے بعد چلے تو قضا ضروری نہیں۔

(۱۳۴۸) اگر کوئی شخص بھول جائے کہ وہ مسافر ہے اور پوری نماز پڑھ لے اور اسے نماز کے وقت کے اندر ہی یاد آ جائے تو اسے چاہئے کہ قصر کر کے پڑھے اور اگر نماز کے وقت کے بعد یاد آئے تو اس نماز کی قضا اس پر واجب نہیں۔

(۱۳۴۹) جس شخص کو پوری نماز پڑھنی ضروری ہے اگر وہ اسے قصر کر کے پڑھے تو اس کی نماز ہر صورت میں باطل ہے۔ اگرچہ یہ حکم — ایسے مسافر کے لئے ہے جو کسی جگہ دس دن رہنے کا ارادہ رکھتا ہو اور مسئلے کا حکم نہ جاننے کی وجہ سے نماز قصر کر کے پڑھی ہو — احتیاط واجب کی بنا پر ہے۔

(۱۳۵۰) اگر ایک شخص چار رکعتی نماز پڑھ رہا ہو اور نماز کے دوران اسے یاد آئے کہ وہ تو مسافر ہے یا اس امر کی طرف متوجہ ہو کہ اس کا سفر آٹھ فرسخ ہے اور وہ ابھی تیسری رکعت کے رکوع میں نہ گیا ہو تو ضروری ہے کہ نماز کو دو رکعتوں پر ہی تمام کردے اور اگر تیسری رکعت مکمل کر چکا ہو تو اس کی نماز باطل ہے اور اگر تیسری رکعت کے رکوع میں جا چکا ہو تو احتیاط کی بنا پر اس کی نماز باطل ہے اور اگر اس کے پاس ایک رکعت پڑھنے کے لئے بھی وقت باقی ہو تو ضروری ہے کہ نماز کو نئے سرے سے قصر کر کے پڑھے اور اگر وقت نہ ہو تو نماز کو قصر صورت میں قضا کرے۔

(۱۳۵۱) اگر کسی مسافر کو "نماز مسافر" کی بعض خصوصیات کا علم نہ ہو مثلاً وہ یہ نہ جانتا ہو کہ اگر چار فرسخ تک جائے اور واپسی میں چار فرسخ کا فاصلہ طے کرے تو اسے نماز قصر کر کے پڑھنی ضروری ہے اور چار رکعت والی نماز کی نیت سے نماز میں مشغول ہو جائے اور تیسری رکعت کے رکوع سے پہلے مسئلہ اس کی سمجھ میں آ جائے تو ضروری ہے کہ نماز کو دو رکعتوں پر ہی تمام کردے اور اگر وہ رکوع میں اس امر کی جانب متوجہ ہو تو احتیاط کی بنا پر اس کی نماز باطل ہے اور اس صورت میں اگر اس کے پاس ایک رکعت پڑھنے کے لئے بھی وقت باقی ہو تو ضروری ہے کہ نماز کو نئے سرے سے قصر کر کے پڑھے۔

(۱۳۵۲) جس مسافر کو پوری نماز پڑھنی ضروری ہو اگر وہ مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے دو رکعتی نماز کی نیت سے نماز پڑھنے لگے اور نماز کے دوران مسئلہ اس کی سمجھ میں آجائے تو ضروری ہے کہ چار رکعتیں پڑھ کر نماز کو تمام کرے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز ختم ہونے کے بعد دوبارہ اس نماز کو چار رکعتی پڑھے۔

(۱۳۵۳) جس مسافر نے ابھی نماز نہ پڑھی ہو اگر وہ نماز کا وقت ختم ہونے سے پہلے اپنے وطن پہنچ جائے یا ایسی جگہ پہنچے جہاں دس دن رہنا چاہتا ہو تو ضروری ہے کہ پوری نماز پڑھے اور جو شخص مسافر نہ ہو اگر اس نے نماز کے اول وقت میں نماز نہ پڑھی ہو اور سفر اختیار کرے تو ضروری ہے کہ سفر میں نماز قصر کر کے پڑھے۔

(۱۳۵۴) جس مسافر کو نماز قصر کر کے پڑھنا ضروری ہو اگر اس کی ظہر، عصر یا عشاء کی نماز قضا ہو جائے تو اگرچہ وہ اس کی قضا اس وقت بجالائے جب وہ سفر میں نہ ہو تو ضروری ہے کہ اس کی دو رکعتی قضا کرے۔ اگر ان تین نمازوں میں سے کسی ایسے شخص کی کوئی نماز قضا ہو جائے جو مسافر نہ ہو تو ضروری ہے کہ چار رکعتی قضا بجالائے اگرچہ یہ قضا اس وقت بجالائے جب وہ سفر میں ہو۔

(۱۳۵۵) مستحب ہے کہ مسافر ہر قصر نماز کے بعد تیس مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ" کہے اور اگرچہ یہ ذکر ہر واجب نماز کی تعقیب میں مستحب ہے لیکن اس مورد میں بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے بلکہ بہتر ہے کہ مسافر ان نمازوں کی تعقیب میں یہی ذکر ساٹھ مرتبہ پڑھے۔

قضا نماز

(۱۳۵۶) جس شخص نے اپنی یومیہ نمازیں ان کے وقت میں نہ پڑھی ہوں تو ضروری ہے کہ ان کی قضا بجالائے اگرچہ وہ نماز کے پورے وقت کے دوران سویا رہا ہو یا اس نے مدہوشی کی وجہ سے نماز نہ پڑھی ہو اور یہی حکم ہر دوسری واجب نماز کا ہے جسے اس کے وقت میں نہ پڑھا ہو۔ حتیٰ کہ احتیاط لازم کی بنا پر یہی حکم ہے اس نماز کا جو منت ماننے کی وجہ سے معین وقت میں اس پر واجب ہو چکی ہو۔ لیکن نماز عید الفطر اور نماز عید قربان کی قضا نہیں ہے۔ ایسے ہی جو نمازیں کسی عورت نے حیض یا نفاس کی حالت میں نہ پڑھی ہوں ان کی قضا واجب نہیں خواہ وہ یومیہ نمازیں ہوں یا کوئی اور ہوں اور نماز آیات کی قضا کا حکم بعد میں آئے گا۔

(۱۳۵۷) اگر کسی شخص کو نماز کے وقت کے بعد پتا چلے کہ جو نماز اس نے پڑھی تھی وہ باطل تھی تو ضروری ہے کہ اس نماز کی قضا کرے۔

(۱۳۵۸) جس شخص کی نماز قضا ہو جائے تو ضروری ہے کہ اس کی قضا پڑھنے میں کوتاہی نہ کرے البتہ اس کا فوراً پڑھنا واجب نہیں ہے۔

(۱۳۵۹) جس شخص پر کسی نماز کی قضا واجب ہو وہ مستحب نماز پڑھ سکتا ہے۔

(۱۳۶۰) اگر کسی شخص کو احتمال ہو کہ قضا نماز اس کے ذمے ہے یا جو نمازیں پڑھ چکا ہے وہ صحیح نہیں تھیں تو مستحب ہے کہ احتیاطاً ان نمازوں کی قضا کرے۔

(۱۳۶۱) یومیہ نمازوں کی قضا میں ترتیب لازم نہیں ہے سوائے ان نمازوں کے جن کی ادا میں ترتیب ہے۔ مثلاً ایک دن کی نماز ظہر و عصر یا مغرب و عشاء۔

(۱۳۶۲) اگر کوئی شخص چاہے کہ یومیہ نمازوں کے علاوہ چند نمازوں مثلاً نماز آیات کی قضا کرے یا مثال کے طور پر چاہے کہ کسی ایک یومیہ نماز کی اور چند غیر یومیہ نمازوں کی قضا کرے تو ان کا ترتیب کے ساتھ قضا کرنا ضروری نہیں ہے۔

(۱۳۶۳) اگر کسی شخص کو معلوم ہو کہ اس نے ایک چار رکعتی نماز نہیں پڑھی لیکن یہ علم نہ ہو کہ وہ ظہر کی نماز تھی یا عشاء کی تو اگر وہ ایک چار رکعتی نماز اس نماز کی قضا کی نیت سے پڑھے جو اس نے نہیں پڑھی تو کافی ہے اور اسے اختیار ہے کہ وہ نماز بلند آواز سے پڑھے یا آہستہ پڑھے۔

(۱۳۶۴) مثال کے طور پر اگر کسی کی چند صبح کی نمازیں یا چند ظہر کی نمازیں قضا ہو گئی ہوں اور وہ ان کی تعداد نہ جانتا ہو یا بھول گیا ہو مثلاً یہ نہ جانتا ہو کہ وہ تین تھیں، چار تھیں یا پانچ تو اگر وہ چھوٹے عدد کے حساب سے پڑھ لے تو کافی ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ اتنی نمازیں پڑھے کہ اسے یقین ہو جائے کہ ساری قضا نمازیں پڑھ لی ہیں۔ مثلاً اگر وہ بھول گیا ہو کہ اس کی کتنی نمازیں قضا ہوئی تھیں اور اسے یقین ہو کہ دس سے زیادہ نہ تھیں تو احتیاطاً صبح کی دس نمازیں پڑھے۔

(۱۳۶۵) جس شخص کی گزشتہ دنوں کی فقط ایک نماز قضا ہوئی ہو اس کے لئے بہتر ہے کہ اگر اس دن کی نماز کی فضیلت کا وقت ختم نہ ہو رہا ہو تو پہلے قضا پڑھے اور اس کے بعد اس دن کی نماز میں مشغول ہو۔ نیز اگر اس کی گزشتہ دنوں کی کوئی نماز قضا نہ ہوئی ہو لیکن اسی دن کی ایک یا ایک سے زیادہ نمازیں قضا ہوئی ہوں تو اگر اس دن کی نماز کی فضیلت کا وقت ختم نہ ہو رہا ہو تو بہتر یہ ہے کہ اس دن کی قضا نمازیں ادا نماز سے پہلے پڑھے۔

(۱۳۶۶) اگر کسی شخص کو نماز پڑھتے ہوئے یاد آئے کہ اسی دن کی ایک یا زیادہ نمازیں اس سے قضا ہو گئی ہیں یا گزشتہ دنوں کی صرف ایک قضا نماز اس کے ذمے ہے تو اگر وقت وسیع ہو اور نیت کو قضا نماز کی طرف پھیرنا ممکن ہو اور اس دن کی نماز کی فضیلت کا وقت ختم نہ ہو رہا ہو تو بہتر یہ ہے کہ قضا نماز کی نیت کر لے۔ مثلاً اگر ظہر کی نماز میں تیسری رکعت کے رکوع سے پہلے اسے یاد آئے کہ اس دن کی صبح کی نماز قضا ہوئی ہے اور ظہر کی نماز کا وقت فضیلت بھی تنگ نہ ہو تو نیت کو صبح کی نماز کی طرف پھیر دے اور نماز کو دو رکعتی تمام کرے اور اس کے بعد نماز ظہر پڑھے۔ ہاں اگر وقت فضیلت تنگ ہو یا نیت کو قضا نماز کی طرف نہ پھیر سکتا ہو مثلاً نماز ظہر کی تیسری رکعت کے رکوع میں اسے یاد آئے کہ اس نے صبح کی نماز نہیں پڑھی تو چونکہ اگر وہ نماز صبح کی نیت کرنا چاہے تو ایک رکوع جو کہ رکن ہے زیادہ ہو جاتا ہے اس لئے نیت کو صبح کی قضا کی طرف نہ پھیرے۔

(۱۳۶۷) اگر گزشتہ دنوں کی قضا نمازیں ایک شخص کے ذمے ہوں اور اس دن کی ایک یا ایک سے زیادہ نمازیں بھی اس سے قضا ہو گئی ہوں اور ان سب نمازوں کو پڑھنے کے لئے اس کے پاس وقت نہ ہو یا وہ ان سب کو اسی دن نہ پڑھنا چاہتا ہو تو مستحب ہے کہ اس دن کی قضا نمازوں کو ادا نماز سے پہلے پڑھے۔

(۱۳۶۸) جب تک انسان زندہ ہے خواہ وہ اپنی قضا نمازیں پڑھنے سے قاصر ہی کیوں نہ ہو کوئی دوسرا شخص

اس کی قضا نمازیں نہیں پڑھ سکتا۔

(۱۳۶۹) قضا نماز با جماعت بھی پڑھی جا سکتی ہے خواہ امام جماعت کی نماز ادا ہو یا قضا ہو اور یہ ضروری نہیں کہ دونوں ایک ہی نماز پڑھیں۔ مثلاً اگر کوئی شخص صبح کی قضا نماز کو امام کی نماز ظہر یا نماز عصر کے ساتھ پڑھے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

(۱۳۷۰) مستحب ہے کہ سمجھدار بچے کو (یعنی اس بچے کو جو برے بھلے کی سمجھ رکھتا ہو) نماز پڑھنے اور دوسری عبادات بجالانے کی عادت ڈالی جائے بلکہ مستحب ہے کہ اسے قضا نمازیں پڑھنے پر بھی آمادہ کیا جائے۔

باپ کی قضا نمازیں جو بڑے بیٹے پر واجب ہیں

(۱۳۷۱) اگر باپ نے اپنی کچھ نمازیں نہ پڑھی ہوں اور ان کی قضا پڑھنے پر قادر ہو تو اگر اس نے امر خداوندی کی نافرمانی کرتے ہوئے ان کو ترک نہ کیا ہو تو احتیاط کی بنا پر اس کے بڑے بیٹے پر واجب ہے کہ باپ کے مرنے کے بعد اس کی قضا نمازیں پڑھے یا کسی کو اجرت دے کر پڑھوائے اور ماں کی قضا نمازیں اس پر واجب نہیں، اگرچہ بہتر ہے۔

(۱۳۷۲) اگر بڑے بیٹے کو شک ہو کہ کوئی قضا نماز اس کے باپ کے ذمے تھی یا نہیں تو پھر اس پر کچھ بھی واجب نہیں۔

(۱۳۷۳) اگر بڑے بیٹے کو معلوم ہو کہ اس کے باپ کے ذمے قضا نمازیں تھیں اور شک ہو کہ اس نے وہ پڑھی تھیں یا نہیں تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ ان کی قضا بجالائے۔

(۱۳۷۴) اگر یہ معلوم نہ ہو کہ بڑا بیٹا کون سا ہے تو باپ کی نمازوں کی قضا کسی بیٹے پر بھی واجب نہیں ہے۔ لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ بیٹے باپ کی قضا نمازیں آپس میں تقسیم کر لیں یا انہیں بجالانے کے لئے قرعہ اندازی کر لیں۔

(۱۳۷۵) اگر مرنے والے نے وصیت کی ہو کہ اس کی قضا نمازوں کے لئے کسی کو اجیر بنایا جائے (یعنی کسی سے اجرت پر نمازیں پڑھوائی جائیں) اور اس کی وصیت شرعاً صحیح ہو تو اسکے بڑے بیٹے پر کچھ واجب نہیں ہے۔

(۱۳۷۶) اگر بڑا بیٹا اپنی ماں کی قضا نمازیں پڑھنا چاہے تو ضروری ہے کہ بلند آواز سے یا آہستہ نماز پڑھنے کے بارے میں اپنے وظیفے کے مطابق عمل کرے۔ پس ضروری ہے کہ اپنی ماں کی صبح، مغرب اور عشاء کی قضا نمازیں بلند آواز سے پڑھے۔

(۱۳۷۷) جس شخص کے ذمے کسی نماز کی قضا ہو، اگر وہ باپ اور ماں کی نمازیں بھی قضا کرنا چاہے تو ان میں سے جو بھی پہلے بجالائے صحیح ہے۔

(۱۳۷۸) اگر باپ کے مرنے کے وقت بڑا بیٹا نابالغ یا دیوانہ ہو تو اس پر واجب نہیں کہ جب بالغ یا عاقل ہو جائے تو باپ کی قضا نمازیں پڑھے۔

(۱۳۷۹) اگر بڑا بیٹا باپ کی قضا نمازیں پڑھنے سے پہلے مر جائے تو دوسرے بیٹے پر کچھ واجب نہیں۔

نماز جماعت

(۱۳۸۰) یومیہ نمازیں جماعت کے ساتھ پڑھنا مستحب ہے اور صبح، مغرب و عشاء کی نمازوں کے لئے، خصوصاً مسجد کے پڑوس میں رہنے والے اور مسجد کی اذان کی آواز سننے والے کے لئے بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے۔ اسی طرح مستحب ہے کہ باقی واجب نمازوں کو بھی جماعت سے ادا کیا جائے۔ البتہ نماز طواف اور چاند و سورج گہن کے علاوہ نماز آیات میں یہ ثابت نہیں ہو سکا کہ شریعت نے جماعت سے نماز پڑھنے کی اجازت دی ہے یا نہیں۔

(۱۳۸۱) معتبر روایات کے مطابق با جماعت نماز فرادیٰ نماز سے پچیس گنا افضل ہے۔

(۱۳۸۲) بے اعتنائی برتتے ہوئے نماز جماعت میں شریک نہ ہونا جائز نہیں ہے اور انسان کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ بغیر عذر کے نماز جماعت کو ترک کرے۔

(۱۳۸۳) مستحب ہے کہ انسان صبر کرے تاکہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھے اور وہ با جماعت نماز جو مختصر پڑھی جائے اس فرادیٰ نماز سے بہتر ہے جو طول دیکر پڑھی جائے اور نماز با جماعت اس نماز سے بہتر ہے جو اول وقت میں فرادیٰ یعنی تنہا پڑھی جائے اور وقت فضیلت کے بعد پڑھی جانے والی جماعت کا، فضیلت کے وقت میں پڑھی جانے والی فرادیٰ سے بہتر ہونا معلوم نہیں۔

(۱۳۸۴) جب جماعت کے ساتھ نماز پڑھی جانے لگے تو مستحب ہے کہ جس شخص نے تنہا نماز پڑھی ہو وہ دوبارہ جماعت کے ساتھ پڑھے اور اگر اسے بعد میں پتا چلے کہ اس کی پہلی نماز باطل تھی تو دوسری نماز کافی ہے۔

(۱۳۸۵) اگر امام جماعت یا مقتدی جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کے بعد اسی نماز کو دوبارہ جماعت کے ساتھ پڑھنا چاہے تو اگرچہ اس کا مستحب ہونا ثابت نہیں۔ لیکن رجاءً دوبارہ پڑھنے کی کوئی ممانعت نہیں ہے۔

(۱۳۸۶) جس شخص کو نماز میں اس قدر وسوسہ ہوتا ہو کہ اس نماز کے باطل ہونے کا موجب بن جاتا ہو اور صرف جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے اسے وسوسے سے نجات ملتی ہو تو ضروری ہے کہ وہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھے۔

(۱۳۸۷) اگر باپ یا ماں اپنی اولاد کو حکم دیں کہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھے۔ البتہ جب بھی والدین کی طرف سے کوئی حکم یا روک ٹوک محبت کی وجہ سے ہو اور اس کی مخالفت سے انہیں اذیت ہوتی ہو تو اولاد کے لئے ان کی مخالفت کرنا حرام ہے۔

(۱۳۸۸) مستحب نماز کسی بھی جگہ احتیاط کی بنا پر جماعت کے ساتھ نہیں پڑھی جا سکتی لیکن نماز استسقاء جو طلب باران کے لئے پڑھی جاتی ہے جماعت کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں اور اسی طرح وہ نماز بھی جماعت کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں جو پہلے واجب رہی ہو اور پھر کسی وجہ سے مستحب ہو گئی ہو، مثلاً نماز عید الفطر اور نماز عید قربان

جوامام مہدی علیہ السلام کے زمانے تک واجب تھی اوران کی غیبت کی وجہ سے مستحب ہوگئی ہے۔

(۱۳۸۹) جس وقت امام جماعت یومیہ نمازوں میں سے کوئی نماز پڑھ رہا ہو تو اس کی اقتدا کوئی سی بھی یومیہ نماز میں کی جاسکتی ہے۔

(۱۳۹۰) اگر امام جماعت یومیہ نماز میں سے قضا شدہ اپنی یا کسی دوسرے شخص کی ایسی نماز کی قضا پڑھ رہا ہو جس کا قضا ہونا یقینی ہو تو اس کی اقتدا کی جاسکتی ہے۔ لیکن اگر وہ اپنی یا کسی دوسرے کی نماز احتیاطاً پڑھ رہا ہو تو اس کی اقتدا جائز نہیں۔ مگر یہ کہ مقتدی بھی احتیاطاً پڑھ رہا ہو اور امام کی احتیاط کا سبب مقتدی کی احتیاط کا بھی سبب ہو لیکن ضروری نہیں ہے کہ مقتدی کی احتیاط کا کوئی دوسرا سبب نہ ہو۔

(۱۸۸۳) اگر کئی افراد باہم حصے دار ہوں تو جس جس کا حصہ پہلے نصاب تک پہنچ جائے ضروری ہے کہ زکوٰۃ دے اور جس کا حصہ پہلے نصاب سے کم ہو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں۔

(۱۸۸۴) اگر ایک شخص کی گائیں یا اونٹ یا بھیڑیں مختلف جگہوں پر ہوں اور وہ سب ملا کر نصاب کے برابر ہوں تو ضروری ہے کہ ان کی زکوٰۃ دے۔

(۱۸۸۵) اگر کسی شخص کی گائیں، بھیڑیں یا اونٹ بیمار اور عیب دار ہوں تب بھی ضروری ہے کہ ان کی زکوٰۃ دے۔

(۱۸۸۶) اگر کسی شخص کی ساری گائیں، بھیڑیں یا اونٹ بیمار یا عیب دار یا بوڑھے ہوں تو وہ خود انہی میں سے زکوٰۃ دے سکتا ہے لیکن اگر وہ سب تندرست، بے عیب اور جوان ہوں تو وہ ان کی زکوٰۃ میں بیمار یا عیب دار یا بوڑھے جانور نہیں دے سکتا بلکہ اگر ان میں سے بعض تندرست اور بعض بیمار، کچھ عیب دار اور کچھ بے عیب اور کچھ بوڑھے اور کچھ جوان ہوں تو احتیاط واجب یہ ہے کہ ان کی زکوٰۃ میں تندرست، بے عیب اور جوان جانور دے۔

(۱۸۸۷) اگر کوئی شخص گیارہ مہینے ختم ہونے سے پہلے اپنی گائیں، بھیڑیں اور اونٹ کسی دوسری چیز سے بدل لے یا جو نصاب بتایا ہوا ہے اسی جنس کے اتنے ہی نصاب سے بدل لے، مثلاً چالیس بھیڑیں دے کر چالیس اور بھیڑیں لے لے تو اگر ایسا کرنا زکوٰۃ سے بچنے کی نیت سے نہ ہو تو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔ لیکن اگر زکوٰۃ سے بچنے کی نیت سے ہو تو اس صورت میں جبکہ دونوں چیزیں ایک ہی نوعیت کا فائدہ رکھتی ہوں مثلاً دونوں بھیڑیں دودھ دیتی ہوں تو احتیاط لازم ہے کہ اس کی زکوٰۃ دے۔

(۱۸۸۸) جس شخص کو گائے، بھیڑ اور اونٹ کی زکوٰۃ دینی ضروری ہو اگر وہ ان کی زکوٰۃ اپنے کسی دوسرے مال سے دے دے تو جب تک ان جانوروں کی تعداد نصاب سے کم نہ ہو تو ضروری ہے کہ ہر سال زکوٰۃ دے اور اگر وہ زکوٰۃ انہی جانوروں میں سے دے اور وہ پہلے نصاب سے کم ہو جائیں تو زکوٰۃ اس پر واجب نہیں ہے۔ مثلاً جو شخص چالیس بھیڑیں رکھتا ہو اگر وہ ان کی زکوٰۃ اپنے دوسرے مال سے دے دے تو جب تک اس کی بھیڑیں چالیس سے کم نہ ہوں ضروری ہے کہ ہر سال ایک بھیڑ دے اور اگر خود ان بھیڑوں میں سے زکوٰۃ دے تو جب تک ان کی تعداد چالیس تک نہ پہنچ جائے اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔

مال تجارت کی زکوٰۃ

جس مال کا انسان معاوضہ دے کر مالک ہوا ہو اور اس نے وہ مال تجارت اور فائدہ حاصل کرنے کے لئے محفوظ رکھا ہو تو احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ (مندرجہ ذیل) چند شرائط کے ساتھ اس کی زکوٰۃ دے جو کہ چالیسواں حصہ ہے۔

(۱) مالک بالغ اور عاقل ہو۔

(۲) مال کی قیمت کم از کم ۱۵ مثقال سکہ دار سونے یا ۱۰۵ مثقال سکے دار چاندی کے برابر ہو۔

(۳) جس وقت سے اس مال سے فائدہ اٹھانے کی نیت کی ہو اس پر ایک سال گزر جائے۔

(۴) فائدہ اٹھانے کی نیت پورے سال باقی رہے۔ پس اگر سال کے دوران اس کی نیت بدل جائے مثلاً اس کو اخراجات کی مد میں صرف کرنے کی نیت کرے تو ضروری نہیں کہ اس پر زکوٰۃ دے۔

(۵) مالک اس مال میں پورا سال تصرف کر سکتا ہو۔

(۶) تمام سال اس کے سرمائے کی مقدار یا اس سے زیادہ پر خریدار موجود ہو۔ پس اگر سال کے کچھ حصے میں سرمائے کی مقدار کا خریدار نہ ہو تو اس پر زکوٰۃ دینا واجب نہیں ہے۔

زکوٰۃ کا مصرف

(۱۸۸۹) زکوٰۃ کا مال آٹھ مقامات پر خرچ ہو سکتا ہے:

(۱) فقیر۔ وہ شخص جس کے پاس اپنے اور اپنے اہل وعیال کے لئے سال بھر کے اخراجات نہ ہوں فقیر ہے۔ لیکن جس شخص کے پاس کوئی ہنر یا جائیداد یا سرمایہ ہو جس سے وہ اپنے سال بھر کے اخراجات پورے کر سکتا ہو وہ فقیر نہیں ہے۔

(۲) مسکین۔ وہ شخص جو فقیر سے زیادہ تنگدست ہو، مسکین ہے۔

(۳) وہ شخص جو امام عصر علیہ السلام یا نائب امام کی جانب سے اس کام پر مامور ہو کہ زکوٰۃ جمع کرے، اس کی نگہداشت کرے، حساب کی جانچ پڑتال کرے اور جمع کیا ہوا مال امام علیہ السلام یا نائب امام یا فقراء کو پہنچائے۔

(۴) وہ کفار جنہیں زکوٰۃ دی جائے تو وہ دین اسلام کی جانب مائل ہوں یا جنگ میں یا جنگ کے علاوہ مسلمانوں کی مدد کریں۔ اسی طرح وہ مسلمان جن کا ایمان ان بعض چیزوں پر جو پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لائے ہیں کمزور ہو لیکن اگر ان کو زکوٰۃ دی جائے تو ان کے ایمان کی تقویت کا سبب بن جائے یا جو مسلمان امام علی علیہ السلام کی ولایت پر ایمان نہیں رکھتے لیکن اگر ان کو زکوٰۃ دی جائے تو وہ امیرالمومنین علیہ السلام کی ولایت کی طرف مائل ہوں اور اس پر ایمان لے آئیں۔

(۵) غلاموں کو خرید کر انہیں آزاد کرنا۔ جس کی تفصیل اس کے باب میں بیان ہوئی ہے۔

(۶) وہ مقروض جو اپنا قرض ادا نہ کر سکتا ہو۔

(۷) فی سبیل اللہ یعنی وہ کام جن کا فائدہ تمام مسلمانوں کو پہنچتا ہو، مثلاً مسجد بنانا، ایسا مدرسہ تعمیر کرنا جہاں دینی تعلیم دی جاتی ہو، شہر کی صفائی کرنا نیز سڑکوں کو پختہ بنانا اور انہیں چوڑا کرنا اور ان ہی جیسے دوسرے کام کرنا۔

(۸) ابن السبیل یعنی وہ مسافر جو سفر میں ناچار ہو گیا ہو۔

یہ وہ مدیں ہیں جہاں زکوٰۃ خرچ ہوتی ہے لیکن مالک، زکوٰۃ کو امام یا نائب امام کی اجازت کے بغیر مد نمبر ۳ اور مد نمبر ۴ میں خرچ نہیں کر سکتا اور اسی طرح احتیاط لازم کی بنا پر مد نمبر ۷ کا حکم بھی یہی ہے اور مذکورہ

مدوں کے احکام آئندہ مسائل میں بیان کئے جائیں گے۔

(۱۸۹۰) احتیاط واجب یہ ہے کہ فقیر اور مسکین اپنے اور اپنے اہل وعیال کے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ زکوٰۃ نہ لے اور اگر اس کے پاس کچھ رقم یا جنس ہو تو فقط اتنی زکوٰۃ لے جتنی رقم یا جنس اس کے سال بھر کے اخراجات کے لئے کم پڑتی ہو۔

(۱۸۹۱) جس شخص کے پاس اپنا پورے سال کا خرچ ہو اگر وہ اس کا کچھ حصہ استعمال کر لے اور بعد میں شک کرے کہ جو کچھ باقی بچا ہے وہ اس کے سال بھر کے اخراجات کے لئے کافی ہے یا نہیں تو وہ زکوٰۃ نہیں لے سکتا۔

(۱۸۹۲) جس ہنرمند یا صاحب جائیداد یا تاجر کی آمدنی اس کے سال بھر کے اخراجات سے کم ہو وہ اپنے اخراجات کی کمی پوری کرنے کے لئے زکوٰۃ لے سکتا ہے اور لازم نہیں ہے کہ وہ اپنے کام کے اوزار یا جائیداد یا سرمایہ اپنے اخراجات کے مصرف میں لے آئے۔

(۱۸۹۳) جس فقیر کے پاس اپنے اور اپنے اہل وعیال کے لئے سال بھر کا خرچ نہ ہو لیکن ایک گھر کا مالک ہو جس میں وہ رہتا ہو یا سواری کی چیز رکھتا ہو اور ان کے بغیر گزر بسر نہ کر سکتا ہو خواہ یہ صورت اپنی عزت رکھنے کے لئے ہی ہو وہ زکوٰۃ لے سکتا ہے اور گھر کے سامان، برتنوں اور گرمی و سردی کے کپڑوں اور جن چیزوں کی اسے ضرورت ہو ان کے لئے بھی یہی حکم ہے اور جو فقیر یہ چیزیں نہ رکھتا ہو اگر اسے ان کی ضرورت ہو تو وہ زکوٰۃ میں سے خرید سکتا ہے۔

(۱۸۹۴) جو فقیر محنت کر کے روزی کما سکتا ہو اور اپنا اور اپنے اہل وعیال کا خرچہ برداشت کر سکتا ہو لیکن سستی کی وجہ سے روزی نہ کما رہا ہو، اس کے لئے زکوٰۃ لینا جائز نہیں ہے۔ وہ طالب علم جس کے لئے روزی کمانا، اس کے تحصیل علم کی راہ میں رکاوٹ ہو، اگر اس پر علم حاصل کرنا واجب عینی نہ ہو تو کسی بھی صورت میں فقراء کے حصے سے زکوٰۃ نہیں لے سکتا۔ ہاں، اگر اس کا علم حاصل کرنا عمومی فائدے کا سبب ہو تو احتیاط لازم کی بنا پر حاکم شرع کی اجازت سے سبیل اللہ کے حصے سے لے سکتا ہے اور جس فقیر کے لئے ہنر سیکھنا مشکل نہ ہو احتیاط واجب کی بنا پر زکوٰۃ پر زندگی بسر نہ کرے لیکن جب تک ہنر سیکھنے میں مشغول ہو زکوٰۃ لے سکتا ہے۔

(۱۸۹۵) جو شخص پہلے فقیر رہا ہو اور وہ کہتا ہو کہ میں فقیر ہوں تو اگرچہ اس کے کہنے پر انسان کو اطمینان نہ ہو پھر بھی اسے زکوٰۃ دے سکتا ہے۔ لیکن جس شخص کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ وہ پہلے فقیر رہا ہے یا نہیں تو احتیاط کی بنا پر جب تک اس کے فقیر ہونے کا اطمینان نہ کر لے، اس کو زکوٰۃ نہیں دے سکتا۔

(۱۸۹۶) جو شخص کہے کہ میں فقیر ہوں اور پہلے فقیر نہ رہا ہو اگر اس کے کہنے سے اطمینان نہ ہوتا ہو تو اسے زکوٰۃ نہیں دی جا سکتی۔

(۱۸۹۷) جس شخص پر زکوٰۃ واجب ہو، اگر کوئی فقیر اس کا مقروض ہو تو وہ زکوٰۃ میں سے اپنا قرض وصول کر سکتا ہے۔

(۱۸۹۸) اگر فقیر مر جائے اور اس کا مال اتنا نہ ہو جتنا اس نے قرضہ دینا ہو تو قرض خواہ قرضے کو زکوٰۃ میں

شمار کرسکتا ہے بلکہ اگر متوفی کا مال اس پر واجب الادا قرضے کے برابر ہو اور اس کے ورثاء اس کا قرضہ ادا نہ کریں یا کسی اور وجہ سے قرض خواہ اپنا قرضہ واپس نہ لے سکتا ہو تب بھی وہ اپنا قرضہ زکوٰۃ میں شمار کرسکتا ہے۔

(۱۸۹۹) یہ ضروری نہیں کہ کوئی شخص جو چیز فقیر کو بطور زکوٰۃ دے اس کے بارے میں اسے بتائے کہ زکوٰۃ ہے بلکہ اگر فقیر زکوٰۃ لینے میں خفت محسوس کرتا ہو تو مستحب ہے کہ اسے مال تو زکوٰۃ کی نیت سے دیا جائے لیکن اس کا زکوٰۃ ہونا اس پر ظاہر نہ کیا جائے۔

(۱۹۰۰) اگر کوئی شخص یہ خیال کرتے ہوئے کسی کو زکوٰۃ دے کہ وہ فقیر ہے اور بعد میں اسے پتا چلے کہ وہ فقیر نہ تھا یا مسئلے سے ناواقف ہونے کی بنا پر کسی ایسے شخص کو زکوٰۃ دے دے جس کے متعلق اسے علم ہو کہ وہ فقیر نہیں ہے تو یہ کافی نہیں ہے۔ لہذا اس نے جو چیز اس شخص کو بطور زکوٰۃ دی تھی اگر وہ باقی ہو تو ضروری ہے کہ اس شخص سے واپس لے کر مستحق کو دے اور اگر ختم ہوگئی ہو تو اگر لینے والے کو علم تھا کہ وہ مال زکوٰۃ ہے تو انسان اس کا عوض اس سے لے کر مستحق کو دے سکتا ہے اور اگر لینے والے کو یہ علم نہ تھا کہ وہ مال زکوٰۃ ہے تو اس سے کچھ نہیں لے سکتا اور انسان کو اپنے مال سے زکوٰۃ کا عوض مستحق کو دینا ضروری ہے۔ احتیاط واجب کی بنا پر یہی حکم اس وقت بھی ہے جب اس نے فقیر کے بارے میں تحقیق کرلی ہو یا کسی شرعی گواہی کے طور پر اسے فقیر مانا ہو۔

(۱۹۰۱) جو شخص مقروض ہو اور قرضہ ادا نہ کرسکتا ہو اگر اس کے پاس اپنا سال بھر کا خرچ بھی ہو تب بھی اپنا قرضہ ادا کرنے کے لئے زکوٰۃ لے سکتا ہے لیکن ضروری ہے کہ اس نے جو مال بطور قرض لیا ہو اسے کسی گناہ کے کام میں خرچ نہ کیا ہو۔

(۱۹۰۲) اگر انسان ایک ایسے شخص کو زکوٰۃ دے جو مقروض ہو اور اپنا قرضہ ادا نہ کرسکتا ہو اور بعد میں اسے پتا چلے کہ اس شخص نے جو قرضہ لیا تھا وہ گناہ کے کام پر خرچ کیا تھا تو اگر وہ مقروض فقیر ہو تو انسان نے جو کچھ اسے دیا ہو اسے سہم فقراء میں شمار کرسکتا ہے۔

(۱۹۰۳) جو شخص مقروض ہو اور اپنا قرضہ ادا نہ کرسکتا ہو اگرچہ وہ فقیر نہ ہو تب بھی قرض خواہ قرضے کو جو اسے مقروض سے وصول کرنا ہے زکوٰۃ میں شمار کرسکتا ہے۔

(۱۹۰۴) جس مسافر کا زادِ راہ ختم ہو جائے یا اس کی سواری قابل استعمال نہ رہے اگر اس کا سفر گناہ کی غرض سے نہ ہو اور وہ قرض لے کر یا اپنی کوئی چیز بیچ کر منزل مقصود تک نہ پہنچ سکتا ہو تو اگرچہ وہ اپنے وطن میں فقیر نہ بھی ہو تو زکوٰۃ لے سکتا ہے۔ لیکن اگر وہ کسی دوسری جگہ سے قرض لے کر یا اپنی کوئی چیز بیچ کر سفر کے اخراجات حاصل کرسکتا ہو تو وہ فقط اتنی مقدار میں زکوٰۃ لے سکتا ہے جس کے ذریعے وہ اپنی منزل تک پہنچ جائے اور اگر اپنے وطن میں کوئی چیز فروخت کر کے یا کرائے پر دے کر، اپنے لئے زادِ راہ مہیا کرسکتا ہو۔ تو احتیاط واجب کی بنا پر زکوٰۃ نہیں لے سکتا۔

(۱۹۰۵) جو مسافر سفر میں ناچار ہو جائے اور زکوٰۃ لے اگر اس کے وطن پہنچ جانے کے بعد زکوٰۃ میں سے کچھ بچ جائے اور اسے زکوٰۃ دینے والے کو واپس نہ پہنچا سکتا ہو تو ضروری ہے کہ وہ زائد مال حاکم شرع کو پہنچا دے اور اسے بتا دے کہ یہ مال زکوٰۃ ہے۔

مستحقین زکوٰۃ کی شرائط

(۱۹۰۶) (مال کا) مالک جس شخص کو اپنی زکوٰۃ دے سکتا ہے، ضروری ہے کہ وہ شیعہ اثنا عشری ہو۔ اگر انسان کسی کو شیعہ سمجھتے ہوئے زکوٰۃ دے دے اور بعد میں پتا چلے کہ وہ شیعہ نہ تھا تو ضروری ہے کہ دوبارہ زکوٰۃ دے۔ یہی حکم اس وقت بھی ہے جب اس نے کسی کے شیعہ ہونے کے بارے میں تحقیق کرلی ہو یا کسی شرعی گواہی کے طور پر اسے شیعہ مانا ہو۔

(۱۹۰۷) اگر کوئی شیعہ بچہ یا دیوانہ فقیر ہو تو انسان اس کے سرپرست کو اس نیت سے زکوٰۃ دے سکتا ہے کہ وہ جو کچھ دے رہا ہے وہ بچے یا دیوانے کی ملکیت ہوگی۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ انسان خود یا کسی امین شخص کے توسط سے زکوٰۃ کو بچے یا دیوانے پر خرچ کرے۔ ضروری ہے کہ زکوٰۃ کی نیت اس وقت کرے جب وہ زکوٰۃ ان کے استعمال میں لائی جائے۔

(۱۹۰۸) جو فقیر بھیک مانگتا ہو اور اس کا فقیر ہونا ثابت ہو اسے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے لیکن جو شخص مال زکوٰۃ گناہ کے کام پر خرچ کرتا ہو تو ضروری ہے کہ اسے زکوٰۃ نہ دی جائے بلکہ احتیاط یہ ہے کہ وہ شخص جسے زکوٰۃ دینا گناہ کی طرف مائل کرنے کا سبب ہو اگرچہ وہ اسے گناہ کے کام میں خرچ نہ بھی کرے اسے زکوٰۃ نہ دی جائے۔

(۱۹۰۹) جو شخص شراب پیتا ہو یا نماز نہ پڑھتا ہو اور اسی طرح جو شخص کھلم کھلا گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوتا ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اسے زکوٰۃ نہ دی جائے۔

(۱۹۱۰) جو شخص مقروض ہو اور اپنا قرضہ ادا نہ کرسکتا ہو اس کا قرضہ زکوٰۃ سے دیا جاسکتا ہے خواہ اس شخص کے اخراجات زکوٰۃ دینے والے پر ہی واجب کیوں نہ ہوں۔

(۱۹۱۱) انسان ان لوگوں کے اخراجات جن کی کفالت اس پر واجب ہو۔ مثلاً اولاد کے اخراجات۔ زکوٰۃ سے ادا نہیں کرسکتا لیکن اگر وہ خود اولاد کا خرچہ نہ دے تو دوسرے لوگ انہیں زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ ہاں، اگر ان واجب النفقہ افراد کا خرچہ دینے کے قابل نہ ہو لیکن اس پر زکوٰۃ واجب ہوچکی ہو تو ان کے اخراجات زکوٰۃ سے ادا کرسکتا ہے۔

(۱۹۱۲) اگر انسان اپنے بیٹے کو زکوٰۃ اس لئے دے تاکہ وہ اسے اپنی بیوی، نوکر اور نوکرانی پر خرچ کرے یا اپنا قرضہ ادا کرے جبکہ باقی شرائط بھی موجود ہوں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۱۹۱۳) باپ اپنے بیٹے کو سہم "فی سبیل اللہ" میں سے علمی اور دینی کتابیں جن کی بیٹے کو ضرورت ہو خرید کر نہیں دے سکتا۔ لیکن اگر رفاہ عامہ کے لئے ان کتابوں کی ضرورت ہو تو احتیاط کی بنا پر حاکم شرع سے اجازت لے لے۔

(۱۹۱۴) جو باپ بیٹے کی شادی کی استطاعت نہ رکھتا ہو وہ بیٹے کی شادی کے لئے زکوٰۃ میں سے خرچ

کرسکتا ہے اور بیٹا بھی باپ کے لئے ایسا ہی کرسکتا ہے۔

(۱۹۱۵) کسی ایسی عورت کو زکوٰۃ نہیں دی جاسکتی جس کا شوہر اسے اخراجات دیتا ہو اور ایسی عورت کو جس کا شوہر اخراجات نہ دیتا ہو لیکن جو حاکم جور سے رجوع کر کے ہی سہی، شوہر کو اخراجات دینے پر مجبور کرسکتی ہو اسے زکوٰۃ نہ دی جائے۔

(۱۹۱۶) جس عورت نے متعہ کیا ہو اگر وہ فقیر ہو تو اس کا شوہر اور دوسرے لوگ اسے زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ ہاں اگر عقد کے موقع پر شوہر نے یہ شرط قبول کی ہو کہ اس کے اخراجات دے گا یا کسی اور وجہ سے اس کے اخراجات دینا شوہر پر واجب ہو اور وہ اس عورت کے اخراجات دیتا ہو تو اس عورت کو زکوٰۃ نہیں دی جاسکتی۔

(۱۹۱۷) عورت اپنے فقیر شوہر کو زکوٰۃ دے سکتی ہے خواہ شوہر وہ زکوٰۃ اس عورت پر ہی کیوں نہ خرچ کرے۔

(۱۹۱۸) سید، غیر سید سے حالت مجبور کے علاوہ زکوٰۃ نہیں لے سکتا اور احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ ایسی مجبوری ہو کہ خمس اور دوسرے ذرائع آمدنی اس کے اخراجات کے لئے کافی نہ ہوں۔ اسی طرح احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اگر ممکن ہو تو روزانہ صرف اسی دن کے ضروری اخراجات کی مقدار میں زکوٰۃ لینے پر اکتفا کرے۔

(۱۹۱۹) جس شخص کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ سید ہے یا غیر سید، اسے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔ ہاں، اگر وہ خود سید ہونے کا دعویٰ کرے اور مالک اسے زکوٰۃ دے دے تو وہ مالک بری الذمہ نہ ہوگا۔

زکوٰۃ کی نیت

(۱۹۲۰) ضروری ہے کہ انسان بہ قصد قربت یعنی بارگاہ الٰہی میں اظہار ذلت کی نیت سے زکوٰۃ دے اور اگر قصد قربت کے بغیر دے تو گناہگار ہونے کے باوجود کافی ہے اور اپنی نیت میں معین کرے کہ جو کچھ دے رہا ہے وہ مال کی زکوٰۃ ہے یا زکوٰۃ فطرہ ہے بلکہ مثال کے طور پر اگر گیہوں اور جو کی زکوٰۃ اس پر واجب ہو اور وہ کچھ رقم زکوٰۃ کے طور پر دینا چاہے تو اس کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ معین کرے کہ گیہوں کی زکوٰۃ دے رہا ہے یا جو کی۔

(۱۹۲۱) اگر کسی شخص پر متعدد چیزوں کی زکوٰۃ واجب ہو اور وہ زکوٰۃ میں کوئی چیز دے لیکن کسی بھی چیز کی "نیت نہ کرے" تو جو چیز اس نے زکوٰۃ میں دی ہے اگر اس کی جنس وہی ہو جو ان چیزوں میں سے کسی ایک کی ہے تو وہ اسی جنس کی زکوٰۃ شمار ہوگی۔ فرض کریں کہ کسی شخص پر چالیس بھیڑوں اور پندرہ مثقال سونے کی زکوٰۃ واجب ہے، اگر وہ مثلاً ایک بھیڑ زکوٰۃ میں دے اور ان چیزوں میں سے (کہ جن پر زکوٰۃ واجب ہے) کسی کی بھی "نیت" نہ کرے تو وہ بھیڑوں کی زکوٰۃ شمار ہوگی۔ لیکن اگر وہ چاندی کے سکے یا کرنسی نوٹ دے جو ان چیزوں) کے ہم جنس نہیں ہے تو بعض (علماء) کے بقول وہ (سکے یا نوٹ) ان تمام (چیزوں) پر حساب سے بانٹ دیئے جائیں لیکن یہ بات اشکال سے خالی نہیں ہے بلکہ احتمال یہ ہے کہ وہ ان چیزوں میں سے کسی کی بھی (زکوٰۃ) شمار نہ ہوں گے اور (نیت نہ کرنے تک) مالک مال کی ملکیت رہیں گے۔

(۱۹۲۲) اگر کوئی شخص اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرنے کے لئے کسی کو وکیل بنائے تو ضروری ہے کہ مال زکوٰۃ وکیل کے حوالے کرتے وقت نیت کرے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس زکوٰۃ کے فقیر تک پہنچنے تک اپنی اسی نیت پر باقی رہے۔

زکوٰۃ کے متفرق مسائل

(۱۹۲۳) ضروری ہے کہ انسان گیہوں اور جو کو بھوسے سے الگ کرنے کے موقع پر اور کھجور اور انگور کے خشک ہونے کے وقت زکوٰۃ فقیر کو دے دے یا اپنے مال سے علیحدہ کردے۔ ضروری ہے کہ سونے، چاندی، گائے، بھیڑ اور اونٹ کی زکوٰۃ گیارہ مہینے ختم ہونے کے بعد فقیر کو دے یا اپنے مال سے علیحدہ کردے۔

(۱۹۲۴) زکوٰۃ علیحدہ کرنے کے بعد ایک شخص کے لئے لازم نہیں کہ اسے فوراً مستحق شخص کو دے دے اور اگر کسی عقلی مقصد سے اس میں تاخیر کرے تو کوئی حرج نہیں۔

(۱۹۲۵) جو شخص زکوٰۃ مستحق شخص کو پہنچا سکتا ہو اگر وہ اسے زکوٰۃ نہ پہنچائے اور اس کے کوتاہی برتنے کی وجہ سے مال زکوٰۃ تلف ہو جائے تو ضروری ہے کہ اس کا عوض دے۔

(۱۹۲۶) جو شخص زکوٰۃ مستحق تک پہنچا سکتا ہو اگر وہ اسے زکوٰۃ نہ پہنچائے اور مال زکوٰۃ حفاظت کرنے کے باوجود تلف ہو جائے تو زکوٰۃ ادا کرنے میں تاخیر کی کوئی صحیح وجہ نہ ہو تو ضروری ہے کہ اس کا عوض دے لیکن اگر تاخیر کرنے کی کوئی صحیح وجہ تھی مثلاً ایک خاص فقیر اس کی نظر میں تھا یا تھوڑا تھوڑا کر کے فقراء کو دینا چاہتا تھا تو احتیاط واجب کی بنا پر اس کا ضامن ہے۔

(۱۹۲۷) اگر کوئی شخص زکوٰۃ (عین اسی) مال سے جدا کردے تو وہ باقی ماندہ مال میں تصرف کرسکتا ہے اور اگر وہ زکوٰۃ اپنے کسی دوسرے مال سے جدا کردے تو اس پورے مال میں تصرف کرسکتا ہے۔

(۱۹۲۸) انسان نے جو مال زکوٰۃ کے طور پر علیحدہ کیا ہو اسے اپنے لئے اٹھا کر اس کی جگہ کوئی دوسری چیز نہیں رکھ سکتا۔

(۱۹۲۹) اگر اس مال زکوٰۃ سے جو کسی شخص نے علیحدہ کردیا ہو کوئی منفعت حاصل ہو مثلاً جو بھیڑ بطور زکوٰۃ علیحدہ کی ہو وہ بچہ جنے تو وہ منفعت زکوٰۃ کا حکم رکھتی ہے۔

(۱۹۳۰) جب کوئی شخص مال زکوٰۃ علیحدہ کر رہا ہو اگر اس وقت کوئی مستحق موجود ہو تو بہتر ہے کہ زکوٰۃ اسے دیدے بجز اس صورت کے کہ کوئی ایسا شخص اس کی نظر میں ہو جسے زکوٰۃ دینا کسی وجہ سے بہتر ہو۔

(۱۹۳۱) اگر کوئی شخص حاکم شرع کی اجازت کے بغیر اس مال سے کاروبار کرے جو اس نے زکوٰۃ کے لئے علیحدہ کردیا ہو اور اس میں خسارہ ہو جائے تو وہ زکوٰۃ میں سے کوئی کمی نہیں کرسکتا لیکن اگر منافع ہو تو احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ مستحق کو دیدے۔

(۱۹۳۲) اگر کوئی شخص اس سے پہلے کہ زکوٰۃ اس پر واجب ہو کوئی چیز بطور زکوٰۃ فقیر کو دے دے تو وہ زکوٰۃ میں شمار نہیں ہوگی اور اگر اس پر زکوٰۃ واجب ہونے کے بعد وہ چیز جو اس نے فقیر کو دی تھی تلف نہ ہوئی ہو اور فقیر ابھی تک فقیری میں مبتلا ہو تو زکوٰۃ دینے والا اس چیز کو جو اس نے فقیر کو دی تھی زکوٰۃ میں شمار کرسکتا ہے۔

(۱۹۳۳) اگر فقیر یہ جانتے ہوئے کہ زکوٰۃ ایک شخص پر واجب نہیں ہوئی اس سے کوئی چیز بطور زکوٰۃ کے لے لے اور وہ چیز فقیر کی تحویل میں تلف ہو جائے تو فقیر اس کا ذمہ دار ہے اور جب زکوٰۃ اس شخص پر واجب ہو جائے اور فقیر اس وقت تک تنگدست ہو تو جو چیز اس شخص نے فقیر کو دی تھی اس کا عوض زکوٰۃ میں شمار کرسکتا ہے۔

(۱۹۳۴) اگر کوئی فقیر یہ نہ جانتا ہو کہ زکوٰۃ ایک شخص پر واجب نہیں ہوئی ہے اور اس سے کوئی چیز بطور زکوٰۃ لے لے اور وہ چیز فقیر کی تحویل میں تلف ہو جائے تو فقیر ذمے دار نہیں ہے اور دینے والا شخص اس چیز کا عوض زکوٰۃ میں شمار نہیں کرسکتا۔

(۱۹۳۵) مستحب ہے کہ گائے، بھیڑ اور اونٹ کی زکوٰۃ آبرومند فقراء کو دی جائے اور زکوٰۃ دینے میں اپنے رشتہ داروں کو دوسروں پر اور اہل علم کو بے علم لوگوں پر اور جو لوگ ہاتھ نہ پھیلاتے ہوں ان کو منگتوں پر ترجیح دی جائے۔ ہاں، یہ ممکن ہے کہ کسی فقیر کو کسی اور وجہ سے زکوٰۃ دینا بہتر ہو۔

(۱۹۳۶) بہتر ہے کہ زکوٰۃ علانیہ دی جائے اور مستحب صدقہ پوشیدہ طور پر دیا جائے۔

(۱۹۳۷) جو شخص زکوٰۃ دینا چاہتا ہو اگر اس کے شہر میں کوئی مستحق نہ ہو اور وہ زکوٰۃ کو اس کے لئے کسی اور معین مد میں بھی صرف نہ کرسکتا ہو تو وہ اسے کسی دوسرے شہر لے جاسکتا ہے اور اس صورت میں اگر اس نے حفاظت میں کوتاہی نہ کی ہو اور وہ مال تلف ہو جائے تو ضامن نہیں ہے۔ وہ یہ بھی کرسکتا ہے کہ حاکم شرع سے وکالت لے لے اور اس مال کو حاکم شرع کی وکالت میں وصول کرے اور پھر اسے کسی شہر میں منتقل کرے۔ اس صورت میں وہ تلف کا ذمہ دار بھی نہ ہوگا اور منتقل کرنے کی اجرت بھی زکوٰۃ میں سے لے سکتا ہے۔

(۱۹۳۸) اگر زکوٰۃ دینے والے کو اپنے شہر میں کوئی مستحق مل جائے تب بھی وہ مال زکوٰۃ دوسرے شہر لے جاسکتا ہے لیکن ضروری ہے کہ اس شہر میں لے جانے کے اخراجات خود برداشت کرے اور اگر مال زکوٰۃ تلف ہو جائے تو وہ خود ذمے دار ہے بجز اس صورت کے کہ مال زکوٰۃ دوسرے شہر میں حاکم شرع کے حکم سے لے گیا ہو۔

(۱۹۳۹) جو شخص گیہوں، جو، کشمش اور کھجور بطور زکوٰۃ دے رہا ہو، ان اجناس کے ناپ تول کی اجرت اس کی اپنی ذمے داری ہے۔

(۱۹۴۰) انسان کے لئے مکروہ ہے کہ مستحق سے درخواست کرے کہ جو زکوٰۃ اس نے اس سے لی ہے اسی کے ہاتھ فروخت کردے لیکن اگر مستحق نے جو چیز بطور زکوٰۃ لی ہے اسے بیچنا چاہے تو جب اس کی قیمت طے ہو جائے تو جس شخص نے مستحق کو زکوٰۃ دی ہو اس چیز کو خریدنے کے لئے اس کا حق دوسروں پر فائق ہے۔

(۱۹۴۱) اگر کسی شخص کو شک ہو کہ جو زکوٰۃ اس پر واجب ہوئی تھی وہ اس نے دی ہے یا نہیں اور جس مال میں زکوٰۃ واجب ہوئی تھی وہ بھی موجود ہو تو ضروری ہے کہ زکوٰۃ دے خواہ اس کا شک گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ کے

متعلق ہی کیوں نہ ہو۔ اور اگر وہ مال ضائع ہو چکا ہو تو اگرچہ اسی سال کی زکوٰۃ کے متعلق ہی شک کیوں نہ ہو اس پر زکوٰۃ نہیں ہے۔

(۱۹۴۲) فقیر یہ نہیں کرسکتا کہ زکوٰۃ لینے سے پہلے اس کی مقدار سے کم مقدار پر مصالحت کرلے یا کسی چیز کو اس کی قیمت سے زیادہ قیمت پر بطور زکوٰۃ قبول کرے اور اسی طرح مالک بھی یہ نہیں کرسکتا کہ مستحق کو اس شرط پر زکوٰۃ دے کہ وہ مستحق اسے واپس کردے گا لیکن اگر مستحق زکوٰۃ لینے کے بعد راضی ہو جائے اور اس زکوٰۃ کو اسے واپس کردے تو کوئی حرج نہیں۔ مثلاً کسی شخص پر بہت زیادہ زکوٰۃ واجب ہو اور فقیر ہو جانے کی وجہ سے وہ زکوٰۃ ادا نہ کرسکتا ہو اور اس نے توبہ کرلی ہو تو اگر فقیر راضی ہو جائے کہ اس سے زکوٰۃ لے کر پھر اسے بخش دے تو کوئی حرج نہیں۔

(۱۹۴۳) انسان قرآن مجید، دینی کتابیں یا دعا کی کتابیں سہم فی سبیل اللہ سے خرید کر وقف نہیں کرسکتا۔ لیکن اگر رفاہ عامہ کے لئے ان چیزوں کی ضرورت ہو تو احتیاط لازم کی بنا پر حاکم شرع سے اجازت لے لے۔

(۱۹۴۴) انسان مال زکوٰۃ سے جائیداد خرید کر اپنی اولاد یا ان لوگوں کو وقف نہیں کرسکتا جن کا خرچہ اس پر واجب ہو تاکہ وہ اس جائیداد کی منفعت اپنے مصرف میں لے آئیں۔

(۱۹۴۵) حج اور زیارات وغیرہ پر جانے کے لئے انسان فی سبیل اللہ کے حصے سے زکوٰۃ لے سکتا ہے اگرچہ وہ فقیر نہ ہو یا اپنے سال بھر کے اخراجات کے لئے زکوٰۃ لے چکا ہو لیکن یہ اس صورت میں ہے جبکہ اس کا حج اور زیارات وغیرہ کے لئے جانا لوگوں کے مفاد میں ہو اور احتیاط کی بنا پر ایسے کاموں میں زکوٰۃ خرچ کرنے کے لئے حاکم شرع سے اجازت لے لے۔

(۱۹۴۶) اگر ایک مالک اپنے مال کی زکوٰۃ دینے کیلئے کسی فقیر کو وکیل بنائے اور فقیر کو یہ احتمال ہو کہ مالک کا ارادہ یہ تھا کہ وہ خود (یعنی فقیر) اس مال سے کچھ نہ لے تو اس صورت میں وہ کوئی چیز اس میں سے اپنے لئے نہیں لے سکتا اور اگر فقیر کو یہ یقین ہو کہ مالک کا ارادہ یہ نہیں تھا تو وہ اپنے لئے بھی لے سکتا ہے۔

(۱۹۴۷) اگر کوئی فقیر اونٹ، گائیں، بھیڑیں، سونا اور چاندی بطور زکوٰۃ حاصل کرے اور ان میں وہ سب شرائط موجود ہوں جو زکوٰۃ واجب ہونے کے لئے بیان کی گئی ہیں تو ضروری ہے کہ فقیر ان پر زکوٰۃ دے۔

(۱۹۴۸) اگر دو اشخاص ایک ایسے مال میں حصہ دار ہوں جس کی زکوٰۃ واجب ہو چکی ہو اور ان میں سے ایک اپنے حصے کی زکوٰۃ دے دے اور بعد میں وہ مال تقسیم کرلیں (اور جو شخص زکوٰۃ دے چکا ہے) اگرچہ اسے علم ہو کہ اس کے ساتھی نے اپنے حصے کی زکوٰۃ نہیں دی اور نہ ہی بعد میں دے گا تو اس کا اپنے حصے میں تصرف کرنا اشکال نہیں رکھتا۔

(۱۹۴۹) اگر خمس اور زکوٰۃ کسی شخص کے ذمے واجب ہو اور کفارہ اور منت وغیرہ بھی اس پر واجب ہو اور وہ مقروض بھی ہو اور ان سب کی ادائیگی نہ کرسکتا ہو تو اگر وہ مال جس پر خمس یا زکوٰۃ واجب ہو چکی ہو تلف نہ ہو گیا ہو تو ضروری ہے کہ خمس اور زکوٰۃ دے اور اگر وہ مال تلف ہو گیا ہو تو کفارے اور نذر سے پہلے زکوٰۃ، خمس اور قرض ادا کرے۔

(۱۹۵۰) جس شخص کے ذمے خمس یا زکوٰۃ واجب الادا ہو اور حج بھی اس پر واجب ہو اور وہ مقروض بھی ہو اگر وہ مرجائے اور اس کا مال ان تمام چیزوں کے لئے کافی نہ ہو تو اگر وہ مال جس پر خمس اور زکوٰۃ واجب ہو چکے ہوں تلف نہ ہوگیا ہو تو ضروری ہے کہ خمس یا زکوٰۃ ادا کی جائے اور اس کا باقی ماندہ مال قرض کی ادائیگی پر خرچ کیا جائے۔ اگر وہ مال جس پر خمس اور زکوٰۃ واجب ہوچکی ہو تلف ہوگیا ہو تو ضروری ہے کہ اس کا مال قرض کی ادائیگی پر خرچ کیا جائے اور اس صورت میں اگر کچھ بچ جائے تو حج کیا جائے اور اگر زیادہ بچا ہو تو اسے خمس اور زکوٰۃ پر تقسیم کردیا جائے۔

(۱۹۵۱) جو شخص علم حاصل کرنے میں مشغول ہو اگر علم حاصل نہ کرے تو اپنی روزی کمانے کے لئے کام کرسکتا ہو، اگر اس کا علم حاصل کرنا واجب عینی ہو تو فقراء کے حصے سے اس کو زکوٰۃ دے سکتے ہیں اور اگر اس علم کا حاصل کرنا عوامی بہبود کے لئے ہو تو فی سبیل اللہ کی مد سے احتیاط کی بنا پر حاکم شرع کی اجازت سے اس کو زکوٰۃ دینا جائز ہے۔ ان دو صورتوں کے علاوہ اس کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں ہے۔

زکوٰۃ فطرہ

(۱۹۵۲) عیدالفطر کی رات غروب آفتاب کے وقت جو شخص بالغ اور عاقل ہو اور نہ تو بے ہوش ہو اور نہ فقیر اور نہ کسی دوسرے کا غلام ہو تو ضروری ہے کہ اپنے لئے اور ان لوگوں کے لئے جو اس کے ہاں کھانا کھاتے ہوں فی کس ایک صاع جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ تقریباً تین کلو ہوتا ہے ان غذاؤں میں سے جو اس کے شہر (یا علاقے) میں استعمال ہوتی ہوں، مثلاً گیہوں یا جو یا کھجور یا کشمش یا چاول یا جوار مستحق شخص کو دے اور اگر ان کے بجائے ان کی قیمت نقدی کی شکل میں دے تب بھی کافی ہے۔ احتیاط لازم یہ ہے کہ جو غذا اس کے شہر میں عام طور پر استعمال نہ ہوتی ہو چاہے وہ گیہوں، جو، کھجور یا کشمش ہو، نہ دے۔

(۱۹۵۳) جس شخص کے پاس اپنے اور اپنے اہل و عیال کے لئے سال بھر کے اخراجات نہ ہوں اور اس کا کوئی روزگار بھی نہ ہو جس کے ذریعے وہ اپنے اہل و عیال کا سال بھر کا خرچہ پورا کرسکے وہ فقیر ہے اور اس پر فطرہ دینا واجب نہیں ہے۔

(۱۹۵۴) جو لوگ عیدالفطر کی رات غروب کے وقت کسی کے ہاں کھانے والے سمجھے جائیں ضروری ہے کہ صاحب خانہ ان کا فطرہ دے، قطع نظر اس سے کہ وہ چھوٹے ہوں یا بڑے، مسلمان ہوں یا کافر، ان کا خرچہ اس پر واجب ہو یا نہ ہو اور وہ اس کے شہر میں ہوں یا کسی دوسرے شہر میں ہوں۔

(۱۹۵۵) اگر کوئی شخص ایک ایسے شخص کو جو اس کے ہاں کھانا کھانے والا گردانا جائے، اور دوسرے شہر میں ہو، اپنا نمائندہ مقرر کرے کہ اس کے (یعنی صاحب خانہ کے) مال سے اپنا فطرہ دے دے اور اسے اطمینان ہو کہ وہ شخص فطرہ دے دے گا تو خود صاحب خانہ کے لئے اس کا فطرہ دینا ضروری نہیں۔

(۱۹۵۶) جو مہمان عیدالفطر کی رات غروب سے پہلے صاحب خانہ کی رضامندی سے اس کے گھر آئے، رات اس کے ہاں گزارے اور اس کے ہاں کھانا کھانے والوں میں اگرچہ وقتی طور پر شمار ہو اس کا فطرہ بھی صاحب خانہ پر واجب ہے۔

(۱۹۵۷) جو مہمان عیدالفطر کی رات غروب کے بعد وارد ہو اگر وہ صاحب خانہ کے ہاں کھانا کھانے والا شمار ہو تو اس کا فطرہ صاحب خانہ پر احتیاط کی بنا پر واجب ہے اور اگر کھانا کھانے والا شمار نہ ہو تو واجب نہیں ہے اور جس شخص کو انسان نے عید کی شب میں اپنے گھر افطار پر بلایا ہو، وہ اس کے ہاں کھانا کھانے والا شمار نہیں ہوتا اور صاحب خانہ پر اس کا فطرہ واجب نہیں ہے۔

(۱۹۵۸) اگر کوئی شخص عیدالفطر کی رات غروب کے وقت دیوانہ ہو اور اس کی دیوانگی عیدالفطر کے دن ظہر کے وقت تک باقی رہے تو اس پر فطرہ واجب نہیں ہے ورنہ احتیاط واجب کی بنا پر لازم ہے کہ فطرہ دے۔

(۱۹۵۹) غروب آفتاب سے پہلے اگر کوئی بچہ بالغ ہو جائے یا کوئی دیوانہ عاقل ہو جائے یا کوئی فقیر غنی ہو جائے تو اگر وہ فطرہ واجب ہونے کی شرائط پوری کرتا ہو تو ضروری ہے کہ فطرہ دے۔

(۱۹۶۰) اگر عیدالفطر کی رات غروب کے وقت فطرہ واجب ہونے کی شرائط نہ ہوں، لیکن اگر عید کے دن ظہر کے وقت سے پہلے تک فطرہ واجب ہونے کی شرائط اس میں موجود ہوجائیں تو احتیاط واجب یہ ہے کہ فطرہ دے۔

(۱۹۶۱) اگر کوئی کافر عیدالفطر کی رات غروب آفتاب کے بعد مسلمان ہو جائے تو اس پر فطرہ واجب نہیں ہے۔ لیکن اگر ایک ایسا مسلمان جو شیعہ نہ ہو وہ عید کا چاند دیکھنے کے بعد شیعہ ہو جائے تو ضروری ہے کہ فطرہ دے۔

(۱۹۶۲) جس شخص کے پاس صرف اندازاً ایک صاع گیہوں یا اس جیسی کوئی جنس ہو اس کے لئے مستحب ہے کہ فطرہ دے اور اگر اس کے اہل و عیال بھی ہوں اور وہ ان کا فطرہ بھی دینا چاہتا ہو تو وہ ایسا کرسکتا ہے کہ فطرے کی نیت سے ایک صاع گیہوں وغیرہ اپنے اہل و عیال میں سے کسی ایک کو دے دے اور وہ بھی اسی نیت سے دوسرے کو دے دے اور وہ اسی طرح دیتے رہیں حتیٰ کہ وہ جنس خاندان کے آخری فرد تک پہنچ جائے اور بہتر ہے کہ جو چیز آخری فرد کو ملے وہ کسی ایسے شخص کو دے جو خود ان لوگوں میں سے نہ ہو جنہوں نے فطرہ ایک دوسرے کو دیا ہے اور اگر ان لوگوں میں سے کوئی نابالغ یا دیوانہ ہو تو اس کا سرپرست اس کی بجائے فطرہ لے سکتا ہے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ وہ چیز اس کی نیت سے نہ لے بلکہ خود کے لئے لے۔

(۱۹۶۳) اگر عیدالفطر کی رات غروب کے بعد کسی کے ہاں بچہ پیدا ہو تو اس کا فطرہ دینا واجب نہیں ہے لیکن اگر غروب سے پہلے صاحب اولاد ہو جائے یا شادی کرلے، اگر وہ اس کے ہاں کھانا کھانے والے شمار ہوں تو ان کا فطرہ دینا ضروری ہے اور اگر وہ کسی اور کے ہاں کھانا کھانے والے شمار ہوں تو اس پر (یعنی باپ یا شوہر پر) ان کا فطرہ واجب نہیں اور اگر کسی کے ہاں کھانا کھانے والے نہ سمجھے جائیں تو عورت کا فطرہ خود پر واجب ہے اور بچے کی کوئی ذمہ داری نہیں۔

(۱۹۶۴) اگر کوئی شخص کسی کے ہاں کھانا کھاتا ہو اور غروب سے پہلے کسی دوسرے کے ہاں کھانا کھانے والا ہو جائے تو اس کا فطرہ اسی شخص پر واجب ہے جس کے ہاں وہ کھانا کھانے والا بن جائے۔ مثلاً اگر عورت غروب سے پہلے شوہر کے گھر چلی جائے تو ضروری ہے کہ شوہر اس کا فطرہ دے۔

(۱۹۶۵) جس شخص کا فطرہ کسی دوسرے شخص پر واجب ہو اس پر اپنا فطرہ دینا واجب نہیں ہے۔ لیکن اگر وہ اس کا فطرہ نہ دے یا نہ دے سکتا ہو تو احتیاط کی بنا پر خود اس شخص پر واجب ہے کہ مسئلہ ۱۹۵۲ میں ذکر شدہ شرائط اگر اس میں موجود ہوں تو خود اپنا فطرہ دے۔

(۱۹۶۶) جس شخص کا فطرہ کسی دوسرے شخص پر واجب ہو، اگر وہ خود اپنا فطرہ دے دے تو جس شخص پر اس کا فطرہ واجب ہو اس پر سے اس کی ادائیگی کا وجوب ساقط نہیں ہوتا۔

(۱۹۶۷) غیر سید، کسی سید کو فطرہ نہیں دے سکتا حتیٰ کہ اگر سید اس کے ہاں کھانا کھاتا ہو تب بھی اس کا فطرہ وہ کسی دوسرے سید کو نہیں دے سکتا۔

(۱۹۶۸) جو بچہ ماں یا دایہ کا دودھ پیتا ہو اس کا فطرہ اس شخص پر واجب ہے جو ماں یا دایہ کے اخراجات برداشت کرتا ہو۔ لیکن اگر ماں یا دایہ اپنا خرچہ بچے کے مال سے پورا کرتی ہو تو بچے کا فطرہ کسی پر واجب نہیں۔

(۱۹۶۹) انسان اگرچہ اپنے اہل و عیال کا خرچ حرام مال سے دیتا ہو، ضروری ہے کہ ان کا فطرہ حلال مال سے دے۔

(۱۹۷۰) اگر انسان کسی شخص کو اجرت پر رکھے جیسے مستری، بڑھئی یا خدمتگار اور اس کا خرچ اس طرح دے کہ وہ اس کا کھانا کھانے والوں میں شمار ہو تو ضروری ہے کہ اس کا فطرہ بھی دے۔ لیکن اگر اسے صرف کام کی مزدوری دے تو اس (اجیر) کا فطرہ ادا کرنا اس پر واجب نہیں ہے۔

(۱۹۷۱) اگر کوئی شخص عید الفطر کی رات غروب سے پہلے فوت ہو جائے تو اس کا اور اس کے اہل و عیال کا فطرہ اس کے مال سے دیا جانا ضروری نہیں۔ لیکن اگر غروب کے بعد فوت ہو تو علماء میں مشہور یہ ہے کہ اس کا اور اس کے اہل و عیال کا فطرہ اس کے مال سے دیا جائے۔ لیکن یہ حکم اشکال سے خالی نہیں اور احتیاط کے تقاضوں کو ترک نہ کیا جائے۔

زکوٰۃ فطرہ کا مصرف

(۱۹۷۲) فطرہ احتیاط واجب کی بنا پر فقط ان شیعہ اثنا عشری فقراء کو دینا ضروری ہے جو ان شرائط پر پورے اترتے ہوں جن کا ذکر زکوٰۃ کے مستحقین میں ہو چکا ہے اور اگر شہر میں شیعہ اثنا عشری فقراء نہ ملیں تو دوسرے مسلمان فقراء کو فطرہ دے سکتا ہے۔ لیکن ضروری ہے کہ کسی بھی صورت میں "ناصبی" کو نہ دیا جائے۔

(۱۹۷۳) اگر کوئی شیعہ بچہ فقیر ہو تو انسان یہ کر سکتا ہے کہ فطرہ اس پر خرچ کرے یا اس کے سرپرست کو دے کر اسے بچے کی ملکیت قرار دے۔

(۱۹۷۴) جس فقیر کو فطرہ دیا جائے تو ضروری نہیں کہ وہ عادل ہو لیکن احتیاط واجب یہ ہے کہ شرابی، بے نمازی اور جو کھلم کھلا گناہ کرتا ہو اسے فطرہ نہ دیا جائے۔

(۱۹۷۵) جو شخص فطرہ ناجائز کاموں میں خرچ کرتا ہو تو اسے فطرہ نہ دیا جائے۔

(۱۹۷۶) احتیاط مستحب یہ ہے کہ ایک فقیر کو ایک صاع سے کم فطرہ نہ دیا جائے۔ مگر اس صورت میں دیا جا سکتا ہے کہ سب موجودہ فقراء کو نہ پہنچ سکے۔ البتہ ایک صاع سے زیادہ دینے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۱۹۷۷) جب کسی جنس کی قیمت اسی جنس کی معمولی قسم سے دگنی ہو، مثلاً کسی گیہوں کی قیمت معمولی قسم کی گیہوں کی قیمت سے دگنی ہو تو اگر کوئی شخص اس (بڑھیا جنس) کا آدھا صاع بطور فطرہ دے تو یہ کافی نہیں ہے بلکہ اگر وہ آدھا صاع فطرہ کی قیمت کی نیت سے بھی دے تو کافی نہیں ہے۔

(۱۹۷۸) انسان آدھا صاع ایک جنس کا مثلاً گیہوں کا اور آدھا صاع کسی دوسری جنس مثلاً جو کا، بطور فطرہ نہیں دے سکتا بلکہ اگر یہ آدھا آدھا صاع فطرہ کی قیمت کی نیت سے بھی دے تو کافی نہیں ہے۔

(۱۹۷۹) انسان کے لئے مستحب ہے کہ زکوٰۃ دینے میں اپنے رشتے داروں اور ہمسایوں کو دوسرے لوگوں پر ترجیح دے۔ مناسب یہ ہے کہ اہل علم و فضل اور دیندار لوگوں کو بھی دوسروں پر ترجیح دے۔

(۱۹۸۰) اگر انسان یہ خیال کرتے ہوئے کہ ایک شخص فقیر ہے اسے فطرہ دے اور بعد میں معلوم ہو کہ وہ فقیر نہ تھا تو اگر اس نے جو مال فقیر کو دیا تھا وہ ختم نہ ہو گیا ہو تو ضروری ہے کہ واپس لے لے اور مستحق کو دے دے اور اگر واپس نہ لے سکتا ہو تو ضروری ہے کہ خود اپنے مال سے فطرے کا عوض دے اور اگر وہ مال ختم ہو گیا ہو لیکن لینے والے کو علم ہو کہ جو کچھ اس نے لیا ہے وہ فطرہ ہے تو ضروری ہے کہ اس کا عوض دے اور اگر اسے یہ علم نہ ہو تو عوض دینا اس پر واجب نہیں ہے اور ضروری ہے کہ فطرہ دینے والا خود فطرے کا عوض دے۔

(۱۹۸۱) اگر کوئی شخص کہے کہ میں فقیر ہوں تو اسے فطرہ نہیں دیا جا سکتا بجز اس صورت کے کہ کسی کے کہنے سے اطمینان ہو جائے یا اسے علم ہو کہ وہ پہلے فقیر تھا۔

زکوٰۃ فطرہ کے متفرق مسائل

(۱۹۸۲) ضروری ہے کہ انسان فطرہ قربت کے قصد سے یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کی خوشنودی کے لئے دے اور اسے دیتے وقت فطرے کی نیت کرے۔

(۱۹۸۳) اگر کوئی شخص رمضان سے پہلے فطرہ دے دے تو یہ صحیح نہیں ہے اور بہتر یہ ہے کہ رمضان میں بھی فطرہ نہ دے۔ البتہ اگر رمضان سے پہلے کسی فقیر کو قرضہ دے اور جب فطرہ اس پر واجب ہو جائے قرضے کو فطرے میں شمار کر لے، تو کوئی حرج نہیں ہے۔

(۱۹۸۴) گیہوں یا کوئی دوسری چیز جو فطرہ کے طور پر دی جائے ضروری ہے کہ اس میں کوئی اور جنس یا مٹی نہ ملی ہوئی ہو۔ اگر اس میں کوئی ایسی چیز ملی ہوئی ہو اور خالص مال ایک صاع تک پہنچ جائے اور ملی ہوئی چیز جدا

کئے بغیر استعمال کے قابل ہو یا جدا کرنے میں حد سے زیادہ زحمت نہ ہو یا جو چیز ملی ہوئی ہو وہ اتنی کم ہو کہ قابل توجہ نہ ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

(۱۹۸۵) اگر کوئی شخص عیب دار چیز فطرے کے طور پر دے تو احتیاط واجب کی بنا پر کافی نہیں ہے۔

(۱۹۸۶) جس شخص کو کئی اشخاص کا فطرہ دینا ہو اس کے لئے ضروری نہیں کہ سارا فطرہ ایک ہی جنس سے دے۔ مثلاً اگر بعض افراد کا فطرہ گیہوں سے اور بعض دوسروں کا جو سے دے تو بھی کافی ہے۔

(۱۹۸۷) عید کی نماز پڑھنے والے شخص کو احتیاط واجب کی بنا پر عید کی نماز سے پہلے فطرہ دینا ضروری ہے لیکن اگر کوئی شخص نماز عید نہیں پڑھتا ہے تو فطرے کی ادائیگی میں ظہر تک تاخیر کر سکتا ہے۔

(۱۹۸۸) اگر کوئی شخص فطرے کی نیت سے اپنے مال کی کچھ مقدار علیحدہ کر دے اور عید کے دن ظہر کے وقت تک مستحق کو نہ دے تو جب بھی وہ مال مستحق کو دے فطرے کی نیت کرے۔ اگر تاخیر کرنے میں کوئی عقلی وجہ ہو تو کوئی اشکال نہیں۔

(۱۹۸۹) اگر کوئی شخص عید کے دن ظہر تک فطرہ نہ دے اور الگ بھی نہ کرے تو اس کے بعد ادا اور قضا کی نیت کئے بغیر فطرہ دے۔

(۱۹۹۰) اگر کوئی شخص فطرہ الگ کر دے تو وہ اسے اپنے لئے اٹھا کر دوسرا مال اس کی جگہ بطور فطرہ نہیں رکھ سکتا۔

(۱۹۹۱) اگر کسی شخص کے پاس ایسا مال ہو جس کی قیمت فطرے سے زیادہ ہو تو اگر وہ شخص فطرہ نہ دے اور نیت کرے کہ اس مال کی کچھ مقدار فطرے کے لئے قرار دینا احتیاط واجب کی بنا پر کافی نہیں۔

(۱۹۹۲) کسی شخص نے جو مال فطرے کے لئے الگ کیا ہو اگر وہ تلف ہو جائے تو اگر وہ فقیر تک پہنچ سکتا تھا۔ اس نے فطرہ دینے میں تاخیر کی ہو یا اس کی حفاظت کرنے میں کوتاہی کی ہو تو ضروری ہے کہ اس کا عوض دے اور اگر فقیر تک نہیں پہنچ سکتا تھا اور اس کی حفاظت میں کوتاہی نہ کی ہو تو پھر ذمہ دار نہیں ہے۔

(۱۹۹۳) اگر فطرہ دینے والے کے اپنے علاقے میں مستحق مل جائے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ فطرہ دوسری جگہ نہ لے جائے اور اگر دوسری جگہ لے جائے اور مستحق تک پہنچائے تو کافی ہے اور اگر دوسری جگہ پہنچائے اور وہ مال تلف ہو جائے تو ضروری ہے کہ اس کا عوض دے۔

حج کے احکام

(۱۹۹۴) بیت اللہ کی زیارت کرنے اور ان اعمال کو بجالانے کا نام "حج" ہے جن کے وہاں بجالانے کا حکم دیا گیا ہے اور اس کی بجا آوری ہر اس شخص کے لئے جو مندرجہ ذیل شرائط پوری کرتا ہو تمام عمر میں ایک دفعہ واجب ہے:

(اول) انسان بالغ ہو۔

(دوم) عاقل اور آزاد ہو۔

(سوم) حج پر جانے کی وجہ سے کوئی ایسا ناجائز کام کرنے پر مجبور نہ ہو جس کا ترک کرنا حج کرنے سے زیادہ اہم ہو یا کوئی ایسا واجب کام ترک نہ ہوتا ہو جو حج سے زیادہ اہم ہو۔ لیکن اگر اس حالت میں بھی حج پر چلا جائے تو گنہگار ضرور ہے مگر حج صحیح ہے۔

(چہارم) استطاعت رکھتا ہو۔ صاحب استطاعت ہونا چند چیزوں پر منحصر ہے:

(۱) انسان راستے کا خرچ اور اسی طرح اگر ضرورت ہو تو سواری رکھتا ہو یا اتنا مال رکھتا ہو کہ ان چیزوں کو مہیا کر سکے۔

(۲) اتنی صحت اور طاقت ہو کہ زیادہ مشقت کے بغیر مکہ مکرمہ جا کر حج کر سکتا ہو۔ یہ شرط حج کے موقع سے مخصوص ہے اور اگر کوئی شخص مالی استطاعت رکھتا ہو مگر جسمانی طاقت حج کے وقت نہ رکھتا ہو یا اگر خود بجالائے تو اس کے لئے نقصان ہے اور صحتیابی کی بھی کوئی امید نہ ہو تو اسے چاہئے کہ کسی کو نائب بنائے۔

(۳) مکہ مکرمہ جانے کے لئے راستے میں کوئی رکاوٹ نہ ہو اور اگر راستہ بند ہو یا انسان کو ڈر ہو کہ راستے میں اس کی جان یا آبرو چلی جائے گی یا اس کا مال چھین لیا جائے گا تو اس پر حج واجب نہیں ہے۔ لیکن اگر وہ دوسرے راستے سے جا سکتا ہو تو اگرچہ وہ راستہ زیادہ طویل ہو تو ضروری ہے کہ اس راستے سے جائے بجز اس کے کہ وہ راستہ اس قدر دور اور غیر معروف ہو کہ لوگ کہیں کہ حج کا راستہ بند ہے۔

(۴) جب سارے شرائط موجود ہوں تو اس کے پاس اتنا وقت بھی ہو کہ مکہ مکرمہ پہنچ کر حج کے اعمال بجالا سکے۔

(۵) جن لوگوں کے اخراجات اس پر واجب ہوں مثلاً بیوی اور بچے اور جن لوگوں کے اخراجات ترک کرنا اس کے لئے گناہ ہوں تو ان کے اخراجات اس کے پاس موجود ہوں۔

(۶) حج سے واپسی کے بعد وہ معاش کے لئے کوئی ہنر یا کھیتی یا جائیداد رکھتا ہو یا پھر کوئی دوسرا ذریعہ آمدنی رکھتا ہو یعنی ایسا نہ ہو کہ حج کے اخراجات کی وجہ سے حج سے واپسی پر مجبور ہو جائے اور تنگی ترشی میں زندگی گزارنے پر مجبور ہو جائے۔

(۱۹۹۵) جس شخص کی ضرورت اپنے ذاتی مکان کے بغیر پوری نہ ہو سکے اس پر حج اس وقت واجب ہے جب اس کے پاس مکان کے لئے بھی رقم ہو۔

(۱۹۹۶) جو عورت مکہ مکرمہ جا سکتی ہو اگر واپسی کے بعد اس کے پاس اس کا اپنا کوئی مال نہ ہو اور مثال کے طور پر اس کا شوہر بھی فقیر ہو اور اسے خرچ نہ دیتا ہو اور وہ عورت عسرت میں زندگی گزارنے پر مجبور ہو جائے تو

اس پر حج واجب نہیں۔

(۱۹۹۷) اگر کسی شخص کے پاس حج کے لئے زادراہ اور سواری نہ ہو اور دوسرا کوئی اسے کہے کہ تم حج پر جاؤ میں تمہارے سفر کا خرچ دوں گا اور تمہارے سفر حج کے دوران تمہارے اہل وعیال کو بھی خرچ دیتا رہوں گا تو اسے اطمینان ہو جائے کہ وہ شخص اسے خرچ دے گا تو اس پر حج واجب ہو جاتا ہے۔

(۱۹۹۸) اگر کسی شخص کو مکہ مکرمہ جانے اور واپس آنے کا خرچ اور جتنی مدت اسے وہاں جانے اور واپس آنے میں لگے اس کے لئے اس کے اہل وعیال کا خرچ دے دیا جائے کہ وہ حج کرلے تو اگرچہ وہ مقروض ہو اور واپسی پر گزر بسر کرنے کے لئے مال بھی نہ رکھتا ہو اس پر حج واجب ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر اس طرح ہو کہ حج کے سفر کا زمانہ اس کے کاروبار اور کام کا زمانہ ہو کہ اگر حج پر چلا جائے تو اپنا قرض مقررہ وقت پر ادا نہ کرسکتا ہو یا اپنی گزر بسر کے اخراجات سال کے باقی دنوں میں مہیا نہ کرسکتا ہو تو اس پر حج واجب نہیں ہے۔

(۱۹۹۹) اگر کسی کو مکہ مکرمہ تک جانے اور آنے کے اخراجات نیز جتنی مدت وہاں جانے اور آنے میں لگے اس مدت کے لئے اس کے اہل وعیال کے اخراجات دے دیئے جائیں اور اس سے کہا جائے کہ حج پر جاؤ لیکن یہ سب مصارف اس کی ملکیت میں نہ دیئے جائیں تو اس صورت میں جبکہ اسے اطمینان ہو کہ دیئے ہوئے اخراجات کا اس سے پھر مطالبہ نہیں کیا جائے گا اس پر حج واجب ہو جاتا ہے۔

(۲۰۰۰) اگر کسی شخص کو اتنا مال دے دیا جائے جو حج کے لئے کافی ہو اور یہ شرط لگائی جائے کہ جس شخص نے مال دیا ہے مال لینے والا مکہ مکرمہ کے راستے میں اس کی خدمت کرے گا تو جسے مال دیا جائے اس پر حج واجب نہیں ہوتا۔

(۲۰۰۱) اگر کسی شخص کو اتنا مال دیا جائے کہ اس پر حج واجب ہو جائے اور وہ حج کرے تو اگرچہ بعد میں وہ خود بھی (کہیں سے) مال حاصل کرلے تو دوسرا حج اس پر واجب نہیں ہے۔

(۲۰۰۲) اگر کوئی شخص بغرض تجارت مثال کے طور پر جدہ جائے اور اتنا مال کمائے کہ اگر وہاں سے مکہ جانا چاہے تو استطاعت رکھنے کی وجہ سے ضروری ہے کہ حج کرے اور اگر وہ حج کرلے تو خواہ وہ بعد میں اتنی دولت کمالے کہ خود اپنے وطن سے بھی مکہ مکرمہ جاسکتا ہو تب بھی اس پر دوسرا حج واجب نہیں ہے۔

(۲۰۰۳) اگر کوئی شخص اس شرط پر اجیر بنے کہ وہ خود ایک دوسرے شخص کی طرف سے حج کرے گا تو اگر وہ خود حج کو نہ جاسکے اور چاہے کہ کسی دوسرے کو اپنی جگہ بھیج دے تو ضروری ہے کہ جس نے اسے اجیر بنایا ہے اس سے اجازت لے۔

(۲۰۰۴) اگر کوئی شخص مستطیع ہو کر مکہ چلا جائے اور مقررہ وقت پر عرفات اور مشعر الحرام نہ پہنچ سکے تو جب بعد کے سالوں میں مستطیع نہ رہے تو اس پر حج واجب نہیں لیکن اگر گزشتہ سالوں میں مستطیع تھا اور حج پر نہیں گیا ہے تو چاہے اسے زحمت ہی کیوں نہ ہو حج بجالائے۔

(۲۰۰۵) اگر کوئی شخص مستطیع ہونے کے بعد حج ادا نہ کرے اور بعد میں بڑھاپے یا کمزوری یا بیماری کی وجہ سے حج نہ کرسکے یا کوئی رکاوٹ آجائے تو بعد میں اگر خود طاقت حاصل کرے تو خود حج بجالائے۔ اس صورت میں بھی ایسا ہے کہ اگر پہلے سال میں حج کرنے کی استطاعت حاصل کرے مگر بیماری، کمزوری یا بڑھاپے کی وجہ سے حج نہ کرسکے اور اپنی طاقت سے ناامید ہو جائے تو ان تمام صورتوں میں احتیاط مستحب یہ ہے کہ اگر مرد منوب عنہ ہو تو نائب صرورہ ہونا چاہئے یعنی کوئی ایسا شخص ہو جس نے پہلے حج ادا نہ کیا ہو۔

(۲۰۰۶) جو شخص حج کرنے کے لئے کسی دوسرے کی طرف سے اجیر ہو تو ضروری ہے کہ اس کی طرف سے طواف النساء بھی کرے اور اگر نہ کرے تو اجیر پر اس کی بیوی حرام ہو جائے گی۔

(۲۰۰۷) اگر کوئی شخص طواف النساء صحیح طور پر نہ بجالائے یا اس کو بجالانا بھول جائے اور چند روز بعد اسے یاد آئے اور راستے سے واپس ہو کر بجالائے تو صحیح ہے لیکن اگر واپس ہونا اس کے لئے باعث مشقت ہو تو طواف النساء کی بجاآوری کے لئے کسی کو نائب بنا سکتا ہے۔

خرید وفروخت کے احکام

(۲۰۰۸) ایک بیوپاری کے لئے مناسب ہے کہ خرید وفروخت کے سلسلے میں جن مسائل کا (عموماً) سامنا کرنا پڑتا ہے ان کے احکام سیکھ لے بلکہ اگر مسائل نہ سیکھنے کی وجہ سے کسی واجب حکم کے ترک کرنے یا حرام کام کے مرتکب ہونے کا اندیشہ ہو تو مسائل سیکھنا لازم ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ الصلوٰۃ والسلام سے روایت ہے کہ ''جو شخص خرید وفروخت کرنا چاہتا ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ ان کے احکام سیکھے اور اگر ان احکام کو سیکھنے سے پہلے خرید و فروخت کرے گا تو باطل یا مشتبہ معاملات کرنے کی وجہ سے ہلاکت میں پڑے گا۔''

(۲۰۰۹) اگر مسئلے سے ناواقفیت کی بنا پر یہ نہ جانتا ہو کہ اس نے جو معاملہ کیا ہے وہ صحیح ہے یا باطل تو جو مال اس نے حاصل کیا ہو اسے استعمال نہیں کرسکتا اور نہ ہی اس مال میں جو دوسرے کی تحویل میں دیا ہے بلکہ اسے چاہئے کہ مسئلہ یاد کرے یا احتیاط پر عمل کرے چاہے مصالحت کے ذریعے ہو۔ مگر یہ کہ اسے علم ہو جائے کہ دوسرا فریق اس مال کو استعمال کرنے پر راضی ہے تو اس صورت میں استعمال کرنا جائز ہے اگرچہ معاملہ باطل ہو۔

(۲۰۱۰) جس شخص کے پاس مال نہ ہو اور اخراجات اس پر واجب ہوں، مثلاً بیوی بچوں کا خرچ، تو ضروری ہے کہ کاروبار کرے۔ اور مستحب کاموں کے لئے مثلاً اہل وعیال کی خوشحالی اور فقیروں کی مدد کرنے کے لئے کاروبار کرنا مستحب ہے۔

خرید وفروخت کے مستحبات

خرید وفروخت میں چند چیزوں کو مستحب شمار کیا گیا ہے:

(۱) فقر اور اس جیسی کیفیت کے سوا جنس کی قیمت میں خریداروں کے درمیان فرق نہ کرے۔

(۲) دکان میں بیٹھتے وقت کلمہ شہادتین کہے اور سودا کے وقت تکبیر کہے۔

(۳) جو چیز بیچ رہا ہو وہ کچھ زیادہ دے اور جو چیز خرید رہا ہو وہ کچھ کم لے۔

(۴) اگر کوئی شخص سودا کرنے کے بعد پشیمان ہو کر اس چیز کو واپس کرنا چاہے تو واپس لے لے۔

مکروہ معاملات

(۲۰۱۱) چند چیزوں کو سودا کرتے وقت مکروہ شمار کیا گیا ہے ان میں سے بعض مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) جنس کے عیوب کو بیان نہ کرنا۔ بشرطیکہ ملاوٹ نہ ہو۔ اگر ملاوٹ ہو تو حرام ہے۔

(۲) سودا میں سچی قسم کھانا اگر جھوٹی قسم کھائے تو حرام ہے۔

(۳) کفن فروشی کا کاروبار کرنا۔

(۴) کسی مومن سے یا کسی ایسے شخص سے جس نے اس کے ساتھ نیکی کا وعدہ کیا ہے ان سے اپنی ضرورت سے زیادہ لینا۔

(۵) اذان صبح اور طلوع شمس کے درمیان سودا کرنا۔

(۶) جو شخص اسی شہر کا باشندہ ہے اور باہر سے آنے والے مسافر تاجروں کا وکیل بنے تاکہ ان کے لئے خرید وفروخت کرے بلکہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ اسے ترک کرے۔

(۷) اگر مسلمان کوئی جنس خرید رہا ہو تو اس کے سودے میں دخل اندازی کر کے خریدار بننے کا اظہار کرنا۔ احتیاط مستحب یہ ہے کہ ایسا نہ کرے۔

حرام معاملات

(۲۰۱۲) بہت سے معاملات حرام ہیں ان میں سے چند یہ ہیں:

(۱) نشہ آور مشروبات، غیر شکاری کتے اور سور کی خرید وفروخت حرام ہے اور احتیاط واجب کی بنا پر نجس مُردار کے متعلق بھی یہی حکم ہے۔ ان کے علاوہ دوسری نجاسات کی خرید وفروخت اس صورت میں جائز ہے جبکہ عین نجس سے حلال فائدہ حاصل کرنا مقصود ہو مثلاً گوبر اور فضلے سے کھاد بنانا۔

(۲) غصبی مال کی خرید وفروخت جبکہ اس میں تصرف لازم آئے جیسے قبضہ لینا اور دینا۔

(۳) ایسی کرنسی سے سودا کرنا جس کی حیثیت ختم ہوگئی ہو یا جعلی کرنسی سے سودا کرنا جبکہ فریق اس سے بے خبر ہو لیکن فریق کے علم میں ہے تو یہ سودا جائز ہے۔

(۴) ان چیزوں کی خرید وفروخت جنہیں عام طور پر فقط حرام کام میں استعمال کرتے ہوں اور

ان کی قدر و قیمت صرف اس حرام کی وجہ سے ہو مثلاً بت، صلیب، جوئے کا سامان ا
حرام لہو ولعب کے آلات وغیرہ۔

(۵) وہ لین دین جس میں ملاوٹ ہو (یعنی ایسی چیز کا بیچنا جس میں دوسری چیز اس طرح ملائی گئی ہو کہ ملاوٹ کا پتا نہ چل سکے اور بیچنے والا بھی خریدار کو نہ بتائے۔ مثلاً ایسا گھی بیچنا جس میں چربی ملائی گئی ہو)۔ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "وہ میری امت میں سے نہیں ہے جو مسلمانوں کو ملاوٹ والی چیز بیچتا ہے۔ خداوند تعالیٰ اس کی روزی سے برکت اٹھالیتا ہے اور اس کی روزی کے راستوں کو تنگ کر دیتا ہے اور اسے اس کے حال پر چھوڑ دیتا ہے۔"

ملاوٹ کے مختلف موارد ہوتے ہیں

(۱) اعلیٰ چیز میں گھٹیا چیز یا کسی دوسری چیز کو ملا دینا جیسے دودھ میں پانی ملانا۔

(۲) جنس کی ظاہری شکل وصورت کو اچھی ہیئت میں پیش کرنا جیسے پرانی سبزی پر پانی چھڑک کر تازہ بنانا۔

(۳) ایک چیز کو کسی دوسری چیز کی شکل میں پیش کرنا جیسے خریدار کو بتائے بغیر کسی چیز پر سونے کا پانی چڑھانا۔

(۴) کسی چیز کے عیب کو چھپانا جبکہ خریدار اس پر اعتماد رکھتا ہو کہ وہ کسی قسم کا عیب نہیں چھپائیگا۔

(۲۰۱۳) جو پاک چیز نجس ہوگئی ہو اور اسے پانی سے دھو کر پاک کرنا ممکن ہو جیسے قالین اور برتن وغیرہ تو اسے فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور اگر اسے دھونا ممکن نہ ہو تب بھی یہی حکم ہے لیکن اگر اس کا حلال فائدہ عرف عام میں اس کے پاک ہونے پر منحصر نہ ہو مثلاً مٹی کا تیل بلکہ اگر اس کا حلال فائدہ پاک ہونے پر موقوف ہو اور اس کا مناسب حد تک حلال فائدہ بھی ہو تب بھی اس کا بیچنا جائز ہے۔

(۲۰۱۴) اگر کوئی شخص نجس چیز بیچنا چاہے تو ضروری ہے کہ وہ اس کی نجاست کے بارے میں خریدار کو اس صورت میں بتا دے کہ اگر نہ بتائے گا تو خریدار کسی حرام کام کا یا کسی حکمِ واجب کی مخالفت کا مرتکب ہوگا۔ مثلاً نجس پانی کو وضو یا غسل میں استعمال کرے گا اور اس کے ساتھ اپنی واجب نماز پڑھے گا یا اس نجس چیز کو کھانے یا پینے میں استعمال کرے گا۔ البتہ اگر وہ یہ جانتا ہو کہ اسے بتانے کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ وہ لاپروا شخص ہے (اور نجس یا پاک کا خیال نہیں رکھتا) تو اسے بتانا ضروری نہیں۔

(۲۰۱۵) اگرچہ کھانے والی اور نہ کھانے والی نجس دواؤں کی خرید وفروخت جائز ہے لیکن ان کی نجاست کے متعلق خریدار کو اس صورت میں بتا دینا ضروری ہے جس کا ذکر سابقہ مسئلے میں کیا گیا ہے۔

(۲۰۱۶) جو تیل غیر اسلامی ممالک سے درآمد کئے جاتے ہیں اگر ان کے نجس ہونے کے بارے میں علم نہ ہو تو ان کی خرید وفروخت میں کوئی حرج نہیں۔ چربی اور دوسرے مواد جو کسی حیوان کے مرنے کے بعد حاصل کئے جاتے ہوں جیسے جیلیٹین، اگر اسے کافر سے لیں یا غیر اسلامی ممالک سے منگائیں تو اس صورت میں جبکہ اس کے بارے میں احتمال ہو کہ ایسے حیوان کی ہے جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے تو گو وہ پاک ہے اور اس کی خرید وفروخت جائز ہے لیکن اس کا کھانا حرام ہے اور بیچنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس کی کیفیت سے خریدار کو اس صورت میں آگاہ کردے جب آگاہ نہ کرنے کی صورت میں خریدار کسی حرام کو انجام دے گا یا کسی واجب حکم کی مخالفت کا مرتکب ہوگا جیسے کہ مسئلہ ۲۰۱۴ میں گزر چکا ہے۔

(۲۰۱۷) اگر لومڑی یا اس جیسے جانوروں کو شرعی طریقے سے ذبح نہ کیا جائے یا وہ خود مر جائیں تو ان کی کھال کی خرید وفروخت احتیاط کی بنا پر جائز نہیں ہے لیکن اگر شک ہو تو کوئی اشکال نہیں۔

(۲۰۱۸) جو چمڑا غیر اسلامی ممالک سے درآمد کیا جائے یا کافر سے لیا جائے اگر اس کے بارے میں احتمال ہو کہ ایک ایسے جانور کا ہے جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے تو اس کی خرید وفروخت جائز ہے اور اسی طرح اس میں نماز بھی صحیح ہوگی۔

(۲۰۱۹) تیل اور دوسرا مواد جو حیوان کے مرنے کے بعد حاصل کیا جائے یا وہ چمڑا جو مسلمان سے لیا جائے اور لینے والا جانتا ہو کہ اس مسلمان نے یہ چیز کافر سے لی ہے لیکن یہ تحقیق نہیں کی کہ یہ ایسے حیوان کی ہے جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہے یا نہیں اگرچہ اس پر طہارت کا حکم لگتا ہے اور اس کی خرید وفروخت جائز ہے لیکن اس تیل یا اس جیسی چیز کا کھانا جائز نہیں ہے۔

(۲۰۲۰) شراب اور تمام مائع منشیات کا لین دین حرام اور باطل ہے۔

(۲۰۲۱) غصبی مال کا بیچنا باطل ہے مگر اس وقت جائز ہے کہ اس کا مالک بیچنے کی اجازت دے اور بیچنے والے نے جو رقم خریدار سے لی ہے اسے مالک کو واپس کرنا ضروری ہے۔

(۲۰۲۲) اگر خریدار سنجیدگی سے سودا کرنے کا ارادہ رکھتا ہو لیکن اس کی نیت یہ ہو کہ جو چیز خرید رہا ہے اس کی قیمت نہیں دے گا تو اس کی یہ سوچ سودے کے صحیح ہونے میں تو مانع نہیں لیکن ضروری ہے کہ خریدار اس سودے کی قیمت بیچنے والے کو دے دے۔

(۲۰۲۳) اگر خریدار چاہے کہ جو مال اس نے ادھار خریدا ہے اس کی قیمت بعد میں حرام مال سے دے گا تب بھی معاملہ صحیح ہے البتہ ضروری ہے کہ جتنی قیمت اس کے ذمے ہو حلال مال سے دے تاکہ اس کا ادھار چکتا ہو جائے۔

(۲۰۲۴) حرام لہو ولعب کے آلات کی خرید وفروخت جائز نہیں ہے لیکن (حلال اور حرام میں استعمال ہونے والے) مشترکہ آلات مثلاً ریڈیو، ٹیپ ریکارڈ اور ویڈیو کی خرید وفروخت میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۰۲۵) اگر کوئی چیز کہ جس سے جائز فائدہ اٹھایا جاسکتا ہو اس نیت سے بیچی جائے کہ اسے حرام مصرف میں لایا جائے۔ مثلاً انگور اس نیت سے بیچا جائے کہ اس سے شراب تیار کی جائے،

چاہے سودے کے ضمن میں یا اس سے پہلے یہ ا[illegible]دہ کیا جائے اور سودا اس کی بنیاد پر ہو جائے تو حرام ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص انگور اس مقصد سے نہ بیچے اور فقط یہ جانتا ہو کہ خریدار انگور سے شراب کرے گا تو اس سودے میں کوئی حرج نہیں۔

(۲۰۲۶) جاندار کا مجسمہ بنانا احتیاط کی بنا پر حرام ہے لیکن ان کی خرید و فروخت ممنوع نہیں ہے جاندار کی نقاشی جائز ہے۔

(۲۰۲۷) کسی ایسی چیز کا خریدنا جو جوئے یا چوری یا باطل سودے سے حاصل کی گئی ہو اور اس تصرف لازم آتا ہے تو حرام ہے اور اگر کوئی ایسی چیز خرید لے تو ضروری ہے کہ اس کے اصلی مالک کو لوٹا دے۔

(۲۰۲۸) اگر کوئی شخص ایسا گھی بیچے جس میں چربی کی ملاوٹ ہو اور اسے معین کر دے، مثلاً کہے کہ "یہ ایک من گھی بیچ رہا ہوں" تو اس صورت میں جب اس میں چربی کی مقدار اتنی زیادہ ہو کہ اسے گھی نہ کہا جائے تو معاملہ باطل ہے اور اگر چربی کی مقدار اتنی کم ہو کہ اسے چربی ملا ہوا کہا جائے تو معاملہ صحیح ہے لیکن خریدنے والے کو مال عیب دار ہونے کی بنا پر خیار عیب کا حق حاصل ہے کہ وہ معاملہ ختم کر سکتا ہے اور اپنا پیسہ واپس لے سکتا ہے۔ اگر چربی گھی سے جدا ہو تو چربی کی جتنی مقدار کی ملاوٹ ہے اس کا معاملہ باطل ہے اور چربی کی جو قیمت بیچنے والے نے لی ہے وہ خریدار کی ہے اور چربی، بیچنے والے کا مال ہے اور خریدار اس میں جو خالص گھی ہے اس کا معاملہ بھی ختم کر سکتا ہے۔ لیکن اگر معین نہ کرے بلکہ صرف ایک من گھی بتا کر بیچے لیکن دیتے وقت چربی ملا ہوا گھی دے تو گاہک وہ گھی واپس کر کے خالص گھی کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

(۲۰۲۹) جس جنس کو ناپ یا تول کر بیچا جاتا ہے اگر کوئی بیچنے والا اسی جنس کے بدلے میں بڑھا کر بیچے مثلاً ایک من گیہوں کو ڈیڑھ من گیہوں کے بدلے بیچے تو یہ سود اور حرام ہے بلکہ اگر دو جنسوں میں سے ایک بے عیب اور دوسری عیب دار ہو یا ایک جنس بڑھیا اور دوسری گھٹیا ہو یا ان کی قیمتوں میں فرق ہو تو اگر بیچنے والا جو مقدار دے رہا ہو اس سے زیادہ لے تب بھی سود اور حرام ہے۔ لہٰذا اگر وہ ثابت تانبا دے کر اس سے زیادہ مقدار میں ٹوٹا ہوا تانبا لے یا ثابت قسم کا پیتل دے کر اس سے زیادہ مقدار میں ٹوٹا ہوا پیتل لے یا گھڑا ہوا سونا دے کر اس سے زیادہ مقدار میں بغیر گھڑا ہوا سونا لے تو یہ بھی سود اور حرام ہے۔

(۲۰۳۰) بیچنے والا جو چیز زائد لے اگر وہ اس جنس سے مختلف ہو جو وہ بیچ رہا ہے، مثلاً ایک من گیہوں کو ایک من گیہوں اور کچھ نقد رقم کے عوض بیچے تب بھی یہ سود اور حرام ہے بلکہ اگر وہ کوئی چیز زائد نہ لے لیکن یہ شرط لگائے کہ خریدار اس کے لئے کوئی کام کرے گا تو یہ بھی سود اور حرام ہے۔

(۲۰۳۱) جو شخص کوئی چیز کم مقدار میں دے رہا ہو اگر وہ اس کے ساتھ کوئی اور چیز شامل کر دے، مثلاً ایک من گیہوں اور ایک رومال کو ڈیڑھ من گیہوں کے عوض بیچے تو اس میں کوئی حرج نہیں یہ اس صورت میں ہے جبکہ اس کی نیت یہ ہو کہ وہ رومال اس زیادہ گیہوں کے مقابلے میں ہے اور معاملہ بھی نقد ہو۔ اسی طرح اگر دونوں طرف سے کوئی چیز بڑھا دی جائے مثلاً ایک شخص ایک من گیہوں اور ایک رومال کو ڈیڑھ من گیہوں اور ایک رومال کے عوض بیچے تو اس کا بھی یہی حکم ہے لہٰذا اگر ان کی نیت یہ ہو کہ ایک کا رومال اور آدھا من گیہوں

دوسرے کے رومال کے مقابلے میں ہے تو اس میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۲۰۳۲) اگر کوئی شخص ایسی چیز بیچے جو میٹر اور گز کے حساب سے بیچی جاتی ہے مثلاً کپڑا یا ایسی چیز بیچے جو گن کر بیچی جاتی ہے مثلاً اخروٹ اور انڈے اور زیادہ لے مثلاً دس انڈے دے اور گیارہ لے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن اگر ایسا ہو کہ معاملے میں دونوں چیزیں ایک ہی جنس سے ہوں اور معاملہ ادھار کا ہو تو اس صورت میں معاملے کے صحیح ہونے میں اشکال ہے۔ مثلاً دس اخروٹ نقد دے اور بارہ اخروٹ ایک مہینے کے بعد لے۔ کرنسی نوٹوں کا فروخت کرنا بھی اسی زمرے میں آتا ہے، مثلاً روپے کو کسی دوسری کرنسی کے بدلے میں مثلاً دینار یا ڈالر کے بدلے میں نقد یا معین مدت کے لئے ادھار بیچے تو اس میں کوئی حرج نہیں لیکن اگر اپنی ہی جنس کے بدلے میں بیچنا چاہے اور زیادہ لے تو معاملہ معین مدت کے لئے نہیں ہونا چاہئے مثلاً ایک سو روپے نقد دے اور ایک سو دس روپے چھ مہینے کے بعد لے تو اس معاملے کے صحیح ہونے میں اشکال ہے۔

(۲۰۳۳) اگر کسی چیز کو کسی شہر میں یا اکثر شہروں میں ناپ یا تول کر بیچا جاتا ہو اور بعض شہروں میں اس کا لین دین گن کر ہوتا ہو (مثلاً موسمبی مالٹے بعض شہروں میں تول کر بکتے ہیں اور بعض میں گن کر) تو اس چیز کو اس شہر کی نسبت جہاں گن کر لین دین ہوتا ہے دوسرے شہر میں زیادہ قیمت پر بیچنا جائز ہے۔

(۲۰۳۴) ان چیزوں میں جو تول کر یا ناپ کر بیچی جاتی ہیں، اگر بیچی جانے والی چیز اور اس کے بدلے میں لی جانے والی چیز ایک جنس سے نہ ہوں اور لین دین بھی نقد ہو تو زیادہ لینے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن اگر لین دین معین مدت کے لئے ہو تو اس میں اشکال ہے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص ایک من چاول کو دو من گیہوں کے بدلے میں ایک مہینے کی مدت تک بیچے تو اس لین دین کا صحیح ہونا اشکال سے خالی نہیں۔

(۲۰۳۵) پکے میووں کا سودا کچے میووں سے زیادہ لے کر کرنا جائز نہیں۔ اگر سودا نقد اور برابر ہو تو مکروہ ہے اور ادھار ہو تو اشکال ہے۔

(۲۰۳۶) سود کے اعتبار سے گیہوں اور جو ایک جنس شمار ہوتے ہیں۔ لہٰذا مثال کے طور پر اگر کوئی شخص ایک من گیہوں دے اور اس کے بدلے میں ایک من پانچ کلو جَو لے تو یہ سود ہے اور حرام ہے۔ اور مثال کے طور پر اگر دس من جَو اس شرط پر خریدے کہ گیہوں کی فصل اٹھانے کے وقت دس من گیہوں بدلے میں دے گا تو چونکہ جو اس نے نقد لئے ہیں اور گیہوں کچھ مدت بعد دے رہا ہے لہٰذا یہ اسی طرح ہے جیسے اضافہ لیا ہو اس لئے حرام ہے۔

(۲۰۳۷) باپ بیٹا اور میاں بیوی ایک دوسرے سے سود لے سکتے ہیں اور اسی طرح مسلمان ایک ایسے کافر سے جو اسلام کی پناہ میں نہ ہو سود لے سکتا ہے لیکن ایک ایسے کافر سے جو اسلام کی پناہ میں ہے سود کا لین دین حرام ہے۔ البتہ معاملہ طے کر لینے کے بعد اگر سود دینا اس کی شریعت میں جائز ہو تو اس سے سود لے سکتا ہے۔

(۲۰۳۸) داڑھی کا مونڈنا اور اس کی اجرت لینا بنا بر احتیاط واجب جائز نہیں لیکن مجبوری ہو تو جائز ہے یا اس کا ترک ضرر یا مشقت کا سبب بنے اور مشقت بھی ایسی کہ عام طور پر اسے برداشت نہ کیا جا سکے۔

چاہے تمسخر اور اہانت کیوں نہ ہو۔

(۲۰۳۹) غنا حرام ہے۔ اس سے مراد وہ باطل کلام ہے جسے ایسی لے کے ساتھ گایا جائے جو لہو ولعب کی محفلوں سے مخصوص ہو۔ اسی طرح ایسی لے کے ساتھ قرآن اور دعاء یا اس جیسی چیزوں کا پڑھنا بھی جائز نہیں۔ بنابر احتیاط واجب مذکورہ چیزوں کے علاوہ دوسرا کلام بھی گا کر نہ پڑھے۔ غنا کا سننا بھی حرام ہے۔ اس کی اجرت لینا بھی حرام ہے اور یہ اجرت اس کی ملکیت نہیں بن سکتی۔ اسی طرح اس کا سیکھنا اور اس کا سکھانا بھی جائز نہیں ہے۔ موسیقی، یعنی آلات کو اس طرح بجانا جو لہو ولعب کی محفلوں سے مطابقت رکھے، حرام ہے اور اس کے علاوہ حرام نہیں۔ حرام موسیقی کو سکھانے کی اجرت بھی حرام ہے اور لینے والا اس کا مالک نہیں بن سکتا اور اس کا سیکھنا اور سکھانا حرام ہے۔

بیچنے والے اور خریدار کی شرائط

(۲۰۴۰) بیچنے والے اور خریدار کے لئے چھ چیزیں شرط ہیں:

(۱) بالغ ہوں۔

(۲) عاقل ہوں۔

(۳) سفیہ نہ ہوں یعنی اپنا مال احمقانہ کاموں میں خرچ نہ کرتے ہوں۔

(۴) خرید وفروخت کا ارادہ رکھتے ہوں۔ پس اگر کوئی مذاق میں کہے کہ میں نے اپنا مال بیچا تو معاملہ باطل ہوگا۔

(۵) کسی نے انہیں (خرید وفروخت پر) مجبور نہ کیا ہو۔

(۶) جو جنس اور اس کے بدلے میں جو چیز ایک دوسرے کو دے رہے ہوں اس کے مالک ہوں۔

ان کے بارے میں احکام آئندہ مسائل میں بیان کئے جائیں گے۔

(۲۰۴۱) کسی نابالغ بچے کے ساتھ سودا کرنا جو آزادانہ طور پر سودا کر رہا ہو باطل ہے لیکن ان کم قیمت چیزوں میں جن کی خرید وفروخت کا رواج ہے اگر نابالغ مگر سمجھدار بچے کے ساتھ لین دین ہو جائے (تو صحیح ہے)۔ اور اگر سودا اس کے سرپرست کے ساتھ ہو اور نابالغ سمجھدار بچہ لین دین کا صیغہ ادا کرے تو سودا ہر صورت میں صحیح ہے۔ بلکہ اگر جنس یا رقم کسی دوسرے آدمی کا مال ہو اور بچہ بحیثیت وکیل اس مال کے مالک کی طرف سے وہ مال بیچے یا اس رقم سے کوئی چیز خریدے تو ظاہر یہ ہے کہ سودا صحیح ہے اگرچہ وہ سمجھدار بچہ آزادانہ طور پر اس مال یا رقم میں (حق) تصرف رکھتا ہو۔ اور اسی طرح اگر بچہ اس کام میں وسیلہ ہو کہ رقم بیچنے والے کو (دے اور جنس خریدار تک) پہنچائے (یا جنس خریدار کو دے اور رقم بیچنے والے کو پہنچائے) تو اگرچہ بچہ سمجھدار نہ ہو سودا صحیح ہے کیونکہ دراصل دو بالغ افراد نے آپس میں سودا کیا ہے۔

(۲۰۴۲) اگر کوئی شخص اس صورت میں کہ ایک نابالغ بچے سے سودا کرنا صحیح نہ ہو اس سے کوئی چیز خریدے یا اس کے ہاتھ کوئی چیز بیچے تو ضروری ہے کہ جو جنس یا رقم اس بچے سے لے، اگر وہ خود بچے کا مال ہو تو اس کے سرپرست کو اور اگر کسی اور کا مال ہو تو اس کے مالک کو دے دے یا اس کے مالک کی رضامندی حاصل کرے۔ اور اگر سودا کرنے والا شخص اس (جنس یا رقم) کے مالک کو نہ جانتا ہو اور اس کا پتا چلانے کا کوئی ذریعہ بھی نہ ہو تو اس شخص کے لئے ضروری ہے کہ جو چیز اس نے بچے سے لی ہو وہ اس چیز کے مالک کی طرف سے بطور ردِّ مظالم کسی فقیر کو دیدے۔ اور احتیاط لازم یہ ہے کہ اس کام میں حاکم شرع سے اجازت لے۔

(۲۰۴۳) اگر کوئی شخص ایک سمجھدار بچے سے اس صورت میں سودا کرلے جبکہ اس کے ساتھ سودا کرنا صحیح نہ ہو اور اس نے جو جنس یا رقم بچے کو دی ہو وہ تلف ہو جائے تو وہ شخص بچے سے اس کے بالغ ہونے کے بعد یا اس کے سرپرست سے مطالبہ کرسکتا ہے۔ اور اگر بچہ سمجھدار نہ ہو یا سمجھدار ہو مگر مال خود ضائع نہیں کیا لیکن مال اس کے پاس تلف ہوا ہو چاہے اس کی غفلت یا کوتاہی سے مال تلف ہوا ہو تو وہ ضامن نہیں۔

(۲۰۴۴) اگر خریدار یا بیچنے والے کو سودا کرنے پر مجبور کیا جائے اور سودا ہو جانے کے بعد وہ راضی ہو جائے اور مثال کے طور پر کہے کہ میں راضی ہوں تو سودا صحیح ہے لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ معاملے کا صیغہ دوبارہ پڑھا جائے۔

(۲۰۴۵) اگر انسان کسی کا مال اس کی اجازت کے بغیر بیچ دے اور مال کا مالک اس کے بیچنے پر راضی نہ ہو اور اجازت نہ دے تو سودا باطل ہے۔

(۲۰۴۶) بچے کا باپ اور دادا نیز باپ کا وصی اور دادا کا وصی بچے کا مال فروخت کرسکتے ہیں اور ان میں سے کوئی موجود نہ ہو تو مجتہد عادل بھی ایسی صورت میں کہ حالات کا تقاضا ہو دیوانے شخص یا یتیم بچے کا مال یا ایسے شخص کا مال جو غائب ہو فروخت کرسکتا ہے۔

(۲۰۴۷) اگر کوئی شخص کسی کا مال غصب کر کے بیچ ڈالے اور مال کے بک جانے کے بعد اس کا مالک سودے کی اجازت دیدے تو سودا صحیح ہے اور جو چیز غصب کرنے والے نے خریدار کو دی ہو اور اس چیز سے جو منافع سودے کے وقت سے حاصل ہو وہ خریدار کی ملکیت ہے اور جو چیز خریدار نے دی ہو اور اس چیز سے جو منافع سودے کے وقت سے حاصل ہو وہ اس شخص کی ملکیت ہے جس کا مال غصب کیا گیا ہو۔

(۲۰۴۸) اگر کوئی شخص کسی کا مال غصب کر کے بیچ دے اور اس کا ارادہ یہ ہو کہ اس مال کی قیمت خود اس کی ملکیت ہوگی اور اگر مال کا مالک سودے کی اجازت دے دے تو سودا صحیح ہے لیکن مال کی قیمت مالک کی ملکیت ہوگی نہ کہ غاصب کی۔

جنس اور اس کے عوض کی شرائط

(۲۰۴۹) جو جنس بیچی جائے اور جو چیز اس کے بدلے میں لی جائے اس کی پانچ شرطیں ہیں:

(۱) ناپ، تول یا گنتی وغیرہ کی شکل میں اس کی مقدار معلوم ہو۔

(۲) بیچنے والا ان چیزوں کو تحویل میں دینے کا اہل ہو۔ اگر اہل نہ ہو تو سودا ہے۔ لیکن اگر وہ اس کو کسی دوسری چیز کے ساتھ ملا کر بیچے جسے وہ تحویل میں سکتا ہو تو اس صورت میں لین دین صحیح ہے البتہ اگر خریدار اس چیز کو جو خرید اپنے قبضے میں لے سکتا ہو اگرچہ بیچنے والا اسے اس کی تحویل میں دینے کا اہل تو بھی لین دین صحیح ہے۔ مثلاً جو گھوڑا بھاگ گیا ہو اگر اسے بیچے اور خرید اس گھوڑے کو ڈھونڈ سکتا ہو تو اس سودے میں کوئی حرج نہیں اور وہ صحیح ہوگا اور صورت میں کسی بات کے اضافے کی ضرورت نہیں ہے۔

(۳) وہ خصوصیات جو جنس اور عوض میں موجود ہوں اور ان کی وجہ سے سودے میں لوگوں کی دلچسپی میں فرق پڑتا ہو معلوم ہونی چاہئیں۔

(۴) کسی دوسرے کا حق اس مال سے اس طرح وابستہ نہ ہو کہ مال مالک کی ملکیت سے خارج ہونے سے دوسرے کا حق ضائع ہو جائے۔

(۵) بیچنے والا خود اس جنس کو بیچے نہ کہ اس کی منفعت کو۔ پس مثال کے طور پر اگر مکان کی ایک سال کی منفعت بیچی جائے تو صحیح نہیں ہے لیکن اگر خریدار نقد کی بجائے اپنی ملکیت کا منافع دے مثلاً کسی سے قالین (یا دری وغیرہ) خریدے اور اس کے عوض میں اپنے مکان کا ایک سال کا منافع اسے دیدے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

ان سب کے احکام آئندہ مسائل میں بیان کئے جائیں گے۔

(۲۰۵۰) جس جنس کا سودا کسی شہر میں تول کر یا ناپ کر کیا جاتا ہو اس شہر میں ضروری ہے کہ اس جنس کو تول کر یا ناپ کر ہی خریدے لیکن جس شہر میں اس جنس کا سودا اسے دیکھ کر کیا جاتا ہو اس شہر میں وہ اسے دیکھ کر خرید سکتا ہے۔

(۲۰۵۱) جس چیز کی خرید و فروخت تول کر کی جاتی ہو اس کا سودا پیمانے کے ذریعے بھی کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر ایک شخص دس من گیہوں بیچنا چاہے تو وہ ایک ایسا پیمانہ جس میں ایک من گیہوں سماتی ہو دس مرتبہ بھر کر دے سکتا ہے۔

(۲۰۵۲) اگر معاملہ چوتھی شرط کے علاوہ جو شرائط بیان کی گئی ہیں ان میں سے کوئی ایک شرط نہ ہونے کی بنا پر باطل ہو لیکن بیچنے والا اور خریدار ایک دوسرے کے مال میں تصرف کرنے پر راضی ہوں تو ان کے تصرف کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

(۲۰۵۳) جو چیز وقف کی جا چکی ہو اس کا سودا باطل ہے۔ لیکن اگر وہ چیز اس قدر خراب ہو جائے کہ جس فائدے کے لئے وقف کی گئی ہے وہ حاصل نہ کیا جا سکے یا وہ چیز خراب ہونے والی ہو مثلاً مسجد کی چٹائی اس طرح

پھٹ جائے کہ اس پر نماز نہ پڑھی جا سکے تو جو شخص متولی ہے یا جسے متولی جیسے اختیارات حاصل ہوں وہ اسے بیچ دے تو کوئی حرج نہیں اور احتیاط مستحب کی بنا پر جہاں تک ممکن ہو اس کی قیمت اسی مسجد کے کسی ایسے کام پر خرچ کی جائے جو وقف کرنے والے کے مقصد سے قریب تر ہو۔

(۲۰۵۴) وقف چیز کو بیچنا جب ان لوگوں کے مابین جن کے لئے مال وقف کیا گیا ہو ایسا اختلاف پیدا ہو جائے کہ اندیشہ ہو کہ اگر وقف شدہ مال فروخت نہ کیا گیا تو مال یا کسی کی جان تلف ہو جائے گی تو محلِ اشکال ہے۔ ہاں اگر وقف کرنے والا یہ شرط لگائے کہ وقف کے بیچ دینے میں کوئی مصلحت ہو تو بیچ دیا جائے تو اس صورت میں اسے بیچنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۰۵۵) جو جائیداد کسی دوسرے کو کرائے پر دی گئی ہو اس کی خرید و فروخت میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن جتنی مدت کے لئے وہ کرائے پر دی گئی ہو اتنی مدت کی آمدنی صاحب جائیداد کا مال ہے اور اگر خریدار کو یہ علم نہ ہو کہ وہ جائیداد کرائے پر دی جا چکی ہے یا اس گمان کے تحت کہ کرائے کی مدت تھوڑی ہے اس جائیداد کو خرید لے تو جب اسے حقیقت حال کا علم ہو وہ سودا فسخ کر سکتا ہے۔

خرید و فروخت کا صیغہ

(۲۰۵۶) ضروری نہیں کہ خرید و فروخت کا صیغہ عربی زبان میں جاری کیا جائے۔ مثلاً اگر بیچنے والا اردو میں کہے کہ میں نے یہ مال اتنی رقم پر بیچا اور خریدار کہے کہ میں نے قبول کیا تو سودا صحیح ہے لیکن یہ ضروری ہے کہ خریدار اور بیچنے والا سودا کرنے کا دلی ارادہ رکھتے ہوں یعنی یہ دو جملے کہنے سے ان کی مراد خرید و فروخت ہو۔

(۲۰۵۷) اگر سودا کرتے وقت صیغہ نہ پڑھا جائے لیکن بیچنے والا اس مال کے مقابلے میں جو وہ خریدار سے لے اپنا مال اس کی ملکیت میں دے دے تو سودا صحیح ہے اور دونوں اشخاص متعلقہ چیزوں کے مالک ہو جاتے ہیں۔

پھلوں کی خرید و فروخت

(۲۰۵۸) جن پھلوں کے پھول گر چکے ہوں اور ان میں دانے پڑ چکے ہوں، اگر ان کے آفت (مثلاً بیماریوں اور کیڑوں کے حملوں) سے محفوظ ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں اس طرح علم ہو کہ اس درخت کی پیداوار کا اندازہ لگا سکیں تو اس کے چننے سے پہلے اس کا بیچنا صحیح ہے بلکہ اگر معلوم نہ بھی ہو کہ آفت سے محفوظ ہے یا نہیں تب بھی اگر دو سال یا اس سے زیادہ عرصے کی پیداوار یا پھلوں کی صرف اتنی مقدار جو اس وقت لگی ہو بیچی جائے بشرطیکہ اس کی کسی حد تک مالیت ہو تو معاملہ صحیح ہے۔ اسی طرح اگر زمین کی پیداوار یا کسی دوسری چیز کو

اس کے ساتھ بیچا جائے تو معاملہ صحیح ہے لیکن اس صورت میں احتیاط لازم یہ ہے کہ دوسری چیز (جو ضمناً وہ) ایسی ہو کہ اگر بیج پھل نہ بنیں تو خریدار کے سرمائے کو ڈوبنے سے بچالے۔

(۲۰۵۹) جس درخت پر پھل لگا ہو، دانے بننے اور پھول گرنے سے پہلے اس کا بیچنا جائز ضروری ہے کہ اس کے ساتھ کوئی اور چیز بھی بیچے جیسا کہ اس سے پہلے والے مسئلے میں بیان کیا گیا ہے سال سے زیادہ مدت کا پھل بیچے۔

(۲۰۶۰) درخت پر لگے ہوئے خرما کو بیچنے میں کوئی حرج نہیں چاہے پھل کچا ہو یا پک گیا ہو۔ لیکن کی قیمت کے طور پر خرما نہ دیا جائے چاہے اسی درخت کا ہو یا کسی دوسرے درخت کا۔ البتہ اس کو رطب ساتھ بیچے جو پک چکی ہو یا ابھی اتنی پکی ہو کہ اسے خرما نہ کہا جا سکے تو اشکال نہیں ہے۔ اگر کسی کا کھجور کا درخت کسی دوسرے شخص کے گھر میں ہو اور مالک کا وہاں پہنچنا مشکل ہو تو درخت کے پھل کا تخمینہ لگا کر درخت اس گھر والے کو فروخت کر دے اور قیمت میں بھی خرما ہی لے تو کوئی حرج نہیں۔

(۲۰۶۱) کھیرے، بینگن، سبزیاں اور ان جیسی (دوسری) چیزیں جو سال میں کئی دفعہ اترتی ہوں اگر وہ اگ آئی ہوں اور یہ طے کر لیا جائے کہ خریدار انہیں سال میں کتنی دفعہ توڑے گا تو انہیں بیچنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن اگر پھل نہ لگا ہو تو انہیں بیچنے میں اشکال ہے۔

(۲۰۶۲) اگر دانہ آنے کے بعد گندم کے خوشے کو گندم سے جو خود اس سے حاصل ہوتی ہے یا کسی دوسرے خوشے کے عوض بیچ دیا جائے تو سودا صحیح نہیں ہے۔

نقد اور ادھار کے احکام

(۲۰۶۳) اگر کسی چیز کو نقد بیچا جائے تو سودا طے پا جانے کے بعد خریدار اور بیچنے والا ایک دوسرے سے چیز اور رقم کا مطالبہ کر کے اپنے قبضے میں لے سکتے ہیں۔ منقولہ چیزوں مثلاً قالین اور لباس کو قبضے میں دینے اور غیر منقولہ چیزوں مثلاً گھر اور زمین کو قبضے میں دینے سے مراد یہ ہے کہ ان چیزوں سے دست بردار ہو جائے اور انہیں فریق ثانی کی تحویل میں اس طرح دیدے کہ جب وہ چاہے اس میں تصرف کر سکے اور (واضح رہے کہ) مختلف چیزوں میں تصرف مختلف طریقے سے ہوتا ہے۔

(۲۰۶۴) ادھار کے معاملے میں ضروری ہے کہ مدت ٹھیک ٹھیک معلوم ہو۔ لہٰذا اگر ایک شخص کوئی چیز اس وعدے پر بیچے کہ وہ اس کی قیمت فصل اٹھنے پر لے گا تو چونکہ اس کی مدت ٹھیک ٹھیک معین نہیں ہوئی اس لئے سودا باطل ہے۔

(۲۰۶۵) اگر کوئی شخص اپنا مال ادھار بیچے تو جو مدت طے ہوئی ہو اس کی میعاد پوری ہونے سے پہلے وہ خریدار سے اس کے عوض کا مطالبہ نہیں کر سکتا لیکن اگر خریدار مر جائے اور اس کا اپنا کوئی مال ہو تو بیچنے والا طے

شدہ میعاد پوری ہونے سے پہلے ہی جو رقم لینی ہو اس کا مطالبہ اس کے ورثاء سے کر سکتا ہے۔

(۲۰۶۶) اگر کوئی شخص ایک چیز ادھار بیچے تو طے شدہ مدت گزرنے کے بعد وہ خریدار سے اس کے عوض کا مطالبہ کر سکتا ہے لیکن اگر خریدار ادائیگی نہ کر سکتا ہو تو چاہئے کہ بیچنے والا اسے مہلت دے یا سودا ختم کر دے اور اگر وہ چیز جو بیچی ہے موجود ہو تو اسے واپس لے لے۔

(۲۰۶۷) اگر کوئی شخص ایک ایسے فرد کو جسے کسی چیز کی قیمت معلوم نہ ہو اس کی کچھ مقدار ادھار دے اور اس کی قیمت اسے نہ بتائے تو سودا باطل ہے۔ لیکن اگر ایسے شخص کو جسے چیز کی نقد قیمت معلوم ہو ادھار پر مہنگے داموں بیچے مثلاً کہے کہ جو چیز میں تمہیں ادھار دے رہا ہوں اس کی قیمت سے جس پر میں نقد بیچتا ہوں ایک پیسہ فی روپیہ زیادہ لوں گا اور خریدار اس شرط کو قبول کر لے تو ایسے سودے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۰۶۸) اگر ایک شخص نے کوئی چیز ادھار فروخت کی ہو اور اس کی قیمت کی وصولی کے لئے مدت مقرر کی گئی ہو تو اگر مثال کے طور پر آدھی مدت گزرنے کے بعد (فروخت کرنے والا) واجب الادا رقم میں کٹوتی کر دے اور باقی ماندہ رقم نقد لے لے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

معاملۂ سلف کی شرائط

(۲۰۶۹) معاملۂ سلف سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص نقد رقم لے کر پورا مال مقررہ مدت کے بعد تحویل میں دینے کی شرط کے ساتھ بیچ دے لہٰذا اگر خریدار کہے کہ میں یہ رقم دے رہا ہوں تا کہ مثلاً چھ مہینے بعد فلاں چیز لے لوں اور بیچنے والا کہے کہ میں نے قبول کیا یا بیچنے والا رقم لے لے اور کہے کہ میں نے فلاں چیز بیچی اور اس کا قبضہ چھ مہینے بعد دوں گا تو سودا صحیح ہے۔

(۲۰۷۰) اگر کوئی شخص سونے یا چاندی کے سکے بطور سلف بیچے اور اس کے عوض چاندی یا سونے کے سکے لے تو سودا باطل ہے لیکن اگر کوئی ایسی چیز یا سکے جو سونے یا چاندی کے نہ ہوں بیچے اور ان کے عوض کوئی دوسری چیز یا سونے یا چاندی کے سکے لے تو سودا اس تفصیل کے مطابق صحیح ہے جو آئندہ مسئلے کی ساتویں شرط میں بتائی جائے گی اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ جو مال بیچے اس کے عوض رقم لے، کوئی دوسرا مال نہ لے۔

(۲۰۷۱) معاملۂ سلف میں سات شرطیں ہیں:

(۱) ان خصوصیات کو جن کی وجہ سے کسی چیز کی قیمت میں فرق پڑتا ہو معین کر دیا جائے لیکن زیادہ تفصیلات میں جانے کی ضرورت نہیں بلکہ اسی قدر کافی ہے کہ لوگ کہیں کہ اس کی خصوصیات معلوم ہو گئی ہیں۔

(۲) اس سے پہلے کہ خریدار اور بیچنے والا ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں، خریدار پوری قیمت بیچنے والے کو دیدے یا اگر بیچنے والا خریدار کا اتنی ہی رقم کا مقروض ہو اور خریدار کو اس سے

جو کچھ لینا ہو اسے مال کی قیمت میں حساب کرلے اور بیچنے والا اس بات کو قبول کرلے اور اگر خریدار اس مال کی قیمت کی کچھ مقدار بیچنے والے کو دے تو اگرچہ اس مقدار کی نسبت سے سودا صحیح ہے لیکن بیچنے والا سودا فسخ کرسکتا ہے۔

(۳) مدت کو ٹھیک ٹھیک معین کیا جائے اور اگر بیچنے والا یوں کہے کہ فصل کا قبضہ کٹائی پر دوں گا تو چونکہ اس سے مدت کا ٹھیک ٹھیک تعین نہیں ہوتا اس لئے سودا باطل ہے۔

(۴) جنس کا قبضہ دینے کے لئے ایسا وقت معین کیا جائے جس میں بیچنے والا جنس کا قبضہ دے سکے خواہ وہ جنس کمیاب ہو یا زیادہ۔

(۵) جنس کا قبضہ دینے کی جگہ احتیاط واجب کی بنا پر مکمل طور پر معین کی جائے۔ لیکن اگر طرفین کی باتوں سے جگہ کا پتا چل جائے تو اس کا نام لینا ضروری نہیں۔

(۶) اس جنس کا تول یا ناپ یا عدد معین کیا جائے۔ اور جس چیز کا سودا عموماً دیکھ کر کیا جاتا ہے اگر اسے بطور سلف بیچا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن یہ ضروری ہے کہ مثلاً اخروٹ اور انڈوں کی بعض قسموں میں تعداد کا فرق اتنا کم ہو کہ لوگ اسے اہمیت نہ دیں۔

(۷) جس چیز کو بطور سلف بیچا جائے اگر وہ ایسی ہوں جنہیں تول کر یا ناپ کر بیچا جاتا ہے تو اس کا عوض اسی جنس سے نہ ہو بلکہ احتیاط لازم کی بنا پر دوسری جنس میں سے بھی ایسی چیز نہ ہو جسے تول کر یا ناپ کر بیچا جاتا ہے اور اگر وہ چیز جسے بیچا جارہا ہے ان چیزوں میں سے ہو جنہیں گن کر بیچا جاتا ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اس کا عوض خود اسی کی جنس سے زیادہ مقدار میں مقرر نہیں کرنا چاہئے۔

معاملۂ سلف کے احکام

(۲۰۷۲) جو جنس کسی نے بطور سلف خریدی ہو اسے وہ مدت ختم ہونے سے پہلے بیچنے والے کے سوا کسی اور کے ہاتھ نہیں بیچ سکتا اور مدت ختم ہونے کے بعد اگرچہ خریدار نے اس کا قبضہ نہ بھی لیا ہو اسے بیچنے میں کوئی حرج نہیں۔ البتہ پھلوں کے علاوہ جن غلوں (مثلاً گیہوں اور جَو وغیرہ) کو تول کر یا ناپ کر فروخت کیا جاتا ہے انہیں اپنے قبضے میں لینے سے پہلے بیچنے والے کے علاوہ دوسرے کو ان کا بیچنا جائز نہیں ہے ماسوا اس کے کہ (گاہک نے جس قیمت پر خریدی ہو) اسی قیمت پر یا اس سے کم قیمت پر بیچے۔

(۲۰۷۳) سلف کے لین دین میں اگر بیچنے والا مدت ختم ہونے پر اس چیز کا قبضہ دے جس کا سودا ہوا ہے تو خریدار کے لئے ضروری ہے کہ اگر وہ چیز طے شدہ شرط کے مطابق ہے تو اسے قبول کرلے۔ اور اگر اس سے

بہتر ہو تو قبول کرلینا چاہئے، البتہ منظور شدہ شرط سے بہتر چیز کی نفی کرنا بہتر ہے۔

(۲۰۷۴) اگر بیچنے والا جو جنس دے وہ اس جنس سے گھٹیا ہو جس کا سودا ہوا ہے تو خریدار اسے قبول کرنے سے انکار کرسکتا ہے۔

(۲۰۷۵) اگر بیچنے والا اس جنس کی بجائے جس کا سودا ہوا ہے کوئی دوسری جنس دے اور خریدار اسے لینے پر راضی ہو جائے تو اشکال نہیں ہے۔

(۲۰۷۶) جو چیز بطور سلف بیچی گئی ہو اگر وہ خریدار کے حوالے کرنے کے لئے طے شدہ وقت پر دستیاب نہ ہوسکے تو خریدار کو اختیار ہے کہ انتظار کرے تاکہ بیچنے والا اسے مہیا کردے یا سودا فسخ کردے اور جو چیز بیچنے والے کو دی ہو یا اس کا بدل اس سے واپس لے لے اور احتیاط واجب کی بنا پر وہ چیز بیچنے والے کو زیادہ قیمت پر نہیں بیچ سکتا۔

(۲۰۷۷) اگر ایک شخص کوئی چیز بیچے اور معاہدہ کرے کہ کچھ مدت بعد وہ چیز خریدار کے حوالے کردے گا اور اس کی قیمت بھی کچھ مدت بعد لے گا تو ایسا سودا باطل ہے۔

سونے چاندی کو سونے چاندی کے عوض بیچنا

(۲۰۷۸) اگر سونے کو سونے سے یا چاندی کو چاندی سے بیچا جائے تو چاہے وہ سکہ دار ہوں یا نہ ہوں اگر ان میں سے ایک کا وزن دوسرے سے زیادہ ہو تو ایسا سودا حرام اور باطل ہے۔

(۲۰۷۹) اگر سونے کو چاندی سے یا چاندی کو سونے سے نقد بیچا جائے تو سودا صحیح ہے اور ضروری نہیں کہ دونوں کا وزن برابر ہو۔ لیکن اگر معاملہ ادھار ہو تو باطل ہے۔

(۲۰۸۰) اگر سونے یا چاندی کو سونے یا چاندی کے عوض بیچا جائے تو ضروری ہے کہ بیچنے والا اور خریدار ایک دوسرے سے جدا ہونے سے پہلے جنس اور اس کا عوض ایک دوسرے کے حوالے کردیں۔ اور اگر جس چیز کے بارے میں معاملہ طے ہوا ہے اس کی کچھ مقدار بھی ایک دوسرے کے حوالے نہ کریں تو معاملہ باطل ہے۔ اگر بعض مقدار تحویل میں دیں تو اسی مقدار کا سودا صحیح ہے۔

(۲۰۸۱) اگر بیچنے والا یا خریدار طے شدہ مال پورا پورا دوسرے کے حوالے کردے لیکن دوسرا مال کی کچھ مقدار حوالے کرے اور پھر وہ ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں تو اگرچہ اتنی مقدار کے متعلق معاملہ صحیح ہے لیکن جس کو پورا مال نہ ملا ہو وہ سودا فسخ کرسکتا ہے۔

(۲۰۸۲) اگر چاندی کی کان کی مٹی کو خالص چاندی سے اور سونے کی کان کی مٹی کو خالص سونے سے بیچا جائے تو سودا باطل ہے۔ مگر یہ کہ جب جانتے ہوں کہ مثلاً چاندی کی مٹی کی مقدار خالص چاندی کی مقدار کے برابر ہے۔ البتہ اس طریقے سے جو پہلے بتایا جاچکا ہے چاندی کی مٹی کو سونے کے عوض اور سونے کی مٹی کو چاندی کے عوض بیچنے میں کوئی اشکال نہیں۔

معاملہ فسخ کیے جانے کی صورتیں

(۲۰۸۳) معاملہ فسخ کرنے کے حق کو "خیار" کہتے ہیں اور خریدار اور بیچنے والا گیارہ صورتوں میں معاملہ فسخ کر سکتے ہیں:

(۱) جس مجلس میں معاملہ ہوا ہے وہ برخاست نہ ہوئی ہو، اگرچہ سودا ہو چکا ہو، اسے "خیار مجلس" کہتے ہیں۔

(۲) خرید و فروخت کے معاملے میں خریدار یا بیچنے والا نیز دوسرے معاملات میں طرفین میں سے کوئی ایک مغبون ہو جائے، اسے "خیار غبن" کہتے ہیں (مغبون سے مراد وہ شخص ہے جس کے ساتھ فراڈ کیا گیا ہو) خیار کی اس قسم کا منشا عرف عام میں شرط ارتکازی ہوتا ہے یعنی ہر معاملے میں فریقین کے ذہن میں یہ شرط موجود ہوتی ہے کہ جو مال حاصل کر رہا ہے اس کی قیمت مال سے بہت زیادہ کم نہیں جو وہ ادا کر رہا ہے اور اگر اس کی قیمت کم ہو تو وہ معاملے کو ختم کرنے کا حق رکھتا ہے۔ لیکن عرف خاص کی چند صورتوں میں ارتکازی شرط دوسری طرح ہو مثلاً یہ شرط ہو کہ اگر جو مال لیا ہو وہ بلحاظ قیمت اس مال سے کم ہو جو اس نے دیا ہے تو دونوں (مال) کے درمیان جو کمی بیشی ہوگی اس کا مطالبہ کر سکتا ہے اور اگر ممکن نہ ہو سکے تو معاملے کو ختم کر دے۔ اور ضروری ہے کہ اس قسم کی صورتوں میں عرف خاص کا خیال رکھا جائے۔

(۳) سودا کرتے وقت یہ طے کیا جائے کہ مقررہ مدت تک فریقین کو یا کسی ایک فریق کو سودا فسخ کرنے کا اختیار ہوگا۔ اسے "خیار شرط" کہتے ہیں۔

(۴) فریقین میں سے ایک فریق اپنے مال کو اس کی اصلیت سے بہتر بتا کر پیش کرے جس کی وجہ سے دوسرا فریق اس میں دلچسپی لے یا اس کی دلچسپی اس میں بڑھ جائے اسے "خیار تدلیس" کہتے ہیں۔

(۵) فریقین میں سے ایک فریق دوسرے کے ساتھ شرط کرے کہ وہ فلاں کام انجام دے گا اور اس شرط پر عمل نہ ہو یا شرط کرے کہ ایک مخصوص قسم کا معین مال دے گا اور جو مال دیا جائے اس میں وہ خصوصیت نہ ہو، اس صورت میں شرط لگانے والا فریق معاملے کو فسخ کر سکتا ہے۔ اسے "خیار تخلف شرط" کہتے ہیں۔

(۶) دی جانے والی جنس یا اس کے عوض میں کوئی عیب ہو۔ اسے "خیار عیب" کہتے ہیں۔

(۷) یہ پتا چلے کہ فریقین نے جس جنس کا سودا کیا ہے اس کی کچھ مقدار کسی اور شخص کا مال ہے۔ اس صورت میں اگر اس مقدار کا مالک سودے پر راضی نہ ہو تو خریدنے والا سودا

فسخ کر سکتا ہے یا اگر اتنی مقدار کی ادائیگی کر چکا ہو تو اسے واپس لے سکتا ہے۔ اسے "خیار شرکت" کہتے ہیں۔

(۸) جس معین جنس کو دوسرے فریق نے نہ دیکھا ہو اگر اس جنس کا مالک اسے اس کی خصوصیات بتائے اور بعد میں معلوم ہو کہ جو خصوصیات اس نے بتائی تھیں وہ اس میں نہیں ہیں یا دوسرے فریق نے پہلے اس جنس کو دیکھا تھا اور اس کا خیال تھا کہ وہ خصوصیات اب بھی اس میں باقی ہیں لیکن دیکھنے کے بعد معلوم ہو کہ وہ خصوصیات اب اس میں باقی نہیں ہیں تو اس صورت میں دوسرا فریق معاملہ فسخ کر سکتا ہے۔ اسے "خیار رؤیت" کہتے ہیں۔

(۹) خریدار نے جو جنس خریدی ہو اگر اس کی قیمت تین دن تک نہ دے اور بیچنے والے نے بھی وہ جنس خریدار کے حوالے نہ کی ہو تو بیچنے والا سودے کو ختم کر سکتا ہے۔ لیکن ایسا اس صورت میں ہو سکتا ہے جب بیچنے والے نے خریدار کو قیمت ادا کرنے کی مہلت دی ہو اگرچہ مدت معین نہ کی ہو۔ اگر اس کو بالکل مہلت نہ دی ہو تو بیچنے والا قیمت کی ادائیگی میں معمولی سی تاخیر سے بھی سودا ختم کر سکتا ہے۔ اگر اسے تین دن سے زیادہ مہلت دی ہو تو مدت پوری ہونے سے پہلے سودا ختم نہیں کر سکتا۔ اور اگر جو جنس بیچی ہے وہ ایسی سبزیاں یا پھل ہوں جو تین دن سے زیادہ باقی رہنے سے ضائع ہو جاتے ہیں تو ان کی مہلت کم ہونی چاہئے۔ اسے "خیار تاخیر" کہتے ہیں۔

(۱۰) جس شخص نے کوئی جانور خریدا ہو وہ تین دن تک سودا فسخ کر سکتا ہے اور جو چیز اس نے بیچی ہو اگر اس کے عوض میں خریدار نے جانور دیا ہو تو جانور بیچنے والا بھی تین دن تک سودا فسخ کر سکتا ہے۔ اسے "خیار حیوان" کہتے ہیں۔

(۱۱) بیچنے والے نے جو چیز بیچی ہو اگر اس کا قبضہ نہ دے سکے، مثلاً جو گھوڑا اس نے بیچا ہو وہ بھاگ گیا ہو تو اس صورت میں خریدار سودا فسخ کر سکتا ہے۔ اسے "خیار تعذر تسلیم" کہتے ہیں۔

خیارات کی ان تمام اقسام کے تفصیلی احکام آئندہ مسائل میں بیان کیے جائیں گے۔

(۲۰۸۴) اگر خریدار کو جنس کی قیمت کا علم نہ ہو یا وہ سودا کرتے وقت غفلت برتے اور اس چیز کو عام قیمت سے مہنگا خریدے اور یہ قیمت خرید بڑی حد تک مہنگی ہو تو وہ سودا ختم کر سکتا ہے بشرطیکہ سودا ختم کرتے وقت جس قدر فرق ہو وہ موجود بھی ہو اور اگر فرق موجود نہ ہو تو اس کا حق خیار محل اشکال ہے۔ نیز اگر بیچنے والے کو جنس کی قیمت کا علم نہ ہو یا سودا کرتے وقت غفلت برتے اور اس جنس کو اس کی قیمت سے سستا بیچے اور بڑی حد تک سستا بیچے تو سابقہ شرط کے مطابق سودا ختم کر سکتا ہے۔

(۲۰۸۵) مشروط خرید و فروخت میں جبکہ مثال کے طور پر ایک لاکھ روپے کا مکان پچاس ہزار روپے میں بیچ دیا جائے اور طے کیا جائے کہ اگر بیچنے والا مقررہ مدت تک رقم واپس کر دے تو سودا فسخ کر سکتا ہے تو اگر خریدار اور بیچنے والا حقیقتاً خرید و فروخت کی نیت رکھتے ہوں تو سودا صحیح ہے۔

(۲۰۸۶) مشروط خرید و فروخت میں اگر بیچنے والے کو اطمینان ہو کہ خریدار مقررہ مدت میں رقم ادا کرسکنے کی صورت میں مال اسے واپس کر دے گا تو سودا صحیح ہے۔ لیکن اگر وہ مدت ختم ہونے تک رقم ادا نہ کر سکے تو وہ خریدار سے مال کی واپسی کا مطالبہ کرنے کا حق نہیں رکھتا اور اگر خریدار مر جائے تو اس کے ورثاء سے مال کی واپسی کا مطالبہ نہیں کرسکتا۔

(۲۰۸۷) اگر کوئی شخص عمدہ چائے میں گھٹیا چائے کی ملاوٹ کر کے عمدہ چائے کے طور پر بیچے تو خریدار سودا فسخ کرسکتا ہے۔

(۲۰۸۸) اگر خریدار کو پتا چلے کہ جو معین مال اس نے خریدا ہے وہ عیب دار ہے، مثلاً ایک جانور خریدے اور (خریدنے کے بعد) اسے پتا چلے کہ اس کی ایک آنکھ نہیں ہے لہٰذا اگر یہ عیب مال میں سودے سے پہلے تھا اور اسے علم نہیں تھا تو وہ سودا فسخ کرسکتا ہے اور مال بیچنے والے کو واپس کرسکتا ہے۔ اور اگر واپس کرنا ممکن نہ ہو مثلاً اس مال میں کوئی تبدیلی ہوگئی ہو جیسے کوئی نیا عیب پیدا ہوگیا ہو یا ایسا تصرف کر لیا گیا ہو جو واپسی میں رکاوٹ بن رہا ہو مثلاً اس مال کو فروخت کر دیا ہو یا کرائے پر دے دیا ہو یا کپڑا کاٹ یا سی دیا ہو تو اس صورتوں میں وہ بے عیب اور عیب دار مال کی قیمت کے فرق کا حساب کر کے بیچنے والے سے فرق کی رقم واپس لے لے۔ مثلاً اگر اس نے کوئی مال چار روپے میں خریدا ہو اور اسے اس مال کے عیب دار ہونے کا علم ہو جائے تو اگر ایسا ہی بے عیب مال (بازار میں) آٹھ روپے کا اور عیب دار چھ روپے کا ہو تو چونکہ بے عیب اور عیب دار کی قیمت کا فرق ایک چوتھائی ہے اس لئے اس نے جتنی رقم دی ہے اس کا ایک چوتھائی یعنی ایک روپیہ بیچنے والے سے واپس لے سکتا ہے۔

(۲۰۸۹) اگر بیچنے والے کو پتا چلے کہ اس نے جس معین عوض کے بدلے اپنا مال بیچا ہے اس میں عیب ہے تو اگر وہ عیب اس عوض میں سودے سے پہلے موجود تھا اور اسے علم نہ ہوا ہو تو وہ سودا فسخ کرسکتا ہے اور وہ عوض اس کے مالک کو واپس کرسکتا ہے۔ لیکن اگر تبدیلی یا تصرف کی وجہ سے واپس نہ کر سکے تو بے عیب اور عیب دار کی قیمت کا فرق اس قاعدے کے مطابق لے سکتا ہے جس کا ذکر سابقہ مسئلے میں کیا گیا ہے۔

(۲۰۹۰) اگر سودا کرنے کے بعد اور قبضہ دینے سے پہلے مال میں کوئی عیب پیدا ہو جائے تو خریدار سودا فسخ کرسکتا ہے نیز جو چیز مال کے عوض دی جائے اگر اس میں سودا کرنے کے بعد اور قبضہ دینے سے پہلے کوئی عیب پیدا ہو جائے تو بیچنے والا سودا فسخ کرسکتا ہے اور اگر فریقین قیمت کا فرق لینا چاہیں تو سودا طے نہ ہونے کی صورت میں چیز کو لوٹانا جائز ہے۔

(۲۰۹۱) اگر کسی شخص کو مال کے عیب کا علم سودا کرنے کے بعد ہو تو اگر وہ (سودا ختم کرنا) چاہے تو ضروری ہے کہ فوراً سودے کو ختم کر دے اور ــــ اختلاف کی صورتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ــــ اگر معمول سے زیادہ تاخیر کرے تو وہ سودے کو ختم نہیں کرسکتا۔

(۲۰۹۲) جب کسی شخص کو کوئی چیز خریدنے کے بعد اس کے عیب کا پتا چلے تو خواہ بیچنے والا اس پر تیار نہ بھی ہو تو خریدار سودا فسخ کرسکتا ہے اور دوسرے خیارات کے لئے بھی یہی حکم ہے۔

(۲۰۹۳) دو صورتوں میں خریدار مال میں عیب ہونے کی بنا پر سودا فسخ نہیں کرسکتا اور نہ ہی قیمت کا فرق لے سکتا ہے:

(۱) خریدتے وقت مال کے عیب سے واقف ہو۔

(۲) سودے کے وقت بیچنے والا کہے: "میں اس مال کو جو عیب بھی اس میں ہے اس کے ساتھ بیچتا ہوں۔" لیکن اگر وہ ایک عیب کا تعین کر دے اور کہے: "میں اس مال کو فلاں عیب کے ساتھ بیچ رہا ہوں" اور بعد میں معلوم ہو کہ مال میں کوئی دوسرا عیب بھی ہے تو جو عیب بیچنے والے نے معین نہ کیا ہو اس کی بنا پر خریدار وہ مال واپس کرسکتا ہے اور اگر واپس نہ کر سکے تو قیمت کا فرق لے سکتا ہے۔

(۲۰۹۴) اگر خریدار کو معلوم ہو کہ مال میں ایک عیب ہے اور اسے وصول کرنے کے بعد اس میں کوئی اور عیب نکل آئے تو وہ سودا فسخ نہیں کرسکتا۔ لیکن بے عیب اور عیب دار مال کا فرق لے سکتا ہے۔ لیکن اگر وہ عیب دار حیوان خریدے اور خیار کی مدت جو کہ تین دن ہے گزرنے سے پہلے اس حیوان میں کسی اور عیب کا پتا چل جائے تو گو خریدار نے اسے اپنی تحویل میں لے لیا ہو پھر بھی وہ اسے واپس کرسکتا ہے۔ نیز اگر فقط خریدار کو کچھ مدت تک سودا فسخ کرنے کا حق حاصل ہو اور اس مدت کے دوران مال میں کوئی دوسرا عیب نکل آئے تو اگرچہ خریدار نے وہ مال اپنی تحویل میں لے لیا ہو تو بھی سودا فسخ کرسکتا ہے۔

(۲۰۹۵) اگر کسی شخص کے پاس ایسا مال ہو جسے اس نے بچشم خود نہ دیکھا ہو اور کسی دوسرے شخص نے مال کی خصوصیات اسے بتائی ہوں اور وہی خصوصیات خریدار کو بتائے اور وہ مال اس کے ہاتھ بیچ دے اور فروخت کرنے کے بعد مالک کو پتا چلے کہ وہ مال اس سے بہتر خصوصیات کا حامل ہے تو وہ سودا فسخ کرسکتا ہے۔

متفرق مسائل

(۲۰۹۶) اگر بیچنے والا خریدار کو کسی جنس کی قیمت خرید بتائے تو ضروری ہے کہ وہ تمام چیزیں بھی اسے بتائے جن کی وجہ سے مال کی قیمت گھٹتی بڑھتی ہے۔ اگرچہ اسی قیمت پر (جس پر خریدا ہے) یا اس سے بھی کم قیمت پر بیچے۔ مثلاً اسے بتانا ضروری ہے کہ مال نقد خریدا ہے یا ادھار لہٰذا اس مال کی کچھ خصوصیات نہ بتائے اور خریدار کو بعد میں معلوم ہو تو وہ سودا فسخ کرسکتا ہے۔

(۲۰۹۷) اگر انسان کوئی جنس کسی کو دے اور اس کی قیمت معین کر دے اور کہے: "یہ جنس اس قیمت پر بیچو اور اس سے زیادہ جتنی قیمت وصول کرو گے وہ تمہاری محنت کی اجرت ہوگی" تو اس صورت میں وہ شخص اس قیمت سے زیادہ جتنی قیمت بھی وصول کرے وہ جنس کے مالک کا مال ہوگا اور بیچنے والا مالک سے فقط محنتانہ لے سکتا ہے۔ لیکن اگر معاہدہ بطور جعالہ ہو اور مال کا مالک کہے: "اگر تو نے یہ جنس اس قیمت سے زیادہ پر بیچی تو فاضل آمدنی تیرا مال ہے" تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

(۲۰۹۸) اگر قصاب نر جانور کا گوشت کہہ کر مادہ کا گوشت بیچے تو وہ گنہگار ہوگا۔ لہٰذا اگر وہ اس کو معین کر دے اور کہے کہ میں یہ نر جانور کا گوشت بیچ رہا ہوں تو خریدار سودا فسخ کر سکتا ہے اور اگر قصاب گوشت کو معین نہ کرے اور خریدار کو جو (مادہ کا) گوشت ملا ہو وہ اس پر راضی نہ ہو تو ضروری ہے کہ قصاب نر جانور کا گوشت دے۔

(۲۰۹۹) اگر خریدار بزاز سے کہے کہ مجھے ایسا کپڑا چاہئے جس کا رنگ کچا نہ ہو اور بزاز ایک ایسا اس کے ہاتھ فروخت کرے جس کا رنگ کچا ہو تو خریدار سودا فسخ کر سکتا ہے۔

(۲۱۰۰) اگر فروخت کرنے والا فروخت کی ہوئی چیز کو خریدار کے حوالے نہ کر سکے مثلاً گھوڑے کا سودا تھا، بھاگ جائے تو اس صورت میں سودا باطل ہے اور خریدار اپنی رقم کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

شراکت کے احکام

(۲۱۰۱) دو آدمی اگر باہم طے کریں کہ اپنے مشترکہ مال سے بیوپار کر کے جو کچھ نفع کمائیں گے اسے آپس میں تقسیم کر لیں گے اور وہ عربی یا کسی اور زبان میں شراکت کا صیغہ پڑھیں یا کوئی ایسا کام کریں جس سے ظاہر ہوتا ہو کہ وہ ایک دوسرے کے شریک بننا چاہتے ہیں تو ان کی شراکت صحیح ہے۔

(۲۱۰۲) اگر چند اشخاص اس مزدوری میں جو وہ اپنی محنت سے حاصل کرتے ہوں ایک دوسرے کے ساتھ شراکت کریں مثلاً چند حجام آپس میں طے کریں کہ جو اجرت حاصل ہوگی اسے آپس میں تقسیم کر لیں گے تو ان کی شراکت صحیح نہیں ہے۔ لیکن اگر باہم طے کر لیں کہ مثلاً ہر ایک کی آدھی مزدوری معین مدت تک کے لئے دوسرے کی آدھی مزدوری کے بدلے میں ہوگی تو معاملہ صحیح ہے اور ان میں سے ہر ایک دوسرے کی مزدوری میں شریک ہوگا۔

(۲۱۰۳) اگر دو اشخاص آپس میں اس طرح شراکت کریں کہ ان میں سے ہر ایک اپنی پسند سے جنس خریدے اور وہی اس کی قیمت کی ادائیگی کا ذمہ دار ہو لیکن جو جنس دونوں نے خریدی ہو اس کے نفع میں ایک دوسرے کے ساتھ شریک ہوں تو ایسی شراکت صحیح نہیں، البتہ اگر ان میں سے ہر ایک دوسرے کو اپنا وکیل بنائے کہ جو کچھ وہ ادھار لے رہا ہے اس میں اسے شریک کرے یعنی جنس کو اپنے اور اپنے حصہ دار کے لئے خریدے جس کی بنا پر دونوں مقروض ہو جائیں تو دونوں میں سے ہر ایک جنس میں شریک ہو جائے گا۔

(۲۱۰۴) جو اشخاص شراکت کے ذریعے ایک دوسرے کے شریک کار بن جائیں ان کے لئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہوں۔ نیز یہ کہ ارادے اور اختیار کے ساتھ شراکت کریں اور یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے مال میں تصرف کر سکتے ہوں۔ لہٰذا سفیہ — جو اپنا مال فضول کاموں میں خرچ کرتا ہے — اپنے مال میں تصرف کا حق نہیں رکھتا۔ اگر وہ کسی کے ساتھ شراکت کرے تو صحیح نہیں ہے۔

(۲۱۰۵) اگر شراکت کے معاہدے میں یہ شرط لگائی جائے کہ جو شخص کام کرے گا یا جو دوسرے شریک

سے زیادہ کام کرے گا یا جس کے کام کی دوسرے کے کام کے مقابلے میں زیادہ اہمیت ہے اسے منافع میں زیادہ حصہ ملے گا تو ضروری ہے کہ جیسا طے کیا گیا ہو متعلقہ شخص کو اسی کے مطابق دیں۔ اور اسی طرح اگر شرط لگائی جائے کہ جو شخص کام نہیں کرے گا یا زیادہ کام نہیں کرے گا یا جس کے کام کی دوسرے کے کام کے مقابلے میں زیادہ اہمیت نہیں ہے اسے منافع کا زیادہ حصہ ملے گا تب بھی شرط صحیح ہے اور ضروری ہے کہ جو طے کیا گیا ہو متعلقہ شخص کو اسی کے مطابق دیں۔

(۲۱۰۶) اگر شرکاء طے کریں کہ سارا منافع کسی ایک شخص کا ہوگا یا سارا نقصان کسی ایک کو برداشت کرنا ہوگا تو شراکت صحیح ہونے میں اشکال ہے۔

(۲۱۰۷) اگر شرکاء یہ طے نہ کریں کہ کسی ایک شریک کو زیادہ منافع ملے گا، تو اگر ان میں سے ہر ایک کا سرمایہ ایک جتنا ہو تو نفع ونقصان بھی ان کے مابین برابر تقسیم ہوگا اور ان کا سرمایہ برابر برابر نہ ہو تو ضروری ہے کہ نفع ونقصان سرمائے کی نسبت سے تقسیم کریں۔ مثلاً اگر دو افراد شراکت کریں اور ایک کا سرمایہ دوسرے کے سرمائے سے دگنا ہو تو نفع ونقصان میں بھی اس کا حصہ دوسرے سے دگنا ہوگا خواہ دونوں ایک جتنا کام کریں یا ایک تھوڑا کام کرے یا بالکل کام نہ کرے۔

(۲۱۰۸) اگر شراکت کے معاہدے میں یہ طے کریں کہ دونوں شریک مل کر خرید وفروخت کریں گے یا ہر ایک انفرادی طور پر لین دین کرنے کا مجاز ہوگا یا ان میں سے فقط ایک شخص لین دین کرے گا یا تیسرا شخص اجرت پر لین دین کرے گا تو ضروری ہے کہ اس معاہدے پر عمل کریں۔

(۲۱۰۹) شراکت دو قسم کی ہے: ایک شراکت اذنی (جو اجازت پر مبنی ہے) اور وہ یہ ہے کہ مال تجارت تمام شرکاء کی مشترک ملکیت ہو۔ دوسری شراکت معاوضی ہے۔ یہ اس طرح ہے کہ ہر شریک اپنے مال کو شراکت کے لئے حاضر کرے اور ان میں سے ہر ایک اپنے نصف مال کو دوسرے کے نصف مال کا معاوضہ قرار دے۔ اگر شراکت دار اپنے شرکاء میں سے کسی ایک کو اس سرمائے کے ذریعے خرید وفروخت کے لئے معین نہ کریں تو شراکت کی اس قسم میں جو اجازت پر مبنی ہے شرکاء میں سے کوئی بھی دوسروں کی اجازت کے بغیر اس سرمائے سے خرید وفروخت نہیں کر سکتا۔ لیکن شراکت معاوضی میں اگر اس طرح کام کریں کہ نقصان نہ ہو تو ہر ایک خرید وفروخت کر سکتا ہے۔

(۲۱۱۰) جو شریک شراکت کے سرمائے پر اختیار رکھتا ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ شراکت کے معاہدے پر عمل کرے۔ مثلاً اگر اس سے طے کیا گیا ہو کہ ادھار خریدے گا یا نقد بیچے گا یا کسی خاص جگہ سے خریدے گا تو جو معاہدہ طے پایا ہے اسکے مطابق عمل کرنا ضروری ہے۔ اگر اسکے ساتھ کچھ طے نہ ہوا ہو تو ضروری ہے کہ خریداری کے اصول مطابق ایمانداری اور عقلمندی سے اس طرح لین دین کرے کہ شراکت کو نقصان نہ ہو۔

(۲۱۱۱) جو شریک شراکت کے سرمائے سے سودے کرتا ہو اگر جو کچھ اس کے ساتھ طے کیا گیا ہو اس کے برخلاف خرید وفروخت کرے یا اگر کچھ طے نہ کیا گیا ہو اور معمول کے خلاف سودا کرے تو ان دونوں صورتوں میں اگرچہ اقویٰ قول کی بنا پر معاملہ صحیح ہے لیکن اگر معاملہ نقصان دہ ہو یا شراکت کے مال میں سے کچھ مال

ضائع ہو جائے تو جس شریک نے معاہدے یا معمول کے خلاف عمل کیا ہے وہ ذمے دار ہے۔

(۲۱۱۲) جو شریک شراکت کے سرمائے سے کاروبار کرتا ہو اگر وہ فضول خرچی نہ کرے اور سرمائے کی نگہداشت میں بھی کوتاہی نہ کرے اور پھر اتفاقاً اس سرمائے کی کچھ مقدار یا سارے کا سارا سرمایہ تلف ہو جائے تو وہ ذمے دار نہیں ہے۔

(۲۱۱۳) جو شریک شراکت کے سرمائے سے کاروبار کرتا ہو اگر وہ کہے کہ سرمایہ تلف ہو گیا ہے تو اگر وہ دوسرے شرکاء کے نزدیک معتبر شخص ہو تو ضروری ہے کہ اس کا کہنا مان لیں اور اگر دوسرے شرکاء کے نزدیک وہ معتبر شخص نہ ہو تو شرکاء حاکم شرع کے پاس اس کے خلاف دعویٰ کر سکتے ہیں تاکہ حاکم شرع قضاوت کے اصولوں کے مطابق تنازعے کا فیصلہ کرے۔

(۲۱۱۴) اگر شراکت اذنی میں تمام شریک اس اجازت سے جو انہوں نے ایک دوسرے کو مال میں تصرف کے لئے دے رکھی ہو پھر جائیں تو ان میں سے کوئی بھی شراکت کے مال میں تصرف نہیں کر سکتا۔ اور اگر ان میں سے ایک اپنی دی ہوئی اجازت سے پھر جائے تو دوسرے شرکاء کو تصرف کا کوئی حق نہیں۔ لیکن جو شخص اپنی دی ہوئی اجازت سے پھر گیا ہو وہ شراکت کے مال میں تصرف کر سکتا ہے۔ اور بہرحال مال میں سب کی شراکت اسی طرح باقی رہے گی۔

(۲۱۱۵) شراکت اذنی میں جب شرکاء میں سے کوئی ایک تقاضا کرے کہ شراکت کا سرمایہ تقسیم کر دیا جائے تو اگرچہ شراکت کے معینہ مدت میں ابھی کچھ وقت باقی ہو دوسروں کو اس کا کہنا مان لینا ضروری ہے مگر یہ کہ انہوں نے پہلے ہی (معاہدہ کرتے وقت) سرمائے کی تقسیم کو رد کر دیا ہو (یعنی قبول نہ کیا ہو) یا مال کی تقسیم شرکاء کے لئے قابل ذکر نقصان کا موجب ہو (تو اس کی بات قبول نہیں کرنی چاہئے)۔

(۲۱۱۶) شراکت اذنی میں اگر شرکاء میں سے کوئی مر جائے یا دیوانہ یا بے حواس ہو جائے تو دوسرے شرکاء شراکت کے مال میں تصرف نہیں کر سکتے اور اگر ان میں سے کوئی سفیہ ہو جائے یعنی اپنا مال فضول کاموں میں خرچ کرے تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

(۲۱۱۷) اگر شریک اپنے لئے کوئی چیز ادھار خریدے تو اس نفع و نقصان کا وہ خود ذمے دار ہے لیکن اگر شراکت کے لئے خریدے اور شراکت کے معاہدے میں ادھار معاملہ کرنا بھی شامل ہو تو پھر نفع و نقصان میں دونوں شریک ہوں گے۔

(۲۱۱۸) اگر شرکاء میں سے کوئی ایک شراکت کے سرمائے سے کوئی سودا کرے اور بعد میں معلوم ہو کہ شراکت باطل تھی تو اگر صورت یہ ہو کہ معاملہ کرنے کی اجازت میں شراکت کے صحیح ہونے کی قید نہ تھی یعنی اگر شرکاء جانتے ہوتے کہ شراکت درست نہیں ہے تب بھی وہ ایک دوسرے کے مال میں تصرف پر راضی تھے تو معاملہ صحیح ہے اور جو کچھ اس معاملے سے حاصل ہو وہ ان سب کا مال ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو اس صورت میں کہ جو لوگ دوسروں کے تصرف پر راضی نہیں تھے، یہ کہہ دیں کہ ہم اس معاملے پر راضی ہیں تو معاملہ صحیح ہے ورنہ باطل ہے۔ ہر صورت میں ان میں سے جس نے بھی شراکت کے لئے کام کیا ہو اگر اس نے بلا معاوضہ کام کرنے کے

ارادے سے نہ کیا ہو تو وہ اپنی محنت کا معاوضہ معمول کے مطابق دوسرے شرکاء سے ان کے مفاد کا خیال رکھتے ہوئے لے سکتا ہے۔ لیکن اگر کام کرنے کا معاوضہ اس فائدے کی مقدار سے زیادہ ہو جو وہ شراکت صحیح ہونے کی صورت میں لیتا تو وہ بس اسی قدر فائدہ لے سکتا ہے۔

صلح کے احکام

(۲۱۱۹) "صلح" سے مراد یہ ہے کہ انسان کسی دوسرے شخص کے ساتھ اس بات پر اتفاق کرے کہ اپنے مال سے یا اپنے مال کے منافع سے کچھ مقدار دوسرے کو دے دے یا اپنا قرض یا حق چھوڑ دے تاکہ دوسرا بھی اس کے عوض اپنے مال یا منافع کی کچھ مقدار اسے دے دے یا قرض یا حق سے دستبردار ہو جائے۔ بلکہ اگر کوئی شخص عوض لئے بغیر کسی سے اتفاق کرے اور اپنا مال یا مال کے منافع کی کچھ مقدار اس کو دے دے یا اپنا قرض یا حق چھوڑ دے تب بھی صلح صحیح ہے۔

(۲۱۲۰) جو شخص اپنا مال بطور صلح دوسرے کو دے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ بالغ، عاقل اور صلح کا قصد رکھتا ہو اور کسی نے اسے صلح پر مجبور نہ کیا ہو اور ضروری ہے کہ سفیہ یا دیوالیہ ہونے کی بنا پر اسے اپنے مال میں تصرف کرنے سے نہ روکا گیا ہو۔

(۲۱۲۱) صلح کا صیغہ عربی میں پڑھنا ضروری نہیں بلکہ جن الفاظ اور کاموں سے اس بات کا اظہار ہو کہ فریقین نے آپس میں صلح اور اتفاق کر لیا ہے صحیح ہے۔

(۲۱۲۲) اگر کوئی شخص اپنی بھیڑیں چرواہے کو دے تاکہ وہ مثلاً ایک سال ان کی نگہداشت کرے اور ان کے دودھ سے خود استفادہ حاصل کرے اور گھی کی کچھ مقدار مالک کو دے دے تو اگر چرواہے کی محنت اور اس گھی کے مقابلے میں وہ شخص بھیڑوں کے دودھ پر صلح کر لے تو معاملہ صحیح ہے بلکہ اگر بھیڑیں چرواہے کو ایک سال کے لئے اجارے پر دے کہ وہ ان کے دودھ سے استفادہ کرے اور اس کے عوض اسے کچھ گھی دے اور یہ قید نہ لگائے کہ بالخصوص انہی بھیڑوں کا گھی یا دودھ ہو تو بھی اجارہ صحیح ہے۔

(۲۱۲۳) اگر کوئی قرض خواہ اس قرض کے بدلے جو اسے مقروض سے وصول کرنا ہے یا اپنے حق کے بدلے اس شخص سے صلح کرنا چاہے تو یہ صلح اس صورت میں صحیح ہے جب دوسرا اسے قبول کر لے۔ لیکن اگر کوئی شخص اپنے قرض یا حق سے دستبردار ہونا چاہے تو دوسرے کا قبول کرنا ضروری نہیں۔

(۲۱۲۴) اگر مقروض اپنے قرضے کی مقدار جانتا ہو جبکہ قرض خواہ کو علم نہ ہو اور قرض خواہ نے جو کچھ لینا ہو اس سے کم پر صلح کر لے مثلاً اس نے پچاس روپے لینے تھے اور دس روپے پر صلح کر لے تو باقی ماندہ رقم مقروض کے لئے حلال نہیں ہے۔ سوائے اس صورت کے کہ وہ جتنے قرض کا دیندار ہے اس کے متعلق خود قرض خواہ کو بتائے اور اسے راضی کر لے یا صورت ایسی ہو کہ اگر قرض خواہ کو قرضے کی مقدار کا علم ہوتا تب

بھی وہ اسی مقدار (یعنی دس روپے) پر صلح کر لیتا۔

(۲۱۲۵) اگر دو آدمیوں کے پاس کوئی مال موجود ہو یا ایک دوسرے کے ذمے کوئی مال باقی ہو اور یہ علم ہو کہ ان دونوں اموال میں سے ایک مال دوسرے مال سے زیادہ ہے تو چونکہ ان دونوں اموال کو ایک دوسرے کے عوض میں فروخت کرنا سود ہونے کی بنا پر حرام ہے اس لئے ان دونوں میں ایک دوسرے کے عوض صلح کرنا بھی حرام ہے بلکہ اگر ان دونوں اموال میں سے ایک کے دوسرے سے زیادہ ہونے کا علم نہ بھی ہو لیکن زیادہ ہونے کا احتمال ہو تو احتیاط لازم کی بنا پر ان دونوں میں ایک دوسرے کے عوض صلح نہیں کی جاسکتی۔

(۲۱۲۶) اگر دو اشخاص کو ایک شخص سے یا دو اشخاص کو دوسرے دو اشخاص سے قرضہ وصول کرنا ہو اور وہ اپنی اپنی طلب پر ایک دوسرے سے صلح کرنا چاہتے ہوں اور صلح کرنا سود کا باعث نہ ہو جیسا کہ سابقہ مسئلے میں بتایا گیا ہے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ مثلاً اگر دونوں کو دس من گیہوں وصول کرنا ہو (اور ایک کا گیہوں اعلیٰ اور دوسرے کا درمیانے درجے کا ہو) اور دونوں کی مدت پوری ہو چکی ہو تو ان دونوں کا آپس میں مصالحت کرنا صحیح ہے۔

(۲۱۲۷) اگر ایک شخص کو کسی سے اپنا قرضہ کچھ مدت کے بعد واپس لینا ہو اور وہ مقروض کے ساتھ مقررہ مدت سے پہلے معین مقدار سے کم پر صلح کر لے اور اس کا مقصد یہ ہو کہ اپنے قرضے کا کچھ حصہ معاف کر دے اور باقی ماندہ نقد لے لے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ اور یہ حکم اس صورت میں ہے کہ قرضہ سونے یا چاندی کی شکل میں یا کسی ایسی جنس کی شکل میں ہو جو ناپ کر یا تول کر بیچی جاتی ہے اور اگر جنس اس قسم کی نہ ہو تو قرض خواہ کے لئے جائز ہے کہ اپنے قرضے سے کمتر مقدار پر مقروض یا کسی اور سے صلح کر لے یا بیچ دے جیسا کہ مسئلہ ۲۲۴۸ میں بیان ہوگا۔

(۲۱۲۸) اگر دو اشخاص کسی چیز پر آپس میں صلح کرلیں تو ایک دوسرے کی رضامندی سے اس صلح کو توڑ سکتے ہیں۔ نیز اگر سودے کے سلسلے میں دونوں کو یا کسی ایک کو سودا فسخ کرنے کا حق دیا گیا ہو تو جس کے پاس حق ہے وہ صلح کو فسخ کر سکتا ہے۔

(۲۱۲۹) جب تک خریدار اور بیچنے والا ایک دوسرے سے جدا نہ ہو گئے ہوں وہ سودے کو فسخ کر سکتے ہیں۔ نیز اگر خریدار ایک جانور خریدے تو وہ تین دن تک سودا فسخ کرنے کا حق رکھتا ہے۔ اسی طرح اگر ایک خریدار خریدی ہوئی جنس کی قیمت تین دن تک ادا نہ کرے اور جنس کو اپنی تحویل میں نہ لے تو جیسا کہ مسئلہ ۲۰۸۱ میں بیان ہو چکا ہے بیچنے والا سودے کو فسخ کر سکتا ہے۔ لیکن جو شخص کسی مال پر صلح کرے وہ ان تینوں صورتوں میں صلح فسخ کرنے کا حق نہیں رکھتا۔ لیکن اگر صلح کا دوسرا فریق مصالحت کا مال دینے میں غیر معمولی تاخیر کرے یا یہ شرط رکھی گئی ہو کہ مصالحت کا مال نقد دیا جائے اور دوسرا فریق اس شرط پر عمل نہ کرے تو اس صورت میں صلح فسخ کی جاسکتی ہے۔ اسی طرح باقی صورتوں میں بھی جن کا ذکر خرید و فروخت کے احکام میں آیا ہے صلح فسخ کی جاسکتی ہے اور اگر مصالحت کے دونوں فریقوں میں سے ایک کو دھوکہ ہوا ہو تو اس صورت میں بھی وہ صلح کو ختم کر سکتا ہے۔ لیکن اگر صلح جھگڑا ختم کرنے کے لئے ہو تو صلح کو ختم نہیں کر سکتا۔ البتہ اس صورت کے علاوہ دھوکہ کھانے والا بھی احتیاط واجب کی بنا پر صلح کو ختم نہیں کر سکتا۔

(۲۱۳۰) جو چیز بذریعہ صلح ملے اگر وہ عیب دار ہو تو صلح فسخ کی جاسکتی ہے لیکن اگر متعلقہ شخص بے عیب اور عیب دار کے مابین قیمت کا فرق لینا چاہے تو اس میں اشکال ہے۔

(۲۱۳۱) اگر کوئی شخص اپنے مال کے ذریعے دوسرے سے صلح کرے اور اس کے ساتھ شرط ٹھہرائے اور کہے کہ "جس چیز پر میں نے تم سے صلح کی ہے میرے مرنے کے بعد مثلاً تم اسے وقف کر دو گے" اور دوسرا شخص بھی اس کو قبول کر لے تو ضروری ہے کہ اس شرط پر عمل کرے۔

کرائے کے احکام

(۲۱۳۲) کوئی چیز کرائے پر دینے والے اور کرائے پر لینے والے کے لئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہوں اور کرایہ لینے یا کرایہ دینے کا کام اپنے اختیار سے کریں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ اپنے مال میں تصرف کا حق رکھتے ہوں۔ لہٰذا چونکہ سفیہ اپنے مال میں تصرف کرنے کا حق نہیں رکھتا اس لئے نہ وہ کوئی چیز کرائے پر لے سکتا ہے اور نہ دے سکتا ہے۔ اسی طرح جو شخص دیوالیہ ہو چکا ہو وہ ان چیزوں کو کرائے پر نہیں دے سکتا جن میں وہ تصرف کا حق نہ رکھتا ہو اور نہ وہ ان میں سے کوئی چیز کرائے پر لے سکتا ہے لیکن اپنی خدمات کو کرائے پر پیش کر سکتا ہے۔

(۲۱۳۳) انسان دوسرے کی طرف سے وکیل بن کر اس کا مال کرائے پر دے سکتا ہے یا کوئی مال اس کے لئے کرائے پر لے سکتا ہے۔

(۲۱۳۴) اگر بچے کا سرپرست یا اس کے مال کا منتظم بچے کا مال کرائے پر دے یا بچے کو کسی کا اجیر مقرر کر دے تو کوئی حرج نہیں۔ اور اگر بچے کے بالغ ہونے کے بعد کی کچھ مدت کو بھی اجارے کی مدت کا حصہ قرار دیا جائے تو بچہ بالغ ہونے کے بعد باقی ماندہ اجارہ فسخ کر سکتا ہے اگرچہ صورت یہ ہو کہ اگر بچے کے بالغ ہونے کی کچھ مدت کو اجارہ کی مدت کا حصہ نہ بنایا جاتا تو یہ بچے کے لئے مصلحت کے خلاف ہوتا۔ ہاں اگر وہ مصلحت شرعی لازمی مصلحت کے برخلاف تھی یعنی جس کے بارے میں یہ علم ہو کہ شارع مقدس اس مصلحت کو ترک کرنے پر راضی نہیں ہے اس صورت میں اگر حاکم شرع کی اجازت سے اجارہ واقع ہوا ہو تو بچہ بالغ ہونے کے بعد اجارہ فسخ نہیں کر سکتا۔

(۲۱۳۵) جس نابالغ بچے کا سرپرست نہ ہو اسے مجتہد کی اجازت کے بغیر مزدوری پر نہیں لگایا جا سکتا اور جس شخص کی رسائی مجتہد تک نہ ہو وہ ایک مومن شخص کی اجازت لیکر جو عادل ہو بچے کو مزدوری پر لگا سکتا ہے۔

(۲۱۳۶) اجارہ دینے والے اور اجارہ لینے والے کے لئے ضروری نہیں کہ صیغہ عربی زبان میں پڑھیں بلکہ اگر کسی چیز کا مالک دوسرے سے کہے کہ میں نے اپنا مال تمہیں اجارے پر دیا اور دوسرا کہے کہ میں نے قبول کیا تو اجارہ صحیح ہے بلکہ اگر وہ منہ سے کچھ بھی نہ کہیں اور مالک اپنا مال اجارے کے قصد سے مستاجر کو دے اور وہ

بھی اجارے کے قصد سے لے تو اجارہ صحیح ہوگا۔

(۲۱۳۷) اگر کوئی شخص چاہے کہ اجارے کا صیغہ پڑھے بغیر کوئی کام کرنے کے لئے اجیر بن جائے تو جونہی وہ کام کرنے میں مشغول ہوگا اجارہ صحیح ہو جائے گا۔

(۲۱۳۸) جو شخص بول نہ سکتا ہو اگر وہ اشارے سے سمجھا دے کہ اس نے کوئی چیز اجارے پر دی ہے یا اجارے پر لی ہے تو اجارہ صحیح ہے۔

(۲۱۳۹) اگر کوئی شخص مکان یا دکان یا دوسری تمام چیزیں اجارے پر لے اور اس کا مالک یہ شرط لگائے کہ صرف وہ اس سے استفادہ کر سکتا ہے تو مستاجر اسے کسی دوسرے کو استعمال کے لئے اجارے پر نہیں دے سکتا بجز اس کے کہ اجارہ اس طرح ہو کہ اس کے فوائد بھی کرائے پر لینے والے سے مخصوص ہوں۔ مثلاً ایک عورت ایک مکان یا کمرہ کرائے پر لے اور بعد میں شادی کر لے اور کمرہ یا مکان اپنی رہائش کے لئے کرائے پر دے دے (یعنی شوہر کو کرائے پر دے کیونکہ بیوی کی رہائش کا انتظام بھی شوہر کی ذمے داری ہے)۔ اور اگر مالک ایسی کوئی شرط نہ لگائے تو کرائے پر لینے والا اسے دوسرے کو کرائے پر دے سکتا ہے۔ البتہ مال کو کرایہ دار دوم کے سپرد کرنے کے لئے احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ مالک سے اجازت لے لے۔ لیکن اگر وہ یہ چاہے کہ جتنے کرائے پر لیا ہے اس سے زیادہ کرائے پر دے اگرچہ کرایہ دوسری جنس سے ہو تو ایسی صورت میں کہ وہ مکان یا دکان یا کشتی ہو تو ضروری ہے کہ اس نے اس میں کوئی کام مثلاً مرمت اور سفیدی وغیرہ کرائی ہو یا اس کی حفاظت کے لئے کچھ نقصان برداشت کیا ہو (تو وہ اسے زیادہ کرائے پر دے سکتا ہے)۔

(۲۱۴۰) اگر مزدور، کسی شخص سے یہ شرط طے کرے کہ وہ فقط اسی کا کام کرے گا تو بجز اس صورت کے جس کا ذکر سابقہ مسئلے میں کیا گیا ہے اس مزدور کو کسی دوسرے شخص کو بطور اجارہ نہیں دیا جا سکتا۔ اور اگر اجیر ایسی کوئی شرط نہ لگائے تو اسے دوسرے کو اجارے پر دے سکتا ہے۔ لیکن جو چیز دوسرے شخص سے اجارے کی بابت لے رہا ہے ضروری ہے کہ اس کی قیمت اس اجارے سے زیادہ نہ ہو جو اجیر کے لئے قرار دیا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص خود کسی کا اجیر بن جائے اور کسی دوسرے شخص کو وہ کام کرنے کے لئے کم اجرت پر رکھ لے تو اس کا بھی یہی حکم ہے (یعنی وہ اسے کم اجرت پر نہیں رکھ سکتا) لیکن اگر اس نے کام کی کچھ مقدار خود انجام دی ہو تو پھر دوسرے کو کم اجرت پر بھی رکھ سکتا ہے۔

(۲۱۴۱) اگر کوئی شخص مکان، دکان اور کشتی کے علاوہ کوئی اور چیز مثلاً زمین کرائے پر لے اور زمین کا مالک اس سے یہ شرط نہ کرے کہ صرف وہی اس سے استفادہ کر سکتا ہے تو اگر جتنے کرائے پر اس نے وہ چیز لی ہے اس سے زیادہ کرائے پر دے تو اجارہ کے صحیح ہونے میں اشکال ہے۔

(۲۱۴۲) اگر کوئی شخص مکان یا دکان مثلاً ایک سال کے لئے سو روپیہ کرائے پر لے اور اس کا آدھا حصہ خود استعمال کرے تو دوسرا حصہ سو روپیہ کرائے پر چڑھا سکتا ہے لیکن اگر وہ چاہے کہ مکان یا دکان کا آدھا حصہ اس سے زیادہ کرائے پر چڑھا دے جس پر اس نے خود وہ دکان یا مکان کرائے پر لیا ہے مثلاً ۱۲۰ روپے کرائے پر دے دے تو ضروری ہے کہ اس نے اس میں مرمت وغیرہ کا کام کرایا ہو۔

کرائے پر دیئے جانے والے مال کی شرائط

(۲۱۴۳) جو مال اجارے پر دیا جائے اس کی چند شرائط ہیں:

(۱) وہ مال معین ہو۔ لہٰذا اگر کوئی شخص کہے کہ میں نے اپنے مکانات میں سے ایک مکان تمہیں کرائے پر دیا تو یہ درست نہیں ہے۔

(۲) کرائے پر لینے والا اس مال کو دیکھ لے۔ اور اگر مال موجود نہ ہو یا کُلّی ہو تو اجارے پر دینے والا اپنے مال کی خصوصیات کچھ اس طرح بیان کرے کہ اسے متاثر کر کے کرائے پر لینے کے لئے آمادہ کر دے۔

(۳) اجارے پر دیئے جانے والے مال کو دوسرے فریق کے سپرد کرنا ممکن ہو لہٰذا اس گھوڑے کو اجارے پر دینا جو بھاگ گیا ہو اگر مستاجر اس کو نہ پکڑ سکے تو اجارہ باطل ہے اور اگر اس کے لئے ممکن ہو کہ پکڑ سکے تو اجارہ صحیح ہے۔

(۴) اس مال سے استفادہ کرنا اس کے ختم یا کالعدم ہو جانے پر موقوف نہ ہو لہٰذا روٹی، پھلوں اور دوسری خوردنی اشیاء کو کھانے کے لئے کرائے پر دینا صحیح نہیں ہے۔

(۵) مال سے وہ فائدہ اٹھانا ممکن ہو جس کے لئے اسے کرائے پر دیا جائے۔ لہٰذا ایسی زمین کا زراعت کے لئے کرائے پر دینا جس کے لئے بارش کا پانی کافی نہ ہو اور وہ نہر کے پانی سے بھی سیراب نہ ہوتی ہو صحیح نہیں ہے۔

(۶) جو چیز کرائے پر دے اس کے منافع کا مالک ہو جس کے لئے کرائے پر دیا جا رہا ہے۔ اور اگر نہ اس کا مالک ہو، نہ وکیل اور نہ منتظم تو معاملہ اس صورت میں صحیح ہے کہ جب اس مال کا مالک رضامند ہو۔

(۲۱۴۴) جس درخت میں ابھی پھل نہ لگا ہو اس کا اس مقصد سے کرائے پر دینا کہ اس کے پھل سے استفادہ کیا جائے گا درست ہے۔ اور اسی طرح ایک جانور کو اس کے دودھ کے لئے کرائے پر دینے کا بھی یہی حکم ہے۔

(۲۱۴۵) عورت اس مقصد کے لئے اجیر بن سکتی ہے کہ اس کے دودھ سے استفادہ کیا جائے (یعنی کسی دوسرے کے بچے کو اجرت پر دودھ پلا سکتی ہے) اور ضروری نہیں کہ وہ اس مقصد کے لئے شوہر سے اجازت لے لیکن اگر اس کے دودھ پلانے سے شوہر کی حق تلفی ہوتی ہو تو پھر اس کی اجازت کے بغیر عورت اجیر نہیں بن سکتی۔

کرائے پر دیئے جانے والے مال سے استفادہ کی شرائط

(۲۱۴۶) جس استفادے کے لئے مال کرائے پر دیا جاتا ہے اس کی چار شرطیں ہیں:

(۱) (استفادہ کرنا) حلال ہو۔ پس اگر کسی مال کی منفعت صرف حرام ہو یا یہ شرط رکھی جائے کہ حرام ذریعے سے استفادہ کیا جائے یا سودا کرنے سے پہلے حرام معاملے کو معین کیا

جائے اور سودے کی بنیاد اسی پر رکھی جائے تو یہ سودا باطل ہے۔ لہٰذا دکان کو شراب بیچنے یا شراب ذخیرہ کرنے کے لئے کرائے پر دینا اور حیوان کو شراب کی نقل و حمل کے لئے کرائے پر دینا باطل ہے۔

(۲) وہ عمل شریعت میں بلا معاوضہ انجام دینا واجب نہ ہو۔ اور احتیاط واجب کی بنا پر اسی قسم کے کاموں میں سے ہے اگر محل ابتلاء ہو حلال اور حرام کے مسائل سکھانا اور ایسے ہی ہے بقدر واجب مُردوں کی تجہیز و تکفین کرنا۔ اور احتیاط واجب کی بنا پر معتبر ہے کہ اس استفادے کے لئے رقم دینا لوگوں کی نظروں میں فضول نہ ہو۔

(۳) جو چیز کرائے پر دی جائے اگر وہ کثیر الفوائد (اور کثیر المقاصد) ہو تو جو فائدہ اٹھانے کی مستاجر کو اجازت ہو اسے معین کیا جائے۔ مثلاً ایک ایسا جانور کرائے پر دیا جائے جس پر سواری بھی کی جاسکتی ہو اور مال بھی لادا جاسکتا ہو تو اسے کرائے پر دیتے وقت یہ معین کرنا ضروری ہے کہ مستاجر اسے فقط سواری کے مقصد کے لئے یا فقط بار برداری کے مقصد کے لئے استعمال کرسکتا ہے یا اس سے ہر طرح استفادہ کرسکتا ہے۔

(۴) استفادہ کرنے کی مدت کا تعین کرلیا جائے اور یہ استفادہ مدت معین کر کے حاصل کیا جاسکتا ہے، مثلاً مکان یا دکان کرائے پر دے کر یا کام کا تعین کر کے حاصل کیا جاسکتا ہے، مثلاً درزی کے ساتھ طے کرلیا جائے کہ وہ ایک معین لباس مخصوص ڈیزائن میں سیئے گا۔

(۲۱۴۷) اگر اجارے کی ابتدا کا تعین نہ کیا جائے تو اس کے شروع ہونے کا وقت اجارے کا معاہدہ کرنے کے بعد سے ہوگا۔

(۲۱۴۸) مثال کے طور پر اگر مکان ایک سال کے لئے کرائے پر دیا جائے اور معاہدے کی ابتدا کا وقت صیغہ پڑھنے سے ایک مہینے بعد سے مقرر کیا جائے تو اجارہ صحیح ہے اگرچہ جب صیغہ پڑھا جارہا ہو وہ مکان کسی دوسرے کے پاس کرائے پر ہو۔

(۲۱۴۹) اگر اجارے کی مدت کا تعین نہ کیا جائے بلکہ کرائے دار سے کہا جائے کہ جب تک تم اس مکان میں رہو گے دس روپے ماہوار کرایہ دو گے تو اجارہ صحیح نہیں ہے۔

(۲۱۵۰) اگر مالک مکان، کرائے دار سے کہے کہ میں نے تجھے یہ مکان دس روپے ماہوار کرائے پر دیا یا یہ کہے کہ یہ مکان میں نے تجھے ایک مہینے کے لئے دس روپے کرائے پر دیا اور اس کے بعد بھی تم جتنی مدت اس میں رہو گے اس کا کرایہ دس روپے ماہانہ ہوگا تو اس صورت میں جب اجارے کی مدت کی ابتدا کا علم ہو جائے تو پہلے مہینے کا اجارہ صحیح ہے۔

(۲۱۵۱) جس مکان میں مسافر اور زائر قیام کرتے ہوں اور یہ علم نہ ہو کہ وہ کتنی مدت تک وہاں رہیں گے، اگر وہ مالک مکان سے طے کرلیں کہ مثلاً ایک رات کا ایک روپیہ دیں گے اور مالک مکان اس پر راضی ہو جائے تو اس مکان سے استفادہ کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن چونکہ اجارے کی مدت طے نہیں کی گئی لہٰذا پہلی رات کے علاوہ اجارہ صحیح نہیں ہے اور مالک مکان پہلی رات کے بعد جب بھی چاہے انہیں نکال سکتا ہے۔

کرائے کے متفرق مسائل

(۲۱۵۲) جو مال مستاجر اجارے کے طور پر دے رہا ہو ضروری ہے کہ وہ مال معلوم ہو۔ لہٰذا اگر ایسی چیزیں ہوں جن کا لین دین تول کر کیا جاتا ہے مثلاً گیہوں، تو ان کا وزن معلوم ہونا ضروری ہے۔ اور اگر ایسی چیزیں ہوں جن کا لین دین گن کر کیا جاتا ہے مثلاً رائج الوقت سکے تو ضروری ہے کہ ان کی تعداد معین ہو۔ اور اگر وہ چیزیں گھوڑے اور بھیڑ کی طرح ہوں تو ضروری ہے کہ کرایہ لینے والا انہیں دیکھ لے یا مستاجر ان کی خصوصیات بتادے۔

(۲۱۵۳) اگر زمین زراعت کے لئے کرائے پر دی جائے اور اس کی اجرت اسی یا دوسری زمین کی پیداوار قرار دی جائے جو اس وقت موجود نہ ہو یا کلی طور پر کوئی چیز اس کے ذمے قرار دے اس شرط پر کہ وہ اسی زمین کی پیداوار سے ادا کی جائے گی تو اجارہ صحیح نہیں ہے اور اگر اس زمین کی پیداوار اجارہ کرتے وقت موجود ہو تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۱۵۴) جس شخص نے کوئی چیز کرائے پر دی ہو وہ اس چیز کو کرایہ دار کی تحویل میں دینے سے پہلے کرایہ مانگنے کا حق نہیں رکھتا نیز اگر کوئی شخص کسی کام کے لئے اجیر بنا ہو تو جب تک وہ کام انجام نہ دے دے اجرت کا مطالبہ کرنے کا حق نہیں رکھتا۔ مگر بعض صورتوں میں، مثلاً حج کی ادائیگی کے لئے اجیر جسے عموماً عمل کے انجام دینے سے پہلے اجرت دے دی جاتی ہے (اجرت کا مطالبہ کرنے کا حق رکھتا ہے)۔

(۲۱۵۵) اگر کوئی شخص کرائے پر دی گئی چیز کرایہ دار کی تحویل میں دے دے تو اگرچہ کرایہ دار اس چیز پر قبضہ نہ کرے یا قبضہ حاصل کرلے لیکن اجارہ ختم ہونے تک اس سے فائدہ نہ اٹھائے پھر بھی ضروری ہے کہ مالک کو اجرت ادا کرے۔

(۲۱۵۶) اگر ایک شخص کوئی کام ایک معین دن میں انجام دینے کے لئے اجیر بن جائے اور اس دن وہ کام کرنے کے لئے تیار ہو جائے تو جس شخص نے اسے اجیر بنایا ہے خواہ وہ اس دن اس سے کام نہ لے تو ضروری ہے کہ اس کی اجرت اسے دے دے۔ مثلاً اگر کسی درزی کو ایک معین دن لباس سینے کے لئے اجیر بنائے اور درزی اس دن کام کرنے پر تیار ہو تو اگرچہ مالک اسے سینے کے لئے کپڑا نہ دے تب بھی ضروری ہے کہ اسے اس کی مزدوری دے دے۔ قطع نظر اس سے کہ درزی بیکار رہا ہو یا اس نے اپنا یا کسی دوسرے کا کام کیا ہو۔

(۲۱۵۷) اگر اجارے کی مدت ختم ہو جانے کے بعد معلوم ہو کہ اجارہ باطل تھا تو مستاجر کے لئے ضروری ہے کہ عام طور پر اس چیز کا جو کرایہ ہوتا ہے مال کے مالک کو دے دے۔ مثلاً اگر وہ ایک مکان سو روپے کرائے پر ایک سال کے لئے لے اور بعد میں اسے پتا چلے کہ اجارہ باطل تھا تو اگر اس مکان کا کرایہ عام طور پر پچاس روپے ہو تو ضروری ہے کہ پچاس روپے دے۔ اور اگر اس کا کرایہ عام طور پر دو سو روپے ہو تو مکان کرایہ پر

دینے والا مالک مکان ہو یا اس کا وکیل مطلق ہو کہ کرایہ مقرر کرنے کا حق رکھتا ہو اور عام طور پر گھر کے کرائے کی جو شرح ہو اسے جانتا ہو تو ضروری نہیں ہے کہ (مستاجر) سو روپے سے زیادہ دے۔ اور اگر اس کے برعکس صورت ہو تو ضروری ہے کہ (مستاجر) دو سو روپے دے۔ نیز اگر اجارے کی کچھ مدت گزرنے کے بعد معلوم ہو کہ اجارہ باطل تھا تو جو مدت گزر چکی ہو اس پر بھی یہی حکم جاری ہوگا۔

(۲۱۵۸) جس چیز کو اجارے پر لیا گیا ہو اگر وہ تلف ہو جائے اور مستاجر نے اس کی نگہداشت میں کوتاہی نہ برتی ہو اور اسے غلط طور پر استعمال نہ کیا ہو تو (وہ اس چیز کے تلف ہونے کا) ذمے دار نہیں ہے۔ اسی طرح مثال کے طور پر اگر درزی کو دیا گیا کپڑا تلف ہو جائے تو اگر درزی نے بے احتیاطی نہ کی ہو اور کپڑے کی نگہداشت میں بھی کوتاہی نہ برتی ہو تو ضامن نہیں۔

(۲۱۵۹) جو چیز کسی درزی اور کاریگر نے کام کرنے کے لئے لی ہو اگر وہ اسے ضائع کر دے تو وہ اس کا ذمہ دار ہے۔

(۲۱۶۰) اگر قصاب کسی جانور کا سر کاٹ ڈالے اور اسے حرام کر دے تو خواہ اس نے مزدوری لی ہو یا بلا معاوضہ ذبح کیا ہو تو ضروری ہے کہ جانور کی قیمت اس کے مالک کو ادا کرے۔

(۲۱۶۱) اگر کوئی شخص جانور یا چیز (مثلاً گاڑی وغیرہ) کرائے پر لے اور معین کرے کہ کتنا بوجھ اس پر لادے گا تو اگر وہ اس پر معینہ مقدار سے زیادہ بوجھ لادے اور اس وجہ سے جانور مر جائے یا وہ چیز (گاڑی وغیرہ) عیب دار ہو جائے تو مستاجر ذمے دار ہے۔ نیز اگر انہوں نے بوجھ کی مقدار معین نہ کی ہو اور معمول سے زیادہ بوجھ جانور پر لادے (اور جانور مر جائے یا وہ چیز عیب دار ہو جائے) تب بھی مستاجر ذمے دار ہے۔ اور دونوں صورتوں میں مستاجر کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ معمول سے زیادہ اجرت ادا کرے۔

(۲۱۶۲) اگر کوئی شخص حیوان کو ایسا (نازک) سامان لادنے کے لئے کرائے پر دے جو ٹوٹنے والا ہو اور جانور پھسل جائے یا بھاگ کھڑا ہو اور سامان کو توڑ پھوڑ دے تو جانور کا مالک ذمے دار نہیں ہے۔ ہاں اگر مالک جانور کو معمول سے زیادہ مارے یا ایسی حرکت کرے جس کی وجہ سے جانور گر جائے اور لدا ہوا سامان توڑ دے تو مالک ذمے دار ہے۔

(۲۱۶۳) اگر کوئی شخص بچے کا ختنہ کرے اور اپنے کام میں کوتاہی یا غلطی کرے، مثلاً اس نے معمول سے زیادہ (چمڑا) کاٹا ہو اور وہ بچہ مر جائے یا اس میں کوئی نقص پیدا ہو جائے تو وہ ذمے دار ہے اور اگر اس نے کوتاہی یا غلطی نہ کی ہو اور بچہ ختنہ کرنے سے ہی مر جائے یا اس میں کوئی عیب پیدا ہو جائے چنانچہ اس بات کی تشخیص کے لئے کہ ختنہ کرنا بچے کے لئے نقصان دہ ہے یا نہیں اس کی طرف رجوع نہ کیا گیا ہو نیز وہ بھی یہ نہ جانتا ہو کہ بچے کو نقصان ہوگا تو اس صورت میں وہ ذمے دار نہیں ہے۔

(۲۱۶۴) اگر معالج اپنے ہاتھ سے کسی مریض کو دوا دے یا اس کے لئے دوا تیار کرنے کو کہے اور دوا کھانے کی وجہ سے مریض کو نقصان پہنچے یا وہ مر جائے تو معالج ذمہ دار ہے اگرچہ اس نے علاج کرنے میں کوتاہی نہ کی ہو۔

(۲۱۶۵) جب معالج مریض سے کہہ دے کہ اگر تمہیں کوئی ضرر پہنچا تو میں ذمے دار نہیں ہوں اور پوری توجہ اور احتیاط سے کام لے لیکن اس کے باوجود اگر مریض کو ضرر پہنچے یا وہ مر جائے تو معالج ذمے دار نہیں ہے۔

(۲۱۶۶) کرائے پر لینے والا اور جس شخص نے کوئی چیز کرائے پر دی ہو، وہ ایک دوسرے کی رضامندی سے معاملہ فسخ کر سکتے ہیں۔ اور اگر اجارے میں یہ شرط عائد کریں کہ وہ دونوں یا ان میں سے کوئی ایک معاملے کو فسخ کرنے کا حق رکھتا ہے تو وہ معاہدے کے مطابق اجارہ فسخ کر سکتے ہیں۔

(۲۱۶۷) اگر مال اجارہ پر دینے والے یا مستاجر کو پتا چلے کہ وہ گھاٹے میں رہا ہے تو اگر اجارہ کرنے کے وقت وہ اس امر کی جانب متوجہ نہ تھا کہ وہ گھاٹے میں ہے تو وہ اس تفصیل کے مطابق جو مسئلہ ۲۰۸۳ میں گزر چکی ہے اجارہ فسخ کر سکتا ہے۔ لیکن اگر اجارے کے معاہدے میں یہ شرط عائد کی جائے کہ اگر ان میں سے کوئی گھاٹے میں بھی رہے گا تو اسے اجارہ فسخ کرنے کا حق نہیں ہوگا تو پھر وہ اجارہ فسخ نہیں کر سکتے۔

(۲۱۶۸) اگر ایک شخص کوئی چیز اجارے پر دے اور اس سے پہلے کہ اس کا قبضہ مستاجر کو دے کوئی اور شخص اس چیز کو غصب کر لے تو مستاجر اجارہ فسخ کر سکتا ہے اور جو چیز اس نے اجارے پر دینے والے کو دی ہو اسے واپس لے سکتا ہے۔ یا (یہ بھی کر سکتا ہے کہ) اجارہ فسخ نہ کرے اور جتنی مدت وہ چیز غاصب کے پاس رہی ہو اس کی عام طور پر جتنی اجرت بنے وہ غاصب سے لے لے۔ لہٰذا اگر مستاجر ایک حیوان کا ایک مہینے کا اجارہ دس روپے کے عوض کرے اور کوئی شخص اس حیوان کو دس دن کے لئے غصب کر لے اور عام طور پر اس کا دس دن کا اجارہ پندرہ روپے ہو تو مستاجر پندرہ روپے غاصب سے لے سکتا ہے۔

(۲۱۶۹) اگر کوئی دوسرا شخص مستاجر کو اجارہ کردہ چیز اپنی تحویل میں نہ لینے دے یا تحویل میں لینے کے بعد اس پر ناجائز قبضہ کر لے یا اس سے استفادہ کرنے میں حائل ہو تو مستاجر اجارہ فسخ نہیں کر سکتا اور صرف یہ حق رکھتا ہے کہ اس چیز کا عام طور پر جتنا کرایہ بنتا ہو وہ غاصب سے لے لے۔

(۲۱۷۰) اگر اجارے کی مدت ختم ہونے سے پہلے مالک اپنا مال مستاجر کے ہاتھ بیچ ڈالے تو اجارہ فسخ نہیں ہوتا۔ اور کرایہ دار کو چاہئے کہ اس چیز کا کرایہ مالک کو دے اور اگر (مالک مستاجر کے علاوہ) اس (مال) کو کسی اور شخص کے ہاتھ بیچ دے تب بھی یہی حکم ہے۔

(۲۱۷۱) اگر اجارے کی مدت شروع ہونے سے پہلے جو چیز اجارے پر لی ہے وہ اس استفادے کے قابل نہ رہے جس کا تعین کیا گیا تھا تو اجارہ باطل ہو جاتا ہے۔ اور مستاجر ادا کردہ رقم مالک سے واپس لے سکتا ہے۔ اگر صورت یہ ہو کہ اس چیز سے تھوڑا سا استفادہ کیا جا سکتا ہو تو مستاجر اجارہ فسخ کر سکتا ہے۔

(۲۱۷۲) اگر ایک شخص کوئی چیز اجارے پر لے اور وہ کچھ مدت گزرنے کے بعد جو استفادہ مستاجر کے لئے طے کیا گیا ہو اس کے قابل نہ رہے تو باقی ماندہ مدت کے لئے اجارہ باطل ہو جاتا ہے۔ اور مستاجر گزری ہوئی مدت کا اجارہ ''اجرۃ المثل'' (یعنی جتنے دن وہ چیز استعمال کی ہو اتنے دنوں کی عام اجرت) دے کر اجارہ فسخ کر سکتا ہے۔

(۲۱۷۳) اگر کوئی شخص ایسا مکان کرائے پر دے جس کے مثلاً دو کمرے ہوں اور ان میں سے ایک کمرہ

ٹوٹ پھوٹ جائے لیکن اجارے پر دینے والا اس کمرہ کو (مرمت کر کے) اس طرح بناوے، جس میں سابقہ کمرے کے مقابلے میں کافی فرق ہو تو اس کا وہی حکم ہے جو اس سے پہلے والے مسئلے میں بتایا گیا ہے۔ اور اگر اس طرح نہ ہو بلکہ اجارے پر دینے والا اسے فوراً بنادے اور اس سے استفادہ کرنے میں تھوڑی سی بھی تاخیر نہ ہو تو اجارہ باطل نہیں ہوتا۔ اور کرایہ دار بھی اجارے کو فسخ نہیں کرسکتا۔ لیکن اگر کمرے کی مرمت میں قدرے تاخیر ہو جائے اور کرایہ دار اس سے استفادہ نہ کرپائے تو اس "تاخیر" کی مدت تک کا اجارہ باطل ہو جاتا ہے اور کرایہ دار چاہے تو ساری مدت کا اجارہ بھی فسخ کرسکتا ہے البتہ جتنی مدت اس نے کمرے سے استفادہ کیا ہے اس کی اجرۃ المثل دے۔

(۲۱۷۴) اگر کرائے پر دینے والا یا مستاجر مر جائے تو اجارہ باطل نہیں ہوتا لیکن اگر مکان کا فائدہ صرف اس کی زندگی میں ہی اس کا ہو مثلاً کسی دوسرے شخص نے وصیت کی ہو کہ جب تک (اجارے پر دینے والا) زندہ ہے مکان کی آمدنی اس کا مال ہوگا تو اگر وہ مکان کرائے پر دے دے اور اجارہ کی مدت ختم ہونے سے پہلے مر جائے تو اس کے مرنے کے وقت سے اجارہ باطل ہے۔ اور اگر موجودہ مالک اس اجارہ کی تصدیق کردے تو اجارہ صحیح ہے۔ اور اجارے پر دینے والے کی موت کے بعد اجارے کی جو مدت باقی ہوگی اس کی اجرت اس شخص کو ملے گی جو موجودہ مالک ہو۔

(۲۱۷۵) اگر کوئی شخص کسی معمار کو اس مقصد سے وکیل بنائے کہ وہ اس کے لئے کاریگر مہیا کرے تو اگر معمار نے جو کچھ اس شخص سے لے لیا ہے کاریگروں کو اس سے کم دے تو زائد مال اس پر حرام ہے اور اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ رقم اس شخص کو واپس کردے۔ لیکن اگر معمار اجیر بن جائے کہ عمارت کو مکمل کردے گا اور وہ اپنے لئے یہ اختیار حاصل کرلے کہ خود بنائے گا یا دوسرے سے بنوائے گا تو اس صورت میں کہ کچھ کام خود کرے اور باقی ماندہ دوسروں سے اس اجرت سے کم پر کرائے جس پر وہ خود اجیر بنا ہے تو زائد رقم اس کیلئے حلال ہوگی۔

(۲۱۷۶) اگر رنگریز وعدہ کرے کہ مثلاً کپڑا نیل سے رنگے گا تو اگر وہ نیل کے بجائے اسے کسی اور چیز سے رنگ دے تو اسے اجرت لینے کا کوئی حق نہیں۔

جعالہ کے احکام

(۲۱۷۷) "جعالہ" سے مراد یہ ہے کہ انسان وعدہ کرے کہ اگر ایک کام اس کے لئے انجام دیا جائے گا تو وہ اس کے بدلے کچھ مال (بطور انعام) دے گا مثلاً یہ کہے کہ جو اس کی گمشدہ چیز برآمد کرے گا وہ اسے دس روپے (انعام) دے گا تو جو شخص اس قسم کا وعدہ کرے اسے "جاعل" اور جو شخص وہ کام انجام دے اسے "عامل" کہتے ہیں۔ اجارے و جعالے میں بعض لحاظ سے فرق ہے۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ اجارے میں صیغہ پڑھنے کے بعد اجیر کے لئے ضروری ہے کہ کام انجام دے اور جس نے اسے اجیر بنایا ہو وہ اجرت کے لئے اس کا

مقروض ہو جاتا ہے۔ لیکن جعالہ میں اگرچہ عامل ایک معین شخص ہوتا ہے تاہم ہوسکتا ہے کہ وہ کام میں مشغول نہ ہو۔ پس جب تک وہ کام انجام نہ دے، جاعل اس کا مقروض نہیں ہوتا۔

(۲۱۷۸) جاعل کیلئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہو اور انعام کا وعدہ اپنے ارادے اور اختیار سے کرے اور شرعاً اپنے مال میں تصرف کرسکتا ہو۔ اسی بنا پر سفیہ - جو اپنا مال فضول کاموں میں خرچ کرتا ہو - کا جعالہ صحیح نہیں ہے اور بالکل اسی طرح دیوالیہ شخص کا جعالہ ان اموال میں صحیح نہیں ہے جن میں تصرف کا حق نہ رکھتا ہو۔

(۲۱۷۹) جاعل جو کام لوگوں سے کرانا چاہتا ہو ضروری ہے کہ وہ حرام یا بے فائدہ نہ ہو اور نہ ہی ان واجبات میں سے ہو جن کا بلا معاوضہ بجالانا شرعاً لازم ہو۔ لہٰذا اگر کوئی کہے کہ جو شخص شراب پیئے گا یا رات کے وقت کسی عاقلانہ مقصد کے بغیر ایک تاریک جگہ پر جائے گا یا واجب نماز پڑھے گا میں اسے دس روپے دوں گا تو جعالہ صحیح نہیں ہے۔

(۲۱۸۰) جس مال کے بارے میں معاہدہ کیا جارہا ہو ضروری نہیں ہے کہ اسے اس کی پوری خصوصیات کا ذکر کرکے معین کیا جائے۔ بلکہ اگر صورت حال یہ ہو کہ کام کرنے والے کو معلوم ہو کہ اس کام کو انجام دینے کے لئے اقدام کرنا حماقت شمار نہ ہوگا تو کافی ہے۔ مثلاً اگر جاعل یہ کہے کہ اگر تم نے اس مال کو دس روپے سے زیادہ قیمت پر بیچا تو اضافی رقم تمہاری ہوگی تو جعالہ صحیح ہے۔ اور اسی طرح اگر جاعل کہے کہ جو کوئی میرا گھوڑا ڈھونڈ کر لائے گا میں اسے گھوڑے میں نصف شراکت یا دس من گیہوں دوں گا تو بھی جعالہ صحیح ہے۔

(۲۱۸۱) اگر کام کی اجرت مکمل طور پر مبہم ہو مثلاً جاعل یہ کہے کہ جو میرا بچہ تلاش کردے گا میں اسے رقم دوں گا لیکن رقم کی مقدار کا تعین نہ کرے تو اگر کوئی شخص اس کام کو انجام دے تو ضروری ہے کہ جاعل اسے اتنی اجرت دے جتنی عام لوگوں کی نظروں میں اس عمل کی اجرت قرار پاسکے۔

(۲۱۸۲) اگر عامل نے جاعل کے قول و قرار سے پہلے ہی وہ کام کردیا ہو یا قول و قرار کے بعد اس نیت سے وہ کام انجام دے کہ اس کے بدلے رقم نہیں لے گا تو پھر وہ اجرت کا حقدار نہیں۔

(۲۱۸۳) اس سے پہلے کہ عامل کام شروع کرے جاعل جعالہ کو منسوخ کرسکتا ہے۔

(۲۱۸۴) جب عامل نے کام شروع کردیا ہو اگر اس کے بعد جاعل جعالہ منسوخ کرنا چاہے تو اس میں اشکال ہے۔ مگر یہ کہ عامل بھی راضی ہو۔

(۲۱۸۵) عامل کام کو ادھورا چھوڑ سکتا ہے۔ لیکن اگر کام ادھورا چھوڑنے پر جاعل کو یا جس شخص کے لئے یہ کام انجام دیا جارہا ہے کوئی نقصان پہنچتا ہو تو ضروری ہے کہ کام کو مکمل کرے۔ مثلاً اگر کوئی شخص کہے کہ جو کوئی میری آنکھ کا علاج کردے میں اسے اس قدر معاوضہ دوں گا اور ڈاکٹر اس کی آنکھ کا آپریشن کردے اور صورت یہ ہو کہ اگر وہ علاج مکمل نہ کرے تو آنکھ میں عیب پیدا ہو جائے تو ضروری ہے کہ اپنا آپریشن تکمیل تک پہنچائے۔

(۲۱۸۶) اگر عامل کام ادھورا چھوڑ دے تو کسی چیز کا مطالبہ نہیں کرسکتا۔ اگر جاعل اجرت کو کام مکمل کرنے سے مشروط کردے مثلاً وہ کہے کہ جو کوئی میرا لباس سیئے گا میں اسے دس روپے دوں گا لیکن اگر اس کی مراد یہ ہو کہ جتنا کام کیا جائے گا اتنی اجرت دے گا تو پھر جاعل کو چاہئے کہ جتنا کام ہوا ہو اتنی اجرت عامل کو دیدے۔

مُزارعہ کے احکام

(۲۱۸۷) مزارعہ سے مراد یہ ہے کہ (زمین کا) مالک کاشتکار (مزارع) سے معاہدہ کر کے اپنی زمین اس کے اختیار میں دے تاکہ وہ اس میں کاشتکاری کرے اور پیداوار کا کچھ حصہ مالک کو دے۔

(۲۱۸۸) مزارعہ کی چند شرائط ہیں:

(۱) دو اشخاص کے درمیان یہ معاہدہ اور عہد و پیمان ہو مثلاً زمین کا مالک کاشتکار سے کہے کہ میں نے زمین تمہیں کھیتی باڑی کے لئے دی ہے اور کاشتکار بھی کہے کہ میں نے قبول کی ہے یا بغیر اس کے کہ زبانی کچھ کہیں مالک کاشتکار کو کھیتی باڑی کے ارادے سے زمین دے دے اور کاشتکار قبول کر لے۔

(۲) زمین کا مالک اور کاشتکار دونوں بالغ اور عاقل ہوں اور بٹائی کا معاہدہ اپنے ارادے اور اختیار سے کریں اور سفیہ — جو اپنا مال فضول کاموں میں خرچ کرتے ہوں — نہ ہوں۔ اسی طرح ضروری ہے کہ مالک دیوالیہ نہ ہو۔ لیکن اگر کاشتکار دیوالیہ ہو اور اس کا مزارعہ کرنا ان اموال میں تصرف نہ کہلائے جن میں اسے تصرف کرنا منع تھا تو ایسی صورت میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۳) مالک اور کاشتکار میں سے ہر ایک زمین کی پیداوار میں سے آدھا حصہ یا تیسرا حصہ وغیرہ لے لے۔ لہٰذا اگر کوئی بھی اپنے لئے کوئی حصہ مقرر نہ کرے یا مثلاً مالک کہے کہ اس زمین میں کھیتی باڑی کرو اور جو تمہارا جی چاہے مجھے دے دینا تو یہ درست نہیں ہے اور اسی طرح اگر پیداوار کی ایک معین مقدار مثلاً دس من کاشتکار یا مالک کے لئے مقرر کر دی جائے تو یہ بھی صحیح نہیں ہے۔

(۴) جتنی مدت کے لئے زمین کاشتکار کے قبضے میں رہنی چاہئے اسے معین کر دیں اور ضروری ہے کہ وہ مدت اتنی ہو کہ اس مدت میں پیداوار حاصل ہونا ممکن ہو۔ اور اگر مدت کی ابتدا ایک مخصوص دن سے اور مدت کا اختتام پیداوار ملنے کو مقرر کر دیں تو کافی ہے۔

(۵) زمین قابل کاشت ہو۔ اگر اس میں ابھی کاشت کرنا ممکن نہ ہو لیکن ایسا کام کیا جا سکتا ہو جس سے کاشت ممکن ہو جائے تو مزارعہ صحیح ہے۔

(۶) کاشتکار جو چیز کاشت کرنا چاہے، ضروری ہے کہ اس کو معین کر دیا جائے۔ مثلاً معین کر لیں کہ چاول ہے یا گیہوں، اور اگر چاول ہے تو کونسی قسم کا چاول ہے۔ لیکن اگر کسی مخصوص چیز کی کاشت پیش نظر نہ ہو تو اس کا معین کرنا ضروری نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کوئی مخصوص

چیز پیش نظر ہو اور اس کا علم ہو تو لازم نہیں ہے کہ اس کی وضاحت بھی کریں۔

(۷) مالک، زمین کو معین کر دے۔ یہ شرط اس صورت میں ہے جبکہ مالک کے پاس زمین کے چند قطعات ہوں اور ان قطعات کے لوازم کاشتکاری میں فرق ہو۔ لیکن اگر ان میں کوئی فرق نہ ہو تو زمین کو معین کرنا لازم نہیں ہے۔ لہٰذا اگر مالک کاشتکار سے کہے کہ زمین کے ان قطعات میں سے کسی ایک میں کھیتی باڑی کرو اور اس قطعہ کو معین نہ کرے تو مزارعہ صحیح ہے۔ اور معاہدے کے بعد زمین کی تعیین کرنا مالک کا حق ہے۔

(۸) جو خرچ ان میں سے ہر ایک کو کرنا ضروری ہو جیسے بیج، کھاد، لوازم کاشتکاری وغیرہ اسے معین کر دیں لیکن جو خرچ ہر ایک کو کرنا ضروری ہو اگر اس کا رسمی طور پر علم ہو تو پھر اس کی وضاحت کرنا لازم نہیں۔

(۲۱۸۹) اگر مالک کاشتکار سے طے کرے کہ پیداوار کی کچھ مقدار ایک کی ہوگی اور جو باقی بچے گا اسے وہ آپس میں تقسیم کر لیں گے تو مزارعہ باطل ہے اگرچہ انہیں علم ہو کہ اس مقدار کو علیحدہ کرنے کے بعد کچھ نہ کچھ باقی بچ جائے گا۔ ہاں اگر وہ آپس میں یہ طے کر لیں کہ بیج کی جو مقدار کاشت کی گئی ہے یا ٹیکس کی جو مقدار حکومت لیتی ہے وہ پیداوار سے نکالی جائے گی اور جو باقی بچے گا اسے دونوں کے درمیان تقسیم کیا جائے گا تو مزارعہ صحیح ہے۔

(۲۱۹۰) اگر مزارعہ کے لئے کوئی مدت معین کی ہو کہ جس میں عموماً پیداوار دستیاب ہو جاتی ہے لیکن اگر اتفاقاً معین مدت ختم ہو جائے اور پیداوار دستیاب نہ ہوئی ہو تو اگر مدت معین کرتے وقت یہ بات بھی شامل تھی یعنی دونوں اس بات پر راضی تھے کہ مدت ختم ہونے کے بعد اگرچہ پیداوار دستیاب نہ ہو مزارعہ ختم ہو جائے گا تو اس صورت میں اگر مالک اس بات پر راضی ہو کہ اجرت پر یا بغیر اجرت فصل اس کی زمین میں کھڑی رہے اور کاشتکار بھی راضی ہو تو کوئی حرج نہیں۔ اور اگر مالک راضی نہ ہو تو کاشتکار کو مجبور کر سکتا ہے کہ فصل زمین میں سے کاٹ لے اور اگر فصل کاٹ لینے سے کاشتکار کو کوئی نقصان پہنچے تو لازم نہیں کہ مالک اسے اس کا عوض دے۔ لیکن اگرچہ کاشتکار مالک کو کوئی چیز دینے پر راضی ہو تب بھی وہ مالک کو مجبور نہیں کر سکتا کہ وہ فصل اپنی زمین پر رہنے دے۔

(۲۱۹۱) اگر کوئی ایسی صورت پیش آ جائے کہ زمین میں کھیتی باڑی کرنا ممکن نہ ہو مثلاً زمین کا پانی بند ہو جائے تو مزارعہ ختم ہو جاتا ہے۔ اور اگر کاشتکار بلاوجہ کھیتی باڑی نہ کرے تو اگر زمین اس کے تصرف میں رہی ہو اور مالک کا اس میں کوئی تصرف نہ رہا ہو تو ضروری ہے کہ عام شرح کے حساب سے اس مدت کا کرایہ مالک کو دے۔

(۲۱۹۲) زمین کا مالک اور کاشتکار ایک دوسرے کی رضامندی کے بغیر مزارعہ (کا معاہدہ) منسوخ نہیں کر سکتے۔ لیکن اگر مزارعہ کے معاہدہ کے سلسلے میں انہوں نے شرط طے کی ہو کہ ان میں سے دونوں کو یا کسی ایک کو معاملہ فسخ کرنے کا حق حاصل ہوگا تو جو معاہدہ انہوں نے کر رکھا ہو اس کے مطابق معاملہ فسخ کر سکتے ہیں۔ اسی طرح اگر ان دونوں میں سے ایک فریق طے شدہ شرائط کے خلاف عمل کرے تو دوسرا فریق معاملہ فسخ کر سکتا ہے۔

(۲۱۹۳) اگر مزارعہ کے معاہدے کے بعد مالک یا کاشتکار مر جائے تو مزارعہ منسوخ نہیں ہو جاتا بلکہ ان کے وارث ان کی جگہ لے لیتے ہیں۔ لیکن اگر کاشتکار مر جائے اور انہوں نے مزارعہ میں یہ شرط رکھی تھی کہ کاشتکار خود کاشت کرے گا تو مزارعہ منسوخ ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر جو کام اس کے ذمے تھے وہ مکمل ہو گئے ہوں تو اس صورت میں مزارعہ منسوخ نہیں ہوتا اور اس کا حصہ اس کے ورثاء کو دینا ضروری ہے۔ جو دوسرے حقوق کاشتکار کو حاصل ہوں وہ بھی اس کے ورثاء کو میراث میں مل جاتے ہیں اور ورثاء مالک کو اس بات پر مجبور کر سکتے ہیں کہ مزارعہ ختم ہونے تک فصل اس کی زمین میں کھڑی رہے۔

(۲۱۹۴) اگر کاشت کے بعد پتا چلے کہ مزارعہ باطل تھا تو اگر جو بیج ڈالا گیا ہو وہ مالک کا مال ہو تو جو فصل ہاتھ آئے گی وہ بھی اسی کا مال ہوگی اور ضروری ہے کہ کاشتکار کی اجرت اور جو کچھ اس نے خرچ کیا ہو اور کاشتکار کے مملوکہ جن بیلوں اور دوسرے جانوروں نے زمین پر کام کیا ہو ان کا کرایہ کاشتکار کو دے۔ اگر بیج کاشتکار کا مال ہو تو فصل بھی اسی کا مال ہے اور ضروری ہے کہ زمین کا کرایہ اور جو کچھ مالک نے خرچ کیا ہو اور ان بیلوں اور دوسرے جانوروں کا کرایہ جو مالک کا مال ہوں اور جنہوں نے اس زراعت پر کام کیا ہو مالک کو دے۔ اور دونوں صورتوں میں عام طور پر جو حق بنتا ہو اگر اس کی مقدار طے شدہ مقدار سے زیادہ ہو اور دوسرے فریق کو اس کا علم ہو تو زیادہ مقدار دینا واجب نہیں۔

(۲۱۹۵) اگر بیج کاشتکار کا مال ہو اور کاشت کے بعد فریقین کو پتا چلے کہ مزارعہ باطل تھا تو اگر مالک اور کاشتکار رضامند ہوں کہ اجرت پر یا بلا اجرت فصل زمین پر کھڑی رہے تو کوئی اشکال نہیں ہے۔ اور اگر مالک راضی نہ ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر فصل پکنے سے پہلے وہ کاشتکار کو مجبور نہ کرے کہ اسے کاٹ لے اور اسی طرح مالک کاشتکار کو مجبور نہیں کر سکتا کہ وہ کرایہ دے اور فصل کو اپنی زمین میں باقی رہنے دے۔ اسی طرح جبکہ زمین کا کرایہ بھی اس سے طلب نہ کرے۔

(۲۱۹۶) اگر کھیت کی پیداوار جمع کرنے اور مزارعہ کی میعاد ختم ہونے کے بعد کھیت کی جڑیں زمین میں رہ جائیں اور دوسرے سال دوبارہ سرسبز ہو جائیں اور پیداوار دیں تو اگر مالک نے کاشتکار کے ساتھ زراعت کی جڑوں میں اشتراک کا معاہدہ نہ کیا ہو تو دوسرے سال کی پیداوار بیج کے مالک کا مال ہے۔

مساقات اور مغارسہ کے احکام

(۲۱۹۷) اگر انسان کسی کے ساتھ اس قسم کا معاہدہ کرے مثلاً پھل دار درختوں کو جن کا پھل خود اس کا مال ہو یا اس پھل پر اس کا اختیار ہو ایک مقررہ مدت کے لئے کسی دوسرے شخص کے سپرد کر دے تاکہ وہ ان کی نگہداشت کرے اور انہیں پانی دے اور جتنی مقدار وہ آپس میں طے کریں اس کے مطابق وہ ان درختوں کا پھل لے لے تو ایسا معاملہ "مساقات" (آبیاری) کہلاتا ہے۔

(۲۱۹۸) جو درخت پھل نہیں دیتے اور ان کی کوئی دوسری پیداوار ہو، مثلاً پتے اور پھول ہوں کہ جو کچھ نہ کچھ مالیت رکھتے ہوں، مثلاً مہندی (اور پان) کے درخت کہ اس کے پتے کام آتے ہیں، ان کے لئے مساقات کا معاملہ صحیح ہے۔

(۲۱۹۹) مساقات کے معاملے میں صیغہ پڑھنا لازم نہیں بلکہ اگر درخت کا مالک مساقات کی نیت سے اسے کسی کے سپرد کر دے اور جس شخص کو کام کرنا ہو وہ بھی اسی نیت سے کام میں مشغول ہو جائے تو معاملہ صحیح ہے۔

(۲۲۰۰) درختوں کا مالک اور جو شخص درختوں کی نگہداشت کی ذمے داری لے، ضروری ہے کہ دونوں بالغ اور عاقل ہوں اور کسی نے انہیں معاملہ کرنے پر مجبور نہ کیا ہو نیز یہ بھی ضروری ہے کہ سفیہ نہ ہوں یعنی اپنا مال فضول کاموں میں خرچ نہ کرتے ہوں۔ اسی طرح ضروری ہے کہ مالک دیوالیہ نہ ہو۔ لیکن اگر باغبان دیوالیہ ہو اور مساقات کا معاملہ کرنے کی صورت میں ان اموال میں تصرف کرنا لازم نہ آئے جن میں تصرف کرنے سے اسے روکا گیا ہو تو کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۲۲۰۱) مساقات کی مدت معین ہونی چاہئے اور اتنی مدت ہونا ضروری ہے کہ جس میں پیداوار کا دستیاب ہونا ممکن ہو۔ اگر فریقین اس مدت کی ابتدا معین کر دیں اور اس کا اختتام اس وقت کو قرار دیں جب اس کی پیداوار دستیاب ہو تو معاملہ صحیح ہے۔

(۲۲۰۲) ضروری ہے کہ ہر فریق کا حصہ پیداوار کا آدھا یا ایک تہائی یا اسی کی مانند ہو اور اگر یہ معاہدہ کریں کہ مثلاً سو من میوہ مالک کا اور باقی کام کرنے والے کا ہوگا تو معاملہ باطل ہے۔

(۲۲۰۳) لازم نہیں ہے کہ مساقات کا معاملہ پیداوار ظاہر ہونے سے پہلے طے کر لیں۔ بلکہ اگر پیداوار ظاہر ہونے کے بعد معاملہ کریں اور کچھ کام باقی رہ جائے جو کہ پیداوار میں اضافے کے لئے یا اس کی بہتری یا اسے نقصان سے بچانے کے لئے ضروری ہو تو معاملہ صحیح ہے۔ لیکن اگر اس طرح کے کوئی کام باقی نہ رہے ہوں، بلکہ ایسے کام جو درخت کی پرورش کے لئے ضروری ہیں یا میوہ توڑنے یا اس کی حفاظت جیسے کام باقی رہ گئے ہوں تو پھر مساقات کے معاملے کا صحیح ہونا محل اشکال ہے۔

(۲۲۰۴) خربوزے، کھیرے اور اس جیسی دوسری بیلوں کے بارے میں مساقات کا معاملہ بنا برا ظہر صحیح ہے۔

(۲۲۰۵) جو درخت بارش کے پانی یا زمین کی نمی سے استفادہ کرتا ہو اور جسے آبپاشی کی ضرورت نہ ہو اگر اسے مثلاً دوسرے ایسے کاموں کی ضرورت ہو جو مسئلہ ۲۲۰۳ میں بیان ہو چکے ہیں تو ان کاموں کے بارے میں مساقات کا معاملہ کرنا صحیح ہے۔

(۲۲۰۶) دو افراد جنہوں نے مساقات کی ہو باہمی رضامندی سے معاملہ فسخ کر سکتے ہیں اور اگر مساقات کے معاہدے کے سلسلے میں یہ شرط طے کریں کہ ان دونوں کو یا ان میں سے کسی ایک کو معاملہ فسخ کرنے کا حق ہوگا تو ان کے طے کردہ معاہدے کے مطابق معاملہ فسخ کرنے میں کوئی اشکال نہیں۔ اور اگر مساقات

کے معاملے میں کوئی شرط طے کریں اور اس شرط پر عمل نہ ہو تو جس شخص کے فائدے کے لئے وہ شرط طے کی گئی ہو وہ معاملہ فسخ کر سکتا ہے۔

(۲۲۰۷) اگر مالک مر جائے تو مساقات کا معاملہ فسخ نہیں ہوتا بلکہ اس کے وارث اس کی جگہ پاتے ہیں۔

(۲۲۰۸) درختوں کی پرورش جس شخص کے سپرد کی گئی ہو اگر وہ مر جائے اور معاہدے میں یہ قید اور شرط عائد نہ کی گئی ہو کہ وہ خود درختوں کی پرورش کرے گا تو اس کے ورثاء اس کی جگہ لے لیتے ہیں اور اگر ورثاء نہ خود درختوں کی پرورش کا کام انجام دیں اور نہ ہی اس مقصد کے لئے کسی کو اجیر مقرر کریں تو حاکم شرع مرنے والے کے مال سے کسی کو اجیر مقرر کر دے گا اور جو آمدنی ہوگی اسے مرنے والے کے ورثاء اور (درختوں کے) مالک کے مابین تقسیم کر دے گا اور اگر فریقین نے معاملے میں یہ قید لگائی ہو کہ وہ شخص خود درختوں کی پرورش کرے گا تو اس کے مرنے کے بعد معاملہ فسخ ہو جائے گا۔

(۲۲۰۹) اگر یہ شرط طے کی جائے کہ تمام پیداوار مالک کا مال ہوگی تو مساقات باطل ہے۔ لیکن ایسی صورت میں پیداوار مالک کا مال ہوگی اور جس شخص نے کام کیا ہو وہ اجرت کا مطالبہ نہیں کر سکتا۔ لیکن اگر مساقات کسی اور وجہ سے باطل ہو تو ضروری ہے کہ مالک آبیاری اور دوسرے کام کرنے کی اجرت درختوں کی نگہداشت کرنے والے کو معمول کے مطابق دے۔ لیکن اگر معمول کے مطابق اجرت طے شدہ اجرت سے زیادہ ہو اور وہ اس سے مطلع ہو تو طے شدہ اجرت سے زیادہ دینا لازم نہیں۔

(۲۲۱۰) "مغارسہ" یہ ہے کہ کوئی شخص زمین دوسرے کے سپرد کر دے تاکہ وہ درخت لگائے اور جو کچھ حاصل ہو وہ دونوں کا مال ہو تو یہ معاملہ صحیح ہے اگرچہ احتیاط یہ ہے کہ ایسے معاملے کو ترک کرے۔ لیکن اس معاملے کے نتیجے پر پہنچنے کے لئے کوئی اور معاملہ انجام دے تو بغیر اشکال کے وہ معاملہ صحیح ہے۔ مثلاً فریقین کسی طرح باہم صلح اور اتفاق کر لیں یا نئے درخت لگانے میں شریک ہو جائیں پھر باغبان اپنی خدمات مالک زمین کو بیج بونے، درختوں کی نگہداشت اور آبیاری کرنے کے لئے ایک معین مدت تک زمین کی پیداوار کے نصف فائدے کے عوض کرایہ پر پیش کرے۔

وہ اشخاص جو اپنے مال میں تصرف نہیں کر سکتے

(۲۲۱۱) جو بچہ بالغ نہ ہوا ہو وہ اپنی ذمے داری اور اپنے مال میں شرعاً تصرف نہیں کر سکتا اگرچہ اچھے اور برے کو سمجھنے میں حد کمال اور رشد تک پہنچ گیا ہو اور سرپرست کا پہلے سے اجازت دینا اس بارے میں کوئی فائدہ نہیں رکھتا اور بعد میں اجازت دینا بھی محل اشکال ہے۔ لیکن چند چیزوں میں بچے کا تصرف کرنا صحیح ہے، ان میں سے کم قیمت والی چیزوں کی خرید و فروخت کرنا ہے جیسے کہ مسئلہ ۲۰۴۱ میں گزر چکا ہے۔ اسی طرح بچے کا اپنے خونی رشتے داروں اور قریبی رشتے داروں کے لئے وصیت کرنا جس کا بیان مسئلہ ۲۶۵۵ میں آئے گا۔ لڑکی میں

بالغ ہونے کی علامت یہ ہے کہ وہ نو قمری سال پورے کرلے اور لڑکے کے بالغ ہونے کی علامت تین چیزوں میں سے ایک ہوتی ہے:

(۱) ناف کے نیچے اور شرمگاہ سے اوپر سخت بالوں کا اگنا۔

(۲) منی کا خارج ہونا۔

(۳) بنا بر مشہور عمر کے پندرہ قمری سال پورے کرنا۔

(۲۲۱۲) چہرے پر اور ہونٹوں کے اوپر سخت بالوں کا اُگنا بعید نہیں کہ بلوغت کی علامت ہو لیکن سینے پر اور بغل کے نیچے بالوں کا اُگنا اور آواز کا بھاری ہو جانا اور ایسی ہی دوسری علامات بلوغت کی نشانیاں نہیں ہیں۔

(۲۲۱۳) دیوانہ اپنے مال میں تصرف نہیں کر سکتا۔ اسی طرح دیوالیہ — وہ شخص جسے اس کے قرض خواہوں کے مطالبے پر حاکم شرع نے اپنے مال میں تصرف کرنے سے منع کر دیا ہو — قرض خواہوں کی اجازت کے بغیر اس مال میں تصرف نہیں کر سکتا اور اسی طرح سفیہ — یعنی وہ شخص جو اپنا مال احمقانہ اور فضول کاموں میں خرچ کرتا ہو — سرپرست کی اجازت کے بغیر اپنے مال میں تصرف نہیں کر سکتا۔

(۲۲۱۴) جو شخص کبھی عاقل اور کبھی دیوانہ ہو جائے اس کا دیوانگی کی حالت میں اپنے مال میں تصرف کرنا صحیح نہیں ہے۔

(۲۲۱۵) انسان کو اختیار ہے مرض الموت کے عالم میں اپنے آپ پر یا اپنے اہل و عیال اور مہمانوں پر اور ان کاموں پر جو فضول خرچی میں شمار نہ ہوں جتنا چاہے صرف کرے۔ اگر اپنے مال کو اس کی (اصل) قیمت پر فروخت کرے یا کرائے پر دے تو کوئی اشکال نہیں ہے۔ لیکن اگر مثلاً اپنا مال کسی کو بخش دے یا رائج قیمت سے سستا فروخت کرے تو جتنی مقدار اس نے بخش دی ہے یا جتنی سستی فروخت کی ہے اگر وہ اس کے مال کی ایک تہائی کے برابر یا اس سے کم ہو تو اس کا تصرف کرنا صحیح ہے۔ اگر ایک تہائی سے زیادہ ہو تو ورثاء کی اجازت دینے کی صورت میں اس کا تصرف کرنا صحیح ہے اور اگر ورثاء اجازت نہ دیں تو ایک تہائی سے زیادہ میں اس کا تصرف باطل ہے۔

وکالت کے احکام

"وکالت" سے مراد یہ ہے کہ معاہدہ کرنے یا معاملہ کرنے یا ان جیسے کسی کام کو مثلاً "تحویل میں دینا" اور "تحویل میں لینا" جو انسان خود کرنے کا حق رکھتا ہو اسے دوسرے کے سپرد کر دے تاکہ وہ اس کی طرف سے انجام دے۔ مثلاً کسی کو اپنا وکیل بنائے تاکہ وہ اس کا مکان بیچ دے یا کسی عورت سے اس کا عقد کر دے۔ لہٰذا سفیہ چونکہ اپنے مال میں تصرف کرنے کا حق نہیں رکھتا اس لئے وہ مکان بیچنے کیلئے کسی کو وکیل نہیں بنا سکتا۔

(۲۲۱۶) وکالت میں صیغہ پڑھنا لازم نہیں بلکہ اگر انسان دوسرے شخص کو سمجھا دے کہ اس نے اسے

وکیل مقرر کیا ہے اور وہ بھی سمجھا دے کہ اس نے وکیل بننا قبول کرلیا ہے مثلاً ایک شخص اپنا مال دوسرے کو دے تاکہ وہ اسے اس کی طرف سے بیچ دے اور دوسرا شخص وہ مال لے لے تو وکالت صحیح ہے۔

(۲۲۱۷) اگر انسان ایک ایسے شخص کو وکیل مقرر کرے جس کی رہائش دوسرے شہر میں ہو اور اس کو وکالت نامہ بھیج دے اور وہ وکالت نامہ قبول کرلے تو اگرچہ وکالت نامہ اسے کچھ عرصے بعد ہی ملے پھر بھی وکالت صحیح ہے۔

(۲۲۱۸) مؤکل یعنی وہ شخص جو دوسرے کو وکیل بنائے اور وہ شخص جو وکیل بنے ضروری ہے کہ دونوں عاقل ہوں اور (وکیل بنانے اور وکیل بننے کا) اقدام قصد اور اختیار سے کریں اور مؤکل کے معاملے میں بلوغ بھی معتبر ہے۔ مگر ان کاموں میں جن کو ممیز بچے کا انجام دینا صحیح ہے۔ (ان میں بلوغ شرط نہیں ہے)۔

(۲۲۱۹) جو کام انسان انجام نہ دے سکتا ہو یا شرعاً انجام دینا ضروری نہ ہو اسے انجام دینے کے لئے وہ دوسرے کا وکیل نہیں بن سکتا۔ مثلاً جو شخص حج کا احرام باندھ چکا ہو چونکہ اسے نکاح کا صیغہ نہیں پڑھنا چاہئے اس لئے وہ صیغہ نکاح پڑھنے کے لئے دوسرے کا وکیل نہیں بن سکتا۔

(۲۲۲۰) اگر کوئی شخص اپنے تمام کام انجام دینے کے لئے دوسرے شخص کو وکیل بنائے تو صحیح ہے لیکن اگر اپنے کاموں میں سے ایک کام کرنے کے لئے دوسرے کو وکیل بنائے اور کام کا تعین نہ کرے تو وکالت صحیح نہیں ہے۔ ہاں اگر وکیل کو چند کاموں میں سے ایک کام جس کا وہ خود انتخاب کرے انجام دینے کے لئے وکیل بنائے مثلاً اس کو وکیل بنائے کہ یا اس کا گھر فروخت کرے یا کرائے پر دے تو وکالت صحیح ہے۔

(۲۲۲۱) اگر (مؤکل) وکیل کو معزول کردے یعنی جو کام اس کے ذمے لگایا ہو اس سے برطرف کردے تو وکیل اپنی معزولی کی خبر مل جانے کے بعد اس کام کو (مؤکل کی جانب سے) انجام نہیں دے سکتا لیکن معزولی کی خبر ملنے سے پہلے اس نے وہ کام کردیا ہو تو صحیح ہے۔

(۲۲۲۲) مؤکل خواہ موجود نہ ہو وکیل خود کو وکالت سے کنارہ کش کرسکتا ہے۔

(۲۲۲۳) جو کام وکیل کے سپرد کیا گیا ہو، اس کام کے لئے وہ کسی دوسرے شخص کو وکیل مقرر نہیں کرسکتا لیکن اگر مؤکل نے اسے اجازت دی ہو کہ کسی کو وکیل مقرر کرے تو جس طرح اس نے حکم دیا ہے اسی طرح وہ عمل کرسکتا ہے لہٰذا اگر اس نے کہا ہو کہ میرے لئے ایک وکیل مقرر کرو تو ضروری ہے کہ اس کی طرف سے وکیل مقرر کرے لیکن از خود کسی کو وکیل مقرر نہیں کرسکتا۔

(۲۲۲۴) اگر وکیل مؤکل کی اجازت سے کسی کو اس کی طرف سے وکیل مقرر کرے تو پہلا وکیل دوسرے وکیل کو معزول نہیں کرسکتا اور اگر پہلا وکیل مرجائے یا مؤکل اسے معزول کردے تب بھی دوسرے وکیل کی وکالت باطل نہیں ہوتی۔

(۲۲۲۵) اگر وکیل مؤکل کی اجازت سے کسی کو خود اپنی طرف سے وکیل مقرر کرے تو مؤکل اور پہلا وکیل اس وکیل کو معزول کرسکتے ہیں اور اگر پہلا وکیل مرجائے یا معزول ہو جائے تو دوسری وکالت باطل ہو جاتی ہے۔

(۲۲۲۶) اگر (مؤکل) کسی کام کے لئے چند اشخاص کو وکیل مقرر کرے اور اس کی اجازت دی ہو کہ ان میں سے ہر ایک ذاتی طور پر اس کام کو کرے تو ان میں سے ہر ایک اس کام کو انجام دے سکتا ہے اور اگر ان میں سے ایک مرجائے تو دوسروں کی وکالت باطل نہیں ہوتی لیکن اگر یہ کہا ہو کہ سب مل کر انجام دیں یا بطور اطلاق کہا ہو کہ تم دونوں میرے وکیل ہو تو ان میں سے کوئی تنہا اس کام کو انجام نہیں دے سکتا اور اگر ان میں سے ایک مرجائے تو باقی اشخاص کی وکالت باطل ہو جاتی ہے۔

(۲۲۲۷) اگر وکیل یا مؤکل مرجائے تو وکالت باطل ہو جاتی ہے۔ نیز جس چیز میں تصرف کے لئے کسی شخص کو وکیل مقرر کیا جائے اگر وہ چیز تلف ہو جائے مثلاً جس بھیڑ کو بیچنے کے لئے کسی کو وکیل مقرر کیا گیا ہو اگر وہ بھیڑ مرجائے تو وکالت باطل ہو جائے گی اور اسی طرح اگر وکیل یا مؤکل میں سے کوئی ایک ہمیشہ کے لئے دیوانہ یا بے حواس ہو جائے تو وکالت باطل ہو جائے گی۔ لیکن اگر کبھی کبھی دیوانگی یا بے حواسی کا دورہ پڑتا ہو تو وکالت کا باطل ہونا دیوانگی اور بے حواسی کی مدت میں حتیٰ کہ دیوانگی اور بے حواسی نہ ہونے کی حالت میں بھی محل اشکال ہے۔

(۲۲۲۸) اگر انسان کسی کو اپنے کام کے لئے وکیل مقرر کرے اور اسے کوئی چیز دینا طے کرے تو کام کی تکمیل کے بعد ضروری ہے کہ جس چیز کا دینا طے کیا ہو وہ اسے دیدے۔

(۲۲۲۹) جو مال وکیل کے اختیار میں ہو اگر وہ اس کی نگہداشت میں کوتاہی نہ کرے اور جس تصرف کی اسے اجازت دی گئی ہو اس کے علاوہ کوئی تصرف اس میں نہ کرے اور اتفاقاً وہ مال تلف ہو جائے تو اس کا ضامن نہیں ہے۔

(۲۲۳۰) جو مال وکیل کے اختیار میں ہو اگر وہ اس کی نگہداشت میں کوتاہی برتے یا جس تصرف کی اسے اجازت دی گئی ہو اس کے علاوہ کوئی تصرف کرے اور وہ مال تلف ہو جائے تو وہ (وکیل) ذمے دار ہے۔ لہٰذا جس لباس کے لئے اسے کہا جائے کہ اسے بیچ دو اگر وہ اسے پہن لے اور وہ لباس تلف ہو جائے تو ضروری ہے کہ اس کا عوض دے۔

(۲۲۳۱) اگر وکیل کو مال میں جس تصرف کی اجازت دی گئی ہو اس کے علاوہ کوئی تصرف کرے مثلاً اسے جس لباس کے بیچنے کے لئے کہا جائے وہ اسے پہن لے اور بعد میں وہ تصرف کرے جس کی اسے اجازت دی گئی ہو تو وہ تصرف صحیح ہے۔

قرض کے احکام

(۲۲۳۲) مومنوں کو خصوصاً ان ضرورتمندوں کو قرض دینا مستحب کاموں میں سے ہے جس کے بارے میں احادیث معصومینؑ میں زیادہ تاکید کی گئی ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"جو شخص کسی مومن بھائی کو قرض دیدے اور اسے واپس کرنے کی استطاعت تک اسے مہلت دے تو ایسے شخص کے مال میں اضافہ ہوتا ہے اور فرشتے اس پر درود بھیجتے ہیں یہاں تک کہ وہ اپنا قرض واپس لے لے۔"

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ "ایک مومن کسی دوسرے مومن کو بقصد قربت قرض دیدے تو اللہ تعالیٰ اس کو صدقہ کا اجر عطا کرتا ہے یہاں تک کہ وہ اپنا قرض واپس لے لے۔"

(۲۲۳۲) قرض میں صیغہ پڑھنا لازم نہیں بلکہ اگر ایک شخص دوسرے کو کوئی چیز قرض کی نیت سے دے اور دوسرا بھی اسی نیت سے لے تو قرض صحیح ہے۔

(۲۲۳۳) جب بھی مقروض اپنا قرضہ ادا کرے تو قرض خواہ کو چاہئے کہ اسے قبول کرلے۔ لیکن اگر قرض ادا کرنے کے لئے قرض خواہ کے کہنے سے یا دونوں کے کہنے سے ایک مدت مقرر کی ہو تو اس صورت میں قرض خواہ اس مدت کے ختم ہونے سے پہلے اپنا قرض واپس لینے سے انکار کرسکتا ہے۔

(۲۲۳۴) اگر قرض کے صیغے میں قرض کی واپسی کی مدت معین کردی جائے اور مدت کا تعین مقروض کی درخواست پر ہو یا جانبین کی درخواست پر، قرض خواہ اس معین مدت کے ختم ہونے سے پہلے قرض کی ادائیگی کا مطالبہ نہیں کرسکتا۔ لیکن اگر مدت کا تعین قرض خواہ کی درخواست پر ہوا ہو یا قرضے کی واپسی کے لئے کوئی مدت معین نہ کی گئی ہو تو قرض خواہ جب بھی چاہے اپنے قرض کی ادائیگی کا مطالبہ کرسکتا ہے۔

(۲۲۳۵) اگر قرض خواہ اپنے قرض کی ادائیگی کا مطالبہ کرے اور ادائیگی کا وقت مقرر نہ کیا ہو یا وقت پورا ہوچکا ہو تو اگر مقروض قرض ادا کرسکتا ہو تو اسے چاہئے کہ فوراً ادا کردے اور اگر ادائیگی میں تاخیر کرے تو گنہگار ہے۔

(۲۲۳۶) اگر مقروض کے پاس ایک گھر کہ جس میں وہ رہتا ہو اور گھر کے اسباب اور ان لوازمات کہ جن کی اسے ضرورت ہو اور ان کے بغیر اسے پریشانی ہو اور کوئی چیز نہ ہو تو قرض خواہ اس سے قرض کی ادائیگی کا مطالبہ نہیں کرسکتا بلکہ اسے چاہئے کہ صبر کرے حتیٰ کہ مقروض قرض ادا کرنے کے قابل ہوجائے۔

(۲۲۳۷) جو شخص مقروض ہو اور اپنا قرض ادا نہ کرسکتا ہو تو اگر اس کے لئے کام کرنا آسان ہو یا اس کا پیشہ ہی کام کاج کرنا ہو تو واجب ہے کہ کام کاج کرے اور اپنا قرض ادا کرے۔ بلکہ اس کے علاوہ صورت میں بھی کہ وہ شخص ایسا کام کاج کرسکتا ہو جو اس کے شایان شان ہو احتیاط واجب یہ ہے کہ کام کرکے قرض ادا کرے۔

(۲۲۳۸) جس شخص کو اپنا قرض خواہ نہ مل سکے۔ مستقبل میں اس کے یا اس کے وارث کے ملنے کی امید بھی نہ ہو تو ضروری ہے کہ وہ قرضے کا مال قرض خواہ کی طرف سے فقیر کو دے دے اور احتیاط واجب کی بنا پر ایسا کرنے کی اجازت حاکم شرع سے لے لے۔ اور اگر مقروض کو قرض خواہ یا اس کے وارث کے ملنے کی امید ہو تو ضروری ہے کہ انتظار کرے اور اس کو تلاش کرے اور اگر وہ نہ ملے تو وصیت کردے کہ اگر میں مرجاؤں اور قرض خواہ یا اس کا وارث مل جائے تو میرا قرض میرے مال سے ادا کیا جائے۔

(۲۲۳۹) اگر کسی میت کا مال اس کے کفن دفن کے واجب اخراجات اور قرض سے زیادہ نہ ہو تو اس کا مال انہی امور پر خرچ کرنا ضروری ہے اور اس کے وارث کو کچھ نہیں ملے گا۔

(۲۲۴۰) اگر کوئی شخص کچھ رقم یا گندم یا جَو یا ان جیسی مثلی چیزیں قرض میں لے لے جن کی قیمت بڑھتی گھٹتی رہتی ہے تو اسے چاہئے کہ اتنی ہی مقدار جو اس نے لی ہے اور ایسی ہی پسندیدہ صفات کا مال واپس دے تو کافی ہے۔ لیکن اگر مقروض اور قرض خواہ ان خصوصیات کے بغیر بھی راضی ہوں تو کوئی اشکال نہیں اور اگر جو چیز قرض میں لی تھی ان چیزوں میں سے تھی جو قیمتاً بیچی جاتی ہیں جیسے بکری وغیرہ تو ضروری ہے کہ جس دن قرض لیا تھا اسی وقت کی قیمت ادا کرے۔

(۲۲۴۱) کسی شخص نے جو مال قرض لیا ہو اگر وہ تلف نہ ہوا ہو اور مال کا مالک اس کا مطالبہ کرے تو ضروری نہیں ہے کہ مقروض وہی مال دیدے۔ اگر مقروض دینا چاہے تو قرض خواہ چاہے تو قبول نہیں کرسکتا۔

(۲۲۴۲) اگر قرض دینے والا شرط عائد کرے کہ وہ جتنی مقدار میں مال دے رہا ہے اس سے زیادہ واپس لے گا مثلاً ایک من گیہوں دے اور شرط عائد کرے کہ ایک من پانچ کلو واپس لوں گا یا دس انڈے دے اور کہے کہ گیارہ انڈے واپس لوں گا تو یہ سود اور حرام ہے۔ بلکہ اگر طے کرے کہ مقروض اس کے لئے کوئی کام کرے گا یا جو چیز لی ہو وہ کسی دوسری جنس کی کچھ مقدار کے ساتھ واپس کرے گا مثلاً طے کرے کہ (مقروض نے) جو ایک روپیہ لیا ہے واپس کرتے وقت اس کے ساتھ ماچس کی ایک ڈبیہ بھی دے تو یہ سود ہوگا اور حرام ہے۔ نیز اگر مقروض کے ساتھ شرط کرے کہ جو چیز وہ قرض لے رہا ہے اسے ایک مخصوص طریقے سے واپس کرے گا مثلاً ان گھڑے سونے کی کچھ مقدار اسے دے اور شرط کرے کہ گھڑا ہوا سونا واپس لے گا تب بھی یہ سود اور حرام ہوگا۔ البتہ اگر قرض خواہ کوئی شرط نہ لگائے بلکہ مقروض خود قرضے کی مقدار سے کچھ زیادہ واپس دے تو کوئی اشکال نہیں بلکہ (ایسا کرنا) مستحب ہے۔

(۲۲۴۳) (قرض پر) سود دینا سود لینے کی طرح حرام ہے البتہ قرض صحیح ہے۔ جو شخص سود پر قرض لے وہ اس کا مالک ہوجاتا ہے۔ البتہ قرض دینے والا سود کا مالک نہیں ہے۔ اور اس کا استعمال کرنا حرام ہے اور اگر اس سود سے کوئی چیز خریدے تو وہ اس کا مالک نہیں ہوتا۔ اور اگر اس طرح معاملہ ہوا ہو کہ سود کا معاہدہ بھی نہ کیا ہو قرض لینے والا راضی ہو کہ قرض دینے والا اس رقم کو استعمال کرلے تو اس کا استعمال کرنا جائز ہے۔ اور اسی طرح اگر مسئلہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے سود لے اور مسئلہ معلوم ہوجانے پر توبہ کرلے تو اس صورت میں زمانہ جہالت میں جو سود اس نے لیا تھا اس کے لئے حلال ہے۔

(۲۲۴۴) اگر کوئی شخص گیہوں یا اس جیسی کوئی چیز سودی قرضے کے طور پر لے اور اس کے ذریعے کاشت کرے تو وہ پیداوار کا مالک ہوجاتا ہے۔

(۲۲۴۵) اگر ایک شخص کوئی لباس خریدے اور بعد میں اس کی قیمت کپڑے کے مالک کو سودی رقم سے یا ایسی حلال رقم سے جو سودی رقم کے ساتھ مخلوط ہوگئی ہو ادا کرے تو اس لباس کا مالک بن جاتا ہے اور اس لباس

کے پہننے یا اس کے ساتھ نماز پڑھنے میں کوئی اشکال نہیں۔ لیکن اگر بیچنے والے سے کہے کہ میں یہ لباس اس سے خرید رہا ہوں تو اس لباس کا مالک نہیں ہے اور اس کا پہننا حرام ہے۔

(۲۲۴۶) اگر کوئی شخص کسی تاجر کو کچھ رقم دے اور دوسرے شہر میں اس تاجر سے کم رقم لے تو اس میں اشکال نہیں اور اسے "صرف برات" کہتے ہیں۔

(۲۲۴۷) اگر کوئی شخص کسی کو کوئی چیز اس شرط پر دے کہ دوسرے شہر میں اس سے زیادہ لے گا جبکہ وہ سونا یا چاندی ہو یا گندم یا جو جسے تول کر یا ناپ کر بیچا جاتا ہے، تو یہ سود اور حرام ہے۔ ہاں جو شخص زیادہ لے رہا ہو اگر وہ اضافے کے مقابلے میں کوئی چیز دے یا کوئی کام کر دے تو پھر اشکال نہیں۔ تاہم عام رائج نوٹ اگر قرضے کے طور پر دیئے جائیں تو زیادہ لینا جائز نہیں۔ ہاں اگر نوٹ کو بیچا جائے، چاہے نقد یا ادھار جبکہ اس کی رقم دو جنسوں میں ہو جیسے ایک دینار ہو اور دوسرا روپیہ تو اضافہ لینے میں اشکال نہیں۔ لیکن اگر ادھار ہو اور ایک ہی جنس ہو تو اضافہ لینے میں اشکال ہے۔

(۲۲۴۸) اگر کسی شخص نے کسی سے کچھ قرض لینا ہو اور وہ چیز ناپی یا تولی جانے والی جنس نہ ہو تو وہ شخص اس چیز کو مقروض یا کسی اور کے پاس کم قیمت پر بیچ کر اس کی قیمت نقد وصول کر سکتا ہے۔ اسی بنا پر موجودہ دور میں جو چیک اور ہنڈیاں قرض خواہ مقروض سے لیتا ہے انہیں وہ بینک کے پاس یا کسی دوسرے شخص کے پاس اس سے کم قیمت پر — جسے عام طور پر بھاؤ گرنا کہتے ہیں — بیچ سکتا ہے اور باقی رقم نقد لے سکتا ہے۔

حوالہ دینے کے احکام

(۲۲۴۹) اگر کوئی شخص اپنے قرض خواہ کو حوالہ دے کہ وہ اپنا قرض ایک اور شخص سے لے لے اور قرض خواہ اس بات کو قبول کر لے تو جب "حوالہ" ان شرائط کے ساتھ جن کا ذکر بعد میں آئے گا مکمل ہو جائے تو جس شخص کے نام حوالہ دیا گیا ہے وہ مقروض ہو جائے گا اور اس کے بعد قرض خواہ پہلے مقروض سے اپنے قرض کا مطالبہ نہیں کر سکتا۔

(۲۲۵۰) مقروض اور قرض خواہ اور جس شخص کا حوالہ دیا جا سکتا ہو ضروری ہے کہ سب بالغ اور عاقل ہوں اور کسی نے انہیں مجبور نہ کیا ہو نیز ضروری ہے کہ سفیہ نہ ہوں یعنی اپنا مال احمقانہ اور فضول کاموں میں خرچ نہ کرتے ہوں اور یہ بھی معتبر ہے کہ مقروض اور قرض خواہ دیوالیہ نہ ہوں۔ ہاں اگر حوالہ ایسے شخص کے نام ہو جو پہلے سے حوالہ دینے والے کا مقروض نہ ہو تو اگرچہ حوالہ دینے والا دیوالیہ بھی ہو تو کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۲۲۵۱) حوالہ کے تمام موقعوں پر حوالہ دیئے جانے والے شخص کا قبول کرنا ضروری ہے چاہے مقروض ہو یا نہ ہو۔

(۲۲۵۲) انسان جب حوالہ دے تو ضروری ہے کہ وہ اس وقت مقروض ہو لہٰذا اگر وہ کسی سے قرض لینا

چاہتا ہو تو جب تک اس سے قرض نہ لے لے اسے کسی کے نام کا حوالہ نہیں دے سکتا تاکہ جو قرض اسے بعد میں دینا ہو وہ اس شخص سے لے لے۔

(۲۲۵۳) حوالہ کی جنس اور مقدار فی الواقع معین ہونا ضروری ہے۔ پس اگر حوالہ دینے والا کسی شخص کا دس من گیہوں اور دس روپے کا مقروض ہو اور قرض خواہ کو حوالہ دے کہ ان دونوں قرضوں میں سے کوئی ایک فلاں شخص سے لے لو اور اس قرضے کو معین نہ کرے تو حوالہ درست نہیں ہے۔

(۲۲۵۴) اگر قرض واقعی معین ہو لیکن حوالہ دینے کے وقت مقروض اور قرض خواہ کو اس کی مقدار یا جنس کا علم نہ ہو تو حوالہ صحیح ہے مثلاً اگر کسی شخص نے دوسرے کا قرضہ رجسٹر میں لکھا ہو اور رجسٹر دیکھنے سے پہلے حوالہ دے دے اور بعد میں رجسٹر دیکھے اور قرض خواہ کو قرضے کی مقدار بتا دے تو حوالہ صحیح ہو گا۔

(۲۲۵۵) قرض خواہ کو اختیار ہے کہ حوالہ قبول نہ کرے اگرچہ جس کے نام کا حوالہ دیا جائے وہ دولت مند ہو اور حوالہ کے ادا کرنے میں کوتاہی بھی نہ کرے۔

(۲۲۵۶) جو شخص حوالہ دینے والے کا مقروض نہ ہو اگر حوالہ قبول کرے تو اظہر یہ ہے کہ حوالہ ادا کرنے سے پہلے حوالہ دینے والے سے حوالے کی مقدار کا مطالبہ کر سکتا ہے۔ مگر یہ کہ جو قرض جس کے نام حوالہ دیا گیا ہے اس کی مدت معین ہو اور ابھی وہ مدت ختم نہ ہوئی ہو تو اس صورت میں وہ مدت ختم ہونے سے پہلے حوالے دینے والے سے حوالے کی مقدار کا مطالبہ نہیں کر سکتا اگرچہ اس نے ادائیگی کر دی ہو۔ اور اسی طرح اگر قرض خواہ اپنے قرض سے تھوڑی مقدار پر اس شخص سے جس کا حوالہ دیا گیا ہے صلح کر لے تو وہ حوالہ دینے والے سے فقط اتنی (تھوڑی) مقدار کا ہی مطالبہ کر سکتا ہے۔

(۲۲۵۷) حوالہ ہونے کے بعد حوالہ دینے والا اور جس کے نام حوالہ دیا جائے حوالہ منسوخ نہیں کر سکتے۔ اور وہ شخص جس کے نام کا حوالہ دیا گیا ہے حوالہ کے وقت فقیر نہ ہو تو اگرچہ وہ بعد میں فقیر ہو جائے تب بھی قرض خواہ حوالے کو منسوخ نہیں کر سکتا۔ یہی حکم اس وقت ہے جب (وہ شخص جس کے نام کا حوالہ دیا گیا ہو) حوالہ دینے کے وقت فقیر ہو اور قرض خواہ جانتا ہو کہ وہ فقیر ہے۔ لیکن اگر قرض خواہ کو علم نہ ہو کہ وہ فقیر ہے اور بعد میں اسے پتا چلے تو اگر اس وقت وہ شخص مالدار نہ ہوا ہو تو قرض خواہ حوالہ منسوخ کر کے اپنا قرض حوالہ دینے والے سے لے سکتا ہے۔ لیکن اگر وہ مالدار ہو گیا ہو تو معاملے کو فسخ کرنے کا حق رکھنے میں اشکال ہے۔

(۲۲۵۸) اگر مقروض اور قرض خواہ اور جس کے نام کا حوالہ دیا گیا ہو یا ان میں سے کسی ایک نے اپنے حق میں حوالہ منسوخ کرنے کی شرط رکھی ہو تو شرط کے مطابق حوالہ منسوخ کر سکتے ہیں۔

(۲۲۵۹) اگر حوالہ دینے والا قرض خواہ کا قرضہ خود ادا کر دے تو اگر یہ کام اس شخص کی خواہش پر ہوا ہو جس کے نام کا حوالہ دیا گیا ہو جبکہ وہ حوالہ دینے والے کا مقروض ہو تو حوالہ دینے والے نے جو کچھ دیا ہو اس سے لے سکتا ہے اور اگر اس کی خواہش کے بغیر ادا کیا ہو یا وہ حوالہ دہندہ کا مقروض نہ ہو تو پھر اس نے جو کچھ دیا ہے اس کا مطالبہ اس سے نہیں کر سکتا۔

رہن[1] کے احکام

(۲۲۶۰) رہن یہ ہے کہ انسان قرض کے بدلے یا ضامن بن کر اپنا مال کسی کے پاس گروی رکھوائے کہ اگر رہن رکھوانے والا قرضہ نہ لوٹا سکے یا رہن نہ چھڑا سکے تو رہن لینے والا شخص اس کا عوض اس مال سے لے سکے۔

(۲۲۶۱) رہن میں صیغہ پڑھنا لازم نہیں ہے بلکہ اتنا کافی ہے کہ گروی دینے والا اپنا مال گروی رکھنے کی نیت سے گروی لینے والے کو دے دے اور وہ اسی نیت سے لے لے تو رہن صحیح ہے۔

(۲۲۶۲) ضروری ہے کہ گروی رکھوانے والا اور گروی رکھنے والا بالغ اور عاقل ہوں اور کسی نے انہیں اس معاملے کے لئے مجبور نہ کیا ہو اور یہ بھی ضروری ہے کہ مال گروی رکھوانے والا دیوالیہ اور سفیہ نہ ہو۔۔۔ دیوالیہ اور سفیہ کے معنی مسئلہ ۲۲۱۳ میں بتائے جا چکے ہیں۔۔۔ اور اگر دیوالیہ ہو لیکن جو مال وہ گروی رکھوا رہا ہے اس کا اپنا مال نہ ہو یا ان اموال میں سے نہ ہو جس کے تصرف کرنے سے منع کیا گیا ہو تو کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۲۲۶۳) انسان وہ مال گروی رکھ سکتا ہے جس میں وہ شرعاً تصرف کر سکتا ہو اور اگر کسی دوسرے کا مال اس کی اجازت سے گروی رکھ دے تو بھی صحیح ہے۔

(۲۲۶۴) جس چیز کو گروی رکھا جا رہا ہو تو ضروری ہے کہ اس کی خرید و فروخت صحیح ہو۔ لہٰذا اگر شراب یا اس جیسی چیز گروی رکھی جائے تو درست نہیں ہے۔

(۲۲۶۵) جس چیز کو گروی رکھا جا رہا ہے اس سے جو فائدہ ہوگا وہ اس چیز کے مالک کی ملکیت ہوگا خواہ وہ گروی رکھوانے والا ہو یا کوئی دوسرا شخص ہو۔

(۲۲۶۶) گروی رکھنے والے نے جو مال بطور گروی لیا ہو اس مال کو اس کے مالک کی اجازت کے بغیر مالک خواہ گروی رکھوانے والا ہو یا کوئی دوسرا شخص نہ وہ کسی دوسرے کو وہ مال بخش سکتا ہے نہ کسی کو بیچ سکتا ہے۔ لیکن اگر (وہ اس مال کو کسی کو بخش دے یا فروخت کر دے اور) مالک بعد میں اجازت دے تو کوئی اشکال نہیں۔

(۲۲۶۷) اگر گروی رکھنے والا اس مال کو جو اس نے بطور گروی لیا ہو اس کے مالک کی اجازت سے بیچ دے تو مال کی طرح اس کی قیمت گروی نہیں ہوگی اور یہی حکم ہے اگر مالک کی اجازت کے بغیر بیچ دے اور مالک بعد میں اجازت دے (یعنی اس مال کی جو قیمت وصول کی جائے وہ اس مال کی طرح گروی نہیں ہوگی)۔ لیکن اگر گروی رکھوانے والا اس چیز کو گروی رکھنے والے کی اجازت سے بیچ دے تاکہ اس کی قیمت کو گروی قرار دے

---

[1] اس بات کا تذکرہ ضروری ہے کہ آج کل جو چیز عوام میں رہن سمجھی جاتی ہے، حقیقتاً رہن نہیں ہے، بلکہ اس میں ہوتا یہ ہے کہ ایک شخص مالک مکان کو کچھ قرضہ دیتا ہے اور اس کے بدلے گھر میں رہائش اختیار کر لیتا ہے۔ یہ کام اگر گھر کا کرایہ دیئے بغیر ہو تو سود اور حرام ہے اور قرضہ دینے والے کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ اس گھر میں رہائش اختیار کرے جبکہ اگر ساتھ میں کرایہ بھی دے رہا ہو تو بھی اگر قرضہ اس شرط پر دیا ہو کہ کرائے پر مکان دے گا تو بھی حرام ہے اور مالک مکان، اپنا مکان اس شرط پر کرائے پر دے کہ کرایہ دار اسے قرضہ دے گا تو یہ کام احتیاط واجب کی بنا پر جائز نہیں ہے۔

تو ضروری ہے کہ گروی رکھنے والے کی اجازت سے بیچ دے اور اس کی مخالفت کرنے کی صورت میں معاملہ باطل ہے۔ مگر یہ کہ گروی رکھنے والا اس کی اجازت دیدے (تو پھر معاملہ صحیح ہے)۔

(۲۲۶۸) جس وقت مقروض کو قرض ادا کر دینا چاہئے اگر قرض خواہ اس وقت مطالبہ کرے اور مقروض ادائیگی نہ کرے تو اس صورت میں جبکہ قرض خواہ مال کو فروخت کر کے اپنا قرضہ اس کے مال سے وصول کرنے کا اختیار رکھتا ہو وہ گروی لئے ہوئے مال کو فروخت کر کے اپنا قرضہ وصول کر سکتا ہے۔ اگر اختیار نہ رکھتا ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ مقروض سے اجازت لے اور اگر اس تک پہنچ نہ ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ حاکم شرع سے (اس مال کو بیچ کر اس کی قیمت سے اپنا قرضہ وصول کرنے کی) اجازت لے اور دونوں صورتوں میں اگر قرضے سے زیادہ قیمت وصول ہو تو ضروری ہے کہ زائد مال مقروض کو دے دے۔

(۲۲۶۹) اگر مقروض کے پاس اس مکان کے علاوہ جس میں وہ رہتا ہو اور اس سامان کے علاوہ جس کی اسے ضرورت ہو اور کوئی چیز نہ ہو تو قرض خواہ اس سے اپنے قرض کا مطالبہ نہیں کر سکتا۔ لیکن مقروض نے جو مال بطور گروی دیا ہو اگرچہ وہ مکان اور سامان ہی کیوں نہ ہو قرض خواہ گزشتہ مسئلے میں بتائے گئے طریقے کے مطابق اسے بیچ کر اپنا قرض وصول کر سکتا ہے۔

ضامن ہونے کے احکام

(۲۲۷۰) اگر کوئی شخص کسی دوسرے کا قرضہ ادا کرنے کے لئے ضامن بننا چاہے تو اس کا ضامن بننا اس وقت صحیح ہوگا جب وہ کسی لفظ سے اگرچہ وہ عربی زبان میں نہ ہو یا کسی عمل سے قرض خواہ کو سمجھا دے کہ میں تمہارے قرض کی ادائیگی کے لئے ضامن بن گیا ہوں اور قرض خواہ بھی اپنی رضامندی کا اظہار کر دے اور (اس سلسلے میں) مقروض کا رضامند ہونا شرط نہیں ہے اور اس کی دو صورتیں ہیں:

(۱) ضامن قرضے کو مقروض کے ذمہ سے ہٹا کر اپنے ذمے لے۔ اگر اس کی ادائیگی سے پہلے مر جائے تو دوسرے قرضوں کی طرح وراثت میں سب سے پہلے اسے ادا کیا جائے گا۔ عام طور پر لفظ ضمان سے فقہاء کی مراد یہی ہے۔

(۲) ضامن پابند ہو جائے کہ وہ قرضہ ادا کرے گا لیکن اس کے ذمے سے دوسری طرف منتقل نہیں ہوتا۔ اگر وہ وصیت نہ کرے تو اس کی موت کے بعد اس کے مال میں سے ادا نہیں کیا جا سکتا۔

(۲۲۷۱) ضامن اور قرض خواہ دونوں کے لئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہوں اور کسی نے انہیں اس معاملے پر مجبور نہ کیا ہو نیز ضروری ہے کہ وہ سفیہ بھی نہ ہوں اور اسی طرح ضروری ہے کہ قرض خواہ دیوالیہ نہ ہو، لیکن یہ شرائط مقروض کے لئے نہیں ہیں۔ مثلاً اگر کوئی شخص بچے، دیوانے یا سفیہ کا قرض ادا کرنے کے لئے ضامن بنے تو ضمانت صحیح ہے۔

(۲۲۷۲) جب کوئی شخص ضامن بننے کے لئے کوئی شرط رکھے مثلاً یہ کہے کہ "اگر مقروض تمہارا قرض ادا نہ کرسکے گا تو میں تمہارا قرض ادا کروں گا" تو مسئلہ ۲۲۷۰ میں بیان کردہ پہلی صورت کے مطابق اس کے ضامن ہونے میں اشکال ہے البتہ مسئلہ ۲۲۷۰ میں بیان کردہ دوسری صورت میں اشکال نہیں۔

(۲۲۷۳) انسان جس شخص کے قرض کی ضمانت دے رہا ہے ضروری ہے کہ وہ مقروض ہو۔ لہٰذا اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص سے قرض لینا چاہتا ہو تو جب تک وہ قرض نہ لے لے اس وقت تک کوئی شخص اس کا ضامن نہیں بن سکتا۔ اور یہ شرط "ضمان" میں دوسری صورت کے مطابق نہیں ہے۔

(۲۲۷۴) انسان اسی صورت میں ضامن بن سکتا ہے جب قرض خواہ، مقروض اور قرض شدہ چیز سب فی الواقع معین ہوں۔ لہٰذا اگر دو اشخاص کسی ایک شخص کے قرض خواہ ہوں اور انسان کہے کہ میں ضامن ہوں کہ تم میں سے ایک کا قرض ادا کردوں گا تو چونکہ اس نے معین نہیں کیا کہ وہ ان میں سے کس کا قرض ادا کرے گا اس لئے اس کا ضامن بننا باطل ہے۔ نیز اگر کسی کو دو اشخاص سے قرض وصول کرنا ہو اور کوئی شخص کہے کہ میں ضامن ہوں کہ ان دو میں سے ایک کا قرض تمہیں ادا کردوں گا تو چونکہ اس نے معین نہیں کیا کہ دونوں میں سے کس کا قرضہ ادا کرے گا اس لئے اس کا ضامن بننا باطل ہو جاتا ہے۔ اسی طرح اگر کسی نے ایک دوسرے شخص سے مثال کے طور پر دس من گیہوں اور دس روپے لینے ہوں اور کوئی شخص کہے کہ میں تمہارے دونوں قرضوں میں سے ایک کی ادائیگی کا ضامن ہوں اور اس چیز کو معین نہ کرے کہ وہ گیہوں کے لئے ضامن ہے یا روپوں کے لئے تو یہ ضمانت صحیح نہیں ہے۔

(۲۲۷۵) اگر کوئی شخص مقروض کی اجازت کے بغیر ضامن بن جائے کہ اس کا قرض ادا کرے تو (بعد میں) مقروض سے کوئی چیز نہیں لے سکتا۔

(۲۲۷۶) اگر کوئی شخص کسی کا قرضہ ادا کرنے کے لئے اس کی اجازت سے ضامن بن جائے تو جتنی مقدار کا ضامن بنا ہے ــ اس کو ادا کرنے سے پہلے بھی ــ قرض دار سے اس کا مطالبہ کرسکتا ہے۔ البتہ اس چیز کے بجائے دوسری چیز قرض خواہ کو دے تو دوسری چیز کا مطالبہ نہیں کرسکتا۔ مثلاً دس من گندم کا مقروض تھا اور ضامن دس من چاول دے تو مقروض سے چاول کا مطالبہ نہیں کرسکتا۔ اگر مقروض خود چاول دینے پر راضی ہو تو کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۲۲۷۷) اگر قرض خواہ اپنا قرض ضامن کو معاف کردے تو ضامن مقروض سے کوئی چیز طلب نہیں کرسکتا اور اگر کچھ مقدار معاف کی ہے تو اتنی مقدار مقروض سے طلب نہیں کرسکتا۔ لیکن اگر سارا قرض یا اس کی کچھ مقدار اسے ہبہ کردے یا خمس یا زکوۃ یا صدقات وغیرہ کی مد میں وید ے تو ضامن مقروض سے وہ چیز لے سکتا ہے۔

(۲۲۷۸) اگر کوئی کسی کا ضامن بنے کہ اس کا قرض ادا کرے گا تو اپنے ضامن بننے سے پھر نہیں سکتا۔

(۲۲۷۹) احتیاط واجب کی بنا پر ضامن اور قرض خواہ یہ شرط نہیں کرسکتے کہ جس وقت چاہیں ضمانت منسوخ کردیں۔

(۲۲۸۰) اگر انسان ضامن بننے کے وقت قرض خواہ کا قرضہ ادا کرنے کے قابل ہو تو خواہ بعد میں

دیوالیہ ہو جائے قرض خواہ اس کی ضمانت منسوخ کرکے پہلے مقروض سے قرض کی ادائیگی کا مطالبہ نہیں کرسکتا۔ اور اسی طرح اگر ضمانت دیتے وقت ضامن قرض ادا کرنے پر قادر نہ ہو لیکن قرض خواہ یہ بات جانتے ہوئے اس کے ضامن بننے پر راضی ہو جائے تب بھی یہی حکم ہے۔

(۲۲۸۱) اگر انسان ضامن بننے کے وقت قرض خواہ کا قرضہ ادا کرنے پر قادر نہ ہو اور قرض خواہ صورت حال سے لاعلم ہونے کی بنا پر اس کی ضمانت منسوخ کرنا چاہے تو اس میں اشکال ہے خصوصاً اس صورت میں جبکہ قرض خواہ کے اس امر کی جانب متوجہ ہونے سے پہلے ضامن قرضے کی ادائیگی پر قادر ہو جائے۔

کفالت کے احکام

(۲۲۸۲) "کفالت" سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص ذمہ لے کہ جس وقت قرض خواہ چاہے گا وہ مقروض کو اس کے سپرد کردے گا۔ جو شخص اس قسم کی ذمے داری قبول کرے اسے کفیل کہتے ہیں۔

(۲۲۸۳) کفالت اس وقت صحیح ہے جب کفیل کوئی سے الفاظ میں خواہ عربی زبان کے نہ بھی ہوں یا کسی عمل سے قرض خواہ کو یہ بات سمجھا دے کہ میں ذمہ لیتا ہوں کہ جس وقت تم چاہو گے میں مقروض کو تمہارے حوالے کردوں گا اور قرض خواہ بھی اس بات کو قبول کرلے اور احتیاط واجب کی بنا پر کفالت کے صحیح ہونے کے لئے مقروض کی رضامندی بھی معتبر ہے۔ بلکہ احتیاط واجب یہ ہے کہ کفالت کے معاملے میں اسی طرح مقروض کو بھی ایک فریق ہونا چاہئے یعنی مقروض اور قرض خواہ دونوں کفالت کو قبول کریں۔

(۲۲۸۴) کفیل کے لئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہو اور اسے کفیل بننے پر مجبور نہ کیا گیا ہو اور وہ اس بات پر قادر ہو کہ جس کا کفیل بنے اسے حاضر کرسکے اور اسی طرح اس صورت میں جب مقروض کو حاضر کرنے کے لئے کفیل کو اپنا مال خرچ کرنا پڑے تو ضروری ہے کہ وہ سفیہ اور دیوالیہ نہ ہو۔

(۲۲۸۵) ان پانچ چیزوں میں سے کوئی ایک کفالت کو کالعدم کردیتی ہے:

(۱) کفیل مقروض کو قرض خواہ کے حوالے کردے یا وہ خود اپنے آپ کو قرض خواہ کے حوالے کردے۔

(۲) قرض خواہ کا قرضہ ادا کردیا جائے۔

(۳) قرض خواہ اپنے قرضے سے دستبردار ہو جائے۔ یا اسے کسی دوسرے کے حوالے کردے۔

(۴) مقروض یا کفیل میں سے ایک مرجائے۔

(۵) قرض خواہ کفیل کو کفالت سے بری الذمہ قرار دے دے۔

(۲۲۸۶) اگر کوئی شخص مقروض کو قرض خواہ سے زبردستی آزاد کرادے اور قرض خواہ کی پہنچ مقروض تک نہ ہوسکے تو جس شخص نے مقروض کو آزاد کرایا ہو ضروری ہے کہ وہ مقروض کو قرض خواہ کے حوالے کردے یا اس کا قرض ادا کرے۔

امانت کے احکام

(۲۲۸۷) اگر ایک شخص کوئی مال کسی کو دے اور کہے کہ یہ تمہارے پاس امانت رہے گا اور وہ بھی قبول کرے یا کوئی لفظ کہے بغیر مال کا مالک اس شخص کو سمجھا دے کہ وہ اسے مال رکھوالی کے لئے دے رہا ہے اور وہ بھی رکھوالی کے مقصد سے لے لے تو ضروری ہے کہ ودیعت وامانت داری کے ان احکام کے مطابق عمل کرے جو بعد میں بیان ہوں گے۔

(۲۲۸۸) ضروری ہے کہ امانت دار اور وہ شخص جو مال بطور امانت دے دونوں بالغ اور عاقل ہوں اور کسی نے انہیں مجبور نہ کیا ہو۔ لہٰذا اگر کوئی شخص کسی مال کو دیوانے یا بچے کے پاس امانت کے طور پر رکھے یا دیوانہ یا بچہ کوئی مال کسی کے پاس امانت کے طور پر رکھیں تو صحیح نہیں ہے۔ ہاں سمجھدار بچہ کسی دوسرے کے مال کو اس کی اجازت سے کسی کے پاس امانت رکھے تو جائز ہے۔ اسی طرح ضروری ہے کہ امانت رکھوانے والا سفیہ اور دیوالیہ نہ ہو۔ لیکن اگر دیوالیہ ہو، تاہم جو مال اس نے امانت کے طور پر رکھوایا ہو وہ اس مال میں سے نہ ہو جس میں اسے تصرف کرنے سے منع کیا گیا ہے تو اس صورت میں کوئی اشکال نہیں ہے۔ نیز یہ بھی ضروری ہے کہ امانتدار سفیہ یا دیوالیہ نہ ہو، یہ اس صورت میں ہے کہ امانت کی حفاظت اور نگہداشت سے اس کا مال اس طرح خرچ ہو کہ مال کے اس کی ملکیت سے نکلنے یا ضائع ہونے کا موجب ہو۔

(۲۲۸۹) اگر کوئی شخص بچے سے کوئی چیز اس کے مالک کی اجازت کے بغیر بطور امانت قبول کر لے تو ضروری ہے کہ وہ چیز اس کے مالک کو دے دے۔ اور اگر وہ چیز خود بچے کا مال ہو تو لازم ہے کہ وہ چیز بچے کے سرپرست تک پہنچا دے۔ اور اگر وہ مال ان لوگوں کے پاس پہنچانے سے پہلے تلف ہو جائے تو ضروری ہے کہ اس کا عوض دے۔ مگر اس ڈر سے کہ خدانخواستہ تلف ہو جائے اس مال کو بچے سے اس کے سرپرست تک پہنچانے کی نیت سے لیا ہو تو اس صورت میں اگر اس نے مال کی حفاظت کرنے اور اسے مالک تک پہنچانے میں کوتاہی نہ کی ہو اور ناجائز تصرف بھی نہ کیا ہو تو وہ ضامن نہیں ہے۔ اور اگر امانت کے طور پر مال دینے والا دیوانہ ہو تب بھی یہی حکم ہے۔

(۲۲۹۰) جو شخص امانت کی حفاظت نہ کر سکتا ہو اگر امانت رکھوانے والا اس کی اس حالت سے باخبر نہ ہو تو ضروری ہے کہ وہ شخص امانت قبول نہ کرے۔ اور اگر قبول کر لے اور ضائع ہو جائے تو ضامن ہے۔

(۲۲۹۱) اگر انسان صاحب مال کو سمجھائے کہ وہ اس کے مال کی حفاظت کے لئے تیار نہیں اور اس مال کو امانت کے طور پر قبول نہ کرے اور صاحب مال پھر بھی مال چھوڑ کر چلا جائے اور وہ مال تلف ہو جائے تو جس شخص نے امانت قبول نہ کی ہو وہ ذمے دار نہیں ہے۔ لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ اگر ممکن ہو تو اس مال کی حفاظت کرے۔

(۲۲۹۲) جو شخص کسی کے پاس کوئی چیز بطور امانت رکھوائے وہ امانت کو جس وقت چاہے منسوخ کر سکتا ہے اور اسی طرح امین بھی جب چاہے اسے منسوخ کر سکتا ہے۔

(۲۲۹۳) اگر کوئی شخص امانت کی نگہداشت ترک کر دے اور امانت داری منسوخ کر دے تو ضروری ہے کہ جس قدر جلد ہو سکے مال اس کے مالک یا مالک کے وکیل یا سرپرست کو پہنچا دے یا انہیں اطلاع دے کہ وہ مال کی (مزید) نگہداشت کے لئے تیار نہیں ہے اور اگر وہ بغیر عذر کے مال ان تک نہ پہنچائے یا اطلاع نہ دے اور مال تلف ہو جائے تو ضروری ہے کہ اس کا عوض دے۔

(۲۲۹۴) جو شخص امانت قبول کرے اگر اس کے پاس اسے رکھنے کے لئے مناسب جگہ نہ ہو تو ضروری ہے کہ اس کے لئے مناسب جگہ حاصل کرے اور امانت کی اس طرح نگہداشت کرے کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ اس نے نگہداشت میں کوتاہی کی ہے اور اگر وہ اس کام میں کوتاہی کرے اور امانت تلف ہو جائے تو ضروری ہے کہ اس کا عوض دے۔

(۲۲۹۵) جو شخص امانت قبول کرے اگر وہ اس کی نگہداشت میں کوتاہی نہ کرے اور نہ ہی تعدی - یعنی ناجائز تصرف - کرے اور اتفاقاً وہ مال تلف ہو جائے تو وہ شخص ذمہ دار نہیں ہے۔ لیکن اگر وہ اس مال کی حفاظت میں کوتاہی کرے مثلاً مال کو ایسی جگہ رکھے جہاں وہ ایسا غیر محفوظ ہو کہ اگر کوئی ظالم خبر پائے تو لے جائے یا وہ اس مال میں تعدی کرے (مالک کی اجازت کے بغیر اس مال میں تصرف کرے) مثلاً لباس کو استعمال کرے یا جانور پر سواری کرے اور وہ تلف ہو جائے تو ضروری ہے کہ اس کا عوض اس کے مالک کو دے۔

(۲۲۹۶) اگر مال کا مالک اپنے مال کی نگہداشت کے لئے کوئی جگہ معین کر دے اور جس شخص نے امانت قبول کی ہو اس سے کہے کہ "تمہیں چاہئے کہ یہیں مال کا خیال رکھو اور اگر اس کے ضائع ہو جانے کا احتمال ہو تب بھی تم اس کو کہیں اور نہ لے جانا" تو امانت قبول کرنے والا اسے کسی اور جگہ نہیں لے جا سکتا اور اگر وہ مال کو کسی دوسری جگہ لے جائے اور وہ تلف ہو جائے تو (امین) ذمہ دار ہے۔ لیکن اگر امین کو یقین ہو کہ اس جگہ مال ضائع ہو جائے گا تو جائز ہے کہ اس صورت میں اسے محفوظ جگہ منتقل کر دے۔

(۲۲۹۷) اگر مال کا مالک اپنے مال کی نگہداشت کے لئے کوئی جگہ معین کرے لیکن اس کے کہنے سے یہ معلوم ہو رہا ہو کہ اس کی نظر میں وہ جگہ کوئی خاص خصوصیت نہیں رکھتی تو امانتدار اس مال کو کسی ایسی جگہ جو زیادہ محفوظ ہو یا پہلی جگہ جتنی محفوظ ہو لے جا سکتا ہے اور اگر مال وہاں تلف ہو جائے تو وہ ذمے دار نہیں ہے۔

(۲۲۹۸) اگر مال کا مالک ہمیشہ کے لئے دیوانہ یا بے ہوش ہو جائے تو امانت کا معاملہ ختم ہو جائے گا اور امانتدار کو چاہئے کہ فوراً امانت اس کے سرپرست کو پہنچا دے یا اس کے سرپرست کو خبر کر دے۔ اور اگر وہ ایسا نہ کرے (یعنی شرعی عذر کے بغیر مال دیوانے کے سرپرست کو نہ پہنچائے اور اسے خبر کرنے میں بھی کوتاہی برتے) اور مال تلف ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس کا عوض دے۔ لیکن اگر مال کے مالک پر کبھی کبھار دیوانگی یا بے ہوشی کا دورہ پڑتا ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ یہی کام کرے۔

(۲۲۹۹) اگر مال کا مالک مر جائے تو امانت کا معاملہ باطل ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اگر اس مال میں کسی

دوسرے کا حق نہ ہو تو وہ مال اس کے وارث کو ملتا ہے اور ضروری ہے کہ امانت دار اس مال کو اس کے وارث تک پہنچائے یا اسے اطلاع دے۔ اگر وہ ایسا نہ کرے (یعنی شرعی عذر کے بغیر مال کو اس کے وارث کے حوالے نہ کرے اور خبر دینے میں بھی کوتاہی برتے) اور مال ضائع ہو جائے تو وہ ذمے دار ہے۔ البتہ اگر وارثوں کے بارے میں تحقیق کرنے اور ڈھونڈنے کے لئے مال کی حفاظت کرے اور مال تلف ہو جائے تو وہ ذمے دار نہیں ہے۔

(۲۳۰۰) اگر مال کا مالک مر جائے اور مال کی ملکیت کا حق اس کے ورثاء کو مل جائے تو امانتدار کے لئے ضروری ہے کہ مال تمام ورثاء کو یا ان سب کے وکیل کو دے۔ لہٰذا اگر وہ دوسرے ورثاء کی اجازت کے بغیر تمام مال فقط ایک وارث کو دے دے تو وہ دوسروں کے حصوں کا ذمے دار ہے۔

(۲۳۰۱) اگر امانتدار مر جائے یا ہمیشہ کے لئے دیوانہ یا بے ہوش ہو جائے تو امانت کا معاملہ باطل ہو جائے گا اور اس کے وارث یا سرپرست کو چاہئے کہ جس قدر جلد ہو سکے مال کے مالک کو اطلاع دے یا امانت اس تک پہنچائے۔ لیکن اگر کبھی کبھار (یا تھوڑی مدت کے لئے) دیوانہ یا بے ہوش ہوتا ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر ایسا ہی کرے۔

(۲۳۰۲) اگر امانتدار اپنے آپ میں موت کی نشانیاں دیکھے تو اگر ممکن ہو تو احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ امانت کو اس کے مالک، سرپرست یا وکیل تک پہنچا دے یا اس کو اطلاع دے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو ضروری ہے کہ ایسا بندوبست کرے کہ اسے اطمینان ہو جائے کہ اس کے مرنے کے بعد مال اس کے مالک کو مل جائے گا۔ مثلاً وصیت کرے اور اس وصیت پر گواہ مقرر کرے اور مال کے مالک کا نام اور مال کی جنس اور خصوصیات اور محل وقوع وصی اور گواہوں کو بتا دے۔

(۲۳۰۳) اگر امانتدار کو کوئی سفر پیش آئے تو امانت کو اپنے اہل و عیال کے حوالے کرے۔ لیکن اگر اس کی حفاظت خود اس شخص پر موقوف ہو تو سفر نہ کرے یا مال اس کے مالک، سرپرست یا وکیل کے حوالے کرے یا انہیں آگاہ کرے۔

عاریہ کے احکام

(۲۳۰۴) "عاریہ" سے مراد یہ ہے کہ انسان اپنا مال دوسرے کو دے تاکہ وہ اس مال سے استفادہ کرے۔ اور اس کے عوض اس سے کوئی چیز نہ لے۔

(۲۳۰۵) عاریہ میں صیغہ پڑھنا لازم نہیں اور اگر مثال کے طور پر کوئی شخص کسی کو لباس عاریہ کے قصد سے دے اور وہ بھی اسی قصد سے لے تو عاریہ صحیح ہے۔

(۲۳۰۶) غصبی چیز یا اس چیز کو بطور عاریہ دینا جو کہ عاریہ دینے والے کا مال ہو لیکن اس کا فائدہ اس نے کسی دوسرے شخص کے سپرد کر دیا ہو مثلاً اسے کرائے پر دے رکھا ہو، اس صورت میں صحیح ہے جب غصبی چیز کا مالک یا وہ شخص جس نے عاریہ دی جانے والی چیز کو بطور اجارہ لے رکھا ہو اس کے بطور عاریہ دینے پر راضی ہو۔

(۲۳۰۷) جس چیز کی منفعت کسی شخص کے سپرد ہو مثلاً اس چیز کو کرائے پر لے رکھا ہو تو اسے بطور عاریہ دے سکتا ہے۔ مگر یہ کہ عقد اجارہ میں یہ شرط رکھی ہو کہ اسے خود ہی استعمال کرے گا (تو اس چیز کو بطور عاریہ نہیں دے سکتا) اور پہلی صورت میں احتیاط واجب کی بنا پر مالک کی اجازت کے بغیر اس شخص کے حوالے نہیں کر سکتا جس نے اسے بطور عاریہ دیا ہے۔

(۲۳۰۸) اگر دیوانہ، بچہ، دیوالیہ یا سفیہ اپنا مال عاریتاً دیں تو صحیح نہیں ہے۔ لیکن اگر (ان میں سے کسی کا) سرپرست عاریہ دینے کی مصلحت سمجھتا ہو اور جس شخص کا وہ سرپرست ہے اس کا مال عاریتاً دے دے تو اس میں کوئی اشکال نہیں۔ اسی طرح جس شخص نے مال عاریتاً لیا ہو اس تک مال پہنچانے کے لئے بچہ وسیلہ بنے تو کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۲۳۰۹) عاریتاً لی ہوئی چیز کی نگہداشت میں کوتاہی نہ کرے اور اس میں ناجائز تصرف بھی نہ کرے اور اتفاقاً وہ چیز تلف ہو جائے تو وہ شخص ذمے دار نہیں ہے۔ لیکن اگر طرفین آپس میں یہ شرط کریں کہ اگر وہ چیز تلف ہو جائے تو عاریتاً لینے والا ذمہ دار ہو گا یا جو چیز عاریتاً لی ہو وہ سونا یا چاندی ہو تو اس کا عوض دینا ضروری ہے۔

(۲۳۱۰) اگر کوئی شخص سونا یا چاندی عاریتاً لے اور یہ طے کیا ہو کہ اگر تلف ہو گیا تو ذمے دار نہیں ہو گا پھر تلف ہو جائے تو وہ شخص ذمے دار نہیں ہے۔

(۲۳۱۱) اگر عاریہ پر دینے والا مر جائے تو عاریہ پر لینے والے کیلئے ضروری ہے کہ جو طریقہ امانت کے مالک کے فوت ہو جانے کی صورت میں مسئلہ ۲۳۰۰ میں بتایا گیا ہے اسی کے مطابق عمل کرے۔

(۲۳۱۲) اگر عاریہ دینے والے کی کیفیت یہ ہو کہ وہ شرعاً اپنے مال میں تصرف نہ کر سکتا ہو مثلاً دیوانہ یا بے ہوش ہو جائے تو عاریہ لینے والے کے لئے ضروری ہے کہ اسی طریقے کے مطابق عمل کرے جو مسئلہ ۲۲۹۸ میں امانت کے بارے میں اس مسئلے سے ملتا جلتا بیان کیا گیا ہے۔

(۲۳۱۳) جس شخص نے کوئی چیز عاریتاً دی ہو وہ جب بھی چاہے اسے منسوخ کر سکتا ہے اور جس نے کوئی چیز عاریتاً لی ہو وہ بھی جب چاہے اسے منسوخ کر سکتا ہے۔

(۲۳۱۴) کسی ایسی چیز کا عاریتاً دینا جس سے حلال استفادہ نہ ہو سکتا ہو مثلاً قمار بازی کے آلات اور کھانے پینے میں استعمال کرنے کے لئے سونے اور چاندی کے برتن عاریتاً دینا ـــ بلکہ احتیاط لازم کی بنا پر ہر قسم کے استعمال کے لئے عاریتاً دینا ـــ باطل ہے۔ البتہ تزئین و آرائش کے لئے عاریتاً دینا جائز ہے۔

(۲۳۱۵) بھیڑ (بکریوں) کو ان کے دودھ اور اون سے استفادہ کرنے کے لئے نیز نر حیوان کو مادہ حیوانات کے ساتھ ملاپ کے لئے عاریتاً دینا صحیح ہے۔

(۲۳۱۶) اگر کسی چیز کو عاریتاً لینے والا اسے اس کے مالک یا مالک کے وکیل یا سرپرست کو دے دے اور اس کے بعد وہ چیز تلف ہو جائے تو اس چیز کو عاریتاً لینے والا ذمے دار نہیں ہے۔ لیکن اگر وہ مال کے مالک یا اس کے وکیل یا سرپرست کی اجازت کے بغیر مال کو خواہ ایسی جگہ لے جائے جہاں مال کا مالک اسے عموماً لے جاتا ہو

مثلاً گھوڑے کو اس اصطبل میں باندھ دے جو اس کے مالک نے اس کے لئے تیار کیا ہو اور بعد میں گھوڑا تلف ہو جائے یا کوئی اسے تلف کر دے تو عاریتاً لینے والا ذمے دار ہے۔

(۲۳۱۷) اگر ایک شخص کوئی نجس چیز عاریتاً دے تو اس صورت میں اسے چاہئے کہ ــ جیسا کہ مسئلہ ۲۰۱۴ میں گزر چکا ہے ــ اس چیز کے نجس ہونے کے بارے میں عاریتاً لینے والے شخص کو بتا دے۔

(۲۳۱۸) جو چیز کسی شخص نے عاریتاً لی ہو اسے اس کے مالک کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے کو کرائے پر یا عاریتاً نہیں دے سکتا۔

(۲۳۱۹) جو چیز کسی شخص نے عاریتاً لی ہو اگر وہ اسے مالک کی اجازت سے کسی اور شخص کو عاریتاً دیدے تو اگر جس شخص نے پہلے وہ چیز عاریتاً لی ہو مر جائے یا دیوانہ ہو جائے تو دوسرا عاریہ باطل نہیں ہوتا۔

(۲۳۲۰) اگر کوئی شخص جانتا ہو کہ جو مال اس نے عاریتاً لیا ہے وہ غصبی ہے تو ضروری ہے کہ وہ مال اس کے مالک کو پہنچا دے اور وہ اسے عاریتاً دینے والے کو نہیں دے سکتا۔

(۲۳۲۱) اگر کوئی شخص ایسا مال عاریتاً لے جس کے متعلق جانتا ہو کہ وہ غصبی ہے اور اس سے فائدہ اٹھائے اور اس کے ہاتھ سے وہ مال تلف ہو جائے تو مالک اس مال کا عوض اور جو فائدہ عاریتاً لینے والے نے اٹھایا ہے اس کا عوض اس سے یا جس نے مال غصب کیا ہو اس سے طلب کر سکتا ہے۔ اور اگر مالک عاریتاً لینے والے سے عوض لے لے تو عاریتاً لینے والا جو کچھ مالک کو دے اس کا مطالبہ عاریتاً دینے والے سے نہیں کر سکتا۔

(۲۳۲۲) اگر کسی شخص کو یہ معلوم نہ ہو کہ اس نے جو مال عاریتاً لیا ہے وہ غصبی ہے اور اس کے پاس ہوتے ہوئے وہ مال تلف ہو جائے تو اگر مال کا مالک اس کا عوض اس سے لے لے تو وہ بھی جو کچھ مال کے مالک کو دیا ہو اس کا مطالبہ عاریتاً دینے والے سے کر سکتا ہے۔ لیکن اگر اس نے جو چیز عاریتاً لی ہو وہ سونا یا چاندی ہو یا بطور عاریہ دینے والے نے اس سے شرط کی ہو کہ اگر وہ چیز تلف ہو جائے تو وہ اس کا عوض دے گا تو پھر اس نے مال کا جو عوض مال کے مالک کو دیا ہو اس کا مطالبہ عاریتاً دینے والے سے نہیں کر سکتا۔ لیکن اگر مالک نے اس مال سے استفادہ کے بدلے کوئی چیز لے لی ہو تو عاریہ دینے والے سے اس کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

نکاح کے احکام

عقد ازدواج کے ذریعے عورت، مرد پر اور مرد، عورت پر حلال ہو جاتے ہیں اور عقد کی دو قسمیں ہیں۔ پہلی دائمی اور دوسری غیر دائمی ــ مقررہ وقت کے لئے عقد ــ عقد دائمی اسے کہتے ہیں جس میں ازدواج کی مدت معین نہ ہو اور وہ ہمیشہ کے لئے ہو اور جس عورت سے اس قسم کا عقد کیا جائے اسے دائمہ کہتے ہیں۔ غیر دائمی عقد وہ ہے جس میں ازدواج کی مدت معین ہو۔ مثلاً عورت کے ساتھ ایک گھنٹے یا ایک دن یا ایک مہینے یا ایک سال یا اس سے زیادہ مدت کے لئے عقد کیا جائے۔ لیکن اس عقد کی مدت عورت اور مرد کی یا دونوں میں

سے ایک کی عام عمر سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے کیونکہ اس صورت میں عقد باطل ہو جائے گا۔ جب عورت سے اس قسم کا عقد کیا جائے تو اسے متعہ یا صیغہ کہتے ہیں۔

احکام عقد

(۲۳۲۳) ازدواج خواہ دائمی ہو یا غیر دائمی اس میں صیغہ (نکاح کے بول) پڑھنا ضروری ہے۔ عورت اور مرد کا محض رضامند ہونا اور اسی طرح (نکاح نامہ) لکھنا احتیاط واجب کی بنا پر کافی نہیں ہے۔ نکاح کا صیغہ یا تو عورت اور مرد خود پڑھتے ہیں یا کسی کو وکیل مقرر کر لیتے ہیں تاکہ وہ ان کی طرف سے پڑھ دے۔

(۲۳۲۴) وکیل کا مرد ہونا لازم نہیں بلکہ عورت بھی نکاح کا صیغہ پڑھنے کے لئے کسی دوسرے کی جانب سے وکیل ہو سکتی ہے۔

(۲۳۲۵) عورت اور مرد کو جب تک اطمینان نہ ہو جائے کہ ان کے وکیل نے صیغہ پڑھ دیا ہے اس وقت تک وہ ایک دوسرے کو محرمانہ نظروں سے نہیں دیکھ سکتے۔ اور اس بات کا گمان کہ وکیل نے صیغہ پڑھ دیا ہے کافی نہیں ہے۔ بلکہ اگر وکیل کہہ دے کہ میں نے صیغہ پڑھ دیا ہے لیکن اس کی بات پر اطمینان نہ ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ تعلقات قائم نہ کریں۔

(۲۳۲۶) اگر کوئی عورت کسی کو وکیل مقرر کرے اور کہے کہ تم میرا نکاح دس دن کے لئے فلاں شخص کے ساتھ پڑھ دو اور دس دن کی ابتدا کو معین نہ کرے تو وہ (نکاح خواں) وکیل جن دس دنوں کے لئے چاہے اسے اس مرد کے نکاح میں دے سکتا ہے۔ لیکن اگر وکیل کو معلوم ہو کہ عورت کا مقصد کسی خاص دن یا گھنٹے کا ہے تو پھر اسے چاہئے کہ عورت کے قصد کے مطابق صیغہ پڑھے۔

(۲۳۲۷) عقد دائمی یا عقد غیر دائمی کا صیغہ پڑھنے کے لئے ایک شخص دو اشخاص کی طرف سے وکیل بن سکتا ہے۔ اور انسان یہ بھی کر سکتا ہے کہ عورت کی طرف سے وکیل بن جائے اور اس سے خود دائمی یا غیر دائمی نکاح کر لے لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ نکاح دو اشخاص پڑھیں۔

نکاح پڑھنے کا طریقہ

(۲۳۲۸) اگر عورت اور مرد خود اپنے دائمی نکاح کا صیغہ پڑھیں تو مہر معین کرنے کے بعد پہلے عورت کہے "زَوَّجْتُکَ نَفْسِیْ عَلَی الصَّدَاقِ الْمَعْلُوْمِ" یعنی میں نے اس مہر پر جو معین ہو چکا ہے اپنے آپ کو تمہاری بیوی بنایا اور اس کے لمحہ بھر بعد مرد کہے "قَبِلْتُ التَّزْوِیْجَ" یعنی میں نے ازدواج کو قبول کیا تو نکاح صحیح ہے۔ اور اسی طرح اگر فقط قَبِلْتُ کہے تب بھی نکاح صحیح ہے۔ اور اگر وہ کسی دوسرے کو وکیل مقرر کریں کہ ان کی طرف سے صیغہ نکاح پڑھ دے تو اگر مثال کے طور پر مرد کا نام احمد اور عورت کا نام فاطمہ ہو اور عورت کا وکیل کہے "زَوَّجْتُ مُوَکِّلَکَ اَحْمَدَ مُوَکِّلَتِیْ فَاطِمَةَ عَلَی الصَّدَاقِ الْمَعْلُوْمِ" اور اس کے لمحہ بھر بعد مرد کا وکیل

کہے "قَبِلْتُ التَّزْوِیْجَ لِمُوَکِّلِیْ اَحْمَدَ عَلَی الصِّدَاقِ الْمَعْلُوْمِ" تو نکاح صحیح ہوگا اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ مرد جو لفظ کہے وہ عورت کے کہے جانے والے لفظ کے مطابق ہو مثلاً اگر عورت "زَوَّجْتُ" کہے تو مرد بھی "قَبِلْتُ التَّزْوِیْجَ" کہے اور "قَبِلْتُ النِّکَاحَ" نہ کہے۔

(۲۳۲۹) اگر خود عورت اور مرد چاہیں تو غیر دائمی نکاح کا صیغہ نکاح کی مدت اور مہر معین کرنے کے بعد پڑھ سکتے ہیں۔ لہٰذا اگر عورت کہے "زَوَّجْتُکَ نَفْسِیْ فِی الْمُدَّةِ الْمَعْلُوْمَةِ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ" اور اس کے لمحہ بھر بعد مرد کہے "قَبِلْتُ" تو نکاح صحیح ہے۔ اور اگر وہ کسی اور شخص کو وکیل بنائیں اور پہلے عورت کا وکیل مرد کے وکیل سے کہے "زَوَّجْتُ مُوَکِّلَتِیْ مُوَکِّلَکَ فِی الْمُدَّةِ الْمَعْلُوْمَةِ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ" اور اس کے بعد مرد کا وکیل معمولی توقف کے بعد کہے "قَبِلْتُ التَّزْوِیْجَ لِمُوَکِّلِیْ هٰذَا" تو نکاح صحیح ہوگا۔

نکاح کی شرائط

(۲۳۳۰) نکاح کی چند شرطیں ہیں (جو ذیل میں درج کی جاتی ہیں):

(۱) احتیاط واجب کی بنا پر نکاح کا صیغہ عربی میں پڑھا جائے اور اگر خود مرد اور عورت صیغہ عربی میں نہ پڑھ سکتے ہوں تو عربی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں پڑھ سکتے ہیں اور کسی شخص کو وکیل بنانا لازم نہیں ہے۔ البتہ انہیں چاہئے کہ وہ الفاظ کہیں جو "زَوَّجْتُ" اور "قَبِلْتُ" کا مفہوم ادا کر سکیں۔

(۲) مرد اور عورت یا ان کے وکیل جو کہ صیغہ پڑھ رہے ہوں وہ "قَصْدِ اِنْشَاء" رکھتے ہوں یعنی اگر خود مرد اور عورت صیغہ پڑھ رہے ہوں تو عورت کا "زَوَّجْتُکَ نَفْسِیْ" کہنا اس نیت سے ہو کہ خود کو اس کی بیوی قرار دے اور مرد کا "قَبِلْتُ التَّزْوِیْجَ" کہنا اس نیت سے ہو کہ وہ اس کا اپنی بیوی بننا قبول کرے۔ اور اگر مرد اور عورت کے وکیل صیغہ پڑھ رہے ہوں تو "زَوَّجْتُ" اور "قَبِلْتُ" کہنے سے ان کی نیت یہ ہو کہ وہ مرد اور عورت جنہوں نے انہیں وکیل بنایا ہے ایک دوسرے کے میاں بیوی بن جائیں۔

(۳) جو شخص صیغہ پڑھ رہا ہو ضروری ہے کہ وہ عاقل ہو اور اگر اپنے لئے پڑھ رہا ہو تو بالغ ہونا بھی ضروری ہے۔ بلکہ احتیاط واجب کی بنا پر نابالغ ممیّز بچے کا دوسرے کا نکاح پڑھنا کافی نہیں ہے۔ اور اگر پڑھ دے تو طلاق دینا ضروری ہے یا دوبارہ نکاح پڑھیں۔

(۴) اگر عورت اور مرد کے وکیل یا ان کے سرپرست صیغہ پڑھ رہے ہوں تو وہ نکاح کے وقت عورت اور مرد کو معین کر لیں۔ مثلاً ان کے نام لیں یا ان کی طرف اشارہ کریں۔ لہٰذا جس شخص کی کئی لڑکیاں ہوں اگر وہ کسی مرد سے کہے "زَوَّجْتُکَ اِحْدٰی بَنَاتِیْ" یعنی میں نے اپنی بیٹیوں میں سے ایک کو تمہاری بیوی بنایا اور وہ مرد کہے "قَبِلْتُ" یعنی میں نے

قبول کیا تو چونکہ نکاح کرتے وقت لڑکی کو معین نہیں کیا گیا اس لئے نکاح باطل ہے۔

(۵) عورت اور مرد ازدواج پر راضی ہوں۔ ہاں اگر بظاہر ناپسندیدگی کا اظہار کریں اور معلوم ہو کہ دل سے راضی ہیں تو نکاح صحیح ہے۔

(۲۳۳۱) اگر نکاح میں ایک حرف یا زیادہ غلط پڑھے جائیں جس سے معنی نہ بدلیں تو نکاح صحیح ہے۔

(۲۳۳۲) وہ شخص جو نکاح کا صیغہ پڑھ رہا ہو اگر ـــ خواہ اجمالی طور پر ـــ نکاح کے معنی جانتا ہو اور اس کے معنی کو حقیقی شکل دینا چاہتا ہو تو نکاح صحیح ہے۔ یہ لازم نہیں کہ وہ تفصیل کے ساتھ صیغے کے معنی جانتا ہو۔ مثلاً یہ جانتا ہو کہ عربی زبان کے لحاظ سے فعل یا فاعل کون سا ہے۔

(۲۳۳۳) اگر کسی عورت کا نکاح کسی مرد سے ان کی اجازت کے بغیر کر دیا جائے اور بعد میں عورت اور مرد اس نکاح کی اجازت دے دیں تو نکاح صحیح ہے۔ اجازت کے لئے کوئی ایسی بات کہیں یا کوئی کام ایسا انجام دیں جو رضامندی پر دلالت کرے کافی ہے۔

(۲۳۳۴) اگر عورت اور مرد دونوں کو یا ان میں سے کسی ایک کو ازدواج پر مجبور کیا جائے اور نکاح پڑھے جانے کے بعد گزشتہ مسئلے میں کہے گئے طریقے پر وہ اجازت دے دیں تو نکاح صحیح ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ دوبارہ نکاح پڑھا جائے۔

(۲۳۳۵) باپ اور دادا اپنے نابالغ لڑکے یا لڑکی (پوتے یا پوتی) یا دیوانے فرزند کا جو دیوانگی کی حالت میں بالغ ہوا ہو دوسروں سے نکاح کر سکتے ہیں اور جب وہ بچہ بالغ ہو جائے یا دیوانہ عاقل ہو جائے تو انہوں نے اس کا جو نکاح کیا ہو اگر اس میں کوئی خرابی ہو تو انہیں اس نکاح کو برقرار رکھنے یا ختم کرنے کا اختیار ہے۔ اور اگر کوئی خرابی نہ ہو اور نابالغ لڑکے یا لڑکی میں سے کوئی ایک اپنے اس نکاح کو منسوخ کرے تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ طلاق دیں یا دوبارہ نکاح پڑھیں۔

(۲۳۳۶) جو لڑکی سن بلوغ کو پہنچ چکی ہو اور رشیدہ ہو یعنی اپنا برا بھلا سمجھ سکتی ہو اگر وہ شادی کرنا چاہے اور کنواری ہو اور اپنی زندگی کے امور خود مختاری سے انجام نہ دیتی ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے باپ یا دادا سے اجازت لے۔ بلکہ احتیاط واجب کی بنا پر یہی حکم اس کے لئے بھی ہے جو خود مختاری سے اپنی زندگی کے کاموں کو انجام دیتی ہو، البتہ ماں اور بھائی سے اجازت لینا لازم نہیں۔

(۲۳۳۷) اگر لڑکی کنواری نہ ہو یا کنواری ہو لیکن باپ یا دادا اس مرد کے ساتھ اسے شادی کرنے کی اجازت نہ دیتے ہوں جو عرفاً و شرعاً اس کا ہم پلہ ہو یا باپ اور دادا بیٹی کے شادی کے معاملے میں کسی طرح شریک ہونے کے لئے راضی نہ ہوں یا دیوانگی یا اس جیسی کسی دوسری وجہ سے اجازت دینے کی اہلیت نہ رکھتے ہوں تو ان تمام صورتوں میں ان سے اجازت لینا لازم نہیں ہے۔ اسی طرح ان کے موجود نہ ہونے یا کسی دوسری وجہ سے اجازت لینا ممکن نہ ہو اور لڑکی کا شادی کرنا بے حد ضروری ہو تو باپ اور دادا سے اجازت لینا لازم نہیں ہے۔

(۲۳۳۸) اگر باپ یا دادا اپنے نابالغ لڑکے (یا پوتے) کی شادی کر دیں تو لڑکے (یا پوتے) کو چاہئے کہ

بالغ ہونے کے بعد اس عورت کا خرچ دے بلکہ بالغ ہونے سے پہلے بھی جب اس کی عمر اتنی ہو جائے کہ وہ اس لڑکی سے لذت اٹھانے کی قابلیت رکھتا ہو اور لڑکی بھی اس قدر چھوٹی نہ ہو کہ شوہر اس سے لذت نہ اٹھا سکے تو بیوی کے خرچ کا ذمے دار لڑکا ہے۔ اس صورت کے علاوہ بیوی کا خرچہ مرد کے ذمے نہیں۔

(۲۳۳۹) اگر باپ یا دادا اپنے نابالغ لڑکے (یا پوتے) کی شادی کردیں تو اگر لڑکے کے پاس نکاح کے وقت کوئی مال نہ ہو تو باپ یا دادا کو چاہئے کہ اس عورت کا مہر دے۔ اور یہی حکم ہے اگر لڑکے (یا پوتے) کے پاس کوئی مال ہو لیکن باپ یا دادا نے مہر ادا کرنے کی ضمانت دی ہو۔ ان دو صورتوں کے علاوہ اگر اس کا مہر مہر المثل سے زیادہ نہ ہو یا کسی مصلحت کی بنا پر اس لڑکی کا مہر مہر المثل سے زیادہ ہو تو باپ یا دادا بیٹے (یا پوتے) کے مال سے مہر ادا کر سکتے ہیں وگرنہ بیٹے (یا پوتے) کے مال سے مہر المثل سے زیادہ مہر نہیں دے سکتے مگر یہ کہ بچہ بالغ ہونے کے بعد ان کے اس کام کو قبول کرے۔

وہ صورتیں جن میں مرد یا عورت نکاح فسخ کر سکتے ہیں

(۲۳۴۰) اگر نکاح کے بعد مرد کو پتا چلے کہ عورت میں نکاح کے وقت مندرجہ ذیل چھ عیوب میں سے کوئی عیب موجود تھا تو اس کی وجہ سے نکاح کو فسخ کر سکتا ہے:

(۱) دیوانگی۔ اگرچہ کبھی کبھار ہوتی ہو۔

(۲) جذام۔

(۳) برص۔

(۴) اندھاپن۔

(۵) اپاہج ہونا۔ اگرچہ زمین پر نہ گھسٹتی ہو۔

(۶) بچہ دانی میں گوشت یا ہڈی ہو۔ خواہ جماع اور حمل کے لئے مانع ہو یا نہ ہو۔ اگر مرد کو نکاح کے بعد پتا چلے کہ عورت نکاح کے وقت افضا ہو چکی تھی یعنی اس کا پیشاب اور حیض کا مخرج یا حیض اور پاخانے کا مخرج ایک ہو چکا تھا یا تینوں کا ایک مخرج ہو چکا تھا تو اس صورت میں نکاح کو فسخ کرنے میں اشکال ہے اور احتیاط لازم یہ ہے کہ اگر عقد کو فسخ کرنا چاہے تو طلاق بھی دے۔

(۲۳۴۱) اگر عورت کو نکاح کے بعد پتا چلے کہ اس کے شوہر کا آلۂ تناسل نہیں ہے، یا نکاح کے بعد جماع کرنے سے پہلے، یا جماع کرنے کے بعد، اس کا آلۂ تناسل کٹ جائے، یا ایسی بیماری میں مبتلا ہو جائے کہ صحبت اور جماع نہ کر سکتا ہو خواہ وہ بیماری نکاح کے بعد اور جماع کرنے سے پہلے، یا جماع کرنے کے بعد ہی کیوں نہ لاحق ہوئی ہو، ان تمام صورتوں میں عورت طلاق کے بغیر نکاح کو ختم کر سکتی ہے۔ اگر عورت کو نکاح کے بعد پتا چلے کہ اس کا شوہر نکاح سے پہلے دیوانہ تھا، یا نکاح کے بعد — خواہ جماع سے پہلے، یا جماع کے بعد —

دیوانہ ہو جائے، یا اسے (نکاح کے بعد) پتا چلے کہ نکاح کے وقت اس کے فوطے نکالے گئے تھے یا مسل دیئے گئے تھے، یا اسے پتا چلے کہ نکاح کے وقت جذام یا برص یا اندھے پن میں مبتلا تھا تو ان تمام صورتوں میں احتیاط واجب یہ ہے کہ عورت نکاح ختم نہ کرے۔ اور اگر ایسا کردے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اگر وہ میاں بیوی کے تعلقات برقرار رکھنا چاہیں تو دوبارہ نکاح کریں۔ اور اگر علیحدگی چاہیں تو طلاق دیدی جائے۔ اور اس صورت میں کہ شوہر جماع نہ کرسکتا ہو اور عورت نکاح کو ختم کرنا چاہے تو اس پر لازم ہے کہ پہلے حاکم شرع یا اس کے وکیل سے رجوع کرے اور حاکم شرع اسے ایک سال کی مہلت دے گا لہٰذا اگر اس دوران وہ اس عورت یا کسی دوسری عورت سے جماع نہ کر سکے تو اس کے بعد عورت نکاح کو ختم کر سکتی ہے۔

(۲۳۴۲) اگر عورت اس بنا پر نکاح ختم کردے کہ اس کا شوہر نامرد ہے تو ضروری ہے کہ شوہر اسے آدھا مہر دے۔ لیکن اگر ان دوسرے نقائص میں سے جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے کسی ایک کی بنا پر مرد یا عورت نکاح ختم کردیں تو اگر مرد نے عورت کے ساتھ جماع نہ کیا ہو تو وہ کسی چیز کا ذمہ دار نہیں ہے اور اگر جماع کیا ہو تو ضروری ہے کہ پورا مہر دے۔

(۲۳۴۳) اگر مرد یا عورت جو کچھ وہ ہیں اس سے زیادہ بڑھا چڑھا کر ان کی تعریف کی جائے تاکہ وہ شادی کرنے میں دلچسپی لیں — خواہ یہ تعریف نکاح کے ضمن میں ہو یا اس سے پہلے، اس صورت میں کہ اس تعریف کی بنیاد پر نکاح ہوا ہو — لہٰذا اگر نکاح کے بعد دوسرے فریق کو اس بات کا غلط ہونا معلوم ہو جائے تو وہ نکاح کو ختم کر سکتا ہے اور اس مسئلے کے تفصیلی احکام "منہاج الصالحین" میں بیان کئے گئے ہیں۔

وہ عورتیں جن سے نکاح کرنا حرام ہے

(۲۳۴۴) ان عورتوں کے ساتھ جو انسان کی محرم ہوں ازدواج حرام ہے۔ مثلاً ماں، بہن، بیٹی، پھوپھی، خالہ، بھتیجی، بھانجی، ساس۔

(۲۳۴۵) اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرے چاہے اس کے ساتھ جماع نہ بھی کرے تو اس عورت کی ماں، نانی اور دادی اور جتنا سلسلہ اوپر چلا جائے سب عورتیں اس مرد کی محرم ہو جاتی ہیں۔

(۲۳۴۶) اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرے اور اس کے ساتھ ہم بستری کرے تو پھر اس عورت کی لڑکی، نواسی، پوتی اور جتنا سلسلہ نیچے چلا جائے سب عورتیں اس مرد کی محرم ہو جاتی ہیں خواہ وہ عقد کے وقت موجود ہوں یا بعد میں پیدا ہوں۔

(۲۳۴۷) اگر کسی مرد نے ایک عورت سے نکاح کیا ہو لیکن ہم بستری نہ کی ہو تو جب تک وہ عورت اس کے نکاح میں رہے — احتیاط واجب کی بنا پر — اس وقت تک اس کی لڑکی سے ازدواج نہ کرے۔

(۲۳۴۸) انسان کی پھوپھی اور خالہ اور اس کے باپ کی پھوپھی اور خالہ اور دادا کی پھوپھی اور خالہ باپ کی ماں (دادی) اور ماں کی پھوپھی اور خالہ اور نانی اور نانا کی پھوپھی اور خالہ اور جس قدر یہ سلسلہ اوپر چلا جائے

سب اس کے محرم ہیں۔

(۲۳۴۹) شوہر کا باپ اور دادا اور جس قدر یہ سلسلہ اوپر چلا جائے اور شوہر کا بیٹا، پوتا اور نواسا جس قدر بھی یہ سلسلہ نیچے چلا جائے اور خواہ وہ نکاح کے وقت دنیا میں موجود ہوں یا بعد میں پیدا ہوں سب اس کی بیوی کے محرم ہیں۔

(۲۳۵۰) اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرے تو خواہ وہ نکاح دائمی ہو یا غیر دائمی جب تک وہ عورت اس کی منکوحہ ہے وہ اس کی بہن کے ساتھ نکاح نہیں کرسکتا۔

(۲۳۵۱) اگر کوئی شخص اس ترتیب کے مطابق جس کا ذکر طلاق کے مسائل میں کیا جائے گا اپنی بیوی کو طلاق رجعی دے دے تو وہ عدت کے دوران اس کی بہن سے نکاح نہیں کرسکتا لیکن طلاق بائن کی عدت کے دوران اس کی بہن سے نکاح کرسکتا ہے اور متعہ کی عدت کے دوران احتیاط واجب یہ ہے کہ عورت کی بہن سے نکاح نہ کرے۔

(۲۳۵۲) انسان اپنی بیوی کی اجازت کے بغیر اس کی بھتیجی یا بھانجی سے شادی نہیں کرسکتا لیکن اگر وہ بیوی کی اجازت کے بغیر ان سے نکاح کرلے اور بعد میں بیوی اجازت دیدے تو پھر کوئی اشکال نہیں۔

(۲۳۵۳) اگر بیوی کو پتا چلے کہ اس کے شوہر نے اس کی بھتیجی یا بھانجی سے نکاح کرلیا ہے اور خاموش رہے تو اگر وہ بعد میں راضی ہو جائے تو نکاح صحیح ہے اور اگر رضامند نہ ہو تو ان کا نکاح باطل ہے۔

(۲۳۵۴) اگر انسان خالہ یا پھوپھی کی لڑکی سے نکاح کرنے سے پہلے (نعوذ باللہ) خالہ یا پھوپھی سے زنا کرے تو پھر وہ اس کی لڑکی سے احتیاط واجب کی بنا پر شادی نہیں کرسکتا۔

(۲۳۵۵) اگر کوئی شخص اپنی پھوپھی کی لڑکی یا خالہ کی لڑکی سے شادی کرے اور اس سے ہم بستری کرنے کے بعد یا پہلے اس کی ماں سے زنا کرے تو یہ بات ان کی جدائی کا موجب نہیں بنتی۔

(۲۳۵۶) اگر کوئی شخص اپنی پھوپھی یا خالہ کے علاوہ کسی اور عورت سے زنا کرے تو احتیاط مستحب یہ ہے کہ اس کی بیٹی کے ساتھ شادی نہ کرے۔

(۲۳۵۷) مسلمان عورت کافر مرد سے نکاح نہیں کرسکتی خواہ دائمی ہو یا موقت، کافر اہل کتاب ہو یا نہ ہو، مسلمان مرد بھی اہل کتاب کے علاوہ کافر عورتوں سے نکاح نہیں کرسکتا۔ لیکن یہودی اور عیسائی عورتوں سے متعہ کرنے میں کوئی حرج نہیں اور احتیاط لازم کی بنا پر ان سے دائمی عقد نہ کیا جائے اور مجوسی عورت سے احتیاط واجب کی بنا پر نکاح حتیٰ کہ متعہ بھی نہیں کرنا چاہئے۔ اور بعض فرقے مثلاً ناصبی جو اپنے آپ کو مسلمان سمجھتے ہیں، کفار کے حکم میں ہیں اور مسلمان مرد اور عورتیں ان کے ساتھ دائمی یا غیر دائمی نکاح نہیں کرسکتے۔ اور یہی حکم مرتد کا ہے۔

(۲۳۵۸) اگر کوئی شخص ایک ایسی عورت سے زنا کرے جو رجعی طلاق کی عدت گزار رہی ہو تو — احتیاط واجب کی بنا پر — وہ عورت اس پر حرام ہو جاتی ہے۔ اور اگر ایسی عورت کے ساتھ زنا کرے جو متعہ یا طلاق بائن یا وفات یا وطی شبہ کی عدت گزار رہی ہو تو بعد میں اس کے ساتھ نکاح کرسکتا ہے۔ رجعی طلاق، بائن طلاق، متعہ

کی عدت، وفات کی عدت اور وطی شبہ کی عدت کے معنی طلاق کے احکام میں بتائے جائیں گے۔

(۲۳۵۹) اگر کوئی شخص کسی ایسی عورت سے زنا کرے جو بے شوہر ہو مگر عدت میں نہ ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر توبہ کرنے سے پہلے اس سے شادی نہیں کرسکتا۔ لیکن اگر زانی کے علاوہ کوئی دوسرا شخص (اس عورت کے) توبہ کرنے سے پہلے اس کے ساتھ شادی کرنا چاہے تو کوئی اشکال نہیں ہے۔ مگر اس صورت میں کہ وہ عورت زنا کار مشہور ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اس (عورت) کے توبہ کرنے سے پہلے اس کے ساتھ شادی کرنا جائز نہیں ہے۔ اسی طرح کوئی مرد زنا کار مشہور ہو تو توبہ کرنے سے پہلے اس کے ساتھ شادی کرنا جائز نہیں ہے۔ اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص زنا کار عورت سے جس سے خود اس نے یا کسی دوسرے نے منہ کالا کیا ہو شادی کرنا چاہے تو حیض آنے تک صبر کرے اور حیض آنے کے بعد اس کے ساتھ شادی کرلے۔

(۲۳۶۰) اگر کوئی شخص ایک ایسی عورت سے نکاح کرے جو دوسرے کی عدت میں ہو تو اگر مرد اور عورت دونوں یا ان میں سے کوئی ایک جانتا ہو کہ عورت کی عدت ختم نہیں ہوئی اور یہ بھی جانتے ہوں کہ عدت کے دوران عورت سے نکاح کرنا حرام ہے تو اگرچہ مرد نے نکاح کے بعد عورت سے جماع نہ بھی کیا ہو تو وہ عورت ہمیشہ کے لئے اس پر حرام ہو جائے گی۔ اور اگر دونوں عدت کے دوران ہونے یا عدت میں نکاح کے حرام ہونے سے بے خبر ہوں تو نکاح باطل ہے، اگر ہمبستری بھی کی ہے تو ہمیشہ کے لئے حرام ہو جائیں گے۔ اگر ہمبستری نہ کی ہو تو حرام نہیں ہیں اور عدت کے ختم ہونے کے بعد دوبارہ نکاح کرسکتے ہیں۔

(۲۳۶۱) اگر کوئی شخص یہ جانتے ہوئے کہ عورت شوہر دار ہے اور (اس سے شادی کرنا حرام ہے) اس سے شادی کرے تو ضروری ہے کہ اس عورت سے جدا ہو جائے اور بعد میں بھی اس سے نکاح نہیں کرنا چاہئے۔ اگر اس شخص کو یہ علم نہ ہو کہ عورت شوہر دار ہے لیکن شادی کے بعد اس سے ہم بستری کی ہو تب بھی احتیاط واجب کی بنا پر یہی حکم ہے۔

(۲۳۶۲) اگر شوہر دار عورت زنا کرے تو — احتیاط واجب کی بنا پر — وہ زانی پر ہمیشہ کے لئے حرام ہو جاتی ہے۔ لیکن شوہر پر حرام نہیں ہوتی اور اگر توبہ و استغفار نہ کرے اور اپنے عمل پر باقی رہے (یعنی زنا کاری ترک نہ کرے) تو بہتر یہ ہے کہ اس کا شوہر اسے طلاق دیدے لیکن شوہر کو چاہئے کہ اس کا مہر بھی دے۔

(۲۳۶۳) جس عورت کو طلاق مل گئی ہو اور جو عورت متعہ میں رہی ہو اور اس کے شوہر نے متعہ کی مدت بخش دی ہو یا متعہ کی مدت ختم ہوگئی ہو اگر وہ کچھ عرصے کے بعد دوسرا شوہر کرے اور پھر اسے شک ہو کہ دوسرے شوہر سے نکاح کے وقت پہلے شوہر کی عدت ختم ہوئی تھی یا نہیں تو وہ اپنے شک کی پروا نہ کرے۔

(۲۳۶۴) اغلام کروانے والے لڑکے کی ماں، بہن اور بیٹی اغلام کرنے والے پر — جبکہ (اغلام کرنے والا) بالغ ہو — حرام ہو جاتے ہیں۔ اگرچہ سپاری سے کم داخل ہوا ہو — اگر اغلام کروانے والا مرد ہو یا اغلام کرنے والا نابالغ ہو تب بھی احتیاط لازم کی بنا پر یہی حکم ہے۔ لیکن اگر اسے گمان ہو کہ دخول ہوا تھا یا شک کرے کہ دخول ہوا تھا یا نہیں تو پھر وہ حرام نہیں ہوں گے۔ اور اسی طرح اغلام کرنے والے کی ماں، بہن اور بیٹی اغلام کروانے والے پر حرام نہیں ہیں۔

(۲۳۶۵) اگر کوئی شخص کسی عورت سے شادی کرے اور شادی کے بعد اس عورت کے باپ، بھائی یا بیٹے سے اغلام کرے تو احتیاط واجب کی بنا پر وہ عورت اس پر حرام ہو جاتی ہے۔

(۲۳۶۶) اگر کوئی شخص احرام کی حالت میں جو اعمال حج میں سے ایک عمل ہے کسی عورت سے شادی کرے تو اس کا نکاح باطل ہے اگرچہ وہ عورت احرام میں نہ ہو۔ اور اگر اسے علم تھا کہ کسی عورت سے احرام کی حالت میں نکاح کرنا اس پر حرام ہے تو بعد میں وہ اس عورت سے کبھی بھی شادی نہیں کر سکتا۔

(۲۳۶۷) جو عورت احرام کی حالت میں ہو اگر وہ ایک ایسے مرد سے شادی کرے جو احرام کی حالت میں نہ ہو تو اس کا نکاح باطل ہے اگرچہ مرد حالت احرام میں نہ ہو۔ اور اگر عورت کو معلوم تھا کہ احرام کی حالت میں شادی کرنا حرام ہے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ بعد میں اس مرد سے کبھی بھی شادی نہ کرے۔

(۲۳۶۸) اگر مرد یا عورت طواف النساء نہ بجالائیں جو عمرہ مفردہ کے اعمال میں سے ایک ہے تو ایسے مرد اور عورت کیلئے جنسی لذت کا حصول جائز نہیں ہوتا یہاں تک کہ وہ طواف النساء بجالائیں۔ لیکن اگر حلق یا تقصیر کے ذریعے احرام سے خارج ہونے کے بعد شادی کرے تو نکاح صحیح ہے چاہے طواف النساء انجام نہ دیا ہو۔

(۲۳۶۹) اگر کوئی شخص نابالغ لڑکی سے نکاح کرے تو اس لڑکی کی عمر نو سال ہونے سے پہلے اس کے ساتھ جماع کرنا حرام ہے۔ لیکن اگر جماع کرے تو لڑکی کے بالغ ہونے کے بعد اس سے جماع کرنا حرام نہیں ہے خواہ اسے افضاء ہی ہو گیا ہو — افضاء کے معنی مسئلہ ۲۳۴۰ میں بتائے جا چکے ہیں — البتہ افضاء کی صورت میں لڑکی کو دیت دینا ضروری ہے جو ایک انسان کو قتل کرنے کی دیت ہے۔ اور اس لڑکی کو ضروریات زندگی ہمیشہ دیتا رہے حتیٰ کہ طلاق کے بعد بھی، بلکہ احتیاط واجب کی بنا پر طلاق کے بعد وہ لڑکی کسی دوسرے سے نکاح کر لے تب بھی ادا کرتا رہے۔

(۲۳۷۰) جس عورت کو تین بار طلاق دی جائے کہ ان طلاقوں کے درمیان دو بار رجوع یا عقد ہوا ہو تو وہ شوہر پر حرام ہو جاتی ہے۔ ہاں اگر ان شرائط کے ساتھ جن کا ذکر طلاق کے احکام میں کیا جائے گا وہ عورت دوسرے مرد سے شادی کرے تو دوسرے شوہر کی موت یا اس سے طلاق ہو جانے کے بعد اور عدت گزر جانے کے بعد اس کا پہلا شوہر دوبارہ اس کے ساتھ نکاح کر سکتا ہے۔

دائمی عقد کے احکام

(۲۳۷۱) جس عورت کا دائمی نکاح ہو جائے اس کے لئے حرام ہے کہ شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر نکلے خواہ اس کا نکلنا شوہر کے حق کے منافی نہ بھی ہو۔ مگر یہ کہ کوئی اہم ضرورت پیش آئے یا گھر میں رہنا اس کے لئے نقصان کا باعث بنے یا گھر اس کے مناسب نہ ہو۔ نیز اس کے لئے ضروری ہے کہ جب بھی شوہر جنسی لذتیں حاصل کرنا چاہے تو اس کی خواہش پوری کرے اور شرعی عذر کے بغیر شوہر کو ہم

بستری سے نہ روکے۔ اس کی غذا، لباس، رہائش اور زندگی کی باقی ضروریات کا انتظام شوہر پر واجب ہے۔ اگر وہ یہ چیزیں مہیا نہ کرے تو خواہ ان کے مہیا کرنے پر قدرت رکھتا ہو یا نہ رکھتا ہو وہ بیوی کا مقروض ہے۔ اسی طرح عورت کے حقوق میں سے ایک یہ بھی ہے کہ مرد اسے اذیت و آزار نہ پہنچائے اور کسی شرعی وجہ کے بغیر اس کے ساتھ سختی اور ترش روئی سے پیش نہ آئے۔

(۲۳۷۲) اگر کوئی عورت ہم بستری اور جنسی لذتوں کے سلسلے میں شوہر کا ساتھ دے کر اس کی خواہش پوری نہ کرے تو روٹی، کپڑے اور مکان کا وہ ذمے دار نہیں ہے اگرچہ وہ شوہر کے پاس ہی رہے اور اگر وہ کبھی کبھار اپنی ان ذمے داریوں کو پورا نہ کرے تو احتیاط واجب کے مطابق روٹی، کپڑے اور مکان کا شوہر پر حق ساقط نہیں ہوتا اور ہر صورت میں اس کا مہر کالعدم نہیں ہوتا۔

(۲۳۷۳) مرد کو یہ حق نہیں کہ بیوی کو گھریلو خدمت پر مجبور کرے۔

(۲۳۷۴) بیوی کے سفر کے اخراجات وطن میں رہنے کے اخراجات سے زیادہ ہوں تو اگر اس نے سفر شوہر کی اجازت سے کیا ہو تو شوہر کی ذمے داری ہے کہ وہ ان اخراجات کو پورا کرے۔ لیکن اگر وہ سفر گاڑی یا جہاز وغیرہ کے ذریعے ہو تو کرائے اور سفر کے دوسرے ضروری اخراجات کی وہ خود ذمے دار ہے۔ لیکن اگر اس کا شوہر اسے سفر میں ساتھ لے جانا چاہتا ہو تو اس کے لئے ضروری ہے کہ بیوی کے سفری اخراجات برداشت کرے۔ اسی طرح جان بچانے کے لئے سفر ضروری ہو مثلاً علاج وغیرہ کے لئے بھی تو اخراجات مرد کے ذمے ہیں۔

(۲۳۷۵) جس عورت کا خرچ اس کے شوہر کے ذمے ہو اور شوہر اسے خرچ نہ دے تو وہ اپنا خرچ شوہر کی اجازت کے بغیر اس کے مال سے لے سکتی ہے۔ اور اگر نہ لے سکتی ہو اور مجبور ہو کہ اپنی معاش کا خود بندوبست کرے اور شکایت کرنے کے لئے حاکم شرع تک اس کی رسائی نہ ہو تا کہ وہ اس کے شوہر کو خرچ دینے پر مجبور کرے تو جس وقت وہ اپنی معاش کا بندوبست کرنے میں مشغول ہو اس وقت شوہر کی اطاعت اس پر واجب نہیں ہے۔

(۲۳۷۶) اگر کسی مرد کی مثلاً دو دائمی بیویاں ہوں اور وہ ان میں سے ایک کے پاس ایک رات رہے تو اس پر واجب ہے کہ چار راتوں میں سے کوئی ایک رات دوسری کے پاس بھی گزارے اور اس صورت کے علاوہ عورت کے پاس رہنا واجب نہیں ہے۔ ہاں یہ لازم ہے کہ اس کے پاس رہنا بالکل ہی ترک نہ کر دے اور اولیٰ اور احوط یہ ہے کہ ہر چار راتوں میں سے ایک رات مرد اپنی دائمی منکوحہ بیوی کے پاس رہے۔

(۲۳۷۷) شوہر اپنی جوان بیوی سے چار مہینے سے زیادہ مدت کے لئے ہم بستری ترک نہیں کر سکتا مگر یہ کہ ہم بستری اس کے لئے نقصان دہ یا بہت زیادہ تکلیف کا باعث ہو یا اس کی بیوی خود چار مہینے سے زیادہ مدت کے لئے ہم بستری ترک کرنے پر راضی ہو یا شادی کرتے وقت نکاح کے ضمن میں چار مہینے سے زیادہ مدت کے لئے ہم بستری ترک کرنے کی شرط رکھی گئی ہو۔ اور اس حکم میں احتیاط واجب کی بنا پر شوہر کے موجود ہونے یا مسافر ہونے میں کوئی فرق نہیں ہے اس لئے احتیاط واجب کی بنا پر یہ جائز نہیں کہ غیر ضروری سفر کو بغیر کسی عذر یا

عورت کی رضامندی کے بغیر چار ماہ سے زیادہ طول دیا جائے۔

(۲۳۷۸) اگر دائمی نکاح میں مہر معین نہ کیا جائے تو نکاح صحیح ہے اور اگر مرد، عورت کے ساتھ جماع کرے تو اسے چاہئے کہ اس کا مہر اسی جیسی عورتوں کے مہر کے مطابق دے۔ البتہ اگر متعہ میں مہر معین نہ کیا جائے اگرچہ نادانی، غفلت یا بھول کی وجہ سے ہو تو متعہ باطل ہو جاتا ہے۔

(۲۳۷۹) اگر دائمی نکاح پڑھتے وقت مہر دینے کے لئے مدت معین نہ کی جائے تو عورت مہر لینے سے پہلے شوہر کو جماع کرنے سے روک سکتی ہے، قطع نظر اس سے کہ مرد مہر دینے پر قادر ہو یا نہ ہو۔ لیکن اگر وہ مہر لینے سے پہلے جماع پر راضی ہو اور شوہر اس سے جماع کرے تو بعد میں وہ شرعی عذر کے بغیر شوہر کو جماع کرنے سے نہیں روک سکتی۔

متعہ (معینہ مدت کا نکاح)

(۲۳۸۰) عورت کے ساتھ متعہ کرنا اگرچہ لذت حاصل کرنے کے لئے نہ ہو تب بھی صحیح ہے۔ البتہ عورت شرط نہیں کر سکتی کہ مرد اس سے کوئی لذت حاصل نہ کرے۔

(۲۳۸۱) احتیاط واجب یہ ہے کہ شوہر نے جس عورت سے متعہ کیا ہو اگر وہ جوان ہو تو اس کے ساتھ چار مہینے سے زیادہ جماع ترک نہ کرے۔

(۲۳۸۲) جس عورت کے ساتھ متعہ کیا جا رہا ہو اگر وہ نکاح میں یہ شرط عائد کرے کہ شوہر اس سے جماع نہ کرے تو نکاح اور اس کی عائد کردہ شرط صحیح ہے اور شوہر اس سے فقط دوسری لذتیں حاصل کر سکتا ہے۔ لیکن اگر وہ بعد میں جماع کے لئے راضی ہو جائے تو شوہر اس سے جماع کر سکتا ہے۔ دائمی عقد میں بھی یہی حکم ہے۔

(۲۳۸۳) جس عورت کے ساتھ متعہ کیا گیا ہو خواہ وہ حاملہ ہو جائے تب بھی خرچ کا حق نہیں رکھتی۔

(۲۳۸۴) جس عورت کے ساتھ متعہ کیا گیا ہو وہ ہمخوابی (رات گزارنے) کا حق نہیں رکھتی اور شوہر سے میراث بھی نہیں پاتی اور شوہر بھی اس سے میراث نہیں پاتا۔ لیکن اگر — ان میں سے کسی ایک فریق نے یا دونوں نے — میراث پانے کی شرط رکھی ہو تو اس شرط کا صحیح ہونا محل اشکال ہے لیکن احتیاط کا خیال رکھنا ترک نہیں ہوتا۔

(۲۳۸۵) جس عورت سے متعہ کیا گیا ہو اگرچہ اسے یہ معلوم نہ ہو کہ وہ خرچ اور ہم بستری کا حق نہیں رکھتی اس کا نکاح صحیح ہے اور اس وجہ سے کہ وہ ان امور سے ناواقف تھی اس کا شوہر پر کوئی حق نہیں بنتا۔

(۲۳۸۶) جس عورت سے متعہ کیا گیا ہو وہ شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر جا سکتی ہے لیکن اس کے باہر جانے کی وجہ سے شوہر کی حق تلفی ہو تو اس کا باہر جانا حرام ہے اور اس صورت میں جبکہ اس کے باہر جانے سے شوہر کی حق تلفی نہ ہوتی ہو تب بھی احتیاط مستحب کی بنا پر شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر نہ جائے۔

(۲۳۸۷) اگر کوئی عورت کسی مرد کو وکیل بنائے کہ معین مدت کے لئے اور معین رقم کے عوض اس کا خود اپنے ساتھ صیغہ پڑھے اور وہ شخص اس کا دائمی نکاح اپنے ساتھ پڑھ لے یا مدت مقرر کئے بغیر یا رقم کا تعین کئے بغیر متعہ کا صیغہ پڑھ دے تو جس وقت عورت کو ان امور کا پتا چلے اگر وہ اجازت دے دے تو نکاح صحیح ہے ورنہ باطل ہے۔

(۲۳۸۸) اگر محرم ہونے کے لئے مثلاً باپ یا دادا اپنی نابالغ لڑکی یا لڑکے کا نکاح معینہ مدت کے لئے کسی سے پڑھیں تو اس صورت میں اگر اس نکاح کی وجہ سے کوئی فساد نہ ہو تو نکاح صحیح ہے۔ لیکن اگر نابالغ لڑکا شادی کی اس پوری مدت میں جنسی لذت لینے کی بالکل صلاحیت نہ رکھتا ہو یا لڑکی ایسی ہو کہ وہ اس سے بالکل لذت نہ لے سکتا ہو تو نکاح کا صحیح ہونا محل اشکال ہے۔

(۲۳۸۹) اگر باپ یا دادا اپنے لڑکے کا جو دوسری جگہ ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ وہ زندہ بھی ہے یا نہیں محرم بن جانے کی خاطر کسی لڑکی سے نکاح کر دیں اور زوجیت کی مدت اتنی ہو کہ جس لڑکی سے نکاح کیا گیا ہو اس سے استمتاع ہو سکے تو ظاہری طور پر محرم بننے کا مقصد حاصل ہو جائے گا اور اگر بعد میں معلوم ہو کہ نکاح کے وقت وہ لڑکا زندہ نہ تھا تو نکاح باطل ہے اور وہ لوگ جو نکاح کی وجہ سے بظاہر محرم بن گئے تھے نامحرم ہیں۔

(۲۳۹۰) جس عورت کے ساتھ متعہ کیا گیا ہو اگر مرد اس کی نکاح میں معین کی ہوئی مدت بخش دے تو اگر اس نے اس کے ساتھ ہمبستری کی ہو تو مرد کو چاہئے کہ مقرر کیا ہوا تمام مہر اسے دے دے اور اگر ہمبستری نہ کی ہو تو آدھا مہر دینا واجب ہے۔

(۲۳۹۱) مرد یہ کر سکتا ہے کہ جس عورت کے ساتھ اس نے پہلے متعہ کیا ہو اور ابھی اس کی عدت ختم نہ ہوئی ہو، اس سے دائمی عقد کر لے یا دوبارہ متعہ کر لے۔ لیکن اگر متعہ کی مدت مکمل نہیں ہوئی ہے اور وہی شخص اس عورت کے ساتھ دائمی نکاح پڑھے تو یہ نکاح باطل ہے۔ لیکن یہ کر سکتا ہے کہ باقی ماندہ مدت اسے بخشے اور اس کے بعد عقد دائمی کرے۔

نگاہ ڈالنے کے احکام

(۲۳۹۲) مرد کے لئے نامحرم عورتوں کا جسم دیکھنا اور اسی طرح ان کے بالوں کو دیکھنا خواہ لذت کے ارادے سے ہو یا اس کے بغیر، حرام میں مبتلا ہونے کا خوف ہو یا نہ ہو، حرام ہے۔ ان کے چہرے پر نگاہ ڈالنا اور ہاتھوں کو کلائیوں تک دیکھنا اگر لذت کے ارادے سے ہو یا حرام میں مبتلا ہونے کا خوف ہو تو حرام ہے۔ بلکہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ لذت کے ارادے کے بغیر اور حرام میں مبتلا ہونے کا خوف نہ ہو تب بھی نہ دیکھے۔ اسی طرح عورت کے لئے نامحرم مرد کے جسم پر نظر ڈالنا لذت کے ارادے سے اور حرام میں مبتلا ہونے کے خوف کے ساتھ حرام ہے بلکہ احتیاط واجب کی بنا پر لذت کا ارادہ اور حرام میں مبتلا ہونے کا خوف نہ ہو تب بھی نگاہ نہیں ڈالنی چاہئے۔ لیکن اگر عورت مرد کے جسم کے ان حصوں مثلاً سر، دونوں ہاتھوں اور دونوں پنڈلیوں پر جنہیں عموماً مرد نہیں چھپاتے، لذت کے ارادے کے بغیر نظر ڈالے اور حرام میں مبتلا ہونے کا خوف نہ ہو تو کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۲۳۹۳) وہ بے پردہ عورتیں جنہیں اگر کوئی پردہ کرنے کے لئے کہے تو اس کو اہمیت نہ دیتی ہوں، ان کے بدن کی طرف دیکھنے میں اگر لذت کا قصد اور حرام میں مبتلا ہونے کا خوف نہ ہو تو کوئی اشکال نہیں۔ اس حکم میں کافر اور غیر کافر عورتوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اسی طرح ان کے ہاتھ، چہرے اور جسم کے دیگر حصے جنہیں چھپانے کی وہ عادی نہیں، کوئی فرق نہیں ہے۔

(۲۳۹۴) عورت کو چاہئے کہ وہ — علاوہ چہرے اور ہاتھوں کے — سر کے بال اور اپنا بدن نامحرم مرد سے چھپائے اور احتیاط لازم یہ ہے کہ اپنا بدن اور سر کے بال اس لڑکے سے بھی چھپائے جو ابھی بالغ تو نہ ہوا ہو لیکن (اتنا سمجھدار ہو کہ) اچھے اور برے کو سمجھتا ہو اور احتمال ہو کہ عورت کے بدن پر اس کی نظر پڑنے سے اس کی جنسی خواہش بیدار ہو جائے گی۔ لیکن عورت نامحرم مرد کے سامنے چہرہ اور کلائیوں تک ہاتھ کھلے رکھ سکتی ہے لیکن

اس صورت میں کہ حرام میں مبتلا ہونے کا خوف ہو یا کسی مرد کو (ہاتھ اور چہرہ) دکھانا حرام میں مبتلا کرنے کے ارادے سے ہو تو ان دونوں صورتوں میں ان کو چھپانا واجب ہے۔

(۲۳۹۵) بالغ مسلمان کی شرمگاہ دیکھنا حرام ہے۔ اگرچہ ایسا کرنا شیشے کے پیچھے سے یا آئینے میں یا صاف شفاف پانی وغیرہ میں ہی کیوں نہ ہو۔ اور احتیاط لازم کی بنا پر یہی حکم ہے کافر اور اس بچے کی شرمگاہ کی طرف دیکھنے کا جو اچھے برے کو سمجھتا ہو، البتہ میاں بیوی ایک دوسرے کا پورا بدن دیکھ سکتے ہیں۔

(۲۳۹۶) جو مرد اور عورت آپس میں محرم ہوں اگر وہ لذت کی نیت نہ رکھتے ہوں اور حرام میں مبتلا ہونے کا خوف نہ ہو تو شرمگاہ کے علاوہ ایک دوسرے کا پورا بدن دیکھ سکتے ہیں۔

(۲۳۹۷) ایک مرد کو دوسرے مرد کا بدن لذت کی نیت سے نہیں دیکھنا چاہئے۔ اور ایک عورت کا دوسری عورت کے بدن کو لذت کی نیت سے دیکھنا بھی حرام ہے۔ اسی طرح اگر حرام کام میں مبتلا ہونے کا خوف ہو تو بھی دونوں صورتوں میں حرام ہے۔

(۲۳۹۸) اگر کوئی مرد کسی نامحرم عورت کو پہچانتا ہو اگر وہ بے پردہ عورتوں میں سے نہ ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے اس کی تصویر نہیں دیکھنا چاہئے۔ بجز چہرے اور ہاتھوں کے کہ انہیں دیکھنا بغیر لذت ہو اور حرام میں مبتلا ہونے کا خوف نہ ہو تو جائز ہے۔

(۲۳۹۹) اگر لازم ہو کہ ایک عورت کسی دوسری عورت کا یا اپنے شوہر کے علاوہ کسی مرد کا انیما کرے یا اس کی شرمگاہ کو دھو کر پاک کرے تو ضروری ہے کہ اپنے ہاتھ پر کوئی چیز لپیٹ لے تاکہ اس کا ہاتھ اس (عورت یا مرد) کی شرمگاہ پر نہ لگے۔ اگر ایک مرد کسی دوسرے مرد یا اپنی بیوی کے علاوہ کسی دوسری عورت کا انیما کرنا چاہے یا اس کی شرمگاہ کو دھو کر پاک کرنا چاہے تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔

(۲۴۰۰) اگر عورت نامحرم مرد سے اپنی کسی ایسی بیماری کا علاج کرانے پر مجبور ہو جس کا علاج وہ بہتر طور پر کر سکتا ہو تو وہ عورت اس نامحرم مرد سے اپنا علاج کرا سکتی ہے۔ چنانچہ وہ مرد علاج کے سلسلے میں اس کو دیکھنے یا اس کے بدن کو ہاتھ لگانے پر مجبور ہو تو (ایسا کرنے میں) کوئی اشکال نہیں۔ لیکن اگر وہ محض دیکھ کر علاج کر سکتا ہو تو ضروری ہے کہ اس عورت کے بدن کو ہاتھ نہ لگائے اور اگر صرف ہاتھ لگانے سے علاج کر سکتا ہو تو پھر ضروری ہے کہ اس عورت پر نگاہ نہ ڈالے۔

(۲۴۰۱) اگر انسان کسی شخص کا علاج کرنے کے سلسلے میں اس کی شرمگاہ پر نگاہ ڈالنے پر مجبور ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے چاہئے کہ آئینہ سامنے رکھے اور اس میں دیکھے۔ لیکن اگر شرمگاہ پر نگاہ ڈالنے کے علاوہ کوئی چارہ نہ ہو تو (ایسا کرنے میں) کوئی اشکال نہیں۔ اگر شرمگاہ پر نگاہ ڈالنے کی مدت آئینے میں دیکھنے کی مدت سے کم ہو تب بھی یہی حکم ہے۔

مختلف ازدواجی مسائل

(۲۴۰۲) جو شخص شادی نہ کرنے کی وجہ سے حرام "فعل" میں مبتلا ہوتا ہو اس پر واجب ہے کہ شادی کرے۔

(۲۴۰۳) اگر مرد نکاح میں مثلاً یہ شرط عائد کرے کہ عورت کنواری ہو اور نکاح کے بعد معلوم ہو کہ وہ کنواری نہیں تو مرد نکاح کو فسخ کرسکتا ہے۔ اور اگر فسخ نہ کرے یا کنواری ہونے کی شرط نہ رکھی ہو البتہ اسے کنواری سمجھ کر شادی کی ہو تو باکرہ اور غیر باکرہ کے مہر مثل کی نسبت سے مقرر کردہ مہر میں جو فرق ہو وہ کم کرسکتا ہے۔ اور اگر مہر ادا کردیا ہو تو (فرق کی رقم) واپس لے لے۔ مثلاً اگر اس کا مہر سو روپے رکھا ہو اور اس جیسی باکرہ عورت کا مہر اسّی روپے ہو اور غیر باکرہ کا ساٹھ روپے ہو تو اس کے سو روپے مہر میں سے ۱/۴ کا جو فرق ہے وہ کم ہوجائیں گے۔

(۲۴۰۴) نامحرم مرد اور عورت کا کسی ایسی جگہ ساتھ ہونا جہاں اور کوئی نہ ہو جبکہ اس صورت میں بہکنے کا اندیشہ بھی ہو حرام ہے چاہے وہ جگہ ایسی ہو جہاں کوئی اور بھی آ سکتا ہو، البتہ اگر بہکنے کا اندیشہ نہ ہو تو کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۲۴۰۵) اگر کوئی مرد، عورت کا مہر نکاح میں معین کردے اور اس کا ارادہ یہ ہو کہ وہ مہر نہیں دے گا تو (اس سے نکاح نہیں ٹوٹتا بلکہ) صحیح ہے۔ لیکن ضروری ہے کہ مہر ادا کرے۔

(۲۴۰۶) جو مسلمان اسلام سے خارج ہوجائے اور کفر اختیار کرے تو اسے "مرتد" کہتے ہیں اور مرتد کی دو قسمیں ہیں: (۱) مرتد فطری (۲) مرتد ملی۔

مرتد فطری وہ شخص ہے جس کی پیدائش کے وقت اس کے ماں باپ دونوں یا ان میں سے کوئی ایک مسلمان ہو اور وہ خود بھی اچھے برے کو پہچاننے کے بعد مسلمان ہوا ہو لیکن بعد میں کافر ہوجائے اور مرتد ملی اس کے برعکس ہے (یعنی وہ شخص ہے جس کی پیدائش کے وقت ماں باپ دونوں یا ان میں سے ایک بھی مسلمان نہ ہو)۔

(۲۴۰۷) اگر عورت شادی کے بعد مرتد ہوجائے خواہ مرتدہ ملی ہو خواہ فطری تو اس کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے اور اگر اس کے شوہر نے اس کے ساتھ جماع نہ کیا ہو تو اس کے لئے عدت نہیں ہے۔ اگر جماع کے بعد مرتد ہوجائے اگرچہ یائسہ ہوچکی ہو یا بہت چھوٹی ہو تب بھی یہی حکم ہے۔ لیکن اگر اس کی عمر حیض آنے والی عورتوں کے برابر ہو تو اسے چاہئے کہ اُس طریقے کے مطابق جس کا ذکر طلاق کے احکام میں کیا جائے گا عدت گزارے۔ اور اگر عدت کے دوران مسلمان ہوجائے تو اس کا نکاح (نہیں ٹوٹتا یعنی) باقی رہتا ہے۔ اگرچہ بہتر یہ ہے کہ میاں بیوی اکٹھے رہنا چاہیں تو دوبارہ نکاح پڑھالیں اور اگر علیحدگی کرنا چاہیں تو طلاق دیدی جائے۔

اور مسئلے کی رو سے یائسہ اس عورت کو کہتے ہیں جس کی عمر پچاس سال ہوگئی ہو اور عمر رسیدہ ہونے کی وجہ سے اسے حیض نہ آتا ہو اور دوبارہ آنے کی امید بھی نہ ہو۔

(۲۴۰۸) اگر مرد عقد کے بعد مرتد فطری ہوجائے تو اس کی بیوی اس پر حرام ہوجاتی ہے۔ اگر اس نے بیوی سے ہمبستری کی ہو اور عورت یائسہ یا عمر میں چھوٹی نہ ہو تو عورت کو چاہئے کہ عدت وفات کے برابر عدت رکھے جس کا ذکر احکام طلاق میں بیان ہوگا۔ بلکہ احتیاط واجب کی بناپر اگر ہمبستری نہ کی ہو یا عورت یائسہ ہو یا کم عمر ہو تب بھی عدت وفات کے برابر عدت گزارے۔ اگر عدت کے دوران مرد توبہ کرلے اور دونوں اکٹھے زندگی گزارنا چاہیں تو احتیاط واجب کی بناپر دوبارہ عقد پڑھیں اور جدا ہونا چاہیں تو طلاق دی جائے۔

(۲۴۰۹) اگر کوئی مرد شادی کے بعد مرتد ملی ہوجائے تو اس کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے۔ لہٰذا اگر اس نے اپنی بیوی کے ساتھ جماع نہ کیا ہو یا وہ عورت یائسہ یا بہت چھوٹی ہو تو اس کے لئے عدت نہیں ہے۔ اور اگر وہ مرد جماع کے بعد مرتد ہو اور اس کی بیوی ان عورتوں کی ہم سن ہو جنہیں حیض آتا ہے تو ضروری ہے کہ وہ عورت طلاق کی عدت کے برابر جس کا ذکر طلاق کے احکام میں آئے گا عدت رکھے۔ اور اگر اس کی عدت ختم ہونے سے پہلے اس کا شوہر مسلمان ہوجائے تو اس کا نکاح قائم رہتا ہے۔

(۲۴۱۰) اگر عورت عقد میں مرد پر شرط عائد کرے کہ اسے (ایک معین) شہر سے باہر نہ لے جائے اور مرد بھی اس شرط کو قبول کرلے تو ضروری ہے کہ اس عورت کو اس کی رضامندی کے بغیر اس شہر سے باہر نہ لے جائے۔

(۲۴۱۱) اگر کسی عورت کی پہلے شوہر سے لڑکی ہو تو بعد میں اس کا دوسرا شوہر اس لڑکی کا نکاح اپنے اس لڑکے سے کرسکتا ہے جو اس بیوی سے نہ ہو۔ نیز اگر کسی لڑکی کا نکاح اپنے بیٹے سے کرے تو بعد میں اس لڑکی کی ماں سے خود بھی نکاح کرسکتا ہے۔

(۲۴۱۲) اگر کوئی عورت زنا سے حاملہ ہوجائے تو بچے کو گرانا اس کے لئے جائز نہیں ہے۔ صرف اسی صورت میں جائز ہے کہ اس کا باقی رہنا عورت کے لئے ضرر کا باعث ہو جو ناقابل برداشت ہو، یا اسے زیادہ تکلیف اٹھانی پڑے تو اس صورت میں بچے میں جان آنے سے پہلے اسقاط حمل جائز ہے البتہ اس کی دیت دیں گے۔ لیکن بچے میں جان آنے کے بعد کسی بھی صورت میں حمل ساقط کرانا جائز نہیں۔

(۲۴۱۳) اگر کوئی مرد کسی ایسی عورت سے زنا کرے جو شوہر دار نہ ہو اور کسی دوسرے کی عدت میں بھی نہ ہو، چنانچہ بعد میں اس عورت سے شادی کرلے اور کوئی بچہ پیدا ہوجائے تو اس صورت میں کہ جب وہ یہ نہ جانتے ہوں کہ بچہ حلال نطفے سے ہے یا حرام نطفے سے تو وہ بچہ حلال زادہ ہے۔

(۲۴۱۴) اگر کسی مرد کو یہ معلوم نہ ہو کہ ایک عورت عدت میں ہے اور وہ اس سے نکاح کرلے تو اگر عورت کو بھی اس بارے میں علم نہ ہو اور ان کے ہاں بچہ پیدا ہو تو وہ حلال زادہ ہوگا اور شرعاً ان دونوں کا بچہ ہوگا۔ لیکن اگر عورت کو علم تھا کہ وہ عدت میں ہے اور عدت کے دوران نکاح کرنا جائز نہیں ہے تو شرعاً وہ بچہ

باپ کا ہوگا اور بہرصورت ان دونوں کا نکاح باطل ہے اور جیسے کہ بیان ہو چکا ہے کہ وہ دونوں ہمیشہ کے لئے ایک دوسرے پر حرام ہیں۔

(۲۴۱۵) اگر کوئی عورت یہ کہے کہ میں یائسہ ہوں تو اس کی یہ بات قبول نہیں کرنی چاہئے لیکن اگر کہے کہ میں شوہر دار نہیں ہوں تو اس کی بات مان لینا چاہئے۔ لیکن اگر وہ غلط بیاں ہو تو اس صورت میں احتیاط واجب یہ ہے کہ اس کے بارے میں تحقیق کی جائے۔

(۲۴۱۶) اگر کوئی شخص کسی ایسی عورت سے شادی کرے جس نے کہا ہو کہ میرا شوہر نہیں ہے اور بعد میں کوئی اور شخص کہے کہ وہ عورت اس کی بیوی ہے تو جب تک شرعاً یہ بات ثابت نہ ہو جائے کہ وہ سچ کہہ رہا ہے اس کی بات کو قبول نہیں کرنا چاہئے۔

(۲۴۱۷) جب تک لڑکا یا لڑکی دو سال کے نہ ہو جائیں باپ، بچوں کو ان کی ماں سے جدا نہیں کر سکتا اس لئے کہ بچے کی نگہداشت ماں اور باپ دونوں کے ذمہ ہے اور احوط اور اولیٰ یہ ہے کہ بچے کو سات سال تک اس کی ماں سے جدا نہ کرے۔

(۲۴۱۸) اگر رشتہ مانگنے والے کی دیانت داری اور اخلاق پسندیدہ ہوں تو بہتر یہ ہے کہ (رشتہ دینے سے) انکار نہ کرے۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ ''جب بھی کوئی شخص تمہاری لڑکی کا رشتہ مانگنے آئے اور تمہیں اس شخص کے اخلاق اور دیانت داری پسند ہو تو اپنی لڑکی کی شادی اس سے کردو۔ اگر ایسا نہ کروگے تو زمین پر بہت بڑا فتنہ پھیل جائے گا۔''

(۲۴۱۹) اگر بیوی شوہر کے ساتھ اس شرط پر اپنے مہر کی مصالحت کرے (یعنی اسے مہر بخش دے) کہ وہ دوسری شادی نہیں کرے گا تو واجب ہے کہ وہ دوسری شادی نہ کرے۔ اور بیوی بھی مہر لینے کا کوئی حق نہیں رکھتی۔

(۲۴۲۰) ولدالزنا اگر شادی کرلے اور اس کے ہاں بچہ پیدا ہو تو وہ حلال زادہ ہے۔

(۲۴۲۱) اگر کوئی شخص رمضان کے روزوں میں یا عورت کے حائض ہونے کی حالت میں اس سے جماع کرے تو گنہگار ہے لیکن اگر اس جماع کے نتیجے میں ان کے ہاں کوئی بچہ پیدا ہو تو وہ حلال زادہ ہے۔

(۲۴۲۲) جس عورت کو یقین ہو کہ اس کا شوہر سفر میں فوت ہو گیا ہے اگر وہ وفات کی عدت جس کی مدت احکام طلاق میں بیان ہوگی گزارنے کے بعد شادی کرے اور بعد ازاں اس کا پہلا شوہر سفر سے (زندہ سلامت) واپس آجائے تو ضروری ہے کہ دوسرے شوہر سے جدا ہو جائے اور وہ پہلے شوہر پر حلال ہوگی۔ لیکن اگر دوسرے شوہر نے اس سے جماع کیا ہو تو عورت کے لئے ضروری ہے کہ عدت وطی شبہ جو عدت طلاق کے برابر ہے پوری کرے۔ اس دوران پہلے شوہر کو عورت سے جماع نہیں کرنا چاہئے۔ البتہ دوسری تمام لذتیں حاصل کرنا جائز ہیں۔ اور اس کا نان نفقہ پہلے شوہر کے ذمہ ہے۔ اور دوسرے شوہر کو چاہئے کہ اس جیسی عورتوں کے مہر کے مطابق اسے مہر ادا کرے۔

دودھ پلانے کے احکام

(۲۴۲۳) اگر کوئی عورت ایک بچے کو ان شرائط کے ساتھ دودھ پلائے جو مسئلہ ۲۴۳۳ میں بیان ہوں گی تو وہ بچہ اگر لڑکا ہے تو درج ذیل عورتوں کا اور لڑکی ہے تو درج ذیل مردوں کی محرم بن جاتی ہے:

(۱) خود وہ عورت — اور اسے رضاعی ماں کہتے ہیں۔

(۲) عورت کا شوہر جو کہ دودھ کا مالک ہے — اور اسے رضاعی باپ کہتے ہیں۔

(۳) اس عورت کا باپ اور ماں — اور جہاں تک یہ سلسلہ اوپر چلا جائے چاہے وہ اس عورت کے رضاعی ماں باپ ہی کیوں نہ ہوں۔

(۴) اس عورت کے وہ بچے جو پیدا ہو چکے ہوں یا بعد میں پیدا ہوں۔

(۵) اس عورت کی اولاد کی اولاد خواہ یہ سلسلہ جس قدر بھی نیچے چلا جائے اور اولاد کی اولاد خواہ حقیقی ہو خواہ رضاعی۔

(۶) اس عورت کی بہنیں اور بھائی خواہ وہ رضاعی ہی کیوں نہ ہوں یعنی دودھ پینے کی وجہ سے اس عورت کے بہن اور بھائی بن گئے ہوں۔

(۷) اس عورت کا چچا اور پھوپھی خواہ وہ رضاعی ہی کیوں نہ ہوں۔

(۸) اس عورت کا ماموں اور خالہ خواہ وہ رضاعی ہی کیوں نہ ہوں۔

(۹) اس عورت کے اس شوہر کی اولاد جو دودھ کا مالک ہے — اور جہاں تک بھی یہ سلسلہ نیچے چلا جائے اگرچہ اس کی اولاد رضاعی ہی کیوں نہ ہو۔

(۱۰) اس عورت کے اس شوہر کے ماں باپ (جو دودھ کا مالک ہے) اور جہاں تک بھی یہ سلسلہ اوپر چلا جائے۔

(۱۱) اس عورت کے اس شوہر کے بہن بھائی (جو دودھ کا مالک ہے) خواہ وہ اس کے رضاعی بہن بھائی ہی کیوں نہ ہوں۔

(۱۲) (اس عورت کا جو) شوہر (دودھ کا مالک ہے اس) کے چچا اور پھوپھیاں اور ماموں اور خالائیں — اور جہاں تک یہ سلسلہ اوپر چلا جائے اور اگرچہ وہ رضاعی ہی کیوں نہ ہوں۔

اور ان کے علاوہ کئی اور لوگ بھی دودھ پلانے کی وجہ سے محرم بن جاتے ہیں جن کا ذکر آئندہ مسائل میں کیا جائے گا۔

(۲۴۲۴) اگر کوئی عورت کسی بچے کو ان شرائط کے ساتھ دودھ پلائے جن کا ذکر مسئلہ ۲۴۳۳ میں کیا جائے گا تو اس بچے کا باپ ان لڑکیوں سے شادی نہیں کر سکتا جنہیں وہ عورت جنم دے اور اگر ان میں سے کوئی ایک

لڑکی ابھی اسکی بیوی ہو تو اس کا نکاح ٹوٹ جائے گا۔ البتہ اس کا اس عورت کی رضاعی لڑکیوں سے نکاح کرنا جائز ہے۔ اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ ان کے ساتھ بھی نکاح نہ کرے۔ نیز احتیاط واجب کی بنا پر وہ اس عورت کے اس شوہر کی بیٹیوں سے نکاح نہیں کر سکتا جو دودھ کا مالک ہے اگرچہ وہ اس شوہر کی رضاعی بیٹیاں ہوں لہٰذا اگر اس وقت ان میں سے کوئی عورت اس کی بیوی ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اس کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے۔

(۲۴۲۵) اگر کوئی عورت کسی بچے کو ان شرائط کے ساتھ دودھ پلائے جن کا ذکر مسئلہ ۲۴۳۳ میں کیا جائے گا تو اس عورت کا وہ شوہر جو کہ دودھ کا مالک ہے اس بچے کی بہنوں کا محرم نہیں بن جاتا نیز شوہر کے رشتہ دار بھی اس بچے کے بھائی بہنوں کے محرم نہیں بن جاتے!

(۲۴۲۶) اگر کوئی عورت ایک بچے کو دودھ پلائے تو وہ اس کے بھائیوں کی محرم نہیں بن جاتی اور اس عورت کے رشتہ دار بھی اس بچے کے بھائی بہنوں کے محرم نہیں بن جاتے۔

(۲۴۲۷) اگر کوئی شخص اس عورت سے جس نے کسی لڑکی کو پورا دودھ پلایا ہو نکاح کرلے اور اس سے مجامعت کرلے تو پھر وہ اس لڑکی سے نکاح نہیں کر سکتا۔

(۲۴۲۸) اگر کوئی شخص کسی لڑکی سے نکاح کرلے تو پھر وہ اس عورت سے نکاح نہیں کر سکتا جس نے اس لڑکی کو پورا دودھ پلایا ہو۔

(۲۴۲۹) کوئی شخص اس لڑکی سے نکاح نہیں کر سکتا جسے اس شخص کی ماں یا دادی نے پورا دودھ پلایا ہو۔ نیز اگر کسی شخص کے باپ کی بیوی نے (یعنی اس کی سوتیلی ماں نے) اس شخص کے باپ کا مملوکہ دودھ کسی لڑکی کو پلایا ہو تو وہ شخص اس لڑکی سے نکاح نہیں کر سکتا۔ اور اگر کوئی شخص کسی دودھ پیتی بچی سے نکاح کرے اور اس کے بعد اس کی ماں یا دادی یا اس کی سوتیلی ماں اس بچی کو دودھ پلا دے تو نکاح ٹوٹ جاتا ہے۔

(۲۴۳۰) جس لڑکی کو کسی شخص کی بہن یا بھابھی نے بھائی کے دودھ سے پورا دودھ پلایا ہو وہ شخص اس لڑکی سے نکاح نہیں کر سکتا۔ جب کسی شخص کی بھانجی، بھتیجی یا بہن یا بھائی کی پوتی یا نواسی نے اس بچی کو دودھ پلایا ہو تب بھی یہی حکم ہے۔

(۲۴۳۱) اگر کوئی عورت اپنی لڑکی کے بچے کو (یعنی اپنے نواسے یا نواسی کو) پورا دودھ پلائے تو وہ لڑکی اپنے شوہر پر حرام ہو جائے گی۔ اگر کوئی عورت اس بچے کو دودھ پلائے جو اس کی لڑکی کے شوہر کی دوسری بیوی سے پیدا ہوا ہو تب بھی یہی حکم ہے۔ لیکن اگر کوئی عورت اپنے بیٹے کے بچے کو (یعنی اپنے پوتے یا پوتی کو) دودھ پلائے تو اس کے بیٹے کی بیوی (یعنی دودھ پلائی کی بہو) جو اس دودھ پیتے بچے کی ماں ہے اپنے شوہر پر حرام نہیں ہوگی۔

(۲۴۳۲) اگر کسی لڑکی کی سوتیلی ماں اس لڑکی کے شوہر کے بچے کو اس لڑکی کے باپ کا مملوکہ دودھ پلا دے تو اس احتیاط کی بنا پر جس کا ذکر مسئلہ ۲۴۲۴ میں کیا گیا ہے، وہ لڑکی اپنے شوہر پر حرام ہو جاتی ہے، خواہ وہ بچہ اس لڑکی کے بطن سے یا کسی دوسری عورت کے بطن سے ہو۔

دودھ پلا کر محرم بننے کی شرائط

(۲۴۳۳) بچے کو دودھ پلانا جو محرم بننے کا سبب بنتا ہے، اس کی آٹھ شرطیں ہیں:

(۱) بچہ زندہ عورت کا دودھ پیئے۔ پس اگر وہ مردہ عورت کے پستان سے دودھ کی کچھ مقدار پیئے جو رضاعت میں معتبر ہے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں۔

(۲) عورت کا دودھ شرعی (جائز) زچگی کی وجہ سے ہو، اگرچہ وطی شبہ کی بنا پر ہو۔ پس اگر فرضاً دودھ بغیر زچگی کے اترا ہو یا ایسے بچے کا دودھ ہو جو ولدالزنا ہو کسی دوسرے بچے کو دیا جائے تو اس دودھ کے توسط سے وہ دوسرا بچہ کسی کا محرم نہیں بنے گا۔

(۳) بچہ پستان سے دودھ پیئے۔ پس اگر دودھ اس کے حلق میں انڈیلا جائے تو بیکار ہے۔

(۴) دودھ خالص ہو اور کسی دوسری چیز سے ملا ہوا نہ ہو۔

(۵) دودھ کی جو مقدار موجب حرمت ہے وہ دودھ ایک ہی شوہر کا ہو۔ پس دودھ پلانے والی عورت کو اگر طلاق ہو جائے اور وہ عقد ثانی کرلے اور دوسرے شوہر سے حاملہ ہو جائے اور بچہ جننے تک اس کے پہلے شوہر کا دودھ اس میں باقی ہو مثلاً اگر اس بچے کو خود بچہ جننے سے قبل پہلے شوہر کا دودھ آٹھ دفعہ اور وضع حمل کے بعد دوسرے شوہر کا دودھ سات دفعہ پلائے تو وہ بچہ کسی کا بھی محرم نہیں بنتا۔

(۶) بچہ کسی بیماری کی وجہ سے دودھ کی قے نہ کردے اور اگر قے کردے تو بچہ محرم نہیں بنتا۔

(۷) بچے کو اس قدر دودھ پلایا جائے کہ اس کی ہڈیاں اس دودھ سے مضبوط ہوں اور بدن کا گوشت بھی اس سے بنے اور اگر اس بات کا علم نہ ہو کہ اس قدر دودھ پیا ہے یا نہیں تو اگر اس نے ایک دن اور ایک رات یا پندرہ دفعہ پیٹ بھر کر دودھ پیا ہو تب بھی (محرم ہونے کے لئے) کافی ہے جیسا کہ اس کا (تفصیلی) ذکر آنے والے مسئلے میں کیا جائے گا۔ لیکن اگر اس بات کا علم ہو کہ اس کی ہڈیاں اس دودھ سے مضبوط نہیں ہوئیں اور اس کا گوشت بھی اس سے نہیں بنا حالانکہ بچے نے ایک دن اور ایک رات یا پندرہ دفعہ دودھ پیا ہو تو اس جیسی صورت میں احتیاط واجب کا خیال کرنا ضروری ہے۔ پس مذکورہ موارد میں شادی نہ کی جائے اور محرمانہ نظر بھی نہ ڈالی جائے۔

(۸) بچے کی عمر کے دو سال مکمل نہ ہوئے ہوں اور اگر اس کی عمر دو سال ہونے کے بعد اسے دودھ پلایا جائے تو وہ کسی کا محرم نہیں بنتا بلکہ اگر مثال کے طور پر وہ عمر کے دو سال مکمل ہونے سے پہلے آٹھ دفعہ اور اس کے بعد سات دفعہ دودھ پیئے تب بھی وہ کسی کا محرم نہیں بنتا۔ لیکن اگر دودھ پلانے والی عورت کو بچہ جنے ہوئے دو سال سے زیادہ مدت گزر چکی

ہواور اس کا دودھ ابھی باقی ہواور وہ کسی بچے کو دودھ پلائے تو وہ بچہ ان لوگوں کا محرم بن جاتا ہے جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔

(۲۴۳۴) سابقہ مسئلہ سے یہ واضح ہوگیا کہ محرمیت کا سبب بننے والے دودھ کے تین معیار ہیں:

(۱) بچہ دودھ اس حد تک پیئے کہ عرفاً وہ گوشت بننے اور ہڈیاں مضبوط ہونے کا موجب ہو۔ اس کے لئے شرط یہ ہے کہ اس کا دارومدار صرف دودھ پر ہو، دودھ کے ساتھ کوئی اور غذا نہ ہو۔ لیکن اگر معمولی مقدار میں غذا کھائے تو کوئی حرج نہیں۔ اگر بچہ دو عورتوں کا دودھ پیئے اور بعض گوشت اور ہڈیاں ایک سے بن کر مستحکم ہوجائیں اور بعض دوسری کے دودھ سے تو دونوں محرم ہوں گی اور اس کی رضاعی ماں بن جائیں گی۔ اگر دونوں کے دودھ سے مل کر بنے ہوں تو حرمت ثابت نہیں ہوگی۔

(۲) وقت کا حساب: اس کی شرط یہ ہے کہ بچہ چوبیں گھنٹے کے دوران اور کسی کا دودھ نہ پیئے لیکن اگر پانی پیئے، دوائی دی جائے یا اتنی کم غذا کھائے کہ یہ نہ کہا جاسکے کہ چوبیں گھنٹوں کے دوران غذا کھائی ہے تو کوئی اشکال نہیں۔ اور ضروری ہے کہ پورے دن رات میں جب بھی بچے کو غذا کی ضرورت پڑے تو دودھ پیئے جس سے اسے نہ روکا جائے بلکہ احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ چوبیں گھنٹے کا حساب اس وقت سے شروع کیا جائے جب بچہ بھوکا ہواور اس کا آخر وہ وقت شمار کیا جائے کہ بچہ سیر ہو۔

(۳) تعداد کا حساب: اس کے لئے شرط یہ ہے کہ پندرہ مرتبہ مسلسل اسی عورت کا دودھ پیئے اور اس پندرہ دفعہ کے دوران اور کسی کا دودھ نہ پیئے۔ لیکن اس دوران غذا کھانا ضرر کا باعث نہیں اور پندرہ دفعہ کے دوران وقت کا فاصلہ ہوجائے تو بھی کوئی ضرر نہیں لیکن ضروری ہے کہ ہر دفعہ میں بچہ سیر ہو کر دودھ پیئے۔ وہ اس طرح کہ بچے کو بھوک لگی ہواور وہ مکمل سیر ہونے تک بغیر وقفے کے دودھ پیئے۔ لیکن اگر دودھ پینے کے دوران ذرا رک جائے یا صبر کرے کہ چھاتی منہ میں لینے سے سیر ہونے تک کو ایک دفعہ شمار کیا جاسکے تو کوئی اشکال نہیں۔

(۲۴۳۵) اگر کوئی عورت اپنے شوہر کا دودھ کسی بچے کو پلائے۔ بعد ازاں عقد ثانی کرلے اور دوسرے شوہر کا دودھ کسی اور بچے کو پلائے تو وہ دونوں بچے آپس میں محرم نہیں بنتے۔

(۲۴۳۶) اگر کوئی عورت ایک شوہر کا دودھ کئی بچوں کو پلائے تو وہ سب بچے آپس میں نیز اس شوہر کے اور اس عورت کے جس نے انہیں دودھ پلایا ہو محرم بن جاتے ہیں۔

(۲۴۳۷) اگر کسی شخص کی کئی بیویاں ہوں اور ان میں سے ہر ایک ان شرائط کے ساتھ جو بیان کی گئی ہیں ایک ایک بچے کو دودھ پلادے تو وہ سب بچے آپس میں اور اس آدمی اور ان تمام عورتوں کے محرم بن جاتے ہیں۔

(۲۴۳۸) اگر کسی شخص کی دو بیویوں کو دودھ اترتا ہواور ان میں سے ایک کسی بچے کو مثال کے طور پر آٹھ مرتبہ اور دوسری سات مرتبہ دودھ پلادے تو وہ بچہ کسی کا بھی محرم نہیں بنتا۔

(۲۴۳۹) اگر کوئی عورت ایک شوہر کا پورا دودھ ایک لڑکے اور ایک لڑکی کو پلائے تو اس لڑکی کے بہن بھائی اس لڑکے کے بہن بھائیوں کے محرم نہیں بن جاتے۔

(۲۴۴۰) کوئی شخص اپنی بیوی کی اجازت کے بغیر ان عورتوں سے نکاح نہیں کرسکتا جو دودھ پینے کی وجہ سے اس کی بیوی کی بھانجیاں یا بھتیجیاں بن گئی ہوں۔ نیز اگر کوئی شخص کسی نابالغ لڑکے سے اغلام کرے تو وہ اس لڑکے کی رضاعی بیٹی، بہن، ماں اور دادی سے یعنی ان عورتوں سے جو دودھ پینے کی وجہ سے اس کی بیٹی، بہن، ماں (اور دادی) بن گئی ہوں نکاح نہیں کرسکتا۔ احتیاط واجب کی بنا پر اس صورت میں جبکہ لواطت کرنے والا بالغ نہ ہو یا لواطت کرانے والا بالغ ہو تب بھی یہی حکم ہے۔

(۲۴۴۱) جس عورت نے کسی شخص کے بھائی کو دودھ پلایا ہو وہ اس شخص کی محرم نہیں بن جاتی۔

(۲۴۴۲) کوئی آدمی دو بہنوں سے (ایک وقت میں) نکاح نہیں کرسکتا اگرچہ وہ رضاعی بہنیں ہی ہوں یعنی دودھ پینے کی وجہ سے ایک دوسری کی بہنیں بن گئی ہوں۔ اور اگر وہ دو عورتوں سے شادی کرے اور بعد میں اسے پتا چلے کہ وہ آپس میں بہنیں ہیں تو اس صورت میں جبکہ ان کی شادی ایک ہی وقت میں ہوئی ہو اظہر یہ ہے کہ دونوں نکاح باطل ہیں اور اگر نکاح ایک ہی وقت میں نہ ہوا ہو تو پہلا نکاح صحیح اور دوسرا باطل ہے۔

(۲۴۴۳) اگر کوئی عورت اپنے شوہر کا دودھ ان اشخاص کو پلائے جن کا ذکر ذیل میں کیا گیا ہے تو اس عورت کا شوہر اس پر حرام نہیں ہوتا:

(۱) اپنے بھائی اور بہن کو۔

(۲) اپنے چچا، پھوپھی، ماموں، خالہ اور ان کی اولاد کو۔

(۳) اپنے پوتوں کو۔ اگرچہ نواسوں کو دودھ پلانے کی صورت میں اس کی لڑکی اپنے شوہر پر حرام ہوجائے گی۔

(۴) اپنے بھتیجے اور بھانجے کو۔

(۵) اپنے دیور یا نند کو۔

(۶) اپنے شوہر کے بھانجے یا بھتیجے کو۔

(۷) اپنے شوہر کے چچا، پھوپھی، ماموں اور خالہ کو۔

(۸) اپنے شوہر کے دوسری بیوی سے پوتے پوتیوں کو۔

(۲۴۴۴) اگر کوئی عورت کسی شخص کی پھوپھی زاد یا خالہ زاد بہن کو دودھ پلائے تو وہ (عورت) اس شخص کی محرم نہیں بنتی۔

(۲۴۴۵) جس شخص کی دو بیویاں ہوں اگر اس کی ایک بیوی دوسری بیوی کے چچا کے بیٹے کو دودھ پلائے تو جس عورت کے چچا کے بیٹے نے دودھ پیا ہے وہ اپنے شوہر پر حرام نہیں ہوگی۔

دودھ پلانے کے آداب

(۲۴۴۶) بچے کو دودھ پلانے کا پہلا حق اس کی اپنی ماں کو حاصل ہے۔ باپ کو یہ حق حاصل نہیں کہ بچے کو دودھ پلانے کے لئے کسی دوسری عورت کے حوالے کرے۔ مگر یہ کہ ماں دودھ پلانے کی اجرت طلب کرے اور باپ کسی دوسری عورت کو ڈھونڈے جو مفت دودھ پلائے یا ماں سے کم اجرت پر راضی ہو۔ اس صورت میں باپ بچے کو کسی دایہ کے سپرد کرسکتا ہے۔ لیکن اس کے بعد اگر ماں اسے قبول نہ کرے اور اپنی مرضی سے بچے کو دودھ پلائے تو اجرت طلب نہیں کرسکتی۔

(۲۴۴۷) مستحب ہے کہ بچے کے لئے جو دایہ منتخب کی جائے وہ مسلمان ہو، عاقل ہو، جسمانی، اخلاقی اور نفسیاتی اعتبار سے پسندیدہ صفات کی مالک ہو۔ یہ مناسب نہیں کہ دایہ کافر، احمق، بوڑھی یا بدصورت ہو۔ یہ مکروہ ہے کہ کسی ایسی دایہ کو منتخب کیا جائے جو زنازادی ہو یا جس کا دودھ ایسے بچے سے ہو جو حرام کاری سے پیدا ہوا ہو۔

دودھ پلانے کے مختلف مسائل

(۲۴۴۸) عورتوں کے لئے بہتر ہے کہ وہ ہر ایک کے بچے کو دودھ نہ پلائیں کیونکہ ہوسکتا ہے وہ یہ یاد نہ رکھ سکیں کہ انہوں نے کس کس کو دودھ پلایا ہے اور (ممکن ہے کہ) بعد میں دو محرم ایک دوسرے سے نکاح کرلیں۔

(۲۴۴۹) مستحب ہے کہ بچے کو پورے ۲۱ مہینے دودھ پلایا جائے اور دو سال سے زیادہ دودھ پلانا مناسب نہیں ہے۔

(۲۴۵۰) اگر کسی دوسرے کے بچے کو دودھ پلانے کی وجہ سے شوہر کا حق تلف ہوتا ہو تو عورت شوہر کی اجازت کے بغیر دودھ نہیں پلاسکتی۔

(۲۴۵۱) اگر کسی عورت کا شوہر ایک شیرخوار بچی سے نکاح کرے اور وہ عورت اس بچی کو دودھ پلائے تو احتیاط واجب کی بنا پر وہ عورت اپنے شوہر پر حرام ابدی ہوجاتی ہے۔ اور احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ اسے طلاق دیدے اور کبھی اس کے ساتھ شادی نہ کرے۔ اگر دودھ خود اسی شوہر کا ہے تو وہ بچی بھی اس کے لئے حرام ابدی ہوجاتی ہے۔ اور اگر دودھ عورت کے سابق شوہر کا ہے تو احتیاط کی بنا پر عقد باطل ہوجاتا ہے۔

(۲۴۵۲) اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی بھابھی اس کی محرم بن جائے تو بعض فقہا نے فرمایا ہے کہ اسے چاہئے کہ کسی شیرخوار بچی سے مثال کے طور پر دو دن کے لئے متعہ کرلے اور ان دو دنوں میں ان شرائط کے ساتھ جن کا ذکر مسئلہ ۲۴۳۳ میں کیا گیا ہے اس کی بھابھی اس بچی کو دودھ پلائے تاکہ وہ اس کی بیوی کی ماں بن جائے۔ لیکن یہ حکم اس صورت میں جب بھابھی بھائی کے مملوک دودھ سے اس بچی کو پلائے محل اشکال ہے۔

(۲۴۵۳) اگر کوئی مرد کسی عورت سے شادی کرنے سے پہلے کہے کہ رضاعت کی وجہ سے وہ عورت مجھ پر حرام ہے، مثلاً کہے کہ میں نے اس عورت کی ماں کا دودھ پیا ہے تو اگر اس بات کی تصدیق ممکن ہو تو وہ اس عورت سے شادی نہیں کرسکتا۔ اور اگر وہ یہ بات شادی کے بعد کہے اور خود عورت بھی اس بات کو قبول کرے تو ان کا نکاح باطل ہے۔ لہٰذا اگر مرد نے اس عورت سے ہمبستری نہ کی ہو یا کی ہو، لیکن ہمبستری کے وقت عورت کو معلوم ہو کہ وہ اس مرد پر حرام ہے تو عورت کا کوئی مہر نہیں اور اگر عورت کو ہمبستری کے بعد پتا چلے کہ وہ اس مرد پر حرام تھی تو ضروری ہے کہ شوہر اس جیسی عورتوں کے مہر کے مطابق اسے مہر دے۔

(۲۴۵۴) اگر کوئی عورت شادی سے پہلے کہہ دے کہ رضاعت کی وجہ سے میں اس مرد پر حرام ہوں اور اس کی تصدیق ممکن ہو تو وہ اس مرد سے شادی نہیں کرسکتی اور اگر وہ یہ بات شادی کے بعد کہے تو اس کا کہنا ایسا ہی ہے جیسے کہ مرد شادی کے بعد کہے کہ وہ عورت اس پر حرام ہے اور اس کے متعلق حکم سابقہ مسئلے میں بیان ہوچکا ہے۔

(۲۴۵۵) دودھ پلانا جو محرم بننے کا سبب ہے دو چیزوں سے ثابت ہوتا ہے:

(۱) ایک شخص یا ایک ایسی جماعت کا خبر دینا جس کی بات پر یقین یا اطمینان ہوجائے۔

(۲) دو عادل مرد اس کی گواہی دیں لیکن ضروری ہے کہ وہ دودھ پلانے کی شرائط کے بارے میں بھی بتائیں مثلاً کہیں کہ ہم نے فلاں بچے کو چوبیس گھنٹے فلاں عورت کے پستان سے دودھ پیتے دیکھا ہے اور اس نے اس دوران اور کوئی چیز بھی نہیں کھائی۔ اور اسی طرح ان باقی شرائط کو بھی واشگاف الفاظ میں بیان کریں جن کا ذکر مسئلہ ۲۴۳۳ میں کیا گیا ہے۔ البتہ ایک مرد اور دو عورتوں یا چار عورتوں کی گواہی سے جو سب کے سب عادل ہوں رضاعت کا ثابت ہونا محل اشکال ہے اس لئے احتیاط پر عمل کیا جائے۔

(۲۴۵۶) اگر اس بات میں شک ہو کہ بچے نے اتنی مقدار میں دودھ پیا ہے جو محرم بننے کا سبب ہے یا نہیں پیا ہے یا گمان ہو کہ اس نے اتنی مقدار میں دودھ پیا ہے تو بچہ کسی کا محرم نہیں ہوتا لیکن بہتر یہ ہے کہ احتیاط کی جائے۔

طلاق کے احکام

(۲۴۵۷) جو مرد اپنی بیوی کو طلاق دے اس کے لئے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہو۔ لیکن اگر دس سال کا بچہ اپنی بیوی کو طلاق دے تو اس کے بارے میں احتیاط کا خیال رکھیں اور اسی طرح ضروری ہے کہ مرد اپنے اختیار سے طلاق دے۔ اور اگر اسے اپنی بیوی کو طلاق دینے پر مجبور کیا جائے تو طلاق باطل ہے۔ اور یہ بھی ضروری ہے کہ وہ شخص طلاق کی نیت رکھتا ہو لہٰذا اگر وہ مثلاً مذاق میں یا نشے کی حالت میں طلاق کا

صیغہ کہے تو طلاق صحیح نہیں ہے۔

(۲۴۵۸) ضروری ہے کہ عورت طلاق کے وقت حیض یا نفاس سے پاک ہو اور اس کے شوہر نے اس پاکی کے دوران اس سے ہمبستری نہ کی ہو اور ان دو شرطوں کی تفصیل آئندہ مسائل میں بیان کی جائے گی۔

(۲۴۵۹) عورت کو حیض یا نفاس کی حالت میں تین صورتوں میں طلاق دینا صحیح ہے:

(۱) شوہر نے نکاح کے بعد اس سے ہمبستری نہ کی ہو۔

(۲) معلوم ہو کہ وہ حاملہ ہے اور اگر یہ بات معلوم نہ ہو اور شوہر اسے حیض کی حالت میں طلاق دے دے اور بعد میں شوہر کو پتا چلے کہ وہ حاملہ تھی تو وہ طلاق باطل ہے اور احتیاط کا خیال رکھنا بہر حال بہتر ہے۔ اگرچہ دوبارہ طلاق دینے سے ہو۔

(۳) مرد غیر حاضری یا کسی بھی اور وجہ سے اگرچہ اپنی بیوی کے مخفی رکھنے کے سبب یہ معلوم نہ کرسکتا ہو کہ وہ حیض یا نفاس سے پاک ہے یا نہیں۔ لیکن اس صورت میں احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ مرد انتظار کرے تاکہ بیوی سے جدا ہونے کے بعد کم از کم ایک مہینہ گزر جائے اس کے بعد اسے طلاق دے۔

(۲۴۶۰) اگر کوئی شخص عورت کو حیض سے پاک سمجھے اور اسے طلاق دے دے اور بعد میں پتا چلے کہ وہ حیض کی حالت میں تھی تو اس کی طلاق باطل ہے مگر درفرض مذکور اگر شوہر اسے حیض کی حالت میں سمجھے اور طلاق دے دے اور بعد میں معلوم ہو کہ پاک تھی تو اس کی طلاق صحیح ہے۔

(۲۴۶۱) جس شخص کو علم ہو کہ اس کی بیوی حیض یا نفاس کی حالت میں ہے اگر وہ بیوی سے جدا ہو جائے مثلاً سفر اختیار کرے اور اسے طلاق دینا چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ اتنی مدت صبر کرے جس میں اسے یقین یا اطمینان ہو جائے کہ وہ عورت حیض یا نفاس سے پاک ہوگئی ہے اور جب وہ یہ جان لے کہ عورت پاک ہے اسے طلاق دے سکتا ہے۔ اگر اسے شک ہو تب بھی یہی حکم ہے لیکن اس صورت میں غائب شخص کی طلاق کے بارے میں مسئلہ ۲۴۵۹ میں جو شرائط بیان ہوئی ہیں ان کا خیال رکھے۔

(۲۴۶۲) جو شخص اپنی بیوی سے جدا ہو اگر وہ اسے طلاق دینا چاہے تو اگر وہ معلوم کرسکتا ہو کہ اس کی بیوی حیض یا نفاس کی حالت میں ہے یا نہیں تو اگرچہ عورت کی حیض کی عادت یا ان دوسری نشانیوں کو جو شرع میں معین ہیں، دیکھتے ہوئے اسے طلاق دے اور بعد میں معلوم ہو کہ وہ حیض یا نفاس کی حالت میں تھی تو اس کی طلاق صحیح نہیں ہے۔

(۲۴۶۳) اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے خواہ حیض کی حالت میں ہو یا پاک ہو ہمبستری کرے اور پھر اسے طلاق دینا چاہے تو ضروری ہے کہ صبر کرے حتیٰ کہ اسے دوبارہ حیض آ جائے اور پھر وہ پاک ہو جائے۔ لیکن اگر ایسی عورت کو ہمبستری کے بعد طلاق دی جائے جس کی عمر نو سال سے کم ہو یا معلوم ہو کہ وہ حاملہ ہے تو اس میں کوئی اشکال نہیں اور اگر عورت یائسہ ہو تب بھی یہی حکم ہے۔ (یائسہ کا مطلب مسئلہ ۴۴۰ میں گزر چکا ہے)۔

(۲۴۶۴) اگر کوئی شخص ایسی عورت سے ہمبستری کرے جو حیض اور نفاس سے پاک ہو اور اسی پاکی

کی حالت میں اسے طلاق دے دے اور بعد میں معلوم ہو کہ وہ طلاق دینے کے وقت حاملہ تھی تو وہ طلاق باطل ہے اور احتیاط کا خیال رکھنا بہتر ہے۔ چاہے طلاق کی تجدید کے ذریعے کیوں نہ ہو۔

(۲۴۶۵) اگر کوئی شخص ایسی عورت سے ہمبستری کرے جو حیض یا نفاس سے پاک ہو پھر وہ اس سے جدا ہو جائے مثلاً سفر اختیار کرے لہٰذا اگر وہ چاہے کہ سفر کے دوران اسے طلاق دے اور اس کی پاکی یا ناپاکی کے بارے میں نہ جان سکتا ہو تو ضروری ہے کہ اتنی مدت صبر کرے کہ عورت کو اس پاکی کے بعد حیض آئے اور وہ دوبارہ پاک ہو جائے۔ اور احتیاط واجب یہ ہے کہ وہ مدت ایک مہینے سے کم نہ ہو۔ اور جو کچھ کہا گیا ہے اس کی رعایت رکھتے ہوئے طلاق دیدے اس کے بعد معلوم ہو جائے کہ طلاق اس پہلی پاکی میں واقع ہوئی ہے تو کوئی اشکال نہیں۔

(۲۴۶۶) اگر کوئی مرد اپنی عورت کو طلاق دینا چاہتا ہو جسے پیدائشی طور پر یا کسی بیماری یا بچے کو دودھ پلانے کی وجہ سے یا دوا استعمال کرنے یا کسی بھی وجہ سے حیض نہ آتا ہو اور اس عمر کی دوسری عورتوں کو حیض آتا ہو تو ضروری ہے کہ جب اس نے ایسی عورت سے جماع کیا ہو اس وقت سے تین مہینے تک اس سے جماع نہ کرے اور بعد میں اسے طلاق دے دے۔

(۲۴۶۷) ضروری ہے کہ طلاق کا صیغہ صحیح عربی میں لفظ "طَالِقٌ" کے ساتھ پڑھا جائے اور دو عادل مرد اسے سنیں۔ اگر شوہر خود طلاق کا صیغہ پڑھنا چاہے اور مثال کے طور پر اس کی بیوی کا نام فاطمہ ہو تو کہے: "زَوْجَتِیْ فَاطِمَۃُ طَالِقٌ" یعنی میری بیوی فاطمہ آزاد ہے اور اگر وہ کسی دوسرے شخص کو وکیل کرے تو وکیل کہے: "زَوْجَۃُ مُوَکِّلِیْ فَاطِمَۃُ طَالِقٌ" اور اگر عورت معین ہو تو اس کا نام لینا لازم نہیں ہے۔ اور اگر عورت حاضر ہو تو اس کی طرف اشارہ کر کے یہ کہنا کافی ہے: ہٰذِہٖ طَالِقٌ یا اسے مخاطب کر کے کہے: اَنْتِ طَالِقٌ۔ اور اگر مرد عربی میں طلاق کا صیغہ نہ پڑھ سکتا ہو اور وکیل بھی نہ بنا سکے تو وہ جس زبان میں چاہے ہر اس لفظ کے ذریعے طلاق دے سکتا ہے جو عربی لفظ کے ہم معنی ہو۔

(۲۴۶۸) جس عورت سے متعہ کیا گیا ہو (مثلاً ایک سال یا ایک مہینے کے لئے اس سے نکاح کیا گیا ہو) اسے طلاق دینے کا کوئی سوال نہیں۔ اس کا آزاد ہونا اس بات پر منحصر ہے کہ متعہ کی مدت ختم ہو جائے یا مرد اسے مدت بخش دے مثلاً کہے: "میں نے مدت تجھے بخش دی۔" اور کسی کو اس پر گواہ قرار دینا اور اس عورت کا حیض سے پاک ہونا لازم نہیں۔

طلاق کی عدت

(۲۴۶۹) جس لڑکی کی عمر پوری نو سال نہ ہوئی ہو اور اسی طرح جو عورت یائسہ ہو چکی ہو، اس کی کوئی عدت نہیں ہوتی۔ یعنی اگرچہ شوہر نے اس سے مجامعت کی ہو، طلاق کے بعد وہ فوراً دوسرا شوہر کرسکتی ہے۔

(۲۴۷۰) جس لڑکی کی عمر پورے نو سال ہو چکی ہو اور جو عورت یائسہ نہ ہو، اس کا شوہر اس سے مجامعت کرے تو اگر وہ اسے طلاق دے تو ضروری ہے کہ وہ (لڑکی یا عورت) طلاق کے بعد عدت رکھے اور ایسی عورت کی عدت جس کے دو حیض کا درمیانی فاصلہ تین ماہ سے کم ہو یہ ہے کہ جب اس کا شوہر اسے پاکی کی حالت میں طلاق دے تو وہ اتنی مدت صبر کرے کہ اسے دوبارہ حیض آئے اور پاک ہو جائے اور جونہی اسے تیسری دفعہ حیض آئے تو اس کی عدت ختم ہو جائے گی اور وہ دوسرا نکاح کر سکتی ہے۔ لیکن اگر شوہر عورت سے مجامعت کرنے سے پہلے اسے طلاق دیدے تو اس کے لئے کوئی عدت نہیں یعنی وہ طلاق کے فوراً بعد دوسرا نکاح کر سکتی ہے۔ لیکن اگر شوہر کی منی اس کی شرمگاہ میں داخل ہوئی ہو تو اس صورت میں ضروری ہے کہ وہ عورت عدت رکھے۔

(۲۴۷۱) جس عورت کو حیض نہ آتا ہو لیکن اس کا سن ان عورتوں جیسا ہو جنہیں حیض آتا ہو یا اسے حیض آتا ہو لیکن اس کے دو حیض کا درمیانی فاصلہ تین ماہ یا اس سے زیادہ ہو، اگر اس کا شوہر مجامعت کرنے کے بعد اسے طلاق دیدے تو ضروری ہے کہ طلاق کے بعد تین قمری مہینے کی عدت رکھے۔

(۲۴۷۲) جس عورت کی عدت تین مہینے ہو اگر اسے چاند کی پہلی تاریخ کو طلاق دی جائے تو ضروری ہے کہ پورے تین قمری مہینے (یعنی جب چاند دیکھا جائے اس وقت سے تین مہینے تک) عدت رکھے۔ اور اگر اسے مہینے کے دوران (کسی اور تاریخ کو) طلاق دی جائے تو ضروری ہے کہ اس مہینے کے باقی دنوں میں، اس کے بعد آنے والے دو مہینے اور چوتھے مہینے کے اتنے دن، جتنے دن پہلے مہینے سے کم ہوں عدت رکھے تاکہ تین مہینے مکمل ہو جائیں۔ مثلاً اگر اسے مہینے کی بیسویں تاریخ کو غروب کے وقت طلاق دی جائے اور یہ مہینہ تیس (۳۰) دن کا ہو تو اس کی عدت کی آخری تاریخ چوتھے مہینے کی بیس (۲۰) تاریخ غروب تک ہے۔ اور اگر پہلا مہینہ انتیس (۲۹) روز کا ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ چوتھے مہینے کی اکیس (۲۱) تاریخ تک عدت رکھے تاکہ پہلے مہینے کے جتنے دن عدت رکھی ہے انہیں ملا کر دنوں کی تعداد تیس (۳۰) ہو جائے۔

(۲۴۷۳) اگر حاملہ عورت کو طلاق دی جائے تو اس کی عدت وضع حمل یا اسقاط حمل تک ہے۔ لہٰذا مثال کے طور پر اگر طلاق کے ایک گھنٹے بعد بچہ پیدا ہو جائے تو اس عورت کی عدت ختم ہو جائے گی۔ لیکن یہ حکم اس صورت میں ہے جب وہ بچہ شوہر کا شرعی بیٹا ہو۔ لہٰذا اگر عورت زنا سے حاملہ ہوئی ہو اور شوہر اسے طلاق دے تو اس کی عدت بچے کے پیدا ہونے سے ختم نہیں ہوتی۔

(۲۴۷۴) جس لڑکی نے عمر کے نو سال مکمل کر لئے ہوں اور جو عورت یائسہ نہ ہو اگر وہ متعہ کرے تو اگر اس کا شوہر اس سے مجامعت کرے اور اس عورت کی مدت تمام ہو جائے یا شوہر اسے مدت بخش دے تو ضروری ہے کہ وہ عدت رکھے۔ پس اگر اسے حیض آئے تو ضروری ہے کہ دو حیض کے برابر عدت رکھے اور نکاح نہ کرے۔ اور ایک حیض عدت رکھنا احتیاط واجب کی بنا پر کافی نہیں ہے۔ اور اگر حیض نہ آئے تو پینتالیس (۴۵) دن شوہر کرنے سے اجتناب کرے۔ اور حاملہ ہونے کی صورت میں اس کی عدت بچے کی پیدائش یا اسقاط ہونے تک ہے۔ اگرچہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ جو مدت وضع حمل یا پینتالیس (۴۵) دن میں سے زیادہ ہو اتنی مدت کے لئے عدت رکھے۔

(۲۴۷۵) طلاق کی عدت اس وقت شروع ہوتی ہے جب صیغۂ طلاق کا پڑھنا ختم ہو جاتا ہے خواہ عورت کو پتا چلے یا نہ چلے کہ اسے طلاق ہو گئی ہے۔ پس اگر اسے عدت (کے برابر مدت) گزرنے کے بعد پتا چلے کہ اسے طلاق ہو گئی ہے تو ضروری نہیں کہ وہ دوبارہ عدت رکھے۔

وفات کی عدت

(۲۴۷۶) اگر کوئی عورت بیوہ ہو جائے اور اگر وہ حاملہ نہ ہو تو قمری چار مہینے دس دن عدت رکھے۔ یعنی شادی کرنے سے رکی رہے۔ خواہ وہ (نو سال سے) چھوٹی ہو یا یائسہ ہو یا متعہ کیا ہو یا کافرہ ہو یا مطلقہ رجعیہ کی عدت میں ہو یا شوہر نے اس سے مجامعت نہ کی ہو، چاہے شوہر بچہ یا دیوانہ ہو۔ اور اگر حاملہ ہو تو ضروری ہے کہ وضع حمل تک عدت رکھے۔ لیکن اگر چار مہینے اور دس دن گزرنے سے پہلے بچہ پیدا ہو جائے تو ضروری ہے کہ شوہر کی موت کے بعد چار مہینے دس دن تک صبر کرے اور اس عدت کو وفات کی عدت کہتے ہیں۔

(۲۴۷۷) جو عورت وفات کی عدت میں ہو اس کے لئے رنگ برنگا لباس پہننا، سرمہ لگانا اور اسی طرح دوسرے ایسے کام کرنا جو زینت میں شمار ہوتے ہوں حرام ہیں لیکن گھر سے باہر نکلنا حرام نہیں ہے۔

(۲۴۷۸) اگر عورت کو یقین ہو جائے کہ اس کا شوہر مر چکا ہے (اس لئے عدت وفات رکھی) اور عدت کے گزرنے کے بعد دوسری شادی کی۔ مگر بعد میں معلوم ہوا کہ شوہر بعد میں مرا ہے اور عورت نے پہلے شوہر کی زندگی میں یا اس کے عدت وفات کے دوران دوسری شادی کی ہے تو اسے چاہئے کہ دوسرے شوہر سے فوراً الگ ہو جائے اور احتیاط واجب کی بنا پر دو عدت گزارے۔ پس اگر دوسرے شوہر کے ساتھ حاملہ ہو تو بچہ جننے تک دوسرے شوہر کے ساتھ وطی شبہ کی عدت رکھے (جو طلاق کی عدت کے برابر ہے) اور اس کے بعد پہلے شوہر کی عدت وفات گزارے یا پہلی عدت کی تکمیل کرے۔ اگر حاملہ نہ ہو اور پہلے شوہر کی وفات دوسرے شوہر کے ساتھ مجامعت سے پہلے ہوئی تھی تو پہلے عدت وفات رکھے اس کے بعد وطی شبہ کی عدت گزارے۔ لیکن مجامعت پہلے شوہر کی وفات سے پہلے ہوئی تھی تو اس کی عدت مقدم ہے۔

(۲۴۷۹) جس عورت کا شوہر لاپتا ہو یا لاپتا ہونے کے حکم میں ہو اس کی عدت وفات شوہر کی موت کی اطلاع ملنے کے وقت سے شروع ہوتی ہے نہ کہ شوہر کی موت کے وقت سے۔ لیکن اس حکم کا اطلاق اس عورت کے لئے ہونا جو نابالغ یا پاگل ہو محل اشکال ہے اس لئے احتیاط کا لحاظ رکھنا واجب ہے۔

(۲۴۸۰) اگر عورت کہے کہ میری عدت ختم ہو گئی ہے تو اس کی بات قابل قبول ہے مگر یہ کہ وہ غلط بیان مشہور ہو تو اس صورت میں احتیاط واجب کی بنا پر اس کی بات قابل قبول نہیں ہے۔ مثلاً وہ کہے کہ مجھے ایک مہینے میں تین دفعہ خون آتا ہے تو اس بات کی تصدیق نہیں کی جائے گی مگر یہ کہ اس کی سہیلیاں اور رشتے دار عورتیں اس بات کی تصدیق کریں کہ اس کی حیض کی عادت ایسی ہی تھی۔

طلاق بائن اور طلاق رجعی

(۲۴۸۱) طلاق بائن وہ طلاق ہے کہ جس کے بعد مرد اپنی عورت کی طرف رجوع کرنے کا حق نہیں رکھتا یعنی یہ کہ بغیر نکاح کے دوبارہ اسے اپنی بیوی نہیں بنا سکتا اور اس طلاق کی چھ قسمیں ہیں:

(۱) اس عورت کو دی گئی طلاق جس کی عمر ابھی نو سال نہ ہوئی ہو۔

(۲) اس عورت کو دی گئی طلاق جو یائسہ ہو۔

(۳) اس عورت کو دی گئی طلاق جس کے شوہر نے نکاح کے بعد اس سے جماع نہ کیا ہو۔

(۴) تیسری طلاق جس کی تفصیل مسئلہ ۲۴۸۶ میں آئے گی۔

(۵) خلع اور مبارات کی طلاق۔ اس کے احکام آگے آرہے ہیں۔

(۶) حاکم شرع کا اس عورت کو طلاق دینا جس کا شوہر نہ اس کے اخراجات برداشت کرتا ہو نہ اسے طلاق دیتا ہو۔

اور ان طلاقوں کے علاوہ جو طلاقیں ہیں وہ رجعی ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ جب تک عورت عدت میں ہو شوہر اس سے رجوع کر سکتا ہے۔

(۲۴۸۲) جس شخص نے اپنی عورت کو رجعی طلاق دی ہو اس عورت کو اس گھر سے نکال دینا جس میں وہ طلاق دینے کے وقت مقیم تھی حرام ہے۔ البتہ بعض موقعوں پر جن میں سے ایک یہ ہے کہ عورت زنا کرے تو اسے گھر سے نکال دینے میں کوئی اشکال نہیں۔ نیز یہ بھی حرام ہے کہ عورت غیر ضروری کاموں کے لئے شوہر کی اجازت کے بغیر اس گھر سے باہر جائے۔ عدت کے دوران عورت کے اخراجات شوہر پر واجب ہیں۔

رجوع کرنے کے احکام

(۲۴۸۳) رجعی طلاق میں مرد دو طریقوں سے عورت کی طرف رجوع کر سکتا ہے:

(۱) ایسی باتیں کرے جن سے پتا چلے کہ اس نے اسے دوبارہ اپنی بیوی بنا لیا ہے۔

(۲) کوئی کام کرے اور اس کام سے رجوع کا قصد کرے اور جماع کرنے سے رجوع ثابت ہو جاتا ہے خواہ اس کا قصد رجوع کرنے کا نہ بھی ہو۔ البتہ بوسہ لینے اور شہوت سے ہاتھ لگانے سے رجوع ثابت ہونا محل اشکال ہے۔ اور احتیاط واجب کی بنا پر اگر ایسی صورت میں رجوع کرنے کا ارادہ نہ ہو تو ضروری ہے کہ دوبارہ طلاق دیدے۔

(۲۴۸۴) رجوع کرنے میں مرد کے لئے لازم نہیں کہ کسی کو گواہ بنائے یا اپنی بیوی کو (رجوع کے متعلق) اطلاع دے بلکہ اگر بغیر اس کے کہ کسی کو پتا چلے وہ خود ہی رجوع کرلے تو اس کا رجوع کرنا صحیح ہے۔ لیکن اگر

عدت ختم ہو جانے کے بعد مرد کہے کہ میں نے عدت کے دوران ہی رجوع کرلیا تھا اور عورت اس کی تصدیق نہ کرے تو لازم ہے کہ شوہر اس بات کو ثابت کرے۔

(۲۴۸۵) جس مرد نے عورت کو رجعی طلاق دی ہو اگر وہ اس سے کچھ مال لے لے اور اس سے مصالحت کرلے کہ اب تجھ سے رجوع نہ کروں گا تو اگرچہ یہ مصالحت درست ہے اور مرد پر واجب ہے کہ رجوع نہ کرے لیکن اس سے مرد کے رجوع کرنے کا حق ختم نہیں ہوتا اور اگر وہ رجوع کرلے تو رشتۂ ازدواج دوبارہ برقرار ہو جائے گا۔

(۲۴۸۶) اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو دو دفعہ طلاق دے کر اس کی طرف رجوع کرلے یا اسے دو دفعہ طلاق دے اور ہر طلاق کے بعد اس سے نکاح کرے یا ایک طلاق کے بعد رجوع کرے اور دوسری طلاق کے بعد نکاح کرے تو تیسری طلاق کے بعد وہ اس مرد پر حرام ہو جائے گی۔ لیکن اگر عورت تیسری طلاق کے بعد کسی دوسرے مرد سے نکاح کرے تو وہ پانچ شرطوں کے ساتھ پہلے مرد پر حلال ہوگی یعنی وہ اس عورت سے دوبارہ نکاح کر سکے گا۔

(۱) دوسرے شوہر کا نکاح دائمی ہو۔ پس اگر وہ اس عورت سے متعہ کرلے تو اس مرد سے علیحدگی کے بعد پہلا شوہر اس سے نکاح نہیں کر سکتا۔

(۲) دوسرا شوہر جماع کرے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ جماع فرج میں کرے نہ کہ دبر میں۔

(۳) دوسرا شوہر اسے طلاق دے یا مر جائے۔

(۴) دوسرے شوہر کی طلاق کی عدت یا وفات کی عدت ختم ہو جائے۔

(۵) احتیاط واجب کی بنا پر دوسرا شوہر جماع کرتے وقت بالغ ہو۔

طلاق خلع

(۲۴۸۷) اس عورت کی طلاق کو جو اپنے شوہر کی طرف مائل نہ ہو اور اس سے نفرت کرتی ہو اپنا مہر یا کوئی اور مال اسے بخش دے تاکہ وہ اسے طلاق دے دے، طلاق خلع کہتے ہیں۔ طلاق خلع میں معتبر ہے کہ عورت اپنے شوہر سے اس قدر شدید نفرت کرتی ہو کہ اسے وظیفۂ زوجیت ادا نہ کرنے کی دھمکی دے۔

(۲۴۸۸) جب شوہر خود طلاق خلع کا صیغہ پڑھنا چاہے تو اگر اس کی بیوی کا نام مثلاً فاطمہ ہو تو عوض لینے کے بعد کہے: "زَوْجَتِیْ فَاطِمَةُ خَالَعْتُهَا عَلٰی مَابَذَلَتْ" اور احتیاط مستحب کی بنا پر "فَهِیَ طَالِقٌ" بھی کہے یعنی میں نے اپنی بیوی فاطمہ کو اس مال کے عوض جو اس نے مجھے دیا ہے طلاق خلع دے رہا ہوں اور وہ آزاد ہے۔ اگر عورت معین ہو تو طلاق خلع میں اور نیز طلاق مبارات میں اس کا نام لینا لازم نہیں۔

(۲۴۸۹) اگر کوئی عورت کسی شخص کو وکیل مقرر کرے تاکہ وہ اس کا مہر اس کے شوہر کو بخش دے اور شوہر بھی اسی شخص کو وکیل مقرر کرے تاکہ وہ اس کی بیوی کو طلاق دے دے تو اگر مثال کے طور پر شوہر کا نام محمد اور بیوی کا نام فاطمہ ہو تو وکیل صیغۂ طلاق یوں پڑھے: "عَنْ مُوَكِّلَتِیْ فَاطِمَةَ بَذَلْتُ مَهْرَهَا لِمُوَكِّلِیْ مُحَمَّدٍ

لِيَخْلَعَهَا عَلَيْهِ" اور اس کے بعد بلا فاصلہ کہے: "زَوْجَةُ مُوَكِّلِيْ خَالَعْتُهَا عَلٰى مَابَذَلَتْ فَهِيَ طَالِقٌ" اور اگر عورت کسی کو وکیل مقرر کرے کہ اس کے شوہر کو مہر کے علاوہ کوئی اور چیز بخش دے تاکہ اس کا شوہر اسے طلاق دے دے تو ضروری ہے کہ وکیل لفظ "مَهْرَهَا" کی بجائے اس چیز کا نام لے مثلاً اگر عورت نے سو روپے دیئے ہوں تو ضروری ہے کہ کہے: "بَذَلَتْ مِاَةَ رُوْبِيَةٍ."

طلاق مبارات

(۲۴۹۰) اگر میاں بیوی دونوں ایک دوسرے کو نہ چاہتے ہوں اور ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں اور عورت مرد کو کچھ مال دے تاکہ وہ اسے طلاق دے دے تو اسے طلاق مبارات کہتے ہیں۔

(۲۴۹۱) اگر شوہر مبارات کا صیغہ پڑھنا چاہے تو اگر مثلاً عورت کا نام فاطمہ ہو تو ضروری ہے کہ کہے: "بَارَأْتُ زَوْجَتِيْ فَاطِمَةَ عَلٰى مَابَذَلَتْ" اور احتیاط لازم کی بنا پر "فَهِيَ طَالِقٌ" بھی کہے یعنی میں اور میری بیوی فاطمہ اس "عطا" کے مقابل میں جو اس نے کی ہے ایک دوسرے سے جدا ہو گئے ہیں، پس وہ آزاد ہے۔ اور اگر وہ شخص کسی کو وکیل مقرر کرے تو ضروری ہے کہ وکیل کہے: "عَنْ قِبَلِ مُوَكِّلِيْ بَارَأْتُ زَوْجَتَهٗ فَاطِمَةَ عَلٰى مَابَذَلَتْ فَهِيَ طَالِقٌ" اور دونوں صورتوں میں کلمہ "عَلٰى مَابَذَلَتْ" کی بجائے اگر "بِمَا بَذَلَتْ" کہے تو کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۲۴۹۲) خلع اور مبارات کی طلاق کا صیغہ اگر ممکن ہو تو صحیح عربی میں پڑھا جانا چاہئے اور اگر ممکن نہ ہو تو اس کا حکم طلاق کے حکم جیسا ہے جس کا بیان مسئلہ ۲۴۶۷ میں گزر چکا ہے۔ لیکن اگر عورت مبارات کی طلاق کے لئے شوہر کو اپنا مال بخش دے۔ مثلاً اردو میں کہے کہ "میں نے طلاق لینے کے لئے فلاں مال تمہیں بخش دیا" تو کوئی اشکال نہیں۔

(۲۴۹۳) اگر کوئی عورت طلاق خلع یا طلاق مبارات کی عدت کے دوران اپنی بخشش سے پھر جائے تو شوہر اس کی طرف رجوع کر سکتا ہے اور دوبارہ نکاح کئے بغیر اسے اپنی بیوی بنا سکتا ہے۔

(۲۴۹۴) جو مال شوہر طلاق مبارات دینے کے لئے ضروری ہے کہ وہ عورت کے مہر سے زیادہ نہ ہو بلکہ احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ مہر سے کم ہو۔ لیکن طلاق خلع کے سلسلے میں لیا جانے والا مال اگر مہر سے زیادہ بھی ہو تو کوئی اشکال نہیں۔

طلاق کے مختلف احکام

(۲۴۹۵) اگر کوئی آدمی کسی نامحرم عورت سے اس گمان میں جماع کرے کہ وہ اس کی بیوی ہے تو خواہ عورت کو علم ہو کہ وہ شخص اس کا شوہر نہیں ہے یا گمان کرے کہ اس کا شوہر ہے ضروری ہے کہ عدت رکھے۔

(۲۴۹۶) اگر کوئی آدمی کسی عورت سے یہ جانتے ہوئے زنا کرے کہ وہ اس کی بیوی نہیں ہے تو اگر عورت کو علم ہو کہ وہ آدمی اس کا شوہر نہیں ہے اس کے لئے عدت رکھنا ضروری نہیں۔ لیکن اگر اسے شوہر ہونے کا گمان ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ وہ عورت عدت رکھے۔

(۲۴۹۷) اگر کوئی آدمی کسی عورت کو ورغلائے کہ وہ اپنے شوہر سے متعلق ازدواجی ذمے داریاں پوری نہ کرے تاکہ اس طرح شوہر اسے طلاق دینے پر مجبور ہو جائے اور وہ خود اس عورت کے ساتھ شادی کر سکے تو طلاق اور نکاح صحیح ہیں۔ لیکن دونوں نے بہت بڑا گناہ کیا ہے۔

(۲۴۹۸) اگر عورت نکاح کے سلسلے میں شوہر سے کوئی خاص شرط کرے مثلاً اس کا شوہر لمبا سفر اختیار کرے یا مثلاً چھ مہینے اسے خرچ نہ دے یا طویل مدت کے لئے قیدی بن جائے وغیرہ تو طلاق کا اختیار عورت کو حاصل ہوگا تو یہ شرط باطل ہے۔ لیکن اگر وہ یوں شرط کرے کہ وہ شوہر کی طرف سے وکیل ہے کہ خاص شرائط کے تحت یا بغیر کسی قید اور شرط کے اپنے آپ کو اس کی طرف سے طلاق دے سکتی ہے تو یہ شرط صحیح ہے اور بعد میں شوہر اس کو اپنی وکالت سے نہیں ہٹا سکتا۔ اگر وہ عورت اس طرح خود کو طلاق دیدے تو طلاق صحیح ہے۔

(۲۴۹۹) جس عورت کا شوہر لاپتا ہو جائے اگر وہ دوسرا شوہر کرنا چاہے تو ضروری ہے کہ مجتہد عادل کے پاس جائے جو خاص شرائط کے تحت جن کی تفصیل منہاج الصالحین میں مذکور ہے اسے طلاق دے سکتا ہے۔

(۲۵۰۰) دائمی دیوانے کے باپ دادا اس کی بھلائی کے لئے اس کی بیوی کو طلاق دے سکتے ہیں۔

(۲۵۰۱) اگر باپ یا دادا اپنے (نابالغ) لڑکے (یا پوتے) کا کسی عورت سے متعہ کر دے اور متعہ کی مدت میں اس لڑکے کے مکلف ہونے کی کچھ مدت بھی شامل ہو مثلاً اپنے چودہ سالہ لڑکے کا کسی عورت سے دو سال کے لئے متعہ کر دے تو اگر اس میں لڑکے کی بھلائی ہو تو وہ (یعنی باپ یا دادا) اس عورت کی مدت بخش سکتا ہے۔ لیکن لڑکے کی دائمی بیوی کو طلاق نہیں دے سکتا۔

(۲۵۰۲) اگر کوئی شخص دو آدمیوں کو شرع کی مقرر کردہ علامت کی رو سے عادل سمجھے اور اپنی بیوی کو ان کے سامنے طلاق دیدے تو کوئی اور شخص جسے ان دو آدمیوں کی عدالت میں شک ہو، اگر اسے احتمال ہو کہ ان دونوں کی عدالت طلاق دینے والے کے نزدیک ثابت شدہ ہے تو اس عورت کی عدت ختم ہونے کے بعد اس کے ساتھ اپنا یا دوسرے کا نکاح کر سکتا ہے لیکن اگر ان کے عادل نہ ہونے کا یقین ہو تو اس عورت کے ساتھ عقد نہیں کر سکتا۔

(۲۵۰۳) وہ عورت جسے طلاق رجعی دی گئی ہو وہ عدت کے دوران اس مرد کے لئے شرعی بیوی کی حیثیت رکھتی ہے یہاں تک کہ عدت ختم ہو جائے۔ عورت کے لئے ضروری ہے کہ ہر قسم کے استمتاع سے جو شوہر کا حق ہے نہ روکے اور جائز بلکہ مستحب ہے کہ شوہر کے لئے بناؤ سنگھار کرے۔ اور اس کی اجازت کے بغیر اس کے گھر سے باہر نکلنا جائز نہیں۔ اس کے اخراجات شوہر پر واجب ہیں بشرطیکہ وہ ناشزہ (نافرمان) نہ ہو اور اس کا فطرہ اور کفن بھی شوہر کے ذمہ ہے۔ کسی ایک کے مرنے پر دوسرا اس کا وارث بن سکتا ہے اور مرد عدت کے دوران سالی سے شادی نہیں کر سکتا۔

غصب کے احکام

غصب کے معنی یہ ہیں کہ کوئی شخص کسی کے مال پر یا حق پر ظلم (اور دھونس یا دھاندلی) کے ذریعے قابض ہو جائے اور یہ ایسا کام ہے جو ازروئے عقل اور قرآن و روایات حرام ہے۔ جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے: "جو شخص کسی دوسرے کی ایک بالشت زمین غصب کرے قیامت کے دن اس زمین کو اس کے سات طبقوں سمیت طوق کی طرح اس کی گردن میں ڈال دیا جائے گا۔"

(۲۵۰۴) اگر کوئی شخص لوگوں کو مسجد یا مدرسے یا پل یا دوسری ایسی جگہوں سے جو رفاہ عامہ کے لئے بنائی گئی ہوں استفادہ نہ کرنے دے تو اس نے ان کا حق غصب کیا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص مسجد میں اپنے (بیٹھنے کے) لئے جگہ مختص کرے اور دوسرا کوئی شخص اسے اس جگہ سے نکال دے اور اسے اس جگہ سے استفادہ نہ کرنے دے تو وہ گنہگار ہے۔

(۲۵۰۵) اگر گروی رکھوانے والا اور گروی رکھنے والا یہ طے کریں کہ جو چیز گروی رکھی جا رہی ہو وہ گروی رکھنے والے یا کسی تیسرے شخص کے پاس رکھی جائے تو گروی رکھوانے والا اس کا قرض ادا کرنے سے پہلے اس چیز کو واپس نہیں لے سکتا اور اگر وہ چیز واپس لی ہو تو ضروری ہے کہ فوراً لوٹا دے۔

(۲۵۰۶) جو مال کسی کے پاس گروی رکھا گیا ہو اگر کوئی اور شخص اسے غصب کر لے تو مال کا مالک اور گروی رکھنے والا دونوں غاصب سے غصب کی ہوئی چیز کا مطالبہ کر سکتے ہیں اور اگر وہ چیز غاصب سے واپس لے لیں تو وہ گروی ہی رہے گی۔

(۲۵۰۷) اگر انسان کوئی چیز غصب کرے تو ضروری ہے کہ اس کے مالک کو لوٹا دے اور اگر وہ چیز ضائع ہو جائے اور اس کی کوئی قیمت ہو تو ضروری ہے کہ اس کا عوض مسئلہ ۲۵۱۷ اور ۲۵۱۸ میں بیان کی گئی تفصیل کے مطابق مالک کو دے۔

(۲۵۰۸) جو چیز غصب کی گئی ہو اگر اس سے کوئی نفع حاصل ہو مثلاً غصب کی ہوئی بھیڑ کا بچہ پیدا ہو تو وہ اس کے مالک کا مال ہے نیز مثال کے طور پر اگر کسی نے کوئی مکان غصب کر لیا ہو تو خواہ غاصب اس مکان میں نہ رہے تو ضروری ہے کہ اس کا کرایہ مالک کو دے۔

(۲۵۰۹) اگر کوئی شخص بچے یا دیوانے سے کوئی چیز جو اس (بچے یا دیوانے) کا مال ہو غصب کرے تو ضروری ہے کہ وہ چیز اسکے سرپرست کو دیدے اور اگر وہ چیز تلف ہو جائے تو ضروری ہے کہ اس کا عوض دے۔

(۲۵۱۰) اگر دو آدمی مل کر کسی چیز کو غصب کریں چنانچہ وہ دونوں اس چیز پر تسلط رکھتے ہوں تو ان میں سے ہر ایک اس پوری چیز کا ضامن ہے۔ اگرچہ ان میں سے ہر ایک جداگانہ طور پر اسے غصب نہ کر سکتا ہو۔

(۲۵۱۱) اگر کوئی شخص غصب کی ہوئی چیز کو کسی دوسری چیز سے ملا دے۔ مثلاً جو گیہوں غصب کی ہو اسے جو سے ملا دے تو اگر ان کا جدا کرنا ممکن ہو تو خواہ اس میں زحمت ہی کیوں نہ ہو ضروری ہے کہ انہیں ایک

دوسرے سے علیحدہ کرے اور (غصب کی ہوئی چیز) اس کے مالک کو واپس کر دے۔

(۲۵۱۲) اگر کوئی شخص بنی ہوئی طلائی چیز مثلاً سونے کی بالیوں کو غصب کرے اور اسکے بعد اسے پگھلا دے تو پگھلانے سے پہلے اور پگھلانے کے بعد کی قیمت میں جو فرق ہو ضروری ہے کہ وہ مالک کو ادا کرے چنانچہ اگر قیمت میں جو فرق پڑا ہو وہ نہ دینا چاہے اور کہے کہ میں اسے پہلے کی طرح بنا دوں گا تو مالک مجبور نہیں کہ اس کی بات قبول کرے۔ اور مالک بھی اسے مجبور نہیں کر سکتا کہ وہ اسے پہلے کی طرح بنا دے۔

(۲۵۱۳) جس شخص نے کوئی چیز غصب کی ہو اگر وہ اس میں ایسی تبدیلی کرے کہ اس چیز کی حالت پہلے سے بہتر ہو جائے مثلاً جو سونا غصب کیا ہو اس کے بندے بنا دے تو اگر مال کا مالک اسے کہے کہ مجھے مال اسی حالت میں (یعنی بندے کی شکل میں) دو تو ضروری ہے کہ اسے دیدے اور جو زحمت اس نے اٹھائی ہو (یعنی بندے بنانے پر جو محنت کی ہو) اس کی مزدوری نہیں لے سکتا۔ اور اسی طرح وہ یہ حق نہیں رکھتا کہ مالک کی اجازت کے بغیر اس چیز کو اس کی پہلی حالت میں لے آئے لیکن اگر اس کی اجازت کے بغیر اس چیز کو پہلے جیسا کر دے یا اور کسی شکل میں تبدیل کرے تو دونوں حالتوں میں قیمت کا جو فرق ہے اس کا ضامن ہونا معلوم نہیں۔

(۲۵۱۴) جس شخص نے کوئی چیز غصب کی ہو اگر وہ اس میں ایسی تبدیلی کرے کہ اس چیز کی حالت پہلے سے بہتر ہو جائے اور صاحب مال اسے اس چیز کی پہلی حالت میں واپس کرنے کو کہے اور اس کہنے سے اس کی کوئی خاص غرض ہو تو غاصب پر واجب ہے کہ اسے اس کی پہلی حالت میں لے آئے اور اگر تبدیلی کرنے کی وجہ سے اس چیز کی قیمت پہلی حالت سے کم ہو جائے تو ضروری ہے کہ اس کا فرق مالک کو دے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص غصب کئے ہوئے سونے کا ہار بنا لے اور اس سونے کا مالک (اسے پہلی حالت میں لانے کا) کہے تو ضروری ہے کہ اسے پہلی شکل میں لے آئے تو اگر پگھلانے کے بعد سونے کی قیمت اس سے کم ہو جائے جتنی ہار بنانے سے پہلے تھی تو غاصب کے لئے ضروری ہے کہ قیمت میں جتنا فرق ہو اس کے مالک کو دے۔

(۲۵۱۵) اگر کوئی شخص اس زمین میں جو اس نے غصب کی ہو کھیتی باڑی کرے یا درخت لگائے تو فصل کی پیداوار، درخت اور ان کا پھل خود اس کا مال ہے اور زمین کا مالک اس بات پر راضی نہ ہو کہ فصل اور درخت اس کی زمین میں رہیں تو جس نے وہ زمین غصب کی ہو ضروری ہے کہ خواہ ایسا کرنا اس کے لئے نقصان دہ ہی کیوں نہ ہو وہ فوراً اپنی فصل یا درختوں کو زمین سے اکھیڑ لے۔ نیز ضروری ہے کہ جتنی مدت فصل اور درخت اس زمین میں رہے ہوں اتنی مدت کا کرایہ زمین کے مالک کو دے اور جو خرابیاں زمین میں پیدا ہوئی ہوں انہیں درست کرے۔ مثلاً جہاں درختوں کو اکھیڑنے سے زمین میں گڑھے پڑ گئے ہوں اس جگہ کو ہموار کرے۔ اور اگر ان خرابیوں کی وجہ سے زمین کی قیمت پہلے سے کم ہو جائے تو ضروری ہے کہ قیمت میں جو فرق پڑے وہ بھی ادا کرے اور وہ زمین کے مالک کو اس بات پر مجبور نہیں کر سکتا کہ زمین اس کے ہاتھ بیچ دے یا کرائے پر دیدے۔ نیز زمین کا مالک بھی اسے مجبور نہیں کر سکتا کہ درخت یا فصل اس کے ہاتھ بیچ دے۔

(۲۵۱۶) اگر زمین کا مالک اس بات پر راضی ہو جائے کہ فصل اور درخت اس کی زمین میں رہیں تو جس شخص نے زمین غصب کی ہو اس کے لئے لازم نہیں کہ فصل اور درختوں کو اکھیڑے البتہ ضروری ہے کہ جب

زمین غصب کی ہو اس وقت سے لیکر مالک کے راضی ہونے تک کی مدت کا زمین کا کرایہ دے۔

(۲۵۱۷) جو چیز کسی نے غصب کی ہو اگر وہ تلف ہو جائے تو اگر وہ چیز گائے اور بھیڑ کی طرح قیمی ہو تو ضروری ہے کہ غاصب اس چیز کی قیمت ادا کرے۔ (قیمی ایسی چیز کو کہتے ہیں کہ اس کی مثل ایسی خصوصیات کی بنا پر جو فائدہ حاصل کرنے میں تاثیر رکھتی ہے فراواں نہیں) اور اگر اس وقت کسی مخصوص حالت اور تقاضے کے تحت اس کی بازار کی قیمت بدل گئی ہو تو ضروری ہے کہ وہ قیمت دے جو تلف ہونے کے وقت تھی۔

(۲۵۱۸) جو چیز کسی نے غصب کی ہو اگر وہ تلف ہو جائے تو اگر وہ گیہوں اور جو کی مانند مثلی ہو تو ضروری ہے کہ (غاصب نے) جو چیز غصب کی ہو اسی جیسی چیز مالک کو دے۔ (مثلی ایسی چیز کو کہتے ہیں کہ اس کی مثل ایسی خصوصیات کی بنا پر جو فائدہ حاصل کرنے میں تاثیر رکھتی ہے فراواں ہے) لیکن جو چیز دے ضروری ہے کہ اس کی قسم اپنی خصوصیات میں اس غصب کی ہوئی چیز کی قسم کے مانند ہو جو کہ تلف ہو گئی ہے۔ مثلاً اگر بڑھیا قسم کا چاول غصب کیا تھا تو گھٹیا قسم کا نہیں دے سکتا۔

(۲۵۱۹) اگر ایک شخص (بھیڑ جیسی) کوئی قیمی چیز غصب کرے اور وہ تلف ہو جائے تو اگر جتنی مدت وہ غصب کرنے والے کے پاس رہی ہو اس مدت میں اس میں ایسی خصوصیت پیدا ہو گئی کہ اس کی قیمت بڑھ گئی ہو مثلاً فربہ ہو گئی ہو پھر تلف ہو جائے تو اگر یہ فربہی غاصب کی بہتر دیکھ بھال سے نہ ہو تو ضروری ہے کہ فربہ ہونے کے وقت کی قیمت ادا کرے۔ اور اگر اس کی فربہی غاصب کی بہتر دیکھ بھال کی وجہ سے ہو تو اس فربہی کی قیمت دینا لازم نہیں ہے۔

(۲۵۲۰) جو چیز کسی نے غصب کی ہو اگر کوئی اور شخص وہی چیز اس سے غصب کرے اور پھر وہ تلف ہو جائے تو مال کا مالک ان دونوں میں سے ہر ایک سے اس کا عوض لے سکتا ہے یا ان دونوں میں سے ہر ایک سے اسکے عوض کی کچھ مقدار کا مطالبہ کر سکتا ہے۔ لہٰذا اگر مال کا مالک اس کا عوض پہلے غاصب سے لے لے تو پہلے غاصب نے جو کچھ دیا ہو وہ دوسرے غاصب سے لے سکتا ہے۔ لیکن اگر مال کا مالک اس کا عوض دوسرے غاصب سے لے لے تو اس نے جو کچھ دیا ہے اس کا مطالبہ دوسرا غاصب پہلے غاصب سے نہیں کر سکتا۔

(۲۵۲۱) جس چیز کو بیچا جائے اگر اس میں معاملے کی شرطوں میں سے کوئی ایک موجود نہ ہو مثلاً جس چیز کی خرید و فروخت وزن کر کے کرنی ضروری ہو اگر اس کا معاملہ بغیر وزن کئے کیا جائے تو معاملہ باطل ہے اور اگر بیچنے والا اور خریدار معاملے سے قطع نظر اس بات پر رضامند ہوں کہ ایک دوسرے کے مال میں تصرف کریں تو کوئی اشکال نہیں ہے۔ ورنہ جو چیز انہوں نے ایک دوسرے سے لی ہو وہ غصبی مال کی مانند ہے اور ان کیلئے ضروری ہے کہ ایک دوسرے کی چیزیں واپس کر دیں اور اگر دونوں میں سے جسکے بھی ہاتھوں دوسرے کا مال تلف ہو جائے تو خواہ اسے معلوم ہو یا نہ ہو کہ معاملہ باطل تھا ضروری ہے کہ اس کا عوض دے۔

(۲۵۲۲) جب ایک شخص کوئی مال کسی بیچنے والے سے اس مقصد سے لے کہ اسے دیکھے یا کچھ مدت اپنے پاس رکھے تا کہ اگر پسند آئے تو خرید لے تو اگر وہ مال تلف ہو جائے تو مشہور قول کی بنا پر ضروری ہے کہ اس کا عوض اس کے مالک کو دے۔

گم شدہ مال پانے کے احکام

(۲۵۲۳) اگر کسی شخص کو کسی دوسرے کا گم شدہ ایسا مال ملے جو حیوانات میں سے نہ ہو اور جس کی کوئی ایسی نشانی بھی نہ ہو جس کے ذریعے اس کے مالک کا پتا چل سکے تو خواہ اس کی قیمت ایک درہم — ۶ء۱۲ چنے سکہ دار چاندی — سے کم ہو یا نہ ہو وہ اپنے لئے لے سکتا ہے لیکن احتیاط مستحب ہے کہ وہ شخص اس مال کو اس کے مالک کی طرف سے فقیروں کو صدقہ کر دے۔ یہی حکم اس روپے پیسے کا ہے جس پر کوئی علامت نہ ہو۔ ہاں اگر اس کی مقدار یا زمان و مکان کی خصوصیات اس پیسے کے لئے علامت بن سکتی ہوں تو اس کے بارے میں مسئلہ ۲۵۲۴ کے مطابق اعلان کروانا ضروری ہے۔

(۲۵۲۴) اگر کوئی شخص ایک ایسی چیز پائے جس پر کوئی ایسی نشانی ہو جس کے ذریعے اس کے مالک کا پتا چلایا جا سکے تو اگرچہ اسے معلوم ہو کہ اس کا مالک ایک ایسا کافر ہے جس کا مال محترم ہے تو اس صورت میں کہ اس چیز کی قیمت ایک درہم تک پہنچ جائے تو ضروری ہے کہ جس دن وہ چیز ملی ہو اس سے ایک سال تک لوگوں کے مجمع (بیٹھکوں یا مجلسوں) میں اس کا اعلان کرے۔ اور اگر اس کی قیمت ایک درہم سے کم ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اسے اس کے مالک کی طرف سے صدقہ کر دے اور جب بھی اس کا مالک نکل آئے اور وہ صدقہ کرنے پر راضی نہ ہو تو اسے اس کا عوض دیدے۔

(۲۵۲۵) اگر انسان خود اعلان نہ کرنا چاہے تو ایسے آدمی کو اپنی طرف سے اعلان کرنے کے لئے کہہ سکتا ہے جس کے متعلق اسے اطمینان ہو کہ وہ اعلان کر دے گا۔

(۲۵۲۶) اگر ایک سال تک اعلان کرے اور مال کا مالک نہ ملے تو اس صورت میں جبکہ وہ مال حرم پاک مکہ کے علاوہ کسی جگہ سے ملا ہو وہ اسے اس کے مالک کے لئے اپنے پاس رکھ سکتا ہے تا کہ جب بھی وہ ملے اسے دیدے اور اس مدت میں اس کی حفاظت کے ساتھ ساتھ اس سے استفادہ کرنے میں کوئی اشکال نہیں۔ اور یہ بھی کر سکتا ہے کہ اس مال کو اس کے مالک کی طرف سے فقیروں کو صدقہ کر دے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ وہ خود نہ لے۔ اور اگر وہ مال اسے حرم پاک مکہ میں ملا ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اسے فقراء پر صدقہ کر دے۔

(۲۵۲۷) اگر ایک سال تک اعلان کرنے کے بعد بھی مال کا مالک نہ ملے اور مال اس کے مالک کو دینے کے لئے اس کی حفاظت کے دوران تلف ہو جائے تو اگر اس نے مال کی نگہداشت میں کوتاہی نہ برتی ہو اور تعدی یعنی بے احتیاطی بھی نہ کی ہو تو پھر وہ ذمے دار نہیں ہے۔ لیکن اگر وہ مال اس کے مالک کی طرف سے صدقہ کر چکا ہو تو مال کے مالک کو اختیار ہے کہ اس صدقے پر راضی ہو جائے یا اپنے مال کے عوض کا مطالبہ کرے اور صدقے کا ثواب صدقہ کرنے والے کو ملے گا۔

(۲۵۲۸) جس شخص کو کوئی مال ملا ہو اگر وہ اس طریقے کے مطابق جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے عمداً اعلان نہ

کرے تو پہلے (اعلان نہ کرکے اگرچہ) اس نے گناہ کیا ہے لیکن اب اسے احتمال ہو کہ (اعلان کرنا) مفید ہوگا تو پھر بھی اس پر واجب ہے کہ اعلان کرے۔

(۲۵۲۹) اگر دیوانے یا نابالغ بچے کو کوئی ایسی چیز مل جائے جس میں علامت موجود ہو اور اس کی قیمت ایک درہم کے برابر ہو تو اس کا سرپرست اعلان کرسکتا ہے — بلکہ اگر وہ چیز سرپرست نے بچے یا دیوانے سے لے لی ہو تو اس پر واجب ہے کہ اعلان کرے — اور اگر ایک سال تک اعلان کرے پھر بھی مال کا مالک نہ ملے تو ضروری ہے کہ جو کچھ مسئلہ ۲۵۲۶ میں بتایا گیا ہے اس کے مطابق عمل کرے۔

(۲۵۳۰) اگر انسان اس سال کے دوران جس میں وہ (ملنے والے مال کے بارے میں) اعلان کر رہا ہو مال کے مالک کے ملنے سے ناامید ہوجائے تو ضروری ہے کہ — احتیاط واجب کی بنا پر حاکم شرع کی اجازت سے — اس مال کو صدقہ کردے۔

(۲۵۳۱) اگر اس سال کے دوران جس میں (انسان ملنے والے مال کے بارے میں) اعلان کر رہا ہو وہ مال تلف ہوجائے تو اگر اس شخص نے اس مال کی نگہداشت میں کوتاہی کی ہو یا اسے بے جا استعمال کیا ہو تو وہ ضامن ہے کہ اس کا عوض اس کے مالک کو دے اور ضروری ہے کہ اعلان کرتا رہے۔ اور اگر کوتاہی نہ کی ہو اور بے جا استعمال بھی نہ کیا ہو تو پھر اس پر کچھ بھی واجب نہیں ہے۔

(۲۵۳۲) اگر کوئی مال جس پر کوئی نشانی (یا مارکہ) ہو اور اس کی قیمت ایک درہم تک پہنچتی ہو ایسی جگہ ملے جس کے بارے میں معلوم ہو کہ اعلان کے ذریعے اس کا مالک نہیں ملے گا تو ضروری ہے کہ (جس شخص کو وہ مال ملا ہو) وہ پہلے دن ہی اسے — احتیاط لازم کی بنا پر حاکم شرع کی اجازت سے — اس کے مالک کی طرف سے فقیروں کو صدقہ کردے اور ضروری نہیں کہ وہ ایک سال ختم ہونے تک انتظار کرے۔

(۲۵۳۳) اگر کسی شخص کو کوئی چیز ملے اور وہ اسے اپنا مال سمجھتے ہوئے اٹھالے اور بعد میں اسے پتا چلے کہ وہ اس کا اپنا مال نہیں ہے تو جو احکام اس سے پہلے والے مسائل میں بیان کئے گئے ہیں انہیں کے مطابق عمل کرے۔

(۲۵۳۴) جو چیز ملی ہو ضروری ہے کہ اس کا اس طرح اعلان کیا جائے کہ اگر اس کا مالک سنے تو اسے غالب گمان ہو کہ وہ چیز اس کا مال ہے اور اعلان کرنے میں مختلف مواقع کے لحاظ سے فرق ہوتا ہے۔ مثلاً بعض اوقات اتنا کہنا کافی ہے "مجھے کوئی چیز ملی ہے" لیکن بعض صورتوں میں ضروری ہے کہ اس چیز کی جنس کا تعین کرے مثلاً یہ کہے "مجھے سونے کا ایک ٹکڑا ملا ہے" اور بعض صورتوں میں اس چیز کی بعض خصوصیات کا بھی اضافہ ضروری ہے مثلاً کہے "مجھے سونے کی بالیاں ملی ہیں" لیکن بہرحال ضروری ہے کہ اس چیز کی تمام خصوصیات کا ذکر نہ کرے تاکہ وہ چیز معین نہ ہوجائے۔ اعلان ایسی جگہ کرنا ضروری ہے جہاں سے مالک کو اطلاع ملنے کا زیادہ احتمال ہو۔

(۲۵۳۵) اگر کسی کو کوئی چیز مل جائے اور دوسرا شخص کہے کہ یہ میرا مال ہے اور اس کی نشانیاں بھی بتادے

تو وہ چیز اس دوسرے شخص کو اس وقت دینا ضروری ہے جب اسے اطمینان ہوجائے کہ یہ اسی کا مال ہے۔ یہ لازم نہیں کہ وہ شخص ایسی نشانیاں بتائے جن کی طرف عموماً مال کا مالک بھی توجہ نہیں دیتا۔

(۲۵۳۶) کسی شخص کو جو چیز ملی ہو اگر اس کی قیمت ایک درہم تک پہنچے تو اگر وہ اعلان نہ کرے اور اس چیز کو مسجد یا کسی دوسری جگہ جہاں لوگ جمع ہوتے ہوں رکھ دے اور وہ چیز تلف ہوجائے یا کوئی دوسرا شخص اسے اٹھالے تو جس شخص کو وہ چیز پڑی ہوئی ملی ہو وہ ذمے دار ہے۔

(۲۵۳۷) اگر کسی شخص کو کوئی ایسی چیز مل جائے جو ایک سال تک باقی نہ رہتی ہو تو ضروری ہے کہ ان تمام خصوصیات کے ساتھ جب تک کہ وہ باقی رہے اس چیز کی حفاظت کرے جو اس کی قیمت میں اہمیت رکھتی ہوں۔ اور احتیاط واجب یہ ہے کہ اس مدت کے دوران اس کا اعلان بھی کرتا رہے اور پھر بھی اس کا مالک نہ ملے تو اس کی قیمت کا تعین کرکے اپنے لئے رکھ لے اور یہ بھی کرسکتا ہے کہ اسے بیچ دے اور ان پیسوں کی حفاظت کرے اور دونوں صورتوں میں ضروری ہے کہ اعلان بھی جاری رکھے۔ اگر اس کا مالک مل جائے تو رقم اسے دیدے اور اگر ایک سال تک اس کا مالک نہ ملے تو ضروری ہے کہ جو کچھ مسئلہ ۲۵۲۶ میں بتایا گیا ہے اس کے مطابق عمل کرے۔

(۲۵۳۸) جو چیز کسی کو پڑی ہوئی ملی ہو اگر وضو کرتے وقت یا نماز پڑھتے وقت وہ اس کے پاس ہو — اگرچہ وہ مالک ملنے کی صورت میں اسے نہ لوٹانا چاہتا ہو تب بھی — اس کا وضو اور نماز باطل نہیں ہوگی۔

(۲۵۳۹) اگر کسی شخص کا جوتا اٹھالیا جائے اور اس کی جگہ کسی اور کا جوتا رکھ دیا جائے اور اگر وہ شخص جانتا ہو کہ جو جوتا رکھا ہے وہ اس شخص کا مال ہے جو اس کا جوتا لے گیا ہے اور وہ اس بات پر راضی ہو کہ جو جوتا وہ لے گیا ہے اس کے عوض اس کا جوتا رکھ لے تو وہ اپنے جوتے کے بجائے وہ جوتا رکھ سکتا ہے۔ اسی طرح اگر وہ شخص جانتا ہو کہ وہ شخص اس کا جوتا ناحق اور ظلماً لے گیا ہے تب بھی یہی حکم ہے۔ لیکن اس صورت میں ضروری ہے کہ اس جوتے کی قیمت اس کے اپنے جوتے کی قیمت سے زیادہ نہ ہو ورنہ زیادہ قیمت کے متعلق مجہول المالک کا حکم جاری ہوگا اور ان دو صورتوں کے علاوہ اس جوتے پر مجہول المالک کا حکم جاری ہوگا۔

(۲۵۴۰) اگر انسان کے پاس مجہول المالک مال ہو یعنی اس کا مالک نامعلوم ہو اور اس مال پر لفظ گم شدہ کا اطلاق نہ ہوتا ہو تو اس صورت میں کہ جب اسے اطمینان ہو کہ اس مال میں تصرف کرنے پر اس مال کا مالک راضی ہوگا تو جس طرح بھی وہ اس مال میں تصرف کرنا چاہے اس کے لئے جائز ہے۔ اگر اطمینان نہ ہو تو انسان کے لئے لازم ہے کہ اس کے مالک کو تلاش کرے اور جب تک اس کے ملنے کی امید ہو اس وقت تک تلاش کرے اور اس کے مالک کے ملنے سے مایوس ہونے کے بعد اس مال کو بطور صدقہ فقیر کو دینا ضروری ہے۔ احتیاط واجب یہ ہے کہ حاکم شرع کی اجازت سے صدقہ دیدے اور حاکم شرع کی اجازت سے اس کی قیمت بھی صدقہ دے سکتا ہے۔ اور اگر بعد میں مال کا مالک مل جائے اور صدقہ دینے پر راضی نہ ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اسے اس کا عوض دیدے۔

حیوانات کو شکار اور ذبح کرنے کے احکام

(۲۵۴۱) حلال گوشت حیوان جنگلی ہو یا پالتو اس کو اس طریقے کے مطابق ذبح کیا جائے جو بعد میں بتایا جائے گا تو اس کی جان نکل جانے کے بعد اس کا گوشت حلال اور بدن پاک ہے۔ لیکن اونٹ، مچھلی اور ٹڈی کے حلال کرنے کا طریقہ الگ ہے جسے آئندہ مسائل میں بیان کیا جائے گا۔

(۲۵۴۲) وہ جنگلی حیوان جن کا گوشت حلال ہو مثلاً ہرن، چکور اور پہاڑی بکری اور وہ حیوان جن کا گوشت حلال ہو اور جو پالتو رہے ہوں اور بعد میں جنگلی بن گئے ہوں مثلاً پالتو گائے اور اونٹ جو بھاگ گئے ہوں اور جنگلی یا ایسے سرکش ہو گئے ہوں کہ انہیں قابو نہ کر سکتے ہوں تو اگر انہیں اس طریقے کے مطابق شکار کیا جائے جس کا ذکر بعد میں ہوگا تو وہ پاک اور حلال ہیں۔ لیکن حلال گوشت والے پالتو حیوان مثلاً بھیڑ اور گھریلو مرغ اور حلال گوشت والے وہ جنگلی حیوان جو تربیت کی وجہ سے پالتو بن جائیں شکار کرنے سے پاک اور حلال نہیں ہوتے۔

(۲۵۴۳) حلال گوشت والا جنگلی حیوان شکار کرنے سے اس صورت میں پاک اور حلال ہوتا ہے جب وہ بھاگ سکتا ہو یا اڑ سکتا ہو۔ لہٰذا ہرن کا وہ بچہ جو بھاگ نہ سکے اور چکور کا وہ بچہ جو اڑ نہ سکے شکار کرنے سے پاک اور حلال نہیں ہوتے اور اگر کوئی شخص ہرنی کو اور اس کے ایسے بچے کو جو بھاگ نہ سکتا ہو ایک ہی تیر سے شکار کرے تو ہرنی حلال اور اس کا بچہ حرام ہوگا۔

(۲۵۴۴) حلال گوشت والا وہ حیوان جو اچھلنے والا خون نہ رکھتا ہو مثلاً مچھلی اگر خود بخود مر جائے تو پاک ہے لیکن اس کا گوشت کھایا نہیں جا سکتا۔

(۲۵۴۵) حرام گوشت والا وہ حیوان جو اچھلنے والا خون نہ رکھتا ہو مثلاً سانپ اور گرگٹ اس کا مُردہ پاک ہے لیکن شکار یا ذبح کرنے سے وہ حلال نہیں ہوتے۔

(۲۵۴۶) کتا اور سور ذبح کرنے اور شکار کرنے سے بالکل پاک نہیں ہوتے اور ان کا گوشت کھانا بھی حرام ہے۔ اور اسی طرح چھوٹے حیوانات جو زیرِ زمین رہتے ہیں اور اچھلنے والا خون رکھتے ہیں جیسے چوہا اور گوہ وغیرہ شکار کرنے یا ذبح کرنے سے ان کا گوشت اور کھال پاک نہیں ہوتے۔

(۲۵۴۷) حرام گوشت حیوانات کا گوشت اور کھال ــــ ان حیوانات کے علاوہ جو گزشتہ مسئلے میں ذکر کئے گئے ــــ ذبح کرنے یا اسلحے سے شکار کرنے سے پاک ہو جاتے ہیں، خواہ وہ حیوانات چیر پھاڑ کرنے والے ہوں یا نہ ہوں۔ حتیٰ کہ ہاتھی، چیتا اور بندر بھی (جو فقہی نظر سے محلِ اختلاف ہیں) اور اگر حرام گوشت حیوانات کا کتے کے ذریعے شکار کریں تو اس کا پاک ہونا محلِ اشکال ہے۔

(۲۵۴۸) اگر زندہ حیوان کے پیٹ سے مُردہ بچہ نکلے یا نکالا جائے تو اس کا گوشت کھانا حرام ہے۔

حیوانات کو ذبح کرنے کا طریقہ

(۲۵۴۹) حیوان کو ذبح کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کی گردن کی چار بڑی رگوں کو مکمل طور پر کاٹا جائے۔ (۱) سانس کی نالی (۲) کھانے کی نالی (۳۔۴) دو موٹی رگیں جو کھانے اور سانس کی نالی کے دونوں طرف ہوتی ہیں۔ اور احتیاط واجب کی بنا پر ان رگوں میں صرف چیرا لگانا یا صرف گلا کاٹنا کافی نہیں ہے اور درحقیقت یہ چار رگوں کو کاٹنا نہ ہوا۔ مگر (شرعاً ذبیحہ اس وقت صحیح ہوتا ہے) جب سانس اور کھانے کی نالیوں کو گلے کی گرہ کے نیچے سے اس طرح کاٹا جائے کہ وہ جدا ہو جائیں۔

(۲۵۵۰) اگر کوئی شخص چار رگوں میں سے بعض کو کاٹے اور پھر حیوان کے مرنے تک صبر کرے اور باقی رگیں بعد میں کاٹے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں یعنی حیوان پاک اور حلال نہیں ہے۔ لیکن اس صورت میں جبکہ چاروں رگیں حیوان کی جان نکلنے سے پہلے کاٹ دی جائیں مگر حسبِ معمول مسلسل نہ کاٹی جائیں تو وہ حیوان پاک اور حلال ہوگا۔

(۲۵۵۱) اگر بھیڑیا کسی بھیڑ کا گلا اس طرح پھاڑ دے کہ گردن کی ان چار رگوں میں سے جنہیں ذبح کرتے وقت کاٹنا ضروری ہے کچھ بھی باقی نہ رہے تو وہ بھیڑ حرام ہو جاتی ہے اور اگر صرف سانس کی نالی بالکل باقی نہ رہے تب بھی یہی حکم ہے۔ بلکہ اگر بھیڑیا گردن کا کچھ حصہ پھاڑ دے اور چاروں رگیں سر سے لگی ہوئی یا بدن سے لگی ہوئی باقی رہیں تو احتیاط واجب کی بنا پر وہ بھیڑ حرام ہو جاتی ہے۔ لیکن اگر بدن کا کوئی دوسرا حصہ پھاڑے تو اس صورت میں جبکہ بھیڑ ابھی زندہ ہو اور اس طریقے کے مطابق ذبح کی جائے جس کا ذکر بعد میں ہوگا تو وہ حلال اور پاک ہوگی۔ یہ حکم صرف بھیڑیے اور بھیڑ کے ساتھ ہی مختص نہیں ہے۔

حیوان کو ذبح کرنے کی شرائط

(۲۵۵۲) حیوان کو ذبح کرنے کی چند شرطیں ہیں:

(۱) حیوان کو ذبح کرنے والا مرد ہو یا عورت ضروری ہے کہ مسلمان ہو۔ وہ مسلمان بچہ بھی جو سمجھدار ہو یعنی برے بھلے تمیز رکھتا ہو حیوان کو ذبح کر سکتا ہے۔ لیکن غیر کتابی کفار اور ان فرقوں کے لوگ جو کفار کے حکم میں ہیں مثلاً نواصب اگر کسی حیوان کو ذبح کریں تو وہ حلال نہیں ہوگا بلکہ کتابی کافر (مثلاً یہودی اور عیسائی) بھی کسی حیوان کو ذبح کرے اگرچہ بسم اللہ بھی کہے تو بھی احتیاط واجب کی بنا پر وہ حیوان حلال نہیں ہوگا۔

(۲) جہاں تک ہو سکے حیوان کا گلا لوہے کی چھری سے کاٹے۔ بنابر احتیاط واجب اسٹیل کی چھری سے کاٹنا کافی نہیں ہے لیکن اگر لوہے کا اوزار دستیاب نہ ہو تو کسی ایسی تیز دھار چیز سے ذبح کرے جو گلے کی چاروں رگیں کاٹ سکتی ہو مثلاً شیشہ اور پتھر ہر چند کہ اس کا سر جدا کرنے کی ضرورت پیش نہ آئی ہو۔

(۳) ذبح کرتے وقت حیوان کا رخ قبلے کی طرف ہو۔ حیوان کا قبلہ رخ ہونا خواہ وہ بیٹھا ہو یا کھڑا ہو دونوں حالتوں میں ایسا ہو جیسے انسان نماز میں قبلہ رخ ہوتا ہے۔ اور اگر حیوان دائیں طرف یا بائیں طرف لیٹا ہو تو ضروری ہے کہ حیوان کی گردن اور اس کا پیٹ قبلہ رخ ہو اور اس کے پاؤں، ہاتھوں اور منہ کا قبلہ رخ ہونا لازم نہیں ہے۔ جو شخص جانتا ہو کہ ذبح کرتے وقت ضروری ہے کہ حیوان قبلہ رخ ہو اگر وہ جان بوجھ کر اس کا منہ قبلے کی طرف نہ کرے تو حیوان حرام ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر ذبح کرنے والا بھول جائے یا مسئلہ نہ جانتا ہو یا قبلے کے بارے میں اسے اشتباہ ہو تو اشکال نہیں ہے۔ اور اگر یہ نہ جانتا ہو کہ قبلہ کس طرف ہے یا حیوان کا منہ اگرچہ دوسرے کی مدد لے کر قبلے کی طرف نہ کر سکتا ہو تو اس صورت میں کہ جانور سرکش دولتیاں جھاڑنے والا ہو یا کنویں یا گڑھے میں گرا ہوا ہو اور اسے قبلہ رخ ذبح کرنے سے لاچار ہوں تو جس طرف ہو ذبح کرنے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔ اور یہی حکم ہے جبکہ جانور کو قبلہ رخ کرنے میں اس کے مرنے کا خطرہ ہو۔ اور ایسے مسلمان کا ذبح کرنا جو جانور کے قبلہ رو ہونے کا عقیدہ نہ رکھتا ہو درست ہے چاہے وہ جانور کو قبلہ رو نہ رکھے۔ احتیاط مستحب یہ ہے کہ حیوان کو ذبح کرنے والا بھی قبلہ رخ ہو۔

(۴) کسی حیوان کو ذبح کرتے وقت یا ذبح سے کچھ پہلے ذبح کرنے کی نیت سے ذبح کرنے والا خود خدا کا نام لے۔ اور غیر ذابح کا خدا کا نام لینا کافی نہیں ہے۔ اور صرف بسم اللہ یا اللہ اکبر کہہ دے تو کافی ہے بلکہ اگر صرف اللہ کہہ دے تو کافی ہے اگرچہ خلاف احتیاط ہے۔ اور اگر ذبح کرنے کی نیت کے بغیر خدا کا نام لے یا مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے خدا کا نام نہ لے تو وہ حیوان پاک نہیں ہوتا لیکن اگر بھولنے کی وجہ سے خدا کا نام نہ لے تو اشکال نہیں ہے۔

(۵) ذبح ہونے کے بعد حیوان حرکت کرے اگرچہ مثال کے طور پر صرف آنکھ یا دم کو حرکت دے یا اپنا پاؤں زمین پر مارے اور یہ حکم اس صورت میں لازم ہے جب ذبح کرتے وقت حیوان کا زندہ ہونا مشکوک ہو اور اگر مشکوک نہ ہو تو یہ شرط ضروری نہیں ہے۔

(۶) حیوان کے بدن سے اتنا خون نکلے جتنا معمول کے مطابق نکلتا ہے۔ پس اگر خون اس کی رگوں میں رک جائے اور اس سے خون نہ نکلے یا خون نکلا ہو لیکن اس حیوان کی نوع کی نسبت کم ہو تو وہ حیوان حلال نہیں ہوگا۔ لیکن اگر خون کم نکلنے کی وجہ یہ ہو کہ اس حیوان کا ذبح کرنے سے پہلے خون بہہ چکا ہو تو اشکال نہیں ہے۔

(۷) حیوان کا گلا ذبح کی نیت سے کاٹا جائے۔ اگر کسی کے ہاتھ سے چاقو گرے اور حیوان کا گلا بغیر نیت کے کاٹ دے۔ یا ذبح کرنے والا نیند میں یا نشے میں ہو یا بیہوشی میں ہو یا غیر ممیز بچہ یا دیوانہ ہو یا کسی اور مقصد سے چاقو حیوان کے گلے پر پھیر رہا ہو اور اتفاقاً گلا کٹ جائے تو وہ حلال نہیں ہے۔

(۲۵۵۳) احتیاط واجب کی بنا پر جائز نہیں ہے کہ حیوان کی جان نکلنے سے پہلے اس کا سر تن سے جدا کیا جائے ــــ اگرچہ ایسا کرنے سے حیوان حرام نہیں ہوتا ــــ لیکن لاپروائی یا چھری تیز ہونے کی وجہ سے سر جدا ہو جائے تو اشکال نہیں ہے۔ اور اسی طرح بہ احتیاط واجب کی بنا پر حیوان کی گردن چیرنا اور اس کی نخاع جان نکلنے سے پہلے کاٹنا۔ اور نخاع وہی حرام مغز ہے جو سفید رگ کی طرح حیوان کی کمر کے مہروں کے درمیان سے دم تک جاتی ہے۔

اونٹ کو نحر کرنے کا طریقہ

(۲۵۵۴) اونٹ کو پاک اور حلال کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ذبح کے بجائے نحر کیا جائے۔ اور اس کی شرائط وہی ہیں جو حیوان کو ذبح کرنے کے لئے بتائی گئی ہیں۔ چھری یا کوئی اور چیز جو لوہے سے بنی ہو اور کاٹنے والی ہو اونٹ کی گردن اور سینے کے درمیان جوف میں گھونپ دیں۔ بہتر یہ ہے کہ نحر کرتے وقت اونٹ کھڑا ہو۔

(۲۵۵۵) اگر اونٹ کی گردن کی گہرائی میں چھری گھونپنے کی بجائے اسے ذبح کیا جائے (یعنی نحر کرنے کے بجائے اس کی گردن کی چار رگیں کاٹی جائیں) یا بھیڑ اور گائے اور ان جیسے دوسرے حیوانات کو اونٹ کی طرح نحر کیا جائے (یعنی ان کی گردن کی گہرائی میں اونٹ کی طرح چھری گھونپی جائے) تو ان کا گوشت حرام اور بدن نجس ہے۔ لیکن اگر اونٹ کی چار رگیں کاٹی جائیں اور ابھی وہ زندہ ہو تو مذکورہ طریقے کے مطابق اس کی گردن کی گہرائی میں چھری گھونپی جائے تو اس کا گوشت حلال اور بدن پاک ہے۔ نیز اگر گائے یا بھیڑ اور ان جیسے حیوانات کی گردن کی گہرائی میں چھری گھونپی جائے اور ابھی وہ زندہ ہوں کہ انہیں ذبح کر دیا جائے تو وہ پاک اور حلال ہیں۔

(۲۵۵۶) اگر کوئی حیوان سرکش ہو جائے اور اس طریقے کے مطابق جو شرع نے مقرر کیا ہے ذبح (یا نحر) کرنا ممکن نہ ہو مثلاً کنویں میں گر جائے اور اس بات کا احتمال ہو کہ وہیں مر جائے گا اور اس کا مذکورہ طریقے کے مطابق ذبح (یا نحر) کرنا ممکن نہ ہو تو اس کے بدن پر جہاں کہیں بھی زخم لگایا جائے اور اس زخم کے نتیجے میں اس کی جان نکل جائے وہ حیوان حلال ہے اور اس کا رو بہ قبلہ ہونا لازم نہیں۔ لیکن ضروری ہے کہ دوسری شرائط جو حیوان کو ذبح کرنے کے بارے میں بتائی گئی ہیں اس میں موجود ہوں۔

حیوانات کو ذبح کرنے کے مستحبات

(۲۵۵۷) فقہاء رضوان اللہ علیہم نے حیوانات کو ذبح کرنے میں کچھ چیزوں کو مستحب شمار کیا ہے:

(۱) بھیڑ کو ذبح کرتے وقت اس کے دونوں ہاتھ اور ایک پاؤں باندھ دیئے جائیں اور دوسرا پاؤں کھلا رکھا جائے۔ اور گائے کو ذبح کرتے وقت اسکے چاروں ہاتھ پاؤں باندھ دیئے

جائیں اور دم کھلی رکھی جائے اور اونٹ کو نحر کرتے وقت اگر وہ بیٹھا ہوا ہو تو اس کے دونوں ہاتھ نیچے سے گھٹنے تک یا بغل کے نیچے ایک دوسرے سے باندھ دیئے جائیں اور اسکے پاؤں کھلے رکھے جائیں۔ اور اگر کھڑا ہو تو اسکے بائیں پاؤں کو باندھ دیں۔ اور مستحب ہے کہ پرندے کو ذبح کرنے کے بعد چھوڑ دیا جائے تاکہ وہ اپنے پر اور بازو پھڑ پھڑا سکے۔

(۲) حیوان کو ذبح (یا نحر) کرنے سے پہلے اس کے سامنے پانی رکھا جائے۔

(۳) (ذبح یا نحر کرتے وقت) ایسا کام کیا جائے کہ حیوان کو کم سے کم تکلیف ہو۔ مثلاً چھری خوب تیز کرلی جائے اور حیوان کو جلدی ذبح کیا جائے۔

حیوانات کو ذبح کرنے کے مکروہات

(۲۵۵۸) حیوانات کو ذبح کرتے وقت بعض روایات میں چند چیزیں مکروہ شمار کی گئی ہیں:

(۱) حیوان کی جان نکلنے سے پہلے اس کی کھال اتارنا۔

(۲) حیوان کو ایسی جگہ ذبح کرنا جہاں اس کی نسل کا دوسرا حیوان اسے دیکھ رہا ہو۔

(۳) رات کو یا جمعہ کے دن ظہر سے پہلے حیوان کا ذبح کرنا۔ لیکن اگر ایسا کرنا ضرورت کے تحت ہو تو اس میں کوئی کراہت نہیں۔

(۴) جس چوپائے کو انسان نے پالا ہو اسے خود اپنے ہاتھ سے ذبح کرنا۔

ہتھیاروں سے شکار کرنے کے احکام

(۲۵۵۹) اگر حلال گوشت جنگلی حیوان کا شکار ہتھیاروں کے ذریعے کیا جائے اور وہ مر جائے تو پانچ شرطوں کے ساتھ وہ حیوان حلال اور اس کا بدن پاک ہوتا ہے۔

(۱) شکار کا ہتھیار چھری اور تلوار کی طرح کاٹنے والا ہو یا نیزے اور تیر کی طرح تیز ہو تا کہ تیز ہونے کی وجہ سے حیوان کے بدن کو چاک کردے اور قسم دوم میں اگر ہتھیار نیزے کی نوک کی طرح نہ ہو تو شکار کے حلال ہونے کی شرط یہ ہے کہ حیوان کے بدن کو زخمی اور چاک کردے اور اگر نیزے کی نوک ہو تو اتنا کافی ہے کہ حیوان کو مار دے اگرچہ زخمی نہ کرے۔ اور اگر حیوان کا شکار جال یا لکڑی یا پتھر یا انہی جیسی چیزوں کے ذریعے کیا جائے اور وہ مر جائے تو پاک نہیں ہوتا اور اس کا کھانا بھی حرام ہے۔ اور یہی حکم ہے احتیاط واجب کی بنا پر کہ اگر کسی ایسی تیز چیز سے جو ہتھیار نہ ہو جیسے بڑی سوئی یا پنجہ یا کباب کی سیخ وغیرہ سے شکار کیا جائے۔ اگر حیوان کا شکار بندوق سے کیا جائے اور اس کی گولی اتنی تیز ہو کہ حیوان کے بدن میں گھس جائے اور اسے چاک کردے تو وہ حیوان پاک اور حلال

ہے۔ خواہ گولی تیز نہ ہو بلکہ دباؤ کے ساتھ حیوان کے بدن میں داخل ہو اور اسے مار دے یا اپنی گرمی کی وجہ سے اس کا بدن جلا دے اور اس جلنے کے اثر سے حیوان مر جائے تو اس حیوان کے پاک اور حلال ہونے میں اشکال ہے۔

(۲) ضروری ہے کہ شکاری مسلمان ہو یا ایسا مسلمان بچہ ہو جو برے بھلے کو سمجھتا ہو اور اگر غیر کتابی کافر یا وہ شخص جو کافر کے حکم میں ہو — جیسے ناصبی — کسی حیوان کا شکار کرے تو وہ شکار حلال نہیں ہے بلکہ کتابی کافر بھی اگر شکار کرے اور اللہ کا نام بھی لے تب بھی احتیاط واجب کی بنا پر وہ حیوان حلال نہیں ہوگا۔

(۳) شکاری ہتھیار اس حیوان کو شکار کرنے کے لئے استعمال کرے اور اگر مثلاً کوئی شخص کسی جگہ کو نشانہ بنا رہا ہو اور اتفاقاً ایک حیوان کو مار دے تو وہ حیوان پاک نہیں ہے اور اس کا کھانا بھی حرام ہے۔ لیکن آدمی شکار کی غرض سے کسی خاص حیوان کا نشانہ لے اور نشانہ کسی دوسرے حیوان پر لگے تو وہ حلال اور پاک ہے۔

(۴) ہتھیار چلاتے وقت شکاری اللہ کا نام لے اور اگر نشانے پر لگنے سے پہلے اللہ کا نام لے تو بھی کافی ہے۔ لیکن اگر جان بوجھ کر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لے تو شکار حلال نہیں ہوتا۔ البتہ بھول جائے تو کوئی اشکال نہیں۔

(۵) اگر شکاری حیوان کے پاس اس وقت پہنچے جب وہ مر چکا ہو یا اگر زندہ ہو تو ذبح کرنے کے لئے وقت نہ ہو یا ذبح کرنے کے لئے وقت ہوتے ہوئے وہ اسے ذبح نہ کرے حتیٰ کہ وہ مر جائے تو حیوان حرام ہے۔

(۲۵۶۰) اگر دو اشخاص (مل کر) ایک حیوان کا شکار کریں اور ان میں سے ایک مذکورہ پوری شرائط کے ساتھ شکار کرے لیکن دوسرے کے شکار میں مذکورہ پوری شرائط نہ ہوں مثلاً ان دونوں میں سے ایک اللہ تعالیٰ کا نام لے اور دوسرا جان بوجھ کر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لے تو وہ حیوان حلال نہیں ہے۔

(۲۵۶۱) اگر تیر لگنے کے بعد مثال کے طور پر حیوان پانی میں گر جائے اور انسان کو علم ہو کہ حیوان — تیر لگنے اور پانی میں گرنے — دونوں وجہ سے مرا ہے تو وہ حیوان حلال نہیں ہے۔ بلکہ اگر انسان کو یہ علم نہ ہو کہ وہ فقط تیر لگنے سے مرا ہے تب بھی وہ حیوان حلال نہیں ہے۔

(۲۵۶۲) اگر کوئی شخص غصبی کتے یا غصبی ہتھیار سے کسی حیوان کا شکار کرے تو شکار حلال ہے اور خود شکاری کا مال ہو جاتا ہے۔ لیکن اس بات کے علاوہ کہ اس نے گناہ کیا ہے ضروری ہے کہ ہتھیار یا کتے کی اجرت اس کے مالک کو دے۔

(۲۵۶۳) اگر شکار کرنے کے ہتھیار مثلاً تلوار سے حیوان کے بعض اعضاء مثلاً ہاتھ اور پاؤں اس کے بدن سے جدا کر دیئے جائیں تو وہ عضو حرام ہیں لیکن اگر مسئلہ ۲۵۵۹ میں مذکورہ شرائط کے ساتھ اس حیوان کو ذبح کیا جائے تو اس کا باقی ماندہ بدن حلال ہو جائے گا۔ لیکن اگر شکار کے ہتھیار سے مذکورہ شرائط کے ساتھ حیوان

کے بدن کے دو ٹکڑے کر دیئے جائیں اور سر اور گردن ایک حصے میں رہیں اور انسان اس وقت شکار کے پاس پہنچے جب اس کی جان نکل چکی ہو تو دونوں حصے حلال ہیں۔ اگر حیوان زندہ ہو لیکن اسے ذبح کرنے کیلئے وقت نہ ہو تب بھی یہی حکم ہے۔ لیکن اگر ذبح کرنے کے لئے وقت ہو اور ممکن ہو کہ حیوان کچھ دیر زندہ رہے تو وہ حصہ جس میں سر اور گردن نہ ہو حرام ہے اور وہ حصہ جس میں سر اور گردن ہو اگر اسے پہلے بتائے گئے طریقے کے مطابق ذبح کیا جائے تو حلال ہے ورنہ وہ بھی حرام ہے۔

(۲۵۶۴) اگر لکڑی یا پتھر یا کسی دوسری چیز سے جن سے شکار کرنا صحیح نہیں ہے کسی حیوان کے دو ٹکڑے کر دیئے جائیں تو وہ حصہ جس میں سر اور گردن نہ ہوں حرام ہے۔ اور اگر حیوان زندہ ہو اور ممکن ہو کہ کچھ دیر زندہ رہے اور اسے پہلے بتائے گئے طریقے کے مطابق ذبح کیا جائے تو وہ حصہ جس میں سر اور گردن ہوں حلال ہے ورنہ وہ حصہ بھی حرام ہے۔

(۲۵۶۵) جب کسی حیوان کا شکار کیا جائے یا اسے ذبح کیا جائے اور اس کے پیٹ سے زندہ بچہ نکلے تو اگر اس بچے کو پہلے بتائے گئے طریقے کے مطابق ذبح کیا جائے تو حلال ورنہ حرام ہے۔

(۲۵۶۶) اگر کسی حیوان کا شکار کیا جائے یا اسے ذبح کیا جائے اور اس کے پیٹ سے مُردہ بچہ نکلے تو اس صورت میں کہ جب بچہ اس حیوان کو ذبح کرنے سے پہلے نہ مرا ہو اور اسی طرح جب وہ بچہ اس حیوان کے پیٹ سے دیر سے نکلنے کی وجہ سے نہ مرا ہو اگر اس بچے کی بناوٹ مکمل ہو اور بال یا اون اس کے بدن پر اُگے ہوئے ہوں تو وہ بچہ پاک اور حلال ہے۔

شکاری کتے سے شکار کرنا

(۲۵۶۷) اگر شکاری کتا کسی حلال گوشت والے جنگلی حیوان کا شکار کرے تو اس حیوان کے پاک ہونے اور حلال ہونے کے لئے چھ شرطیں ہیں:

(۱) کتا اس طرح سدھایا ہوا ہو کہ جب بھی اسے شکار پکڑنے کے لئے بھیجا جائے چلا جائے اور جب اسے جانے سے روکا جائے تو رک جائے۔ لیکن اگر شکار سے نزدیک ہونے اور شکار کو دیکھنے کے بعد اسے جانے سے روکا جائے اور نہ رکے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ اگر اس کی عادت یہ ہو کہ اپنے مالک کے پہنچنے سے پہلے شکار سے کچھ کھالے تو بھی حرج نہیں ہے اور اسی طرح اگر اسے شکار کا خون پینے کی عادت ہو تو اشکال نہیں ہے۔ لیکن احتیاط واجب کی بنا پر یہ شرط ضروری ہے کہ اس کی عادت ایسی ہو کہ اگر اس کا مالک شکار اس سے لینا چاہے تو رکاوٹ نہ ڈالے اور مقابلے پر اتر نہ آئے۔

(۲) اس کا مالک اسے شکار کے لئے بھیجے اور اگر وہ اپنے آپ ہی شکار کے پیچھے جائے اور کسی حیوان کو شکار کرلے تو اس حیوان کا کھانا حرام ہے۔ بلکہ اگر کتا اپنے آپ شکار کے پیچھے لگ جائے اور بعد میں اس کا مالک ہانک لگائے تاکہ وہ جلدی شکار تک پہنچے تو اگرچہ وہ

مالک کی آواز کی وجہ سے تیز بھاگے پھر بھی احتیاط واجب کی بنا پر اس شکار کو کھانے سے اجتناب کرنا ضروری ہے۔

(۳) جو شخص کتے کو شکار کے پیچھے لگائے ضروری ہے کہ مسلمان ہو۔ اس تفصیل کے مطابق جو اسلحہ سے شکار کرنے کی شرائط میں بیان ہو چکی ہے۔

(۴) کتے کو شکار کے پیچھے بھیجتے وقت یا بھیجنے سے پہلے شکاری اللہ تعالیٰ کا نام لے اور اگر جان بوجھ کر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لے تو وہ شکار حرام ہے لیکن اگر بھول جائے تو اشکال نہیں۔

(۵) شکار کو کتے کے کاٹنے سے جو زخم آئے وہ اس سے مرے۔ لہٰذا اگر کتا شکار کا گلا گھونٹ دے یا شکار دوڑنے یا ڈر جانے کی وجہ سے مر جائے تو حلال نہیں ہے۔

(۶) جس شخص نے کتے کو شکار کے پیچھے بھیجا ہو اگر وہ (شکار کئے گئے حیوان کے پاس) اس وقت پہنچے جب وہ مر چکا ہو یا اگر زندہ ہو تو اسے ذبح کرنے کیلئے وقت نہ ہو ــــ لیکن شکار کے پاس پہنچنا غیر معمولی تاخیر کی وجہ سے نہ ہو ــــ اور اگر ایسے وقت پہنچے جب اسے ذبح کرنے کیلئے وقت ہو لیکن وہ حیوان کو ذبح نہ کرے حتیٰ کہ وہ مر جائے تو وہ حیوان حلال نہیں ہے۔

(۲۵۶۸) جس شخص نے کتے کو شکار کے پیچھے بھیجا ہو اگر وہ شکار کے پاس اس وقت پہنچے جب وہ اسے ذبح کر سکتا ہو تو ذبح کرنے کے لوازمات مثلاً اگر چھری نکالنے کی وجہ سے وقت گزر جائے اور حیوان مر جائے تو حلال ہے۔ لیکن اگر اس کے پاس ایسی کوئی چیز نہ ہو جس سے حیوان کو ذبح کرے اور وہ مر جائے تو بنا بر احتیاط واجب وہ حلال نہیں ہوتا۔ البتہ اس صورت میں اگر وہ شخص اس حیوان کو چھوڑ دے تاکہ کتا اسے مار ڈالے تو وہ حیوان حلال ہو جاتا ہے۔

(۲۵۶۹) اگر کئی کتے شکار کے پیچھے بھیجے جائیں اور وہ سب مل کر کسی حیوان کا شکار کریں تو اگر وہ سب کے سب ان شرائط کو پورا کرتے ہوں جو مسئلہ ۲۵۶۷ میں بیان کی گئی ہیں تو شکار حلال ہے اور اگر ان میں سے ایک کتا بھی ان شرائط کو پورا نہ کرے تو شکار حرام ہے۔

(۲۵۷۰) اگر کوئی شخص کتے کو کسی حیوان کے شکار کے لئے بھیجے اور وہ کتا کوئی دوسرا حیوان شکار کرلے تو وہ شکار حلال اور پاک ہے۔ اور اگر جس حیوان کے پیچھے بھیجا گیا ہو اسے بھی اور ایک اور حیوان کو بھی شکار کرلے تو وہ دونوں حلال اور پاک ہیں۔

(۲۵۷۱) اگر چند اشخاص مل کر ایک کتے کو شکار کے پیچھے بھیجیں اور ان میں سے ایک شخص جان بوجھ کر خدا کا نام نہ لے تو وہ شکار حرام ہے۔ نیز جو کتے شکار کے پیچھے بھیجے گئے ہوں اگر ان میں سے ایک کتا اس طرح سدھایا ہوا نہ ہو جیسا کہ مسئلہ ۲۵۶۷ میں بتایا گیا ہے تو وہ شکار حرام ہے۔

(۲۵۷۲) اگر باز یا شکاری کتے کے علاوہ کوئی اور حیوان کسی جانور کا شکار کرے تو وہ شکار حلال نہیں ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص اس شکار کے پاس پہنچ جائے اور وہ ابھی زندہ ہو اور اس طریقے کے مطابق جو پہلے بتایا گیا ہے اسے ذبح کرلے تو پھر وہ حلال ہے۔

مچھلی اور ٹڈی کا شکار

(۲۵۷۳) اگر اس مچھلی کو جو پیدائش کے لحاظ سے چھلکے والی ہو—اگرچہ کسی عارضی وجہ سے اس کا چھلکا اتر گیا ہو—پانی میں سے زندہ پکڑ لیا جائے اور وہ پانی سے باہر آ کر مر جائے تو وہ پاک ہے اور اس کا کھانا حلال ہے۔ اگر وہ پانی میں مر جائے تو پاک ہے لیکن اس کا کھانا حرام ہے۔ اگرچہ وہ زہر کی طرح کسی چیز سے مرے۔ مگر یہ کہ وہ مچھیرے کے جال کے اندر پانی میں مر جائے تو اس صورت میں اس کا کھانا حلال ہے۔ جس مچھلی کے چھلکے نہ ہوں اگرچہ اسے پانی سے زندہ پکڑ لیا جائے اور پانی کے باہر مرے وہ حرام ہے۔

(۲۵۷۴) اگر مچھلی (اچھل کر) پانی سے باہر آ گرے یا پانی کی لہر اسے باہر پھینک دے یا پانی جذب ہو جائے اور مچھلی خشکی پر رہ جائے تو اگر اس کے مرنے سے پہلے کوئی شخص اسے ہاتھ سے یا کسی اور ذریعے سے پکڑ لے تو وہ مرنے کے بعد حلال ہے۔ اگر پکڑنے سے پہلے مر جائے تو حرام ہے۔

(۲۵۷۵) جو شخص مچھلی کا شکار کرے اس کے لئے لازم نہیں کہ مسلمان ہو یا مچھلی کو پکڑتے وقت خدا کا نام لے لیکن یہ ضروری ہے کہ مسلمان دیکھے یا کسی اور طریقے سے مسلمان کو یہ اطمینان ہو گیا ہو کہ مچھلی کو پانی سے زندہ پکڑا ہے یا وہ مچھلی اس کے جال میں پانی کے اندر مر گئی ہے۔

(۲۵۷۶) جس مری ہوئی مچھلی کے متعلق معلوم نہ ہو کہ اسے پانی سے زندہ پکڑا گیا ہے یا مردہ حالت میں پکڑا گیا ہے، اگر وہ مسلمان کے ہاتھ میں ہو جو اس میں بیچنے یا کھانے کی طرح کا تصرف کر رہا ہے جو اس کے حلال ہونے کا ثبوت ہے تو وہ حلال ہے۔ لیکن اگر کافر کے ہاتھ میں ہو تو خواہ وہ کہے کہ اس نے اسے زندہ پکڑا ہے، حرام ہے۔ مگر یہ کہ انسان کو اطمینان ہو کہ اس کافر نے مچھلی کو پانی سے زندہ پکڑا ہے یا وہ مچھلی اس کے جال میں پانی کے اندر مر گئی ہے (تو حلال ہے)۔

(۲۵۷۷) زندہ مچھلی کا کھانا جائز ہے۔

(۲۵۷۸) اگر زندہ مچھلی کو بھون لیا جائے یا اسے پانی کے باہر مرنے سے پہلے ذبح کر دیا جائے تو اس کا کھانا جائز ہے۔

(۲۵۷۹) اگر پانی سے باہر مچھلی کے دو ٹکڑے کر لئے جائیں اور ان میں سے ایک ٹکڑا زندہ ہونے کی حالت میں پانی میں گر جائے تو جو ٹکڑا پانی سے باہر رہ جائے اسے کھانا جائز ہے۔

(۲۵۸۰) اگر ٹڈی کو ہاتھ سے یا کسی اور ذریعے سے زندہ پکڑ لیا جائے تو وہ مر جانے کے بعد حلال ہے اور یہ لازم نہیں کہ اسے پکڑنے والا مسلمان ہو اور اسے پکڑتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لے۔ لیکن اگر مُردہ ٹڈی کافر کے ہاتھ میں ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ اس نے اسے زندہ پکڑا تھا یا نہیں تو اگرچہ وہ کہے کہ اس نے اسے زندہ پکڑا تھا تو وہ حرام ہے۔

(۲۵۸۱) جس ٹڈی کے پر ابھی تک نہ اُگے ہوں اور اُڑ نہ سکتی ہو اس کا کھانا حرام ہے۔

کھانے پینے کی چیزوں کے احکام

(۲۵۸۲) ہر وہ پرندہ جیسے شاہین، عقاب، باز اور گدھ جو چیرنے، پھاڑنے اور پنجے والا ہو حرام ہے۔ اسی طرح کوے کی تمام قسمیں یہاں تک کہ پہاڑی کوے بھی احتیاط واجب کی بنا پر حرام ہیں۔ ہر وہ پرندہ جو اڑتے وقت پروں کو مارتا کم بے حرکت زیادہ رکھتا ہے اور پنجے دار ہے، حرام ہوتا ہے۔ ہر وہ پرندہ جو اڑتے وقت پروں کو مارتا زیادہ اور بے حرکت کم رکھتا ہے، وہ حلال ہے۔ اسی فرق کی بنا پر حرام گوشت پرندوں کو حلال گوشت پرندوں میں سے ان کی پرواز کی کیفیت دیکھ کر پہچانا جا سکتا ہے۔ لیکن اگر کسی پرندے کی پرواز کی کیفیت معلوم نہ ہو تو اگر وہ پرندہ پوٹا، سنگدانہ اور پاؤں کی پشت پر کانٹا رکھتا ہو تو وہ حلال ہے اور اگر ان میں سے کوئی ایک علامت بھی نہ رکھتا ہو تو وہ حرام ہے اور جن پرندوں کا ذکر ہو چکا ہے ان کے علاوہ دوسرے تمام پرندے مثلاً مرغ، کبوتر اور چڑیاں یہاں تک کہ شتر مرغ اور مور بھی حلال ہیں۔ لیکن بعض پرندوں جیسے ہدہد اور ابابیل کو ذبح کرنا مکروہ ہے۔ جو حیوانات اڑتے ہیں مگر پر نہیں رکھتے مثلاً چمگادڑ حرام ہیں اور احتیاط واجب کی بنا پر زنبور (بھڑ، شہد کی مکھی، تتیا)، مچھر اور اڑنے والے دوسرے کیڑے مکوڑوں کا بھی یہی حکم ہے۔

(۲۵۸۳) اگر اس حصے کو جس میں روح ہو زندہ حیوان سے جدا کر لیا جائے مثلاً زندہ بھیڑ کی چکتی یا گوشت کی کچھ مقدار کاٹ لی جائے تو وہ نجس اور حرام ہے۔

(۲۵۸۴) حلال گوشت حیوانات کے کچھ اجزاء حرام ہیں اور ان کی تعداد چودہ ہے:

(۱) خون
(۲) فضلہ
(۳) عضو تناسل
(۴) شرمگاہ
(۵) بچہ دانی
(۶) غدود
(۷) کپورے
(۸) وہ چیز جو بھیجے میں ہوتی ہے اور چنے کے دانے کی شکل میں ہوتی ہے۔
(۹) حرام مغز جو ریڑھ کی ہڈی میں ہوتا ہے۔
(۱۰) بنا بر احتیاط واجب وہ رگیں جو ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف ہوتی ہیں۔
(۱۱) پتہ
(۱۲) تلی
(۱۳) مثانہ
(۱۴) آنکھ کا ڈیلا

یہ سب چیزیں پرندوں، مچھلی اور ٹڈی کے علاوہ حلال گوشت حیوانات میں حرام ہیں اور پرندوں کا خون اور ان کا فضلہ بلا اشکال حرام ہے۔ لیکن ان دو چیزوں (خون اور فضلے) کے علاوہ پرندوں میں وہ چیزیں ہوں جو اوپر بیان ہوئی ہیں تو ان کا حرام ہونا احتیاط واجب کی بنا پر ہے۔ اور اسی طرح احتیاط واجب کی بنا پر مچھلی کا خون اور فضلہ اور ٹڈی کا فضلہ بھی حرام ہے۔ ان کے علاوہ ان دونوں میں اور کچھ حرام نہیں۔

(۲۵۸۵) حرام گوشت حیوانات کا پیشاب پینا حرام ہے اور اسی طرح حلال گوشت حیوان — حتیٰ کہ

احتیاط لازم کی بنا پر اونٹ — کے پیشاب کا بھی یہی حکم ہے۔ لیکن علاج کے لئے اونٹ، گائے اور بھیڑ کا پیشاب پینے میں اشکال نہیں ہے۔

(۲۵۸۶) چکنی مٹی کھانا حرام ہے نیز مٹی اور بجری کھانا احتیاط لازم کی بنا پر یہی حکم رکھتا ہے۔ البتہ (ملتانی مٹی کے مماثل) داغستانی اور آرمینیائی مٹی وغیرہ علاج کے لئے بحالت مجبوری کھانے میں اشکال نہیں ہے۔ حصول شفاء کی غرض سے سیدالشہداء امام حسین علیہ السلام کے مزار مبارک کی مٹی (یعنی خاک شفاء) کی تھوڑی سی مقدار ایک چنے کے برابر کھانا جائز ہے۔ اگر اس خاک شفاء کو مزار مبارک یا اطراف سے خود نہ اٹھایا ہو تو اگر اس پر خاک شفاء کہنا صادق آئے تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اس کی کچھ مقدار پانی میں یا جیسی کسی چیز میں حل کرلی جائے تاکہ وہ (حل ہو کر) ختم ہو جائے اور بعد میں اس پانی کو پی لیا جائے۔ اسی طرح احتیاط کی بنا پر ایسی مٹی کے بارے میں بھی یہی رعایت رکھی جائے جس کے بارے میں یقین نہ ہو کہ اسے تربت اقدس سے اٹھایا گیا ہے اور اس پر کوئی گواہ بھی نہ ہو۔

(۲۵۸۷) ناک کا پانی اور سینے کا بلغم جو منہ میں آجائے اس کا نگلنا حرام نہیں ہے۔ نیز اس غذا کے نگلنے میں جو خلال کرتے وقت دانتوں کے ریخوں سے نکلے کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۲۵۸۸) کسی ایسی چیز کا کھانا حرام ہے جو موت کا سبب بنے یا انسان کے لئے سخت نقصاندہ ہو۔

(۲۵۸۹) گھوڑے، خچر اور گدھے کا گوشت کھانا مکروہ ہے اور اگر کوئی شخص ان سے بدفعلی کرے تو وہ حیوان حرام ہو جاتا ہے اور جو دودھ اور نسل بدفعلی کے بعد پیدا ہو احتیاط واجب کی بنا پر وہ بھی حرام ہو جاتی ہے اور ان کا پیشاب اور لید نجس ہو جاتی ہے اور ضروری ہے کہ انہیں شہر سے باہر لے جا کر دوسری جگہ بیچ دیا جائے اور اگر بدفعلی کرنے والا اس حیوان کا مالک نہ ہو تو اس پر لازم ہے کہ اس حیوان کی قیمت اس کے مالک کو دے۔ اور اس حیوان کو بیچ کر جو قیمت وصول ہو وہ بدفعلی کرنے والے کی ہے۔ اگر کوئی شخص ایسے حیوان سے جس کا گوشت کھایا جاتا ہے مثلاً گائے، بھیڑ اور اونٹ وغیرہ سے بدفعلی کرے تو ان کا پیشاب اور گوبر نجس ہو جاتا ہے اور ان کا گوشت کھانا حرام ہے اور احتیاط واجب کی بنا پر اس کا دودھ پینے کا اور ان کی جو نسل بدفعلی کے بعد پیدا ہو اس کا بھی یہی حکم ہے۔ ضروری ہے کہ ایسے حیوان کو فوراً ذبح کر کے جلا دیا جائے اور جس نے اس حیوان کے ساتھ بدفعلی کی ہو اگر وہ اس کا مالک نہ ہو تو اس کی قیمت اس کے مالک کو دے۔

(۲۵۹۰) اگر بکری کا بچہ سورنی کا دودھ اتنی مقدار میں پی لے کہ اس کا گوشت اور ہڈیاں اس سے قوت حاصل کریں تو خود وہ اور اس کی نسل حرام ہو جاتی ہے اور اگر وہ اس سے کم مقدار میں دودھ پیئے تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اس کا استبراء کیا جائے اور اس کے بعد وہ حلال ہو جاتا ہے۔ اس کا استبراء یہ ہے کہ سات دن پاک دودھ پیئے اور اگر اسے دودھ کی حاجت نہ ہو تو سات دن گھاس کھائے۔ بھیڑ کا شیر خوار بچہ اور گائے کا بچہ اور دوسرے حلال گوشت حیوانوں کے بچے — احتیاط واجب کی بنا پر — بکری کے بچے کے حکم میں ہیں۔ نجاست کھانے والے حیوان کا گوشت کھانا بھی حرام ہے اور اگر اس کا استبراء کیا جائے تو حلال ہو جاتا ہے اور اس کے استبراء کی ترکیب مسئلہ ۲۱۹ میں بیان ہوئی ہے۔

(۲۵۹۱) شراب پینا حرام ہے اور بعض احادیث میں اسے گناہ کبیرہ بتایا گیا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: "شراب برائیوں کی جڑ اور گناہوں کا منبع ہے۔ جو شخص شراب پیئے وہ اپنی عقل کھو بیٹھتا ہے۔ وہ اس وقت خدا تعالیٰ کو نہیں پہچانتا، کوئی بھی گناہ کرنے سے نہیں چوکتا، کسی شخص کا احترام نہیں کرتا، اپنے قریبی رشتے داروں کے حقوق کا پاس نہیں کرتا، کھلم کھلا برائی کرنے سے نہیں شرماتا۔ اگر شراب کا صرف ایک گھونٹ پیتا ہے تو خدا، فرشتے، انبیا اور مومنین اس پر لعنت بھیجتے ہیں۔ اور مکمل مدہوشی تک پیئے تو ایمان اور خداشناسی کی روح اس کے بدن سے نکل جاتی ہے اور ناقص خبیث روح جو خدا کی رحمت سے دور ہوتی ہے اس کے بدن میں رہ جاتی ہے اور چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں ہوتی۔"

(۲۵۹۲) جس دسترخوان پر شراب پی جارہی ہو اس پر چنی ہوئی کوئی چیز کھانا حرام ہے اور اسی طرح اس دسترخوان پر بیٹھنا جس پر شراب پی جارہی ہو احتیاط واجب کی بنا پر حرام ہے۔

(۲۵۹۳) ہر مسلمان پر واجب ہے کہ اس کے اڑوس پڑوس میں جب کوئی دوسرا مسلمان بھوک یا پیاس سے جاں بلب ہو تو اسے روٹی اور پانی دے کر مرنے سے بچائے۔ بشرطیکہ اس طرح اس کی اپنی جان خطرے میں نہ پڑے اور اسی طرح اگر وہ شخص مسلمان نہ بھی ہو تو یہی حکم ہے کیونکہ وہ ایک انسان ہے اور اس کا قتل جائز نہیں۔

کھانا کھانے کے آداب

(۲۵۹۴) کھانا کھانے کے آداب میں چند چیزیں مستحب شمار کی گئی ہیں:

(۱) کھانا کھانے سے پہلے دونوں ہاتھ دھوئے۔

(۲) کھانا کھالینے کے بعد اپنے ہاتھ دھوئے اور رومال (تولیئے وغیرہ) سے خشک کرے۔

(۳) میزبان سب سے پہلے کھانا کھانا شروع کرے اور سب کے بعد کھانے سے ہاتھ کھینچے۔ کھانا شروع کرنے سے قبل میزبان سب سے پہلے اپنے ہاتھ دھوئے اس کے بعد جو شخص اس کی دائیں طرف بیٹھا ہو وہ دھوئے اور اسی طرح سلسلہ وار ہاتھ دھوتے رہیں حتیٰ کہ نوبت اس شخص تک آجائے جو اس کے بائیں طرف بیٹھا ہو اور کھانا کھالینے کے بعد جو شخص میزبان کی بائیں طرف بیٹھا ہو سب سے پہلے وہ ہاتھ دھوئے اور اسی طرح دھوتے چلے جائیں حتیٰ کہ نوبت میزبان تک پہنچ جائے۔

(۴) کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھے لیکن اگر ایک دسترخوان پر انواع واقسام کے کھانے ہوں تو ان میں سے ہر کھانا، کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے۔

(۵) کھانا دائیں ہاتھ سے کھائے۔

(۶) تین یا زیادہ انگلیوں سے کھانا کھائے اور دو انگلیوں سے نہ کھائے۔

(۷) اگر چند اشخاص دسترخوان پر بیٹھیں تو ہر ایک اپنے سامنے سے کھانا کھائے۔

(۸) چھوٹے چھوٹے لقمے بنا کر کھائے۔

(۹) دسترخوان پر زیادہ دیر بیٹھے اور کھانے کو طول دے۔

(۱۰) کھانا خوب اچھی طرح چبا کر کھائے۔

(۱۱) کھانا کھالینے کے بعد اللہ تعالیٰ کا شکر بجالائے۔

(۱۲) انگلیوں کو چاٹے۔

(۱۳) کھانا کھانے کے بعد دانتوں میں خلال کرے۔ البتہ ریحان کے تنکے، انار کی لکڑی یا کھجور کے درخت کے تنکے اور پتے سے خلال نہ کرے۔

(۱۴) جو غذا دسترخوان سے باہر گر جائے اسے جمع کرے اور کھالے۔ لیکن اگر جنگل میں کھانا کھائے تو مستحب ہے کہ جو کچھ گرے اسے پرندوں اور جانوروں کے لئے چھوڑ دے۔

(۱۵) دن اور رات کی ابتدا میں کھانا کھائے اور دن کے درمیان میں اور رات کے درمیان میں نہ کھائے۔

(۱۶) کھانا کھانے کے بعد پیٹھ کے بل لیٹے اور دائیں پاؤں کو بائیں پاؤں پر رکھے۔

(۱۷) کھانا شروع کرتے وقت اور کھالینے کے بعد نمک چکھے۔

(۱۸) پھل کھانے سے پہلے انہیں پانی سے دھولے۔

وہ باتیں جو کھانا کھاتے وقت مذموم ہیں

(۲۵۹۵) کھانا کھاتے وقت چند باتیں مذموم شمار کی گئی ہیں:

(۱) بھرے پیٹ پر کھانا کھانا۔

(۲) بہت زیادہ کھانا—روایت میں ہے کہ خداوند عالم پیٹ بھرے شخص سے دوسری ہر چیز سے زیادہ نفرت کرتا ہے۔

(۳) کھانا کھاتے وقت دوسروں کے منہ کی طرف دیکھنا۔

(۴) گرم کھانا کھانا۔

(۵) جو چیز کھائی یا پی جارہی ہو اسے پھونک مارنا۔

(۶) دسترخوان پر کھانا لگ جانے کے بعد کسی اور چیز کا منتظر ہونا۔

(۷) روٹی کو چھری سے کاٹنا۔

(۸) روٹی کو کھانے کے برتن کے نیچے رکھنا۔

(۹) ہڈی سے چپکے ہوئے گوشت کو یوں کھانا کہ ہڈی پر بالکل گوشت باقی نہ رہے۔

(۱۰) اس پھل کا چھلکا اتارنا جو چھلکے کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔

(۱۱) پھل پورا کھانے سے پہلے پھینک دینا۔

پانی پینے کے آداب

(۲۵۹۶) پانی پینے کے آداب میں چند چیزیں شمار کی گئی ہیں:

(۱) پانی چوسنے کی طرز پر پیئے۔

(۲) پانی دن میں کھڑے ہو کر پیئے۔

(۳) پانی پینے سے پہلے بسم اللہ اور پینے کے بعد الحمد للہ کہے۔

(۴) پانی (غٹا غٹ نہ پیئے بلکہ) تین سانس میں پیئے۔

(۵) پانی خواہش کے مطابق پیئے۔

(۶) پانی پینے کے بعد حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے اہلبیت کو یاد کرے اور ان کے قاتلوں پر لعنت بھیجے۔

وہ باتیں جو پانی پیتے وقت مذموم ہیں

(۲۵۹۷) زیادہ پانی پینا، مُرغن کھانے کے بعد پانی پینا اور رات کو کھڑے ہو کر پانی پینا مذموم شمار کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں پانی بائیں ہاتھ سے پینا اور اسی طرح کوزے (وغیرہ) کی ٹوٹی ہوئی جگہ سے اور اس جگہ سے پینا جہاں کوزے کا دستہ ہو مذموم شمار کیا گیا ہے۔

منت اور عہد کے احکام

(۲۵۹۸) ''منت'' یہ ہے کہ انسان اپنے آپ پر واجب کرلے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کوئی اچھا کام کرے گا یا کوئی ایسا کام جس کا نہ کرنا بہتر ہو ترک کردے گا۔

(۲۵۹۹) منت میں صیغہ پڑھنا ضروری ہے مگر لازم نہیں کہ صیغہ عربی میں ہی پڑھا جائے لہٰذا اگر کوئی شخص کہے کہ ''میرا مریض صحت یاب ہوگیا تو اللہ کی خاطر مجھ پر لازم ہے کہ میں دس روپے فقیر کو دوں'' تو اس کی منت صحیح ہے۔ یا یوں کہے کہ اللہ کی خاطر میں نے یہ منت مانی ہے تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اس پر عمل کرے۔ لیکن اگر اللہ کا نام نہ لے صرف یہ کہے کہ میں نے منت مانی ہے یا اولیاء اللہ میں سے کسی کا نام لے تو منت صحیح نہیں ہے۔ اگر نذر صحیح ہو اور مکلف جان بوجھ کر اس پر عمل نہ کرے تو گناہ ہے۔ اسے چاہیے کہ کفارہ دے۔ منت پوری نہ کرنے کا کفارہ قسم کی مخالفت کرنے کے جیسا کفارہ ہے جس کا بیان بعد میں ہوگا۔

(۲۶۰۰) ضروری ہے کہ منت ماننے والا بالغ اور عاقل ہو نیز اپنے ارادے اور اختیار کے ساتھ منت مانے۔ لہٰذا کسی ایسے شخص کا منت ماننا جسے مجبور کیا جائے یا جو جذبات میں آ کر بغیر ارادے کے بے اختیار منت مانے تو صحیح نہیں ہے۔

(۲۶۰۱) کوئی سفیہ (وہ شخص جو اپنا مال بیکار کاموں میں خرچ کرتا ہو) اگر منت مانے مثلاً یہ کہ کوئی چیز فقیر کو دے گا تو اس کی منت صحیح نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کوئی دیوالیہ شخص منت مانے کہ مثلاً اپنے اس مال میں سے جس میں تصرف کرنے سے اسے روک دیا گیا ہو کوئی چیز فقیر کو دے گا تو اس کی منت صحیح نہیں ہے۔

(۲۶۰۲) عورت کا شوہر سے اجازت لئے بغیر ان کاموں میں منت ماننا جو شوہر کے حقوق کے منافی ہوں یا منت کے بعد اجازت لینا صحیح نہیں ہے۔ اگرچہ شادی سے پہلے منت مانی ہو اور عورت کا اپنے مال میں شوہر کی اجازت کے بغیر منت ماننا محل اشکال ہے۔ اس لئے احتیاط کی رعایت کرنا ضروری ہے۔ لیکن (اپنے مال میں سے شوہر کی اجازت کے بغیر) حج کرنا، زکوٰۃ اور صدقہ دینا اور ماں باپ سے حسن سلوک اور رشتے داروں سے صلہ رحمی کرنا (صحیح ہے)۔

(۲۶۰۳) اگر عورت شوہر کی اجازت سے منت مانے تو شوہر اس کی منت ختم نہیں کر سکتا اور نہ ہی اسے منت پر عمل کرنے سے روک سکتا ہے۔

(۲۶۰۴) بیٹے کے منت ماننے پر باپ کی اجازت شرط نہیں لیکن اگر باپ یا ماں اسے اس کام سے جس کی اس نے منت مانی ہو منع کریں اور ان کا یہ منع کرنا شفقت کی بنا پر ہو جس کی مخالفت کرنا ان کی اذیت کا سبب ہو تو بیٹے کی منت باطل ہے۔

(۲۶۰۵) انسان کسی ایسے کام کی منت مان سکتا ہے جسے انجام دینا اس کے لئے ممکن ہو۔ لہٰذا جو شخص مثلاً پیدل چل کر کربلا نہ جا سکتا ہو اگر وہ منت مانے کہ وہاں تک پیدل جائے گا تو اس کی منت صحیح نہیں ہے۔ اگر منت مانتے وقت قدرت رکھتا تھا اور بعد میں عاجز ہو جائے تو اس کا منت ماننا باطل ہے اور اس پر کچھ بھی واجب نہیں سوائے ان مواقع میں جہاں روزہ رکھنے کی منت مانی ہو اور روزہ نہ رکھ سکے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ ہر دن کے روزے کے بعد ۷۵۰ گرام غذا فقیر کو صدقہ دے یا ۱.۵۰ کلوگرام غذا اس آدمی کو دے جو اس کے بدلے روزہ رکھے گا۔

(۲۶۰۶) اگر کوئی شخص منت مانے کہ کوئی حرام یا مکروہ کام انجام دے گا یا کوئی واجب یا مستحب کام ترک کرے گا تو اس کی منت صحیح نہیں ہے۔

(۲۶۰۷) اگر کوئی شخص منت مانے کہ کسی مباح کام کو انجام دے گا یا ترک کرے گا۔ لہٰذا اگر اس کام کا بجالانا اور ترک کرنا ہر لحاظ سے مساوی ہو تو اس کی منت صحیح نہیں۔ اور اگر اس کام کا انجام دینا شرعی لحاظ سے بہتر ہو اور انسان منت بھی اسی لحاظ سے مانے مثلاً منت مانے کہ کوئی (خاص) غذا کھائے گا تاکہ اللہ کی عبادت کے لئے اسے توانائی حاصل ہو تو اس کی منت صحیح ہے۔ اگر اس کام کا ترک کرنا شرعی لحاظ سے بہتر ہو اور انسان منت بھی اسی لحاظ سے مانے کہ اس کام کو ترک کر دے گا مثلاً چونکہ تمباکو مضر (صحت) اور وظائف شرعی کو احسن

طریقے سے انجام دینے میں رکاوٹ ہے اس لئے منت مانے کہ اسے استعمال نہیں کرے گا تو اس کی منت صحیح ہے۔ لیکن اگر بعد میں تمباکو کا استعمال ترک کرنا اس کے لئے نقصاندہ ہو تو اس کی منت کالعدم ہو جائے گی۔

(۲۶۰۸) اگر کوئی شخص منت مانے کہ واجب نماز ایسی جگہ پڑھے گا جہاں بجائے خود نماز پڑھنے کا ثواب زیادہ نہیں، مثلاً منت مانے کہ نماز کمرے میں پڑھے گا تو اگر وہاں نماز پڑھنا شرعی لحاظ سے بہتر ہو، مثلاً چونکہ وہاں خلوت ہے اس لئے انسان حضور قلب پیدا کر سکتا ہے، اگر اس کے منت ماننے کا مقصد یہی ہے تو منت صحیح ہے۔

(۲۶۰۹) اگر ایک شخص کوئی عمل بجالانے کی منت مانے تو ضروری ہے کہ وہ عمل اسی طرح بجالائے جس طرح منت مانی ہو۔ لہٰذا اگر منت مانے کہ مہینے کی پہلی تاریخ کو صدقہ دے گا یا روزہ رکھے گا یا (مہینے کی پہلی تاریخ کو) اول ماہ کی نماز پڑھے گا تو اگر اس دن سے پہلے یا بعد میں اس عمل کو بجالائے تو کافی نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص منت مانے کہ جب اس کا مریض صحتیاب ہو جائے گا تو وہ صدقہ دے گا تو اگر اس مریض کے صحتیاب ہونے سے پہلے صدقہ دے دے تو کافی نہیں ہے۔

(۲۶۱۰) اگر کوئی شخص روزہ رکھنے کی منت مانے لیکن روزوں کا وقت اور تعداد معین نہ کرے تو اگر وہ ایک روزہ رکھے تو کافی ہے۔ اگر نماز پڑھنے کی منت مانے اور نمازوں کی مقدار اور خصوصیات معین نہ کرے تو اگر ایک دو رکعتی نماز نماز وتر پڑھ لے تو کافی ہے۔ اگر منت مانے کہ صدقہ دے گا اور صدقہ کی جنس اور مقدار معین نہ کرے تو اگر ایسی چیز دے کہ لوگ کہیں کہ اس نے صدقہ دیا ہے تو پھر اس نے اپنی منت کے مطابق عمل کر دیا ہے۔ اگر منت مانے کہ کوئی کام اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے بجالائے گا تو اگر ایک (دو رکعتی) نماز پڑھ لے یا ایک روزہ رکھ لے یا کوئی چیز صدقہ دے دے تو اس نے اپنی منت پوری کر لی ہے۔

(۲۶۱۱) اگر کوئی شخص منت مانے کہ ایک خاص دن روزہ رکھے گا تو ضروری ہے کہ اسی دن روزہ رکھے اور اگر جان بوجھ کر روزہ نہ رکھے تو ضروری ہے کہ اس دن کے روزے کی قضا کے علاوہ کفارہ بھی دے لیکن اس دن وہ اختیاراً یہ کر سکتا ہے کہ سفر کرے اور روزہ نہ رکھے۔ اگر سفر میں ہو تو لازم نہیں کہ ٹھہرنے کی نیت کر کے روزہ رکھے۔ اور اس صورت میں جبکہ سفر کی وجہ سے یا کسی دوسرے عذر مثلاً بیماری یا حیض کی وجہ سے روزہ نہ رکھے تو لازم ہے کہ روزے کی قضا کرے لیکن کفارہ نہیں ہے۔

(۲۶۱۲) اگر انسان حالت اختیار میں اپنی منت پر عمل نہ کرے تو کفارہ دینا ضروری ہے۔

(۲۶۱۳) اگر کوئی شخص ایک معین وقت تک کوئی عمل ترک کرنے کی منت مانے تو اس وقت کے گزرنے کے بعد اس عمل کو بجالا سکتا ہے اور اگر اس وقت کے گزرنے سے پہلے بھول کر یا مجبوری سے اس عمل کو انجام دے تو اس پر کچھ واجب نہیں ہے۔ لیکن پھر بھی لازم ہے کہ وہ وقت آنے تک اس عمل کو انجام نہ دے اور اگر اس وقت کے آنے سے پہلے بغیر عذر کے اس عمل کو دوبارہ انجام دے تو ضروری ہے کہ کفارہ دے۔

(۲۶۱۴) جس شخص نے کوئی عمل ترک کرنے کی منت مانی ہو اور اس کے لئے کوئی وقت معین نہ کیا ہو اگر وہ بھول کر یا بہ امر مجبوری یا غفلت یا اشتباہ کی وجہ سے اس عمل کو انجام دے یا کوئی اس کو مجبور کرے یا جاہل قاصر

ہو تو اس پر کفارہ واجب نہیں ہے۔ لیکن اس کی نذر باقی رہے اور اگر اس کے بعد جب بھی بحالت اختیار اس عمل کو بجالائے ضروری ہے کہ کفارہ دے۔

(۲۶۱۵) اگر کوئی شخص منت مانے کہ ہر ہفتے ایک معین دن کا مثلاً جمعے کا روزہ رکھے گا تو اگر ایک جمعے کے دن عید الفطر یا عید قربان پڑ جائے یا جمعہ کے دن اسے کوئی اور عذر مثلاً سفر درپیش ہو یا حیض آ جائے تو ضروری ہے کہ اس دن روزہ نہ رکھے اور اس کی قضا بجالائے۔

(۲۶۱۶) اگر کوئی شخص منت مانے کہ ایک معین مقدار میں صدقہ دے گا تو اگر وہ صدقہ دینے سے پہلے مرجائے تو وارث کو اس کے مال میں سے اتنی مقدار میں صدقہ دینا لازم نہیں ہے اور بہتر یہ ہے کہ اس کے بالغ ورثاء میراث میں سے اپنے حصے سے اتنی مقدار میت کی طرف سے صدقہ دے دیں۔

(۲۶۱۷) اگر کوئی شخص منت مانے کہ ایک معین فقیر کو صدقہ دے گا تو وہ کسی دوسرے فقیر کو نہیں دے سکتا اور اگر وہ معین کردہ فقیر مرجائے تو اس کے ورثاء کو پہنچانا لازم نہیں ہے۔

(۲۶۱۸) اگر کوئی منت مانے کہ ائمہ علیہم السلام میں سے کسی ایک کی مثلاً حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوگا تو اگر وہ کسی دوسرے امام کی زیارت کے لئے جائے تو یہ کافی نہیں ہے اور اگر کسی عذر کی وجہ سے ان امامؑ کی زیارت نہ کر سکے تو اس پر کچھ بھی واجب نہیں ہے۔

(۲۶۱۹) جس شخص نے زیارت کرنے کی منت مانی ہو لیکن غسل زیارت اور اس کی نماز کی منت نہ مانی ہو تو اس کے لئے انہیں بجالانا لازم نہیں ہے۔

(۲۶۲۰) اگر کوئی شخص کسی امام یا امام زادے کے حرم کے لئے مال خرچ کرنے کی منت مانے اور کوئی خاص مصرف معین نہ کرے تو ضروری ہے کہ اس مال کو اس حرم کی تعمیر (ومرمت) روشنیوں اور قالین وغیرہ پر صرف کرے۔ اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو یا وہ حرم مکمل طور پر بے نیاز ہو تو اس حرم کے ضرورت مند زائرین کی مدد میں خرچ کرے۔

(۲۶۲۱) اگر کوئی شخص پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا ائمہ علیہم السلام میں سے کسی ایک یا کسی امام زادے یا علمائے سابقین اور ان جیسی ہستیوں میں سے کسی کے لئے کوئی چیز نذر کرے تو اگر کسی معین مصرف کی نیت کی ہو تو ضروری ہے کہ اس چیز کو اسی مصرف میں لائے۔ اور اگر کسی معین مصرف کی نیت نہ کی ہو تو ضروری ہے کہ اسے ایسے مصرف میں لے آئے جو اُن حضرت سے نسبت رکھتا ہو مثلاً اُن کے نادار زائرین پر خرچ کرے یا اُن کے حرم کے مصارف پر خرچ کرے یا ایسے کاموں میں خرچ کرے جو اُن کا تذکرہ عام کرنے کا سبب ہوں۔

(۲۶۲۲) جس بھیڑ کو صدقے کے لئے یا کسی امام کے لئے نذر کیا جائے اگر وہ نذر کے مصرف میں لائے جانے سے پہلے دودھ دے یا بچہ جنے تو وہ (دودھ یا بچہ) اس کا مال ہے جس نے اس بھیڑ کو نذر کیا ہو، مگر یہ کہ اس کی نیت عام ہو (یعنی نذر کرنے والے نے اس بھیڑ، اس کے بچے اور دودھ وغیرہ سب چیزوں کی منت مانی ہو تو وہ سب نذر ہے) البتہ بھیڑ کی اون اور جس مقدار میں وہ فربہ ہو جائے نذر کا جزء ہے۔

(۲۶۲۳) جب کوئی منت مانے کہ اگر اس کا مریض تندرست ہو جائے یا اس کا مسافر واپس آ جائے تو وہ فلاں کام کرے گا تو اگر پتا چلے کہ منت ماننے سے پہلے مریض تندرست ہو گیا تھا یا مسافر واپس آ گیا تھا تو پھر منت پر عمل کرنا لازم نہیں۔

(۲۶۲۴) اگر باپ یا ماں منت مانیں کہ اپنی بیٹی کی شادی سیدزادے یا کسی شخص سے کریں گے تو لڑکی کے بارے میں والدین کی منت کی کوئی اہمیت نہیں اور لڑکی کسی چیز کی مکلف نہیں۔

(۲۶۲۵) جب کوئی شخص اللہ تعالیٰ سے عہد کرے کہ جب اس کی کوئی معین شرعی حاجت پوری ہو جائے گی تو فلاں کام کرے گا۔ پس جب اس کی حاجت پوری ہو جائے تو ضروری ہے کہ وہ کام انجام دے۔ نیز اگر وہ کسی حاجت کا ذکر کئے بغیر عہد کرے کہ فلاں کام انجام دے گا تو وہ کام کرنا اس پر واجب ہو جاتا ہے۔

(۲۶۲۶) عہد میں بھی منت کی طرح صیغہ پڑھنا ضروری ہے۔ مثلاً یوں کہہ دے کہ میں خدا سے عہد کرتا ہوں کہ میں یہ کام کروں گا۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ جس کام کا عہد کیا جائے وہ شرعی طور پر اچھا ہو بلکہ اسی قدر کافی ہے کہ شریعت میں اس کام سے نہ روکا گیا ہو اور عقلاء کے نزدیک با مقصد قرار پائے۔ یا اس شخص کے لئے اس میں کوئی مصلحت ہو اور اگر عہد کرنے کے بعد ایسا ہو جائے کہ اس کام کی کوئی مصلحت نہ رہے یا شرعاً ترجیح کے قابل نہ رہے اور مکروہ قرار پایا ہو تو ضروری نہیں کہ اس پر عمل کرے۔

(۲۶۲۷) اگر کوئی شخص اپنے عہد پر عمل نہ کرے تو وہ گناہگار ہے اور ضروری ہے کہ کفارہ دے یعنی ساٹھ فقیروں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائے یا دو مہینے مسلسل روزے رکھے یا ایک غلام کو آزاد کرے۔

قسم کھانے کے احکام

(۲۶۲۸) جب کوئی شخص قسم کھائے کہ فلاں کام انجام دے گا یا ترک کرے گا مثلاً قسم کھائے کہ روزہ رکھے گا یا تمباکو استعمال نہیں کرے گا تو اگر بعد میں جان بوجھ کر اس قسم کے خلاف عمل کرے تو وہ گناہگار ہے اور ضروری ہے کہ کفارہ دے یعنی ایک غلام آزاد کرے یا دس فقیروں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائے یا انہیں پوشاک پہنائے اور اگر ان اعمال کو بجانہ لا سکتا ہو تو ضروری ہے کہ تین دن مسلسل روزے رکھے۔

(۲۶۲۹) قسم کی چند شرطیں ہیں:

(۱) جو شخص قسم کھائے ضروری ہے کہ وہ بالغ اور عاقل ہو نیز اپنے ارادے اور اختیار سے قسم کھائے۔ لہٰذا بچے، دیوانے، بے حواس اور اس شخص کا قسم کھانا جسے مجبور کیا گیا ہو درست نہیں ہے اور اگر کوئی شخص جذبات میں آ کر بلا ارادہ یا بے اختیار قسم کھائے تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔

(۲) (قسم کھانے والا) جس کام کے انجام دینے کی قسم کھائے، ضروری ہے کہ وہ حرام یا مکروہ

نہ ہو اور جس کام کے ترک کرنے کی قسم کھائے، ضروری ہے کہ وہ واجب یا مستحب نہ ہو۔ اور اگر کوئی مباح کام کرنے یا نہ کرنے کی قسم کھائے تو اگر عقلاء کی نظر میں اس کام کو انجام دینا یا اس کو ترک کرنا بہتر ہو یا اس کام میں قسم کھانے والے کے لئے کوئی دنیاوی مصلحت ہو تو اس کی قسم صحیح ہے۔

(۳) (قسم کھانے والا) اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے کسی ایسے نام کی قسم کھائے جو اس ذات کے سوا کسی اور کے لئے استعمال نہ ہوتا ہو مثلاً خدا اور اللہ ـــ یا اللہ کی ایسی صفات اور ایسے افعال سے قسم کھائے جو صرف اسی کے ساتھ خاص ہیں۔ مثلاً کہے: ''اس ذات کی قسم! جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔'' اور اگر ایسے نام کی قسم کھائے جو اللہ کی ذات کے سوا کسی اور کے لئے بھی استعمال ہوتا ہو لیکن اللہ تعالیٰ کے لئے اتنی کثرت سے استعمال ہوتا ہو کہ جب بھی کوئی وہ نام لے تو خدائے بزرگ و برتر کی ذات ہی ذہن میں آتی ہو۔ مثلاً اگر کوئی خالق اور رازق کی قسم کھائے تو بھی قسم صحیح ہے۔ بلکہ اگر کسی ایسے نام کی قسم کھائے کہ جب اس نام کو قسم کھانے کے مقام میں استعمال کیا جائے تو ذات حق ہی ذہن میں آتی ہو مثلاً سمیع اور بصیر (کی قسم کھائے) تب بھی اس کی قسم صحیح ہے۔

(۴) (قسم کھانے والا) قسم کے الفاظ زبان پر لائے۔ لیکن اگر گونگا شخص اشارے سے قسم کھائے تو صحیح ہے۔ اور اسی طرح وہ شخص جو بات کرنے پر قادر نہ ہو اگر قسم کو لکھے اور دل میں نیت کرلے تو کافی ہے۔ بلکہ جو بول سکتا ہے وہ بھی اگر لکھے تو احتیاط واجب کی بنا پر اس پر عمل کیا جائے۔

(۵) (قسم کھانے والے کے لئے) قسم پر عمل کرنا ممکن ہو۔ اگر قسم کھانے کے وقت اس کے لئے اس پر عمل کرنا ممکن نہ ہو لیکن بعد میں ممکن ہو جائے تو کافی ہے۔ اور اگر قسم کھاتے وقت ممکن ہو بعد میں اس پر عمل کرنے سے عاجز ہو جائے تو جس وقت سے عاجز ہوگا اس وقت سے اس کی قسم کالعدم ہو جائے گی۔ اگر قسم پر عمل کرنے سے اتنی مشقت اٹھانی پڑے جو اس کی برداشت سے باہر ہو تو اس صورت میں بھی یہی حکم ہے۔ اگر یہ عجز اس کے اختیار سے ہو یا بغیر اختیار کے، اگر تاخیر کے وقت کے اعتبار سے اس کا کوئی عذر نہ ہو تو اس نے گناہ کیا اور اس پر کفارہ واجب ہے۔

(۲۶۳۰) اگر باپ، بیٹے کو یا شوہر، بیوی کو قسم کھانے سے روکے تو ان کی قسم صحیح نہیں ہے۔

(۲۶۳۱) اگر بیٹا، باپ کی اجازت کے بغیر اور بیوی، شوہر کی اجازت کے بغیر قسم کھائے تو باپ اور شوہر ان کی قسم فسخ کر سکتے ہیں۔

(۲۶۳۲) اگر انسان بھول کر یا مجبوری کی وجہ سے یا غفلت کی بنا پر قسم پر عمل نہ کرے تو اس پر کفارہ واجب نہیں ہے۔ اور اگر اسے مجبور کیا جائے کہ قسم پر عمل نہ کرے تب بھی یہی حکم ہے۔ اگر وہمی قسم کھائے مثلاً یہ کہے

کہ واللہ! میں ابھی نماز میں مشغول ہوتا ہوں اور وہم کی وجہ سے مشغول نہ ہو تو اگر اس کا وہم ایسا ہو کہ اس کی وجہ سے مجبور ہو کر قسم پر عمل نہ کرے تو اس پر کفارہ نہیں ہے۔

(۲۶۳۳) اگر کوئی شخص قسم کھائے کہ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں سچ کہہ رہا ہوں تو اگر وہ سچ کہہ رہا ہے تو اس کا قسم کھانا مکروہ ہے اور اگر جھوٹ بول رہا ہے تو حرام ہے۔ بلکہ مقدمات کے فیصلے کے وقت جھوٹی قسم کھانا کبیرہ گناہوں میں سے ہے لیکن اگر وہ اپنے آپ کو یا کسی دوسرے مسلمان کو کسی ظالم کے شر سے نجات دلانے کے لئے جھوٹی قسم کھائے تو اس میں اشکال نہیں بلکہ بعض اوقات ایسی قسم کھانا واجب ہو جاتا ہے۔ تاہم اگر توریہ کرنا ممکن ہو اور اس طرف توجہ رکھ بھی سکتا ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ توریہ کرے۔ (یعنی قسم کھاتے وقت قسم کے الفاظ کے ظاہری مفہوم کو چھوڑ کر دوسرے مطلب کی نیت کرے اور جو مطلب اس نے لیا ہے اس کو ظاہر نہ کرے) مثلاً اگر کوئی ظالم کسی کو اذیت دینا چاہے اور کسی دوسرے شخص سے پوچھے کہ کیا تم نے فلاں شخص کو دیکھا ہے؟ اور اس نے اس شخص کو ایک منٹ قبل دیکھا ہو تو وہ کہے کہ میں نے اسے نہیں دیکھا اور قصد یہ کرے کہ اس وقت سے پانچ منٹ پہلے میں نے اسے نہیں دیکھا۔

وقف کے احکام

(۲۶۳۴) اگر ایک شخص کوئی چیز وقف کرے تو وہ اس کی ملکیت سے نکل جاتی ہے اور وہ خود یا دوسرے لوگ نہ ہی وہ چیز کسی دوسرے کو بخش سکتے ہیں اور نہ ہی اسے بیچ سکتے ہیں اور نہ ہی کوئی شخص اس میں سے کچھ بطور میراث لے سکتا ہے لیکن بعض صورتوں میں جن کا ذکر مسئلہ ۲۰۵۴ میں کیا گیا ہے اسے بیچنے میں اشکال نہیں۔

(۲۶۳۵) یہ لازم نہیں کہ وقف کا صیغہ عربی میں پڑھا جائے بلکہ مثال کے طور پر اگر کوئی شخص کہے کہ میں نے یہ کتاب طالب علموں کے لئے وقف کردی ہے تو وقف صحیح ہے۔ بلکہ عمل سے بھی وقف ثابت ہو جاتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص وقف کی نیت سے چٹائی مسجد میں ڈال دے یا کسی عمارت کو مسجد کی نیت سے اس طرح بنائے جیسے مساجد بنائی جاتی ہیں تو وقف ثابت ہو جائے گا۔ لیکن صرف نیت کرنے سے وقف ثابت نہیں ہوتا۔ وقف کے صحیح ہونے میں کسی کا قبول کرنا لازم نہیں ہے چاہے وقف عام ہو یا خاص۔ اسی طرح اس میں قصد قربت بھی ضروری نہیں۔

(۲۶۳۶) اگر کوئی شخص اپنی کسی چیز کو وقف کرنے کے لئے معین کرے اور وقف کرنے سے پہلے پچھتائے یا مرجائے تو وقف وقوع پذیر نہیں ہوتا۔ اسی طرح اگر وقف خاص میں موقوف علیہ کے قبضے میں لینے سے پہلے مر جائے تو بھی وقف وقوع پذیر نہیں ہوتا۔

(۲۶۳۷) اگر ایک شخص کوئی مال وقف کرے تو ضروری ہے کہ وقف کرنے کے وقت سے اس مال کو

ہمیشہ کے لئے وقف کردے اور مثال کے طور پر اگر وہ کہے کہ یہ مال میرے مرنے کے بعد وقف ہوگا تو چونکہ وہ مال صیغہ پڑھنے کے وقت سے اس کے مرنے کے وقت تک وقف نہیں رہا اس لئے وقف صحیح نہیں ہے۔ نیز اگر کہے کہ یہ مال دس سال تک وقف رہے گا اور پھر وقف نہیں ہوگا یا یہ کہے کہ یہ مال دس سال کے لئے وقف ہوگا پھر پانچ سال کے لئے وقف نہیں ہوگا اور پھر دوبارہ وقف ہو جائے گا تو وہ وقف صحیح نہیں ہے۔ لیکن اگر اس دوران ''حبس'' کی نیت کرے تو ''حبس'' واقع ہو جاتا ہے۔

(۲۶۳۸) خصوصی وقف اس صورت میں صحیح ہے جب وقف کرنے والا وقف کا مال جن لوگوں کے لئے وقف کیا گیا ہے ان کے یا ان کے وکیل یا سرپرست کے تصرف میں دیدے اور یہ کافی ہے کہ طبقۂ اول میں سے کوئی شخص موجود ہو وہ اسے اپنے تصرف میں لے لے۔ لیکن اگر کوئی شخص کوئی چیز اپنے نابالغ بچوں کے لئے وقف کرے اگر وہ وقف کردہ چیز اسی کی نگہداری میں ہو تو کافی ہے اور وقف صحیح ہے۔

(۲۶۳۹) عام اوقاف مثلاً مدرسوں اور مساجد وغیرہ میں قبضہ معتبر نہیں ہے بلکہ صرف وقف کرنے سے ہی ان کا وقف ہونا ثابت ہو جاتا ہے۔

(۲۶۴۰) ضروری ہے کہ وقف کرنے والا بالغ اور عاقل ہو نیز قصد اور اختیار رکھتا ہو اور شرعاً اپنے مال میں تصرف کرسکتا ہو۔ اس بنا پر اگر سفیہ — یعنی وہ شخص جو اپنا مال بے کار کاموں میں خرچ کرتا ہو — چونکہ وہ اپنے مال میں تصرف کرنے کا حق نہیں رکھتا اس لئے اگر وہ کوئی چیز وقف کرے تو صحیح نہیں ہے۔

(۲۶۴۱) اگر کوئی شخص کسی مال کو ایسے بچے کے لئے وقف کرے جو ماں کے پیٹ میں ہو اور ابھی پیدا نہ ہوا ہو تو اس وقف کا صحیح ہونا محل اشکال ہے اور لازم ہے کہ احتیاط ملحوظ رکھی جائے۔ لیکن اگر کوئی مال ایسے لوگوں کے لئے وقف کیا جائے جو ابھی موجود ہوں اور ان کے بعد ان لوگوں کے لئے وقف کیا جائے جو بعد میں پیدا ہوں تو اگرچہ وقف کرتے وقت وہ ماں کے پیٹ میں بھی نہ ہوں (وہ وقف صحیح ہے)۔ مثلاً ایک شخص کوئی چیز اپنی اولاد کے لئے وقف کرے کہ ان کے بعد اس کے پوتوں کے لئے وقف ہوگی اور (اولاد کے) ہر گروہ کے بعد آنے والا گروہ اس وقف سے استفادہ کرے گا تو وقف صحیح ہے۔

(۲۶۴۲) اگر کوئی شخص کسی چیز کو اپنے آپ پر وقف کرے مثلاً کوئی دکان وقف کردے تاکہ اس کی آمدنی اس کے مرنے کے بعد اس کے قرضوں کی ادائیگی یا اس کی عبادات کی اجرت پر خرچ کی جائے تو یہ وقف صحیح نہیں ہے۔ لیکن مثال کے طور پر وہ کوئی مکان فقراء کی رہائش کے لئے وقف کردے اور خود بھی فقیر ہو جائے تو اس مکان میں رہائش کرسکتا ہے۔ البتہ اگر وہ یوں وقف کرے کہ اس مکان کا کرایہ فقراء میں تقسیم کرے گا، بعد میں خود فقیر ہو جائے تو اس کا اس مال میں سے لینا محل اشکال ہے۔

(۲۶۴۳) جو چیز کسی شخص نے وقف کی ہو اگر اس نے اس کا متولی بھی معین کیا ہو تو ضروری ہے کہ ہدایات کے مطابق عمل ہو اور اگر واقف نے متولی معین نہ کیا ہو اور مال مخصوص افراد پر مثلاً اپنی اولاد کے لئے وقف کیا ہو تو وہ افراد اس سے استفادہ کرنے میں خود مختار ہیں اور اگر بالغ نہ ہوں تو پھر ان کا سرپرست مختار ہے اور وقف سے استفادہ کرنے کے لئے حاکم شرع کی اجازت لازم نہیں۔ لیکن ایسے کام جس میں وقف کی بہتری

یا آئندہ نسلوں کی بھلائی ہو — مثلاً وقف کی تعمیر کرنا یا وقف کو کرائے پر دینا کہ جس میں بعد والے طبقے کے لئے فائدہ ہے — تو اس کا مختار حاکم شرع ہے۔

(۲۶۴۴) اگر مثال کے طور پر کوئی شخص کسی مال کو فقراء یا سادات کے لئے وقف کرے یا اس مقصد سے وقف کرے کہ اس مال کا منافع بطور خیرات دیا جائے تو اس صورت میں کہ اس نے وقف کے لئے متولی معین نہ کیا ہو اس کا اختیار حاکم شرع کو ہے۔

(۲۶۴۵) اگر کوئی شخص کسی املاک کو مخصوص افراد مثلاً اپنی اولاد کے لئے وقف کرے تاکہ ایک پشت کے بعد دوسری پشت اس سے استفادہ کرے تو اگر وقف کا متولی اس مال کو کرائے پر دے دے اور اس کے بعد مر جائے تو اجارہ باطل نہیں ہوتا۔ لیکن اگر اس املاک کا کوئی متولی نہ ہو اور جن لوگوں کے لئے وہ املاک وقف ہوئی ہے ان میں سے ایک پشت اسے کرائے پر دے دے اور اجارے کی مدت کے دوران وہ پشت مر جائے اور جو پشت اس کے بعد ہو وہ اس اجارے کی تصدیق نہ کرے تو اجارہ باطل ہو جائے گا اور اس صورت میں اگر کرایہ دار نے پوری مدت کا کرایہ ادا کر رکھا ہو تو اجارہ باطل ہونے کے وقت سے اجارے کی مدت کے خاتمے تک کا کرایہ (مرنے والے کے مال سے) واپس لے سکتا ہے۔

(۲۶۴۶) اگر وقف کردہ املاک برباد بھی ہو جائے تو اس کے وقف کی حیثیت نہیں بدلتی بجز اس صورت کے کہ وقف کی ہوئی چیز کسی خاص مقصد کے لئے وقف ہو اور وہ مقصد فوت ہو جائے مثلاً کسی شخص نے کوئی باغ بطور باغ وقف کیا ہو تو اگر وہ باغ خراب ہو جائے تو وقف باطل ہو جائے گا اور واقف کے ورثاء کی ملکیت میں دوبارہ داخل ہو جائے گا۔

(۲۶۴۷) کسی املاک کا کچھ حصہ وقف ہو اور کچھ حصہ وقف نہ ہو اور اگر وہ املاک تقسیم نہ کی گئی ہو تو وقف کا متولی اور اس حصے کا مالک جو وقف نہیں ہے وقف شدہ حصہ جدا کرسکتے ہیں۔

(۲۶۴۸) اگر وقف کا متولی خیانت کرے مثلاً اس کا منافع معین مدوں میں استعمال نہ کرے تو حاکم شرع اس کے ساتھ کسی امین شخص کو لگا دے تاکہ وہ متولی کو خیانت سے روکے۔ اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو حاکم شرع اس کی جگہ کوئی دیانتدار متولی مقرر کرسکتا ہے۔

(۲۶۴۹) جو قالین (وغیرہ) امام بارگاہ کے لئے وقف کیا گیا ہو اسے نماز پڑھنے کے لئے مسجد میں نہیں لے جایا جاسکتا خواہ وہ مسجد امام بارگاہ سے ملحق ہی کیوں نہ ہو۔ لیکن یہ مال امام بارگاہ کی ملکیت میں ہو تو متولی کی اجازت سے دوسری جگہ لے جاسکتے ہیں۔

(۲۶۵۰) اگر کوئی املاک کسی مسجد کی مرمت کے لئے وقف کی جائے تو اگر اس مسجد کو مرمت کی ضرورت نہ ہو اور اس بات کی توقع بھی نہ ہو کہ آئندہ یا کچھ عرصے بعد اسے مرمت کی ضرورت ہوگی نیز اس املاک کی آمدنی کو جمع کر کے حفاظت کرنا بھی ممکن نہ ہو کہ بعد میں اس مسجد کی مرمت میں لگا دی جائے تو اس صورت میں احتیاط لازم یہ ہے کہ اس املاک کی آمدنی کو اس کام میں صرف کرے جو وقف کرنے والے کے مقصود سے نزدیک تر ہو مثلاً اس مسجد کی کوئی دوسری ضرورت پوری کردی جائے یا کسی دوسری مسجد کی تعمیر میں لگا دی جائے۔

(۲۶۵۱) اگر کوئی شخص کوئی املاک وقف کرے تاکہ اس کی آمدنی مسجد کی مرمت پر خرچ کی جائے اور امام جماعت کو اور مسجد کے موذن کو دی جائے تو اس صورت میں کہ اس شخص نے ہر ایک کے لئے کوئی مقدار معین کی ہو تو ضروری ہے کہ آمدنی اسی کے مطابق خرچ کی جائے۔ اور اگر معین نہ کی ہو تو ضروری ہے کہ پہلے مسجد کی مرمت کرائی جائے اور پھر اگر کچھ بچے تو متولی اسے امام جماعت اور موذن کے درمیان جس طرح مناسب سمجھے تقسیم کردے لیکن بہتر ہے کہ یہ دونوں اشخاص تقسیم کے متعلق ایک دوسرے سے مصالحت کرلیں۔

وصیت کے احکام

(۲۶۵۲) ''وصیت'' یہ ہے کہ انسان تاکید کرے کہ اس کے مرنے کے بعد اس کے لئے فلاں فلاں کام کئے جائیں یا یہ کہے کہ اس کے مرنے کے بعد اس کے مال میں سے کوئی چیز فلاں شخص کی ملکیت ہوگی یا اس کے مال میں سے کوئی چیز کسی شخص کی ملکیت میں دے دی جائے یا خیرات کی جائے یا امور خیریہ پر صرف کی جائے یا اپنی اولاد کے لئے اور جو لوگ اس کی کفالت میں ہوں ان کے لئے کسی کو نگراں اور سرپرست مقرر کرے اور جس شخص کو وصیت کی جائے اسے ''وصی'' کہتے ہیں۔

(۲۶۵۳) جو شخص بول نہ سکتا ہو اگر وہ اشارے سے اپنا مقصد سمجھا دے تو وہ ہر کام کے لئے وصیت کرسکتا ہے بلکہ جو شخص بول سکتا ہو اگر وہ بھی اس طرح اشارے سے وصیت کرے کہ اس کا مقصد سمجھ میں آجائے تو وصیت صحیح ہے۔

(۲۶۵۴) اگر ایسی تحریر مل جائے جس پر مرنے والے کے دستخط یا مہر ثبت ہو تو اگر اس تحریر سے اس کا مقصد سمجھ میں آجائے اور پتا چل جائے کہ یہ چیز اس نے وصیت کی غرض سے لکھی ہے تو اس کے مطابق عمل کرنا چاہئے۔

(۲۶۵۵) جو شخص وصیت کرے ضروری ہے کہ بالغ اور عاقل ہو، سفیہ نہ ہو اور اپنے اختیار سے وصیت کرے۔ لہٰذا نابالغ بچے کا وصیت کرنا صحیح نہیں ہے۔ مگر یہ کہ بچہ دس سال کا ہو اور اس نے اپنے رشتے داروں کے لئے وصیت کی ہو یا عام خیرات میں خرچ کرنے کی وصیت کی ہو تو ان دونوں صورتوں میں اس کی وصیت صحیح ہے۔ اگر اپنے رشتے داروں کے علاوہ کسی دوسرے کے لئے وصیت کرے یا سات سالہ بچہ وصیت کرے کہ ''اس کے اموال میں سے تھوڑی سی چیز کسی شخص کے لئے ہے یا کسی شخص کو دے دی جائے'' تو وصیت کا نافذ ہونا محل اشکال ہے پس ضروری ہے کہ احتیاط کا خیال رکھا جائے۔ اور اگر کوئی شخص سفیہ ہو تو اس کی وصیت اس کے اموال میں نافذ نہیں ہے۔ لیکن اس کے علاوہ دوسرے امور میں نافذ ہے۔ مثلاً ایسے امور میں جو اس کی تجہیز و تکفین سے متعلق ہیں۔

(۲۶۵۶) جس شخص نے خودکشی کا ارادہ کرکے مثلاً اپنے آپ کو زخمی کرلیا ہو یا زہر کھالیا ہو کہ جو ہلاکت کا سبب ہے، اگر وہ وصیت کرے کہ اس کے مال کی کچھ مقدار کسی مخصوص مصرف میں لائی جائے اور اس کے بعد وہ مرجائے تو اس کی وصیت صحیح نہیں ہے۔ مگر یہ کہ اس کی موت اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کی وجہ سے ہو (تو وصیت صحیح ہے)۔ لیکن غیر مالی امور میں اس کی وصیت صحیح ہے۔

(۲۶۵۷) اگر کوئی شخص وصیت کرے کہ اس کی املاک میں سے کوئی چیز کسی دوسرے کا مال ہوگی تو اس صورت میں جبکہ وہ دوسرا شخص وصیت کو قبول کرلے خواہ اس کا قبول کرنا وصیت کرنے والے کی زندگی میں ہو خواہ اس کے مرنے کے بعد، تو وہ چیز ''موصی'' کی موت کے بعد اس کی ملکیت ہوجائے گی، بشرطیکہ وہ چیز اس کے ترکے ۱/۳ سے زیادہ نہ ہو۔

(۲۶۵۸) جب انسان اپنے آپ میں موت کی نشانیاں دیکھ لے تو ضروری ہے کہ لوگوں کی امانتیں فوراً ان کے مالکوں کو واپس کردے یا انہیں اطلاع دے دے۔ اس تفصیل کے مطابق جو مسئلہ ۲۳۰۲ میں بیان ہوچکی ہے۔ اگر وہ لوگوں کا مقروض ہو اور قرضے کی ادائیگی کا وقت نہ آیا ہو یا آگیا ہو اور قرض خواہ اپنے قرضے کا مطالبہ نہ کررہا ہو یا کررہا ہو تو اگر وہ خود قرضہ ادا کرنے کے قابل نہ ہو تو ضروری ہے کہ ایسا کام کرے جس سے اطمینان ہوجائے کہ اس کا قرض اس کی موت کے بعد قرض خواہ کو ادا کردیا جائے گا۔ مثلاً اس صورت میں کہ اسکے قرضے کا کسی دوسرے کو علم نہ ہو وہ وصیت کرے اور گواہوں کے سامنے وصیت کرے۔ لیکن اگر قرض کی ادائیگی کرسکتا ہو اور وقت ہوچکا ہو اور قرضدار مطالبہ کرلے تو فوراً ادا کرے اگرچہ موت کے آثار بھی نہ دیکھے۔

(۲۶۵۹) جو شخص اپنے آپ میں موت کی نشانیاں دیکھ رہا ہو اگر زکوٰۃ، خمس اور مظالم اس کے ذمے ہوں اور وہ انہیں اس وقت ادا نہ کرسکتا ہو لیکن اس کے پاس مال ہو یا اس بات کا احتمال ہو کہ کوئی دوسرا شخص انہیں ادا کردے گا تو ضروری ہے کہ ایسا کام کرے جس سے اطمینان ہوجائے کہ اس کے مرنے کے بعد ادا کردیئے جائیں گے۔ مثلاً کسی قابل اعتماد شخص کو وصیت کردے اور اگر اس پر حج واجب ہو اور خود نائب مقرر نہ کرسکتا ہو تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔ لیکن اگر وہ شخص اس وقت اپنے شرعی واجبات ادا کرسکتا ہو تو ضروری ہے کہ فوراً ادا کرے اگرچہ وہ اپنے آپ میں موت کی نشانیاں نہ دیکھے۔

(۲۶۶۰) جو شخص اپنے آپ میں موت کی نشانیاں دیکھ رہا ہو اگر اس کی نمازیں اور روزے قضا ہوئے ہوں تو ضروری ہے کہ ایسا کام کرے جس سے اطمینان ہوجائے کہ اس کے مرنے کے بعد اس کی طرف سے ادا کردیئے جائیں گے۔ مثلاً وصیت کردے کہ اس کے مال سے ان عبادات کی ادائیگی کے لئے کسی کو اجیر بنایا جائے بلکہ اگر اس کے پاس مال نہ ہو لیکن اس بات کا احتمال ہو کہ کوئی شخص بلا معاوضہ یہ عبادات بجالائے گا تب بھی اس پر واجب ہے کہ وصیت کرے لیکن اگر اس کا اپنا کوئی ہو مثلاً بڑا لڑکا ہو اور وہ شخص جانتا ہو کہ اگر اسے خبر دی جائے تو وہ اس کی قضا نمازیں اور روزے بجالائے گا تو اسے خبر دینا ہی کافی ہے، وصیت کرنا لازم نہیں۔

(۲۶۶۱) جو شخص اپنے آپ میں موت کی نشانیاں دیکھ رہا ہو اگر اس کا مال کسی کے پاس ہو یا ایسی جگہ

چھپا ہوا ہو جس کا ورثاء کو علم نہ ہو تو ضروری ہے کہ انہیں اطلاع دے اور یہ لازم نہیں کہ وہ اپنے نابالغ بچوں کے لئے نگراں اور سرپرست مقرر کرے لیکن اس صورت میں جبکہ نگراں کا نہ ہونا مال کے تلف ہونے کا سبب ہو یا خود بچوں کے لئے نقصان دہ ہو تو ضروری ہے کہ ان کے لئے ایک امین نگراں مقرر کرے۔

(۲۶۶۲) وصی کا عاقل ہونا ضروری ہے۔ نیز جو امور موصی سے متعلق ہیں اور اسی طرح احتیاط واجب کی بنا پر جو امور دوسروں سے متعلق ہیں ضروری ہے کہ وصی ان کے بارے میں مطمئن ہو اور ضروری ہے کہ مسلمان کا وصی بھی احتیاط واجب کی بنا پر مسلمان ہو۔ اگر موصی فقط نابالغ بچے کے لئے اس مقصد سے وصیت کرے تاکہ وہ بچپن میں سرپرست سے اجازت لئے بغیر تصرف کر سکے تو احتیاط واجب کی بنا پر یہ صحیح نہیں ہے۔ اور ضروری ہے کہ اس کا تصرف حاکم شرع کی اجازت سے ہو۔ لیکن اگر موصی کا مقصد یہ ہو کہ بالغ ہونے کے بعد یا سرپرست کی اجازت سے تصرف کرے تو کوئی اشکال نہیں ہے۔

(۲۶۶۳) اگر کوئی شخص کئی لوگوں کو اپنا وصی معین کرے تو اگر اس نے اجازت دی ہو کہ ان میں سے ہر ایک تنہا وصیت پر عمل کر سکتا ہے تو لازم نہیں کہ وہ وصیت انجام دینے میں ایک دوسرے سے اجازت لیں۔ اور اگر وصیت کرنے والے نے ایسی کوئی اجازت نہ دی ہو تو خواہ اس نے کہا ہو یا نہ کہا ہو کہ سب مل کر وصیت پر عمل کریں، انہیں چاہئے کہ ایک دوسرے کی رائے کے مطابق وصیت پر عمل کریں اور اگر وہ مل کر وصیت پر عمل کرنے پر تیار نہ ہوں اور مل کر عمل نہ کرنے میں کوئی شرعی عذر نہ ہو تو حاکم شرع انہیں ایسا کرنے پر مجبور کر سکتا ہے۔ اور اگر وہ حاکم شرع کا حکم نہ مانیں یا مل کر عمل نہ کرنے کا ان کے پاس کوئی شرعی عذر ہو تو وہ ان میں سے کسی ایک کی جگہ کوئی اور وصی مقرر کر سکتا ہے۔

(۲۶۶۴) اگر کوئی شخص اپنی وصیت سے منحرف ہو جائے مثلاً پہلے وہ یہ کہے کہ اس کے مال کا تیسرا حصہ فلاں شخص کو دیا جائے اور بعد میں کہے کہ اسے نہ دیا جائے تو وصیت کالعدم ہو جاتی ہے۔ اور اگر کوئی شخص اپنی وصیت میں تبدیلی کر دے مثلاً پہلے ایک شخص کو اپنے بچوں کا نگراں مقرر کرے اور بعد میں اس کی جگہ کسی دوسرے شخص کو نگراں مقرر کر دے تو اس کی پہلی وصیت کالعدم ہو جاتی ہے اور ضروری ہے کہ اس کی دوسری وصیت پر عمل کیا جائے۔

(۲۶۶۵) اگر ایک شخص کوئی ایسا کام کرے جس سے پتا چلے کہ وہ اپنی وصیت سے منحرف ہو گیا ہے مثلاً جس مکان کے بارے میں وصیت کی ہو کہ وہ کسی کو دیا جائے اسے بیچ دے یا — پہلی وصیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے — کسی دوسرے شخص کو اسے بیچنے کیلئے وکیل مقرر کر دے تو وصیت کالعدم ہو جاتی ہے۔

(۲۶۶۶) اگر کوئی شخص وصیت کرے کہ ایک معین چیز کسی شخص کو دی جائے اور بعد میں وصیت کرے کہ اس چیز کا نصف حصہ کسی اور شخص کو دیا جائے تو ضروری ہے کہ (اس چیز کے دو حصے کئے جائیں اور) ان دونوں اشخاص میں سے ہر ایک کو ایک حصہ دیا جائے۔

(۲۶۶۷) اگر کوئی شخص ایسے مرض کی حالت میں جس مرض سے وہ مر جائے اپنے مال کی کچھ مقدار کسی

شخص کو بخش دے اور وصیت کرے کہ میرے مرنے کے بعد مال کی کچھ مقدار کسی اور شخص کو بھی دی جائے تو اگر اس کے مال کا تیسرا حصہ دونوں مال کے لئے کافی نہ ہو اور ورثاء بھی تیسرے حصے سے زیادہ مقدار کی اجازت دینے پر تیار نہ ہوں تو ضروری ہے کہ پہلے جو مال اس نے بخشا ہے وہ تیسرے حصے سے دیدیں اور اس کے بعد جو مال باقی بچے وہ وصیت کے مطابق خرچ کریں۔

(۲۶۶۸) اگر کوئی شخص وصیت کرے کہ اس کے مال کا تیسرا حصہ بیچا جائے اور اس کی آمدنی ایک معین کام میں خرچ کی جائے تو اس کے کہنے کے مطابق عمل کرنا ضروری ہے۔

(۲۶۶۹) اگر کوئی شخص ایسے مرض کی حالت میں جس مرض سے وہ مر جائے، یہ کہے کہ وہ اتنی مقدار میں کسی شخص کا مقروض ہے، تو اگر اس پر یہ تہمت ہو کہ اس نے یہ بات ورثاء کو نقصان پہنچانے کے لئے کی ہے تو ضروری ہے کہ جو مقدار قرض کی اس نے معین کی ہے وہ اس کے مال کے تیسرے حصے سے دی جائے اور اگر اس پر یہ تہمت نہ ہو تو اس کا اقرار نافذ ہے اور قرضہ اس کے اصل مال سے ادا کرنا ضروری ہے۔

(۲۶۷۰) جس شخص کو انسان وصی کرے کہ کوئی چیز اسے دی جائے یہ ضروری نہیں کہ وصیت کرنے کے وقت وہ وجود رکھتا ہو لہٰذا اگر وہ شخص وصیت کرنے والے کی موت کے بعد موجود ہو تو لازم ہے کہ وہ چیز اسے دی جائے لیکن اگر وہ موجود نہ ہو اور وصیت ایک سے زیادہ مقاصد کے لئے سمجھی جائے تو ضروری ہے کہ اس مال کو کسی ایسے دوسرے کام میں صرف کیا جائے جو وصیت کرنے والے کے مقصد سے زیادہ قریب ہو ورنہ ورثاء خود اسے آپس میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر وصیت کرے کہ مرنے کے بعد اس کے مال میں سے کوئی چیز کسی شخص کا مال ہوگی تو اگر وہ شخص وصیت کرنے والے کی موت کے وقت موجود ہو اگرچہ (عورت کے پیٹ میں) حمل (کی صورت میں) ہو کہ ابھی اس میں جان نہ پڑی ہو تو وصیت صحیح ہے ورنہ باطل ہے اور جس چیز کی اس شخص کے لئے وصیت کی گئی ہو (وصیت باطل ہونے کی صورت میں) ورثاء اسے آپس میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

(۲۶۷۱) اگر انسان کو پتا چلے کہ کسی نے اسے وصی بنایا ہے تو اگر وہ وصیت کرنے والے کو اطلاع دے دے کہ وہ اس کی وصیت پر عمل کرنے پر آمادہ نہیں ہے تو لازم نہیں کہ وہ اس کے مرنے کے بعد اس وصیت پر عمل کرے۔ لیکن اگر وصیت کنندہ کے مرنے سے پہلے انسان کو یہ پتا نہ چلے کہ اس نے اسے وصی بنایا ہے یا پتا چل جائے لیکن اسے یہ اطلاع نہ دے کہ وہ (یعنی جسے وصی مقرر کیا گیا ہے) اس کی (یعنی موصی کی) وصیت پر عمل کرنے پر آمادہ نہیں ہے تو اگر وصیت پر عمل کرنے میں کوئی زحمت نہ ہو تو ضروری ہے کہ اس کی وصیت پر عملدرآمد کرے نیز اگر موصی کے مرنے سے پہلے وصی کسی وقت اس امر کی جانب متوجہ ہو کہ مرض کی شدت کی وجہ سے یا کسی اور عذر کی بنا پر موصی کسی دوسرے شخص کو وصیت نہیں کر سکتا تو احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ وصی وصیت کو قبول کرلے۔

(۲۶۷۲) جس شخص نے وصیت کی ہو اگر وہ مر جائے تو وصی کو یہ اختیار نہیں کہ وہ کسی دوسرے کو میت کا

وصی معین کرے اور خود ان کاموں سے کنارہ کش ہو جائے۔ لیکن اگر اسے علم ہو کہ مرنے والے کا مقصد یہ نہیں تھا کہ خود وصی ہی ان کاموں کو انجام دینے میں شریک ہو بلکہ اس کا مقصد فقط یہ تھا کہ کام کر دیئے جائیں تو وصی کسی دوسرے شخص کو ان کاموں کی انجام دہی کے لئے اپنی طرف سے وکیل مقرر کر سکتا ہے۔

(۲۶۷۳) اگر کوئی شخص دو افراد کو اکٹھے وصی بنائے تو اگر ان دونوں میں سے ایک مر جائے یا دیوانہ یا کافر ہو جائے اور وصیت کی عبارت سے یہ سمجھ میں آئے کہ ایک کے فوت ہونے پر دوسرا مستقل وصی ہوگا تو ضروری ہے کہ اسی پر عمل کیا جائے ورنہ حاکم شرع اس کی جگہ ایک اور شخص کو وصی مقرر کرے گا۔ اور اگر دونوں مر جائیں یا کافر یا دیوانے ہو جائیں تو حاکم شرع دو دوسرے اشخاص کو ان کی جگہ معین کرے گا لیکن اگر ایک شخص وصیت پر عمل کر سکتا ہو تو دو اشخاص کا معین کرنا لازم نہیں۔

(۲۶۷۴) اگر وصی تنہا خواہ وکیل مقرر کر کے یا دوسرے کو اجرت دے کر متوفی کے کام انجام نہ دے سکے تو حاکم شرع اس کی مدد کے لئے ایک اور شخص مقرر کرے گا۔

(۲۶۷۵) اگر متوفی کے مال کی کچھ مقدار وصی کے ہاتھ سے تلف ہو جائے تو اگر وصی نے اس کی نگہداشت میں کوتاہی یا تعدی کی ہو مثلاً اگر متوفی نے اسے وصیت کی ہو کہ مال کی اتنی مقدار فلاں شہر کے فقیروں کو دے دے اور وصی مال کو دوسرے شہر لے جائے اور وہ راستے میں تلف ہو جائے تو وہ ذمے دار ہے اور اگر اس نے کوتاہی اور تعدی نہ کی ہو تو ذمے دار نہیں ہے۔

(۲۶۷۶) اگر انسان کسی شخص کو وصی مقرر کرے اور کہے کہ اگر وہ شخص (یعنی وصی) مر جائے تو پھر فلاں شخص وصی ہوگا تو جب پہلا وصی مر جائے تو دوسرے وصی کے لئے متوفی کے کام انجام دینا ضروری ہے۔

(۲۶۷۷) جو حج متوفی پر واجب ہو نیز قرضہ اور مالی واجبات مثلاً خمس، زکوٰۃ اور مظالم جن کا ادا کرنا واجب ہو انہیں متوفی کے اصل مال سے ادا کرنا ضروری ہے اگرچہ متوفی نے ان کے لئے وصیت نہ بھی کی ہو۔ لیکن کفارات، منذرات اور نذر کی ہوئی حج کی اگر وصیت کی ہے تو ایک ثلث مال سے ادا کئے جائیں۔

(۲۶۷۸) اگر متوفی کا ترکہ قرضے سے اور واجب حج سے اور ان شرعی واجبات سے جو اس پر واجب ہوں مثلاً خمس اور زکوٰۃ اور مظالم سے زیادہ ہو تو اگر اس نے وصیت کی ہو کہ اس کے مال کا تیسرا حصہ یا تیسرے حصے کی کچھ مقدار ایک معین مصرف میں لائی جائے تو اس کی وصیت پر عمل کرنا ضروری ہے اور اگر وصیت نہ کی ہو تو جو کچھ بچے وہ ورثاء کا مال ہے۔

(۲۶۷۹) جو مصرف متوفی نے معین کیا ہو اگر وہ اس کے مال کے تیسرے حصے سے زیادہ ہو تو مال کے تیسرے حصے سے زیادہ کے بارے میں اس کی وصیت اس صورت میں صحیح ہے جب ورثاء کوئی ایسی بات یا ایسا کام کریں جس سے معلوم ہو کہ انہوں نے وصیت کے مطابق عمل کرنے کی اجازت دے دی ہے اور ان کا صرف راضی ہونا کافی نہیں ہے اور اگر وہ وصی کی رحلت کے کچھ عرصے بعد بھی اجازت دیں تو صحیح ہے اور اگر بعض ورثاء اجازت دے دیں اور بعض وصیت کو رد کر دیں تو جنہوں نے اجازت دی ہو ان کے حصوں کی حد تک وصیت صحیح اور نافذ ہے۔

(۲۶۸۰) جو مصرف متوفی نے معین کیا ہو اگر اس کے مال کے تیسرے حصے سے زیادہ ہو تو اس کی وصیت تیسرے حصے سے زیادہ میں اس صورت میں صحیح ہے جب اس کے ورثاء اس کی اجازت دے دیں خواہ زبان سے خواہ عمل سے۔ اور دلی رضامندی کافی نہیں ہے۔ اور اگر اس کے مرنے کے کچھ عرصے بعد اجازت دیں تو صحیح ہے۔ اور اگر بعض ورثاء اجازت دیں اور بعض رد کر دیں تو وصیت صرف ان کے حصے میں صحیح اور نافذ ہوگی جنہوں نے اجازت دی ہے۔

(۲۶۸۱) اگر مرنے والا وصیت کرے کہ اس کے مال کے تیسرے حصے سے خمس اور زکوٰۃ یا کوئی اور قرضہ جو اس کے ذمے ہو دیا جائے اور اس کی قضا نمازوں اور روزوں کے لئے اجیر مقرر کیا جائے اور کوئی مستحب کام مثلاً فقیروں کو کھانا کھلانا بھی انجام دیا جائے تو ضروری ہے کہ پہلے اس کا قرضہ مال کے تیسرے حصے سے دیا جائے اور اگر کچھ بچ جائے تو نمازوں اور روزوں کے لئے اجیر مقرر کیا جائے اور اگر پھر بھی کچھ بچ جائے تو جو مستحب کام اس نے معین کیا ہو اس پر صرف کیا جائے اور اگر اس کے مال کا تیسرا حصہ صرف اس کے قرضے کے برابر ہو اور ورثاء بھی تہائی مال سے زیادہ خرچ کرنے کی اجازت نہ دیں تو نماز، روزوں اور مستحب کاموں کے لئے کی گئی وصیت باطل ہے۔

(۲۶۸۲) اگر کوئی شخص وصیت کرے کہ اس کا قرضہ ادا کیا جائے اور اس کی نمازوں اور روزوں کے لئے اجیر مقرر کیا جائے اور کوئی مستحب کام بھی انجام دیا جائے تو اگر اس نے یہ وصیت نہ کی ہو کہ یہ چیزیں مال کے تیسرے حصے سے دی جائیں تو ضروری ہے کہ اس کا قرضہ اصل مال سے دیا جائے اور پھر جو کچھ بچ جائے اس کا تیسرا حصہ نماز، روزوں (جیسی عبادات) اور ان مستحب کاموں کے مصرف میں لایا جائے جو اس نے معین کئے ہیں۔ اور اس صورت میں جبکہ تیسرا حصہ (ان کاموں کے لیئے) کافی نہ ہو اگر ورثاء اجازت دیں تو اس کی وصیت پر عمل کرنا چاہئے اور اگر وہ اجازت نہ دیں تو نماز اور روزوں کی قضا کی اجرت مال کے تیسرے حصے سے دینی چاہئے اور اگر اس میں سے کچھ بچ جائے تو وصیت کرنے والے نے جو مستحب کام معین کیا ہو اس پر خرچ کرنا چاہئے۔

(۲۶۸۳) اگر کوئی شخص کہے کہ مرنے والے نے وصیت کی تھی کہ اتنی رقم مجھے دی جائے تو اگر دو عادل مرد اس کے قول کی تصدیق کر دیں یا وہ قسم کھائے اور ایک عادل شخص اس کے قول کی تصدیق کر دے یا ایک عادل مرد اور دو عادل عورتیں یا پھر چار عادل عورتیں اس کے قول کی گواہی دیں تو جتنی مقدار وہ بتائے اسے دینا ضروری ہے۔ اور اگر ایک عادل عورت گواہی دے تو ضروری ہے کہ جس چیز کا وہ مطالبہ کر رہا ہو اس کا چوتھا حصہ اسے دیا جائے اور اگر دو عادل عورتیں گواہی دیں تو اس کا نصف دیا جائے اور اگر تین عادل عورتیں گواہی دیں تو اس کا تین چوتھائی دیا جائے۔ نیز اگر دو کتابی کافر مرد جو ذمی ہوں اور اپنے مذہب میں عادل ہوں اس کے قول کی تصدیق کریں تو اس صورت میں جبکہ کوئی مسلمان گواہی دینے کے لئے موجود نہ ہو تو وہ شخص جس چیز کا مطالبہ کر رہا ہو وہ اسے دے دینی ضروری ہے۔

(۲۶۸۴) اگر کوئی شخص کہے کہ میں متوفی کا وصی ہوں تاکہ اس کے مال کو فلاں مصرف میں لے آؤں تو اس کا قول اس صورت میں قبول کرنا چاہئے جبکہ دو عادل مرد اس کے قول کی تصدیق کریں یا دو ذمی افراد جو اپنے مذہب میں عادل ہوں، گواہی دیں جبکہ کوئی مسلمان گواہی کے لئے موجود نہ ہو۔ اسی طرح اگر ورثہ قبول کرلیں تو اس کا قول ثابت ہو جائے گا۔

(۲۶۸۵) اگر مرنے والا وصیت کرے کہ اس کے مال کی اتنی مقدار فلاں شخص کی ہوگی اور وہ شخص وصیت کو قبول کرنے یا رد کرنے سے پہلے مر جائے تو جب تک اس کے ورثاء وصیت کو رد نہ کردیں وہ اس چیز کو قبول کرسکتے ہیں لیکن یہ حکم اس صورت میں ہے کہ وصیت کرنے والا اپنی وصیت سے منحرف نہ ہو جائے ورنہ وہ (یعنی وصی کے ورثاء) اس چیز پر کوئی حق نہیں رکھتے۔

میراث کے احکام

(۲۶۸۶) جو اشخاص متوفی سے رشتے داری کی بنا پر ترکہ پاتے ہیں ان کے تین گروہ ہیں:

(۱) پہلا گروہ متوفی کا باپ، ماں اور اولاد ہیں اور اولاد کے نہ ہونے کی صورت میں اولاد کی اولاد ہے جہاں تک یہ سلسلہ نیچے چلا جائے۔ ان میں سے جو کوئی متوفی سے زیادہ قریب ہو وہ ترکہ پاتا ہے اور جب تک اس گروہ میں سے ایک شخص بھی موجود ہو دوسرا گروہ ترکہ نہیں پاتا۔

(۲) دوسرا گروہ دادا، دادی، نانا، نانی، بہن اور بھائی ہیں اور بھائی اور بہن نہ ہونے کی صورت میں ان کی اولاد ہے۔ ان میں سے جو کوئی متوفی سے زیادہ قریب ہو وہ ترکہ پاتا ہے۔ جب تک اس گروہ میں سے ایک شخص بھی موجود ہو تیسرا گروہ ترکہ نہیں پاتا۔

(۳) تیسرا گروہ چچا، پھوپھی، ماموں، خالہ اور ان کی اولاد ہے۔ جب تک متوفی کے چچاؤں، پھوپھیوں، ماموؤں اور خالاؤں میں سے ایک شخص بھی زندہ ہو ان کی اولاد ترکہ نہیں پاتی لیکن اگر متوفی کا پدری چچا اور ماں باپ دونوں کی طرف سے چچازاد بھائی موجود ہو اور ماموں اور خالہ موجود نہ ہوں تو ترکہ باپ اور ماں کی طرف سے چچازاد بھائیوں کو ملے گا اور پدری چچا کو نہیں ملے گا لیکن اگر چچا یا چچازاد بھائی متعدد ہوں یا متوفی کی بیوی زندہ ہو تو یہ حکم اشکال سے خالی نہیں ہے۔

(۲۶۸۷) اگر خود متوفی کا چچا، پھوپھی، ماموں، خالہ اور ان کی اولاد یا ان کی اولاد کی اولاد نہ ہو تو اس کے باپ اور ماں کے چچا، پھوپھی، ماموں اور خالہ ترکہ پاتے ہیں اور اگر وہ نہ ہوں تو ان کی اولاد ترکہ پاتی ہے اور

اگر وہ بھی نہ ہو تو متوفی کے دادا، دادی اور نانا، نانی کے چچا، پھوپھی، ماموں اور خالہ ترکہ پاتے ہیں اور اگر وہ بھی نہ ہوں تو ان کی اولاد ترکہ پاتی ہے۔

(۲۶۸۸) بیوی اور شوہر جیسا کہ بعد میں تفصیل سے بتایا جائے گا ایک دوسرے سے ترکہ پاتے ہیں۔

پہلے گروہ کی میراث

(۲۶۸۹) اگر پہلے گروہ میں سے صرف ایک شخص متوفی کا وارث ہو مثلاً باپ یا ماں یا اکلوتا بیٹا یا اکلوتی بیٹی ہو تو متوفی کا تمام مال اسے ملتا ہے اور اگر بیٹے اور بیٹیاں وارث ہوں تو مال کو یوں تقسیم کیا جاتا ہے کہ ہر بیٹا، بیٹی سے دگنا حصہ پاتا ہے۔

(۲۶۹۰) اگر متوفی کے وارث فقط اس کا باپ اور اس کی ماں ہوں تو مال کے تین حصے کئے جاتے ہیں جن میں سے دو حصے باپ اور ایک حصہ ماں کو ملتا ہے۔ لیکن اگر متوفی کے دو بھائی یا چار بہنیں یا ایک بھائی اور دو بہنیں ہوں جو سب کے سب مسلمان، آزاد اور ایک باپ کی اولاد ہوں خواہ ان کی ماں حقیقی ہو یا سوتیلی ہو بشرطیکہ پیدا ہو چکے ہوں تو اگرچہ وہ متوفی کے باپ اور ماں کے ہوتے ہوئے ترکہ نہیں پاتے لیکن ان کے ہونے کی وجہ سے ماں کو مال کا چھٹا حصہ ملتا ہے اور باقی مال باپ کو ملتا ہے۔

(۲۶۹۱) جب متوفی کے وارث فقط اس کا باپ، ماں اور ایک بیٹی ہو لہٰذا اگر اس کے گزشتہ مسئلے میں بیان کردہ شرائط رکھنے والے بھائی اور بہنیں نہ ہوں تو مال کے پانچ حصے کئے جاتے ہیں۔ باپ اور ماں ان میں سے ایک ایک حصہ لیتے ہیں اور بیٹی تین حصے لیتی ہے۔ اور اگر متوفی کے سابقہ بیان کردہ شرائط والے بھائی یا بہنیں ہوں تو باپ کو ۱/۵ اور ماں کو ۱/۶ حصہ اور بیٹی کو ۳/۵ حصے ملتے ہیں اور جو ۱/۳۰ حصہ باقی بچا ہے اس کے بارے میں احتمال ہے کہ یہ ماں کا حصہ ہوگا جیسے کہ احتمال ہے کہ ۳/۴ حصہ لڑکی کا اور ۱/۴ حصہ باپ کا ہوگا۔ اس میں جو فرق ہے اس کے بارے میں احتیاط واجب کی بنا پر باہم مصالحت کی جائے۔

(۲۶۹۲) اگر متوفی کے وارث فقط اس کا باپ، ماں اور ایک بیٹا ہو تو مال کے چھ حصے کئے جاتے ہیں جن میں سے باپ اور ماں کو ایک ایک حصہ اور بیٹے کو چار حصے ملتے ہیں اور اگر متوفی کے (صرف) چند بیٹے ہوں یا (صرف) چند بیٹیاں ہوں تو وہ ان چار حصوں کو آپس میں مساوی طور پر تقسیم کر لیتے ہیں اور اگر بیٹے بھی ہوں اور بیٹیاں بھی ہوں تو ان چار حصوں کو اس طرح تقسیم کیا جاتا ہے کہ ہر بیٹے کو ایک بیٹی سے دگنا حصہ ملتا ہے۔

(۲۶۹۳) اگر متوفی کے وارث فقط باپ یا ماں اور ایک یا کئی بیٹے ہوں تو مال کے چھ حصے کئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ باپ یا ماں کو اور پانچ حصے بیٹے کو ملتے ہیں اور اگر کئی بیٹے ہوں تو وہ ان پانچ حصوں کو آپس میں مساوی طور پر تقسیم کر لیتے ہیں۔

(۲۶۹۴) اگر باپ یا ماں متوفی کے بیٹوں اور بیٹیوں کے ساتھ اس کے وارث ہوں تو مال کے چھ حصے کئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ باپ یا ماں کو ملتا ہے اور باقی حصوں کو یوں تقسیم کیا جاتا ہے کہ

ہر بیٹے کو بیٹی سے دگنا حصہ ملتا ہے۔

(۲۶۹۵) اگر متوفی کے وارث فقط باپ یا ماں اور ایک بیٹی ہوں تو مال کے چار حصے کئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ باپ یا ماں کو اور باقی تین حصے بیٹی کو ملتے ہیں۔

(۲۶۹۶) اگر متوفی کے وارث فقط باپ یا ماں اور چند بیٹیاں ہوں تو مال کے پانچ حصے کئے جاتے ہیں ان میں سے ایک حصہ باپ یا ماں کو ملتا ہے اور چار حصے بیٹیاں آپس میں مساوی طور پر تقسیم کرلیتی ہیں۔

(۲۶۹۷) اگر متوفی کی اولاد نہ ہو تو اس کے بیٹے کی اولاد — خواہ وہ بیٹی ہی کیوں نہ ہو — متوفی کے بیٹے کا حصہ پاتی ہے اور بیٹی کی اولاد — خواہ وہ بیٹا ہی کیوں نہ ہو — متوفی کی بیٹی کا حصہ پاتی ہے۔ مثلاً اگر متوفی کا ایک نواسا (بیٹی کا بیٹا) اور ایک پوتی (بیٹے کی بیٹی) ہو تو مال کے تین حصے کئے جائیں گے جن میں سے ایک حصہ نواسے کو اور دو حصے پوتی کو ملیں گے۔ اور پوتے پوتی کے میراث لینے میں باپ اور ماں کا نہ ہونا شرط نہیں ہے۔

دوسرے گروہ کی میراث

(۲۶۹۸) جو لوگ رشتہ داری کی بنا پر میراث پاتے ہیں ان کا دوسرا گروہ متوفی کا دادا، دادی، نانا، نانی، بھائی اور بہنیں ہیں اور اگر اس کے بھائی بہنیں نہ ہوں تو ان کی اولاد میراث پاتی ہے۔

(۲۶۹۹) اگر متوفی کا وارث فقط ایک بھائی یا ایک بہن ہو تو سارا مال اس کو ملتا ہے۔ اور اگر کئی سگے بھائی یا کئی سگی بہنیں ہوں تو مال ان میں برابر برابر تقسیم ہو جاتا ہے۔ اور اگر سگے بھائی بھی ہوں اور بہنیں بھی تو ہر بھائی کو بہن سے دگنا حصہ ملتا ہے۔ مثلاً اگر متوفی کے دو سگے بھائی اور ایک سگی بہن ہو تو مال کے پانچ حصے کئے جائیں گے جن میں سے ہر بھائی کو دو حصے ملیں گے اور بہن کو ایک حصہ ملے گا۔

(۲۷۰۰) اگر متوفی کے سگے بہن بھائی موجود ہوں تو پدری بھائی اور بہنیں جن کی ماں متوفی کی سوتیلی ماں ہو میراث نہیں پاتے۔ اور اگر اس کے سگے بہن بھائی نہ ہوں اور فقط ایک پدری بھائی ہو یا ایک پدری بہن ہو تو سارا مال اس کو ملتا ہے۔ اور اگر اس کے کئی پدری بھائی یا کئی پدری بہنیں ہوں تو مال ان کے درمیان مساوی طور پر تقسیم ہو جاتا ہے۔ اور اگر اس کے پدری بھائی بھی ہوں اور پدری بہنیں بھی تو ہر بھائی کو بہن سے دگنا حصہ ملتا ہے۔

(۲۷۰۱) اگر متوفی کا وارث فقط ایک مادری بہن یا بھائی ہو جو باپ کی طرف سے متوفی کی سوتیلی بہن یا سوتیلا بھائی ہو تو سارا مال اسے ملتا ہے اور اگر چند مادری بھائی ہوں یا چند مادری بہنیں ہوں یا چند مادری بھائی اور بہنیں ہوں تو مال ان کے درمیان مساوی طور پر تقسیم ہو جاتا ہے۔

(۲۷۰۲) اگر متوفی کے سگے بھائی بہنیں اور پدری بھائی بہنیں اور ایک مادری بھائی یا ایک مادری بہن ہو تو پدری بھائی بہنوں کو ترکہ نہیں ملتا اور مال کے چھ حصے کئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ مادری بھائی یا

مادری بہن کو ملتا ہے اور باقی حصے سگے بھائی بہنوں کو ملتے ہیں اور ہر بھائی دو بہنوں کے برابر حصہ پاتا ہے۔

(۲۷۰۳) اگر متوفی کے سگے بھائی بہن اور پدری بھائی بہنیں اور چند مادری بھائی بہنیں ہوں تو پدری بھائی بہنوں کو ترکہ نہیں ملتا اور مال کے تین حصے کئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ مادری بھائی بہنیں آپس میں برابر برابر تقسیم کرتے ہیں اور باقی دو حصے سگے بھائی بہنوں کو اس طرح دیے جاتے ہیں کہ ہر بھائی کا حصہ بہن سے دگنا ہوتا ہے۔

(۲۷۰۴) اگر متوفی کے وارث صرف پدری بھائی بہنیں اور ایک مادری بھائی یا ایک مادری بہن ہوں تو مال کے چھ حصے کئے جاتے ہیں ان میں سے ایک حصہ مادری بھائی یا مادری بہن کو ملتا ہے اور باقی حصے پدری بہن بھائیوں میں اس طرح تقسیم کئے جاتے ہیں کہ ہر بھائی کو بہن سے دگنا حصہ ملتا ہے۔

(۲۷۰۵) اگر متوفی کے وارث فقط پدری بھائی بہنیں اور چند مادری بھائی بہنیں ہوں تو مال کے تین حصے کئے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک حصہ مادری بھائی بہنیں آپس میں برابر برابر تقسیم کرلیتے ہیں اور باقی دو حصے پدری بہن بھائیوں کو اس طرح ملتے ہیں کہ ہر بھائی کا حصہ بہن سے دگنا ہوتا ہے۔

(۲۷۰۶) اگر متوفی کے وارث فقط اس کے بھائی بہنیں اور بیوی ہوں تو بیوی اپنا ترکہ اس تفصیل کے مطابق لے گی جو بعد میں بیان کی جائے گی اور بھائی بہنیں اپنا ترکہ اس طرح لیں گے جیسا کہ گزشتہ مسائل میں بتایا گیا ہے۔ نیز اگر کوئی عورت مر جائے اور اسکے وارث فقط اسکے بھائی بہنیں اور شوہر ہوں تو نصف مال شوہر کو ملے گا اور بہنیں اور بھائی اس طریقے سے ترکہ پائیں گے جس کا ذکر گزشتہ مسائل میں کیا گیا ہے۔ لیکن بیوی یا شوہر کے ترکہ پانے کی وجہ سے مادری بھائی بہنوں کے حصے میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔ تاہم سگے بھائی بہنوں یا پدری بھائی بہنوں کے حصے میں کمی ہوگی۔ مثلاً اگر کسی متوفیہ کے وارث اس کا شوہر اور مادری بہن بھائی اور سگے بہن بھائی ہوں تو نصف مال شوہر کو ملے گا اور اصل مال کے تین حصوں میں سے ایک حصہ مادری بہن بھائیوں کو ملے گا اور جو کچھ بچے وہ سگے بہن بھائیوں کا مال ہوگا۔ پس اگر اس کا کل مال چھ روپے ہو تو تین روپے شوہر کو اور دو روپے مادری بہن بھائیوں کو اور ایک روپیہ سگے بہن بھائیوں کو ملے گا۔

(۲۷۰۷) اگر متوفی کے بھائی بہنیں نہ ہوں تو ان کے ترکے کا حصہ ان کی (یعنی بھائی بہنوں کی) اولاد کو ملے گا اور مادری بھائی بہنوں کی اولاد کا حصہ ان کے مابین برابر تقسیم ہوتا ہے اور جو حصہ پدری بھائی بہنوں کی اولاد یا سگے بھائی بہنوں کی اولاد کو ملتا ہے قول مشہور کی بنا پر ہر لڑکا دو لڑکیوں کے برابر حصہ پاتا ہے لیکن کچھ بعید نہیں ہے کہ ان کے مابین بھی ترکہ برابر برابر تقسیم ہو۔ اور احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ وہ آپس میں مصالحت کرلیں۔

(۲۷۰۸) اگر متوفی کا وارث فقط دادا یا فقط دادی یا فقط نانا یا فقط نانی ہو تو متوفی کا تمام مال اسے ملے گا اور اگر متوفی کا دادا یا نانا موجود ہو تو اس کے باپ (متوفی کے پردادا یا پرنانا) کو ترکہ نہیں ملتا اور اگر متوفی کے وارث فقط اس کے دادا اور دادی ہوں تو مال کے تین حصے کئے جاتے ہیں جن میں سے دو حصے دادا کو اور ایک

حصہ دادی کو ملتا ہے اور اگر وہ نانا اور نانی ہوں تو وہ مال کو برابر برابر تقسیم کر لیتے ہیں۔

(۲۷۰۹) اگر متوفی کے وارث صرف ایک دادا یا دادی اور ایک نانا یا نانی ہوں تو مال کے تین حصے کئے جائیں گے جن میں سے دو حصے دادا یا دادی کو ملیں گے اور ایک حصہ نانا یا نانی کو ملے گا۔

(۲۷۱۰) اگر متوفی کے وارث دادا اور دادی اور نانا اور نانی ہوں تو مال کے تین حصے کئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ نانا اور نانی آپس میں برابر برابر تقسیم کر لیتے ہیں اور باقی دو حصے دادا اور دادی کو ملتے ہیں جن میں دادا کا حصہ دادی سے دگنا ہوتا ہے۔

(۲۷۱۱) اگر متوفی کے وارث فقط اس کی بیوی اور دادا، دادی اور نانا، نانی ہوں تو بیوی اپنا حصہ اس تفصیل کے مطابق لیتی ہے جو بعد میں بیان ہوگی اور اصل مال کے تین حصوں میں سے ایک حصہ نانا اور نانی کو ملتا ہے جو وہ آپس میں برابر برابر تقسیم کرتے ہیں اور باقی ماندہ (یعنی بیوی اور نانا، نانی کے بعد جو کچھ بچے) دادا اور دادی کو ملتا ہے جس میں سے دادا، دادی کے مقابلے میں دگنا لیتا ہے۔ اگر متوفیہ کے وارث اس کا شوہر اور دادا یا نانا اور دادی یا نانی ہوں تو شوہر کو نصف مال ملتا ہے اور دادا، نانا اور دادی، نانی ان احکام کے مطابق ترکہ پاتے ہیں جن کا ذکر گزشتہ مسائل میں ہو چکا ہے۔

(۲۷۱۲) بھائی یا بہن یا بھائیوں یا بہنوں کے ساتھ دادا یا دادی یا نانا یا نانی یا داداؤں یا دادیوں یا ناناؤں یا نانیوں کے اجتماع کی چند صورتیں ہیں:

(۱) نانا یا نانی اور بھائی یا بہن سب ماں کی طرف سے ہوں۔ اس صورت میں مال ان کے درمیان مساوی طور پر تقسیم ہو جاتا ہے اگرچہ بعض مذکر اور بعض مؤنث ہوں۔

(۲) دادا یا دادی کے ساتھ بھائی یا بہن باپ کی طرف سے ہوں۔ اس صورت میں بھی ان کے مابین مال مساوی طور پر تقسیم ہوتا ہے بشرطیکہ وہ سب مرد ہوں یا سب عورتیں ہوں اور اگر مختلف (یعنی مرد اور عورتیں) ہوں تو پھر ہر مرد ہر عورت کے مقابلے میں دگنا حصہ لیتا ہے۔

(۳) دادا یا دادی کے ساتھ (سگے) بھائی یا (سگی) بہن ماں اور باپ کی طرف سے ہو اس صورت میں بھی وہی حکم ہے جو گزشتہ صورت میں ہے اور یہ جاننا چاہئے کہ اگر متوفی کے پدری بھائی یا بہن، سگے بھائی یا بہن کے ساتھ جمع ہو جائیں تو صرف پدری بھائی یا بہن میراث نہیں پاتے۔

(۴) دادے یا دادیاں اور نانے یا نانیاں ہوں یا دونوں ہوں۔ خواہ وہ سب کے سب مرد ہوں یا عورتیں ہوں یا مختلف ہوں اور اسی طرح سگے بھائی یا بہنیں ہوں یا دونوں ہوں تو اس صورت میں جو مادری رشتے دار بھائی، بہن اور نانے، نانیاں ہوں ترکے میں ان کا ایک تہائی حصہ ہے اور ان کے درمیان خواہ مرد ہوں یا عورتیں برابر برابر تقسیم

ہو جاتا ہے اور ان میں سے جو پدری رشتہ دار ہوں ان کا حصہ دو تہائی ہے جس میں سے ہر مرد کو ہر عورت کے مقابلے میں دگنا ملتا ہے اور اگر سب مرد یا سب عورتیں ہوں تو پھر وہ ترکہ ان میں برابر برابر تقسیم ہو جاتا ہے۔

(۵) دادا یا دادی ماں کی طرف سے بھائی یا بہن کے ساتھ جمع ہو جائیں اس صورت میں اگر بہن یا بھائی بالفرض ایک ہو تو اسے مال کا چھٹا حصہ ملتا ہے اور اگر کئی ہوں تو تیسرا حصہ ان کے درمیان برابر برابر تقسیم ہو جاتا ہے اور جو باقی بچے وہ دادا یا دادی کا مال ہے اور اگر دادا اور دادی دونوں ہوں تو دادا کو دادی کے مقابلے میں دگنا حصہ ملتا ہے۔

(۶) نانا یا نانی، باپ کی طرف سے بھائی یا بھائیوں کے ساتھ جمع ہو جائیں۔ اس صورت میں نانا یا نانی کا تیسرا حصہ ہے۔ اور اگر دونوں ہوں تو یہی تیسرا حصہ دونوں میں برابر تقسیم کیا جائے گا اور دو تہائی بھائی یا بھائیوں کا حصہ ہے اور اگر اس نانا یا نانی کے ساتھ باپ کی طرف سے بہن ہو اور وہ ایک ہی ہو تو وہ آدھا حصہ لیتی ہے۔ اور اگر کئی بہنیں ہوں تو دو تہائی لیتی ہیں اور ہر صورت میں نانا یا نانی کا حصہ ایک تہائی ہی ہے۔ اور اس بنا پر اگر بہن ایک ہی ہو اور چھٹا حصہ ترکے سے بچا ہوا ہے اور تردد ہے کہ یہ بہن کو دیا جائے یا بہن اور نانا یا نانی کے درمیان تقسیم کیا جائے تو اس کے بارے میں احتیاط واجب مصالحت میں ہے۔

(۷) دادا یا دادیاں ہوں اور نانا یا نانیاں ہوں اور ان کے ساتھ پدری بھائی یا بہن ہو خواہ وہ ایک ہی ہو یا کئی ہوں اس صورت میں نانا یا نانی کا حصہ ایک تہائی ہے اور اگر وہ زیادہ ہوں تو یہ ان کے مابین مساوی طور پر تقسیم ہو جاتا ہے اگرچہ بعضے مرد اور بعضی عورتیں ہوں۔ اور باقی ماندہ دو تہائی دادے یا دادی اور پدری بھائی یا بہن کا ہے اور مرد عورت سے دگنا حصہ لیتا ہے۔ اگر ان دادوں، نانوں یا دادیوں، نانیوں کے ساتھ مادری بھائی یا بہن ہو تو نانا یا نانی کا حصہ مادری بھائی یا بہن کے ساتھ ایک تہائی ہے جو اُن کے درمیان برابر برابر تقسیم ہو جاتا ہے اگرچہ بعضے مرد اور بعضی عورتیں ہوں۔ اور دادا یا دادی کا حصہ دو تہائی ہے۔ اور (دادا، دادی دونوں ہوں تو) دادا، دادی سے دگنا حصہ لیتا ہے۔

(۸) بھائی یا بہنیں ہوں جن میں سے کچھ پدری اور کچھ مادری ہوں اور ان کے ساتھ دادا یا دادی ہوں۔ اس صورت میں اگر مادری بھائی یا بہن ایک ہو تو ترکے میں اس کا چھٹا حصہ ہے اور اگر ایک سے زیادہ ہوں تو تیسرا حصہ ہے جو کہ ان کے مابین برابر برابر تقسیم ہو جاتا ہے۔ اور باقی ترکہ پدری بھائی یا بہن اور دادا یا دادی کا ہے اور مرد کا حصہ عورت سے دگنا ہے۔ اور اگر ان بھائیوں یا بہنوں کے ساتھ نانا یا نانی ہوں تو نانا یا نانی اور مادری بھائیوں

یا بہنوں سب کا حصہ ایک تہائی ہوتا ہے اور ان کے مابین برابر برابر تقسیم ہو جاتا ہے۔ اور پدری بھائیوں یا بہنوں کا حصہ دو تہائی ہوتا ہے جو مرد کا عورت سے دگنا ہوتا ہے۔

(۲۷۱۳) اگر متوفی کے بھائی یا بہنیں ہوں تو بھائیوں یا بہنوں کی اولاد کو میراث نہیں ملتی لیکن اگر بھائی کی اولاد اور بہن کی اولاد کا میراث پانا بھائیوں اور بہنوں کی میراث سے مزاحم نہ ہو تو پھر اس حکم کا اطلاق نہیں ہوتا۔ مثلاً اگر متوفی کا پدری بھائی اور نانا ہو تو پدری بھائی کو میراث کے دو تہائی حصے اور نانا کو ایک تہائی حصہ ملے گا اور اس صورت میں اگر متوفی کے مادری بھائی کا بیٹا بھی ہو تو بھائی کا بیٹا نانا کے ساتھ ایک تہائی میں شریک ہوتا ہے۔

تیسرے گروہ کی میراث

(۲۷۱۴) میراث پانے والوں کے تیسرے گروہ میں چچا، پھوپھی، ماموں اور خالہ اور ان کی اولاد ہیں۔ اگر پہلے اور دوسرے گروہ میں سے کوئی وارث موجود نہ ہو تو پھر یہ لوگ وراثت پاتے ہیں۔

(۲۷۱۵) اگر متوفی کا وارث فقط ایک چچا یا ایک پھوپھی ہو تو خواہ وہ سگا ہو یعنی وہ اور متوفی ایک ماں باپ کی اولاد ہوں خواہ پدری ہو یا مادری ہو سارا مال اسے ملتا ہے۔ اگر چند چچا یا چند پھوپھیاں ہوں اور وہ سب سگے یا سب پدری یا سب مادری ہوں تو ان کے درمیان مال برابر تقسیم ہوگا۔ اگر چچا اور پھوپھی دونوں ہوں تو چچا کو پھوپھی سے دگنا حصہ ملتا ہے۔

(۲۷۱۶) اگر متوفی کے وارث چچا اور پھوپھیاں ہوں اور ان میں سے کچھ پدری اور کچھ مادری اور کچھ سگے ہوں تو پدری چچاؤں اور پھوپھیوں کو ترکہ نہیں ملتا۔ اور اگر متوفی کا ایک مادری چچا یا ایک مادری پھوپھی ہو تو مال کے چھ حصے کئے جاتے ہیں جن میں سے ایک حصہ مادری چچا یا پھوپھی کو دیا جاتا ہے اور باقی حصے سگے چچاؤں اور پھوپھیوں کو ملتے ہیں۔ اور بالفرض اگر سگے چچا اور پھوپھیاں نہ ہوں تو وہ حصے پدری چچاؤں اور پھوپھیوں کو ملتے ہیں۔ اگر متوفی کے مادری چچا اور مادری پھوپھیاں بھی ہوں تو مال کے تین حصے کئے جاتے ہیں جن میں سے دو حصے سگے چچاؤں اور پھوپھیوں کو ملتے ہیں اور بالفرض اگر سگے چچا اور پھوپھیاں نہ ہوں تو پدری چچا اور پدری پھوپھی کو ترکہ ملتا ہے اور ایک حصہ مادری چچا اور پھوپھی کو ملتا ہے اور ہر حال میں چچا کو پھوپھی سے دگنا حصہ ملے گا۔

(۲۷۱۷) اگر متوفی کے وارث فقط ایک ماموں یا ایک خالہ ہو تو سارا مال اسے ملے گا۔ اور ماموں بھی ہو اور خالہ بھی ہو اور دونوں پدری اور مادری ہوں (یعنی متوفی کی ماں کے سگے بہن بھائی ہوں) یا پدری یا مادری ہوں تو بعید نہیں کہ ماموں خالہ سے دگنا حصہ لے۔ اگرچہ یہ بھی احتمال ہے کہ دونوں کا حصہ برابر برابر ہو اس لئے احتیاط واجب کی بنا پر زائد مقدار میں باہم تصفیہ کرلیں۔

(۲۷۱۸) اگر میت کے وارث ایک یا کئی مادری ماموں اور خالہ، سگے ماموں اور خالہ، اور پدری ماموں اور خالہ ہوں تو پدری ماموں اور خالہ کو وراثت کا نہ ملنا محل اشکال ہے۔ بہر حال مادری ماموں یا خالہ میں سے

ایک ہو تو اسے مال کا ۶/۱ حصہ ملے گا اور اگر کئی ہوں تو ۳/۱ مال کے حقدار ہیں اور باقی مال پدری ماموں اور خالہ کو یا سگے ماموں اور خالہ کو دیا جائے گا۔ ہر حالت میں یہ احتمال ہے کہ ماموں کا حصہ دو خالاؤں کے برابر ہوگا لیکن احتیاط واجب یہ ہے کہ آپس میں مصالحت کرلیں۔

(۲۷۱۹) اگر متوفی کے وارث ایک یا چند ماموں یا ایک یا چند خالائیں یا ماموں اور خالہ اور ایک یا چند چچا یا ایک یا چند پھوپھیاں یا چچا اور پھوپھی ہوں تو مال تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ ان میں سے ایک حصہ ماموں یا خالہ کو یا دونوں کو ملتا ہے اور باقی دو حصے چچا یا پھوپھی کو یا دونوں کو ملتے ہیں۔ ہر گروہ کے درمیان تقسیم کا طریقہ بیان ہو چکا ہے۔

(۲۷۲۰) اگر متوفی کے چچا، پھوپی، ماموں اور خالہ نہ ہوں تو ان کا حصہ ان کی اولاد کو دیا جائے گا۔ اگر پھوپھی کی ایک لڑکی اور ماموں کے کچھ لڑکے ہوں تو پھوپھی کی لڑکی کو دو تہائی ملے گا اور ماموں کے لڑکوں کو ایک تہائی جس کو وہ آپس میں برابر برابر تقسیم کرلیں گے اور یہ طبقہ (چچا، پھوپھی، ماموں اور خالہ کے لڑکے) متوفی کے باپ یا ماں کے چچا، پھوپھی، ماموں اور خالہ پر (میراث پانے میں) مقدم ہیں۔

(۲۷۲۱) اگر متوفی کے وارث اس کے باپ کے چچا، پھوپھیاں، ماموں اور خالائیں اور اس کی ماں کے چچا، پھوپھیاں، ماموں اور خالائیں ہوں تو مال کے تین حصے کئے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک حصہ متوفی کی ماں کے چچاؤں، پھوپھیوں، ماموؤں اور خالاؤں کو بطور میراث ملے گا۔ اور مال ان کے درمیان برابر برابر تقسیم ہوگا یا مرد عورت سے دگنا حصہ لے گا اس میں اختلاف ہے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ مصالحت کرلیں۔ باقی دو حصوں کے تین حصے کئے جائیں گے۔ ایک حصہ متوفی کے باپ کے ماموں اور خالائیں اسی کیفیت کے مطابق آپس میں برابر برابر بانٹ لیں اور باقی دو حصے بھی اسی کیفیت کے مطابق متوفی کے باپ کے چچاؤں اور پھوپھیوں کو دیئے جائیں گے۔

بیوی اور شوہر کی میراث

(۲۷۲۲) اگر کوئی عورت بے اولاد مرجائے تو اس کے سارے مال کا نصف حصہ شوہر کو اور باقی ماندہ دوسرے ورثاء کو ملتا ہے۔ اور اگر عورت کی اسی شوہر سے یا کسی اور شوہر سے اولاد ہو تو سارے مال کا چوتھائی حصہ شوہر کو اور باقی ماندہ دوسرے ورثاء کو ملتا ہے۔

(۲۷۲۳) اگر کوئی آدمی مرجائے اور اس کی کوئی اولاد نہ ہو تو اس کے مال کا چوتھائی حصہ اس کی بیوی کو اور باقی دوسرے ورثاء کو ملتا ہے۔ اگر اس آدمی کی اس بیوی سے یا کسی اور بیوی سے اولاد ہو تو مال کا آٹھواں حصہ بیوی کو اور باقی دوسرے ورثاء کو ملتا ہے۔ گھر کی زمین، باغ، کھیت اور دوسری زمینوں میں سے عورت کو میراث نہیں ملتی نہ زمین بطور میراث حاصل کرتی ہے اور نہ ہی اس کی قیمت۔ نیز وہ گھر کی فضا میں قائم چیزوں مثلاً عمارت اور درختوں سے ترکہ نہیں پاتی لیکن ان کی قیمت کی صورت میں ترکہ پاتی ہے۔ اور جو درخت، کھیت

اور عمارتیں باغ کی زمین، مزروعہ زمین اور دوسری زمینوں میں ہوں ان کا بھی یہی حکم ہے۔ لیکن شوہر کی وفات کے وقت جو پھل درختوں پر تھے اس میں سے وراثت پاتی ہے۔

(۲۷۲۴) جن چیزوں میں سے عورت ترکہ نہیں پاتی مثلاً رہائشی مکان کی زمین اگر وہ ان میں تصرف کرنا چاہے تو ضروری ہے کہ دوسرے ورثاء سے اجازت لے۔ اور ورثاء جب تک عورت کا حصہ نہ دے دیں ان کے لئے جائز نہیں ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر ان چیزوں میں مثلاً عمارتوں اور درختوں میں تصرف کریں جن کی قیمت سے وہ ترکہ پاتی ہے۔

(۲۷۲۵) اگر عمارت اور درخت وغیرہ کی قیمت لگانا مقصود ہو تو ضروری ہے کہ اس طرح اندازہ لگائیں جیسا کہ قیمت لگانے والوں کا معمول ہوتا ہے کہ جس زمین میں وہ ہیں اس کی خصوصیات کو پیش نظر رکھے بغیر ان کا حساب کریں کہ ان کی کتنی قیمت ہے، نہ کہ انہیں زمین سے اکھڑے ہوئے فرض کر کے ان کی قیمت لگائیں اور نہ ہی ان کی قیمت کا حساب اس طرح کریں کہ اگر وہ بغیر کرائے کے اس زمین میں اسی حالت میں باقی رہیں تو ان کی قیمت کیا ہوگی۔

(۲۷۲۶) نہروں کا پانی بہنے کی جگہ اور اسی طرح کی دوسری جگہ زمین کا حکم رکھتی ہے اور اینٹیں اور دوسری چیزیں جو اس میں لگائی گئی ہوں وہ عمارت کے حکم میں ہیں۔ البتہ خود پانی میں سے وراثت پاتی ہے۔

(۲۷۲۷) اگر متوفی کی ایک سے زیادہ بیویاں ہوں لیکن اولاد کوئی نہ ہو تو مال کا چوتھا حصہ اور اگر اولاد ہو تو مال کا آٹھواں حصہ اس تفصیل کے مطابق جس کا بیان ہو چکا ہے سب بیویوں میں مساوی طور پر تقسیم ہوتا ہے خواہ شوہر نے ان سب کے ساتھ یا ان میں سے بعض کے ساتھ ہمبستری نہ بھی کی ہو۔ لیکن اگر اس نے ایسے مرض کی حالت میں جس مرض سے اس کی موت واقع ہوئی ہے کسی عورت سے نکاح کیا ہو اور اس سے ہمبستری نہ کی ہو تو وہ عورت اس سے ترکہ نہیں پاتی اور وہ مہر کا حق بھی نہیں رکھتی۔

(۲۷۲۸) اگر کوئی عورت مرض کی حالت میں کسی مرد سے شادی کرے اور اسی مرض میں مرجائے تو خواہ مرد نے اس سے ہمبستری نہ بھی کی ہو وہ اس کے ترکے میں حصے دار ہے۔

(۲۷۲۹) اگر عورت کو اس ترتیب سے رجعی طلاق دی جائے جس کا ذکر طلاق کے احکام میں کیا جا چکا ہے اور وہ عدت کے دوران مرجائے تو شوہر اس سے ترکہ پاتا ہے۔ اسی طرح اگر شوہر اس عدت کے دوران فوت ہو جائے تو بیوی اس سے ترکہ پاتی ہے لیکن عدت گزرنے کے بعد یا بائن طلاق کی عدت کے دوران ان میں سے کوئی ایک مرجائے تو دوسرا اس سے ترکہ نہیں پاتا۔

(۲۷۳۰) اگر شوہر مرض کی حالت میں اپنی بیوی کو طلاق دے دے اور بارہ قمری مہینے گزرنے سے پہلے مرجائے تو عورت تین شرطیں پوری کرنے پر اس کی میراث سے ترکہ پاتی ہے خواہ طلاق رجعی ہو یا بائن:

(۱) عورت نے اس مدت میں دوسرا شوہر نہ کیا ہو اور اگر دوسرا شوہر کیا ہو تو اسے میراث نہیں ملے گی اگرچہ احتیاط یہ ہے کہ صلح کر لیں (یعنی متوفی کے ورثاء عورت سے مصالحت کر لیں)۔

(۲) طلاق عورت کی مرضی اور درخواست پر نہ ہوئی ہو۔ ورنہ اسے میراث نہیں ملے گی خواہ طلاق حاصل کرنے کے لئے اس نے اپنے شوہر کو کوئی چیز دی ہو یا نہ دی ہو۔

(۳) شوہر نے جس مرض میں عورت کو طلاق دی ہو اس مرض کے دوران اس مرض کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے مرگیا ہو۔ لہٰذا اگر وہ اس مرض سے شفایاب ہو جائے اور کسی اور وجہ سے مرجائے تو عورت اس سے میراث نہیں پاتی۔ مگر یہ کہ اس کی وفات عدت رجعی کے درمیان ہوئی ہو۔

(۲۷۳۱) جو کپڑے مرد نے اپنی بیوی کو پہننے کے لئے فراہم کئے ہوں اگرچہ وہ ان کپڑوں کو پہن چکی ہو پھر بھی شوہر کے مرنے کے بعد وہ شوہر کے مال کا حصہ ہوں گے۔ لیکن اگر کپڑے عورت کی ملکیت میں ہوں تو یہ اسی کے ہیں۔ عورت کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ شوہر سے نفقہ کے عنوان سے کپڑوں کا مطالبہ کرے۔

میراث کے مختلف مسائل

(۲۷۳۲) متوفی کا قرآن مجید، انگوٹھی، تلوار اور جو کپڑے وہ پہن چکا ہو یا پہننے کے لئے تیار کر رکھے ہوں وہ بڑے بیٹے کا مال ہے اور اگر پہلی تین چیزوں میں سے متوفی نے کوئی چیز ایک سے زیادہ چھوڑی ہوں مثلاً اس نے قرآن مجید کے دو نسخے یا دو انگوٹھیاں چھوڑی ہوں تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اس کا بڑا بیٹا ان کے بارے میں دوسرے ورثاء سے مصالحت کرے اور ان چار چیزوں کے ساتھ رحل، بندوق، خنجر اور ان جیسے دوسرے ہتھیار اور تلوار کی نیام قرآن مجید کا غلاف بھی انہیں کے تابع ہیں۔

(۲۷۳۳) اگر کسی متوفی کے بڑے بیٹے ایک سے زیادہ ہوں مثلاً دو بیویوں سے دو بیٹے بیک وقت پیدا ہوں تو ضروری ہے کہ جن چیزوں کا ذکر کیا جا چکا ہے انہیں برابر برابر آپس میں تقسیم کریں۔ یہ حکم بڑے بیٹے سے مخصوص ہے اگر بیٹیاں بڑی ہوں تو ان کے لئے نہیں ہے۔

(۲۷۳۴) اگر متوفی مقروض ہو تو اگر اس کا قرض اس کے مال کے برابر یا اس سے زیادہ ہو تو ضروری ہے کہ بڑا بیٹا ان چیزوں سے بھی جو اس کی ملکیت ہے اور جن کا سابقہ مسئلے میں ذکر کیا گیا ہے اس کا قرض ادا کرے یا اس کی قیمت کے برابر اپنے مال سے دے۔ اگر متوفی کا مال اس کے قرض سے کم ہو اور ذکر شدہ ان چند چیزوں کے علاوہ جو بڑے بیٹے کو ملی ہیں میت کا باقی مال اس کا قرض ادا کرنے کے لئے کافی نہ ہو تو ضروری ہے کہ بڑا بیٹا ان چیزوں سے یا اپنے مال سے اس کا قرض دے۔ اگر باقی مال قرض ادا کرنے کے لئے کافی ہو تب بھی احتیاط لازم یہ ہے کہ بڑا بیٹا جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے قرض ادا کرنے میں شرکت کرے۔ مثلاً اگر متوفی کا تمام مال ساٹھ روپے کا ہو اور اس میں بیس روپے کی وہ چیزیں ہوں جو بڑے بیٹے کا مال ہیں اور اس پر تیس روپے قرض ہو تو بڑے بیٹے کو چاہئے کہ ان چیزوں میں سے دس روپے متوفی کے قرض کے سلسلے میں دے۔

(۲۷۳۵) مسلمان کافر سے ترکہ پاتا ہے لیکن کافر خواہ وہ مسلمان متوفی کا باپ یا بیٹا ہی کیوں نہ ہو اس سے ترکہ نہیں پاتا۔

(۲۷۳۶) اگر کوئی شخص اپنے رشتہ داروں میں سے کسی کو جان بوجھ کر اور ناحق قتل کردے تو وہ اس سے ترکہ نہیں پاتا لیکن اگر وہ شخص غلطی سے مارا جائے۔ مثلاً اگر کوئی شخص (غلیل سے) ہوا میں پتھر پھینکے (یا ہوائی فائرنگ کرے) اور وہ اتفاقاً اس کے کسی رشتے دار کو لگ جائے اور وہ مرجائے تو وہ مرنے والے سے ترکہ پائے گا لیکن اس کے قتل کی دیت میں سے ترکہ نہیں پائے گا۔

(۲۷۳۷) جب کسی متوفی کے ورثاء ترکہ تقسیم کرنا چاہیں تو وہ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہو اور اگر وہ زندہ پیدا ہو تو میراث کا حقدار ہوگا۔ اس صورت میں جبکہ معلوم ہو کہ بچہ ایک ہے یا کئی ہیں، لڑکا ہے یا لڑکی ہے، خواہ کسی بھی معلوماتی ذریعے سے علم ہو جائے تو ضروری ہے کہ اس کا یا ان کا حصہ علیحدہ رکھا جائے۔ اور معلوم نہ ہو تو اگر قوی احتمال ہو کہ کئی بچے ہیں تو جتنی تعداد کا احتمال ہو اتنے بچوں کا حصہ علیحدہ رکھنا ضروری ہے۔ پھر اگر مثلاً ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہو تو جتنی مقدار زیادہ ہو ورثاء آپس میں تقسیم کرلیں۔

توضیح المسائل

چند فقہی اصطلاحات

فقہی اصطلاحات

اصطلاح	وضاحت
احتیاط	وہ طریقۂ عمل جس سے "عمل" کے مطابق واقعہ ہونے کا یقین حاصل ہوجائے۔
احتیاط لازم	احتیاط واجب۔ دیکھئے لفظ "لازم"۔
احتیاط مستحب	فتوے کے علاوہ احتیاط ہے،اس لئے اس کا لحاظ ضروری نہیں ہوتا۔
احتیاط واجب	وہ حکم جو احتیاط کے مطابق ہو اور فقیہ نے اس کے ساتھ فتویٰ نہ دیا ہو ایسے مسائل میں مقلد اس مجتہد کی تقلید کرسکتا ہے جو اعلم کے بعد علم میں سب سے بڑھ کر ہو۔
احتیاط ترک نہیں کرنا چاہئے (احتیاط کا خیال رہے)	جس مسئلے میں یہ اصطلاح آئے اگر اس میں مجتہد کا فتویٰ مذکور نہ ہو تو اس کا مطلب احتیاط واجب ہوگا اور اگر مجتہد کا فتویٰ بھی مذکور ہو تو اس سے احتیاط کی تاکید مقصود ہوتی ہے۔
اَحوط	احتیاط کے مطابق۔
اِشکال ہے	اس عمل کی وجہ سے شرعی تکلیف ساقط نہ ہوگی۔ اسے انجام نہ دینا چاہئے۔ اس مسئلے میں کسی دوسرے مجتہد کی طرف رجوع کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اس کے ساتھ فتویٰ نہ ہو۔
اَظہر	زیادہ ظاہر۔ مسئلے سے متعلق دلائل سے زیادہ نزدیک دلیلوں کے ساتھ منطبق ہونے کے لحاظ سے زیادہ واضح۔ یہ مجتہد کا فتویٰ ہے۔

فقہی اصطلاحات

اصطلاح	مفہوم
احتیاط	وہ طریقۂ عمل جس سے "عمل" کے مطابق واقعہ ہونے کا یقین حاصل ہوجائے۔
احتیاط لازم	احتیاط واجب۔ دیکھئے لفظ "لازم"۔
احتیاط مستحب	فتوے کے علاوہ احتیاط ہے، اس لئے اس کا لحاظ ضروری نہیں ہوتا۔
احتیاط واجب	وہ حکم جو احتیاط کے مطابق ہو اور فقیہ نے اس کے ساتھ فتویٰ نہ دیا ہو ایسے مسائل میں مقلد اس مجتہد کی تقلید کرسکتا ہے جو اعلم کے بعد علم میں سب سے بڑھ کر ہو۔
احتیاط ترک نہیں کرنا چاہئے (احتیاط کا خیال رہے)	جس مسئلے میں یہ اصطلاح آئے اگر اس میں مجتہد کا فتویٰ مذکور نہ ہو تو اس کا مطلب احتیاط واجب ہوگا اور اگر مجتہد کا فتویٰ بھی مذکور ہو تو اس سے احتیاط کی تاکید مقصود ہوتی ہے۔
اَحوط	احتیاط کے مطابق۔
اِشکال ہے	اس عمل کی وجہ سے شرعی تکلیف ساقط نہ ہوگی۔ اسے انجام نہ دینا چاہئے۔ اس مسئلے میں کسی دوسرے مجتہد کی طرف رجوع کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اس کے ساتھ فتویٰ نہ ہو۔
اَظہر	زیادہ ظاہر۔ مسئلے سے متعلق دلائل سے زیادہ نزدیک دلیلوں کے ساتھ منطبق ہونے کے لحاظ سے زیادہ واضح۔ یہ مجتہد کا فتویٰ ہے۔

اِفضاء — کھلنا۔ پیشاب اور حیض کے مقام کا ایک ہو جانا یا حیض اور پاخانے کے مقام کا ایک ہو جانا یا تینوں مقامات کا ایک ہو جانا۔

اَقویٰ — قوی نظریہ۔

اَولیٰ — بہتر۔ زیادہ مناسب۔

اِیقاع — وہ معاملہ جو یکطرفہ طور پر واقع ہو جاتا ہے اور اسے قبول کرنے والے کی ضرورت نہیں ہوتی جیسے طلاق میں صرف طلاق دینا کافی ہوتا ہے، قبول کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

بعید ہے — فتویٰ اس کے مطابق نہیں ہے۔

جاہلِ قاصر — مسئلے سے ناواقف ایسا شخص جو کسی دور افتادہ مقام پر رہنے کی وجہ سے حکمِ مسئلہ تک رسائی حاصل کرنے سے قاصر ہو۔

جاہلِ مقصِر — وہ ناواقف شخص جس کے لئے مسائل کا سیکھنا ممکن رہا ہو لیکن اس نے کوتاہی کی ہو اور جان بوجھ کر مسائل معلوم نہ کئے ہوں۔

حاکمِ شرع — وہ مجتہد جامع الشرائط جس کا حکم، شرعی قوانین کی بنیاد پر نافذ ہو۔

حدثِ اصغر — ہر وہ چیز جس کی وجہ سے نماز کیلئے وضو کرنا پڑے۔ یہ سات چیزیں ہیں: (۱) پیشاب (۲) پاخانہ (۳) ریاح (۴) نیند (۵) عقل کو زائل کرنے والی چیزیں مثلاً دیوانگی، مستی یا بے ہوشی (۶) استحاضہ (۷) جن چیزوں کی وجہ سے غسل واجب ہو جاتا ہے۔

حدثِ اکبر — وہ چیز جس کی وجہ سے نماز کے لئے غسل کرنا پڑے جیسے احتلام، جماع۔

حدِ ترخّص — مسافت کی وہ حد جہاں سے اذان کی آواز سنائی نہ دے اور آبادی کی دیواریں دکھائی نہ دیں۔

حرام — ہر وہ عمل، جس کا ترک کرنا شریعت کی نگاہوں میں ضروری ہو۔

درہم — $12\frac{6}{10}$ چنوں کے برابر سکہ دار چاندی تقریباً ۵۰،۲ گرام۔

ذمی کافر — یہودی، عیسائی اور مجوسی جو اسلامی مملکت میں رہتے ہوں اور اسلام کے اجتماعی قوانین کی پابندی کا وعدہ کرنے کی وجہ سے اسلامی حکومت ان کی جان، مال اور آبرو کی حفاظت کرے۔

رجاءِ مطلوبیت — کسی عمل کو مطلوب پروردگار ہونے کی امید میں انجام دینا۔

رجوع کرنا — پلٹنا۔ اس کا استعمال دو مقامات پر ہوا ہے:
(۱)۔۔۔ اعلم جس مسئلے میں احتیاط واجب کا حکم دے اس مسئلے میں کسی دوسرے مجتہد کی تقلید کرنا۔
(۲)۔۔۔ بیوی کو طلاق رجعی دینے کے بعد عدت کے دوران ایسا کوئی عمل انجام دینا یا ایسی کوئی بات کہنا جس سے اس بات کا پتا چلے کہ اسے دوبارہ بیوی بنالیا ہے۔

شاخص — ظہر کا وقت معلوم کرنے کے لئے زمین میں گاڑی جانے والی لکڑی۔

شارع — خداوند عالم، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

طلاق — آزادی۔ شریعت کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق نکاح توڑنا۔

طلاق بائن — وہ طلاق جس کے بعد مرد کو رجوع کرنے کا حق نہیں ہوتا۔ تفصیلات طلاق کے باب میں دیکھئے۔

طلاق خلع — اس عورت کی طلاق جو شوہر کو ناپسند کرتی ہو اور طلاق لینے کے لئے شوہر کو اپنا مہر یا کوئی مال بخش دے۔ تفصیلات طلاق کے باب میں دیکھئے۔

طلاق رجعی — وہ طلاق جس میں مرد عدت کے دوران عورت کی طرف رجوع کر سکتا ہے۔ اس کے احکام طلاق کے باب میں بیان ہوئے ہیں۔

طلاق مبارات — وہ طلاق جس میں میاں بیوی دونوں ایک دوسرے سے متنفر ہوں اور عورت طلاق کے لئے شوہر کو کچھ مال بخش دے۔

طواف نساء: حج اور عمرہ مفردہ کا آخری طواف جسے انجام نہ دینے سے حج یا عمرہ مفردہ کرنے والے پر ہمبستری حرام رہتی ہے۔ (مگر نکاح نہیں ٹوٹتا)

ظاہر یہ ہے: فتویٰ یہ ہے (سوائے اس کے کہ عبارت میں اس کے برخلاف کوئی قرینہ موجود ہو)۔

ظہر شرعی: ظہر شرعی کا مطلب آدھا دن گزرنا ہے۔ مثلاً اگر دن بارہ گھنٹے کا ہو تو طلوع آفتاب کے چھ گھنٹے گزرنے کے بعد اور اگر تیرہ گھنٹے کا ہو تو ساڑھے چھ گھنٹے گزرنے کے بعد اور اگر گیارہ گھنٹے کا ہو تو ساڑھے پانچ گھنٹے گزرنے کے بعد ظہر شرعی کا وقت ہے۔ ظہر شرعی کا وقت جو کہ طلوع آفتاب کے بعد آدھا دن گزرنے سے غروب آفتاب تک ہے بعض مواقع پر بارہ بجے سے چند منٹ پہلے اور کبھی بارہ بجے سے چند منٹ بعد ہوتا ہے۔

عدالت: وہ معنوی کیفیت جو تقویٰ کی وجہ سے انسان میں پیدا ہوتی ہے اور جسکی وجہ سے وہ واجبات کو انجام دیتا ہے اور محرمات کو ترک کرتا ہے۔

عقد: معاہدہ، نکاح۔

فتویٰ: شرعی مسائل میں مجتہد کا نظریہ۔

قرآن کے سجدے: قرآن میں پندرہ آیتیں ایسی ہیں جن کے پڑھنے یا سننے کے بعد خداوند عالم کی عظمت کے سامنے سجدہ کرنا چاہئے، ان میں سے چار مقامات پر سجدہ واجب اور گیارہ مقامات پر مستحب (مندوب) ہے۔

آیات سجدہ مندرجہ ذیل ہیں:

قرآن کے واجب سجدے

(۱)	پارہ ۲۱	سورۂ سجدہ	آیت ۱۵
(۲)	پارہ ۲۴	سورۂ فصلت	آیت ۳۷
(۳)	پارہ ۲۷	سورۂ والنجم	آخری آیت
(۴)	پارہ ۳۰	سورۂ علق	آخری آیت

قرآن کے مستحب سجدے

(۱)	پارہ ۹	سورۂ اعراف	آخری آیت
(۲)	پارہ ۱۳	سورۂ رعد	آیت ۱۵
(۳)	پارہ ۱۴	سورۂ نحل	آیت ۵۰
(۴)	پارہ ۱۵	سورۂ بنی اسرائیل	آیت ۱۰۹
(۵)	پارہ ۱۶	سورۂ مریم	آیت ۵۸
(۶)	پارہ ۱۷	سورۂ حج	آیت ۱۸
(۷)	پارہ ۱۷	سورۂ حج	آیت ۷۷
(۸)	پارہ ۱۹	سورۂ فرقان	آیت ۶۰
(۹)	پارہ ۱۹	سورۂ نمل	آیت ۲۶
(۱۰)	پارہ ۲۳	سورۂ ص	آیت ۲۴
(۱۱)	پارہ ۳۰	سورۂ انشقاق	آیت ۲۱

قصد انشاء: خرید و فروخت کے مانند کسی اعتباری چیز کو اس سے مربوط الفاظ کے ذریعے عالم وجود میں لانے کا ارادہ۔

قصد قربت: مرضی پروردگار سے قریب ہونے کی نیت۔

قوت سے خالی نہیں ہے: فتویٰ یہ ہے (سوائے اس کے کہ عبارت میں اس کے برخلاف کوئی قرینہ موجود ہو)۔

کفارۂ جمع (مجموعاً کفارہ): تینوں کفارے (۱) ساٹھ روزے رکھنا (۲) ساٹھ فقیروں کو پیٹ بھر کھانا کھلانا (۳) غلام آزاد کرنا۔

لازم: واجب، اگر مجتہد کسی امر کے واجب و لازم ہونے کا استفادہ آیات اور روایات سے اس طرح کرے کہ اس کا شارع کی طرف منسوب کرنا ممکن ہو تو اس کی تعبیر لفظ "واجب" کے ذریعے کی جاتی ہے اور اگر اس کے واجب و لازم ہونے کو کسی اور ذریعے مثلاً عقلی دلائل سے سمجھا ہو اس

طرح کہ اس کا شارع کی طرف منسوب کرنا ممکن نہ ہو تو اس کی تعبیر لفظ ''لازم'' سے کی جاتی ہے۔ احتیاط واجب اور احتیاط لازم میں بھی اسی فرق کو پیش نظر رکھنا چاہئے۔ بہرحال مقلد کے لئے مقام عمل میں ''واجب'' اور ''لازم'' کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔

مباح: وہ عمل جو شریعت کی نگاہوں میں نہ قابل ستائش ہو اور نہ قابل مذمت (یہ لفظ واجب، حرام، مستحب اور مکروہ کے مقابلے میں ہے)۔

نجس: ہر وہ چیز جو ذاتی طور پر پاک ہو لیکن کسی نجس چیز سے بالواسطہ یا براہ راست مل جانے کی وجہ سے نجس ہو گئی ہو۔

مجہول المالک: وہ مال جس کا مالک معلوم نہ ہو۔

مَحرم: وہ قریبی رشتے دار جن سے کبھی نکاح نہیں کیا جا سکتا۔

مُحرِم: جو شخص حج یا عمرے کے احرام میں ہو۔

محل اشکال ہے: اس میں اشکال ہے، اس عمل کا صحیح اور مکمل ہونا مشکل ہے (مقلد اس مسئلے میں کسی دوسرے مجتہد کی طرف رجوع کر سکتا ہے بشرطیکہ اس کے ساتھ فتویٰ نہ ہو)۔

محل تامل ہے: احتیاط کرنا چاہئے (مقلد اس مسئلے میں دوسرے مجتہد کی طرف رجوع کر سکتا ہے بشرطیکہ اس کے ساتھ فتویٰ نہ ہو)۔

مسلمات دین: وہ ضروری اور قطعی امور جو دین اسلام کا جزو لاینفک ہیں اور جنہیں سارے مسلمان دین کا لازمی جزو مانتے ہیں جیسے نماز، روزے کی فرضیت اور ان کا وجوب۔ ان امور کو ''ضروریات دین'' اور ''قطعیات دین'' بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ وہ امور ہیں جن کا تسلیم کرنا دائرۂ اسلام کے اندر رہنے کے لئے ازبس ضروری ہے۔

مستحب، سنت: پسندیدہ۔ جو چیز شارع مقدس کو پسند ہو لیکن اسے واجب قرار نہ دے۔ ہر وہ حکم جس کو کرنے میں ثواب ہو لیکن ترک کرنے میں گناہ نہ ہو۔

مکروہ: ناپسندیدہ۔ وہ کام جس کا انجام دینا حرام نہ ہو لیکن انجام نہ دینا بہتر ہو۔

نصاب: معینہ مقدار یا معینہ حد۔

واجب: ہر وہ عمل جس کا انجام دینا شریعت کی نگاہوں میں فرض ہو۔

واجب تخییری: جب وجوب دو چیزوں میں کسی ایک سے متعلق ہو تو ان میں سے ہر ایک کو واجب تخییری کہتے ہیں جیسے روزے کے کفارہ میں، تین چیزوں کے درمیان اختیار ہوتا ہے۔ (۱) غلام آزاد کرنا (۲) ساٹھ روزے رکھنا (۳) ساٹھ فقیروں کو کھانا کھلانا۔

واجب عینی: وہ واجب جو ہر شخص پر خود واجب ہو جیسے نماز، روزہ۔

واجب کفائی: ایسا واجب جسے اگر کچھ لوگ انجام دے دیں تو باقی لوگوں سے ساقط ہو جائے جیسے غسل میت سب پر واجب ہے لیکن اگر کچھ لوگ اسے انجام دے دیں تو باقی لوگوں سے ساقط ہو جائے گا۔

وقف: اصل مال کو ذاتی ملکیت سے نکال کر اس کی منفعت کو مخصوص افراد یا امور خیریہ کے ساتھ مخصوص کرنا۔

ولی: سرپرست مثلاً باپ، دادا، شوہر یا حاکم شرع۔

شرعی اوزان اور اعشاری اوزان

۵ نخود (چنے) ________ ایک گرام

$۱۲\frac{۶}{۱۰}$ نخود ________ تقریباً ۲٫۵۰ گرام

۱۸ نخود (یا ایک مثقال شرعی) ________ تقریباً ۳٫۵۰ گرام

ایک دینار (یا ایک مثقال شرعی) ________ تقریباً ۳٫۵۰ گرام

ایک مثقال صیرفی (۲۴ نخود) ________ تقریباً ۵ گرام

ایک مد ________ تقریباً ۷۵۰ گرام

ایک صاع ________ تقریباً ۳ کلوگرام

ایک کُر (پانی) ________ تقریباً ۳۷۷ کلوگرام

التماس سورہ فاتحہ برائے تمام مرحومین

۱] شیخ صدوق
۲] علامہ مجلسی
۳] علامہ اظہر حسین
۴] علامہ سید علی نقی
۵] بیگم و سید عابد علی رضوی
۶) بیگم و سید احمد علی رضوی
۷) بیگم و سید رضا امجد
۸) بیگم و سید علی حیدر رضوی
۹) بیگم و سید سبط حسن
۱۰) بیگم و سید مردان حسین جعفری
۱۱) بیگم و سید سجاد حسین
۱۲) بیگم و مرزا توحید علی
۱۳) سید حسین عباس فرحت
۱۴) بیگم و سید جعفر علی رضوی
۱۵) سید غلام حسین زیدی
۱۶) سیدہ ممتاز زہرہ
۱۷) سیدہ رضویہ خاتون
۱۸) سید نجم الحسن
۱۹) سید مبارک رضا
۲۰) سید جنت حیدر نقوی
۲۱) بیگم و مرزا احمد ہاشم
۲۲) سید باقر علی رضوی
۲۳) بیگم و سید باسط حسین
۲۴) سید عرفان حیدر رضوی
۲۵) بیگم و اخلاق حسین
۲۶) سید ممتاز حسین
۲۷) بیگم و سید اختر عباس
۲۸) سید محمد علی
۲۹) سیدہ رضیہ سلطان
۳۰) سید مظفر حسین
۳۱) سید باسط حسین نقوی
۳۲) انعام محی الدین
۳۳) سید ناصر علی زیدی
۳۴) سید وزیر حیدر زیدی
۳۵) ریاض الحق
۳۶) خورشید بیگم